جدید اضافہ شدہ ایڈیشن

المعجم الوسیط

عربی اردو

مؤلفین

ابراهيم مصطفى احمد حسن الزيات
حامد عبدالقادر محمد على النجار

مترجمین

ابن سرور محمد اویس عبدالنصیر علوی

MAKTABA-E-REHMANIA
مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)
اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون:042-37224228-37355743

بسم اللہ الرحمن الرحیم

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب: المعجم الوسیط
عربی اردو

مترجمین: ابن سرور محمد اویس، عبد النصیر علوی

ناشر: مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع: خضر جاوید پرنٹرز لاہور

اقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور
فون: 042-37224228-37355743

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھ ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

تنبیہ

عَرضِ ناشر

تمام تعریفیں اُس اللہ عزوجل کے واسطے ہیں جس نے ہمیں صراطِ مستقیم کی توفیق عطا فرمائی اور دین عالی کی خدمت میں لگایا۔

عظیم عربی لغت "**المعجم الوسيط**" کا اُردو ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے' یہ "**مجمع اللغة العربية**" کی ایک شاندار کاوش ہے' جس سے کوئی درس گاہ' کتب خانہ' استاد یا طالب علم ہرگز مستغنی نہیں ہوسکتا۔ یہ اپنی جامعیت اور کثرتِ الفاظ کی بناء پر عربی لغات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے اور قدیم وجدید الفاظ سے مرکب ایک جاندار عربی لغت ہے' جس میں الفاظ کی وضاحت کے لیے آیاتِ قرآنیہ' احادیثِ نبویہ' عربی ضرب الامثال' اشعار اور محاوراتِ عرب سے خوب مدد لی گئی ہے۔

اِس شاندار عربی لغت کی افادیت کے پیشِ نظر یہ خیال ہمیشہ دامن گیر رہا کہ اس کو عوام الناس اور طلباء کرام کے فائدے کے لیے اُردو میں ترجمہ کر کے شائع کیا جائے اور کئی احباب اس کا اصرار فرماتے رہے۔ اس اَمر کی اہمیت وضرورت اور مخلص دوستوں کے اصرار وفرمائش پر اس جاندار عربی لغت کے ترجمہ اور اشاعت کا اہتمام کیا گیا۔

ہم اِس لغت کے مترجمین ابن سرور محمد اویسؔ اور عبدالنصیر علویؔ کا تہہ دِل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنہوں نے اپنی گو ناگوں علمی مصروفیات کے باوجود اِس علمی کام کے لیے نہ صرف یہ کہ وقت نکالا بلکہ انتہائی کم وقت میں شب وروز کی محنت سے اس کو پایہ تکمیل تک بھی پہنچایا۔

حق تعالیٰ ہماری اِس کاوش کو قبول فرمائے اور اُن تمام حضرات کو جو اس ترجمہ میں ہمارے شاملِ حال رہے جزائے خیر عطا فرمائے اور ہماری اس سعی کو دُنیا وآخرت کی فلاح کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

مقبول الرحمٰن عفا اللہ عنہ

مُقدّمہ

محمد رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

((احبوا العرب لثلاث فانی عربی و کلام اللہ عربی ولسان اهل الجنة عربی[1]۔))

''عربوں سے تین وجوہات کی بناء پر محبت کرو: ❶ میں عربی ہوں' ❷ کلام اللہ عربی ہے' ❸ جنت والوں کی زبان عربی ہے۔''

عربی زبان اپنی جامعیت اور کثرتِ الفاظ کی بنیاد پر پوری دُنیا کی زبانوں پر فائق ہے اور اس میں ایسی خوبیاں اور خصوصیات پائی جاتی ہیں جو اسے دوسری رائج زبانوں سے ممتاز کردیتی ہیں۔ دُنیا میں کوئی زبان ایسی نہیں جو اتنا عرصہ گزرنے کے بعد بھی اپنی اصل حالت پر قائم رہے لیکن یہ عربی زبان کا اعجاز ہے کہ چودہ سو سال گزر جانے کے بعد بھی یہ مَن وعَن اپنی حالت پر قائم ہے۔ اِسی وجہ سے ہمیں حضور ﷺ کے ارشادات وفرمودات سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی۔ یہ عربی زبان ہی کی خصوصیت ہے' دُنیا کی دوسری زبانیں اِس سے عاری ہیں۔

عربی زبان کی خصوصیات میں سے اِس کے الفاظ کی کثرت' معانی کی جامعیت' فصاحت و بلاغت کا کمال' الفاظ کی خوبصورتی و جمال' دلکش اور متنوع ضرب الامثال' شعروادب کے دِلربا اور دِلنواز نمونے اور خطابت وتقریر کے عظیم شہ پارے اور محاورات واصطلاحات کی بہتات ہے...... اِس میں دلکشی بھی ہے' چاشنی بھی' حسن بھی ہے جمال بھی' نور بھی ہے سرور بھی' مسکراہٹ کے نغمے بھی ہیں اور آنسوؤں کے سمندر بھی...... نیز خداوند قدوس کی طرف سے اس لغت عربی کی حفاظت کا جو خاص اہتمام کیا گیا ہے وہ بھی قابلِ قدر اور شاندار ہے۔

عربی زبان کے انہی خصائص وشمائل اور فضائل وکمالات کی وجہ سے آخری آسمانی کتاب کے لیے بھی اس زبان کا انتخاب کیا گیا اور اسے إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ [سورۃ یوسف: ۲] کی سندِ عظیم عطا کی گئی کیونکہ اس بے مثل کتاب کے لئے ایسی زبان کی ضرورت تھی جو اِس کائنات کی طرح شاندار اور بے مثال ہو اور جس طرح اِس کتاب کے مضامین کا مقابلہ کوئی کلام نہیں کرسکتا اسی طرح اس کی زبان بھی ناقابلِ مقابلہ ہو۔

حق تعالیٰ نے اپنے آخری نبی (ﷺ) کو بھی جزیرۂ عرب میں پیدا کیا اور افصح العرب کا اعزاز بخشا اور ان کو

---

[1] مجمع الزوائد ۱۰ / ۵۲ و قال الهیثمی رواه الطبرانی فی الکبیر الاوسط الا انه قال و لسان اهل الجنة عربی و فیه العلاء بن عمرو الحنفی وهو مجمع علی ضعفه' الموضوعات ۲ / ۴۲' مستدرک الحاکم ۴ / ۸۷' تنزیه الشریعة ۲ / ۳۰' الاحیاء ۲ / ۳۶۴' میزان الاعتدال ترجمه رقم ۵۷۳۶۔

ایسے زمانہ میں مبعوث کیا جس میں زبان دانی کا زور وشور اور چرچا تھا' بڑے بڑے فصحاء و بلغاء' خطباء وشعراء اور ماہر ادیب اپنے اپنے فن کے جوہر دکھاتے اور لوگوں سے دادِ تحسین وصول کرتے لیکن جب قرآن کا نزول شروع ہوا تو ان شاعروں کے کلام کا سحر ٹوٹنا شروع ہو گیا اور دشمنوں کی زبانیں بھی بے ساختہ گویا ہوئیں: "ما ھذا کلام البشر" اور قرآن عربی زبان کا ماہتابِ ہدایت بن کر روشن ہوا اور آفاقِ عالم کو اپنے انوار و برکات کی روشنی سے روشن اور علوم ومعارف کے نور سے منور کر دیا۔

عربی زبان چونکہ قرآن کی زبان ہے اور قرآن کی حفاظت حق تعالیٰ نے اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ ۝ (الحجر: ۹) کا اعلان کر کے اپنے ذمہ لی ہے تو اس نسبت سے قرآن کی لغت کی حفاظت کا بھی اہتمام کیا گیا۔ قرآن کی حفاظت کے لیے ہر زمانہ میں حفاظ' قراء اور علماء پیدا ہوئے جنہوں نے قرآن کی بقدرِ استطاعت خدمت کی اور زندہ وجاوید ہوئے۔ اسی طرح لغتِ قرآن کی حفاظت کے لیے بھی اللہ تعالیٰ نے ہر زمانہ میں قابلِ قدر اور جانثار فروشانِ اسلام پیدا کئے اور نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم اہلِ لغت حضرات سے بھی اس کی حفاظت کا کام لے کر {ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر} کا مصداق ٹھہرایا۔

عربی زبان کے فروغ واشاعت اور حفاظت وترقی کے لیے انتہائی جانفشانی کے ساتھ عرق ریزی کی گئی۔ اس کی اشاعت وترقی کی خاطر لوگوں نے زندگیاں لگا دیں۔ علماء اسلاف نے عربی اسلوب اور طرزِ تکلم کی معرفت کیلئے دُور دراز کے سفر کئے اور دیہاتی عرب بدوؤں کی صحبت میں رہ کر اس کو سیکھا۔ مدارس ومکاتب اور کالجز و یونیورسٹیز میں اس کو ایک مستقل شعبہ کی حیثیت دی گئی۔ عربی رسائل واخبارات کا اجراء بھی اس ضمن میں خاصی اہمیت کا حامل ہے۔

جہاں یہ تمام کوششیں اور مساعی سرانجام دی گئیں' وہاں عربی زبان کے فروغ کے لیے ایک اور جاندار اور دُشوار سعی بھی کی گئی۔ وہ عربی لغات کی تدوین وتالیف اور جمع وترتیب کا دُشوار گزار مرحلہ تھا۔ کسی بھی زبان کی لغت وڈکشنری اس کی حفاظت اور اشاعت کا مؤثر ترین ذریعہ ہوتی ہے کیونکہ لغت سے استفادہ کئے بغیر کسی بھی زبان میں مہارت کا خیال پانی کا بلبلہ اور بیتِ عنکبوت کی حیثیت رکھتا ہے۔

عربی لغت نویسی کے حوالہ سے مندرجہ ذیل لغات خاصی اہمیت کی حامل ہیں:

❶ کتاب العین (پہلی عربی لغت) راجح قول کے مطابق اس کے مؤلف خلیل بن احمد المتوفی ۱۷۵ھ ہیں' ❷ البارع' ابو علی اسمٰعیل بن القاسم بغدادی المتوفی ۳۲۶ھ' ❸ التھذیب' ابو منصور محمد بن احمد الأزھری المتوفی ۳۷۰ھ' ❹ المحکم' ابو الحسن علی بن اسمٰعیل متوفی ۴۵۸ھ' ❺ الجمھرۃ' ابوبکر محمد بن الحسن بن درید الازدی متوفی ۳۲۱ھ' ❻ تاج اللغۃ وصحاح العربیۃ' ابو نصر اسمٰعیل بن حماد الجوہری متوفی ۴۰۰ھ' ❼ لسان العرب' ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکرم افریقی متوفی ۷۱۱ھ' ❽ القاموس المحیط' مجد الدین ابو طاہر محمد بن یعقوب متوفی ۸۲۷ھ' ❾ تاج العروس' محب الدین ابو الفیض السیّد محمد المرتضیٰ الحسینی متوفی ۱۲۰۵ھ' ❿ اساس البلاغۃ'

ابو القاسم محمود بن عمر بن احمد الزمخشری متوفی ۵۳۸ھ ⓫ مختار الصحاح' محمد بن ابوبکر بن عبدالقادر الرازی' ⓬ المصابح المنیر' ابو العباس احمد بن محمد بن علی الفیومی متوفی ۷۷۰ھ' ⓭ اقرب الموارد فی فصیح العربیة والشوارد' شیخ سعید الشرتونی متوفی ۱۹۱۲ء' ⓮ محیط المحیط' بطرس بن عبداللّٰه البستانی متوفی ۱۸۸۳ء' ⓯ المنجد' لویس مَعلوف الیسوعی متوفی ۱۹۴۶ء' ⓰ المعجم الوسیط (مجمع اللغة العربیة)۔

المعجم الوسيط

کم وبیش ایک لاکھ الفاظ پر مشتمل ایک جامع ترین عربی لغت ہے' جس میں قدیم وجدید مستعمل الفاظ کے ذخیرہ کو انتہائی خوبصورت انداز سے تحریر کیا گیا ہے۔ الفاظ کی وضاحت کے لیے آیات واحادیث اور کلامِ شعراء اور بلغاء عرب کے ساتھ ساتھ جدید الفاظ ومحاورات' ضرب الامثال' مترادفات ومتضادات' اصطلاحات اور جاندار اسلوب کا زیور بھی پہنایا گیا ہے۔

مولانا عمید الدین کیرانوی فرماتے ہیں:

۱۹۲۳ء میں مصر میں "مجمع اللغة العربیة" کے قیام کے بعد عربی لغت نویسی کے میدان میں ایک نئی بیداری و سرگرمی کا دَور شروع ہوا۔ اس عربی لسانی تحقیقاتی اکیڈمی کے فرائض میں عربی زبان کی ایک تاریخی معجم تیار کرنا طے پایا۔ **المعجم الوسیط** اسی اکیڈمی کے معجمی پروگرام کا ایک حصہ ہے۔ اس عظیم معجم کی تالیف کا کام عربی زبان وادب کے نامور اساطین کی ایک ٹیم نے انجام دیا' جن کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں:

❶ الاستاذ ابراہیم مصطفی۔

❷ الاستاذ احمد حسن الزّیات

❸ الاستاذ حامد عبدالقادر

❹ الاستاذ محمد علی النجار

المعجم الوسیط کے دوسرے ایڈیشن (جس کی اشاعت ۱۹۷۲ء میں ہوئی) کی مراجعت کا کام حسبِ ذیل ماہرین لغت نے انجام دیا:

الدکتور ابراہیم انیس' الدکتور عبدالحلیم منتصر' الاستاذ عطیہ الصوالحی' الاستاذ محمد خلف اللہ احمد۔

(القاموس الوحید ص: ۷۰)

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے اس عظیم لغت کے ترجمہ کی توفیق عطا فرمائی۔ میں یہ سوچ بھی نہ سکتا تھا کہ اللہ تعالیٰ مجھ بندۂ ناچیز سے دین کا اتنا بڑا کام لیں گے۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی توفیق وتائید ہے کہ اس نے لغت قرآن کی اس خدمت کے لیے قبول فرمایا۔

میں اس کاوش کی تکمیل کے سلسلے میں اپنے اُن محسنین کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنھوں نے اِس کام میں میری معاونت اور راہنمائی فرمائی۔ ان میں سب سے سرفہرست میرے دوست محترم قاری عبدالنصیر علویؔ صاحب ہیں۔ جنھوں نے اس کتاب کے ترجمہ میں میری بھرپور معاونت فرمائی اور ان ہی کے تعاون سے یہ لغت اتنی جلدی تیار ہوسکی اور میں اپنے استادِ محترم جناب مولانا خالد محمود صاحب اور مولانا عابد قریشی صاحب اور مولانا مفتی احمد علی صاحب کا بھی ممنون ہوں کہ انھوں نے ہر وقت میری معاونت اور حوصلہ افزائی فرمائی۔

منجملہ ان معاونین کے میرے برادر محترم مولانا محمد شعیب صاحب ہیں' جنھوں نے جانفشانی اور عرق ریزی کے ساتھ اس کی تکمیل میں حصہ لیا۔ مولانا نذیر احمد ہاشمی (پی۔ ایچ۔ ڈی) کا بھی ممنونِ احسان ہوں جنھوں نے اِس لغت کی بابت مفید مشوروں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کی مساعی کو قبول فرمائے۔

آخر میں حضور خدا دست بدُعا ہوں کہ وہ اس بندۂ ناچیز کی اس حقیر سی کاوش کو قبول فرما کر مفید اور نافع بنادے۔ آمین

ابن سرور محمد اویس

۱۱ ستمبر ۲۰۰۴ء

چند ضروری ہدایات

المعجم الوسيط میں آنے والے رموز واشارات کو درج ذیل معانی کے لیے استعمال کیا گیا ہے:

1. (ج) : جمع کو بیان کرنے کے لیے۔
2. (ـِ ـَ ـُ) : مضارع عین کلمہ کی حرکت۔
3. (و ــــــ) : تکرار کلمہ کے لئے۔
4. (مو) : مولد لفظ کے لیے یعنی وہ لفظ لوگوں نے عصر روایت کے بعد استعمال کیا ہو۔
5. (مع) : معرب لفظ کیلیے یعنی وہ اجنبی لفظ جسے عربوں نے کمی، زیادتی یا قلب کے ذریعہ بدل دیا ہو۔
6. (د) : دخیل لفظ کے لئے، وہ اجنبی لفظ جو عربی میں بغیر تبدیلی کے داخل ہو گیا ہو۔
7. (مج) : وہ لفظ جسے مجمع اللغة العربية نے ثابت کیا ہو۔
8. (محدثة) : وہ لفظ جسے زمانہ جدید میں استعمال کیا گیا اور وہ تمام لوگوں میں رواج پکڑ لے۔

المعجم الوسیط کے رموز واِشارت

فا	سے مراد	اسم فاعل	مص	سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفع	سے مراد	اسم مفعول	(ض)	سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک) سے مراد	باب کرم یکرم
ج	سے مراد	جمع	(ن)	سے مراد	باب نصر ینصر	(ح) سے مراد	باب حسب یحسب
جج	سے مراد	جمع الجمع	(ف)	سے مراد	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسبِ ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرّد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرّد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنّب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحوّل: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فَائِدَہ: تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فَائِدَہ: حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) حینونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کیلئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم وعلاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے أَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق=مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے أَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے أَشْرَكَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اخرجَ= نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے أَبَعْتُ الحِمار= میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) حینونت: جیسے أَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے أَلامَ الْفَرعُ= سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)
(۸) سلب: جیسے أَشْكَيْتُهُ= میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے أَلْبَنَ البقرُ= گائے دودھ والی ہوگئی۔ (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے أَثْمَرَ النخلُ= کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے أَكْفَرْتُهُ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے أَبْخَلْتُهُ= میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)
(۱۳) موافقت مجرّد: جیسے أَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلته یعنی فسخته (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے كَلَّمَ =اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس= اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خَيَّمَ= وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ=اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ=اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ= اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِي= اس نے مجھے خوش کیا۔
(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْإِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ= درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ= وہ بہت گھوما۔ (۲۹)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِي= اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَيْدٌ عمرًوا=زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرّد: جیسی سَافَرَ: بمعنی سفر۔
موافقت أَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُه: بمعنی أَبْعَدْتُهُ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَكَلَّمَ= اس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ= اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَأَثَّمَ= اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ= وہ نصرانی ہوگیا۔ (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ= اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ= اس نے گھونٹ گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ= وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ= وہ مالدار ہوگیا۔ (۲۴)
(۹) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمته فتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَكَ اللهُ= اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برك= اونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک: جیسے تشا تَمَا= دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)
(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ= اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)
(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدتُهُ فَتَبَاعَدَ= میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ= وہ گیا۔ (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْكَسَرَ= وہ ٹوٹ گیا۔

(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُه فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ = باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔ (۶)
(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپ (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غمہتہ فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فُلاَنًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب۔
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمتہ = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)
(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُهٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ۔ اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت اَفعل: جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ (۳۱)
موافقت اَفعل: جیسے اَجَابَ واِسْتَجَابَ (۳۱)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے۔ (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔ (۲۹)
فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التَّمْرُ بمعنی حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)
علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں (۱) مصدر، (۲) اسم مرۃ (۳) اسم نوع، (۴) ظرف مکان وظرف زمان، (۵) اسم آلہ (۶) اسم فاعل، (۷) اسم مفعول، (۸) صفت مُشبہ، (۹) اسم تفضیل، (۱۰) مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:
(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ، تِجارۃ، حِیاکۃ۔
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالٌ ہے۔ جیسے اِباء، شراد، جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلاَن ہے جیسے غَلَیَان، جَولاَن، خفقان۔
(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعَال ہے جیسے صُداع، زکام، دوار۔
(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعِیل ہے جیسے رَحِیْل، و ذمیل
(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ، خُوار، زَئِیْر، نئِیم۔
(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ، رزْقة، خُضْرة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً
(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة، نَبَاهَة، فَصَاحَةٌ۔
(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ۔
(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُهُوْضٌ۔
(۴) فَعِلَ اور فَعَل متعدی کا فَعْل کے وزن پر جیسے فَهْم، نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة، قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعله کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَة وطَّأَ توطِئَة، هنَّأَ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعله ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلَّی تحلية، زکی تزکية اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قَوَّمَ، تقویمًا، سَوَّدَ تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَةً کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ، مُیَاسَرَةً یَامَنَ مُیَامَنَةً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَةً و یوامًا شاذ ہے۔

اَفعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرفِ علت ہو تو اسکی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اسکے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات، اماتة اغاث اغاثة، اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرفِ علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأَنّٰی، تَأَنِّیًا، تغاضی تَغَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر افْتِعَال، اِنْفَعَلَ کا اِنْفَعَال، اِفْعَوعَلَ کا افعیعال اور افعلّ کا افعلال ہے جیسے اشترك اشتراکًا۔ انطلق اِنْطِلاَقاً، اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرفِ علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةً اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَل، اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلاَّل جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا۔

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِئٌ، مرجعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِق، مَقِیْلُ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ، مَوْعِدٌ، مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر، مصطَبَر، مزدحم۔

اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلْتَفَتُّ التِفَاتَةً، انطلقتُ انْطلاَقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا

ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضرة واحدة۔ قاتلته مقاتلة، لا غیر وما التفت الیه الا التفا تة وَاجِبَةً اجابة فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد ومشی مِشْيَةَ المُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة۔ قبیح المعاشرة۔

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر۔ مَفْتَح مَسْمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس، مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ انکے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجْزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْكِنٌ، مَنْسِكٌ، مَنْبِتٌ، مَسقطٌ۔

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوی، مرمی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلة = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة= جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة =جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ ۔ مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُل، مُدهُن، مكحلة، مدق، مُسعُط، مَنَارَةٌ، مُشطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم، سِكِّين، فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ، قَاتِلٌ، نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ، مُسْتَخْرِجٌ، مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ، مَضْرُوْبٌ، مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقَبَّلٌ۔ مُکرمٌ۔ مُدَحرَجٌ ۔

تنبیه (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ اَمْلَحَ سے مَالِحٌ۔ ايفَعَ سے يَافِعٌ ۔ أَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ أَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ۔ حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ۔ اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ۔ اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، کَرِيْمٌ، لينٌ، سَهل، صَعْبٌ، لقيان، غضبَان، كسول، عطشى، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقيم۔

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم

تفضیل کا صیغہ نہیں آ تا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آ تا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادًا۔ اشد استِخرَاجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً ''العود احمد'' میں احمد، حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَاكَ" میں اَخْصَرَ اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابالبادية انوا منه" میں انوا، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں

(۱) فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ۔ نَصَّار۔ (۲) فَعَّالَةٌ جیسے علَّامَةٌ وَفهامة۔ (۳) فِعِّيل جیسے صِدِّيق وسِكِّير۔ (۴) مفعيل جیسے مِسْكِينٌ وَمِعْطِيرٌ۔ (۵) مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ (۶) فعلة جیسے ضحكة و ضُجَعَةٌ۔ (۷) فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ وَ حَذِرٌ۔ (۸) فَعِيلٌ جیسے رَحِيمٌ وَ عَظِيمٌ۔ (۹) فَعُولٌ جیسے كَذُوبٌ۔ وَدُودٌ۔ (۱۰) فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ۔ (۱۱) فُعُلٌ جیسے غُفُلٌ۔ (۱۲) فَعُولَةٌ جیسے فَرُوقَةٌ۔ (۱۳) مِفْعَلٌ جیسے مِجْرَبٌ۔ (۱۴) فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ... مبالغہ کے اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ، اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِلْاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوقٌ۔ اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامة، فَهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة"۔ جاء نصير و نصيرة"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زيد قتيل۔ واتت المرأة جريحا" اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰی البتول، مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولةٌ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول وتلك رسولة۔ وجاء رسول و رسولة۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة، قوة، نعمة، قدرة الف مقصورہ جیسے عذرٰی، فضلٰی، كُبرٰی، عُظمٰی الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بيضاء، زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة، نخلة، ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی، مؤنث معنوی، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اُوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہلِ زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں، جیسے اُخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لئے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد، مؤنث نہیں۔

انکے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتكر فی ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دُشوار ہے، مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان، اذن، ارض، ارنب، اروٰی، است، اصبع، افعٰی، افق، بئر، باع، بنصر، ثعلب، جحيم، جهنم، حرب، خنصر، دار، دبر، ذراع، رجل، رحٰی، ريح، سعير، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عين، غول، فاس، فخذ، فلك، قدم،

قدوم، قوس، کاس، کتف، کرش، کف، نار، نعل، ناب، ورك، ید، یمین، ینبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبائی، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکبائی) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مُؤنثة لاعلامة فیها وکذلك سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سُلّم، سماء، سوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء

انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائینگے۔ جیسے جاء الرجلان. رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"۔

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب، ذواتابعلبك۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان، داعٍ داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قهقران، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقهریان، خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالا سے لالاءان. قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار، اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں ہو اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِین"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو معدی کرب، ذو و بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث

سے التباس کا خوف ہو جیسے علّامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون، عالمون، عِلِّیُّوْنَ، اھلوْن، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات، مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات، شجرۃ سے شجرات، امراۃ، شاۃ، قلۃ، اَمَۃٌ، مِلَّۃٌ، شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، امہات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل، بطارکۃ، کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْلٌ اور فَعْلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات۔ رَحْمَۃٌ رَحَمَاتٌ۔

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فاکلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَۃٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجْرۃٌ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جوزۃٌ سے جوزات، بیعۃ سے بیعات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور رُقوۃ سے رُقَوات، رُقُوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جِرِوات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمّۃ سے ضمّات۔ عزّۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْثٌ سے بُعُثٌ۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت، جمع کثرت۔

جمع قلت وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفْعَال جیسے طِفْلٌ سے اَطْفَالٌ۔ اَفْعُل جیسے نَهْرٌ سے انهر۔ اَفْعِلَۃٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃٌ۔ فِعْلَۃٌ جیسے فتی سے فتیۃ۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم، قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایہا الشُّیُوْخُ لَا تَکُوْنُوا کَالْفِتْیَۃِ۔ احفَظُوا اَنْفُسَکُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلت کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃٌ کی جمع جیسے عُلْبَۃٌ کی جمع عُلَب۔ صورۃ کی جمع صور صُرَّۃ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطعَةٌ کی جمع قِطَعٌ. لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی. لحیة کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حندس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد ومزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعِل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفة کی جمع صحائف' رسالة کی جمع رسائل۔

(۶) افَاعِل افعل (بتثلیث الهمزه) کی جمع جیسے إصبَع کی جمع اصَابع أُنملة کی جمع اَنَامِل' اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس. عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع. مکنسة کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مِفعال' مِفعِیل اور مَفْعُول کی جمع جیسے مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رهط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروحی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کیلئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقة کی جمع رفق' نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو' جیسے صادق صادقة' عالم' عالمة' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ سکران سے سکریٰ' ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان' حبلان' خمصان' سخنان' صوجان' ضوجان' قشوان' مَصّان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلیٰ کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان کی عطشیٰ اور عطشانة' غضبان سے غضبیٰ اور غضبانة

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر جیسے ابیض سے بیضائ' اسمر سے سمرائ۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کُرمیٰ. اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلیٰ سے حُلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر وتانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجُلٌ فَهَّامَةٌ' اِمْرَأَةٌ فَهَّامَةٌ

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ' امراةٌ مِفْضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراةٌ مِعْطِیْرٌ اور مسکینة شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ' اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَةٌ اور فُعَلَةٌ جیسے رجل ضُحْکَةٌ امراة ضحکة اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضُحَکَة =بہت ہنسنے والا۔ همزة= بہت عیب لگانے والا هُزَأَةٌ= بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلامٌ قتیل' امراة قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوة شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے

مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعیدة عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراۃ عقیم، یُحیی العِظَام وھی رَمِیمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فھیَ مُرضِعَةٌ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْق، اَعرج کی عُرْجٌ اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔غِید، بِیض، هِیف، اغید، ابیض، اھیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلیٰ کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالٰی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکارٰی و حیارٰی سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَةٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاة، رماة، غزاة کہ اصل ان کی دُعَوَةٌ رُمَیَةٌ غزیة ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، درد یا تَشَتُّت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعیٰ، شتیت کی جمع شتٰی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضٰی...... یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زَمِن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکٰی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔فُعَّالٌ، فَعَلَةٌ، فُعَّل، فَوَاعِلُ، فُعَلاءُ اور إفعِلاء۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَةٌ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبة، ظالم کی جمع ظَلَمَةٌ۔

فَعَلَةٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقة، باعة، حاكة، صاغة کہ اصل میں سوقة، بیعة، حیکة، صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ سَاجِد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر، عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔اکابر مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر، کُبر۔صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع افاضلون

نسبت

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔مثلاً فخذ میں فَخَذِیّ اور مَلِكٌ میں مَلَکِیّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔جیسے مشرق میں مشرقی، مغرب میں مغربي یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاھرہ سے قاھری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عَصَوِیّ۔ فتی سے فَتَوِيّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمی سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِيّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلِیّ اور ذِفرِیّ کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے

طوباوِیٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفی سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوِی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قزاء سے قزائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِیّ۔ ماضٍ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیّ' ماضوِیّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیّ' معتدی سے معتدیّ۔

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌّ سے غَنَوِیٌّ۔ عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلة کا بیان کیا گیا ہے یہی فُعَیل و فعیلة میں بھی جاری ہو گا جیسے عُقَیْل سے عُقَیْلِیٌّ۔ قصی سے قُصوِیّ۔ قُلَیلَةٌ سے قُلَیْلِیٌّ۔ اُمَیمَةُ سے اُمَیمِیٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قَلَنسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حیّ تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنة کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدِیّ۔ دمِیّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموِیّ اور بنوِیّ کہنا جائز ہے اور ابنِیّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنة سے سنوی' لغة سے لغوی اور زِنةٌ سے وَزْنِیٌّ اور صِلَة سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی۔ عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل وصناوید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نسائ' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکة سے ملائکی۔ ملوك سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبك اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امرأالقیس سے امرئی دیرالقمر سے دیرانی'

(حروفِ تہجی کے لحاظ سے

ان اسماء کی تفصیل جو قواعدِ نسبت کے خلاف مستعمل ہیں)

انف کبیر	سے	أُنافِیٌّ	حرواء	//	حَرُورِیٌّ	رَوحاء	//	رَوْحانِیٌّ
اُمَیّه	//	اُمَوِیٌّ	حرمین	//	حِرمِیٌّ	رے	//	رَازِیٌّ
بادیَه	//	بَدَوِیٌّ	حضرموت	//	حَضْرَمِیٌّ	رباب	//	رُبِیٌّ
بحرین	//	بحرَانِیٌّ	خُزینة	//	خُزَنِیٌّ	سهل	//	سهلِیٌّ
بهراء	//	بَهْرَانِیٌّ	دَهر	//	دُهرِیٌّ	سلیقة	//	سَلِیقِیٌّ
تهامة	//	تهامِیٌّ یا تهَام	دَیر	//	دَیرانِیٌّ	سلیمة الازد	//	سُلَمِیٌّ
تیم اللات	//	تیمَلِیٌّ	داریّا	//	دَارَانِیٌّ	سُلَیمٌ	//	سُلَیمِیٌّ
ثقیف	//	ثَقَفِیٌّ	رب	//	رَبَّانِیٌّ	شام	//	شامٍ
جمة عظیمةٌ	//	جُمَّانی	رقبة عظیمة	//	رقبانِیٌّ	شعر کثیر	//	شعرانیٌّ
جذیمة	//	جذمِیٌّ	رامهرمز	//	رامِیٌّ	صدر کبیر	//	صدرانیٌّ
جلولاء	//	جَلُوَلِیٌّ	ردینه	//	رُدِیْنِیٌّ	صنعاء	//	صنعانِیٌّ
بنی الحبلی	//	حُبَلِیٌّ	روح	//	رُوحَانِیٌّ	طبیعة	//	طبیعِیٌّ
طیّی	//	طَائِیٌّ	فُقیم کنانه	//	فُقَمِیٌّ	مرو الشاهجهانی		مَروَزِیٌّ
عمیرة کلب	//	عُمَیرِیٌّ	فراهید	//	فُرهُودِیٌّ	امرؤ القیس	//	مَرْقِسِیٌّ
بنی عبیده	//	عَبَدِیٌّ	قویم	//	قُوَمِیٌّ	هجر	//	هَاجِرِیٌّ
عبدشمس	//	عَبشَمِیٌّ	قریش	//	قُرَشِیٌّ	هُذَیْلٌ	//	هُذَلِیٌّ
عبدالدار	//	عَبْدَرِیٌّ	کنت	//	کُنتِیٌّ	انباط	//	نُبَاطِیٌّ یا نباطٍ
عبدقیس	//	عَبقَسِیٌّ	لحیة عظیمة	//	لُحیانیٌّ	ناصره	//	نَصْرَانِیٌّ
عبدالله	//	عبدلِیٌّ	ملیح خزاعة	//	مُلَحِیٌّ	یمن	//	یَمَانٍ

عبدالاشہل سے اشہلی، ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین اِبل سے عین ابلی وادی آش سے وادی آشی عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزءِ اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزءِ ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیؔ، ذرحیّا سے ذریٌّ۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب۔ عبد سے عُبَید۔ رَجُل سے رجیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعْفَر سے جُعَیْفِرٌ۔ سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطیس مضراب سے مُضَیرِیْبٌ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل جو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے

ثمرۃ کی تصغیر ثمیرۃ، بشریٰ کی بشیری۔ سمراء کی سمیراء۔ سکران کی سکیران۔ غضبان کی غضیبان۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضۃ۔ شمس سے شمیسۃ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کریں گے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرفِ علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہو گی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ، یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رکھنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول، ادور سے اُدَیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے: ھو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہو گی۔ اُبَیٌّ اُخَیٌّ دُمَیٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگا یا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَی ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وزینۃ وُعَیدَۃٌ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃٌ بُنَیَّۃٌ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان، مومنون کی مویمنون، مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃٌ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درھم کی جمع دراھم کی دریھمات

اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبیداللہ ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت، نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ، خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر، بعلبك کی بعیلبك۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔ ابیحر، بحر کی۔ انیسیان، انسان کی۔ رویجل، رجل کی۔ اصیلال، اصیل کی۔ عشیشیۃ، عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ، غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ دُریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء، ابناء، اکرام، اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف مُتَّصِل ہو جیسے باجمل، لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے

گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' و اذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنائے کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل ائذن" اور "ھذا الذی اؤتمنت علیہ"

اور ہمزہ متوسط متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رمال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بَقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤُہ بقائہ بقائہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزْءٌ شیْءٌ فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے ھَیُؤَ' لَکَأَ' ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشاۃ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃٌ لُؤلُؤَۃٌ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خطیئۃ بَرِیئۃ قراءۃ' صلاءۃٌ' مُروءَۃٌ' سُوءَۃٌ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَل سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ۔ ایسر۔ مُوْسِرٌ۔

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ۔

لیکن اس قاعدے کے لئے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واؤ یاء فاکلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائدہ سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ' یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں' جیسے طی' میّت مرمی کہ اصل میں طوی' میوت۔ مرموی تھے۔

واؤ یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء۔

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز۔ قلادۃ سے قلائد' صحیفۃ سے صحائف۔

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واؤ یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں جیسے اتقی' اتّسر۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں' جیسے ادّان' اذدکر' ازدان کہ اصل میں ادتان' ادتکر' ازتان۔ تھے اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِدّکر اور اِذّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد طائ' ظاء واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں' جیسے اصطبَرَ' اضطرب' اطّرد' اظطلَمَ' اِظطلَم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَمَ اور اِظّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

❋❋❋

(۱)

باب الهمزة

الهمزة: شدید الصوت' مخرج حلق ہے۔ جہر اور ہمس اس کی بصفت نہیں۔
ہمزہ حروف معانی کے قبیل سے ہے۔ کبھی نداء قریب کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے **أَبُنَيَّ** استفہام میں اس سے دو یا زیادہ چیزوں میں سے ایک کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ جیسے: **أَأَخوك مسافر ام ابوك**؟ اور جیسے **(وَإِنْ أَدْرِيْٓ أَقَرِيْبٌ أَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ)** اور اس کا جواب تعیین کے ساتھ ہوگا اور ھمزہ کے ذریعہ اسناد کا سوال بھی ہوتا ہے جیسے: **اسافر اخوك**؟ اور اس کا جواب **نعم** یا **لا** کے ساتھ ہو گا۔ لہٰذا آپ **الم یسافر اخوك**؟ کے جواب میں **نعم** یا **بلٰی** کہیں گے۔
(آ): حرف نداء بعید کے لئے۔

ا .... ب

(آب): گیارہواں سریانی (یا رومی) مہینہ' اگست کے مقابلہ میں۔
(الآب): عیسائیوں کے نزدیک خدا' بیٹا' روح القدس (تثلیث) میں پہلا۔
(الآبنوس): حبشہ اور ہندوستان میں پیدا ہونے والا سیاہ اور ٹھوس لکڑی والا درخت اس سے ساز و سامان اور برتن بنائے جاتے ہیں۔ (ذیونانی لفظ)
(الآبنوسيّة): سیاہ مسالہ' جس سے بجلی کے کرنٹ کو جدا کرتے ہیں۔
(الآجر): عمارتیں تعمیر کرنے کی پکی اینٹ۔ اس میں کئی لغات ہیں۔ (مع)
(الآح): دیکھئے (ا ی ح)۔
(آدم): دیکھئے (ادم)۔
(آذار): چھٹا سریانی (یا رومی) مہینہ مقابل مارچ۔
(الآذريون): بہاری پھولدار پودا۔ اس کا پھول زرد یا سرخ سبزی مائل ہوتا ہے جس کے درمیان میں سیاہ جھالر ہوتی ہے۔ یہ مرکبات انبوبیہ کے فصیلہ سے ہے اور کا ندولا کی جنس سے ہے۔ (مع)
(الآس): سدابہار سفید پتوں والا درخت۔ اس کے پھول سفید یا گلابی خوشبودار اور اس کا پھل سیاہی مائل ہوتا ہے اور تازہ ہونے کی صورت میں کھایا جاتا ہے اور سوکھنے کے بعد اس کے مصالحے بنائے جاتے ہیں۔ یہ فصیلہ الآسیات سے ہے۔
(۲) ایک نقطہ والا تاش کا پتہ۔ (د)
(آسیا): ایشیاء (دیکھئے: ا س ی)
(آل): (دیکھئے: اول)۔
(آمِین): دعا کے بعد کہا جانے والا لفظ بمعنیٰ **اللھمّ استجب**۔
(الآنِسُوْنُ): سدابہار چھوٹے سفید پھولوں والا' خوشبودار بیج والا پودا۔ علاج میں استعمال ہوتا ہے۔
(الآنُك): سیاہ سیسہ:
(الآيِيْنُ): عادت (۲) ایسی رسم جو کچھ لوگوں کی معمول ہو۔ (مع)
(أَبَأَه): **بسهم أَبْأً:** تیر مارنا۔
(الأَبَاءُ): بانس۔
(الأَبَاءَةُ): اباء کی واحد (۲) گنجان بانس۔
(أَبَّ): **للسَّيرِ أَبًّا و أَبَابًا** (ن) چلنے کو تیار ہونا۔
— **الیه:** مشتاق ہونا' مائل ہونا۔
— **علی اعداه:** زبردست حملہ کرنا۔
أَبَّتْ أَبَابَةُ الشيء: عادت درست ہونا۔
— **الشيءَ أَبًّا:** (ن ض) ارادہ کرنا **أَبَّ أَبَّهُ:** کسی کی اتباع کرنا۔
يَدَه الى سيفه: تلوار نکالنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
(ائتَبَّ): له تیار ہونا۔
(اسْتَأَبَّ): **فلانًا**۔ کسی کو باپ بنانا' اس کی طرف نسب منسوب کرنا۔ دیکھئے: (اب و)
(تَأَبَّبَ به): فخر کرنا۔
(الأُبَابُ): زیادہ پانی۔
(الأَبَابَة): وطن کا شدید اشتیاق۔ (ج)
(الأَبُّ): تر اور خشک گھاس۔ قرآن میں **(وَفَاكِهَةً وَّأَبًّا)** جیسے: **فلان راع له الحب وطاع له الأَبُّ** اس کی کھیتی سرسبز اور چراگاہ کشادہ ہوگئی۔
(۲) باپ (ابٌ کے معنیٰ میں)
(إِبَّانٌ): **الشيء:** وقت۔ اضافت میں کثیر الاستعمال ہے جیسے **ابان الفاكهة:** دیکھئے (اب ن)۔
(آبیب): گیارھواں قبطی مہینہ۔
(آبت) **اليوم أَبْتًا:** (ن ض س) دن کا سخت گرمی والا ہونا۔ **هو آبِتٌ**۔
(المأبوت): غضبناک۔
(ابجد): حروفِ تہجی کے چھ کلمات میں سے پہلا کلمہ اور وہ یہ ہیں **(ابجد' هوز' حطي' كلمن' سعفص' قرشت)** (عاملوں کی ترتیب کے مطابق): یہ ترتیب نصر بن عاصم لیثی کی موجودہ ترتیب سے پہلے کی ہے۔ باقی ثخذ اور ضظغ تو ان

ا

کے حروف عربی حرف ابجد میں سے ہیں اور انہیں روادف کہتے ہیں۔ حروف ابجد حساب ابجد میں یوں استعمال ہوتے ہیں: ا(۱) ب(۲) ج(۳) د(۴) ھ(۵) و(۶) ز(۷) ح(۸) ط(۹) ی(۱۰) ک(۲۰) ل(۳۰) م(۴۰) ن(۵۰) س(۶۰) ع(۷۰) ف(۸۰) ص(۹۰) ق(۱۰۰) ر(۲۰۰) ش(۳۰۰) ت(۴۰۰) ث(۵۰۰) خ(۶۰۰) ذ(۷۰۰) ض(۸۰۰) ظ(۹۰۰) غ(۱۰۰۰) اہل مغرب اختلاف کرتے ہیں، کلمن کے بعد والے حروف کی ترتیب میں وہ یوں بناتے ہیں: صعفض، قرست، ثخذ، ظغش۔

(أَبَدَ): أُبودًا: (ن) وحشی ہونا اور لوگوں سے جدا ہونا۔

—الشاعر ونحوه: شعر میں نامانوس الفاظ ہونا۔

—فلان بالمکان: قیام پذیر ہونا اور نہ جدا ہونا۔

(أَبِدَ) أَبَدًا (س) وحشی ہونا **هو أَبِدٌ**۔

—علیه: غصہ ہونا

(أَبَّدَ الشئ): ہمیشگی عطا کرنا۔

(تَأَبَّدَ): جنگلی ہونا۔

— المکان: جگہ کا بے آب وگیاہ اور ہمدرد سے خالی ہونا۔

—الشیٔ: لمبا عرصہ باقی رہنا

—الرجُلُ: کنوارہ پن کا لمبا ہونا۔

(الآبِدَةُ): امر عجیب اور نادر الوقوع

(۲) ناقابل فراموش حادثہ۔ جمع **اوابِدُ**۔

اوابد الکلام: کلام کے عجائبات

اوابد الطیر: گرمی سردی ایک ہی جگہ رہنے والے پرندے۔

اوابد الوحش: انسانوں سے خوف کھانے والے اور بھاگنے والے جانور۔

فرسٌ قید الاوابد: وہ گھوڑا جس کی لگام کو سختی سے باندھا گیا ہو۔

(الابدُ): زمانہ (جمع) **آباد، ابود** اور کہا جاتا ہے **لا افعل ذلك أبَدَ الآبدین** اور **ابدا الآباد** زمانہ کا لمبا ہونا۔

اور **طال الابد علی بعد** اس چیز پر بولا جاتا ہے جس کی زندگی لمبی ہو اور اس پر طویل زمانہ گزرا ہو۔ (دیکھئے: لبد)

(أبَدًا): ظرف زمان مستقبل میں اثبات اور نفی کے ساتھ ساتھ مستعمل ہے۔ استمرار پر دال ہے جیسے: **خالدین فیها ابدا** اور کبھی یہ استمرار قرینہ کی وجہ سے مقید ہو جاتا ہے جیسے: **(إِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ أَبَدًا مَّا دَامُوا فِيهَا)**

(الأَبَدِيُّ): جس کی انتہا نہ ہو۔

(الأَبَدِيَّةُ): دوام وسرمدیت۔

(المؤبَّد): الحکم المؤبّد فی القضاء: عمر قید بامشقت (اس میں بیس سال تک تخفیف کی جاتی ہے)

(أَبَرَ): النَّخلَ۔ (ن ض) أَبْرًا، اِبارًا، اِبارَةً: قلم لگانا کھجور کو۔

—الزرع: درست کرنا

—العقربُ والنخلة فلانًا: بچھو کا ڈسنا۔

— الحیوان: ہلاک کرنے کے واسطے اس کو چارے میں سوئی کھلانا۔

—فلانًا: غیبت کرنا، تکلیف دینا۔

بین الناس: چغلی کھانا۔

(أَبِرَ): الزرع أَبَرًا: درست ہونا **هو أَبِرٌ**۔

(أَبَّرَ): النخل او الزرع: کھیتی یا کھجور کو درست کرنا۔

(إِئْتَبَرَ): فلانًا: کسی سے کہہ کر کھیتی یا کھجور درست کروانا۔

(تَأَبَّرَ): ٹھیک ہونا۔

— صغار النخل: کھجور کے چھوٹے درختوں کا بڑے ہو کر قلم لگانے کے قابل ہونا۔

(الإِبارَة): کھجور یا کھیتی کو قلمیں لگانے کا پیشہ۔

(الأَبَّارُ): سینے کی سوئیاں بنانے والا۔

(الإبرة) کپڑے سینے کی سوئی۔ ج **إِبَرٌ وإِبارٌ**۔

۔من العقرب والنحلة: ڈنگ۔

—من القرن: سینگ کا سرا۔

—من المرفق: کہنی کی نوک۔

ابرة المِحْقَن: انجکشن کی سوئی۔

ابرة الفونغراف: فون گراف کی سوئی (ج **إِبَرٌ**۔

(الإِبْرَةُ المِغْنَطِيسِيَّةُ): چھوٹا سا فولادی ٹکڑا، جو باریک ہوتا ہے اور اسکے دونوں کناروں پر لوہا ہوتا ہے۔ مقناطیسی سوئی۔ (Compas)

(بیت الإبرة): قطب نما، سمت معلوم کرنے کا آلہ۔

(الأبور): کھجور کا وہ خوشہ جس سے قلمیں لگائی جاتی ہیں۔ (جمع **أُبُرٌ**)۔

(المأْبَرُ): خوشہ کا چھلکا (ج) **مَآبِر**۔

(المِئْبَرُ): بڑی سوئی۔

(۲) درختوں میں قلمیں لگانے کا آلہ

(۳) سوئی رکھنے کی چیز ج (**مَآبِرُ**)

(اَلْمِئْبَرَةُ): چغل خوری (ج) **مَآبِر**۔ جیسے **فشت بینهم المآبر:** چغل خوری عام ہوگئی۔

(الأُوبرا): غنائی ڈرامہ (جس میں نغمہ وساز کا عنصر غالب ہو) (مع)

(الأُبرشِيَّة): پادری کے زیر انتظام علاقہ (د)

(الابریز): خالص سونا، جیسے **ذهبٌ إبريزٌ** اس کے ایک ٹکڑے کو **ابریزة** کہتے ہیں (مع)

(الإبرَيْسَم): اعلیٰ ریشم (مع)

(الإبریق): صراحی دار لوٹا۔ (ج) **أَباریق** (مع)

(إبریل): اپریل، مقابل نیسان (سریانی مہینہ)

(أَبَزَ): (ض) **أَبْزًا، أُبُوزًا:** اچھلنا، کودنا۔

(الأَبْزَن): غسل کرنے کا ٹب (ج) **أَبازن** (مع)

(الإبزیم): بکسوا (مع) ج **أَبازیم**۔

(أَبَسَه) (ض) **أَبْسًا:** مقہور کرنا (۲) عیب لگانا۔

(أَبَّسَه): بمعنی **أَبَسَه**۔

(أَبِیسٌ): خاص صفات کا بچھڑا جسے قدیم مصر

والے حیوانی قوت کی نشانی سمجھتے اور اس کی تعظیم کرتے تھے۔

(أَبَش): (ن) لأهله أبشا: روزی کمانا۔

— الشيءَ: جمع کرنا۔ هو آبشٌ و أبّاشٌ۔

(أَبَّشَة): بمعنی أبَشَة جیسے أبَّشَ کلامًا: بے سروپا باتیں کرنا۔

(تَأَبَّش): اکٹھا کرنا۔

(الأُباشَة): ملے جلے لوگ (مخلوط)

(أَبَصَ): (ض) أَبْصًا: نشاط میں آنا۔ هو آبِصٌ و أَبوص۔

(أَبِصَ) (س) أَبَصًا بمعنی أَبَص هو أَبِصٌ۔

(أَبَضَ): النسا۔ (ض ن) أَبْضًا: عرق النساء: بیماری میں کھنچاؤ پیدا ہونا۔

البعير: اونٹ کے اگلے پیر کو بازوؤں سے باندھنا تاکہ اس کا ہاتھ زمین سے بلند ہوجائے اور وہ چل نہ سکے۔

— الانسان و نحوه: آدمی کی پنڈلیوں کو رانوں سے ملا کر پیچھے سے اٹھا لینا۔

(أَبِضَ): النَّسا أَبَضًا: بمعنی أَبَضَ۔

(تَأَبَّضَ): ابض کی مطاوعت میں استعمال ہوتا ہے۔

— النَّسا: عرق النساء کا لمبا ہونا

— الذئب و نحوه: بھیڑیئے وغیرہ کا بیٹھنا

— البعيرَ: بمعنی أَبَضَ (قدم انفًا)

(الإِبَاض): رسی جس کے ذریعہ اونٹ کے پیر کو بازو سے باندھا جاتا ہے۔ (ج) أُبُضٌ۔

(۲) عرق النساء۔

(الإِبَاضِيَّة): خارجی فرقہ انہوں نے اپنا کام دولت امویہ کے آخری زمانہ میں شروع کیا اور عبید اللہ اباض تمیمی کی طرف منسوب ہے۔

(الأَبُوض): من الخيل: تیز رفتار گھوڑا (ج) أُبُضٌ۔

(المَأْبِض): کہنی اور گھٹنے کا اندرونی حصہ۔

(ج) مَآبِض۔

(تَأَبَّطَ) الشيءَ: بغل میں چھپانا۔

— الثوب: کپڑے کو دائیں بغل کے نیچے سے لے کر بائیں مونڈھے پر ڈالنا۔

— المرأة الطفل: عورت کا بچہ کو گود میں لینا، اور اس کی تربیت کا ذمہ لینا۔

تأبّط شرًّا: دورِ جاہلیت کے مشہور عربی شاعر ثابت بن جابر کا لقب۔ اس کی طرف نسبت لفظ تأبّطِيّ سے ہوگی۔

(الإِبَاط): جس چیز کو بغل میں لیا گیا مثلاً کپڑا وغیرہ۔ (ج) أُبُط۔

(الإِبْط): بغل۔

(۲) بہت باریک ریت۔

(۳) پہاڑی کا دامن۔ (یہ لفظ مذکر مؤنث دونوں طرح آتا ہے)

وابط الزهرة: وہ دانے جو ٹہنی اور پتے کی ڈنڈی کے درمیان پیدا ہوتے ہیں۔ (ج) آباط۔

ضرب آباط الامور: اس نے معاملات کی مخفی باتوں کو جان لیا۔

(أَبَقَ)۔ (ض ن) أَبْقًا و إِبَاقًا: بھاگنا۔ هو آبِقٌ اور أَبُوق۔

(أَبِقَ)۔ (س) أَبَقًا: بھاگنا۔

(تَأَبَّقَ): بھاگنا۔

— الشيءَ ومنه: انکار کرنا، اظہار براءت کرنا۔

(أَبَلَتْ) (س ن) الابلُ أَبْلًا، أُبُولًا: اونٹوں کا زیادہ ہونا۔

(۲) اونٹوں کا وحشی ہونا۔

(۳) ترچارے کی بنا پر پانی سے مستغنی ہونا۔

— فلانًا: زیادہ اونٹوں والا ہونا۔

— فلان إِبَالَةً: اونٹوں کی اچھی نگرانی کرنا۔ ج أُبَّال۔

— الرجل أَبْلًا و أَبَالَة: عبادت کے لئے گوشہ نشین ہونا، راہب بننا۔

— فُلانًا أَبْلًا: کسی کو اونٹ دینا۔

(أَبِلَتِ): الابل أَبَلًا: بمعنی أَبَلَتْ۔

— فلانٌ أَبَلًا، أَبَالَةً، إِبَالَةً: اونٹوں کی عمدہ دیکھ بھال کرنا: هو آبِلٌ۔

(أَبُلَ) (ن) أَبَالَةً: راہب ہونا، عبادت گزار ہونا (هو ابيلٌ) ج آبال و أُبُل۔

(أَبَّلَ) ايبالًا: اونٹ زیادہ ہونا۔

(آبَلَ): بمعنی أَبَّلَ۔

— الابلَ: اونٹوں کو چھانٹنا (۲) موٹا کرنا۔

(إِئْتَبَلَ): اونٹ چرانے کا پیشہ اختیار کرنا۔

(تَأَبَّلَتِ) الابلُ: ترچارے کی بنا پر پانی سے بے نیاز ہونا۔

— فلان الابل: اونٹ چھانٹنا

(الابابيل): گروہ در گروہ۔ کثرت بیان کرنے کے لئے آتا ہے۔ قرآن میں (وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ)۔ (ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں)

(الإِبَّالَةُ): بغیر شد کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔ ضرب المثل (ضِغْثٌ عَلَى إِبَالَةٍ) مصیبت بالائے مصیبت۔ (۲) حکمت عملی۔

(الإِبِلُ): اونٹ اور اونٹنیاں۔ اس کا کوئی مفرد نہیں اور یہ لفظ مؤنث ہے (ج) آبالٌ۔

إبلان: اونٹوں کے دو گلے۔

(الأُبُلَّة): قبیلہ۔ بصرہ کے قریب ایک علاقہ۔

أُبُلَّة الرجل: اس کے ساتھی۔ (۲) بصرہ کے قریب ایک شہر۔

(الأَبيل): لاٹھی، (۲) راہب۔

(الأَبِيلَة): لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔

(المأبلة): اونٹوں کے رہنے کی جگہ۔

(۲) جہاں زیادہ اونٹ ہوں (ج) مَآبِل۔

(الإِبْلِيز): وہ مٹی جس کو دریائے نیل اپنے چلنے کے بعد زمین پر چھوڑ جائے۔ (د)

(إِبْلِيس): شیطانوں کا سردار (۲) سرکش (ج) اباليس، آبالسة (مع)

(أَبَنَ) (ن ض) الدمُ في الجُرح أَبْنًا: خون کا سیاہ ہونا۔

— فلانًا: عیب لگانا، بری خصلت کی تہمت لگانا۔

أَبَنَهُ بخير: اچھی خصلت سے متصف کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

(أَبَنَ)الشيءَ: نشانات پر چلنا۔
المیت: ماتم کرنا، نوحہ کرنا، مرثیہ کرنا۔
کہا جاتا ہے: هو يُقَرِّظ الاحياء ويوبّن الاموات۔
(تَأَبَّنَ)الاثر: نشان پر چلنا۔
(اِبَّان)الشيء: وقت دیکھئے (أَبّ)
(الاِبنُ): (دیکھئے: بنو)
(الأُبنَة): لکڑی کی گرہ (۲) عیب (۳) کینہ (ج) أُبَنٌ: کہا جاتا ہے بينهم اُبنٌ یعنی دشمنی۔
فی حسبه أُبَنٌ: اس کے نسب میں خرابیاں ہیں۔
(المأبون): تہمت زدہ شخص۔
(أَبَهَ) له شئ لا يوبه له اوبه۔ حقیر و گمنام چیز۔ فلانًا بكذا: تہمت لگانا۔
أَبَهَ (ف) لَهُ (ن) به: أَبْهًا: بمعنی أَبَهَ۔ وبه، ابهًا سمجھنا۔
(أَبَّهَ)فلانًا لكذا: متنبہ کرنا۔
— فلانا بكذا: تہمت لگانا۔
(تَأَبَّه) مطاوع ابَّهَهُ۔
— عليه: تکبر کرنا
— عنه: خود کو برتر اور اونچا سمجھنا۔
(الأُبَّهَة): عظمت اور شان و شوکت غرور۔
عليه أُبَّهَةُ السلطان اس میں بادشاہ والی شان ہے۔
(أَبَا)۔ (ن) أُبُوَّة و إِبَاوَةٌ باپ بنا جیسے: البِرُّ مع الابوة والعقوق مع البُنُوَّة۔
— فلانًا: کسی کا باپ بنا (۲) تربیت و پرورش میں باپ کی طرح بنا۔ جیسے انه ليابو يتيمًا وہ ایک باپ کی طرح یتیم کی پرورش کرتا ہے۔
(أَبَّاهُ): کسی سے کہنا بابی انت (میرا باپ تم پر قربان)۔
(تَأَبَّى) أَبًا: باپ بنانا۔
— فلانًا: ایضاً
— فلانًا ابًا: ایضاً
(استأبى) أَبًا: باپ بنالینا۔
— فلانًا: کسی کو باپ بنالینا۔

(الأَبُ): والد (۲) دادا (۳) چچا پر بھی بولا جاتا ہے۔ (۴) صاحب شئ (۵) موجد (۶) مصلح (۷) مُظہر (ج) آباء، أُبُوٌّ، أُبُوَّةٌ قرآن مجید میں (وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَآئِي) جیسے ابوّته ابوة صدق اس کے آباء سچائی کا پیکر ہیں اور فلان ابو الضيف اور ابو الاضياف۔ فلاں سخی اور خوب کھلانے والا ہے۔
— فلان ابن ابيه: فلاں باپ کے مشابہ ہے۔
— الله ابوك تعریف کے موقع پر۔
بابي انت: میرا باپ تجھ پر قربان۔
لا اباك: تعجب، ڈانٹ ڈپٹ اور ابھارنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
(الأَبَا): اسم مقصور بمعنی ابٌ۔
(الأَبَوانِ): ماں باپ جیسے قرآن مجید میں (وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ) (۲) باپ دادا (۳) باپ اور چچا۔
(الأَبَوِي): باپ کی طرف منسوب کرنا۔
(الأَبَوِيَّةُ): ایک یا چند خاندانوں کا بنایا ہوا اجتماعی نظام جس کا حاکم ان خاندانوں کا سب سے زیادہ عمر رسیدہ مرد ہوتا ہے۔
(أَبَى) (ض) عَلَيَّ إِبَاءً، إِبَاءَةً: سرکشی کرنا۔
— الشيءَ: ناپسند کرنا راضی نہ ہونا۔ قرآن مجید میں (وَيَأْبَى اللهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُورَهُ) ضرب المثل رضي الخصمان وابى القاضي مدمقابل راضی اور قاضی ناراض، جب کوئی ایسے آدمی کا حق طلب کرے جو اس سے دستبردار ہو چکا ہو۔
(۲) باز رکھنا هو آبٍ، آبَاءٌ، أَبِيٌّ۔
له نفسٌ ابيَّةٌ: اس کا نفس پرہیز کرنے والا ہے۔
ابيت اللعن: زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کے لئے بولا جانے والا دعائیہ جملہ۔ یعنی تجھے یہ بات پسند نہیں کہ تو ایسا کام کرے جو تیرے لئے موجب لعنت ہو۔
(أَبِيَ) الغذاءَ، منهُ أَبًى: کھانے سے گھن کرنا اور نہ کھانا۔ هو آبيَانٌ۔

(أَبَى) فلانًا كذا ايباءً: انکار پر مجبور کرنا۔
(تَأَبَّى) عليه: نافرمانی کرنا۔
(الأُبَاءُ): ایسا عارض جو کھانے پینے سے محروم کر دے۔
اصابهُ أُبَاءٌ: اس کو عارض لاحق ہو گیا۔
(الإِبْيَة): تھن یا پستان میں دودھ جمع کرنا۔
(۲) دودھ ٹھہر جانا۔
(المَأْبَاة) من الطعام والشراب: ناپسندیدہ طعام و شراب (۲) وجہِ ناپسندیدگی (ج) مَآب۔
(الأَبيقوريّون): یونانی فلسفی ابیقور کی اتباع کرنے والے۔ یہ اخلاق میں فلسفہ کی بنیاد ایک مادی طریقے پر رکھتے ہیں اور لذت کو اس زندگی کا مقصود اعلیٰ سمجھتے ہیں جو غم اور پریشانیوں سے خالی ہو۔ اس حکمت عملی کی بنیاد ان کے نزدیک فلسفہ اور طبعیات پر ہے۔ (ج)

ا .... ت

(أَتَبَ) (ض) الفتاة: لڑکی کو بلا آستین کرتہ پہنانا۔
(تَأَتَّبَتِ) المرأة الإِتْبَ وبه: بغیر آستین کے کرتہ پہننا۔
فلان القوس: گلے میں کمان لٹکانا۔
(الإِتْبُ): نصف پنڈلی تک کا لباس۔
(۲) بغیر آستین اور گریبان کا کرتہ۔
(المؤتَّبُ) الظهر: کُبڑا۔
(أَتَّ) (ض) راسه أَتًّا: سرزخمی کرنا۔
خصمه بالحجة: دشمن کو دلیل سے شکست دینا۔
(الإِتَادُ): وہ رسی جس سے گائے وغیرہ کا دودھ نکالتے وقت اس کا پاؤں باندھا جائے۔ (ج) أُتُدٌ۔
(الأُتْرُجُّ): مالٹے کا درخت، اس کی ٹہنیاں اور پتے نرم، اور اس کا پھل بڑے لیموں کی طرح ہوتا ہے جس کا رنگ سنہری، خوشبو تیز اور ذائقہ ترش ہوتا ہے۔
(أَتَلَ) (ض) أَتْلًا، أُتولا: غصہ میں چھوٹے

قدم اُٹھانا۔(۲) بوجھل قدموں سے چلنا۔
—من الطعام او الشراب: سیر ہونا۔
(أَتَمَ) (ن) السِّقاءُ أَتْمًا: مشکیزہ کے دو سوراخوں کا مل کر ایک ہو جانا۔
—فلانٌ بالمکان: رہائش پذیر ہونا۔
(أتَمَ) فی سیرہ أتْمًا: ست چلنا هو أتِمٌ۔
(الأُتْمُ): فصیلہ زیتونیہ کا ایک درخت۔ یہ پہاڑوں میں اُگتا ہے اور اسے پہاڑی زیتون بھی کہتے ہیں اور یہ لمبی عمر پاتا ہے۔
(المَأتَمُ): لوگوں کی ایک جماعت کا غم یا خوشی کی حالت میں ہونا۔ البتہ غم میں کثیر الاستعمال ہے۔(ج) مَآتِم۔
(أتَنَ) بالمکان أتْنًا، أُتُونًا: قائم ہونا، ثابت ہونا، رہائش پذیر ہونا۔
فلانٌ أتْنَانًا: غصہ سے قدموں کو ملا کر چلنا۔
(آتَنَتِ) الوالدۃ ایتانًا: ولادت کے وقت بچہ کا ہاتھ اور سر سے پہلے پاؤں نکالنا۔
(استَأتَنَ) فلانٌ: گدھی خریدنا۔
—الحمار: گدھے کا گدھی جیسا ہو جانا۔
(الاتان): گدھی (ج) أُتُنٌ، أُتْنٌ۔
(الأتُّونُ): بڑا تنور، حمام کا چولہا، اینٹیں وغیرہ پکانے کا بھٹہ، تاء کی شد کے ساتھ بھی آتا ہے جیسے (الأتُّونُ) ج أُتُن، اتاتین۔
(أتَا) (ن) الشجرُ أتوًا، أتاءً، إتاءً: پھل لگنا، پھل زیادہ ہونا۔
—الماشیة: مویشی کا زیادہ ہونا۔
—الحیوان أتوًا: جانور کا تیز اور سیدھا چلنا۔
—فلانًا اتوًا، اتاوۃ: رشوت دینا۔ ج أتاوی۔
(آتی) الشجر ایتاءً: درخت پر پھل آنا اور زیادہ ہونا۔
(الإتاءُ): غلہ اور پیداوار۔
—لبنٌ ذو إتاء: مکھن والا دودھ۔
(الاتاوۃ): جزیہ (۲) خراج۔
ضُرِبَت علیهم الاتاوۃ: ان پر خراج لازم کیا گیا۔(۳) رشوت۔

شکمہ فاہ بالاتارۃ: اس کو رشوت دی۔(۴) جو چیز زبردستی جائے (ج) أتاوی۔
(الأتْوُ): بخشش (۲) طریقہ۔
(أتَی): (ض) أتْیًا، اتیانًا، اِتْیًا، مأتًی، مَاتاۃً: آنا۔
آتَیتُ الأمر من ماتاہ وماتاتہ: سامنے آنا، (۲) نزدیک ہونا، قریب ہونا۔
—علیه کذا: اس پر گزرا۔
—علیه: مکمل کرنا۔
—علیه الدهرُ: مار ڈالنا۔
—المکانَ والرجلَ: آنا۔
—الامرَ: کرنا
—المرأۃَ: جماع کرنا
—القومَ: خود کو ایسے لوگوں کی طرف منسوب کرنا جن میں سے نہ ہو، هو أتِیٌّ۔
(أُتِیَ) الجیش ونحوہٗ: دشمن کا حملہ کرنا۔
—فلانٌ۔ وہموں کا غالب ہونا، حس کا بدل جانا۔
—من جهة کذا: کہیں سے مصیبت آنا۔
کہاوت ہے: "مَنْ مَأمَنِهِ یوتی الحذِر" محتاط رہنے والے پر وہاں سے مصیبت آتی ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔ هو مَأتِیٌّ۔
وعدُ اللهِ مَأتِیٌّ: اللہ کا وعدہ پورا ہونے والا ہے۔
(آتی) فلانًا الشيءَ: کسی کے پاس کوئی چیز حاضر کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: قَالَ لِفَتٰهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا۔
(۲) کسی کو دینا۔
قرآن مجید میں ہے: وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ۔
—الزکاۃ: زکوۃ ادا کرنا۔
—فلانًا علی الامر: موافق ہونا، صلہ دینا، انعام دینا۔
(أتَتْهُ الفُرصَةُ): عمدہ موقع ملنا۔
(أتَّی) الشيءَ: تیار کرنا آسان بنانا۔
—الماءَ وللماءِ: پانی کا راستہ ہموار کرنا، بہاؤ کا راستہ بنانا۔
(أُتِّیَ) الیه الامرُ: خیال آنا۔
(تأتَّی) للامر: نرمی کرنا، موافق ہونا۔
—لهٗ بسهمٍ: کسی کا ارادہ کرنا یہاں تک کہ پا لینا۔
(استَأتاہ): کسی کو بلانا۔
(الآتیة): زخم کا مواد وغیرہ۔
(الإتاءُ): پانی کے راستہ میں گرا ہوا پتہ یا لکڑی وغیرہ جس سے اس کا راستہ رک جائے۔
(الأتِیُّ): معاملات کو سمجھنے والا (۲) پردیسی (۳) دور سے آنے والا سیلاب۔
(المِیتاءُ): ریس کی انتہائی غایت۔

ا .... ث

(الأثْأَبُ): بہت بڑا درخت، بہت زیادہ جڑوں والا جس کی جڑیں ٹہنیوں کی طرح لٹکی ہوتی ہیں۔ یہ فصیلہ توتیہ سے ہے۔
(الأثَبُ): بمعنی أثْأب۔
(أثَّ) (س ن ض) أثًّا، أُثوثًا، أثاثًا۔
أثاثۃً: زیادہ ہونا، بڑا ہونا۔
—النبات: گھنا ہوا۔
— الشعرُ: گھنا اور لمبا ہونا۔ هو أثٌّ اور هو اثِیثٌ (ج) إثاث۔
(أثَّثَهٗ): نرم اور برابر کرنا۔
البیت: بستر بچھانا، فرنیچر لگانا۔
(تأثَّثَ): فلانٌ: عمدہ چیز کا حاصل کرنا۔
البیت: فرنیچر لگانا۔
(الأثاث): گھر کا سامان، بستر وغیرہ (۲) مال، سرمایہ (ج) أُثُثٌ (و) اثاثۃٌ۔
(أثَرَہٗ)۔(ن ض) أثْرًا، أثارۃ، أثْرَۃً: نشانات قدم پر چلنا۔
—الحدیث: (۱) نقل اتارنا، (۲) روایت بیان کرنا۔
—السیف وغیرہ أثْرًا، أثْرَۃً: پہچان کے لئے نشانی چھوڑنا۔
—فلانٌ ان یفعل کذا: کام اختیار کرنا۔
(أثِرَ) (س) علیه أثَرًا، أثَرَۃً، أُثْرَۃً، أُثْرَی:

کسی حصہ میں خود کو ترجیح دینا۔ هُوَ آثِرٌ۔
—ان یفعل کذا: کسی کام کو اہمیت دینا۔
—علی الامر: ارادہ کرنا۔
—لہ: فارغ ہونا۔
—بہ: ماہر و مشاق ہونا۔
(أثَرَہٗ) ایثارًا: فضیلت دینا' پسند کرنا' ترجیح دینا۔
أثرہٗ علی نفسہٖ: اس کو خود پر فضیلت دی۔
— الشیءَ بِالشّیءِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ خاص کرنا۔
(۲) پیچھے لگانا۔
(أثَّرَ) فیہ: اثر چھوڑنا۔
(ائتثرہٗ): نشانات کے پیچھے چلنا۔
(تأثَّرَ) الشیءُ: اثر ظاہر ہونا۔
—بالشیء: اثر قبول کرنا۔
— الشیءَ: نشانات قدم پر چلنا۔
(استأثَرَ) بِہٖ: کسی چیز کو اپنے ساتھ مخصوص کرنا۔
— اللّٰہُ فلانًا و بہٖ: موت دینا۔
(الآثار) علم آثار قدیمہ (۲) پرانی یادگاروں کا علم۔
(الإثار): جیب کے مشابہ تھیلی جو سینہ پر باندھی جاتی ہے۔ (۲) پھلوں کی حفاظتی تھیلی۔ (ج) اُثُر۔
(الأثارۃ): نشانی (۲) بقیہ۔
قرآن مجید میں ہے:
(ائْتُوْنِیْ بِکِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ ھٰذَاۤ اَوْ اَثٰرَۃٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ)
(الأثْرُ): تلوار کی چمک اور رونق' ہر تیز اور صاف چیز کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔
(۲) چہرہ کی خوبصورتی اور رونق۔
جاءَ فی اثرہٖ پیچھے آنا۔
(الأثْرُ' الأُثُرُ): تلوار کی چمک (۲) درست ہونے کے بعد زخم کا نشان۔
(الأثَرُ): نشانی (۲) تلوار کی چمک۔
اثر الشیءِ: بقیہ
کہاوت ہے لا تَطلبْ اثرًا بعد عین (اصل کے زوال کے بعد بقیہ مت ڈھونڈو) اس شخص کے لئے جو اصل کے گم ہونے کے بعد باقی ماندہ کو ڈھونڈتا پھرے۔ (۳) نشان قدم۔ (۴) نشان رفتگاں۔ (۵) روایت کردہ خبر' سنت باقیہ۔
(ج) آثار' أُثُورٌ۔
(الأثر الرجعیّ فی التشریع): نئے قانون کا لاگو ہونا سابقہ مدت کے مطابق۔
(الأثِر) رجل اثِرٌ: بھلائی میں خود کو ترجیح دینے والا۔
(الأثَرۃُ): منزلتُ لفلان عندی أثَرَۃٌ۔
(۲) انسان کا غیر پر خود کو ترجیح دینا۔
حدیث مبارکہ میں ہے (سترون بعدی أثرۃ)
(۳) ذاتی فائدہ کو مقدم کرنا۔
اثرۃ العلم: باقی ماندہ علم۔
(۴) فلسفہ کی اصطلاح میں اس کا معنیٰ خود پسندی ہے اور اس کا اطلاق ایسے اخلاق پر بھی ہوتا ہے جن کو اپنانے سے خاص مقصد ہے اور یہ ایثار کے مقابلہ میں ہے (مج)
(الأُثْرۃ): زمین پر لگا ہوا نشان (۲) تلوار کا نشان (۳) خاندانی عزت و بزرگی (۴) علم کا بقایا۔ ذُوْ اُثْرَۃٍ: پسندیدہ (ھو ذو اُثرۃ عندی)
(الأثْرِیُّ) من الاشیاء: ماہر آثار قدیمہ۔
(۲) قدیم یادگاری۔
(الأثیر) تلوار کی چمک (۲) غیر پر ترجیح دیا ہوا۔ ھوا ثیری میں اس کو فضیلت اور ترجیح دیتا ہوں (۳) ایتھر' ایسا بہنے والا مادہ جس کے تموج سے گرمی بڑھتی اور آواز دور تک جاتی ہے۔
(۴) ایک سیال بے رنگ مادہ جو بے رنگ روغن دار چیزوں کو پگھلاتا ہے اور طب میں استعمال ہوتا ہے۔
(الایثار): آدمی کا غیر کو اپنے پر ترجیح دینا۔ مج
(الایثاریۃ): قربانی کا جذبہ' انفرادی بھلائی کی بجائے بعد میں آنے والی جماعت کو ترجیح دینا
(۲) علمائے نفس کے نزدیک انسان کا دوسرے کو اپنی ذات پر ترجیح دینا خواہ یہ وہبی ہو یا کسبی (مج)
(المأثرۃ): قابل تعظیم عمل (ج) مآثر۔
(المئثرۃ): ایسا آلہ جس کے ذریعے امتیازی نشان ثابت ہو۔ (ج) مآثِر۔
(المأثور): جو نائب نے اسلاف سے نقل کیا۔
(۲) منقول حدیث۔
(أثَفَ) (ن) أثْفًا: ٹھہرنا' ثابت ہونا۔
— فلانًا: پیچھے چلنا (۲) تلاش کرنا۔
(أثْفَ) القِدرَ اِیثافًا: ہانڈی چولہے پر چڑھانا۔
(أثَّفَ) القِدرَ: بمعنیٰ أثْفَ: ہانڈی کو چولہے پر چڑھانا۔
(تأثَّفَتِ) القدرُ: ہانڈی کا چولہے پر چڑھایا جانا۔
— القومُ علی الامر: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
القومُ المکانَ و بہ: لازم پکڑنا ایسا کہ جدا نہ ہونا۔
(الأُثفِیّۃ): ان تین پتھروں میں سے ایک جن پر ہانڈی رکھی جائے۔ (ج) اَثَافِیُّ اَثَافٍ۔
(ثَالِثَۃُ الاَثَافِیّ): پہاڑ کا کنارہ جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر ان پر ہانڈی رکھتے ہیں۔
(۲) بڑی آفت جیسے رماہ بثالثۃ الاثافی اللہ اسکو پہاڑ جیسی بڑی آفت میں پھنسا دے۔
(أثَلَ) (ن) اُثُوْلًا: جڑ پکڑنا' قدیم ہونا۔
(أثُلَ) (ک) أثَالۃ: بمعنیٰ أثَلَ ھو اثیلٌ۔
(شَرَفٌ اَثِیْلٌ): خاندانی شرافت۔
(أثَّلَ): مال بڑھانا۔
— الشیءَ: مضبوط کرنا۔
امرؤالقیس کا شعر ہے
ولکنما اسعٰی لمجدٍ مُؤَثَّلٍ
وقد یُدرِکُ المجدَ المُؤَثَّلَ اَمثالی
— مالًا مال کو جمع کرنا سرمایہ کاری کے لئے حدیث میں یتیم کے سرپرست کے بارے میں آیا ہے:
اِنّہٗ یاکل من مالہٖ غیر متأثِّلٍ مالًا۔

—مالَه: مال بڑھانا۔

—اهلَه: لباس پہنانا، عزت دینا۔

— فلانًا بمالٍ او برجالٍ: مال یا آدمی کے ذریعے عزت دینا۔

(تأثّل): جڑ پکڑنا، ثابت ہونا (۲) جمع ہونا (۳) بڑا ہونا۔

—فلانٌ: سرمایہ کاری کے لئے مال جمع کرنا۔

(الاَثال): مال (۲) شرافت اور بزرگی۔

(الاَثل): جھاؤ کا درخت۔ یہ فصیلہ طرفاویہ سے ہے۔ واحد: اَثَلَةٌ۔ ج اثلات وآثال۔

(الاَثلة): جڑ (لفلانٍ اثلة مالٍ) (۲) گھر کا سامان (۳) تیاری (۴) لوگوں کا راشن (ج) إثالٌ۔

نحت اثلَته: عیب بیان کرنا، مذمت کرنا۔

اعشیٰ کہتا ہے:

الستَ مُنتهيًا عَنْ نَحتِ اَثلَتِنَا
ولَستَ ضائرَهَا مَا اَطّتِ الابلُ

(اَلاَثَلَةُ): گھر کا سازوسامان۔

(الاثيلُ): ایک کیمیائی مرکب جس میں کاربن کے دو اور ہائیڈروجن کے پانچ ذرات ہوتے ہیں۔

(اَثِمَ)۔(س) اَثمًا، اِثمًا، اَثامًا، مأثمًا: گناہ کرنا۔ هو اَثِمٌ، اَثِيمٌ، اَثّامٌ، اَثُومٌ۔

(اَثمه): ایثامًا۔ گناہ کروانا۔

(اَثّمه): گناہ گار شمار کرنا۔

(تَأثّمَ): گناہ سے بچنا (۲) گناہ سے توبہ و استغفار کرنا۔

هو يَتَأثّمُ من الصغائر): (وہ صغائر سے بچتا ہے)

(الاَثام): گناہ (۲) گناہ کا بدلہ۔

قرآن مجید میں ہے:

(وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ)

(اَلِاثْمُ): وہ گناہ جو دوسرے پر سزا کو ثابت کردے (ج) آثام۔

(الاثمِدُ): سرمہ یا سرمے کا پتھر (دیکھئے: ثمد)

(اَثَا)۔(ن) اَثْوًا: چغل خوری کرنا۔

شاعر کا قول:

وإنّ امرأً يأثُو بسادةِ قومِهٖ
حَرِيٌّ لعمري اَنْ يُذَمّ ويُشتَمَا

(اثاَهُ) مواثاة: جھگڑنا۔

(تآثَوا): آپس میں جھگڑنا اور قاضی کے پاس مقدمہ لے کر جانا۔

ا .... ج

(اَجّت)۔ (ن) النارُ اَجًّا، اَجِيجًا، اَجّةً: آگ جلنا اور دھکنا، بھڑکنا۔

مَرَّ يَؤُجُّ في سيره: وہ سَن سَن کرتے ہوئے چلا۔

سمعت اَجّةَ القومِ: میں نے لوگوں کے چلنے اور حرکت کرنے کی آواز سنی۔

—الشيءُ: چمکنا، جگمگانا۔

—النهارُ: سخت گرمی ہونا۔

—الامرُ: خلط ملط ہونا۔

— الماءُ أُجُوجًا واجوجةً: پانی کا کھارا ہونا اور کڑوا ہونا۔

(اَجّجَ) الماءَ ايجاجًا: پانی تلخ اور کھارا بنانا۔

(اَجّجَ) النارُ: آگ بھڑکانا۔

— بينهم الشرَّ: ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔

—الماءَ: پانی کھارا کرنا۔

—(ائتجّتِ) النارُ: بھڑکنا۔

النهارُ: شدید گرمی ہونا۔

(تأجّجتِ) النارُ: آگ بھڑکنا۔

تَأَجّجَ فلانٌ غَضَبًا اَوْ ذُكاءً: غصہ سے گرم ہونا۔

(الأُجاجُ): جو چیز اپنے کھارا یا کڑوا ہونے کی وجہ سے منہ کو لگے۔

(الاَجُوجُ): روشن۔

(اَجَدَ): البناءَ (ن) اَجْدًا: قوت بخشنا، مضبوط کرنا، مستحکم کرنا۔

الحمد لله الذي آجَدَنِي بعد ضعف تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے کمزوری کے بعد طاقت بخشی۔

(اَجَدَهُ) ايجادًا: بمعنی اَجَدَه طاقت دینا۔

إنه لمؤجد الانياب والاظافر: وہ مضبوط دانتوں اور ناخنوں والا ہے۔

— ثوبٌ مُؤَجَدُ النسيج: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

(آجَدَهُ): اَجَدَه طاقت دینا۔

(الأُجُدُ) ناقةٌ أُجُدٌ: مضبوط اونٹنی، جملٌ اُجُدٌ نہیں کہا جا سکتا ہے۔

(اَجَرَ) (ن ض) العَظْمُ ۔اَجْرًا، أُجُورًا، إجارًا: ہڈی کا ناہموار جڑنا۔

— العظم اجرًا: ہڈی ناہموار جوڑنا۔

— الشيءَ: کرائے پر دینا۔

—فلانًا على كذا: مزدوری دینا۔

— العامل صاحبَ العمل: ملازمت پر راضی ہونا۔

قرآن مجید میں ہے: عَلٰٓى اَنْ تَأْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ (اس شرط پر کہ تم آٹھ سال تک میرے اجیر رہو)

—اللهُ عبدَه: بدلہ دینا

(أُجِرَ): فلانٌ في ولده: اولاد کی وفات پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجر ملنا۔

(آجَرَهُ) ايجارًا بمعنی اَجَرَهُ۔

—من فلان الدار وغيرها: کرائے پر لینا۔

—فلانًا الدارَ: کرائے پر دینا۔

(آجَرَهُ) مؤاجرة: اجیر بنانا۔

(اِئتَجَرَ): صدقہ وغیرہ سے ثواب حاصل کرنا۔

على فلان بكذا: اجرت پر کام کرنا۔

(استأجَرَه): مزدور بنانا۔

(الاجارة): اجرت پر کام کرنا (۲) ٹھیکہ داری۔

(الاجرُ): کام اور نفع کا عوض (۲) مہر۔

(ج) اجورٌ قرآن میں ہے: (فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً)

الاجرُ الحقُّ: معقول اجرت جس سے مزدور گزارہ

کر سکے۔ (ج)

(الأجرة): بدلہ، مزدوری (ج) أُجَرٌ۔

(الأجير): جو مزدوری کے بدلے کام کرے (ج) أُجَرَاءُ۔

(استاجَزَ) على الوسادة ونحوها: سینہ کو تکیہ پر رکھنا۔

—عن الوسادة: تکیہ سے ہٹنا۔

(الإجازُ): بیٹھے ہوئے آدمی کا سینہ کو تکیہ کے ذریعے سہارا دینا کہ وہ دائیں بائیں ٹیک نہ لگائے۔

(الاجازة): بمعنی الإجازُ (دیکھئے: جوز)

(الأجزخانة): دوائی کی دکان۔ (مع)

(الإجّاص): آلوبخارا، یہ فصیلہ وردیہ سے ہے (مع) بعض ممالک میں امرود کو إجّاص کہتے ہیں اور مصر میں زردآلو کو اجّاص کہتے ہیں۔ (مع)

(أجَلَ) (ن) الشيءَ أجْلًا: روکنا، منع کرنا۔

—فلانًا: گردن کا علاج کرنا۔

(أجِلَ) (س) أجَلًا: تاخیر کرنا، هُوَ آجِلٌ، آجِلٌ أجِيلٌ،

—فلانٌ: گردن کے درد کا علاج کرنا۔

(آجَلَه): إيجالًا: روکنا اور منع کرنا۔

(أجَّلَ) الشيءَ: تاخیر کرنا (۲) وقت مقرر کرنا۔

—الماءَ: پانی جمع کرنا، پانی روکنا۔

—فلانًا: گردن کے درد کا علاج کرنا۔

(تَأجَّلَ): القومُ: جمع ہونا، تاجّلوا عليه بھی کہا جاتا ہے۔

—البهائم: ریوڑ بن جانا۔

—الماءُ: پانی جمع ہونا، پانی کا بدبودار ہونا۔

—الشيءَ: بمعنی أجّلَهُ۔

— فلانًا: کسی سے کچھ مدت تک مہلت طلب کرنا۔

(استأجَلَ) فلانًا: وقت مقرر کرانا۔

(الآجلة): آخرت۔

(أجْل): فَعَلْتُ ذلك أَجْلَكَ ومن أجْلِكَ) میں نے یہ تیری وجہ سے کیا۔

(أجَلْ) حرف جواب نَعَمْ کی طرح، مخبر کی تصدیق مستخبر کے اعلان اور طالب کے وعدہ کے لئے ہوتا ہے۔

(الأجَل): کسی چیز کی مدت (۲) کسی چیز کا مقررہ وقت۔ جیسے ضربتُ له أجَلًا۔ (۳) موت جیسے جاءَ أجَلُهُ (جب موت آ جائے) (ج) آجال (۴) مقررہ وقت کی انتہاء۔ قرآن مجید میں ہے: وَبَلَغْنَآ أَجَلَنَا الَّذِيٓ أَجَّلْتَ لَنَا)

(الإجْل) گردن کا وہ درد جو تکیہ سے دور ہونے کی وجہ سے ہو (۲) وحشی گائیوں اور ہرنوں کا ریوڑ۔ (ج) آجال۔

(الأجِيل): تاخیر شدہ۔

—من الماء: جمع شدہ پانی۔

(۲) ایسا گڑھا جو درخت کے گرد کھود کر اس میں پانی جمع کیا جائے۔

(المأجَل): بڑا حوض جس میں زراعت کے لئے پانی جمع کیا جائے۔ (ج). مآجل۔

(أجَمَ) (ض)۔ أجْمًا و أُجُومًا: غصہ کی وجہ سے خاموش رہنا۔

— الماءُ: پانی کا بدلنا، بدبودار ہونا۔

—النارُ أجْمًا و اجيمًا: آگ دھکنا۔

— الطعامَ وغيره أجْمًا: کھانے پر مداومت کی وجہ سے اکتا جانا۔

—فلانًا: مکروہ عمل پر ابھارنا۔

(أجِمَهُ) (س)۔ أجَمًا: بمعنی أجَمَهُ کہا جاتا ہے "داوَمَ على طعامٍ واحدٍ حتّٰى أجِمَهُ۔ (ایک ہی کھانے پر یکسانیت کی وجہ سے اکتا جانا) هو أجِمٌ أجِمٌ۔

(آجَمَهُ) ايجامًا بمعنی أجَمَه۔

—فلانًا الشيءَ: اپنے آپ کو برا کہلوانا۔

(أجَّمَ) النارَ: آگ جلانا، دہکانا۔

(تأجَّمَ) الاسدُ: شیر کا جھاڑیوں میں داخل ہونا۔

—النارُ: آگ بھڑکنا۔

—عليه: کسی پر غضبناک ہونا۔

(الأُجُم): محل (۲) قلعہ (ج) آجام۔

(الأُجَمة): گنجان درخت (ج) أجَم، إجام، آجام۔

(الأجُوم): کسی چیز کو سخت ناپسند کرنا۔ (۲) لوگوں کو متنفر کروانے والا۔

(أجَنَ) (ن ض) الماءُ أجْنًا، أُجُونًا: پانی کا رنگ، ذائقہ اور بو بدل جانا۔ کہا جاتا ہے (يُفسد الرجلَ المجونُ كما يُفسد الماءَ الأُجُونُ۔)

—القصّارُ الثوبَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹنا۔

(أجِنَ) (س) الماءُ أجَنًا: بمعنی أجَنَ هو آجِنٌ۔

(أجُنَ) (ک)۔ أُجونة، أجَانة: أجَنَ هو اجينٌ۔

(الإجّانة): وہ برتن جس میں کپڑا دھویا جائے۔ (۲) درخت کے ارد گرد کی کیاری (بطور تشبیہ) (ج) اجاجين۔ (مع)

(الأجَنَة): لوہے کا اوزار جو مضبوط چیزیں توڑنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (د)

(المِئجنة): کپڑا کوٹنے کا ڈنڈا (ج) مَآجِنُ۔

(الميجنة) بمعنی المئجنة۔

ا .... ح

(أحّ): کھانسی یا درد کی آواز۔

(أحَّ) (ن) أحًّا، أحاحًا، احيحًا: کھانسنا، کھنکارنا (۲) غصہ یا افسوس کی وجہ سے آواز نکالنا (۳) پیاس سخت ہونا۔

(أحّى): بمعنی أحَّ۔ (اصل أحَحَ ہے۔)

(الأُحاح): پیاس (۲) غصہ۔

(الأحيحُ): غصہ

(أحَّدَ) الشيءَ: ایک کرنا۔

—العشرةَ: دس کو گیارہ کرنا۔

(اتّحَدَ): (دیکھئے: وحد)

(استأحَدَ): نمایاں ہونا۔

(أُحادَ): ایک ایک (جاءُوا أُحادَ، وجاءوا

(اُحَادَ اُحَادَ) وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے۔

(اَحَدٌ): (نکرہ) ہر اس شخص کے لئے جو مخاطب بن سکتا ہو۔ جیسے لیس فی الدار احدٌ (اس میں مفرد مذکر اور مفرد مؤنث وغیرہ سب برابر ہیں) جیسے قرآن مجید میں (لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ) اور (مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ)

(اَلْاَحَدُ): ایک' پہلا عدد' جیسے اَحَدٌ و اثنان۔ اور اَحَدَ عَشَر

(۲) اکیلا (۳) اتوار کا دن (ج) آحاد' اُحدان' اَحدون کہتے ہیں فلانٌ احدُ الاَحَدِیْنَ (اس کا کوئی مثل نہیں) مؤنث اِحدٰی ہے۔

عدد میں مؤنث یوں ہو گی: اِحْدٰی عشرۃ اور اِحدٰی و عشرون کہتے ہیں: فلانۃٌ احدِی الاحد (اس عورت جیسا کوئی نہیں۔)

اتی بِاِحدی الاِحَدِ: بڑا کام (۲) برا کام۔

(اَحِنَ) (س) علیه ۔ اَحَنًا و اَحْنًا: بغض رکھنا ہو اِحِنٌ۔

(اَحَنَهٗ) مؤاحنۃً: دشمنی رکھنا جیسے: بینهما مضاغنة عظیمة و مواحنة قدیمةٌ (ان کے درمیان سخت نفرت اور پرانی دشمنی ہے)

(الاِحْنَةُ): بغض وحسد (ج) اِحَنٌ۔

جیسے اِنَّ الْاِحَنَ تجُرُّ الْمِحنَ (دشمنیاں مصیبتیں لاتی ہیں)

(اَخِ): اسم صوت جو تکلیف' غم یا غصہ کی وجہ سے نکلے۔

(اِخِ): کبھی مفتوح الہمزہ بھی ہوتا ہے: وہ آواز جس سے اونٹ کو بٹھایا جائے (۲) بمعنی کِخ یعنی تھوتھو۔

(الاَخُّ) بمعنی الاخ (دیکھئے: اخ)

(الاِخُّ): گندگی۔

(الاَخِیخَةُ): ایسا پتلا کھانا جو آٹے میں تیل یا گھی ڈال کر پکتے ہیں۔

(اَخَذَ) (ن) الشیءَ اَخْذًا' تَاْخَاذًا' مَاْخَذًا: پالینا' حاصل کرنا۔ قرآن مجید میں (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا)

(۲) وصول کرنا جیسے اخذنا المال۔

(۳) قبول کرنا جیسے قرآن مجید میں (وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ)

— فلانًا: قید کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: (فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ) (۲) سزا دینا جیسے قرآن مجید میں: (وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ) (۳) قتل کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: (وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ) (۴) قیدی بنانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: (فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ) (۵) غالب آنا جیسے قرآن مجید میں (لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ)

(۶) تھام لینا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: (وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗ اِلَيْهِ)

— فُلَانًا بِذَنْبِهٖ: گناہ کا بدلہ دینا۔

— فلانًا بالامر: لازم کرنا۔

— اللهُ فلانًا: ہلاک کرنا۔

— علی یدِ فلان: منع کرنا۔

— علی فمِه: بات کرنے سے روکنا۔

— علیه الارض: زمین راستے تنگ کرنا۔

— اَخْذَ فلانٍ و مَاْخَذَهٗ: کسی کے طریقہ پر چلنا اور اس کے اخلاق اپنانا۔

— عن فلانٍ علم حاصل کرنا۔

— فلانًا الداءُ و العذابُ: بیماری یا عذاب آنا۔

اَخَذت فیه الخمرُ: اثر انداز ہونا۔

— الشیءَ مَاْخَذَهٗ: مناسبات کو لے لینا۔

— علیه کذا: گرفت کرنا۔

— نفسه بکذا: اپنے اوپر لازم کرنا۔

— اللَّبَنَ: ترش کرنا۔

— فی الامر یفعلُه: شروع کرنا۔

اس کا امر "خُذْ" ہے جس کی اصل اُؤْخُذْ ہے فاعل اٰخِذٌ اور مفعول ماخوذ اور اَخِیذ ہے جیسے کہا جاتا ہے ما انت الّا اتّخاذ نبّاذٌ (اس شخص کے بارے میں جو کسی چیز کو حریص بن کر لے اور جلدی فضول خرچ کر دے۔)

عرب لوگ اخذت کذا میں ذال کا تاء میں ادغام کر کے اَخَتُّ پڑھتے ہیں اور ایسا کثیر الاستعمال ہے۔

(اَخِذَ) (س) الرضِیعُ اَخَذًا: زیادہ دودھ کی وجہ سے بدہضمی ہونا۔

— العینُ: آنکھ دکھنا ہو اَخِذٌ۔

— الحیوانُ: جانور کا پاگل ہونا۔

(اَخُذَ) (ک) اللبنُ و نحوہ ۔ اُخوذۃً: ترش ہونا۔

(اَخَذَتْهُ) الساحرۃُ ایخاذًا: جادو کا عمل کرنا۔

(اٰخَذَهٗ) بذنبه مواخذۃً: سزا دینا۔

(اَخَّذَ) الجملَ: اونٹ کو باندھنا۔

— الساحرۃُ الرجلَ: جادو سے بے ہوش کرنا۔

کہا جاتا ہے هو مُؤَخَّذٌ عن النساء وہ عورتوں کے جادو (سحر) کا قیدی ہے۔

(اِئْتَخَذَ) القومُ فی الْقِتَال: لڑائی میں گتھم گتھا ہونا۔

— فی المصارعة: کشتی میں داؤ پیچ لگانا۔

— فلان لمرضه: عاجز اور بے بس ہونا۔

(اِتَّخَذَهٗ) بمعنی اخذہٗ (دیکھئے: تخذ)

(استاْخَذَ) فلانٌ: عاجز اور بے بس ہونا۔

(۲) درد یا تکلیف وغیرہ کی وجہ سے سر جھکانا۔

— الشَّعْرُ و نحوُه: بالوں کا اتنا لمبا ہونا کہ باندھنا پڑے۔

(الاِخاذَۃُ): زمین جس کو انسان اپنے لئے خاص کرے۔ (۲) چھوٹا تالاب (۳) ڈھال کا دستہ (ج) اِخاذ و اخاذات۔

(الاَخْذ): طریقہ' راستہ۔ جیسے ذهبوا و من اخذ اخذهم' ولو کنت منا لَاَخذت باخذنا) (۲) منتر کے لئے کھودا گیا گڑھا (ج) اخذان۔

(الاُخُذُ و الاَخَذُ): آشوب چشم۔

(الاِخذۃ): بمعنی الاُخُذ (ج) اِخاذ۔

ا

(الأُخذة): شکار کا گڑھا (۲) پہلوانی داؤ۔
(۳) جادو کا منتر۔
(الاخیذُ): قیدی' جیسے هو اخیذٌ فِی يد العدُو (وہ دشمن کا قیدی ہے) اور هو اسير فتنةٍ و اخيذُ محنةٍ (وہ آزمائش وابتلاء کا محبوس وقیدی ہے)۔
(الأخيذة): لڑائی میں قیدی بنائی گئی عورت۔
(۲) چھینا گیا یا غصب کیا ہوا مال سامان۔
(المأخذ) راستہ لینے کا طریقہ یا وقت
(۲) معیوب عمل یا عامل۔ (ج) مآخِذ۔
مآخِذ الطير ونحوه شکاری مقامات۔
مآخذ الشيء: حوالہ جات۔
(أَخَّرَ): مؤخر ہونا۔
— الشيء: ملتوی کرنا۔
الميعاد: مقررہ مدت سے تاخیر کرنا' مہلت دینا۔
(تأخَّرَ عنه): بعد میں آنا (۲) الٹے پاؤں چلنا (۳) نہ پہنچ پانا۔
(استأخَرَ): بمعنی تأخَّرَ۔
(الآخَرُ): دوہم جنس چیزوں میں سے ایک جیسے متنبی کا قول:
ودع كل صوت غير صوتي فانني
انا الصائح المحكي والاخر الصدٰى
(۲) بمعنی غیر جیسے امرؤ القیس کا قول:
اذا قلتُ هذا صاحب قد رضيتهٗ
وقرت به العينانِ بُدِّلت آخَرَا ج الآخرون۔
(الآخِر): جو اول کے مقابلہ میں ہو جیسے جاءوا عن آخرهم (وہ سب کے سب آئے)۔
(۲) اللہ تعالیٰ کا نام (یعنی جو مخلوق کے فنا کے بعد بھی باقی رہے)
(الآخرة): ضد اولیٰ۔
(۲) موت کے بعد کی زندگی۔
من العين: آنکھ کا کنپٹی والا کنارہ۔ جیسے کہا جاتا ہے: هل الشيء بأخرة وجاء الشيءُ بأخرةٍ۔
(الأُخِرِيُّ): آخری جیسے جاء آخِرِيًّا۔
(الأَخِرُ) بمعنی الاخِر (۲) خیر سے پیچھے رہنے والا (۳) محروم۔
(الأُخُر): ضد القُدُم کہا جاتا ہے رَجَعَ أُخُرًا جیسے ذَهَبَ قُدُمًا۔
شقَّ ثوبَه مِنْ أُخُرٍ: کپڑے کو پیچھے سے پھاڑنا۔
(الأَخِرَةُ): ادھار
بِعْتُه سلعةً بِأَخِرَةٍ: میں نے ادھار پر سامان بیچا۔
(الأَخِرَةُ الأُخَرَةُ): بمعنی الاخیرُ جیسے نلتُه بأَخَرَةٍ وأُخَرَةٍ (میں نے آخر میں پایا)۔
(الأُخْرٰى): الآخر کی مؤنث۔
(۲) آخرت کی زندگی۔
— لا افعله اخرى الليالي: (میں اسے کبھی نہ کروں گا۔ (ج) أُخَرٌ' أُخْرَيَاتٌ جیسے جاء في اخريات الناس (آخر میں آیا) اور فعل ذلك في اخريات ايامه (آخری دنوں میں کیا)
(الأُخْرَوِيّ): منسوب ہے اخریٰ کی طرف۔
(الاخيرُ): ہر چیز کا آخر جیسے لقيتهٗ اخيرًا اور جاء اخيرًا۔
(المئخار): بہت زیادہ تاخیر کرنے والا۔
— من الشجر: وہ درخت جو پھل پکانے میں آخر موسم تک تاخیر کردے۔ (ج) مآخير۔
(المُؤْخِر): من العين: آنکھ کا کنپٹی والا حصہ جیسے نظر الىّ بمؤخِرِ عينه (اس نے مجھے کن انکھیوں سے دیکھا)
(المؤخِرة) من العينِ بمعنی المؤخِر۔
(المُؤخَّرَ): کسی چیز کا پچھلا حصہ جیسے مُوخّر السفينة' مُوخّر البناء۔
— من الدَّين او الصداق: قرض یا مہر جس کی مہلت دی گئی۔
(المؤخِّر): اللہ تعالیٰ کا نام۔
(المؤخِّرة): پچھلا حصہ۔
(مؤخِّرة الجيش): لشکر کا پچھلا حصہ۔
(الإخشيد): فرغانہ کے بادشاہوں کا لقب بمعنی شہنشاہ (۲) محمد بن طغج کا لقب جو ۳۲۶ھ اور ۹۳۷ء کو مصر کا بادشاہ بنایا گیا کیونکہ اس کے آباؤ اجداد فرغانہ کے بادشاہوں میں سے تھے (مع)
(الأخطبوط): سمندری جانور' آٹھ پاؤں والا' مضبوطی کے ساتھ چمٹنے میں ضرب المثل ہے۔ (جنوں قسم کا ایک کیڑا)۔
(آخا) (ن) فلانًا أُخُوَّةً إخَاوَةً: بھائی بنانا۔
(اٰخی) فلانًا مؤاخاةً اخاءً: بھائی بنانا۔
— بينهما: دونوں کو بھائیوں جیسا بنانا۔ (۲) دو چیزوں کو ملانا۔
— في فلان آخيّةً: احسان کرنا۔
(أَخّٰى) فلانًا: کسی سے یا اخی کہنا۔
— للدّابة: جانور کے باندھنے کی رسی تیار کرنا۔
(تآخيا): وہ دونوں بھائیوں جیسے ہوگئے۔ کہا جاتا ہے بين السماحة والحماسة تآخٍ (سخاوت اور شجاعت کے درمیان بھائی بندی ہے)
(تأخّى) فلانًا: بھائی بنانا۔
— الشيء: ارادہ کرنا۔
(الأخية): وہ رسی جو جانور باندھنے کے لئے زمین یا دیوار میں گڑھی ہوئی ہو۔
(۲) احسان (ج) اواخٍ۔
(الآخيّة): (۱) الأخية (۲) رشتہ' تعلق جیسے (له عندهٗ آخيّةٌ تُرعٰى) اور (شددت له آخيّة لايَحُلُّها المهرُ الأرِنُ)
(ج) اَواخيُّ: جیسے شدّ الله بينكما اواخيّ الإخاء اللہ تم دونوں کے درمیان رشتہ اخوت کو مضبوط رکھے۔
(الأَخ): بھائی۔
— من الرضاعة: جو رضاعت میں شریک ہو۔
(۲) دوست' کہا جاتا ہے کہ ان اخاك من آساك) تمہارا دوست وہ ہے جو تمہاری غمخواری کرے) اور رُبَّ آخٍ لك لم تلده امّك

(تیرے کئی بھائی ایسے ہیں جن کو تیری ماں نے نہیں جنا) مُكْرَهٌ اخوكَ لابَطَلٌ۔ (تمہارا بھائی مجبور ہے بہادر نہیں) یعنی طبعًا بہادر نہیں۔ یہ مثال اس شخص کے بارے میں دی جاتی ہے جو کسی ایسے کام کا مکلف بنایا جائے جو اس کی ہمت سے بالاتر ہو۔

— لا اخالك بفلان: تیرا فلاں سے کوئی تعلق نہیں (۲) شبیہ، مثل۔

اخو الشيء: ساتھی صاحب جیسے هو اخو اسفار۔

اخو القبيلة: قبیلے کے فرد (ج) آخاء، إخوان، إخوة کہا جاتا ہے اخوان الوداد اقرب من اخوة الولاد (دوست بھائیوں سے زیادہ قریب ہوتے ہیں)

(الأخّ): بمعنیٰ الاخ۔

(دَمُ الأخَوَين): سرخ رنگ جو ایک قسم کی لال لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔

(الأُخت): اخ کی مؤنث ہے بمعنیٰ بہن۔

(۲) سہیلی (۳) (رماهُ الله بليلة لا أخت لها) (ج) اخوات۔

(اخت يوشع): سورج

(الأخِيَّةُ): بمعنیٰ الآخِيَة (ج) آخايا۔

ا .... د

(أدَبَ) (ض) أدْبًا: دعوت کا کھانا تیار کرنا۔

— القومَ: کھانے کی طرف بلانا۔

— القومَ وعليهم: دعوت دینا۔

— فلانًا: اچھے اخلاق وعادات سکھانا۔

(۲) خوبیوں کی طرف بلانا۔

القومَ على الامر: کسی کام پر جمع کرنا، کسی کام کی دعوت دینا۔

(أدُبَ) (ک) فلانٌ أدَبًا: ادب سیکھنا۔

(۲) ادب کے فنون سیکھنا هو اديبٌ۔ ج أُدَباء۔

هو آدبُ نُظَرائِه: وہ اپنے ہم عصروں میں سب سے بڑا ادیب ہے۔

(أدّبَ ايدابًا): دعوت کا انتظام کرنا۔

— القومَ: دعوت کی طرف بلانا۔

(أدّبَهُ) تاديبًا: اچھے اخلاق سکھانا۔

(۲) علم ادب سکھانا (۳) برے کام پر سزا دینا۔

— الدّابة: جانور کو سدھانا۔

(تأدّبَ): ادب سیکھنا۔ کہا جاتا ہے تَأدّبَ بأدَبِ القرآن او ادب الرسول یعنی اس نے قرآن یا رسول والے آداب سیکھے۔

(الآدِب): دعوت کرنے والے، میزبان (ج) أدَبَةٌ۔

(الأدَبُ): (۱) مناسب تعلیم وتہذیب کے سیکھنے میں نفس کا کوشش کرنا (۲) ہر وہ چیز جس کو صنعت و فن میں جاننا ضروری ہے جیسے قاضی کے آداب، کاتب کے آداب (۳) عمدہ نظم ونثر (۴) ہر وہ علم جو انسانی عقل کی تخلیق ہو۔ متقدمین کے نزدیک علم ادب مندرجہ ذیل علوم کے مجموعہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

(۱) علم الفقہ (۲) علم الصرف (۳) علم الاشتقاق (۴) علم النحو (۵) علم المعانی (۶) علم البیان (۷) علم البدیع (۸) علم العروض (۹) علم القافیہ (۱۰) علم الخط (۱۱) علم الانشاء (۱۲) علم المحاضرات (ج) آداب۔ آداب کا اطلاق جدید اسلوب کے مطابق تاریخ، جغرافیہ، علوم لسان اور فلسفہ پر بھی ہوتا ہے۔

الآداب العامّة: عمدہ آداب زندگی۔

(آداب البحث و المناظرة): مناظرہ کی کیفیت اور شرائط کو واضح کرنے والے قواعد۔

(الادبيّ): المنسوب الى الادب بمعنیٰ ادبی اخلاق۔

قيمة ادبية: معنوی حیثیت جیسے مرکز ادبی، شجاعة ادبيةٌ، كسبٌ ادبيٌّ، موت ادبيٌّ۔

(الأدِيبُ): اعلیٰ اخلاق کا حامل (۲) علم ادب کا ماہر (۳) سدھایا ہوا جانور (ج) أُدباء۔

(التأديب): تہذیب (۲) سزا۔

مجلس التاديب: عام معاملات کی نگرانی کی عدالتیں۔

(المأدُبَةُ والمأدَبَةُ): دعوت کا کھانا۔

حدیث میں ہے: (ان هذا الكتاب مأدبة الله في ارضه) ج مآدب

(المؤدِّب): وہ شخص جو اخلاق کی تربیت کرے۔

(أدَّ) (ض ن) في سيره، أدًّا، اديدًا۔ تیز رفتاری سے چلنا۔

— الابلُ: اونٹ کا آواز نکالنا۔

— الامرُ فلانًا أدًّا: مشکل کا سخت ہونا۔

— الحبلَ: رسی باندھنا۔

(تأدّدَ): سخت ہونا۔

(الأدَدُ): راستہ کی لمبائی اور سیدھا پن۔

(الإدُّ): بہت قبیح عمل۔ قرآن مجید میں ہے: (لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إدًّا) (ج) إدادٌ۔

(الإدّةُ): بمعنیٰ الإدّ (ج) إدَدٌ۔

(الإدِيد): شوروغل، کہا جاتا ہے شديدٌ اديدٌ۔ بہت شور کرنے والا۔

(أدِرَ) (س)۔ أدَرًا، أدَرَةً، أُدْرَةً۔ آدمی کے خصیتین کا پھول جانا۔ هو آدَرُ۔

أدِرَتِ الخصيةُ هي ادراءُ (ج) أُدْرٌ۔

(الأُدْرة): خصیہ کا پھولنا (۲) پھولا ہوا خصیہ (ج) أُدَرٌ۔

(المأدُور): جس کا خصیہ پھولا ہو (ج) مآديرُ۔

(الإدْرجين، الايدرُوجين): وہ گیس جس کا رنگ، ذائقہ، بو نہ ہو اور آکسیجن سے مل کر پانی بنائے یعنی ہائیڈروجن۔

(ادرینالین) اس ہارمون کا نام ہے جو Suprarena Gland سے پیدا ہوتا ہے جو گردہ کے اوپر ہوتی ہے۔

(اللاادريّة): دیکھئے (دری)

(أدَلَ) (ض) الجرحُ۔ أدْلًا: زخم سے چھلکا اُترنا۔

— اللبن: گاڑھا کھٹا دودھ۔

— الحِمل: وہ بوجھ جو اٹھانے والے کو تھکا دے۔

(أدَمَ) (ض) بينهم، أدْمًا: صلح صفائی کروانا۔

— الصانعُ الجلدَ: چمڑے کی صفائی کر کے زائد چیزیں نکالنا۔
الطعام: روٹی وغیرہ کے ساتھ سالن ملانا' ۔ھو مادوم وادیمٌ۔
فلانًا باھله: اپنے اہل خانہ میں ملا دینا۔ یا اپنے لوگوں کے لئے نمونہ بنانا۔
(آدِمَ)(س) ۔ آدَمًا' اُدْمَةً: گندم گوں ہونا ھو آدمُ وھی ادماء۔ (ج)۔ اُدْمٌ۔
(اَدُمَ)(ک)۔ اَدَامَةً' اُدُومَةً: بمعنی آدِمَ۔
(آدم): بینھما ایدامًا: صلح وتصفیہ کروانا۔
— الخبزَ والجلدَ: روٹی سالن ملانا۔
— الشمسُ فلانا: دھوپ کا رنگ کو جھلس دینا۔
(آدَّمَ۔) الخبزَ: روٹی کو زیادہ سالن لگانا۔
(اِئتدَمَ) العودُ: لکڑی میں پانی داخل ہوجانا۔
— فلانٌ روٹی سالن کے ساتھ کھانا۔
(استادَمَ): سالن مانگنا۔
(آدَمُ): ابوالبشر حضرت آدمؑ۔ ج اوادم۔
(الآدمِیّ): انسان' آدمی۔
(الإدَام): سالن' ہر وہ چیز جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے (ج) اُدُمٌ۔
(الأُدُمُ): سالن (۲) محبت و اتفاق (ج) آدامٌ۔
(الأَدَمَة): کھال کا گوشت سے ملا ہوا اندرونی حصہ (۲) زمین کا قریبی حصہ۔
(الأُدْمة): میل ملاپ (۲) موافقت و محبت بینھم اُدْمةٌ (ان میں گہری محبت ہے۔)
(الادیمُ): کھال (۲) سالن ملا کھانا۔
ادیم کل شئ: ہر چیز کا ظاہر۔
ادیم الارض: زمین کی سطح
ادیم اللیل: رات کا اجالا۔
ادیم النھار: دن کا اجالا۔
لیس تحت ادیم السماء اکرم منه
(آسمان کے نیچے اس سے زیادہ شریف کوئی نہیں)
وھو بریئُ الأَدیم: ملزم کی صفائی پیش کرنا۔
(ج) اُدُمٌ' آدِمٌ' اُدِمةٌ۔

(آدَا): (ن) ۔ اُدُوًّا: درمیانی چال۔
— اللبنُ: گاڑھا ہونا۔
— اللبنَ اُدُوًّا و آدیًا: بلونا۔
— للظبی ونحوہٖ: شکار کو دھوکہ دینا۔ جیسے آدَا فلانًا لهٗ۔
(آدِی): اللبنُ (ض) اُدِیًّا' اُدُوًّا: دودھ گاڑھا ہونا۔
(اٰدی): فُلانٌ اِیْدَاءً: قوی ہونا۔
— للامر: کسی کام کی تیاری کرنا اس کے آلات کے پکڑنے کے ساتھ۔
— فلانًا علی کذا: قوت دینا' مدد کرنا۔
(اَدّٰی) الشيءَ: انجام دینا۔
— الدینَ: قرض چکانا۔
— الصلوۃَ: نماز کو وقت پر پڑھنا۔
— الشھادۃَ: گواہی دینا۔
— الیه الشيءَ: چیز پہنچانا۔
(تَاٰدّٰی) للامر: اوزار لے کر تیار ہونا۔
(تَاَدّٰی) الامر: انجام پانا۔
— الی فلانٍ: پہنچنا۔
— لهٗ الامرُ: آسان ہونا' فراہم ہونا۔
— الدینُ: قرض ادا ہونا۔
— الرجلُ: قرض سے بری الذمہ ہونا۔
— إلی دائنِهٖ وله من دَیْنِهٖ: قرض سے چھٹکارا پانا۔
(استَأْدَاہُ) علیه: کسی سے کسی کے خلاف مدد چاہنا۔
فلانًا مالًا: مال ضبط کر کے لینا۔
(الاداءُ): ادائیگی (۲) تلاوت۔
(الأَداۃ): چھوٹا سا آلہ (۲) نحویین کی اصطلاح کے مطابق وہ لفظ جو کلام میں ربط یا غیر مشکل معنیٰ پر دلالت کے لئے استعمال ہو جیسے اسم کو معرفہ اور فعل کو مستقبل کے معنی میں کرنا (ج) ادوات۔
(الإداوۃ): پانی رکھنے کا چھوٹا سا برتن۔
(ج) آداوی۔

ا .... ذ

(اِذْ): کلمہ مبنی بر سکون بمعنیٰ جب' اس کے مختلف فائدے ہیں۔
(۱) ماضی میں حدوث کے لئے ظرف ہوتا ہے' یہ مضاف ہوگا جملہ فعلیہ یا اسمیہ کی طرف جیسے قرآن مجید میں: {إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا} کبھی جملہ کو حذف کر دیا جاتا ہے اور اس کے عوض میں اذ کی تنوین مکسورہ ادا کی جاتی ہے جیسے کلام اللہ میں: {فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ}
(۲) حرف تعلیل جیسے۔ ضربته إذ اساءَ فرزدق کا قول:
فأصبحوا قد أعادَ الله نعمتَهم
إذْ هُمْ قريش وإذْ ما مثلَهُمْ بَشَرُ
(انہوں نے صبح اس حال میں کی کہ اللہ کی نعمت ان پر لوٹ آئی کیونکہ وہ قریش ہیں اور ان جیسا کوئی انسان نہیں)
اور اللہ تعالیٰ کا قول:
{وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ}
(۳) حرف مفاجاۃ بمعنی اچانک' یکدم' یک لخت (لیکن جب یہ ۔بینا۔ یا ۔بینما۔ کے بعد واقع ہو) جیسے:
(اَلَّفَ) الجَمْعُ اِیْلافاً: ایک ہزار ہوجانا۔

— الجمع: ہزار پورے کرنا۔

— الشيءَ: محبت کرنا۔

— فلاناً: کسی کو محبت کرنے والا بنالینا۔

(آلَفَه) مُؤَالفةً: ایک ہزار کا معاملہ کرنا یا شرط لگانا۔

(اَلَّفَ) فُلانٌ: ہزار پتی ہونا۔ جیسے فلانٌ مِنَ المؤلِّفِین۔

— بینهما: جوڑنا، ملانا۔

— الشيءَ: ایک دوسرے کے ساتھ ملانا۔

— الکتابَ: کتاب تالیف کرنا۔

— العَدَدَ: ہزار کرنا۔

— قَلْبه: مائل کرنا۔

(اِئْتَلَفَ) الناسُ: جمع ہونا اور متفق ہونا۔

(تَأَلَّفَ) لازم اَلَّفَهُ (۲) متحد ہونا۔

— فلاناً: مانوس کرنا۔

(اَلْاِلافُ): عہد و پیمان، پروانہ راہداری۔

(اَلْاَلْفُ): دس سو (ایک ہزار)

اَلْفٌ مُؤَلَّفٌ: پورا ہزار۔ (ج) آلافٌ، اُلُوفٌ۔

(اَلْاِلْفُ): مانوس (ج) آلاف، وھی اِلْفٌ، اِلْفَةٌ۔

(اَلْاَلِفُ): حروف ھجاء کا پہلا حرف، الف۔

(۲) مانوس (ج) آلاف (۳) بازو کے اندرونی حصہ کی ایک رگ کا نام اور یہ دو رگیں ہوتی ہیں۔

(اَلْاُلْفَةُ): محبت واتفاق انسیت، تعلق، دوستی۔

(اَلْاَلُوفُ): بہت زیادہ محبت والے۔

(ج) اُلُفٌ اور ھی اَلُوفٌ ایضاً (ج) اَلائِفُ۔

(اَلْاَلِیفُ) حرف الف (۲) مانوس۔

(اَلْمَأْلَفُ): مرغوب و مانوس چیز، (ج) مآلِف۔

(مُؤَلَّفُ): وہ کتاب جس میں کوئی علم، فن یا ادب مدون کیا جائے۔

(اَلَقَ) (ض) البرقُ اَلْیقاً: چمکنا، روشن ہونا۔

اَلْقاً، اِلاقاً: بجلی چمکنا لیکن بارش نہ ہونا۔ ھو اَلِقٌ، اَلّاقٌ۔

— فلانٌ اَلْقاً: جھوٹ کہنا۔

(اُلِقَ) فلانٌ اَلْقاً، اُلاقاً: دیوانہ ہونا، ھو مالوقٌ۔

(اِئْتَلَقَ) البرقُ: چمکنا اور روشن ہونا۔

(تَأَلَّقَ) البرقُ: بمعنی اِئْتَلَقَ۔

— المرأةُ: بناؤ سنگھار کرنا (۲) لڑنے کے لئے تیار ہونا (۳) برائی کے لئے تیار ہونا۔

(اَلْاِلاقُ): ایسی بجلی جس میں بارش نہ ہو۔

رجلٌ اِلاقٌ: جھوٹا، مکار اور پھرنے والا آدمی۔

(الْاُلاقُ): دیوانہ پن۔

(الْاِلْقُ): بداخلاق جھوٹا۔

(اَلْاِلْقَةُ): الالق کی مؤنث (۲) بھیڑیے کی مادہ (۳) بہادر عورت (۴۔ بندریا) (ج) اِلَقٌ۔

(اِلْاُلْقَةُ): بجلی اور چمک۔

(الْاُلَّقُ): برقٌ اُلَّقٌ: جس میں بارش نہ ہو۔

(الْاَوْلَقُ): جنون (۲) بیوقوف (۳) دیوانہ (دیکھئے: ولق)

(المَئْلَق): دیوانہ (۲) بیوقوف (ج) مآلق۔

(اَلَكَ) (ض) بین القوم اَلْکاً و اُلوکاً: پیغام رساں بننا۔

— فلاناً اَلْکاً: پیغام پہنچانا۔

اَلْکِنِي الی فلانٍ برسالة او رسالةً: فلاں کو میرا پیغام دے دو۔

— الفرس اللجامَ: گھوڑے کا لگام چبانا۔

(استالك) الی فلانٍ مَألُکةً: پیغام بھیجنا۔

(اَلْاَلُوك): پیغام (۲) قاصد (۳) چبا کر کھائے جانے والی چیز۔

(الالوکة): پیغام (ج) اَلائِكُ۔

(المألُك): پیغام (ج) مَآلِك۔

(المَألَکةُ والمألُکة): پیغام (ج) مآلِك۔

(المَلَك): فرشتہ الالوکة سے مشتق ہے۔ اصل میں مَألَك تھا پھر تخفیف کی غرض سے لفظوں میں تبدیلی کی تو ملأك ہوگیا پھر ھمزہ کی حرکت کو لام کی طرف نقل کرکے ھمزہ کو حذف کردیا تو مَلَكٌ ہوگیا (ج) ملائك، ملائکةٌ۔

(اَلْاِلِکْتُرُوْن): الیکٹرون، برقیہ (ج)

(اَلَّ) (ن ض) فی سیرہ اَلّاً: تیز چلنا۔

— اللونُ: رنگ چمکنا، روشن ہونا۔

— فلانٌ اَلّاً، اَلَلاً، اَلِیلاً: آہ وزاری کرنا۔ (۲) دعا میں آواز بلند کرنا (۳) درد کی وجہ سے چلانا۔

— الفرسُ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

— الصقرُ: شکار سے انکار کرنا۔

— علیه: اٹھانا۔

— فلاناً: چھوڑنا (۲) برچھی سے مارنا۔

— الثوبَ: کپڑے میں بڑے بڑے ٹانکے لگانا۔

(اَلِلَ) (س) السقاءُ ونحوه اَلَلاً: بو بدل جانا۔

— اسنانه: دانت خراب ہوجانا۔

(اَلَّلَهُ): دھار تیز کرنا۔

(ائتلّ): کام میں سستی کرنا، آہستہ کام کرنا۔

(تَأَلَّلَ): دھار تیز کرنا۔

(اَلْإِلُّ): عہد' قرآن مجید میں ہے:{لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً} (۲) رشتہ داری (۳) بغض و دشمنی (۴) عمدہ خاندان (۵) بہترین دھات۔

(اَلْأَلْلُ): چھری کا پھلکا۔

(اَلْأَلَّةُ): برچھی (۲) ہر جنگی ہتھیار (۳) آہ و زاری (ج) اَلٌّ و إِلَالٌ۔

(۲) ہر جنگی ہتھیار۔

(ج) اَلٌّ، إِلَالٌ۔

(اَلْإِلَّةُ): رشتہ داری (ج) إِلَلٌ۔

(اَلْأَلِيلُ): کنکری کی آواز۔

(۲) گمشدہ اولاد (۳) بخار کے مریض کی بے چینی اور اضطراب (۴) رونے کی آواز۔

(اَلْأَلِيلَةُ): گمشدہ بچہ۔

(اَلْمِئَلُّ): سینگ جو پیٹ میں مارا جائے۔

رجلٌ مِئَلٌّ: لوگوں کے معاملات میں پڑنے والا۔

(أَلَّا): حرف تخصیص جیسے هَلَّا۔

جیسے أَلَّا تكرم ابويك۔

(إِلَّا): حرف استثناء جیسے كل شئ ينقص بالإنفاق إلا العلم۔

(أَلِمَ) (س) أَلَماً: تکلیف ہونا هو أَلِمٌ۔

أَلِمَ بطنُه: اس کے پیٹ میں درد ہے۔

(أَلَمَهُ) إِيلاماً: تکلیف دینا۔

هُوَ مُؤْلِمٌ وأَلِيمٌ۔

(تَأَلَّمَ): تکلیف ہونا۔

(اَلْأَلَمُ): تکلیف' جسمانی ہو یا روحانی (ج) الام۔

(اَلْأَلُومة): کمینہ پن' خست۔

(اَلْأَلْمَاسُ): ہیرا' ایک قیمتی جوہر (د)

(اَلْأَلُمِنْيَمُ): الومنیم' سفید ہلکی دھات (د)

(أَلَهَ) (ف) فلانٌ إِلَاهَةً، أُلُوهَةً۔

— أُلُوهِيَّةً: عبادت کرنا' بندگی کرنا۔

— فلاناً أَلْهاً: پناہ دینا' امن دینا۔

(أَلِهَ) (س) فلانٌ إِلَاهَةً و أُلُوهَةً و أُلُوهِيَّةً: پرستش کرنا۔ عبادت کرنا۔

— أَلْهاً: متحیر ہونا۔

— اليه: ٹھکانہ پکڑنا۔

— عليه: گھبراہٹ کا بڑھنا۔

— بالمكان: ٹھہرنا۔

(أَلَّهَهُ): معبود بنانا (۲) خدا کا درجہ دینا۔

(تَأَلَّهَ): بہت زیادہ عبادت گزار ہونا (۲) خدائی کا دعویٰ کرنا۔

(اَلْإِلَٰهُ): ہر وہ ذات جس کو معبود بنایا جائے۔

(ج) آلِهَةٌ۔

الحق الالهيّ: ایک اصل جس کی طرف قرون وسطیٰ کے یورپین بادشاہ منسوب ہیں۔ جو اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ بادشاہت کا ملنا اللہ کی طرف سے ہے۔ (محدثہ)

(اَلْإِلَاهِيَّاتُ): ہر وہ چیز جو خدا تعالیٰ کی ذات و صفات سے متعلق ہو۔

(الالاهَةُ): سورج (۲) بڑا سانپ (نیا چاند)

(اَلْأَلِيهَةُ): سورج۔

(التَّأْلِيه): کائنات کی تدبیر کرنے والے معبود کے وجود کا قائل ہونا۔ (مج)

(اللهُ): حقیقی معبود کا علم' اس کی اصل۔ الٰهٌ تھی' اس پر الف لام داخل کیا گیا پھر ھمزہ کو حذف کر کے دونوں لاموں کا ادغام کر دیا۔

(اللّٰهُمَّ): کلمہ نداء' جیسے یا اللہ۔

کبھی اس کے بعد إِلَّا بھی آتا ہے۔ مستثنیٰ کے نادر الوجود ہونے کو بتانے کے لئے جیسے اللهمّ الّا يكون كذا شاید یا بہت کم یا مجیب کے جواب کے یقین کو بتانے کے لئے آتا ہے جیسے اللهُمَّ نعم: یقیناً ایسا ہے۔

(أَلَا) (ن) أَلْواً، أُلُوّاً، أُلِيّاً: کوشش و جدوجہد کرنا (۲) سستی دکھانا کمزور ہونا (۳) کوتاہی اور تاخیر کرنا۔ جیسے انی لا آلوك نصحاً۔

— الشيءَ أَلْواً: کسی چیز کی طاقت رکھنا۔

(۲) چھوڑ دینا۔

— فلاناً الشيءَ: کوئی چیز دینا۔

(أَلِيَ) (س) أَلْياً، أَلًى: سرین کا بڑا ہونا' هو أَلْيَانُ هي أَلْيَا هو آلٍ و آلى هي أَلْيَاءُ۔ (ج) أُلْيٌ۔

(آلَى) إِيلاءً: قسم کھانا جیسے آلى عليه و منهُ۔

— المرأةُ: عورت کا نوحہ کرنے والا کپڑا ہاتھ میں پکڑنا۔

(أَلَّى): بمعنی آلا۔

— الشيء: طاقت رکھنا' قادر ہونا۔

(إِئْتَلَى): قسم کھانا۔

(تَأَلَّى): کوشش کرنا (۲) قسم کھانا۔

(الإلى): نعمت (ج) آلاءُ۔

(الأَلَا): صحرائی درخت' دیکھنے میں اچھا لیکن ذائقہ میں کڑوا' سدا بہار' ہرا ہو تو کھایا جاتا ہے سوکھ جائے تو اس کے ذریعہ دباغت دی جاتی ہے۔

(الأَلاء): بمعنی الألا۔

(اَلْأَلَّاءُ): چربی بیچنے والا۔

(الأَلْوُ): نعمت (ج) آلاء۔

(الإِلْوَةُ): قسم

(اَلْأَلْوَةُ): قسم (۲) تیر پھینکنے کی مسافت۔

(اَلْأُلُوَّةُ): عودٗ دھونی دینے کی لکڑی (۲) تیر پھینکنے کی مسافت۔

(اَلْأُلُوَّةُ): عدٗ دھونی دینے کی لکڑی۔

(اَلْإِلْيُ): نعمت (ج) آلاء۔

(اَلْأَلْيَةُ): سرین' سرین کی چربی اور گوشت' (۲) پنڈلی' انگلی یا انگوٹھے کا ابھرا ہوا گوشت۔ (۳) پاؤں کا ابھرا ہوا حصہ جو چلنے میں کام آتا ہے۔ (ج) آلایا۔

(اَلْأَلِيُّ): بہت زیادہ قسمیں کھانے والا۔

(اَلْأَلِيَّةُ): قسم (۲) کوتاہی۔

کہاوت ہے: ''إِلَّا حَظِيَّةً فَلَا أَلِيَّةً''

(ج) آلایا۔

(المئلاة): وہ رومال جو عورت نوحہ کرتے وقت پکڑتی ہے اور اس کے ذریعہ اشارہ کرتی ہے۔ (۲) حائضہ عورت کا کپڑا (ج) مآلٍ۔

(أَمْ): حرف عطف جوھمزہ استفہام کے بعد آتا ہے اس کے ذریعہ دو چیزوں میں سے ایک کی تعیین کوطلب کیا جاتا ہے۔ جیسے: {أَقَرِيبٌ أَمْ بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ} اور بل کے معنیٰ میں بھی آتا ہے: جیسے {هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ}
اور یمن والوں کی لغت میں الف لام کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے "لَيس من امبرّ امصيامُ فى امسفر"
(أَمَا): حرف آغاز جیسے کہ اَلَا جیسے أَمَا والله ما فعلت هذا۔
اور حرف عرض بھی ہے جیسے أما تأكل مَعَنا؟
کبھی حقًّا کے معنی میں ہوتا ہے جیسے أَمَا أنك مُصيبٌ۔
(ألأَمْبِيْرُ): بجلی کا سخت کرنٹ۔
(أَمَتَه)(ض) أَمْتًا: اندازہ لگانا۔
— فلانًا: عیب لگانا۔
(أَمَّت)فلانًا بشرٍّ: تہمت لگانا۔
(ألأَمْتُ): بلند جگہ (۲) چھوٹے ٹیلے (۳) جگہ کا نشیب و فراز کے اعتبار سے مختلف ہونا (۴) کمزوری اور ضعف (۵) شک (۶) عیب (۷) ٹیڑھا پن۔ (ج) إِمَاتٌ، أُمُوتٌ۔
(أَمَجَ)(ض) أَمْجاً: بہت تیز رفتار سے چلنا۔
(أَمِجَ)(س) أَمَجاً: گرمی اور پیاس کا بڑھنا۔
— الصيفُ: گرمی تیز ہونا۔
(أَمَحَ) (ض) الجُرحُ أَمْحَانًا: زخم کی تکلیف ہونا۔
(أَمِدَ) (س) أَمَدًا غضبناک ہونا جیسے أَمِدَ عليه۔
(أَمَّدَه): مدت بیان کرنا۔
— السقاءَ: مشکیزہ میں ایک گھونٹ پانی بھی نہ چھوڑنا۔
(تَأَمَّدَ): مدت معلوم ہونا۔
(ألأَمِدُ): سامان سے لدا ہوا بحری جہاز۔
(۲) وہ چیز جس میں خیر یا شر بھر دیا گیا ہو۔

(ألآمِدَةُ): لدی ہوئی کشتی (ج) أَوَامِد۔
(ألأَمَدُ): غایت اور انتہاء جیسے ضَرَبَ لَهُ أَمَدً (ج) آماد کہتے ہیں هو بعيد الآماد۔
(أَمَرَ) (ن) عليهم أَمْرًا، إِمَارَةً، إِمْرَةً: امیر بننا۔
— فلانًا أَمْرًا، إِمَارَةً، آمِرَةً: کسی چیز کا مکلف ہونا۔
اس سے امر "مُرْ" آتا ہے اور کہا جاتا ہے أَمَرَهُ به اور أَمَرَهُ اياه۔
— أَمَرْتُهُ أَمْرِي: جو میرے لئے مناسب تھا کہ میں اس کا حکم دوں۔
أَمَرْتُه أَمْرَه: جو بھلائی اس کے لئے مناسب تھی۔
— فلانًا: کسی کام کا اشارہ کرنا۔
— اللهُ القومَ: نسل اور مویشیوں کا بڑھنا۔
مُهْرَةٌ مامورةٌ: زیادہ بچے جننے والی گھوڑی۔
(أَمِرَ)(س) عليهم أَمْرًا، إِمَارَةً: امیر بننا۔
— الشيء وأَمْرًا، أَمَارَةً: زیادہ ہونا، نشوونما پانا۔
هُوَ أَمِرٌ: جیسے قلّ بنو فلان بعدما أَمِرُوْا۔
اور مَنْ قلَّ ذل ومن أَمِرَ قلّ۔
— فلانٌ: بال بڑھنا۔
— الامرُ: معاملہ سخت ہونا۔
(أَمُرَ)(ک) عليهم أَمَارَةً: امیر ہونا۔
(أَمَّرَ) اللهُ القومُ ايمارًا: نسل اور مویشی بڑھنا۔
(أَمَرَ) فلانًا في الأَمْرِ مؤامرةً: مشورہ کرنا۔
(أَمَّرَ) فلان امارةً: علامت لگانا۔
— فلانًا: امیر بنانا۔
— الشيءَ: علامات کے ذریعہ حد بندی کرنا۔
— السنانَ: نیزہ تیز کرنا۔
— القناةَ: نیزے کے ڈنڈہ میں نیزہ ڈالنا۔
(إِئْتَمَرَ): حکم ماننا جیسے امرتُه فَائْتَمَرَ۔
— القومُ: باہمی مشاورت کرنا (۲) ایک دوسرے کو حکم دینا۔
— بالشيءِ: کسی چیز کا ارادہ کرنا۔

— بفلان: کسی کو تکلیف دینے کے لئے سازش کرنا۔
— فلانٌ برايه: اپنی مرضی چلانا۔
جیسے فلانٌ لا ياتمر رُشدًا (وہ اپنی ذات کے حوالہ سے رہنمائی حاصل نہیں کرسکتا)
— لفلانٍ: حکم کی تعمیل کرنا۔
— فلانٌ رايه: اپنے آپ سے مشورہ کرنا۔
(تَآمَرُوْا): باہم مشورہ کرنا۔
— عليه: سازش کرنا۔
(استأمَرَه): حکم طلب کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
(الاستِئمَارَة): ایک مرتبہ کی حکم طلبی۔
(ألأَمَارَة): علامت (۲) میعاد، وقت۔
(الإمَارَة): منصب حاکم (۲) زمین کا وہ حصہ جس پر حاکم حکومت کرے۔
(ألأَمْرُ): حالت اور شان۔ قرآن مجید میں ہے: {لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ} (۲) واقعہ (ج) امور (۳) طلب کرنا یا جس چیز کا حکم دیا جائے۔ قرآن مجید میں ہے: {وَقُضِيَ الْأَمْرُ} (ج) أَوَامِرُ۔
اولوا الامر: رئیس لوگ، علماء۔
امر الوفا: (امرالاداء) قرض کی ادائیگی کا عدالتی فیصلہ۔
(ألإِمْرُ): أَمْرٌ إِمْرٌ: عجیب ناپسندیدہ کام۔
(ألأَمَرُ): مافى الدار أَمَرٌ گھر میں کوئی بھی نہیں۔
(ألإِمْرَةُ) بمعنی الامارة جیسے تَأَمَّرَ عَلَيْنَا فُلَانٌ فَحَسُنَتْ إِمْرَتُهُ۔
(ألأَمَرَةُ) زیادتی، بڑھوتری، جیسے بطور دعا کے القى الله فى مالك الأَمَرَة (۲) نشانی (ج) أَمَرٌ۔
(ألأَمَّرُ): رائے کی کمزوری کی وجہ سے ہر ایک کی بات ماننے والا شخص۔
(ألأَمَّرَةُ): مؤنث الإمَّر (۲) بمعنی الإمَّرُ۔
(اس صورت میں تاء مبالغہ کے لئے ہوگی)
(ألأَمِيْرُ): جس کو حکومت دی جائے (۲) جو

ا

شاہی خاندان میں پیدا ہو (ج) اُمَرَاء۔ (۳) مشورہ لینے والا۔

امیر المومنین: مسلمانوں کے خلیفہ کا لقب۔

(اَلتَّأْمُورُ، اَلتَّامُوْرُ): کوٹھڑی (۲) برتن (۳) شیر کی کچھار (۴) بادشاہ کا وزیر (۵) نفس (۶) دل جیسے اَجْعَلْ هذا الامر فی تامورك (۷) خون (۸) شراب (ج) تَآمِیر۔

مافی البئر تامُورٌ: کنویں میں پانی نہیں۔

ومافی الدار تامورٌ: گھر میں کوئی نہیں۔

(التأمورة، التامورة): کوٹھڑی (۲) شیر کی کچھار (۳) شراب (ج) تآمیر۔

(التُّؤمُرِيُّ): انسان جیسے مَارَأَيْتُ تُؤمَرِيًّا أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا۔

(التُّؤمورُ): راستہ دکھانے کی علامت (ج) تامیر۔

ماباالدار تومورٌ: گھر میں کوئی نہیں۔

(اَلْمُؤْتَمَرُ): مجلس مشورہ، کسی موضوع پر بحث کرنے کی جگہ (کانفرنس)

(اَلْمِئمَرُ): مشورہ جیسے فلانٌ بَعِيْدٌ مِنَ المِئمَرِ۔

(المَأمور): سرکاری ملازم۔

(امريكةُ الجنوبية) جنوبی امریکہ دنیا کے سات براعظموں میں سے ایک۔ اس کی طرف نسبت امریکی جنوبیّ ہے۔

(امريكةُ الشمالية): شمالی امریکہ اس کی طرف نسبت امریکی شمالیّ ہے۔

(اَمْسِ): گزشتہ کل، کبھی ماضی مطلق پر بھی دلالت کرتا ہے اور کسرہ پر مبنی ہوتا ہے جیسے اَمْسِ الدابر لایعود جب یہ نکرہ ہو یا مضاف ہو یا اس پر الف لام داخل کیا جائے تو اس صورت میں معرب ہوگا۔ جیسے کل غدصائر اَمْساً وکان اَمْسُنَا طیبًا وکان الْاَمْسُ طیبًا (ج) اُمُوْس، آمُس، آماس

(اَمْشِير)۔ چھٹا قبطی مہینہ۔

(اَمِضَ) (س) اَمَضاً: کسی چیز کا پختہ ارادہ کرنا اور ملامت کی پرواہ نہ کرنا (۲) زبان سے غیر مقصود بات نکالنا ھو اَمِضٌ۔

(تَأَمَّعَ): ہر ایک کی رائے پر عمل کرنے والا بننا۔

(اَلْاِمَّعُ): ہر ایک سے کہنے والا میں تیرے ساتھ ہوں اور اپنی کمزوری رائے کی وجہ سے کسی بات پر ثابت نہ رہنا (۲) تقلید کرنے والا (۳) ایسا متردد جو کسی کام پر ثابت قدم نہ رہے (۴) طفیلی (اس میں مبالغہ کی غرض سے تاء کا اضافہ کرتے ہیں)

(اَمُقُ) الْعَيْنِ: آنکھ کا وہ کنارہ جو ناک کی طرف ہو۔ (ج) آمَاقٌ (دیکھئے: مُؤْقٌ)

(اَمَلَهُ) (ن) اَمْلًا، اَمَلًا، اِمْلًا: اُمید رکھنا، انتظار کرنا۔

(اَمَّلَهُ): بمعنی اَمَلَهُ جیسے فلانٌ بحرُ المؤَمَّلِ۔

(تَأَمَّلَ): کسی معاملہ میں سوچنا، غور وفکر کرنا۔

— الشيءَ وفيهِ: تدبر کرنا، بار بار دیکھنا تا کہ یقین آجائے۔

(اَلْآمِلُ): حامی و مددگار (ج) اَمَلَةٌ۔

(اَلْاَمَلُ): امید، اس کا اکثر استعمال مشکل الحصول اشیاء میں ہوتا ہے۔ (ج) آمَالٌ۔

(اَلْمُؤَمَّلُ): دوڑ میں دس گھوڑوں میں آٹھویں نمبر پر آنے والا۔

(اَمَّتِ) (ن) الْمَرْأَةُ اُمُوْمَةً: ماں بننا۔

— ولدًا: ماں کی طرح ہونا۔

— فلانًا اَمًّا: سر کے درمیان میں مارنا۔ جیسے اَمَّتُهُ بِالْعصا ھو ماموم، امیمٌ۔

— الشيءَ والیهِ اَمًّا: ارادہ کرنا۔ جیسے خرجوا یُؤُمُّوْنَ البلد۔

— فلانٌ اَمْرًا حسنًا: اچھے کام کا ارادہ کرنا۔

— القومَ وبھم اَمًّا، اِمَامًا، اِمَامَةً: آگے ہونا (۲) امام بن کر نماز پڑھانا۔

(اَمَّتِ) المراۃُ اُمُوْمَةً: ماں بننا۔

(اَمَّمَه): ارادہ کرنا۔

— المَرْفِقَ والشركةَ: کسی چیز کو قوم کی ملکیت میں دینا (مج)

— (اِئْتَمَّ) بالرجل: پیروی کرنا۔

— الشيءَ: ارادہ کرنا۔

(تَأَمَّمَ) بالرجل: پیروی کرنا۔

— بالتراب: تیمم کرنا۔

— اِمْرَأَةً: ماں بنانا۔

— الشيءَ: ارادہ کرنا (۲) قصداً کسی کام کو کرنا۔

(اِسْتَأْمَّ) امرأةً: ماں بنانا۔

(اَلْآمَّةُ): اَلْآمُّ کی مؤنث (۲) سر کا زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ (ج) اَوَامُّ۔

(اَمَامَ): ظرف بمعنی قُدَّام کبھی اسم فعل بھی استعمال ہوتا ہے احذر اور تبصّر کے معنی میں جیسے اَمَامَكَ بمعنی احذر وتبصَّرْ۔

(اَلْاِمَامُ): حاکم وغیرہ جس کی لوگ اقتدا کریں (۲) نماز کا امام (۳) خلیفہ (۴) سپہ سالار (۵) جیسے قرآن مجید میں ہے: { وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ } (۶) مسافروں کو راستے بتانے والا (۷) اونٹوں کو ہنکانے والا (۸) وہ سبق جس کو ہر روز طالب علم مدرسہ میں پڑھے جیسے حفظ الصبی اِمَامَه (۹) کھلا واضح راستہ (۱۰) لکڑی یا سوت جس سے سیدھ دیکھی جائے جیسے قَوَّمَ البناءَ علی الاِمَامِ (۱۱) مثال (۱۲) اشیاء اور ان کی صفات کا پیمانہ (مج) (ج) اَئِمَّةٌ۔

(الاِمَامَةُ): مسلمانوں کی ریاست (۲) منصب امامت۔

(اَلْاِمَامِيَّةُ): امام یا اِمَامة کی طرف نسبت (۲) شیعوں کا ایک گروہ جو صرف حضرت علیؓ اور ان کی اولاد کی امامت کو مانتا ہے۔

(اَلْآمُّ): مقدمۃ الجیش کا جھنڈا۔

(اَلْاُمُّ): اصل شے (حیوانات و نباتات کے لئے) (۲) والدہ، دادی جیسے حَوَّاءُ اُمُّ البشرِ۔ (۳) وہ چیز کہ اس کے ساتھ ملی ہوئی شے اس کے تابع ہو۔ (ج) اُمَّاتٌ، اُمَّهَاتٌ۔

ھو من امّھات الخیر: وہ اپنے خاندان کے اعتبار سے اچھا ہے۔

لا اُمّ لك: مذمت کے طور پر (تیری کوئی ماں نہیں) اور مدح کے طور پر (تو نے کمال کر دیا)
اُمّ القرآن: سورۂ فاتحہ۔
اُمّ الکتاب: لوح محفوظ۔
اُمّ النجوم: ستاروں کی کہکشاں۔
اُمّ الطریق: ایسا بڑا راستہ جس کے اطراف میں کئی راستے ہوں۔
اُمّ المثوٰی: گھر کا انتظام چلانے والی۔ جیسے مَنْ اُمّ مثواك؟
اُمّ القرٰی: مکہ (۲) ہر وہ شہر جو اردگرد کی آبادیوں کا مرکز ہو۔
اُمّ الراس: دماغ
اُمّ الدماغ: باریک جھلی جس میں بھیجا ہوتا ہے جیسے بلغت الشجّة اُمّ الدماغ۔
اُمّ الخبائث: شراب۔
اُمّ قشعیم: موت
الام الحنون: (علم ابدان کے مطابق) اس جھلی کو کہا جاتا ہے جس سے وہ اندرونی Layer بنتی ہے جو تین جھلیوں پر مشتمل ہوتی ہے یہ تین جھلیاں دماغ اور Epinal Cord کے اردگرد ہوتی ہیں۔
(اَلْاَمَمُ): مد مقابل (۲) قرب۔
اخذتُهٗ من امم: میں نے اس کو قریب سے پکڑا۔
(۳) جس کا حصول آسان ہو جیسے ماطلبت اِلّا شیئاً اَمَمًا اور ما الذی رکبته بِاَمم۔
(۴) واضح امر (۵) درمیان۔
(اَلْاُمَّةُ): درمیان (۲) لوگوں کی ایک ایسی جماعت جن میں سے اکثر ایک ہی خاندان کے ہوں اور ان میں خاندانی صفات جمع ہوں (۳) قوم، عوام۔ (۴) تمام عمدہ خوبیوں کا جامع انسان جیسے قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًا} (۵) دین جیسے قرآن مجید میں ہے: {اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ} (۶) طریقہ (۷) مدت، وقت جیسے قرآن میں ہے: {وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓی اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّیَقُوْلُنَّ مَا یَحْبِسُهٗ} (۸) قد و قامت (۹) چہرے کے حسن کا ظہور (۱۰) کنبہ، فیملی (ج) اُمَمٌ۔
مجلس الْاُمَّةِ: قومی اسمبلی۔
(اَلْاِمَّةُ): ہیئت امام (۲) امامت (۳) نعمت۔
(اَلْاُمُوْمَةُ): وہ نظام جس میں ماں کو باپ پر فوقیت ہوتی ہے اور نسب اور وراثت میں ماں کو ترجیح دی جاتی ہے۔ (مج)
(اَلْاُمِّیُّ): نسبت ہے الاُمّ یا الاُمّة کی طرف (۲) جو نہ لکھ سکے نہ پڑھ سکے (۳) اجڈ۔
(اَلْاُمِّیَّةُ): الامّی کی مؤنث (۲) "مصدر صناعی" بمعنی غفلت یا جہالت۔
(اَلْاَمِیْمُ): دماغ پر چوٹ کی وجہ سے بڑبڑانے والا۔ (۲) عمدہ قامت والا۔
(اَلْاُمَیْمَةُ): تصغیر الاُمّ (۲) لوہار کی ہتھوڑی۔
(اَلْمِئَمُّ): راستہ دکھانے والا (۲) اونٹوں میں آگے رہنے والا۔
(اَمَّا): حرف شرط، تفصیل، تاکید، قرآن مجید میں ہے: {كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِیَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِیْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِیَةٍ ۝}
(اِمَّا): (۱) تفصیل کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے {اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا} (۲) کبھی تخییر کے لئے آتا ہے جیسے {اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ حُسْنًا} (۳) اباحت کے لئے جیسے تَعَلَّم اِمّا ریاضةً واِمّا ادبًا (۴) شک کے لئے جیسے {جاء نی اِمّا محمدٌ واِمّا علیٌّ} (جبکہ آپ آنے والے کو جانتے ہوں) (۵) ابہام کے لئے جیسے: {وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا یُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا یَتُوْبُ عَلَیْهِمْ}
(اَمِنَ) (س) اَمْنًا، اَمَانًا، اَمَانَةً، اَمَنًا، اِمْنًا، اَمَنَةً: مطمئن و بےخوف ہونا۔ هُوَ آمِنٌ، اَمِنٌ، اَمِیْنٌ۔
أَمِنْتُ لَكَ الْاَمَانَ: میں نے تجھے امن دیا۔
اَمِنَ البلدُ: شہر والوں کا مامون ہونا۔
— الشرَّ، منهُ: سلامت ہونا۔
— فلانًا علی کذا: اعتماد کرنا، مطمئن ہونا، امین بنانا جیسے قرآن مجید میں ہے: {هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ}
(اَمُنَ) (ک) اَمَانَةً: امین بننا۔
(اٰمَنَ) اِیْمَانًا: امن والا ہونا۔
— بهٖ: اعتماد کرنا، تصدیق کرنا۔ جیسے کلام اللہ میں ہے: {وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا}
— فلانًا: امان دینا۔
(اَمَّنَ) علی دعائهٖ: آمین کہنا۔
— علی الشیء: مال کو قسط وار ادا کرنا تا کہ وہ خود یا اس کے ورثاء کے مرنے یا بیمہ شدہ شے کے ضائع ہونے کی صورت میں متفقہ مقدار مال حاصل کریں۔
اَمَّنَ علی حیاته، دارهٖ، سیارته: زندگی، گھر یا گاڑی کا بیمہ کروانا۔
— فلانًا: مامون کرنا۔
— فلانًا علی کذا: امانت میں دینا۔
(اِئْتَمَنَ) فلانًا: مامون کرنا (۲) اعتماد کرنا۔
— فلانًا علی الشیء: امین بنانا۔
(اِسْتَأْمَنَ) الیه: ٹھکانہ اور حمایت کا مطالبہ کرنا۔
اِسْتَأْمَنَ الحربی: حربی کا ٹھکانہ طلب کرنا اور مامون ہو کر دارالاسلام میں داخل ہونا۔
— فلانًا: امن چاہنا (۲) اعتماد کرنا۔
(اَلْاَمَانَةُ): دیانت (۲) امانت۔ ج اَمانات۔
(اَلْاُمَنَةُ): جو ہر بات کو حق سمجھے اور ہر ایک سے مطمئن ہو جائے۔
(اَلْاُمَنَةُ): جو ہر ایک پر ہر چیز کے بارے میں اعتماد کرے۔
(اَلْاَمُوْنُ): بےخطر سواری (ج) اُمُنٌ۔
(اٰمِیْنَ) بمعنی آمین۔

(اَلْاَمِیْنُ): محافظ، پہرہ دار (۲) مامون (۳) جو کسی چیز کی حفاظت اور نگہبانی کا ذمہ دار ہو۔
(ج) اُمَنَاءُ۔
(اَلْاِیْمَانُ): تصدیق۔
— شرعًا: دل سے تصدیق اور زبان سے اقرار کرنا۔
(التامین): دو فریق کے درمیان ایسا معاملہ جس میں بیمہ کرانے والا ایک قسط وار رقم دیتا ہے، اور مرنے کے بعد یا بیمہ شدہ شے کے ضائع ہونے کے بعد یا مدت پوری ہونے کی صورت میں بیمہ کرنے والے سے مقررہ مقدار مال لے لیتا ہے۔
ایک فریق کو مُؤَمِّن اور دوسرے کو مستأمن کہتے ہیں۔ (مج)
(اَمَهَ) (ن) الیه فی کذا و کذا اَمْهًا: کسی معاملہ میں عہد لینا۔
(اَمِهَ) (س) اَمَهًا: بھول جانا۔
— الشیء: بھول جانا۔
(اُمِهَ): چیچک ہوجانا (۲) پاگل ہوجانا۔
— الغنمَ: بکری کو چیچک ہونا۔
(تَأَمَّهَ) امراۃ: عورت کو ماں جیسا بنانا۔
(اَلْاَمَهُ): چیچک۔
(اَلْاَمِیْهَةُ): بکریوں کی چیچک۔
(اَمَتِ) (ن) المراۃُ اُمُوَّةً: باندی بنا۔
الهِرّۃُ اُمَاءً اِمَاءً: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
(اَمِیَتِ) (س) المرأۃ اُمُوَّةً: باندی بنا۔
(اَمُوَتِ) المرأۃُ اُمُوَّةً: باندی بنا۔
(اَمَّی) المرأۃَ: باندی بنانا۔
(تَأَمَّتِ) المرأۃ: باندی بنا جیسے کہا جاتا ہے کانت حرّۃً فتأمّتْ۔
۔فلانٌ اَمَةً: باندی بنانا۔
(اَلْاَمَةُ): باندی (۲) بندی جیسے یا اَمَةَ اللّٰه۔ (اے خدا کی بندی) جیسے یا عبداللّٰه (ج) اِمَاءٌ، آمٍ۔
(اُمَیَّةُ): "تصغیر" الامة
(بنو اُمَیَّةَ): ایک قریشی خاندان جو امیہ بن عبد شمس کی طرف منسوب ہے۔ انکی طرف نسبت اُمَوِیٌّ (قیاسی) اور اَمَوِیٌّ (سماعی ہے)

ا .... ن

(اَنْ): کبھی مصدریہ ہوتا ہے اور فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے منصوب کرتا ہے جیسے: {وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ} اور ماضی پر داخل ہوتا ہے لیکن کوئی عمل نہیں کرتا جیسے ماعا بنی ان سبقنی الجهّال اور کبھی اَنَّ سے مخفف ہوتا ہے جیسے {عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَّرْضٰی} اور کبھی اَیْ کی طرح حرف تفسیر بھی ہوتا ہے جیسے {فَأَوْحَیْنَآ اِلَیْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ} اور کبھی زائد للتاکید ہوتا ہے جیسے {فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا}
(اِنْ) کبھی شرطیہ ہوتا ہے جیسے {اِنْ یَّنْتَهُوْا یُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ} اور کبھی لا نافیہ کے ساتھ ملایا جاتا ہے جیسے {اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ} اور کبھی نافیہ ہوتا ہے جیسے {اِنِ الْکٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ} اور کبھی اِنَّ سے مخفف ہوتا ہے جیسے {وَاِنْ کَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ} اور کبھی زائدہ بھی ہوتا ہے جیسے:
"مَا اِنْ اَتَیْتَ بِشَیْءٍ اَنْتَ تکرهُه"
(اَنَا): ضمیر مرفوع منفصل (متکلم مذکر و مؤنث کے لئے)
(اَلْاَنَانیة): خود غرضی، انانیت، تکبر، خود سری (مج)
(اَنَاضول۔ اناطول): مشرق لیکن اب اس کا اطلاق بحر متوسط کے مشرقی علاقہ پر ہوتا ہے جو ترکی حکومت کا حصہ ہے۔
(اَلْاَنَام): زمین کے اوپر موجود تمام مخلوقات۔
(اَلْاَنَاناس): اناس۔ ایک پھل (د)
(اَنَّبَهُ): جھڑکنا، ڈانٹنا، ملامت کرنا یا ان میں مبالغہ کرنا جیسے فلانٌ لاینفع فیه تانیب ولا تادیبٌ اور کم اَنَّبُوْهُ و اَدَّبُوْهُ۔
(۲) لوٹانا، رد کرنا۔
(اَلْاَنَاب): مشک یا مشک جیسی خوشبو۔ جیسے بلدٌ عَبِق الجناب کانما ضُمِّخَ بالاناب۔
(اَلْاَنَبُ): بینگن، اس کا واحد۔ اَنَبَةٌ۔
(اَلْاُنْبُوْب) ٹخنوں کے درمیان کی ہڈی (۲) نالی (۳) گنے کی پوری نلکی، پائپ (دیکھئے: نبّ) (مج)
(اَلْاُنْبُوْبَةُ): بمعنی الْاُنبوب۔ پائپ ٹیوب۔
انبوبةُ البَیان: شیشہ سے بنی اُس ٹیوب کو کہا جاتا ہے جو تیز ترین درجہ حرارت برداشت کر سکتی ہے اور جسے پانی کی بلندی دیکھنے کے لئے بوائلر کے اوپر فٹ کر دیا جاتا ہے۔
(اَلْاَنْبَج): آم کا درخت، اس کی اصل جائے پیداوار تو ہندوستان ہے لیکن اب یہ بہت سے ممالک میں پایا جاتا ہے اور اس کا اطلاق آم پر بھی ہوتا ہے اور اس سے بنائے جانے والے مربوں پر بھی ہوتا ہے۔
(اَلْاِنْبِیْقُ): عرق کشید کرنے کا آلہ۔ ج انابیق۔
(اَنَتَ) (ض) اَنِیْتًا: رونا، کراہنا۔
— فلانًا اَنْتًا: حسد کرنا۔
— الشیء: اندازہ لگانا (هو مانوتٌ و اَنِیْتٌ)
(اَنْتَ) ضمیر مرفوع منفصل (مخاطب مذکر کے لئے)
(اَنْتِ): ضمیر مرفوع منفصل (مخاطب مؤنث کے لئے)
(اَنْتُمْ): ضمیر مرفوع منفصل (جمع مخاطب مذکر کے لئے)
(اَنْتُمَا): ضمیر مرفوع منفصل (تثنیہ حاضر مؤنث و مذکر کے لئے)
(اَنْتُنَّ): ضمیر مرفوع منفصل (جمع مؤنث حاضر کے لئے)
(اَنْتَارکْتِکَا): انٹارٹیکا (ایک براعظم انٹارٹیکا) اسکی طرف نسبت انتارکتی ہے۔
(الاَنْتِیْمُوْن): سفید شفاف جوہر۔

(أَنُثَ) (ک) أُنُوثَةً، أَنَاثَةً: نرم ہونا۔ هو أَنِيثٌ۔
(أَنَثَتِ) الحامل إِينَاثًا: لڑکی جننا' هِيَ مُؤْنِثٌ۔
(أَنَّثَ)فِي الْأَمْرِ: نرمی کرنا۔
—الكلمةَ: علامت تانیث لگانا۔
(تَأَنَّثَ)أَنَّثَهُ کالازم (۳) نرمی برتنا جیسے تَأَنَّثَ له فِي الْأَمْرِ (۳) عورتوں کے مشابہ ہونا یعنی مخنّث۔
(الْأُنثَى): مادہ۔
امرأةٌ أُنثَى: کامل نسوانیت والی عورت۔ (ج) إِنَاث، أَنَاثَى۔
(الْأُنْثَيَانِ): (۱) خصیتین (۲) کان جیسے ضَرَبَهُ تحت أُنْثَيَيْهِ۔
(الْأَنِيثُ): نرم جیسے حَدِيدٌ أَنِيثٌ (نرم لوہا) سَيْفٌ أَنِيثٌ (نرم تلوار) مكانٌ أَنِيثٌ (نرم زرخیز زمین) رَجُلٌ أَنِيثٌ (نرم کلام والا آدمی)
(الْمِئْنَاثُ): کثرت سے لڑکیاں جننے والی۔
رجلٌ مئناث بھی کہا جاتا ہے۔
—من الارض: نرم و زرخیز زمین۔
—من السيوف: نرم تلواریں (ج) مآنيث۔
(الْمُؤَنَّثُ)مِنَ الرجال: مخنث' عورتوں کے مشابہ۔
— من الطيب: رنگدار خوشبو جس کو عورتیں استعمال کرتی ہوں جیسے زعفران۔
(الْإِنْجاص): آلو بخارا۔
(الْأَنْجَرُ): جہاز کا لنگر (مع)
(الانجيل): اللہ کی کتاب جو عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ یہ یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی خوشخبری کے ہیں۔ (ج) أَنَاجِيلُ۔ (مع)
(أَنَحَ): (ض) أَنْحًا، أَنِيحًا، أُنُوحًا: تھکاوٹ یا مرض کی وجہ سے ہانپنا۔
(۲) بخیل کا سوال کئے جانے کے وقت کھنکھارنا اور زور سے سانس لینا (۳) فعل خیر سے تاخیر کرنا هو آنِحٌ، أَنَّاحٌ، أَنُوحٌ جیسے الْبَخِيلُ أَنُوحٌ۔

(الْأَنْزِيمُ): زندہ خلیوں سے نکلنے والے اس مادہ کو کہا جاتا ہے جو مرکبات میں کیمیاوی تبدیلیاں پیدا کرتا ہے لیکن خود میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔
(أَنَسَ) (ض) بِهِ وَإِلَيْهِ أُنْسًا: سکون محسوس کرنا' وحشت کا دور ہونا' جیسے لي بفلانٍ أُنْسٌ وأُنْسَةٌ (۲) خوش ہونا۔
(أَنُسَ) (ک) بِهِ وَإِلَيْهِ، أَنَسًا وأَنَسَةً: مانوس ہونا۔
—به: خوش ہونا هو أَنِسٌ۔
(أَنِسَ)به وأُنْسًا: مانوس ہونا هو أَنِيسٌ۔
(آنَسَ) فلانًا إِينَاسًا: مل جل جانا' وحشت دور ہونا۔ هو مونس وانيس۔
—الشيءَ: محسوس کرنا جیسے آنستُ منه فَزَعًا۔
(۲) دیکھنا جیسے (آنَسْتُ نارًا)
—الصوتَ: آواز سننا۔
—الامر: جاننا جیسے آنَسْتُ منه رُشْدًا۔
(آنَسَهُ)مُؤَانَسَةً: دل لگنا' وحشت دور ہونا۔ هو مؤانس۔
(أَنَّسَه): دل لگنا' وحشت دور ہونا (۲) دیکھنا۔
(تَآنَسَا): دو آدمیوں کا ایک دوسرے سے مانوس ہونا۔
(تَأَنَّسَ)به: مانوس ہونا۔
—البازي: شکرہ کا نظریں گھما کر شکار کو دیکھنا۔
—له: غور سے سننا۔
(استأنس): مانوس ہونا جیسے استانس به واليه۔
— الوحشِيُّ: درندے کا انسانی آہٹ محسوس کرنا۔
— له: غور سے سننا جیسے إذا جاء الليل استانس كل وحشيّ واستوحش كل إِنْسِيٍّ۔
—الزائر: اجازت چاہنا۔
—الشيءَ: دیکھنا۔
(الْآنِسَةُ): مؤنث الآنِس (۲) نوجوان نیک دل' خوش کلام' قابل انس لڑکی جس کا قرب اچھا لگے (۳) کنواری نوجوان لڑکی۔ (ج) أَوانِسُ۔ (مج)
(الْأَنَسُ) عورتوں کی بات چیت' عشقیہ باتیں۔
(الْإِنْسُ): انسان (ضد الجنّ) (۲) مخلص دوست جیسے هو ابن انس فلان (وہ اس کا خاص دوست ہے) (ج) أُنَاس۔
(الْأَنَسُ): لوگوں کی بڑی جماعت (۲) جن کی ضد۔
(الْإِنسان): انسان (ج) أَنَاسِيُّ (اس کی اصل اناسین تھی)
(۲) ذہنی اور اخلاقی اعتبار سے ترقی یافتہ انسان۔
انسان العين: آنکھ کی پتلی۔
—السيفِ والسهمِ: تلوار اور تیر کی دھار۔
الانسان المثالي: ایسا انسان جو اپنی مخصوص کسبی صلاحیتوں کی بنا پر عام انسانوں سے فائق و برتر (مج) (ج) أَنَاسِيُّ۔
(الْإِنْسِيُّ): منسوب ہے إِنْس کی طرف (۲) إِنْسٌ کا واحد (۳) ہر چیز کی بائیں طرف (۴) جسم کے بیرونی اعضاء کا کنارہ (ج) أَنَاسِيُّ۔
(الْأَنُوسُ): بمعنی الْأُنْسة۔
—من الكلاب: پالتو کتا (ج) أُنُسٌ۔
(الْأَنِيسُ): صفت ہے انس کے معنی میں (۲) انسیت دینے والا (۳) ہر وہ چیز جس سے انس ہو۔ جیسے هُوَ أنيسي و جليسي اور ما بالدار انيس (۴) مرغ۔
(الْأَنِيسَةُ): الانیس کی مؤنث (۲) آگ۔
(الْأَنِيسُونُ): (دیکھئے: آنِيسونَ)
(الْمُؤْنِسَاتُ): ہتھیار۔
(الْأَنْسُولِينُ): انسولین (شوگر کی بیماری کی دوا) (مج)
(الانشوجة): چھوٹی مچھلی (د)
(أَنَضَ) (ض) اللحمُ أَنِيضًا: خراب ہونا۔
(أَنُضَ) (ک) اللحمُ أَنَاضَةً: گوشت کا نہ گلنا۔

(آنَضَ)اللحم ایناضاً: گوشت کو نہ گلانا۔
(آنَفتِ) (ن ض) الماشية آنْفًا: جانور کا گھاس پر ناک مارنا۔
—فلانًا: کسی کی ناک پر مارنا۔
—الماءُ فلانًا: پانی کا ناک تک پہنچنا۔
(آنِفَ) (س) البعيرُ آنَفًا: اونٹ کی ناک میں نکیل کی وجہ سے درد ہونا' هو آنِفٌ' آنِفٌ۔
منه انَفًا و آنَفَةً: ناک چڑھانا' تکبر کرنا۔
جیسے فيهم آنَفَةٌ و آنَفٌ۔
— الحاملُ : حاملہ عورت کو کھانے کی چاہت نہ ہونا۔
—المسافرُ: دن کے یا رات کے شروع میں سفر کرنا۔
—الشيءو منهُ: بچنا' ناپسند خیال کرنا۔
(اُنِفَ): ناک میں تکلیف ہونا هو مانوفٌ
(انَفَه) اِیْنَافًا: ناک کی تکلیف میں مبتلا کرنا (۲) متکبر بنانا۔
—امرَهُ: جلدی کروانا۔
—الماشيةَ: تازہ گھاس چرانا۔
(آنَّفَ) الشيءَ: دھار رکھنا' جیسے نَصْلٌ مُؤَنَّفٌ۔
—فلانًا: متکبر ہونا۔
— الماشيةَ : جانور کو ناک کی تکلیف میں مبتلا کرنا۔
(اِئْتَنَفَهُ): شروع کرنا (۲) سامنے آنا۔
(تَأَنَّفَ): لازم آنَّفَه۔
—الكلاءُ ونحوهُ: جانور کا چارہ نہ کھانا۔
—المرعىٰ: تازہ گھاس طلب کرنا۔
— المرأةُ الشهوات : عورت کا ایک چیز کے بعد دوسری کی خواہش کرنا۔
(اِسْتَأْنَفَ)الشيءَ: شروع سے کرنا۔
—الحكمَ: مقدمہ کی اپیل کرنا۔
کہاوت ہے {فی التحارب علمٌ مستانفٌ} تجربے نیا علم دیتے ہیں۔
(الاستئناف): اپیل' مرافعہ

(آلآنِفُ): ماضی قریب۔
فعلهُ اُنِفًا: اس نے ابھی کہا ہے' اس گھنٹے کے شروع میں یا اس موجودہ وقت کے شروع میں۔
(آلأُنفَةُ): الأنف کی مؤنث۔
— من كل شئ: ہر چیز کا اول حصہ جیسے مَضَتْ اُنِفَةُ الشَّبَابِ۔
(آلأُنَافِيُّ): بڑی ناک والا۔
(آلآنْفُ): ناک' سانس لینے اور سونگھنے کا عضو۔
جَمِیَ انفه: سخت غصہ میں آنا۔
شمخ بانفه: تکبر کرنا۔
رغِمَ انفُه: ذلیل ہونا۔
مَاتَ حتفَ انفهِ: طبعی موت مرنا۔
فلانٌ يتبع انفه: خوشبو سونگھ کر پیچھے چلنا۔
کہاوت ہے: آنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ كَانَ اَجْدَعَ (تمہاری ناک تمہاری ہی ہے اگر چہ کٹی ہوئی ہو)
—من كل شئ: ہر چیز کا اول اور کنارہ۔
انف العود الموسيقي: موسیقی کا ایک سُر' نغمہ۔
انف الجبل: پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔
انف القوم: قوم کا سردار۔
(ج) اُنُوفٌ' آنافٌ' آنفٌ۔
(آلأُنُفُ) : تازہ' نیا (اس کے ذریعہ مذکر اور مؤنث دونوں کی صنعت بیان کی جاتی ہے)
كَلأٌ اُنُفٌ' روضةٌ اُنُفٌ: وہ گھاس یا باغیچہ جس کو استعمال نہ کیا گیا ہو۔
منهلٌ اُنُفٌ: جس گھاٹ سے پانی نہ پیا گیا ہو۔
خَمْرٌ اُنُفٌ: وہ شراب جس کو برتن سے نہ نکالا گیا ہو۔
كَاسٌ اُنُفٌ: وہ گلاس جس کو پہلے استعمال نہ کیا گیا ہو۔
اَمْرٌ اُنُفٌ: نیا حکم۔
(آلآنَفَةُ): عزت وحمیت۔
(آلأَنُوفُ): خوشبودار ناک والی خوبصورت عورت (۲) باعزت مرد (ج) اُنُفٌ۔
(آلآنِيفُ): نرم لوہا (۲) سب سے پہلے پیداوار اگانے والی جگہ۔

(آلآنِيفَةُ): مؤنث الانيف۔
ارضٌ انيفةٌ وآنِيْفَةُ النبت: وہ زمین جس کی پیداوار جلد اگ جائے۔
(آلْمِئْنَافُ): اپنے مویشیوں کو تازہ گھاس کھلانے والا (۲) دن یا رات کے شروع حصہ میں چلنے والا۔
(آلإِنفِلُوانزا): انفلوئنزا (مع)
(آنِقَ) س آنَقًا' اِنَاقَةً: خوش منظر اور خوبصورت ہونا۔ هو انيقٌ۔ عمدہ باغ۔
—فلانٌ: خوش ومسرور ہونا۔
—به وله۔: پسند کرنا۔ هو آنِقٌ۔
—الشيءَ: پسند کرنا جیسے روضةٌ انيقٌ۔ عمدہ باغ
(آنَقَه) الشيءُ اِينَاقًا: پسند آنا۔
هو مونِقٌ و آنِيقٌ جیسے روضةٌ آنيقةٌ۔
—الشيءَ: خوش نما بنانا۔
(آنَّقَ) الشيءَ: خوشنما بنانا۔
—الشيءُ فلانًا: پسند آنا۔
(تَأَنَّقَ): لازم آنَّقَ۔
(۲) پسندیدہ چیز طلب کرنا۔
فيه: خوشنمائی وسلیقہ دکھانا۔
الروضةَ وفيها: باغ کو پسند کرنا اور اس کی خوبیوں سے فائدہ اٹھانا۔
(آلأَنُوقُ): عقاب (۲) گدھ۔
(آلآنقليس): مچھلی کی ایک قسم جو دریاؤں' سمندروں اور بحر متوسط میں رہتی ہے اور شکل میں سانپ کے مشابہ ہوتی ہے۔ (مع)
(آلآنكليس): بمعنی الأنقليس (مارماہی)۔
(الانام): دیکھئے: انام۔
(آلأنموذج): وہ مثال جس پر عمل کیا جائے جیسا کہ نموذج (نمونہ) (ج) نماذج۔ (مع)
(آنَّ): حرف تاکید' انکار اور شک کی نفی کے لئے آتا ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ کلام کے شروع میں نہیں آتا اور اپنے مابعد کو مصدر مؤول بنا کر مفرد کے حکم میں کر دیتا ہے جیسے {قُلْ اُوحِيَ

اِنَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ}

(اِنَّ): حرف تاکید' انکار اور شک کی نفی کے لئے آتا ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور ابتدائے کلام یا جو اس کے حکم میں ہو ان میں آتا ہے جیسے: {اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ} اور {اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ}

(اَنَّ) (ض) المریضُ اَنًّا' اَنِیْنًا' اُنَانًا' اَنَّةً' تَأْنَانًا: کراہنا۔

— القوسُ ونحوها: کمان وغیرہ کا زن زن کی آواز نکالنا۔

(آنَّنه): راضی کرنا۔

(تَأَنَّنه): راضی کرنا۔

(اَلْاُنَنُ): کبوتر جیسا کالا پرندہ۔ اس کے پاؤں اور چونچ سرخ اور آواز کراہنے جیسی ہوتی ہے۔

(اَلْاَنَّانُ): مبالغہ کے لئے (بہت زیادہ کراہنے والا)

(اَلْاَنَّةُ): ایک مرتبہ کراہنا (۲) مڑا ہوا لوہا جس کے ذریعہ کنویں سے ڈول نکالا جائے۔

(اَلْاُنَنَةُ): (۱) بہت زیادہ کراہنے والا۔

(۲) بہت زیادہ شکوہ شکایت کرنے والا۔

(اَلْمَئِنَّةُ) للشیئ: جگہ' مقام (۲) قابل' لائق۔ ہر وہ چیز جو آپ کی کسی شے کی طرف رہنمائی کرے تو وہ اس کے لئے مَئِنَّةٌ ہے۔ گویا کہ وہ اس قابل ہے کہ آپ اس کے بارے میں کہیں: اِنَّهُ لَكذا' هو مَئِنَّةٌ لِلْخَیْرِ وغیرہ وانّه لَمَئِنَّةٌ اَنْ یکونَ کذا' اویفعله وجاء علی مَئِنَّةِ ذلك: اس وقت یا اس گھڑی۔ (اس میں مذکر مؤنث وغیرہ برابر ہیں)

(اَنّٰی): برائے شرط بمعنی اَین جیسے اَنّٰی تَبْحثْ تجدْ فائدۃً۔

کبھی استفہامیہ ہوتا ہے مِنْ اَیْنَ کے معنی میں جیسے (یَا مَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا) اور مَتٰی کے معنی میں بھی ہوتا ہے جیسے اَنّٰی جِئْتَ؟

کبھی کیف کے معنی میں ہوتا ہے جیسے {اَنّٰی یُحْیِیْ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا}

(اَنٰی) (ض) اَنْیًا واِنًی واَنَاۃً: وقت آنا' قریب ہونا' نزدیک ہونا۔ جیسے اَنٰی لك ان تفعل اور اَلَمْ یَانِ لك ان تفعل۔

(۲) پالینا (۳) گل جانا' پک جانا۔

جیسے: اِنْتَظَرَ اِنَی الطَّعَامِ قرآن مجید میں ہے: {غَیْرَ نَاظِرِیْنَ اِنَاهُ}

(۳) ٹھہرنا' توقف کرنا۔

— السائلُ: سیال مادے کا سخت گرم ہونا۔

— الشیءُ اُنِیًّا: سستی و تاخیر کرنا۔

(اَنِیَ) (س) اَنْیًا واِنًی: سستی و تاخیر کرنا۔

(۲) توقف کرنا' ٹھہرنا هُوَ اَنِیٌّ۔

(آناہ) اِیْنَاءً: وقت سے تاخیر کرنا جیسے لاَ تُؤْنِ فُرْصَتَكَ۔

(اَنّٰی): تاخیر و سستی کرنا۔

— فیه: کوتاہی کرنا۔

— الشیءَ: تاخیر کرنا۔

(تَأَنّٰی): توقف کرنا۔

— فلانًا: مہلت دینا' نرمی کرنا۔

جیسے: (تَأَنَّیْتُكَ حَتّٰی لَا اَنَاۃَ بِی) اور (تَأَنَّ فِیْ اَمْرِكَ واتَّئِدْ)

(اِسْتَأْنٰی): بمعنی تَأَنّٰی۔

استانٰی فی الامر: آہستہ آہستہ کرنا۔

— به: نرمی کرنا۔

استانٰی به حولًا: ایک سال کی مہلت دی۔

هو یستانِیْ بالجراحۃ: وہ زخم کے ٹھیک ہونے کا انتظار کر رہا ہے۔

— فلانًا: تاخیر کرنا' جلدی نہ کرنا۔

— الشیءَ: وقت کا انتظار کرنا۔

(الآناءُ): رات کی گھڑیاں' اس کا مفرد اَنْیٌ و اِنْیٌ ہے۔ جیسے هو یقوم آناءَ اللیل۔

(اَلْاِنَاءُ): کھانے پینے کا برتن (ج) آنِیۃ۔ (جج) آنَوات۔

(الأناۃ): بردباری اور وقار جیسے اِنّه لذو اناۃ ورفق۔

من النساء: ناز و نعمت والی عورت جس میں ٹھہراؤ اور سنجیدگی ہو (ج) انوات۔

(اَلْاَنیلین): اس بے رنگ مائع کو کہا جاتا ہے جو اُڑ جاتا ہے اس کی خوشبو بہت تیز اور ذائقہ بہت تلخ ہوتا ہے' ہوا یا روشنی میں آئے تو جم جاتا ہے اور الکحل اور پٹرول میں حل ہو جاتا ہے یہ ایک کیمیاوی رنگ ہوتا ہے جسے indigo اور Carstic potash کے عمل تقطیر کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے۔

(اَلْاَنیمیا): انیمیا۔ جسم میں خون کی کمی کی ایک بیماری۔ (د)

ا .... ہ

(اَهَبَ) لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا' تیار ہونا۔

(تَأَهَّبَ) له: تیار ہوا۔

— للسفر وللامر: سفر یا کام کے لئے تیار ہوا۔

(الاِهاب): وہ چمڑا جو جسم حیوان پر ہو دباغت سے پہلے۔

کہاوت ہے (کاد الفرس یخرج من اهابه) اور (جاع القوم حتّٰی اکلوا الاُهُب)

(۲) غلاف (ج) اُهُبٌ واَهِبَةٌ۔

(اَلْاُهْبَةُ): تیاری۔

(اخذ للامر اهبته): کام کی تیاری کرنے لگا۔

(ج) اُهَبٌ۔

(اَهَلَ) (ن ض) اَهْلًا واُهُوْلًا: شادی کرنا۔

— المکانُ اُهُوْلًا: جگہ کا رہنے والوں سے آباد ہونا۔

— فلانۃً: کسی عورت سے شادی کرنا۔

(اَهِلَ) (س) به اَهَلًا: مانوس ہونا' هُوَ اَهِلٌ۔

(اُهِلَ) المکانُ: آباد ہونا' هو ماهولٌ۔

الطعامُ: کھانے سے سالن رکھا جانا۔

(ثریدۃٌ ماهولۃٌ)

(اَهَّلَه) ایهالًا: شادی کرانا۔

ا

— فلانًا للامر: اہل بنانا (۲) قابل اور مستحق سمجھنا۔
(أَهَّلَ) بہ: خوش آمدید کہا۔
— فلانًا: شادی کروانا۔
— فلانًا للامر: لائق بنانا یا سمجھنا۔
(تَأَهَّلَ): شادی کرنا۔
— للامر: قابل ہونا۔
(إِتَّهَلَ): شادی کرنا۔
(استأهَلَ): سالن رکھنا اور شوربہ لینا۔
الاهالة: سالن کھانا۔
الشيءَ: مستحق بننا، حقوق حاصل کرنا۔
(الْآهِلُ): مانوس جانور۔
(الإِهالَة): (۱) چربی (۲) زیتون (۳) ہر وہ چیز جس کو بطور سالن استعمال کیا جائے۔
(الأَهْلُ): عزیز، رشتہ دار (۲) بیوی۔
اهل الشيءِ: مالک
اهل الدار ونحوها: باسی، رہنے والے (ج) آهالٍ۔
هو اهل كذا لكذا: وہ اس کا اہل ہے (اس میں واحد جمع برابر ہیں) خوش آمدید کے موقع پر کہا جاتا ہے اهلًا وسهلًا: یعنی تو اپنوں میں آیا اور نرم زمین میں اُترا۔
(الأَهْلِيُّ): منسوب ہے اہل کی طرف (۲) مانوس جانور۔
(الاهليّة): الاهليّ کی مؤنث۔
الاهليّة للامر: کسی کام کی صلاحیت۔
(الْأَهْلِيلَج): ہندوستان، کابل اور چین میں اُگنے والا درخت، جس کا پھل بڑے صنوبر کے بیج جیسا ہوتا ہے۔ (مع)
(الإهليلجيّ): منسوب ہے اهليلج کی طرف (۲) جو چیز الاهليلج کے بیج کے مشابہ ہو۔
(أَهَّ) (ن) أَهًّا، آهَةً تڑپنا، ہائے ہائے کرنا۔ آهٍ۔
(أَهِي) (ض) أَهْيًا: قہقہہ لگانا۔

ا .... و

(أَوْ) (۱) حرف شک جیسے (لَبِثْنَا يَوْماً أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ) (۲) کبھی ابہام کے لئے آتا ہے جیسے (وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَى هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ) اور (۳) تخییر کے لئے جیسے (خذ السلعة او ثمنها) (۴) واؤ کی طرح مطلق جمع کے لئے جیسے: (جاءَ الخلافة او كانت له قدرًا) (۵) بل کے معنی میں اضراب کے لئے جیسے (وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَى مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ) (۶) تقسیم کے لئے جیسے الكلمة اسم، اوفعل، او حرف (۷) الی کے معنی میں جیسے:
لَأَسْتَسْهِلَنَّ الصَّعْبَ أَوْ أُدْرِكَ الْمُنَى
(۸) إِلَّا کے معنی میں جیسے (لَأُعَاقِبَنَّهُ أَوْ يطيعَ امرِي)
(آبَ) (ن) اليه أَوْبًا، أَوْبَةً، إِيَابًا، مَآبًا: لوٹنا۔
الی الله: توبہ کرنا هو آئب، آيبٌ، اوّاب۔
الشمسُ: غروب ہونا۔
بيدهٖ الى السيف ونحوهٖ: تلوار چلانے کے لئے تلوار کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
الماءَ: رات کے وقت پانی پر آنا۔
(لِيَهْنِئْكَ أَوْبَةُ الغائب)
فلانٌ أَوَّاهٌ أَوَّاب بار بار توبہ کرنے والا۔
أُبْتُ بني فلانٍ: میں ان کے پاس رات میں گیا۔
(أَوَّبَهُ) في السير مواوبةً: مقابلہ کرنا۔
(أَوَّبَ): لوٹنا (۲) آواز کو لوٹانا (۳) دن میں رات تک چلنا۔
القومُ: لوگوں کا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
(تَأَوَبَا) في السير: دو آدمیوں کا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
(تَأَوَّبَ): لوٹنا یا رات کے شروع میں لوٹنا۔
الشيءَ: رات کو آنا۔
(تَأَوَّبْتُ بني فلانٍ)
الشيءُ فلانًا: بار بار آنا (تأوّبه المرض)
(الْأَوْبُ): جلدی (۲) ہوا (۳) بادل (۴) شہد کی مکھیاں (۵) ارادہ اور استقامت (۶) طریقہ اور عادت (مازال هذا أَوْبَهُ) (۷) جہت، سمت (جاءوا من كل أَوْبٍ)
(الْأَوَّابُ): مبالغہ کے لئے (بہت زیادہ توبہ کرنے والا) (۲) پانی پلانے والا۔
(الْأَوْجُ): بلندی (۲) بلند ترین چوٹی (ج) (۳) موسیقی کا ایک راگ (مع)
(أَوَدَ) (ن) ہ أَوْدًا، أُوُودًا، اِيادًا: مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔
عليه: مڑنا۔
العود: لکڑی پر سہارا دے کر موڑنا۔
الشيءُ حامله: بوجھل کرنا، تھکانا، یا بوجھ کی وجہ سے جھکا دینا۔
(أَوِدَ) (س) أَوَدًا: ٹیڑھا ہونا هو أَوِدٌ، آوَدُ، هي أَوْداءُ۔
أقام أَوَدَهُ: ٹیڑھا پن سیدھا کر لیا۔
(أَوَّدَهُ): موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔
(أنْآدَ): ٹیڑھا ہونا، مڑنا (لازم آوَدَ)
(تَأَوَّدَ): (لازم أَوَّدَهُ) ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
الشيءُ حامله: بوجھ کی وجہ سے جھکا دینا۔
(الْأَوِيدُ): اويد الناس: کھسر پھسر۔
(استأور): خوف زدہ ہونا، بھاگنا۔
البعير: کھڑے ہونے کی تیاری کرنا۔
القوم غضبًا: سخت غضبناک ہونا۔
(الأرُ): شرم۔
(الْأُوار): سورج اور آگ کی تپش۔ جیسے لفحني اوار الشمس، اوار النار، اوار الشور (۲) پیاس جیسے كاد يغشي عليه من الاوار (۳) دھواں (۴) چنگاری (ج) أُوُرٌ۔
(الْأُوارِيُّ) رجلٌ اوارِيٌّ: سخت پیاسا۔
(الْأَوِرَةُ) ارض أَوِرَةٌ: پیاسی زمین۔
(أُورانس): یورینس، نظام شمسی کے نو سیاروں میں سے ایک۔ یہ چوراسی سال میں سورج کے گرد اپنا چکر پورا کرتا ہے۔ (مع)

ا

(أُورُبَّةُ): یورپ' ایک براعظم اس کی طرف نسبت ''اوربیّ'' ہے۔
(الْأَوُرطی): وہ شریان جو دل سے نکلنے والے صاف خون کو جسم کی پرورش کے لئے لے جاتی ہے۔(مج)
(الْإِوَزُّ): ایک پرندہ جو بطخ کے مشابہ ہوتا ہے لیکن جسم میں بڑا اور لمبی گردن والا ہوتا ہے۔ ج اوز۔
(۲) چھوٹے قد والا' گھٹے ہوئے جسم کا آدمی۔
(الْإِوَزّی): وہ جگہ جہاں کثرت سے بطخیں پائی جاتی ہوں (ج) مَآوِزُ۔
(أُوزوِريس): قدیم مصری معبود جو ان کے نزدیک مردوں کا نگہبان ہے۔(د)
(آسَه) أَوْساً و اِيَاساً: دینا' عطا کرنا۔
(۲) ضمان دینا (۳) مدد کرنا۔
(استآسه): مانگنا جیسے استآسيني فأُستُه
(۲) عوض مانگنا (۳) مدد مانگنا۔
(الْأَوْسُ): بھیڑیا (۲) قحطانی قبیلہ جو انصار کے دو فرقوں میں سے ایک ہے اور دوسرا خزرج ہے۔
(الْأُوَيس): تصغیر الاوس (۲) بھیڑیا۔
(أَفِتِ) ن البلادُ أَوْفاً، أَفَةً: شہر میں مرض یا قحط وغیرہ کا عذاب آنا۔
الطعامُ: کھانا خراب ہونا۔
(إِيفَ) الزرع ونحوه: آفت پہنچنا۔ هو مَئُوفٌ۔
(الْآفَة): ہر نقصان دہ مصیبت جیسے مرض' قحط سالی' وبائی مرض۔(آفة العلم النسيان) ج آفات۔
(أَقَ)(ن) أَوْقاً: بوجھ سے جھکنا۔
عليه: بوجھ ڈالنا (۲) ظاہر ہونا' سامنے آنا (۳) برا شگون لانا۔
(أَوَّقَه): مشکل اور ناپسند کام پر ابھارنا۔
(۲) ذلیل کرنا (۳) روکنا (۴) کھانا کم کرنا۔
(تَأَوَّقَ): لازم أَوَّقَ۔
(الْأَوَاقِيُّ): بنائی کی نلکی جس میں میں کپڑا بننے کا دھاگہ (بانا) ڈالتے ہیں۔

(الْأَوْقُ): بوجھ جیسے القى عليه اوقه (۲) برا شگون۔
(الْأَوْقَةُ): جماعت۔
(الْأُوقَةُ): پانی جمع کرنے کا گڑھا (۲) پہاڑ کی چوٹی پر پرندے کے انڈا سینے کی جگہ (ج) أُوَق۔
(الْأُوقِيَةُ): مصری رطل کا بارہواں حصہ (ج) اواقٍ۔
(الاوقِيَّةُ): بمعنى الأُوقِيَة (ج) اواقيّ۔
(آل)(ن) اليه أَوْلاً، إِيَالاً، ايلولةً، وأَلاً: لوٹنا (فلانٌ يئول الى كرم)
— عنه: پھر جانا۔
— الشيءُ: واپس کرنا۔
— الشيء مالاً: کم ہونا' نقصان ہونا۔
ألتِ الماشية: جانور کا کمزور اور لاغر ہونا۔
— اللبنُ ونحوه اوْلاً، ايالاً: گاڑھا ہونا۔
اللبنَ اوْلاً: گاڑھا کرنا۔
على القوم أَوْلاً، ايالاً، ايالةً: امیر بننا' حاکم بننا۔
— الرَّعيةَ: دیکھ بھال کرنا (آل الرعية يئولها إِيالة حسنةً) روایت ہے کہ زیاد نے اپنے خطبہ میں کہا (وقد أُلنا وايل علينا)
المالَ: درست کرنا' انتظام کرنا (هو آيل مال)
(أَوِلَ)(س) أَوَلاً: آگے نکلنا۔
(أَوَّلَ) الشيءَ اليه: لوٹانا۔
گمشدہ چیز کے مالک کو دعا کے موقع پر (اوّل الله عليك ضالتك) اور بددعا کے موقع پر (لا اول الله عليك شملك)
الكلامَ: تفسیر کرنا (۲) کلام کے مقصودی معنی کو بیان کرنا۔
الرؤيا: تعبیر بیان کرنا۔
(إِئتَالَ) المالَ والرعيةَ: دیکھ بھال کرنا۔
(تأَوَّلَ): لازم أَوَّلَه۔
الكلامَ: تاویل کرنا۔
فى فلان الامر: کسی میں کوئی چیز پانا یا دیکھنا

(تاملته فتاوّلت فيه الخير)
(الآلُ): پانی کا دھوکہ (۲) دن کا اول یا آخر حصہ (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے)
(۳) ذات
آل الرجل: آدمی کے اہل و عیال' تبعین و مددگار۔
(الآلَةُ): اوزار (۲) خیمہ کا ستون۔
(۳) حالت (۴) سختی۔
الآلة الحدباء: میت کا تختہ۔
آلة الكتابة: ٹائپ رائٹر۔
آلة الطَّرَب: باجا
آلة التنبيه: ہارن
(الآلاتيّ): ساز پیدا کرنے والا۔
(۲) موسیقی کی دھن بنانے والا' موسیقار۔
(الآليُّ) الذاتيّ: خودکار۔ آٹومیٹک
(۲) مشین سے متعلق' میکانیکی۔
(الْإِيَالُ): وہ برتن جس میں دودھ وغیرہ جمایا جائے۔
(الايالَةُ): (۱) وادی (۲) وہ علاقہ جس پر بادشاہ کا گورنر حکومت کرے۔(مج) ج إِيالات۔
(أَمَ)(ن) أَوْماً: سخت پیاسا ہونا۔
فلاناً: صورت عیب دار کرنا۔
النحلَ و عليها: مکھیوں کو دھواں دینا تاکہ وہ چھتہ سے نکل جائیں اور شہد حاصل کر لیا جائے۔
(أَوَّمَهُ): پیاسا کرنا (۲) حلیہ بگاڑنا۔ (۳) موٹا کرنا۔
(الأَمة): سرسبزی (۲) بارش۔
(الْأُوامُ): پیاس کی حرارت (فى جوفه اوام و اوارٌ) (۲) دھواں (۳) دورانِ سر (۴) رسی۔ ج ايم۔
(آنَ)(ن) أَوْناً: خوشحالی ہونا اور فراخی میں ہونا (۲) آرام کرنا۔
(أَوَّنَتِ) الحاملُ: ولادت کے قریب پیٹ بڑا ہونا۔
الرجلُ والدابةُ: بہت زیادہ کھانے کی وجہ سے

پیٹ باہر نکل آنا۔ (۳) نرمی کرنا، توقف کرنا۔
(تَأَوَّنَ): بمعنی آوَّنَ۔
فی الامرِ: ٹھہرنا، رُکنا۔
(الأوانُ): وقت، زمانہ (جاءَ اوان البرد) (۲) بوری (۳) ستون (ج) آوِنۃ۔
(الاوان، الایوان): ایوان، بڑے لوگوں کے بیٹھنے کی جگہ (ج) اُونٌ (مع)
(الآوُنُ): زمانہ (۲) بوری (۳) تھیلی کا ایک کنارہ (۴) کوکھ، پہلو۔
(آہ) (ن) اَوْهًا، آهًا، آهَةً: ہائے ہائے کرنا، کراہنا۔
(أوَّهَ): بمعنی آہَ۔
(تَأوَّهَ): بمعنی آہَ۔ (تَأوَّهَ مِن خشیة الله) اور (فلانٌ مُتَألِّهٌ، مُتَأوِّهٌ)
(أهْ۔ اِہِ): تکلیف، غم یا شکایت کے اظہار کا لفظ (اِہِ منه)
(الأهَةُ): چیچک جیسی بیماری، خسرا۔
(أوِهِ): بمعنی اِہِ۔
(الأوَّاهُ): بہت زیادہ ہائے ہائے کرنے والا (۲) بہت زیادہ دعا کرنے والا جیسے (اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ) (۳) مہربان، نرم دل۔
(أوَى) (ض) الجرحُ اُوِيًّا: زخم کا بھرنے کے قریب ہونا۔
— لهٔ والیه اَوْيًا، ماوِيَةً، ماواةً: نرم ہونا، رحم کھانا۔
— عن کذا: چھوڑ دینا۔
— المکان والیه اُوِيًّا: آنا، پناہ لینا (انا آوِی اِلیٰ ظلالك اُوِيًّا)
— الیه: لوٹنا (۲) ٹھکانہ لینا۔
— فلانًا: پناہ لینا، اپنے پاس ٹھہرانا۔
(آوَى) الجرح ایواءً: ٹھیک ہونے کے قریب ہونا۔
— فلانًا: ٹھہرانا (اللهم آوِنِی اِلیٰ ظلّ کرمك وعفوك)

(آوَى) اِلی المکان: بمعنی اَوَی۔
— فلانًا: ٹھکانہ دینا۔
(اِئتَوَی) الیه: پناہ میں آنا (۲) ٹھکانہ پکڑنا۔
لفلانٍ: نرمی کرنا، رحم کھانا۔
المکان: ٹھہرنا۔
(تَآوَوْا): ایک دوسرے کی پناہ پکڑنا (تَألَّبُوْا عَلَیَّ وتَآوَوْا)
(تَأوَّى) الجرح: ٹھیک ہونے کے قریب ہونا۔
الناسُ والطیر: جمع ہونا۔
المکان والیه: پناہ لینا۔
(استَأوَى) فلانًا: رحم کی اپیل کرنا۔
(الماوٰی): پناہ لینے کی جگہ (فلانٌ مأوَی المحاویج) (ج) مَآوٍ۔
(ابن آوٰی): گیدڑ، یہ فصیلہ کلبیہ سے ہے۔ بھیڑیے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ (ج) بنات آوٰی، بنو اٰوٰی۔

ا .... ی

(اَیْ): (۱) حرف ندا جیسے ای محمد۔
(۲) حرف تفسیر جیسے عندی عسجد ای ذهب اور رایت غضنفرًا ای اسدًا۔
(اِیْ): حرف جواب بمعنی نعم اور قسم سے پہلے آتا ہے جیسے: (وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ)
(أيا): حرف ندا للبعید جیسے أیا صاعد الجبل۔
(آبَ) (ض) اَیْبًا و اِیابًا و اَیْبَةً و اِیْبَةً: لوٹنا (۲) توبہ کرنا، هو آئبٌ، آیبٌ، اَیَّابٌ۔
(الایّاب): پانی پلانے والا۔
(الأحُ): انڈے کی سفیدی۔
(آدَ) (ض) اَیْدًا و اَدًا: مضبوط اور سخت ہونا۔
هو اَیِّدٌ ذوایْدٍ جیسے قرآن مجید میں ہے: (وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ) کہاوت ہے: (الکید ابلغ من الاید)
(اَیَّدَ) اِیْیادًا: بمعنی اَدَ۔
— فلانًا: مضبوط کرنا۔
(ایّدهٔ) مُؤایَدَةً و اِیادًا: کسی کے ذریعہ مضبوط کرنا هو مؤیَّدٌ (خلاف قیاس)
(آیَدَهٔ): طاقت دینا، تائید کرنا۔
(تَأیَّدَ): مضبوط و پختہ ہونا۔
(الإیادُ): جس کے ذریعہ کسی چیز کو مضبوط کیا جائے (۲) پردہ (۳) پناہ (۴) قلعہ، پہاڑ (۵) لشکر کا میمنہ یا میسرہ (کرّ علی آیادی العسکر) (۶) لوگوں کی بھیڑ۔
(الأیِّدُ): مضبوط و سخت۔
(المُؤیِّد): اہم کام (۲) سخت مصیبت۔
(الأیْرُ): انسان کا عضو تناسل۔
(الأیار): پیتل۔
(أیّار، آیار): آٹھواں سریانی (یا رومی) مہینہ مقابل مئی (مع)
(الإیّار): ہوا۔
(ایزیس): قدیم مصریوں کی معبودہ جو کہ اوزوریس کی بیوی ہے۔
(أسَ) (ض) أیْسًا: ذلیل و پست ہونا۔
— فلانًا: مغلوب کرنا، غالب آنا۔
(أیِسَ) (س) منه اَیْسًا، ایاسًا: مایوس ہونا، نا اُمید ہونا هو اٰیِسٌ و اَیِسٌ۔
(أیّسه) منه اِیْیاسًا: نا اُمید کرنا۔
(أیَّسَ) فیه: اثر چھوڑنا۔
فلانًا: پست و ذلیل کرنا۔
(تأیَّسَ): لازم اَیَّسه (۲) نرم ہونا، تواضع کرنا۔
(الأیِسَةُ): مونث الآیس۔
شرعاً: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔
(الایاس): مرض سل (۲) اولاد سے نا اُمیدی کا زمانہ جو عورتوں کو پانچویں دہائی اور مردوں کو اس کے بعد ہوتا ہے۔ (مج)
(أیْسَ): لَیْسَ کی ضد (ائتِ به من حیث ایس ولَیْسَ) وہ ہو یا نہ ہو اس کو لاؤ۔
(أیْشٍ): بمعنی أیّ شئٍ۔
(آضَ) (ض) أیْضًا: لوٹنا (اض الیه)
— الشيءُ کذا: پھرنا (اض الثلج ماءً)

(اَیِكَ) (س) الشجرُ اَیَکاً: گنجان ہونا۔ ھو اَیِكٌ۔

اَیِكٌ اَیِكٌ: بہت زیادہ پھلدار درخت۔

(اِسْتَأْیَكَ) الشجرُ: بمعنی اَیِكَ۔

(اَلْاَیْکَۃُ): گنجان اور گھنا درخت (فلانٌ فرع من ایکة المجد) (ج) اَیْكٌ۔

(اِیْل) عبرانی زبان میں اللہ تعالیٰ کا نام۔

(ایلیاء): بیت المقدس۔

(اَلْاُیَّلُ الایِّلُ) بارہ سنگھا (ج) ایایل، ایائل۔

(اَیْلُوْلُ): بارھواں سریانی (یا رومی) مہینہ مقابل ستمبر۔ (مُع)

(اَمَتِ) (ض) المرأةُ اَیْمًا، اُیومًا، اَیْمَۃً: بغیر خاوند کے رہنا (کنواری ہو یا شادی شدہ) (۲) خاوند فوت ہو جانا ھی اَیِّمٌ و اَیِّمَۃٌ (ج) اَیائم و اَیامٰی جیسے (امر الرجل بھی کہا جاتا ہے۔ ھو اَیِّمٌ)

— المرأةَ: بیوہ سے نکاح کرنا۔

— النحل و علیھا اَیْماً و اِیاماً: شہد کی مکھیوں کو دھواں دینا تا کہ وہ چھتے سے باہر آ جائیں اور اس میں سے شہد نکالا جا سکے۔

(اَیَّمَ) المرأةَ: بیوہ بنانا۔

(اِئتامت): المرأة: بیوی ہونا۔

— فلان المرأة: بیوہ سے شادی کرنا۔

(تَاَیَّمت) المرأة: بیوہ ہو جانا (تایّم الرجل) رنڈوا ہو جانا۔

(اَلْاَیْمُ): نر سانپ (ج) اُیُوْمٌ۔

(ایمُ الله): کلمہ قسم اس کا ہمزہ وصلی ہے۔ جیسے ایمُ الله لا فعلن کذا۔

(اَلْاَیِّمُ): بغیر شوہر کے عورت، بغیر بیوی کے مرد۔ خواہ پہلے شادی کی ہو یا نہ کی ہو۔ ھی ایمّۃٌ بھی کہتے ہیں جیسے (ترکوا النساء ایامی، والاولاد یتامی)

(اَلْمَأْیَمَۃُ): بیوہ ہونے کا سبب (الحرب مَأْیَمَۃٌ للنساء)

(اَلْمُؤْیِمَۃُ): ایسی دولت مند خاتون جس کا خاوند نہ ہو۔

(اٰنَ) (ض) اَیْنًا: وقت آنا (۲) تھک جانا۔

جَفَتِ الابلُ علی الأینِ: اونٹوں کا بری طرح تھک جانا۔

(اَلْآنَ): حال کے لئے ظرف (حضرت الآن) اور (الآن آتك إن فعلت)

(اَلْاَیْنُ): سانپ

(اَیْنَ): ظرف مکان (۲) کبھی استفہامیہ ہوتا ہے جیسے (من این لك ھذا؟) (۳) کبھی شرط ہوتا ہے جیسے:

اَیْنَ تَصْرِفْ بنا العُداۃَ تجدنا
نصرف العِیْسَ نحوَھا للتلاقی

اور کبھی اس کے بعد ''ما'' کا اضافہ کیا جاتا ہے جیسے (أَیْنَمَا تَكُوْنُوْا یُدْرِكْکُّمُ الْمَوْتُ)

(اَیَّہَ) بہ: چیخ کر پکارنا (۲) ڈانٹنا۔

(اِیْہِ): اسم' بمعنی اور' مزید۔ ہاں کہتے رہو (۲) تنوین کے ساتھ بمعنی حَسْبُكَ بس کرو۔ جیسے اِیْھًا لَا تُحَدِّثْ۔

(اَیْھًا): دور رہو۔

(اَیْھَاتِ): دور رہو۔

(اَلْاَیْھُقَان): ایک لمبی گھاس۔

(الإیوان): ایوان جیسے ایوان کسریٰ (ج) اواوین، ایوانات۔

(اَیَّا) بالمکان: ٹھہرے رہنا' چمٹے رہنا۔

— آیۃً: نشانی لگانا۔

(تَاَیَّا) بالمکان: ٹھہرنا۔

— الشيء: ارادہ کرنا۔ رخ کرنا۔

(اَلْآیَۃُ): علامت' نشانی (۲) عبرت۔ (فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَۃً)

(۳) معجزہ (وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّہٗ اٰیَۃً)

(۴) شخص (۵) جماعت۔

من القرآن: قرآن مجید کا ایک جملہ یا چند جملے جن کے آخر میں وقف کا نشان ہوتا ہے۔ جیسے: (وَ اِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰیَۃً مَّكَانَ اٰیَۃٍ ۙ وَّ اللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا یُنَزِّلُ قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ) (ج) ایٌّ۔

(اِیَا) الشمس: (۱) روشنی (۲) شعاع (۳) خوبصورتی۔

اِیَا النبات: پودوں کی خوبصورتی اور پھول (ج) اِیَاء۔

(اِیَاۃُ الشمس): بمعنی اِیاھا۔

(الأیون): اس ذرہ یا مجموعہ ذرات کو کہا جاتا ہے جو positive یا negative ذرات پر مشتمل ہو الیکٹرون اور دوسرے particles کے لئے بھی یہ لفظ مستعمل ہے۔ (مُع)

(اَیٌّ): (۱) شرطیہ جیسے (اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ قَضَیْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَیَّ) (۲) استفہامیہ جیسے (اَیُّكُمْ زَادَتْہُ ھٰذِہٖۤ اِیْمَانًا) (۳) موصولہ جیسے (ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِیْعَۃٍ اَیُّھُمْ اَشَدُّ عَلَی الرَّحْمٰنِ عِتِیًّا) (۴) کمال پر دلالت کرنے کے لئے بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے (محمد رجل ایّ رجل)

(اِیَّا) (۱) ضمیر منصوب منفصل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے (ایایَ، ایاكَ، ایاہُ) وغیرہ۔

(۲) تحذیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے ایاك والاسد۔

(اَیَّانَ): ظرف زمان مستقبل کے لئے جیسے (اَیَّانَ یُبْعَثُوْنَ) (۲) شرط کے لئے بھی ہوتا ہے جیسے:

اَیَّانَ نُؤْمِنْكَ تَأْمَنْ غَیْرَنَا وَاِذَا
لَمْ تُدْرِكِ الْاَمْنَ مِنَّا لَمْ تَزَلْ حَذِرًا

ب

(۲)

ب

حروف ہجاء کا دوسرا حرف' اس کا مخرج دونوں ہونٹ ہیں اور اس میں صفت جہر اور شدت پائی جاتی ہیں۔

یہ حروف معانی میں سے ہے' اپنے بعد والے اسم کو جرّ دیتا ہے' اس کے چند معانی ہیں: (۱) استعانت جیسے کتبتُ بالقلم۔

(۲) سببیت جیسے أُخذ بذنبه (۳) ظرفیت جیسے (لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ) (۴) الصاق جیسے امسكت بالقلم، اخذت برايك (۵) قسم جیسے أقسم بالله (۶) تعدیہ جیسے ذهبت به۔

ب .... ا

(البابا): عیسائی گرجے کا سربراہِ اعلیٰ۔

(البابوية): پادری کا عہدہ' پوپ' بشپ۔

(البابه): دوسرا قبطی مہینہ (موسم خزاں میں آتا ہے)

(البابوج): پاپوش' جوتا (مع)۔ ج بوابيج۔

(البابُونج): بابونہ (مع)۔

(الباذق): انگور کا پکا ہوا رس جس میں نشہ پیدا ہو جائے۔

(الباذِنجان): بینگن یہ فصیلہ باذنجانیہ سے ہے۔(مع)

(البارُود): بارود (د)۔

(البازِلت): بسالٹ' آتش فشانی نوع کی چٹانیں (ج)۔

(الباسِليق): بازو کی ایک رگ کا نام (ج)۔

(الباسُور): بواسیر (ج)۔

(الباشا): پاشا' اعزازی لقب جو ترکی میں شرفاء کے لئے مستعمل ہے (د)۔

(البالیه): بیلے (رقص) سنگت' ناچ (ج)۔

(بَأْبَأَ) بَأْبَأَةً وبِئْبَاءً: بولنے میں بار بار ب کہنا۔

— الصبيّ: بچہ کا بابا کہنا۔

— الأب والصبيّ وبه: بابا کہنا۔

— فلانًا وبه: کسی کو "بابی انت" کہنا۔

(۲) لاڈ پیار کرنا۔

(البُؤْبُؤ): اصل (هو فى بؤبؤ المجد)

(۲) درمیانی حصہ (۳) آنکھ کی پتلی (هو أعزّ عليّ من بوبؤ عيني)

(البأج) (ف) متحدہ چیز' کہا جاتا ہے: "جَعَلَهُمْ بأجًا واحدًا" اس نے سب کو برابر دیا (۲) ہموار راستہ (۳) موٹا لڑکا (۴) کھانے کی نوع (مع) (ج) باجات۔

(الباج): البأج کا مخفف (ج) بواجٌ۔

(بَأْدَلَ): آہستہ آہستہ چلنا جس میں اس کے جسم کا گوشت حرکت کرے۔

(البادلۃ): (۱) گردن اور ہنسلی کے درمیان کا ابھرا ہوا گوشت (۲) چھاتی کے اوپر گوشت (۳) ران کا گوشت (ج) بآدِل۔

(بَأَرَ) (ف) بَأْرًا: گڑھا کھودنا۔

— البئر: کنواں کھودنا۔

— الشيءَ: چھپانا' ذخیرہ کرنا۔

— الخيرَ: پوشیدہ نیکی کرنا۔

(أَبْأَرَ) فلانًا: کسی کے لئے کنواں کھودنا۔

(ابْتَأَرَ): کنواں کھودنا۔

الشيءَ: چھپانا' ذخیرہ کرنا۔

(البأّار): صفت ہے مبالغہ کے لئے (۲) کنویں کھودنے والا۔

(البُؤْرةُ): گڑھا (۲) آگ جلانے کا گڑھا' تنور (۳) ذخیرہ کردہ چیز (ج) بُؤَرٌ۔ علم طبعیات' فزکس کی اصطلاح میں وہ نقطہ جس سے صوتی حرارت یا ضیائی شعاعیں پھیلیں جبکہ ان میں کوئی چیز حائل نہ ہو۔ (مج)

بؤرة العدسة: متوازی شعاعوں کا عدسہ سے اٹھنے کے بعد پھیلنا اور ملنا۔ (مج)

(البئر): کنواں (مؤنث ہے) ج أَبْؤُرٌ، آبارٌ، آبُارٌ، بِئارٌ۔

(بئر السُّلّم): عمارت کا وہ خانہ جس میں زینہ بنایا جائے (مج)

(البئرة): کنواں (۲) ذخیرہ کردہ چیز۔

(البئيرة): ذخیرہ کردہ چیز۔

(البأز): بمعنی الباز (باز شکاری پرندہ) (ج) أَبْؤُزٌ، بُئوزٌ، بِئْزان (دیکھئے: ب وز)

(بَئِسَ) (س) بَأْسًا و بُؤْسًا وبَئِيسًا: فقیر ہونا' حاجت مند ہونا هو بائِسٌ۔

(بَؤُسَ) (ک) بَأْسًا، بَأْسَةً، بَآسَةً: مضبوط اور سخت ہونا (۲) بہادر ہونا هو بَئِيسٌ۔

قرآن مجید میں ہے: (بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ)

(بِئْسَ): فعل جامد ذم کے لئے جیسا کہ نِعْمَ مدح کے لئے قرآن مجید میں ہے: (بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا)۔

(أَبْأَسَ): فقر لاحق ہونا۔

(ابْتَأَسَ): پریشان وغمگین ہونا قرآن مجید میں ہے: (فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ)

(تَبَاءَسَ): تنگدستی ظاہر کرنا۔

(تَبَأَّسَ): بمعنی تَبَاءَسَ۔

(اَلْبَأْسُ): لڑائی کی شدت (۲) جنگ

(۳) سخت عذاب (۴) خوف جیسے لا باس علیه،لا باس بہ کوئی ممانعت نہیں۔
لاباس فیه: کوئی حرج نہیں (ج) اَبْؤُسٌ۔
ضرب المثل (عَسَى الْغُوَيْرُ اَبْؤُسًا) اس چیز کے بارے میں جس کی برائی سے ڈرا جائے۔
(البأساء): مشقت (۲) فقر (۳) لڑائی (۴) مصیبت۔
(البُؤْس): مشقت (۲) فقر۔
(اَلْبُؤْسٰی): بمعنی البوس۔
(بَأَسَ) (ف) فلانًا بَأْسًا: غفلت میں پچھاڑ دینا۔
(تَبَأّطَ): پہلو کے بل لیٹنا (۲) فارغ البال اور مطمئن ہونا۔
—عنه: اعراض کرنا۔
(بَؤُلَ) (ک) بَآلَةً وبُئُولَةً: غیر اہم اور کمزور ہونا هو بَئِيْلٌ (هُوَ ضَئِيْلٌ بَئِيْلٌ)
خير فلانٍ جَدًا: فلان کا فیض عام ہے۔
(الجَدَاءُ): مالداری (۲) نفع۔
(الجُداء): حسابی ضرب کا نتیجہ، جیسے تین کو تین سے ضرب دینے کا حاصل نو ہے۔
(الجَدَايةُ): ہرن کا چھ ماہ کا بچہ جو طاقتور ہو گیا ہو۔ نر ہو یا مادہ (ج) جَدَايا۔
(الجَدْوٰی): ہمہ گیر بارش (۲) عطیہ۔ کہاوت ہے: (شَغَلَتْ شعابي و جَدْوَاي) مجھے اپنوں نے دوسروں پر بخشش کرنے سے روک دیا۔
(الجَدْی): بکری کا بچہ (نر) (ج) اَجْدٍ و جِدَاء و جديان (۲) آسمان کا ایک برج جو دلو کے قریب ہوتا ہے۔
(الجَدِيَّةُ): زین وغیرہ کے نیچے رکھی جانے والی گدی۔

(الجُدَيّ): قطب کے نزدیک ایک ستارہ جس سے قطب معلوم کیا جاتا ہے۔
(الجَدِيَّةُ): بہنے والا خون۔ حضرت سعدؓ کی حدیث میں ہے (رميتُ يوم بدر سهيل بن عمرٍ و فقطعت نساه فانبعثت جديّة الدم)
(۲) چہرہ کی رنگت (۳) مشک کا ٹکڑا (۴) گوشہ، کونہ (۵) زین اور کجاوے کے نیچے رکھے جانے والی گدی (ج) جَدَايا۔

ج.........ذ

(اجذأرّ) النبتُ: پودے کا اگنا مگر لمبا نہ ہونا۔
— فلانٌ: گالی دینے کے لئے کھڑا ہو جانا۔
(جَذَبَ) (ض) الشَّهْرُ جَذْبًا: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا۔
— الشيءَ: کھینچنا (۲) چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔
— الماء من الاناء: پانی کو برتن کے منہ سے لینا۔
— الرضيعَ: شیر خوار بچہ کا دودھ چھڑانا۔
— فلانٌ حَبْلَ وَصله: کسی سے تعلق ختم کرنا۔
المرأةُ خاطبها: عورت کا منگیتر کو رد کرنا۔
—الناقة والاتانُ لَبَنَهَا من فرعها جذابًا: اونٹنی یا گدھی کا دودھ تھن سے اوپر چڑھا لینا۔ هي جاذبةٌ و جاذبٌ (ج) جواذب هي جذوب (ج) جِذَابٌ۔
(جاذَبَ) الشيءَ: کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔
— فلانًا الشيءَ: کسی چیز کے بارے میں کسی سے جھگڑنا۔
(اجتذب) الشيءَ: کھینچنا (۲) چھیننا۔
(انْجَذَبَ): کھنچنا۔
— القومُ في السير و بهم السيرُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
(تجاذبوا) الشيءَ: باہم جھگڑنا۔
(تَجَذَّبَ) الشيءُ: کھنچنا۔
— اللبنَ: دودھ پی لینا۔
(التجاذب المغنطيسيّ): دو مختلف النوع مقناطیسی قطبوں کا ایک دوسرے سے قریب ہونا

(مج)

(الجاذِبۃُ): علم نباتات کے مطابق وہ نبات جس سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے۔ (۲) علم ریاضی میں وہ قوت جو ایک رخ پر حرکت کرنے والے جسم پر اثر انداز ہوتی ہے اور اسے عمومی سرعت عطا کرتی ہے۔

(الجاذِبِیّۃُ): کشش، جاذبیت، کھینچنے کی طاقت و قوت۔ جیسے فلانٌ لہ جاذبیّۃٌ یعنی وہ دوسروں کو اپنی طرف مائل کرلیتا ہے (مو)

(۲) مقناطیس میں اس کشش کا نام ہے جو چند اجسام کو ملانے اور رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے (مج)

(الجذبُ): صوفیاء کی اصطلاح میں ایسی حالت کا نام جس میں انسان کا دل مخلوق کے احوال سے بے خبر ہوکر مکمل طور پر عالم بالا سے متعلق ہوجاتا ہے۔ افلاطون کے نزدیک جذب سے مراد الخیر اور الرسمی ہے اور بعض صوفیاء نے اسے وجد سے تعبیر کیا ہے۔

(۲) علم ریاضی کی اصطلاح میں قوت جذب کو کہتے ہیں یعنی وہ قوت جس کے ذریعہ ایک جسم دوسرے ایسے جسم پر اثر انداز ہوتا ہے جس سے کوئی ظاہری تعلق نہیں ہوتا۔

(الجَذَبَۃُ): کھجور کے درخت کا گودا (ج) جذب وجذاب۔

(الجِذبَۃُ): ٹکڑا (ج) جذابٌ۔

(الجُوذابُ): گوشت، چاول، چینی وغیرہ سے تیار کردہ کھانا۔

(المَجذُوبُ): صوفیہ کی اصطلاح میں اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے معرفت حق نے اللہ کے ساتھ ایسا وابستہ کردیا ہو کہ اسے منجانب اللہ کسی ریاضت و مجاہدہ کے بغیر بلاکلفت کمالات حاصل ہوجائیں۔

(جَذَّہُ) (ن) جَذًّا: توڑنا (۲) کاٹنا۔

ھو جذیذٌ مجذوذٌ قرآن مجید میں ہے (عَطَاءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ)

— الحبلَ: رسّی توڑنا۔

— الشیءَ عن الشیءِ: الگ کرنا۔

— النخلَ جذًّا و جذاذًا: کھجور کے درخت کے پھل توڑنا۔

(جَذَّذَہ): بمعنی جَذَّہ۔

— القومَ: لوگوں سے اپنی پیروی کو کہنا مگر کسی کا پیروی نہ کرنا۔

(اِنجَذَّ): کٹنا، ٹوٹنا۔

(تَجذَّذَ): کٹنا، ٹوٹنا۔

(الجُذاذ): کٹا ہوا یا ٹوٹا ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَجَعَلَھُمْ جُذَاذًا اِلَّا کَبِیْرًا لَّھُمْ}

(الجِذاذُ): بمعنی الجُذاذ۔

(الجُذاذَۃُ): تراشہ (۲) سونے کا ٹکڑا (۳) چاندی کا چھوٹا ٹکڑا (۴) لیبل، سلپ، پرچی جس پر معلومات درج ہوں (ج) جُذاذٌ۔

(الجَذّاءُ): ٹوٹا ہوا دانت۔ جیسے "یَدٌ جَذّاءُ"، کٹا ہوا ہاتھ اور رحمٌ جذّاءُ: منقطع رشتہ۔

(الجُذَّۃُ): تن پوش۔ جیسے "ماعلیہ جذَّۃٌ" اس کے بدن پر کوئی کپڑا نہیں جس سے بدن ڈھانپے۔

(الجذیذُ): ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ (ج) جِذاذٌ۔

(المِجَذُّ) سلائی کا سرا (ج) مَجاذٌّ۔

(جَذَرَ) (ن) الشیءَ جَذرًا: جڑ سے اکھیڑنا۔

(اَجذَرَ) الشیءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

(انجَذَرَ): کٹنا۔

(الجُوذَرُ): دیکھئے: ج اَ ذ ر۔

(الجِذرُ): ہر چیز کی اصل (ج) جُذُورٌ۔

— من النبات: جڑ۔

(۲) علم حساب کے مطابق وہ عدد جس کو اتنے ہی عدد سے ضرب دے کر حاصل نکالا جائے، جیسے سو کا جذر دس ہے کیونکہ دس کو دس سے ضرب دیں گے تو سو حاصل ہوگا۔ پچیس کا جذر پانچ ہے۔ پانچ کا جذر قوۃ ثانیہ کی طرف ایک سو پچیس ہوگا۔

(الجِذرُ الاصمّ): وہ جذر جسے صورت کسر پر رکھنا ممکن نہ ہو۔

جذر کی علامت "√" ہے۔ (مج)

(الجُذیر): نباتات اور حیوانات کی باریک عضوی ساخت جو صورت میں بال کی طرح ہوتی ہے (۲) نباتات کی وہ باریک شاخ جس پر جڑ ختم ہوتی ہے۔

(۳) جانور کا پٹھا (مج)

(المُجذِرُ) بقرۃ مجذرٌ: بچہ والی گائے۔

(المَجذُورُ): علم ریاضی کے مطابق وہ مقدار جو علامت جذر کے تحت ہو۔ پس میں مجذور "۵" ہے۔

(جذَعَہُ) (ف) جَذعًا: رگڑنا۔

— الدابۃَ: جانور کو بغیر چارے کے باندھنا۔

— الرجلَ: روکنا، قید کرنا۔

— الرجلُ عیالہ: اہل وعیال کو خبر گیری سے محروم کرنا۔

— بین البعرین: دو اونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا۔

(اَجذَعَ) الفصیلُ وغیرُہ: جوان ہونا۔ جذع بننا۔

(تَجاذَعَ): نوجوان ظاہر کرنا۔

(الجَذَعُ) من الرجال: نوجوان، نوعمر۔ حدیث میں ہے (یالیتنی فیھا جذعٌ)۔

— من الابل: اونٹ کا وہ بچہ جس کی عمر کا پانچواں سال شروع ہوچکا ہو۔

— من الخیل والبقر: گھوڑے یا گائے کا وہ بچہ جس کی عمر کا تیسرا سال شروع ہوگیا ہو۔

— من الضأنِ: بکری کا وہ بچہ جو آٹھ یا نو ماہ کا ہوگیا ہو۔ (ج) جذاع و جذعان، فلانٌ فی ھذا الامرِ جذعٌ (وہ اس معاملہ میں نوخیز ہے) وَاعدتُ الامرَ جَذَعًا (میں نے اس معاملہ کو نیا کردیا، یعنی جیسا تھا ویسا کردیا)۔

اُمّ الجذَع: مصیبت، آفت۔

الازلم الجذع: زمانہ (۲) شیر۔

(الجِذعُ): کھجور کے درخت کا تنا (ج) اجذاعٌ وجذوع۔

(الجَذَعُ) ذھب القوم جذعَ مذعَ: لوگوں کا منتشر ہونا۔

ج

(المُجَذَّعُ): جس کے لئے اصل اور ثبات نہ ہو۔

(جَذَفَ) (ض) الانسانُ فی مشیہ، والطائر فی طیرانہ جَذْفًا: تیز چلنا (۲) تیز اڑنا۔

— المرأۃُ: عورت کا چھوٹے قدموں سے چلنا۔

— السماءُ: برفباری ہونا۔

— الشیءَ: کاٹنا۔

(اَجْذَفَ) الطائر والمرأۃ: بمعنی جَذَفَ۔

(انْجَذَفَ): تیزی کرنا۔

(تجَذَّفَ): تیزی کرنا۔

(المجذافُ): کشتی کا چپو (ج) مجاذیف۔

(جذَلَ) (ن) الشیءُ جُذُولًا: قائم رہنا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ (جذل للقوم یحاربھم)

(جَذِلَ) (س) جَذَلًا: خوش ہونا۔ ھو جَذِلٌ وجذلانٌ: وھی جذلی و جاذلٌ (ج) جذَالی وجُذْلَان۔

(اَجْذَلَه): خوش کرنا۔

(اِجْتَذَلَ): خوش ہونا۔

(تجاذلوا): باہم کینہ و دشمنی رکھنا۔

(الجِذْلُ): درخت کا تنا۔ اثر میں ہے (یبصر أحدکم القذی فی عین أخیه ولا یبصر الجذل فی عینه) تم میں سے بعض اپنے بھائی کی آنکھ کے تنکے کو دیکھ لیتے ہیں لیکن اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا۔ (عَادَ الشیءُ إلی جذله) چیز اپنی اصل کی طرف لوٹ آئی (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) جو چیز پہاڑ کی چوٹی سے ظاہر ہو۔ (۴) وہ لکڑی جو خارش زدہ اونٹوں کی خارش کے لئے گاڑی جاتی ہے (انه لجذل فکاكٍ) یہ کھجلانے کی لکڑی ہے (ھو جذیلھا المحكك) وہ صاحب الرائے شخص ہے (فلانٌ جِذلُ إبلٍ اوغنمٍ) وہ اونٹوں یا بکریوں کو اچھی طرح چراتا ہے (ج) اجذالٌ وجذولٌ۔

(جَذَمَهُ) (ض) جذمًا: کاٹنا۔ ھو مجذومٌ و جذیمٌ۔

(جَذِمَتْ) (س) یَدُہ جَذَمًا: ہاتھ کٹنا (۲) انگلیاں کٹنا۔ ھو اجذمُ و ھی جذماء (ج) جُذْمٌ۔

(جُذِمَ): کوڑھی ہونا۔ ھو مجذومٌ۔

(اَجْذَمَ) یدہ: ہاتھ کاٹنا۔

— عن الشیءِ: اکھیڑنا۔

— علیه: پختہ ارادہ کرنا۔

— السیر: تیز چلنا۔

(جَذَّمَه): کاٹنا۔

(انجذمَ): کٹنا۔

(تجَذَّمَ): ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

(الجُذَامُ): کوڑھ۔ ایسی بیماری جس سے اعضائے جسم گل سڑ کر الگ ہونے لگتے ہیں۔

(الجُذَامَةُ) من الزرع: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ حصہ۔

(الجِذمُ): اصل، جڑ، تنا۔

جِذم الشجرۃ: تنا۔

جِذم القوم: قوم کا سردار۔

جِذم الرجل: آدمی کے اہل وعیال۔

حدیث میں ہے (لم یکن رجل من قریش الاله جِذم بمکة)۔

جِذم الاسنان: دانتوں کی جڑ۔

جِذم الحائط: دیوار کا بقیہ حصہ۔

(ج) اجذام وجُذُوم۔

(الجِذْمَةُ): ہاتھ کاٹنے کی جگہ۔

(الجِذمَةُ): کسی چیز کا ٹکڑا۔ جس کی اصل باقی رہے (رایت من یدہ جذمة حبلٍ) نیز (رایتُ عندہ جذمة من الناس) میں نے اس کے پاس لوگوں کی ایک جماعت دیکھی (ج) جِذَمٌ۔

(المِجْذَامُ) رجلٌ مِجذامٌ: امور میں اٹل اور فیصلہ کن بات کرنے والا (۲) دوستی کو جلد ختم کرنے والا (رجلٌ مجذامُ الرکض فی الحرب) لڑائی میں پھرتی دکھلانے والا (ج) مجاذیم۔

(المِجذامةُ): بمعنی المِجذام (ج) مجاذیم۔

(المُجَذَّمُ): کوڑھی (۲) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔

(جَذَا) (ن) جَذْوًا و جُذُوًّا: قائم رہنا، ثابت قدم رہنا۔

— منخراہ: اس کی ناک کے نتھنے کھڑے ہو گئے۔

— الرجلُ: گھٹنوں کے بل بیٹھنا (۲) انگلیوں کے کنارے پر کھڑا ہونا۔ ھو جاذٍ (ج) جذاءٌ۔

— السنامَ: کوہان کا چربی دار ہونا۔

(جَذَاہ) (ض) عنه جَذْیًا: روکنا۔

(اَجْذَی) الشیءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ ھو مجذٍ حدیث میں ہے (مثلُ المنافقِ مثل الارزةِ المجذیةِ علی الارض حتی یکون انجعافها بمرّة)

— الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کے کوہان کا چربی دار ہونا۔

— الانسان وغیرہ منه: روکنا، باز رکھنا۔

— الحجرَ: پتھر اٹھانا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے (مَرَّ بقومٍ یُجذون حَجَرًا)

— طرفه: نگاہ سیدھی کر کے سامنے ڈالنا۔

(تجَذَّی) الرجل یومه اجمع: آدمی کا پورے دن مشغول رہنا۔

الحمام بالحمامة: کبوتر کا بولتے ہوئے دم کو زمین پر گھسیٹنا۔

(تجَاذَی) القومُ حَجَرًا: لوگوں کا پتھر کو اٹھانے کے لئے اس کے نیچے لکڑی رکھنا۔

(اجذوی): انگلیوں کے کنارے پر کھڑے ہونا۔

(اَجْذَوْذَی): سیدھا کھڑا ہونا۔ (۲) مکان یا کجاوہ پر برقرار رہنا۔ (۳) ذلیل وخوار بننا، انکساری کرنا۔

(الجاذی): وہ آدمی جس کے دونوں ہاتھوں کا فاصلہ کم ہو۔

(الجاذیةُ): مونث الجاذی (۲) وہ اونٹنی جس کا دودھ بوقت ولادت کم ہو۔

(الجذاۃُ): بڑے درخت کی جڑ (ج) جذاءٌ۔

(الْجُذْوَةُ): دھکتا ہوا انگارہ (ج) جُذًا و جذاءٌ قرآن مجید میں ہے: { لَعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ } کہا جاتا ہے (فُلانٌ جِذْوَةُ شَرٍّ) وہ فساد کی آگ بھڑکاتا ہے۔

(الجذمُ): جڑ' اصل۔

(المجذاءُ) مجذاءُ الطائر: چونچ۔

ج .... ر

(جَرُءَ) (ک) علی الشیءِ جُرْأَةً و جَرَاءَةً: کسی چیز کی ہمت کرنا۔ ھو جَرِيٌّ (ج) جُرَاءُ و اَجْرِءاءُ۔

(جَرَّأَهُ): بہادر بنانا۔

(اِجْتَرَأَ) علیه: بہادر بننا' دلیری دکھانا۔

(تَجَرَّأَ): بہادر بنا۔

(الجِرِّيئةُ): گلا' حلق (۲) پرندے کا پوٹا۔

(الجِرِّيَّةُ): گلا' حلق۔

(الجَرِيئةُ): مؤنث الجری (۲) درندوں کا شکار کرنے کی جگہ' وہ پتھروں کا ایسا گھر ہوتا ہے جس کے دروازے پر پتھر رکھا ہوتا ہے اور اس کے اندر درندہ کے لئے گوشت رکھتے ہیں جب وہ اس میں داخل ہوتا ہے جونہی وہ گوشت تک پہنچتا ہے تو پتھر گر جاتا ہے اور دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ (ج) جَرَائِیُّ۔

(اجْرَأَشَّ): کمزوری کے بعد جسم کی صحت کا لوٹنا۔

— الابلُ: اونٹ کے پیٹ کا بھاری اور موٹا ہونا۔ ھی مُجْرَئِشَّةٌ۔

(الجُرائض): شیر۔

— من الابل: بڑا اور کڑیل اونٹ (ج) جرائض۔

(جرافیت): گریفائیٹ۔ کوئلہ اور لوہے سے ملی ہوئی دھات جو پنسل میں استعمال کی جاتی ہے۔ (د)

(الجَرانیت): مختلف رنگوں کا سخت پتھر جس سے ستون وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ (د)

(جَرِبَ) (س) جَرَبًا: خارش زدہ ہونا۔ ھو اَجْرَبُ و ھی جَرْباءُ (ج) جُرْبٌ و جِرَابٌ و ھو جَرْبَانٌ و ھی جَرْبَی۔ (ج) جِرَابٌ و جَرْبٰی و ھو جَرِبٌ (ج) جِرَابٌ۔

السیفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ ھو اَجْرَبُ۔

(اَجْرَبَ): اونٹوں کا خارش زدہ ہونا۔

(جَرَّبَه) تجریبًا و تجربةً: کسی کام کو بار بار کر کے آزمانا۔

رجلٌ مُجرِّبٌ: تجربہ کار آدمی۔

رجلٌ مُجرَّبٌ: آزمایا ہوا آدمی۔

(جَوْرَبَ، تَجَوْرَبَ): (دیکھئے: ج ور ب)

(التَّجْرِبَةُ): تجربہ' سائنس کی اصطلاح میں کسی شے یا صورت کی ایسی جانچ اور مطالعہ کو کہا جاتا ہے۔ جو بڑی باریکی اور خاص نظام کے تحت ہو اور جس سے کوئی انکشاف یا نتیجہ برآمد کیا جائے (مج) (۲) کسی کام کو کر کے دیکھنا تاکہ اس میں کوئی نقص باقی نہ رہے۔ جسے (تجربة المسرحية، تجربة الطبع) (محدثہ) (ج) تجاربُ۔

(الجِرَابُ): توشہ دان (ج) اَجْرِبَةٌ و جُرُبٌ۔ ڈاکٹرز کی اصطلاح میں اس تھیلی کو کہا جاتا ہے جو زیادہ تر Mucous membrance کے ساتھ بن جاتی ہیں (ج) اجربة (مج)

الجِرابیاتُ: دودھ پلانے والے جانور جن میں زیادہ جانور ایسے ہوتے ہیں جن کے ناک موٹے اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں۔

(الجُراب): خالی کشتی۔

(الجَرَبُ): خارش' تھیلی کا مرض (مج) (۲) عیب۔

(الجرباءُ): مؤنث الاجرب (۲) قحط زدہ زمین (۳) آسمان۔

(الجِرِبّانُ): گریبان (مع)

(الجُرُبّانُ): گریبان (۲) تلوار کی میان (۳) تلوار کی دھار۔

(الجُرْبَةُ): کھیت (۲) وہ چمڑہ وغیرہ جو پانی کے کنویں میں جانے سے بچانے کے لئے کنویں کے کنارے پر رکھا جائے۔ (ج) جِرَبٌ۔

(الجِرْبِیاءُ): ٹھنڈی شمالی ہوا۔

(الجَرِیب): کھیت (۲) ایک پیمانہ جو چار قفیز کے مساوی ہوتا ہے (۳) کنکریاں ملی مٹی (ج) اَجْرِبَةٌ و جُرْبَانٌ۔ بیالوجی کی اصطلاح میں اس cover کو کہا جاتا ہے جو دودھ پلانے والے جانور کی بیرونی جلد میں گہرے گڑھے کی شکل میں پایا جاتا ہے جو بال کی جڑ کے اردگرد ہوتا ہے۔

(الجُرَیِّبُ)

(الجَوْرَبُ): (دیکھئے: ج ور ب)

(تَجَرْثَمَ) الرجلُ: آدمی کا سمٹنا اور ایک جگہ لگے رہنا۔ (۲) بلندی سے گرنا۔

الشیءَ: چیز کا سب سے بڑا حصہ لینا۔

(اِجْرَنْثَمَ) القومُ: لوگوں کا جمع ہونا اور ایک جگہ لگے رہنا۔

الرجلُ: بلندی سے گرنا۔

(الجرثومةُ): اصل' جڑ' بنیاد (۲) جس سے کسی چیز کا آغاز ہو (۳) درختوں کے گرد جمع ہونے والی مٹی (۴) چیونٹیوں کا بل (۵) علم الاحیاء میں نبات یا حیوان کا وہ جز جو دوسرے نبات یا حیوان کو جنم دینے کی صلاحیت رکھتا ہو جیسے دانہ' بیضہ' خلیہ (مج)

(جَرَجَتِ) (ن) الابلُ المرعٰی جَرْجًا: اونٹ کا چراگاہ کو چرنا۔

(جَرِجَ) (س) جَرَجًا: بے قرار و مضطرب ہونا۔

— الخاتمُ فی اصبعه: انگوٹھی کا انگلی میں حرکت کرنا۔

— سکینٌ جَرِجُ النصل: ڈھیلے پھل والی چھری۔

— الرجلُ: راستہ کے بیچ میں چلنا۔ ھو جَرِجٌ ھی جَرِجَةٌ۔

— الارضُ: زمین کا سخت ہونا۔

ج

(جَرَّبَه): پریشان کرنا (۲) پھسلانا۔
(الجُرجَةُ): راستہ کا درمیان (۲) سخت زمین (ج) جَرَجٌ۔
(الجُرْجَةُ): چمڑے کا ایک برتن یا تھیلا جس کا منہ تنگ اور نچلا حصہ کشادہ ہوتا ہے اس میں توشہ رکھا جاتا ہے۔ (ج) جُرَجٌ۔
(جَرْجَرَ) البعیرُ: اونٹ کا بلبلانا۔ گھٹی ہوئی آواز نکالنا۔ ھو جَرْجَارٌ و جِرْجِرٌ و جُرَاجِرٌ۔
— الماءُ: پانی کی آواز نکلنا۔
— الشراب فی الحلق: حلق سے پینے کی چیز کی آواز آنا۔
— النارُ: آگ کی آواز نکلنا۔
— الشرابَ: ایسے گھونٹ گھونٹ اور مسلسل پینا کہ آواز آنے لگے۔
— فلانًا الشرابَ: ایسے مسلسل پلانا کہ آواز آنے لگے۔
(الجُرَاجِر): جوف، اندرونی حصہ۔
(ماءٌ جراجر): بہت زیادہ آواز دینے والا پانی۔
(الجُرجار): بجلی کی آواز۔
(الجُرجَرُ): غلہ گاہنے کی مشین۔
(الجِرْجِیْرُ): فصیلہ صلیبیہ کی ایک سبزی۔
(جَرْجَمَ) الطعامَ: سارا کھانا کھالینا۔
— الشرابَ: سارے کا سارا پی لینا۔
— الرجلَ: پچھاڑنا۔
— البیتَ: گرادینا۔
(تَجَرْجَمَ): لازم جَرْجَمَه۔
— الشیءُ: گرجانا۔
فی الاکل والشراب: کھانے پینے میں زیادتی کرنا۔
فی مکانه: اپنی جگہ برقرار رہنا۔
(جَرَحَه) (ف) جَرْحًا: زخمی کرنا ھو و ھی جریحٌ (ج) جَرْحیٰ۔
بلسانه: سب وشتم کرنا، گالی دینا۔
الشاھدَ: گواہی میں خامی نکال کر رد کردینا۔

الشیءَ: کمانا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ }
فلانٌ یجرح لعیالِه: فلاں اپنے عیال کے لئے کماتا ہے۔
(جَرِحَ) (س) جَرَحًا: زخمی ہونا (۲) روایت یا شہادت کا غیر معتبر ہونا۔
(جَرَّحَه): خوب زخمی کرنا (جرّحوه بأنیابٍ واضراس) لعن طعن کرنا۔
(اجْتَرَحَ) الشیءَ: کمانا۔ اس کا اکثر استعمال جرائم میں ہوتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: {أَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ}
(فلانٌ یجترح لعیاله) فلاں اپنے اہل وعیال کے لئے کماتا ہے۔
(اِسْتَجْرَحَ) الشاھدُ: گواہ کا قابل اعتبار نہ ہونا۔ (کثرت هذهِ الاحادیث واستجرحت) ان احادیث میں صحیح اور قابل اعتبار کم ہیں۔
(الجَارِحُ): کمانے والا۔ (فلانٌ جارحُ اَھْلِه)۔
(الجَارِحَةُ): عضو کامل جیسے ہاتھ اور پاؤں وغیرہ۔ (۲) جس جانور کے ذریعہ شکار کیا جائے جیسے درندہ یا پرندہ یا کتا (ج) جوارح۔ قرآن مجید میں ہے { وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُکَلِّبِیْنَ } (۳) جس وجہ سے گواہی پر جرح کی جائے۔
(الجِرَاحَةُ): زخم (۲) سرجری، جسم کو کاٹ تراش کر علاج کرنے کا پیشہ (۳) آپریشن، سرجری (ج) جرائح۔
(الجُرْحُ): زخم (ج) جُرُوح جِرَاح۔
(الجُرْحَةُ): جس کی وجہ سے شہادت کو رد کیا جائے۔
(الجَرَّاح): جراح۔
(جَرَدَه) (ن) جَرْدًا: چھلکا اتارنا۔ چھیلنا۔
— من ثوبه: کپڑے اتارنا، ننگا کرنا۔

— الجلدَ: کھال کے بال اتارنا۔
— الجرادُ الارضَ: ٹڈی کا زمین کی پیداوار کو چٹ کرجانا۔
— القحطُ الارضَ: قحط کا زمین کو چٹیل بنادینا۔
— السیفَ من غمدِه: تلوار سونتنا۔
— القطنَ: روئی کو دھننا۔
— القومَ: لوگوں سے مانگنا تو ان کا منع کردینا یا ناگواری سے دینا۔
— ما فی المخزن او الحانوت: دکان یا گودام میں موجود چیزوں کا شمار کرنا۔ (ع)
(جَرِدَ) (س) جَرَدًا: جسم کا بالوں سے خالی ہونا۔ ھو اَجْرَدُ (ج) جُرْدٌ اہل جنت کی حدیث میں ہے (جُرْدٌ مُرْدٌ متکحلون)
المکانُ: گھاس و پیدوار سے خالی جگہ۔ ھو اجرد و جَرِدٌ و جَرَدٌ و اَرْضٌ جَرِدَةٌ و جَرْداء۔
سماءٌ جَرْداءُ: بے ابر آلود آسمان۔
— شعرُ الفرس: گھوڑے کے بالوں کا چھوٹا اور پتلا ہونا۔ ھو اَجْرُ۔
— الرجلُ: ٹڈیاں کھانے کی وجہ سے جلد پر پھنسیاں نکل آنا۔ ھو جَرِدٌ۔
الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔
— الشھرُ او الیومُ: مہینہ یا دن کا پورا ہونا۔
ھو اَجْرَدُ و جَرِیْدٌ۔
(جُرِدَ): ٹڈیاں کھانے سے پیٹ میں درد اٹھنا۔
— الزرعُ: کھیتی کو ٹڈیاں لگ جانا۔ ھو مجرودٌ۔
ارض مجرودةٌ: زیادہ ٹڈیوں والی جگہ۔
(جَرَّدَه): چھلکا اتارنا۔
— فلانًا الثوبَ و من الثوب: ننگا کرنا۔
— الکتابَ: جلد اکھیڑنا۔
— الجلدَ: کھال سے بال اتارنا۔
— السیفَ من غمدِه: نیام میں سے تلوار نکالنا۔
— القحطُ الارضَ: قحط کا زمین کو چٹیل بنانا۔
(انْجَرَدَ) من ثوبه: ننگا ہونا۔

ج

— الابلُ من اوبارها: اونٹ کے بالوں کا جڑھنا۔
— السُّنبلۃُ: خوشہ کا غلاف سے باہر آنا۔
— الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔
شعر الفرس: گھوڑے کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔
— فی سیرہٖ: تیز چلنا۔
— بہ السیرُ: بہت زیادہ چلنا' دیر تک چلنا۔
— الفرسُ: دوڑ میں گھوڑے کا آگے بڑھ جانا۔
(تَجَرَّدَ) من ثوبہٖ وعنہ: ننگا ہونا۔
— السنبلۃُ: خوشہ کا غلاف سے باہر آنا۔
— للامرِ: کسی کام کے لئے کوشش کرنا۔
— فی سیرہٖ: تیز چلنا۔
— الفرسُ: گھوڑے کا دوڑ میں آگے نکل جانا۔
(الاَجرَدُ) فرسٌ اَجرَدُ: آگے نکل جانے والا گھوڑا۔
لَبَنٌ اَجرَدُ: بے جھاگ دودھ۔
قلب اَجرَدُ: غل وغش سے پاک دل۔
(رُمِیَ فلانٌ علی اجرَدِہٖ): فلاں کی پیٹھ پر تیر مارا گیا۔(ج) اجارِدُ۔
(التَّجرِیدُ): کسی شے کو اس کی صفت یا تعلق سے ذہنی طور پر الگ کر کے اصل پر اعتماد کرنا اور نتیجہ نکالنا۔(مج)
(التجریدیَّۃُ): فنی نکتہ نگاہ سے ایک نیا رجحان جس کی رو سے فنکار اپنے تصور اور فکر کو کسی خاص موضوع کا پابند ہوئے بغیر مختلف رنگوں یا نغموں میں پیش کرتا ہے۔(مج) اسے عام فہم زبان میں تحریری آرٹ کہا جاتا ہے۔(مترجم)
(الجارُودُ) سنۃٌ جارُودٌ: انتہائی خشک سال۔
رَجُلٌ جارُودٌ: منحوس آدمی۔
(الجارُودیۃ): غالی شیعہ فرقہ زیدیہ کا ایک گروہ۔ جو ابو جارود زیاد بن منذر ہمدانی کی طرف منسوب ہے۔
(الجَرادُ): ٹڈی (یہ حشرات مستقیمات الاَجنحہ کی قبیل سے ہے) اس کا واحد جرادۃٌ ہے۔ مذکر و مؤنث کے لئے۔
کہاوت ہے (مَا اَدری ایُّ الجرادِ عارَہ) ایسی چیز کے بارے میں جس کے چلے جانے کی خبر نہ ہو۔
(الجُرادۃُ): جس سے کسی چیز کو چھیلا جائے۔
(الجَرداءُ): مؤنث الاجرد۔
صخرۃٌ جرداءُ: چکنی چٹان۔
نَاقَۃٌ جَرداءُ: زیادہ کھانے والی اونٹنی۔
(الجَرَدُ) من الارضِ: بنجر زمین (ج) اجارد۔
(الجُردَۃُ): پرانی چادر (۲) پرانا گھسا ہوا کپڑا۔
(الجَرّاد): لِصٌّ جَرّادٌ: لوگوں کے کپڑے اتار کر لوٹنے والا (۲) تانبے یا پیتل کے برتنوں پر قلعی کرنے والا۔
(الجَرُودُ): نَاقَۃٌ جَرُودٌ: زیادہ کھانے والی اونٹنی۔
(الجرِیدَۃُ): کھجور کی ٹہنی جس کے پتے اتار لئے گئے ہوں۔(۲) باقی ماندہ مال (۳) گھڑسواروں کا دستہ۔(۴) وہ رجسٹر جس میں فوج کے راشن وغیرہ کا اندراج ہو (۵) اخبار (ج) جرائد (مج)
(المِجرَدُ): روئی دھنکنے کی جگہ۔
(المُجَرَّدُ): وہ چیز جس کا ادراک ذہن سے ہو نہ کہ حواس سے۔(مج)
(جَردَبَ) الطعامَ وعلیہ: سارا کھانا کھالینا (۲) دائیں ہاتھ سے کھانا اور بائیں ہاتھ سے روکنا تاکہ ساتھ کوئی اور نہ کھا لے۔ ھو جَردبانٌ و جُردُبانٌ و جَردَبِیٌّ (مع) کہاوت ہے (لا تجعل شمالك جَردبانًا) حرص کی مذمت میں بیان کی جاتی ہے۔
(الجَردَق): موٹی روٹی (مع)
(الجَردَل): بالٹی' ڈول (ج) جرادِلُ (د)
(جَردَمَ) فلانٌ: جلدی کرنا (۲) زیادہ باتیں کرنا ھو جَردَمٌ۔
— فی الطعامِ: سارا کھانا کھالینا (۲) کھانا کھاتے ہوئے دائیں ہاتھ کو استعمال کرنا اور بائیں کو روک کے رکھنا۔
— السِّتِّیْنَ من السنین: عمر کا ساٹھ سال سے زیادہ ہونا۔
— مافی الاناءِ: برتن میں موجود سارا کھانا کھالینا۔
(الجُردَمُ): سبز سر والی سیاہ ٹڈی۔
(جَرِذَتِ) (ن) القرحۃُ جَرَذًا: زخم کا سوج کر گلٹی بن جانا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی ایڑی کے اوپر ورم ہونا۔
(اَجرَذَہُ) الی الشئِ: کسی چیز کی طرف مجبور کرنا۔
— فلانًا: کسی کو نکالنا اور الگ کرنا کہ وہ دوسرے کی طرف پناہ لے۔
(جَرَّذَ) الشجرۃَ: درخت کی گانٹھیں چھیلنا۔
— الدھرُ: زمانہ کا تجربہ کار بنا دینا۔
(الاَجرَذُ): پاؤں کے انگوٹھوں کو قریب کر کے چلنے والا۔
(الجَرَذُ): جانور کی کونچ' ایڑی کے اوپری حصہ کا ورم۔
(الجُرَذُ): بڑا چوہا (ج) جِرذانٌ۔
(الجَرِذَۃُ): ارضٌ جَرِذَۃٌ: موٹے چوہوں والی زمین۔
(جَرَّتِ) (ن) الماشیۃُ جَرًّا: چوپایہ کا چلتے چلتے چرنا۔
— الحاملُ: حاملہ عورت کے حمل کا وقت سے زیادہ ہونا۔
— ولَدَھَا وبہٖ: اس نے بچہ کو زیادہ دن تک حمل میں رکھا' ھی جَرُورٌ۔
— الشیءَ: کھینچنا' گھسیٹنا' کہاوت ہے (جَرَّ النارَ الی قُرصِہٖ) ایسے شخص کے بارے میں جو خود کو دوسرے پر ترجیح دیتا ہو۔
— الناقۃَ: چرتی ہوئی اونٹنی پر سوار ہونا۔
— الابلَ: اونٹ کو آہستہ ہنکانا۔
— الفصیلَ: دودھ پینے سے روکنے کے لئے اونٹنی کے بچہ کی زبان چیرنا۔
— الخیلُ الارضَ بسنابکھا: گھوڑے کا زمین پر کھروں کے نشان ڈالنا۔

علی نفسه وغیره جریرةً: جرم کا ارتکاب کرنا۔
(اَجَرَّتِ) البئرُ: کنویں کا گہری تلی والا ہونا۔
— البعیرَ: اونٹ کی گردن میں لگام ڈال کر چھوڑ دینا۔
— الفصیلَ: بمعنی جَرَّہ۔
— لسانَه: کلام سے روکنا۔
— فلاناً الرمحَ: کسی کو نیزہ مار کر اس کے اندر چھوڑ دینا۔
(اَجَرَّ الرمحَ بھی کہا جاتا ہے)
— فلاناً اغانیّهٔ: کسی کو ایک نغمہ سنا کر پھر مسلسل نغمے سنانا۔
— فلاناً الدینَ: قرض کو مؤخر کرنا۔
(جَارَّہ): ٹال مٹول کرنا۔ حدیث میں ہے (لا تجارّ اخاك ولا تشارّه)
(جَرَّرہ) وبه: کھینچنا، گھسیٹنا۔
(اِنْجَرَّ): کھنچا، گھسٹنا۔
الماشیةُ: بمعنی جَرَّت۔
(اجتَرَّ) البعیرُ: اونٹ کا جگالی کرنا۔
الشیءُ: کھینچنا۔
(اسْتَجَرَّ) الفصیلُ عن الرضاع: اونٹ کے بچے کے منہ یا جسم کے کسی حصہ پر پھوڑا نکلنے کی وجہ سے دودھ چھوڑ دینا۔
— لفلانٍ: کسی کی پیروی کرنا۔
— الشیءَ: کھینچنا۔
(اَلاَجَرَّانِ): جن و انس کہتے ہیں (جاءَ بجیش الاجرّین)
(الجارّۃُ): پانی پر جانے کا راستہ۔
الابلُ الجارّۃ: کام کرنے والے اونٹ۔ حدیث میں ہے: (لا صَدَقَةَ فِی الابلِ الجارّۃِ) اور کہا جاتا ہے: لا جارّۃَ لِیْ فِی هٰذا اس میں میرا کوئی فائدہ نہیں کہ دلچسپی ہو۔
(الجارُوْرُ): سیلاب سے پیدا ہونے والی نہر یا نالہ۔
(الجِرارۃُ): کمہار کا پیشہ۔

(جِرّ): کتے کو ڈانٹنے کا لفظ (اسے قدیم مصری استعمال کرتے تھے)
(الجَرُّ): هلمَّ جَرًّا: اسی پر دوسروں کو قیاس کر لیجئے۔ کسی کام کے تسلسل اور ارتباط کو بتانے کے لئے آتا ہے جیسے (کانَ عاماً اوّل کذا و کذا هَلُمَّ جَرًّا) (نیز دیکھئے: هَلُمَّ)
(۲) ہل میں باندھی جانے والی رسی (۳) زمین کا گڑھا۔
(۴) نحاۃ کی اصطلاح میں اعراب کی ایک قسم، جر۔
(الجَرّاءُ): (فَعل ذلك من جَرّائك ومن جَرّاك) وہ کام اس نے تمہاری وجہ سے کیا ہے۔
(الجَرّارُ): عسکرٌ جَرّارٌ: بہت بڑا لشکر (۲) کمہار (۳) ٹریکٹر (ج) جَرّارات (محدثہ)
(الجَرّارۃُ): مؤنث الجرّار (۲) زرد رنگ کا انتہائی خطرناک بچھو۔
(الجَرّۃُ): مٹی کا برتن (ج) جَرٌّ و جِرارٌ (۲) لکڑی کا ایک آلہ جس سے ہرن کو شکار کیا جاتا ہے۔ کہاوت ہے (ناوص الجَرّۃ ثمّ سَالمها) اس شخص کے بارے میں جو کسی معاملہ کے بارے میں پریشان ہو اور پھر مطمئن ہو جائے۔ (۳) اونٹ کی جگالی۔
(الجِرّۃُ): خانہ بدوش لوگ (۲) اونٹ کے منہ کا وہ لقمہ جسے وہ چارہ ملنے تک چباتا رہتا ہے۔
(۳) کھر اور سم والے جانور کا معدہ
(۴) اونٹ کی جگالی۔ کہا جاتا ہے (هو لا یکظم علی جِرّته) اس شخص کے بارے میں جو اپنا راز نہ چھپا سکے (ج) جِرَرٌ۔
(الجُرّۃُ): ہرن کا شکار کرنے کے لئے لکڑی کا پھندہ (۲) بیج ڈالنے کا سوراخ دار برتن (ج) جُرٌّ۔
(الجَرُوْرُ) من الدواب: سرکش جانور۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے: (اَنّه شَهِدَ فتح مکة و معه فرس جرورٌ وجَمَلٌ جرورٌ)۔

من الرکایا والآبار: گہرا کنواں (ج) جُرُرٌ۔
(الجَرِیرُ): جانور کھینچنے کی رسی (ج) اَجِرّۃٌ و جُرّانٌ۔
(الجَرِیرۃُ): گناہ، جرم، خباثت۔ کہاوت ہے (فی الجریرة تشترك العشیرة) تعاون اور ہمدردی پر اکسانے کے لئے کہا جاتا ہے۔
فعلت ذلك من جریرتك: میں نے یہ تیرے لئے کیا ہے۔
(المِجَرّ): شہتیر کے سروں کو روکنے کے لئے چھت کے نیچے لکڑی یا دیوار کا حصہ۔
(المَجَرّۃُ): کہکشاں۔
(جَرَزَ) (ن) جَرْزًا: جلدی جلدی کھانا۔
— الشیءَ: کاٹنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
— الشجرةَ: درخت کاٹنا یا اکھیڑنا۔
— العدوّ: دشمن کو ختم کرنا۔
— الجرادُ الارضَ: ٹڈی کا زمین کو نبات سے خالی کر دینا۔
جَرَزَهم الزمانُ: زمانے نے انکو ہلاک کر دیا۔
— فلاناً: چھیڑ کر غصہ چڑھانا۔
— فلاناً بالشتم: گالی دینا۔
(جَرِزَتِ) (س) الارضُ جَرَزًا: زمین کا بنجر ہونا۔ (۲) زمین کا گھاس چری ہوئی ہونا۔
(جَرُزَ) (ک) جَرازۃً: زیادہ کھانے والا ہونا (۲) تیز کھانے والا ہونا۔ هو و هی جَرُوْزٌ۔
(اَجْرَزَتِ) الارضُ: زمین کا بنجر ہونا۔
— القومُ: بنجر زمین میں واقع ہونا (۲) قحط زدہ ہونا۔
الناقةُ: کمزور ہونا۔
(جَارَزَہ): ناز یا مذاق کرنا۔
(تَجَارَزَا): ایک دوسرے کو قول و فعل کے ذریعہ زک کرنا۔
(الجارِزُ) امرأۃٌ جارزٌ: بانجھ عورت۔
سُعالٌ جارزٌ: سخت کھانسی۔
(الجارِزۃُ): مؤنث الجارز۔
ارضٌ جارزۃٌ: سخت اور خشک زمین جس کے

اردگرد ریت ہو۔(ج) جوارزُ۔
(الجُرَازُ) من السیوف: تیز تلوار۔
من الابل: زیادہ کھانے والا اونٹ۔
(الجَرَزُ): قحط کا سال۔
من الانسان: انسان کا سینہ یا بیچ کا حصہ (ج) آجْرَازٌ۔
طوی اجرازہ: ست پڑ جانا۔
(الجُرْزُ): اونٹ کے بالوں یا بکریوں کی کھال کا بنا ہوا زنانہ لباس (۲) موٹی پوستین (ج) جروزٌ۔
(الجُرُزُ): بنجر زمین۔ قرآن مجید میں ہے: {اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَی الْاَرْضِ الْجُرُزِ} (۲) لوہے کا ستون۔ کھمبا۔ (ج) اجرازٌ۔
سنۃٌ جُرُزٌ: قحط زدہ سال۔
(الجُرُزُ): بمعنی الجُرُزُ (ج) جَرَزَۃٌ۔
(الجُرْزَۃُ): ایک فعل جرز (یعنی ایک مرتبہ کا کاٹنا یا اکھیڑنا) کہا جاتا ہے (لَنْ ترضی شانئۃ الاَبِجُرْزَۃٍ) وہ شدت بغض اور حسد کی وجہ سے اسے تباہ کئے بغیر مان ہی نہیں سکتی۔
(الجُرْزَۃُ): گٹھا بنڈل۔
(المِجْرَازُ) مفازۃٌ مجرازٌ: بے آب و گیاہ جنگل۔
(جَرَسَ) (ض) الطائرُ جَرْسًا: پرندہ کا آواز نکالنا۔
الکلامَ: ترنم سے بات کرنا۔
البقرۃ والدّھا: گائے کا اپنے بچہ کو چاٹنا۔
النحلُ نَورَ الشجرۃِ: شہد کی مکھی کا پودے کی کلیوں کو چاٹنا۔
الثورُ البقرۃَ: بیل کا گائے کو سینگ چبھانا۔
(اَجْرَسَ): آواز نکالنا۔
الحادی: شتربان کا حدی کی آواز نکالنا۔
الطائرُ: پرندہ کی آواز کا سنائی دینا۔
الجرسَ وبہ: گھنٹی کو حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
(جَرَّسَ) بالقومِ: لوگوں کی باتیں اڑانا اور بدنام کرنا۔

الدھرُ فلانًا: تجربہ کار ہونا۔ حدیث عمرؓ میں ہے۔ ان سے حضرت طلحہؓ نے کہا (قد جرستك الدھورُ) ھو مُجَرَّسٌ ھی مجرسۃٌ۔
الامور وجرّستہ: اسے معاملات کا تجربہ ہو گیا۔
نَاقۃٌ مُجَرَّسۃٌ: سدھائی ہوئی اونٹنی۔
(تَجَرَّسَ) بشیءٍ: کسی چیز کو ترنم اور نغمہ سرائی سے ادا کرنا۔
(الجارُوس): بہت زیادہ کھانے والا۔
(الجَرْسُ): آواز یا ہلکی آواز۔ حدیث میں ہے (اَقبل القوم یَدِبُّوْنَ و یُخْفُوْنَ الجَرْسَ)
جرس الحرفِ: نغمہ کہتے ہیں (سمعتُ جرسَ الطیرِ) میں نے پرندہ کے چونچ مارنے کی آواز سنی (ج) جُرُوْسٌ۔
(الجُرْسُ): بمعنی اَلْجَرْسُ۔
(الجَرَسُ): حرکت یا آواز (۲) گھنٹی۔ (ج) اجراسٌ۔
(الجُرسۃُ): غیر انسانی حرکت کی مذمت اور اس کا اعلان۔
(الجَرِسۃُ): ارضٌ جَرِسَۃٌ: وہ زمین جس کی مٹی کھودتے یا پلٹتے ہوئے آواز نکلتی ہو۔
(جَرَشَہ) (ض) جَرْشًا: چھیلنا (۲) کھجانا۔
الجلدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے رگڑنا۔
راسَہ بالمشطِ: سر میں کنگھا کر کے اس کی میل نکالنا۔
الشیءَ: ہلکا کوٹنا ھو مجروشٌ وجَرِیْشٌ
(جَرَّشَ) راسَہ بالمشط: بمعنی جَرَشَہ۔
(اجترَشَ) لعیالہ: مال کمانا۔
الشیءَ: اچکنا۔
(الجُراشۃ): وہ چیز جو کھجلانے سے گرے۔
(الجَرش): وہ آواز جو کسی کرکری چیز کو کھانے سے پیدا ہو (ج) اجراشٌ وجروشٌ۔
(الجِرِشّی): نفس (کریم الجرشّی) شریف النفس۔

(الجَرِیْشُ): دلیا اور (رجلٌ جریشٌ) پختہ دل آدمی۔
(جَرِیشام): قانونٗ جریشام ایک سیاسی اقتصادی قانون جس کی رو سے خراب سکے اچھے سکوں کا چلنا موقوف کر دیتے ہیں۔(مج)
(جَرَضَہ) (ض ن) جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔
فلانٌ بِرِیقِہٖ جَرْضًا: لعاب نگلنا۔
(جَرِضَ) (س) بِرِیقِہٖ جَرَضًا: غصہ یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا۔ (۲) حلق میں کوئی چیز اٹکنا۔
— عَلَیَّ ریقَہ: اس نے مجھ پر غصہ کی وجہ سے تھوک نگلا۔
— بنفسہٖ: ہلاک ہونے کے قریب ہونا۔ ھو جریضٌ (ج) جَرْضَی۔
(اَجْرَضَہ) بریقہ: تھوک نگلنا۔
(الجَرائِض): (دیکھئے ج راض)
(الجُراضُ): بڑا اونٹ۔
— من النوق: اپنے بچہ پر مہربان اونٹنی۔
(الجَرِیض): اچھو (۲) غصہ سے موت کے قریب ہو جانے والا۔ کہاوت ہے (حال الجریضُ دون القریض) خوشی میں غم حائل ہو گیا۔ ایسے موقع پر جب کسی کام میں کوئی رکاوٹ ہو۔ (۳) بہت زیادہ غمگین (ج) جَرْضَی۔
(جَرَعَ) (ف) الماءَ و نحوَہ جَرْعًا: پانی کا گھونٹ بھرنا۔
(جَرِعَ) (س) الحبلُ جَرَعًا: رسی کے ایک بل کا نمایاں ہونا۔ ھو جَرِعٌ۔
— الماءَ و نحوَہ: پانی کا گھونٹ بھرنا۔
— الغیظَ: غصہ پی جانا۔
(اَجْرَعَ) الحبلَ والوترَ: رسی یا تانت کے ایک بل کو موٹا اور نمایاں کرنا۔
(جَرَّعہ) الماءَ: پانی گھونٹ گھونٹ کر کے پلانا۔
غصص الغیظ: اس کو بار بار غصہ دلایا لیکن اس نے غصہ پی لیا۔
(اجترع) الماءَ: گھونٹ بھرنا (۲) کسی چیز کو برا

سمجھتے ہوئے تھوڑا تھوڑا پینا۔
قرآن مجید میں ہے: { يَتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ}۔
غصص الغيظ: غصہ پینا۔
(الاجرع): ایسی زمین جو ریتلے میدان کے مشابہ ہو (ج) اجارع۔
(الجرعاء): بمعنی الاجرع (ج) جرعاوات۔
(الجُرْعَةُ): ایک گھونٹ (۲) الاجرع (ج) جِرَاعٌ۔
(الجَرْعَةُ): بمعنی اَلْاَجْرَعُ (ج) جَرَعٌ۔
(الجُرْعَةُ) من الماء: پانی کی وہ مقدار جو منہ کو بھردے (ج) جُرَعٌ۔
(جَرَفَ) (ن ف) الانسانُ جَرْفًا: زیادہ کھانا۔
— الشيءَ: کل یا اکثر کو ختم کر دینا۔
— السيلُ الوادي: سیلاب نے وادی کے کناروں کو ختم کر دیا۔
— الدهرُ القومَ: زمانہ نے لوگوں کو ہلاک کر دیا۔
— الطينَ: مٹی اڑانا۔
— البعيرَ: اونٹ کے جسم پر داغ لگانا۔
(أَجْرَفَ) المكانُ: کسی جگہ زبردست سیلاب آنا۔
— الرجلُ: اونٹوں کو گھنی گھاس میں چرانا۔
(جَرَّفه): بمعنی جَرَفَه۔
(اجترفه): بمعنی جرفه۔
(تجرّفه): بمعنی جرفه۔
(انْجَرَفَ): کل کا کل ختم ہو جانا۔
(الجَارُوفُ): بھنگیوں اور صفائی کرنے والوں کا کھر چنے کا پنجر۔ (مو)
(الجُرافُ): صفایا کرنے والی چیز جیسے (سيلٌ جُرافٌ وموتٌ جرافٌ)
رجلٌ جُرافٌ: زیادہ کھانے والا آدمی۔
(الجَرْفُ): بہت زیادہ مال مویشی۔
(۲) گھنی گھاس۔
(الجُرُفُ): وادی کا وہ حصہ جسے نیچے سے پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو۔ (ج) اَجْرَافٌ وجِرَفَةٌ۔
(الجُرُفُ): بمعنی الجُرْف قرآن مجید میں ہے: { اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ}
(ج) اَجْرَافٌ وجُرُوفٌ۔
(الجَرْفَةُ): اونٹ کے جسم کا داغ۔
(المِجْرَفُ): کدال، بیلچہ، پھاوڑا۔
بنانٌ مُجْرَفٌ: زیادہ کھانا لینے والا (ج) مجارِفُ۔
(المِجْرَفَةُ): بمعنی المِجرفُ (ج) مجارف۔
(جَرَمَ) (ض) جَرْمًا: گناہ کرنا، جرم کرنا۔
نفسَه و قومَه و عليهم واليهم: خود کو یا اپنی قوم کو اپنے جرم سے نقصان پہنچانا۔
— فلانٌ لاهله: مال کمانا۔
الرجلَ: جرم کرانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى}
— الشيءَ: کاٹنا۔
— النَّخلَ و نحوَه جَرْما وجِرَامًا: پھل توڑنا۔
— التّمرَ: کھجوریں توڑنا۔
(جَرُمَ) (ک) جَرَامَةً: بڑے جرم والا ہونا۔
(جَرِمَ) (س) لونُه جَرَمًا: رنگ کا صاف ہونا۔
(أَجْرَمَ): جرم کا مرتکب ہونا۔
— عليهم واليهم: کسی کے خلاف جرم کرنا۔
— النخلُ والتمرُ: کھجور توڑنے کا وقت ہو جانا۔
— الرجلَ: جرم کروانا۔
— (جَرَّمَ) السّنةَ: سال پورا کرنا۔
(اِجْتَرَمَ) لاهله: کمانا۔
— الشيءَ: کاٹنا۔
— الذنبَ: گناہ کا مرتکب ہونا۔
(تَجَرَّمَ): پورا ہونا، گزر جانا جیسے (تَجَرَّمَتِ السنةُ. تَجَرَّمَتِ الليلُ)
— عليه: کسی کو مجرم ٹھہرانا۔
(جَرَمَ) لاجَرَمَ: یقینی طور پر، ضرور۔ جیسے لَاجَرَمَ لَاٰتِيَنَّكَ (میں ضرور تیرے پاس آؤں گا)۔
(الجَرَامُ): گٹھلی (۲) خشک کھجور۔
(الجِرَامُ): گرام۔ کیلوگرام کا ہزارواں حصہ۔
(الجُرَامَةُ): گری پڑی کھجور (۲) ٹہنی پر چھوڑی ہوئی کھجوریں (۲) توڑی ہوئی خراب کھجوریں۔
(الجِرْمُ): جسم (ج) أجرام و جُرُومٌ و جُرُمٌ۔
جِرْمُ الصَّوتِ: آواز کی بلندی۔
(الجُرْمُ): گناہ (ج) اجرامٌ و جُرُومٌ۔
(الجَرِمَةُ): بمعنی الجُرْمُ۔
(الجَرِمَةُ): توڑی ہوئی گدر کھجور (۲) کھجور توڑنے والے لوگ۔
(الجَرِيمُ): توڑی ہوئی کھجور (۲) خشک کھجور (۳) جس سے گٹھلیوں کو کوٹا جائے (۴) بڑے جسم والا (۵) گٹھلی۔
(الجَرِيمَةُ): ہر وہ فعل منفی ہو یا مثبت جس پر قانونی طور سے سزا دی جائے (۲) جرم گناہ (ج) جرائمُ۔
من الرّجال: کمانے والا۔ (فلانٌ جَرِيمَة اهلِه)
(جَرْمَزَ): سکڑنا، ایک جگہ سمٹنا۔
— عن الجواب: جواب نہ دینا، فرار کی راہ پکڑنا۔
(اجرَمَّزَ): بمعنی جَرْمَزَ۔
— العامُ: بارش کا درمیان سال میں ہونا، شروع میں نہ ہونا۔
(تجرمز): جمع ہونا، اکٹھے ہونا۔
— الليلُ: رات گزرنا۔
— عليهم: گر پڑنا۔
(الجراميزُ) جراميز الانسان: انسان کے اعضاء بدن (مجمع جراميزه) کودنے کے لئے بدن سمیٹنا۔ حضرت عمرؓ کی حدیث ہے (انّهُ كَانَ

یجمع جرامیزہ ویثب علی الفَرَس)
رَمَی الارضَ بجرامیزہ و اَرْوَاقہ: خود کو زمین پر ڈالنا۔
ضمّ فلانٌ الیہ جرامیزہ: لباس کو سمیٹ کر چلنا۔
اخذ الشیءَ بجرامیزہ: کسی چیز کو سارے کا سارا لے لینا۔
جمع لہ جرامیزہ: تیار ہونا اور جانے کا ارادہ کرنا۔
(الجُرْموزُ): باغیچہ یا میدان میں بنا ہوا حوض جس سے پانی بہتا ہو (ج) جرامیز۔
(۲) گڑھا (۳) چھوٹا گھر (۴) بھیڑیئے کا نر بچہ۔
(الجُرْمُقانیُّ): اس کا واحد "جرامقۃ" ہے۔ عجم کے وہ لوگ جو اسلام کے شروع میں موصل میں آباد ہوئے۔
(الجُرْمُوقُ): بڑے موزہ کے اوپر پہنا جانے والا چھوٹا موزہ (مع)
(جَرَنَ) (ن) جُرُوْنًا: کسی کام کا عادی اور مشتاق ہونا۔ (جَرَنَتْ یدُہ علی العمل و جرنت الدابۃ)
— الثوبُ والدّرعُ والادیمُ: کپڑے زرہ اور چمڑے کا بوسیدہ ہونا اور گل جانا۔
ھو جَارِنٌ (ج) جوارِنُ، وھو جرین۔
— الکتابُ: لکھے ہوئے کا مٹنا۔
— الحبَّ: بیج کو اچھی طرح پیسنا۔
ھو مجرونٌ وجَرِینٌ۔
(اَجْرَنَ) الحبَّ والتمر: غلہ اور کھجور کو کھلیان میں رکھنا۔
(جَرَّنَ) السّوطَ: کوڑے کو نرم اور چکنا کرنا۔
(اجْتَرَنَ): کھلیان بنانا۔
(الجارِنُ): مٹے ہوئے نشانات والا راستہ (سانپ کا بچہ)۔
— من المتاعِ: پرانا اور استعمال کردہ سامان۔
(الجِرانُ): اونٹ وغیرہ کی گردن کا اندرونی حصہ (ج) اَجْرِنَۃٌ وجُرُنٌ۔

کہا جاتا ہے (القی فلانٌ علی ھذا الامرِ جرانَہ) فلاں نے اس کام پر قابو پالیا۔
(ضرب الاسلام بجرانہ) اسلام ثابت اور مضبوط ہو گیا۔ حدیث عائشہؓ میں ہے (حتّٰی ضرب الحق بجرانہ)
القی علیہ جرانَہ: اپنا بوجھ کسی پر ڈالنا۔
(الجُرْنُ): وہ جگہ جہاں غلہ اکٹھا کیا جائے، کھلیان (۲) پھلوں کو خشک کرنے کی جگہ (ج) اَجْرَانٌ۔
(الجَرِینُ): بمعنی الجُرْنُ (ج) اَجرنۃ و جُرُنٌ۔
(المِجْرَنُ): بمعنی الجُرُنُ: زیادہ کھانے والا آدمی۔
سَفَرٌ مِجْرَنٌ: دور دراز کا سفر۔
(اَجْرَتِ) الشجرۃُ: درخت پر کلیاں نکلنا۔
السبعۃُ والکلبۃُ: کتیا یا کسی جانور کا بچوں والا ہونا۔
(الجُرْوُ): ابتداءً نکلا ہوا پھل (۲) خم دار پھل جیسے ککڑی وغیرہ (۳) کتے، شیر یا کسی بھی درندہ کا پلّا۔ (ج) جِرَاءٌ واَجْرٍ واَجْرَاءٌ۔
(الجِرْوَۃُ): مؤنث الجِرو (۲) چھوٹے قد والی اونٹنی۔
ضَرَبَ لذلک الامرِ جِرْوَتَہ او جروۃ نفسہ: خود کو اس امر پر قابو کرنے والا بنا لیا۔
ضربتُ جروتی عنہ او علیہ: میں نے صبر کر لیا یا برداشت کر لیا۔
(جَرَی) (ض) الفرسُ و نحوہ جَرْیًا و جراءً: دوڑنا۔
السفینۃُ والشمسُ والنجومُ: کشتی، سورج اور ستاروں کا چلنا۔ کہاوت ہے (جریُ المذکّیات غِلابٌ) اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جس کی اس کے ہم عصر افراد پر فوقیت بیان کی جائے۔
— الماءُ و نحوہ جَرْیًا و جَرَیَانًا و جَرِیَّۃً: پانی کا تیز بہنا، کہاوت ہے (جَرَی الوادی فَطَمَّ علی القَرِیِّ) برائی کے حد سے تجاوز کرنے کے

وقت بولا جاتا ہے۔
— الی کذا: ارادہ کرنا اور جلدی کرنا۔
— لہ الشیءُ جَرْیًا: باقی رہنا، دائم رہنا۔ کہتے ہیں (جَرَی فلانٌ مَجْرَی فلانٍ) فلاں فلاں کی طرح ہے۔
(اَجْرَی) الماءَ: پانی بہانا۔
— السفینۃَ: کشتی چلانا۔
— فلانًا فی حاجتہ: کسی کام کے لئے بھیجنا۔
— علیہ کذا: کسی چیز پر ہمیشگی اختیار کرنا۔
(جَارَاہُ): مجاراۃً وجِرَاءً: کسی کے ساتھ چلنا۔ کہا جاتا ہے (جاراہ فی الحدیث) بات چیت میں مقابلہ کرنا۔
(جَرَّاہُ): کسی کو وکیل بنانا۔
(تَجَارَوْا) فی الحدیث: مناظرہ کرنا۔
— فی اھوائھم: خواہشات میں ایک دوسرے کا ہم نوا ہونا۔
(اسْتَجْرَاہُ): وکیل بنانا (۲) دوڑانا۔
(الاِجْرِیّا): رخ، جہت (۲) عادت کہا جاتا ہے (الکرم من اجریّاہ) سخاوت اس کی فطرت ہے (۳) دوڑ (ج) اجاریّ کہا جاتا ہے (فَرَسٌ ذو اَجَارِیّ) اس گھوڑے کو دوڑ کے بہت سے فن آتے ہیں۔
(الاجریّاءُ): بمعنی الاجریّا۔
(الاِجْرِیَّۃُ): عادت و مزاج۔
(الجاری): الثمن الجاری: علم اقتصاد کے مطابق خرید و فروخت کا وہ آزادانہ بھاؤ جو مقابلہ میں متعین ہو۔ (ترکی رسم الخط کی ایک قسم جو کہ خط نسخ، دیوانی اور نستعلیق سے لیا گیا)
الحساب الجاری: کھلا حساب، کرنٹ اکاؤنٹ (مع)
(الجاریۃُ): باندی (۲) لڑکی (۳) سورج (۴) کشتی جیسے قرآن مجید میں ہے: {حَمَلْنَاکُمْ فِی الْجَارِیَۃِ}
(۵) ہوا (ج) جَوَارٍ۔
(الجَرَی): بچپن (جاریۃٌ بینۃ الجَرَی)

(الجَرَاءُ): فعلت ذلك من جرائك ومن جَرَاك۔ میں نے یہ تیرے لئے کیا ہے۔

(الجَرَايةُ): بچپن، کہا جاتا ہے (جَارِيَةٌ بيّنةُ الجَرَايَة) (۲) وکالت۔

(الجِرَايَةُ): وکالت (۲) وظیفہ، راشن (ج) جَرَايات۔

الجرايات والمقنّنات: راشن (مج)

(بطَاقاتُ الجرايات): (علم اقتصاد کے مطابق) راشن کارڈ (مج)

(الجِرِيَّاءُ): عادت وطبیعت۔

(الجَرِيُّ): وکیل (واحد جمع اور مؤنث اس میں برابر ہیں) (۲) قاصد۔ امّ اسماعیلؑ کی حدیث میں ہے (فَأَرْسَلُوا جَرِيًّا) (۳) مزدور (۴) ضامن (ج) اجرياء۔

(المجرى): من النّهر: بہنے کی جگہ (۲) (فی الشعر) حروف روی کی حرکت۔

(۳) (فی النحو) کلمہ کے آخر کے احوال واحکامات اور وہ صورتیں جنہیں کلمہ اختیار کرتا ہے (ج) مجار۔

(الجِرْيَالُ): لال گوند۔ (مع)

ج .... ز

(جَزَأتِ) (ف) الابلُ جَزْءًا و جُزُوءًا: اونٹوں کا بغیر پانی کے تر چارہ پر اکتفا کرنا۔

— بالشئ: قناعت کرنا، اکتفا کرنا۔

الشیءَ جَزْءًا: مختلف اجزاء میں تقسیم کرنا۔ (۲) باندھنا۔

— الشّعر: شعر کے دو جز حذف کرنا۔

(أَجْزَأَ) القومُ: لوگوں کا اپنے اونٹوں کو بغیر پانی کے تر چارے پر اکتفا کروانا۔

— المرأةُ: عورت کا بچیاں جننا۔ هي مُجزِئةٌ و مُجزِئٌ۔

— المرعى: چراگاہ کا گھنا اور سرسبز ہونا۔

— عنه مُجْزَأُ فلان و مُجزأته: کسی کا دوسرے کا نفع پہنچانا۔ حدیث سہلؓ میں ہے: (مَا أَجزَأَ مِنّا اليومَ أحدٌ كما أجزأ فلانٌ)

— الشيءُ فلانًا: کسی چیز کا کافی ہونا۔ هو مُجزِئٌ کہا جاتا ہے (أجرٌ مُجزِئٌ) کافی اور قناعت کرنے والا بدلہ۔

اجزأ الابلَ: اونٹوں کو پانی کے بغیر چارے اور گھاس پر کفایت کروانا۔

— السِّكّين: چھری میں دستہ لگانا۔

— من الشيء جزأ: ایک جز یا حصہ لینا۔

— الخاتم فی اصبعه: انگوٹھی کو انگلی میں داخل کرنا۔

(جَزّأه): اجزاء میں تقسیم کرنا۔

— الابلَ: بمعنی أجزأها۔

الشعرَ: نظم کے دو جز حذف کردینا۔

السكّين: چھری میں دستہ لگانا۔

(اِجْتَزَأَ) به: کافی ہونا۔

(تَجزّأ) به: کافی ہونا۔

الإبلَ: بمعنی أجزأها۔

(الجَازِئُ): کافی (هٰذا رَجُلٌ جازئك مِنْ رَجُلٍ) یہ آدمی تمہارے لئے ایک آدمی کے بجائے کافی ہے۔

(الجازئةُ) من النّخل: کھجور کا وہ درخت جسے پانی کی ضرورت نہ ہو (ج) جَوَازِئُ۔

(التّجزِئَةُ): خوردہ۔

اثمانُ التجزئة: خوردہ قیمتیں جن پر عام لوگ اشیاء خریدتے ہیں۔

(الجَزْءُ): کفایت۔ جیسے (مَا لِفُلَانٍ جَزْءٌ) فلاں کے لئے کافی نہیں۔

(الجُزْءُ): ٹکڑا (۲) جز (۳) حصہ (ج) اجزاءٌ۔

الجزءُ الذی لا یتجزأ: متکلمین کے نزدیک وہ جوہر جو کسی تقسیم کو قبول نہیں کرتا نہ خارج کے اعتبار سے نہ وہم کے اعتبار سے اور نہ عقلی طور پر فرض کیا جاسکتا ہے۔ تمام اجسام اس کے افراد کے ایک دوسرے کے ساتھ ملنے کی وجہ سے مرکب ہوتے ہیں۔

الجزءُ العُشریّ: علم ریاضی کے مطابق وہ جزء کسری جو عشری کسر کی شکل پر رکھا جائے۔ (مج)

(الجُزْأةُ): دم کی جڑ (۲) چھری کا دستہ (۳) وہ لکڑی جس کے ذریعہ انگور کی بیل اوپر چڑھائی جاتی ہے (ج) جُزَأٌ۔

(الجُزْئيُّ): جزئی منسوب ہے جزئی کی طرف۔

الجزئی الحقیقیّ: جس کا تصور اس میں وقوع شرکت سے مانع ہو جیسے محمد اور علی۔

الجزئی الاضافی: وہ ہے جو اپنے سے زیادہ عام کے تحت مندرج ہو۔ جیسے انسان، نسبت کرتے ہوئے حیوان کی طرف۔

(الجُزئيّةُ): حرکت جزئیہ۔ (۲) جزئیت یعنی جزئی ہونا۔

(جزحتِ) (ف) الظِّبَاءُ جَزْحًا: ہرن کا اپنی پناہ گاہ میں داخل ہونا۔

— فلانٌ: اپنے کام کے لئے جانا اور انتظار نہ کرنا۔

— لَه: قیمتی عطیہ دینا (۲) کسی سے مشورہ کئے بغیر دینا۔

— الشجرةَ: پتے جھاڑنے کے لئے درخت کو ہلانا۔

(جَزَرَ) (ن) الماءُ عن الارضِ جزرًا: پانی کا خشک ہونا، پیچھے ہٹنا۔

— البحرُ والنهر: دریا یا سمندر کے پانی کا پیچھے ہٹنا۔

— الشيءَ: کاٹنا۔

— الجَزُورَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔ هو جازرٌ و جَزّارٌ و جزّيرٌ۔

العسلَ شہد نکالنا۔

— النّخل: جزرًا و جزارًا: کھجور کو کاٹنا،

(أَجْزَرَ) البعيرُ: اونٹ کو ذبح کرنے کا وقت آنا۔

— النخلُ: کھجور اتارنے کا وقت قریب ہونا۔

— الشيخُ: بوڑھے کا قریب المرگ ہونا۔

— فلانًا: کسی کو قابل ذبح بکری دینا۔

حدیث میں ہے (بَعَثَ بَعْثًا فمرّوا باعرابيّ له غنمٌ فقالوا أَجْزِرْنَا)

(أجزرَه جزورًا): کسی کو ذبح کرنے کے لئے

اونٹ دینا۔

(اجْتَزَرَ) الجزورَ: اونٹ ذبح کرنا۔

— القومَ جزورًا: لوگوں کے لئے اونٹ ذبح کرنا۔

(انْجَزَرَ) البحرُ والنهرُ: سمندر اور دریا کا پانی اترنا۔

(الجِزارةُ): قصاب کا پیشہ۔

(الجُزارةُ): اونٹ کے تین حصے (ہاتھ پیر، سری) جنہیں قصاب بطور اجرت کے لے لیتا ہے۔ حدیث میں ہے (لا اعطی منها شیئًا فی جُزارتِها)۔

فرسٌ ضخم الجُزارة: موٹے اور زیادہ پٹھوں والے ہاتھ پاؤں کا حامل گھوڑا۔

(الجَزْرُ): ذبح (۲) جزر، عمل جاذبیت کے ذریعہ سمندر کے پانی کا اتار (مج)

(الجِزرُ): گاجر۔

(الجَزَرُ): گاجر (۲) قابل ذبح بکری۔

(۳) وہ زمین جہاں سے پانی ہٹ جاتا ہو۔

جَزَر السباع: وہ گوشت جسے درندہ کھاتا ہے۔ کہا جاتا ہے (ترکوهم جزرًا للسباع والطیر) انہوں نے پرندوں اور درندوں کے کھانے کے ٹکڑے چھوڑ دیئے۔

(الجَزُورُ): قابل ذبح اونٹ (لفظ مؤنث ہے) کہا جاتا ہے (هذهِ جزورٌ سمینةٌ) (ج) جَزائر و جُزُرٌ۔

(الجَزِیرةُ): مذبح، ذبح خانہ (ج)

اَلمَجْزَرُ: جزیرہ وہ زمین جس کے اردگرد پانی ہو (ج) جزائر و جزورٌ۔

مجازِرُ: حدیث عمرؓ میں ہے (اتقوا هذه المجازرَ فانَّ لها ضراوةً کضراوة الخمر)۔

(المَجْزَرةُ): ذبح خانہ (ج) مَجازِرُ۔

(جَزَّ) (ض ن) النخلُ و نحوُه جَزًّا: کھجور اتارنے کا وقت قریب آنا۔

— النخلةَ جَزًّا و جِزازًا: کھجور اتارنا۔

— الصوفَ و نحوه جَزًّا: اون وغیرہ کو کترنا۔

— التمرُ - جُزوزًا: کھجور کا خشک ہونا۔

(اَجَزَّ) النخلُ و نحوُه: بمعنی جَزَّ۔

— القومُ: لوگوں کے بکریوں کی اون اتارنے کا وقت ہونا۔

— التمرُ: کھجور خشک ہونا۔

— فلانًا: کسی کے لئے بکری کی اون مقرر کرنا۔

(اِجْتَزَّ) الصُّوفَ و نحوَہ: اون وغیرہ کترنا۔

(استجزَّ) التمرُ والصوفُ: کھجور اتارنے اور اون کاٹنے کا وقت ہونا۔

(الجازّةُ) القوة الجازّةُ: علم ریاضی میں وہ طاقت جو متحد طاقتوں کے ایک تناسب سے کسی چھڑی کے سرے پر اثر انداز ہونے کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔ (مج)

(الجَزازُ): فصل کی کٹائی یا اترائی کا وقت (۲) کٹی ہوئی کھیتی۔

(الجُزازُ) من کل شیءٍ: کترن، تراشہ، ٹکڑا (۴) جو کسی چیز سے بچ جائے اور توڑتے وقت گرے۔

(الجُزازةُ): بمعنی الجُزازُ۔

الجُزازُ: کٹی ہوئی اون۔

(الجَزّةُ): بکری کی ایک سال کی اون (ج) جِزَزٌ و جزائِر کہاوت ہے (ربَّ جِزَّةٍ علی شاةٍ سوءٍ) بخیل مالدار کے لئے کہا جاتا ہے۔

(الجَزُوزُ): بکرے یا بکری کی کاٹی ہوئی اون۔ (ج) جُزُزٌ۔

(الجزوزة) من الغنم: اتری ہوئی بکری کی اون۔ (ج) جزائز۔

(المِجَزُّ): کترنے کا آلہ (ج) مجازّ۔

(جَزَعَ) (ف) الشیءَ جزعًا: کترنا، کاٹنا۔

الحبلَ: رسّی کو درمیان سے کاٹنا۔

الوادی: وادی کو عرض میں چل کر طے کرنا۔

لہ من مالہ جُزْعَةً: کسی کو اپنے مال میں سے حصہ دینا۔

(جَزِعَ) (س) جَزَعًا و جُزُوعًا: کسی آفت و مصیبت پر بے صبری کرنا۔ هو جَزِعٌ و جازعٌ و جَزُوعٌ و جُزاعٌ کہاوت ہے (مَن جَزِعَ الیومَ من الشرّ ظلم) ایسے وقت میں کہا جاتا ہے جب کوئی کام ٹھیک ہونے کے بعد خراب ہو گیا ہو۔ یعنی آج کوئی ایسا شر نہیں جس سے گھبرایا جائے۔

(اَجْزَعَه): بے صبر بنا دینا۔

(جَزَّعَ) البسرُ و الرطبُ و غیرُهما: کھجوروں کا نیم پختہ ہونا۔

الحوضُ: حوض میں ذرا سا پانی رہ جانا۔

النّوی: گٹھلیوں کو ایک دوسرے سے رگڑنا تاکہ رگڑنے کی جگہ سفید ہو جائے اور دوسرا حصہ اپنے رنگ پر باقی رہے۔

فلانًا: کسی کی گھبراہٹ دور کرنا۔

(اجتزَعَه): کاٹنا (۳) ٹکڑے کرنا۔

(انْجَزَعَ): درمیان سے منقطع ہونا۔

— الحبلُ: رسّی کا درمیان سے کاٹنا۔

— العصا: لاٹھی کا درمیان سے ٹوٹنا۔

(تَجَزَّعَ) الشیءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

البُسْرُ والرطب و غیرهما: کھجور کا نیم پختہ ہونا۔

— السهمُ والسیفُ و نحوهما: تلوار اور تیر کا ٹوٹ جانا۔

— القومُ: کسی چیز کو تقسیم کرنا۔ حدیث میں ہے (فتفرّقَ الناس الی غُنیمةٍ فتجزّعُوها)

(الجازِعُ): وہ لکڑی جس پر کوئی چیز رکھنے کے لئے اسے دو چیزوں کے درمیان عرض پر رکھا جائے۔

(الجُزَاعُ): کَلأٌ جُزَاعٌ: چوپایوں کو ہلاک کرنے والی گھاس۔

(الجَزْعُ): عقیق کی ایک قسم جس پر مختلف رنگوں کی دھاریاں بنی ہوتی ہیں اور وہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ (۲) وادی کا موڑ اور درمیان (ج) اجزاعٌ۔

(الجُزْعُ): انجن کا دھرا جس پر پہیہ گھومتا ہے۔ (مج)

(الجُزْعَةُ): تھوڑی سی چیز (ج) جُزَعٌ۔

(الجزعَةُ): تھوڑی سی چیز (۲) رات کا ایک حصہ (۳) درختوں کا جھرمٹ (ج) جِزَعٌ۔
(المجزّع): جس میں سیاہ وسفید رنگ ہو۔
(المجزَّعُ): جس میں سیاہ وسفید رنگ جمع ہوں۔
من اللحم: سرخ وسفید گوشت۔
من اوتاد العود: سارنگی کے وہ تار جن کے کچھ حصے باریک اور کچھ موٹے ہوں۔
(جَزَفَ) (ض ن) له فی الکیل و نحوه جَزْفًا: پیمانہ سے زیادہ دینا۔
(جَازَفَ): کسی چیز کو اندازہ سے بیچنا۔
— بنفسه: خطرہ میں کود پڑنا۔
— فی کلامِه: بغیر سوچے سمجھے بے تکی بات کرنا۔
(اِجْتَزَفَ): اندازہ سے خریدنا۔
(الجُزَاف): وہ چیز جس کا وزن اور پیمانہ معلوم نہ ہو۔
(الجُزَافة): بمعنی الجُزَاف۔
(الجُزْفَةُ): کسی چیز کا ٹکڑا جیسے (جِزْفَةٌ مِنَ النَّعَمِ وجِذْفَةٌ مِن الشعرِ)۔
(جَزَلَهُ) جَزْلًا: کاٹنا۔ حدیث خالد بن ولید میں ہے (لما انتهی الی العزّٰی لیقطعها فجزلها باثنتین)
— له من مالِه جَزْلَةً: تھوڑا سا مال دینا۔
— القتبُ غارب البعیر: پالان کا اونٹ کی پیٹھ پر زخم پیدا کرنا۔
(جَزِلَ) (ض) البعیرُ جَزَلًا: اونٹ کا زخمی پیٹھ والا ہونا (جَزِلَ غاربُه) هو اجزلُ وهی جزلاءُ (ج) جُزْلٌ۔
— الرایُ: رائے کا خراب ہونا۔ هو جَزِلٌ۔
(جَزُلَ) (ک) جَزَالَةً: بڑا ہونا۔
— اللفظُ: لفظ کا مستحکم ہونا۔
— فلانٌ: صاحب الرائے، مضبوط اور مستحکم ہونا۔ جیسے (جَزُلَ رایُهُ) هو جزلٌ و جَزِیلٌ۔
(اَجْزَلَهُ): بمعنی جَزَلَه۔
— له و العطاءَ وفیه و منه: بخشش کا زیادہ اور وافر ہونا۔

(اِسْتَجْزَلَه): صاحب رائے پانا، کسی شے کو بڑا سمجھنا، کلام کو فصیح بنانا۔
(الجَزَالُ): کھجور کا پھل اتارنے کا وقت۔
(الجزلُ): ہر چیز سے بڑا (۲) خشک اور بڑی لکڑیاں۔ حدیث میں ہے (اَجمعوا له حطبًا جَزْلًا (۳) بہت دینے والا سخی۔
— من الکلام: فصیح اور جامع کلام۔ (ج) جِزَالٌ۔
(الجُزْلَةُ): ٹکڑا (۲) دودھ کا مشکیزہ (ج) جِزَالٌ۔
(الجِزْلَةُ): ٹکڑا (ج) جِزَلٌ۔
حدیث دجال میں ہے (یضرب جلًا بالسیف فیقطعه جزلتین)
(جَزَمَ) (ض) جزمًا: شکم سیر ہو کر ایک دفعہ کھانا (۲) دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔
— علیه: خاموش رہنا (۲) پختہ ارادہ کرنا۔
— عنه: بزدل اور عاجز ہونا۔
— الشیءَ: کاٹنا۔
— الامرَ: تہیہ کرنا۔
— الیمینَ: پختہ قسم کھانا۔
— علیه بکذا: لازم کرنا۔
— النخلَ: کھجور کے پھل کا اندازہ لگانا۔
— الکلمةَ: کلمہ کے آخری حرف کو ساکن کرنا۔
(جَزَّمَ) علیه وعنه: بمعنی جَزَمَ۔
(اِجْتَزَمَ) النخلَ: کھجور کا پھل خریدنا۔
— الشیءَ: کاٹنا۔
— جزمةً من المال: تھوڑا سا مال لینا۔
(اِنْجَزَمَ): لازم جزم۔
(الجَزَامُ): کھجور کا پھل اتارنے کا وقت۔
(الجزمُ): علم نحو کے مطابق حرف کا سکون یا حذف (۲) خط عربی کی پہلی صورت۔
(الجزم): کھجور وغیرہ کا حصہ۔
(الجَزْمة): ایک وقت کا کھانا۔
(الجُزْمةُ): ٹکڑا۔
— من الماشیة: دس یا اس سے کم چوپاؤں کا گلہ۔ (ج) جِزَمٌ۔

(الجزمِیّةُ): فلاسفہ کا ایک عقیدہ کہ عقل کو یقین تک پہنچنے پر قدرت حاصل ہے۔ نیز بطور طنز ایسے لوگوں کو بھی کہا جاتا ہے جو کسی تحقیق کے بغیر اعتماد و یقین قائم کر لیتے ہیں۔
(جَزٰی) (ض) الشیءُ جزاءً: کافی ہونا، فائدہ دینا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا}
— مجزی فلان و مجزاته: قائم مقام ہونا۔
— فلانًا بکذا و علیه: کافی ہونا۔
کہاوت ہے (انما یجزی الفتی لیس الجمل) یعنی عقل مند کام آتا ہے بیوقوف نہیں۔
کہا جاتا ہے (جَزَاهُ عنه)۔
— فلانًا حقَّه: حق ادا کرنا۔
(اَجْزٰی) عنه: کافی ہونا۔
عنه مجزی فلانٍ و مجزاته: قائم مقام ہونا۔
(جَازَاه): بدلہ وثواب دینا (۲) سزا دینا۔
(اجتَزَاه): بدلہ طلب کرنا۔
(تَجَازٰی) الدَّیْنَ: قرض وصول کرنا۔ هو متجازٍ۔ حدیث میں ہے (ان رجلًا کان یداین الناس وکان له کاتبٌ و مُجازٍ)۔
(الجازی): کافی۔ جیسے هذا رجلٌ جازیك من رجل۔ یہ آدمی تجھے دوسرے آدمی سے کافی ہے۔
(الجازِیةُ): ثواب (۲) سزا (ج) جَوَازٍ۔
(الجَزَاءُ): بدلہ، سزا، کہاوت ہے (جزاءُ سِنِمّار) اس شخص کے بارے میں جو اچھائی کا بدلہ برائی کے ساتھ دے۔
(الجزیة): جزیہ، ٹیکس، زمین کا خراج (۲) وہ ٹیکس جو ذمیوں سے لیا جاتا ہے۔
قرآن مجید میں ہے: {حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ}۔ (ج) جِزًی و جِزیٌ و جِزاءٌ۔

ج .... س

(جَسَأَ) (ف) جَسْئًا و جُسُوءً وجُسَاَةً:

خشک ہونا (۲) ٹھوس اور سخت ہونا (۳) کھردرا ہونا۔

النبتُ: پودا خشک ہوگیا۔

جسأت یدُہ من العمل: کام کی وجہ سے ہاتھوں کا سخت اور کھردرا ہونا۔

— الماءُ و نحوہ: پانی وغیرہ کا جم جانا۔

— الشیخُ: انتہائی بوڑھا ہونا۔ ھو جَاسِئٌ۔

(الجاسِئُ) جسمٌ جاسِئٌ: علم ریاضی کے مطابق ایسا جسم کہ کسی بھی مؤثر طاقت کی بنا پر اس کے اجزاء کے درمیان کا فاصلہ نہ بدلے۔ (مج)

(الجسوءُ الْبَسِیْطُ): علم ریاضی کے مطابق سرکنے یا اپنی جگہ سے ہلنے کی لچک (مج)

(الجاسیاءُ): ٹھوس پن، موٹاپا۔

(جَسَدَہٗ) (ن) جَسْدًا: کسی کے جسم پر مارنا۔

(جَسِدَ) (س) الدمُ جَسَدًا: خون خشک ہونا۔

— بہ: خون چپک جانا۔ ھو جَسِدٌ و جاسِدٌ و جسِیْدٌ۔

(اَجْسَدَ) الثوبَ و نحوہ: کپڑے وغیرہ کو زعفران یا تیز زرد یا تیز سرخ رنگ میں رنگنا۔

ھو مُجْسَدٌ (ج) مَجَاسِدُ حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ میں ہے۔ (إنّ امراتہ لیس علیھا اثر المجاسد)

(جَسَّدَ) الثوبَ و نحوہ: بمعنی اَجْسَدَہٗ۔

(تَجَسَّدَ): لازم جَسَّدَہٗ۔

(الجِسادُ): خشک جما ہوا خون (۲) زعفران۔ مہندی وغیرہ (۳) ہر تیز زرد یا تیز سرخ رنگ۔

(الجُسادُ): پیٹ یا جسم کا درد۔

(الجَسَدُ): جسم، قرآن مجید میں ہے: {فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ}

(۲) پیٹ یا جسم کا درد (ج) اَجْسَادٌ۔

(المِجْسَدُ): جسم سے ملا ہوا کپڑا۔

(ج) مَجَاسِدُ۔

(المُجَسَّدُ): صوتٌ مُجَسَّدٌ: نغمات کے ساتھ پیدا کی جانے والی آواز۔

(جَسَرَ) (ن) جُسُوْرًا و جَسَارَةً: بہادر ہونا (۲) ہمت و جرأت سے کام لینا۔ ھو جَسْرٌ و جَسُوْرٌ (ج) جُسْرٌ، ھی جَسُوْرٌ و جَسُوْرَةٌ (ج) جُسُرٌ و جَسَائِرُ۔

— القومُ: پل باندھنا۔

— فُلانٌ علی الشیءِ: اقدام کرنا۔

— الرِّکابُ المفازةَ: جنگل بیابان کو پار کرنا۔

(جَسَّرَہٗ): بہادر بنانا۔

(اجتسَرَتِ) الرِّکابُ المفازةَ: قافلہ کا سنسان جنگل کو پار کرنا۔ کہا جاتا ہے (اجتسرتِ السفینةُ البحرَ)

(تَجَاسَرَ) ہمت و جرأت سے کام لینا (۲) غرور سے سر اونچا کر کے چلنا۔

— علیہ: جرأت کر کے آگے بڑھنا۔

— لہٗ بالعصا و نحوھا: کسی کو لاٹھی دکھانا۔

(الجِسْرُ): پل (۲) نہر کا کنارہ (۳) دو زمینوں کے درمیان حد فاصل (مج)

(ج) اَجْسُرٌ و جُسُوْرٌ۔

(الجَسْرُ): جسم کا موٹا عضو۔

(الجَسْرَةُ): مؤنث الجسر۔

جاریةٌ جَسْرَةُ السواعد: گٹھے ہوئے بازوؤں والی لڑکی۔

(جَسَّ) (ن) الارضَ جَسًّا: زمین کو روندنا۔

— الخبرَ: تحقیق کرنا، سراغ لگانا۔

— الشیءَ بیدہٖ: چھونا۔

— الشخصَ بعینہٖ: کسی کو گھور کر دیکھنا تاکہ اس کو پہچان لے۔

(اجتسَّہٗ) بیدہٖ: ہاتھ سے چھونا۔

— الابلُ الکلأَ: اونٹ کا گھاس میں منہ مارنا۔

(تَجَسَّسَ) الخبرَ: تحقیق کرنا، سراغ لگانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَا تَجَسَّسُوْا}۔

— فلانًا و منہ: کسی کی ٹوہ میں رہنا۔

(الجَاسَّةُ): حواسِ خمسہ کا ایک حاسہ (ج) جواسٌّ۔

(الجاسُوس): جو خبریں لانے کے لئے ٹوہ میں رہے۔ (ج) جواسیس۔

(الجسّاس): بہت زیادہ سراغ لگانے والا (۲) شیر۔

(الجسیسُ): بمعنی الجاسوس۔

(المَجَسُّ): ٹوہ لگانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔

(فلانٌ ضیق المجسّ) وہ بڑا تنگدل ہے۔

(ج) مَجَاسُّ کہاوت ہے: (افواھُھَا مجاسُّھا) ایسے وقت بولا جاتا ہے جب اشیاء کے ظاہر سے ان کے باطن کا پتہ لگایا جائے۔ اس میں ھا ضمیر الابل کی طرف راجع ہے کیونکہ جب وہ پیٹ بھر کر چارہ کھا لیتے ہیں تو دیکھنے والے کو محض دیکھنے سے موٹے پن کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔

(المِجَسُّ): جانچ پڑتال کا آلہ (ج) مجاسّ۔

(المَجَسَّةُ): بمعنی المِجَسُّ (ج) مجاسٌّ۔

(المِجَسَّةُ): بمعنی المِجَسُّ (ج) مجاسٌّ۔

(جَسُمَ) (ک) جَسَامَةً: بڑے جسم والا ہونا ھو جسیمٌ (ج) جِسَامٌ۔

(جَسَّمَ) الشیءَ: جسم والا بنانا۔

(تَجَسَّمَ) لازم جَسَّمَہٗ۔

الشیءُ فی العین: کسی شے کا تصور میں آنا۔

الشیءَ: بھاری اور بڑی چیز پر سوار ہونا۔

(۲) بھاری اور بڑی چیز کا ارادہ کرنا (۳) بھاری اور بڑی چیز اختیار کرنا۔

(الجُسَامُ): جسامت والا ھی جُسَامَةٌ۔

(الجِسْمُ): بدن، جسم (۲) ہر وہ چیز جس کے لئے لمبائی، چوڑائی، گہرائی ہو۔ (۳) انسان، حیوان اور نبات کا قابل ادراک فرد۔ (۴) فلاسفہ کے نزدیک ہر وہ مادی جوہر جو کسی چیز میں ہو اور اس میں ثقل و امتداد پایا جائے یہ روح کا مقابل ہے اور جرجانی نے اس کی تعریف یوں کی ہے کہ وہ ایسا جوہر ہے جو ابعاد ثلاثہ (طول، عرض، عمق) کو قبول کرتا ہو (ج) اجسامٌ و جُسومٌ۔

(۵) علم ریاضی میں اجسام طافیہ ایسے اجسام ہیں کہ اگر ان کو کسی سیال شے میں آزاد چھوڑ دیا جائے

تو اس کی سطح پر تیرنے لگیں گے اور وہ اجسام جو مکمل طور پر چکنے ہوتے ہیں۔ وہ اجسام ہیں جن کے مابین ٹکراؤ کی طاقت مفقود ہو جائے۔ ان کا رد عمل عمودی شکل میں ظاہر ہوتا ہے (ج)۔

(الجُسُمُ): بڑے امور (۲) عقل مند لوگ اس کا واحد جسیم ہے جیسے رغیف اور رغف۔

(الجِسمان): جسم (۲) شخص۔

(الجسمانيّ): جسم والا۔

رجلٌ جسمانيٌّ: قوی الجثہ آدمی۔

(الجسميّ): بمعنی الجسمانيّ۔

(الجسيمُ): جسامت والا (۲) وہ ٹیلہ جس پر پانی ہو۔ (ج) جِسامٌ۔

(المُجَسَّمُ): ہر وہ چیز جس میں طول، عرض، عمق پایا جائے۔ ٹھوس، مکعب و مربع۔

راسُ المُجَسَّم: ریاضی کے مطابق ہرم کی چوٹی کا نمونہ یعنی وہ نقطہ جس پر تین یا زیادہ کنارے ملتے ہوں۔ (مج)

(الجُسّان): دف بجانے والے۔ اس کا واحد جاسِنٌ ہے۔

(الجُسنَةُ): ایک گول مچھلی۔

(جَسَا) (ن) جَسْوًا و جُسُوًّا: خشک ہونا (۲) ٹھوس اور سخت ہونا (۳) کھردرا ہونا۔

الماءُ: پانی کا جم جانا۔

الشيخُ: انتہائی بوڑھا ہونا۔

(جَسِيَ) (س) جُسُوًّا و جَسًّا: جَسَا۔

(جَاسَاه): دشمنی رکھنا۔

(الجاسياءُ): (دیکھئے: ج س ا)

ج .... ش

(جَشَأَتْ) (ف) نَفسُه جُشُوءًا و جَشأً و جُشاءً: قے آنے کو ہونا (۲) غم یا خوف سے دل گھبرانا۔

— البلادُ باهلها: شہر نے باشندوں کو باہر نکال دیا۔

— البحرُ بامواجها: سمندر نے موجوں کو باہر پھینک دیا۔

الرياضُ بريّاها: باغیچوں کی خوشبو پھیل گئی۔

— الليالي بظلماتها: راتوں کی تاریکیاں بڑھ گئیں۔

— المعدةُ: امتلاء کی وجہ سے ڈکار آنا۔

— الغنمُ و نحوها: بکری وغیرہ کا حلق سے آواز نکالنا۔

— الارضُ: زمین کا بہت سے پودے اگانا۔

— البحرُ: سمندر کا ہیجان میں آنا۔

— الليلُ: رات کا تاریک ہونا۔

— الوحشُ: تمام جنگلی جانوروں کا ایک ساتھ نکلنا۔

— العدوُّ: دشمن کا تیار ہو کر آنا۔

— القومُ: لوگوں کا ایک شہر سے دوسرے میں جانا۔

— على نفسه: تنگی میں پڑنا۔

— عن الطّعام: بدہضمی ہونا اور کھانا ناگوار گزرنا۔

— علينا النِّعَمُ: نعمتوں کا اچانک مل جانا۔

(جَشَّأَتِ) المعدةُ: امتلاء کی وجہ سے ڈکار آنا۔

— الرجُلُ: ڈکار آنا۔

(اجتَشَأَته) البلادُ: ملک موافق نہ آنا (اجتَشَأَ البلادُ)

(تَجَشَّأَتِ) المعدةُ: امتلاء کی وجہ سے ڈکار آنا۔

— الرجلُ: ڈکار آنا۔ کہاوت ہے (تَجَشَّأَ لقمانُ مِنْ غيرِ شِبَعٍ) ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی جھوٹی خوبیاں بیان کرے۔

— الفجرُ: طلوع فجر کے وقت ہوا چلنا۔

(الجَشْءُ): زیادہ کثیر (۲) ہلکی کمان۔ (ج) اَجْشَاءٌ۔

(الجُشَاءُ): ڈکار۔

— من البحر: سمندر کا جوش۔

— من الليل: رات کی تاریکی۔

(الجُشَأَةُ): ڈکار (۲) فجر کے وقت کی ہوا۔

(الجُشَأَةُ): ڈکار (۲) بہت غم والا۔

(جَشَبَ) (ن ف) جَشْبًا: سخت اور کھردرا ہونا۔

— الطعامُ: کھانے کا بدمزہ ہونا۔

هو جَشْبٌ و مِجشابٌ۔

— الحَبَّ: غلہ کو موٹا پیسنا۔

— شَبَابَه: جوانی کو ختم کرنا۔

(جَشِبَ) (س) الشيءُ و الطعامُ جَشَبا: کھانے کا بدمزہ ہونا۔

— الرجُلُ: موٹی غذا والا ہونا۔ حدیث میں ہے۔ (اَنَّهٗ ﷺ كَانَ يَاكُلُ الجَشِبَ مِنَ الطعامِ)

(جَشُبَ) (ک) جُشُوبَةً و جَشَابَةً: بمعنی جَشِبَ۔

— الكلامُ: روکھا کلام کرنا هو جشيبٌ۔

(الجَشُوبُ) من النساء: اکھڑ اور تند مزاج عورت۔

(المجشابُ): موٹا بدن۔

(المِجشبُ): موٹے جسم والا بہادر آدمی۔

(المُجَشَّبُ): معمولی زندگی والا آدمی۔

(جَشَرَ) (ن) الصّبحُ جُشُورًا: صبح طلوع ہونا۔

— الدوابُّ جَشْرًا: چوپایوں کا چراگاہ میں ٹھہرنا۔

— عن اهله: رنڈوا ہو جانا۔

— الدّوابَّ: جانوروں کو چراگاہ لے جانا (۲) جانوروں کو گھر کے قریب چرانا۔

— الشيءَ: چھوڑ دینا۔

(جَشِرَ) (س) الإناءُ جَشَرًا: برتن کا میلا ہونا۔ هو جَشِرٌ۔

— الساحلُ جَشَرًا و جَشَارَةً: ساحل کی مٹی کا سوکھ کر پتھر کی طرح سخت ہو جانا۔

— الرجلُ و البعيرُ: آدمی اور اونٹ کو خشک کھانسی ہونا اور آواز موٹی اور خراب ہونا۔ جَشِرَ صوتُه هو اَجشَرُ هي جَشْرَاءُ (ج) جُشْرٌ۔

(جُشِرَ): خشک کھانسی ہونا۔ هو مجشورٌ۔

(جَشَرَ ہ): چھوڑ دینا۔
— الاناءَ: برتن خالی کرنا۔
— الدوابَّ: بمعنی جشر ھا۔
(تَجَشَّرَ): مطاوع جشر مویشیوں کا چراگاہ میں جانا۔
بطنُه: پیٹ پھولنا۔
(اَلْجَاشِرُ): آزاد جانور جہاں چاہے جائے۔
(الجاشِرِیّة): دن کا نصف (۲) سحری کا وقت (۳) صبح کا پینا۔
(الجُشَارُ): کھانسی (۲) آواز کا موٹا پن۔
(الجَشْرُ): وہ کھردرا پتھر جو سمندر میں کنکریوں اور سیپیوں سے مل کر بنے۔
(الجَشَرُ): بمعنی الجشر (۲) وہ مویشی جو چراگاہ میں چرتے رہیں اور مالک کے پاس واپس نہ آئیں۔
(۳) وہ لوگ جو رات اونٹوں کی چراگاہ میں گزاریں اور گھر واپس نہ ہوں۔گھٹیا درجے کے لوگ۔موسم بہار کی سبزی۔گندم کا اندرونی چھلکا۔
الجُشرة بمعنی الجشار : زکام۔ الجشار۔ ان جانوروں کا مالک جو چراگاہ میں چرتے رہیں اور واپس نہ آئیں۔
(الجشیرُ): بڑا پیالہ (۲) بڑا بوریا۔(ج) اَجْشِرَةٌ و جُشُرٌ۔
(المِجْشَرُ): وہ حوض جس کا پانی گندگی کی وجہ سے استعمال نہ کیا جاتا ہو(ج) مَجَاشِرُ۔
(جَشَّ) (ن) القومُ جَشًّا: لوگوں کا اجتماعی طور پر بھاگنا۔
— الحبَّ: غلہ کو موٹا کوٹنا۔ ھو مجشوشٌ و جشیشٌ۔
— الحیوانَ و غیرھا بالعصا: جانور وغیرہ کو لاٹھی سے مارنا۔
— الباکی دمعَهٗ: آنسو نکالنا۔
— المکانَ: جگہ کی صفائی کرنا اور جھاڑ و دینا۔
— البئرَ: کنویں سے کیچڑ نکالنا۔
(جَشَّ) (س) الصَّوْتُ جَشَشًا و جُشَّةً: آواز بیٹھ جانا۔
— الرجلُ و غیرُہ: آواز بیٹھ جانا۔
ھو اَجَشُّ ھی جَشَّاء (ج) جُشٌّ۔
(اَجَشَّتِ) الارضُ: زمین کی نبات کا گھنا ہونا۔
— الحبَّ: غلہ کو موٹا پیسنا۔
(اجتَشَّتِ) الارضُ: زمین کی گھاس کا گھنا ہونا۔
(الجَشَشُ): موٹی اور بیٹھی ہوئی آواز۔
(الجَشُّ): پتھریلی جگہ۔
من الشيءِ: کسی چیز کا درمیان۔
(الجُشُّ): پتھریلی جگہ (۲) رات کا ایک حصہ (ج) جشاشٌ۔
(الجَشَّاءُ): کنکریلی نرم زمین جو کھجور اگانے کے لائق ہو۔(۲) تلی۔حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ہے (مَا اکل الجَشّاء من شھوتھا ولکن لیعلم اھل بیتی انھا حلالٌ)۔
(الجَشَّةُ): الجُشَّان: لوگوں کی ایک جماعت جو ایک ساتھ کسی جگہ سے بہتر جگہ جائے۔
(الجُشَّةُ): الجَشَّةُ (۲) آواز کی سختی (۳) ناک سے نکلنے والی بھدی آواز۔
(الجَشِیْشَةُ): وہ دلیا جس میں گوشت یا کھجور کو پکایا جائے۔ حدیث میں ہے (اَنّہٗ ﷺ اولَمَ علی بعض ازواجہ بجشیشةٍ)
(المجشُّ): دلیا بنانے کی چکی وغیرہ (ج) مجاشُ۔
(المِجَشَّةُ): دلیا بنانے کی چکی (ج) مَجَاشُّ۔
(جَشِعَ) (س) جَشَعًا: انتہائی حریص ہونا (۲) محبوب چیز کی جدائی پر گھبرانا۔ حدیث ابن خصاصیہ میں ہے (اخاف اذا حضر قتال جَشعت نفسی فکرھت الموت) ھو جَشِعٌ (ج) جَشَاعَی وجشعاء وجِشَاعٌ۔
(تَجَاشَعُوا) الشيءَ: کسی چیز پر ٹوٹ پڑنا اور لوٹنا۔
(تَجَشَّعَ): کسی چیز کی بہت زیادہ حرص کرنا۔
(الجَشِعُ): وہ بخیل آدمی جو مال حرص کی بنا پر جمع کرتا ہو اور خرچ نہ کرتا ہو۔(۲) شیر۔
(جَشِمَ) (س) جَشَمًا: موٹا ہونا (۲) بوجھل ہونا۔
ھو جَشِمٌ و جَشِیمٌ۔
الامرَ جَشْمًا و جَشَامَةً: کام کو مشقت کے ساتھ کرنا۔ھو جَاشِمٌ و جَشُوْمٌ۔
(اَجْشَمَه) اَمْرًا: کسی کام کا پابند بنانا۔
(جَشَّمَه) اَمْرًا: کسی کام کا پابند بنانا۔
(تَجَشَّمَ) الامرَ: کسی کام کی ادائیگی میں تکلیف اٹھانا۔
— الارضَ: جانا۔
— فلانًا من بین القومِ: کسی کے طریقہ پر چلنا (۲) کسی کو منتخب کرنا۔
(الجُشَمُ): بوجھ (۲) خراب سکے (ج) جُشُوْمٌ۔
(الجُشَمُ): بوجھ (القی علیه جُشَمَه) (۲) سینہ اور پسلیاں وغیرہ۔
(جَشِنَ) (س) جَشَنًا: موٹا اور گاڑھا ہونا ھو جَشِنٌ۔
(الجُشْنَةُ): ایک قسم کے چھوٹے پرندے۔

ج .... ص

(جَصَّ) (ض) من الرباط جَصًّا و جَصِیصًا: سخت بندھے ہوئے ہونے کی وجہ سے کراہنا۔
(جَصَّصَ) الجروَ: پلے کا آنکھیں کھول کے ان کو حرکت دینا۔
— النبتُ والتَّمْرُ و الزھرُ: پودے یا کھجور کی کونپلیں نکلنا۔
— البناءَ: عمارت کو چونہ کا پلاسٹر کرنا۔
— الاناءَ: برتن کو بھرنا۔
(الجِصُّ): چونا (مع)
(الجَصَّاصُ): چونا بنانے والا (۲) چونا بیچنے والا۔
(الجَصَّاصَةُ): چونا بنانے کی جگہ۔
(الجصیصةُ): فصیلہ قرنفلیہ کا ایک پودا۔(آواز

شوروغل)

ج..........ض

(جَضَّ)(ن)فلانٌ جَضًّا: اترا کر چلنا۔
— علیه بکذا: کسی شے سے حملہ کرنا۔
(جَضْجَضَ): تیز دوڑنا۔
— علیه: حملہ کرنا۔
(الجِيَضِّى): اتراہٹ کی چال۔

ج..........ع

(جَعَبَ) (ف ض) الجُعْبَةَ جَعْبًا: ترکش بنانا۔
— الشيءَ: جمع کرنا(۲) پلٹ دینا۔
— فلانًا: پچھاڑنا۔
(جَعَّبَ)الجُعْبَةَ: ترکش بنانا۔
فلانًا: پچھاڑنا۔
(انْجَعَبَ): پلٹ جانا' پچھڑنا۔
(تَجَعَّبَ): پلٹ جانا' پچھڑنا۔
(الجِعَابَةُ): ترکش بنانے کا پیشہ۔
(الجُعْبَةُ): ترکش(ج)جعابٌ۔
(الجَعَّابُ): ترکش بنانے والا (۲) ترکش بیچنے والا۔
(اليَجْعَبُ): جو ہمیشہ پچھاڑتا ہو اور خود کبھی مغلوب نہ ہوتا ہو۔
(الجُعْبُوبُ): پست قد اور بھدا(۲) وہ کمزور جس میں کوئی خیر نہ ہو(ج)جعابیبُ۔
(جَعْبَرَهُ): پچھاڑنا۔
(الجَعْبَرُ): پستہ قد(۲) ایسا موٹا اور چھوٹا پیالہ جس کی تراش نامکمل ہو(ج)جعابرُ۔
(الجَعْبَرِيُّ): پستہ قد' گھٹا ہوا' بھدا آدمی۔
(تَجَعْثَنَ): سکڑنا اور سمٹنا۔
(الجِعْثِنُ): پودے یا درخت کی جڑ (ج) جعاثِنُ۔
(الجِعْثِنَةُ): جعثن کا واحد۔
— من الرجال: بزدل اور بھاری آدمی (ج) جعاثن۔
(جَعْجَعَ) الجملُ: اونٹ کی آواز کا زور سے نکلنا۔
الرحی: چکی کا آواز نکالنا۔ کہاوت ہے (اسمع جعجعةً ولا اری طحنًا) ایسے آدمی کے بارے میں جو باتیں تو بہت کرے لیکن کام نہ کرے۔ھو جعجاعٌ۔
فی المکانِ: غیر مطمئن بیٹھنا۔
بِهِ: پریشان کرنا (۲) آوارہ بنانا (۳) قید کرنا' روکنا(۳) تنگ اور کھردری جگہ بٹھانا۔
الابلَ و بِها: اونٹ کو بٹھانے' اٹھانے یا روکنے کے لئے حرکت دینا۔
الجزورَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔
(تَجَعْجَعَ): لازم جعجعه(۲) رنج یا تکلیف کی وجہ سے زمین پر گرنا۔
(الجَعْجاعُ): تنگ' سخت اور کھردری جگہ۔
(۲) قید خانہ' جیل (۳) ایسی بری جگہ جہاں رہنے والے کو چین نہ آئے۔ (قحط زدہ زمین)
من الارضِ: میدان جنگ۔
(الجَعْجَعُ): تنگ' سخت اور کھردری جگہ(۲) نشیبی جگہ۔
(جَعُدَ) (ک) الشَّعرُ و غیرُہ جُعُودَةً و جَعَادَةً: بالوں کا گھونگھریالا ہونا' مڑنا' سکڑنا (۲) بالوں کا چھوٹا ہونا، کہا جاتا ہے: (جَعُدَ الخَدُّ جعُد الثری جَعد الزبَدُ) ھو جعدٌ (ج) جِعادٌ۔
(جَعَّدَ)الشَّعرَ وغیرہ: بالوں کو اکٹھا کرنا۔
حیْسٌ مجعَّدٌ۔ گاڑھا حیس دیکھئے حیس۔
(تَجَعَّدَ)الشعرُ وغیرُہ: بمعنی جَعُدَ۔
(الجُعادةُ)ابو جعادة: بھیڑیے کی کنیت۔
(الجَعْدُ) وجهٌ جَعْدٌ: گول اور کم گوشت والا چہرہ۔
بعیرٌ جَعْدٌ: زیادہ اور گتھی ہوئی اون والا اونٹ۔
رجلٌ جَعْدٌ: بخیل اور کمینہ آدمی۔ کہا جاتا ہے (فلانٌ جعدُ الیدین و جعدُ الانامل)۔
رجلٌ جَعْدُ القفا: کمینی ذات کا آدمی۔
(الجَعْدَةُ): فصیلہ شفویہ کی ایک سبزی۔
ابو جَعْدَةَ: بھیڑیے کی کنیت۔
(جَعَرَ)(ف) جَعْرًا: خشک مزاج ہونا۔
ھو مجعارٌ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: (اِنِّی مجعارُ البطن)۔
— السَّبُعُ و کل ذی مخلب من السباع: درندہ وغیرہ کا پاخانہ کرنا۔
(تَجَعَّرَ): کمر پر جعار باندھنا۔ دیکھئے الجعار
(الجاعرةُ): دبر(۲) ہر پنجے والے درندہ کا پاخانہ (۳) جانور کی سرین کا وہ حصہ جہاں تک دم پہنچتی ہے۔وھما جاعرتان۔
(جَعَارِ): بجو کا نام' امِ جعار: بجو کی کنیت ہے۔
(الجِعارُ): ایک رسّی جس کو کنویں میں اترنے والا اپنی کمر پر باندھتا ہے جس کا دوسرا سرا کسی آدمی کے ہاتھ میں ہوتا ہے یا بندھا ہوتا ہے تاکہ وہ کنویں میں نہ گر جائے۔ (۲) جانور کے کولہوں پر لگایا جانے والا داغ۔
(الجَعْرُ): وہ پاخانہ جو دبر میں خشک ہو جائے۔
(۲) ہر پنجے والے درندے کا پاخانہ (ج) جُعُورٌ۔
(الجَعْرَاءُ): دبر۔
(الجُعَرَانُ): ابوجعران' گبریلا۔
ام جعران: بڑا گدھ۔
قدیم مصریوں کے نزدیک ایک سیاہ کیڑے کا مجسمہ تھا جس کی وہ تعظیم کرتے تھے۔ اور اس کے ڈیزائن کے زیور اور لاکٹ بناتے تھے۔ (مج)
(الجُعْرَةُ): کمر پر رسّی باندھنے کا نشان (۲) جو کی ایک قسم جس کے پودے کا تنا موٹا اور چوڑا ہوتا ہے اور اس کے خوشے موٹے اور دانے بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔
(الجِعِرَّى): دبر (۲) بچوں کا ایک کھیل جس میں دو بچے ایک بچہ کو اپنے ہاتھ میں اٹھا لیتے ہیں۔
(المَجْعَرُ): دبر۔
(الجُعْرور): چھوٹی بے فائدہ کھجور (۲) ایک قسم کا چھوٹا کیڑا۔
(جَعَسَ)(ف) جَعْسًا: ہوا خارج کرنا۔

(تَجَعَّسَ): ہوا خارج کرنا (۲) بے ہودہ اور فحش باتیں کرنا۔
(الجَعْسُ): گوبر' لید۔
(الجَعِيسُ): گاڑھا اور موٹا۔
(الجُعْسُوسُ): پستہ قد اور بھدا آدمی۔ (۲) گھٹیا نسب یا برے اخلاق والا آدمی (مذکر و مؤنث کے لئے) (ج) جَعَاسِيس۔
(الجَعْشَمُ): درمیان' بیچ (ج) جَعَاشِم۔
(الجُعْشُمُ): پستہ قد اور موٹا (ج) جَعَاشِيم۔
(الجُعْضِيضُ): فصیلہ مرکبہ کی ایک ترکاری جو کچی کھائی جاتی ہے۔ (دیکھئے: التِّفاف)۔
(جَعَظَ) (ف) عليه جَعْظًا: بغاوت کرنا اور معاملات کو خراب کرنا۔
— فلانًا عن الشئ: ہٹانا' دفع کرنا۔
(جَعِظَ) (س) جَعَظًا: بد اخلاق اور تند مزاج ہونا۔
هو جَعِظٌ۔
(اَجْعَظَ) الرجلُ: ڈرنا اور بھاگنا۔
— فلانًا عن الشيء: ہٹانا۔
(جَعَّظَ) عليه: بمعنی جَعَظَ۔
(الجَعْظُ): موٹا (۲) متکبر' خود پسند۔
حدیث میں ہے (اَلَا انبّئكم باهل النار؟ كُلُّ جَظٍّ جعظٍ) (۲) برے اخلاق والا' ترش مزاج آدمی۔
(جَعَّ) (ن) فلانٌ جَعًّا: مٹی کھانا۔
فلانًا: مٹی مارنا۔
(جَعَفَه) (ف) جَعْفًا: الٹ پلٹ کرنا (۲) اکھیڑنا۔
فلانًا: پچھاڑنا اور زمین پر پھینکنا۔
(اَجْعَفَه): پچھاڑنا۔
(اجْتَعَفَ) الشجرةَ: درخت اکھیڑنا۔
(انجعَفَ): الٹ پلٹ ہونا (۲) اکھڑنا۔
(الجاعِفُ) سيلٌ جاعفٌ: ہر چیز کو بہا کر لے جانے والا سیلاب۔
(الجُعَافُ) سيل جعافٌ: بمعنی جاعف۔

(الجعفُ): تھوڑا' جیسے (ماعنده من المتاع الاجعفٌ)۔
(الجعفرُ): نہر (۲) زیادہ دودھ والی اونٹنی (ج) جَعَافِر۔
(الجعفرية): امامیہ شیعوں کا ایک فرقہ جو باقریہ کہلاتا ہے۔ یہ جعفر صادق بن محمد باقر کے پیروکار ہیں (۲) ایک معتزلی فرقہ جو جعفرین (جعفر بن حرب اور جعفر بن مبشر) کے پیروکار ہیں۔
(الجُعْفِيلُ): نباتات طفیلیہ کی جنس کا ایک پودا' اس کی جڑیں پودوں وغیرہ کی جڑوں میں پیوست ہوتی ہیں' اسے مصر میں هالوك کہتے ہیں۔
(جَعَلَ) (ف) الله الشيءَ جَعْلًا: بنانا' پیدا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ}۔
— على كذا وفيه: رکھنا' ڈالنا' کہا جاتا ہے (لم اجعلها بظهر) یعنی میں نے تیری حاجت کو پس پشت نہیں ڈال دیا بلکہ وہ میرے سامنے ہے۔
— الشئ كذا: ایک چیز کی ماہیت تبدیل کر دینا۔
— القِدْرَ: صافی سے دیگچی کو اتارنا۔
— للعامل كذا على العمل: کام کرنے والے سے کوئی شرط ٹھہرانا۔
— لَه على كذا جُعْلًا و جعالةً: مزدوری مقرر کرنا۔
يفعل كذا: وہ ایسے کرنے لگا ہے۔
(جَعِلَ) (س) الماء: پانی میں سیاہ کیڑوں کا زیادہ ہونا اور مرنا۔ هو جَعِلٌ۔
— الغلامُ: لڑکے کا موٹا اور پستہ قد والا ہونا۔
(اَجْعَلَ) بمعنی جَعِلَ۔
— القِدْرَ: ہانڈی کو صافی کے ذریعہ اتارنا۔
— فلانًا ولَه: کسی کے لئے اجر مقرر کرنا۔
(جَاعَلَه) مجاعَلَةً و جِعَالًا: اجر' مزدوری مقرر کرنا۔
(اجتعَلَ) الشيءَ: بنانا' جیسے (اجْتَعَلَ من الخشب سريرا)

— الجُعْلَ: اجرت یا رشوت لینا۔
(تجاعلوا) الشيءَ: باہم مل کر بنانا۔
(الجِعَالُ): اجرت (۲) رشوت (۳) صافی (جس کے ذریعہ ہانڈی کو اتارا جائے) (ج) جُعُلٌ۔
(الجَعَالَةُ): اجرت (۲) رشوت (ج) جَعَائِل۔
(الجِعَالَةُ) بمعنی الجِعَالُ (ج) جَعَائِلُ۔
(الجُعْلُ) بمعنی الجَعَالَةُ (ج) جُعُولٌ۔
(الجُعَلُ): بھونرے (کالے کیڑے) کی مانند ایک کیڑا جو تر جگہوں میں پایا جاتا ہے۔
— من الناسِ: کالا اور بھدا آدمی (۲) ضدی اور جھگڑالو آدمی (۳) نگران (ج) جِعْلانٌ
(الجَعْلَةُ): کھجور کا وہ پودا جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے (۲) کھجور کا چھوٹا درخت جس تک ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ (ج) جَعْلٌ۔
(الجَعِيلَةُ): اجرت' مزدوری' رشوت (ج) جعائل۔
(جَعَمَ) (ف) الرجلُ جَعْمًا: حرص اور لالچ کا بڑھنا۔
— الى الطعام: کھانے کی چاہت بڑھنا۔
— البعيرَ: اونٹ کے منہ پر چھینکا چڑھانا جس کی وجہ سے وہ نہ کھا سکے اور نہ کاٹ سکے۔
(جَعِمَ) (س) الرجلُ جَعَمًا و جَعَامةً: حرص اور لالچ کا بڑھنا۔
جعمتِ الابلُ: اونٹوں کا چارہ نہ ملنے کی وجہ سے ہڈیوں کو دانتوں سے چبانا۔
— لكذا: مستعد ہونا (۲) بدکلامی کرنا۔ هو جَعِمُ الكلامِ۔
(اَجْعَمَ) المكانُ: جگہ کا گھاس سے صاف ہونا۔
— القومُ: لوگوں کے جانوروں کو مروڑ کی بیماری پیدا ہونا۔
الشيءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

(تَجَعَّمَ): حرص وطمع کا بڑھ جانا۔
(الجُعَامُ): پیٹ کی ایک بیماری جو اونٹوں میں پیدا ہوتی ہے۔
(الجُعْمُ): بھوک۔
(الجِعِمِیُّ): خواہش کے ساتھ حرص والا آدمی۔
(الجَعُوم): بے جا لالچ کرنے والا (۲) بھوکی عورت۔
(الجَیْعَمُ): بھوکا (۲) جو ہر چیز کو دیکھ کر اس کی خواہش کرے۔
(المُجْعَمُ): ٹھکانہ، پناہ گاہ (ج) مجاعِمُ۔
(جَعَا) (ن) الجِعَةَ جَعْوًا: گارا بنانا۔
— البَعْرَ ونَحوَہ: مینگنیوں کو اکٹھا کر کے ڈھیر بنانا۔
(الجِعَةُ): جو یا گندم کی شراب۔
(الجَعْوُ): مٹی (۲) گوبر وغیرہ کا ڈھیر، (۲) سرین۔
(الجِعْوُ): جو یا گندم کی شراب۔
(الجُعْوُلُ): شترمرغ کا بچہ (ج) جَعَاوِلُ۔

ج .... غ

(الجغرافیة): وہ علم جس کے ذریعہ سطح زمین کے فطری احوال پر بحث کی جائے۔ جیسے پہاڑ، میدان، جنگلات، انسان وحیوان۔ نیز وہ جس کے ذریعہ سطح زمین پر آباد انسانوں کے ان احوال و اشیاء سے بحث کی جائے جن کو انسان ہی نے اپنے لئے بنایا ہے۔ جیسے تجارت و زراعت، صنعت و حرفت، عادات واخلاق وغیرہ (مج)

ج .... ف

(جَفَأَ) (ف) الزَّبَدُ: جھاگ اٹھنا۔ ھو جُفَاءٌ۔
— القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت جھاگ پھینکنا۔
— الوادی غثاءَہُ جَفْئًا: وادی کا خس و خاشاک کو بہا دینا۔
— القِدْرَ: ہنڈیا کے جھاگ کو نکال دینا۔
— الوادیَ: وادی سے خس و خاشاک کو نکال دینا۔
— الرجلَ: پچھاڑنا۔
— بِہِ الارضَ: زمین پر دے مارنا۔
— القِدرَ: ہنڈیا کو انڈیل کر خالی کر دینا۔ حدیث میں ہے (انَّہ حَرَّمَ الحُمُرَ الاھلیّةَ فَجَفَئُوا القُدُورَ)۔
— البقلَ والشجرَ جَفْئًا: جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینا۔ (۲) کاٹنا۔
— البابَ: دروازہ بند کرنا۔
(اَجْفَأَتِ) الارضُ: زمین کا بے فائدہ ہونا۔
— الوادی والقدر: جھاگ آ جانا۔
— القدرُ الزبدَ وبہ: ہنڈیا کا جھاگ پھینکنا۔
— الرجلَ: پچھاڑنا۔
— ماشیتَہ: جانور کو چلا کر تھکا دینا اور چارہ نہ کھلانا۔
— البابَ: دروازہ بند کرنا۔
(اِجْتَفَأَ) البقلَ والشجرَ: سبزی اور درخت کو کاٹنا یا جڑ سے نکال پھینکنا۔
(تَجَفَّأَتِ) الارضُ: زمین کا بے فیض ہونا۔
(الجُفَاءُ): جھاگ (۲) خس و خاشاک (۳) باطل، قرآن مجید میں ہے {فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً} (۴) خالی کشتی (۵) جماعت سے الگ ہونے والا فرقہ۔ کہا جاتا ہے نَبَذَہُ جُفَاءً: اسے اپنی صحبت سے الگ کر دیا۔
(الجُفْتُ): دوشاخہ آلۂ جراحی (د)
(جَفْجَفَ) الثوبُ الجدیدُ و نحوُہ: نئے کپڑے کو حرکت دینے سے آواز پیدا ہونا (۲) نیم خشک ہونا۔
— المرکبُ: چلتے وقت سواری کی آواز۔
— النَّعَمَ: چوپاؤں کو ایسی سختی سے ہانکنا کہ ان میں حرکت پیدا ہو جائے۔
— الماشیةَ: جانوروں کو اکٹھا کرنا (۲) بند کرنا۔
(تَجَفْجَفَ) الطائرُ: پرندہ کا پر جھاڑنا۔ (۲) انڈوں کو سینے کے لئے پروں میں چھپانا۔
(الجَفَاجِفُ): ہیئت اور لباس۔
(الجفجفُ): گڑھا (۲) کشادہ ہموار میدان (۳) ہر چیز کو خشک کر دینے والی ہوا۔ (۴) بہت زیادہ بولنے والا۔
(جَفَخَ) (ف) جفخًا: تکبر اور فخر کرنا۔ ھو جَفَّاخٌ۔
(جَافَخَہ) کسی کے مقابلہ میں فخر کرنا۔
(جَفَرَ) (ن) جُفُورًا: جفتی یا جماع نہ کرنا۔
— الجدیُ و نحوہ: بکری وغیرہ کے بچہ کا بڑا ہونا۔
— جنباہ: پہلوؤں کا کشادہ ہونا۔
— من المرض: تندرست ہونا۔
(اَجْفَرَ) جَفَرَ (۲) غائب ہونا (۳) جسم کا بدبودار ہونا۔
— جَنْباہ: پہلوؤں کا کشادہ ہونا۔
— عنہ: منقطع ہونا۔
— الشیءَ: چھوڑ دینا۔
— فلانًا: قطع تعلق کرنا۔
— عن الامرِ: کام ختم کرنا۔
الرَّکیّةَ و غیرَھا: کنویں کے کناروں کو کشادہ کرنا۔
(اِجْتَفَرَ): جفتی یا جماع نہ کرنا۔
(تَجَفَّرَ): بکری کے بچہ کا موٹا اور پُر گوشت ہونا۔ (۲) ماں کے دودھ سے بے نیاز ہونا اور کھانے پر قادر ہونا۔
(استجفَرَ): بمعنی تَجَفَّرَ۔
(الْجَفْرُ): بکری یا بھیڑ وغیرہ کا بڑا اور موٹا بچہ۔ (۲) الصبیّ: بڑے پیٹ والا اور موٹا بچہ۔ (۳) من البئر: وہ کنواں جو کشادہ ہو اور پتھروں سے نہ بنایا گیا ہو (ج) اَجْفَارٌ و جِفَارٌ و جَفَرَةٌ (۴) وہ چمڑہ جس پر حضرت علیؓ یا حضرت جعفر صادقؒ نے واقعات پیشینگوئی کے طور پر لکھے تھے۔ (۵) علم الجفر: وہ علم جس میں حروف کے اسرار سے اس طرح بحث کی جاتی ہے کہ واقعاتِ عالم معدوم ہو جاتے ہیں۔ (۶) بلیڈ یا چاقو وغیرہ (دیکھئے: شفر)

(الجُفْرَةُ): ہر شے کا درمیانہ اور بڑا حصہ (۲) گول اور کشادہ گڑھا (۳) زمین میں کھودی ہوئی گول جگہ جہاں ستون کھڑا کیا جائے (۴) سینہ کا اندرونی حصہ (ج) جُفَرٌ و جِفَارٌ۔

(الجُفُرِّيُ): کھجور کے خوشہ کا تھیلا۔

(الجَفِيْرُ): ترکش (۲) بڑا ترکش جو لکڑی یا کھال کا بنا ہوتا ہے۔ کہاوت ہے (لیس فی جفیرہٖ غیر زَنْدَین) اس شخص کے بارے میں جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

(الجفیرۃُ): بمعنی الجفیرُ۔

(المَجْفَرُ) من الطعام: وہ کھانا جو اپنے کھانے والے کو جفتی یا جماع سے روک دے۔ (ج) مجافِرُ۔

(المُجْفَرُ): گھوڑوں اور اونٹوں کا بڑا گھر۔ (۲) ہر وہ چیز جس کے دونوں پہلو بڑے ہوں۔

(المَجْفَرَۃُ): بمعنی المَجْفَرُ۔

(جَفِسَ): (س) من الطعام جَفَسًا و جَفَاسَةً: بدہضمی ہونا۔ هو جَفِسٌ

نَفْسُه من الطعام: کھانے کی وجہ سے طبیعت خراب ہونا۔

(الجِفْسُ) من الناس: ایسا کمینہ جو بزدل اور کمزور ہو (۲) بھاری بھرکم اور خشک مزاج۔

(جَفَشَهُ) (ض) جَفْشًا: جمع کرنا (۲) آہستگی سے نچوڑنا۔

النَاقةَ: انگلیوں کے پوروں سے اونٹنی کا دودھ نکالنا۔

(جَفَظَهُ) (ن) جَفْظًا: برتن کو بھرنا۔

(اجفأظّ): کسی بیماری یا آفت کی وجہ سے مرنے کے قریب ہوجانا۔

— الجیفۃُ: مردہ لاش کا پھول جانا۔

(الجَفْظُ): کشتی کی رسی۔

(الجَفِیظُ): پھولی ہوئی لاش۔

(جَفَّ) (ن ض) الشیءُ جُفُوْفًا و جَفَافًا: خشک ہونا۔

-الرجلُ: خاموش ہونا اور بالکل بات نہ کرنا۔

الشیءَ -جَفًّا: جمع کرنا۔

(جَفَّفَ) الشیءَ تجفیفًا و تِجْفافًا: خشک کرنا۔

— الانسانَ او الفرسَ: زرہ جیسا کپڑا (پاکھر) پہنانا۔

(اِجْتَفَّ) ما فی الاناء: سارے کا سارا پی لینا۔

(تَجَفَّفَ): خشک ہونا۔

— الطائرُ: پرندہ کا پر جھاڑنا (۲) پرندہ کا انڈوں پر حرکت کر کے پروں کو اس پر پھیلا دینا۔

(التِّجْفَافُ): پاکھر، زرہ جیسا لباس جو جنگجو پہنتا ہے۔ (۲) وہ موٹا کپڑا یا زین وغیرہ جو گھوڑے پر زخم وغیرہ سے بچاؤ کے لئے ڈالا جاتا ہے (ج) تجافیف۔

(الجُفَافُ): خشک کی ہوئی چیز۔

(الجُفَافَةُ): بکھری ہوئی گھاس وغیرہ۔

(الجَفَفُ): خشک اور سخت زمین (۲) ضرورت۔

(الجَفُّ): لوگوں کی جماعت۔

(الجُفُّ): ہر کھوکھلی چیز (۲) کھجور کے خوشوں کی تھیلی (۳) آدھی مشک کا بنایا ہوا ڈول (۴) بہت بوڑھا (۵) ٹیلہ جو نہ سخت ہو نہ نرم (۶) ہر چیز کی ذات (۷) لوگوں کی جماعت۔ (ج) جُفُوْفٌ۔

(الجَفَّةُ): لوگوں کی جماعت۔

(الجُفَّةُ): لوگوں کی جماعت (۲) چھوٹا ڈول جس سے مشک بھری جائے۔

(الجَفِیْفُ): سوکھی گھاس۔

(المُجَفِّفُ): خشک کرنے والا مادہ جسے رنگوں میں خشک کرنے کے لئے ملایا جاتا ہے۔ (مج)

(جَفَلَ) (ض ن) جفولًا: آوارہ پھرنا، بھاگنا (۲) تیز چلنا (۳) پریشان ہونا۔ هو جافلٌ و جفولٌ و جَفَّال (فلانٌ جافل القلب)

— الشَّعْرُ: بالوں کا پراگندہ اور کھڑا ہونا۔

— الفیلُ: ہاتھی کا لید کرنا۔

— الشیءَ جَفْلًا: بہا لے جانا، دور کرنا۔

— البحرُ السمكَ: سمندر کا مچھلی کو ساحل پر پھینک دینا۔

— الریحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو تیز لے جانا هی جفولٌ۔

— الشیءَ عن الشیءِ: ہٹانا۔

— الطیرَ و غیرَهٗ: پرندہ کو بدکانا۔

— فلانًا: پچھاڑنا۔

(أَجْفَلَ): تیز چلنا۔

(جَفَّلَهٗ): بھگانا (۲) بدکانا۔

(اِنْجَفَلَ): لازم جَفَلَه۔

(تَجَفَّلَ): لازم جَفَّلَه۔

— الدیكُ: مرغ کا گردن کے پر کھڑے کرنا۔

(الاَجْفَلٰی): لوگوں کی جماعت۔

دعاهم الاجفلٰی: سب کو بلا تخصیص کھانے کی طرف بلانا۔

(الاجفلۃُ): لوگوں کی جماعت۔

(الإِجْفِیلُ): ہر چیز سے گھبرانے والا اور ڈرنے والا شخص۔

(الجُفَالُ): ہر وہ چیز جو زیادہ ہو (۲) جھاگ (۳) خس و خاشاک۔

(الجُفَالَةُ): بمعنی الجُفَال۔

(الجَفُلُ): بزدل، ڈرپوک (ج) جُفُوْلٌ (۲) وہ بادل جو پانی برسا کر کھل جائے۔ (۳) کالی بڑی چیونٹیاں۔

(الجِفْلُ): ہاتھی کی لید (ج) أجفال۔

(الجَفَلٰی): عام لوگ۔

(الجَفْلَةُ) من الشجر: زیادہ پتوں والا درخت (۲) اون کا گچھا۔

(الجُفْلَةُ) من الصوف: اون کا گچھا۔ (ج) جُفَلٌ۔

(الجَفُوْلُ) من النِساء: بہت بوڑھی عورت۔

(الجَفِیْلُ): بہت زیادہ اون (۲) کٹی ہوئی زائد کھیتی۔

(جَفَنَ) (ن) الطعامَ جَفْنًا: بڑے پیالہ میں کھانا نکالنا۔

— نفسه عن الشيءِ: روکنا، باز رکھنا۔

(جَفَّنَ): بڑا پیالہ بنانا (۲) کھانے سے بھرا بڑا پیالہ پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ (اِئتِنا نجفّن لك)

(تَجَفَّنَ): آل جفنہ کی طرف منسوب ہونا۔

(الجَفْنُ): پلک (بالائی اور تحتانی) کہاوت ہے (إِنَّهٗ لشديد جفن العين) اس شخص کے بارے میں جو بے خوابی کو برداشت کرتا ہو۔

(۲) تلوار وغیرہ کی میان (ج) أَجْفُنٌ و اَجْفَانٌ و جُفُوْنٌ۔

جَفْنُ الماءِ: بادل۔

جفنا الرغيف: روٹی کے دونوں رخ۔

(الجِفْنُ): تلوار وغیرہ کی میان (ج) أَجْفُنٌ وَاَجْفُنٌ و جُفُوْنٌ۔

(الجَفْنَةُ): بڑا پیالہ (۲) چھوٹا کنواں۔

(ج) جِفانٌ و جِفَنٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ} کہاوت ہے (اُدْعُ اِلٰى طِعانِكَ مَنْ تدعو اِلٰى جفانك) یعنی اپنی ضرورت میں اسی کو بلاؤ جس پر تم مہربان رہتے ہو۔

(۳) سخی اور مہمان نواز (۴) علم کیمیاء کے مطابق چینی کا وہ برتن جو مادہ کو بھاپ بنا کر اڑانے یا گرم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(جَفَا) (ن) الشيءُ جفاءً و جَفْوًا: ہٹنا (۲) دور ہونا (۳) سخت ہونا۔

— فلانٌ: بداخلاق ہونا (۲) سخت مزاج ہونا۔

— الشيءُ عليه: بوجھل ہونا۔

— الشيءَ: دور کرنا، ہٹانا۔

— فلانًا وعليه: منہ پھیرنا، قطع تعلق کرنا۔

— البَقْلَ: سبزی کو جڑ سے اکھیڑنا۔

(جَفَى) (ض) البقلَ جَفْيًا: سبزی کو جڑ سے اکھیڑنا۔

— فلانًا: پچھاڑنا۔

(اَجْفَتِ) الارضُ: زمین کا بے فیض ہونا۔

— الشيءَ: دور کرنا۔

— الماشيةَ: بے رحمی سے ہنکانا۔

(جافَى) الشيءَ: دور کرنا۔

(اجتفاه): بمعنی جفاه۔

(تجافَى): لازم جافاه۔

— عنه: الگ ہونا۔

— في سجوده: سجدہ میں بازوؤں کو پہلوؤں سے دور رکھنا۔

(استجفاه): کسی کو بداخلاق سمجھنا۔

(الجافِي): علم تصویر کشی کے مطابق وہ شکل جو اس کی فطرت و اصل کے خلاف بنائی جائے۔ مثلاً کوئی ہو تو نرم شے مگر اسے سخت اور کرخت بنا کر دکھایا جائے یا ایسا کپڑا جسے اس طرح بنایا گیا ہو کہ وہ دیکھنے میں نبات یا لکڑی کا بنا ہوا معلوم ہو یا پھل کی ایسی شکل بنائی جائے کہ وہ کاپر یا دھات کا بنا ہوا معلوم ہو (مج)۔

(الجُفَاءُ): ہانڈی کی جھاگ (۲) پانی کے بہاؤ کے پھینکے ہوئے خس و خاشاک۔

(الجُفَايَةُ): خالی کشتی۔

ج .... ل

(جَلَبَ) (ن ض) جَلْبًا و جَلَبًا: شور مچانا۔

— الجرحُ: زخم پر کھرنڈ آ جانا۔

— الدَّمُ: خون کا خشک ہونا۔

— عليه: نقصان دینا۔

— لاهله: کمائی کرنا۔

— الشيءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

هو جالبٌ و جَلّابٌ۔ کہاوت ہے (رُبَّ اُمْنِيَّةٍ جَلَبَتْ مَنِيَّةً) بہت سی خواہشات موت تک لے جاتی ہیں۔

— فلانًا: کسی کو دھمکی دے کر ڈرانا اور اس کے خلاف مجمع اکٹھا کرنا۔

— على الفرس: گھوڑے کو چیخ کر دوڑانا۔

(جَلِبَ) (س) الشيءُ جَلَبًا: جمع ہونا۔

(اَجْلَبَ) القومُ: لوگوں کا جمع ہونا، ہجوم کرنا۔

— الجرحُ: زخم پر کھرنڈ آنا۔

— الدمُ: خون کا خشک ہونا۔

— فلانٌ لاهله: مال کمانا۔

— عليه: کسی کے خلاف لوگوں کو جمع کرنا۔

— الرجُلَ: دھمکی دینا اور لوگوں کو اس کے خلاف اکٹھا کرنا (۲) مدد دینا اور لوگوں کو مدد کے لئے اکٹھا کرنا۔

— الشيءَ: چمڑے سے ڈھانکنا۔

— على الفرسِ: چیخ چیخ کر دوڑانا۔

(جَلَّبَ) القومُ والرعدُ والغيثُ: لوگوں کا شور ہونا، بادل کا گرجنا اور بارش کی آواز آنا۔

— على الفرس: چیخ کر گھوڑے کو دوڑانا۔

(اِجْتَلَبَ) الشيءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

(اِنْجَلَبَ): لازم جَلَبَه۔

(تَجَلَّبَ): ہری گھاس کو تلاش کرنا۔

(استَجْلَبَ) الشيءَ: کسی سے کوئی چیز منگوانا۔

(الجالبةُ): آفت و مصیبت (ج) جَوَالِبُ۔

(الجَلَبُ): سامانِ تجارت، کہاوت ہے (النّفاضُ يُقَطِّرُ الجَلَبَ) یعنی لوگوں کے پاس جب کچھ نہیں رہتا تو وہ اپنے اونٹوں کو تھوڑا تھوڑا کر کے فروخت کرتے ہیں۔

(۲) سامان تجارت لانے والا قافلہ (ج) اَجْلابٌ۔

(الجُلَبُ) من كل شيءٍ: ہر چیز کا ڈھکن۔

— من الليل: رات کا اندھیرا (۲) افق میں پھیلا ہوا بادل جو پہاڑ جیسا دکھائی دے خواہ پانی سے خالی ہو (ج) اجلابٌ۔

(الجُلْبَان): چمڑے کا ایک تھیلا جس میں میان سمیت تلوار رکھی جائے یا تلوار اور زادراہ رکھا جائے (۲) مٹر (یہ فصیلہ قرنیہ سے ہے)۔

(الجُلُبّان) الجلبان (۲) شور مچانے والا آدمی۔

(الجُلْبَةُ): زخم کا کھرنڈ (۲) کھال کا ٹکڑا جو کسی چیز پر خشک کرنے کے لئے رکھا جائے۔

(۳) بادل کا ٹکڑا (۴) بکھری ہوئی گھاس۔

(۵) زمانہ کی سختی (ج) جُلَبٌ۔

(الجَلَّابُ): تجارت کے لئے حاصل کی ہوئی ہر چیز (۲) وہ اونٹ جس پر سامان تجارت لادا جائے۔(ج) جَلَّائبُ۔
(الجَلِيْبُ): منگایا ہوا، حاصل کیا ہوا مال۔
(ج) جَلْبٰی و جُلَبَاء (مذکر کے لئے) و جلائب (مؤنث کے لئے)۔
(الجليبةُ): لائی ہوئی، باہر سے لائی ہوئی چیز (ج) جَلَائِبُ۔
(جَلْبَبَه): کرتا پہنانا۔
(تَجَلْبَبَ): کرتا پہننا۔
(الجِلْبَابُ): کرتہ (۲) پورے جسم کو ڈھانپنے والا کپڑا (۳) اوڑھنی (۴) کپڑوں کے اوپر پہنا جانے والا لباس، چوغہ۔(۵) وہ چادر جو پورے جسم کو ڈھانپ لے۔(ج) جَلَابِيبُ۔قرآن مجید میں ہے:{يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ}
(جَلْجَلَ) السحاب والرعدُ: بادل اور گرج کی آواز پیدا ہونا۔
— الرجل: گھونگھرو بجانا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی آواز صاف ہونا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو ایسی حرکت دینا کہ اس کی حرکت سے آواز پیدا ہو (۲) ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ایسے طریقہ سے ملانا کہ آواز پیدا ہو (۳) گھونگھرو پہنانا۔
— الشيءَ: چھاننا، پھٹکنا۔
(تَجَلْجَلَ): لازم جَلْجَلَ۔
— القومُ للسفر: لوگوں نے سفر کی تیاری کی۔
(الجُلاجِلُ): صاف اور تیز آواز والا۔
(۲) پھرتیلا اور کام میں چست (۳) دل میں پیدا ہونے والا کھٹکا۔
(الجَلْجَالُ): تیز آواز۔
(الجُلْجُلانُ): تل جو اپنے چھلکے میں ہو اور اس کی کٹائی نہ کی گئی ہو (۲) ہرا دھنیا (۳) دل کا مرکز روح۔ کہا جاتا ہے (اصبتُ جلجلانَ قلبه)۔
(الجُلْجُلُ): چھوٹی گھنٹی (۲) بڑا یا آسان کام۔
— من الغلمان: پھرتیلا اور چست لڑکا۔
(ج) جلاجِلُ۔
(المُجَلْجِلُ): دلیر اور قوی الکلام۔
(۲) بہادر سردار (۳) چالاک بے عیب آدمی۔
(المجَلْجَلُ): خالص نسب والا۔
(جَلَحَ) الحيوانُ النبتَ والشجرَ جَلْحًا: جانور کا گھاس یا درخت کو کھا جانا۔
(۲) جانور کا درخت کے اوپر والے حصہ کو چرنا یا چھیل دینا۔
(جَلِحَ)(س) جَلَحًا: سر کے دو جانبوں کے بال ختم ہونا۔
- اليومُ: دن کا سخت ہونا۔ هو اجْلَحُ وهي جَلْحَاءُ (ج) جُلْحٌ۔
(جَالَحَه): مقابلہ کرنا، جھگڑا کرنا۔
— بالعداوة: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
(جَلَّحَ) الذئب: بھیڑیئے کا حملہ کرنا۔
— السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔
— فلانٌ: بہت تیز چلنا۔
— في الامرِ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا (۲) کسی کام کی دھن میں لگنا۔
— على القومِ: حملہ آور ہونا، اقدام کرنا۔
— الحيوان النبتَ والشجرةَ: بمعنی جَلَحه۔
فلانًا: کسی کے ساتھ کھلم کھلا دشمنی رکھنا۔
(الَاجْلَحُ): بے سینگ جانور (۲) بلا فصیل زمین (ج) جُلْحٌ (۳) بغیر چھت والا ہونا (ج) اَجَالِحُ۔
(الَاجْلِيْحُ) من النبتِ: وہ پودا یا گھاس جس کا اوپر کا حصہ کاٹ لیا گیا ہو۔
(الجالِحَةُ): روئی کی مانند اڑنے والا۔
گھاس پھونس (ج) جَوَالِحُ۔
(الجلحاءُ): بے سینگ جانور (۲) ایسی آبادی جس میں قلعہ نہ ہو (۳) ایسا ٹیلہ جس کی چوٹی بنی ہوئی نہ ہو۔(۴) ایسی زمین جس میں درخت نہ ہو (ج) جُلْحٌ۔
(الجَلَحَةُ): سر کے بال اڑنے کی جگہ۔
(المُجَالِحُ): شیر۔
(المِجْلاح): خشک سال (ج) مَجَالِيحُ۔
(جَلَخَ)(ف) بفلانٍ جَلْخًا: پچھاڑنا۔
— السيلُ الوادي: سیلاب کا وادی کو بھر دینا اور اس کے کناروں کو کاٹ دینا۔
— الشيءَ: کھینچنا، چھیلنا، ہموار کرنا۔
— فلانًا بالسيفِ: تلوار سے کسی کا گوشت کاٹنا۔
(جَلَّخَ) الشيءَ: بمعنی جَلَخَه۔
— الموسٰی ونحوَها: استرہ وغیرہ کو تیز کرنا (مو)
(اِجْلَخَّ): کمزور ہونا اور ڈھیلے اعضاء والا ہونا (۲) سجدہ میں دونوں شانوں کو کھولنا۔
(الجُلاخ): تباہ کن سیلاب (۲) گہری وادی۔
(الَجَلْخُ): دھار بنانے کا پتھر۔(مج)
(الجَلِيْخُ): پانی کی آواز۔
(جَلَدَه)(ض) جَلْدًا: کھال پر مارنا۔ کہا جاتا ہے (جلده بالسيف والسوط و نحوهما)
(۲) چمڑے سے مارنا۔
— الحَيَّةُ فلانًا: سانپ کا ڈسنا۔
— به الارضَ: زمین پر دے مارنا۔
— فلانًا على الامر: ناگوار گزرنا۔
— فلانًا الحَدَّ: حد قائم کرنا۔
(جَلِدَتِ)(س) الارضُ جَلَدًا: زمین کا برف والی ہونا۔
(جَلُدَ)(ک) جَلَادَةً و جُلُوْدَةً و جَلَدًا: مضبوط و قوی ہونا (۲) ناپسند چیز کو برداشت کرنا۔
هو جَلْدٌ (ج) اَجْلَادٌ و جِلَادٌ و هو جَلِيْدٌ (ج) جُلَدَاءُ اَجْلَادٌ۔
(اَجْلَدَ): بمعنی جَلَدَ۔
— فلانًا اِليهِ: ٹھکانہ دینا، ضرورت پوری کرنا۔
(اُجْلِدَ): بمعنی جَلِدَ۔
(جَالَدَه) بالسيف و نحوِهٖ مُجَالَدَةً و جِلادًا: تلوار سے مارنا۔ کہاوت ہے: (لَوْلَا جِلادي غنِمَ تِلادي) اگر میں اپنے مال کا

دفاع نہ کرتا تو یہ لوٹ لیا جاتا۔
(جَلَّدَ) الشيءَ: چمڑے سے ڈھانپنا۔
— الكتاب: جلد چڑھانا۔ کہا جاتا ہے (هذا الكتاب في مجلّدين وفي مجلّدتين)۔
(اجتلدُوا) بالسيوف و نحوها: تلوار سے لڑنا۔
— ما في الاناء: سارے کا سارا پی لینا۔ کہا جاتا ہے (اجتلد الاناء)۔
(تجالَدُوا) بالسيوف و نحوها: تلواروں سے لڑنا۔
(تجلَّدَ) لازم جَلَدَهٗ (۲) بہادری دکھانا (۳) چمڑا پوش ہونا۔
(الأجْلَدُ): موٹی ٹھوس زمین۔
(التَّجالِيدُ) تجاليدُ الانسان: انسانی جسم کا مجموعہ۔
(الجِلْدُ): کھال (ج) اجلادٌ و جُلُودٌ۔
اجلاد الانسان: انسانی جسم کا مجموعہ۔
کہا جاتا ہے (لَبِسَ فلانٌ لفلان جلد النمرِ) یعنی اس نے فلاں کی دشمنی ظاہر کی۔
(الجَلَدُ): وہ بھس بھری کھال جس کے ذریعہ اونٹنی کو دھوکہ دیا جاتا ہے اور وہ دودھ دیتی ہے۔ (۲) موٹی اور ٹھوس زمین (۳) آسمان یا نیلا گنبد)
— من الابل والغنم: وہ بکریاں اور اونٹ جن کا نہ دودھ ہو نہ بچے (ج) اجلادٌ و جلادٌ۔
(الجِلْدَةُ): کھال کا ٹکڑا۔
جلدة الرجلِ: کنبہ' خاندان۔ کہا جاتا ہے (فلانٌ مِن بني جلدتنا) فلاں ہمارے خاندان کا ہے۔
(الجَلَّادُ): جو کوڑے لگانے اور قتل کرنے یا پھانسی دینے پر مقرر ہو۔ (۲) کوڑے بیچنے والا۔
(الجليدُ): زمین پر گر کر جم جانے والی شبنم۔
(المِجْلادُ): کوڑا (۲) چمڑے یا کھال کا وہ ٹکڑا جسے نوحہ کرنے والی عورت اپنے چہرہ پر مارتی ہے۔
(المِجلدُ): بمعنی المجلاد (ج) مَجالِدُ۔
(المِجْلَدَةُ): بمعنی المِجلاد (ج) مَجالِدُ۔

(المجلَّدُ): جلد والی کتاب۔ عظمٌ مجلَّدٌ: وہ ہڈی جس پر صرف کھال باقی رہ گئی ہو۔
حيوانٌ مجلَّدٌ: وہ جانور جو مار سے نہ ڈرتا ہو۔
(إجْلَوَّذَ): بہت تیز چلنا (۲) مسلسل اور ہمیشہ ہونا۔
— المطرُ: زمانہ بارش کے اختتام کے بعد تک برستا رہنا۔
— به السيرُ: تیزی کے ساتھ چلتے رہنا۔
(الجُلاذِيُّ): سخت اور بداخلاق (۲) پتھر (۳) کاریگر (۴) راہب (ج) جَلاذِيُّ۔
(الجلذاءُ): سخت اور ٹھوس زمین (۲) پتھر (ج) جلاذِيُّ۔
(الجُلذِيُّ): بمعنی الجُلاذِيُّ۔
(الجلَّوذُ): سخت اور بداخلاق۔
(جَلَزَ) (ض) في الارض جَلْزًا و جَلِيزًا: تیز چلنا۔
— الشيءَ جَلْزًا: لپیٹنا اور بٹ جانا۔
— الشيءَ الى الشيءِ: کسی چیز کو کسی کے ساتھ ملانا۔
— الشيءَ بالشيءِ: پٹی باندھنا۔
— على الامرِ نَفْسَهٗ: کسی کام کا ارادہ کرنا۔
(جَلَّزَ) في الارضِ: بمعنی جَلَزَ۔
— الشيءَ: جَلَزَهٗ۔
(جَلْوَزَ) الشرطِيُّ: سپاہی کا تیزی سے آنا جانا۔
(الجِلازُ): ہر وہ چیز جو دوسری سے لپیٹی جائے (۲) وہ تسمہ جو کمان پر باندھا جائے۔
اس کی مؤنث جلازةٌ ہے (ج) جلائز۔
(الجَلْزُ): بھالے کے نیچے کا گول حلقہ (۲) گھاٹی۔
(الجِلَّوزُ): موٹا' بہادر آدمی (۲) چلغوزہ (۳) سپاہی (ج) جَلاوِزَةٌ۔
(الجِلْوازُ): سپاہی (ج) جلاوزة۔
(المَجْلُوزُ): رجلٌ مجلوز اللحمِ: گٹھے ہوئے گوشت والا۔
مجلوز الرايِ: مضبوط رائے والا۔

(جَلَسَ) (ض) الانسانُ جُلُوسًا و مَجْلَسًا: بیٹھ جانا۔
— الطائرُ: پرندے کا بیٹھنا یا کھڑا ہونا۔
— الشيءُ: ٹھہرنا۔
— فلانٌ جَلْسًا: سخت زمین پر آنا۔ هو جالِسٌ (ج) جُلَّاسٌ و جُلُوسٌ۔
— السحابُ: بلند جگہوں کی طرف جانا۔
(أجْلَسَه): بٹھانا۔
(جَالَسَه): کسی کے ساتھ بیٹھنا۔ هو مُجالِسٌ و جَلِيسٌ۔ کہا جاتا ہے (هو جليسُ نفسهٖ) الگ تھلگ رہنے والا (ج) جُلَسَاءُ۔
(تجالَسُوا): ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنا۔
(إسْتَجْلَسَهٗ): بٹھانا۔
(الجَلْسُ): صحن سے جدا نہ ہونے والی عورت۔ (۲) معزز خاتون (۳) ہر بلند' دراز اور سخت چیز (۳) پرانی شراب (ج) أجْلَاسٌ و جِلَاسٌ۔
(الجِلْسُ): ہم مجلس (۲) کاہل و بیوقوف۔
(الجَلْسَةُ): نشست (۲) اجلاس عمومی ہو یا خصوصی' میٹنگ (ج) جَلَسَاتٌ (مو)
(الجُلْسَةُ): بہت بیٹھنے والا۔
(الجِلْسِيُّ): آنکھ کے ڈھیلے کے اردگرد کا حصہ۔
(الجُلَّسانُ): سفید گلاب یا اس کے بکھرے ہوئے پتے۔
(الجِلِّيسُ): ہم نشین (۳) بہت زیادہ بیٹھنے والا (مع)
(المَجْلِسُ): بیٹھنے کی جگہ (۲) ٹریبونل (۳) اسمبلی' کونسل (۴) بورڈ (۵) چیمبر (۶) انجمن (مج)۔
(جِلِسْرِين): گلیسرین (مج)
(جُلَّاش): میٹھی کچوری (د)
(جَلَطَ): (ض) الرجلُ جَلْطًا: جھوٹ بولنا (۲) قسم اٹھانا۔
— الشيءَ عن الشيءِ: ایک چیز کو دوسری سے الگ کرنا۔ (۲) علیحدہ کرنا۔
— راسه: حلق کرنا۔

ج

— السیفَ: تلوار سونتنا۔
(تَجَلَّطَ) الدمُ: خون کی نالیوں میں یا باہر خون کا جم جانا (ج)
(اِجْتَلَطَهٗ): اچک لینا۔
— مافی الاناءِ: سارے کا سارا پی لینا۔
(انجَلَطَ): لازم جَلَطَه۔
— الشیءُ عن الشیءِ: علیحدہ ہونا۔
(الجُلْطَةُ): پکی ہوئی دہی (۲) جما ہوا خون۔
(جَلَعَ) (ف) جُلُوْعًا: حیا سوز، قبیح گفتگو کرنا۔
— المرأةُ: بے پردہ و بے نقاب ہونا۔
هُوَ وَهِیَ جالعٌ۔
— الشیءَ جَلْعًا: کھولنا۔
— الثوبَ: کپڑے اتارنا۔ هو جالعٌ۔
(جَلِعَ) (س) جَلَعًا و جَلَاعَةً: جَلِعَ هو جَلِعٌ و جَالِعٌ هی جالعةٌ۔ (۲) پلٹ جانا (۳) کھل جانا (۴) دانت نکالنا۔
— الشفتان: ہونٹوں کا سکڑنے کی وجہ سے نہ کھلنا۔
— الفمُ: منہ کھلے کا کھلا رہ جانا۔
— اللِّثَةُ: ہونٹوں کا مسوڑھے سے ہٹ جانا۔
(جَالَعَ): بمعنی جَلَعَ۔
— المرأةُ: بے نقاب ہونا۔
— فُلانًا: کسی کے ساتھ جھگڑنا اور نازیبا باتیں کرنا۔
(انجَلَعَ): لازم جَلَعَه۔
(تَجَالَعُوا): شراب نوشی یا جوا کھیلتے وقت مڑنا اور ایک دوسرے کو بے ہودہ باتیں کہنا۔
(الجليعُ) من النساء: وہ عورت جو خاوند کے ساتھ خلوت میں خود کو نہ چھپاتی ہو۔ حدیث میں ہے: (جَلیعٌ علی زوجها حِصَانٌ من غیرہ)
(جَلَفَهٗ) (ن) جَلْفًا: کھرچنا، چھیلنا، کاٹنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
— الذبیحةَ: ذبح کردہ جانور کی کھال اتارنا۔
الجُلَافَ عن راس الدَّنِّ: مٹکے کے منہ پر لگی ہوئی مٹی کو ہٹانا۔
(جَلِفَ) (س) الرجلُ جَلَفًا و جَلَافَةً: تند خو ہونا، اجڈ بے وقوف ہونا، اکھڑ ہونا۔
(اَجْلَفَ) الرجلُ: مٹکے کے منہ سے مٹی ہٹانا۔
(جَلَّفَ) الشیءَ: بمعنی جَلَفَه۔
— الدهرُ فلانًا: زمانہ کا مال و اسباب کو ختم کر دینا۔
(اجْتَلَفَه): بمعنی جَلَفَه۔
(تَجَلَّفَ): لازم جَلَّفَ (۲) کمزور ہونا۔
(الجَالِفَةُ): خشک سال جس میں مال و متاع ختم ہو جائے (۲) گہرا زخم جو کھال اور گوشت کے اندر تک پہنچ جائے۔
(الجُلَافُ): مٹی۔ جُلاف الدَّنِّ و نحوِہٖ: جس مٹی سے مٹکے کا منہ بند کیا جائے۔
(الجِلْفُ): روکھا اور سخت مزاج آدمی۔ (۲) بے وقوف (۳) برتن۔ کہاوت ہے (جُلُوْف زَادٍ لیسَ فیها مَشْبَعٌ) اس شخص کے بارے میں جو معاملات کے پیچھے پڑے جبکہ اس کے پاس کچھ نہ ہو۔ (۴) خالی مٹکا (۵) دھڑ، بدن (۶) کھال اتارا ہوا جانور (۷) کھجور کا نر درخت جس کے خوشہ سے قلم لگایا جاتا ہے (۸) موٹی اور خشک و روکھی روٹی۔ حدیث عثمانؓ میں ہے (کلُّ شیءٍ سِوَی جلفِ الطعامِ وظل ثوبٍ و بیتٍ یَسْتُرُ فَضْلٌ)۔
(ج) اَجْلافٌ و جُلُوْفٌ۔
(اَلْجَلْفَةُ): ایک دفعہ کا چھیلنا یا تراشنا۔
— من القلمِ: قلم کا تراشا ہوا حصہ۔
(الجُلْفَةُ): چھیلن، تراشا (ج) جُلَفٌ۔
(اَلْجِلْفَةُ): ہر چیز کا ٹکڑا (۲) قلم کی چھیلن (ج) جِلَفٌ۔
(الجَلِیفُ) من الرِّجال: اجڈ و بیوقوف، روکھا اور سخت مزاج آدمی (ج) جُلَفَاءُ۔
(الجلیفةُ): کھرچن، چھیلن (ج) جَلائفُ۔
(جَلْفَطَ) السفینةَ: کشتی کی درزیں بند کرنا اور ان پر تارکول پھیرنا۔ عمرؓ کی حدیث ہے: (لااحمل المسلمین علی اعواد نجرها النجار وجلفظها الجلفاظُ) (ج) جَلافظةٌ۔
(الجَلَفَقُ): زینہ کے دونوں جانب لکڑی یا لوہے کی آڑ جو گرنے سے بچانے کے لئے لگائی جاتی ہے۔ (مع)۔
(جَلَقَ) (ض) الشیءَ جَلْقًا: کھولنا، واضح کرنا۔
— راسَه: سر کا حلق کروانا۔
— فَمَه عند الضحك: ہنستے وقت منہ کھولنا۔
— الحصنَ و نحوَہٗ: قلعہ وغیرہ پر منجنیق سے پتھر مارنا۔
(جَلَّقَ) الحصنَ و نحوَہٗ: قلعہ پر منجنیق سے پتھر مارنا۔
(تَجَلَّقَ): اتنا ہنسنا کہ داڑھوں کے آخری حصے دکھائی دیں۔
(الجُلَاقَةُ): گوشت کا ٹکڑا، کہا جاتا ہے (ما علیه جلافة لحمٍ) اس پر ذرا بھی گوشت نہیں یعنی وہ دبلا پتلا ہے۔
(الجُلَقَةُ): انسان کے ہنسنے کی جگہ۔
(جِلَّق): مشہور دمشق کا ایک نام۔
(الجِلَّقُ): یمن کا گندم جیسا ایک دانہ۔
(الجُوالِقِ): بوری، گٹھا (مع) (ج) جَوالق و جَوالیق و جُوالِقات۔
(الجوالِقُ): بمعنی الجوالِق۔
(المَنْجَلِیقُ): منجنیق، قلعہ وغیرہ پر پتھر پھینکنے کی ایک پرانی مشین (ج) مجالیق (یہ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے)۔
(جَلَّ) (ن) عن وطنه و موضعه و منه۔ جُلُوْلًا: وطن سے دور ہونا، جگہ سے ہٹنا۔
— الشیءَ جَلًّا: کسی چیز کا کل یا اکثر لینا۔
— الدَّابَّةَ: چوپائے کو جھول پہنانا۔
— الجِلَّةَ: مینگنیاں اور لید اکٹھی کرنا۔
— الدابَّةُ الجِلَّةَ: چوپائے کا مینگنیاں اور لید کھانا هو جَالٌّ و جَلَّالٌ۔

— الشيءُ عليه: کسی کونقصان دینا' مصیبت کھڑی کرنا۔
(جَلَّ) (ض) جَلَالًا و جَلَالَةً: بلندمرتبہ ہونا۔ هو جَلٌّ و جُلَالٌ و جَلِيلٌ (ج) اَجِلَّةٌ و اَجِلَّاءُ و اَجْلَالٌ و جِلَّةٌ۔
حدیث میں ہے (اَخَذَتْ جِلَّةَ(٢) اموالهم) (٢) عمر رسیدہ ہونا (٣) زیادہ تجربوں کا سمجھدار بنا دینا۔
— عَنه: پاک وبری ہونا۔
— عن وطنه و موضعه: وطن سے دور ہونا۔ جگہ سے ہٹنا۔
(اَجَلَّ) فلانٌ: بڑا اور مضبوط ہونا۔
— فلانًا: بڑا بنانا (٢) بڑا سمجھنا۔ (٣) تعظیم کرنا۔
(جَلَّلَ) الشيءُ: عام ہونا۔
— الشيءَ: عام کرنا۔ حدیث میں ہے (وابِلًا مُجَلِّلًا) (٢) ڈھانپنا۔
— الدابّةَ: جانور کو جھول پہنانا۔
(اجتَلَّ) الجِلَّةَ: مینگنیوں اور لید کو اکٹھا کرنا۔
— الدابةُ الجِلَّةَ: جانور کا مینگنیاں اور لید کھانا۔
(تَجَالَّ) فلانٌ: عمر رسیدہ اور بڑا ہونا۔
ام صُبيّه الجهنيه کی حدیث میں ہے (كُنَّا نكون في المسجد نسوة قد تجاللن)۔
— عنه و عليه: برتر ہونا' خود کو بڑا سمجھنا۔
— فلانًا: تعظیم کرنا۔
— الشيءَ: کسی چیز کا بڑا حصہ لینا۔
(تَجَلَّلَ): ڈھک جانا۔
— الشيءَ: زیادہ حصہ لینا (٢) بلند کرنا۔
(الإجلال) فعلت كذا مِن اجلالك: میں نے یہ تیری وجہ سے کیا ہے۔
(التَّجِلَّةُ): بمعنی الاجلال (٢) اکرام' تعظیم کہا جاتا ہے (هم قوم ذو تجلّةٍ) نیز کہا جاتا (فعلت هذا من تجلتك) میں نے یہ تیری خاطر کیا۔
(الجالَّةُ): ہجرت کر کے دوسری جگہ آباد ہونے والے لوگ۔ (ج) جَوَالٌّ۔
(الجَلَال) فعلتُ ذلك من جَلَالك: میں نے یہ تیری وجہ سے کیا ہے۔
(الجُلَال) من كل شئ: ہر چیز کا بڑا حصہ (٢) موٹا اور بڑا۔
(الجِلَال): پردہ (٢) ڈھکن۔ جمع جُلٌّ۔
(الجَلائل): جليلة کی جمع۔
(الجُلّ): جانور کی جھول (ج) جِلال و اَجْلَال (٢) کشتی کا بادبان (ج) جُلُوْلٌ و اَجْلَالٌ (٣) کھیتی کی وہ چھری جس سے خوشہ کاٹ لیا جائے (٤) چنبیلی یا گلاب کا پھول (مع)
(الجُلُّ): جھول۔
— من كل شيءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔
— من البيتِ: خیمہ نصب کرنے کی جگہ (ج) جِلالٌ و اَجْلال. کہا جاتا ہے (فعلت هذا من جلّك) میں نے یہ کام آپ کی خاطر کیا۔
(الجِلُّ): بڑا' موٹا۔ حدیث میں ہے (اللهمّ اغفرلی ذنبي كله دقّه وَجلّه) (٢) کھیتی کی وہ شاخ جس سے خوشہ اتار لیا گیا ہو۔
(الجَلَل): عظیم' بڑا (٢) معمولی' حقیر۔ حضرت عباسؓ کی حدیث میں ہے (قال يوم بَدرٍ: القتلى جَلَلٌ ماعدا محمّدًا)۔
(الجِلَّةُ): مینگنی اور لید۔
(الجُلَّةُ): بمعنی الجِلّةُ (٢) کھجور کی ٹوکری (ج) جِلالٌ۔
(الجُلّى) مشکل اور اہم کام۔ کہاوت ہے (لايُدْعىٰ للجُلّى إلّا اخوها) کسی اہم کام کے لئے اس کو بلایا جاتا ہے جو اس کا اہل ہو۔ یہ عاجز و بے بس آدمی کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ یعنی تم اس جیسے بڑے کام کے اہل نہیں ہو (ج) جُلَلٌ۔
(الجَلّاءُ): بمعنی الجُلّى۔
(الجِلّاءُ): بمعنی الجلاّء۔
(الجَلّالَةُ) من الماشية: وہ چوپایہ جو مینگنیاں اور لید کھاتا ہے۔
(الجَلِيلُ): الله تعالى کا ایک نام (٢) علم فلسفہ کے مطابق وہ شے جو فن و فکر و اخلاق کے گوشوں کی حد سے تجاوز کر جائے۔ کہا جاتا ہے (منظرٌ جليلٌ ورائعٌ) (مج) (٣) شاندار' بڑا اور طاقتور۔
(المجَلّةُ): کتاب (٢) رسالہ جس میں مضامین شائع کئے جائیں۔ میگزین' ماہنامہ۔
(ج) مَجالٌّ' مَجلّاتٌ (مج)۔
(جَلَمَ) (ضِ الشئ جَلْمًا: کاٹنا (٢) بال مونڈنا۔
— الشَّعرَ و الصوفَ: اون یا بال کترنا۔
— الحيوانَ: جانور کی ہڈی سے گوشت اتارنا۔
(اجتَلَمَ) الحيوان: جانور کی ہڈی سے گوشت اتارنا۔
(الجُلامَةُ): کتری ہوئی اون یا بال۔
(الجَلَمُ): بال یا اون کترنے کی قینچی۔
(٢) شروع کا چاند (ج) جِلامٌ۔
(الجِلْمُ): اوجھ اور آنتوں کی چربی۔
(الجَلَمانُ): قینچی۔
(الجَلْمَدُ): چٹان (٢) سخت آدمی۔ (٣) تیز آواز والا (٤) مویشیوں کا بہت بڑا گلہ۔ (٥) بڑی عمر کے مویشی (ج) جَلامِدُ۔
(الجُلْمُدُ) من الرجال: بمعنی الجَلْمَدُ۔
(الجِلْمِدُ): تھوڑے پانی کی چٹان۔
(الجَلْمَدَةُ) من الارضِ: پتھروں والی زمین (٢) گائے۔
— من الرجالِ: سخت آدمی (ج) جَلامِدُ
(الجلمود): بمعنی الجَلْمَدُ (ج) جَلاميد۔
کہا جاتا ہے (القى عليه جلاميدَه) اس نے اپنا بوجھ کسی پر ڈال دیا۔
(جَلْمَقَ) القوسَ: کمان پر تانت چڑھانا۔
(الجلماق): وہ پٹھا جس کی تانت بنائی جاتی ہے۔ (ج) جَلاميقُ (فارسی معرب)
(الجَلْمَقُ): جبہ (ج) جَلامِق۔
(جَلْنَبَلَقُ): بڑا دروازہ کھولنے یا بند ہونے کی آواز۔

(الجُلَّنار): گل انار (مع)

(جَلَهَ) (ف) الرجُلَ جَلْهًا: سخت کام سے روکنا۔

— الشيءَ: کھولنا۔

— البيتَ: گھر کو بغیر دروازہ اور پردہ کے بنانا۔

هُوَ مجلوهٌ۔ (ظاہر کرنا' دور کرنا)

— العمامَةَ: پگڑی کو پیشانی سے اوپر کرنا۔

— الحصٰى عن الموضع: کنکریاں ہٹانا۔

هو مجلوهٌ۔

(جَلِهَ) (س) جَلَهًا: بڑی پیشانی والا (۲) سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا اڑ جانا۔ هو اَجْلَهُ وهی جَلْهَاءُ (ج) جُلْهٌ۔

(اَلْاَجْلَهُ): بے سینگ بیل۔

(الجَلْهَةُ): گول مضبوط چٹان (۲) محلہ (۳) وادی کا کنارہ (۴) وہ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ یا مکھن بھر دیا گیا ہو۔ (ج) جِلَاهٌ۔ (وادی کے سامنے والی جہت)

(الجَلِيهَةُ): وہ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ یا مکھن بھر دیا گیا ہو (۲) وہ جگہ جس کی کنکریاں ہٹادی گئی ہوں۔

(جَلْهَزَ): کسی چیز کو جانتے ہوئے چھپانا' چشم پوشی کرنا۔

(الجُلَاهِقُ): مٹی کا چکنا گولا (۲) غلہ (ج) جَلَاهِقُ (فارسی معرب) (بقول بعض غلیل)

(الجَلْهَمُ): فصیلہ نبقیات کا ایک پودا۔

(الجُلْهُمُ): بھاری چٹان (ج) جَلَاهِمُ۔

(الجَلْهَمَةُ): وادی کا ایک کنارہ (ج) جَلَاهِمُ۔

(الجُلْهُمَةُ): بمعنی الجَلْهَمَةُ (۲) سختی (۳) منصوبہ (ج) جَلَاهِمُ۔

(الجُلْهوم) بہت بڑی جماعت۔

(جَلَا) (ن) القومُ عن الوطن و منه جُلَاءً و جَلْوًا: خوف یا قحط کی وجہ سے جلا وطن ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَوْلَا اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا}

— الامرُ جَلاءً: واضح ہونا۔ هو جَلِيٌّ۔

— فلانٌ عينَه: سرمہ لگانا۔

— بثوبه: کپڑے کو پھینکنا۔

— العدوُّ اَوِ الجدبُ القومَ عَنْ او طانهم، جَلْوًا وَجَلَاءً: دشمن یا قحط کا جلا وطن کرنا۔

— النحل جلاءً: چھتہ کو دھونی دینا تا کہ شہد نکالا جائے۔

— السيف والفِضَّةَ والمرآةَ و نحوها جَلْوًا و جِلَاءً: زنگ دور کرنا اور چمکانا کہا جاتا ہے (جَلَا بَصَرَهُ بالكحل)۔

— الماشطةُ العروسَ على بعلها جِلَاءً وَجِلْوَةً: خادمہ کا دلہن کو بناؤ سنگھار کر کے خاوند کے پاس لے کر جانا۔

— الزوجُ عروسَه وصيفةً او غيرَها جَلْوًا: خاوند کا بیوی کو منہ دکھلائی کے وقت باندی دینا۔

— الامرَ جَلَاءً: کھولنا' واضح کرنا۔

— فلانًا الامرَ وعنه جَلْوًا: کسی پر کوئی بات ظاہر کرنا۔

— فلانًا وعنه الهَمَّ: غم دور کرنا۔

(جَلِي) (ض) السيفَ والفِضَّةَ والمِرآةَ و نحوها جَلْيًا وجِلَاءً: زنگ دور کرنا چمکانا۔

(جَلِيَتْ) (س) السماءُ جَلًى: آسمان کا روشن ہونا اور صاف ہونا۔

— الجبهةُ: پیشانی کا کشادہ ہونا۔

— الرجل: سر کے اگلے بالوں کا اڑ جانا۔

هُوَ اَجْلٰى وهى جلواءُ: (ج) جُلْوٌ۔

(اَجْلٰى) القومُ عن المكان و منه: لوگوں کا خوف یا قحط کی وجہ سے علاقہ چھوڑنا۔

— الناسُ عن الشيئِ: لوگوں کا الگ ہونا۔

(اجلٰى يَعْدُو) وہ تیز دوڑا۔

— الجدبُ او العدوُّ القومَ عن مكانهم: قحط یا دشمن کا لوگوں کو نکالنا۔

— عنه الهمَّ: غم دور کرنا۔ مریض کو دعا دینے کے لئے کہا جاتا ہے۔ اجلى اللهُ عنه۔

(جَالَيْتُه) بالامرِ: کسی کے سامنے کوئی کام کرنا۔

(جَلّٰى) الفرسُ تجليةً: گھوڑے کا میدان میں دوڑنا۔

— البازي: شکرہ کا سر اٹھا کر دیکھنا۔

— ببصره: کسی چیز کا شکرہ کی طرح دیکھنا۔

— عن نفسه: مافی الضمیر کو بیان کرنا۔

— النهارُ الظلمةَ: دن کا اندھیرے کو ختم کرنا۔

— الهَمَّ والامرَ عنه: غم یا مصیبت دور کرنا۔

— القومَ عن اوطانهم: لوگوں کو جلا وطن کرنا۔

— فلانٌ عروسَه وصِيفَةً او غيرها: دلہن کو منہ دکھلائی کے وقت باندی وغیرہ دینا۔

(اجتَلٰى) القومُ عن الموضع: لوگوں کا تتر بتر ہونا۔

— الجدبُ او العدوُّ القومَ عن موضعهم بمعنی اجلاهُمْ۔

— العروسَ على بعلها: دلہن کو سنوار کر شوہر کے سامنے پیش کرنا۔

— الشيءَ: دیکھنا۔

— العروسَ: علٰی بعلها: دلہن کو سنوری ہوئی دیکھنا۔

— السيفَ: تلوار کو صیقل کرنا۔

— العمامَةَ: پگڑی کو پیشانی سے پیچھے کرنا۔

العمامَةَ عن راسه: پگڑی کو پیشانی سے اتارنا۔

(انجَلٰى): لازم جَلّاه۔

(تجَالَيَا): ایک دوسرے کا حال سامنے آنا۔

(تجَلّٰى) الشيءُ تَجَلِّيًا: لازم جَلّاه۔

— الشيءُ: قریب سے دیکھنا۔

— البقرُ: شکرہ کا غور سے دیکھنے کے لئے آنکھوں کو بند کر کے کھولنا۔

(اِجْلَولٰى): ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا۔

(الأجلی): خوبصورت چہرہ۔
ابن اجلی: شیر۔(۲) سردار(۳) صبح (۴) واضح امر۔
(الجالیۃُ): وہ لوگ جو جلاوطن ہو گئے ہوں (۲) تارکین وطن جو دوسری جگہ یا دوسرے ملک آباد ہو گئے ہوں۔(ج) (۳) اہل ذمہ (۴) وہ اہل کتاب جن پر جزیہ واجب ہوا اگرچہ وہ اپنے وطن سے نہ نکلے ہوں۔
(الجلا): سرمہ۔ ابن جلا: بلند رتبہ سردار جس کا ٹھکانہ پوشیدہ نہ ہو۔(۲) واضح معاملہ والا۔
(الجلاءُ): واضح اور روشن معاملہ (۲) مقدمہ کا ثبوت اور گواہ (۳) سرمہ۔ کہا جاتا ہے (مَا اَقَمْتُ عندہ اِلّا جلاءَ یومٍ) میں اس کے پاس صرف دن کی روشنی میں ٹھہرا۔
(الجِلاءُ): سرمہ۔ حدیث ام سلمہؓ میں ہے (کَرِهَتْ للمُحِدّان تکتحلَ بالجلاء)۔
جلاءُ فلانٍ: تعظیم کے لئے دیا جانے والا لقب یا کنیت۔
(الجِلوۃُ): جلوۃُ العروس: دلہن کا سنگھار جو خاوند بیوی کو منہ دکھائی کے وقت دے۔ (شب زفاف کا ہدیہ جو شوہر بیوی کو دے)
(الجِلیُ): چھت کا روشندان۔
(الجَلِیّۃُ): یقینی خبر۔
جَلِیّۃُ الْاَمْرِ: حقیقت الامر۔
(المَجالِیُ): سر کا اگلا حصہ جس کے بال گر گئے ہوں (اس کا واحد مجلّی ہے)
(الجلو کوما): آنکھ کی ایک بیماری جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں۔(مع)۔

ج............م

(جَمِیَٔ) (س) عَلی فلانٍ جَمَأً: غصہ ہونا۔ ھو جَمِیٌٔ۔
— اَلفَرَسُ: پیشانی کی سفیدی کا دراز ہونا۔ ھُوَ اَجْمَأُ۔
(تَجَمَّأَ) القومُ: لوگوں کا اکٹھے ہونا۔
— فلانٌ فِی ثیابِہٖ: کپڑوں میں سمٹنا۔
— علی الشیءِ: کسی شے پر جھک کر اسے چھپا لینا۔
(الجُمأُ): شخص۔
(الجُمَاءُ): شخص۔
(المُجْمَاءُ) فرسٌ مُجْمَأٌ: وہ گھوڑی جس کی پیشانی کی سفیدی دراز ہو۔
(الجُمْبازُ): ایک طرح کا ورزشی کھیل (مع)
(جَمْجَمَ): واضح بات نہ کرنا۔ کہتے ہیں (جَمْجَمَ کَلَامَہ)۔
— الشیءَ فی صدرہٖ: دل میں چھپانا۔
— فلانًا: ہلاک کرنا۔
(تَجَمْجَمَ) فلانٌ: بمعنی جَمْجَمَ۔
(الجُمْجُمُ): پاؤں رکھنے کی جگہ، پائیدان (مع)۔
(الجُمْجُمَۃُ): کھوپڑی (۲) سر (۳) انسان (۴) سردار قوم (۵) ہر باعزت وشرافت قبیلہ (۶) لکڑی کا پیالہ (۷) ہل، وہ لکڑی جس کے کنارہ پر نوک دار لوہا لگا ہوتا ہے (۸) وہ کنواں جو شور زمین میں کھودا گیا ہو۔(ج) جُمْجُمٌ وجَمَاجِمُ۔
(جَمَحَ) (ف) الفرسُ جَمْحًا و جُمُوحًا و جِمَاحًا: گھوڑے کا بے قابو ہونا۔ ھو جَامِحٌ (ج) جَوَامِحُ جُمَّاحٌ۔ ھی جامحۃٌ (ج) جوامحُ ھو وھی جَمُوحٌ۔
— الرجُلُ: خودسر ہونا۔ ھو جَامِحٌ و جَموحٌ۔
— السفینۃُ: کشتی کا ملاح کے قابو سے باہر ہونا۔
— المفازۃُ بالقومِ: جنگل کے لوگوں کو دور گھما کر ہلاک کر دیا۔
— بہٖ مرادُہٗ: مراد پوری نہ ہونا۔
— فلانٌ اِلی کذا: تیز چلنا۔ قرآن مجید میں ہے: {لَوَلَّوْا اِلَیْہِ وَھُمْ یَجْمَحُوْنَ}۔
— من الحربِ: شکست کھانا۔ ھو جَامِحٌ (ج) جُمّاحٌ۔
— المرأۃُ من زوجِھا: عورت کا بغیر طلاق کے خاوند سے ناراض ہو کر اس کی اجازت کے بغیر اپنے گھر جانا۔
(الجُمّاحُ): بے پھل کا گول سرے والا تیر، جس کے ذریعہ تیراندازی سکھائی جاتی ہے۔ (۲) وہ تیر یا چھڑی جس کی نوک پر گارا رکھ کر پرندے کو مارا جاتا ہے (ج) جَمَاحِیحُ۔
(الجُمَّحُلُ): سیپ کے اندر کا کیڑا۔
(جَمَخَ) (ف ن) جَمْخًا: تکبر اور فخر کرنا۔ ھو جامِخٌ (ج) جُمَّخٌ وھو جَمُوخٌ و جَمِیخٌ و جَمّاخٌ۔
— کعبَ اللعبِ: کھیل کے بانس کی نلکی کا سیدھا ہونا۔
— الصبیُّ: اچھلنا۔
— الصبیانُ بالکعابِ: بچوں کا بانس کی نلکیوں کو ایک دوسرے کے اوپر پھینک کر کھیلنا۔
— الخیلَ والکعابَ بِھَا: گھوڑوں اور بانس کی نلکیوں کو زور سے چھوڑنا۔
(جَامَخَہٗ): باہم فخر کرنا۔
(انْجَمَخَ): کعبُ اللعبِ: بمعنی جَمَخَ۔
(جَمَدَ) الماءُ والسائلُ جَمْدًا و جُمُودًا: جم جانا۔ ھو جامِدٌ و جَمَدٌ۔
— عینُہٗ: آنسو خشک ہو جانا۔ ھی جامِدَۃٌ و جَمُودٌ۔
— النَاقۃُ او الشَّاۃُ: بکری یا اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔
— الارضُ: زمین پر بارش نہ ہونا۔
— السنۃُ: خشک سالی ہونا۔ ھی جامِدَۃٌ و جَمَادٌ۔
— فلانٌ: بخیل ہونا۔ کہا جاتا ہے (جَمَدَتْ کَفُّہٗ) ھو جَامِدٌ و جَمَادٌ وھو جامدُ الکَفِّ و جمادُ الکفِّ۔
— حقُّ فلانٍ: حق لازم ہونا۔
— الشیءَ جَمْدًا: کاٹنا۔
(اَجْمَدَ) فلانٌ: جمادی الاولی یا جمادی الثانیہ میں داخل ہونا (۲) بخل کا زیادہ ہونا (۳) خیر کا کم ہونا۔
— حقَّ فلانٍ: کسی کے حق کو لازم کرنا۔
(جَمَّدَ) الماءُ والسائلُ: جمنے کے قریب ہونا۔

(الجامِدُ): دو گھروں یا دو زمینوں کا درمیانی فاصلہ (ج) جوامِدُ۔
جامد المال و ذائبۃ: مال مویشی۔
(الجَمادُ): جمادات' کائنات کی تیسری قسم (مو)۔
(جَمادِ): بخیل کی مذمت کے لئے کہا جاتا ہے جمادِلَہ (وہ بخیل ہی رہے) یہ حمادلَہ کی ضد ہے جو سخی کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
(الجَمْدُ): برف۔
(الجَمَدُ): برف (۲) سخت اور بلند زمین۔ (۳) پتھر (ج) اَجْمادٌ و جِمادٌ۔
(الجُمُدُ): سخت اور بلند زمین (ج) جِمادٌ و اَجْمادٌ۔
(الجُمُدُ): بمعنی الجُمْدُ۔
(جُمادی): دو عربی مہینے' جمادی الاولی یہ پانچواں مہینہ ہے اور جمادی الثانیہ یہ چھٹا مہینہ ہے (۲) عربوں کے ہاں سردیوں کے دن (کیونکہ ان میں پانی جم جاتا ہے) کہاوت ہے۔ (شَهْرًا ربيع كجمادَى البؤس) اس شخص کے بارے میں کہ اچھی اور بری حالت میں حرف شکایت ہی اس کی زبان پر رہے اور کہا جاتا ہے (ظلّتِ العين جُمادَى) آنکھ منجمد رہی۔ یعنی آنسو نہیں بہا۔
(الجَمّاد) سیفٌ جَمّادٌ: تیز کاٹنے والی تلوار۔
(جَمَرَ) (ن ض) الفرسُ جَمْرًا: گھوڑے کا بندھے ہوئے اچھلنا۔
— فلانًا: انگارہ دینا (۲) ہٹانا۔
(اَجْمَرَ) القوم: اکٹھے ہونا۔
— الفرسُ: گھوڑے کا قید میں اچھلنا۔
— الدابّۃَ: جانور کا دوڑ کر چلنا۔
— فلانٌ بين يدي فلانٍ: کسی کے سامنے تیز چلنا۔
— الليلۃُ: پوری رات چاند نکلا رہنا۔
— ثوبَہ: کپڑے کو عود سے دھونی دینا۔
— المراۃُ: عورت کا بالوں کو اکٹھا کر کے گدی کے پیچھے باندھنا۔ کہا جاتا ہے (اَجْمَرَتْ شعرها)۔
— الرجلُ شَعْرَہ: بالوں کی زلفیں بنانا۔
— الامرُ بني فلانٍ: کسی بات کا سب کے لئے ہونا۔
— الخيلَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔
— الجمارُ الخفَّ والحافِرَ: کنکریوں کا جانور کے کھروں اور سم کو سخت کر دینا۔
(جَمَّرَ) القومُ: جمع ہونا۔
— الحاجُّ: کنکریاں مارنا۔
— الرَّجُلُ: کھجور کے درمیان کا حصہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے (جَمَّرَ الرجلُ النَّخلَ)۔
— المرأۃُ: اَجْمَرَتْ کہا جاتا ہے (جَمَّرَتْ شَعْرَها)
— الشيءَ: مکمل طور پر سمیٹنا۔ نیز جَمَّرَهم الامرَ بھی کہا جاتا ہے۔
— الاميرُ الجَيْشَ: فوج کو سرحد پر مامور کر کے گھروں کی واپسی روک دینا۔
— اللحمَ او الخبزَ: گوشت یا روٹی کو انگاروں پر رکھنا۔
— الثوبَ: کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔
(اِجْتَمَرَ) بالمِجْمَرَۃِ: عود کی دھونی دینا۔
(تَجَمَّرَ) القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
— الجَيْشُ: فوج کا دشمن کی سرحد پر قید ہونا۔
— بالمجمرۃ: عود کی دھونی لینا۔
(اِسْتَجْمَرَ) القومُ: جمع ہونا۔
— الجيشُ: دشمن کی سرحد پر محبوس ہونا۔
— الرجلُ: ڈھیلوں سے استنجاء کرنا۔
— بالمِجْمَرَۃِ: عود کی دھونی لینا۔
(الجامُورُ): کھجور کے درخت کا گودا۔ اس کی واحد جامورۃٌ ہے۔ (۲) قبر (۳) سر۔
(الجَمارُ): جماعت۔ کہا جاتا ہے (عَدَّ فلانٌ اِبلَہ جَمارًا) فلاں نے اپنے اونٹوں کو گروہ در گروہ کر کے شمار کیا۔
(الجِمارا): یہود کے نزدیک مِشْنی کی شرح اور تکملہ (دیکھئے: المِشْنی)۔
(جُمارَی): سارے کے سارے' کہا جاتا ہے (جاء القومُ جمارَی)۔
(الجَمْرَۃُ): انگارہ۔ کہاوت ہے: (لوقلتُ تمرۃً لَقالَ جَمْرَۃً) اختلاف خواہشات کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ (۲) چھوٹی کنکری (۳) سخت اندھیرا۔ (۴) منیٰ میں ماری جانے والی کنکریوں میں سے ایک۔
(۵) جَرۃ القومُ: وہ متحد ہونے والے لوگ جو یکجاں ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے (هم جَمْرَۃٌ) وہ مضبوط و طاقتور لوگ ہیں (ج) جَمْرٌ و جِمارٌ و جَمَرات کہاوت ہے (هَرِقْ عَلَى جَمْرِكَ مَاءً) اپنے غصہ کو ٹھنڈا کرو۔ (۶) علم طب کے مطابق جلد اور اس کے تحتانی انسجہ میں پیدا ہونے والی سوزش کو کہتے ہیں۔ (مج)
(الجُمّارُ): کھجور کے درخت کی گوند (اس کا واحد جُمّارۃٌ ہے) کہاوت ہے (جُمّارۃٌ تُؤكَلُ بالهُلاسِ) اس مال کے بارے میں جس کو محنت سے کمایا جائے اور اس کا وارث نااہل بن جائے (۲) علم نباتات کے مطابق پودوں کا وہ گودا جس میں نرم و نازک جھلیاں ہوتی ہیں۔
(الجَميرُ): لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
— من الشعر: گوندھے ہوئے بال۔
— ابن جَميرٍ: تاریک رات (۲) وہ چاند جو آخر ماہ تک برقرار رہے۔
ابنا جَميرٍ: دن و رات۔
(الجَميرَۃ): بالوں کی چوٹی (۲) بالوں کا گچھا (ج) جَمائِرُ۔
(المِجْمَرُ): دھونی دان (۲) عود' وہ لکڑی جس کی دھونی دی جائے۔ (ج) مَجامِرُ۔
(المُجْمَرُ): وہ چیز جس سے دھونی دی جائے۔
(الجُمْرُكُ): کسٹم' ڈیوٹی' چونگی جو دوسرے ملک سے یا شہر سے آنے والے سامان پر لی جاتی ہے (اس کی اصل گُمرك ہے جو کہ ترکی لفظ ہے اور اس کی عربی مکس ہے) (د)
(جَمَزَ) (ض) الفرسُ و نحوہ جَمْزًا و

ج

جَمَزَى: تیز رفتاری سے چلنا جو دوڑنے کے قریب ہو۔ (۲) اچھلنا کودنا۔
— الانسانُ: تیز چلنا۔
— فلانٌ فی الارضِ: جانا۔
— فلانًا وبه: مذاق اڑانا۔
(الجُمْزُ): کھجور کے درخت کی بچی ہوئی شاخیں (ج) اَجماز و جُموزٌ۔
(الجُمْزَةُ): نبات کا خول جس میں دانہ ہوتا ہے (۲) کھجور یا پنیر کا ڈھیر (ج) جُمَزٌ۔
(الجَمَّازُ) من الدوابِّ: کودنے اور تیز چلنے والا جانور۔
(الجُمَّازَةُ): تنگ آستینوں والا اون کا جبہ۔ حدیث میں ہے (ان النبی ﷺ توضّأ فضاق عَنْ یدیهِ کُمَّا جُمَّازَةٍ کانت علیه)
(اَلْجَمَّازَةُ): رکشہ جیسی ایک گاڑی (مو)۔
(الجُمَّیْزُ): ایک درخت جس کا پھل انجیر کے مشابہ ہوتا ہے۔
(الجُمَّیْزَی): بمعنی الجُمَّیْزُ۔
(جَمَسَ) (ن) السمنُ و نحوہ جَمْسًا و جُمُوسًا: گھی کا جمنا۔
— النبتُ: پودے کا خشک اور سخت ہونا۔
ھو جامسٌ۔ حدیث عمرؓ میں ہے: (لَمَّا سُئِلَ عن فارةٍ وقعت فی سمن: ان کان جَامِسًا الْقِیَ ماحولَه وأُکل وان کان مائعا اریق کلّه)۔
(جَمُسَ) (ک) السَّمنُ و نحوہ جموسَةً: گھی کا جمنا۔ ھو جمیسٌ۔
(الجامُوسُ): بھینس (یہ فیصلہ بقریہ سے ہے) (ج) جوامیس۔
(الجُماسِیَّةُ) لیلةٌ جُماسِیَّةٌ: ایسی ٹھنڈی رات جس میں پانی جم جائے۔
(الجُمْسَةُ): آگ۔
(الجُمْسَةُ): چھوہارہ، خشک کھجور (۲) وہ کھجور جو پکنے کے باوجود سخت رہے (۳) اونٹوں کا گلہ (ج) جُمَسٌ۔

(جَمَشَ) (ن ض) نبات الارضِ جَمْشًا: کٹائی کرنا۔
— راسَه: حلق کروانا (جَمَشَ شَعْرَہ بھی کہا جاتا ہے)۔
— النُّورَةُ الشَّعْرَ: بال صفا پاؤڈر کا بالوں کا صاف کر دینا۔
— الجسمَ: بدن کا جلا ڈالنا۔
— الضَّرعَ: انگلیوں کے پوروں کے ذریعہ دودھ دوہنا۔
— المرأةَ: بیوی سے چٹکیاں لے کر یا گدگدی کر کر عشق و محبت کرنا۔ ھو جَامِشٌ و جَمَّاشٌ (جمشتْه المراةُ بھی کہا جاتا ہے)۔
(جَمَّشَ) المراةَ: بمعنی جَمَشَهَا۔
(الجُمُوشُ): بال صفا پاؤڈر۔
سَنَةٌ جَمُوشٌ: ایسا سال جس میں نباتات ختم ہو جائیں۔
(الجَمِیشُ): بال صفا پاؤڈر (۲) بے نبات جگہ۔
(جَمَعَ) (ف) المُتَفَرِّقَ جَمْعًا: متفرق چیزوں کو اکٹھا کرنا۔ کہاوت ہے (تجمعین خلابةً و صدودًا) ایسے شخص کے بارے میں جس میں دو بری عادتیں ہوں۔
— اللهُ القلوبَ: دلوں کو ملا دینا۔
ھو جامِعٌ و جَمُوعٌ و مِجمَعٌ و جَمَّاعٌ اور مفعول یہ ہے مجموعٌ و جمیعٌ۔
— القومُ لاعدائهم: دشمنوں کے مقابلہ میں جمع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَکُمْ فَاخْشَوْهُمْ}
— امرَہ: پختہ ارادہ کرنا۔
— علیه ثیابَه: کپڑے پہننا۔
— الجاریةُ الثِّیابَ: لڑکی کا جوان لڑکیوں والا لباس پہننا۔
مَا جَمَعْتُ بامراةٍ و عن امراةٍ: میں نے عورت کے ساتھ جماع نہیں کیا۔
(اَجْمَعَ) القومُ: متفق ہونا۔
— الارضُ: زمین کا بنجر ہونا۔

— القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
— المتفرقَ: منتشر چیزوں کو اکٹھا کرنا۔
— الامرَ: مضبوط کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاَجْمِعُوْا کَیْدَکُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا}۔
— الامرَ و علیه: پختہ ارادہ کرنا۔ حدیث میں ہے: (مَنْ لَمْ یُجْمِعِ الصِّیَامَ من اللیل فَلَا صِیَامَ لَهٗ)۔
— الشیءَ: تیار کرنا (۲) سکھانا، خشک کرنا۔
— فلانًا: مانوس کرنا۔
— الابِلَ: اونٹوں کو ایک ساتھ ہنکانا۔
— المطرُ والارضَ: بارش کا زمین کے ہر حصہ پر پھیل جانا۔
(جَامَعَ) امراةً: جماع کرنا۔
— فلانًا علی امرِ کذا: کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ ہونا۔
(جَمَّعَ) الناسُ: جمعہ کی نماز ادا کرنا۔
— الدَّجاجةُ: مرغی کا انڈوں کو پیٹ میں جمع کرنا۔
— المتفرقَ: اکٹھا کرنا۔
(اجْتَمَعَ): لازم جَمَعَه۔
— الرجُلُ: داڑھی کا برابر ہونا اور پوری حد کو پہنچنا۔
— الماشی: تیز چلنا۔ حضور ﷺ کی صفت کے بارے میں حدیث ہے: (کَانَ اِذَا مَشٰی مشٰی مُجْتمعًا)۔
(تَجَمَّعَ): سمٹنا۔ اکٹھا ہونا۔
(استَجْمَعَ): سمٹنا، اکٹھا ہونا۔
— القومُ: لوگوں کا ہر طرف سے آنا۔
— **فلانًا عن الامرِ**: روکنا' باز رکھنا۔

— **الصبيّ ثدي امّه**: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

— **المريضَ**: پچھنا لگانا یعنی سینگی کے ذریعہ خون نکالنا۔

حَجَمَتِ الحيّةُ فلانًا: سانپ کا ڈسنا۔

(أَحْجَمَ) الثَّدْيُ: پستان کا ابھرنا۔

فلانٌ عنِ الشيءِ: پیچھے ہٹنا' باز رہنا۔

المرأةُ الصغيرَ: عورت کا بچہ کو پہلی مرتبہ دودھ پلانا۔

(حَجَّمَ): گھور کر دیکھنا **حَجَّمَ اليه**۔

(احْتَجَمَ): پچھنے لگوانا۔

(الحِجَام): وہ چیز جسے جانور کے منہ پر رکھا جائے تا کہ وہ کاٹ نہ سکے۔

(الحِجَامَةُ): الحجام (۲) پچھنے لگانے کا پیشہ۔

(الحَجَّام): پچھنے لگانے والا۔

(الحَجْمُ): ہر چیز کا سائز' ضخامت (۲) مقدار جسامت' ابھار جو ہاتھ گزارنے سے محسوس ہو۔ (ج) **حُجُومٌ**۔

(المَحْجَمُ): پچھنے لگانے کی جگہ (ج) **محاجِمُ**۔

(المِحْجَمُ): سینگی' پچھنے لگانے کا آلہ۔ (۲) وہ شیشی جس میں فاسد خون جمع کیا جائے (ج) **مَحاجِمُ**۔

(المِحْجَمَةُ): بمعنی **المِحْجَمُ**۔

(حَجَنَ) (ض) **العودَ حَجْنًا**: موڑنا۔

— **الشيءَ**: چمٹی سے کھینچنا۔

— **الدابّةَ**: جانور کو نوکدار چیز سے چرکہ لگانا۔

— **فلانًا عن الشيءِ**: روکنا' باز رکھنا۔

(حَجِنَ) (س) **حَجَنًا و حُجْنَةً**: مڑنا' ٹیڑھا ہونا۔

— **أَنْفُه**: ناک کے بانسہ کا منہ کی طرف جھکا ہوا ہونا۔

حجنتْ اُذُنُه: کانوں کے اوپر والے حصہ کا پیچھے کو جھکنا۔

— **الشَّعَرُ**: بالوں کا گھونگھریالے ہونا۔

— **بالدّار**: قائم کرنا۔

— **عليه و به**: بخل کرنا۔ **هو حَجِنٌ و أَحْجَنُ وهي حَجِنَةٌ و حَجْناءُ**۔

(حَجَّنَهُ) بمعنی: **حَجَنَه**۔

(احتجنَ) عليه: محروم کرنا۔

— **الشيءَ**: موڑنا یا کانٹے وغیرہ سے کھینچنا۔ (۲) اپنی طرف لانا (۳) اپنے لئے خاص کرنا۔

المالَ: مال جمع کرنا۔

مالَ غيرِه: دوسرے کا مال چرانا اور لوٹنا۔

(تَحَجَّنَ): ٹیڑھا ہونا۔

(التَّحْجِينُ): اونٹ پر لگی ہوئی ٹیڑھی نشانی۔

(الحُجْنَةُ): ٹیڑھ (۲) چرنے کا تکلا۔ (۳) وہ چیز جو اپنے لئے خاص کی گئی ہو۔

(الحَجَنَةُ): فصیلہ نجیلیہ کی ایک گھاس جو در پاؤں

کے کناروں پر اگتی ہے اور گنے جیسی ہوتی ہے۔
(الحَجُوْن): سست و کاہل (۲) وہ حملہ جس میں دشمن پر خلاف حقیقت جہت ظاہر کی جائے (۳) مکہ کے پہاڑ کا نام۔
الشوطُ الحَجُونُ: لمبا چکر جیسے سِرْنَا شوطًا حجونًا۔
(المِحْجَنُ): ہر وہ چیز جس کا سرا مڑا ہوا ہو (۲) پرندہ کی چونچ۔
فلانٌ مِحْجَنُ مالٍ: فلاں شخص مال کو صحیح استعمال کرتا ہے (ج) مَحَاجِنُ۔
(المِحْجَنَةُ): بمعنی المِحجن (ج) محاجنُ۔
(حَجَا) (ن) حَجْوًا: ٹھہرنا۔
— بالمکان: قیام کرنا، رہائش پذیر ہونا۔
— بالشیئِ: بخل کرنا۔
— فلانًا کذا: کسی کے بارے میں کوئی گمان کرنا۔
— الشیءَ: حفاظت کرنا، تھامنا۔
— فلانًا: منع کرنا، روکنا۔
— الامرَ: محض گمان پر دعویٰ کرنا اور یقین نہ رکھنا۔
— بفلانٍ خیرًا: حسن ظن رکھنا۔
— الشیءَ: قصد اور ارادہ کرنا۔
— الریحُ السفینةَ: ہوا کا کشتی چلانا۔
— فُلانًا: پہیلیاں سنانے میں غالب آجانا۔
(حَجِیَ) (س) بِہٖ حَجِیً: فریفتہ ہونا اور ساتھ لگے رہنا۔
— الیہِ: پناہ لینا۔ ھو حَجٍ و حَجِیٌّ۔
(اَحْجٰی) بالشیئِ: فریفتہ ہونا اور ساتھ لگے رہنا۔
— ما احجاہُ بالشیئِ: وہ کس قدر اس کے لائق ہے۔
(حاجَاہ) مُحاجَاۃً و حِجاءً: بحث و مباحثہ کرنا (۲) مغالطہ آمیز بات (پہیلیاں وغیرہ) کہنے میں غالب آنا۔
(احتجٰی): پہیلی کو سمجھنا۔
— الشیءَ: یاد رکھنا۔

(تَحَاجَوْا): باہم پہیلیاں بوجھنا۔
(تَحَجّٰی): پناہ گاہ میں رہنا (۲) بخل کرنا۔
— بالمکان: کسی جگہ پہنچ کر قرار پکڑنا۔
— بالشیءِ: دلدادہ ہونا (۲) بخل کرنا۔
— فلانٌ بظنہ: کسی چیز کا محض گمان رکھنا یقین نہ کرنا۔
— للشیءِ: تاڑنا، سمجھنا۔
— الشیءَ: ارادہ کرنا۔
(اِسْتَحْجٰی) اللحمُ: کسی بیماری کی وجہ سے گوشت کی بُو بدل جانا۔
(الاُحْجُوَّۃُ): مغالطہ آمیز بات، پہیلی، معمہ (ج) احاجِیُّ۔
(الاُحْجِیَّۃُ): بمعنی الاحجوّۃ (۲) وہ معمہ جس کے حل کرنے میں لوگ مقابلہ کرتے ہیں۔
(حَجًا): لائق قابل جیسے ھو حَجًا بِہٖ (یہ وصف بالمصدر ہے)۔
(الحَجا): ٹھکانہ، پناہ گاہ (۲) پردہ (۳) ٹیلہ (۴) گوشہ (۵) کنارہ (ج) اَحجاءٌ۔
(الحِجَا): پردہ (۲) عقل (ج) أحجاءٌ۔
(الحجوی): چیستان گوئی۔ بجھارت، پہیلی۔
(الحُجَیَّا): بمعنی الاحجیّۃُ (۲) چیستان گوئی۔
حُجَیَّاكَ ماھٰذا: تم اسے سمجھو۔

ح.........د

(حَدَأَہٗ) حَدْءًا: پھیر دینا۔
(حَدِئَ) (س) بالمکان حَدَأً: کسی جگہ مستقل قیام پذیر ہونا۔
— الیہ: پناہ پکڑنا۔
— علیہ: مسلسل شفقت و ہمدردی کرنا۔ کہتے ہیں (حَدِئَت المرأۃ علی ولدھا) عورت اپنے بچے پر مہربان ہوئی۔
(الحَدَأَۃ): دو نوک والی کدال (۲) تیر کا پھل (ج) حدأۃٌ و حِدَاءٌ۔
(الحِدَأَۃُ): چیل (ج) حِدَأٌ و حِداءٌ و حِدْاٰنٌ۔
(حَدِبَتِ) (س) الارضُ حَدَبًا: زمین کے کچھ حصہ کا ابھرا ہوا ہونا۔
— الرجلُ: کبڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے۔
حَدِبَ ظھرہ ھو اَحْدَبُ وھی حدباء (ج) حُدْبٌ۔
— علیہ: مہربان و مائل ہونا۔
— المرأۃُ علی ولدھا: ماں کا بچہ پر شفقت کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرنا (پہلے خاوند کے مرنے کے بعد)۔ فالرجل حَدِبٌ والمرأۃُ حَدِبَۃٌ۔
(اَحْدَبَہ) اللہُ: کبڑا بنانا۔
(حَدَّبَہ) اللہُ: کبڑا بنانا۔
— الرسامُ الخطَّ: ایسی لکیریں بنانا جن میں گہرائی نہ ہو۔
(تَحادَبَ): کبڑا ہونا (۲) جان بوجھ کر کبڑا بننا۔
(تَحَدَّبَ) علیہ: مہربان ہونا۔
— المرأۃُ علی ولدِھا: بچہ پر شفقت کی وجہ سے پہلے خاوند کے فوت ہونے کے بعد عورت کا دوسری شادی نہ کرنا۔
(اَلْاَحْدَبُ): کبڑا (۲) کہنی کے اوپر کی رگ۔
اَمْرٌ اَحْدَبُ: مشکل ترین معاملہ۔
(الحَدَبُ): ٹیلہ، بلند زمین۔ قرآن مجید میں ہے: {وَھُمْ مِّنْ کُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ} (۲) کبڑا پن۔
حَدَبُ الماءِ: پانی کی موج۔
— من الشتاءِ: سردی کی شدت (ج) احدابٌ وحِدابٌ۔
(الحَدْبَاءُ) دابّۃٌ حدباءُ: وہ جانور جس کی کمر کی ہڈیاں نمایاں ہوں۔
سَنَۃٌ حَدْبَاءُ: مصیبت کا سال۔
حالَۃٌ حَدْبَاءُ: بے چینی اور بے قراری کی حالت۔
الاٰلۃ الحدباء: جنازہ، میت، نعش۔
کعب بن زہیر کا شعر ہے: ؎
کل ابن اُنثی وان طالت سلامتُه
یومًا علی آلة حدباءَ مَحْمُوْلُ
(الحَدَبَۃُ): ٹیلہ، اونچی زمین (۲) کبڑا پن۔

(حَدَثَ)(ن) الشيءُ حُدُوْثًا و حَدَاثَةً: نیا ہونا۔ اگر قَدُمَ کے ساتھ ذکر کیا جائے تو حَدُثَ بضم الدال ہوگا جیسے "اَخَذَہٗ مَا قَدُمَ وَمَا حَدُثَ" اس پر نئے اور پرانے غم سوار ہو گئے۔
— الامرُ حُدُوْثًا: پیش آنا۔
(اَحْدَثَ) الرجُلُ: حدث ہونا، وضو توڑنا۔
— الشیءَ: ایجاد کرنا (۲) وجود میں لانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا}۔
— السَّيْفَ و نَحْوَہٗ: تلوار وغیرہ کو صاف کرنا۔
(حَادَثَہٗ): بات چیت کرنا، مکالمہ کرنا۔
حَادَثَ قلبه بذکر الله: دل پر اللہ کا ذکر جاری رکھنا۔
(حَدَّثَ): بات کرنا، خبر دینا (۲) حدیث روایت کرنا۔
— بالنعمة: اظہار نعمت کرنا، نعمت پر شکر کرنا۔
— فلانًا الحديثَ وبه: کسی سے حدیث بیان کرنا، خبر دینا۔
(تحَدَّثَ): بولنا، گفتگو کرنا جیسے تَحَدَّثَ اليه۔
(تَحَادَثَ) القومُ: باہم گفت وشنید کرنا۔
(اِسْتَحْدَثَہٗ): پیدا کرنا، وجود میں لانا، ایجاد کرنا۔ (۲) نیا سمجھنا۔
(الاَحْدَاث): سال کے شروع کی بارشیں۔
(اَلْاُحْدُوْثَةُ): کہانی، جو لوگوں میں مشہور ہو۔ (۲) ہنسی کی بات۔
صار فلانٌ اُحدوثةً: فلاں موضوع سخن بن گیا۔
(الحادِث): نئی چیز، نئی آمدہ بات، واقعہ (۲) نیا ضد قدیم (ج) حوادِث۔
(الحادثةُ): مؤنث الحادث (۲) مصیبت سانحہ (ج) حوادث۔
(الحَدَاثَةُ): نوجوانی، نوعمری۔
اخذ الامر بحداثته: کسی معاملہ کو ابتدا سے لینا۔
(الحَدَثُ): نوعمر (۲) غیر معمولی بات۔

(۳) فقہاء کی اصطلاح میں وہ نجاست حکمیہ جس سے وضو، غسل اور تیمم ختم ہو جاتا ہے۔
حَدَثُ الدَّهْرِ: آفت، مصیبت (ج) اَحداث۔
(الحِدْثُ): زیادہ اور اچھا بولنے والا، بسیار گو، شیریں گفتار۔ کہا جاتا ہے فلانٌ حِدثُ فلانٍ و حِدْثُ نِساءٍ و حِدْثُ ملوكٍ۔
(الحَدَثَانِ): دن رات۔
(حَدَثَانُ الدهر): حوادثات زمانہ۔
(الحِدْثَانُ): حِدثان الشباب: نوجوانی۔
حِدثانُ الامرِ: معاملہ کی ابتداء۔
(الحِدِّيثُ): بہت کلام کرنے والا۔
(الحِدِّيْثَى): خبر، بات، سمعتُ حدِّيثَى حسنةً (میں نے بہتر بات سنی)
(الحَدِيث): بات، کلام، گفتگو، روایت کہانی (۲) رسول کریم ﷺ کا کلام (۳) محدثین کی اصطلاح میں ہر وہ قول فعل یا تقریر جو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب ہو۔ (۴) نیا۔
هو حديث عهدٍ بكذا: اسے حال میں ہی اس سے واقفیت ہوئی ہے۔
الحديثُ ذو شُجُونٍ: بات سے بات نکلتی ہے۔
علم الحديث: وہ علم جس کے ذریعہ رسول اللہ ﷺ کے افعال اور اقوال کو پہچانا جائے۔
(المُحْدَث): وہ نئی بات جس کا ثبوت کتاب اللہ، سنت اور اجماع میں نہ ہو (ج) مُحدَثاتٌ۔
(المُحْدِثُ): کسی علم وفن کا مجدد۔
(المُحْدَثُوْنَ): متاخرین علماء اور ادیب۔ خلاف متقدمین۔
(المُحَدِّثُ): حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا راوی۔ محدِّث۔
(المُحَدَّثُ): جس کا گمان صحیح ہو۔
(حَدَجَه) (ض) حَدْجًا: کسی پر حنظل کا پھل پھینکنا۔
— فلانًا بِسَهْمٍ و نحوہٖ: تیر وغیرہ مارنا۔
— بِبَصَرِہٖ: گھور کر دیکھنا۔ حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے (حَدِّثِ النَّاسَ ما حَدَجُوكَ

بِاَبْصَارِهِم) (۲) شک اور نفرت کی نگاہ سے دیکھنا۔
— بذنب غیرہٖ: تہمت لگانا۔
— البعیرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا۔
— فلانًا ببیع سوءٍ و متاع سوءٍ: کسی کو خراب چیز فروخت کرنا۔
(اَحْدَجَتْ) شجرةُ الحنظل: حنظل کا پھل نکل آنا۔
(البعيرَ): اونٹ پر کجاوہ باندھنا۔
(حَدَّجَ) بِبَصَرِہٖ: گھور کر اور تیز نظروں سے دیکھنا۔
— الشیءَ ببصرہٖ: کسی چیز کو اچھی طرح دیکھنا۔
(الحِدْجُ): بوجھ (۲) عورتوں کی سواری جیسے کجاوہ، ڈولی (ج) حُدُوْجٌ، حُدُجٌ۔
(الحُدْجُ): حنظل، اندرائن (۲) کچا چھوٹا خربوزہ۔
(الحَدَجُ): بمعنی الحُدْج (۲) قطا کے مشابہ پرندہ۔
(حُدَيْجٌ): ابو حديج: لقلق پرندہ۔
(المِحْدَجُ): اونٹ کو داغ لگانے کا آلہ۔
(حَدَّ) (ض ن) السيفُ و نحوه حَدَّةً: تلوار کا تیز اور دھاردار ہونا۔
— الرائحةُ: خوشبو کا تیز ہونا۔
— الرجلُ: چست اور توانا دل ہونا۔
— علی غیرہٖ: غصہ ہونا اور بدزبانی کرنا۔
— فی معاملاته: معاملہ فہم نہ ہونا۔
— المرأةُ علی زوجِها حِدادًا: شوہر کی موت پر سوگ منانا۔
— السیفَ و نحوَہٗ حدًّا: تلوار کو تیز کرنا۔
— بَصَرَہٗ الیه: غور وفکر کے انداز میں دیکھنا۔
— الارضَ: حد بندی کرنا۔
— الشیءَ من غیرہٖ: ممتاز کرنا۔
— فلانًا عن الامرِ: باز رکھنا۔
— الجانیَ: مجرم پر حد جاری کرنا۔
(حُدَّ) فلانٌ حُدًّا: کسی کے رزق میں کمی ہونا۔
(اَحَدَّتِ) المرأةُ: سوگ منانا۔ هی مُحِدٌّ۔

— السيفَ والسِّكّينَ و نحوهما: تلوار یا چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔

— بصرہ الیہ: گھور کر دیکھنا۔

(حَادَّتِ) الارضُ الارضَ: دوسرحدوں کا ملا ہوا ہونا۔

حَادَّ فلانٌ فلانًا: دشمنی رکھنا (۲) پڑوس میں ہونا (۳) غصہ رکھنا (۴) نافرمانی کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا}

(حَدَّدَ) علی الشئ: حد مقرر کرنا۔

— علی فلانٍ: پابندی لگانا۔

— الیہ ولہ: ارادہ کرنا۔

— السیفَ ونحوَہ: تلوار وغیرہ کو تیز کرنا۔

— الشیءَ من غیرہ: رنگ کرنا۔

— الشیءَ: مقرر کرنا، معین کرنا۔

— ثمنَ السلعة: سامانِ تجارت کا نرخ مقرر کرنا۔

— زمنَ المقابلةِ ومكانَها: ملاقات وغیرہ کا وقت مقرر کرنا۔

— السلطانُ إقامةَ فلانٍ: سلطان کا کسی کو خاص جگہ رہنے کا پابند کرنا۔

— معنَى اللفظ او العبارةِ: وضاحت کرنا، بیان کرنا۔

(احْتَدَّ): بمعنی حَدَّ۔

(تحادُّوا): ایک دوسرے پر غصہ کرنا۔

(تَحَدَّدَ): متعین ومقرر ہو جانا۔

(اسْتَحَدَّ) الرجلُ: چھری تیز کرنا (۲) تیز دھار آلہ سے زیر ناف بال صاف کرنا۔

(حُدَادُك) ان تفعلَ كذا: تم زیادہ سے زیادہ ایسا کرنے کی کوشش کرو۔

(الحِدَادُ): ماتمی لباس۔

(الحِدَادَةُ): آہن گری، لوہے کا پیشہ۔

(الحَدُّ): سرحد، حدود، چار دیواری (۳) انتہا، کنارہ، آخری حصہ۔ (۳) دھار، تیزی (۴) شراب وغیرہ کا جوش (۵) غصہ (۶) جرم کرنے والے پر واجب ہونے والی سزا (۷) مناطقہ کی اصطلاح میں وہ قول جو کسی چیز کی ماہیت پر دلالت کرے۔ (ج) حُدُودٌ۔

حدود الله تعالى: وہ امور جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے اوامر ونواہی کے ذریعہ مقرر کیا ہے۔

(الحَدَدُ) أمرٌ حَدَدٌ: ممنوع و باطل کام کہا جاتا ہے "دُونَ ماسألتُ عنه حَدَدٌ": تو نے جو پوچھا ہے اس سے مجھے ممانعت ہے اور "وَلَا حَدَدَ عَنْهُ" اس کی ممانعت نہیں اور "مالِي عن هٰذا الامرِ حددٌ" مجھے اس کے سوا چارہ نہیں اور "حددًا ان يكونَ كذَا" خدا کی پناہ کہ ایسا ہو۔

(الحَدَّادُ): لوہار (ج) (۲) لوہا فروخت کرنے والا (۳) دربان (۴) جیلر۔

شاعر کا قول:

يقول لي الحدّادُ وهو يقودني
الى السجن لاتجزع فمابك من باس

(الحِدَّةُ): شدت، جوش، تیزی، کہا جاتا ہے "اخذته حدّة الغضب" اسے سخت غصہ آ گیا۔ "وهو معروفٌ بحدّة التفكير" وہ گہری سوچ میں مشہور ہے۔

(الحَدِيدُ): لوہا (ج) حدائد۔

الحديد الزَّهر: ڈھلا ہوا لوہا۔

الحديد المطاوع: نرم لوہا۔

الحديد الصلب: سخت لوہا۔

فلانٌ حديدُ فلانٍ: وہ اس کا پڑوسی ہے۔

داري حديدةُ دارِك: میرا گھر تیرے گھر سے ملا ہوا ہے۔

(المَحْدُودُ): تنگ، محدود، غیر وسیع۔

تفكيرُه محدودٌ: وہ تنگ ذہن کا ہے۔

(حَدَرَ) (ن ض) الشئُ حَدْرًا: موٹا و سخت ہونا۔

— الرجلُ: موٹا اور مضبوط ہونا۔

— جلدُہ: کھال کا سوجنا۔

— العینُ: آنکھوں کا سوجنا اور [illegible]۔

— الشيءَ حُدورًا: اوپر سے نیچے اُتارنا۔

— الحجرَ: پتھر کو لڑھکانا۔

— العينُ الدمعَ وبالدمع: آنسو بہنا۔

— اللثامَ عن فمِه: چہرے سے نقاب اتارنا۔

— الدواءُ البَطْنَ: دوا کا پیٹ کو چلانا اور صاف کر دینا۔

— السفينةَ: کشتی کو اونچائی سے اترائی کی طرف لانا۔

— السفينةَ في الماءِ: کشتی کو پانی میں اُتارنا۔

— الثوبَ: بل دے کر یا کنارہ کو بٹ دے کر کپڑے کی لمبائی کرنا۔

— الضربُ الجلدَ: چوٹ کا کھال کو متورم کر دینا۔

(حَدِرَتِ) (س) العینُ حَدَرًا: آنکھ کا بھینگا ہونا۔

حدِرَ الرجلُ: آدمی کا بھینگا ہونا۔ هو أحْدَرُ وهي حَدْرَاءُ (ج) حُدْرٌ۔

(أحْدَرَ) جلدُہ: ورم آلود ہونا۔

— الشيءَ: نیچے اتارنا۔

(حَدَّرَ) جلدُہٗ: ورم آلود ہونا۔

— القراءةَ والاذانَ والاقامةَ وفيها: جلدی پڑھنا۔

(انْحَدَرَ): اونچائی سے نیچے اترنا۔

— جلدُہ: ورم آلود ہونا۔

(تَحَادَرَ): اترنا، ڈھلان سے گرنا۔

(تَحَدَّرَ): بھرنا اور موٹا ہو جانا۔

— الشئُ: سامنے آنا۔

(الأُحْدُورُ): وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے۔

(الحادِرُ): بھرے ہوئے جسم والا (۳) دیکھنے میں خوشنما۔ جیسے غلامٌ حادرٌ (۳) سخت مضبوط جیسے رُمحٌ حادِرٌ (۴) گنجان، اکٹھا جیسے حَيٌّ حادرٌ (۵) بہت، کثیر جیسے عَدَدٌ حادرٌ (۶) بلند جیسے جَبَلٌ حَادِرٌ۔

(الحادرةُ): مؤنث الحادر۔ غلامٌ حادرةٌ بھی

کہا جاتا ہے بمعنی حادِرٌ

(الحادور): بمعنی الأُحْدور (۴) کان کی بالی۔
(۲) اسہال لانے والی دوا (ج) حوادیرُ۔
(الحَدُرُ): سخت زمین۔
رجلٌ حدرٌ: جلد باز آدمی۔
(الحَدَرُ): ڈھلوان زمین، نشیب۔
(الحَدراءُ): وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے۔
(الحَدْرَةُ): آنکھ کی پلک کے اندر یا باہر پیدا ہونے والی پھنسی جس سے آنکھ سوج جاتی ہے۔
(الحَدُورُ): ڈھلوان جہاں سے کوئی چیز اتر کر آئے (۲) ڈھلان میں گرنے والے پانی کی مقدار۔
(المُنْحَدِرُ): جھکا ہوا نشیبی حصہ جہاں سے کوئی چیز نیچے آئے۔
(حَدْرَجَ) الشیءَ: لڑھکانا (۲) چکنا کرنا۔
— الحبلَ و نحوہ: رسی وغیرہ کو بل دینا اور مضبوط کرنا۔
(الحَدْرَجُ): چھوٹا۔
ما بالدار مِن حَدْرَجٍ: گھر میں کوئی نہیں (ج) حَدَارِج۔
(الحُدْرُجُ): چکنا۔
(الحُدْرُوجُ): چکنا۔
(المُحَدْرَجُ): کوڑا۔ فرزدق کا شعر ہے:
اخافُ زیادًا ان یکونَ عطاؤہ
اداھم سودًا او محدرجةً سُمرا
(حَدَسَ) (ن) فی الارض حَدْسًا: اٹکل اور اندازہ سے چلنا۔
—فی السیر: اندازہ سے چلنا۔
—فی الأمرِ و نحوہ: اندازہ سے کام کرنا۔
— الشیءَ: تخمینہ لگانا، اندازہ لگانا۔
— علی فلانٍ ظَنَّہ: کسی کو اپنے گمان کے خلاف پانا۔
— الکلام علی عواھنہ: کسی بات کو بلاتحقیق کہنا۔
— الشیءَ برِجلِہ: پاؤں سے روندنا۔

— فلانًا بسھمٍ و نحوہ: کسی کو تیر وغیرہ مارنا۔
— الناقة و بھا: اونٹنی کو بٹھانا (۲) بٹھانا اور گلے پر چھری چلانا۔
— الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔
(۲) بکری کو ذبح کرنا۔
— الرجلَ: پچھاڑنا۔
— بہ الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
ھو حادِسٌ مفعول محدوسٌ و حدیسٌ۔
(تَحَدَّسَ) الاخبارَ و عنھا: خبروں کی کھوج لگانا۔
(الحَدْسُ): ذکاوت، دانائی، جلد سمجھنے کی صلاحیت (۲) فراست (۳) اٹکل، اندازہ۔
(الحدسیَّةُ): ایک مکتب فکر جو علم و معرفت کا مدار یہ ذکاوت و فراست کو قرار دیتا ہے۔
(حَدَقَ) (ض) المریضُ و نحوہ حُدُوقًا: بیمار وغیرہ کا دونوں آنکھیں کھول کر دیکھنا۔
— بہ: گھیرنا۔
— فلانًا حَدْقًا: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔
— الشیءَ بعینیہِ: دیکھنا۔ حَدَقَ إلیہ بھی کہا جاتا ہے۔
(أَحْدَقَتِ) الارضُ: زمین کا باغ بن جانا۔
— بہ: گھیرنا جیسے کہا جاتا ہے أَحْدَقت بہ الشدائدُ۔
(حَدَّقَ) بہ: گھیرنا، احاطہ کرنا۔
— الیہ: گھور کر دیکھنا۔
(الحَدَقَةُ): آنکھ کی سیاہی (ج) حَدَقٌ و حِدَاقٌ (جج) احداقٌ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِن رُمَاةِ الحَدَقِ" وہ ماہر تیر انداز ہے۔
تکلّمتُ علی حَدَقِ القومِ: میں نے لوگوں کے سامنے بات کی۔
(الحَدِیْقَةُ): باغ، باغیچہ، ہر پھل دار درختوں والی زمین (۲) وہ کھجوروں کا باغ جس کی چار دیواری ہو۔
(حَدِلَ) (س) حَدَلًا: مائل ہونا (۲) کسی ایک طرف جھک کر چلنا (۳) بیماری یا پیدائشی طور پر

ٹیڑھی گردن والا ہونا ھو أحدَلُ و ھی حَدلاءُ۔
— علیہ: ظلم یا دشمنی پر آمادہ ہونا۔
(حَادَلَہ): چالاکی کرنا۔
(تَحَادَلَ) الرامی: تیر انداز کا کمان پر جھکنا۔
— فی مشیتہٖ: جھوم کر چلنا۔
(الأُحْدَلُ): بہت مشکل (۲) ایک خصیہ والا۔
(الحَدَلُ): ھو رجلٌ حدلٌ و حکمٌ حدلٌ: غیر منصفانہ فیصلہ۔
(الحِدْلُ): گردن کا درد۔
(حَدَمَہٗ) (ض) حَدْمًا: آگ یا سورج کی تپش کے ذریعہ تیز گرم کرنا۔
— الدمَ: خون کو گہرا سرخ کرنا یہاں تک کہ سیاہ ہو جائے۔
(حَدِمَتِ) (س) النَّارُ حَدَمًا و حَدَمَةً: آگ کا دھکنا، بھڑکنا۔
(أَحْدَمَتِ) النَّارُ والحرارةُ: آگ یا گرمی کا تیز ہونا۔
— فلانًا: غصہ دلانا، غضبناک کرنا۔ جیسے ما ادری ما احْدَمَہ۔
(احتدمَت) الحرارةُ والنَّارُ و نحوُھما: آگ یا گرمی کا تیز ہونا۔
(تَحَدَّمَ): جلنا، تیز گرم ہونا۔
(الحَدَمَةُ): آگ بھڑکنے کی آواز۔
(حَدَا) (ن ض) الابلَ و بھا حُداءً: اونٹ کو ہانکنا اور حدی کے ذریعہ چلنے پر اکسانا۔
— فلانًا علی کذا: آمادہ کرنا۔
— الشیءَ: پیچھے چلنا، اتباع کرنا، کہا جاتا ہے "ما افعلُ ذلك ماحدا اللیل والنھار" میں یہ کام کبھی نہ کروں گا۔
— الشیءَ حَدْوًا: قصد، جستجو کرنا۔
(احتذی) الشیءَ: بعد میں آنا، تابع ہونا۔
(تحدّی) الشیءَ: تابع ہونا۔
— فلانًا: مقابلہ کی دعوت دینا، چیلنج کرنا۔
(الاحدوّة والاحدِیَّةُ): وہ گانا جو اونٹوں کو چلانے کے لئے گایا جائے (ج) أَحَادِیّ۔

(الحَادِيْ): حدی خوان۔ جو حدی کے ذریعہ اونٹوں کو ہنکاتا ہے (ج) حُدَاةٌ (۲) ایک۔

حادي النجم: فلک چاند کی ایک منزل۔

(الحُدَاءُ): اونٹوں کو ہانکنے کا گیت۔

(الحَدٰی) لا افعله حَدَی الدهر: میں اسے کبھی نہیں کروں گا۔

(الحَدْوَاءُ): شمالی ہوا کیونکہ وہ بادلوں کو ہنکاتی ہے۔

(الحُدَیَّا): مقابلہ' جھگڑا۔

— من النّاسِ: ایک آدمی۔ کہتے ہیں "هٰذَا حُدَیَّا هٰذَا" یہ اس کا ہم پلہ اور مقابل ہے اور "وَاَنَا حُدَیَّاكَ بِهٰذَا الْاَمْرِ" میں اس معاملہ میں تمہارا اکیلا مقابل ہوں پس تم مجھ سے مقابلہ کرو۔

ح .... ذ

(حَذَّهٗ) (ن) حَذًّا: تیزی سے کاٹنا۔

(حَذَّ) (ف) الشيءُ حَذَذًا: آخری حصہ کٹ جانا۔ (۲) ہلکا ہو جانا جیسے "حَذَّ ذنبُ الدابّةِ" جانور کی دم ہلکی ہوگئی (۳) تیز ہونا جیسے حَذَّ فی سیرہ وفی کلامہ وفی عملہ۔

(الاَحَذُّ): ایسا چکنا جسے پکڑا نہ جا سکے۔

سیفٌ اَحَذُّ: تیز کاٹنے والی تلوار۔

امرٌ اَحَذُّ: سخت ناگوار بات (۲) جلد کامیاب ہونے والا۔

قلبٌ احَذُّ: جلدی سمجھنے والا۔

فلانٌ احَذُّ: بھلائی سے محروم' خستہ حال مفلس (ج) حُذٌّ۔

(الحَذَّاءُ) رَحِمٌ حَذَّاءُ: قطع تعلق۔

عزیمةٌ حَذَّاءُ: پختہ ارادہ۔

قصیدةٌ حَذَّاءُ: عمدگی کی وجہ سے مقبول ہونے والی نظم۔

حاجةٌ حَذَّاءُ: جلد پوری ہونے والی ضرورت۔

ولّت الدنیا حَذَّاء مدبرةً: دنیا جلد ختم ہوگئی اور اس کے چاہنے والوں کو کچھ نہ ملا (ج) حُذٌّ۔

(الحَذَذُ): علمائے عروض کے نزدیک بحر کامل کی وتد کے سقوط کو کہتے ہیں۔ جس کے بعد مفاعَلَتُن فَعِلُنْ رہ جاتا ہے۔

(الحُذَّةُ): ٹکڑا جیسے: "أعطاه حُذَّةً من اللحمِ"۔

(حَذِرَہٗ) حَذَرًا: چوکنا اور چوکس ہونا۔

— الشيءَ و منه: ڈرنا (۲) احتراز کرنا۔

هو حاذرٌ و حَذِرٌ والشیئ محذورٌ و محذورٌ منه۔

(حَاذَرَہٗ) مُحَاذَرَةً و حِذَارًا: ایک دوسرے سے ڈرنا۔

(حَذَّرَہٗ) الشیئ و منه: ڈرانا' قرآن مجید میں ہے: {وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ}۔

(الحَاذُوْرَةُ) رجلٌ حاذورةٌ: محتاط اور چوکنا آدمی۔

(حَذَارِ): اسم فعل بمعنی امر یعنی اس سے بچو' چوکنا رہو۔ کہا جاتا ہے حذارِكَ زیدًا و حَذَارَیْكَ: تمہیں زید سے برابر چوکنا رہنا چاہئے۔

(الحَذَرُ): احتیاط' پرہیز' ڈر۔

حَذَرَكَ زیدًا: زید سے بچو۔

اِنّه لابنُ حَذِرٍ و اَحذارٍ: وہ بہت محتاط و چوکنا ہے (۲) آنکھ کا بوجھل ہونا جو کسی مرض کی وجہ سے ہو۔ (ج) اَحذَارٌ۔

(الحَذُرُ): رجلٌ حَذُرٌ: محتاط اور چوکنا آدمی۔

(الحِذْرِیَةُ): حِذرِیَةُ الدیك: مرغ کی گردن کے پر (ج) حَذَارِیْ و حَذَارٍ۔

(الحَذِیْرُ): ڈرانے والا۔ جیسے "انا حذِیْرُكَ مِنه"۔

(المَحْذُوْرُ): قابل احتراز شے۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا}۔

(المَحْذُوْرَةُ): خوف (۲) مصیبت (۳) چیخ (۴) شب خون مارنے والے گھوڑے۔ (۵) جنگ۔

(حَذَفَ) (ض) الشيءَ حَذْفًا: کنارہ کی طرف سے کاٹنا۔ تراشنا جیسے "حَذَفَ الحجامُ الشَّعْرَ" (۲) گرانا۔

بالعصاء و نحوها: لاٹھی مارنا۔

حَذَفَه بجائزةٍ: انعام دینا۔

(حَذَّفَ) الشيءَ: برابر کرنا۔

— الحجّامُ الشَّعْرَ: حجام کا بالوں کو کاٹ کر برابر کرنا۔

— الخطیبُ کلامَه: کلام کو صاف ستھرا اور مہذب بنانا۔

(احْتَذَفَ) الثوبَ و نحوهٗ: کپڑے وغیرہ کا ایک حصہ کاٹنا۔

(الحُذَافَةُ): حذف کی ہوئی چیز' تراشہ (۲) تھوڑی سی چیز۔

فی رِحلِه حُذَافَةٌ: اس کے کجاوہ میں تھوڑا سا کھانا ہے۔

(الحَذَفُ): کالی چھوٹی بھیڑیں جن کے بال' دم اور کان نہ ہوں (۲) چھوٹی بطخوں کی ایک قسم (۳) کھیتی کے پتے۔

(الحَذْفَاءُ): اُذُنٌ حذفاءُ: ایسے چھوٹے کان جو کٹے ہوئے معلوم ہوتے ہوں۔

(الحِذْفَةُ): کپڑے کا کٹا ہوا ٹکڑا۔

(المحذوفُ): علم عروض کی اصطلاح میں وہ جز جس کے آخر سے سبب خفیف ساقط ہو گیا ہو جیسے فَعولُنْ کے بجائے فَعِلْ۔

(حَذْفَرَہٗ) حَذْفَرَةً و حِذْفَارًا: بھرنا۔

(الحِذْفَارُ والحُذْفُورُ): جانب' کنارہ گوشہ (ج) حَذَافِیر کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشیءَ بِحَذَافِیْرِہٖ" اس نے کل کا کل لے لیا۔

(حَذَقَ) (ض س) الخلُّ و نحوہ حذوقًا: سرکہ وغیرہ کا انتہائی ترش ہونا۔

الخلُّ و نحوہُ اللسانَ: سرکہ وغیرہ کی تیزی کا زبان کو لگنا۔

— فلانٌ الشیئ حِذْقًا: کاٹنا۔

— العملَ و فیه: کسی کام کو کرتے کرتے ماہر ہو جانا۔ هو حاذقٌ (ج) حُذّاقٌ والشیئ محذوقٌ و حَذِیْقٌ۔

(اَحْذَقَه): ماہر بنانا (۲) ترش کر دینا۔

احذق الحرُّ اللبنَ: گرمی کا دودھ کو کھٹا کر دینا۔

(انْحَذَقَ): کٹنا۔

(تَحَذَّقَ) ماہر ہونا (۲) ترش ہونا۔ (۳) مہارت کا اظہار کرنا اور بتکلف ماہر بننا۔
(الحُذاقُ): تیز کاٹنے والی چھری (۲) بہت زیادہ ترش۔
رجلٌ حذاقيٌّ: واضح مدلل بات کرنے والا۔
(حَذِلَتْ) (س) عينُه حَذَلًا: زیادہ رونے کی وجہ سے آنکھ کا سرخ ہونا (۲) آنکھ کی پلکیں گرنا۔ هي حَذِلَةٌ و حَذْلاءُ۔
(اَحْذَلَ) البكاءُ او الحرُّ العينَ: رونے یا گرمی کی وجہ سے آنکھوں کا سرخ ہونا اور پلکوں کا گرنا۔
(الحُذَال): سرخ رنگ کا گوند (عرب اسے حیض السمر کہتے ہیں) (۲) کھجور کے خوشہ میں پیدا ہونے والی گوند نما چیز۔
(الحُذْل) اصل جڑ (۲) ازار باندھنے کی جگہ (۳) کرتہ کے دامن کی گولائی۔
هو في حِذل أُمِّه: وہ اپنی ماں کی گود یعنی پرورش میں ہے۔
(حَذلَقَ): حقیقت سے زیادہ ہوشیاری دکھانا، شیخی مارنا، ڈینگ مارنا۔
(تَحَذْلَقَ): بمعنی حذلَقَ "هو يتحذلق في كلامِه" وہ باتیں بناتا ہے۔
(الحِذْلِقُ) من الرجال: ڈینگیں مارنے والا۔ گپیں مارنے والا۔
(الحَذْلَقَةُ): دعوائے علم ہنر ڈینگ، اظہار ظرافت۔
(حَذْلَمَ): لڑھکنے کی طرح تیز چلنا۔
— الشيءَ: لڑھکانا۔
(تَحَذْلَمَ): لڑھکنے کی طرح تیز چلنا۔
(الحُذْلُوم): ہلکا اور تیز رفتار آدمی۔
(حَذَمَ) (ض) في كذا حَذْمًا و حَذَمانًا: جلدی کرنا۔ جیسے حَذَمَ في قراءته و حَذَمَ في مشيه و حذم في طَيَرانِه۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا (اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ واِذا اَقَمْتَ فاحْذِمْ)۔

- الشيءَ حذمًا: جلدی جلدی کاٹنا هو حاذم و حَذِيمٌ۔
(الحِذِمُ) سيفٌ حذِمٌ: تیز دھار تلوار۔
(الحُذُمُ): تیز رو خرگوش (۲) چالاک چور۔
(الحُذَمُ): ٹھگنا اور چھوٹے قدموں والا۔
(الحِذْيَمُ) من السيوف و نحوها: تیز تلوار۔ من الرّجال: ماہر آدمی۔
(الحُذْمُوْرُ) اخذَ الشيءَ بحذموره و بحذاميره: اس نے چیز ساری کی ساری لے لی۔
(الحُذْنُ): قمیص کا کمر والا حصہ۔
(الحُذُنَّةُ) من الرجال: پست قد (۲) چھوٹے کانوں والا۔
(حَذَا) (ن) النعلَ حذوًا: جوتے کو کسی نمونہ پر کاٹنا۔
— النعلَ بالنعلِ: ایک جوتے کو دوسرے کے برابر کاٹنا۔
— فلانٌ حذوَ فلان: نقش قدم پر چلنا۔
— لفلانٍ نعلًا: کسی کے لئے جوتا تیار کرنا۔
— فلانًا شيئًا: کوئی چیز دینا۔
(حَذَا) (ض) الجلدَ و نحوه حَذْيًا: چمڑے کو کاٹنا۔
— الشرابُ لسانَه: شراب کا زبان کو تیزی کی بنا پر کاٹنا۔ هو حَاذٍ و المفعول مَحذِيٌّ۔
— فلانًا بلسانه: عیب نکالنا۔
(اَحْذاه): دینا، عطا کرنا۔ حدیث میں ہے (الجليس الصالح مثل الدارِيّ، إن لم يحذك من عطره عَلِقَكَ من ريحه)
طعنة: سخت نیزہ مارنا۔
(حاذاه) محاذاةً و حِذاءً: مقابلہ میں آنا، برابر ہونا۔
(احتَذٰى): جوتا بنانا۔
— الحِذاءَ: جوتا پہننا۔
— مثالَ فلانٍ او على مثالِه او به: نقش قدم پر چلنا۔
(تَحاذٰى) القومُ الشيءَ: باہم تقسیم کرنا۔

(اِسْتَحذاه): جوتا طلب کرنا (۲) بخشش طلب کرنا۔ جیسے استحذيتُه فحذاني۔
(الحاذِي): جوتا پہننے والا۔
(الحِذاءُ): جوتا (۲) گھوڑے کا سم (۲) اونٹ کا کھر۔
— حذاءَ الشيءِ: مقابل۔
— داري بحذاءِ دارِه: میرا گھر تمہارے گھر کے سامنے ہے۔
(الحِذاوَةُ): چمڑے کی کترن جو کاٹتے وقت گرتی ہے۔
(الحُذايةُ): مال غنیمت کا حصہ۔
(الحَذّاءُ): جوتا بنانے والا (۲) جوتا بیچنے والا۔
(الحُذْرَةُ): چمڑے کی کترن جو کاٹتے وقت گرتی ہے (۲) گوشت کا پارچہ۔
(الحُذَيا): مال غنیمت کا حصہ (۲) خوشخبری دینے والے کا عطیہ۔
هو حذيّاك: وہ تمہارا مقابل ہے۔
(الحَذِيَّةُ): عطیہ، بخشش۔
(المِحْذَى): چمڑہ کاٹنے کا اوزار (ج) محاذٍ۔
(المِحذاءُ): طعنہ زن، لوگوں کی عزت سے کھیلنے والا۔

ح .... ر

(حَرَبَه) (ن) بالحربة حَرْبًا: نیزہ مارنا۔
— حَرْبًا: سب کچھ لوٹ لینا۔
— فلانًا مالَه: فلاں کا سارا مال لوٹ لیا۔ الفاعل حاربٌ والمفعول محروبٌ (ج) محاريب وهو حريبٌ (ج) حربي و حرباء۔
(حَرِبَ) (س) حَرَبًا: لٹ جانا (۲) غضبناک ہونا (۳) واحرباه (ہائے لٹ گیا) هو حَرِبٌ (ج) حَرْبَى۔
(اَحْرَبَ) النخلُ: کھجور کا شگوفہ نکلنا۔
— الرجلُ النّخلَ: کھجور کے درخت میں شگوفہ کا قلم لگانا۔
— الحربَ: جنگ چھیڑنا۔
— فلانًا: مال غنیمت کا پتہ دینا۔

(حَارَبَه) مُحَارَبَةً و حِرَابًا: جنگ کرنا۔
— اللهَ: نافرمانی کرنا جیسے قرآن مجید میں ہے: {اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا}
(حَرَّبَ) السِّنَانَ وَنَحْوَهٗ: نیزہ وغیرہ کے پھل کو تیز کرنا۔
— فلانًا: غضبناک کرنا۔ ناراض کرنا۔
— فلانًا علی فلانٍ: کسی کے خلاف بھڑکانا۔
(اِحْتَرَبُوْا): باہم قتال کرنا۔
— فلانًا: نیزہ مارنا۔
(تَحَارَبُوْا): باہم لڑنا۔
(اِحْرَنْبی): دل میں شر رکھتے ہوئے غصہ کے قریب ہونا۔
— المکانُ: کشادہ ہونا۔
(الحَرْبُ): لڑائی (مؤنث سماعی کبھی بمعنی قتال مذکر بھی ہوتا ہے)۔
— الحربُ البارِدَةُ: سرد جنگ (جس میں ہر فریق کھلی لڑائی کے بجائے دوسرے کو مکروفریب کے ذریعہ نقصان پہنچانے کی تدابیر کرتا ہے۔ (ج) حُرُوْبٌ۔
قامت الحربُ علی ساقٍ: معاملہ سنگین اور ناقابل حل ہوگیا۔
رجلٌ حربٌ: بہادر، لڑاکا، جنگجو۔
حَرْبٌ لی و علیّ: دشمن (مذکر مؤنث دونوں کے لئے)۔
(الحَرَبُ): ہلاکت (۲) افسوس اور غم کے اظہار کے لئے کہا جاتا ہے، واحَرَباہ (۳) کھجور کا شگوفہ جو ابھی جھلی میں ہو۔
(الحِرْبَاءُ): گرگٹ۔ (تلون مزاجی میں بطور مثل مشہور ہے) کہا جاتا ہے "احزم مِنْ حرباء" اور تَلَوَّنَ تلوّن الحِرباء" اور کہا جاتا ہے: "صُرِدُ من عین الحِرْباء" اس شخص کے بارے میں جسے سردی سے کپکپی لگ جائے (ج) حرابیُّ۔
(الحَرْبَةُ): برچھی، نیزہ (ج) حِرابٌ۔
(الحَرَّابَةُ): بہت لوٹ مار کرنے والی فوجی جماعت۔ کتیبةٌ حرّابةٌ کہا جاتا ہے۔
امرأةٌ حَرَّابَةٌ: فتنے پھیلانے والی عورت (مو)۔
(الحَرِیْبَةُ): آدمی کا وہ مال جس سے گزر بسر کی جاتی ہے (۲) جنگ میں لوٹا ہوا مال (ج) حَرَائِبُ۔
(المِحْرَابُ): بالاخانہ، گھر کی اچھی جگہ، قرآن مجید میں ہے: {فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ} (۲) محل۔ قرآن مجید میں ہے: {یَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا یَشَآءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ}
(۳) گھر کا صدر مقام جہاں معزز لوگ بیٹھتے ہیں۔
(۴) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
رجلٌ محرابٌ: بہادر آدمی (ج) محاریبُ۔
(المِحْرَب) من الرجال: بہادر آدمی۔
(المَحْرُوبَةُ) امرأةٌ محروبةٌ: وہ عورت جس کا بچہ چھین لیا گیا۔
(حَرَتَه) (ن) حَرْتًا: دانتوں سے کاٹ کر کھانا (۲) گول کاٹنا (۳) زور سے ملنا۔
(الحُرَتَةُ): زیادہ کھانے والا۔
(حَرَثَ) (ن) الارضَ حَرْثًا: زمین میں کھیتی باڑی کے لئے ہل چلانا۔
— النارَ: آگ کو دہکانے کے لئے کریدنا۔
— الدّابّةَ و نفسَه: جانور کو تھکا کر چور کر دینا۔
— الشیءَ: کسی بات کی کھود کرید کرنا۔
— القوسَ: کمان میں تانت کی جگہ بنانا۔
— المالَ: جمع کرنا۔
(اَحْرَثَ) الدابّةَ او نَفْسَه: بہت تھکانا۔
(اِحْتَرَثَ) الارضَ و المالَ: ہل چلانا (۲) مال جمع کرنا۔
(الحارِثُ): ابو الحارث: شیر کی کنیت۔
(الحَرَاثُ): کمان میں تانت لگانے کی جگہ (ج) اَحْرِثَةٌ۔
(الحِرَاثُ): بے تراشا تیر (۲) کمان میں تانت کی جگہ (۳) نیزے کے پھل کی جڑ (ج) احرثةٌ۔
(الحِرَاثَةُ): کاشتکاری۔
(الحَرْثُ): کھیتی باڑی۔ قرآن مجید میں ہے: {وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ} (۲) ہل چلائی ہوئی زمین (۳) وہ راستہ جس میں کثرت آمد و رفت کی بنا پر گرد و غبار ہو۔
حرث الدنیا: دنیا کی کمائی، مال و اولاد وغیرہ۔
حرث الأخرة: باقی رہنے والا عمل صالح (۲) اجر و ثواب۔
(الحَرَّاثُ): کاشتکار۔
(المِحْرَاثُ و المِحْرَثُ): ہل (۲) سلاخ یا چمٹی جس سے آگ کریدی جائے۔ کہا جاتا ہے: "هو محراثُ حربٍ" وہ جنگ کی آگ بھڑکانے کا عادی ہے (ج) محاریث۔
(حَرَجَ) (ن) انیابَه حَرْجًا: غیظ و غضب سے دانت پیسنا۔
(حَرِجَ) (س) الصدرُ حَرَجًا: تنگ ہونا۔
— العینُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
— الیه: تنگی کی وجہ سے کسی کی پناہ لینا۔
— الشیءَ: ڈرنا، هو حَرِجٌ۔
(اَحْرَجَ) فی یمینه: قسم توڑنا۔
— فلانًا: تنگی میں مبتلا کرنا (۲) گناہ کروانا۔
— الشیءَ علی فلانٍ: محروم کرنا۔
— فلانًا الی کذا: مجبور کرنا۔
(حَرَّجَ): حرام قرار دینا۔ حدیث میں ہے (اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِیفِ الیتیمِ والمرأةِ)
— علیه: تنگی کرنا، پریشان کرنا۔
— فی الامرِ: کسی بات پر اڑے رہنا۔
— الحیوانَ: جانور کے گلے میں قلادہ ڈالنا۔
(تَحَرَّجَ): تنگی اور پریشانی سے بچنا اور تنگی اور پریشانی سے بچانے والا کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحرّجَ اَنْ یَفْعَلَ کذا و تحرّجَ منه"۔ تنگی اور مشقت سے بچانے والا کام کرنا۔
(الحارِجُ): گنہگار۔
(الحَرَجُ): گھنے درختوں والی جگہ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دبلی اونٹنی (۳) گھٹے ہوئے بھاری

جسم والی اونٹنی (۴) انتہائی تنگ اور سخت۔قرآن مجید میں ہے: {يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا}
(۵) گناہ۔قرآن مجید میں ہے: {لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ}۔
حَدِّث عنه لا حَرَجَ: تم اس کے متعلق بے خوف ہوکر بات کہو۔
(الحَرِجُ): وہ شخص جو کسی معاملے میں پیش قدمی کرنے سے گھبرائے۔
(الحِرْجُ): شکاری کا جال (۲) کوڑی (۳) جانور کا قلادہ (۴) بکریوں کا ریوڑ (ج) حِرَاجٌ و أَحْرَاجٌ وحِرَجَةٌ۔
(الحَرَجَةُ): گھنے درختوں کا جھنڈ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دو درختوں کے درمیان کا درخت جس پر دیمک نہ پہنچے (ج) حَرَجٌ وحِرَاجٌ۔
(الحُرْجُوجُ)من النوق: بھاری بھرکم اونٹنی۔
(المِحْرَاجُ)ليلةٌ مِحْرَاجٌ: انتہائی سرد رات۔
(المُحْرِجَةُ) من الأيمانِ: پختہ قسم جس سے مفر ممکن نہ ہو۔
(الحُرْجُوجُ): جسیم اور لمبی اونٹنی (۲) ہوشیار اور باحوصلہ اونٹنی (۳) سخت ٹھنڈی ہوا۔ (ج) حَرَاجِيج۔
(الحَرْجَفُ) من الرِّيَاحِ: خشک و تیز ٹھنڈی ہوا۔
لَيْلَةٌ حرجفٌ: ٹھنڈی ہوا والی رات۔
(حَرْجَلَ): دائیں بائیں دوڑنا (۲) نماز وغیرہ میں صف کو پورا کرنا۔
(الحَرْجَلَةُ): گھوڑوں کا گلہ (ج) حراجلُ۔
جاءوا حراجلةً: وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
(حَرْجَمَ)الدوابَّ: جانوروں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے اکٹھا کرنا۔
(إِحْرَنْجَمَ) القومُ والدوابُّ: لوگوں اور جانوروں کا جمع ہونا۔
-فلانٌ: کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد نہ کرنا۔
(حَرَدَهُ)(ض) حَرْدًا: ارادہ کرنا، اور آیت میں اس کے ساتھ تفسیر کی گئی ہے: {وَغَدَوْا عَلَى حَرْدٍ قَادِرِينَ}۔
— فلانٌ عن قومِهِ حروداً: الگ ہو جانا، تنہا رہ جانا۔
(حَرِدَ)(س)عليه حَرَدًا: غصہ ہونا۔
(۲) ناراض ہوکر ناراض کرنے والے پر دانت پیسنا۔هو حَرِدٌ وحاردٌ وحَرْدانٌ۔
— الدَّابةُ: پیدائشی طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے جانور کے پٹھوں کا کمزور ہونا اور لڑکھڑا کر چلنا۔
هي حرداءُ۔
— فلانٌ: زیادہ بوجھ کی وجہ سے چلنے کی طاقت نہ رکھنا۔
(أَحْرَدَ)في السير: تیز چلنا۔
— فلانًا: کسی کو الگ اور ایک طرف کرنا۔
(حَارَدَتِ)الابلُ: اونٹنی کے دودھ کا کم یا ختم ہو جانا۔
— السنةُ: خشک سالی ہونا۔
— حال فلان: بدحال ہونا۔
— حاردَ الرجلُ: سخاوت کے بعد بخیل ہونا۔
(حَرَّدَ)فلانٌ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔
— الشيءَ: ٹیڑھا کرنا۔
— الكوخَ: جھونپڑی یا چھپر کو کوہان دار بنانا۔
— الشيءَ: پورے پر پالش کرنا۔
(انْحَرَدَ): اکیلا رہنا، الگ تھلگ رہنا۔
— النجمُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔
(تَحَرَّدَ): ہٹ جانا۔
(الْأَحْرَدُ): وہ اونٹ کہ کسی بیماری کی وجہ سے اس کے پٹھے خشک ہو گئے ہوں اور لڑکھڑا کر چلتا ہو۔
رجلٌ أَحْرَدُ: کمینہ اور بخیل۔
احردُ اليدين: کمینہ اور بخیل۔
(الحارِدُ)ناقةٌ حارِدٌ: کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
(الحَرْدُ)رجلٌ حَرْدٌ: الگ تھلگ رہنے والا آدمی (ج) حِرَادٌ۔
(الحَرَدُ): وہ بیماری جو اونٹ کے پٹھوں میں پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی چال یکساں نہیں رہتی۔
(الحَرُودُ)من النوق: کم دودھ دینے والی اونٹنی یا وہ اونٹنی جس کا دودھ نہ اترتا ہو (ج) حُرُدٌ۔
(الحَرِيدُ): گوشہ نشین۔
رجلٌ حَرِيدٌ: اکیلا آدمی۔
حَيٌّ حَرِيدٌ و مكانٌ حَرِيدٌ: الگ تھلگ اور کنارے پر واقع ہونے والا مکان یا محلہ
(۲) پارچے بنا کر سکھائی ہوئی مچھلی (ج) حِرَادٌ، حُرَدَاءُ۔
(حَرْدَبَ)حَرْدَبَةً: پھرتیلا ہونا۔
(حَرَّ) (ض س) الماءُ والهواءُ وغيرهما حَرَارَةً: گرم ہونا۔هو حَارٌّ۔
— القتلُ: سخت خونریزی ہونا۔
— فلانٌ حَرًّا: حریرہ پکانا۔
— الشيءَ حَرًّا: گرم کرنا۔
(حَرَّ) (ن) الرجل حِرَّةً و حَرَارَةً: پیاسا ہونا۔هو حَرَّانٌ وهي حَرَّى۔
— كبدُهُ: پیاس یا غم کی وجہ سے جگر میں خشکی آنا۔
هي حَرَّى (ج) حِرَارٌ وحَرَارَى۔
— العبدَ حَرَارًا: غلام کا آزاد ہونا۔
— فلانٌ حُرِّيَّةً: آزاد نسل ہونا۔
(أَحَرَّ): گرم ہونا۔
— الشيءَ: گرم کرنا۔
— اللهُ صدرَهُ: پیاسا کرنا۔
(حَرَّرَهُ): آزاد کرنا کہا جاتا ہے "حَرَّرَ رَقَبَتَه"۔
— الولدَ: اللہ کی عبادت اور مسجد کی خدمت کے لئے خاص کرنا۔جیسے قرآن مجید میں ہے: {رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا}
— الكتابَ و غيرَهُ: اصلاح کرنا اور اس کی کتابت کو عمدہ بنانا۔
— الوزنَ: وزن ٹھیک کرنا۔
— الرميَ: نشانہ پختہ کرنا۔
(استَحَرَّ): گرم یا سخت ہونا۔
— القتلُ: سخت خونریزی ہونا۔

— **فلانةً**: کسی عورت سے حریرہ (آٹے کا حلوہ) بنوانا۔
(**الأحَرُّ**): **هو احرُّ مِنه حُسنًا**: وہ اس سے زیادہ حسین اور نازک ہے۔
(**الحارُّ**): گرم۔
— **من العمل**: مشکل اور دشوار کام۔ کہاوت ہے (**وَلِّ حارّها من تولّٰى قارّها**) جو آدمی حکومت کی آسائشوں سے مزہ اُٹھائے مشکلات بھی اسی کے سپرد کرو۔
(**الحرارةُ**): گرمائش، تپش (۲) کوئی چیز کھانے سے منہ کی جلن (۳) درد کی وجہ سے دل کی جلن۔ (صح)
(**الحَرَارِيُّ**) **الطوب الحراريّ**: گرمی سے بچاؤ کے لئے بنائی گئی خاص قسم کی بلاک یا کھپریل۔ (مج)
(**الحراريّاتُ**): گرمی روکنے والے اجزاء اور سطح پر لگائے جانے والا مسالہ جو گرمی کا مقابلہ کرتا ہے (مج)
(**الحَرُّ**) بمعنی **الحرارة** (ج) **حرورٌ**۔
(**الحُرُّ**): خالص، آمیزش سے پاک۔
ذهبٌ حُرٌّ: خالص سونا۔
فرسٌ حُرٌّ: اصیل گھوڑا (۲) اصلاً آزاد، غلامی سے آزاد (۳) شریف، معزز (ج) **أحرارٌ وهي حُرّةٌ** (ج) **حرائرُ** (۴) ہر شے کا عمدہ اور افضل حصہ۔ (۵) کچی کھائی جانے والی سبزی (۶) چہرہ کا ظاہر جیسے "**لطَمَ حُرَّ وَجْهِهِ**" (۷) عمدہ قول یا فعل جیسے "**هذا من حُرِّ الكلامِ**" یہ بڑی عمدہ بات ہے اور "**مَا هٰذا مِنكَ بِحُرٍّ**" تمہاری یہ بات اچھی نہیں۔ (۸) کبوتر کا بچہ (۹) باز۔
(**الحَرّارُ**): ریشم فروش (۲) ریشم بنانے والا۔
(**الحَرَّةُ**): کالے پتھروں والی زمین جو جلائی ہوئی معلوم ہو (ج) **حِرَارٌ** (۲) چھوٹا کنواں (۳) مدینہ منورہ کے باہر ایک زمین کا نام۔ یزید بن معاویہؓ کے دور میں اس جگہ لڑائی ہوئی تھی۔
(**الحُرّةُ**): آزاد عورت۔

سحابةٌ حُرّةٌ: زیادہ برسنے والا بادل۔
(**الحُرّيّةُ**): آزادی، چھوٹ، رہائی، ہر قسم کی رذیل صفات سے پاک ہونے کی حالت، خواہ ایک فرد کی ہو یا پوری قوم کی (۲) علم اقتصادیات کے مطابق وہ ملک جس کی رو سے بین الاقوامی تجارت ہر قسم کی پابندیوں اور کسٹم وغیرہ سے آزاد ہوتی ہے (مج)
(**الحَرُورُ**): سورج کی گرمی۔ قرآن مجید میں ہے: {**وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ**} (۲) ہمیشہ گرم رہنے والی چیز (۳) آگ (ج) **حرائر**۔
(**الحَرُورِيّةُ**): خوارج کا ایک فرقہ جو کوفہ کے قریب مقام حروراء کی طرف منسوب ہے۔ اسی مقام پر حضرت علیؓ کی مخالفت میں ان کا پہلا اجتماع ہوا تھا۔ یہ فرقہ دین میں بے انتہا متشدد تھا بعد میں دین سے الگ ہو گیا۔
(**الحَرِيرُ**): ریشم، ریشمی کپڑا۔
(**الحريرُ الصناعيُّ**): مصنوعی ریشم۔
(**الحَرِيرةُ**): ریشم کا ٹکڑا (۲) آٹے گھی اور دودھ سے بنا ہوا حلوہ۔
(**الحريريّ**): ریشم ساز (۲) ریشم فروش۔
(**المِحَرُّ**): پٹرا، جتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا آلہ جسے دو بیل کھینچتے ہیں (ج) **محارّ**۔
(**المَحْرُورُ**): انتہائی غضبناک۔
(**حَرَزَهُ**) (ن) **حَرْزًا**: حفاظت کرنا۔
(**حَرِزَ**) **حَرَزًا**: محتاط ہونا، بچنا۔
(**حَرُزَ**) (ث) **حَرَازَةً**: محفوظ ہونا اور مضبوط ہونا۔
(**أحرَزَهُ**): حفاظت کرنا (۲) جمع کرنا۔
أحرز قصبَ السبقِ: کسی کام میں سبقت لے جانا۔
— **مالَهُ**: وقت ضرورت کے لئے مال جمع کرنا۔
— **المكانَ المتاعَ**: کسی جگہ سامان رکھنا۔
(**حَرَّزَ**) **الشيءَ**: خوب حفاظت کرنا (اور اسی سے پولیس والوں کی اصطلاح ہے "**حرّز جسم**

الجريمةِ أو أداتها" جرم کے ثبوت اور ہتھیار قابو میں کر لئے گئے)۔
(**احْتَرَزَ**) **منه**: بچنا۔
(**تَحَرَّزَ**) **منه**: بچنا۔
(**اسْتَحْرَزَ**): حفاظت میں آنا۔
(**الحارِزُ**) **حِرزٌ حارزٌ**: مضبوط جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو۔ حدیث میں ہے: (**اللّٰهم اجعلنا في حِرزٍ حارزٍ**)۔
(**الحِرزُ**): مضبوط برتن جس میں شے کی حفاظت کی جائے (۲) محفوظ مقام، قلعہ (۳) تعویذ۔
(**الحَرَزُ**): حفاظت کی جانے والی چیز۔
(**الحَرَزة**): بہترین اور منتخب مال۔
(**الحريزُ**): قلعہ "**حرزٌ حريزٌ**" مضبوط قلعہ۔
(**الحريزةُ**): نفیس شے جس کو بیچا نہ جائے (ج) **حرائز**۔
(**حَرَسَه**) (ن) **حَرْسًا و حَرَاسَةً**: حفاظت کرنا، پہرہ دینا (۲) کبھی بطور طنز چوری کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کہاوت ہے (**محترِسٌ من مثلِهِ وهو حارِسٌ**) اس شخص کے بارے میں جو خود بہت برا ہو اور دوسروں میں عیب نکالتا ہو۔
(**حَرِسَ**) (س) **حَرَسًا**: لمبے عرصہ تک زندہ رہنا۔ **هو حرِسٌ وهي حَرِسَاء** (ج) **حُرْسٌ**۔
(**أحْرَسَ**) **بالمكان**: زیادہ عرصہ قیام کرنا (۲) کسی جگہ محفوظ ہونا۔
(**احْتَرَسَ**) **منه**: بچنا، محفوظ رہنا۔
(**تَحَرَّسَ**) **منه**: بچنا، محفوظ رہنا۔
(**الاحتراسُ**): علم معانی میں اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی کلام سے خلاف مراد مفہوم کے وہم کا ازالہ کرے۔
(**الحِراسةُ**): پہرہ، حفاظت، کہا جاتا ہے: "**وُضِعَ فلانًا تحت الحراسة**" فلاں کو مال وغیرہ میں تصرف سے روک دیا گیا۔ (محدثة)
(**الأحْرَسُ**) **من الابنية**: ٹھوس عمارت (۲) قدیم چیز جس پر عرصہ دراز گزر گیا ہو۔
(**الحَرْسُ**): زمانہ (۲) لمبا عرصہ۔ کہا جاتا ہے

"مطي عليه حرشٌ من الدهرِ" (ج) اَحْرُشٌ۔
(الحَرَس): پہرہ دار۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا} (۲) حفاظتی دستہ۔
(الحَرَسِيُّ): محافظ (واحد الحَرَس)۔
(الحَرِيسةُ): زیر حفاظت علاقہ (۲) جانوروں کا باڑہ (ج) حَرَائِس۔
(المحروسةُ): وصف غالب کے طور پر قاہرہ کا نام (جو مصر کا دارالحکومت ہے)۔
(حَرَشه) (ض) حَرْشًا: خراش لگانا' رگڑ لگانا۔
— الدابّةَ: لاٹھی وغیرہ سے جانور کو دوڑانے کے لئے چرکا لگانا۔
— الصيدَ: شکار کو پکڑنے کے لئے اکسانا جیسے کہاوت ہے: (اَتُعَلِّمُنِي بِضَبٍّ اَنَا حرشْتُه؟) ایسے شخص کے بارے میں جو کسی کو ایسی بات کی خبر دینا چاہے کہ وہ خود اس سے واقف ہو۔
— بينَ القومِ: لڑائی ڈلوانا۔
(حَرِشَ) (س) الشيءُ حَرَشًا: کھردرا ہونا۔ هو اَحْرَش وهي حرشاء (ج) حُرْشٌ و هو حَرِشٌ ایضًا۔
(حَرُشَ) (ک) حُرُوشَةً: کھردرا ہونا۔
(اَحْرَشَ) الصيدَ: شکار کو اکسانا۔
— الانسانَ والحيوانَ: انسان یا جانور کو اکسانا۔
(حَارَشَه): قتال کرنا۔
(حَرَّشَ) بينهُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
الانسانَ والحيوانَ: انسان یا جانور کو اکسانا۔
(احترش) الصيدَ: جانور کو اکسانا۔
— فلانًا: دھوکہ دینا۔
— الشيءَ: جمع کرنا۔
— لعيالِه: گھر والوں کیلئے ضرورت کا سامان کمانا۔
(تَحَرَّشَ) به: بھڑکانے اور اکسانے کے لئے سامنے آنا۔
(الحارِش): ایک بیماری جو گائے کے منہ میں پیدا ہوتی ہے جس سے اس کے منہ میں زخم و ورم ہو جاتا ہے۔
(الحَرْش): اثر' نشان (۲) زخم کا نشان جس پر ٹھیک ہونے کے بعد بھی بال نہ اگتے ہوں (۳) دھوکہ' فریب (ج) حِرَاشٌ۔
(الحَرْشاء): (۱) ناقةٌ حَرشاءُ: خارش زدہ اونٹنی۔
(۲) نقبةٌ حرشاءُ: وہ خارش جو قطران سے ٹھیک نہ ہو۔
(۳) ایک قسم کی گھاس جسے جانور شوق سے کھاتے ہیں۔
(۴) خشکی کے جانور کا گوشت کا پارچہ (ج) حُرْشٌ۔
(الحريش): کن کھجورا' کنسلائی۔ عوام ج: حُرُوش، لوگ اسے "اُمّ اربعة واربعين" کہتے ہیں۔
(الحريشةُ): مملوکہ چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "اخرجت لَه حريشتي" میں نے اپنی ہر مملوکہ چیز اس کے سامنے کر دی۔
(المِحْرَش): ٹیڑھے سر والا ڈنڈا (ج) محاريش۔
(الحَرْشَفُ) مچھلی کے کھپٹے (۲) ہتھیار کو چاندی وغیرہ سے دی جانے والی زینت۔ (۳) پرندوں یا جانوروں کے چھوٹے بچے (۴) وہ ٹڈی جس کے پر نہ نکلے ہوں (۵) بوڑھے کمزور لوگ (۶) پیادہ فوج (۷) فصیلہ مرکبہ کی ایک کھردری گھاس (دیکھئے: خرشوف) (ج) حراشِف۔
(الحُرْشُف): سخت زمین۔
(حَرَصَ) (ض) حَرْصًا: لالچی ہونا۔
— على الشيءِ: کسی چیز میں رغبت کا زیادہ ہونا۔
— على الرجل: کسی آدمی کے فائدہ اور ہدایت کی کوشش کرنا اور شفیق ہونا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ}
— الشيءَ: پھاڑنا جیسے "حَرَصَتِ الشجةُ الجلدَ" اور "حرص القصارُ الثوبَ"۔
— الجلدَ و نحوَهُ: چھیلنا' صاف کر دینا جیسے: "حرص المطرُ وجهَ الارضِ" اور حرَصَتِ الماشيةُ المرعىٰ هو حارِصٌ۔
(حَرَّصَهُ): کسی چیز کا انتہائی خواہش مند بنا دینا۔
— الشيءَ: خراش لگانا' رگڑنا۔
(احْتَرَصَ) الرجلُ: کسی چیز کے حصول میں کوشش کرنا۔
(تَحَرَّصَ) الشيءَ: مناسب وقت کا انتظار کرنا۔ جیسے: يتحرصُ غدَاءَهُمْ عَشَاءهم۔
(الحارصةُ): معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔
(الحَرْصَةُ): کپڑے کی پھٹن (۲) معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔
(الحِرْصِيان): کال کا اندرونی رخ (۲) وہ جھلی جو کھال اتارنے کے بعد گوشت کے اوپر رہتی ہے۔
(الحرليصةُ): وہ زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔
(حَرَضَ) (ن) حُرُوضًا: تھک کر چور ہو جانا۔ (۲) ہلاکت کے قریب ہو جانا (۳) اخلاق' عقل یا مسلک خراب ہو جانا۔
(حَرِضَ) (س) الثوبُ حَرَضًا: کپڑے کے نقش و نگار پرانے ہو جانا۔
— فلانٌ: معدہ خراب ہونا (۲) رنج و غم سے گھل جانا (۳) عصفر جمع کرنا۔
(حَرُضَ) (ک) حَرَاضَةً: بمعنی حَرَضَ، هو حَرِيضٌ۔
(اَحْرَضَ) فلانٌ: کسی کے ہاں بری اولاد پیدا ہونا۔
— الحبُّ و نحوُه فلانًا: محبت وغیرہ کا بدحال کر دینا۔
(حَارَضَ) على العمل: ہمیشگی اختیار کرنا۔

(حَرَّضَهٗ) فلانًا على الشيءِ: ابھارنا۔ قرآن مجید میں ہے: {یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَى الْقِتَالِ}۔
— الثوب: کپڑے کو عصفر سے رنگنا۔
(اَلْاَحْرَضُ) من الرجال: وہ شخص جس کی آنکھ کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں۔
(الاِحْرِیض): عصفر (۲) گرا ہوا آدمی جس میں اٹھنے کی طاقت نہ ہو (۳) وہ آدمی جس میں کوئی خیر نہ ہو (ج) احاریض۔
(الحارِضَةُ): بیمار و خراب آدمی (۲) جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
(الحَرّاضُ): اشنان بنانے والا۔
(۲) اشنان کا کاروبار کرنے والا۔
(الحَرّاضَةُ): مؤنث الحرّاض (۲) اشنان جلانے اور مسالہ بنانے کی جگہ۔ (۳) اشنان کا بازار یا مارکیٹ۔
(الحَرَضُ): انتہائی بیمار' قرآن مجید میں ہے: {تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ یُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا} (۲) وہ کمزور جو لڑائی پر تیار نہ ہو (۳) وہ آدمی جس کی بھلائی کی اُمید نہ ہو اور اس کے شر کا خوف نہ ہو (۴) کپڑے کا کنارہ اور اس کے نقش ونگار۔ (ج) احراضٌ و حرضانٌ، حِرَضَةٌ۔
(الحَرِضُ) من الرجال: بمعنی الحَرَض (ج) احراضٌ۔
(الحُرُضُ): اشنان (۲) اشنان کا پاؤڈر جسے بطور صابن استعمال کیا جاتا ہے۔ (۳) چونا بنانے کا پتھر۔
(الحُرْضَةُ) من الرجال: خراب چھوڑا ہوا آدمی (ج) حِرَضٌ۔
(الحُرْضَةُ): جو خود نہ گوشت خریدے نہ کھائے لیکن دوسرے کے پاس ضرور کھائے۔
(المِحْرَضَةُ): اشنان رکھنے کا برتن۔
(حَرَفَ) (ض ن) عنه حَرْفًا: ٹیڑھا ہونا (۲) الگ ہونا۔
— لعیالِه: ہر پیشہ سے اہل و عیال کے لئے روزی کمانا۔
— الشيءَ عن وجهِهٖ حَرْفًا: ہٹانا۔
(حَرُفَ) (ک) الشيءُ حَرافَةً: منہ اور زبان کو کاٹنے والا ہونا۔
(حُرِفَ) فلانٌ فی مالِه: کسی کا کچھ مال ضائع ہو جانا۔
(اَحْرَفَ): فقر کے بعد مالدار ہونا۔
(۲) اہل وعیال کے لئے کدوکاوش کرنا۔
(۳) بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا۔
— الناقةَ و نحوها: اونٹنی وغیرہ کو کمزور کرنا۔
(حَارَفَ) الجرحَ: زخم کو پیمانے سے ناپنا۔
— فلانًا: کسی کے ساتھ اس کے پیشہ میں سلوک کرنا (۲) بدلہ دینا' انعام دینا (۳) کسی کے ساتھ فخر میں مقابلہ کرنا۔
(حُوْرِفَ) فلانٌ: رزق تنگ ہونا۔
— كَسْبُه: کمانے میں تنگی ہونا۔
(حَرَّفَ) الشيءَ: ٹیڑھا کرنا۔
— القلمَ: ٹیڑھا خط لگانا۔
— الكلامَ: کلام کو اصل معنی سے بدلنا جیسے قرآن میں ہے: {یُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ}
(اِحْتَرَفَ): پیشہ اختیار کرنا۔
— لاهلِه: اہل و عیال کے لئے کمانا۔ هو محترفٌ۔
(اِنْحَرَفَ): جھکنا' ٹیڑھا ہونا۔
— مزاجُه: طبیعت کا اعتدال سے ہٹنا۔
— الی فلانٍ: کسی کی طرف مائل ہونا۔
— عن فلانٍ: کسی سے الگ ہونا۔
(تَحَرَّفَ) عنه: الگ ہونا۔
— لعیالِه: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
(الحَرافَةُ): کھانے کی ترشی اور تیزی جو زبان کو کاٹے جیسے "فیه حَرافَةٌ"۔
(الحِرِّیف): ترشی دار۔
بَصَلٌ حِرِّیفٌ: جھلی والا پیاز۔
(الحَرْفُ): کنارہ' نوک۔
فلانٌ علی حرفٍ من امرِهٖ: وہ معاملہ کی ایسی سطح پر ہے کہ اگر وہ اسے پسند نہ آیا تو بہت جلد اس سے الگ ہو جائے گا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ} یعنی سرور میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر تنگی میں نہیں (۲) دبلے اور سخت چوپائے (۳) حروف ہجائیہ میں سے ایک جن سے مل کر کلمہ بنتا ہے۔
(۴) حروف معانی میں سے ایک یعنی وہ حرف جو اجزائے کلام مربوط کرتا ہے اور یہ حرف کلمہ کی تین قسموں اسم' فعل اور حرف میں سے ایک ہے (۵) کلمہ جیسے " هذا الحرف لیس فی لسان العرب"۔ (۶) زبان' لہجہ۔ جیسے حدیث میں ہے: (نزل القُراٰنُ علی سبعة احرُفٍ) (۷) طریقہ (۸) چہرہ۔
(الحُرْفُ): تلخی' ترشی (۲) رائی۔
(الحِرْفَةُ): پیشہ' ہنر (۲) عادت۔ جیسے حِرفتهٗ اَنْ یَفْعَلَ كَذَا (ج) حِرَفٌ۔
(الحِرْفِیُّ): پیشہ ور۔ وہ شخص جو اپنی روزی کسی مسلسل اور دائمی کام سے کماتا ہو۔
(الحَرِیْفُ): ہم پیشہ (ج) حُرَفاء۔
(المُحارَفُ): وہ آدمی جو طلب رزق میں محروم اور ناکام ہو۔ مقابل ہے مبارک کے۔
(المِحْرَافُ): زخم کی گہرائی ماپنے کا آلہ۔ (ج) مَحَارِیفُ و مَحَارِفُ۔
(المِحْرَفُ): بمعنی المِحْرَاف۔
(المنحرِفُ): علم ریاضی میں ایک چہارگوشہ شکل جس میں دو متوازی ضلع نہ پائے جائیں۔
شبهُ المُنْحَرِفِ: وہ چہارگوشہ شکل جس میں دو متوازی اضلاع پائے جائیں۔ (ج)۔
(حَرَقَ) (ن) الحدیدَ حَرْقًا: رگڑنا۔
— بالمِبْرَدِ: ریتی رگڑنا۔
— انیابَه: دانت پیسنا' دانتوں کو اس طرح رگڑنا کہ آواز محسوس نہ ہو۔
حَرَقَ بانیابِه بھی کہا جاتا ہے۔
هو یحرق علیه الارَّمَ: وہ اس پر دانت پیستا ہے۔

-- القصّار الثوبَ: دھوبی کا کپڑے پر کوٹنے کا نشان ڈالنا۔

— النّارُ الشيءَ : جلنے کا نشان ڈالنا۔ جیسے حَرَقه بالنار الفاعلُ حارِقٌ و حَرِيقٌ والمفعول محروقٌ وحَرِيقٌ۔

(حَرِق) (س) حَرَقًا: کولہے کے پٹھے کا کٹ جانا۔

— الثوبُ: کوٹنے کی وجہ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔

— الشَّعرُ والريشُ: بال یا پر کا ٹوٹ کر گرنا۔

— اللِحيةُ: داڑھی کے بیچ کے بال چھوٹے ہونا۔

— فلانٌ: اطراف جسم کا پھٹ جانا' ھو حَرِقٌ۔

(حُرِقَ): کولہے کے پٹھے کا پھٹ جانا۔ ھو محروقٌ۔

(أَحْرَقَتِ) النّارُ بِالشيءِ: آگ کا کسی چیز کو جلانا۔ أَحْرَقه بالنار بھی کہتے ہیں۔

— الشيءَ: ہلاک کرنا۔

— الحريقةَ: گاڑھا سوپ تیار کرنا۔

— فلانًا: تکلیف دینا۔

— باللسان: عیب ونقص نکالنا۔ کہا جاتا ہے '' أَحْرِق لنا من هذهِ القصبة نارًا '' ہمیں آگ کے انگارے دو۔

(حَرَّقَتِ) النار الشيءَ : آگ کا جلانا۔ حَرَّقه بالنار بھی کہا جاتا ہے۔

— المرعَى الابلَ: چراگاہ کا اونٹوں کو پیاسا کر دینا۔

(احْتَرَقَ) الشيءُ: ہلاک ہونا۔

(تَحَرَّقَ) الشيءُ: جلنا۔

— النّارُ : آگ کا بھڑکنا اور دہکنا۔

(الحارِقُ): درندہ کا دانت۔

(الحارِقَةُ): درندہ (۲) آگ (۳) وہ پٹھا جو کولہے اور ران کے سرے کو ملاتا ہے۔

امرأةٌ حارقةٌ: پڑوسی عورتوں کو گالیاں دینے والی عورت۔

(الحارُوقَةُ): تیز تلوار۔

(الحِرَاقُ): وہ آلہ جس سے کھجور کے درخت کا قلم لگایا جاتا ہے (۲) ہر چیز کو خراب کرنے والا۔

نارٌ حِرَاقٌ: صفایا کر دینے والی آگ۔

رميٌ حِرَاقٌ: سخت قسم کی تیراندازی۔

(الحُرَاقُ): کھجور کی پیوندکاری کا آلہ (۲) وہ چیز جس نے آگ پکڑ لی ہو جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ (۳) مفسد مزاج (۴) انتہائی کھارا پانی (۵) تیز رفتار گھوڑا۔

نارٌ حُرَاقٌ: صفایا کر دینے والی آگ۔

(الحُرَاقَةُ): آگ پکڑنے والی چیز جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ۔

(الحُرَّاقُ): بمعنی الحراقة: (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) سخت کھارا پانی۔

(الحُرَّاقُ): الحراقة (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) سخت کھارا پانی۔

(الحَرَّاقَةُ): وہ چیز جو جلد پر صفائی کی غرض سے رکھی جائے (۲) جنگی جہاز جس سے دشمن پر بم برسائے جاتے ہیں۔ (۳) سبک رفتار کشتی (ج) حَرَّاقات۔

الحرّاقات: کوئلے کی بھٹیاں۔

(الحَرْقُ): جلنے کا نشان (ج) حُرُوق۔

(الحَرَقُ): آگ (۲) آگ کا شعلہ (۳) وہ نشان جو کپڑے پر آگ یا دھوبی کے کوٹنے سے پڑ جائے۔

(الحُرْقَانُ): چلتے وقت دونوں رانوں کا ٹکرانا۔

(الحُرْقَةُ): گرمی' سوزش (۲) غم یا محبت کی تپش۔

(الحَرْقُوَةُ): حلق میں تالو کے اوپر کا حصہ۔

(الحَرِيقُ): آگ' جلتی ہوئی آگ۔ (۲) آگ کا شعلہ (۳) آگ زنی (۴) ایسی آگ جو بطور آفت نباتات کو جلا ڈالے۔

(الحَرِيقَةُ): گرمی' سوزش' تپش (۲) گاڑھے شوربے (سوپ) کی ایک قسم (ج) حَرائقُ۔

(الحَرْقَدَةُ): نرخرہ کی گرہ۔

(الحِرْقِدَةُ): زبان کی جڑ (۲) اعلیٰ نسل کے اونٹ (ج) حَرَاقِدُ۔

(حَرْقَصَ) في مشيه و كلامه: بات کرنے یا چلنے میں میانہ روی اختیار کرنا۔

النَّسجَ: گھٹی ہوئی بنائی کرنا۔

(الحُرْقُوصُ): پسو جیسا ایک کیڑا (۲) کوڑے کا سرا (۳) خام کھجور کی گٹھلی (ج) حَراقیص۔

(الحَرْقَفَةُ): سرین کی ہڈی کا سرا۔ (ج) حَرَاقِفُ۔

(الحُرْقُوفُ): لاغر جانور۔

(حَرَكَ) (س ن) حَرْكًا: کاندھے کے بالائی حصہ میں تکلیف ہونا (۲) ادائیگی حق سے انکار کرنا (۳) سوال کرنے میں ضد کرنا۔

— الحيوانَ او الانسانَ: جانور یا آدمی کے مونڈھے کے سرے پر مارنا۔

— الحارِكَ: مونڈھے کے سرے کو کاٹنا۔

— فلانًا بالسيف: تلوار کسی کی گردن پر یا کسی اور عضو پر مارنا۔

صيدُ البحر حَرْكًا: سمندری شکار کا کم ہونا۔

(حَرِكَ) (س) حَرَكًا: عورتوں کے کام کا نہ ہونا' نامرد ہونا۔ ھو حَرِيكٌ۔

(حَرُكَ) (ک) حَرْكًا و حَرَكَةً: متحرک کرنا' ہلنا' حرکت کرنا۔

(حَرَّكَه): حرکت دینا' ہلانا۔

(تَحَرَّكَ): حرکت کرنا' زور سے ہلنا۔

(الحارِكُ): مونڈھے کا بالائی حصہ۔

(الحَرَاكُ): حرکت جیسے ''مابه الحَرَاكُ''۔

(الحَرِكُ) غلامٌ حَرِكٌ: پھرتیلا و چالاک لڑکا۔

(الحَرَكَةُ): حرکت' جنبش (۲) علم الصوت کے مطابق آواز پر طاری ہونے والی کیفیت اور وہ ضمہ فتحہ کسرہ ہیں اور ان کے مقابلہ میں سکون ہے۔

(المِحْرَاكُ): آگ کو حرکت دینے کا آلہ۔

ھو مِحْرَكٌ: وہ فتنہ انگیز آدمی ہے۔

(المَحْرَكُ): سر کی جڑ سے ملا ہوا گردن کا بالائی حصہ (۲) گردن کی جڑ۔

(الحَرْكَكَةُ): کولہے کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) حراكِك و حَرَاكِيك۔

(الحُرْكُوكُ): کندھا (۲) طاقتور آدمی۔
(حَرَمَ) (ض) فلانًا الشیءَ حِرْمانًا: محروم کرنا، روکنا۔
(حَرُمَ) (ک) الشیءُ حُرْمَةً: ممنوع ہونا۔ جیسے حَرُمَ علیه کذا۔
-الصلوةُ حُرْمًا: نماز کا ممنوع ہونا۔
(اَحْرَمَ) الرجلُ: حرم میں داخل ہونا۔ (۲) مکہ میں داخل ہونا (۳) شہر حرام میں داخل ہونا (۴) کسی عہد و پیمان کا پابند ہونا۔
— بفلانٍ: حفاظت کے لئے کسی کی پناہ میں جانا۔
— بالصلوةِ: نماز شروع کرنا۔
— عن الشیءِ: رکنا۔
— بالحجِ او العمرةِ: احرام باندھنا۔
(حَرَّمَ) الشیءَ علیه او علی غیرهٖ: حرام کرنا۔
(احْتَرَمَهٗ): عزت کرنا۔
(تَحَرَّمَ) منه بحُرْمَةٍ: کسی کی پناہ میں آ کر محفوظ ہونا۔
— فلانٌ بفلانٍ: مل جل کر رہنا، باہمی احترام کا پختہ ہونا۔
— بطعامِهٖ و مجالستهٖ: کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کی بنا پر کسی ایسی چیز کا لینا ممنوع ہو جانا جس کا پہلے لینا جائز تھا۔
(استَحْرَمَ) الشیءَ: حرام سمجھنا۔
(الحرامُ): ناجائز، حرام، ممنوع۔
البیتُ الحرامُ: خانہ کعبہ۔
المسجدُ الحرامُ: وہ مسجد جس میں خانہ کعبہ ہے۔
الشهرُ الحرامُ: ماہ حرام، ان چار مہینوں میں سے ایک جن میں عرب جنگ و جدال کو حرام قرار دیتے تھے یہ چار مہینے ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب ہیں۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ}۔

حَرامُ اللهِ لا افعلُ کذا: اللہ کی قسم میں ایسا نہیں کروں گا۔
(الحرامیُّ): حرام کام کرنے والا (مو)۔
(الحَرَمُ): حرم مکہ۔
الحَرَمَان: مکہ و مدینہ۔
حرمُ الرجل: قابل حفاظت شے جس کا دفاع کیا جائے۔ مجازاً بیوی (ج) اَحْرامٌ۔
(الحُرْمَةُ): واجب الرعایت حق صحبت یا عہدہ و ذمہ داری جس کو پامال کرنا درست نہ ہو (۲) عورت (۳) بیوی (۴) دبدبہ، رعب (ج) حُرَمٌ۔
(الحَرَمِیُّ): منسوب ہے حرم کی طرف لوگوں میں سے خلاف قیاس ہے اور لوگوں کے علاوہ میں یہ موافق قیاس ہے جیسے ثَوْبٌ حَرَمِیٌّ۔
(الحَرِیمُ): قابل احترام، جس کی بے حرمتی نہ کی جائے۔ (۲) متعلقات جیسے گھر یا مسجد کی متعلقہ جگہیں۔
حریمُ الدار: گھر کا وہ احاطہ جس میں اس کی ضروریات ہوں اور جس میں دروازہ لگایا جائے۔
حریم المسجد: مسجد کا احاطہ۔
حریم البئر: کنویں کی منڈیر (ج) احرامٌ۔
(الحَرِیمَةُ): ہر وہ مرغوب شے جس سے محرومی ہو۔
(المُحَرَّمُ): قابل احترام (۲) سرکش اونٹ جس پر سواری مشکل ہو (۳) محرم، پہلا عربی مہینہ (۴) وہ کھال جس کو دباغت نہ دی گئی ہو یا جس کی دباغت مکمل نہ ہوئی ہو (۵) وہ کوڑا جو ابھی نرم نہ ہوا ہو۔ (۶) اجڈ و اکھڑ آدمی۔
(المَحْرَمُ): ناجائز کام (۲) قابل حرمت و عزت والی چیز (۳) وہ مرد و عورت جو ایک دوسرے کے لئے محرم ہوں (۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے حرام کی ہوئی چیز (ج) مَحَارِمُ۔
محارِمُ اللَّیلِ: رات کے خطرات و خدشات۔
(المِحْرَمُ): احرام کے کپڑے۔
(المَحْرَمَةُ، المَحْرُمَةُ): وہ عہد و پیمان یا حق جس کی پامالی جائز نہ ہو (۲) بیوی، اہل و عیال (ج)

محارِمُ۔
(المَحْرُومُ): وہ بدنصیب جو مطلوبہ چیز سے محروم رہے۔
(حَرْمَدَ) فی الامرِ: اصرار اور ضد کرنا۔
(حَرْمَزَهٗ): لعنت کرنا۔
(تَحَرْمَزَ): ہوشیار ہونا۔
(الحِرْمَاسُ): چکنا (۲) سخت اور ٹھوس (ج) حَرامیسُ۔
(الحِرْمِسُ) بمعنی الحِرماسُ (۲) سنةٌ حِرمِسٌ: خشک سالی (ج) حَرامیس۔
(الحَرْمَلُ): اسپند، ایک بوٹی جو بطور دوا کے استعمال ہوتی ہے۔ یہ فصیلہ رطریطیہ سے ہے۔
(الحَرْمَلَةُ): ایک ڈھیلی اور چھوٹی پوشاک جسے گلے کے چاروں طرف مونڈھوں اور کمر پر ڈالتے ہیں آگے سے کھلی ہوتی ہے۔ (د)۔
(حَرَنَتِ) (ن ک) الدَّابَّةُ حِرَانًا و حُرُوْنًا: چوپائے کا چلتے وقت رک جانا اور ہٹ جانا۔
— فلانٌ بالمکان: کسی جگہ مقیم ہونا اور نہ ہٹنا۔
— العسلُ فی الخلیة: شہد کا چھتے سے یوں چمٹنا کہ نکالنا مشکل ہو۔
— فلانٌ فی البیع: فروخت میں قیمت پر اڑ جانا۔ هو و هی حَرُوْنٌ (ج) حُرُنٌ۔
— المِحْرَانُ: وہ مکھی جو شہد کو نہ چھوڑتی ہو۔ (۲) جو شہد میں مرجائے (ج) محارین۔
(اِحْرَنْبَی): (دیکھئے: ح رب)
(حَرًا) (ن) بهٖ حَرًا: لائق و مناسب ہونا۔ هو حَرِیٌّ (ج) اَحْرِیَاءُ و هی حَرِیَّةٌ (ج) حَرَایَا۔
(حَرَی) (ض) الشیءُ حَرْیًا: کم ہونا۔
— علیه: غصہ ہونا۔
— الشیءَ: کسی چیز کی طرف رخ کرنا اور کہا جاتا ہے ''حَرَی ان یکون ذلك''، ممکن ہے کہ یہ بات ہو۔
(اَحْرَاهُ): کم کرنا۔
(تَحَرَّی) بالمکان: ٹھہرے رہنا۔
— فی الامور: زیادہ بہتر کام کا ارادہ کرنا۔

— الشيءَ: رخ کرنا (۲) طلب کرنا' چاہنا۔
(۳) تحقیق و جستجو کرنا۔ جیسے تَحَرّٰی عنه۔
(اَلْاَحْرٰی): افضل (۲) لائق مناسب۔
(الحَرَا): مصدر بمعنی حری۔
هم حَرًا ان يفعلوا كذا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہیں۔
(الحَرٰی): بمعنی الحَرَا (۲) کونہ' گوشہ۔
(۳) ہرنوں کا مسکن (ج) اَحْرَاء۔
(الحَرَاوَةُ): پیشہ۔
(الحَزْوَةُ): پیشہ (۲) حلق کی سوزش۔
(۳) سینہ یا سر میں درد یا غصہ کی بنا پر گھٹن و سوزش (۴) انتہائی بدبو۔

ح............ز

(حَزَأَ) (ف) الابلَ و نحوها حَزْءًا: اونٹوں کو جمع کرنا اور ہنکانا۔
-السَّرابُ الشَّخْصَ: نمایاں کرنا۔
(اِحْزَوْزَأَ): جمع ہونا۔
— الطائرُ: پرندہ کا پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہونا۔
(حَزَبَ) (ن) الامرُ حَزْبًا: معاملہ کا سنگین ہونا۔
— الامرُ فلانًا: درپیش ہونا' مصیبت میں ڈالنا۔
حدیث میں ہے (كان رسول الله ﷺ اِذا حزبه امرٌ صلّٰی) اور حضور ﷺ کی دعاؤں میں سے ایک یہ ہے: (اللّٰهُمَّ انت عُدَّتی اِنْ حُزِبْتُ) هو حازِبٌ (ج)۔ حوازِبُ وهو حزيبٌ ايضا (ج) حُزُبٌ۔
(حَازَبَ) فلانًا: مدد کرنا (۲) ہم جماعت ہونا۔
(حَزَّبَهُمْ): گروہ بنانا۔
— القرآنَ: قرآن کے حصے مقرر کرنا جن میں سے کسی ایک کی روزانہ تلاوت کرنا۔
(تَحَازَبَ) القومُ: گروہ در گروہ ہونا۔
— عليه: کسی کے خلاف باہم تعاون کرنا۔
(تَحَزَّبَ) القومُ: مختلف گروہ بننا۔
(حَلَق) (ن ض) الضَّرْعُ حُلُوقًا: دودھ کی کمی سے تھنوں کا سکڑ جانا۔
حلَق لبنُ الضَّرْعِ: دودھ تھن میں ختم ہو گیا یا کم ہو گیا۔
فلانًا حَلْقًا: گلے پر لگانا یا گلے پر مارنا۔
— حلقه الداءُ: حلق میں تکلیف ہونا۔
— الاناءَ ونحوه: برتن وغیرہ کو لبالب کر دینا۔
الشيءَ (ض) حَلْقًا و تَحْلَاقًا و حِلَاقًا و حِلَاقة: چھیلنا، چھلکا اتارنا۔
— رأسَه: سر کے بال اتارنا، سر مونڈنا۔ هو محلوق و حليق۔
حلقت الماشيةُ النباتَ: نبات کو کھا جانا صفایا کر دینا۔
حَلَقَ القومُ أعداءهم: فنا کر ڈالنا۔
حَلَقَتْهم حَلاقِ: مصیبت نے انہیں ہلاک کر ڈالا۔

(أحْلَقَ) الاناءَ ونحوه: برتن کو لبالب بھر دینا۔

(حَلَّقَ) (ف) القمرُ: چاند کے گرد ہالہ بننا۔
حَلَّقَ على اسم فلانٍ: اس کے گرد حلقہ بنا لیا تو اس کے رزق کو ختم کر دیا۔
— الاناءُ ونحوه: برتن کا لبالب بھرنا۔
— البُسْرُ: کھجور کے دو تہائی حصہ کا پک جانا۔
— الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھر کر پھول جانا۔
— الطائرُ: پرندے کا منڈلانا۔
— النجمُ: ستارہ کا بلند ہونا۔
حَلَّقَ ببصره إلى كذا: نگاہ گھما کر دیکھنا۔
— بالشيءِ الى فلانٍ: کسی کے پاس کوئی چیز پھینکنا۔
— ماءُ البئرِ: کنویں کا پانی کم ہو جانا یا ختم ہو جانا۔
— عينُ البَعِيرِ: اونٹ کی آنکھ کا دھنس جانا۔
— الشعْرَ: بالوں کو اچھی طرح مونڈنا۔
— الشيءَ: گول یا دائرہ نما بنانا۔
حلقةً: دائرہ گھمانا۔
— الدّابةَ: چوپائے پر بطور نشان حلقہ ڈالنا۔

(احتلق) الرّجلُ: بال صاف کرنا۔
— الشيءَ: دائرہ بنانا۔
— السَّنَةُ المَاشِيَةَ: قحط کا مویشی کو ہلاک کرنا۔

(تَحَلَّقَ) القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا۔
القمرُ: چاند کے گرد دائرہ بنانا۔

(تَحْلاقٌ) يومَ تَحْلَاقِ اللِّمَمِ: حرب بسوس میں بنی بکر پر تغلب کے غلبہ کا دن (ان لوگوں کا شعار سروں کو مونڈنا تھا)

(الحَالِقُ): بلند و بالا جگہ (۲) زمین و آسمان کے درمیان کی خلا (ج) حُلَّق و حوالِقُ۔
هوى من حالقٍ: وہ ہلاک ہو گیا۔
(۳) انگور وغیرہ کی بیل کی شاخیں جو سلاخوں پر لٹکی ہوئی ہوں (۴) تیز و پھرتیلا اور ہلکا۔
— من الرِّجال: منحوس آدمی۔
— من السُّيُوف و نحوها: تیز رو دھاردار۔

(الحالِقَةُ): قطع رحمی (۲) باہمی ظلم (۳) بری بات (۴) عام قحط جو ہر چیز کو تباہ کر ڈالے (۵) موت۔

(الحَالُوق): موت۔

(الحَالُوقة): منحوس آدمی یا تیز تلوار۔

(حَلاقِ): موت کا علم ہے (اور حالقہ سے معدول ہے)۔

(الحُلَاقُ): حلق کا درد۔

(الحِلَاق): حجامت۔
رَأْسٌ جيدُ الحِلَاق بھی کہا جاتا ہے (۲) حلقہ کی جمع ہے۔

(الحُلَاقَةُ): سر کے اُترتے ہوئے بال۔

(الحِلَاقَةُ): نائی کا پیشہ۔

(الحَلْقُ): وہ نالی جس سے کھانا پانی نیچے اترتا ہے۔ (ج) أَحْلاق و حُلُوق و حُلُق۔
حُرُوف الحلق: وہ حروف جو تلفظ کے وقت حلق سے نکلتے ہیں۔ وہ ہمزہ، ہاء، عین، حاء، غین اور خاء ہیں (۲) پانی بہنے کی نالی (۳) برتن کی نالی (۴) تنگ راستہ (۵) وادی۔

(الحَلَقُ): وہ اونٹ جن پر بطور علامت حلقہ نما داغ لگائے گئے ہوں (۲) کان کی بالیاں۔ (محدثہ)۔

(الحَلْقَةُ): دائرہ، چھلا جیسے: حَلْقَة الباب والذَّهب والفضّةِ (۲) لوگوں کی جماعت (۳) مجلس علم۔
تلقّى العلمَ في حَلْقَةِ فلان: فلاں کی مجلس میں علم حاصل کیا۔
حَلْقَتا الرَّحِمِ: رحم کے دو سوراخ۔
حَلْقَةُ الماشِيَةِ: حلقہ نما داغ کا نشان۔
— حَلْقَةُ الباب: دروازہ کھٹکھٹانے کی زنجیر یا کڑا۔
وفَّيْتُ حَلْقَةَ الحَوْضِ: حوض کو بھرنے کی حد تک پہنچا دیا۔
انتزع حَلْقَةَ فلانٍ: کسی پر سبقت لے جانا (ج) حَلَق و حِلَق و حِلَاقٌ۔
بَنَوْا بُيُوتَهُمْ حِلَاقًا: انہوں نے اس طرح لائن میں مکان بنائے کہ وہ حلقہ دکھائی دینے لگے۔

(الحَلْقَة) عام ہتھیار (۲) زرہ۔

(الحَلَّاق): حجام۔ بہت زیادہ بال کاٹنے والا۔

(المِحْلَاق) من الكرم و نحوه: انگور وغیرہ کی بیل جو بانس کی ڈنڈیوں پر لٹکی ہو۔ (ج) مَحَالِقُ و مَحَالِيقُ۔

(المِحْلَقُ): استرہ (۲) کھردری چادر یا کمبل۔ گویا کہ اپنے کھردرے پن سے سر کے بال اتار رہی ہو۔
(المُحَلَّقُ): منیٰ میں حج کے ایام میں بال اتارنے کی جگہ۔
(المُحَلِّقُ): دبلی بکری۔
(حَلْقَمَ) البُسْرُ: کھجور کا دو تہائی پک جانا۔
— الحيوانَ: ذبح کرنا۔
(الحُلْقَامَةُ): وہ کھجور جو پکنا شروع ہوگئی ہو (ج) حُلْقَامٌ۔
— المسْرةُ: کھجور کا دو تہائی پک جانا۔
(الحُلْقُومُ): گلا کھانا پانی نگلنے کی نالی۔
(ج) حلاقُم و حلاقيم۔
حلاقيم البلاد: اطراف وجوانب۔
(حَلْقَنَ) البُسْرُ: گدر کھجور کا پک جانا۔
(الحُلْقَانَةُ): بمعنی الحُلْقامة (ج) حُلْقانٌ۔
(حَلَكَ) (ف) حَلْكًا و حَلَكَةً: بے حد سیاہ ہونا۔ هو حَلِك وحَالِك وهى حَلِكَةٌ و حَالِكَةٌ۔
(اسْتَحْلَكَ): کوئلہ جیسا کالا ہونا۔
(احْلَوْلَكَ) بمعنی اسْتَحْلَكَ۔
(الحَلَكُ): گھٹا ٹوپ اندھیرا۔
(الحُلْكَةُ): بمعنی الحَلَكُ۔
(حَلَّ) الشيءُ حَلالًا: جائز ومباح ہونا هو حِلٌّ و حَلالٌ۔
— المرأةُ: عورت سے شادی جائز ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: {فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ}۔
— المُحْرِمُ: محرم کے لئے بحالت احرام حرام ہونے والی چیزوں کا جائز ہوجانا۔
قرآن حمید میں ہے: {وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا}۔
— الدَّيْنُ حُلُولًا: قرض کا واجب الاداء ہونا۔
غضَبُ الله على الناس: اللہ کا غضب نازل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِي وَمَنْ يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَى}۔
— العقدةُ: حلاًّ: گرہ کھولنا اور حَلَّ المشكِلَةَ ونحوها بھی کہا جاتا ہے۔
— الجامِدَ: منجمد شئی کو پگھلانا۔
— الكلامَ المَنْظُومَ: منظوم کلام کو نثر میں تبدیل کرنا۔
المكانَ وبهِ حُلُولًا: قیام کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِنْ دَارِهِمْ} اور کہا جاتا ہے "حَلَلْتُ القومَ و حللتُ بهم اور حللتُ عليهم۔
— البَيْتَ: رہائش اختیار کرنا۔ هو حالٌّ (ج) حَلول، حُلّال، حُلَّل۔
(حَلَّ) (س) البَعِيرُ حَلَلًا: ڈھیلا اور سست ہونا۔
هو أَحَلُّ وهى حَلَّاءُ (ج) حُلّ۔
(أحَلَّ): حرم سے باہر ہونا اور ممنوعاتِ احرام کا جائز ہونا (۲) بریٔ الذمہ ہونا۔
— فلانٌ: حرم کو تجاوز کرنا۔
— فلانًا المكانَ وبه: مقیم کرانا۔
قرآن پاک میں ہے: {الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهِ}۔
(حالَّه): کسی کے ساتھ مقیم ہونا۔
(حلَّلَ) العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔
— الشيءَ: تجزیہ کرنا۔ کسی شئی کو اصل کی طرف لوٹانا۔ حَلَّلَ الدَّمَ اور حَلَّلَ البولَ بھی کہا جاتا ہے۔
حَلَّلَ نَفْسِيَّةَ فُلانٍ: کسی کے احساسات کا جائزہ لینا (محدثہ)۔
— اليمينَ تحليلًا، تحِلَّةً اور تَحِلاًّ: قسم کو کفارہ دے کر درست کرنا یا الفاظ قسم میں استثناء فعل استعمال کر کے قسم کو حلال کرنا۔
جیسے یوں کہے: {والله لأفْعَلَنَّ ذٰلك إلّا أن يكونَ كذا}۔
— فعل كذا تحليلًا: جب اس نے زیادہ مبالغہ آرائی نہ کی ہو۔
— الشيءَ: حلال کرنا۔
(احتَلَّ) المكانَ وبه: مقیم ہونا۔
احتلَّ القومَ وبهم بھی کہا جاتا ہے۔
— دولةٌ بلادًا أُخرى: (محدثہ)۔
(انحلَّتِ) العقدَةُ: گرہ کا ڈھیلا ہونا۔
(تَحَلَّلَ) من يمينه وفيها: قسم پوری کرنا۔
تحلَّل من التبعة: بریٔ الذمہ ہونا۔
(اسْتَحَلَّ) الشيءَ: کوئی چیز حلال سمجھنا۔
— فُلانًا الشيءَ: کسی سے کوئی چیز حلال کرانا۔
(الإحْتلالُ): ایک ملک کا دوسرے ملک پر اس کے کچھ حصے پر زبردستی قبضہ کر لینا (محدثہ)۔
(الإحلِيلُ): پیشاب نکلنے کا سوراخ۔
(۲) تھن یا پستان سے دودھ نکلنے کا سوراخ (ج) أحالِيل۔
(التَّحِلَّةُ): قسم کا کفارہ۔
فرقان حمید میں ہے: {قَدْ فَرَضَ اللهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ}۔
(التَّحْلِيلُ): کلام یا جملہ کے اجزاء ترکیب اصلیہ کی وضاحت۔
تحليلُ الجملة: جملہ کی ترکیب۔
(التَّحْلِيلُ النَّفْسَانِيُّ): جدید علم النفس میں عقل باطن اور اس کی خواہشات وکیفیات کو برائے علاج جاننا۔
(الحَلالُ): جائز۔
(الحِلالُ): عورتوں کی ایک سواری۔
(الحَلَلُ): چوپائے کے پیروں کا ڈھیلا پن اور پٹھوں کی کمزوری (۲) گھٹنوں کا درد۔
(الحِلُّ) جائز (۲) حرم کے اردگرد کی زمین (۳) نشانہ (۴) مقیم۔
قرآن عزیز میں ہے: {لَا أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ وَأَنْتَ حِلٌّ بِهَٰذَا الْبَلَدِ}۔
(۵) ممنوعات احرام سے حلال ہونا یا جو محرم نہ ہو۔
(الحَلُّ): تلوں کا تیل۔
(الحُلّان): بکری کا بچہ (۲) ہر وہ شئی جس کو اس کی اصل پھاڑ کر نکالا جائے۔

حُلّانُ اليَمِينِ: کفارہ قسم۔
دَمٌ حُلّانٌ: خراب خون۔
(الحَلَّةُ): بانس وغیرہ کی ٹوکری جس میں اشیاء خورد ونوش رکھی جاتی ہیں (۲) دیگچی جس میں کھانا پکایا جاتا ہے۔ (محدثہ)۔
(۳) گھٹنوں کا درد (ج) حِلَلٌ۔
(الحِلَّةُ): محلہ (۲) لوگوں کی نشست گاہ
(۳) لوگوں کی قیام گاہ (۴) ایک خاردار درخت جسے اونٹ کھالے تو اس کا دودھ آسانی سے نکلتا ہے (ج) حِلالٌ و أحِلّة۔
(الحُلَّةُ): موٹے یا باریک نئے اور اچھے کپڑے۔ (۲) استر لگا ہوا جوڑا (۳) ایک ہی قسم کے دو کپڑے (۳) تین کپڑوں کا مجموعہ۔
کبھی اس کا اطلاق قمیص، ازار اور چادر پر بھی ہوتا ہے۔ (۴) عورت (۵) ہتھیار (ج) حُلَلٌ و حِلالٌ۔
(الحُلُولُ): دو جسموں کا اس طرح ایک ہوجانا کہ اگر ایک کی طرف اشارہ کیا جائے تو دوسرے کی طرف بھی ہوجائے۔
(مذهب الحُلول): قول صوفیاء ''کہ اللہ ہر چیز میں حلول کئے ہوئے ہے۔''
(الحُلُولِيّة) صوفیاء کی ایک جماعت جو حلول کا عقیدہ رکھتی ہے (برخلاف اہل سنت)۔
(الحَلِيلُ): حرام کی ضد (حلال) (۲) پڑوسی۔
حَلِيلُ الرَّجُلِ: بیوی۔
حليل المرأةِ: خاوند۔
(الحَلِيلَةُ): بیوی (۲) پڑوسن (ج) حَلائِلُ۔
(المِحْلالُ) مکان مِحْلال: بہت آمدورفت کی جگہ۔
(المَحَلُّ): مصدر میمی (۲) جہاں قیام کیا جائے (ج) مَحالٌّ۔
مَحَلُّ الإعْرابِ: (علم نحو میں) لفظ معرب ہونے کی صورت میں جس اعراب کا مستحق ہوتا ہے۔
(المَحِلُّ): وہ جگہ جہاں قیام کیا جائے۔
مَحِلُّ الدَّيْنِ: قرض کی میعاد۔

مَحِلُّ الهَدْيِ: منیٰ میں یوم نحر۔
قرآن مجید میں ہے: {لَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ}۔
(المُحَلَّلُ): تھوڑی چیز (۲) وہ جگہ جہاں لوگ بکثرت قیام کرتے ہیں۔
مکانٌ مُحَلَّلٌ: بکثرت آمدورفت کی جگہ۔
(المحلِّلُ): تین طلاق والی عورت کو پہلے خاوند کے لئے حلال کرنے کے لئے شادی کرنا، حلالہ کرنے والا حدیث میں ہے: (لَعَنَ اللهُ المُحَلِّلَ والمُحَلَّلَ لَه)۔
(المَحَلَّةُ): محلہ جہاں بہت سے لوگ رہائش پذیر ہوں (ج) مَحالٌّ۔
(المُحِلَّة) تَلْعَةٌ مُحِلَّة: وہ ٹیلہ جہاں ایک یا دو مکان ہوں۔
(المُحِلّاتُ) دیگچی (۲) چکی (۳) ڈول (۴) مشکیزہ (۵) بادیہ، بڑا پیالہ (۶) چھری (۷) کلہاڑی (۸) چقماق۔
ان کو محلات اس لئے کہا جاتا تھا کیونکہ یہ آدمی کو لوگوں سے مستغنی بنا کر قیام کراتی تھیں۔
(حَلَمَ) (ن) حُلْمًا و حُلُمًا: خواب دیکھنا۔
— الصَّبِيُّ: بچہ کا بالغ ہونا۔
— به و عنه: کسی کے بارے میں خواب دیکھنا۔
— الشيءَ وبه: نیند میں کوئی چیز دیکھنا۔
— الجِلْدَ حَلْمًا: چمڑے سے چیچڑی الگ کرنا۔
(حَلِمَ) (س) البعيرُ حَلَمًا: اونٹ کے جسم پر چیچڑیوں کی کثرت ہونا۔
— الجِلْدُ: چمڑے میں کیڑے پڑ کر خراب ہونا۔
(حَلُمَ) (ک) حِلْمًا: بردبار ہونا یعنی ناگواری اور غصہ کے اظہار پر قدرت کے باوجود بردبار ہونا (۲) دوراندیش ہونا (۳) دانش مند ہونا۔
(أحْلَمَ): بردبار دانش مند اولاد والا ہونا۔
(حَلَّمَه) الرضاعُ والأكْلُ: دودھ اور کھانے نے بچہ کو موٹا کردیا۔
— حَلَّمَ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو پانی سے بھرنا۔
— فُلانًا: بردبار بنانا۔

— الحَيَوانَ: جانور کے جسم سے چیچڑیاں نوچنا۔
(احْتَلَمَ): بردبار ہونا۔
— الصبِيُّ: بالغ ہونا۔
(تَحالَمَ): ایک دوسرے کے لئے تحمل کا اظہار کرنا۔
(تَحَلَّمَ): بردبار بننا یا کوشش کرنا (۲) خواب گھڑ کر بیان کرنا۔
(التِّحْلِمَةُ) شاةٌ تِحْلِمَةٌ: بہت چیچڑیوں والی بکری (ج) تَحالِمُ۔
(الحالُومُ): تازہ پنیر کی طرح گاڑھا دودھ۔
(الحُلّامُ): چھوٹی بھیڑ بکری۔
دَمٌ حُلّامٌ: بے کار خون جس کا بدلہ نہ لیا جائے۔
(الحَلَمُ): چیچڑی بڑی یا چھوٹی۔
(الحُلْمُ): خواب (ج) أحْلامٌ۔
(الحِلْمُ): صبر و تحمل (۲) عقل و خرد۔
کتاب اللہ میں ہے: {أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهٰذَا}۔
— نصیحت سے عبرت حاصل کرنے والے اور تنبیہ پر متنبہ ہونے والے کے لئے کہا جاتا ہے ''إنَّ العَصا قُرِعَتْ لِذِي الحِلْمِ''۔
— بے حقیقت اُمیدوں کے لئے کہا جاتا ہے: ''أحْلامُ نائِمٍ''۔
(الحَلَمَةُ): چھوٹی یا بڑی چیچڑی (۲) چمڑے کو لگنے والا کیڑا جس سے دباغت کے وقت چمڑا پھٹ جاتا ہے (۳) سر پستان، تھن کی نوک جس سے دودھ نکلتا ہے (۴) خاص قسم کا پودا (ج) حَلَمٌ۔
(حَلا) الشيءُ حَلاوَةً: میٹھا، شیریں ہونا۔
— حلَتِ الفاكهةُ: پھل کا پک جانا یا میٹھا ہو جانا۔
— الشيءُ في عَيْنِه: بھلا لگنا، اچھا معلوم ہونا۔ هو حُلْوٌ۔
— من فُلانٍ بِخَيْرٍ: کسی سے اچھی چیز پانا۔
— المرأةَ حَلْوًا: زیور دینا۔
— فلانًا الشيءَ وبالشيءِ حَلْوًا: کوئی چیز دینا۔

(حَلِيَ)(س) من فُلانٍ بِخَيْرٍ حَلْيًا: اچھی چیز پانا۔

— الشيءَ: میٹھا سمجھنا۔

(أَحْلَى) الشيءَ: میٹھا بنانا (۲) میٹھا پانا۔

— المكانَ: کسی جگہ کو اچھا پا کر قیام کرنا۔

(حَالَاهُ): خوش طبعی کرنا۔

(حَلَّى) الطعامَ وغيره: مزیدار یا میٹھا بنانا۔ حَلَّى الشيءَ في عينه بھی کہتے ہیں۔

(تَحَالَى): خوش طبعی یا مٹھاس کا اظہار کرنا۔

(تَحَلَّى) بما ليس فيه: کسی ایسی بات کا اظہار یا دعویٰ کرنا جو اس میں موجود نہ ہو۔

— الشيءَ: میٹھا پانا یا سمجھنا۔

(اِسْتَحْلَى) الشيءَ: میٹھا محسوس کرنا۔

(احْلَوْلَى) الشيءُ: میٹھا اور اچھا ہونا۔

— الجاريةُ: کنیز کا اچھا لگنا۔

— احْلَوْلَى فلانٌ الجاريةَ: کنیز کو پسند کرنا۔

— الشيءَ: پسند کرنا' لطف اندوز ہونا۔

(الحَلَى): بچوں کے منہ میں نکلنے والے دانے۔

حَلَاوَةُ القَفَا: گدی کا بیچ۔

(الحَلْوَاءُ) مٹھائی (ج) حَلَاوَى۔

(الحَلْوَى): ہر وہ چیز جو شکر اور گھی میں پکائی جائے (۲) میٹھا پھل۔

(الحُلْوَانُ): دلال کی اجرت (۲) نذرانہ یا رشوت۔

(الحَلْوَانِيُّ): مٹھاس فروش۔

(الحُلْوُ): میٹھا' لذیذ۔

(الحَلِيُّ) من الأشياء: بہت عمدہ و میٹھی شئے۔

(المَحْلَى): مٹھائی کا کارخانہ یا دوکان۔

(حَلَى) المرأةَ حَلْيًا: عورت کے لئے زیور بنانا۔

— المرأةَ والسيفَ وغيرهما: زیور سے سجانا۔

(حَلِيَتِ)(س) الجاريةُ حَلْيًا: زیور والی ہونا (۲) زیور پہننا (۳) زیور کو کام میں لانا هي حَالٍ (ج) حَوَالٍ هي حالية (ج) حَوَالٍ و حاليات۔

— لم يَحْلَ منه بِطَائِلٍ: اس نے اس سے کوئی فائدہ نہ اُٹھایا۔

— الشجرةُ: بارآور پتوں والا ہونا۔

(حَلَّى) الجاريةَ: لڑکی کے پہننے کے لئے زیور بنانا۔

(۲) زیور پہنانا۔ قرآن پاک میں ہے: {يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ}۔

— السيفَ: تلوار کو آراستہ کرنا۔

— فلانًا: کسی کی خوبیوں کو بیان کرنا۔

— الشيءَ في عين فلان: کسی کی نگاہ میں کسی شی کو خوبصورت بنانا۔

(تَحَلَّى): آراستہ و مزین ہونا۔

— الجاريةُ: زیور پہننا۔

— بِالفَضِيلَةِ: اعلیٰ کردار کا حامل ہونا۔

(الحَلَى): بچے کے منہ میں نکلنے والی پھنسیاں۔

(الحَلَاةُ) حَلَاةُ السَّيفِ: تلوار کا زیور۔

(الحَلْيُ): سجاوٹ کا سامان معدنیات اور پتھر کے لئے۔

— منَ السيفِ: تلوار کو مزین کرنا۔ (ج) حُلِيٌّ: قرآن مجید میں ہے: {وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَىٰ مِنْ بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ}۔

(الحِلْيَةُ) بمعنیٰ: الحَلْيُ: زیور۔

— من السيفِ: تلوار کی زیبائش۔

— من الرجل: انسانی شکل و صورت (ج) حِلًى۔

ح............م

(حَمَأَ) (ف) البئرَ حَمْأً: کنویں سے کیچڑ نکالنا۔

(حَمِئَ)(س) الماءُ حَمَأً: کنویں میں کیچڑ زیادہ ہونا اور پانی کا گدلا اور بدبودار ہونا۔

— فلانٌ على فُلانٍ: خفا ہونا۔ (هو حَمِئٌ والعَيْنُ حَمِئَةٌ) قرآن مجید میں ہے {حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ}۔

(أَحْمَأَ) البئرَ: کنواں صاف کرنا (۲) کنویں میں کیچڑ ڈالنا (ضد)۔

(الحَمَأُ): کالی بدبودار مٹی۔ قرآن پاک میں ہے: {وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ}۔

(الحَمْأَةُ): سڑی ہوئی کالی مٹی۔

(الحَمِئُ): کہا جاتا ہے رجلٌ حمِئُ العين: وہ آدمی جس کی آنکھ میں سخت تکلیف ہو۔

(حَمَتَهُ) (ض) اللهُ عليه حَمْتًا: کسی پر کوئی چیز مسلط کرنا یا ڈالنا۔

(حَمِتَ) (س) الجَوْزُ وغيره حَمْتًا: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔

— التمرُ: کھجور کا خوب میٹھا ہونا (هو حَمِتٌ)۔

(حَمُتَ) (ک) اليومُ حُمُوتَةً: دن کا انتہائی گرم ہونا۔ حَمُتَ غَضَبُهُ بھی کہا جاتا ہے۔

— التَّمرُ: خوب میٹھی کھجور۔

— الشيءُ: عمدہ ہونا اور پختہ ہونا۔

— هو حَمْتٌ و: حَمِيتٌ و حامِتٌ۔

(تَحَمَّتَ) لونُه: رنگ کا خالص ہونا۔

(الحَمِيتُ): ہر وہ چیز جس میں صفت شدت ہو۔ (۲) وہ مشکی جس میں شہد' گھی یا تیل رکھا جائے۔ مرتبان (ج) حُمُتٌ۔

(حَمْحَمَ) الفرسُ والبِرْذَوْنُ: گھوڑے کا درمیان آواز سے ہنہنانا۔

(تَحَمْحَمَ) الفرسُ والبرذَوْنُ: ہنہنانا۔

— الشيءُ: سیاہ ہونا۔

(الحَمَاحِمُ): چوڑے پتے کا پودینہ۔

(الحُمَاحِمُ) سیاہ رنگ۔

لونُه حُمَاحِمِيٌّ بھی کہا جاتا ہے۔

(الحِمْحِمُ): ہر سیاہ چیز (۲) ایک پھول دار پودا۔

(حَمِدَهُ)(س) حَمْدًا: تعریف کرنا۔

— فلانًا: شکریہ ادا کرنا۔

— الشيءَ: دل خوش ہونا' راضی ہونا۔

أَحْمَدُ اليكَ اللهَ: میں تمہارے ساتھ اللہ کی نعمت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

(أَحْمَدَ)الرجُلُ وغيره: قابل تعریف ہونا (۲) قابل تعریف کام کرنا۔
— الرّجُلُ وغيرُه: قابل تعریف یا ناخوش ہونا۔
— فلانًا: کسی کے فعل یا طریقے سے خوش یا راضی ہونا۔
(حَمَّدَ)فُلانًا: بار بار تعریف کرنا۔
(تَحَمَّدَ): ظاہری تعریف کرنا۔
— على فُلانٍ بكذا: کسی پر کسی بات کا احسان جتانا۔
— فُلانٌ النّاسَ وإليهم بصَنِيْعِهِ: کسی کا لوگوں پر ظاہر کرنا کہ وہ اپنے فعل پر مستحق تعریف ہے۔
(تَحَامَدُوْا): ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تَحَامَدُوا الشيءَ: ایک دوسرے سے کسی شئ کے قابل تعریف ہونے کو بیان کرنا۔
(اِسْتَحْمَدَ) إلى النَّاسِ بإحْسانه إلَيهم: لوگوں سے ان پر اپنے احسان کی تعریف کرانا۔
(حَمَادِ) له "بالبناء علَى الكَسْر": اس کا شکریہ۔
(حُمادَى): حُماداكَ أَنْ تفعَلَ كَذَا: تمہاری انتہائی قابل ستائش کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
(الحَمْدُ): حُسن فعل کی تعریف۔
بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے رجُلٌ حَمْدٌ، اِمْرَأةٌ حَمْدٌ و حَمْدَةٌ و مَنْزِلٌ وَ مَنْزِلَة حَمْدٌ (حَمْدٌ بمعنی محمود اور حمدۃ بمعنی محمودۃ ہے)۔
حَمْدُكَ ان تَفْعَلَ كَذا: تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔
(الحَمْدَةُ): مبالغہ آمیز تعریف کرنا۔
(رَجُلٌ حُمَدَةٌ)۔ وہ آدمی جو اشیاء کی وجہ سے زیادہ تعریف کرتا ہو۔
(المَحْمَدَة): قابل تعریف کام، کارنامہ (ج) مَحَامِد۔
(حَمْدَلَ) الحمدللہ کہنا (منحوت من الجملة)
(حَمَرَ)(ن) الشيءَ حَمْرًا: کھال یا چھلکا اتارنا۔ هو مَحْمُورٌ و حَمِيْرٌ۔

کہا جاتا ہے "حَمَرَ الأرْضَ اور حَمَرَ السَّيْرَ مِن الجِلْدِ"۔
— الرأسَ والشَّعْرَ و الصُّوْفَ والوَبَرَ: بال یا اون اتارنا، مونڈنا۔
— الشاةَ وَنَحْوَهَا: بکری وغیرہ کی کھال اتارنا۔
(حَمِرَ)(س) الفَرَسُ و نَحْوُهُ حَمَرًا: گھوڑے وغیرہ کو زیادہ جو کھانے سے بدہضمی ہونا (۲) بدبودار منہ والا ہونا۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا موٹاپے سے ناسمجھی میں گدھے جیسا ہوجانا۔
— فُلانٌ: غصہ سے آگ بگولا ہوجانا۔
حَمِرَ عليه بھی کہا جاتا ہے هو حَمِرٌ۔
(أَحْمَرَ)الرجُلُ: سرخ بچوں والا ہونا۔
— الدَّابَّةَ: اتنا چارہ کھلانا کہ منہ میں بدبو پیدا ہو جائے۔
(حَمَّرَ): حمیری زبان بولنا (حمیری زبان عربی زبان سے بہت سے الفاظ میں مختلف ہے)
(۲) مخلوط النسل گھوڑے (ٹٹو) پر سوار ہونا۔
— فلانًا: کسی کو گدھا کہہ کر پکارنا۔
— اللَّحْمَ: گھی یا تیل میں گوشت کو تل کر سرخ کر دینا۔ (محدثۃ)۔
(احْمَارَّ)الشيءُ: بتدریج سرخ ہوجانا۔
کہا جاتا ہے "جَعَلَه يَحْمَارُّ تَارَةً وَيَصْفَارُّ أُخْرَى"۔
(احْمَرَّ): سرخ ہوجانا۔ (۲) غصہ سخت ہوجانا۔
(الأَحْمَرُ): سرخ رنگ کا سونا، (۲) سونا، (۳) زعفران۔ (ج) حُمْرٌ، حُمْرَان، أَحامِرُ، احامِرةٌ۔
اَتَانِيْ كُلُّ أسودَ مِنْهُمْ وأحْمَرَ: میرے پاس عرب و عجم سب لوگ آئے۔
(الموت الأَحْمَرُ): قتل (۲) سخت قسم کی موت۔
(الأحمران): سونا چاندی (۲) گوشت، شراب (۳) روٹی، گوشت۔
(الأُحَيْمِرُ): أحمر کی تصغیر، تھوڑا سا سرخ (۲) سخت ہوا جو کشتیوں کو غرق کردے۔

(الحَامِرُ) گدھے، گدھوں والا (علی النسب)۔ (۲) مچھلیوں کی ایک قسم کا نام۔
(الحَامِرَةُ): گدھوں والے۔
(الحِمَارُ): گدھا (۲) وہ لکڑی جس پر پالان رکھا جاتا ہے (۳) کجاوہ میں اگلی طرف لگی ہوئی پکڑنے کی لکڑی (۴) لوہا تیز کرنے کی لکڑی (۵) دو ستونوں پر رکھی ہوئی ورزشی لکڑی جس پر چھلانگ لگائی جائے۔ (محدثۃ)۔
(حِمَارُ الزَّرْدِ): زیبرا۔
حِمَارُ الوحش: جنگلی گدھا۔
حِمَارُ قَبَّانٍ: بہت سے پیروں والا زمین پر رینگنے والا بھونرا جو چھونے سے سکڑ جاتا ہے۔
(أُذُنُ الحمار): انظر (أُذن)۔
(الحِمَارَةُ): گدھی (۲) بڑی چٹان جس سے حوض کا پانی روکا جا سکے یا جسے شکاری کے گھر کے سامنے نصب کیا جائے (۳) کجاوہ کی وہ لکڑی جسے سوار پکڑتا ہے (۴) پیر کا وہ حصہ جو جوڑ سے انگلیوں کے بالائی حصہ تک ہوتا ہے۔ (ج) حَمَائِرُ۔
(الحَمَارَةُ - الحَمَارَّةُ): حَمَارَةُ القَيْظ و حَمَارَّتُه: گرمی کی شدت (ج) حَمَارٌ و حَمَارٌّ۔
(الحُمَّرُ): املی (۲) ایک قسم کی چڑیا (۳) رال نفت، قیر۔
(الحَمَرُ): بدہضمی جو جانور کو چارہ کھانے سے ہوتی ہے یا منہ کی بدبو۔
(الحَمْرَاءُ): خالص رنگ کی بکری بھیڑ وغیرہ۔
(۲) سفید فام عورت (۳) عجم کے لوگ (چونکہ انکا رنگ اکثر بھورا سرخی مائل ہوتا ہے)۔
(۴) شہر غرناطہ کا مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے۔
ابن الحمراء: عجمی باندی زادہ۔
(ج) حُمْرٌ (۵) دوپہر کی گرمی کی شدت۔
(۶) سخت سال، قحط کا سال۔
(حَمْراء الشِّدْقَيْن): بوڑھی عورت جس کے تمام دانت گر گئے ہوں۔
حَمْراء النَّعَم و غيرها: اصیل و قیمتی اونٹ یا

دیگر ایسے جانور۔

حَمْرَاء العِجَان: یہ لفظ عرب لوگ کسی قوم کی مذمت اور اہانت کے لئے استعمال کرتے ہیں (ج) **حُمْرٌ**۔

جَاءَ بِغَنَمِهٖ حُمْرَ الكُلٰی سُوْدَ البُطُون: وہ اپنی دبلی بکریاں لے کر آیا۔

(الحُمْرَةُ): سرخی (۲) سرخ رنگ جس سے رنگائی کی جاتی ہے (۳) ہونٹوں وغیرہ پر لگائے جانے والی سرخی (۴) اینٹیں کوٹ کر بنائی جانے والی سرخی (جو چنائی کے کام آتی ہے) (۵) ایک جلدی بیماری جس میں جائے مرض کے سرخ ہونے کے علاوہ بخار تیز ہوتا ہے (خسرہ)۔

(الحِمِرُّ): ہر شئی کی سخت ترین قسم۔

رجلٌ حِمِرٌّ: بہت برا آدمی۔

غیثٌ حِمِرٌّ: شدید ترین بارش جو زمین کو چھیل ڈالے۔

(الحَمَّارُ): گدھے والا (۲) گدھے کی دیکھ بھال کرنے والا۔ (ج) **حَمَّارَةٌ**۔

(الحَمَّارَةُ): گدھوں کی طرح دوڑنے والے گھوڑے۔ (۲) مخلوط النسل گھوڑا (ٹٹو)۔

(الحُمَّرُ): چڑیوں کی ایک قسم (۲) چنڈول ایک پرندے کا نام۔

(الحُمَیْرَاء): حمراء کی تصغیر (۲) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ایک توصیفی نام ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قول میں ذکر فرمایا ''**خُذُوا نِصْفَ دِیْنِكُمْ عن هذه الحُمَیْرَاء**'' (۳) وبائی بخار (۴) کبوتر کی خوراک (۵) ایک پودے کا نام۔ (محدثۃ)۔

(المِحْمَرُ): کھال اتارنے کی چھری، بال یا اون صاف کرنے کا آلہ (۲) کمینہ آدمی (۳) وہ گھوڑا جو دوڑتے وقت گدھا معلوم ہوتا ہو۔ (۴) دوغلا گھوڑا (ج) **مَحَامِرُ و مَحَامِیرُ**۔

(المُحَمِّرَةُ): خرمی قبیلہ کا ایک فرقہ جن کا شعار سرخی ہے وہ اپنے جھنڈوں اور پگڑیوں کو سرخ رنگتے ہیں (ان کے برخلاف **المُسَوِّدَةُ** اور **المُبَیِّضَةُ** ہیں) **مُحَمِّرٌ**۔

(اَلْیَحْمُوْرُ): سرخ (۲) گورخر جنگلی گدھا۔ (۳) جنگلی گدھا۔ (ج) **یحامیر**۔

(الحُمَارِسُ): شیر (۲) سخت آدمی (۳) دلیر باہمت۔

(حَمَزَ) (ض) **الشرابُ حَمْزًا:** مشروب کا تیز ہونا۔

— **اللَّبَنُ والرُّمَّانُ:** ترش ہونا۔

— **الهَمُّ:** غم کا سخت ہونا۔

— **الفُؤَادُ:** دل کا مضبوط ہونا۔

— **الشیءَ:** مٹھی میں لینا۔

— **النَّصْلَ:** تیز کرنا، دھار بنانا۔

— **الشرابُ اللِّسَانَ:** شراب یا مشروب کا تیزی کی بناء پر زبان پر لگنا۔

— **الكلِمَةُ فُؤَادَهٗ:** کسی بات سے کسی کا دل دکھانا۔

— **الدَّوَاءُ الجُرْحَ:** دوا کا زخم کی سوزش کو کم کرنا۔

— **الفاعل حامِزٌ و حَمُوْزٌ ولمفعول محموز وحمیزٌ**۔

(الحَمْزَةُ): شیر (سختی کی بنا پر)۔

(الحَمُوْزُ): إنّه لَحَمُوْزٌ لِمَا حَمَزَهٗ: جو چیز اس کے قبضہ میں ہے اس کی خوب حفاظت کرتا ہے۔

(الحَمِیْزُ): انتہائی ہوشیاری (۲) چالاک و خوش طبع۔

(المَحْمُوْزُ): سخت آدمی۔ (ج) **مَحَامِیزُ**۔

(حَمَسَ) اللَّحْمَ و نحوَهٗ حَمْسًا: گوشت کو تلنا۔

— **فلانًا:** ناراض کرنا، جوش دلانا۔

(حَمِسَ) (س) **حَمَسًا:** سخت اور مضبوط ہونا۔

حَمِسَتِ الارضُ: زمین کا ٹھوس ہونا۔

حَمِسَ الشرّ والوَغٰی: لڑائی جھگڑے کا تیز ہونا۔

حَمِسَ الرَّجُلُ فی الدِّیْنِ: مذہب کے معاملہ میں سخت ہونا۔

— **بالشیءِ:** دل دادہ ہونا۔

ھو أَحْمَسُ، ھی حَمْسَاءُ (ج) **حُمْسٌ**۔

(حَمُسَ) (ک) **حَمَاسَةً:** پُرجوش ہونا۔

ھو حَمِیْسٌ (ج) **حُمَسَاءُ**۔

(أَحْمَسَهٗ): غصہ دلانا۔

(حَمَّسَ) الحِمِّصَ و نحوہ: چنے بھوننا۔

حَمَّسَ الدواءَ: دوا کو ہلکا گرم کرنا۔

— **فلانًا:** جوش دلانا۔

(احْتَمَسَ): الدِّیْكَانِ أو القرنانِ: دو مرغوں کا جوش میں آ کر لڑنا (۲) دو ہم پلہ آدمیوں کا خون ریز لڑائی لڑنا۔

(تَحَامَسَ) القومُ: شدید خونریزی کرنا۔

(تَحَمَّسَ): جوش میں آنا (۲) نافرمان ہونا (۳) سخت ہونا۔

— **الأمرُ وغیرہ:** سنگین ہونا۔

— **فلانٌ:** اپنا بچاؤ کرنا، پناہ لینا۔

— **فلانٌ للامرِ:** کسی معاملہ میں پُرجوش ہونا اور لوگوں میں اس کی تحریک کرنا۔

(الحَمَاسُ والحَمَاسَةُ): دلیری، سختی۔ (۲) حفاظت (۳) جنگ وجدال۔

(الحُمْسَةُ): حرمت وعزت۔

(الحَمَسَةُ): ایک سمندری کچھوا (ج) **حَمَسٌ**۔

(الحَمِیْسَةُ): حمیس کی تانیث (۲) تلنے کا برتن، بھوننے کی کڑاہی وغیرہ (۳) پکے ہوئے گوشت کا ٹکڑا (ج) **حَمَائِس**۔

(حَمَشَ) (س) **النَّاسَ و غیرَهُمْ حَمْشًا:** اکٹھا کرنا۔

— **فلانًا حَمْشًا و حَمْشَةً:** برانگیختہ کرنا۔

— **القومَ:** لوگوں کو غصہ کے ساتھ چلانا۔

(حَمِشَ) الرَّجُلُ حَمْشًا: پتلی پنڈلیوں والا۔

ھُو أَحْمَشُ السَّاقَیْنِ و حَمْشُهُمَا۔ حَمِشَ عَظْمُ سَاقِهٖ بھی کہا جاتا ہے اور **حَمِشَ الوترُ**۔

حَمِشَ اللِّثَةُ: مسوڑھے پر گوشت کم ہونا۔

(۲) حسین و نازک ہونا۔ **ھی حَمْشَةٌ فلان حمشًا و حَمْشَةً:** غصہ ہونا۔

— **الشرُّ:** فتنہ فساد یا ہنگامہ کا سخت ہونا۔

(حَمُشَتْ) (ک) قَوَائِمُ الدَّابَّةِ حَمَاشَةً حُمُوشَةً: چوپائے کی ٹانگوں کا پتلا ہونا۔
کہا جاتا ہے (حَمُشَتْ ساقُهُ، حَمُشَ الوَتَرُ، هو حَمُشٌ، سُوقٌ حِمَاشٌ)
(أَحْمَشَ) النارَ: ایندھن ڈال کر آگ کو تیز کرنا۔
— الشَّحْمَ ونحوه: چربی وغیرہ کو آگ پر اتنا پگھلانا کہ وہ جلنے لگے۔
— فُلانًا: غصہ دلانا۔
— الشَّرَّ: ہنگامہ برپا کرنا۔
— القومَ: لوگوں کو قتل وقتال پر آمادہ کرنا۔
(حَمَّشَ) الشَّحْمَ والنارَ: چربی کو خوب پگھلانا اور آگ کو خوب دہکانا۔
— فُلانًا: لڑائی پر آمادہ کرنا۔
— الناسَ و غيرهم: لوگوں کو لڑائی پر اُبھارنا۔
(تَحَمَّشَ): خوب پگھلانا، لوگوں کا آمادہ جنگ ہونا۔
— فلانٌ: غضبناک ہونا۔
— بَنُو فُلانٍ لِفُلانٍ: لوگوں کا کسی کے خلاف بھڑک اٹھنا۔
(إِسْتَحْمَشَ): جوش میں اٹھنا۔
إِسْتَحْمَشَ عليه غَضَبًا: وہ اس پر غصہ سے بھڑک اُٹھا۔
— الوَتَرُ: تانت کا باریک ہونا۔
(حَمَصَ) (ن) الوَرَمُ حَمْصًا و حُمُوصًا: ورم اتر جانا۔
حَمَصَ الجُرْحُ: زخم کی سوجن ختم ہوجانا، مواد نکل جانا۔ هو حَمِيصٌ۔
— الأُرْجُوحَةُ: جھولے کی حرکت کم ہوجانا۔
— الغُلامُ: لڑکے کا جھولے میں بیٹھ کر خود جھولے لینا۔
— العَرَقُ عن الجِسْمِ: بدن کا پسینہ خشک ہونا۔
— الدَّواءُ الجُرحَ: دوا کا زخم کے ورم کو ختم کردینا

اور مواد نکال دینا۔
— القَذَاةَ: آنکھ سے تنکے کو آہستہ سے نکالنا۔
(حَمَّصَ): دوپہر کے وقت ہرن کا شکار کرنا۔
— الحَبَّ و نَحْوَهُ: بھوننا۔
(انْحَمَصَ) الوَرَمُ: ورم اتر جانا۔
انْحَمَصَ الجُرْحُ بھی کہا جاتا ہے۔
— الإنسان والحيوانُ: انسان یا حیوان کا نحیف اور کم گوشت والا ہونا۔
- الجرادةُ: سلم کے پتے کھا کر ٹڈی کا سرخ ہو جانا۔
— منهُ: انقباض ہونا۔ (۲) کمزور ہوجانا۔
(تَحَمَّصَ) اللحمُ و نحوُهُ: گوشت کا خشک ہو کر سکڑ جانا۔
(أَلحِمَّصُ، الحِمِّصُ): چنا ایک سبزی۔
(الحِمْصَانِيُّ): چنا بیچنے والا۔
(المِحْمَصَةُ): بھنا ہوا، سینکا ہوا۔
(حَمَضَتِ) (ن) الماشِيةُ حَمْضًا: ترش پودے کھانا۔ هي حامِضَةٌ (ج) حَوَامِضُ۔
— عنه: نفرت کرنا۔
— به: پسند کرنا۔ خواہش ظاہر کرنا۔
(حَمُضَ) (ک) اللَّبَنُ والفاكِهَةُ و غَيْرُهُمَا حُمُوضَةً: کھٹا ہونا، ترش ہونا۔
(أَحْمَضَ) المكانُ: کھٹے پودے کا بکثرت کسی جگہ ہونا۔
— القومُ: باہم دل بستگی کی باتیں کرنا۔
— الماشِيَةَ: مویشی کو ترش پتے چرانا۔
— الشيءَ: کھٹا کرنا۔
(حَمَّضَ) فلانٌ في الشيءِ: کمی کرنا۔
— الشيءَ: ترش کرنا۔
— الصُّورَةَ: فوٹو کو کیمیاوی محلول (سوڈا یا تیزاب) میں صاف کرنے کے لئے رکھنا (محدثہ)۔
(تَحَمَّضَ) الرَّاعِي: چرواہے کا مویشی کو ترش گھاس کی طرف منتقل کرنا میٹھی گھاس سے۔
— فلانٌ: ایک حالت سے دوسری حالت میں

بدلنا۔
(إِسْتَحْمَضَ) اللبنُ: دودھ کا دیر میں دہی بننا، بتدریج جمنا۔
(الحَامِضُ): وہ کھانا جو زبان کو لگے جیسے سرکہ ترش دودھ۔
(الحُمَاضُ): ایک تیزابی کیمیاوی مادہ جس میں کھٹاس ہوتی ہے۔ (ج)۔
(الحَمْضُ): نمکین یا ترش پودا جو ایک ٹہنی پر کھڑا ہوتا ہے اور وہ مویشی کے لئے ایسا ہی خوشگوار چارہ ہے جیسے انسان کے لئے پھل (ج) حُمُوضٌ۔
فُؤَادٌ حَمْضٌ اور
نَفْسٌ حَمْضَةٌ: ایسا دل یا طبیعت جو کسی بات کو سنتے ہی متنفر ہوجائے۔
— في الكيميا: ایک تیز و تلخ مادہ جس کا اثر کسی محلول میں فوراً ظاہر ہو۔
(الحَمْضِيُّ): حمض مادہ سے متعلق (اسم منصوب)
أرض حمضيّة: وہ زمین جہاں ترش پودے بکثرت ہوں۔
معدةٌ حمضيّة: تیزابیت والا معدہ۔
(الحُمَّاضُ): کاسنی کے پتوں سے مشابہ ایک ترش و تلخ پودا، اس کی بعض انواع سبزیوں میں شمار کی جاتی ہیں۔
کھٹا میٹھا پودا (۲) اترنج کا گودا۔
(الحَمِيضُ): وہ جگہ جہاں بکثرت ترش پودے ہوں (ج) حُمُضٌ هي حَمِيضَةٌ (ج) حَمَائِضُ۔
(المَحْمَضُ- والمُحْمَضُ): ترش پودوں کی چراگاہ (ج) مَحَامِضُ۔
(حَمَّطَ) الكَرْمُ: انگور کی بیل پر درخت کا سایہ کرنا۔
(الحَمَاطُ): انجیر کے درخت جیسا ایک درخت جسے سانپ پسند کرتے ہیں (۲) پہاڑی انجیر کا درخت شَيْطَانُ الحَمَاطِ شجر حماط پر رہنے والا سانپ۔
(الحَمَاطَة): حماط کا مفرد (۲) حلق کی خراش۔

(حَمِقَ): (س) فُلانٌ حَمَقًا: ہلکی داڑھی والا ہونا۔ هو حَمِقٌ (۲) بے وقوف ہونا۔ هو أَحْمَقُ هي حمقاءُ (ج) حُمُقٌ۔

(حَمُقَ) (ک) حُمْقًا و حَمَاقَةً: بے وقوف ہونا۔ (۲) کم عقلی کا کام کرنا۔

— السُّوقُ: بازار کا نہ چلنا۔ هو أحمق، هي حمقاء (ج) حُمُقٌ۔

حُمِقَتْ تجارتُه: تجارت کا ناکام ہونا۔

(أَحْمَقَ): بے وقوف اولاد والا ہونا۔

— به: کسی کو بیوقوف کہنا۔

— فُلانًا: بے وقوف پانا۔

(حامَقَهُ): کسی کے ساتھ خود بھی بیوقوف بن جانا۔

(حَمَّقَهُ): بے وقوف ٹھہرانا۔

(انْحَمَقَ): بے وقوف ہونا (۲) بے سوچے چلے جانا۔

-الثَّوبُ: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔

(تحامَقَ): خود کو بے وقوف ظاہر کرنا۔

(تَحَمَّقَ): بے وقوف بننے کی کوشش کرنا۔

(اِسْتَحْمَقَ): بمعنی حَمُقَ۔ بے وقوف ہونا۔

— فلانًا: بیوقوف پانا۔

(الأُحْمُوقَةُ): بے وقوفی کا کام یا بیوقوفی کی بات (۲) انتہائی بیوقوف آدمی۔

(الحَمَاقُ والحُمَاقُ): چیچک یا خسرہ۔

(الحَمْقَاءُ): احمق کی مؤنث۔

اَلبَقْلَةُ الحَمْقَاءُ: خرفے کا ساگ۔

بَقْلَةُ الحَمْقاءِ بھی کہا جاتا ہے۔

(الحَمُوقَةُ): انتہائی بیوقوف۔

(المِحْمَاقُ): بے وقوف بچے جننے والی عورت (ج) مَحَامِيقُ۔

(المُحْمِقَاتُ): وہ روشن راتیں جن میں چاند نکلا رہتا ہے۔

(حَمَكَ) (ض) الدَّلِيلُ حَمْكًا: راہبر کا بہتر رہنمائی کرنا۔

(الحَمَكُ): وہ راہبر لوگ جو جنگلوں میں گھستے چلے جائیں (۲) ہر چھوٹی اور معمولی چیز واحدته (حَمَكَةٌ) (۳) ہر شئ کی اصل اور فطرت۔

(حَمَلَتِ) (ض) المرأةُ حَمْلًا: حاملہ ہونا۔

— المرأةُ جنينَها وبه حَمْلًا: بچہ کا عورت کے پیٹ میں ہونا۔ هي حامل وحامِلَةٌ۔

— الشَّجرةُ: درخت پر پھل آنا۔

— على نفسِه في السَّيْرِ: چل چل کے خود کو تھکا دینا۔

— على بني فلانٍ: ہنگامہ کرنا۔

— عنه: کسی کی بات کو برداشت کرنا۔

هو حَمُولٌ۔

— به عنه حَمَالَةً: ذمہ دار ہونا۔

هو حامِلٌ وحميلٌ۔

— عليه في الحَرْبِ وغيرها: کسی پر حملہ کرنا۔

— الحِمْلَ على ظَهرِ الدَّابَّةِ: حَمْلًا و حُمْلانًا: لادنا، بوجھ لادنا۔ هو مَحْمُولٌ وحَمِيلٌ۔

— الشيءَ على الشيءِ: کسی حکم میں ایک شئ کو دوسری شے کے ساتھ ملانا۔

— فلانًا على الأمرِ: آمادہ کرنا۔

— عليه الحِقْدَ: کسی کے خلاف دل میں کینہ رکھنا۔

— الغَضَبَ: غصہ کا اظہار کرنا۔

— عليه ذَنْبَهُ: گنہگار ٹھہرانا۔

— فُلانًا: کسی کو سواری کا جانور دینا۔

قرآن عزیز میں ہے: {وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ}۔

— القُرآنَ و نَحْوَهُ: یاد کرنا (۲) حامل قرآن ہونا، عمل کرنا قرآن مجید میں ہے: {مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا}۔

(أَحْمَلَتِ) المرأةُ والنَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کے بغیر حمل کے دودھ اترنا (۲) بکثرت ولادت ہونا۔

— فُلانًا الحِمْلَ: کسی کو بوجھ اٹھانے میں مدد دینا۔

(حَمَّلَهُ) الشيءَ والأمرَ: کسی پر کوئی چیز لادنا یا ذمہ داری ڈالنا۔

(احتَمَلَ) القومُ: لوگوں کا روانہ ہونا۔

— الأَمْرُ أن يَّكُونَ كذا: کسی بات میں کوئی احتمال یا جواز ہونا۔

— الشيءَ والأمرَ: برداشت کرنا۔

اِحْتَمَلَ ما كانَ مِنه: اس کی بات سے چشم پوشی کی اور معاف کر دیا۔W

— فلانٌ الصَّنِيعَةَ: کسی اچھے فعل پر شکریہ ادا کرنا۔

— الغضَبُ فلانًا: غصہ کا کسی کو آپے سے باہر کر دینا۔

(أُحْتُمِلَ): غصہ سے رنگ بدل جانا۔

(۲) قریب اور ممکن ہونا۔

(تحامَلَ) على فلانٍ: ظلم کرنا، انصاف نہ کرنا (۲) ناقابل برداشت کا پابند بنانا۔

''تحاملتُ على نفسي بھی کہا جاتا ہے''۔

— الشيءَ و فيه وبه: کسی بات کو صعوبت و مشقت کے باوجود اپنے ذمہ لینا'' کہا جاتا ہے تحامَلَ في مشيته''۔

— الزَّمانُ على فَلان: زمانہ کا ساتھ نہ دینا۔

— الرَّجُلان الشيءَ: بوجھ اُٹھانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

(تَحَمَّلَ) القومُ: کوچ کرنا۔

— فُلانٌ: برداشت اور ہمت سے کام لینا

— بِفُلانٍ عليه في الشَّفَاعَةِ والحَاجَةِ: سفارش یا ضرورت میں کسی پر اعتماد کرنا۔

— الحَمَالَةَ: کسی کی طرف سے دیت یا جرمانہ کا ضامن ہونا۔

— الأَمْرَ: کسی کام کی ذمہ داری لینا۔

— شهادةَ فلانٍ: کسی کی طرف سے گواہی دینا۔

(اِسْتَحْمَلَ) البعيرُ وغيرُه: بوجھ اُٹھانے کے لئے کہنا۔

— فلانٌ: برداشت کرنا۔

— فلانًا: کسی سے بوجھ اٹھوانا۔

— فُلانًا نفسَه: کسی کو اس کے معاملات کا ذمہ دار بنانا۔
(الحَامِلَة): حامل کی تانیث (۲) انگور وغیرہ رکھنے کی زنبیل یا ٹوکری (۳) جولاہے کے کرگہ کی وہ لکڑی جس پر دھاگے اٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔
حاملةُ الطّائِرات: طیارہ بردار بحری جہاز جس پر بہت سے جہاز کھڑے ہوتے ہیں اور اس سے اڑتے ہیں (ج) حوامِلُ۔
— الحوامل: پائے، ٹانگیں (۲) پیروں اور ہاتھوں کے پٹھے۔
(الحَمَالُ): اپنے ذمہ لیا ہوا تاوان یا خون بہا (ج) حُمُلٌ۔
(الحَمَالَةُ): بمعنی الحَمَالُ۔
(الحِمالَةُ): تلوار وغیرہ کا پٹہ یا پٹی (پرتلہ) (ج) حمائِلُ (۲) قلی گری حمّال کا پیشہ۔
(الحُمَالَةُ): قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحَمْلُ): وہ اپنی طویل بیماری کے باعث اہل خانہ پر بوجھ ہے (۲) حمل یا درخت کا پھل (۳) اونٹ پر عورت کے بیٹھنے کا ہودج (۴) وہ اونٹ جس پر ہودج لگا ہوا ہو (ج) أحمال و حُمُول و حِمَال۔
(الحِمْلُ): بوجھ (۲) ہودج (۳) پالکی والا اونٹ (۴) علم ریاضیات میں وہ بھاری وزن یا جسم جسے مشینوں سے کھینچا جائے (مج)۔ (ج) أحمال و حُمُول۔
(الحَمَلُ): بکری کا بچہ (ج) حُمْلان و أحمال (۲) آسمان کا ایک برج (ربیعی برجوں میں سے)۔
(الحُمْلان): وہ چوپایہ جس پر ہدایا لادے جائیں (۲) قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحِمْلَةُ-الحُمْلَةُ): برداشت کرنا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ۔
(الحَمّالُ): قلی، باربردار۔
(الحَمُولُ): بہت بردبار، صابر و جفاکش۔
(الحَمِيلُ): لاوارث بچہ جسے اٹھا کر لوگ پرورش کریں (۲) وہ قیدی جو بار بار ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جائے (۳) اجنبی (۴) اٹھائی ہوئی چیز (۵) لے پالک (۶) سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔
(الحَمِيلَةُ): حمیل کی تانیث (۲) تلوار لٹکانے کا پٹہ یا پرتلہ (ج) حَمائِل۔
هو حميلةٌ علينا: وہ ہمارے اوپر بوجھ ہے۔
(المَحْمِلُ): پالکی (۲) چوپائے کے دونوں طرف لٹکے ہوئے تھیلے جن میں سامان رکھا جاتا ہے (۳) وہ زنبیل یا ٹوکری جس میں انگور رکھے جاتے ہیں (ج) مَحامِلُ۔
ما على البعير مَحْمِلٌ: اونٹ پر سامان لادنے کی جگہ نہیں ہے۔
ما على فُلانٍ مَحْمِلٌ: فلاں قابل اعتماد نہیں ہے۔
(المَحْمُولُ) عند المناطقه: قضیہ کے اس جزء کو کہتے ہیں جو نحویوں کے نزدیک جملہ میں مسند کہلاتا ہے۔
(حَمْلَجَ) الحبلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔
(الحِمْلاجُ): مضبوط بٹی ہوئی رسّی (۲) سنار کی پھونکنی (۳) بیل یا ہرن کا سینگ (ج) حَمالِيجُ۔
(حَمْلَقَ): دونوں آنکھیں کھولنا (۲) گھور کر دیکھنا (کہا جاتا ہے حَمْلَقَ إليه)۔
(حِمْلاقُ) العين و حِمْلِقُها و حُمْلُوقُها: پپوٹوں کا اندرونی حصہ جہاں سرمہ لگایا جاتا ہے (ج) حَمالِيقُ۔
(حَمَّ) (ن) التنُّورَ و نحوه حَمًّا: تنور وغیرہ کو گرم کرنا۔
الشيءُ: سیاہ ہونا۔
الجرة: گھڑے وغیرہ کا جل کر کالا ہو جانا۔
— الماءَ و نحوَه: پانی وغیرہ گرم کرنا۔
— الشَّحمَ و نحوَه: پگھلانا۔
— الأمرُ فلانًا: فکر میں ڈالنا۔
حَمَّ حَمَّهُ: کسی کی طرف قصد کرنا۔
— اللهُ كذا: مقدر کرنا۔
(حَمَّ) (س) الماءُ و نحوه حَمَمًا: پانی وغیرہ گرم کرنا۔
هو أحَمُّ وهي حَمّاءُ (ج) حُمٌّ۔
(حُمَّ) حُمامًا: بخار میں مبتلا ہونا۔
— الأمرُ حَمًّا: کسی بات کا مقدر کیا جانا۔
— الشيءُ: قریب ہونا۔
— لفُلانٍ كذا: کسی بات کا مقدر ہونا۔
أحَمَّتِ الأرضُ: کسی علاقہ میں بخار پھیلنا۔
— الشيءُ: قریب ہونا، موجود ہونا۔
— الماءَ و نحوَه: گرم کرنا۔
— الطِّفلَ و نحوَه: گرم پانی سے نہلانا۔
— اللهُ فُلانًا: بخار میں ڈالنا۔
— الأمرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔
— اللهُ كذا: قسمت میں لکھنا۔
(حَامَّ) فُلانًا: کسی کے قریب ہونا۔
(حَمَّمَتِ) الأرضُ: زمین کی روئیدگی کا سبزہ سیاہ ہونا۔
حَمَّمَ الغُلامُ: لڑکے کی داڑھی نکلنا۔
حَمَّمَ الرأْسُ: سر منڈوانے کے بعد بال اُگنا۔
حَمَّمَ الفرخُ: چوزے کے پر نکلنا۔
— الماءُ و نحوه: گرم ہونا۔
— الرَّجُلَ: کوئلہ سے منہ کا کالا ہونا۔
(احتَمَّ): بے قرار ہونا، مغموم ہونا۔
— عينُه: (بے خوابی کی تکلیف) نیند نہ آنا۔
— لفُلانٍ: کسی پر غصہ ہونا، تیز ہونا۔
(تَحَمَّمَ): کالا ہونا۔
(إستَحَمَّ): حمام میں جانا (۲) غسل کرنا۔
(الحَامَّةُ): گھر کے خاص افراد (۲) عمدہ اونٹ (ج) حَوَامُّ۔
(الحَمَامُ): کبوتر (ج) حمائم۔
حَمَامُ الزّاجِلِ: (دیکھئے: زجل)۔
(الحِمَامُ): موت کا فیصلہ۔
(الحُمَامُ): تمام جانوروں کا بخار۔
(الحَمَامَةُ): حَمَامٌ کا واحد ایک کبوتر۔
(نر اور مادہ دونوں کے لئے) (ج) حَمائِم۔
(الحَمُّ): پگھلائی ہوئی چربی (۲) پگھلی ہوئی

چربی کا بچا ہوا حصہ (۳) عمدہ نسل کا اونٹ۔

حَمُّ الظَّهِيْرَةِ: دوپہر کی سخت گرمی۔

حَمُّ الشيْءِ: اکثر یا بڑا حصہ۔

مَالَه حَمٌّ وَلَا رَمٌّ: اس کے لئے تھوڑا یا بہت کچھ نہیں ہے۔

مَالَكَ عَنْ ذٰلِكَ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ: آپ کے علاوہ اور کسی سے اس کو کوئی دلچسپی نہیں۔

مَالَه حَمٌّ ولا سَمٌّ غَيْرُكَ: آپ کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں)۔

(الحُمَمُ): کوئلہ (۲) راکھ (۳) آگ سے جلی ہوئی ہر شے۔ حُمَمَةٌ اس کی واحد ہے۔

(الحُمّٰی): بخار (۲) ٹائیفائیڈ (۲) محرقہ دماغی (۳) ٹی بی (۴) زرد بخار (۵) وہ بخار جو جسم کو سرخ کردے۔

(الحَمَّامُ): غسل خانہ (ج) حَمَّامات۔

(الحَمَّامِيُّ): حمام کا مالک جو اجرت لے کر غسل کراتا ہے (۲) حمام کا ملازم۔

(الحَمَّةُ): گرم پانی کا چشمہ جس سے برائے صحت یابی غسل کیا جائے (ج) حَمٌّ و حِمَامٌ۔

(الحُمَّةُ): بخار (۲) سیاہی اور سرخی کے بین بین رنگ۔

(الحِمَّةُ): موت (ج) حِمَمٌ۔

(الحَمِيْمُ): انگارے جن سے دھونی دی جائے۔ (۲) وہ بارش جو شدید گرمی کے بعد ہوتی ہے (۴) کھولتا ہوا گرم پانی۔

قرآن مجید میں ہے: {لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا}۔

(۵) پسینہ (۶) رشتہ (۷) گہرا دوست۔

الحَمِيْمُ بِالحَاجَةِ: اپنی ضرورت کا دھنی (ج) أحِمَّاءُ۔

(الحَمِيْمَةُ): حمیم کا مؤنث (۲) گرم پانی (۳) گرم کیا ہوا دودھ (۴) عمدہ نسل کا اونٹ (ج) حَمَائِمُ۔

(المِحَمُّ): پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پانی یا اور کوئی چیز گرم کی جائے (ج) مَحَامُّ۔

(المَحَمَّةُ): وہ زمین یا علاقہ جہاں بخار پھیلا ہوا ہو۔

طَعَامٌ مَحَمَّةٌ: وہ کھانا جسے کھا کر بخار ہو جائے (ج) مَحَامُّ۔

(المُسْتَحَمُّ): غسل خانہ۔ حمام۔

(اليَحْمُوْمُ): بہت گرم۔

قرآن مجید میں ہے: {وَظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ} (۲) ہر کالی سیاہ شے (۳) گرم کالا دھواں (۴) کبوتر کی ایک قسم جس کا پیٹ، گردن، سر اور سینہ سیاہ ہوتا ہے چھوٹی چونچ اور چھوٹے پیر ہوتے ہیں۔ (ج) يَحَامِيْمُ۔

نَبْتٌ يَحْمُوْمٌ: ہرا سیاہی مائل تر پودا۔

(الحُمْنَانُ): چھوٹی چیچڑیاں (۲) طائف کے انگوروں کی ایک قسم جو سیاہ سرخی مائل ہوتی ہے اور دانے کم اور چھوٹے ہوتے ہیں (۳) بڑے دانوں کے درمیان چھوٹے دانے۔

(المَحْمَنَةُ): وہ زمین جہاں انگوروں کی مذکورہ قسم پیدا ہوتی ہے۔

(حَمَتِ) (ن) الشَّمْسُ اَو النَّارُ حُمُوًّا: دھوپ یا آگ کا تیز ہونا۔

— المَرِيْضَ حَمْوَةً: بیمار کا پرہیز کرانا۔

(حَمَى) (ض) الشَّيْءُ فُلَانًا حَمْيًا و حِمَايَةً: حفاظت کرنا، بچانا۔

کہا جاتا ہے حَمَاهُ من الشيءِ: محفوظ رکھنا۔

کہا جاتا ہے: حَمَى المَرِيْضَ مَا يُضِرُّهُ۔

(حَمِيَتِ) (س) الشَّمْسُ والنَّارُ والحديدةُ و غَيْرُهَا حَمْيًا و حَمِيًّا و حُمُوًّا: تیز اور گرم کرنا۔

حَمِيَ الوَطِيْسُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا۔

— الفَرَسُ: گھوڑے کا گرم ہو کر پسینہ آ جانا۔

— عليه: غصہ ہونا۔

— من الشَّيءِ حَمِيَّةً: کسی بات پر غیرت آنا اور اس کے لئے تیار نہ ہونا۔

(أحْمَى) الشَّيْءَ: گرم کرنا۔

— المكانَ: جگہ کو محفوظ یا ممنوعہ علاقہ قرار دینا

(۲) محفوظ یا قابل حفاظت پانا۔

(حَامَى) عنه مُحَامَاةً و حِمَاءً: دفاع کرنا۔

— على ضَيْفِهِ: مہمان کی اچھی طرح خاطر کرنا۔

(احْتَمَى) في الحرب: لڑائی میں پُرجوش ہونا۔

— المَرِيْضُ عَمَّا يضرُّه: بیماری میں نقصان دہ چیزوں سے بچنا۔

— من فُلان: بچ کر رہنا۔

— به: حفاظت میں آنا۔

(تَحَامَاهُ): کنارہ کش ہونا۔

(الحَامِي) من الإبلِ: وہ اونٹ جو لمبے عرصہ تک مالکان کے پاس رہے اور اس سے دس حمل قرار پائے ہوں ایسے اونٹ کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے۔

قرآن پاک میں ہے {مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ}۔

(الحَامِيَةُ): الحامی کا مؤنث (۲) پہرے دار جو جنگ میں اپنے لوگوں کی حفاظت کرے۔ (۳) محافظ دستہ جو جنگ میں اپنے لوگوں یا شہر کی حفاظت پر مامور ہو۔

— فُلَانٌ على حاميةِ القومِ: وہ آخری آدمی جو بوقت شکست لوگوں کی حفاظت کا کام انجام دے۔

(حَمَا) المرأةِ: سسر، خاوند کی طرف سے رشتہ دار۔

حَمَا الرَّجُلِ: مرد کے سسر۔ بیوی کے باپ اور دوسرے مرد رشتہ دار۔ (ج) أحْمَاء۔

(الحِمٰی): محفوظ جگہ (۲) وہ چراگاہ جس میں دوسرے لوگوں کو چرانے کی اجازت نہ ہو (۲) حفاظت گاہ۔

حِمَى الله: اللہ تعالیٰ کے وہ احکام وہ حدود جن کی پاس داری ضروری اور خلاف ورزی جرم ہو۔

(الحَمَاةُ): الحَمَا کی مؤنث (۲) پنڈلی کا عضلہ۔

(الحُمَةُ): بچھو وغیرہ کا ڈنک (۲) ڈنک مارنے والے جانور کا زہر۔

حُمَةُ البَرْدِ: سردی کی شدت (ج) حُمًى و

حُمَاتٌ۔
(حَمْوُ)الشَّمس: سورج کی گرمی۔
حَمْوُ المرأة: بیوی کا سسر۔
حَمْوُ الرجل: خاوند کا سسر۔
(حُمُوَّة)الألَمِ: درد کی شدت۔
(حَمْيُ)الشَّمْسِ: سورج کی گرمی۔
(الحِمْيَةُ): وہ کھانا جس سے بیمار کا پرہیز کرایا جائے (۲) محفوظ چیز۔
(الحَمِيُّ): وہ مریض جس کو مضر چیز سے پرہیز کرایا جائے (۲) وہ شخص جو ظلم گوارا نہ کرے (فعیل بمعنی مفعول) (۳) وہ شخص جو ظلم گوارا کرے (فعیل بمعنی فاعل)۔
کہا جاتا ہے: "حَمِيُّ الأنف وأنفٌ حَمِيٌّ"۔
(حُمَيًّا): ہر شیٔ کی شدت اور سختی۔
—من الشباب: جوانی کا جوش۔
—من الخمر: شراب کی تیزی۔ (۲) شراب۔
(الحَمِيَّةُ): غیرت، قرآن مجید میں ہے: {إذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ} (۲) عزت و دین کی حفاظت اور دفاع کا جذبہ۔
(المُحَامِي) في القضاء: کسی ایک فریق کا وکیل۔
(المحاماة): پیشۂ وکالت۔
(المَحْمِيرُ): شیر۔
(تَحَمْيَرَ): حمیری زبان بولنا (۲) بدمزاج ہونا۔

ح............ن

(حَنَأَ)(ف) المكانُ حَنَأً: سرسبز ہونا گھنا ہونا۔
(حَنَّأَ) لِحْيَتَهُ أو رأسه: داڑھی یا سر کو مہندی سے خضاب کرنا۔
کہا جاتا ہے حَنَّأَ فُلانًا۔
(تَحَنَّأَ): مہندی سے رنگا ہوا ہونا۔
(الحِنَّاءُ): مہندی کے پتے واحد حِنَّاءَةٌ۔
(حَنِبَ)(س) الفَرَسُ حَنَبًا: گھوڑے کی پنڈلیوں کا ٹیڑھا ہونا۔
—الكِبَرُ فُلانًا: بڑھاپے کا کسی کو جھکا دینا۔
(تَحَنَّبَ): کمان کی طرح مڑا ہوا ہونا۔
—عليه: مہربان ہونا۔
(حَنْبَلَ): لوبیا کھانا (۲) پرانی پوستین یا پرانا موزہ پہننا۔
(تَحَنْبَلَ): سر جھکانا (۲) حنبلی مذہب کا پیروکار ہونا۔
(الحُنَابِلُ) وَتَرٌ حُنَابِلٌ: مضبوط تانت۔
(الحَنْبَلُ): پست قد (۲) بڑے پیٹ والا (۳) پرانی پوستین۔
(الحُنْبُلُ): لوبیا۔
(الحَنْبَلِيُّ): امام احمد بن حنبل (رحمۃ اللہ علیہ) کے مذہب کا پیروکار (ج) حَنَابِلَة۔
(الحَانوتُ): شراب کی بھٹی (۲) تجارتی دکان (ج) حوانيتُ۔
(الحَنْتَفُ): پکانے کے لئے صاف کی ہوئی ٹڈی وغیرہ۔
(الحُنْتُوفُ): خارش یا سوزش کی وجہ سے داڑھی نوچنے والا۔
(الحَنْتَمُ): ہر سیاہ یا سبز چیز (۲) سیاہ ٹھیکرا (۳) ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی ہے (۴) کالے بادل۔
(۵) حنظل کا درخت (ج) حَنَاتِمُ۔
(حَنِثَ)(س) في يَمِيْنِهِ حِنْثًا: قسم توڑنا اور گناہ گار ہونا۔ قرآن مجید میں ہے:
وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ} هو حانث (۲) حق چھوڑ کر باطل اختیار کرنے والا۔
(أَحْنَثَهُ): قسم توڑنا۔
(تَحَنَّثَ): عبادت کرنا (۲) قسم توڑنے کے گناہ سے بچنے کا کام کرنا۔
(الحِنْثُ): گناہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ} (۲) شرک۔
(المَحَانِثُ): گناہوں کے مواقع۔ واحد مَحْنَثٌ۔
(حَنَجَتْ)(ض) لَهُ حَاجَةٌ حَنْجًا: حاجت پیش آنا۔
—الشيءَ: منہ کے بل جھکانا۔
—الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔
حَنَّجَ كلامَهُ: بات کو گھمانا کہ صاف نہ سمجھی جائے۔
(أَحْنَجَ) الشيءُ: جھکنا۔
—فُلانٌ: چلتے ہوئے مڑ کر پیچھے کی طرف دیکھنا۔
(۲) پرسکون ہونا۔ ٹھہرنا۔
—الفَرَسُ: چھریرے بدن والا ہونا۔
—فُلانٌ في كلامه: کلام میں جلد بازی سے کام لینا۔
—الشيءَ: جھکانا۔
—كلامَهُ: کلام گھما پھرا کر کرنا۔
—الخبرَ وغيرَهُ: چھپانا۔
(احْتَنَجَ) الشيءُ: جھکنا۔
(الحِنْجُ): اصل، جڑ (ج) أَحْنَاجٌ۔
(حَنْجَرَتْ) عَيْنُهُ: آنکھ کا اندر دھنس جانا۔
—الحَيَوانَ: ذبح کرنا۔
(الحَنْجَرَةُ): گلا (۲) سانس کی نالی۔
(الحُنْجُورُ): گلا (۲) چھوٹی ٹوکری (۳) عطر وغیرہ کی شیشی۔
(الحُنَاجِلُ): گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد شخص۔
(الحِنْجِلُ) من النِّساءِ: شور مچانے والی بد زبان موٹی عورت (ج) حَنَاجِلُ۔
(الحُنْدُرَةُ والحُنْدُورَةُ): آنکھ کی پتلی۔
(تَحَنْدَسَ) الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور گر جانا۔
(۲) رات کا تاریک ہونا۔
(الحِنْدِسُ): تاریکی (۲) انتہائی تاریک رات۔
أسْوَدُ حِنْدِسٌ: گہرا سیاہ (ج) حَنَادِسُ۔
(الحنادسُ): آخر ماہ کی ۳/تین راتیں۔
(الحَنْدَقُوقُ): لمبا اور غیر متوازن آدمی۔
(۲) بے وقوف (۳) کنول ایک پھول اس کے لئے عربی لفظ ذُرَق ہے (مع)۔
(حَنَذَ)(ض) الحَرُّ حَنْذًا: گرمی کا سخت ہونا۔
—لهُ: پانی کم اور شراب زیادہ ہونا۔
— العِجْلَ وغيره حَنْذًا و تَحْنَاذًا: گائے

وغیرہ کے بچے کو آگ یا گرم پتھروں پر رکھ کر بھونا۔ھو محنوذٌ و حَنِیذٌ و حُنُذٌ۔

— الشمسُ الشیءَ: جھلس دینا، پگھلا دینا۔

— الفَرَسَ حَنْذًا او حِناذًا: ایڑ لگانا اور ایک یا دو دفعہ دوڑا کر اس پر جھول ڈالنا تا کہ اسے پسینہ آ جائے۔ھو محنوذٌ و حنیذٌ۔

(أحْنَذَ): کم پانی اور زیادہ شراب پینا۔

(اِسْتَحْنَذَ): دھوپ میں لیٹ کر بدن پر کپڑا ڈالنا تا کہ پسینہ آ جائے۔

(حَنَاذِ): آفتاب کا نام۔

(الحُنْذُة): سخت گرمی۔

(الحِنْذِیان): شریر اور بدزبان۔

(الحنیذُ): گرم پانی (۲) خطمی وغیرہ جس کے ذریعے دھلائی کی جائے (۳) خوشبودار مرہم (۴) روغن دار شے۔قرآن مجید میں ہے: {قَالَ سَلَامٌ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ}

(حَنَرَ) الحَنِیرَةَ حَنْرًا: کمان بنانا (۲) کمان کو موڑنا۔

(الحَنِیرَةُ): کمان (۲) بغیر تانت کے کمان۔ (۳) دیوار کی محراب (۴) محراب نما طاق (۵) روئی دھننے کی مشین یا آلہ (۶) ہر قوس نما چیز (ج) حَنَائِرُ حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے: "لَوْ صَلَّيْتُمْ حَتّٰى تَصِيرُوا كَالْحَنَائِرِ مَا نَفَعَكُمْ ذلك حتّٰى تُحِبُّوا آلَ رَسُولِ اللّٰهِ"۔

(حَنِسَ) (س) حَنَسًا: گھمسان کی جنگ میں ڈٹے رہنا۔ھو حَنِسٌ۔

(الحُنُسُ): خدا ترس، پرہیزگار لوگ۔

(الحَوْنَسُ): سنجیدہ اور دلیر آدمی جس کے ساتھ نہ کوئی زیادتی کر سکے نہ اس کو اپنی جگہ سے ہٹا سکے۔

(حَنَشَهُ) (ص) الحَنَشُ حَنْشًا۔ (سانپ) کا کسی کو کاٹنا، چلانا، دور کرنا۔

— فُلانًا: ورغلانا، اکسانا۔

حَنَشَ الصَّیدَ: شکار کیا۔

(حُنِشَ): کسی کے نسب کو مجروح کرنا۔ ھو مَحنوشٌ۔

(أحْنَشَه) عن الأمرِ: جلدی کرانا۔

(الحَنَشُ): ایک سیاہ رنگ کا بڑا سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا (۲) گرگٹ یا چھپکلی جس کا سر سانپ کے سر کے مشابہ ہوتا ہے۔(ج) أحْنَاشٌ۔

(المِحْنَشُ) رجُلٌ مِحْنَشٌ: محنتی اور کمائی کرنے والا۔

(حَنَطَ) (ن ض) الزَّرْعُ و نحوُہ حُنُوطًا: کھیتی کا پک جانا۔

— الأدِیمُ (ض) حَنْطًا: جلد کا سرخ ہو جانا۔ ھو حانِطٌ۔

(حَنِطَ) (س) الرّجلُ حَنَطًا: بڑی اور گھنی داڑھی والا ہونا ھو احْنَطُ۔

(أحْنَطَ) الزَّرْعُ و نحوُہ: کھیتی وغیرہ کا پک جانا۔

حنط فھو مُحْنِطٌ و حانِطٌ۔

— المیت: مردہ کو حنوط لگانا۔

(حَنَّطَ) المیِّتَ: مردہ کو خوشبو وغیرہ لگانا۔

(تَحَنَّطَ) من الحِنْطَةِ: گیہوں کھانا۔

(اِسْتَحْنَطَ) فُلانٌ: کسی کا موت سے نہ ڈرنا اور دنیا کا اس کی نظر میں حقیر ہو جانا۔

(الحَانِطُ): جھاؤ کے درخت کا پھل (۲) گیہوں والا (۳) بہت گیہوں والا۔

— رجُلٌ حانِطٌ: وہ آدمی جس کی کھیتی کاٹنے کا وقت آ گیا ہو۔(علی النسب)۔

أحْمَرُ حانِطٌ: گہرا سرخ۔

(الحِنَاطُ): وہ خوشبوئیں جو مردہ کے کفن اور بطور خاص مردہ کے جسم پر لگائی جاتی ہیں جیسے مشک، عنبر، صندل اور کافور وغیرہ۔

(الحِنَاطَةُ): گیہوں فروشی۔

(الحِنْطَةُ): گیہوں (ج) حِنَطٌ۔

(الحِنْطِيُّ): بہت گیہوں کھانے والا شخص (۲) گندمی رنگ والا شخص۔

(الحَنَّاطُ): گیہوں فروش (۲) مردوں کو حنوط لگانے والا۔

(الحَنُوطُ): بمعنی الحِنَاطُ۔

(الحَنُوطِيُّ): حنوط بیچنے والا (۲) مردوں کو تیار کرنے والا، تجہیز کرنے والا (محدثہ)۔

(التَّحْنِيطُ): عند قدماءِ المصريين: انسانی لاش کی آلائش صاف کر کے مختلف مسالوں کے ذریعے محفوظ رکھنے کا طریقہ۔

(حَنْظَلَتِ) الشَّجَرَةُ: درخت کے پھل کا انتہائی تلخ اور کڑوا ہونا۔

(الحنظل): اندرائن، حنظل، ایک انتہائی کڑوا پھل۔

(حَنَفَ) (ض) عن الشیءِ حَنْفًا: ایک طرف جھکنا۔

(حَنِفَ) (س) الرّجلُ حَنَفًا: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔

کہا جاتا ہے "حَنِفَت رِجلُه، هو أحْنَفُ و رِجلٌ وَیَدٌ حَنْفَاءُ (ج) حُنُفٌ۔

(حَنَّفَه): ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔

کہا جاتا ہے: "ضَرَبْتُ فُلانًا علی رِجْلِه فَحَنَّفْتُها" ھو أحْنَفُ و ھی حَنْفَاءُ۔

(تَحَنَّفَ): بتوں کی پرستش سے الگ ہو جانا اور خدا پر ایمان لا کر اس کی عبادت کرنا، ملت اسلامیہ (حنفیہ) کا پیرو ہونا (۲) امام ابو حنیفہؒ کے مذہب کا پیرو ہونا۔

— الی الشیءِ: مائل ہونا۔

(الحَنْفَاءُ): کمان (۲) استرا (۳) گرگٹ (۴) ٹیڑھا پیر (۵) کنیز جو کبھی سست ہو کبھی چست ہو (۶) آبی کچھوا (۷) ایک سمندری مچھلی جسے أطوم کہتے ہیں۔

(الحَنَفِيُّ): حنفی مذہب کا مقلد (ج) أحْنَافٌ۔

(الحَنَفِیَّةُ): کھجور کی شاخ، امام ابو حنیفہؒ کے پیروکار۔

(الحَنِیفُ): برائی چھوڑ کر اچھائی کی طرف آنے والا۔(۲) ہر مذہب سے ہٹ کر اسلام کو ماننے والا اور اس پر ثابت قدم رہنے والا (۳) حاجی۔ (۴) عبادت گزار (وفی الکلیات لأبی

البقاء)
اگر حنیف کی صفت مسلم لائی جائے تو حاجی مراد ہوتا ہے۔قرآن مجید میں ہے:{وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا} اگر صفت مسلم نہ ہوتو مراد مسلمان ہوگا جیسے (فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا) (ج) حُنَفَاءُ۔
(الْحُنَفَاءُ):عربوں کی ایک جماعت جو بت پرستی کا عقیدہ نہیں رکھتی تھی ان ہی میں سے امیہ بن ابی الصلت ہے (۲) وہ شخص جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھا زمانہ جاہلیت میں (یعنی حج کرتا تھا' ختنہ کراتا تھا اور بتوں سے الگ رہتا تھا)۔
الدِّيْنُ الْحَنِيْفُ:وہ سیدھا مذہب جس میں کوئی کجی نہیں اور وہ اسلام ہے۔
(الْحَنِيْفِيَّةُ) ملت اسلام (۲) اس کی صفت بتاتے ہوئے کہا جاتا ہے ملّة حنيفيّة (۳) تلواروں کی ایک قسم جو احنف بن قیس کی طرف منسوب ہے کیونکہ اسی نے اسے سب سے پہلے بنایا۔
(حَنِقَ) (س) عَلَيْهِ حَنَقًا: کسی پر انتہائی غضبناک ہونا۔هو حَنِقٌ و حَنِيْقٌ۔
(أَحْنَقَ):دل میں دشمنی چھپائے رکھنا (۲) پیٹھ کا پیٹ سے لگ جانا۔
— السَّنَامُ:کوہان کا پتلا' چھریرا ہونا۔
— البعيرُ:بہت چربی والا ہونا۔
— الزَّرْعُ:کھیتی کے ریشے پھیل جانا۔
— فُلَانًا:غصہ دلانا۔هو مُحْنَقٌ و حَنِيْقٌ۔
(الْحَنِيْقُ):موٹا (ج) حُنُقٌ۔
(حَنَكَ)(ن)الأُمُّ الصبيَّ حَنْكًا:کوئی چیز چبا کر بچے کے تالو کو لگانا۔
— فُلَانُ الدَّابَّةَ:چوپائے کو لگام دینا۔
— التَّجَارِبُ الرَّجُلَ حَنْكًا و حَنَكًا: تجربہ کار بنانا۔هو مَحْنُوكٌ و حُنُكٌ۔
— الشَّيْءَ: سمجھنا' پختہ کرنا۔
(أَحْنَكَتْهُ)التَّجَارِبُ: سمجھدار بنانا۔

— فُلَانًا عن الأمر: باز رکھنا۔
(حَنَّكَتْ) الأُمُّ الصَّبِيَّ: چبائی ہوئی چیز بچے کے تالو کو ملنا۔
— فُلَانُ الدَّابَّةَ: چوپائے کے تالو کے اوپر برائے علاج کوئی سلائی وغیرہ لگا کر خون نکالنا۔
— السِّنُّ والتَّجَارِبُ الرَّجُلَ: بڑھاپے یا تجربات کا کسی کو دانا بنانا۔
(احْتَنَكَ) الدَّابَّةَ: چوپائے کے نچلے جبڑے میں کھینچنے کے لئے رسّی باندھنا۔
— التَّجارِبُ الرَّجُلَ:بمعنی حَنَكَتْهُ۔
— الرَّجُلُ:عقلمند اور شائستہ ہونا۔
— الشَّيْءَ:جڑ سے اکھاڑنا۔
کہا جاتا ہے ''احْتَنَكَ الجَرَادُ الأَرْضَ''اور احْتَنَكَ مَا عِنْدَ فُلَانٍ۔
— فُلَانًا: غالب آنا اور اپنی طرف مائل کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا}۔
(اسْتَحْنَكَ): تھوڑی خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہوجانا۔
— الشَّجَرُ: جڑ سے اکھڑ جانا۔
(الحَانِكُ)أَسْوَدُ حَانِكٌ: کالا سیاہ۔
(الحِنَاكُ): وہ رسہ جو گھوڑے وغیرہ کی ٹھوڑی اور سر پر باندھا جائے (ج) حُنُكٌ۔
(الحَنَكُ): تالو (۲) منہ کے اندر کا بالائی حصہ (۳) ٹھوڑی (۴) نیچے کا جبڑا۔هُمَا الحنكان (۵) چونچ (۶) راہ گیروں کی وہ جماعت جو کسی جگہ یا شہر سے آب و دانہ حاصل کرے (ج) أَحْنَاكٌ۔
(الحُنْكُ): تجربہ و معاملات کی بصیرت (ج) أَحْنَاكٌ۔
(الحُنُكُ) رَجُلٌ حُنُكٌ: وہ دانا اور بابصیرت آدمی جسے تجربات نے پختہ کار بنا دیا ہو۔
امْرَأَةٌ حُنُكٌ و حُنُكَةٌ۔
(الحُنُكَةُ):بمعنی الحُنْك۔
(الحَنِيكُ): تجربہ کار بزرگ (۲) بسیار خور۔

(ج) حُنُكٌ۔
(الْمِحْنَكُ):بمعنی الحِنَاك (ج) مَحَانِك۔
(حَنْكَلَ) في المَشْيِ: بھاری قدموں سے آہستہ آہستہ چلنا۔
(الحُنْكُلُ):پستہ قد (۲) بدمزاج (۳) کمینہ۔(ج) حَنَاكِلُ۔
(الْحُنْكُلَةُ) من النساء: کالی بدشکل عورت (۲) بدمزاج عورت (ج) حَنَاكِلُ۔
(حَنَّ)(ض ن) حَنِيْنًا: آواز نکالنا۔
حَنَّتِ النَّاقَةُ:اونٹنی کا اپنے بچہ کے اشتیاق میں آواز نکالنا۔
حَنَّتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا اونٹ کی سی آواز نکالنا۔
حَنَّتِ الْقَوْسُ: تانت کھینچتے وقت کمان سے آواز نکلنا۔
حَنَّ العُوْدُ: بربط (ایک باجا) بجاتے وقت آواز نکالنا۔
حَنَّ الرَّجُلُ: خوشی یا تکلیف کی وجہ سے آواز نکالنا۔
— إليه:مشتاق ہونا۔
— عليه شفقت کرنا۔
(أَحَنَّ)فلانٌ القَوْسَ: کمان سے آواز نکالنا۔
(حَنَّنَ)القومُ: باہم مشتاق ہونا۔
(حَنَّنَ)الشجرُ:درخت پر کلیاں نکلنا۔
مَا حَنَّنَ عَنِّي: وہ مجھ سے نہ الگ ہوا نہ کوتاہی کی۔
(تَحَانَّ): باہم ایک دوسرے کا مشتاق ہونا۔
(تَحَنَّنَ)عليه:کسی پر ترس آنا۔
(اسْتَحَنَّ)إلى الشَّيْءِ:مشتاق ہونا۔
— الشوقُ فُلَانًا:شوق کا کسی کو خوشی میں مست کر دینا۔
(التَّحْنَانُ):انتہائی مہربانی یا شوق۔
(الحَانَّةُ):اونٹنی۔
مَا لَه حَانَّةٌ وَلَا آنَّةٌ:اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔

(الحَنَانُ): دل کی نرمی (۲) رحم دلی۔
قرآن مجید میں ہے: {وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا}۔
حَنَانَكَ و حَنَانَيْكَ: میں تیری رحمت و مہربانی چاہتا ہوں (۲) رزق اور خیر و برکت جو مہربانی اور رحمت کا نتیجہ ہو۔
حَنَانَ الله: اللہ کی پناہ۔
(الحَنَّانُ): رحیم و بے حد مہربان اللہ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) خواہشمند (۳) فراخ دل جو اپنے سے کنارہ کرنے والے پر متوجہ ہو (۴) وہ تیر جو انگلیوں سے گھماتے وقت آواز دے (۵) واضح راستہ۔
عُودٌ حَنَّانٌ: مست بنانے والا بربط (باجا)۔
(الحَنَّانَةُ): وہ عورت جو اپنے بچے کے لئے تڑپتی ہو یا اپنے پہلے خاوند کو یاد کر کے رنجیدہ ہو۔ (۲) آواز نکالنے والی کمان (صفة غالبة)۔
(الحَنّة) حَنَّةُ الرَّجُلِ: بیوی (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ یا گرج۔
(الحِنَّةُ): رحم دلی۔
(الحَنُونُ): مہربانی (۲) وہ عورت جو اپنے چھوٹے بچوں کی پرورش کی خاطر دوسرا نکاح کرے تا کہ خاوند ان کی دیکھ بھال کر سکے۔ (۳) وہ ہوا جس کے چلنے کی آواز اونٹ کی آواز کے مشابہ ہو (۴) آواز نکالنے والی کمان۔
(الحَنِينُ): حد سے بڑھا ہوا شوق۔
(حَنَا) (ن) عَلَيه حُنُوًّا: شفقت کرنا۔
— المرأةُ عَلَى وَلَدِهَا: بیوہ عورت کا اپنے بچوں پر اس درجہ شفیق ہونا کہ وہ ان کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرے اور ان پر پوری طرح توجہ دے۔
— الشَّئَ: جھکانا۔
(حَنَى) (ض) العُوْدَ و غيرَه حَنْيًا و حِنَايَةً: موڑنا (۲) چھیلنا۔
— يَدَ الرَّجُلِ: آدمی کا ہاتھ موڑنا۔
— القَوْسَ: کمان بنانا (۲) کمان میں تانت باندھ کر موڑنا (الفاعلُ حَانٍ والمفعولُ مَحْنُوٌّ و مَحْنِيٌّ)۔

(أَحْنَى) عليه: مائل ہونا۔
(انْحَنَى): کبڑا ہونا، مڑنا۔
(تَحَنَّى): بمعنی انْحَنَى۔
— على فُلانٍ: مہربانی، احسان کرنا۔
(الأحْنَى): کوز پشت، کبڑا ھی حَنْوَاءُ (ج) حُنُوٌ۔
(الحَانَاةُ): شراب کی دُکان یا کارخانہ۔
(حانويٌّ): شراب کی دوکان یا اسکا متعلق۔
(الحَانَةُ): شراب خانہ۔
(الحَانِيُّ): شراب کی دوکان والا۔
(الحَانُوتُ): دوکان، شراب کی دوکان (ج) حَوَانيت
(الحَانِيَةُ): بمعنی الحَانَاة (۲) وہ اونٹ اور بکریاں جو گردنیں موڑ لیتی ہیں۔ (ج) حَوَانٍ۔
(الحَانِيُّ) شراب خانہ والا۔
(الحَانِيَّةُ): حَانِيٌّ کی تانیث (۲) شراب (۳) شراب بنانے یا بیچنے والا۔
(الحِنْوُ): ہر ٹیڑھی چیز جیسے ٹیڑھا عضو پسلی اور کجاوہ کی لکڑی (۲) وادی کا موڑ (۳) جانب، طرف (۴) ابرو کے نیچے کی ہڈی (ج) أَحْنَاءٌ حُنِيٌّ۔
(الحِنْوانِ): دو مڑی ہوئی لکڑیاں جو گیہوں کی منتقلی کے لئے جال میں لگی ہوتی ہیں۔
أَحْنَاءُ الأمور: پیچیدہ معاملات (۲) معاملات کے گوشے۔
(الحَنْوَاءُ) مِنَ الغَنَمِ: گردن موڑنے والی بکریاں۔
— من النّوق: کوز پشت اونٹنی۔
(الحَنِيَّةُ): کمان (ج) حَنِيٌّ و حَنَايَا۔ کہا جاتا ہے (خَرَجُوا بِالحَنَايَا يَبْتَغُونَ الرَّمَايَا)۔
ابنُ الحَنِيَّةِ: کمان۔
(الحَوَانِي): تمام پسلیوں میں سب سے لمبی پسلی (ہر انسان کے ہر دو جانب دو دو پسلیاں ہوتی ہیں) واحد: حَانِيَة۔
(المَحْنِيَّةُ): وادی کا موڑ۔
—رجلٌ خِلْطٌ: مخلوط النسب آدمی (۲) بے وقوف (۳) لوگوں سے میل جول رکھنے والا چاپلوس آدمی۔
—اَخْلاَطُ النَّاسِ: مختلف لوگوں کا مجمع۔
—اخلاطُ الانسان: (طب قدیم کے مطابق) اخلاط اربعہ (۱) صفراء (۲) بلغم (۳) خون (۴) سوداء۔
(الخَلِطُ): لوگوں سے میل جول رکھنے والا چاپلوس آدمی۔
(الخُلْطَةُ): اختلاط' میل جول (۲) شراکت۔
(الخِلْطَةُ): صحبت' میل جول۔
(الخَلِیْطُ): مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ۔
(۲) (واحد و جمع دونوں کے لئے) شریک' ساتھی مخلص پڑوسی' خاوند' چچازاد بھائی۔ (ج): خُلَطَاء وخُلُطٌ۔
(المِخْلاَطُ): چیزوں کو اس طرح خلط ملط کرنا کہ ناظرین و سامعین دھوکہ کھا جائیں (ج) مَخَالیط بہت میل جول رکھنا والا۔
(المِخْلَطُ): بمعنی المِخلاط (ج) مخالِطُ۔
(خَلَعَ) (ف) الزرعُ خَلاَعَةً: کھیتی کا پتے نکالنا اور بیج پیدا ہونا (۲) کھیتی کے پتے گرنا۔
—الشیءَ خلعًا: اتارنا۔
—علیہ ثوبَہٗ: کپڑے عطا کرنا۔
—الوالی العامِلَ: معزول کرنا' عہدے سے ہٹانا۔
—الشعبُ الملكَ: تخت سے اتارنا۔
—فلانٌ ابنَہٗ: بیٹے کو عاق کرنا (تاکہ اس کے جرم میں باپ نہ پھنسے)۔

—دابَّتَه: جانور کو قید سے آزاد کرنا۔

—الرِّبْقَةَ من عُنُقِهٖ: عہد توڑنا۔

—يَدَهٗ مِنْ طَاعَتِهٖ: ہاتھ سے نکلنا۔

—عِذَارَه: شرم وحیا کو چھوڑ دینا اور خواہشات کے تابع ہونا۔

—امرأتَهٗ خُلعًا: بیوی سے خلع کرنا (مال کے عوض طلاق دینا)۔

(خُلِعَ): آدمی کی ایڑی کے اوپر کے موٹے پٹھے کا مڑجانا۔

(خَلُعَ) (ك) ـــ خَلَاعَةً: حیاء کو چھوڑ دینا اور خواہشات کا بندہ بنا۔ ھو خليعٌ۔

(خَالَعَت) زَوْجَها: عورت کا خاوند سے خلع طلب کرنا۔

—فلانٌ فلانًا: جوا کھیلنا۔

(خَلَّعَهٗ): بمعنی خَلَعَهٗ۔

(تَخَالَعَ) الزَّوجانِ: خاوند بیوی کا خلع پر رضا مند ہونا۔

—القَوْمُ: باہم وعدہ خلافی کرنا۔

(تَخَلَّعَ): ڈھیلا ہونا۔

—فِيْ مِشْيِهٖ: کندھوں اور ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے اور ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہوئے چلنا۔

—القَوْمُ: خفیہ طور پر کھسک جانا۔

—فِي الشَّراب: شراب کا رسیا ہونا۔

(اِخْتَلَعَ) الشيءَ: بمعنی خَلَعَه۔

—مالَ فُلانٍ: کسی کا مال لے لینا۔

—الزَّوْجَةَ: بیوی کو مال لے کر طلاق دینا۔

(انْخَلَعَ): لازم خَلَعَه۔

—من الشيءِ: کسی چیز سے نکل جانا۔

(الخَالِعُ): خلع یافتہ عورت (ج) خَوَالِعُ۔ (۲) ایڑی کے اوپر کے موٹے پٹھے کا مڑ جانا۔

—جُبْنٌ خالِعٌ: سخت بزدلی۔

—شَجَرٌ خالِعٌ: خشک درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔

(الخُلَاعُ): نیم دیوانگی (۲) ایسی گھبراہٹ جو وسوسوں کا سبب ہو۔

(الخَلْعُ): جوڑ کا اپنی جگہ سے الگ ہوئے بغیر ہٹ جانا۔ (۲) بغیر ہڈی کا گوشت جیسے پکا کر سرکہ میں جوش دے کر چمڑے کے برتن میں رکھ کر سفر میں ساتھ لے جایا جاتا ہے۔

(الخُلْعُ): خلع، مال لے کر بیوی کو طلاق دینا۔

(الخُلْعَةُ): عمدہ مال (۲) خلع، مال لے کر طلاق دینا (۳) کمزوری (ج) خِلَعٌ۔

(الخِلْعَةُ): اتارا ہوا کپڑا وغیرہ (۲) بہترین مال (ج) خِلَعٌ۔

—خَلَعَ عليه خلعةً: خلعت دینا، لباس عطا کرنا۔

(الخَلِيْعُ) من الثياب ونحوها: پرانا اور بوسیدہ کپڑا (۲) معزول کیا ہوا (۳) آوارہ، بدچلن (۴) عاق کیا ہوا (۵) جوئے میں ہارا ہوا (ج) خُلَعَاءُ۔

(الخَوْلَعُ): بمعنی الخُلاعُ (۲) خوش قسمت جوئے باز (۳) بہت جرائم کرنے والا لڑکا۔ (۴) بھیڑیا (۵) بے وقوف (۶) وہ گوشت جیسے سرکہ میں ابال کر سفر میں ساتھ رکھا جائے (۷) ایک بیماری جو گائے اور اونٹنی کے بچوں کو لاحق ہوتی ہے۔

(المُخَلَّعُ): کمزور (۲) مجنون۔

—شِواءٌ مُخَلَّعٌ: بے ہڈی کا بھنا ہوا گوشت۔

—مُخَلَّعُ البسيط: علم عروض کی ایک اصطلاح اس میں بحر بسیط مجزو کی ضروب اور عروض میں قطع ہوتا ہے جس سے وہ مفعولن ہو جاتا ہے یا قطع اور خبن دونوں ہوتے ہیں جس سے وہ فعولن کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔

(المَخْلُوْعُ): رجل مخلوع الفؤاد: دہشت زدہ شخص۔

(خَلَفَ) (ن) الشيءُ ـــ خُلُوْفًا: بدل جانا، متغیر ہو جانا، خراب ہو جانا۔

—الطعامُ: کھانے کا ذائقہ بدل جانا۔

—فمُ الصائم: روزہ دار کے منہ کی بدبو بدل جانا۔ حدیث میں ہے (لخلوفُ فمِ الصائم اطيبُ عند الله من ريح المسك)۔

—فلانٌ: بے وقوف ہونا۔

—عن الشيءِ: اعراض کرنا۔

—خَلَفَتْ نفسُهٗ عن الطعام: بیماری کی وجہ سے کھانا چھوڑنا۔

—خَلَفَ عن خُلُقِ أبيه: باپ کے اخلاق و عادات سے ہٹ جانا۔

—فلانًا خَلْفًا: کسی کے پیچھے ہونا (۲) کسی کو پیچھے سے پکڑنا۔

—خَلَفَه بخيرٍ او بشرٍّ: کسی کی عدم موجودگی میں اس کا اچھا یا برا تذکرہ کرنا۔

—لَهٗ بالسيفِ: پیچھے سے آ کر تلوار مارنا۔

—الثوبَ: بوسیدہ کپڑے کو بیچ سے کاٹ کر ٹانکے بھرنا۔

—فلانًا خَلْفًا وخِلافَةً: قائم مقام وخلیفہ ہونا۔

—فِي قومِهٖ: لوگوں پر خلیفہ بنانا۔

—على فلانةٍ: شادی شدہ عورت سے شادی کرنا۔

(خَلِفَ) (س) خَلَفًا: کسی ایک پہلو پر جھکا ہوا ہونا (۲) بھینگا ہونا۔ ھو أخْلَفُ وھي خَلْفَا (ج) خُلْفٌ۔

— النَّاقةُ: حاملہ ہونا، ھي خَلِفَةٌ (ج) خَلِفَاتٌ وخَلِفٌ۔

(أخْلَفَ) الزرعُ والشَّجَرُ: پہلے پتوں کے بعد نئے پتے اور پہلے پھل کے بعد نیا پھل آنا۔ خزيمة السُّلَمِيّ کی حدیث میں قحط سالی کے بعد خوشحالی کے ذکر میں آیا ہے (حتّٰى آل السُّلامي وأخْلَفَ الخُزَامي)۔

—الطائرُ: پرندہ کا پہلے پروں کے بعد نئے پر نکالنا۔

—فلانٌ لنفسه: ایک چیز کے ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا۔ دعا دیتے ہوئے کہتے ہیں "اخلَفَ الله لك وعليك خيرًا" اللہ تمہاری گم شدہ چیز کا بہتر بدلہ دے۔

—الشجرُ: درخت کا پھل نہ لانا۔
—الغیثُ: بارش کا امید کے باوجود نہ برسنا۔
—الشيُ: بدبودار وخراب ہونا۔
—الشیَٔ: پیچھے ڈالنا، ہٹانا۔
—اَخْلَفَ یدَہٗ الی الشيِ: پیچھے سے لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
(خَالَفَ)عنهُ مخالَفَةً وخلافًا: پیچھے رہنا۔ حدیث میں ہے (فَخَالَفَ عنا علیٌّ والزبیرُ)۔
—الی الشيِ: پیچھے سے آنا۔
—عن الامرِ: اعراض کرنا، انحراف کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ}۔
—الی الامرِ: ممنوعہ ہونے کے باوجود کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ}۔
—الشیَٔ: مخالفت کرنا۔
—بین الشیئین: ایک دوسرے کی ضد ہونا۔
(خَلَّفَ) بناقتهٖ: اونٹنی کے ایک تھن کو باندھنا۔
—فلانًا: پیچھے کرنا (۲) پیچھے چھوڑنا (۳) جانشین وخلیفہ بنانا۔
(تَخَالَفَا): ایک دوسرے کی ضد ہونا۔
(تَخَلَّفَ): لازم خلفه۔
—القومَ: قوم کو پیچھے کرکے آگے نکل جانا۔
(اِخْتَلَفَ) الشیئان: دو چیزوں کا متفق نہ ہونا (۲) برابر نہ ہونا۔
—فلانٌ: ہیضہ (کالرا) میں مبتلا ہونا۔
—الی المکان: آمدورفت رکھنا۔
—الشیَٔ: پیچھے کرنا (۲) پیچھے سے پکڑنا۔
—فُلانًا: خلیفہ وجانشین ہونا۔
(استخلفه) کسی کو قائم مقام وخلیفہ بنانا۔
(التخالیف): مختلف قسم کے رنگ۔
(التَخَلُّفُ): (علم نفس کے مطابق) پسماندگی پچھڑاپن (مج)۔
(الخَالِفُ): کمزور آدمی جیسے کھانے کی خواہش نہ ہوتی ہو کہتے ہیں "أَصبَحَ فلانٌ خالِفًا"۔
—رجلٌ خَالِفٌ: جھگڑالو آدمی (ج) خوالِفُ۔
(الخَالِفَةُ): گھر کے پچھلے حصہ کا ستون (۲) گھر میں بیٹھی رہنے والی عورت (۳) لڑائی میں پیچھے رہنے والا آدمی (۴) بہت اختلاف کرنے والا آدمی (۵) خراب آدمی (۶) جس میں کوئی خیر نہ ہو، نکھٹو (تاء مبالغہ کے لئے ہے) مکان کے پچھلے حصے کا ستون (ج) خوالفُ۔
(الخِلَافُ): بید کا درخت۔
—جاءَ خِلَافَه: اس کے بعد آیا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَإِذًا لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا}۔
الخِلافَةُ: امامت، نیابت (۲) امامت، خلافت
(الخَلْفُ): پیٹھ، پشت (۲) لکڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ (۳) کلہاڑی کی دھار (۴) کلہاڑی یا استرے کا سرا (۵) ایک صدی کے بعد آنے والی صدی (۶) نالائق اولاد۔ قرآن مجید میں ہے {فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلَاةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ}۔
(۷) فضول اور بیکار بات۔ کہاوت ہے (سکت اَلفًا ونطق خَلفًا)۔ اس شخص کے بارے میں جو دیر تک خاموش رہے اور جب بولے تو غلط بولے۔
(۸) گھر کے پیچھے جانور باندھنے کی جگہ (ج) اَخلافٌ وخلوفٌ (۹) پیچھے (ضد: قُدّام)۔
(الخُلْفُ): وعدہ خلافی (۲) (علم فلسفہ کے مطابق) وہ محال امر جو عقل ومنطق کے منافی ہو (مج)۔
(الخِلْفُ): مختلف، ضد کہتے ہیں "رجلان خِلْفان وامراتان خِلْفَان" (۲) سب سے چھوٹی اور باریک پسلی (۳) تھن کی نوک (۴) اونٹنی کا تھن (ج) اخلاف وخلوف۔
(الخَلَفُ): بدلہ، عوض (۲) نالائق اولاد۔
(الخِلْفَةُ): اختلاف۔
—القومُ خِلفةٌ: قوم کے افراد مختلف ہیں۔
—ابناءُہٗ خلفةٌ: اس کی اولاد میں نصف لڑکے اور نصف لڑکیاں ہیں (۲) وہ چیز جو شلوار کے پیچھے لگائی جائے۔ (۳) ایک چیز کے بعد آنے والی چیز (جیسے وہ شاخ جو درخت کے تنے میں اس کے سوکھنے کے بعد نکلتی ہے)۔ (۴) دھجی، کپڑے کا ٹکڑا جس سے بوسیدہ کپڑے میں پیوند لگاتے ہیں۔ کہتے ہیں: "اَکَلَ طَعامًا فَبَقِیَتْ فی فیه خِلْفَةٌ وفی الاناءِ خلفةٌ من ماءٍ" (۵) ہیضہ کھانے سے معدہ کا خراب ہونا "اَخَذَتْهُ خلفةٌ" اسے ہیضہ ہو گیا۔
(الخُلْفَةُ): اختلاف، مخالفت (۲) عیب وفساد
—من الطعام: کھانے کا آخری مزہ۔
(الخَلْفِيَّةُ) فی الرسم والتصویر والمسرح: تصویر، فوٹو، ڈرامہ کا پس منظر، بیک گراؤنڈ (مج)۔
(الخَلِيفُ): راستہ (۲) دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ (۳) اونٹنی کی بغل کے پیچھے کا حصہ (۴) وہ کپڑا جس کے پیچھے کے بوسیدہ حصہ میں پیوند لگایا گیا ہو (ج) خلف (۵) پیچھے رہ جانے ولا (۶) جانشین (۷) خُلَفَاء۔
(الخَلِیْفَةُ): جانشین، قائم مقام (۲) بڑا بادشاہ (تاء مبالغہ کے لئے ہے) (ج) خُلَفَاء و خَلَائِف۔
(المُخَالَفَةُ): معمولی جرم جس پر قانونًا زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ کی قید یا ایک مصری پاؤنڈ کے جرمانہ کی سزا ملتی ہے۔ (مج)۔
(المِخْلَافُ): بہت وعدہ خلافی کرنے والا (۲) صوبہ (ج) مَخَالِیفُ۔
(المَخْلَفَةُ): وہ زمین جہاں بید کے درخت بکثرت ہوں (ج) مَخَالِفُ۔
(خَلَقَ) (ن) الثوبُ والجلدُ وغیرُهما خُلُوقًا: پرانا وبوسیدہ ہونا۔
—الجِلْدَ والثَّوبَ ونحوهما خلقًا: کاٹنے سے پہلے ناپنا۔
—فلانٌ یَخْلُقُ ثم یَفْرِی: وہ پہلے سوچتا ہے پھر کرتا ہے۔
—اللهُ العالَمَ: پیدا کرنا، عدم سے وجود میں آنا:

"خلق فلانُ الشئ" بھی کہتے ہیں۔
— القولَ: بات گھڑنا، جھوٹ گھڑنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَوْثَانًا وَّ تَخْلُقُونَ إِفْكًا}۔
— الشئَ: چکنا کرنا، ملائم کرنا۔
(خَلِقَ) (س) الثوبُ والجلدُ وغيرهما۔ خَلَقًا: پرانا و بوسیدہ ہونا۔
— الشئُ: نرم و ملائم ہونا۔ ھو اَخْلَقُ وھی خلقَآء (ج) خُلقٌ۔
(خَلُقَ) (ك) الثوبُ والجلدُ وغيرُهما۔ خَلَاقَةً: چکنا و بوسیدہ ہونا۔
— فلانٌ بكذا ولَهُ: لائق ہونا۔ ھو خليقٌ (ج) خُلَقاءُ وھی خليقةٌ (ج) خلائق۔
— فلانٌ: اچھے اخلاق کا ہونا (۲) جسمانی ساخت کا اچھا ہونا۔ ھو وھی خَلِيقٌ۔
(اَخْلَقَ) الثَّوبُ والجلدُ وغيرهُمَا: پرانا ہونا۔
— فلانٌ: پرانے کپڑوں والا ہونا۔
— شبابُ فلانٍ: جوانی کا ڈھل جانا۔
— الشئَ: پرانا کرنا۔
— فلانًا: کسی کو کپڑا دینا "أَخْلَقَهُ الثَّوبَ" بھی کہتے ہیں۔
— السَّائلُ ماءَ وجهِهٖ: بھیک مانگ کر رسوا ہو جانا۔
(اَخْلِقْ بهٖ ومَا اَخْلَقَهُ): کیا ہی بہتر ہوتا۔ اس کے لئے کتنا مناسب ہے (کہتے ہیں اَخْلِقْ بهٖ وَمَا اَخْلَقَهُ ان يفعلَ كذا)۔
(خَالَقَهُ) مخالَقَةً وخِلَاقًا: کسی کے ساتھ اسی جیسا برتاؤ کرنا۔
(خَلَّقَه): ملائم اور برابر کرنا (۲) عمدہ ساخت والا کرنا (۳) زعفران سے بنی ہوئی خوشبو لگانا۔
(اِخْتَلَقَ) الشئَ: عمدہ ساخت والا کرنا۔
— القولَ: جھوٹ گھڑنا، بے سروپا بات بنانا۔
(تَخَلَّقَ): بناوٹی خوش خلقی کا مظاہرہ کرنا۔
— بِخُلُقٍ كذا: کوئی عادت یا اخلاق اپنانا۔

— القولَ: جھوٹ گھڑنا، بات بنانا (خلوق سے خوشبودار ہونا)۔
(اخلَوْلَقَ) الثوبُ والجلدُ وغيرهما: پرانا و بوسیدہ ہونا۔
— الشئُ: نرم و ملائم، چکنا اور برابر ہونا۔
(۲) قریب ہونا، متوقع ہونا۔ کہتے ہیں: "اخلولقتِ السحابةُ ان تمطِرَ"۔
— بَعْدَ تفرّقٍ: بکھرنے کے بعد جڑ جانا۔
(الاَخْلَاقُ) علم الاخلاق: اخلاقیات، علم الاخلاق۔
(الاَخْلَاقِيُّ): اخلاقی (جو اصول اخلاق یا معاشرے کے ضوابط اخلاق کے مطابق ہو) (مج) اس کا عکس "لا اخلاقی" ہے (مج)۔
(الاَخْلَقُ) شئٌ اخلَقُ: ٹھوس چیز جس پر کوئی چیز اثر انداز نہ ہو۔
— هو اَخْلَقُ من المال: وہ مال سے خالی یعنی فقیر ہے۔
— هو اَخلقُ بكذا: وہ اس کے لئے زیادہ لائق ہے۔
(الخَالِقُ): خالق (اسم الٰہی) (۲) کسی سابقہ نمونہ کے بغیر کسی چیز کو بنانے والا، موجد۔
— رجلٌ خالِقٌ: موجد، ہنرمند آدمی۔
(الخَلَاقُ): نیکی کا حصہ، نصیب۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرٰهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ}۔
— فلانٌ لا خَلَاقَ لَهُ: فلاں کو بھلائی میں کوئی رغبت نہیں۔
(الخِلَاقُ): ایک قسم کی خوشبو جس کا اکثر حصہ زعفران ہوتا ہے۔
(الخَلْقَاءُ): هَضْبَةٌ خلقآءُ: چکنا ٹیلہ جس پر گھاس نہ ہو۔
(الخَلْقَاءُ الشئِ: کسی چیز کا چکنا اور برابر حصہ: خلقاء الجبهة و خلقاء الظهرِ (۲) آسمان (ج) خلقاوات۔
(الخَلْقُ): مخلوق (۲) لوگ (۳) ہر چکنی چیز (ج) خُلُوقٌ۔

(الخَلَقُ): بوسیدہ کپڑا یا کھال وغیرہ۔ (اس میں مذکر و مؤنث برابر ہیں) کہاوت ہے (لا جديدَ لمن لا خَلَقَ لَه) (ج) خُلْقَان واَخلاق، ثوبٌ اخلاقٌ بھی کہتے ہیں۔
(الخُلُقُ): عادت، طبیعت، مزاج (مج) (ج) اَخْلَاق۔
(الخَلِقَةُ): سَحَابَةٌ خَلِقَةٌ: ایسا بادل جس میں بارش کے آثار ہوں۔
— الخِلْقَةُ: فطرت (۲) پیدائشی ہیئت۔
(الخَلُوقُ): بمعنی الخِلَاقُ۔
(الخَلِيقَةُ): ساری مخلوق، خلق خدا (۲) فطرت، طبیعت، مزاج (ج) خليقٌ وخلائق (۳) لوگ۔
(المَخْلَقَةُ): هو مَخْلَقَةٌ للخير وبالخير ومن الخير: وہ خیر کے لائق ہے (اس میں جمع اور مؤنث وغیرہ برابر ہیں)۔
(المخلوقة): قصيدةٌ مخلوقةٌ: ایسا قصیدہ جو قصیدہ گو کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب ہو۔
(خَلَّ) (ن ض) خَلًّا وخُلُولًا: خرابی آنا، خلل پیدا ہونا، بگاڑ آنا۔
— العسكرُ: لشکر کا غیر مربوط ہونا۔
— لحمُه: گوشت کا تھوڑا ہونا، کمزور ہونا۔
— فلانٌ: فقیر و محتاج ہونا۔ خل اليه بھی کہتے ہیں۔
— في دعائه: خاص کرنا۔
— الابلَ خَلًّا: اونٹ کو میٹھی گھاس کی طرف ہانکنا۔
— الشئَ: سوراخ کرنا۔
— اسنانَهُ: دانتوں میں خلال کرنا۔
— الكساءَ وغيرَه: کپڑے کے کناروں کو سمیٹ کر پن لگانا۔ خَلَّ ثوبَه عليه بھی کہتے ہیں۔
— فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا۔
— الفصيلَ: اونٹ کے بچہ کے کان یا ناک میں

خ

سوئی ڈالنا۔

(اَخَلَّ): اونٹ کا میٹھی گھاس چرنا۔

— الارضُ: زمین میں میٹھی گھاس کی کثرت ہونا۔

— النخلةُ: درخت پر کچی کھجوریں آنا۔ (۲) کھجور کے درخت پر خراب شگوفے آنا۔

— بالمکان وبمرکزہ وغیرہ: غائب ہو جانا' چھوڑ جانا۔

— بِالشیءِ: کوتاہی کرنا (۲) خلل ڈالنا۔

— الوالی بالثُّغور: سرحدوں پر فوجیں کم کر دینا۔

— بفلان: بے وفائی کرنا' مدد کرنا۔

— فلانٌ: فقیر ہونا۔

— الابلَ: اونٹوں کو میٹھی گھاس کی طرف ہانک کر چرانا۔ هو مُخِلٌّ کہاوت ہے (جاءُ وا مخلّین فلاقوَ احمُضًا) اس آدمی کے بارے میں جو دھمکی دیتا ہوا آئے اور اپنے سے زیادہ سخت آدمی سے پالا پڑ جائے۔

— فلانًا إلی کذا: محتاج وضرورت مند ہونا۔ کہتے ہیں "ما اخلّك الله الی هٰذا"۔

(خالّهُ) مخالّةً وخِلالًا: درست بنانا "خَالله" (بغیر ادغام کے) بھی کہتے ہیں۔

(خَلَّلَ) الشرابُ: خراب وترش ہونا۔ (۲) سرکہ بن جانا۔

— الخمرَ: سرکہ بنانا۔

— البُسْرَ وغیرہ: کچی کھجوروں کو دھوپ میں رکھنے کے بعد سرکہ ڈال کر مرتبان میں رکھ دینا' اچار بنانا۔

— فلانٌ: سرکہ بنانا۔

— بین الشیئین: وسعت وکشادگی پیدا کرنا۔

— اللحیةَ والاصابعَ: داڑھی اور انگلیوں کے بیچ سے پانی گزارنا' خلال کرنا۔

— اسنانَهُ: دانتوں کا خلال کرنا۔

— الزرعَ: کھیتی کو دیکھتے رہنا اور اس میں جو چیز نہ اگے اس کی جگہ دوسری چیز اگا دینا۔

— فی دعائِهٖ: مخصوص کرنا۔

— (اختلّ) العصیرُ: رس کا سرکہ بن جانا۔

— فلانٌ خَلًّا: سرکہ بنانا۔

— الابلُ: اونٹ کا میٹھی گھاس کھانا۔

— فلانٌ: اونٹوں کا میٹھی گھاس چرانا۔ (۲) فقیر ومحتاج ہونا۔

— العقلُ: عقل کا خراب اور فاسد ہونا۔

— جِسمُ فلانٍ: لاغر وکمزور ہونا۔

— الامرُ: خرابی وبگاڑ پیدا ہونا۔

— فلانٌ: پیاس کا شدید ہونا۔

— الیه: محتاج ہونا۔

— النخلة: کھجور کے درخت کا کچی کھجوریں اگانا۔

— فلانًا وغیرہ بسهمٍ: تیر چبھونا۔

(تخلّلَ) الشیءُ: گھسنا' پار ہونا۔

— الثوبَ: کپڑے کا بوسیدہ اور باریک ہونا۔

— فلانٌ بعدَ الاکلِ: دانتوں کا خلال کرنا۔

— النبیذَ: سرکہ بنانا۔

— الشیءَ: سوراخ کرنا۔

— فلانًا: پے در پے نیزہ مارنا۔

— الدیارَ: شہر کے بیچ سے گزرنا۔

— القومَ: لوگوں میں داخل ہونا اور درمیان میں پہنچنا۔

— الرُّطبَ: کھجور کے درختوں کی شاخوں کی درمیان کھجور تلاش کرنا۔

— البعیرُ الکلأَ بلسانه: اونٹ کا گھاس کو زبان پر لپیٹنا۔

— فلانٌ یتخلّلُ الکلامَ بلسانه: وہ منہ پھاڑ پھاڑ کر بات کرتا ہے۔

(الخَلَالُ): ایسی کچی کھجوریں جو تازہ تازہ پکنا شروع ہوئی ہوں۔

(الخِلَالُ): دو چیز کے درمیان کا خلا' کشادگی: "جَاسُوْا خِلالَ الدیارِ" وہ گھروں کے بیچ میں پھرے (۲) وہ لکڑی جو اونٹ یا گائے کے بچہ کی زبان میں رکھی جاتی ہے تاکہ وہ دودھ نہ پی سکے (۳) خلال کرنے کا تنکا (۴) وہ لکڑی یا پن جس سے کپڑے کے کنارے کو جوڑا جاتا ہے (۵) دانتوں کے درمیان رہ جانے والے کھانے کے ریزے (ج) اَخِلَّةٌ۔

(الخُلَالُ): کھجور کے درخت کی شاخوں کے درمیان میں تلاش کی جانے والی کھجوریں۔ (۲) ہر ایسا عارض جو میٹھی چیز کو ترش کر دے۔

(الخَلَالَةُ): سچی دوستی' جس دوستی میں کھوٹ نہ ہو۔

(الخُلَالَةُ): دلی دوستی (۲) کھجوروں کی شاخوں میں ہر جانے والی کھجوریں (۳) دانتوں کے درمیان رہ جانے والے کھانے کے ریزے (۴) دانتوں سے خلال کر کے نکالے ہوئے کھانے کے ریزے۔

— فلانٌ یاکلُ خُلالَتَهٗ: بخیل آدمی۔

(الخَلَلُ): ہر دو چیزوں کے درمیان کا خلا' شگاف کشادگی۔

— هو خللَهُمْ: وہ ان کے درمیان ہے۔

— جاسَ خَلَلَ الدیار: وہ شہروں کے درمیان گھوما پھرا (۲) خرابی' فساد' ضعف' پراگندگی کہتے ہیں "فی رایه خلل" اس کی رائے میں خرابی ہے (ج) خِلالٌ۔

(الخَلَّالُ): سرکہ بیچنے والا (۲) سرکہ بنانے والا۔

(الخَلُّ): سرکہ (ج) خُلُوْلٌ۔

— الخلُّ والخمرُ: خیر وشر' برائی وبھلائی۔

— ما عند فلان خلٌّ وخمرٌ: نہ اس کے پاس بھلائی ہے نہ برائی۔

— ماله خلٌّ ولاخمرٌ: نہ اس کے پاس بدی ہے نہ نیکی۔ (۲) ترش پن (۳) ریگسانی راستہ (ج) اَخُلٌّ وخِلالٌ (۴) کپڑے کی پھٹن (۵) پرانا کپڑا (۶) گردن کی سر سے ملی ہوئی ایک رگ (۷) تھوڑے سے پروں والا (۸) کمزور لاغر۔

— امُّ الخلّ: شراب۔

(الخِلُّ): گہرا مخلص دوست (اس میں مذکر

ومونث برابر ہیں) (ج) اَخْلَالٌ۔

(الخَلَّةُ): کشادگی (۲) چھوٹا سوراخ۔

(۳) فقر و حاجت۔ میّت کو دعا دیتے ہوئے کہتے ہیں "اللھم اسْدُدْ خَلَّتَهٗ" اے اللہ اس کا خلا پر کردے۔

— فلانٌ ذوخَلَّةٍ: فلاں ضرورت مند ہے یا خواہش مند ہے (۴) راستہ (۵) ریت کا ایک ذرہ (۶) عادت و خصلت۔ کہتے ہیں "فیه خلّةٌ حَسنَةٌ وخلّةٌ سیئةٌ (ج) خِلالٌ (۷) ترش شراب، مزہ بدلی ہوئی شراب (ج) خَلٌّ۔

— امرأةٌ خَلّةٌ: ہلکی پھلکی عورت۔

(الخِلّةُ): دانتوں کے درمیان بچے ہوئے کھانے کے ریزے (۲) چمڑا منڈھی ہوئی تلوار کی میان (۳) تلوار کی میان رکھنے کا کپڑا جس پر سونے کے نقش ونگار بنے ہوتے ہیں (۴) ہر منقش چمڑہ (ج) خِلَلٌ وخِلالٌ۔

— فلانٌ یأکل خِلَلَهٗ: بخیل شخص۔

(الخُلّةُ): ہر وہ گھاس یا پودا جس میں مٹھاس ہو (ضد: الحمض) (۲) ایک کانٹے دار پودا (۳) وہ زمین جس میں ترش پودے نہ ہوں (ج) خُلَلٌ (۴) ایسی دلی دوستی جو سچی اور گہری ہو (۵) دوست (اس میں مذکر مونث اور مفرد تثنیہ جمع برابر ہیں)۔

— خُلّة الانسان: آدمی کے تعلق والے لوگ۔

— خُلّة الرجل: بیوی، اہلیہ (ج) خِلالٌ۔

(الخُلُوْلُ) اُمُّ الخُلُوْلِ: سیپ کی قسم کا ایک دریائی جانور (مج)۔

(الخَلِیْلُ): مخلص دوست فعیل بمعنی مفاعل (۲) ناصح، خیر خواہ (۳) کمزور جسم والا۔

— جسمٌ خلیلٌ: لاغر و کمزور جسم۔

— رجلٌ خلیلٌ: نادار و مفلس آدمی (ج) اَخلاءُ وخُلّان وهی خلیلةٌ (ج) خلائلُ۔

(المُخَلَّلُ): کھیرا اور زیتون وغیرہ جس میں نمک ملا کر پھر سرکہ ڈال کر کھاتے ہیں (مج) (ج) مخلّلاتٌ۔

(خَالَمَهٗ): دوستی کرنا۔

— المرأةَ: عشق و محبت کرنا۔

(خَلَّمَهٗ): اختیار کرنا، پسند کرنا۔

(اِخْتَلَمَهٗ): چننا، اختیار کرنا، منتخب کرنا۔

(الخَالِمُ): ہموار۔

(الخِلْمُ): ہرنی کے پناہ لینے کی جگہ، ٹھکانہ (۲) بکری کی آنت کی چربی (۳) مخلص دوست (۴) عظیم، بڑا۔

— هو خِلْمُ النساء: عورتوں کا دلدادہ۔ (ج) :خُلُوْمٌ واَخلامٌ وخُلُمٌ۔

(الخُلْمَةُ): اِبِلٌ خِلْمَةٌ: آسودگی اور خوشحالی سے چرنے والا اونٹ۔

(خَلَا) (ن) المکانُ والاناءُ وغیرُهما ـ خُلُوًّا وخَلاءً: خالی ہونا۔

— فلانٌ: فارغ ہونا۔

— من الهمّ: غم سے چھٹکارا پانا۔

— المکان من اهله وعن اهله: جگہ کا خالی ویران ہونا۔

— فلانٌ من العیب: عیب سے بری ہونا۔

— فلانٌ من الذّم: الزام سے بری ہونا۔

— وهو منهُ خلاءٌ: وہ اس سے بری ہے۔

— افعل کذا وخلاك ذمٌّ: تم ایسا کرو تمہاری پکڑ نہ ہوگی۔

— الشیءُ: گزر جانا خلا شبابُه" جوانی گزر گئی حضرت جابرؓ کی حدیث ہے (تزوجت امرأة قد خلا منها)۔

— فعلته لخمسٍ خلونَ من الشهر: میں نے یہ کام مہینہ کی پانچ تاریخ کو کیا۔

— فلانٌ: مرجانا (۲) جرم یا گناہ سے بری ہونا۔

— فلانٌ بصاحبه خَلْوًا وخَلْوَةً وخُلُوًّا وخَلاءً: کسی کے ساتھ تنہائی اختیار کرنا "خَلا بنفسه الیه معه" بھی کہتے ہیں۔

— اخْلُ بامرِك: اپنے کام کو یکسوئی سے انجام دو۔

— اخلُ معی حتّٰی اکلّمك: مجھ میں تنہائی میں ملو تاکہ تم سے کچھ بات کروں۔ "کن مَعِی خالِیًا" بھی کہتے ہیں۔

— علی الطعام خلاءً: اکتفا کرنا "خلا علی اللحم اور خلا علی اللبن" یعنی اس نے صرف گوشت اور دودھ پر اکتفا کیا۔

— علیه: اعتماد کرنا۔

— به: مذاق اڑانا، دھوکہ دینا۔

(اَخْلَی) المکانُ والاناءُ وغیرهما: خالی ہونا۔

— فلانٌ: فارغ وتنہا ہونا۔

— الرجُلُ: تنہائی میں ہونا۔

— المرأةُ من زوجٍ: عورت کا بے شوہر ہونا۔

— لهُ الشیءُ: کسی کے لئے کوئی چیز خالی ہونا۔

— بفلانٍ: کسی کے ساتھ تنہا ہونا۔

— بنفسه: خلوت اختیار کرنا۔

— اَخْلِ بامرِك: اپنے کام کو یکسوئی سے کرو۔

— علی بعض الطعام: اکتفا کرنا "اَخْلٰی علی اللبن" بھی کہتے ہیں۔

— المکانَ والاناءَ وغیرهما: خالی کرنا (۲) خالی پانا۔

بطور دعا کے اخلی الله مکانك" کہتے ہیں۔

(خَالَی) القومُ: لوگوں کا زیادہ مال اور زیادہ سرسبزی کی طرف جانا۔

— فلانًا: چھوڑ دینا، (۲) مخالفت کرنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) صلح کرنا۔

— العدوَّ: دشمنی چھوڑ دینا۔

(خَلّٰی) الامرَ: چھوڑ دینا۔

— عنه وسبیلَه: چھوڑ دینا، آزاد کرنا۔

— بینهما: دونوں کو اکٹھا چھوڑ دینا۔

— فلانٌ مکانَه: مرجانا۔

(تَخَالَی) القومُ: باہم حمایتی ہونے کے باوجود دشمن ہوجانا۔

تَخَلّٰی عن الامرِ ومنهُ: چھوڑ دینا۔

— فلانٌ: فارغ ہونا (۲) رفع حاجت کے لئے میدان کی طرف جانا۔

— خُلِیّةً: اپنے لئے شہد کا چھتا تیار کرنا۔

خ

(استخلَی) المکانُ والاناءُ وغیرھما: خالی ہونا۔
—فلانٌ: تنہائی میں عبادت کرنا۔
وفلانًا: تنہائی میں ملاقات کی درخواست کرنا۔
—بہٖ: کسی سے خلوت میں ملنا۔
—فلانًا: کسی سے کہنا "مجھے تنہا چھوڑ دو"۔
— فلانًا مجلِسَه: نشست خالی کرنے کی درخواست کرنا۔
(الخَلَولٰی): باقاعدگی سے دودھ پینا۔
(التّخلاءُ الشحمانیّ): علم طب کے مطابق بچوں کی ایک بیماری (مج)۔
(الخالیُ) من الرجال: کنوارا۔
—الخالیة: کنواری (ج) اخلاءٌ کہاوت ہے: (الذئب خَالِیًا اَسدٌ) ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی رائے، مذہب یا سفر میں جدا گانہ ہو۔
(الخَلَا) اِنَّه لحلوُ الخَلَا: وہ شیریں کلام والا ہے۔
(الخَلَاءُ): کھلی فضا، خلا (۲) وضو خانہ (۳) خلوت گاہ۔
— انامنهُ خلاءٌ: میں اس سے بریٔ الذمہ ہوں۔
—نحن منهُ خلاءٌ: ہم اس سے بری ہیں۔
(الخِلَالَةُ): اسٹیپلر۔ ایک آلہ جس کے ذریعہ چند اوراق کو ملا کر تار کا ٹانکا لگایا جاتا ہے (ج): خَلائل (مج)۔
(الخِلْوُ): بےغم، فارغ البال (مذکر ومونث، تثنیہ جمع کے لئے)۔
— فلانٌ خلوٌ من ھذا الامرِ: فلاں کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں (۲) تنہا آدمی (۳) بے زوجہ، جس کی بیوی نہ ہو۔
(الخَلِیَّةُ): شہد کا چھتہ (۲) وہ اونٹنی جو دودہنے کے لئے چھوڑ دی گئی ہو (۳) وہ اونٹنی جس کا اپنا بچہ نہ رہا اور دوسرا بچہ سامنے کر کے اس کا دودھ نکالا جائے (۴) آزاد اونٹنی جہاں چاہے چرے (۵) بغیر ملاح کے چلنے والی کشتی (۶) بڑی کشتی، بحری جہاز (۷) ایسی کشتی جس کے پیچھے دوسری کشتیاں چلتی ہوں (ج) خَلَایَا (۸) ایسی عورت جس کا خاوند ہو نہ اولاد۔ ھُنّ خلیات (۹) طلاق کے کنایہ کا لفظ، جب خاوند نے طلاق کی نیت کر کے "انتِ خلیّةٌ" کہا تو طلاق واقع ہوجائے گی (ج) خلیّات۔
(الخُلَیة): علم الاحیاء کے مطابق نباتات اور حیوانات کی جسمانی ترکیب کی ایک بہت چھوٹی اکائی جو آنکھ سے دیکھنا ممکن نہیں خلیہ (مج)۔
(المُخَالِیُ) عدوٌّ مخالٍ: عہد شکن دشمن۔
(المِخلاءُ) ناقةٌ مِخلَاءٌ: بچہ سے الگ کی جانے والی اونٹنی۔
(المُخَلَّاةُ) من النوق: بمعنی المِخلاء۔
(خَلَی) (ض) الخَلَی ۔ خلیًا: گھاس توڑنا کاٹنا۔
— الخَلَی فی المخلاةِ: توبرہ میں گھاس اکٹھی کرنا۔
— الماشیةَ: چوپائے کے لئے گھاس اکٹھی کرنا۔
—الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا۔
— اللجامَ عن الفرسِ: گھوڑے کی لگام اتارنا۔
—القدرَ: ہنڈیا وغیرہ کے نیچے لکڑیاں ڈالنا۔
(اَخلَتِ) الارض: زمین کا بہت گھاس والا ہونا۔
—القدرَ: ہنڈیا کے نیچے گوبر جلانا۔
—الدابّةَ: جانور کو تر گھاس کھلانا۔
—اللهُ الماشیةَ: خدا کا جانور کے لئے اس کے کھانے کی گھاس اگانا۔
—الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام ڈالنا۔
(اختلَی) السیفُ: کاٹنا۔
—الخَلَی: گھاس کاٹنا، اکھیڑنا۔
— راسَه: سر کاٹنا، حدیث میں ہے (اذا اختُلِیت فی الحرب ھامُ الاکابر)۔
(الخَلَی): گھاس (۲) تازہ گھاس یا پودے۔ واحد: خَلاةٌ (ج) اَخلاءٌ۔

خ .... م

(خَمِجَ) (س) ۔ خَمَجًا: کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سست ہونا۔
—اللّحمُ: بدبودار ہونا۔
—التمرُ: خراب ہونا۔
— دینُه وخُلُقُه: کسی کا دین یا اخلاق بگڑ جانا۔ ھو خمِیجٌ۔
—فلانًا: کسی کا برائی سے ذکر کرنا۔
(المُخَمَّجُ): رجلٌ مخمج الاخلاق: بداخلاق آدمی۔
(خَمَدَتِ) (ن) النّارُ ۔ خَمْدًا وخُمُودًا: آگ کے شعلہ کا بجھ جانا اور انگارے کا بھڑکنا (۲) آگ کا ٹھنڈا ہوجانا۔
—فُلانٌ: خاموش ہونا (۲) پرسکون ہونا۔
—المریضُ: بےہوش ہونا (۲) مرجانا۔
—الحُمّٰی: بخار ہلکا ہوجانا (۲) بخار اتر جانا۔
(خَمِدَ) (س) خمدًا: بمعنی خمدًا۔
(خَمِدَ) الرجُلُ: خاموش و پرسکون ہونا (۲) کسی بات پر جم جانا۔
—النّارَ: آگ کی آنچ ہلکی کرنا۔
(الخامِدُ): خاموش و پرسکون۔
— قومٌ خامدونَ: بجھی ہوئی راکھ کی طرح فنا ہوجانے والے لوگ۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ}
(الخَمُودُ): آگ دبانے کا گڑھا۔
(خَمَرَ) (ن) منهُ ۔ خَمْرًا: شرم کرنا۔
—فلانًا: شرم کرنا (۲) شراب پلانا۔
—الشیءَ: پوشیدہ کرنا (۲) چھپانا۔
—العجینَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ملانا (۲) آٹے کو بہتر بنانے کے لئے کچھ دیر چھوڑ دینا۔
(خَمِرَ) (س) ۔ خَمَرًا: چکرآنا، گھمیر چڑھنا (۲) شراب کا نشہ ہونا (۳) بیماری لاحق ہونا۔
—المکانُ: کسی جگہ شراب کی کثرت ہونا۔

—الشیئُ: کیفیت بدل جانا۔
—عنه: چھپنا' پوشیدہ ہونا۔
—عنه الخبرُ: کسی سے خبر چھپی رہنا۔
—علی فلان: کسی سے کینہ رکھنا هو خمر۔
(خَمِرَ): شراب کا نشہ ہونا۔هو مخمور۔
(اَخْمَرَ): شراب میں ڈوبا ہوا ہونا (۲) بہت شراب والا ہونا۔
—المرأةُ: عورت کے پاس اوڑھنیاں ہونا۔
—الجاريةُ: لڑکی کا اوڑھنی لینے کی عمر کو پہنچنا۔
— الارضُ: کسی علاقہ میں شراب کی کثرت ہونا۔
—علی فلان: کینہ رکھنا۔
—الخَمْرَ: شراب بنانا۔
الشیئَ: چھپانا کہتے ہیں "اَخْمَرَتْهُ الارضُ عنهُ ومنهُ وعليه"۔
— الشیئَ: چھپانا۔کہتے ہیں "اَخْمَرَ الشهادة ونحوها"۔
—الشیئَ: غافل رہنا۔
—الامرَ: دل میں رکھنا۔
— فلانٌ علی فلان ظنَّةً: کسی کا کسی کے بارے میں بدگمانی رکھنا۔
—فلانًا: دھوکہ دینا' فریب کرنا۔
—العجينَ: آٹے میں خمیر ملانا۔
(خَامَرَ) به: چھپنا' پوشدہ ہونا۔
—فلانٌ: آزاد کو غلام بتا کر بیچنا۔
—الشیئَ: ساتھ لگے رہنا۔
—فلانٌ فلانًا: کسی سے تعلق وملاقات رکھنا۔
—الداءُ: بیماری لاحق ہونا۔
—الشكُّ: شک لاحق ہونا۔
— المكانَ: مستقل قیام پذیر ہونا۔بزدل اور ڈرپوک آدمی کے بارے میں کہا جاتا ہے (خَامِرِي امّ عامرٍ) اس آدمی کے بارے میں جو بزدلی کی وجہ سے ہر چیز سے ڈرتا ہے۔
(خَمَّرَ): شراب بنانا۔
— الشیئَ: ڈھانپنا۔کہتے ہیں خَمَّرَتِ المرأةُ راسَها بالخمار"۔
—المكانَ: مستقل قیام کرنا۔
—العجينَ: آٹے میں خمیر ڈالنا (۲) آٹے کو بہتر ہونے کے لئے رکھ دینا۔
(اِخْتَمَرَتِ) المرأةُ بالخمار: عورت کا اوڑھنی لینا۔
—الخَمْرُ: شراب کا نشہ لانا اور مدہوش کرنا۔
—العجينُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔
(تَخَمَّرَتِ) المرأةُ بالخمار: عورت کا اوڑھنی پہننا۔
—بالخُمْرَةِ: عورت کا چہرہ پر خوشبو لگانا۔
(اِستَخْمَرَ) الرجلَ: غلام بنانا (لغت یمنی)
(الخَمَارُ) من النّاس: لوگوں کی جماعت کثرت۔
(الخُمَارُ) من الناس: لوگوں کی جماعت' کثرت کہتے ہیں "دَخَلَ فلانٌ فی خُمَار الناس" ایسی جگہ داخل ہونا جو لوگوں سے چھپائے اور پوشیدہ کر دے۔
—مِنَ الخمر: وہ شراب جس کے پینے سے سردرد اور چکرآنے کی شکایت ہو (۲) شراب کا نشہ۔
(الخِمَارُ): ہر چھپانے والی چیز۔
— خِمَارُ المرأة: اوڑھنی (۲) پگڑی' عمامہ' حدیث میں ہے (اَنَّه كان يمسحُ علی الخُفِّ والخمار) (ج) اَخمرة وخُمْرٌ وخُمُرٌ۔
(الخَمْرُ): شراب (یہ کبھی مؤنث ہوتی ہے کبھی مذکر) کہاوت ہے (خَمْرُ ابی الروقاء ليست تُسكر) اس مال دار کے بارے میں جس کا کسی پر احسان نہ ہو (۲) انگور (۳) ہر نشہ آور مشروب (ج) خُمُورٌ۔
(الخِمْرُ): کینہ۔
(الخَمَرُ) من الناس: لوگوں کی جماعت۔
(۲) درخت' عمارت یا پہاڑ وغیرہ کی اوٹ جو چھپنے کا ذریعہ ہو۔کہتے ہیں "تواری الصيدُ عنی فی خَمَرِ الوادي"۔ (۳) گھنا درخت۔
— جاءَنا عَلی خَمَرٍ: وہ چپکے سے ہمارے پاس آ گیا۔
(الخَمْرَةُ): بمعنی الخَمْرُ (۲) لوگوں کی جماعت' رش۔
(الخَمَرَةُ): عمدہ خوشبو۔
(الخُمْرَةُ): شراب کا نشہ (۲) چہرہ کے رنگ کی صفائی کے لئے عورتوں کے منہ پر ملنے والی ایک مرکب خوشبو (۳) آٹے میں ڈالا جانے والا خمیر (۴) انگوری شراب کی تلچھٹ (۵) عمدہ خوشبو جیسے وجدت خمرةَ الطيب (۶) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی دھاری دار چٹائی۔
(الخِمْرَة): عمدہ خوشبو جیسے امرأةٌ طيبة الخِمرة" عمدہ خوشبو والی عورت (۲) سرڈھانپنے کا کپڑا کہاوت ہے: (اِنَّ العوان لا تعلّم الخمرةَ)۔تجربہ کار آدمی کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الخَمرِيُّ) من الالوان: جو شراب کے رنگ کے مشابہ ہو۔
(الخَمَّارُ): شراب بیچنے والا۔
(الخَمَّارَةُ): شراب بیچنے کی جگہ (مو)۔
(الخِمِّيرُ): بہت شراب پینے والا۔
(الخَمِيرُ): خمیرا آٹا (مج)۔
(الخَمِيرَةُ): خمیر بنانے کا مسالہ (مج)۔
خَمِيرَةُ اللبنِ: دہی جمانے کا تھوڑا کھٹا دودھ۔
(المُخْتَمِرَةُ): سفید بکری یا گھوڑی۔
(المُخَمَّرَةُ): سفید سر والی بکری۔
(المُسْتَخْمِرُ): بکثرت شراب پینے والا۔
(خَمَسَ) (ن ض) المالَ خَمْسًا: مال کا پانچواں حصہ لینا۔
—فلانًا: کسی کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
—القومَ خَمْسًا: جماعت کا پانچواں فرد بننا۔
—الحبلَ: رسی کو پانچ بل دینا۔
(اَخْمَسُوا): پانچ ہو جانا۔
— فلانٌ: کسی کے اونٹوں کا پانی پر پانچوں دن آنا۔
— الشِّعْرَ: قصیدہ کے ہر قطعہ کو پانچ مصرعوں کا

بنانا۔

—الارضَ: زمین کو پانچویں دن سراب کرنا۔

(الاخماس) خِمْس کی جمع۔ هُمَا فی بردۃٍ اَخْمَاسٍ: یعنی وہ دونوں متفق و متحد ہیں۔

— فلانٌ ضَرَبَ اَخْمَاسًا لأسداسٍ: اس نے مکروفریب کیا۔

— خُمَاسَ: جاءُ واخُمَاسَ: وہ پانچ پانچ آئے۔

(الخَمَاسِیْنُ): موسم بہار کی گرم خشک خاک آلودہ ہوائیں جو مصر میں عام طور پر چلتی ہیں (ع)۔

(الخُمَاسِیُّ) من الغلمان والثّیاب: پانچ بالشت کا کپڑا یا لڑکا۔

(الخَمْسُ): پانچ (مونث کے لئے) هؤ لاء خمسُ نسوۃٍ۔

(الخِمْسُ): پانچواں حصہ ۱/۵ (۲) یمنی چادروں کی ایک قسم (۳) وہ جنگل جس کا پانی دور ہو اور دشواری کی بنا پر اونٹ پانی پینے پانچویں دن آتے ہوں (۴) پانی کی پانچویں دن کی باری یعنی درمیان میں تین دن ہوں۔

(ج) اَخْمَاس۔

(الخُمْسُ): پانچواں حصہ (ج) اَخْمَاس۔

(الخُمُسُ): پانچواں حصہ (ج) اَخْمَاسٌ۔

(الخَمْسَۃُ): پانچ (مذکر کے لئے) هولاء خمسۃُ رجالٍ۔

(الخَمِیْسُ): پانچواں حصہ (ج) اَخْمَاس (۲) جمعرات (ج) اَخْمِسَۃٌ و اَخمِساء و اخامسُ۔ (۳) لشکر جرار جو پانچ دستوں پر مشتمل ہوتا ہے' مقدمہ' قلب' میمنہ' میسرہ' ساق

— ما ادری ایُّ خمیس الناس هو؟: میں نہیں جانتا وہ لوگوں کی جماعت میں کون سے فریق ہے (۴) پانچ ہاتھ لمبا کپڑا یا نیزہ۔

(المَخْمَسُ) جاءوا مَخْمَسَ: - وہ پانچ پانچ ہو کر آئے۔

(المُخَمَّسُ): علم ہندسہ کی وہ شکل جس کے پانچ اضلاع ہوں۔

(المَخْمُوسُ) من الرّماح: پانچ ہاتھ لمبا نیزہ۔

(خَمَشَ) (ن) وجهَهُ خَمْشًا و خُمُوشًا: چہرہ کو ناخن مار کر زخمی کرنا۔

—فلانًا: کسی کو ناخن مار کر زخمی کرنا۔

(خَمَّشَهُ): بمعنی خَمَشَهُ۔

—(تَخَمَّشَ): لازم خَمَّشَهُ۔

—القومُ: لوگوں میں حرکت ہونا۔

(الخامِشَۃُ): چھوٹی نالی (ج) خَوَامِشُ۔

(الخُمَاشَۃُ): من الجروح والجنایات: وہ معمولی زخم یا جرم جس پر کوئی مقررہ دیت نہ ہو (ج) خُمَاشات۔

(الخَمْشُ): خراش' رگڑ (ج) خُمُوشٌ۔

(خَمَصَ) (ن) البطنُ خَمْصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَۃً: پیٹ خالی ہونا' لاغر ہونا۔

— الجوعُ فلانًا: بھوک کا کسی کو کمزور کر دینا اور اس کے پیٹ کو اندر کر دینا۔ هو خمیصٌ (ج) خِمَاصٌ وهی خمیصۃٌ (ج) خِمَاصٌ وخَمَائِصُ۔

— الجُرحُ خَمْصًا و خُمُوصًا: زخم کے ورم کا ختم ہو جانا۔

(خَمِصَ) (س) بَطْنُه خَمَصًا: خَمَصَ' هو خمصانٌ وهی خَمْصَانَۃٌ (ج) خِمَاصٌ۔

— القَدَمُ: پاؤں کے تلوے کا زمین سے اٹھا رہنا۔ هو اَخْمَصُ و هی خَمْصَاءُ (ج) خُمْصٌ۔

(تَخَامَصَ) عنهُ: الگ ہونا' کنارہ کش ہونا۔

— تَخَامَصَ لَهٗ عن حقِّهٖ: اس کا حق ادا کر دو۔

اللیلُ: سحری کے وقت رات کی تاریکی کا ماند پڑنا۔

(انْخَمَصَ) الجرحُ: زخم کی سوجن اتر جانا۔

(الاَخْمَصُ): پاؤں کا تلوا۔ جو زمین سے نہیں لگتا۔

(الخُمْصَانُ): خالی پیٹ والا - و هی خُمْصَانَۃٌ (ج) خِمَاصٌ۔

(الخَمِیْصَۃُ): دھاری دار سیاہ یا سرخ کپڑا۔ حدیث میں ہے (جئتُ الیه وعلیه خمیصَۃٌ)

(المَخْمَصَۃُ): بھوک۔ مقولہ ہے "رُبَّ مَخْمَصَۃٍ شرٌّ من التُّخَمِ" بعض مرتبہ بھوک بدہضمی سے زیادہ نقصان دیتی ہے۔

(خَمَطَ) (ن) اللبنُ و الخَمْرُ و الوعاءُ و نحوهُما ، خَمْطًا وَخُمُوطًا: دودھ شراب اور برتن وغیرہ کی بو اچھی ہونا۔ هو خامِطٌ و خمیطٌ۔

— اللَّبَنَ والخَمْرَ و نَحْوَهُمَا: دودھ اور شراب وغیرہ کو برتن میں رکھنا۔

—اللَّحمَ: گوشت کو بھوننا (۲) نیم پختہ رکھنا۔

—الحَمَلَ والجَدْیَ ونحوَهما: بکری وغیرہ کے بچہ کی کھال اتار کر بھوننا۔ هو خمیطٌ بھنا ہوا (بمعنی مفعول)۔

(خَمِطَ) (س) اللبنُ والخَمْرُ والوعاءُ و نحوهما خَمَطًا: بمعنی خَمَطَ۔

—الرَّجُلُ: تکبر کرنا (۲) غصہ ہونا۔

—خمطت الارضُ: زمین کا خوشبودار ہونا۔

(تَخَمَّطَ) الرجُلُ: تکبر کرنا (۲) سخت غضبناک ہونا' بھڑکنا (۳) غالب آنا۔

—الفَحْلُ: سانڈ کا بلبلانا۔

—البحرُ: سمندر کا موجیں مارنا۔

(الخَمْطُ): عمدہ خوشبو (۲) پیلو کا پھل (۳) ہر درخت کا تھوڑا لگا ہوا پھل (۴) کھٹا' (دودھ وغیرہ) (۵) ہر کڑوی چیز (۶) ہر کڑوی گھاس۔

(الخَمْطَۃُ) من الاراضی: عمدہ خوشبو والی زمین (۲) مشکیزہ کی بو (۳) انگور وغیرہ کے شگوفہ کی بو (۴) ابتدائی ترشی والی شراب جس میں تیزی نہ آئی ہو۔

(الخَمَطَۃُ) من السقاء السقطیءِ: مشکیزہ کی بو۔

(الخَمَّاطُ): گوشت بھوننے والا۔

(خَمَلَ) (ن) المنزلُ خُمُولًا: مکان کے نشانات مٹ جانا۔

—الرجلُ: آدمی کا معروف ومشہور نہ ہونا۔
—ذکرُہ وصِیتُہٗ: نام ونمود باقی نہ رہنا۔
— الصوتُ: آواز کا پست ہونا هو خَامِلٌ۔
حدیث میں ہے: (اذکروا اللہ ذکرًا خاملًا)
—الرجلُ صوتَہٗ خَمْلًا: آدمی کا آواز کو آہستہ اور پست کرنا۔
—البُسْرُ: خام کھجور کو نرم کرنے کے لئے مٹکوں میں رکھنا۔
(خَمِلَ): جوڑوں کی بیماری لاحق ہونا۔
(اَخْمَلَتِ) الارضُ: زمین کا بہت گنجان درختوں والی ہونا۔
—الحائكُ الثوبَ: کپڑے کو روئیں دار بنانا۔
—اللہُ فلانًا: خدا کا کسی کو گمنام کردینا۔
(اِخْتَمَلَ): عمدہ گھاس چرنا۔
(الخَامِلُ): سست و بے حس (ج) خَمَلَةٌ و خُمُلٌ۔
(الخُمَالُ): جوڑوں کی بیماری، جانوروں کی ٹانگوں کی بیماری جس سے لنگڑا پن پیدا ہوجاتا ہے۔
(الخَمَالَةُ): شترمرغ کے پر۔
(الخَمْلُ): شترمرغ کے پر (۲) روآں، چادر کی جھالر (۳) جھالردار چادر۔
— خَمْلُ الْمِعْدَةِ: معدہ کی اندرونی سطح کو ڈھانکنے والے ریشے۔
(الخُمْلُ): مخلص دوست۔
(الخَمْلَةُ): جھالردار چادر۔ چادر۔
(الخِمْلَةُ): جھالردار چادر (۲) آدمی کا باطن، سرشت۔
(الخَمِيْلُ): جھالردار چادر (۲) ثرید (۳) گھنا بادل (۴) جھالردار کپڑا (۵) سیاہ کپڑا۔
(الخَمِيْلَةُ): شترمرغ کے پر (۲) جھالردار چادر (ج) خَمِيْلٌ (۳) گھنے درختوں کا جھنڈ جس کے باہر سے اندر کی چیز دکھائی نہ دے (۴) ہر وہ جگہ جہاں درخت کثرت سے پائے جائیں (۵) خوشگوار عمدہ زمین جس پر جابجا جھالروں کی طرح کے درخت اگے ہوں (ج) خَمَائِلُ۔

(خَمَّ) (ن ض) اللحمُ خَمًّا وخُمُومًا: بھنے ہوئے یا پکے ہوئے گوشت کا بدبودار ہونا (۲) ہلکی بو پیدا ہونا، بالکل خراب نہ ہونا هو خامٌّ و خَمٌّ۔
— اللَّبَنُ: دودھ کا برتن کی بو سے خراب ہونا۔ کہاوت ہے (هو السمنُ لا يخمُّ)۔ ایسے شخص کے بارے میں جس کا ہمیشہ ذکر خیر کیا جائے۔
—فلانٌ: دھاڑیں مار کر رونا۔
—البَيْتَ خَمًّا: گھر میں جھاڑو دینا۔
—البئرَ: کنویں کو صاف کرنا۔
—قَلْبَه: دل کو کینہ، حسد اور کھوٹ سے پاک کرنا۔ هو خامٌّ و المفعول مخمومٌ۔ حدیث میں ہے (سئل ایّ الناس افضل · قال الصادق اللسان المخموم القلب)
—الناقةَ: اونٹنی کا دودھ دوہنا۔
—الشيءَ: کاٹنا۔
—فلانًا بثناءٍ حَسَنٍ: پیٹھ پیچھے خوب تعریف کرنا۔
— فلانٌ يَخُمُّ بثِيابِ فلانٍ: فلاں فلاں کی خوب تعریف کرتا ہے۔
(خُمَّ) الدَّجاجُ: مرغی کو ڈربہ میں بند کیا جانا۔
—الخُمُّ: مرغی کا ڈربہ صاف کیا جانا۔
(اَخَمَّ) اللحمُ واللَّبَنُ: گوشت اور دودھ کا بدبودار ہوجانا۔
(اِخْتَمَّ) البيتَ والبئرَ: گھر یا کنویں کو صاف کرنا۔
—الشيءَ: کاٹنا۔
(تَخَمَّمَ) ما علی الخِوانِ: دسترخوان کے بچے ہوئے ٹکڑے وغیرہ کھانا۔
(الخُمَامَةُ): کنویں وغیرہ سے نکالا ہوا کوڑا، مٹی وغیرہ (۲) جھاڑو سے نکالا ہوا کوڑا (۳) دسترخوان پر بچا ہوا کھانا۔
(الخُمُّ): مرغیوں کا ڈربہ (۲) مرغیوں کے انڈے دینے اور چوزے نکالنے کے لئے بانس کا بنا ہوا ڈربہ (ج) خِمَمَةٌ۔
(الخَمِيْمُ): کاہل وسست آدمی (۲) تازہ دوہا ہوا دودھ (۳) ممدوح، قابل تعریف۔ (حسد وکینہ سے پاک)۔
(المِخَمَّةُ): جھاڑو (ج) مَخَامّ۔
(خَمَنَ) (ن) الشيءَ خَمْنًا: کسی چیز کے بارے میں محض خیال اور وہم سے کوئی بات کہنا۔
(خَمَّنَ) الشيءَ: بمعنی خَمَنَه۔ هو مُخَمِّنٌ۔
(الخَمَنُ): بدبو۔
(الخَمَّانُ): گھٹیا اور رذیل آدمی (۲) کمزور نیزہ۔
(الخَمَّانَةُ): نیزہ کا کمزور ڈنڈا۔

خ............ن

(خَنِبَ) (س) فلانٌ خَنَبًا: ناک کی بیماری میں مبتلا ہونا (۲) ہلاک ہونا (۳) لنگڑا ہوجانا۔
(اَخْنَبَ): ہلاک ہوجانا۔
—اَخْنَبَ: ہلاک کردینا۔
—رِجْلَهُ: پاؤں کو کمزور کرنا (۲) کاٹ دینا۔
(اِخْتَنَبُوا): ہلاک ہوجانا۔
(تَخَنَّبَ): ناک کو پھلانا، تکبر کرنا۔
(الخِنَابُ) من الرِّجالِ: لمبا بھاری بھرکم آدمی (۲) بے وقوف اور دگرگوں آدمی جو کبھی کچھ کرتا ہو اور کبھی کچھ۔
(الخَنَابَةُ): برا اثر (۲) برائی۔
(الخُنْبُ): پنڈلی اور ران کے ملنے کا نچلا حصہ (۲) گھٹنے کا نچلا حصہ (۳) ہر دو پسلیوں اور ہر دو انگلیوں کے درمیان کا فصل (ج) اَخْنَابٌ۔
(الخَنَبُ): ناک کی ایک بیماری جس سے آدمی بات ناک میں گھما کر کرتا ہے۔
(الخَنَبَاتُ): جھوٹ وفریب۔
—هو ذو خَنَبَاتٍ: وہ کبھی کام ٹھیک کرتا ہے کبھی خراب۔
(الخُنُبَاتُ): بمعنی الخَنَبَات۔
(الخَنْبَةُ): فساد، خرابی۔
(الخِنَّابُ): لمبا، تڑنگا آدمی (۲) بہت موٹی ناک

والا۔
(الخَنَّابَةُ): ناک کا بڑا بانسہ مجازاً ناک کی پھنگل (۲) تکبر۔
—الخَنَّابَتَان: ناک کی دونوں جانبیں۔دونوں نتھنے۔حضرت زید بن ثابتؓ کی حدیث میں ہے (وفی الخَنَّابَتَین اذا خُرِمَتَا قال: فی کل واحدة ثلث دیة الأنف)۔
(الخِنَّبُ): لمبا بھاری بھرکم آدمی۔
(المَخْنَبَةُ): ترک تعلق۔
(خَنْبَسَ): مال غنیمت تقسیم کرنا۔
(الخُنَابِسُ): قدیم مضبوط و پائدار۔(۲) شیر' اسدٌ خُنَابِسٌ: دلیر و قوی شیر (ج) خَنَابِسُ (۳) بدشکل موٹا آدمی۔
—لیلٌ خُنَابِسٌ: انتہائی تاریک رات۔
(الخُنَابِسَةُ): وہ مادہ جس کا حمل نمایاں ہو جائے۔
(الخَنْبَسُ): بمعنی الخُنَابِسُ۔
(الخَنْبَسَةُ): خنبسة الاسد: شیر کی چال (۲) شیر کی دلیری۔
(الخَنْبُوسُ): چقماق کا پتھر۔
(خَنَثَ)(ض) السقاءَ خَنْثًا: مشک کی منہ کو اوپر کی جانب موڑ کر اندر کی جانب سے پانی پینا۔
—فلانًا: کسی کا مذاق اڑانا۔
—لهٗ بانفهٖ: ناک چڑھا کر کسی کا مذاق اڑانا۔
(خَنِثَ) (س) الرجلُ خَنَثًا : ہیجڑوں کی طرح حرکتیں کرنا' بدن کو ڈھیلا کر کے بل کھانا' لچکنا۔هو خَنِثٌ۔
(خَنَّثَهٗ): مخنث بنانا' ہیجڑا بنانا۔
—کلامَهٗ: اپنی گفتگو کو عورتوں کی طرح نرم و ملائم بنانا۔
—الشیءَ: موڑنا' جھکانا۔
—السقاءَ: بمعنی خَنَثَه۔
(انْخَنَثَ) الرجلُ: بمعنی خَنِثَ۔
—السِّقاءُ: مشکیزہ میں سلوٹیں پڑنا۔

—العنقُ: گردن ترچھی ہونا۔
(تَخَنَّثَ) الرجلُ خَنِثَ "تَخَنَّثَ فی کلامِهٖ" بھی کہتے ہیں۔
—الرجلُ وغیرُه: ضعف کی وجہ سے گر جانا۔
—الشیءُ: مڑ جانا' جھک جانا۔
(خَنَاثِ): عورت کو بطور گالی کہہ کر پکارا جاتا ہے "یاخناثِ!" اے مٹکنے والی لچکنے والی۔
(الخُنَاثَةُ): ہیجڑا' مخنث۔
(الخِنْثُ): متفرق گروہ (۲) کپڑے کی ایک شکن (ج) أخناث وخِناث۔
—طَوَی الثوبَ عَلَی أخناثِهٖ وخِناثِهٖ: کپڑے کو اس کی سابقہ تہوں پر لپیٹنا۔
—القی اللیلُ أخناثَه علی الارضِ: رات نے زمین پر تاریکی کے اثرات ڈال دیئے (۲) گوشہ دہن (باچھ) کا اندرونی حصہ جو داڑھ سے ملا ہوتا ہے۔
(خُنَث): گالی دینے کے لئے مرد کو کہا جاتا ہے "یا خُنَثُ!"۔
(الخُنْثٰی): ہیجڑا' زنخا' حیوانات وانسان میں نر اور دونوں مادوں کی آمیزش ایسے ہی بعض پھولوں میں نر اور مادہ دونوں کا مادہ پایا جاتا ہے (ج) خُنَاثٰی (مج)۔
(الخُنُوثَةُ): خنثٰی سے بنایا ہوا مصدر' ہیجڑا پن۔
—الخُنُوثَةُ الکاذبةُ: علم الاحیاء کے مطابق کوئی شخص و فرد اپنی حقیقت واصل میں کسی ایک جنس (نر و مادہ) سے ہو اور اس میں دوسری جنس کی صفات نمایاں ہوں (مج)۔
(المِخْنَاثُ): امرأة مخناثٌ: بل کھا کر ناز سے چلنے والی عورت (ج) مخانیث۔
(الخَنْجَرُ): چھرا' چھری (ج) خَنَاجِر۔
(الخِنْجَرُ): بمعنی الخَنْجَرُ (ج) خَنَاجِر۔
(الخَنْجَرَةُ) من النُّوقِ: زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (ج) خَنَاجِر۔
(الخَنْجَرِیرُ) من المیاهِ: بھاری پانی (۲) ہلکا

کھارا پانی۔
(خَنْخَنَ): ناک سے آواز نکالنا۔
(الخُنْدُبُ): بداخلاق آدمی۔
(الخَنْدَرِیسُ): شراب (۲) پرانی شراب۔
—تمرٌ خندریسٌ: پرانی کھجور۔
—حنطةٌ خندریسٌ: پرانی گندم۔
(الخُنْدُعُ): ایک قسم کی ٹڈی۔
(الخُنْدُعُ): کمینہ اور خسیس آدمی۔
(خَنْدَقَ): خندق کھودنا۔
—الخَنْدَقُ: خندق کھد جانا۔
(الخَنْدَقُ): کھائی' کسی جگہ کے چاروں طرف کھودا ہوا گڑھا (۲) میدان جنگ میں دشمن سے حفاظت کے لئے کھودا ہوا لمبا اور گہرا گڑھا (۳) وادی (ج) خَنَادِقُ۔
تَخَنْذَذَ: شوخ و بے حیا ہونا (۲) بہادر اور زورآور ہونا۔
(الخِنْذِیذُ): فصیح وبلیغ شاعر (۲) بلیغ الکلام خطیب ومقرر (۳) باوقار مہذب سردار، (۴) عربوں کے ادب' اشعار اور قبیلوں سے واقف آدمی (۵) بہادر آدمی جس پر حملہ کی صورت نہ نکل سکے (۶) انتہائی سخی اور فیاض (۷) بدزبان اور گالی گلوچ کا عادی (۸) سانڈ (۹) لمبا تڑنگا گھوڑا (۱۰) لمبا اور بلند وبالا پہاڑ (ج) خَنَاذِیذُ۔
(خَنِزَ)(س) اللحمُ وغیرُه خَنَزًا: خراب و بدبودار ہونا۔هو خَنِزٌ حدیث میں ہے (لو لا بنو اسرائیل ما أنتن لحمٌ ولا خَنِزَ الطعامُ۔
(الخَنْزَوانُ): بندر (۲) نر خنزیر۔
(الخُنْزُوَان و الخُنْزُوَانَةُ والخُنزُوا نِیَّةُ والخُنْزُوَةُ): غرور و تکبر۔
(الخُنَّازُ): چھپکلی (۲) وہ یہودی جنہوں نے گوشت کا ذخیرہ کیا یہاں تک کہ وہ خراب ہو گیا۔
(الخُنَّوْزُ): میدان جنگ میں فوج کی آخری صف (۲) بجو۔اسے ام خنوز کہتے ہیں۔

(الخَنِيْزُ): روغن دار روٹی کا ثرید۔
(خَنْزَرَ): خنزیر جیسی حرکت کرنا (۲) گوشۂ چشم سے دیکھنا۔
—الشيءُ: موٹا وسخت ہونا۔
(الخَنَازِيْرُ): گردن کی بیماری جس سے گلے میں گلٹیاں نکل آتی ہیں۔
(الخَنْزَرَةُ): پتھر توڑنے کا بڑا ہتھوڑا۔
(الخِنْزِيْرُ): خنزیر سور (ج) خنازیر۔
(خَنَسَ) (ض) خَنْسًا وخُنُوسًا و خِناسًا: پیچھے ہونا۔
—الطريقُ عنهم: راستہ ان کے پیچھے رہ گیا اور وہ آگے بڑھ گئے۔
—فلانٌ من بينهم: فلاں ان سے الگ ہوکر پیچھے رہ گیا۔
—فلانًا: پیچھے کرنا۔
—الرجُلُ: پیچھے رہنا چھپنا۔
—بہ: کسی کو چھپا دینا (۲) غائب کرنا۔
—الكوكبُ: ستارہ کا چھپ جانا۔ هُوَ خَانِسٌ (ج) خُنَّسٌ۔
—النَّخلةُ: درخت خرما کا تلقیح کا اثر قبول نہ کرنا۔
—مِنْ مالِهِ: کسی مال میں سے کچھ لینا۔
—إصْبَعَه: انگلی پکڑنا۔
(خَنِسَ) (س) خَنَسًا: چپٹی ناک اور ناک کے ابھرے کنارہ والا ہونا۔
—القَدَمُ: پاؤں کا چپٹے تلوے والا ہونا۔ هو أَخْنَسُ وهي خَنساءُ (ج) خُنْسٌ۔
(أَخْنَسَهُ): کسی کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
—عنِّي حَقِّي: اس نے میرا حق روک لیا یا غائب کر دیا۔
(خَنَّسَهُ): بمعنی أَخْنَسَه۔
(اخْتَنَسَ): پیچھے ہونا۔
(انْخَنَسَ): پیچھے ہونا (۲) لوٹنا۔
(تَخَنَّسَ): لازم خَنَّسَه۔
—بہ: غائب کرنا۔
(الأَخْنَسُ): شیر (۲) چیچڑی۔

(الخُنَّاسُ): کھیتی کو بڑھنے سے روکنے والی ایک بیماری۔
(الخَنْساءُ): جنگلی گائے۔
(الخُنُسُ): ہرن (۲) ہرن کا ٹھکانہ۔
(الخَنَّاسُ): شیطان۔
(الخُنَّسُ): متحرک ستارے (۲) پانچ روشن ستارے: زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔
—الليالي الخُنَّسُ: مہینہ کے آخری کی تین راتیں جن میں چاند ظاہر نہیں ہوتا۔
(الخِنَّوْسُ): شیر أَسَدٌ خِنَّوْسٌ بہادر شیر (۲) خنزیر کا بچہ۔
(الخَنُوْسُ) فرسٌ خَنُوْسٌ: سیدھا چلتے چلتے دائیں بائیں مڑ کر چلنے والا گھوڑا (نر اور مادہ دونوں کے لئے) (ج) خُنُسٌ۔
(الخِنْسِيرُ): کمینہ (۲) چالاک۔
(الخَنْسَرِی): کمینگی (۲) دھوکہ (۳) گمراہی (۴) ہلاکت۔
(الخِنْسِيْرُ): کمزور آدمی (۲) چالاک آدمی (ج) خَنَاسِيرُ۔
(الخِنَّوْصُ): ہر چھوٹی چیز (۲) خنزیر کا بچہ (۲) ببر شیر کا بچہ۔
(الخِنْصِرُ): چھوٹی انگلی، چھنگلی (ج) خَنَاصِرُ
فلانٌ تُثْنى بِهِ او اليه الخناصر: وہ شخص جو معزز ہونے کی وجہ سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ زیر بحث آنے کے وقت نقطۂ آغاز سخن ہو۔
—هذا امرٌ تعقد عَلَيه الخَنَاصِر: یہ معاملہ اہم اور قابل توجہ ہے۔
(خَنَعَ) (ف) فلانٌ ـ خَنْعًا وخُنُوْعًا: برا کام کر کے شرمانا اور سر نیچا کرنا۔
—الى المرأةِ: بدکاری کے لئے عورت کے پاس آنا۔
—لَه واليه خنوعًا: کسی کے سامنے عاجزی و انکساری کرنا۔
—الى الامر والشيء: مائل ہونا۔
—بہ: دھوکہ کرنا۔

—فلانٌ النّساءَ: عورتوں میں گھل مل کر رہنا۔ عشق بازی کرنا۔ هو خانِعٌ (ج) خَنَعَةٌ و هي خَنُوْعٌ (ج) خُنُعٌ۔
(أَخْنَعَتْهُ) اليه الحاجة: ضرورت کا کسی کو کسی کے سامنے حقیر و ذلیل کر دینا۔
(خَنَّعَه): کلہاڑے سے کاٹنا۔
—الجَمَلَ: اونٹ کو قابو میں کرنا، سدھانا۔
(الخَنَاعَةُ): ذلت وخواری۔
(الخُنْعَةُ): مجبوری (اضطرار) (۲) بدکاری (۳) غداری، دھوکہ۔
—فلانٌ ذُوخَنَعاتٍ: اس کی طبیعت میں خباثت ہے۔
(الخَنْعَةُ): شک وشبہ (۲) بدکاری۔ اطّلعتُ منه على خنعةٍ" میں اسکی بدکاری پر مطلع ہو گیا ہوں (۳) خالی جگہ "لقيتُه بِخَنْعَةٍ فَقَهَرتُه" میں اسے الگ جگہ ملا اور اس پر قابو پالیا۔
(خَنَفَ) (ض) خَنْفًا و خُنُوْفًا: غرور سے ناک چڑھانا۔
بأنفه عنّي: منہ پھیرنا، ناک چڑھانا۔
—المرأةَ: عورت کا سینہ پر ہاتھ مارنا۔
—الرَّجلُ: غضبناک ہونا۔
—الفرسُ ونحوه خَنْفًا وخِنَافًا: گھوڑے وغیرہ کا دوڑتے ہوئے اپنے سواری کی طرف منہ کرنا (۲) دوڑنے میں اپنے چہرے یا سر کو اپنے سوار کی طرف پھیرنا۔
—البعِيرُ خِنَافًا: اونٹ کا چلتے ہوئے اپنے اگلے کھر کو دائیں طرف کر لینا (۲) چستی کی وجہ سے اپنے ناک کو لگام سے پھیر لینا۔ (۳) نرم کلائیوں والا ہونا۔
— فلانٌ الناقة خَنْفًا: اونٹنی کو چار انگلیوں سے دوہنا اور انگوٹھے کا سہارا لینا۔
—الاترُجَّ ونحوَه بالسكّين: ترنج وغیرہ کو چھری سے کاٹنا۔ هو خَانِفٌ (ج) خوانِف وهو وهي خَنُوْفٌ (ج) خُنُفٌ۔
(خَنِفَ) (س) الصدرُ أو الظهرُ خَنَفًا:

سینہ یا کمر کا ایک حصہ اندر گھسا ہوا ہونا۔ھو اَخنَفُ۔
(الخِنَافُ): گھوڑوں کے بازوؤں کی ایک بیماری۔
(الخُنفَةُ): ترنج وغیرہ کا ٹکڑا۔
(الخَنَفَةُ): بمعنی الخُنفَةُ۔
(الخَنِيفُ): بہت ردی کتان (۲) کتان کا سفید موٹا کپڑا (۳) بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۴) راستہ (ج) خُنُفٌ۔
(المِخنَافُ): وہ آدمی جس کے ہاتھ سے کھیتی اور کھجور کے درخت کی اصلاح کار آمد نہ ہوتی ہو (۲) وہ اونٹ جو اونٹنی کو حاملہ نہ کرسکے۔
(خَنفَسَ) عن القومِ: لوگ سے نفرت کرنا اور پیچھے ہٹنا۔
—عن الامرِ: کسی کام سے دامن بچانا۔
(الخُنفَساءُ): بھنورا' گبریلا' کہاوت ہے "الخُنفُساءُ اذا مُسَّت نَتَّنَت" بد باطن آدمی کے بارے میں بولا جاتا ہے (ج) خُنفُساوات وخَنَافِس۔
(الخُنفُسُ): نر بھنورا' اس کی مادہ خُنفُسَةٌ وخُنفُسَاءُ ہے (۲) بڑا بھنورا۔
(خَنَقَهُ) (ن) ءخَنقًا: گلا گھونٹ کر مار دینا۔: ھو خَانِقٌ والمفعول خَنِقٌ وخَنِيقٌ و مَخنُوقٌ وھی خانقةٌ ومخنوقةٌ۔
—الوقتَ: وقت کو ضائع کرنا۔
(خَنَّقَهُ): بمعنی خَنَقَه۔
— فلانٌ الاربعين: چالیس برس کی عمر کے قریب پہنچنا۔
—الاناءَ ونحوه: برتن بھرنا۔
— السَّرابُ الجبالَ: سراب کا پہاڑوں کی چوٹیوں کو چھونے کے قریب ہونا۔
(اِختَنَقَ): دم گھٹ کر مرجانا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا کانوں کی جڑوں تک پھیلنا۔
—الشَّاةُ: بکری کا گلا گھٹ جانا۔

(الخَانِقُ): دو پہاڑوں کے درمیان تنگ گھاٹی (۲) گلی' کوچہ (لغت یمانی)۔
(خَانِقُ الذِّئبِ): ایک پودا جس سے نشہ آور زہریلا مادہ نکالا جاتا ہے۔اسے خَانِقُ النَّمِر بھی کہتے ہیں۔
(الخَانِقَاهُ): خانقاہ' صوفیوں کا مرکز اصلاح۔
(الخُنَاقُ): سانس رکنے کی بیماری۔
(الخِنَاقُ): گلے کا ہار' مالا (۲) گردن (۳) گلا گھونٹنے والی چیز۔
—اَخَذَ بِخِنَاقِهِ: اس کی گردن پکڑ لی۔
(الخِنَاقَةُ): گلے کا پھندا ۔ اُخِذَ السَّبُعَ بالخِنَاقَةِ۔
(الخُنَاقِيَّةُ): ایک بیماری جو انسانوں اور جانوروں کے حلق میں ہوجاتی ہے' پرندوں کے سر یا حلق اور کبھی گھوڑوں میں بھی ہو جاتی ہے اکثر کبوتروں کو لاحق ہوتی ہے۔
(الخَنَّاقُ): گلا گھونٹنے کا ماہر۔
(الخُنَّاقُ): سانس رکنے کی بیماری (ج) خوانيق۔
(المُختَنَقُ): تنگ جگہ۔
(المِخنَقَةُ): گلے کی مالا۔
(المُخَنَّقُ): گلے میں پھندا ڈالنے کی جگہ۔
—غلامٌ مُخنَّقُ الخَصرِ: پتلی کمر والا لڑکا۔
(خَنَّ) (ض ن) فلانٌ خَنِينًا: رونے یا ہنسنے کی آواز ناک سے نکالنا (۲) بغیر آواز نکالے رونا۔
— فلانٌ القومَ ـُ خَنًّا: قبیلہ کے احاطہ کو روندنا۔
—مالَهُ: مال لے لینا۔
—وعاءَ التَّمرِ وغيرِهِ: کھجور وغیرہ کو برتن سے تھوڑا تھوڑا نکالا۔
(خَنَّ) (س) خَنَنًا وخنينًا وخُنَّةً: ناک میں بولنا۔ھو اَخَنُّ وھی خَنَّاءُ (ج) خُنٌّ۔
(خُنَّ) البعيرُ: اونٹ کو ناک کی بیماری ہونا۔: ھو مخنونٌ۔

(اَخَنَّهُ): کسی کی عقل زائل کرنا۔ھو مخنونٌ (قیاس کے مطابق مفعول مخَنٌّ ہے)۔
(اِستَخنَّتِ) البئرُ: کنویں کا بدبودار ہونا۔
(الخَنَانُ): خوشحالی' آسودگی۔
(الخُنَانُ): زکام کی طرح ناک کی بیماری (۲) پرندوں کے حلق اور آنکھ کی بیماری (۳) اونٹوں کا زکام۔
(الخُنُّ): مرغیوں کا ڈربہ۔
(الخِنُّ): خالی کشتی۔
(الخُنَّةُ): گنگناہٹ۔
(الخُنَينُ): ناک کے نتھنوں کے غدود جن سے سانس رکتا ہے۔
(المَخَنَّةُ): گنگناہٹ (۲) وادی کی تنگ جگہ (۳) ناک (۴) ناک کا کنارہ (۵) بلند جگہ سے پانی گرنے کی جگہ (۶) راستہ کا شروع حصہ (۷) کھلا راستہ (۸) وسط مکان (۹) صحن۔
—مَخَنَّةُ القومِ: قوم کا محفوظ قبیلہ۔
—فلانٌ مَخَنَّةٌ لفُلانٍ: وہ فلاں کے لئے کھانے کا ذریعہ اور سبب ہے۔
(المِخَنَّةُ): گنگناہٹ۔
—سَنَةٌ مُخِنَّةٌ: زرخیزی کا سال۔
(خَنَا) (ن ض) فلانٌ خَنوًا وخَنًا: بیہودہ باتیں کرنا۔خنا في منطِقِهِ بھی کہتے ہیں۔
—الجِذعَ وغيرَهُ خَنيًا: درخت کی جڑ کاٹنا۔
(خَنِيَ) (س) علی فلانٍ في منطِقِهِ خنيً: بدگوئی کرنا' فحش گفتگو کرنا۔
(اَخنَی): خراب کرنا۔
—عليه: فساد انگیزی کرنا۔
—الجَرادُ: ٹڈیوں کے انڈے زیادہ ہونا۔
—المَرعَی: چراگاہ کا بہت گھاس والی ہونا۔
—عليه في منطقه: بدزبانی کرنا۔
—عليه الدَّهرُ: زمانہ کا لمبا ہونا (۲) زمانہ کا ہلاک و برباد کردینا۔
—بِهِ: کسی کو بے یار و مددگار چھوڑنا' وعدہ خلافی کرنا۔حدیث میں ہے (والله ما كان سعدٌ

لیُغْنِیَ بابنه فی شِقَّةٍ مِنْ تَمْرٍ)۔

(الخَنَا): فحش گوئی، بدکلامی۔

—خنا الدھرِ: آفات ومصائب زمانہ۔

(الخَنْوَةُ): دھوکہ (۲) بانس کے بنے ہوئے گھروں میں درمیانی خلا۔

خ.........و

(خَابَ)(ن) خَوْبًا: فقیر ہونا۔

(الخَوْبَةُ): بارش سے تر دو زمینوں کے درمیان خشک زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو (۲) بھوک (۳) فاقہ جیسی اصابتهم خوبَةٌ تلب، تلب بن ثعلبہؓ کی حدیث میں ہے (اصاب رسولَ اللهﷺ خَوْبَةٌ فاستقرضَ مِنِّيْ طعامًا)۔

(خَاتَ)(ن)البازی او العقابُ،خوتًا: باز یا عقاب کے شکار پر حملہ کی وجہ سے پھڑپھڑاہٹ سنائی دینا۔

—فلانٌ: عہد شکنی کرنا، وعدہ خلافی کرنا۔ (۲) جمع کردہ غلہ کم کرنا (۳) عمر رسیدہ ہونا۔

—الشئَ: اُچک لینا۔

—فلانًا: دھتکارنا۔

—مَالَه: کسی کے مال میں کمی کرنا۔

(خَاوَتَ)طرفهُ دونِي: اس نے مجھ سے نگاہ چرالی۔

(خَوَّتَ)البازی بمعنی خات۔

— الطائرُ: آواز نکالنا۔خوّت الشیءُ بھی کہتے ہیں۔

(اُختَاتَ)الحدیثَ: بات کے کچھ حصہ کو تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔

— انّھم یختاتون اللیل: وہ رات کو سفر کرتے ہیں اور ڈاکہ ڈالتے ہیں۔

— الذئبُ الشاةَ: بھیڑیے کا بکری کو دھوکہ دے کر پکڑ لینا۔

—البازی او العقاب بمعنی خات۔

(انخاتَ)البازی او العقاب بمعنی خات۔

(تَخوّتَ)الشئَ: اچک لینا۔

—الحدیثَ: بات کا کچھ حصہ تھوڑا تھوڑا کر کے یاد کرنا۔

—مَالَهُ: مال کم کرنا۔

(الخَائِتَةُ): وہ عقاب جس کے شکار پر ٹوٹ پڑنے کی آواز سنائی دے۔

(الخَوْتَعُ۔الخوتَعَةُ): (دیکھئے:ختع)۔

(الخَوْتَلُ): (دیکھئے:ختل)۔

(خَوِثَ)(س)خَوَثًا: پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا۔

هو اَخْوَثُ وهي خَوْثاءُ۔

— البَطْنُ والصدْرُ: سینہ اور پیٹ کا بھرا ہوا ہونا۔

(الخَوْثاءُ)من النساءِ: بھرے ہوئے بدن کی نرم ونازک لڑکی۔

(الخَوْجَلُ): (دیکھئے: خجل)۔

(اخاخَ)العشبُ: گھاس کم اور پوشیدہ ہونا۔

(الخَوْخُ): آڑو یا پلم کا درخت یا پھل۔

(الخَوْخَةُ): روشندان (۲) بڑے گیٹ کے اندر چھوٹا دروازہ (۳) دو مکانوں کے درمیان راستہ۔

(خَوَّدَ): کچھ کھانا یا لینا۔ خوّد شیئًا من الطعامِ۔

—البعیرُ وغیرُہ: تیز چلنا۔

(تَخَوَّدَ)الغصنُ: ٹہنی کا جھکنا (۲) مائل ہونا۔

(الخَوْدُ): نازک اور اچھے جسم کی نوجوان عورت (ج)خُوْدٌوخوداتٌ۔

(خَاوَذَ) عنه مُخَاوَذَةً وخِوَاذًا: ہٹ جانا، الگ ہو جانا۔

—فُلانًا اِلَی الشیءِ: کسی طرف جانے اور آنے میں ایک دوسرے کے برعکس ہونا۔

—الحُمّٰی فلانًا: کسی کو بار بار بخار آنا۔مقولہ ہے: (خاوِذُوا وِرْدَکم تُرَوُّوا نَعَمَکُم) پانی کے حوض پر باری باری آیا جایا کرو تو اپنے اونٹوں کو سیراب کرسکو گے۔

—فلانٌ یخاوذنا بالزیارةِ: وہ ہم پر نگاہ رکھتا ہے۔

(تَخَاوَذُوہ): کسی سے معاہدہ کرنا۔

(تَخَوَّذَہ): کسی پر نگاہ رکھنا۔

(الخُوْذانُ)فلانٌ مِنْ خُوذانِ القومِ: فلاں اپنی قوم کا معمولی اور بے حیثیت آدمی ہے۔

ذَهَبَ فی خُوذانِ الخاملِ: وہ باکمال لوگوں سے پیچھے رہ گیا۔

(الخُوْذَةُ): ہیلمٹ،خود(مع)(ج) خُوَذٌ۔

(خَارَ) (ن) الثَّوْرُ خَوْرًا و خُوَارًا: بیل کا آواز نکالنا۔

—فلانٌ خُؤورًا: سست و کمزور ہونا۔هو خَائِرٌ وخَوَّارٌ۔

—الحَرُّ والبَرْدُ: گرمی اور سردی کم ہو جانا۔

—فُلانًا خَوْرًا: کسی کی دبر زخمی کرنا۔

(خَوِرَ)(س) الرجُلُ خَوَرًا: بمعنی خارَ۔

(خَوَّرَ)فلانٌ: بمعنی خارَ۔

—فُلانًا: کمزور وڈھیلا قرار دینا۔

(تَخَاوَرَت) الثِّیْرانُ: بیلوں کا مل کر چیخنا۔

(اسْتَخَارَ) الرجُلَ: کسی سے رحم کی درخواست کرنا۔

—الضَّبُعَ: بجو کے بل کے سوراخ میں لکڑی لگانا تاکہ وہ دوسری طرف سے نکل جائے۔

(الخُوَارُ): گائے، بیل، بکری اور ہرن کی آواز، تیروں کی آواز۔

(الخَوْرُ): دو بلندیوں کے درمیان نشیبی زمین (۲) سمندر میں پانی گرنے کی جگہ (۳) خلیج۔

(الخُوْرُ) من النساءِ: وہ عورتیں جو فساد طبع اور کم عقلی کی بناء پر انتہائی شکی ہوں (اس کا واحد نہیں ہے)۔

(الخَوْرَانُ): دبر (۲) لید نکلنے کی جگہ (ج) خوارین وخورانات۔

(الخَوَّارُ) من الجمال: پتلا اور خوبصورت اونٹ (ج) خَوَّارات۔

—فرسٌ خَوَّارُ العِنَانِ: قابو میں رہنے والا تیز رفتار گھوڑا۔

—من الرماحِ: نیزہ کا وہ حصہ جو سخت نہ ہو۔

— مِنَ الزِّنادِ: بہت شعلہ دینے والا چقماق (ج) خُورٌ۔

(الخَوَّارَةُ) : بہت دودھ دینے والی اور آسانی سے دوہے جانے والی اونٹنی (۲) بہت پھل لانے والا کھجور کا درخت (۳) نرم وہموار زمین (ج) خُوْرٌ۔
(الخَوْرمة): (دیکھئے: خرم)۔
(الخَوْرَنَقُ): (دیکھئے: خرنق)۔
(خَازَهٗ)(ن) خَوْزًا : کسی کی دیکھ بھال کرنا (۲) دشمنی کرنا۔
(الخازباز): (دیکھئے: خزبز)۔
(الخوزبُ): (دیکھئے: خزب)۔
(الخَوْزَرٰی): (دیکھئے: خزر)۔
(الخَوْزَلٰی): (دیکھئے: خزل)۔
(خَاشَ) (ن) فلانٌ خَوْشًا : لوگوں کے مجمع میں گھس جانا (۲) لوٹنا۔
—فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا۔
—الشیءَ: کوئی چیز برتن میں ڈالنا۔
—منهُ کذا: لے لینا۔
—التراب وغیرہ فی الوعاء: کسی چیز میں مٹی وغیرہ بھرنا۔ جیسے : "خَاشَ التُّراب فی الجُوَالِق" بورے میں مٹی بھرنا۔
(خَاوَشَ)الشیءَ : اٹھانا (خَاوَشَ جنبَه عن الفِراشِ): بستر سے اٹھنا۔
(خَوَّشَ) فلانًا حقَّه: حق میں کمی کرنا۔
(تَخَوَّشَ) بدنُه: موٹاپے کے بعد کمزور ہونا۔ تَخَوَّشَ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔
—الشیءُ: کم ہونا۔
—الشیءَ: کم کرنا۔
(الخَوْشُ) : انسان وغیرہ کی کوکھ، پہلو وھما خَوْشان۔
(الخَوْشَانُ): ایک قسم کی ترش سبزی نما گھاس جو کھائی جاتی ہے۔
(الخَوْشَقُ): خوشہ میں باقی رہ جانی والی کھجوریں (۲) ہر خراب وردی چیز (ج) خَوَاشِقُ۔
— (خَاصَ)(ن)العَطَاءَ خَوْصًا : عطیہ میں کمی کرنا۔

(خَوِصَ) (س) خَوَصًا : چھوٹی اور دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا (۲) ایک چھوٹی اور ایک بڑی آنکھ والا ہونا۔ ھو اَخْوَصُ وھی خوصاءُ۔
—البِئْرُ : کنویں کے پانی اتنا گہرا ہونا کہ اس سے سیرابی مشکل ہو۔
—الشاۃُ: سفید بکری کی ایک آنکھ سیاہ اور دوسری سفید ہونا۔
(اَخْوَصَتِ)النخلۃُ : کھجور کے درخت کا پتے دار ہونا۔
—الخُوصُ: کھجور کے پتے نکلنا۔
—الشَّجَرُ : درخت پر پتے نکلنا۔
(اَخَاصَتِ)النَّخْلَةُ بمعنی : اَخْوَصَتْ۔
(خَاوَصَ) مُخَاوَصَةً : آنکھوں کو ذرا چھوٹا کر کے تیر کی طرح تیز نگاہ ڈالنا۔
—فلانٌ فلانًا: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔ "خَاوَصَهُ البیعَ" بھی کہتے ہیں۔
(خَوَّصَتِ)الفَسِیْلَةُ : کھجور کے پودے کی شاخیں کھل جانا۔
—النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا پتوں دار ہونا۔
—الارضُ: زمین کا ارطیٰ نامی پودے کے پتوں والی ہونا۔
—الشَّجَرُ: درخت پر تھوڑے تھوڑے پتے لگنا۔
—راسُه: سر کے بال سفید ہونا۔
—فیه الشیبُ وخَوَّصَه : سیاہ اور سفید بالوں کا برابر ہونا۔
—فلانٌ: کسی کا پہلے شرفاء کا اکرام کرنا پھر رذیل لوگوں کا۔
—التَّاجَ : کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتھروں سے تاج کو آراستہ کرنا۔
—العَطَاءَ: عطیہ کو کم کرنا۔
—خَوِّصْ مَا اعطاك: تم کو جو ملے سو لے لو۔
—اِنَّهُ لیُخَوِّصُ من مالِه: اس شخص کے بارے میں جو اچھے اور خراب مال کو ملا کر دیتا ہو۔
(تَخَاوَصَ) بمعنی خَاوَصَ۔
—النُّجومُ: غروب کے قریب ہونے کی وجہ سے ستاروں کا چھوٹا ہونا۔
(تَخَوَّصَ): ایک چیز کے بعد دوسری چیز لینا۔
—العَطِیَّةَ : عطیہ تھوڑا ہونے کے باوجود لے لینا۔
(اِخْوَاصَتِ) الشَّاۃُ بمعنی خَوِصَتْ۔
(الخَوَصُ): تھوڑی چیز۔
(الخُوْصُ): کھجور و ناریل وغیرہ کے پتے کہاوت ہے: (اَرْضٌ من العُشب بالخُوصة) یعنی اگر تھوڑی چیز بھی میسر آئے تو قناعت کرلو۔
(الخوصاءُ) ریحٌ خوصاءُ: انتہائی گرم ہوا جس کی شدت سے آنکھیں چندھیا جائیں۔
(الدَّمِعُ) امرأةٌ دَمِعَةٌ: جلدی رونے والی اور زیادہ آنسو بہانے والی عورت۔

(الدَّمْعَانُ) قَدَحٌ دَمْعَانٌ: لبالب بھرا ہوا پیالہ۔

(الدَّمْعَةُ): آنسو کا قطرہ (ج) دَمْعٌ۔ (جج) اَدْمُعٌ وَدُمُوْعٌ۔

—شرب دمعة الكرم: اس نے شراب پی۔

(الدماع) یوم دماع: پھوار، ہلکی بارش والا دن۔

(الدُّمَّاعُ): انگور کی بیل سے نکلنے والا رس۔

(۲) پیدائش کے بعد بچہ کا سر کا ہلتا ہوا حصہ۔

(الدَّمُوْعُ) عینٌ دَمُوْعٌ: زیادہ آنسو بہانے والی آنکھ(۲) جلدی رونے والی آنکھ۔

—ثَرًی دموعٌ: وہ تر مٹی جس سے پانی نکل رہا ہو یا نکلنے کے قریب ہو۔

(الدَّمِیْعُ) من الرجال: جلد رو پڑنے والا، زیادہ آنسو بہانے والا آدمی (ج) دَمْعٰی و دُمَعَاءُ وھی دمیعةٌ (ج) دَمْعٰی و دُمَعاءُ۔

(المَدْمَعُ): آنسو بہنے کی جگہ(۲) آنکھوں کے گوشوں میں آنسو جمع ہونے کی جگہ (ج)

مدامع۔
(دَمَغَ) (ف) فلانًا دَمْغًا: ایسا زخم لگانا جس کا اثر دماغ تک پہنچ جائے (۲) دماغ نکال دینا۔ هو وهی دَمِیْغٌ (ج) دَمْغٰی۔
— الشمسُ فلانًا: سورج کی تپش کا دماغ کو تکلیف دینا۔
— فلانًا: غالب آنا' برتری حاصل کرنا۔ جیسے دَمَغَ الحقُّ الباطل حق نے باطل کومٹادیا۔ قرآن مجید میں ہے: {بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ}۔
— المعدن ونحوہٗ: دھات وغیرہ پرنشان ڈالنایا کسی خاص شکل میں ڈھالنا(محدثہ)۔
(اَدْمَغَ) الطعامَ: بغیر چبائے کھانے کونگلنا۔
۔فلانًا إلی کذا: کسی کوکسی شے کا محتاج بنانا۔
(دَمَّغَ) الثریدۃ بالدَّسَم: ثرید وغیرہ کوروغن ملا کرزم کرنا۔
(الدَّامغۃُ): دماغ تک پہنچنے والا زخم جس سے آدمی مرجاتا ہے (۲) دوکھڑی لکڑیوں کے درمیان میں لگائی ہوئی لکڑی جس سے مشک کولٹکایا جاتا ہے (۳) وہ لوہا جس سے پالان کا پچھلا حصہ باندھا جاتا ہے۔
(الدَّاموغُ. والدَّاموغۃُ): زخم ڈالنے والی چیز۔
(الدِّمَاغ): بھیجا' دماغ (۲) سر (ج) ادمغۃ۔
(اَلدَّمْغَۃُ): مہر (مج)۔
(دمغۃُ المسکوکات): سکوں پر لگی ہوئی سرکاری مہر جس سے وزن کی تصدیق ہوتی ہے (مج)۔
(دَمَقَ) (ن) دُمُوْقًا: بغیر اجازت کے اچانک داخل ہونا۔ جیسے دَمَقَ علی القوم ودَمَقَ فی المکان۔
— القومُ فی الخَمْرِ: شراب پر ٹوٹ پڑنا اور خوب پینا۔
— الشیءَ: اچک لینا۔
— فی غیرہٖ: ایک چیز کو دوسری میں پیوست کر دینا۔ هو مدموق ودمیق۔
— فاہٗ: دانت توڑ دینا۔
(دَمَّقَ) العجین: گوندھے ہوئے آٹے کا خشکا لگانا۔
(اندمَقَ) راسُ الفخذ: ران کے سر کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
— فیہ ومنہ: نکلنا۔
(الدَّمَقُ): انسان کو ہر طرف سے گھیرنے والی ایسی ٹھنڈی ہوا جو ہلاک کرنے کے قریب ہو۔
(دَمْقَسَ) الثَّوبَ: ریشم کا کپڑا بنا۔ هو مُدَمْقَس۔
—(الدِّمَقْاسُ وَالدِّمَقْسُ): ریشم۔
امرؤالقیس کا شعر ہے

فَظَلَّ العَذَارٰی یرتمین بِلَحْمِهَا
وشحمٍ کَهُدّاب الدِّمَقسِ المفتَّل

(دَمَكَ) (ن) فی مشیہ دُمُوْكًا: تیز چلنا۔
— الشیءُ: چکنا ہونا۔
— الشمسُ فی الجوِّ دَمْكًا: سورج کا بلند ہونا۔
— الشیءَ: کوٹنا' پیسنا۔
— الرِّشَاءَ: رسی کو بٹنا۔ هو دامكٌ ودَمُوْكٌ والمفعولُ مَدْمُوْكٌ۔
(الدَّمُوْكُ) رحیً دَمُوْكٌ: تیز پیسنے والی چکی (ج) دُمُكٌ۔
(المِدْمَاكُ): چنائی میں اینٹوں کا ایک ردا۔ (۲) معمار کا سوت جس کے ذریعہ اینٹوں کا ردا درست کیا جاتا ہے (۲) پتھر توڑنے کا آلہ۔
(المِدْمَكُ): بیلن (روٹی کو پھیلانے کا آلہ)۔
(دَمَلَ) (ن) الدُّمَّلَ دَمْلاً ودَمَلانًا: پھوڑے کا علاج کرنا۔
— الأرضَ: زمین میں کھاد ڈال کر درست کرنا۔ هو دامِلٌ ودَمَّالٌ۔
— القومَ: لوگوں کے ساتھ گھل مل جانا اور ان کی باتوں کو اپنالینا۔
(دَمِلَ) (س) جُرْحَۃٌ دَمَلاً: زخم کا درست ہونا۔
(اَدْمَلَ) الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(دامَلَه): کسی کے ساتھ معاملہ ٹھیک کرنے کے لئے نرمی سے پیش آنا۔
(ادّمل) الجرحُ: زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
(اندمَلَ) الجرحُ: زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
— المریضُ: مریض کا مرض یا زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
(تَدَامَلَ) القومُ: باہم صلح کرلینا۔
(تَدَمَّلَتِ) الارضُ: زمین کا کھاد کی وجہ سے درست ہونا۔
(الدَّمَال): کھاد (۲) پرانی بد بودار کھجوریں (۳) کھجور جو پکنے سے پہلے ہی خراب اور سیاہ ہوگئی ہو (۴) سمندر سے آیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
(الدُّمَلُ): پھوڑا۔
(الدُّمَّلُ): پھوڑا (ج) دَمَامِل ودَمامِیل۔
(دَمْلَجَ) الشیءَ دَمْلَجَۃً ودِمْلاجًا: ملانا' برابر کرنا۔
(دُمْلِجَ) جسمُه: گٹھے ہوئے گوشت والا ہونا۔
(الدُّمْلَجُ والدُّمْلُوجُ): بازو بند' کنگن۔ (۲) چکنا پتھر (ج) دمالج ودمالیج۔
(دَمْلَقَ) الشیءَ: برابر کرنا' چکنا کرنا۔
(الدُّمْلُوْقُ والدُّمَالِقُ): گول اور چکنا (ج) دمالیق۔
(دَمْلَكَ) الشیءَ: چکنا اور گول کرنا۔ هو مُدملك۔
(تَدَمْلَكَ) الشیءُ: چکنا اور گول ہونا۔
— ثَدْیُ الجاریۃ: لڑکی کے پستانوں کا گول اور اٹھا ہوا ہونا۔
(الدُّمْلُوك): گول سیاہ پتھر (ج) دمالیك۔
(دَمَّ) (ن ض) دمامۃ: بدشکل ہونا' جسم کا چھوٹا اور بھدا ہونا (۲) برا ہونا۔ هو دمیمٌ (ج) دِمَامٌ وهی دمیمۃٌ (ج) دِمَامٌ ودَمَائمُ۔
۔علی الشیءِ: ڈھانپ دینا۔ جیسے دَمَّ علیه

القبرَ۔
—الوجهَ: منہ پر پاؤڈر وغیرہ ملنا۔
—الثَّوبَ: کپڑے کو رنگنا۔
—البیتَ: گھر میں قلعی کرنا' سفیدی کرنا۔
—السفینةَ: کشتی یا جہاز پر تارکول ملنا۔
—العینَ الوَجعَةَ: دکھتی آنکھ پر لیپ کرنا۔
—الصدْعَ بالدَّمِ والشَّعْرِ المُحْرَقِ: بال جلا کر خون میں ملا کر پھٹن پر ملنا۔
—الارْضَ: زمین کو ہموار کرنا۔
—الکمأۃَ: سانپ کی چھتری کو مٹی سے ڈھانکنا
—الیربوعُ قُمَّ جحرہ: جنگلی چوہے کا مٹی سے اپنے بل کو بند کرنا۔
—جُحْرَہٗ: جانور کا اپنے بھٹ کو صاف کرنا۔
—فلاناً: سخت تکلیف دینا (۲) سر کچلنا۔دَمَّ رأْسَہ بھی کہتے ہیں (۳) مارنا۔
—القومَ: ہلاک کرنا۔تباہ و برباد کرنا۔
(دُمَّ) الجسدُ: بدن پر گوشت چڑھ جانا کہ ہڈیاں چھپ جائیں۔دُمَّ وجھُہ بھی کہا جاتا ہے۔
(دَمَّ) (س) دَمَامَةً: بدشکل ہونا۔چھوٹے اور بھدے جسم والا ہونا۔ھو دَمیمٌ (ج) دِمَامٌ وھی دمیمةٌ (ج) دِمامٌ ودَمائمُ۔
(اَدَمَّ) فلانٌ: بدخلقت بچہ جننا۔(۲) برا کام کرنا۔
(الدَّامَّاءُ): جنگلی چوہے کا بل (۲) وہ مٹی جسے جنگلی چوہا جمع کرتا ہے اور اس کو بل سے نکال کر اس کا دروازہ اس مٹی کے ذریعہ برابر کرتا ہے (ج) دوامُّ۔
(الدِّمَامُ): سرخی جو عورتیں چہرہ پر خوشنمائی کے لئے استعمال کرتی ہیں (۳) ہر وہ چیز جو چہرے پر ملی جائے۔
(الدَّمُّ) بمعنی الدَّم (دیکھئے: دم ی)۔
(الدَّیْمُوْمُ والدَّیمومةُ): وہ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔
(المِدَمَّةُ): دندانوں والا لکڑی کا آلہ جس سے زمین کو ہموار کیا جاتا ہے۔

(دَمَنَ) (ن) الأَرْضَ دَمْنًا: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(دَمِنَ) (س) قَلْبُهُ دَمَنًا: کینہ رکھنا' کہتے ہیں: دَمِنَ فلانٌ علی فلان۔
—علی الشيءِ: لازم پکڑنا' پابند ہونا۔
(اَدْمَنَ) الشرابَ ونحوہٗ: شراب وغیرہ کا پابند و عادی ہونا۔
—الامرَ وعلیه: ہمیشگی اختیار کرنا۔
(دَمَّنَتِ) الماشیةُ المکانَ: جانور کا کسی جگہ کو غلاظت گاہ بنا دینا۔
—الماءَ: جانور کا پانی میں پیشاب کرنا۔
—القومُ الموضعَ: لوگوں کا کسی جگہ کو کالا اور گندا کرنا اور کوڑے کا ڈھیر بنانا۔
—بابَہٗ: کسی کے دروازہ پر پڑے رہنا' الگ نہ ہونا۔
(تدمَّنَ) المکانُ والماءُ: پانی یا کسی جگہ اونٹ یا بکری کی مینگنیاں کرنا۔
(الاَدْمَانُ): کھجور کے درخت کا تعفن اور سیاہی۔
(الدَّمَانُ): کھاد (۲) ریت (راکھ' کھجور کے درخت کی بوسیدگی)۔
(الدَّمَّانُ): زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
(الدَّمُّوْنُ): برا' بدشکل۔
(الدِّمْنُ): کھاد' غلاظت۔
—فلانٌ دِمْنُ مالٍ: فلاں مال کا محافظ ہے اس سے الگ نہیں ہوتا۔
(الدِّمْنَةُ): لوگوں کے چھوڑے ہوئے نشانات (۲) گھر کے نشانات (۳) کوڑا خانہ (۴) پانی کے حوض کے پاس مٹی میں ملی ہوئی اونٹوں کی مینگنیاں (۵) حوض میں بچا ہوا پانی (ج) دِمَن و دِمَن۔(۶) پرانا کینہ و دشمنی (۷) کنبہ۔
فلان دمنة مال: وہ مال سے الگ نہیں ہوتا۔
(دَمِيَ) (س) الجرحُ دَمًى و دَمْيًا: زخم سے خون نکلنا اور نہ بہنا۔ھو دَمٍ۔
(اَدْمٰی) فلاناً: کسی کو مار کر خون نکالنا۔

(۲) کسی کے ناک سے خون نکالنا۔
—الجرحَ: زخم سے خون نکالنا۔
(دَمّٰی) الجرحَ: زخم سے خون نکالنا۔
—لَه: خون بہا کر تقرب حاصل کرنا۔
—الشيءَ: مزین کرنا۔
—الشاةَ: بکری کو چرا کر خوب موٹا کر دینا۔
—الفَتَاةَ: لڑکی کو آراستہ کرنا۔کہتے ہیں: خُذْ مَا دَمّٰی لك: جو تم چاہو لے لو۔
(اِسْتَدْمٰی) الرجلُ: خون ٹپکنا۔
—الانفُ: نکسیر پھوٹنا۔
—غَرِیْمَهٗ: قرض دار سے نرمی کے ساتھ اپنا قرض وصول کرنا۔
(الدَّامِيْ): خون آلود۔
دامی الشَّفَتَیْنِ: وہ شخص جس کے ہونٹوں میں خون چمکتا ہو (۲) وہ شخص جو اپنے مطالبہ میں اٹل ہو۔
(الدَّامِیَةُ): سر کا زخم جس سے خون نکلے لیکن بہے نہیں۔
(الدَّمُ): خون (ج) دِمَاءٌ ودُمِيٌّ۔
—دَمُ الاَخَوَیْنِ: ایک دوا کا نام۔
(الدَّمَةُ): خون کا ٹکڑا۔
(الدُّمْیَةُ): ہاتھی دانت وغیرہ کی بنی ہوئی تصویر۔اس سے حسن میں تشبیہ دی جاتی ہے (۲) تراشا ہوا حسین بت (۳) گڑیا۔(ج) دُمًی۔
(المُدَمّٰی): گہرا سرخ' ثوبٌ مُدَمّٰی وخیلٌ مُدَمَّاة (۲) وہ تیر جسے تیر انداز ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں۔

د.........ن

(دَنَأَ) (س) دَنَأً: جھکے ہوئے سر اور مڑے ہوئے سینہ والا ہونا۔ھُوَ اَدْنَأُ وھی دَنْآءُ۔
(دَنُؤَ) (ک) دنوءا ودناءةً: کمینہ ہونا۔
(اَدْنَأَ): کمینی حرکت کرنا۔
(تَدَنَّأَ) بمعنی دَنُؤَ۔
—فلانٌ نفسه: کمینگی پر اتر آنا۔

(الدنیء): خسیس و کمینہ (ج) دنأء و ادنیاء واَدناءٌ۔

(الدَّنِیئَۃُ): عیب، کمینگی، گھٹیا درجہ کی بات (ج) دَنَایَا۔

(الدَّنِیَّۃُ) بمعنی الدَّنِیئَۃُ۔

(دنح) (ف) دُنُوحًا: سر جھکانا (۲) ذلیل و تابع ہونا۔

(الدِّنْحُ): عیسائیوں کا ایک تہوار (حضرت عیسیٰؑ کے ظہور کا تہوار جو ۶ جنوری کو منایا جاتا ہے) (مع)۔

(دَنَخَ) (ف) دَنَخَانًا: بوجھ کی وجہ سے بھاری قدموں سے چلنا۔

(دَنَّخت) الکرۃُ: گیند کا پچک جانا۔

(دَنْدَنَ) الرجلُ: ایسی ہلکی آواز سے بات کرنا جو سنی تو جائے لیکن سمجھ میں نہ آئے۔

—فلانٌ: ہلکی آواز میں گنگنانا۔

—الذبابُ: مکھیوں کا بھنبھنانا۔

—فلانٌ: کسی جگہ آمدورفت رکھنا۔

(دَنَّرَ) الوجهُ: چہرہ کا روشن چمکدار ہونا۔

—الذهبَ: سونے کا دینار بنانا۔ دنَّر الدنانیرَ بھی کہتے ہیں۔

—الثوبَ: کپڑے پر دینار جیسے نقش ونگار بنانا۔

(دُنِّرَ) فلانٌ: بہت دیناروں والا ہونا۔

(تَدَنَّرَ): چہرہ کا روشن اور چمکدار ہونا۔

(الدِّینارُ): دینار۔ سونے کا قدیم سکہ۔

—حشیشۃُ الدینار: (دیکھئے: حشش)۔

(دَنِسَ) (س) ثوبُه دَنَسًا و دَنَاسۃ: کپڑے کا میلا اور غلاظت آلود ہونا۔

—عرضُه وخلقُه: عزت و اخلاق کا عیب دار ہونا۔ ھو دَنِسٌ (ج) اَدناس۔

(دَنَّسَ) ثوبَه: کپڑے کو میلا کرنا۔

—عرضَه وخلقَه: عزت واخلاق کو بٹہ لگانا۔

(تَدَنَّسَ) الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔

(الدَّنَسُ): میل (ج) اَدناس۔

(الدَّنَعُ): اونٹ کا وہ گوشت جسے ذبح کرنے والا پھینک دیتا ہے۔

(دَنِفَ) (س) المریضُ دَنَفًا: مرض کا بڑھنا (۲) موت کے قریب ہونا۔ ھو دَنِفٌ (ج) اَدناف وھو وھی وھم دَنَفٌ۔

—الشمسُ: سورج کا زرد اور چھپنے کے قریب ہونا۔

—الامرُ: کسی چیز کا قریب ہونا۔

(اَدْنَفَ) المریضُ بمعنی دَنِفَ۔ اَدْنَفَهُ المرضُ بھی کہتے ہیں۔

(الدَّنَفُ): سخت بیماری (۲) وہ مریض جس کو سخت بیماری لاحق ہوئی ہو۔

(دَنَقَ) (ن) دُنُوقًا: باریک بین ہونا، باریکیاں نکالنا۔

(دَنَّقَ) وجهُه: چہرہ پر بیماری یا تھکاوٹ کے اثرات ظاہر ہونا۔

—الشمسُ: سورج کا غروب کے قریب ہونا۔

—البخیلُ: کنجوس آدمی کا اخراجات میں تنگی کرنا۔ (۲) حسابی باریکیاں نکالنا۔

—فی معاملاتِه: اپنے معاملات کی چھان بین کرنا۔

(الدَّانِقُ): درہم کا چھٹا حصہ (۲) دبلا، نظروں سے گرا ہوا (ج) دوانق ودوانیق۔

(الدَّوانیقیّ) معاملات اور حسابات کی تدقیق وچھان بین کرنے والا۔ اسی مناسبت سے ابوجعفر منصور کو اس نام سے پکارا گیا۔

(دَنْقَسَ): عاجزی وانکساری سے سر جھکانا۔

(دَنْقَعَ) الرجلُ: فقیر ہونا۔

(دَنَّ) (ض) الذبابُ ونحوهُ دَنِینًا: مکھی کا بھنبھنانا۔

—فلانٌ: گنگنانا، غیر واضح کلام کرنا۔

(دَنَّ) (س) الرجلُ دَنَنًا: کوزہ پشت ہونا، کبڑا ہونا۔

ھو اَدَنُّ وھی دَنَّاءُ (ج) دُنٌّ۔

—البیتُ: گھر کی چھت بنانا۔

(اَدَنَّ) بالمکان: کسی جگہ قیام پذیر ہونا۔

(دَنَّنَ) بمعنی دَنَّ۔

(الدِّنَانَۃُ): کوزہ گری، مٹکے اور صراحیاں بنانے کا کام۔

(الدَّنُّ): مٹکا، مٹی کا بڑا برتن۔

(الدَّنَّانُ): مٹکے بنانے ولا۔

(دَنَا) (ن) منه والیه وله دُنُوًّا ودَنَاوَۃً: قریب ہونا۔ ھو دانٍ (ج) دُناۃٌ۔

(اَدْنٰی) الشیءُ: قریب ہونا۔

—الحاملُ: حاملہ عورت یا مادہ کا ولادت کے قریب ہونا۔ ھی مُدْنٍ ومُدْنِیۃ۔

الشیءَ: قریب ہونا۔

—السِّترَ او الثوبَ: پردہ یا کپڑا لٹکانا۔ قرآن مجید میں ہے: {قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ}۔

—بین الشیئین: دو چیزوں کو قریب کرنا۔

—القیدَ فی الدابۃِ: جانور کی بیڑی کو تنگ کرنا۔

(دَنّٰی) بمعنی اَدْنٰی۔

(تَدَانٰی) القومُ: باہم قریب ہونا۔

(اِسْتَدْنَاهُ): قریب ہونا۔

(الاَدْنٰی): قریب تر، نزدیک ترین۔

(الدَّانیۃ) مؤنث الدانی۔ فلان فی دنیا دانیۃ وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔

(الدُّنَا): الدنیا کی جمع (۲) نیکی یا بدی اور آدمی کے قریب۔

(الدنیا) مؤنث الادنٰی: دنیا، موجودہ زندگی۔

—ھوا بن عمّی دنیا دُنْیًا: وہ میرا قریبی چچا زاد بھائی ہے۔

—ھو یعیش فی دنیا الاحلام: وہ خوابوں کی دنیا میں رہتا ہے۔

—دنیا السّرور: خوشی کا عالم (ج) دُنًی۔

(دِنْیا): ھو ابن عمی دِنْیًا و دِنْیَا: وہ میرا قریبی رشتہ دار یعنی چچا زاد بھائی ہے۔

د .... ه

(دَه دَه): اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔
(دَهٍ دَهٍ): کہتے ہیں: إلاَّ دَهٍ فلا دَهٍ: اگر یہ بات اب نہ ہوئی تو کبھی نہ ہوگی۔
(الدَّهْبُ): شکست خوردہ لشکر۔
(دَهْبَلَ): دوسرے سے آگے بڑھنے کے لئے بڑے بڑے لقمے بنانا۔
—اللُّقمةَ العظيمةَ: بڑے لقمہ کو نگلنا۔
(دَهَثَهُ) (ف) دَهْثًا: ہاتھ سے دھکا دینا۔
(۲) بہت زور سے روندھنا۔
(الدَّهْثَمُ) من الأمكنة: روندی ہوئی ہموار اور نرم زمین (۲) نرم مزاج آدمی۔ رجل دهثم الخُلق بھی کہتے ہیں (۳) سخی و فیاض آدمی (۴) سخت اونٹ (۵) سمندر۔
(دَهْدَقَ) في ضحكه دَهْدقةً: بڑے طریقہ سے ہنسنا (۲) زیادہ ہنسنا۔
القطعةُ من اللحمِ: گوشت کی بوٹی کا ابلتے وقت اوپر نیچے ہونا۔
—الشيءَ دهدقةً ودِهْداقًا: توڑنا۔
—اللحمَ: گوشت کاٹنا اور ہڈیاں توڑنا۔
(الدِّهداقُ): بری ہنسی (۲) تیز رفتاری۔
(دهدم) البناءَ: عمارت کو ڈھانا اور ملبہ کو الٹ پلٹ کر دینا۔
(تَدَهْدَمَ): لازم دَهْدَمه۔
دهده تدهده
(الدَّهْدَاه): چھوٹے اونٹ (۲) اونٹوں کی بڑی تعداد (ج) دهادِه۔
(الدَّهْدَهان): سو سے زیادہ تعداد میں اونٹ (۲) بڑا اونٹ۔
(الدَّهْدَهَةُ) بمعنی الدَّهْدَهان۔
(دَهْدَى) الحجَرَ، دهداةً ودهداءً: لڑھکانا۔
—الشيءَ: توڑ کر اوپر نیچے کرنا۔
(دَهَرَ) (ف) القومَ وبهم أمرٌ دهرا: لوگوں پر آفت آ جانا۔ دهرهم الجزع: ان پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔
(دَاهَرَهُ): مُدَاهَرَةً ودِهَارًا: لمبے اور غیر معینہ عرصہ تک کوئی معاملہ کرنا۔
— استأجَرَه مُدَاهَرَةً ودِهَارًا: ہمیشہ کے لئے کوئی چیز کرائے پر لینا۔
(دَهْوَرَ) الشيءَ: گڑھے میں گرا دینا، پستی کی طرف لانا۔
—كلامَه: مسلسل بولتے رہنا۔
—الحائطَ: دیوار کو دھکا دے کر گرا دینا۔
(تَدَهْوَرَ) الرَّملُ: اکثر حصہ ٹوٹ کر گر جانا۔
—الشيءُ: اوپر سے نیچے کی طرف آنا۔
—الليلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔
(الدَّاهِرُ) دهرٌ داهرٌ: طویل عرصہ، لمبا زمانہ (۲) سخت (۳) لا آتيه دهرَ الداهرين: میں اس کے پاس کبھی نہ آؤں گا۔
(الدَّاهِرَةُ): مؤنث الداهر۔ لمبی عورت کو کہتے ہیں: انها الداهرة الطول۔
(الدَّهَارِيرُ): گذشتہ زمانہ کا اول حصہ۔ (اس کا واحد نہیں) كان هذا في دهر الدهارير (۲) مصائب وحوادثات زمانہ۔ دهرٌ دهارير سخت زمانہ۔
—دُهورٌ دَهاريرُ: مختلف زمانے۔
(الدَّهْرُ): زمانۂ دراز (۲) دنیاوی زندگی کا پورا ایک زمانہ (۳) زمانہ (تھوڑا ہو یا زیادہ) (۴) ایک ہزار سال (۵) ایک لاکھ سال (۶) مصیبت و عذاب (۷) ہمت و ارادہ (۸) انتہاء مقصد جیسے ما دهري كذا: میرا اس سے کوئی مقصد نہیں۔ ما دهري كذا: میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں (۹) عادت (۱۰) غلبہ (ج) أدهُرٌ ودُهُورٌ۔ كان ذلك دَهرَ النجم: یہ بات اس وقت کی ہے جب اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو پیدا کیا یعنی قدیم زمانہ کی بات ہے۔
(الدَّهَرُ) بمعنی الدَّهْرُ (ج) أدهار۔
(الدَّهْرِيُّ): دہریہ، کمیونسٹ، جو آخرت پر یقین نہ رکھتا ہو اور زمانے کی بقاء کا قائل ہو۔
(الدُّهْرِيُّ): پرانا، عمر رسیدہ (۲) ماہر و ہوشیار۔
(الدَّهْوَرِيُّ): سخت و قوی آدمی۔
(الدَّهِير) دهرٌ دهيرٌ: سخت زمانہ۔
(دَهْرَجَ): تیز چلنا۔
(دَهِسَ) (س) المكانُ دَهَسًا: جگہ کا نرم ہونا۔
—امرأة: عورت کا بڑی سرین والی ہونا۔
—العَنزُ والرملُ: بکری یا ریت کا سیاہی مائل ہونا۔ هو ادهس وهي دهساء (ج) دهسٌ۔
(دَهُسَ) (ک) دَهَاسةً ودُهُوسَةً: خوش اخلاق و نرم مزاج ہونا۔
(أدهَسَ): نرم جگہ پر چلنا (۲) نرم جگہ ٹھہرنا۔
—المكانُ: زیادہ نرم جگہوں والا مقام۔
(ادْهَاسَّ) النبتُ والأرضُ والعنزُ: روئیدگی، زمین اور بکری کا رنگ ہلکا سرخی و سبزی مائل ہونا۔
(الدَّهَاسُ): نرم جگہ (جہاں نہ ریت ہو نہ گارا نہ مٹی)۔ (۲) ہر انتہائی نرم چیز۔
—رجلٌ دَهَاسٌ: خوش اخلاق آدمی۔
—امرأةٌ دهاسٌ: بڑے سرین والی عورت۔
(الدَّهْسُ): نرم جگہ جہاں نہ ریت ہو نہ مٹی (۲) وہ زمین جس پر نہ زمین کا رنگ غالب ہو اور نہ نباتات کا بلکہ ایسا رنگ جو ابتدائی روئیدگی میں ہوتا ہے (۳) وہ پودا جس میں ہرا رنگ غالب نہ ہو (ج) أدهَاسٌ۔
(الدُّهْسَةُ): ریت کا رنگ جس پر ہلکی سی سیاہی ہو۔
(الدَّهَّاسُ): نرم مزاج آدمی۔
(الدَّهْوَسُ): شیر۔
(دَهَشَهُ) (ف) خَطْبٌ دَهْشًا: حیران ہونا (۲) ہوش اڑنا، ہکا بکا رہ جانا۔
(دَهِشَ) (س) دَهَشًا: حیران ہونا (۲) عقل ختم ہونا، ہکا بکا رہنا (عشق و محبت و گھبراہٹ کی وجہ سے) هو دهش۔
(دُهِشَ) بمعنی دهش، هو مَدْهوشٌ۔
(ادهشه) الحياءُ وغيرهُ بمعنی دَهَشَه۔

(دَهَّش) بمعنی دَهِش۔
(دَهْشَرَ) الرجلُ: پھرتی کے ساتھ کشتی لڑنا۔
—الامرَ: کسی کام کونرمی برتے بغیر کرنا۔
(الدَّهشرَةُ): بڑی اونٹنی۔
(دَهَفَ) (ف) الشيءَ دَهْفًا: زیادہ لینا۔
(أَدْهَفَ) الشيءَ بمعنی دهفه۔
(الدَّاهِفُ): زیادہ چلنے سے عاجز ودرماندہ۔
(الدَّاهفةُ): مؤنث الداهف (۲) اجنبی عورت۔
(دَهَقَ) (ف) الكَأسَ دَهْقًا وَدِهَاقًا: پیالہ یا گلاس کوبھرنا۔
—الماءَ: پانی کوزور سے انڈیلنا۔
—الشيءَ: کسی چیز کوتوڑنا اور کاٹنا (۲) زور سے نچوڑنا (۳) ہاتھ سے دبا کر دیکھنا۔
—فلانًا: مارنا۔
(أَدْهَقَ) الكَأسَ والماءَ: پیالے کو لبا لب بھرنا۔ پانی کوزور سے گرانا۔
—فلانًا: جلدی کروانا۔
(دَهَّقَ) الشيءَ: تنگ کرنا (۲) نچوڑنا (۳) توڑنا۔
(إِدَّهَقَتِ) الحجارةُ: پتھروں کا باہم جڑ جانا' مضبوط ہوجانا۔
—الشيءَ: توڑنا (۲) نچوڑنا۔
(الدِّهَاقُ) كَأسٌ دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا جام (۲) پینے والوں کے لئے لگا تار چھلکتا ہوا جام (۳) صاف وشفاف۔
—ماءٌ دِهاقٌ: بہت زیادہ پانی۔
(الدَّهَقُ): شکنجہ جس میں پنڈلی کوبطورسزا کے کسا جاتا ہے (۲) شکنجہ میں کھنچوانے کی سزا۔
(الدَّهْقَةُ): مال کی مقدار۔
(دَهْقَنَ) فلانٌ: مال کا زیادہ ہونا۔
—القومُ فلانًا: لوگوں کا کسی کوسردار بنانا۔
—الطعامَ: کھانے کونرم وملائم کرنا۔
(تَدَهْقَنَ) الرجلُ: سردار بننا (۲) مال کا زیادہ ہونا (۳) عقلمند بننا۔

(الدُّهْقَان): گاؤں کا سردار' چوہدری۔
(۲) صوبہ کا گورنر (۳) تجربہ کار' ماہر' منتظم (۴) جاگیردار (۵) تاجر (ج) دَهَاقِنة و دَهاقِينُ (مع)۔
(دَهَكَ) (ف) الشيءَ دَهْكًا: کوٹنا' پیسنا (۲) توڑنا۔
—الارضَ: پیروں سے روندنا۔
(الدَّهُوكُ): چکی (ج) دُهُكٌ۔
(تَدَهْكَرَ) فلانٌ: لڑکھڑا کر چلنا۔
—المرأةُ: عورت کا مٹکنا۔
—عليه: کسی پر تیزی کے ساتھ کود پڑنا۔
(الدَّهْكَرُ): کوتاہ قد۔
(تَدَهْكَمَ): کسی سنگین معاملہ میں کود پڑنا۔
— على فلان: کسی کے سامنے بڑا بننا' زور دکھانا۔
(الدَّهْكَمُ): شيخ الفاني: قريب المرگ بوڑھا۔
(الدَّاهِلُ): پریشان وحیران وسرگرداں آدمی۔
(مقلوب: داله)۔
(الدَّهْلُ): تھوڑی چیز (۲) تھوڑا سا وقت۔
مطى منَ اللَّيْلِ دَهْلٌ: رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔ بقي دهلٌ من الليل: رات کا کچھ حصہ باقی ہے۔
(الدِّهْلِيْزُ): ڈیوڑھی ۔گھر اور دروازہ کے درمیان کا راستہ (۲) محراب (مع) (ج) دَهالِيزُ۔
— أبناءُ الدهاليز: گزرگاہوں سے اٹھالئے جانے والے بچے۔
(دَهَمَهُ) (ف) أَمْرٌ دَهْمًا: اچانک کوئی معاملہ پیش آنا (۲) کسی معاملہ کا سر پر آ پڑنا۔
— القومُ فلانًا: کسی کے پاس ایک ہی مرتبہ جماعت کی صورت میں آنا۔
(دَهِمَ) (س) دهمة: کالا ہونا۔
— الابل: اونٹوں کی سفیدی غائب ہوکر سیاہی مائل ہوجانا۔ هو أَدْهَمُ وهي دَهْماءُ۔ (ج)

دُهْمٌ۔
—فلانًا أَمْرٌ دَهْمًا بمعنی دَهَمَه۔
(أَدْهَمَهُ): مجبور کرنا۔تکلیف میں مبتلا کرنا۔
(دَهَّمَتِ) النارُ القدرَ: آگ کا ہانڈی کوسیاہ کرنا۔
(ادْهَمَّ) الفرسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔
—ادهمّت القِدْرُ: ہانڈی کا سیاہ ہونا۔
(ادهامّ) الشيُ: سیاہ ہونا۔
— الزرعُ: کھیتی پر آب پاشی کی وجہ سے قدرے سیاہی آ جانا۔قرآن مجید میں ہے: {مُدْهَامَّتَانِ} وہ دونوں زیادہ سبزی کی وجہ سے سیاہ ہوگئے۔
(الأَدْهَمُ): گھر کے پرانے نشانات (ج) دُهْمٌ (۲) قید' بیڑی (ج) أَدَاهِم۔
(الدَّهامُ): سیاہ۔
(الدَّهْمُ): بڑی تعداد۔جاءَ هَمُ من الناس' جيشٌ دهمٌ: بڑا لشکر۔ کہتے ہیں ما ادری ایّ الدَّهْمِ هو؟ خدا جانے وہ کون سی مخلوق ہے (۲) بہت بڑی مصیبت (ج) دُهُوْمٌ۔
(الدَّهْماءُ): مؤنث الأَدْهَم (۲) قمری مہینہ کی ۲۹ویں رات (۳) خالص سرخ رنگ کی بھیڑ ۔(۴) حديقةٌ دهماءُ: سیاہی مائل سرسبز و شاداب باغ (۵) عامۃ الناس (۶) آدمی کا چہرہ (۷) ایک گھاس جو ڈنٹھل اور پتوں دار ہوتی ہے اور اس پر سرخ پھول آتے ہیں اس سے چمڑہ کو دباغت بھی دی جاتی ہے (ج) دُهْمٌ۔
(الدُّهْمَةُ): سیاہی (۲) اونٹوں کا گہرا بھورا سیاہی مائل رنگ۔
(الدُّهَيْمُ): بیوقوف۔ الدُّهَيْمُ وامُّ الدُّهَيْمِ: آفت ومصیبت۔
(الدُّهَيْماءُ): مصیبت' آفت زمانہ (۲) بھیانک مصیبت۔
(الدَّهْمَثَةُ) أَرضٌ دَهْمَثَةٌ: نرم زمین۔
(الدُّهْمُوْثُ): شریف وکریم آدمی۔
(دَهْمَجَ) الرجلُ أَو البَعيرُ: قدم ملا کر تیز

چلنا۔

— الهَرِمُ: بوڑھے آدمی کا اس طرح چلنا جیسے بیڑی پڑا آدمی چلتا ہے یعنی آہستہ چلنا۔

(۲) غیر متوازن طور پر چلنا۔

— الخَبَرَ: کسی بات میں اپنے پاس سے اضافہ کرنا۔

(الدُّهَامِجُ): قدم ملا کر چلنے والا (۲) بہت بڑی چیز (۳) دو کوہان والی اونٹنی۔

(الدَّهَمَّجُ): دیوہیکل چیز (۲) نرم وکشادہ۔

(دَهْمَسَ) الامرَ: چھپانا۔

— فلانًا: کسی سے سرگوشی کرنا (۲) حملہ کر کے زیر کرنا۔

(دَهْمَقَ) فی الشَّیءِ: جلدی کرنا۔

— الشیءَ: توڑنا۔

— الطحینَ: آٹے کو باریک کرنا، میدہ بنانا۔

— الطعامَ: کھانے کو عمدہ اور لذیذ بنانا۔

— الفاتِلُ الوترَ: تانت بنانے والے کا تانت کو اوّل سے آخر تک یکساں بٹنا۔

— الکاتبُ الکتابَ: کتاب کو بہتر بنانا۔

— القَدَّاحُ القِدَاحَ: تیر سازوں کا تیروں کو بہتر بنانا (۲) تیروں کو چیرنا۔

— الکلامَ: عمدہ اسلوب سے کلام کرنا۔

(الدُّهَامِقُ): نرم مٹی۔ کہتے ہیں: ارض دُهَامِقُ: نرم وپیلی زمین۔

(دَهَنَتِ) (ن) الناقةُ دَهَانةً ودهانًا: دودھ کا تھوڑا ہونا۔

— فلانٌ دَهْنًا: منافق ہونا۔

— فلانًا: کسی کے ساتھ نفاق برتنا۔

— الشعرَ والرأسَ وغیرَهما: بالوں یا سر وغیرہ کو تیل لگانا۔

— المطرُ الارضَ: بارش کا زمین کو تھوڑا تھوڑا تر کرنا۔

— فلانٌ الارضَ: زمین کو درست کرنا (۲) زمین میں کھاد ڈالنا۔

— فلانًا بالعصا: لاٹھی مارنا۔

(دَهُنَت) (ک) الناقةُ دَهانةً ودِهانًا بمعنی: دَهَنَتْ۔ هی دَهِینٌ (ج) دُهُنٌ۔

(اَدْهَنَ): خلاف ضمیر بات کرنا (۲) دھوکا دینا، فریب کرنا (۳) چبا چبا کر بات کرنا۔

— فی الأمرِ: کسی معاملہ میں نرمی برتنا۔

— علیه: باقی رکھنا۔

— الجلدَ: کھال کو تیل سے نرم کرنا۔

— فلانًا: نرمی برتنا، رواداری کرنا۔

(دَهَّنَ) الشعرَ والرَّأسَ وغیرَهما بمعنی دَهَنَه۔

(دَاهَنَ) مُدَاهنةً ودِهَانًا: خلاف ضمیر بات کرنا۔

— فلانًا: دھوکہ دینا (۲) ملاوٹ کرنا۔

(۳) دلجوئی کرنا لگانا، اچھا سلوک کرنا۔

(ادَّهَنَ): تیل اِدَّهَنَ بِالدُّهْنِ۔

(تَدَهَّنَ): تیل لگانا۔

(اِدْهَانَّ): تیل لگانا۔

(تَمَدْهَنَ): تیل کی شیشی لینا۔

(الدَّاهِنُ) لحیةٌ داهِنٌ: تیل لگی ہوئی داڑھی۔

(الدِّهَانُ): پھسلاہٹ والی جگہ (۲) چکنا راستہ (۳) سرخ جلد (۴) پینٹ، ہر وہ روغن یا تیل یا پالش وغیرہ جو کسی چیز پر ملا جائے۔ (۵) زیتون کے تیل کی تلچھٹ۔

(الدَّهَّانُ): تیل بیچنے والا (۲) تیل کا کاروبار کرنے والا۔

(الدَّهْنُ): تھوڑی سی بارش جس سے زمین کچھ تر ہوجائے (ج) دِهان۔

(الدِّهْنُ): درندوں کیلئے ایک مہلک درخت۔

(الدُّهْنُ): حیوانات اور نباتات میں پایا جانے والا ایک منجمد چکنا مادہ۔ یہی مادہ جب سیال ہوجاتا ہے تو اسے تیل کہتے ہیں۔ (مج)

(۲) اتنی بارش جس سے زمین تر ہوجائے۔ (ج) اَدهان ودِهان۔

(الدَّهْنَاءُ): صحرا، بیابان (۲) سرخ گھاس جس سے دباغت دی جائے۔

(الدُّهْنَةُ): تھوڑا سا تیل۔

(هو طیّبُ الدّهنة): وہ خوشبودار ہے۔

(الدَّهِینُ) شَعْرٌ دهینٌ ولحیةٌ دهینٌ: تیل لگے ہوئے بال اور داڑھی۔ رجلٌ دَهِینٌ: کمزور آدمی۔ اتی بامرٍ دهینٍ: اس نے معمولی کام کیا۔

— ظَنَّ بناظنًّا دهینًا: اس نے ہمارے بارے میں اچھا گمان قائم نہیں کیا۔

(المُدْهُنُ): تیل لگانے کا آلہ (۲) تیل کی شیشی۔

(المُدْهُنَةُ): تیل کی شیشی۔ تیل کی کپی۔

(۲) پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے۔

(۳) سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والا گڑھا (ج) مَدَاهِنُ۔

(المُدَهَّنُ) قَومٌ مُدَهَّنُونَ: جن لوگوں پر نعمت کے آثار ظاہر ہوں۔

(دُهْوَرَ): (دیکھئے: دهر)

(تدهور): (دیکھئے دھر)

(الدَّهْوَرِیُّ): (دیکھئے: دھر)

(دهاه) (ن) دَهْوًا: مصیبت پہنچنا (۲) عقل مند وسمجھدار قرار دینا۔

— الداهیةُ: مصیبت کا اترنا۔

(دَهاه) (ف) دَهْیًا ودِهایةً: مصیبت میں ڈالنا۔ ما دهاكَ؟ تم پر کیا آفت آئی؟ (۲) عقلمند قرار دینا (۳) عیب نکالنا، نامکمن قرار دینا۔

(دَهِیَ) (س) دَهاءً ودهاءةً ودَهْیًا: صاحب بصیرت چالاک و ہوشیار ہونا۔ هو داهٍ (ج) دُهاةٌ وهو دهٍ (ج) دَهُونٌ۔

(دَهُوَ) (ک) الرجلُ دهاءً: عقل مند ہونا۔ هو دهیٌّ (ج) اَدْهیاءُ ودُهَوَاءُ۔

(اَدْهَی) الرجلُ: عقلمند اولا دوالا ہونا۔

— فلانًا: عقل مند پانا۔

(دَاهَاهُ): مصیبت پہنچنا۔

(دَهَّاهُ): ہوشیار و چالاک قرار دینا۔

(تَدَهَّی) بمعنی دَهِیَ۔

(الدَّاهِی): شیر۔

(الدَّاهِيَة) رجلٌ داهيةٌ: صاحب بصیرت معاملہ فہم آدمی (۲) مصیبت وآفت (ج) دواہٍ
دواهي الدهرِ: آفات ومصائب زمانہ۔
(الدَّهَاءُ): عقل (۲) رائے کی عمدگی۔
(الدَّهْوُ): عقل۔
(الدَّهْوَاءُ) داهيةٌ دهواءُ: سخت مصیبت۔
(الدُّهْوِيَّةُ) داهيةٌ دُهْوِيَّةٌ: زبردست مصیبت۔
(الدَّهْيُ): ناپسندیدہ بات۔
(الدَّهْيَاءُ) دَاهيةٌ دهْيَاءُ: زبردست مصیبت۔

د............ء

(دَاءَ) (ف) الرجلُ دوْءًا وداء وداءةً: بیماری لاحق ہونا۔ هو داءٌ (ج) أدواءٌ وهي داءٌ وداءةٌ کہتے ہیں۔ قد دِئْتَ یارجل: جناب آپ تو بیمار ہو گئے ہیں۔
(أداءَ) الرجلُ: بیمار ہونا۔
—جوفُهُ: پیٹ میں درد ہونا۔
—فلانًا: بیمار کر دینا۔
—فلانٌ: شک میں پڑنا۔
—فلانًا: شک میں ڈالنا۔
(أدْوَأَ) الرجلُ: بیمار ہونا (۲) شک کرنا۔
—فلانًا: شک میں ڈالنا۔
(الدَّاءُ): بیماری، مرض (ظاہری ہو یا باطنی) (۲) عیب (ظاہری ہو یا باطنی) فلانٌ مَيِّتُ الدَّاءِ: فلاں آدمی اپنے ساتھ برائی کرنے والے سے بغض نہیں رکھتا۔
—داءُ الاسد: بخار، زکام۔
—داءُ الظبي: صحت وچستی۔
—داءُ الملوك: نقرس کی بیماری، گٹھیا۔
—داءُ الكرم: قرض ونا داری۔
—داءُ الضرائر: دائمی فتنہ۔
—داءُ البطن: زبردست فتنہ وفساد۔
—داءُ الذئب: بھوک (ج) أدواء۔
(الدَّيِّئُ): بیمار، مریض۔

د.........و

(الدُّوبارَةُ): دوہرا دھاگا یا ڈورا جس سے سلائی کی جائے (فارسی لفظ)۔
(الدَّوْبَلُ): (دیکھئے: دبل)
(داجَ) (ن) دَوْجًا: خدمت کرنا۔
(الدَّاجَةُ): چھوٹی چھوٹی ضروریات (۲) لشکر و فوج کے خدمتگار۔
(الدَّوَاجُ): موٹا کوٹ۔
(الدُّوَّاجُ): موٹا کوٹ۔
(دَاحَتِ) (ن) الشجرةُ دَوْحًا: درخت کا بڑا اور بھاری بھرکم ہونا۔ هي دائحةٌ (ج) دوائح۔
—بطنُه: پیٹ کا بڑا ہونا اور نیچے کی طرف لٹک جانا داحت سُرَّتُه بھی کہتے ہیں۔
(دَوَّحَ) مالَه: مال کو تقسیم کرنا۔
(انْدَاحَ) بطنه بمعنی داح۔
(تَدَوَّحَ) بطنهُ بمعنی داح۔
(الدَّاحُ): نقش ونگاری، بیل بوٹے (۲) پھول دار منقش کپڑا (۳) وہ نقش ونگار جن سے بچے کھیلتے ہیں (۴) مضبوط بنا ہوا کنگن (۵) ایک قسم کی زرد سیال خوشبو۔
(الدَّاحَةُ): نقش ونگار والے کپڑے (۲) دنیا۔
(الدَّوْحُ): بالوں سے بنا ہوا بڑا خیمہ۔
(الدَّوْحَةُ): بڑا پھیلا ہوا گنجان درخت۔ (ج) دَوْحٌ (جج) أدواح۔ هو من دَوحة الكرم: وہ شریف النسل ہے (۲) بڑا سائبان۔
(الدَّوَّاحُ): عِذْقٌ دوّاحٌ: بھاری اور لمبی شاخ۔
(دَاخَ) (ن) الرجلُ أو البعيرُ دَوْخًا: ذلیل وتابع ہونا۔
—الناسَ: لوگوں کو تابع بنانا، ذلیل کرنا۔
—البلادَ: ملکوں پر قبضہ کر کے تسلط قائم کرنا۔
(أدَاخَ) الرجلَ أو البعيرَ: ذلیل وتابع بنانا۔
(دَوَّخَ) الرجلَ أو البعيرَ: بمعنی اداخه۔
—الوجعُ رأسَه: درد کی وجہ سے سر چکرانا۔
—الحرُّ فلانًا: گرمی کا کسی کو کمزور کر دینا۔
—المكانَ: چکر لگانا۔
—البلادَ: کسی ملک میں چکر لگانا یہاں تک کہ اس کے راستوں وغیرہ سے اچھی طرح واقفیت حاصل کر لے۔
(الدَّائخ) ليلٌ دائخٌ: تاریک رات۔
(دَادَ) (ن) الطعامُ ونحوُهُ دَوْدًا: کھانے وغیرہ میں کیڑے پڑ جانا۔
(دِيْدَ) الطعامُ بمعنی داد، هو مدود۔
(أدَادَ) الطعامُ بمعنی دَادَ۔
(دَوَّدَ) الطعامُ بمعنی دَادَ۔
—الصبي: بچہ کا جھولے سے کھیلنا۔
(الدواد): چھوٹے کیڑے (۲) تیز رفتار آدمی۔
(الدودة): لمبا چھوٹا کیڑا جو روئی وغیرہ کے پتوں میں ہوتا ہے، کیڑا (ج) دود و دیدان۔
(الدوداة): جھولا (۲) جھولے کی آواز (۳) شور وغل (ج) دواد۔
(دار) (ن) دورا ودورانا: کسی چیز کے اردگرد چکر لگانا (۲) جہاں سے آیا وہیں واپس جانا۔
—حوله وبه وعليه: کسی کے پاس چکر لگانا۔
فلان يدور على اربع نسوة: فلاں شخص چار عورتوں کی نگہداشت کرتا ہے۔
—الفَلَكُ في مداره: فلک کا اپنے مدار میں گھومتے رہنا۔
—المسئلة: مسئلہ موضوع بحث رہنا۔ کوئی فیصلہ نہ ہو پانا۔ جس نقطہ سے بحث شروع ہو وہیں لوٹ آنا۔
—عليه الدّوائرُ: آفات ومصائب کا آنا۔
—العِمَامةَ حَوْلَ رأسه: سر پر پگڑی باندھنا۔
هو دائرٌ ودوار۔
(دِيرَ) به وعليه: چکر آنا هو مدورٌ به۔
(ادار) حول الشيء بمعنی دار۔
—عن الامر: کسی کام کو چھڑوانا۔
—فلانًا على الامر: کسی سے کوئی کام کرانا۔
—الشيءَ: گھمانا (۲) گول بنانا۔

—العمامة حول راسه: پگڑی باندھنا۔
—التجارة: کاروبار چلانا۔
—الرأي والامر: زیر بحث لانا۔
(ادیر) به: چکر آنا۔هو مداربه۔
(داورة) مداورة و درارا: کسی کے ساتھ گھومنا۔
—الامور وعليها: معاملات پر بحث کرنا۔
—داورت الرجل على الامر: میں نے اس شخص سے فلاں معاملہ پر حجت بازی کی۔
حدیث اسراء میں ہے: (قال له موسى لقد داورت بني اسرائيل على ادنى من هذا فضعفوا)
(دورة): گول بنانا (۲) گھمانا۔دوربہ بھی کہتے ہیں۔
(تدير) المكان: رہائش گاہ بنالینا۔
(إستدار): کسی چیز کے گرد گھومنا۔
—القمر: چاند کا روشن ہونا۔
(۲) گھوم کر پہلی جگہ لوٹ آنا۔حدیث میں ہے (ان الزمان قد استدار كهيئته يوم خلق الله السموات والارض)۔
—به: احاطہ کرنا، علم میں لانا۔جیسے استدار فلان بما في قلبي۔
(التَّدْوِرَة): گول ریتلی جگہ (۲) مجلس۔
(الدائرة): (علم ریاضی کے مطابق) وہ خط مستقیم جو دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرے اور مرکز دائرہ سے گزرتا ہوا جائے (مج) (۲) احاطہ، چکر، گول چھلا، گھیرا، حلقہ (۳) جغرافیائی تقسیم کا خطہ، علاقہ، زون (۴) دفتر (۵) گیسو کی جگہ (بالوں کا گھنگھر) (۶) ناک کا نچلا حصہ (۷) مصیبت (۸) شکست (۹) غلہ گاہنے کی لکڑی جسے بیل کھینچتے ہیں۔(ج) دوائر۔
—فلان ماتقشعرُّ ذوائبه: وہ بزدل نہیں ہے۔
—دائرة المعارف: انسائیکلوپیڈیا، کسی ایک ایک علمی موضوع یا مختلف علمی موضوعات سے متعلق تمام تفصیلی معلومات کا مجموعہ جسے عام طور پر حروف تہجی پر ترتیب دیا جاتا ہے۔
—دائرة راس الانسان: سر کے کنارے پر بکھرے ہوئے بال۔
—الدائرة الانتخابية: حلقۂ انتخابات، شہر کا ایک حصہ یا متعدد علاقوں کا وہ مجموعہ جس سے پارلیمنٹ یا اسمبلی کا کوئی نمائندہ منتخب کیا جاتا ہے (مج)۔
(الدَّارُ): صحن دار مکان (۲) رہائشی گھر (۳) شہر (۴) قبیلہ (ج) اَدْوُرٌ ودِيارٌ ودِيارَةٌ و دُوْرٌ۔دِيارَةٌ کی جمع دیارات ہے۔
—دارُ الإسلام: مسلمانوں کا ملک۔
—دار السَّلام: جنت۔قرآن مجید میں ہے: {لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ} (۲) شہر بغداد۔
(الدَّارِيُّ): ہر وقت گھر میں پڑا رہنے والا شخص جسے فکر معاش نہ ہو۔ما بالدار داريٌّ: گھر میں کوئی نہیں (۲) وہ اونٹ جو گھر سے نکل کر اونٹوں کے ساتھ نہ چرتا ہو ھی داريةٌ (۳) بادبان کے ساتھ لگا ہوا ملاح (۴) عطر فروش۔حدیث میں ہے: (مثل الجليس الصالح مَثَلُ الدَّارِيِّ ان لم يُحْذِك من عِطره عَلِقَك مِن ريحه۔
(الدَّارَةُ) بمعنی الدَّارُ (۲) احاطہ، گھیرا۔ (۳) چاند کا ہالہ (۴) ریت کا گول دائرہ۔(۵) ہر وہ چیز جس کے اردگرد رکاوٹ ہو
(۶) پہاڑوں کے درمیان کی کشادہ جگہ (ج) دورٌ ودَارَتٌ۔
—دَارَاتُ العَرَب: عرب کی ایک سو دس سے زائد وہ نرم اور سفید زمینیں جن میں خوشبودار نباتات اگتی ہیں ان ہی میں سے مشہور جگہ دارة جلجل ہے۔
(الدُّوَارُ): سر کا چکر، گھمیر۔
(الدُّوْرُ): ہر چیز کا وہ حصہ جو بعض بعض پر لپٹا ہوا ہو۔جیسے انْفَسَخَ دَوْرُ عمامته: اس کی پگڑی کا پھیر کھل گیا (۲) مناطقہ کے نزدیک دو چیزوں میں سے ہر ایک کا دوسری پر موقوف ہونا (۳) مصیبت (ج) أدوار۔
(الدَّوْرَةُ): ایک چکر۔
—الدَّوْرَةُ الدموية: دوران خون (مج)
—الدَّوْرَةُ الزرعية: کھیت کی چند حصوں میں تقسیم جن میں سے ہر ایک میں کوئی خاص چیز بوئی جائے (مج)۔
—دورة المياه: حمام، بیت الخلاء وغیرہ۔
—دورةُ المجلس النيابي: سال کا میعادی اجلاس۔پارلیمنٹ کا اجلاس (محدثہ)۔
(الدُّورِيُّ): گھر میں گھومنے والی چڑیا جو سال میں کبھی کبھی گھونسلہ بناتی ہے۔
(الدَّوْرِيَّة): گشتی دستہ، رات کے پہرہ داروں کی پارٹی (محدثہ)۔
(الدَّوَّارُ): بہت گھومنے والا۔کہتے ہیں: "الزمان دوار بالانسان" زمانہ انسان کو مختلف حالات میں گھماتا رہتا ہے۔(۲) خانۂ کعبہ، مسجد حرام (۳) (طبعیات کے مطابق) کسی بھی مشین کا وہ جزء جس میں گھومنے کی صلاحیت ہو۔
(الدُّوَّارُ): ریت کا گول ٹیلہ جس کے گرد جانور گھومتے ہیں (۲) کعبہ (۳) بیت اللہ الحرام (۴) مکان، گھر (ج) دواویر۔
(الدُّوَّارَةُ): ناک کے نیچے کا دائرہ (۲) پرکار (۳) پیٹ کا آنتوں والا حصہ (۴) سر کا گول حصہ (۵) غیر متحرک اور نہ گھومنے والی چیز۔
(الدُّوَّارَةُ): ہر متحرک اور گھومنے والی چیز (۲) ریت کا گول ٹیلہ جس کے گرد جنگلی جانور گھومتے ہیں (۳) تلوں کا تیل نکالنے کا آلہ (۴) پیٹ یا سر کا گول حصہ۔
(الدَّوَّارِيُّ): بہت چکر لگانے والا۔کہتے ہیں: الدهرُ بالإنسانِ دوّاريٌّ: زمانہ انسان کو مختلف حالات دکھاتا ہے۔
(الدَّيَّارُ) ما بالدار ديارٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
(الدَّيُّورُ) ما بالدار دَيُّورٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
(الدَّيِّرَةُ): ریت سے بنی گولائی (ج) دَيِّرٌ۔

(المَدَارُ): مدار' گھومنے کی جگہ (۲) وہ راستہ جس پر سیارے آفتاب کے گرد گھومتے ہیں یا سیاروں کے گرد چاند کے گھومنے کا راستہ۔
—مدارُ الأمرِ: مرکزی نقطہ جس پر کسی چیز کا دار ومدار ہو۔
— مدارُ الارض: وہ فلک جس میں زمین آفتاب کے گرد گھومتی ہے (مج)۔
(المُدَارَةُ): چمڑے کا بڑا ڈول جس سے آب پاشی کی جاتی ہے (۲) منقش چادر یا تہبند جس پر گول دائرے بنے ہوں۔
(المُدَوَّرُ): گول' دائرہ۔
(المُدِيْرُ): منتظم' ناظم' منیجر' مہتمم' کلکٹر (۲) ضلع کا ناظم (محدثۃ)۔
—مديرُ الشركة: کمپنی وغیرہ کا منیجر۔
مدير المكتب: انچارج۔
(المُدِيْرِيّة): ضلع' دفتر افسر انتظامیہ (محدثۃ)
(الدَّوْرَقُ): (دیکھئے: درق)۔
(دَاسَ) (ن) الشيءَ برجله دَوسًا و دِيَاسًا ودياسةً: کسی چیز کو پیروں سے خوب روندنا۔
—الزرعَ او الحصيدَ او الحَبَّ: کھیتی یا غلہ کو گاہنا۔ کہتے ہیں: داس الحصيد ليخرج الحبّ منه۔
—السَّيْفَ ونحوَهٗ: تلوار یا اس جیسی چیز کو مانجھ کر چمکانا۔
—الحديقةَ: باغ کی کانٹ چھانٹ کر کے اسے درست کرنا۔
—فلانًا: دھوکہ دینا (۲) ذلیل کرنا۔ هو دائسٌ وهي دائسةٌ۔
(اَدَاسَ) الحَبَّ بمعنی: دَاسَه۔
(دَوَّسَ) الطريقَ: راستہ پر کثرت سے چلنا۔
(اِنْدَاسَ) الحَبُّ: گاہا جانا (۲) مسلا جانا۔
(الدَّوَائِسُ): اَتَتْهُمُ الخيلُ دوائِسَ: ان کے پاس لگاتار گھوڑے آئے۔
(الدَّوَّاسَةُ): لوگوں کی جماعت۔
(الدَّوَّاسُ): انتہائی ماہر آدمی (۲) بہادر جو اپنے ہم پلہ لوگوں کو زیر کردے۔
(الدَّوَّاسَةُ): ناک (۲) سائیکل یا مشین وغیرہ کا پیڈل جس کے ذریعہ حرکت دی جائے۔ (۳) پائدان (جو دروازہ پر جوتے صاف کرنے کے لئے رکھا جاتا ہے)۔
(الدُّوَيْسَةُ): ایسا بہادر جو اپنے ہر مقابل کو زیر کر دے (ج) دیسة (۲) پانی میں اگنے والی ایک گھاس جس سے چٹائیاں بنائی جاتی ہیں۔
(الدِّيْسَةُ): مؤنث الدِّيس (۲) گھنا جنگل (ج) دِيَسٌ ودِيْسٌ۔
(المَدَاسُ): جوتوں کی ایک قسم (ج) اَمْدِسَةٌ
(المَدَاسَةُ): کھیتی گاہنے کی جگہ۔
(المِدْوَاسُ): کھیتی یا غلہ گاہنے کی مشین یا کوئی ذریعہ (ج) مداويس۔
(المِدْوَسُ): بمعنی المِدْوَاس (۲) تلوار صیقل کرنے کا آلہ یا پتھر (ج) مَدَاوِسُ۔
(المِدْوَسَةُ): ریتی وغیرہ کا لکڑی کا دستہ۔
(۲) وہ لکڑی جس پر صیقل کرنے والے پتھر کو فٹ کیا جاتا ہے (ج) مَدَاوِسُ۔
(الدُّوَابِرُ): (دیکھئے: دس ر)
(الدَّوَاسِرُ): (دیکھئے: دس ر)
(الدَّوْسَرَةُ): (دیکھئے: دس ر)
(الدَّوْسَرِيُّ): (دیکھئے: دس ر)
(الدَّوسَرَانيُّ): (دیکھئے: دسر)
(الدَّوْسَقُ): (دیکھئے: دسق)
(دَاشَ) (ن) فلانٌ دَوْشًا: بینائی کا رات میں ٹھیک کام نہ کرنا۔
(دَوِشَ) (ن) الرَّجُلُ دَوَشًا: خراب آنکھ والا ہونا۔
دَوِشَتْ عَيْنُه: آنکھ کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے خراب ہو جانا۔ هو اَدْوَشُ وهي دوشاء (ج) دُوْشٌ۔
(الدَّوَشُ): نظر کا چندھیانا (۲) خیرگی (۳) آنکھ کا چھوٹا پن (۴) آنکھ کا بھینگا پن۔
(الدَّوطَةُ): (فرنگیوں کے ہاں) وہ مال جو دولہن دولہا کو دیتی ہے (د)۔
(داف) (ن) الدواءَ او الطِيْبَ دُوفًا: دوا یا خوشبو کو کسی چیز میں ملانا۔ جیسے دَافَه في الماءِ وبه (۲) بھگونا' تر کرنا (۳) باریک کرنا' پھینٹنا۔ هو مدوفٌ اومَدْوُوْفٌ۔
(اَدَافَ) الدواءَ او الطِّيْبَ بمعنی دَافَه۔
(الدُّوْفَانُ): جسمانی دباؤ' ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی یہ محسوس کرتا ہے کہ کوئی اس کو دبا رہا ہے' عام طور پر ایسی صورت مرگی کے دورہ سے قبل ہو جاتی ہے۔
(دَاقَ) (ن) فلانٌ دَوْقًا ودَوَاقَةً: بیوقوف ہونا (۲) بیوقوفی کی وجہ سے ہلاک ہونا۔
—الحيوانُ: جانور کا کمزور ہونا۔
— الفَصِيلُ عن اللَّبن واُمِّهٖ: جانور کے دودھ پیتے بچہ کا زیادہ دودھ پینے کی صورت میں بد ہضمی کی وجہ سے دودھ چھوڑ دینا۔
—الطعامَ: چکھنا۔
(دِيْقَتِ) الغَنَمُ: بکری کو نہ کھانے کی بیماری لاحق ہونا۔ هي مَدُوقَةٌ۔
(اَدَاقُوا) به: احاطہ کرنا' گھیرنا۔
(دَوَّقَه): بیوقوف بنانا۔
(اِنْدَاقَ) بطنه: پیٹ پھول جانا۔
(تَدَوَّقَ): بیوقوف بننا۔
(الدَّائِقُ) متاعٌ دائقٌ مائقٌ: بے قیمت سامان (ارزانی یا مانگ ختم ہونے کے باعث) وهي دائقة۔
(الدُّوْقُ): بے حیثیت ردی پن (۲) حماقت' بیوقوفی (۲) فرنگیوں کے ہاں اعلی تعظیمی لقب۔ ڈیوک' نواب' رئیس اعظم (مع)
(الدُّوْقانِيَّةُ): بگاڑ' فساد (۲) بیوقوفی۔
(الدُّوْقَةُ) بمعنی الدوقانيّة۔
(الدُّوْقِيَّة): چھوٹی ریاست جس کا امیر ڈیوک ہوتا ہے (مع)۔
(الدَّوْقَعَةُ): (دیکھئے: دقع)
(دَوْقَلَ): (دیکھئے: دقل)

(الدَّوْقَلُ): (دیکھئے: دقل)
(الدَّوْقَلَةُ)(دیکھئے: دقل)
(دَاكَ)(ن) القومُ ونحوُهم دَوْكًا ودَوْكَةً ومَدَاكًا: لوگوں کا پریشان و مضطرب ہونا (۲) بیمار ہونا۔
— الطِّيْبَ والشئَ دَوْكًا: باریک کرنا' کوٹنا پیسنا۔
—فلانًا: پانی میں غوطہ دینا (۲) مٹی میں لت پت کرنا (۳) قید کرنا۔
(تَدَاوَكَ)القومُ: لڑائی جھگڑے میں ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔
(الدَّوْكُ): ایک قسم کی سمندری سیپ۔
(الدَّوْكَةُ): لڑائی' نزاع' شر۔جیسے وقعوا فی دَوْكَة۔
(الدُّوْكَةُ): بیماری جیسے وقعوا فی دُوْكَةٍ۔
(المَدَاكُ): خوشبو وغیرہ رگڑنے یا پیسنے کا پتھر۔
(المِدْوَك): خوشبو پیسنے کا بٹا یا موسلی (ج) مَداوِك۔
(الدَّوْكَسُ): (دیکھئے: دکس)
(دَالَ)(ن)الدهرُ دَولاً ودَوْلَةً: ایک حالت سے دوسری کی طرف منتقل ہونا۔
— الایّامُ: دنوں کا بدلنا' پلٹنا۔جیسے دالت الایّامُ بکذا ودالت لَهُ الدَّوْلَة۔
—الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔
—بَطْنُه: پیٹ کا لٹک کر زمین کے قریب ہو جانا۔
—فلانٌ دَوْلًا ودَالَةً: مشہور ہونا۔
(أَدَالَ) الشئَ: گھمانا' کبھی کسی کو دینا کبھی کسی کو۔
—فلانًا وغیرهُ علی فلان و منه: مدد کرنا' غالب کرنا' کامیابی دلوانا۔ثقیف کے وفد والی حدیث میں ہے (نُدَالُ علیهم ویدالون علینا)
(دَاوَلَ) كذا بینهم: لوگوں میں کسی چیز کو گھمانا' کبھی ان کو دینا کبھی ان کو۔
— اللهُ الایامَ بین الناس: اللہ نے زمانہ کو لوگوں کے حق میں تبدیل کیا' کبھی ان کے حق میں پھیر دیا' کبھی ان کے حق میں۔قرآن مجید میں ہے: {وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ}
(دَوَّلَ) دالًا: دال لکھنا۔
—المدينةَ: بین الاقوامی بنا دینا (مج)
(اندَالَ) القومُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
—الشئُ: لٹکنا۔
— بطنُه: پیٹ کا لٹک کر زمین کے قریب پہنچ جانا۔
— ما فی بطنه من مِعًى وصِفاقٍ: پیٹ کی انتڑیوں وغیرہ کا نیزہ لگنے کی وجہ سے باہر آ جانا۔
(تَدَاوَلَتِ) الأيدِى الشئَ: مختلف ہاتھوں کا کسی چیز کو بار بار لینا۔
— القومُ الامرَ: لوگوں کا کسی معاملہ کو بار بار اختیار کرنا۔
(استَدَالَ) الایّام وغیرَها: زمانہ کو اپنے موافق کرنے کی چاہت کرنا اور اس پر غلبہ پانے کی کوشش کرنا۔
(الدَّالُ): دال'ایک حرف تہجی (اس کی تذکیر و تانیث جائز ہے) (ج) اَدْوَالٌ (۲) موٹی عورت۔
—دالُ النّهر: نہر کی شاخوں کے درمیان دال کی شکل کے پختہ موڑ یا رکاوٹیں جو پانی کے بہاؤ کی لائی ہوئی مٹی سے بن جاتے ہیں۔یونانی میں اسے دِلتا کہتے ہیں (مج)
(الدَّالَةُ): شہرت (ج) دالٌ۔
(الدّوالی): طائف کے سرخی مائل کالے انگور (۲) (علم طب کے مطابق) رگوں میں پیدا ہونے والی غلاظت اور رطوبت کا نام جس کی وجہ سے خون پیچھے کی طرف نہیں جاتا (مج)
(دَوَالَيْكَ): (تثنیہ واضافت کے ساتھ برائے تکثیر و مبالغہ): باری باری' یکے بعد دیگرے۔
(الدَّوَلُ): مروج تیر۔
(الدَّوْلَةُ): غلبہ و اقتدار (۲) گھمائی جانے والی چیز (۳) ایسی ریاست جس کا اپنا نظام حکومت ہو (مج) (۴) لڑائی کے دو فریقوں میں باری باری شکست (۵) پرندہ کا پوٹہ (۶) شکاری پرندہ (۷) چڑیوں کی چہچہاہٹ (۸) پیٹ کی ایک جانب (۹) ناف (ج) دُوَلٌ۔
(الدُّوْلَة): غلبہ (۲) کبھی کسی کے پاس کبھی کسی کے پاس آنے والی چیز جیسے مال وغیرہ۔
(الدَّوِيْلُ): خشک گھاس جس پر ایک دو سال کا عرصہ گزر گیا ہو (۲) خراب اور بے فائدہ گھاس۔
(المُدَاوَلَةُ): فیصلہ سے پہلے مقدمہ کی جرح و تعدیل (مج)۔
(الدُّولَابُ): پانی دینے کا رہٹ جسے بیل چلاتے ہیں (۲) وزن اٹھانے کی مشین (مج) (۳) کپڑوں کی الماری (مج) (ج) دوالیب
(الدَّوْلَجُ): (دیکھئے: دلج)
(الدَّوْلَعُ): (دیکھئے: دلع)
(دَامَ)(ن) الشئُ دَوْمًا ودَوَامًا: ہمیشہ رہنا (۲) قائم رہنا (۳) گھومنا (۴) حرکت کرنا (۵) پرسکون ہونا' ٹھہرنا جیسے دَامَ غلیانُ القدرِ۔
—الماءُ: پانی کا ٹھہرنا' حدیث میں ہے (انّه ﷺ نهى ان يُبَالَ فى الماء الدائم) (۲) رک جانا' ٹھہر جانا۔
—الحیوانُ: تھک جانا۔
—المطرُ: مسلسل بارش ہونا۔
—الدَّلْوُ ونحوها: ڈول وغیرہ کا بھرنا۔
(مَادَامَ): جب تک' ہمیشہ۔جیسی لا اجلس مادمت قائمًا: جب تک آپ کھڑے ہیں میں نہیں بیٹھوں گا۔
(دِيْمَ) به: سر میں چکر آنا۔
(أَدَامَتِ) السماءُ: بارش برسانا۔
—الشئَ: ٹھہرانا' پرسکون بنانا (۲) ہمیشگی چاہنا (۳) غور کرنا۔
—القدرَ: پانی وغیرہ ڈال کر ہنڈیا کے جوش کو ختم کرنا (۲) دیگچی کو خالی ہونے کے بعد چولہے پر باقی رکھنا۔

—الدَّلوَ ونحوَها: ڈول وغیرہ کو بھرنا۔
—السَّهْمَ: تیر کو انگوٹھے پر رکھ کر مارنا۔
(أُدِيْمَ) به: چکرانا، سر میں گھمیری آنا۔
(داوَمَ) عليه: ہمیشگی و دوام اختیار کرنا۔
—الشيءَ: دوام چاہنا (۲) غور کرنا۔
(دَوَّمَتِ) السماءُ: مسلسل ہلکی بارش ہونا۔
—الطائرُ: پرندہ کا فضا میں چکر لگانا (۲) پر ہلائے بغیر اڑنا۔
—الشمسُ: سورج کا آسمان میں گھومنا۔
—عينُه: آنکھ کی پتلی کا گھومنا۔
—فلانٌ او البعيرُ: منہ میں زبان پھیرنا تا کہ لعاب خشک ہو جائے۔
—الكلابُ: کتوں کا دور تک دوڑنا۔
—الشيءَ: گھمانا۔
—العِمامةَ: پگڑی باندھنا۔
—الصبيّ الدُّوّامةَ: بچہ کا لٹو سے کھیلنا۔
—الخمرُ شاربَها: شراب کا پینے والے کو مدہوش کر کے چکر دینا۔
—الزّعفرانَ: زعفران کو پانی میں گھولنا۔
—المَرَقَةَ: شوربہ میں اتنا روغن ڈالنا کہ اوپر تیرنے لگے۔
—القِدْرَ: ہانڈی کے جوش کو پانی ڈال کر ختم کرنا۔
—الشيءَ: تر کرنا۔
(تَدَوَّمَ): انتظار کرنا۔
(اِسْتَدَامَ) الشيءُ بمعنی دَامَ۔
—فلانٌ: کسی کام میں مبالغہ کرنا (۲) انتظار کرنا، نگاہ رکھنا۔ کہتے ہیں استدامَ مَا عندَ فلانٍ: فلاں کے پاس جو چیز ہے وہ اس پر نگاہ رکھے ہوئے ہے۔
—الطائرُ: پرندہ کا ہوا میں چکر لگانا (۲) پروں کو حرکت دیئے بغیر اڑنا۔
—الشيءَ: دوام چاہنا (۲) غور و فکر کرنا۔
—الأمرَ: کسی کام کو آسانی سے ٹھہر ٹھہر کر کرنا۔
—عاقبةَ الامرِ: کسی کام کے انجام کا انتظار کرنا۔
—غريمَه: قرض دار کو مہلت دینا۔
—فلانٌ الله نعمةَ فلانٍ: کسی کی خوشحالی کے لئے دعا کرنا۔
(الدَّوَامُ): ہمیشگی، سرمدیت، دوام، بقاء (۲) دفتر وغیرہ میں ملازم کی ڈیوٹی کا وقت (محدثہ)۔
(الدُّوَامُ): سر کا چکر، گھمیر۔
(الدَّوْمُ): ہمیشگی، بقا۔ جیسے مازالت السماء دَوْمًا دَوْمًا: آسمان سے برابر بارش ہوتی رہی (مصدر وصفی معنی میں ہے) (۲) بھنور، مصر میں پیدا ہونے والا فصیلہ نخیلیہ کا ایک درخت جس کا پھل سیب جتنا اور سرخ رنگ کا ہوتا ہے (۳) کسی قسم کے بڑے درخت۔
(الدُّوَّامَةُ): لٹو، ایک پھرکی جسے بچے گھما کر کھیلتے ہیں (ج) دُوَّامٌ (۲) سمندر یا دریا کا درمیانی حصہ جہاں موجیں اٹھتی ہیں۔ یہ گول ہوتی ہیں ان کا اوپر والا حصہ کشادہ اور نیچے والا تنگ ہوتا ہے (جیسے لٹو)۔
(الدِّيمَةُ): ہلکی مسلسل ہونے والی بارش (ج): دِيَمٌ۔
(الدَّيُّومُ): ہمیشہ، مستقل، برقرار، لازوال۔
(المُدَامُ): مسلسل بارش (۲) شراب۔
(المُدَامَةُ): شراب۔
(المِدْوَامُ): ہانڈی کا جوش ختم کرنے کا ذریعہ جیسے پانی یا چمچہ وغیرہ (ج) مَدَاوِيمُ۔
(المِدْوَمُ) بمعنی المِدْوام (ج) مَدَاوِمُ۔
(دَانَ) (ن) دَوْنًا و دُونًا: گھٹیا اور بے حیثیت ہونا (۲) کمزور ہونا۔
۔لَه: مطیع اور تابع ہونا۔
(أُدِيْنَ) بمعنی دَانَ۔
(دَوَّنَ) الدِّيْوَانَ: رجسٹر بنانا۔ (۲) دیوان (مجموعہ اشعار) تیار کرنا۔
۔الكُتُبَ: کتابوں کو جمع و مرتب کرنا۔
(تَدَوَّنَ): لازم دَوَّنَ (۲) مکمل طور پر مالدار و بے فکر ہونا۔
(الدُّوْنُ): گھٹیا، حقیر، بے حیثیت۔
(دُوْنَ): ظرف مکان منصوب، مضاف الیہ کے اعتبار سے اس کے مختلف معنی ہیں۔
(۱) بمعنی تحت، نیچے جیسے دون قدمِك بساط (۲) بمعنی فوق، اوپر جیسے السماءُ دونك (۳) بمعنی خلف، پیچھے جیسے جَلس الوزير دون الأمير (۴) بمعنی امام، سامنے جیسے سار الرائد دون الجماعة (۵) بمعنی غیر، سوا جیسے (ويغفر مادون) (۶) بمعنی قبل، پہلے جیسے دون قتل الأسد أهوال (۷) اسم فعل بمعنی خذ (لے لو) اس صورت میں اس کی اضافت کاف زائدہ کی طرف ہو گی۔ جیسے دونك الدرهم (۸) بمعنی الوعيد، ڈرانے کے لئے خبردار جیسے آقا اپنے خادم سے کہے دونك عصياني خبردار میری نافرمانی نہ کرنا۔
(الدِّيوانُ): فوجیوں اور تنخواہ داروں کے ناموں کا رجسٹر (۲) دفتر (۳) دفتر کے محررین (۴) شعری مجموعہ (۵) کتاب (ج) دَوَاوِيْنَ (مع)۔
(دَوِيَ) (س) فلانٌ دَوًى: سل کا مریض ہونا (۲) اندرونی بیماری لاحق ہونا (۳) کینہ رکھنا۔ (۴) بے وقوف ہونا (۵) اندھا ہونا۔
هو دَوٍ وهي دَوِيَةٌ وهو وهي وهم دَوًى۔
صدرُه: دل میں بغض رکھنا۔
—الأرضُ: کسی زمین میں آفات و مصائب کا زیادہ ہونا۔
(أَدْوَى) فلانٌ: مریض کے ساتھ رہنا۔
—فلانًا: بیمار کرنا (۲) علاج کرنا۔
(دَاوَى) المريضَ ونحوَه مُداواةً و دِواءً: علاج کرنا۔
—الفَرَسَ: گھوڑے کی اچھے چارے اور اچھی مشق کے ذریعہ نگہداشت کرنا۔
(دَوَّى) الرَّعدُ: گرج کی آواز آنا۔
—الفَحْلُ: اونٹ یا سانڈ کی آواز نکالنا۔
—الطَّائِرُ: پرندہ کا باز و ہلائے بغیر اڑنا۔
—الكلبُ في الأرضِ: کتے کا زمین پر چکر

لگانا۔
—الرجلُ فِي الاَرْضِ: آدمی کا زمین میں چلنا' پھرنا۔
—بِالشيءِ: کسی چیز کے پاس سے گزرنا۔
(۲) کسی چیز کو وسیع بیابان یا ہموار زمین میں پکڑنا۔
— اللبنُ والمرَقُ: دودھ یا شوربے پر جھلی آ جانا۔
—الماءُ: پانی پر گردوغبار کی تہہ سی جم جانا۔
—الطعامُ: کھانے کا زیادہ ہوجانا۔
—فُلاناً: کسی کو بالائی دینا۔
(اِدَّوی): بالائی یا پپڑی کھانا۔
(تَدَاوی): دوا کھانا۔
(الدَّاوِي) لبنٌ داوٍ: بالائی دار دودھ۔
(الدَّاوِيَةُ۔ الدَّاوِيَّةُ): جنگل۔
(الدَّايَةُ): دودھ پلانے والی اجنبی (ماں کے علاوہ) عورت (۲) بچے جنانے والی دائی (۳) بچہ کی پرورش کرنے والی دایہ۔
(الدَّوَى): بیماری (۲) تپ دق' سل (۳) سینہ کی اندرونی بیماری (۴) سامان کا پوشیدہ عیب (۵) اپنی جگہ سے نہ ہٹنے والا آدمی۔ کہتے ہیں "تركتُ فلاناً دوًى" میں نے فلاں کو موت کی حالت میں چھوڑا۔
(الدَّوَاءُ): دوا (ج) اَدْوِيَةٌ۔
(الدَّوَاةُ): سیاہی کی دوات (۲) حنظل' انگور اور خربوزہ کا چھلکا (ج) دَوًى و دُوِيّ۔
(الدُّوايَةُ): دودھ کی بالائی (۲) شوربہ کی پپڑی۔ موقةٌ دِوايَةٌ: زیادہ گھی والا شوربہ (۳) دانتوں پر جما ہوا سبز میل۔
(الدَّوُّ): بڑا جنگل (۲) ہموار زمین۔
(الدَّوِّيّ) بمعنی الدَّاوِيَةُ۔
(الدُّوِّيَّةُ): بمعنی: الدَّاوِيَةُ۔
(الدَّوِيُّ): گرج کی آواز (۲) مکھی کی بھنبھناہٹ وغیرہ (۳) آواز (۴) ہوا چلنے کی آواز (۵) کان کی جھنجھناہٹ۔ ما بالدارِ دَوِيٌّ: گھر میں کوئی نہیں۔

داءٌ دَوِيٌّ: سخت بیماری۔
(الدَّوِيَّةُ): ارضٌ دَوِيَّةٌ: قیام کیلئے ناموافق زمین (۲) بیماریوں والی جگہ
(الدَّيِّءُ): (دیکھئے: دَوَأَ)

د.............ی

(الدَّيْبُوبُ): (دیکھئے: دَبَّ)
(دَاثَ) (ض) دَيْثاً و دِيَاثَةً: نرم آسان ہونا
—فلانٌ: بے غیرت و بے حیا ہونا۔ هو دَيُّوثٌ۔
(دَيَّثَ) فلانٌ: اہل و عیال کے سلسلہ میں بے غیرت و بے حیاء ہونا۔
—الطَّرِيقَ: راستہ کو خوب ہموار کر کے چلنا۔
— الشيءَ: آسان اور نرم بنانا۔ جیسے دَيَّثَتِ المِطْرَقَةُ الحَدِيدَ: ہتھوڑے کا لوہے کو نرم کر دینا۔
— الجِلْدَ فی الدِّبَاغِ: دباغت میں چمڑہ کو ملائم کرنا۔
—الرمحَ فی الثِّقافِ: صیقل کرنے میں نیزہ کو لچکدار بنانا۔
— الحيوانَ والانسانَ: انسان اور حیوان کو تابع بنانا' قابو میں کرنا' سدھانا۔ کہتے ہیں دَيَّثَهُ بالصَّغَارِ۔
(تَدَيَّثَ): لازم دَيَّثَ۔
—فلانٌ: اپنے اہل کی دلالی کرنا۔
(الدَّيْثَانُ): آدمی پر پڑنے والا بوجھ' آفت (د)۔
(الدَّيْثَانِيُّ) بمعنی الدَّيْثَانُ۔
(الدَّيُّوثُ): اپنے اہل کی دلالی کرنے والا' (۲) وہ آدمی جسے اپنے گھر والوں کے بارے میں غیرت وحمیت نہ ہو۔
(الدَّيَاجِي): (دیکھئے: دجا)
(الدَّيْجُوج): (دیکھئے: دجّ)
(الدَّيْجُور): (دیکھئے: دجر)
(الدَّيْجُورِيّ): (دیکھئے: دجر)
(الدَّيْحَانُ): (دیکھئے: دحن)
(الدَّيْحَسُ): (دیکھئے: دحس)

(الدَّيْخَسُ): (دیکھئے: دخس)
(الدَّيْدَبُ): (دیکھئے: ددب)
(الدَّيْدَبَانُ): (دیکھئے: ددب)
(الدَّيْدَانُ): (دیکھئے: دون)
—(الدَّيْدَنُ): (دیکھئے: دون)
(تَدَيَّرَ) المكانَ: (دیکھئے: دور)
(الدَّيْرُ): راہبوں کی خانقاہ۔ هو رأسُ الدَّيرِ عیسائی خانقاہ کا منتظم (ج) اَدْيَارٌ و دُيُورَةٌ۔
(الدَّيْرَانِيُّ): عیسائی خانقاہ کو آباد رکھنے والا راہب۔
(الدَّيَّارُ) بمعنی (الدَّيْرَانِيُّ)۔
الدَّيُّور: دیکھئے دور۔
(الدَّيْرَةُ): (دیکھئے: دور)
(المُدِيرُ): (دیکھئے: دور)
(المُدِيرِيَّةُ): (دیکھئے: دور)
(الدَّيِّسُ): (دیکھئے: دوس)
(الدِّيْسَةُ): (دیکھئے: دوس)
(الدَّيْسَقُ): (دیکھئے: دسق)
(الدَّيْسَمُ): (دیکھئے: دسم)
(الدِّيسمةُ): (دیکھئے: دسم)
(دِيْسَمْبر): دسمبر' بارھواں عیسوی مہینہ' سریانی زبان میں اس مہینہ کو كانون الاول کہتے ہیں (د)۔
(دَاصَ) (ض) دَيْصاً و دَيَصَاناً: ٹیڑھا ہونا ایک طرف ہونا (۲) لڑائی سے بھاگنا (۳) فرار ہونا' بھاگنا (۴) چست و پھرتیلا ہونا (۵) کسی چیز کے گرد گھومنا (۶) افسروں کے پیچھے رہنا (۷) بلندی کے بعد پستی میں جانا۔
—ما تحت يده: ہاتھ کے نیچے کی چیز کا حرکت کرنا۔
—عن الطريقِ: راستہ سے ہٹنا۔
— السَّمَكَةُ فی الماءِ: مچھلی کا پانی میں ڈبکی لگانا۔
(اِنْدَاصَ) الشيءُ: ہاتھ سے نکل جانا۔
انداص الشيءُ من يده بھی کہتے ہیں۔

—بالشّرِّ: کسی پر اچانک کوئی مصیبت لانا۔ انداص علیه بالشّرِّ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّائِصُ): ایسا موٹا آدمی جسے موٹاپے کی وجہ سے قبضہ میں نہ لیا جاسکے (۲) ایسے مضبوط پٹھوں والا آدمی جس پر قابو نہ پایا جاسکے۔
(الدَّیَّاصَةُ): پر گوشت عورت (۲) کوتاہ قد عورت۔
(الدّیقوعُ): (دیکھئے: دقع)
(الدیك): مرغا (ج) دیوك و أدياك و دِيَكَة (۲) موسم بہار (۳) گھوڑے کے کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔
(المُدِیکَةُ) ارضٌ مُدِيكَةٌ: بہت مرغوں والی زمین۔
(المَدَکَةُ) ارضٌ المدکَةُ: بہت مرغوں والی زمین۔
(الدَّيلعُ): (دیکھئے: دلع)
(الدِیماسُ): (دیکھئے: دمس)
(الدِّیمَةُ): (دیکھئے: دوم)
(الدِّیمُوقْرَاطِيَّةُ): جمہوریت، ڈیموکریسی، سیاسی طور پر ایسا نظام جس میں اقتدار اعلیٰ عوام کے ہاتھ میں ہوتا ہے (۲) اجتماعی طور پر وہ نظام زندگی جو مساوات و آزادی رائے وفکر کی بنا پر قائم ہو (مج)
(دَانَ) (ض) دِينًا و دِيَانَةً: تابع و ذلیل ہونا، جھکنا (۲) اطاعت کرنا۔ دان لَهٗ بھی کہتے ہیں۔
—لَهٗ مِنه: انتقام لینا، قصاص لینا۔
— بکذا: مذہب بنانا، لائق عبادت سمجھنا۔ هو دَیِّنٌ۔
— فلانٌ دَيْنًا: قرضہ لینا۔ هو دائنٌ بمعنی مَدِين (۲) قرضہ زیادہ ہونا (۳) کسی خیر وشر کا عادی ہونا۔
— فلانًا دِینًا و دَيْنًا: ذلیل و تابع کرنا۔ کہتے ہیں دان فلانٌ نفسه: فلاں نے خود کو ذلیل کر لیا (۲) ناپسندیدہ بات پر کسی کو مجبور کرنا (۳) حساب کرنا، حساب لینا (۴) قیادت و رہنمائی کرنا (۵) انعام دینا۔ جیسے دانه بفعله (۶) خدمت کرنا (۷) اچھا سلوک کرنا (۸) قرضہ دینا (۹) قرضہ لینا۔
—الشیئَ: کسی چیز کا مالک بننا۔
(أدَانَ): قرض لینا (۲) قرض دینا۔
—فلانًا: قرض دینا (۲) قرض لینا۔
(دَایَنَه) مُدَایَنَةً و دِیَانًا: کسی سے قرض کا معاملہ کرنا (۲) انعام دینا (۳) کسی سے فیصلہ کروانا۔
(دَیَّنَهٗ): قرض دینا (۲) کسی کو اس کے عقیدہ پر چھوڑ دینا (۳) تصدیق کرنا۔
—فلانًا الشیئَ: کسی کو کسی کا مالک بنانا۔
—فلانًا القومَ: فلاں کو قوم کا قائد ورہنما بنانا۔
(ادَّانَ): قرض لینا (۲) قرضہ کا زیادہ ہونا۔
—القومُ: لوگوں کا باہم قرض کا لین دین کرنا یا ادھار پر تجارت کرنا۔
(تَدَاینَ): ایک دوسرے سے ادھار کا معاملہ کرنا، دینا اور لینا۔
(تَدَیَّنَ): قرض لینا۔
—بکذا: مذہب بنانا، قابل عبادت سمجھنا۔
(الدِّیوانُ): (دیکھئے: دون)
(استَدَانَ): قرض لینا (۲) قرض طلب کرنا۔
—استدان فلانًا بھی کہتے ہیں۔
(الدِّیَانَةُ): مذہب۔
(الدَّیْنُ): وہ قرض جو معینہ مدت کے ساتھ ہو۔ بغیر مدت کے ہو تو اسے "قرض" کہتے ہیں (۲) مطلقاً قرض ادھار (۳) فروخت شدہ چیز کی قیمت (۳) ہر غیر حاضر چیز (۴) موت (ج) أدْيُنٌ و دُيُونٌ۔
(الدِّینُ): مذہب (۲) ہر وہ طریقہ جس کے ذریعہ اللہ کی عبادت کی جائے۔ (۳) ملت، شریعت (۴) اسلام (۵) دل سے اعتقاد، زبان سے اقرار اور اعضاء سے ارکان پر عمل (۶) طرز زندگی، سیرت (۷) عادت (۸) حالت (۹) شان (۱۰) تقویٰ پرہیز گاری (۱۱) حساب (۱۲) بادشاہت (۱۳) بادشاہ (۱۴) حکم (۱۵) فیصلہ (۱۶) تدبیر۔ (ج) أدْيُنٌ و دُيُونٌ و أدیان۔
—قومٌ دِیْنٌ: مقروض یا قرض خواہ لوگ۔
(الدِّينَةُ): قرضہ (۲) دین (۳) عبادت (۴) اطاعت (ج) دِیَنٌ۔
— رأیٰ فلانٌ بفلانٍ دِینَةً: فلاں نے فلاں میں موت کا سبب دیکھا۔
(الدَّیَّانُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) قاضی (۳) حاکم (۴) اچھا یا برا بدلہ دینے والا (۵) حساب لینے والا (۶) قہار، قہر وغضب والا۔
(المِدْیَانُ): بہت قرض لینے والا (۲) بہت قرض دینے والا۔ امرأةٌ مِدْیانٌ بھی کہتے ہیں (ج) مَدَایین۔
(المَدِیْنُ): بندہ، غلام، قرضدار۔
(دَیْ دَیْ): اونٹ کو ہانکنے کی آواز۔
(الدَّایَةُ): (دیکھئے: دوی)
(الدِّینامیکا): حرکت سے بحث کرنے والا علم۔ (مج)
(الدَّیُّومُ): (دیکھئے: دوم)۔

(۷۰۰)

ذ

ذ............اُ

(الذَّالُ): نواں حرفِ تہجی' اس کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کی اطراف کے درمیان ہے۔ اس میں جہر اور رخوت پائی جاتی ہے۔

(ذا): اسم اشارہ مفرد و مذکر۔ اس کے آخر میں کاف خطاب (حرفی) مل جاتا ہے اور وہ مخاطب کے احوال کے مطابق بدلتا رہتا ہے جیسے ذاكَ، ذاكِ، ذاكُم، ذاكنّ اور کبھی کبھی اس کے شروع میں ہاءِ تنبیہ بڑھائی جاتی ہے اور کبھی اس کے ساتھ ساتھ آخر میں کاف خطاب بھی آ جاتا ہے جیسے هذا، هذاك اور کبھی ہائے تنبیہ اور کاف خطاب کے درمیان لام بعد لایا جاتا ہے جیسے ذٰلكَ اس صورت میں ہائے تنبیہ شروع میں نہیں لائی جاتی (۲) ذا بمعنی صاحب بھی مستعمل ہے (دیکھئے: ذو)

(ذات): ذو کی مونث بمعنی صاحب' مالک' والی جیسے ذات مالٍ مال والی' ذات افنان: شاخوں والی' اس کی تثنیہ ذواتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ} (ج) ذوات۔

— جَنَّاتٌ ذَوَاتُ افنانٍ: شاخ دار باغات۔

— لقیتُه ذاتَ یومٍ: میں اسے ایک دن ملا۔

— لقیتُه ذاتَ مرّةٍ: میں اسے ایک مرتبہ ملا۔

— مَا کلّمت فلانًا ذات شفةٍ: میں نے اسے ایک لفظ نہیں کہا۔

— وضعت المرأةُ ذات بَطْنِها: عورت نے بچہ جن دیا۔

— قَلَّت ذاتُ یدِه: اس کا مال کم ہوگیا۔

— أصلح ذات بینهم: اس نے ان کا باہمی تعلق درست کر دیا۔

— جلَس ذاتَ الشِّمال و ذاتَ الیمین: وہ اس کے دائیں اور بائیں طرف بیٹھا۔

— ذات الشيءِ: حقیقت و خاصیت۔

— عیبٌ ذاتيٌّ: پیدائشی وفطرتی عیب۔

(الذَّاتُ): ذات' شخصیت' وجود' نفس۔

— جاءَ فلان بذاته: فلاں خود آیا۔

— عَرَفَه مِنْ ذات نَفْسِه: اس نے اس کی سیرت اور باطنی حالت کو جان لیا۔

— جَاءَ مِنْ ذات نَفْسِه: وہ اپنی خوشی سے آیا۔

(ذات الصدر): راز بھید۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ}۔

(ذاتُ الرِّئَة): نمونیہ' پھیپھڑوں کی سوزش (ج)۔

(ذات الجَنْبِ): سینہ کی جھلی میں سوزش جس کے ساتھ اکثر بخار اور سانس کی بیماری ہوتی ہے (ج)۔

(ذَأَبَ) (ف) فلانٌ ذَأْبًا: بھیڑیے والی حرکت کرنا (کہ جب ایک طرف سے ڈر ہو تو وہ دوسری طرف سے آتا ہے)۔

— فی السیرِ: تیز چلنا۔

— الریحُ الشيءَ: ہوا کا کسی چیز کو ہر طرف سے گھیرنا۔

— الشيءَ: جمع کرنا (۲) برابر کرنا۔

— الدَّابةَ: جانور کو ہانکنا۔

— فلانًا: حقیر و گھٹیا سمجھنا (۲) ہٹانا' دھتکارنا (۳) ڈرانا' خوف دلانا۔

— الغُلَامَ: لڑکے کی زلفیں بنانا۔

(ذُئِبَ): بھیڑیے سے ڈرنا (۲) کسی کی بکریوں پر بھیڑیے کا حملہ کر دینا۔

(ذَئِبَ): خباثت و مکاری میں بھیڑیے جیسا ہونا۔

(أَذْأَبَتِ) الارضُ: کسی علاقہ میں بھیڑیے ہونا (۲) کسی بھی چیز سے ڈرنا۔

فی السیر: تیز چلنا۔

— الغلامَ: لڑکے کی زلفیں بنانا۔

(ذأَّبَهُ): زلفوں دار بنانا (۲) خوفزدہ کرنا۔

(تَذَاءَبَتِ) الریحُ: ہوا کا ترچھا چلنا۔

— الریحُ الشيءَ: ہوا کا کسی چیز ک ادھر سے اُدھر لے جانا۔

(تَذَأَّبَ): بھیڑیے کی طرح ہونا۔

— الریحُ الشيءَ: ہوا کا کسی چیز کو ہر طرف سے آ کر ادھر ادھر لے جانا۔

— فلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔

(اِسْتَذْأَبَ): بھیڑیے کی طرح ہونا۔

(الذُّؤابَةُ) من کل شيءٍ: ہر چیز کا بلند حصہ۔

فلانٌ ذؤابةُ قومِه: فلاں اپنی قوم کا نمایاں اور بلند آدمی ہے (۲) کنارہ جیسے ذؤابة السوط وذؤابة العمامة (۳) سر کے اگلے حصہ (پیشانی) کے بال۔ جاءَ فلانٌ وقد فُتِلتْ ذؤابته: فلاں اس حال میں آیا کہ اس کی کوئی رائے باقی نہ رہی۔

— من السیفِ: تلوار کو لٹکانے کا حلقہ۔ (ج) ذَوَائِبُ۔

(الرِّئْبَالُ): شیر (۲) خبیث بھیڑیا: لِصٌّ رِئْبَالٌ: نڈر اور شریر چور (۳) ماں کا اکلوتا بیٹا (۴) گھنا اور لمبا پودا (ج) رَآبِيل ورَآبلةٌ۔

(رَأَدَ) (ف) الضُّحَى رَأْدًا: سورج کا بلند ہونا اور دن کا چڑھنا۔ چاشت کا وقت ہونا۔

(رَؤُدَ) (ك) الغُصْنُ رُءُودَةً: ٹہنی کا انتہائی نرم ونازک ہونا (۲) ٹہنی کا دائیں بائیں جھومنا۔

(ارتَأَدَت) الفتاةُ: لڑکی کا ناز و انداز سے چلنا۔

(تَرَاءَدَ) الضُّحَى بمعنی رَآدَ۔

(تَرَأَّدَ) الشيءُ: ہلنا، لہلہانا جیسے تَرَأَّدَ الغصنُ

— الحَيَّةُ: سانپ کا چلتے ہوئے ہلنا۔

— الرِّيحُ: ہوا کا ادھر ادھر چلنا۔

— الرجلُ في قيامِه: آدمی کا کھڑے ہوئے ہچکولے کھانا۔

(رَائِدُ) الضُّحَى: بوقت چاشت چڑھا سورج اور روشن دن۔

(الرَّأْدُ) فَتَاةٌ رَأْدٌ: خوبصورت وخوش خوراک لڑکی۔

— رَأْدُ الضُّحَى بمعنی رَائِدُهُ رأْدُ اللَّحْيِ: ڈاڑھی کی جڑ، کان کے نیچے جبڑے کی اٹھی ہوئی ہڈی، ڈاڑھوں کی جڑ (ج) أَرْآدٌ۔

(الرُّؤْدُ) غُصْنٌ رُؤْدٌ: سرسبز وتر وتازہ گھاس۔

فتاةٌ رُؤْدٌ: پرشباب لڑکی (ج) أَرْآدٌ (۲) صبر وسکون، سنجیدگی (۳) ڈاڑھی کی جڑ، ڈاڑھوں کی جڑ (۵) شاخ کا کنارہ۔

(الرِّئْدُ): ہم عمر (مرد ہو یا عورت) اکثر عورتوں میں مستعمل ہے (ج) أَرْآدٌ۔ (۲) پودا (۳) نازک شاخ (ج) رِئْدَانٌ۔

(الرَّأْدَةُ): پرشباب حسین لڑکی۔

(الرُّؤْدَةُ): پرشباب حسین لڑکی (۲) صبر وسکون، سنجیدگی۔

(الرِّءُوْدَة): پرشباب خوبصورت لڑکی۔

(رَأْرَأَ): پتلی گھما کر دیکھنا، گھورنا۔

— المرأةُ: عورت کا آئینہ دیکھنا۔

— بعينيها: عورت کا آنکھوں کو جھپکانا۔

— السَّحَابُ والسَّرابُ: بادل اور سراب کا چمکنا۔

— بالغنمِ: بکریوں کو أرْ أرْ کہہ کر بلانا۔

— الحيوانُ بذنبه: جانور کا دم ہلانا۔

(رَأَسَ) (ف) فلانٌ رَآسَةً و رِياسةً و رِئاسةً: بلند رتبہ ہونا (۲) بڑا بننے کی خواہش کرنا اور کسی کے مقابلہ میں آنا، لیڈر ہونا۔

— القومَ وعليهم: سربراہ بننا۔

— فلانًا رَأْسًا: سر کو زخمی کرنا۔ هو مرءُوسٌ و رَئِيسٌ۔

(رُئِسَ) رَأْسًا: سر کا بڑا ہونا۔ هو أَرْأَسُ وهي رأساءُ (ج) رُؤْسٌ۔

(رَاءَسَ): لڑائی میں پیچھے رہنا۔

(رَأَّسَهُ) عليهم: کسی کو لوگوں کا سربراہ بنانا، سردار بنانا۔

(ارْتَأَسَ) عليهم: سردار بننا، سربراہ بننا۔

(تَرَأَّسَ) عليهم: سردار اور سربراہ بننا۔

(الرَّائِسُ): وادی کا سرا (۲) والی، نگران (۳) بڑھتا ہوا بادل (۴) وہ بڑا شکاری کتا جس سے شکار میں کتے آگے نہ بڑھتے ہوں (ج) رَوَائِسُ۔

(الرِّئَاسُ) رِئَاسُ السَّيْفِ: تلوار کا دستہ۔ (۲) کسی کام کا اولین حصہ۔

(الرَّآسُ): جانوروں کے سر (سری) بیچنے والا۔

(الرَّأْسُ): ہر چیز کا بالائی حصہ (۲) سردار قوم۔

— رأسُ الشهرِ والسَّنَةِ: سال یا مہینہ کا پہلا دن۔

— عنده راسٌ من الغنم: اس کے پاس ایک بکری ہے۔

عنده خمسة اَرْؤُسٍ: اس کے پاس پانچ بکریاں ہیں(ج)اَرْؤُسٌ ورؤوس۔

—رَأْسُ المَال: سرمایہ، اصل رقم(مج)

(الرَّأْسِمَالِيَّةُ): سرمایہ داری، ایک اقتصادی نظام جو دولت کی شخصی ملکیت کے نظریہ پر قائم ہو۔(مج)۔

(الرُّؤَّاسُ): بڑے سروالا۔

(الرُّؤَّاسِيُّ): بڑے سروالا۔

(الرَّئِيْسُ): قوم کا سردار(ج)رُؤَساءُ۔

— الأعضاءُ الرَّئِيْسِيَّةُ: وہ بنیادی اعضاء جسم جن میں سے کسی ایک کے فقدان سے انسان کا زندہ رہنا مشکل ہے، یہ قلب، دماغ، جگر پھیپھڑے اور گردے ہیں۔

— المسألَةُ الرئيسيّةُ: بنیادی مسئلہ۔

(الرَّيِّسُ) بمعنی الرئیس کمیت کا شعر ہے:

"تهدى الرعيّة ما استقام الريّس"

(المِرْآس): دوڑ میں گھوڑوں سے آگے نکلنے والا (۲) برابر گھوڑوں کے سر پر کاٹنے والا گھوڑا(ج) مَرَائِيْسُ۔

(رَأَفَ)(ف)بہ رَأْفَةً: کسی پر مہربان ہونا، شفقت کرنا، نرمی کرنا۔ھو رَائِفٌ۔

(رَئِفَ)(س)بہ رَأَفًا بمعنی رَأَفَ ھو رَئِفٌ

(رَؤُفَ) (ك) بہ رَأْفَةً ورَآفَةً بمعنی رَأَفَ ھو رَؤُوْفٌ ورَؤُفٌ۔

(تَراءَفُوْا): ایک دوسرے پر رحم کھانا۔

(تَرَأَّفَ) بہ: کسی کے ساتھ شفقت کا معاملہ کرنا۔

(اِسْتَرْأَفَه): رحم وشفقت کی درخواست کرنا۔

(اَرْأَلَتِ) النّعامةُ: شترمرغ کا بچہ والا ہونا۔

(رَاءَلَ): جلدی کرنا۔

(اِسْتَرْأَلَ) الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا بڑا ہونا۔

— النباتُ: پودے کا لمبا ہونا۔

(الرَّأْلُ): شترمرغ کا بچہ(۲) شترمرغ کا ایک سالہ بچہ(ج)اَرْؤُلٌ ورِئالٌ۔

(اَلرَّاءُوْلُ): جانور کے زائد دانت (۲) جانور کا لعاب دہن۔

(الرُّؤَّال): جانور کا لعاب دہن۔

(رَأَمَ) (ف) الإناءَ رَأْمًا: ٹانکا لگانا، مرمت کرنا۔

— الحَبْلَ: رسی کو مضبوطی سے بٹنا۔

(رَئِمَ) (س) الجُرْحُ رَأَمًا: زخم کا بھرجانا۔

— الأنثٰى ولدَها رَأْمًا ورَأَمَانًا ورِئْمانًا: مادہ کا اپنے بچہ سے محبت کرنا اور اس سے الگ نہ ہونا۔ھی رَائِمَةٌ ورَائِمٌ ورَاءُوْمٌ۔کہاوت ہے (ظِئْرٌ رَءُوْمٌ خير من اُمٍّ سَئُوْمٍ)عدم شفقت اور قلت اہتمام کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

— الشَّيْءَ: پسند کرنا، مانوس ہوجانا۔

(اَرْأَمَهَا): مہربان اور رحم دار بنانا۔کہاوت ہے (ثُكْلٌ اَرْأَمَهَا وَلَدًا)اولاد سے محرومی نے اسے لڑکے پر مہربان کردیا۔

— الجُرْحَ: زخم کا علاج کرنا، دوائی لگانا یہاں تک کہ وہ بھرجائے۔

— الحَبْلَ: رسی کو مضبوطی سے بٹنا۔

— فلانًا على الأمْرِ: مجبور کرنا۔

(رَائَمَ)الإناءَ مُراءَمَةً: برتن کوٹانکا لگانا، مرمت کرنا۔

(تَرأَمَتِ)النّاقةُ: مہربان ہونا۔

— فلانًا: زخم کرنا۔

(الرَّأْمُ): اونٹ وغیرہ کے بچہ کی کھال جس میں بھوسہ بھرا ہوا ہو(۲) وہ بچہ جس پر اس کی ماں کے علاوہ دوسرا جانور مہربان ہو(ج)اَرْآمٌ۔

(الرِّئْمُ): سفید ہرن (۲) ہرن کا بچہ (ج) اَرْآمٌ وآرام۔وھی رِئْمَةٌ(اس لفظ کے ذریعہ حسن کی تشبیہ بیان کی جاتی ہے)

(الرَّءِمَةُ): گوند وغیرہ چپکانے کا مسالا(ج): رُؤَمٌ۔

(رَآهُ) (ف) يَرَاهُ ويَرْآه ورَأْيًا ورُؤْيَةً: آنکھ سے دیکھنا(۲)اعتقاد کرنا(۳) تدبیر کرنا۔

— فلانًا رَأْيًا: کسی کے پھیپھڑے پر مارنا۔

— الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

— فی مَنَامِه رُؤْيَا: خواب دیکھنا۔

— فلانًا عَالِمًا: کسی کو عالم سمجھنا(۲) عالم گمان کرنا۔

(رُئِيَ) رَأْيًا: پھیپھڑے میں تکلیف ہونا۔

(اَرْأَى): عقل مند اور ذی رائے ہونا (۲) پھیپھڑے کا مریض ہونا (۳) آئینہ دیکھنا (۴) جن آنا، آسیب زدہ ہونا (۵) ریاکاری کرنا (۶) بہت خواب دیکھنا (۷) دیکھتے وقت آنکھوں کوخوب ہلانا۔

(أَرَاى) اللهُ بفلانٍ: کسی کے دشمن کو اس کا ایسا عیب دکھانا جس سے وہ خوشی منائے۔

— فلانًا المِرْآةَ: کسی کو آئینہ دکھانا۔

— فلانًا الشَّيْءَ: کسی کو کوئی چیز دکھانا۔

— وجهَ الصواب: صحیح رخ دکھانا۔

(رَاءَى) مُرَاءَاةً ورِءَاءً ورِيَاءً: کسی کے سامنے (خلاف حقیقت) صلاح وتقویٰ کا اظہار کرنا(۲) کسی سے مشورہ کرنا۔

— فلانٌ فُلانًا: کسی کو ملاقات کرنے کے وقت دیکھنا۔

(رَأَّهُ): کسی کو (خلاف حقیقت) خیر وصلاح کا حامل سمجھنا(۲) آئینہ دکھانا۔

(اِرْتَأَى) الشيءَ: دکھانا۔

— فی الأمْرِ: غوروفکر کرنا۔

— رَأْيًا فی الأمْرِ: کسی معاملہ میں کوئی رائے رکھنا۔

(تَرَءَّى) فلانٌ: آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھنا۔

تَرَءَّى فی المِرآة ونحوها۔

— القومُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

— لَه: دیکھنے کی کوشش کرنا۔

— لَه كذا: ظاہر ہونا۔

— الشيءَ: دکھانا، حدیث میں ہے (تَراءَيْنا الهلال بذات عِرْقٍ)(۲) کسی چیز پر نظر ڈالنا کہ وہ دکھائی دیتی ہے یا نہیں۔

—فلانٌ فلانًا: کسی کو بوقت ملاقات دیکھنا۔
(ترَآٰی)لہ: دیکھنے کی کوشش کرنا۔
—فی المِرآۃ ونحوھا: آئینہ دیکھنا۔
(تمَرْأی) فی المِرْأۃ: آئینہ دیکھنا۔
(اسْترْأی) بالمِرْأۃ: آئینہ دیکھنا۔
—الشیءَ: دکھانا۔
—فُلانًا: دیکھنے کے لئے کہنا (۲) مشورہ لینا (۳) ریا کار سمجھنا۔
(الرَّأْیُ): رائے، اعتقاد (۲) عقل، سمجھ۔ (۳) تدبیر (۴) غور و فکر۔
کہتے ہیں: رَأَیْتُه رأیَ العَیْنِ: میں نے اسے بچشم خود دیکھا (۵) اصولیین کے نزدیک رائے قواعد مقررہ کے تحت احکام شرعیہ مستنبط کرنے کا نام ہے (ج) آراء۔
(الرِّئْیُ): شاندار کپڑا جسے خوبی دکھانے کے لئے پھیلایا جائے۔
—رِئْیُ الشَّیْءِ: کسی چیز کا منظر (۲) حسین منظر۔ قرآن مجید میں ہے: وَ کَمْ اَھْلَکْنَا قَبْلَھُمْ مِّنْ قَرْنٍ ھُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْیًا۝
(الرُّؤْیَا): خواب (ج) رُؤًی۔
(الرُّؤْیَۃُ): رمضان کی پہلی رات کو چاند دیکھنا۔ حدیث میں ہے: (صومُوا الرؤیته)۔
(الرِّئَۃُ): پھیپھڑا (عضو تنفس) (ج) رئاتٌ و رِؤُن۔
—ذاتُ الرِّئَۃِ: (دیکھئے: ذات)
(الرِّئَوِیُّ) القلبُ الرِّئَوِیُّ: پھیپھڑے کے بعض امراض میں دل کی بائیں جانب کا بڑا ہونا (مج)
—السل الرؤی: (دیکھئے: سلال)
(الرِّئْیُ): وہ شاندار کپڑا جس کا حسن دکھانے کے لئے پھیلایا جائے۔ (۲) موکل، جو انسان کو غیبی امور کی خبریں دیتا ہو (۳) قوم کا سردار، صاحب رائے جیسے فلان رَئِیُّ قومِہ۔
(الرُّوَاءُ): ظاہری حسن و جمال۔ بہار، رونق (اس کی اصل رؤاء ہے)

—امرأۃٌ لھا رُواءٌ: خوبصورت عورت۔
(المَرْأی): منظر۔
هو مِنّی بمرأیً: وہ میری نگاہوں کے سامنے ہے۔
(المَرْآۃُ): منظر، ضرب المثل ہے (تُخبِرُ عن مجھولہ مَرْآتُہ) ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے۔
(المِرآۃُ): آئینہ (ج) مَرَاءٍ و مَرَایا۔

ر............ب

(رَبَأَ) (ف) فلانٌ رَبْأً: بلند و مرتفع ہونا (۲) ہر طرح کا کھانا جمع کرنا۔ جیسے رَبَأَ فلانٌ لفلانٍ (۳) بوجھل قدموں سے چلنا۔ کہتے ہیں رَبَأَ فی مِشْیَتِہ۔
—الأرضُ: صاف اور بلند ہونا۔
—بفلانٍ عن کذا: بلند و پاکیزہ کرنا۔
—فی الامرِ: غور و فکر کرنا۔
—الشیءَ: بلند کرنا، اونچا کرنا۔
—المالَ: مال کی حفاظت اور رکھوالی کرنا۔
—القومَ ولھُمْ: لوگوں کا محافظ و جاسوس بننا۔
—ما رَبَأْتُ رَبْأَہ: میں نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی۔
(رَابَأَہ): بچنا، احتیاط کرنا۔
—فلانٌ فلانًا: ایک دوسرے پر نگاہ رکھنا اور پہرے داری کرنا۔
(ارتبأ): بلند و اونچا ہونا۔
—الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
(الرَّبِیءُ): پیش رو جو دشمن کا پتہ لگا کر اپنے لوگوں کو آگاہ کرتا ہے (ج) رِبایا۔
(الرَّبِیْئَۃُ) بمعنی الرَّبِیءُ (ج) ربایا
(المَرْبأُ): اوپر سے دشمن کو دیکھنے کی جگہ (ج): مَرَابِئُ۔
(المَرْبَأۃُ) بمعنی المَرْبأُ (ج) مَرابئُ۔
(المُرْتبأُ): بمعنی المَرْبأ۔
(رَبَّ) بمعنی الولدَ رَبًّا: پرورش کرنا۔ نگہداشت کرنا، نقصان دہ چیزوں سے بچانا اور فائدہ مند چیزیں دینا۔ هو رابٌّ وهی رابّۃٌ۔ والمفعول

مربوبٌ وربیبٌ وهی مربوبۃٌ وربیبۃٌ۔
—القومَ: قیادت و سربراہی کرنا۔ حضرت ابن زبیرؓ سے حضرت ابن عباسؓ کی گفتگو میں ہے (لان یُرَبِّنِی بنو عمّی احبُّ اِلیّ من ان یَرُبَّنِی غیرھم)
—الشیءَ: مالک بننا (۲) جمع کرنا۔
—النِّعمۃَ رَبًّا ورِبَابًا ورِبَابَۃً: نعمت کو بڑھانا، حفاظت کرنا۔
—الشیءَ: درست کرنا (۲) مضبوط کرنا جیسے ربَّ الامرَ۔
—المکانَ: قرار پکڑنا، قیام کرنا، الگ نہ ہونا۔
—الدُّھْنَ: تیل کو عمدہ و خوشبودار بنانا۔
(أرَبَّتِ) الریحُ: ہوا کا مسلسل چلنا۔
—السحابۃُ: بادل کا مسلسل برسنا۔
—بالمکانِ: قیام پذیر ہونا اور نہ ٹلنا۔
(رَبَّبَ) الولدَ بمعنی رَبَّہ۔
—النعمۃَ: نعمت کی حفاظت کرنا اور بڑھانا۔
—الثَّمرَ: پھلوں کا مربہ بنانا۔ هو مُرَبَّبٌ۔
(ارتَبَّ) الولدَ بمعنی رَبَّہ۔
—علی فلانٍ: نعمت عطا کرنا۔
(ترَبَّبَ) القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
—الولَدَ: تربیت کرنا، پرورش کرنا۔
—الشیءَ: کسی شے کی ملکیت کا دعویٰ کرنا جیسے ترَبَّبَ الرجلَ والارضَ۔
(التَّرْبِیْبُ): قوام کو پانی جلا کر گاڑھا کرنا (مج)
(الرَّابُّ): سوتیلا باپ۔
(الرَّابَّۃُ): سوتیلی ماں۔
(الرَّبَابُ): سفید بادل۔ واحد: رَبَابَۃ (۲) سارنگی جیسا ایک تار کا باجا۔
(الرِّبَابُ): عہد و میثاق، وعدہ۔
(الرِبَابَۃُ): عہد، وعدہ (۲) تیروں کا مجموعہ (۳) تیر باندھنے کی ڈوری۔
(الرَّبُّ): اللہ تعالیٰ کا نام (اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لئے لفظ رب بغیر اضافت کے استعمال نہیں ہوسکتا) (۲) مالک (۳) آقا (۴) مربی، تربیت

کرنے والا (۵) نگران (۶) منتظم (۷) انعام دینے والا (۸) اصلاح کنندہ۔ (ج) أَرْبَابٌ و رُبُوبٌ۔

(الرُّبُّ): کھجور کو پکا کر تیار کیا ہوا شیرہ (۲) پکائی ہوئی کھجوریں یا انگور۔

— رُبُّ السَّمنِ وَالزَّيْتِ: گھی یا تیل کی سیاہ گاد (ج) **رُبُوبٌ وَرِبَابٌ**۔

(رُبَّ): حرف جو حرف نکرہ کو ہی مجرور کرتا ہے اور زائد حرف کے حکم میں ہوتا ہے کسی لفظ سے متعلق نہیں ہوتا اس کے اخیر میں ما زائد لگا دیا جائے تو یہ اپنا عمل جر روک دیتا ہے، تو اس وقت اسماء معرفہ اور افعال پر بھی داخل ہو جاتا ہے اور کبھی اس کے آخر میں تاء تانیث بھی لگا دی جاتی ہے اور یہ کبھی تقلیل اور کبھی تکثیر کے لئے آتا ہے جس کی تعیین سیاق کلام سے حسب موقع کی جاتی ہے۔

(الرَّبَبُ): بہت زیادہ پانی (۲) میٹھا پانی۔

(الرُّبِّيُّ): نعمت و احسان (۲) ضرورت (۳) مضبوط گرہ (ج) **رُبابٌ**۔

(الرَّبَّانِيُّ): اللہ والا، خدا پرست (۲) کامل علم وعمل والا۔

قرآن مجید میں ہے: **{وَلٰكِن كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتٰبَ}**

(الرَّبَّةُ): مؤنث الرّبّ (۲) بڑا مکان (ج): **رِبابٌ**۔

(الرِّبَّةُ): موسم گرما میں ہری رہنے والی گھاس یا نبات (۲) ایک پودا جس پر لوبیا جیسا پھل آتا ہے (۳) بڑا گروہ یا دس ہزار کی تعداد (ج) **رِبَبٌ ورِبابٌ وَرِبَّةٌ**۔

(الرُّبَّةُ): بڑی جماعت (ج) **رِبَبٌ ورِبابٌ** (۲) زندگی کی خوشحالی و فراخی۔

(الرِّبِّيُّ): لوگوں کی بڑی جماعت۔

قرآن مجید میں ہے: **{وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ}** (۲) متقی و صابر عالم۔

(الرَّبُوبُ): سوتیلا بیٹا (۲) جنگلی گایوں کی قطار۔

(الرَّبِيبُ): سوتیلا باپ یا بیٹا (۲) جس سے معاہدہ کیا گیا ہو (۳) بادشاہ (ج) **أَرِبَّاءُ وأَرِبَّةٌ**۔

(الرَّبِيبَةُ): سوتیلی بیٹی، سوتیلی ماں (۲) بچہ کی دایہ، انا (ج) **ربائب**۔

(المِرْبَابُ): زیادہ پودوں والی زمین۔ (۲) زرخیز و شاداب زمین۔

(المَرَبُّ) بمعنی **المرباب** (۲) جگہ (۳) قیام اور ملاقات کی جگہ۔

(المَرَبِّي): (دیکھئے: ربو)

(رَبَتَ)(ض) الصَّبِيَّ رَبْتًا: بچہ کی تربیت و پرورش کرنا۔

(رَبِتَ)(س) رَبَتًا: زبان بند ہو جانا۔

(رَبَّتَ) الصَّبِيَّ: بچہ کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔

(رَبَثَهُ) (ن) عن حاجته وأمره رَبْثًا و رِبِّيثَى: ضرورت وغیرہ سے روکنا باز رکھنا۔: **هو رَبُوثٌ ورَبِيثٌ**۔

(رَبَّثَه) عن حاجته وأمره تربيثًا وتربيثةً بمعنی **رَبَثَه**۔

(ارْتَبَثَ) القومُ: لوگوں کا بکھر جانا۔

(ارْبَثَّ) القومُ: لوگوں کا منتشر ہونا۔

— أمرُهُمْ: لوگوں کے معاملہ کا مختلف ہونا۔

(تَرَبَّثَ) في سيرِهِ: رک رک کر چلنا۔

(ارْبَاثَّ): بند ہو جانا، رک رک کر چلنا۔

(الرِّبِّيثَى): مانع، رکاوٹ، آڑ۔

(الرَّبِيثَةُ): آڑ، رکاوٹ۔ کہتے ہیں۔ **فَعَلَ ذلك له ربيثة** (ج) **ربائث**۔ حدیث میں ہے **(تعترض الشياطين الناس يوم الجمعة بالرَّبائث)**

(رَبُجَ)(ك) رَبَاجَةً: بیوقوف و کند ذہن ہونا۔ **هو رَبِيجٌ وهي رَبِيجَةٌ**۔

(أَرْبَجَ): پست قد اولاد والا ہونا۔

(تَرَبَّجَ): کند ذہن ہونا، غبی ہونا (۲) پریشان و متحیر ہونا۔

— الوالدة على وَلَدِها: ماں کا بچہ میں مشغول ہونا اور اس کے باپ کے بعد دوسری شادی نہ کرنا۔

(الرَّبَاجِيُّ): موٹا، بھاری بھرکم (۲) دبیز اور گھٹیلا (۳) ڈینگ مارنے والا۔

شاعر کہتا ہے ؎

"وتلقاه رباجيًا فخورًا"

(رَبِحَ) (س) تجارته رِبْحًا و رَبَحًا و رَبَاحًا: کاروبار کا نفع بخش ہونا۔ **رَبِحَ التاجرُ في تجارته** بھی کہتے ہیں۔

(أَرْبَحَ) تجارته بمعنی **رَبِحَ**۔

— فلانًا على بضاعته: کسی کو اس کے سامان پر نفع دینا۔ **أَرْبَحه ببضاعته** بھی کہتے ہیں۔

(رابَحَه) على بضاعته: کسی کو اسکے سامان پر نفع دینا۔

(تَرَبَّحَ): نفع کمانا، نفع چاہنا۔ (۲) حیران ہونا۔

(الرَّابِحُ): مالٌ رابحٌ: نفع بخش مال۔

(الرُّبَحُ): بیچنے کے لئے منگوائے جانے والے گھوڑے اور اونٹ (۲) چربی (۳) اونٹ کے چھوٹے بچے۔ واحد: **رابح** (۴) اونٹ کا بچہ (ج) **رِبَاحٌ**۔

(الرِّبْحُ): نفع فائدہ (۲) سود (ج) **ارباحٌ** (۳) علم اقتصادیات میں اس فرق کو کہتے ہیں جو سامان کی لاگت اور اس کی فروختگی کی صورت میں ہوتا ہے۔

— الرِّبحُ الإجماليُّ: وہ تمام منافع جو مالک کاروبار صاحب عمل حاصل کرتا ہے۔

— الرِّبحُ الصَّافِيُّ: خالص نفع جو انتظامی اخراجات اور سرمایہ اصل کے بعد حاصل ہو (مج)

(الرَّبِيحُ): نفع بخش، کامیاب۔

— مَتجرٌ رَبِيحٌ: نفع بخش دوکان۔

(المُرَابَحَةُ): (بيعُ المُرابَحَةِ): مال اصلی پر مقررہ اضافہ کے ساتھ بیع کرنا۔

— اعطاه مالاً مرابحةً: کسی کو نفع کی باہمی تقسیم پر مال دینا۔

(رَبَخَ) (ن) في الرَّمْلِ رَبْخًا: ریت میں چلنا دشوار ہونا۔

(أَرْبَخَ) الرَّمْلُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔

—فلانٌ: سختیوں میں گھر جانا۔
—فلانٌ: ریت میں چلنا دشوار ہونا۔
(تَرَبَّخَ): ست ڈھیلا ہونا۔
—فی مشیہ: ڈھیلا ہو کر چلنا۔
(الرِّبِّیخُ): موٹا اور ڈھیلا آدمی۔
(رَبَدَ) (ن) بالمکانِ رَبْدًا و رُبُوْدًا: قیام کرنا۔
—فلانًا رَبْدًا: قید کرنا۔
—التمرَ: کھجور کو سکھانے کی جگہ پر اکٹھا کرنا۔
(رَبِدَ) (س) رُبْدَةً: سیاہی مائل خاکی رنگ کا ہونا' مٹیالا ہونا۔ هو اَرْبَدُ وهی رَبْدَاءُ (ج) رُبْدٌ۔
(ارْبَدَّ) بمعنی رَبِدَ۔
—وجهُه: چہرہ کا سرخ وسیاہی مائل ہونا۔
(تَرَبَّدَ) بمعنی اِرْبَدَّ۔
—الرجلُ: ترش رو ہونا۔
—السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
(ارْبَادَّ) بمعنی ارْبَدَّ۔
(الرُّبَدُ) من السیف: تلوار کا جوہر (۲) خوش نمائی' آب۔
(الرَّبِیْدُ): برتن میں تہ بہ تہ لگی ہوئی اور پانی چھڑکی ہوئی کھجوریں۔
(الرَّبِیْدَةُ): الماری یا بکس وغیرہ جس میں کتابیں اور رجسٹر محفوظ کئے جائیں (ج) رَبَائِدُ
(المِرْبَدُ) : اونٹوں کا باڑا۔ عراق میں اونٹوں کا ایک بازار تھا جسے مربد البصرة کہتے تھے۔ اس میں عرب شعراء کا اجتماع بھی ہوتا تھا۔
(۲) کھجوریں سکھانے کا برتن (ج) مَرَابِدُ
(رَبِذَ) (س) رَبَذًا: چلنے میں پھرتیلا ہونا۔
(۲) کام کرنے میں تیز ہونا۔ هو رَبِذٌ۔
(اَرْبَذَ) الثوبَ او الحبلَ: کاٹنا۔
(الرِّبْذَانِیُّ): بہت بیہودہ اور بسیار گو آدمی۔
(الرِّبْذَةُ): حائضہ عورت کا کپڑا (۲) سنار کا زیورات صاف کرنے کا کپڑا (۳) ہر قسم کی مشین یا پرزہ صاف کرنے کا کپڑا (مو)
(۴) ہر گندی چیز (۵) بے فیض آدمی (۶) شیشی یا بوتل کی ڈاٹ (ج) رِبَذٌ و رِبَاذٌ۔
(الرَّبَذِیُّ): کمان کی تانت (۲) کوڑا۔
(المِرْبَاذُ): بسیار گو' بیہودہ گو آدمی۔
(الرَّبْرَبُ): ہرنوں کی ڈار (۲) جنگلی یا پالتو گایوں کا ریوڑ (اس کا واحد نہیں ہے) (ج) رَبَارِبُ۔
(رَبُزَ) (ك) الكَبْشُ رَبَازَةً: دنبے کا موٹا تازہ ہونا۔
—فلانٌ: عقل مند خوش مزاج ہونا۔ هو رَبِیزٌ۔
(رَبَزَ) القربةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
(ارْتَبَزَ): اپنے فن میں کامل اور ماہر ہونا۔
(الرَّبِیزُ): اپنے فن کا ماہر۔
(رَبَسَهُ) (ن) بیدہٖ رَبْسًا : ہاتھ مارنا۔ هو مربوسٌ و ربیسٌ۔
—القربةَ و نحوَها: مشکیزہ وغیرہ کو بھرنا۔
(ارتَبَسَ): مخلوط ہونا (۲) گتھا ہوا یا ٹھکا ہوا ہونا۔
—العنقودُ: خوشے کے دانوں کا گتھا ہوا ہونا۔
(تَرَبَّسَ): پھرتی سے چلنا۔
—فلانًا: پرزور طریقہ سے طلب کرنا۔
(ارْبَسَّ) فلانٌ: کسی خطۂ زمین میں چلنا۔
— امرُ القومِ: حالت کمزور ہو جانے کی وجہ سے منتشر ہو جانا۔
(الرَّبْسُ): چالاک آدمی (۲) بہت سا مال وغیرہ۔
(الرَّبِیْسُ): بہت سا مال وغیرہ (۲) موٹا تازہ دنبہ (۳) بھرا ہوا گچھا (۴) بہادر آدمی۔
(الرُّبَیْسُ) اُمُّ الرُّبَیْسِ: اژدہا' سانپ (۲) بطور کنایہ مصیبت کو بھی کہتے ہیں۔
(رَبِشَتِ) (س) الارضُ رَبَشًا: زمین کا مختلف رنگ کی زیادہ گھاس والی ہونا۔
— رَبِشت السَّنَةُ والمكانُ: سال اور جگہ کا زرخیز ہونا۔
— الرَّجُلُ: مختلف رنگوں والا ہونا۔ هو اَرْبَشُ وهی رَبْشَاءُ (ج) رُبْش۔
(اَرْبَشَ) الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا (۲) چنے جیسے پھل آنا۔
(الرَّبَشُ): نوعمروں کے ناخنوں پر ظاہر ہونے والی سفیدی۔
(رَبَصَ) (ن) بفلانٍ رَبْصًا: کسی کے لئے خیر یا شر کا منتظر رہنا۔
— فلانًا امرٌ: کسی کو کوئی اچھی یا بری بات پیش آنا۔
(تَرَبَّصَ): ناجائز ذخیرہ کرنا۔
— بہ: کسی کے لئے اچھی یا بری چیز کا انتظار کرنا۔
تربّص بهِ الشيءَ: قرآن مجید میں ہے: {قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ}
بسلعته الغلاءَ: اپنے سامان کے بھاؤ بڑھنے کا انتظار کرنا۔
(الرُّبْصَةُ): مختلف رنگ۔ لی علی هذا الامرِ رُبْصَةٌ: مجھے اس معاملہ کا انتظار ہے۔
(رَبَضَتِ) (ض ن) الغنمُ وغیرها من الدوابّ رَبْضًا و رُبُوضًا: بکری وغیرہ کا گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
— الاسدُ علی فریسته: شیر کا اپنے شکار کو حملہ کر کے دبوچ لینا۔
— القِرنُ علی قرنه: اپنے ہم پلہ کو دبوچ لینا۔
— بالمكان: قیام پذیر ہونا۔
— فُلانًا رَبْضًا: کسی کی پناہ لینا۔
(اَرْبَضَتِ) الشَّمْسُ: گرمی کا اتنا سخت ہونا کہ جانور اس کی شدت کی وجہ سے گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں۔
— الراعی الغنمَ وغیرها من الدواب: چرواہے کا جانوروں کو بٹھا دینا۔
— الشرابُ القومَ: شراب کا لوگوں کو مدہوش اور بوجھل بنا کر زمین دراز ہونے پر مجبور کر دینا۔ اربضهم الاناءُ بھی کہتے ہیں۔ حدیث ام معبدؓ میں ہے (ان النبی ﷺ لما قال عندها دعا بإناءٍ يُرْبِضُ الرَّهْطَ)

ر

—اهله: اہل وعیال کا خرچہ اٹھانا۔
(رَبَّضَ) الراعی الغَنَمَ وغیرَها من الدواب: چرواہے کا بکریوں وغیرہ کو بٹھا دینا۔
—فلانًا بالمکان: کسی جگہ پر ٹھہرا دینا۔
(تَرَبَّضَ) الکبشُ عن الغنم: دنبے کا بھیڑوں سے الگ ہو کر بیٹھنا۔
—بالمکان: قیام کرنا۔
(الرَّابِضُ): شیر (۲) بیمار۔ اسدٌ رابضٌ و رَجلٌ رابضٌ کہتے ہیں۔ کہاوت ہے (کلبٌ جوّالٌ خیرٌ من اَسدٍ رابضٍ) گھومتا ہوا کتا بیٹھے ہوئے شیر سے بہتر ہے (ج) رُبوضٌ روابض۔
— فلانٌ ماتقوم رابضَتُه ماتقوم لَه رابضةٌ: فلاں کا تیر نشان پر لگتا ہے، وہ دیکھتا ہے تو نظر لگا دیتا ہے۔
(الرَّبَضُ): بیوی۔
(الرَّبَضُ): بیوی (۲) بکریوں اور چوپایوں کا باڑا (۳) بیوی، ماں، بہن یا بیٹی وغیرہ قریبی رشتہ دار جن کے قرب سے سکون حاصل ہو۔ کہاوت ہے (رَبَضُكَ منك وإن كان سَمَارًا) تمہارے عزیز و اقارب درحقیقت تمہارے ہی عزیز و اقارب ہیں خواہ وہ کوتاہی ہی کیوں نہ کرتے ہوں۔
حدیث نجبہ میں ہے (زَوَّجَ إبنتَهٗ من رَجُلٍ وجهّزها وقال: لا يبيت عزَبًا وله عند ربضٍ) (۴) آنتیں (۵) پیٹ کا اندرونی حصہ (۶) شہر کے اردگرد کا علاقہ، گوشہ، کنارہ (۹) دودھ کی وہ مقدار جو ایک آدمی کے لئے کافی ہو۔ (ج) اَرْبَاضٌ۔
(الرِّبْضُ): گائے اور دیگر جانوروں کا گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا ریوڑ (ج) أرباض۔
(الرُّبْضُ): درمیان، وسط، بیچ (۲) عمارت کی بنیاد (۳) کسی چیز کا زمین سے لگا ہوا حصہ (۴) بیوی (۵) گھنے درختوں کا جھنڈ (ج) أرْبَاضٌ
(الرُّبُضُ): بیوی ۔ رجلٌ رُبُضٌ عن الحاجات والأسفار: وہ شخص کسی ضرورت اور سفر کے لئے تیار نہیں ہوتا۔
(الرِّبْضَةُ): ڈھیر ہوئی لاش (۲) لوگوں کی جماعت۔
(الرُّبْضَةُ): اپاہج اور بڑیل آدمی۔ (۲) ثرید کا بہت بڑا ٹکڑا (ج) رُبَضٌ۔
(الرُّبَضَةُ): اپاہج اور بڑیل آدمی۔
(الرَّبُوضُ) شَجَرَةٌ رَبُوضٌ: موٹی اور بھاری زنجیر۔ حدیث ابولبابہؓ میں ہے (إنَّه ارتبط بسلسلة رَبوضٍ الى أن تاب الله عليه)۔
—دِرْعٌ رَبُوضٌ: کشادہ زرہ۔
— قريةٌ رَبُوضٌ: کثیر آبادی والی بستی (ج) رُبُضٌ۔
(الرَّبِيضُ): چرواہوں سمیت باڑے میں موجود بکریاں اور چوپائے۔ (۲) پیٹ میں آنتوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔
(الرُّوَيْبِضَةُ): معمولی اور کم عقل آدمی۔ حدیث اشراط الساعۃ میں ہے (وأن تنطق الرُّويبضة في أمر العامّةِ)
(رَبَطَ) (ض ن) جأشُه رِباطَةً: دل کا ایسا مضبوط ہونا کہ سختی میں نہ گھبرائے۔
— الشيءَ رَبْطًا: باندھنا۔ هو مربوطٌ و رَبيطٌ۔
—نَفْسَه عَنْ كَذَا: باز رکھنا، روکنا۔
— اللهُ على قلبه بالصَّبْرِ: صبر کی طاقت دینا، دل مضبوط کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنْ كَادَتْ لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَى قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ}۔
(رَابَطَ) مُرَابَطَةً ورِبَاطًا: سرحد پر پڑاؤ ڈالنا، سرحد پر مقیم ہونا رابط الجیشُ بھی کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے: {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا} (۲) کسی کام کو لازم پکڑنا اور ہمیشگی اختیار کرنا۔
(ارْتَبَطَ) في الحَبْلِ ونحوِه: رسی وغیرہ سے بندھنا۔
—الدابّةَ وغيرَها: باندھنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يرتبط من الدّواب كذا رأسًا: فلاں کے پاس اتنے جانور ہیں۔
— فَرَسًا: گھوڑے کو سرحدی حفاظت کے لئے تیار کرنا۔
(تَرَابَطَ) الماءُ في المكان: پانی کا کسی جگہ ٹھہرنا۔
(التَّرَابُطُ): علم فلسفہ میں ترابط ایسے تعلق کو کہتے ہیں جو دو ایسی ادراک کردہ چیزوں کے درمیان قائم ہو جو ذہن میں کسی بھی سبب کی بنا پر ایک دوسری سے ملی ہوئی ہوں (مج)
(الرَّابِطُ): قیام پذیر۔
—رابطُ الجاش: قوی القلب، بہادر۔
نَفَسٌ رَابِطٌ: لمبا چوڑا سانس۔
(الرَّابِطَةُ): رابطہ، تعلق، جوڑ (۲) بندھے ہوئے جانور (۳) جماعت یا تنظیم جس میں متفق المقاصد لوگ جمع ہوں جیسے رابطةُ الأدباء و رابطة القُرّاء (محدثہ) (ج) روابط۔
(الرِّبَاطُ): ہر وہ چیز جس کے ذریعہ باندھا جائے (۲) گھوڑوں کا اصطبل (۳) گھوڑے (۴) قیام گاہ (۵) صوفیاء کی قیام گاہ (۶) دل: (ج) رُبُطٌ۔
— قَرَضَ رِباطَه: وہ مر گیا یا بیماری سے اچھا ہو گیا۔
—جاءَ وقد قَرَضَ رباطَه: وہ تھکا ماندہ آیا۔
— رباطُ الخيل: گھوڑوں کا اصطبل جو پانچ یا زیادہ کے لئے ہو۔
— له رباطٌ من الخيل: اس کے پاس پانچ یا زیادہ گھوڑے ہیں۔
(الرَّبْطُ): علم فلسفہ کے مطابق وہ تعلق جو دو ادراک کردہ ایسی چیزوں کے درمیان ہو جو ذہن میں کسی بھی سبب سے ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہوں (مج)
(الرَّبْطَةُ): گٹھڑی، بنڈل۔
(الرَّبِيطُ): بندھا ہوا (۲) راہب (۳) زاہد۔ حدیث میں ہے (أنَّ رَبِيطَ بني اسرائيل

قال: زين الحكيم الصَّمْتُ)

(۴) خشک کھجور جس کو برتن میں رکھ کر پانی ڈالا جائے (۵) بھگوئی ہوئی نیم پختہ کھجور۔

—ربیطُ الجأش: دلیر، بہادر۔

(الرَّبِیْطَةُ): بندھے ہوئے جانور (ج) ربائط۔

(المُرَابِطَةُ): دشمن کی سرحد کے قریب پڑاؤ ڈالنے والے لوگ اور گھوڑے۔

(المِرْبَطُ): جانوروں کو باندھنے کی رسّی وغیرہ (ج) مرابط۔

(المِرْبَطَةُ) بمعنی المِرْبَطُ۔

(رَبَعَ) (ف س) الرَّبِیْعُ رُبُوعًا: موسم بہار آنا۔

— الإبلُ رَبْعًا: اونٹوں کا چراگاہ میں آزادی کے ساتھ گھومنا اور چارہ و پانی وغیرہ سے خواہش کے مطابق سیر ہونا (۲) اونٹوں کا چوتھے دن پانی پینا۔

—علیه الحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا۔

—بالمکانِ: قیام پذیر ہونا۔

— فلانٌ: ٹھہرنا، انتظار کرنا، مقید ہونا۔ کہتے ہیں اربَعْ علیك او عَلٰی نفسك أو علی ظَلْعك: ٹھہرو اور انتظار کرو (۲) زور آزمائی کے لئے ہاتھ میں پتھر اٹھانا (۳) خوشحال اور آسودہ ہونا۔

— الدَّابَّةُ: لمبے قدموں سے دوڑنا۔

—عنه: رکنا، باز رہنا۔

—عَلٰی فُلانٍ: شفقت و مہربانی کرنا۔

— الرَّجُلُ بالمکان وفی المالِ: مال اور جگہ میں من مانی کرنا۔

—فُلانًا: کسی کا چوتھائی مال لے لینا۔

— الجیشَ: فوج کا چوتھائی مال غنیمت لے لینا اور ایسا زمانہ جاہلیت میں ہوا کرتا تھا۔

— الحِمْلَ: کسی کے ساتھ مل کر ہاتھوں یا لاٹھی سے بوجھ اٹھانا۔

الحبلَ: رسّی کو بٹنے میں چار بٹ دینا۔

—الثَّلَاثَةَ رَبْعًا: تین کے ساتھ مل کر چوتھا ہو جانا۔

— التسعةَ والثلاثینَ: انتالیس کے ساتھ خود کو شامل کر کے چالیس کر دینا۔

— الثَّلَاثَةَ والأرْبعینَ: تینتالیس کے ساتھ خود کو شامل کر کے چوالیس کر دینا۔

(رُبِعَ): چوتھے دن بخار آنا۔

(أَرْبَعَ) العددُ: عدد کا چار یا چالیس ہونا۔

— القومُ: موسم بہار میں داخل ہونا۔

— فلانٌ: پانی اور دیہات کی طرف جانا۔ (۲) موسم بہار گزارنے کی جگہ مقیم ہونا۔

— الحامِلُ: موسم بہار میں بچہ کو جنم دینا۔ ھی مُرْبِعٌ و مِرْبَاعٌ۔

— المولودُ: بچہ کی کچلی نکلنا یا گر جانا۔

—فلانٌ: جوانی میں کسی کے یہاں اولاد ہونا۔

—الغنمُ: بھیڑ کا چوتھے سال میں داخل ہونا۔

— ذواتُ الحافِرِ: کھر والے جانوروں کا پانچواں سال شروع ہونا۔

—ذواتُ الخُفِّ: سم والے جانوروں کا ساتواں سال شروع ہونا۔

۔الغَیْثُ: بارش کا کثرت کی وجہ سے لوگوں کو ان کے مقام پہ روک دینا۔ ھو مُرْبِعٌ۔

—ماءُ الرَّکیّةِ: کنویں کا پانی زیادہ نہ ہونا۔

— الابلَ: اونٹوں کو پانی پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا، جب چاہیں پئیں۔

— المریضَ: مریض کی تیمار داری کے لئے چوتھے دن آنا۔ حدیث میں ہے (اَغِبُّوْا فی عیادةِ المریض و اَرْبِعُوْا اِلَّا ان یکونَ مغلوبًا)

(رَابَعَ) الحِمْلَ مرابعةً و رِبَاعًا بمعنی رَبَعَه۔

—فُلانًا: کسی کے ساتھ مل کر ہاتھوں یا لاٹھی سے بوجھ اٹھانا (۲) چوتھائی پیدا وار لینے پر کسی کی کاشت کرنا۔ کہتے ہیں: اسْتَاجَرَہ مُرَابعةً و رِبَاعًا: زمین کو چوتھائی پیداوار کے بدلہ کرائے پر لینا۔

(رَبَّعَ): مربع، چوکور بنانا (۲) چار حصے کرنا (۳) چار گنا کرنا۔

—فلانٌ: چار زانو بیٹھنا (مو)

(ارْتَبَعَ) البعیرُ و نَحْوُهٗ: موسم بہار کی گھاس چرنا (۲) موٹا ہونا (۳) تیز چلنا (۴) زمین پر پاؤں مارتے ہوئے چلنا۔

— الحَیَوانُ: جانور کی صحت کسی علاج وغیرہ سے اچھی ہونا۔

—بالمکان: کسی جگہ موسم بہار میں قیام کرنا۔

—حجرًا و نحوَہٗ: پتھر وغیرہ کو اٹھا کر بلند کرنا۔

— فلانٌ اَمْرَ القومِ: لوگوں کا امیر بننے کا انتظار کرنا۔ حدیث مغیرہؓ میں ہے (اِنَّ فلانًا ارتبعَ أَمْرَ القومِ)۔

(تَرَبَّعَتِ) الماشِیَةُ: موسم بہار کی گھاس چرنا۔

—الجالسُ: چار زانو بیٹھنا۔

— المکانَ وبہ: کسی جگہ موسم بہار میں قیام کرنا۔

—حجرًا و نحوَہٗ: پتھر وغیرہ اٹھا کر بلند کرنا۔

— حجرًا و نحوَہٗ للسَّیْرِ: جانور وغیرہ کا چلنے پر قادر ہونا۔

—فلانٌ بعمَلِه: کام پر قادر ہونا۔

—الرَّمْلُ و نحوُہٗ: ریت وغیرہ کا ڈھیر لگنا۔

—الغبارُ و نحوُہ: غبار وغیرہ کا اٹھنا۔

—شَیْئًا: کسی چیز کی طاقت و قوت رکھنا۔

(الأَرْبَعُ): چار۔ ذواتُ الأربعِ: چوپائے۔

— الرِّیاحُ الاربعُ: چاروں سمتوں (مشرق و مغرب و شمال و جنوب) سے چلنے والی ہوائیں۔

(الأَرْبِعَاءُ): بدھ کا دن۔ تثنیه: اربعاوان (ج) اربعاوات

(الأُرْبُعَاءُ): قَعَدَ الأُرْبُعَاءَ: چار زانو بیٹھنا۔

(الأَرْبُعَا) و (الأُرْبُعَاوٰی) بمعنی الأُرْبُعَاءُ۔

(الأَرْبَعَةُ): چار، مقولہ ہے: جاءَ وعیناہُ تدمعانِ باربعة: وہ چار آنسو روتا ہوا یعنی زور زور سے روتا ہوا آیا۔

(الأَرْبَعُوْنَ): چالیس۔

(التَّرْبِیْعُ) فی الزراعة: چوتھا پانی جو کھیتی کو دیا

جائے۔

(الرَّابِعُ): چوتھا (۲) رَبِیعٌ رابِعٌ: پر بہار فصل ربیع۔

(رُباعَ): چار چار یہ اربعة اربعة سے معدول ہے۔ جیسے جاء القوم رُبَاعَ: وہ چار چار آئے۔

(الرَّبَاعُ): حالت 'حیثیت (۲) اچھی حالت' خوشحالی۔ جیسے هُمْ عَلٰى رَبَاعِهِمْ: وہ اپنی سابقہ اچھی حالت پر ہیں۔

(الرِّبَاعُ): دیت' تاوان جو ایک قوم دوسری قوم کو ادا کرتی ہے۔

(الرَّبَاعَةُ): خوشحالی' اچھی حالت۔ آپ ﷺ نے مہاجرین و انصار کے بارے میں تحریر فرمایا: (انهم امّةٌ واحدةٌ على رباعتهم)۔

(الرَّبَاعِيَةُ): سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والے دانت۔ یہ چار ہوتے ہیں۔ دو اوپر دو نیچے۔

(الرُّبَاعِيُّ): چار اجزاء سے مرکب چیز' چہار اجزائی (۲) ریاضی اور علم ہندسہ میں وہ شکل مستوی ہے جو چار مساوی ایسے اضلاع سے گھری ہوئی ہو کہ ہر دو متصل ضلع ایک نقطہ پر ختم ہوتے ہوں اس نقطہ کو راس کہا جاتا ہے (مج)

(الرُّبَاعِيَّةُ): (شعر کی اصطلاح میں) وہ نظم جو چند ایسی اکائیوں پر مشتمل ہو کہ اکائی میں چار مستقل قافیے والے مصرع ہوں (اسے فارسی میں ''دوبیت'' کہتے ہیں) (ج)

(الرَّبَّاعُ): زیادہ جائیدادیں خریدنے والا (۲) اپنی طاقت آزمانے کے لئے بوجھ اٹھانے والا۔

(الرَّبْعُ): موسم بہار گزارنے کا مقام (۲) مکان' گھر (۳) مکان کالان۔ (۴) محلہ (۵) درمیانہ قد کا آدمی (۶) ورزش جراثقال (طاقت آزمائی کے لئے وزن اٹھانے کی ورزش)

(الرَّبْعُ): درمیانہ قد۔

(الرُّبْعُ): چوتھائی حصہ (۲) تین اعشاریہ (۳۶۳) گیلن کا ایک پیمانہ (ج) ارباع۔

(الرُّبَعُ): بہار میں پیدا ہونے والا اونٹ کا بچہ (ج) رِبَاعٌ أَرْبَاعٌ وهي رُبَعَةٌ (ج) رِبَاعٌ۔

(الرِّبْعُ) حُمَّى الرِّبْعِ: چوتھے دن آنے والا بخار اسے ''ملایا الربع'' کہتے ہیں (مج) (۲) اونٹوں کی چوتھے دن پانی پینے کی باری۔

(الرَّبْعَةُ): درمیانہ قد (مذکر و مونث) (۲) خوشبو کی شیشی (۳) قرآن مجید کے الگ الگ تیس پارے (مو)

(الرَّبَعَةُ): چولہے کے پتھروں کا درمیانی فاصلہ۔

(الرِّبْعِيُّ): موسم بہار (۲) جوانی کی اولاد۔

(الرِّبْعِيَّةُ): رِبْعِيَّةُ القوم: سردی کے آغاز میں لوگوں کا کھانا پینا۔

(الرَّبُوعُ): تقریباً ساڑھے تین گیلن دودھ دینے والی گائے (ج) رُبُعٌ ورَبَائِعُ۔

(الرَّبِيعُ): موسم بہار (۲) ماہ ربیع الاوّل و ربیع الثانی (۳) موسم بہار کی بارش۔ حدیث میں ہے (اِنَّ مما يُنبِتُ الرَّبيعُ ما يَقْتُلُ حَبَطًا او يُلِمُّ) (۴) چوٹی نہر (۵) سرسبز پودے (۶) موسم بہار کی گھاس (۷) چوتھائی حصہ (ج) أَرْبِعاء ورِباع وأَرْبِعَة۔

—أبو الرَّبيع: ہدہد کی کنیت۔

(الرَّبِيعَةُ): وہ پتھر جسے ورزش اور زور آزمائی کے لئے اٹھایا جائے (۲) لوہے کا خود (۳) باغیچہ (۴) توشہ دان (۵) عطردان' جس میں دلہن کی خوشبو رکھی جاتی ہے (ج) رَبَائِع۔

(الرَّوْبَعُ): کمزور کمینہ (۲) ذلیل' پست قد۔ (۳) اونٹ کے بچہ کو لگنے والی بیماری (ج) رَوَابِعُ۔

(الرَّوْبَعَةُ): اونٹ کے بچہ کو لگنے والی بیماری۔ (۲) چارزانو بیٹھنا۔ (۳) چھوٹے قد والا (ج) رَوَابِعُ۔

(المِرْبَاعُ): مال غنیمت کا چوتھائی حصہ جو سردار زمانہ جاہلیت میں فوج سے لیا کرتا تھا۔ حدیث میں ہے' نبی اکرم ﷺ نے عدیؓ بن حاتم سے اس کے مسلمان ہونے سے قبل فرمایا: (انك لتأ كل المرباع وهو لايحلُّ لك في دينك) (۲) درمیانہ قد کا آدمی (۳) بہار کے موسم میں بچہ دینے والا جانور (۴) وہ جگہ جہاں موسم بہار کے شروع میں سبزہ اگتا ہے (ج) مَرَابِيعُ۔

(المُرَبَّعُ): چہار گوشہ' چوکور (۲) علم ہندسہ میں مربع وہ ہے جس کے چار مساوی الاضلاع اور مساوی زاویے ہوں (مج)

—رجلٌ مربَّعُ الحَاجِبَيْنِ: گھنی ابروؤں والا آدمی' گویا کہ وہ دیکھنے میں چار معلوم ہوں۔

(المِرْبَعُ): وہ لکڑی جس کے دونوں سرے دو آدمی پکڑ کر سامان لادتے ہیں (ج) مَرَابِعُ۔

(المَرْبَعُ): موسم بہار گزارنے کی جگہ (۲) موسم بہار کی بارش (ج) مَرَابِعُ۔

(المَرْبَعَةُ): جنگلی چوہوں والی زمین (۲) بہت جنگلی چوہوں والی زمین (ج) مَرَابِعُ۔

(المِرْبَعَةُ): المِرْبَعُ (ج) مَرَابِعُ۔

(المَرْبُوعُ): درمیانہ قد کا آدمی (۲) چوتھے دن کے بخار کا مریض ۔وهي مربوعة (ج) مرابيع۔

(اليَرْبُوعُ): جنگلی چوہا' جس کی جسامت چھوٹی اور اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی لمبی ہوتی ہیں (مج)

(رَبَغَ) (ف) رَبْغًا: خوشحالی میں زندگی گزارنا

(رَبِغَ) (س) رَبَغًا: زندگی کا آسودہ ہونا (۲) گستاخ و بدکار رہنا هو رَبِغٌ وهي رَبِغَةٌ۔

(رَبُغَ) (ك) العيشُ رباغَةً: زندگی کا آسودہ اور خوشحال ہونا۔ هو ربيغٌ۔

(أَرْبَغَتِ) النَّاقَةُ: اونٹنی کا موٹا اور بھاری بھرکم ہونا۔

—الشيطانُ في قلبه: شیطان کا دل میں برائی پیدا کرنا۔ حدیث میں ہے (اِنَّ الشيطانَ قَدْ أَرْبَغَ في قلوبهم وعشّش)

(رابغ): بحر احمر کے ساحل پر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک وادی کا نام، جو حج کے

احرام کی ایک میقات بھی ہے۔
(الرَّابِغُ) عیشٌ رابغٌ: خوشگوار زندگی۔
—رَبِیْعٌ رَابِغٌ: سرسبز وشاداب موسم بہار۔
(الرَّبْغُ): خوبصورت منظر (۲) باریک مٹی۔
(الرَّبْغُ): زندگی کی آسودگی۔ کہتے ہیں: اَخَذَهٗ بربغہ: کسی کو اس کی خوشحالی ختم ہونے سے پہلے پکڑ لینا۔
(رَبَقَهٗ) (ن ض) رَبْقًا: پھندے دار رسّی باندھنا۔
— فلانًا فی الأمرِ: کسی کام میں پھنسانا۔ هو مَرْبوقٌ ورَبِیْقٌ وهی مربوقةٌ وربیقةٌ۔
(رَبَّقَهٗ): زور سے باندھنا، زور سے پھندا ڈالنا۔
— الرِّبْقَةَ: پھندا تیار کرنا۔
— الکلامَ: باتیں بنانا، جھوٹ بولنا۔
— الخُبْزَ: روٹی کو مکھن وغیرہ لگانا۔
— خبزةٌ مُرَبَّقَةٌ: روغنی روٹی۔
(ارْتَبَقَ) فی الحبالة: پھندے میں پھنسنا۔
— ارتبقَ فی حِبالتہ: وہ اپنے جال میں خود ہی پھنس گیا۔
(الرِّبْقُ): پھندے والی رسّی یا رسّی کا حلقہ جس سے جانوروں کو باندھتے ہیں (۲) رسی۔ (۳) دھاگا (ج) ارباق ورباقٌ۔
(الرِّبْقَةُ): ایک پھندا (ج) رِباق ورِبَقٌ۔
حَلَّ رِبْقَتَهٗ: پھندا کھولنا۔ کہتے ہیں لا یرضی الحُرُّ فی ربقةِ الذُّلِّ: شریف آدمی ذلت کا پھندہ گوارا نہیں کرتا۔
(الرُّبَیْقُ) امُّ الرُّبَیْقِ: سانپ (۲) سختی (۳) لڑائی، جنگ۔
(رَبَكَ) (ك) الشیءَ رَبْكًا: مخلوط کرنا، ملانا۔
— الرَّبِیْكَةَ: کھجور اور مکھن کا مخلوط تیار کرنا۔
— الثَّرِیْدَ: ثرید تیار کرنا۔
— لہ طعامًا: کسی کے لئے کھانا تیار کرنا۔
کہاوت ہے (غَرْثَانُ فاربُکُوا لَہ) وہ بھوکا ہے اس کے لئے کھانا تیار کرو۔
— الرَّجُلَ: کیچڑ میں دھنسا دینا۔
(رَبِكَ) (س) رَبَكًا: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
هو رَبِكٌ ورَبِیْكٌ۔
(ارْتَبَكَ) الأمرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
— فی الوحلِ: کیچڑ میں دھنس جانا۔
— فی الأمرِ: کسی معاملہ میں اس طرح پھنسنا کہ چھٹکارا نہ پا سکے۔
(الرَّبِكُ): بے تدبیر، بے رائے۔
(الرُّبَكُ) رجلٌ رُبَكٌ: اپنے معاملات میں الجھا ہوا۔
(الرَّبِیكُ): رَجُلٌ رَبِیْكٌ بمعنی رُبَكٌ۔
(الرَّبِیْكَةُ): کھجور اور گھی کا مخلوط کبھی اس میں پانی بھی ملا دیا جاتا ہے جو جذب ہو جاتا ہے۔ (۲) گارا ملا ہوا پانی (۳) وہ مکھن جس میں دودھ ملا ہوا ہو اور الگ نہ ہو (ج) رَبَائِكُ۔
(رَبَلَ) (ن ض) المکانُ رَبْلًا: کسی جگہ کا سبز رنگ کی گھونگھریالی گھاس اگانا۔ (۲) کسی جگہ سبز گھونگھریالی گھاس کا زیادہ ہونا۔
— القومُ: لوگوں کی تعداد کا زیادہ ہونا اور بڑھنا (۲) زیادہ مال والا ہونا۔
— المرأةُ: عورت کا زیادہ گوشت والی ہونا، فربہ ہونا۔
(ارْتَبَلَ) مالُہٗ: مال کا زیادہ ہونا۔
(تَرَبَّلَ) الجسمُ: جسم کا موٹا ہونا اور بڑھنا۔
— المرأةُ: عورت کے گوشت کا زیادہ ہونا۔
— شجرُ الرَّبْلِ: ربل نامی درخت پر پتے نکلنا۔
— الظَّبْیُ: ہرن کا درخت ربل کے پتے کھانا، پتے تلاش کرنا۔
— الرَّجُلُ: شکار کرنا۔
— الارضُ: موسم خزاں کی آمد پر خشکی کے بعد زمین کا سرسبز ہونا۔
(الرَّابِلَةُ): کندھے کا گوشت (ج) رَوَابِلُ۔
(الرَّبْلُ): ایک انتہائی سبز پودا جس کی شاخوں پر گھنے پتے ہوتے ہیں اور اقحوانی شکل کا نوکدار پھول اس کے اوپر لگتا ہے (ج) رُبُوْلٌ۔
(الرِّبْلُ) بمعنی الرَّبْلُ۔
(الرَّبْلَةُ): گوشت کا موٹا ٹکڑا (۲) ران کا اندرونی حصہ (ج) رَبَلَاتٌ۔
(الرِّبِّیْلُ): موٹا جسم (۲) وہ چور جو تنہا چوری کرے۔ حدیث عمرو بن العاصؓ میں ہے: (اَنَّہ قال انظروالنا رجلًا یتجنّب بنا الطریق فقالوا ما نعلم اِلّا فلانًا فإنه کان رَبیلًا فی الجاهلیة)
(الرِّبِّیْلَةُ): موٹاپا (۲) خوش حالی وفراخی۔
(الرِّیْبَالُ) و(الرِّئْبَالُ): شیر (۲) بھیڑیا۔
— لِصٌّ ریبالٌ: دلیر چور جو چوری کی تاک میں لگا رہے (۲) گھنی اور لپٹی ہوئی لمبی گھاس۔ (۳) ماں کا اکلوتا بچہ (ج) رَیَابِیْلُ ورَیَابِلَةٌ۔
(الرِّیْبَالَةُ): برا شیر۔
(الرِّبِّیْلُ): موٹی اونٹنی (۲) ناز واندام والی عورت۔
(المِرْبَالُ): وہ زمین جہاں پیچیدہ اور سبز گھاس والے پودے بکثرت ہوتے ہیں۔
(ج) مَرَابِیلُ۔
(اَرْبَنَهٗ): بیعانہ دینا۔
(تَرَبَّنَ): جہاز کا کپتان یا ملاحوں کا نگران بننا۔
(الأُرْبُوْنُ): بیعانہ، قیمت کا وہ حصہ جو پہلے دے دیا جاتا ہے اور بوقت ادائیگی قیمت سے وضع کر لیا جاتا ہے اور بیع مکمل ہو جاتی ہے (ج) اَرَابِیْنُ۔
(الرُّبَّانُ): ملاحوں کا نگران (۲) جہاز کا کپتان (۳) ہر شے کا بڑا حصہ اور مجموعہ (ج) ربابین۔
— اَخَذَہٗ بِرُبَّانِہٖ: اس نے پورے کا پورا لے لیا۔
— رُبَّانُ الشَّبَابِ: جوانی کا ابتدائی دور۔
— اِفْعَلْ ذلك بربّانہ: اس کام کو اس کے شروع ہی میں کر ڈالو۔
(الرُّبَّانِیُّ) بمعنی الرُّبَّان۔
(الرُّبُوْنُ) بمعنی الأُرْبُوْنُ۔
(رَبَا) (ن) الشیءُ رَبْوًا ورُبُوًّا: بڑھوتری ہونا، زیادہ ہونا، بڑھنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَ تَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ}۔

ر

—المالُ: مال کا بڑھنا(۲) بلند ہونا۔
—الفرسُ: دوڑ یا گھبراہٹ سے پھول جانا۔
—الجرحُ: زخم کا ورم آلودہ ہونا۔
—السویقُ ونحوہٗ: ستو وغیرہ کا پانی میں پڑے رہنے کی وجہ سے پھول جانا۔
—فی البیت وفی بنی فلانٍ: پرورش پانا (۲) دمہ کا مریض ہونا۔
—الرَّابیۃَ ونحوھا: ٹیلہ پر چڑھنا۔
(رَبِیَ) (س) فی بنی فلانٍ رَبْوًا وَرُبُوًّا: پرورش پانا۔
(اَرْبٰی) علی الخمسین ونحوھا: پچاس وغیرہ سے زائد ہونا (۲) دیئے ہوئے سے زیادہ لینا (۳) سودی لین دین کرنا (۴) ٹیلہ یا بلند جگہ پر کھڑا ہونا۔
—الأرضُ: زمین کا عمدہ ہونا۔
—شَیْئًا: بڑھانا، اضافہ کرنا۔
(رَابَاہُ): نرمی کا برتاؤ کرنا، دلداری کرنا۔
(رَبَّاہُ): بڑھانا، پرورش کرنا۔
—فلانًا: تعلیم وتربیت کی نگہداشت کرنا، تربیت کرنا۔
—الأُتْرُجَّ: مربہ بنانا۔ رَبَّی الفاکھۃَ بھی کہتے ہیں۔
(تَرَبّٰی): پرورش پانا، پڑھنا، تربیت پانا، تعلیم حاصل کرنا۔
(الأُرْبِیَّۃُ): (دیکھئے: ارب)
(الرَّابِیَۃُ): ٹیلہ، زمین سے بلند جگہ۔
— اَخَذَہٗ اَخذۃً رابیۃً: اس کو انتہائی سختی سے پکڑ لیا (ج) رواب۔
(الرِّبَا): زیادتی، اضافہ (۲) شریعت میں ربوا اس فاضل مال کو کہتے ہیں جو کسی عوض کے بغیر معاملہ کا ایک فریق دوسرے سے طے شدہ شرط کے تحت حاصل کرے (۲) علم الاقتصاد کے مطابق ربا اس رقم کو کہتے ہیں جو قرض لینے والا مقررہ شرائط کے ساتھ اصل قرض کے علاوہ ادا کرتا ہے (مج)

(الرَّبَاءُ): احسان۔ جیسے لفلان علی فلان رباء۔
(الرِّبَاءُ) بمعنی الرَّبَاء۔
(الرَّبَاۃُ والرُّبَاوَۃُ): ٹیلہ۔
(الرَّبْوُ): ٹیلہ (۲) دمہ کی بیماری (مج)
(الرَّبْوَۃُ): ٹیلہ (۲) دس ہزار کی کم وبیش جماعت (ج) رُبًی۔
(المُرَبّٰی): پھلوں کا مربہ (ج) مُرَبَّیَات (مو)۔

ر..............ت

(رَتَأَ) (ف) رُتُوءًا: قیام کرنا۔
— البعیرُ رَتَأَنًا: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
—فُلانًا رَتْئًا ورُتُوءًا: گلا گھونٹنا۔
—العُقْدَۃَ: گرہ کو مضبوط کرنا۔
(اَرْتَأَ): ہلکے ہلکے ہنسا۔ اَرْتَأَ ضِحکۃً بھی کہتے ہیں۔
(رَتَبَ) (ن) رُتُوبًا: ثابت قدم رہنا، دشوار جگہ پر ٹھہرنا۔
— فلانٌ: سیدھا کھڑا ہونا (۲) مالداری کے بعد لوگوں سے مانگنا۔
— الشیءَ: جمانا، ٹھہرانا (۲) ترتیب وسلیقہ سے رکھنا۔ رَتَّبَ الطلائعَ فی المراتب و المراقب۔
(اَرْتَبَ) بمعنی رَتَبَ۔
(تَرَتَّبَ): مرتب ہونا۔
—علیه کذا: نتیجہ نکلنا (۲) دارومدار ہونا۔
(الرَّاتِبُ): قائم ودائم۔ رِزْقٌ رَاتِبٌ: برقرار رہنے والا رزق (۲) روزینہ، تنخواہ، مشاہرہ، وظیفہ، پنشن (محدثہ)
(الرُّتْبَۃُ): درجہ، مرتبہ، منصب، عہدہ، حیثیت (۲) اعزازی ڈگری جو حکومت کی جانب سے کسی کو بطور اعزاز دی جاتی ہے (ج) رُتَبٌ۔
(الرَّتَبَۃُ): زینہ کی سیڑھی (۲) متعدد اونچی نیچی چٹانوں میں سے ایک (۳) بلند زمین (۴) انگلیوں کے درمیان کا خلا (۵) سختی، مصیبت (ج) رَتَبٌ۔
(المَرْتَبَۃُ): درجہ، بلند مرتبہ، عہدہ۔ (۲) سخت مقام، حالتِ مشقت۔ حدیث میں ہے (مَنْ مَاتَ علی مرتبۃ من ھذہ المراتب بُعِثَ علیھا) (۳) (علم حساب کے مطابق) وہ جگہ ہے جہاں کوئی عدد اپنی مخصوص قیمت کا حامل ہو، جیسے مرتبۃ الآحاد: اکائیوں کی جگہ۔
—مرتبۃ العَشَرات: دہائیوں کی جگہ۔
(المُرَتَّبُ): تنخواہ، وظیفہ (ج) مُرَتَّبَاتٌ۔
(رَتَّ) رَتَتًا ورَتَّۃً: ہکلا ہونا، توتلا ہونا۔ ھو اَرَتُّ وھی رَتَّاءُ (ج) رُتٌّ۔
(اَرَتَّہُ) اللهُ: توتلا اور ہکلا بنانا۔
(الأرَتُّ): ہکلا آدمی، توتلا آدمی (ج) رُتٌّ۔
(الرَّتُّ): رئیس، سربراہ (۲) سردار (ج) رُتُوتٌ۔
(الرُّتَّۃُ): ہکلاہٹ، تتلاہٹ۔
(الرُّتّٰی): توتلی، ہکلی عورت۔
(رَتَجَ) (ن) الصَّبِیُّ رَتَجَانًا: بچہ کا چلنا۔
— البابَ: دروازہ بند کرنا۔ ھو اَرْتَجُ ھی رَتجاء (ج) رُتْجٌ۔
(رَتِجَ) (س) رَتَجًا: مقرر کا بولتے ہوئے رک جانا اور بات زبان پر نہ آنا۔
(اَرْتَجَ) البحرُ: سمندر کی موجوں کا ٹھاٹھیں مارنا۔
—الدَّجاجۃُ: مرغی کا پیٹ انڈوں سے بھر جانا۔
—السَّنۃُ: پورے سال قحط رہنا۔
—الثَّلجُ: برف باری ہونا۔
—الخِصْبُ: ہر جگہ شادابی پھیلنا۔
—الأَتانُ: گدھی کا حاملہ ہونا۔
—البابَ: دروازہ کا بند کرنا۔
(اُرْتِجَ) علیه: بولتے ہوئے زبان کا بند ہوجانا۔
(الرَّاتینج): (دیکھئے: راتینج)
(الرِّتَاجُ): بڑا دروازہ، گیٹ (۲) دروازہ (ج) رُتُجٌ۔

(الرِّتاجَةُ): تنگ گھاٹی (۲) چٹان (ج) رَتائِجُ۔
(الرِّتجُ): سِكَّةٌ رِتجٌ: بند گلی' وہ راستہ جو ایک طرف سے بند ہو۔
—مالٌ رِتجٌ: وہ مال جس پر دسترس نہ ہو۔
(الرِّتجُ): بڑا دروازہ (ج) أرْتاجٌ۔
(المَرَاتِجُ): تنگ راستے' گلیاں۔
(المِرْتاجُ): چٹخنی وغیرہ جس سے دروازہ بند کیا جائے (ج) مَرَاتِيجُ۔
(رَتَخَ) (ن) العجينُ والطينُ رَتْخًا و رتوخًا: گوندھے ہوئے آٹے یا گارے کا پتلا ہونا۔
—بالمكان رتوخًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
—به: چمٹ جانا' متعلق ہونا۔
—عن الامر: پیچھے ہٹنا' الگ ہونا۔
(أرْتَخَ) الحجّام: پچھنے لگانے والے کا کھال کو معمولی سے چیرنا۔
(الرَّتْخُ): کھال کے اندر چھوٹے چھوٹے ریزے۔
(الرَّتْخَةُ): سخت کیچڑ۔
(رَتَعَتِ) (ف) الماشيَةُ رَتْعًا و رُتُوعًا و رِتاعًا: مویشی کا آزادی کے ساتھ شاداب جگہ میں چرنا۔خرجنا نلعب ونَرْتع: ہم کھیلتے ہوئے اور مزے اڑاتے ہوئے چلے۔
— في لحمه: غیبت کرنا۔هو رَاتِعٌ (ج) رِتاعٌ ورُتَّعٌ۔
(أرْتَعَ): سرسبز وشاداب جگہ میں آنا۔
—المطرُ: بارش کا مویشیوں کیلئے چارہ اگانا۔
المكانُ: کسی جگہ میں جانوروں کو چرانا۔
—إبِلَه: اونٹوں کو چرنے دینا۔
(الرَّتّاعُ): سبزہ زاروں کا متلاشی چرواہا۔
(الرَّتْعَةُ): انتہائی سرسبزی وشادابی۔
(المَرْتَعُ): جانوروں کے چرنے کی جگہ۔
(رَتَقَ)(ن ض) الشيءَ رَتْقًا: ٹانکا یا پیوند لگانا (۲) درست کرنا۔
—فتقه: اس نے اس کی حالت کی اصلاح کی۔
—فتقهم: لوگوں کی صلح کرانا۔
رَتِقَ الشيءُ رَتَقًا: کسی چیز کا جڑنا' سوراخ بند ہوجانا۔هو أرْتَقُ۔
— المَرْأةُ: بانجھ عورت۔هي رَتْقاءُ (ج) رُتْقٌ۔
(ارْتَتَقَ) الشيءُ بمعنی رَتِقَ۔
(الرِّتاقُ): کنارے جڑے ہوئے دو کپڑے۔
(الرَّتْقُ): پھٹن' درز' سوراخ۔
—شيءٌ رَتْقٌ: پھٹی ہوئی چیز' ٹوٹی ہوئی چیز۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿أوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوٓا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا﴾
(الرَّتَقَةُ): انگلیوں کے درمیان کا خلا (ج) رَتَقٌ۔
(رَتَكَ)(ن) البعيرُ رَتْكًا ورَتَكانًا: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا۔
(أرْتَكَ) الضَّاحِكُ: ہلکے ہلکے ہنسنا۔
— البعيرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑانا۔
(رَتِلَ)(س) رَتَلًا: ترتیب و سلیقہ سے ہونا۔ کہتے ہیں: رَتِلَ الثغرُ او الاسنانُ ورَتِلَ الكلامُ۔هو رَتِلٌ وهي رَتِلَةٌ۔
(رَتَّلَ): مرتب کرنا' سلیقہ سے جمع کرنا۔
—الكلامَ: کلام کو سلیقہ اور ترتیب سے کرنا (۲) عمدہ طریقہ سے پڑھنا کہ تمام الفاظ وحروف واضح ہو جائیں۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا﴾۔
—ثَغْرٌ مُرَتَّلٌ: ہموار اور ترتیب سے لگے ہوئے دانت۔
(تَرَتَّلَ) في كلامِه: ٹھہر ٹھہر کر صاف بولنا۔
(الرَّتَلُ): ہر اچھی وعمدہ چیز (۲) دانتوں کی سفیدی و چمک (۳) گھوڑوں یا موٹروں وغیرہ کی لائن (محدثہ) (ج) أرْتال۔
(الرَّتِيلُ): ہر اچھی عمدہ چیز (۲) عمدہ کلام۔
(الرُّتَيْلَى): ایک قسم کی مکڑی۔
(الرُّتَيْلاءُ): مکڑی کی ایک قسم۔
(رَتَمَتِ)(ض) المِعْزَى رَتْمًا: بکری کا رتم نامی گھاس کھانا (۲) رتم نامی گھاس کھا کر بے ہوش ہوجانا۔
—فلانٌ: جمے رہنا' قیام کرنا۔
— في بني فلانٍ: پرورش پانا (۲) آہستہ بولنا
مارَتَمَ بكلمة: اس نے ایک لفظ زبان سے نہیں نکالا۔
— الشيءَ: توڑنا (۲) کوٹنا۔هو راتِمٌ و المفعول مرتوم ورَتِيمٌ ورَتُمٌ۔
(أرْتَمَ) الفَصِيلُ: اونٹ کے بچہ کے کوہان میں چربی پیدا ہونا۔
— فلانٌ: انگلی میں یادداشت کے لئے دھاگا باندھنا۔
(تَرَتَّمَ) بمعنی ارْتَتَمَ۔
(الرُّتَامُ): بوسیدہ چیز۔
(الرَّتَمُ): فصیلہ قرنیہ کا ایک پودا جو جنگل میں ہوتا ہے اسے زینت کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں (۲) راستہ (۳) کامل حیا (۴) بھرا ہوا ناشتہ دان (۵) آہستہ کلام۔
(الرَّتَمَةُ): وہ دھاگا جو انگلی پر کسی یادداشت یا نشانی کے لئے باندھا جائے (ج) رَتَمٌ۔
(الرَّتِيمَةُ) بمعنی الرَّتَمَةُ (ج) رَتائِمُ۔
(رَتَنَ) (ن) الشَّحمَ بالعجين رَتْنًا: گندھے ہوئے آٹے میں چربی یا گھی ملانا۔
(الراتين): (دیکھئے: رتن)
(المِرْتَنَةُ): روغنی روٹی' چربی دار روٹی (ج): مَرَاتِنُ۔
(رَتَا)(ن) الرَّجُلُ رَتْوًا ورُتُوًّا: قدم اٹھانا۔
—براسه: سر سے اشارہ کرنا۔
—بالدَّلْوِ: ڈول کو دھیرے دھیرے ڈالنا۔
—الشيءَ: پھینک دینا (۲) ڈھیلا کرنا۔
— القلبَ: دل کو مضبوط کرنا۔حدیث میں ہے حضور ﷺ نے حساء کے بارے میں فرمایا: (إنّه يرتوفؤاد الحزين ويَسْرُو عن فُؤَاد السّقيم)
—الشيءَ إليه: ملانا' شامل کرنا۔

(رُثِئَ) رُثِئَ فی ذرعہ: اسے کمزور کر دیا گیا۔

(الرَّاثی): تبحر عالم ربانی (ج) رُثَاۃٌ۔

(الرَّتْوَۃُ): قدم' حضرت فاطمہؓ کی حدیث میں ہے (انها اقبلت الی النبی ﷺ فقال لها ادنی یا فاطمة فدنت رتوة ثم قال ادنی یا فاطمة فدنت رتوة) (۳) ڈھیلی گرہ (۴) لحہ' تھوڑا سا وقت (۵) قطرہ (۶) حدنگاہ (بلندزمین)۔

(الرَّتِيْنَةُ): لیمپ کی بنی ہوئی اور مسالہ لگی ہوئی بتی جو صاف اور تیز روشنی دیتی ہے (د)۔

ر............ث

(رَثَأَ)(ف) البَعِيْرُ رَثْئًا: اونٹ کو کندھے کی بیماری لاحق ہونا۔

— الغضبَ: غصہ ٹھنڈا ہونا۔

— الشيءَ بالشيء: ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔

— اللبنَ: دودھ میں کھٹاس ملانا تا کہ وہ دہی بن جائے۔

— فلانًا: کسی کو مارنا۔

(رَثِئَ)(س) الكبشُ رُثْئًا ورُثَاۃً: مینڈھے کا چتکبرا ہونا۔ھو اَرْثَأُ وھی رثآءُ (ج) رُثْءٌ۔

(اَرْثَأَ) اللبنُ: دودھ کا جم کر دہی بن جانا۔

(ارْتَثَأَ) فی رأیه: رائے میں کمزور ہونا۔

— اللَّبنُ: دودھ کا جم کر دہی بن جانا۔

— الرَّثِيْئَةَ: دہی پینا۔

(الرَّثَأُ): ناسمجھی' بے وقوفی۔

(الرَّثْأَۃُ): ناسمجھی' بے وقوفی (۲) اونٹ کے مونڈھے کی ایک بیماری۔

الرَّثِيْئَةُ: (۲) نادانی' بیوقوفی (۳) جما ہوا کھٹا دودھ جو میٹھے دودھ کو جمانے کے لئے اس میں ڈالا جاتا ہے۔

(المَرْثُوْءُ): کمزور دل' نادان آدمی (ج) مَرَاثِئُ۔

(رَثَّ)(ن ض) الثوبُ وغیرُہ رَثَاثَةً و رُثُوْثَةً: کپڑے کا بوسیدہ اور پرانا ہونا۔

— هيئةُ الرَّجُلِ: خستہ و پراگندہ حالت والا ہونا۔

(رَثَّ)(س) الثوبُ وغیرُہ رثاثةً ورُثُوثةً کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ھو اَرَثُّ وھی رَثَّاءُ (ج) رُثٌّ۔ وھو رَثٌّ وھی رَثَّاءُ۔ وھی رَثَّةٌ ورثيثةٌ (ج) رِثَاثٌ۔

هيئةُ الرجل: خستہ حال ہونا۔

ارث الثوب وغیرہ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔

الرجل: آدمی کی رسی اور کپڑوں کا پرانا ہونا۔

— هيئةُ الرّجل: خستہ حال ہونا۔ کہتے ہیں۔:

ارثّها الله تعالیٰ: اللہ تعالیٰ نے اس کی حالت خراب کر دی۔

(ارْتَثُّوا) رِثَّةَ القوم: ردی سامان جمع کرنا (۲) ردی سامان خریدنا۔

(ارْتُثَّ) فلانٌ: اس کو مار مار کر خوب زخمی کیا گیا اور اس حال میں میدان جنگ سے اٹھا کر لایا گیا کہ اس میں رمق باقی تھی' پھر وہ مر گیا۔ھو مُرْتَثٌّ۔ حدیث کعب بن مالکؓ میں ہے (انّہ ارْتُثَّ یَوْمَ اُحُدٍ فجاءَ بِهِ الزُّبَيْرُ يقود بزمام رَاحِلَتِهِ)

(الأَرَثُّ): بوسیدہ' پرانا۔

(الرَّثُّ): ردی سامان (۲) گھر کا خراب سامان (ج) رِثَاثٌ۔

(الرِّثَّةُ) بمعنی الرَّثُّ (۲) بے وقوف عورت (۳) گرے پڑے کمزور لوگ (ج) رِثَثٌ و رِثَاثٌ۔

(رَثَدَ)(ن) المَتَاعَ رَثْدًا: سامان کو تہ بہ تہ رکھنا یا ڈھیر لگانا۔

— الدجاجةُ بيضَها: مرغی کا انڈوں کو سمیٹنا۔ھو مرثودٌ ورثيدٌ۔

(رَثِدَ) (س) الماءُ رَثَدًا: پانی کا میلا ہونا: ۔ھو رَثِدٌ وھی رَثِدَةٌ۔

(اَرْثَدَ) الماءُ: پانی کا میلا ہونا۔

— فلانٌ: اتنی کھدائی کرنا کہ تہ زمین تک پہنچ جائے۔

— القومُ: لوگوں کا قافلہ کی شکل میں مقیم ہونا۔

(ارْتَثَدَ) المتاعَ: سامان کو اکٹھا کر کے رکھنا۔

(الرَّثَدُ): لوگوں کی جماعت جو کسی جگہ مقیم ہو (ج) أَرْثَادٌ۔

(الرَّثَدُ): ترتیب سے یا تہ بہ تہ رکھا ہوا سامان (۲) گھر کا ردی سامان (۳) کمزور لوگ۔ کہتے ہیں: ترکنا علی الماءِ رَثَدًا: ہم نے پانی کے پاس کمزور لوگوں کو چھوڑا ہے جو کسی کام کی طاقت نہیں رکھتے (ج) أَرْثَادٌ۔

(الرِّثْدَةُ) بمعنی الرَّثَدُ (ج) رِثَدٌ۔

(المَرْثَدُ): شریف آدمی (۲) شیر (ج) مَرَاثِدُ۔

(رَثِعَ)(س) رَثَعًا: حریص ولالچی ہونا۔

(۲) تھوڑے یا معمولی عطیہ پر راضی ہو جانا۔

(۳) برے لوگوں کی مصاحبت اختیار کرنا (۴) کم ظرف ہونا۔ھو رَاثِعٌ ورَثِعٌ وھی رَاثِعَةٌ ورَثِعَةٌ۔

(ارْثَعَنَّ): کمزور اور ڈھیلا ہونا (۲) خطرہ کو برداشت نہ کرنا۔

— المطرُ: بارش کا زیادہ ہونا (۲) بہترین بارش ہونا۔

— الشَّعْرُ: بالوں کا لٹکنا۔

(المُرْثَعِنُّ): زبردست سیلاب۔

(رَثَمَ)(ض) اَنفَه اَو فَمَه رَثْمًا: ناک یا منہ کو توڑ کر خون آلود کرنا۔ کہتے ہیں: رَثَمَ احد اعضاءِ جسمه۔

— المرأةُ اَنفَها بالطيب: ناک پر خوشبو ملنا۔

ھو راثمٌ والمفعول مرثومٌ ورَثِيمٌ (ج) رَثَائِمُ۔

(رَثِمَ)(س) فلانٌ رَثَمًا: زبان میں لکنت کی وجہ سے کلام واضح نہ کر سکنا۔

— الفرسُ: گھوڑے کے ناک پر سفید داغ ہونا یا اوپر کے ہونٹ پر سفیدی ہونا۔

— مَنْسِمُ البعيرِ: اونٹ کی ناک کا خون چکاں ہونا۔ھو رَثِمٌ وھی رَثِمَةٌ وھو اَرْثَمُ

وهي رَثْمَاءُ (ج) رُثْمٌ۔
(رَثِمَتِ) الرَّثْمَةُ الارْضَ: تھوڑی اور ہلکی بارش ہونا۔
(الرَّثَمُ): گھوڑے کے ناک کے سرے پر سفید داغ۔
(الرَّثْمَةُ): معمولی اور ہلکی بارش (ج) رِثَامٌ۔ کہتے ہیں: بَلَغَهُ رَثْمَةٌ من الخَبَرِ: اسے بات کا کچھ حصہ پہنچا۔
(الرُّثْمَةُ) بمعنی الرَّثْمَةُ (ج) رِثَامٌ۔
(الرُّثْمَةُ): گھوڑے کے ناک کے سرے پر سفید نشان یا بالائی ہونٹ میں سفید نشان۔
(الرَّثِيمُ) رَثِيمُ الحَصٰى: اونٹوں کے پیروں سے ٹوٹ جانے والی چھوٹی کنکریاں۔
(المِرْثَمُ): ناک (ج) مَرَاثِمُ۔
(المَرْثَمُ): ناک۔
(رَثَنَتِ) (ض) الرَّثْنَةُ الارضَ رَثْنًا: زمین پر رک رک کر ہلکی بارش ہونا۔
(رَثَّنَتِ) الرَّثْنَةُ الارْضَ بمعنی رَثَنَتْهَا۔
(تَرَثَّنَتِ) المَرْأَةُ: عورت کا منہ پر زعفران ملنا۔
(الرَّثْنَةُ): ہلکی اور رک رک کر ہونے والی بارش (ج) رِثَانٌ۔
(رَثَاهُ)(ن) رَثْوًا ورِثَاءً: کسی کی خوبیاں بیان کر کے رونا، نوحہ کرنا، مرثیہ پڑھنا۔
(الرَّثْوُ): دودھ جو کھٹا دودھ ملانے سے گاڑھا ہو جائے اور دہی بن جائے۔
(رَثٰی) (ض) المیِّتَ رَثْيًا ورِثَاءً ورِثَايَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِيَةً: میت کا مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ کرنا (۲) میت کی خوبیوں کا تذکرہ کرنا۔ کہتے ہیں: رثاه بقصيدة ورثاه بكلمة۔
—لَه: رحم کھانا، نرمی کرنا۔
— عَنْهُ الحدیثَ رِثَايَةً: کسی سے کوئی بات نقل کرنا۔
(رَثِیَ)(س) رَثْيًا ورَثًى: ضعف و سستی لاحق ہونا۔
(رَثَّاهُ): مرنے کے بعد کسی کی تعریف کرنا۔
(تَرَثَّاهُ) بمعنی رَثَاهُ۔ حدیث میں ہے: (انَّهُ نهى عن الترثّي)
(الرَّثَّايَةُ): نوحہ کرنے والی عورت۔
(الرَّثْيَةُ): ضعف، سستی (۲) خامی نقص جیسے: فی امرہ رثیۃٌ (۳) بے وقوفی (۴) جوڑوں یا گھٹنوں کا درد (۵) بڑھاپے کا درد یا کمزوری۔
(الرَّثِيَّةُ) بمعنی الرَّثْيَةُ۔
(المَرْثَاةُ): مرثیہ، وہ اشعار وغیرہ جو مردہ پر غم کے اظہار کے لئے پڑھے جائیں۔ (ج) مَرَاثٍ۔
(المَرْثِيَةُ) بمعنی المَرْثَاةُ (ج) مَرَاثٍ۔

ر............ج

(اَرْجَأَتِ) الحَامِلُ: حاملہ کے وضع حمل کا وقت قریب آنا۔
— الصَّائِدُ: شکاری کو کوئی شکار نہ ملنا۔
— الامرَ: موخر کرنا، ملتوی کرنا۔
(المُرْجِئَةُ): ایک اسلامی فرقہ جو کسی مسلمان پر کوئی حکم نہیں لگاتا بلکہ اسے قیامت تک کے لئے موخر کرتا ہے اس کا عقیدہ ہے کہ ایمان کے ساتھ معصیت کا کوئی نقصان نہیں جیسا کہ کفر کے ساتھ نیکی کا کوئی فائدہ نہیں۔
(رَجَبَ) (ن) رَجْبًا و رُجُوْبًا: گھبرا جانا، خوفزدہ ہونا (۲) شرم کرنا، شرمانا جیسے: رَجَبَ مِنْه۔
— العودُ: شاخ کا تنہا نکلنا۔
— فلانًا رَجْبًا: کسی سے ڈرنا (۲) مرعوب ہونا۔ (۳) تعظیم کرنا۔
—فلانًا بقولٍ سيّئٍ: کسی پر بری تہمت لگانا۔
(رَجِبَ)(س) رَجَبًا: شرمانا (۲) گھبرانا۔
—فلانًا رَجْبًا: ڈرنا (۲) مرعوب ہونا (۳) تعظیم کرنا۔
(اَرْجَبَ) فلانًا بمعنی رَجَبَه۔
(رَجَّبَ) الرَّجُلُ: رجب کے مہینہ میں کسی بت کے پاس جانور ذبح کرنا (یہ زمانہ جاہلیت کی عبادت تھی)۔
— الانسانَ وغیرَہ: تعظیم کرنا۔
— النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت کو سہارا دینے کے لئے ٹیک کھڑی کرنا یا کھجور کے خوشوں کو پتوں سے باندھنا تا کہ وہ ہوا سے منتشر نہ ہوں۔ حدیث سقیفہ میں ہے (انا جُذَيلها المحكّك وعُذَيقها المرجّب) (۲) کھجور کے درخت کے چاروں طرف حفاظت کے لئے کانٹے بچھانا۔
— الكَرْمَ ونَحْوَه: انگور وغیرہ کی شاخوں کو برابر کر کے اپنی اپنی جگہ رکھنا۔
(الاَرْجَابُ): آنتیں، انتڑیاں (اس کا واحد نہیں ہے) بعض کے نزدیک اس کا واحد رَجَبٌ یا رُجُبٌ ہے۔
(الرَّاجِبَةُ): الرَّوَاجِب کا واحد۔ انگلیوں کے جوڑ (الرَّوَاجِب) گدھے کی آواز کے مخرج کو بھی کہتے ہیں۔
(رَجَبٌ): رجب، قمری سال کا ساتواں مہینہ اور یہ اشہر حرم میں سے ہے۔ کہاوت ہے (عِشْ رَجَبًا تَرَ عَجَبًا) یعنی تم پورا سال جیو۔
(الرُّجْبُ) : سینہ کی طرف پسلی کا سرا۔ (ج) اَرْجَاب۔
(الرُّجْبَةُ): کھجور کے درخت کو سہارا دینے کی ٹیک وغیرہ (۲) شکار کرنے کی مچان وغیرہ (ج) رُجَبٌ۔
(الرَّجَبِيَّةُ): ماہ رجب میں بتوں کے نام پر ذبح کیا جانے والا جانور (۲) رجب کے مہینہ میں رسول اکرمؐ کے مدینہ کی زیارت (مو)۔
(رَجَّهُ)(ن) رَجًّا ورَجَّةً: جھنجھوڑنا، زور سے حرکت دینا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا}
—فلانًا عن الشيءِ: کسی کو کسی چیز سے روکنا۔
(رَجَّ) (ف) الشيءُ رَجَجًا: تھرتھرانا، بے قرار ہونا، هو اَرَجُّ وهي رَجَّاءُ۔ (ج) رُجٌّ۔
— ناقةٌ رَجَّاءُ: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
(اَرَجَّتِ) الحَامِلُ: حاملہ کے حمل کی ولادت کا وقت قریب آنا۔ هي مُرِجٌّ ومُرِجَّةٌ۔

(ارْتَجَّ): حرکت کرنا' لرزنا' دہلنا۔
—البحرُ: سمندر کا متلاطم ہونا' موجیں مارنا۔
—الکلامُ والظلامُ: گفتگو کا پیچیدہ ہونا۔ اندھیرا گھپ ہونا۔
(الارتجاجُ): دماغی جھٹکا جو سر پر چوٹ وغیرہ سے لگتا ہے (مج)۔
(الرَّجاجُ): کمزور لوگ یا اونٹ یا بکریاں۔ واحد: رجاجة۔ حدیث عمر بن عبدالعزیزؒ میں ہے (الناس رجاج بعد هذا الشيخ)
(الرِّجَاجَةُ): شیر کی کچھار۔
(الرَّجَّاجَةُ): (علم کیمیاء کے مطابق) تحریکی عمل کے لیے مستعمل ایک آلہ (مج)
(الرَّجَّةُ): رَجَّةُ القومِ: لوگوں کی گڈمڈ اور ملی جلی آوازیں۔
—رَجَّةُ الرَّعدِ: بادل کی گرج۔
(رَجَحَ) (ف) الشيءُ رُجُوحًا و رُجحانًا و رَجاحةً: وزنی ہونا' بھاری ہونا۔
—رَجَحَهُ غيرُه: بھاری کرنا۔
— رَجَحَتْ إحدى الكِفَّتَيْنِ الأُخرى: ترازو کے دو پلڑوں میں سے ایک دوسرے پر بھاری ہوگیا۔
—فی مجلسه: وزن کی وجہ سے جم جانا۔
—عقلُه او رأيُه: عقل اور رائے کا پختہ ہونا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو اٹھا کر اس کے وزن کا اندازہ کرنا۔
— فلانًا: وزن میں کسی سے بڑھ جانا۔ کہتے ہیں رَاجَحَهُ فَرَجَحَهُ: اس نے وزن میں اس سے مقابلہ کیا اور اس پر غالب آ گیا۔
—قولٌ راجحٌ: وزن دار بات۔
—رأيٌ مرجوحٌ: مرجوح رائے۔
(أَرْجَحَهُ): راجح کرنا۔ وزنی قرار دینا۔
—المیزانَ: ترازو کا ایک پلڑا جھکانا۔
—فلانًا وله: کسی کو دوسرے سے زیادہ دینا۔ جیسے راجحه فرجحه۔
(رَجَّحَه): ترجیح دینا' فضیلت دینا۔ قوت پہنچانا' قوی بنانا۔
(ارْتَجَحَ) الشيءُ: بھاری اور وزنی ہونا (۲) مذبذب ہونا' ہچکولے کھانا۔
—به الارجوحةُ: جھولے جھولنا۔
—الرّوادِفُ: سرین کا حرکت کرنا۔
(تَرَجَّحَ): ہلنا' حرکت کرنا۔ جیسے ترجحت به الارجوحةُ۔
— الرَّأيُ عنده: کسی کے نزدیک رائے کا غالب ہونا۔
(الأُرْجُوحَةُ): جھولا (۲) پھسلنے یا جھولنے کا تختہ (۳) جنگل بیابان (ج) أراجيح۔
(الرَّاجِحُ): علم فلسفہ میں وہ چیز جس کا وجود عدم پر اور صدق کذب پر غالب ہو (مج)۔
(الرَّجاحُ) امرأةٌ رَجاحٌ: بڑی سرین والی عورت (۲) باوقار عورت۔
—جفنةٌ رجاحٌ: بھرا ہوا پیالہ۔
— كَتِيبَةٌ رَجاحٌ: بھاری فوجی لشکر (ج) رُجُحٌ۔
(الرَّجاحَةُ): حلم' بردباری' عقل کی پختگی۔
(الرُّجاحَةُ' الرُّجَّاحَةُ) بمعنی الأُرجوحةُ۔ (۲) جھولے کی رسّی۔
(الرُّجْحانِيَّةُ): فلسفہ میں ایک مذہب والے جن کی رائے یہ ہے کہ ہم کبھی بھی یقینی حد تک نہیں پہنچ سکتے جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ یقینی نہیں راجح اور غالب ہے (مج)۔
(المِرْجاحُ): بردبار (۲) بھاری پھلوں والا درخت (۳) ہچکولے کھا کر چلنے والا۔ جیسے جَمَلٌ مِرجاحٌ وناقةٌ مِرجاحٌ (ج) مراجيح۔
(المَرْجُوحَةُ) بمعنی الأُرْجُوحَةُ (ج) مَرَاجِيح۔
(ارْجَحَنَّ): وزنی ہونا' ایک طرف جھکنا' ہلنا۔ کہتے ہیں ارجحنَّ الردفُ وارجحنَّت الرَّحى (۲) پھیلنا' وسیع ہونا جیسے ارجحنَّ الجيشُ۔
(رَجَدَ) (ن) القمحَ رَجْدًا ورَجادًا: گندم کو بونے کے لئے کھیت میں لے جانا۔ هو راجِدٌ ورَجّادٌ۔
(رَجْرَجَ) الشيءُ: ہلنا' تھرتھرانا' لہلہانا۔
—فلانٌ: تھک جانا۔
—الشيءَ: حرکت دینا' ہلانا۔
—البئرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔
(تَرَجْرَجَ) الشيءُ: تھرتھرانا' لہلہانا' حرکت کرنا
(الرَّجْراجُ): متحرک' تھرتھراتا ہوا' موجزن جیسے بحرٌ رَجْراجٌ۔
—ناسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور ناسمجھ لوگ۔
(الرَّجْراجَةُ) كتيبةٌ رَجْراجَةٌ: ایسا بڑا لشکر جس کا چلنا کثرت افراد کی بنا پر دشوار ہو۔
— جاريةٌ رجراجة: وہ لڑکی جس کا گوشت اور سرین چلتے وقت ہلتے ہوں (۲) فالودہ۔
(الرَّجْرَجُ) بمعنی الرّجراج (ج) رجارج
(الرِّجْرِجَةُ): حوض کا بچا ہوا گندا پانی (۲) لعاب (۳) بڑا جنگی گروہ (ج) رَجارِجُ۔
(رَجَزَ) (ن) الراجزُ رَجْزًا: رجزیہ اشعار پڑھنا۔
— به: رجزیہ اشعار سنانا۔ هو راجِزٌ ورَجّازٌ و رَجّازةٌ۔
—الريحُ بينهُم: ہوا کا چلتے رہنا۔
(رَجِزَ) (س) الجملُ رَجَزًا: اونٹ کے اٹھتے وقت رجز بیماری کی وجہ سے ٹانگوں کا کانپنا۔ هو أرجزُ وهي رجزاءُ (ج) رُجْزٌ۔
(رَاجَزَهُ): رجزیہ اشعار میں مقابلہ کرنا۔
(رَجَّزَهُ): رجزیہ اشعار سنانا۔
(ارْتَجَزَ) الراجزُ: رجزیہ نظم کہنا۔
—القومُ: ایک دوسرے کو رجزیہ اشعار سنانا۔
—الرعدُ: مسلسل گرج ہونا۔
(تَرَاجَزَ) القومُ: باہم رجزیہ اشعار سنانا (۲) باہم جھگڑنا۔
(تَرَجَّزَ) الحادي: شتربان کا اونٹوں کو رجز پڑھ کر ہانکنا۔
—الرَّعدُ: گرج کی آواز آنا۔
— السَّحابُ: بادل کا زیادہ پانی کی وجہ سے آہستہ آہستہ حرکت کرنا۔

(الأُرجوزةُ): رجز یہ نظم (ج) اراجیز۔

(الرَّاجِزُ): رجز پڑھنے والا یا رجز یہ نظم بنانے والا۔

(الرِّجازةُ): ہودج سے چھوٹی سواری جس پر عورتیں بیٹھتی ہیں (۲) ہودج کی آرائش کے لئے لگائی گئی سرخ اون وغیرہ (ج) رجائز۔

(الرِّجَّازُ) بمعنی الرَّاجز۔

(الرُّجَّازُ) بمعنی الرَّاجز۔

(الرُّجْزُ): گناہ' جرم (۲) عذاب۔قرآن مجید میں ہے : {لَئِن كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ} (۳) بتوں کی عبادت۔قرآن مجید میں ہے : {وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ} (۴) شرک (۵) رِجزُ الشَّيْطَانِ: شیطانی وسوسہ۔جیسے قرآن مجید میں ہے : {وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ}(ج) اَرْجَاز۔

(الرَّجَزُ): اونٹ کی ایک بیماری جس کی وجہ سے اس کی رانوں کا گوشت اٹھتے وقت کپکپاتا ہے (۲) شعر کی ایک بحر کا نام۔اس کا اصل وزن چھ دفعہ مستفعلن ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں۔ایک مشطور اور دوسری منھوک۔

(رَجَسَ) (ن ض) صوت الرعد او الجيش رَجْسًا: گرج یا لشکر کی ملی ہوئی زوردار آواز آنا۔

— البعيرُ: اونٹ کا زور سے بلبلانا۔

— السماءُ: زوردار گرج ہونا۔

— فلانٌ: آب پیما آلہ سے پانی کا اندازہ کرنا۔

— فلانًا عن الامرِ رَجْسًا: روکنا' باز رکھنا۔ هو راجِسٌ ورَجَّاسٌ۔

(رَجِسَ)(س) رَجَسًا ورَجَاسةً: ناپاک ہونا (۲) براکام کرنا هو رجِسٌ وهي رَجِسةٌ۔

(رَجُسَ)(ك) الشيئُ رَجَاسَةً: گندا ہونا۔

— فلانٌ: براکام کرنا۔

(اَرْجَسَ) فلانٌ: آب پیما آلہ سے پانی ناپنا۔

(اِرْتَجَسَت) السماءُ: گرجنا۔

— البناءُ: لرزنا' دہلنا' حدیث صحیح میں ہے : (لمّا وُلِد(ﷺ) ارتجس ایوان کِسْرٰی)۔

— امْرُهٗ: کسی معاملہ کا پیچیدہ اور غیر واضح ہونا۔

(الرَّجْسُ): زبردست آواز۔

— رَجْسُ البعير: اونٹ کا بلبلانا۔

(الرِّجْسُ): گندگی' ناپاکی (۲) گندگی و ناپاک چیز (۳) برا اور قبیح عمل (۴) حرام (۵) لعنت (۶) کفر (۷) عذاب۔قرآن مجید میں ہے : {وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ}۔

— رجسُ الشيطان: شیطانی وسوسے۔(ج) ارجاس۔

(المِرْجَاسُ): ایک کھلا کیا ہوا پتھر جس کے ایک سرے پر رسی باندھ کر کنویں میں لٹکایا جاتا ہے اس سے کیچڑ نکال کر کنویں کو صاف بھی کیا جاتا ہے اور پانی کی مقدار بھی معلوم کی جاتی ہے۔(۲) پتھر کا آب پیما آلہ (ج) مَرَاجیس۔

(المَرْجُوْسَةُ) هم فی مرجوسةٍ من اَمْرِهِمْ: وہ اپنے معاملہ میں الجھے ہوئے ہیں۔

(رَجَعَتِ) (ض) الطَّيْرُ رُجُوْعًا ورجَاعًا: پرندوں کا گرم مقامات سے ٹھنڈے مقامات میں آنا۔

— الشيئُ: فائدہ دینا' نفع بخش ہونا۔کہتے ہیں: رَجَعَ فِيه كلامِيْ۔

— فلانٌ من سفرهٖ: سفر سے لوٹنا۔

— الكلبُ فی قيئه: کتے کا اپنی قے کو چاٹ لینا۔

— فی هبتِه: ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینا۔

— فلانًا عن الشيءِ واليه رَجْعًا ومَرْجِعًا ومَرْجِعَةً ورُجُوْعًا ورُجْعَانًا: واپس لانا' لوٹانا۔قرآن مجید میں ہے : {فَإِن رَّجَعَكَ اللَّهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ}۔

— رَجَعَ هُوَ: لوٹنا' پھرنا' ہٹ جانا۔

(اَرْجَعَ) فلانٌ: کوئی چیز لینے کے لئے دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف جھکانا۔

— الرَّجُلُ اَو الدَّابَّةُ: آدمی یا جانور کا فضلہ خارج کرنا۔

— الناقةُ: اونٹنی کا کمزوری کے بعد موٹا ہونا۔

— فلانٌ: مصیبت کے وقت إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ پڑھنا۔

— فُلانًا: لوٹانا' واپس کرنا۔

— اللهُ بَيْعَتَهٗ: اللہ کا کسی کے کاروبار کو نفع بخش بنانا۔

— الكتابَ: کتاب دیکھنا۔

— الكتابَ اَو الحِسَابَ: نظر ثانی کرنا' جانچ پڑتال کرنا۔

— زوجتَهٗ: بیوی سے رجوع کرنا۔

— فلانًا الكلامَ: کسی سے سوال جواب' بحث ومباحثہ کرنا (۲) کسی سے بات دوبارہ کہلوانا۔

(رَجَّعَ) عند المصيبة وفيها: مصیبت کے وقت إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہنا۔

— الدَّابةُ: جانور کا قدم اٹھانا۔

— صوته وفيه: آواز کو حلق میں گھمانا۔

— فلانٌ: اذان' گانا گانے' بانسری بجانے یا ترنم سے کوئی چیز پڑھتے وقت آواز کو حلق میں دھرانا۔

— المُؤَذِّنُ فی اَذانه: موذن کا اذان میں ترجیع کرنا۔یعنی شہادتین کو ایک مرتبہ آہستہ کہنے کے بعد اونچی آواز سے کہنا۔

— الحمامُ فی شَدْوِه والناقةُ فی حنينها: کبوتر اور اونٹنی کا آواز کو رک رک کر نکالنا۔

— النَّقشَ والكتابةَ: لکھائی یا نقوش پر بار بار سیاہی پھیرنا۔

(اِرْتَجَعَ) علی الغريم والمتهم: قرض دار اور ملزم پر تقاضا کرنا۔

— الشيءَ اليه: لوٹانا' واپس کرنا۔

— به شيئًا: کوئی چیز بدلہ میں لینا۔

— المراةَ: عورت سے رجوع کرنا۔

— الناقةَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔

— المراةُ جلبابَهَا: عورت کا چادر سے چہرہ اور جسم ڈھانکنا۔

(تَرَاجَعَ) القومُ: لوگوں کا اپنی جگہ لوٹنا۔
— القومُ الکلامَ بَیْنَھم: باہم گفت وشنید کرنا۔
(تَرَجَّعَ) فلانٌ بمعنی رَجَّعَ۔
— فی المصیبة: مصیبت میں انا للّٰہ... پڑھنا۔
— فی صدری کذا: دل میں کھٹکنا۔
— الناقةَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔
(اسْتَرْجَعَ) عندَ المُصیبةِ وفیھا: مصیبت کے وقت إِنَّا لِلّٰہِ... پڑھنا۔
— الحمامُ فی شدوہٖ: کبوتر کا رک رک کر بولنا۔
— الشیءَ: واپسی کا مطالبہ کرنا۔
(الرَّاجِعُ): وہ عورت جو اپنے خاوند کی وفات کے بعد اپنے میکے آ جائے۔(ج) رَوَاجِعُ۔
(الرَّاجِعَةُ): حوض' تالاب (۲) بخار کی ایک قسم جو کبھی چڑھے کبھی اتر جائے۔(ج) رَوَاجِعُ۔
— الرِّیَاحُ الرَّوَاجِعُ: آتی جاتی رہنے والی ہوائیں۔
(الرِّجَاعُ): لگام (۲) لگام کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر پڑا ہوتا ہے (ج) أَرْجِعَةٌ ورُجُعٌ۔
(الرَّجْعُ): گوبر' لید (۲) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی سنک جیسی ریزش (۳) پانی (۴) بارش کے بعد ہونے والی بارش۔ قرآن مجید میں ہے: {وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝} (۵) فائدہ' نفع (۶) حوض' تالاب (۷) خط کا جواب (۸) صدائے بازگشت (۹) موسم بہار کے پودے (۱۰) وہ زمین جس میں سیلاب دور تک پھیل جائے (۱۱) شانے کا نچلا حصہ (ج): رِجَاعٌ ورُجْعَان۔
(الرُّجْعَی): واپسی' لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ إِلَی رَبِّكَ الرُّجْعَی} (۲) خط کا جواب کہتے ہیں: جاءَنی رُجْعَی رِسَالَتِی۔

(الرَّجْعَةُ): طلاق دینے والے خاوند کا مطلقہ بیوی سے رجوع کرنا (۲) ان لوگوں کا عقیدہ جو مرنے کے بعد دنیا میں واپسی کے قائل ہیں (۳) علم الاحیاء کے مطابق ظاہری موت کے بعد دوباری زندگی (مج)۔
(الرُّجْعَةُ): خط کا جواب۔
(الرَّجْعِیُّ): رجعت کی طرف منسوب۔
(۲) الطلاق الرجعیّ: طلاق رجعی' وہ طلاق جس میں نکاح کی تجدید کے بغیر بیوی سے رشتہ زوجیت بحال کرنا جائز ہو (۳) الاثر الرجعیّ: (دیکھئے: اَثر)
(الرَّجْعِیَّةُ): قدامت پسندی' رجعت پسندی' زمانہ کی تبدیلی کا ساتھ دینے کے بجائے قدیم روایات وافکار پر قائم رہنا (محدثہ)
(الرَّجِیعُ): گوبر' لید (۲) ردکیا ہوا قول وفعل۔ کہتے ہیں: خبرٌ رجیعٌ وکلامٌ رجیعٌ۔
— حَبْلٌ رجیعٌ: وہ رسّی جس کے بٹ کھول کر دوبارہ بنا جائے۔
— طعامٌ رجیعٌ: ٹھنڈا ہونے کے بعد دوبارہ گرم کیا ہوا کھانا۔
— بعیرٌ رجیعٌ: سفر کی وجہ سے تھک جانے والا اونٹ۔
— سفرٌ رجیعٌ: بار بار کیا ہوا سفر۔
(۲) موسم بہار کا سبزہ (۳) اونٹ کی جگالی (۴) پرانا کپڑا (۵) پسینہ (۶) حوض' تالاب (ج) رُجُعٌ۔
— رجیع الفحم: کوئلہ کی راکھ (مج)
— رجیعُ الأُرز: چاول کی بھوسی۔
(الرَّجِیعَةُ): سفر کی وجہ سے تھکی ہوئی اونٹنی (ج) رَجَائِعُ۔
(المَرْجِعُ): لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُكُمْ جَمِیعًا فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ} (۲) لوٹنے کی جگہ (۳) اصل (۴) کندھے کا نچلا حصہ (۵) وہ عالم یا کتاب جس کی طرف (علمی تحقیق کے لئے) رجوع کیا جائے (محدثہ) (ج) مَرَاجِع۔

(المُرْجِعَةُ) سَفْرَةٌ مُرْجِعَةٌ: خیر وبھلائی واجر وثواب کا سفر۔
(المَرْجُوعُ): ردکیا ہوا' مردود' نا قابل قبول۔
— ثوبٌ مرجوعٌ: ناپسندیدہ کپڑا۔
— خبرٌ مرجوعٌ: نا قابل قبول بات۔
— نَقْشٌ اووَشْمٌ مرجوعٌ: دوبارہ سیاہی سے اجاگر کیا ہوا (۲) خط کا جواب (۳) واپس کیا ہوا سامان جو بکا نہ ہو (محدثہ) (ج) مَرَاجِیع۔
(المَرْجوعَةُ) بمعنی المرجوع (ج) مراجیع
(رَجَفَ) (ن) رَجْفًا و رُجوفًا و رَجِیفًا و رَجَفَانًا: حرکت کرنا' لرزنا' زور زور سے ہلنا۔
— فلانٌ: بے چین ہونا' خوف کی وجہ سے مضطرب ہونا۔
— یَدُہٗ: بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے ہاتھ کا نپنا یا لرزنا۔
— القلبُ: دل کا مضطرب و بے چین ہونا۔
— القومُ: لوگوں کا لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
— الارضُ: زمین میں زلزلہ آنا۔
— الرَّعدُ: بادلوں میں گرج کی آواز گونجنا۔
— الاسنانُ: دانتوں کا گرجانا۔
— البحرُ: سمندر میں طغیانی آنا' موجیں اٹھنا' متلاطم وموجزن ہونا۔
— الحمّی فلانًا: بخار کی وجہ سے کپکپانا۔
— الشیءَ: حرکت دینا۔ ھو راجفٌ ورَجَّافٌ ورَجُوفٌ۔
(أَرْجَفَ) بمعنی رَجَفَ۔
— القومُ: لوگوں کا بری خبریں پھیلانا اور فتنہ و فساد کے تذکروں میں مشغول ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَالْمُرْجِفُونَ فِی الْمَدِینَةِ} أَرْجَفُوا فِی الشَّیءِ وَبِہٖ: کسی بات کو غلط طریقہ پر بیان کرنا۔
— الارضُ: زمین میں زلزلہ آنا۔
— الریح الشیءَ: ہوا کا کسی چیز کو حرکت دینا۔
(ارْتَجَفَ): لرزنا' ہلنا' کانپنا۔
(اسْتَرْجَفَ) رأسَه: سر کو حرکت دینا۔

ر

(الارجافُ): سنسنی خیز اور دہشت انگیز جھوٹی خبر (ج) اراجیف۔
—الاَراجیف(فی السُّوق التجاريّة) بازار کی وہ افواہیں جو اشیاء کے نرخوں پر اثر انداز ہوتی ہیں (مج)
(الرَّاجِفُ): لوٹ لوٹ کر آنے والا بخار۔ (ج) رَوَاجف۔
(الرَّاجِفَةُ): قیامت کے دن صور کی پہلی پھونک۔ قرآن مجید میں ہے: {يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ}
(الرَّجَّافُ): سمندر (۲) قیامت کا دن۔
(الرَّجْفُ): الرجف المتناطر المتعدّد (علم طب کے مطابق) ان حرکاتی انقباضات کو کہتے ہیں جو چہرہ کے علاوہ تمام عضلات میں پیدا ہوتے ہیں۔
(الرَّجْفَةُ): زلزلہ، جھٹکا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ}۔
(رَجَلَهُ)(ن) رَجْلًا: پاؤں پر مارنا۔
— الشاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھنا (۲) ٹانگوں کے ذریعہ لٹکانا۔
— المرأةُ وَلَدَهَا: بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے پاؤں باہر آئیں۔
(رَجِلَ)(س) رَجَلًا ورُجْلَةً: پاؤں کا بڑا ہونا (۲) پیدل چلنا (۳) چلنے پر قادر ہونا (۴) پاؤں میں تکلیف ہونا۔
— الحیوانُ: ایک پیر میں سفیدی ہونا۔ هو أرْجَلُ وهي رَجْلَاءُ (ج) أرْجَالٌ۔
الشَّعْرَ: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا۔ هو رَجِلٌ ورَجُلٌ (ج) أرْجَالٌ۔
(أرْجَلَتِ) المرأةُ: عورت کا بچہ (نر) جننا۔ هي مُرجِلٌ۔
— فلانًا: پیدل چلانا (۲) مہلت دینا۔
(رَجَّلَهُ): قوت وطاقت دینا۔
— الشَّعْرَ: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا (۲) کنگھا کرنا۔
— المرأةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے پاؤں باہر آئیں۔
(ارْتَجَلَ): پیدل چلنا۔
— بِرَأْيِهِ: اپنے رائے پر عمل کرنا اور کسی سے مشورہ کرنا۔
— الطَّبَّاخُ: مٹی کی ہانڈی میں پکانا۔
— النهارُ: دن چڑھنا۔
— الشاةَ: بکری کے پیر باندھنا یا پیر باندھ کر لٹکانا۔
— الشيءَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔
— الكلامَ: برجستہ بولنا، فی البدیہ بات کرنا۔
(تَرَجَّلَ): پیدل چلنا۔
— الرَّاكِبُ: سوار کا سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔
— المرأةُ: عورت کا مرد کی مشابہت اختیار کرنا۔ حدیث میں ہے: (لَعَنَ اللهُ المترجِّلات من النساء)۔
— الشمسُ أو النهارُ: سورج بلند ہونا، دن چڑھنا۔ حدیث میں ہے: (فما ترجّل النهار حتى أُتِيَ بهم)
— الشيءَ: پیر کے نیچے رکھنا۔
— شَعْرَهُ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
— البِئْرَ: بغیر رسّی وغیرہ لٹکائے کنویں میں اترنا۔
(الأرْجَلُ): رَجُلٌ أرْجَلُ: بڑے پیروں والا آدمی (ج) رُجْلٌ۔
— هو أرْجَلُ الرجُلين: وہ دونوں سے زیادہ طاقتور ومضبوط ہے۔ یا اس میں دوسرے کی نسبت مردانگی زیادہ ہے۔
(الرَّاجِلُ): پیدل چلنے والا، پا پیادہ۔ (ضد: فارس) (ج) رِجَالٌ ورَجَّالَةٌ۔
(الرَّجْلُ): پیدل چلنے والا، پا پیادہ (۲) راجل کی اسم جمع۔
(الرِّجْلُ): ٹانگ، پیر، پاؤں (ج) أرْجُلٌ۔ کہتے ہیں: هو قائمٌ على رِجْلٍ: وہ آنے والی مصیبت کا مقابلہ کرنے والا ہے۔ کہاوت ہے: (لاتمشِ برجلِ مَنْ أبَى) تم اس شخص سے مدد نہ مانگو جو تمہارے معاملات میں دلچسپی نہ رکھتا ہو۔ كان ذلك على رِجْلِ فلان: یہ فلاں کے زمانہ کی بات ہے، حدیث میں ہے: (لا اعلم نبيًّا هلك على رجله من الجبابرة ما هلك رجل موسى عليه السلام)۔
— انقطعت الرِّجْلُ: راستہ راہ گیروں سے خالی ہو گیا (محدثہ) (۲) گروہ، مجموعہ (۳) ٹڈی دل (۴) لشکر (۵) کسی چیز کا حصہ۔
— رِجْلُ البحر: سمندر کی خلیج۔
— رِجْلُ القوس: کمان کا نچلا حصہ۔
— رِجْلُ الغُراب: زمین پر پھیلنے والا شگاف دار پتوں والا پودا یا بیل جسے پکا کر کھایا جاتا ہے۔
— رِجْلُ الجَبّار ورِجْلُ الجوزاء: ستارے (ج) أرْجَالٌ۔
(الرَّجُلُ): مرد (۲) کامل مرد جیسے هذا رَجُلٌ یہ کامل مرد ہے (۳) پیدل۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا} (ج) رِجَالٌ ورَجْلَةٌ۔ (جج) رجالات۔
— هو من رجالات القوم: وہ قوم کے شریف لوگوں میں سے ہے۔
(الرَّجْلان): پیدل، پا پیادہ هي رَجْلَى (ج) رُجالَى۔
(الرِّجْلَةُ): پتھریلی زمین سے ہموار زمین میں آنے والا پانی (۲) خرفہ کا ساگ۔ (ج) رِجَلٌ۔
(الرَّجُلَةُ): عورت۔ امرأة رجلة: وہ عورت جو رائے اور علمیت میں مردوں کے مشابہ ہو۔ حدیث میں ہے: (كانت عائشه رضي الله عنها رَجُلَةَ الرَّأْيِ)
(الرَّجْلِيُّوْنَ): تیز دوڑنے والے۔ واحد: رَجْلِيٌّ۔
(الرُّجُولَةُ والرُّجُولِيَّةُ): مرد ہونے کی تمام صفات کا مجموعہ۔
(الرَّجِيْلُ): پا پیادہ (۲) بہت چلنے والا (ج)

اَرْجِلَةٌ. رَجُل رَجِيْلٌ: چلنے میں با ہمت اور ثابت قدم۔ھی رجیلۃٌ۔
—فرسٌ رَجِيْلٌ: وہ گھوڑا جسے پسینہ نہ آتا ہو۔
—كلامٌ رَجِيْلٌ: برجستہ کلام۔
(المُرَجَّلُ): مردوں کی تصاویر والا جیسے ثوبٌ مُرَجَّلٌ. جِلدٌ مُرَجَّلٌ: ایک ٹانگ سے اتاری ہوئی کھال۔
(المِرْجَلُ): مٹی کی مضبوط ہانڈی (۲) پیتل وغیرہ کی ہانڈی (۳) کنگھا (ج) مَرَاجِل۔
— جاشَتْ مَرَاجِلُهُ: غصہ کا بڑھنا (۴) بائلر' بھاپ بنانے کی مشین (مع)
(رَجَمَه) (ن) رَجْمًا: پتھر مارنا (۲) سنگسار کرنا' پتھروں سے مار ڈالنا۔
— فلانًا: گالی دینا (۲) لعنت کرنا (۳) ہٹانا (۴) دھتکارنا۔ قرآن مجید میں ہے: {لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ}
—بالظنِّ: بدگمانی کرنا۔
— القبرَ: قبر پر پتھر کا کتبہ لگانا۔ھو مَرْجُومٌ وَرَجِيمٌ۔
(رَاجَمَ) فی الكلامِ والعَدْوِ والحَرْبِ: حد سے آگے بڑھنا' تیزی دکھانا۔
— عن قومِهِ: اپنی قوم کا دفاع کرنا اور ان کے لئے لڑنا۔
(رَجَّمَ): گمان اور اٹکل سے کہنا۔
—بالغيبِ: نامعلوم بات کہنا۔
—القبرَ: قبر پر پتھر نصب کرنا۔
(اِرْتَجَمَ) الشيءُ: تہ بہ تہ ہونا' ڈھیر لگنا۔
— القومُ بالحجارة: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
—بالكلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
(اسْتَرْجَمَه): کسی سے رجم کی درخواست کرنا۔ حدیث میں ہے (جاءت امرأة تسترجم النبيَّ ﷺ)
(الرِّجَامُ): پتھر کا آب پیا آلہ (۲) کنویں کی من جس پر ڈول ڈالنے کی لکڑی نصب کی جاتی ہے۔
— الرِّجامانِ: کنویں کی منڈیر پر کھڑی ہوئی دو لکڑیاں جن کے بیچ میں ڈول ڈالنے کی چرخی لگی ہوتی ہے (ج) رُجُمٌ۔
(الرَّجْمُ): رجم' سنگسار کرنا (۲) شرعاً زانی کو پتھر مار کر ہلاک کرنا۔ (۳) وہ پتھر جس سے سنگسار کیا جائے۔
— قالَه رَجْمًا بالغيبِ: اس نے یہ بات بغیر دلیل کے کہی ہے۔ صار فلانٌ رَجْمًا: وہ حقیقت سے ناواقف ہے (ج) رُجُومٌ۔
(الرَّجَمُ): قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر (۲) قبر (۳) کنواں (۴) تنور (ج) رِجَامٌ واَرْجَامٌ۔
(الرُّجُمُ): آسمان سے دکھائی دینے والے شعلے جو ٹوٹ کر گرنے والے ستارے معلوم ہوتے ہیں (۲) قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر۔
(الرَّجْمَةُ): قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر (ج) رِجَامٌ۔
(الرُّجْمَةُ) بمعنی الرَّجْمَةُ (۲) دو کھیتوں کے درمیان بنی ہوئی لوہے یا پتھر کی آڑ۔ (ج) رُجَمٌ ورِجَامٌ۔
(المَرَاجِمُ): قبیح کلام۔ واحد: مِرْجَمَةٌ۔
—رماه بالمراجم: اس نے اسے گالی دی۔
(المِرْجَامُ): گوپیا جس سے پتھر پھینکے جاتے ہیں (ج) مراجیم۔
(المِرْجَمُ): مضبوط وطاقتور آدمی اور گھوڑا۔ رجلٌ مِرْجَمٌ وفرسٌ مِرْجَمٌ۔
—لسانٌ مِرْجَمٌ: تیز طرار زبان (ج) مَرَاجِمُ
(رَجَنَ) (ن) بالمكان رُجُونًا: کسی جگہ قیام کرنا' ٹھہرنا۔
— الحيوانُ: جانور کا گھر سے مانوس ہونا۔ھو راجنٌ وھی راجنٌ وراجنَةٌ۔
— الدَّابَّةَ رَجْنًا: جانور کو گھر میں بند رکھنا اور خراب چارہ دینا جس سے وہ کمزور ہوجائے۔
حضرت عمرؓ کی حدیث میں ہے: (فإنَّ الرَّجَنَ للماشية عليها شديدٌ ولها مُهلكٌ)
—فلانًا: کسی سے شرمانا۔
(اَرْجَنَ) بمعنی رَجَنَ۔
—الدابَّةَ بمعنی رَجَنَهَا۔
(ارْتَجَنَ) الشيءُ: خلط ملط ہونا' خراب ہونا۔
— الزُّبْدُ: مکھن کا پکانے سے صاف نہ ہونا' بگڑ جانا۔
—أمرُ القوم: معاملہ کا گڑبڑ ہوجانا۔
—بالمكان: قیام کرنا۔
(الرَّجِيْنُ): زہر قاتل۔
(الرَّجِيْنَةُ): جماعت' گروہ (ج) رجائن۔
(المَرْجان): (دیکھئے: مرج)
(المَرْجُونَةُ): کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی پٹاری جو نیچے سے کشادہ اوپر سے تنگ ہوتی ہے (ج) مراجین۔ھم فی مَرْجُونة: وہ اس شش وپنج میں ہیں کہ قیام کریں یا کوچ کریں۔
(رَجَاه) (ن) رَجْوًا ورُجُوًّا ورَجَاءً ورَجَاةً ورَجَاءَةً ورَجَاوَةً ومَرْجَاةً: امید کرنا۔ھو راجٍ ۔والشيءُ مَرْجُوٌّ وھی مَرْجُوَّةٌ۔ (۲) ڈرنا (یہ اکثر منفی میں مستعمل ہے) جیسے قرآن مجید میں ہے: {مَا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلّٰهِ وَقَارًا}۔
(رَجِيَ) (س) رَجًا: بولتے بولتے رک جانا۔
(رُجِيَ) عليه الكلامُ: کلام سے عاجز آنا۔
(اَرْجَتِ) الناقةُ: اونٹنی کا بچہ نکلنے کا وقت قریب ہونا۔ھی مُرْجِيَةٌ۔
—الامرَ: موخر کرنا' ملتوی کرنا۔
—الصيدَ: شکار سے محروم رہنا۔
— البئرَ: کنویں کی چوڑی دو کناریوں والی فصیل بنانا۔
(رَجَّاه): امید لگانا۔
(ارْتَجَاه) بمعنی رَجَاه۔
(تَرَجَّاه): امید رکھنا۔
(الأُرْجُوانُ): ارغوان' ایک حسین سرخ پھول والا پودا (۲) گہرے سرخ رنگ کا گوند (۳) سرخی (۴) سرخ کپڑا۔

—احمرُ ارُجوانیٌّ: تیز سرخ (مع)
(الأرْجِيَّةُ) موخر اور ملتوی کیا ہوا معاملہ (ج): اراجیّ۔
(التّرجی): اچھی اور ممکن چیز کی امید۔
(الرَّجَا): کونہ، گوشہ، کنارہ۔
— رَجَوَان: کنویں کے دونوں کنارے جو چاروں طرف بنی ہوئی فصیل کے ہوتے ہیں۔
— رُمِیَ بہ الرَّجوانِ: اسے ہلاکتوں میں ڈال دیا گیا (ج) ارجاء۔
قرآن مجید میں ہے: وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا
(الرَّجِيَّةُ): کسی سے قائم کی ہوئی امید۔
— ما فی فلان رجیّۃ: مجھے فلاں شخص سے کوئی امید نہیں۔

• ر............ح

(رَحِبَ)(س) المكانُ رَحَبًا: جگہ کا کشادہ ہونا۔
(رَحُبَ) (ك) المكانُ رُحْبًا ورَحَابَةً: کشادہ ہونا۔قرآن مجید میں ہے: {حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ}۔
— رَحُبَ بك المكانُ رَحُبَتْكَ الدار: تمہارے لئے مکان میں گنجائش ہے۔
— رَحُبَكُمُ الامرُ: تمہارے لئے اس معاملہ میں گنجائش ہے۔هو رَحْبٌ ورَحِيْبٌ و رُحَابٌ۔
(أَرْحَبَ): کشادہ ہونا۔
—الشيءَ: کشادہ کرنا۔
(رَحَّبَ) المكانَ: کشادہ کرنا۔
— فلانًا وبہ ترحيبًا: خیر مقدم کرنا (۲) خوش آمدید کہنا۔
(تَرَاحَبَ): کشادہ ہونا۔
(الرُّحَابُ): کشادہ، بڑا۔قدرٌ رُحَابٌ: بڑی دیگچی۔
(الرَّحْبُ): کشادہ، وسیع۔جیسے مکان رَحْبٌ ودارٌ رَحْبَةٌ۔
— هو رحْبُ الصَّدْرِ: وسیع الظرف، فراخ دل۔
— رحبُ الذراع: سختی کا ہمت سے مقابلہ کرنے والا۔
—رحبُ الذراع والباع: سخی، فیاض۔
—رحبُ الراحة: کشادہ دست۔
—رحبُ الفَهْمِ: انتہائی سمجھدار۔
(الرُّحْبِی): اونٹ کے پہلو میں سینہ کے اندر سب سے چوڑی پسلی۔
(رحبیان): دو پسلیاں جو تمام پسلیوں کے اوپر بغل کے قریب ہوتی ہیں (۲) دل دھڑکنے کی جگہ۔
(الرُّحْبَةُ): کشادہ زمین (۲) گھر کا صحن اور کھلی جگہ (ج) رِحَابٌ ورُحَبٌ۔
(الرَّحَبَةُ) بمعنی الرُّحْبَةُ (ج) رَحَبٌ و رحابٌ۔
(الرَّحِيْبُ): هو رحيب الصدر: وسیع الظرف۔
—رحيبُ الجوف: بڑے پیٹ والا۔
—رحيبُ الباع والذراع: سخی (۲) زیادہ کھانے والا (ج) رُحُبٌ .وهی رَحِيْبَةٌ (ج) رَحَائِبُ۔
(المَرْحَبُ): کشادگی۔مرحبًا: خوش آمدید۔ آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے ہیں، آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے، بددعا کے موقع پر لا مرحبا بك کہا جاتا ہے۔
(رَحَّ) (ف) الفَرَسُ رَحَحًا: گھوڑے کا چوڑے کھر والا ہونا (یہ قابل تعریف وصف ہے)۔
—الوَعِلُ: پہاڑی بکری کا سم پھیلا ہوا ہونا۔
— الرَّجلُ: آدمی کے تلوے کا اوپر اٹھا ہوا نہ ہونا۔هو اَرَحُّ وهی رَحَّاءُ (ج) رُحٌّ۔
(الاَرَحُّ): ہموار تلوے والا جو بیچ سے اٹھا ہوا نہ ہو۔
(رَحْرَحَ) الرَّجُلُ: مقصد کے آخر تک نہ پہنچنا۔
— بالكلام: اشارہ سے بات کرنا، کھل کر بات نہ کرنا۔
— الخبزَ: روٹی کو پھیلا کر بڑا کرنا۔هو مُرَحْرَحٌ۔
(تَرَحْرَحَتِ) الفرسُ: گھوڑے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔
(الرَّحْرَاح): وسیع و کشادہ۔اناءٌ رحراحٌ چھوٹی دیوار والا کشادہ برتن۔حدیث انسؓ میں ہے: (فَأُتِيَ بقدحٍ رحراحٍ فوضع فيه اصابعه)
عيشٌ رحراحٌ: فراخ زندگی۔
(الرَّحْرَح والرَّحْرَحان) بمعنی الرَّحراح۔
(رَحَضَ) (ف) الثوبَ رَحْضًا: کپڑے کو دھونا۔حدیث ابن ثعلبہؓ میں ہے (سأل عن اواني المشركين فقال: ان لم تجدوا غيرها فارحضوها بالماء) هو رَاحِضٌ والمفعول مرحوض ورحيضٌ۔حضرت عثمانؓ کے بارے میں عائشہؓ کی حدیث ہے: (استتابوه حتى اذا ماتركوه كالثوب الرحيض أحالوا عليه فقتلوه)
(رُحِضَ): بخار زدہ کا پسینہ میں شرابور ہونا۔
فلانٌ: پسینہ آنا۔
(أَرْحَضَ) الثوبَ: کپڑے کو دھونا۔
(أُرْحِضَ) المحمومُ: بخار زدہ کو پسینہ آنا۔
(رَحَّضَه) بمعنی رَحَضَه هو مُرَحَّضٌ خوارج کے بارے میں حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ہے (وعليهم قُمُصٌ مُرَحَّضَةٌ)
(ارْتَحَضَ) فلانٌ: رسوا ہونا۔
(الرُّحَاضَةُ): دھونے کے بعد بچا ہوا پانی۔
(الرَّحْضُ): پرانا مشکیزہ۔ثوبٌ رَحْضٌ: وہ کپڑا جو دھو دھو کر پرانا ہو گیا ہو۔
(الرُّحَضَاءُ): بدن کو شرابور کر دینے والا پسینہ۔حدیث وحی میں ہے (فمسح عنه الرُّحَضاء) (۲) بخار کے بعد آنے والا پسینہ (۳) پسینہ والا بخار۔
(المِرْحَاضُ): غسل خانہ (۲) بیت الخلاء (۳) کپڑے دھونے کی جگہ (۴) کپڑے کوٹنے کی

موگری (ج) مراحیض۔
(المِرْحَضَةُ): وہ برتن جس میں وضو کیا جائے (ج) مراحیض۔
(الرُّحَاقُ): شراب (۲) خالص، صاف شراب
(الرَّحِیقُ): خالص صاف شراب، شراب۔
قرآن مجید میں ہے: {یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ} (۲) خوشبو کی ایک قسم۔
—مسكٌ رحیقٌ: خالص مشک۔
—حَسَبٌ رحیقٌ: خالص نسب۔
— رحیق الأزهار: پھولوں کا رس جس کو کیڑے چوستے ہیں۔
(رَحَلَ) (ف) عن المكان رَحْلًا ورَحِیْلًا وترحالاً ورِحلةً: کوچ کرنا، روانہ ہونا۔
—البعیرَ رَحْلاً ورِحلةً: اونٹ پر کجاوہ رکھنا۔
هو مرحولٌ ورحیلٌ (۲) اونٹ پر چڑھنا، سوار ہونا رُحِلَ فلانٌ بمکروہٍ اس پر مصیبت آئی۔
رَحَلَهٗ بسیفه: اس پر تلوار اٹھائی۔
حدیث میں ہے (لَتکُفَّنَّ عَنْ شَتْمِهٖ او لأرحلنك بسیفی)
—له نفسَه: کسی کی تکلیف پر صبر کرنا۔
(اَرْحَلَ) فلانٌ: کسی کے پاس بکثرت سواری کے اونٹ ہونا۔ ھو مُرْحِلٌ۔
— الابلَ: اونٹوں کا کمزوری کے بعد موٹا ہو کر سواری کے قابل ہونا۔
—فلانًا: روانہ کرنا۔
—الابلَ: اونٹوں کو سواری کے لئے سدھانا۔
—فلانًا: سواری دینا۔
(رَاحَلَهٗ): سفر میں کسی کی مدد کرنا۔
(رَحَّلَهٗ): روانہ کرنا۔
—الإبلَ: اونٹ پر کجاوے رکھنا۔
—الثوبَ: کپڑے پر کجاوے جیسے نقش بنانا۔
حدیث میں ہے (انه ﷺ خرج ذات یوم وعلیه مِرْطٌ مُرَحَّلٌ)۔
— الحسابَ: حساب کو اگلے پرت پر اٹھانا

(سلسلہ باقی رکھتے ہوئے) (محدثہ)
(ارتَحَلَ) بمعنی رَحَلَ۔
—البعیرَ: اونٹ پر کجاوہ رکھنا (۲) سوار ہونا۔
—الطفلُ اباهُ: بچہ کا باپ کی کمر پر چڑھنا۔
حدیث میں ہے (ان النبی ﷺ سجد فرکبه الحسن فابطأ فی سجوده فلما فرغ سئل عنه فقال اِنَّ ابنی ارتحلنی فکرهت ان اُعْجِلَه)۔
(تَرَحَّلَ) بمعنی رَحَلَ۔
—الدَّابةَ: جانور پر سوار ہونا۔
—تَرحَّلَه: کسی پر برائی کے ساتھ چڑھ جانا۔
(اِسْتَرْحَلَه): کسی سے کجاوہ رکھوانا (۲) کسی سے سواری کا جانور مانگنا۔
— النَّاسَ نفسَه: لوگوں کے سامنے خود کو اتنا گرانا کہ وہ اسے تکلیف دینے لگیں۔
(الرَّاحِلَةُ): سواری اور بوجھ برداری کا اونٹ حدیث میں ہے (تجدون الناس بعدی کابلٍ مائةٍ لیس فیها راحلة) (ج) رواحل۔
—مشت رواحله: بوڑھا اور کمزور ہونا۔
(الرَّاحِولُ): روانہ ہونے والا، مسافر (ج) رواحیل۔
(الرِحَالَةُ): زین (۲) چمڑے کی زین جس میں لکڑی نہ لگی ہو (ج) رحائل۔
(الرَّحَّالُ): کجاوے بنانے والے۔
(الرُّحَّالُ) العربُ الرُّحَّالُ: وہ عرب لوگ جو ایک جگہ رہنے کے بجائے اپنے مویشیوں کے ساتھ ان مقامات میں قیام کریں جہاں بارش ہوتی ہو اور سبزہ اگتا ہو۔
(الرَّحَّالَةُ): بہت زیادہ سفر کرنے والا، سیاح (تاء مبالغہ کی ہے)۔
(الرُّحَّلُ) العربُ الرُّحَّل بمعنی الرُّحَّال۔
(الرَّحْلُ): کجاوہ (۲) سامان سفر رکھنے کا تھیلا وغیرہ (۳) رہائش گاہ (۴) سامان سفر۔ حدیث میں ہے (اذا ابتلَّت النِّعَالُ فالصَّلوةُ فی

الرِّحالِ) (ج) اَرْحُلٌ و رِحَالٌ۔ حَطَّ فلانٌ رَحْلَه وأَلْقی رَحْلَه قیام کرنا، ٹھہرنا۔
(الرِّحْلَةُ): سفر، مخصوص سفر، قرآن۔ (ج) رِحَلٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّیْفِ} (۲) سفرنامہ۔
—بعیرٌ ذو رِحلةٍ: چلنے کے قابل اونٹ۔
(الرُّحْلَةُ): منزل سفر۔ جس چیز کی طرف سفر کیا جائے۔ کہتے ہیں: الكعبة رُحْلة المسلمین وأنتم رُحلتی۔
— عالِمُ رُحلة: ایسا عالم جس کے پاس لوگ دور دراز سے سفر کر کے آئیں۔
—بعیرٌ ذو رُحلةٍ: چلنے پر قادر اونٹ۔
(الرَّحُوْلُ): بہت زیادہ سفر کرنے والا آدمی (۲) سواری کا اونٹ۔
(الرَّحُوْلَةُ): سواری کا اونٹ۔
(الرَّحِیْلُ): سفر، روانگی، کوچ (۲) سفر کے قابل اونٹ۔
(المُرْتَحَلُ): سفر (۲) سفر کی منزل (۳) روانگی کی جگہ۔
(المِرْحَلُ) من الجمال: مضبوط، سفر کے قابل اونٹ۔
(المَرْحَلَةُ): کسی مقررہ وقت کا سفر، مثلاً ایک دن کا سفر (۲) سفر کی دو منزلوں کے درمیان سفر کا فاصلہ (ج) مَراحل۔
(رَحِمَتِ) (س) المرأةُ رَحَمًا: عورت کا رحم کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔ ھی رَحْمآء۔
— السِّقاءُ: مشکیزہ کا تیل وغیرہ نہ ملنے کی وجہ سے خراب ہو جانا۔
—فلانًا رَحمةً ورُحْمًا ومَرْحَمَةً: نرمی کرنا۔ رحم کرنا، اچھا برتاؤ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَیْرًا مِّنْهُ زَکٰوةً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا (۲) معاف کرنا۔
(رُحِمَتِ) المرأةُ رَحَمًا بمعنی رَحِمَت۔
(رَحُمَتِ) (ك) المرأةُ رَحامةً بمعنی رَحِمَتْ۔

(رَحِمَ) علیه: کسی کے لئے رحمت کی دعا کرنا (۲) رحمہ اللہ کہنا۔

(تراحَمَ) القومُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔

(ترَحَّمَ) علیه: رحم کرنا' مہربانی کرنا (۲) رحمت کی دعا کرنا۔

(اِسْتَرْحَمَهُ): مہربانی طلب کرنا' رحمت کا طلب گار ہونا۔

(الرَّاحِمُ): شاۃٌ راحِمٌ وعنزٌ راحمٌ: متورم رحم والی بکری۔

(الرُّحَامُ): وہ بکری وغیرہ جو بچہ جنے لیکن اس کی ریزش نہ گرے۔

(الرَّحِمُ والرَّحْمُ والرِّحْمُ): رحم' بچہ دانی (۲) رشتۂ قرابت داری (مذکر ومونث) (ج) **أَرْحَام۔ ذو الأرحام:** وہ رشتہ دار جو نہ عصبہ میں سے ہوں اور نہ ذوی الفروض میں سے جیسے بھتیجیاں اور چچا زاد بہنیں۔

(الرَّحَمُ): رحم کی ایک بیماری جس کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

(الرَّحْمٰنُ): بڑا مہربان' زبردست رحمت والا (یہ صفت اللہ تعالی کے ساتھ خاص ہے اس کے علاوہ کسی اور کے ساتھ جائز نہیں)

(الرَّحْمَةُ): رحم' مہربانی' شفقت۔ قرآن مجید میں ہے: **{وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ}**۔

(الرَّحَمُوتُ): رحم' مہربان۔ کہتے ہیں: **رَهَبُوتٌ خيرٌ لكَ من رَحَموتٍ:** تجھ کو ڈرایا جانا تجھ پر نرمی کرنے سے بہتر ہے۔

(الرُّحْمٰى): مہربانی' رحمت' نرمی۔

(الرَّحُومُ): بہت مہربان ومشفق (مذکر ومونث کے لئے) (۲) وہ عورت جس کے رحم میں تکلیف ہو۔

(الرَّحِيمُ): بہت رحم کرنے والا (ج) **رُحَمَاءُ** (۲) رحم کیا ہوا۔

(الْمَرْحَمَةُ): نرمی' شفقت' رحم۔ قرآن مجید میں ہے: **وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَ تَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ** (ج) **مَرَاحِمُ**۔

ر

(رَحَتِ) (ن) الحَيَّةُ رَحْوًا: سانپ کا پیچ وتاب کھانا' کنڈل مارنا۔

— الرَّحٰى: چکی بنانا۔

— الرَّحٰى وبها: چکی چلانا۔

— فلانًا: تعظیم کرنا۔

(رَحٰى) (ض) رَحْيًا بمعنی **رَحَا**۔

(رَحّٰى) الانسانُ الرَّحٰى: چکی بنانا' چکی ٹھیک کرنا۔

(تَرَحَّتِ) الحَيَّةُ بمعنی **رَحَتْ**۔

(الرَّحٰى والرَّحَا): چکی (آٹے پیسنے کی) (ج) **أَرْحٍ وارحاءٌ ورُحِيٌّ وأَرْحِيَةٌ**۔ (۲) سینہ (۳) ناخن کے اردگرد کا حصہ (۴) داڑھ (ج) **أَرْحَاءٌ**۔

— رَحَى الحربِ: جنگ کی شدت۔

— دارت رحى الحرب: جنگ چھڑ گئی۔

— دارت عليه رحى الموت: وہ مر گیا۔

(۵) اہل وعیال (۶) اونٹوں کا ازدہام (۷) گول اونچی زمین۔

(الرَّحَوِيَّةُ): (میکانکس میں) جیک کی طرح کا وزن اٹھانے اور کھینچنے کا آلہ۔ (مج)

(الْمَرْحٰى) المَرْحَى الحربِ: میدان جنگ۔ سلیمان بن صرد کی حدیث میں ہے: **(أَتَيْتُ عليًّا حين فرغ من مَرْحَى الجمل)**۔

(مَرْحٰى): (دیکھئے: مرح)۔

ر.........خ

(رَخَّ) (ن ض) العَجِينُ رَخًّا: گندھے ہوئے آٹے کا پتلا ہونا۔

— الشيءَ ـُ رَخًّا: پیروں سے روند کر نرم کرنا (۲) چوٹ مار کر نرم کرنا۔

— الشراب: شراب میں پانی کی آمیزش کرنا۔

(رَخَّ) (ف) رَخَخًا: نرم وملائم ہونا۔

(أَرَخَّ) الشيءَ: زیادہ نرم کرنا۔

— العجينَ: آٹے کو بہت پتلا کرنا۔

(ارْتَخَّ): نرم ہونا۔

— رأيُه: رائے میں اضطراب ہونا۔ رائے کا پختہ نہ ہونا۔

— السكرانُ: نشہ والے کا زیادہ نشہ میں ہونا۔

— العجينُ: آٹے کا پتلا ہونا۔

(الرَّخَاخُ): نرم وگداز۔ **ارضٌ رخاخٌ:** نرم و کشادہ زمین۔ **نباتٌ رخاخٌ:** خستہ اور نرم گھاس۔ **عيشٌ رخاخٌ:** کشادہ پرسکون زندگی۔

(الرُّخُّ): نرم اور خستہ گھاس (۲) ایک خیالی پرندہ جس کے اوصاف میں قدماء نے بڑا مبالغہ کیا ہے (۳) شطرنج کا ایک مہرہ (ج) **رِخَاخٌ ورِخَخَة**۔

(الرَّخَاخُ): پھولی ہوئی نرم زمین جو پیروں سے دب جائے (ج) **رَخَاخِيُّ**۔

(الرَّخْرَاخُ والرُّخْرُخُ): پتلا گارا یا پتلا گندھا ہوا آٹا۔

(رَخُصَ) (ك) رَخَاصَةً و رُخُوصَةً و رُخْصَانًا: نرم و نازک اور تر و تازہ ہونا **هو رَخْصٌ ورخيصٌ**۔

— غُصْنٌ رَخْصٌ: تر و تازہ شاخ۔

— بنانٌ رَخْصٌ: نازک انگلیاں۔

— السِّعْرُ رُخْصًا: بھاؤ گرنا' سستا ہونا۔ **هو رخيصٌ**۔

(ارْخَصَ) السِّعْرَ: سستا کرنا' بھاؤ گرانا۔

— الشيءَ: سستا پانا' خریدنا۔

— له في الامر: کسی کام میں آسانی پیدا کرنا۔

(رَخَّصَ) له في الأمرِ: آسانی اور سہولت پیدا کرنا۔

— له في كذا وفلانًا فيه: ممانعت کے بعد اجازت دینا' رخصت دینا۔

(ارْتَخَصَه): سستا سمجھنا (۲) سستا خریدنا۔

(تَرَخَّصَ) في الأمورِ: معاملات میں رخصت پر عمل کرنا۔

(اسْتَرْخَصَه): سستا سمجھنا۔

(الرُّخْصَةُ والرُّخُصَةُ): کسی کام میں دی ہوئی سہولت وآسانی (۲) (شرعی اصطلاح میں) اصلی امر کو تخفیف وتسہیل میں بدلنا۔ جیسے مسافر کی نماز

۔یہ عزیمت کی ضد ہے۔حدیث میں ہے (ان اللہ جل ثناءٗہ یحب ان یوخذ برخصہ کما یحب ان توتی عزائمہ) (۳) پانی پینے کی باری ۔کہتے ہیں: أخذ رخصته من الماء: اس نے پانی کا اپنا حصہ لے لیا (۴) پرمٹ' لائسنس جیسے رخصة السيارة: گاڑی کا لائسنس (محدثہ)۔

(الرَّخِيصُ): غبی' نا سمجھ (۲) ملائم کپڑا (۳) سستا۔

—موتٌ رخیصٌ: سخت تکلیف دہ موت۔

(رَخَفَ) (ن) العجینُ ونحوُہ رَخْفًا: گندھے ہوئے آٹے وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے پتلا ہوجانا۔ھو راخفٌ۔

(رَخِفَ) (س) رَخَفًا بمعنی رَخَفَ' ھو رَخِفٌ۔

(رَخُفَ) (ك) رَخَافَةً ورُخُوفَةً بمعنی رَخَفَ ھو رَخْفٌ ورَخِيفٌ۔

(أَرْخَفَ) العجینَ: آٹے کو پتلا اور ڈھیلا کرنا۔

(الرَّخْفُ): رنگ کی ایک قسم۔

(الرَّخْفَةُ) صار الماءُ رَخْفَةً: پانی کا پتلا گارا بن جانا (۲) ہلکا نرم پتھر (ج) رِخَافٌ۔

(تَرَخَّلَ): بھیڑ کے مادہ بچوں کو پالنا۔

(الرَّخَاخِيلُ): کھجور کی نبیذیں۔

(الرِّخْلُ): بھیڑ کے مادہ بچے (ج) أَرْخُلٌ و رُخَالٌ ورِخْلَانٌ۔

(الرَّخِلُ والرِّخْلَةُ) بمعنی الرِّخْلُ۔

(رَخَمَ) (ن) الصوتُ والکلامُ رَخْمًا: آواز کا باریک اور کلام کا نرم ہونا۔

—النعامةُ والدجاجةُ بَيْضَهَا وعليه رَخْمًا ورَخَمًا ورَخَمَةً: شترمرغ' مرغی کا انڈوں کو سینا۔ھی رَاخِمٌ۔

المرأةُ ولدَھا رَخْمًا ورَخَمَةً: بچہ سے لاڈ پیار کرنا۔

(رَخِمَ) (س) السِقاءُ ونحوہ رَخَمًا: مشکیزہ وغیرہ کا بدبودار ہونا۔

— الفرسُ ونحوُہ رَخَمَةً: گھوڑے کے سر کا سفید اور باقی جسم کا سیاہ ہونا۔ھو أَرْخَمُ وھی رَخْمَاءُ (ج) رُخْمٌ۔

— فلانًا رَخْمًا ورَخَمَةً: مہربانی وشفقت کرنا۔

القی علیہ رَخْمَتَه ورَخَمَه: کسی سے بھرپور محبت کرنا۔

(رَخُمَ) (ك) الصوتُ و الکلامُ رخامةً بمعنی رَخَمَ۔ھو رَخِیمٌ۔

—رَخُمَتِ المراةُ: عورت کا نرم ونازک ہونا ھی رخیمةٌ ورخیمٌ۔

(أَرْخَمَتِ) النعامة والدجاجة علی بیضھا: شترمرغ اور مرغی کا انڈوں کو سینا۔ھی مُرْخِمٌ ومُرْخِمَةٌ۔

(رَخَّمَ) الدجاجةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

— الشیءَ: نرم وگداز بنانا (۲) علم النحو میں ترخیم یہ ہے کہ نداء میں اس کے آخری حرف کو تلفظ آسان کرنے کے لئے حذف کردیا جائے۔

— البیتَ: گھر میں سنگ مرمر کا فرش بچھانا۔

(الرُّخَامُ): سنگ مرمر۔

(الرُّخَامی): ہلکی ہوا' بادنسیم (۲) مویشیوں کا بھورے رنگ کا چارا۔

(الرَّخَمُ): گدھ (۲) گاڑھا دودھ۔(نرمی و محبت)

(الرَّخَّامُ): سنگ مرمر تراشنے اور صاف کرنے والا (۲) سنگ مرمر بیچنے والا۔

(رَخَا) (ن) العیشُ وغیرہ رَخَاءً: زندگی کا فراخ اور کشادہ ہونا۔ھو رِخْوٌ۔

(رَخِيَ)(س) الشیءُ رَخًا ورَخَاءً: نرم ہونا۔

— العیشُ: زندگی کا فراخ ہونا۔

(رَخُوَ) (ك) رَخَاءً وَرَخَاوَةً ورِخْوَةً بمعنی رَخِيَ۔

(أَرْخَی): خوشحال ہونا۔

— الفرسُ: تیز دوڑنا۔

— الشیءَ: نرم وگداز کرنا (۲) لٹکانا (۳) لمبا کرنا' پھیلانا۔

— السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

—عمامتہ: مطمئن و بےخوف ہونا۔

— الزمامَ: لگام کو ڈھیلا کرنا۔

—لہ القیدَ: بیڑی کو ڈھیلا کرنا۔

— لہُ العِنانَ: اپنے حال پر چھوڑ دینا' آزاد چھوڑ دینا۔

— الدابَّةَ ولھا: جانور کی رسی لمبی کرنا۔

(رَاخَی) الشيءَ بالشيءِ: خلط ملط کرنا۔

(رَاخَی): راخَتِ الحامِلُ: ولادت کا وقت قریب آنا۔

— الشیءَ: نرم کرنا۔

— العقدةَ: گرہ کو ڈھیلا کرنا۔

— خِناقَہ: گھٹن پیدا کرنے والی چیز کو دور کرنا۔

(تَرَاخَی): سست ہونا' تاخیر کرنا' پیچھے رہنا۔

—عن الامرِ: پست ہمت ہونا۔

— السماءُ: بارش میں دیر کرنا۔

— ما بینھما: دو چیزوں کے درمیان دوری ہونا۔

(اسْتَرْخَی): نرم ہونا (۲) پھیلنا۔

— الأمرُ: تنگی اور سختی کے بعد کشادگی ہونا۔

— الرجلُ: اعضاء کو ڈھیلا چھوڑ کر لیٹنا۔

(الأُرْخِيَّةُ): لٹکائی ہوئی یا نرم کی ہوئی چیز (ج) اراخیّ۔

(الرَّخَاءُ): خوشحالی 'فراخی 'آسودگی۔حدیث میں ہے (اذکر اللہ فی الرَّخاءِ یذکرك فی الشدة)

(الرُّخَاءُ): بادنسیم' ہلکی ہوا۔قرآن مجید میں ہے: {فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ}

(الرَّخَاوَةُ): (رخاوة العضل الخِلْقِية) بچوں کے عضلات کی ایک پیدائشی بیماری (مج)

(الرِّخْوُ): نرم وگداز' خستہ (۲) ایسے حروف کی صفت جن کے مخرج میں آواز قدرے رک کر نکلتی ہے اور احتکاء کی صورت پیدا ہوتی ہے۔اسے

رخاوۃ کہتے ہیں جیسے زاء اور سین وغیرہ۔
(الرِّخْوَۃُ): حروف کی صفت' حروف رخوہ تیرہ ہیں : ث ح خ ذ ز ظ ص ض غ ف س ش اور ہ۔
—فیه رِخوَۃٌ: اس میں ڈھیلا پن ہے۔
(الرَّخِيُّ) عیشٌ رَخِيٌّ: خوشحالی اور آسودہ زندگی۔
—رَخِيُّ البالِ: خوشحال' فارغ البال۔
(المِرْخَاءُ) فَرَسٌ ونَاقَةٌ مِرْخَاءٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا یا اونٹ۔
(رَخْوَدَ): خوشحال ہونا۔
(الرِّخْوَدُّ): نرم و گداز' هو رخودٌّ: گداز جسم اور ہڈیوں والا۔
—رخوَدُّ الشباب: نوجوان۔
(الرَّخْوَدَۃُ): (علم طب کے مطابق) ہڈیوں کی نرمی۔ایک ایسی بیماری جو جسم میں کیلشیم اور فاسفورس کی کمی سے پیدا ہوتی ہے (مج)

ر..........د

(رَدَأہٗ) (ف) بِهٖ رَدْءًا: معاون و مددگار بنانا۔
—الحائطَ: دیوار کو پشتہ لگانا' سہارا دینا اور مضبوط کرنا۔
—الماشیةَ: جانور کو عمدہ دیکھ بھال اور چارے کے ذریعہ طاقتور کرنا۔
—بحجرٍ: پتھر مارنا۔
(رَدُؤَ) رَدَاءَۃً: کمزور و عاجز ہو کر محتاج ہو جانا (۲) گھٹیا و خراب ہونا (۳) کمینہ ہو جانا۔هو رَدِيٌّ۔
(أَرْدَأَ): گھٹیا حرکت کرنا (۲) خراب اور ردی چیز پانا۔
—علی کذا: زیادہ ہونا' بڑھ جانا۔
—الشيءَ: خراب و ردی کرنا (۲) گھٹیا کرنا۔
—فلانًا: مدد کرنا' معاونت کرنا۔
—الحائطَ ونحوَہٗ: دیوار وغیرہ کو پشتہ لگانا۔
—السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
(تَرَادَأَ) القومُ: باہم تعاون کرنا۔

(الرِّدْءُ): معین و مددگار۔قرآن مجید میں ہے : {فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْأً يُصَدِّقُنِيْ} (۲) سہارا' طاقت (۳) جانور کے ایک طرف کا بھاری بوجھ (ج) أَرْدَاءُ۔
(الرَّدِيُّ): ناپسندیدہ' خراب' گھٹیا' ردی (۲) کمینہ' کم ظرف (ج) أَرْدِئَاءُ۔
(تَرَدَّبَ) بِهٖ وعلیه: لطف و مہربانی کرنا۔
(الأَرْدَبُّ): (دیکھئے: الأردب) ہمزہ کے باب میں۔
(الأُرْدِبَّۃُ): (دیکھئے: الأَرِدبَّۃ)
(الرُّدَابُ): الرُّداب القولونی: طب کی ایک اصطلاح (مج)۔
(الرَّدْبُ): بندراستہ (۲) علم التشریح کی ایک اصطلاح (مج) (ج) رُدُوْبٌ۔
(رَدَجَ) (ض) الصبيُّ او المهر او السَّخْلَۃُ رَدْجًا: پیٹ سے رَدَج کالنا۔
(الرَّدَجُ): انسان یا جانور کے پیٹ سے غذا کھانے سے پہلے نکلنے والی چیز (ج) أَرْدَجُ۔
(الیَرَنْدَجُ): (دیکھئے: الارندج) (مع)
(رَدَحَ) (ف) رَدْحًا: ثابت قدم رہنا' جم جانا۔
—بالمکان: ٹھہرنا' قیام پذیر ہونا۔
—الرجلُ: ضرورت پوری ہونا۔
—الشيءَ: پھیلانا۔
—الرجلَ: پچھاڑنا۔
—البیتَ بالطین: گھر کو گارے سے لیپنا' گارے کا پلاسٹر کرنا۔
(رَدُحَتِ) (ك) المرأۃُ رَدَاحَۃً: عورت کا بھاری اور موٹے سرین والی ہونا۔
(أَرْدَحَ) البیتَ بمعنی رَدَحَه۔
(رَدَّحَ) الشيءَ: پھیلانا۔
(الرَّادِحَۃُ): تانیث الرادح (۲) مائدۃ رادِحۃٌ: بڑا اور زیادہ روٹیوں والا دسترخوان۔
(الرَّدَاحُ): دَوْحَۃٌ رَدَاحٌ: بہت بڑا درخت۔
—جفنةٌ رداحٌ: بڑا پیالہ۔
—امرأۃٌ رَدَاحٌ: بھاری اور موٹے کولہے والی عورت۔
—کتیبةٌ رداحٌ: بہت بڑا لشکر۔
—کبشٌ رداحٌ: بھاری چکی والا دنبہ۔
—بیتٌ رداحٌ: وسیع گھر۔جملٌ رداحٌ: بھاری وزن والا اونٹ۔فتنةٌ رداحٌ: بہت بڑا فتنہ (ج) رُدُحٌ۔
(الرِّدَاحَۃُ): درندوں کو شکار کرنے کی جگہ۔
(الرَّدَاحَۃُ) بمعنی الرِّداحَۃُ (۲) بھاری اور موٹے سرین والی عورت۔
(الرَّدْحُ): ہلکا درد (ج) أَرْدَاحٌ۔
(الرَّدَحُ): لمبی مدت' طویل زمانہ جیسے قامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ۔
(الرُّدْحَۃُ) لك عنه رُدحَۃٌ: تمہارے لئے اس سے الگ ہو کر فراخی ہے۔
(الرُّدْحِيُّ): گاؤں کا پرچون فروش۔
(الرَّدُوْحُ): بھاری اور موٹے سرین والی عورت (ج) رُدُحٌ۔
(المُرْتَدَحُ): گنجائش' فراخی۔
(رَدَخَ) (ف) راسَه رَدْخًا: سر پھوڑنا۔
(الرَّدَخُ): زیادہ کیچڑ۔
—الرَّدَخَۃُ: کیچڑ کا ایک حصہ۔
(رَدَّہٗ) (ن) رَدًّا وتَرْدَادًا ورِدَّۃً: منع کرنا' ہٹانا (۲) لوٹانا۔قرآن مجید میں ہے: {وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا}
—الیه: لوٹانا۔
—علی عَقِبِه: دھکیلنا' ہٹانا۔
—کَیْدَہٗ فی نَحْرِہٖ: جیسے کو تیسا کرنا' کسی کو اسی کے دام فریب میں پھنسا دینا۔
—البابَ: دروازہ بند کرنا۔
—علیه: جواب دینا۔
—علیهم السلامَ: سلام کا جواب دینا۔
—الیه جوابَه: کسی کو جواب بھیجنا۔
—علیه قولَه: کسی کی بات کا رد کرنا' یا اس سے نظر ثانی کروانا۔

— الیه الحکمَ: فیصلہ کسی کے سپرد کرنا۔
— فلانًا: غلط قرار دینا۔
— الشیئَ: کسی چیز کی حالت تبدیل کرنا جیسے شاعر کا قول ؎
فَرَدَّ شُعُوْرَهُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا
ورَدَّ وجوهَنَّ البیضَ سُوْدا
— مایرد علیك هذا: یہ چیز تمہیں نفع نہ دے گی۔
(اَرَدَّ): جوش میں آنا۔
— فلانٌ: غضبناک ہونا، مشتعل ہونا۔
— البحرُ: سمندر کا موجیں مارنا۔
— الشاۃُ: بکری کے تھن کا پھول جانا۔
— فلانٌ: حالت تجرد کا طویل ہونا، عرصہ تک کنوارا رہنا۔
(رَادَّهٗ) الشیئَ: کوئی چیز واپس کرنا۔
— الکلامَ وفیه: بحث ومباحثہ کرنا۔
— البَیْعَ: بیع کو فسخ کرنے کا مطالبہ کرنا۔
(رَدَّدَهٗ): دہرانا، لوٹانا۔
(ارْتَدَّ): لوٹنا۔
— علی أثرہ: الٹے پاؤں لوٹنا۔
— عن طریقه: اپنے راستہ سے ہٹنا۔
— الیه: لوٹ کر جانا۔
— عن دینه: مذہب کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کر لینا، مرتد ہو جانا۔
— الشیئَ: واپس لینا، جیسی ارتدّ هبته ونحوها۔ الی حاله: پہلی حالت کی طرف لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَارْتَدَّ بَصِیْرًا}
(تَرَادَّ): واپس لوٹنا، پیچھے ہٹنا (۲) متردد ہونا۔
— المتبایعانِ البَیْعَ: بیع کو فسخ کر کے اپنی اپنی چیز لے لینا۔
(تَرَدَّدَ): لوٹنا (۲) بار بار لوٹنا۔
— فیه: متردد ہونا، پس وپیش کرنا۔
— فی الکلامِ: رک رک کر بولنا۔
— الی مجالس العلم: علمی مجالس میں آمد ورفت رکھنا۔

(اسْتَرَدَّهٗ): لوٹانا، واپس لینا۔
— فلانًا الشیئَ: واپسی کا مطالبہ کرنا۔
(الأَرَدُّ): زیادہ نفع بخش۔ جیسے هذا اردُّ من هذا۔
(الرَّادُّ): وہ شخص جس کے چہرہ پر خوبصورتی کے ساتھ کچھ بدنمائی اور عیب ہو۔
(الرَّادَّۃُ): مؤنث الرادّ (۲) فائدہ۔ جیسے هذا أمرٌ لا رادّۃَ له اوفیه (ج) رَوَادُّ۔
(الرَّدُّ): زبان کی رکاوٹ (۲) خراب، گھٹیا، ردی (۳) زمین کی پیداوار۔ جیسے مزرعةٌ کثیرۃ الرّدِّ (۴) کھوٹا۔ جیسے درهمٌ ردٌّ (۵) خلاف سنت۔ جیسے حدیث میں ہے (من عمل عملًا لیس علیه امرنا فهو ردٌّ) (ج) رُدُوْدٌ۔
(الرِّدُّ): کسی چیز کی ٹیک یا سہارا (ج) رُدُوْدٌ و أَرْدَادٌ۔
(الرَّدَّۃُ): واپسی، لوٹنا، مڑنا (۲) عیب۔ خوشنمائی کے ساتھ قدرے بدنمائی۔ (۳) ٹھوڑی کی پچکاہٹ (۴) کوڑا کرکٹ (مو)
(الرِّدَّۃُ): لوٹنے کی نوعیت (۲) مرتد ہونا، ارتداد، اسلام کے بعد کفر کو اختیار کرنا (۳) ولادت سے پہلے تھن کا پھولنا (۴) آواز بازگشت (۵) ٹھوڑی کی پچکاہٹ (۶) باقی ماندہ۔
— حروب الرِّدَّۃ: ارتداد کے خلاف جنگیں جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانے میں ہوئیں جبکہ حضور ﷺ کے زمانہ کے بعد کچھ عرب مرتد ہو گئے تھے بعض نے زکوۃ سے انکار کیا اور بعض نے نماز کو ترک کر دیا۔
(الرُّدّٰی): طلاق یافتہ عورت۔
(الرَّدِیْدُ): رد کردہ۔ ناقابل قبول، مردود (۲) بدنما جیسے وجهٌ رَدِیْدٌ (۳) وہ بادل جو برس کر خالی ہو گیا ہو (۴) ٹھکا ہوا پر گوشت عضو (ج): رُدُدٌ۔
(الاِسْتِرْدَادُ): واپسی قبضہ کا دعویٰ (اصطلاح قانون میں) جس شخص سے قبضہ چھین لیا گیا ہو اس

کا دوبارہ قبضہ حاصل کرنے کا دعویٰ کرنا (مج)۔
(المُتَرَدِّدُ): گٹھا ہوا پست قد آدمی۔ نبی اکرم ﷺ کے حلیہ مبارک میں ہے: (لیس بالطویل البائن ولا القصیر المتردِّد)
(المِرَدُّ): زبردست حملہ آور (۲) بار بار رد کرنے والا، ماہر ابطال (۳) مویشیوں کو باندھنے کی لمبی جگہ۔
(المُرِدُّ): مدت تک تجرد کی زندگی گزارنے والا شخص۔ عرصہ تک بے بیاہا رہنے والا (ج) مَرَادُّ۔
(المُرَدَّدُ): حیران، پس وپیش کرنے والا۔
(المَرْدُوْدَۃُ): تانیث المردود (۲) طلاق یافتہ عورت۔ حضرت زبیرؓ کی حدیث (جو ان کے وقف کردہ مکان کے بارے میں ہے) (فکتب: للمردودۃ من بناتی ان تسکنها)
(رَدَسَهٗ) (ن ض) رَدْسًا: پتھر مارنا (۲) کوٹنا، توڑنا (۳) باریک کرنا۔
— برأسه: سر کو پکڑ کر دھکا دینا یا سینگ مارنا یا سر پر مارنا۔
— بالشیئِ: لے جانا۔ ما له أین درس: نا معلوم وہ کہاں چلا گیا؟
— الدّابّۃَ: جانور کو سدھانا، تابع کرنا۔
(تَرَدَّسَ): نیچے گرنا۔
(المِرْدَاسُ): رگڑنے یا کوٹنے کی سخت چیز یا آلہ (۲) سر (۳) وہ پتھر جسے کنویں میں پانی کی مقدار معلوم کرنے کے لئے ڈالا جائے (ج) مَرَادِیْسُ۔
(المِرْدَسُ) بمعنی المِرْدَاسُ (ج) مَرَادِسُ۔
(رَدَعَهٗ) (ف) رَدْعًا: دھمکانا، ڈانٹنا (۲) روکنا۔
— ثوبَه بالزعفران او الطیب: کپڑے پر زعفران یا خوشبو ملنا۔
— الشیئَ: کوٹنا، ردعه بالحجر پتھر سے کوٹنا۔
— به الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
(رَدِعَ) رَدْعًا ورَدْعَۃً ورُدَاعًا: رنگ کا زعفران کی طرح زرد ہو جانا (۲) پچھاڑا جانا۔

— المَرِيضُ: مریض کی بیماری لوٹ آنا (۲) پورے جسم میں درد ہونا۔
— فلانٌ: سارے جسم میں درد ہونا۔ هو مَرْدُوْغٌ۔
(رَدَّغَه) بِالطِّيبِ: خوشبو ملنا۔ هو مُرَدَّغٌ۔
(ارتَدَغَ): رکنا، باز آنا (۲) زعفران اور خوشبو میں لت پت ہونا (۳) تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹ جانا جیسے اصابَ السهمُ الهدفَ فارتدغ۔
(تَرَادَغُوْا): ایک دوسرے کو روکنا۔
(تَرَدَّغَ) بِالطِّيبِ: خوشبو میں لت پت ہونا۔
(الاردغ): وہ بکری جس کا سینہ سیاہ اور باقی سارا جسم سفید ہو (ج) رُدْغٌ۔
(الرَّادِغُ): خوشبو لگا ہوا کرتا (مذکر و مؤنث) (ج) رَوَادِغُ۔
(الرُّداغُ): لوٹ کر آنے والی بیماری، (۲) پورے جسم کا درد۔
(الرَّداغُ): لوٹ کر آنے والی بیماری، (۲) پورے جسم کا درد۔
(الرَّدَاغُ): احمر رداغٌ: خالص سرخ۔
(الرَّدْغُ): نیچے گرنے والی چیز کا زمین سے لگنے والا حصہ۔
رَكِبَ رَدْغَه: منہ کے بل گرنا (۲) لوٹ کر آنے والی بیماری (۳) زعفران (۴) زعفران کا نشان (۵) خون کا دھبہ۔ بالثوب رَدْغٌ من هذا: کپڑے پر فلاں چیز کے دھبے ہیں۔
(الرَّدعاء): تانیث الارْدَع (ج) رُدْغٌ۔
(الرَّدِيْغُ): پچھاڑا ہوا آدمی (۲) بےوقوف (۳) وہ شخص جسے لوٹ کر آنے والی بیماری ہو (مذکر و مؤنث) (۴) جس چیز پر خوشبو یا زعفران کا نشان ہو (۵) پھل گرا ہوا تیر۔
(المِرْدَغُ): ضرورت میں نکلنے والا اور ناکام لوٹنے والا (۲) سست ملاح (۳) کوتاہ قد (۴) پھل گرا ہوا تیر (۵) وہ تیر جس کا سرا کوٹ کر کشادہ کیا گیا ہو۔ (ج) مَرَادِغُ۔
(رَدِغَ) (س) المكانُ رَدَغًا: بہت کیچڑ والا ہونا۔ هو رَدِغٌ:
(أَرْدَغَ) المكانُ: بہت کیچڑ والا ہونا۔
— فلانٌ: کیچڑ میں دھنس جانا۔
(ارتَدَغَ) فلانٌ بمعنی أَرْدَغَ۔
(الرَّدْغَةُ): بہت زیادہ کیچڑ۔ (ج) رِدَاغٌ و رَدْغٌ۔
(المَرْدَغَةُ): ہرا بھرا باغیچہ (۲) گردن اور ہنسلی کے درمیان کا حصہ، یا کندھے اور سینہ کی ہڈیوں کے درمیان کا گوشت یا سینہ کا گوشت۔ حدیث شعبی میں ہے (دخلت على مُصعبِ بن الزبير فدنوت منه حتى وقعت يدى على مَرَادِغِه)۔
جَمَلٌ ذو مَرَادِغ: موٹا اونٹ۔
(رَدَفَه) (ن) رَدْفًا: پیچھے سوار ہونا۔ (۲) پیچھے چلنا۔
— فُلَانًا امرٌ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔
(رَدِفَه) (س) رَدْفًا بمعنی رَدَفَهٗ۔
— لَه امرٌ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔ قرآن مجید میں ہے: {قُلْ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ}
— فلانًا: کسی کے بعد آنا (۲) پیچھے آنا (۳) کسی کے پیچھے سوار ہونا۔
— الشيءَ بالشيءِ: ایک چیز کو دوسری کے پیچھے لانا، بعد میں لانا۔
— أَرْدَفَه الامرُ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔
— فلانًا: کسی کا تابع ہونا، پچھلا سوار ابننا۔ حدیث وائل بن حجرؓ میں ہے (انّ معاوية سَأَلَه أن يُرْدِفَه وقد صحبه فى طريق فقال لست من أرداف الملوك)
(رَادَفَتِ) الدَّابَّةُ: پچھلے سوار کو برداشت کرنے کی طاقت رکھنا۔
— فلانًا: کسی کے تابع ہونا، پچھلا سوار بننا۔
(اِرْتَدَفَ) فلانٌ: اپنے ساتھی کے پیچھے سوار ہونا۔
— فلانًا: سواری میں کسی کا تابع ہونا۔
(تَرَادَفَا): ایک دوسرے کے پیچھے ہونا (۲) ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا (۳) ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
— ترادفت الكلمتان: دو لفظوں کا مترادف ہونا۔ ہم معنی یا قریب المعنی ہونا۔
(تَرَدَّفَه) بمعنی رَدِفَه۔
(استَرْدَفَه): کسی سے اس کے پیچھے سوار ہونے کی درخواست کرنا۔
(التَّرادُف) ترادف الكلمتين: دو لفظوں کا ہم معنی یا قریب المعنی ہونا۔ ایسے ہی ترادف الكلمات (مو)
(الرَّادِفَةُ): قیامت کے دن صور کی دوسری پھونک۔ قرآن مجید میں ہے: {يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ} (۲) سرین (ج) روادف۔
(الرِّدَافُ): پچھلے سوار کے بیٹھنے کی جگہ۔
(الرُّدَافَى): سوار کے پیچھے سوار (۲) ردیف کی جمع (۳) حدی خواں (۴) مددگار۔
— جَاءُوْا رُدَافَى: وہ لگاتار آئے، یا ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
(الرِّدافة): بادشاہ کی ہم رکابی (۲) بادشاہ کی قائم مقامی۔
(الرِّدْفُ): سوار کے پیچھے سوار (۲) مسافر کے پیچھے رکھا ہوا سامان (۳) تابع (۴) ہر شے کا پچھلا حصہ (۵) سرین (۶) جانور کا پٹھا (۷) کام کا نتیجہ (۸) چمکدار ستارہ جو ان چار ستاروں کے پیچھے ہوتا ہے جو کہکشاں کو قطع کرتے ہیں (۹) زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا خلیفہ جو تخت پر اس کے دائیں بیٹھتا تھا اور شراب پیتا تھا نیز جنگ کے زمانہ میں بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا (۱۰) (شعر کی اصطلاح میں) روی سے قبل اور اس سے متصل حرف لین و مد (ج) أَرْداف ورِداف۔
(الرِّدْفان): دن رات (۲) وہ دو ملاح جو کشتی کے پیچھے ہوتے ہیں۔
(الرَّدِيْفُ): سواری کے پیچھے سوار (۲) ریزرو

فوج۔ وہ فوج جسے برسر پیکار فوج سے علیحدہ کر کے رکھا گیا ہو (مو)(ج) أَرداف ورُدَفَاء و رداف ورُدافَى۔

(رَدَمَ) (ن ض) الشيءُ رَدْمًا: برقرار رہنا۔

الشجرُ: درخت کا سوکھنے کے بعد ہرا بھرا ہونا۔

— البابَ والثلمةَ رَدْمًا: دروازہ یا سوراخ وغیرہ کو بند کرنا۔

— الحفرةَ: گڑھے کو مٹی ڈال کر بند کرنا۔

— الثَّوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا (۲) دونوں سرے ملا کر سینا یا دو کپڑوں کو ملا کر سینا۔ هو مردومٌ ورديمٌ۔

(أَرْدَمَ): برقرار رہنا۔ جیسے أَرْدَمَتْ عليه الحُمّى۔

(رَدَّمَ) الثوبَ بمعنی رَدَمَه۔

— كلامَه: کلام کا جائزہ لے کر خامیاں دور کرنا۔

(ارتَدَمَ): لازم رَدَمَ۔

(تَرَدَّمَ) الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہو کر پیوند لگانے کے قابل ہونا۔

— الخصومةُ: دشمنی کا پرانا اور لمبا ہونا۔

— المرأةُ على ولدها: ماں کا بچہ پر شفقت کرنا۔

— الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

— الكلامَ: کلام کی چھان بین اور تصحیح کرنا۔

— فلانًا: کسی کے پیچھے لگ کر کھوج لگانا۔

(الاردمُ): ملاح، ماہر ملاح (ج) اردمون

(الرَّدَامُ): گوز (۲) بے فیض نکما آدمی۔

(الرَّدْمُ): گوز (۲) نکما آدمی (۳) دیوار کا ملبہ (۴) بڑا بند۔ اسی سے ہے رَدْمُ يأجوج وماجوج۔ قرآن مجید میں ہے: {فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا} (ج) رُدُومٌ۔

(الرَّدَمُ): پرانے کپڑے۔ صار بعد الوَشْيِ رَدَمًا: خوشنمائی کے بعد پرانا ہو گیا۔

(الرَّدِيمُ) بمعنی الرَّدْمُ (ج) رُدُمٌ۔

(الرَّدِيمَةُ): الرَّديمُ کی مؤنث (۲) دوہرا سلا ہوا کپڑا (ج) رُدُمٌ۔

(المُتَرَدَّمُ): پیوند یا رفو کی جگہ (۲) درست کیا جانے والا۔ عنترہ عبسی کا شعر ہے۔

هل غادر الشعراء من متردَّمِ
ام هل عرفت الدار بعد توهُّمِ

(رَدَنَ) (ن) رَدْنًا: سوت کاتنا، چرخہ چلانا۔

— الثَّوبَ: کاتے ہوئے سوت سے کپڑا بننا۔

— السِّلاحَ: ہتھیار کے اوپر نیچے رکھنے سے پیدا ہونے والی آواز۔

— المتاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

(رَدِنَ) (س) الجلدُ رَدَنًا: کھال سکڑنا، سلوٹیں پڑنا۔ هو رَدِنٌ وهي رَدِنَةٌ۔

(أَرْدَنَ): برقرار رہنا۔

— العرَقُ: پسینہ کا بدبودار ہونا۔

— القميصَ ونحوَهُ: کرتے وغیرہ میں آستین لگانا۔

(رَدَّنَ) القميصَ ونحوَهُ: کرتے وغیرہ میں آستین لگانا۔

(ارْتَدَنَ): تکلا بنانا۔

(رَوْدَنَ): کمزور ہونا، تھک کر چور ہونا۔

(الأَرْدَنُ): سرخ ریشم کی ایک قسم۔

(الرَّادِنُ): زعفران۔

— احمرُ رادِنِيٌّ: زردی مائل سرخی۔

(الرُّدْنُ): آستین (ج) أَردان وأَرْدِنَةٌ۔

(الرَّدْنُ): کاتا ہوا سوت۔ دھاگا یا اس کی کوئی قسم (۲) ریشم یا ریشم کا کپڑا۔ (۳) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی گندگی (ج) اردان۔

(الرُّدَيْنِيُّ): نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی طرف منسوب ہے جو نیزے ٹھیک کیا کرتی تھی۔

(المِرْدَنُ): تکلا جو چرخے میں لگا ہوتا ہے۔ (ج) مَرَادِنُ۔

(المُرْدِنُ) عَرَقٌ مُرْدِنٌ: بدبودار پسینہ جو سارے جسم پر آیا ہو۔

— ليلٌ مُرْدِنٌ: تاریک رات۔

(رَدَهَ) (ف) فلانٌ رَدْهًا: بہادری اور سخاوت کی بنا پر قوم کی سرداری کرنا۔

— البَيْتَ: گھر کو بڑا اور شاندار بنانا۔

— فلانًا وغيرَه بحجرٍ ونحوِهِ: پتھر مارنا۔

(رَدَّهَ) فلانٌ بمعنی رَدَهَ۔

(الرَّدِهُ): سخت طاقتور جھگڑالو آدمی جو کسی کے قابو میں نہ آتا ہو۔

(الرَّدْهَةُ): عظیم الشان اور سب سے بڑا گھر (۲) وہ بڑا ہال جس میں مختلف کمروں کے دروازے کھلتے ہوں، لابی (محدثہ) (۳) پہاڑی کی چوٹی (۴) سنگلاخ ٹیلہ نما جگہ (۵) پہاڑ یا چٹان یا پانی میں ڈوبا ہوا پتھر (۷) پانی کا گھاٹ (۸) پگھلی ہوئی برف کا پانی (ج) رَدْهٌ ورِداهٌ۔

(رَدَى) (ض) الفَرَسُ رَدْيًا و رَدَيَانًا: گھوڑے کا زمین پر چلتے یا دوڑتے وقت سم مارنا۔

— الغرابُ: کوے کا ایک پیر اٹھا کر چلنا۔

الغلامُ: بچہ کا کھیل میں ایک پیر اٹھا کر کودنا۔

— فلانٌ: جانا، کہتے ہیں: ما أدرى اين ردى۔ في البئرِ أو النَّهرِ: کنویں یا نہر میں گرنا۔

— غنمُه: بکریوں کا زیادہ ہونا۔

— على الستين من عمرِهِ: عمر کا ساٹھ سال سے زیادہ ہونا۔

— الانسانَ وغيرَه بالحجر: پتھر مارنا۔

— الحجرَ بحجرٍ او بمعول: پتھر کو توڑنے کے لئے پتھر یا ہتھوڑی مارنا۔

— فلانًا: کسی سے اس طرح ٹکرانا جس طرح پتھر سے ہتھوڑی ٹکراتی ہے۔

(رَدِيَ) (س) رَدًى: ہلاک ہونا۔

— في الهُوَّةِ: کھڈ یا غار میں گرنا۔ هو رَدٍ۔

(أَرْدَى) على الستين: عمر کا ساٹھ سال سے زیادہ ہونا۔

— فلانًا: ہلاک کرنا (۲) گرانا۔

(رادَى) عنه: دفاع و حمایت کرنا۔

— على الأمرِ: کسی کام کا ارادہ کرنا۔

ر

(رَدّاہٗ): چادر پہنانا (۲) نیچے گرانا۔
ارتدٰی الرداءَ وبہ: چادر پہننا۔
(تَرَادَوا) بالحجارۃ: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
(تَرَدّٰی) بالرداء: چادر پہننا۔
— فی الھوّۃ ونحوھا اوْ من عالٍ: گڑھے وغیرہ میں گرنا' بلندی سے گرنا۔
(الرِّدَاءُ): چادر' کپڑوں کے اوپر پہنی جانے والی چیز جیسے جبہ وغیرہ (۲) نصف اعلیٰ کو ڈھانپنے والا کپڑا (۳) موتیوں کا ہار (۴) جمیل (۵) تلوار (۶) کمان عقل (ج) أردیۃ۔
— رداءُ الشمس: سورج کا حسن و جمال و روشنی۔
— رداءُ الشباب: جوانی کا جوبن و تروتازگی۔
— خفیف الرِّداءِ: قرض اور اہل وعیال سے بری الذمہ شخص۔
— غمر الرِّداء: فیاض وسخی آدمی۔
(الرَّدٰی): ہلاکت (۲) اضافہ' زیادتی۔
(الرَّدَاۃُ): چٹان (ج) ردًی۔
(الرِّدْیَۃُ): چادر اوڑھنے کا طرز۔ کہتے ہیں اِنَّہ لحسن الرِّدیۃ۔
(المِرْدٰی): پتھر' بھاری پتھر (۲) بہادر جنگجو۔
مِرْدٰی حرب: جنگجو آدمی' مِرْدٰی خصومۃٍ: لڑائی کا خوگر (ج) المرادی
(المِرْدَاۃُ): پتھر توڑنے کا مضبوط پتھر یا آلہ۔ (۲) مضبوط اونٹنی (۳) اونٹ یا ہاتھی کی ایک ٹانگ (ج) المَرَادِی۔
(المُرْدِیُّ): کشتی کا چپو۔ وہ لمبی لکڑی جس سے کشتی کو دھکیلا اور سرکایا جاتا ہے۔
(ج) مَرَادِیُّ۔

ر.........ذ

(رَذَّتِ) (ن) السماءُ رذاذًا: بوندا باندی ہونا۔ کہتے ہیں: باتت السَّماءُ تَرُذُّنَا۔
(اَرَذَّتِ) السماءُ بمعنی رَذَّتْ۔
— یومٌ مُرِذٌّ: ہلکی بارش کا دن۔
(الرَّذَاذُ): ہلکی بارش' بوندا باندی' پھوار۔
(المِرْذاذُ): سیال چیز کو پھوار کی طرح اڑانے والا فوارہ (مج)
(الرَّوْذَقُ): بکری کا بچہ جس کی اون کو گرم پانی سے صاف کر کے بھونا جائے (۲) مسالا لگا بھنا ہوا گوشت (۳) صاف کیا ہوا چمڑا (ج) رواذق۔
(رَذَلَہ) (ن) رَذْلاً: ذلیل وحقیر سمجھنا۔
(رَذُلَ) (ك) رذالۃً ورُذُولۃً: خراب ردی ہونا' کمینہ ہونا' گھٹیا ہونا۔ ھو رَذْلٌ ورَذِیلٌ۔
(أَرْذَلَ) فلانٌ: گھٹیا حرکت کرنا۔
— الشیءَ: حقیر و گھٹیا سمجھنا۔
— الغنمَ: اس نے بکریوں کو خراب پا کر ٹھکرا دیا۔
— الصیرفیُّ النقودَ: صراف کا سکہ کو خراب بنانا اور نہ لینا۔
(اسْتَرْذَلَہ): خراب اور گھٹیا سمجھنا۔
(الأرْذَلُ): بدترین' ہر خراب چیز۔ انتہائی نچلے درجہ کا' بہت گھٹیا (ج) اراذل۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا نَرٰكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ ھُمْ اَرَاذِلُنَا}۔
— ارذلُ العمر: عمر کا آخری حصہ جس میں لاچاری بڑھ جاتی ہے اور دانائی جاتی رہتی ہے۔
(الرُّذالُ) و(الرُّذالۃُ) بمعنی الارذل۔
(الرَّذْلُ) بمعنی الرُّذالُ (ج) اَرْذُلٌ وارذالٌ ورُذُلٌ ورُذالٌ۔
— ثَوْبٌ رَذْلٌ: میلا خراب کپڑا۔
— دِرْھَمٌ رَذْلٌ: کھوٹا درہم۔
(الرَّذِیْلُ): الرُّذالُ (ج) رُذَلاءُ ورِذالٌ و رُذالٰی۔
(الرَّذِیْلَۃُ): بری عادت وخصلت (۳) کمینہ پن (ضد: فضیلت (ج) رذائل۔
(رَذَمَ) (ن ض) رَذْمًا ورَذَمَانًا: لبالب بھرنا۔ چھلکنا' کہتے ہیں: رذم المکیال حدیث عطاء میں ہے (لا دَقَّ ولا رذمَ ولا زلزلۃ)
(رَذِمَ) (س) رَذَمًا بمعنی رَذَمَ' ھو رَذِمٌ۔
— قِدْرٌ رَذِمَۃٌ: لبالب بھری ہوئی ہانڈی۔
(أَرْذَمَ) بمعنی رَذَمَ (۲) زیادہ ہونا جیسے أرذم علی الخمسین مِنْ عُمُرِہٖ۔
(الرَّذَمُ): متفق گروہ۔ کہتے ہیں رأیتُ رَذَمًا من الناس۔
(الرَّذُوْمُ): مائع' ہر بہنے والی چیز۔
— قصعۃٌ رَذُوْمٌ: لبالب بھرا ہوا چھلکتا ہوا پیالہ۔
— عَظْمٌ رذومٌ: وہ ہڈی جس کا مغز اور گودا بہہ رہا ہو (ج) رُذُمٌ۔
(الرَّوْذَمَۃُ): طاقتور غیرعربی النسل گھوڑے کی چال۔
(رَذِیَ) (س) رذاوۃً: کمزور ہونا۔ (۲) بیماری سے لاچار ہونا۔
— الناقۃُ: اونٹنی میں چلنے کی طاقت بالکل ختم ہو جانا۔ ھو رَذِیٌّ (ج) رُذاۃٌ وھی رَذِیَّۃٌ (ج) رذایا۔
(اَرْذٰی) فلانٌ: کسی کے گھوڑے اور اونٹوں کا چلنے کے قابل نہ رہنا۔
— فلانًا: کسی کو کمزور اور نڈھال گھوڑا یا اونٹ دینا (۲) لاغر کر دینا۔
— ناقتَہ: اونٹنی کو دبلا کر دینا اور پیچھے چھوڑنا۔
(اُرْذِیَ) الرجلُ: بیماری سے نڈھال ہونا۔
(المُرْذٰی): خستہ حال پسماندہ آدمی۔

ر.........ز

(رَزَأَہٗ) (ف) رُزْءًا ومَرْزِئَۃً: مصیبت میں ڈالنا۔ رَزَأَتْہُ مصیبۃٌ: اس پر مصیبت آ پڑی۔
— مالَہ: مال میں سے کچھ لے کر کمی کر دینا۔
— (رَزِئَہ) (س) مَالَہٗ رُزْئًا ومَرْزِئَۃً بمعنی رَزَأَہٗ۔
(رُزِئَ) ولدَہ وبولدہ: کسی کا اولاد کی طرف سے صدمہ اٹھانا۔
(رَزَّأَہٗ): کسی کو خوب تکلیف دینا۔
— رجلٌ کریمٌ مُرَزَّءٌ: ایسا فیاض وسخی آدمی جس کے مال سے لوگ خوب نفع اٹھاتے ہوں۔

— نحنُ قومٌ مُرَزَّؤُونَ: ہم پر مصائب آتے ہیں اور ہم میں سے جو اچھے اور مثالی ہیں وہ صدمہ سے دو چار ہوتے ہیں۔

(اِرْتَزَأَ) الشیُٔ: کم ہونا۔

— فلانًا مالَه: کسی کے مال کا بڑا حصہ لینا۔

(تَرَازَءُوا) الاموالَ: ایک دوسرے کا مال لینا۔

(الرُّزْءُ): مصیبت (ج) اَرْزَاءٌ۔

(الرَّزِیْئَةُ) و (الرَّزِیَّةُ) و (الرَّزِیْئَةُ): مصیبت (ج) رزایا۔

(المَرْزِئَةُ): مصیبت' کہتے ہیں : نحن وفد التّهنئة لا وفد المرزئة: ہم خوشی اور مبارک کے قاصد ہیں نہ کہ مصیبت کے۔ (ج) مَرَازِئُ۔

(رَزَبَ) (ن) علی الارضِ رَزْبًا: کسی جگہ جمے رہنا اور نہ ٹلنا۔

(الاِرْزَبُّ): چھوٹے قد کا مضبوط اور سخت آدمی (۲) بڑا آدمی۔

(الاِرْزَبَّةُ): بڑا ہتھوڑا جس سے پتھر توڑے جاتے ہیں (۲) لوہے کی سلاخ (ج) اَرَازِبُ

(المِرْزَابُ): پرنالہ (مع) (۲) لمبی یا بڑی کشتی (ج) مَرَازِیب۔

(المَرْزُبَانُ): اہل فارس کا سردار (۲) بہادر اور سربرآوردہ سوار (ایرانی بادشاہ کا نائب) (مع) (ج) مَرَازِبة۔

(المِرْزَبَّةُ) و (المِرْزَبَةُ) بمعنی الارزبّةُ (ج) مَرَازِبُ۔

(رَزَحَ) (ف) البعیرُ رُزَاحًا و رُزُوحًا: اونٹ کا کمزور ہونا اور تھکاوٹ یا کمزوری کی وجہ سے زمین پر پڑے رہنا اور نقل وحرکت سے عاجز ہونا۔ هو رازحٌ (ج) رِوازحُ وَرُزَّاحٌ و رَزْحی ورَزَاحی۔ وهی رازحةٌ (ج) رَوَازِحُ

— فلانٌ: کمزور ہونا اور ہاتھ میں کچھ نہ رہنا۔

— فلانًا بالرمحِ رَزْحًا: کسی کو نیزہ مار کر زخمی کر دینا۔
(المِرْمَلُ): سیاہی چوس پاؤڈر ڈالنے کی ڈبیا (مو)
(رَمَّ) (ن ض) العظمُ رَمًّا ورِمَّةً ورمیمًا پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
—المَیِّتُ: میت کا گل سڑ جانا۔
—الحَبْلُ: رسی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
— الشيءَ رَمًّا ومَرَمَّةً: مرمت کرنا' ٹھیک کرنا (۲) کھانا۔
—المنزلَ: گھر کی مرمت کرنا۔
— رَمَّتِ الشاةُ الحشیش: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔
(أَرَمَّ) العَظْمُ والمیِّتُ بمعنی رَمَّ۔
— العَظْمُ: ہڈی میں گودا آنا' کمزور بکری کے بارے میں کہتے ہیں: ما یُرِمُّ مِنْها مَضْرِبٌ: بکری کی ہڈی توڑ دی جائے تو اس میں گودا نہ نکلے۔
— فلانٌ الی اللّهوِ: کھیل تفریح میں لگنا

ر

(۲) خاموش ہونا۔ حدیث میں ہے (أَيُّكم المتكلم بكذا وكذا؟ فأَرمّ القومُ)
(رَمَّه) بمعنی رَمَّمَهُ۔
(إرْتَمَّتِ) الشاةُ الحشيشَ: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔
— ما على الخِوانِ: دسترخوان کا کھانا صاف کر دینا۔
(تَرَمَّمَ) العَظْمَ: ہڈی کے اوپر کا گوشت کھانا۔
— الشيءَ: ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا۔
(استرَمّ) الشيءُ: قابل مرمت ہو جانا جیسے استرَمّ الجدارُ۔
(الأَرْمَامُ) حبلٌ أَرمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسّی۔
(التَّرْمِيمُ): فن تصویر کشی میں کسی پھول وغیرہ کے اوپر باریک شفاف کاغذ رکھ کر پنسل پھیرنا تاکہ نیچے کا پھول اس شفاف کاغذ پر اتر آئے، پھول وغیرہ کی نقل کرنا (۲) پھول وغیرہ کی وہ نقل جو شفاف کاغذ پر اتر آئے (مج)
(الرِّمَامُ) حَبْلٌ رِمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسّی۔
(الرَّمَامُ): خستہ اور بوسیدہ چیز (۲) تازہ اُگی ہوئی سبزی۔
(الرَّمَامَةُ): بقدر ضرورت گزارہ۔
(الرِّمُّ): ترمٹی (۲) ہڈی کا گودا (۳) ہوا کے ساتھ اڑ کر یا پانی کے ساتھ آنے والی چیز۔
(الرُّمُّ): غم۔
(الرَّمَّاءُ): نَعْجَةٌ رَمَّاءُ: بے داغ بکری، بھیڑ۔
(الرَّمَّامُ): گری پڑی ہر قسم کی چیز کھا جانے والا آدمی۔
(الرُّمَّةُ): پرانی بوسیدہ رسّی کا ٹکڑا (ج) رُمَمٌ و رِمَمٌ ورِمَامٌ (۲) اونٹ کی گردن پر باندھی جانے والی رسّی۔ کہتے ہیں: أَعطاهُ الشيءَ برُمَّتِهِ: کوئی چیز ساری کی ساری دے دینا۔
(الرِّمَّةُ) بمعنی الرُّمَّةُ (۲) بوسیدہ ہڈیاں۔

(۳) دیمک (۴) پروں والی چیونٹیاں (ج) رِمَمٌ ورِمَامٌ۔
(الرَّمِيمُ): ہر پرانی اور بوسیدہ چیز۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ} کہتے ہیں: عظمٌ رميمٌ وعظامٌ رميمٌ ورمائمُ: بوسیدہ ہڈیاں۔ قرآن مجید میں ہے: {يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ}
(المِرَمَّةُ): ہر کھر دار جانور کا ہونٹ۔
(المَرَمَّةُ): گھر کا سامان (۲) مرمت کی جگہ۔
(الرُّمَّانُ): انار۔ یہ فصیلہ آسیہ سے ہے۔ واحد: رُمَّانَةٌ۔
— رُمَّانَةُ القَبَّان: نمبری ترازو پر لگا ہوا انار نما گولہ جس کے ذریعہ وزن کا نمبر معلوم کیا جاتا ہے۔
— رُمَّانُ الأنهارِ: ایک بوٹی جس کے ذریعہ جوڑوں کے درد کا علاج کیا جاتا ہے۔
— رُمَّانَةُ الدّابة: جانور کے پیٹ میں چارہ کی جگہ۔
(المَرْمَنَةُ): ارضٌ مَرْمَنَةٌ: زیادہ اناروں والی زمین۔
(رَمِهَ) (س) اليومُ رَمَهًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
(رَمَى) (ض) الشيءُ رَماءً: بڑھنا، زیادہ ہونا۔
— المالُ: مال کا بڑھنا۔
— على الخمسين من عُمرِهِ: عمر کا پچاس سال سے زیادہ ہونا۔ کہتے ہیں: وهو يرمي على صاحبه: وہ اپنے ساتھی سے بڑھا ہوا ہے۔
— الشيءَ وبه من يَدِهِ رَمْيًا ورمايةً: ہاتھ سے ڈالنا، پھینکنا۔
— اللهُ لَه: (دعا) خدا اس کی مدد کرے اور کام بنائے۔
— اللهُ في يدِهِ وغيرها من الاعضاءِ: (بدعا) خدا اسے بیکار کرے۔
— فلانًا بأمرٍ قبيحٍ: کسی پر الزام و تہمت لگانا۔

— بحبله على غاربه: کسی کو آزاد چھوڑ دینا۔
— به على البَلَدِ: کسی کو کسی ملک پر مسلط کرنا۔
— البلدَ: کسی شہر یا ملک کا قصد کرنا۔
— الصيدَ رَمْيًا ورَمْيَةً: شکار کو تیر وغیرہ مارنا۔
— عن القوس وعليها رَمْيًا ورمايةً: کمان سے تیر چلانا۔
(أَرْمَى) الشيءُ: کسی چیز کا زیادہ ہونا، بڑھنا۔
— على الخمسين من عُمرِهِ بمعنی رَمَى۔ کہتے ہیں: سَابّه فأرمى عليه: اس کے ساتھ گالی گلوچ ہوئی تو اس سے آگے بڑھ گیا۔
— فلانٌ الشيءَ: پھینکنا۔ جیسے ارماه من يده: ہاتھ سے پھینکنا۔ ارماهُ عن فرسه: گھوڑے سے نیچے پھینکنا۔
— به البلادُ: ملک نے اسے باہر نکال دیا۔
(رَامَاهُ) مُرَاماةً ورِمَاءً: ایک دوسرے کو اٹھا پھینکنا، تیر مارنا۔ کہاوت ہے: (قبل الرّماء تُملأ الكنائن) تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرے جاتے ہیں یعنی کسی کام سے پہلے اس کی تیاری کی جاتی ہے۔
— عن قومِهِ: لڑنا، دفاع کرنا۔
(ارْتَمَى) المتناضِلانِ: تیر اندازوں کا باہم مقابلہ کرنا۔
— به البلادُ: ملک کا کسی کو باہر نکال دینا۔
— الشيءُ: زیادہ ہونا۔
— الصيدَ: شکار کو تیر مارنا۔
(تَرَامَى) القومُ: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
— الى كذا: کسی چیز تک پہنچنا۔ جیسے ترامى امْرُهُ إلى الظّفر او الى الخِذْلان: اس کا معاملہ کامیابی یا رسوائی پر ختم ہوا۔
— الجرحُ الى الفساد: زخم کا خراب ہونا۔
— الخبرُ اليَّ: مجھے خبر ملی۔
— الشيءُ: برقرار رہنا، بڑھتے رہنا۔
— بينهم الشّرُّ: ان میں لڑائی بڑھتی گئی۔
— السّحابُ: بادلوں کا تہ بہ تہ ہونا۔

—به البلادُ: شہر کا کسی کو پھینک دینا۔
(الرَّمَاءُ): زیادتی، سود۔
(الرِّمَايَةُ): تیراندازی کا پیشہ۔
(الرَّمْيُ): عمر میں اضافہ۔
(الرَّمِيُّ): اضافہ، زیادتی۔ کہتے ہیں: فی هٰذا رَمِيٌّ عَلٰی ما سمعتُ: اس خبر میں میرے سنے ہوئے سے کچھ زائد بات ہے (۲) موسم خزاں کا موٹے موٹے قطروں والا بادل (ج) اَرْمَاءٌ وأَرْمِيَةٌ ورَمَايَا۔
(الرَّمْيَةُ): ایک مرتبہ کی تیراندازی۔ کہاوت ہے (رُبَّ رَمْيَةٍ من غير رامٍ) اتفاقی طور پر کامیاب ہونے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرِّمِّيَّا) كانت بين القومِ رِمِّيَّا ثم صاروْا الی حِجِّيْزٰی: لوگوں میں تیراندازی ہوئی پھر وہ باہم مل گئے یا منتشر ہوگئے۔
(الرَّمِيَّةُ): تیر پھینک کر شکار کیا ہوا جانور (مذکر و مؤنث کے لئے) (ج) رَمَايَا۔
— صاحب رميّةٍ: بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا۔
(المُرْتَمٰي) هو مرتمًی لنا ومُرْتمٍ: وہ ہمارا پیش رو ہے۔
(المَرْمٰي): تیر پھینکنے کی جگہ (۲) مقصد (۳) (فٹ بال کے کھیل میں) گول۔ (ج) مَرَامٍ۔
هٰذا كلامٌ بعيدُ المَرامِي: بلند مقصد کلام۔
(المِرْمَاةُ): چھوٹا کمزور تیر یا وہ تیر جس کے ذریعہ تیراندازی سیکھی جائے (۲) جانور کا کھر (ج) مَرَامٍ۔

ر..........ن

(الأَرْنَبُ): خرگوش (نر اور مادہ کے لئے) لیکن زیادہ فصیح استعمال مؤنث کے لئے ہے مذکر کے لئے خُزَزٌ کہا جاتا ہے۔ ذلیل آدمی کو بھی ارنب کہتے ہیں (ج) ارانب وأَرانٍ۔
(الأرنباني): (دیکھئے: ارنب) فی باب الهمزة۔

(المُؤَرْنَبُ) كساءٌ مُؤَرْنبٌ: وہ کمبل وغیرہ جس کی بناوٹ میں خرگوش کی اون ملائی گئی ہو۔
(المُؤَرْنبَةُ) أَرضٌ مؤَرْنَبَةٌ: زیادہ خرگوشوں والی زمین۔
(الرِّنجَةُ): مچھلی کی ایک قسم جسے نمک لگا کر سکھایا جاتا ہے اور سینک کر کھایا جاتا ہے (د)
(رَنَّحَ) فلانٌ: نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھومنا۔
— الشرابُ فلانًا: شراب کا کسی کو ہچکولے دینا۔
— الريحُ الغُصْنَ: ہوا کا شاخوں کو دائیں بائیں ہلانا۔
(رُنِّحَ) فلانٌ وعليه: بیہوشی طاری ہونا، نشہ گھبراہٹ یا مار کھانے کی وجہ سے جسم میں نقاہت اور کمزوری ہونا۔
(تَرَنَّحَ) فلانٌ بمعنی رَنَّحَ۔
— للشّيءِ: کسی شے کو طلب کرنا اور اس کے لئے حرکت کرنا۔
— علی فلانٍ: کسی پر مہربانی کی غرض سے جھکنا یا حملہ کی غرض سے متوجہ ہونا۔
(الرُّنُحُ): چکر، دورانِ سر (۲) بھیجہ سے الگ دماغ کا پچھلا حصہ (مج)
(المَرْنَحَة): کشتی یا بحری جہاز کا اگلا حصہ۔
(رَنَخَ) (ن) رُنوخًا: ست ہونا۔
(رَنَّخَه): ذلیل و حقیر کرنا۔
(تَرَنَّخَ) بِه: کسی چیز سے چمٹنا۔
(الرَّنْدُ): فصیلہ غاریہ کا شام کے ساحلوں اور ساحلی پہاڑوں پر اگنے والا ایک خوشبودار پودا (۲) عود (۳) آس (۴) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی گون کے مشابہ ایک گون۔
(رَنَعَ) (ف) الزَّرْعُ رُنوعًا: کھیتی کا پانی نہ ملنے کی وجہ سے مرجھا جانا۔
— لَوْنُهُ: رنگ بدل جانا، پھیکا پڑ جانا۔
— الدابّةُ: چوپائے کا مکھی کو سر ہلا کر اڑانا۔
— فلانٌ: کھیلنا (۲) سوال کے جواب میں نفی میں سر ہلانا۔

(رَنَّعَ) راسَه: سر کو حرکت دینا۔
(المَرْتَعَةُ): کھیل کود کی آوازیں (۲) آسودگی، خوشحالی (۳) باغیچہ (۴) کھانے یا شکار کا ایک ٹکڑا۔
(أَرْنَفَتِ) الدابّةُ بِأُذُنَيْهَا: جانور کا تھکاوٹ کی وجہ سے کانوں کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
— البعيرُ: اونٹ کا سر کو ہلا کر چلنا (۲) تیز چلنا۔
(الرَّانِفُ) رانِفُ كلّ شيءٍ: گوشہ، کنارہ کونہ۔
(الرَّانِفَةُ): کان کی نرم ہڈی کا کنارہ (۲) ناک کی پھننگل (۳) آستین کا کنارہ (۴) ہاتھ کا گوشت (۵) کولہے کا نچلا حصہ اور وہ کنارہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) روانِفُ۔ کہتے ہیں: عَلَوْا روانِفَ الاكام: وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھے۔
(رَنَقَ) (ن) الماءُ رَنْقًا ورُنُوقًا: پانی کا میلا ہونا۔
— عيشُهُ: زندگی کا بے کیف ہونا۔ هو رَنِقٌ و رَنْقٌ وهي رَنِقَةٌ۔
(أَرْنَقَ) الماءَ: پانی کو میلا کرنا۔
(رَنَّقَ): حیران ہونا (۲) یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کہاں جائے کیا کرے۔
— السَّفينةُ: کشتی کا اپنی جگہ گھومنا اور نہ چلنا۔
— الرّايةُ: پرچم کا سروں پر لہلہانا۔
— الطائرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا لیکن نہ اڑنا۔
— المنيّةُ: موت کا قریب ہونا۔
— الشمسُ: سورج کا غروب کے قریب ہونا۔
— الطائرُ: تیر یا بیماری کی وجہ سے پرندہ کا پر ٹوٹ کر گر جانا۔
— عينُه: بھوک وغیرہ کی وجہ سے آنکھ کا کمزور ہو جانا یا بند ہو جانا۔
— القومُ بالمكانِ: لوگوں کا کسی جگہ ٹھہرنا اور قید ہو جانا۔
— النّومُ عينيهِ: نیند آنا لیکن نہ سونا۔
— الماءَ: پانی کو میلا کرنا۔

— النظرُ: کسی کو مخفی طور پر دیکھنا (۲) مسلسل دیکھنا۔

(ترَنَّق) الماءُ: پانی کا میلا ہونا۔

(الرَّنْق): گاڑ گدلا پن (۲) گدلا پانی (۳) جھوٹ۔

(الرَّنْقاءُ): انڈوں پر بیٹھنے والا پرندہ (۲) بنجر اور پرانی زمین۔

(الرنقة): تھوڑا پانی جو حوض میں باقی رہے۔ کہتے ہیں: صار الماءُ رَنْقَةً: جب پانی پر مٹی اور گارو غیرہ غالب آ جائے۔

(الرَّوْنَقُ) رونقُ السیف: تلوار کی چمک اور آب و حسن۔

— رونقُ الضُّحی: چاشت کا اول وقت۔

— رونق الشباب: جوانی کی ابتداء۔ جوانی کا جوبن۔

(الرَّنْكُ): ترک بادشاہوں' شہزادوں امراء اور مصر کے ممالیک کا شعار (فارسی)

(رَنِمَ) (س) المُغَنِّی رَنَمًا: گویے کا گانا' راگ الاپنا۔ ھو رَانِمٌ و ھی رَنِمَةٌ۔

— عُوْدٌ رَنِمٌ: ترنم خیز سارنگی۔

(رَنَّمَ) بمعنی رَنِمَ۔

— الحمامُ: کبوتر کا خوبصورت آواز نکالنا۔

— القوسُ والجندبُ والعودُ: خوش آواز ہونا۔

(تَرَنَّمَ) بمعنی رَنَّمَ۔

(الرَّنَمُ): آواز۔

(الرَّنِمَةُ): ترنم خیز آواز' راگ۔

(الرَّنِیمُ): ترنم' راگ۔

(رَنَّ)(ض) رَنِیْنًا: آواز نکالنا' چیخنا۔

— الیه: کان لگانا' دھیان دینا۔

(أرَنَّ) بمعنی رَنَّ جیسے: أرَنَّتِ القوسُ فی إنباضها و ارنت المرأةُ فی نوحها و ارنَّت الحمامة فی سجعها و ارنت السحابةُ فی رعدها وارنَ الماءُ فی خریرہ: سب مثالوں میں زور سے آواز نکالنے کے معنی ہیں۔

(رَنَّنَتِ) المرأةُ ترنینًا و ترنِیَةً: عورت کا زور سے آواز نکالنا۔

— القوسَ ونحوها: کمان وغیرہ کو آواز دار بنانا۔

(رِنّ): طب کی ایک اصطلاح (مج)

(الرَّنَنُ): تھوڑا پانی۔

(الرُّنُّ): ساری مخلوق۔ کہتے ہیں مافی الرُّنّ مثله: اس جیسا کوئی نہیں۔

(الرَّنَّةُ): ہرن کے مشابہ ایک جانور (۲) سخت اور زور دار چیخ (۳) رونے یا گانے کے وقت کی غمگین آواز۔

(المِرْنَانُ): کمان قوسٌ مرنانٌ و سحابٌ مِرْنانٌ: گونجدار کمان اور گرجدار بادل۔

(رَنَا) (ن) رَنْوًا و رُنُوًّا: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ کہتے ہیں: رناهُ ورنا الیه ورنالَه: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

— الی حدیثه: کسی کی بات کو غور سے سننا۔

— عنه: غفلت برتنا۔

— فلانٌ: عشق و محبت میں بے خود ہو کر جھومنا۔

(أرْنَاهُ) حسنُ المنظرِ: خوبصورت چیز کا اپنی طرف متوجہ کرنا۔

— الی الطَّاعةِ: فرمانبرداری کی طرف مائل کرنا اور اس کا عادی بنانا۔

(راناهُ): بلندی و عظمت میں آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں: لَه شَرَفٌ یُرَانِی الکَوَاکبَ: اس میں ایسی بلندی و شرافت ہے جس میں وہ ستاروں سے بھی بلند ہے۔

— فلانًا: دل داری کرنا۔

(رَنَّی): گانا' جھومنا (۲) مشتاق ہونا۔

— الصوتُ فلانًا: آواز کا کسی پر وجد و رقت طاری کر دینا۔

— الحُسنُ فلانًا: بے خود کرنا' گرویدہ بنانا۔

(تَرَنَّی): اپنے محبوب کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

(الرَّنا): جس چیز کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

(الرَّنَاءُ): خوبصورتی۔

(الرُّنَاءُ): آواز (ج) ارنیة (۲) مستی' وجد بے خودی' رقت۔

(الرَّنَّاءُ): عورتوں کو دلچسپی سے دیکھنے والا۔

(الرُّنُوُّ) هو رُنُوُّ فلانةٍ: وہ فلاں عورت کی بات بڑی دلچسپی سے سنتا ہے۔ ھو رنوّ الأمانیّ: اسے بڑی توقعات رہتی ہیں۔

ر.............ھ

(رَهِبَهُ) (س) رَهَبًا و رَهْبَةً و رُهْبًا: ڈرانا کہا جاتا ہے رَهِبَ فلانٌ ڈرنا۔

(أرْهَبَ): لمبی آستین والا ہونا (۲) خوف کی وجہ سے سوار ہونا۔

— کُمَّهُ: آستین کو لمبا کرنا۔

— فلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔

(رَهَّبَ) الجملُ: تھکاوٹ کی وجہ سے اونٹ کا اٹھنے کی کوشش کر کے پھر بیٹھ جانا۔

— فلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔

(تَرَهَّبَ) الرَّاهِبُ: راہب کا عبادت کے لئے اپنے عبادت خانے میں الگ ہو کر بیٹھ جانا۔

فلانٌ: عبادت گزار ہونا۔

— فلانًا: دھمکی دینا' ڈرانا۔

(اسْتَرْهَبَهُ) بمعنی رَهَّبَه۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْا بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ}

(الإرهابیّون): دہشت گرد' سیاسی مفادات کو تہدید و تشدید آمیز طریقہ کار کے ذریعہ حاصل کرنے والے۔ (مج)

(الرَّاهِبُ): راہب' نصرانی زاہد' گرجا کا مذہبی رہنما' وہ تارک الدنیا نصرانی جو عبادت کے لئے اپنے عبادت خانے میں یکسو ہو کر رہے (ج) رُهْبَان (رہبان کبھی واحد کے لئے بھی بولا جاتا ہے) (ج) رَهَابِین و رَهَابِنَة۔

(الرَّاهِبَةُ): مؤنث الراہب (۲) ڈراونی حالت۔ بہز بن حکیم کی حدیث میں ہے (انی لَأسمع الرَّاهبة)

(الرُّهَابُ): طب باطنی میں اس بیماری کے خوف

کو کہتے ہیں جو چار دیواروں کے درمیان گھرے ہوئے علیحدہ مکان یا جگہ میں پائی جائے (مج)

(الرَّهَابَةُ): سینہ کے زیریں حصہ میں پیٹ کے اوپر لٹکی ہوئی نرم و پتلی ہڈی (ج) رَهَابٌ۔

(الرُّهَابَةُ) بمعنی الرَّهَابَةُ۔

(الرَّهْبُ): باریک پھلکا (۲) زیادہ سفر کی بناء پر کمزور ہو جانے والا اونٹ۔ نَاقَةٌ رَهْبٌ و رَهْبَةٌ (ج) رِهَابٌ۔

(الرَّهَبُ والرُّهْبُ): آستین۔

(الرَّهْبَانِيَّةُ): ترک دنیا، گوشہ نشینی۔ دنیا کی نعمتوں سے کنارہ کشی اور اہل و عیال سے علیحدگی۔

(الرَّهْبَةُ) رَهْبَةُ الماء: طب داخلی میں اس متعدی بیماری کا نام جو کتے یا اس کی نوع کے جانوروں کے لعاب دہن سے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے اعصاب میں تناؤ اور تنفس کے عضلات میں انقباض اور جنون کی کیفیت پیدا ہوتی ہے (مج)۔

(الرَّهْبَنَةُ) بمعنی الرَّهْبَانِيَّةُ۔

(الرَّهَبُوتُ) بمعنی الرَّهبة۔ کہتے ہیں: رَهَبُوتٌ خيرٌ من رَحَمُوت: تم کو ڈرایا جانا تم پر رحم کئے جانے سے زیادہ مفید ہے۔

(رَهْبَلَ): غیر واضح کلام کرنا۔

(تَرَهْبَلَ): لپک کر چلنا، مونڈھے ہلا کر چلنا۔

(الرَّهْبَلُ): غیر واضح کلام۔

(الرَّهْبَلَةُ): لپک کر اور مونڈھے ہلا کر چلنا۔

(أَرْهَجَتِ) السماءُ: بارش ہونا۔

— فلانٌ: کسی کے گھر کا بہت خوشبو والا ہونا۔

— الغبارَ: گرد اڑانا۔

— بين القومِ: بگاڑ و خرابی پیدا کرنا۔

(الرَّهَجُ): غبار (۲) ہلکا بادل (۳) غنڈہ گردی، فساد۔

(المُرْهَجُ): نَوْءٌ مُرْهَجٌ: بہت بارش والا بادل۔

(رَهَدَهُ) (ف) رَهْدًا: بہت باریک پیسنا۔

(رَهُدَ) (ك) رَهَادَةً: ملائم و خستہ ہونا، نازک ہونا۔ هو رَهِيدٌ وهي رهيدةٌ۔

(رَهَّدَ): زبردست حماقت کرنا۔

(المَرْهُودُ): أَمْرٌ مَرْهُودٌ: ناپختہ کام۔

— تركهم مرهودين: انہیں اس حال میں چھوڑا کہ ان میں سے کسی کا پختہ عزم نہ تھا۔

(الرَّهْدَلُ): بے وقوف (۲) کمزور مرد۔

(رَهْدَنَ): دیر کرنا (۲) رک جانا۔

— في المشيِ: گھومتے ہوئے چلنا۔

(الرَّهْدَنُ): مکہ معظمہ میں پایا جانے والا چڑیا جیسا ایک پرندہ (۲) بے وقوف (۳) بزدل (ج) رَهَادِنُ ورَهَادِنَةٌ۔

(رَهْرَهَ) لونُه: رنگ کا شوخ و چمکیلا ہونا۔

— مائدتَه: سخاوت و فیاضی کی وجہ سے دسترخوان کو وسیع کرنا۔

(تَرَهْرَهَ) السَّرابُ: سراب کا مسلسل چمکنا۔

— الجسمُ: جسم کا خوشحالی کی بنا پر سفید و ملائم ہونا۔

(الرَّهْرَاهُ) ماءٌ رهراهٌ: صاف پانی۔

— جِسْمٌ رهراهٌ: سفید و نرم و نازک بدن۔

— طستٌ رهراهٌ: کم گہرا طشت وغیرہ۔

(الرَّهْرَهُ) جِسْمٌ رهرةٌ و طستٌ رهرةٌ بمعنی رهراهٌ۔

(ارْتَهَزَ) لكذا: کسی چیز کو دیکھ کر جھومنا، حرکت کرنا، مست ہونا۔

(رَهَسَ) (ف) الشيءَ رَهْسًا: خوب روندنا۔

(ارْتَهَسَ): مضطرب ہونا۔

— القومُ: لوگوں کی بھیڑ لگنا، دھکم دھکا ہونا (۲) لوگوں کا باہم ٹکرانا۔

— الدَّواهي: مصائب و آفات کا پیہم ہونا۔

کہاوت ہے (إنَّ الدَّواهي في الآفاتِ ترتهسُ) آفات زمانہ میں پریشانیاں بڑھ جاتی ہیں۔

— الجرادُ: ٹڈیوں کا غول در غول ہونا۔

— الوادي ونحوه: وادی وغیرہ کا پانی سے بھرنا۔

رِجْلَا الدابة: جانور کی ٹانگوں کا ایک دوسرے سے ٹکر کھانا۔

(تَرَهَّسَ): حرکت کرنا، پھڑکنا۔

(رَهِشَتِ) (س) الدابّةُ رَهَشًا: جانور کی اگلی ٹانگوں کے پھڑکنے کی وجہ سے ان کے اندر کی رگیں کاٹ دینا۔

(ارْتَهَشَ) القومُ والجرادُ بمعنی ارْتَهَسَ۔

— فلانٌ: لرزنا، کانپنا۔

(الرَّاهِشَانِ): کہنیوں کے اندر کی دو رگیں۔

(الرَّوَاهِشُ): کہنی کے اندر یا ہتھیلی کے باہر کی رگیں (۲) چوپائے کی اگلی ٹانگوں کے اندر کی دو رگیں (اس کا مفرد راهش اور راهشةٌ ہے)

(الرَّهِيشُ): ہر باریک چیز۔ جیسے نَصْلٌ رَهِيشٌ (۲) کمزور پتلا اور سوکھا ہوا آدمی (۳) نہ جمنے یا نہ اگانے والی باریک مٹی۔

(رَهَصَ) (ف) بحقِّه ودَينه رَهْصًا: اپنے حق اور قرضہ کو سختی سے لینا۔

— الحائطَ: دیوار کو ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

— الصَّيدَ: شکار کا پیچھا کر کے اسے نڈھال اور سست کر دینا۔

— الدَّابةَ والحجرَ: حرکت دینا۔

— الشيءَ: زور سے نچوڑنا۔

— فلانًا في الامرِ: ملامت کرنا (۲) جلدی کرنے کو کہنا۔

(رُهِصَتِ) الدَّابةُ: جانور کے کھر میں زخم ہونا۔ هو مَرْهوصٌ و رَهِيصٌ وهي مرهوصةٌ ورهيصٌ ايضًا۔

(رَهِصَتِ) (س) الدابةَ رَهَصًا بمعنی رُهِصَتْ۔

(أَرْهَصَ) على الذَّنْبِ: گناہ پر اصرار کرنا حدیث میں ہے (إنَّ ذَنْبَه لم يكن عن ارهاص) (۲) سیڑھیاں بنانا۔

— البِنَاءَ: عمارت کے ارد گرد سیڑھیاں بنانا تاکہ وہ ٹیڑھی نہ ہوں۔

— الشيءَ: جمانا، بنیاد رکھنا۔

— اللّٰهُ فلانًا للخير: اللہ تعالیٰ کا کسی کو ذریعہ خیر بنانا۔

(رَاهَصَه): نگرانی کرنا، تاک میں رہنا۔

(الإرْهَاص): شرعاً وہ امر خارق عادت جو قبل از بعثت پیغمبر سے صادر ہوتا ہے۔

(الرَّهْص): مٹی کا ردہ یا ایک تہہ جس سے یکے بعد دیگرے رکھ کر عمارت بنائی جاتی ہے (۲) دیوار کا نچلا ردہ۔

(الرَّهْصَةُ): گھوڑے کے سم کا زخم۔

(الرَّهِيْص) أسدٌ رهيصٌ: اپنی جگہ سے نہ ہٹنے والا شیر (گویا کہ اس کے پاؤں میں زخم ہو) (۲) مکاری سے لنگڑا کر چلنے والا۔

(الرَّوَاهِص) من الحِجَارة: جانوروں کے پیروں کو زخمی کر دینے والا پتھر (۲) مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد: راهِصَةٌ۔

(المتراهِصَةُ): مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔

(المَرْهَصَةُ): سیڑھی (۲) درجہ، مرتبہ (ج) مَرَاهِص۔

(رَهَطَ)(ف) فلانٌ رَهْطًا: خوب کھانا۔

— اللقمة: بڑا لقمہ لینا۔

(رَهَّطَ) بمعنی رَهَطَ (۲) سواری پر بیٹھے رہنا نیچے نہ اترنا، یا گھر میں بیٹھے رہنا باہر نہ نکلنا۔

(ارتَهَطُوا): جمع ہونا۔

(الرِّهَاطُ): گھر کا سامان۔

(الرَّهْطُ): تین یا سات سے لے کر دس آدمیوں تک کی جماعت یا دس سے کم کی جماعت (ج) أرْهُطٌ وأرهاطٌ (جج) اراهط واراهيط۔

— رَهْطُ الرَّجُلِ: قبیلہ، قریبی رشتہ دار۔

— نحن ذو رَهْطٍ: ہم سب اکٹھے ہیں۔

(رَهَفَهُ) (ف) رَهْفًا: باریک کرنا، دھاردار کرنا، جیسے رَهَفَ سَيْفَه۔

(رَهُفَ) (ك) رَهَافَةً و رَهَفًا: باریک و نازک ہونا۔ هو رهيفٌ وهي رهيفةٌ۔ سيفٌ رهيفٌ وحِسٌّ رهيفٌ۔

(أرْهَفَهُ): باریک دھاردار بنانا۔

— بالكلامِ: فی البدیہہ بولنا، برجستہ کلام کرنا۔

(المُرْهَف) رجلٌ مُرْهَفٌ: بہت جلدی سمجھنے اور محسوس کرنے والا آدمی۔

— حِسٌّ مُرْهَفٌ: بڑھا ہوا احساس۔

— فرسٌ مرهفٌ: ملی ہوئی پسلیوں والا پتلے پیٹ کا گھوڑا۔ وهي مُرْهَفَةٌ۔

— أُذُنٌ مُرْهَفَةٌ: جلد سننے والے کان۔

(المَرْهُوْف) مَرْهوفُ البدن: نازک و پتلا جسم۔

(رَهِقَ)(س) فلانٌ رَهَقًا: بیوقوف ہونا، کم عقل و نادان ہونا (۲) ظلم اور برائی پر آمادہ ہونا (۳) گناہوں میں مبتلا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا} (۴) جھوٹ بولنا (۵) عجلت کرنا، جلد بازی کرنا هو رَهِقٌ وهي رَهِقَةٌ۔

— الصلوةُ رَهَقًا ورُهُوقًا: نماز کا وقت داخل ہونا۔

— قدومُ فلان: کسی کی آمد کا وقت قریب ہونا۔

— الشئَ رَهَقًا: کسی چیز کے قریب پہنچ جانا (چاہے اس کو پا سکے نہ پا سکے)۔

— الشئُ: ڈھانپ لینا، چھا جانا، لگ جانا جیسے: رَهِقَهُ الدَّيْنُ۔

(أرْهَقَ) الليلُ: رات کا قریب آجانا۔

— فلانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔ (۲) قریب پہنچنا اور پا لینا۔ جیسے ارهقنا الليل: رات نے ہمیں آلیا۔

— الصلوةَ: نماز میں اتنی تاخیر کرنا کہ دوسری نماز کا وقت قریب آجائے۔

— فلانًا: جلدی کروانا جیسے أرْهَقَنِي فلانٌ أن اصلّي۔

— فلانًا شيئًا: کسی کو کسی چیز سے گھیر لینا۔ کہتے ہیں أرهَقَهُ حُسَامًا: اس نے تیز تلوار سے بھرپور حملہ کیا اور ارهقناهم الخَيْلَ ہم نے ان کو گھوڑوں سے گھیر لیا۔ أرْهَقَه أمْرًا و اثمًا: کسی کام یا گناہ پر لگا دینا۔

(رَاهَقَ) الغلامُ: قریب البلوغ ہونا۔ راهق الغلامُ البلوغ بھی کہتے ہیں۔ صَلَّى الظُّهرَ مُرَاهِقًا: اس نے ظہر اس وقت پڑھی جب وقت ختم ہونے کے قریب تھا۔

(الرُّهَاقُ) القومُ رِهاقُ مائة: لوگ تقریبا سو ہیں۔

(الرَّيْهُقَانُ): زعفران۔

(المُرَاهَقَةُ): آغاز شباب سے کامل بلوغ تک کا عرصہ۔

(المُرَهَّقُ): کم عقل، نادان، جاہل، بے وقوف (اس کا فعل نہیں ہے) (۲) سخی و فیاض، مہمان نواز (۳) خراب آدمی (۴) دینی طور پر تہمت زدہ۔

(رَهَكَ) (ف) بالمكان رَهْكًا: ٹھہرنا۔

— الشئَ: توڑنا، کوٹنا، پیسنا۔

— الدَّابَّةَ: چوپائے کو چلا چلا کر تھکا دینا۔ هو مَرْهوكٌ ورَهِيْكٌ۔

(رَهْوَكَ): چلتے وقت جوڑوں کو ڈھیلا چھوڑنا۔

— القومُ: لوگوں کا بے چین و مضطرب ہونا۔

(ارْتَهَكَ): تھکاوٹ کی وجہ سے اعضاء کو ڈھیلا چھوڑ کر چلنا۔

(تَرَهْوَكَ): جھومتے ہوئے چلنا۔

(الرِّهْكَةُ): کمزوری۔

(الرُّهْكَةُ): کمزور اور بے فیض آدمی۔ رجلٌ رُهْكَةٌ وناقةٌ رَهْكَةٌ، ارضٌ رَهْكَةٌ: سب میں کمزوری کے معنی ہیں۔

(الرَّهْوَكُ): نازک نوجوان (۲) موٹا ہرن یا موٹا بکری کا بچہ۔

(رَهِلَ)(س) لحمُهُ رَهَلًا: گوشت کا تھرکنا، ڈھیلا ہونا (۲) بغیر بیماری کے گوشت کا پھول جانا، ورم آلودہ ہونا۔ هو رَهِلٌ وهي رَهِلَةٌ۔

(رَهَّلَهُ): ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا بنانا (۲) سست اور ڈھیلا بنا دینا جیسے رَهَّلَهُ النومُ: نیند کی کثرت نے اس کی آنکھوں کے حلقوں کو پھلا دیا۔

(تَرَهَّلَ) بمعنی رَهِلَ۔

(الرَّهَلُ): بچہ کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد پانی۔
(الرِّهْلُ): پتلا بادل۔
(رُهِمَتْ) الارضُ: زمین پر معمولی بارش ہونا۔ کہتے ہیں: مکانٌ مرهومٌ و روضةٌ موهومةٌ (مُرْهَمٌ ومُرْهَمَةٌ مستعمل نہیں ہیں)
(اَرْهَمَتِ) السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔
— الرَّبِيعُ: موسم بہار میں مسلسل ہلکی بارش ہونا۔
(الرَّهَمَانُ) فی سَيْرِ الإِبِلِ: اونٹوں کی چال میں کمزوری یا دبلے پن کی وجہ سے ڈھیلا پن۔
(الرِّهْمَةُ): مسلسل ہلکی بارش (ج) رِهَمٌ و رِهامٌ۔
(الرَّهُومُ): کمزور بکری۔
(رَهْمَسَ) فلانٌ: ضمناً برائی کا اشارہ دینا۔
— الأمرَ: بات چھپانا۔
— الخَبَرَ: پوری بات نہ بتانا۔
— فلانًا: سرگوشی کرنا۔
(رَهَنَ) (ف) الشيءُ رَهْنًا و رُهُونًا: ثابت ہونا، برقرار رہنا۔
— بالمكان: کسی جگہ ٹھہرنا۔
— الرجلُ والدابّةُ: لاغر ہونا، تھک جانا، کمزور ہو جانا۔
— الشيءَ رَهْنًا: مضبوط کرنا، قائم و برقرار رکھنا۔
— فلانًا وعند فلان الشيءَ: کسی کے پاس کوئی چیز رہن رکھوانا۔ کہتے ہیں "رهنتُه لساني" میں نے اس کے بارے میں اپنی زبان بند کر لی۔ هو مَرْهُونٌ و رهينٌ۔
(اَرْهَنَ) في السِّلْعَةِ وبها: کسی سامان کو زیادہ سے زیادہ قیمت لگا کر حاصل کر لینا۔
— الشيءَ: قائم و برقرار رکھنا۔
— لهمُ الطَّعامَ و الشرابَ: ان کے لئے کھانے پینے کا سامان محفوظ رکھا۔
— الميّتَ القبرَ: مردہ کو قبر میں رکھنا۔
— فلانًا وغيرَه: کمزور و دبلا کر دینا۔
— فلانًا الشيءَ: کسی کے پاس کوئی چیز رہن رکھوانا (۲) اس سے کسی کے پاس رہن رکھوانا۔
(رَاهَنَه) على كذا مُرَاهَنَةً و رِهَانًا: کسی سے کسی بات پر شرط لگانا۔
(اِرْتَهَنَه) منه: رہن رکھنا۔
(تَرَاهَنَ) القومُ: شرط باندھنا۔ (ہر ایک کسی چیز پر شرط باندھے کہ جو سب پر غالب آ جائے تو وہ چیز اس کی ہو جائے گی)
(اِسْتَرْهَنَهُ): بطور گروی (رہن) کوئی چیز مانگنا۔
(الرَّاهِنُ): تیار، موجود، حاضر، ثابت۔ کہتے ہیں: هٰذا راهنٌ لك کہتے ہیں: طعامٌ راهنٌ: ہر وقت تیار رہنے والا کھانا۔
(الرَّاهِنَةُ): تانیث الراهن، نعمةٌ راهِنةٌ: دائمی نعمت۔
(الرِّهَانُ): دوڑ لگانے کی بازی۔
— خيلُ الرِّهَان: وہ گھوڑے جن کی دوڑ پر بازی لگائی جائے۔ کہاوت ہے (هُمَا كفرسَيْ رِهَانٍ) فضل و کمال میں دو برابر شخصوں کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرَّهْنُ): شرعاً کسی ایسے حق کی ضمانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھ لینا کہ اگر وہ حق وصول ہونا ممکن نہ رہے تو محبوس چیز کے ذریعہ وصول کیا جا سکے (۲) وہ شی جو کسی سے کسی چیز کی قائم مقام بنا کر لی گئی ہو۔ مصدر بمعنی مرہون (گروی رکھی ہوئی چیز) قرآن مجید میں ہے: {وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ} اس کی جمع رُهُون رُهُنٌ و رَهِين آتی ہے۔ کہتے ہیں: الانسانُ رَهْنُ عَمَلِه: انسان اپنے کام کا ذمہ دار ہے: وانالك رَهْنٌ بكذا: میں تمہارے لئے فلاں چیز کا ذمہ دار ہوں۔
(الرِّهْنُ) هو رِهْنُ مالٍ: وہ مال کا منتظم ہے۔
(الرَّهِينُ) انا رَهِينٌ بكذا: میں اس بات کا ذمہ دار ہوں۔ قرآن مجید میں ہے: {كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ}
(الرَّهِينَةُ): گروی رکھی ہوئی چیز (۲) ذمہ دار۔ قرآن مجید میں ہے: {كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ} (ج) رَهائنُ۔ کہتے ہیں: انالك رهينةٌ بكذا: میں تیرے لئے اس بات کا ضامن ہوں۔
(رَهَا) (ن) رَهْوًا: نرم ہونا، نرمی برتنا (۲) سبک رفتار ہونا (۳) پرسکون ہونا۔
— البحرُ: سمندر کا جوش ٹھنڈا ہونا۔
— بين رجليه: دو پیروں کو کھولنا۔
— الطائرُ: پرندہ کا پروں کو پھیلانا۔
(اَرْهٰى): کشادہ جگہ پہنچنا۔
— الشيءُ لك: کسی چیز کا ممکن ہونا۔
— الشيءَ لك: ممکن بنانا۔
— لهم الشيءَ: برقرار رکھنا (۲) ٹھہرانا۔
— على نفسه: خود کو مطمئن کرنا، تسلی دینا۔
(رَاهَاهُ): کسی کے قریب ہونا۔
(اِرتهى) القومُ: لوگوں کا باہم مل جل جانا۔
(تَرَاهَيَا): دو آدمیوں کا باہم نرمی برتنا۔
(اَرْهَاءُ) الشيءِ: کسی چیز کے اطراف۔
(الرَّاهِيُ) طعامٌ راهٍ: ہر وقت تیار کھانا۔
— عيشٌ راهٍ: خوشحال زندگی۔
(الرَّاهِيَةُ): مؤنث الرّاهي (۲) شہد کی مکھی۔
(الرَّهَاءُ): کشادہ اور ہموار زمین جیسے طريق رَهاءٌ (۲) غبار یا دھوئیں جیسی چیز۔
(الرَّهْوُ): ساکن، ٹھہرا ہوا، پرسکون۔ کہتے ہیں: مطرٌ رهْوٌ وبحرٌ رَهْوٌ۔ افْعَلْ ذٰلك رَهْوًا: یہ کام آہستگی سے کرو (۲) باریک کپڑا وغیرہ (۳) منتشر بکھرا ہوا (۴) کشادہ (۵) نشیبی جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہو۔ (۶) سارس (ایک پرندہ) (۷) لوگوں کا گروہ (ج) رِهاءٌ۔ کہتے ہیں: الناسُ رَهْوٌ واحدٌ مابين كذا و كذا: لوگوں کی اتنی اتنی تعداد میں متحدہ جماعتوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔
غارةٌ رهْوٌ: مسلسل حملہ۔
جاءت الخيلُ رهْوًا: گھوڑے آہستہ آہستہ

برابر آئے۔
(الرَّهْوَةُ): نشیبی جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہو (ج) رِهاءٌ۔
(المِرْهَاةُ): تیز رفتار جیسے فرسٌ مِرْهاةٌ (ج) مَرَاةٍ۔
(رَهْوَكَ) و(تَرَهْوَكَ) و(الرّهوك) دیکھئے: رَهَكَ۔
(رَهْيَأَ): کمزور، عاجز و سست ہونا۔
— السماءُ: آسمان کا برسنے کے قریب ہونا۔
— السحابةُ: بادل کا برسنے کے قریب ہونا۔
— الشئَ وفيه: کسی چیز میں خامی چھوڑنا اور اسے مکمل نہ کرنا۔
— رايَه: رائے کو پختہ اور بہتر نہ کرنا۔
— في امرِه: کسی کام کو حوصلہ کے ساتھ انجام نہ دینا۔
— الحِملَ: ایک طرف کے بوجھ کو زیادہ کرنا اور اسے نہ باندھنا جس کی وجہ سے وہ جھکا رہے۔
(تَرَهْيَأَ): ہلنا، حرکت کرنا، ڈولنا جیسے عيناهُ ترهيأن۔
— في امرِه: کسی کام کا ارادہ کر کے رک جانا۔
— السحابُ: بادل کا برسنے کے قریب ہونا۔
— في مشيه: اترا کر اور جھوم کر چلنا۔

ر............و

(رَوَّأَ) في الامرِ تروئةً وترويئًا: غور و فکر کرنا، کسی کام کے انجام کو سوچنا، جواب دینے میں جلدی نہ کرنا۔
(تَرَوَّأَ) في الامر بمعنی رَوَّأَ فيه۔
(الرَّاءُ): راء ایک حرف تہجی (۲) ایک درخت کا نام۔ اس کا واحد راءةٌ ہے۔
(الرَّوِيئَةُ): غور و فکر، سوچ بچار۔
(رَابَ) (ن) اللَّبنُ رَوْبًا: دودھ کا گاڑھا ہونا (۲) دودھ کا ابالا ہوا ہونا اور مکھن نکالنا۔
— فلانٌ: حیران و پریشان ہونا (۲) شکم سیری، نیند یا دہی کھانے کی وجہ سے سست ہونا (۳) جھوٹ بولنا (۴) عقل اور رائے میں کمزوری ہونا۔
— دَمُه: اس کی ہلاکت کا وقت آ گیا وہ قتل کئے جانے کے قریب ہو گیا۔
(أَرَابَ) اللبنَ: دہی بنانا۔
(رَوَّبَ) اللبنَ: دودھ کو دہی بنانا۔
(الأَرْوَبُ) من الرّجال: حیران و پریشان آدمی (۲) شکم سیری یا نیند کی وجہ سے سست پڑ جانے والا آدمی۔
(الرَّائِبُ) من الأُمور: صاف اور واضح معاملہ جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ حدیث ابو بکرؓ میں ہے (وعليك بالرائب من الامور ودع الرائب مِنْها) صاف اور واضح باتوں کو اختیار کرو اور شبہ والی باتوں کو چھوڑ دو (پہلا رائب روب سے ہے اور دوسرا رائب ریب سے ہے) (۲) پریشان اور سست آدمی۔
(الرَّابُ): مقدار۔ هذا رابُ كذا: یہ اتنی مقدار ہے۔
(الرَّوبُ): دہی، کہتے ہیں: ماعندی شَوْبٌ ولا رَوبٌ: میرے پاس نہ شہد ہے نہ دہی۔ حدیث میں ہے: (لا شَوْبَ ولا رَوبَ في البيْع والشراءِ) خرید و فروخت میں فریب اور دھوکہ نہ ہونا چاہئے۔
(الرَّوبان) من الرجال: پریشان (۲) شکم سیری یا نیند کی وجہ سے سست آدمی (ج) رَوْبَی۔
(الرَّوْبَةُ): دہی جمانے کے لئے دودھ میں ڈالا جانے والا ترش جما ہوا مادہ۔
(الرُّوْبَةُ) بمعنی الرَّوْبَةُ (۲) گاڑھا یا جمایا ہوا دودھ (۳) اصلاح حال، درستگی (۴) ضرورت (۵) گزارہ کی چیزیں۔ کہتے ہیں: ما يقومُ فلانٌ بِرُوبةِ أهلِه: فلاں اپنے اہل و عیال کے گزارے کا انتظام نہیں کرتا (۶) زرخیز، عمدہ اور زیادہ پیداوار والی زمین (۷) گوشت کا ٹکڑا کہتے ہیں: قَطَعَ اللَّحمَ رُوبةً روبةً: اس نے گوشت ٹکڑے ٹکڑے کر کے کاٹا (۸) کل معاملہ (۹) رات کا ایک حصہ (۱) عقل۔ کہتے ہیں: هو يحدّثني وانا إذ ذاك غلامٌ ليس لي رُوبةٌ: وہ مجھے اس وقت حدیث بیان کرتے تھے جب میں بچہ تھا اور مجھے عقل نہ تھی۔
(المِرْوَبُ): دہی بنانے کا برتن (ج) مراوب۔
(رَاثَ) (ن) ذوالحافر رَوْثًا: کھر والے جانوروں کا لید کرنا۔ کہاوت ہے: (اَحُشُّكَ و تَرُوثُنِي) میں تیرے آگے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید کرتا ہے، ناشکرے اور احسان فراموش کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرَّوْثُ): لید، گوبر، کھر والے جانوروں کا فضلہ (ج) ارواث۔
(الرَّوْثَةُ): واحد الروث (۲) گیہوں کا بھوسہ چھانن (۳) ناک کا سرا (۴) عقاب کی چونچ۔
(راجَتِ) (ن) السِّلعَةُ رَوَاجًا: سامان کی مانگ ہونا۔
— الامرُ رَوْجًا ورَوَاجًا: کسی معاملہ کا تیزی سے آگے بڑھنا۔
— الرِّيحُ: ہوا کا خوب چلنا (یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کس رخ سے آ رہی ہے)
(رَوَّجَ) الغبارُ: مسلسل گرد اڑنا۔
— السِّلعَةَ: سامان کو بازار میں چلانا۔ رائج کرنا۔
— كلامَه: کلام کو آراستہ کرنا (۲) بات کو مبہم رکھنا اور اس کی حقیقت کو چھپانا۔
(الرَّوْجَةُ): عجلت، تیزی۔
(المُرَوَّجُ) اَمْرٌ مرَوَّجٌ: غیر واضح معاملہ۔
(رَاحَ) (ن ف) رَوَاحًا: شام کے وقت چلنا (۲) بغیر وقت کی قید کے رواح صبح و شام چلنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح: غدوٌّ۔
— القومَ وراحَ اليهم وعندهم رَوْحًا و رَوَاحًا: لوگوں کے پاس آنا یا جانا۔
— الابلُ وغيرها رَوْحًا: اونٹوں وغیرہ کا بعد غروب آفتاب اپنے باڑہ میں واپس آنا۔
— اليومُ: دن کا تیز ہوا والا ہونا۔ (۲) ہوا کا خوش گوار ہونا۔

ر

— فلانٌ للمعروف راحةً: بھلائی کے لئے کسی کا بہت جلد تیار ہونا۔

— یدُہ لکذا وبکذا: کسی کام کے لئے پھرتی سے اٹھنا۔

— للأمرِ رَواحًا وراحًا وراحةً وأرْيَحِيَّةً و رِيَاحَةً: کسی کام سے خوش وہشاش بشاش ہونا۔

— فلانٌ معروفًا راحةً: نیکی یا بھلائی پانا۔

— الشیئَ رَوحًا: کسی چیز کی بومحسوس کرنا۔

— الریحُ الشیئَ: کسی چیز کو ہوا لگنا۔

الشجرُ: درخت کا ہوا پانا یا درخت کو ہوا لگنا۔

ھو مَرُوحٌ ومَرِیحٌ۔ رِیحٌ بھی کہتے ہیں۔

(رَوِحَ) (س) الشیئُ رَوَحًا: وسیع وکشادہ ہونا۔ کہتے ہیں: محمِلٌ اَرْوَحُ: کشادہ کجاوہ۔

— قَصْعَۃٌ رَوْحَاءُ: کم گہرا کشادہ پیالہ۔

— الرجلُ: دونوں پیروں میں کشادگی والا ہونا

ھو اَرْوَحُ وھی رَوْحاءُ (ج) رُوْحٌ۔

(اَرَاحَ): سانس لینا (۲) آرام محسوس کرنا۔ (۳) مرجانا۔

— الشیئُ: بدبوداردار ہونا۔

— فلانٌ: شام کے وقت میں داخل ہونا۔

(۲) کھلی ہوا میں داخل ہونا (۳) اونٹ کو آرام پہنچانے کے لئے اس سے نیچے اتر جانا۔

— الإبلَ وغیرَھا: اونٹوں وغیرہ کو ان کے باڑے میں واپس لانا۔

— علیہ حقَّہ: کسی کا حق واپس کرنا۔

— علیہ اللیلُ عازِبَ ھَمِّہٖ: رات کا کسی کو اس کے ارادہ سے روک دینا۔

— فلانًا: کسی کو راحت پہنچانا۔

— منہ معروفًا: کسی سے بھلائی پانا۔

— الشیئَ: بومحسوس کرنا۔

(اَرْوَحَ) الشیئُ: بدبودار ہونا۔

(رَاوَحَ) بین الشیئین والعَمَلَین: دو کاموں یا دو چیزوں کو ادل بدل کرنا، کبھی یہ لینا اور کبھی وہ۔

— بین جنبیہ: بار بار پہلو بدلنا۔

— بین رجلیہ: بار بار پیر بدلنا۔ کہتے ہیں: انا أُغادیہ واراوحُہٗ: میں اس کے پاس صبح وشام جاتا ہوں۔

(رَوَّحَ) علیہ بِالْمِرْوَحَۃِ: پنکھے سے ہوا جھلنا۔

— بالقومِ: لوگوں کو تراویح پڑھانا۔

— عنہ: آرام وسکون پہنچانا۔

— القومَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا۔

— الدُّھنَ وغیرَہ: تیل وغیرہ کو خوشبودار کرنا۔

— فلانًا او الابلَ بمعنی اَرَاحَ۔

(ارتاحَ) للأمرِ: کسی بات سے خوش ہونا، سکون ہونا۔

— اللّٰہُ لہ برحمتہ: اللہ کا کسی کو مصیبت سے چھٹکارا دلانا۔

(ارتَوَحَ) ھما یرْتوحان عملاً: کسی کام کو یکے بعد دیگرے کرنا۔

(تَرَاوَحَ) فلانٌ یداہ تتَرَاوحان بالمعروف: فلاں کے ہاتھ یکے بعد دیگرے یا لگاتار عطیات دیتے ہیں۔

— تَرَاوَحَا العَمَلَ: کام کو باری باری کرنا۔

— تراوحتْہُ الاحقابُ: لگاتار زمانوں کا آنا۔

(تَرَوَّحَ): رات کے وقت چلنا (۲) رات کے وقت کام کرنا۔

— الشیئُ: کسی شے میں قرب کی وجہ سے دوسری شی کی بو سما جانا۔ جیسے تَرَوَّحَ اللَّبنُ وتَرَوَّحَ الماءُ۔

— النَّبتُ: گھاس وپودے کا لمبا ہونا۔

— الشَّجَرُ: موسم گرما کے بعد درخت پر پتے لگنا۔

— بالمِرْوحۃِ: پنکھے کی ہوا لینا۔

— القومَ: لوگوں کے پاس شام کے وقت آنا۔

(اسْتَرَاحَ): راحت پانا، آرام کرنا۔

(اسْتَرْوَحَ) اسْتِرْوَاحًا: راحت پانا۔

— اِلَیہِ: پرسکون ہونا، مطمئن ہونا۔

— الغُصْنُ: ٹہنی کا جھومنا۔

— الرَّجُلُ: غرور کرنا، اکڑ کر چلنا۔

— الشیئَ: بومحسوس کرنا (۲) بوسونگھنا۔

— المطرُ الزَّرعَ: بارش کا کھیتی اگانا۔

(الإسْتِرْوَاحُ): طب کی اصطلاح میں جسم کی کسی تجویف میں ہوا داخل کرنا (مج)

(الأرْیَحُ) مَحْمِلٌ اَرْیَحُ: کشادہ کجاوہ۔

(الأرْیَحِیُّ): وسیع الظرف، فراخ دست، خوش مزاج (۲) تلوار۔

(الأرْیَحِیَّۃُ): سخاوت و فیاضی، خوش مزاجی، بہترین خصلت جو اعلیٰ افعال کو پسند کرتی ہے۔

(التَّرَاوِیحُ): واحد: ترویحۃٌ۔ ترویحہ اصل میں نماز کے ہر جلسہ کا نام ہے۔ لیکن اصطلاحا رمضان المبارک کی رات میں چار رکعات کے بعد بیٹھنے کو ترویح کہا جاتا ہے کیونکہ لوگ اس وقفہ میں آرام کرتے ہیں۔ پھر مجازا ہر چہار رکعات کے مجموعہ کو کہا جانے لگا۔ یہ لفظ باب تفعیل کا مصدر ہے۔

(الرَّائِحۃُ): بو (اچھی ہو یا بری) (۲) شام کے وقت واپس آنے والے اونٹ۔

کہتے ہیں: مالہ سارِحۃٌ ولا رائحۃٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ وجاءَ وما فی وجھہٖ رائحۃُ دمٍ: وہ سہما ہوا خوف کی حالت میں آیا (۲) رات کی بارش اس کا مقابل غادیہ ہے یعنی دن کی بارش (ج) روائح۔

(الرَّاحُ): خوشی، راحت، اطمینان (۲) شراب (۳) آندھی کے دن۔

— لَیلۃٌ رَاحۃٌ: آندھی والی رات۔

(الرَّاحۃُ): ہتھیلی (ج) راحٌ۔

کہتے ہیں: ترکتُہ علی أنقی من الرَّاحۃِ: میں نے اسے مطمئن بنا کر چھوڑا (۲) خوشی، راحت، اطمینان (۳) بیوی (۴) صحن۔

(الرَّواحُ) بمعنی الرَّاحۃُ (۲) شام (زوال شمس کے بعد سے مغرب تک کا وقت) اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔

(الرَّوَاحَةُ) بمعنی الرَّاحَۃُ۔
(الرَّوْحُ) بمعنی الرَّاحَۃُ (۲) رحم' مہربانی (۳) بادنسیم' لطیف ہوا۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُ رَوْحَ الشِّمَالِ: میں نے شمال خنک ہوا کو محسوس کیا (ج) اَرْوَاحٌ۔
۔یومٌ رَوْحٌ وعَشِیَّۃٌ رَوحۃٌ: خوش گوار دن' سہانی رات (۴) خوشی وشادمانی۔
(الرُّوْحُ): نفس انسانی کی بقا کا ذریعہ' روح جان (مذکر ومؤنث) (۲) سانس (۳) جان (ج) أرواح (۴) قرآن (۵) وحی (۶) علم فلسفہ میں وہ چیز جو مادہ کے مقابل ہو (۷) علم کیمیاء میں کسی مادی شے کا وہ حصہ جو اس کی صفائی کے بعد اڑ جانے والا ہو (مج)
— رُوْحُ القُدُسِ: (نصاریٰ کے نزدیک) اقنوم ثالث (۲) جبریل علیہ السلام۔
(الرُّوْحَانِيُّ): ہر وہ چیز جس میں روح ہو۔
— الآبَاءُ الرُّوْحَانِيُّوْن: نصاریٰ کے علماء۔
— الطِّبُّ الرُّوْحَانِيُّ: نفسیاتی علاج کی ایک قسم (مو)
(الرَّوْحَۃُ): شام کے وقت کی آمد یا روانگی۔ (ایک مرتبہ)
(الرُّوْحِيَّۃُ): مقابل مادیت' مادہ پر روح کی برتری و بالادستی ثابت کرنے کا فلسفہ جس کی روشنی میں کائنات اور سلوک ومعرفت کی تشریح کی جاتی ہے (مج)
— الاَشْرِبَۃُ الرُّوْحِيَّۃُ: شراب (مو)
(الرِّيحُ): ہوا (۲) محسوس ہوا (مؤنث) (ج) رياحٌ وارواح وارياحٌ (۳) رحمت' مہربانی (۴) قوت۔ جیسے ذهبت ريحُهٗ: اس کی طاقت و قوت ختم ہوگئی۔ (۵) مدد و غلبہ (۶) طاقت و شوکت۔ جیسے الريحُ لِآلِ فلان۔
— رجلٌ ساکنُ الرِّيحِ: باوقار اور سنجیدہ آدمی۔
— هَبَّتْ رِيحُهٗ: کسی کی مرضی کے مطابق کام ہونا۔

(الرَّيْحَانُ): فصیلہ شفویہ کا ایک خوشبودار پودا' نیازبو (۲) ہر خوشبودار پودا۔ کہتے ہیں: المرأۃُ ريحانۃٌ وَلَيْسَتْ بقهرمانۃ: عورت ایک پھول ہے گھر کی منتظمہ نہیں ہے (۲) مہربانی' رحم (۴) رزق۔
(الرِّيحَۃُ): ہوا' بو۔
(الرَّيِّحُ): خوشگوار جگہ' خوشگوار دن (۲) تیز ہوا والا دن یا جگہ ھِيَ رَيِّحَۃٌ۔
(الرِّيحِيُّ): رِيحِيُّ التَّلْقِيحِ: علم الاحیاء میں ہواؤں کے ذریعہ نر درخت کے تخم کا مادہ درخت میں منتقل ہونے کا نام ہے (جس سے وہ بار آور ہوتا ہے)
— رِيحِيُّ الاِنْتِشَارِ: وہ پودا جو اپنے تخم یا پھل یا جراثیم ہواؤں کے ذریعہ پھیلاتا ہے (مج)
(المَرَاحُ): شام کے وقت آنے یا جانے کی جگہ۔ خلاف (المَغْدٰی)۔
— مَاتَرَكَ فُلَانٌ مِنْ اَبِيْهِ مَغْدًى وَلَا مَرَاحًا: وہ شخص اپنے باپ کے ساتھ تمام افعال واعمال میں مشابہت رکھتا ہے۔
(المُرَاحُ): (من اراح) جانوروں کے رہنے کی جگہ۔
(المُرْتَاحُ): دوڑ کا پانچواں گھوڑا۔
(المِرْوَاحُ): ہوا میں گیہوں اڑانے کا آلہ' بڑا چھاج (ج) مَرَاوِيحُ۔
(المِرْوَحُ) بمعنی المِرْوَاحُ (۲) پنکھا (ج): مَرَاوِحُ۔
(المَرْوَحَۃُ): صحرا' جنگل (۲) ہوا کی گزرگاہ' کھلی ہوادار جگہ (ج) مَرَاوِحُ۔
(المِرْوَحَۃُ): پنکھا (ج) مَرَاوِحُ۔
(المِرْيَاحُ) طعامٌ مرياحٌ: گیس پیدا کرنے والا کھانا۔
(المُسْتَرَاحُ): بیت الخلاء' طہارت خانہ۔
(رَادَتْ) (ن) الدوابُّ رَوْدًا و رَوَدَانًا: مویشیوں کا چراگاہ میں گھومنا۔
— فلانٌ: بے اطمینانی کے ساتھ آنا جانا' قرار نہ پانا۔ کہاوت ہے (رادَ وِسادُهٗ من مَرَضٍ او هَمٍّ) وہ بے قرار رہا۔
— الريحُ: ہوا کا گھومنا۔
— المرأۃُ: عورت کا پڑوسی عورتوں کے پاس آنا جانا۔
— الشيئَ رَوْدًا و رِيادًا: تلاش کرنا۔ کہتے ہیں رادَ اَهْلَه منزلاً وكلأً و رادَلَهُمْ: اس نے اہل وعیال کے لئے ٹھکانہ اور آب و دانہ تلاش کیا۔ هو رَائِدٌ وهِيَ رَائِدَۃٌ۔
— الدَّابَّۃَ: مویشی کو چراگاہ میں گھمانا۔
(اَرَادَ) الشَّيْئَ: چاہنا (۲) خواہش کرنا' پسند کرنا۔ کہتے ہیں: اَرَادَ الجِدارُ اَنْ يَنْقَضَّ: دیوار گرنے کے قریب ہوگئی۔ قرآن مجید میں ہے: {فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ}۔
— فلانًا علی الامر: کسی کام پر ابھارنا۔ کہتے ہیں: ارادتُهُ الحاجَۃُ: کسی ضرورت کی وجہ سے ٹھہرنا۔
— الدَّابَّۃَ: جانور کو گھمانا' چراگاہ کا چکر لگوانا۔
(اَرْوَدَ) فِي مَشْيِهِ: سبک رفتاری سے چلنا۔
— فلانًا: مہلت دینا۔
— المرأۃَ عَنْ نَفْسِها: عورت کو بدکاری پر آمادہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَقَالَ نِسْوَۃٌ فِي الْمَدِيْنَۃِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ}
— عن الامرِ وعليه: کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔
— علی الاَمْرِ: کسی سے کوئی کام کروانا۔
(اِرْتَادَ) لِاَهْلِهٖ: اہل وعیال کے لئے ٹھکانا اور آب ودانہ تلاش کرنا۔
— الشَّيْئَ: کسی چیز کو تلاش کرنا۔
(اِسْتَرَادَتِ) الدَّوابُّ: جانوروں کا چراگاہ میں گھومنا۔
— لِاَمْرِهٖ: حکم کی تعمیل کرنا۔
— الشَّيْئَ: چل پھر کر کسی چیز کی تلاش کرنا۔

— لكذا: کسی مقصد کے لئے کوئی چیز تلاش کرنا۔

(الأرْوَدُ) الدَّهْرُ أرْوَدُ ذوغِيَرٍ: زمانہ چپکے چپکے اپنا کام کرتا ہے کسی کو محسوس نہیں ہوتا۔

(الرَّائِدُ): قائد، رہبر (قافلہ کے آگے آب و چارہ کی جگہ بتانے کے لئے چلنے والا) کہاوت ہے (الرَّائِدُ لا يَكذِبُ اهلَه) رہبر قافلہ والوں سے جھوٹ نہیں بولتا۔ (۲) میجر (ایک فوجی عہدہ) (محدثہ) (ج) رُوّادُ و رادةٌ۔

رائدُ العين: آنکھ کی کنک (ج) روائد۔

فلانٌ رائدُ الوساد: فلاں کو غم یا بیماری کی وجہ سے چین نہیں آتا۔ وهي رائدةٌ۔

— امرأةٌ رائدةٌ: پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمد و رفت رکھنے والی عورت۔

(الرَّادَارُ): رے ڈار، ایک الیکٹرانک مشین جس کی ذریعہ نگاہ کی گرفت سے باہر ہوائی جہاز یا سمندری جہاز کا پتہ لگایا جاتا ہے کہ وہ کہاں اور کتنے فاصلہ پر ہے (مج)

(الرَّاديوم): ریڈیم، ایک تابناک سفید عنصر جس کی شعاعی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے اور وہ اپنے کیمیائی عمل میں کیلشیم کے مشابہ ہے (مج)

(الرَّوَادُ) امرأةٌ رِوادٌ: پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمد و رفت رکھنے والی عورت۔

(الرُّوَادُ) ريحٌ رُوَادٌ: ہر طرف گھومنے والی ہوا۔

(الرَّوْدُ): ہلکی ہلکی ہوا (۲) مہلت۔

(الرُّوْدُ) إمْشِ على رُودٍ: آہستہ چلو۔

(الرُّوَيْدُ): ترخیم کی بنا پر ارواد کی تصغیر۔

(رويدًا): آہستہ رُوَيْدَ خالدٍ ورُوَيْدًا خالدًا خالد کو مہلت دو۔

(المِرْوَدُ): سرمہ لگانے کی سلائی (۲) لگام کے حلقہ کا لوہا (۳) جوڑ (۴) میخ، کیل، کھونٹی (۵) لوہے کی چرخی کا دھرا (جس پر وہ گھومتی ہے) (ج) مَرَاوِدُ و مَرَاوِيدُ۔

(رَوْدَنَ): (دیکھئے: ردن)

(الرَّوْدَقُ): دیکھئے (ردق)

(الرَّوْذَمَة): (دیکھئے: رذم)

(رَوْذَنَ): تھک جانا، کمزور ہونا۔

(رَازَه) (ن) رَوْزًا: تجربہ کرنا، آزمانا، اندازہ کرنا۔

— الدِّينارَ: دینار کو تول کر اس کی مقدار معلوم کرنا۔

— الحجرَ ونحوَهُ: پتھر وغیرہ کو اٹھا کر اس کی مقدار جانچنا۔

— صَنْعَتَهُ و مَالَهُ: صنعت و مال کی حفاظت و درستگی کرنا۔

— ما عندهُ: طلب کرنا، چاہنا۔

(رَاوَزَهُ): جانچنا، آزمانا۔

(رَوَّزَ) كلامه ورَأيَه في نفسه: اپنے دل میں اپنی کسی بات یا رائے کی جانچ پڑتال کر کے صحت و خرابی کو جانچنا۔

— رَايَهُ: ایک چیز کے بعد دوسری کا ارادہ کرنا۔

(الرَّازُ): (اس کی اصل رائز ہے) مزدوروں کا سردار، راج یا ہیڈ مستری، نگران کاریگر (ج) رَازَةٌ

(الرَّوْزُ): الرَّزْنُ (علم کیمیا کی ایک اصطلاح) دیکھئے: (رزن)

(الرِّيَازَةُ): معماری کا پیشہ۔

(الرَّوْزَنَةُ): (دیکھئے: رزن)

(رَاسَ) (ن) رَوْسًا: اکڑ کر متکبرانہ انداز میں چلنا۔

— السَّيلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لے جانا۔

(الرَّوْسُ): عیب۔ کہتے ہیں: فلانٌ روسُ سَوْءٍ: وہ برا آدمی ہے۔

(رَاشَ) (ن) رَوْشًا: زیادہ کھانا۔

— المرضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کرنا۔

(رَوِشَ) (س) رَوَشًا: کم عقل ہونا۔ هو أرْوَشُ وهي رَوْشاءُ (ج) رُوشٌ۔

(الرَّءُوْشُ): جس کے کان پر زیادہ بال ہوں (۲) کمزور کمر والا۔

(الرَّوْشَنُ): (دیکھئے: رشن)

(رَاضَه) (ن) رَوْضًا و رِيَاضًا و رِياضَةً: سدھانا، قابو میں کرنا۔ جیسے راضَ المُهْرَ: گھوڑے کے بچے وغیرہ کو سدھانا۔

— نَفْسَه بِالتَّقْوى: نفس پر قابو پا کر تقویٰ کا عادی بنانا۔

— القَوَافِيَ الصَّعْبَةَ: مشکل قافیوں کو گرفت میں لانا۔

— الدُّرَّ: موتی میں سوراخ کرنا۔ هو مَرُوضٌ وهي مَرُوضَةٌ۔

(أرَاضَ) المكانُ: کسی جگہ کا بہت باغات والا ہونا۔

— الوَادِيُ وَالحَوْضُ: وادی یا حوض میں پانی کا زمین کو ڈھانک لینا۔

— فلانٌ: تھوڑا پینے کے بعد خوب پینا۔

— المكانَ: کسی جگہ باغ بنانا۔

— القومَ: لوگوں کو سیراب کرنا۔

(أرْوَضَ) المكانُ: کسی جگہ کا باغ بننا۔

فلانٌ: کسی کے باغات میں رہنا۔

المكانَ: کسی جگہ کو باغ بنانا۔

(رَاوَضَهُ) على الأمْرِ: پھسلانا، فریب دے کر کسی کام پر لگانا۔

(رَوَّضَ) المكانُ: کسی جگہ کا باغ بننا۔

— المطرُ الأرضَ: بارش کا زمین کو سیراب کرنا۔

— المهرَ وغيرَهُ: بچھیرے وغیرہ کو سدھانا۔

(إرْتَاضَ): سدھ جانا، قابو میں آنا۔

— المهرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔

— القوافي: قافیوں کا قابو میں آنا۔

(تَرَاوَضَا): بیع و شراء میں باہم جھگڑنا۔ خرید و فروخت میں قیمت کی کمی بیشی اور سودے کی اچھائی برائی پر جھگڑنا۔

(اسْتَرَاضَ) المكانُ والوادي و الحوضُ بمعنی أراضَ۔

— المكانُ: جگہ کا کشادہ اور وسیع ہونا۔

— النَّفْسُ: طبیعت کا کھل جانا' دل خوش ہونا۔
(اِسْتَرْوَضَ) النَّبَاتُ: نباتات کا انتہائی بڑا ہوجانا۔ هو مُسْتَرْوِضٌ۔
— الارضُ: زمین کا عمدہ پودے اگانا۔ هي مُستروضَةٌ۔
(الرَّوْضَةُ): سرسبز زمین (۲) خوبصورت باغ۔ کہتے ہیں: مجلِسُهُ روضَةٌ: اس کی مجلس باغ و بہار ہے (ج) رَوْضٌ ورياضٌ۔
— روضَةُ الحوضِ ونحوهُ: حوض وغیرہ میں زمین کو ڈھانپنے کے بقدر پانی۔
(الرِّيَاضَةُ): (صوفیاء کے یہاں) عبادات کی پابندی اور نفسانی خواہشات سے گریز کے ذریعہ تہذیب اخلاق اور تربیت نفس۔
— الرِّيَاضَةُ البَدَنِيَّةُ: جسمانی ورزش (مج)
— العُلومُ الرِّيَاضِيَّةُ: علم حساب' علم ہندسہ اور جیومیٹری وغیرہ علوم جن سے ذہن کی ورزش کی جاتی ہے (مج)
(الرَّيِّضُ) من الدوابّ: وہ جانور جو پوری طرح سدھایا نہ جاسکے اور سوار کے قابو میں نہ آئے (مذکر ومونث کے لئے)
— أَمْرٌ رَيِّضٌ: غیر مستحکم معاملہ۔
(الرَّيِّضَةُ): قصيدةٌ رَيِّضَةٌ: ناپختہ فنی خامی والی نظم۔
— قصيدةٌ رِيِّضةُ القَوَافِي: ایسے مشکل قافیوں والی نظم جو آسانی سے شعراء کی دسترس میں نہ آسکے۔
(رَاعَ) (ن) رَوْعًا: گھبرانا' ڈرنا۔
— مِنه: گھبرانا' ڈرنا۔
— الشيئُ رُوَاعًا: اپنی جگہ لوٹنا۔
— الأمرُ فلانًا رَوْعًا: کسی معاملہ کا خوفزدہ کر دینا۔
— فُلانًا: پسند آنا' شاندار معلوم ہونا۔ جیسے راعَني جمالُه وراعني كلامُه۔
هو رائعٌ (ج) رُوَّعٌ وهي رائعة (ج) رُوَّعٌ وروائعُ۔

— هٰذِهِ شَرْبَةٌ رَاعَ بِهَا فُؤَادِيْ: یہ ایسا شربت ہے جس سے میرا دل ٹھنڈا ہوگیا۔
(رَوِعَ) (س) رَوَعًا: بہت شاندار ہونا (۲) بہت سمجھدار ہونا۔
(أَرَاعَه): گھبرادینا' ڈرانا۔
(رَوَّعَه): گھبرادینا' ڈرانا۔
— الطَّعَامَ بِالسَّمْنِ: کھانے کو گھی میں تر کرنا۔
(اِرْتَاعَ): ڈرنا' گھبراجانا۔
— له ومنه: ڈرنا' گھبراجانا۔
— للخيرِ: بھلائی اور نیکی سے خوشی محسوس کرنا۔
— منه: ڈرنا' گھبراجانا۔
(الأَرْوَعُ): سمجھدار' حاضر دماغ۔ (۲) بہت شاندار' تعجب خیز حسن اور بہادری والا۔ وهي رَوْعَاء (ج) رُوْعٌ۔
— قلبٌ أَرْوَعُ: حساس دل جو ذراسی بات دیکھ یا سن کر ڈر جائے۔
(الرَّائِعُ): تعجب خیز' پسندیدہ' شاندار۔
(الرَّائِعَةُ): تانیث الرائع (۲) اخلاق اور فکر و فن کی امتیازی شان (۳) نمایاں ترین خصوصیت۔
هذهِ القصيدة او هذهِ القصة من روائع فلان: یہ نظم یا قصہ اس کی امتیازی خصوصیات میں سے ہے (مج)
— رَائِعَةُ الشَّيْبِ: بڑھاپے کے آغاز کے آثار۔
— رائعةُ الضُّحٰى ورائعةُ النَّهَارِ: دن کی روشنی' دن کا بڑا حصہ۔ کہتے ہیں: هو كالشَّمْسِ فی رائعة الضُّحٰى او فی رَائِعَةِ النَّهَارِ: وہ دن کی روشنی کی طرح واضح اور روشن ہے۔
(الرُّوَاعُ) هو رُوَاعُ الفُؤَادِ: سمجھ دار' عقل مند' ذکی' بردبار۔ هي رواعٌ ورُوَاعَةُ الفُؤَادِ۔
(الرُّوْعُ): دل (۲) ذہن (۳) عقل۔
— وَقَعَ فی رُوعِیْ كذا: میرے دل میں یہ بات آئی۔
أَفْرَخَ رُوْعُه: اس کے دل سے خوف جاتا رہا۔

(الرَّوْعَةُ): شان وشوکت (۲) خوف۔ حدیث میں ہے (اَللّٰهُمَّ آمِنْ رَوْعَاتِيْ)
(المُرَوَّعُ): صاحب بصیرت' باریک بین' صاحب الرائے۔ حدیث میں ہے: (اِنَّ فی كلّ أُمَّةٍ مُحدَّثِيْنَ و مُرَوَّعِيْنَ فَإنْ يكن فی هذهِ الامة منهم أحدٌ فهو عُمَرُ)
— الثَّعْلَبُ والصيدُ: لومڑی یا شکار کا جان بچانے کے لئے ادھر ادھر بھاگنا۔
(رَاغَ) (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا و رَوَاغًا: دھوکہ دے کر بچنے کے لئے ادھر ادھر بھاگنا۔
— إلٰی كذا: کسی چیز کی طرف پوشیدہ طور پر مائل ہونا۔
— عليه ضَرْبًا: مارنے کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ قرآن مجید ہے: {فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾}
— حاجَةً إلٰى فلانٍ: کسی سے جلد ضرورت پوری کرنے کی خواہش کرنا۔
(أَرَاغَهُ): دھوکہ دینا (۲) کسی چیز کو تلاش کرنا' خواہش کرنا۔
— علی امرٍ وعَنْ امرٍ: کسی کام کے لئے ورغلانا اور اس کی چاہت کرنا۔
(رَاوَغَهُ): دھوکہ دینا (۲) پچھاڑنا۔
— علی الامر: ورغلا کر کوئی کام کروانا۔
(رَوَّغَ) الطَّعَامَ: کھانے میں خوب روغن و چربی ڈالنا۔
— اللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ: لقمہ کو گھی میں خوب بھگونا۔
(ارْتَاغَهُ): چاہنا' طلب کرنا۔
(تَرَاوَغَا): ایک دوسرے کو دھوکہ دینا۔ (۲) کشتی لڑنا۔
(تَرَوَّغَتِ) الدَّابَّةُ: چوپائے کا مٹی میں لوٹ پوٹ ہونا۔
(الأَرْوَغُ): هو أَرْوَغُ من ثُعالَةَ: وہ لومڑی سے زیادہ مکار ہے۔
(الرَّائِغُ) طَرِيْقٌ رَائِغٌ: ٹیڑھا راستہ۔

(الرَّائِغَةُ): موڑ دار راستہ۔حدیث احنف میں ہے (فَعَدلتُ اِلٰی رائغَةٍ مِنْ رَوَائِغِ المدينة)
(الرَّوَاغَةُ): کشتی کا اکھاڑہ۔
(الرَّوَّاغُ): مکار، بہت چالاک (۲) لومڑی۔
(الرِّيَاغُ): زرخیزی (دیکھئے: ريغ)
(رَاقَ) (ن) رَوْقًا: صاف وشفاف ہونا۔
— عليه: کسی پر فوقیت رکھنا۔
— الشيءُ فلانًا رَوْقًا ورَوَقَانًا: پسند آنا، بھلی لگنا۔
(رَوِقَ) (س) رَوَقًا: اوپر کے لمبے دانتوں والا ہونا۔
(رَاوَقَهٗ): کسی کے برآمدہ کے سامنے برآمدہ بنانا۔کہتے ہیں هُوَ جَارِيْ مُرَاوِقِيْ: وہ میرا پڑوسی ہے اور اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے سامنے ہے۔
(رَوَّقَ) اللَّيْلُ: رات کا تاریکی پھیلا دینا۔
— الشَّرَابَ: پینے کی چیز کو صاف کرنا۔
— السِّلْعَةَ: سامان بیچ کر اس سے بہتر چیز خریدنا۔
— له في السِّلْعَةِ: خریدار کے نہ چاہتے ہوئے قیمت بڑھانا۔
— البيتَ: گھر کا برآمدہ بنانا۔
(تَرَوَّقَ) الشَّرَابُ: پینے کی چیز کا صاف ہونا۔
(الأَرْوَقُ): وہ شخص جس کے اوپر کے دانت باہر نکلے ہوں۔
— عَامٌ أَرْوَقُ: سختی کا سال۔وهي رَوْقَاءُ (ج) رُوْقٌ۔
(الرَّاوُوْقُ): فلٹر، صاف کرنے کا آلہ، عرق کشید (۲) بوتل یا مرتبان (۳) گلاس (ج) رَوَاوِيْقُ۔
(الرُّوَاقُ): برآمدہ، سائبان، شیڈ (جو ایک یا دو ستونوں پر گھر کے آگے نکالا جائے یا وہ پردہ جو بطور سائبان آگے ڈالا جائے) (۲) مسجد یا عبادت گاہ وغیرہ کے اندر بنا ہوا تعلیم وغیرہ کا کمرہ یا سائبان یا برآمدہ (۳) کانفرنس وغیرہ میں مشورہ اور ملاقات کا خاص حصہ یا کمرہ۔
— رُوَاقُ البَيْتِ: برآمدہ یا ہال، گھر کا سامنے والا حصہ۔رِوَاقُ الطُّلَّابِ: ہوسٹل، دار الاقامہ۔
— رُوَاقُ العَيْنِ: آبرو، آنکھ کا پردہ (ج) أَرْوِقَةٌ ورُوْقٌ۔
(الرِّوَاقِيُّوْنَ): یونان کے فلسفی زینون کے شاگرد (یہ نام اس لئے مشہور ہوا کہ زینون ان کو رواق میں تعلیم دیتا تھا ان کو اصحاب المظلة (سائبان والے) بھی کہا جاتا ہے)
(الرَّوْقُ): ہر چیز کا اول اور ابتدائی حصہ۔
رَوْقُ المَطَرِ: بارش کا ابتدائی حصہ۔
— رَوْقُ الجَيْشِ: لشکر کا اول دستہ۔
— رَوْقُ البَيْتِ: گھر کا سائبان۔
— رَوْقُ الشَّبَابِ: جوانی کا آغاز۔
— رَوْقُ القومِ: قوم کا سردار۔
— مَضٰى رَوْقٌ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
— رَوْقُ السَّحَابِ: بادل کا برستا ہوا پانی۔
— أَلْقَتِ السحابَةُ أَرْوَاقَهَا: بادل نے مسلسل بارش برسائی (۲) جانور کا سینگ۔کہاوت ہے (كَالثَّوْرِ يَحْمِيْ أَنْفَه بِرَوْقِهٖ) (۳) پسندیدہ، تعجب خیز (۴) انتہائی بہادر (۵) عمر۔کہتے ہیں: أَكَلَ فلانٌ رَوْقَهٗ: وہ عمر کے آخری حصہ کو پہنچ گیا (۶) صاف شفاف پانی وغیرہ (۷) پردہ (۸) شکاری کی پناہ گاہ (۹) عزم وارادہ (۱۰) جماعت۔جیسے: جاءَ رَوْقُ بني فلان (۱۱) خالص محبت (۱۲) عوض، بدل (۱۳) جسم (۱۴) بڑا خیمہ، پنڈال۔کہتے ہیں: ضَرَبَ رَوْقَهٗ بالمكانِ: انہوں نے ڈیرے ڈال دیئے۔ألقى رَوْقَه: اس نے دوڑ لگائی (ج) أَرْوَاقٌ۔ارواقُ الليلِ: رات کی تاریکی۔
— أَرواقُ العينِ: آنکھ کی اطراف۔
— أَسْبَلَتْ ارواقُها: آنسو بہانا۔
— رَمَاهُ بأَرْوَاقِهٖ: اس نے اپنا بوجھ ڈال دیا۔
رَمٰى بأَرْوَاقِهٖ على الدَّابَّةِ: جانور پر سوار ہونا۔
أَلْقٰى بأَرْوَاقِهٖ عن الدَّابَّةِ: جانور سے اترنا۔
ألقٰى عليه ارواقَهٗ: کسی کی محبت میں گھل جانا۔
(الرَّوْقَةُ): پرکشش حسن وجمال۔
(الرُّوْقَةُ): بہت خوبصورت لڑکا لڑکی (مذکر و مؤنث، مفرد، تثنیہ، جمع سب کے لئے) (۲) چنیدہ اور برگزیدہ لوگ۔ذکر روم والی حدیث میں ہے (يَخْرُجُ اِلَيْهِمْ رُوْقَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ)
(الرَّيِّقُ): رَيِّقُ الشَّبَابِ: جوانی کا آغاز۔
(الرَّيِّقُ) رَيِّقُ كلِّ شيءٍ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔
— رَيِّقُ الشباب: جوانی کی ابتداء۔
(رَوَّلَ) الفَرَسُ وغيرُه: گھوڑے وغیرہ کی رال بہنا (۲) رک رک کر تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
— الطعامَ: کھانے میں روغن کو زیادہ کرنا۔یا اس کو روغن میں اچھی طرح تر کرنا۔
— رأسَه من الدُّهنِ: سر میں تیل لگانا۔
(تَرَوَّلَ): رال بہنا۔
(الرَّائِلُ): زائد دانت۔
(الرَّاوُوْلُ): زائد دانت (۲) لعاب، رال، تھوک (ج) رَوَاوِيْلُ۔
(الرُّوَالُ): رال، لعاب۔
(المِرْوَلُ): زیادہ لعاب والا۔
(رَامَهٗ) (ن) رَوْمًا ومَرَامًا: تلاش کرنا، چاہنا، طلب کرنا۔
(رَوَّمَ): ٹھہرنا۔
— فلانًا الشيءَ: کسی کو کسی چیز کا طلب گار بنانا۔
— فلانًا وبفلانٍ: خواہش دلانا۔
— رأيَهٗ: ایک چیز کے بعد دوسری کا ارادہ کرنا۔
(تَرَوَّمَ) بفلانٍ: مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔
(رَامَةُ): جنگل کی ایک جگہ کا نام۔جوہر (اس کو کبھی تثنیہ بھی استعمال کرتے ہیں) کہاوت ہے (تسأَلُني برامَتينِ سَلْجمًا) تو مجھ سے مقام رامہ میں شلغم مانگتا ہے یعنی ناممکن چیز کو طلب کرتا ہے۔
(الرُّوْمُ): کان کی لو (۲) قرّاء کی اصطلاح میں

ر

آخری کلمہ کی حرکت کو تیزی کے ساتھ ادا کرنے کا نام ہے جس پر وقف کیا جائے اور اس کی آواز مسموع بھی ہو (اشمام سے زیادہ)

(الرُّوْمُ): کان کی لو (۲) گنے کے رس کی شراب (د) (۳) روم کے لوگ۔ واحد: رُوِمیٌّ۔

(الرُّوْمَۃُ): گوند' چپکنے والا مسالا۔

(الرُّوْمِیُّ): روم کا باشندہ۔

(الْمَرَامُ): مطلوب و مقصود۔

(الرُّوْمَاتِزْمُ): اعصاب اور جوڑوں کے درد کی بیماری (مج)

(رَانَ) (ن) الیومُ رَوْنًا: دن کا سخت گرم اور پریشان کن ہونا۔

— الامرُ: کسی کام کا سخت ہونا۔

(الأَرْوَنَانُ): آواز (۲) دشوار گزار دن۔

— یومٌ أَرْوَنَانٌ ویومُ أَرْوَنَانٍ: سخت گرمی اور پریشانی کا دن۔

— لیلۃٌ أَرْوَنَانَۃٌ ولَیْلَۃُ أَرْوَنَانَۃٍ: گرم اور پریشان کن رات۔

(الرَّوَانِیُّ): ایک قسم کا حلوا جو میدہ' شکر اور انڈوں سے بنایا جاتا ہے (۲) کیک (د)

(الرُّوْنُ): سختی' شدت (ج) رُوُوْنٌ۔

(الرُّوْنَۃُ) رُوْنَۃُ الشَّیْءِ: کسی چیز کی سختی اور اس کا بڑا حصہ' گرمی یا سردی یا جنگ وغم وغیرہ کی شدت۔ کہتے ہیں: کَشَفَ اللّٰہُ عَنْکَ رُوْنَۃَ ھٰذَا الأَمْرِ: اللہ تعالیٰ نے تجھ سے اس معاملہ کی سختی اور پریشانی کو دور کر دیا۔

(الْمَرُوْنُ): ھو مَرُوْنٌ بہٖ: مغلوب و مقہور۔

(رَوٰی) (ض) علی البعیرِ رَیًّا: اونٹ کو پانی پلانا۔

— القومَ وعَلَیْھِم ولَھُمْ: پانی نکالنا' پانی لانا۔

— البَعِیْرَ: اونٹ پر رسّی کسنا۔ کہتے ہیں: رَوٰی علی الرَّجُلِ بالرِّوَاءِ: سوار کو اونٹ پر رسّی سے باندھنا تاکہ وہ غلبہ نیند کی وجہ سے نیچے نہ گرے۔

— الحدیثَ او الشِّعْرَ (روایۃً): روایت کرنا' بیان کرنا' نقل کرنا۔ ھو راوٍ۔ (ج) رواۃٌ۔

— البعیرُ الماءَ روایۃً: اونٹ کا پانی بھرنا۔

— علیہ الکَذِبَ: جھوٹ بولنا۔

— الحَبْلَ رَیًّا: رسّی کو خوب بٹنا۔

— الزَّرْعَ: کھیتی کو سیراب کرنا۔

(رَوِیَ) (س) من الماءِ ونحوِہٖ رَیًّا و رِوًی: پانی سیر ہو کر پینا۔

— الشَّجَرُ: درخت کا سرسبز ہونا۔

— النَّبْتُ: سرسبز ہونا۔ ھو رَیَّانٌ وھی رَیًّا و رَیَّانَۃٌ (ج) رِوَاءٌ۔

(أَرْوَاہُ): سیراب کرنا۔

— فلانًا الحَدِیْثَ والشِّعْرَ: کسی سے شعر یا حدیث سنانے کو کہنا۔

(رَوّٰی): ضرورت کا پانی ساتھ لینا۔

— فلانٌ فی الأَمْرِ: غور وفکر کرنا۔

— فلانًا: سیراب کرنا (۲) کسی معاملہ پر غور وفکر کروانا۔

(ارتوی): پانی پی کر سیر ہونا۔

— مفاصلُہٗ: جوڑوں کا گوشت سے بھرا ہوا ہونا۔

— الحَبْلُ: رسّی کا مضبوطی سے بٹا ہوا ہونا۔

(تَرَوّٰی): سیراب ہونا۔

— مفاصلُہٗ: جوڑوں کا گوشت سے بھرا ہوا ہونا۔

— فی الامرِ: غور وفکر کرنا۔

— الحدیثَ أو الشِّعْرَ: روایت کرنا' نقل کرنا' بیان کرنا۔

(الأَرْوٰی): پہاڑی بکری (اسم جنس)

(الأُرْوِیَّۃُ): پہاڑی بکری (ج) أَرَاوِیُّ

(التَّرْوِیَۃُ) یومُ التَّرْوِیَۃِ: ذی الحجہ کی آٹھ تاریخ۔

(الرَّاوِی): حدیث یا شعر وغیرہ کا حامل اور نقل کرنے والا (ج) رُوَاۃٌ۔

(الرَّاوِیَۃُ): تانیث الرَّاوِی (۲) پانی بھرنے والا (۳) زیادہ روایتیں کرنے والا راوی (اس صورت میں تاء مبالغہ کی ہوگی) (۴) پانی کی مشک (۵) وہ جانور جس کے ذریعہ پانی بھرا جائے (ج) رَوَایَا۔

(الرَّوَاءُ) من الماءِ: شیریں پانی (۲) بقدر سیرابی زیادہ پانی۔

(الرِّوٰی) ماءٌ رِوًی: میٹھا پانی۔

(الرِّوَاءُ): اونٹ پر لدے ہوئے سامان کو باندھنے کی رسی (ج) أَرْوِیَۃٌ۔

(الرُّوَاءُ): خوشنمائی' رونق۔

(الرِّوَایَۃُ): لمبی کہانی' ناول (محدثۃ)

(الرَّوَّاءُ): ساقی' پانی گھروں میں پہنچانے والا۔

(الرَّوِیُّ): مکمل سیرابی۔ کہتے ہیں: شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِیًّا: میں نے خوب سیر ہو کر پانی پیا (۲) موسلا دھار بارش برسانے والا بادل (۳) بہت پانی (۴) ساقی' پانی پلانے والا (۵) کمزور۔ ھی رَوِیَّۃٌ سحابۃٌ رَوِیَّۃٌ وکأسٌ رَوِیَّۃٌ (۶) علم عروض کی اصطلاح میں وہ حرف جس پر نظم وقصیدہ کی بنیاد ہوتی ہے وہ قصیدہ اس حرف کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ جیسے قصیدۃٌ بَائِیَۃٌ: جس نظم کا قافیہ باء پر ختم ہوتا ہے۔

(الرَّوِیَّۃُ): غور وفکر' معاملات پر سوچ و بچار (خلاف البدیھۃ) (۲) کسی چیز کا باقی حصہ۔ کہتے ہیں: عَلَیَّ رَوِیَّۃٌ من دَیْنٍ: مجھ پر کچھ قرضہ باقی ہے (۳) ضرورت' حاجت (ج) روایا۔

(الرَّیَّا): خوشگوار ہوا۔

(الرَّیَّانُ): سرسبز وشاداب۔

— فرسٌ رَیَّانُ الظَّھْرِ: پر گوشت کمر والا گھوڑا۔

— وَجْہٌ رَیَّانٌ: بھرا ہوا چہرہ۔

— رَیَّانٌ مِنَ العِلْمِ: علم سے مالا مال۔

(الرَّیَّۃُ): ایک دفعہ کی سیرابی۔

— عینٌ رَیَّۃٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

(المَرْوٰی): آب پاشی کی نہر (ج) مراء۔

(المِرْوٰی): جانور پر سامان باندھنے کی رسّی (ج) المَرَاوِی۔

ر

ر............ی

(رَابَہ)(ض) الامرُ وفلانٌ رَیبًا و رِیبَۃً: شک میں ڈالنا۔حدیث میں ہے (دَعْ ما یَرِیبُكَ اِلٰی مَالَا یَرِیبُكَ)
— رَابَہ مِنْ فُلَانٍ اَمْرٌ: کسی کی طرف سے کسی بات کا شک ہونا۔
— الرَّجُلُ فُلَانًا: شک میں ڈالنا۔
— الْاَمْرُ فلانًا: کسی کو کوئی چیز لاحق ہونا' پیش آنا۔
(اَرَابَ) الْاَمْرُ والرَّجُلُ: مشکوک ہونا۔
— الامرُ والرجُلُ فلانًا: شک میں ڈالنا۔ کہتے ہیں: ارابَہٗ مِنْ فُلَانٍ اَمْرٌ: کسی سے بدگمان ہونا۔
— الرَّجُلَ: تہمت لگانا' مشکوک کرنا۔
— فُلَانًا: پریشان کرنا' بے چین کرنا۔حدیث فاطمہ رضی اللہ عنہا میں ہے (یُرِیبُنِی مَا یُرِیبُهَا)
(اِرْتَابَ) فیه وبه: شک کرنا۔
— به: تہمت لگانا۔
(تَرَیَّبَ) به بمعنی اِرْتَابَ۔
(اسْتَرَابَ) به: کسی میں کوئی شک والی بات دیکھنا۔
(الرَّیْبُ): شک وشبہ' گمان' تہمت والزام (۲) ضرورت (۳) حوادثات زمانہ۔
— رَیْبُ المنونِ: حوادث زمانہ۔
(الرِیبَۃ): ظن' گمان' شک' تہمت (ج) رِیَبٌ
(الرَّیَّابُ) من الأمور: خوفناک' بھیانک۔
(المُسْتَرَابَۃُ): وہ عورت جس کو حیض کی عمر میں بھی حیض نہ آتا ہو۔
(الرِّیبَاسُ): ایک سبزی جو ٹھنڈے اور پہاڑی مقامات میں ہوتی ہے۔اس کی گاجر نما پوریاں پکا کر کھائی جاتی ہیں اور اس کے رس کا شربت بھی بنایا جاتا ہے۔
(رَاثَ)(ض) رَیْثًا: دیر کرنا۔
(اَرَاثَہٗ) عنه: دیر کروانا۔

(رَیَّثَ) فلانٌ: تھک کر چور ہوجانا۔
— عَمَّا علیه: ڈیوٹی میں کوتاہی کرنا۔
— فلانًا: تاخیر کروانا (۲) تھکا کر نڈھال کر دینا۔
— الشیئَ: نرم کرنا۔
(تَرَیَّثَ) بمعنی رَاثَ۔
(اِسْتَرَاثَہٗ): دیر کروانا' تاخیر کروانا۔
(الرَّیْثُ): دیر' تاخیر' سستی' کہاوت ہے (رُبَّ عجلة تَهَبُ رَیْثًا) کبھی عجلت دیر کا باعث ہوتی ہے (۲) وقت کی تعداد۔کہتے ہیں: مَا قَعَدَ عندنا اِلاّ ریث ان حَدَّثَنَا بحدیث ثم مَرّ: وہ ہمارے پاس صرف اتنی دیر بیٹھا کہ بات کی اور چلا گیا (۳) کبھی اس پر ما کو داخل کرتے ہیں جیسے مَا قعدالاَّ رَیْثَمَا فَعَلَ کَذَا۔
(الرَّیِّثُ): تاخیر کرنے والا' سست۔
(المُرَیَّثُ) مُرَیَّثُ العینین: کمزور نگاہ والا۔
(الریجِیُّ): سرکاری انتفاع' ایک نظام جس کے تحت حکومت بعض منصوبوں پر سرمایہ لگا کر ان سے سرمایہ حاصل کرتی ہے (مج)
(الأَرْیَحُ): (دیکھئے: روح)
(الرَّیْحَانُ): (دیکھئے: روح)
(رَاخَ)(ض) رَیْخًا و رُیُوخًا و رَیَخَانًا: ذلیل ہونا (۲) نرم اور ڈھیلا ہونا (۳) دونوں رانوں کے درمیان زیادہ فاصلہ والا ہونا (جس کی وجہ سے دونوں رانوں کو ملانا دشوار ہو)
(رَیَّخَہ): نرم و کمزور کرنا۔
(الرَّادَۃُ) ریحٌ رادۃٌ: سبک ہوا۔
(الرَّیْدُ): پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ (ج) رُیُوْدٌ و اَرْیَادٌ۔
(الرِیْدُ): مقصد' مشغلہ۔
(الرَّیْدَانَۃُ) و (الرَّیْدَۃُ) بمعنی الرَّادَۃ۔
(رَارَ)(س) رَیْرًا: پنڈلیوں کے مغز کا نرم ہونا۔
(اَرَارَ) الهُزَالُ مُخَّ ساقیه: کمزوری کا پنڈلیوں کے مغز کو نرم کردینا۔
(الرَّائِرَۃُ): گھٹنے کے اندر بھیجے کی طرح کی عمدہ چربی۔

(الرَّیْرُ) مُخٌّ رِیْرٌ: کمزوری کی وجہ سے خراب ہونے والا مغز۔
(رَاسَ)(ض) رَیْسًا و رَیَسَانًا: غرور سے اترا کر چلنا۔
— القومَ: سردار بننا۔
(الرَّیِّسُ): سردار' سربراہ۔
(رَاشَ) (ض) الطائرُ رَیْشًا: پرندہ کے پر نکلنا۔
— فلانٌ: مالدار ہونا۔
— السَّهْمَ: تیر پر پر لگانا۔هو مَرِیشٌ۔
— فلانًا: قوت دینا' مدد کرنا' احوال درست کرنا۔
— اللهُ: اللہ نے اس کی حالت درست کردی'
— راشه اللهُ مالاً: اللہ نے اس کو مال عطا کیا۔
— السُّقْمُ فلانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کردینا۔
کہتے ہیں: لا تَرِشْ عَلَیَّ: میری بات نہ کاٹو۔
فلانٌ لا یریشُ ولا یَبْرِیْ: فلاں آدمی نہ نفع پہنچاتا ہے نہ نقصان۔
(رَیَّشَ) السَّهْمَ: تیر کو پر لگانا۔
— الثوبَ: کپڑے پر پروں جیسی تصویریں بنانا۔
— السُّقْمُ فلانًا: بیماری کا کمزور کردینا۔
(ارتَاشَ) فلانٌ: نمایاں طور پر خوشحال ہونا۔
(تَرَیَّشَ) بمعنی اِرْتَاشَ۔
(الأَرْیَشُ): جس کے چہرہ اور کان پر زیادہ بال ہوں۔
— رجلٌ اَرْیَشُ: زیادہ مال ولباس والا آدمی۔
(الرَّائِشُ): پر والا تیر (۲) کسی معاملہ میں رشوت دلانے والا دلال۔
— سَهْمٌ رَائِشٌ: کمزور تیر۔
(الرِّیَاشُ): شاندار لباس (۲) سامان' فرنیچر (۳) مال (۴) خوشحالی (۵) معاش' روزی (۶) عمدہ حالت۔
(الرَّیِّشُ): کَلَأٌ رَیِّشٌ: زیادہ پتوں والی گھاس۔

(الرِّيْشُ): پر ۔واحد : رِيشَةٌ ۔(۲) شاندار لباس (۳) سامان (۴) مال (۵) خوشحالی (۶) عمدہ حالت (ج) اَرْيَاشٌ ورِيَاشٌ۔
(الرَّيِّشُ): کانوں اور چہرہ کے زیادہ بالوں والا (۲) ڈھلی ہوئی دھات پر پالش سے پہلے لگا ہوا زنگ جیسا مادہ۔
(الرِّيْشُ) بمعنی الرَّيِّشُ۔
(الرِّيْشَةُ): قلم کا نب (۲) قلم (۳) سارنگی کا وہ حصہ جو تاروں پر مارا جاتا ہے (۴) پرندہ کے پر کو قط لگا کر بنایا جانے والا قلم جو نقاشی میں استعمال ہوتا ہے۔(مج)
(المُرَيَّشُ): کمزور پیٹھ والا آدمی (۲) اعزاز یافتہ آدمی جسے بادشاہ نے بطور اعزاز سر میں لگانے کے لئے پر دیا ہو۔
(الرِّيَاضَةُ): (دیکھئے: روض)
(الرَّائِطَةُ): ایک پاٹ کی چادر (۲) باریک پتلا کپڑا ۔کہتے ہیں : خَرَجَ مُشْتَمِلاً بِرِيْطَةِ الظَّلْمَاءِ: وہ تاریکی کی چادر اوڑھ کر نکلا۔ فلانٌ يَجُرُّ رِيَاطَ الحَمْدِ: فلاں تعریف کی چادر کھینچ کر چلتا ہے یعنی خوب تعریف کرتا ہے (ج) رَيْطٌ ورِيَاطٌ۔
(الرَّيْطَةُ) بمعنی الرَّائِطَةُ۔
(رَاعَ)(ض)الشَّيْءُ رَيْعًا و رُيُوْعًا ورِيَاعًا ورَيَعَانًا: بڑھنا' نشوونما پانا۔
— الانسانُ او الحيوانُ رَيْعًا: لوٹنا' واپس آنا۔ کہتے ہیں: وَعَظْتُه فَأَبَى اَنْ يَرِيْعَ: میں نے اسے نصیحت کی مگر وہ باز نہ آیا۔ هَرَبَتِ الابلُ فصاح عليها الرَّاعي فَرَاعَتْ اليه: اونٹ بھاگ گے چرواہے نے آواز لگائی تو وہ لوٹ آئے۔
— السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
— فلانٌ: خوف زدہ ہونا۔
(اَرَاعَ): بڑھنا' زیادہ ہونا۔
— فلانٌ: کسی کی کھیتی کا بڑھنا۔
— الشَّيْءَ: بڑھانا' زیادہ کرنا۔

(رَيَّعَ) بمعنی اَرَاعَ۔
— القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
— السَّرَابُ: سراب کا لہرانا۔
— الشَّيْءَ: بڑھانا' زیادہ کرنا۔
(تَرَيَّعَ) الشَّيْءُ: زیادہ ہونا' بڑھنا۔
— السَّرَابُ: سراب کا لہرانا۔
— القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
— فلانٌ: پریشان ہونا (۲) توقف کرنا (۳) تیل وخوشبو سے خود کو آراستہ کرنا۔
— الماءُ: پانی کا جاری ہونا۔
— يدُهُ بالجودِ: دستِ سخاوت فراخ ہونا۔
(استَرَاعَ) فلانٌ: حیران ہونا' توقف کرنا۔تیل وخوشبو سے مزین ہونا۔
(الرِّيْعُ): ہر چیز کا بچا ہوا حصہ جیسے رِيْعُ العجين ورِيْعُ الدَّقيق۔ کہتے ہیں: لَيْسَ لَه رِيْعٌ اس کے پاس کچھ نہیں (۳) پیداوار کا وہ حصہ جو زمین کا کرایہ دار مالک کو اس انتفاع کے بدلہ دیتا ہے جو وہ زمین سے حاصل کرتا ہے (۴) ٹیلہ (۵) نفع (۶) ہر چیز کا بہتر اور پہلا حصہ۔
— رِيْعُ الخِصْبِ: منافع زرخیزی' وہ پیداواری ترجیحی نفع جو ایک زمین کی دوسری زمین کے مقابلہ میں زیادہ زرخیز ہونے کی بنا پر لیا جاتا ہے۔
— رِيْعُ المَوْقِعِ: زمین کے کسی خاص گوشہ سے حاصل ہونے والا منافع' منافع جائے وقوع (مج)
— رِيْعُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔
— رِيْعُ الضُّحٰى: چاشت کی روشنی۔
(الرِّيْعُ): ٹیلہ (۲) راستہ (ج) رُيُوْعٌ و ارياعٌ ورِياعٌ۔
(رَيْعَانُ) كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور پہلا حصہ۔ رَيْعَانُ الشَّبَابِ: جوانی کا بہترین حصہ۔ رَيْعَانُ المَطَرِ: ابتدائی بارش۔ رَيْعَانُ السَّرابِ: سراب کی چمک۔
(رَيَّغَ) الطعامَ: کھانے کو مرغن کرنا۔
— الشَّيْءَ: مٹی میں لت پت ہونا۔
(تَرَيَّغَ) الطعامُ: کھانے کا مرغن ہونا۔

(الرِّيَاغُ): مٹی' باریک مٹی (۲) شادابی۔
(دیکھئے: الرياغ في: روغ)۔
(الرِّيْغُ): غبار (۲) مٹی۔
(رَافَ) (ض) فلانٌ رَيْفًا: سرسبز زمین میں آنا' کھلی جگہ آنا دیہات میں آنا۔
— الماشيةُ: جانور کا سرسبز جگہ چرنا۔
(اَرْيَفَ) فلانٌ بمعنی رَافَ۔
— الأرضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
(اَرَافَتِ) الأرضُ: زمین کا سرسبز وشاداب ہونا۔
(رَايَفَ) لِلظِّنَّةِ: گناہ سے قریب ہونا۔
(تَرَيَّفَ) فلانٌ بمعنی رَافَ۔
(الرِّيْفُ): سرسبز زمین' قابل کاشت زمین (۲) دیہات' بستیاں (۳) کھانے پینے کی وسعت (ج) اَرْيَافٌ ورُيُوْفٌ۔
(الرَّيِّفَةُ) من الأرضِ: سرسبز وشاداب زمین۔
(رَاقَ)(ض) الماءُ ونَحْوُه رَيْقًا: پانی کا اوپر سے گرنا۔
— السَّرابُ: سراب کا چمکنا' لہرانا۔
— فلانٌ بنفسه رَيْقًا و رُيُوْقًا: کسی کا بوقت موت دم توڑنا۔
(اَرَاقَ) الماءَ: پانی ڈالنا۔
(رَيَّقَه) الشَّرابَ: بغیر تلچھٹ کسی کو شراب یا شربت پلانا۔
(تَرَيَّقَ) الطعامُ: کھانے کا مرغن ہونا۔
— الماءَ او الطَّعَامَ: نہار منہ کھانا یا پینا۔
(الرَّائِقُ): خالص (۲) جو چیز سانس باقی رکھنے کے لئے کھائی جائے۔ کہتے ہیں: اَتَيْتُه رائقًا: میں اس کے پاس نہار منہ آیا۔
— خُبْزٌ رائِقٌ: روکھی روٹی۔(۲) صبح کو نہار منہ پیا جانے والا پانی (۳) باطل' غلط کام۔ کہتے ہیں: اَقْصِرْ عَنْ رَيْقِكَ: اپنا غلط کام چھوڑ دو (۴) جوانی کی ابتداء (دیکھئے: روق)
(الرِّيْقُ): تھوک' لعاب دہن (ج) اَرْيَاقٌ و رِيَاقٌ (۲) قوت وطاقت۔ کہتے ہیں: كان هٰذا

الأَمْرُ وبِنَا رِيْقٌ : یہ کام اس وقت ہوا جب ہم میں طاقت تھی (۳) زندگی کا آخری سانس۔
— جَآءَ عَلَى الرِّيْقِ وعَلَى رِيقِ نَفْسِه: وہ نہار منہ آیا۔
(الرِّيْقَةُ): رال، تھوک، ایک دفعہ گری ہوئی تھوک۔
(الرَّيِّقُ) أتَيْتُه رَيِّقًا: میں اس کے پاس نہار منہ آیا (۲) جوانی کی ابتداء (۳) ہر چیز کا عمدہ حصہ (دیکھئے: روق)
(رَالَ) (ض) الصَّبِيُّ رَيْلًا : بچہ کا لعاب بہنا۔
(رَيَّلَ) الصَّبِيُّ: رال ٹپکنا (مو)
(الرِّيَالُ): لعاب، رال (۲) چاندی کا ڈھلا ہوا سکا، سعودی عرب اور قطر وغیرہ کا ایک سکہ (د)
(الرِّيَالَةُ): لعاب، رال۔
(المَرْيَلَةُ): رال بند، بچہ کے گلے میں کپڑوں کو رال سے بچانے کے لئے ڈالا جانے والا تولیہ۔
(رَامَ) (ض) الجُرْحُ رَيْمًا ورَيَمَانًا: زخم کا اچھا ہوجانے سے منہ بند ہوجانا۔
— الحِمْلُ: بوجھ کا جھکنا۔
— عَلَيْهِ رَيْمًا: بڑھنا، فوقیت لے جانا۔ کہتے ہیں : لَه رَيْمٌ عَلَى هٰذا: اسے اس پر فوقیت حاصل ہے۔
— مكانَه: اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
— فلانًا ومن عندہ: کسی کے پاس سے الگ ہوجانا۔

— مَا رَامَ مكانَهُ وَمَا رَامَ مِنْ مكانه: وہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹا۔
— ما يَرِيْمُ يفعلُ كذا: وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔
(رَيَّمَتِ) السحابةُ: بادل کا مسلسل برسنا۔
— فلانٌ: پورا دن چلنا۔
— بالمكانِ: کسی جگہ ٹھہرنا۔
— عليه: اضافہ کرنا۔
(الرَّيْمُ): قبر (۲) تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ (۳) درجہ۔
— عَلَيْكَ نهارٌ رَيْمٌ : تمہارے سامنے لمبا دن ہے۔
— بقي رَيْمٌ من النَّهارِ: دن کا بڑا حصہ باقی ہے۔
(الرِّيْمُ): خالص سفید ہرن۔
— رِيْمُ البِرْكةِ أو الأُرْزِ: ٹھہرے ہوئے پانی کی سطح پر جمی ہوئی کائی کی دھاریاں یا پانی پر تیرتے ہوئے کائی کے ٹکڑے۔
(رَانَ) (ض) الثوبُ رَيْنًا: کپڑے کا گندہ ہونا۔
— النَّفْسُ: جی متلانا، طبیعت کا بگڑ جانا۔
— الشيءُ فلانًا وعَلَيْه وبِه رَيْنًا و رُيُوْنًا: غالب آجانا، ہر طرف سے گھیر لینا، چھاجانا۔
— رَانَتْ عَلَيْه الخمْرُ: شراب کا نشہ اس کے دماغ کو چڑھ گیا۔
— رَانَ عَلَيْهِ النُّعَاسُ: نیند کا غلبہ ہونا۔

— رَانَ عَلَى قلبِه الذَّنْبُ: دل پر گناہ کا چھا جانا اور دل کا معصیت کے ارتکاب میں سخت ہو جانا۔ قرآن مجید، فرقانِ حمید میں ہے: { كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ }
— عليه الموتُ: اس کو موت نے گھیر لیا۔
— بِه: لے جانا۔
(رِيْنَ) بِه: مرجانا (۲) غیر معمولی مصیبت میں پھنس جانا جس سے نکلنا دشوار ہو۔
(أَرَانَ): کسی کے جانور کا ہلاک اور کمزور ہونا۔
(الرَّانُ): ڈھکن، دبیز پردہ (۲) صاف وشفاف چیز (مثل آئینہ وغیرہ) پر لگا ہوا زنگ (۳) گندگی (۴) مسلسل گناہوں کا دل پر لگنے والا زنگ، گہرا اثر۔
(الرَّيْنُ) بمعنی الرَّانُ۔
(الرَّيْنَةُ): شراب۔
(رَاهَ) (ض) السَّرَابُ رَيْهًا: سراب کا چمکنا۔
(تَرَيَّهَ) بمعنی رَاهَ۔
(رَيَّهَتِ) الهَاجِرَةُ السَّرَابَ: دوپہر کے وقت سراب کا چمکنا۔
(تَرَيَّهَ) بمعنی رَاهَ۔
(الرَّيْهُقَانُ): (دیکھئے: رھق)
(رَيَّا) الرَّايَةَ: جھنڈا بنانا (۲) جھنڈا گاڑنا۔
(الرَّيَّا): (دیکھئے: روی)
(الرَّايَةُ): جھنڈا (ج) رایٌ۔

ر

(ے) ز

(الزّائ): گیارہواں حرف تہجی' اس کا مخرج طرف لسان اور ثنایا علیا کا تھوڑا سا اوپر کا حصہ' اس میں جہر' رخوت اور صفیر پائی جاتی ہیں۔

ز..........أ

(زَأَبَ) (ف) زَأْبًا: بہت زیادہ پینا۔
— بِحِمْلِهٖ: بوجھ کو کھینچنا۔
— الإِبِلَ: اونٹ کو ہانکنا۔
— الشَّيْءَ: کسی چیز کو پیالی بھر کر جلدی جلدی لانا۔
(زَأْبَرَ) الثوبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
— فلانٌ الثوبَ: کپڑے کا رواں نکالنا۔
(الزِّئْبِرُ): رواں جو کپڑے پر ابھرتا ہے۔
— أخَذَ الشيءَ بِزِئْبِرِهٖ: کسی چیز کو پورا لے لینا۔
(زَأْبَقَ) الشَّيءَ: پارہ ملنا' پارہ کی قلعی کرنا۔
(الزِّئْبَقُ): پارہ' سیماب' ایک رقیق دھات جو سفید اور بھاری ہوتی ہے' تھرکتی رہتی ہے (ج)
(زَأَرَ) (ف ض) الاسَدُ زَأْرًا وزَئِيْرًا: شیر کا دھاڑنا۔
— الفحلُ: سانڈ کا چیخنا' دھاڑنا۔ هو زَائِرٌ و هي زَائِرَةٌ۔
(زَئِرَ) (س) زَأَرًا بمعنی زَأَرَ هو زَئِرٌ۔
(أزْأَرَ) بمعنی زَأَرَ۔
(تَزَأَّرَ) بمعنی زَأَرَ۔
(الزَّئِرُ) مِنَ الرِّجَالِ: اپنے ساتھی سے مقاطعہ کرنے والا غضبناک آدمی۔
(الزَّأْرَةُ): بن جھاڑی (شیر کی رہنے کی جگہ) (۲) باغ (۳) اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کا بھاری ریوڑ۔
(الزُّؤَيْرُ): الزُّئَيْرُ الصُّورِيُّ: گھوڑوں کی ایک بیماری (ج)
(زَأْزَأَ): دوڑنا۔
— الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا سر اور دم اٹھا کر دوڑنا۔
— فلانًا ونَحْوَهٗ: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔
— الشيءَ: ہلانا' جھنجھوڑنا۔ جیسے زَأْزَأَهُ الخوفُ۔
(تَزَأْزَأَ): ہلنا' ادھر ادھر ہونا (۲) پہلو ہلاتے ہوئے چلنا (۳) خوفزدہ ہونا' ڈرنا (۴) آڑ میں ہونا' چھپنا۔
— مِنْهُ: ڈرنا اور عاجزی کا اظہار کرنا۔
(زَأَفَهٗ) (ف) زَأْفًا: جلدی کرانا۔
(أزْأَفَ) عَلَيْهِ: زخمی یا نیم مردہ کو مار ڈالنا۔
— فلانًا بطنُهٗ: کسی کو اس کے پیٹ کا اتنا بوجھل کر دینا کہ حرکت کرنا مشکل ہو۔
(الزُّؤَافُ): عجلت' جلدی (جو دوسروں سے کروائی جائے)
— مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلدی سے آنے والی موت۔
(زَأَمَ) (ف) زَأْمًا وزُؤَامًا وزُءُومًا: اچانک مرجانا (۲) خوب کھانا۔
— فلانًا زَأْمًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔
— البَرْدُ فلانًا: سردی کا کسی کو لرزا دینا۔
— لِيْ فلانٌ كَلِمَةً: ایسی بات کہنا کہ اچھا برا معلوم نہ ہو سکے۔
(زُئِمَ) زَأْمًا: ڈرایا جانا۔ هو مَزْؤُوْمٌ۔
(زَئِمَ) (س) زَأَمًا: ڈرایا جانا' گھبرایا جانا۔ هو زَئِمٌ وهي زَئِمَةٌ۔
— بِفُلَانٍ: کسی کو زور سے آواز دینا۔
(أزْأَمَهٗ) عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا۔
— إِلَيْهِ: پناہ دینا۔
— الجُرْحَ بِدَمِهٖ: زخم کو دبا کر خون نکالنا کہ کھال نیچے بیٹھ جائے اور اس پر خون خشک ہو جائے۔ (۲) اچھا ہونے تک زخم پر دوا لگانا۔
(الزُّؤَامُ) موتٌ زُؤَامٌ: جلدی آنے والی موت۔
(الزَّئِمُ): حسب ونسب (۲) آنکھ۔
(الزَّأْمَةُ): زور دار آواز۔ کہتے ہیں: مَا سَمِعْتُ لَهٗ زَأْمَةً: میں نے اس کی کوئی آواز نہیں سنی (۲) زیادہ کھانا پینا (۳) ضرورت بقدر' حاجت چیز۔ کہتے ہیں: آخَذَ مِنَ الطعامِ زَامَتَهٗ: اس نے بقدر ضرورت کھانا کھالیا۔
(المِزْأَمُ): بہت ڈرپوک۔
(الزُّؤَانُ): ایک گھاس جس میں گندم کی شکل کا دانہ ہوتا ہے (جو قدرے سیاہ اور بھورا ہوتا ہے) یہ دانہ گیہوں کی عمدگی کو ختم کر دیتا ہے
(زَأَى) (ف) زَأْيًا: تکبر کرنا۔
(أزْآهُ) بَطْنُهٗ: زیادہ پیٹ بھرنے کی وجہ سے چلنے کے قابل نہ رہنا۔

ز..........ب

(ازْبَأَرَّ) الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔
— النَّبَاتُ والوَبَرُ: گھاس یا اون وغیرہ کا اگنا۔
— الرجُلُ: لڑائی یا فساد کے لئے آمادہ ہونا۔
(زَبَّ) (ن) القِرْبَةَ زَبًّا: مشک بھرنا۔
— الحِمْلَ: وزن اٹھانا۔
(زَبَّ) (س) زَبَبًا: بہت بالوں یا اون والا ہونا۔ هو أزَبُّ وهي زَبَّاءُ۔
— الشَّمْسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
(أزَبَّتِ) الشَّمْسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
— العِنَبُ: انگور کا خشک ہو جانا۔
— العِنَبَ: انگور کا خشک کرنا' منقی کرنا۔
(زَبَّبَ) العِنَبُ: انگوروں کا خشک ہونا' منقی ہونا۔
— الشمسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
— شِدْقَا فلانٍ: دونوں باچھوں میں لعاب جمع ہونا' منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہتے ہیں: تكَلَّمَ حَتّٰى زَبَّبَ شِدْقَاهُ: وہ اتنا بولا کہ منہ سے جھاگ نکلنے لگے۔ زَبَّبَ فَمُ فلانٍ: بھی کہتے ہیں۔
— العِنَبَ: انگور کو خشک کرنا۔
(تَزَبَّبَ): لازم زَبَّبَه۔
— العِنَبُ: انگور کا خشک ہونا۔ کہاوت ہے (تَزَبَّبَ قَبْلَ أنْ يَتَحَصْرَمَ) وہ پکنے سے پہلے ہی منقی بن گیا یعنی کسی صلاحیت کے پیدا کرنے سے پہلے ہی دعوی کر دیا۔
— فلانٌ: بولتے وقت منہ سے جھاگ نکالنا

(۲) غصہ سے بھر جانا۔
(الاَزَبُّ) عامٌ اَزَبُّ: شادابی اور ہریالی والا سال۔
(الزَّبَابَةُ): شمالی یورپ میں پایا جانے والا ایک چوہے جیسا جانور۔
(الزَّبَبُ): روّاں، چھوٹے پر (۲) لمبے اور گھنے بال (۳) اونٹ کے چہرے کے بالوں کی زیادتی۔
(الزَّبِيبُ): خشک انگور، منقّی (۲) پانی کا جھاگ (۳) سانپ کے منہ کا زہر (۴) انگور کی شراب (مو)
(الزَّبِيبَةُ): کشمش کا دانہ (۲) ہاتھ کی پھنسی (۳) آدمی کے گوشہ لب سے نکلنے والا جھاگ (۴) سانپ اور کتے کی آنکھ کے اوپر کا سیاہ نقطہ۔ حدیث میں ہے: (يجئُ كنزُ أحدِهم يوم القيامة شجاعًا أقرعَ له زبيبتان)۔
(الزَّبِيبِيُّ): خشک انگور (۲) خشک انگور یا انگور کی شراب بیچنے والا۔
(زَبَدَهُ) (ن ض) زَبْدًا: مکھن کھلانا۔
— السِّقَاءَ: مشکیزہ کے دودھ کو ابال کر مکھن نکالنا۔
— الطَّعَامَ زَبْدًا: کھانے میں مکھن ملانا۔ ھو مَزْبُودٌ۔
(اَزْبَدَ): جھاگ نکالنا۔ اَزْبَدَ البَحْرُ و اَزْبَدَ فَمُ البعيرِ الهادرِ۔
— اَرْغَى فلانٌ وَاَزْبَدَ: غصہ میں آ کر دھمکیاں دینا، برسنا۔
— فلانٌ: کسی کے منہ سے بہت جھاگ نکلنا۔
— الشيءُ: کسی چیز کا بہت سفید ہونا۔ کہتے ہیں: هُوَ اَبْيَضُ مُزْبِدٌ۔
(زَبَّدَ): جھاگ نکالنا۔ جیسے زَبَّدَ شِدْقُهُ: اس نے منہ سے جھاگ نکالا۔
— اللَّبَنُ: دودھ پر جھاگ آنا۔
۔اللَّبَنَ: دودھ سے مکھن نکالنا۔
(تَزَبَّدَ): جھاگ نکالنا، جھاگ آنا۔ جیسی تَزَبَّدَ شِدْقُهُ: اس نے منہ سے جھاگ نکالا۔
— الشيءَ: کسی چیز کا خالص ترین حصہ لے لینا۔
(الزَّبَادُ): بلی کے برابر ایک جانور جس کے اندر خوشبو کی ایک تھیلی ہوتی ہے، اس میں سے وہ خوشبو دار مادہ نکال کر بطور خوشبو استعمال کیا جاتا ہے۔
(الزُّبَادُ): مکھن۔ کہاوت ہے: (اختلَطَ الخائِرُ بالزُّبَادُ) گاڑھا دودھ مکھن میں ملانا یعنی چند امور کا خلط ملط ہو جانا۔
— زُبَادُ اللَّبَنِ: بے فائدہ چیز۔
(الزَّبْدُ): عطیہ، بخشش، ہدیہ۔ حدیث میں ہے: (اِنَّا لَا نَقْبَلُ زَبْدَ المُشْرِكِيْنَ)
(الزُّبْدُ): مکھن، کریم۔
— الزُّبْدَةُ: مکھن کا ٹکڑا۔
— زُبْدَةُ الشيءِ: کسی چیز کا خلاصہ، جوہر، ماحصل۔
(الزَّبَدُ) مِنَ الماءِ والبَحْرِ والبَعِيرِ وَاللَّبَنِ وغَيْرِهَا: جھاگ۔ کہاوت ہے (قَدْ صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ) حقیقت کے انکشاف کے وقت کہا جاتا ہے۔
(الزُّبْدِيَّةُ): دہی جمانے کا مٹی کا برتن (مج) (ج) زبادیُّ۔
— لَبَنُ الزُّبَادِيِّ: لسی، کھٹا دودھ (مو)
(الزِّبْدِيَّةُ): امریکہ میں پیدا ہونے والا ایک پھل۔
(زَبَرَهُ) (ن) بالحجارةِ زَبْرًا: پتھر مارنا۔
— البِنَاءَ: ردے پر ردے بنانا، عمارت پر عمارت بنانا۔
— البِئْرَ: کنویں کو پتھروں سے پختہ کرنا۔
— الكِتَابَ: کتاب لکھنا (۲) بہتر طور پر لکھنا۔ هو مَزْبُورٌ وزَبُورٌ۔
— فلانًا عنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روکنا، منع کرنا۔
— السائِلَ: مانگنے والے کو ڈانٹنا، جھڑکنا۔
(زَبُرَ) (ك) زَبَارَةً: موٹا ہونا۔ هو زَبِيْرٌ وهی زَبِيْرَةٌ۔
(اَزْبَرَ): بڑی جسامت والا ہونا (۲) بہادر ہونا۔
— الكَبْشَ: مینڈھے کو موٹا کرنا۔
(زَبَّرَ) الكتابَ: کتاب کو لکھنا (۲) عمدہ طور سے لکھنا۔
(الزَّبْرُ): طاقتور و سخت (۲) پتھر (۳) رائے و عقل۔ کہتے ہیں: مالہ زبر: اسے عقل و شعور نہیں ہے۔
(الزِّبْرُ): لکھی ہوئی چیز۔ تحریر (ج) زُبُورٌ۔
(الزُّبْرَةُ): کندھا (۲) شیر وغیرہ کے کندھوں اور کہنیوں کے درمیان بالوں کا گچھا (۳) لوہے کا بڑا حصہ۔ قرآن مجید میں ہے: { آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ } (۴) سندان (اہرن جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتا ہے) (ج) زُبَرٌ۔
(الزَّبُورُ): لکھی ہوئی کتاب (۲) زبور، حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل شدہ صحیفے (ج) زُبُرٌ۔
(المِزْبَرُ): قلم (ج) مَزَابِرُ۔
(زَبْرَجَهُ): حسین و مزین کرنا۔
(الزِّبْرِجُ): گل کاری، مینا کاری، آراستگی، زیور (۲) سونا (۳) پتلا بادل جس میں سرخی ہو (ج) زَبَارِجُ۔
(الزَّبَرْجَدُ): زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر۔ یہ متعدد رنگوں کا ہوتا ہے جن میں زیادہ مشہور مصری ہرے رنگ اور قبرص کا زرد رنگ والا (مج)
(زَبْرَقَ) الثوبَ: کپڑے کو سرخ یا زرد رنگ میں رنگنا۔
(الزِّبْرِقَانُ): چودھویں رات کا چاند (۲) ہلکی داڑھی والا (۳) کسی چیز کی چمک (ج) زَبَارِيقُ۔
(زَبَطَتِ) (ض) البطةُ زَبْطًا و زَبِيطًا: مرغابی کا آواز نکالنا۔
(الزَّبَاطَةُ): مرغابی۔
(تَزَبَّعَ): بداخلاق و بدمزاج ہونا (۲) غضب ناک ہونا۔
(الزَّوْبَعَةُ): بگولا، ہوا کا جھکڑ، آندھی، طوفان، سمندری طوفان (ج) زَوَابِعُ۔
(الزِّبَعْرَى): بداخلاق (۲) موٹا، بھاری بھرکم

ز

(۳) جس کے چہرہ پر مونچھوں اور ابروؤں کے بال زیادہ ہوں۔ھی زِبْعَرَاۃٌ

(زَبَقَ) (ن ض) شَعْرَہٗ زَبْقًا: بال چونٹنا۔

—الشَّیْئَ: توڑنا۔

فلانًا فی الشیئِ: کسی چیز میں پھنسانا (۲) تنگی میں ڈالنا' قید کرنا۔

—المرأۃُ بِوَلَدِھَا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔

—الشَّیْئَ بِغَیْرِہٖ: ایک شے کو دوسری میں ملانا۔ ھو مَزْبُوْقٌ وَزَبِیْقٌ۔

(اِنْزَبَقَ): داخل ہونا' پھنسنا جیسے اِنْزَبَقَ فِی الحِبَالَۃِ (۲) چھپنا۔

—فی البیتِ: گھر میں چھپ کر بیٹھ جانا۔

(الزَّابُوْقَۃُ) زابوقَۃُ البَیْتِ: گھر کا گوشہ' کونا۔

(زَبَلَ) (ن) الزَّرْعَ زَبْلًا: کھیت میں کھاد ڈالنا' زَبَلَ الاَرْضَ بھی کہتے ہیں۔

(الزُّبَالُ): وہ ذرہ جو چیونٹی اپنے منہ میں اٹھاتی ہے' مراد معمولی اور بہت تھوڑا۔جیسے مَا اَصَابَ منہ زُبَالاً: اسے اس سے کچھ نہیں ملا۔

(الزُّبَالَۃُ): معمولی چیز' جیسے مَا فی الاناءِ زُبَالَۃٌ: برتن میں کچھ نہیں۔

(الزَّبَّالُ): غلاظت اور کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنے والا۔

(الزِّبْلُ): کھاد' گوبر' لید وغیرہ۔

(الزَّبِیْلُ): کھاد' گوبر وغیرہ (۲) کنڈی' دو دستوں کی ٹوکری (ج) زُبُلٌ وزُبْلَانٌ۔

(الزِّنْبِیْلُ): کنڈی' دو دستوں والی ٹوکری (ج) زَنَابِیْلُ۔

(المَزْبَلَۃُ): کوڑا ڈالنے کی جگہ' کوڑا خانہ (ج) مَزَابِلُ۔

(زَبَنَہٗ) (ض) وبہ زَبْنًا: دھکیلنا' ہٹانا' پھینکنا۔ کہتے ہیں: زَبَنَتِ النَاقَۃُ وَلَدَھَا وَحَالِبَھَا عَنْ ضَرْعِھَا: اونٹنی کا اپنے بچہ یا دودھ نکالنے والے کو لات مار کر ہٹا دینا۔ھی زَبُوْنٌ کہتے ہیں۔

اَلحَرْبُ تَزْبِنُ النَّاسَ: جنگ لوگوں کو ٹکراتی ہے۔ھی زَبُوْنٌ۔

—فلانًا عَنِ الشَّیْئِ: کسی کو کسی چیز سے ہٹانا' روکنا۔

—عن الشیئِ: کسی سے کسی چیز کو پھیرنا۔

(زَابَنَہٗ): کسی کو دھکے دینا (۲) معلوم المقدار چیز کا ایسی چیز کے بدلہ فروخت کرنا جس کی مقدار ناپ تعداد یا وزن کے ذریعہ متعین نہ ہو۔حدیث میں ہے: (نَھٰی عَنِ المُزَابَنَۃِ وَ رَخَّصَ فِی العَرَایَا)

(تَزَابَنُوْا): دھکم دھکا ہونا۔ایک دوسرے کو دھکا دینا۔

(تَزَبَّنَہٗ): غالب آنا۔

(اِسْتَزْبَنَہ): غالب آنا۔

(زُبَانَی) العَقْرَبِ: بچھو کا سینگ اور یہ دو ہوتے ہیں: زبانیان۔

— الزُّبَانَیَانِ: برج میزان کے دو ستارے جو چاند کی منزلوں میں سے سولھویں منزل ہے۔

(الزَّبَانِیَۃُ): اصل میں تو سپاہیوں کو کہتے ہیں لیکن ان مخصوص فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو دوزخیوں کو آگ میں دھکیلیں گے۔قرآن مجید میں ہے: {فَلْیَدْعُ نَادِیَہٗ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَۃَ}

(الزُّبُّوْنَۃُ): گردن۔

رَجُلٌ فیہ زُبُّوْنَۃٌ: اس آدمی میں بہت برائی ہے' ھو ذو زُبُّوْنَۃٍ: وہ اپنا پہلو بچاتا ہے۔

(الزَّبْنُ) بَیْتٌ زَبْنٌ: الگ تھلگ مکان۔

—مقامٌ زبنٌ: تنگ جگہ۔

(الزِّبْنُ): ضرورت' حاجت' بقدر گزارہ۔کہتے ہیں: اَخَذَ زِبْنَہٗ من المالِ أو الطعامِ: اس نے مال یا کھانے میں سے بقدر ضرورت لے لیا۔

(الزِّبْنُ): کونا' گوشہ' کنارہ۔

(الزَّبِنُ): زور سے دھکیلنے والا۔

(الزَّبُوْنُ): گاہک' خریدار (مو)

(زَبَاہُ) (ض) زَبْیًا: اٹھانا (۲) ہانکنا۔

(اَزْبَاہ): اٹھانا۔

(زَبَّاہ) بالشرِّ: مصیبت میں ڈالنا۔

— اللحمَ وغیرَہ: گوشت وغیرہ سکھائی کے لئے ایک خاص گڑھے میں ڈالنا۔

—الزُّبْیَۃَ: گڑھا کھودنا' یا بنانا۔

(تَزَابَی): تکبر کرنا۔

(تَزَبَّی) الزُّبْیَۃَ: گڑھا کھودنا یا بنانا۔

(الزُّبْیَۃُ): اونچی جگہ جہاں پانی نہ چڑھ سکے۔ کہاوت ہے (بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبٰی) پانی سر سے اونچا ہو گیا' معاملہ حد سے آگے بڑھ گیا (۳) چھوٹا گڑھا یا تنور جس میں گوشت بھونا جاتا ہے اور روٹی پکائی جاتی ہے (۴) بلند جگہ پر کھودا ہوا شکار کرنے کا گڑھا جس کا منہ اوپر سے بند کر دیا جائے جب شکار اس کے اوپر سے گزرے تو اس میں گر جائے۔(ج) زُبًی۔

ز.........ت

(زَتَّ) (ن) المرأۃَ والعُرُوْسَ زَتًّا: عورت یا دلہن کو سجانا' آراستہ کرنا' بناؤ سنگار کرنا۔

(تَزَتَّتَتْ): آراستہ ہونا' سجنا۔

—فلانٌ لِلسَّفَرِ: سفر کے لئے تیار ہونا۔

(الزِّتَّۃُ): شب زفاف میں دولہن کا بناؤ سنگار۔

اَخَذَ زِتَّتَہٗ لِلسَّفَرِ: اس نے سفر کے لئے سامان لیا۔

ز.........ج

(زَجَّ) (ن) الظَّلِیْمُ زَجًّا: شتر مرغ کا دوڑنا۔

— فلانًا بالزُّجِّ والرُّمْحِ: نیزہ کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا' نیزہ مارنا۔

—الرُّمْحَ: نیزہ کے نیچے کے حصہ میں لوہا لگانا۔

— بِالشَّیْئِ مِنْ یَدِہٖ: ہاتھ سے کوئی چیز پھینک دینا۔کہتے ہیں: ھذا وادٍ یَزُجُّ النَّبَاتَ و بِالنَّبَاتِ: یہ وادی خوب نباتات اگاتی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے یہ ان کو پھینک رہی ہے۔

(زَجَّ) (ف) الحاجبُ زَجَجًا: بھنوؤں کا لمبا' پتلا اور مڑا ہوا ہونا۔

— الرجلُ والظلیمُ: آدمی یا شتر مرغ کی ٹانگوں کا لمبا اور فاصلہ دار ہونا۔ھو اَزَجُّ وھی زَجَّاءُ (ج) زُجٌّ۔

(اَزَجَّ) الرُّمحَ: نیزہ کے نیچے کے حصہ میں لوہا لگانا۔
(زَجَّجَ) الرُّمحَ بمعنی اَزَجَّ۔
— المرأةُ حاجِبَهَا: عورت کا اپنی ابروؤں کو لمبا اور باریک کرنا۔
(اِزْدَجَّ) الحاجِبُ: ابرو کا لمبائی میں پتلا اور مڑا ہوا ہونا۔
(الزُّجَاجُ): کانچ، شیشہ، گلاس۔
(الزُّجَاجَةُ): کانچ یا شیشہ کا ٹکڑا (۲) بوتل، شیشی (۳) قندیل، لیمپ۔ قرآن مجید میں ہے: {مَثَلُ نُورِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ}
— زجاجةُ ساعةٍ: طبیعات کے مطابق گول گہرا شیشہ کا پیمانہ جس سے کیمیائی اجزاء کا وزن کیا جاتا ہے یا وہ برتن جس میں کیمیائی چیزیں رکھی جاتی ہیں (مج)
(الزِّجَاجَةُ): شیشہ گری، شیشہ یا کانچ کی صنعت یا پیشہ۔
(الزُّجَاجِيُّ): شیشہ یا شیشہ کے برتن بیچنے والا۔
(الزُّجُّ): نیزہ کے نچلے حصہ کا لوہا (۲) کہنی کا سرا (ج) زِجاجٌ واَزِجاجٌ وزِجَجَةٌ۔
(الزَّجَّاجُ): شیشہ بنانے والا (۲) شیشہ بیچنے والا۔
(المِزَجُّ): چھوٹا نیزہ جس کے نچلے حصہ میں لوہا لگا ہوتا ہے (۲) وہ چیز جس کے ذریعہ ابروؤں کو لمبا اور باریک کیا جاتا ہے۔
(المِزَجَّةُ): وہ چیزیں جس کے ذریعہ بھنوؤں کو لمبا اور باریک کیا جاتا ہے۔ (۲) برچھی۔
(زَجَرَ) (ن) الكَلْبَ وَغَيْرَه و زَجَرَبِهٖ زَجْرًا: کتے وغیرہ کو ہٹانا، دھتکارنا، ڈانٹ کر بھگانا۔
— فلانًا عن كذا: روکنا، جھڑکنا، ڈانٹنا۔
— الشيءَ: حرکت میں لانا۔
— الريحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اِدھر سے اُدھر لے جانا۔

— البَعِيْرَ: اونٹ کو دوڑانا۔
— الطَّيْرَ: پرندہ کو نیک شگون یا بدشگون لینے کے لئے بچکانا، اڑانا۔
(اِنْزَجَرَ) له: مطیع وفرمانبردار ہونا۔
(تَزَاجَرُوْا) عن المُنكَرِ: ایک دوسرے کو برائی سے روکنا، باز رکھنا۔
(اِزْدَجَرَ): رکنا، دھمکی میں آنا۔
— فلانًا وَغَيْرَه: روکنا، جھڑکنا، ڈانٹنا۔
(الزَّجْرَةُ): ایک ڈانٹ، ایک دھمکی، ایک جھڑکی۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ}
(المَزْجَرُ): دھمکانے یا جھڑکنے کی حیثیت (یعنی جس کو دھمکایا یا جھڑکا جارہا ہے اس کو کوئی حیثیت دینا) کہتے ہیں: تركتُه بمَزْجرِ الكلبِ ومَزْجَرَ الكَلْبِ: میں نے اسے اس طور پر جھڑکا جس طرح کتے کو جھڑکتے ہیں۔
(المَزْجَرَةُ): بھگانے اور دھتکارنے کا ذریعہ۔ جیسے ذِكْرُ اللهِ مَزْجَرَةٌ۔
(زَجَلَه) (ن) زَجْلًا وبهٖ زَجْلًا: اٹھا کر پھینکنا۔
— فلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔
— الحَمَامَ وبهٖ: کبوتر کو دور بھیجنا۔
(زَجِلَ) (س) زَجَلًا: کھیلنا (۲) شور وغل مچانا (۳) خوشی سے جھومنا۔ هو زَجِلٌ وزَاجِلٌ وهي زَجِلَةٌ۔
(زَاجَلَ) النعامُ ونحوهُ: شتر مرغ وغیرہ کا انڈے سینے کے دوران انڈوں کو الٹ پلٹ کرنا۔
(الزَّاجِلُ): تیرانداز (۲) فوج کا کمانڈر (ج) زَوَاجِلُ۔
— حَمَامُ الزَّاجِلِ: نامہ بر کبوتر۔
(الزَّجَّالُ): تیرانداز (ج) زَجَّالَةٌ (۲) عوامی زبان کا غلبہ (ج) اَزْجَالٌ۔
— سحابٌ ذوزَجَلٍ: گرج دار بادل۔
(الزَّجَلُ) نباتٌ زَجِلٌ: وہ پودا یا گھاس جس میں سرسراہٹ ہوتی ہو۔

— غيثٌ و سحابٌ زَجِلٌ: گرجدار بارش یا بادل۔
(الزَّجَلَةُ): لوگوں کا شور، آواز۔
(الزُّجْلَةُ): کسی چیز کا ٹکڑا (۲) لوگوں کی جماعت (۳) حالت (۴) دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال (ج) زُجَلٌ۔
(المِزْجَالُ): برچھی، چھوٹا نیزہ۔
(المِزْجَلُ): چھوٹا نیزہ (۲) کوہان۔
(المَزْجَلُ): وہ جگہ جہاں سے کبوتر کو پیغام دے کر بھیجا جائے۔
(زَجَمَ) (ن) زَجْمًا: زبان پر حرف لانا (۲) آہستہ بات کرنا۔ کہتے ہیں: سَكَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ: وہ خاموش رہا اور ایک لفظ بھی زبان سے نہیں نکالا۔
(الزَّجْمُ): کان میں پڑا ہوا آہستہ بات کا ایک حصہ۔
(الزَّجْمَةُ): آہستہ بات، لفظ کہتے ہیں: لم اَسْمَعْ له زَجْمَةً ومَا تكلَّمَ بزَجْمَةٍ وما عَصَيْتُه زَجْمَةً (۲) پیدائش کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی ریزش۔
(زَجَا) (ن) الشيءُ زَجْوًا و زُجُوًّا و زَجَاءً: آسان ہونا، درست ہونا (۲) رائج و چالو ہونا۔
— فلانٌ في الأمرِ زَجَاءً: کسی معاملہ کی گہرائی تک پہنچنا۔ کہتے ہیں: هو اَزْجَى بهذا الأمرِ منه: وہ اس معاملہ میں اس سے زیادہ ماہر ہے۔
— الشيءَ زَجْوًا: ہٹانا، لے جانا (۲) نرمی سے ہانکنا۔
(اَزْجَى) الشيءَ بمعنی زَجَاه: کہتے ہیں: اَزْجَيْتُ اَيَّامِيْ: میں نے معمولی خوراک پر وقت گزارا۔
والشيءَ: رائج کرنا (۲) مؤخر کرنا۔
(زَجَّى) الشيءَ بمعنی زجاه۔ کہتے ہیں: زَجَّيْتُ اَيَّامِيْ: میں نے معمولی گزارہ پر وقت گزارا۔
— الحاجةَ: ضرورت کو آسان کرنا۔
(تَزَجَّى) بكذا: اکتفا کرنا۔

(المِزْجَاءُ): کہتے ہیں: هو مزجاءٌ للمطیّ: وہ سواری کے جانوروں کو بہت نرمی سے ہانکتا ہے۔
(المُزْجٰی): تھوڑی چیز۔: هی مزجاةٌ قرآن مجید میں ہے: {جِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰةٍ}

ز.............ح

(زَحَّهُ) (ن) زَحًّا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔
(زَحَرَ) (ف) زَحِیْرًا وزُحَارًا و زُحَارَةً: تکلیف یا محنت کی وجہ سے آہ بھری آواز نکالنا۔
— زحرتْ بالولدِ: بچہ جننا۔
— البخیلُ: بخیل پر کسی کے سوال کا بوجھل ہونا۔
— فُلانًا بالرُّمحِ زَحرًا: سر پر نیزہ مارنا۔
(زُحِرَ): پیچش کی بیماری ہونا۔هو مَزْحُوْرٌ۔
(زَاحَرَهٗ): دشمنی رکھنا۔
(زَحَّرَ): تکلیف یا محنت کی وجہ سے آہ بھری آواز نکالنا۔
(تَزَحَّرَ) بمعنی زَحرَ تزَحَّرتْ عَنِ الوَلَدِ: بچہ جننا۔هو یَتَزَحَّرُ بمالهٖ شُحًّا: بخل کی وجہ سے مال دیتے ہوئے تکلیف محسوس کرنا، آہ بھرنا۔
(الزُّحَارُ): پیچش (مج)
(الزَّحَّارُ): سوال کے وقت تکلیف محسوس کرنے والا اور آہ بھرنے والا بخیل۔
(الزُّحَرُ) بمعنی الزَّحَّارُ۔
(الزَّحْرَةُ): مصدر مرۃ ایک مرتبہ کی آہ (۲) درد ولادت۔
(الزَّحِیْرُ): پیچش۔
(زَحْزَحَهٗ) عن مکانهٖ: ہٹانا، دور کرنا۔
(تَزَحْزَحَ): ہٹنا، دور ہونا۔ کہتے ہیں: دَخَلْتُ عَلٰی فُلَانٍ فَتَزَحْزَحَ لِیْ عَنْ مَجْلِسِهٖ: میں اس کے پاس گیا تو وہ میرے لئے اپنی جگہ سے سرک گیا۔
(الزَّحْزَاحُ): دور، الگ۔
(الزَّحْزَحُ): دوری۔
(زَحَفَ) (ف) الصبیُّ زَحْفًا و زُحُوْفًا و زَحَفَانًا: بچہ کا زمین پر کولہوں کے بل گھسٹنا۔
— کلُّ ماشٍ علٰی بَطْنِهٖ: پیٹ کے بل چلنا۔
— الیه: پیش قدمی کرنا۔ کہتے ہیں: زحف العسکرُ إلی العَدُوِّ: لشکر کا دشمن کی طرف اپنی کثرت اور بوجھ کے باعث آہستہ آہستہ بڑھنا۔
— الدَّبِیُّ: آگے کی طرف بڑھنا۔
— البعیرُ وغیرُہ: تھکنا۔
(أَزْحَفَ): تھکنا۔
— القومُ: لوگوں کا لشکر بن جانا۔
— السَّفَرُ فلانًا: تھکا دینا۔
— الریحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو آہستہ آہستہ ہلانا۔
(زَاحَفَهٗ) زِحَافًا و مُزَاحَفَةً: کسی کے قریب ہونا۔
(زَحَّفَ) الشیئَ: آہستہ کھینچنا۔
— الأرضَ: زمین کو مشین کے ذریعہ قابل کاشت بنانا (محدثہ)
(تَزَاحَفُوْا) فی القِتَالِ: لڑائی میں ایک کے دوسرے جز، کے قریب آنا۔
(تَزَحَّفَ) الیه بمعنی زَحَفَ۔
(الزِّحَافُ): علم عروض میں اس تغیر کو کہتے ہیں جو سبب خفیف یا سبب ثقیل کے دوسرے جزء میں ہوتا ہے۔
(الزَّحَّافُ): ہر وہ جانور جو پیٹ کے بل رینگے۔ جیسے سانپ وغیرہ۔
(الزَّحَّافَةُ): زراعت کے لئے زمین ہموار کرنے کی مشین (محدثہ)
(الزَّحْفُ): بڑا لشکر (تسمیۃ بالمصدر) (ج) زُحُوْفٌ۔
(الزُّحَفَةُ): رَجُلٌ زُحَفَةٌ: (ملکوں میں سیاحت کے بجائے) آس پاس کا سفر کرنے والا۔
(الزَّحُوْفُ): تھکا دینے والا (مذکر و مونث کے لئے) (ج) زُحُفٌ۔
(الزَّوَاحِفُ): رینگنے والے جانور جیسے سانپ وغیرہ۔
(المَزْحَفُ): پیش قدمی کرنے کی جگہ (ج) مَزَاحِفُ۔
— مَزَاحِفُ الحَیَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ۔
— مَزَاحِفُ السَّحَابِ: بادل کے برسنے کی جگہ۔
(زَحَلَ) (ف) عن مکانهٖ زَحْلًا و زُحُوْلاً اپنی جگہ چھوڑنا، ہٹنا، دور ہونا۔
(زَحْوَلَه) عن مکانهٖ: دور کرنا۔
(أَزْحَلَهٗ) الیه: پناہ دینا۔
— فلانًا: دور کرنا، الگ کرنا۔
(زَحَّلَهٗ): ہٹانا، دور کرنا۔
(تَزَحَّلَ): ہٹنا، دور ہونا۔
(تَزَحْوَلَ): دور ہونا۔
(زُحَلُ): نظام شمسی کا بعید ترین سیارہ (۲) یونانی افسانوں میں سب سے بڑا معبود۔
(الزَّحِلُ): دور اور الگ رہنے والا۔
(المَزْحَلُ): الگ رہنے کی جگہ۔ کبھی مصدر بھی ہوتا ہے جیسے: إنَّ لِیْ عَنْكَ مَزْحَلًا: میں تم سے الگ ہوں۔
(زَحْلَفَ) فی الکلامِ: تیز تیز بولنا۔
— الشیئَ: لڑھکانا۔
(تَزَحْلَفَ): لڑھکنا۔
(الزُّحْلُوْفَةُ): پھسلنے کی جگہ یا تختہ جس پر چڑھ کر بچے تفریحاً پھسلتے ہیں۔ (ج) زَحَالِیْفُ۔
(زَحْلَقَهٗ): لڑھکانا۔
(تَزَحْلَقَ): لڑھکنا۔
— علی المکان: کسی جگہ بیٹھ کر پھسلنا۔
(الزُّحْلُوْقَةُ) بمعنی الزُّحْلُوْفَةُ (۲) وہ آلہ جس کے ذریعہ برف پر پھسلتے ہیں (محدثہ) (ج) زَحَالِیْقُ۔
(المُزَحْلَقُ): چکنا، پھسلواں۔
(زَحَمَه) (ف) زَحْمًا و زَحْمَةً: تنگ جگہ میں دھکیلنا۔
(زَاحَمَهٗ) مُزَاحَمَةً و زِحَامًا بمعنی زَحَمَه۔

۔الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِہٖ: پچاس سال کے قریب پہنچنا۔

(اِزْدَحَمَ) القَوْمُ: لوگوں کا رش ہونا' بھیڑ لگانا۔

— الاَمْوَاجُ: لہروں کا تلاطم خیز ہونا۔

(تَزَاحَمُوْا): ایک دوسرے کو دھکیلنا' ایک دوسرے سے ٹکرانا' کھوے سے کھوا ملنا۔

(الزِّحَامُ): ہجوم' رش' بھیڑ۔

یوم الزّحام: قیامت کا دن۔

(الزَّحْمُ): ازدحام: بھیڑ لگائے ہوئے لوگ۔

— زَحْمَۃُ الوَلَدِ: بچہ کے ساتھ نکلنے والی ریزش۔

(المُزَاحِمُ): اَبُوْ مُزَاحِمٍ: ہاتھی (۲) ٹوٹے ہوئے سینگوں والا بیل۔

(المِزْحَمُ): بھیڑ میں زیادہ دھکیلنے والا جیسے رجلٌ مِزْحَمٌ ومَنْکِبٌ مِزْحَمٌ۔

(زَحَنَ) عن مکانِہٖ: اپنی جگہ سے حرکت کرنا۔

— فلانٌ عن اَمْرِہٖ: کسی کام میں دیر اور سستی کرنا۔

— الشیْءَ عن مکانِہٖ: کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔

(تَزَحَّنَ) عن اَمْرِہٖ: سستی کرنا' دیر کرنا۔

— الشیْءَ وعَلَیْہِ ولَہٗ: کسی کام کو ناگواری کے ساتھ کرنا۔

(الزُّحَنُ): پست قد تو ندوالا آدمی۔ ھی زُحَنَۃٌ۔

(الزُّحْنَۃُ): قافلہ جس میں سامان اور حشم وخدم ہوں۔

(زَحْوَلَہٗ): (دیکھئے: زحل)

(تَزَحْوَلَ): (دیکھئے: زحل)

ز............خ

(زَخَّ) (ض ن) الجَمْرُ ونحوُہٗ زَخًّا وزَخِیْخًا: انگارہ کا دہکنا۔

— فلانٌ زَخًّا: آگ بگولا ہونا (۲) اچھلنا۔

— الشیْءَ وبِہٖ: اٹھا کر پھینکنا' کہتے ہیں: زَخَّہٗ فی قَفَاہُ: گدی پکڑ کر دھکا دینا۔

— ببولِہٖ: پیشاب کی بوچھاڑ کرنا۔

— الابِلَ: اونٹوں کو تیز ہنکانا۔

(الزَّخَّۃُ): غصہ' دشمنی' کینہ۔

(زَخَرَ) (ف) النَّھْرُ زَخْرًا و زُخُوْرًا و زَخِیْرًا: دریا کا موجیں مارنا۔

— الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا۔

— القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

— القَوْمُ: لوگوں کا لڑائی یا جنگ کے لئے حرکت میں آنا۔

— فلانٌ بما عندہٗ: فخر کرنا۔

— النباتُ: پودوں کا لمبا ہونا۔

— الشیْءَ: بھرنا (۲) ہوا میں بکھیرنا۔

— فلانًا: فخر میں کسی پر غالب آنا۔

(زَاخَرَہٗ): برتری اور فخر میں کسی سے مقابلہ کرنا۔

(تَزَخَّرَ) النھرُ ونحوُہٗ: دریا وغیرہ کا موجیں مارنا۔

(الزَّاخِرُ): خوش وخرم۔ فلانٌ عِرقُہٗ زاخِرٌ: وہ روز افزاں سخاوت والا ہے (ج) زواخِر۔

— زَوَاخِرُ الوادِیْ: وادی کے گھاس پودے وغیرہ۔

(الزُّخَارِیُّ) من النَّبَاتِ: لمبا گھنا' ہرا بھرا پودا۔

— زخارِیُّ النّباتِ: پودے کے پھول اور تازگی۔ کہتے ہیں: اَخَذَ النَّبَاتُ زُخَارِیَّہٗ پودوں کا گھنا اور پھول والا ہونا۔

— اَخَذَ الامرُ زُخَارِیَّہٗ: کام پختہ اور مکمل ہو گیا۔

(زَخْرَفَہٗ): آراستہ کرنا' سجانا' ملمع کرنا۔

— القولَ: بات کو جھوٹ سے آراستہ کر کے پیش کرنا۔

(تَزَخْرَفَ): آراستہ ہونا' سجنا۔

(الزَّخَارِفُ): سجی ہوئی کشتیاں۔

— زَخَارِفُ الماءِ: پانی کی لہریں۔

(الزُّخْرُفُ): سونا (۲) زینت' سجاوٹ' خوبصورتی۔

۔زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کی رنگا رنگ نباتات۔

— زُخْرُفُ البَیْتِ: گھر کا آرائشی سامان۔

— زُخْرُفُ القَوْلِ: جھوٹ سے آراستہ کلام (ج) زَخَارِف۔

(الزَّخْرَفَۃُ): ملمع سازی' تزیین کاری' نقش کاری' گل کاری' ایمبرائڈری۔

(زَخَفَ) (ف) زَخْفًا و زَخِیْفًا: فخر وتکبر کرنا۔ ھو زاخِفٌ وھی زَاخِفَۃٌ۔

(زَخَّفَ) فِی الکلامِ: زیادہ بولنا۔

(تَزَخَّفَ): خوبصورت اور مزین ہونا۔ کہتے ہیں تَزَخَّفَتِ المرأۃُ: عورت نے بناؤ سنگھار کیا۔

(زَخَمَہٗ) (ف) زَخْمًا: زور سے دھکا دینا۔

(زَخِمَ) (س) اللحمُ ونَحْوُہٗ زَخَمًا و زَخَمَۃً: گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ ھو زَخِمٌ وھی زَخِمَۃٌ۔

(اَزْخَمَ) بمعنی زَخِمَ۔

(الزُّخْمَۃُ): ایک قسم کا چھوٹا اور چوڑا کوڑا (د)

ز............ر

(زَرَبَ) (ن) لِلْمَاشِیَۃِ زَرْبًا: جانور کے لئے باڑہ بنانا۔

— المَاشِیَۃَ فِی الزَّرِیْبَۃِ: جانور کو باڑہ میں داخل کرنا۔

(زَرِبَ) (س) الماءُ ونَحْوُہٗ زَرَبًا: پانی وغیرہ کا بہنا۔

(اِنْزَرَبَ): باڑہ میں داخل ہونا۔ کہتے ہیں: اِنْزَرَبَتِ الغَنَمُ۔

— الصائِدُ: شکاری کا اپنے گڑھے میں داخل ہونا۔

(الزَّرْبُ): داخل ہونے کا راستہ یا جگہ (۲) بھیڑ بکریوں کا باڑا (۳) وہ گڑھا جس میں شکاری گھات لگاتا ہے (ج) زُرُوْبٌ۔

(الزَّرْبِیَّۃُ): عمدہ گدا' غالیچہ' مسند (ج) زَرَابِیُّ قرآن مجید میں ہے: {وَزَرَابِیُّ مَبْثُوْثَۃٌ}

— زَرَابِیُّ النَّبَاتِ: وہ پودے یا نباتات جن میں خشکی آ کر سرخی آ گئی ہو یا زرد ہو گئے ہوں مگر قدرے ہرا پن باقی ہو۔

(الزِّرْیَابُ): سونا (۲) سونے کا پانی (مع)

(الزَّرِیْبَۃُ): شکاری کا گڑھا (۲) جانوروں کا باڑہ (۳) درندوں کا مسکن (ج) زَرَائِب۔

ز

(المِزْرَابُ): پرنالہ۔
(الزَّرَجُونُ): انگور کی ٹہنی (۲) شراب (۳) سرخ رنگ۔واحد: زَرَجُونَةٌ (مع)
(زَرَدَهُ)(ن) زَرْدًا: گلا گھونٹنا زَرَدَ حَلْقَهُ بھی کہتے ہیں۔
— عَينَهُ عَلَى صاحِبِه: اپنے ساتھی کو آنکھ تنگ کرکے دیکھنا تاکہ پورا نظر نہ آئے۔
— الدِّرعَ: زرہ پہننا۔
(زَرِدَ)(س) اللقمةَ زَرْدًا وزَرَدًا: جلدی سے لقمہ نگلنا۔هو زَرِدٌ۔
(اِزْدَرَدَ) اللُّقمَةَ: لقمہ نگلنا۔
(الزِّرَادَةُ): زرہ سازی۔
(الزَّرَدُ): زرہ (۲) زرہ اور خود کے حلقے (ج) زرودٌ۔
(الزَّرِدُ) مِنَ الطَّعامِ: حلق میں آسانی سے اتر جانے والا کھانا۔
(الزَّرَدِيَّةُ): پلاس، تار وغیرہ کو توڑنے اور موڑنے کا آلہ۔
(الزَّرَّادُ): زرہ ساز۔
(المَزْرَدُ): حلق (ج) مَزَارِدُ۔
(زَرَّ)(ن ض) السِّنانُ زَرِيرًا: دانتوں کا چمکنا۔
— عينُه: آنکھ کا چمکنا۔
— الرَّجُلُ مَزَرًّا: عاقل و تجربہ کار ہونا۔
— الثَّوبَ: کپڑے کے بٹن لگانا (یعنی بٹن کو کاج میں داخل کرنا)۔
— الشيئَ: دبا دبا کر اکٹھا کرنا۔
— عَينَه: آنکھ کو تنگ اور چھوٹا کرنا۔
— المَتاعَ: سامان کو جھٹکنا۔
— فلانًا: دھتکارنا' ہٹانا۔
— فُلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔
— الصّوفَ ونَحوَهُ: اون وغیرہ کو چونٹنا۔
(زَرَّ)(س) زَرًّا: اپنے مخالف پر حملہ کرنا (۲) بیوقوفی کے بعد عقلمند ہونا۔
(أَزَرَّ) الثَّوبَ: کپڑے میں بٹن لگانا۔

(زَرَّرَ) الثوبَ: کپڑے میں بٹن سینا (۲) بٹن کو کاج میں داخل کرنا۔
(تَزَرَّرَ) الثَّوبُ: بٹن دار ہونا۔
(الزِّرُّ): بٹن' گھنڈی۔کہاوت ہے (أَلزَمُ من زِرٍّ لعروةٍ) (۲) بجلی کھولنے اور بند کرنے کا بٹن (۳) مونڈھے کا وہ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے (۴) کولہے کا کنارہ جو گڑھے میں ہوتا ہے (۵) دل کے نیچے کی ہڈی (۶) شگوفہ پودے کی کلی (۷) موسیقی میں صندوق کے پچھلے حصہ کا ابھار (ج)
— زِرُّ الجَرَسِ الكهربيّ: بجلی کی گھنٹی کا بٹن۔
— زِرُّ السَّيفِ: تلوار کی دھار۔
— زِرُّ الدِّينِ: مذہب کی بنیاد۔(ج) أَزْرَارٌ و زُرُورٌ۔
— إِنَّه لَزِرٌّ مِنْ أَزْرارِ المَالِ: وہ مال کا بہترین منتظم ہے۔
(الزِّرَّةُ): دانتوں سے کاٹنے کا نشان (۲) عقل۔
(الزَّرِيرُ): انتہائی ذہین (۲) عقل مند۔
(المِزَرُّ): تھیلے یا بٹوے کا ڈورا جسے ڈھیلا کرنے اور زور سے کھینچنے سے تھیلا اور بٹوا کھلتا ہے اور بند ہوتا ہے۔
(زَرْزَرَ) الزُّرْزُورُ: زرزور نامی چڑیا کا بولنا زَرْزَرَ بصوتِه بھی کہتے ہیں۔
(تَزَرْزَرَ): حرکت کرنا۔
(الزُّرَازِرُ): ذہین اور تیز۔
(الزَّرْزَارُ): ذہین' تیز۔
(الزُّرْزُورُ): ایک قسم کی چڑیا۔جو یورپ' شمالی ایشیا اور افریقہ میں پائی جاتی ہے (ج) زرازِيرُ۔
(زَرَعَ)(ف) الحَبَّ زَرْعًا وزِرَاعَةً: بیج بونا۔
— الأَرْضَ: زمین کاشت کرنا۔
— اللهُ الزَّرعَ: اللہ تعالیٰ کا کھیتی کو بڑھانا' زیادہ کرنا۔کہتے ہیں: زُرِعَ لَه بَعدَ شَقاوةٍ: وہ فقر کے بعد مالدار ہوگیا۔
(أَزْرَعَ) الزَّرعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔
— النَّاسُ: لوگوں کا کھیتی باڑی پر قادر ہونا۔

(زَارَعَهُ) مُزَارَعَةً: کسی سے بٹائی پر کاشت کا معاملہ کرنا۔
(اِزْدَرَعَ): بونا' کاشت کرنا۔
(الاِسْتِزْرَاعُ): بنجر زمین کو قابل کاشت بنانے کا کام۔
(الزَّارِعُ): ایک خاص کتے کا نام۔
— أَولادُ زَارِعٍ: کتے۔
(الزِّرَاعَةُ): کھیتی باڑی' کاشتکاری (۲) علم کاشتکاری (مو)
— الزِّراعَةُ الخَفِيفَةُ: وہ کاشت جس میں زمین کی وسعت کے مقابلہ میں کم محنت اور کم خرچہ کیا جائے۔
— الزِّراعَةُ الكَثِيفَةُ: وہ کاشت جس میں زمین کے رقبہ کے مقابلہ میں زیادہ محنت اور زیادہ سرمایہ لگایا جائے (مج)
(الزَّرَّاعُ): کسان' کاشتکار (۲) چغل خور۔
(الزَّرَّاعَةُ): قابل کاشت زمین۔
(الزَّرْعُ): کھیتی' بیج (۲) اولاد (ج) زُرُوعٌ۔
(الزُّرْعَةُ): بیج (۲) بونے کی جگہ' قابل کاشت زمین۔جیسے مَا فِي الأَرْضِ زُرْعَةٌ۔
(الزَّرْعَةُ): کاشتکاری کی جگہ۔
(الزَّرِيعَةُ): کاشت کی زمین (۲) بیج۔
(المُزَارَعَةُ): بٹائی پر کاشت (یعنی مالک زمین کسی شخص کو اپنی زمین بونے کے لئے دیتا ہے اور اس سے پیداوار کا حصہ مقرر کردیتا ہے) (مج)
(المَزْرَعَةُ): کاشتکاری والی زمین' قابل کاشت زمین (۲) جائیداد (۳) اگانے کی جگہ (ج) مَزَارِعُ۔
(زَرَفَ)(ن ض) في المَشْيِ زَرْفًا: تیز چلنا (۲) اچھلنا کودنا۔
— في الكلامِ: زیادہ بولنا۔
— الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد دوبارہ ہرا ہو جانا۔
— فلانٌ زَرِيفًا: آہستہ چلنا۔
— إِلَيهِ زُرُوفًا وزَرِيفًا: قریب ہونا۔

(زَرِفَ) (س) الْجُرْحُ زَرَفًا: زخم کا اچھا ہونے کے بعد ہرا ہونا۔
(أَزْرَفَ): تیز چلنا' جلدی کرنا (۲) آگے ہونا۔
— الْجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد ہرا ہونا۔
(زَرَّفَ): زیادہ ہونا۔ جیسے زَرَّفَ فی الکلام و زَرَّفَ الخمسین مِنْ عُمْرِہ۔
— الشئَ: زیادہ کرنا' بڑھانا (۲) آر پار کرنا۔
(انْزَرَفَ) الشئَ: آر پار ہونا۔
— الريحُ: ہوا چلنا۔
(الزَّرَافَةُ): لوگوں کا گروہ۔ جیسے جَاؤُوْا زَرَافاتٍ ووُحدَانًا: وہ تنہا تنہا اور گروہ در گروہ آئے (۲) زرافہ ایک جانور جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور اس کے پاؤں بازؤں کی نسبت چھوٹے ہوتے ہیں' اس کے سر پر دو سینگ ہوتے ہیں لیکن ان پر کھال ہوتی ہے۔ اس کا رنگ زرد ہوتا ہے لیکن اس کے جسم پر دھبے پڑے ہوتے ہیں اور یہ افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ (مج) (ج) زَرافٰی و زَرافِیُّ۔
(الزَّرَّافُ): تیز رفتار۔
(الزَّرَّافَةُ): وہ جگہ جہاں سے کھیت میں پانی پہنچایا جائے۔
(زَرَقَ) (ن ض) الطائرُ بِسَلْحِهِ زَرْقًا: بیٹ کرنا۔
— فلانًا بعینه: کسی کی طرف تیز نگاہ سے دیکھنا۔
زَرَقَتْ عینُه نحوی: اس نے مجھے ترچھی نگاہ سے دیکھا۔
— الصَّيْدَ بِالْمِزْرَاقِ: شکار کو برچھی مارنا۔
(زَرِقَ) (س) زَرَقًا و زُرْقَةً: نیلا ہونا۔ (۲) اندھا ہونا۔ هو أَزْرَقُ وهی زَرْقاء (ج) زُرْقٌ۔
(أَزْرَقَتْ) عینُه نَحْوِیْ: مجھ پر اس کی ترچھی نگاہ پڑی۔
(انْزَرَقَ): کمر کے بل لیٹنا۔
— السَّهْمُ: تیر کا آر پار ہونا۔

— فی الشیءِ: کسی چیز میں داخل ہونا۔
(ازْرَاقَّ): آہستہ آہستہ نیلا ہونا۔
(ازْرَقَّ): نیلا ہونا۔
(تَزَوْرَقَ): پیٹ کی آلائش نکالنا۔
(الأَزَارِقَةُ): خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق الحنفی کی طرف منسوب ہے۔ جس نے حضرت علیؓ اور ان کے متبعین نیز تارکین جہاد کو کافر قرار دیا اور مخالفین کے قتل اور ان کی عورتوں کی گرفتاری کو جائز کہا۔
(الأَزْرَقُ): نیلا آسمانی۔
— نَصْلٌ أَزْرَقُ: صاف وشفاف نیزہ۔
— مَاءٌ أَزْرَقُ: شفاف پانی۔
— الماءُ الأَزْرَقُ: آشوب چشم کی بیماری میں آنکھ کے ڈھیلے کی سختی کو کہتے ہیں جو اندرونی تناؤ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے (مج)
(الأَزْرَقِیُّ): نیلے رنگ کا۔
(الزُّرَاقُ): زُرَاقُ الأَطْرَافِ: ایک بیماری جس میں ہاتھ پاؤں پر نیلا رنگ ظاہر ہوتا ہے لیکن درد وغیرہ نہیں ہوتا (مج)
— الزُّرَاقُ المِعَوِیُّ: ایک بیماری جس میں رنگ کسی قدر نیلا ہوتا ہے اور آنتوں میں شدید بے چینی پیدا ہوجاتی ہے (مج)
(الزُّرَّقُ) فصیلة العقاب النسریه کا ایک شکاری پرندہ جو گدھ اور الو جیسی خصلتیں رکھتا ہے اس کا جسم بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور چونچ بھی کافی بڑی ہوتی ہے اور گنجان آبادی والے علاقوں کو اپنا مسکن بناتا ہے۔ (مج)
(الزَّرَّاقَةُ): ایک قسم کی پچکاری۔
(الزُّرَّقُ): باز (ن) (ج) زراریق (۲) تیز نگاہ والا۔
(الزَّوْرَقُ): کشتی' چھوٹا جہاز (ج) زَوَارِقُ۔
(المِزْرَاقُ): چھوٹا نیزہ' برچھی (ج) مزاریق۔
(زَرَمَهُ) (ض) زَرْمًا: کاٹنا۔
(زَرِمَ) (س) زَرَمًا: کٹنا' منقطع ہونا۔
— الدَّمْعُ: آنسو رک جانا۔

— البولُ: پیشاب بند ہوجانا۔
— الکلامُ: سلسلہ کلام منقطع ہوجانا۔
— البیعُ: بیع ختم ہونا۔
— فلانٌ: بخیل ہونا (۲) ذلیل وحقیر ہونا۔ (۳) تنگی اور پریشانی میں پڑنا۔ هو زَرِمٌ وهی زَرِمَةٌ۔
(أَزْرَمَ) الشَّيْءَ بمعنی زَرَمَهُ۔
(زَرَّمَ) الشَّيْءَ بمعنی زَرَمَهُ۔
(الأَزْرَمُ): بلی۔
(الزَّرِيمُ): بے حیثیت اور تھوڑے جتھے والا۔
(الزَّرْنَبُ): ایک خوشبو دار پودا۔ ام زرع کی حدیث میں ہے (المَسُّ مَسُّ أَرنبٍ و الريحُ ريحُ زَرْنَبٍ)
(الزِّرْنِيخُ): سنکھیا (ایک قسم کا زہر) اسے علاج معالجہ اور کیڑوں کو ختم کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے (مج)
(زَرَی) (ض) عَلَيْهِ زَرْيًا و زِرايَةً: عیب نکالنا' عتاب کرنا۔
— عَلَيْهِ عَمَلَه: کسی کے کام میں عیب نکالنا یا اس کے کسی کام کے بارے میں اس پر عتاب کرنا' هو زار۔
(أَزْرَی) علیه: عیب نکالنا' عتاب کرنا۔
— بالشیءِ: کوتاہی اور سستی کرنا۔
— بِأَخِيْهِ: اپنے بھائی کو کسی ایسے کام میں لگانا جو اس کے لئے الجھن واشتباہ کا سبب بن جائے۔
(زَارَاهُ): عیب نکالنا (۲) عتاب کرنا۔
(تَزَرَّی) عَلَيْهِ: عیب لگانا' غصہ ہونا' عتاب کرنا۔
(ازدَرَاهُ): حقیر سمجھنا' بنظر حقارت دیکھنا (۲) عیب نکالنا۔
(اِسْتَزْرَاهُ) بمعنی اِزْدَرَاهُ۔
(الزَّارِيَةُ) العَظْمَةُ الزَّارِيَةُ: جبڑے کے پچھلے حصہ کی ہڈی (علم الاحیاء) (مج)
(المِزْرَاءُ): لوگوں کے عیب نکالنے والا۔
(الزِّرْيَابُ): (دیکھئے: زرب)

ز

(زَوْزَكَتِ) المرأةُ: عورت کا چلتے ہوئے کولہے اور پہلو ہلانا۔
(الزَّوْزَكُ): کوتاہ قد بدشکل جو چلتے ہوئے کندھے ہلاتا ہو۔

ز............ع

(زَعَبَ) (ف) الغرابُ زَعْبًا و زَعِيبًا: کوے کا بولنا' کائیں کائیں کرنا۔
— الإناءُ: برتن وغیرہ کا بھرنا۔
— الوادِيُ: وادی میں پانی کا بھرنا اور موجیں مارنا۔
— القِرْبَةُ: مشکیزہ کا زیادہ پانی بھر جانے کی وجہ سے پانی پھینکنا۔
— الشيءُ: کسی چیز کے اجزاء کا باہم ٹکرانا۔جیسے جَاءَ سَيْلٌ يَزْعَبُ: سیلاب ٹھاٹھیں مارتا ہوا آیا۔
— بحِمْلِهِ: اپنا بوجھ اٹھا کر ڈرتے ہوئے چلنا (۲) بوجھ اٹھانا۔
— الشَّرَابَ: سارے کا سارا پی لینا۔
— الشيءَ: کاٹنا' الگ کرنا۔جیسی زعب له من مالِه زُعْبَةً: اس نے اپنے مال سے اسے ایک حصہ دے دیا۔
— الاناءَ وغيره: برتن وغیرہ کو بھرنا۔
— الشيءَ عنه: کسی سے کوئی چیز ہٹانا۔
(تَزَعَّبَ): چست اور تیز ہونا (۲) غضب ناک ہونا۔
— في الاكلِ والشُّربِ: کھانے پینے میں زیادتی کرنا۔
(الزَّاعِبُ): ملکوں کی سیاحت کرنے والا راہ نما۔
(اَلزَّاعِبِيَّةُ): وہ نیزے جو زاعب (آدمی یا علاقہ) کی طرف منسوب ہیں' یا بہت لچکدار نیزے۔
(الزِّعْبُ) و (الزُّعْبَةُ): مال کا ایک حصہ۔
(الزَّعْبَلُ): وہ بچہ جو بدن کو غذا نہ لگنے کی وجہ سے بھاری پیٹ اور پتلی گردن کا ہو گیا ہو (۲) گرگٹ (۳) سانپ (۴) روئی کا پودا۔

(زَعَجَه) (ف) زَعْجًا: بے چین اور پریشان کرنا (۲) کسی چیز کو اس کی جگہ سے اکھیڑنا (۳) ہٹانا' دھتکارنا۔
(زَعِجَ) (س) زَعَجًا: بے چین و پریشان ہونا۔
(المِزْعَاجُ): وہ عورت جو ایک جگہ قرار نہ پکڑتی ہو۔
(زَعِرَ) (س) الشَّعْرُ و الرِّيْشُ و الوَبَرُ زَعَرًا: بالوں یا پروں کا کم اور بکھرا ہوا ہونا جس سے کھال نظر آئے۔
— المكانُ: کسی جگہ پودوں کا کم اور متفرق ہونا۔
— فلانٌ: بدمزاج اور بے فیض ہونا۔هو زعِرٌ وهی زَعِرَةٌ وهو أزعَرُ وهی زَعْرَاءُ (ج) زُعْرٌ۔
(ازعارّ) و (ازعَرّ) بمعنی زَعِرَ۔
(الأزْعَرُ): بداخلاق (ج) زُعْرٌ۔
(الزُّعْرُ): شاطر' عیار' مکار لوگ۔
(الزُّعْرُورُ): بداخلاق۔
(زَعْزَعَه) وبه: زور سے ہلانا جیسے زَعْزَعَتِ الريحُ الشجرة وزعزعت بالشجرة: ہوانے درختوں کو ہلا کر رکھ دیا۔
— الابلَ وغيرها: اونٹوں وغیرہ کو سختی سے ہانکنا۔
(تَزَعْزَعَ): زور زور سے ہلنا۔
(الزَّعازِعُ) تیز ہوا' آندھی۔
(الزَّعازِعُ): تیز ہوائیں' آندھیاں۔واحد: زَعْزَعٌ وزعْزاعٌ۔
— زَعَازِعُ الدَّهرِ: حوادثات زمانہ۔
(الزَّعْزاعُ): تیز ہوا۔
(الزَّعزاعَةُ): بہت گھوڑوں والی جماعت۔
(الزَّعْزَعُ): تیز ہوا۔
— سيرٌ زَعْزَعٌ: تیز رفتاری۔
(زَعَطَ) (ف) فلانًا زَعْطًا: گلا گھونٹنا۔
(الزَّاعِطُ) موتٌ زَاعِطٌ: ناگہانی موت۔
(زَعَفَ) (ف) في الحديث زعفًا: بات میں اضافہ کرنا' جھوٹ شامل کرنا۔

— الرَّجُلَ ونحوَهُ: اس طرح ضرب لگانا کہ فوراً مرجائے۔
(أزْعَفَ) عليه: زخمی کو مار ڈالنا۔
— الرَّجُلَ ونحوَهُ: فوراً مار ڈالنا۔
(الزُّعَافُ) سُمٌّ زُعَافٌ: زہر قاتل۔
— موتٌ زُعافٌ: ناگہانی موت۔
(الزُّعُوفُ): ہلاکت' ہلاکت گاہیں۔
(المُزْعِفُ) بمعنی الزُّعاف۔
— سَيفٌ مُزْعِفٌ: تیز تلوار۔
(زَعْفَرَهُ): زعفران سے رنگنا۔
(تَزَعْفَرَ): زعفران کی خوشبو لگانا یا زعفران سے رنگنا۔
(الزَّعْفَرَانُ): زعفران' فصیلہ سوسنیہ کا ایک خوشبودار پودا جس کے باریک' زرد یا سرخ ریشے ہوتے ہیں۔
— زَعفرانُ الحديدِ: لوہے کا زنگ۔
(زَعَقَ) (ف) زَعْقًا: چیخنا۔
— به: کسی کو دیکھ کر چیخنا۔
— فلانًا: ڈرانا (۲) چلا کر کسی کو ڈرا دینا۔هو مَزْعُوقٌ وزَعِيقٌ۔
— الدوابَّ وبها: مویشی کو آواز لگا کر تیز دوڑانا۔
— القِدْرَ: ہانڈی میں زیادہ نمک ڈال کر خراب کر دینا۔
— الطعامَ: کھانے کو زیادہ نمک ڈال کر کڑوا کر دینا۔
— الرِّيحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
(زَعِقَ) (س) زَعَقًا: گھبرا کر چوکنا ہونا۔هو زَعِقٌ وهی زَعِقَةٌ۔
(زَعُقَ) (ك) الماءُ والطعامُ زُعُوقَةً: زیادہ تلخی کی وجہ سے ناقابل استعمال ہونا۔
(أزْعَقَهُ): ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔
— القِدْرَ والطَّعامَ: زیادہ نمک کی وجہ سے تلخ وکڑوا کرنا۔
(انْزَعَقَ): ڈرانا' گھبرا جانا۔

—الدَّوابُّ: جانور کا تیز دوڑنا۔
(الزُّعاقُ): تلخ اور کڑوا پانی جسے پینا مشکل ہو (۲) زیادہ نمک والا کھانا (واحد جمع برابر ہیں)
(الزَّعْقَةُ): مصدر مرہ، چیخ آواز۔ جیسے سمعت زَعْقَةَ المؤذنِ: میں نے مؤذن کی آواز سنی۔
(الزَّعِقَةُ) من الآبارِ: کھارے پانی کا کنواں۔
(المِزْعَقُ) سيرٌ مِزْعَقٌ: تیز رفتاری۔
(زَعِلَ) (س) زَعَلًا: پھرتیلا ہونا۔
— مِنَ الْمَرَضِ اَوِ الْجُوْعِ: بیماری یا بھوک کی وجہ سے تڑپنا، بلبلانا۔ هو زَعِلٌ وهي زَعِلَةٌ۔
— مِنَ الشيءِ: تکلیف محسوس کرنا، ناراض ہونا (مو)
(اَزْعَلَهُ): مستعد اور چوکنا ہونا۔
— من مكانه: اس کی جگہ سے ہٹانا۔
(تَزَعَّلَ): پھرتیلا اور چوکنا ہونا۔
(الزِّعْلَةُ): شتر مرغ (۲) وہ حاملہ مادہ جو ایک سال چھوڑ کر بچہ جنتی ہو۔
(زَعَمَ) (ن) زَعْمًا: گمان کرنا، خیال کرنا۔ جیسے: زَعَمَهُ صَادِقًا و زَعَمَ اِنِّي لا اودُّهُ و زَعَمَنِي لا اَوَدُّهُ یہ اکثر بے حقیقت اور مشکوک چیز کے بارے میں استعمال ہوتا ہے (۲) اعتقاد رکھنا (۳) کہنا (۴) جھوٹ بولنا (۵) وعدہ کرنا۔
— عَلَى الْقَوْمِ زَعَامَةً: قوم کا سردار وحکمران بنا۔ هو زَعِيمٌ۔
— بِهٖ زَعْمًا و زَعَامَةً: کفالت کرنا، ذمہ داری لینا، ضمانت دینا۔ هو زعيمٌ بهٖ قرآن مجید میں ہے: {وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ}
(زَعِمَ) (س) زَعَمًا و زَعْمًا: لالچ کرنا۔ کہتے ہیں: هُوَ يَزْعَمُ فِي غَيْرِ مَزْعَمٍ: وہ غلط چیز کی خواہش ولالچ کرتا ہے۔
(زَعُمَ) (ك) زَعَامَةً: سردار وحکمران بنا۔ هو زعيمُ قومِهٖ (ج) زُعَمَاء۔
(اَزْعَمَ) فلانٌ: فرماں بردار ہونا۔

— الامرُ: ممکن ہونا۔
— فلانًا: لالچ دینا۔
— فلانًا الشَّيْءَ: کسی کو کسی چیز کا ذمہ دار بنانا۔
(تَزَاعَمَا): باہم ناقابل اعتماد گفتگو کرنا۔
— على كذا: کسی بات پر متفق ہونا۔
(تَزَعَّمَ): جھوٹ گھڑنا۔
— القومَ: سردار بن جانا۔
(الزَّعَامَةُ): سرداری، سربراہی، قیادت (۲) میراث وغیرہ کا زیادہ اور بہترین مال۔
(الزَّعْمَةُ): قول، دعویٰ، خیال (مصدر مرہ) (ج) زَعَمَاتٌ کسی کے رد میں کہتے ہیں: هٰذَا وَلَا زعماتِك: یہی صحیح ہے نہ کہ تمہاری بات۔
(الزَّعِيمُ): ضامن، کفیل (۲) سردار، قائد (ج) زُعَمَاء۔
(المَزْعَمُ): ناقابل اعتماد بات، بے بنیاد دعویٰ (ج) مزاعِمُ۔
— اَمْرٌ فيه مَزَاعِمُ: ناقابل یقین اور جھگڑے کی بات۔
(زَعْنَفَتِ) الماشِطَةُ العُرُوْسَ: خادمہ کا دلہن کو آراستہ کرنا، بناؤ سنگھار کرنا۔
(الزِّعْنَفَةُ): ہر خراب اور ردی چیز (۲) ہر چیز کا ٹکڑا، حصہ (۳) مچھلی کا پنکھ (۴) کپڑے کا ٹکڑا یا نیچے کا پھٹا ہوا ٹکڑا (۵) قبیلہ سے کٹا ہوا گروہ (۶) مخلوط النسل گروہ۔ ایسے لوگوں کا گروہ جن کی اصل ایک نہ ہو (ج) زَعَانِفُ۔
(الزِّعنِفَةُ) بمعنی الزِّعْنَفَةُ (ج) زَعَانِفُ۔

ز............غ

(زَغِبَ) (س) زَغَبًا: رواں نکلنا۔ هو زَغِبٌ وهي زَغِبَةٌ وهو اَزْغَبُ وهي زَغباءُ (ج) زُغْبٌ۔
(زَغَّبَ) و (ازْغَابَّ) بمعنی زَغِبَ۔
(الأَزْغَبُ): چتکبرا گھوڑا، سیاہ اور سفید گھوڑا۔
(الزُّغَابَةُ): نرم اور باریک بال یا پر (۲) بہت تھوڑی چیز (کنایۃ) جیسے ما اَصَبْتُ مِنْه زُغَابَةً: مجھے اس سے ذرا سی چیز بھی نہیں ملی۔

(الزَّغَبُ): چھوٹے اور نرم بال یا پر۔
(۲) بوڑھے آدمی کے سر میں بچے ہوئے بال۔ واحد: زَغَبَةٌ۔
(زَغْبَرَ) الثَّوبُ: کپڑے کا رواں دار ہونا۔
(زِغْبِرُ) الثَّوبِ: کپڑے کا رواں۔
(زَغَدَ) (ف) البَعِيْرُ زَغْدًا: اونٹ کا شدت سے بلبلانا۔
— النَّهْرُ: نہر کا لبالب بھرنا۔
— الشَّيْءَ: نچوڑنا۔
— فلانًا: کسی کا حلق دبانا۔
— السِّقاءَ: مشک کو خوب دبا کر اس کے منہ سے مکھن نکالنا۔
— الزُّبْدَ: مکھن نکالنا۔
— فلانًا بِالْكَلَامِ: کسی چیز پر اکسانا، بھڑکانا، ابھارنا۔
(اَزْغَدَتْ) وَلَدَهَا: بچہ کو دودھ پلانا۔
(تَزَغَّدَتِ) الشِّقْشِقَةُ فِي الْفَمِ: جھاگ سے منہ بھر جانا۔
(الزَّغِيْدُ): مشک کو دباتے وقت اس کے منہ سے نکلنے والا جھاگ یا مکھن۔
— زَغِيْدَةٌ: تھوڑا سا مکھن۔
(زَغْدَبَ): غصہ ہونا۔
— عَلَى النَّاسِ: لوگوں سے سوال میں اصرار کرنا۔
(الزَّغْدَبُ): اونٹ کی شدت بلبلاہٹ (۲) بہت زیادہ مکھن یا جھاگ۔
(زَغْرَدَ) البعيرُ: اونٹ کا اپنی آواز کو گلے میں گھمانا، گڑگڑانا۔
— المرأةُ: عورت کا خوشی میں گنگنانا۔
(زَغْزَعَ) الشَّيءُ: سبک اور نازک ہونا۔
— بِهٖ: مذاق کرنا، تمسخر کرنا۔
— الشَّيْءَ: چھپانا، پوشیدہ کرنا۔
— كَلَامَه: اتنا آہستہ بولنا کہ بات واضح نہ ہو سکے۔
(الزَّغْزَغُ): ہلکا اور سبک (۲) حسب ونسب میں

معیوب۔

(الزُّغْزُغُ): چھوٹا اور کوتاہ قد۔

(زَغَفَتِ) (ف) البِئْرُ زَغْفًا: کنویں کے پانی کا زیادہ ہونا۔

—السَّحَابُ: بادل کا خوب پانی برسانا۔

—فی حَدِیْثِہٖ: اپنی بات میں جھوٹ کی آمیزش کر کے لمبا کرنا۔زَغَفَ کلامًا کثیرًا: اس نے خوب باتیں بنائیں۔

— لَہ مالاً کثیرًا: کسی کو مال دو ہاتھ بھر کر دینا۔

—فُلَانًا: نیزہ مارنا۔

(اِزْدَغَفَ) الشیءَ: سارے کا سارا لے لینا۔

(الزَّغْفُ): آسمان میں پھیلا ہوا بادل جو خوب بارش برسائے (۲) لمبی اور کشادہ زرہ۔واحد: زَغْفَۃٌ۔

(الزَّغَفُ): لکڑی کے پتلے پتلے ٹکڑے جو جلانے کے کام آتے ہیں (۲) درخت کی نازک شاخیں۔

(المِزْغَفُ): انتہائی حریص اور کھانے کا عادی۔

(زَغَلَ) (ف) الشَّرابَ زَغْلًا: پانی وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینا (۲) منہ سے نکالنا، اُگلنا۔

—بِبَوْلِہٖ: رک رک کر پیشاب کرنا۔

(اَزْغَلَتِ) الطَّعْنَۃُ بالدَّمِ: نیزہ کی چوٹ سے تھوڑا تھوڑا خون رسنا۔

—الشَّرابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

— الطَّائِرُ فَرْخَہ: پرندہ کا اپنے چوزہ کو دانہ کھلانا۔

(الزَّغَلُ): دھوکہ، ملاوٹ، کھوٹ۔

(الزُّغْلَۃُ): منہ بھر مشروب (۲) پیشاب کی ایک دھار (ج) زُغَلٌ۔

(الزُّغْلُوْلُ): پھرتیلا آدمی (۲) بچہ (۳) پرندہ کا چوزہ (ج) زَغَالِیْلُ (۴) سرخ رنگ کی بڑی پختہ اور میٹھی کھجور (محدثہ)

(تَزَغَّمَ) الجملُ: اونٹ کا منہ کے جھاگ کو جبڑوں میں گھمانا۔

—الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کا ہلکا ہلکا رونا۔

—فلانٌ: غصہ سے بولنا۔

(الزَّغُوْمُ): بدزبان۔

ز............ف

(زَفَتَ) (ن) الاِناءَ وغیرَہ زَفْتًا: برتن وغیرہ کو بھرنا۔

—فلانًا: تھکانا، پریشان کرنا (۲) غصہ دلانا (۳) ہٹانا، دھکیلنا، دھتکارنا۔

—الدَّابَّۃَ: جانور کو ہانکنا۔

—الحَدِیْثَ فی اُذُنِہٖ: کان میں بات ڈالنا۔

(زَفَّتَ) الشیءَ: تارکول ملنا۔

(الزِّفْتُ): تارکول، تارکول کی طرح کا دوسرا مادہ (مع)

(زَفَرَ) (ف) زَفْرًا وزَفِیْرًا: سانس لمبا کر کے باہر نکالنا۔

—النَّارُ: آگ کے بھڑکنے کی آواز آنا۔

—الشیءَ زَفْرًا: اٹھانا۔

—الماءَ: پانی کھینچنا۔

(الزَّافِرَۃُ): عمارت کا ستون (۲) مونڈھا اور اسکے اردگرد کا حصہ (۳) جماعت، گروہ (۴) فوج کا دستہ (۵) وہ شہتیر جس پر انگور کی بیل کا گچھا رکھا جاتا ہے (۶) پسلی (ج) زَوَافِرُ جیسے: فرسٌ شدیدُ الزَّوافِرِ: مضبوط پسلیوں والا گھوڑا، (۷) رشتہ دار و مددگار۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے: (کَانَ اِذَا خَلَا مَعَ صَاغِیَتِہٖ وَزَافِرَتِہٖ انْبَسَطَ)

(الزِّفْرُ): بوجھ (۲) مسافر کا سامان (۳) جماعت (ج) اَزْفَارٌ۔

(الزَّفَرُ): درخت کو سہارا دینے کی لکڑی۔

(الزُّفَرُ): بہادر (۲) بڑا سردار، قائد اعظم (۳) سمندر (۴) زیادہ پانی والا دریا یا نہر (۵) سخی آدمی (۶) بڑا عطیہ، بخشش (۷) فوج کا دستہ۔

(زَفْرَۃُ) الشیءِ: کسی چیز کا بیچ، درمیان۔

(زُفْرَۃُ) الشیءِ: درمیان، بیچ۔

— فَرَسٌ عَظِیْمُ الزُّفْرَۃِ: بڑے پیٹ والا گھوڑا (ج) زُفَرٌ۔

(الزَّفِیْرُ): وہ سانس جو اندر کھینچ کر چھوڑا جائے، لمبا سانس، مقابل (شَھِیْقٌ) قرآن مجید میں ہے: {لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ}

(زَفْزَفَتِ) الرِّیْحُ: ہوا کے جھونکے آنا (۲) درخت سے ٹکرا کر آواز دینا۔

—المَوْکِبُ: جلوس کے چلنے کی آواز آنا۔

—فلانٌ: کانپنا (۲) اچھی چال چلنا۔

—الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو پھیلا کر نیچے اترنا۔

—الرِّیْحُ الحَشِیْشَ وغیرَہ: ہوا کا گھاس وغیرہ کو حرکت دینا۔

(تَزَفْزَفَ): کانپنا، ہلنا۔

(الزَّفْزَافُ): مسلسل چلنے والی تیز ہوا۔

(الزَّفْزَافَۃُ) بمعنی الزَّفْزَافُ۔

(الزَّفْزَفُ) بمعنی الزَّافِزَفُ (۲) ہلکا پھلکا، (۳) شتر مرغ۔

(زَفَّ) (ن ض) زَفًّا وزُفُوْفًا وزَفِیْفًا: تیز چلنا، دوڑنا۔قرآن مجید میں ہے: {فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ}

—الریحُ: ہوا کا تیز چلنا۔

—الطَّائِرُ زَفًّا وزَفِیْفًا: پرندہ کا پروں کو کھول کر خود کو نیچے لانا۔

— العَرُوْسَ زِفَافًا وزَفَّۃً: دلہن کو رخصت کرنا ماں باپ کے گھر سے خاوند کے گھر بھیجنا۔

(زَفَّ) (س) الطَّائِرُ زَفَفًا: پرندہ کا گھنے چھوٹے پروں والا ہونا۔ھو اَزَفُّ وھی زَفَّاءُ۔

(اَزَفَّ) بمعنی زَفَّ۔

—الظلیمَ وغیرَہ: شتر مرغ وغیرہ کو دوڑانا۔

—العَرُوْسَ بمعنی زَفَّھَا۔

(اِسْتَزَفَّہ) الشیءُ: کسی کے لئے کسی چیز کا ہلکا ہونا۔

— السیلُ الشیءَ: سیلاب کا کسی چیز کو بہا کر لے جانا۔

(سَجَمَ) (ن) الدَّمْعُ والمَطَرُ سُجُوْمًا و سِجَامًا و تَسْجَامًا: تھوڑا یا زیادہ بہنا۔

— عَنِ الْأَمْرِ: کسی کام میں انقباض کی بنا پر دیر کرنا۔

— العَیْنُ الدَّمْعَ سَجْمًا و سُجُوْمًا: آنکھ کا آنسو بہانا۔ سَجَمَتِ السحابَةُ الماءَ: بادل کا پانی برسانا۔

(أَسْجَمَتِ) السحابةُ: مسلسل بارش ہونا۔

— العینُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

— السَّحابَةُ الماءَ: بادل کا بارش برسانا۔

(انْسَجَمَ): بہنا۔

(السَّجْمُ): پانی (۲) آنسو۔

(السَّجُوْمُ): بہت بہنے یا بہانے والا۔

— عَیْنٌ سَجُوْمٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

— نَاقَةٌ سَجُوْمٌ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

(الْمِسْجَامُ) بمعنی السَّجُوْمُ (ج) مَسَاجِیْمُ۔

(سَجَنَهُ) (ن) سَجْنًا: قید کرنا۔ هو مسجونٌ و سجینٌ (ج) سُجَنَاء و سَجْنٰی و هی مسجونٌ و سَجِیْنَةٌ (ج) سَجْنٰی و سَجَائن۔

— لِسَانَهُ: زبان بند رکھنا۔ حدیث میں ہے: (لیس شئٌ اَحقَّ بطول سجن من لسان)

— الهَمَّ: غم یا مصیبت کا اظہار نہ کرنا۔

(سَجَّنَهُ) بمعنی سَجَنَه۔

— النَّخْلَ: کھجور کے درختوں کی جڑوں میں پانی جذب کرنے کے لئے کیاریاں بنانا۔

(السَّاجُوْنُ): زمین سے نکلا ہوا لوہا۔

(السَّجَّانُ): جیلر، داروغہ جیل۔

(السِّجِّیْنُ): جیل، قید خانہ۔ (۲) جہنم کی ایک وادی (۳) وہ جگہ جہاں بدکاروں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں۔ (۴) بہت سخت، ٹھوس (۵) دائمی، ہمیشہ رہنے والا (۶) اعلانیہ ہونے والی چیز (۷) وہ کھجور کے درخت جن کی جڑوں میں پانی کے لئے کیاریاں بنائی گئی ہوں۔

ضَرْبٌ سِجِّیْنٌ: ایسی ضرب جو مضروب کو وہیں بٹھا دے ہلنے نہ دے۔

— فَعَلَ ذٰلك سِجِّیْنًا: اس نے یہ کام علی الاعلان کیا۔

(السِّجْنُ): قید خانہ، جیل (ج) سُجُوْنٌ قرآن مجید میں ہے: {رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ}

(السَّجَنْجَلُ): آئینہ (۲) سونا (۳) چاندی کے ڈھلے ہوئے ٹکڑے (۴) زعفران (رومی لفظ معرب)۔

(سَجَا) (ن) الشئُ سَجْوًا و سُجُوًّا: پرسکون ہونا، سنسان رہنا، جیسے سجا اللیل و سجا البَحْرُ و سَجَتِ الرِّیْحُ و سَجَتِ الحلوبةُ للحالِبِ (۲) برقرار رہنا۔ جیسے سَجَا طبعُهُ علی کذا۔

— الشئَ سَجْوًا: ڈھانپنا۔

(أَسْجٰی) البَحْرُ وغَیْرُهُ: سمندر کا پرسکون ہونا۔

— البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔

— الحلوبةُ: دودھ دینے والی اونٹنی کا بہت دودھ والا ہونا۔

— الشئَ: ڈھانپنا۔

(سَاجَاهُ): ہاتھ لگانا، چھونا۔ کہتے ہیں: اتانا بطعامٍ فما ساجیناه۔

(سَجّٰی) المَیِّتَ: میت کو ڈھانپنا۔

(تَسَجّٰی): ڈھک جانا، لپٹ جانا۔

(السَّاجِیْ): طَرْفٌ سَاجٍ: خمار آلود نگاہ۔

— عَیْنٌ سَاجِیَةٌ: نشیلی آنکھ۔

امرأةٌ سَاجِیَةُ الطَّرْفِ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔

لیلةٌ سَاجِیَةٌ: پرسکون رات جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔

(السَّجْوَاءُ) امرأةٌ سَجْوَاءُ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔ ناقةٌ سجواءُ: پرسکون دودھ دینے والی اونٹنی۔

— رِیحٌ سجواءُ: نرم ہوا۔ بِئْرٌ سَجْوَاءُ: بہت پانی والا کنواں۔

(السَّجِیَّةُ): طبیعت، اخلاق، مزاج (ج) سجایا۔

س .... ح

(سَحَبَ) (ف) الشئَ سَحْبًا: کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّیْحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی اڑانا۔

— ذَیْلَهُ: دامن گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّیْحُ اَذْیَالَهَا: ہوا خوب زور و شور سے چلی۔

اِسْحَبْ ذیلك علی ما کان منّی: میری بات سے صرف نظر کر کے معاف کیجئے۔

— جاءَ فلانٌ یَسْحَبُ ذیلَه: وہ تکبر کی وجہ سے دامن گھسیٹتے ہوئے آیا۔

سَحَبَ وَدِیْعَتَهُ: امانت واپس کرنا۔

(اَسْحَبَهُ)الشیَٔ: کسی سے کوئی چیز واپس کرانا۔
(اِنْسَحَبَ): گھسٹنا' کھنچنا۔
— فلانٌ مِنَ المجلس: کسی وجہ سے مجلس سے نکل جانا (محدثہ)
— الجَیْشُ مِنَ المیدانِ: میدان سے لشکر کا ہٹ جانا۔
(تَسَحَّبَ) فی حَقِّ فُلَانٍ: کسی کے حق کو چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
— فلانٌ: کسی پر ناز کرنا جیسے هو یتسحَّبُ عَلَیْنَا۔
(السَّحَابُ): بادل (پانی سے بھرا یا خالی) (ج) سُحُبٌ۔
— السحابَۃُ: بادل کا ایک ٹکڑا (ج) سَحَائِب۔
— ظَلَّ یفعلُ کذا سَحَابَۃَ یومِه: وہ پورا دن کام کرتا رہا۔
(السُّحَابَۃُ): تالاب میں بچا ہوا پانی۔
(سَحْبَانُ): سحبان بن وائل۔ قبیلہ وائل کا مشہور فصیح وبلیغ آدمی۔
(السَّحْبَانُ): ہر شے کو بہا کر لے جانے والا۔
(السُّحْبَۃُ): تالاب میں بچا ہوا پانی (۲) پردہ' ڈھانپنے والی چیز۔
(المَسْحَبُ): کھینچنے اور گھسٹنے کی جگہ۔ (ج) مَسَاحِبُ۔
(سَحَتَ)(ف) الشیَٔ سَحْتًا: جڑ سے اکھیڑنا۔
— رَاسَهٗ: مونڈ کر بالوں کی جڑیں تک صاف کر دینا۔
— البَرَکَۃَ: برکت زائل کر دینا۔
— الشَّحْمَ عن اللحمِ: گوشت سے چربی اتارنا۔
— وَجْهَ الارضِ: زمین کی سطح کو کھرچنا۔
— فی تجارتِه: خراب یا حرام مال کمانا۔
(اَسْحَتَ): خراب اور حرام کمائی میں پڑنا۔
— التجارۃُ: تجارت کا خراب اور حرام طریقہ پر ہونا۔
— فی تجارتِه بمعنی سَحَتَ۔

— الشیَٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔ قرآن مجید میں ہے: {لَا تَفْتَرُوْا عَلَی اللّٰهِ کَذِبًا فَیُسْحِتَکُمْ بِعَذَابٍ}
— رَاسَهٗ: سر کو مونڈ کر بالوں کو جڑوں سے اکھیڑنا۔
— مالَهٗ: مال کو مکمل طور پر برباد کر دینا۔
(سَحَّتَ): خراب یا حرام مال کمانا۔
— الشیَٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔
(الاَسْحَتُ)عامٌ اَسْحَتُ: خشک سال۔ هی سَحْتَاءُ۔
— سَنَۃٌ سحتاءُ: خشک سال۔
— اَرْضٌ سحتاءُ: بنجر زمین (ج) سُحْتٌ۔
(السُّحْتُ): ناجائز اور حرام آمدنی جیسے رشوت وغیرہ۔ قرآن مجید میں ہے: {سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ}
حدیث ابن رواحہؓ میں ہے جبکہ ان کو خیبر کے یہود نے رشوت دینی چاہی (اتطعمونی السّحت) (۲) تھوڑی چیز (ج) اَسْحَاتٌ۔
(السُّحْتُ) من النَّاسِ: وہ حریص پیٹو جس کا پیٹ کبھی نہ بھرتا ہو۔
(السَّحْتُ): پرانا کپڑا (۲) کھانے پینے کی زیادتی (۳) عذاب۔
— بردٌ سَحْتٌ: سخت سردی۔
— مالٌ ودَمٌ سَحْتٌ: ایسا مال یا خون جس کے ضائع کرنے والے پر تاوان نہ آئے۔
(السُّحْتُوتُ): کم چکنائی والا ستو (۲) نرم مٹی والا جنگل۔ (۳) پرانا کپڑا۔ (ج) سَحَاتِیتُ۔
(السَّحِیْتُ): پیٹو' جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(السَّحِیْتَۃُ)من السحاب: وہ بادل جو اپنے راستہ کی ہر چیز کو صاف کرتا چلے۔
(المَسْحُوْتُ) بمعنی السَّحِیْتُ۔
— مسحوتُ المُعِدَۃِ: پیٹو جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(سَحَجَه) (ف) سَحْجًا: چھیلنا' رگڑنا۔ هو مَسْحُوْجٌ و سَحِیْجٌ۔

— العودَ بالمِبْرَدِ: لکڑی وغیرہ کو ریتی وغیرہ سے گھسنا اور سلائی کرنا۔
— سَحَجَتِ الریحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی سطح کو صاف کرنا۔
— شَعْرَهٗ بالمُشْطِ: بالوں کو کنگھے سے صاف کرنا۔
— فی سَیْرِهٖ: ہلکا دوڑنا۔ مَرَّ یَسْحَجُ: وہ دوڑتے ہوئے گزر گیا۔
(سَحَّجَهٗ): چھیلنا' رگڑنا (۲) دانتوں سے کاٹ کر نشان ڈال دینا۔
(اِنْسَحَجَ): چھیلنا' صاف ہونا' گھس جانا۔
(تَسَحَّجَ): چھل جانا' چھلکا اتر جانا۔
(السَّحُوْجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت۔
(المِسْحَاجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت (۲) کاٹ کھانے والا جانور (ج) مَسَاحِیْجُ
(المِسْحَجُ): کاٹ کھانے والا جانور (۲) رندہ' لکڑی صاف کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِجُ۔
(سَحَّ)(ن ض) الانسانُ والحیوانُ سَحًّا وَ سُحُوْحًا: بہت موٹا ہونا۔ هو سَاحٌّ وهی ساحَّۃٌ۔
— الماءُ ونحوُهٗ: پانی وغیرہ کا اوپر سے نیچے کی طرف بہنا۔
— الماءَ ونحوَهٗ ـ سَحًّا: پانی وغیرہ کو لگا تار خوب برسانا' بہانا' ڈالنا۔ کہتے ہیں: استنشدته قصیدۃً فَسَحَّها عَلَیَّ سَحًّا: میں نے اسے نظم سنانے کا کہا تو اس نے بڑی خوشی سے مجھے پوری نظم سنائی۔
— فلانًا: مارنا (۲) کوڑے مارنا۔
— سَحَّهٗ مَائۃَ سوطٍ: اس کو سو کوڑے مارے
(سَحْسَحَ) الماءُ ونحوُهٗ بمعنی سَحَّ۔
(اِنْسَحَّ): پانی کا بہنا۔
(تَسَحْسَحَ) بمعنی سَحْسَحَ۔
(السَّحَّاحُ): ہمیشہ بہنے یا بہانے والی (اسم تفضیل' مذکر اس سے نہیں آتا)
— یمینهٗ سَحَّاءُ: اس کا ہاتھ عطا کرنے کے لئے

ہروقت کھلا رہتا ہے۔
— غَارَةٌ سَحَّاءُ: ہرطرف پھیلا ہوا حملہ (ج) سُحٌّ.
(السَّحَّاحَةُ): کیمیائی تحلیل کے لئے استعمال کیا جانے والا ایک کانچ کا آلہ (جو نلکی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس میں مختلف درجے ہوتے ہیں) (مج)
(سَحَرَ) (ف) فلانٌ سُحُورًا: سحری کھانا (۲) سحری کے وقت میں داخل ہونا۔
— عَنِ الشيءِ سَحْرًا: دور ہونا۔
— فُلَانًا بالشيءِ: کسی کو کسی چیز سے دھوکا دینا۔
— بِالطَّعامِ: کھانا کھلانا، غذا دینا۔
— بالشرابِ: بار بار پلانا۔
— الشَّيْءَ عَنْ وَجْهِهِ: کسی چیز کو پلٹ دینا۔
— عن الشيءِ: کسی چیز سے پھیرنا۔
— بِكَذَا: کسی چیز کے ذریعہ اپنی طرف مائل کرنا۔
— فلانًا: جادو کرنا، مسحور کرنا (۲) پھیپھڑے پر مارنا۔
— الشيءَ: خراب کرنا۔
— المَطَرُ الارضَ: زیادہ بارش کی وجہ سے زمین خراب ہوجانا۔
(سَحِرَ) (س) سَحَرًا: صبح سویرے آنا (۲) کسی چیز کو کھینچنے کی وجہ سے پھیپھڑا کٹ جانا ھو سَحِيرٌ وسَحِرٌ۔
(أَسْحَرَ) القومُ: وقت سحر میں داخل ہونا (۲) سحر کے وقت چلنا۔
(سَحَّرَ) فُلانًا: کسی پر بار بار جادو کرنا۔ یہاں تک کہ اس کا ذہنی توازن بگڑ جائے۔ (۲) کسی کو سحری کھلانا۔
(اسْتَحَرَ) القومُ بمعنی أَسْحَرُوا۔
— الطَّائِرُ: پرندہ کا صبح کے وقت چہچہانا۔
(تَسَحَّرَ): سحری کھانا۔
— السُّحُورَ: سحری کھانا۔
(السُّحَارَةُ): گلے سے ملا ہوا دل اور پھیپھڑے کا حصہ۔

(السِّحْرُ): جادو، ہر وہ چیز جس کا کوئی مخفی سبب ہو اور وہ اپنی حقیقت کے خلاف ظاہر ہو (۲) ہر وہ چیز جس کے حصول میں شیطانی ذرائع سے مدد لی جائے جس کا ماخذ انتہائی لطیف اور دقیق ہو (ج) أَسْحَارٌ وسُحُورٌ۔
(السُّحْرُ): پھیپھڑا (ج) أَسْحَارٌ و سُحُورٌ ۔ إِنْتَفَخَ سُحْرُهُ: اپنی حیثیت سے بڑھنا (۲) بزدلی کی وجہ سے ڈر جانا۔ انقَطَعَ مِنْهُ سَحَرِي: میں اس سے ناامید ہوگیا۔
(السَّحَرُ والسُّحْرُ): رات کا اخیر اور فجر سے کچھ پہلے کا حصہ، تڑکا (۲) کسی چیز کا کنارہ (۳) سیاہی پر نمودار ہونے والی سفیدی (ج) أَسْحَارٌ۔ کہتے ہیں: لَقِيتُه فِي أَعْلَى السَّحَرَيْنِ: میں اسے پو پھوٹنے سے پہلے ملا۔ یعنی صبح کاذب کے وقت ملا۔ سَحَرَين سے صبح صادق اور صبح کاذب دونوں مراد ہیں۔
(السُّحْرَةُ): رات کا اخیر صبح سے کچھ پہلے کا وقت (۲) تاریکی میں پھوٹنے والی سفیدی۔
(السَّحَرِيُّ): سحری کا وقت، اخیر رات فجر سے کچھ پہلے صبح کاذب کا وقت۔
(السَّحَرِيَّةُ) بمعنی السَّحَرِيُّ۔
(السَّحُورُ): سحری کا کھانا پینا۔
(السَّوْحَرُ): بید کا درخت یا اسی کی طرح کا درخت۔
(المَسَاحِرُ): انتفَخَتْ مَسَاحِرُهُ: اس نے اپنی حیثیت سے تجاوز کیا۔ (خلاف قیاس سَحْرٌ کی جمع ہے)
(المَسْحُورَةُ) من الأرضِ: نہ اگانے والی بنجر زمین (۲) تھوڑا دودھ دینے والی اونٹنی۔
(تَسَحْسَحَ) الماءُ ونحوُهُ: پانی بہنا۔
(السَّحْسَاحُ): شدید بارش۔
(السَّحْسَاحَةُ): سخت بارش۔
— عينٌ سَحْسَاحَةٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
(السَّحْسَحَةُ): گھر کا صحن۔

(سَحَطَهُ) (ف) سَحْطًا: تیزی سے ذبح کرنا۔ حدیث وحشیؓ میں ہے: (فبرك عليه فسحطه سحط الشاةِ)
— الطَّعامُ فلانًا: حلق میں اٹکنا، اچھو لگنا۔
— الشَّرابَ: شراب یا شربت میں پانی ملانا۔
(انسَحَطَ) الشيءُ مِنْ يَدِهِ: ہاتھ سے کوئی چیز چھوٹ جانا۔
— فلانٌ عن النَّخْلةِ: کھجور کے درخت سے لٹکنا اور بغیر پکڑے نیچے اترنا۔
(المَسْحَطُ): حلق (ج) مَسَاحِطُ۔
(سَحَفَ) (ف) الشيءَ سَحْفًا: چھیلنا، کھرچنا۔
— الشَّحْمَ عَنْ ظَهْرِ الشَّاةِ: بکری کی پیٹھ کی چربی زیادہ ہونے کی وجہ سے چھیلنا۔
— اللهُ فُلَانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو مرض سل میں مبتلا کرنا۔
(أَسْحَفَتِ) الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو لے جانا۔
— فلانٌ: پیٹھ کی چربی فروخت کرنا۔
(السُّحَافُ): مرض سل۔
(السَّحْفَةُ): کھال سے چمٹی ہوئی کمر کی چربی (جو مونڈھوں اور کولہوں کے درمیان ہوتی ہے) (ج) سَحْفٌ و سِحَافٌ۔
(السُّحْفَةُ) رَجُلٌ سُحْفَةٌ: منڈے ہوئے سر والا۔
(السَّحُوفُ): وہ موٹی اونٹنی جس کی کمر سے چربی اتاری جائے (ج) سُحُفٌ (۲) چکی کی آواز (۳) دودھ دوہتے وقت دودھ کی آواز۔
(السَّحِيفُ) بمعنی چکی کی آواز۔
(السَّحِيفَةُ) بمعنی السَّحْفَةُ (۲) سخت طوفانی بارش جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے (ج) سَحَائِفُ۔
(المَسْحَفُ): مَسْحَفُ الحَيَّةِ: زمین پر سانپ کے رینگنے کا نشان۔
(المَسْحَفَةُ): پتلی اور باریک گھاس والی زمین (ج) مَسَاحِفُ۔
(المِسْحَفَةُ): گوشت یا چمڑا وغیرہ چھیلنے یا

س

اتارنے کا اوزار (ج) **مَسَاحِفُ**۔

(سَحَقَهُ) (ف) سَحْقًا: کسی چیز کو اچھی طرح کوٹنا' سفوف بنانا۔ جیسے **سَحَقَ الدَّوَاءَ**۔

— الشیءَ الشَّدِیْدَ: سخت چیز کو نرم کرنا۔

— الشیءَ: تباہ و برباد کرنا' ہلاک کرنا (۲) پرانا اور بوسیدہ کرنا۔ کہتے ہیں: **سَحَقَ فلانًا و سَحَقَ الحشرۃَ و سَحَقَ الثوبَ**۔

— رَاْسَه: سر مونڈنا۔

— العَیْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔

— اللّٰهُ فلانًا: اللہ اسے برباد کرے۔

(سَحِقَ) (س) سُحْقًا: بہت زیادہ دور ہونا قرآن مجید میں ہے: **{فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ} هو سحیقٌ و هی سَحِیْقَةٌ**۔

(سَحُقَ) (ك) الشیءُ سَحَاقَةً و سُحُوْقَةً: پرانا و بوسیدہ ہونا۔

— الشیءُ سُحْقًا: بہت دور ہونا۔ **هو سحیقٌ و هی سحیقةٌ**۔ قرآن مجید میں ہے: **{فَتَخْطَفُهُ الطَّیْرُ اَوْ تَهْوِیْ بِهِ الرِّیْحُ فِیْ مَكَانٍ سَحِیْقٍ}**

— النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔

(اَسْحَقَ): پرانا و بوسیدہ ہونا جیسے **اَسْحَقَ الثوبُ** (۲) بہت دور ہونا۔

— الضَّرْعُ: تھن کا خشک ہو کر پیٹ سے لگ جانا۔

— اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو ہلاک و برباد کر دینا۔

(اِنْسَحَقَ) الدَّوَاءُ: دوا کا باریک ہونا۔

— الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔

— فلانٌ: دور ہونا۔

— الدَّمْعُ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔

— الشیءُ: وسیع و کشادہ ہونا۔

(السَّحْقُ) من الثیاب: پرانا کپڑا' کبھی اضافت بیانیہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے جیسے **سَحْقُ ثوبٍ و سَحْقُ عِمَامَةٍ** (۲) اونٹ کی پیٹھ کے پھوڑے کا نشان (۳) باریک بادل (ج) **سُحُوْقٌ**۔

(السُّحْقُ): بہت دوری' ہلاکت۔

— سُحْقًا لَه و سُحْقًا سُحْقًا: (بددعا کے لئے) وہ برباد ہو' خدا کی رحمت سے بہت دور ہو۔

(السَّحُوْقُ): لمبا' لمبی۔ کہتے ہیں: **عُوْدٌ سَحُوْقٌ و نَخْلَةٌ سَحُوْقٌ و امرأةٌ سَحُوْقٌ (ج) سُحُقٌ**۔

(السَّحِیْقَةُ): زوردار بارش جو سب کچھ بہا کر لے جائے (ج) **سَحَائِقُ**۔

(المَسْحُوْقُ): پسی ہوئی چیز (۲) سفوف پاؤڈر (ج) **مَسَاحِیْقُ**۔

(سَحَلَتِ) (ف) العینُ سَحْلًا و سُحُوْلًا آنکھ سے آنسو بہنا۔

— السماءُ: آسمان کا پانی برسانا۔

— الحمارُ سَحِیْلًا و سُحَالًا: گدھے کا ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔

— الحَبْلَ سَحْلًا: رسی کو بل پر بٹنا۔

— الدَّرَاهِمَ: روپیہ پیسہ نقد دینا۔

— فلانًا کذا دِرْهَمًا: کسی کو کوئی رقم فوری طور پر دینا۔

— السُّوْرَةَ و القصیدةَ: ملا ملا کر پڑھنا۔

— الشیءَ: کوٹنا' پیسنا' گھسنا' رگڑنا۔ جیسے **سَحَلَ الذَّهَبَ و الفِضَّةَ**۔ کہتے ہیں: **سَحَلَتِ الرِّیْحُ الارضَ:** آندھی نے زمین کو کھرچ ڈالا۔

— فلانًا بلسانِه: کسی کو گالی دینا' مذمت کرنا۔

(اَسْحَلَ) الحَبْلَ: رسی کو ایک بل دینا۔

(سَاحَلُوْا): ساحل اور کنارہ دریا پر آنا یا اس پر چلنا۔

— فُلَانًا مُسَاحَلَةً و سِحَالًا: کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا۔

(اِنْسَحَلَ): چھلنا' پسنا۔ (۲) تیز چلنا۔ تیزی سے گزر جانا۔ جیسے **اِنْسَحَلَتِ النَّاقَةُ و انسحل الخطیبُ**۔

(الاِسْحِلُ): وہ درخت جس کی مسواک بنائی جاتی ہے۔

(السَّاحِلُ): سمندر کا کنارہ' ساحل' وہ ملحقہ زمین جہاں تک سمندر کی موجیں اثر انداز ہوتی ہوں (مؤ) (ج) **سَوَاحِلُ**۔

(السِّحَالُ): لگام۔

(السُّحَالَةُ): سونے چاندی وغیرہ کا برادہ (۲) گندم اور جو وغیرہ کا چھلکا' بھوسہ۔

— سُحَالَةُ القومِ: گرے پڑے گھٹیا درجے کے لوگ۔

(السَّحْلُ): کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی (۳) سفید باریک کپڑا (ج) **اَسْحَالٌ و سُحُوْلٌ و سُحُلٌ**۔

(السَّحِیْلُ): کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی پر بٹی ہوئی رسی۔

(المُسْحَلَةُ): سوت کا گولہ۔

(المِسْحَلُ): لگام (۲) لگام کے دونوں طرف کے حلقوں میں سے ایک حلقہ (۳) داڑھی کا ایک کنارہ اور وہ دو ہوتے ہیں: **مِسْحَلَانِ** (۴) چھینی (تراشنے کا اوزار) (۵) زبان۔ کہتے ہیں: **رَكِبَ الخَطِیْبُ مِسْحَلَه:** خطیب نے تقریر جاری رکھی (۶) ریتی' چھینی (۷) رندا (ج) **مَسَاحِلُ**۔

(المَسْحُوْلُ): حقیر اور معمولی (۲) وسیع و ہموار جگہ۔

(سَحِمَ) (س) سَحَمًا و سُحَامًا و سُحْمَةً: کالا ہونا' سیاہ ہونا **هو اَسْحَمُ و هی سَحْمَاءُ (ج) سُحْمٌ**۔

(اَسْحَمَتِ) السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔

(سَحَّمَ) الشیءَ: کالا کرنا' سیاہ کرنا۔

(الاِسْحِمَانُ): ہر کالی چیز۔

(السُّحْمُ): لوہار کے ہتھوڑے۔

(السَّحْمَةُ): لوہے کا ٹکڑا (ج) **سَحْمٌ**۔

(سَحَنَ) (ف) الشیءَ سَحْنًا: کوٹنا' توڑنا' پیسنا۔

— الخشبةَ: لکڑی کو رگڑ رگڑ کر نرم کرنا (اس کا کچھ حصہ ضائع کئے بغیر)

(سَاحَنَهُ): کسی سے اچھی طرح ملنا۔

— الشیءَ: کسی کے ساتھ کسی چیز میں شریک ہونا' بات چیت کرنا۔

(السَّحْنَاءُ): حالت، ہیئت (۲) رنگ (۳) رنگ وروپ (۴) کھال کی نرمی (۵) نعمت وآسائش۔
(السَّحْنُ) يَوْمُ سَحْنٍ: بڑے اجتماع کا دن۔
(السِّحْنُ): گوڈ حفاظت۔هو فِيْ سِحْنِهِ: وہ اس کی حفاظت میں ہے۔
(السَّحْنَةُ) بمعنی السَّحْنَاءُ۔
(المِسْحَنُ): رندا، لکڑی کو نرم اور چکنا کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِنُ۔
(المِسْحَنَةُ): رندا (۲) لوہے کی دھار بنانے کا باریک پتھر (ج) مَسَاحِنُ۔
(سَحَا) (ن ض) الشيءَ سَحْوًا: چھلنا، کھرچنا۔ کہتے ہیں: سَحَا الطِّيْنَ عَنْ وَجْهِ الأَرْضِ وسحا الشحمَ۔
— القِرْطَاسَ: کاغذ کو صاف کرنا۔
— مِنَ القِرْطَاسِ: کاغذ کو تراشنا۔
— الشَّعْرَ: بالوں کو مونڈنا۔
— الكتابَ: کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔
(سَحِي) (ف) الطينَ سَحْيًا: مٹی کو کھرچنا۔
(أَسْحَى) الكتابَ: کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔
(سَحَّاهُ) بمعنی سَحَاهُ۔
(اِسْتَحَى) الشيءَ: چھیلنا، رگڑنا۔
— الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
(انْسَحَى): چھل جانا، کھرچ جانا۔
(الأُسْحُوَانُ): خوبصورت اور لمبا (۲) زیادہ کھانے والا۔
(الأُسْحِيَّةُ): گوشت پر چڑھی ہوئی جھلی (ج) أَسَاحِيُّ۔
(السَّاحِيَةُ): طوفانی بارش جو زمین کی مٹی کو چھیل ڈالے۔سَيْلٌ سَاحِيَةٌ (تاء مبالغہ کے لئے) زبردست سیلاب جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے۔
(السَّحَا) مِنْ كُلِّ شيءٍ: ہر چیز کا چھلکا۔
(السَّحَاءُ): ہر چیز کا چھلکا۔واحد: سِحَاءَةٌ وسِحَايَةٌ: کہتے ہیں: مافي السماءِ سِحَاءَةٌ مِنَ السحابِ: آسمان میں ہلکا سا بھی بادل نہیں۔
(السِّحَايَةُ): وہ اوزار بنانے کا پیشہ جن سے زمین کی مٹی صاف کی جاتی ہے (۲) دماغ کا غلاف، جھلی۔)
(المِسْحَاةُ): چھیلنے اور کھرچنے کا اوزار (۲) بیلچہ پھاوڑا وغیرہ (ج) مَسَاحٍ۔

س .... خ

(السِّخَابُ): موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں (مونگے وغیرہ) سے بنایا ہوا ہار جو بچے استعمال کرتے ہیں۔کہتے ہیں: وَجَدْتُهُ مَارِتَ السِّخَابِ: میں نے اسے بچوں کی طرح ناسمجھ پایا۔(ج) سُخُبٌ۔
(السَّخْبَرُ): ایک درخت جس کی جڑ میں سانپ رہتے ہیں اور لمبا ہونے کے بعد اس کے سرے نیچے کی طرف لٹک جاتے ہیں واحد: سَخْبَرَةٌ۔
— رَكِبَ فلانٌ السَّخْبَرَ: دھوکہ دینا، غداری کرنا۔
(السَّخْتُ): شدید، سخت۔جیسے حَرٌّ سَخْتٌ و بَرْدٌ سَخْتٌ (۲) ٹھوس اور باریک۔
(السِّخْتِيتُ) بمعنی: السَّخْتُ (۲) ٹھوس اور خالص سفید۔
(السِّخْتِيَان): بکری کی دباغت دی ہوئی کھال (مع)
(المَسْخُوتُ): چکنا۔
(سَخَّتِ) (ض) الجرادةُ سَخْتًا: ٹڈی کا زمین میں دم گاڑنا۔
— فِي السَّيْرِ والحَفْرِ: چلنے یا کودنے میں دور نکل جانا۔
(السَّخَاخُ): نرم اور عمدہ زمین جس میں ریت نہ ہو۔
(سُخِّدَ) وَرَقُ الشَّجَرِ: درخت کے پتوں کا تر ہو کر ایک دوسرے پر چڑھ جانا۔
(السَّخْدُ): گرم۔
(السُّخْدُ): بچہ کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد گاڑھا پانی (۲) چہرہ کی زردی (۳) رحم کی دیوار سے ملا ہوا عضو جو رحم میں بچہ کی غذا کا ذریعہ ہوتا ہے۔
— السُّخْدُ الطُّبْطَابِي: ولادت کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی وہ جھلی جس میں "الحبل السّرّيّ" (umbilical cord) کنارے کے ساتھ جڑی ہوتی ہے (مج)
(السَّخْوَدُ) شَبَابٌ سَخْوَدٌ: چڑھتی جوانی۔
(المُسَخَّدُ): ورم آلود زرد رنگ کا بوجھل آدمی۔
(سَخَرَتِ) (ف) السَّفِيْنَةُ سَخْرًا: کشتی کا موافق اور خوش گوار ہوا میں چلنا۔
— فُلَانًا سِخْرِيًّا: کسی سے جبراً کوئی کام لینا۔
(سَخِرَ) (س) مِنْه و بِهِ سَخَرًا و سُخْرًا وسُخْرِيَّةً وسُخْرِيَةً: مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ}
(سَخَّرَهُ): کسی کو ایسے کام کا پابند کرنا جسے وہ نہ چاہتا ہو (۲) بلا اجرت ومعاوضہ کسی سے کام لینا۔
— اللهُ الإِبِلَ: اونٹوں کو قابو کرنا۔
— عليهِ: مسلط کرنا، قرآن مجید میں ہے: {سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ}
(تَسَخَّرَهُ): بلا اجرت کسی سے کام لینا۔
(اِسْتَسْخَرَ) مِنْهُ بمعنی سَخِرَ۔
(السُّخْرَةُ): بلا اجرت زبردستی لیا جانے والا کام، بیگاری (۲) وہ شخص جس کا مذاق اڑایا جائے۔
(السُّخَرَةُ): لوگوں سے بہت مذاق کرنے والا۔
(المَسْخَرَةُ): ٹھٹھا اور مذاق اڑانے کا سبب (ج) مَسَاخِرُ۔
(السُّخْرِيَّةُ والسُّخْرِيَةُ): مذاق، ٹھٹھا۔
(سَخِطَهُ) (س) و سَخِطَ عليه سَخَطًا و سُخْطًا: کسی سے ناراض ہونا، نفرت کرنا، غصہ ہونا۔
(أَسْخَطَهُ): ناراض کرنا۔
(تَسَخَّطَهُ): ناراض ہونا، کسی کو برا سمجھنا۔
— العَطَاءَ: عطیہ کو کم سمجھنا اور خاطر میں نہ لانا۔

کہتے ہیں اعطاہُ قلیلًا فَسَخَّطَہٗ۔

(سَخُفَ) (ك) الشئُ سُخْفًا و سُخْفَةً و سَخَافَةً: باریک اور کمزور ہونا۔

— الثَّوبُ: کپڑے کے تانے کا باریک ہونا۔

— العقلُ: عقل کا کمزور ہونا۔ هو سخیفٌ و هی سخیفةٌ۔ رائٌ سخیفٌ: کمزور رائے۔

— ثوبٌ سَخِیفٌ: باریک کپڑا۔

(سَخَّفَه): باریک کرنا۔ کمزور کرنا (۲) کم عقل و بے وقوف قرار دینا۔

— الجوعُ فلانًا: بھوک کا کسی کو کمزور کرنا۔

(السُّخفَةُ) سُخْفَةُ الجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے ہونے والی کمزوری۔

(سَخَلَ) (ف) الشئَ سَخْلًا: دھوکہ سے لینا۔

(اَسْخَلَ) الأَمْرَ: موخر کرنا، پیچھے ڈال دینا۔

(سَخَّلَتِ) النَّخلةُ: کھجور کا پھل کمزور ہونا یا پھل کو گرا دینا۔

— النَّخلَةَ: کھجور کو جھٹکا دے کر پھل گرانا۔

(السُّخَالَةُ): پھوڑن، پھٹکن۔

(السَّخَلُ): وہ کھجور جس کی گٹھلی ابھی کچی ہو۔

(السُّخلُ) بمعنی السَّخَلُ۔

(السَّخْلُ): ہر تمام چیز (۲) کمزور اور گھٹیا (ج) سُخَّلُ و سُخَّالٌ۔

(السَّخْلَةُ): بھیڑ بکری کا بچہ (نر یا مادہ) (ج) سَخْلٌ و سِخَالٌ و سُخْلَانٌ۔

(سَخَمَ) اللَّحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

— فلانًا بصدرہ: غصہ دلانا۔

— اللّٰهُ وَجْهَهٗ: چہرہ سیاہ کردینا۔

(تَسَخَّمَ) علیه: کینہ رکھنا۔

(الأَسْخَمُ): کالا سیاہ ۔وھی سَخْمَاءُ (ج) سُخْمٌ۔

(السُّخَامُ): ہانڈی کی سیاہی (۲) کوئلہ۔

— لَیْلٌ سُخَامٌ: تاریک رات۔

(السُّخَامِیُّ): سیاہ، کالا۔

— لَیْلٌ سُخَامِیٌّ: تاریک رات۔

(السَّخَمُ): کالا سیاہ۔

(السُّخْمَةُ): کالا سیاہ (۲) غصہ۔

(السَّخِیمُ): ہلکا گرم پانی۔

(السَّخِیمَةُ): کینہ، حسد و بغض۔ کہاوت ہے: سَلَلْتُ سَخِیْمَتَه بِاللُّطفِ والتَّرضّی: میں نے اس کے بغض کو نرمی و ملاطفت سے ختم کر دیا (ج) سَخَائِمُ۔

(المُسَخَّمُ): کینہ پرور۔

(سَخَنَ) (ن) سُخْنًا و سُخُونَةً: گرم ہونا (۲) بخار میں مبتلا ہونا۔ هو سَاخِنٌ۔

(سَخِنَ) (س) سَخَنًا بمعنی سَخَنَ۔

— العَیْنُ سَخَنًا و سُنَةً: بیماری سے آنکھ کا گرم ہونا۔ هو سَخِینٌ و هی سَخِیْنَةٌ۔

(اَسْخَنَه): گرم کرنا۔

— اللّٰهُ عَیْنَه و بعینه: ایسی تکلیف میں مبتلا کرنا جس میں آنسو نکلنے لگیں۔ اس کے برعکس ہے: اَقَرَّ اللّٰهُ عَیْنَه: اللہ کا کسی کو سکون و چین عطا کرنا۔

(سَخَّنَه) بمعنی اَسْخَنَه۔

(التَّسَاخِیْنُ): پانی گرم کرنے کے برتن (۲) موزے (۳) علماء کا سر پر ڈالنے کا رومال۔

(السُّخَّانُ): پانی گرم کرنے کا سماور یا ٹنکی، گیزر (۲) ہیٹر (مج)

(السِّخِّیْنُ): گرم (۲) شدید اور درد انگیز چوٹ (۳) ہل کو پکڑنے کا دستہ (۴) خم دار رندا یا چھینی وغیرہ جس سے چھلائی کی جائے (۵) قصاب کی چھری (ج) سَخَاخِیْنُ۔

(السُّخْنُ): گرم۔

(السُّخْنَانُ): گرم۔

(السُّخْنَةُ): گرمی، حرارت، بخار (۲) درد کی بقیہ حرارت و سوزش کہتے ہیں: عَلَیكَ بالأَمْرِ عندَ سُخْنَتِه: تم کو معاملہ کے آغاز میں ہی اس کی تدبیر کرنی چاہیے۔

— سُخْنَةُ العَیْنِ: آنکھ کی سوزش۔

(السَّخْنَةُ) بمعنی السُّخْنَةُ۔

(السَّخُوْنُ): گرم شوربا۔

(السُّخُوْنَةُ): سُخُوْنَةُ النِّفَاسِ: علم طب میں ولادت کے قریبی زمانہ میں بڑھی ہوئی حرارت۔

(السَّخِیْنُ) ضَرْبٌ سَخِیْنٌ: گرم اور شدید چوٹ۔

(السَّخِیْنَةُ): آٹے سے بنا ہوا ایک سوپ نما کھانا جو قدرے گاڑھا ہوتا ہے (۲) گرم کھانا۔

(المِسْخَنَةُ): وہ ہانڈی یا دیگچی وغیرہ جس میں کھانا گرم کیا جائے (ج) مَسَاخِنُ۔

(سَخَا) (ن) سَخَاءً: سخاوت کرنا۔

— بِه: سخاوت کے ساتھ دینا۔ هُوَ سَاخٍ و هی سَاخِیَةٌ۔

— فلانٌ: پرسکون ہونا۔

(سَخُوَ) (ك) وسَخَاوَةً: سخی و فیاض ہونا۔ وَهُوَ سَخِیٌّ (ج) اَسْخِیاءُ و هی سَخِیَّةٌ (ج) سَخَایا۔

(سَخِیَ) (س) سَخًا: سخی و فیاض ہونا۔

— نَفْسُه عَنِ الشیءِ: طبیعت کا کسی چیز سے ہٹ جانا۔

(اَسْخَی) النارَ: دیگچی کے نیچے آگ کا راستہ بنانا۔ اَسْخَی القِدْرَ بھی کہتے ہیں۔

(سَخَّی) نَفْسَه و بنفسِه عن كذا: طبیعت کو کسی چیز سے الگ رہنے پر آمادہ کرنا۔

— النَّارَ بمعنی أَسْخَی۔

(تَسَخَّی) عن أصحابِه: اپنے ساتھیوں کے ساتھ بتکلف سخاوت کرنا۔

(السَّخَاوِیَّةُ): نرم و کشادہ زمین (ج) سَخَاوِیٌّ۔

(السَّخْوَاءُ): نرم اور کشادہ زمین (ج) سَخَاوِی و سَخَاوٍ۔

س ....د

(سَدَحَتْ) (ف) فُلَانَةٌ سَدْحًا: عورت کا اپنے خاوند سے خوش اور کثیر الاولاد ہونا۔

— بِالْمَكانِ: قیام پذیر ہونا۔

— الشیءَ: پھیلانا، بچھانا۔

— فلانًا: پچھاڑنا، منہ کے بل گرنا۔

س

—النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا یا زمین پر لٹا کر ذبح کرنا۔
(السَّادِحُ) رَجُلٌ سَادِحٌ: خوشحال آدمی۔
(السَّادِحَةُ): زبردست بادل (ج) سوادحُ۔
(سَدَّ) (ض ن) الشئُ سَدَادًا و سُدُودا: سیدھا اور درست ہونا۔
—السَّهْمُ: تیر کا سیدھا ہونا۔
—فلانٌ: قول وفعل میں صحیح روش پر ہونا۔
— قوله وفِعله: قول وفعل کا درست ہونا۔
۔فالقَوْلُ والفِعْلُ سَدِيدٌ واسَدُّ۔
—الشئَ سَدًّا: خرابی یا بگاڑ دور کرنا۔
—القَنَاةَ ونَحْوَهَا: نہر وغیرہ پر بند باندھنا۔
—عليه بَابَ الكلامِ: کسی کو کلام سے روکنا۔
(أَسَدَّ): درست روش پر ہونا (۲) صحیح راہ ہونا۔
(سَدَّدَ) السَّهْمَ إِلَى الصَّيْدِ: شکار پر تیر مارنا۔
—اللهُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو راہ راست پر لانا۔
—صَاحِبَهُ: راہنمائی کرنا، تعلیم دینا۔
—مَالَه: مال کا صحیح انتظام کرنا۔
—عليه القولَ: کسی کی بات کا رد کرنا۔
(اِسْتَدَّ): سیدھا اور بالترتیب ہونا۔
(اِنْسَدَّ): بند ہونا، ختم ہونا، ادا ہونا۔
(تَسَدَّدَ): سیدھا اور درست ہونا۔
(الإنسِدَاد التاجيّ): طب باطنی کی اصطلاح میں شریان تاجی میں جلطہ دمویہ (Thrombus) Blood Clot آ جانے کو کہتے ہیں۔
(السَّادُّ): سادُّ الْقَامَةِ: سیدھے قد والا۔
(السَّادَّةُ): کھلی ہوئی آنکھ جو اچھی طرح نہ دیکھ سکے (ج) سُدُدٌ۔
(السَّدَادُ): راست روی (۲) قول وفعل کی درستگی۔
(السِّدَادُ): بندش، روک، ہر وہ چیز جس سے خلل و رخنہ دور کیا جائے۔
—سِدَادُ القَارُورَةِ: شیشی کی ڈاٹ۔

— سِدَادٌ مِن عَوَزٍ و سِدَادٌ مِنْ عَيْشٍ: حاجت روائی، تکمیل ضرورت (۲) (علم طب کے مطابق) جما ہوا خون یا کسی جگہ اکٹھا ہو کر گرہ کی شکل اختیار کرنے والا خون (ج) أَسِدَّةٌ (مع)
— سِدَادُ الثَّغْرِ: سرحدی حفاظتی دستہ۔ (افراد اور گھوڑوں وغیرہ پر مشتمل)
(السُّدَادُ): ناک کی ایک بیماری جس میں ناک بند ہو کر اس میں ہوا داخل نہیں ہوتی (۲) بدن کی کسی بھی نالی کو بند کر دینے والی چیز۔
(السَّدُّ): دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ، آڑ (۲) آبی گزرگاہ میں کھڑی ہوئی عمارت، بند، ڈیم، پشتہ (ج) سُدُودٌ و أَسْدَادٌ۔
(السُّدُّ) بمعنی السَّدُّ سُدٌّ مِنْ سَحَابٍ: افق پر چھایا ہوا بادل۔
— سُدٌّ مِنْ جَرادٍ و جَرَادٌ سُدٌّ: ٹڈی دل جو افق پر چھا جائے (۲) وہ وادی جس میں پتھر اور چٹانیں ہوں جن کی وجہ سے وادی میں پانی رک جاتا ہو (ج) سُدُودٌ و أَسْدَادٌ۔
(السِّدُّ): کلام صحیح۔
(السَّدَدُ) بمعنی السَّدَادُ۔
(السَّدَادُ) رَجُلٌ سَدَّادٌ: راست رو۔
(السُّدَّةُ): گھر کا دروازہ (۲) گھر کے دروازہ کا سائبان (۳) گھر کے سامنے کا میدان (۴) تخت یا چار پائی (۵) ناک بند ہونے کی بیماری (ج) سُدَدٌ۔
(المَسَدُّ) سَدَّ مَسَدَّهُ: قائم مقام ہونا۔ هم يَسُدُّونَ مَسَادَّ آبَائِهِم۔
(سَدَرَ) (ض) فلانٌ في البلادِ سَدْرًا و سُدُورًا: ملک میں جا کر واپس نہ آنا۔
—الثَّوْبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔
(سَدِرَ) (س) سَدَرًا و سَدَارَةً: گرمی کی شدت سے نگاہ کا چندھیا جانا۔ سَدِرَ بَصَرُهُ بھی کہتے ہیں (۲) بے پرواہ ہونا، حیران و پریشان ہونا، خیرہ ہو جانا۔ هُوَ سَادِرٌ سَدِرٌ وهي سَدِرَةٌ

— هُوَ سَادِرٌ فِي الغَيِّ: وہ گمراہی میں پڑا ہوا ہے۔
—تَكَلَّمَ سَادِرًا: اس نے بے سوچے سمجھے کلام کیا۔
(أَسْدَرَهُ): بے پرواہ بنانا۔
(اِنْسَدَرَ): تیز دوڑنا۔
(تَسَدَّرَ) بِالثَّوْبِ: کپڑے میں لپٹ جانا۔
(الأَسْدَرَانِ): دو رگیں جو رخسار سے نکل کر کان کے سوراخ سے گزرتے ہوئے سر کی چوٹی تک پہنچتی ہیں۔ کہاوت ہے: جَاءَ يَضْرِبُ أَسْدَرَيْهِ: بیکار آدمی کے لئے کہا جاتا ہے وہ دونوں پہلو اور مونڈھے ہلاتا ہوا آیا۔
(السِّدَارُ): مچھر دانی، وہ باریک جالی دار کپڑا جو خیموں کے سامنے مچھر وغیرہ سے حفاظت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
(السَّدَرُ): سر کا چکر جو سمندری مسافر کو آتا ہے۔
(السِّدْرُ): بیری کا درخت (ج) سِدَرٌ۔
—سِدْرَةُ المُنْتَهَى: جنت کا ایک درخت۔
(السَّدِيرُ): سر شاخہ عمارت، سر شاخہ گنبد (مع) (۲) پانی کا چشمہ (۳) گھاس۔
—سَدِيرُ النَّخْلِ: کھجور کے درختوں کا جھرمٹ
(السِّيدَارَةُ): بلا پھندنا لمبی ٹوپی، عراق کے شہری اسے استعمال کیا کرتے تھے۔
(سَدَسَ) (ن ض) القَوْمَ سَدْسًا: لوگوں کے مال کا چھٹا حصہ لینا۔
—القومَ = سَدْسًا: چھٹا فرد ہونا۔
(أَسْدَسَ) القومُ: لوگوں کا چھ ہونا۔
(السُّدَاسُ): چھ چھ جائے و اُسْدَاسَ۔
(السُّدَاسِيُّ): إِزَارٌ سُدَاسِيٌّ: چھ ہاتھ لمبا ازار۔
(السُّدَاسِيَّةُ): علم ہندسہ میں ایک آلہ کا نام جس کے ذریعہ زوایا کے ابعاد (فاصلوں) کو ناپا جاتا ہے (مع)
(السُّدُسُ): چھٹا حصہ (ج) أَسداسٌ۔ کہتے ہیں (هو يضرب أَخْمَاسًا لأَسْدَاسٍ) وہ مکر و

فریب کے لئے کوشاں رہتا ہے۔
(السَّدُوسُ): ہرے رنگ کی چادر یا مطلقاً چادر۔
(السَّدِيْسُ): چھٹا حصہ (ج) أَسْدَاسٌ۔ (۲) چھ اجزائی (۳) چھ سال کی بکری (۴) آٹھویں سال میں داخل ہونے والا اونٹ (ج) سُدُسٌ۔
(المُسَدَّسُ): (علم الہندسہ میں) ایک شکل جس کے اضلاع کی مقدار مساوی چھ ہوتی ہے، (۲) پستول (۳) ریوالور (جس میں عام طور پر چھ گولیاں ہوتی ہیں) (محدثة)
(مَسْدَسَ): جَاءُوْا مَسْدَسَ: وہ چھ چھ آئے۔
(سَدَعَ) (ف) الشيءَ بِغَيْرِهٖ سَدْعًا: ایک چیز کو دوسری سے ٹکرانا۔
— الشيءَ: پھیلانا۔
— الحَيَوانَ: جانور کو ذبح کرنا۔
— فُلَانًا: راستہ بتانا۔
(المِسْدَعُ): اپنی راہ یا اپنے رخ پر چلنے والا راہبر یا تیز رفتار رہبر (ج) مَسَادِعُ۔
(سَدِفَ) (س) البَصَرُ سَدَفًا: بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہو جانا۔ هو أَسْدَفُ والعَيْنُ سَدْفَاءُ (ج) سُدْفٌ۔
(أَسْدَفَ): تاریک ہو جانا۔ جیسے أَسْدَفَ اللَّيْلُ۔
— فلانٌ: سو جانا (۲) بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا کام نہ کرنا (۳) تاریکی میں داخل ہونا (۴) روشنی کے راستہ سے ہٹ جانا۔
— السِّتْرَ: پردہ اٹھانا۔
— البَابَ: دروازہ کھولنا۔
— المرأةُ القِنَاعَ: عورت کا نقاب منہ پر ڈالنا۔
(سَدَّفَ) اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(الأَسْدَفُ): تاریک، سیاہ۔
— لَيْلٌ أَسْدَفُ: تاریک رات۔

(السُّدَافَةُ): پردہ، چلمن۔
(السَّدَفُ): تاریکی (۲) رات اور اس کی تاریکی (ج) أَسْدَافٌ۔
(السُّدْفَةُ): تاریکی (۲) رات کا ایک حصہ (۳) تاریکی اور روشنی کی آمیزش جیسے طلوع فجر سے روشنی ہونے تک کا وقت (ج) سُدَفٌ۔
(السُّدْفَةُ): دروازہ یا اس کا سائبان (ج) سُدَفٌ۔
(السَّدَفَةُ): رات اور اس کی تاریکی (۲) طلوع فجر سے روشنی ہونے تک کا وقت۔
(السَّدِيْفُ): کوہان کا گوشت (ج) سَدَائِفُ وسِدَافٌ۔
(سَدِكَ) (س) بالشيءِ سَدَكًا وسَدْكًا: چمٹنا، کسی چیز کے ساتھ لگے رہنا۔ هو سَدِكٌ وهي سَدِكَةٌ۔
(سَدَّكَ) جِلَالَ التَّمْرِ: کھجور کی پیٹیوں کو تہ بہ تہ رکھنا۔
(السَّدِكُ): پھرتی سے کام کرنے والا۔
— سَدِكٌ بالرُّمْحِ: تیزی سے نیزہ چلانے والا۔
(سَدَلَ) (ن) الثَّوْبَ والسِّتْرَ والشَّعْرَ سَدْلًا: چھوڑنا، لٹکانا۔
— فِي البِلَادِ: ملک میں جانا۔
(سَدِلَ) (س) سَدَلًا: مائل ہونا۔ هو أَسْدَلُ وهي سَدْلَاءُ (ج) سُدْلٌ۔
(أَسْدَلَهُ): لٹکانا، چھوڑنا۔
(سَدَّلَهُ) بمعنی أَسْدَلَه۔
(انْسَدَلَ): لٹکنا، نیچے کو چھوڑنا۔
(السِّدْلُ): سینہ تک لٹکا ہوا موتیوں یا ہیروں کا ہار (ج) سُدُولٌ۔
(السُّدْلُ): پردہ (ج) أَسْدَالٌ وسُدُولٌ۔
(السَّدِيْلُ): پالکی وغیرہ کا پردہ (۲) خیمہ کے اندر لٹکا ہوا پردہ (۳) دولہن کے مصنوعی کمرہ کا پردہ (ج) أَسْدَالٌ وسُدُلٌ وسَدَائِلُ۔
(سَدَمَ) (ن) البابَ سَدْمًا: دروازہ بند کرنا۔

(سَدِمَ) (س) الماءُ سَدَمًا: پانی کا زیادہ دیر ٹھہرے رہنے کی وجہ سے بدبودار ہو جانا (۲) مٹی کا پانی میں پڑ کر اندر اتر جانا اور گدلا کر دینا۔
— فلانٌ: مصیبت میں ہونا، غصہ اور رنج ہونا۔
— بالشيءِ: کسی چیز کا بہت خواہش مند ہونا۔ هو سَادِمٌ وسَدِمٌ و سَدْمَانُ (اکثر اس کا استعمال نادِمٌ کے ساتھ ہوتا ہے) هو سَادِمٌ نَادِمٌ: وہ غمناک و پریشان ہے۔ وسَدْمَانُ نَدْمَانُ وسَدِمٌ نَدِمٌ۔
(سَدَّمَ) الماءَ طولُ العَهْدِ: پانی کو درازی مدت کا بدل دینا۔
(انْسَدَمَ) دَبَرُ البَعِيْرِ: اونٹ کے زخم کا اچھا ہونا۔
(السَّدِمُ) من الفُحُولِ: مست و غضبناک سانڈ (۲) زور سے ابلتا ہوا پانی (ج) أَسْدَامٌ۔
— عَاشِقٌ سَدِمٌ: زبردست عاشق۔
(السَّدَمُ): من الفحولِ والمياهِ: مست و غضبناک سانڈ (۲) زور سے ابلتا ہوا پانی (ج) أَسْدَامٌ وسِدَامٌ۔
(السُّدُمُ) بِئْرٌ سُدُمٌ: بند ہو جانے والا کنواں۔
(السَّدِيْمُ): تھکا ماندہ (۲) حیران و پریشان (۳) دباؤ کے ساتھ نکلتا ہوا پانی (۴) ہلکا کہر، دھند (۵) بے شمار اجرام سماویہ کے تصادم سے فضا میں پیدا ہونے والے بادلوں کے چمکتے ہوئے پانی سے بھرے ہوئے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (ج) سُدُمٌ۔
(سَدَنَ) (ن) سَدْنًا وسِدَانَةً وسِدَانًا: خانہ کعبہ کی خدمت کرنا۔
(السَّادِنُ): کعبہ کی خدمت کرنے والا دربان۔ کہتے ہیں: هو سَادِنُ فلانٍ وآذِنُه بمعنی دربان (ج) سَدَنَةٌ۔
(السَّدِيْنُ): چربی (۲) خون (۳) اون (ج) أَسْدَانٌ۔
(سَدَا) (ن) فلانٌ سَدْوًا: کسی چیز کی طرف

ہاتھ بڑھانا۔ سَدَا الی الشیئِ بیدہٖ اور یَدَیْہِ بھی مستعمل ہے۔
— فلانٌ سَدْوَ کَذَا: کسی کے طریقہ پر چلنا۔
کہتے ہیں: خَطَبَ فَمَا زَالَ علی سَدْوٍ وَاحِدٍ: وہ برابر ایک ہی طرز کے سجع و قافیے پر تقریر کرتا ہے۔
(سَدٰی) (ض) الثَّوْبَ سَدْیًا: کپڑے کا تانا پھیلانا۔
(سَدِیَ) (س) ۔ سَدًی: نم ہونا، شبنم والا ہونا۔ کہتے ہیں: سَدِیَتِ الارضُ و سَدِیَ المکانُ سَدِیَتِ اللَّیْلَۃُ ۔ ھو سَدٍ وھی سَدِیَۃٌ۔
(اَسْدَی) الثَّوْبَ: کپڑے کا تانا ڈالنا۔
— الیہِ معروفًا: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، عطیہ دینا۔
— الاَمْرَ: کسی مسئلہ میں کامیاب ہونا۔
— الشیئَ: نامکمل چھوڑنا۔
— بَیْنَھُمَا: صلح کروانا۔
— بَیْنَھُمْ حَدِیْثًا: لوگوں کی بات چیت کو مرتب کرنا۔
(سَدّٰی) الثوبَ: کپڑے کا تانا ڈالنا۔
— الیہِ: کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔
— بینھما: صلح کرانا۔
— النَّحْلُ الشَّھْدَ: شہد کی مکھیوں کا شہد نکالنا۔
(اِسْتَدٰی) فلانٌ بمعنی سَدَا۔
— اِلَی الشَّیْئِ: ہاتھ بڑھانا۔
— الفرسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
(تَسَدّٰی) الثَّوْبَ: کپڑے کا تانا ڈالنا۔
— الشیئَ: کسی چیز پر چڑھنا، سوار ہونا۔
— الامْرَ: کسی کام پر قابو پانا۔
(السُّدٰی): نظر انداز کیا ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: {اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَکَ سُدًی ۝}
(السَّدٰی) من الثوبِ: کپڑے کا تانا (عکس لحمہ: بانا)۔ واحد: سداۃٌ (ج) اَسْدَاءٌ و اَسْدِیَۃٌ (۲) شبنم (۳) نظر انداز کیا ہوا۔

(واحد وجمع دونوں کے لئے)

س ....ذ

(السَّذَابُ): ایک پودا جو فصیلہ سذابیہ سے ہے۔
(السَّاذِجُ): سادہ (جس پر کوئی نقش وغیرہ نہ ہو یا جس میں کوئی آمیزش نہ ہو) (فارسی معرب) (۲) معمولی۔ حُجَّۃٌ سَاذِجَۃٌ: معمولی دلیل۔

س ....ر

(سَرَأَتِ) (ف) الجرادۃُ والسَّمَکَۃُ سَرْءًا: ٹڈی اور مچھلی کا انڈے دینا۔
— المرأۃُ: عورت کا کثیر الاولاد ہونا۔ ھی سَرُوْءٌ (ج) سُرُءٌ و سُرًّا۔
(اَسْرَأَتْ): انڈے دینے کا وقت قریب آنا۔
(سَرَّأَتْ) بمعنی سَرَأَتْ۔
(السِّرْءُ): مچھلی اور ٹڈی وغیرہ کے انڈے واحد: سَرْأَۃٌ۔
(سَرَبَ) (ن) سُرُوْبًا: نکلنا۔
— فی الارضِ: زمین میں آزادانہ گھومنا۔
ھو سَارِبٌ قرآن مجید میں ہے: {وَمَنْ ھُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّیْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّھَارِ}
— فی حَاجَتِہٖ: اپنی ضرورت کے لئے نکلنا۔
— الماءُ: پانی کا بہنا۔
— العینُ: آنکھ کا بہنا۔
— القربۃَ سَرْبًا: مشکیزہ کو سینا۔
(سَرِبَ) (س) الماءُ سَرَبًا: پانی کا بہنا: ھو سَرِبٌ۔
(اَسْرَبَ) الماءَ: پانی بہانا۔
(سَرَّبَ) السَّرَبَ: خفیہ راستہ بنانا۔
— الشیئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرکے بھیجنا یا چھوڑنا۔
— الیہ الشیئَ: کسی کے پاس کوئی چیز ٹکڑے ٹکڑے کرکے بھیجنا۔
— علیہِ الاِبِلَ وَالْخَیْلَ: کسی کے پاس گھوڑے یا اونٹ تھوڑی تھوڑی تعداد میں بھیجنا۔
— الماءَ: پانی بہانا۔
(اِنْسَرَبَ) الماءُ: پانی بہنا۔

— فی جُحْرِہٖ: بل میں گھس جانا۔
(تَسَرَّبَ) بمعنی اِنْسَرَبَ۔
— مِنَ الشَّرَابِ: سیر ہوجانا۔
— القومُ فی الطَّرِیْقِ: راستہ میں لوگوں کا آگے پیچھے چلنا۔
(السَّرَابُ): وہ ریت جو صحرا میں دھوپ کی شدت کی وجہ سے پانی جیسی معلوم ہو۔
(السَّرَبُ): خفیہ راستہ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاتَّخَذَ سَبِیْلَہٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا} (۲) تہ خانہ، زمین دوز راستہ جو آر پار نہ ہو (۳) جنگلی جانور کا بل یا سوراخ (۴) زمین دوز نالا جس سے پانی باغ وغیرہ میں پہنچتا ہو (۵) مشکیزہ سے بہنے والا پانی (ج) اَسْرَابٌ۔
(السِّرْبُ): جانوروں اور پرندوں کا گروہ (۲) نفس، دل۔ ھو اٰمِنُ السِّرْبِ وآمِنٌ فی سِرْبِہٖ: اس کا دل مطمئن ہے یا وہ اپنے بال بچوں اور مال و دولت کی طرف سے مطمئن ہے (۳) سینہ۔ ھو واسعُ السِّرْبِ: وہ وسیع الظرف ہے (۴) راستہ، رخ۔ کہتے ہیں: خَلِّ سِرْبَہٗ: اس کا راستہ چھوڑ دو (ج) اَسْرَابٌ۔
— سِرْبٌ مِنَ النساءِ: عورتوں کی جماعت۔
— سِرْبٌ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کے درختوں کا جھرمٹ۔
(السُّرْبُ): جانوروں کا ریوڑ (۲) راستہ، رخ (۳) سینہ (ج) سُرُوْبٌ۔
(السُّرْبَۃُ): جانوروں کا ریوڑ (۲) پرندوں کا جھنڈ (۳) فوجی جماعت جو معسکر سے خفیہ طور پر حملہ کے لیے نکلے اور واپس آجائے (۴) سینہ سے ناف تک کے بالوں کی باریک دھاری (۵) راستہ۔ ھو قریبُ السُّرْبَۃِ: وہ اپنی ضرورت کے لئے جلد راستہ طے کر لیتا ہے۔ ھو بعیدُ السربۃِ: اس کی ضرورت پوری کرنے کی راہ دور دراز ہے (ج) سُرَبٌ۔
(السَّرْبَۃُ): قریبی سفر۔
(المَسْرَبُ): نکلنے یا بہنے کی جگہ۔ راستہ (ج)

س

مسارِبُ۔
—مَسَارِبُ الحیّاتِ: وہ جگہ جہاں سانپوں کے رینگنے کے نشانات ہوں۔
(المَسْرُبَۃُ): سینہ سے ناف تک باریک بال (۲) بالا خانہ کی بال کنی (ج) مَسَارِبُ۔
(المَسْرَبَۃُ): سینہ سے ناف تک باریک بال (۲) چراگاہ (ج) مَسَارِبُ۔
(سَرْبَلَہٗ) السِّرْبَالَ: کرتا پہنانا۔ حدیث عثمانؓ میں ہے: (لا اخلع سربالا سربلنیہ اللہ)
(تَسَرْبَلَ) بالسِّرْبَالِ: کرتا پہننا۔
(السِّرْبَالُ): کرتہ (۲) زرہ (۳) ہر پہنی جانے والی چیز (ج) سَرَابِیلُ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَجَعَلَ لَکُمْ سَرَابِیْلَ تَقِیْکُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِیْلَ تَقِیْکُمْ بَأْسَکُمْ}
(سَرَجَ) (ن) فلانٌ سَرْجًا: جھوٹ بولنا۔
سَرَجَ فلانُ الکذب بھی کہتے ہیں۔
—المرأۃُ الشَّعْرَ: عورت کا بالوں کی مینڈھیاں بنانا۔
(سَرِجَ) (س) سَرَجًا: خوبصورت ہونا، (۲) جھوٹ بولنا۔
(أَسْرَجَ) السِّرَاجَ: چراغ جلانا۔
—الشئَ: خوبصورت ومزین کرنا۔
—الفَرَسَ: گھوڑے پر زین باندھنا۔
(سَرَّجَ) الشئَ: خوبصورت ومزین کرنا۔
—الاحادیثَ: گفتگو کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
—اللہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو توفیق دینا۔
—المرأۃُ شَعْرَھَا: عورت کا بالوں کی مینڈھیاں بنانا۔
(اِسْتَسْرَجَ) السِّرَاجَ: چراغ جلانا۔
(السَّارِجُ) جَبِیْنٌ سَارِجٌ: روشن جبیں۔
(السِّرَاجُ): روشن چراغ (ج) سُرُجٌ۔
(السِّرَاجَۃُ): زین فروشی، زین سازی۔
(السَّرْجُ): زین (ج) سُرُوجٌ (۲) مکینیکل کی اصطلاح میں ٹرالی کے اس حصہ کو کہتے ہیں جو turner کی سطح سے ملا جاتا ہے اور اسکے ذریعہ ٹرالی کو لیور کے متوازی خط میں موڑا جا سکتا ہے۔
(السَّرَّاجُ): زین فروش (۲) زین ساز (۳) بہت جھوٹ بولنے والا۔ ھو سَرَّاجٌ مرَّاجٌ: وہ دھوکہ باز اور جھوٹا ہے۔
(سُرَیْجٌ): ایک مشہور لوہار جس کی طرف سریجی تلواریں منسوب ہیں۔
(المِسْرَجَۃُ): چراغ، لیمپ (ج) مَسَارِجُ۔
(سَرْجَنَ) الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(السِّرْجِیْنُ): کھاد، گوبر (مع)
(سَرَحَ) (ف) سَرْحًا وسُرُوحًا: صبح کے وقت نکلنا۔
—السَّیْلُ: سیلاب کا آہستہ آہستہ آنا۔
—الماشِیَۃُ: مویشی کا چراگاہ میں چرنا۔
—الشئَ سَرْحًا: چھوڑنا۔
—ما فی صَدْرِہٖ: دل کی بات ظاہر کرنا۔
—الماشِیَۃَ: جانور کو چرانا۔
—اللہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو توفیق دینا۔
—فی أعْرَاضِ النَّاسِ: غیبت کرنا۔
(سَرِحَ) (س) سَرَحًا: اپنے معاملات کے لئے سہولت سے نکلنا۔
(سَرَّحَ) الشئَ: چھوڑنا، بھیجنا۔
—الرَّسُوْلَ: اپنی ضرورت کے لئے قاصد بھیجنا۔
—الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
—فلانًا إلی موضع کذا: کسی کو کسی جگہ بھیجنا۔
—المَرْأَۃَ: عورت کو طلاق دینا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْکُنَّ وَ اُسَرِّحْکُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا ﴿﴾}
—العامِلَ: کارکن کو برطرف کرنا (محدثۃ)
—الماشِیَۃَ: جانور کو چرانا۔
—الشئَ: آسان بنانا۔
—عَنْہُ الشئَ: کسی کا غم دور کرنا۔
—اللہُ العبدَ للخیر: خیر کی توفیق دینا۔
(اِنْسَرَحَ) فلانٌ: کپڑے اتارنا، ننگا ہونا (۲) تیز چلنا۔
(تَسَرَّحَ) من المکان: جانا، نکلنا۔
(التَّسْرِیْحَۃُ): بالوں کی ہیئت جو کنگھا کرنے کے بعد ہو۔
(السَّارِحُ): چرواہا (۲) جانور، مویشی۔
(السَّارِحَۃُ): مویشی، جانور۔ کہتے ہیں: مالہ سارحۃٌ ولا رائحۃٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔
(السَّرَاحُ): آزادی، رہائی۔ کہتے ہیں: افعلُ ذلك فی سَرَاحٍ ورواحٍ: میں یہ کام آسانی کے ساتھ کرتا ہوں۔ أطْلَقَ سراحۃ: رہا کرنا، آزاد کرنا۔
(السَّرْحُ): مویشی (تسمیہ بالمصدر) جو صبح جا کر شام کو آتے ہوں۔ (۲) لمبے اور بڑے درخت۔ واحد: سَرْحَۃٌ (۳) گھر کا صحن۔
(السُّرُحُ): آسان، نرم۔
مِشْیَۃٌ سُرُحٌ: سبک رفتار۔
—وَلَدَتْہُ سُرُحًا: آسانی کے ساتھ جننا۔
—عطاءٌ سُرُحٌ: مکمل عطیہ۔
فرسٌ سُرُحٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
(السِّرْحَانُ): بھیڑیا۔
—ذَنَبُ السِّرْحَانِ: صبح کاذب۔
—سِرحانُ الحَوضِ: حوض کا بیچ (ج) سَرَاحِینُ وسَرَاحٍ وسَرَاحٌ۔
(السُّرُوْحُ) من الإبلِ والخیلِ: تیز رفتار اونٹ اور گھوڑے (ج) سُرُحٌ۔
(السَّرِیْحُ): آسان اور سہل (۲) جلدی، عجلت۔ کہتے ہیں: لا یکون ذٰلِكَ إلّا فِی سَرِیْحٍ: ایسا کام جلدی میں ہی ہوسکتا ہے (۳) جلدی کیا ہوا، کہتے ہیں: خیرُكَ سَرِیْحٌ وخَیْرُكَ فی سَرِیْحٍ: تمہارا فائدہ جلد دیئے ہوئے میں ہے (۴) تسمہ جسے نوکر اپنی کلائی پر باندھ لیتے ہیں (۵) برہنہ پیٹھ گھوڑا جس کی کمر پر زین نہ ہو۔
(السَّرِیْحَۃُ): چیتھڑا، کپڑے کا ٹکڑا (۲) بہتے ہوئے خون کی لمبی خشک دھاری (ج) سَرِیْحٌ و سَرَائِحُ (۲) تنگ جگہ میں ہموار راستہ جس میں نسبتاً

س

پودے وغیرہ زیادہ ہوں (ج) سَرائح۔
(المَسْرَحُ): چراگاہ (۲) تھیٹر، تماشہ گاہ، اسٹیج (مو) (ج) مَسارِحُ۔
(المِسْرَحُ): کنگھا، کنگھی (ج) مَسارِحُ۔
(المِسْرَحَةُ) بمعنی المِسْرَحُ (ج) مَسارِحُ
(المَسْرَحِيَّةُ): ڈرامہ اور کہانی جو مشخص کر کے دکھائی جائے۔ (مو)
(المُنْسَرِحُ): شعر کی ایک بحر جس پر بہت کم اشعار کہے جاتے ہیں اس کا وزن یہ ہے
مستفعلن مفعولات مستفعلن۔
(سَرَدَ) (ن) الشيءَ سَرْدًا: سوراخ کرنا۔
—الجِلْدَ: چمڑے کو سینا۔
—الدِّرْعَ: زرہ بنا (ایک حلقہ کو چیر کر اس میں دوسرا حلقہ پھنسانا) قرآن مجید میں ہے: {أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ}
— الشيءَ: جاری رکھنا، لگا تار کرنا۔ جیسے سَرَدَ الصَّومَ۔
—الحديثَ: روانی اور ترتیب سے بات کرنا۔
(سَرِدَ) (س) سَرَدًا: مسلسل روزے رکھنے والا ہونا۔
(أَسْرَدَ) الشَّيءَ: سوراخ کرنا (۲) سینا۔
(سَرَّدَهُ): سوراخ کرنا (۲) سینا۔
—الدِّرْعَ: زرہ بنا۔
(تَسَرَّدَ) الشيءُ: لگا تار ہونا، پے در پے ہونا۔
—الدُّرُّ: موتیوں کا ترتیب وار ہونا۔
—الدَّمْعُ: لگا تار آنسو گرنا۔
—الماشي: مسلسل چلنا۔
—الحديث: بات کا مسلسل اور مرتب ہونا۔
(السَّارِدُ): سلائی کرنے والا۔
(السَّرَادُ): برما (۲) ستاری یا سواں۔
(السَّرْدُ): زرہ، زرہ کے حلقے، کڑیاں (تسمیہ بالمصدر)
—شَيءٌ سَرْدٌ: مسلسل و لگا تار ترتیب وار جیسے **نجوم سَرْدٌ۔**
(السَّرَدُ) بمعنی السَّرْدُ۔

(السَّرَّادُ): زرہ ساز، حلقے اور کڑے بنانے والا۔
(المِسْرَدُ): سینے اور سوراخ کرنے کا آلہ، برما، ستاری (۲) زبان۔
—ماشٍ مِسْرَدٌ: مسلسل قدم اٹھا کر چلنے والا (ج) مَسارِدُ۔
(السِّرْدَابُ): تہ خانہ، سرنگ (ج) **سَرادِيب**
(السِّرْدَارُ): سردار لشکر، فوجیوں کا کمانڈر (د):
(سَرْدَقَ) البَيْتَ: گھر کے چاروں طرف پردے لگانا۔
(السُّرادِقُ): چاروں طرف سے گھیرنے والی دیوار یا پردہ (۲) خیمہ، شامیانہ، پنڈال (مع)
(السَّرْدِينُ): جزیرہ سردینیہ کی ایک مچھلی جسے نمک لگا کر ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے۔
(سَرَّهُ) (ن) سُرُورًا و مَسَرَّةً: خوش کرنا۔
—فُلانًا سَرًّا: گلدستہ پیش کر کے استقبال کرنا، مبارک باد پیش کرنا۔
—الصبيَّ: بچے کی ناف کاٹنا۔
—فلانًا: کسی کی ناف پر نیزہ مارنا۔
—الشيءَ: چھپانا۔
(سَرَّ) (ف) سَرَرًا و سَرًّا: ناف میں تکلیف ہونا۔ **هو أَسَرُّ و هي سرّاء (ج) سُرٌّ۔**
(أَسَرَّهُ): چھپانا۔
—إِلَيْهِ حَدِيثًا: کسی کو کوئی بات پہنچانا، بتانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَىٰ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا} کہتے ہیں: **اسرّ اليه المودّة و بالمودّة:** اظہار تعلق و محبت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ}
(سَارَّهُ) مُسَارَّةً و سِرَارًا: سرگوشی کرنا (۲) راز بتانا۔
(سَرَّرَهُ) الماءُ: پانی کا ناف تک پہنچنا۔
(اسْتَسَرَّ): چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
—القَمَرُ: چاند کا مہینہ کی آخری راتوں میں یا دو راتوں میں پوشیدہ رہنا۔
—الأَمْرُ: معاملہ کا خفیہ اور پوشیدہ رہنا۔

—فلانًا: کسی کو اپنا راز بتانا۔
—الجَارِيَةَ: لڑکی کو باندی بنانا۔
(تَسَارُّوا): باہم سرگوشی کرنا۔
—تَسَارَّ إِلَى كذا: کسی چیز سے مطمئن اور راضی ہو جانا۔
(تَسَرَّرَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹ جانا۔
—فلانٌ: لونڈی بنانا۔
—بِنْتَ فلانٍ: کسی کی لڑکی سے اس کے مال کی قلت اور اپنے مال کی کثرت کی بناء پر شادی کرنا حالانکہ خود گھٹیا نسل کا ہو جب کہ منکوحہ اعلیٰ نسل کی ہو۔ اس فعل کو تَسرّی بھی کہا جاتا ہے۔
(الأَسَارِيرُ): ہتھیلی پیشانی اور چہرے کے خطوط۔ واحد: أسرارٌ (۲) چہرہ کی خوبیاں (۳) دونوں رخسار، گال۔
(الأَسَرُّ) أَسَرُّ الرَّجُلِ: کسی کا مخصوص ہم راز جو اس کے ہر معاملہ میں دخیل رہتا ہو۔
(السَّرَارُ) سَرارُ الشهرِ: مہینہ کی آخری رات۔
—سَرَارُ الحَسَبِ: خالص و افضل نسب۔
—سَرَارُ الوادِي: وادی کا بیچ اور عمدہ حصہ۔
(السِّرَارُ) سِرَارُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات۔
—سِرَارُ الارضِ: زمین کا درمیانی حصہ۔ (۲) ہتھیلی کی اندر کی لائنیں اور پیشانی و چہرہ کے خطوط۔
(السَّرَارَةُ) سَرَارَةُ الارضِ: زمین کا بہترین و افضل حصہ (ج) سَرَارٌ۔
— سَرَارَةُ الحَسَبِ: نسب کی بلندی و شرافت، کہتے ہیں: **سِرٌّ بَيِّنُ السَّرَارَةِ:** بے داغ حقیقت یا اصل۔
(السِّرُّ): راز، بھید (۲) اصل، شی کی حقیقت اور اس کا مغز (۳) ہر شے کا اعلیٰ اور افضل حصہ۔ جیسے **سِرُّ الوادي و سِرُّ الارضِ:** وادی اور زمین کا اعلیٰ حصہ۔ (۴) دل میں ٹھانی ہوئی بات۔ **اعطاهُ سِرَّ الشيءِ:** اس نے خالص چیز عطا کی۔

— سِرُّ النَّسَبِ: خالص اور اعلیٰ نسب۔ هو فی سِرِّ قومه: وہ اپنی قوم کے افضل لوگوں میں سے ہے۔ (ج) أَسْرَارٌ و سِرَارٌ۔ هو سِرُّ هٰذَا الامْرِ: وہ اس معاملہ کا واقف کار ہے۔ وُلِدَ له ثلاثةٌ علی سِرٍّ واحِدٍ: اس کے تین لڑکے ہوئے جن میں کوئی لڑکی نہیں۔

(السِّرُّ): ہتھیلی، پیشانی اور چہرے کے خطوط، (۲) نومولود کی نالی جسے کاٹا جاتا ہے۔ کہتے ہیں عرفتُ ذٰلك قبل ان يُقْطَعَ سُرُّكَ (ج) أَسْرَارٌ۔

(السِّرَرُ): نوزائیدہ بچہ کی ناف کا کاٹا ہوا حصہ (۲) مہینہ کی آخری رات۔ کہتے ہیں: وُلِدَله ثلاثةٌ علی سِرَرٍ واحِدٍ: اس کے تین بیٹے ہوئے جن میں لڑکی کوئی نہیں۔

(السَّرَرُ): نومولود بچہ کی ناف کا کاٹا ہوا حصہ۔

— سَرَرُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات (ج) أَسْرَارٌ۔

(السَّرَّاءُ): آسودگی، خوشحالی، مسرت وخوشی (۲) کھوکھلی نہر (۳) عمدہ زمین۔

(السُّرَّةُ): ناف، نال (ج) سُرَرٌ۔

— سُرَّةُ الرَّوْضَةِ: باغ میں عمدہ روئیدگی کی جگہ۔

— سُرَّةُ الوادِي: وادی کا عمدہ حصہ۔

سُرَّةُ الحَوْضِ: حوض کا درمیانی حصہ۔

— سُرَّةُ البَذْرَةِ: بیج کا وہ نکتہ جو زمین سے مل کر اگنے کی طاقت حاصل کرتا ہے (ج) سُرَرٌ۔

(السَّرَّةُ): گل دستہ۔

(السِّرِّيْرُ): دوستوں کو خوش رکھنے والا اور ان سے بھلائی کرنے والا۔

(السُّرِّيَّةُ): مملوکہ لونڈی، باندی (ج) سَرَارِيٌّ۔

(السُّرُوْرُ): خوشی، فرحت، مسرت۔

(السَّرِيْرُ): تخت، چارپائی، بیڈ (۲) میت کی چارپائی (جس پر میت کو نہ رکھا گیا ہو) میت رکھنے کے بعد نعش کہا جائے گا۔

— سَرِيْرُ الرَّأسِ: گردن کا وہ حصہ جس پر سر کا ہوا ہوتا ہے (ج) سُرُرٌ و أَسِرَّةٌ۔

(السَّرِيْرَةُ): راز، بھید، پوشیدہ بات (ج) سَرَائِرُ۔

(المَسَرَّةُ): نیاز بو کی شاخیں۔

(السَّرْسُوْبُ): ولادت کے بعد کا پہلا دودھ (اس کی فصیح عربی اللِّبَاء ہے)

(السُّرْسُوْرُ): دانا، ہوشیار جو معاملات میں بہت دخیل رہتا ہو۔

(السِّرْسَامُ): سرسام، دماغ کے پردہ میں ورم ہوجانے سے دائمی بخار ہوجاتا ہے جس سے طرح طرح کی شکایات جیسے بے خوابی اور انتشار ذہن وغیرہ پیدا ہوجاتی ہیں (د)

(سَرَطَهُ) (ن) سَرْطًا: نگلنا۔

(سَرِطَهُ) (س) سَرَطًا: نگلنا۔

(إِسْتَرَطَهُ): نگلنا۔

(انْسَرَطَ) الطعامُ فی حَلْقِهِ: کھانا حلق سے بآسانی اتر جانا۔

(تَسَرَّطَهُ): نگلنا۔

(السِّرَاطُ): واضح راستہ۔

(السُّرَاطُ) سيفٌ سُرَاطٌ: تیز تلوار۔

(السُّرَطُ): بڑے لقمے نگلنے والا (۲) تیز دوڑنے والا۔

(السَّرَطَانُ): دس پیروں والا بحری جانور، کیکڑا (۲) آسمان میں ایک برج کا نام (۳) (علم طب کے مطابق) کینسر ایک پھوڑا جس میں کیکڑے کی رگوں کی طرح شاخیں ہوتی ہیں، غدودی خلیاتِ ظاہرہ میں ایک خطرناک ورم جو قریبی انسجہ میں پھیل جاتا ہے (مج)

(السُّرَيْطُ): فالودہ (۲) گھی اور کھجور میں بنایا ہوا حلوہ۔

(المِسْرَطُ): حلق، نگلنے کی نالی (ج) مَسَارِطُ۔

(سَرِعَ) (س) سَرَعًا: جلدی کرنا، تیز رفتار ہونا۔ هو سَرِعٌ و سَرْعَانُ وهی سَرْعَی۔

(سَرُعَ) (ك) سَرَاعَةً و سُرْعَةً و سِرَعًا: جلدی کرنا، تیز رفتار ہونا۔ هو سَرِيْعٌ (ج) سِرَاعٌ و سُرْعَانٌ وهی سَرِيْعَةٌ (ج) سِرَاعٌ۔

(أَسْرَعَ): جلدی کرنا، تیز رفتار ہونا۔ أَسْرَعَ السَّيْرَ وفيه۔

(سَارَعَ): سبقت کرنا، لپکنا۔

(تَسَارَعَ) بمعنی سَارَعَ۔

(تَسَرَّعَ) بمعنی سَارَعَ۔

(الأُسْرُوْعُ): أَسَارِيع کا واحد۔ انگور کی جڑ میں نکلنے والی پہلی کونپل (۲) دانتوں سے نکلنے والا پانی (۳) سرخ سر کے سفید کیڑے جن سے عورتوں کی انگلیوں کو تشبیہ دی جاتی ہے (ج) أَسَارِيْعُ۔

— أَسَارِيْعُ الذَّهَبِ: سونے پر پڑی ہوئی لکیریں۔

(السُّرَاعُ): تیز رفتار۔

(السِّرْعُ): ہر تر لکڑی یا شاخ (ج) سُرُوْعٌ۔

(سُرْعَانَ) مافعلت كذا: میں نے یہ بہت جلد کیا (تعجب کے لئے) خبر محض کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

(السَّرَعَانُ) سَرَعَانُ النَّاسِ: کسی کام میں سبقت لے جانے والے پہلے لوگ۔

— سَرَعَانُ الخَيْلِ: آگے رہنے والے گھوڑے۔

(السَّرِيْعُ): تیز رو، تیز رفتار (۲) مسواک کے درخت سے گرنے والی شاخ (ج) سُرْعَان، (۲) شعر کی ایک بحر جس پر قدیم وجدید دور میں بہت کم اشعار کہے گئے۔ بحر میں ایک مصرع کا وزن یہ ہے: مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ۔

(السَّرَعْرَعُ): تروتازہ شاخ (۲) باریک اور لمبا (۳) نرم ونازک جوان۔ ھی سَرَعْرَعَةٌ۔

(سَرَفَتِ) (ن) السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ سَرْفًا: ریشم کے کیڑے کا درخت کے پتوں کو کھا جانا۔

— الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو دودھ پلانے کی کثرت سے بیمار کردینا۔

(سَرِفَ) (س) الطعامُ سَرَفًا: کھانے کی چیز کا اس طرح خراب ہوجانا جیسے اس میں کیڑے

پڑ گئے ہوں۔ھو سَرِفٌ۔
—الشَّيْءَ: غفلت برتنا' نظر انداز کرنا (۲) خطا کرنا۔حدیث میں ہے : (اردتکم فسرِ فتکم) (۳) لاعلم اور ناواقف ہونا۔
—القومَ: لوگوں سے آگے نکلنا۔
(اَسْرَفَ): حد کو تجاوز کرنا۔
—فی مالِهٖ: اس نے مال کو فضول خرچ کیا۔
—فی الکلامِ: ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا۔
—فی القتلِ: مارڈالنے میں حد سے تجاوز کرنا۔
—الرجلُ: غلطی کرنا (۲) ناواقف اور لاعلم ہونا (۳) غافل ہونا۔
(السَّرَفُ): کسی چیز کی حسرت اور اس کی شدید خواہش۔حدیث عائشہؓ میں ہے : (انّ لِلَّحْمِ سَرَفًا کسرف الخمرِ) (۲) حد سے تجاوز۔
— سَرَفُ الماءِ: بیکار اور ضائع ہونے والا پانی۔ذَهَبَ هٰذَا الماءُ سَرَفًا: یہ پانی بیکار ضائع ہو گیا۔
(السَّرِفُ) سَرِفُ العقلِ: کم عقل' بے عقل۔
—سَرِفُ الفؤادِ: غافل آدمی۔
—مکانٌ سَرِفٌ: بہت کیڑوں والی زمین۔
(السُّرْفَةُ): ریشم کا کیڑا (ج) سُرَفٌ۔
(السَّرُوْفُ): بہت بڑا اور سخت۔
(السَّرِيْفُ): انگور کی بیل کی ایک لائن۔
(سَرَقَ) منهُ مَالًا و سَرَقَه مَالًا سَرَقًا و سَرِقَةً: چوری کرنا۔کسی کا مال خفیہ طور پر لینا۔ھو سَارِقٌ (ج) سَرَقَةٌ و سُرَّاقٌ وھو سَرُوْقٌ (ج) سُرُوْقٌ و ھو سروقةٌ (تاء مبالغہ کے لئے ہے)
—السَّمْعَ: چپکے سے بہنا'
—البصرَ: چپکے چپکے دیکھنا۔
—سَرَقَتْنِيْ عَيْنِيْ: میں سو گیا۔
(سُرِقَ) صَوْتُه: آواز بیٹھنا۔ھو مَسْرُوْقٌ۔
(سَرِقَ) سَرَقًا: پوشیدہ ہونا (۲) کمزور ہونا۔
(سَارَقَه) النَّظَرَ و سَارَقَ النَّظَرَ اليهِ: کسی کو ایسا موقع پا کر دیکھنا کہ وہ نہ دیکھ سکے۔

—السَّمْعَ: کسی کی بات چوری سے سننا۔
(سَرَّقَ) الشيْءَ بمعنی سَرَقَهٗ۔
—فلانًا: چوری کا الزام لگانا۔
(اِسْتَرَقَ) الشیءَ بمعنی سَرَقَهٗ۔
—النَّظَرَ والسَّمْعَ: چوری سے دیکھنا' سننا۔
(اِنْسَرَقَ): سست اور دھیما ہونا۔
—صوتُه: آواز کا پست اور سست ہونا۔
— انسَرَقَتْ مفاصلُه وقوتُه: اعضاء اور قوت کا کمزور ہونا۔
—عَنِ القومِ: خفیہ طور پر جانے کے لئے پیچھے رہ جانا۔
(تَسَرَّقَ): تھوڑا تھوڑا چرانا۔
— النَّظَرَ والسَّمْعَ: چوری سے بار بار سننا یا دیکھنا۔
(السَّارِقَةُ): پاؤں میں ڈالی جانے والی بیڑی یا بیڑی کی کیل (ج) سَوَارِقُ۔
(السُّرَاقَةُ): چرائی ہوئی چیز۔کہتے ہیں : هٰذِهٖ سُرَاقَةُ فلانٍ۔
(السَّرَقُ): ریشمی کپڑے کے ٹکڑے یا عمدہ قسم کا ریشمی کپڑا۔واحد: سَرَقَةٌ (مع)
(السَّرِقَةُ): اصطلاح شریعت میں خفیہ طور پر اپنے جیسے آدمی کے قبضہ سے مقررہ مقدار میں ایسا مال لینا جو لینے والے کی ملکیت میں نہ ہو چوری۔
(المُسْتَرِقُ): کمزور و ناقص (۲) چوری سے سننے والا۔
—مُسْتَرِقُ العُنُقِ: چھوٹی گردن والا۔
(سَرْقَنَ) الأرْضَ: زمین میں گوبر وغیرہ کا کھاد ڈالنا۔
(السِّرْقِيْنُ): کھاد' گوبر (مع)
(سَرِكَ) (س) سَرَكًا: طاقتور ہونے کے بعد کمزور بدن والا ہو جانا۔
(تَسَارَكَ) فی المشيِ: تھکاوٹ یا کمزوری کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
(السَّرْكِيْ): رجسٹر مراسلات (۲) پنشن نامہ (۳) مزدوروں کا نامچہ۔(د)

(السَّرْكُوْدِيَّةُ): ایک بیماری جو طویل ہوتی ہے' اس کا سبب معلوم نہیں ہوتا' یہ بیماری ہاتھوں اور پیروں کی ہڈیوں نیز جلد میں پیدا ہوتی ہے۔(ج)
(السَّرْكُوْمَةُ): سرکوما' ورم لحمی' گوشت میں پیدا ہونے والا خطرناک ورم (ج)
(سَرَّمَهٗ): ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(تَسَرَّمَ): ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
(السُّرْمُ) مستقیم آنت کا کنارہ۔
(السَّرْمَدُ): دائمی' سرمدی' ابدی' نہ ختم ہونے والا۔قرآن مجید میں ہے : {قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ}
(السَّرْمَدِيُّ): ابدی' ہمیشہ رہنے والا۔
(سَرَا) (ن) فلانٌ سَرْوًا و سَرَاوَةً: شریف و معزز ہونا' سخی اور با مروت ہونا۔
—الشيْءَ عَنْه سَرْوًا: زائل کرنا' ہٹانا۔
—عنهُ ثوبَهٗ و دِرْعَهٗ: زرہ یا کپڑا اتارنا۔
—الهَمَّ عَنْ فؤادِهٖ: کسی کے دل سے غم کو دور کرنا۔
—السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
(سَرُوَ) (ك) سَرَاوَةً وسَرْوًا: شریف و معزز ہونا۔ھو سَرِيٌّ (ج) اَسْرِيَاءُ و سَرَاةٌ (جج) سَرَوَاتٌ وھی سَرِيَّةٌ (ج) سَرَايَا۔
(اَسْرَى) الشيْءَ عنه: زائل کرنا۔
(سَرَّى) الشيْءَ عنه: زائل کرنا' دور کرنا' کہتے ہیں : سُرِّيَ عَنْ فلانٍ: فلاں کی تکلیف دور ہو گئی۔
(اِنْسَرَى): زائل ہونا۔
—الهَمُّ عَنه: غم دور ہونا۔
(تَسَرَّى): مروت و سخاوت کا مظاہرہ کرنا۔
(السَّرَاةُ) سَرَاةُ كُلِّ شيْءٍ: ہر چیز کا اعلیٰ اور بالائی حصہ (۲) درمیانی حصہ (۳) بڑا حصہ۔
— سَرَاةُ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت' دن کا درمیانی وقت۔
—سَرَاةُ الطَّرِيقِ: راستہ کا بڑا اور درمیانی حصہ۔

— سَرَاةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ (ج) سَرَوَاتٌ۔
(السَّرْوُ): سرو کا درخت۔واحد: سَرْوَةٌ (۲) وادی کا بلند حصہ (۳) (فن موسیقی کے مطابق) قانون کے ساؤنڈ بکس کی سطح پر نیم گول سوراخ (قانون ایک باجہ کا نام ہے)
(سَرْوَلَهُ): شلوار، پائجامہ پہنانا۔
(تَسَرْوَلَ): شلوار، پائجامہ پہننا۔
(السَّرَاوِيلُ): شلوار، پائجامہ (مذکر و مؤنث) (ج) سَرَاوِيلَاتٌ۔
(المُسَرْوَلُ) من الحَمَامِ: وہ کبوتر جس کے پیر پر پر ہوں۔
— مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی سفیدی بازوؤں اور رانوں سے آگے بڑھی ہوئی ہو۔
(سَرَى) (ض) اللَّيْلُ سَرْيًا و سِرَايَةً و سُرًى: رات کا گزر جانا۔قرآن مجید میں ہے: {وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ}
— الهَمُّ: غم یا تکلیف کا زائل ہونا۔
— الليلَ وبِهِ: رات کو چلتے ہوئے گزارنا۔
— بفلانٍ ليلًا: کسی کو رات میں چلانا۔
— عِرْقُ الشَّجَرَةِ فِي الْاَرْضِ سَرْيًا و سِرَايَةً: درخت کی جڑ کا زمین میں آہستہ آہستہ پھیلنا۔
— فيه السُّمُّ والخمر: شراب یا زہر کا کسی کو نڈھال کردینا۔
— فرج عِرْقُ السّوءِ: کسی کے اندر برائی پیدا ہونا۔
— عليه الهَمُّ: کسی پر رات کے وقت مصیبت آنا۔
— الجُرْحُ إِلَى النفسِ: زخم کا اندر تک پہنچ کر جان لیوا ہونا۔
— التَّحْرِيمُ: حرمت کا حلال چیز تک پہنچ جانا۔
— العِتْقُ: آزاد کرنے کا فعل غیر آزاد شدہ تک پہنچ جانا۔

(أَسْرَى) اللَّيْلَ وَبِهِ: رات میں چلنا۔
— بفلانٍ وَفُلانًا: رات میں چلانا۔
(سَارَى) صَاحِبَهُ: اپنے ساتھی کے ساتھ رات میں چلنا۔
(اِسْتَرَى) الليلَ وبِهِ: رات میں چلنا۔
— الشيءَ: پسند کرنا، اختیار کرنا۔
(تَسَرَّى): فوجی لشکر میں نکلنا۔
— الشيءَ: اختیار کرنا، پسند کرنا۔
(السَّارِيَةُ) مِنَ السَّحَابِ: رات کو آنے والا بادل (۲) رات کی بارش (۳) کشتی کے بادبان کو باندھنے کی لمبی لکڑی (۴) پول، کھمبا (ج) سَوَارٍ۔
— سَارِيَةُ العَلَمِ: وہ بانس یا پائپ جس سے جھنڈا باندھا جاتا ہے۔
(السُّرَى): اکثر رات کا سفر (مذکر و مونث) کہاوت ہے (عند الصباح يَحْمَدُ القومُ السُّرى) لوگ صبح کے وقت رات کے سفر کی تعریف کرتے ہیں یعنی مصیبت کے بعد آسانی آتی ہے۔صبر کی تلقین کے لئے بولا جاتا ہے۔
(السَّرِيُّ): پانی کی گول اور چھوٹی نہر (ج): أَسْرِيَةٌ وسُرْيَانٌ۔
(السَّرِيَّةُ): ایک فوجی دستہ جو پانچ سے تین سو تک افراد پر مشتمل یا گھوڑوں کی تقریبًا چار سو کی جماعت پر مشتمل ہوتا ہے (ج) سَرَايَا۔
(السُّرْيَالِيَّةُ): فن و ادب کا ایک عصری رجحان و نظریہ جو واقع اور حقیقت سے مافوق سطح پر لے جاتا ہے اور لاشعوری احوال کے اظہار پر موقوف ہوتا ہے (مج)
(سِرْيُومُ): ایک کیمیائی عنصر جو بہت کم پایا جاتا ہے (مج)

س..........ز

(سِزْيُومُ): ایک کیمیاوی عنصر جس میں معدنیاتی چمک ہوتی ہے (مج)

س..........ط

(الأُسْطُبَّةُ): کتان کو صاف کرتے وقت گرنے والا حصہ (مع)۔
(المِسْطَبَةُ): لوہار کی سندان (۲) دکاندار کے بیٹھنے کی چبوتری (ج) مَسَاطِبُ۔
(سَطَحَهُ) (ف) سَطْحًا: بچھانا، برابر کرنا، ہموار کرنا۔هو مَسْطُوحٌ و سطيحٌ: جیسے سطح الله الارضَ۔قرآن مجید میں ہے: {وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ}
— الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے پھیلانا، باریک کرنا۔
— الثَّرِيدَةَ في الصَّحْفَةِ: ثرید کو پلیٹ میں پھیلانا۔
— فلانًا: پچھاڑنا، زمین پر پٹخنا۔
— البَيْتَ: گھر کی چھت کو ہموار کرنا۔
(سَطَّحَهُ) بمعنی سَطَحَهُ۔
(اِنْسَطَحَ): پھیلنا، بچھنا (۲) بے چین و حرکت ہو کر چت لیٹنا۔
(تَسَطَّحَ): پھیلنا، بچھنا، پچھڑنا۔
(السَّطْحُ): ہر چیز کا بالائی اور اونچا حصہ (۲) علم ہندسہ میں وہ چیز جس میں طول و عرض ہو (ج) سُطُوحٌ۔
(السُّطَّاحُ): زمین پر پھیلے ہوئے نباتات۔
(السَّطِيحُ): جو کسی بیماری کی وجہ سے کھڑے ہونے اور بیٹھنے پر قادر نہ ہو (۲) مشکیزہ۔
(السَّطِيحَةُ): دو چیزوں سے بنی ہوئی مشک۔
(المَسْطَحُ): کھجوروں کو سکھانے کی جگہ (ج) مَسَاطِحُ۔
(المِسْطَحُ): کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چٹائی (۲) خیمہ اور پنڈال کا ستون۔حدیث میں ہے: (فَضَرَبَتْ إِحْدٰهما الاخرٰى بمسطح) (۳) گیہوں بھوننے کی بڑی کڑھائی (۴) انگور کی بیل کی دو لکڑیوں کے بیچ میں لگایا ہوا ستون (۵) روٹی وغیرہ بیلنے کا بیلن (ج) مَسَاطِحُ۔
(المُسَطَّحُ): سطح دار، ہموار۔
— أَنْفٌ مُسَطَّحٌ: چپٹی ناک۔
(سَطَرَ) (ن) الكتابَ سَطْرًا: کتاب لکھنا۔
— فُلانًا: پچھاڑنا۔

س

—الشيءَ بالسَّيفِ: تلوار سے کاٹنا۔
(أَسْطَرَ) الشيءَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ أَسْطَرَ اسْمِيْ: وہ میرے نام والی سطر سے باہر نکل گیا۔
—الورقةَ: کاغذ پر لائنیں لگانا' سطریں کھینچنا۔
—العِبَارَةَ: ترتیب دینا۔
—سَطَّرَ الاکاذیبَ و سَطَّرَ علینا: من گھڑت افسانے سنانا۔
(اسْتَطَرَ) الکتابَ بمعنی سَطَرَہٗ۔
(الأَسَاطِيْرُ): گھڑے ہوئے افسانے اور قصے بے اصل واقعات۔ قرآن مجید میں ہے: إِنْ هٰذَآ إِلَّآ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ۔ واحد: إِسطارٌ و إِسطيرٌ وأُسطورٌ وإِسطارةٌ و اسطيرةٌ و أُسطورةٌ۔
(السَّاطِرُ): قصاب۔
(السَّاطُوْرُ): بغدار (قصابوں کا ہڈی توڑنے اور قیمہ بنانے کا چوڑا چھرا) (مو) (ج) سواطیرُ۔
(السَّطْرُ): ہر چیز کی قطار' صف' سطر' لکیر۔ سَطْرٌ مِنَ الکتابَةِ و سَطْرٌ مِنَ الشَّجَرِ (ج) أُسْطُرٌ و سطورٌ و أَسطارٌ (جج) اساطر۔
(السُّطْرَةُ): آرزو۔
(المِسْطَارُ): وہ تیز شراب جسے پینے والا گر پڑتا ہے (۲) آسمان میں بلند ہونے والا گرد و غبار (۳) (علم رسم و تصویر کے مطابق) خط کش' فن تصویر کشی و نقاشی کا ایک قلم جس کے نوکدار دوسرے ہوتے ہیں اس کے درمیان روشنائی بھر کر لائن کھینچی جاتی ہے۔ ذرا اوپر ایک پیچ ہو جاتا ہے جسے کسنے اور ڈھیلا کرنے سے قلم کے دونوں سروں کا فاصلہ کم اور زیادہ ہونے سے لائن موٹی اور پتلی بنتی ہے (مج)
(المِسْطَرَةُ): اسکیل' پیمانہ' لائن ڈالنے کا رول یا پٹی (مج)
— المِسْطَرَةُ الحَاسِبَةُ: سلائڈ رول' ایک حسابی پیمانہ جو مخصوص درجوں پر منقسم ہوتا ہے اور اس سے حسابی عمل کے نتائج اخذ کئے جاتے ہیں (مج) (ج) مَسَاطِرُ۔
(المُسَيْطِرُ): گھیرنے والا' چھا جانے والا۔
(المُسْطَرِيْنُ): معمار کا اوزار جس سے اینٹوں پر مسالا یا گارا ڈالتا ہے اور پلاسٹر کرتا ہے۔ کرنی یا مجھولا (د)
(سَطَعَ) (ف) الشيءُ سَطْعًا و سُطُوْعًا: پھیلنا' بلند ہونا۔ کہتے ہیں: سطعتِ الرَّائحةُ: بو کا پھیلنا' بلند ہونا۔
—البرقُ فی السماءِ: بجلی چمکنا۔
—الغبارُ: غبار اٹھنا۔
—الرِّیحُ: ہوا چلنا۔
—الامرُ: بات کا واضح ہونا۔
—الرَّجُلُ وغیرُہ: سر اٹھا کر گردن کو لمبا کرنا۔
—فلانٌ بیدیهِ: تالی بجانا۔
—فلانًا رائحةُ المسكِ: کسی کے ناک کے نتھنوں میں مشک کی بو چڑھ جانا۔
(سَطِعَ) (س) سَطَعًا: لمبی گردن والا ہونا۔ ھو أَسطعُ وھی سطعاءُ (ج) سُطْعٌ۔
(السِّطَاعُ): خیمہ کا سب سے لمبا ستون (ج) أَسْطِعَةٌ و سُطُعٌ۔
(السَّطْعُ): ہر پھیلنے اور بلند ہونے والی چیز۔
(السَّطِيْعُ): صبح (۲) لمبا۔
(المِسْطَعُ): فصیح اللسان۔ خطیبٌ مِسْطَعٌ: فصیح و بلیغ خطیب۔
(الأُسْطُوْلُ): (دیکھئے: أسطول)
(السَّاطِلُ) مِنَ الغبارِ: اٹھا ہوا گرد و غبار۔
(السَّطْلُ): بالٹی (ج) أَسْطَالٌ و سُطُوْلٌ: (فارسی لفظ شطل کا معرب ہے)
(سَطَمَ) (ن) البابَ سَطْمًا: دروازہ بند کرنا۔
(الإِسْطَامُ): آگ کریدنی' لوہے کی سلاخ جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے اس سے آگ کو کریدا جاتا ہے۔
(الأُسْطُمُّ): سمندر کی بڑی موج یا بڑا حصہ (۲) اصل۔
(الأُسْطُمَّةُ): أُسْطُمَّةُ القومِ: لوگوں کا بیچ (۲) قوم کے اعلیٰ اور معزز لوگ۔
(السِّطَامُ): آگ کریدنی (۲) تلوار کی دھار (۳) شیشی یا بوتل کی ڈاٹ۔
(السَّطْمُ): تلوار کی دھار۔
(سَطَنَهٗ): جمانا (۲) بھاری اور بوجھل بنانا۔
(الأُسْطُوَانَةُ): (دیکھئے: اسطوانةٌ)
(سَطَا) (ن) الفَرَسُ سَطْوًا و سَطْوَةً: گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا' سرکش ہونا۔
—الماءُ: پانی کا زیادہ ہونا۔
—علیه وبه: حملہ کرنا اور مغلوب کرنا۔
—اللِصُّ عَلَى المَتَاعِ: چور کا زبردستی سامان لینا۔
—علی الحاملِ: حاملہ عورت کے پیٹ سے بچہ کو مردہ نکالنا۔
—الطعامَ وفیه: کھانا کھالینا: کہتے ہیں: ما سطوتُ فی طعامِ أحدٍ: میں نے کسی کا کھانا نہیں کھایا۔
(أَسْطیٰ) عَلَيْهِ بمعنی سَطَا۔
(سَاطَاہٗ): کسی کے ساتھ سختی برتنا۔
(السَّوَاطِی): ہاتھ۔ واحد: ساطیةٌ۔

س......ع

(سَعَّبَ) له بکذا: کسی کے لئے کوئی چیز آسان بنانا۔
(إِنْسَعَبَ): بہنا (۲) کھنچنا' لمبا ہونا۔
(تَسَعَّبَ): لمبا ہونا' کھنچنا۔
(السَّعْبُ): مائع' سیال چیز جیسے شربت وغیرہ۔
(السَّعَابِيْبُ): شہد یا شیرہ وغیرہ سے اٹھنے والے تار (۲) دودھ دوہنے کے بعد ہاتھ کو لگے ہوئے دودھ کے لمبے قطرے۔ سَالَ فَمُهُ سَعَابِيْبَ: اس کے منہ سے لعاب کے تار نکلے۔ واحد: سُعْبُوْبٌ و سُعْبُوْبَةٌ۔
(سَعَدَ) (ف) سَعْدًا و سُعُوْدًا: نیک بخت و خوش نصیب ہونا۔
—سَعَدَ یومُكَ: آپ کا دن مبارک ہو۔

— الله فلانًا سَعْدًا: خوش نصیب کرنا۔ ھو مَسْعُوْدٌ۔
(سَعِدَ)(س) سَعَادَةً: نیک بخت و خوشحال ہونا۔ ھو سعیدٌ (ج) سُعَدَاءُ۔
— الماءُ: پانی کا بہنا' جاری ہونا۔
(اَسْعَدَہٗ) اللهُ: اللہ کا کسی کو نیک بخت اور خوشحال بنانا۔ ھو مُسْعَدٌ و مَسْعُوْدٌ۔
— فلانًا: کسی کی مدد کرنا۔ کہتے ہیں: اَسْعَدَتِ النَّائِحَةُ الثَّكْلٰى: نوحہ کرنے والی عورت نے اولاد گم کردہ عورت کی مدد کی۔
(سَاعَدَہٗ) علی الامْرِ مُساعدةً و سِعَادًا: مدد کرنا۔
(اِسْتَسْعَدَ) بِرُؤْيَتِهٖ: کسی کے دیدار کو اپنے لئے سعادت سمجھنا۔
(السَّاعِدُ): کلائی' بازو (ہتھیلی سے کہنی تک کا حصہ (مذکر ہے) (۲) ہڈی میں گودے کا راستہ (۳) نہر وغیرہ میں پانی پہنچنے کا راستہ (۴) پستان یا تھن کا سوراخ (ج) سَوَاعِدُ۔ کہتے ہیں شَدَّ اللهُ علٰی سَاعِدِكَ: اللہ تمہاری مدد کرے۔
— سَاعِدُ القومِ: قوم کا سردار۔
— سواعِدُ الطيرِ: پرندہ کے بازو۔
— اَمْرٌ ذُوْ سَوَاعِدَ: ایسا معاملہ جس کے بہت سے پہلو ہوں۔
(السَّاعِدَةُ): نیک بختی' اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھلائی حاصل کرنے کی توفیق و معاونت۔
(السَّعَادَةُ): سَاعِدَةُ الساقِ: پنڈلی کی چھوٹی ہڈی۔
ضد: شقاوۃ۔
(السَّعْدَانُ): کھجور کے درخت کے کانٹے، (۲) ایک کانٹے دار پودا جو گھنی جھاڑی میں ہوتا ہے۔ کہاوت ہے: (مَرْعًى ولا كَالسَّعْدان) یہ چراگاہ خاردار پودے والی چراگاہ جیسی نہیں یعنی یہ چیز اس طرح کی دوسری چیزوں میں بہتر اور افضل ہے۔
(السَّعْدَانَةُ): کبوتری (۲) ترازو کے پلڑے کے نیچے کی گرہ (۳) پستان کی گھنڈی کے گرد سیاہ حلقہ۔
(سَعْدَيْكَ): بطور دعا کے کہتے ہیں: لبيك و سعديك: تم آسودہ حال و خوش نصیب رہو۔
(السُّعُوْدُ) سُعُوْد النجومِ: دس ستارے جن میں سے ہر ایک کو سعد کہا جاتا ہے ان ہی میں سے ایک سعدُ السعود ہے۔
(السَّعِيْدَةُ): سَعِيْدَةُ القميص: کرتے کی کلی۔
(سَعَرَ) (ف) الفَرَسُ سَعَرانًا: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
— النَّارَ سَعْرًا: آگ جلانا۔
— الحَرْبَ: لڑائی بھڑکانا۔
— القومَ بِالنَّبْلِ: قوم کو تیروں سے چھلنی کر دینا۔
— القومَ و عليهم شَرًّا: لوگوں میں خوب فساد و بگاڑ پھیلانا۔
— اللَّيْلَ بِالمطيِّ: اونٹ پر رات گزارنا۔
— اليومَ فی حاجتهٖ: اپنی ضرورت کے لئے دن بھر گھومنا۔
(سُعِرَ): بھوک پیاس کا شدید ہونا (۲) مجنون ہونا۔ ھو مسعورٌ۔
(سَعِرَ)(س) سَعَرًا و سُعْرَةً: جھلسے ہوئے رنگ ہونا۔ ھو اَسْعَرُ و ھی سَعْرَاءُ (ج) سُعْرٌ۔
(اَسْعَرَ) النَّارَ والحَرْبَ: شعلے بھڑکانا۔
— الشيءَ: بھاؤ مقرر کرنا۔ کہتے ہیں: اَسْعَرَ الاَمِيْرُ لِلنَّاسِ: حاکم نے لوگوں کے لئے قیمتیں مقرر کر دیں۔
(سَعَّرَ) بمعنی اَسْعَرَ۔
— السِّلْعَةَ: سامان کا نرخ یا قیمت مقرر کرنا۔
(اِسْتَعَرَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
— الشَّرُّ والمَرَضُ: فساد یا بیماری کا پھیلنا۔
— الحربُ: لڑائی کا بھڑکنا۔
— اللُّصُوْصُ: چوروں کا زور ہونا' کثرت سے چوری کرنا۔
(تَسَعَّرَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
(الاَسْعَرُ): دبلا پتلا جس کے پٹھے الگ دکھائی دیں ھی سَعْرَاء۔ (ج) سُعْرٌ۔
(التَّسْعِيْرُ الجَبْرِيُّ): چیزوں کی سرکاری قیمتیں' سرکاری نرخ بندی (مج)
(السَّاعُوْرُ): تنور (۲) آگ (ج) سَوَاعِيْرُ۔
(السَّاعُوْرَةُ): آگ (ج) سواعیرُ۔
(السُّعَارُ): آگ کی تپش (۲) بھوک کی تیزی (۳) پیاس کی سوزش (۴) جنون' دیوانہ پن۔
(السِّعْرُ): نرخ' قیمت' بھاؤ۔
— له سِعْرٌ: اس کی ایک قیمت ہے (قیمت میں اضافہ اور حیثیت بڑھانے کے وقت کہا جاتا ہے)
— لَيْسَ لَه سِعْرٌ: بے بھاؤ' بے قیمت (زیادہ ارزانی کے وقت بولا جاتا ہے)
— سِعْرُ السُّوْقِ: بازار کا ریٹ' بھاؤ جس پر اشیاء بیچی جا سکے لئے جائے ہوں۔
— سِعْرُ الصَّرْفِ: بین الاقوامی سکوں کی قیمتوں کے لحاظ سے بازار کا نرخ (مج) (ج): اَسْعَارٌ۔
(السَّعِرُ): مجنون' پاگل' دیوانہ (ج) سَعرى۔
(السُّعْرُ): گرمی (۲) بھوک کی وجہ سے کھانے کی چاہت (۳) جنون' دیوانگی (۴) تعدیہ (۴) درجۂ حرارت' کیلوری۔
(السُّعُرُ): جنون' دیوانگی۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ}
(السَّعْرَةُ): سخت کھانسی (۲) آغاز کار اور اس کا نیا پن۔
(السَّعِيْرُ): آگ (۲) آگ کا شعلہ۔ کہتے ہیں: خبا سعيرُ النارِ: آگ کا شعلہ ہلکا ہو گیا۔
(المِسْعَارُ): لکڑی یا لوہے کی آگ کریدنی (ج) مَسَاعِيْرُ: آگ کریدنی' کہتے ہیں: ھو مِسْعَرُ حَرْبٍ: وہ جنگ کی آگ بھڑکانے والا ہے عُنُقٌ مِسْعَرٌ: لمبی یا سخت گردن (ج) مَسَاعِرُ۔
(المَسْعَرُ) (ج) مساعِرُ البعير: اونٹ کی

بغل اور ران کی جڑیں جہاں اسے خارش ہوتی ہے۔
(الْمَسْعُوْرُ): بھرے ہوئے پیٹ پر کھانے کا حریص (۲) مجنون' دیوانہ (ج) مَسَاعِيْرُ۔
(سَعْسَعَ): بہت بوڑھا ہونا۔
— الْجِسْمُ: بڑھاپے کی وجہ سے جسم کا ڈانواں ڈول ہونا۔
— الشَّعْرَ: بالوں کو تیل سے تر کرنا۔
(تَسَعْسَعَ): بہت بوڑھا ہونا۔
— الْجِسْمُ: بدن کا کمزور اور ڈھیلا ہونا۔
— الشيءُ: انتہاء کے قریب ہونا۔ جیسے تَسَعْسَعَ عُمُرُہٗ: اس کی عمر ختم ہونے کے قریب ہے (۲) بوسیدہ ہونا (۳) بگاڑ کی طرف مائل ہونا۔
— الشهرُ: مہینہ کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔
— فَمُہٗ: ہونٹوں کا دانتوں سے الگ ہونا۔
(سَعَطَهُ)(ف)الدَّواءَ۔ سَعْطًا و سُعُوْطًا: دوا ناک میں چڑھانا۔
(اَسْعَطَهُ)الدَّواءَ: دوا ناک میں چڑھانا۔
— عِلْمًا: سمجھانے کی پوری کوشش کرنا۔
(اسْتَعَطَ)الدواءَ: ناک میں دوا چڑھانا۔
(السُّعَاطُ): بو کی تیزی۔
(السَّعُوْطُ): ناک میں ڈالنے کی دوا (۲) نسوار' ہلاس' ناس (ناک میں چڑھانے کا باریک پسا ہوا تمباکو)
(الْمِسْعَطُ): نسوار یا ہلاس کی ڈبیا وغیرہ (ج): مَسَاعِطُ۔
(سَعَفَ) (ف) بحاجةِ فلانٍ ۔ سَعْفًا: کسی کی ضرورت پوری کرنا۔
(سُعِفَ) الصبيُّ: بچہ کو پھنسیاں نکلنا۔ هو مَسْعُوْفٌ۔
(سَعِفَتْ) (س) يَدُہٗ ۔ سَعَفًا: ناخنوں کے اردگرد انگلیوں کا پھٹنا۔
(اَسْعَفَ): قریب ہونا۔ کہتے ہیں: اَسْعَفَتِ الدَّارُ۔
— بفلانٍ: کسی کے قریب ہونا' لهُ الصَّيدُ: کسی کے لئے شکار کا حصول ممکن ہونا۔
— باَهْلِهٖ: اپنے اہل وعیال میں مقیم ہونا۔
— فُلَانًا: کسی کے ساتھ ہمدردی اور بھائی چارے کا سلوک کرنا۔
— الْمَرِيْضَ: مریض کو دوا وغیرہ بہم پہنچانے میں جلدی کرنا۔
— فلانًا بحاجتهٖ: کسی کی ضرورت کو پورا کرنا۔
(سَاعَفَهٗ) بمعنی اَسْعَفَه۔
(تَسَعَّفَتْ) اظفارُہٗ بمعنی سَعِفَتْ۔
(الإسْعَافُ) جمعيّةُ الإسعافِ: امدادی انجمن (محدثہ)
(السُّعَافُ): ناخن کے اردگرد کی پھٹن یا اکھڑی ہوئی کھال۔
(السَّعَفُ): کھجور کی شاخ اور اس کا پتہ (۲) کھجور کا سوکھا پتہ (۳) دولہن کا جہیز (ج) سُعُوْفٌ۔
(السَّعَفُ): سامان۔
(السَّعْفَةُ): بچوں کی جلدی بیماری' پھنسی جو لال رنگ کی ہوتی ہے اور اس پر کھرنڈ آ جاتا ہے (مج)
(السُّعُوْفُ): طبائع' مزاج (۲) گھریلو سامان (۳) بڑے پیالے۔ واحد: سَعْفٌ۔
(الْمُسَاعِفُ): قریب' نزدیک۔
(سَعَلَ)(ن) سُعَالًا و سُعْلَةً: کھانسنا' کھانسی کا مریض ہونا۔
(سَعِلَ)(س) سَعَلًا: چست و پھرتیلا ہونا۔
(اَسْعَلَه): چست و پھرتیلا ہونا۔
(اسْتَسْعَلَتْ) فلانةٌ: عورت کا بھوتنی جیسا ہونا۔
(السَّاعِلُ): گلا' حلق (۲) منہ۔
(السُّعَالُ): کھانسی۔
— السُّعَالُ الدِّيْكِيُّ: بچوں کی کالی کھانسی (مج)
(السِّعْلِي): بھوت' پریت (ج) السَّعَالِي۔
(السِّعْلَاةُ): بھوت' پریت۔
(اَسْعَنَ) فلانٌ: سائبان بنانا' شامیانہ لگانا۔
(تَسَعَّنَ): بھرپور موٹا پے والا ہونا۔
(السُّعْنُ): بڑا ڈول' سوت اور روئی رکھنے کی ڈلیا وغیرہ (ج) سَعَنَةٌ و اَسْعَانٌ (۲) شبنمی چھوٹا شامیانہ' جو چھت پر شبنم سے بچنے کے لئے لگایا جاتا ہے (ج) سُعُوْنٌ۔
(السَّعْنُ): چربی۔
(السُّعْنَةُ): سائبان' شامیانہ (ج) سُعَنٌ۔
(السَّعْنَةُ) مَالَه سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ: اس کے پاس نہ تھوڑا مال ہے نہ زیادہ۔
(السِّعْوُ) مِنَ اللَّيْلِ و السَّعْوَةُ مِنْه: رات کا ایک حصہ۔
(السَّعْوَةُ): شمع' موم بتی' موم کا ٹکڑا۔
(سَعٰی)(ف) فلانٌ سَعْيًا: کسی کام کی کوشش کرنا۔ کوئی کام کرنا' دوڑنا۔
— اليهٖ: کسی کے پاس جانا' قصد کرنا۔
— لعيالِهٖ: بال بچوں کے لئے روزی کمانا۔
— للامْرِ وفيهٖ: کسی کام کی کوشش کرنا۔
— اِلَى الصَّلٰوةِ: کسی بھی صورت میں نماز کے لئے جانا۔
— بين الصفا والمروةِ: صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔
— علي الصَّدَقةِ: صدقہ وصول کرنے کا کام کرنا۔
— عَلَى الْقَوْمِ: لوگوں کی سربراہی کرنا۔
— بِهٖ سِعَايَةً: چغل خوری کرنا' شکایت کرنا۔
— فُلَانًا (ض) سَعْيًا: کسی سے کوشش کروانا۔
(اَسْعَاهُ): کوشش کروانا' چلانا۔
(سَاعَاهُ): کسی کے ساتھ چلنا اور دوڑ دھوپ میں مقابلہ کرنا (۲) کسی کے ساتھ چلنا۔
(تَسَاعَوْا) اِلٰى كذا: کسی چیز کی طرف باہم مل کر دوڑنا۔
(اسْتَسْعَاهُ): کسی سے صدقات وصول کرنا' کسی کو صدقات کی وصولی پر لگانا۔
— الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کرنے کے لئے بقدر غلامی کام کرانا (غلام کا کچھ حصہ آزاد کرنا باقی ہے تو اس کو ایسے کام کا مکلف کرنا جو اس کا بدل ہو جائے اور وہ مکمل آزادی حاصل کر لے)۔

(السَّاعِيْ): صدقات وصول کنندہ
(۲) پوسٹ مین، ڈاکیا (ج) سُعَاةٌ۔
(الْمَسْعَاةُ): کرم وعظمت (ج) مَسَاعٍ۔
— المساعی الحمیدۃ: دو متخاصم حکومتوں کے درمیان بعض غیر جانبدار حکومتوں کی طرف سے صلح و صفائی کی کوشش (مج)

س……غ

(سَغَبَ) (ن) سَغْبًا و سُغُوْبًا: بھوکا اور تھکا ہوا ہونا۔
(سَغِبَ) (س) سَغَبًا و سَغَابَةً: بھوکا اور تھکا ہوا ہونا۔ هو سَغِبٌ وهي سَغِبَةٌ (ج) سِغَابٌ وهو سَغْبَانُ وهي سَغْبٰی (ج) سِغَابٌ۔
(أَسْغَبَ): فاقہ کشی میں مبتلا ہونا۔ حدیث میں ہے: (انّه قدم خيبر باصحابه وهم مسغبون)
(السَّغَابُ): بھوک۔
(الْمَسْغَبَةُ): فاقہ مستی۔ قرآن مجید میں ہے: {أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ}
(سَغِلَ): ورم آلود ہونا، سوجنا۔
(سَغْسَغَ) الشيَ: میخ وغیرہ کو اکھاڑنے کے لئے ہلانا (۲) لڑھکانا۔
— فِي التُّرَابِ: مٹی میں دھنسانا۔
— الطَّعَامَ: کھانے میں خوب چکنائی ڈالنا۔
— راسه بِالدُّهنِ: سر میں تیل لگانا۔ کہتے ہیں: سَغْسَغَ الدُّهْنَ فِيْ رَاسِهٖ: تیل کو بالوں کی جڑوں تک پہنچانا۔
(تَسَغْسَغَتْ) ثَنِيَّتُهٗ: اگلے دانتوں کا ہلنا۔
— فِي الْاَرْضِ: زمین میں دھنسنا۔
— من الْاَمْرِ: چھٹکارا پانا۔
(سَغِلَ) (س) الرجلُ وغيرُه سَغَلاً: آدمی وغیرہ کا پتلی ٹانگوں اور چھوٹے اعضاء والا ہونا (۲) لاغر کمزور ہونا (۳) بدمزاج ہونا۔ هو سَغِلٌ۔
(السَّغَلُ التَّنَاسُلِيُّ): ایک بیماری جس میں خارجی اعضاء تناسلیہ میں کمزوری آ جاتی ہے اور چربی زیادہ ہو جاتی ہے (مج)

(سَغَمَهٗ) (ف) سَغْمًا: کسی کو انتہائی تکلیف پہنچانا، دل کو ٹھیس پہنچانا۔
(أَسْغَمَهٗ): بمعنی سَغَمَهٗ۔
— الصَّبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔
(سَغَّمَهٗ): کسی کو عمدہ غذا کھلانا۔
— الفَصِيلَ: اونٹ کے بچہ کو موٹا کرنا۔
— الشيَ: خوب سیراب کرنا۔ کہتے ہیں: سَغَّمَ الزرعُ الطين ماءً و به۔
— الطعامَ دُهْنًا و به: کھانے کو خوب مرغن کرنا۔
— المِصْبَاحَ زَيْتًا و بِهٖ: چراغ وغیرہ میں خوب تیل ڈالنا۔
(الْمُسَغَّمُ): ناز و نعمت سے پلا ہوا صحت مند لڑکا۔
(السَّغْنُ): خراب غذا (ج) أَسْغَانٌ کہتے ہیں: هُمْ يَتَعَيَّشُوْنَ بِالْاَسْغَانِ: وہ خراب غذا پر زندگی بسر کر رہے ہیں۔

س……ف

(سَفِتَ) (س) الشَّرَابَ سَفْتًا: زیادہ پینے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔
(اسْتَفَتَ) الشيَ: لے جانا۔
(السَّفِتُ): بے برکت کھانا۔
(سَفْتَجَ) بِالنَّقْدِ: کسی کو بذریعہ چیک یا ڈرافٹ یا ہنڈی رقم بھیجنا۔
(السُّفْتَجَةُ): چیک، ڈرافٹ، ہنڈی، ایک شخص اپنی رقم کسی دوسرے ایسے آدمی کو دے جس کی رقم، رقم سپرد کرنے والے کے شہر میں موجود ہو اور وہ وہاں اس سے حاصل کرے (معرب فارسی)
(۲) کسی کے نام بنک کا ڈرافٹ بنوا کر رقم بھیجنا
(۳) ساہوکار (مہاجن) کا کسی کو اپنے پرچہ وغیرہ کے ذریعہ دوسری جگہ رقم دلوانا (ج) سَفَاتِجُ۔
(سَفَحَ) (ف) الدَّمُ وَنَحْوُهٗ سُفُوْحًا: خون یا اس جیسی چیز بہنا۔
— الدَّمَ سَفْحًا و سُفُوْحًا: خون بہانا۔
— الدَّمْعَ والماءَ: بہانا، هو سَافِحٌ و سَفَّاحٌ و سَفُوْحٌ۔

— دَمْعٌ سَفُوْحٌ: بہا ہوا آنسو۔
(سَافَحَهَا): مُسَافَحَةً و سِفَاحًا: کسی عورت کے ساتھ بغیر عقد شرعی کے رہنا، مقولہ ہے: بينهم سِفَاحٌ: انکے درمیان خونریزی ہے۔
(سَفَّحَ): فضول اور بے فائدہ کام کرنا۔
(تَسَافَحَا): باہم خونریزی کرنا (۲) زنا کرنا۔
(السَّفْحُ) سَفْحُ الجَبَلِ: پہاڑ کا نچلا سخت حصہ جس پر پانی بہہ کر آئے، دامن کوہ (ج) سُفُوْحٌ۔
السُّفُوْحُ: چکنی اور نرم چٹانیں۔
(السَّفَّاحُ): بہت خونریزی کرنے والا، اسی مناسبت سے عباسی خلیفہ اوّل کو سفاح کا لقب دیا گیا ہے۔
(السَّفِيْحُ): موٹی چادر (۲) جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔
— السَّفِيْحَانِ: اونٹ کے دونوں جانب لٹکے ہوئے بورے۔
(الْمَسَافِحُ) مُسَافِحُ الوادي: وادی میں پانی گرنے کی جگہ۔
(الْمُسَافَحَةُ) ولدُ الْمُسَافَحَةِ: ولد الزنا۔
(الْمَسْفُوْحُ): کشادہ، وسیع۔
— جَمَلٌ مَسْفُوْحُ الضُّلُوعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ۔ ایسے ہی نَاقَةٌ مَسْفُوحَةُ الْإِبِطِ۔ مَسْفُوْحُ العُنُقِ: موٹی اور لمبی گردن والا۔
(سَفَدَ) (ض) ذَكَرُ الحيوان أُنْثَاهُ و عَلٰى أُنْثَاهُ سَفْدًا: نر جانور کا اپنی مادہ سے جفتی کرنا۔
(سَفِدَ) (س) الذَّكَرُ الانثٰى سَفَدًا بمعنی سَفَدَ۔
(أَسْفَدَ) الذَّكَرَ: جفتی کرانا۔
(سَافَدَهَا): مادہ سے جفتی کرنا۔
(سَفَّدَ) اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لئے سیخ میں پرونا۔
(تَسَافَدَ) الحيوانُ: جانوروں کا باہم جفتی کرنا۔
(تَسَفَّدَ) البعيرَ او الفرسَ: اونٹ یا گھوڑے کی پیٹھ کی طرف سے آ کر سوار ہونا۔
(اسْتَسْفَدَ) البعيرَ او الفرسَ بمعنی

تَسَفَّدَهٗ۔
(السَّفُوْدُ): گوشت بھوننے کی سیخ (ج) سَفَافِید۔
(سَفَرَ) (ض ن) سُفُوْرًا: واضح اور روشن ہونا۔
— الصبحُ: صبح کا روشن ہونا۔
— الشمسُ: سورج کا طلوع ہونا۔
— وجهُه حُسنًا: خوبصورتی کی وجہ سے چہرے کا چمکنا۔
— المرأةُ: عورت کا بے نقاب ہونا۔
— الرَّجُلُ سَفَرًا: آدمی کا سفر پر روانہ ہونا۔
— الشيءَ سَفْرًا: صاف کرنا، روشن وواضح ہونا۔
— العمامةَ عَنْ رأسِهِ: سر سے پگڑی اتارنا۔
— الريحُ الغيمَ عن وجهِ السماءِ: ہوا کا آسمان سے بادلوں کو ختم کر دینا۔
— البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔
— الترابَ: مٹی اُڑانا۔
— الورقَ و الكتابَ: لکھنا۔
— البعيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
— بين القومِ (ن) سَفْرًا و سِفَارَةً: صلح کروانا۔ هو سَافِرٌ و سَفِيْرٌ۔
(أَسْفَرَ): واضح ہونا، منکشف ہونا۔
— الصُّبحُ: صبح روشن ہونا۔
— وجهُه: چہرہ چمکنا۔
— فلانٌ: صبح کو سفر کے لئے روانہ ہونا۔
— بالصلوٰةِ: نماز کو صبح روشن ہو جانے کے بعد پڑھنا۔
— الشجرُ: درخت کے پتے گرنا۔
— الحربُ: لڑائی کا سخت ہونا۔
— البعيرُ: اونٹ کا سفر کے لئے تیار ہونا۔
(سَافَرَ) مُسَافَرَةً و سِفَارًا: سفر کے لئے روانہ ہونا (۲) مرجانا۔
(سَفَّرَهٗ): سفر کے لئے روانہ کرنا۔
— النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
— البعيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
(انسفر) الشيءُ: کھل جانا، منکشف ہو جانا۔ مقولہ ہے: انسفر مقدَّمُ رأسِهِ من الشعر: سر کے اگلے حصہ کا بالوں سے خالی ہونا۔
(تَسَفَّرَ): شام کے وقت آنا، رات کے ابتدائی حصہ میں آنا۔
— الجلدُ: چمڑے کا متاثر ہونا۔
— النِّساءَ: عورتوں کو بے نقاب کرنا۔
— شيئًا مِنْ حَاجَتِهِ: اپنی ضرورت کو کسی حد تک پورا کر لینا۔
(اِسْتَسْفَرَهٗ): کسی کو کسی ملک یا قوم میں قاصد یا سفیر بنانا۔
— النِّساءَ: عورتوں سے چہرہ کھلوانا۔
(السَّافِرُ): مسافر (ج) سَفْرٌ و سافرةٌ و سُفَّارٌ و أَسْفَارٌ (۲) کاتب، لکھنے والا (۳) نامہ اعمال لکھنے والے فرشتوں میں سے ایک (ج) سَفَرَةٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {بِأَيْدِي سَفَرَةٍ كِرَامٍ بَرَرَةٍ}
— امرأةٌ سَافِرَةٌ: بے پردہ عورت (ج) سوافِرُ۔
— فَرَسٌ سافِرُ اللحمِ: کم گوشت والا گھوڑا۔
(السَّافِرَةُ): مؤنث السافر (۲) مسافر لوگ۔
(السَّافِيْرُ): نیلا یاقوت۔ (ایک قیمتی پتھر) سیلون، برما، ہندوستان، کشمیر اور آسٹریلیا میں اس کی کانیں پائی جاتی ہیں (مج)
(السِّفَارُ): نکیل، اونٹ کی ناک میں ڈالنے کا لوہے کا ٹکڑا یا چمڑا (مج)
(السِّفَارَةُ): عہدہ سفارت، پیشہ سفارت۔ ایک ملک کی طرف سے دوسرے ملک میں دائمی اور مکمل نمائندگی (۲) سفارت خانہ (مج)
(السُّفَارَةُ): جھاڑن، کوڑا کرکٹ جو جھاڑو سے اکٹھا کیا گیا ہو۔
(السَّفَرُ): قطع مسافت، سفر (۲) دور۔ کہتے ہیں: هو مِنِّي سَفَرٌ: وہ مجھ سے دور ہے (۳) غروب آفتاب کے بعد دن کی بقایا روشنی۔
(السَّفْرُ): مسافر (واحد و جمع) (۲) جلد پر پڑا ہوا نشان (ج) سُفُوْرٌ۔
(السِّفْرُ): کتاب، بڑی کتاب۔ قرآن مجید میں ہے: {كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا} (۲) تورات کے اجزاء میں سے ایک جز (ج) أَسفارٌ
(السُّفْرَةُ): مسافر کے لئے تیار کردہ کھانا (۲) توشہ دان (۳) کھانا لگا ہوا دسترخوان (مج) (ج) سُفَرٌ۔
(السَّفِيْرُ): قاصد، ایلچی، مصلح (۲) ایک ملک کا دوسرے ملک میں سفیر، نمائندہ (۳) دلال (۴) آوازوں کا ماہر اور واقف کار (۵) ہوشیار و باکمال شخص (ج) سُفَرَاء (۶) گرے ہوئے بال یا پتے (۷) کھیتی کا نچلا حصہ۔
(السَّفِيْرَةُ): تانیث السفیر۔
(المَسَافِرُ) مَسَافِرُ الوَجْهِ: چہرہ کے ظاہری حصے۔ واحد: مَسْفِرٌ۔
(المِسْفَارُ): سفر پر قادر (۲) بہت سفر کرنے والا (ج) مَسَافِيْرُ۔
(المِسْفَرُ): بمعنی المِسْفَارُ (ج) مَسافِرُ۔
المِسْفَرَةُ: مؤنث المِسْفَر (۲) جھاڑو (ج) مَسَافِرُ۔
(المُسَفَّرَةُ): دھاگوں یا سوت کا گولا۔
(السَّفَرْجَلُ): بہی، ناشپاتی کی طرح کا ایک پھل (ج) سَفَارِجُ۔
(سَفْسَطَ): مغالطہ دینا، مغالطہ آمیز حکمت بیان کرنا (یونانی لغت)
(السَّفْسَطَةُ): منطقی مغالطہ۔ وہ قیاس جو وہمیات سے مرکب ہو یا وہ طریقہ استدلال جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو اور مقابل کو خاموش کرنا مقصود ہو (یونانی لغت)۔
(السَّفْسَطِيُّ): سفسطہ کی طرف منسوب۔ مغالطہ آمیز قیاس سے استدلال کرنے والا۔
(السُّوْفِسْطَائِيَّةُ): ایک فرقہ جو حسیات اور بدیہیات کا منکر اور وہمیات کا قائل ہے۔ واحد: سُوفسطائيٌّ۔
(سَفْسَفَ) العَمَلَ: کام کو سرسری طور پر کرنا۔ صحیح طرح انجام نہ دینا۔

— الدَّقِيقَ ونحوَهُ: آٹا وغیرہ چھاننا۔
— سفسفةُ المنخلِ: آٹا چھاننے کی آواز۔
— الرِّيحُ الترابَ: ہوا کا مٹی کو اُڑانا۔
(السَّفْسَافُ): باریک مٹی جو ہوا میں اُڑ جائے (۲) آٹا چھانتے وقت اڑنے والا غبار (۳) ہر ردی اور خراب چیز یا کام (ج) سَفَاسِفُ۔
(السَّفْسَافَةُ): مٹی اڑانے والی اور سطح زمین سے قریب چلنے والی ہوا (ج) سَفَاسِيْفُ۔
(المُسَفْسِفُ): کمینی خصلت والا (۲) خسیس عطیہ والا۔
(سَفْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
(سِفْسَقَةُ) السَّيْفِ: تلوار کی چمک (ج) سَفَاسِقُ۔
(سَفُطَ) (ك) سَفَاطَةً: نیک دل اور سخی ہونا۔ هو سفيطٌ۔
(سَفَّطَ) الحَوْضَ: حوض کو ٹھیک اور پختہ کرنا۔
(اسْتَفَطَ) ما في الاناءِ: برتن میں موجود سب کچھ پی لینا۔
(تَسَفَّطَ) ما في الاناءِ بمعنی اسْتَفَطَ۔
(السَّفَاطَةُ): کرارہ پن، ایک ہڈی کی بیماری۔
(السُّفَاطَةُ): گھر کا سامان۔
(السَّفَطُ): عورتوں کا سنگھار دان (۲) ٹوکری (۳) مچھلی کا چھلکا (ج) أسفاطٌ۔
(السَّفَّاطُ): ٹوکریاں بنانے والا یا بیچنے والا۔
(السَّفِيْطُ): درخت سے گری ہوئی ہری کھجوریں۔
(سَفَعَ) (ف) بعضوٍ من أعضائِهِ سَفْعًا: کسی عضو کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔ سَفَعَ بناصيته: اس کی پیشانی کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔ قرآن مجید میں ہے: { كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۙ } کہا جاتا ہے: سفع بناصيتهِ الفرسَ ليركبَه: اس نے گھوڑے پر سوار ہونے کیلئے اس کی پیشانی کو زور سے پکڑا۔
— السمومُ والنارُ والشمسُ وجهَه: چہرے کو جھلسا کر اس کی رنگت بدل دینا۔

— الشيءَ: علامت لگانا، نشان ڈالنا۔
(سَفِعَ) (س) سَفَعًا وسُفْعَةً: سرخی مائل سیاہ ہونا۔ هو أسْفَعُ وهي سفعاءُ (ج) سُفْعٌ۔
(سَافَعَهُ) مُسَافَعَةً وسِفَاعًا: لڑنا، جنگ کرنا، پیچھا کرنا۔
(سَفَّعَتِ) النارُ وجهَه: چہرہ کو جھلس دینا۔
(اسْتَفَعَ) ثيابَه: کپڑے پہننا (یہ اکثر رنگین کپڑے پہننے کے لئے استعمال ہوتا ہے)
(اسْتُفِعَ) لونُه: خوف وغیرہ سے رنگ کا بدل جانا۔
(تَسَفَّعَ) بالنَّارِ: آگ تاپنا، آگ سے جھلسنا۔
(السَّفْعُ): کسی بھی قسم کا کپڑا (ج) سُفوعٌ۔
(السَّفْعَاءُ): چولہے کا ایک پتھر (۲) کبوتری جس کے گلے میں چھلا پڑا ہوا ہو (ج) سُفْعٌ۔
(السوافِعُ): گرم ہوا کے جھونکے۔ واحد: سافِعَةٌ۔
(سَفَّ) (ض ن) الطائرُ سَفِيْفًا: پرندہ کا زمین کے قریب ہو کر اڑنا۔
— الخُوْصَ والحَصِيْرَ سَفًّا: کھجور کے پتوں سے چٹائی کا بننا۔
(سَفَّ) (س) الدَّواءَ سَفًّا: دوا کا سفوف پھانکنا۔ سَفِفْتُ الدَّواءَ۔
(أَسَفَّ) الطائرُ بمعنی سَفَّ۔
— السحابُ: بادل کا زمین کے قریب ہونا۔
— فلانٌ: معمولی باتوں میں الجھنا۔
— الامْرَ: کسی کام کے قریب ہونا۔
— النَّظَرَ اليه: کسی کی طرف گھورنا۔
— البعيرَ: اونٹ کو سوکھی گھاس چرانا۔
— فلانًا السَّفُوْفَ: کسی کو سفوف کھلانا۔
— الجُرْحَ دواءً: زخم پر دوا چھڑکنا۔ زخم میں دوا ڈالنا۔
— الفرسَ اللجامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام ڈالنا۔
— الخُوْصَ والحَصِيْرَ: چٹائی بننا۔
— الوَشْمَ: گودے ہوئے حصہ میں کاجل بھرنا۔

— مَا أَسَفَّ منه بِتافِةٍ: اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
(أُسِفَّ) وَجْهُه: چہرہ کے رنگ کا بدل جانا۔
(اسْتَفَّ) السَّوِيْقَ وَالدَّوَاءَ: ستو اور دوا پھانکنا۔
(السَّفَّةُ): میٹھی سفوف یا پھکی وغیرہ۔ (۲) ٹوکری بنانے کے لئے بقدر کھجور کے پتوں کا گٹھا (ج) سُفَفٌ۔
(السَّفُوْفُ): سفوف، پھکی، پاؤڈر۔
(السَّفِيْفَةُ): کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چیز (ج) سَفَائِفُ۔
(سَفَقَ): بمعنی صَفَقَ۔
(سَفَكَه) (ض) سَفْكًا: بہانا، گرانا۔ جیسے سفك الدَّمَ والماءَ والدَّمْعَ والمفعول مسفوكٌ وَسفيكٌ بمعنی مسفوكٌ۔
(انْسَفَكَ): بہنا، گرنا۔
(السُّفْكَةُ): ناشتہ سے پہلے بطور لذت کے کھائی جانے والی چیز (ج) سُفَكٌ۔
(السَّفُوْكُ): بہت جھوٹ بولنے والا (۲) نفس کا ایک نام۔
(سَفَلَ) (ن) سُفُوْلاً و سَفَالاً و سُفَالَةً: پست ہونا، نیچے ہونا، نچلا ہونا (ضد: علا)
— في الشيءِ: اوپر سے نیچے آنا۔
— في عِلْمِهِ و خُلُقِهِ: علم و اخلاق میں پست ہونا۔ هو سَافِلٌ (ج) سُفَّلٌ و سُفَّالٌ و سَفَلَةٌ۔
(سَفُلَ) (ك) سُفَالَةً: ذلیل اور کمینہ ہونا۔ گھٹیا اور پست ہونا۔
(سَفَّلَه): نیچے اتارنا، نیچے کرنا۔
(اسْتَفَلَ): بمعنی اسْفَلَ۔
(تَسَفَّلَ): پست ہونا، گھٹیا اور نیچا ہونا۔
(الأَسْفَلُ): پست ترین، گھٹیا ترین، بہت نیچا (ضد: اعلیٰ) (ج) أَسَافِلُ وهي سُفْلَى۔
(السَّافِلَةُ): مؤنث السافل (۲) نچلا حصہ۔
— سَافِلَةُ الرُّمْحِ: نیزہ کا نصف نچلا حصہ۔

س

—سَافِلَةُ النَّهرِ: نہروغیرہ کا زیریں حصہ۔
(السُّفَالَةُ): نچلا حصہ۔
— سُفَالَةُ الرِّيحِ: ہوا چلنے کی جگہ کی بالمقابل سمت۔
(السَّفِلَةُ)من الناسِ: نیچی ذات کے لوگ۔
(السِّفْلَةُ)من الناس: گھٹیا درجہ کے لوگ۔
(المَسْفَلَةُ): مَسْفَلَةُ الشيءِ: نچلا حصہ۔ کہتے ہیں: هو يَسْكُنُ مَعْلَاةَ المدينة وأنا أسكنُ مَسْفَلَتَهَا: وہ شہر کے بالائی حصہ میں رہتا ہے اور میں زیریں حصہ میں رہتا ہوں (ج) مَسَافِلُ۔
(سَفَنَتِ)(ض ن)الرِّيحُ سُفُونًا: ہوا کا زمین پر چلنا۔ هي سَافِنَةٌ (ج) سَوَافِنُ وهي سَفُونٌ (ج)سَفَائِنُ۔
— الشيءَ(ن)سَفْنًا: چھیلنا' تراشنا۔
(سَفَّنَ)الشيءَ بمعنی سَفَنَ۔
(السَّافِنُ): کمر کے اندر ایک لمبی رگ جس کا تعلق دل سے بھی رہتا ہے اس کو ''الأکحل'' بھی کہتے ہیں۔
(السِّفَانَةُ): کشتی سازی' جہاز سازی۔
(السَّفَّانُ): کشتی ساز (۲) کشتی کا ملاح۔ جہاز کا کپتان۔
(السَّفَّانَةُ): موتی۔
(السَّفَنُ): تراشنے' گھسنے اور نرم کرنے کا آلہ جیسے کلہاڑی' بسولہ' پتھر' کھردرا چیرہ وغیرہ۔
(السَّفِينَةُ): کشتی (ج) سُفُنٌ و سَفَائِنُ و سَفِينٌ۔
— سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔
(السوافِنُ): ہوائیں۔ واحد: سَافِنَةٌ۔
(المِسْفَنُ): تراشنے یا گھسنے اور نرم کرنے کا اوزار وغیرہ (ج)مَسَافِنُ۔
(سَفِهَ)(ف ن)نَفْسَه و رايَه سَفَهًا و سَفَاهَةً: نادانی اور بے وقوفی کا مرتکب ہونا (۲) خود کو نادان و بیوقوف کہنا۔ (۳) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
— صَاحِبَه سَفْهًا: اپنے ساتھی سے بیوقوفی میں بڑھ جانا۔
(سَفِهَ)(س) سَفَهًا و سَفَاهًا و سفاهَةً: بے وقوف ہونا' کم عقل و ناسمجھ ہونا۔ سَفِهَ علينا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔
— الحقَّ و عليه: حق شناس نہ ہونا۔
— نَفْسَه و رأيَهُ: بیوقوفی کرنا' خود کو بیوقوف قرار دینا' اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
— فُلانًا سَفْهًا وسَفَاهًا: بےوقوف ٹھہرانا۔
— الشرابَ سَفَاهًا و سفاهَةً: خوب پی کر جی سیراب نہ ہونا۔
— نصيبَهُ: اپنا حصہ بھول جانا۔
(سَفُهَ) (ك) فلانٌ سَفَاهَةً و سَفَاهًا: بیوقوف و ناسمجھ ہونا۔ کہتے ہیں: سَفُهَ علينا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔
(سَافَهَهُ): کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔
— الشَّرابَ: حد سے زیادہ پینا۔
— الطَّرِيقَ: راستہ پر تیزی کے ساتھ چلتے رہنا۔
(سَفَّهَهُ): بےوقوف ٹھہرانا۔
— الجَهْلُ حِلْمَهُ: جہالت نے اسکی عقل کو کھو دیا۔
— فلانًا: بےوقوف قرار دینا۔
(تَسَافَهَ)عليهم: ناواقف ہونا۔
(تَسَفَّهَتِ)الرياحُ: ہواؤں کا ترچھا چلنا۔
— فلانٌ: بےوقوف بننا' بےوقوفی ظاہر کرنا۔
— عليه: رسوا کرنا' مذمت کرنا
— الريحُ الشيءَ: ہوا کا کسی چیز کو لے کر اڑنا۔
— فلانًا عَنِ الشيءِ: دھوکہ دے کر کسی چیز سے ہٹانا۔
(السَّافِهُ): بےوقوف (۲) سخت پیاسا۔
(السَّفِيهُ): غیر مناسب جگہ مال خرچ کرنے والا (۲) ناواقف' جاہل۔ (ج) سُفَهَاءُ و سِفَاهٌ وهي سَفِيهَةٌ (ج)سَفَائِهُ و سُفَّهٌ و سِفَاهٌ
— ثوبٌ سَفِيهٌ: خراب بنا ہوا کپڑا۔
— زِمَامٌ سَفِيهٌ: ناہموار لگام۔
— ناقةٌ سفيهةُ الزِّمَامِ: کم رفتار اونٹنی۔
(المَسْفَهَةُ)طعامٌ مَسْفَهَةٌ: پیاس لگانے والا کھانا۔
(سَفَا)(ض ن)سُفُوًّا: تیز چلنا۔
— في مَشْيِهِ وطَيَرَانِهِ: تیز چلنا' تیز اڑنا۔
— فلانٌ: عبادات گزار ہونا (۲) اللہ کے سامنے عاجزی کرنا (۳) کم بالوں والا اور گنجا ہونا (۴) کم عقل ہونا۔
— الرِّيحُ التُّرابَ و نحوَهُ سَفْيًا: ہوا کا مٹی اڑانا۔ الريحُ سَافِيَةٌ (ج) سَوَافٍ والترابُ مَسْفِيٌّ و سَافٍ و سَفِيٌّ۔
(سَفِيَ)(س)الشيءُ سَفًى: سبک اور ہلکا ہونا۔
— شَعْرُ الناصيةِ: پیشانی کے بالوں کا کم ہونا۔
— الحيوانُ أوِ الإنسانُ: کمزور ہونا۔ هو أَسْفَى وهي سَفْوَاءُ۔
— سَفِيَتِ البَغْلَةُ: خچری کا تیز رفتار اور سبک ہونا۔
(أَسْفَى)فلانٌ: مٹی ڈھونا (۲) چغلی کھانا۔
— بصاحبِهِ: برا سلوک کرنا (۲) کمزور ہونا۔
— الزَّرْعُ: غلہ کی بالیوں کے کناروں کا سخت ہونا۔
— فلانًا: کسی کو بیوقوفی پر آمادہ کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْفَاهُ الامْرَ۔
— الرِّيحُ التّرابَ: ہوا کا مٹی اڑانا۔
(السَّافِيَاءُ): گرد و غبار (۲) بہت مٹی اڑانے والی ہوا۔
(السَّفَا): مٹی (۲) کانٹے دار درخت، (۳) کانٹا۔ واحد: سَفَاةٌ۔
(السِّفَاءُ): دوا۔
(السُّفَيَّةُ): (علم احیاء کے مطابق) ایک باریک نوک جس پر نباتات کے پتوں کا سرا ختم ہوتا ہے جیسے سنا کی (ایک دوا) کا پتا (مج)

س .... ق

(سَقِبَ)(س)سَقَبًا و سُقُوبًا: قریب ہونا۔ هو سَاقِبٌ وسَقِيبٌ۔

(أَسْقَبَ): قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
— الشیئَ: قریب کرنا۔ نزدیک کرنا۔
(سَاقَبَہٗ): قریب ہونا۔
(تَسَاقَبَا): ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
(السِّقَابُ): خون میں بھگویا ہوا روئی کا ٹکڑا جسے زمانہ جاہلیت میں عورتیں اپنے شوہر یا رشتہ دار کی موت کی علامت کے طور پر سر پر رکھ لیا کرتی تھیں اور اس کا ایک کنارہ نقاب سے باہر نکال لیتی تھیں تاکہ لوگوں کو علم ہو سکے (ج) سُقُبٌ۔
(السَّقْبُ): اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ (۲) لمبے اور بھرپور جسم والی چیز (۳) خیمہ کا ستون (ج) أَسْقُبٌ وسُقُوبٌ وسِقَابٌ وسُقْبَانٌ۔
(السَّقَبُ): قرب، نزدیکی، منزلٌ سَقَبٌ: قریبی گھر۔ حدیث میں ہے: (الجارُ احقُّ بِسَقَبِہٖ)
(السَّقِيبَۃُ): خیمہ کے ستون (ج) سَقَائِبُ۔
(سَقَدَ) (ض) فَرَسَہٗ سَقْدًا: گھوڑے کو کمزور کرنا۔
(السُّقْدُ): دبلا گھوڑا (ج) أَسْقَادٌ۔
(السُّقْدَۃُ): ایک خوبصورت پرندہ، چھوٹا جسم، کالی سخت چونچ جس سے کیڑے کھاتا ہے کمر خاکی، پروں کے سرے عنابی، پیٹ سفید۔ سینہ، پچھلا حصہ، دم اور پیر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ یورپ اور سائبیریا اس کا مولد و مسکن ہے (مج) (ج) سُقَدٌ۔
(سَقَرَ) (ن) سَقْرًا: دور ہونا۔
— النَّارُ أَوِ الشَّمْسُ فلانًا: کھال کو جھلس دینا، رنگ بدل دینا (۲) گرمی کی تکلیف پہنچانا۔
(أَسْقَرَتِ) النَّخْلَۃُ: کھجور کے درخت سے شیرہ بہنا (۲) درخت کا شیرہ والا ہونا۔
(السَّاقُورُ): گرمی (۲) آگ میں تپایا ہوا لوہا جس سے داغ دیا جائے (ج) سواقیرُ۔
(السَّقْرُ): سورج یا آگ کی تپش یا تکلیف (۲) پختہ کھجور کا شیرہ (ج) سُقُورٌ۔
(سَقَرُ): جہنم کا ایک نام۔

(السَّقْرَۃُ): دھوپ کی تیزی (ج) سَقَرَاتٌ۔
(السَّقَّارُ): کافر (۲) ایسے شخص پر انتہائی لعنت کرنے والا جو لعنت کا مستحق نہ ہو (۳) بہت جھوٹ بولنے والا (ج) سقّارۃٌ۔
(المِسْقَارُ): وہ گھوڑا جس کی رال بہت بہتی ہو (ج) مَسَاقِيرُ۔
(سَقْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا کمزور آواز نکالنا (۲) بیٹ کرنا۔
(المُسَقْسِقُ): چبوترے پر کھڑا ہو کر شعر پڑھنے والا جس کے بالمقابل دوسرے چبوترے پر دوسرا شخص شعر پڑھ رہا ہو (مو)
(سَقَطَ) (ن) سُقُوطًا و سَقْطًا: گرنا، اوپر آ پڑنا۔ کہتے ہیں: سَقَطَ من کذا فی کذا أو الیہ و علیہ کہاوت ہے (سَقَطَ العَشَاءُ بِہٖ عَلٰی سِرْحَانٍ) رات کے کھانے نے اسے بھیڑیئے کے پاس پہنچا دیا ایسے شخص کے بارے میں جو اچھی چیز کی خواہش کرے لیکن مصیبت میں پھنس جائے۔
— الجنینُ مِنْ بطنِ اُمِّہٖ: ناتمام بچہ ساقط ہو جانا۔
— الکوکبُ: ستارہ کا غائب ہو جانا۔
— الحَرُّ أَوِ البَرْدُ: گرمی یا سردی کا آنا۔
— الحرّ او البردُ عنی: گرمی یا سردی کا ختم ہونا زائل ہونا۔
— فی کلامِہٖ وبِہٖ: غلطی کرنا، لغزش کرنا۔
— مِنْ عَيْنِيْ أَوْ مِنْ مَنْزِلَتِہٖ: بے وقعت و بے حیثیت ہونا، نظروں سے گر جانا۔ ھو سَاقِطٌ و سَقُوطٌ و ھی سَاقِطَۃٌ و سَقُوطٌ۔
(سُقِطَ) فِيْ يَدِہٖ: نادم و پشیمان ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَمَّا سُقِطَ فِيْ أَيْدِيْهِمْ}
(أَسْقَطَ) فِيْ قولِہٖ أو فعلِہٖ: غلطی کرنا۔ ٹھوکر کھانا۔ کہتے ہیں: تکلّمَ فَمَا أَسْقَطَ بکلمۃٍ: اس نے بات کی اور ایک لفظ بھی غلط نہیں بولا۔
— لہ: نازیبا کلام سے مخاطب کرنا۔
— الحامِلُ الجنینَ: حاملہ نے ناتمام بچہ جنا۔
ھی مُسْقِطٌ۔
— الشیئَ: گرانا، نیچے ڈالنا۔
— فُلانًا: حیثیت گھٹانا (۲) غلطی کرانا، جھوٹ بلوانا جس سے وہ حقیر ہو جائے۔
— کذا من کذا: کم کرنا، وضع کرنا، کاٹنا۔
(أُسْقِطَ) فِيْ يَدِہٖ: نادم و پریشان ہونا۔
(سَاقَطَ) الشیئَ مُسَاقَطَۃً و سِقَاطًا: گرانا (۲) گراتے رہنا۔
— فلانٌ فلانًا الحدیثَ: ایک کا دوسرے سے باری باری گفتگو کرنا کہ ایک بولے تو دوسرا خاموش رہے دوسرا بولے تو پہلا خاموش رہے۔
— الفرسُ العَدْوَ: گھوڑے کا ہلکا ہلکا دوڑنا۔
— الحصانُ الخَيْلَ وغیرھا: گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں وغیرہ سے آگے بڑھ جانا۔
(تَسَاقَطَ): گرنا، لگاتار گرنا۔
— علیہ: کسی پر پڑ جانا۔ اِسَّاقَطَ بھی کہا جاتا ہے۔
(تَسَقَّطَ) فلانًا: کسی سے اس کی غلطی کا خواہش مند ہونا (۲) کسی سے غلطی کروانا یا جھوٹ بلوانا جس سے اس کی حیثیت کم ہو جائے۔
— الخَبَرَ و نَحْوَہٗ: خبر کو تھوڑا تھوڑا کر کے معلوم کرنا۔
(اسْتَسْقَطَہٗ): بمعنی تَسَقَّطَہٗ۔
(الإِسْقَاطُ): (علم طب کے مطابق) چار اور سات ماہ کے درمیان عورت کے بچہ کا ضیاع (مج)
(السَّاقِطُ): کمینہ، کمینی ذات والا (۲) اچھے کاموں میں دوسروں سے پیچھے رہنے والا (ج) سُقَّاطٌ و ھی سَاقِطَۃٌ (ج) سَوَاقِطُ۔ مقولہ ہے (لکلّ سَاقِطَۃٍ لاقِطَۃٌ) ہر گری پڑی چیز کو کوئی اٹھانے والا ہے یعنی ہر منہ سے نکلی ہوئی بات کو کوئی پھیلانے والا ہے، یا یہ کہ ہر خراب چیز کا بھی کوئی طالب ہے، بطور مبالغہ ساقط کو ساقطۃٌ بھی کہتے ہیں (۲) علم طب کے مطابق رحم کے اس اندرونی پردہ کو کہا جاتا ہے جس پر بیضۂ رحم کو قبول کرنے کے لئے تغیرات پیدا ہوتے ہیں (مج)

(السِّقَاطُ): کچی گری ہوئی کھجوریں (۲) غلطی' لغزش' ٹھوکر (۳) پرندہ کا بازو یا وہ حصہ جو زمین پر گھسیٹا جائے۔
— مِنَ الشیئِ: کنارہ' کونا' گوشہ۔
— سِقَاطَا اللیل: رات کی تاریکی کے دو سرے۔
(السُّقَاطُ): گری پڑی چیز۔
(السُّقَاطَۃُ): گری پڑی چیز۔
(السُّقْطُ): ہر گرنے والی چیز (۲) ناتمام بچہ جو ساقط ہو جائے (نر ہو یا مادہ) (۳) چقماق سے نکلنے والی۔ چنگاری ابو العلاء معرّی کے دیوان کو ''سِقْطُ الزَّنْدِ'' کہتے ہیں (۴) ریگستان کا پتلا سرا یا کنارہ (ج) اَسْقَاطٌ۔
(السَّقْطُ): گری ہوئی شبنم (۲) برف (۳) گھٹیا درجہ کے لوگ۔
(السِقْطُ): ہر چیز کا کنارہ (۲) پرندہ کا بازو' بازو کا وہ حصہ جو زمین سے لگا ہوا چلے (ج) اَسْقَاطٌ۔
— سِقْطَا اللَّیلِ: رات کی تاریکی کے دو کنارے۔
(السَّقَطُ): ہر گری ہوئی چیز (۲) ردی اور خراب چیز۔ بیکار سامان یا کھانا' ذبیحہ کے اوجھ کو بھی کہا جاتا ہے (۳) قول وفعل کی لغزش (ج) اَسْقَاطٌ۔
— اَسْقَاطُ الناسِ: اوباش لوگ' گرے پڑے لوگ۔
(السَّقْطَۃُ): ایک مرتبہ کا گرنا (مصدر مرہ) (۲) سخت چوٹ یا اثر (۳) لغزش (ج) سِقَاطٌ۔
(السَّقَطِیُّ) و (السَّقَّاطُ): ردی اور خراب چیزیں بیچنے والا۔
(السَّقَّاطَۃُ): دروازہ بند کرنے کی چٹخنی وغیرہ۔
(السُّقُوطُ) سقوطُ الذراعِ: ولادت کے وقت سر سے پہلے ہاتھ کا نکل آنا۔
— سقوطُ الخصومۃِ: پیروی نہ کرنے کی وجہ سے ایک مدت کے بعد مقدمہ خارج ہو جانا (مج)
(السَّقِیْطُ): بمعنی السَّاقِطُ (۲) گری ہوئی شبنم (۳) اولے (۴) برف (ج) سُقُطٌ (۵) بے وقوف (ج) سَقَائِطُ۔
(السَّقِیْطَۃُ): مؤنث السَّقِیط (۲) کمینی عورت۔
(المِسْقَاطُ): اکثر حمل ضائع کرنے والی عورت (ج) مَسَاقِیط۔
(المَسْقَطُ): گرنے کی جگہ۔
— مَسقطُ الرَّاسِ: وطن' جائے ولادت۔ کہتے ہیں: فلانٌ یَحِنُّ اِلٰی مسقطِہٖ۔
— مسقطُ النجمِ: ستارے کے نکلنے کی جگہ۔
— مسقطُ الغیثِ: بارش ہونے کی جگہ۔ کہتے ہیں: ھم ینتجعون مساقطَ الغیثِ: وہ ہریالی اور گھاس تلاش کرتے ہیں۔
— مسقطُ النورِ فی البیتِ: روشن دان (محدثہ) (ج) مَسَاقِطُ۔
(المَسْقِطُ): پر یا وہ حصہ جو زمین پر کھینچا جائے (ج) مَسَاقِطُ۔
(المَسْقَطَۃُ): گرنے کا سبب (ج) مَسَاقِطُ۔
(السُّقُطْرِیُّ): ہندوستان کا ایک جزیرہ سُقُطْرٰی (سکترا) کی طرف منسوب۔ جیسے الصَّبِرُ السُّقُطْرِیُّ: سکتری ایلوا۔
(سَقَعَ) (ف) سَقْعًا: جانا۔
— الدِّیْکُ: مرغ کا بانگ دینا۔
— الشیئَ الصُّلْبَ: سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔
(سَقِعَ) سَقْعًا: جانا۔
— الشیئَ الصّلبَ: سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔
(الَاسْقَعُ): حاسدوں اور دشمنوں سے دور رہنے والا (۲) کوا (۳) چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ جس کے پروں میں ہرا پن اور سر سفید ہوتا ہے یہ اکثر تالابوں وغیرہ کے پاس ملتا ہے (ج) اَسَاقِعُ۔
(سَقَفَ) (ن) البَیْتَ ونحوہٗ سَقْفًا: چھت بنانا' چھت دار بنانا۔
(سَقِفَ) (س) سَقَفًا: لمبا اور خم دار ہونا (۲) مضبوط ہڈیوں والا ہونا۔
— الرَّجُلُ: پاؤں کا مڑا ہوا ہونا۔
— الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا ٹیڑھی گردن والا ہونا۔ ھو اَسْقَفُ وھی سقفاءُ (ج) سُقْفٌ۔
(اَسْقَفَ) النَّصَارٰی فلانًا: عیسائیوں کا کسی کو بڑا پادری بنانا۔
(سَقَّفَہٗ): بمعنی اَسْقَفَہٗ۔
(تَسَقَّفَ): بشپ (بڑا پادری) بننا۔
(الاُسْقُفُّ) و (الاُسْقُفُ): بشپ۔ بڑا پادری' قسیس سے اوپر اور مطران سے کم درجہ کا عیسائی مذہبی عالم (ج) اَسَاقِفَۃٌ و اَسَاقِفُ۔
(الاُسْقُفِیَّۃُ): بشپ کا عہدہ (۲) بشپ کی رعیت (۳) بشپ کے عہدہ پر کام کرنے کی جگہ (محدثہ)
(السَّقْفُ): چھت (۲) آسمان (ج) سُقُوْفٌ و اَسْقُفٌ و سُقُفٌ۔
(السَّقَّافُ): چھتیں ڈالنے اور بنانے والا۔
(السَّقِیْفُ): چھت (ج) سُقُفٌ۔
(السَّقِیْفَۃُ): سائبان' چھپر جس سے سایہ حاصل کیا جائے۔
— سَقِیفَۃُ بنی ساعدۃَ: قبیلہ بنی ساعدہ کا چھپر جس کے نیچے مسلمانوں نے خلیفہ اول ابوبکر صدیق ؓ سے بیعت کی تھی (۲) گڑھے وغیرہ کو پاٹنے کا چوڑا پتھر (۳) کشتی کا تختہ (۴) سونے چاندی اور جواہرات کا پتھر (۵) وہ لکڑی کی پٹی جو ہڈی جوڑنے کے لئے باندھی جائے (ج) سَقَائِفُ و سُقُفٌ۔
(اَلْمُسَقَّفُ): لمبا۔
(سَقِلَتِ) (س) الیدُ او الرِّجلُ سَقَلًا: ہاتھ یا پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ ھو اَسْقَلُ وھی سَقْلاءُ (ج) سُقْلٌ۔
(الاِسْقَالُ) و (الاِسْقِیْلُ): جنگلی پیاز۔
(السِّقَالَۃُ): (دیکھئے: اِسقالۃٌ) فی باب الھمزۃ (ج) سَقَائِلُ۔
(السُّقْلُ): کمر' کوکھ۔
(السَّقِلُ): پتلی کوکھ والا۔
(سَقِمَ) (س) سَقَمًا و سَقَامًا: بیماری کا لمبا ہونا ھو سَقِمٌ۔
(سَقُمَ) (ک) سَقْمًا و سَقَامًا و سَقَامَۃً:

بمعنی سَقِمَ-هو سقیمٌ۔
(أسْقَمَ)فُلانٌ: مسلسل بیمار رہنا۔
— اللّٰہُ فلانًا: بیمار کرنا' کہتے ہیں: أسْقمهُ العشقُ وأضْنَاهُ: عشق نے اسے دکھی کر کے پگھلا دیا۔
(سَقَّمَه): بمعنی أسْقَمَه۔
(السَّقِیمُ): بیمار' دکھی-سقیمُ الصدرِ علی أخیه: اپنے بھائی سے بغض رکھنے والا۔
—فهمٌ سقیمٌ: ناقص فہم۔
— کلامٌ سقیمٌ: بے ہودہ اور ناقص کلام۔
(ج)سُقُمٌ وهی سَقِیمَةٌ (ج)سَقَائِمُ۔
(المِسْقَامُ): بہت بیمار رہنے والا (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)
(المَسْقَمَةُ)ارضٌ مَسْقَمَةٌ: زیادہ بیماریوں والی زمین (ج)مَسَاقِمُ۔
(السَّقْمُونیا): ایک بوٹی جو مسہل دینے کے لئے استعمال کی جاتی ہے' سقمونیا(د)
(سَقِیَ)(ض)بطنُه سَقْیًا: پیٹ میں پانی جمع رہنا۔
—العِرْقُ: رگ کا مسلسل بہنا' بند ہونا۔
— الحیوانَ والنباتَ: سیراب کرنا۔ کہتے ہیں:سقاهُ غَیْثًا: اس کو بارش سے سیراب کیا۔
— الثوبَ ونحوَهُ: کپڑے وغیرہ کو رنگ میں تر کرنا۔ سقاهُ صبغًا بھی کہتے ہیں۔ هو سَاقٍ (ج)سُقَاةٌ وسقاء وسُقًّى وسُقِیٌّ۔
(سُقِیَ) بطنُه سَقْیًا بمعنی سقِیَ' هو مسقیٌّ
—قَلْبُه عداوةً: دل میں دشمنی رچ بس جانا۔
(أسْقَاهُ): پلانا' سیراب کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَأَسْقَیْنَاکُمْ مَّاءً فُرَاتًا} کسی کو پانی دینا' پانی کی باری دینا۔ کہتے ہیں: أسقاهُ جَدْوَلاً مِن نهرِهِ: اپنی نہر سے ایک کول (آبپاشی کی نہر) پانی کی دے دی۔
— فُلانًا: پانی کی جگہ بتانا (۲) بطور دعا کے سَقَاكَ اللّٰہ یاسُقْیًا لكَ کہنا۔

(سَاقَی)فلانًا ماءً او شرابًا او کاسًا: پلانا' سیراب کرنا۔
—فلانًا شَجَرَةً او ارضَةً وفیها: کسی کو درخت یا زمین بٹائی پر دینا کہ وہ اسے سیراب کر کے قابل انتفاع بنائے اور اس میں اس کا ایک حصہ مقرر ہو۔
(سَقَّاهُ): خوب سیراب کرنا' خوب پلانا۔
— الثوبَ کذا مِنَ الصِّبغِ: کسی رنگ میں کپڑے کو خوب ڈبونا۔
—فلانًا: کسی کو سَقاكَ اللّٰہ یاسُقْیًا لكَ کہنا۔
(اسْتَقَی) فلانًا و مِنْه: پانی یا سیرابی طلب کرنا۔
— من النهرِ أو البئرِ أو الساقیة و نحوها: پانی لینا۔
— المعارفَ او الأخبارَ و نحوها من کذا: کہیں سے علوم و معارف اور خبریں وغیرہ حاصل کرنا۔
(تَسَاقَی) القومُ: ایک دوسرے کو پانی پلانا۔ کہتے ہیں: تَسَاقَوْا کؤوسَ المَنِیَّة: ایک دوسرے کو جام ہلاکت پلانا۔ باہم قتال کرنا۔
(تَسَقَّی): پانی قبول کرنا' سیراب ہونا۔
— السَّائلَ: سیال چیز کو جذب کرنا جیسے تَسَقَّی الجلدُ الدَّمَ۔
(اسْتَسْقَی)بَطْنُه بمعنی سَقِیَ۔
—فُلانًا ومنه: سیرابی طلب کرنا' پانی مانگنا۔
(الاسْتِسْقَاءُ): پانی و سیرابی کی طلب و کوشش۔ اسی سے ہے دعاءُ الاستسقاء صلوة الاستسقاء (۲) پیٹ کی ایک بیماری جس میں پیٹ کی تجویف پانی سے بھر جاتی ہے اور پیٹ پھول جاتا ہے۔
الإسْتسقاءُ الدِّماغِیُّ: ایک خلقی دماغی بیماری جس سے دماغ میں رطوبات کی کثرت ہو جاتی ہے اور رقیق ہو کر نکلتی ہے (مج)
(السَّاقِیُ): پلانے والا (ج)سُقَاةٌ۔
(السَّاقِیَةُ): آبپاشی کی نہر (۲) رہٹ جس کے ذریعہ کنویں سے آبپاشی کی جاتی ہے (مو) (ج) سَوَاقٍ۔

(السِّقَاءُ): پانی یا دودھ کا مشکیزہ (۲) پانی وغیرہ رکھنے کا برتن۔ (ج)أسْقِیَةٌ (جج)أسَاقٍ۔
(السِّقَایَةُ): پانی پلانے کی جگہ (۲) پانی پلانے کا برتن۔ قرآن مجید میں ہے: {جَعَلَ السِّقَایَةَ فِیْ رَحْلِ أَخِیْهِ} (۳) آب رسانی کا پیشہ' سقا گری۔
— سِقَایَةُ الحاجّ: زمانہ جاہلیت میں حجاج کو نبیذ ملا پانی پلانے کا کام جو قریش مکہ کا مستحسن کام اور خادمانہ منصب تھا۔
(السَّقَّاءُ): سقا جو لوگوں کے گھروں میں پانی پہنچانے کا کام کرتا ہے۔ پانی فراہم کرنے والا۔ هی سَقَّاءَةٌ و سَقَّایَةٌ: کہاوت ہے: (اِسْقِ رَقَاشِ إنَّهَا سَقَّایَةٌ) رقاشہ کو پانی پلاؤ کیونکہ وہ سب کو پانی پلاتی ہے یعنی اپنے محسن کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔
(السَّقْیُ): سیرابی' آبپاشی (۲) بطور دعا کے سَقْیًا لَه ورَعْیًا: کہا جاتا ہے۔
(السِّقْیُ): سیراب کی جانے والی زمین یا کھیتی۔ زَرْعٌ سِقْیٌ: وہ زمین جو بلا بارش سیراب کی جاتی ہو (۲) آبپاشی کا حق یا حصہ۔ کہتے ہیں: کم سِقْیُ أرْضِكَ: آبپاشی میں تمہارا کتنا حصہ ہے (۳) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ لپٹا ہوتا ہے (۴) وہ زرد پانی جو اس جھلی کے اندر سے نکلتا ہے (ج)أسْقِیَةٌ۔
(السُّقْیَا): سیرابی' آبپاشی۔ کہتے ہیں: سُقْیَا رَحْمَةٍ لا سُقْیَا عَذَابٍ: ایسی بارش برسا جو نفع رساں اور بے ضرر ہو۔
(السَّقِیُّ): سیراب کیا ہوا (۲) پانی کا محتاج۔ پیاسا جیسے زَرْعٌ سَقِیٌّ و نخلٌ سَقِیٌّ (۳) وہ کھجور کا باغ جسے رہٹ وغیرہ کے ذریعہ سیراب کیا جائے (۴) گل تسبیح۔ واحد سَقِیَّةٌ (۵) بڑی بڑی بوندوں والا زبردست بادل۔
(المَسْقَاةُ): آب پاشی کی جگہ (۲) آب پاشی کی

نہر (ج) المَسَاقِيْ۔

(المِسْقَاةُ): بمعنی المَسْقَاةُ (۲) آلۂ آب پاشی (ج) المَسَاقِيْ۔

(المَسْقوِيُّ): دریا کے پانی سے سیراب کی جانے والی زمین۔ مصر کے عوام الناس اسے ''مِسْقَاوِی'' کہتے ہیں۔

س......ک

(سَكَبَ)(ن) الماءُ و نحوُه سَكْبًا و سُكُوْبًا: پانی وغیرہ بہنا، اوپر سے نیچے گرنا۔ هو سَاكِبٌ وسَكْبٌ وسَكُوْبٌ۔

- الماءَ و نحوَه سَكْبًا و تَسْكَابًا: پانی گرانا، بہانا، ڈالنا۔ هو مسكوبٌ۔

(انْسَكَبَ): گرنا، بہنا۔

(الإسْكَابَةُ): مشک کے شگاف بند کرنے کی لکڑی کی ڈاٹ (۲) قیف میں گول جالی یا چمڑے وغیرہ کا گول ٹکڑا جس کے اوپر تیل وغیرہ کو چھاننے کے لئے چھوڑا جاتا ہے۔

(الأُسْكُوْبُ): مسلسل ہونے والی بارش (۲) زمین کی طرف دراز ہونے والی بجلی (۳) کھجور کے درختوں کی قطار (ج) أسَاكِيبُ۔

(السَّكْبُ): لگاتار بارش (۲) لگاتار برسنے والا (۳) تیز رو جیسے مَاءٌ سكبٌ و فرسٌ سَكْبٌ (۴) پھرتیلا اور سبک (۵) ضروری کام۔ امْرٌ سَكْبٌ بھی کہتے ہیں (۶) لمبا آدمی (۷) تانبا یا پیتل (۸) سیسہ۔

(السَّكَبُ): سیسہ (۲) خوشبودار درخت۔

(السَّكْبَةُ): سر پر باندھنے کا کپڑا (۲) پیدائش کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والا پانی (ج) سِكَابٌ۔

(السَّكَبَةُ): سر سے گرنے والی بھوسی، میل کی پپڑیاں (ج) سَكَبٌ وَسِكَابٌ۔

(المِسْكَبَةُ): پانی ڈالنے کا برتن، پانی پہنچانے کا برتن۔ کہتے ہیں: أرْسَلَ الماءَ فی المِسْكَبَةِ (ج) مَسَاكِبُ۔

(سَكْبَج): گوشت اور سرکہ سے بنا ہوا کھانا تیار کرنا۔

(السِّكْبَاجُ): گوشت اور سرکہ سے تیار کیا ہوا کھانا، ایک ٹکڑے کا نام سِكْبَاجَةٌ ہے (مع)

(سَكَتَ)(ن) سُكوتًا و سُكَاتًا: خاموش ہونا (۲) بولتے ہوئے رک جانا (۳) متحرک چیز کا پرسکون ہوجانا (۴) مرجانا۔

— الغَضَبُ عَنْهُ: غصہ ٹھنڈا ہونا، یا کم ہوجانا۔

— الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا، بند ہوجانا۔

— الحَرُّ: ہوا رکنے سے گرمی بڑھ جانا۔

— الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑ میں آخری ہونا۔

(أسْكَتَه): خاموش کرنا۔ بطور دعا کہتے ہیں (لا أسْكَتَ اللهُ لكَ حِسًّا) خدا تم کو زندہ وسلامت رکھے۔

(سَكَّتَه): بمعنی أسْكَتَهُ۔

(الأُسْكَاتُ): ہر چیز کا باقی ماندہ حصہ، (۲) انسانوں یا جانوروں کے متفرق گروہ (۳) اوباش لوگ (۴) موسم گرما کے آخری معتدل ایام۔

(الإسْكَاتَةُ): مختصر وقفہ سکوت جس کے بعد کسی کلام یا قراءت کا انتظار ہو۔

(السَّاكُوتُ): بہت خاموش۔

(السَّاكُوتَةُ): بہت خاموش (۲) خاموش عورت (۳) سکتہ جو بظاہر موت معلوم ہو۔

(السُّكَاتُ): خاموش رہنے کی بیماری جو بولنے سے مانع ہو (۲) مسلسل خاموش رہنے والا (۳) خاموش کرنے والی چیز (۴) موت کا سکتہ (۵) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ۔ هُوَ عَلَى سُكَاتِ الأمْرِ: وہ فلاں کام کی انجام دہی کے قریب ہے۔

(السَّكْتُ): گانے یا پڑھنے میں سانس کا سکون (۲) دو نغموں کے درمیان کا فصل جو بغیر سانس لئے ہو (۳) خاموش رہنے کا عادی، خاموشی پسند۔

— هاءُ السَّكْتِ: وہ ہاء جو حرکتِ بناء (قصیرہ یا طویلہ) کو بتانے کے لئے اسم کے آخر میں بڑھائی جاتی ہے جیسے ''مَاهِيَه؟'' اور ''وَازيداه!''۔

(السَّكْتَةُ): ایک دفعہ کی خاموشی (۲) سکتہ صلوۃ یہ ہے کہ افتتاح صلوۃ کے بعد یا قراءت فاتحہ سے فارغ ہوکر خاموش ہوجائے (۳) ناگہانی موت۔

(السُّكْتَةُ): بچہ وغیرہ کو چپ کرنے اور بہلانے والی چیز یا لوری (۲) برتن میں بچی ہوئی چیز (ج) سُكَتٌ۔

(السِّكْتَةُ): بچہ کی خاموشی کی نوعیت یا ہیئت، (۲) بچہ وغیرہ کو چپ کرنے والی چیز۔

(السَّكُوْتُ): (مبالغہ برائے مذکر و مؤنث) انتہائی خاموش، خاموش رہنے کا عادی (۲) وہ اونٹ جن کے منہ سے پالان رکھتے وقت جھاگ نہ نکلتے ہوں (۳) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ (ج) سُكُتٌ۔

(السِّكِّيتُ): خاموش طبیعت، کم گو۔

(السُّكَّيْتُ والسُّكَيْتُ): خاموش طبیعت، کم گو (۲) گھڑ دوڑ کے میدان میں اخیر میں آنے والا گھوڑا: فلانٌ سُكَّيْتُ الحَلْبَةِ: یعنی فلاں اپنے کام یا ہنر میں غیر ماہر ہے۔

(المُسَكِّتُ): جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔

(سَكَرَ)(ن) سُكُوْرًا و سَكَرَانًا: کم اور ہلکا ہونا، ٹھہرنا، پرسکون ہونا۔ جیسے سَكَرَتِ الرِّيحُ و سكر الحرُّ۔

— عَيْنُهُ: آنکھ کا دکھنا۔

— الاناءَ و نحوَهُ سَكْرًا: بھرنا۔

— النَّهْرَ و نحوَهُ: نہر وغیرہ کا پشتہ باندھنا، روکنا۔

(سَكِرَ)(س) الحوضُ و نحوهُ سَكَرًا: حوض وغیرہ کا بھرنا۔

من الغضبِ: طیش میں آنا، مشتعل ہونا، غضبناک ہونا۔

— فلانٌ مِنَ الشَّرابِ سَكَرًا و سُكْرًا و سَكَرَانًا: شراب سے مدہوش ہونا، نشہ میں چور ہونا۔ هو سَكِرٌ و سَكْرَانُ و هی سَكِرَةٌ و سَكْرَى و سكرانةٌ۔

(سُكِرَ) البحرُ و نحوهُ: دریا وغیرہ کا ٹھہرا ہوا ہونا۔

—بَصَرُهٗ: نگاہ خراب ہونا۔

(اَسْکَرَهٗ) الشرابُ: شراب کا مدہوش کر دینا۔

— فلانٌ: کسی کو ایسی چیز دینا جو اسے مدہوش کر دے۔

(سَکَّرَهٗ): زیادہ نشہ چڑھانا' بالکل بے ہوش کر دینا۔

— سُکِّرَ بَصَرُهٗ: بے ہوشی طاری کرنا (۲) نگاہ کا خیرہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے {لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ}

— الماءَ ونَحْوَهٗ: پانی وغیرہ کو شکر سے میٹھا بنانا (مو)

(تَسَاكَرَ) فلانٌ: مصنوعی نشہ ظاہر کرنا۔

(السَّکَارِین): سکرین' ایک مصنوعی مٹھاس' شکر سے متعلق یا اس کی خاصیت کی شکر سے جن کا پرہیز ہوتا ہے ان کے استعمال کے لئے ہوتی ہے۔

(السُّکْرُ): نشہ' مدہوشی' بے ہوشی۔ سُکْرُ الشَّبَابِ او القوّةِ او السُّلْطَانِ: جوانی طاقت یا اقتدار کا گھمنڈ۔

— سکرُ النَّوْمِ: نیند کی بے ہوشی۔

(السِّکْرُ): دریا وغیرہ کا پشتہ' بند (۲) بند کیا جانے والا شگاف (ج) سُکُورٌ۔

(السَّکَرُ): شراب یا کوئی نشہ آور چیز (۲) کھجور کا عرق جسے آگ پر نہ پکایا گیا ہو یعنی سرکہ۔ قرآن میں ہے: {وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا}

(السَّکْرَةُ): ایک دفعہ کا نشہ' مدہوشی' سستی۔ کہتے ہیں: ذَهَبَ بَيْنَ الصَّحْوَةِ والسَّكْرَةِ: وہ ہوش اور بے ہوشی کے درمیان گیا (۲) غصہ' جوش (۳) جوانی' مستی (۴) موت یا غم یا نیند کی سختی' شدت۔

(السَّكَرَةُ): گیہوں ملا ہوا کالا دانہ۔

(السَّكَّارُ): شراب فروش' نشہ آور چیزیں بنانے یا بیچنے والا۔

(السُّكَّرُ): شکر' چینی (گنے سے بنی ہوئی مٹھاس) (۲) سفید رنگ کے میٹھے انگور (۳) عمدہ قسم کی پختہ و تر کھجور۔ واحد: سُکَّرَةٌ (یہ لفظ فارسی کا معرب ہے)

— سُکَّرُ الشَّعِیْرِ: جو کی شکر۔

(السُّکَّرِیُّ) البولُ السُّکَّرِیُّ: پیشاب میں شکر آنے کی بیماری جس کے اہم اسباب میں سے ایک سبب ہارمون انسولین کی کمی ہے جس سے جسم کے خلیات میں شکر کا توازن وتناسب قائم رہتا ہے (مج)

(السُّکَّرِیَّةُ): شکردان (محدثہ)

(السِّکِّیْرُ): بہت نشہ کرنے والا (ج) سِکِّیْرَةٌ۔

(السَّکُوْرُ): بہت نشہ والا (ج) سُکُرٌ۔

(السَّکْرَانُ): ایک سدا بہار پودا جو فصیلہ بازنجانیہ سے ہے یہ مصر اور ہندوستان کے صحراؤں میں پایا جاتا ہے اس کی بہت سی شاخیں ایک ہی تنے پر قائم ہوتی ہیں اس کے پتے میں رس ہوتا ہے اور پھول بنفشی ہوتے ہیں اور دوائی کے طور پر مستعمل ہے (مج)

(المُسَکَّرُ): شکر' چینی سے میٹھا کیا ہوا (۲) نشہ میں مست۔ وھی سکّرةٌ۔

(السُّکُرُّجَةُ): طشتری' چھوٹی رکابی' چینی وغیرہ کی طشتری (مع) (ج) سَکَارِجُ۔

(السُّکُرْکَةُ): مکی کی شراب (مع)

(سَکَعَ) (ف) سَکْعًا: بے مقصد گھومنا' مارے مارے پھرنا (۲) حیران وسرگرداں ہونا۔

-فلانًا: کسی کے سر پر مارنا۔

(سَکِعَ): بمعنی سَکَعَ۔

— فلانًا: آوارہ وسرگرداں پھرانا' بے مقصد پھرانا۔

(تَسَکَّعَ): بمعنی سَکَعَ (۲) باطل میں حد سے بڑھنا۔

— فی الظلامِ وفی الضلالِ: گمراہی اور تاریکی میں حیران وسرگرداں پھرنا۔

— فِیْ اَمْرِہٖ: کسی معاملہ میں حیران و پریشان ہونا۔

(السَّاکِعُ): اجنبی' پردیسی۔ ھی ساکعةٌ۔

(السَّکِعُ): اجنبی' پردیسی۔ ھی سَکِعَةٌ۔

(السُّکَعُ): دربدر پھرنے والا' تاریکی میں ٹھوکریں کھانے والا۔

(المَسْکَعَةُ): ٹھوکریں کھانے اور مارے مارے پھرنے کی جگہ (۲) حیرانی و پریشانی کا سبب (ج) مَسَاکِعُ۔

(المُسْکِعَةُ) من الاَرْضِ: بھٹکانے والی زمین جس میں کوئی راہ نہ ملے۔

(سَکِفَ) (س) البَابَ اَو البَیْتَ سَکْفًا: دہلیز لگانا' چوکھٹ لگانا۔ کہتے ہیں: مَا سَکِفْتُ البابَ: میں نے دروازہ میں چوکھٹ نہیں لگائی۔ یا میں نے دروازہ میں قدم نہیں رکھا۔

(اَسْکَفَ) فلانٌ: موچی بنا۔

(تَسَکَّفَ) البابَ اَو البَیْتَ بمعنی سَکِفَهٗ۔

(الاِسْکَافُ): موچی (۲) جوتوں کی مرمت کرنے والا' جوتے بنانے والا (۳) چمڑے کی سلائی کرنے والا (ج) اَسَاکِفَةٌ۔

(الاُسْکُفُّ) من العَیْنِ: پلکوں کے اُگنے کی جگہ (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا (۳) آنکھ کے بال۔

(الاُسْکُفَّةُ): دروازہ کی دہلیز (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا۔ کہتے ہیں: وقعت الدَّمْعَةُ عَلٰی اُسْکُفَّةِ عَیْنِہٖ۔

(السَّاکِفُ): چوکھٹ کی بالائی لکڑی جو دہلیز کے بالمقابل ہوتی ہے (ج) سَوَاکِفُ۔

(السِّکَافَةُ): موچی گری' جوتوں کی مرمت کا پیشہ۔

(سَكَّ) (ن) الشیءَ سَکًّا: بند کرنا۔

— البابَ اَوِ الخَشَبَ وغَیْرَھُمَا: لوہے کی پٹی لگانا یا کیلیں ٹھونکنا۔

— الکلامُ السَّمْعَ: سخت کلامی یا شور وغل کا کان پھاڑنا۔ کہتے ہیں: مَا سَكَّ سمعی مثلُ ذٰلك: اس جیسی بات میرے کان میں نہیں پڑی۔

— البابَ: دروازہ بند کرنا (مو)

— مَا فی بطنہٖ مِنْ غائطٍ ونحوہٖ: پتلا پاخانہ یا پتلی بیٹ کرنا۔

— أُذُنَيْهِ: کانوں کو جڑ سے اُکھاڑنا۔
— البِئْرَ: کنویں کو تنگ کھودنا۔
— النُّقُوْدَ: سکے ڈھالنا، کرنسی بنانا۔
(سَكَّ) (س) سَكَكًا: چھوٹے اور سر سے چپکے ہوئے کانوں والا ہونا (۲) بہرا ہونا۔ هو أَسَكُّ وهي سَكَّاءُ (ج) سُكٌّ۔
— الأُذُنُ: کان کے سوراخ کا چھوٹا ہونا۔
(اِسْتَكَّ): بند ہونا۔
— مَسَامِعُه: کانوں کا بہرا ہونا یا بند ہونا۔ کہتے ہیں: مَا اسْتَكَّ فِيْ مَسَامِعِيْ مِثْلُه: میں نے اس جیسی بات نہیں سنی (۲) کانوں کا چھوٹا ہونا، تنگ ہونا۔
— الشَّجَرُ والنَّبَاتُ: گھنا اور بھرا ہوا ہونا۔
(اِنْسَكَّ): سیدھے رخ پر چلنا۔
— الطَّيْرُ: پرندہ کا سیدھا اڑنا۔
(تَسَكَّكَ): آہ وزاری کرنا، گڑگڑاہٹ وعاجزی کرنا۔
(السُّكَاكُ): زمین وآسمان کے درمیان کی ہوا۔ کہتے ہیں: لاَ أَفعَلُ ذٰلك ولو صَعِدْتَّ فِى السُّكَاكِ: میں یہ کام ہرگز نہ کروں گا چاہے تم آسمان پر چڑھ جاؤ (۲) تیر میں پر لگنے کی جگہ۔
(السُّكَاكَةُ) بمعنی السُّكَاكُ (۲) چھوٹے کانوں والا (۳) خودرائے انسان جو کسی کی نہ سنتا ہو (ج) سَكَائِكُ۔
(السَّكُّ): کمینہ پن، گراوٹِ طبع (۲) کیل، میخ (۲) چھوٹا اور تنگ کنواں (۴) چھوٹے حلقوں والی زرہ (۵) دیوار کی طرح سیدھی عمارت یا سیدھا گڑھا (ج) سُكُوْكٌ و سِكَاكٌ کہتے ہیں: ضَرَبُوْا بيوتهم سِكَاكًا: انہوں نے اپنے مکانات ایک لائن میں بنائے۔
— دَارُ السَّكِّ: سکے ڈھالنے کا کارخانہ (مج)
(السُّكُّ): تنگ اور بند راستہ (۲) بچھو یا مکڑی کا بل (۳) تنگ حلقوں والی زرہ (۴) تنگ کھودا ہوا کنواں (۵) کمینہ پن، گراوٹِ طبع۔ کہتے ہیں: هو يفعَلُ ذٰلك بسُكِّ طَبْعِهٖ: (۶) ایک قسم کی

مشک ملی ہوئی خوشبو (ج) سُكُوْكٌ وسِكَاكٌ۔
(السَّكَّاءُ): تانیث الاسكّ (۲) تنگ حلقوں والی زرہ (ج) سُكٌّ۔
(السَّكَّاكُ): سکے ڈھالنے والا (ج) سَكَّاكَةٌ۔
(السَّكَّاكَةُ): مؤنث السَّكَّاكِ (۲) مسافر، راہ گیر۔
(السِّكَّةُ): کھجور اور دیگر درختوں کی قطار، (۲) تنگ راستہ، گلی (۳) سونے چاندی وغیرہ کا ڈھلا ہوا سکہ (۴) ہل کی پھال، وہ لوہا جو سڑک اور زمین کو کھودتا ہے۔
— أَخَذَ الامْرَ بِسِكَّتِهٖ: اس نے اس کام کا بیڑا اس کے امکان کے وقت اُٹھایا۔
— فلانٌ صعبُ السِّكَّةِ: فلاں کو اپنی کم عقلی کی بنا پر قرار نہیں (ج) سِكَكٌ۔
— اصحابُ السِّكَكِ: ڈاک لے جانے والے لوگ، نامہ بردار لوگ۔
(السَّكِيُّ): کیل، میخ (۲) دینار۔
(السِّكِّيُّ): سکہ سے متعلق (۲) قاصد، ڈاکیا، نامہ بر۔
(السِّكَّلُ): سیاہ رنگ کی لمبی اور موٹی مچھلی (ج) أَسْكَالٌ وسِكَلَةٌ۔
(الإِسْكِلَةُ): بانس وغیرہ کی بنی ہوئی سیڑھی جو منتقل کی جاسکے (۲) بندرگاہ (د)
(سَكَمَ) (ن) سَكْمًا: کمزوری کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
(الإِسْكِيمُ): (دیکھئے: إِسْكِيمُ)
(الإِسْكِيمُوْ): (دیکھئے: إِسْكِيمُوْ)
(السَّيْكَمُ): کمزوری کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والا۔
(سَكَنَ) (ن) المتحرّكُ سُكُوْنًا: پرسکون ہونا، ہلتی ہوئی چیز کا ٹھہر جانا۔
— المتكلِّمُ: خاموش ہونا۔
— المَطَرُ: بارش رکنا، تھم جانا۔
— الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا۔
— النَّفْسُ بَعْدَ الإضْطِرَاب: بے قرار کے

بعد سکون آنا۔
— اليه: کسی سے مانوس ہونا، کسی کے پاس راحت محسوس کرنا۔
— الحرفُ: حرف کا ساکن ہونا، بغیر حرکت کے ہونا۔
— المكانَ وبهٖ سَكَنًا و سُكْنَى: رہائش اختیار کرنا، آباد ہونا۔
(سَكُنَ) (ك) فلانٌ سُكُوْنَةً و سَكَانَةً: مسکین ہونا، غریب وبیچارا ہونا۔
(أَسْكَنَ) فلانٌ بمعنی سَكُنَ۔
— المتحركَ: متحرک کو ساکن کرنا، حرکت ختم کرنا۔
— فلانًا المكانَ وفِيْهِ: آباد کرنا، رہنے کی جگہ دینا۔
— المكانَ فلانًا: کسی کو رہائش کی جگہ دینا۔
— اللهُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو محتاج و نادار بنا دینا۔
— الفَقْرُ فلانًا: غربت کا کسی کی نقل وحرکت کو کم کردینا۔
(سَاكَنَهٗ): کسی کے ساتھ ایک ہی مکان میں رہنا۔
(سَكَّنَ) المُتَحَرِّكَ و نَحْوَهٗ: حرکت ختم کرنا، پرسکون بنانا۔
— فلانًا المَنْزِلَ: کسی کو گھر میں بسانا۔
— القَنَاةَ و نَحْوَهَا: تیر کو آگ میں تپا کر سیدھا کرنا۔
— الكلمةَ: لفظ کو ساکن کرنا، جزم لگانا۔
(اِسْتَكَنَ) فلانٌ: عاجز وذلیل ہونا۔
(الأَسْمَنُ) فلانٌ اَسْمَنُ حظًا مِن فلانٍ: فلاں فلاں کے مقابلہ میں زیادہ خوش قسمت ہے۔

(السَّامِنُ): جس کے پاس گھی ہو۔

(السُّمَانَى): بٹیر۔ واحد: سماناۃٌ۔

(السَّمَّانُ): گھی فروش (۲) زینت وسجاوٹ میں کام آنے والے رنگ۔

(السَّمْنُ): گھی (جسے مکھن گرم کر کے نکالا جاتا ہے) کہاوت ہے (سَمْنُكُمْ هُرِيْقَ فِيْ دَقِيْقِكُمْ) تمہارا گھی تمہارے ہی آٹے میں ڈالا گیا ہے یعنی تمہارا مال تمہارے ہی کام آ رہا ہے۔

(السُّمْنَةُ): موٹا کرنے کی دوا (۲) ایک قسم کی گھاس جسے عورتیں بدن موٹا کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں اس کی ٹہنی باریک اور پتے موٹے ہیں اس پر سفید کلی نکلتی ہے جس کے دانے سیاہ مرچ کے مشابہ ہوتے ہیں۔

(السُّمَنِيَّةُ): ہندوستان کے شہر سومنات کی طرف منسوب ایک ہندو فرقہ جس کا عقیدہ تناسخ ارواح کا ہے اور اس کا خیال ہے کہ بذریعہ اخبار علم حاصل نہیں ہوتا بلکہ وہ صرف حسی چیز ہے۔

(السَّمِينُ): موٹا۔ ضد: الغَثُّ۔

— كلامٌ سمينٌ: پر حکمت اور سنجیدہ کلام وهي سمينةٌ (ج) سِمانٌ۔

اَرضٌ سمينةٌ: قابل کاشت اور پیداوار والی زمین۔

(المَسْمَنَةُ): موٹاپے کا ذریعہ اور سبب۔

—طعامٌ مَسمنةٌ للجِسْمِ: جسم کو موٹا کرنے کی دوا ہے۔

(السَّمَنْدُ): گھوڑا۔ (فارسی)

(السَّمَنْدَلُ): ایک قسم کا جانور (۲) ہندوستان کا پرندہ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اسے آگ نہیں جلاتی (۳) بعض پرندوں کے پروں سے بنا ہوا کپڑا جسے آگ نہیں جلاتی۔

(سَمَهَ) (ف) سَمْهًا و سُمُوْهًا: حیران و متحیر ہونا۔ هو سَامِهٌ (ج) سُمَّهٌ۔

—بَقِيَ القومُ سُمَّهًا: لوگ حیران رہ گئے۔

—الفَرَسُ في شوطِهِ سُمُوْهًا: گھوڑے کا بے تھکان سرپٹ دوڑنا۔

(سَمَّهَ) اللهُ عَقْلَه: اللہ تعالیٰ کا عقل کو ختم کر دینا۔

— الرَّجُلُ إبلَهُ و نحوهَا: اونٹ وغیرہ کو بے مہار چھوڑنا۔

(السُّمَّهُ): بے حقیقت چیز' باطل (۲) جھوٹ (۳) فضول کام' بے مقصد کام۔

—ذَهَبَ فلانٌ فِي السُّمَّهِ: وہ بے سوچے سمجھے چلا۔

— جَرَى جَرْيَ السُّمَّهِ: کہتے ہیں (۲) ہوا' قدرتی ہوا۔

(السُّمَّهَى): دوپہر کے وقت سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرات (۲) اتراہٹ۔

(السُّمَّهَةُ): کھجور کے پتوں سے بنائی گئی دسترخوان نما چیز۔

(السُّمَّيْهَى) بمعنی السُّمَّهَى کہتے ہیں: مَشَى السُّمَّيْهَى: اترا کر چلنا۔

(سَمْهَجَ) فِي السَّيْرِ و غيرِهِ: تیز چلنا۔

—الشيءَ: بھیجنا۔

—كَلامَهُ: جھوٹی بات کرنا۔

—الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

—اليَمِيْنَ: سخت قسم کھانا۔

(السُّمَاهِجُ): بے مزہ دودھ۔

(السُّمْهَاجُ): جھوٹ۔

(السَّمْهَجُ): ملائم آسان۔ ماءٌ سَمْهَجٌ ہلکا پانی۔ ارضٌ سَمْهَجٌ: نرم زمین۔ دِرْعٌ سَمْهَجٌ: ہلکی زرہ۔

—مِن اللَّبَنِ: گاڑھا اور میٹھا دودھ۔

(السَّمْهَجَةُ) من الأَيمانِ: پختہ قسم۔

سَمْهَرَ: کھیتی کا گھنا نہ ہونا' شاخ در شاخ نہ ہونا۔

(اسْمَهَرَّ) الشيءُ والأَمْرُ: سخت اور دشوار ہونا (۲) معتدل ہونا۔

—فِي القِتالِ: لڑائی میں سخت ہونا۔

—الظلامُ: اندھیرا گھپ ہونا۔

(السَّمْهَرِيُّ): مضبوط لکڑی والا نیزہ۔ یہ سَمْهَر نامی آدمی کی طرف منسوب ہے جو نیزوں کا ماہر تھا اس کی بیوی کا نام رُدَينة ہے جس کی طرف نیزوں کی نسبت کی جاتی ہے (۲) مضبوط اور سخت تانت۔

(سَمَا) (ن) سُمُوًّا و سَمَاءً: بلند' مرتفع اور لمبا ہونا۔ کہتے ہیں: سَمَتْ هِمَّتُه إلى مَعَالِي الأُمُوْرِ: بلند مرتبہ و عالیشان ہونا (۲) شکار کے لئے جنگل اور ویران جگہوں میں نکلنا۔

—بَصَرُهُ إِلَى الشيءِ: نگاہ اُٹھنا۔

—الهِلالُ: چاند کا اونچا ہونا۔

—الشَّوْقُ لفلانٍ: کسی کا مشتاق ہونا۔

—القومُ و نَحْوُهُمْ على المائة و نحوِهَا: لوگوں کا کسی تعداد مثلاً سو سے زیادہ ہونا۔

—لَه شَخْصٌ: کسی کو کوئی چیز نظر آنا اور اس کو اچھی طرح دیکھنا۔

—بِه: بلند و اونچا کرنا۔

—لَهُمْ: کسی کے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔

—الفَحْلُ سَمَاوَةً: نر اونٹ کا مادہ پر چڑھنا۔

—فلانًا محمدًا او بِه سَمْوًا: کسی کا نام محمد رکھنا۔

— الصَّائدُ الوَحْشَ: شکاری کا جانوروں کی گھات میں بیٹھنا۔

(اَسْمَى) الشيءَ: بلند و اونچا کرنا۔

—فلانًا مِنْ بَلَدٍ إلى بَلَدٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ روانہ کرنا۔

—الشيءَ كذا و بكذا: کسی چیز کا کوئی نام رکھنا۔

(سَامَاهُ): کسی سے فوقیت لے جانے میں مقابلہ کرنا۔

(سَمَّاهُ): كذا و بكذا: کسی کا کوئی نام رکھنا۔

(اسْتَمَى) فلانٌ: شکار کے لئے نکلنا (۲) شکار کرنا (۳) گرمی میں ہرن کا شکار کرنے کے لئے موزے پہننا۔

س

—الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا شکار کی گھات لگانا۔
—فلانًا: کسی سے شکاری جراب یا موزہ مانگنا (۲) کسی کو شکاری جراب پہنا کر ہرنوں کا شکار کروانا (۳) کسی کے پاس ملاقات کے لئے جانا (۴) کسی میں خیر کے آثار دیکھنا۔
—الشَّیئَ: کسی چیز کی چھت کی طرف دیکھنا۔
(تَسَامٰی) القومُ: باہم فخر کرنا (۲) ایک دوسرے کو اس کے نام سے پکارنا۔
—عَلَی الخَیْلِ وغیرِھَا: گھوڑے پر سوار ہونا۔
(تَسَمّٰی) بِکذا: نام رکھنا۔
—بالقومِ و اِلَیْھِمْ: کسی کی طرف منسوب ہونا۔
(اِسْتَسْمٰی) الصائِدُ الوحْشَ: شکاری کا جانور کی گھات میں بیٹھنا۔
—فلانًا: نام پوچھنا۔
(الاِسْمُ): جس کے ذریعہ کسی چیز کو پہچانا جائے یا جس کے ذریعہ کسی چیز کی معرفت حاصل کی جائے (۲) نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو کسی زمانہ کے ساتھ ملے بغیر اپنی ذات میں کسی معنی پر دلالت کرے۔ جیسے: رَجلٌ و فرسٌ۔
—الاسْمُ الأعظمُ: اللہ تعالیٰ کا وہ نام جو اس کی تمام صفات کے مفہوم کو شامل ہو۔
—اِسْمُ الجلالۃِ: اللہ تعالیٰ کا نام (ج) اَسْمَاءٌ (جج) اَسَامِیُّ و اَسَامٍ۔
(السَّامِیُّ): بلند، اونچا۔ مقامٌ سَامٍ: بلند اور اونچی جگہ۔ رَدَدْتُ مِنْ سَامِیْ طَرْفِہٖ: میں نے اس کے تکبر کو خاک میں ملا دیا۔
(السُّمَا): ذَھَبَ صِیْتُہٗ فی النّاسِ و سُمَاہُ: وہ لوگوں میں مشہور ہو گیا (خیر کے اعتبار سے)
(السَّمَاءُ): آسمان، زمین کے بالمقابل فضا، فلک (۲) ہر چیز کا اونچا حصہ (۲) سر سے اوپر کی ہر چیز (ج) سماوات (۴) بادل (۵) بارش۔ قرآن مجید میں ہے: {یُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا} (۶) گھاس (ج) اَسْمِیَۃٌ و سُمِیٌّ۔

(السَّمَاوَۃُ): چھت، سائبان وغیرہ (۲) ہر چیز کی ذات یا جھلک۔
—سَمَاوَۃُ الھلالِ: افق سے نمودار ہوتے وقت چاند کی جھلک (ج) سَمَاءٌ و سماوٌ۔
(السُّمُوُّ): بلندی و رفعت۔
—صَاحِبُ السُّمُوِّ: تعظیمی لقب، اعلیٰ حضرت، جناب (مو)
(السَّمِیُّ): فخر کرنے والا، بڑائی مارنے والا (۲) ہم نام۔
(المِسْمَاۃُ): اون وغیرہ کی جرابیں جن کو شکاری گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے پہنتے ہیں (ج) مَسَامٍ۔
(المُسَمّٰی): متعین، مقرر، نامزد۔ قرآن مجید میں ہے: {اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْہُ} کہتے ہیں: فلانٌ مِنْ مُسمّٰی قومِہٖ ومِنْ مُسَمَّاتِھِمْ: وہ ان سب میں سے بہترین اور سلجھا ہوا آدمی ہے۔

س......ن

(السَّنَابُ): بڑا فتنہ۔
(السِّنَابُ): لمبی کمر اور لمبے پیٹ والا۔
(السِّنَابَۃُ): بڑے پیٹ اور لمبی کمر والا۔
(السَّنْبُ): زمانہ، مدت طویل۔
(السِّنْبُ): بہت دوڑنے والا گھوڑا (ج) سُنُوْبٌ۔
(السَّنْبَۃُ): زمانہ کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: مَضٰی مِنَ الدَّھْرِ سَنْبَۃٌ: زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔
(السَّنُوْبُ): بہت جھوٹا اور عیب نکالنے والا، (۲) چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ کرنے والا۔
(السُّنْبُوْقُ): چھوٹی کشتی (ج) سَنَابِیْقُ۔
(السُّنْبُكُ): جانور کے کھر کا کنارہ (۲) ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ کہتے ہیں: اَصَابنا سُنْبُكُ السَّمَاءِ: ہم پر پہلی بارش ہوئی۔ کَانَ ذٰلِكَ عَلٰی سُنْبُكِ فلانٍ: فلاں بات فلاں کے دور حکومت یا ابتدائی دور میں ہوئی (۳) ہر چیز کا کنارہ (۴) تلوار وغیرہ کے پرتلے کا کنارہ (۵) لوہے کے خود کا بالائی حصہ (۶) برقعہ کا بند جس کے ذریعہ اسے سر سے اٹکایا جاتا ہے (۷) بنجر اور سخت زمین (۸) پیداوار (ج) سَنَابِكُ (مع)
(السُّنْبُوْكُ): چھوٹی کشتی (ج) سَنَابِیْكُ۔
(سَنْبَلَ) الزَّرْعُ: کھیتی کا بالیں (خوشے) نکالنا۔
—ثوبَہٗ: کپڑا زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
(السُّنْبُلُ): خوشہ، بالی (۲) ایک خوشبودار پودا (ج) سَنَابِلُ۔
(السُّنْبُلَۃُ): ایک بالی، خوشہ (۲) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام جیسے عذرا بھی کہتے ہیں۔
(السُّنْبُوْلُ) بمعنی السُّنْبُلُ۔ واحد: سُنْبُوْلَۃٌ۔
(اَسْنَتَ) القومُ: قحط سالی میں مبتلا ہونا۔
(سَنَّتَ) القِدْرَ و نحوَھَا: زیرہ ڈالنا۔
(تَسَنَّتَ) کریمۃَ آلِ فلانٍ: شریف خاندان کی غریب عورت سے کمینہ خاندان کے مالدار آدمی کا نکاح کرنا۔
(السُّنُّوْتُ): زیرہ (۲) پنیر (۳) شہد۔
(سَنَجَہٗ) (ن) سَنْجًا: کسی چیز کو اس کے رنگ کے علاوہ کسی اور چیز میں لت پت کر کے رنگنا۔
(سَنَّجَ) الثوبَ: کپڑے پر دھاریاں ڈالنا۔
(السِّنَاجُ): دیوار وغیرہ پر چراغ کے دھویں کا نشان۔ کہتے ہیں: لا بُدَّ لِلسِّرَاجِ مِنَ السِّنَاجِ: کسی چیز کو پانے کے لئے کچھ کھونا ہی پڑتا ہے (۲) علم کیمیا کے مطابق کاربن کے وہ چھوٹے ذرات جو ایندھن کی آگ میں کمی سے باقی رہ جاتے ہیں (ج) سُنُجٌ و اَسْنِجَۃٌ۔
(السَّنْجَۃُ): سَنْجَۃُ المِیْزَانِ: ترازو کا باٹ یا وزن کا پیمانہ جیسے رطل اور اوقیہ وغیرہ (ج) سِنَجٌ۔
(السُّنْجَۃُ): چتکبرا رنگ (ج) سُنَجٌ۔
(السِّنْجَابُ): چوہے اور گلہری جیسا ایک جانور جس کی دم پر گھنے بال ہوتے ہیں اور انتہائی پھرتیلا ہوتا ہے اور اس کا رنگ نیلا خاکی ہوتا ہے۔
— اللون السِّنْجَابِیُّ: بھورا رنگ، نیلگوں

رنگ۔
(السَّنْجَقُ): ضلع، انتظامی تقسیم کا ایک حصہ (د)
(سَنَحَ) (ف) سُنُوحًا: سامنے آنا، پیش آنا۔ کہتے ہیں: سَنَحَ لِيْ رائٌ فی كذا۔
—الطائِرُ أوِ الظَّبيُ و غيرهما: پرندہ یا ہرن وغیرہ کا بائیں جانب سے دائیں جانب اس طرح گزرنا کہ اس کا دایاں حصہ آدمی کے سامنے ہو اس سے قدیم عرب نیک فال لیتے تھے۔ هو سَانِحٌ۔ (ج) سَوَانِحُ وَ سُنَّحٌ و هو سنيحٌ۔ (ج) سُنُحٌ وهي سَانِحَةٌ (ج) سوانِحُ۔
—الشيئُ: آسان و میسر ہونا۔
—الخاطِرُ بكذا: کسی بات کے لئے طبیعت کا آمادہ ہونا۔
—فلانٌ بكذا: کسی بات کو اشارہ سے کہنا کھول کر بیان نہ کرنا۔
—بِه أو عَلَيه: کسی کو پریشانی میں ڈالنا۔
—الشيئَ سَنْحًا: کسی چیز کی طرف متوجہ ہو کر ہاتھ سے لینا۔
—فلانًا عَن كذا: باز رکھنا۔
(سَانَحَ) سِنَاحًا و مُسَانَحَةً بمعنی سَنَحَ۔
(تَسَنَّحَ) من الرِّيحِ: تیز ہوا سے بچنے کے لئے آڑ میں ہونا۔
—فلانًا عَن كذا: کسی سے کسی چیز کی کھود کرید کروانا۔
(اِسْتَسْنَحَهُ) عن كذا: کسی سے جستجو کروانا۔
(السُّنُحُ): خیر و برکت (۲) راستہ کا وسط۔
(السَّنِيحُ): سامنے آنے والا، حاصل ہونے والا (۲) موتی (۳) زیور (ج) سُنُحٌ۔
(سَنَخَ) (ف) سُنُوخًا: راسخ و پختہ ہونا۔
(سَنِخَ) (س) الدُّهْنُ والطَّعَامُ سَنَخًا: تیل یا کھانے کا خراب ہونا۔
—اَسْنَانُه: دانتوں کی جڑوں کا کھوکھلا ہونا۔ هو سَنِخٌ وهي سَنِخَةٌ۔
—من الطعامِ: بہت زیادہ کھانا۔
(السَّنَاخَةُ): بدبودار، سڑانڈ۔

(السِّنْخُ): ہر چیز کی اصل، جڑ (۲) دانت اُگنے کی جگہ (۳) چھری یا تلوار کا وہ حصہ جو دستہ میں گھسا ہوا ہو (۴) نیزہ میں داخل شدہ پھل کا کنارہ (۵) بخار کی تیزی۔
(السَّنِخُ): بَلَدٌ سَنِخٌ: وہ شہر جس میں بخار پھیل گیا ہو۔ هي سَنِخَةٌ۔
(سَنَدَ) (ن) إليه سُنُودًا: سہارا لگانا، ٹیک لگانا، اعتماد کرنا۔
—ذنبُ الناقةِ: اونٹنی کی دم کا ہل کر سرین کے ارد گرد لگنا۔
—في الجَبَلِ و نحوِه: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔
—الخمسين و نحوَها: پچاس سال (مثلاً) کے قریب پہنچنا۔
—الشيئَ سَنْدًا: سہارا دینا یا سہارے کے لئے لکڑی وغیرہ لگانا۔
(أَسْنَدَ) اليه: سہارا لگانا، ٹیک لگانا۔
—في الجَبَلِ: چڑھنا۔
—في العَدْوِ: تیز دوڑنا۔
—الشيئَ: سہارا دینا۔
—الحديثَ إلى قائِلِه: بات کو متکلم کی طرف منسوب کرنا۔
—اليه امرَهُ: کسی کو وکیل بنانا، کسی کو کوئی کام سپرد کرنا۔
—في الشِّعْرِ: شعر میں مختلف ردیف لانا۔
(سَانَدَهُ) مُسَانَدَةً و سِنَادًا: مدد کرنا، تقویت پہنچانا (۲) سہارا دینا۔ جیسے: سُوْنِدَ المريض (۳) بدلہ دینا۔
—الشَّاعِرُ شِعْرَهُ و فيه: شاعر کا مختلف ردیف لانا۔
(سَنَّدَ): دھاری دار یمنی کپڑا پہننا۔
—الشيئَ: سہارا دینا۔
(استَنَدَ) اليه: سہارا لینا، ٹیک لگانا۔
(تَسَانَدَ) اليه: سہارا لینا۔
—القومُ أوِ الجَيْشُ: قوم یا لشکر کی مختلف شاخوں کا مختلف پرچموں تلے چلنا۔ خرجوا

متساندين بھی کہتے ہیں۔
(الإِسْنَادُ): (علماء عربیہ کے نزدیک) ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ اس طرح ملانا کہ معنی تام حاصل ہو جائے۔
(السِّنَادُ): اختلاف ردیف۔ قافیہ شعر کے آخری حرف روی سے پہلے حرکات و سکنات اور مد کی یکسانیت ملحوظ نہ رکھنا۔ یہ شعر میں ایک قباحت سمجھی جاتی ہے۔
(السَّنَدُ): یمنی چادروں یا کپڑوں کی ایک قسم (۲) علم موسیقی میں ساز کی ایک قسم (ج) أَسْنَادٌ (مج)
(السِّنْدُ): سندھ، متحدہ ہندوستان میں شمال مغرب کا ایک علاقہ جس کا اکثر حصہ اب پاکستان کا ایک صوبہ ہے (۲) سندھی، سندھ کے رہنے والے (ج) سُنُودٌ و أَسْنَادٌ۔
(السَّنَدُ): یمن کی چادریں یا کپڑا (۲) پہاڑ کی سامنے والی چوٹی یا دامن کوہ کا بلند حصہ (ج) أَسنادٌ (۳) سہارا، سہارے کی چیز (۴) رسید، بل، واؤچر (۵) وثیقہ قرض، رقعہ قرض (۶) بونڈ (۷) طاقت (۸) دستاویز (۹) (حدیث کی اصطلاح میں) کسی حدیث کو روایت کرنے والے (ج) أَسَانِيدُ۔
—السَّنَدُ الإِذْنِيُّ: ڈرافٹ، وہ دستاویز جس کے ذریعہ مقررہ تاریخ پر شخص خاص یا اس کے حامل کو متعینہ رقم دینے کا وعدہ ہو (مج)
(السَّنْدَانُ): نہائی، اہرن (لوہے کا موٹا ٹکڑا جس پر لوہار لوہا کوٹتا ہے)
(السِّنْدَانُ): بڑا اور مضبوط آدمی یا بھیڑیا۔
(السِّنْدِيَانُ): شاہ بلوط کا درخت، ایک خاردار درخت۔ واحد: سِنْدِيَانَةٌ۔
(السَّنِيدُ): منہ بولا بیٹا، لے پالک بیٹا۔ وهي سنيدةٌ۔
(المُسْنَدُ) من الحديث: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہو (۲) منہ بولا بیٹا (۳) قبیلہ حمیر کا عربی رسم الخط جو مروجہ رسم الخط سے

س

مختلف ہے (۴) وہ شعر جس کے ردیف میں اختلاف ہو (ج) مَسَانِدُ (۵) مَحکوم بہٖ یعنی جس کی نسبت کسی دوسرے کے ساتھ قائم کی گئی ہو۔

—المُسْنَدُ اليه: محکوم علیہٗ جس پر کوئی حکم لگایا گیا ہو۔

(المُسْنَدُ): ہر وہ چیز جس کا سہارا یا ٹیک لی جائے (ج) **مَسَانِدُ۔**

(سَنْدَرَ فِي الامْرِ: جلدی کرنا' کر گزرنا، (۲) جرأت سے کام لینا' ہمت کرنا۔

(السِّنْدَرُ): نڈر' دلیر۔

(السَّنْدَرَةُ): ایک بڑا پیمانہ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں، (۳) مکان کی چھت پر بنا ہوا کباڑ خانہ (جس میں بیکار چیزیں رکھی جاتی ہیں) (مع)

(السَّنْدَرِيُّ): کاموں میں سنجیدہ اور عجلت پسند (۲) نڈر و دلیر (۳) سخت و مضبوط (۴) لمبا (۵) موٹی آنکھوں والا (۶) عمدہ۔

(السَّنْدَرُوسُ): ایک قسم کا گوند جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے (د)

(السُّنْدُسُ): باریک ریشم کی ایک قسم (مع)

(سَنْدَلَ): شکار کرنے کے لئے جراب پہننا۔

(السِّنْدَالُ): اہرن' نہائی (لوہا کوٹنے کا آلہ)

(السَّنْدَلُ): چمڑہ کے موزہ کے اندر کی جراب (ج) **سَنَادِلُ۔**

(سَنِرَ)(س) سَنَرًا: بد اخلاق اور سخت مزاج ہونا۔ **ھو سَنِرٌ۔**

(السِّنَّوْرُ): بلا' **ھی سنَّورةٌ** (۲) گردن کی ہنسلی یا ہڈی کا مہرہ (۳) دم کی جڑ (ج) **سَنَانِيرُ۔**

(السَّنَوَّرُ): لوہے کا ہر ہتھیار (۲) چمڑے کی زرہ۔

(سَنْسَنَتِ الرِّيحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

(السِّنْسِنُ): پیاس (۲) سینہ کی ہڈی کا سرا (۳) پیٹھ کے مہروں کا کنارہ (ج) **سَنَاسِنُ** کہتے ہیں: **جاءتِ الرِّيحُ سَنَاسِنَ:** ہوا ایک ہی طرح چلی۔

(السِّنْسِنَةُ): پیٹھ کے مہرے کا کنارہ (۲) سینہ کی پسلی کا کنارہ (۳) رہٹ کا کنارہ (ج) **سَنَاسِنُ۔**

(سَنُطَ)(ك) سَنَاطَةً: قدرتی طور پر بے ریش ہونا (۲) ہلکی داڑھی والا ہونا۔ **ھو سُنَاطٌ و سَنُوطٌ۔**

(سَنِطَ)(س) سَنَطًا بمعنی **سَنُطَ۔**

(السَّنْطُ): ببول کا درخت۔ واحد: **سَنْطَةٌ۔**

(السِّنْطُ): کلائی' ہاتھ کا گٹا (ج) **سُنُوطٌ و أَسْنَاطٌ۔**

(السُّنْطُورُ): ستار کی طرح کا ایک باجا جس پر تانبے کے تار لگے ہوئے ہوتے ہیں ان پر انگلیاں مار کر بجاتے ہیں (د)

(السِّنْطِيرُ): بمعنی **السُّنْطُورُ۔**

(سَنُعَ)(ك) سَنَاعَةً و سُنُوعًا: لمبا اور اونچا ہونا (۲) حسین و جمیل ہونا (۳) نازک بدن ہونا۔ **ھو سنيعٌ وھی سنيعةٌ۔**

(أَسْنَعَ): بمعنی **سَنُعَ۔**

— فلانٌ: دراز قد اور خوبصورت اولاد والا ہونا (۲) کلائی میں درد والا ہونا۔

— مَهْرَ المَرأةِ: عورت کا مہر زیادہ کرنا۔

(الأَسْنَعُ): لمبا' دراز قد۔ **ھی سنعاءُ** کہتے ہیں: **ھو أَسْنَعُ مِنْهُ:** وہ اس سے افضل اور بہتر ہے۔

(السِّنْعُ): کلائی (ج) **أَسْنَاعٌ و سِنَعَةٌ۔**

(السَّنِيعُ) مهرٌ سَنِيعٌ: زیادہ مہر۔

(السَّنِيعَةُ): مؤنث السنيع، (۲) خوبصورت اور نرم و نازک عورت، (۳) پہاڑی راستہ (ج) **سَنَائِعُ۔**

(السُّنْعُبَةُ): نیولا (۲) اوپر کے ہونٹ کے اندر کی جانب بیچ میں ابھرا ہوا گوشت (ج) **سَنَاعِبُ۔**

(سَنَفَ)(ن) البعيرُ سَنْفًا: باقی اونٹوں سے آگے نکل جانا۔

—البَعِيرَ: اونٹ پر چمڑے کا چوڑا تسمہ کسنا۔

(أَسْنَفَ) البعيرُ: باقی اونٹوں سے آگے نکل جانا۔

—البكرةُ: جوان اونٹنی کے حمل کو دس ماہ گزرنا اور اس کے تھن کا ورم آلود ہونا۔

— البَرْقُ والسحابُ: بجلی اور بادل کا ایک دوسرے کے قریب دکھائی دینا۔

— الرِّيحُ: ہوا کا تیز اور گرد و غبار اڑاتے ہوئے چلنا۔

—النَّاقَةُ: اونٹنی کا کمزور اور لاغر ہونا۔

—الارضُ: قحط زدہ ہونا۔

— البعيرَ: اونٹ کو تنگ (چمڑہ کا چوڑا تسمہ) کسنا۔

—الأَمْرَ: مضبوط اور پختہ کرنا۔

(السِّنَافُ): اونٹ کو کسنے کی تنگ رسّی یا چمڑے کا تسمہ جسے پیٹھ سے گردن اور پیٹ کے نیچے سے لا کر کسا جاتا ہے اور جس کی وجہ سے زین اپنی جگہ جمی رہتی ہے (ج) **سُنُفٌ و أَسْنِفَةٌ۔**

(السِّنْفُ): پھل یا دانہ کا خول' چھلکا (۲) پتوں سے خالی شاخ (۳) گیہوں اور جو میں پیدا ہونے والا تلخ دانہ (۴) جماعت' گروہ (ج) **سُنُوفٌ و سِنَفَةٌ۔** واحد: **سِنْفَةٌ۔**

(السَّنِيفُ): فرش کی گوٹ (ج) **سُنُفٌ۔**

(المِسْنَافُ): چلنے میں آگے بڑھنے والا (۲) کمزور اور لاغر بدن والا (ج) **مَسَانِيفُ۔**

(سَنِقَ)(س) من الطَّعَامِ أو الشرابِ سَنَقًا: بدہضمی ہونا۔

— فلانٌ: آسودہ اور خوشحال ہونا۔ **ھو سَنِقٌ وھی سَنِقَةٌ۔**

(أَسْنَقَه) الطعامُ او الشرابُ: بدہضمی میں مبتلا کر دینا۔

—التَّعِيمُ فُلانًا: خوشحالی کا کسی کو عیش و عشرت میں مبتلا کر دینا۔

(السُّنَّيْقُ): پختہ چونے وغیرہ کا بنا ہوا مکان (۲) سفید ستارہ (ج) **سَنَانِيقُ۔**

(اَلسِّنْكِسَارُ): (عیسائیوں کے نزدیک) نیک لوگوں کی سیرت کی کتاب جو گرجاؤں میں لوگوں کے سامنے پڑھی جاتی ہے۔
(سَنِمَ) (س) البَعِيْرُ سَنَمًا: اونٹ کا بڑے کوہان والا ہونا۔
— الشيءُ: زمین کی سطح پر بلند و نمایاں ہونا۔ هو سَنِمٌ وهي سَنِمَةٌ۔
(أَسْنَمَ): بمعنی سَنِمَ۔
— النارُ: آگ کی لپٹ اُٹھنا۔
— الطَّعامُ البعيرَ: اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا۔
(سَنَّمَ) الكلأُ البعيرَ: اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا۔
— فلانٌ الشيءَ: کوہان کی طرح اونچا کرنا۔ جیسے قبر۔ کہتے ہیں: سَنَّمَ القبرَ۔
— الوِعَاءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ کوہان کی طرح چیز اوپر اُٹھ جائے۔
(اِسْتَنَمَ) البعيرَ: اونٹ کے کوہان پر سوار ہونا۔
— الشيءَ: کسی چیز پر چڑھنا، سوار ہونا۔
(تَسَنَّمَه): بمعنی اِسْتَنَمه۔
— عليه مِنْ فَوْقِ الغُرَفِ: نیچے اُترنا۔
— السَّحابُ الأَرْضَ: بادل کا زمین پر خوب برسنا۔
— فلانًا: اچانک پکڑنا۔
— الشَّيْبُ فلانًا: کسی پر خوب بڑھاپا ظاہر ہونا۔
(التَّسْنِيْمُ): جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيْمٍ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ}
(السَّنَامُ): کوہان (۲) ہر چیز کا بالائی حصہ، (۳) زمین کا درمیان (۴) لوگوں میں معزز اور سربرآوردہ آدمی (۵) آدمی کی عظمت اور بلندی (ج) أَسْنِمَةٌ۔
(السِّينَمَا): سینما، تماش بینوں کے سامنے پردہ پر نظر آنے والی متحرک تصویروں کا تماشہ (۲) سینما گھر (د)
(السِّينَمَاتوغراف): وہ مشین جس کے ذریعہ سینما میں پردہ پر تصویر دکھائی جاتی ہے۔
(السَّنَمَةُ): شگوفہ، خوشہ، بالی، کلی (۲) چوٹی (۳) وہ درخت جس پر پھل نہ آتا ہو اور اس کی شاخیں سوکھ گئی ہوں (ج) سَنَمٌ۔
(السَّنِيْمُ) رَجُلٌ سَنِيْمٌ: بلند رتبہ آدمی۔ هي سَنِيْمَةٌ۔
(المُسَنَّمُ) مَجْدٌ مُسَنَّمٌ: زبردست عظمت (۲) کوہان کی طرح بلند چیز یا عمارت وغیرہ۔
(السِّنِمَّارُ): چاند (۲) رات کو جاگنے والا (۳) چور (۴) سنمار ایک رومی معمار کا نام ہے جس نے نعمان لخمی کا محل بنایا تھا جو اپنی مثال آپ تھا نعمان نے اسے انعام دینے کے بجائے اوپر سے گرا کر مروا دیا تاکہ وہ کسی دوسرے کا ایسا محل نہ بنا سکے۔ پھر یہ مثال (جُوزِي جزاءَ سنمار) ہر ایسے شخص کے بارے میں دی جانے لگی جسے اچھائی کا بدلہ برائی کے ساتھ دیا جائے۔
(سَنَّ) (ن) السِّكِّيْنَ و نَحْوَهٗ سَنًّا: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔ هو مسنونٌ و سنِيْنٌ۔
— الحَجَرَ و نَحْوَهٗ: صاف کرنا۔ کہتے ہیں: هٰذا مِمَّا يسنُّكَ عَلَى الطعامِ: یہ چیز تمہاری کھانے کی رغبت کو بڑھائے گی۔
— الأَمِيْرُ رعيَّتَه: حاکم کا اپنی رعایا سے اچھا برتاؤ کرنا۔
— الأَسْنَانَ: دانتوں میں مسواک کرنا یا دوا اور منجن ملنا۔
— الرُّمْحَ: بلم میں لوہے کا پھل لگانا۔
— فُلانًا: دانتوں سے کاٹنا (۲) دانت توڑنا، (۳) نیزہ مارنا۔
— الشيءَ: تصویر کھینچنا (۲) چکنا کرنا۔
— الطِّينَ: (تر مٹی) کو پکا کر برتن بنانا۔
— العُقْدَةَ: راستہ بنانا، راہ نکالنا۔
— الأَمْرَ: کسی بات کو واضح کرنا۔
— اللهُ سُنَّةً: اللہ کا کوئی واضح اور پختہ قانون بنانا۔
— المشرِّعُ القانونَ: قانون بنانا۔
— فلانٌ السُّنَّةَ: طریقہ جاری کرنا، وضع کرنا۔
— الماءَ او التُّرابَ عَلَى وَجْهِ الأَرْضِ: زمین پر آہستہ آہستہ پانی یا مٹی ڈالنا۔
— سَنَّتِ العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
(سُنَّ) الوجهُ و نحوُه: ترشے ہوئے خد و خال والا ہونا۔
— الماءُ: پانی کا بدل جانا، هو مسنونٌ۔
— الارضُ: زمین کا گھاس وغیرہ چر لیا جانا۔
(أَسَنَّ): کسی کے دانت نکل آنا (۲) عمر زیادہ ہونا، بوڑھا ہونا۔
— اللهُ سِنَّهٗ: اللہ کا کسی کے دانت اُگانا۔
— الرُّمْحَ: نیزہ میں پھل لگانا۔
(سَنَّنَ) السِّكِّيْنَ وغيرَه: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
— كلامَهٗ: کلام کو خوبصورت اور موزوں بنانا۔
— الرُّمْحَ: نیزہ کا پھل لگانا۔
— الرُّمْحَ اليه: کسی کی طرف نیزہ کا رخ کرنا۔
— الشَّيْءَ: کسی چیز میں دندانے لگانا جیسے آرے وغیرہ میں ہوتے ہیں (مو)
— الرَّجُلَ: کسی کی عمر کا اندازہ لگانا۔
(اِسْتَنَّ): مسواک کرنا۔
— العينُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
— دَمُ الطَّعْنَةِ: نیزہ کی ضرب سے ایک دم خون نکلنا۔
— الفَرَسُ و نَحْوُهٗ: گھوڑے کا ایک رخ اور ایک رفتار سے دوڑنا۔ کہاوت ہے: (إِسْتَنَّتِ الفِصَالُ حَتَّى القَرْعَى) دودھ چھڑائے ہوئے بچوں نے بھی دوڑنا شروع کیا ایسے کمزور شخص کے بارے میں جو اپنی طاقت سے زیادہ کام کے لئے تیار ہو۔
— السَّرَابُ: سراب (چمکتی ہوئی ریت) کا پانی کی طرح تھر تھرانا۔

س

—بِسنَّتِهٖ: کسی کے طریقہ پر چلنا' اتباع کرنا۔ کہتے ہیں: سَنَّ فلانٌ طریقًا مِنَ الخیرِ لقومِهٖ فَاسْتَنُّوْا بِهٖ وسلکوهُ: فلاں نے اپنی قوم کے لئے خیر کی راہ ڈالی اور وہ اس پر چلے۔

(تَسَنَّنَ) فِیْ عَدْوِهٖ: اپنے طریقہ پر دوڑنا، (۲) طریقہ اپنانا۔

(اِسْتَسَنَّ): عمر رسیدہ ہونا۔

—الطریقةَ: راستہ پر چلنا۔

(اَلسِّنَانُ): نیزے کا پھل (۲) دھار رکھنے اور تیز کرنے کا آلہ (ج) اَسِنَّةٌ۔

(اَلسِّنُّ): دانت (۲) دندانے جیسے کنگھے' آری اور درانتی وغیرہ کے دانت (۳) قلم کی نب (۴) دھار (۵) عمر۔ کہاوت ہے: (صَدَقَنِیْ سِنَّ بَکْرِهٖ) اس نے ابتدائی عمر ہی سے میرے ساتھ سچائی کا برتاؤ کیا (۶) لہسن کے سرے پر لگا ہوا دانہ (۷) ہم عمر ساتھی۔ فلانٌ سِنُّ فلانٍ (ج) اَسْنَانٌ و اَسُنٌّ (جج) أَسِنَّةٌ۔

(اَلسَّنَنُ): طریقہ' نمونہ' طرز۔ جیسے بَنَوْا بیوتَھُمْ عَلٰی سَنَنٍ واحدٍ (۲) راستہ کا رخ یا اس پر چلنے کی جگہ۔ کہتے ہیں: تَنَحَّ عَنْ سَنَنِ الخَیْلِ: راستہ میں گھوڑوں کی گزرگاہ سے ہٹ جاؤ۔

(اَلسَّنَّةُ): ایک مرتبہ کی دھار (۲) ایک دفعہ کی قانون سازی (۳) ایک راہ (۴) ریچھنی (۵) چیتے کی مادہ (ج) اِسِنَانٌ۔

(اَلسُّنَّةُ): طریقہ' ضابطہ (۲) سیرت (اچھی ہو یا بری) (۳) فطرت (۴) عادت و مزاج (۵) چہرہ (۶) صورت' شکل۔ کہتے ہیں: هُوَ اَشْبَهُ شیئٍ بِهٖ سُنَّةً: وہ صورۃً اس کے مشابہ ہے (۷) شرعاً وہ پسندیدہ عمل جو نہ فرض ہو نہ واجب۔ (ج) سُنَنٌ۔

—سُنَّةُ اللّٰهِ: مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کا حکم و فیصلہ۔

—سُنَّةُ النبیِّ ﷺ: نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب قول' فعل' عمل۔

—اَھْلُ السُّنَّةِ: مقابل شیعہ' وہ تمام مسلمان جو حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کی خلافت کے برحق اور بنا بر استحقاق ہونے کا عقیدہ رکھتے ہوں۔

(اَلسِّنَّةُ): دونوکی کلہاڑی (۲) ہل میں لگا ہوا لوہا (جس سے زمین گاہی جاتی ہے) (ج) سِنَنٌ۔

(اَلسُّنِّیَّةُ): اہل سنت' ھو سُنِّیٌّ وھی سُنِّیَّةٌ۔

(اَلسَّنُوْنُ): دانتوں کا منجن وغیرہ۔

(اَلسَّنِیْنُ): سان پر سے گرا ہوا برادہ (جو دھار بناتے وقت گرتا ہے) (۲) وہ زمین جس کی گھاس چر لی گئی ہو (۳) ہم عمر ساتھی' ہم جولی۔

(اَلسَّنِیْنَةُ): تانیث السَّنین (۲) سطح زمین پر اُٹھی ہوئی ریت (ج) سَنَائِن۔ کہتے ہیں: جَاءَتِ الریحُ سَنَائِنَ: ہوا ایک ہی طرح چلی۔

(اَلْمَسَانُّ) مِنَ الابلِ: بڑے اونٹ۔ واحد: مُسِنٌّ۔

(اَلْمِسَنُّ): طریقہ' عادت (ج) مَسَانٌّ۔

(سَنِهَ) (س) الطعامُ او الشرابُ سَنَهًا: خراب ہوجانا' سڑ جانا۔

—النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا ھو سَنِهٌ وھی سَنِهَةٌ وھی سَنْهَاءُ (ج) سُنْهٌ۔

(سَانَهَتِ) النَّخْلَةُ و غیرُھا مُسَانَهَةً و سِنَاهًا: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا (۲) ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

—فلانًا: کسی سے ایک سال کا معاہدہ کرنا۔

(تَسَنَّهَ): بدبودار ہوجانا' سڑ جانا۔

—عِنْدَ فلانٍ: کسی کے پاس ایک سال سے زائد قیام کرنا۔

(اَلسَّنَاهِیَّةُ): وہ رقم جو مخصوص شرطوں کے ساتھ مسلسل وقفوں کے ساتھ یا سالانہ ادا کی جائے (علم الاقتصاد) (مج)

(اَلسَّنَةُ): سال' سورج کے بارہ آسمانی برجوں سے گزرنے کے بقدر وقت۔ اسی کو شمسی سال کہتے ہیں (۲) چاند کے بارہ چکر' اسی کو قمری سال کہتے ہیں (۳) شریعت اسلامیہ کی رو سے وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہوکر آئندہ قمری سال کے اسی جیسے دن پر ختم ہوتا ہے (۴) عرب عام میں وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہوکر آئندہ شمسی سال کے اسی دن پر ختم ہو جائے (ج) سَنَوَاتٌ و سِنُوْنٌ (۵) قحط (۶) قحط زدہ زمین۔ اس کی اصل سَنَهَةٌ ہے لام کلمہ کو حذف کرکے اس کی حرکت فتحہ عین کلمہ کو دے دی گئی (۷) علم طب میں بلوغ اور قوت بلوغ کے درمیان کی مدت کا نام (مج)

(اَلسَّنْهَاءُ): نخلةٌ سَنْهَاءُ: ایک سال چھوڑ کر پھل دینے والا کھجور کا درخت۔

—ارضٌ سَنْهَاءُ: قحط زدہ زمین۔

—سَنَةٌ سَنْهَاءُ: خشک سال (ج) سُنْهٌ۔

(سَنَا) (ن) البَرْقُ و غیرُهٗ سَنَاءً: چمکنا۔

—النارُ ونحوُھا: آگ کا شعلہ اٹھنا' بلند ہونا۔

—فلانٌ اِلٰی معالی الاُمورِ: معاملات میں اونچا درجہ حاصل کرنا۔

—سَنْوًا و سُنُوًّا و سِنَاوَةً: پانی پلانا' سیراب کرنا۔ کہتے ہیں: سَنَا عَلَی الدَّابَّةِ: چوپائے کے ذریعہ سیراب کرنا۔

القومُ لِاَنْفُسِهِمْ: لوگوں کا اپنے لئے پانی حاصل کرنا۔

—السَّانِیَةُ: بڑے ڈول کے ذریعہ کنویں کا پانی نکالنا۔

—السَّانِیَةُ الاَرْضَ: بڑے ڈول کا زمین کو سیراب کرنا۔

—الدَّلْوَ و نَحْوَھَا: کنویں سے ڈول وغیرہ کو کھینچنا۔

—البابَ ونَحْوَهٗ: دروازہ کھولنا۔

—الشیئَ: آسان اور سہل بنانا۔

(سَنٰی) (ض) سَنْیًا و سُنِیًّا و سِنَایَةً بمعنی سَنَا۔

(سَنِیَ) (س) سَنًا و سَنَاءً: بلند ہونا (۲) باعظمت اور بلند مرتبہ ہونا۔ ھو سَنِیٌّ وھی سَنِیَّةٌ۔

— الدَّابَّۃَ: چوپائے کے ذریعہ پانی بھرنا' سیراب کرنا۔
(اَسْنَی) الْبَرْقُ و نحوہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا، (۲) بجلی کی چمک کا گھر میں داخل ہونا۔
— القومَ: کسی جگہ ایک سال یا زیادہ قیام کرنا، (۲) لوگوں پر ایک سال گزرنا۔
— الشیئَ: روشن کرنا (۲) بلند کرنا۔
— النَّارَ و نَحْوَھَا: آگ جلانا' تیز کرنا۔
— لہُ الجائِزَۃَ: کسی کو بڑا انعام دینا۔
— جِوارَہٗ: پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔
(سَانَی) البابَ و غَیْرَہٗ مُسَانَاۃً و سِنَاءً: دروازہ کھولنا۔
— فُلاناً: کسی کے ساتھ نرمی برتنا (۲) بہتر سلوک کرنا' مل جل کر رہنا۔
(سَنَّاہُ): بمعنی سَانَاہُ۔
(اسْتَنْی): سیراب ہونا۔
— النَّارَ و نحوھا: آگ کے شعلہ کو دیکھنا۔
(تَسَنَّی) الشیئُ: بدل جانا' سڑ جانا۔
— العقدۃُ: گرہ کھلنا' ڈھیلی ہونا' اخطل کا شعر ہے:

اِذا عَثَرْتُ اَتانی من فواضلہٖ
سَیْبٌ تَسَنّٰی بہ الاغلالُ والعُقَدُ

— عِنْدَ فلانٍ: کسی کے پاس ایک سال یا اس سے زیادہ عرصہ ٹھہرنا۔
— الشیئَ: کسی چیز پر چڑھنا' سوار ہونا۔
— فلاناً: کسی کو راضی کرنا' نرمی سے پیش آنا۔
(السَّانِیۃُ): بڑا ڈول' چرس (۲) پانی نکالنے کے لئے رہٹ میں چلنے والا اونٹ۔ کہاوت ہے: (سَیْرُ السوانی سفرٌ لاینقطع) پانی نکالنے کے لئے اونٹوں کا چلنا ایسا سفر ہے جو کبھی ختم نہ ہونے والا ہے (ج) سَوَانٍ۔
(السَّنَا): چاند کی روشنی (۲) تیز روشنی (۳) قرآن مجید میں ہے: {یَکَادُ سَنَا بَرْقِہٖ یَذْھَبُ بِالْاَبْصَارِ} (۲) بجلی کی چمک (۴) ایک بوٹی کا نام (۵) کیمرے کی فوٹو کھینچتے وقت کی روشنی

(محدثۃ)
(السَّنَاءُ): اونچائی' بلندی' رفعت۔
(السَّنَۃُ): (دیکھئے: سنہ)
(السَّنْوَاءُ) سَنَۃٌ سَنْوَاءُ: سخت سال۔
ارضٌ سَنْوَاءُ: قحط زدہ زمین۔
(المُسَنَّاۃُ): پانی کا بند جس میں پانی چھوڑنے اور روکنے کے دروازے ہوتے ہیں۔
(المَسْنَوِیَّۃُ): بہت گہرا کنواں (۲) ایسا کنواں جس کا پانی صرف رہٹ میں اونٹ جوڑ کر یا بڑے ڈول کے ذریعہ نکالا جائے۔
(السِّنْیُوْرِیَّۃُ): ایک بیماری جس سے بکری کے دماغ کو چکر آتا ہے کبھی انسان کو بھی لاحق ہو جاتی ہے (مج)

س......ھ

(سَھَبَہٗ) (ف) سَھْباً: لینا۔
(اَسْھَبَ): جنگل میں رہنا۔
— المکانُ: جگہ کا پانی کو نہ روکنا۔
— فلانٌ: کھدائی میں ریت تک پہنچنا اور پانی نہ پانا (۲) انتہائی کنجوس' لالچی اور حریص ہونا کہ کبھی سیر ہی نہ ہو (۳) کسی چیز میں حد سے بڑھنا' طول دینا' وسیع کرنا (۴) دل کھول کر عطیہ دینا۔ کہتے ہیں: اَسْھَبَ العطاءَ وفیہ (۵) لمبی بات کرنا اور بہت بولنا۔ کہتے ہیں: اَسْھَبَ کلامَہ وفیہ و فی کلامِہٖ اِسْھَابٌ: اس کی بات میں طول ہے۔
— الفَرَسَ و غَیْرَہٗ: گھوڑے کا پیر کھول کر دوڑنا اور آگے نکل جانا۔
— الرَّضِیعُ: شیر خوار بچہ کا خوب دودھ پینا۔
— الماشِیَۃَ: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
(اُسْھِبَ) فلانٌ: سانپ یا بچھو کے کاٹنے کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کرنا (۲) محبت یا خوف یا بیماری کی وجہ سے رنگ بدل جانا یا چہرہ کا بدل جانا۔
(اسْتَھَبَ) فلانٌ: خوب عطیہ دینا۔
(التَّسْھِیبُ): عقل کا ماؤف ہونا' دیوانگی۔

(السَّھْبُ): جنگل بیاباں (۲) ہموار و کشادہ زمین۔ کہتے ہیں: قطعوا سھباً من الارض: انہوں نے زمین کا ایک ہموار حصہ طے کیا (۳) تیز رفتار گھوڑا جس کو دیر سے پسینہ آئے (۴) مضبوط اور زیادہ دوڑنے والا گھوڑا (۵) رات کا ایک حصہ۔ جیسے مَطی سھبٌ من اللیل (ج) سُھُوْبٌ۔
(السُّھْبُ): ہموار و کشادہ زمین (ج) سُھُوْبٌ۔
— سھوبُ الفلاۃِ: جنگل کے وہ اطراف جن میں جانا ممکن نہ ہو۔
(السَّھْبَۃُ): گہری تلی والا کنواں (ج) سِھَابٌ۔
(المُسْھَبُ) رجلٌ مُسْھَبٌ: لمبا آدمی۔
— طویلٌ مُسْھَبٌ: بہت زیادہ لمبا۔
(المُسْھَبَۃُ): تانیث المُسْھَبِ (۲) گہری تلی والا کنواں۔
(سَھَجَتِ) (ف) الرِّیحُ سُھُوْجاً: تیز ہوا چلنا (۲) مسلسل چلنا۔
— الشیئَ سَھْجاً: کوٹنا' باریک کرنا۔
— الریحُ الارضَ: ہوا کا زمین کو چھیل دینا۔
— السَّائرُ لیلتَہٗ: رات کے مسافر کا مسلسل چلنا۔
(الأَسَاھِیجُ): چلنے کے مختلف انداز۔
(السَّاھِجُ): تیز ہوا (ج) سُھَّجٌ و سَوَاھِجُ۔
(السَّھُوْجُ): تیز ہوا (۲) عقاب۔
(السَّیْھَجُ): تیز ہوا۔ ھی سَیْھَجَۃٌ (ج) سَیَاھِجُ۔
(المَسْھَجُ): ہوا کی گزرگاہ (ج) مَسَاھِجُ۔
(المِسْھَجُ): کوٹنے یا پیٹنے کا آلہ (۲) ہر کام میں ٹانگ اڑانے والا' حق ہو یا باطل (۳) زور آور مقرر۔ (ج) مَسَاھِجُ۔
(سَھْجَرَ): ڈر کر دوڑنا۔
(سَھِدَ) (س) سَھَداً و سُھْداً و سُھَاداً: نیند نہ آنا' بےخوابی میں مبتلا ہونا۔ کہتے ہیں: فی عینہٖ سُھْدٌ و سُھَادٌ: اسے نیند نہیں آتی۔ ھو سَھِدٌ و سَاھِدٌ۔

(أَسْهَدَتِ) الحاملُ بِجَنِيْنِها: حاملہ کا ایک درد میں بچہ جننا۔
—فلانًا: جگائے رکھنا' نیند اڑانا۔
(سَهَّدَهٗ): بمعنی أَسْهَدَهٗ۔
رجلٌ مُسَهَّدٌ: بیدار مغز ومحتاط آدمی۔
(الأَسْهَدُ): هو أَسْهَدُ مِنه رَأيًا: وہ اس کے مقابلہ میں زیادہ ہوشیار ومحتاط ہے۔
(السَّهْدُ): بہتر' اچھا۔ کہتے ہیں: هٰذا شَيْءٌ سَهْدٌ مَهْدٌ۔
(السُّهُدُ): بہت جاگنے والا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ سُهُدٌ و امرأةٌ سُهُدٌ وَعَيْنٌ سُهُدٌ فُلانٌ سُهُدٌ: چوکنا اور محتاط آدمی۔
(السَّهْدَةُ): بیداری (مصدر مرة)
—فلانٌ ذُوْ سَهْدَةٍ مِنْ أَمْرِهِ: فلاں اپنے معاملہ میں چوکنا اور محتاط ہے۔
—ما رأَيْتُ مِنْ فلانٍ سَهْدَةً: مجھے فلاں میں بھلائی کا جذبہ نظر نہیں آیا (۲) قابل بھروسہ بات۔
(السُّهْوُدُ): نازک بدن لڑکا (۲) لمبا تڑنگا آدمی۔
(سَهِرَ)(س) سَهَرًا: ساری رات یا رات کے کچھ حصہ میں نہ سونا' جاگتے رہنا۔
—البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔ هو سَاهِرٌ و سَهْرَانُ و سَهَّارٌ و سُهَرَةٌ۔
(أَسْهَرَهٗ): جگائے رکھنا' نیند اڑانا۔
(الأَسْهَرَانِ): ناک اور آنکھ کی دو رگیں۔
(السَّاهِرُ) ليلٌ ساهِرٌ: وہ رات جس میں جاگا جائے۔
(السَّاهِرَةُ): تانیث السَّاهِرِ، ارضٌ سَاهِرَةٌ: وہ زمین جس پر گھاس تیزی سے اگتی ہو۔ کہتے ہیں: قطعوا ساهِرَةً: انہوں نے ایسی لمبی چوڑی زمین کو طے کیا جس پر چلنے والا جاگتا رہتا ہے (۲) سفید وہموار زمین۔ ایسی ہی زمین پر قیامت کے دن لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ} (۳) جنگل جہاں آمد ورفت نہ ہو (۴) جاری چشمہ (۵) چاند کا ہالہ۔
—ظِلُّ الساهِرةِ: زمین کی سطح۔
(السَّاهُوْرُ): چاند کا ہالہ (۲) مہینہ کی باقی نو راتیں (۳) پانی کا سرچشمہ۔
(السُّهَارُ): بیماری یا غم کی وجہ سے ہونے والی بے خوابی' نیند کا فقدان۔
(السُّهَرَةُ): بہت جاگنے والا۔ هو سُهَرَةٌ وهي سُهَرَةٌ۔
(السَّهَّارُ): بہت جاگنے والا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ سَهَّارُ العينِ: بہت بیدار جس پر نیند کا غلبہ نہ ہوتا ہو۔ هي سَهَّارَةٌ۔
(السَّهَّارِيُّ): سوتے وقت ہلکی روشنی کا بلب یا لیمپ وغیرہ (مج)
(المِسْهَارُ): کثرت سے جاگنے کا عادی۔
اخطل کا شعر ہے:

ومهمهٍ طامِسٍ تُخْشَى غوائِلُه
قطعتُه بكَلُوءِ العينِ مِسْهارِ

(سَهَفَ)(ف) الدُّبُّ سَهْفًا و سُهَافًا و سَهِيْفًا: ریچھ کا چیخنا۔
—القَتِيْلُ أَوِ الذَّبِيْحُ: مقتول کا حالت نزع اور خون میں تڑپنا۔
(سَهِفَ)(س) سَهَفًا و سُهَافًا: سخت پیاسا ہونا۔ هو سَهِفٌ وسَاهِفٌ وهي سَهِفَةٌ۔
(اسْتَهَفَهٗ): حقیر سمجھنا' معمولی سمجھنا۔
(السَّاهِفُ): ہلاک ہونے والا (۲) سخت پیاسا (۳) خون بہنے سے بے ہوش ہونے والا (۴) وہ شخص جسے روح نکلتے وقت سخت پیاس لگی ہو (۵) بدلے ہوئے چہرہ والا ھی سَاهِفَةٌ۔
(السُّهَافُ): پیاس کی بیماری جس میں پانی سے پیاس نہ بجھتی ہو۔
(السَّهَفُ): مچھلی کی کھال پر لگے ہوئے چھلکے۔
(المِسْهَافُ): سخت پیاسا۔
ناقةٌ مِسْهَافٌ: سخت پیاسی اونٹنی (ج) مَسَاهِيْفُ۔
(المَسْهَفَةُ): پیاس لگانے والی چیز۔ جیسے طعامٌ مَسْهَفَةٌ (۲) ہوا کی گزرگاہ (ج) مَسَاهِفُ۔
(المَسْهُوْفُ) رجلٌ مَسْهُوْفٌ: وہ شخص جس کی پیاس نہ بجھتی ہو۔ هي مَسهوفَةٌ (ج) مَسَاهِيْفُ۔
(سَهَكَتِ)(ف) الرِّيحُ سُهُوْكًا: ہوا کا تیز ہونا' آندھی بن جانا۔
—الدَّابَّةُ: تیز دوڑنا۔
—الرِّيحُ الأرضَ: ہوا کا زمین کی مٹی اڑا کر صاف کر دینا۔
—التُّرابَ عن الارضِ وغيرِها: ہوا کا مٹی اڑانا۔
(سَهِكَ)(س) سَهَكًا: بدبودار ہونا۔
—فلانٌ: کسی کو بدبودار پسینہ آنا۔ هو سَهِكٌ۔
—لَحْمٌ وَ سَمَكٌ سَهِكٌ: بدبودار گوشت یا مچھلی۔ کہتے ہیں: يَدِيْ مِنَ السَّمَكِ ومِنْ صَدإِ الحَدِيْدِ سَهِكَةٌ: مچھلی اور لوہے کے زنگ سے میرے ہاتھ میں بُو آرہی ہے۔
(الأَسَاهِيْكُ): أساهيك الدَّابَّةِ: جانور کے چلنے کے انداز' دائیں بائیں کے ہچکولے۔
(السَّاهِكُ): آنکھ کی بیماری۔ آشوب چشم (۲) آنکھ کی کھجلی (اس معنیٰ میں فعل مستعمل نہیں)
—بَعينه سَاهِكٌ: اس کی آنکھ میں بیماری ہے۔
(السَّاهِكَةُ): تیز ہوا جو ہر چیز کو اُڑا کر لے جائے اور زمین کو صاف کر دے۔ (ج) سَوَاهِكُ۔
(السُّهَاكَةُ): بہلاوے کا ذریعہ۔ وہ چیز جس سے طبیعت کو قدرے فرحت حاصل ہو۔
—سُهَاكَةٌ مِنْ خَبَرٍ: بہلانے والی بات۔
(السَّهْكَةُ) و (السُّهْكَةُ): بدبو' سڑاند۔
(السُّهُوْكُ): بدبودار ہونا (۲) عقاب۔
(سَهُلَ)(ك) سُهُوْلَةً: آسان وسہل ہونا' نرم ہونا۔ هو سَهْلٌ وهي سَهْلَةٌ۔
(أَسْهَلَ): ہموار زمین میں اترنا' آنا یا قیام کرنا۔

—الشَّيْءَ: ہموار کرنا' آسان وزم بنانا۔
—الاَمْرَ: آسان پانا۔
—الدَّوَاءُ و نَحْوُهُ الْبَطْنَ: دوا کا پیٹ کو جاری کرنا یعنی دست لانا۔
(اُسْهِلَ) البَطْنُ: پیٹ کا نرم ہونا اور دست آنا۔
(سَاهَلَهُ): نرمی سے پیش آنا (۲) درگزر سے کام لینا۔
(تَسَاهَلَ)الشَّيْءُ: آسان وزم ہونا۔
—فلانٌ: نرمی برتنا' رواداری سے کام لینا۔
— الناسُ بعضُهُمْ مع بَعْضٍ: باہم نرمی برتنا۔
(تَسَهَّلَ): بمعنی سَهُلَ۔
(إِسْتَسْهَلَ) فلانٌ: کسی کا دست آور دوا استعمال کرنا۔
—الشیْءَ: آسان سمجھنا (۲) آسان یا نرم پانا۔
(الإِسْهَالُ): (طب کی روشنی میں) معدے اور آنتوں سے غیر فطری طریقہ پر فضلات کا رقیق شکل میں اخراج۔ دست' دستوں کی بیماری۔
(التَّسْهِيلُ): آسانی' سہولت (۲) متاخرین قراء اور صرفیین کے نزدیک ہمزہ کی ایسی تخفیف جس میں اس کو بین بین پڑھا جائے۔
(السَّهْلُ): نرم' ہموار' آسان' معمولی (۲) ہموار اور وسیع زمین (مج) (ج) سُهُولٌ۔ کہتے ہیں: هو سَهْلُ الوَجْهِ: کم گوشت والا چہرہ۔ سَهْلُ الخَدَّيْنِ: نرم رخسار آدمی۔ سَهْلُ الخُلُقِ اوِ القِيَادِ او المُعَامَلَةِ: نرم مزاج فرماں بردار آدمی۔ بوقت ملاقات استقبال کے لئے اَهْلاً و سَهْلاً یعنی لَقِيْتَ اَهْلاً و حَلَلْتَ سَهْلاً: آپ اپنوں سے ملے ہیں اور آرام دہ جگہ آئے ہیں۔
(السِهْلُ): پانی کے ساتھ بہہ کر آنے والی ریتلی مٹی (ج) سُهُولٌ و اَسْهَالٌ۔
(السُّهْلِيُّ): خلاف قیاس سَهْل کی طرف منسوب ہے۔ نباتٌ سُهْلِيٌّ: ہموار زمین میں پیدا ہونے والی گھاس۔ بعيرٌ سُهْلِيٌّ: ہموار زمین میں چرنے والا اونٹ۔
(السَّهُولُ): دست آور دوا۔
(السُّهُولَةُ)فی الكلامِ: کلام کا پیچیدگی اور تصنع و تکلف سے پاک ہونا۔
(سُهَيْلٌ): ایک ستارے کا نام' ایک خیال کے مطابق اس کے طلوع ہونے کے وقت پھل پکتے ہیں اور گرمی ختم ہو جاتی ہے۔ کہاوت ہے: (اِذَا طَلَعَ سُهَيْلٌ رُفِعَ كَيْلٌ وَ وُضِعَ كَيْلٌ) جب سہیل ستارہ طلوع ہوتا ہے تو ایک پیمانہ بڑھ جاتا ہے اور ایک گھٹ جاتا ہے۔ احکام کی تبدیلی کے وقت بولا جاتا ہے۔
(المُسْهِلُ): دست آور دوا۔
(سَهَمَ) (ف) سُهُوْمًا و سُهَامًا: غم یا لاغری سے رنگ بدل جانا (۲) لاغر اور کمزور ہو جانا۔ هو سَاهِمٌ۔
—فلانًا سَهْمًا: قرعہ اندازی میں کسی پر غالب آنا۔ کہتے ہیں: سَاهَمَهُ فَسَهَمَهُ: اس نے اس کے ساتھ مقابلہ کیا تو اس پر غالب ہو گیا۔
(سُهِمَ): بدلے ہوئے رنگ والا' لاغر (۲) لو لگنے سے رنگ بدلا ہوا ہونا (۳) لڑائی وغیرہ میں زبردستی شریک کیا جانا۔
(سَهُمَ)(ك)سُهُوْمًا: بمعنی سَهَمَ۔
(اَسْهَمَ)بَيْنَهُمْ: قرعہ ڈالنا۔
—له: کسی کو ایک یا زیادہ حصہ دینا۔
—فی الشیءِ: شریک ہونا۔
—الشیءَ: حصے کرنا۔
(سَاهَمَهُ)مُسَاهَمَةً و سِهَامًا: کسی کے ساتھ قرعہ اندازی کرنا۔ تیروں کے ذریعہ قرعہ اندازی میں مقابلہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ} (۲) کسی کے ساتھ حصہ بانٹ کر لینا۔
—فيهِ: شریک ہونا' حصہ۔ زہیر کا شعر ہے:
اباثابتٍ سَاهمتَ فی الحزمِ اَهلَه
فرايُكَ محمودٌ وعهدُكَ دائمٌ
(سَهَّمَ)الثَّوْبَ او غيرَهُ: کپڑے وغیرہ پر تیر جیسی شکلیں بنانا۔ هو مُسَهَّمٌ۔
(تَسَاهَمَ)الرَّجُلَانِ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔
(السَّهَامُ): تغیر' تبدیلی (۲) لاغر پنا' دبلا پن (۳) لو' گرم اور جھلسا دینے والی ہوا۔
(السُّهَامُ): کمزور اور لاغر' بدلے ہوئے رنگ والا۔
(السَّهْمُ): قرعہ اندازی کا تیر' جوئے کا تیر (۲) قسمت و تقدیر (۳) جوئے میں جیتی ہوئی چیز (۴) علم الاقتصاد کے مطابق کمپنی کا شیئر (مالی وثیقہ جس کی قیمت میں کمی زیادتی ہوتی رہتی ہے) (۵) قیراط کا چوبیسواں حصہ (پیائش میں) (۶) تیر کا نشان جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ہوتا ہے (محدثہ) (۸) دو دیواروں پر رکھی ہوئی لکڑی (ج) اَسْهُمٌ و سِهَامٌ۔
—سهمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔
(السُّهْمَةُ): نصیب' حصہ (۲) رشتہ داری (ج) سُهَمٌ۔
(السَّهِيْمُ): شریک' کسی کام میں کسی کا ہاتھ بٹانے والا۔ بدیع الزمان کا قول ہے: (افترضي اَن تكونَ سَهِيْمَ حمزةَ فِي الشَّهَادَةِ)
(سَهَا)(ن) عنه و فيه سَهْوًا و سُهُوًّا و سَهْوَةً: غافل ہونا' لاپرواہ ہونا۔
—فِيهِ: کسی چیز کو علم نہ ہونے کی وجہ سے چھوڑنا' یعنی بھول جانا۔
—عنه: علم ہوتے ہوئے چھوڑنا یعنی جان بوجھ کر نظر انداز کرنا۔
—فِي الصَّلٰوة: نماز میں سہو ہونا۔
—عن الصلوٰةِ: نماز کو چھوڑنا۔ کہتے ہیں: هو سَاهٍ و سَهْوَانُ۔ کہاوت ہے: (اِنَّ الْمُوَصَّيْنَ بنو سَهْوَانَ): بھولنے والے لوگوں کو ہی وصیت کی جاتی ہے یعنی جو لوگ غفلت شعار اور بھولنے والے ہیں صرف وہی محتاج وصیت ہوتے ہیں۔
(سَهِيَ)(س)سَهْوًا: بمعنی سَهَا۔

(سَهُوَ)(ك)سَهَاوَةً: نرم ہونا' پرسکون ہونا' ہموار ہونا' تابع ہونا۔
(اَسْهٰى)فلانٌ: گھر میں الماری یا سامان رکھنے کا مچان بنانا (۲) بڑے کمرہ میں چھوٹا کمرہ بنانا۔
— فُلَانًا عَنِ الشيئِ او فيه: کسی کو بھول میں مبتلا کردینا' غافل کردینا۔
(سَاهَاهُ): غافل کرنا (۲) مذاق کرنا (۳) کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا' رواداری سے پیش آنا۔
(سَهَّاهُ): غافل کرانا' بھول کرانا (فرائی پان میں گرم کرکے خشک کرنا)۔
(السُّهَا): بنات نعش کبریٰ (ستاروں کا ایک بڑا مجموعہ) یا صغریٰ میں ایک خفیف روشنی والا ستارہ۔ کہاوت ہے: أُرِيهَا السُّهَا وتريني القَمَرَ: حواس باختہ آدمی جب سوال کا غلط جواب دے تو اس کے لئے کہا جاتا ہے۔
(السَّهْوُ): بھول' غفلت' لاپروائی۔ کہتے ہیں: افعَلْ ذٰلِكَ سَهْوًا رَهْوًا: وہ کام یونہی جاری کرو۔ حَمَلَتِ المرأةُ سَهْوًا: عورت کا حالت حیض میں حاملہ ہونا (۲) نرم و ملائم۔ تابع اور قابو میں رہنے والا (۳) مناسب وٹھیک (۴) نرمی (۵) سکون وٹھہراؤ۔
(السَّهْوَاءُ): رات کا کچھ وقت یا ابتدائی حصہ۔
(السَّهْوَةُ): وہ کمان جو قابو میں رہے (۲) گھروں کے درمیان بنا ہوا چبوترا (۳) چھپے ہوئے مکان میں پارٹیشن کی نیچی دیوار جس کے پیچھے خواب گاہ ہو (۴) سائے کے لئے پانی میں بنا ہوا خیمہ یا گھر (۵) گھر کے آگے کا پردہ (۶) گھر کی چار دیواری (۷) سامان کی الماری یا مچان (ج) سِهَاءٌ۔

س..........و

(سَاءَ)(ن)سَوْءًا وسَوَاءً: برا ہونا۔
— بِهِ: بدگمانی کرنا' شک کرنا۔ هو سَيِّئٌ وهي سَيِّئَةٌ وهو اَسْوَأُ وهي سَوْآءُ (ج) سُوْءٌ۔
— فلانًا سُوْءًا و مَسَاءَةً و سَوْءًا: کسی کو ناگوار کرنا' تکلیف پہنچانا۔
(سَاءَ): بِئْسَ کی طرح فعل ذم۔ جیسے سَاءَ مَا يَفْعَلُ: اس کا کام برا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: {فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ اِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ}
(اَسَاءَ)فلانٌ: برا یا غلط کام کرنا۔
— الشيئَ: خراب کرنا (۲) عیب یا خرابی پیدا کرنا۔
— فُلَانًا و لَه وإليهِ وعليه و بِهٖ: کسی کے ساتھ برا سلوک کرنا' تکلیف پہنچانا۔
— بِهٖ ظَنًّا: بدگمانی کرنا۔
(سَوَّأَهُ): معیوب کرنا' بدنما اور خراب کرنا۔
— عَلَيْهِ قَوْلَهٗ او فِعْلَهٗ: عیب نکالنا۔ (۲) کسی سے اَسَأْتَ کہنا۔ کہاوت ہے (ان اَخْطَاتُ فَخَطِّئْنِيْ وإِنْ اَسَأْتُ فَسَوِّئْ عَلَيَّ) اگر میں غلطی کروں تو مجھے غلط کار قرار دو اور اگر برا کام کروں تو میری مذمت کرو۔ کہتے ہیں: سَوِّ وَلَا تُسَوِّئْ: صلح کراؤ فساد پیدا نہ کرو۔
(اِسْتَاءَ): لازم سَاءَهُ (۲) تکلیف محسوس کرنا' برا اثر لینا' ناگواری محسوس کرنا۔
(السَّوْءُ): برائی' بدکاری۔ کہتے ہیں: رَجُلُ سَوْءٍ وَعَمَلُ سَوْءٍ و رَجُلُ السَّوْءِ والرجلُ السوءُ۔
(۲) آگ (ج) اَسْوَاءٌ۔
(السُّوْءُ): ہر ناگوار چیز یا بات (۲) برائی۔ کہاوت ہے: (مَا اُنْكِرُكَ مِنْ سُوْءٍ) میں تم سے کسی عیب کی وجہ سے غفلت نہیں برت رہا ہوں بلکہ تعارف کی کمی اس کا سبب ہے (۲) ہر آفت و مرض۔ قرآن مجید میں ہے: {اَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوْءٍ} (ج) اَسْوَاءٌ۔
(السُّوْاٰی): تانیث الاسوأ (۲) بدی' برائی (۳) آگ۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاءُوا السُّوْآى}
(السَّوْآءُ): بری عادت (۲) بدصورت عورت۔ حدیث میں ہے: {سَوْآءُ وَلُوْدٌ خيرٌ مِن حسناء عقيم}
(السَّوْأَةُ): بے حیائی (۲) بدکار عورت (۳) ہر برا اور معیوب کام (۴) ستر' شرم گاہ۔
(السَّيِّئُ) و (السَّيِّي): برا معیوب' خراب' بدنما۔
(السَّيِّئَةُ): صغیرہ گناہ۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ} (۲) عیب و نقص۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ} (۳) گناہ' غلطی۔
(المَسَاءَةُ): غم و پریشانی نقیض المسرة۔
(المَسَاوِي): عیوب و نقائص' خرابیاں۔ ایک قول کے مطابق اس کا واحد نہیں آتا اور دوسرے قول کے مطابق اس کا واحد خلاف قیاس سُوْءٌ ہے۔ کہاوت ہے: (الخيلُ تجري على مساويها) گھوڑے معیوب ہونے کے باوجود خوب دوڑتے ہیں اس شخص کے بارے میں جو عیب دار ہونے کے باوجود نفع رساں ہو۔
(السُّوْبَةُ): دور دراز کا سفر۔
(السُّوْبِيَةُ): اہل مصر کا ایک مشروب جو چاول اور شکر سے بنایا جاتا ہے۔
(سَاجَ)(ن) سَوْجًا و سُوَاجًا و سَوَجَانًا: آنا جانا (۲) رینگ کر چلنا' آہستہ چلنا۔
— الحائكُ النسيجَ بِالْمِسْوَجَةِ سَوْجًا: جولاہے کا کپڑا بننے کے دوران اس پر برش پھیرنا۔
(سَوَّجَ)عَلَى البُسْتَانِ وغيرِه: باغ وغیرہ پر باڑ لگانا۔
(السَّاجُ): ساگوان کا درخت (ج) سيجانٌ۔
(السَّاجَةُ): ساج کا واحد' ساگوان کی ایک لکڑی (۲) ایک کی طرح شال۔
(السُّوْجُ): مٹی کو پکا کر بنایا ہوا ایک مالا۔
(السِّيَاجُ): باڑ' چہار دیواری' احاطہ۔ تاروں یا اینٹوں سے بنائی ہوئی باڑ (ج) اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔
(المِسْوَجَة): کپڑا بننے والے کا برتن جسے وہ کپڑوں پر پھیرتا ہے (۲) آب پاشی۔

(السَّاحَةُ): وسیع و کشادہ جگہ (۲) صحن' گھروں کے درمیان کھلی جگہ۔ کہتے ہیں: نَزَلَ بِسَاحَةِ فلانٍ: وہ فلاں کے پاس یعنی اس کے گھر میں مقیم ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ}

— هو برئُ السَّاحَةِ: وہ گناہ سے پاک ہے (ج) سَاحٌ وسُوحٌ۔

— اِحْمَرَّ اللُّوحُ و اغْبَرَّتِ السُّوحُ: قحط پڑ گیا۔

(سَاخَتْ)(ن) قوائمُه سَوْخًا و سُيُوخًا و سُؤُوخًا و سَوَخَانًا: پیروں کا زمین میں دھنسنا۔ ساخَتْ قوائمُه في الارض بھی کہتے ہیں۔

— الارضُ بِهِمْ: زمین کا اپنے اندر کسی کو دھنسانا۔

(أَسَاخَهُ): دھنسا دینا۔

(تَسَوَّخَ) فِي الطِّينِ: کیچڑ میں دھنسنا۔

(السُّوَاخُ): کیچڑ' دلدل۔ کہتے ہیں: مُطِرْنَا حَتّٰى صَارَتِ الارضُ سُوَاخًا: ہمارے ہاں اتنی بارش ہوئی کہ زمین میں دلدل ہوگئی۔

(سَادَ)(ن) سِيَادَةً و سُودَدًا و سُؤْدُدًا: عظمت اور شان وشوکت والا ہونا (۲) سردار اور صاحب اقتدار ہونا' حکمران ہونا۔

— قومَه او غيرَهم: سردار بننا' حکمرانی کرنا۔

— غَيْرَهُ: کسی سے آگے نکلنا' کسی کو پیچھے چھوڑنا۔

— فُلَانًا: کسی پر بالادستی حاصل کرنا (۲) کسی سے راز کی بات کہنا۔

(سَوِدَ)(س) سَوَدًا: سیاہ فام ہونا' کوئلہ جیسا ہونا ھو اَسْوَدُ وھی سوداءُ (ج) سُوْدٌ۔

(أَسَادَ) و (أَسْوَدَ): کسی کے ہاں کالا بچہ ہونا (۲) بلند رتبہ لڑکا پیدا ہونا۔

(سَاوَدَهُ) مُسَاوَدَةً و سِوَادًا: حیثیت وعزت میں مقابلہ کرنا (۲) کسی سے رات کی تاریکی میں ملاقات کرنا (۳) رازدارانہ بات کرنا (۴) کسی کے ساتھ مکر وفریب کرنا۔

— الماشِيَةُ النَّبَاتَ: جانور کا گھاس کھانے کی کوشش کرنا لیکن وہاں تک نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ کھا سکنا۔

(سَوَّدَ): جراتمند ودلیر ہونا۔

— الشيئَ: کالا کرنا۔

— الكِتَابَ: مسودہ بنانا۔

— فُلَانًا: سردار بنانا۔ سَوَّدَهُ عليهم بھی کہتے ہیں۔

(اِسْتَادَ) القومُ: لوگوں کا اپنے سردار کو قتل کرنا (۲) سردار کے پاس اس کی لڑکی کے رشتہ کا پیغام بھیجنا۔

— القومَ بَنِي فلانٍ: لوگوں کا کسی قبیلہ کے سردار کو مار ڈالنا یا اسے قید کرنا یا اس کی لڑکی کا رشتہ مانگنا۔

— القومَ وَفِيْهِمْ: لوگوں میں کسی معزز خاتون سے پیغام نکاح دینا' یا اس کی بیویوں میں سے کسی سے شادی کرنا۔

— قَوْمَه ونَحْوَهُمْ: سردار بننا۔

(تَسَوَّدَ): شادی کرنا۔

(اِسْوَادَّ): آہستہ آہستہ کالا ہونا۔

(اِسْوَدَّ): بتدریج کالا ہونا۔

— وجهُه مِنْ كذا: چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

(الأَسْوَدُ): کالا' سیاہ' نقیض ابیض' عرب گہرے سبز رنگ کو بھی اَسْوَد کہتے ہیں۔

— أَسْوَدُ الكَبِدِ: دشمن (ج) سُوْدُ الاكبادِ
الغَنَمُ سُوْدُ البُطُوْنِ: بکریاں کمزور ہیں۔

— مِنَ القَلْبِ: دل کا نقطہ۔

— مِنَ السِّهَامِ: مبارک تیر جس سے نیک فال لی جائے (۲) چڑیا (ج) سُوْدٌ و سُوْدَانٌ (۳) بڑا سانپ (۴) زہریلا اور خطرناک سانپ۔ اسے اَسْوَدُ سَالِخٌ بھی کہتے ہیں' کیونکہ وہ ہر سال کینچلی اتار دیتا ہے۔ (ج) أَسَاوِدُ (۵) بڑا سردار۔ کہتے ہیں: هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فلانٍ۔

(الأَسْوَدَانِ): سیاہ پتھریلی زمین اور رات، (۲) سانپ اور بچھو (۳) کھجور اور پانی (۴) پانی اور دودھ۔

(الأَسْوَدَةُ): بڑا کالا سانپ۔

(السَّوَادُ): سیاہی (۲) وجود' شخص' ذات' کہتے ہیں: لا يفارقُ سَوَادِي سَوَادَهُ: میری ذات اس کی ذات سے الگ نہ ہوگی۔ یعنی میں اس سے جدا نہ ہوں گا۔ لا يُزَايِلُ سَوَادِي بَيَاضَكَ حدیث میں ہے: (اذا رأى احدكم سَوادًا بليل فلا يكن اَجْبَنَ السَّوَادَيْنِ فَإِنَّهُ يَخَافُكَ كَمَا تَخَافُهُ (۲) دل کا نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) جگر (۵) درختوں اور پودوں وغیرہ کا جھنڈ (۶) سرکاری لباس۔ کہتے ہیں: جَاءَ الوزيرُ وعليه سَوَادُهُ (۷) شہر سے متصل دیہات اور آبادیاں۔ کہتے ہیں: خرجوا اِلٰى سَوَادِ المَدِيْنَةِ (۸) فوج کا جنگی ساز وسامان (۹) باعظمت لوگ (۱۰) زیادہ مال۔ کہتے ہیں: لفلانٍ سوادٌ مِنَ الماشِيَةِ والمزارع (ج) أَسْوِدَةٌ (جج) أَسَاوِدُ۔

— سوادُ العراقِ: بصرہ اور کوفہ کے درمیان کی آبادیاں اور دیہات۔

(السُّوَادُ): راز دارانہ گفتگو (۲) کھجور کھانے کی کثرت سے پیدا ہونے والی جگر کی بیماری، (۳) بکریوں میں ایک بیماری جس سے گوشت سیاہ ہو کر وہ مر جاتی ہے (۴) رنگ کی زردی (۵) ناخن کی سبزی (۶) گیہوں اور جو کو لگنے والی ایک بیماری جس سے دانے سیاہ ہوتے ہیں۔

(السِّوَادُ): باہم سرگوشی۔

(السَّوْدُ): سیاہ پتھروں والی ہموار زمین جس میں کوئی کان ہو۔ سَوْدَةٌ: مذکورہ زمین کا ایک ٹکڑا۔

(السَّوْدَاءُ): کالی' مؤنث ع ف (۲) اخلاط اربعہ (خون' بلغم' سوداء، صفراء) میں سے ایک جن سے جسم انسانی کا وجود اور مضبوطی ہوتی ہے اور جسم کی صحت وسلامتی کا دارو مدار ان کے بناؤ بگاڑ پر موقوف ہوتا ہے (ج) سُوْدٌ۔

— الحَبَّةُ السَّوْدَاءُ: کلونجی۔ کہاوت ہے: كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ عَلَيَّ سَوْدَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ: میں اس سے بولا تو اس نے مجھے نہ اچھا جواب دیا اور نہ

برا۔

(السُّوْدَانُ): اَسْوَدُ کی جمع (۲) کالے رنگ کے لوگوں کی ایک نسل۔ واحد: سودانیٌّ (۳) سوڈانیوں کا ملک۔

(السُّوْدَدُ) و (السُّوْدُد): سرداری، بڑائی، عظمت۔

(السُّوَیْدَاءُ): تصغیر السَّوْدَاء (۲) دل کا سیاہ نقطہ۔

(السَّیِّدُ): مالک (۲) بادشاہ (۳) آقا جس کے پاس غلام اور نوکر چاکر ہوں (۴) بڑی جماعت کا منتظم (۵) ہر واجب الاطاعت شخص (۶) نبی کریم علیہ السلام کی نسل یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے تعلق رکھنے والا ہر فرد (مو) موجودہ زمانہ میں توسعاً ہر معزز شخص کے لئے مستعمل ہے (۷) ہر چیز کا اعلیٰ و باعظمت حصہ۔ جیسے: القرآنُ سَیِّدُ الکلامِ (ج) سَادَۃٌ وَسَیَائِدُ۔

(المَسْوَدَۃُ): مَاءٌ مَسْوَدَۃٌ: وہ پانی جسے پی کر پینے والے کے جگر میں درد ہو (ج) مَسَاوِدُ۔

(المُسَوَّدُ): سالم اونٹنی کو بھون کر کھایا جانے والا کھانا۔

(المُسَوَّدَۃُ): ابتدائی تحریر جس میں کاٹ تراش کی جائے۔ رف کاپی، مسودہ۔

(السَّوْذَقُ): شکرا یا باز (مع) (ج) سَوَاذِقُ۔

(سَوْذَلَ) فلانٌ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔

(السَّوْذَلُ): مونچھ۔

(السَّوْذَنِیقُ): باز یا شکرا (مع)

(السَّوْذَاقُ): شکرا یا باز (۲) ہاتھ کے کنگن (۳) ہتھکڑی یا بیڑی کا کڑا (ج) سَوَاذِقُ۔

(السُّوْذَقُ): بمعنی السَّوْذَقُ۔

(السَّوْذَقِیُّ): سَوْذَق کی طرف منسوب (۲) چالاک و ہوشیار ھی سَوْذَقِیَّۃٌ۔

(سَارَ) (ن) سَوْرًا سَوْرَۃً: جوش میں آنا، اُچھل کود کرنا۔

—علیہ: حملہ کرنا (۲) غصہ ہونا۔

—الشُّجَاعُ فِی الحَرْبِ: جنگ میں بہادر آدمی کا زور دکھانا۔

—الشَّرَابُ فِی رَأْسِہٖ: شراب سے سر چکرانا۔

—الحَائِطَ وغیرَہٗ: دیوار پر چڑھنا، پھاندنا۔

س—سُرْ سُرْ: امر حاضر، بڑے کاموں کی انجام دہی پر اکسانے کے لئے تاکیداً مکرر بولا جاتا ہے یعنی آگے بڑھ ہمت کر۔

(سَاوَرَہٗ) مُسَاوَرَۃً و سِوَارًا: کسی پر حملہ آور ہونا (۲) لڑائی میں سر کو پکڑنا۔ کہتے ہیں: سَاوَرَتْہُ الْهُمُوْمُ: دماغ پر غم سوار ہونا۔ سَاوَرَتْہُ الأفکارُ و الهَوَاجِسُ: کسی کے دماغ پر افکار و خیالات کا ہجوم ہونا۔

(سَوَّرَہٗ): فصیل بنانا، چہار دیواری بنانا۔

—المَرْأَۃَ و نَحْوَهَا: عورت کو کنگن پہنانا۔

الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا، پھاندنا۔

—فلانًا: سردار و آقا بنانا (۲) راہ نما بنانا۔

(تَسَاوَرَ) لِلشَّیْءِ: خود کو اونچا کرنا، اوپر اُٹھانا۔

—الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

(تَسَوَّرَتِ) المَرْأَۃُ: کنگن پہننا۔

— الحائطَ او السورَ و غَیْرَهُمَا: چڑھنا، پھاندنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَهَلْ اَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ} (۳) حملہ آور ہونا۔

(الإِسْوَارُ): کنگن (ج) أَسْوِرَۃٌ (ج) أَسَاوِرُ و أَسَاوِرَۃٌ (۲) اہل فارس کا کمانڈر (۳) عمدہ نشانہ باز (۴) گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا (ج) أَسَاوِرُ و أَسَاوِرَۃٌ (مع)

(الأَسَاوِرَۃُ): قدیم زمانہ میں شہر بصرہ میں آکر بسنے والے عجمی لوگ۔

(السِّوَارُ): کنگن (ج) أَسْوِرَۃٌ و أَسَاوِرُ (مع)

(السُّوَارُ): کنگن (ج) أَسْوِرَۃٌ و أَسَاوِرُ۔

—سُوَارُ الخَمْرِ و نحوِها: شراب وغیرہ کی تیزی و نشہ۔ کہتے ہیں: أَخَذَہٗ سُوَارُ الفَرَحِ و نحوِہٖ: کسی پر خوشی وغیرہ کا نشہ سوار ہونا۔

(السُّوْرُ): چہار دیواری، احاطہ (ج) أَسْوَارٌ و سِیْرَانٌ (۲) عمدہ نسل کے اونٹ (اسم جنس) واحد: سورۃ (۳) طعامِ ضیافت۔ حدیث جابرؓ میں ہے: (ان النبی ﷺ قال لاصحابہ قوموا فقد صنع جابرٌ سُوْرًا)

(السَّوْرَۃُ): جوش، تیزی (۲) حملہ، چھلانگ (۳) عظمت و شرافت کی علامت و بلندی (۴) گرمی، سردی یا غصہ کی تیزی و سختی (۵) بادشاہ وغیرہ کا رعب و دبدبہ۔ کہتے ہیں: فُلَانٌ ذو سَوْرَۃٍ فِی الحَرْبِ: جنگ میں فلاں کی نظر درست ہے۔

(السُّوْرَۃُ): لمبی اور خوبصورت عمارت (۲) دیوار کا ایک ردہ (۳) عمارت کی ایک منزل (۴) قرآن مجید کی سورت (۵) بلند مرتبہ (۶) فضیلت و بڑائی (۷) عزت و شرافت (۸) نشانی (ج) سُوَرٌ و سُوْرٌ۔

(السَّوَّارُ): بہت پُر جوش، بہت تیز (۲) نشہ میں مست۔ شراب وغیرہ کے نشہ سے جس کا سر جلد چکرائے (۳) بہت حملہ کرنے والا (۴) لوگوں پر چڑھ دوڑنے والا کتا (۵) سر چکرا دینے والی باتیں۔ ھی سَوَّارَۃٌ۔

(المِسْوَرُ): چمڑے کا تکیہ (۲) تکیہ (ج) مَسَاوِرُ۔

(المِسْوَرَۃُ): بمعنی المِسْوَرُ (ج) مَسَاوِرُ۔

(المُسَوَّرُ): کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ (۲) بااختیار و با اقتدار بادشاہ۔

(سَاسَ) (ف ن) الحَبُّ و الخَشَبُ سَوْسًا: غلہ یا لکڑی کو گھن لگنا۔

— الشَّاۃُ: بکری کی اون میں جوئیں پیدا ہونا یا زیادہ ہونا۔

— النَّاسَ سِیَاسَۃً: لوگوں کے معاملات سنبھالنا اور ان کے لئے تدبیر و انتظام کرنا۔

— الدَّوَابَّ: جانوروں کو سدھانا، پرورش کرنا۔

— الأُمُوْرَ: معاملات چلانا، تدبیر و انتظام کرنا۔

ھو سَائِسٌ (ج) سَاسَۃٌ و سُوَّاسٌ۔

(سَوِسَ) (س) الحَبُّ و غَیْرُہٗ سَوَسًا: گھن

لگانا۔
— الحَيَوَانُ: جانور کو پیروں کی بیماری لگنا۔ هو اَسْوَسُ وهى سَوْسَاءُ (ج) سُوسٌ۔
(اَسَاسَ) الحَبُّ وغَيْرُهُ: کیڑا لگنا' گھن لگنا۔
— القومُ فُلانًا: اپنا قائد ومنتظم بنانا۔ نیز کہتے ہیں: اَسَاسُوا فُلانًا اُمُوْرَهُمْ۔
(سَوَّسَ) الحَبُّ وغَيْرُهُ: گھن لگنا۔ کہاوت ہے: سَوَّسَ عَظْمُهُ و دَوَّدَ لحمه من كذا: وہ فلاں بات کے غم میں ہلاک ہو گیا۔
— القومُ فلانًا: کسی کو اپنا قائد ومنتظم بنانا۔ نیز کہتے ہیں: سَوَّسُوهُ اُمُوْرَهُمْ۔
— فلانًا لِفُلانٍ اَمْرًا: کوئی کام کسی کے قابو میں کرنا۔
(اِسْتَاسَ) الحَبُّ وغَيْرُهُ: گھن لگنا۔
(تَسَوَّسَ): لازم سَوَّسَ۔
(السَّائِسُ): سائس' جانوروں کو سدھانے اور ان کی دیکھ بھال کرنے والا (ج) سَاسَةٌ و سُوَّاسٌ۔
(السَّاسُ): غلہ یا لکڑی اور کپڑے وغیرہ میں لگا ہوا کیڑا (۲) ہر کھائی ہوئی چیز (۳) کیڑا لگا ہوا دانت یا اس کا حصہ (۴) گھن (غلہ اور لکڑی میں لگنے والا کیڑا) (۵) دانت یا داڑھ کا کیڑا۔
(السَّاسَةُ): ساس کی جمع (۲) زمین یا غلہ یا کھانے کی چیز جسے کیڑے نے کھالیا ہو۔
(السَّوَاسُ): جھاؤ جیسا ایک درخت جس کی لکڑی سے چقماق بنائی جاتی ہے۔ واحد: سَوَاسَةٌ۔
(السُّوَاسُ): گھوڑے کی گردن کی ایک بیماری جو اسے لاغر کر دیتی ہے اور وہ مر جاتا ہے۔
(السَّوَسُ): جانوروں کے پیروں کی ایک بیماری (۲) سرین اور ران کے درمیان کی ایک بیماری جس سے ٹانگ کمزور ہو جاتی ہے۔
(السُّوسُ): سرسری (غلہ کو لگنے والا کیڑا) دانت یا ہڈی کا کیڑا۔ واحد: سُوسَةٌ۔
— سُوسُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر شے کو کھا جانے والا کیڑا' یا کوئی اور چیز۔ کہاوت ہے: كيف تكونُ الرَّعِيَّةُ مَسُوسَةً إذا كان رَاعيها سُوسَةً: رعیت کی پاسبانی کیسے ہو جبکہ اس کا نگہبان خود رعیت خور یا نقصان رساں ہو (۲) ملیٹھی (ایک بوٹی جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے) (۳) اصل (۴) مزاج وفطرت۔ کہتے ہیں: الكَرَمُ او اللُّؤْمُ مِنْ سُوسِهِ: عالی ظرفی یا کم ظرفی اس کی فطرت ہے۔
(السِّيَاسَةُ): (اقتصادیات کے مطابق) ملکی معاملات کی نگہداشت۔ حکمت عملی اور تدبیر سیاست۔ (مج)
(السَّوْسَنُ): ایک خوشبودار پودا۔
(سَاطَتْ) (ن) نَفْسُه ۔ سَوْطًا: جی متلانا۔
— الشيءَ سَوْطًا: کف گیر وغیرہ ملا کر چلانا۔
سَاطَ القِدْرَ و نحوَها: دیگچی وغیرہ میں کف گیر وغیرہ چلانا کہاوت ہے: سِيْطَ حُبُّكَ بِدَمِي ودَمِي: تیری محبت میرے خون میں ملی ہوئی ہے۔
— الأَمْرَ و نَحْوَهُ: خوب چھان بین کرنا اور غور کرنا۔
— الحَرْبَ و نَحْوَهَا: جنگ میں کود پڑنا' براہِ راست حصہ لینا۔
— الدَّابَّةَ و نَحْوَهَا: کوڑا مارنا۔
— فُلانًا: کسی پر کوڑا مار کر غالب آنا۔ کہتے ہیں: سَاوَطَنِي فَسُطْتُهُ: اس نے مجھے کوڑے سے روکا مگر میں اس پر غالب آ گیا۔
(سَاوَطَ) فُلانًا: کسی کا کوڑے سے مقابلہ کرنا۔
(سَوَّطَ) الكُرَّاثُ: کرات (پیاز نما ترکاری) پر پھل آنا۔
— الشيءَ: کف گیر وغیرہ ملا کر چلانا۔
— اَمْرَهُ اَوْ رَأْيَهُ او فيه: گڈمڈ اور پیچیدہ کرنا۔
— الحَرْبَ وَ نَحْوَهَا: لڑائی میں براہِ راست شریک ہونا۔
(اِسْتَوَطَ) الأَمْرُ: معاملہ کا گڈمڈ ہونا۔ اِستَوَطَ عليه الامرُ بھی کہتے ہیں۔
(السَّوْطُ): کوڑا' چابک (۲) گندنا (پیاز کی طرح تیز بو والی ایک ترکاری) کی شاخیں (۳) حصہ' قسمت' نصیب (۴) سختی' شدت۔ قرآن مجید میں ہے: {فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ} (۵) پانی جمع ہونے کی وجہ (۶) تالاب سے نکلا ہوا کوڑے کی شکل کا گدلا پانی وغیرہ (۷) دو بلندیوں کے درمیان پتلا راستہ (ج) اَسْوَاط و سِيَاط۔
— سَوْطٌ بَاطِلٌ: روشندان وغیرہ سے اندر آنے والے کوڑے کی طرح کی روشنی۔ کہتے ہیں: هُمَا يتعاطَيَانِ سَوْطًا واحِدًا: وہ دونوں ایک ہی معاملہ میں لگے ہوئے ہیں۔
(السَّوَّاطُ): کوڑا یا کوڑے والا (۲) کوڑا رکھنے والا سپاہی۔
(السُّوَيْطَاءُ): شوربا اور سوپ وغیرہ جس میں پانی' پیاز اور غلے وغیرہ خوب ملے ہوئے ہوں۔
(السَّوِيْطَةُ): مخلوط' مشترکہ۔ کہتے ہیں: اَمْوَالُهُمْ سَوِيْطَةٌ بينهم: ان کا مال ان کے درمیان مشترکہ ہے۔
(المِسْوَاطُ): چمچہ یا کفگیر وغیرہ جو ہانڈی میں چلایا جائے (۲) چند چیزوں کو باہم ملانے کا آلہ (۳) وہ گھوڑا جو بغیر چابک لگائے نہ چلتا ہو (ج) مَسَاوِيْط۔
(المِسْوَطُ): بمعنی المِسْوَاط (ج) مَسَاوِط۔
(المِسْيَاطُ): حوض وغیرہ میں بچا ہوا پانی (ج) مَسَايِيْط۔
(سَاعَ) (ن) الشيءُ سَوْعًا: ضائع ہو جانا (۲) ہلاک ہونا۔ ضَائِعٌ سَائِعٌ کہتے ہیں۔
— الإِبِلُ اَوِ الماشِيَةُ: چراگاہ میں جانا' یا بلا چرواہے کے چراگاہ میں گھومنا۔
(اَسَاعَ): ایک وقت سے دوسرے وقت میں منتقل ہونا (۲) تاخیر ہونا۔
— الشيءَ: نظر انداز کرنا' ضائع کرنا۔
— الماشِيَةَ: جانور کو آزاد چھوڑنا۔
(سَاوَعَهُ) مُسَاوَعَةً و سِوَاعًا: کسی سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کرنا۔

س

(السَّاغ): مشقت۔

(السَّاعَةُ): وقت و زمانہ کا ایک حصہ (خواہ قلیل ہی کیوں نہ ہو) (۲) ایک گھنٹہ (۳) گھڑی' وقت بتانے کا آلہ (۴) قیامت یا قیامت کا دن۔

—السَّاعَةُ الشمسِيَّةُ: دھوپ گھڑی (ج) سَاعٌ وسَوَاعٍ۔

—سَاعَةُ الغَفْلَةِ: مغرب وعشاء کے درمیان کا وقت۔

—سَاعَةٌ سَوْعَاءُ: سخت اور کٹھن وقت۔

— سَاعَةُ الصِّفرِ: فوجی اصطلاح میں جنگی کارروائی کے آغاز کا خفیہ وقت (مج)

(السُّوَاعُ): رات کا ابتدائی حصہ (۲) وقت۔

(سُوَاعٌ): ایک بت جو نوح علیہ السلام کی قوم میں پوجا جاتا تھا' پھر بنی ہذیل یا بنی ہمدان نے اسے اپنا معبود بنا کر اس کا حج کیا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلاَ تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا وَّلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا}

(السَّوْعُ) من اللَّيلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

(المِسْيَاعُ): بہت ضائع کرنے والا۔ کہتے ہیں: هُوَ مِسْيَاعٌ مِضْيَاعٌ (۲) بلا نگران چراگاہ میں جانے والی اونٹنی (ج) مَسَايِيعُ۔

(سَاغَ) (ن) الشيءُ ـُ سَوْغًا و سَوَاغًا: خوش گوار ہونا' آسان ہونا۔

—الشَّرَابُ و الطَّعَامُ فِي الحَلْقِ: بآسانی حلق سے کھانا اُترنا۔

— الشيءُ: جائز ہونا' مباح ہونا۔ هو سَائِغٌ و سَيِّغٌ۔

— الطعامَ اَو الشراب: بآسانی حلق سے اتارنا' مزے لے کر کھانا یا پینا۔

(اَسَاغَ) فلانٌ بفلانٍ: کسی کا کسی سے مفاد وابستہ ہونا۔

— الشيءَ: آسان کرنا' کھانے اور پانی وغیرہ کو خوشگوار بنانا۔ کہتے ہیں: أَسِغْ لِي غُصَّتِي: جلدی نہ کرو مجھے ذرا سانس لینے دو۔

(اَسْوَغَ اَخَاهُ): بھائی کے ساتھ یا اس کے بعد پیدا ہونا۔

(سَوَّغَ) الشيءَ: خوشگوار بنانا۔

—الأَمْرَ و نَحْوَهُ: جائز کرنا' مباح قرار دینا۔

—فلانًا مَا اَصَابَ: کسی کے لئے اس کے ہاتھ لگی چیز کو مباح قرار دینا۔

—له كَذَا: کسی کو کوئی چیز دینا۔

(اِسْتَسَاغَه): مزے سے کھانا اور پینا' بآسانی حلق سے اتارنا (۲) مزے دار اور خوشگوار سمجھنا۔

لا اَسْتَسِيغُ الطَّعَامَ او الكلامَ: مجھے یہ کھانا یا بات پسند نہیں۔

(الأَسْوَغُ): مزیدار' عمدہ۔

— شَرَابٌ أَسْوَغُ: شیریں اور خوش گوار مشروب۔

(التَّسْوِيْغُ) تسويغاتُ السلاطِينَ: بادشاہوں کی طرف سے مستحقین کو اپنے مطالبات و سہولت وصول کرنے کا دیا جانے والا اجازت نامہ (مو)

(السِّوَاغُ): وہ چیز جس کے ذریعہ حلق میں اٹکی ہوئی چیز نگلی جائے جیسے کہتے ہیں: الماءُ سِوَاغُ الغُصَصِ: پانی حلق میں پھنسی چیزوں کو نگلنے کا ذریعہ ہے (ج) أَسْوِغَةٌ۔

(السَّوْغُ): مطابق' ہم صفت' جیسے هٰذَا سَوْغُ هٰذَا: وہ اس جیسا ہے (۲) کسی کے بعد پیدا ہونے والا۔ جیسے فلانٌ سَوْغُ اَخِيهِ: وہ اپنے بھائی کے فوراً بعد پیدا ہوا ہے (مذکر و مؤنث) (ج) أَسْوَاغٌ۔

(السَّوْغَةُ): بمعنی السَّوْغُ: هو سَوْغَتُه وهي سَوْغَتُه (مذکر و مؤنث)

(المُسَوِّغَاتُ): مسوّغاتُ التَّعْيِيْنِ: تقرر کا جواز ثابت کرنے والے کاغذات' وہ سرکاری کاغذات جن کا ملازمت حاصل کرتے وقت اُمیدوار کو پیش کرنا ضروری ہے (محدثہ)

(سَافَتِ) (ف ن) الماشِيَةُ، سَوْفًا و سَوَافًا: مویشیوں کا بیماری لگنے سے مرجانا۔

—عليهِ۔ سَوْفًا: صبر کرنا۔

—الشَّيْءَ: سونگھنا۔

—السائفةَ: ریتلی زمین سے قریب ہونا۔

(أَسَافَ الرَّجلُ): کسی کے مویشیوں میں مہلک بیماری پھیلانا۔ هو مُسِيْفٌ۔ کہاوت ہے: (أَسَافَ حَتّٰى مَا يَتَشَكَّى السُّوافَ) اس پر اتنی مصیبتیں پڑیں کہ اب وہ ان کا شاکی نہ رہا۔

— الولدانِ: بچہ کا مر جانا۔ بچہ مُسَافٌ اور والد مُسِيْفٌ۔

—الخَرَّازُ: چمڑا سینے والے کا خراب و کمزور سلائی کرنا (جس سے ٹانکے ادھڑ جائیں)

—الخَرْزَ: کمزور سلائی کرنا۔

—فلانًا و غيرَهُ: ہلاک کرنا (۲) کسی کا مال برباد کرنا۔

—فلانًا رِيحًا و غيرَهُ: سونگھانا۔

(سَاوَفَ) فلانًا: کسی سے سرگوشی کرنا (۲) کسی سے سونگھنے میں مقابلہ کرنا (۳) ٹال مٹول کرنا۔

(سَوَّفَ) فلانٌ: صبر کرنا (۲) ٹال مٹول کرنا۔

—فلانًا: کسی سے ٹال مٹول کرنا۔

—الأَمْرَ: کسی کام کو ٹالنا (۲) یہ کہنا کہ عنقریب کروں گا۔ سَوَّفَ بِه بھی کہتے ہیں۔

—فلانًا أَمْرَهُ: کسی کو اس کے معاملہ میں مختارِ کل بنا دینا۔

(اِسْتَافَهُ): سونگھنا۔ جیسے شاعر کا قول:

"اذا الدليل استاف اخلاق الطُّرُقُ"

—المسافَةَ: مسافت طے کرنا۔

جیسے شاعر کا قول ہے:

فانّي لمستاف البلادِ بسرعة
فمبلغ نفسی عذرها او مطوّف

(السَّائِفَةُ): ریتلی زمین (۲) ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین (ج) سوائِفُ۔

(السَّافُ): دیوار وغیرہ کی چنائی کا ردہ' اینٹوں یا پتھروں کی ایک تہہ۔ اسے مِدْمَاكٌ بھی کہتے ہیں۔ (ج) أُسُفٌ (۲) ہوا کے ساتھ اُڑنے والا گرد و غبار۔ واحد: سَافَةٌ۔

(السَّوَافُ): اونٹوں میں پھیلنے والی ایک وبائی

بیماری۔
(السَّوْفُ): صبر وبرداشت (۲) ٹال مٹول۔ کہتے ہیں: فلان يقتاتُ السَّوْفَ: فلاں آدمی امیدوں کے سہارے جیتا ہے۔ ایسے ہی وَمَا قُوْتُه اِلاَّ السَّوْفُ۔
(سَوْفَ): مبنی بر فتحہ فعل مضارع پر داخل ہو کر مستقبل کے لئے خاص کر دیتا ہے اور اس کے اور فعل کے درمیان کوئی فصل نہیں ہوتا' اس کا اکثر استعمال افعالِ وعید کے لئے ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: { كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ } زمانہ حال کے مقابلہ میں زمانہ مستقبل زیادہ وسیع ہے اور اس وسیع زمانہ میں فعل کا ایک وقفہ سے دوسرے وقفہ تک مؤخر ہوئے رہنا بھی اس لفظ سے سمجھا جاتا ہے جو اس مادہ کی حقیقت ہے (۲) کبھی یہ وعدہ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى}۔
(السِّيْفَةُ): دوری' فاصلہ' مسافت۔ کہتے ہیں: كَمْ سِيْفَةُ هٰذِهِ الارضِ يقال بَيْنَنَا سِيْفَةُ عِشْرِين يومًا۔
(المَسَافُ): فاصلہ' بعد (۲) ناک۔
(المَسَافَةُ): فاصلہ' رقبہ' مسافت۔ مقدار اور رقبہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے کبھی زمان میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مَسَافَةُ يَوْمٍ او شهرٍ: یعنی زمین کی اتنی دوری جس کو طے کرنے میں ایک مہینہ یا ایک دن لگ جائے (ج) مَسَاوِفُ (۲) علم ریاضی اور ہندسہ کے مطابق قبا اور مرکز قوت کے درمیان کی دوری (مج)
(سَاقَ) (ن) المَرِيْضُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا: نزع کی حالت میں ہونا۔ کہتے ہیں: رَأَيْتُ فُلاَنًا يَسُوْقُ: نیز کہتے ہیں: سَاقَ المَرِيْضُ بنفسه و نَفْسَه: بیمار کا آخری سانس لینا۔ هو سَائِقٌ و سَوَّاق۔
— فُلاَنًا: کسی کی پنڈلی پر مارنا (۲) ہانکنا' چلانا' چلنے پر اکسانا۔
— اللهُ اليه خيرًا و نحوَهُ: اللہ کی جانب سے خیر کا میسر ہونا۔
— الريحُ التُّرَابَ او السَحَابَ: ہوا کا مٹی یا بادلوں کو اڑانا۔
— الحَدِيْثَ: تسلسل کے ساتھ بات کرنا۔
— الحَدِيْثَ إِلٰى فلانٍ: بات کا رخ کسی کی طرف موڑنا۔
— المَهْرَ إِلَى المَرْأَةِ: عورت کا مہر بھیجنا۔
(سَوِقَ) (س) سَوَقًا: موٹی پنڈلی والا ہونا۔ هو اَسْوَقُ وهي سَوْقَاءُ (ج) سُوْقٌ۔
(اَسَاقَه): ہانکنا۔
— فُلاَنًا مَاشِيَةً: کسی سے مویشی ہانکنے کو کہنا (۲) مویشی کا مالک بنا دینا۔
(سَاوَقَه): جانوروں کا ہانکنے یا گاڑی وغیرہ چلانے میں کسی سے مقابلہ کرنا (۲) کسی سے سختی اور تیزی میں مقابلہ کرنا (۳) ساتھ مل کر ہانکنا (۴) ساتھ ساتھ چلنا۔
(سَوَّقَ) النَّبْتُ او الشَّجَرُ: درخت یا پودے کا تنا دار ہونا۔
— الحيوانَ و غَيْرَهُ: ہانکنا۔
— فلانًا اَمْرَهُ و نَحْوَهُ: کسی کو کسی معاملہ وغیرہ کا مالک و مختار بنانا۔
— البِضَاعَةَ: سامان کے لئے بازار تلاش کرنا۔ سامان کو خرید و فروخت کیلئے بازار میں لانا (محدثہ)
(اِسْتَاقَهُ): بمعنی سَاقَه۔
(اِنْسَاقَ): لازم سَاقَ (۲) کسی کے پیچھے چلنا (۳) تابع ہونا' مطیع ہونا۔
— الحَبْلُ و نَحْوُهُ: لمبائی میں جھکا ہوا ہونا۔
(تَسَاوَقَتِ) الماشِيَةُ و نَحْوُهَا: جانوروں کا ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔
— الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا ہم آہنگ و یکساں ہونا۔
— القومُ: باہم فخر کرنا۔ ہانکنے میں مقابلہ کرنا۔
(تَسَوَّقَ): خرید و فروخت کرنا۔
— القومُ: بازار بنانا' مارکیٹ بنانا۔
(السَّائِقُ): ڈرائیور' کپتان' پائلٹ وغیرہ (ج) سَاقَةٌ۔
(السَّاقُ): پنڈلی۔ قرآن مجید میں ہے: {فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْأَعْنَاقِ} درخت وغیرہ کا تنا جس پر شاخیں نکلتی ہیں۔ (۲) سُوْقٌ و سِيْقَانٌ و اَسْوُقٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ}
(۳) جان۔ (کنایۃً) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے جو حرب شراہ کے بارے میں ہے: لا بُدَّ لي من قتالِهِم و لو تلفت ساقِي۔ کہاوت ہے: (كَشَفَ عَنْ سَاقِهِ) معاملہ سنگین ہو گیا۔ قرآن مجید میں ہے: {يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ} (۵) علم ہندسہ میں ضلع (پہلو) کو کہتے ہیں۔
— قَرَعَ لِلاَمْرِ سَاقَهُ: تیار ہونا۔
— كَشَفَ الأمرُ عَنْ سَاقِهِ: کسی معاملہ کا سخت ہونا۔
— قامت الحربُ و نحوها على ساقٍ: جنگ کا سخت ہو جانا۔
— قَامَ فلانٌ على ساقٍ: دوڑ دھوپ کرنا۔
— بنى القومُ بيوتَهُمْ عَلٰى سَاقٍ واحدٍ: ایک قطار میں گھر بنانا۔
— ولدتِ المرأةُ ثلاثة ذكور على ساقٍ واحدٍ و ساقًا عَلٰى سَاقٍ: عورت کا یکے بعد دیگرے تین بچے جننا جن میں تمام نر ہوں مادہ کوئی نہ ہو۔
— سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔
(السَّاقَةُ) مِنَ الجَيْشِ: لشکر کا پچھلا حصہ۔
(السُّوْقُ): بازار' مارکیٹ' خرید و فروخت کی جگہ (مؤنث و مذکر)
— سوقُ القِتَالِ اَو العِرَاكِ اَو الحربِ: میدان کارزار (ج) اَسْوَاقُ۔
— السوق الرسمِيَّةُ: سرکاری بازار۔ جس کے نرخ سرکاری ہوں۔

— السُّوقُ المالِيّةُ: طویل المدت مالی معاملات کا بازار۔

— السوق الحُرَّةُ: آزاد مارکیٹ یا بازار جس میں ٹیکس وغیرہ نہ لگتا ہو۔

— السُّوقُ السَّوْدَاءُ: بلیک مارکیٹ۔ وہ بازار جس میں سرکاری نرخ بندی اور ضابطوں کے خلاف خرید وفروخت ہو (مج)

(السُّوْقَةُ): عوام، رعیت، پبلک (واحد وجمع) جیسے هو سُوْقَة وهم سُوْقَةٌ (ج) سُوَقٌ۔

(السُّوْقِيُّ): نسبة الى السوق، بازاری، بازار کا (۳) نسبة الى السوقة عام آدمی، رعیت کا آدمی۔ (شَيْءٌ سُوْقِيٌّ): معمولی چیز (محدثۃ)

(السَّوَّاقُ): ڈرائیور، کوچوان، پائلٹ، کپتان وغیرہ (۲) لمبی پنڈلی والا (۳) ستو بیچنے یا بنانے والا۔

(السُّوَّاقُ): لمبی پنڈلی والا (۲) تنے پر قائم درخت یا پودا (۳) کھجور کا شگوفہ جبکہ ایک بالشت کے برابر ہوجائے۔

(السَّوِيْقُ): ستو جو گندم اور جو کو کوٹ کر بنایا جاتا ہے (ج) أَسْوِقَةٌ۔

(السُّوَيْقَةُ): بازار، چھوٹا سا بازار۔

(السِّيَاقُ): عورت کا مہر۔

— سِيَاقُ الكَلامِ: کلام کا اسلوب و انداز، سلسلہ کلام (۲) حالت نزع۔ کہتے ہیں: هو فی السِّيَاق۔

(السَّيِّقُ): ہوا سے ہانکا یا اڑایا جانے والا بادل جس میں پانی ہو یا نہ ہو۔

(السَّيِّقَةُ): ہانکے جانے والے مویشی (۲) وہ جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ مقولہ ہے: (المرءُ و نحوهُ سَيِّقَةُ القَدَرِ) آدمی قضاء و قدر کے تابع ہے (مذکر، مؤنث) (۳) وہ اونٹ جس کے پیچھے شکاری چھپتا ہے (ج) سَيَائِقُ۔

(المِسْوَقُ): اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکاری شکار کرتا ہے (ج) مَسَاوِقُ۔

(المِسْوَقَةُ): چوپائے کو ہانکنے کا ڈنڈا (ج) مَسَاوِقُ۔

(سَاكَ) (ن) سَوْكًا و سِوَاكًا: نقاہت سے چلنا۔

— الشيءَ: رگڑنا، ملنا۔

— فَمَه و أسْنَانَه بالسِّوَاكِ: مسواک کرنا۔ دانتوں کو برش سے صاف کرنا۔

(سَوَّكَهُ): بمعنی سَاكَهُ۔

(اِسْتَاكَ): مسواک کرنا۔

(تَسَاوَكَ): کمزوری سے چلنا۔

— الماشيةُ: جانور کا کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

(تَسَوَّكَ): مسواک کرنا (۲) کمزوری سے چلنا۔

(السِّوَاكُ): مسواک، برش وغیرہ (ج) أَسْوِكَةٌ و سُوُكٌ۔

(المِسْوَاكُ): مسواک، برش وغیرہ (ج) مَسَاوِيك۔

(سَالَ) (ف) فلانٌ سُوَالاً: (دیکھئے: سَأَلَ)

(سَوِلَ) (س) سَوَلاً و سَوْلَةً: بدن کا ڈھیلا ہونا۔

— البطنُ: پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

— فلانٌ: لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ هو أَسْوَلُ وهي سَوْلَاءُ (ج) سُوْلٌ۔

(سَوَّلَ) لَهُ الشَّرَّ: بدی کو مزین کرنا اور اس پر اکسانا۔ کہتے ہیں: سَوَّلَتْ لَه نَفْسُه كَذَا و سَوَّلَ لَهُ الشيطانُ كذا اور کہتے ہیں: هذا من تسويلاتِ الشيطان: یہ شیطان کی فریب کاریوں میں سے ہے۔

(تَسَوَّلَ): ڈھیلا ہونا (۲) مانگنا، خیرات مانگنا (مو)

(السُّوالُ): (دیکھئے: سَأَلَ)

(السُّوْلُ): (دیکھئے: سَأَلَ)

(السُّوْلَارُ): پٹرول سے نکالا ہوا سیال تیل جو بمقابلہ ڈیزل ہلکا ہوتا ہے (مج)

(السَّوْلَعُ): (دیکھئے: سلع)

(سَامَ) (ن) سَوْمًا و سَوَامًا: منہ اٹھا کر ادھر ادھر جانا (۲) کسی چیز کی تلاش میں نکلنا۔

— الماشِيَةُ: جانور کا آزادی سے چرنا، (۲) جانور کا گھاس کھاتے رہنا۔

— الطيرُ عَلَى الشيءِ: پرندہ کا کسی چیز پر منڈلانا۔

— الإبلُ و الرِّيحُ وغَيْرُهَا: تیزی یا سکون سے چلنا۔

— الشيءَ: کسی چیز کے ساتھ چمٹے رہنا۔

— الإبلَ و نحوَهَا فِي المَرْعَى: اونٹوں وغیرہ کو چرنے کے لئے چراگاہ میں چھوڑ دینا۔

— الانسانَ و نَحْوَهُ ذُلاًّ أَوْ خَسْفًا أَوْ هوانًا: کسی کے ساتھ ذلت وحقارت کا برتاؤ کرنا۔

— فلانًا الامرَ: لازم کرنا، مکلف کرنا، پابند کرنا۔

— البائعُ السّلعةَ وبها سَوْمًا و سُوَامًا: سودا دکھا کر اس کا بھاؤ بتانا۔

— المشتري السلعةَ وبها: گاہک کا سامان کے لئے بھاؤ تاؤ کرنا۔ حدیث میں ہے: لا يَسُوْمُ أَحَدُكُمْ عَلَى سَوْمِ أَخِيْهِ کہتے ہیں: سُمْتُ فلانًا بِسِلْعَتِي: میں نے فلاں سے اپنا سودا بیچنے کی بات کی یعنی میں نے اس سے کہا کہ تم میرا سامان اتنے میں لینا چاہو گے؟ نیز کہتے ہیں: سُمْتُكَ بَعِيْرَكَ سِيْمَةً حَسَنَةً: میں نے تم سے تمہارے اونٹ کا زیادہ قیمت پر سودا کیا ہے۔

— الماشيةَ على الحوض ونحوه: مویشی کو پانی پلانے کے تالاب یا حوض پر لانا۔

(أَسَامَ) المَاشِيَةَ: جانور کو پانی پلانے کے لئے حوض پر لانا یا چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

— اليه ببصره: کسی پر نگاہ ڈالنا۔

(سَاوَمَه) مُسَاوَمَةً و سِوَامًا: سودا کرنا، بھاؤ تاؤ کرنا۔

— البائعُ بالسِّلْعَةِ: سامان کی قیمت بڑھانا۔

(سَوَّمَ) المَاشِيَةَ: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا یا پانی پینے کے لئے حوض پر لانا۔

— الخيلَ: گھوڑوں کو مع سوار بھیجنا۔

س

—فُلانًا: کسی کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔
—فلانًا فی مَالِہٖ: کسی کو اس کے مال میں تصرف عطا کرنا۔
—فلانًا الامرَ: لازم کرنا، پابند کرنا۔
—علی القومِ: حملہ کر کے لوگوں میں فساد برپا کرنا۔
—الشیَٔ: نشان لگانا، خاص نشان لگانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ}
(اِسْتَامَتِ) المَاشِیَةُ: مویشی کا جہاں چاہے چرنا (۲) گھاس کھاتے رہنا۔
— البائعُ بِالسِّلْعَةِ و عَلَیْهَا: سودے کی قیمت بڑھا کر بتانا۔
—المُشتری مِن البَائعِ بِسِلْعَتِہٖ: گاہک کا سامان کی قیمت لگانا۔
—فُلانًا السلعةَ و عَلَیْهَا: کسی سے سودا کرنا، بھاؤ طے کرنا۔
(تَسَاوَمَا) السلعةَ و فیها: سامان پر بائع اور مشتری کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
(تَسَوَّمَ) فلانٌ: امتیازی علامت یا نشان مقرر کرنا۔
(السَّائِمَةُ): چراگاہ میں چرنے والا مویشی (ج) سوائِمُ۔
(السَّامُ): موت (۲) سونا (۳) پتھر یا کان میں سونے یا چاندی کی شاخیں (۴) سونے یا چاندی کی ڈھلی ہوئی تختی (۵) بید (ایک لکڑی)۔ واحد: سامةٌ۔
(السَّامِیُّ): حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی اولاد، سامی خاندان کا۔ (لغةٌ سَامیةٌ): سامی زبان۔ (جنسٌ سَامِیٌّ): سامی نسل۔
(السُّوْمَةُ): علامت، نشانی (۲) قیمت۔ کہتے ہیں: اِنَّہٗ لغالی السُّوْمَةِ۔
(السِّیْمَةُ): بمعنی السُّوْمَةُ۔
(السِّیْمَا): نشانی، علامت۔ قرآن مجید میں ہے: {سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ}

(السِّیْمَاءُ) و (اَلسِّیْمِیَاءُ): نشانی، علامت۔
(سَوِیَ) (س) الرَّجُلُ سِوًی: درست کار و باکردار ہونا۔
(اَسْوٰی): درست اور مناسب ہونا۔
—فلانٌ: درست کار و باکردار ہونا (۲) شفایاب ہونا (۳) بھول جانا (۴) برا کام کرنا (۵) غلطی کرنا (۶) رسوا ہونا (۷) وجود میں لانا (۸) برص میں مبتلا ہونا۔
—الشیَٔ: برابر اور سیدھا کرنا (۲) چھوڑ دینا۔
—الشیَٔ بالشیِٔ: برابر کرنا۔
(سَاوَاہُ): برابر و ہم پلہ ہونا۔ کہتے ہیں: سَاوٰی فلانٌ قِرْنَه وبہٖ فی العِلْمِ وغیرِہٖ: علم وغیرہ میں کسی کے برابر ہونا۔
—هٰذَا بِذَاكَ: اس کا درجہ بڑھا کر اس کے برابر کر دیا۔
—بینَهُمَا: دو چیزوں کو یکساں کرنا۔
(سَوَّی) الشیَٔ: سیدھا و برابر کرنا، ٹھیک کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {اَلَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ}
—بینَهُمَا: دو چیزوں کو یکساں بنانا۔
—الطعامَ و نَحْوَہٗ: کھانا تیار کرنا۔
—سُوِّیَتْ علیہ الارضُ وبہٖ: ہلاک ہو گیا۔ قرآن مجید میں ہے: {یَوْمَئِذٍ یَّوَدُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰی بِهِمُ الْاَرْضُ}
(اِسْتَوٰی): سیدھا اور درست ہونا۔
—الشَّیْئَانِ: باہم برابر ہونا۔
—فلانٌ: مکمل جوان ہونا۔
—الطعامُ و نحوُہٗ: کھانا پک جانا۔
—الارضُ: زمین کا بنجر ہونا۔
—بہ الاَرْضُ: ہلاک ہونا۔
—علی کذا اَو فوقَہ: چڑھنا (۲) قرار پکڑنا، جم جانا۔
—علیہ: مالک بننا، مستحکم ہونا۔ جیسے استوٰی سَرِیْرُ الملكِ اَوْ عَلَی الْعَرْشِ: تخت نشین ہونا۔
—الیہ: سیدھا رخ کرنا۔
(تَسَاوَیَا) فِی کَذَا: برابر و یکساں ہونا۔
(تَسَوّٰی): لازم سَوَّاہُ۔
—بہٖ الارضُ: ہلاک ہونا۔
(الاِسْتِوَاءُ) خَطُّ الاستِوَاءِ: (دیکھئے: خط)
(السِّوٰی): برابری، یکسانیت (۲) ارادہ، مقصد (۳) کسی چیز کا درمیان (۴) کسی چیز کا غیر (۵) بدل (ج) اَسواءٌ۔
(السَّوَاءُ): بمعنی السِّوٰی (۲) مثل، نظیر، (۳) سیدھا، مستوی (ج) اَسْوَاءٌ۔
—مکانٌ سَوَاءٌ: برابر جگہ۔
—ثَوْبٌ سَوَاءٌ: ہموار کپڑا جس کے طول و عرض اور اجزاء برابر ہوں۔
—رجلٌ سَوَاءُ البَطْنِ: وہ آدمی جس کا پیٹ سینے کے برابر ہو۔
سواءُ القدمِ: ہموار پیر والا۔
—مِنَ الجَبَلِ و نحوِہٖ: پہاڑ وغیرہ کی چوٹی۔
—من النهارِ و نحوِہٖ: دن کا وسط (۲) دن کی وسعت۔
—لیلةُ السَّوَاءِ: قمری مہینہ کی چودھویں رات۔
—مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سواءٍ والعدمُ: میں ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرا جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔
(السَّوَاءُ) من الاَرضِ: وہ زمین جس کی مٹی ریت جیسی ہو (۲) ہموار نرم زمین۔
(السَّوِیُّ): برابر، ہموار، معتدل، ٹھیک و درست (۲) معمولی (۳) وسط، درمیان۔
(السَّوِیَّةُ): اعتدال، برابری (۲) انصاف (۳) اونٹ کے کوہان پر ڈالا جانے والا کپڑا (ج) سَوَایَا۔
(السِّیُّ): مثال، نظیر، مماثل، یکساں (مذکر و مؤنث) کہتے ہیں: هو سِیُّكَ وهی سِیُّكَ وهم سِیٌّ وهٰذا سِیَّانِ (۲) برابر، سیدھا، معتدل (۳) بیابان (ج) اَسْوَاءٌ۔

(سِيَّمَا) لا سِيَّمَا: خاص طور پر (برائے استثناء) جیسے: أتْقَنَ فلانٌ العلومَ العربيةَ ولا سِيَّمَا النَّحْوَ۔

(المُسْتَوِيْ): سیدھا، سطح معیار۔

س............ی

(سَيَّأَتِ) الناقةُ: اونٹنی کا بغیر دودھ دوہے دودھ بہانا۔

—فلانٌ النَّاقَةَ و نَحْوَهَا: اونٹنی وغیرہ کا دودھ نکالنا۔

(انْسَيَأَ) اللَّبَنُ مِنَ الضَّرْعِ: دودھ کا بغیر دوہے نکالنا۔

(تَسَيَّأَتِ) النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: بغیر دوہے دودھ بہانا۔

—الأُمُوْرُ و نحوُهَا: گڈمڈ ہونا، ملتبس ہونا۔

— فلان لِيْ لِشَيْئٍ قليلٍ: کوئی چیز دینا، عطا کرنا۔

—فلانٌ بحقِّيْ: پہلے انکار کے بعد اقرار کرنا۔

—فلانٌ النَّاقَةَ و نحوهَا: اونٹنی کا دودھ نکالنا۔

(السَّيْءُ) و (السِيْءُ): دودھ دھونے سے پہلے تھن سے نکلنے والا دودھ۔

(السَّيَّاءُ): کفن فروش۔

(سَابَ) (ض) سَيْبًا و سَيَبَانًا: جہاں چاہنا چلے جانا۔

—فلانٌ فِيْ كلامِهٖ: بغیر سوچے سمجھے بولنا۔

(سَيَّبَهٗ): جانے کے لئے چھوڑ دینا، بہنے دینا۔

(انْسَابَ): بمعنی ساب۔

—نَحْوَ كذا: کسی جگہ لوٹنا۔

(الإِسَابَةُ): (علم کیمیاء کے مطابق) وہ عمل جس سے ٹھوس جسم سیال بن جاتا ہے یا گیس بن جاتا ہے۔

(السَّائِبَةُ): چھوڑی ہوئی اونٹنی جو زمانۂ جاہلیت میں کسی منت وغیرہ کی وجہ سے آزاد چھوڑی جاتی تھی۔ قرآن مجید میں ہے: {مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَائِبَةٍ وَّلَا وَصِيلَةٍ وَّلَا حَامٍ} (۲) وہ اونٹ جس کے بہت سے بچے پیدا ہو جاتے تھے تو آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا نہ اس پر سواری کی جاتی تھی اور نہ سامان لادا جاتا تھا (۳) وہ غلام جس پر آزاد کرنے والے کا کوئی حق باقی نہ رہے (ج) سَوَائِبُ وَ سُيَّبٌ۔

(السَّيَابُ): ہری خام کھجور۔

(السَّيَابَةُ): ایک ہری خام کھجور (۲) شراب۔

(السَّيْبُ): ہر بہنے والی اور بغیر روک ٹوک چلنے والی چیز (۲) عطیہ، بخشش (۳) بھلائی (۴) نفل (۵) گھوڑے کی دم کے بال (۶) رواج، عرب، روایت (۷) زمانہ جاہلیت کا زمین میں دفن کیا ہوا خزانہ، مال (۸) کان، دھات (۹) چیو (ج) سُيُوب۔

(السِّيْبُ): پانی بہنے کی جگہ (۲) سیب (مع) سیبویہ اسی سے مشتق ہے یعنی سیب کی خوشبو (ج) سُيُوبٌ۔

(السُّيَّابُ): ہری خام کھجور۔ واحد: سُيَّابَةٌ۔

(السُّيُوبَةُ): علم کیمیاء میں جسم سیال کی صفت، سیال پن، کبھی لزوجت کے برعکس جسم کی سیلانی کیفیت کو بھی کہتے ہیں (مج)

(سَيَّجَ) كذا و عَلَيهِ: باڑ لگانا، احاطہ بنانا۔

— الحائِطَ بِالشَّوْكِ أَوْ بِالْأَسْلَاكِ الشَّائِكَةِ: دیوار پر کاٹنے یا خاردار تار لگانا۔

(السَّاجُ): (دیکھئے: سوج)

(السِّيَاجُ): (دیکھئے: سوج)

(السِّيْجَارُ): سگار (د)

(السِّيْجَارَةُ): سگریٹ (د)

(سَاحَ) (ض) الماءُ و نَحْوُهٗ سَيْحًا و سَيَحَانًا: پانی کا بہنا، چلنا۔

— فلانٌ فِي الارضِ سَيْحًا و سَيَحَانًا و سِيَاحَةً: سیاحت کرنا، چلنا پھرنا (۲) عبادت کے لئے زمین کے مختلف حصوں میں جانا (۳) مسجد میں رہنا (۴) ہمیشہ روزہ رکھنا۔

— الظِّلُّ: سایہ کا مغرب سے مشرق کی طرف لوٹنا۔ هو سَائِحٌ وَ سَيَّاحٌ۔

(أَسَاحَ) الفَرَسُ و نَحْوُهٗ بذنبِهٖ: دم کو ڈھیلا کرنا۔

— كذا: بہانا۔

— نَهْرًا و نَحْوَهٗ: نہر نکالنا (۲) نہر کا پانی چھوڑنا۔

(سَيَّحَ): زیادہ باتیں کرنا (۲) خوش گفتار ہونا۔

— كذا: بہانا، جاری کرنا (۲) خوشنما و دھاری دار بنانا۔

(انْسَاحَ): کشادہ ہونا، وسیع ہونا۔

— البَطْنُ: پیٹ کا بڑھ کر زمین کے قریب ہونا۔

— الماءُ: پانی کا زور سے چلنا۔

— الثَّوبُ و غَيْرُهٗ: کپڑے کا پھٹنا، یا جگہ جگہ سے پھٹنا۔

— الصُّبْحُ: صبح ہو جانا، صبح کی روشنی پھیل جانا۔

(السَّائِحُ): مسجد میں رہنے والا روزے دار، (۲) سیاح، ٹورسٹ (ج) سُيَّاحٌ۔

(السِّيَاحَةُ): سیاحت، معلوماتی یا تفریحی سفر، جہاں گردی۔

(السَّيْحُ): سطح زمین پر بہنے والا پانی (تسمیة بالمصدر) (۲) دھاری دار چادر (ج) أَسْيَاحٌ۔

(السَّيَّاحُ): سیاح، بکثرت گھومنے پھرنے والا هی سيَّاحَةٌ۔

(المِسْيَاحُ): فسادی، چغل خور، اِدھر اُدھر چغلیاں لگاتے ہوئے پھرنے والا (ج) مَسَايِيحُ۔

(المَسِيْحُ): (دیکھئے: مسح)

(المُسَيَّحُ): دھاری دار ٹڈی (۲) جنگلی گدھا۔

(سَاخَتْ) (ض) قوائمُهٗ سَيْخًا و سَيَخَانًا: پیروں کا زمین میں دھنس جانا۔

— الأرضُ بِهِمْ: زمین کا کسی کو دھنسا دینا۔

(أَسَاخَ) الشيءَ: دھنسا دینا۔

(السِّيْخُ): سکھ، ہندوستان کا ایک مذہبی فرقہ، (۲) لوہے کی سیخ جس پر گوشت کے پارچے اور کباب بنائے جاتے ہیں (مج) اس کے لئے خالص عربی لفظ السَّفُّود ہے۔

(السِّيْدُ): بھیڑیا (ج) سِيدانٌ و هی سِيْدَةٌ۔

(السِّيْدَانَةُ): مادہ بھیڑیا (۲) بہادر عورت (ج) سِيْدَانٌ۔

(السِّيْدَاقُ): مضبوط تنے والا درخت اس کی لکڑی کی راکھ سے سوت کو سفید کیا جاتا ہے۔ واحد: سَيْدَاقَةٌ۔
(سَارَ)(ض) سَيْرًا و سِيْرَةً و تَسْيَارًا و مَسَارًا و مَسِيْرَةً: چلنا۔ کہتے ہیں: سِرْ عَنْكَ: بے پرواہ ہو اور تغافل برت' اصل اس طرح ہے: سِرْ وَدَعْ عَنْكَ الْمِراءَ والشَّكَّ: تو ہر شبہ سے بالاتر ہو کر چل۔
—الكلامُ او المثَلُ و نَحْوُهُ: مشہور ہونا' پھیلنا۔ هو سَائِرٌ و سَيَّارٌ ۔ کہاوت ہے: (أسَائِرٌ اليومُ وقد زال الظهرُ) یعنی اب جبکہ دوپہر ڈھل گیا سارا دن چلے گا۔ مایوسی کے وقت کہا جاتا ہے۔
—الشيءَ وبه: مشہور کرنا' چلانا۔
—الدابَّةَ و نحوَها: سوار ہونا۔
—السُّنَّةَ او السِّيْرَةَ: اتباع و پیروی کرنا' نقش قدم پر چلنا۔
(أَسَارَهُ): چلانا' ترقی دینا۔
—الدَّابَّةَ: جانور کو چراگاہ میں بھیجنا۔
(سَايَرَهُ): ساتھ ساتھ چلنا' ہم نوا ہونا۔ کہتے ہیں: فلان لا تُسَايَرُ خيلاهُ: فلاں کذاب ہے۔
(سَيَّرَهُ): چلانا۔
— فلانًا مِن بلدٍ او موطنٍ: روانہ کرنا' باہر نکالنا' جلاوطن کرنا۔
—المثَلَ او الكلامَ: مشہور کرنا' شائع کرنا۔
— فلانٌ سِيْرَةً: پرانے لوگوں کے واقعات بیان کرنا۔
—الثَّوبَ وَ غَيْرَهُ: کپڑے وغیرہ پر دھاریاں ڈالنا۔
—سَيَّرَتِ المرأةُ خِضَابَهَا: عورت کا مہندی کی دھاریاں ڈالنا۔
(اسْتَارَ) بِسِيْرَتِهِ او بِسُنَّتِهِ: کسی کے طریقہ اور نقش قدم پر چلنا۔
(تَسَايَرَ): چلنا' دور ہونا۔
—عَنْ وجهِهِ الغَضَبُ: چہرہ سے غصہ کے آثار زائل ہونا۔
—الرجلانِ و غيرهما: مل کر چلنا۔
(السَّائِرُ) مِن الشيءِ: چالو' رائج۔
— المَثَلُ السائِرُ: مشہور مثال (ج) سَوَائِرُ۔
(السَّيْرُ) مِنَ الجلْدِ و نحوِهِ: لمبا تراشا ہوا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا' تسمہ (ج) سُيُوْرٌ و أَسْيَارٌ و سُيُوْرَةٌ۔
(السِّيَرَاءُ): زرد ریشم کی دھاری دار چادر (۲) وہ کپڑا جس پر تسموں کی طرح ریشم کی لکیریں پڑی ہوئی ہوں (۳) صاف اور خالص سونا (۴) گٹھلی کی جھلی۔
(السِّيْرَةُ): طریقہ' عادت' سنت (۲) سوانح عمری' طرز زندگی۔
—السِّيْرَةُ النَّبَوِيَّةُ: نبی کریم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کی تفصیل' واقعات اور غزوات (ج) سِيَرٌ۔
(السُّيَرَةُ): بہت چلنے والا (مذکر و مونث)
(السَّيَّارُ): بہت چلنے والا (۲) آفتاب کے گرد گھومنے والے ستاروں میں سے ایک۔
(السَّيَّارَةُ): قافلہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ} (۲) پٹرول یا ڈیزل سے چلنے والی موٹر گاڑی (محدثہ)
(المُسَيَّرُ): دھاری دار ریشم کی آمیزش والا کپڑا۔
(سَيِسَ) (س) الحَبُّ و غَيْرُهُ سَيَسًا: غلہ وغیرہ کو کیڑا لگنا۔
(السِّيْسَاءُ): ریڑھ کی ہڈی۔ کمر کی ہڈیوں کی زنجیر (۲) کمر کی ہڈی کا مہرہ یا ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ۔ حَمَلَهُ عَلَى سِيْسَاءِ الحَقِّ: اسے حق کے قائم کرنے پر اُبھارا (ج) سَيَاسِيُّ۔
(السِّيْسَاءَةُ): نرم زمین۔
(المِسْيَاطُ): (دیکھئے: سوط)
(سَيْطَرَ) عليه: مسلط ہونا' قبضہ کرنا (۲) نگرانی کرنا' کنٹرول کرنا' قابو میں کرنا۔
(تَسَيْطَرَ) عليه: بمعنی سَيْطَرَ۔
(سَاعَ) (ض) سَيْعًا و سُيُوْعًا: ضائع ہونا (۲) ہلاک و برباد ہونا۔
—الماءُ او السَّرابُ: زمین پر پانی یا سراب کا تھرکنا۔
(أَسَاعَهُ): ضائع کرنا' ہلاک و برباد کرنا۔
(سَيَّعَ) الحائطَ و نَحْوَهُ: گارے کا پلاسٹر کرنا' لپائی کرنا (۲) چونے کا پلاسٹر کرنا۔
— الزِّقَّ و السَّفِيْنَةَ: مشکے یا کشتی پر ہلکا ہلکا تارکول پھیرنا۔
—الجِلْدَ و نَحْوَهُ: چمڑے وغیرہ پر چربی ملنا۔
(انْسَاعَ) الماءُ او السَّرابُ: پانی یا سراب کا چمکنا۔
—الجَمَدُ: پگھلنا اور بہنا۔
(تَسَيَّعَ): ضائع ہونا' ہلاک ہونا۔
— البقلُ و نَحْوُهُ: ترکاری وغیرہ خوب پک جانا۔
(الأَسْيَعُ): تھرکتا ہوا پانی یا سراب۔
(السِّيَاعُ): سرو کا درخت۔ واحد: سِيَاعَةٌ (۲) بھس ملا ہوا گارا (۳) تارکول جو کشتیوں پر ملا جاتا ہے (۴) چربی جو مشکیزہ پر ملی جاتی ہے۔
(السِّيَاعُ): بھس ملا ہوا گارا (۲) سیاہ روغن' تارکول جو کشتیوں پر ملا جاتا ہے (۳) چربی یا روغن (۴) معمار کی کرنی جس سے لپائی کی جاتی ہے۔
(السَّيْعُ): سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
(السِّيَعَاءُ) و (السِّيَعَامُ): رات کا ایک ٹکڑا۔
(المِسْيَاعُ): (دیکھئے: سوع)
(المِسْيَعَةُ): معمار کی کرنی جس سے لپائی کی جاتی ہے (ج) مَسَايِعُ۔
(سَاغَ) (ض) سَيْغًا: خوش گوار و مزیدار ہونا۔
—الطَّعامُ و الشَّرابُ فی الحَلْقِ: حلق میں آسانی سے اترنا۔
— الشَّيءُ: جائز و مباح ہونا۔ هو سَائِغٌ و سَيِّغٌ۔
— الطَّعامَ و الشَّرابَ: مزے لے کر کھانا

پینا' بآسانی نگلنا۔
(أَسَاغَهُ): خوشگوار بنانا (۲) آسانی سے حلق سے اترنے والا بنانا۔
(السَّيْغُ) هٰذَا سَيْغُ هٰذَا: یہ اس کے مثل ہے۔
(سَافَتْ) (ض) يَدُه سَيْفًا: ہاتھ کی کھال کا پھٹنا (۲) ناخن کے اردگرد سے پھٹنا۔
—فُلانًا و غيرَهُ: تلوار مارنا۔
(سَيِفَتِ) (س) النَّخْلَةُ سَيَفًا: کھجور کی شاخ میں پتہ نکلنا۔
(أَسَافَ) فلانٌ: تلوار گلے میں لٹکانا (۲) تلوار خریدنا (۳) ساحل پہ آنا۔
—الوالدان: لڑکا مرجانا۔
—فلانٌ: فقیر و مفلس ہونا۔
—الخَرَّازُ: سلائی کا کام کرنے والے کا ٹانکے اُدھیڑنا۔
—الخَرْزَ: سلائی خراب کرنا (دیکھئے: سوف)
(سَايَفَهُ): شمشیر زنی میں مقابلہ کرنا (۲) کسی کے ساتھ تلوار سے کھیلنا۔
(سَيَّفَ): تلوار سے نقش و نگار بنانا۔
(استَافُوا): ایک دوسرے کو تلوار مارنا (۲) ایک ساتھ تلواریں لینا۔
(تَسَايَفُوا): بمعنی استَافُوا۔
(تَسَيَّفَه): تلوار مارنا۔
(السَّائِفُ): تلوار والا۔
(السَّائِفَةُ): ریت اور سخت زمین کے درمیان والی زمین (ج) سَوَائِف (دیکھئے: سوف)
(السَّيْفُ): تلوار۔ کہتے ہیں: بين فكَّي فلانٍ (سَيْفٌ صارمٌ): وہ آدمی تیز زبان والا ہے (۲) تلوار جیسی ایک مچھلی (ج) سُيُوفٌ و أَسْيَافٌ۔
—سَيْفُ الغُرَابِ: ایک پھول جس کی پتیاں تلوار کی مانند باریک ہوتی ہیں۔
(السِّيفُ): تلوار نما مچھلی (۲) دریا کا ساحل (۳) وادی کا کنارہ (ج) أَسْيَاف (۴) کھجور کی شاخ کی جڑ سے ملا ہوا پتے کا باریک حصہ۔

—سِيفُ القارَّةِ: سمندر سے متصل خشکی کا پھیلا ہوا علاقہ (مج)
(السَّيْفَانُ): لمبا اور پتلا آدمی۔ هي سَيْفَانَةٌ
(السِّيفَةُ): (دیکھئے: سوف)
(السَّيَّافُ): تلوار ساز (۲) شمشیر زن (۳) جلاد (سرکاری حکم سے گردن اڑانے والا) (ج) سَيَّافَةٌ۔
—السَّيَّافَةُ: فوج کا شمشیر زن دستہ۔
(المَسَائِفُ): قحط کے سال۔
(المُسَايَفَةُ): شمشیر زنی' تلواروں سے ایک دوسرے پر وار کر کے کھیلنا۔ شمشیر زنی کی مشق کرنا۔
(المُسِيفُ): تلوار لٹکانے والا۔
(المُسَيَّفُ): تلواروں کی طرح نقوش والا دھاری دار کپڑا۔
—من الدَّراهِمِ و نَحْوِهَا: وہ درہم جس کا کنارہ سپاٹ اور بے نقش ہو۔ هي مُسَيَّفَةٌ۔
(السِّيفُونُ): سیفن' وہ بکس جس سے پانی دباؤ کے ساتھ نکل کر بیت الخلاء کی غلاظت کو بہاتا اور صاف کرتا ہے (د)
(سَالَ) (ض) سَيْلاً و سَيَلانًا و مَسِيلاً و مَسَالاً: بہنا (۲) اُمنڈ آنا (۳) رواں ہونا، (۴) پگھلنا (۵) ٹپکنا۔
—سَالَتِ الارضُ و نَحْوُهَا: زمین میں موجود ہر چیز کا بہہ پڑنا۔
—عليه الخَيلُ و غيرُهَا: گھوڑوں کا چاروں طرف سے ٹوٹ پڑنا۔
—سَالَ بهم السيلُ و جَاشَ بنا البَحْرُ: وہ سخت مشکل میں پھنسے اور ہم ان سے بھی سخت مصیبت میں گھر گئے۔
—الغُرَّةُ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا ہونا اور پیشانی اور ناک پر پھیلنا۔ هو سَائِل و سَيَّالٌ۔
(أَسَالَهُ): بہانا' جاری کرنا' پگھلانا۔
—المعدِنَ: دھات کو پگھلانا۔

—جَدَّ النَّصْلِ: نیزے کے پھل کی دھار کو تیز کرنا۔
—الغازَ: گیس کو سیال نما کرنا (مج)
(سَيَّلَه): بہانا' جاری کرنا۔
(تَسَايَلَ): بمعنی سَالَ۔
—الكتائبُ و نحوها: فوجی دستوں کا چاروں طرف سے ٹوٹ پڑنا۔
(السَّائِلُ): بہنے والی چیز' علم کیمیاء کی اصطلاح میں مادہ کی تین حالتوں میں سے درمیانی حالت پر قائم شے جو نہ بالکل ٹھوس ہو نہ گیس کی شکل میں (ج) سَوَائِلُ۔ کہتے ہیں: الزَّيْتُ نوعٌ مِنَ السَّوَائِلِ۔
(السَّائِلَةُ): مؤنث السائِلِ (۲) رش' اژدحام۔ رأيتُ سَائِلَةً من النَّاسِ (ج) سَوَائِلُ۔
(السَّيَالُ): کانٹے دار درخت جس کی چھال دباغت کے لئے استعمال ہوتی ہے (۲) بہت برسنے والا بادل۔ (واحد: سَيَالَةٌ)
(السَّيْلُ): سیلاب' پانی کی بہتی ہوئی بڑی مقدار (۲) بارش کی رو (ج) سُيُولٌ۔
(السَّيَلانُ): بہاؤ (۲) اعضاء تناسلیہ کی ایک بیماری جس سے رقیق مادہ منویہ خارج ہوتا ہے اور کمزوری ہوجاتی ہے' جریان (مج)
(السِّيلانُ): تلوار یا چھری کا وہ سرا جو دستہ میں داخل کیا جائے۔
(المَسِيلُ): پانی بہنے کی جگہ' نالی۔ (ج) مَسَائِلُ و مُسُلٌ و مُسْلانٌ۔
(السِّيمَافُورُ): ریلوے سگنل۔ (د)
(السِّيمِيَاءُ): جادو (دیکھئے: سوم)
(السِّيَةُ) من القوسِ: کمان کے مڑے ہوئے دو کناروں میں سے ایک۔ وهما: سِيَتَانِ۔

س

(۳۰۰)
ش

(الشین): حروف تہجی کا تیرہواں حرف اس میں صفت ہمس اور رخوت پائی جاتی ہے، اس کا مخرج وسط لسان ہے اور یہ حروف شجریہ میں سے ہے۔

ش.........أ

(الشُّؤْبُوبُ): ایک دفعہ کی بارش (۳) ہر چیز کی تیزی، سختی۔

—شؤبوبُ الشَّمسِ: دھوپ کی تیزی۔

شُؤبُوبُ الفرسِ: گھوڑے کی تیز رفتاری (ج) شآبیبُ۔

(شَئِزَ) (س) المکان شَأَزًا: بلند ہونا، سخت اور ٹھوس ہونا۔

—فلانٌ: غمگین و پریشان ہونا۔ ھو شَئِزٌ۔

(أَشْأَزَهُ): غمگین اور پریشان ہونا۔

(إشْتَأَزَ): بدکنا، جاگنا۔

(شَأْشَأَتِ) النَّخلةُ شَأْشَأَةً و شِئْشَاءً: کھجور کے درخت کا بار آور ہونا۔

— فلانٌ بالحُمُرِ والغنمِ: شَأْشَأْ کہہ کر بکریوں اور گدھوں کو آگے بڑھانا۔

(تَشَأْشَأَ) القومُ: منتشر ہونا، بکھرنا۔

—امرُهُمْ: آسان ہونا، کھل کر سامنے آنا۔

(شُئِفَتْ) رِجلُه: پاؤں میں آبلہ پڑ جانا، ھو مشؤُوفٌ۔

(شَئِفَتْ) (س) رِجلُهُ شَأَفًا: پاؤں میں آبلہ پڑنا۔

—الأَصَابِعُ: انگلیوں کے ناخن کے اردگرد کا پھٹنا۔

— جسمُهُ: بدن پر آبلہ پڑنا یا زخم ہونا۔ ھو شَئِفٌ۔

—فُلانًا ولَه ومنه شَأْفًا و شَأْفَةً: کسی سے بغض رکھنا اور اس کو منحوس سمجھنا۔

(اسْتَشْأَفَتِ) القَرحَةُ: زخم کا بگڑنا اور جڑ پکڑنا۔

(شَأْفُ) الجُرحِ: زخم جو مندمل نہ ہو سکے۔

(الشَّأْفَةُ): وہ زخم جس کی جڑ داغ دے کر نکالی جائے (۲) بغض، دشمنی اور عداوت۔ کہتے ہیں: اسْتأْصَلَ اللهُ شأْفَتَهُ: اللہ نے اسے جڑ سے مٹا دیا۔

(شَأَمَهُمْ) (ف) شَأْمًا: لوگوں کے لئے نحوست کا سبب بنا۔ شَأَمَ علیهم بھی کہتے ہیں۔

(شُئِمَ) علیهم: باعث نحوست بنا۔ ھو مَشْؤُومٌ علیهم (ج) مَشائِيمُ۔

(أَشْأَمَ): ملک شام میں جانا۔

(شَاءَمَ) بِہ: کسی کو اپنی بائیں طرف لینا۔

(تَشَاءَمَ): فال لینا۔

—بِہ: منحوس سمجھنا، بری فال لینا۔

(تَشَأَّمَ): ملک شام کا باشندہ بننا (۲) بائیں طرف لینا۔

—بِہ: فال لینا، منحوس سمجھنا۔

(الأَشْأَمُ): منحوس، نامبارک (ج) أَشَائِمُ۔ کہتے ہیں: أَشْأَمُ كُلِّ امرءٍ بَيْنَ لَحْيَيهِ: ہر آدمی کی منحوس چیز اس کی زبان ہے۔

(الشَّأْمُ): ملک شام۔

(الشُّؤْمُ): نحوست، بدشگونی۔

(الشُّؤْمَى): تانیث الأَشْأَمِ (۲) بائیں جیسے اليَدُ الشُّؤْمَى۔

(الشَّأْمَةُ): بائیں جہت۔ کہتے ہیں: نَظَرَ يُمْنَةً وشَأْمَةً۔

(المَشْأَمَةُ): بدشگونی، نحوست (۲) بائیں جانب۔ قرآن مجید میں ہے: {هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ}

(المُتشائِمُ): زندگی سے ناامید (محدثہ) (۲) بری فال لینے والا۔

(شَأَنَ) (ف) شَأْنًا: صاحب شان و شوکت ہونا۔

—شَأَنَ فلانٍ: کسی کی پیروی و اتباع کرنا۔

(اشْتَأَنَ) شأنَهُ: کسی کی پیروی و اتباع کرنا۔

(الشَّأْنُ): حالت و کیفیت۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ} (۲) قدر و منزلت۔ کہتے ہیں: رجُلٌ مِن ذَوِي الشَّأْنِ (۲) اہم معاملہ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ} (ج) شؤون۔

شؤون العین: آنسوؤں کے بہنے کی جگہ۔ اس کا اطلاق ان حالات پر بھی ہوتا ہے جن کا خصوصی اہتمام کیا جائے جیسے شؤون الطلبة و شؤون العاملین۔

وزارة الشؤون الاجتماعیة: وہ وزارت جو اجتماعی احوال کی نگرانی و اہتمام کرے۔

(شَأَوْتُ) (ن) القومَ شَأْوًا: آگے نکل جانا۔

—الشیْءُ فلانًا: پسند آنا (۲) رنج پہنچانا۔

(شَاءَاهُ): آگے نکلنے میں مقابلہ کرنا۔

(تَشَاءَى) ما بَيْنَهُمْ: آپس میں نفرت پیدا ہونا۔

—القومُ: بکھر جانا، متفرق ہونا۔

(الشَّأْوُ): چکر، پھیرا۔ امرؤالقیس کا شعر ہے:

اذا ما جرى شأوين وابتلّ عِطْفُهٗ
تقول هَزِيزُ الريح مرّت بأَثْأَبِ
(۲) حوصلہ، ہمت۔ کہتے ہیں: اِنَّهٗ بعِيدُ الشَّأوِ: وہ بلند ہمت ہے۔

ش ....ب

(شُبَاط): پانچواں سریانی (یا ترکی) مہینہ بمقابل فروری۔
(شَبَّ) (ض ن) الغُلامُ شَبَابًا: لڑکے کا جوان ہونا۔
—النَّارُ - شُبُوبًا: آگ جلنا۔
—الفَرَسُ شِبَابًا و شُبُوبًا: گھوڑے کا مست ہوکر اگلی ٹانگیں اُٹھانا۔
—النّار شَبًّا: آگ جلانا۔
—الخِمارُ والشَّعْرُ لونَ المَرْأةِ: دوپٹے اور بالوں کا عورت کے حسن کو دوبالا کرنا۔
(شُبَّ) له كَذَا: کسی چیز کا مہیا و میسر ہونا۔
(أَشَبَّ) الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
—فُلانٌ: کسی کا جوان اولاد والا ہونا۔
—الحَيَوانُ: جانور کی نشوونما کا پورا ہونا۔
—اللهُ الصَّبِيَّ: جوان کر دینا۔
— الفَرَسَ و نَحْوَهٗ: گھوڑے وغیرہ کو ہچکانا، اکسانا۔
(شَبَّبَ) الشَّاعِرُ: جوانی اور کھیل کود کے ایام کو اشعار میں یاد کرنا۔
—بفلانةٍ: عشقیہ اشعار میں کسی عورت کے حسن و خوبصورتی کو بیان کرنا۔
(اِسْتَشَبَّ) على سَاقيهِ: دونوں پنڈلیوں کو پکڑ کر اُٹھنے کے لئے تیار ہونا (۲) کسی کام کے لئے جوانوں کو منتخب کرنا۔
(الشَّابُّ): جوان لڑکا (ج) شُبَّانٌ وهي شَابَّةٌ (ج) شَوَابُّ۔
(الشَّبَابُ): جوانی (سن بلوغ سے تیس سال تک کی عمر) (۲) ہر شے کا اوّل حصہ۔ کہتے ہیں: لقيتُه في شبابِ النَّهارِ (۳) تشبیب (اشعار میں عورتوں کے محاسن کا ذکر) کہتے ہیں:

كان جريرٌ أَرَقَّ النَّاسِ شَبَابًا۔
(الشِّبَابُ): جس سے آگ روشن کی جائے۔
(الشَّبَبُ): جوان بیل یا بھیڑ بکری۔
(الشَّبُّ): جوان (۲) ایک کیمیائی نمک (مع)
(الشَّبَّةُ): جوان لڑکی (ج) شَبَائِبُ۔
—شَبَّةُ النَّارِ: آگ کا شعلہ۔
(الشَّبُوبُ): جس کے ذریعہ آگ جلائی جائے (۲) زینت اور خوبصورتی کا ذریعہ۔ کہتے ہیں: هذا شَبُوبٌ لكذا (۲) جوان بیل یا بکری۔
(الشَّبِيبَةُ): جوانی۔
(المَشْبُوبُ) رَجُلٌ مَشْبُوبٌ: ہوشیار بہادر آدمی (۲) خوبصورت (۳) خوش رنگ (ج) مشابيبُ۔
—مَشْبُوبُ الأَظَافِرِ: تیز ناخنوں والا۔
(الشَّبَثُ): خوشبودار پتے جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں (تیج پات)
(شَبِثَ) (س) الشيءَ و بالشيءِ شَبَثًا: چمٹنا، لٹکنا، وابستہ ہونا۔ هو شَبِثٌ۔
(شَابَثَ) الشيءَ: کسی چیز کے ساتھ الجھ جانا، گتھم گتھا ہو جانا۔
(تَشَبَّثَ) بالشيءِ: چمٹ جانا، لٹکنا۔
—برأيِهِ: رائے کو ماننا، اس پر عمل کرنا۔
(الشَّبَثُ): ایک قسم کی مکڑی (ج) أَشْبَاثٌ و شِبْثَانٌ۔
(الشَّبِثُ) رَجُلٌ شَبِثٌ: رائے پر جمے رہنے والا آدمی۔
(الشُّبَثَةُ): ہم جولی کے ساتھ ہمہ وقت رہنے والا۔
(شَبَحَ) (ف) الشيءُ شَبْحًا: دھندلا اور نا صاف نظر آنا۔
— الجِلْدَ و غيرَه: چمڑے وغیرہ کو کھونٹیوں پر ٹانگنا۔
—الشَّخْصَ: کوڑے مارنے کے لئے سیدھا کرنا یا زمین پر سولی دیئے ہوئے کی طرح کھڑا کرنا۔
—العُودَ: لکڑی کو برابر اور چوڑا کرنا۔

—الرَّجُلُ: دعا کے لئے ہاتھ اُٹھانا، پھیلانا۔
(شَبُحَ) (ك) الرَّجُلُ شَبَاحَةً: چوڑے سینے اور بھرے ہوئے بازوؤں والا ہونا۔ هو مشبوح الذراعين۔
(شَبَّحَ) فلانٌ: عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری سے ایک چیز کا دو نظر آنا (۲) بہت دھندلا نظر آنا (۳) مانگنے پر اصرار کرنا (۳) خوب پھیلانا، خوب پھیرنا (شَبَحَ کا مبالغہ)
—الشيءَ: پھیلنا (۲) چوڑائی کو بڑھانا۔
(الشَّبَحُ): دور سے نظر آنے والا جسم، وجود (۲) کسی چیز کی پرچھائی، سایہ۔
—شَبَحُ الموتِ: موت کا سایہ۔
—شَبَحُ الحَرْبِ: جنگ کا نقشہ (ج) أَشْبَاحٌ و شبوحٌ کہتے ہیں: هُمْ أشباحٌ بلا ارواحٍ: وہ چلتے پھرتے بے جان سائے ہیں۔
(شَبَرَ) (ن) الثَّوبَ وغيرَهٗ شَبْرًا: بالشت سے ماپنا۔
(شَبِرَ) (س) شَبَرًا: اکڑنا، اترانا۔
(شَبَّرَ) الثَّوبَ و غيرَهٗ: بالشت سے ماپنا۔
(تَشَابَرَ) الفَرِيقَانِ: لڑائی میں ایک دوسرے کے قریب آنا۔
(الشِّبْرُ): بالشت (ج) أَشْبَارٌ۔
(المَشَابِرُ): نشیبی نالے جن میں ادھر اُدھر سے پانی سمٹ آئے۔ واحد: مَشْبَرٌ و مَشْبَرَةٌ۔
(الشَّبُّورُ): بِگل (مع)
(الشَّبُّورَةُ): دوپہر کے وقت کا کہر (محدثہ)
(شَبْرَقَهٗ) شَبْرَقَةً و شِبْرَاقًا: ٹکڑے کر ڈالنا، دھجیاں بکھیر دینا۔ کہتے ہیں: شَبْرَقَ الثَّوبَ واللَّحمَ و شَبْرَقَ البازي الصَّيْدَ۔
(شُبَارِقٌ) ثَوبٌ شُبَارِقٌ: پھٹا پرانا کپڑا۔
— لحمٌ شبارِقٌ: مختلف طریقوں پر پکایا گیا گوشت۔
(شَبَارِقُ): بمعنی شُبَارِقٌ۔
(الشَّبَارِيقُ) ثوبٌ شباريق: پھٹا پرانا کپڑا۔

(الشِّبْرِقَةُ): کپڑے کا ٹکڑا (۲) بکھری ہوئی معمولی روئیدگی۔
(الشَّبُّوْطُ): دریائے دجلہ میں پیدا ہونے والی ایک مچھلی جو درمیان سے چوڑی ہوتی ہے اس کی دم باریک اور جسم ملائم اور چکنا ہوتا ہے (ج) شبابيط۔
(شَبِعَ)(س) شِبَعًا: شکم سیر ہونا۔ کہتے ہیں: شَبِعَ طعامًا وشَبِعَ مِنَ الطَّعامِ۔
—الجِسْمُ: موٹا اور بھرا ہوا ہونا۔
—مِنَ الأَمْرِ: اکتا جانا' طبیعت اچاٹ ہو جانا۔
هو شَبْعَان (ج) شِبَاعٌ و شَبَاعَى وهي شَبْعَى و شَبْعَانَةٌ (ج) شِبَاعٌ. کہتے ہیں: هِيَ شَبْعَى الوشاحِ: بھرے ہوئے بھاری پیٹ والی۔
(أَشْبَعَه): پیٹ بھر دینا' شکم سیر کر دینا۔
—الثَّوبَ وَغَيْرَهُ: کپڑے کو خوب رنگنا۔
—السَّائِلَ: (علم کیمیاء میں) سیال شے کو مکمل طور پر حل کرنا (یعنی اس میں موجود کسی بھی چیز کو مکمل طور پر حل کر دینا) (مج)
—الشَّيْءَ: مکمل کرنا۔ جیسے أَشْبَعَ البَحْثَ و نَحوَهُ۔
(تَشَبَّعَ): شکم سیری کا اظہار کرنا۔
—الماءُ بِالملحِ: پانی میں نمک بالکل گھل گیا (مج)
(الشُّبَاعَةُ): شکم سیری کے بعد بچنے والی چیز۔
(الشِّبْعُ) مِن الطعامِ: سیر کرنے والی چیز' آسودگی۔
(الشُّبْعَةُ) مِنَ الطَّعَامِ: ایک دفعہ سیر کر دینے کے بقدر چیز۔
(الشَّبِيْعُ): بھرا ہوا (۲) تر (۳) پیوست۔
(شَبِقَ)(س) الذَّكَرُ مِنَ الحيوانِ شَبَقًا: نر کا کثیر الشہوت ہونا۔
(شَبَكَ)(ض) الشَّيْءُ شَبْكًا: الجھنا' جال بنا' پیچیدہ ہونا۔
—الشيءَ: اُلجھانا' پیچیدہ بنانا۔
—أَصَابِعَهُ: انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
(شَبَّكَ): خوب الجھانا' انتہائی پیچیدہ بنانا۔
(تَشَابَكَ) الشيءُ: اُلجھنا' پیچیدہ ہونا۔ جیسے تَشَابَكَتِ الأُمُوْرُ۔
(اشْتَبَكَ): الجھنا' گتھم گتھا ہونا۔ جیسے اشتبكَ الجيشانِ۔
(تَشَبَّكَ): بمعنی اشْتَبَكَ۔
(الشَّابِكُ) طريقٌ شَابِكٌ: پیچیدہ راستہ۔ امرٌ شابِكٌ: پر پیچ معاملہ۔
(الشَّبَّاكُ):: جال سے شکار کرنے والا۔
(الشُّبَّاكُ): کھڑکی (۲) سوراخ دار کھڑکی' جنگلہ (۳) سامان اُٹھانے کا جال (ج) شبابيك۔
(الشَّبَكُ): کنگھے کے دندانے۔ واحد: شَبَكَةٌ۔
(الشُّبُكُ): سگریٹ پائپ (وہ پائپ جس میں تمباکو رکھ کر کش لگاتے ہیں۔ (سگار) (د)
(الشَّبَكَةُ): شکاری کا جال' پھندا (۲) چند چیزوں کا باہم گتھم گتھی ہو جانا' سلسلۂ اشیاء جیسے شَبَكَة المواصلات وشَبَكَةُ الكهرباء (ج) شَبَكٌ وشِبَاكٌ۔
(الشَّبْكَةُ): منگنی کا تحفہ جو لڑکے کی طرف سے لڑکی کو پیش کیا جاتا ہے (محدثہ)
(الشَّبَكِيَّةُ): آنکھ کی تلی کا عصبی پردہ جو مرئیات کو اخذ کرتا ہے (مج)
(الشُّبَيْكَةُ): جالی دار کپڑا (مو)
(المُشَبَّكُ): جلیبی (مو)
(المُشْبَكُ): کپڑے وغیرہ لٹکانے کی چٹکی' کلپ' ہینگر (مج) (۲) سینے یا سر کا زیور (ج) مشابك (محدثہ)
(شَبَلَ)(ن) الغلامُ شُبُوْلاً: بچہ کا نعمت میں پرورش پا کر بڑا ہونا۔ هو شَابِلٌ۔
(أَشْبَلَتِ) اللَّبُوءَةُ: شیرنی کا بچہ جنا۔
—المرأةُ عَلَى أَوْلَادِهَا: خاوند کے مرنے کے بعد بچوں پر شفقت کرنا اور دوسری شادی نہ کرنا۔ هي مُشْبِلٌ۔
(الشِّبْلُ): شیر کا بچہ (ج) أَشْبَالٌ۔
(شَبَمَهُ)(ن) شَبْمًا: بکری کے منہ میں لکڑی کا لمبا ٹکڑا لگانا تا کہ وہ دودھ نہ پی سکے۔
(شَبِمَ)(س) شَبَمًا: ٹھنڈا ہونا (۲) بھوک اور ٹھنڈا محسوس کرنا هو شَبِمٌ ۔ ماءٌ شَبِمٌ: ٹھنڈا پانی۔
—غَدَاةٌ شَبِمَةٌ: ٹھنڈی صبح۔ قَلْبٌ شَبِمٌ: بے حس دل۔
(الشِّبَامُ): دودھ پیتے بچے کے منہ میں ڈالی جانے والی لکڑی وغیرہ جو بچہ کو دودھ پینے سے روکتی ہے۔
—الشِّبَامَانِ: برقع کے دو بند جو باندھنے کے کام آتے ہیں۔
(شَبَنَ)(ن) الغلامُ شَبْنًا: لڑکے کا پر گوشت اور جوان ہونا۔
—الشيءُ: قریب ہونا۔ هُوَ شَابِنٌ۔
(الشَّبِيْنُ): (عیسائیوں کے نزدیک دولہا یا دولہن کا خدمتگار' ہم راہی۔ مؤنث: شبينة (ج) شبائن و أَشَابِنَةٌ (د)
(أَشْبَهَ) الشيءُ الشيءَ: مشابہ ہونا' ہم شکل ہونا۔
(شَابَهَهُ): مشابہ ہونا' ہم شکل ہونا۔
(شَبَّهَ) عليه الأَمْرَ: کسی کے لئے کسی بات کو ناقابل فہم یا ناقابل حل بنا دینا' مبہم کر دینا۔
—الشيءَ بالشيءِ: مشابہ بنانا' ہم شکل کرنا (۲) ایک چیز کا وصف دوسری چیز کے لئے ثابت کرنا۔
(شُبِّهَ) عليه ولده و كَذَا: غیر واضح اور مشتبہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ}
(إِشْتَبَهَ) الأَمْرُ عليه: غیر واضح اور مشابہ ہونا۔
—فِي المَسْأَلَةِ: مسئلہ کی صحت میں شک کرنا۔
(تَشَابَهَ) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا ہم شکل اور ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ البَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا}
(تَشَبَّهَ) بغيرِه: دوسرے کی شکل وصفت اختیار کرنا' مشابہ ہونا۔

(التَّشْبِيْهُ): مشابہت، علم بیان کی اصطلاح میں ایک شے کو دوسری کے ساتھ دونوں میں مشترکہ صفت کی بنا پر لاحق کرنا۔ جیسے بہادری کی بنا پر کسی شخص کو شیر کہنا۔
—تَشْبِيْهُ الْمَسْجُوْنِيْنَ: قیدیوں کا حلیہ اور نشان انگوٹھا' شناخت نامہ (مج)
(الشِّبْهُ): مثل' مانند۔
(الشَّبَهُ): پیتل (ج) اَشْبَاهٌ۔
(الشُّبْهَةُ): شک' التباس (۲) شریعت کی اصطلاح میں غیر واضح الحکم چیز جس کی حلت و حرمت واضح نہ ہو (ج) شُبَهٌ۔
(الشَّبِيْهُ): مثل' مانند' مشابہ (ج) شِبَاهٌ و اَشْبَاهٌ۔
(الْمُتَشَابِهُ): وہ لفظ قرآنی جو مختلف معانی کا احتمال رکھے۔ قرآن مجید میں ہے: {مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ}
(الْمَشَابِهُ): ملتے جلتے اوصاف۔ کہتے ہیں: فيه مَشَابِهُ مِنْ فلانٍ۔ خلاف قیاس شَبَهٌ کی جمع ہے۔
(الْمُشَبِّهَةُ): ایک مذہبی فرقہ جو خالق کو مخلوق سے تشبیہ دیتا ہے۔
(شَبَا)(ن) الشَّيْءُ شَبْوًا: بلند ہونا۔
—الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
—وَجْهُهُ: چہرہ کا کسی تغیر کے بعد چمک اُٹھنا۔
—النَّارُ: آگ جلانا۔
(اَشْبَى) الشَّجَرُ: درخت کا لمبا اور گھنا ہونا۔
—عَلَى فلانٍ: مہربان ہونا' مدد کرنا۔
—فلانٌ: محتاط اور ذہین اولاد والا ہونا۔
—فلانًا: اکرام و اعزاز کرنا۔
—الْاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
(الشَّبَا): کائی (۲) اولے۔
(شَبَاةُ) الشَّيْءِ: دھار جیسے شَبَاةُ السَّيْفِ۔
—شَبَاةُ الْعَقْرَبِ: بچھو کا ڈنگ (ج) شَبًا۔

(شَبْوَةُ): (غیر منصرف): بچھو کا اسم علم (کبھی اسے الشبوة بھی کہتے ہیں)
(جَارِيَةٌ شَبْوَةٌ) پھرتیلی اور بہادر لڑکی یا کنیز۔

ش .... ت

(شَتَّ)(ض) الْاَشْيَاءُ شَتَاتًا: چیزوں کا بکھرنا' منتشر ہونا۔
—الدِّيَارُ بفلانٍ: فلاں وطن سے دور ہو گیا۔
—شَتَّ بقلبهِ الوَجْدُ: غم نے اس کے دل کو بے چین کر دیا۔ هُوَ شَتِيْتٌ۔
—الاشياءَ: بکھیرنا' منتشر کرنا۔
(اَشَتَّ) القومَ: شیرازہ بکھیرنا۔ کہتے ہیں: اَشَتَّ بِيْ قَوْمِيْ: میری قوم نے مجھے اپنے معاملہ میں پریشان کر دیا۔
(شَتَّتَ) الاشياءَ: منتشر کرنا' بکھیرنا۔
(تَشَتَّتُوْا): منتشر ہونا' الگ الگ ہو جانا۔ کہتے ہیں: تَشَتَّتَ شَمْلُهُمْ: ان کا شیرازہ بکھر گیا۔
(الشَّتَاتُ): پھوٹ' جدائی' انتشار۔
—امرٌ شتاتٌ: بگڑا ہوا معاملہ۔ جَاءَ القومُ شَتَاتَ شَتَاتَ: لوگ الگ الگ آئے۔
(الشَّتُّ) أَمْرٌ شتٌّ: بکھرا ہوا' بگڑا ہوا معاملہ۔
ذَهَبُوْا اَشْتَاتًا: وہ منتشر ہو کر گئے۔ قرآن مجید میں ہے: {يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ}
(شَتَّانَ): اسم فعل بمعنی بَعُدَ شَتَّانَ مَا بينهما: ان میں بڑا فرق اور بُعد ہے۔ شَتَّانَ بينهما اور شَتَّانَ مَا بينهما بھی کہتے ہیں۔
(الشُّتُوْتُ) من النَّاسِ: مختلف قبائل اور خاندانوں کے لوگ۔
(الشَّتِيْتُ): متفرق' منتشر' مختلف۔
—ثَغْرٌ شَتِيْتٌ: چھدرے دانت (ج) شَتّٰى۔
—اَشياءُ شَتّٰى: مختلف اور بے جوڑ چیزیں۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى} و {تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى}
(شَتَرَهُ)(ض) شَتْرًا: کاٹنا۔
—ثَوْبَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

—فُلانًا: زخمی کرنا۔
—اللّٰهُ عَيْنَهُ: بیماری کا پلک کو پلٹ دینا۔
(شَتِرَ)(س) شَتَرًا: کاٹنا۔
—فلانٌ: کسی کے نچلے ہونٹ کا کٹنا (۲) آنکھ کی پلک کا پلٹ جانا۔ شَتِرَتْ عَيْنُهُ بھی کہتے ہیں: هُوَ أَشْتَرُ وهي شَتْرَاءُ (ج) شُتْرٌ۔
(شَتَّرَ) بفلانٍ: گالی دینا' برا بھلا کہنا۔
(الشِّتِّيْرُ): بہت عیب نکالنے والا بداخلاق۔
(الشُّتْرَةُ): دو انگلیوں کے درمیان کا خلا۔
(شَتَلَ)(ض) الزَّرْعَ شَتْلًا: کسی چیز کی پود لگانا یعنی ایک جگہ بیج ڈال کر اگانا اور پھر پودے کو اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (محدثہ)
(الشَّتْلَةُ): پود یا پودا جو پہلے ایک جگہ اگایا گیا ہو اور پھر دوسری جگہ بویا جائے' زسری پودا (محدثہ)
(الْمَشْتَلُ): زسری' پودے اگانے کی جگہ (محدثہ)
(شَتَمَهُ)(ن) شَتْمًا: گالی دینا' برا بھلا کہنا۔
(شَتُمَ)(ك) شَتَامَةً: بدشکل ہونا۔ هو شَتِيْمٌ۔
(شَاتَمَهُ): باہم گالی گلوچ کرنا۔
(تَشَاتَمَا): ایک دوسرے کو گالی دینا۔
(الشُّتَامُ) و (الشُّتَامَةُ): بدشکل (۲) بد اخلاق۔
(الشَّتِيْمَةُ): گالی (ج) شَتَائِمُ۔
(شَتَنَ)(ن) الثوبَ شَتْنًا: کپڑا بننا۔ هو شَاتِنٌ و شَتُوْنٌ۔
(شَتَّانَ): (دیکھئے: شتت)
(شَتَا)(ن) بالمكانِ شَتْوًا: کسی جگہ سردیاں گزارنا۔
—الشِّتَاءُ: موسم سرما کا ٹھنڈا ہونا یا سخت ٹھنڈا ہونا۔
—اليومُ: دن کا بہت ٹھنڈا ہونا۔
—السماءُ: بارش برسانا' هو شاتٍ۔
(اَشْتَى) فلانٌ: موسم سرما میں داخل ہونا۔
—القومُ: قحط و خشک سالی آنا۔

ش

(شَاتَاهُ)مُشَاتَاةً و شِتَاءً: کسی کے ساتھ موسم سرما تک کا معاملہ کرنا۔ جیسے کہتے ہیں: شَاهَرَهُ (من الشهر) ویاوَمَه (من الیوم)۔

(شَتّٰی)بالمکان: کسی جگہ سردیاں گزارنا۔

—الشئُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کے لئے موسم سرما تک کافی ہونا۔

(الشِّتَاءُ): سردی' موسم سرما جغرافیائی نقطہ نظر سے 22 دسمبر کو شروع ہو کر 21 مارچ تک رہتا ہے (۲) قحط وخشک سالی (ج) اَشْتِيَةٌ۔

(الشَّتْوَةُ): سردی' موسم سرما۔

(الشَّتَوِيُّ): موسم سرما کی بارش۔

(الشَّتِيُّ): موسم سرما کی بارش۔

(المَشْتٰی): گرم مقام' سردیاں گزارنے کی جگہ (۲) سردی کا زمانہ (ج) مَشَاتٍ۔

(المَشْتَاةُ): بمعنی المَشْتٰی (۲) سردی کا موسم۔

ش .... ث

(شَثِنَتْ)(س) كَفُّهُ شَثَنًا: ہتھیلیوں یا ہاتھوں کا موٹا اور کھردرا ہونا۔

(الشَّثْنُ): موٹا' کھردرا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ شَثْنُ الاَصابع: موٹی اور کھردری انگلیوں والا آدمی۔ امرؤالقیس کا شعر ہے:

وتعطو برخصٍ غیر شثن کانّه
اساریع ظبی اومساویك إسحِلِ

ش .... ج

(شَجَبَ)(ن) فلانٌ شُجُوبًا: ہلاک ہونا (۲) غمگین ہونا۔

—الغُرَابُ شَجِيبًا: کوے کا اپنی آواز نکال کر جدائی کی خبر دینا۔

—فلانًا شَجْبًا: ہلاک کرنا۔

—الصَّيْدَ: شکار کو تیر مار کر گرادینا اور حرکت کے قابل نہ چھوڑنا۔

—فلانًا: غمگین کرنا۔

—الشئُ فلانًا: مشغول کردینا۔

—الشئَ: کھینچنا۔

—اللجامَ: لگام کھینچنا۔

—فلانًا عن حاجته: روکنا' باز رکھنا۔

—القَارُورَةَ بِالشِّجَابِ: بوتل یا شیشی کو ڈھکن لگانا۔

—الرَّأيَ والموقفَ: رائے یا موقف کی مذمت کرنا۔

(شَجِبَ)(س) شَجَبًا: ہلاک ہونا (۲) غمگین ہونا۔

(اَشْجَبَهُ): غمگین کرنا۔

(تَشَاجَبَتِ)الاُمورُ: امور کا گڈمڈ اور مشابہ ہونا۔

(الشَّاجِبُ): فضول اور بے تکی باتیں کرنے والا (۲) بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

(الشِّجَابُ): بوتل کا ڈھکن (۲) ہینگر' کپڑے لٹکانے کے ہینگر۔

(الشَّجْبُ): ضرورت (۲) رنج وغم (ج) شُجُوبٌ۔

(الشَّجَبُ): بیماری وغیرہ کی تکلیف وصدمہ (ج) شُجُوبٌ۔

(الشَّجُوبُ) امرأةٌ شَجُوبٌ: غمگین وپریشان عورت (ج) شُجُبٌ۔

(المِشْجَبُ): کپڑے لٹکانے کا سٹینڈ' ہینگر' کھونٹی وغیرہ (ج) مَشَاجِبُ۔

(شَجَّه)(ض ن) شَجًّا: سر یا چہرہ کو زخمی کرنا۔ کہتے ہیں: شَجَّ رَاسَه وشَجَّه فی راسِه اووجهِه۔

-السفینةُ البحرَ، السابحُ الماءَ: سمندر کے پانی کو چیرنا' طے کرنا۔

— الشَّرَابَ بالماءِ: شراب میں پانی ملانا۔ کہاوت ہے (فلانٌ يَشُجُّ بِيدٍ و يَأسُو بأخرٰی) ایسے شخص کے بارے میں جو برائی کے ساتھ بھلائی بھی کرتا ہو۔

(شَجَّ)(س) شَجَجًا: زخمی پیشانی والا ہونا۔ هو أَشَجُّ وهی شَجَّاءُ (ج) شُجٌّ۔

(شَاجَّه)شِجَاجًا و مُشَاجَّةً: کسی کے ساتھ سرکوبی میں مقابلہ کرنا' ایک دوسرے کا سر توڑنا۔

(الشَّجَجُ): پیشانی پر چوٹ کا اثر۔

(الشَّجَّةُ): سر' پیشانی یا چہرہ کا زخم (ج) شِجَاجٌ۔

(الشَّجِيجُ): پیشانی' چہرہ یا سر کے زخم والا۔

(شَجَرَ)(ن) الأَمْرُ بَيْنَهُمْ شُجُورًا: باہم کسی معاملہ کا متنازع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ}

—الشَّجَرَ والنَّبَاتَ شَجْرًا: درخت یا پودے کی لٹکی ہوئی شاخوں کو اوپر اٹھانا۔

—الشئَ: باندھنا (۲) انگلی وغیرہ پر ڈالنا۔

—فُلانًا عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا' رکنا۔

(أَشْجَرَتِ)الأَرْضُ: زمین کا بہت درختوں والی ہونا۔

(شَاجَرَهُ): کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔

(شَجَّرَ)النباتُ: پودے کا درخت بن جانا۔

—الأَرْضَ: درخت لگانا (مو)

—الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ پر بیل بوٹے لگانا۔

— النَّسَبَ و نَحْوَهُ: شجرۂ نسب بنانا۔ نسب کو درخت کی شکل میں لگانا۔

—النَّخْلَ: کھجور کے خوشہ کو ٹوٹنے کے ڈر سے شاخ پر رکھنا۔

(اشْتَجَرَ): ایک دوسرے میں گھس جانا' جیسے: إشْتَجَرَتِ الأَصَابِعُ والرِّمَاحُ۔

—القومُ: لوگوں کا باہم جھگڑنا۔

—فلانٌ: ہاتھ پر چہرہ رکھ کر کہنی کا سہارا لینا۔

(تَشَاجَرَ) الشَّئُ: ایک دوسرے میں گھسنا۔ جیسے تَشَاجَرَتِ الرِّمَاحُ۔

—القومُ: باہم جھگڑنا۔

(الشِّجَارُ): چھوٹی پالکی (۲) دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی جو چٹخنی کے بجائے استعمال ہوتی ہے (۳) حیوان کے منہ میں رکھی جانے والی لکڑی تاکہ اس کو دودھ پینے سے روکا جاسکے (ج) شُجُرٌ۔

(الشَّجْرُ): اختلافی بات (۲) منہ کا وہ حصہ جو زبان اور تالو کے درمیان دکھائی دے (۲) تھوڑی

(ج) شُجُوْرٌ و أَشْجَارٌ۔
(الشَّجَرُ): درخت یعنی ایسا پودا جو مضبوط تنے پر قائم ہو لیکن کبھی اس کا اطلاق غیر مستحکم پودے پر بھی ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ اَنْۢبَتْنَا عَلَیْهِ شَجَرَةً مِّنْ یَّقْطِیْنٍ} علم نباتات کے ماننے والے شجر اس پودے کو کہتے ہیں جو کافی عمر رسیدہ اور مضبوط تنے پر قائم ہو۔ واحد: شَجَرَةٌ۔ کہتے ہیں: هو من شَجَرٍ طَیِّبَةٍ: وہ اچھی نسل کا ہے۔
—شَجَرَةُ النَّسَبِ: نسب نامہ۔
(الشَّجْرَاءُ): گھنا درخت (۲) گھنے درختوں والی زمین۔
(الشَّجْرِیُّ): وہ حرف جو تالو اور زبان کے ملانے سے نکلتا ہے۔ حروف شجریہ چار ہیں: ش، ض، ج، ی۔
(الشَّجِیْرُ) وادٍ شَجِیْرٌ: کثیر درختوں والی زمین۔ أَرْضٌ شَجِیْرٌ بھی کہتے ہیں۔
(الشَّوَاجِرُ): موانع، رکاوٹیں۔ کہتے ہیں: قَدْ شَجَرَتْنِی عنهُ الشَّوَاجِرُ۔
— رِمَاحٌ شَوَاجِرُ: ایک دوسرے میں گتھے ہوئے مختلف نیزے۔
(المُشَجَّرُ): بیل دار، پھولدار جیسے ثَوبٌ مُشَجَّرٌ۔
(المَشْجَرُ): درختوں کے اُگنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جسے درخت گھیرے ہوئے ہوں (ج) مَشَاجِرُ۔
(المَشْجَرَةُ): بمعنی المَشْجَرُ۔
(المِشْجَرُ): کپڑے لٹکانے کا لکڑی کا سٹینڈ، ہینگر۔
(شَجُعَ)(ك) شَجَاعَةً: دلیر و بہادر ہونا۔ هو شَجِیْعٌ (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وهی شجیعةٌ (ج) شجائعُ و شِجاعٌ۔
(شَاجَعَهُ): بہادری میں مقابلہ کرنا۔
(تَشَجَّعَ): دلیر بننا، ہمت کرنا، حوصلہ کرنا۔
(الأَشْجَعُ): ہتھیلی کے اوپر کی رگ۔
(الشُّجَاعُ): بہادر، دلیر، باہمت (ج) شِجْعَانٌ و شِجَعَةٌ و هی شُجَاعَةٌ (۲) سانپ (ج) شُجْعَانٌ۔
(الشِّجْعَةُ): انتہائی دلیر و فتح یاب۔
(الشَّجِعَةُ): امرأةٌ شَجِعَةٌ و شَجْعَاءُ: زبان دراز اور مردوں پر غالب آنے والی عورت۔
(الشَّجِیْعُ) رَجُلٌ شَجِیْعٌ: دلیر و بہادر آدمی (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وهی شَجِیعةٌ (ج) شجائعُ و شِجاعٌ۔
(شَجَنَتِ)(ن) الحمامةُ شُجُوْنًا: کبوتری کا درد بھری آواز نکالنا۔
—الأَمْرُ فلانًا شَجْنًا: مغموم کرنا، غمناک کرنا۔
(شَجِنَ)(س) شَجَنًا: غمگین ہونا۔ هو شَجِنٌ۔
(أَشْجَنَ) الكَرْمُ و نَحْوُهُ: انگور وغیرہ کی بیل کا شاخ در شاخ ہونا۔
—الأَمْرُ فُلانًا: غمگین کرنا۔
(تَشَجَّنَ): غمگین ہونا (۲) ماضی کی یاد سے دل گرفتہ ہونا۔
—الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
(الشَّاجِنُ): گنجان درختوں والی وادی (۲) وادی کا راستہ (ج) شَوَاجِنُ۔
(الشَّجْنُ): الجھی ہوئی یا گتھی ہوئی ٹہنی (۲) حصہ، شعبہ، شاخ۔ کہاوت ہے (الحدیثُ ذُوْ شُجُوْنٍ) بات لمبی اور مختلف قسم کی تفصیلات پر مشتمل ہے (۳) غم و حزن (۴) کسی بات کی دھن (ج) أَشْجَانٌ و شُجُوْنٌ۔
(الشَّجْنَةُ): گھنی ٹہنی، الجھی ہوئی شاخ (۲) گھنا درخت (۳) حصہ، شعبہ۔
(شَجَاهُ)(ن) الأَمْرُ شَجْوًا: غمگین کرنا۔
— الحدیثُ و نَحْوُهُ فلانًا: خوش کرنا، صدمہ پہنچانا۔
—تَذَكُّرُ الإِلْفِ: محبوب کی یاد کا کسی کو تڑپا دینا۔
(شَجِیَ)(س) شَجًا: گلے میں ہڈی وغیرہ اٹکنے سے تکلیف میں مبتلا ہونا (۲) رنجیدہ و غمگین ہونا (۳) کسی کی یاد میں تڑپنا۔
—بالهَمِّ: غم میں مبتلا رہنا۔
—بِقِرْنِهِ: اپنے مقابل یا جوڑی دار سے مغلوب ہونا۔ هو شَجٍ و شَجِیَّةٌ۔
(أَشْجَاهُ): مغموم کرنا، رنجیدہ کرنا (۲) زیر کرنا، مغلوب کرنا۔
—بِكذا: کسی چیز کا حلق میں پھنسنا۔
(الشَّجَا): حلق میں پھنس جانے والی ہڈی وغیرہ۔
(الشَّجْوُ): غم و پریشانی (۲) ضرورت۔ کہتے ہیں: بَكَى فلانٌ شَجْوَهُ: اس نے گریہ زاری کی۔
(الشَّجِیُّ): غمگین، فکر مند۔ کہاوت ہے: (وَیْلٌ لِلشَّجِیِّ مِنَ الخَلِیِّ)

ش......ح

(شَحَبَ)(ن) جِسْمُه شُحُوْبًا: بدن کا ہلکا اور بدلا ہوا ہونا، لاغر ہونا۔
—اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا، رنگ کا پھیکا پڑ جانا هو شَاحِبٌ۔
(شَحَتَ): مانگنا اور مانگنے میں اصرار کرنا۔
(الشَّحَّاتُ): ضدی بھکاری، فقیر۔
(شَحَجَ)(ف) البَغْلُ والحِمَارُ شَحِیْجًا: خچر اور گدھے کا آواز نکالنا۔
—الغُرَابُ: کوے کی آواز کا کرخت ہونا۔ هو شَاحِجٌ و شَحَّاجٌ۔
(تَشَحَّجَ) صَوْتُه: آواز کا کرخت و موٹا ہونا۔
(الشَّاحِجُ): خچر (۲) گدھا۔
(شَحَّ)(ض) الماءُ و نَحْوُه شَحًّا: پانی وغیرہ کا کم ہونا۔
—الزِّنَادُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
—فلانٌ بالشَّیءِ: کوئی چیز دینے میں بخل کرنا۔
—علی الشیءِ: حریص ہونا هو شَحِیْحٌ و شَحَاحٌ۔
(شَاحَّ) فُلانًا: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا۔ علماء لغت کا قول ہے: (لَا مُشَاحَّةَ فِی الاِصطِلاحِ) اصطلاح میں اختلاف و اعتراض کی گنجائش نہیں ہے۔
(تَشَاحُّوا) فِی الأَمْرِ و عَلَیْهِ: کسی معاملہ میں ایک دوسرے پر فوقیت یا سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔

—الخَصْمَانِ: دو مقابل آدمیوں کا ایک دوسرے پر غالب آنے کی شدید خواہش رکھنا۔
(الشُّحُّ): بخل، خودغرضی۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ أُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ}
(الشَّحَّةُ): نَفْسٌ شَحَّةٌ: انتہائی لالچی طبیعت۔
(الشَّحِيحُ): بخیل (ج) شِحَاح و أَشِحَّة .... و أَشِحَّاءُ۔ قرآن مجید میں ہے: {سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ} هي شحيحة (ج) شحائح۔
—إِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ دینے والی اونٹنیاں۔
(شَحَذَ) (ف) السَّيْفَ و نحوهٗ شَحْذًا: تلوار کی دھار بنانا۔ فالسَّيْفُ شَحِيذٌ و مَشْحُوذٌ۔
—ذِهْنَهٗ: ذہن کو تیز کرنا۔
— النَّاسَ: بھیک مانگنا، اصرار اور ضد کر کے مانگنا۔
(أَشْحَذَ) السَّيْفَ و نَحْوَهٗ: تلوار کو تیز کرنا۔
(الشَّحَّاذُ): بھکاری، اصرار کے ساتھ مانگنے والا۔
(المِشْحَذُ): سامان رکھنے کا پتھر یا مشین (ج) مشاحذ۔
(المَشْحَذَةُ) هٰذَا الكلامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ: اس کلام سے سمجھ بوجھ بڑھتی ہے۔
(الشُّحْرُ): وادی کا نشیب (۲) پانی کی نالی۔
(الشُّحْرُورُ): طوطے جیسا ایک پرندہ جو اپنی خوبصورت آواز کی وجہ سے پنجرہ میں پالا جاتا ہے۔ اس کا نر سیاہ اور مادہ کا اوپر کا حصہ گدلا اور سبز سرخی مائل ہوتا ہے۔
(شَحَطَ) (ف) المكانُ شُحُوطًا: دور ہونا۔
—فِي المُسَاوَمَةِ: سودا کرنے میں حد سے گزر جانا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کا سینہ کی مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔
—الآلَةُ: مشین کا تیل وغیرہ ختم ہونے کے باعث رک جانا یا رک جانے کے قریب ہوجانا۔
—القَتِيلُ فِي الدَّمِ: مقتول کا خون میں تڑپنا۔
—فُلانًا شَحْطًا: دوڑ یا خوبی میں کسی پر فوقیت حاصل کرنا۔
—الكَرْمَةَ و غَيْرَهَا: انگور وغیرہ کی بیل کو لکڑی وغیرہ کا سہارا دے کر سیدھا کرنا۔
—الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
—الشَّرَابَ: شراب کو پتلا کرنے کے لئے پانی اور کوئی دوسری سیال چیز ملانا۔
—اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔
(أَشْحَطَهٗ): دور کرنا۔
(شَحَّطَهٗ) فِي دَمِهٖ و بِدَمِهٖ: خون میں تڑپانا، لت پت کرنا۔
(الشَّحْطُ): وہ لکڑی جس میں انگور کی بیل یا درخت کی لٹکی ہوئی شاخوں کو سہارا دے کر سیدھا کیا جائے (۲) پرندے کی بیٹ (۳) خون میں آلودگی۔
(الشَّحْطَةُ): زخم اور چھلنے کا نشان۔
(الشَّوْحَطُ): ایک قسم کا درخت جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ واحد: شوحطة۔
(شَحَمَ) (ف) الطَّعَامَ و الخُبْزَ شَحْمًا: چربی یا روغن ملانا۔
—القومَ: چربی کھلانا۔
(شَحِمَ) (س) شَحَمًا: موٹا ہونا، چربی دار ہونا۔
—العِنَبُ: انگور کا رس کم اور چھلکا موٹا ہونا۔
—الرُّمَّانُ: انار کے دانوں کی جھلی کا موٹا ہونا۔
—إِلَى الشَّحْمِ: چربی کا خواہش مند ہونا۔
(أَشْحَمَ): کسی پر چربی چڑھنا۔
—القَوْمَ: چربی کھلانا۔
(شَحَّمَ): خوب چربی ملانا (۲) موٹا کرنا۔
—الآلَةَ: مشین میں گریس ڈالنا (محدثہ)
(الشَّحْمُ): چربی (۲) گریس، مشین میں ڈالنے کا گاڑھا تیل (ج) شُحُومٌ۔
(الشَّحْمَةُ): چربی کا ٹکڑا۔
—شَحْمَةُ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی۔
—شَحْمَةُ الأُذُنِ: کان کی لو۔
—شَحْمَةُ الرُّمَّانَةِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا۔
(الشَّحِيمُ): چربی دار، موٹا۔ رَجُلٌ شَحِيمٌ: موٹا تازہ آدمی۔
(شَحَنَ) (ف) السَّفِينَةَ و غَيْرَهَا شَحْنًا: کشتی یا جہاز وغیرہ پر سامان لادنا۔ کہتے ہیں: شَحَنَ البَلَدَ بالخَيْلِ: شہر کو گھوڑوں سے بھر دیا۔
—فُلانًا: دھتکارنا، دور کرنا۔
(شَحِنَ) (س) عليه شَحْنًا: کینہ رکھنا۔
(أَشْحَنَ) له بِسَهْمٍ: کسی پر تیر مارنے کے لئے تیار ہونا۔
(شَاحَنَهٗ): دشمنی کرنا، بغض رکھنا۔
(تَشَاحَنُوا): باہم بغض و عداوت رکھنا۔
(الشَّاحِنُ) مَرْكَبٌ شَاحِنٌ: لدی ہوئی سواری۔
(الشَّحْنَاءُ): کینہ، عداوت، بغض (۲) کشتی یا جہاز وغیرہ میں لادا جانے والا سامان (۳) وقت معین کے لئے تیار کی ہوئی خوراک (۴) گھڑ سوار دستہ (۵) شہر کی پولیس (ج) شِحَنٌ۔
—الشِّحْنَةُ الكهربيّةُ: چارج کی ہوئی بیٹری (مج)
(شَحَا) (ن) فلانٌ شَحْوًا: لمبے قدموں سے چلنا (۲) ٹانگیں چوڑی کرنا۔
—فِي الفِتْنَةِ: فساد پھیلانا۔
—فَمَهٗ: منہ کھولنا۔
(شَحِيَ) (ف) فَمَهٗ شَحْيًا: منہ کھولنا۔
(تَشَحَّى) فِي الشَّيْءِ: پھیلانا، وسیع کرنا۔۔
—فِي السَّوْمِ: قیمت زیادہ کرنا۔
—عَلَى فلانٍ: کسی کے خلاف زبان کھولنا۔
(الشَّحْوَةُ): قدم، ڈگ۔ کہتے ہیں: فَرَسٌ رَغِيبُ الشَّحْوَةِ: مناسب رفتار گھوڑا۔ فَرَسٌ بَعِيدُ الشَّحْوَةِ دراز قدم یا تیز رفتار گھوڑا۔ فلانٌ بعيدُ الشَّحْوَةِ فِي مقاصدِهٖ: فلاں کے مقاصد بلند ہیں۔ اناءٌ واسعُ الشَّحْوَةِ: گہرے یا چوڑے پیٹ کا برتن۔

ش ...... خ

(شَخَبَ) (ف) اللَّبَنُ شَخْبًا: دودھ کا تھن سے آواز کے ساتھ نکلنا۔

ش

—اللَّمُ مِنَ الجُرْحِ: زخم سے خون بہنا۔ کہتے ہیں: شَخَبَتْ اَوْداجُ القَتِيلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون ابل پڑنا۔
(اِنْشَخَبَ) اللَّبَنُ: دودھ کا خوب نکلنا۔
—العِرْقُ دمًا: رگ سے بہت خون نکلنا۔
(الأُشْخُوبُ): دودھ دوہنے کی آواز۔
(الشَّخْبُ و الشُّخْبُ): دودھ نکالتے وقت دودھ کی ایک دھار۔ کہاوت ہے: (شُخْبٌ فِي الاناءِ وَ شُخْبٌ فِي الأَرْضِ) ایک دھار برتن میں اور ایک دھار زمین پر۔ ایسے شخص کے بارے میں جو کبھی صحیح اور کبھی غلط کام کرتا ہو۔
(الشُّخْبَةُ): بمعنی الشُّخْبُ (ج) شِخَابٌ۔
(شَخُتَ)(ك) شُخُوتَةً: پیدائشی طور پر پتلے جسم والا ہونا۔ هو شَخْتٌ و شَخِيتٌ (ج) شِخَاتٌ۔
(الشَّخْتُ): پیدائشی کمزور۔ کہتے ہیں: فلانٌ شَخْتٌ (ج) شِخَاتٌ۔
—شَخْتُ العطاءِ: کم فیض آدمی۔
(شَخَّ)(ن) فِي نَوْمِهِ شَخًّا: خراٹے لینا۔
—ببوله: زور کے ساتھ پیشاب کی دھار مارنا۔
(شَخَرَ)(ض) شَخْرًا و شَخِيرًا: حلق میں آواز گھمانا اور نہ بولنا۔
—الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔
—الحمارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔
(شَخَسَ)(ف) الامرُ شَخْسًا: معاملہ کا غلط رخ اختیار کرنا۔ هو شَخِيسٌ۔
(تَشَاخَسَتْ) اسنانُه: دانتوں کا بے ترتیب اور بے ڈھنگا ہونا۔
—ما بينَ القَوْمِ: لوگوں میں بگاڑ و فساد پیدا ہونا۔
(شَخْشَخَ) القَشُّ و نَحْوُه: پھونس وغیرہ کی آواز پیدا ہونا۔
(شَخَصَ)(ف) الشيءُ شُخُوصًا: بلند ہونا (۲) دور سے ظاہر ہونا۔
—السهمُ: تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔
—مِنْ بَلَدِهِ و عنه: شہر سے نکلنا۔
—اليه: لوٹنا۔
—أَمامَهُ: کسی کے سامنے حاضر ہونا (۲) کسی کے سامنے تصویر بن کر آنا۔
—فلانٌ بَصَرَهُ و ببَصَرِهِ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ نگاہ کا اٹھی کی اٹھی رہ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ}
(شَخُصَ)(ك) فلانٌ شَخَاصَةً: بھاری بدن والا اور موٹا ہونا۔ هو شَخِيصٌ وهي شخيصةٌ۔
(اَشْخَصَ) فلانٌ: روانگی کا وقت آجانا۔
—الرَّامِي: تیر انداز کے تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔ کہتے ہیں: اَشْخَصَ سهمَه وبه۔
—فلانًا مِنْ بَلَدِهِ: شہر یا ملک سے نکالنا۔
—فلانًا اليه: کسی کو کسی کے پاس بھیجنا۔
(شَخَّصَ) الشيءَ: متعین کرنا، ماسوا سے ممتاز اور جدا کرنا۔
(تَشَخَّصَ) الامرُ: متعین و ممتاز ہونا۔
(الشَّاخِصُ): نظر آنے والی شے۔ سامنے آنے والا (۲) مقرر حد کی علامت۔
(الشَّخْصُ): ہر نمایاں اور بلند جسم (۲) شخص، انسانی فرد، فلاسفہ کے نزدیک وہ ذات جو اپنا شعور رکھتی ہو اور اپنے ارادے میں مختار ہو (ج) أشخاصٌ و شُخُوصٌ۔
(الشَّخْصِيُّ): ذاتی، انفرادی، ایک ذات انسانی سے متعلق۔
(الشَّخْصِيَّةُ): ممتاز ہستی، شخصیت (Personality)، کہتے ہیں: فلانٌ ذُو شخصيةٍ قويّةٍ: ممتاز صفات، قوتِ ارادی کا مالک۔
—الاحوالُ الشَّخْصِيَّةُ: خاندان سے متعلق شرعی مسائل و احکام جیسے نکاح و طلاق اور میراث کے مسائل۔
—البطاقةُ الشَّخْصِيَّةُ: (دیکھئے: بطاقة)
(شَخِمَ)(س) الطعامُ شَخَمًا: بدبو دار ہونا، خراب ہوجانا۔
—فَمُ فلانٍ: منہ سے بدبو آنا۔ هو شَخِمٌ۔
(اَشْخَمَ): بمعنی شَخِمَ۔
(الأَشْخَمُ) فلانٌ اَشْخَمُ الرَّأْسِ: شخص جس کے سر پر سفید بال غالب ہوں۔
—شَعْرٌ أَشْخَمُ: سفید بال۔
—عامٌ اَشْخَمُ: خشک سال، بے آب و گیاہ سال۔
—روضٌ أَشْخَمُ: بے رونق باغ جس میں پودے نہ ہوں۔

ش .... د

(شَدَخَتِ)(ف) الغُرَّةُ شُدُوخًا: پیشانی کا سفید نشان پھیلنا۔
—الشيءَ شَدْخًا: توڑنا۔ کہتے ہیں: شَدَخَ الرَّأْسَ والحَنْظَلَ۔
—دَمَ فلانٍ: کسی کا خون رائیگاں کرنا۔
(شَدَّخَهُ): ریزہ ریزہ کرنا۔
(اِنْشَدَخَ): ٹوٹنا۔
(تَشَدَّخَ): ٹوٹ پھوٹ جانا۔
(الشَّدْخَةُ): ایک ضرب (۲) نرم و نازک کونپل۔
(المِشْدَخُ والمِشْدَخَةُ): توڑنے کا آلہ (ج) مَشَادِخُ۔
(شَدَّ)(ض ن) الشيءُ شِدَّةً: سخت ہونا، مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) بھاری ہونا۔
—فلانٌ شَدًّا: دوڑنا۔
—النهارُ: دن چڑھنا۔
—عليه فِي الحَرْبِ: زوردار حملہ کرنا۔
—عَلَى قلبه شَدًّا: مہر لگانا، راستہ بند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ}
—فُلانًا: مضبوط باندھنا۔
—عَضُدَهُ: بازو باندھنا۔
—عَلَى يَدِهِ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد کرنا۔
—العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا۔
—رِحالَهُ: سفر کے لئے تیار ہونا۔
—مِئْزَرَهُ: کوشش کرنا، محنت سے کام کرنا۔

—الحَبْلَ و نَحْوَهٗ: رسی وغیرہ کو پھیلانا' کھینچنا۔
—لَشَدَّ مَاجَنٰی یا شَدَّ مَاجَنٰی: اس نے بڑا سنگین جرم کیا (بطور تعجب کے مستعمل ہے)
(اَشَدَّ) الفَتٰی: عقل وعمر میں کمال کو پہنچنا، (۲) طاقتور سواری والا ہونا۔ حدیث میں ہے: {یَرُدُّ مُشِدُّهُمْ عَلٰی مُضْعِفِهِمْ}۔
(شَادَّهٗ) مُشَادَّةً و شِدَادًا: غالب آنا۔
— فی الأمرِ: مبالغہ کرنا' تخفیف نہ کرنا۔ حدیث میں ہے: (لَنْ یُشَادَّ الدِّینَ أحدٌ إلاَّ غلبهٗ)
(شَدَّدَ): بہت مضبوط کرنا (۲) زور سے باندھنا۔
—الشئَ: مضبوط و مستحکم کرنا۔
—الحرفَ: مشدد کرنا' حرف کو حرف میں ملانا۔
(اِشْتَدَّ): مضبوط اور زیادہ ہونا' سخت ہونا۔ جیسے: اشْتَدَّ مرضُه واشْتَدَّ بِه المرضُ واشتدَّ علیه فِی الأمرِ۔
—فِیْ عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔
—النَّهَارُ: دن چڑھنا۔
—السِّعْرُ: نرخ بڑھنا۔
—اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ: دودھ وغیرہ کا جم جانا' پنیر بن جانا۔
(تَشَادَّا): باہم زور آزمائی کرنا۔
(تَشَدَّدَ) فِی الأَمْرِ: تشدد کرنا' سختی برتنا' نرمی نہ کرنا، (۲) بخل کرنا۔
(الأَشُدُّ): بلوغ عمر وعقل کی پختگی۔ کہتے ہیں: بَلَغَ اَشُدَّهٗ: مرد کامل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰٓی اٰتَیْنٰهُ حُکْمًا وَّ عِلْمًا} و {وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ} یہ لفظ صرف جمع ہی مستعمل ہے۔
(الشِّدَادُ): رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔
(الشَّدُّ): کشش' بندش۔ کہتے ہیں: لا یَقْوٰی علٰی شدٍّ ولا اِرخاءٍ: وہ کچھ نہیں کرسکتا۔
—اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ و شَدَّ الضُّحٰی: وہ ہمارے پاس دن چڑھے آیا۔

(الشَّدَّةُ): زوردار حملہ (۲) تشدید' شین کے سرے جیسی ایک علامت جو تضعیف حرف پر دلالت کرتی ہے۔
(الشِّدَّةُ): سختی دباؤ' مصیبت وپریشانی۔
—شِدَّةُ الْعَيْشِ: زندگی کی تنگی۔
(الشَّدِیْدُ): طاقتور' مضبوط (۲) سخت' بہادر۔
—شَدِیْدُ الْقُوٰی: عظیم قدرت والا۔ قرآن مجید میں ہے: {عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی}
—عِطْرٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ: تیز خوشبو کا عطر۔
—شدید العین: بہت بیدار شخص جسے نیند نہ آتی ہو (ج) شِدَادٌ و أَشِدَّاءُ و هُنَّ شِدَادٌ و شدائد۔
—الشدیدُ فِی الأَصْوَاتِ: وہ آواز جو مخرج پر تھوڑے وقفہ کے لئے بند ہوجاتی ہے جیسے دال اور تاء وغیرہ کی آواز۔
(المِشَدُّ): عورت کا کمر پر باندھنے کا کپڑا (مو)
(شَدَفَه) (ض) شَدْفًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(شَدِفَ) (س) شَدَفًا: حد سے زیادہ خوش ہونا' جھومنا (۲) غرور سے منہ ٹیڑھا کرنا۔ هو أَشْدَفُ وهی شَدْفاءُ (ج) شُدْفٌ۔
(تَشَادَفَ): مڑنا' بل کھانا۔
(الأَشْدَفُ): بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (Left Hander)۔
(الشَّادُوْفُ): آب پاشی کا بڑا ڈول جو بڑی بلی میں بندھا ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ نہر وغیرہ سے پانی اٹھا کر سیراب کیا جاتا ہے۔
(الشُّدْفَةُ): ٹکڑا' حصہ' قطعہ (ج) شُدَفٌ۔
(شَدِقَ) (س) شَدَقًا: چوڑی باچھوں والا ہونا' بڑے جبڑے والا ہونا۔ هو أَشْدَقُ وهی شَدْقَاءُ (ج) شُدْقٌ۔
(تَشَدَّقَ): چبانے کے لئے جبڑے ہلانا (۲) عمدہ گفتگو کے لئے باچھوں کو موڑنا۔
(الأَشْدَقُ) خطیبٌ أَشْدَقُ: بلند آواز پرزور خطیب۔
— شفةٌ شدقاءُ: چوڑی باچھوں والا ہونٹ۔

(الشِّدْقُ): گوشۂ دھن' باچھ' جبڑا (ج) أَشْدَاقٌ و شُدُوْقٌ۔
(الشَّدْقَمُ): چوڑی باچھوں والا۔
(شَدَنَ) (ن) الظبیُ شُدُوْنًا: ہرنی کا بڑا ہوکر ماں سے الگ ہوجانا۔ هو شادِنٌ۔
(أَشْدَنَتِ) الظَّبْيَةُ و نَحْوُهَا: ہرن کا جوان بچے والی ہونا۔ هی مُشْدِنٌ (ج) مَشَادِنُ۔
(الشَّادِنُ): ہرنی کا جوان بچہ (ج) شَوَادِنُ۔
(شَدَهَ) (ف) فُلانًا شَدْهًا: حیران کردینا۔
(شُدِهَ): حیران وپریشان رہ جانا۔
(أَشْدَهَهٗ): حیرت میں ڈالنا۔
(انْشَدَهَ): حیران ہونا' متحیر ہونا۔
(الشُّدَاهُ): حیرت' حواس باختگی۔
(المَشَادِهُ): حیران کن امور' مشاغل۔ واحد: مَشْدَهَةٌ۔
(شَدَا) (ن) شَدْوًا: گانا' سر نکالنا۔
—بِالشِّعْرِ: ترنم سے شعر پڑھنا۔
—منَ الادبِ والعلمِ: علم وادب حاصل کرنا۔
— شَدْوَ فلانٍ: نقل اتارنا' کسی کی مشابہت اختیار کرنا۔
(الشَّادِیْ): گویا' حدی خواں' گانا گانے والا (۲) علم وادب کا طالب (ج) شُدَاةٌ۔
(الشَّدَا): قدرے طاقت۔ کہتے ہیں: لَمْ یَبْقَ مِنْ قُوَّتِهٖ إلاَّ شَدًا: اس میں معمولی رمق رہ گئی ہے (۲) ہر چیز کی حد' کنارہ۔
(الشَّدْوُ): بہت تھوڑی سی مقدار۔ کہتے ہیں: اَخَذَ شَدْوًا مِنَ المالِ۔

ش .... ذ

(شَذَبَ) (ض) اللِّحاءَ شَذْبًا: چھال اتارنا۔
—العُوْدَ: شاخ کی ٹہنیاں صاف کرنا تاکہ اس کی چھال اتاری جاسکے۔
—عَنْ فلانٍ: دفاع کرنا' شر دور کرنا۔
(شَذَّبَ) اللحاءَ والعُوْدَ والشَّجَرَ: کاٹنا' تراشنا' چھیلنا۔ کاٹ تراش کر عمدہ بنانا۔
—الشئَ: بکھیرنا' منتشر کرنا۔ شَذَّبَ المالَ:

مال کو تباہ و برباد کرنا۔
—فُلَانًا عَنِ الشَّیْءِ: ہٹانا، دھتکارنا۔
(تَشَذَّبَ) القومُ: منتشر ہونا۔
(الشَّاذِبُ): پردیسی، مسافر (۲) مایوس، نا اُمید۔
(الشَّذَبُ): کاٹ تراش کر پھینکی جانے والی چیز (۲) ہر شے کا باقی ماندہ حصہ۔ کہتے ہیں: فِی الارض شَذَبٌ مِنَ الکَلَإِ: زمین میں کچی پکی گھاس ہے (ج) أَشْذَابٌ۔
(الشَّذِبُ): رَجُلٌ شَذِبُ العُرُوْقِ: نمایاں اور اُبھری ہوئی رگوں والا آدمی
(المِشْذَبُ): کاٹ تراش کا آلہ، بڑی قینچی (ج) مَشَاذِبُ۔
(شَذَّ) (ض) شُذُوْذًا: الگ تھلگ ہونا، تنہا رہ جانا۔
—عن الجماعةِ: جماعت سے الگ ہوجانا۔
— الکلامُ: کلام کا قاعدہ اور قیاس کے مخالف ہونا۔ یعنی شاذ ہونا۔
(أَشَذَّ) فلانٌ: نئی اور نامانوس بات کرنا۔
—الشَّیْءَ: دور کرنا۔
—القَوْلَ: نئی اور نامانوس بات کہنا۔
(الشَّاذُّ): خلاف قیاس، خلاف اصول، خلاف معمول (۲) اجنبی، منفرد و غیر معمولی (۳) کم یاب، نادر الوجود (۳) نامناسب طرز عمل (۴) نامانوس طرز (ج) شَوَاذُّ۔
(شَذَّرَ) العِقْدَ و نَحْوَهُ: ہار وغیرہ میں موتیوں کے درمیان سونے وغیرہ کے ٹکڑے لگانا۔
—الأَدِیْبُ کلامَهُ بِالشِّعْرِ: ادیب کا کلام میں شعر لانا۔
(تَشَذَّرَ) القومُ: باہم اختلاف کرنا اور ہر ایک کا اپنی اپنی راہ لینا۔
—فلانٌ: لڑائی یا فساد کے لئے تیار رہنا۔
—الرجُلُ: غصہ ہونا (۲) مستعد ہونا۔
(الشَّذْرُ): کان (معدن) سے چنے جانے والے سونے کے ٹکڑے (۲) وہ مہرے یا منکے جو فاصلہ کے لئے ہار کے موتیوں کے بیچ میں پروئے جائیں (۳) چھوٹے موتی۔ واحد: شَذْرَةٌ (ج) شُذُوْرٌ و شَذَرَاتٌ۔
(شَذَرَ مَذَرَ): تَفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ: وہ الگ الگ سمتوں میں منتشر ہوگئے، تتر بتر ہوگئے۔
(شَذَا) (ن) المِسْكُ شَذْوًا: مشک کا تیز خوشبو اور مہکنا۔
—فُلَانٌ: مشک بطور خوشبو استعمال کرنا۔
(أَشْذَاهُ) عنه: ہٹانا، دور کرنا۔
(الشَّذْوُ): مشک (۲) مشک کی خوشبو (۳) مشک کا رنگ۔
(الشَّذَا): تیز مہک (۲) عود کے ریزے جن سے خوشبو حاصل کی جائے۔
(الشَّذَاةُ): طاقت و سختی کا بقیہ۔

ش ....ر

(اِشْرَأَبَّ) الیه وله اشْرِئْبَابًا و شُرَأْبِیْبَةً: گردن لمبی کرنا یا بلند کرنا تا کہ کسی چیز کو دیکھ سکے۔
(شَرِبَ) (س) الماءَ و نحوَهُ شُرْبًا: پینا، ھو شاربٌ (ج) شاربون و شَرَبَةٌ۔
—السُّنْبُلُ الدَّقِیْقَ: گندم کے دانوں کا سخت اور پکنے کے قریب ہوجانا۔
(أَشْرَبَ) الرَّجُلُ: کسی کے اونٹوں کے پانی پینے یا کھیتی کے سیراب ہونے کا وقت آنا (۲) سیراب ہونا۔
—فُلَانًا: سیراب کرنا، پلانا۔ کہتے ہیں: (أَشْرَبَنِیْ مَا لَمْ أَشْرَبْ): اس نے میرے متعلق وہ باتیں کہیں جو میں نے نہیں کہیں۔
—اللَّوْنَ: رنگ کو گہرا کرنا۔
—اللَّوْنَ و غَیْرَهُ: رنگ میں دوسرا رنگ ملانا جیسے: أَشْرَبَ البَیَاضَ حُمْرَةً۔
(۲) بھرنا، راسخ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَأُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ}
(شَارَبَهُ) مُشَارَبَةً و شِرَابًا: کسی کے ساتھ پینا۔
(شَرَّبَ) قَصَبُ الزَّرْعِ: گنے میں پانی دوڑنا۔
—فلانًا: پلانا۔
(تَشَرَّبَ) الماءَ و نَحْوَهُ: آہستہ آہستہ چوسنا۔ کہتے ہیں: تَشَرَّبَ الثَّوْبُ العَرَقَ والصِّبْغَ: کپڑے کا پسینہ یا رنگ کو جذب کرنا۔
(استَشْرَبَ) اللونُ: رنگ کا تیز کرنا۔
(اِشْرَأَبَّ) الیه وله اشْرِئْبَابًا: (دیکھئے: اشرأبّ)
(الشَّارِبُ): پینے والا (ج) شُرَّابٌ (۲) مونچھ اس کی دونوں طرفوں کو "شاربان" کہتے ہیں (ج) شَوَارِبُ۔
(الشَّارِبَةُ): تانیث الشَّارب (۲) دریا کے کنارے بسنے والی قوم جو پانی میں تصرف کرتی ہو۔
(الشَّرَابُ): پینے کی چیز، مشروب (ج) أَشْرِبَةٌ۔
(الشَّرْبُ): ساتھ مل کر پینے والے لوگ۔
(الشِّرْبُ): پینے کا پانی (۲) پانی کا حصہ (۳) پانی پینے کا وقت۔ قرآن مجید میں ہے: {لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُوْمٍ ۝}
(۴) دریا کا گھاٹ (ج) أَشْرَابٌ۔
(الشَّرْبَةُ): ایک دفعہ کا پینا (۲) ایک گھونٹ۔
(الشُّرْبَةُ): چہرے کی سرخی (۲) سیرابی کے بقدر پانی (۳) سوپ، یخنی (مو) (ج) شُرَبٌ
(الشَّرَبَةُ): پینے کی زیادتی (۲) پیاس۔ کہتے ہیں: لَمْ تَزَلْ بِهِ شَرَبَةٌ هٰذَا الیومَ: آج وہ پیاسا رہا۔ یَوْمٌ ذُوْ شَرَبَةٍ: سخت گرمی اور پیاس کا دن جس میں کثرت سے پانی پیا جائے (۳) درخت کے اردگرد کا گڑھا جس میں پانی بھرا جائے (ج) شَرَبٌ۔
(الشُّرَبَةُ): بہت پینے والا۔
(الشِّرِّیْبُ): پینے کا شوقین۔
(الشَّرُوْبُ): بہت پینے والا (۲) وہ پانی جو شیریں نہ ہونے کی بنا پر مجبوراً پیا جائے (ج) شُرُبٌ۔
(الشَّرِیْبُ): بمعنی الشَّرُوْبُ (۲) پینے کا ساتھی، ہم نوش۔

(المَشْرَبُ): پانی پینے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: {قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ} (۲) مشروب۔ مَشْرَبُ الرَّجُلِ: آدمی کا میلان و خواہش۔ کہتے ہیں: هم قومٌ اختلفت مشاربهم: ان لوگوں کے رجحانات وخواہشات الگ الگ ہیں۔

(المَشْرَبَةُ): پانی پینے کی جگہ (۲) سدا بہار زمین۔ طَعَامٌ مَشْرَبَةٌ: بہت پیاس لگانے والا کھانا (ج) مَشَارِبُ۔

(المِشْرَبَةُ): پینے کا برتن (ج) مَشَارِبُ۔

(شَرِثَتْ) (س) يَدُهُ او رجلُه شَرَثًا: کھال کا ظاہری حصہ موٹا ہوکر سردی سے پھٹ جانا۔

—النَّعْلُ: جوتا ٹوٹ جانا۔ هو شَرِثٌ۔

(انْشَرَثَتْ) يَدُهُ: کھال کا کھردرا ہونا' پھٹ جانا۔

(الشَّرِثُ): دھاردار تلوار وغیرہ۔

(شَرَجَ) (ن) الشيءَ شَرْجًا: اجزاء کو باہم ملانا۔

—اللَّبِنَ و نحوَهُ: اینٹوں کو تہ بہ تہ لگانا۔

—العَيْبَةَ: بھس وغیرہ کی جالی یا تھیلے کے منہ کو ڈورے سے کس کر باندھنا۔

—الشَّرَابَ بالماءِ: شراب یا شربت میں پانی ملانا۔

(شَرِجَ) (س) الجِسْمُ شَرَجًا: جسم کا موٹا اور گھٹا ہوا ہونا۔

(أَشْرَجَ) العَيْبَةَ و الخِبَاءَ: تھیلے یا خیمے کے تسمے باندھنا۔

—صَدْرَهُ عَلَى كذا: دل میں کوئی بات چھپانا۔

(شَرَّجَ): اچھی طرح جوڑنا' خوب ملانا۔

—الثَّوْبَ: دوردور ٹانکے لگانا' بڑی سلائی لگانا۔

(انْشَرَجَ): دوٹکڑے ہونا۔

(تَشَرَّجَ) اللَّحْمُ بالشَّحْمِ: ایک دوسرے میں داخل ہوجانا۔

(الشَّرْجُ): اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ (۲) گروہ' فرقہ' جماعت۔ کہتے ہیں: أصبحوا فی هٰذا الأَمرِ شَرْجَيْنِ: اس معاملہ میں دو گروہ ہو گئے (ج) شِرَاجٌ۔

(الشَّرَجُ): خیمہ یا بڑے تھیلے کا کاج نما پھندا جس میں ڈوری ڈال کر باندھتے ہیں (۲) دبر کا حلقہ۔

— شَرَجُ الوادي: وادی کا کشادہ حصہ (ج) أَشْرَاجٌ۔

(الشَّرِيجُ): چیری ہوئی لکڑی کا ایک حصہ۔

—الشَّرِيجَانِ: ہرشے کے دومختلف رنگ۔

(الشَّرِيجَةُ): کھجور کے پتوں کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا (۲) کبوتروں کا بڑا پنجرا (ج) شرائجُ۔

(شَرْجَعَ) الخَشَبَةَ المُرَبَّعَةَ: حروف کند کرنا۔

(الشَّرْجَعُ): لمبا (۲) میت' جنازہ۔

(المُشَرْجَعُ): بہت لمبا۔

(شَرَحَ) (ف) اللحمَ شَرْحًا: گوشت کی بوٹیاں بنانا۔

—الشيءَ: پھیلانا' وسعت دینا۔

—صدرَهُ بالأمرِ: دل مطمئن ہونا۔

—له: کسی چیز کے لئے شرح صدر کروانا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَمَن يُرِدِ اللَّهُ أَن يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ}

—الكلامَ: کلام کو واضح کرنا' کلام کی تفسیر کرنا۔

(شَرَّحَ) اللحمَ: گوشت کی بوٹیاں بنانا۔

—الجُثَّةَ: پوسٹ مارٹم کرنا' علم طب میں تحقیق کے لئے لاش کی چیر پھاڑ کرنا۔

(انْشَرَحَ): لازم شرح کھلنا' واضح ہونا۔ کہتے ہیں: انشرحَ صَدْرُهُ لِكذا: اس کا دل اس بات کے لئے کھل گیا۔

(التَّشْرِيحُ): عِلْمُ التَّشْرِيحِ: وہ علم جس کے ذریعہ اعضاء والے اجسام کو چیر پھاڑ کر ان کے گوشت کی طبی تحقیق اور معائنہ کیا جاتا ہے۔

(الشَّرِيحَةُ): باریک لمبا ٹکڑا' پارچہ (ج) شَرَائِحُ۔

(المَشْرَحَةُ): چیر پھاڑ یا پوسٹ مارٹم کی میز (۲) پوسٹ مارٹم کا کمرہ (محدثہ)

(شَرَخَ) (ن) الصبيُّ شُرُوخًا: بچہ کا جوان ہو جانا۔

—نابُ البعيرِ شَرْخًا: اونٹ کا دانت نکلنا۔ هُوَ شَارِخٌ (ج) شَرْخٌ و شُرَّخٌ۔

(الشَّرْخُ): اصل (۲) رگ (۳) ہڈی کی ترخ' کریک (۴) دیوار کا شگاف (محدثہ)

(شَرَدَ) (ن) البعيرُ وغيرُه شُرُودًا و شِرَادًا: اونٹ کا بھاگ جانا اور قابو میں نہ آنا۔

— عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا۔ هو شارِدٌ و شَرُودٌ۔

—فلانٌ: آوارہ ہوجانا۔

(أَشْرَدَهُ): آوارہ کرنا (۲) شہربدر کرنا۔

(شَرَّدَهُ): آوارہ کرنا۔

— القومَ: منتشر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ}

(تَشَرَّدُوا): جدا ہونا' منتشر ہونا۔ کہتے ہیں: تَشَرَّدُوا فِي الأَرضِ: وہ زمین میں پھیل گئے۔

(الشَّارِدُ) رجلٌ شارِدُ العين: بدنظر آدمی جو دوسروں کی چیزوں میں کھویا رہتا ہو۔ هي شارِدةٌ۔

— قصيدةٌ شاردةٌ: مشہور ومعروف نظم (ج) شوارِدُ۔

—شوارِدُ اللغةِ: اجنبی ونامانوس الفاظ۔

(الشُّرُودُ): شُرُودُ الذِّهنِ: آنے والے حالات ومعاملات سے بے توجہی کی کیفیت' ذہنی انتشار (مج)

(الشَّرِيدُ): آوارہ' جس کا ٹھکانہ کوئی نہ ہو۔

(المتشرِّدُ): آوارہ ٹھوکریں کھاتے پھرنے والا (مو)

(الشِّرْذِمَةُ): ٹکڑا' حصہ' قطعہ۔ کہتے ہیں: شِرْذِمَةٌ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی چھوٹی جماعت۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ} (ج) شَرَاذِمُ۔ کہتے ہیں: ثوبٌ شَرَاذِمُ و ثيابٌ شَرَاذِمُ: پھٹے پرانے کپڑے۔

(شَرَّ)(ن ف)فلانٌ شَرًّا و شِرَّةً: شر کی طرف مائل ہونا (۲) فساد مچانا۔
—فلانًا۔شَرًّا: بدنام کرنا، عیب لگانا۔
— الثَّوبَ او اللحمَ و نحوهما: کپڑے یا گوشت کوسکھانے کے لئے پھیلانا۔
(أَشَرَّ)الشیئَ: پھیلانا، ظاہر کرنا۔ کہتے ہیں: أَشَرَّ الثَّوبَ او اللحمَ و نحوهما: کپڑے یا گوشت وغیرہ کوسکھانے کے لئے پھیلانا، اسی سے ہے:
''وحتّٰی أُشِرَّتْ بالاکفّ المصاحف''
—فلانًا: کسی کو برا قرار دینا۔
(شَارَّ)فُلانًا: کسی سے جھگڑا کرنا۔
(الإِشْرَارَةُ): گوشت وغیرہ سکھانے کا کپڑا یا چٹائی (۲) سوکھے گوشت کا ٹکڑا (ج) أَشَارِيْرُ۔
(الشَّرَارُ): چنگاریاں (۲) بجلی کا سوئچ وغیرہ دبانے سے نکلنے والی چنگاری۔ واحد: شرارةٌ (مج)
(الشَّرَرُ): الشَّرَارُ۔ واحد: شَرَرَةٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ}
(الشَّرُّ): برائی اور خرابی، فساد (ج) شُرُوْرٌ۔
—رَجُلٌ شَرٌّ: برا اور شرارتی آدمی (ج) اشرارٌ و شِرارٌ۔ کہتے ہیں: هو شرّ الناسِ وهی شرّ الناسِ وشَرَّةُ الناسِ وشَرَّاهُنَّ۔
(الشِّرَّةُ): تیزی۔ کہتے ہیں: اعوذ باللّٰه من شِرَّةِ الغضب (۲) پھرتی، چستی۔ کہتے ہیں: للشباب شِرَّةٌ۔
(الشِّرِّيْرُ): بہت زیادہ شر والا۔
(شَرَزَ)(ض)الشیئَ شَرْزًا: کاٹنا۔
(أَشْرَزَهُ) اللّٰهُ: مصیبت میں پھنسانا۔
(شَارَزَهُ): دشمنی رکھنا، جھگڑا کرنا۔
(شَرَّزَهُ): سزا دینا (۲) گالی دینا۔
—الشَّیئَ: اجزاء کو جوڑنا۔
(الشَّرْزُ): برائی، شر (۲) موٹاپا (۳) سختی وقوت (۴) سخت و مضبوط۔ کہتے ہیں: عَذَّبَهُ اللّٰهُ عذابًا شرزًا۔

(المُشَارِزُ): بداخلاق (۲) سخت مزاج، لڑاکا۔
(شَرَسَ)(ن)الجلدَ شَرْسًا: رگڑنا، ملنا۔
—صاحبَهُ: اپنے ساتھی سے سخت کلامی کرنا۔
—الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔
(شَرِسَ)(س) شَرَسًا و شَرَاسَةً: بداخلاق اور جھگڑالو ہونا۔ کہتے ہیں: شَرِسَ خُلُقُه و شَرِسَتْ نفسُه هو شَرِسٌ و أَشْرَسُ وهی شرِسَةٌ وشَرْساءُ (ج) شُرْسٌ۔
(شَرُسَ) (ك) - شَراسَةً: شَرِسَ هو شَرِيْسٌ وهی شریسةٌ۔
(شَارَسَه)مُشَارَسَةً و شِرَاسًا: تنگ کرنا، بدسلوکی کرنا۔
(تَشَارَسَ)القومُ: باہم دشمنی اور مخالفت رکھنا۔
(الإِشْرَاسُ): گوند، سریس، چپکانے کا مادہ۔
(الشِّرَاسُ): سریس، چپکانے کا مادہ۔
(الشَّرِيْسُ): بداخلاق (۲) جھگڑالو، لڑاکا (۳) بےمزہ چیز۔
(الشُّرْسُوْفُ): پیٹ سے ملا ہوا پسلیوں کا کنارہ (ج) شَرَاسِيْفُ۔
(شَرْشَرَ)الماءُ وَنَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا ٹپکنا۔
—السِّكِّينَ ونحوَها: دھاردار بنانا (۲) دندانے بنانا (محدثہ)
—الشیئَ: منہ سے کاٹ کر پھینک دینا۔
(الشَّرَاشِرُ): بازوؤں کے کنارے (۲) پورا بدن۔ واحد: شُرْشُرَةٌ۔ کہتے ہیں: أَلْقٰی علیه شَرَاشِرَهُ: کسی پر اپنا سارا بوجھ اور سارے غم ڈال دینا۔
(الشَّرْشَرُ) شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: ایسا بھنا ہوا گوشت جس سے روغن ٹپکتا ہو۔
(الشَّرْشَرَةُ): چھوٹی درانتی (مو)
(الشِّرْشِرَةُ): ٹکڑا، حصہ، قطعہ (ج) شَرَاشِرُ۔
(الشُّرْشُوْرُ): چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ۔
(شَرَطَ)(ن ض)الجلدَ ونحوهُ شَرْطًا: پھاڑنا، چیرنا، نشتر لگانا۔
—له أَمْرًا: شرط کا پابند ہونا۔

—علیه أَمْرًا: لازم کرنا، شرط کا پابند کرنا۔
(شَرِطَ)(س)فلانٌ شَرَطًا: کسی اہم کام میں پڑنا۔
(أَشْرَطَهُ): نشانی یا علامت لگانا۔
—نَفْسَه لِكَذَا: خود کو کسی کام کے لئے مقرر و تیار کرنا۔
—نَفْسَه و مَالَه فِيْ كَذَا: کسی کام کے لئے اپنی جان و مال پیش کرنا۔
—الرَّسُوْلَ إِلٰی فلانٍ: کسی طرف بعجلت قاصد بھیجنا۔
— فلانًا لعملِ كذا: کام مہیا کر کے اس پر لگانا۔
(شَارَطَهُ) عَلٰی كَذَا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا۔
(اشْتَرَطَ)علیه كذا: کسی سے شرط لگانا۔
— القومُ كذا: لوگوں کا باہم کوئی علامت مقرر کرنا۔
(تَشَارَطَا)عَلٰی كذا: باہم شرط لگانا۔
(تَشَرَّطَ)فِيْ عَمَلِهِ: کام میں مہارت اور عبور دکھانا۔
(الشَّرْطُ): بیع وغیرہ میں لزوم و پابندی کی لگائی جانے والی قید جس کی پابندی ضروری ہو (۲) فقہ اسلامی کی روشنی میں وہ قید جس کے بغیر کوئی چیز مکمل نہ ہو لیکن اس کی حقیقت سے خارج ہو (۳) نحویوں کے نزدیک ایک بات کا بذریعہ حرف شرط دوسری بات پر موقوف و منتج ہونا۔ أَدَوَاتُ الشَّرْطِ: وہ الفاظ جو کلام عرب میں شرط کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے إِنْ و مَنْ و مَهْمَا وغیرہ (ج) شروطٌ۔
(الشَّرَطُ): علامت، نشانی (ج) أَشْرَاطٌ قرآن مجید میں ہے: { فَقَدْ جَآءَ أَشْرَاطُهَا }
— الشَّرَطَانِ: دو ستارے جن کو قَرْنَا الحَمَل کہا جاتا ہے اور بہار کے شروع میں ظاہر ہوتے ہیں۔
(الشُّرْطَةُ): پولیس۔ واحد: شُرْطِيٌّ و شُرَطِيٌّ۔
—صاحبُ الشُّرْطَةِ: پولیس افسر۔

(الشَّرِيْطُ): تسمہ' ٹیپ' فیتا (۲) چراغ وغیرہ کا فتیلہ (مو) (۳) مضبوط بٹی ہوئی رسی (۴) زنانہ پرس جس میں وہ خوشبو وغیرہ رکھتی ہیں۔
—شریط القیاس: پیائش کا گز یا فیتہ۔
(الشَّرِيْطَةُ): بمعنی الشَّرْطُ (ج) شَرَائِطُ۔
(المِشْرَطُ) و (المِشْرَطَةُ): نشتر' کھال چیرنے کا اوزار (ج) مَشَارِطُ۔
(شَرَعَ) (ف) الوَارِدُ شَرْعًا: منہ لگا کر پانی پینا۔
—المَنْزِلُ: گھر کا راستہ کے قریب ہونا' لب سڑک مکان بنانا۔
—فلانٌ یفعل کذا: کسی کام کو شروع کر دینا۔
—الشیئَ: بلند کرنا' ظاہر کرنا۔
—الدِّیْنَ: مذہب کا طریقہ بتلانا' وضاحت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {شَرَعَ لَکُمْ مِّنَ الدِّیْنِ مَا وَصّٰی بِہٖ نُوْحًا}
—الأَمْرَ: قانونی شکل دینا۔
—الطَّرِیْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
—البَابَ: کھلے راستہ پر دروازہ بنانا۔
(أَشْرَعَ) الشیئَ: بلند اور واضح کرنا۔
—نَحْوَہُ الرُّمْحَ: کسی کی طرف نیزہ تاننا۔
—الطَّرِیْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
—النَّافِذَةَ إِلَى الطَّرِیْقِ: راستہ کی طرف کھڑکی کھولنا۔
—الدَّابَّةَ: جانور کو پانی پلانا۔
(شَرَّعَ): شَرَعَ کا مبالغہ۔
—البَیْتَ: گھر کو اونچا بنانا۔
—الطَّرِیْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
—السَّفِینَةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔
(اشْتَرَعَ) الشرِیْعَةَ: شریعت جاری کرنا (۲) شریعت پر عمل کرنا۔
—شِرْعَةَ فلانٍ: کسی کی اتباع کرنا۔
(الأَشْرَعُ): أَنْفٌ أَشْرَعُ: بلند بانسے والی ناک۔
(التَّشْرِیْعُ): قانون سازی۔

(الشَّارِعُ) فِي الشَّيْءِ: شروع کرنے والا (۲) شریعت ساز' قانون ساز (۳) شارع' بڑی سڑک۔
(الشِّرَاعُ): کشتی کا بادبان (ج) أَشْرِعَةٌ و شُرُعٌ۔
(الشَّرَّاعَةُ): دروازہ یا کھڑکی کے اوپر بنا ہوا روشندان (محدثہ)
(الشَّرْعُ): راستہ' طریقہ (۲) شریعت' اللہ تعالیٰ کا مقرر کردہ راستہ۔ کہتے ہیں: النَّاسُ فی ھٰذا شَرْعٌ وَاحِدٌ: اس سلسلہ میں لوگ ایک راہ پر قائم ہیں۔
(الشَّرَعُ): برابر۔ کہتے ہیں: نَحْنُ فِيْ ھٰذَا شَرَعٌ: ہم اس میں برابر ہیں۔
(الشِّرْعُ): مانند' مثل۔ جیسے ھما شِرْعَانِ (۲) کمان یا سارنگی کی تانت۔
(الشَّرْعَةُ): چھپر' سائبان (ج) أَشْرَاعٌ۔
(الشِّرْعَةُ): راستہ (۲) سیدھا راستہ۔ قرآن مجید میں ہے: {لِکُلٍّ جَعَلْنَا مِنْکُمْ شِرْعَةً وَّ مِنْھَاجًا}
(الشَّرِیْعَةُ): شریعت' وہ عقائد و احکام جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کیلئے مقرر کئے ہیں (۲) راستہ' طریقہ۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ جَعَلْنَا عَلٰی شَرِیْعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْھَا} (۳) پانی کا گھاٹ جہاں بغیر ڈول و رسی کے پانی پیا جائے (۴) دہلیز' چوکھٹ۔
(المَشْرَعَةُ): پانی کا راستہ (ج) مَشَارِعُ۔
(المَشْرُوْعُ): شرعاً جائز اور حلال (۲) منصوبہ' پروگرام' اسکیم (مو) (ج) مشروعات۔
(شَرَفَتِ) (ن) الدَّابَّةُ شُرُوْفًا: جانور کا بوڑھا ہو جانا۔
—علی الشیءِ شَرْفًا: اوپر سے دیکھنا۔
—الحائِطَ: دیوار پر خوبصورتی کے لئے کنگورہ بنانا۔
(شَرُفَ) (ك) المکانُ شَرَفًا: اونچا ہونا۔
—الرَّجُلُ: بلند رتبہ اور باعزت ہونا۔ ھو شَرِیْفٌ (ج) شُرَفَاءُ و أَشْرَافٌ و ھُنَّ شَرَائِفُ۔

(أَشْرَفَ) الشیئُ: بلند اور اونچا ہونا۔
—علیه: اوپر سے جھانکنا (۲) نگرانی اور انتظام کرنا (۳) قریب ہونا۔ جیسے أَشْرَفَ المریضُ عَلَی الموتِ (۴) شفقت کرنا۔
—الشیئَ له: ممکن کرنا' قابو میں آنا۔
—المِرْقَاةَ: سیڑھی پر چڑھنا۔
(شَارَفَه): عزت و برتری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
—الشیئَ: کسی شے کو اوپر سے دیکھنا (۲) قریب ہونا۔
(شَرَّفَ) البناءَ: عمارت میں خوبصورتی کے لئے کنگورے اور گیلریاں بنانا۔
—فُلانًا: عظمت دینا' عزت بخشنا۔
(تَشَرَّفَ) البناءُ: عمارت کا کنگورے والی ہونا۔
—الرَّجُلُ: عزت و بزرگی حاصل کرنا۔
—للشَّیْءِ: نظر اٹھا کر دیکھنا۔
—للفِتْنَةِ: فساد کی لپیٹ میں آنا۔
—الشیئَ: پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کسی شے کو نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
—المِرْقَاةَ و علیھا: سیڑھی چڑھنا۔
(اِسْتَشْرَفَ): بلند اور اونچا ہونا' سیدھا ہونا۔
—لِلشیءِ: کسی چیز کا نشانہ بننا۔
—الشیئَ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
(أَشْرَافُ) الوجهِ: ناک اور کان۔
(الشَّارِفُ) مِن الدَّوابِّ: بوڑھا جانور (ج) شَوَارِفُ و شُرُفٌ (۲) پرانی اور بوسیدہ چیزیں۔
(الشَّارُوْفُ): جھاڑو (مع) (ج) شَوَارِیْفُ
(الشَّرَّافَةُ): وہ علامتی اشیاء جو کسی چیز کو نمایاں کرنے کے لئے لگائی جائیں جیسے آؤٹ لائن وغیرہ۔
(الشَّرَفُ): بلند جگہ جہاں سے اردگرد کی چیزیں

دکھائی دیں۔ کہتے ہیں: هُوَ عَلٰی شَرَفٍ مِنْ کذا: وہ اس کے سامنے ہے (۲) سربلندی و عظمت (بعض کے نزدیک صرف خاندانی عظمت کے ساتھ خاص ہے (ج) أَشْرَافٌ۔

(الشُّرْفَةُ): بلند جگہ (۲) اندرون عمارت چھجا' شہ نشین (۲) بالکنی' گیلری' کنگورہ (ج) شُرَفٌ۔

(المَشَارِفُ) مُشَارِفُ الأَرْضِ: زمین کے بلند حصے۔ واحد: مَشْرَفٌ۔

— مَشَارِفُ العراقِ و مشارِفُ الشامِ و مَشارِفُ اليَمَنِ: اطراف و جوانب کی بستیاں جو بلندی پر قائم ہیں۔

(المَشْرَفِيُّ): تلوار جو مشارف شام وغیرہ سے حاصل کی جائے۔

(شَرَقَتِ) (ف) الشمسُ، شَرْقًا و شُرُوقًا: سورج طلوع ہونا۔

(شَرِقَ) (س) المکانُ شَرَقًا: کسی جگہ دھوپ پڑنا۔

— الشيءُ: خلط ملط ہونا' ملا جلا ہونا۔

— لونُه: رنگ سرخ ہوجانا۔

— البَلَحُ: کھجور سرخ ہوگئی۔

— وَجْهُه: شرمندگی کی وجہ سے چہرہ سرخ ہوجانا۔

— الدَّمُ بجسَدِه: خون ظاہر ہونا (لیکن بہانہ ہو)

— فلانٌ بالماءِ: حلق میں پانی اٹک جانا۔

— بریقِه: لعاب کا گلے میں اٹک جانا

— الموضِعُ بأَهْلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر لوگوں سے تنگ ہوجانا۔

— الآلَةُ: مشین کے ایندھن کا زیادہ ہوکر باہر بہنے لگنا (محدثہ)

— الأَرْضُ: زمین کا پانی نہ ملنے کی وجہ سے خشک ہوجانا (مو) هو شَرِقٌ وهي شَرِقَةٌ۔

(أَشْرَقَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا طلوع ہو کر زمین کو روشن کرنا۔

— الارضُ: زمین کا سورج کی روشنی سے روشن ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا}

— وَجْهُه: چہرے کا حسن سے چمک اٹھنا۔

— البَلَحُ: کھجور پر سرخی آجانا۔

— القومُ: طلوع آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَأَتْبَعُوهُمْ مُّشْرِقِيْنَ}

— فلانًا: کسی کے حلق میں پانی پھنسانا۔

— الثَّوْبَ بالصِّبْغِ: کپڑے کو اچھی طرح رنگنا۔

(شَرَّقَ): مشرقی جہت میں آجانا۔

— وَجْهُه: چہرہ کا روشن ہونا۔

— الارضُ: زمین کا خشک اور قحط زدہ ہونا، (۲) پانی روک دینے سے خشک ہوجانا۔

— اللحمَ: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا۔

(انْشَرَقَتِ) القوسُ: کمان کا پھٹنا۔

(تَشَرَّقَ): طلوع کے وقت دھوپ تاپنے کے لئے دھوپ میں بیٹھنا۔

(الإِشْرَاقُ): طلوع آفتاب (۲) نور معرفت جو غیر عالم محسوس سے کسی کے ذہن میں پیدا ہو (مع)

(التَّشْرِيقُ) أيامُ التَّشْرِيقِ: عید الاضحیٰ کے بعد ایام نحر کے تین دن (۲) عید کی نماز۔ حدیث میں ہے: (لا ذَبْحَ إلا بعد التشريق)۔

(الشَّارِقُ): سورج (۲) مشرقی گوشہ (ج) شُرَّقٌ۔

— أَحْمَرُ شَارِقٌ: تیز سرخ۔

(الشَّرَاقِيُّ): (اہل مصر کے کلام میں) وہ زمین جس میں دریائے نیل کا پانی نہ پہنچتا ہو۔ جب یہ زمین سیراب ہوکر قابل کاشت ہوجاتی ہے تو اسے ريُّ الشَّرَاقِي کہتے ہیں (مج)

(الشَّرْقُ): سورج (۲) مشرق۔

— شجرةٌ شرقيةٌ: وہ درخت جس پر طلوع سے نصف نہار تک دھوپ پڑتی رہے۔

(الشَّرْقُ): سورج۔

— لحمٌ شَرَقٌ: بے چربی گوشت۔

(الشَّرْقَةُ): اچھو' گلے میں اٹکا ہوا پانی وغیرہ۔

(الشَّرِيقُ): مشرق (ج) شُرُقٌ۔

(المَشَارِقَةُ): مشرق کے رہنے والے۔ واحد: شُرُقِيٌّ۔

(المَشْرِقُ): مشرق' سورج نکلنے کی جہت (۲) جزیرہ عرب کے مشرق میں واقع اسلامی ممالک (ج) مَشَارِقُ۔

(المَشْرِقَانِ): مشرق و مغرب۔ قرآن مجید میں ہے: {يَالَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ}

(المِشْرِيقُ): دروازہ کی اوٹ سے داخل ہونے والی روشنی (۲) دروازہ کی اوٹ جھری (ج) مَشَارِيقُ۔

(شَرِكَتِ) (س) النَّعْلُ شَرَكًا: جوتے کا تسمہ ٹوٹ جانا۔

— فلانًا في الأمرِ شِرْكًا و شَرِكَةً و شِرْكَةً: کسی کے ساتھ شریک ہونا اور ہر ایک کا کام میں مقرر حصہ ہونا۔ هو شَرِيكٌ۔

(أَشْرَكَه) في أَمْرِه: شریک کرنا۔

— باللهِ: اللہ کا شریک ٹھہرانا۔ قرآن مجید میں ہے: {يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللهِ}

— النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔

(شَارَكَه): کسی کے ساتھ شریک ہونا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يشارِكُ في علمِ كذا: فلاں کو اس بات کا علم ہے۔

(شَرَّكَ) بينهم: باہم شرکت کرنا۔

— النعلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔

(اشْتَرَكَ) الأمرُ: کسی بات کا غیر واضح اور ملتبس ہونا۔

— فلانٌ في كذا: ممبر بننا (مقررہ اجرت دے کر فائدہ معلومہ حاصل کرنا) جیسے اشترك في الصحيفة أو في السكة الحديدية۔

— الرجلانِ: ایک دوسرے کا ساتھی و شریک ہونا۔

(تَشَارَكَا): باہم شریک ہونا۔

(الإِشْتِرَاكِيَّةُ): ایک سیاسی اقتصادی نظام جس کے تحت حکومت وقت پیداوار کے تمام وسائل و

منافع اپنے کنٹرول میں لے کر مخصوص منصوبہ بندی کے ساتھ مساویانہ طریقہ پر ان کو عوام میں تقسیم کرتی ہے (مج)

(الشِّرَاكُ): ہری گھاس کی ایک لائن (جو دوسرے سے جدا ہو) (۲) جوتے کا تسمہ جو پیر کے اوپر رہتا ہے (ج) شُرُكٌ و أَشْرُكٌ۔

(الشِّرْكُ): حصہ (ج) أَشْرَاك (۲) عقیدہ شرک۔

(الشَّرَكُ): شکاری کا جال (ج) أَشْرَاكٌ و شُرُكٌ۔

(الشِّرْكَةُ): شرکت، دو شخصوں کے درمیان مشترکہ کام میں حصہ داری کا معاہدہ۔

(المُشْتَرِكُ) رَجُلٌ مُشْتَرِكٌ: مغموم آدمی جو دل میں باتیں کرتا ہو۔

—لفظٌ مشتركٌ: زائد المعنی لفظ۔

— مالٌ أَوْ أَمْرٌ مُشْتَرَكٌ: وہ مال یا معاملہ جو مشترک ہو۔

(شَرَمَ) (ض) الشيءَ شَرْمًا: کنارے سے کاٹنا۔

—الأَنفَ والأُذُنَ: تھوڑا سا اوپر کی جانب سے کاٹنا۔ هو مَشْرُومٌ و شَرِيمٌ۔

—له مِن مَالِه: تھوڑا سا مال دینا۔

(شَرِمَ) (س) شَرَمًا: پھٹنا، چرنا۔ هو أَشْرَمُ وهي شَرْمَاءُ (ج) شُرْمٌ۔

(شَرَّمَه): پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

(انْشَرَمَ): پھاڑنا، ٹکڑے کرنا۔

(تَشَرَّمَ): پھٹنا، ٹکڑے ہونا۔ جیسے تَشَرَّمَ الجلدُ: کھال کا پھٹنا اور تَشَرَّمَتْ نواحي الكتاب: کتاب کے کنارے پھٹ جانا۔

(انْشَرَمَ): پھٹ جانا۔

(الشَّرْمُ): دیوار یا پہاڑ کی دراڑ جو آر پار نہ ہو (۲) سمندر کی خلیج۔

(شَرْنَقَه): کاٹنا۔

— الدُّودَةُ: کیڑے کا اپنے اردگرد جال بنانا (محدثہ)

(الشَّرَانِقُ): سانپ کی کینچلی۔

(الشَّرْنَقَةُ): کیڑے کا خول (ایک باریک جال جو بعض کیڑے اپنے بچاؤ کے لئے جسم کے اوپر بنا لیتے ہیں) ریشم کا کیڑا بھی اسی قسم کا جال بنتا ہے (محدثہ)

(شَرِهَ) (س) إلى الطعامِ و غيرِه وعليه شَرَهًا: حریص ہونا، کھانے وغیرہ کا انتہائی خواہش مند ہونا۔ هو شَرِهٌ و شَرْهَانُ وهي شَرِهَةٌ و شَرْهى۔

(شَرَاه) (ض) شَرًى: بیچنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ} و {وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ} (۲) خریدنا۔

—اللهُ فلانًا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔

(شَرِيَ) (س) فِي الأَمْرِ شَرًى: حد سے بڑھنا، کسی کام پر لگے رہنا۔ الگ نہ ہونا جیسے شَرِيَ الرَّجُلُ فِي غَضَبِه: وہ غصہ جس میں بے قابو ہو گیا ہو اور شَرِيَ الفرسُ في سيرِه: گھوڑا مسلسل دوڑتا رہا۔

—البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔

—العَيْنُ بالدَّمعِ: لگاتار آنسو ٹپکانا۔

— الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: لڑائی زیادہ ہونا۔ فالشرُّ شَرِيٌّ۔

الجِلْدُ: کھال پر پتی اچھلنا۔ هو شَرٍ۔

(أَشْرَتِ) الشَّجَرَةُ: پتوں کا زمین پر پھیلنا۔

— القومُ: لوگوں کا خرید و فروخت کرنے والوں کے مشابہ ہونا۔

—بين القومِ: اختلاف پیدا ہونا۔

—الشيءَ: جھکانا۔

—فلانًا بكذا: ابھارنا، اکسانا۔

(شَارَاه) مُشَارَاةً و شِرَاءً: کسی سے خرید و فروخت کرنا (۲) کسی سے جھگڑتے رہنا۔

(اشْتَرَاه): خریدنا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ اللهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ} و {أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ}

(تَشَرَّى) القومُ: منتشر ہونا، الگ الگ ہونا (۲) خریداروں یا خارجیوں میں شامل ہونا۔

(اسْتَشْرَى): پتی زیادہ اچھلنا۔

—الشَّرُّ والدَّاءُ: فساد یا بیماری کا شدت اختیار کر لینا۔

(الشَّارِي): خریدار (۲) بیچنے والا، بائع، (۳) اپنے نفس کو اللہ کی اطاعت کے لئے خاص کرنے والا (ج) شُرَاةٌ۔

—الشُّرَاةُ: خارجیوں کا ایک فرقہ۔

(الشَّرى): پتی، خون کے جوش سے جسم پر ابھرنے والے سرخ دانے اور دھپڑیاں جن کی وجہ سے خارش اور تکلیف ہوتی ہے (۲) پہاڑ، (۳) بہت شیروں والی جگہ۔ کہتے ہیں: هُمْ أُسُدُ الشَّرى: وہ بہادر اور جاندار ہیں (۴) گوشہ، کونہ (ج) أَشْرَاءٌ۔

(شَرْوَى) الشيءِ: کسی چیز کی مثل، مشابہ۔ کہتے ہیں: وهو لا يملك شروى فقير: اس کے پاس کچھ نہیں۔

(الشَّرْيُ): اندرائن، حنظل (۲) گٹھلی سے اگنے والا کھجور کا درخت۔ واحد: شَرْيَةٌ۔

(الشِّرْيَانُ): وہ رگ جس کے ذریعہ قلب سے خون نکل کر جسم میں پھیلتا ہے۔ متحرک رگ جس میں خون دوڑتا ہے (مج) (ج) شرايين۔

(الشَّرِيَّةُ) من النساءِ: لڑکیاں جننے والی عورت۔

(المُشْتَرِي): سب سے بڑا سیارہ، مشتری۔ پرانے زمانہ میں لوگ اسے بھی ایک معبود مانتے تھے۔

ش.........ز

(شَزَبَ) (ف) الحيوانُ شُزُوبًا: کمزور اور لاغر ہونا۔

— المكانُ: کھردرا ہونا۔ هو شَازِبٌ۔ (ج) شُزَّبٌ وهي شازِبَةٌ (ج) شوازِبُ۔

(شَزَّبَ) الحَيَوانَ: کمزور کرنا (۲) قابو میں کرنا،

سدھانا۔
(الشَّزِیْبُ): درخت کی غیر صاف شدہ ٹہنی (ج) شُزُوْبٌ۔
(شَزَرَ) (ض) الحَبْلَ شَزْرًا: رسی بننا' رسی کو بل دینا۔
— فُلانًا و الیہ: ترچھی نگاہ سے دیکھنا' غضب آلودہ نگاہوں سے دیکھنا۔
— بالسِّنَانِ: دائیں بائیں گھما کر نیزہ مارنا۔
(تَشَازَرُوْا): ایک دوسرے کو ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔
(اسْتَشْزَرَ) الحَبْلُ: رسی کا بٹا ہوا ہونا۔ کہتے ہیں: استشزرتِ الغدائِرُ: چوٹیاں گوند دی گئیں۔
— الحَبْلَ: رسّی کو بٹنا۔
(الشَّزْرُ): نفرت کی نگاہ' نگاہِ حقارت۔ غضب آلود نگاہ' خشمگیں نگاہ۔ کہتے ہیں: نَظَرَ اِلَیْہِ شَزْرًا۔
(شَزِنَ) (س) شَزَنًا: پھرتیلا اور چالاک ہونا (۲) کوشش کے بعد تھک جانا۔
(تَشَزَّنَتِ) الأَرْضُ: زمین کا سخت اور پھیلا ہوا ہونا۔
— الشئُ: سخت ہونا۔
— الأَمْرُ عَلَیْہِ: کام کا کسی کے لئے مشکل ہونا۔
— فِي الأَمْرِ: دشواری محسوس کرنا۔
— للأَمْرِ: تیار ہونا۔
— قِرْنَہ: مقابل کو پچھاڑنا۔
— الشَّاۃَ: بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔
(الشَّزَنُ): کھردری اور سخت زمین (۲) سخت مزاج (۳) گوشہ' کنارہ' جانب (۴) دوری' فاصلہ (ج) شُزُنٌ وشُزُوْنٌ۔
(الشُّزْنُ): گوشہ' کنارہ' جانب۔

ش .... س

(شَسَعَ) (ف) الشئُ شُسُوْعًا: دور ہونا۔ کہتے ہیں: شَسَعَ فلانٌ عَنْ بَلَدِہٖ ووَطَنِہٖ۔
— بِفُلانٍ: دور کرنا۔ ھو شاسِعٌ۔ (ج) شُسَّعٌ وھی شَاسِعَۃٌ (ج) شَوَاسِعُ۔
— النَّعْلَ شَسْعًا: جوتی میں تسمہ لگانا۔
(شَسِعَتِ) (س) النَّعْلُ شَسَعًا: تسمہ ٹوٹ جانا۔
(أَشْسَعَ) النَّعْلَ: تسمہ لگانا۔
— الشئَ: دور کرنا۔
(شَسَّعَ) النَّعْلَ: تسمہ لگانا۔
(الشِّسْعُ): چپل کا تسمہ (جس میں پیر کی انگلیاں رہتی ہیں) (ج) أَشْسَاعٌ وشُسُوْعٌ۔
— مِنَ المکانِ: کنارہ' گوشہ۔ کہتے ہیں: نَزَلُوْا بِشِسْعِ الوَادِيْ أَوْ بِشِسْعِ الصّحراء: وہ وادی یا جنگل کے کناروں پر مقیم ہوئے۔
— مِن الأَرْضِ: تنگ زمین۔
— شِسْعُ المالِ: باقی ماندہ مال۔ کہتے ہیں: لہ شِسْعُ مَالٍ و رجلٌ شِسْعُ مَالٍ: مال کا اچھا منتظم۔
(الشِّسْفُ): سوکھی روٹی۔
(الشَّسِیْفُ): چیری ہوئی کچی کھجور (۲) گوشت جو سوکھنے کے قریب ہو۔

ش .... ش

(الشِّشْمُ): آنکھ کا پاؤڈر جو بطور دوا یا برائے تقویت نگاہ استعمال کیا جاتا ہے (معرب فارسی اس کی اصل چشم عین)

ش .... ص

(شَصَبَ) (ن) العَیْشُ شَصْبًا: زندگی کا پریشان کن اور مشکل ہونا۔ ھو شَاصِبٌ۔
(شَصِبَ) (س) المکانُ شَصَبًا: قحط زدہ ہونا۔
— الامْرُ: سنگین ہونا۔ ھو شَصِبٌ۔
(الشِّصْبُ): قحط' خشک سالی (ج) أَشْصَابٌ
(الشَّصِیْبَۃُ): سختی' خشک سالی (ج) شَصَائِبُ
(شَصَرَ) (ن) الثَّوْرُ شَصْرًا: بیل کا سینگ مارنا۔
— فُلانًا بالرّمحِ: کسی کے نیزہ مارنا۔
— الشَّوْکَۃُ فُلانًا: کانٹا چبھنا۔
— الثَّوْبَ: دوردور ٹانکے لگانا۔
(الشَّاصِرُ): ہرن کا بچہ جو طاقتور ہو کر حرکت کرنے لگا ہو یا وہ بچہ جو سینگ مارنے کے قابل ہو گیا ہو۔
(الشَّاصِرَۃُ): تانیث الشَّاصِرِ (۲) درندوں کے شکار کا جال (ج) شَوَاصِرُ۔
(الشِّصَارُ): اونٹنی کے تھنوں میں ڈالی جانے والی لکڑی۔
(الشَّصَرُ) مِنَ الظِّباء: بمعنی الشَّاصِرُ۔
(شَصَّ) (ض ن) فلانٌ شَصًّا: دانتوں سے کسی چیز کو پکڑنا (۲) غصہ سے دانت کاٹنا۔
— النَاقَۃُ و نحوُھا: اونٹنی کا کم دودھ دینا یا بالکل نہ دینا۔
— السَّنَۃُ: قحط سالی ہونا۔
— المَعِیْشَۃُ: گزربسر دشوار ہونا۔ المَعِیْشَۃُ شَصُوْصٌ۔
— فلانًا عن الشئِ شَصًّا: روکنا' باز رکھنا۔
(أَشَصَّہ) عَنِ الشَّئِ: روکنا' دور کرنا۔
الشِّصُّ: ہوشیار چور (ج) شُصُوْصٌ
(الشِّصُّ): مچھلی کے شکار کا کانٹا۔
(الشَّصُوْصُ): کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
— مِنَ السِّنِیْنِ: خشک سالی۔ (ج) شَصَائِصُ وشِصَاصٌ۔
(شَصَا) (ن) السحابُ شُصُوًّا: بلند ہونا۔
— القربۃُ: مشک کے کناروں کا پانی سے پھول جانا۔
— بَصَرُہٗ: نگاہ اٹھی رہ جانا۔
— عَیْنُہ: آنکھ کا اس طرح کھلا رہنا کہ گویا وہ دور چیزوں کو دیکھ رہا ہے۔
— المیّتُ شصُوًّا و شُصِیًّا: میت کا پھول کر ہاتھ' پیر اوپر اٹھ جانا۔ ھو شاصٍ وھی شاصیۃ (ج) شَوَاصٍ۔
(أَشْصٰی) بصرَہٗ: نگاہ اٹھانا۔
(الشَّصْوُ): سختی وشدت (۲) مسواک۔

ش .... ط

(شَطَأَ) (ف) الزَّرْعُ شَطْئًا و شطوءًا: کھیتی کے خوشے نکلنا۔
—الأُمُّ بالوَلَدِ: بچہ جننا۔
—الرَّجُلُ: دریا کے کنارے پر چلنا۔
(أَشْطَأَ) الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشے نکلنا۔
—الشجرةُ بغُصُونِها: درخت پر شاخیں نکلنا۔
—الوادِي: وادی کا دونوں کناروں سے بہنا۔
(شَاطَأْتُهُ): کسی کے ساتھ کنارے پر چلنا اس طرح کہ ایک ایک کنارے پر ہو اور دوسرا دوسرے کنارے پر۔
(شَاطِئُ) النَّهْرِ والوادِي: دریا یا وادی کا کنارہ (ج) شواطئُ و شُطْآنٌ۔
(الشَّطْءُ): درخت کی شاخ (۲) کونپل، ابتداء نمودار ہونے والا پتا۔ قرآن مجید میں ہے: {كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْأَهٗ} (ج) شُطُوءٌ و أَشْطاءٌ (۲) وادی یا دریا کا کنارہ (ج) شُطُوءٌ۔
(شَطَبَ) (ن) عنه شَطْبًا: اعراض کرنا، منہ موڑنا۔
—الأَدِيمَ ونَحْوَهُ: کھال کو چیرنا۔
— الكاتِبُ الكلمةَ: کاٹنا، کسی لفظ یا عبارت کو کالعدم قرار دینا (مو)
— القاضِي الدَّعْوٰى: مقدمہ کو خارج کر دینا (یعنی کسی قانونی سقم کی بنا پر مقدمات کی فہرست سے نکال دینا)۔
(شَطَّبَ): مبالغہ شطب۔
—العملَ: کام کو ختم کرنا (مج)
—اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے بنانا۔
—السَّيْفُ جِسْمَهُ: بدن پر تلوار کے نشان پڑنا۔
(انْشَطَبَ) الماءُ وغيرهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔
(الشَّاطِبُ) طَرِيقٌ شاطِبٌ: ٹیڑھا راستہ۔
— مكانٌ شاطِبٌ: دور دراز جگہ۔ رَمْيَةٌ شَاطِبَةٌ: خطا ہونے والا نشانہ۔
(الشُّطَبُ): شُطَبُ السَّيْفِ: تلور پر دکھائی دینے والی دھاریاں۔ واحد: شُطْبَةٌ۔
(الشَّطْبُ): لمبا اور خوبصورت آدمی (۲) دفتری اصطلاح میں نشان حذف جو بجٹ میں مذکورہ مقررہ رقموں میں سے بعض پر لگایا جاتا ہے (مج)
(الشَّطْبَةُ): کسی چیز کی کاٹی ہوئی لمبی پٹی (۲) وہ لکیر جو غلط یا ساقط کردہ لفظ پر کھینچی جائے (مو)
(الشَّطِيبَةُ): چمڑے کی لمبی پٹی (ج) شَطَائِبُ۔
(شَطَحَ) في السَّيْرِ أَوْ في القَوْلِ: مسلسل چلتے یا بولتے رہنا۔
(الشَّطْحَةُ): لفلانٍ الصوفيِّ: فلاں صوفی کے مختلف احوال و اقوال ہیں۔
(شَطَرَ) (ن) الرَّجُلُ على قومِهِ شُطُورًا و شَطَارَةً: کسی کا اپنی قوم کو اپنی برائی اور خباثت سے تنگ کر دینا۔
—عَنِ القَوْمِ: ناراض ہو کر الگ ہو جانا۔
— الشَّيْءَ شَطْرًا: تقسیم کرنا (۲) آدھا آدھا کرنا۔
— الحَلُوبَةَ: اونٹنی کے تھن کا ایک حصہ چھوڑ کر دوسرے سے دودھ نکالنا۔
(شَاطَرَهُ) الشيءَ: کسی سے آدھا حصہ بانٹ کر لینا۔
(شَطَّرَ) الشيءَ: نصف کرنا۔
— الشِّعْرَ: ایک مصرع میں اپنی طرف سے دوسرا مصرعہ لگانا۔
(الشَّاطِرُ): بدکار، خبیث، مکار (۲) (صوفیاء کے نزدیک) اللہ تعالیٰ کی طرف سبقت لے جانے والا بندہ (۲) سمجھدار نگران (ج) شُطَّارٌ۔
(الشَّطْرُ): نصف (۲) کسی چیز کا جز (ج) أَشْطُرٌ و شُطُورٌ۔ کہتے ہیں: حَلَبَ الدَّهْرَ أَشْطُرَهُ: وہ زمانہ کا اچھا برا دیکھے ہوئے ہے یعنی تجربہ کار ہے (۲) گوشہ، کنارہ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ} (۳) شعر کا ایک مصرعہ۔
(الشَّطُورُ) ثوبٌ شَطُورٌ: وہ کپڑا جس کا ایک پلہ لمبا اور دوسرا چھوٹا ہو۔
(الشَّطِيرُ): دور۔ جیسے بَلَدٌ شَطِيرٌ و منزِلٌ شطيرٌ (۲) اجنبی، پردیسی (۳) کسی چیز کا نصف (ج) شُطُرٌ۔
(الشَّطِيرَةُ): دال بھری روٹی، کچوری، سموسا (ج) شطائِرُ (محدثۃ)
(المَشْطُورُ) من الخُبْزِ: قیمہ یا دال بھری روٹی وغیرہ (۲) علم عروض کی ایک اصطلاح۔ وہ شعر جس کے نصف اجزاء حذف ہوں۔
(الشِّطْرَنْجُ): شطرنج، ایک کھیل۔ (یہ اصلاً ہندوستانی کھیل ہے) دیکھئے: الرقعة) (ج) شطرنجات۔
(شَطَّ) (ن ض) شُطُوطًا و شَطَطًا: دور ہونا۔ کہتے ہیں: شَطَّتِ الدَّارُ۔
—فِي الأَمْرِ: حد سے تجاوز کرنا (۲) کسی کام میں بڑھتے چلے جانا۔ کہتے ہیں: شَطَّ فِي الْمُسَاوَمَةِ: وہ بھاؤ تاؤ میں بہت آگے نکل گیا۔
شَطَّ عليه فِي حُكْمِهِ شَطَطًا: ظلم کرنا۔
(أَشَطَّ): دور کرنا یا ہونا۔ کہتے ہیں: أَشَطَّ فِي الصحراءِ: جنگل میں دور نکل جانا اور أَشَطَّ فِي السَّوْمِ: ایذا رسانی میں حد سے آگے نکل جانا۔
—فِي الطَّلَبِ: تلاش میں دور نکل جانا۔
—فِي حُكْمِهِ: فیصلہ میں زیادتی کرنا۔
(شَاطَّهُ): ظلم و زیادتی میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔
(شَطَّطَ): بہت دور نکل جانا۔
(اشْتَطَّ): دور ہونا۔
—في حكمِهِ: فیصلہ میں زیادتی کرنا۔
(الشِّطَاطُ): دوری (۲) قد و قامت کی خوشنمائی۔
(الشَّطُّ): دریا کا کنارہ (ج) شُطُوطٌ و شُطَّانٌ۔
(شَطَفَ) (ن) عن الشيءِ شَطْفًا: الگ ہونا، دور ہٹنا۔
—في الثوبِ: دھونا (مو)

ش

(الشَّطُوْفُ)نِيَّةٌ شَطُوْفٌ: دوردراز کا ارادہ۔
(الشُّطْفَةُ): ٹکڑا (ج) شُطَفٌ۔
(المَشْطُوْفُ): (علم ریاضی کے مطابق) جسم کے دو حصوں میں سے ایک جبکہ اسے برابر کاٹا گیا ہو اور کوئی ایک دوسرے کی کرسی کے لئے ساتر نہ ہو (مج)
(شَطَنَتِ) (ن) الدَّارُ شُطُوْنًا: دور ہونا۔
—عن الدَّارِ: گھر سے دور ہونا۔
—صَاحِبَهٗ شَطْنًا: ارادہ اور جہت میں مختلف ہونا۔
—الدَّابَّةَ: رسی سے باندھنا۔
(شَيْطَنَ): شیطان کی طرح ہونا (۲) شیطان جیسا عمل کرنا۔
(تَشَيْطَنَ): بمعنی شَيْطَنَ۔
(أَشْطَنَهٗ): دور کرنا۔
(الشَّطَنُ): جانور باندھنے یا پانی نکالنے کی لمبی رسی (ج) أَشْطَانٌ۔
(الشَّطُوْنُ) بِئْرٌ شَطُوْنٌ: گہرا کنواں۔
—سَفَرٌ شَطُوْنٌ: لمبا سفر۔
—حَرْبٌ شطُونٌ: گھمسان کی جنگ۔
(الشَّيْطَانُ): گمراہ کن شریر روح (۲) مفسد اور سرکش (۳) خطرناک سانپ کسی چیز کی مذمت بیان کرتے ہوئے کہا جاتا ہے: كَأَنَّهٗ وجهُ شيطان او رأسِ شيطان۔ قرآن مجید میں ہے: {طَلْعُهَا كَأَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيَاطِيْنِ} کہتے ہیں: رَكِبَهٗ شيطانُهٗ: وہ غصہ سے پاگل ہوگیا۔
—نَزَعَ عنه شيطانُه: وہ بردبار اور سنجیدہ ہو گیا۔
—شيطانُ الفلاةِ: پیاس۔
—شيطانُ الشَّاعِرِ: زمانہ جاہلیت کے اعتقاد کے مطابق وہ جن جو شاعر کے دل میں شعر کا القاء کرتا تھا۔
شاعر کا قول ہے:
"فإن شيطاني أميرُ الجنّ"

ش......ظ

(شَظَفَ) (ك) الشجرُ شَظَفًا و شَظَافَةً: درخت کا کم پانی ملنے کی وجہ سے خشک ہوجانا۔
—العَيْشُ: زندگی کا تنگ اور سخت ہونا۔
—الخُلُقُ: اخلاق کا بگڑنا۔ هو شَظِيْفٌ۔
(الشِّظْفُ): جلی ہوئی روئی (۲) کھونٹی جیسی چھوٹی لکڑی (ج) شِظَفَةٌ۔
(الشَّظَفُ): تنگی و سختی، ابن الرقاع کا شعر ہے:
ولقد اصبت من المعيشة لذة
ولقيتُ من شظفِ الامور شدادها
(ج) شِظَافٌ (۲) ناخن کی جڑ سے گوشت کی پھٹن۔
(شَظِيَ) (س) العودُ و نحوُهٗ شَظًى: لکڑی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پھٹنا۔
—القومُ: منتشر ہونا۔
—الفَرَسُ: گھوڑے کے گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف ہونا۔ هو شَظٍ وهي شظيَةٌ۔
(أَشْظَاهُ): گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف پیدا کرنا۔
(شَظَّى) الشيءَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پھاڑنا۔
—القومَ: شیرازہ بکھرنا۔
(تَشَظَّى) العُوْدُ: لکڑی کے ٹکڑے ہو کر اڑنا۔
—الصَّدَفُ عن اللُّؤْلُوِ: موتی سے سیپ کا الگ ہوجانا۔
—القَوْمُ: منتشر ہونا۔
(الشَّظَى): گھٹنے کی باریک ہڈی۔ واحد: شظاةٌ (۲) پچھلگو لوگ۔
(الشَّظِيَّةُ): پنڈلی کی دو ہڈیوں میں سے ایک چھوٹی ہڈی (مج) (۲) کرچ، چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، چورہ، برادہ (ج) شظايا۔
—الشَّظَايَا: پسلیوں کے نچلے سرے۔

ش......ع

(شَعَبَ) (ف) الشيءَ شَعْبًا: متفرق ہونا۔
—اليه: مائل و مشتاق ہونا۔
—عنه: دور ہونا۔
—الشيءَ: متفرق کرنا، جدا کرنا (۲) جمع کرنا، جوڑنا (لغت اضداد میں سے ہے)
—الصَّدْعَ: شگاف کو بند کرنا۔
(شَعِبَ) (س) الرَّجُلُ شَعَبًا: مونڈھوں کے درمیان زیادہ فاصلہ والا ہونا۔
—الظَّبْيُ: دونوں سینگوں کے درمیان فاصلے والا ہونا۔ هو أشعبُ وهي شعباءُ (ج) شُعْبٌ۔
(أَشْعَبَ) الشيءَ: پھٹن کو درست کرنا۔
(شَعَّبَ) الزَّرْعُ: کھیتی میں شاخیں نکلنا۔
—الأَمْرَ: شاخیں نکالنا۔
—الإِنَاءَ و نحوَهٗ: برتن کی مرمت کرنا۔
(اِنْشَعَبَ): بکھرنا، پھیلنا۔ کہتے ہیں: اِنْشَعَبَتْ أغصانُ الشجرة و انْشَعَبَ النَّهْرُ والطَّرِيْقُ (۲) شاخ دار ہونا۔
—عنه: دور ہونا۔ کہتے ہیں: انْشَعَبَ القولُ بصاحبه: متکلم کے کلام سے مختلف باتیں نکلیں۔
(تَشَعَّبَ): منتشر اور جدا ہونا۔
—الزَّرْعُ و نحوُهٗ: شاخ دار ہونا۔
(أَشْعَبُ): مدینہ کا ایک آدمی جو عثمان بن عفان کا غلام تھا اور لالچ میں ضرب المثل ہے۔ کہا جاتا ہے: اطمعُ من اشعب و طَمَعٌ أَشْعَبِيٌّ۔
(الشَّعْبُ): لوگوں کا بڑا گروہ جو ایک باپ کی طرف منسوب ہو یہ قبیلہ سے زیادہ وسیع ہے (۲) لوگوں کی ایک بڑی جماعت جو کسی ایک سوشل نظام کے ماتحت ہو (۳) وہ بڑی جماعت جس کے تمام افراد کی زبان ایک ہو۔ کسی ملک کے عوام، پبلک (ج) شُعُوْبٌ۔
(الشِّعْبُ): دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ (ج) شِعَابٌ (۲) راستہ (۳) زمین کے نیچے پانی کی گزرگاہ۔
(شَعْبَانُ): آٹھواں قمری مہینہ شعبان۔
(الشُّعْبَةُ): گروہ، حصہ، شاخ، فرقہ۔ قرآن مجید میں ہے: {اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلَاثِ شُعَبٍ} (۲) برتن درست کرنے کا ٹکڑا (۳) درخت کی شاخ (ج) شُعَبٌ و شِعَابٌ۔

ش

—الشُّعَبُ: انگلیاں (۲) انگلیوں کی طرح مشین کے نکلے ہوئے کونے یا شاخیں (ج) شُعَبٌ۔

—شُعَبُ السَّفُّوْدِ: سیخ کے دندانے۔

—شُعَبُ شَوْكَةِ الطعَامِ: کھانے کے کانٹے کی نوکیں یا دندانے۔

—شُعَبُ الدَّهْرِ: حوادثات زمانہ۔

— مَسْأَلَةٌ كثيرةُ الشُّعَبِ: کثیر الفروع مسئلہ۔

— شُعَبُ الصَّدْرِ: پھیپھڑوں میں سانس کی نالیاں۔

—النَّزْلَةُ الشُّعَبِيَّةُ: کھانسی۔

(شَعُوْبُ): موت (اسم علم بلاتنوین) کہتے ہیں: شَعَبَتْهُ شَعُوْبُ: اسے موت آ گئی۔

(الشُّعُوْبِيَّةُ): ایک نظریہ جو عہد عباسی میں ظہور پذیر ہوا اس نظریہ کے قائلین کے نزدیک عربوں کو غیر عربوں پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اس نظریہ کے قائل کو شعوبی کہا جاتا ہے۔

(الشُّعَيْبَةُ): کھانسی (مع)

(المِشْعَبُ): برتن میں سوراخ کرنے کا اوزار، برما (ج) مَشَاعِبُ۔

(شَعْبَذَ) شَعْبَذَةً: شعبدہ باز ہونا۔ (حواس کو دھوکہ دے کر اور نظر بندی کر کے کسی چیز کو اس کی حقیقت کے برخلاف دکھانا) (۲) باطل کو حق بنا کر پیش کرنا۔ هو مُشعبِذٌ۔

(شَعِثَ) (س) الشَّعْرُ شَعَثًا و شُعُوْثَةً: بالوں کا بکھرا ہوا اور غبار آلود ہونا۔ کہتے ہیں: شَعِثَ فلانٌ و شَعِثَ رَاسُه و بَدَنُه۔ هو أَشْعَثُ وهي شَعْثَاءُ (ج) شُعْثٌ۔

—الأَمْرُ: منتشر اور دگرگوں ہونا۔

(شَعَّثَ) مِنَ الشيءِ: کچھ لینا۔

—مِنْ فُلَانٍ: نظرانداز کرنا، چشم پوشی کرنا، (۲) عیب نکالنا۔

- الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث کرنا۔ (تشعیث علم عروض کی ایک اصطلاح ہے)

—الشيءَ: جدا و منتشر ہونا۔

(تَشَعَّثَ): جدا و متفرق ہونا (۲) نوک یا کنارہ خراب ہونا۔ جیسے تَشَعَّثَ رَاسُ الوَتَدِ والمِسْوَاكِ۔

—الشَّعْرُ: بکھرنا، پراگندہ ہونا۔

—القَوْمُ: لوگوں کا منتشر ہونا۔

(الأَشْعَثُ): میخ (۲) مسواک۔

(الشَّعَثُ): بکھرے ہوئے اجزاء، پراگندگی۔ کہتے ہیں: لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُ: اللہ نے اس کا حال درست کر دیا۔

(التَّشْعِيثُ): فاعلاتن کو بحر خفیف اور مجتث میں مفعولن کر دینا۔ یعنی اس کے وتد کے ایک متحرک کو حذف کر دینا۔

(شَعْوَذَ) شَعْوَذَةً: بمعنی شَعْبَذَ هو مُشَعْوِذٌ۔

(المُشَعْوَذُ): جادوزدہ، شعبدہ سے متاثر۔

(شَعَرَ) (ن) فلانٌ شِعْرًا: شعر کہنا۔

—له: کسی کو شعر سنانا یا کسی کے لئے شعر کہنا۔

—به شُعُوْرًا: محسوس کرنا، سمجھنا۔

—فلانًا: شاعری میں کسی پر غالب آنا۔

—الشيءَ شَعْرًا: کسی چیز کے نیچے بال لگانا۔ جیسے شَعَرَ الخُفَّ والمِيثَرَةَ: موزے یا برش پر بال لگانا۔

(شَعِرَ) (س) شَعَرًا: لمبے اور گھنے بالوں والا ہونا۔ هو أَشْعَرُ وهي شَعْرَاءُ (ج) شُعْرٌ وهو شَعِرٌ۔

(شَعُرَ) (ك) فلانٌ شِعْرًا: شعر گوئی میں ماہر ہونا۔

(أَشْعَرَ) الغلامُ والجاريةُ: لڑکے یا لڑکی کے مراہقت کے وقت بال نکل آنا۔

—القومُ: قوم کا اپنے لئے علامتِ امتیاز بنانا۔

—الشيءُ الشيءَ: کسی چیز کے ساتھ چپک جانا، خلط ملط ہو جانا۔

—الامْرَ: مشہور کرنا، پھیلانا۔

—فُلانًا: تحتانی لباس پہنانا۔

—فلانًا الأَمرَ وبالأَمرِ: سکھانا، بتانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا يُشْعِرُكُمْ اَنَّهَا اِذَا جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ}

(شَاعَرَهُ): کسی سے شعر و شاعری میں مقابلہ کرنا۔

(شَعَّرَ) الشيءَ: کسی چیز کے نیچے بال لگانا۔

(تَشَاعَرَ): شاعر ہونے کا دعویٰ کرنا۔

(اسْتَشْعَرَ) القومُ: جنگ میں اپنی امتیازی علامت سے ایک دوسرے کو پکارنا۔

—الثَّوبَ: کپڑے کو تحتانی لباس بنا کر پہننا۔

—الخَوْفَ: ڈر محسوس کرنا۔ کہتے ہیں: اسْتَشْعَرَ خَشْيَةَ اللّٰهِ۔

(الأَشْعَرُ): ناخنوں کے نیچے کا گوشت (ج) شُعْرٌ و أَشَاعِرُ۔

—أَشْعَرُ الرَّقَبَةِ: مضبوط گردن والا۔

(الأَشْعَرِيَّةُ): متکلمین کا ایک فرقہ جو ابو الحسن اشعری کی طرف منسوب ہے اور معتزلہ کے افکار و عقائد کے خلاف ہے۔

(الشَّاعِرُ): شاعر، شعر کہنے والا (ج) شُعَرَاءُ۔

—شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

(الشَّعَارُ): گھنا درخت (۲) درختوں والی جگہ۔

(الشِّعَارُ): تحتانی کپڑا، بدن سے لگا ہوا کپڑا (۲) ملک یا کسی جماعت کا امتیازی نشان (۳) نعرہ (ج) أَشْعِرَةٌ۔

(الشَّعْرُ): زائد بال (۲) نبات، پودا۔ (ج) أَشْعَارٌ و شُعُوْرٌ۔ واحد: شَعْرَةٌ۔

(الشِّعْرُ): شعر، وہ کلام جو بالقصد مقفیٰ اور موزون ہو (۲) مناطقہ کے یہاں ایسے خیالی امور کے مرکب کا نام ہے جس سے ترغیب و ترہیب مقصود ہوتی ہے جیسے عربوں کا مقولہ ہے: الخَمْرُ يَاقُوْتَةٌ سَيَّالَةٌ والعَسَلُ قَيْءُ النَّحْلِ۔

—الشِّعْرُ المَنْثُوْرُ: مسجع اور بلیغ کلام جو تخیل اور اثر انگیزی میں شعر کی طرز پر ہو لیکن وزن ملحوظ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے: لَيْتَ شعري ما صَنَعَ فلانٌ: کاش مجھے معلوم ہوتا اس نے کیا کیا ہے؟ (ج) أَشْعَارٌ۔

(الشِّعْرَى): سخت گرمی میں طلوع ہونے والا

ایک روشن ستارہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى} یہ دو ستارے ہیں: الشِّعْرَى العبورُ والشِّعْرَى الغميصاء۔
(الشَّعْرَاءُ): پوستین، چری کرتا (۲) بہت درختوں والی زمین۔
— داهِيَةٌ شَعْرَاءُ: سخت اور بڑی مصیبت۔ نامناسب بات کرنے والے کو کہا جاتا ہے: جِئْتَ بها شعرا ذاتَ وَبَرٍ۔
(الشَّعْرَانِيُّ): لمبے اور گھنے والوں والا۔
(الشَّعْرَةُ): واحد: الشعر (۲) (علم رمد کے مطابق) پلکیں پلٹ جانے کی بیماری۔
(الشُّعْرُوْرُ): معمولی درجہ کا شاعر۔
(الشَّعْرِيَّةُ): سویاں (محدثہ)
(الشُّعُوْرُ): جو چیز بغیر دلیل کے حاصل ہو، حس، احساس (۲) وہ نفسیاتی علم جو خود اپنی ذات یا ماحول کے متعلق بذریعہ عقل حاصل ہو، شعور اس کی تین صورتیں ہیں: ادراک، وجدان، رجحان۔
(الشَّعِيْرُ): جو (اناج کی ایک قسم) کہاوت ہے: (فلانٌ كالشعيرِ يُؤكَلُ و يُذَمُّ) معمولی آدمی کے بارے میں جس سے کام لیا جاتا ہے، مگر اس کی تحقیر بھی کی جاتی ہے۔
(الشَّعِيْرَةُ): وہ مذہبی عمل جس کا شریعت نے حکم دیا ہو۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ} (۲) حج میں قربانی کا جانور جو اللہ کے گھر بھیجا جائے۔ قرآن مجید میں ہے: {يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَائِرَ اللّٰهِ} (۳) علامت، نشانی۔
(المَشَاعِرُ)مَشَاعِرُ الحج: مناسک حج، حج کے اعمال۔
(المَشْعَرُ): گھنا درخت (۲) مناسک حج ادا کرنے کی جگہ۔
— المَشْعَرُ الحرامُ: مزدلفہ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ} (۳) حاسۂ درخت کے نیچے سایہ کی جگہ (ج) مَشَاعِرُ۔

(شَعْشَعَ)الضوءُ: ہلکی روشنی پھیلنا۔
— الشَّرَابَ و نَحْوَهُ: شراب یا شربت وغیرہ میں تھوڑا سا پانی ملانا۔
— الثَّرِيْدَ و نَحْوَهُ: ثرید وغیرہ میں روغن کی زیادتی کرنا۔
(تَشَعْشَعَ)الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا۔
— الشَّهْرُ: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا۔
(الشَّعْشَاعُ): متفرق، منتشر۔
ظِلٌّ شَعْشَاعٌ: وہ سایہ جس میں جگہ جگہ روشنی کے دھبے دکھائی دیں (۲) خوبصورت اور پھرتیلا آدمی۔
(الشَّعْشَعُ): بمعنی الشَّعْشَاعُ۔
(شَعَّ) (ض ن) الشيءُ شَعًّا: متفرق و منتشر ہونا، پھیل جانا۔
— فلانٌ: جلدی کرنا۔
— الماءُ شَعًّا: پانی بہانا۔
(أَشَعَّتِ) الشَّمْسُ: سورج کا اپنی کرنیں بکھیرنا۔
— النارُ: آگ کا روشن اور گرم ہونا۔
— السُّنْبُلُ: خوشہ کا بیجوں سے بھر جانا۔
— الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔
— الماءَ: پانی کو ادھر ادھر ڈالنا۔
(الإِشْعَاعُ): فضا یا کسی جگہ مہروں کی شکل میں توانائی کی پھیلی ہوئی تابکاری (مج)
(الأَشِعَّةُ السِّيْنِيَّةُ): تیز رفتار الیکٹرونکس کے تصادم سے پیدا ہونے والی مقناطیسی کہربائی شعاعیں۔ جنہیں ان کی سمت متعین کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
(الأَشِعَّةُ الكَوْنِيَّةُ): فضا خارجی سے زمین پر پہنچنے والی تیز شعاعیں (مج)
(الشَّعَاعُ): متفرق و منتشر۔ کہتے ہیں: دَمٌ شَعَاعٌ ۔ ذَهَبَتْ نَفْسُه أَوْ قلبُه شَعَاعًا: اس کا دل پریشان اور ذہن منتشر ہو گیا۔
— ذَهَبُوْا شَعَاعًا: وہ ادھر ادھر چلے گئے۔

— تَطَايَرَتِ العَصَا شَعَاعًا: لاٹھی ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔
— شَعَاعُ السُّنْبِلِ: خوشہ کا خشک کانٹا۔
(الشُّعَاعُ): سورج یا روشنی کی کرن، شعاع۔ واحد: شعاعةٌ (ج) أَشِعَّةٌ و شُعُعٌ۔
(الشَّعُّ): بمعنی الشُّعَاعُ (۲) لکڑی کا جالا (ج) شِعَاعٌ۔
(اَلْمُشِعَّةُ): النظائرُ المشِعَّةُ: وہ نظائر جن میں شعاع پھیلانے کی خاصیت فاعلیہ موجود ہو (مج)
(شَعَفَ) (ف) الشيءَ شَعْفًا: بلند کرنا۔
— الحُبُّ فلانًا: محبت کی آگ کا کسی کو جلا ڈالنا۔
(شَعِفَ) (س) به و بحبِّهِ شَعَفًا: کسی کی محبت میں گرفتار ہونا۔
— بالأَمْرِ: کسی بات سے ڈرنا اور اس کے لئے پریشان ہونا۔
(الشُّعَافُ): دیوانگی، جنون۔
(الشَّعَفَةُ): بلند حصہ، چوٹی۔ کہتے ہیں: شَعَفَةُ الجَبَلِ و شعفةُ الرَّأْسِ و شعفةُ القلبِ: شہ رگ سے قریب دل کا سرا (۲) سر کے بالوں کی زلف (۳) بے انتہاء محبت (ج) شَعَفٌ و شِعَافٌ و شُعُوْفٌ۔
(الشُّعْفَةُ): سطح زمین کو بھگونے والی ہلکی بارش (ج) شِعَافٌ
(المَشْعُوْفُ): محبت میں دیوانہ، مجنون، خوفزدہ۔
(شَعَلَتِ) (ف) النارُ شَعْلاً: آگ جلنا، سلگنا، لپٹیں مارنا۔
— النارَ وغيرَها: آگ جلانا، سلگانا۔
(شَعِلَ) (س) شَعَلاً: سیاہ بالوں میں سفیدی کی آمیزش والا ہونا۔ هُوَ أَشْعَلُ وهي شَعْلاءُ۔
(أَشْعَلَ)النارَ: آگ جلانا۔
— فلانًا: غصہ دلانا، غضب ناک کرنا۔
— الفتنةَ: فساد کی آگ بھڑکانا۔

ش

—الطعنةُ الدَّمَ: نیزہ کی ضرب کا خون بہانا۔
—القِرْبَةُ الماءَ: مشکیزہ کا پانی بہانا۔
(شَعَّلَ) شَعَلَ کا مبالغہ۔
(اِشْتَعَلَتِ) النارُ: آگ بھڑکنا، لپٹیں مارنا۔
—فلانٌ غَضَبًا: غصہ سے مشتعل ہونا۔
— الرَّأْسُ و نَحْوُهٗ: سر کے بال سفید ہو جانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا}
(تَشَعَّلَ): آگ جلنا، بھڑکنا۔
(الأَشْعَلُ): وہ گھوڑا جس کے بالوں میں سفیدی کی آمیزش ہو (۲) وہ آدمی جس کی آنکھ میں پیدائشی طور پر سرخی ہو۔
(الشُّعْلَةُ): شعلہ، آگ کی لپٹ (۲) مشعل، جلتی ہوئی لکڑی (محدثہ) کہتے ہیں: كَأَنَّهٗ شُعْلَةُ نَشَاطٍ أو شُعْلَةُ زكاءٍ: غضب کا ذہین و پھرتیلا (ج) شُعَلٌ۔
(الشَّعِيلُ): روشن و چمکدار، جلتا ہوا وهي شَعِيلَةٌ (ج) شُعَلٌ و شعائل۔
(المِشْعَالُ) و (المِشْعَلُ): وہ چیز جس کے ذریعہ روشن کیا جائے یا آگ جلائی جائے، مشعل۔ (ج) مَشَاعِلُ۔
(المَشْعَلُ): لالٹین، لیمپ، قندیل (ج) مَشَاعِلُ۔
(المُشْعِلُ): بکھرا ہوا، متفرق، منتشر جیسے جرادٌ مُشْعِلٌ و كتيبةٌ مُشْعِلَةٌ۔
(شَعِنَ) (س) شَعْرُهٗ شَعَنًا: بالوں کا پراگندہ اور بکھرا ہوا ہونا۔
(أَشْعَنَ) فلانٌ: دشمن کی پیشانی سے بال پکڑ کر کھینچنا۔
(اشْعَنَّ) شَعْرُهٗ و نَحْوُهٗ: بالوں کا بہت زیادہ پراگندہ اور بکھرا ہوا ہونا۔
(الشَّعَانِيْنُ): عیسائیوں کی ایک اتوار کے دن کی عید جس میں عیسیٰ علیہ السلام کے بیت المقدس میں داخل ہونے کی یادگار منائی جاتی ہے (د)
(الشُّعْنُوْنُ) رَجُلٌ شُعْنُوْنٌ: بکھرے ہوئے پراگندہ بالوں والا آدمی (۲) بے وقوف (مو) (ج) شَعَانِيْنُ۔
(شَعَا) (ن) شَعْوًا: پھیلنا، متفرق ہونا، منتشر ہونا۔
—الشَّعْرُ و نَحْوُهٗ: پراگندہ ہونا، بکھرنا۔
(شَعِيَ) (س) شَعًا: بمعنی شَعَا هو أَشْعَى وهي شَعْوَاءُ۔
(أَشْعَى) القومُ الغارَةَ و نَحْوَهَا: زبردست حملہ کرنا، دھاوا بول دینا۔
(الشَّاعِيْ): پھیلا ہوا (۲) مشترک (۳) دور
(الشُّعي): بکھرے ہوئے بالوں کے گچھے۔ واحد: شَعْوَة۔
(الشَّعْوَاءُ): ہر طرف پھیلی ہوئی، بکھری ہوئی۔ جیسے شَجَرَةٌ شعراءُ: پھیلا ہوا درخت۔ غَارَةٌ شَعْوَاءُ: زبردست دھاوا۔
(شَعْوَذَ): (دیکھئے: شعذ)

ش......غ

(شَغَبَ) (ف) القَوْمَ و عليهم و فيهم و بهم شَغْبًا: لوگوں میں فساد ڈالنا، شور و شغب کرنا۔
—فلانٌ: غنڈہ گردی اور شور و شغب کرنا۔
—عن الطَّرِيْقِ و غيرِها: راستہ سے ہٹنا۔
(شَاغَبَه): کسی کے ساتھ ہنگامہ آرائی اور لڑائی جھگڑا کرنا۔
(تَشَاغَبَ) فلانٌ: بتکلف شرارت کرنا۔ کہتے ہیں: طلبتُ منه كذا فتشاغَبَ وامتنع۔
— الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے ساتھ شرارت کرنا۔
(الشَّغْبُ): شور شرابہ، بدمعاشی، غنڈہ گردی، ہنگامہ خیزی (۲) لڑائی جھگڑا۔
(الشَّغِبُ): بہت فساد کرنے والا۔
(المِشْغَبُ): بہت فساد کرنے والا۔
(شَغَرَ) (ن ف) المكانُ و نَحْوُهٗ شُغُوْرًا: خالی ہونا۔
—المَنْصَبُ أو الكرسيُّ مِنْ شاغِلِه: عہدہ کا عہدہ دار سے خالی ہونا۔
—البَلَدُ: شہر کا محافظ سے خالی ہونا (۲) شہر کا وسیع ہونا۔
—السِّعْرُ: بھاؤ کم ہو جانا۔
—الكَلْبُ شَغْرًا: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ایک ٹانگ اُٹھانا۔
—فُلَانًا عَنِ البَلَدِ و نَحْوِهٖ شَغْرًا و شغارًا: شہر سے نکالنا، شہر بدر کرنا۔
(أَشْغَرَ) المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔
—الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے الگ ہو جانا۔
(شَاغَرَهٗ) مُشَاغَرَةً و شِغَارًا: تبادلہ کی شادی کا معاملہ کرنا (کسی کو اپنی بہن یا بیٹی نکاح میں اس شرط پر دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی اس کو بلا مہر نکاح میں دے)
(اشْتَغَرَ): بمعنی أَشْغَرَ (۲) زیادہ ہونا۔ خلط ملط ہو جانا، مل جل جانا۔ کہتے ہیں: اشْتَغَرَتِ الدوابّ۔
— الأَمْرُ بِفُلَانٍ: کسی کا معاملہ بڑھ کر سنگین ہو جانا۔
—الحسابُ عليه: حساب زیادہ ہونے کی بنا پر غلط ہو جانا۔
—على فلانٍ: بڑائی جتانا، ناز کرنا۔
(تَشَاغَرَا): اپنی بہن یا بیٹی اس شرط پر کسی کے نکاح میں دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی اس کو بغیر مہر نکاح میں دے گا۔ تبادلہ کا نکاح کرنا۔
(تَشَغَّرَ) فلانٌ فِي القَبِيْحِ و نَحْوِهٖ: برے کام کو کرتے چلے جانا۔
(الشَّاغِرُ): خالی۔ کہتے ہیں: مكانٌ شاغِرٌ أَوْ مَنْصِبٌ شاغِرٌ أو كُرْسِيٌّ شَاغِرٌ: خالی ملازمت، خالی اسامی۔
—الشَّاغِرانِ: ناف کی رگ کا آخری سرا۔
(الشَّغَارُ): خالی (۲) بہت پانی جمع کرنے والا کنواں (واحد جمع کے لئے) (۳) اونٹ کے پہلو کی ایک رگ۔

(الشِّغَارُ): تبادلہ کی شادی (دیکھئے: تَشَاغَرَا)

(الشَّغَرُ): تَفَرَّقُوْا شَغَرَ بَغَرَ: وہ ہر طرف پھیل گئے۔

(الشَّغَّارَةُ): چقماق، آگ نکالنے کا پتھر۔

(شَغْشَغَ): اللِّجَامَ فِي فَمِ الدَّابَّةِ: لگام ہلانا۔

— السِّنَانَ فِي الْمَطْعُوْنِ: نیزہ زن کا حملہ کئے ہوئے شخص کے جسم میں نیزہ کو حرکت دینا۔

(شَغَفَهُ) (ف) شَغْفًا: دل پر چوٹ لگنا۔

(شَغِفَ) (س) بِهِ و بِحُبِّهِ شَغَفًا: کسی سے محبت کرنا، فریفتہ ہو جانا هو شَغِفٌ وهي شَغِفَةٌ۔

(شُغِفَ) بِهِ او بِحُبِّهِ شَغَفًا: محبت کرنا، فریفتہ ہونا۔ هو مشغوفٌ۔

(تَشَغَّفَهُ): دل پر چوٹ لگنا، فریفتہ ہونا۔

— الْخَبَرُ فلانًا: خبر کا کسی کو پریشان اور بے چین کر دینا۔ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما میں ہے: (ما هٰذِهِ الفُتْيا التي تشغفتِ الناسَ؟)

(الشَّغَافُ): دل کا پردہ یا اس کا نکتہ (ج) شُغُفٌ۔

(الشُّغَافُ): دل کی اندرونی تکلیف۔

(شَغَلَ) (ف) الدَّارَ شَغْلًا: گھر میں رہنا۔

— فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ: کسی چیز سے ہٹانا، غافل کرنا۔

(شَغِلَ) عنه بكذا: کسی چیز کی وجہ سے توجہ ہٹنا، غافل ہونا۔ کہتے ہیں: مَا أَشْغَلَهُ: وہ کس چیز میں مشغول ہوا (کہ اسے بھول گیا)

(شَغَّلَهُ): بہت زیادہ مصروف کرنا۔ (مبالغہ) (۲) کام پر لگانا، مشغول کرنا۔

(اشْتَغَلَ) بكذا: کوئی کام کرنا (۲) دوسری طرف سے ہٹ کر کسی کام میں لگنا۔

— الدَّوَاءُ فِي جِسْمِهِ: دوا کا بدن میں سرایت کر جانا۔

(انْشَغَلَ): لازم شَغَلَ۔

(تَشَاغَلَ) بِهِ: مصروف و مشغول ہونا۔

(الأُشْغُوْلَةُ): مصروفیت کا سبب، مشغلہ، (۲) غفلت کا سبب (ج) أَشَاغِيْلُ۔

(الشَّغَّالُ): بہت زیادہ مصروف آدمی، (۲) مزدور (صنعت کار کے علاوہ) (مج)

(الشُّغُلُ): مصروفیت، مشغلہ، کام (ضد: الفراغ) (۲) ذہن پھیر دینے والی چیز۔ کہتے ہیں: هُوَ فِي شُغُلٍ شَاغِلٍ: وہ ہمہ تن مصروف ہے (ج) أَشْغَالٌ۔

— شُغُلٌ شَاقٌّ: محنت طلب کام (یہ کام بمعنی فعل ہے)

— شُغُلٌ جَيِّدٌ: کام (یہ کام بمعنی نوعیت و کیفیت ہے)

(الْمَشْغُوْلُ): فلانٌ فارغٌ مَشْغُوْلٌ: فلاں بیکار کام میں لگا ہوا ہے۔ مَالٌ مشغولٌ: مصروف سرمایہ۔ دارٌ مشغولةٌ: آباد مکان۔ منصبٌ مَشْغُوْلٌ: بھری ہوئی اسامی۔

(شَغِيَتْ) (س) سِنُّهُ شَغًى: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے نکلا ہوا ہونا یا الگ جڑ والا ہونا۔

— مَنْسَرُ الطائِرِ: چونچ کا مڑا ہوا ہونا هو أَشْغَى وهي شَغْوَاءُ۔

— الاسنانُ: دانتوں کا چھوٹا بڑا ہونا۔ هي شَاغِيَةٌ۔

(أَشْغَى) الرَّجُلُ: ناپختہ رائے والا اور غیر مستقل مزاج ہونا۔

— القومُ بكذا: لوگوں کا مختلف الخیال ہونا۔

— ببوله: قطرہ قطرہ پیشاب کرنا۔

ش......ف

(شَفَرَهُ) (ن) شَفْرًا: ہونٹ پر چوٹ لگنا۔

— الشيءَ: کنارے پر مارنا۔

(شَفَّرَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

— المالُ: مال کا ختم یا کم ہو جانا۔

— عَلَى الأَمْرِ: متوجہ ہونا، نگرانی کرنا، قریب ہونا۔

(الشُّفْرُ): ہر چیز کا کنارہ۔

— شُفْرُ الْجَفْنِ: پلک کی جڑ (ج) أَشْفَارٌ۔

(الشَّفْرَةُ): دھار (۲) بلیڈ (محدثة (۲) خفیہ تحریر یا باہمی طور پر متفق خفیہ رموز کے ذریعہ پیغام رسانی (د) (ج) شِفَارٌ و شَفْرٌ۔

(الشَّفَّارُ): بلیڈ، دھار یا استرا وغیرہ بنانے والا۔

(الشَّفِيْرُ): کنارہ، گوشہ، کونہ، جانب، نکڑ۔ اسی سے ہے: شفير جهنّم (۲) پلک کی جڑ (ج) أَشْفَارٌ۔

(الْمِشْفَرُ): اونٹ کا موٹا ہونٹ۔

(شَفْشَفَ) فلانٌ: غیرت آنا۔

— الحَرُّ الشيءَ: گرمی کا کسی چیز کو سکھا دینا، خشک کر دینا۔

— الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ: سخت سردی کا پودوں کو مرجھا دینا۔

— الهَمُّ فلانًا: غم کا کسی کو کمزور اور لاغر کر دینا۔

— الماءَ و نَحْوَهُ: پانی وغیرہ چھڑکنا۔

— الدَّوَاءَ عَلَى الجُرْحِ: دوائی چھڑکنا۔

(الشَّفْشَافُ) من الثياب و نحوِهِ: کمزور بناوٹ والا کپڑا وغیرہ (۲) ٹھنڈی پر نم ہوا۔

(الْمُشَفْشَفُ): شدت و غیرت اور حمیت کے جوش سے کانپتا ہوا۔

(شَفَعَ) (ف) الشَّيْءَ شَفْعًا: کسی چیز کے ساتھ اس جیسی چیز ملانا (۲) دوہرا کرنا، دوگنا کرنا۔

— البَصَرُ الأَشْبَاحَ: دو دو نظر آنا۔ بوڑھے آدمی کا قول ہے: شُفِعَتْ لِيَ الأَشْخَاصُ: مجھے چیزیں دو دو نظر آتی ہیں۔

— الحامِلُ: بچہ رکھتے ہوئے حاملہ ہونا۔

— لفلانٍ: کسی کی سفارش کرنا۔

— إِلَى فلانٍ: کسی کے ذریعہ تقرب حاصل کرنا۔

— فِي الأَمْرِ: کسی کام میں سفارش کرنا۔

(شَفَّعَ): مبالغہ شَفَعَ۔

— فلانًا فِي كَذَا: سفارش قبول کرنا۔

— هو مُشَفِّعٌ: سفارش قبول کرنے والا۔

— هو مُشَفَّعٌ: جس کی سفارش قبول کی جائے۔

(تَشَفَّعَ) له: سفارش کرنا۔ کہتے ہیں: تَشَفَّعَ

لِفلانٍ الی فلانٍ فِی الأمْرِ: سفارش کرنا۔
—بہ الیہ: کسی سے کسی کا قرب حاصل کرنا۔
—فلانٌ: شافعی ہو جانا۔ فقہ میں امام محمد بن ادریس شافعیؒ کی تقلید کرنا۔
(اِسْتَشْفَعَ): مددگار اور سفارشی تلاش کرنا۔
اِسْتَشْفَعَ فلانًا وبہٖ والی فلانٍ وفی الأمر وعلیہ: سفارشی بنانا، سفارش طلب کرنا۔
(الشَّافِعُ): سفارش کرنے والا۔
—نَاقَۃٌ أو شاۃٌ شافعٌ: بچہ والی بکری یا اونٹنی۔
(الشَّفائِعُ): دوہری اور جفت چیزیں۔
—شَفَائِعُ النَّبْتِ: دوہری اُگنے والی نبات۔
(الشَّفَاعَۃُ): سفارش، وہ کلام جو سفارش کے لئے کیا جائے۔
(الشَّفْعُ): جوڑا، جفت، وہ عدد جو دو پر برابر تقسیم ہو (ج) أشْفَاعٌ وشِفَاعٌ۔
(الشِّفْعُ): بمعنی الشَّفْعُ۔
(الشَّفْعَۃُ): چاشت کی دو رکعتیں۔
(الشُّفْعَۃُ): فقہاء کرام کی طے کردہ شرائط پر پڑوسی کی جائداد کو جبراً ملکیت میں لینے کا حق (۲) وہ ملکیت جس میں حق شفعہ ہو سکتا ہے (۳) نماز چاشت کی دو رکعتیں (۴) نظر۔ کہتے ہیں: أصَابَتہ شُفْعَۃٌ: اسے نظر لگ گئی۔
(الشَّفُوْعُ): اپنے ہم سر کے مقابلہ میں دوگنا کام کرنے والا۔ کہتے ہیں: نَاقَۃٌ شَفُوْعٌ: وہ اونٹنی جو ایک دفعہ دودھ نکالنے میں دو برتن بھر دے۔
(الشَّفِیْعُ): سفارشی، سفارش کرنے والا، (۲) پڑوسی کی جائیداد کو از روئے شفعہ جبراً لینے والا، (۳) جفت عدد (ج) شُفَعَاءُ۔
(شَفَّ) (ض ن) الثوبُ و نحوہٗ شُفُوْفًا: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔
—الشَّیْئُ: صاف و شفاف ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ کہتے ہیں: شَفَّ الاناءُ والسَّائِلُ۔
—فلانٌ: انتہائی کمزور اور لاغر ہونا (۲) ہلکے پن کی وجہ سے تھرکنا، ہلنا۔

—الرِّیحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
—الشیئَ شَفًّا: پتلا اور باریک کرنا۔ کہتے ہیں: شَفَّہُ الحُبُّ او الھَمُّ۔
—الھواءُ الماءَ وغَیْرَہٗ: ہوا کا پانی وغیرہ کو اڑا کر کم کر دینا۔
—الشاربُ الماءَ او الشَّرابَ: پانی یا شراب وغیرہ کو پورا پی لینا۔
— الرَّسْمَ: ٹریسنگ پیپر کے ذریعہ پھول بنانا (محدثہ)
(أشَفَّ) علیہ: برتری لے جانا۔
—الشیئَ شَفَّافًا: صاف و شفاف بنانا۔
—بَعْضَ اولادہٖ عَلٰی بعضٍ: اولاد میں بعض کو بعض پر ترجیح دینا۔
(شَفَّفَ) علیہ: فوقیت اور برتری لے جانا۔
—الشیئَ: باریک اور پتلا کرنا۔
(اِشْتَفَّ) مَا فِی الإناءِ: سب کچھ پی لینا۔
—الأُمُوْرَ: تحقیق کرنا، تفتیش کرنا۔
(اِسْتَشَفَّ) الشیئَ: کسی چیز کے اندر سے دیکھنا (۲) چھان بین کرنا، تحقیق کرنا۔
— الثَّوبَ: کپڑے کو روشنی میں پھیلا کر اس کا عیب تلاش کرنا۔
— الکتابَ والأمْرَ: چھان بین کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔
—الشَّرابَ: سارے کا سارا پی لینا۔
(الشُّفَافَۃُ): بقیہ شراب۔
(الشَّفُّ): باریک پردہ جس میں سے نظر آئے۔ کہتے ہیں: ثَوبٌ شَفٌّ (ج) شُفُوْفٌ
(الشِّفُّ): فضیلت، کمال (۲) خوشگوار چیز۔ بطور شک کے کہا جاتا ہے (شِفٌّ لك یا فلان) تمہارا خوب مزا ہے (ج) شُفُوْفٌ۔
(الشَّفَفُ): پتلا پن، دُبلا پن، ہلکا پن (۲) خستہ حالی (۳) معمولی اور تھوڑا۔
(الشَّفَّافُ): صاف و شفاف، جو کسی کی رویت میں حائل نہ ہو جیسے شیشہ۔
(الشَّفِیْفُ): بمعنی الشَّفَّافُ (تڑپا دینے والی

سردی کی شدت (ج) شِفَافٌ۔
(شَفِقَ) (س) مِنہ و عَلَیہ شَفقًا: ڈرنا، خوف کھانا۔ ھو شَفِقٌ۔
—عَلیہ: مہربانی کرنا، نرمی کرنا، شفقت کرنا۔ ھو شفیقٌ۔
(أشْفَقَ) مِنہ: کسی چیز سے ڈرنا، خوفزدہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ}
—علیہ: نرمی و شفقت کرنا۔
(الشَّفَقُ): شفقت، مہربانی (۲) وہ سرخی جو افق میں غروب آفتاب کی جگہ ظاہر ہوتی ہے اور غروب سے کچھ دیر پہلے سے لے کر عشاء تک رہتی ہے (۳) کونہ، گوشہ (۴) چیز کا گھٹیا حصہ۔
(الشَّفَقَۃُ): مہربانی، شفقت، نرمی (۲) مصیبت کا خوف۔
(الشَّفِیْقُ): مہربان، شفقت کرنے والا (ج) شفقاء۔ کہاوت ہے: (إنَّ الشَّفِیقَ بسوءِ ظَنٍّ مُولَعُ): ہمدرد کو بدگمانی کا شوق رہتا ہے۔
(شَفَنَہٗ) (ض) و الیہِ شُفُوْنًا: ناگواری، تعجب یا مذاقاً ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔ ھو شافِنٌ و شَفُوْنٌ۔
(شَفَھَہٗ) (ف) شَفْھًا: ہونٹ پر مارنا، (۲) مانگ مانگ کر سب کچھ ختم کر دینا۔
—المالَ و نَحْوَہٗ: مال کو ختم کر ڈالنا۔
(شُفِہَ) الشیئُ: کسی چیز کی بہت مانگ ہونا۔ ھو مَشْفُوْہٌ جیسے شُفِہَ الطعامُ و شُفِہَ المالُ۔
—الرجُلُ: زیادہ مانگنے کی وجہ سے کسی کا مال ختم کر دیا جانا۔
(شَافَھَہٗ) مُشَافَھَۃً و شِفَاھًا: آمنے سامنے بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔
—البَلَدَ او الأمْرَ: قریب ہونا۔
(الشَّافِہُ): وہ پیاسا جسے پانی نہ ملتا ہو۔
(الشُّفَاھِیُّ): بڑے ہونٹوں والا۔
(الشَّفَۃُ): آدمی کا ہونٹ (۲) کسی چیز کا کنارہ۔ جیسے شَفَۃُ الدَّلْوِ اور شَفَۃُ الجَبَلِ۔

ش

— بِنْتُ الشَّفَةِ: لفظ، کلمہ۔ کہتے ہیں: لَمْ يَنْبِسْ بِبِنْتِ شَفَةٍ: اس نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا (ج) شِفَاهٌ۔

(شَفَتِ) (ن ض) الشَّمْسُ شَفُوًا: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

—اللهُ العَلِيلَ: اللہ تعالیٰ کا بیمار کو شفایاب کرنا۔

(أَشْفَى) فلانٌ: رات کے آخری حصہ میں چلنا۔

— عَلَى الشيئِ: قریب ہونا۔ جیسے أَشْفَتِ الشَّمْسُ عَلَى الغروب وأَشْفَى الرَّجُلُ عَلَى المَوْتِ۔

—المَرِيضَ: بیمار کے لئے شفا چاہنا، شفا بخش دوا طلب کرنا۔

—المَرِيضَ الدَّوَاءَ: بیمار کو شفا بخش دوا استعمال کرنے کے لئے دینا۔

(شَافَاهُ): آمنے سامنے بات چیت کرنا۔

(اشْتَفَى) مِنْ عِلَّتِهِ: صحت یاب ہونا۔

—بكذا: کسی چیز کے ذریعہ شفا حاصل کرنا۔

— مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن کو شکست دے کر دل ٹھنڈا کرنا۔

(تَشَفَّى): بمعنی اِشْتَفَى۔

(اسْتَشْفَى) المريضُ مِنْ عِلَّتِهِ: بیمار کا صحت یابی طلب کرنا۔

—بِهِ: کسی چیز کو بطور دوا استعمال کرنا۔

(الأَشْفَى): جس کے ہونٹ کھلے رہتے ہوں۔ هي شَفْوَاءُ (ج) شُفْوٌ۔

(الشَّفَا): کنارہ، طرف۔ قرآن مجید میں ہے: {وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا} (۲) ہر شے کا تھوڑا حصہ۔ کہتے ہیں: مابَقِيَ مِنْهُ الاَّ شَفًا۔

(الشِّفَاءُ): شفا یابی، صحت یابی۔ قرآن مجید میں ہے: {يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ} (۲) تسکین، دواء دل۔ قرآن مجید میں ہے: {وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ}

(المُسْتَشْفَى): ہسپتال، علاج خانہ (محدثہ) (ج) مستشفيات و مَشَافٍ۔

(الشَّفَوِيُّ): زبانی۔ هي شفويّةٌ۔

(الشَّفَوِيَّةُ): فصیلہ شفویہ یعنی وہ پودے جن کے پتوں یا پھولوں میں ہونٹوں سے مشابہت پائی جاتی ہے۔

—الحُرُوفُ الشَّفَوِيَّةُ: فاء، باء، میم، واو۔

ش .... ق

(شَقَأَ) (ف) نَابُه شُقُوءًا: دانت نکلنا۔

— شَعْرَهُ بالمشطِ شَقْئًا: بالوں میں کنگھا کرنا۔

— فلانًا بالعصا: کسی کے بالوں کی مانگ پر مارنا۔

(المَشْقَأُ): بالوں کی مانگ (ج) مَشَاقِئُ۔

(المِشْقَأُ): کنگھا (ج) مَشَاقِئُ۔

(شَقَحَ) (ف) الشيئَ شَقْحًا: دور کرنا، (۲) توڑنا۔

—الجَوْزَةَ وَنَحْوَهَا: اخروٹ وغیرہ کا گودا نکالنا۔

(شَقِحَ) (س) شَقَحًا و شُقْحَةً: بھورے رنگ کا ہونا۔

(شَقُحَ) (ك) شَقَاحَةً: بدشکل ہونا۔

(أَشْقَحَ) البُسْرُ: گدر کھجور میں بھورا پن آ جانا۔ أَشْقَحَ النّخلُ بھی کہتے ہیں۔

—الشيئَ: دور کرنا۔

(شَاقَحَهُ): کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا۔ گالیاں دینا۔

(تَشَاقَحَا): باہم گالی گلوچ کرنا۔

(الأَشْقَحُ): بھورے رنگ کا۔ هي شَقْحَاءُ (ج) شُقْحٌ۔

(الشُّقْحَةُ): رنگ برنگی گدر کھجور (ج) شِقَاحٌ۔

(الشِّقْدَةُ): ایک دودھ والی گھاس۔ اسے قِشْدَةٌ بھی کہتے ہیں (ج) شِقَدٌ۔

(الشُّقْدُفُ): ہودج سے بڑی اونٹ کی پالکی جس پر سوار ہوکر عرب لوگ حج بیت اللہ کے لئے جایا کرتے تھے (ج) شقَادِفُ۔

(شَقَذَ) (ض) شَقْذًا: دھتکارے جانے پر دور چلا جانا۔

(شَقِذَ) (س) شَقَذًا: بمعنی شَقَذَ۔ (۲) جاگتے رہنا، نیند نہ آنا (۳) نیند پر قابو پایا اور اونگھ نہ آنے دینا، کڑی نگاہ رکھنا هو شَقِذٌ۔

(أَشْقَذَهُ): کسی کو دھتکار کر دور بھگانا۔

(شَاقَذَهُ): باہم دشمنی رکھنا۔

(الشَّقَذُ): بھیڑیا (۲) گرگٹ (۳) باز (۴) لوگوں کو نظر لگانے والا (۵) وہ شخص جس کی نظر بہت تیز ہو اور لوگوں کو لگ جانے والی ہو۔ کہتے ہیں: مَا بِهِ شَقَذٌ ولاَ نَقَذٌ: اس میں نہ کوئی عیب ہے نہ خرابی۔

(الشَّقَذُ) مَا بِهِ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس میں کوئی عیب نہیں، ما لَهُ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

(الشَّقَذَانِ): بمعنی الشَّقَذُ۔

(الشَّقَذَانَةُ): خوش طبع اور ہنس مکھ عورت (۲) بدزبان اور زبان دراز عورت۔

(الشِّقِّيذُ): جاگتے رہنے والا۔

(شَقِرَ) (س) شَقَرًا و شُقْرَةً: بھورا ہونا۔ هو شَقِرٌ وهي شَقِرَةٌ وهو أَشْقَرُ وهي شَقْرَاءُ (ج) شُقْرٌ۔

(اِشْقَرَّ): بھورے رنگ کا ہونا۔

(الأَشْقَرُ) مِنَ الدِّمَاءِ: بےغبار جما ہوا خون۔

(الشُّقَّارَى): ایک پھولدار پودا اس پر سیاہ دھبے پڑے ہوتے ہیں اس کی مختلف قسمیں ہیں جن میں سے بعض تو بطور فصل کے اُگائے جاتے ہیں اور بعض سردیوں کے آخر اور بہار میں اُگائے جاتے ہیں۔ یہ فصیلہ شقیقیہ سے ہے (۲) جھوٹ۔

(الشُّقُرُ): غیر معمولی معاملہ (۲) راز (ج) شُقُورٌ۔ کہتے ہیں: بَثَّهُ شُقُورَهُ: اس نے اسے اپنا غم بتایا (امر مقصود و دلچسپ)۔

(الشُّقَرُ): مرغا۔

(الشِّقْرَى): عمدہ قسم کی کھجوریں۔ اسے یمن میں المُشَقَّر کہتے ہیں۔

(الشِّقِرَّانُ): کھیتی یا درخت کو لگنے والی ایک

بیماری۔

(الشُّقْرَةُ): بھوراپن' سفیدی و سرخی سے ملا ہوا۔

(الشُّقَّارُ): بمعنی الشُّقَّارَى (۲) لمبے کوہان والی مچھلی۔

(الشُّقَّارَى): بمعنی الشُّقَّارَى۔

(الشُّقُورُ): ایسی فکر جو نیند اڑادے۔

(الشُّقَيْرُ): گرگٹ کی ایک قسم۔

(المَشْقَرُ): جمی ہوئی سخت ریت (۲) زمین کے اندر گھسی ہوئی ریت (ج) مَشَاقِرُ۔

(المُشَقَّرُ): بڑا تیر (۲) چمڑہ کا مشکیزہ (۳) بحرین کے ایک قلعہ کا نام۔

(الشِّقْرَاقُ و الشِّقِرَّاقُ): فاختہ کے مانند اس سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔ اسے أخيل بھی کہا جاتا ہے' عرب اس سے بدشگونی کی فال لیتے ہیں۔

(شَقْشَقَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا۔

—العُصْفُورُ: چڑیا کا چہچہانا۔

(الشِّقْشِقَةُ): اونٹ کے منہ سے نکلنے والا جھاگ (ج) شَقَاشِقُ۔ کہتے ہیں: هَدَرَتْ شِقْشِقَةُ فلانٍ: مشتعل ہونا' فصیح کلام کرنا۔ کہاوت ہے: (شِقْشقةٌ هَدَرَتْ ثم قَرَّتْ) ہنگامہ برپا ہوا پھر سکون ہو گیا۔ فلانٌ شقشقةُ قومِهِ: وہ اپنی قوم کا سردار اور ترجمان ہے۔

(شَقَّصَ) الذَّبِيحَةَ وَ غَيْرَهَا: ذبیحہ کی بوٹیاں بنانا' ٹکڑے کرنا (۲) مذبوحہ جانور کے برابر حصہ کر کے حصہ داروں میں تقسیم کرنا۔

(الشِّقْصُ): کسی چیز کا ٹکڑا (۲) حصہ' نصیب (ج) أَشْقَاصٌ و شِقَاصٌ۔

(الشَّقِيصُ): بمعنی الشِّقْصُ (۲) تھوڑی اور معمولی چیز (۳) حصہ دار شریک۔

(المِشْقَصُ) مِنَ النِّصَالِ: لمبا چوڑا پھلکا (۲) چوڑے پھل کا نیزہ (ج) مَشَاقِصُ۔

(المُشَقِّصُ): قصاب۔

(الشَّقَفُ): ٹھیکری (۲) مٹی کا برتن۔ واحد: شقفةٌ۔

(الشَّقَّافُ): کمہار' مٹی کی چیزیں بنانے یا بیچنے والا۔

(شَقَّ) (ن) الأَمْرُ شَقًّا: دشوار اور ناقابل برداشت ہونا۔

—عَلَى فلانٍ: مشقت میں ڈالنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ}

—النَّبْتُ: کونپل نکلنا' روئیدگی ظاہر ہونا۔

-النابُ: دانت نکلنا۔

— البَرْقُ: بجلی کا بادل میں لمبی رسی کی طرح چمکنا اور نہ پھیلنا (اسے بارش کی علامت سمجھا جاتا ہے)۔

—الشیءَ: پھاڑنا' چیرنا' دراڑ ڈالنا۔

—نهرًا: نہر کھودنا۔

—الأَرْضَ: زمین میں ہل چلانا۔

—عَصَا الطَّاعَةِ: سرکشی کرنا۔

—عَصَا الجماعَةِ: انتشار پیدا کرنا' پھوٹ ڈالنا۔

(شَاقَّهُ): مخالفت کرنا' لڑائی جھگڑا کرنا' دشمنی رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے: {ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَإِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝}

(شَقَّقَهُ): مبالغہ شَقَّهُ۔

— الكَلَامَ: کلام کو لمبا کرنا اور تفصیل اور شقیں بیان کرنا۔

(اشْتَقَّ) الفرسُ و نحوُهُ في عَدْوِهِ: دوڑتے ہوئے ایک طرف جھکنا۔

—فلانٌ فِي الكلامِ او الخُصُومَةِ و نَحْوِهَا: کلام یا جھگڑے کی اصل کو چھوڑ کر فروعات میں مشغول ہوجانا۔

— الطريقَ فِي الفَلَاةِ: جنگل میں راستہ طے کرنا۔

— طريقَهُ فِي الامْرِ: کسی معاملہ میں بھرپور طریقہ سے لگنا۔

— الكلمةَ مِنْ غَيْرِهَا: کسی لفظ سے دوسرا لفظ مشتق کرنا۔

(انْشَقَّ): پھٹنا' شگاف پڑنا۔

—الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔

—البَرْقُ: بجلی چمکنا۔

—الرَّأْيُ: رائے کا فضول اور گھٹیا ہونا۔

—عَصَا الجماعَةِ: منتشر اور جدا جدا ہونا' شیرازہ بکھرنا۔

(تَشَاقَّا): باہم مخالفت اور دشمنی رکھنا۔

(تَشَقَّقَ): دراڑ پڑ جانا' شگاف پڑ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: {يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا}

—الفرسُ: کمزور و لاغر ہونا۔ اشَّقَّقَ بھی اسی معنی میں ہے۔

(اسْتَشَقَّ) الحامِلُ بِحِمْلِهِ: دروازہ وغیرہ سے نکلنے کے لئے بوجھ کو ایک پہلو پر لے کر چلنا۔

(الإِشْتِقَاقُ): (علم الصرف میں) ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا اشتقاق۔

(الشَّاقُّ): مشکل اور دشوار (ج) شَوَاقُّ۔

(الشَّقَائِقُ) او (شَقَائِقُ النعمان): بمعنی الشُّقَّارَى۔

(الشُّقَاقُ): بیماری یا سردی کی وجہ سے ہاتھ' پاؤں یا کھال کی پھٹن۔

(الشَّقُّ): مشقت (۲) پھٹن' شگاف' دراڑ' ترخن (ج) شُقُوقٌ۔

— الشَّقُّ القيصريُّ: آپریشن کے ذریعہ بچہ کی ولادت (مج)

(الشِّقُّ): کسی چیز کا حصہ' نصف کنارہ (۲) جہد و مشقت۔ قرآن مجید میں ہے: {وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ}

(الشَّقَّاقُ): رَجُلٌ شَقَّاقٌ: مغرور و شیخی خور۔

(الشِّقَّةُ): کسی چیز کو چیرنے کے بعد آدھا حصہ (۲) پھاڑا ہوا یا نکالا ہوا ٹکڑا (۳) کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا (۴) تختے یا لکڑی کی گانٹھ (۵) مکان کا ایک حصہ' فلیٹ (مج)

(الشُّقَّةُ): نصف' آدھا (۲) کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا (۳) دوری' بعید (۴) لمبا سفر' لمبا فاصلہ' جس کا طے کرنا دشوار ہو۔ قرآن میں ہے: {وَلٰكِنْ

بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ } (ج) شُقَق۔
(الشَّقِيْقُ): سگا بھائی (۲) مثل' نظیر' مانند' مشابہ۔ حدیث میں ہے: (النساء شقائق الرجال) (ج) أَشِقَّاءُ۔
(الشَّقِيْقَةُ): سگی بہن (۲) موسلا دھار بارش (۳) دردِ شقیقہ' آدھے سر کا درد (ج) شَقَائِق۔
(المَشَقَّةُ): دشواری' مشکل (ج) مَشَاقّ۔
(شَقَلَه) (ن) شَقْلًا: تولنا۔
(الشَّاقُوْلُ): کھیت کی پیائش کی چھڑی جس کے سرے پر لگے ہوئے لوہے میں رسی باندھی جاتی ہے اور اس کا دوسرا سرا اسی طرح کی دوسری چھڑی میں باندھا ہوتا ہے (۲) معماروں کی ساہل (ساہول) جس سے دیوار کی ہمواری دیکھی جاتی ہے۔ (ج) شَوَاقِيْلُ (مع)
(شَقَاهُ) (ن) شَقْوًا: تنگی و پریشانی میں مبتلا کرنا۔
(شَقِيَ) (س) شَقًا و شَقَاءً: نامراد اور بدحال ہونا۔
—فِيْ كذا: محنت اور مشقت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ}
(أَشْقَاه): نامراد و بدحال بنانا' تنگی میں مبتلا کرنا۔
(شَاقَى) الشيءَ مُشَاقَاةً و شِقَاءً: کسی چیز کی مشقت برداشت کرنا۔
—فلانًا في الحَرْبِ: لڑائی میں کسی پر غالب آنا۔
(الشَّقَاءُ): مشکل و دشواری (۲) سختی و آزمائش (۳) گمراہی۔
(الشَّقَاوَةُ): بمعنی الشَّقَاءُ۔
(الشِّقْوَةُ): بمعنی الشَّقَاءُ۔ قرآن مجید میں ہے: {رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا}
(الشَّقِيُّ): بدبخت' نامراد۔ قرآن مجید میں ہے: {فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ} (۲) گمراہ (ج) أشقياء وهي شقية۔

ش.........ک

(شَكِئَ) (س) ظفرهُ شَكَأً: ناخن پھٹ جانا۔
—فلانٌ: پھٹے ہوئے ناخنوں والا ہونا۔ کہتے ہیں: شكِئت اصابِعُه: انگلیاں پھٹ جانا۔
(أَشْكَأَتِ) الشَّجَرَةُ: درخت میں ابتدائی شاخیں نکلنا۔
(الشُّكَاءُ): ناخنوں کے اردگرد کی پھٹن (۲) کھال پر پپڑی اور اس کا جلنا۔
(الشُّكْبَانُ): گھاس جمع کرنے کا جالی دار تھیلا۔
(شَكَدَهُ) (ن) شَكْدًا: عطیہ دینا (۲) توشہ دینا' سفر کا کھانا دینا۔
(الشُّكْدُ): عطیہ (۲) کھجور کی فصل کاٹنے کے بعد مالک کو دی جانے والی مقررہ مقدار (۳) توشۂ زاد راہ' مسافر کو دیا جانے والا کھانا۔
(شَكَرَتِ) (ن) الدابّةُ شُكْرًا و شُكورًا و شُكرانًا: جانور کا تھوڑی گھاس وغیرہ پر اکتفا کر لینا (۲) چراگاہ میں چر کر موٹا ہو جانا۔
—فلانًا وله شُكْرًا و شُكْرَانًا: شکریہ ادا کرنا۔ کسی کے احسان پر اس کی تعریف کرنا۔ کہتے ہیں: شكر الله وله ونِعْمَتَه: قرآن مجید میں ہے: { يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ }
عملَه: کسی کام کا اجر دینا۔
(شَكِرَتِ) (س) الشجرةُ شكرًا: درخت کی کونپلیں نکلنا۔
—الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔
—النَّاقةُ: اونٹنی کے تھن کا دودھ سے بھر جانا۔
— فلانٌ: بخیل ہونے کے بعد سخی ہونا (۲) بہت فیاض ہونا۔ هُوَ شَكِرٌ و شَكْرَانُ وهي شَكِرَةٌ و شكْرى (ج) شكارى۔
(أَشْكَرَ) الضرعُ: تھن کا دودھ سے بھر جانا۔
—الشَّجَرُ: درخت کا کونپلیں نکالنا۔
(اشْتَكَرَ) الجنينُ: جنین کے جسم پر رواں اُگنا۔
—السماءُ: زوردار بارش برسانا۔
—الرِّيَاحُ: ہواؤں کا بارش لانا۔
—الحرُّ او البردُ: گرمی یا سردی کا تیز ہونا۔
—الرَّجُلُ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔
(تَشَكَّرَ) لَه: شکریہ ادا کرنا' احسان مند ہونا۔
(الشَّكَائِرُ): پیشانیاں۔ واحد: شكيرةٌ۔
(الشِّكَارَةُ): کپڑے یا مضبوط کاغذ وغیرہ کا بنا ہوا مقررہ وزن کا تھیلا' جیسے سیمنٹ وغیرہ کا پیکٹ یا تھیلا (ج) شكائِرُ (د)۔
(الشُّكْرُ): شکر' اظہار ممنوعات' شکر گزاری' احسان مندی۔
—من الله: اللہ کی رضا اور بدلہ۔
(الشَّكُوْرُ): بہت شکر گزار' بہت احسان مند۔ قرآن مجید میں ہے: { قَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ۝ } (۲) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت۔ اجر و ثواب سے نوازنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ} (۳) وہ انسان یا جانور جس پر اللہ کی نعمتوں کے آثار ظاہر ہوں جیسے امرأةٌ شكورٌ وناقةٌ شكُوْرٌ (ج) شُكُرٌ۔
(الشَّكِيْرُ): رواں (۲) ہلکے اور چھوٹے بال (۳) کھجور کی شاخ کے پتے (۴) پہلے پہل اگی ہوئی کونپل (۵) درخت کی جڑ کے اردگرد اگنے والے پتے وغیرہ۔
(المِشْكَارُ): بہت دودھ دینے والی اونٹنی (ج) مَشَاكِيْرُ۔
(المَشْكَرَةُ) من العشبِ وغيرِهِ: جانور کو موٹا کرنے والی اور دودھ بڑھانے والی گھاس (ج) مَشَاكِرُ۔
(شَكَزَهُ) (ن) شَكْزًا: انگلی یا لکڑی وغیرہ چبھونا (۲) طعنہ دینا' زبان سے تکلیف دینا۔
(شَكِسَ) (س) شَكَسًا و شَكَاسَةً: بداخلاق اور بے مروت ہونا۔
(شَاكَسَه): مخالفت و جھگڑا کرنا' سختی سے پیش آنا۔
(تَشَاكَسَا): باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فِيْهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُوْنَ}
(الشَّاكُوْشُ): ہتھوڑی (ج) شَوَاكِيْشُ (د)۔

ش

(شَكْشَكَ) السلاحَ: ہتھیار تیز کرنا۔
(شَكَعَ) (ف) الدابّةَ بزمامِها شَكْعًا: لگام سے جانور کا سر اوپر کرنا۔
(شَكِعَ) (س) فلانٌ شَكَعًا: آہیں بھرنا، درد و تکلیف میں مبتلا ہونا۔
(أَشْكَعَهُ): دل برداشتہ و پریشان کرنا، (۲) ناراض کرنا۔
(شَكَّ) (ن) الشیئَ شَكًّا: چپک جانا، جڑ جانا، مل جانا۔
—القرابةُ: رشتہ جڑ جانا۔
—الدّابةُ: اونٹنی کا شانہ بازو سے مل جانے کے بعد لنگڑا ہو جانا۔
—علیه الأَمْرُ: مشتبہ و مشکل ہونا۔
—فی الأَمْرِ و غیرِہ: شک کرنا۔
—فی السِّلاحِ: پورے ہتھیاروں سے لیس ہونا۔
—الخرَزَ و نحوَہ: مہرے وغیرہ پرونا۔
—الجلدَ بالمِخْرَزِ و نحوِہ: ستالی وغیرہ سے، چمڑا سینا۔
— القومُ بیوتَهُم و نحوَها: مکان وغیرہ کو ایک قطار میں ترتیب سے بنانا۔
—الشیئَ: پھاڑنا۔
— الدّابّةَ بالمِهْمَازِ: جانور کو دوڑانے کے لئے ایڑ لگانا۔
—فلانًا و نحوَہ بالرمحِ و غیرِہ: نیزہ مارنا۔
(شَكَّكَهُ): شک میں مبتلا کرنا۔
(اشْتَكَّ) الشیئَ: چیز کے اجزاء کو جوڑنا یا پھاڑنا۔
(تَشَكَّكَ): لازم شَكَّكَ۔
—فی كَذَا أَو فی الأَمْرِ: شک کرنا، شبہ کرنا۔
(التَّشْكِيكُ): علم منطق میں کہتے ہیں: لفظ مَقُولٌ بالتشكيكِ: وہ لفظ جو ایسے مفہوم عام پر دلالت کرے جو غیر مساوی طور پر متعدد افراد میں مشترک ہو جیسے ابیض۔
(الشَّاكّةُ): طب کی ایک اصطلاح، حلق کا ورم (مج)

(الشِّكَاكُ): ضَرَبُوا بُيُوتَهُم شِكَاكًا: انہوں نے ایک قطار میں ترتیب سے گھر بنائے۔
(الشَّكُّ): شک و شبہ (ایک ذہنی کیفیت جو اثبات و نفی میں دائر رہتی ہے اور ذہن کوئی ایک فیصلہ نہیں کر پاتا (مج) (۲) ہڈی میں چھوٹی سی درز (ج) شُكُوكٌ۔
(الشَّكَّاكُ): بہت شک کرنے والا۔
(الشَّكَّاكُونَ): فلاسفہ کی ایک جماعت جو حقائق اشیاء کے اثبات و انکار میں متردد رہتی ہے۔ اسلامی فلسفہ میں ایسی جماعت کا نام لاادریہ ہے یہ فرقہ سوفسطائیین سے تعلق رکھتا ہے۔
(الشِّكَّةُ): جسم پر لگائے ہوئے یا اٹھائے ہوئے ہتھیار (۲) لکڑی کی نوک دار میخ جو چول سے پھنسائی جانے والی لکڑی کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگائی جاتی ہے (ج) شِكَكٌ۔
(الشَّكُوكُ): شک و شبہ پیدا کرنے والا۔
(الشَّكِيكَةُ): چند باہم ملی ہوئی چیزوں کا مجموعہ (ج) شَكَائِكُ و شُكُكٌ۔
(المِشَكُّ): سلائی کا ستالی (۲) چمڑے کا باریک تسمہ جس سے سلائی کی جائے (ج) مَشَاكُّ (زرہ)۔
(شَكَلَ) (ن) الأَمْرُ شُكُولاً: مشکل اور گڈمڈ ہونا۔
—المریضُ: شفایاب ہونا۔
—الثَّمَرُ: پھل کا پکنے کے قریب ہونا۔
—الدّابّةَ و نحوَها شَكْلاً: جانور کو بیڑی ڈالنا۔
—الكتابَ: اعراب لگانا۔
(شَكِلَ) (س) اللَّوْنُ شَكَلاً: ایک رنگ میں دوسرا رنگ مل جانا۔
—العینُ: آنکھ کی سفیدی میں سرخی مل جانا۔
— الخَیْلُ: سیاہ و سرخ ہونا۔ هو شَكِلٌ و أَشْكَلُ و هی شَكِلَةٌ و شَكْلاءُ۔
(أَشْكَلَ) الأَمْرُ: مشتبہ ہونا، پیچیدہ ہونا۔
—اللَّوْنُ: مخلوط ہونا۔
—فلانٌ: ہم شکلوں اور ہم مثلوں سے ملنا۔

— النَّخْلُ: کھجوروں کے پکنے کا وقت قریب ہو جانا۔
—الكتابَ: اعراب لگانا۔
—المرأةُ شَعْرَهَا: بالوں کی لٹیں بنا کر چھوڑنا۔
(شَاكَلَهُ): کسی کے مشابہ اور ہم شکل ہونا۔
(شَكَّلَ) الدّابّةَ: جانور کو بیڑی باندھنا۔
—الكِتَابَ: اعراب لگانا۔
—الشیئَ: تصویر کھینچنا۔
— الفنونُ التَّشْكِيلِيَّةُ: تصویر سازی کے فنون۔
—الزَّهْرُ: پھول کا رنگ برنگ ہونا۔
—المرأةُ شَعْرَهَا: زلفیں بنانا۔
(تَشَكَّلَ): لازم شَكَّلَه۔
—الشیئُ: صورت و شکل بن جانا۔
(اسْتَشْكَلَ) الأَمْرُ: مشکل اور پیچیدہ ہونا۔
—علیه: اشکال کرنا، اعتراض پیش کرنا۔
— فی تَنْفِيذِ الحُكْمِ: (عدالتی اصطلاح میں) فیصلہ کی تنفیذ میں ایسا باعث اشکال مفہوم لانا کہ اس کے حل تک تنفیذ روکی جا سکے (مج)
(الإِشْكَالُ): مفہوم کی پیچیدگی اور الجھاؤ، اشکال، اعتراض (۲) قانون مرافعات میں فیصلہ کے نفاذ سے متعلق منازعت۔ (مج)
(الأَشْكَلُ): دورنگی چیز۔ جریر کا شعر ہے:
فما زالت القتلی تَمُجُّ دِماءَها
بِدِجلةَ حتّی ماءُ دِجلةَ أَشْكَلُ
— من الناسِ: وہ شخص جس کی آنکھ کی سفیدی میں سرخی ہو۔ کہتے ہیں: هُوَ أَشْكَلُ بِأَبِيهِ: وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
(الشَّاكِلَةُ): طرز، طریقہ، عادت۔ قرآن مجید میں ہے: {قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَى شَاكِلَتِهِ} (۲) کان کے قریب ابھرا ہوا حصہ (۳) کوکھ، پہلو۔ کہتے ہیں: أَصَابَ شَاكِلَةَ الصَّوَابِ: اس نے درست بات کی (ج) شَوَاكِلُ۔
(الشِّكَالُ): بیڑی (۲) گھوڑے کی وہ رسی جو ایک اگلے اور ایک پچھلے پیر کو ملا کر باندھی جاتی

ہے۔
(الشَّكْلُ): پیچیدہ اور دشوار معاملہ۔ (۲) حالت وصورت (۳) مانند' مثل' مشابہ (۴) مناسب و بہتر۔ جیسے کہا جاتا ہے: هٰذَا مِنْ شَكْلِي: یہ میرے مناسب ہے (۵) (علم ہندسہ میں) جسم یا سطح کی وہ ہیئت جو ایک حد کے ساتھ محدود ہو جیسے گیند یا چند حدود کے ساتھ محدود ہو جیسے مثلث و مربع (۶) مناطقہ کے یہاں دلیل کی اس صورت کو کہتے ہیں جو حد اوسط کی دیگر دو حدوں (حد اکبر اور حد اصغر) کے ساتھ نسبت کی بنا پر مختلف ہوتی رہتی ہے (ج) أَشْكَالٌ و شُكُولٌ۔
—الدفعُ الشَّكْلِيُّ: قانون عدالت کی رو سے مدعا علیہ کی جانب سے مقدمہ کے اصل موضوع سے ہٹ کر کی گئی کارروائی کا دفعیہ مثلاً عرضی دعویٰ کے غلط ہونے کا دعویٰ کر کے اسے خارج کروانے کی کوشش (مج)
(الشِّكْلُ): مانند' مشابہ۔
(الشَّكْلَةُ): شَكْلٌ کا مصدر مرہ۔ ایک اعراب۔ وہ حرکت جس سے کلمہ کو منضبط کیا جائے (۲) اس حرکت کا اشارہ (ج) شَكْلٌ و شَكَلاتٌ۔
(الشُّكْلَةُ): رنگ برنگ' مختلف رنگوں کا مجموعہ (۳) مشابہت جیسے فيه شُكْلَةٌ مِنْ أبيه۔
(المُشَاكَلَةُ): مشابہت' مشاکلت' یکسانیت (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں ایک معنی کو ایسے دیگر الفاظ کے ذریعہ ادا کرنا جو اس کے لئے وضع نہیں کئے گئے لیکن اس کے ساتھ ہوئے ہیں جیسے قرآن مجید میں ہے: { نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ } اور { وَمَكَرُوا وَمَكَرَ اللّٰهُ }
(المُشْكِلُ): پیچیدہ' دشوار' مشکل (۲) علماء اصول فقہ کے نزدیک وہ لفظ یا شے جو بغیر خارجی دلیل کی دلالت کے نہ سمجھ میں آئے۔
— الخُنْثَى المُشْكِلُ: ہیجڑا' مخنث' جس کی جنس متعین نہ ہو۔
(شَكَمَ) (ن) الفَرَسَ و نَحْوَهُ شَكْمًا: گھوڑے کے منہ میں لگام کا لوہا لگانا۔

—المُعْتَدِي: حملہ آور کو زور سے ہٹانا۔
—المتسلّطَ: مسلط آدمی کو رشوت دینا۔
—فلانًا: بدلہ دینا۔
(شَكِمَ) (س) شَكَمًا: بھوکا ہونا۔ هو شِكْمٌ۔
(أَشْكَمَه): بمعنی شَكَمَه۔
(الشُّكْمُ): بخشش' عطیہ' انعام۔
(الشَّكِيمَةُ): لگام کا وہ لوہا جو منہ میں ڈالا جاتا ہے (۲) دل کی قوت (۳) ظلم کے مقابلہ میں کامیابی کی طاقت۔ فلانٌ شديدُ الشَّكِيمَةِ او ذو شَكِيمَةٍ: غیرت مند جو کسی کے سامنے نہ جھکتا ہو (ج) شَكَائِمُ و شَكِيمٌ و شُكُمٌ۔
(شَاكَهَهُ) مُشَاكَهَةً و شِكَاهًا: کسی کے مشابہ اور ہم مثل ہونا۔
(تَشَاكَهَا): باہم مشابہ ہونا۔
(شَكَا) (ن) شَكْوًا و شَكْوَى و شَكَاةً: بیماری وغیرہ کی وجہ سے تکلیف محسوس کرنا۔
— هَمَّه إِلَى فلانٍ: تکلیف کے ساتھ کسی کے سامنے اپنا درد بیان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { إِنَّمَا أَشْكُوا بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ }
— فلانًا: شکایت کرنے پر ابھارنا (۲) کسی کی شکایت کو ختم کرنا اور راضی کرنا۔ کہتے ہیں: أَشْكَاهُ عَلَى مَا يَشْكُوهُ: اس کی تکلیف میں اس کی مدد کی اور تکلیف دور کی۔
—شَكْوَةً: مشکیزہ بنانا۔
(شاكاهُ): بمعنی شكاهُ۔
(شَكَّى) فلانٌ أو الرَّاعِي: دودھ نکالنے یا ابالنے کے لئے مشکیزہ بنانا۔
—فلانًا: کسی کی شکایت دور کرنا۔
(اشْتَكَى): بمعنی شَكَا (۲) بیمار ہونا (۳) مشکیزہ بنانا۔
— اليه: فریاد رسی کرنا' درد و غم کی شکایت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللّٰهِ }
(تَشَاكَى) القومُ: ایک دوسرے کی شکایت

کرنا۔
(تَشَكَّى): بمعنی اشتكى۔
(الشَّاكِي): شکایت کنندہ۔
—شاكِي السلاح: ہتھیاروں سے لیس اور ماہر آدمی۔
(الشَّكَاةُ): شکایت (۲) بیماری (۳) عیب۔
(الشَّكْوَى): دکھ' درد (۲) شکایت' وہ بات جس کی شکایت کی جائے (ج) شَكَاوَى۔
(الشَّكْوَةُ): وہ مشکیزہ جس میں پانی بھر کر ٹھنڈا کرنے کے لئے ہوا میں لٹکا دیا جائے (ج) شِكَاءٌ و شُكًى و شُكِيٌّ۔
(الشَّكِيَّةُ): شکایت' وہ معاملہ جس کی شکایت ہو (۲) بقیہ (ج) شَكَايَا۔
(المِشْكَاةُ): دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاق۔ قرآن مجید میں ہے: { كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ } (۲) شمع دان' لیمپ۔

ش .... ل

(الشَّلْجَمُ): شلجم (ایک سبزی)
(شَلَحَهُ): برہنہ کرنا' کپڑے اتارنا۔
(شَلَحُ العَيْنِ): ایک بیماری جس میں دونوں پلکیں پوری طرح نہیں ملتیں (مج)
(شَلْشَلَ) الماءُ و نَحْوَهُ: لگاتار پانی ڈالنا۔
—السيفُ الدَّمَ: خون بہانا۔
(تَشَلْشَلَ) الماءُ و نحوهُ: جگہ جگہ ٹپکنا۔
— السَّيْفُ و نحوهُ بالدَّمِ: تلوار وغیرہ کا خون بہانا۔
-فلانٌ في عَمَلِهِ: کام میں پھرتیلا اور مستعد ہونا۔
(الشُّلاشِلُ): تازہ گھاس یا پودا۔
(الشَّلْشَلُ): پھرتیلا اور مستعد (۲) نیک دل' خوش مزاج۔ ماءٌ شَلْشَلٌ و دمٌ شَلْشَلٌ: مسلسل ٹپکتا ہوا پانی یا خون۔
(شَلَقَهُ) (ن) شَلْقًا: کوڑا وغیرہ مارنا۔
—الأُذُنَ أو الأَنْفَ: لمبائی میں چیرنا۔
(شَلَّ) (ن) الدَّابَّةَ شَلًّا: جانور کو ہانکنا' دھتکارنا۔

—العینُ الدَّمعَ: آنسو بہنا۔
— الصباحُ الظَّلامَ: صبح کی روشنی کا تاریکی کو ختم کردینا۔
—الثَّوبَ: کچے ٹانکے لگانا' معمولی سلائی کرنا۔
(شَلَّ) (س) العضوُ شَلَلاً: عضو کا شل ہوجانا' سوکھ کر بے حرکت ہوجانا۔ مفلوج ہوجانا۔ شَلَّ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔ دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے: لا شَلَّتْ یمینُكَ اور بددعا کے وقت کہا جاتا ہے: شَلَّتْ یمینُه هو أَشَلُّ و هی شَلَّاءُ (ج) شُلٌّ۔
— الثَّوبُ: کپڑے پر ایسا داغ یا دھبہ پڑنا جو دھونے سے بھی زائل نہ ہو۔
(أَشَلَّ) فلانٌ: مفلوج ہونا۔
—اللّٰهُ فلانًا او یَدَهٗ: مفلوج کردینا' شل کردینا۔
(انْشَلَّ) المطرُ: زوردار بارش برسانا۔
(الشِّلَالَةُ): معمولی اور بڑے ٹانکے۔
(الشَّلَلُ): فالج' لنجاپن' عضو کی بیکاری۔
(الشَّلَّالُ): آبشار (اونچی چٹان سے گرنے والا پانی کا جھرنا) (مج)
—شَلَّالُ العین: آنکھ سے پانی جاری رہنے کی بیماری (مج)
(الشَّلُوْلُ): پھرتیلا اور مستعد (۲) بوڑھی بکری یا اونٹنی (ج) شُلُلٌ۔
(الشَّلِیْلُ): وادی میں پانی کی گزرگاہ (۲) زرہ کے نیچے پہنی جانے والی کرتی (۳) اونی کپڑے کا وہ ٹکڑا جو کجاوے کے پیچھے جانور کی پیٹھ پر ڈالا جاتا ہے۔ (ج) أَشِلَّةٌ۔
(الْمِشَلُّ): سوئی' سواں۔ سلائی کرنے کا آلہ (۲) بہت دھتکارنے والا (۳) گردن ڈھانپنے کا کپڑا (ج) مَشَالُّ۔
(الْمُشَلِّلُ): وہ جنگلی گدھا جو ہروقت گدھیوں کے پیچھے پڑا رہے۔
(الشَّالَمُ) و (الشَّوْلَمُ) و (الشَّیْلَمُ): گندم کے ساتھ پیدا ہونے والا ایک کڑوا دانہ۔
(أَشْلَی) الحیوانَ: جانور کو چارہ کھانے یا دوہنے کے لئے بلانا۔
— الكلبَ عَلَی الصَّیْدِ: کتے کو شکار کے پیچھے لگانا۔
(اشْتَلَاهُ): ہلاکت یا مصیبت سے بچانے کے لئے بلانا۔
(اسْتَشْلَی): غضبناک ہونا' غصہ سے دانت پیسنا۔
— الكلبَ و نحوَهٗ: کتے وغیرہ کو شکار کے پیچھے لگانا۔
—فلانًا: ہلاکت یا مصیبت سے بچانے کے لئے بلانا۔
(الشِّلَا): کسی چیز کا جسم (۲) باقی ماندہ، (۳) کھال' چمڑا (۴) عضو' جوڑ (ج) أَشْلَاءٌ۔
(الشِّلْوُ): عضو' جوڑ (۲) گوشت کا ٹکڑا (۳) باقی ماندہ (ج) أَشْلَاءٌ۔
— أَشْلَاءُ الانسان و غیرهٖ: بوسیدہ اور بکھرے ہوئے انسانی اعضاء۔
(الشَّلِیَّةُ): باقی ماندہ مال وغیرہ۔ کہتے ہیں: لَمْ یبقَ مِنْ مَالِهٖ اِلاَّ شَلِیَّةٌ (۲) گوشت کا ٹکڑا (ج) شَلَایَا۔
(الْمُشَلِّی): دبلا پتلا' لاغر کمزور۔

ش......... م

(اشْمَأَزَّ): (دیکھئے: شمز)
(شَمِتَ) (س) بِهٖ أَوْ بِعَدُوِّهٖ شَمَاتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا' هو شَامِتٌ (ج) شُمَّاتٌ و هُنَّ شَوَامِتُ۔
(أَشْمَتَهُ) اللّٰهُ بعدوِّهٖ: کسی کو اس کے دشمن کی تکلیف سے خوش کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلَا تُشْمِتْ بِیَ الْأَعْدَاءَ}
(شَمَّتَه) بِعَدُوِّهٖ: دشمن کی تکلیف پر خوش کرنا۔
— العَاطِسَ و علیه: چھینکنے والے کو یرحمك اللّٰه کہہ کر دعا دینا۔
(تَشَمَّتَ): مال غنیمت کے بغیر ناکام واپس لوٹنا۔
(الشَّامِتَةُ): جانور کی ٹانگ۔ بددعا کے موقع پر کہتے ہیں: لا ترك اللّٰه له شامِتةً: اللہ اس کے جانوروں کو ہلاک کردے (ج) شوامِتُ کہتے ہیں: بَاتَ فلانٌ بلیلةِ الشَّوَامِتِ و بَاتَ طَوعَ الشَّوَامِتِ: اس نے مصیبت کی حالت میں رات گزاری۔
(الشِّمَاتُ): وہ لوگ جن کی مصیبت پر خوشی منائی جائے (اس کا کوئی مفرد نہیں)
(الشَّمَاتَی): بمعنی الشِّمَات۔
(الشَّمَاتَةُ): دشمن کی مصیبت پر خوشی۔
(شَمَجَتِ) (ن) الدَّابَّةُ شَمْجًا: جانور کا تیز چلنا۔ هی شَمَجَی۔
—فی الأمرِ: جلدی کرنا۔
—الشیئَ: غیر چیز کی آمیزش کرنا۔
—الثَّوبَ: معمولی اور کچے ٹانکے لگانا۔
— الشَّعِیرَ أو الرزَّ: جو یا چاول کی موٹی روٹی پکانا۔
(الشَّمَاجُ): جو یا چاول کی موٹی روٹی، (۲) خراب بچے ہوئے انگور جو پھینکنے کے قابل ہوں۔ کہتے ہیں: مَا ذُقْتُ شَمَاجًا: میں نے ذرا سا کھانا بھی نہیں کھایا۔
(شَمَخَ) (ف) الجَبَلُ و نَحْوُهٗ شُمُوخًا: بلند ہونا۔
—انْفِه: تکبر کی وجہ سے ناک اونچا ہونا۔
— بأنفِهٖ و أنْفَه: تکبر کرنا' بڑا بننا۔ هو شامِخٌ کہتے ہیں: نَسَبٌ شَامِخٌ: بلند نسب (ج) شوامخ و شُمَّخٌ و هنَّ شَامِخاتٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَجَعَلْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ شَامِخَاتٍ}
(الشَّمَخُ) سَفَرٌ شَمَخٌ: لمبا سفر۔
—مفازةٌ شَمَخٌ: لمبا چوڑا جنگل۔
(الشُّمُوخُ) سَفَرٌ شُمُوخٌ: دور دراز کا سفر۔
—مفازةٌ شموخٌ: وسیع و عریض جنگل۔
(الشَّمَخْتَرُ): کمینہ (۲) منحوس (مع)
(شَمْخَرَ): تکبر کرنا۔
(اشْمَخَرَّ): بہت اونچا ہونا۔ هو مُشْمَخِرٌّ۔
(الشَّمْخَرِیْرَةُ): تکبر' بڑائی' غرور۔

(الشَّمَّخْرُ): بھاری بھرکم آدمی یا سانڈ (۲) متکبر مغرور (۳) دوراندیش اور بلند پرواز آدمی۔

(شَمَذَ) (ض) الحیوانُ شَمْذًا و شُمُوْذًا: دم اونچی کرنا۔ شَمَذَ بذنبہ بھی کہتے ہیں۔

—الرجلُ ثوبَہ: گھٹنوں تک کرتا اُٹھانا۔

(الشَّامِذُ): بچھو (کیونکہ اس کی دم اوپر اُٹھی ہوتی ہے) (ج) شُمَّذٌ و شَوَامِذُ۔

(الشَّمَذَۃُ): وہ درخت جس پر بیل چڑھائی جائے (ج) شَمَذٌ و شِمَاذٌ۔

(شَمَرَ) (ن) شَمْرًا: ٹھیک چلنا (۲) اترا کر اکڑتے ہوئے چلنا۔

—الشیئَ: سمیٹنا، سکیڑنا۔

(أَشْمَرَ) الدَّابَّۃَ: تیز ہانکنا۔

(شَمَّرَ): بمعنی شَمَرَ۔

—فی الأمرِ: پھرتی دکھانا، مستعد ہونا۔

—للأمرِ: تیار ہونا۔

—عن ساعِدِہٖ او عن ساقِہٖ: کوشش کرنا، تیار ہوجانا۔

—الشیئَ: سکیڑنا، سمیٹنا۔

—ثوبَہٗ: آستین اوپر چڑھانا، پائنچہ چڑھانا۔

—الدَّابَّۃَ: تیز ہانکنا۔

— شَمَّرَتِ الحَرْبُ و شَمَّرَت عَنْ سَاقِھَا: لڑائی کے شعلے بلند ہونا۔

(انْشَمَرَ): لازم شَمَرَہٗ۔

(تَشَمَّرَ): لازم شَمَّرَہٗ۔

—الشیئُ: سمٹنا، سکڑنا۔

—تَشَمَّرَتِ اللِّثَۃُ: مسوڑھے کا سکڑنا۔

(الشَّامِرُ) ناقۃٌ او شاۃٌ شامِرٌ: وہ اونٹنی یا بکری جس کے تھن سکڑ کر پیٹ سے لگ گئے ہوں۔

(الشَّمَارُ): ایک پودا جس کے پھول زرد اور دانے سبز ہوتے ہیں۔

(الشَّمَرُ): بمعنی الشَّمَارُ۔

(الشِّمِّرُ): عمدگی اور محنت سے کام کرنے والا، (۲) پختہ عزم (۳) فیاض و سخی (۴) تجربہ کار۔

(الشِّمِرُّ): سنگین معاملہ جس کے لئے محنت و کوشش درکار ہو۔ مقولہ ہے: أَجاءَہُ الخوف إلی شرّ شِمِرٍّ: شر کا خوف اسے بڑے شر کی طرف لے آیا۔

(الشَّمَّرِیُّ): اپنی بات پر اٹل اور پورا اترنے والا۔

(الشِّمِّیْرُ): بہت زیادہ پختہ کار و تجربہ کار آدمی۔

(شَمْرَجَ) الثَّوبَ و نَحْوَہٗ شَمْرَجَۃً و شَمْرَاجًا: خراب سلائی کرنا، موٹے ٹانکے لگانا۔

—النَّسَّاجُ الثوبَ: خراب اور کمزور بننا۔

—الکلامَ: مخلوط کلام کرنا۔

(الشُّمْرُجُ): باریک بنا ہوا کپڑا (ج) شَمَارِجُ و شَمَارِیْجُ۔

(الشُّمْرُوْجُ): بمعنی الشُّمْرُجُ۔

(شَمْرَخَ) العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا، توڑنا۔

—النَّخْلَۃَ: گدر کھجوریں توڑنا۔

(الشِّمْرَاخُ): کھجوروں کا گچھا (۲) انگور کا خوشہ (۳) بڑے شاخ پر اگنے والی چھوٹی شاخ (ج) شَمَارِیْخُ۔

(الشُّمْرُوْخُ): بمعنی الشِّمْرَاخُ۔

(الشَّمَرْدَلُ): مضبوط و بہادر لڑکا۔

—جَمَلٌ شَمَرْدَلٌ و ناقۃٌ شَمَرْدَلَۃٌ: بہادر اونٹ یا اونٹنی۔

(شَمَزَ) (ن) شَمْزًا: سکڑنا، سمٹنا (۲) اظہار ناگواری کرنا۔

(تَشَمَّزَ): منقبض ہونا، ناگواری کا اظہار کرنا۔

—وَجْھُہ: ناگواری کی وجہ سے چہرہ کا بدل جانا۔

(اشْمَأَزَّ) بالأمرِ و منہ اشْمِئْزَازًا: گھٹن ہونا، منقبض ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ}

(الشُّمَأْزِیْزَۃُ): نفرت و ناگواری، گھٹن۔

(شَمَسَ) (ن) الیومُ و نحوہٗ شُمُوْسًا: دن کا دھوپ والا ہونا یا تیز دھوپ والا ہونا۔

— الدابۃُ شُمُوْسًا و شِمَاسًا: جانور کا بدکنا، سرکش ہونا۔

—فلانٌ: ضد اور ہٹ دھرمی کرنا، نافرمانی کرنا۔

—لفلانٍ: کسی کو تکلیف دینے کا ارادہ کرنا۔ ھو شامِسٌ (ج) شُمُسٌ و ھُنَّ شوامِسُ۔

(أَشْمَسَ) الیومُ و نَحْوَہٗ: بمعنی شَمَسَ۔

(شَامَسَہٗ) مُشَامَسَۃً و شِمَاسًا: بغض و دشمنی کرنا۔

(شَمَّسَ): سورج کی عبادت کرنا۔

—الشیئَ: سکھانے اور خشک کرنے کے لئے سورج کے سامنے لانا۔

(تَشَامَسَا): باہم عداوت و دشمنی رکھنا۔

(تَشَمَّسَ): لازم شَمَّسَہ (۲) سورج کے سامنے آنا (۳) دھوپ میں آنا (۴) بخل کرنا۔

(الشَّامِسُ) یومٌ شامِسٌ: دھوپ والا دن۔

(الشِّمَاسُ): ضد، ہٹ دھرمی

(الشَّمْسُ): سورج۔

(الشَّمْسِیَّۃُ): سورج کا (نسبۃ إلی الشمس) (۲) چھتری۔

— اللامُ الشَّمْسِیَّۃُ: وہ لام معرفہ جو اپنے بعد والے حرف میں مدغم کرکے پڑھا جائے۔ حروف شمسی یہ ہیں: تاء، ثاء، دال، سے ظاء تک اور لام، نون۔ ان کے علاوہ تمام حروف قمریہ ہیں۔

(الشَّمَّاسُ): انتہائی ضدی و سرکش (۲) کنیسہ کا خادم جس کا درجہ قسیس سے کم ہوتا ہے (سریانی) (ج) شمامِسَۃٌ۔

(الشَّمُوْسُ): سرکش اور بے قابو۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ شموسٌ و امرأۃٌ شموسٌ (۲) شراب (ج) شُمُسٌ۔

(شَمَصَ) (ن) الدَّابَّۃَ و غیرَھا شَمْصًا و شُمُوْصًا: بہت تیز ہانک کر تھکا دینا۔

—الرَّجُلَ: ڈرانا، دھمکی دینا۔

(الشَّمُوْصُ): سرکش اور ضدی (ج) شُمُصٌ۔

(المَشْمُوْصُ): حد سے زیادہ ڈرایا ہوا اور پریشان کیا ہوا۔

(شَمَطَ) (ض) الشجرُ و نحوہٗ شَمْطًا: پتے

بھرنا۔
—الشیَٔ: غیر کے ساتھ ملانا۔
—مالَهٗ: حلال وحرام کو ملانا۔
—الکلامَ اوفیه: طرح طرح کی باتیں کرنا۔
—الإناءَ و نَحْوَهٗ: بھرنا۔ هو مَشْمُوْطٌ و شَمِيْطٌ۔
(شَمِطَ) (س) الشیءُ شَمَطًا: غیر کے ساتھ ملنا۔
—شعرُهٗ: بالوں کا سیاہ وسفید ہونا۔
—الشَّجَرُ: پتے گرانا۔ هو أشْمَطُ وهی شَمْطاءُ۔
(أَشْمَطَ): بمعنی شَمِطَ۔
—الشیَٔ: غیر کے ساتھ ملانا۔ کہتے ہیں: أَشْمِطْ عَمَلَكَ بِصَدَقَةٍ۔
(اشْمَأَطَّ) و (اشْمَاطَّ): بمعنی شَمِطَ۔
(الأَشْمَطُ): سیاہ وسفید بالوں والا۔ هی شمطاء (ج) شُمْطٌ۔
(الشَّمْطُ): کھانے میں ملایا جانے والا مسالا یا رنگ وغیرہ (ج) أَشْماطٌ و شِماطٌ۔
(الشَّمَطُ): بالوں کی سفیدی و سیاہی (ج) أشماطٌ و شِمَاطٌ۔
(الشَّمَطَاتُ): سیاہ بالوں میں سفید بال۔
(الشُّمْطَانُ): گدر کھجور جس کا ایک حصہ خوب پک چکا ہو۔ واحد: شُمطانةٌ۔
(الشَّمِيْطُ): مخلوط۔
(الشَّمَاطِيْطُ): مختلف گروہ۔ کہتے ہیں: تَفَرَّقَ القومُ شماطيط: لوگ مختلف گروہوں میں تقسیم ہوگئے۔ ثوبٌ شَمَاطِيطُ: پھٹا پرانا کپڑا۔
(شَمَعَ) (ف) شَمْعًا و شُمُوْعًا: ہنسی مزاح کرنا (۲) مست ہونا۔
(أَشْمَعَ) السِّرَاجُ و نَحْوُهٗ: روشن ہونا۔
(شَمَّعَهٗ): ہنسی مذاق میں لگانا۔
—له: تفریح ومستی کا سامان فراہم کرنا۔
—به: کسی کو چھیڑ کر ہنسنا۔
—الثَّوبَ و نحوهٗ: کپڑے پر پالش کرنا۔

—الحِرْزَ: تعویذ کا موم جامہ کرنا۔ (محدثہ)
(الشِّمَاعُ و الشِّمَاعَةُ): مذاق، دل لگی۔
(الشَّمْعُ): موم بتی (۲) موم (ج) شُمُوْعٌ۔
(الشَّمْعَةُ): ایک موم بتی (۲) بلب کی قوت کا ایک پیمانہ۔ کہتے ہیں: هو ذو عشر شمعات أو مائة شمعة و هكذا: یہ بلب دس واٹ یا سو واٹ کا ہے (محدثہ)
(الشَّمَّاعُ): موم بتی بنانے یا فروخت کرنے والا۔ شمع فروش۔
(الشَّمَّاعَةُ): کپڑے لٹکانے کا سٹینڈ یا ہینگر وغیرہ۔
(الشُّمُوْعُ): مسخرہ، بہت مذاق اور مزاح کرنے والا (ج) شُمُعٌ۔
(المَشْمَعَةُ): ہنسی مذاق (۲) موم بتیوں کا کارخانہ (ج) مَشَامِعُ۔
(المُشَمَّعُ): موم چڑھایا ہوا۔
(الشَّمْعدَانُ): شمع دان۔
(اِشْمَعَلَّ) الرَّجُلُ: بلند مرتبت اور عالی شان ہونا (۲) جھومنا، تھرکنا۔
—الدَّابَّةُ: جانور کا مگن و چاق و چوبند ہونا۔
—الغارةُ: حملہ کا پھیل جانا۔
—اللَّبَنُ: دودھ کی کھٹاس بڑھ جانا۔
(المُشْمَعِلُّ): مست ومگن (۲) شریف، بلند ہونا۔ شاعر کا قول:

له داعٍ بمكة مشمعِلٌّ
وآخر فوق دارته ينادي

(شَمِقَ) (س) فلانٌ شَمَقًا و شَمَاقَةً: دیوانگی کی حد تک خوش ہونا۔
(الأَشْمَقُ): خون آلود منہ کا جھاگ۔
(الشَّمِقُ): پھٹا ہوا کپڑا۔
(الشَّمَقْمَقُ): لمبا قد آور۔
(شَمَلَتِ) الرِّيحُ شَمْلاً و شُمُولاً: ہوا کا شمال کی جانب چلنا۔
—بفلانٍ: کسی کو بائیں جانب لے جانا۔
—الأَمْرُ القَوْمَ: سب کا عام ہونا۔

—فلانًا: شال اوڑھانا۔
—التمرَ و الطَّرْعَ: تھیلی چڑھانا۔
(شَمِلَ) (س) الأَمْرُ القومَ شَمَلاً: سب کا شامل ہونا۔
—الدابَّةُ اللِقاحَ: جانور کا گابھن ہونا۔
(أَشْمَلَتِ) الريحُ: ہوا کا بائیں جانب سے آنا۔
—القومُ: لوگوں پر شمالی ہوا چلنا۔
—فلانٌ: شال اوڑھے ہوئے ہونا۔
—فلانًا: شال اوڑھنا۔
—التَّمرَ و الطَّرْعَ وَ نَحْوَهٗ: کھجور اور تھن پر تھیلی چڑھانا۔
(اشْتَمَلَ) بثوبه: کپڑے میں پورا لپٹ جانا کہ ہاتھ بھی باہر نہ رہے۔
— الصَّمَّاءَ: چادر کو پہلے دائیں ہاتھ اور بائیں مونڈھے پر اور پھر بائیں ہاتھ اور دائیں مونڈھے پر ڈال کر لپیٹنا۔
—بسیفه: تلوار گلے میں لٹکانا۔
—علی کذا: مشتمل ہونا، حاوی ہونا، قرآن مجید میں ہے: {أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ}
—علی فُلانٍ: کسی کو اپنے ذریعہ بچالینا۔
(تَشَمَّلَ) بِالشَّمْلَةِ و نحوِها: چادر کو ہر طرف سے لپیٹنا۔
(الشَّمَالُ): جانب شمال (مقابل جنوب) (۲) شمالی ہوا۔ شَمْأَلٌ و شَأْمَلٌ بھی کہتے ہیں۔
(الشِّمَالُ): بائیں جانب، بایاں۔ جیسے اليَدُ الشِّمالُ و الجانبُ الشِّمالُ وغیرہ قرآن مجید میں ہے: {لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ وَشِمَالٍ} (ج) أَشْمُلٌ و شُمُلٌ و شَمَائِلُ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ} (۲) نحوست، بدفالی۔
—طیرُ الشِّمالِ: منحوس پرندہ جس سے بدفالی لی جائے (۳) اخلاق، عادت (ج) شَمَائِلُ

(۴) تھن پر چڑھانے کی تھیلی یا کھجوروں پر باندھنے کی تھیلی۔
(الشَّمْلُ) شَمْلُ القومِ و نحوهِم: اجتماعیت' اتحاد' شیرازہ۔ جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُم: اللہ ان کو متحد اور اکٹھا کرے۔
(الشِّمْلُ): کھجور کا گچھہ۔
(الشَّمِلُ): چادر میں لپٹا ہوا۔
(الشَّمْلَةُ): پورے جسم کو ڈھانکنے والی چادر (۲) مفلر یا شال جو سر یا گردن ڈھانپنے کے لئے ہو (ج) شِمَالٌ۔ حدیث علی رضی اللہ عنہ میں ہے: (انَّ اَبَاهذا كان يَنسِج الشِّمالَ بيمينه)
(الشِّمْلَةُ): چادر اوڑھنے کا طریقہ۔
(الشِّمِلَّةُ): تیز رفتار اونٹنی۔
(الشَّمُولُ): شمالی ہوا (۲) شراب۔
(المِشْمَالُ): بڑی چادر وغیرہ جو پورے جسم کو ڈھانک لے (ج) مَشَامِيلُ۔
(المِشْمَلُ): بمعنی الشَّمْلَةُ (۲) چھوٹی تلوار جو کپڑوں میں چھپائی جا سکے (ج) مَشَامِلُ۔
(المِشْمَلَةُ): دو پرت کی اوڑھنے کی چادر' اس کے دونوں کناروں کو ملا کر سوتے وقت ڈھانپ لیتے ہیں۔
(المَشْمُولُ): وہ شخص جس پر شمالی ہوا چلے۔
—غديرٌ مَشْمُولٌ: وہ تالاب جس کے پانی کی سطح پر شمالی ہوا سے لکیریں پڑ جائیں اور وہ اسے خوشگوار بنا دیں۔
— نارٌ مَشْمُولَةٌ: شمالی ہوا کی بھڑکائی ہوئی آگ۔
—نَوًى مَشْمُولَةٌ: دوستوں کو جدا کرنے والا سفر۔
—شَمْلَلَ: جلدی کرنا۔
-الشَّجَرَةَ: درخت کے پھل چننا۔
(الشِّمْلالُ): تیز پھرتیلا۔
(الشُّمْلُولُ): ریت کی لمبی دھاری (۲) متعدد ٹہنیوں والی شاخ (ج) شَمَالِيلُ۔
—قومٌ شَمَالِيلُ: بکھرے ہوئے لوگ۔

—ثوبٌ شَمَالِيلُ: پھٹا پرانا کپڑا۔
(الشِّمْلِيلُ): تیز رفتار اور پھرتیلا۔
(شَمَّهُ) (ن) شَمًّا و شَمِيمًا: سونگھنا۔
—الخبرَ: خبر کا کچھ حصہ معلوم ہونا۔
—الأَمْرَ: جانچ پڑتال کرنا۔
(شَمَّ) (س) البناءُ اوِ الجبلُ شَمَمًا: بلند چوٹی والی ہونا۔
—الأَنفُ: ناک کا اونچا ہونا۔
—الرَّجُلُ: اونچی ناک والا ہونا' مغرور و متکبر ہونا۔
هو أَشَمُّ وهي شَمَّاءُ (ج) شُمٌّ۔
—الشيءَ شَمًّا و شَمِيمًا: سونگھنا۔
(أَشَمَّ) الرجُلُ: تکبر کی وجہ سے سر اٹھا کر چلنا۔
—عنه: الگ ہونا' ہٹنا۔
—فلانًا الطِّيبَ: خوشبو سونگھانا۔
— الخاتِنُ: ختنہ کرنے والے کا ختنہ کرتے وقت تھوڑی سی کھال چھوڑ دینا۔
(شَمَّمَهُ) الطِّيبَ او الدواءَ: سونگھانا۔
(اشْتَمَّهُ): سونگھنا۔
(تَشَمَّمَهُ): آہستہ آہستہ سونگھنا۔
—الأَمْرَ: تلاش و جستجو کرنا۔
(الإِشْمَامُ): (علم نحو اور فن قراءت کی اصطلاح میں) ایک حرف میں دوسرے حرف کی قدرے آواز پیدا کرنا (۲) قراء حضرات کے نزدیک اشمام یہ ہے کہ وقف کرتے وقت ضمہ محذوفہ کا اشارہ کرنا اس طور پر کہ اس ضمہ میں بغیر آواز کے سکون کیا جائے۔
(الشَّمُّ): قوت شامہ' سونگھنے کی حس۔
(الشَّمَمُ): بلندی (۲) ناک کے بانسہ کا مناسب ابھار۔
(الشَّمَّامُ): پیپتا (ایک خربوزہ نما خوشبو دار پھل) (مج) (۲) بہت سونگھنے والا۔
(الشَّمَّامَاتُ): وہ چیزیں جن سے خوشبو حاصل کی جائے' خوشبودار چیزیں۔
(الشَّمِيمُ): سونگھی جانے والی چیز (۲) بلند۔
ش.........ن

(شَنَأَهُ) (ف) شَنْئًا و شَنَآنًا: بغض رکھنا' گریز کرنا۔ جیسا قرآن مجید میں ہے: {وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا} هو شانِئٌ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ}
(تَشَانَئُوا): باہم بغض و عداوت رکھنا۔
(الشَّنَاءَةُ): بہت زیادہ بغض و دشمنی۔
(الشَّنُوءَةُ): نفرت' گھن (۲) عیوب سے نفرت اور گریز (۳) نقائص و معایب سے گریز کرنے والا۔
(المَشْنَأُ): بدشکل' بدصورت (اگرچہ لوگوں میں مقبول ہی کیوں نہ ہو)۔
—مَشْنَأُ الخلق: بدشکل۔
(المِشْنَاءُ): لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا اور بہت بغض رکھنے والا۔
(المَشْنُوءُ): وہ شخص جس سے لوگوں کو دشمنی اور بغض ہو اگرچہ وہ خوبصورت ہو۔
(شَنِبَ) (س) شَنَبًا و شُنْبَةً: صاف چمکدار دانتوں والا ہونا۔
—الثَّغْرُ: دانتوں کا باریک اور چمکدار ہونا۔
— اليَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔ هو شَنِبٌ و شانبٌ وهو أَشْنَبُ وهي شَنْبَاءُ۔
(الشَّنَبُ): دانتوں کی صفائی اور چمک۔
ذو الرمة کا شعر ہے:
"وفی اللثاتِ وفی انیابها شَنَبُ"
محدثین علماء اس کو استعارۃ شارب کے معنی میں استعمال کرتے اور حقیقی معنی کو ترک کر دیتے ہیں۔
(الشَّنْبَاءُ): وہ انار جس کے دانوں میں بیج نہ ہو (ج) شُنْبٌ۔
(شَنْتَرَ) ثوبَه و نحوهُ: پھاڑنا۔
(شَنِجَ) (س) شَنَجًا: سکڑنا' سمٹنا۔ هو شَنِجٌ۔
(شَنَّجَ) الشيءَ: سکیڑنا' سمیٹنا۔
—وجهُهُ: چہرہ پر جھریاں پڑنا۔
— الخَيَّاطُ القَباءَ: درزی کا کپڑے کو موڑنا'

ش

سیون دینا۔

(تَشَنَّجَ): سکڑنا۔ جیسے تَشَنَّجَ عضلاتُهٗ: اعضاء کا سکڑنا' تشنج میں مبتلا ہونا۔

(الأَشْنَجُ): سکڑا ہوا (ج) شُنُجٌ۔

(التَّشَنُّجُ): تشنج' غیر ارادی طور پر اعضاء کا سکڑ جانا (ایک بیماری) (ج)۔

(المُشَنَّجُ): سکڑا ہوا' سمیٹا ہوا۔ بطور مبالغہ کے شَنِجٌ مُشَنَّجٌ کہتے ہیں۔

— السَّرَاوِیْلُ المُشَنَّجَةُ: ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ جس کی وجہ سے ٹخنوں میں سلوٹیں پڑ جائیں۔

(شَنَّرَہ) وعلیہ: کسی پر الزام لگانا' بدنام کرنا۔

(الشَّنَارُ): عیب اور قباحت میں مشہور بات۔ کہتے ہیں: عَارٌ شنارٌ: عیب ورسوائی۔

(شَنْشَنَ) القِرْطَاسُ والثَّوْبُ الجدیدُ و نحوُہٗ: کھڑکھڑانا' آواز پیدا ہونا۔

(الشِّنْشِنَةُ): کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔ کہاوت ہے: (شِنْشِنَةٌ اعرفها مِنْ اَخْزَمَ): عادت میں زیادہ مشابہت کے وقت بولا جاتا ہے (ج) شَنَاشِنُ۔

(شَنَطَ) اللحمَ: گوشت کو ہلکا ہلکا بھونا۔

(شَنَعَ) (ف) الخِرْقَةَ و نحوَھَا شَنْعًا: پھٹے ہوئے کپڑے وغیرہ کے دھاگے نکالنا' جھالر بنانا۔

— فلانًا: عیب نکالنا' بدنام ورسوا کرنا۔

(شَنِعَ) (س) بہ شَنَعًا: ناپسند کرنا' نفرت کرنا۔

(شَنُعَ) (ك) شَنَاعَةً: بدشکل ہونا۔ ھو شَنِیْعٌ و شَنِعٌ و أَشْنَعُ۔

(شَنَّعَ): مبالغہ در شَنَعَ۔

— الشیئَ: بدصورت اور بھونڈا کرنا۔

— عَلٰی فلانٍ: رسوا کرنا' بدنام کرنا۔

(تَشَنَّعَ): بہت برا ہونا۔

— القومُ: باہمی اختلاف کی وجہ سے لوگوں کی حالت خراب ہونا۔

— الثَّوْبُ و نَحْوُہٗ: بوسیدہ اور خراب ہونا۔

— الغَارَةَ: وسیع پیمانہ پر لوٹ مار کرنا۔

(استَشْنَعَ) الأَمْرَ: کسی کام کو برا سمجھنا۔

— فلانٌ: برائی اور خرابی میں ڈالنا۔ کہتے ہیں: استَشْنَعَهٗ جَهْلُه و استَشْنَعَ بِهٖ جَهْلُهٗ: اس کی جہالت نے اسے برائی میں مبتلا کر دیا۔

(الشَّنْعَاءُ) فَعْلَةٌ شَنْعَاءُ: بہت برا عمل۔ (ج) شُنْعٌ۔

(الشُّنْعَةُ): برائی' قباحت۔

(الشَّنِیْعُ): ناپسندیدہ' قابل نفرت۔ (ج) شَنَائِعُ۔

(شَنَفَ) (ن ض) الیہِ شَنْفًا و شُنُوْفًا: نفرت اور ناگواری سے دیکھنا۔

— عنه: تکبر کی وجہ سے منہ پھیر لینا۔

(شَنِفَ) (س) لہ شَنَفًا: سمجھ جانا' تاڑ لینا۔

— الشَّفَةُ العلیا: اوپر والا ہونٹ اوپر کو اٹھ جانا۔ شَنِفَ الرجلُ بھی کہتے ہیں: ھو اشنفُ وھی شَنْفَاءُ۔

— فلانًا و لہ: بغض رکھنا' ناپسند کرنا۔

(شَنَّفَ) المَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالیاں ڈالنا۔

— الأذانَ بکلامِهٖ: کانوں کو اپنے کلام سے محظوظ کرنا۔

— کلامَهٗ: کلام کو مزین کرنا۔

(تَشَنَّفَتِ) المرأَةُ: بالیاں پہننا۔

(الشَّنْفُ): بالی (قرط اور شنف میں اوّل کو کان کے نچلے حصہ اور ثانی کو کان کے اوپر والے حصہ کے لئے بھی مخصوص کیا جاتا ہے) (ج) شُنُوْفٌ و أَشْنَافٌ۔

(شَنَقَهٗ) (ن) شَنْقًا: لٹکانا۔

— الرجلَ: گلے میں پھندا ڈال کر ہلاک کرنا' پھانسی دینا۔ (محدثہ)

— البعیرَ: اونٹ کو قابو کرنے کے لئے گھوڑے کی طرح لگام کو سر سے باندھنا۔

(شَنِقَ) (س) الأَمرَ شَنَقًا: دلچسپی لینا' گرویدہ ہونا۔

(أَشْنَقَ) الشیئَ: لٹکانا۔

— الیَدَ إِلَی العُنُقِ: ہاتھ کو گردن کے ساتھ باندھنا۔

— البعیرَ و نحوَہٗ: بمعنی شَنَقَه۔

— القِرْبَةَ و نحوَھَا: مشکیزہ کو تسمہ سے باندھ کر اس کا منہ بند کرنا۔

— مَاشِیَتَه إِلٰی مَاشِیَةِ کذا: (زکوٰۃ کم دینے کے لئے) اپنے مویشی کو دوسرے کے مویشی میں ملا دینا۔ مثلاً دو آدمیوں کے پاس چالیس چالیس بکریاں ہیں ہر ایک پر ایک بکری واجب ہے اب ایک شخص نے اپنی بکریوں کو دوسرے کی بکریوں میں ملا کر زکوٰۃ وصول کرنے والے کو کہا کہ یہ اسّی بکریاں اس ایک شخص کی ہیں لہٰذا ایک ہی بکری وصول کی جائے۔

(شَانَقَهٗ) مُشَانَقَةً و شِنَاقًا: زکوٰۃ کم دینے کے لئے ایک مال کو دوسرے کے مال میں ملانا۔ حدیث میں ہے: (لا شِنَاقَ)

(شَنَّقَ) العجینَ: آٹے کے پیڑے بنانا۔

— اللحمَ: گوشت کی بوٹیاں بنانا۔

(تَشَانَقَ) الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مال میں اپنا مال ملانا۔

(الشَّنَاقُ): لمبا (مفرد' تثنیہ' جمع' مذکر و مؤنث)

(الشِّنَاقُ): تسمہ یا رسی یا ڈوری جس کے ذریعہ کوئی چیز باندھی یا لٹکائی جائے (۲) کمان کی تار (ج) شُنُقٌ و أَشْنِقَةٌ۔

(الشَّنَقُ): رسی یا گلے کا پھندا (۲) دیت سے کم درجہ مالی تاوان (۳) زخموں کا تاوان (ج) أَشْنَاقٌ۔

(الشَّنْقَاءُ): مؤنث الأَشْنَق (لمبے سر والا) (۲) چوزوں کو چونچ سے دانہ کھلانے والا پرندہ (ج) شُنُقٌ۔

(المِشْنَاقُ): ہر چیز کا آرزومند۔

(المِشْنَقَةُ): پھانسی کی ٹکٹکی' سولی (ج) مَشَانِقُ (محدثہ)

(شَنَّ) (ن ض) شَنًّا: خشک اور پرانا ہونا۔

جیسے **شنّتِ القِرْبَۃُ**: مشکیزہ خشک ہو گیا اور **شَنّ الجَمَلُ**: پیاس کی وجہ سے اونٹ خشک ہو گیا۔
—**الماءُ شَنِیْنًا و تَشْنَانًا**: پانی کا ٹپکنا۔
—**السَّائِلَ شَنًّا**: چھڑکنا، ٹپکانا۔
— **الماءَ عَلَی الشَّرابِ**: شراب میں تھوڑا تھوڑا پانی ملانا۔
—**العینُ الدَّمعَ**: آنسو بہانا۔
—**الغَارَۃَ علی عدوِّہٖ**: ہر طرف سے حملہ کرنا۔
(أَشَنّ): بمعنی شَنّ۔
(شَلَّنَ) السِّقاءُ او الماءُ: ٹپکنا۔
(انْشَنّ) الذئبُ فِی الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر تباہی مچانا۔
(تَشَنَّنَ) الماءُ: زیادہ ٹپکنا۔
—**الجِلْدُ**: کھال کا خشک ہو کر سکڑ جانا۔
—**بَشَرَۃُ الرَّجُلِ**: بڑھاپے سے جلد پر جھریاں پڑ جانا۔
(اسْتَشَنَّتِ) القِرْبَۃُ: مشکیزہ کا خشک ہو جانا۔
—**الرَّجُلُ او الجَمَلُ**: لاغر و کمزور ہونا۔
(الشَّانَّۃُ): وادی کی طرف جانے والا نالا (ج) **شَوَانّ**۔
(الشُّنَانُ): پانی برسانے والا بادل (۲) ٹھنڈا پانی۔ **مَاءٌ شُنَانٌ**: متفرق پانی۔
(الشُّنَانَۃُ): درخت یا مشک سے ٹپکتا ہوا پانی (۲) پانی ملایا جانے والا دودھ۔
(الشَّنُّ): پرانا مشکیزہ جس میں دوسرے کی نسبت پانی زیادہ ٹھنڈا ہوتا ہو (ج) **شِنَانٌ**۔
— **شَنٌّ و طَبَقَۃٌ**: ایک مرد و عورت کا نام جو ذہانت میں ضرب المثل تھے۔ ان کے بارے میں کہاوت ہے: **(وافق شَنٌّ طَبَقَۃً)**: ایسے دو شخصوں کے بارے میں جو کسی سخت معاملہ میں باہم متفق ہوں۔
(الشَّنَّۃُ): بمعنی الشَّنُّ (۲) بڑھیا۔
— **قوسٌ شَنَّۃٌ**: پرانی کمان۔ **جبھۃٌ شَنَّۃٌ**: سکڑی ہوئی پیشانی۔ کہتے ہیں: **جاءَ بجبھۃٍ شَنَّۃٍ**: وہ پیشانی پر بل ڈالے ہوئے آیا (ج) **شِنَانٌ**۔
(الشَّنُّوْنُ): نہ دبلا نہ موٹا۔
(الشَّنِیْنُ): خالص دودھ جس میں ٹھنڈا پانی ڈالا گیا ہو۔
(المِشَنَّۃُ): چنگیری، روٹیاں رکھنے کی چھوٹی ٹوکری (مو)

ش .... ھ

(شَھَبَہٗ) (ف) **الحَرُّ او البَرْدُ شَھْبًا**: گرمی یا سردی کا کسی کے رنگ کو بدل دینا۔
—**السَّنَۃُ القَوْمَ**: قحط سالی کا لوگوں کے مال کو نقصان پہنچانا۔
(شَھِبَ) (س) **شَھَبًا و شُھْبَۃً**: سیاہی مائل سفید بالوں والا ہونا (۲) سردی یا گرمی سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ **ھو أَشْھَبُ وھی شھباءُ**۔
(أَشْھَبَ) الشِّھَابَ: آگ سلگانا، انگاروں کو دہکانا۔
(اشْھَابَّ): آہستہ آہستہ سفید ہونا۔
—**الزَّرْعُ**: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔
—**الشِّفَاہُ والمشافِرُ**: سفیدی مائل ہونا۔
(اشْھَبَّ): بمعنی اشْھَابَّ۔
(الأَشْھَبُ): **عامٌ أشْھَبُ**: قحط کا سال۔ **یَوْمٌ أَشْھَبُ**: ٹھنڈی ہوا والا دن۔
(الشُّھَابُ): پانی ملا دودھ جس سے سفیدی کم ہو گئی ہو۔
(الشِّھَابُ): آگ کا دہکتا ہوا انگارہ۔ قرآن مجید میں ہے: {**أَوْ اٰتِیْکُمْ بِشِھَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّکُمْ تَصْطَلُوْنَ**} (۲) روشن چمکدار ستارہ (۳) وہ ستارہ جو فضائے آسمانی میں تیرتا ہے لیکن جب فضائے ارضی میں داخل ہوتا ہے تو اس سے شعلہ نکل کر راکھ ہو جاتا ہے (ج) قرآن مجید میں ہے: {**فَأَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ**} (۳) آزمودہ کار اور ماہر آدمی۔ کہتے ہیں: **ھو شِھَابُ عِلْمٍ و شِھَابُ حَرْبٍ و نحوھما** (ج) **شُھُبٌ و شُھْبَانٌ و أَشْھُبٌ**۔
— **(الشُّھُبُ)**: روشن و چمکدار ستارے۔
(الشِّھَابَۃُ): بمعنی الشِّھَابُ۔
(الشَّھْبُ): برف پوش پہاڑ (ج) **شُھُوبٌ**۔
(الشَّھْبَاءُ) **کَتِیْبَۃٌ شَھْبَاءُ**: خوب مسلح فوجی دستہ۔ **غُرَّۃٌ شَھْبَاءُ**: پیشانی، جس میں چند سفید بال ہوں۔
—**سَنَۃٌ شَھْبَاءُ**: قحط کا سال۔
— **ارضٌ شَھْبَاءُ**: برف پوش زمین (۲) شام کے شہر حلب کا لقب (کیونکہ اس کے پتھروں کا رنگ سفید ہے) (ج) **شُھْبٌ**۔
(الشُّھْبَۃُ): وہ سفیدی جس میں سیاہی ملی ہو۔
(شَھِدَ) (س) **عَلٰی کذا شَھَادَۃً**: کسی بات کی یقینی خبر دینا، گواہی دینا۔
—**باللّٰہِ**: اللہ کی قسم کھانا۔
—**المجلسَ**: مجلس میں شریک ہونا۔
— **الشَّیْءَ**: دیکھنا، پانا۔ قرآن مجید میں ہے: {**فَمَنْ شَھِدَ مِنْکُمُ الشَّھْرَ فَلْیَصُمْہُ**}
— **الحادثَ**: جائے واردات پر موجود ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {**قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰہِ لَنُبَیِّتَنَّہٗ وَأَھْلَہٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِیِّہٖ مَا شَھِدْنَا مَھْلِکَ أَھْلِہٖ**}
— **عَلٰی شَھَادَۃِ غیرِہٖ**: دوسرے کی گواہی کی تردید کرنا۔
(أَشْھَدَہٗ) عَلٰی کذا: گواہ بنانا، گواہی دلوانا۔
—**الشَّیْءَ**: حاضر کرنا۔
(شَاھَدَہٗ): دیکھنا، معائنہ کرنا۔
(تَشَھَّدَ): کلمہ شہادت پڑھنا {**اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ و اشھد ان محمدا رسول اللّٰہ**}
(۲) گواہی طلب کرنا۔
(اِسْتَشْھَدَ): خدا کی راہ میں مرنے کے لئے تیار ہونا۔ شہادت کی چاہت کرنا۔
— **الرَّجُلَ**: گواہی طلب کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {**وَاسْتَشْھِدُوْا شَھِیْدَیْنِ مِنْ رِّجَالِکُمْ**}

—بکذا: استدلال کرنا۔

(أُسْتُشْهِدَ)فلانٌ: شہید ہونا۔

(الإِشْهَادُ): فوجداری قانون کی رو سے صاحب خانہ کو یہ نوٹس دینا کہ تمہاری دیوار ٹیڑھی ہے اسے سیدھا کردیا یہ بوسیدہ ہے اس کی مرمت کرو۔

(التَّشَهُّدُ)فی الصلوٰۃ: نماز میں التحیات کے لئے بیٹھنا (۲) التحیات پڑھنا۔

(الشَّاهِدُ): گواہ (۲) دلیل (۳) عورت کے رحم میں بچہ کے ساتھ بوقت پیدائش نکلنے والی ریزش (ج) شُهُودٌ و أَشْهَادٌ و شُهَّدٌ و شُهَّدٌ غیر عاقل کی جمع: شَوَاهِدُ۔

—صلوٰۃُ الشَّاهِدِ: نماز مغرب و نماز فجر۔

(الشَّهَادَةُ): گواہی (۲) تصدیق، اقرار، (۳) محسوس کی جانے والی چیز (۴) قسم، حلف (ج)

—عالم الشَّهَادَةِ: عالم ظاہر جہاں کائنات کی ظاہری چیزوں کا مشاہدہ ہو۔ اس کے مقابلہ میں عالم الغیب ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید میں ہے: {وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ}

(الشُّهْدُ): شہد جو موم سے نچوڑا نہ گیا ہو (ج) شِهَادٌ۔

(الشَّهِيدُ): شہید، اللہ کے راستہ میں مارا جانے والا (۲) گواہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ} (ج) شُهَدَاءُ و أَشْهَادٌ۔

(المُشَاهَدَةُ): مشاہدہ، کسی ایک حاسہ کے ذریعہ ادراک۔

(المُشَاهَدَاتُ): محسوسات، ادراکات۔

(المَشْهَدُ): موجودگی، اجتماع (۲) منظر، آنکھوں دیکھی چیز (۳) جمع ہونے کی جگہ، اجتماع گاہ (ج) مشاهد۔

—مشاهدُ مكّةَ: مکہ میں لوگوں کی اجتماع گاہیں (۵) قبر (محدثہ)

(المَشْهُودُ)يومٌ مشهودٌ: جس دن لوگ کسی اہم معاملہ کی وجہ سے جمع ہوں۔

(الشَّهْدَانِجُ): سن کا بیج، جس کی چھال سے رسیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں، اسے مصر میں شرانق یا شارق کہتے ہیں۔

(الشَّهْدَانَقُ): سن کا بیج۔

(شَهَرَهُ) (ف) شَهْرًا و شُهْرَةً: مشہور کرنا (۲) شائع کرنا۔

—السَّيْفَ: تلوار سونتنا اور بلند کرنا۔

—العَقْدَ: جائیداد وغیرہ کے معاہدہ کی ماہانہ توثیق کرنا (محدثہ)

(أَشْهَرَ)الشيءُ: کسی چیز کو ایک ماہ گزرنا۔

—فی المكان او به: ایک مہینہ قیام کرنا۔

—الحاملُ: ماہ ولادت میں داخل ہونا۔

—الشيءَ: مشہور اور شائع کرنا۔

(شَاهَرَهُ)مُشَاهَرَةً و شِهَارًا: کسی سے ایک ماہ کا معاہدہ کرنا۔

(شَهَّرَهُ): خوب مشہور کرنا۔

—بِه: بدنام کرنا۔

(اشْتَهَرَ)الامرُ: پھیلنا، مشہور ہونا۔

—بكذا و اشْتُهِرَ بِه: کسی بات میں مشہور ہونا۔

—الشيءَ: مشہور کرنا۔

(تَشَاهَرَ)بكذا: اظہار شہرت کرنا۔

(الشَّهْرُ): مہینہ شمسی اور قمری سال کا بارہواں حصہ (۲) چاند (۳) ماہانہ معاملات کی توثیق کا نظام (محدثہ) (ج) أَشْهُرٌ وَشُهُورٌ۔

—الاشهرُ الحُرُمُ: وہ مہینے جن میں عربوں کے نزدیک لڑائی ممنوع تھی۔ ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم رجب۔

—مصلحةُ الشَّهْرِ: معاہدات کی ماہانہ توثیق کا محکمہ (محدثہ) (ج) أَشْهُرٌ وَشُهُورٌ۔

(الشُّهْرَةُ): شہرت، پھیلاؤ (۲) بدنامی۔

(الشَّهْرِيَّةُ): مشاہرہ، ماہانہ تنخواہ۔

(الشَّهِيرُ): مشہور و معروف زمانہ، نیک نام۔

(المَشْهُورَاتُ): تمام لوگوں کے نزدیک مسلمہ اصول۔ جیسے جھوٹ کا قبیح ہونا، انصاف کا پسندیدہ ہونا۔

(الشَّهْرَمَانُ): مرغابی کی ایک قسم۔

(شَهَقَ) (ف) البناءُ و الجَبَلُ و نحوُهُمَا شُهُوقًا: بلند و بالا ہونا۔ هو شَاهِقٌ (ج) شَوَاهِقُ۔

(شَهِقَ) (س) شَهِيقًا: حلق میں سانس گھٹ کر آواز سنائی دینا (۲) سسکی لینا (۳) سانس اندر لے جانا۔

(الشَّاهِقُ): بلند و بالا۔ فلانٌ ذُو شَاهِقٍ: فلاں بہت غصہ والا ہے۔

—فَحْلٌ ذُو شَاهِقٍ: اونچی آواز والا سانڈ۔

(الشَّهِيقُ): سخت اور بھیانک آواز۔ قرآن مجید میں جہنم کے بارے میں ہے: {سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ} (۲) اندر جانے والا سانس۔

(شَهِلَ) (س) اللونانِ شَهَلًا: دو رنگوں کا آپس میں مل جانا۔

— فلانٌ: سرخ و سیاہ پتلی والی آنکھ والا ہونا۔ شَهِلَتْ عينُه بھی کہتے ہیں۔ هو أَشْهَلُ وهي شَهْلَاءُ (ج) شُهْلٌ۔

(شَاهَلَه)مُشَاهَلَةً: برا بھلا کہنا، گالی گلوچ کرنا (۲) عیب نکالنا۔

(تَشَهَّلَ) ماءُ وَجهِه: چہرہ کا بے رونق ہوجانا۔ تَشَهَّلَ الرجلُ بھی کہتے ہیں۔

(الشَّهَلُ) و (الشُّهْلَةُ): آنکھ کی پتلی میں اُتری ہوئی سرخی۔

(الشَّهْلَةُ): بوڑھی عورت (۲) سمجھدار ادھیڑ عمر عورت۔

(شَهَمَه) (ف) شَهْمًا و شُهُومًا: ڈانٹنا، (۲) چست و چالاک بنانا۔

(شَهُمَ) (ک) شهامةً: خوددار باوقار ذہین، صاحب رائے ہونا، روشن ضمیر اور متحمل مزاج ہونا۔

(الشَّهَامَةُ): عزت نفس، خودداری، حوصلہ مندی، فہم و فراست۔

(الشَّهْمُ): ذہین، صاحب رائے، شریف و روشن ضمیر، جفاکش۔

ش

—فرسٌ شَهْمٌ: تیز رفتار اور طاقتور گھوڑا (ج) شِهَامٌ و شُهُوْمٌ۔
(الشَّيْهَمُ): ایک قسم کا نر جنگلی چوہا اسے دُلدُل بھی کہتے ہیں (ج) شیاھِمُ۔
(الشاھِنشاہ): بڑا بادشاہ، ملک اعظم، شہنشاہ (فارسی) (دیکھئے: شوہ)
(الشاھِیْنُ): شاہین، ایک شکاری پرندہ (مع) (۲) ترازو کی ڈنڈی (مع) (ج) شواھین و شیاھین۔
(شَهَاہُ) (ن) شَهْوَةً: کسی چیز کو چاہنا، پسند کرنا، رغبت کرنا۔
(شَهِيَہُ) (س) شَهْوَةً: بمعنی شَهَاہُ۔
(شَهُوَ) (ك) الطعامُ و غیرُہ شھاوۃً: کھانے کا لذیذ ہونا۔ ھو شَهِيٌّ۔
(أَشْهَاہُ): مزیدار و پسندیدہ بنانا۔ (۲) خواہش پوری کرنا۔
(اشْتَهَى) الشيءَ: کسی چیز کی شدت سے چاہت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنفُسُكُمْ}
(تَشَهَّى) الشيءَ: خواہش کرنا، بہت دل چاہنا۔
— علیه كذَا: کسی سے کوئی چیز لینے کی بار بار خواہش کرنا۔
(الشاھِيَةُ): خواہش۔
(الشَّهْوَانُ): کسی چیز کا شدید خواہش مند۔ ھی شَهْوَى (ج) شھاوٰی۔
(الشَّهْوَانِيُّ): مادی لذات کا خواہش مند۔
(الشَّهْوَةُ): خواہش (۲) نفسانی خواہش جو ہر قابل رغبت شے کی طرف مائل کرتی ہے۔ (۳) مرغوب چیز (ج) شھوات و أشْهِيَةٌ و شُهًى۔ قرآن مجید میں ہے: {زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ}
(الشَّهِيُّ): مرغوب، پسندیدہ (۲) مزیدار، قابل رغبت (۳) عیش پرست۔
(الشَّهِيَّةُ): مؤنث الشَّهِيّ۔ (۲) کھانے کی خواہش (مع)
(المُشَهِّيَاتُ): مُشَهِّيَاتُ الطَّعَامِ: وہ چیزیں جن کی وجہ سے کھانے میں رغبت پیدا ہو۔

ش ....و

(شَابَ) (ن) فلانٌ في بيعٍ او شراءٍ شَوْبًا: دھوکہ دینا۔
—في قولِهِ: جھوٹ بولنا۔ کہتے ہیں: هُوَ يَشُوْبُ وَ يَرُوْبُ: وہ جھوٹ بولتا ہے اور غلط بیانی کرتا ہے۔ کبھی صحیح کہتا ہے اور کبھی غلط۔
—عَنْ صديقِهِ: اپنے ساتھی کا کبھی مضبوطی کے ساتھ دفاع کرنا کبھی بددلی کے ساتھ۔
—الشيءَ بالشيءِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
—الشيءُ غيرَہُ: ایک چیز کا دوسرے میں مل جانا۔ ھو شائِبٌ وھو مَشُوْبٌ۔
(شَوَّبَ) عنه: کبھی بہت زور و شور سے دفاع کرنا اور کبھی بالکل سستی سے۔
(الشائِبَةُ): کسی چیز میں ملی غیر شے (۲) شک و شبہ۔ کہتے ہیں: ما فیه شائبةٌ: اس میں کچھ شبہ نہیں۔ (۳) میل کچیل، گندگی وغیرہ (ج) شوائب کہتے ہیں: فلانٌ بریٌّ مِنَ الشَّوائبِ: فلاں بے عیب ہے۔
(الشَّوْبُ): ملاوٹ، وہ چیز جو کسی دوسری چیز میں ملائی جائے۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ}
— سَقَاہُ الذَّوبَ بالشَّوْبِ: اس نے اسے پانی یا دودھ ملا ہوا شہد پلایا۔
(الشَّوْبَةُ): دھوکہ، فریب۔
—في فلانٍ شوبةٌ: وہ دھوکہ باز آدمی ہے۔
(الشِّيَابُ): ملاوٹ، ملائی جانے والی چیز۔
(الشَّوْحَطُ): (دیکھئے: شحط)
(شَوَّذَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا قریب الغروب ہونا۔
—السَّحابُ الشَّمْسَ: بادل کا سورج کو ہلکا سا چھپا لینا۔
(شَارَ) (ن) الرَّجُلُ شَوْرًا: خوبصورت ہونا۔
—الشيءَ: خوبیاں دکھانے کے لئے پیش کرنا۔
—الدَّابَّةَ: جانور کو فروخت کرنے کے لئے دوڑا کر اس کی طاقت دکھانا۔ حدیث طلحہ رضی اللہ عنہ میں ہے: (كان يَشُورُ نَفسَه امامَ رسولِ الله ﷺ) یعنی اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے تھے۔
—العَسَلَ: چھتے سے شہد نکالنا۔
(أَشَارَ) اليه بيدِہِ و نحوِہِ: اشارہ کرنا۔
—عليه بكذا: مشورہ دینا۔
—فلانًا على العَسَلِ: شہد نکالنے میں مدد دینا۔
(شَاوَرَہُ) مُشَاوَرَةً و شِوَارًا: مشورہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ}
(شَوَّرَ) اليه بيدِہِ و نحوِہِ: اشارہ کرنا۔
—بالنَّارِ: آگ تیز کرنا۔
— فلانًا و به: شرمندہ کرنا (۲) شرمندہ کرنے والی بات کرنا۔
—الثَّوْبَ و نَحْوَہُ: زرد رنگ سے رنگنا۔
(اشْتَارَ) العَسَلَ: چھتہ سے شہد نکالنا۔
—الفَحْلُ النَّاقةَ و نَحْوَهَا: اونٹ وغیرہ کا اونٹنی وغیرہ کو سونگھ کر دیکھنا کہ اس میں حاملہ ہونے کی صلاحیت ہے یا نہیں۔
(اشْتَوَرَ) القومُ: باہم مشورہ کرنا۔
(تَشَاوَرُوْا): باہم مشورہ کرنا۔
(اسْتَشَارَ) فلانٌ: عمدہ لباس پہننا۔
—أمْرُہُ: واضح ہونا، کھل جانا۔
-فلانًا في كذا او في الامرِ: مشورہ کرنا۔
(الإِشَارَةُ): اشارہ (۲) علامت (۳) حوالہ (۴) مشورہ۔
(الشَّارُ): خوبصورت۔ جیسے رجُلٌ صارٌ شارٌ او شارٌ صارٌ: خوبصورت و خوب سیرت۔
(الشَّارَةُ): خوبصورتی و حسن (۲) حالت و ہیئت (۳) خوبصورت لباس (۴) موٹا۔
(الشَّوَارُ): بمعنی الشَّارَةُ (۲) زینت۔
(الشُّوَارُ): گھر کا سامان (۲) گھر کا عمدہ سامان

ش

(۳) دُلہن کا جہیز۔
(الشَّوْرُ): نکالا ہوا شہد۔
(الشُّوْرٰى): مشورہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ} (۲) وہ معاملہ جس کی بابت مشورہ کیا جائے۔
(الشُّوْرَةُ): باطن (۲) ظاہرُ صورت (۳) شہد کا چھتہ یا شہد کی جگہ۔
(الشِّيَارُ): بمعنی الشَّارَةُ۔
(الشَّيِّرُ): خوبصورت وحسین (ج) شُوَرَاءُ وهنّ شِيَار۔
(المُسْتَشَارُ): مشیر (جو کسی علم وفن کا ماہر وتجربہ کار ہو) (محدثۃ)
(المَشَارُ): وہ چھتہ جس سے شہد نکالا جائے (ج) مَشَاوِرُ۔
(المِشْوَارُ) و (المِشْوَرُ): شہد نکالنے کا آلہ (۲) روئی دھنکنے کی تانت (۳) تجارت کا سامان دکھانے کی جگہ (۴) فاصلہ میدان۔ کہتے ہیں: الخُطَبُ مِشْوارٌ كثيرُ العِثَارِ: تقریروں کا میدان دشوار گزار ہے۔
(المَشُوْرَةُ) و (المَشْوَرَةُ): مشورہ ہمدردانہ رائے نصیحت۔
(المُشِيْرَةُ): شہادت کی انگلی۔
(شَاسَ) (ف) فلانٌ شَوْسًا: غصہ یا تکبر کی وجہ سے کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) آنکھوں کو چھوٹا کر کے پلکیں ملا کر دیکھنا۔
—خُلُقُه: بد اخلاق ہونا۔
(شَوِسَ) (س) شَوَسًا: بہادر وجرأت مند ہونا (۲) لمبا ہونا (۳) تکبر کرنا۔ هو اشْوَسُ وهي شَوْسَاءُ (ج) شُوْسٌ وأَشَاوِسُ۔
(شَاوَسَ) الماءُ: پانی کا مشکل سے نظر آنا۔
(تَشَاوَسَ) اليه: بمعنی شَاسَ (۲) عقلمندی کا مظاہرہ کرنا۔
(شَوَّشَهُ): خلط ملط کرنا، ترتیب بگاڑنا۔
— بينهم: شیرازہ بکھیرنا، فساد ڈالنا۔ ایک قول کے مطابق اس کی اصل تهويش ہے۔ (دیکھئے: هوش)
(تَشَوَّشَ) عليه الأَمْرُ: خلط ملط ہونا، مشتبہ ہونا، اُلجھنا۔
(الشَّاشُ): زخموں کی پٹی میں کام آنے والا کپڑا، ململ (مو)
(المُشَوَّشُ): بے ترتیب۔ بے ڈھنگا۔ اہل بلاغت کا قول ہے: (لَفٌّ و نَشْرٌ مُشَوَّشٌ) کسی چیز کے ایجاز کی تفصیل کو موجز کی ترتیب سے ہٹا دینا۔
(شَاصَ) (ن) شَوْصًا و شَوَصَانًا: حرکت کرنا، تھرکنا، پھدکنا۔ کہتے ہیں: شَاصَ الجَنِينُ فِي بطنِ أُمِّهِ۔
—بهِ العِرْقُ: رگ پھڑکنا۔
—المَرَضُ: بیماری کا شدت اختیار کرنا۔
— فلانٌ بفلانٍ: کسی کا شرارت وغنڈہ گردی کرنا۔
—الشيءَ شَوْصًا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے زور سے ہلانا۔
—أَسْنَانَهُ بالسِّوَاكِ: مسواک کرنا۔
(تَشَوَّصَ): ہلنا، تھرکنا، پھدکنا۔
(الأَشْوَصُ): جس کی پلکیں اکثر پھڑکتی ہوں (۲) جس کی پلکیں باہم نہ ملتی ہوں (ج) شُوْصٌ۔
(الشَّوْصُ): ہاتھ سے رگڑنا (۲) ڈاڑھ کا درد (۲) پیٹ کا درد۔
(الشَّوْصَاءُ): مؤنث الاشوص (۲) وہ آنکھ جو گوشہ چشم سے دیکھتی ہوئی محسوس ہو (ج) شُوْصٌ۔
(الشَّوْصَةُ): ریحی درد شکم (۲) رگ کا پھڑکنا۔
(الشُّوْصَةُ): بمعنی الشَّوْصَةُ۔
(الشِّيَاصُ): بد اخلاقی۔
(شَاطَ) (ن) الفَرَسُ وغيرُه شَوْطًا: منزل کی طرف دوڑنا۔
(شَوَّطَ) المسافرُ: سفر کا لمبا ہونا۔
—الفَرَسَ: منزل کی طرف دوڑانا۔
(تَشَوَّطَ) الفَرَسَ و نَحْوَهُ: گھوڑے وغیرہ کو دوڑا دوڑا کر تھکا دینا۔
(الشَّوْطُ): مقررہ حد تک کی ایک دوڑ۔ جیسے اجرٰى فرسه شَوْطًا او شَوْطَيْنِ او اكثر (۲) کسی کام کا حصہ (ج) أَشْوَاطٌ (۳) زمین کی دو بلندیوں کے درمیان کا اتنا فاصلہ کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ آواز پہنچ سکے (ج) شِيَاطٌ۔
(شَاظَ) (ن) بهِ المَرَضُ شَوْظًا: بیماری کا زور پکڑ کر درد و کرب میں مبتلا کر دینا۔
—الغضبُ: غصہ کا تیز ہونا۔
(الشُّوَاظُ): آگ کا شعلہ (جس میں دھواں نہ ہو) (۲) گرمی کی شدت۔ قرآن مجید میں ہے: {يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ}
(شَاعَ) (ن) شَوْعًا: پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا۔
(شَوِعَ) (س) الشَّعْرُ شَوَعًا: بالوں کا پھیل کر کانٹوں کی طرح کھڑا ہو جانا۔ شَوِعَ رَأْسُهُ بھی کہتے ہیں۔
(الشَّوْعُ): دو جڑواں بچوں میں بعد والا ہونا۔
(الشُّوْعُ): سرو کا درخت یا اس کا پھل (ج) شِيَاعٌ۔
(شَافَ) (ن) شَوْفًا: اوپر کو ہو کر دیکھنا۔
—الشيءَ: صاف کرنا، مزین کرنا، چمکانا۔
(أَشَافَ): لمبا اور اونچا ہونا۔
—عَلَيْهِ: جھانکنا۔
(شَوَّفَهُ): بمعنی شَافَهُ۔
—الجَارِيَةَ: سجانا، آراستہ کرنا۔
(شَيَّفَ) الدَّوَاءَ: آنکھ کی دوا بنانا۔
(إِشْتَافَ) اليه: گردن لمبی کر کے دیکھنا۔
—الفَرَسُ وغيرُه: گردن نکا کے دیکھنا۔
—الشيءَ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
(تَشَوَّفَ) الشيءُ: بلندی سے دکھائی دینا، (۲) آراستہ ہونا۔
—له و اليه: انتظار و شوق کی نگاہ سے دیکھنا۔

—الخَبَرَ: خبر کی ٹوہ لگانا۔

—اَمْرًا: کسی معاملہ میں بلند خیال ہونا۔

(الشُّوْف): بیلنا' گاہی ہوئی زمین کو ہموار کرنے کا لکڑی کا آلہ۔

(الشُّوْفَانُ): جو کی قسم کا ایک اناج۔

(الشِّیَافُ): آنکھوں کی دوا۔

(المُشَوَّفَةُ): بناؤ سنگھار والی عورت جو خود کو دوسروں کے لئے ظاہر کرتی ہو۔

(شَاقَ) (ن) الیه شَوْقًا: رغبت رکھنا' شائق ہونا۔

—الشیئُ فلانًا: شوق دلانا' دلچسپی پیدا کرنا۔

— الشیئَ الی آخر: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ باندھنا۔

—المشجب ونحوهُ إلى الحائطِ: کھونٹی یا کھ کو دیوار میں لگانا۔

(أَشَاقَ) الشيئُ فلانًا: شوق دلانا' دلچسپی پیدا کرنا۔

—فلانٌ الشيئَ: دلچسپ پانا' پسند کرنا۔

(إِشْتَاقَه) واليه: کسی کی طرف رغبت کرنا' شوق رکھنا۔

(تَشَوَّقَ) إلى الشيءِ: کسی چیز کی رغبت میں رضا مند ہونا (۲) بتکلف شوقین ہونا۔

(الشَّائِقُ): مشتاق' راغب (۲) باعث شوق' دلچسپ۔

(الشَّوْقُ): دلچسپی' شوق' خواہش۔ (ج) أَشْوَاقٌ۔

(الشَّیِّقُ): عاشق' انتہائی خواہش مند۔

(شَاكَتْهُ) (ن) الشَّوْكَةُ شَوْكًا: کانٹا چبھنا۔

—فلانٌ فلانًا: کانٹا چبھونا (۲) تکلیف دینا۔ لا تَشُوكُكَ مِنِّي شَوْكَةٌ: تمہیں مجھ سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔

(شَاكَ) (ف) الشَّجَرُ وغيرهُ شَوْكًا: کانٹے نکالنا یا زیادہ کانٹوں والا ہونا۔

—الرَّجُلُ: شان و شوکت ظاہر ہونا۔

— ثَدْيُ الفتاة: لڑکی کے پستان ابھرنا اور نوکیلے ہونا۔

—فلانٌ الشَّوْكَ: کانٹوں میں الجھنا۔

(شِيْكَ) الجَسَدُ: بدن میں کانٹے چبھنا' (۲) بدن پر لال پڑیاں پڑنا۔

(أَشَاكَ) الشَّجَرُ ونَحْوُهُ: بمعنی شَاكَ۔

—فلانًا: کانٹا چبھونا۔

(شَوَّكَ) الزَّرْعُ: کھیتی کی ابتدائی نوکیں نکلنا۔

—الفَرْخُ: چوزوں کے پروں کی نوکیں نکلنا۔

— الرَّأسُ: سر پر بال آنا' ابتدائی یا منڈوانے کے بعد۔

— شَارِبُ الغلامِ او عِذَارُهُ: لڑکے کی مونچھ یا بال کا کھردرا ہونا۔

—فلانًا بالشوكِ ونحوهِ: کانٹا چبھونا۔

—الحائِطَ: دیوار پر کانٹے لگانا۔

(الشَّائِكُ): خاردار' کانٹوں سے بھرا ہوا' (۲) دشوار گزار۔ جیسے: أَمْرٌ شائِكٌ و موضوعٌ شائِكٌ۔

—رَجُلٌ شَائِكُ السِّلاحِ: مسلح اور ہتھیار بند آدمی۔

— الأَسْلاكُ الشَّائِكَةُ: خاردار حفاظتی تار (محدثہ)

(الشَّوْكُ): کانٹا (ج) أشواكٌ۔

—جَاءَ بالشَّوْكِ والشَّجَرِ: وہ پوری طرح تیار ہوکر آیا۔

(الشَّوْكاءُ): کھردرا۔ جیسے حُلَّةٌ شوكاءُ و بُرْدَةٌ شوكاءُ۔

(الشَّوْكَةُ): کانٹا (۲) ڈنک (۳) ہتھیار (۴)، طاقت و سختی۔ قرآن مجید میں ہے: {وَتَوَدُّوْنَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ} (۵) کھانے میں چھری کے ساتھ استعمال کیا جانے والا کانٹا (۶) منہ اور بدن پر نکلنے والی تکلیف دہ سرخ پھنسی (۷) کاغذ نتھی کرنے کی گھنڈی دار سوئیں۔

(الشَّوْكِيُّ): خار دار' کانٹوں والا۔ الحَبْلُ الشوكيُّ او النُّخَاعُ الشَّوْكِيُّ: کمر کی عصبی مرکزی زنجیر میں عصبی نظام کا جز (مج)

—التِّيْنُ الشَّوْكِيُّ: ایک خاردار پودا۔

(شَالَ) (ن) الشيئُ شَوْلاً و شَوَلانًا: بلند ہونا۔

—المِيْزَانُ: ترازو کا ایک پلڑا اوپر اُٹھ جانا۔

— ميزانُ فلانٍ: کسی کے مقابلہ میں پیچھے رہ جانا۔

—نَعَامَةُ فلانٍ: جلد غصہ آنا اور جلدی ختم ہو جانا (۲) مرجانا۔

—نَعَامَةُ القَوْمِ: شیرازہ بکھرنا۔

— الشَّيئَ وبه: اوپر اُٹھانا۔ جیسے: شَالَ الرَّجُلُ يديهِ وشَالَتِ النّاقةُ بذنبِها۔

(أشالَه): اُٹھانا' بلند کرنا۔

(شَاوَلَ) الشيئَ: اُٹھانا' بلند کرنا۔

—فلانٌ قِرْنَهُ: مقابل کو جوش دلانا۔

(شَوَّلَ) السائِلُ: مائع چیز کا کم ہونا۔ جیسے: شَوَّلَ لَبَنُ النَّاقةِ وشَوَّلَ ماءُ المزادةِ اور شَوَّلتِ الناقةُ وشوّلتِ المزادةُ۔

— الدَّوَابُّ و نحوُها: جانوروں کا بھوک اور کمزوری کی وجہ سے پیٹ کمر سے لگ جانا۔

—في المَزَادَةِ: مشکیزے میں تھوڑا پانی چھوڑے رکھنا۔

(انْشَالَ): اُٹھنا' بلند ہونا۔

(تَشَاوَلَ) القومُ عندَ القتالِ: لڑائی کے وقت لوگوں کا ایک دوسرے کے مقابلہ میں ہتھیار اُٹھانا۔

(الشَّائِلُ): ہر بلند اور اوپر اُٹھنے والی چیز (۲) جفتی کے لئے آمادہ اونٹنی کا اونٹ کے لئے اپنی دم اُٹھانا (ج) شُوَّلٌ وشُوَّالٌ۔

(الشَّائِلَةُ): مؤنث الشَّائِل (۲) وہ اونٹنی جس کے تھن حمل یا وضع حمل کے بعد دودھ تھوڑا ہونے کی وجہ سے اوپر اٹھ گئے ہوں (ج) شوائِلُ۔

(الشَّالُ): شال چھوٹی چادر جس سے سر اور مونڈھے ڈھانکے جاسکیں (۲) باریک کپڑا جس کا عمامہ بنایا جائے (ج) شِيْلانٌ (۳) دریائے

نیل کی مچھلی (د)

(الشَّوْلُ): تھن میں باقی ماندہ دودھ (۲) برتن میں بچا ہوا پانی (۳) تھوڑا پانی (ج) أشْوَالٌ۔

(الشَّوِلُ) رجلٌ شَوِلٌ: پھرتیلا اور تیز آدمی۔

(الشَّوْلَةُ): بچھو کی دم کا اُٹھا ہوا حصہ (۲) ایک علامت تحریر (') واؤ معکوس جو کسی شے کی اقسام و انواع یا باہم مربوط جملوں اور لفظوں کے درمیان استعمال ہوتی ہے۔ اسے فصلہ بھی کہتے ہیں (محدثہ) (۳) چاند کی ایک منزل۔ یہ برج عقرب میں دو متقابل ستارے ہیں جہاں چاند اترتا ہے اور ان دونوں ستاروں کو حُمَةُ العقرب بھی کہتے ہیں، اس مقام کو شَوْكَةُ العقرب کہتے ہیں۔

(الشَّوَّالُ): بہت بلند ہونے والا۔

—شَوَّال: شوال ایک قمری مہینہ جو رمضان کے بعد آتا ہے۔ کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔ جیسے الشَّوّال (ج) شَوَاوِيلُ و شَوَاوِلُ۔

(الشَّوَّالَةُ): چغل خور عورت (۲) ایک پرندہ جس کی دم اڑان کے بعد ہلتی رہتی ہے۔

—شَوَّالَةُ: بچھو کا اسم علم۔

(المِشْوَالُ): اُٹھانے کا آلہ (ج) مَشَاوِيلُ

(المِشْوَلُ): اُٹھانے کا آلہ (۲) چھوٹی درانتی (ج) مَشَاوِلُ۔

(المِشْوَلَةُ): اُٹھانے کا آلہ (۲) چھوٹی درانتی (ج) مَشَاوِل۔

(الشَّوْلَمُ): (دیکھئے: شلم)

(الشَّوْمُ): ایک چکنی لکڑی جس کے مختلف آلات کے دستے بنائے جاتے ہیں (مع)

(شَوَّنَ) الغَلَّةَ و نَحْوَهَا: غلہ کا ذخیرہ کرنا (مو)

(الشُّونَةُ): غلہ کا ذخیرہ (ج) شُوَنٌ (۲) پرانے زمانہ کے جنگی بحری جہاز (ج) شَوَانٍ۔

(الشَّوَّانُ): گودام کا نگہبان۔

(الشُّونِيزُ): کالا دانہ (کلونجی) (حَبَّةُ البركة) (د)

(شَاهَ) (ن) الشيءُ شَوْهًا: برا ہونا، قبیح ہونا۔

—نَفْسُهُ إلى كذا: خواہش پیدا ہونا۔

—عينُهُ: گھور کر دیکھنا۔

—الانسان: نظر لگانا۔

(شَوِهَ) (س) الشيءُ شَوَهًا: بھدا اور بدنما ہونا (۲) بلند اور اُٹھا ہوا ہونا (۳) سخت نظر لگا ہوا ہونا۔ هو أشْوَهُ و هي شَوْهَاءُ (ج) شُوْهٌ۔

(شَوَّهَهُ): بدنما اور بدشکل ہونا۔

(تَشَوَّهَ) له و اليه: گھور کر دیکھنا۔

—له: اجنبی بننا۔

— فلانٌ شَاةً: شاۃ (دیکھئے: الشَّاةُ) کا شکار کرنا۔

(الأشْوَهُ): بدنما، بدشکل، بھدا، بھونڈا (۲) متکبر مغرور (۳) سخت نظر لگانے والا هي شَوْهَاءُ (ج) شُوْهٌ۔

(الشَّاةُ): ایک بکری، بھیڑ، دنبی، ہرنی، گائے یا شتر مرغی (مذکر و مونث) (ج) شَاءٌ و شِيَاهٌ۔

(الشَّاهُ): بادشاہ (فارسی لفظ) (۲) شطرنج کا بادشاہ۔

—شَاهُبَلُّوط: القسطل (دیکھئے: قسطل)

(شاهِنشاه و شهِنْشاه): بادشاہوں کا بادشاہ، بڑا بادشاہ، شہنشاہ۔

(الشَّوْهَاءُ): بھونڈی، بدشکل، بدنما (ج) شُوْهٌ۔

(الشُّوهَةُ): بدنما، بدشکل۔

(المَشَاهَةُ): بہت بکریوں والی زمین۔

(شَوَى) (ض) اللَّحْمَ و غَيْرَهُ شَيًّا: آگ میں بھوننا۔

—المَاءَ: پانی گرم کرنا۔

—الشيءَ: ایسی جگہ پہنچنا جہاں سے چھٹکارا ناممکن ہو۔

(أشْوَى) القَمْحُ: گیہوں کا صاف ہو کر بھوننے کے قابل ہو جانا۔

—السَّعَفُ: کھجور کے درخت کی شاخ کا سوکھ کر زرد ہو جانا۔

—فلانٌ: خراب اور ردی مال لے لینا۔

—من الشيءِ: تھوڑا سا چھوڑ دینا۔

—فُلانًا: بھونا ہوا گوشت کھلانا۔

—الصَّيْدَ و غَيْرَهُ: شکار نہ کر سکنا۔

(شَوَّى) فلانًا و غَيْرَهُ: بھنا ہوا گوشت کھلانا۔

(اشْتَوَى): لازم شَوَاهُ۔

—اللحمَ و غيرَهُ: گوشت بھوننا۔

(انْشَوَى): لازم شَوَاهُ۔

(الشَّوَى): اعضائے جسم، ہاتھ پاؤں۔

—فرسٌ عَبْلُ الشَّوَى: مضبوط ہاتھ پاؤں والا گھوڑا (۲) دونوں ٹانگیں اور اطراف جسم (۳) سر کی کھوپڑی کا چمڑا (۴) کھال کا ظاہری حصہ۔ واحد: شَوَاةٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {كَلَّا إِنَّهَا لَظَى نَزَّاعَةً لِّلشَّوَى} (۵) بقیہ، باقی ماندہ (۶) آسانی یا معمولی کام۔ کہاوت ہے: (كلُّ شيءٍ شَوًى ما سلم لك دينُك وعِرْضُك) جب تک تمہاری عزت اور دین باقی ہے ہر چیز آسان اور معمولی ہے۔

(الشِّوَاءُ): بھنا ہوا گوشت۔

(الشَّوَاةُ): الشوی کا واحد۔

(الشُّوَايَةُ): بہت سی چیز کا بچا ہوا تھوڑا حصہ جیسے بکری کا ایک ٹکڑا (۲) ذبح کئے ہوئے جانور کا حصہ جیسے سری پائے وغیرہ (ج) شَوَايَا۔

(الشِّوَايَةُ): گوشت کی بھنائی کا پیشہ۔

(الشَّوَّاءُ): گوشت بھوننے والا۔

(الشَّوِيُّ): بھنا ہوا۔

(الشَّوَّايَةُ): بھوننے کا آلہ (مج)

(الشَّوِيَّةُ): بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا (۲) باقی ماندہ (ج) شَوَايَا۔

(الشُّوَيَّةُ): بہت میں تھوڑا۔

(المَشْوَى): بھوننے کی جگہ (ج) مَشَاوٍ۔

(المِشْوَاةُ): بھوننے کا آلہ (ج) مَشَاوٍ۔

ش............ی

(شَاءَهُ) (ف) شَيْئًا: ارادہ کرنا، چاہنا۔

—عَلَى الأمْرِ: کسی بات پر آمادہ کرنا۔

(أشَاءَهُ) إلى كذا: کسی پر مجبور کرنا۔

(شَيَّأَهُ) عَلَى الأمْرِ: اُبھارنا، آمادہ کرنا۔

(تَشَيَّأَ) فلانٌ: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
—الشَّيئَ: چیز کا ارادہ ظاہر کرنا۔
(الشئُ): موجود ہر وہ چیز جس کا تصور کیا جا سکے اور جس کے بارے میں خبر دی جا سکے۔
(المَشِيئَةُ): ارادہ۔
(المُشَيَّأُ): کسی کام کے لئے مجبور کیا ہوا (۲) بدنما، بدشکل، بدہیئت۔
(شَابَ) (ض) فلانٌ شَيْبًا و شَيْبَةً: بوڑھا ہونا، سفید بالوں والا ہونا۔
— شَابَ الشَّعْرُ و شَابَ الرَّأسُ: سر یا بالوں کا سفید ہونا۔ هو شَائِبٌ و أَشْيَبُ عموماً سفید بالوں والے مرد کو أَشْيَبُ اور عورت کو شَمْطَاء کہا جاتا ہے۔
—شَابَتْ رُؤُوسُ الآكَامِ و غَيْرِهَا: ٹیلوں کی چوٹیاں برف پوش ہوگئیں۔
(أَشَابَ) الرجُلُ: بوڑھی اولا د والا ہونا۔
—الكِبَرُ أو الحزنُ او الخوفُ فلانًا: غم، خوف یا بڑھاپے کا کسی کو بہت بوڑھا کر دینا اور بال سفید کر دینا۔
(شَيَّبَه): أَشَابَہ مقولہ ہے۔ شَيَّبَنِي اعتلاءُ المنابرِ: مجھے خطابت نے بوڑھا کر دیا یعنی میری عمر خطابت میں گزر گئی۔
(الأَشْيَبُ): بوڑھا، سفید بالوں والا۔
— جَبَلٌ أَشْيَبُ: برف سے ڈھکا ہوا سفید پہاڑ۔
— يَوْمٌ أَشْيَبُ: ٹھنڈا ابر آلود دن۔ هي شَيْبَاءُ (ج) شِيبٌ۔
—الليلةُ الشَّيْبَاءُ: مہینہ کی آخری رات۔
(الشَّيْبُ): بالوں کی سفیدی (۲) سفید بال۔
(المَشِيبُ): بڑھاپے کی عمر۔
(الشِّيتُ): باریک پھولدار کپڑا (د)
(شَاحَ) (ض) فِي الأَمْرِ -شَيْحًا: کوشش اور جدوجہد کرنا۔
—عَلَى حَاجَتِهِ: اپنے کام پر متوجہ رہنا۔
(أَشَاحَ) المكانُ: کسی جگہ کا شیح نامی گھاس کو اُگانا۔
—وجهَه أو بوجهِهِ عنه: نفرت و کراہت سے منہ پھیر لینا۔
(الشَّائحُ): غیور آدمی (۲) محتاط، چوکنا آدمی۔
(الشِّيحُ): ایک نبات جسے جانور کھاتے ہیں (ج) شِيحَان۔
(شَاخَ) (ض) الإنسانُ شَيْخًا و شُيُوخَةً و شَيْخُوخَةً: عمر رسیدہ ہونا۔
—النباتُ: اندر سے خشک ہو جانا۔
(شَيَّخَ): بوڑھا ہونا۔
—فلانًا: کسی کو تعظیماً شیخ کہہ کر بلانا۔
—عليه: عیب لگانا۔
—بِه: رسوا کرنا۔
(تَشَيَّخَ): بوڑھا بننا۔
(الشُّيَاخُ): صحت کی ناہمواری کی وجہ سے جلد آنے والا بڑھاپا (مج)
(الشِّيَاخَةُ): منصب حکومت، حاکمیت علاقہ (۲) شیخ کا علاقہ حکومت (محدثہ)
(الشَّيْخُ): عمر رسیدہ (تقریباً پچاس سال کا، بڑھاپے یا اس کے بعد کا درجہ هَرِمٌ کا ہے) (۲) امیر جماعت یا سردار قبیلہ (۳) گاؤں کا چوہدری (ج) شُيُوخٌ و أَشْيَاخٌ۔
—شَيْخُ البَلَدِ: حاکم شہر۔
(شَادَ) (ض) البناءَ شَيْدًا: چونے سے پلاسٹر کرنا (۲) عمارت بلند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وقَصْرٍ مَّشِيدٍ}
(أَشَادَ) البِنَاءَ: بلند کرنا۔
—بِالشَّيءِ: کسی چیز پر آواز بلند کرنا۔
—بِذِكْرِهِ: تعریف کرنا۔
—عليه: کسی کو بدنام و رسوا کرنا۔
—بالشيءِ: سراہنا، تعریف کرنا۔
(شَيَّدَه): بمعنی شَادَهُ (۲) مضبوط کرنا۔
(الشِّيدُ): پلستر کا مسالا (چونا، گچ وغیرہ)
(الشَّيْرَجُ): تلوں کا تیل۔
(شَيَّرَ) البُرْدَ أَوِ الثَّوْبَ نحوَهُ: سرخ رنگ کی دھاریاں ڈالنا۔
(الشِّيزُ) و (الشِّيزَى): سیاہ و سخت لکڑی (آبنوس) جس کے کنگھے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
(أَشَاشَتِ) النَّخْلَةُ: درخت خرما پر نرم گٹھلی کی کھجوریں آنا۔
(الشِّيشُ): نرم گٹھلی والی کھجور یا بغیر گٹھلی کی کھجور (۲) بغیر دھاری کی چھوٹی تلوار جس سے بچے کھیلتے ہیں اور شمشیر زنی کی مشق کرتے ہیں (د) (۳) کانچ، شیشہ۔
—لعبةُ الشيش: بغیر دھار کھلے تلواروں سے شمشیرزنی کی مشق۔
—شِيشُ النَّافِذَةِ: کھڑکی کا پٹیوں دار کواڑ جس کے جھروکوں سے ہوا آتی ہے اور دھوپ رکتی ہے (جیسے ریل گاڑیوں کی کھڑکیوں میں ہوتا ہے) (د)
(الشِّيشَاءُ): خراب کھجور۔
(الشِّيشَةُ): حقہ (د)
(اشَاصَتِ) النَّخْلَةُ: درخت خرما پر خراب کھجوریں آنا۔
(شَايَصَ) مُشَايَصَةً و شِيَاصًا: بداخلاق ہونا۔
—فلانًا: نفرت کرنا۔
(شَيَّصَتِ) النَّخْلَةُ: خراب کھجوریں لگنا۔
—فلانٌ النَّاسَ و غيرَهم: تکلیف دینا۔
(الشِّيصُ): ردی اور ناکارہ کھجور جس کا گابھا صحیح نہ لگا ہو۔
(الشِّيصَاءُ): خراب کھجور۔
(شَاطَ) (ض) شَيْطًا و شِيَاطَةً: جلنے کے قریب ہونا۔
—الطَّعَامُ: کھانے کا جل جانا۔
—القِدْرُ و نحوها: دیگچی کی تلی میں سالن کا جل کر لگ جانا۔
—فلانٌ: ہلاک ہونا (۲) خون رائیگاں جانا۔
-دَمُ القتيلِ: مقتول کا خون رائیگاں جانا۔
(أَشَاطَ) الشئَ: جلانا، ہلاک کرنا۔

ش

—دَمَ الذَّبِيْحَةِ: جانور کا خون بہانا۔
—الحاكِمُ دَمَ الرَّجُلِ: حاکم کی جانب سے کسی کے خون کا بدلہ لئے بغیر چھوڑنا۔
—اللحمَ عَلَى القَوْمِ: گوشت کے ٹکڑے کر کے لوگوں میں تقسیم کرنا۔
(شَيَّطَ) الشيئَ: جلانا' ہلاک کرنا۔
—الجِلْدَ: چمڑے کے اوپر کے بال وغیرہ جلانا۔
—الصَّقِيْعُ النَّبْتَ: پالے کا پودوں وغیرہ کو جلا ڈالنا۔
—اللحمَ: گوشت کو آگ پر رکھ کر سینکنا' پوری طرح نہ پکانا۔
(اشْتَاطَ) عليه: انتہائی غضبناک ہونا۔
(تَشَيَّطَ): جلنا۔
—دَمُ الرَّجُلِ: آدمی کے خون کا غصہ کی وجہ سے کھولنا۔
—فِي الحَرْبِ: لڑائی میں جان کی بازی لگانا۔
—فِي الضِّحْكِ: ہنستے ہوئے لوٹ پوٹ ہوجانا۔
(الشِّيَاطُ): روئی وغیرہ جلنے کی بو۔
(تَشَيْطَنَ): (دیکھئے: شطن)
(الشَّيْطَانُ): (دیکھئے: شطن)
(تَشَيْظَمَ) عَلَيْهِ بِالكَلامِ: تیزی اور سختی سے بولنا۔
(الشَّيْظَمُ): شیر (۲) لمبا (۳) شگفتہ رو (ج) شَيَاظِمُ وشَيَاظِمَةٌ۔
(شَاعَ) (ض) الشيئُ شُيُوْعًا: ظاہر ہونا' پھیلنا۔
—بِالشيْءِ: مشہور کرنا۔
—الدارُ ونحوُهُما مُمَلَّكٌ: گھر یا مملوکہ اشیاء کا مشترکہ اور غیر منقسم ہونا۔ کہتے ہیں: اِشْتَرَى دارَهُ عَلَى الشُّيُوْعِ: اس نے غیر منقسم مکان خریدا۔
—الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ دعا کے موقع پر کہتے ہیں: شَاعَكَ الخَيْرُ: خیر تمہارے شامل حال ہو۔
شَاعَكُمُ السلامُ والأَمْنُ: امن وسلامتی تمہارے ساتھ ہو۔

(أَشَاعَ) الشيئَ و بِهِ: ظاہر کرنا' مشہور کرنا' پھیلانا۔
—الدَّارَ و نحوَهَا: مکان کو مشترکہ غیر منقسم بنانا۔
—بِالْقَوْمِ: آواز دینا' پکارنا۔
—اللّٰهُ القَوْمَ بالسلامِ و نحوِهِ: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو امن وسلامتی کے ساتھ رکھنا۔
(شَايَعَه) مُشَايَعَةً و شِيَاعًا: پیچھے چلنا' اتباع کرنا (۲) ساتھ ہونا' حمایت کرنا (۳) رخصت کرنے کے لئے ساتھ چلنا۔
(شَيَّعَ): بمعنی شَاعَ۔
— فلانٌ: کسی کا ہم نوا ہونا (۲) شیعہ مذہب اختیار کرنا۔
—الزَّامِرُ: بانسری بجانا۔
—فلانًا نَفْسُه عَلَى كذا: کسی کے دل کا کسی کو کسی بات کا شوق دلانا۔
—النَّارَ فِي الحَطَبِ: لکڑیوں میں آگ جلانا۔
—الغَضَبُ فلانًا: غصہ کا کسی کو بھڑکا دینا۔
— فلانًا: کسی کو رخصت کرنے کے لئے ساتھ چلنا۔
—الجنازَةَ: جنازہ کے ساتھ چلنا۔
(اشْتَاعَا) فِي كذا: مشترک ہونا۔
(تَشَايَعَ الأَمْرُ): معاملہ کا مشترک ہونا۔
—الرَّجُلانِ فِي الشيْءِ: شرکت رکھنا' تقسیم نہ کرنا۔
—القومُ: ایک دوسرے کے ساتھ چلنا، (۲) گروہوں میں تقسیم ہوجانا۔
(تَشَيَّعَ): شیعہ مذہب اختیار کرنا۔
—فِي الشيْءِ: کسی چیز کی محبت میں گھائل ہوجانا۔
—الشَّيْبُ شَعْرَهُ: بالوں میں سفیدی پھیلنا۔
—الغَضَبُ فلانًا: غصہ کا کسی کو مشتعل کردینا۔
(الإِشَاعَةُ): افواہ (غیر مصدقہ خبر)
(الشَّائِعُ): ظاہر' پھیلا ہوا۔
(الشَّائِعَةُ): افواہ' غیر مصدقہ خبر۔ (ج) شَوَائِعُ۔
(الشَّاعُ): ظاہر' پھیلا ہوا۔

(الشَّاعَةُ): افواہ' غیر مصدقہ خبر۔
(الشِّيَاعُ): آواز' پکار (۲) اعلان کرنے کا بھونپو (۳) آگ سلگانے کی چیز۔
(الشَّيْعُ) شَيْعُ الشيْءِ: کسی چیز کی شبیہ' مثل (۲) قریب قریب۔ جیسے کہا جاتا ہے: اٰتِيْكَ غَدًا او شَيْعَهُ: میں کل یا اس کے قریب کسی دن آپ کے پاس آؤں گا۔ ثمنه شَيْعُ عشرين درهمًا۔
(الشِّيْعُ): عورتوں کے ساتھ کثرت سے میل جول کرنے والا۔ هو شِيْعُ نساءٍ۔
(الشَّيْعَةُ): ایک خوشبودار پودا جس کا پھول چنبیلی کے پھول سے چھوٹا اور سرخ ہوتا ہے۔ اس سے کپڑوں کو خوشبودار کرتے ہیں اور اس کے رس کو شہد کی مکھی چوستی ہے۔
(الشِّيْعَةُ): گروہ' جماعت۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا} (۲) مددگار' متبعین' پیروکار۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ}
هُمْ شِيْعَةُ فلانٍ: وہ فلاں کے پیروکار ہیں۔
هُمْ شيعةُ كذا من الآراءِ: وہ فلاں نظریہ کے پیروکار ہیں۔
(۳) شیعہ' ایک بڑا فرقہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور آپ کی اولاد سے محبت رکھنے کے ساتھ ان کو امامت کا اوّلین حقدار بھی مانتا ہے (ج) شِيَعٌ و أَشْيَاعٌ۔
(الأَشياعُ): مثال' مشابہ۔ قرآن مجید میں ہے: {كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ}
(الشِّيْعِيُّ): ایک شیعہ۔
(الشَّيِّعُ): حصہ دار' شریک (ج) شُيَعَاءُ۔
(الشُّيُوْعِيَّةُ): کمیونزم۔ ایک فکری مذہب جو ملکیت کے عموم اور فرد کو اس کی صلاحیت کے مطابق کام کرنے اور بقدر ضرورت منفعت حاصل کرنے کی بنیاد پر قائم ہے۔
(الشُّيُوْعِيُّ): کمیونسٹ۔

ش

(المَشَاعُ): عموم، اشتراک۔
(المُشَاعُ): ظاہر، پھیلا ہوا (۲) مشترک غیر تقسیم شدہ۔
(المِشْيَاعُ): بہت خبریں اور افواہیں اڑانے والا (ج) مَشَايِيعُ۔
(المِشْيَعَةُ): عورتوں کی بقچی (چھوٹی ٹوکری یا پوٹلی یا تھیلا) جس میں وہ اپنا سامان رکھتی ہیں (ج) مَشَايِعُ۔
(المُشَيَّعُ): مددگار، متبعین (۲) بہادر، دلیر، جرأت مند۔
(الشِّيقُ): دو چٹانوں کے درمیان کا شگاف (۲) تنگ راستہ۔
(الشِّيكُ): چیک (بنک کے نام حساب دار کا حصول رقم کے لئے اجازت نامہ) (مج)
(شَالَهُ) (ض) وبه شَيْلًا و مَشَالًا: اوپر اُٹھانا (دیکھئے: شول)
(الشِّيَالُ): وہ گھوڑا جس کا باپ اعلیٰ نسل کا ہو اور ماں ادنیٰ نسل کی۔
(الشِّيَالَةُ): قلی گیری بار برداری (۲) اجرت۔
(الشَّيَّالَةُ): سامان اُٹھانے کا ذریعہ۔

(المِشْيَالُ): بے ڈول آدمی۔
(الشَّيْلَمُ): (دیکھئے: شلم)
(شَامَ) (ض) فلانٌ شَيْمًا: کھال پر تل یا مسّہ ہونا۔
— السَّحَابَ وَ الْبَرْقَ: بادل اور بجلی کو اندازہ لگانے کے لئے دیکھنا کہ بجلی کہاں گئی۔
— مَخَايِلَ الشيءِ: (کسی کے انتظار میں) علامات دیکھنا۔
(الشَّيْءَ): اندازہ لگانا۔
— شَيِمَ (س) شَيَمًا: بدن پر تل یا مسّے والا ہونا (۲) زیادہ تلوں والا ہونا۔ هو أَشْيَمُ وهي شَيْمَاءُ۔
(شَيَّمَ) يَدَيه فِي راس فلانٍ او ثَوْبِه: لڑنے کے لئے ہاتھوں سے کسی کے سر یا کپڑوں کو پکڑ کر کھینچنا۔
(تَشَيَّمَ) الشيءُ غَيْرَهُ: ایک چیز کا دوسری میں پھیل جانا۔ جیسے تَشَيَّمَ الحريقُ القَصَبَ: بانسوں میں آگ پھیل گئی و تَشَيَّمَ الشَّيْبُ الرَّجُلَ: بالوں میں سفیدی چھا گئی۔
— فلانٌ اَبَاهُ: اخلاق و عادات میں باپ جیسا ہونا۔

(الشَّامَةُ): بدن پر نکلا ہوا تل یا مسّہ۔ کہتے ہیں: كانّهم شامَةٌ فِي الناسِ: وہ لوگوں میں نمایاں ہیں۔
— شَامَةُ القَمَرِ: چاند کا داغ (ج) شَامٌ۔
(الشَّيَمُ): وہ زمین جس پر سخت ہونے کی وجہ سے گڑھا نہ پڑتا ہو۔
(الشِّيْمَةُ): اخلاق، عادت، مزاج (ج) شِيَمٌ۔
(المَشِيْمَةُ): وہ جھلی جس میں بچہ رحم مادر میں لپٹا ہوتا ہے اور بوقت ولادت بچہ کے ساتھ نکلتی ہے (ج) مَشَايِمُ (مج) (۲) نباتات میں بیضۂ نر کے اتصال کی جگہ (مج)
(شَانَهُ) (ض) شَيْنًا: عیب لگانا (۲) بدصورت اور بدنما کرنا۔
(الشَّيْنُ): عیب، بدنمائی۔
(المَشَايِنُ): عیوب، بدنمائیاں، معایب ونقائص۔
(الشِّيَةُ): (دیکھئے: وشی)
(الشَّايُ): چائے کا پودا (مع)۔

ش

(۹۰)
ص

(الصَّادُ): چودھواں حرفِ تہجی' اس کا مخرج طرف زبان اور ثنایا علیا کا سرا ہے۔ اس میں ہمس' رخوت' صفیر اور اطباق پائی جاتی ہیں۔

(۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔

ص.........أ

(صَئِبَ)(س) صَأَبًا: بہت زیادہ پینا۔

—من الشَّرَابِ: پینے کی چیز سے سیر ہونا۔

—الرَّأسُ: سر کا لیکھوں سے بھرا ہوا ہونا۔

(أَصْأَبَ)الرَّأسُ: بمعنی صَئِبَ۔

(الصُّؤَابَةُ): جوں کا انڈا' لیکھ۔ (ج) صُؤَابٌ و صِئْبَانٌ۔

(صَأْصَأَ)الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کی کوشش کرنا۔

—الرجلُ: بزدل ہونا۔

—من فلانٍ: کسی سے ڈر کر اطاعت کرنا۔

(تَصَأْصَأَ)منه: بمعنی صَأْصَأَ۔

(صَئِكَ)(س)الشيءُ- صَأَكًا: پسینہ یا نمی سے بدبودار ہو جانا۔

—صَئِكَ الرّجلُ: پسینہ کی بو والا ہونا۔

—صَئِكَ الخَشَبَةُ: نمی سے لکڑی کا بدبودار ہونا۔

—الدمُ: خون کا جم جانا۔

—الشيُ بغيرِهٖ: چمٹ جانا۔ ھو صَئِكٌ۔

(صَاءَكَهٗ): سختی برتنا' مصیبت میں ڈالنا۔

(الصَّاكَةُ): پسینہ کی بدبو (۲) لکڑی میں نمی کی بو۔

(صَؤُلَ) (ك) البعيرُ صآلَةً: اونٹوں کا سخت مشتعل ہونا ھو صؤولٌ۔

(صَأَى)(ف)الفرخُ و نَحْوُهٗ صَئِيًّا: چوزے کا شور مچانا۔ جو شخص ظلم کر کے شور مچاتا ہے اس کے بارے میں کہتے ہیں: تلدغ العقربُ و تَصْأَى: بچھو ڈنک مارتا اور شور مچاتا ہے۔

(تَصَأَّى): بلا وجہ شور و غل کرنا۔

(الصَّاءَةُ): بوقت ولادت بچہ کے ساتھ نکلنے والی جھلی کا پانی۔

ص.........ب

(صَبَأَ)(ف) النابُ و نَحْوُهٗ صُبُوءًا: دانت نکلنا۔

— من الشيءِ إلى الشيءِ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری اختیار کر لینا۔

— الرَّجُلُ: ایک مذہب کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کر لینا۔

—عليهِ: کسی پر حملہ کرنا' چڑھائی کرنا۔ ھو صَابِئٌ۔

(أَصْبَأَ)النابُ و نَحْوُهٗ: دانت نکلنا۔

—على القومِ: حملہ کرنا۔

—القومَ: اندھا دھند حملہ کرنا۔

(الصَّابِئُوْنَ): مذہب تبدیل کرنے والے لوگ (۲) وہ لوگ جو ستاروں کی پوجا کرتے ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ نوح علیہ السلام کی ملت پر ہیں ان کا قبلہ نصف نہار میں شمالی ہوا کا مقام ہے۔

(صَبَّ) (ض ن) الرجلُ في الوادي- صَبِيْبًا: اوپر سے نیچے آنا' لڑھکنا۔

—الماءُ: پانی کا بہہ کر آنا۔

—الماءَ و نحوهٗ صَبًّا: پانی بہانا۔

— عليهِ سَوْطَ عذابٍ و عليه العذابَ: سخت ترین عذاب میں مبتلا کرنا۔ عذاب کا کوڑا برسانا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ} ھو مصبوبٌ و صبيبٌ۔

—الرّجُلَ فِي القيدِ: پاؤں میں بیڑی ڈالنا۔

—عَلَيْهِ دِرْعَهٗ: زرہ پہننا۔

— فلانًا عَلَى الأمْرِ: آمادہ کرنا' اکسانا' ترغیب دینا۔

— الكلبَ على اللصِّ: کتے کو چور کے پیچھے لگانا۔

—رَأْسَهٗ: سر جھکانا۔

(صَبَّ) (س) إِلَيْهِ صَبَابَةً: مشتاق ہونا' گرویدہ ہونا۔ ھو صَبٌّ و ھی صَبَّةٌ۔

(أَصَبَّ)القومُ: نشیب کی طرف آنا۔

(انْصَبَّ)الماءُ: پانی بہنا۔

— الناسُ عَلَى الماءِ: لوگوں کا پانی پر ٹوٹ پڑنا۔

—البازي عَلَى الصَّيْدِ: باز کا شکار پر حملہ کرنا۔

(اصْطَبَّ): بہنا۔

—الماءَ: اپنے لئے پانی بہانا۔

—الصَّبَابَةَ: بچا ہوا پانی پینا۔

(تَصَابَّ)الماءَ: پانی بہانا۔

—الشيءَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔

(تَصَبَّبَ) الماء من فوق: اوپر سے پانی گرنا۔

—وجهُهٗ عَرَقًا: چہرہ سے پسینہ ٹپکنا۔

—الصُّبَابَةَ: باقی ماندہ تھوڑا پانی پینا۔

(الصَّبَابَةُ): شوق' گرویدگی (۲) سوزشِ عشق۔

(الصُّبَابَةُ): بچا ہوا تھوڑا پانی وغیرہ۔

(الصَّبُّ)مَاءٌ صَبٌّ: اوپر سے ڈالا ہوا پانی

4

(۲) کم۔ اَخَذَ مَائَۃً فَصَبًّا: اس نے سو لئے پھر کچھ کم (۳) اوپر سے جیسے: صُبَّ علیه البلاءُ مِنْ صَبٍّ: اس پر مصیبت نازل ہوئی۔

(الصَّبَبُ): نشیب' اتار' ڈھلوان (ج) أصْبَابٌ۔

(الصُّبَّۃُ): بچا ہوا پانی وغیرہ (۲) دستر خوان (۳) جماعت' گروہ۔ جیسے: صُبَّۃٌ مِنَ النَّاسِ ومن الحیوانِ (۴) جز' ٹکڑا' حصہ۔ جیسے: مَضَتْ علیه صُبَّۃٌ مِنَ اللَّیلِ۔

(الصَّبِیْبُ): بہایا ہوا پانی۔

— صبیبُ السَّیفِ: تلوار کی دھار۔

(المَصَبُّ): پانی گرنے کی جگہ۔

— مَصَبُّ النَّھْرِ: نہر کا دہانہ جہاں وہ دریا سے ملتی ہے (ج) مَصَابٌّ (مع)

(صَبَحَه) (ف) صَبْحًا: صبح کے وقت آنا (۲) صبح کی شراب پلانا۔

— القَوْمَ: صبح کے وقت حملہ کرنا (۲) صبح کے وقت پانی پر لانا۔ کہتے ہیں: صَبَحَھُمْ خَیْرًا او شَرًّا: صبح کے وقت ان کے ساتھ اچھا یا برا معاملہ کیا۔

(صَبِحَ) (س) الشَّعْرُ صَبَحًا و صُبْحَۃً: بالوں کی سفیدی میں سرخی نمایاں ہونا۔

— الحَدِیْدُ: لوہے کا چمکنا۔ ھُوَ اَصْبَحُ وھی صَبْحَاءُ (ج) صُبْحٌ۔

(صَبُحَ) (ك) الوَجْهُ صَبَاحَۃً: چہرہ کا روشن اور خوبصورت ہونا۔

— الغُلامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ ھو صَبِیْحٌ (ج) صِبَاحٌ۔

(اَصْبَحَ): صبح کے وقت میں داخل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَسُبْحَانَ اللهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ}

— الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

— بمعنی صَارَ' ہونا' ہو جانا جیسے: اَصْبَحَ فلانٌ سَالِمًا: فلاں تندرست ہو گیا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا}

(الِمصْبَاحُ): لیمپ جلانا۔

(صَبَّحَ) القومَ: لوگوں کے پاس صبح کے وقت آنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَقَدْ صَبَّحَھُمْ بُکْرَۃً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ}

— فلانًا: صبح کے وقت سلام کرنا۔ صَبَّحَکُمُ اللهُ بخیرٍ: اللہ تمہاری صبح بخیر کرے۔

(اِصْطَبَحَ) فلانٌ: صبح کی شراب پینا (۲) چراغ روشن کرنا۔

(تَصَابَحَ): عاشق بننے کی کوشش کرنا۔

(تَصَبَّحَ): صبح کے وقت سونا (۲) ناشتہ کرنا۔

(اِسْتَصْبَحَ): چراغ جلانا۔

— بالزَّیْتِ و نحوهٖ: چراغ میں تیل ڈالنا۔

(الإِصْبَاحُ): صبح کا وقت۔ قرآن مجید میں ہے: {فَالِقُ الْاِصْبَاحِ}

(الصَّابِحُ) حَقٌّ صَابِحٌ: واضح و ظاہر۔

— طَعَامٌ صَابِحٌ: تازہ کھانا۔

(الصَّبَاحُ): صبح' دن کا ابتدائی حصہ۔

— اَتَاهُ صَبَاحَ مَسَاءَ: وہ اس کے پاس صبح و شام آیا۔

(الصُّبَاحُ): قندیل کا شعلہ۔

(الصُّبَاحِیُّ) مِنَ الدَّمِ: گہرا سرخ خون۔

(الصَّبَاحِیَّۃُ): سہاگ رات کے بعد کی صبح (محدثہ)

(الصُّبْحُ): صبح۔ قرآن مجید میں ہے: {وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ} (ج) اَصْبَاحٌ۔

(الصَّبْحَانُ): خوبصورت (۲) صبح کی شراب پینے والا۔ ھی صَبْحَی۔

(الصُّبْحَۃُ): صبح کی نیند (۲) صبح کا ناشتہ۔

(الصَّبُوحُ): صبح کی شراب (۲) صبح کے وقت کھائی اور پی جانے والی چیز۔

(الصَّبِیْحَۃُ): صبح۔

(المِصْبَاحُ): چراغ (ج) مَصَابِیْحُ۔

— مَصَابِیْحُ السَّمَاءِ: ستارے۔ قرآن مجید میں ہے: {وَزَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ}۔

(المِصْبَحُ): چراغ (ج) مَصَابِحُ۔

(صَبَرَ) (ض) صَبْرًا: صبر کرنا' برداشت کرنا' ہمت سے کام لینا۔

— عَلَی الأَمْرِ: برداشت کرنا' ہمت نہ ہارنا۔

— عنه: خود کو کسی بات سے روکنا۔

— نَفْسَه: دل کو تھامنا' روکنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِیِّ}

— البُرَّ: گندم کا ڈھیر لگانا۔

— فلانًا: روکنا (۲) پابندی لگانا۔

(أَصْبَرَ) الطعامُ و نَحْوُهٗ: کھانے وغیرہ کا کڑوا اور بدمزہ ہونا۔

— فلانًا: روکنا' پابند کرنا۔

(صَابَرَهٗ) مُصَابَرَۃً و صِبَارًا: صبر میں کسی سے آگے بڑھنا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِصْبِرُوْا وَ صَابِرُوْا وَرَابِطُوْا}

(صَبَّرَهٗ): صبر کی نصیحت کرنا' برداشت کروانا۔

— البُرَّ: گندم کا ڈھیر لگانا۔

— الجُثَّۃَ: لاش کو دوا وغیرہ کے ذریعہ خراب ہونے سے بچانا (پہلے اس کے لئے ایلوا استعمال کرتے تھے) (مو)

(اِصْطَبَرَ): بمعنی صَبَرَ۔ قرآن مجید میں ہے: {فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ} و {وَأْمُرْ اَھْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا}

(تَصَبَّرَ): برداشت کرنا' صبر سے کام لینا (۲) صبر کا اظہار کرنا۔

(اِسْتَصْبَرَ): ڈھیر لگنا' اکٹھا ہونا۔

— الطعامُ: کھانا اکٹھا ہونا۔

(التَّصْبِیْرَۃُ): کھانے سے قبل کا ہلکا ناشتہ (جس کے ذریعہ کھانا تیار ہونے تک انتظار آسان ہو) اس کو لُھنه اور سُلفه بھی کہتے ہیں۔

(الصَّابُوْرَۃُ): جہاز یا کشتی میں وزن برابر کرنے کے لئے رکھا جانے والا وزن تا کہ وہ ڈانواں ڈول نہ ہو۔

(الصِّبَارَۃُ): بوتل یا شیشی کا ڈھکن۔

ص

(الصَّبَارَّةُ): سردی کی شدت۔

(الصَّبَّارُ): بڑا صابر، بہت صبر کرنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ} (۲) ایک کڑوی بوٹی۔

(الصَّبْرُ): قوتِ برداشت، صبر وتحمل (۲) محبوب چیز سے رکنے کی پابندی (۳) تکلیف گوارہ کرنے کا حوصلہ (۴) قید۔ قَتَلَه صَبْرًا: اسے قید کرکے مار دیا۔

— شَهْرُ الصَّبْرِ: رمضان کا مہینہ۔

(الصُّبْرُ): کسی چیز کا بلند اور اونچا حصہ (۲) گوشہ، کونا، کنارہ (ج) أَصْبَارٌ - مَلَأَ الْكَأْسَ إِلٰى أَصْبَارِهَا: گلاس کو کنارے تک بھر دیا۔ أَخَذَ الشيءَ بِأَصْبَارِهِ: سارے کا سارا لے لیا۔

(الصَّبِرُ): ایلوا (ایک کڑوا پودا اور اسی کا عرق) واحد: صَبِرَةٌ (ج) صُبُورٌ۔

(الصَّبْرَةُ): سردی کی شدت۔

(الصُّبْرَةُ): غلہ کا ڈھیر۔ کہتے ہیں: اشْتَرَى الطعامَ صُبْرَةً: اس نے غلہ بلا ناپ تول اندازہ سے خریدا (ج) صُبَرٌ و صِبَارٌ۔

(الصَّبُورُ): بہت صبر کرنے والا، برداشت کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔ یعنی اللہ تعالیٰ قدرت کے باوجود مجرموں کو انتقام دینے میں جلدی نہیں کرتا۔

(الصَّبِيرُ): گہرا سفید بادل (۲) پہاڑ (ج) صُبُرٌ (۳) قوم کا سردار (ج) صُبَرَاءُ۔

(الْمَصْبُورُ): قتل کے لئے قید کیا ہوا۔

(صَبْصَبَ) الشيءُ: جدا جدا کرنا۔

(تَصَبْصَبَ) الشيءُ: جدا جدا ہونا۔ (۲) تھوڑا سا باقی رہ جانا۔ جیسے تَصَبْصَبَ ما في السقاء اور تصبصب الليلُ۔

(الصُّبْصُبَابُ): بچی ہوئی تھوڑی چیز۔

(صَبَعَ) (ف) بِهِ وَصَبَعَ عليه صَبْعًا: کسی کا مذاق اڑاتے ہوئے اس کی طرف انگلی اٹھانا۔

— فِي الشيءِ: انگلی داخل کرنا۔

— فِي الطعامِ: بالکل نہ کھانا۔

— فلانًا: انگلی پر مارنا۔

— فلانًا على الشيءِ: انگلی سے اشارہ کرکے بتانا۔

— الإِنَاءَ: برتن کو دو انگلیوں سے دبا کر پانی نکالنا تاکہ یکبارگی نہ گرے۔

(الإِصْبَعُ والأُصْبُعُ): انگلی (ج) أَصَابِعُ (۲) اثر، نشان۔

— عليه مِنَ اللهِ إِصْبَعٌ حَسَنَةٌ: اس پر اللہ کے انعام کا اثر ہے۔

— هُوَ حَسَنُ الإِصبعِ في مالِهِ: وہ مال کا اچھا منتظم ہے۔

— لَه في هٰذا الامرِ إِصبع: اس کام میں اس کا دخل ہے۔

— في الكيمياء: عود اسطوانی کی ہیئت میں ڈھالا ہوا ایک مادہ۔

(الأُصْبُوعُ): انگلی (ج) أَصَابِيعُ۔

(صَبَغَ) (ن) الثَّوْبَ ونَحْوَهُ صَبْغًا: رنگنا۔ هو صَابِغٌ و صَبَّاغٌ والثوبُ ونحوه مَصْبُوغٌ و صَبِيغٌ۔

— الشَّيْءَ: ڈبونا۔ جیسے صَبَغَ يَدَهُ فِي الاناءِ و صَبَغَ اللقمةَ فِي الادامِ۔

— الحديثَ: جھوٹ سچ ملا کر بات کرنا۔

— صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ: انہوں نے میرے بارے میں تمہاری رائے غلط کردی۔

— النَّصْرَانِيُّ وَلَدَهُ: عیسائی کا اپنے بچے کے سر پر مقدس چھینٹے مارنا تاکہ اسے عیسائی مان لیا جائے پانی کا بپتسمہ دینا۔

(أَصْبَغَتِ) النَّخْلَةُ: کچی کھجوروں کا پکنا شروع ہونا۔

(صَبَّغَتِ) البُسْرَةُ: کچی کھجور کا پکنے لگنا۔ صَبَّغَتِ النَّخْلَةُ بھی کہتے ہیں۔

— الثوبَ: کپڑے کو رنگنا۔

(اصْطَبَغَ) بِكذا: رنگ پکڑنا۔

— بِالإِدَامِ: سالن لگانا۔

(تَصَبَّغَ) فِي دِيْنِهِ و بدينه: مذہب پر سختی سے قائم ہونا۔

(الصِّبَاغُ): رنگ (۲) سالن (۳) صِبَاغُ الدمِ: (علم طب کی اصطلاح میں) وہ مادہ جو خون کے رنگ کا سبب بنتا ہے۔ (ج) أَصْبِغَةٌ (مج)

(الصِّبَاغَةُ): رنگائی کا پیشہ۔

(الصَّبَّاغُ): رنگریز، رنگائی کا کام کرنے والا (۲) بہت جھوٹا۔

(الصِّبْغُ): رنگ (۲) سالن۔ قرآن مجید میں ہے: {وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِلْآكِلِينَ} (۳) رنگی ہوئی چیز (ج) أَصْبَاغٌ۔

(الصِّبْغَةُ): رنگ (۲) رنگے جانے کے بعد کی شکل۔

— صِبْغَةُ اللهِ: فطرت انسانی (۲) دین اسلام، شریعت۔ قرآن مجید میں ہے: {صِبْغَةَ اللهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللهِ صِبْغَةً} (ج) صِبَغٌ۔

(الْمَصْبَغَةُ): رنگریز کی دوکان، رنگائی کا کارخانہ (ج) مَصَابِغُ۔

(الصِّبْغِيُّ): مادے کی وہ شکل جو وہ خلیہ کے بیچ میں اختیار کرتا ہے (ج) صبغيات۔ انہیں "کروموسومز" کہتے ہیں اور تمام جانداروں میں پائے جاتے ہیں۔

(صَبَنَ) (ض) عَنهُ الهَدِيَّةَ و نَحْوَهَا۔ صَبْنًا: کسی سے ہدیہ وغیرہ کو روک دینا۔ عمرو بن کلثوم کا شعر ہے:

صبنتِ الكأسَ عنا أُمَّ عمرٍو
وكان الكأسُ مجراها اليمينا

— المُقَامِرُ الكَعْبَيْنِ: جواری کا پانسہ کو ہاتھ میں لے کر پھینکنے کی درخواست کرنا۔

(الصَّابُوْنُ): صابن۔ واحد: صَابُونَةٌ (د)

(الصَّبَّانُ): صابن بنانے والا یا بیچنے والا۔

(الصَّبَّانَةُ): صابن دانی (مج)

(الْمَصْبَنَةُ): صابن کا کارخانہ (ج) مَصَابِنُ۔

(صَبَا) (ن) فلانٌ صَبْوًا و صَبْوَةً: کھیل کود کی طرف مائل ہونا۔

— الیه: دلچسپی لینا، شوق رکھنا، مائل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ}
— الرِّیْحُ: ہوا کا مشرقی سمت سے چلنا۔
(الصِّبَا): بچپن، کم سنی (۲) شوق۔
(الصَّبِیُّ): بچہ جس کا ابھی دودھ نہ چھڑایا گیا ہو (۲) تلوار کی دھار (۳) آنکھ کی پتلی (۴) ٹھوڑی کے قریب ڈاڑھی (ج) صِبْیَةٌ و صِبْیَانٌ (۵) مبتدی جسے کسی کام کی تربیت دی جائے (مج)
— صِبْیَانُ الْمَطَرِ: چھوٹی چھوٹی بوندیں۔
— صِبْیَانُ الْجَلِیْدِ: جمی ہوئی برف کے چھوٹے چھوٹے دانے۔
(الصَّبِیَّةُ): بچی (ج) صَبَایَا۔
(صَبِیَ) (س) صَبًا و صَبَاءً: بچوں جیسی باتیں کرنا۔
— اِلَیْهَا: مائل ہونا، دلچسپی لینا۔
(اَصْبَتِ) الْمَرْأَةُ: بچوں والی ہونا۔ (نر ہوں یا مادہ) (۲) زیادہ بچوں والی ہونا۔ هی مُصْبٍ و مُصْبِیَةٌ۔
— الْفَتَاةُ فُلَانًا: نوجوان لڑکی کا کسی اپنی طرف مائل کرنا یا اس کے برعکس۔
(صَابَی) الشَّیْءَ: ٹیڑھا کرنا، جھکانا۔
— بِنَاءَهُ: جھکی ہوئی عمارت بنانا۔
— رُمْحَهُ: نیزہ کو ٹیڑھا کرنا۔
— سَیْفَهُ: تلوار کو میان میں الٹا رکھنا۔
— السِّکِّیْنَ: چھری کو پلٹنا یعنی اس کے دستہ کو کسی طرف کرنا۔ کہتے ہیں: صَابِ السِّکِّیْنَ: چھری کا دستہ میری طرف کرو۔
— الْکَلَامَ: صحیح طریقہ پر بات نہ کرنا۔
(صَبّٰی) رَأْسَهُ: زمین کی طرف جھکانا۔
(تَصَابَی): بچہ بننا۔
— الْمَرْأَةَ: عورت کو اپنی طرف مائل کرنا۔
(تَصَبّٰی): بمعنی تَصَابَی۔
(الصَّبَا): مشرق سے آنے والی ہوا۔

ص............ح

(صَحِبَهُ) (س) صَحَابَةً و صُحْبَةً: ساتھ ہونا، ہمراہ ہونا۔ دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے: صَحِبَكَ اللهُ۔
(اَصْحَبَ) فلانٌ: دوستوں والا ہونا (۲) کسی کے بیٹے کا بڑا ہو کر ساتھ رہنا (۳) دماغی خرابی کی وجہ سے خود سے باتیں کرنا۔
— له: فرماں بردار ہونا۔
— فُلَانًا: ساتھی ہونا۔
— فُلَانًا الشیءَ: کسی کو کسی شے کا مالک بنانا۔
(صَاحَبَهُ) مُصَاحَبَةً و صِحَابًا: ہم صحبت ہونا، ساتھ رہنا۔
(اِصْطَحَبَ) فُلَانًا: ساتھی بنانا۔
— الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ ہونا۔
(تَصَاحَبَا): باہم دوست اور ساتھی ہونا۔
(اِسْتَصْحَبَ) الشیءَ: اپنے ساتھ رکھنا۔
— اِسْتَصْحَبَهُ الشیءَ: کسی سے کوئی چیز اپنے ساتھ رکھنے کو کہنا۔
— فُلَانًا: ساتھی بنانا، ساتھی بننے کی دعوت دینا۔
(الصَّاحِبُ): ساتھی، ہمراہی (۲) مالک (۳) حاکم اور منتظم۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا جَعَلْنَا اَصْحَابَ النَّارِ اِلَّا مَلَائِکَةً} (۴) کسی ملک کا متبع۔ جیسے أصحاب ابی حنیفةؒ و أصحاب الشافعیؒ (ج) صَحْبٌ و أَصْحَابٌ و صِحَابٌ - یَا صَاحِ: یا صاحبی کا مخفف ہے۔
(الصَّاحِبَةُ): بیوی۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاَنَّهُ تَعَالٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا}
(الصَّحَابِیُّ): جس ہستی نے نبی کریم ﷺ سے ایمان کی حالت میں ملاقات کی ہو اور ایمان ہی کی حالت میں ان کا انتقال بھی ہوا ہو (ج) صَحَابَةٌ۔
(الْمِصْحَابُ): بڑا مطیع اور فرماں بردار۔
(الْمُصْحَبُ): وہ لکڑی جس کی چھال نہ اتاری گئی ہو (۲) وہ کھال جس کے بال نہ صاف کئے گئے ہوں (۳) کھجور جس کی گٹھلی نہ نکالی گئی ہو۔

(صَحَّ) (ض) الشَّیْءُ صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا: بیماری یا عیب یا شک سے پاک و بری ہونا جیسے: صَحَّ الْخَبَرُ و صَحَّ الْمَرِیْضُ و صَحَّتِ الصلوٰةُ و صَحَّتِ الشهادةُ و صَحَّ الْعَقْدُ۔ هو صحیحٌ (ج) صِحَاحٌ (اس میں ذوی العقول اور دیگر شامل ہیں) أَصِحَّاءُ (صرف ذوی العقول کے لئے) هی صَحِیْحَةٌ (ج) صِحَاحٌ و صَحَائِحُ۔
— لَه علٰی فلانٍ کذا: کسی کے ذمہ کسی کی کوئی چیز ثابت ہونا۔
(اَصَحَّ) الرَّجُلُ: صحت مند تندرست ہونا۔
— اللهُ فلانًا: صحت یاب کرنا۔
(صَحَّحَه): درست کرنا، صحیح کرنا۔ غلطی یا عیب کو زائل کرنا۔ جیسے: صَحَّحَ الْخَبَرَ و صَحَّحَ الکتابَ والحسابَ و صَحَّحَ اللهُ المریضَ۔
(تَصَحَّحَ) بِالدَّوَاءِ: علاج کرنا۔
(اِسْتَصَحَّ) مِنْ عِلَّتِهِ: صحت یاب ہونا۔
— الشَّیْءُ: ٹھیک پانا۔
(الصَّحَاحُ): ٹھیک، درست (۲) دشوار راستہ۔
(الصِّحَّةُ): تندرستی، شفایابی، صحت (۲) فقہ کی اصطلاح میں عبادات میں فعل کا قضاء کو ساقط کرنے والا ہونا یا معاملات میں فعل کا مطلوبہ ثمرہ مرتب ہونے کا سبب بننا۔ اس کے مقابلہ میں بطلان ہے۔
(الصَّحِیْحُ): بیماری اور عیب سے پاک تندرست (۲) قابل اعتماد قول (۳) وہ حدیث مرفوع متصل ہے جو علت و شذوذ سے پاک اور ایسے راویوں سے منقول ہو جن کا عدل اور حدیث کی تحقیق و ادا میں ضبط مسلم ہو۔
(الْمَصِحَّةُ): صحت کا سبب۔ الصَّوْمُ مَصِحَّةٌ والسفرُ مَصِحَّةٌ۔
— الأرضُ المصحّةُ: بیماریوں اور وباؤں سے محفوظ سرزمین (۲) ہسپتال (محدثہ)
(صَحَرَ) (ف) الطعامَ - صَحْرًا: کھانا پکانا۔
— الشَّمْسُ فلانًا: دھوپ کا دماغ کو تکلیف دینا۔

(صَحِرَ) (س) ۔صَحَرًا و صُحْرَةً: سرخی مائل رنگ کا ہونا۔ھو أَصْحَرُ وھی صَحْرَاءُ۔
(أَصْحَرَ) القَوْمُ: جنگل میں نکلنا۔
-المکانُ: جگہ کا کشادہ ہونا۔
-الأمرَ وبه: ظاہر کرنا۔
(صَاحَرَ) قِرْنَهُ: مقابل کو دھوکہ دینا۔
(اصْحَرَّ) بمعنی صَحِرَ۔
(الصِّحَارُ): أَبْرَزَلَهُ الأَمْرَ صِحَارًا: کسی کے سامنے کوئی بات ظاہر کرنا۔
(الصَّحْرَاءُ): بیابان' جنگل ۔بے آب وگیاہ میدان (ج) الصَّحَارِي۔
(الصَّحِيْرَةُ): دودھ اور گھی کی بنی ہوئی غذا (کبھی اس میں کچھ آٹا بھی ملا دیا جاتا ہے)
(صَحْصَحَ) الأَمْرُ: واضح ہونا۔
(الصَّحْصَاحُ) و(الصَّحْصَحُ): کشادہ اور ہموار زمین (ج) صَحَاصِحُ۔
(الصُّحْصُحُ و الصَّحْصُوحُ): محقق' باریکیوں اور دقائق کی تلاش اور ضبط کرنے والا' باریک بین۔
(أَصْحَفَ) الكِتَابَ: لکھے ہوئے اوراق یکجا کرنا۔
(صَحَّفَ) الكَلِمَةَ: حروف میں اشتباہ کی وجہ سے غلط پڑھنا یا غلط لکھنا۔
(تَصَحَّفَتِ) الكَلِمَةُ أَو الصَّحِيْفَةُ: لفظ کا پڑھنے میں غلط ہو جانا۔
(الصِّحَافَةُ): اخبار نویسی' جرنلزم' صحافت (محدثہ)
-الصحافِيُّ: صحافی' اخبار نویس۔
(الصَّحَّافُ): پلیٹیں بنانے یا بیچنے والا۔
(الصَّحْفَةُ): کھانے کا ایک برتن' پلیٹ' رکابی (ج) صِحَافٌ۔
(الصَّحَفِيُّ): کتابی عالم' استاد کے بغیر کتابوں سے علم حاصل کرنے والا (۲) اخبار نویس صحافی (محدثہ)
(الصَّحِيْفَةُ): اخبار (۲) لکھا ہوا کاغذ یا کاغذ وغیرہ پر لکھی ہوئی چیز۔(ج) صُحُفٌ۔ قرآن میں ہے: { إِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ۝ } (ج) صُحُفٌ وصَحَائِفُ۔
-صحيفةُ الوَجْهِ: چہرہ کی جلد (ج) صحيف۔
(المُصْحَفُ): لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ۔اس کا اکثر استعمال قرآن مجید کے لئے ہوتا ہے (ج) مَصَاحِفُ۔
(صَحِلَ) (س) فلانٌ ۔صَحَلًا: بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔صَحِلَ صوتُه بھی کہتے ہیں۔ھو صَحِلٌ وھی صَحِلَةٌ ھو أَصْحَلُ وھی صَحْلَاءُ (ج) صُحْلٌ۔
(صَحَنَه) (ف) ۔صَحْنًا: مارنا۔
-بِرِجْلِهِ: ٹھوکر مارنا۔
(الصَّحْنُ): بڑا پیالہ' عمرو بن کلثومؓ کا شعر ہے:

أَلَا هُبِّي بِصَحْنِكِ فَاصْبَحِيْنَا
وَلَا تُبْقِي خُمُورَ الْأَنْدَرِيْنَا

(۲) بڑی گہری رکابی (ج) أَصْحُنٌ و صِحَانٌ و صُحُوْنٌ (۳) گھر کا اندرونی کھوکھلا حصہ (۴) گھر کا صحن' کشادہ جگہ جہاں درخت نہ ہو (ج) صُحُوْنٌ۔
- صَحْنُ الأُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ (ج): أَصْحَانٌ۔
(الصَّحْنَانُ): جھانجھ دو پلیٹیں جو ایک دوسرے پر مار کر بجائی جاتی ہیں۔
(الصِّحْنَاءُ) و(الصِّحْنَاةُ): چھوٹی مچھلی کا سالن۔
(الصَّحُوْنُ): بہت دولتیاں مارنے والا گھوڑا۔
(المِصْحَنَةُ): پیالہ۔
(صَحَا) (ن) النائمُ ۔صَحْوًا: بیدار ہونا۔
-السَّكْرانُ ونَحْوُهُ: نشہ ختم ہونا۔
-القلبُ: دل کا غفلت اور لاپرواہی کو چھوڑنا۔
-السَّمَاءُ: بادلوں کا صاف ہونا۔
- اليومُ: دن کا سورج نکلا ہوا اور کم سردی والا ہونا۔
(أَصْحَىٰ) بمعنی صحا (۲) دھوپ والے اور بے بادل کے دن میں ہونا۔
فلانًا: جگانا (۲) بے ہوشی یا نشہ سے ہوش میں لانا۔
(الصَّحْوُ): يَوْمٌ صحوٌ و سَمَاءٌ صَحْوٌ: بے بادل دن یا آسمان۔
(المِصْحَاةُ): پینے کا چاندی کا برتن (ج) مَصَاحٍ۔
(المَصْحَاةُ): ہوش میں لانے کا ذریعہ' نشہ و غفلت دور کرنے کی چیز۔

ص.....خ

(صَخِبَ) (س) الجَمْعُ ۔صَخَبًا: مجمع میں شور وغل ہونا۔
-فلانٌ: شور شرابہ کرنا۔
- البَحْرُ: سمندر کا موجیں مارنا۔ھو صَاخِبٌ وصَخِبٌ وصَخَّابٌ (مؤنث تاء کے ساتھ) ھو وھی صَخُوْبٌ۔
(صَاخَبَهُ): شور وغل میں مقابل کرنا۔
(اصْطَخَبَ) القومُ: لوگوں کا باہم مار کٹائی اور ہنگامہ آرائی کرنا۔
-الموجُ: موج کی آواز آنا۔
(تَصَاخَبَ) بمعنی اصْطَخَبَ۔
(صَخَّ) (ن ض) الحَجَرُ ۔صَخًّا و صَخِيْخًا: پتھر کی آواز۔
- فلانًا ۔صَخًّا: کسی کے کان پہ مار کر اسے بہرہ کر دینا۔
- سَمْعَه: مار کر بہرہ کر دینا۔ایسے ہی صَخَّ الصوتُ أُذُنَه۔
- الصُّلْبَ عَلَى الصُّلْبِ: ٹھوس چیز کو ٹھوس چیز پر مار کر آواز پیدا کرنا۔
(أَصَخَّ) سَمْعَهُ: کانوں کو بہرہ کر دینے والی خوفناک آواز (۲) قیامت کے دن کی چیخ۔قرآن مجید میں ہے: { فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝ }
(الصَّخَّةُ): پتھر ٹکرانے کی آواز۔
(الصَّخِيْخُ): پتھر ٹکرانے کی آواز۔
(صَخَدَ) (ف) اليَوْمُ ۔صَخَدَانًا: دن کا سخت گرم

ہونا۔

- الشَّمْسُ الشئَ والانسانَ صَخْدًا: دھوپ لگنا۔ صَخَدَا الحرُّ بھی کہتے ہیں۔

(صَخِدَ) (س) اليومُ ، صَخَدًا: دن کا سخت گرم ہونا۔ ھو صَاخِدٌ۔

(أَصْخَدَ) فلانٌ: کسی کو سخت گرمی لگنا۔

(اصْطَخَدَ) الحرباءُ: گرگٹ کا دھوپ سینکنا۔

(الصَّاخِدَةُ): دوپہر کی گرمی۔

(المَصْخَدَةُ): دوپہر کی گرمی (ج) مَصَاخِدُ۔

(الصَّيْخُودُ) صَخْرٌ صَيْخُودٌ: سخت ترین چٹان جس پر کدال اثر نہ کرتا ہو۔

(صَخِرَ) (س) المكانُ صَخَرًا، جگہ کا پتھریلا ہونا

(أَصْخَرَ) المكانُ: بمعنی صَخِرَ ھو صخر ھی صخرة۔

(الصَّاخِرُ): لوہے کے لوہے سے ٹکرانے کی آواز۔

(الصَّاخِرَةُ): پانی پینے کا برتن۔

(الصَّخْرَةُ): پتھر کی چٹان (ج) (ج) صَخْرٌ وصُخُورٌ۔

- علم الصَّخرِ: چٹانوں کے اجزائے ترکیب اور ان کے طبعی خصائص وغیرہ کا علم۔

ص............د

(صَدِئَ) (س) الحَدِيدُ ونحوهُ ، صَدَأً: زنگ آلود ہونا۔ صَدِئَتْ يَدُهُ مِنَ الحَدِيدِ: لوہے کی وجہ سے ہاتھ پر زنگ لگنا۔

- فلانٌ: سست اور ڈھیلا ہو جانا (۲) ملامت کے قابل ہونا۔ ھو صَدِئٌ۔

- القَلْبُ: دل کا مردہ ہو جانا۔

- اللَّوْنُ: سیاہی مائل سرخ ہونا، زنگ جیسا ہو جانا۔ ھو أَصْدَأُ وھی صَدْآءُ (ج) صُدْءٌ۔

(أَصْدَأَ) الحديدَ ونحوهُ: زنگ لگانا۔

(الصَّدَأُ): زنگ (۲) پھپھوندی۔

(صَدَحَ) (ف) الطَّائِرُ صَدْحًا و صُدَاحًا: پرندہ کا چہچہانا۔ صَدَحَتِ المُغَنِّيَةُ: گانا گانے والی کا مست بنا دینا۔

- المِزْهَرُ: نغمہ نکالنا۔ ھو صَادِحٌ وصَدَّاحٌ وھی صَادحةٌ وھو وھی صَدُوحٌ ومِصْدَحٌ۔

(الصَّدَحُ): چھوٹا پتھریلا ٹیلہ (ج) صِدْحَانٌ۔

(الصَّيْدَاحُ): خوش آواز نغمہ سرا۔

(الصَّيْدَحُ): خوش آواز نغمہ سرا۔

(صَدَّ) (ن ض) عنه صَدًّا و صُدُودًا: اعراض کرنا، منہ پھیرنا۔

ومنه ، صَدًّا: چلانا، شور مچاتے ہوئے ہٹ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ }

- فُلَانًا عن كذا صَدًّا: روکنا، منع کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ } ھُوَ صَادٌّ (ج) صُدَّدٌ۔ ھی صادّةٌ۔

(أَصَدَّ) الجُرْحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔

- فلانًا عَنْ كذا: روکنا۔

(الصَّدُّ): جدائی، فراق (۲) پہلو، جانب، کنارہ (۳) پہاڑ کی گھاٹی میں پانی کا نالہ۔

(الصَّدَدُ): گوشہ، کنارہ (۲) ارادہ، قصد (۳) مقابل جیسے: هٰذِهِ الدَّارُ صَدَدَ هٰذِهِ و بصددها: کہاوت ہے: لَا حَدَدَ لِي دُوْنَهُ وَ لَا صَدَدَ: میرے لئے کوئی رکاوٹ نہیں ھُوَ بِصَدَدِ كذا: وہ اس کے درپے ہے۔

(الصَّدِيْدُ): کچ لہو خون ملی پیپ۔ دوزخیوں کی شراب کو اسی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ قرآن مجید میں ہے: { وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ }

(صَدَرَ) (ن) الأَمْرُ صَدْرًا و صُدُوْرًا: معاملہ واقع ہونا، ثابت ہونا، جاری ہونا۔

الشئُ عَنْ غيرِهِ: پیدا ہونا، نکلنا۔

فلانٌ يصدُرُ عَنْ كذا: فلاں اس چیز سے مدد لیتا ہے۔

- عَنِ المكان والوِرْدِ صَدْرًا وصَدَرًا: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

- إلى المكان: پہنچنا۔

- فلانًا: لوٹانا، باز رکھنا۔ منع کرنا (۲) سینہ پر مارنا۔

(صُدِرَ) صَدْرًا: سینہ میں تکلیف ہونا ھو مصدورٌ۔

(أَصْدَرَ) الأَمْرَ: نافذ کروانا، پھیلانا۔

- فلانًا عن الشيئ: روکنا، پھیرنا۔

- القومَ: شکم سیر کرنا سیراب کرنا۔ کہتے ہیں: اطْعَمَهُمْ حَتّٰى أَصْدَرَهُمْ۔

- الرعاءُ دَوَابَّهُمْ: چرواہوں کا جانوروں کو پانی پلا کر واپس لانا۔ قرآن مجید میں ہے: { قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ } کہتے ہیں: فلانٌ يُوْرِدُ ولا يُصْدِرُ: وہ کام شروع تو کرتا ہے لیکن اسے پورا نہیں کرتا۔

(صَادَرَهُ) عَلٰى كذا: اصرار کے ساتھ کسی چیز کا مطالبہ کرنا۔

- الدولةُ الأَمْوَالَ: حکومت کا کسی کے مال کو سزا کے طور پر قبضہ میں لے لینا۔

(صَدَّرَ) الفَرَسُ): دوسرے گھوڑوں سے آگے نکلنا۔

- فلانًا: واپس کرنا (۲) آگے بڑھانا، (۳) مجلس کے صدر کو مقام میں بٹھانا۔

- الكتابَ: کتاب کا مقدمہ لکھنا۔

- البضاعةَ: مال باہر بھیجنا (ایکسپورٹ کرنا) (محدثة)

(تَصَدَّرَ) الفرسُ بمعنی صَدَّرَ۔

- فلانٌ: مجلس کے صدر مقام پر بیٹھنا۔ (۲) اپنے لوگوں سے آگے بڑھنا۔

(اسْتَصْدَرَ) الأَمْرَ: حکم جاری کروانا۔

(الأَصْدَرُ): بڑے سینہ والا۔

(الصَّادِرُ) مَالَهُ صَادِرٌ ولا وارِدٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

- طريقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: بہت آمدورفت والا راستہ۔

(الصَّادِرَاتُ): باہر بھیجا جانے والا ملکی سامان، برآمدات (محدثة)

(الصِّدَارُ): واسکٹ۔

(الصَّدَارَةُ): صدارت، سرداری جیسے : فلانٌ لہ الصَّدارةُ فی القومِ (۲) نحاۃ کے یہاں کسی کلمہ کا ابتدائی کلام میں واقع ہونے کے ساتھ خاص ہونا۔جیسے اسمائے استفہام۔

(الصَّدْرُ): ہر چیز کا اگلا حصہ۔جیسے صَدْرُ الکتاب و صَدْرُ النَّهارِ و صَدْرُ الأمْرِ (۲) حصہ، ٹکڑا (۳) سردار (۴) انسان کا سینہ۔ قرآن مجید میں ہے : { قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ }

—ذاتُ الصَّدْرِ: سینہ کا درد۔

—ذاتُ الصُّدُور: راز ہائے دل۔دل کی چھپی باتیں، قرآن مجید میں ہے : { اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ }

(الصَّدَرُ): پانی سے واپسی (۲) واپسی۔

—یَوْمُ الصَّدَرِ: ایام نحر کا چوتھا دن (کیونکہ اس دن حجاج کرام مکہ سے روانہ ہوتے ہیں)

(الصُّدْرَةُ): سینہ (۲) واسکٹ (۳) چھوٹی زرہ (ج)صُدَرٌ۔

(الصَّدِيرَةُ): وادی کا بالائی اور سامنے کا حصہ (ج)صَدَائِرُ۔

(المَصْدَرُ): اصل، جڑ، سرچشمہ۔کسی چیز کے نکلنے اور جاری ہونے کی جگہ (۲) علماءلغت کے نزدیک۔ اسم کا وہ لفظ جو محض حدوث پر دلالت کرے۔

(المُصَدَّرُ): رَجُلٌ مُصَدَّرٌ : مضبوط اور سخت سینہ والا آدمی۔

(صَدْصَدَ) المُنْخُلَ ونَحْوَهُ: چھلنی کو چھاننے کے لئے دونوں ہاتھوں سے ہلانا۔

(صَدَعَ) (ف) النباتُ الارضَ صَدْعًا: پودے کا زمین کو پھاڑ کر نمودار ہونا۔

—الزُّجَاجَ ونحوَه: توڑنا۔

—المُسَافِرُ الفلاةَ: جنگل طے کرنا۔

—القومَ: شیرازہ بکھیرنا۔

—الامْرَ وبِه: اظہار واعلان کرنا۔

قرآن مجید میں ہے : { فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ }

(صُدِعَ): سر درد میں مبتلا ہونا۔ہو مصدوعٌ

(صَدَّعَهُ) تصديعًا وتَصْدَاعًا: سخت دردسر میں مبتلا کرنا۔(۲) سر درد کا سبب بننا یا تکلیف کا سبب بننا۔

(صُدِّعَ): سر درد میں مبتلا ہونا۔قرآن مجید میں ہے: { لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ }

(تَصَدَّعَ): پھٹنا۔جیسے : تَصَدَّعَتِ الارضُ بالنبات۔

—القومُ: منتشر وجدا جدا ہو جانا۔

(انْصَدَعَ): پھٹ جانا۔

—الصُّبْحُ: صبح روشن ہو جانا۔

(التَّصَدُّعُ): چٹانوں کا زور اور شدت کے ساتھ ٹوٹنا۔

(الصَّادِعُ): حاکم، فیصلہ کرنے والا۔

(الصُّدَاعُ): سر کا درد (مج)

(الصَّدْعُ): ٹھوس چیز کا شگاف۔دراڑ، پھٹن۔ قرآن مجید میں ہے : { وَ الْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ } (ج) صُدُوْعٌ۔

(الصِّدْعَةُ): پھٹی ہوئی چیز کا آدھا، (۲) جانوروں کا ریوڑ (ج)صِدَعٌ۔

(الصَّدِيعُ): پھٹی ہوئی چیز (۲) پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔

(صَدَغَ) (ن ف) الی الشيءِ صُدُوْغًا: مائل ہونا، رغبت کرنا۔

—عَنْ طريقه: راستہ سے ہٹنا۔

—فُلانًا صَدْغًا: کنپٹی پر مارنا۔

—البَعِيرَ ونَحْوَهُ: کنپٹی پر داغ دینا۔

—فُلانًا: کسی کو سیدھا کرنا۔

—فلانًا عَنِ الأمْرِ: روکنا باز رکھنا، پھیرنا۔

(صَدُغَ) (ك) صَدَاغَةً : کمزور ہونا۔ہو صَدِيغٌ وهی صَدِيغَةٌ۔

(صَادَغَهُ): کسی کی کنپٹی کے ساتھ کنپٹی ملا کر مقابلہ کرتے ہوئے چلنا۔

(تَصَدَّغَ): کنپٹی کے لئے تکیہ بنانا۔

(الأَصْدَغانِ): کنپٹی کے نیچے کی دو رگیں۔

(الصِّدَاغُ): کنپٹی پر لمبا نشان۔

(الصُّدْغُ): کنپٹی (۲) کنپٹی کے بال (ج) اَصْدَاغٌ واَصْدُغٌ۔

(المِصْدَغَةُ): تکیہ (ج) مَصَادِغُ۔

(صَدَفَ) (ض) عنه صَدْفًا و صُدُوْفًا: ہٹنا، پھرنا، اعراض کرنا۔

— فلانًا عن الشيءِ صَدْفًا: روکنا، ہٹانا، باز رکھنا۔

(صَدِفَ) (س) صَدَفًا: چلتے وقت ایک گھٹنے کا دوسرے گھٹنے کے سامنے لانے والا ہونا۔ہو أَصْدَفُ وهی صَدْفاءُ (ج) صُدْفٌ۔

(أَصْدَفَه) عَنِ الشيءِ: ہٹانا، پھیرنا، روکنا۔

(صَادَفَه) مصادَفةً: سامنے آ جانا۔

—فلانًا: اچانک مل جانا۔

(تَصَادَفَا): اچانک آمنے سامنے آ جانا۔

(تَصَدَّفَ) له: مانع بن جانا، رکاوٹ اور آڑ بن جانا۔

—عنه: اعراض کرنا، پھرنا۔

(الصُّدَافُ الشِّدْقِيُّ): (طب کے مطابق) ہونٹ پر پڑے ہوئے سفید دھبے (ج)۔

(الصَّدَفُ): چلتے ہوئے ایک گھٹنے کا دوسرے کے سامنے آنا (۲) ہر بلند اور اونچی چیز۔جیسے دیوار اور پہاڑ وغیرہ (۲) گوشہ، جانب کونہ جیسے صَدَفَا الجبل: پہاڑ کے دو متقابل کنارے۔قرآن مجید ہے : { حَتّٰۤی اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ قَالَ انْفُخُوْا } (۴) سیپی۔واحد : صَدَفَةٌ (ج) أصْدَافٌ۔

(الصَّدَفَةُ) صَدَفَةٌ (ج) أَصْدَافٌ۔

(الصَّدَفَةُ) صَدَفَةُ الأُذُنِ: کان کا جوف۔

— الصَّدَفَتانِ: دونوں رانوں کے کنارے جڑنے کی جگہ یعنی ہڈی کے دو گڑے جن میں رانوں کے سرے پھنسے ہوئے ہوتے ہیں۔

(الصَّدُوفُ): کسی کے سامنے چہرہ کر کے ہٹا لینے والی عورت (۲) گندا دہن جس سے بدبو آتی ہو۔

(صَدَقَ)(ن) فلانٌ فی الحدیثِ صِدْقًا: سچ

بولنا۔

۔في القتالِ ونحوِه: بے جگری سے لڑنا۔

– فلانًا: سچی بات بتانا۔ایسے ہی صَدَقه الحدیث بھی کہتے ہیں۔

– فلانًا النَّصِيحَةَ والإخاءَ: کسی کا سچا خیر خواہ ہونا۔

– فلانًا الوَعْدَ: وعدہ پورا کرنا۔قرآن مجید میں ہے: { وَ لَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ } هو صَادِقٌ وصَدُوقٌ (ج) صُدُقٌ

(أَصْدَقَ) فلانًا: سچا سمجھنا۔

– المرأةَ: عورت کا مہر مقرر کرنا (۲) مہر ادا کرنا۔

– فلانًا المودّةَ والنصيحةَ: سچی ہمدردی اور خیر خواہی کرنا، سچی محبت رکھنا۔

(صَدَّقَه) وبه تصديقًا وتصداقًا: تصدیق کرنا، سچا ماننا (۲) سچا کر دکھانا۔قرآن مجید میں ہے: { وَ لَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ }

– على الامرِ: اقرار کرنا، مان لینا۔ (۳) منظور کرنا، توثیق کرنا (محدثہ)

(تَصَادَقَا): باہم خالص محبت اور ہمدردی رکھنا۔

– الحديثَ والمودّةَ او فيهما: باہم سچ بولنا، محبت و تعلق رکھنا۔

– عَلَى الأَمرِ: توثیق کرنا، پاس کرنا (محدثہ)

(تَصَدَّقَ) عليه: صدقہ دینا، خیرات دینا۔

(التَّصْدِيقُ): مناطقہ کی اصطلاح میں قضیہ کے دونوں طرفوں کی درمیانی نسبت یا حکم کا ادراک۔ (۲) معاہدہ وغیرہ کی توثیق۔سربراہِ حکومت کی آخری منظوری (مج)

(الصَّادِقُ): مخلص، وفادار، سچا۔

– تَمْرٌ صَادِقُ الحلاوة: بہت میٹھی کھجور۔

– صادِقُ الحكمِ: انصاف کے ساتھ فیصلہ کرنے والا۔

– فَجْرٌ صَادِقٌ: افق میں پھیلی ہوئی سفیدی۔اس سے پہلے فجر کاذب ہوتی ہے جو لمبی لکیر کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔

(الصَّادِقَةُ): تانیث الصَّادِق کہتے ہیں: حَمَلَ عليه حَمْلَةً صَادِقَةً: اس نے بھرپور حملہ کیا۔فَعَلَه غِبَّ صَادِقَةٍ: اس نے معاملہ واضح ہونے کے بعد اس کو کیا۔

(الصَّدَاقُ): بیوی کا مہر (ج) أَصْدِقَةٌ و صُدُقٌ۔

(الصَّدَاقَةُ): دوستی، محبت، تعلق، الفت۔

(الصِّدِّيقُ): بہت سچ بولنے والا (۲) ہمیشہ تصدیق کرنے والا (۳) اپنے قول کی عمل سے تصدیق کرنا۔قرآن مجید میں ہے: { وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا } (۲) حضرت ابوبکر صدیقؓ کا لقب۔

(الصَّدْقُ): ہر کامل چیز۔

– رُمْحٌ صَدْقٌ: ٹھوس اور سیدھا نیزہ۔

– رَجُلٌ صَدْقٌ: ٹھوس اور سیدھا نیزہ۔

– رَجُلٌ صَدْقُ اللّقاءِ: قابل بھروسہ ملاقاتی۔

(الصِّدْقُ): سچائی، واقعیت، حقیقت متکلم کے اعتقاد کے مطابق کلام کی واقع سے مطابقت (۲) ٹھوس پن اور مضبوطی۔رجلٌ صِدْقٍ و امرأةُ صِدْقٍ (۳) درست اور نقص و عیب سے پاک بات۔قرآن مجید میں ہے: { وَ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ }

(الصَّدُقَةُ): مہر (ج) صَدُقات۔قرآن مجید میں ہے: { وَ اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً }

(الصَّدَقَةُ): صدقہ، خیرات، ثواب کی نیت سے دی جانے والی چیز۔

(الصَّدِيقُ): سچا تعلق رکھنے والا، ہمدرد، خیر خواہ، دوست (ج) أَصْدِقاء و صُدَقاءُ (واحد جمع اور مؤنث کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے) جیسے هو صَدِيقٌ وهم صَدِيقٌ وهي صَدِيقٌ و هن صَدِيقٌ قرآن مجید میں ہے: { اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ } واحد مؤنث کے لئے صَدِيقَةٌ بھی کہتے ہیں بمعنی سہیلی، رفیقہ۔

(الماصَدَقُ): مناطقہ کے ہاں وہ افراد جن پر کلی کے معنی صادق آئیں۔

(مِصْدَاقُ) الأَمرِ: معاملہ کے سچ ہونے کی دلیل۔

(صَدَمَ) (ض) الشَّيءُ الشيءَ صَدْمًا: ٹکر مارنا، دھکا دینا۔جیسے صَدَمَ الرَّجُلُ غَيْرَهُ۔ (۲) دفع کرنا جیسے: صدمتُ الشرَّ بالشرِّ۔

– النَّازِلَةُ فلانًا: اچانک مصیبت ٹوٹ پڑنا۔

– فلانًا بالقولِ: خاموش کر دینا۔

(صَادَمَه) مصادمةً وصِدَامًا: ہاتھا پائی کرنا، ٹکرانا۔

(اصْطَدَمَا): باہم ٹکرانا، لڑنا۔

(تَصَادَمَا): باہم ٹکرانا۔جیسے تَصَادَمَتِ الأراءُ: خیالات کا مختلف ہونا۔

(الصَّدْمَةُ): جھٹکا، ٹکر، دھکا جیسے: صَرَعَهُ بصَدْمَةٍ (۲) ناگہانی آفت، صدمہ۔کہا جاتا ہے: الصَّبرُ عِندَ الصَّدْمَةِ الأُولٰى۔

(صَدِيَ) (س) صَدًى: سخت پیاسا ہونا۔ هو صَادٍ (ج) صُدَاةٌ وهي صَادِيَةٌ (ج) صَوَادٍ و هو صَدٍ وهي صدِيَةٌ وهو صَدْيانُ وهي صَدْيا جمعهما صِدَاءٌ۔

(أَصْدَى) الجبلُ: پہاڑ سے آواز کی بازگشت ہونا۔

(صَادَاه): آڑے آنا (۲) دلجوئی کرنا۔

(صَدَّى) فلانٌ بيديه تصديةً: تالی بجانا۔قرآن مجید میں ہے: { وَ مَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً }

(تَصَدَّى) للأَمرِ: توجہ دینا، کسی کام پر لگ جانا۔

– لِفُلَانٍ: سامنا کرنا، سامنے آنا۔قرآن مجید میں ہے: { اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۙ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ؕ } (۲) آڑے آنا، پیچھے پڑنا۔

(الصَّدَى): سخت پیاس (۲) آواز بازگشت۔

– صَمَّ صَدَاه: وہ ہلاک ہو گیا۔

— اَصَمَّ اللہ صداہٗ: اللہ تعالیٰ نے اسے ہلاک کر دیا (ج) أَصْدَاءٌ ۔ (۳) بہترین منتظم و مدبر۔ کہتے ہیں: هُوَ صَدٰى مالٍ (۴) زمانہ جاہلیت کا ایک مفروضہ پرندہ جو مقتول کے سر سے نکلتا تھا اور جب تک اس کے قاتل سے بدلہ نہ لیا جاتا وہ کہتا رہتا: مجھے سیراب کرو، مجھے سیراب کرو (دیکھئے: ھامة)

ص..........ر

(صَرَبَ)(ض) اللَّبَنَ صَرْبًا: دودھ کو برتن میں رکھ کر ترش بنانا۔

—اللَّبَنَ فِي الضَّرْعِ: تھن میں دودھ روکنا۔

—البَوْلَ: پیشاب روکنا۔

(صَرِبَ) (س) اللَّبَنُ ـ صَرَبًا: دودھ کا تھن میں جمع ہوجانا۔

(اصْطَرَبَ) اللَّبَنَ: دودھ کو تھوڑا تھوڑا کر کے اکٹھا کرنا اور ترش بنانے کے لئے چھوڑ دینا۔

(الصَّرْبُ): کھٹا دودھ۔

(الصَّرِيْبُ): سرخ گوند، ببول کا درخت (۲) کھٹا دودھ۔

(المِصْرَبُ): دودھ جمع کرنے اور کھٹا کرنے کا برتن۔

(صَرَّجَ) البناءَ: چونا سرخی کا پلاسٹر کرنا۔

(الصَّارُوْجُ): گچ، چونا سرخی ملا ہوا مسالا (ج)

(صَرَحَ) (ف) الامرَ ـ صَرْحًا: واضح اور ظاہر کرنا۔

(صَرُحَ)(ك) الشيءُ ـ صَرَاحَةً وصُرُوْحَةً: صاف واضح اور بے خلل ہونا۔

هو صَرِيْحٌ (ج) صُرَحاءُ وصِرَاحٌ (ذوی العقول کے لئے) اور صرائح (غیر ذوی العقول کے لئے)

(صَارَحَ) بما في نفسه: دل کی بات ظاہر کرنا۔

—فُلَانًا بالامرِ: کسی کے سامنے کھل کر کوئی بات کہنا۔

(صَرَّحَ) الشيءُ: واضح اور ظاہر ہونا جیسے: صَرَّحَ الحقُّ۔

—الخَمْرُ: شراب کی جھاگ دور ہوکر خالص بنانا۔

—النَّهارُ: بادل چھٹ جانا اور دھوپ نکل آنا۔

—الأَمْرَ: ظاہر کرنا۔

—بالأمرِ: تصریح کرنا، صاف لفظوں میں کہنا۔

(انْصَرَحَ) الامرُ: ظاہر اور واضح ہونا۔

(تَصَرَّحَ) بمعنی انْصَرَحَ۔

— الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب کی جھاگ دور ہو جانا۔

(التَّصْرِيْحُ): سرکاری بیان، پرمٹ، اجازت، ڈیکلریشن (۲) اعلان، اقرار، اقرارنامہ (محدثہ)

(الصُّرَاحُ): خالص۔ جیسے نسبٌ صُرَاحٌ و خمرٌ صِراحٌ تكلّمِ به وصُرَاحًا: صاف صاف بولنا۔

(الصَّرَاحَةُ) في الخَبَرِ: وضاحت، انکشاف، ظہور بے آمیزی صفائی۔

(الصَّرْحُ): بلند و عالی شان محل۔ قرآن مجید میں ہے: {قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ} (۲) بلند و بالا عمارت، سربفلک عمارت۔ قرآن مجید میں ہے: {يٰهَامٰنُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ}

(الصَّرْحَةُ): گھر کا صحن۔

(الصَّرِيْحُ): واضح کھلا ہوا، خالص۔

(صَرَخَ)(ن) ـ صُرَاخًا وصَرِيْخًا: زور زور سے چیخنا، آہ وزاری کرنا (۲) مدد طلب کرنا۔

(أَصْرَخَهٗ): فریاد سننا، مدد کرنا۔

(تَصَرَّخَ): بلا وجہ چیخیں مارنا۔

(اصْطَرَخَ): چیخنا، فریاد کرنا، مدد مانگنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا}

(تَصَارَخُوْا): باہم چیخ و پکار کرنا۔

(اسْتَصْرَخَهٗ): مدد مانگنا، مدد طلب کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ}

(الصَّارِخُ): فریاد رس، مدد مانگنے والا (۲) فریاد کنندہ۔

(الصَّارِخَةُ): فریاد کرنے کی آواز، آہ وزاری۔

(الصَّارُوْخ): راکٹ، میزائل، ایک جدید جنگی ہتھیار، مخروطی شکل کا دھماکہ خیز بم جس میں آتش گیر گیس بھری ہوتی ہے اور اسے دور دراز فاصلوں پر پھینکا جاتا ہے۔

(الصَّرِيْخُ): فریاد (۲) فریاد کنندہ (۳) فریاد رس۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ}

(صَرِدَ) (س) صَرَدًا: ٹھنڈا ہونا۔ جیسے: صَرِدَ اليومُ وصَرِدَ الرجلُ وصَرِدَتِ الرّيحُ۔

—السَّهْمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔

—عَنِ الشيءِ: ہٹنا، الگ ہونا۔ هو صَرِدٌ۔

(أَصْرَدَ) السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔

(صَرَّدَ) الشيءَ: کم کرنا جیسے صَرَّدَ عَطَاءَهٗ۔

—الاناءَ: برتن کو کم بھرنا جس سے سیرابی نہ ہو۔

—فلانًا: ضرورت سے کم پانی پلانا۔

—شُرْبَهٗ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

(الصَّادِرَةُ): ٹھنڈی ہوا (ج) صوارِدُ۔

(الصَّرْدُ): بالکل خالص۔ جس میں کوئی آمیزش نہ ہو۔ جیسے: ذَهَبٌ صَرْدٌ ونبيذٌ صَرْدٌ وحُبٌّ صَرْدٌ ۔ وَجَاءَ وَمَعَه جَيْشٌ صَرْدٌ: اس کے ساتھ ایک ایسا لشکر تھا جس کے سارے افراد ایک ہی خاندان کے تھے (۲) سخت سردی (ج) صُرُوْدٌ۔

(الصُّرَدُ): لٹور (ایک پرندہ)

(الصُّرَدَانِ): زبان کے نیچے کی دو رگیں۔

(الصُّرَّادُ): پرنم ٹھنڈی ہوا۔

(الصَّرِيْدَةُ): وہ بکری جو سردی میں ٹھٹھر گئی ہو (ج) صَرائِدُ۔

(المِصْرَادُ) ارضٌ مِصْرَادٌ: سردی کی وجہ سے مردہ زمین۔

— رجلٌ مِصْرَادٌ: بہت سردی محسوس کرنے والا آدمی۔

— ريحٌ مِصْرَادٌ: سخت ٹھنڈی ہوا (ج) مَصَارِيدُ۔

(صَرَّ) (ن ض) صَرِيْرًا: چوں چوں کرنا' سرسر کرنا جیسے: صَرَّ العصفورُ والجُنْدُبُ و صَرَّ القَلَمُ وصَرَّ البابُ۔
-صَرَّتِ الأُذُنُ: کان بجنا۔
-النَّاقَةَ ونحوهَا وبها صَرًّا: اونٹنی وغیرہ کے تھن کو باندھنا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
-الدَّراهِمَ: روپیہ پیسہ تھیلی میں رکھ کر باندھنا۔
-الصرّةَ: تھیلی کا منہ بند کرنا۔
-وجْهَه: چہرہ یا پیشانی پر بل ڈالنا۔
- الفَرَسُ او الحمارُ او الكلبُ أُذنَه و بأُذنِهِ: سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔
(صُرَّ) النباتُ: پودوں کا سردی سے ٹھٹھر جانا۔
-فلانٌ: ہتھکڑی لگنا هو مَصْرُوْرٌ۔
(أَصَرَّ) على الأَمْرِ: کسی بات پر جمے رہنا' ضد کرنا' برقرار رہنا۔ برائی پر اصرار کے لئے زیادہ مستعمل ہے۔جیسے: اصر على الذنب۔
- السُّنْبُلُ: خوشہ کا دانہ پڑنے سے پہلے خار نکلنا۔
-النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ خشک ہوجانا۔
(صَارَّهُ) على الشيءِ: مجبور کرنا۔
(صَرَّرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھنوں کو خوب مضبوط باندھنا۔
(اصْطَرَّ) الحافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
- جَاءَ فلانٌ يَصْطَرُّ: وہ تنگ ہوکر شور مچاتا ہوا آیا۔
(الصَّارُّ): سایہ دار درخت۔
(الصَّارَّةُ): ضرورت' پیاس (ج)صَوَارُّ۔
(الصَّارُوْرُ): کنوارہ آدمی (۲) غیر حاجی' جس نے حج نہ کیا ہو۔
(الصَّارُوْرَةُ) بمعنی الصَّارُوْرُ۔
(الصِّرَارُ): بچہ کو دودھ پینے سے روکنے کیلئے تھن کے اوپر باندھا جانے والا دھاگا (۲) رکاوٹ' پشتہ جہاں پانی نہ پہنچ سکے (ج)أَصِرَّةٌ۔
(الصِّرُّ): سخت سردی (۲) تیز آواز۔

-رِيحٌ صِرٌّ و رِيحٌ فيها صِرٌّ: یخ بستہ ہوا۔
قرآن مجید میں ہے: { كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ }
(الصَّرَرُ): وہ خوشے جس میں دانہ نہ پڑا ہو۔
(الصَّرَّاءُ)صخرةٌ صَرَّاءُ: چکنی چٹان۔
(الصَّرَّةُ): جماعت (۲) چیخ و پکار (۳) شور وغل (۴) گرمی' تکلیف یا لڑائی کی شدت (۵) ترش روئی۔قرآن مجید میں ہے: { فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ }
(الصِّرَّةُ): زبردست چیخ و پکار (۲) سخت سردی۔
(الصُّرَّةُ): تھیلی' بٹوہ' بیگ (ج)صُرَرٌ
(الصَّرِيْرَةُ): تھیلی میں رکھے ہوئے روپے۔
(المَصَارُّ): آنتیں۔کہتے ہیں: شَرِبَ حَتّٰی مَلأَمَصَارَّهُ۔
(صَرْصَرَ): رک رک کر زور زور سے بولنا۔ جیسے: صَرْصَرَ الرجلُ والبازی۔
- الدَّوابَّ: جانوروں کو ادھر ادھر سے سمیٹ کر یکجا کرنا۔
(الصَّرْصَرُ): رِيحٌ صَرْصَرٌ: ٹھنڈی ہوا یا سخت تیز آواز والی ہوا۔قرآن مجید میں ہے: { وَ اَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۙ }
(الصُّرْصُوْرُ): جھینگر (ج)صَرَاصِيْرُ۔
(الصِّرَاطُ): راستہ۔قرآن مجید میں ہے: { وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ }
(صَرَعَهُ) (ف) ۔ صَرْعًا و مَصْرَعًا: پچھاڑنا' زمین پر پٹخنا۔صَرَعَتْهُ المنيةُ: اسے موت نے آ پکڑا۔
- صَرَعَتِ الريحُ الزَّرْعَ: ہوا نے کھیتی کو اوندھا کردیا۔هو مصروعٌ وصَرِيْعٌ۔
-البابَ: دروازہ کو دو پٹ والا بنانا۔
(صُرِعَ)فلانٌ: مرگی کا مریض ہونا۔مرگی کا دورہ پڑنا۔هو مَصْرُوعٌ۔
(صَارَعَهُ) مُصَارَعَةً وصِرَاعًا: کشتی میں غالب آنا۔

(صَرَّعَهُ): زور سے زمین پر گرانا۔
-البابَ: دروازہ کو کواڑ لگانا۔
- البَيْتَ مِنَ الشِّعْرِ: دو مصرعوں کے قافیے یکساں کرنا۔
(اصْطَرَعَ) القومُ: باہم کشتی کرنا۔ایک دوسرے کو گرانا۔
(تَصَارَعَ)الرَّجُلَانِ: باہم کشتی کرنا۔
(الصَّرْعُ): مرگی (نظام عصبی میں پیدا ہونے والی بیماری جس میں پٹھوں کے اندر تناؤ پیدا ہوجاتا ہے)
- الصَّرْعَانِ: دو کنارے ۔جیسے للأمرِ صَرْعَانِ جئتُه صَرْعَيِ النَّهَارِ: میں اس کے پاس صبح و شام آیا۔هو ذوصَرْعَيْنِ: وہ دو رُخ ہے۔
(الصِّرْعُ): مانند' مثل (۲) کسی چیز کی قسم' نوع۔ کہتے ہیں: ما ادرى على أيّ صِرْعَيْ امرِهِ هو: مجھے نہیں پتا وہ کس ڈھنگ کا ہے (ج) صُرُوْعٌ ۔(۳) پہلوان' کشتی کرنے والا۔هما صِرْعانِ۔
(الصُّرَعَةُ): بہت پچھاڑا جانے والا۔
(الصُّرَعَةُ): بہت پچھاڑنے والا ۔جیسے: رجُلٌ صُرَعَةٌ وقومٌ صُرَعَةٌ۔
(الصَّرِيْعُ): پچھڑا ہوا' نیم مردہ۔ کہتے ہیں: بَاتَ صَرِيْعَ الكَأْسِ: اس نے نشہ میں رات گزاری (۲) مجنون' دیوانہ (ج)صَرْعَى۔
(المُصَارَعَةُ): کشتی' دنگل (محدثہ)
(المِصْرَاعُ): کواڑ' دروازہ کا پٹ (۲) شعر کا ایک مصرع' پہلے مصرع کو صدر اور دوسرے کو عجز کہتے ہیں (ج) مَصَارِيْعُ۔
(صَرَفَ) (ض) البابُ او القَلَمُ و نحوهما صَرِيْفًا: سرسر کرنا' آواز نکلنا۔
-نَابُه وبِنَابِه: دانت کی آواز نکلنا۔
- الشيءَ صَرْفًا: ہٹانا جیسے: صَرَفَ الأَجِيْرَ مِنَ العَمَلِ والغُلَامَ من المكْتَبِ: چھٹی دے دینا۔
-المالَ: خرچ کرنا۔

-النَّقْدَ بمثله: تبدیل کرنا، سکہ بدلنا۔
-الكلامَ: کلام کو مزین کرنا۔
-الشَّرابَ: بلا آمیزش رکھنا۔
(أَصْرَفَ) الشَّرابَ: خالص شراب پیش کرنا۔
(صَارَفَ) نَفْسَه عَنِ الشيئِ: خود کو کسی چیز سے ہٹانا۔
(صَرَّفَ) الأَمْرَ: تدبر کرنا (۲) بیان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ لَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ}
-الألفاظ: بعض الفاظ کو بعض سے مشتق کرنا۔
-الشَّرابَ: بے آمیزش رکھنا۔
-الشيئَ: بالکل بدل دینا، بالکل ہٹا دینا۔
(اصْطَرَفَ): روزی کمانے کی کوشش کرنا۔
(انْصَرَفَ) عَنْه: ہٹنا، الگ چھوڑنا۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ}
(تَصَرَّفَ) فلانٌ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں اختیار چلانا۔
-لعياله: اہل وعیال کے لئے روزی کمانا۔
- بِهِ الأحوالُ: کسی کے حالات الٹ پلٹ جانا۔
(استَصْرَفَ) اللهُ المكارِهَ: اللہ سے مصائب دور کرنے کی درخواست کرنا۔
(تَصَارِيْفُ) الأُمُوْرِ: معاملات کا الٹ پھیر۔
-تَصارِيْفُ الرِّياحِ: ہواؤں کی گردش۔
(الصَّارِفُ): دانت۔ مَا فِيْ فمه صَارِفٌ اس کے منہ میں کوئی دانت نہیں۔
(الصَّرَّافُ): سکے تبدیل کرنے والا (۲) کیشئر خزانچی۔
(الصِّرَافَةُ): سکوں کی تبدیلی کا کام۔
(الصَّرْفُ): صَرْفُ الدَّهْرِ: گردش زمانہ (ج) صُرُوْفٌ (۲) شرح مبادلہ (۳) وہ علم جس کے ذریعہ کلمات کے صیغوں اور اشتقاقات سے بحث کی جائے۔ علم الصرف (۴) نحاۃ کے نزدیک اسم کے اخیر میں تنوین لاحق ہونے کو کہتے ہیں جس سے وہ اسم متمکن ہو جاتا ہے۔
(الصَّرْفانِ): دن، رات۔
(الصِّرْفُ): خالص، بغیر ملاوٹ کا۔
-شَرابٌ صِرْفٌ: خالص شراب۔
(الصَّرِيْفُ): خالص چاندی (۲) خالص شراب (۳) تازہ نکالا ہوا دودھ۔
(الصَّيْرَفُ): سکے تبدیل کرنے والا صراف (۲) امور کا تجربہ کار منتظم (ج) صيارِفُ و صَيَارِفَةٌ۔
(الصَّيْرَفِيُّ) بمعنی الصَّيْرَفُ۔
(المَصْرِفُ): واپسی (۲) بنک (۳) برساتی پانی کی نالی۔
(صَرَمَه) (ض) صَرْمًا: کاٹنا، جیسے صَرَمَ الحَبْلَ۔
-الشَّجَرَ والنَّخْلَ: پھل توڑنا۔
-فلانًا: چھوڑ دینا۔
- وصْلَهُ: قطع تعلق کرنا۔ هو مصرومٌ و صَرِيْمٌ۔
(صَرُمَ) (ك) السَّيْفُ صَرَامَةً و صُرُوْمَةً: تیز دھار والی ہونا۔
- فلانٌ: پختہ عزم اور سخت مزاج والا ہونا۔ هو صارمٌ و صَرُوْمٌ۔
(أَصْرَمَ) النَّخْلُ والشَّجَرُ: پھل توڑنے کا وقت آ جانا۔
(صَارَمَهُ): قطع تعلق کرنا۔
(صَرَّمَهُ): ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
- النَّاقَةَ: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے اس کے دو تھن کاٹ دینا۔
-الليلُ: رات گزر جانا۔
(الشِّتاءُ): موسم ختم ہو جانا۔
(تَصَارَمَا): باہم قطع تعلق کرنا۔
(تَصَرَّمَ): کٹ جانا۔
-الليلُ: رات گزر جانا۔
-فلانٌ: دلیر بننا، مستقل مزاج ہونا۔
(الصَّارِمُ) سيفٌ صَارِمٌ: تیز کاٹنے والی تلوار۔ رجلٌ صَارِمٌ: بہادر، مستقل مزاج آدمی۔
(الصِّرَامُ): پھلوں کی اترائی (۲) پھل توڑنے کا وقت۔
(الصَّرَّامُ): چمڑہ فروش (۲) جفت فروش۔ موزے فروش۔
(الصَّرْمُ): چمڑہ۔
(الصِّرْمُ): ٹکڑا، حصہ (۲) الگ تھلگ رہنے والی جماعت (۳) تلا لگا ہوا موزہ (ج) أَصْرَامٌ و صُرْمَانٌ۔
(الصِّرْمَةُ): ایک کھجور کا درخت (۲) ایک اونٹ (۳) بادلوں کی ایک ٹکڑی۔
(الصَّرِيْمُ): وہ درخت جس کے پھل توڑ لئے گئے ہوں۔ جیسے شَجَرٌ صَرِيْمٌ۔ ارضٌ صَرِيْمٌ: وہ جگہ جہاں سے پھل توڑ لئے گئے ہوں، (۲) توڑے ہوئے پھلوں کا ڈھیر (۳) دن یا رات کا ایک حصہ۔
(الصَّرِيْمَةُ) بمعنی الصَّرِيْمُ (۲) ارادہ کی پختگی (۳) قطع تعلق۔
(صَرَى) (ض) الرَّجُلَ صَرْيًا: کسی کو اس کے ارادہ سے روکنا۔
- النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھن میں دودھ روکنا۔ کہتے ہیں: صَرَى الماءَ واللَّبَنَ والدَّمْعَ: روکے رکھنا، اپنی جگہ سے نہ ہلنے دینا۔
- النَّاقَةُ عُنُقَهَا: بوجھ کی وجہ سے اونٹنی کا گردن کو اٹھانا۔
(صَرِيَتْ) (س) النَّاقَةُ و نحوُها صَرًى: اونٹنی کے تھن کا دودھ سے بھرنا۔ هي صَرِيَةٌ و صَرْيَا (ج) صَرَايَا۔
- الماءُ واللَّبَنُ: زیادہ دیر ٹھہرنے کی وجہ سے خراب ہو جانا۔
- الدَّمْعُ: آنسوؤں کا آنکھ میں رکے رہنا۔ هو صَرٍ۔
- فلانٌ فِي يدِ فُلانٍ: کسی کا کسی کے قبضہ میں بطور یرغمال رہنا۔

ص

(أَصَرَّت) النَّاقَةُ: اونٹنی کے دودھ کا تھن میں جمع ہونا۔
-النَّاقَةَ: تھن میں دودھ روکنا۔
(صَرّٰی) النَّاقَةَ: تھن میں دودھ روکنا۔
(الصَّارِیْ): بادبان باندھنے کا بانس (ج) صَوَارٍ (۲) ملاح (ج) صُرَّاءُ۔
(الصَّارِيَةُ): وہ کنواں جس کا پانی زیادہ ٹھہرنے کی وجہ سے سڑ گیا ہو (۲) ستون یا بانس وغیرہ جس کے ساتھ کشتی کا بادبان باندھا گیا ہو۔
(الصَّرِّی): زیادہ دیر رکھنے سے خراب ہو جانے والی چیز۔ جیسے: لَبَنٌ صَرّٰی۔
(المُصَرَّاةُ): دودھ دینے والا جانور جس کا دودھ تھن میں روک دیا گیا ہو۔

ص............ط

(الأُصْطُبَّةُ): کتان کا پرانا ٹکڑا۔
(المِصْطَبُ): لوہار کا اہرن۔ وہ موٹا لوہے کا ٹکڑا جس پر لوہے کو رکھ کر کوٹا جاتا ہے (ج) مصاطبُ۔
(المِصْطَبَةُ): چبوترہ (ج) مَصَاطِبُ۔

ص............ع

(صَعُبَ) (ك) صُعُوْبَةً: مشکل و دشوار ہونا۔
-الرجلُ والدَّابَّةُ: سرکش ہونا۔
(أَصْعَبَ) الامرُ: دشوار و مشکل ہونا۔
-الرَّجُلَ: مشکل پیش آنا۔
-الشيءَ: مشکل پانا۔
(صَعَّبَهُ): مشکل بنانا۔
(تَصَعَّبَ): مشکل و دشوار ہونا۔
-الأَمْرَ: مشکل سمجھنا۔
(اِسْتَصْعَبَ) الأَمْرُ: دشوار و مشکل ہونا۔
-الأَمْرَ: مشکل سمجھنا۔
(الصَّعْبُ): مشکل، دشواری (۲) خود دار آدمی۔ ھی صَعْبَةٌ۔
-عَقبةٌ صَعْبَةٌ: دشوار گزار گھاٹی۔
-حَیَاۃٌ صَعْبَةٌ: سخت زندگی (ج) صِعَابٌ۔
(الصَّعْبَةُ) العملةُ الصَّعْبَةُ: ہارڈ کرنسی وہ سکہ جس کی قیمت محفوظ رکھنے کی بنا پر اس کی تحویل مشکل ہو (مج)
(المُصْعَبُ): سردار (۲) وہ اونٹ جس پر سواری چھوڑ دی گئی ہو (ج) مَصَاعِبُ۔
(صَعِدَ) (س) صُعُوْدًا: چڑھنا۔ جیسے: صَعِدَ الجَبَلَ وصَعِدَ السُّلَّمَ وفیه وعلیه۔
- الیه: اوپر پہنچنا۔ قرآن مجید میں ہے: { اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ }
(أَصْعَدَ): اوپر چڑھنا۔ جیسے: اَصْعَدَ فی الأَرْضِ۔
- فی العَدْوِ: تیز دوڑنا۔ قرآن مجید میں ہے: { اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ }
- فی الوادِی: سیلاب کے راستہ میں اوپر سے نیچے کو آنا۔
- السَّفینةُ: کشتی کے بادبان میں ہوا کا بھر جانا اور کشتی کو لے کر چلنا۔
(صَعَّدَ) فی الجَبَلَ وعلیه وعلی الدَّرَجَةِ: چڑھنا۔
-فیهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے تک جائزہ لینا۔
-الشَّرَابَ: شراب کو آگ پر رکھ کر اس کا رنگ اور ذائقہ بدلنا۔
- السائلَ: مائع چیز کو حرارت دے کر بھاپ میں تبدیل کرنا (مج)
-الحَرْبَ: لڑائی تیز کرنا (محدثہ)
(تَصَاعَدَ) یَتَصَاعَدُ و یَصَّاعَدُ: اوپر چڑھنا۔
-الامْرُ: کوئی بات شاق و دشوار ہونا۔
(تَصَعَّدَ) یَتَصَعَّدُ و یَصَّعَّدُ بمعنی تَصَاعَدَ۔
-فی الشَّيءِ: دشواری اور مشکل سے چڑھنا۔ قرآن مجید میں ہے: { كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ }
-النَّفَسُ: سانس مشکل سے آنا۔
-الشيءُ الرَّجُلَ: انتہائی مشقت میں ڈالنا۔
(الصَّاعِدُ): زائد۔ جیسے: بَلَغَ کذا فصاعدًا
(الصَّعَدُ): مشکل، دشواری۔
-عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔ قرآن مجید میں ہے: { يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا }
(الصُّعُدُ): هٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُو صُعُدًا: یہ پودا لمبائی میں بڑھ رہا ہے۔
(الصُّعَدَاءُ): مشقت۔ تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ: گہرا لمبا سانس لینا۔
(الصَّعْدَةُ): سیدھا نیزہ (۲) بانس (ج) صِعَادٌ۔
(الصَّعُوْدُ): مشقت، دشواری۔ قرآن مجید میں ہے: { سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا } (۲) دشوار گزار گھاٹی (۳) چڑھتا ہوا راستہ (ج) أَصْعِدَةٌ و صُعُدٌ و صَعَائِدُ۔
(الصَّعُوْدَاءُ): دشوار گزار گھاٹی۔
(الصَّعِیْدُ): سطح زمین (۲) مٹی۔ قرآن مجید میں ہے: { فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا } (۳) اونچی زمین (۴) کشادہ جگہ (ج) صُعُدَانٌ و صُعُدٌ۔
(المِصْعَادُ): چڑھنے کا ذریعہ (۲) لفٹ (مج)
(المِصْعَدُ) بمعنی المِصْعَادُ (ج) مَصَاعِدُ۔
(صَعِرَ) (س) صَعَرًا: گردن یا منہ کا بیماری کی وجہ سے ٹیڑھا ہونا۔
-فلانٌ: تکبر کی وجہ سے منہ پھیرنا۔
- رأسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔ ھو اَصْعَرُ وھی صَعْرَاءُ (ج) صُعْرٌ۔
(أَصْعَرَ) خَدَّهُ: تکبر کی وجہ سے رخسار کو ٹیڑھا کرنا۔
(صَاعَرَ) بمعنی أَصْعَرَ۔
(صَعَّرَ) خَدَّهُ: تکبر یا خود پسندی کی وجہ سے گال کو ٹیڑھا کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: { وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ }
(تَصَاعَرَ) و (تَصَعَّرَ): رخسار کو ٹیڑھا کرنا۔
(اِصْعَرَّتْ) الدَّابَّةُ: جانور کا تیز چلنے کی وجہ سے ادھر ادھر ڈولنا۔
(الصَّعَرُ): گردن کا ٹیڑھا پن، جس کی وجہ سے دائیں بائیں دیکھنا مشکل ہوتا ہے (مج)
(صَعْصَعَ) الرَّجُلُ صَعْصَعَةً و صَعْصَاعًا: ڈرنا، مضطرب ہونا (۲) شور کرنا، چیخنا۔
-القومَ: ڈرانا اور شیرازہ بکھیرنا۔
-رَاسَهُ بالدُّهْنِ: تیل لگانا۔

(تَصَعْصَعَ) الرَّجُلُ: ذلیل ورسوا ہونا۔
–القومُ: ڈرنا' منتشر ہونا۔
–صفوفهمْ: صفوں کا درہم برہم ہونا۔
–بهم الدَّهْرُ: تتر بتر کر دینا' تباہ و برباد کر دینا۔
(الصَّعْصَعُ): متفرق و منتشر۔
(صَعْفَقَ): بدن کا پتلا و کمزور ہونا۔
(الصَّعْفَقُ): بازار میں بے پیسہ گھومنے والا' دوسرے تاجر کی خریداری میں دخل انداز ہونے والا (ج) صَعَافِقَةٌ و صَعَافِيْقُ۔
(الصَّعْفُوقُ) بمعنی الصَّعْفَقُ (ج) صَعَافِيْقُ۔
(صَعَقَتْهُمْ)(ف) السَّماءُ صَعْقًا: آسمان کا کسی پر بجلی گرانا۔
–الصَّاعِقَةُ القَوْمَ: لوگوں پر بجلی گرنا۔
– التَيَّارُ الكهربيّ فُلَانًا: کرنٹ لگنا' بجلی کا کسی کو شاک مارنا (مج)
(صَعِقَ) (س) الحَيَوانُ ،صَعَقًا وصَعْقًا و صُعَاقًا: آواز بلند ہونا۔ جیسے: صَعِقَ الحمارُ و صَعِقَ الثورُ۔
– الرَّجُلُ: کسی پر بجلی گرنا (۲) بے ہوش ہو جانا (۳) ہلاک ہو جانا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ } هو صَعِقٌ وهي صَعِقَةٌ۔
(صُعِقَ): بجلی لگنا۔ هو مصعوقٌ۔
(أَصْعَقَهُ) بمعنی صَعَقَهُ۔
(الصَّاعِقَةُ): آسمان سے برسنے والی آگ (۲) ہلاک کرنے والا عذاب قرآن مجید میں ہے: { وَ يُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ } (۳) آسمان سے گرنے والی کڑکدار بجلی۔
– مانعةُ الصواعِقِ: بجلی سے بچاؤ کا لوہے کا ستون جو عمارتوں پر لگایا جاتا ہے (مج)
(الصَّعِقُ): سخت اور گرجدار آواز (۲) بے ہوش (۳) بجلی گرنے کی توقع رکھنے والا۔
(صَعِلَ) (س) صَعَلًا: چھوٹے سر اور پتلی گردن والا ہونا ۔هو أَصْعَلُ وهي صَعْلَاءُ (ج) صُعْلٌ۔

(اصْعَالَّ) بمعنی صَعِلَ۔
(الصَّعْلُ): لمبا (۲) چھوٹے سر اور پتلی گردن والا۔
(الصَّعْلَةُ): بدن کا ہلکا اور دبلا پن (۲) کھجور کا لمبا درخت جس میں ٹیڑھ ہو اور اس کی شاخوں پر پتے نہ ہوں۔
(صَعْلَكَ) فلانًا: غریب و محتاج بنانا۔
– البَقْلُ الدَّوابَّ: سبزیوں کا جانوروں کو موٹا کر دینا۔
(تَصَعْلَكَتِ) الإِبِلُ: اونٹوں کے بال جھڑ جانا۔
– الرَّجُلُ: فقیر و محتاج ہو جانا۔
(الصُّعْلُوكُ): فقیر و محتاج (ج) صَعَالِيكُ۔
۔صَعَاليك العَرَبِ: عرب کے خون ریز غریب لوگ۔
(المُصَعْلَكُ): رأس مصعلك: چھوٹا گول سر۔

ص.........غ

(صَغَرَهُ) (ن) وصَغْرًا: عمر میں کسی سے چھوٹا ہونا ۔جیسے هو يصغرني بسنةٍ واحدةٍ۔
(صَغُرَ)(ك)صِغَرًا: جسامت یا عمر کے اعتبار سے چھوٹا ہونا۔ هو صغيرٌ (ج) صِغَارٌ۔
(أَصْغَرَ): چھوٹا کام یا چھوٹی بات کرنا۔
– الارضُ: زمین کا چھوٹے پودوں والی ہونا۔
–فُلَانًا: حقیر و ذلیل کرنا۔
(صَغَّرَهُ): چھوٹا کرنا (۲) حقیر و ذلیل کرنا۔
(تَصَاغَرَ) فلانٌ: چھوٹا بننا' چھوٹوں جیسا طرز اختیار کرنا۔
– اليهِ نَفْسُهُ: کسی کا اپنی نظر میں چھوٹا اور بے وقعت ہونا۔
(اسْتَصْغَرَ): چھوٹی چیز طلب کرنا۔
–الشيْءَ: چھوٹا شمار کرنا۔
(الأَصْغَرُ): سب سے چھوٹا' بہت چھوٹا (اسم تفضیل) (ج) أَصَاغِرُ وأَصْغَرُوْنَ وهي

صُغْرَى (ج) صُغَرٌ صُغْرَيَاتٌ۔
– الأَصْغَرَانِ: دل و زبان ۔جیسے کہاوت ہے: (المَرءُ بأَصْغَرِيه: قلبه ولسانه)
(التَّصْغِيْرُ): علم الصرف میں تحقیر و تمليح وغیرہ مقاصد کے لئے اسم کے دوسرے حرف کے بعد یا ساکن بڑھانے اور کچھ تبدیلی کرنے کا نام تصغیر ہے۔جیسے: قَمَرٌ سے: قُمَيْرٌ اور كتابٌ سے كُتَيِّبٌ۔
(الصُّغَارُ): چھوٹا۔
(الصَّغِيْرَةُ): چھوٹا گناہ (ج) صَغَائِرُ۔
(صَغَا)(ن) وصَغْوًا: جھکنا' مائل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: { اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا }
–الشمسُ والنجومُ: قریب الغروب ہونا۔
–فلانٌ: ایک پہلو کی طرف جھکا ہوا ہونا (۲) کسی کے ایک پہلو میں جھکاؤ ہونا۔
– إِلى القومِ: کسی کی خواہشات کا کسی کے مطابق ہونا۔
– على القومِ: خواہشات کا کسی قوم کے مخالف ہونا۔
(صَغِيَ) (س) صَغًى: مائل ہونا' جھکنا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَ لِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْئِدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ . . . }۔
(أَصْغَى) إلى فلانٍ: کسی کی طرف دھیان دینا۔
– اليه برأسه و بأُذُنِهِ: کسی کی بات سننے کے لئے کان لگانا۔
– الاناءَ: پانی بہانے کے لئے برتن کو جھکانا۔
(صَاغِيَةُ)الرَّجُلِ: تبعین' مصاحبین' مریدین' معتقدین۔
(الصِّغْوُ): چمچہ یا ہتھیلی وغیرہ کا گہرا حصہ۔

ص.........ف

(صَفَحَ) (ف) عَنْه صَفْحًا: اعراض کرنا' منہ پھیرنا۔
–عَنْ ذنبِه: صاف کرنا' درگذر کرنا۔

-فلانًا عن حاجتہ: کسی کی ضرورت پوری نہ کرنا۔
-القومَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا۔
-ورقَ الکتابِ: ایک ایک ورق دیکھنا۔
-الشيءَ: چوڑا کرنا' پھیلانا۔
-فلانًا بالسّیفِ: کسی کو چوڑائی کی طرف سے تلوار مارنا۔
(صَفِحَتْ) (س) جَبْهَتُهٗ صَفَحًا: چہرہ کا بہت پھیلا ہوا ہونا۔ھو أَصْفَحُ وھی صَفْحَاءُ (ج) صُفْحٌ۔
(أَصْفَحَ) الشيءَ: پلٹنا۔
- فلانًا عن الحاجةِ: کسی کی ضرورت پوری کئے بغیر واپس بھیجنا۔
(صَافَحَهٗ): مصافحہ کرنا' ہاتھ ملانا۔
(صَفَّحَ) الشيءَ: چوڑا بنانا۔
-بیدیہ: تالی بجانا۔
-الشيءَ: فولاد یا معدنیات کی چادر یا پتھر چڑھانا (محدثہ)
(تَصَافَحَا): باہم مصافحہ کرنا۔
(تَصَفَّحَ) الشيءَ: غور سے دیکھنا۔جیسے تَصَفَّحَ الکتابَ۔
- القومَ: کسی خاص فرد کو پہچاننے کے لئے لوگوں کو غور سے دیکھنا یا لوگوں کو ان کے معاملات جاننے کے لئے دیکھنا۔
(اسْتَصْفَحَ) فلانًا: معافی چاہنا۔
-فلانًا ذنبہ: غلطی کی معافی چاہنا۔
(الصِّفَاحُ) لَقِیَہٗ صِفَاحًا: میں اسے اچانک یا آمنے سامنے ملا۔
(الصَّفْحُ): معافی (۲) جانب' پہلو۔گوشہ جیسے: صَفْحُ الجَبَلِ۔
- صَفْحُ السَّیفِ والوجهِ: تلوار یا چہرہ کی چوڑی سطح' رخسار (ج) صِفَاحٌ وأَصْفَاحٌ۔
ضَرَبَ عنه صَفْحًا: اس نے اعراض کیا' منہ پھیرا۔
(صَفْحَةُ) الشيءَ: جانب' طرف' سامنے کا حصہ۔

-صفحةُ الورقِ: ورق کا ایک رخ' صفحہ۔
-صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔
أَبْدٰی صَفْحَتَه: اس نے اپنے گناہ اور خطا یا ظاہر کر دیئے۔حدیث میں ہے: (مَنْ أَبْدٰی لنا صفحته أقمنا علیه الحَدَّ)
-الصَّفْحَتَانِ: دونوں رخسار۔
(الصَّفَّاحُ): پتلے چوڑے پتھر۔
(الصَّفُوْحُ): کریم وروادار' عفو ودرگزر سے کام لینے والا۔
- اِمْرَأَةٌ صَفوحٌ: بے مروت اور لاپرواہ عورت۔
(الصَّفِیحُ): ہر چوڑی چیز کی سطح (۲) پتھر کی سل (۳) ٹن یا معدنیات یا فولاد کی چادر (محدثہ) (ج) صَفَائحُ وصفاحٌ وصفیح۔
-صفیحةُ الوجهِ: چہرہ کی جلد۔
-صفائحُ البابِ: دروازہ کے تختے۔
(المُصَفَّحُ): وہ چیز جس پر لوہے وغیرہ کی چادر چڑھی ہوئی ہو (۲) جس پر چوڑا چکلا پتھر لگا ہوا ہو۔
-أنفٌ مُصَفَّحٌ: ہموار ومعتدل بانسہ والی ناک۔
(المُصَفَّحَةُ) السَّیارةُ المُصَفَّحَةُ: بکتر بند گاڑی' زرہ پوش موٹر۔(محدثہ)
(صَفَدَهٗ)(ض) صَفْدًا: باندھنا' ہتھکڑی لگانا' لوہے سے باندھنا۔
(أَصْفَدَهٗ) بمعنی صَفَدَهٗ (۲) کسی کو اتنا مال دینا کہ وہ مقید ہوجائے۔
(صَفَّدَهٗ): خوب زور سے باندھنا۔
(الصِّفَادُ): ہتھکڑی' بیڑی۔
(الصَّفَدُ): ہتھکڑی' بیڑی۔ (ج) أَصْفَادٌ قرآن مجید میں ہے: { مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ } (۲) بخشش' عطاء۔
(صَفَرَ)(ض) صَفِیْرًا: سیٹی بجانا۔
-بِہٖ: سیٹی بجا کر بلانا۔
(صُفِرَ): بھوکا ہونا (۲) پیٹ میں کیڑے یا صفراء جمع ہونا۔ھو مصفورٌ۔

(صَفِرَ) (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا: خالی ہو جانا۔جیسے: صَفِرَ البیتُ من المتاعِ و صفر الإناءُ من الشراب و صَفِرَتْ یَدُهٗ من المالِ۔ھو صَفِرٌ۔
(أَصْفَرَ) الشيءُ: خالی ہونا۔
-فلانٌ: فقیر ہونا۔
-الشيءَ: خالی کرنا۔
(صَفَّرَ): سیٹی بجانا۔
-لہ: سیٹی بجا کر بلانا۔
-الشيءَ: زرد رنگ میں رنگنا۔جیسے: صَفَّرَ الثوبَ ونَحْوَهٗ۔
- الزَّرْعُ: کھیتی کے پتوں کا زرد ہو جانا اور کھیتی کے کاٹنے کا وقت ہو جانا۔ھو أَصْفَرُ و ھی صَفْرَاءُ (ج) صُفْرٌ۔
(الأَصْفَرُ): سونا۔
-بنو الأَصْفَرِ: ایشائے کوچک اور قسطنطنیہ میں رہنے والے رومی باشندوں کا لقب۔
(الأَصْفَرَانِ): سونا اور زعفران۔
(الصِّفَارُ): جانور کے دانتوں میں لگی ہوئی گھاس پھس وغیرہ۔
(الصَّفَارُ): سیٹی' سیٹی کی سی آواز۔جیسے: فی کلامِہٖ صُفارٌ (۲) پیٹ کے کیڑے (۳) پیٹ میں جمع ہوجانے والا زرد پانی (۴) بیماری یا کمزوری کی وجہ سے نمایاں ہونے والی زردی۔
(الصُّفَارَةُ): مرجھایا ہوا پودا۔
(صَفَرٌ): آٹھواں قمری مہینہ' صفر۔
(الصُّفْرُ): پیتل (۲) خالی (جس میں کچھ نہ ہو' اس میں واحد وجمع برابر ہیں) کبھی اصفارٌ بطور جمع استعمال کرتے ہیں۔نیز مفرد کے لئے بھی آتا ہے جیسے: إناءٌ اصفارٌ۔
(الصِّفْرُ): خالی (۲) حساب میں عدد سے خالی رتبہ' صفر۔
- درجةُ الصِّفرِ: کسی چیز کا نقطہ آغاز جہاں سے درجات مقرر کئے جاتے ہیں۔
-ساعة الصفر: (دیکھئے: ساعة)

(الصَّفَرُ): بھوک (۲) پیٹ کے کیڑے، (۳) یرقان کی بیماری۔

(الصِّفْرَاءُ): سونا (۲) صفراوی مادہ' جسم کے مزاجوں میں سے ایک مزاج' اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط۔ پتا۔

(الصَّفَّارُ): پیتل کے برتن بنانے والا۔

(الصَّفَّارَةُ): سیٹی' جس کو پھونک مار کر بجایا جائے۔

(الصُّفْرِيَّةُ): عراق میں خارجیوں کا ایک فرقہ جو اموی دور تک رہا۔

(الصَّفِيرُ): سیٹی' ہونٹوں سے نکلنے والی باریک آواز جیسے سین' زاء اور صاد کے ادا کرتے وقت نکلتی ہے۔

(صَفْصَفَ): تنہا بیابان میں چلنا۔

—العُصْفُورُ: چڑیا کا چہچہانا۔

(الصَّفْصَافُ): بید کا درخت۔

(الصَّفْصَفُ): ہموار زمین جس میں نبات نہ ہو۔ قرآن میں ہے: { فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا } (۲) جنگل بیابان۔

(الصُّفْصُفُ): چڑیا (ج) صَفَاصِفُ۔

(صَفَعَهُ)(ف) صَفْعًا: تھپڑ مارنا۔ طمانچہ رسید کرنا۔

(صَفَّ) (ن) القَوْمُ صَفًّا: صف بندی کرنا ایک صف میں کھڑے ہونا۔

—الطيرُ في السماءِ: پرندہ کا دونوں بازو پھیلا کر اڑنا۔ هي صَافَّةٌ (ج) صَافَّاتٌ و صوافٌّ قرآن مجید میں ہے: { أَوَ لَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَٰفَّٰتٍ }

—الشيءَ: ترتیب سے لگانا۔

— الابلَ: اونٹوں کا ٹانگوں کو پھیلانا۔ ایک قطار میں رہنا۔ قرآن مجید میں ہے: { فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ }

—القَوْمَ: جنگ وغیرہ میں قطار میں کھڑا کرنا۔

— اللحمَ: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا (۲) گوشت کے پارچوں کو پتھر پر سینکنا۔ هو صَفيفٌ۔

(أَصَفَّهُ): کسی کے لئے سایہ دار جگہ بنانا۔

—الاريكةَ او البيتَ: چبوترہ یا مکان کو چھت دار بنانا۔

—السَّرجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

(صَافَّ) الجَيْشُ عدوَّهُ: لشکر کا صف میں دشمن سے مقابلہ کرنا۔

— القائدُ جندهُ: کمانڈر کا سپاہیوں کو لائنوں میں کھڑا کرنا۔

(صَفَّفَهُ): مرتب کرنا' خوب جمانا۔

— المرأةُ شَعْرَهَا: عورت کا بالوں کی پٹی جمانا' مانگ نکالنا۔

(اصْطَفَّ): لازم صَفَّه۔

(تَصَافُّوا): ایک دوسرے کے مقابلہ میں صف آراء ہونا۔

—عَلَى كَذَا: کسی بات پر متفق ہونا۔

(الصَّفُّ): قطار' لائن' صف (۲) صف بستہ لوگ۔ قرآن مجید میں ہے: { إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ } (۳) مدرسہ یا سکول کی کلاس' تعلیمی درجہ (محدثۃ) (ج) صُفُوفٌ۔

(الصِّفَفُ): زرہ کے نیچے پہنے جانے والے کپڑے۔

(الصُّفَّةُ): سایہ' سائبان (۲) بلند چھت کا کشادہ کمرہ (۳) مسجد نبوی میں وہ سایہ دار جگہ جہاں غریب مہاجر صحابہ کرامؓ بغرض تعلیم قیام فرمارہتے تھے' اور نبی اکرم ﷺ ان کی تربیت فرماتے تھے اور انہی کو اصحاب صفہ کہا جاتا ہے۔

(الصَّفِيفُ): گوشت کے وہ ٹکڑے جو دھوپ میں سکھانے یا آگ پر بھوننے کے لئے رکھے گئے ہوں۔

(صَفَقَ) (ض) الشيءَ صَفْقًا و صَفْقَةً و تَصْفَاقًا: کسی چیز پر اتنے زور سے ضرب لگانا کہ اس کی آواز سنی جائے۔

— الريحُ الثَّوْبَ والشَّجَرَ والمَاءَ: ہوا کا کپڑے' پانی اور درخت سے ٹکرا کر آواز پیدا کرنا۔

— الطَّائِرُ جناحيهِ وبهما: پرندہ کا پروں کو حرکت دینا۔

—العُودَ: سارنگی بجانا۔

—البَابَ: دروازہ کو زور سے بند کرنا۔

—الشَّرَابَ: شراب کو ہلا کر ملانا۔

—القَدَحَ: پیالہ کو بھرنا۔

— البَيْعَ: فروخت کا معاملہ کرنا' عربوں کا رواج تھا کہ جب بیع کا نفاذ کرتے تو ایک شخص دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا اور اس سے لوگ سمجھتے تھے کہ بیع مکمل ہوگئی۔

(صَفُقَ) (ك) الثوبُ صَفَاقَةً: کپڑے کا دبیز اور ٹھکا ہوا ہونا۔

—الوجهُ: بےحیاء ہونا۔ هو صفيقٌ۔

(أَصْفَقَ) القومُ عَلَى كذا أَوْلَهُ: کسی بات پر متحد اور متفق ہونا۔

—عَنه: پھر جانا۔

— فلانٌ الشيءَ والبَابَ و القدحَ و الشَّرَابَ: زور سے بند کرنا' زور سے ہلانا' تھپکی دینا۔

— الناسِجُ الثَّوْبَ: کپڑے کو دبیز اور ٹھکا ہوا بنانا۔

(صَافَقَ): پہلو کے بل سونا۔ صَافَقَ بَيْنَ جنبيهِ: کروٹیں بدلنا۔

— بين ثوبين: ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے پر پہننا۔

(صَفَّقَ): مبالغہ صَفَقَ زور زور سے ہاتھ مارنا۔

— بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔ کہاوت ہے: (يَدٌ وَحْدَهَا لاتصفّق) ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی یعنی تعاون دونوں جانب سے کیا جاتا ہے۔

(اصْطَفَقَ): لازم صَفَقَهُ۔

— الشيءُ: ہلنا' تھرکنا' حرکت کرنا۔ جیسے: اصْطَفَقَتِ الأَشْجَارُ و اصطفق العودُ: سارنگی کی آواز آنا۔

–البَحْرُ: سمندر کی موجوں کا جوش مارنا۔
–النّاسُ: لوگوں کا پریشان و بے چین ہوجانا۔
– المجلسُ بالقومِ: مجلس میں لوگوں کی ہلچل ہونا۔
(انْصَفَقَ): لازم صَفَقَه۔
–القَوْمُ: لوگوں کا کسی جانب متوجہ ہونا۔
(تَصَافَقَ) البَائِعُ والمُشْتَرِيْ: سودے کو آخری شکل دینا۔
(تَصَفَّقَ): کروٹیں بدلنا۔
–الدَّابَّةُ: دردِزہ کے وقت لوٹ پوٹ ہونا۔
–للأَمْرِ: کسی کام کے پیچھے پڑے رہنا۔
(الصِّفَاقُ): جلد کے اوپر نیچے کی جھلی (۲) کھال اور آنتوں کے درمیان کی جھلی (ج) صُفُقٌ۔
(الصَّفَّاقُ): سودے باز بڑا سوداگر۔
– الدِّيْكُ الصَّفَّاقُ: بانگ دیتے وقت پروں کو پھڑ پھڑانے والا مرغا۔
(الصَّفْقُ): خرید و فروخت (۲) پہلو۔جیسے صَفْقَا الإنسانِ: انسان کے دو پہلو۔صَفْقَا العُنُقِ: گھوڑے کا دورخسار۔
– صَفْقَا البَابِ: دروازہ کے دو کواڑ (ج) صُفُوْقٌ۔
(الصِّفْقُ): دروازہ کا کواڑ۔اسے درفہ بھی کہتے ہیں : بابه صِفْقٌ وَاحِدٌ او صِفْقان: دروازے کو دونوں کواڑوں کو بند کرنے کے لئے ملانا۔(ج) صُفُوْقٌ وأَصْفَاقٌ۔
(الصَّفْقَةُ): سودے کی تکمیل کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) سودا' خرید و فروخت کا معاہدہ صَفْقَةٌ رابِحَةٌ : نفع بخش سودا ۔ صَفْقَةٌ خاسِرَةٌ: گھاٹے کا سودا (۳) بیعت' عہد جیسے: أعطاه صَفْقَةَ يَدِهِ۔
(المَصْفَقُ): وہ بازار جہاں خرید و فروکت کے معاملات زیادہ ہوتے ہوں۔(ج) مَصَافِقُ۔
(صَفَنَ) (ض) الفَرَسُ صُفُوْنًا: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھی ٹانگ کے صرف کھر پر کھڑا ہونا۔

–الرَّجُلُ: دو پیروں کو ایک سیدھ میں رکھنا۔
–الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے بچوں کے لئے گھاس اور تنکوں کا گھونسلا بنانا۔هو صَافِنٌ (ج) صُفُوْنٌ۔
–به الأرضَ صَفْنًا: پچھاڑنا۔
–فُلَانًا: خصیے پھاڑ دینا۔
(صَافَنَ) القَوْمَ: بالمقابل کھڑا ہونا' حدیث میں ہے (فلما دنا القوم صافناهم)
(صَفَّنَ) الطَّائِرُ: چوزوں کے لئے گھونسلے کا فرش بنانا۔
(تَصَافَنَ) القَوْمُ: پانی کو حصوں میں تقسیم کرنا۔
(الصَّافِنُ): پنڈلی کے نیچے والے حصہ کی ایک بڑی رگ (ج) صُفُوْنٌ و صَوَافِنُ۔
(الصُّفْنُ): بادیہ نشینوں کا ناشتہ دان۔چمڑے کا تھیلا جس میں کھانے پینے کا سامان رکھتے ہیں اور کبھی اس میں پانی بھی پیتے ہیں۔
(ج) أَصْفَانٌ۔
(الصَّفَنُ): خصیہ کی تھیلی (۲) گندم کا خوشہ، (۳) پرندہ کا اپنے چوزوں کے لئے بچھایا ہوا فرش
(ج) أَصْفَانٌ و صُفْنَانٌ۔
(صَفَا) (ن) صَفْوًا و صَفَاءً: صاف اور بے غبار ہونا۔
– الماءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا گار اور غبار وغیرہ سے پاک ہونا۔
–الجَوُّ واليومُ: بے غبار اور بے بادل ہونا۔
– اليَوْمُ: دن کا بے غبار ہونا۔هو صَافٍ و صفوانٌ۔
(أَصْفَى) الحَافِرُ: کھدائی کرنے والے کا پتھر تک پہنچ کر کھدائی نہ کرسکنا۔
– الشَّاعِرُ: شاعر کے شعر کہنے کا سلسلہ بند ہو جانا۔
– الدَّجَاجَةُ: مرغی کے انڈے دینے کا سلسلہ بند ہوجانا۔
–فلانًا: کسی سے خالص ہمدردی و محبت رکھنا۔
–أَصفاهُ الودَّ: خالص محبت رکھنا۔

–فلانًا بكذا: کسی کے لئے کوئی چیز خاص کرنا یا اسے اس میں ترجیح دینا۔
– الحاكِمُ ونَحْوُهُ دارَ فلانٍ و مالَه: حاکم وغیرہ کا کسی کے مکان و مال وغیرہ کو کل کا کل لے لینا۔
(صَافَاهُ): کسی سے خالص محبت اور ہمدردی رکھنا۔
(صَفَّاهُ): صاف کرنا' گندگی یا گرد و غبار دور کرنا' نکھارنا۔اصل چیز سے ملاوٹ کو دور کرنا۔
–الحسابَ: حساب بے باق کرنا۔
–الشَّرِكَةَ: کمپنی کا حساب کتاب کر کے اسے ختم کر دینا (محدثة)
(اصْطَفَاهُ): برتری اور فضیلت عطا کرنا۔قرآن مجید میں ہے: { إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿﴾ }
(تَصَافَيَا): باہم پرخلوص تعلق اور محبت رکھنا۔
(اسْتَصفاهُ) بمعنی اصطفاه (۲) مخلص اور ہمدرد سمجھنا۔
–الشيءَ: کسی چیز کا خالص حصہ لے لینا۔
–مالَ فلانٍ: سارے کا سارا لے لینا۔
(الصَّفَاةُ): چوڑا اور چکنا پتھر۔
– قُلَّتْ صَفَاتُهُ: کمزور ہو گیا۔ما تندى صَفَاتُه: وہ بخیل ہے۔مَا تُقْرَعُ له صَفَاةٌ: اس کا کوئی کچھ نہیں بگاڑتا (ج) صَفًا۔
(الصَّفْوُ): صفائی' خلوص' نکھار (۲) ہر چیز کا خالص اور منتخب حصہ۔
(الصَّفْوَاءُ) بمعنی الصَّفَاةُ۔
(الصَّفْوَانُ): چکنا پتھر' چکنی چٹان۔قرآن مجید میں ہے: { كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ }
(الصَّفْوَاةُ): خالص چیز' منتخب و پسندیدہ (مذکر مؤنث' مفرد' تثنیہ و جمع کے لئے)
(الصَّفِيُّ): ہر چیز کا خالص اور منتخب حصہ، (۲) منتخب مخلص دوست۔هو صفيٌّ (ج) أَصْفِيَاءُ (۳) مال غنیمت کا وہ حصہ جو حاکم تقسیم سے پہلے اپنے لئے مقرر کرے (ج) صَفَايَا۔
(الصَّوَافِي): جائدادیں (۲) لاوارث و غیر آباد

زمینیں (۳) وہ زمینیں جن کو بادشاہ اپنے مصاحبین کے لئے خاص کیا کرتا تھا۔ واحد: صافيةٌ۔
(المِصْفَاةُ): چھلنی، چھاننے کا آلہ (۲) سیال چیزیں چھاننے کا آلہ وذریعہ (ج) مَصَافٍ۔

ص.........ق

(صَقَبَ)(ن)الطَّائِرُ صَقْبًا: پرندہ کا آواز نکالنا۔
- الجسمَ المُصْمَتَ: زور سے تھپکی دے کر آواز پیدا کرنا۔
- الشيَ: جمع کرنا۔
- البناءَوغيرَهُ: بلند کرنا۔
(صَقِبَ) (س) صَقَبًا: قریب ہونا۔ هُوَ صَقِبٌ۔
(أَصْقَبَ) الشيَ: قریب کرنا۔
(صَاقَبَه) مُصَاقَبَةً وصِقَابًا: کسی کے قریب یا بالمقابل ہونا۔ جیسے: جَارٌ مُصَاقِبٌ قریبی یا سامنے والا پڑوسی۔
(تَصَاقَبَتِ)البُيُوتُ: گھروں کا قریب قریب ہونا۔
(الصَّقْبُ): خیمہ کے بیچ کا سب سے لمبا بانس یا بلی (۲) مٹھی (ج) صُقُوبٌ وصِقَابٌ۔
(الصَّقَبُ): نزدیک و قریب (مصدر بمعنی صفت)
- الجَارُ أَحَقُّ بصَقَبِه: پڑوسی اپنے پاس والے کا زیادہ حقدار ہے۔ (یہ شفعہ کے بارے میں کہا جاتا ہے)
(صَقَرَتِ) (ن) الشَّمْسُ صَقْرًا: سورج کی گرمی کا سخت ہونا۔
- الشَّمْسُ فُلَانًا: سورج کی گرمی کا کسی کو جھلس دینا۔
- فلانٌ النَّارَ: آگ جلانا۔
- فلانًا: ناحق گالی دینا۔ هو صَقَّارٌ۔
- فلانًا بالعَصَا: کسی کے سر پر لاٹھی مارنا۔
- بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹخنا۔
- الحَجَرَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

(صَقَّرَ) و (تَصَقَّرَ): شکرے سے شکار کرنا۔
(الصَّاقِرُ): صَقْرٌ صَاقِرٌ: تیز نظر شکرا۔
(الصَّاقِرَةُ): سخت مصیبت (ج) صَوَاقِرُ۔
(الصَّاقُورُ): باریک نوک کا پتھر توڑنے کا ہتھوڑا (ج) صَوَاقِيْرُ۔
(الصَّاقُورَةُ) بمعنی الصَّاقورُ (۲) دماغ سے ملا ہوا کھوپڑی کا اندرونی حصہ (ج) صَوَاقِيْرُ۔
(الصَّقْرُ): شکرا ایک شکاری پرندہ جو فصیلہ صقر یہ سے ہے (ج) أَصْقُرٌ و صُقُورٌ۔
(الصَّقْرَةُ): دھوپ کی شدت اور گرمی۔
(الصَّقَرَةُ): تھوڑا اور میلا پانی۔
(الصَّقَّارُ): شکروں کو تربیت دینے والا (۲) شکرے کے ذریعہ شکار کرنے والا۔
(صَقَعَ) (ف) فِي البِلَادِ صَقْعًا: ملکوں میں گھومنا، نکلنا۔
- فِي القولِ: طرح طرح کی باتیں بنانا۔
- صُقِعَ كذا: رخ کرنا، کہتے ہیں: مَا أَدرِي اين صَقَعَ۔
- الدِّيكُ و نَحْوُهُ صقِيعًا و صُقَاعًا: بانگ دینا، آواز نکالنا۔
- فلانًا وغيرَهُ صَقْعًا: مارنا۔
- بِهِ الأَرْضَ: پچھاڑنا۔
- فلانًا بِكَيّ: کسی کو آگ کا داغ دینا۔
(صَقِعَ) (س) صَقَعًا: پالا پڑنے سے تکلیف ہونا۔
(صُقِعَتِ) الارضُ ونحوُهَا: زمین کا پالا زدہ ہونا۔
(أَصْقَعَ): برف باری میں داخل ہونا۔
(الصِّقَاعُ): خیمہ کے اوپر کی رسی جس کے دونوں کنارے زمین میں کھونٹیوں سے باندھ دیئے جاتے ہیں (۲) لگام کا لوہا جو گھوڑے کے جبڑوں کے پاس رہتا ہے (ج) صُقُعٌ و أَصْقِعَةٌ۔
(الصُّقْعُ): جانب، کونا، گوشہ (ج) أَصْقَاعٌ۔
(الصَّقَعُ): سخت سردی کی تکلیف۔
(الصَّقْعَةُ): سخت سردی۔

(المِصْقَعُ): بلند آواز و خوش گفتار۔ جیسے خطيبٌ مِصْقَعٌ۔
(صَقَلَهُ) (ن) صَقْلًا و صِقَالًا: پالش کرنا زنگ اتارنا، چمکانا۔ جیسے: صَقَلَ السيفَ و المرآةَ ونحوهما۔
- كلامَهُ: کلام کو مزین کرنا۔
- الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔
(صَقِلَ) (س) صَقَلًا: چکنا اور چمکدار ہونا (۲) لوہے کی طرح ٹھوس اور ٹھکا ہوا ہونا۔
- الفَرَسُ: کمزور ہونا۔
(الصِّقَالُ): چمک، پالش، صفائی۔
(الصَّقَّالُ): پالش کا کام کرنے والا۔
(الصُّقْلُ): پہلو، کوکھ۔ هما صُقْلَانِ۔
(الصُّقْلَةُ): دبلا پن، لاغری۔
(الصَّقِيْلُ): صاف کیا ہوا، زنگ اتارا ہوا۔ جیسے: سَيْفٌ صقيلٌ ومعدنٌ صَقِيلٌ (ج) صِقَالٌ۔
(الصَّيْقَلُ) بمعنی الصَّقَّالُ (ج) صَيَاقِلُ و صَيَاقِلَةٌ۔
(المِصْقَلَةُ): چمکانے اور پالش کرنے کا آلہ (ج) مَصَاقِلُ۔
(الصَّقَالِبَةُ): بلغاریہ اور قسطنطنیہ کے درمیان آباد قوم جن کو آج کل سلاوی کہا جاتا ہے اور یہ لوگ صرف انہی دو ملکوں میں محصور نہیں بلکہ یورپ کے شمال مشرق اور بلغاریہ کے مغرب میں بھی پھیلے ہوئے ہیں۔

ص.........ک

(صَكَّهُ) (ن) صَكًّا: قوت سے دھکیلنا (۲) مارنا۔
- البابَ ونحوَهُ: دروازہ وغیرہ کو بند کرنا۔
(صَكَّ) (س) صَكَكًا وصَكِيكًا: ملے ہوئے دانتوں والا ہونا (۲) چلتے وقت ٹکراتے ہوئے گھٹنوں والا ہونا۔
(اصْطَكَّ) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا باہم ٹکرانا۔ جیسے: اصطكَّتْ رُكبتاهُ وقدمَاهُ: چلتے

وقت پیروں یا گھٹنوں کا ٹکرانا۔
(الأَصَكُّ): ملے ہوئے دانتوں والا ہونا (ج) صُكٌّ۔
(الصَّكُّ): دستاویز، اقرار نامہ (۲) چیک، مالی دستاویز۔(مج)(ج)صُكُوكٌ۔
(المِصَكُّ): دروازہ بند کرنے کی چٹخنی یا زنجیر وغیرہ (۲) ملے ہوئے دانتوں والا۔
(صَكَمَ) (ن) الفَرَسُ عَلَى اللجامِ، صَكْمًا و صَكْمَةً: گھوڑے کا لگام کو برداشت نہ کرتے ہوئے چبانا۔
-الشيءَ: ٹکر مارنا۔

ص............ل

(صَلَبَتِ) (ن) الحُمّى عَلَى فلانٍ صَلْبًا: بخار کا تیز اور لمبا ہونا۔
-الحَرُّ فلانًا: گرمی کا کسی کو جھلس دینا۔
-الشَّمْسُ: دھوپ کا جھلس دینا۔
-الجِسْمَ: ہاتھ وغیرہ باندھ کر لٹکانا، جیسے صَلْبِ الجَانِي۔
- اللَّحْمَ: گوشت کو بھون کر اس کی چکنائی نکالنا۔
(صَلُبَ)(ك) صَلَابَةً: مضبوط اور ٹھوس ہونا۔
- على المالِ وغيرِهِ: کنجوس و بخیل ہونا۔ مال خرچ کرنے میں بہت سخت ہونا۔
(صَلَّبَ) الشيءُ: بہت سخت ہونا۔ جیسے: صَلَّبَ فَرْعُ الشَّجَرَةِ۔
-النَّصْرَانِيَّ: عیسائی کا صلیب کا نشان بنانا (۲) سینہ یا چہرہ پر صلیب کا نشان لگانا۔
- الجِسْمَ: جسم کو خوب باندھ کر لٹکانا۔ صَلَّبَه على كذا وفيه بھی کہتے ہیں۔
قرآن مجید میں ہے: { وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ؕ }
- الدَّلْوَ: ڈول کے منہ پر صلیب نما دولوہے کے حلقے لگانا۔
-الشيءَ: سخت و مضبوط کرنا۔
-السِّلَاحَ: ہتھیار تیز کرنا، اٹھا لینا۔

(اصْطَلَبَ) العَظْمَ او اللَّحْمَ: چکنائی اور گودا نکالنا۔
(تَصَلَّبَ): مضبوط اور ٹھوس ہونا (۲) لکڑی کی طرح سخت ہو جانا۔ جیسے: تَصَلَّبَ العودُ و تَصَلَّبَ الشِّرْيَانُ۔
-فِي الرَّأْيِ ونحوِهِ: رائے وغیرہ میں پختہ ہونا۔
(الصَّالِبُ): بہت تیز بخار۔
(الصَّلَابَةُ): سختی، ٹھوس پن۔ في وجههٖ صَلَابَةٌ: اسکے چہرہ سے بے حیائی ٹپک رہی ہے۔
(الصُّلْبُ): سخت، مضبوط، قوی (۲) سخت زمین (۳) ٹھوس چیز جو مختلف حالت میں بھی اپنی ہیئت پر قائم رہے (مج) (۴) فولاد (وہ جسم جو مختلف عناصر سے مرکب ہوتا ہے انتہائی سخت ہونے کے باوجود کوٹنے سے نرم ہو کر مختلف شکلیں اختیار کر لیتا ہے نیز پگھلنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے اس سے ہتھیار وغیرہ بنتے ہیں (مج) (۵) کمر کی ہڈی۔ کمر۔ قرآن مجید میں ہے: { يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَ التَّرَآىِٕبِ ؕ } (۶) نسل خاندان۔ قرآن مجید میں ہے: { وَ حَلَآىِٕلُ اَبْنَآىِٕكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ } (ج) أصلب و أصلاب۔
(الصَّلَبُ): سخت، ٹھوس (۲) گودا، چربی (ج) أَصْلَابٌ۔
(الصَّلَّبُ): سخت، مضبوط (۲) سان رکھنے کا پتھر (۳) دھاردار۔
(الصَّلِيبُ): سخت، مضبوط (۲) خالص النسب جیسے: هُوَ عَرَبِيٌّ صليبٌ۔ (۳) سولی چڑھایا ہوا (۴) ہڈی کا گودا، چربی (۵) سولی۔ دو ایسے خط جو ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوں یا اس طرح کی بنی ہوئی چیز (۶) عیسائیوں کے نزدیک وہ لکڑی جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی تھی (ج) صُلُبٌ وصُلْبَانٌ۔
- الصَّلِيبُ الأَحْمَرُ: ریڈ کراس، ایک بین الاقوامی امدادی جماعت جو مصائب و آفات میں انسانوں کی مفت خدمت کرتی ہے۔
(الصَّلِيبِيُّونَ): یورپ کے عیسائی فوجی جنہوں نے گیارہویں، بارہویں اور تیرہویں صدی میں اسلامی مشرقی ملکوں پر متعدد بار حملے کیے جن کا مقصد ان کے بقول بیت المقدس اور اس سے ملحقہ علاقوں کو آزاد کرانا تھا۔

(صَلَتَ) (ض ن) اللَّبَنَ ونَحْوَهُ صَلْتًا: دودھ کی چکنائی کا کم ہونا۔
- فلانًا وغيره بالسَّيْفِ صَلْتًا: تلوار مارنا۔
-الفَرَسَ وَغَيْرَهُ: ایڑ لگانا۔
- مَا فِي القَدَحِ ونحوِهِ: پیالہ میں موجود چیز کو انڈیلا۔
(صَلُتَ) (ك) الجَبِيْنُ صُلُوتَةً: پیشانی کا کشادہ اور روشن ہونا۔ ایسے ہی: صَلُتَ الرَّجُلُ۔
(أَصْلَتَ) الشَّيءَ: ظاہر کرنا، نمایاں کرنا۔
-السَّيْفَ: تلوار سونتنا، نیام سے باہر نکالنا۔
(انْصَلَتَ): ظاہر اور نمایاں ہونا۔
-فِي سَيْرِهِ أو أَمْرِهِ: کوشش کر کے آگے نکلنا۔
(الإِصْلِيتُ): تیز اور پختہ کار (ج) أَصَالِيتُ
(الصَّلْتُ): نمایاں (۲) چکنا۔
-جَبِيْنٌ صَلْتٌ: کشادہ اور چمکدار پیشانی۔
- سِكِّيْنٌ صَلْتٌ: تیز دھار چھری (ج) أَصْلَاتٌ۔
(الصَّلَتَانُ): سخت اور طاقتور (۲) چوکنا پختہ کار آدمی (ج) صِلْتَانٌ۔

(صَلِجَ) (س) صَلَجًا: بہرا ہونا۔ هو أَصْلَجُ وهي صَلْجَاءُ (ج) صُلْجٌ۔
(تَصَالَجَ) فلانٌ: بہرا بننا۔
(الصُّلَّجَةُ): ریشم کا خول جو بعض کیڑے بناتے ہیں (ج) صُلَّجٌ (مو)
(الصَّلِيجَةُ): پگھلی ہوئی صاف چاندی۔
(الصَّوْلَجُ): صاف و خالص (۲) ہاکی نما ڈنڈا۔ پولو کھیلنے کا بلا (مع) (ج) صَوَالِجُ۔
(الصَّوْلَجَةُ) بمعنی الصَّوْلَجُ۔
(الصَّوْلَجَانُ) بمعنی الصَّوْلَجُ (مع)
- صَوْلَجَانُ المُلْكِ: وہ ڈنڈا جسے بادشاہ اپنے

پاس بطور علامتِ بادشاہت رکھتا ہے ۔(ج) صَوَالِجُ وصَوَالِجَةٌ۔

(الصَّوْلَجَانَةُ) بمعنی الصَّوْلَجَانُ۔

(صَلَحَ) (ن) صَلَاحًا وصُلُوحًا: خرابی دور ہونا، درست ہونا۔

– الشیئُ: نفع رساں اور لائق و مناسب ہونا جیسے: هٰذا الشیئُ یصلح لَكَ۔

(صَلُحَ) (ك) صَلَاحًا و صُلُوحًا بمعنی صَلَحَ هو صَلِيحٌ۔

(أَصْلَحَ) فِي أَمْرِهِ أو عَمَلِهِ: ٹھیک اور درست کام یا معاملہ کرنا۔

– الشیئَ: خرابی دور کرنا، اصلاح کرنا۔

– بینهما أو ذاتَ بینهما أو مَا بینهما: صلح کروانا، ناراضگی اور دشمنی ختم کروانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا} و {فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ}

– اللهُ لفلانٍ فی ذریّتِهِ او مَالِهِ: کسی کی اولاد میں درستگی اور نیکی پیدا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وأصلح لی فی ذریتی}

(صَالَحَهُ) مُصَالَحَةً وصِلَاحًا: کسی کے ساتھ صلح و امن سے رہنا۔

– عَلَی الشیئِ: صلح کا معاہدہ کرنا، کسی بات پر مصالحت کرنا۔

(اصْطَلَحَ) القَوْمُ: لوگوں کے مابین صلح ہونا۔

– علی الأَمْرِ: کسی بات پر متفق ہونا اور کسی بات کو جاننے کے لئے کوئی علامت یا کوئی مفہوم ادا کرنے کے لئے کوئی لفظ مقرر کرنا۔

(تَصَالَحُوا): باہم مصالحت کرنا۔

(اسْتَصْلَحَ) الشیئُ: ٹھیک ہونے کے قابل یا ٹھیک ہونے کے قریب ہونا۔

– الشیئَ: درست کرنا (۲) درست کروانا (۳) درست سمجھنا۔

(الإِصْطِلَاحُ): درستگی، صلح (۲) اصطلاح، کسی خاص مفہوم کو ادا کرنے کے لئے مقرر کیا ہوا لفظ اور ہر علم میں اصطلاح ہوتی ہے۔

(الصَّالِحُ): ٹھیک، درست، صحیح (ج) صُلَحَاء (۲) کثیر، زیادہ جیسے: عندہ قَدْرٌ صَالِحٌ من المالِ (۳) فائدہ، نعمت۔ جیسے: وَاتَتْنِي صَالِحَةٌ من فلان (ج) صَوَالِحُ۔

(الصَّلَاحُ): درستگی، صحت، نیکی۔

(الصَّلَاحِيَةُ): درستگی۔

– الصلاحِيَةُ للعملِ: کسی کام کو کرنے کی صلاحیت، استعداد، لیاقت، مناسبت۔

– الذی السلطانِ: دائرہ اقتدار (محدثہ)

(الصُّلْحُ): صلح، امن وسلامتی، دوستی (۲) وصفی معنی، پر امن، صلح پسند جیسے هو صلح لی وهم لنا صلح۔

(الصَّلِيحُ): نیک، صالح، ایماندار (ج) صُلَحَاءُ۔

(المَصْلَحَةُ): درستگی، نیکی (۲) منفعت، فائدہ (۳) کسی وزارت کا محکمہ، انتظامی شعبہ جس کے تحت مخصوص کام ہو۔ جیسے انکم ٹیکس کا محکمہ، پاسپورٹ کا محکمہ (ج) مَصَالِحُ (محدثہ)

(صَلِخَ) (س) صَلَخًا: بہرا ہو جانا۔ هو أَصْلَخُ وهی صَلْخَاءُ (ج) صُلْخٌ

(تَصَالَخَ): بہرہ بننا۔

(صَلَدَ) (ض) صَلْدًا وصُلُودًا: سخت ہونا، خشک ہونا۔

– الأرضُ: زمین کا بنجر ہونا۔

– فلانٌ: بخیل اور کنجوس ہونا (۲) سخت دل والا ہونا۔

– الدَّابَّةُ: جانور کا دوڑتے وقت اگلی دونوں ٹانگیں زمین پر مارنا۔

– الزَّنْدُ: چقماق کا آواز نکال کر بے شعلہ رہ جانا۔

– فلانٌ بیدیه: تالی بجانا۔

– أَنْيَابُهُ: دانتوں کے بجنے کی آواز ہونا۔

– الشیئُ: چمکنا۔

(صَلُدَ) (ك) صُلُودًا و صَلَادَةً: سخت اور چکنا ہونا (۲) بخیل ہونا۔

(أَصْلَدَ): سخت اور چکنا ہونا۔

– الشیئَ: سخت اور چکنا ہونا (۲) سخت اور چکنا پانا۔

(الأَصْلَدُ): بہت سخت، بہت ٹھوس (۲) انتہائی بخیل، هی صَلْدَاءُ (ج) صُلْدٌ۔

(الصَّلْدُ): سخت ٹھوس چکنا (۲) چوڑی چکنی چٹان (۳) بنجر زمین۔ قرآن مجید میں ہے: {كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا} (۴) بال نہ اگانے والا سر یا کھال (۵) آگ نہ دینے والا چقماق (ج) أَصْلَادٌ هی صَلْدَةٌ (ج) صُلَادٌ۔

(الصَّلُودُ): بہت سخت، بہت ٹھوس (۲) وہ دیگچی وغیرہ جس میں دیر سے جوش آتا ہو آگ اس پر دیر سے اثر کرتی ہو (ج) صُلُدٌ۔

(المِصْلَادُ) نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: وہ اونٹنی جو بچہ دے اور تھنوں میں دودھ نہ ہو (ج) مَصَالِيدُ۔

(المِصْلَادَةُ) بمعنی المِصْلَادُ (ج) مَصَالِيدُ۔

(الصِّلْدِمُ): ٹھوس اور مضبوط۔ (۲) مضبوط کھر والا جانور (ج) صَلَادِمُ۔

(صَلْصَلَ) الشیئُ: گونج دار آواز نکالنا۔ جیسے صَلْصَلَ الجَرَسُ۔

– الحَلْيُ والسِّلَاحُ: زیور یا ہتھیاروں کی جھنکار ہونا۔

– الرَّعْدُ: بادل کی کڑک کا گونجنا۔

– فلانٌ: دھمکی دینا۔

– بکلامِهِ: لڑکھڑاتے ہوئے بولنا۔

(تَصَلْصَلَ) بمعنی صَلْصَلَ۔

– الغَدِيرُ ونَحْوُهُ: تالاب یا حوض کا خشک ہو جانا۔

(الصَّلَاصِلُ): آواز نکالنے والا۔

(الصَّلْصَالُ): خشک مٹی (۲) آواز نکالنے والا (۳) ایک قسم کی چٹان (مج)

(الصُّلْصُلُ): گھوڑے کی پیشانی (ج) صَلَاصِلُ۔

(الصُّلْصُلُ): تالاب یا برتن میں بچا ہوا پانی

(۲) بال گرنے سے گھوڑے کی پیشانی کا سفید ہونے والا حصہ (ج) صَلَاصِلُ۔
(صَلْطَحه): پھیلانا، چوڑا کرنا۔
(المُصَلْطَحُ): چوڑا (۲) موٹا، بھاری بھرکم۔
(المُصَلْلَحُ): چوڑا کشادہ۔
(صَلِعَ) (س) فلانٌ ۔ صَلَعًا: سر کے اگلے بال گرجانا بیچ سر کے بال اڑ جانا۔
–رَأْسُه: سر کے بال اڑ جانا۔
– الشَّجَرَةُ ونحوُها: درخت کی ٹہنیوں کے کناروں کا گرجانا یا مویشی کا ان کو کھاجانا۔
(صَلَّعَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا بادلوں سے باہر نکل آنا۔
(تَصَلَّعَتِ): سورج کا بادلوں سے باہر نکلنا۔
–السَّماءُ: آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا۔
(الأَصْلَعُ): گنجا (سر کے اگلے یا بیچ کے گرے ہوئے بالوں والا) (۲) صیقل کیا ہوا نیزہ (۳) ہر چکنی اور چمکدار چیز۔ ھی صَلْعَاءُ (ج) صُلْعٌ وصُلْعَانٌ۔
(الصِّلَاعُ): صِلَاعُ الشَّمْسِ: سورج کی گرمی۔
(الصَّلَعُ): گنجاپن، سر کے اگلے حصہ یا درمیان کے بال گرجانا۔
(الصَّلْعَةُ): سر کی کھال جس سے بال جھڑ گئے ہوں۔
(الصَّلَعَةُ) بمعنی الصَّلْعَةُ۔
(الصُّلَّاعَةُ): چوڑی سخت چٹان (ج) صُلَّاعٌ۔
(الصَّلِيْعُ): گنجا (۲) بنجر زمین (ج) صُلَعَاءُ وھی صليعةٌ (ج) صَلَائِعُ۔
(صَلَفَهُ) (ض) ۔صَلْفًا: دشمنی رکھنا، نفرت کرنا۔
(صَلِفَ) (س) الشئُ صَلَفًا: بے برکت ہونا، کم فیض والا ہونا۔
–النباتُ: کم پیداوار والا ہونا۔
–الطعامُ: کم غذائیت والا ہونا۔
–السَّحَابُ: بادل کا زیادہ گرجنا اور کم برسنا۔
– فلانٌ: لوگوں میں مبغوض اور ناپسندیدہ ہونا، شیخی بگھارنا۔ھو صَلِفٌ وھی صَلِفَةٌ۔
(أَصْلَفَ) بمعنی صَلِفٌ (۲) تنگ ظرف ہونا۔
– فلانًا وغيرَهٗ: نفرت کرنا۔أَصْلَفَهُ اللّٰهُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو لوگوں کی نظر میں مبغوض کرنا۔
(تَصَلَّفَ): بے فیض ہونا (۲) سخت زمین میں داخل ہونا۔
(الأَصْلَفُ): بنجر اور سخت زمین (ج) أَصَالِفُ وصُلُفٌ۔
(الصَّلِفُ): کم فیض والا (۲) شیخی خور، بے کار باتیں بنانے والا۔
–سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرجنے اور کم برسنے والا بادل۔
–طعامٌ صَلِفٌ: بے مزہ اور بے برکت کھانا۔
(الصَّلْفَاءُ): سخت اور بنجر زمین (ج) الصَّلَافِي۔
(الصَّلِيفُ) بمعنی الصَّلِفُ (۲) گردن کی بیرونی سطح، گردن کا کنارہ۔ھما صليفان (ج) صَلَائِفُ۔
(الصَّليفانِ): گردن کی دونوں جانبیں،
(۲) پالکی یا کجاوہ میں باندھی جانے والی دو لکڑیاں۔
(صَلَقَ) (ن) صَلْقًا: تکلیف کی وجہ سے چلانا۔
–القَوْمَ وفيهم: سخت مصیبت میں مبتلا کرنا۔
–نَابَهٗ: دانت پیسنا۔
–اللَّحْمَ ونَحْوَهٗ: گوشت وغیرہ کو پکانا۔
– الشَّاةَ: بکری وغیرہ کو دونوں پہلوؤں پر رکھ کر بھوننا۔
– الشَّمْسُ فلانًا وغَيْرَهٗ: سورج کا کسی کو گرمی سے تکلیف پہنچانا۔
–فلانًا وغَيْرَهٗ: کسی کو ڈنڈا یا لاٹھی مارنا۔
(أَصْلَقَ) بمعنی صَلَقَ۔
–النَّابُ: دانت بجنا۔
(تَصَلَّقَ): بے چینی کی وجہ سے تڑپنا اور پہلو بدلنا۔
– المرأةُ: عورت کا دردِ زہ میں تڑپنا اور آہیں بھرنا۔
–الدَّابَّةُ: جانور کا مٹی میں لوٹ پوٹ ہونا۔
(اصْطَلَقَ) بمعنی أَصْلَقَ۔
(الصُّلَاقَةُ): ایک جگہ کافی مدت ٹھہرنے کی وجہ سے سڑ جانے والا پانی۔
(الصَّلْقُ): چیخ و پکار (۲) اونٹ کے دانت بجنے کی آواز۔
(الصَّلَقُ): ہموار میدان (ج) أَصْلَاقٌ۔
(الصَّلَّاقُ): زور زور سے چیخنے چلانے والا (۲) خوش گفتار اور پرزور بیان مقرر یا متکلم۔
(الصَّلِيْقُ): پکا ہوا یا بھنا ہوا گوشت (۲) پتلی روٹی (ج) صَلَائق۔
(المِصْلَقُ) بمعنی الصَّلَّاقُ (ج) مَصَالِقُ و مَصَالِيْقُ۔
(صَلَّ) (ض) الشئُ ۔ صَلِيْلًا: باریک آواز نکالنا۔
– بَيْضُ الحَدِيدِ: خودوں پر تلواروں کی ضرب سے آواز پیدا ہونا۔
–المِسْمَارُ: کیل ٹھونکنے کی آواز پیدا ہونا۔
–الإناءُ الفَارِغُ: خالی برتن کا چوٹ مارنے سے آواز دینا۔
–السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہوجانا۔
– اللَّحْمُ صُلُولًا: گوشت کا بدبودار ہونا، سڑ جانا۔
–الماءُ ونَحْوُهٗ: پانی وغیرہ کا بدمزہ ہوجانا۔
– الشَّرَابَ ونَحْوَهٗ صلًّا: مٹی میں ملے ہوئے غلے کو پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
(أَصَلَّ) اللَّحمُ أو الماءُ ونحوُهٗ: خراب و بدبودار ہوجانا۔
(صَلْصَلَ) صَلَّ کا مبالغہ۔
(الصَّالُّ): تیز آواز والا جنگلی گدھا۔
(الصَّالَّةُ): مؤنث الصالّ (۲) مصیبت۔
(الصُّلُّ): بدل جانے والا یا بدبودار ہوجانے والا گوشت۔
(الصِّلُّ): ایک انتہائی خطرناک سانپ۔
–ھو صِلُّ أَصْلَالٍ: سوکھی بدبودار کھال۔(ج)

صِلَالٌ۔

(الصِّلَّةُ): کیل ٹھونکنے کی آواز۔

(صَلَمَه)(ض) صَلْمًا: کاٹنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔ کان اور ناک کاٹنے کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔

(صَلَّمَه): مبالغہ صَلَمَه۔

(اصْطَلَمَه) بمعنی صَلَمَه اصطلمهم الدهر او الموتُ اوالعدوُّ: تباہ وبرباد کردینا' صفایا کر ڈالنا۔

(الأَصْلَمُ): کٹے ہوئے کانوں والا، (۲) چھوٹے کانوں والا جو کٹے ہوئے معلوم ہوتے ہوں (ج) صُلْمٌ۔

(الصَّلْمَاءُ): تانیث الاصلَمِ (ج) صُلْمٌ۔

(الصُّلْمَةُ): خود (ج) صُلَمٌ وصِلَامٌ۔

(الصَّيْلَمُ): تلوار (۲) تباہی مچانے والی آفت۔

(المُصَلَّمُ) بمعنی الأصلَمِ کہتے ہیں مَشَوْا بآذانِ النَّعَامِ المصلَّمِ: وہ ذلت ورسوائی کے ساتھ چلے۔

(صَلِيَتِ) (س) النَّاقَةُ او الحاملُ و نحوهما۔ صَلًا: اونٹنی یا حاملہ کے دبر اور دم کے درمیانی حصہ کا ولادت کے قریب ڈھیلا ہوجانا۔

(أَصْلَتِ) الحاملُ بمعنی صَلِيَتْ (۲) حمل کا وقت قریب آنا۔

(صَلَّى) الفَرَسُ فِي السِّبَاقِ: گھوڑے کا دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنا۔

— **عليه:** کسی کے لئے دعائے خیر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ} (۲) نماز ادا کرنا۔

— **اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِه:** اللہ تعالی کا اپنے رسول کو اپنی رحمت سے ڈھانپنا۔

(الصَّلَا): دم کے دائیں اور بائیں جانب کا حصہ۔ هُمَا صَلَوَان (۲) دم اور دبر کے درمیان کا خلا (۳) انسان اور جانور کی کمر کا درمیان (ج) أَصْلَاءٌ۔

(الصَّلٰوةُ): دعا۔ کہتے ہیں: صَلّٰى صَلٰوةً نہ کہ تصلية (۲) نماز (۳) رحمت (۴) یہودیوں کا عبادت خانہ' قرآن مجید میں ہے: {وَ لَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ}

(المُصَلِّي): گھڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنے والا گھوڑا۔ مجازاً ہر اس شخص کے لئے مستعمل ہے جو کسی کام میں پہلے کے مقابلہ میں دوسرا ہو۔

(المُصَلّٰى): نماز پڑھنے کی جگہ (۲) جائے نماز' نماز کے لئے بچھایا جانے والا کپڑا۔

(صَلَى) (ض) الشَّيْءَ ۔ صَلْيًا: آگ میں ڈالنا۔ کہتے ہیں: صَلَاهُ النَّارَ و فِيها وعليها آگ میں جلانا۔ صَلَاهُ العَذَابَ او الهَوَانَ او الذُّلَّ: آتش عذاب یا آتش ذلت میں جلانا۔

— **اللَّحْمَ ونَحْوَهُ:** گوشت بھونا۔

— **الصَّيْدَ وله:** شکار کے لئے جال لگانا۔

— **فلانًا وله:** مصیبت میں ڈالنے کے لئے کسی کے خلاف سازش تیار کرنا۔

(صَلِيَ) (س) النَّارَ و بِهَا صَلًى و صِلِيًّا: آگ میں جلنا۔ قرآن مجید میں ہے: {لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۙ}

— **الأَمْرَ وبِه:** کسی معاملہ میں تکلیف اٹھانا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ۝}

— **بفلانٍ وبشرِّ فلانٍ:** کسی کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہونا۔

(أَصْلَاهُ) النَّارَ وبِهَا و فيها وعليها: آگ میں جلانا۔

— **اللَّحْمَ ونَحْوَهُ:** گوشت کو بھونا۔

(صَلَّاه) النَّارَ وبِهَا و فيها وعليها: آگ میں ڈالنا۔ قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۙ}

— **الماءَ:** پانی گرم کرنا۔

— **القَنَاةَ أوِ العَصَا بالنَّارِ و عليها:** بانس یا لاٹھی کو آگ پر رکھ کر موڑنے کے لئے تپانا۔

(اصْطَلَى) النَّارَ وبِها: آگ پر ہاتھ وغیرہ تاپنا۔ قرآن مجید میں ہے: {اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝}

— **فُلانٌ لا يُصْطَلَى بناره:** فلاں اتنا بہادر ہے کہ اس پر کسی کا بس نہیں چلتا۔

(تَصَلَّى) النَّارَ وبِها: آگ سینکنا۔

— **القَنَاةَ ونَحْوَهَا على النار:** بانس کو موڑنے کے لئے آگ پر رکھنا۔

(الصَّلَى): آگ (۲) ایندھن۔

(الصِّلَاءُ): آگ ایندھن (۳) بھنا ہوا گوشت۔

(الصِّلَايَةُ) و (الصَّلَاءَةُ): دوائی وغیرہ کو کاٹنے کی سل۔

(الصُّلِيُّ): آگ میں داخل ہونا (مصدر) قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ۝}

(المِصْلَاةُ): شکار کرنے کا پھندا یا جال (۲) (مجازاً) فریب' جال (ج) مَصَالٍ۔

اِنَّ للشَّيْطَانِ مَصَالِيَ وفخوخًا: شیطان کے پاس پھندے اور جال ہوتے ہیں۔

ص .... م

(أَصْمَأَلَّ): سخت ہونا۔

— **النباتُ:** گھنا اور گنجان ہونا۔

— **فلانٌ:** غصہ سے پھول جانا۔ هو مُصْمَئِلٌّ۔

(صَمَتَ) (ن) ۔ صَمْتًا و صُمُوتًا و صُمَاتًا: خاموش ہوجانا۔ سکت صرف ناطق کے خاموش ہونے کے وقت بولا جاتا ہے۔

(أَصْمَتَ) العليلُ: بیمار کی زبان بند ہوجانا' بولنے پر قادر نہ ہونا۔

— **فلانًا:** خاموش کردینا۔

(صَمَّتَ) بمعنی أَصْمَتَ۔

— **فلانًا:** خاموش کردینا۔

— **الشيءَ:** ٹھوس بنانا۔

(الصَّامِتُ): خاموش (۲) بے زبان، جس میں قوت گویائی نہ ہو (۳) سونا اور چاندی۔
-مالہ صَامِتٌ وَلَا نَاطِقٌ: اس کے پاس کچھ نہیں (ج) صُمُوتٌ و صَوَامِتٌ۔
(الصُّمَاتُ): سکوت، خاموشی، باکرہ لڑکی کے بارے میں کہتے ہیں: إذنها صُمَاتُهَا: اس کی اجازت اس کا خاموش رہنا ہے۔ رَمَاهُ اللهُ بِصُمَاتِهٖ: اللہ اسے خاموش کردے۔
(الصَّمَاتُ): کچھ (نفی کے ساتھ مستعمل ہے) جیسے: ماذقتُ صَمَاتًا۔
(الصِّمَاتُ): ارادہ، کہتے ہیں: بَاتَ عَلٰی صِمَاتِ أمْرِهٖ: وہ اپنے ارادہ پر قائم رہا۔
-فلانٌ عَلٰی صِمَاتِ الأمْرِ: وہ اپنا کام کرنے کے لئے تیار ہے۔
(الصُّمْتَةُ): وہ چیز جس کو کھلا پلا کر بچہ کو بہلایا جائے اور خاموش کیا جائے (ج) صُمَتٌ۔
(الصَّمُوْتُ): کم گو، بہت خاموش رہنے والا، (۲) بوجھل۔
-ضَرْبَةٌ صَمُوْتٌ: بے آواز ضرب۔
-مسدّسٌ صَمُوْتٌ: بے آواز پستول،
(۳) وہ تلوار جس کی ضرب سے نکلنے والے خون کی آواز نہ ہو (۴) ملائم اور چمکدار زرہ۔
-خَلْخَالٌ صَمُوْتٌ: بے آواز پازیب۔
- جَارِيَةٌ صَمُوْتُ الخلخَالِ: بے آواز پازیب والی لڑکی (۵) ٹھوس۔
(المُصْمَتُ): ٹھوس، سخت (۲) آواز دینے والا تالا (۳) خالص رنگ جس میں کوئی آمیزش نہ ہو (۴) گہری نیند۔
(المُصَمَّتُ): مکمل۔
(المُصَمِّتُ): بے پرواہ، غیر متوجہ، جیسے هو يشكو إلٰى غير مُصَمِّتٍ۔
(صَمَحَ) (ف) اليومُ صَمْحًا: سخت گرم ہونا۔
-الحَرُّ فلانًا: دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
-فلانًا بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔
-فِي المَسْألَةِ: سوال میں اصرار کرنا۔

(الصُّمَاحُ): آگ سے دیا ہوا داغ، (۲) بدبودار پسینہ (۳) پگھلی ہوئی چربی جو پاؤں کی پھٹن پر لگائی جائے۔
(صَمَخَهٗ) (ف) صَمْخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔
-الصَّوْتُ السامِعَ: کان کے پردے پھاڑنا۔
(الأُصْمُوْخُ): کان کا پردہ، سوراخ۔
(الصِّمَاخُ): کان کے سوراخ، پردہ۔ کہتے ہیں: ضَرَبَ اللهُ عَلٰی صِمَاخِهٖ: اللہ تعالیٰ نے اس کو سلا دیا (ج) أصْمِخَةٌ و صُمُخٌ۔
(الصَّمِخَةُ): جگالی والے جانوروں کی اوجھ کے ساتھ والی تھیلی۔
(صَمَدَ) (ن) ہ صَمْدًا و صُمُوْدًا: قائم و ثابت قدم رہنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے: (صَمْدًا صَمْدًا حتّٰی يتجلّٰى لكم عمود الحقّ) اس وقت تک ٹھہرو جب تک تمہیں روشنی کا مینار نظر نہ آ جائے۔
-الشيءَ وله واليه صَمْدًا: ارادہ کرنا۔
-الشمسُ وَجْهَهٗ ونَحْوَهٗ: گرمی کا چہرہ وغیرہ کو جھلس ڈالنا۔
-القارُوْرةَ ونَحْوَهَا: شیشی کی ڈاٹ لگانا۔
(أَصْمَدَ) الأمْرَ اليهِ: کوئی کام کسی کے حوالہ کرنا۔
-فلانًا إلٰى كذا: کسی چیز کا سہارا دینا۔
(صَامَدَهٗ) مُصَامَدَةً وصِمَادًا: ثابت قدمی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(صَمَّدَهٗ): مبالغہ صَمَدَهٗ۔
-رَاسَهٗ: سر کو رومال سے باندھنا۔
(تَصَامَدَا): باہم جمے رہنا، ثابت قدمی میں مقابل کرنا۔
(الصِّمَادُ): رومال یا وہ کپڑا وغیرہ جو سر پر پگڑی کے نیچے رکھا جاتا ہے (۲) شیشی کا ڈھکن۔ کہتے ہیں: بَاتَ علی صِمَادِ الماءِ وہ تات کو پانی کی طرف چلتا رہا۔
(الصِّمَادَةُ): شیشی کا ڈھکن (ج) صَمَائِدُ

بَاتَ عَلٰی صِمَادَةِ أمْرِهٖ: وہ اپنے معاملہ میں کامیابی کے قریب ہو گیا۔
(الصَّمْدُ): بلند جگہ (ج) أصْمَادٌ و صِمَادٌ۔
(الصَّمَدُ): وہ ذات جس کی طرف ضروریات کے پورا کرنے کی درخواست کی جائے (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔ شيءٌ صَمَدٌ: ٹھوس چیز۔
(الصَّمْدَةُ): لمبائی میں اٹھی ہوئی چٹان۔ (ج) صِمَادٌ۔
(المِصْمَادُ) نَاقَةٌ مِصْمَادٌ: سردی اور قحط سالی برداشت کرنے والی اونٹنی۔ (ج) مَصَامِيدُ۔
(المُصَمَّدُ): مقصود (۲) ٹھوس و سخت۔
(صَمَرَ) (ن) الماءُ صَمْرًا و صُمُوْرًا: پانی کا آہستہ آہستہ بہہ کر آنا۔
-الريحُ: ہوا بند ہو جانا۔
-الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
-الشيءَ: روکنا، منع کرنا۔
(صَمِرَ) (س) اللبنُ صَمَرًا: دودھ کا ترش ہونا۔
-الماءُ: بدبودار ہونا۔ هو صَمِرٌ کہتے ہیں يَدِيْ مِنَ السَّمَكِ صَمِرَةٌ: میرا ہاتھ مچھلی کو لگنے کی وجہ سے بدبودار ہو گیا۔
(أَصْمَرَ) اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ ترش ہونا۔
- فلانٌ: غروب آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔
-المَتَاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
(صَمَّرَ): مبالغہ صَمَرَ۔
-المتاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
(الصَّامُوْرَةُ): گھنا دودھ۔
(الصِّمْرُ): اوپر سے بہہ کر آنے والے پانی کے ٹھہرنے کی جگہ (ج) أصْمَارٌ۔
(الصَّمَرُ): بدبو۔ کہتے ہیں: أصَابَهٗ صَمَرُ البَحْرِ۔
(الصَّمِيْرُ): وہ شخص جس کی ہڈیوں پر گوشت سوکھ گیا ہو اور اس سے پسینہ کی بدبو آتی ہو (ج) صُمَرَاءُ هنّ صَمَائِرُ۔

(الصُّمَيْرُ): غروب آفتاب کا وقت۔جیسے : دَخَلْنَا فِي الصُّمَيْرِ۔
(صَمْصَمَ) فِي كذا: ثابت قدم رہنا۔
-القُنْفُذَةُ: سیہی کا آواز نکالنا۔
(الصَّمْصَامُ): ثابت قدم (۲) نہ مڑنے والی تیزتلوار (ج) صَمَاصِمَةٌ۔
(الصَّمْصَامَةُ) بمعنی الصَّمْصَامُ۔
(الصَّمْصَمُ): انتہائی بخیل۔
(الصِّمْصِمَةُ): جماعت' سخت ٹیلہ جس کے پتھر کھڑے ہوئے معلوم ہوں (ج) صِمْصِمٌ و صَمَاصِمُ۔
(صَمِعَ) (س) صَمَعًا: چھوٹے کانوں والا ہونا۔
-القَدَمُ: ٹخنہ کا چھوٹا اور نازک ہونا۔
- القَنَاةُ: نیزہ کے ڈنڈا کا باریک گرہوں والا ہونا۔
- فلانٌ: بہادر اور دلیر ہونا (۲) بے پرواہ ہوکر ادھر ادھر پھرنا۔هو أَصْمَعُ وهي صَمْعَاءُ (ج) صُمْعٌ۔
(صَمَّعَ) الشيءَ: باریک اور تیز کرنا۔
-الحَيَوَانَ: لاغر اور کمزور کرنا۔
- اللهُ الظَّبْيَ ونحوَهُ: اللہ تعالیٰ کا ہرن کو چھوٹے کان اور تیز سینگ والا بنانا۔
-عَلَى رأيِهِ ونحوِهِ: رائے پر جمے رہنا۔
(انْصَمَعَ) فِي غضبِهِ ونحوِهِ: غصہ پر قائم رہنا۔
(تَصَمَّعَ): یکجا ہونا' جڑنا۔
- رِيشُ السَّهْمِ: تیر کے پروں کا خون میں آلودہ ہوکر باہم مل جانا۔ تَصَمَّعَ السَّهْمُ بھی کہتے ہیں۔
(الأَصْمَعُ): بہت چھوٹے کانوں والا، (۲) تیز دھاروالا گٹھا ہوا۔
- نباتٌ أَصْمَعُ: پودا جس کی کلیاں ابھی کھلی نہ ہوں۔
-قَلْبٌ أَصْمَعُ: تیز اور مضبوط (ج) صُمْعٌ۔
(الصَّمِعُ): دلیر' مضبوط دل والا۔
(الصَّمْعَاءُ) أُذُنٌ صَمْعَاءُ: سر سے چپکا ہوا چھوٹا کان۔قَدَمٌ صَمْعَاءُ: ہموار نازک ٹخنہ والا پاؤں۔برعُومَةٌ صَمْعَاءُ: نازک کلی جو کھلی نہ ہو۔قَنَاةٌ صَمْعَاءُ: نیزے کی گٹھی ہوئی لکڑی جو اندر سے کھوکھلی ہو۔عَزْمَةٌ صَمْعَاءُ: پختہ عزم (ج) صُمْعٌ۔
(صَوْمَعَ) الشيءَ: جمع کرنا۔
-البناءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
-الثَّرِيدَ: ثرید کو برتن میں مخروطی شکل دینا۔
(الصَّوْمَعُ): عیسائی راہب کی عبادت گاہ، (۲) گرجا' عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
(الصَّوْمَعَةُ) بمعنی الصَّوْمَعُ (۲) غلہ کا گودام (محدثہ) (ج) صَوَامِعُ۔
(أَصْمَغَتِ) الشَّجرةُ: درخت سے گوند نکلنا۔
-شِدْقُهُ: باچھ کا زیادہ تھوک والی ہونا۔
(اسْتَصْمَغَ) الشَّجَرَ: درخت سے گوند نکالنا۔
(التَّصَمُّغُ): چپکاہٹ' ایک خرابی جو نمکین اور میٹھی چیزوں میں پیدا ہو جاتی ہے (مج)
(الصَّامِغَانِ): باچھوں سے متصل دونوں ہونٹوں کے کنارے۔
(الصَّمْغُ): گوند۔واحد: صَمْغَةٌ (ج) صُمُوغٌ۔
(الصَّمْغَانُ): وہ آدمی جس کے منہ یا کان سے گوند جیسی چیز نکلتی ہو۔
(الصَّمْغَةُ): (علم طب کے مطابق) خاندانی آتشک کے تیسرے دور میں ظاہر ہونے والا ورم (مج)۔
(الصَّمَّاغَةُ): گوند کی شیشی (مج)
(صَمَلَ) (ن) صَمْلًا وصُمُولًا: پر گوشت اور ٹھکا ہوا ہونا۔سخت ہونا جیسے: صَمَلَ البَدَنُ و صَمَلَ العُودُ و صملتِ الشَّجرةُ۔
-عَنِ الطَّعَامِ ونحوِهِ: کھانے سے رک جانا۔
- لِلعَمَلِ و فِيهِ: جفاکشی اور محنت سے کام کرنا۔(محدثہ) هو صَامِلٌ و صَمِيلٌ۔
(أَصْمَلَهُ): کمزور کر دینا' لاغر کر دینا' سکھا دینا جیسے: أَصْمَلَهُ الصِّيَامُ اور أَصْمَلَ الشجرةَ العطشُ۔
(الصُّمْلُولَةُ): بیج کا بلانٹ (محدثہ)
(الصِّمْلَاخُ): کان کا سوراخ (۲) کان کا میل (مج)
(الصُّمْلُوخُ) بمعنی الصِّمْلَاخُ۔
(صَمَّ) (ن) القَارُورَةَ ونحوَهَا صَمًّا: ڈھکن لگانا۔
-الجُرْحَ: مرہم پٹی کرنا۔
-الحديثَ: بات کو محفوظ کر لینا۔
-فلانًا وغيرَهُ: زور سے مارنا۔
(صَمَّ) (س) صَمًّا وصَمَمًا: بہرہ ہونا۔
صَمَّتْ أُذُنُهُ: کان بہرا ہونا۔قرآن مجید میں ہے: {وَحَسِبُوٓا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا وَصَمُّوا}
- عَنْ حَدِيثِهِ: کسی کی بات نہ سننا' کان بند کر لینا۔
- القَنَاةُ: نیزہ کے ڈنڈے کا مضبوط اور سخت ہونا۔
-الحَجَرُ: ٹھوس اور سخت ہونا۔
- الأَمْرُ: دشوار اور محنت طلب ہونا۔هو أَصَمُّ وهي صَمَّاءُ۔
(أَصَمَّ): بہرا ہونا۔
- فلانًا ونحوَهُ: بہرہ کر دینا۔قرآن مجید میں ہے: {أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰٓ أَبْصَارَهُمْ} (۲) بہرہ پانا۔
-القَارُورَةَ ونحوَهَا: شیشی کو ڈھکن لگانا۔
(صَمَّمَ) فِي كذا او عليهِ: کسی بات کا پختہ ارادہ کرنا۔
-العَزِيمَةُ: ارادہ کا پختہ ہونا۔
-السيفُ ونحوُهُ: ہڈی تک پہنچ جانا۔
-فلانًا وغيرَهُ: بہرہ کرنا (۲) بہرہ پانا۔
-صَاحِبَهُ الحديثَ: بات یا حدیث یاد کروانا۔
(تَصَامَّ) الحديثَ وعَنْهُ: بات کو ان سنی کر دینا (اور یہ ظاہر کرنا کہ وہ بہرہ ہے)
(الأَصَمُّ): بہرہ (۲) خواہش کا غلام جو کسی کی نہ مانے (۳) ٹھوس اور سخت (ج) صُمٌّ و صُمَّانٌ۔

- حِلْمٌ أَصَمُّ: کامل بردباری۔
- خَطْبٌ أَصَمُّ: سخت مصیبت۔
- مکانٌ أَصَمُّ: بنجر جگہ۔
- الشَّهْرُ الاصَمُّ او شَهْرُ اللهِ الاَصَمُّ: ماہ رجب (کیونکہ جاہلیت میں عرب اس مہینہ میں جنگ کا نعرہ نہیں لگاتے تھے)
(الصَّمَّاءُ): الغُدَّةُ الصَّمَّاءُ: وہ ٹھوس غدود جس سے رطوبت نکل کر جسم کے باہر نہ آتی ہو (مؤ)
(صَمَامِ): سخت مصیبت (اسم علم)
- صَمَامِ صَمَامِ: خاموش رہ (اسم فعل) (واحد، تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث کے لئے)
(الصِّمَامُ): ڈھکن، ڈاٹ۔
- صِمَامُ الامنِ والأَمَانِ: میکانک میں وہ ڈاٹ جو مقررہ درجہ سے زائد دباؤ پڑنے سے خود بخود کھل جاتی ہے (مؤ) (ج) أَصِمَّةٌ۔
(الصِّمَامَةُ) بمعنی الصِّمَامُ۔ (ج) صَمَائِمُ۔
(الصَّمَمُ): بہرہ پن جیسے بِهِ صَمَمٌ۔
(الصِّمَّةُ): بہادر جیسے رجَلٌ صِمَّةٌ (۲) ڈاٹ (۳) سیپی کی مادہ (ج) صِمَمٌ۔
(الصَّمِيمُ): ہر چیز میں خالص اور اصلی خیر ہو یا شر (مفرد و جمع سب کے لئے) (۲) دل وغیرہ کا درمیان (۳) سخت سردی یا گرمی۔
- صمیمُ العُضْوِ: عضو کی وہ ہڈی جس کے ذریعہ وہ قائم ہو۔ کہتے ہیں: ضَرَبَهُ فَاَصَابَ مِنْهُ صَمِيمَهُ: اس نے اس کے اہم مقام پر ضرب لگائی۔
(المُصَمِّمُ): پختہ عزم رکھنے والا (۲) تیز تلوار جو ہڈی تک کاٹ ڈالے (۳) تیز چلنے والا۔
(الصَّمَّانُ): و (الصَّمَّانَةُ): ریت کے قریب پتھریلی سخت زمین۔
(صَمَى) (ض) الصَّيْدُ ونَحْوُهُ صَمْيًا و صَمَيَانًا: شکار کا شکاری کے قریب مرجانا۔
- الرجلُ: جلدی کرنا اور چھلانگ لگانا۔
(أَصْمَى) الصَّيْدُ والرَّجُلُ بمعنی صَمَى۔
- الصَّيْدَ: شکار کو مار کر سامنے گرا دینا۔ حدیث میں ہے: (كُلْ مَا أَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا أَنْمَيْتَ) جو جانور تمہارے سامنے گر کر دم توڑ دے اسے کھالو اور جو زخمی ہو جائے اور دور جا کر مرے اسے نہ کھاؤ۔
- الرَّمِيَّةَ: شکار کو تیر مار کر آر پار کرنا۔

ص............ن

(الصِّنَابُ): رائی اور کشمش کی چٹنی۔ حدیث میں ہے (أتاه اعرابيٌّ بِأَرْنَبٍ قدشواها وجاء معها بِصِنَابِها) (ج) صُنُبٌ و أَصْنِبَةٌ۔
(الصِّنَابِيُّ): بھورے رنگ کا۔
(صَنْبَرَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔
- أَسْفَلُ النَّخلةِ: کھجور کی جڑ یا تنے کا پتلا ہونا۔
(الصَّنْبَرُ): ہر باریک اور پتلی چیز (ج) صَنَابِرُ۔
(الصُّنْبُورُ): کھجور کی وہ شاخ جو درخت کے تنے کے بجائے زمین پر اُگے (۲) کھجور کا وہ درخت جو خود بخود دوسرے درخت کی جڑ سے نمودار ہو (۳) کھجور کے درخت کی جڑ جس سے شاخیں پھیلیں (۴) کھجور کا وہ درخت جس کا پھل کم اور تنا پتلا ہو۔ (۵) کھجور کے درختوں سے الگ تھلگ کوئی درخت (۶) حوض کا وہ سوراخ جس سے صفائی کے وقت پانی نکالا جائے (۷) نل وغیرہ کی ٹونٹی (۸) سیال چیز یا گیس کو گزار کر صاف کرنے کا آلہ (مؤ) (ج) صَنَابِيرُ۔
(الصِّنَّبْرُ): بادل والی سرد ہوا۔
- غَدَاةٌ صِنَّبْرٌ: سرد صبح۔ لَيْلَةٌ صِنَّبْرٌ: سرد رات۔ (ج) صَنَابِرُ۔
- صَنَابِرُ الشِّتَاءِ: موسم سرما کے سخت سردی کے اوقات۔
(الصَّنَوْبَرُ): چیڑھ کا درخت صنوبر۔
(صَنَجَ) (ن) صَنْجًا و صُنُوجًا: ایک پلیٹ کو دوسری پلیٹ پر خاص طریقہ سے مار کر آواز نکالنا، چنگ بجانا۔
- النَّاسَ: ہر ایک کو اس کی اصل پر لوٹانا۔
(الصَّنْجُ): چنگ، پیتل کی دو پلیٹیں جو ایک دوسرے پر مار کر بجائی جاتی ہیں (۲) پیتل کے چھوٹے چھوٹے گول حلقے جو دف کے کنارے یا رقاصہ کی انگلیوں پر لگا دیئے جاتے ہیں۔ ان سے آواز پیدا ہوتی ہے (ج) صُنُوجٌ (۳) سارنگی جیسا ایک باجا۔
(الصَّنْجَةُ): سنگ ترازو، بٹ (ج) صِنَجٌ۔
(الصَّنَّاجُ): جھانجھ بجانے والا یا جھانجھ سے کھیلنے والا۔
(الصَّنَّاجَةُ): جھانجھ بجانے کا ماہر۔
- صَنَّاجَةُ العَرَبِ: عربوں کے ایک شاعر اعشی قیس کا لقب جس کے اشعار عمدہ اور ترنم سے پڑھنے کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔
(الصِّنْدِدُ): بہادر اور باعزت آدمی۔
(الصِّنْدِيدُ): شریف و بہادر آدمی (۲) سخت و شدید۔
- بَرْدٌ صِنْدِيدٌ: سخت سردی۔
- رِيحٌ صِنْدِيدٌ: سخت ہوا۔
- مَطَرٌ صِنْدِيدٌ: تیز بارش۔
(ج) صَنَادِيدُ۔ يومٌ حَامِي الصَّنَادِيدِ: سخت گرمی کا دن۔ صَنادِيدُ القَدَرِ: تقدیر کے لکھے مصائب۔
(الصُّنْدُوقُ): بکس، ٹرنک، پیٹی، ڈبا، صندوق (۲) روپے کا ذخیرہ۔ فنڈ (محدثہ)
- صُنْدُوقُ البَرِيدِ: لیٹر بکس، پوسٹ بکس۔
- صندوقُ التَّوْفِيرِ: بچت فنڈ، سیونگ بنک۔
- صُنْدُوقُ الطَّرْدِ: سیفن، بیت الخلاء میں لگا ہوا پانی کا بکس جو زنجیر کھینچنے سے دباؤ کے ساتھ پانی چھوڑ کر غلاظت کو صاف کر دیتا ہے اور خود بخود دوبارہ پانی سے بھر جاتا ہے۔
(تَصَنْدَلَ) الرَّجُلُ: صندل کی خوشبو لگانا (۲) تسمہ دار جوتا پہننا (مو)
(الصُّنَادِلُ): بڑے سر کا مضبوط کاٹھی والا جانور۔

(الصَّنْدَلُ): صندل (ایک درخت کا نام) (۲) تسموں والا جوتا (چپل یا سینڈل) (۳) بار برداری کی کشتی جس کا پیندا سیدھا ہوتا ہے اور ندیوں میں چلائی جاتی ہے (مع) (ج) صَنَادِلُ۔

(الصَّنْدَلَانِيُّ): عطار (۲) دوا فروش (ج) صَنَادِلَةٌ۔

(الصِّنَارَةُ): مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) چرخے کے تکلے کا سرا۔

(صَنَعَ)(ف) الشيئَ ۔صُنْعًا: کوئی چیز بنانا۔

– بِهٖ صُنْعًا قبيحًا: کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔

– فرسه ونحوهٗ: گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا۔

– فلانًا علٰى عينه: زندگی کے تمام مرحلوں میں کسی کی نگرانی اور تربیت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾ }

– الشيئَ بعين فلانٍ: کسی کی نگرانی میں کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا }

(صَنِعَ) (س) ۔صَنَعًا: ماہر ہونا، کسی کام میں کاری گر ہونا۔ هو صَنِعٌ۔

(أَصْنَعَ) الأَخْرَقُ: سیکھنا اور پختگی حاصل کرنا۔

– الفَرَسَ وغيرَهٗ: گھوڑے کو سدھانا اور اس کی اچھی نگہداشت کرنا۔

(صَانَعَهٗ): حسن سلوک و رواداری کا معاملہ کرنا۔

– عن الشيئ: دھوکہ دینا۔

(صَنَّعَهٗ): مبالغہ صَنَعَهٗ۔

– الجاريةَ ونحوَها: لڑکی وغیرہ کو موٹا کرنا اور اس کی نگہداشت کرنا۔

– الأُمَّةَ: قوم کو ضروری وسائل کے ذریعہ صنعت میں ترقی دینا (مج)

(اِصْطَنَعَ): مبالغہ صَنَعَ۔

– فلانٌ: صدقہ کا کھانا تیار کرنا۔

– عند فلانٍ صَنِيْعَةً: کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

– فلانًا: چننا، منتخب کرنا، پسند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: { وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾ }

(تَصَنَّعَ): خلاف اصل ظاہر کرنا، بناوٹ اختیار کرنا۔

(اِسْتَصْنَعَ) فلانًا كذا: کسی سے کوئی چیز بنوانا، تیار کروانا۔

(التَّصْنِيْعُ): قوم کو اقتصادی وسائل سے صنعتی بنانے کا عمل (۲) صنعتی فروغ (مج)

(الصَّانِعُ): کاری گر، ہنرمند، صنعت کار (ج): صُنَّاعٌ۔

– امرأةٌ صَانعةُ اليَدَيْنِ: دست کاری میں ماہر عورت (ج) صَوَانِعُ۔

(الصَّنَاعُ): نالی میں عارضی طور پر پانی روکنے کے لئے لگائی جانے والی لکڑی وغیرہ (۲) کسی کام یا فن کا ماہر۔ رَجُلٌ او امرأةٌ صَنَاعُ اليدِ او اليدين: دستکار مرد یا عورت۔ کہاوت ہے: (تحسبها خرقاءَ وهي صَنَاعٌ) (ج) صُنُعٌ۔

(الصِّنَاعَةُ): ہنر، کاری گری (۲) ہر وہ علم اور فن جس میں انسان مہارت حاصل کر کے اسے پیشہ بنا لے۔

(الصَّنَاعِيَةُ) قومٌ صَنَاعِيَةٌ: مال کو عمدہ طریقہ سے جمع کرنے والے لوگ۔

(الصِّنَاعِيُّ): صنعتی، فنی، ٹیکنیکل، انڈسٹریل (۲) مصنوعی، نقلی، غیر فطری، بناوٹی جیسے: حريرٌ صناعيٌّ۔

– المصدرُ الصِّنَاعِيُّ: وہ مصدر جو اسم کے آخر میں یاء مشدد اور تاء مربوط بڑھا کر بنایا جائے جیسے: خصوصيّةٌ فروسيّةٌ طفوليّةٌ اسماء اعیان کے آخر میں بھی یاء مشددہ اور تاء مربوطہ بڑھا کر مصدر صناعی بنایا جاتا ہے۔ جیسے صخريّةٌ وخشبيّةٌ کبھی یہ مصدر مشتقات سے بھی بنایا جاتا ہے۔ جیسے قابليّةٌ اور مسئولية اور حِرِّيَّةٌ ادوات کلام سے بھی بنایا جاتا ہے جیسے كميّةٌ و كيفيّةٌ وماهِيّةٌ۔

(الصُّنْعُ): کام، عمل (حیوان یا جماد کی طرف منسوب نہ ہوگا) قرآن مجید میں ہے: { وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ } (۲) بھنی ہوئی چیز، مصنوعہ، قرآن مجید میں ہے: { صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ }

(الصِّنْعُ): ہر بنی ہوئی چیز (۲) بنا ہوا گوشت (۳) بھوننے کی سیخ (۴) بارش کا پانی جمع کرنے کا حوض (ج) أَصْنَاعٌ وصُنُوعٌ۔ رَجُلٌ صِنْعُ اليَدَيْنِ: ماہر دستکار (۵) ماہر دستکار (ج) أَصْنَاعٌ۔

(الصَّنَعُ) لسانٌ صَنَعٌ و رَجُلٌ صَنَعُ اللسان: بلیغ اور ماہر الکلام۔ صَنَعُ اليَدَيْن: ماہر دستکار (ج) أَصْنَاعٌ و صُنُعٌ۔

(الصَّنْعَةُ): صنعت، ہنر، کاری گری (۲) مخصوص طریقہ کار۔

(الصَّنِيْعُ): کسی کے ساتھ کی جانے والی بھلائی یا نیکی (۲) حسن سلوک (۳) طعام ضیافت (۴) آزمودہ تلوار یا تیر۔ فلانٌ صنيعُ فلانٍ: فلاں فلاں کا پروردہ ہے (ج) صَنَائِعُ۔

(الصَّنِيْعَةُ): بھلائی، نیکی، حسن سلوک (ج): صَنَائِعُ۔

(المُصَانَعَةُ): حسن سلوک کی توقع پر کسی کے ساتھ بھلائی کرنا (۲) رشوت۔

(المَصْنَعُ): کارخانہ، فیکٹری۔ مِل صنعت (۲) بارش کا پانی جمع کرنے کا حوض (ج) مَصَانِعُ۔

– المَصَانِعُ: محلات، قلعے، بڑی آبادیاں۔ بڑے مکانات یا کنویں۔ قرآن مجید میں ہے: { وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ }

(المَصْنَعَةُ) بمعنی المَصْنَعُ (۲) دوستوں کی ضیافت کا کھانا (۳) شہد کی مکھیوں کے لئے مکانات سے الگ بنائی ہوئی جگہ (ج) مَصَانِعُ۔

(المَصْنُوْعُ): تیار کردہ، بنایا ہوا (۲) مصنوعی بال۔

(صَنَّفَ) الشَّجَرُ: درخت کی مختلف قسمیں ہونا (۲) درخت پر مختلف قسم کی شاخیں اور پتے نکلنا۔

– الثَّمَرُ: پھل کا کچھ حصہ پک جانا۔

-الاشیاءَ: چیزوں کی مختلف قسمیں بنانا۔

-الکتابَ: کتاب تصنیف کرنا۔

(تَصَنَّفَ) الشَّجَرُ: درخت پر مختلف قسم کے پتوں کا نکلنا۔

-الاشیاءُ: اشیاء کی مختلف قسمیں ہونا۔

-شَفَتُه: ہونٹ پھٹنا' ہونٹ پر پپڑی جمنا۔

(الصِّنْفُ): قسم' نوع (۲) مرتبہ' درجہ (۳) صفت (ج) أَصْنَافٌ وصُنُوْفٌ۔

(الصَّنْفَرَةُ): ریگ مال' لکڑی وغیرہ کو رگڑنے اور چکنا کرنے کا کھرفرے مسالے کا ایک کاغذ (د)

(أَصْنَقَ): غصہ کی وجہ سے کھانا پینا ترک کر دینا۔

(صَنِمَتِ) (س) الرَّائِحَةُ۔ صَنَمًا: بو کا خراب ہونا۔

-الجسمُ: جسم کا بدبودار ہونا۔

(صَنَّمَ) فلانٌ: بت بنانا' مورتی بنانا۔

-الشئَ: مورتی کی شکل پر بنانا۔

(الصَّنَمُ): بت' مورتی (ج) أَصْنَامٌ قرآن مجید میں ہے: { فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓی اَصْنَامٍ لَّهُمْ ج }

(الصَّنَمَةُ) بمعنی الصَّنَمُ۔

(صَنَّ) (ض) صَنًّا وصُنُوْنًا: بدبودار ہونا' سڑ جانا۔ جیسے: صَنَّ اللَّحمُ وصَنَّ الماءُ۔

(أَصَنَّ) بمعنی صَنَّ۔

-فلانٌ: خاموش ہونا (۲) غصہ یا تکبر کی وجہ سے ناک چڑھانا۔

-علیه: کسی پر انتہائی غضبناک ہونا۔

(الصُّنَانُ): سڑاند' بدبو۔

(أَصْنَى) فلانٌ: راکھ آلود ہو جانا۔

- الشجرةُ: درخت کی جڑ سے دو یکساں شاخیں اگنا۔

تَصَنَّى فلان: أَصْنَى۔

(الصِّنَاءُ): راکھ (۲) بدن کو لگنے والی آگ کی باریک چنگاریاں اور دھواں۔

(الصِّنْوُ): مثل' یکساں (۲) ایک درخت کی جڑ سے دو یکساں اگنے والی شاخوں میں سے ایک (۳) سگا بھائی۔ هُوَ صِنْوُ اَخِیهِ: وہ اپنے بھائی کا حقیقی برادر ہے۔: هُمَا صِنْوَانِ: وہ دونوں حقیقی بھائی ہیں۔ قرآن مجید میں ہے: { صِنْوَانٌ وَّ غَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ط } هي صنوةٌ۔

(الصَّنَوْبَرُ): چیڑھ کا درخت۔

ص............ه

(صَهِبَ) (س) اللونُ۔ صَهَبًا و صُهْبَةً: بھورے رنگ کا ہونا۔

(صَهُبَ) (ك) صُهُوْبَةً وصَهَبًا بمعنی صَهِبَ۔

(صَهَّبَهُ): بھورے رنگ کا بنانا۔

(اصهبّ) الشَّعْرُ ونحوهُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

(الاصْهَبُ): بھورے رنگ کا۔ هي صَهْبَاءُ (ج) صُهْبٌ۔

(الصَّهْبَاءُ): شراب۔

(الصُّهْبَةُ): بھورا رنگ۔

(صَهَدَهُ) (ف) الحَرُّ۔ صَهْدًا وصَهَدَانًا: سخت گرمی لگنا۔

(الصَّيْهَدُ): سخت گرم۔

(صَهَرَ) (ف) الشئَ النّارُ ونحوها۔ صَهْرًا: پگھلانا۔ قرآن مجید میں ہے: { يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾ }

-فلانًا الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔

-الخُبْزَ ونَحْوَهُ: روٹی وغیرہ کے لئے روغن یا چربی کو سالن بنانا۔

-الشَّعْرَ والجسمَ: چربی ملنا۔

- الشئَ الیه: نزدیک کرنا۔ هو مصهورٌ و صَهِيرٌ۔

(أَصْهَرَ) الیه: قریب ہونا۔

- الی القومِ وبهم: کسی قوم میں شادی کرنا' داماد بنا یا بنانا' بہنوئی بنا یا بنانا۔

(صَاهَرَ) القومَ و فيهم واليهم بمعنی اَصْهَرَ

(اصطَهَرَ) الشَّحْمَ: چربی پگھلا کر کھانا۔

(انْصَهَرَ): پگھلنا۔

(تَصَاهَرَا): ایک دوسرے کو بہنوئی بنانا' رشتہ ازدواج قائم کرنا۔

(الْاِنصِهَارُ): کیفیت تحلیل' علم کیمیا میں مادہ کا ٹھوس پن سے سیالی کیفیت میں تبدیل ہونا۔

(الصُّهَارَةُ): پگھلا ہوا مادہ (۲) چربی (۳) گودا' مغز۔

(الصِّهْرُ): داماد (۲) بہنوئی۔ هو صِهْرِيْ: وہ میرا داماد یا بہنوئی ہے (ج) أَصْهَارٌ (۲) ازدواجی رشتہ وقرابت۔ قرآن مجید میں ہے: { وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ط }

(الصَّهُوْرُ): گوشت بھوننے والا۔ (۲) چربی پگھلانے والا (ج) صُهُرٌ۔

(الصَّهِيْرُ): پگھلا ہوا' بھونا ہوا۔

(المَصْهَرُ): ڈھلائی کا کارخانہ' فاؤنڈری (ج) مَصَاهِرُ۔

(صَهْرَجَ) صِهْرِيْجًا: پانی کا حوض یا ٹینکی بنانا۔

-الحوضَ ونحوهُ: حوض وغیرہ پر چونے کا پلاستر کرنا۔

(الصِّهْرِيْجُ): پانی کا بڑا حوض' ٹینکی (ج) صَهَارِيْجُ۔

(صَهْ): بمعنی اسکت: خاموش رہ (اسم فعل واحد مخاطب وغیرہ کے لئے) اس پر تنوین بھی آتی ہے اور وہ نکرہ کے لئے ہوئی ہے۔ اگر بغیر تنوین کے ہو تو معنی ہوں گے: دَعْ حديثك هٰذا لاتَمْضِ فيه: اپنی بات چھوڑ اور آگے نہ بڑھ۔

(صَهْصَهَ) بالقومِ: چپ کرانے کے لئے ڈانٹنا۔

(صَهَلَ) (ف ض) الفرسُ صهيلا و صُهَالاً: گھوڑے کا ہنہنانا۔

(تَصَاهَلَتِ) الخَيْلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے

ص

کو دیکھ کر ہنہنانا۔
(الصَّاهِلُ): گھوڑا (ج) صَوَاهِلُ۔
(صَهِيَ) (س) ۔صَهًا: بہتے ہوئے زخم والا ہونا۔
-الجُرحُ: زخم کا پیپ دار ہونا' رسنا۔
-يَدُهُ: ہاتھ کا زخمی ہونا۔
(أَصْهَى) الفرسُ ونحوهُ: گھوڑے کا پیٹھ کے درد میں مبتلا ہونا۔
- المَرِيْضَ: بدن کو تیل مل کر اور دھوپ دے کر علاج کرنا۔
(صَاهِي) الفرَسَ: گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
(الصَّهْوَةُ): گھوڑے کی پشت پر زین رکھنے کی جگہ (۲) ہر چیز کا بلند حصہ (۳) پہاڑی کی چوٹی پر بنا ہوا برج (۴) زمین کا ہموار حصہ جہاں بھٹکنے والے اونٹ پناہ لیتے ہیں (۵) پہاڑ میں پانی کا چشمہ (ج) صِهَاءٌ و صُهًا۔
(الصِّهْيَوْنِيَّةُ): صیھون کی طرف منسوب (جو کہ یروشلم کے نزدیک ایک پہاڑ کا نام ہے) یہ ایک تحریک کا نام ہے جس کا مقصد فلسطین میں مستقل طور پر ایک یہودی برادری اور نو آبادی کا قیام ہے۔

ص............و

(صَابَ) (ن) المَطَرُ صَوْبًا و صَيْبُوبَةً بارش ہونا۔
- السَّحابُ بالمطرِ: بارش برسانا۔کہاوت ہے: (صَابَتْ بِقُرٍّ): آفت اپنی جگہ آئی اور اس نے تکلیف پہنچائی۔
-المَطَرُ الأرضَ: بارش کا زمین پر خوب برسنا۔
- السَّهْمُ ونحوُهُ الهَدَفَ وغَيْرَهُ: تیر وغیرہ کا نشان پر لگنا اور آگے نہ بڑھنا۔
-بِهِ: لگنا' واقع ہونا۔
(أَصَابَ): درست اور ٹھیک ہونا' غلطی سے پاک ہونا۔
-الشيءَ: پالینا۔
-الخَطْبُ فُلَانًا: کسی پر مصیبت آنا۔
-بعينِهِ: کسی سے حسد کرنا' جلنا۔
-السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
-الرَّامِيْ: نشانہ پر مارنا۔
-من المالِ ونحوهِ: مال وغیرہ حاصل کرنا۔
(صَوَّبَ) السَّهْمَ: تیر کو نشانہ کے لئے سیدھا کرنا۔
- الفَرَسَ ونَحْوَهُ: گھوڑے کو دوڑ کے لئے چھوڑنا۔
- قَوْلَه أوْ فِعْلَهُ: درست قرار دینا' تصدیق کرنا۔
-الخَطأَ: غلطی کو درست کرنا۔
- فلانًا: تصدیق وتصویب کرنا' مقولہ ہے (ان اخطئتُ فخطِّئنِي وان اصبتُ فصوِّبْنِي)۔
الشيءَ: جھکانا' نیچا کرنا۔
-الطعامَ او الحَبَّ: ڈھیر لگانا۔
(انْصَابَ) الماءُ: پانی بہنا۔
(تَصَوَّبَ) لازم صَوَّبَه (۲) بمعنی "اِنْحَدَرَ" (بہنا ڈھلوان ہونا) کے معنی میں بھی بولا جاتا ہے جیسے صنوبری کا شعر ہے:

وکــــان محمــــر الشــــقی
ق اذاتصــــوب اوتصــــعدْ
اعــــلام یــــاقــــوت نُشِــــرْ
نَعلــــی رِمــــاح مــــن زبرجَــــدْ

(اسْتَصَابَ) قَوْلَه أو فِعْلَهُ أو رايَهُ: درست سمجھنا' درست اور صحیح قرار دینا۔
(اسْتَصْوَبَهُ) بمعنی اسْتَصَابَهُ۔
(الصَّابُ): اندرائن' حنظل (ایک انتہائی کڑوا پودا)
(الصَّوابُ): درستگی' صحت (۲) حق' درست۔
(الصَّوْبُ): جہت' جانب' طرف اتَّجَهَ صَوْبَهُ: اس نے اپنا رخ کیا۔
- فلانٌ مُسْتَقِيمُ الصَّوْبِ: صحیح راہ چلنے والا (۲) ضروری اور فائدہ مند بارش۔
(الصُّوبَةُ): گلہ اور مٹی وغیرہ کا ڈھیر (۲) بعض اقسام کے پودوں کی نگہداشت کے لئے کانچ کا بنا ہوا کمرہ (محدثہ)
(الصُّوَّابَةُ): صُوَّابَةُ القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔
(الصُّوَيْبُ): درست' ٹھیک۔
(الصَّيِّبُ): بارش والا بادل (۲) بارش۔
قرآن مجید میں ہے: اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ۔
(الصَّيُّوبُ) بمعنی الصَّيِّبُ۔
(المُصَابُ): درستگی (۲) سخت' آفت و مصیبت (۳) مصیبت زدہ۔
(المُصِيبَةُ): آفت' مصیبت (ج) مَصَائِبُ۔
(الصَّوْبَجُ): روٹی بنانے کا بیلن (ج) صَوَابِجُ (مع)
(الصَّوْبَجُ) بمعنی الصَّوْبَجُ (مع)
(صَاتَ) (ن) صَوْتًا و صُوَاتًا: آواز نکالنا۔
(أَصَاتَ) بمعنی صَاتَ۔
-بفلانٍ: مشہور کرنا۔
-فُلَانًا: آواز نکلوانا۔
(صَوَّتَ) مبالغةٌ في صَاتَ۔
-بِهِ: بلانا' آواز دینا۔
-له: الیکشن میں کسی کو ووٹ دینا (محدثہ)
-الطَّسْتَ ونَحْوَهُ: طشت وغیرہ کی آواز نکالنا۔
(انْصَاتَ): بات ماننا' اطاعت کرنا۔جیسے: انْصَاتَ فلانٌ للأمرِ (۲) ٹیڑھا ہونے کے بعد سیدھا ہو جانا جیسے انْصَاتَ المعوّجُ۔
-بِهِ الزمانُ: مشہور ہونا۔
(الصَّاتُ): نیک نامی' اچھائی میں مشہور (۲) سخت آواز والا۔
(الصَّوْتُ): آواز (۲) نغمہ گیت جیسے: غَنّٰى صَوْتًا (یہ مذکر ہے لیکن بعض نے مؤنث کیا ہے) (۳) اچھی شہرت' نیک نامی (۴) ووٹ (محدثہ) (ج) أصواتٌ۔

- **اسمُ الصَّوتِ**: نحاۃ کے نزدیک ہر وہ لفظ جس کے ذریعہ آواز دی جائے یا ڈانٹ ڈپٹ، دعا، تعجب اور افسوس کے اظہار کیلئے آواز نکالی جائے۔
(الصِّیتُ): نیک نامی، اچھی شہرت کہتے ہیں: **ذَھَبَ صیتُه بین النّاسِ**: وہ لوگوں میں مشہور ہوگیا۔
(الصِّیتَةُ) بمعنی **الصِّیتُ**۔
(الصَّیِّتُ): سخت آواز والا (۲) سخت اور اونچی آواز۔
(صَاخه) (ن) صَوْخًا: پھاڑنا۔
(صَوَّخَ) النبتُ وغیرُهٗ: پودے کا خشک ہوکر پھٹ جانا۔
- **النَّخْلُ ونَحْوُهٗ**: کھجور کے درخت وغیرہ کے اچھے برے کا ظاہر ہونا۔
- **الحَرُّ او الریحُ الشیئَ**: گرمی یا ہوا کا کسی چیز کو خشک کرکے بکھیرنا۔
(انصاخ): پھٹنا۔
- **النبتُ ونحوهٗ**: خشک ہوکر پھٹنا۔ (۲) کلیاں ظاہر ہونا۔
- **الفجرُ أوالبرقُ أو القمرُ**: روشن ہونا، چمکنا۔
- **تَصَوَّحَ النَّبْتُ**: خشک ہوکر پھٹنا۔
- **الارضُ**: زمین کا خشک ہوکر شگاف پڑنا۔
- **الشَّعْرُ**: بالوں کا پھٹ کر بکھرنا۔
(الصَّاحَةُ): بنجر زمین (ج) **صَاحٌ وصُوحٌ**۔
(الصُّوَاحُ): کھجور کا خشک شگوفہ (۲) چونا سرخی ملا یا ہوا مسالا۔
(الصُّوْحَانُ): خشک۔ ھی **صوحانةٌ**
(الصُّوَّاحَةُ): بال یا اون جو سوکھ کر بکھر جائیں۔
(أصَاخَ) له والیه: کان لگا کر سننا۔
- **عن الأمرِ**: چھوڑنا، رجوع کرنا۔
- **علیٰ حقِّ فلانٍ**: کسی کے حق کو نظر انداز کرنا۔
(الصَّاخَةُ): مصیبت (۲) علم طب کے مطابق ہڈی کا ورم جو چوٹ وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے (ج) **صَاخٌ**۔
(الصودیوم): ایک ہلکا اور چمکدار سبک عنصر جس سے سوڈا بنایا جاتا ہے (مج)
(صَارَ) (ن) صَوْرًا: آواز نکالنا۔
- **الشیئَ الیه**: قریب کرنا، اسی سے ہے **(فَصُرْهُنَّ الیكَ)**
(صَوِرَ) (س) صَوَرًا: جھکنا، ٹیڑھا ہونا۔: **ھو أَصْوَرُ وھی صَوْرَاءُ (ج) صُوْرٌ**۔
(أَصَارَهٗ) الیه: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔
(صَوَّرَهٗ): جسمانی شکل وصورت بنانا۔ قرآن مجید میں ہے: { **هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ** }
- **الشیئَ او الشَّخْصَ**: تصویر کھینچنا، تصویر بنانا، نقشہ کھینچنا۔
- **الأمْرَ**: کسی معاملہ کا پوری طرح نقشہ کھینچنا۔
(تَصَوَّرَ): شکل وصورت بننا۔
- **الشیئَ**: تصور کرنا، دل میں خیال لانا۔
(التَّصَوُّرُ): علم نفسیات میں کسی محسوس چیز کو کوئی تصرف کئے بغیر عقل میں مستحضر کرنے کا نام ہے (۲) مناطقہ کے نزدیک نفی و اثبات کا حکم لگائے بغیر مفرد کے ادراک کو تصور کہتے ہیں (مج)
(التَّصَوُّرِیَّةُ): فلسفہ کا ایک نظریہ جس کے مطابق کلیات کا وجود صرف ذہن میں ہوتا ہے اس کے بالمقابل نظریہ واقعیت اور نظریہ اسمیت ہے (مج)
(التَّصْوِیْرُ): فوٹو، تصویر (۲) کسی بھی جاندار یا غیر جاندار کی تصویر جو قلم وغیرہ سے کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بنائی گئی ہو یا کیمرے سے لی گئی ہو۔
- **التصویرُ الشمسیُّ**: شمسی کیمرے سے لیا گیا فوٹو۔
(الصَّارَةُ): پہاڑ کی چوٹی۔
(الصُّوَارُ): گایوں کا گلہ، جماعت (ج) **أَصْوِرَةٌ وصِیْرَانٌ**۔
(الصُّوْرُ): بگل، صور (ج) **اصوارٌ**۔
(الصُّوْرَةُ): شکل، حلیہ، تصویر، مجسمہ، قرآن مجید میں ہے: { **الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝** }
- **صورةُ المسألةِ او الأمْرِ**: مسئلہ یا معاملہ کی نوعیت، تفصیل۔ جیسے: **هٰذَا الأمْرُ علیٰ ثلاثِ صوَرٍ**۔
- **صورةُ الشیئِ**: ماہیت مفردہ (۲) ذہن یا عقل میں آیا ہوا خیال۔
- **صورةُ الحکمِ التفیذیة**: عدالتی فیصلہ کا اصل مسودہ جس پر عدالت کی مہر ثبت ہوتی ہے اور عمل درآمد کئے جانے کا حکم تحریر ہوتا ہے (مج)
(الصَّیِّرُ): خوبصورت۔
(المُصَوِّرُ): آرٹسٹ، فوٹوگرافر۔
(المُصَوِّرَةُ): تانیث **المُصَوِّر** (۲) کیمرہ، آلہ تصویر کشی (مج)
(صَاعَتِ) (ن) النَّحْلُ صَوْعًا: شہد کی مکھیوں کا منتشر ہوکر ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
- **الاشیاءَ**: بکھیرنا، منتشر کرنا۔
- **الأقْرَانَ**: ہم عمروں کو ڈرا کر منتشر کرنا۔
- **الحَبَّ**: صاع سے غلہ کا وزن کرنا۔
(صَوَّعَ) الاشیاءَ: بکھیرنا، جدا جدا کرنا۔
- **المَوْضِعَ**: چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے زمین کو ہموار کرنا۔
(انْصَاعَ): لازم **صَاعَهٗ** (۲) تیزی سے آنا یا گزرنا۔
(تَصَوَّعَ) القومُ: منتشر ہونا، جدا جدا ہونا۔
(الصَّاعُ): غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ، صاع، جو اہل حجاز کے حساب سے ۴ مد (۴ پونڈ) یعنی گیارہ سو بیس درہم کے وزن کے بقدر ہوتا ہے اور اہل عراق کے حساب کے مطابق آٹھ رطل کے برابر یا دو سیر چودہ چھٹانک چار تولہ کے برابر (۲) پانی پینے کا پیالہ (۳) گیند کھیلنے کا بلا (ج) **أَصْوُعٌ و صُوْعَانٌ وصِیْعَانٌ**۔
(الصَّاعَةُ): چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے تیار کی گئی زمین (۲) روئی دھنکنے کے لئے تیار کردہ جگہ۔
(الصُّوَاعُ): **الصَّاعُ** پانی پینے کا برتن، غلہ ناپنے کا پیمانہ۔ قرآن مجید میں ہے: { **قَالُوْا نَفْقِدُ**

ص

صُوَاعَ الْمَلِكِ } (ج) صِيعَانٌ۔
(صَاغَه) (ن) ء صَوْغًا و صِيَاغَةً: صحیح نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا۔
- المعدنَ: دھات کو پگھلا کر ڈھالنا۔
- الکلامَ: کلام کو مرتب اور مزین کرنا۔
(انْصَاغَ) الشيءُ: لازم صَاغَهُ۔
(الصَّائِغُ): سنار، زیورات بنانے والا (ج) صَاغَةٌ وصُوَّاغٌ وصُيَّاغٌ۔
- فلانٌ مِنْ صَاغَةِ الكَلَامِ: وہ عمدہ کلام کا ماہر ہے: هُنَّ صَوَائِغُ۔
(الصَّوَّاغُ): ماہر کلام جو کلام کو مختلف طریقوں پر مرتب و منظم کر کے پیش کرتا ہو۔ جیسے کہا جاتا ہے: هذهِ كلمة صاغها صَوَّاغٌ۔
(الصِّيَاغَةُ): زیور سازی، سنار کا پیشہ۔
- كلامٌ حَسَنُ الصِّيَاغَةِ: مرتب و عمدہ کلام۔
(الصِّيغةُ): ڈھلی ہوئی چیز۔ اس کا اکثر استعمال زیورات کے بارے میں ہے (۲) اصل خاندان۔ جیسے: ـ هو مِنْ صيغةٍ كريمةٍ (۳) طریقہ عمل، نوعیت جیسے صيغةُ الامرِ كَذَا و كَذَا۔
- صِيغةُ الكَلِمَةِ: لفظ کی مخصوص شکل جو حرکات اور حروف کی ترتیب سے حاصل ہوتی ہے (ج) صِيَغٌ کہتے ہیں: اختلفت صِيَغُ الكلامِ: کلام کی تراکیب اور عبارتیں مختلف ہیں۔
- الصيغةُ التنفيذيةُ: (عدالت کی اصطلاح میں) مخصوص عبارت یا مضمون جو حکم کی صورت کے متعلق ہوتا ہے اور اس کا نفاذ جرا کیا جاتا ہے (مج)
(الصَّيَّاغُ) بمعنی الصَّوَّاغُ۔
(الصَّيِّغُ): بات کو بنا سنوار کر پیش کرنے والا (۲) جھوٹا (۳) سنار۔
(الصَّيِّغَةُ): مؤنث الصَّيِّغ (۲) سختی، مصیبت
(المَصَاغُ): ڈھلائی (۲) ڈھلی ہوئی چیز (۳) زیور۔
(المَصُوغُ): زیور۔

(صَافَ) (ن) الكَبْشُ صَوْفًا: اون نکل آنا۔ هو صَائِفٌ (۲) اون کا زیادہ ہونا هو أَصْوَفُ وهي صَوْفَاءُ۔
(صَوَّفَ) النَّبَاتُ: پودوں پر اون جیسا روآں نمودار ہونا۔
- فلانًا: صوفی بنانا۔
(تَصَوَّفَ) فلانٌ: صوفی بن جانا۔
(التَّصَوُّفُ): تصوف، ایک سلوکی طریقہ جس کا مدار زندگی کی سادگی، چال چلن اور اخلاقی و روحانی ترقی پر ہوتا ہے۔
- علم التصوّفِ: مخصوص اصولوں کا مجموعہ جن پر اہل تصوف یقین رکھتے ہیں اور وہ مخصوص آداب حیات جن کے وہ اپنی خلوت وجلوت میں حامل ہوتے ہیں۔
(الصُّوفُ): اون (ج) أَصوافٌ۔
- صُوفُ البَحْرِ: سمندر کے اوپر اون کی طرح ابھری ہوئی جھاگ (ج) اصوافٌ۔
(الصُّوفانُ): ایک پودا جس پر اون نمار وئیں ہوتے ہیں۔
(الصُّوفانِيُّ): اونی (نسبت خلاف قیاس صوف کی طرف ہے) (۲) زیادہ اون والا۔
(الصُّوفَةُ): اون کا ٹکڑا۔
(الصُّوفِيُّ): صوفی، تصوف کی راہ پر چلنے والا، سادگی اور مخصوص آداب و اصول کا پابند جن سے قرب الٰہی اور اخلاق و روحانی ترقی حاصل ہوتی ہے۔
(الصُّوفِيَّةُ): تصوف۔
(الصَّوَّافُ): اون بیچنے والا۔
(الصَّيِّفُ) ثوبٌ صيِّفٌ: وہ کپڑا جس میں اون غالب ہو۔
(صَاكَ) (ن) بِهِ المسكُ ونحوهُ ء صَوْكًا مشک کا چپکنا۔
- الطِّيبُ ونحوُهُ: خوشبو کا مہکنا۔
(تَصَوَّكَ) بِالمسكِ ونحوِهِ: مشک کی خوشبو لگانا۔

(صَالَ) (ن) عليه ء صَوْلًا وصَوَلَانًا: حملہ کرنا، مغلوب کرنے کے لئے کسی پر جھپٹنا۔
- الجَمَلُ ونحوهُ: کاٹنا۔
(صَاوَلَهُ) مُصَاوَلَةً وصِيَالًا وصِيَالَةً: حملہ آوری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(صَوَّلَ) البَيْدَرَ و نحوَهُ: غلہ کے کھلیاں کو چاروں طرف سے صاف کرنا۔
- الحِنْطَةَ و نحوَهَا: گندم کو پانی ڈال کر صاف کرنا۔
(تَصَاوَلَا): حملہ کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
(الصَّؤُولُ): زبردست حملہ آور۔
(الصَّوْلَةُ): حملہ، جست (۲) طاقت، بہادری۔ جیسے: هُوَ ذُو صَوْلَةٍ۔
(الصُّولَةُ): پانی ڈال کر صاف کیا ہوا گندم وغیرہ (ج) صُوَلٌ۔
(المِصْوَلُ): گندم کو گاہنے کے بعد صاف کرنے کا آلہ (۲) وہ برتن جس میں کڑواہٹ دور کرنے کے لئے حنظل کو بھگویا جائے (ج): مَصَاوِلُ۔
(المِصْوَلَةُ): کھیت کے کناروں کو صاف کرنے کی جھاڑو (ج) مَصَاوِلُ۔
(الصَّوْلَجُ والصَّوْلَجَةُ): (دیکھئے (صلج)
(الصَّوْلَجَانُ والصَّوْلَجَانَةُ) (دیکھئے: صلج)۔
(صَامَ) (ن) ء صَوْمًا صِيامًا: رکنا (۲) شرعی اعتبار سے طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک نیت کے ساتھ کھانے پینے اور جماع سے رکنا۔ (۲) خاموش رہنا۔
- الفَرَسُ: گھوڑے کا کھڑا رہنا اور چارہ نہ کھانا۔
- الماءُ والريحُ ونحوُهَا: رک جانا، تھمنا۔
- الشَّمسُ: زوال کے وقت سورج کا آسمان کے درمیان میں پہنچنا۔
- النَّعَامُ ونَحْوُهُ: رک کر بیٹ کرنا۔
(صَوَّمَهُ): روزہ رکھوانا۔
(اصْطَامَ): مکمل طور پر رکنا، یا بہت روزے رکھنا۔

(الصَّائِمُ): روزہ دار (ج) صُوَّمٌ و صُيَّمٌ و صُوَّامٌ وصُيَّامٌ وصِيَامٌ۔
(الصَّوَامُ): خشک و بے آب زمین۔
(الصَّوْمُ): کسی بھی بات یا عمل سے رکنا (۲) اصطلاح شرع میں صبح صادق سے غروب آفتاب تک نیت کے ساتھ کھانے پینے، جماع سے رُکنا (۲) خاموشی۔قرآن مجید میں ہے: {اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا}
(الصَّوَّامُ): بہت روزے رکھنے والا، بہت خاموش رہنے والا۔
(الصِّيَامُ) بمعنی الصَّوْمُ (۲) جمع صائم۔
(المَصَامُ): مَصَامُ الفَرَسِ ونحوِهٖ: گھوڑے وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
— مَصَامُ النَّجمِ: ستاروں کے اٹکنے کا مقام۔
— مَصَامُ الشَّمسِ: وسط آسمان جیسے جِئتُه والشّمسُ فی مَصَامِها: میں اس کے پاس نصف نہار کے وقت آیا۔
(صَوْمَعَ) الشیءَ: (دیکھئے: صمع)
(الصَّوْمَعُ): (دیکھئے: صمع)
(الصَّوْمَعَةُ): (دیکھئے: صمع)
(صَانَ) (ن) الفَرَسُ صَوْنًا: گھوڑے کا سم کے کنارے پر کھڑا ہونا (۲) سم میں درد کی وجہ سے چلنے سے کترانا۔
— الشیءَ صَوْنًا وصِيَانَةً: محفوظ جگہ میں رکھنا۔
— عِرْضَهٗ: عزت وآبرو کی حفاظت کرنا۔
(اصْطَانَهٗ): خوب حفاظت کرنا۔
(تَصَاوَنَ) و(تَصَوَّنَ): خود کو محفوظ رکھنے کی کوشش کرنا۔
(الصُّوَانُ): کتابوں یا کپڑوں وغیرہ کی الماری، بکس (ج) أَصْوِنَةٌ۔
(الصَّوَّانُ): ایک پتھر جس کو رگڑنے سے چنگاریاں نکلتی ہیں۔واحد: صَوَّانَةٌ۔
(الصِّيْنَةُ): حفاظت۔هذا ثوبٌ صِيْنَةٌ: یہ عام استعمال کا معمولی کپڑا نہیں بلکہ خاص کپڑا ہے۔
(صَوِيَ) (س) صَوِیً: خشک اور کمزور ہونا۔
— الضَّرْعُ: تھن میں دودھ نہ رہنا۔
(أَصْوٰي) القَوْمُ: اونچی سخت جگہ پر قیام کرنا۔
— فلانٌ: کسی کے جانوروں کا لاغر ہونا۔
(صَوَّی) الصُّوَی فی الطَّرِیْقِ: راستہ میں راہ نمائی کے پتھر گاڑنا۔
— النَّاقَةَ ونحوَھا: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے اس کا دودھ نہ نکالنا۔
— الدَّابَّةَ: جانور کو طاقتور اور پھرتیلا بنانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔
(الصُّوَّةُ): بلند اور سخت زمین (۲) راستہ میں راہ نمائی کے لئے نصب کیا گیا پتھر یا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں (ج) صُوًی و أَصْواءٌ حدیث میں ہے: (ان للدین صُوًی ومَنَارًا کمنارِ الطریق)

ص............ی

(صَيَّأَ) النَّخْلُ: کھجور کے پھل کا رنگ نمودار ہونا۔
— رَاسَهٗ: سر کو تھوڑا دھونا، بالکل صاف نہ رکھنا۔
(الصَّاءُ): رحم سے بوقت ولادت نکلنے والی نالی کا پانی (۲) ولادت کے بعد نکلنے والی گندگی۔
(الصَّيَأَةُ) بمعنی الصَّاءُ۔
(الصَّيُّوبُ): ٹھیک، درست، بالکل ٹھیک، بہت درست۔
(الصَّيِّبُ): (دیکھئے: صوب)
(الصُّيَّابَةُ): سردار، قائد۔جیسے: هُو صُيَّابَةُ قومِه۔
(صَاحَ) (ض) صَيْحًا وصِيَاحًا: چیخ مارنا۔
— بِه: بلانا، آواز دینا۔
— علیه: ڈانٹنا، جھڑکنا، دھمکانا۔
— الشجرةُ ونحوُھا: لمبا ہونا۔
— العُنْقُودُ: خوشہ کا لمبا ہو کر غلاف سے باہر آنا۔هو صَائِحٌ۔
(صِيحَ) بِه: گھبرا جانا۔
— الشیءَ: اس طرح پھاڑنا کہ آواز نکلے۔
(انْصَاحَ): کسی چیز کا اس طرح پھٹنا کہ اس کی آواز سنائی دے۔
— الارضُ: زمین کے اوپر جزوی روئیدگی ہونا۔
(الصَّائِحَةُ): نوحہ کا شور (۲) ڈر، گھبراہٹ (ج) صَوَائِحُ۔
(الصَّيْحَةُ): چیخ، شور (۲) قیامت کے دن نفخ صور کی آواز۔قرآن مجید میں ہے: {يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ۝۴۲} (۳) اچانک کیا جانے والا حملہ (۴) عذاب۔قرآن مجید میں ہے: {وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ}
(الصَّيَّاحُ): بہت چیخنے اور شور مچانے والا۔
(صَادَ) (ض) الطَّيْرَ والوحشَ و نحوَھما صَيْدًا: شکار کرنا (۲) جال یا پھندہ لگا کر پکڑنا۔
— النَّاسَ بالمعروفِ: لوگوں پر احسان کر کے اپنا بنانا۔
— فلانًا طيرًا ونحوَهٗ: کسی کے لئے پرندہ شکار کرنا۔
(صَيِدَ) (س) صَيَدًا: ٹیڑھی گردن والا ہونا۔
(أَصَادَ) فلانًا ونَحْوَهٗ: کسی کو شکار پر اکسانا (۲) گردن کے ٹیڑھا پن کا علاج کرنا۔
(اصْطَادَهٗ): مشکل سے شکار کرنا۔
(تَصَيَّدَهٗ): شکار کے لئے چال چلنا۔
— خَرَجَ يتصيَّدُ: شکار کے لئے نکلا۔
(اصْيَدَّ) بمعنی صَيِدَ۔
(الأَصْيَدُ): جس کی گردن بیماری کی وجہ سے ٹیڑھی ہوگئی ہو اور وہ ادھر اُدھر دیکھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو (۲) مغرور وخود پسند (۳) طاقت واقتدار کا مالک۔ھی صيداءُ (ج) صِيدٌ۔
(الصادُ): صاد (ایک حرف تہجی) (۲) شکار۔
(الصَّيْدُ): شکار۔قرآن مجید میں ہے: {اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ}
(الصَّيَدُ): گردن کا ٹیڑھا پن (۲) تکبر وغرور۔
(الصَّيُودُ): ماہر شکاری۔جیسے: كلبٌ صَيُودٌ و

صقرٌ صَيُوْدٌ۔
(الصَّيَّادُ): شکاری۔
(الصَّيُوْدُ): نشانہ پر لگنے والا تیر۔
(المَصَادُ): شکار کرنے کی جگہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (ج) مَصَايِدُ۔
(المُصْطَادُ): شکار (۲) شکار کیا ہوا جانور۔
(المِصْيَدُ المِصْيَدَةُ): شکار کرنے کا ذریعہ (ج) مَصَايِد۔
(صَيْدَلَ): دوافروشی کا پیشہ اختیار کرنا۔
(الصَّيْدَلُ): چاندی کی اینٹ (جڑی بوٹی کے پتھروں کو اسی سے تشبیہ دی گئی ہے)
(الصَّيْدَلَةُ): دواسازی، دوافروشی (۲) وہ علم جس میں جڑی بوٹیوں کے خواص اور ان سے دوا بنانے کے طریقوں سے بحث کی جاتی ہے۔
(الصَّيْدَلَانِيُّ): دواساز، دوافروش (۲) دواؤں کے خواص کا جاننے والا (ج) صَيَادِلَةٌ۔
(الصَّيْدَلِيُّ) بمعنی الصَّيْدَلَانِيُّ۔
(الصَّيْدَلِيَّةُ): میڈیکل سٹور، فارمیسی، دواخانہ۔
(الصَّيْدَانُ): وہ پتھر جس کی ہانڈیاں بنائی جاتی ہیں (۲) تانبا۔
(الصَّيْدَانَةُ): بھوت پریت (۲) بداخلاق اور زیادہ باتیں کرنے والی عورت۔
(الصَّيْدَنُ): چاندی کی اینٹ (۲) ایک کیڑا جو اپنا بھٹ زمین میں بنا کر چھپائے رکھتا ہے (۳) مضبوط عمارت (۴) کیمیا۔
(صَارَ) (ض) الشيءُ كذا ، صَيْرًا و صَيْرُوْرَةً و مَصِيْرًا: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا۔
—اليه: لوٹنا، پہنچنا۔
(أَصَارَهُ) كذا وإلى كذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(صَيَّرَهُ) كذا وإلى كذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(تَصَيَّرَ) أَبَاهُ ونحوَهُ: باپ وغیرہ کے ہم شکل ہونا۔

(الصَّائِرَةُ): سوکھی گھاس جو ہری ہونے کے بعد کھائی جائے۔
(الصِّيَارَةُ): جانوروں کا باڑا۔
(الصِّيْرُ): انجام، انتہاء، نتیجہ۔ (۲) طرف، کونہ، گوشہ۔ هو عَلَى صِيْرِ حَاجَةِ اخيه: وہ اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے قریب ہے۔
هو عَلَى صِيْرِ الأَمْرِ: وہ کام کو پورا کرنے ہی والا ہے (۳) پانی جہاں لوگ پڑاؤ ڈالیں (۴) دروازہ کی ریخ، جھری۔ حدیث میں ہے (من نظر من صِيرِ بابٍ فَفُقِئَتْ عينُه فهي هدرٌ) (۵) یہودیوں کا پادری۔
(الصِّيْرَةُ): جانوروں کا باڑہ (ج) صِيَرٌ۔
(الصَّيُّورُ): انجام، آخری حد (۲) پختہ رائے۔
(المَصِيْرُ): انجام، نتیجہ، انتہاء (۲) پانی کے لوٹ جانے کی جگہ۔
— مصيرُ الخلق: مخلوق کے واپس لوٹنے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: { وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ }
(صَاصَتِ) (ض) النَّخْلَةُ ، صَيْصًا: کھجور کے درختوں پر کھجور کا خراب ہونا۔
(أَصَاصَتْ) و (صَيَّصَتِ) النَّخْلَةُ بمعنی صَاصَتْ۔
(الصِّيْصُ): خراب کھجور۔
(الصِّيْصَاءُ): مؤنث الصِّيْصِ (۲) اندرائن کی گٹھلی جس میں دانہ نہ ہو۔
(الصِّيْصَةُ): کاتنے کا تکلا (۲) تانا بانا وغیرہ صاف کرنے کا برش (۳) گائے وغیرہ کا سینگ (ج) صَيَاصٍ۔
(الصِّيْصِيَةُ) بمعنی الصِّيْصَةُ (۲) مرغ کا پنجہ جو پنڈلی میں ہوتا ہے (۳) اچھی نگرانی کرنے والا چرواہا (۴) قلعہ (ج) صَيَاصٍ قرآن مجید میں ہے: { وَ اَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ }
(صَاعَ) (ض) الْغَنَمَ وَنَحْوَهَا صَيْعًا: بکریوں وغیرہ کو جدا جدا کرنا۔
— القَوْمَ: لوگوں کا شیرازہ بکھیرنا، انتشار پیدا کرنا۔
(أَصَاعَهُ) بمعنی عَاعَهُ.
(انْصَاعَ) فلانٌ: تیزی سے لوٹنا۔
(صَيَّغَ) الطَّعَامَ: روٹی وغیرہ کو سالن میں خوب تر کرنا۔
(صَافَ) (ض) اليومُ ونحوُهُ ، صَيْفًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
— بالمكانِ: گرمیاں گزارنا۔
— عَنه: ہٹنا، الگ ہو جانا۔ جیسے: صَافَ السَّهْمُ عن الهَدَفِ: نشانہ خطا کرنا۔
— المطرُ الارضَ او النَّاسَ: گرمی میں بارش ہونا۔
(أَصَافَ): گرمی کے موسم میں داخل ہونا (۲) بڑھاپے میں باپ بننا۔
— النَّاقَةُ ونحوُها: اونٹنی وغیرہ کا گرمی میں بچہ دینا۔
— الرَّجُلُ النِّسَآءَ: عورتوں کو جوانی میں چھوڑ کر بڑھاپے میں شادی کرنا۔
— الشيءَ عَنه: الگ کرنا، ہٹانا۔
— اللّٰهُ عَنهُ الشَّرَّ: اللہ تعالیٰ کا کسی سے شر کو دور کرنا۔
(صَايَفَهُ) مُصَايَفَةً وصِيَافًا: کسی سے گرمی سے گرمی تک معاہدہ کرنا۔
(صَيَّفَ) بالمكان: گرمیاں گزارنا۔
— الشيءُ فلانًا: کسی چیز کا کسی شخص کو موسم سرما سے موسم گرما تک کافی ہونا۔
— المطرُ الارضَ او النَّاسَ: زمین یا لوگوں پر گرمیوں میں بارش پڑنا۔
(إِصْطَافَ) بالمكان: موسم گرما گزارنا۔
(تَصَيَّفَ) بالمكان: موسم گرما گزارنا۔
(الصَّائِفُ): گرم۔
(الصَّائِفَةُ): موسم گرم۔ (۲) موسم گرما کا حملہ، رومیوں کے حملہ کو بھی صائفہ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ برف اور سردی سے بچنے کے لئے گرمی میں حملہ کرتے تھے۔

ص

- صَائِفَةُ القومِ: موسم گرما کی خوارک (ج): صَوَائِفُ۔

(الصَّافُ): گرم۔ یومٌ صَافٌ: گرم دن۔

(الصَّيْفُ): گرمی کا موسم (ج) أصْيَافٌ و صُيُوفٌ۔

(الصَّيْفِيُّ): گرم کا، موسم گرمی سے متعلق۔

- نبتٌ صيفيٌّ: گرمی میں پیدا ہونے والا پودا (۲) بڑھاپے کی اولاد۔

(الصَّيِّفُ): ہر وہ چیز جو گرمی کے موسم میں پیدا ہو۔

(المِصْيَافُ): بڑھاپے میں شادی کرنے والا (۲) گرمی کے موسم میں بچے دینے والی اونٹنی (۳) وہ زمین جس پر صرف گرمی میں گھاس اگتی ہو (ج) مَصَايِيفُ۔

(المُصْطَافُ): گرمی کا موسم گزارنے کی جگہ۔

(المَصِيفُ): گرمی کا موسم گزارنے کی جگہ (ج) مَصَايِفُ۔

(صَاقَ) (ض) بِهٖ كذا صيقًا: چپکنا۔

(الصِّيقُ): زبردست گردوغبار (۲) پسینہ (ج) صِيَقٌ و صِيقَانٌ۔

(صَاكَ) (ض) بِهٖ كذا صَيْكًا: چپکنا۔

- الدَّمُ ونحوُهُ: خون کا خشک ہونا۔

(صَالَ) (ض) عليه صَيْلًا و صِيَالًا و صَيَلَانًا: (دیکھئے: صول)

(صِيْلَ) له كذا: کسی کو کوئی چیز مہیا اور دستیاب ہونا۔

(الصِّينِيُّ): چینی، چین کا باشندہ۔

(الصِّينِيَّةُ): چینی (مٹی) کی ٹرے (ج) صِينِيَّاتٌ۔

ص

(۸۰۰)

ض

(الضَّادُ): پندرہواں حرفِ تہجی۔ اس میں صفت جہر پائی جاتی ہے' بعض عرب ممالک میں اس کی شدت اپنی آخری حد کو پہنچتی ہے تو دال مفخم کی آواز بن جاتی ہے اور بعض ممالک میں اس کے اندر نرمی و رخاوت اپنی انتہاء کو پہنچ جاتی ہے تو اس کا تلفظ زاء مفخم کی آواز سے ہوتا ہے' سیبویہ کے نزدیک قدیم ضاد کا مخرج زبان کے کنارے کے شروع اور اس کے پاس کے ڈاڑھوں کے درمیان ہے۔

ض.........آ

(الضِّعْبُ): ایک سمندری جانور (۲) موتی۔
(الضُّوْبَانُ): مضبوط و موٹا اونٹ۔
(ضَأَزَهُ)(ف) ضَأْزًا: ظلم وزیادتی کرنا۔
-حقَّه: حق تلفی کرنا۔
(الضِّئْزَی) قسمةٌ ضِئْزَی: ظالمانہ تقسیم۔
(ضَأْضَأَ) ضَأْضَأَةً وضِأْضَاءً: شور وغل کرنا۔
(الضَّأْضَاءُ): شور وغل چیخ وپکار۔
(الضِّئْضِئُ): اصل' نسب هُوَ مِنْ ضِئْضِئِ كَرِيمٍ: وہ اچھے خاندان کا ہے (ج) ضَآضِئُ۔
(ضَئِطَ) (س) ضَأَطًا: بدن او رشانوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
(ضَؤُلَ) (ك) الرَّجُلُ، ضَآلَةً و ضُؤُولَةً: چھوٹے جسم کا ہونا (۲) دبلا ہونا (۳) حقیر و معمولی ہونا۔
- رأْيُه: ناپختہ رائے ہونا۔ هو ضَئِيلٌ (ج) ضُؤَلَاءُ وضِئَالٌ وهي ضَئِيلَةٌ (ج) ضِئَالٌ کہتے ہیں: مَا عَلَيْكَ فِي ذٰلِكَ ضُؤُولَةٌ: اس سلسلہ میں تمہاری کوئی غلطی نہیں ہے۔
(ضَاءَلَ) شَخْصَه: خود کو چھوٹا اور حقیر بنانا۔
(تَضَاءَلَ): کمزور و دبلا ہونا (۲) ناقص اور حقیر ہونا (۳) سکڑنا (۴) چھوٹا اور حقیر بن جانا۔
(الضُّؤْلَانُ): بوجھ۔ جیسے: هُوَ عَلَيْهِ ضُؤْلَانٌ وہ شخص اس کے لئے بوجھ بنا ہوا ہے۔

- حسبُه عَلَيْهِ ضُؤْلَانٌ: اس کا نسب اس کے لئے عیب کا باعث ہے۔
(أَضْأَنَ) فلانٌ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔
(الضَّائِنُ): اون والی بکری (بھیڑ' دنبی) (۲) کمزور و نازک (۳) خوش اندام' غیر فربہ (ج) ضَأْنٌ وضَئِينٌ وهُنَّ ضوائنُ۔
(الضَّأْنُ): اون والی بکری' دنبی۔
- لَحْمُ ضَأْنٍ ولَحْمٌ ضَأْنٌ: بھیڑ کا گوشت (اضافت اور وصف کے ساتھ)
(الضِّئْنِيُّ): دودھ ابالنے کی بڑی مشک۔
-مِعزَى ضِئْنِيَّةٌ: بھیڑ سے انسیت رکھنے والی بکریاں
(ضَأَى)(ف) ضَأْيًا: کمزور و لاغر ہونا۔ هو ضَاءٍ۔

ض.........ب

(ضَبَأَ) (ف) بالأَرْضِ و فِيهَا، ضَبْئًا و ضُبُوءًا: زمین سے چمٹنا یا زمین میں چھپنا۔ جیسے: ضَبَأَ الصَّائِدُ هو ضَابِئٌ وضَبِيءٌ۔
-منه: شرمانا۔
-اليه: کسی کی پناہ لینا۔
-عليه: کسی کے سامنے آنا۔
-بِهِ الأَرْضَ: زمین سے چمٹانا۔
(أَضْبَأَ) عَلَى الشيءِ: کسی چیز پر خاموشی اختیار کرنا۔
-عَلَى مَا فِي نفسِه: دل کی بات چھپانا۔
-عَلَى مَا فِي يَدَيْه: ہاتھ کی چیز کو تھامنا۔
(الضَّابِئُ): راکھ۔
(الضَّابِئَةُ): بھاری سامان جسے زمین سے اٹھانا دشوار ہو۔
- غِرارةٌ ضَابِئَةٌ: وزنی بوجھ جس کا اٹھانا مشکل ہو (ج) ضَوَابِئُ۔
(المَضْبَأُ): چھپنے کی جگہ (ج) مَضَابِئُ۔
(ضَبَّ) (ض) الماءُ ونحوُه، ضَبًّا و ضُبُوبًا: تھوڑا تھوڑا بہنا۔

-الدَّمُ والعَرَقُ والرِّيقُ: بہنا۔
-بكذا أو عليه: کسی چیز کی خواہش بڑھنا۔
-الرَّجُلُ: غصہ کرنا (۲) کینہ رکھنا۔
-عَلَى مَا فِي نَفْسِه: دل کی بات چھپانا۔
(أَضَبَّ) اليومُ: دن کا کہر آلود ہونا' دھندلا ہونا۔ أَضَبَّ المكانُ و أَضبّتِ السماءُ: جگہ یا آسمان کا کہر آلود ہونا۔
-الأَرْضُ: زمین کا بہت سبزہ والی ہونا (۲) بہت کہر والی ہونا۔ هي مُضِبَّةٌ۔
-القَوْمُ: کسی کام میں سب کا لگ جانا۔
-فِي الحَدِيثِ: شور مچا کر بات کرنا۔
-فلانٌ: دل میں کینہ رکھنا۔
-عَلَى مَا فِي نفسِه: غصہ کی وجہ سے دل کی بات دل میں رکھنا۔
-عَلَى مَا فِي يَدِهِ: ہاتھ کی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔
-(ضَبَّبَ) الخَشَبَ ونَحْوَهُ: لکڑی وغیرہ پر لوہا چڑھانا۔
- البَابَ ونحوَهُ: دروازہ کو بند کرنے کے لئے چٹخنی لگانا (۲) ایک دوسرے میں داخل کرنا (۳) ٹھیک کرنا' الگ الگ کرنا۔
-الضَّبَّ: گوہ پکڑنے کیلئے چال چل کر باہر نکالنا
-الشَّيءَ: مضبوطی سے تھامنا کہ وہ چھوٹ نہ جائے۔
(تَضَبَّبَ): موٹاپا آنے لگنا۔
(الضَّبَابُ): کہر' دھند۔
(الضَّبُّ): گوہ' ایک جانور (۲) کینہ' دل میں چھپا ہوا غیظ و غضب (۳) ہونٹ کی ایک بیماری جس سے ورم آ جاتا ہے۔
-رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ: چالاک آدمی جو بچ نکلنا چاہتا ہو (ج) أَضُبٌّ وضِبَابٌ وضُبَّانٌ۔
(الضَّبِيبُ): وہ جگہ جہاں کثرت سے گوہ ہوں۔
(الضَّبَّةُ): گوہ (مادہ) (۲) چالاک عورت (۳) گوہ کی دباغت دی ہوئی کھال جس میں گھی رکھا جاتا

(۴) دروازوں میں کواڑوں کے پیچھے لگایا جانے والا لکڑی کا دستہ (مو) (۵) لوہے کی چٹخنی (ج) ضِبَابٌ۔

(الضَّبُوبُ): وہ جانور جو چلتے ہوئے پیشاب کرتا ہو (۲) وہ بکری جس کے پیشاب کا راستہ تنگ ہو (ج) ضَبَائِبُ۔

(الضَّبِيْبُ) من السَّيفِ: تلوار کی دھار۔

(الضَّبِيْبَةُ): ایک قسم کا حلوا جو کھجور اور گھی ملا کر بنایا جاتا تھا اور اسے بچوں کے لئے چمڑے کے برتن میں محفوظ کیا جاتا تھا۔

(ضَبَثَ) (ض) الشيئَ وبِهٖ عليه۔ ضَبْثًا: زور سے پکڑنا۔

—بِهٖ: گرفت میں لینا۔

—فلانًا: مارنا۔

(الضُّبَاثُ): شیر (۲) شیر کے پنجے (ج) اَضْبِثَةٌ۔

(ضَبَجَ) (ن)۔ ضَبْجًا: مار کھا کر یا سستی و تھکان کی وجہ سے خود کو زمین پر ڈال لنا۔

(ضَبَحَ) (ف) الثَّعْلَبُ۔ ضَبْحًا وضُبَاحًا لومڑی کا آواز نکالنا۔ حدیث ابن زبیرؓ میں ہے (قاتل الله فلانًا ضَبَحَ ضَبْحَةَ الثعلب وقبع قبعة القنفذ) نیز ضَبَحَ الانسانُ و البُوْمُ والقَوْسَ بھی کہا جاتا ہے۔

— الخَيْلُ: گھوڑے کا دوڑتے وقت اندر سے سانس کی آواز نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا}

— النَّارُ او الشَّمْسُ الشيئَ: آگ یا دھوپ کا کسی چیز کو جھلس دینا۔

— العُوْدُ بِالنَّارِ: لکڑی کے اوپر کے سروں کو جلانا۔ هو مضبوحٌ وضَبِيحٌ۔

(ضَابَحَهٗ) مُضَابَحَةً: برا بھلا کہنا۔

(اِنْضَبَحَ): لازم ضَبَحَهٗ۔

—لونُه: رنگ کا سیاہی مائل ہوجانا۔

(الضُّبَاحُ): گھوڑوں کے سانس کی آواز (۲) لومڑی کی آواز۔

(الضِّبْحُ): راکھ۔

(الضَّبْحَاءُ): آگ کے نشان واثر والی کمان۔

(المَضَابِحُ): بھوننے اور تلنے کے برتن۔

(المَضْبُوحَةُ): چقماق کے پتھر۔

(ضَبَرَ) (ف)۔ ضَبْرًا و ضَبَرَانًا: اچھل کود کرنا۔

— الفرسُ ونَحْوُهٗ: گھوڑے کا پاؤں ملا کر کودنا۔

— المُقَيَّدُ: پیر بندھے ہوئے کا کودنا۔

— الوَجْهُ: چہرہ بدلنا۔

— الشيئَ ضَبْرًا: اکٹھا کرکے باندھنا۔

— الكُتُبَ وغَيْرَهَا: کتابوں یا اخباروں کا بنڈل بنانا۔

(أَضْبَرَ) بمعنی ضَبَرَ۔

(ضَبَّرَ) اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا اور بھرپور ہونا۔

— الشيئَ: جمع کرنا۔

(الإِضْبَارَةُ): اخبارات یا کاغذوں وغیرہ کا بنڈل (ج) أَضَابِيْرُ۔

(الضَّبَارَةُ): مخلوق کا جمع ہونا۔

(الضُّبَارَةُ): فائل، بنڈل (۲) جمع شدہ قوتیں (۳) لوگوں کی جماعت (ج) ضَبَائِرُ۔

(الضُّبَارِمُ): اَسَدٌ ضُبَارِمٌ: مضبوط جسم وہیبت کا شیر۔

(الضُّبَارِمَةُ) بمعنی الضُّبَارِمُ۔

(الضَّبَّارُ): ایک عمدہ لکڑی والا درخت۔

(الضَّبْرُ): ہڈیوں کی مضبوطی اور گوشت کا گٹھاؤ۔ فَرَسٌ ضَبْرٌ: گٹھے ہوئے بدن کا گھوڑا، (۲) لکڑی کا بنا ہوا قدیم جنگی ٹینک جس پر چمڑہ چڑھا ہوا ہوتا تھا اور سپاہی اس میں چھپ کر قلعہ کی طرف بڑھ کر اس کی دیواروں کو توڑتے تھے (۳) جماعت، گروہ (۴) جنگلی اخروٹ کا درخت (ج) ضُبُوْرٌ۔

(الضَّبْرَةُ): قدیم جنگی ٹینک۔

(الضَّبِرُ): سخت ومضبوط (۲) بہت کودنے والا گھوڑا یا انسان۔

(الضَّبِيْرُ): سخت ومضبوط۔

(المُضَبَّرُ) فَرَسٌ مُضَبَّرُ الخَلْقِ: مضبوط بدن کا گھوڑا۔

(المَضْبُوْرُ): مضبوط بدن کا گھوڑا (۲) درانتی۔

(ضَبَسَه) (ن)۔ ضَبْسًا: اصرار کرنا۔

(ضَبِسَ) (س) الرَّجُلُ۔ ضَبَسًا: بد باطن اور بداخلاق ہونا۔ ضَبِسَتْ نَفْسُهٗ بھی کہتے ہیں (۲) حریص وبخیل ہونا۔ هو ضَبِسٌ وضَبِيْسٌ۔

(الضبْسُ): بخیل، کنجوس۔

(الضِّبْسُ): کمزور اور بے وقوف آدمی۔

— ضِبْسٌ شَرٌّ: شریر آدمی۔

(ضَبَطَهٗ) (ن ض) ضَبْطًا: احتیاط اور توجہ کے ساتھ محفوظ رکھنا، یاد رکھنا (۲) مضبوط اور پختہ کرنا۔

— البلادَ و غَيْرَهَا: ملک پر کنٹرول کرنا، نظام درست کرنا۔

— الكتابَ ونَحْوَهٗ: اصلاح کرنا، تصحیح کرنا، اعراب لگانا۔

— المُتَّهَمَ: ملزم کو گرفتار کرنا (محدثہ)

(ضَبِطَ) (س)۔ ضَبَطًا: دائیں ہاتھ کی طرح بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ هو اَضْبَطُ وهى ضَبْطَاءُ (ج) ضُبْطٌ۔

(اِنْضَبَطَ): لازم ضَبَطَ۔

(تَضَبَّطَ) فلانًا: زبردستی پکڑنا، گرفتار کرنا۔

(الضَّابِطُ): وہ حکم کلی جو اپنی جزئیات پر منطبق ہوتا ہو (ج) ضَوَابِطُ (۲) فوجی افسر، پولیس افسر (ج) ضُبَّاطٌ۔

— رَجُلٌ ضَابِطٌ: مضبوط وطاقتور آدمی۔

(الضَّابِطَةُ): بریک (ج) ضَوابِطُ۔

(المَضْبَطَةُ): رجسٹر کاروائی، روئیداد (ج) مَضَابِطُ (محدثہ)

(ضَبَعَ) (ف) الفَرَسُ۔ ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و ضَبَعَانًا: بازو ہلا کر تیز چلنا۔

— فلانٌ ضَبْعًا: ظلم کرنا۔

— فلانًا: اپنے بازو کسی کی طرف مارنے کیلئے بڑھانا۔

— اليه يَدَهٗ بالسَّيفِ ونَحْوِهٖ: تلوار کھینچنا۔

-عَلٰی فلانٍ وغیرہٖ: بد دعا کیلئے دونوں ہاتھ پھیلانا۔
-الضَّبُعُ الحَیَوانَ: لگڑ بگڑ کا جانور کو کھا جانا۔
(ضَبِعَتِ) (س) الدَّابَّةُ ۔ضَبَعًا: جانور کا جنسی شہوت کی وجہ سے نر کو تلاش کرنا ھی ضَبِعَةٌ و ضَبْعٰی (ج) ضِبَاعٌ وضَبَاعٰی۔
(أَضْبَعَتِ) الدَّابَّةُ بمعنی ضبعت۔
(ضَابَعَهٗ) بالسَّیْفِ مُضَابَعَةً وضِبَاعًا: باہم تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔
(ضَبَّعَ) فلانٌ: بزدل ہونا (۲) بجو جیسا ہونا۔
(اضْطَبَعَ) بالثَّوْبِ ونحوِہٖ: دائیں بغل سے چادر وغیرہ نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔
(اسْتَضْبَعَتِ) الدَّابَّةُ بمعنی ضَبِعَتْ۔
(الضَّبْعُ): بغل سے بازو کے آدھے حصہ تک۔ هما ضَبْعَانُ۔
(الضَّبُعُ): لگڑ بگڑ (ایک جانور) (ج) أَضْبُعٌ (۲) سخت قحط کا سال۔
(الضَّبْعُ): گوشہ کنارہ۔
(الضِّبْعَانُ): نر بجو یا لگڑ بگڑ (ج) ضَبَاعِیْنُ۔
(المَضْبَعَةُ): بجوؤں یا لگڑ بگڑ کا گروہ (۲) بغل کے نیچے سامنے والا گوشت۔
(ضَبَنَهٗ) (ن) ۔ضَبْنًا: بغل اور پہلو کے درمیان کوئی چیز اٹھانا۔
-الشیءَ عنه: ہٹانا' روکنا۔
(ضَبِنَ) (س) ۔ضَبَنًا: بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔
-المکانُ: تنگ ہونا۔هو ضَبِنٌ۔
-مَاءٌ ضَبِنٌ: پورا پیا ہوا پانی۔
(أَضْبَنَ) الشیءَ: بغل میں دبانا۔
-الداءُ فُلانًا وغیرہٗ: کسی کو دائمی مرض لاحق ہوجانا۔
(اضْطَبَنَ) الشیءَ: گود میں اٹھانا' ہاتھ میں اٹھانا' بغل میں دبانا۔
(الضَّبَانَةُ): تنگی (۲) دائمی بیماری۔

(الضِّبْنُ): کمی (۲) درندوں کا مسکن (ج) أَضْبَانٌ۔
(الضِّبْنُ): بغل اور پہلو کے درمیان کی جگہ۔
-فلانٌ فی ضِبْنِ فلانٍ: فلاں فلاں کی حفاظت میں ہے (۲) کونہ گوشہ۔ اَخَذَ فِی ضِبْنٍ مِنَ الطَّرِیْقِ: اس نے راستہ کا گوشہ اختیار کر لیا (ج) أَضْبَانٌ۔
(الضَّبْنَةُ): دائمی مرض۔
(الضِّبْنَةُ): مصاحبین (۲) بے نفع دوست یا بے نفع خدام۔
(الضَّبِیْنَةُ): هُوَ ضَبِیْنَةُ فُلَانٍ: وہ فلاں کی حفاظت میں ہے۔
(ضَبَا) (ن) الیه ۔ضَبْوًا وضُبُوًّا: پناہ لینا۔
-النارُ والشمس الشیءَ ضَبْوًا: جھلسنا (۲) جلا ڈالنا۔
(أَضْبٰی): کمزور اور دبلا ہونا۔
-السَّفَرُ بالقَوْمِ: سفر کا قوم کی تجارتی توقعات میں ناکام کرنا۔
(الضَّابِیْ): راکھ۔

ض ...... ج

(ضَجَّ) ض ۔ضَجًّا وضَجِیْجًا: تکلیف یا مشقت کی وجہ سے شور وغل کرنا۔
(أَضَجَّ) القومُ: لوگوں کا ہنگامہ برپا کرنا۔
(ضَاجَّهٗ) مُضَاجَّةً و ضِجَاجًا: ہنگامہ آرائی کرنا' شرارت کرنا۔
(الضِّجَاجُ): زبردستی' جبر وقہر۔
(الضَّجَّةُ): شور وغل' ہنگامہ۔
(الضَّجُوْجُ): انتہائی شور وشغب۔
(ضَجِرَ) (س) بِالأَمْرِ ومِنْهُ۔ ضَجَرًا: تنگ آنا' پریشان ہونا۔هو ضَجِرٌ۔
-المکانُ: جگہ کا لوگوں کی وجہ سے تنگ ہوجانا۔
(أَضْجَرَهٗ): تنگ کرنا' پریشان کرنا' دل میں گھٹن پیدا کرنا۔
(تَضَجَّرَ): تنگ دل ہونا' پریشان ہونا۔
(الضَّجُوْرُ): بہت تنگ' بہت پریشان ۔بہت اجاٹ (مذکر ومؤنث) (ج) ضُجُرٌ۔
(ضَجَعَ) (ف) ضَجْعًا وضُجُوْعًا: پہلو کے بل لیٹنا۔
-الیه: مائل ہونا' جھکنا۔
- الشَّمْسُ أَوِ النَّجْمُ: غروب کے قریب ہونا۔
-فی الأَمْرِ: کسی کام میں پختگی نہ رکھنا۔
(أَضْجَعَ) بمعنی ضَجَعَ (۲) حروف کے تلفظ میں امالہ کرنا (جیسے الف کی طرف مائل کرنا)
-فلانًا ونَحْوَہٗ: لٹانا' پہلو کے بل سلانا۔
-المَرَضُ ونَحْوُہٗ فلانًا: بیماری کا کسی کو بستر پر لٹا دینا۔
-الشیءَ: جھکانا' نیچا کرنا۔
(ضَاجَعَهٗ) مُضَاجَعَةً وضِجَاعًا: کسی کے ساتھ لیٹنا۔
-الهَمُّ وغیرُہٗ فلانًا: غم طاری ہونا۔
(ضَجَّعَ) فی الامرِ: کوتاہی کرنا۔
-الشمسُ: غروب ہونے کے قریب ہونا۔
(اضْطَجَعَ): پہلو کے بل لیٹنا۔بعض عرب اضَّجَعَ بھی بولتے ہیں۔
(انْضَجَعَ): لازم أَضْجَعَهٗ۔
(تَضَاجَعَ) عَنْ كَذَا: غفلت برتنا۔
(تَضَجَّعَ) بمعنی ضَجَعَ۔
-فِی الأَمْرِ: کسی معاملہ میں سستی سے کام کرنا۔
- أَضْجَعُ الثَّنَایَا: ٹیڑھے دانتوں والا (ج): ضُجْعٌ۔
(الضَّاجِعُ): سست اور اڑیل آدمی جو اپنی جگہ سے نہ ہٹتا ہو (۲) قریب الغروب ستارہ (۳) وادی وغیرہ کا موڑ (ج) ضَوَاجِعُ۔
(الضَّجْعَةُ): زندگی کی خوشحالی (۲) رائے کی کمزوری۔
(الضِّجْعَةُ): لیٹنے کا انداز (۲) سستی۔
(الضُّجَعَةُ): بہت سست وکاہل (۲) ہر وقت گھر میں پڑا رہنے والا۔
(الضُّجَعِیُّ) بمعنی الضُّجَعَةُ۔

ض

(الضَّجُوعُ): کمزور رائے والا (۲) ایک گوشہ میں چرنے والی اونٹنی (۳) مشک جو بوجھ کی وجہ سے پانی بھرنے والے کو جھکا دے (۴) پانی سے بھرا ہوا سست رفتار بادل۔

(الضَّجِيعُ): ساتھ لیٹنے والا' ہم بستر۔

— بِئْسَ الضَّجِيعُ الْجُوعُ: بھوک بد ترین ہے۔

(الْمَضْجَعُ): بستر' چارپائی' خوابگاہ۔

— مَضَاجِعُ الْغَيْثِ: بہت بارش والے مقامات۔

(الْمَضْجُوعُ): ناپختہ رائے۔

(ضَجِمَ) (س) الشيئُ ـ ضَجَمًا: جھکنا اور ٹیڑھا ہونا۔ هو أَضْجَمُ وهي ضَجْمَاءُ (ج) ضُجْمٌ۔

(تَضَاجَمَ) بمعنی ضَجِمَ۔

— الأَمْرُ بَيْنَهُمْ: اختلاف پیدا ہونا۔

(الضَّجِمُ): بہت کھانے والا۔

ض .... ح

(الضِّحُّ): سورج' سورج کی روشنی' دھوپ لگی ہوئی چیز (۲) کھلی جگہ۔ جَاءَ بِالضِّحِّ وَالرِّيحِ: وہ دھوپ و ہوا والی جگہ آیا' یعنی بہت چیزیں لایا۔

(ضَحْضَحَ) السَّرابُ: سراب کا حرکت کرنا۔

(تَضَحْضَحَ) السَّرابُ: سراب کا حرکت کرنا۔

(الضَّحْضَاحُ): تھوڑا' کم مَاءٌ ضَحْضَاحٌ: کم گہرائی والا پانی۔

(الضَّحْضَحُ): کم گہرا تھوڑا پانی (۲) سمندر یا دریا میں سطح آب کے قریب اکٹھی ہونے والی ریت یا چٹان جس سے جہاز رانی یا کشتی رانی کو خطرہ ہو۔

(ضَحِكَ) (س) ـ ضَحْكًا وضِحْكًا وضحكا: ہنسنا۔

— من وبه: مذاق کرنا' ٹھٹھا کرنا (۲) گھبرانا' متعجب ہونا۔

— طَلْعُ النَّخْلَةِ: کھجور کا شگوفہ کھلنا۔

— النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا شگوفہ نکلنا۔

— الأَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ: زمین پر روئیدگی نمودار ہونا۔

— السَّحَابُ: بادل میں بجلی چمکنا۔

— الطَّرِيقُ: راستہ کا نمایاں ہونا۔ هو ضَاحِكٌ۔

(أَضْحَكَتِ) النَّخْلَةُ بمعنی ضَحِكَتْ۔

(أَضْحَكَ) الشيئُ الإنسانَ: ہنسانا۔

— الحوضَ: تالاب کو لبالب بھرنا۔

(ضَاحَكَه): کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا۔

مقولہ ہے (رأيُكَ يُضَاحِكُ المُشْكِلات) تمہارے رائے مسائل کا حل نکالتی ہے۔

(ضَحَّكَه): ہنسانا۔

(تَضَاحَكَ): ہنسنا (۲) ہنسی کا اظہار کرنا۔

(تَضَحَّكَ): ہنسنا۔

(اِسْتَضْحَكَ): ہنسنا (۲) ہنسی کو ظاہر کرنا۔

(الأُضْحُوكَةُ): ہر ہنسانے والی بات (ج): أَضَاحِيكُ۔

(الضَّاحِكَةُ): ہنستے وقت دکھائی دینے والا دانت (۲) اگلے دانت کے قریب والی داڑھ (ج) ضَوَاحِكُ۔

(الضَّحَّاكُ): بہت ہنسنے والا (۲) کھجور کا شگوفہ جو غلاف سے باہر آجائے (۳) واضح راستہ۔

(الضَّحْكُ): تعجب (۲) کھجور کا شگوفہ جو غلاف سے باہر آجائے (۳) روشنی۔

(الضُّحْكَةُ): بہت ہنسانے والا' جسے دیکھ کر بہت ہنسی آتی ہو۔

(الضُّحَكَةُ): بہت ہنسنے والا۔

(الضَّحُوكُ): بہت ہنسنے والا۔

— طَرِيقٌ ضَحُوكٌ: بہت واضح راستہ۔

(الْمُضْحِكَةُ): ہنسی کی بات' لطیفہ (ج) مُضْحِكَاتٌ۔

(ضَحَلَ) (ف) الغَدِيرُ ـ ضَحْلًا: تالاب کا پانی کم ہوجانا۔

(الضَّحْلُ): زمین پر کم گہرا پانی (ج) أَضْحَالٌ و ضِحَالٌ وضُحُولٌ۔

— أَتَانُ الضَّحْلِ: کنویں کے دہانے پر لگا ہوا پتھر جو کائی کی وجہ سے چکنا ہوجاتا ہے۔

(ضَحَا) (ن) ـ ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا: گرمی کی تپش لگنا۔

(ضَحِيَ) (س) ـ ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا وضَحًا: دھوپ کی تپش لگنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَأَنَّكَ لَا تَظْمَأُ فِيهَا وَلَا تَضْحَى} (۲) پسینہ آنا (۳) سورج چڑھتے وقت کھانا۔ هو ضَحٍ وضَحْيَانُ و هو اضحى وهي ضَحْيَاءُ (ج) ضُحًى۔

(أَضْحَى): چاشت کے وقت آنا (۲) چاشت کی نماز پڑھنا۔ اضحى يفعل كذا: وہ ایسا کرنے لگا۔

— عنه: دور ہونا۔

— الشيئَ: ظاہر کرنا۔

— لا اضحى اللهُ لنا ظِلَّكَ: اللہ تمہیں سلامت رکھے (بطور دعا کے کہا جاتا ہے)

(ضَاحَتِ) البلادُ: کسی ملک میں دھوپ کی وجہ سے پودوں کا خشک ہوجانا۔

— فلانًا: کسی کے پاس چاشت کے وقت میں جانا۔

(ضَحَّى) بِالشَّاةِ ونحوِهَا: عیدالاضحیٰ میں چاشت کے وقت قربانی کرنا۔

— الحَاجُّ: حج کرنے والے کا ایام تشریق میں سے کسی دن قربانی کرنا۔

— بنفسه او بعمله او بماله: بلا معاوضہ اپنی رضا سے جان' محنت اور مال پیش کرنا (محدثہ)

— الأُضْحِيَّةَ: عیدالاضحیٰ میں قربانی کرنا۔

عَنِ الشيئِ: کسی کام میں آہستگی کرنا' کہتے ہیں۔ ضَحِّ رويدًا: آہستہ ذبح کرو۔

— الحيوانَ: جانور کو چاشت کے وقت کھلانا (۲) دوپہر کو کھلانا۔

— الماشيةَ: چاشت کے وقت چرانا۔

(تَضَحَّى): چاشت کے وقت کھانا (۲) دوپہر کا کھانا۔

(استضحى) بمعنی تَضَحَّى۔

(الأَضْحَى) مِنَ الخَيْلِ: سفید سیاہی مائل گھوڑا (۲) أَضْحَاةٌ کی جمع۔

ض

(الأَضْحَاةُ): عیدالاضحی کے دن قربانی کی جانے والی بکری یا گائے وغیرہ (ج) أَضْحًی

(الإِضْحِيَانُ) من الأَيَّامِ: بے ابر دن۔

(الأُضْحِيَّةُ) بمعنی الأَضْحَاةُ (ج) اَضَاحِيُّ۔

(الضَّاحِيَةُ) فَعَلَه ضَاحِيَةً: اس نے یہ کام سر عام کیا۔

- مَفَازَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلَالِ: وہ بیابان جس میں درخت نہ ہو۔

- من الماشيةِ: چاشت کے وقت پانی پینے والے مویشی۔

- من النَّخلِ ونحوها: احاطہ سے باہر نکلا ہوا کھجور کا درخت۔

-من البلدِ: شہر کا بیرونی کنارہ (ج) ضَوَاحٍ۔

-الضواحِيْ: آسمان۔

-ضَوَاحِي الرُّوْمِ: روم کے بیرونی حصے۔

- قُرَيْشُ الضَّوَاحِيْ: مکہ کے باہر مقیم قریش کے لوگ۔

ض

(الضُّحٰی): سورج کی روشنی (۲) دن کا چڑھاؤ، چاشت۔

-ما لكلامِهِ ضُحًی: اس کا کلام واضح نہیں ہے۔

(الضَّحَاءُ) بمعنی الضُّحٰی (۲) نصف النہار کا قریبی وقت دوپہر کا کھانا۔

(الضَّحْوُ) بمعنی الضُّحٰی۔

(الضَّحْوَةُ) بمعنی الضَّحَاءُ۔

(الضَّحِيَّةُ) بمعنی الضُّحٰی (۲) قربانی کا جانور (ج) ضَحَایَا۔

(المَضْحَاةُ): ایسی سرزمین جہاں سورج نہ چھپتا ہو۔

ض .... خ

ضَخَّ (ف ن) الماءُ ـ ضَخًّا: پانی گرنا۔

-العَيْنُ: آنسو بہانا۔

-الماءَ ونَحْوَہٗ ـ ضَخًّا: پانی چھڑکنا، بہانا۔

(انْضَخَّ): لازم ضَخَّ، پانی بہنا، چھڑکا جانا۔

(المِضَخَّةُ): آب پاش، پچکاری کا آلہ (۲) ہینڈ پمپ (زمین سے پانی نکالنے کی دستی مشین (مج) (ج) مَضَاخُّ۔

(ضَخُمَ) (ك) ـ ضَخَامَةً: کسی چیز کا موٹا اور بڑا ہونا ـ هو ضَخْمٌ و ضَخِيْمٌ (ج) ضِخَامٌ

(ضَخَّمَهٗ): موٹا اور بڑا کرنا۔

(الأُضْخُوْمَةُ): وہ گدی جس سے عورت سرین کو موٹا کرتی ہے (ج) اَضَاخِیمُ۔

(التَّضَخُّمُ): (اقتصادیات میں) افراط زر، (۲) سکوں اور دیگر ذرائع ادائیگی کا معاملاتی ضرورت سے زیادہ ہوجانا (مج)

(الضُّخَامُ): ہر موٹی اور لمبی چیز۔

(الضَّخْمُ): بڑا، موٹا (۲) کشادہ راستہ (۳) بوجھل پانی (ج) ضِخَامٌ۔

ض .... د

(ضَدَّهٗ) (ن) فی الخُصُوْمَةِ ونحوِها ـ ضَدًّا: غالب آنا۔

-عنه: نرمی یا آہستگی سے ہٹانا۔

(أَضَدَّ): غصہ ہونا۔

-فُلَانًا وغيرَهٗ: مخالف بنانا۔

-الإناءَ ونحوَهٗ: بھرنا۔

(ضَادَّهٗ): مخالفت کرنا (۲) مقابل بننا۔

-بين الشيئين: ایک دوسرے کی ضد ماننا۔

(تَضَادَّ) الأَمْرَانِ: ایک دوسرے کی ضد ہونا۔

(الضِّدُّ): منافی، مخالف، خلاف (۳) مثل، ہم رتبہ (ج) أَضْدَادٌ ـ هٰذا اللفظ مِنَ الاضدادِ: یہ لفظ دو متضاد معنی والے الفاظ میں ہے جیسے لفظ جون کالے اور سفیدی دونوں کو کہتے ہیں۔

(الضَّدِيْدُ) بمعنی (ج) أَضْدَادٌ۔

(المُتَضَادَّانِ): (اصطلاح منطق میں) وہ دو چیزیں جو ایک ساتھ جمع نہ ہو سکیں لیکن ان کا ارتفاع ہو سکے۔

(ضَدِيَ) (س) ـ ضَدًی: غصہ سے بھرنا۔

(أَضْدَی) الإِنَاءَ ونَحْوَهٗ: برتن کو پورا بھر دینا۔

(ضَادَاهُ): مخالفت کرنا۔

(الضَّوَادِيْ) مِنَ الكلامِ: بے ہودہ اور فحش بات (۲) دل لگی کی باتیں۔

ض .... ر

(ضَرَبَ) (ض) الشيءُ ـ ضَرَبًا وضَرَبَانًا: حرکت کرنا۔

- القَلْبُ: رگ پھڑکنا، رگ میں خون کا جوش مارنا۔

- الرَّجُلُ فی الأرضِ: زمین میں گھومنا ـ سفر کرنا ـ قرآن مجید میں ہے: {وَآخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللهِ} (۲) اٹھ کر تیز چلنا۔

-فِي الماءِ: تیرنا۔

-فِيْ الْأَمرِ بِسَهْمٍ ونحوِهٖ: حصہ لینا۔

-عَنِ الأَمْرِ: رکنا، باز رہنا۔

- اللونَ إِلَی اللَّوْنِ: ایک رنگ کا دوسرے کی طرف مائل ہونا۔

-بيدِهٖ إِلٰی كذا: ہاتھ جھکانا۔

-اليه: اشارہ کرنا۔

-علی المكتوبِ وغيرِهٖ: مہر لگانا۔

-النَّوْمُ عَلٰی أُذُنِهٖ: نیند غالب آنا۔

- فلانٌ عَلٰی يَدِ فُلَانٍ: ہاتھ پکڑنا، ہاتھ میں ہاتھ لینا۔

- عَلٰی فلانٍ: کسی کے کام کو بگاڑنا کہتے ہیں: ضَرَبَ القَاضِيْ عَلٰی يدِ فلانٍ: قاضی نے پابندی لگادی۔

-بالسيفِ وغيرِهٖ: تلوار کا وار کرنا۔

- الدَّهْرُ بَيْنَ القومِ: زمانہ کا لوگوں کو منتشر کرنا، شیرازہ بکھیرنا۔

-الشيءَ ضَرْبًا وتَضْرَابًا: چوٹ لگانا۔

-بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹخنا۔

-بِهٖ عُرْضَ الحَائِطِ: بنظر حقارت ٹھکرانا۔

- فلانًا وغيرَهٗ بِكَذَا: کسی چیز سے مارنا (۲) کوڑے مارنا ـ قرآن مجید میں ہے: {وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ}

— العَقْرَبُ فلانًا وغيرَهُ بِأَبرتها: ڈنک مارنا۔
— الخَاتَمَ ونَحْوَهُ من الحليّ والمعادن: انگوٹھی وغیرہ میں ڈالنا۔
— الدّرهمَ ونَحْوَهُ: سکہ کو ڈھالنا۔
— له مَثَلًا: مثال بیان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے : {وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ}
— الحاسِبُ عَدَادًا في آخرَ: ایک عدد کو دوسرے سے ضرب دینا۔
— له أَجَلًا أو غيرهِ سَهْمًا أو نصيبًا: مال وغیرہ میں حصہ مقرر کرنا (۲) لازم کرنا۔
— الخَيْمَةَ ونحوها: خیمہ گاڑنا۔ ضرب اللّيلُ بظلامِه: رات نے ڈیرے ڈال دیا۔
— عليهِ الحِصَارَ او النِّطَاقَ: گھیرنا' ناکہ بندی کرنا ضَرَبَ عليه الذّلّة ونحوَها: ذلت و رسوائی میں مبتلا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے : {ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ}
— الشيءَ عليه: کسی پر کوئی چیز لازم کرنا۔
— عليه خَرَاجًا ونَحْوَهُ: کسی پر خراج عائد کرنا۔
— الشيءَ بالشيءِ: خلط ملط کرنا۔
— الرُّزَّ: چاول کا چھلکا اتارنا (محدثۃ)
— بذقنِهِ الأرضَ: ڈر یا شرم سے سر جھکانا۔
— له الأرضَ كلّها: کسی چیز کو ہر جگہ تلاش کرنا۔
— الرّقْمَ القياسيّ: ریکارڈ قائم کرنا۔ (محدثۃ) (دیکھئے: رقم)
(ضرب) (س) ۔ ضَرَبًا: سردی سے ٹھٹھر جانا۔
— الارضُ وغيرُهَا: زمین پر پالا پڑنا۔
— الحيوانُ: جانور کا بڑے پیٹ والا ہونا۔
(ضَرُبَتْ) (ك) يَدُهُ ۔ ضَرَابَةً: ہاتھ کا بہت مارنے والا ہونا۔
(أَضْرَبَ) في المَكَانِ: کسی جگہ سے نہ ہٹنا (۲) پرسکون وغیر متحرک ہونا (۳) سر جھکانا۔

— العُمَّالُ ونَحْوُهُمْ: ہڑتال کرنا (مطالبات کی منظوری تک کام نہ کرنا) (محدثۃ)
— عنه: اعراض کرنا' منہ پھیرنا۔
— الخُبْزُ: روٹی کا پک جانا (اس حد پر آجانا کہ اس کی راکھ جھٹک دی جائے)
— القَوْمُ وغيرُهُمْ: لوگوں پر پالا پڑنا۔
— البَرْدُ او الرّيحُ النّبَاتَ وغيرَهُ: نباتات وغیرہ سردی یا ہوا کا سخت حملہ ہونا۔
(ضَارَبَهُ) مُضَارَبَةً وضِرَابًا: کسی کے ساتھ مار پیٹ کرنا (۲) مار پیٹ میں مقابلہ کرنا۔
— لِفلانٍ في مَالِهِ: کسی کے لئے اس کے مال سے تجارت کرنا یا نفع میں اپنا حصہ مقرر کر کے اس کے لئے تجارت کرنا۔
— في السُّوقِ: ارزانی کے وقت کوئی چیز خرید کر بھاؤ بڑھنے کے وقت منافع سے بیچنا اور کبھی بھاؤ گرنے کی صورت میں نقصان اٹھانا۔ (محدثۃ)
(ضَرَّبَ): مبالغہ ضَرَبَ۔
— فلانٌ: مختلف اونٹنیوں یا جانوروں کا نکلا ہوا دودھ پینا (۲) پالے کی زد میں آنا۔ سخت سردی میں آنا۔
— عينُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
— الشيءَ بالشيءِ: خلط ملط کرنا۔
— بَيْنَ القَوْمِ: باہم لڑائی کرانا۔
— المُضَرَّبَةَ: لحاف یا رضائی میں نگندے ڈالنا۔
(اضْطَرَبَ): مضطرب ہونا' تڑپنا' تھرکنا۔
— البَحْرُ ونَحْوُهُ: دریا میں جوش آنا۔
— الأَمْرُ: معاملہ بگڑ جانا۔
— الشيءُ: لہرانا۔
— الحبلُ بينَهُمْ: آپس میں پھوٹ پڑنا۔
— القَوْمُ: باہم مار کٹائی کرنا۔
(تَضَارَبَا): ایک دوسرے کو مارنا۔
— الآراءُ ونَحْوُهَا: خیالات کا مختلف و متضاد ہونا۔
(تَضَرَّبَ): حرکت کرنا' موجیں مارنا۔
(اسْتَضْرَبَ) العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا۔

(الإِضْرَابُ): اضرب کا مصدر۔
— في العُرْفِ: ہڑتال' سڑائیک وغیرہ (کسی بھی عمل کا مقاطعہ)
(الضَّرْبُ): مثل' مانند' جیسا (۲) قسم' نوع (۳) ایک عدد کو دوسرے سے ضرب دینا (حساب کی اصطلاح) (ج) (۴) (علم عروض کی اصطلاح میں) شعر کے دوسرے مصرعہ کا آخری جز (ج) أَضْرَابٌ وأَضْرُبٌ وضُرُوبٌ۔
— رَجُلٌ ضَرْبٌ: چھریرے بدن کا قد آور آدمی ۔ کاموں میں چاق و چوبند اور پھرتیلا۔
— مَطَرٌ ضَرْبٌ: ہلکی بارش۔
— دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ڈھالا ہوا سکہ۔
(الضَّرَبُ): گاڑھا سفید شہد۔
— الضَّرَبَةُ: تھوڑا سا شہد۔
(الضَّرِبُ): مار پیٹ کا ماہر۔
(الضَّرْبَةُ): ایک ضرب' ایک دفعہ کی مار۔
— ضَرْبَةُ الشمس: دھوپ کا سخت اثر جو خطرناک حد تک پہنچ جائے (مج)
(الضَّرُوبُ): بہت زیادہ اور سخت مارنے والا۔
(الضَّرِيبُ): بہت مارنے والا (۲) مارنے میں مقابلہ کرنے والا (۳) جوئے کے تیروں کو مارنے کا ذمہ دار (۴) مثل' نظیر' مشابہ (ج) ضُرَبَاءُ و أَضْرَابٌ (۵) مختلف جانوروں کا ایک برتن میں نکالا ہوا دودھ (۶) حصہ۔
(الضَّرِيبَةُ): مؤنث الضَّرِيب (۲) تلوار کا وار کھایا ہو (۳) روئی' اون یا بالوں کی پونی جس سے چرخہ پر دھاگہ نکالا جائے (۴) مزاج' طبیعت (۵) ٹیکس وہ مال کی مقررہ مقدار جو آمدنی وغیرہ پر حکومت کو تاوان دی جاتی ہے (۶) سات اردب کا ایک پیمانہ (اردب: اردب خشک چیزیں ماپنے کا بڑا پیمانہ) (مو) (ج) ضَرَائِبُ۔
(المُضَارَبَةُ): شرعاً نفع تجارت میں معاہدہ شرکت کو کہتے ہیں جس میں ایک شخص کا مال ہوتا ہے اور دوسرے کی محنت (۲) اقتصادیات میں خرید و فروخت کا وہ عمل جسے بازار کے نرخوں کے

ض

فروق کے انقاع کے ماہرین انجام دیتے ہیں (ج)

(المِضْرَابُ): مارنے کی چیز (۲) زیادہ اور سخت ضربیں لگانے والا (ج) مَضَارِیبُ۔

(المِضْرَبُ) بمعنی المِضْرَابُ (۲) بڑا خیمہ' پنڈال (ج) مَضَارِبُ۔

(المَضْرِبُ): مارنے کا وقت یا جگہ۔

—مَضْرِبُ السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔

—مَضْرِبُ الرُّزِّ: چاول کا چھلکا اتارنے کی جگہ۔ رائس مل (ج) مَضَارِبُ۔

(المُضَرَّبَةُ): وہ گدا وغیرہ جس پر بہت ٹانکے لگائے گئے ہوں (۲) نگندے پڑا ہوا لحاف یا رضائی۔

(ضَرَجَهُ) (ن) ـ ضَرْجًا: پھاڑنا۔

—النارَ: آگ کے لئے راستہ بنانا۔

—الثوبَ ونَحْوَهُ: ہلکا لال رنگنا۔

—الشیءَ بكذا: لت پت کرنا' تھیڑنا۔

(ضَرَّجَهُ): مبالغہ ضَرَجَهُ۔

—الكلامَ: مزین و آراستہ کرنا۔

—الدَّابَّةَ: ایڑ لگانا۔

(انْضَرَجَ): پھٹنا۔

—النَّوْرُ: کلی کھلنا۔

—الشَّجَرُ: درخت کے پتوں کا کھل جانا اور نوکیں نکل آنا۔

—الطَّرِيقُ: کشادہ ہونا۔

—ما بينهُمْ: نفرت پیدا ہونا۔

(تَضَرَّجَ): لازم ضَرَّجَهُ۔

—الخَدُّ: گال کا سرخ ہونا۔

—المرأةُ: بناؤ سنگھار کرنا۔

—بالدَّمِ: خون میں لت پت ہونا۔

—الشیءُ: پھٹنا۔

— عَنِ البقلِ الفائفةُ: سبزی کا غلاف سے نکلنا۔

—الزَّهْرُ: کلی کھلنا۔

(الإِضْرِيجُ): لال گوند (۲) سرخ رنگا ہوا کپڑا (۳) سرخ ریشمی چادر (۴) دوڑنے والا طاقتور گھوڑا (ج) أَضَارِيجُ۔

(الضَّرِيجُ) بمعنی المَضْرُوجُ۔

—عَدْوٌ ضَرِيجٌ: تیز دوڑ۔

(المِضْرَجُ) ثوبٌ مِضْرَجٌ: پھٹا پرانا کپڑا (ج) مَضَارِجُ۔

(المَضْرُوجَةُ): عَيْنٌ مَضْرُوجَةٌ: بڑی اور کشادہ آنکھ۔

(ضَرَحَتِ) (ن ف) السُّوقُ ـ ضُرُوحًا: بازار میں مندا ہونا۔

—الدَّابَّةُ ضِرَاحًا: دولتی مارنا۔

—الشیءَ ـ ضَرْحًا: پھاڑنا۔

—القَبْرَ: قبر کھودنا۔

—الشیءَ: پھاڑنا (۲) ایک طرف کرنا۔

—شَهَادَةَ فلانٍ: گواہی تسلیم نہ کرنا۔

(أَضْرَحَهُ): دور کرنا' ہٹانا (۲) بگاڑنا' خراب کرنا۔

—السُّوقَ: بازار کو مندا کرنا۔

(ضَارَحَهُ): گالی گلوچ کرنا' برا بھلا کہنا۔ (۲) مقابلہ کرنا (مشابہ ہونا)۔

(اضْطَرَحَهُ): ایک طرف ڈالنا۔

(انْضَرَحَ): لازم ضَرَحَهُ۔

(ضَرَاحِ): اسم فعل بمعنی امر یعنی اِضْرَحْ۔

(الضَّرْحُ) نِيَّةٌ ضَرْحٌ: لمبا ارادہ۔

(الضَّرُوحُ) مبالغۃ ضارحٍ: بہت دولتی مارنے والا جانور جیسے فَرَسٌ ضَرُوحٌ

— قَوْسٌ ضَرُوحٌ: بہت قوت کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔

(الضَّرِيحُ) بمعنی المَضْرُوحُ (۲) قبر (۳) قبر کے بیچ کی تنگ جگہ (ج) ضَرَائِحُ

(الضَّرِيحَةُ) بمعنی الضَّرِيحُ (ج) ضَرَائِحُ۔

(المَضْرَحُ): شکرا (۲) لمبے بازوؤں والا گدھ۔

(المَضْرَحِيُّ) بمعنی المَضْرَحُ (۲) وسیع الظرف سردار یا شریف النسل آدمی۔

(ضَرَّهُ) (ن) وبهِ ـ ضُرًّا وضَرَرًا: تکلیف پہنچانا' نقصان دینا۔

—فلانًا إلى كذا: پناہ دینا۔

(أَضَرَّتِ) المرأةُ: عورت کی سوکن بننا۔

— فلانٌ عَلَى السَّيْرِ الشَّدِيْدِ ونحوِهِ: سخت رفتار وغیرہ کو برداشت کرنا۔

— عَلَى فلانٍ وغيرِهِ: کسی کو مجبور کرنا' اصرار کرنا۔

— الشیءَ وبهِ: بہت زیادہ قریب ہو کر تنگی پیدا کرنا۔

—فلانًا وبهِ: نقصان پہنچانا۔

—فلانًا على الأمرِ: مجبور کرنا۔

(ضَارَّهُ) مُضَارَّةً وضِرَارًا: نقصان پہنچانا (۲) مخالفت کرنا (۳) پریشان کرنا (۴) زیادتی کرنا۔

(اضْطَرَّهُ) اليهِ: مجبور کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ}

(تَضَارَّا) بهِ او مِنْهُ: کسی کی وجہ سے یا کسی سے نقصان اٹھانا۔

(اسْتَضَرَّ) بِهِ بمعنی تَضَرَّرَ۔

(التَّضِرَّةُ) بمعنی الضُّرُّ۔

(الضَّرَارَةُ) بمعنی الضَّرَرُ (۲) جانی و مالی نقصان (۳) نابینا پن۔

(الضُّرُّ): نقصان' بدحالی' تکلیف۔ قرآن مجید میں ہے: {مَسَّنَا و أَهْلَنَا الضُّرُّ} و {وَأَيُّوبَ إِذْنَادٰی رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ}

تَزَوَّجَ عَلَى ضُرٍّ: کسی کا ایک یا زیادہ بیویوں پر شادی کرنا۔

(الضِّرُّ) بمعنی الضُّرُّ۔

— هُوَ ضِرُّ أَضْرَارٍ: وہ بڑا کڑیل' چالاک اور ہوشیار ہے۔

(الضَّرَرُ): تنگی (۲) ایسی بیماری جو جہاد وغیرہ سے مانع ہو۔ قرآن مجید میں ہے: {غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ}

(الضَّرَّاءُ): سخت مصیبت (۲) تکلیف کی حالت' فقروفاقہ (۲) دائمی بیماری۔
(الضَّرَّةُ) بمعنی الضَّرَّاءُ (۲) سوکن (ج) ضَرَائِرُ۔ بينهم داءُ الضَّرائر: ان میں حسد کی بیماری ہے (۳) پستان کی جڑ (۴) بہت دولت (۵) پیر کے تلوے کا اگلا حصہ۔
(الضَّرُورَةُ): حاجت' ضرورت (۲) نا قابل ازالہ سختی (۳) مشقت (۴) اصطلاح شعر میں ایسی حالت جس کے تحت ایسا تصرف کیا جا سکے جو نثر میں نہ کیا جاتا ہو (ج) ضَرائر۔
(الضَّرُورِيُّ): ضروری' لازمی جس کے بغیر چارہ کار نہ ہو۔ ضد: الكمالیُّ۔
(الضَّرِيرُ): نابینا' اندھا (۲) نقصان رسیدہ (۳) غیرت وحمیت جیسے: ما أشَدَّ ضريره على زوجته (ج) أضِرَّاءُ۔
(المِضْرَارُ): ذرا سی بات پر خاوند سے روٹھ جانے والی عورت (۲) بدکنے والی اونٹنی یا گھوڑا۔
(المَضَرَّةُ): نقصان' تکلیف (ج) مَضَارُّ۔
(ضَرَسَ) (ض) الشيَ ـ ضَرْسًا: داڑھوں سے کاٹنا' چبانا جیسے: ضَرَسَ العودَ۔
-الزَّمَانُ فلانًا: زمانہ کا کسی پر مصیبت ڈالنا۔
-البئرَ: کنویں کو پتھروں سے پختہ کرنا۔
- الدَّابَّةَ: جانور کو قابو میں کرنے کے لئے نکیل ڈالنا۔
(ضَرِسَتْ) (س) أَسْنَانُه ـ ضَرَسًا: ترش چیز کے استعمال سے دانتوں کا کھٹا ہوجانا۔
- الرجلُ: کھٹے دانتوں والا ہونا۔ کہاوت ہے: (الآبَاءُ يأكُلُون الحِصْرِمَ والأبْنَاءُ يضرَسُونَ)
-فلانٌ: بداخلاق اور بدمزاج ہونا۔ هو ضَرِسٌ
(أَضْرَسَه) الحامِضُ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا۔
-بالكلامِ: چپ کرانا۔
-الأَمْرُ فلانًا: پریشانی میں ڈالنا۔

(ضَارَسَ) الأُمُورَ: معاملات میں تجربہ اور واقفیت حاصل کرنا۔
(ضَرَّسَهُ) مبالغةٌ فى ضَرَسَه (۲) داڑھ جیسی نوکوں والا بنانا۔
- الثوبَ: کپڑے پر داڑھ کی شکل کے نقوش بنانا۔
- الحُرُوبُ والخُطُوبُ فلانًا: حوادثات اور لڑائیوں کا کسی کو تجربہ کار اور ماہر بنا دینا۔
(تَضَارَسَ) البناءُ: عمارت کا ناہموار اور داڑھ کی طرح کے ابھار والا ہونا۔
-القومُ: باہم دشمنی رکھنا' لڑائی جھگڑا کرنا۔
(تَضَرَّسَ) البناءُ بمعنی تَضَارَسَ۔
(التَّضْرِيسُ): داڑھ کی طرح کسی چیز میں اونچ نیچ (ج) تَضَارِيسُ۔
- تَضَارِيسُ الارضِ: زمین کے نشیب وفراز (ج)
(الضِّرْسُ): داڑھ (مذکر و مؤنث) (ج) أَضْرَاسٌ وضُرُوسٌ کہتے ہیں ضِرْسُ العَقْلِ: عقل داڑھ (دانتوں کے بعد پیچھے کی چار داڑھوں میں سے ایک داڑھ۔
- هُوَ لا يَعَضُّ في العلمِ بِضِرْسٍ قاطعٍ: وہ علم میں ناپختہ ہے (۲) کنویں کی منڈیر کے پتھر یا کنویں کو پاٹنے کے پتھر (۳) ناہموار اور ابھار والا ٹیلہ (۴) ہلکی اور معمولی بارش۔
- رجُلٌ ضِرْسٌ: بداخلاق آدمی۔
(الضَّرُوسُ): کٹ کھنا جانور (جو قریب آنے والے کو کاٹتا ہو)
- نَاقَةٌ ضروسٌ: دودھ دوہنے والے کو لات مارنے والی اونٹنی۔
-حَرْبٌ ضَرُوسٌ: تباہ کن لڑائی۔
(الضَّرِيسُ): پتھروں کی منڈیر والا کنواں (۲) وہ عمارت جس پر پتھر لگائے گئے ہوں (۳) داڑھ کی طرح ناہموار پتھر۔
(المَضْرُوسَةُ) أَرْضٌ مَضْرُوسَةٌ: نوکیلے پتھروں والی زمین۔

(ضَرَطَ) (ض) ـ ضَرْطًا وضُرَاطًا: گوز نکالنا' آواز کے ساتھ ہوا خارج کرنا هو ضَرُوطٌ و ضَرَّاطٌ: کہاوت ہے (قد يضرِط العَيْر والمِكواةُ فى النَّارِ)
(ضَرِطَ) (س) ـ ضَرْطًا بمعنی ضَرَطَ هو ضَرِطٌ۔
(أَضْرَطَهُ): گوز نکلوانا۔
- بِهِ: کسی کے سامنے مذاقاً منہ سے گوز کی آواز نکالنا (۲) کسی کے قول وعمل کی تحقیر وتردید کرنا۔
(ضَرَّطَ) بمعنی ضَرَطَ۔
-فلانًا وغيرَهُ: گوز نکلوانا۔
-بِهِ: أَضْرَطَ عمرو بن ہند کو اس کی سختی اور قوت کی وجہ سے (مضرِّط الحجارة) کہا جاتا تھا۔
(الضُّرَاطُ): گوز سرین سے آواز کے ساتھ خارج ہونے والی ہوا۔
(الضِّرِّوطُ): گوز مارنے والا۔
(ضَرَعَ) (ف) الرَّضِيعُ ـ ضَرُوعًا: شیر خوار بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔
-الشمسُ ونحوُهَا: قریب الغروب ہونا۔ ضَرَعَ مِنَ المغيب بھی کہتے ہیں۔
-الحيوانُ: کمزور ولاغر ہونا۔
- إليهِ: عاجزی و انکساری کرنا' تابع ہونا۔ (۲) عاجزی کے ساتھ مدد مانگنا۔
(ضَرِعَ) (س) ـ ضَرَعًا وضَرَاعَةً: کمزور اور نحیف ہونا۔
- إليهِ ولَه بمعنی ضَرَعَ هو ضَرِعٌ و أَضْرَعُ وهي ضَرِعَةٌ وضَرْعَاءُ۔
(أَضْرَعَتِ) الأُنْثَى: مادہ جانور کا تھن نمودار ہونا۔
- الحامِلُ: حاملہ کے تھن کا ولادت سے پہلے موٹا ہوجانا۔
- فلانًا اليهِ اوله: کسی کو عاجز کرنا' تابع کرنا (۲) کمزور کرنا۔ جیسے: أَضْرَعَتْه الحُمَّى۔
-اللهُ خَدَّهُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو ذلیل ورسوا کرنا۔
-لفلانٍ مَالًا ونحوهِ: مال خرچ کرنا۔

ض

(ضَارَعَهٗ): مشابہ ہونا۔

(تَضَارَعَا): باہم مشابہ ہونا۔

(تَضَرَّعَ اليه وله): عاجزی و انکساری کرنا' تابع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلَوْلَآ إِذْ جَآءَهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوْا}

-الى الله: اللہ سے رورو کر مانگنا۔

-منه: چپکے چپکے قریب ہونا۔

(الضَّارِعُ): کم عمر۔ خَدٌّ ضَارِعٌ: عاجزی سے جھکا ہوا رخسار۔ جَنْبٌ ضَارِعٌ: نرم پہلو۔ جِسْمٌ ضَارِعٌ: کمزور اور دبلا بدن۔

(الضَّرْعُ): تھن (ج) ضُرُوْعٌ۔

- مَالَه زَرْعٌ ولا ضَرْعٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

(الضِّرْعُ): مشابہ' مثل (ج) ضُرُوْعٌ۔

(الضَّرَعُ): کم عمر (۲) بزدل۔

(الضَّرْعَاءُ): بڑے تھنوں والی (ج) ضُرْعٌ۔

(الضَّرُوْعُ) بمعنی الضَّرْعَاءُ (ج) ضُرُعٌ۔

(الضَّرِيْعُ) شَاةٌ ضَرِيْعٌ: خوبصورت پستانوں والی بکری (۲) خاردار گھاس (۳) دوزخ کا ایک خاردار اور کڑوا درخت جو انتہائی بدبودار ہوگا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ}

(الْمُضَارِعُ): (نحاۃ کے نزدیک) وہ فعل جو حروف مضارع زوائد یعنی (اتین) میں سے کسی حرف سے شروع ہو اور حال اور استقبال پر دلالت کرے۔ فعل مضارع (۲) علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام جس کا وزن مفاعیلن فاعلاتن دو مرتبہ ہے' اس کو مضارع اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ بحر مُجْتَثّ کے مشابہ ہوتی ہے۔

(ضَرْغَمَتِ) الْأَبْطَالُ وَنَحْوُهُمْ: شیروں کی طرح بہادری اور جرأت سے کام کرنا۔

(تَضَرْغَمَتِ) الْأَبْطَالُ وَنَحْوُهُمْ: بمعنی ضَرْغَمَتْ۔

(الضِّرْغَامُ): خونخوار طاقتور شیر (۲) بہادر آدمی (ج) ضَرَاغِمُ وضَرَاغِمَةٌ۔

(الضِّرْغَامَةُ) بمعنی الضِّرْغَامُ۔

(الضِّرْغَمُ) بمعنی الضِّرْغَامُ۔

(ضَرُكَ) (ك) ـ ضَرَاكَةً: مضبوط و قوی الاعصاب ہونا (۲) بے وقوف ہونا (۳) محتاج ہونا۔

(الضِّرَاكُ): مضبوط اور سخت اعضاء والا۔

(الضَّرِيْكُ): فقیر و محتاج (۲) بے وقوف هُمْ ضُرَكَاءُ وضَرَائِكُ وهُنَّ ضَرَائِكُ۔

(ضَرِمَتِ) النَّارُ ضرما: آگ سلگنا' بھڑکنا۔

- فلانٌ: سخت غضبناک ہونا (۲) بہت بھوکا ہونا۔

الشيءُ: بہت گرم ہونا۔

-فلانٌ في الأمرِ: کسی کام میں جلدی کرنا۔

-في عدوه وفي اكله: تیز دوڑنا یا تیز کھانا۔

هو ضَرِمٌ وضَارِمٌ۔

(أَضْرَمَ) النَّارَ: آگ جلانا' بھڑکانا۔

-الشيءَ: آگ لگانا (۲) تیز گرم کرنا۔

(ضَرَّمَ) النَّارَ ونحوَهَا: آگ کو خوب جلانا' دھکانا۔

(اضْطَرَمَتِ) النَّارُ: آگ سلگنا' بھڑکنا۔

-الشَّرُّ والحربُ بينهُمْ: لوگوں میں لڑائی کے شعلے بھڑکنا۔

-الشَّيْبُ فِي الرَّأْسِ: بڑھاپا آجانا۔

(تَضَرَّمَتِ) النَّارُ وغيرُهَا: آگ سلگنا' دہکنا۔

-عليه غَضَبًا: سخت غصہ ہونا۔

(اسْتَضْرَمَ) الحَبُّ وَنَحْوُهٗ: غلہ کے دانوں کا موٹا ہو کر بھوننے کے قابل ہو جانا۔

(الضِّرَامُ): آگ کی دھک' بھڑک (۲) ایندھن (لکڑی وغیرہ) (۳) جلد شعلہ دینے والی چیز جس کا انگارہ نہ ہو۔ واحد: ضِرَامَةٌ۔

(الضَّرَمُ): ایک خوشبودار بوٹی۔ اس کا دھواں بھی خوشبودار ہوتا ہے اور یہ لبنان کے علاقوں میں پائی جاتی ہے۔

(الضَّرَمُ) بمعنی الضِّرَامُ۔

(الضَّرَمَةُ): انگارہ (۲) آگ (۳) کھجور کی شاخ جس کے کنارے پر آگ جلتی ہوئی ہو۔ کہاوت ہے (مابها نافخُ ضَرَمَةٍ): گھر میں کوئی نہیں۔

(الضَّرِيْمُ): جلتی ہوئی آگ (۲) جلتی ہوئی چیز۔

(ضَرَا) (ن) العِرْقُ أو الجُرْحُ ـ ضَرْوًا و ضُرُوًّا: رگ یا زخم سے مسلسل خون نکلنا۔

- الإناءُ ونحوهٗ: برتن وغیرہ سے لگا تار کوئی چیز بہنا۔

- فلانٌ وغيرُهٗ: پوشیدہ ہو جانا۔ هو ضَارٍ و ضَرِيٌّ۔

(ضَرَى)(ض) العِرْقُ وغيرهٗ ـ ضَرْيًا بمعنی ضَرَا۔

(ضَرِيَ)(س) ـ ضَرًا وضَرَاءً وضَرَاوَةً: سخت ہونا۔

- بِهِ أَوْ عليه: کسی چیز سے لگے رہنا (۲) عاشق و دلدادہ ہونا (۳) عادی ہونا اور اس پر دلیر ہونا۔

(ضَرَّاهُ): مبالغہ اضراہ۔

ضَرَّاهُ به وعليه: بھی کہتے ہیں۔

(اسْتَضْرَى) الصَّيْدَ ونحوَهٗ: شکار کو اچانک بے خبری میں پکڑ لینا۔

-للصَّيْدِ: داؤ لگانا۔

(الضَّارِيْ) من الجَوَارِحِ والكِلَابِ: شکاری کتا یا پرندہ (۲) خونخوار درندہ جو گوشت کا عادی ہو (۳) لوگوں کے کھیت چرنے کے عادی مویشی (ج) ضَوَارٍ۔

(الضَّرَاءُ): کھلی جگہ' کشادہ میدان (۲) درندوں کی پناہ گاہ (۳) ہموار درختوں والی زمین۔

-هُوَ يَدِبُّ لَهُ الضَّرَاءُ أَوْ يَمْشِيْ لَهُ الضَّرَاءُ: وہ اسے دھوکہ دیتا ہے اور اس کے ساتھ چال چلتا ہے۔

(الضِّرْوُ): شکاری کتوں کے پلے (ج) أَضْرٍ وضِرَاءٌ۔

(الضَّرِيُّ) بمعنی الضَّارِیُ۔

ض............ز

(ضَزَنَه) (ن) ۔ضَزْنًا: کسی سے کوئی چیز چھین لینا۔

(تَضَازَنَا): ایک دوسرے سے لینے میں زبردستی اور مقابلہ کرنا۔

(الضَّيْزَنُ): کسی معاملہ میں مزاحمت کرنے والا' اپنے باپ کی بیوی اور بہو سے شادی کرنے والے مجوسی کو کہا جاتا تھا: له ضَيْزَنٌ لذلك (۲) چرخی کا سوراخ کشادہ ہونے پر اسے ٹھیک کرنے کا چمڑے یا لوہے وغیرہ کا ٹکڑا (۳) قابل اعتماد آدمی۔

ض............ع

(ضَعْضَعَ) البِنَاءَ: عمارت زمین تک گرا دینا۔

-الرَّجُلَ: کمزور کرنا (۲) تابع کرنا (۳) ذلیل کرنا۔

(تَضَعْضَعَ) جِسْمُه: بیماری یا غم وغیرہ کی وجہ سے کمزور و دبلا ہوجانا۔

-مالُهُ: دولت کم ہوجانا۔

-بِهِ الدَّهْرُ: ذلیل کردینا۔

(الضَّعْضَاعُ): ہر کمزور چیز (۲) بے رائے شخص۔

(الضَّعْضَعُ) بمعنی الضَّعْضَاعُ۔

(ضَعَّ) (ن) الجَمَلَ ونَحْوَهُ ۔ضَعًّا: اونٹ کو سدھانا یا اسے ضَعْ کہنا۔

(ضَعْ): ایک آواز جو اونٹ کو سدھانے اور قابو میں کرنے کے لئے نکالی جاتی تھی۔

(ضَعَفَ) (ف) الشیءَ ۔ضَعْفًا: دوگنا کرنا۔

-القومَ: تعداد بڑھانا۔

(ضَعُفَ) (ك) ۔ضَعْفًا: کمزور بیمار ہونا۔

— الشیءُ: زیادہ ہونا۔حدیث میں ہے: (تضعف صلاةُ الجماعة عَلی صلوةِ الفذّ خمسًا وعشرين درجةً)

(أَضْعَفَ) الرَّجُلُ: مال میں خوب اضافہ ہونا (۲) کسی کے جانور وغیرہ کا کمزور ہونا۔

-الشيءَ: زیادہ کرنا۔

-لهُ الوُدَّ: کئی سے تعلق بڑھانا۔

-القَوْمَ وغَيْرَهُمْ: کئی گنا زیادہ دینا۔

-الرَّجُلَ ونحوهُ: کمزور کرنا۔

(ضَاعَفَهُ) بمعنی ضَعَفَه ۔ضَاعَفَ له العطاءَ ووغيرهُ: کئی گنا زیادہ عطا کرنا۔

(ضَعَّفَه) بمعنی أَضْعَفَهُ۔

-الحَدِيْثَ او الرَّأيَ: حدیث یا رائے کو ضعیف قرار دینا۔

-الشيءَ: کسی چیز کو تہ لگانے کے لئے دوگنا کرنا۔

(تَضَاعَفَ): لازم ضَاعَفَه (۲) دوگنا ہونا۔

(اسْتَضْعَفَه): کمزور سمجھنا' کمزور پانا (۲) تابع کرنا۔قرآن مجید میں ہے: {وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِنْهُمْ}

(التَّضَاعِيْفُ): تَضَاعِيْفُ الشيءِ: اضافے' بڑھنے کی کیفیت۔

-تَضَاعِيْفُ الكتابِ: کتاب کے حاشیے اور بین السطور۔

(الضِّعْفُ): گنا' مثل ۔ضعفُ الشيءِ: دوگنا چیز۔

لفظ ضِعْف کے بارے میں قاعدہ یہ ہے کہ جس عدد کی طرف اس کی اضافت ہوگی وہ عدد اپنے اسی جیسے عدد کے ساتھ مل کر دوگنا ہوجائے گا جیسے ایک کا ضعف دو اور دس کا ضعف بیس۔ایک عدد یا ایک چیز کبھی ایک سے زائد بھی ہوتی ہے جیسے ضعفا الشيءِ او العَدَدِ: اس صورت میں چیز تین گنا ہو گئی ایک وہ خود اور دو اس کی مثلیں۔اگر کہا جائے أَعْطِهِ ضعفَيْ وَاحِدٍ: تو معنی ہوگا اسے تین دو۔قرآن مجید میں ہے: {رَبَّنَا اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ} کی تفسیر مفسرین نے تین عذابوں سے کی ہے۔لفظ جمع اضعاف کی اضافت جس عدد کی طرف ہوگی تو وہ چہار گنا ہوجائے گا۔کبھی ضعف کا معنی ایک چند (گنا) کے ہوتے ہیں اور کبھی کئی گنا پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے چنانچہ اگر کہا جائے: هٰذَا ضِعْفُ ذٰلِكَ تو معنی یہ ہوگا کہ یہ چیز اس کی دوگنی ہے یا کئی گنی ہے (تین گنی ہے)

-من الشيءِ: کسی چیز کی تہ یا درمیانی حصہ۔

اسی قبیل سے ہے أضعافُ الكتاب: کتاب کے حواشی و بین السطور۔أضعافُ الجَسَدِ: بدن کے اعضاء اور ہڈیاں۔

(الضَّعْفَانُ): کمزور (ج) ضَعَافَى۔

(الضَّعْفَةُ): دل کی کمزوری (۲) ناسمجھی' بے عقلی۔

(الضَّعُوْفُ): بہت کمزور (ج) ضُعُفٌ۔

(الضَّعِيْفُ): عورت' غلام۔حدیث میں ہے: (اتقوا اللهَ فی الضَّعِيْفَيْنِ) (ج) ضعافٌ و ضُعَفَاءُ و ضَعْفَى وضَعَفَةٌ (۲) حدیث کی اصطلاح میں جو کسی بھی سبب سے حسن کے مقابلہ میں کم درجہ ہو (ج) ضِعَافٌ۔

(المُضَاعَفُ): دوگنا' ڈبل' دہرا۔

-مُضَاعَفُ الثُّلَاثِيِّ: وہ فعل جس کا عین اور لام کلمہ ایک جنس کا ہو جیسے: شَدَّ۔

-مُضَاعَفُ الرُّبَاعِيِّ: وہ فعل جس کا فاء کلمہ لام کلمہ اوّل ایک جنس اور عین کلمہ و لام کلمہ ثانی ایک جنس کے ہوں۔جیسے: زَلْزَلَ قَهْقَهَ۔

- فی الحساب: المضاعف البسيط: اس سب سے چھوٹے عدد کو کہتے ہیں جو دو یا زیادہ اعداد پر تقسیم قبول کرے۔

(المُضَاعَفَةُ): دوہرے حلقوں والی زرہ۔

- الاضعافُ المُضَاعَفَةُ: گنا در گنا' چند در چند۔قرآن مجید میں ہے: {لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً}

(المُضَعَّفُ) بمعنی المضاعف (صرفیوں کی اصطلاح)

(المُضَعَّفَةُ) أَرْضٌ مُضَعَّفَةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

ض............غ

(الضُّغْبُوْسُ): چھوٹا کھیرا (۲) لومڑی کا بچہ

(۳) کمزور حقیر (ج) ضَغَابِيْس۔
(ضَغَثَ) (ف) الحَشِيْشَ وَغَيْرَهُ. ضَغْثًا گھاس اکٹھی کرنا، مٹھا باندھنا۔
-الاشياءَ: خلط ملط کرنا۔
-الحديثَ: گفتگو کو الجھا دینا۔
- المرأةُ شعرَها: بال دھوتے وقت ان میں ہاتھ گھمانا تا کہ پانی جڑوں تک پہنچ جائے۔
-الشئَ: ٹٹول کر دیکھنا۔
(أَضْغَثَ) الشئَ: سمیٹ کر گٹھا بنانا۔
- الحالِمُ الرؤْيَا: خواب کو غیر واضح طور پر بیان کرنا۔
(ضَغَّثَهُ): مبالغہ ضَغَثَهُ.
(الضَّغَاثَةُ): بچا کھچا ردی مال۔
(الضِّغْثُ) بمعنی المضغوث (۲) ہر چیز کا مٹھا قرآن مجید میں ہے: {وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ} (ج) أَضْغَاثٌ۔
-أتانا بِأَضْغَاثٍ من اخبارٍ: وہ ہمارے پاس مختلف قسم کی ملی جلی خبریں لایا۔
-أَضْغَاثُ الأَحْلَامِ: نا قابل تعبیر الجھے ہوئے خواب۔ قرآن مجید میں ہے: {قَالُوْا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ}
-ضِغْثٌ على إِبَّالَةٍ: مصیبت بالائے مصیبت۔
(ضَغْضَغَ) الأَدْرَدُ اللُّقْمَةَ ونحوَهَا: پوپلے آدمی کا لقمہ وغیرہ چبانا جس سے آواز نہ جائے۔
-اللحمَ فی فیهِ: گوشت کو ہلکا سا چبانا۔
-الكلامَ: چبا چبا کر بولنا۔
(ضَغَطَهُ) (ف). ضَغْطًا: دیوار وغیرہ سے لگا کر دبانا۔
-الكلامَ: کلام میں اختصار کرنا۔
- عليه فِي غُرْمٍ أو نحوهِ: کسی پر تاوان وغیرہ کے لئے دباؤ ڈالنا (۲) تنگ کرنا، مجبور کرنا۔
(ضَاغَطَهُ) بمعنی مُضَاغَطَةً وضِغَاطًا: مزاحمت کرنا۔
(تَضَاغَطَا): ایک دوسرے کو دبانا، باہم مزاحمت کرنا۔
-(الضَّاغِطُ): نگہبان، محافظ (ج) ضَوَاغِطُ۔
(الضَّاغِطَةُ): روئی وغیرہ دبانے کی مشین (محدثہ)
(الضَّغْطُ): ضَغْطُ الدَّمِ: خون کا دباؤ بلڈ پریشر (۲) فضائی دباؤ اس دباؤ کو کہتے ہیں جو ایک خاص نقطہ پر مرکوز ہوتا ہے اور یہ اس ثقل کی بنا پر ہوتا ہے جو اس نقطہ پر ہوا کے ستون سے پیدا ہوتا ہے (مج)
(الضَّغْطَةُ): تنگی (۲) زبردستی، مجبوری۔
(الضُّغْطَةُ): سختی، تنگی (۲) قرض خواہ اور قرضدار کے درمیان آویزش جس میں قرضدار ٹال مٹول کر کے قرض کے کچھ حصہ کو کم کرانے کا خواہشمند ہوتا ہے۔
(الضَّغِيْطُ): رَجُلٌ ضَغِيْطٌ: کمزور رائے والا آدمی۔
بئرٌ ضَغِيطٌ: وہ کنواں جس کا پانی خراب ہو کر رستا ہوا برابر والے کنواں تک پہنچ کر اس کے پانی کو بھی خراب کر دے یا وہ کنواں جس کا پانی اس کے قریب کنواں کھودنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو (ج) ضَغْطَى۔
(المَضْغَطُ): نشیبی زمین جہاں پانی رک جاتا ہو (ج) مَضَاغِطُ۔
(ضَغَمَهُ) (ف) وبهِ. ضَغْمًا: پورا منہ لگا کر زور سے کاٹنا۔
-الفَقْرُ: غربت کا کسی کو ستانا۔
(أَضْغَمَ) الفَمُ: منہ کا بہت لعاب والا ہونا۔
(الضُّغَامَةُ): دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
(الضَّيْغَمُ): بڑی باچھوں والا شیر (ج) ضَيَاغِمُ وضَيَاغِمَةٌ۔
(ضَغِنَ) (س) العُوْدُ ونَحْوُهُ. ضَغَنًا: ٹیڑھا اور پیچ دار ہونا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا سرکش ہونا، قابو میں آنا۔
-اليهِ: چاہت رکھنا، مشتاق ہونا۔
- عليه: کینہ رکھنا، کسی سے دل میں سخت دشمنی رکھنا۔
- صَدْرُهُ: دل میں کینہ رکھنا۔ هُوَ ضَغِنٌ و ضَاغِنٌ۔
(أَضْغَنَ) عليه ضَغِيْنَةً: دل میں دشمنی چھپائے رکھنا۔
(ضَاغَنَهُ): دشمنی رکھنا، بغض کا بدل بغض سے دینا۔
(اضْطَغَنَ) القومُ: باہم کینہ رکھنا۔
-فلانٌ عَلٰى فلانٍ: کینہ و بغض رکھنا۔
-بِالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھنا۔
(تَضَاغَنَا): باہم کینہ رکھنا، حسد کرنا۔
(الضَّاغِنُ) مِنَ الخيلِ ونحوها: وہ گھوڑا وغیرہ جو بغیر پٹائی کے نہ چلتا ہو۔
(الضِّغْنُ): زبردست کینہ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۞ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَ يُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ}
مقولہ ہے: سَلَّ ضِغْنَ فلانٍ: کسی کو راضی کرنا (۲) جھکاؤ، میلان، اشتیاق۔
نَاقَةٌ ذاتُ ضِغْنٍ: اپنے وطن کی مشتاق اونٹنی (ج) اضغانٌ۔
-مجامِعُ الاضغان: دل۔
(الضَّغُوْنُ): اس طرح دوڑنے والا کہ پیچھے مڑتا ہوا معلوم ہو (ج) ضُغُنٌ۔
(الضَّغِيْنَةُ): شدید بغض و عداوت (ج) ضغائِنُ۔
(ضَغَا) (ن) القِطُّ ونحوُهُ. ضَغْوًا وضُغَاءً: لومڑی، بلی، بھیڑیئے کتے اور سانپ کا کسی تکلیف کی وجہ سے چیخنا، اس کا استعمال انسان کے لئے بھی ہوتا ہے جب کہ وہ کسی درد و تکلیف کی وجہ سے کسی سے فریاد کرے۔
-المَقْهُوْرُ: مظلوم آدمی کا شور مچانا اور بے بس ہو جانا۔
(أَضْغَاهُ): بلی وغیرہ کو ایسی تکلیف دینا کہ وہ شور مچائے۔

ض

(ضَغَّاهُ) بمعنی أَضْغَاهُ.
(تَضَاغَى) القِطُّ وغيرُهُ بمعنی ضَغَا.
-مِنَ الجُوعِ والألمِ: بھوک یا تکلیف کی وجہ سے چلانا' بلبلانا۔
-الثَّرِيْدَةُ ونحوُهَا: ثرید سے گھی ملاتے وقت آواز نکالنا۔
-(الضَّاغِيَةُ): چیخنے چلانے والی (۲) بلی وغیرہ کی دودھ طلب (ج) ضَوَاغٍ.

ض.........ف

(ضَفْدَعَ) الماءُ او المكانُ: زیادہ مینڈکوں والا ہونا۔
(الضُّفْدُعُ): مینڈک (مذکر ومؤنث) (ج): ضَفَادِعُ.
نَقَّتْ ضَفَادِعُ بطنه: بہت زیادہ بھوک لگنا۔
(الضِّفْدَعُ): مینڈک۔
(ضَفَرَ) (ض) ضَفْرًا: کودنا' دوڑنا۔
-الشَّعْرَ وَغَيْرَهُ: چوٹی بنانا' گوندنا۔
- الحَبْلَ اَوالخَيْطَ: رسّی یا دھاگے کو بٹنا' بل دینا۔
- البناءَ ونحوَهُ: چونے اور مسالے کے بغیر پتھروں کی عمارت بنانا (۲) پتھروں کو چوٹی کی طرح ایک دوسرے میں گھسا کر چھوڑنا۔
(ضَافَرَهُ) عَلَيْهِ: مدد کرنا' پشت پناہی کرنا۔
(ضَفَّرَهُ): مبالغہ فی ضَفَرَهُ.
(انْضَفَرَ) الحَبْلَانِ ونَحْوُهُمَا: دو رسیوں وغیرہ کا گندھ جانا یا گوندھا ہوا ہونا۔
(تَضَافَرُوْا) عليه: کسی معاملہ میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(الضِّفَارُ): بالوں کی رسّی جس سے اونٹ وغیرہ کو باندھا جاتا ہے (ج) ضُفُرٌ.
(الضَّفْرُ) بمعنی الضِّفَارُ (۲) کمر وغیرہ پر باندھنے کی پیٹی (۳) بالوں کی الگ گندھی ہوئی لٹ (۴) ریت کا بڑا ٹیلہ (ج) ضُفُورٌ وأَضْفَارٌ
(الضَّفِيْرُ): گندھے ہوئے بال وغیرہ۔
-ضَفِيْرُ البحرِ: سمندر کا کنارہ' ساحل۔
(الضَّفِيْرَةُ): چوٹی (بالوں کی ایک ایک لٹ جسے گوندھا جائے) (۲) پانی کی روک والی دیوار (ج) ضَفَائِرُ وأَضْفَارٌ.
(ضَفَزَ) (ن) ضَفْزًا: کودنا' دوڑنا۔
-الشيءَ: دھکا دینا' دھکیلنا۔
- اللجامَ او العَلَفَ في فَمِ الفرسِ: منہ میں لگام یا چارہ ڈالنا۔
- الحيوانَ: چارے میں جو ملا کر کھلانا (۲) زبردستی کھلانا۔
(اضْطَفَزَ) الشيءَ: مجبوراً منہ میں لینا۔
(الضَّفْزُ): کٹے ہوئے اور تر کئے ہوئے جو وغیرہ کا چارہ۔
(الضَّفَّازُ): چغل خور۔
(الضَّفِيْزَةُ) بمعنی الضَّفْزُ (۲) بڑا لقمہ۔
(ضَفَّ) (ن) القومُ على الشيءِ ـ ضَفًّا: اکٹھا ہونا' بھیڑ لگانا۔
-المُصْطَلِي: آگ کے قریب کرنا۔
-الشيءَ: اکٹھا کرنا۔
(تَضَافُّوْا) عَلَى الشَّيءِ: کسی چیز کے لئے بھیڑ لگانا' سب کا اکٹھا ہونا (۲) لوگوں کا مال کم ہو جانا۔
(الضَّفُّ) رَجُلٌ ضَفُّ الحَالِ: تنگدست آدمی۔
(الضُّفُّ): ٹمیالے رنگ کا ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے ڈھیری پڑ جاتی ہے (ج) ضِفَفَةٌ.
(الضَّفَفُ): بدحالی' تنگدستی (۲) تھوڑا سا کھانا (۳) قلت خوراک کے ساتھ کھانے والوں کی کثرت (۴) اہل وعیال کی کثرت (۵) پانی وغیرہ پر لوگوں کی بھیڑ (۶) اوچھا پیمانہ (۷) ڈھیری ہوئی چیز (۸) رائے کی کمزوری (۹) جلدی' عجلت۔
(الضَّفَّةُ): کنارہ' ساحل ـ هُمَا ضَفَّتَانِ (۲) پانی کا پہلا اچھال (۳) لوگوں کی جماعت (ج) ضِفَافٌ.
(الضِّفَّةُ) بمعنی الضَّفَّةُ (ج) ضِفَفٌ.
(الضَّفُوفُ) من العيونِ: بہت پانی والا چشمہ۔
-من الشاةِ والابالِ: زیادہ دودھ والی بکری یا اونٹنی (ج) ضُفُفٌ.
(الضَّفِيفُ) فلانٌ مِنْ لفِيفِنَا و ضَفِيْفِنَا: بوقت مصیبت وہ اور ہم ساتھ ہو جاتے ہیں۔
(الضَّفِيْفَةُ): کمزور پودا یا سبزی۔
(المَضْفُوْفُ): وہ چیز جس پر بھیڑ لگی ہو (۲) خالی ہو جانے والا آدمی۔
(ضَفَنَ) (ض) بِالشَّيءِ ـ ضَفْنًا: پھینکنا۔
-الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا: لات مارنا۔
-اليه: کسی کے پاس بیٹھنے کے لئے جانا۔
-مَعَ الضَّيْفِ: مہمان کے ساتھ چلنا۔
-الشيءَ عَلَى الدَّابَّةِ: کوئی چیز جانور پر لادنا۔
(ضَافَنَهُ) عليه: مدد کرنا۔
(تَضَافَنُوْا): باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(الضِّفَنُّ): پستہ قد (۲) موٹا اور بیوقوف۔
(ضَفَا) (ن) الشيءُ ـ ضَفْوًا و ضُفُوًّا: بڑھنا' زیادہ ہونا۔
-الثوبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔
-رأسُه: سر کا زیادہ بالوں والا ہونا۔
- الحَوْضُ ونَحْوُهُ: حوض وغیرہ کا کناروں تک بھرا ہوا ہونا۔
- فلانٌ ضَافِي الفضْلِ ونحوه: فلاں بہت زیادہ سخی ہے۔
(الضَّفَا): کنارہ' جانب' پہلو۔
(الضَّفْوَةُ) ضَفْوَةُ العَيْشِ: خوشحالی' آسودگی۔

ض.........ک

(ضَكْضَكَ): تیز چلنا۔
-الشيءَ: دبانا' بھینچنا۔
-المطرُ والأرضُ: بارش کا زمین کو دھو دینا۔
(تَضَكْضَكَ): دبنا' بھنچنا (۲) زمین کا بارش سے دھل جانا (۳) خوش ہونا' بے تکلف ہونا۔
(الضُّكَاضِكُ) بمعنی الضُّكَاضِكُ.

(ضَكَّهُ) (ن) ۔ضَكًّا: دبانا' بھینچنا (۲) زور سے چٹکی بھرنا۔

–الأَمْرُ فلانًا: پریشان کرنا' تڑپانا۔

–فلانًا بِالْحُجَّةِ: دلیل سے مغلوب کرنا۔

ض.........ل

(ضَلَعَ) (ف) ۔ضَلْعًا: پسلی کی طرح ٹیڑھا ہونا۔

–عن الحقِّ: حق سے اعراض کرنا۔اسی سے کہتے ہیں: ضَلْعُكَ مَعَ فلانٍ: تو فلاں سے محبت رکھتا ہے۔

–عليه: ظلم وزیادتی کرنا۔

–الحيوانَ: پسلی توڑنا۔

(ضَلِعَ) (س) ضَلَعًا: ٹیڑھا ہونا۔

– مَعَ فُلانٍ: کسی کی طرف مائل ہونا اور اس کی مدد ومعاونت کرنا (۲) شکم سیر ہونا' پانی سے سیر ہونا (۳) طاقتور ہونا۔

(ضَلُعَ) (ك) ۔ضَلاعَةً: مضبوط وقوی ہونا (۲) مضبوط پسلیوں والا ہونا۔

– فَمُهُ: چوڑے منہ والا ہونا (۲) ملے ہوئے دانتوں والا ہونا۔

(أَضْلَعَتِ) الدَّابَّةُ: بوجھ اٹھانے کے قابل نہ ہونا۔

–للشيءِ وعليه: قابو پانا' قادر ہونا۔

–الشيءَ: جھکانا' ٹیڑھا کرنا۔

– الحِمْلُ الدَّابَّةَ ونَحْوَهَا: سامان کا جانور کو بوجھل کر دینا۔

– فلانًا الخُطُوبُ: مصائب کا سختی اور تنگی پیدا کرنا۔

(ضَلَّعَهُ): پسلیوں جیسے نقش و نگار بنانا۔جیسے: ضَلَّعَ الثوبَ أو النَّسِيجَ۔

– شيءٌ أو شَكْلٌ أو رَسْمٌ مُضَلَّعٌ: پسلی جیسی شکل یا نقش وغیرہ۔

(اضْطَلَعَ) للأَمْرِ وعليه: قابو پانا' قادر ہونا۔

–به: کسی چیز پر قابو پانا (۲) کسی چیز کو لے کر اٹھنا۔

(تَضَلَّعَ): کھانے یا پانی سے سیر ہونا۔

– من العلومِ ونحوِهَا: علوم میں ماہر اور پختہ ہونا۔

(اسْتَضْلَعَ) بمعنی تَضَلَّعَ۔

(الأَضْلَعُ): سخت اور مضبوط پسلیوں والا (۲) پسلیوں کی طرح چوڑے دانتوں والا (ج) ضُلْعٌ۔

(الضَّالِعُ): ٹیڑھا (ج) ضَوَالِعُ۔

(الضِّلَعُ): پسلی (۲) ٹیڑھی شاخ (۳) (علم ہندسہ کے مطابق) مثلث کا احاطہ کرنے والا ایک خط یا ایک خط جو زمین پر کھینچا جائے اور پھر دوسرا خط کھینچ کر دونوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے خطوط کھینچے جائیں۔(ج) أَضْلُعٌ و ضُلُوعٌ وأَضْلاعٌ۔

(الضُّلُوعُ): ڈھلوان زمین۔

(الضَّلِيعُ): طاقتور (۲) مضبوط پسلیوں والا (۳) بھاری سینہ اور بڑے پہلوؤں والا (۴) کشادہ دھن اور بڑے دانتوں والا (۵) خم دار ٹیڑھی کمان (ج) ضُلُعٌ وهُنَّ ضَلائِعُ۔

(ضَلَّ) (ض) ۔ضَلًّا وضَلالًا وضَلالَةً: پوشیدہ ہونا (۲) غائب ہونا۔ جیسے: ضَلَّ في الشيءِ: (۳) ضائع ہونا (۴) ہلاک و برباد ہونا (۵) باطل و بے اثر ہونا (۶) چلا جانا' گمراہ ہو جانا پتہ نہ چلنا۔

–سعيُه: کوشش کا بیکار اور ضائع ہو جانا۔

– المَيِّتُ في الأَرْضِ: مردہ کا زمین میں گل سڑ کر معدوم ہو جانا۔

– النَّاسِيُ: یادداشت ختم ہو جانا۔

– الشيءَ وعنه وفيه: بھول جانا (۲) گم کرنا' نہ پانا۔

– الطَّرِيقَ: راستہ بھولنا' بھٹکنا۔

– الشيءُ فلانًا: کسی چیز کا قابو میں نہ آنا' قبضہ سے نکل جانا۔

(ضَلَّ) (س) ۔ضَلاً وضَلالَةً: بمعنی ضَلَّ يَضِلُّ۔

(أَضَلَّهُ) متعدی ضَلَّ (۲) پوشیدہ رکھنا' چھپانا (۳) غائب کرنا (۴) دفن کرنا (۵) ہلاک و برباد کرنا (۶) گمراہ پانا یا سمجھنا۔

–الشيءُ فلانًا: قبضہ وقدرت سے باہر ہونا۔

–اللهُ أَعْمَالَهُمْ: اللہ تعالیٰ کا اعمال کو ضائع کرنا' اجر وثواب نہ دینا۔

(ضَلَّلَهُ) تَضْلِيلًا وتَضْلالًا: گمراہ کرنا (۲) گمراہ قرار دینا۔

–الماءَ: چٹانوں یا درختوں میں پانی چھوڑنا۔

(تَضَالَّ) فلانٌ: گمراہ ہونے کا دعویٰ کرنا (۲) گمراہی کو ظاہر کرنا۔

(تَضَلَّلَ) الماءُ مِنْ تحت الحَجَرِ: زیر چٹان پانی جاری ہونا۔

(اسْتَضَلَّ) ضَلالَةَ: کسی کی گمراہی چاہنا۔

(الأُضْلُولَةُ): گمراہی (ج) أَضَالِيلُ۔

(الضَّالُّ): گمراہ' ہر وہ شخص جو اللہ کے دین حق سے اعراض کرے (ج) ضُلَّالٌ۔

(الضَّالَّةُ): کھوئی ہوئی چیز' تلاش کی جانے والی گمشدہ چیز خواہ محسوسات میں سے ہو یا معنویات میں سے۔خاص طور پر حسی چیزوں میں جانور پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے (الحكمةُ ضَالَّةُ المؤمنِ) (ج) ضَوَالُّ۔

(الضَّلالُ): غیبوبت (۲) ہلاکت (۳) باطل (۴) بھول (۵) بے راہ روی۔قصدا ہو یا سہوا تھوڑی ہو یا زیادہ' گمراہی۔مقولہ ہے: هو الضَّلالُ ابن التَّلالِ: وہ نہ جانے کس کی اولاد ہے اور کون ہے۔

(الضَّلالَةُ) بمعنی الضَّلالُ (۲) ایسا راستہ جو مقصود نہ پہنچائے۔

–ضَلالَةُ العَمَلِ: عمل کا ضیاع۔

(الضُّلُّ) بمعنی الضَّلالُ۔

(الضُّلُّ) هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ: وہ مجہول النسب ہے یا انتہائی گمراہ ہے اور نہ جانے وہ کون ہے اور کس سے ہے یا وہ فضول یا نکما ہے۔

(الضُّلَلُ): وہ پانی جو زیر چٹان یا درختوں کے درمیان چلتا ہو اور اس پر دھوپ نہ پڑتی ہو۔

(الضَّلَّةُ): حیرانگی۔

(الضُّلَّةُ): سفر میں راہنمائی کی واقفیت و مہارت۔ هُوَ دَلِيلٌ ذُوضُلَّةٍ: وہ ماہر رہبر ہے۔

(الضِّلَّةُ) ذَهَبَ دَمُه ضِلَّةً: اس کا خون رائیگاں ہوا۔ هُوَ ابْنَة لِضِلَّةٍ: بے نفع و مکار آدمی۔

(الضِّلِّيلُ): گمراہ ترین، انتہائی گمراہ، (۲) لغویات اور فضول باتوں کو پسند کرنا۔ اسی وجہ سے امرؤالقیس کو الملك الضّلّيل کہتے ہیں۔

(الضُّلُولُ) بمعنی الضِّلِّيلُ (۲) الضَّالّ۔

(المُضِلُّ): سراب (کیونکہ وہ دیکھنے والے کو دھوکہ دیتا ہے)

(المَضَلَّةُ) فِتْنَةٌ مَضِلَّةٌ: ہلاکت خیز آفت (مفرد وغیرہ اور مذکر ومونث سب کے لئے) (ج) مَضَالٌّ۔

ض............م

(اِضْمَحَلَّ): کمزور اور مضمحل ہونا (۲) آہستہ آہستہ گھل کرنا پید ہوجانا، گراوٹ آجانا۔

- السَّحَابُ: بادل چھٹ جانا۔

(ضَمَخَ) (ن) جَسَدَه وغَيْرَه بِالطِّيبِ وغَيْرِهٖ۔ ضَمْخًا: جسم وغیرہ پر خوب خوشبو ملنا۔

فلانًا: تھکا دینا۔

(ضَمَّخَهُ) بِالطِّيب وغيرِهٖ: خوب خوشبو ملنا۔ مبالغه ضَمَخَهٗ۔

(تَضَمَّخَ) بِالطِّيبِ وغيرِهٖ: بہت خوشبو لگانا۔ اِضْطَمَخَ اور اِضَّمَخَ کا بھی یہی معنی ہے۔

(الضِّخْمَةُ): ایک دفعہ کی لگائی ہوئی زبردست خوشبو (۲) موٹی اور چربی دار اونٹنی یا عورت۔

(ضَمَدَ) (ض) الجُرْحَ وغَيْرَهٗ۔ ضَمْدًا و ضِمَادًا: زخم پر پٹی کرنا، یا دوا لگانا۔

- فلانًا: دلداری کرنا، دلاسہ دینا، ہمدردی کا اظہار کرنا۔

- اَلْمرأةُ فلانًا: عورت کا کسی کو کسی سے دوستی میں شریک کرنا۔

(ضَمِدَ) (س)۔ ضَمَدًا: سوکھنا، خشک ہونا۔ جیسے ضَمِدَ الدَّمُ عَلَى الذَّبِيحَةِ۔

- عَلَيْهِ: سخت کینہ رکھنا۔

(أَضْمَدَ) القَوْمَ وغَيْرَهُمْ: اکٹھا کرنا، متحد کرنا۔

(ضَمَّدَهٗ) مبالغہ (ضَمَدَهٗ)

(تَضَمَّدَ): لازم ضَمَّدَهٗ۔

(الضِّمَادُ): عورت کی ایک وقت میں دو مردوں سے دوستی تاکہ تنگی کے وقت میں دونوں سے کھا سکے (۲) پلاسٹر، جوٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے کے لئے لگایا جاتا ہے (۳) مرہم پٹی لیپ جو زخم پر لگایا جائے (ج) أَضْمِدَةٌ و ضَمَائِدُ۔

(الضِّمَادَةُ): لیپ، مرہم پٹی، پلاسٹر (۲) جراحی کا پیشہ (ج) ضَمَائِدُ اَنَا عَلَى ضَمَادَةٍ مِنَ الأَمْرِ: میں معاملہ کے قریب ہوں۔

(الضِّمْدُ): دوست، ساتھی (ج) أَضْمَادُ۔

(الضَّمَدُ): سخت کینہ ونفرت (۲) سخت غصہ (۳) ظلم وزیادتی۔

(المِضْمَدَةُ): بیلوں کے جوتے جانے کی دو لکڑیاں جو بیل کی گردن کے دونوں طرف رہتی ہیں (ج) مَضَامِدُ۔

(ضَمَرَ) (ن)۔ ضُمُورًا: لاغر و کمزور ہونا (۲) سکڑنا، سمٹنا۔

- العُودُ ونَحْوُهٗ: شاخ کا سوکھ کر پتلا ہوجانا۔

(أَضْمَرَتِ) المَرْأَةُ ونَحْوُهَا: عورت کا حاملہ ہو جانا۔

- الشَّاعِرُ: شاعر کا اپنے شعر میں اضمار استعمال کرنا۔

- الشَّيْءَ: چھپانا۔

- فی نفسِهٖ أَمْرًا: دل میں کسی بات کا پختہ ارادہ رکھنا۔

(ضَمَّرَ): دبلا اور لاغر کر دینا (۲) تابع کرنا، ذلیل کرنا۔

- الفَرَسَ للسباق ونحوِهٖ: گھوڑے کو دوڑ کی تیاری کے لئے ایک عرصہ تک کھڑا کر کے کھلانا اور میدان میں ہلکا پھلکا کر کے دوڑانا، کھانے کی یہ مدت عربوں کے یہاں چالیس دن ہوتی تھی۔

(اِضْطَمَرَ): دبلا پتلا ہونا۔

- اللُّؤْلُؤُ: موتیوں کا مل جانا۔

(اِنْضَمَرَ) بمعنی ضَمَرَ۔

(تَضَمَّرَ): لازم ضَمَّرَهٗ۔

- الوَجهُ ونحوُهٗ: کمزوری کی وجہ سے چہرہ سکڑ جانا۔

(الإِضْمَارُ): سبب کے جز ثانی کو ساکن کر دینا جیسے مُتَفَاعِلُنْ سے مُتْفَاعِلُنْ پھر یہ منتقل ہوگا: مُسْتَفْعِلُنْ کی طرف (علم عروض کی اصطلاح)

(الضَّامِرُ): پتلا دبلا، چھریرے بدن کا۔ جیسے: جَمَلٌ ضَامِرٌ ونَاقَةٌ و ضَامِرٌ وضَامِرَةٌ قرآن مجید میں ہے: {وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ} (ج) ضُمَّرٌ وضَوَامِرُ۔

(الضِّمَارُ): غائب (۲) ناقابل وثوق معاملہ۔

- مَالٌ ضِمَارٌ: ناقابل واپسی مال۔

- دَيْنٌ ضِمَارٌ: ایسا قرض جس کی واپسی کی امید ہو۔

- وَعْدٌ ضِمَارٌ: ٹال مٹول کا وعدہ۔

(الضُّمْرُ): تنگ رَجُلٌ ضَمْرٌ: پتلے پیٹ والا (۲) پوشیدہ یا پوشیدہ کیا ہوا (۳) الضَّمِيرُ۔

(الضُّمُورُ): دبلا پن۔

(الضَّمِيرُ): پوشیدہ، مضمر (۲) دل کی بات، پوشیدہ خیال (۳) ایک انسانی خوبی جو اچھے اور برے اعمال، اقوال اور افکار کی تمیز اور اچھے کو اچھا سمجھنا اور برائی کو برا جاننے کا کام انجام دیتی ہے (۴) نحویوں کی اصطلاح میں وہ اسم جو متکلم، مخاطب یا غائب پر دلالت کرے۔ جیسے انا (میں) انت (تو) هو (وہ) (ج) ضَمَائِرُ۔

(الضَّوْمَرَانُ والضَّيْمُرَانُ): فارس کی چنبیلی۔

(المِضْمَارُ): گھڑ دوڑ کا میدان (۲) گھوڑوں کو سدھانے کا میدان (۳) گھوڑوں کو باندھ کر کھلانے اور دوڑ کے لئے تیار کرنے کی مدت (ج) مَضَامِيرُ۔

(ضَمَزَ)۔ الحَيَوَانُ۔ ضُمُوْزًا: جانوروں کا خوف وغیرہ کی وجہ سے جگالی نہ کرنا۔

- فلانٌ: خاموش رہنا۔ ضَمَزَ فاهٗ بھی کہتے ہیں (۲) عاجزی وانکساری کرنا۔

- عَلٰی مَالِهٖ ونحوِهٖ: مال کو خرچ نہ کرنا اور بخل کرنا۔

- فلانًا ونَحْوَهٗ: ٹھنڈا کرنا' پرسکون کرنا۔ (۲) عیب لگانا۔

- اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا (۲) زیادہ لقمے لینا۔

(الضِّمْزُ): ٹیلہ' بلند جگہ (۲) الگ تھلگ کھڑا خالص سرخ چٹانی پہاڑ جس میں مٹی نہ ہو۔

(ضَمَسَهٗ) (ض)۔ ضَمْسًا: آہستہ آہستہ چبانا۔

(ضَمْضَمَ) الأسدُ: شیر کا دھاڑنا۔

- فلانٌ: ہمت افزائی کرنا۔

- عَلَى المالِ ونحوِهٖ: سارے کا سارا لے لینا۔

(الضُّمَاضِمُ): بپھرا ہوا شیر (اور ہر چیز کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہو) (۲) زیادہ کھانے والا جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو (۳) لالچی' کنجوس' بخیل۔

(الضَّمْضَامُ): مطلب پرست لالچی آدمی۔

(الضَّمْضَمُ) بمعنی الضُّمَاضِمُ الضَّمْضَامُ: موٹا' بھاری بھرکم (۲) بہادر (ج) ضَمَاضِمُ۔

(الضَّمِيلَةُ): لنگڑی اور اپاہج عورت (ج) ضَمَائِلُ۔

(ضَمَّ) (ن) فلانٌ مِنْ مَالِهٖ۔ ضَمًّا: مال کا کچھ حصہ لے لینا۔

- علی المالِ: سارے کا سارا لینا۔

- الأشْيَاءَ: مٹھی میں لینا' اکٹھا کرنا۔

- الشيءَ إلى الشيءِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔

- فلانًا ونحوَهٗ إلى صَدْرِهٖ: معانقہ کرنا' سینہ سے لگانا۔

- جَنَاحَه عن النَّاسِ: نرمی برتنا۔

- الحرفَ: ضمہ (پیش) کی حرکت دینا۔

(ضَامَّهٗ) اليه مُضَامَّةً وضِمَامًا بمعنی ضَمَّهٗ۔

- فلانٌ فلانًا: کسی کام میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔

(اِضْطَمَّ) بعضُه إلى بَعْضٍ: باہم مل جانا۔

- عليه: مشتمل ہونا' لپٹا ہوا ہونا۔

- الشيءَ: اپنی طرف کھینچنا۔ ایسے ہی: اِضْطَمَّ الشيءَ إلى نفسِه۔

(اِنْضَمَّ) الشيءُ: باہم مل جانا۔ جیسے اِنْضَمَّ القَوْمُ ونحوُهُمْ۔

(تَضَامَّ) الشيءُ بمعنی اِنْضَمَّ۔

(الإضْمَامَةُ): باہم جڑی ہوئی چیز۔ (۲) مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت (۳) کاغذات کا فائل' بنڈل (ج) أَضَامِيمُ کہتے ہیں: فَرَسٌ سَبَّاقُ الأَضَامِيمِ: گھوڑوں کے گروہ سے یکبارگی آگے نکلنے والا گھوڑا۔

(الضُّمَامُ): ملانے اور جوڑنے کا ذریعہ۔

- ضُمَامُ الشيءِ: کسی چیز کے اجزاء ومشتملات حاصل' جوہر۔ جیسے التَّقْوٰى ضِمَامُ الخَيْرِ كُلِّهٖ: تقویٰ خیر کا جوہر ہے۔

(الضِّمَامَةُ) بمعنی الإضْمَامَةُ۔

(الضَّمَّةُ): گھڑدوڑ میدان کا میدان (۲) ضمہ پیش' علامت رفع کے لئے اور علامت بناء مبنی برضمہ کے لئے۔

(الضَّمِيمُ): مَضْمُوْمٌ: جس حرف پر پیش ہو (۲) دوسرے کے ساتھ ملا ہوا۔

(ضَمِنَ) (س)۔ ضَمْنًا و ضَمَانَةً: مریض ہونا۔

- عَلٰی أَهْلِهٖ ونحوِهِمْ: اہل واقارب پر بوجھ بننا۔

- الرَّجُلُ ونحوُهٗ ضَمَانًا: ضامن بننا' ضمانت لینا۔

- الشيءَ: ضمانت دینا' گارنٹی دینا (۲) کسی چیز پر مشتمل ہونا۔

(أَضْمَنَهُ) اللهُ أو غيرُهٗ: پرانی بیماری میں مبتلا کر دینا۔

(ضَمَّنَ) الشيءَ الوعاءَ ونحوَهٗ: کوئی چیز برتن وغیرہ میں رکھنا۔

- فلانًا الشيءَ: ذمہ دار اور ضامن بنانا۔

(تَضَامَنُوا): ایک دوسرے کا ضامن وکفیل بننا (مو)

(تَضَمَّنَ) الوعاءُ ونَحْوُهُ الشيءَ: برتن وغیرہ میں کوئی چیز ہونا۔

- العِبارةُ مَعْنًى: کسی عبارت سے کوئی بات اشارۃً یا استنباطاً سمجھنا۔

- الغَيْثُ ونَحْوُهُ النَّبَاتَ: بارش وغیرہ کا زمین میں نباتات کا اگانا اور بڑھانا۔

- الشيءَ عنه أوْ منهُ: کسی کی طرف سے کسی بات کی ضمانت اور ذمہ داری لینا۔

(التَّضَامُنُ): طاقتور کی کمزور کے لئے اور مالدار کی محتاج کے لئے ضمانت (محدثہ)

(التَّضْمِينُ): کسی لفظ کو دوسرے لفظ کی جگہ لا کر اسی جیسا معاملہ کرنا (اس بنا پر کہ یہ لفظ اس لفظ کے معنی پر مشتمل ہے) (۲) شعر میں فاصلہ کے بعد والا لفظ جو اس سے متعلق ہو (۳) علم القوافی میں شعر کے قافیہ کا مابعد سے ایسا تعلق ہو کہ وہ مستقل بالافادہ نہ ہو (۴) علم البدیع میں شاعر یا نثر نگار کا کسی آیت قرآنی' حدیث' حکمت کہاوت یا کسی شعر یا اس کے مصرعہ کو اپنے کلام کا جز بنانا۔

(الضَّامِنُ): کفیل' ضامن' ذمہ دار۔ (ج) ضُمَّانٌ وضَمَنَةٌ۔

(الضَّامِنَةُ): کسی بستی یا آبادی کے اندر موجود کھجور کے درخت (ج) ضَوَامِنُ۔

(الضَّمَانُ): ضمانت' کفالت' ذمہ داری۔

- ضَمَانُ الدَّرَكِ: بائع کا مشتری کو دوسرے کا حق ثابت ہونے کی صورت میں ثمن لوٹا دینے کا ضمان دینا۔ اس میں وہ یوں کہتا ہے: تكفّلْتُ بما يدريك في هذا المبيع۔

- ضَمَانُ الرَّهْنِ: یہ تعامل رہن میں ضمان کی وہ شکل ہے جس میں مرتہن شی مرہون کے ضائع ہو جانے پر مرہون اور راہن کو اپنے دیئے ہوئے

قرض میں سے جو کم قیمت ہے اس کا ضامن ہوتا ہے۔
- ضَمَانُ الغَصبِ: غاصب کے پاس اگر شی مغصوب ضائع ہو جائے تو اس کا ضمان بشکل قیمت غاصب پر لازم ہوتا ہے یہ ضمان الغصب ہے۔
- ضَمَانُ المبیع: جس میں مبیع کی قیمت مضمون ہوتی ہے یعنی اگر ادائے قیمت کے باوجود مشتری کو مبیع حاصل نہ ہو سکی تو اس کی قیمت کی واپسی بائع پر لازم ہے۔
- الضَّمَانُ الاجتماعیُّ: معاشرتی تکفل حکومت کی طرف سے مستحقین کی امداد کا ذمہ (محدثہ)
(الضَّمَانَةُ): ضمانت، ذمہ داری، کفالت، (۲) بائع کی طرف سے مبیع کے عیب سے خالی ہونے کی ذمہ داری (محدثہ)
(الضِّمنُ): اندرونی شیٔ، ضمن، ذیل۔ جیسے: یُفْهَمُ مِنْ ضِمْنِ کلامِهِ: اس کے کلام سے یہ بات سمجھی جارہی ہے۔
- مَا أَغْنٰی عنِّی ضِمْنًا: مجھے اس نے کوئی فائدہ نہیں دیا۔
(الضَّمِنُ): پرانا بیمار (۲) عاشق و دیوانہ محبت (۳) دوسروں پر بوجھ بننے والا (ج) ضَمْنٰی۔
(الضَّمِینُ) بمعنی الضَّامِنُ (ج) ضُمَنَاءُ (۲) الضَّمِنُ (ج) ضَمْنٰی۔
(المِضْمَانُ) بمعنی الضَّامِنُ (ج) مَضَامِینُ۔
(المَضْمُونُ): مشتمل، وہ چیز جو دوسری کے اندر ہو۔ جیسے: مضمونُ الکتابِ: یعنی کتاب کے اندر موجود معنی و مفہوم (ج) مَضَامِینُ۔
(ضَنَأَتِ) (ف) المرأةُ ونحوُها۔ ضَنْئًا و ضُنُوءًا: عورت کی نسل کا زیادہ ہونا۔
- المالُ: مال کا زیادہ ہونا۔
(أَضْنَأَتِ) المرأةُ وغیرُها بمعنی ضَنَأَتْ۔
(الضَّنْءُ) من کلِّ شیءٍ: ہر چیز کی نسل پھیلاؤ (ج) ضُنُوءٌ۔
(ضَنَکَهُ) (ن)۔ ضَنْكًا: تنگ کرنا جیسے ضَنَكَ اللّٰهُ عَیْشَهُ۔
(ضَنُكَ) (ك)۔ ضَنَاكَةً وضُنُوكَةً: تنگ ہونا۔
- عَیْشُه: تنگدست ہونا۔
- فلانٌ: لاغر بدن یا کمزور عقل والا ہونا۔
- السَّحَابُ ونَحْوُهُ: بادل وغیرہ کا گھنا اور تہ بہ تہ ہونا۔
(ضُنِكَ) ضَنْكًا وضُنَاكًا: زکام میں مبتلا ہونا۔
(أَضْنَکَهُ) اللّٰهُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
(تَضَنَّكَ): زکام۔
(الضِّنَاكُ): مضبوط اور سخت جسم والا جیسے نَاقَةٌ ضِنَاكٌ (مذکر و مؤنث کے لئے) (۲) گھنا یا بڑا درخت (ج) ضُنُكٌ۔
(الضَّنْكُ): کسی بھی چیز کی تنگی (مذکر و مؤنث) قرآن مجید میں ہے: {وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَإِنَّ لَهُ مَعِیْشَةً ضَنْكًا}
(الضُّنَكَةُ): زکام۔
(الضَّنِيكُ): تنگ (۲) کمزور بدن یا نا پختہ رائے والا شخص (۳) خوراک کے بدلہ خدمت کرنے والا (۴) کٹی ہوئی چیز۔
(ضَنَّ) (س ن) بِهِ وعلیهِ ضِنًّا وضَنَانَةً: انتہائی کنجوس اور بخیل ہونا۔
- بالمکانِ ونحوِهِ: کسی جگہ سے نہ ہٹنا، قائم رہنا۔
(الضَّنَانَةُ): أَخَذْتُ الأَمْرَ بِضَنَانَتِهِ: میں نے معاملہ کو شروع ہی سے قابو میں لے لیا۔
- هَجَمْتُ عَلَی الْقَوْمِ وهم بِضَنَانَتِهِمْ: میں نے لوگوں پر اس وقت حملہ کیا جب وہ مجتمع تھے۔
(الضَّنَنُ): بہادر۔
(الضِّنُّ): وہ چیز جس پر بخل کیا جائے (۲) عمدہ چیز یا خاص آدمی جس کی اپنے نزدیک اہمیت ہو۔ جیسے فلانٌ ضِنِّی وهو ضِنِّی مِنْ بینِ اخوانی: وہ میرا خاص ہے۔
(الضَّنِینُ): انتہائی بخیل (۲) عمدہ چیز کی خواہش رکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا هُوَ عَلَی الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ} (ج) أَضِنَّاءُ وهُنَّ ضَنَائِنُ۔
- ضَنَائِنُ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے خواص۔
(المَضِنَّةُ): وہ چیز جس کے لئے مقابلہ اور رغبت کی جائے۔
(المَضْنُونُ والمَضْنُونَةُ): ہر وہ چیز جس میں بخل کیا جائے۔
(ضَنَتِ) (ن) المَرْأَةُ وغَیْرُهَا۔ ضَنْوًا وضَنًا: کثیر الاولاد ہونا۔
- نَصِیبُ فلانٍ: کسی کے حصہ کا زیادہ ہونا۔
(ضَنِیَ) (س)۔ ضَنًی وضَنَاءً: سخت بیمار ہونا جس سے بدن ڈھیلا اور کمزور ہو جائے۔ هو ضَنٍ وضَنِیٌّ وضَنًی۔
(أَضْنٰی): سخت بیماری کی وجہ سے بستر پر پڑے رہنا۔
- المَرَضُ وغَیْرُهُ الإِنسانَ ونَحْوَهُ: بیماری وغیرہ کا کسی کو لاغر و کمزور بنا دینا۔
(ضَانٰی) المَرَضَ ونَحْوَهُ: بیماری جھیلنا، تکلیف اٹھانا۔
(تَضَنّٰی): بیمار بننا۔
(الضَّنٰی): انتہائی لاغری یا بیماری (۲) کہنہ مریض، لمبی بیماری والا مریض (کبھی یہ لفظ مفرد و مذکر وغیرہ تمام اسماء کی مساوی طور پر صفت بنتا ہے اور کبھی اس کا تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے) کہتے ہیں هُمْ أَضْنَاءُ۔
(الضَّنِیُّ): مریض (ج) أَضْنِیَاءُ۔

ض............ھ

(ضَاهَأَهُ): مشابہ ہونا (۲) نقل کرنا، کسی کی طرح کوئی کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ} (۳) نرمی برتنا، ہمدردی کرنا۔
(الضَّهْیَاءُ): وہ عورت جو حیض و حمل و ولادت کے فقدان کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہو۔
(ضَهَبَ) (ف) الرَّجُلُ۔ ضُهُوبًا: مرد کا پوری

ض

طرح بالغ نہ ہو کر مردوں کی سی صفات کا حامل نہ ہونا۔
- اللحمَ ونَحْوَهٗ: گوشت وغیرہ کو آگ پر سینکنا۔
(الضَّهْبَاءُ): آگ پر تاپی ہوئی کمان (ج) ضُهْبٌ۔
(ضَهَدَه) (ف) ۔ضَهْدًا: ذلیل کرنا، قابو کرنا (۲) ظلم کرنا۔
(أَضْهَدَهٗ) وبه بمعنی ضَهَدَه۔
(اضْطَهَدَهٗ): بہت زیادہ ظلم کرنا، ستانا۔
(الضُّهَدَةُ): غلبہ، قہر و جبر (۲) مظلوم، ظلم و ستم کا شکار۔ ھی ضُهَدَةٌ۔
(الضَّاهِرُ): پہاڑ کی چوٹی (۲) وادی (ج) ضَوَاهِرُ۔
(الضَّهْرُ): پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی پہاڑ سے الگ اور مختلف ہو (۳) کچھوا (ج) ضُهُورٌ و أَضْهَارٌ۔
(ضَهَلَ) (ف) اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ ۔ضَهْلاً و ضُهُولًا: آہستہ آہستہ جمع ہونا۔
- الشَّرَابُ: پینے کی چیز یا شراب کا تھوڑا اور بیلا ہونا۔
- الشَّاةُ ونحوُهَا: بکری کا کم دودھ والا ہونا۔
- الظلُّ: سایہ کا لوٹنا اور بتدریج کم ہونا۔
- اليه: لوٹنا، پہنچنا۔
- اليه خبرٌ: خبر پہنچنا۔
- فلانًا حقَّه ضَهْلًا: کسی کے حق میں کمی کرنا یا تھوڑا تھوڑا دینا۔
(أَضْهَلَ) البُسْرُ: خام کھجور میں پختگی نمایاں ہونا۔ أَضْهَلَ النخل بھی کہتے ہیں۔
- إِلَى فلانٍ مالاً: کسی کے پاس مال پہنچانا۔
(تَضَهَّلَ) إِلَى فلانٍ بمعنی ضَهَلَ۔
(اسْتَضْهَلَ) الخَبَرَ: جہاں تک ممکن ہو خبر کی جستجو کرنا۔
(الضَّاهِلَةُ) مِنَ العُيُوْنِ: کم پانی والا چشمہ (ج) ضَوَاهِلُ۔

(الضَّهْلُ): تھوڑا پانی (۲) جمع شدہ دودھ۔
(الضَّهُوْلُ) مِنَ النِّعَامِ: بہت سفید شتر مرغ (ج) ضُهُلٌ۔
(ضَهِيَتْ) (س) ۔ضَهًى: عورت کا عدم حیض و ولادت کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہونا۔
(أَضْهَى): غیر نسوانی عورت سے شادی کرنا۔
(ضَاهَاهٗ): مشابہ ہونا۔
(الضَّهْوَاءُ) بمعنی الضَّهْيَاءُ۔
(الضَّهْوَةُ): پانی کا تالاب یا گڑھا (ج) أَضْهَاءٌ۔
(الضَّهْيَاءُ) بمعنی الضَّهْوَاءُ۔
(الضَّهِيُّ): مشابہ، نظیر، شبیہ۔

ض.........و

(ضَاءَ) (ن) الشيءُ۔ ضَوْءًا وضِيَاءً: روشن ہونا، چمکنا۔
(أَضَاءَ) بمعنی ضاء، قرآن مجید میں ہے: {يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ}
- الشيءَ: چمکانا، روشن کرنا۔
- النَّارُ ونَحْوُهُ الشَّخْصَ: آگ وغیرہ کا کسی کو ظاہر کر دینا۔ قرآن مجید میں ہے: {فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ}
(ضَوَّأَ) الشيءَ: روشن کرنا۔
- عَنهُ: اعراض کرنا، الگ ہونا۔
(تَضَوَّأَ) الشيءَ: تاریکی میں کھڑے ہو کر روشنی میں کوئی چیز دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(اسْتَضَاءَ): روشن ہونا۔
- بہٖ: روشنی چاہنا۔
(الضَّوْءُ): روشنی (۲) ضوء اور نور ہم معنی ہیں (۳) ضوء نور کے معنی میں قوی اور تیز ہے (۴) ضوء ذاتی روشنی کا نام ہے جیسے سورج اور آگ کی روشنی جب کہ نور عارضی اور مستفاد روشنی کا نام ہے جیسے چاند کی روشنی۔ قرآن مجید میں ہے: {هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُوْرًا} (ج) أَضواءٌ۔
(ضَاجَ) (ن) الوادی ونحوہ۔ ضَوْجًا: وسیع اور کشادہ ہونا۔

(انْضَوَجَ) فی ضَوْجِ الوَادِیْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
(تَضَوَّجَ) الوادِیْ ونحوُہ: کشادہ ہونا (۲) زیادہ موڑوں والا ہونا۔
(الضَّوْجُ): وادی کا موڑ (ج) أَضْوَاجٌ۔
(ضَارَ) (ن) ۔ضَوْرًا: بہت بھوکا ہونا۔
- الشيءُ فلانًا وغَيْرَهٗ: نقصان دینا۔
(تَضَوَّرَ): بھوک یا ضرب و کرب کی بنا پر تڑپنا، بلبلانا۔
(الضَّوْرَةُ): سخت بادل۔
(الضُّوْرَةُ): حقیر و کمزور جو اپنا دفاع نہ کر سکے: ھی ضُوْرَةٌ (ج) ضُوَرٌ۔
(ضَوْضَأَ) ضَوْضَأَةً: شور و غل کرنا۔
- القَوْمُ: لڑائی میں چیخ و پکار کرنا۔
(ضَوْضَى) ضَوْضَاءً بمعنی ضَوْضَأَ۔
(الضَّوْضَى): شور و غل، ہنگامہ، لڑائی کی چیخ و پکار۔
(الضَّوْضَاءُ) بمعنی الضَّوْضَى۔
(ضَوِطَ) (س) فَكُّهٗ ۔ضَوَطًا: ٹیڑھا ہوتا ہوا۔ أَضْوَطُ وھی ضَوْطَاءُ (ج) ضُوْطٌ۔
(الضَّوِيْطَةُ): حوض کا کیچڑ گاد (۲) گوندھا ہوا ڈھیلا پتلا آٹا۔
(الضَّوْطَارُ): بلا سرمایہ بازار جا کر کمائی کی تدبیر کرنے والا۔
(الضَّوْطَرُ): بے فائدہ موٹا اور بڑا۔
(الضَّوْطَرٰی) بمعنی الضَّوْطَرُ۔ بَنُوْ ضَوْطَرٰی بے خیر اور بے فیض لوگ۔
- أَبُوْ ضَوْطَرٰی: بھوک۔
(ضَاعَ) (ن) الشيءُ۔ ضَوْعًا: کسی چیز کے ملنے سے خوشبو پھیلنا۔
- الرَّائِحَةُ: خوشبو مہکنا۔
- الضُّوَعُ: طائر شب کا بولنا۔
- الشَّيْءَ: جھکانا (۲) حرکت دینا (۳) ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔ کہتے ہیں: لَا يَضُوْعَنَّكَ مَا تَسْمَعُ مِنْهُ: اس سے سنی ہوئی بات تمہارے لئے خوف کا

باعث نہ ہوئی چاہیے۔
-الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا چوزے کو دانہ کھلانا۔
(ضَوَّعَهُ): مبالغةُ ضَاعَه۔
(انْضَاعَ) الفَرْخُ: چوزہ کا دانہ کھانے کے لئے ماں کے سامنے بازو پھیلانا۔
(تَضَوَّعَ): مہکنا' پھیلنا (۲) تڑپنا۔
(الضُّوَاعُ): طائرشب کی آواز۔
(الضُّوَعُ): ہامہ کی طرح رات کا ایک پرندہ جو صبح کے قریب ہونے کے وقت چہچہاتا ہے (ج) اَضْوَاعٌ وضِيعَانٌ۔
(ضَانَ) (ن)۔ضَوْنًا: کثیرالاولاد ہونا۔
(تَضَوَّنَ) بمعنی ضَان۔
(الضَّوْنُ): بینگن کی طرح کا ایک پودا۔
(الضَّيْوَنُ): بلا (ج) ضَيَاوِنُ۔
(ضَوٰى) (ض) اليہ۔ضَيًّا وضُوِيًّا: کسی کی طرف مائل ہونا' کسی کے ساتھ مل جانا۔
-فلانًا وغيرهُ اليه: اپنے ساتھ ملانا۔
(ضَوِيَ) (س)۔ضَوًى: کمزور و لاغر ہونا۔ (۲) پتلا ہونا۔
(ضُوِيَتِ) الإبلُ ونحوُها: اونٹوں کا مرض ضواۃ میں مبتلا ہونا۔(دیکھئے: ضواۃ)
(أَضْوٰى) بمعنی ضَوِيَ (۲) کمزور اولاد یا کمزور نسل والا ہونا حدیث مبارکہ میں ہے: (اغتربوا لاتُضْوُوْا) پردیسی عورتوں سے شادی کروتا کہ تمہاری اولاد طاقتور ہو۔
-فلانًا: کمزور دبلا کردینا۔
-الأَمْرَ وغَيْرَهُ: کسی کام یا بات کو پختہ نہ کرنا۔
- حَقَّه ونَحْوَهُ: کسی کے حق میں کمی کرنا' ایسے ہے: اضوٰی فلانًا حقَّه۔
(انْضَوٰى) اليہ بمعنی: ضَوٰى کہا جاتا ہے اِنْضَوٰى تحت لوائِهِ: کسی کے ساتھ ہوجانا۔
(الضَّوَاةُ): کان کی لو کے پاس پیدا ہونے والا غدود (۲) منجمد ورم جو تحلیل نہ ہو (۳) زخم (ج): ضَوًى۔

ض.........ی

(ضَاحَتِ (ض) البلادُ ونحوُها۔ضَيْحًا: قحط سالی کی وجہ سے ملک کا خالی ہوجانا۔
- اللبنَ: دودھ میں اتنی ملاوٹ کرنا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
-عَيْشٌ مَضْيُوحٌ: وہ زندگی جو مصائب سے خالی نہ ہو۔
(ضَيَّحَ) اللَّبنَ: دودھ میں اتنا پانی ملانا کہ وہ پتلا ہوجائے۔
-فُلانًا: پانی ملا ہوا دودھ دینا۔
(تَضَيَّحَ) اللَّبنَ او الدَّواءَ او نَحْوَهُ: پانی کی آمیزش سے پتلا ہوجانا۔
-فلانٌ: پانی ملا دودھ پینا۔
-المُسْتَقِيْ: پانی پینے والے کا حوض پر سب سے آخر میں آنا یا اس وقت آنا' جب اکثر پانی پی لیا گیا ہو۔
(الضَّيَاحُ): زیادہ پانی ملا ہوا پتلا دودھ (۲) پانی ملی دوا۔
(الضَّيْحُ) بمعنی الضَّيَاحُ۔
(ضَارَهُ) كذا۔ضَيْرًا: نقصان پہنچانا۔
قرآن مجید میں ہے: {قَالُوْا لَا ضَيْرَ إِنَّا إِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ}
(ضَازَ) (ض)۔ضَيْزًا: ٹیڑھا ہونا (۲) ظلم کرنا۔
-فلانًا و فلانًا حقَّه: ظلم کرنا' حق مارنا۔
(الضِّيْزٰى) القِسْمَةُ الضِّيْزٰى: غیر منصفانہ تقسیم۔قرآن مجید میں ہے: {تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى}
(ضَاعَ) (ض) ضَيَاعًا: ضائع و برباد ہونا۔
(أَضَاعَ) فلانٌ: بہت جائیداد والا ہونا۔
-الشيءَ: ضائع کرنا' تلف کرنا۔
(ضَيَّعَهُ) بمعنی أَضَاعَهُ۔
(الضَّائِعُ): رائیگاں' بیکار' ضائع۔(۲) بھوکا (ج) ضُيَّعٌ وضِيَاعٌ۔
(الضَّيْعَةُ): غلہ اگانے والی زمین (۲) نفع بخش جائیداد یا کام جیسے تجارت اور صنعت وغیرہ (۳) نفع (ج) ضِيَاعٌ وضِيَعٌ کہا جاتا ہے فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهُ: اس کا مال یا مشاغل بڑھ گئے۔
(المِضْيَاعُ): بہت ضائع کرنے والا ۔هي مِضياعٌ ومِضْيَاعَةٌ۔
(المَضْيَعَةُ): اضاعت واتلاف بے توجہی، (۲) سنسان جنگل جہاں انسان و حیوان گم ہو جائیں (۳) ہلاکت و بربادی کا سبب (ج) مَضَايِعُ۔
(المَضِيعَةُ) بمعنی المَضْيَعَةُ۔
(الضَّيْغَمُ): طاقتور اور بہادر شیر۔
(ضَافَ) (ض) اليہ ۔ضَيْفًا وضِيَافَةً: کسی کی طرف مائل ہونا' قریب ہونا۔
-عَنْه: پھرنا' توجہ ہٹانا۔
-مِنْه: ڈرنا' بچنا۔
-فلانًا: کسی کا مہمان بننا (۲) ضیافت چاہنا۔
-ضَافَهُ الهَمُّ: غم سوار ہونا۔
(أَضَافَ) بمعنی ضَافَ۔
- إِلٰى صَوْتِهِ: آواز سے مانوس ہوکر اس کے قریب ہونا۔
-مِنْه: ڈرنا۔
- الشيءَ اليه: ملانا' شامل کرنا' اضافہ کرنا' منسوب کرنا' حوالہ کرنا۔
-فلانًا: مدد کرنا' پناہ دینا (۲) مہمان بنانا۔
-فلانًا عليه: موڑنا کسی کو اپنا مہمان بنانا۔
(ضَيَّفَ) الشيءَ اليہ: جھکانا' موڑنا۔
- فلانًا او الغَرِيْبَ: مہمان بنانا' قرآن مجید میں ہے: {فَانْطَلَقَا حَتّٰى إِذَآ أَتَيَآ أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَآ أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا}
(انْضَافَ) اليه: ملنا' سہارا لینا۔
(تَضَايَفَ) الوادِي ونحوُهُ: وادی وغیرہ کا تنگ ہونا۔
- فلانٌ الوادِيَ ونحوَهُ: کسی کا وادی وغیرہ کے کنارے میں ہونا۔

-السَّبُعَان فلانًا: دو درندوں کا کسی کو گھیرنا۔
- الکلابُ ونَحْوُهَا الصَّيدَ ونحوه وعَلَيْهِ: کتوں وغیرہ کا شکار وغیرہ کو کھا جانا۔
(تَضَيَّفَ) فلانًا: مہمان نوازی کرنا۔
(اسْتَضَافَ) فلانًا: کسی کی پناہ لینا (۲) ضیافت طلب کرنا۔
-منه إلى كذا: ٹھکانہ پکڑنا۔
- (الإِضَافَةُ): علم النحو میں دو اسموں کو ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح مربوط کرنا کہ اس سے تعریف اور تخصیص حاصل ہو سکے (۲) حکماء کے نزدیک ایسی دو چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے۔
(التَّضَايُفُ): حکماء کے نزدیک دو ایسے چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے ان دو چیزوں کو متضادیفان کہتے ہیں۔
(الضَّيْفُ): مہمان، ملاقاتی (یہ چونکہ مصدر ہے اس لئے اس میں مفرد و تثنیہ وجمع اور مذکر مؤنث برابر ہیں) جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ هٰؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ} اس کی جمع أضيافٌ و ضُيوفٌ و ضيافٍ و ضِيفَانٌ آتی ہے۔
(الضِّيفُ): کونہ، گوشہ جیسے: ضِيفُ الجَبَلِ وضيفُ الوادي (ج) أَضْيَافٌ.
(الضَّيْفَنُ): طفیلی، مہمان کے ساتھ بن بلائے آیا ہوا۔ هي ضيفنٌ وضَيْفَنَةٌ.
(المُضَافُ): اپنایا ہوا (کسی قوم کی طرف منسوب)
(المَضُوفَةُ): تشویشناک یا باعث خوف معاملہ۔ هي مِضْيَافٌ.
(المَضْيَفَةُ): مہمان خانہ (ج) مَضَايِفُ.
(المَضِيفَةُ) بمعنی غم وحزن۔
(المُضِيفُ): میزبان (۲) جہاز کا میزبان خادم (محدثہ)
(المُضِيفَةُ): ایئر ہوسٹس، ہوائی جہاز کی میزبان خاتون (محدثہ)
(ضَاقَ) (ض) ۔ضَيْقًا وضِيقًا: تنگ ہونا۔ بہت ملا ہوا اور کسا ہوا ہونا۔
-ضَاقَتْ حيلتُه: تدبیریں ناکام ہوگئی۔
-ضَاقَ بِالأَمْرِ: کسی بات سے پریشان ہونا۔
ضاقَ بِهِ ذَرْعًا و ضَاقَ بِهِ صَدْرُهُ: کسی بات سے تنگ ہو جانا۔ عاجز آ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا} و {وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ} هو ضَائِقٌ و ضيّقٌ (ج) ضَاقَةٌ.
(أَضَاقَ): محتاج وتنگدست ہونا۔
-الشيءَ: تنگ کرنا۔
(ضَايَقَه) فِي كذا: کسی بات میں کسی کو تنگ و پریشان کرنا۔
(ضَيَّقَهُ): تنگ کرنا۔
-عليه: سختی کرنا۔
(تَضَايَقَ): تنگ ہونا۔
-منه: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
- القَوْمُ: ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ (۲) کسی جگہ نہ سمانا۔
(الضَّيْقُ): تنگی، سختی، محتاجی (۲) پریشانی، گھٹن، تکلیف۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ}
(الضِّيقُ) بمعنی الضَّيْقُ.
-ضِيقُ النَّفَسِ: سانس کی بیماری۔
(المَضِيقُ): پریشان کن معاملہ (۲) دو پہاڑوں یا دریاؤں کے درمیان تنگ راستہ (ج) مَضَايِقُ.
(أَضَالَ) المكانُ: جگہ کا جنگلی بیروں والا ہونا۔
(الضَّالُ): جنگلی بیر (۲) جھاڑی کے بیر۔
(الضَّالَةُ): ضَال کا واحد (۲) تمام ہتھیار یا تیر۔
(ضَامَه) (ض) ۔ضَيْمًا: ظلم کرنا (۲) ذلیل اور تابع کرنا۔
-فلانًا حقَّه: حق مارنا۔
(اسْتَضَامَهُ) بمعنی ضَامَهُ.
(الضَّيْمُ): ظلم وزیادتی (ج) ضُيُومٌ. مثقب عبدی کا شعر ہے:

ونحمي على الثّغرِ المخوفِ ونَتَّقِي
بغارتنا كيدَ العِدى وضيومَها

(۹)

ط

(الطاء): حروفِ تہجی کا سولھواں حرف۔ اس کا مخرج طرف زبان اور اوپر کے دانتوں کی جڑ ہے۔ یہ شدید الصوت حروف مطبقہ میں سے ہے متقدمین کے ہاں یہ مجہورہ کے قبیل سے ہے جب کہ ہم اکثر بلادِ عرب میں اسے مہموس سنتے ہیں۔

ط............ب

(الطَّابُورُ): فوجی جماعت جو آٹھ سو سے ایک ہزار سپاہیوں پر مشتمل ہوتی ہے (۲) قطار۔ اور: الطابور الخامس (سیاسی اصطلاح میں) وہ شہری لوگ جو دشمن کے معاون ہوں (د) جب کہ تاج العروس میں تابور مذکور ہے۔

(طَأْطَأَ): من الشيءِ: حیثیت کم کرنا، گھٹانا۔

— من فلان: اپنی حیثیت کم کرنا۔

— الشيءَ: گھٹانا، کم کرنا۔

— يَدَهُ بعنانِ الفرس وغيره: لگام ڈھیلی کرنا دوڑانے کے لئے۔

— الحفرة ونحوها: گڑھے کو گہرا کرنا۔

— فرسه ونحوه: رانوں پر دھکا دینے کے لئے مارنا اور اس کی کوکھوں میں ایڑ لگانا۔

(تَطَأْطَأَ): جھکنا اور چھوٹا بننا۔

— يقال: تَطَأْطَأَ لَه اس کے آگے جھک گیا۔

(طَأْمَنَ): دیکھئے: طَمْأَنَ۔

(طَبَّ) (ن ض) فلانٌ۔ طَبًّا: ماہر ہونا۔

— به: نرمی کرنا، مہربانی کرنا۔

— المريضَ ونحوَهُ۔ طَبًّا: علاج ومعالجہ کرنا، دوا دینا۔

— ويقال: طَبَّ لَه أوْ لِدَائِه۔ کسی پر جادو کرنا۔

— الشيءَ: اصلاح ودرستگی کرنا، مضبوط کرنا۔

— خُرَزَ السِّقاءِ ونحوه: مشک کے ٹانکوں کو پٹی کے ساتھ سینا۔

(طَابَّه): دوا دارو کرنا اور علاج معالجہ کرنا۔

(۲) گھومنا یا بحث مباحثہ کرنا۔

(طَبَّبَه): علاج میں مبالغہ کرنا یعنی خوب علاج کرنا۔

— الخَيَّاطُ الثوبَ ونحوَه: درزی کا کپڑے میں کسی ٹکڑے کا اضافہ کر کے اس کو چوڑا کرنا۔

(تَطَبَّبَ): فلانٌ: علاج کے درپے ہونا جب کہ طب کو اچھی طرح نہ جانتا ہو۔

— له: کسی کے لئے طبیب کو بلانا۔

(اِسْتَطَبَّ لِدَائِه): ڈاکٹر یا کسی اور سے دوا کے بارے میں پوچھنا کہ کونسی دوا اس کے مرض کے لئے بہتر ہے۔

— بالدَّواءِ ونحوِه: دوا استعمال کرنا اور علاج کرنا۔

(الطِّبَابُ): علاج۔

الطِّبَابَةُ: ڈاکٹری کا پیشہ۔

(۲) کپڑے کا لمبا ٹکڑا۔

(۳) کپڑے کا ٹکڑا جو کپڑے کو چوڑا کرنے کیلئے بڑھایا جائے (۴) چمڑے کا لمبا ٹکڑا جو دوہرا کر کے چمڑے کے دونوں کناروں پر سیتے وقت رکھا جائے تا کہ سوراخ چھپ جائیں اور مضبوطی پیدا ہو (۵) زمین یا ریت یا درخت یا بادلوں میں سے لمبا راستہ۔

الطَّبُّ: مہارت اور ہوشیاری۔

(۲) ماہر (۳) مہربان اور دانا۔

(الطُّبُّ): مہارت وہوشیاری۔

(الطِّبُّ): جسمانی وروحانی علاج۔

من: علم طب (۲) نرمی اور حسن تدبیر (۳) جادو (۴) عادت اور خوبی۔

(الطَّبِيبُ): وہ شخص جو طب کے پیشہ سے منسلک ہو یعنی جو شخص بیماروں وغیرہ کا علاج کرتا ہو (۲) علم طب جاننے والا (۳) ماہر (۴) مہربان و شفیق (ج) أطِبَّةٌ اور أطِبَّاءُ۔

(الطَّبِيبَةُ): زمین، کپڑے، بادل اور چمڑے کا لمبا ٹکڑا (ج) طَبَائِبُ۔

(طَبَخَه) (ن)۔ طَبْخًا): شوربے وغیرہ میں پکانا۔ (۲) بھوننا (۳) پگھلانا اور ڈھالنا۔

يقال طَبَخَ الآجُرَّ أوِ الطُّوبَ: اینٹیں پکانا یعنی جلانا۔

— القِدْرَ ونحوَهَا: ہنڈیا میں کسی چیز کو پکانا۔

يقال: طَبَخَ الحَرُّ الثَّمَرَ وغيره: گرمی نے پھل پکا دیئے۔

(طَبَّخَ): الطَّعَامَ وغيره: خوب پکانا۔

(اِطَّبَخَ): پکی ہوئی چیز لینا۔

— الشيءُ: پک جانا۔

(تَطَبَّخَ): پکی ہوئی چیز کھانا۔

(الطَّابِخُ): سخت بخار، شدید دائمی۔

(الطَّابِخَةُ): الطَّابِخُ کا مؤنث۔

(۲) دوپہر کی سخت گرمی (ج) طَوَابِخُ۔

(الطُّبَاخَةُ): پکی ہوئی چیز کا نچوڑ۔

(۲) وہ جھاگ جو ہنڈیا سے اٹھے جب اس میں کسی چیز کو پکایا جائے۔

(الطِّبَاخَةُ): پکانے کا پیشہ۔

(الطَّبَّاخُ): باورچی، گوشت وغیرہ کو پکانے والا۔

يقال: هُوَ أبْيَضُ سِرْبَالِ الطَّبَّاخ: وہ بخیل ہے۔

الطِّبِّيخُ: خربوزہ (لغت اہل مدینہ)

الطِّبْخُ: پکی ہوئی چیز۔

(الطَّبِيخُ): پکی ہوئی چیز۔

(اَلْمَطْبَخُ): پکانے کی جگہ (باورچی خانہ)

يقال: هُوَ أبْيَضُ الْمَطْبَخِ: وہ بخیل ہے۔ (ج) مَطَابِخُ۔

(المِطْبَخُ): پکانے کا برتن جیسے ہنڈیا وغیرہ۔ (ج) مَطَابِخُ۔

(طَبَرَ) (ن)۔ طَبْرًا): کودنا۔

(۲) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

(الطَّبَرُ): قدیم اسلحہ کی ایک قسم جو کلہاڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔

(الطَّبَاشِيرُ): سفید چونا جس سے تختہ سیاہ وغیرہ پر لکھا جاتا ہے (چاک) (د)

(طَبْطَبَ) الماءُ والسَّيْلُ ونحوهُما: پانی یا

سیلاب کا تلاطم کے وقت آواز نکالنا۔
(۲) تھر تھرانا، حرکت کرنا۔
الماءُ وغیرہ: پانی کو حرکت دینا اور لہریں پیدا کرنا۔
(تَطَبْطَبَ) الماءُ ونحوہ: حرکت کرنا۔
(الطَّبْطَابَۃُ): ایک چوڑی لکڑی جس کے ساتھ گیند کھیلی جاتی ہے (بلا)
(الطَّبْطَبَۃُ): پانی وغیرہ کی آواز (۲) چلتے وقت قدموں کی چاپ۔
(طَبَعَ) (ف) الشّیءَ۔ طَبْعًا و طِبَاعَۃً: کسی شکل میں ڈھالنا۔
یقال طَبَعَ اللّٰہُ الخَلْقَ: اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا یعنی خاص شکل میں ڈھالا۔
طَبَعَتِ الدَّوْلَۃُ النَّقْدَ: حکومت نے سکہ ڈھالا اور اس پر نقش گاڑا۔
وَطَبَعَ الإِنَاءَ مِنَ الطِّیْنِ: مٹی سے برتن وغیرہ بنانا اور اس پر نقش و نگار کرنا۔
الکتابَ: کتاب کی صورت یعنی اسکے حروف کے مجموعہ کو ورق پر منتقل کرنا پریس کے ذریعے محدثہ)
-فلانًا علی کذا: عادت ڈالنا۔
ترتیب دینا یا کسی کی سرشت میں کوئی چیز ڈالنا۔
-الشیءَ علیہ: مہر لگانا (۲) بند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ} اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی اور انہیں بند کر دیا کہ ان کے دل بھلائی تک نہیں پہنچتے۔
-الدَّابَّۃَ: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
-الشیءَ: گندا کرنا، عیب دار بنانا۔
(طَبِعَ (س) ۔طَبَعًا): گندا ہونا اور عیب دار ہونا جسمانی طور پر اخلاقی اعتبار سے۔
یقال طَبِعَ السَّیْفُ وغیرُہ: زنگ آلود ہونا۔
-الثَّوبُ ونحوُہ: بہت زیادہ میلا کچیلا ہونا۔
-فلانٌ: جس کا اخلاق کریمہ میں سے کچھ حصہ نہ ہو۔ ھو طَبِعٌ، وطَبِیْعٌ۔
(أَطْبَعَہ): کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔

(طَبَّعَہ): مبالغہ در طَبَعَہ۔
یقال: طَبَّعہ عَلٰی کَذَا: کسی چیز کا عادی بنانا۔
(۲) گندا کرنا، میلا کچیلا کرنا۔
(۳) کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔
(اِنْطَبَعَ): چھپنا، نقش ہونا، ڈھلنا، بند ہونا، بوجھل ہونا۔ لازم طَبَعَہٗ۔
(تَطَبَّعَ): بِکَذَا او بطباعِہ: کسی کی عادت اپنانا۔
- الإِنَاءُ بالماءِ وغیرِہ: بھر جانا اور کناروں سے بہہ جانا اور چھلکنا۔
(الطَّابَعُ): مہر لگانے کا آلہ۔
(۲) داغ لگانے کا آلہ یا استری۔
(۳) غالب عادت۔
- طابَع البَرِید: وہ چھوٹے چھوٹے کارڈ جو خطوط وغیرہ پر چسپاں کئے جاتے ہیں اور ان پر حکومت نقش کرتی ہے اور وہ بھیجنے کے خرچ کی ادائیگی کی علامت ہوتا ہے۔
طابَع التبرّعات: چندہ کا ٹکٹ۔
طابَع الدَّمْغَۃِ: اسٹمپ پیپر۔
(ج) طَوَابِعُ۔
(اَلطَّابِعُ): مہر الطَّابِعُ (۲) طبیعت و عادت۔
یقال: لَہٗ طَابِعٌ حَسَنٌ: اس کے اخلاق اچھے ہیں۔
(الطِّبَاعَۃُ): متعدد نسخوں کو نقل کرنے کا پیشہ خواہ لکھائی کے ذریعے ہو یا آلات کے ذریعے یعنی چھپائی یا فوٹو اسٹیٹ کاپی کا کام (مج)
(الطَّبَّاعُ): (۱) بہت زیادہ مہریں لگانے والا
(۲) وہ شخص جو چھپائی کا کام کرتا ہو۔
(اَلطَّبِّیْعُ): کھجور کی کلی کا گودا۔
(الطَّبْعُ): عادت (۲) نمونہ، شکل۔
(۳) (علم النفس کی اصطلاح میں) ایسے احساسات کا مجموعہ جو ایک فرد کو دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ یہ کبھی ہوتے ہیں اور موروثی بھی (مج)

(ج) طِبَاعٌ وأَطْبَاعٌ۔
(الطَّبَعُ): بہت زیادہ سخت میل (۲) زنگ (۳) عیب۔
(الطَّبِعُ): میل (۲) گھٹیا اخلاق والا شخص۔
(الطَّبِیْعُ): گندا اور گھٹیا اخلاق والا۔
(الطَّبِیْعَۃُ): عادت (۲) انسانی مزاج جو اخلاط اربعہ سے مرکب ہو۔
(۳) اجسام میں پائی جانے والی وہ قوت جس کے ذریعے اجسام کمال طبعی تک پہنچتے ہیں۔
(۴) طبیعۃُ النارِ أو الدّواءِ او نحوہ: آگ یا دواء کی وہ تاثیر جو اللہ نے اس میں رکھی ہے (ج) طبائع۔
- علم الطّبیعۃ: وہ علم جو اشیاء کی فطرت اور ان کے تاثیری خواص سے بحث کرتا ہے۔
والطبائعُ الاَربَعُ عند الأَقدمین: قدماء کے نزدیک اشیاء کے طبائع اربعہ: حرارت، ٹھنڈک تری اور خشکی ہیں۔
(الطَّبِیْعِیُّ): طبیعت سے متعلق۔
(اَلْمَطْبَعَۃُ): وہ جگہ جو کتب کی طباعت کے لئے بنائی گئی ہو (۲) چھپائی میں کام آنے والے آلات کا مجموعہ (مج) (ج) مَطَابِعُ۔
(اَلْمِطْبَعَۃُ): کتابوں کی چھپائی کا آلہ (پریس مشین) (ج) مَطَابِعُ۔
(اَلْمَطْبُوْعُ): چھپی ہوئی چیز۔
یقال: فلانٌ مطبوع فی فنّ کذا او غیرِہ: کہ فلاں چیز اس میں ودیعت رکھی گئی ہے وہ اسے بلا تکلف استعمال کرتا ہے اور عمدگی کے ساتھ کرتا ہے۔
فلانٌ مطبوعٌ علی الکرم: کہ فلاں کی عادت ہی شرافت ہے۔
(أَطْبَقَ) القومُ علی کذا: متفق ہونا۔
أَطْبَقَتْ علیہ الحمی: شب و روز بخار رہنا۔
أَطْبَقَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
الشیءَ: کسی چیز کو کسی دوسری پر رکھ کر برابر کر دینا۔

وقالوا: أَطْبَقَ الرّحى: یعنی چکی کے اوپر والے پاٹ کو نیچے والے پاٹ پر رکھنا۔
وفَمَه: ایک ہونٹ کو دوسرے ہونٹ سے ملانا اور بند کر دینا۔
ويقال: أَطْبَقَ شَفَتَيْهِ۔
– الصَّحيفةَ أو طرفي الصحيفةِ: ایک کاغذ یا دو کاغذوں کے کناروں کو ملانا اور برابر کر دینا۔
– الشيءُ الشيءَ: ایک شی کو دوسری شی سے ڈھانپنا۔
–يقال: أَطْبَقَ السحابُ السماءَ۔
الثلجُ الأَرْضَ: بادل نے آسمان کو اور برف نے زمین کو ڈھانپ دیا۔
(طَابَقَ): الفَرَسُ في مشيه أو جريه مطابقةً و طِبَاقًا: گھوڑے کا اپنی پچھلی ٹانگوں کو اگلی ٹانگوں کی جگہ رکھنا۔
– الْمُقَيَّدُ: پیر بندھے ہوئے شخص کا پاؤں ملا کر چلنا۔
–فلانًا: کسی سے موافق ہونا (۲) مدد کرنا۔
– على الأمرِ: کسی کام میں ہم نوائی کرنا اور ساتھ دینا۔
–الشيءَ على الشيءِ: منطبق کرنا۔
–بين الشيئَيْن: دونوں کو برابر کرنا۔
– بين قَمِيصَيْن او نحوهما: ایک قمیص کو دوسری پر پہننا۔
(طَبَّقَ) الجازرُ: ذبح کرنے والے کا جوڑ تک پہنچنا۔
–الحاكم: اپنے حکم کو استوار کرنا۔
– الفرسُ ونحوهُ: دوڑتے ہوئے اپنی اگلی ٹانگوں کو اکٹھے اٹھانا اور ایک ساتھ ہی رکھنا۔
–الشيءَ: ایک کو دوسری پر رکھنا۔
يقال: طَبَّقَ الشيءَ على الشيءِ: ایک چیز کو دوسری پر رکھ کر برابر کر دیا۔
– المصلّي او الرَّاكِعُ كَفَّيهِ أوْ يَدَيْهِ: نماز پڑھنے والے یا رکوع کرنے والے کا اپنے ہاتھ یا ہتھیلیوں کو اپنی رانوں یا اپنے گھٹنوں کے درمیان رکوع یا تشہد میں رکھنا اور ایسا کرنا ممنوع ہے۔
يقال طَبَّقَ السحاب الجو والغيمُ السماءَ والماءُ وَجْهَ الارض: ڈھانپنا۔
(انْطَبَقَ): ایک چیز کا دوسری سے مل جانا۔
يقال: إِنْطَبَقَ عَلَيْهِ كذا: یعنی موافق ہونا، مناسب ہونا اور منطبق ہونا۔
(تَطَابَقَا): دونوں کا موافق و برابر ہونا۔
(تَطَبَّقَ): موافق ہونا۔
(الإطْبَاقُ): ادائیگی و تلفظ میں زبان کے دونوں کناروں کو اوپر کے تالو سے اٹھا کر ملا دینا کہ جس سے حرف کی ادائیگی موٹی ہوتی ہے اور حروف اطباق یہ ہیں: الصاد، الضاد، الطاء اور الظاء۔
(التَّطْبِيقُ): معاملات اور فیصلوں کو علمی یا قانونی قاعدہ وغیرہ کے تابع کر دینا (مو)
(الطَّابَقُ): مطابق۔
(۲) وہ برتن جس میں پکایا جائے (مع)
(۳) بڑی پختہ اینٹ (مع)
(۴) گھر یا بلڈنگ کی ایک منزل (محدثہ)
(ج) **طَوَابِقُ، وطَوَابِيقُ۔**
(الطِّبَاقُ): مطابق و موافق۔
(۲) (فن بدیع کی اصطلاح میں) دو متضاد معانی کو جمع کرنا۔ مثلاً: **{يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ}** **{وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ}**
(۳): **طبق یا طبقة** کی جمع ہے اور اسی سے ہے: **السَّمٰوٰتُ الطِّبَاقُ:** یعنی تہہ بہ تہہ آسمان۔
(الطَّبَاقَاءُ): وہ شخص جس کے معاملات اس پر الجھے ہوئے ہوں۔
(۲) وہ شخص کہ جس کے ہونٹ کلام کرتے وقت بند ہو جائیں۔
(الطُّبَّاقُ): دھونی دینے کا ایک پودا جو کہ فصیلہ مرکبہ سے نالی دار پھول والا ہوتا ہے۔ شام کے بعض علاقوں میں اسے بھڑوں کے سدباب کیلئے انگور کی منقی سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (مع)
(الطِّبْقُ): مطابق۔
(الطَّبَقُ): کسی غیر کے مطابق ہو کر مساوی ہو
(۲) پردہ (۳) ڈھکن، کور۔
(۳) برتن جس میں کھایا جائے۔ (۴) حالت، کیفیت۔ قرآن مجید میں ہے: **{لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ}**
يقال: بَاتَ يرعى طبَقَ النجوم: وہ رات کو ستاروں کی حالت دیکھتا رہا۔
(۴) (علم طب میں) ریڑھ کی ہڈی کے ہر دو مہروں کے درمیان کی نرم ہڈی (ج)
(ج) أطباق، وطِبَاق۔
أطْبَاقُ الرَّأْسِ: سر کی ہڈیاں۔ مطابقت کی بنا پر۔ **بَنَاتُ طَبَقٍ:** کچھوے۔
(الطِّبَقَةُ): پھندا، جال (ج) **طِبَقٌ۔**
(الطَّبَقَةُ): (۱) نسل بعد نسل (۲) ایسی جماعت جو عمر یا زمانے میں متشابہ ہوں۔
(۳) حالت، پوزیشن۔
(۴) ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔
(۵) درجہ، مرتبہ، گریڈ۔ (۶) زمین کی تہہ۔
(۷) (علم طبقات الارض میں) مضبوط چٹانوں کی ہم جنس چٹان جو کہ اپنے ساتھ متصل چٹانوں سے رنگ اور ترکیب میں مختلف ہوتی ہے۔ ان میں اسقاد بیز مین ہوتا ہے ریتلے پتھر اور گچ کے پتھر کے طبقہ کی طرح۔
(ج) طبقات، طَبق (ج)
(الْمُطَبَّقُ): وہ چیز جس کے اوپر موتیوں کی تہہ چڑھا کر موتی جیسا بنا دیا جائے۔
(الْمُطْبَقُ) يقال: رجلٌ مُطْبَقٌ عليه: بیہوش شخص۔
(الْمُطْبِقُ): (۱) زمین دوز قید خانہ۔
– من الجنون: جو اسے ڈھانپ لے اور عام ہو۔
– يقال: جهلٌ أوْ جنونٌ مُطْبِقٌ: ایسی دیوانگی جو الگ نہ ہوئی ہو۔
– حُمّى مُطْبِقَةٌ: ایسا بخار جو بیمار کا پیچھا نہ چھوڑتا ہو۔

ط

(اَلْمُطْبَقِيَّةُ): باورچی خانے میں ایک شیلف جس میں پلیٹیں قطار میں رکھی جاتی ہیں (مع)
(طَبَلَ (ن) ـ طَبْلًا): ڈھول بجانا۔
(طَبَّلَ): زور سے ڈھول بجانا۔
(اَلتَّطَبُّلُ): (علم طب میں) آنتوں کا ورم جو ٹائیفائیڈ میں ہو جاتا ہے (مج)
(الطِّبَالَةُ): ڈھول بجانے کا پیشہ۔
(الطَّبَّالُ): ڈھول بجانے والا۔
(۲) ڈھول والا (۳) ماہر ڈھولچی۔
(اَلطَّبْلُ): ایک ایسا آلہ جس پر چمڑا وغیرہ باندھا جاتا ہے (چڑھایا جاتا ہے) اور اسے بجایا جاتا ہے اور عام طور پر یہ دور خا ہوتا ہے۔
(ج) طُبُول وأطبال۔
بُرُودُ الطبل: چادریں جنہیں امراء مصر پہنا کرتے تھے۔
(الطَّبْلَةُ): طبل' ایک رخے ڈھول کے لئے مستعمل ہے۔
(الطَّبْلِيَّةُ): طبل کی طرف منسوب۔
(۲) دسترخوان جس پر کھانا کھایا جائے۔
(ج) طَبَالِيُّ (مع)
(طَبَنَ) (ض) النارَ ـ (طَبْنًا): آگ کو گڑھے میں دبانا تا کہ بجھے نہ۔
–الشيءَ وله وبه طَبْنًا وطَبَانَةً: سمجھنا۔
–فلانًا وله: دھوکہ دینا' نا کام بنانا۔
(طَبِنَ) (س) له وبه ـ طَبَنًا وطَبَانَةً: سمجھنا۔
هُوَ طَبِنٌ۔
(طَابَنَهُ مُطَابَنَةً وطِبَانًا) (۱) گھٹانا' کم کرنا
(۲) موافق ہونا۔
(الطَّابُونُ): وہ جگہ جہاں آگ دبائی جاتی ہے تا کہ بجھے نہ۔ اب یہ لفظ تنور اور بیکری کے لئے بولا جاتا ہے جبکہ دیدیا استعمال میں یہ الطابونة ہے
(ج) طَوَابِينُ۔
(اَلطِّبْنُ): سطح زمین پر پڑی ہوئی لکڑی (ایندھن) (۲) اشیاء کے علیحدہ علیحدہ مجموعے

(۳) مٹی کا بنا ہوا گھر۔
(الطُّبْنَةُ): ستار کی آواز (ج) طُبَنٌ۔
(طَبَاهُ) (ن) اليهِ ـ طَبْوًا): نرمی سے بلانا' اپنی طرف مائل کرنا۔ (۲) راہنمائی کرنا۔
(طَبِيَتِ) (س) الناقةُ وغيرُها من ذوات الأَطْبَاء ـ طَبًا او طَبًى: اونٹنی وغیرہ کا ڈھلیے تھنوں والی ہونا۔
اِطَّبَاه اليه: اپنی طرف مائل کرنا۔
وقالو: اطبى القلوبَ حتّٰى ما تَعْدِلُ به: لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو گیا اور وہ اس سے قریب ہو گئے۔
(۲) دھوکہ دے کر دوستی کرنا پھر قتل کر دینا۔
(الطَّبْوَاءُ): ڈھلیے تھنوں والی اونٹنی۔
(الطُّبْيُ): تھن کا منہ جس میں دودھ ہوتا ہے اور جس سے بچہ پیتا ہے اور کبھی تھن کو بھی کہا جاتا ہے۔
(ج) أَطْبَاءٌ اس کا اطلاق انسان کے علاوہ دوسرے حیوانات پر ہوتا ہے۔
(الطّبوغرافِيَا): سطح زمین کے عمومی خدوخال بیان کرنا چاہے طبعی ہوں یا مصنوعی (مج)

ط............ث

(طَثَّهُ) (ن) ـ طَثًّا): گیند کی طرح کسی چیز کو ہاتھ سے پھینکنا۔
(۲) مارنا اور ٹھوکر لگانا یہاں تک کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔
(الطَّثْرَةُ): دیکھئے: الطَّعْرَةُ۔

ط............ج

(طَجَنَ) (ن) الشَّيْءَ ـ طَجْنًا): بھوننا اور پکانا کڑاہی میں۔
(طَجَّنَه): بھوننا اور پکانا۔
(الطَّاجِنُ): تلنے یا بھوننے کا برتن (کڑاہی)
(۲) کھانے کی ایک گول پلیٹ کہ جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں اور ٹھیکری سے بنائی جاتی ہے اور اس میں کھانا تنور میں پکایا جاتا ہے۔
(مع) (ج) طَوَاجِنُ۔
(الْمُطَجَّنُ): کڑاہی میں تلا ہوا۔

يقال: قَلِيَّةٌ مُطَجَّنَةٌ: تلی ہوئی چیز۔

ط............ح

(طَحَّهُ) (ن) ـ طَحًّا): ایڑیوں سے ملنا۔
(اَطَحَّه): گرانا' پھینکنا۔
(اِنْطَحَّ): پھیلنا۔
(طَحَرَ) (ف) ـ طَحْرًا وطُحَارًا وطَحِيرًا) تنگی یا بوجھ کی وجہ سے سانس کا چڑھنا۔
الشيءَ طَحْرًا: پھینکنا۔
يقال: طَحَرَتْ عَيْنُ الماءِ الطَّحَالِبَ: پانی کے چشمہ نے کائی کو باہر نکال پھینکا۔
– طَحَرَتِ الْقَوْسُ السَّهْمَ: کمان نے تیر پھینک ڈالا۔
– الحجّامُ ونحوُه القلفة: حجام کا ختنے کے دوران اگلی کھال کاٹ پھینکنا۔
(الطُّحَارُ): مرض کہ جس میں سانس چڑھے اور تیز ہو۔
(الطَّحُورُ): دور مار کمان۔
(طَحْطَحَ): ہلکی سی مسکراہٹ' ہلکا سا ہنسنا۔
– الشَّيْءَ طَحْطَحَةً وطِحْطَاحًا: توڑنا اور برباد کر دینا۔
يقال طَحْطَحَ بهم الدَّهرَ: زمانے نے انہیں ہلاک و برباد کر دیا۔
(تَطَحْطَحَ): لازم طحطحه۔
طَحَلَه (ف) طَحْلًا: تلی پر مارنا۔
(طَحِلَ) (س) ـ طَحَلًا): تلی کا بڑھ جانا۔
(۲) ـ كان اطحل اللَّوْن: تلی جیسے رنگ والا۔
– الماءُ وغيره: گدلا ہونا' گرد آلود ہونا۔
(۲) کائی والا ہونا (۳) بہت زیادہ کائی والا ہونا۔
– فلانٌ: غصہ وغیرہ سے رنگ سیاہی مائل ہو جانا۔
(اَلأَطْحَلُ): خاکی رنگ والا۔
(الطِّحَالُ): پیٹ کے بائیں جانب واقع معدہ اور فاصل پردے (جھلی) کے درمیان ایک عضو جس کا کام خون بنانا اور پرانے عضو کا تلف کرنا

ط

ہے۔
(ج) طُحُلٌ وَاَطْحِلَةٌ۔
(اَلطُّحَالُ): تلی کا مرض۔
(اَلطَّحِلُ): گدلا سیاہ (۲) غصہ والا۔
(اَلطَّحْلَاءُ): الاطحل کا مؤنث (ج) طُحْلٌ۔
(اَلطُّحْلَةُ): سفیدی اور گرد کا درمیانی رنگ جس میں سیاہی کے ساتھ سفیدی کا اختلاط ہو راکھ کے رنگ کی طرح (۲) تلی جیسا رنگ۔
(طَحْلَبَ): المَاءُ: پانی کا کائی بلند ہونا۔
—الارضُ: زمین کا نباتات سے سرسبز ہونا۔
(اَلطُّحْلُبُ): ایک سبزہ جو بدبودار پانی پر آ جاتی ہے اور یہ بغیر پھولوں کے ایک پودا ہے اس کی واضح طور پر شاخیں ہوتی ہیں اور نہ پتے اور نہ ہی جڑ ہوتی ہے۔ یہ سفید، زرد، سرخ اور نیلے رنگ کی ہوتی ہے۔ یہ میٹھے اور کھارے پانی میں اور گیلی زمین میں رہتی ہے (ج) طَحَالِبُ۔
(طَحَنَ) (ف) الحَبَّ وغيرَهَ۔ طَحْنًا: غلہ کو آٹا بنانا۔
يقال: طَحَنَتْهُمُ الحَرْبُ واحداثُ الايام: حادثات زمانہ اور جنگ نے انہیں پیس ڈالا یعنی مار ڈالا۔
(طَحَّنَه): اچھی طرح پیسنا۔
(اِنْطَحَنَ): لازم طَحَنَه۔
(تَطَحَّنَ) بمعنی اِنْطَحَنَ۔
(اَلطَّاحِنَةُ): ضواحک کے قریب بارہ داڑھوں میں سے ایک داڑھ۔ ہر جبڑے کی ایک طرف تین نیچے اور تین اوپر (اَسْفَل) اور انہیں اَرْحَاء بھی کہا جاتا ہے (مج)
(ج) طَوَاحِنُ۔
(اَلطَّاحُوْنُ): پیسنے کا آلہ۔
— (اَلطَّاحُوْنَةُ) بمعنی اَلطَّاحُوْن (ج) طَوَاحِيْنُ۔
(اَلطِّحَانَةُ): پینا (۲) پیسائی کا پیشہ۔
(اَلطَّحَّانُ): وہ شخص جو چکی پر کام کرتا ہو۔
(اَلطَّحَّانَةُ): الطّحّان کا مؤنث (۲) چکی۔

(اَلطِّحْنُ): پسی ہوئی چیز۔
(اَلطُّحَنَةُ): بہت پیسنے والا (۲) بہت چھوٹے قد کا۔
(اَلطَّحُوْنُ) بمعنی اَلطَّحَّانُ (۲) لشکر کا ایک بڑا دستہ جو ہر چیز کو پیس ڈالے۔
يقال: حَربٌ طَحُوْنٌ۔
(اَلطَّحِيْنُ): پسی ہوئی چیز۔
(اَلطَّحِيْنَةُ): تلوں کا بھوسا ان کا تیل نکالنے کے بعد صناعت میں الحلاوة الطحينيّة بھی داخل ہے (مو)
(اَلْمِطْحَانُ): کنڈلی مارنے والا سانپ (ج) مَطَاحِيْنُ۔
(اَلْمَطْحَنُ): پیسنے کا آلہ اور جگہ (ج) مَطَاحِنُ۔
(ج) مَطَاحِنُ۔
(طَحَا) (ن) طَحْوًا: دور ہونا۔
(۲) ہر طرف میں ہلاک کرنا۔
قالوا: طحابه قلبُه وهواه همُّه: قال علقمة۔
طحابك قلبٌ في الحسان طروب
—القومُ: دھکم دھکا ہونا۔
—المكانُ: پھیلنا اور کشادہ ہونا۔
—الشئَ: پھیلانا (۲) کشادہ کرنا (۳) پھینکنا۔
قالوا: طحابالكُرَّةِ۔
(طَحّى): پھیلنا اور بڑھنا، دراز ہونا۔
(۲) بچھنا (۳) زمین وغیرہ سے چمٹ جانا۔
تَطَحّى: بمعنی طَحّى۔
اَلطَّحَا: کشادہ زمین۔
(اَلْمُطْحِيَةُ): ترکاری وغیرہ جو سطح زمین پر اگی ہو جب کہ وہ بچھی ہو۔

ط..........خ

(طَخَّ) (ن ض)۔ طَخًّا وطُخُوْخًا: بدمزاج اور برے اخلاق والا ہونا۔
الشئَ۔ طَخًّا: پھینکنا اور دور کر دینا۔
(اَلْمِطَخَّةُ): طخ سے اسم آلہ (ج) مَطَاخُّ۔
(طَخَا) (ن) الليلُ ونحوهُ۔ طَخْوًا وطُخُوًّا: تاریک ہونا اور اس کی تاریکی کا بڑھ جانا۔
(اَلطَّخَاءُ): ایسا پردہ جو دوسری چیز کو ڈھانپ دے۔
يقال على قلبه طَخَاءٌ: یعنی پردہ ہے تکلیف یا جہالت کا یا غم کا (۲) بلند بادل۔
(اَلطَّخْوَاءُ) من اللَّيالى ونحوها: سخت تاریک راتیں۔
(اَلطَّخْيَاءُ): بمعنی الطَّخْوَاء۔
(۲) ایسا کلام جس کا معنی واضح نہ ہو۔
(اَلطَّخْيَةُ): سخت تاریکی (۲) بادلوں کا ایک ٹکڑا۔

ط..........ر

(طَرَؤَ) (ك) طَرْءًا طُرُوْءًا: پیش آنا۔
(۲) اچانک نکلنا۔ هو طارِءٌ۔
(ج) طُرَّاءٌ وطَرَآءٌ۔
(طَرُؤَ) (ك)۔ طَرَاْةً وطَرَاءٌ: تروتازہ ہونا۔
هو طَرِئٌ۔
(طَرَّاَهُ): اچانک لانا یا تروتازہ کرنا۔
(اَلطَّارِءُ): اجنبی (ج) طُرَّاءٌ وطَرَآءٌ: جبکہ غیر عاقل کی جمع: طَوَارِءُ۔
الطَّارِئَةُ: الطَّارِء کا مؤنث۔
(۲) ایسی مصیبت جس کا علم نہ ہو کہ وہ کہاں سے آئی (ج) طَوَارِءُ۔
يقال: كلامٌ طُرْآنِيٌّ: ایسا کلام جو ادب جمیل سے خارج ہو۔
(طَرِبَ) (س) منه اَوْ لَهُ۔ طَرَبًا: ہلکا ہونا اور خوشی اور مسرت سے جھومنا یا غم کی وجہ۔
يقال۔ طرب للغناءِ: خوش ہونا اور جھومنا۔
هو طَرِبٌ وطَرُوبٌ، وهي طَرُوبٌ وطَرُوْبَةٌ
اَطْرَبَهُ: خوشی سے مگن کرنا۔
(طَرَّبَ): خوشی سے مگن کرنا۔
(طَرَّبَ): گانا گانا۔
—في صوْتِه: سر نکالنا، دراز کرنا اور لے بنانا۔
—فلانًا: بمعنی اَطْرَبَه۔

ط

تَطَرَّبَ: خوشی سے جھومنا۔
-فلانًا: بمعنی أطرَب۔
إستَطرَبَ: بمعنی طَرِبَ
(۲) ۔جھومنے کو چاہنا۔
- فلانًا: کسی سے کہنا کہ وہ مگن کر دے یا گائے۔
فلانًا: بمعنی اطربَهٗ۔
(الطَّرَب): خوشی یا غم کی نفس پر موثر ہونے والی کیفیت وجد۔
آج کل اس کا استعمال زیادہ تر خوشی میں ہوتا ہے
(۲) گانا وغیرہ جس سے نفس میں طرب کی تحریک ہوتی ہو۔
(الطَّرُوبُ): بے حد خوشی اور وجد۔ بے خود' مست' بے حد خوش۔
(ج) **طِرَابٌ**۔
(اَلْمُطْرِبُ) اطرب سے اسم فاعل۔ عام طور پر اس کا اطلاق ایسے گویے پر ہوتا ہے جو خوبصورت آواز اور ادائیگی والا ہو۔
(اَلطُّرْبِيْلُ): بھاری بم جسے غوطہ خور کشتی' سمندی' جہاز یا ہوائی جہاز' دشمن کی کشتیوں یا ٹھکانوں پر پھینکتا ہے (د)۔
الطَّرْبُوْشُ): ٹوپی جو کہ دبیز ٹھکے ہوئے اون وغیرہ سے بنائی جاتی ہے اور اس پر عمامہ بھی باندھا جاتا ہے (د) (ج) **طَرَابِيْشُ**۔
(طَرْبَلَ فلانٌ): (دامن گھسیٹتے ہوئے اور انگڑائی لیتے ہوئے چلنا۔
(الطِّرْبَالُ): پہاڑ پر لگایا جانے والا جھنڈا۔
(۲) ہر بلند عمارت جو مینار وغیرہ کی مانند ہو۔
(۳) پہاڑ یا دیوار کا ہر وہ ٹکڑا جو آسمان کی طرف دراز ہو (ج) **طَرَابِيْلُ**۔
الطِّرْبِيْلُ: ایسی مشین جس میں کاٹا ہوا غلہ پیسا جاتا ہے (ج) **طرابِيْلُ**۔
(الطَّرْثُوْثُ): فصیلہ سنومور یہ کی ایک طفیلی بوٹی اس کی ایک قسم تپلی لمبی ہوتی ہے حشروم کی طرح۔ یہ مصر کے جنگلات اور بحر روم کے ارد گرد اگتی ہے۔

(طَرَحَ) (ف) الشئَ وبِهٖ۔ طَرْحًا: ڈالنا۔
يقال: طَرَحَتْ له النَّوىٰ كلَّ مَطْرَحٍ: دوری نے اسے دور پہنچا دیا۔
-من يدهٖ: ڈالنا۔
-عددًا مِن عددٍ: کم ہونا۔
-عليهِ شيئًا: ڈالنا اور پھیلانا' پیش کرنا۔
يقال: طرح عليه المسألة: وطرح بين يديه الأمرَ اس کے سامنے معاملہ پیش کیا۔
-الشئَ عنه: ڈالنا اور دور کرنا۔
يقال: طَرَحَ عن بَالِهِ الهمَّ: اس کے دل سے غم دور کر دیا۔
(طَرِحَ) (س)۔ طَرَحًا: دور ہونا۔ **هو طَرِحٌ**۔
طَارَحَه الحديثَ ونحوهٗ: کسی بات پر تبادلہ کلام کرنا۔
(طَرَّحَ الشئَ): بمعنی طَرَحَه
-البناءَ ونحوهٗ: خوب لمبا کرنا یا چوڑا کرنا۔
(اطَّرحه): بمعنی طَرَحَه۔
(انطرح): لازم طَرَحَه۔
تَطَارَحَا الحديثَ ونحوَه: باہم گفتگو و مناظرہ کرنا۔
(تَطَرَّحَ): کمزور آدمی کی طرح چلنا۔
(۲) کندھوں پر چادر ڈالنا۔
(اَلْأُطْرُوحَةُ): وہ چیز جو پیش کی جائے۔
(۲) وہ معاملہ جسے بحث و مباحثہ کے لئے پیش کیا جائے (ج) **أَطَارِحُ**۔
(الطَّرَاحُ): دور دراز جگہ۔
(الطَّرْحُ) (حساب میں) ایک عدد کا دوسرے بڑے عدد سے کم ہونا۔
طَرْحُ البحرِ في مصر: مصر میں دریائے نیل کے کنارہ اونچی زمین جو سیلاب کی مٹی سے بلند ہو جاتی ہے اور پانی اترنے کے بعد اس میں کاشت کاری کی جاتی ہے۔
(الطِّرْحُ): بمعنی **اَلْمَطْرُوحُ**۔
الطَّرحَةُ: ایک قسم کی چادر جو کندھوں پر ڈالی جاتی ہے۔ جب کہ اس لفظ کا استعمال ایسی چادر پر ہوتا ہے جو سر اور کندھے پر ڈالی جاتی ہے۔
ومنه طَرحَة العروس: دلہن کے سر اور کندھوں پر ڈالی جانے والی چادر (ج) **طِرَاحٌ**۔
الطَّرُوْحُ: بہت زیادہ یا کثرت سے پھینکنے یا ڈالنے والا۔
- من القِسِيّ: تیر کو بہت زور سے پھینکنے والی کمان (ج) **طُرُحٌ** مؤنث میں: **طَرَائِحُ** بھی ہے۔
(الطَّرِيْحُ): بمعنی **المطْرُوحُ**۔
(۲) پھینکی ہوئی یا بیکار چیز جس کی کسی کو ضرورت نہ ہو بوجہ حقارت یا کسی شمار میں نہ ہونے کے (ج) **طَرْحَى**۔
اَلْمَطْرَحُ: طَرَحَهٗ سے اسم مکان۔ مسکن اور مجلس وغیرہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔
(۲) دور کی جگہ۔
(۳) مصدر میمی بمعنی **الطَّرْحُ (ج) مَطَارِحُ**۔
اَلْمِطْرَحُ: طَرَحَ سے اسم آلہ۔
-من الرماح: دور مار کرنے والا نیزہ۔
(۲) میز پوش (ج) **مَطَارِحُ**۔
(المِطْرَحَةُ): ایک ایسا آلہ جس کے ذریعے روٹی کو تنور میں لگایا جاتا ہے (مو) (ج) **مَطَارِحُ**۔
(اَلْمَطْرُوحُ): (علم حساب میں) وہ چھوٹا عدد ان دو عددوں میں سے جن کے درمیان فرق یعنی تفریق مقصود ہو۔
المطروحُ منه: ان میں سے بڑا عدد۔
(الطَّرْخُوْنُ): زرعی ترکاری جو کہ فصیلہ مرکبہ سے ہے اور اس کا پھول نالی نما ہوتا ہے۔ اس کے پتوں کی خوشبو کی وجہ سے اسے اگایا جاتا ہے۔ یہ پتے کھانے کے ساتھ سبز ترکاری کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں اور اس ہے: "**الحوذان**" بھی کہتے ہیں۔
(اَلطِّرِّيخُ): ایک چھوٹی مچھلی جسے نمک میں پکا کر کھایا جاتا ہے۔
(طَرَدَهٗ) (ن) ۔طَرْدًا: حقارت یا بطور سزا دھتکارنا۔

ط

– المغيرَ ونحوه: حملہ آور کو شکست دینا اور ہانکنا۔
–الدَّوابَّ: چوپاؤں کو ادھر ادھر سے اکٹھا کرنا۔
–القاعِدَةَ والحكمَ: عام کرنا۔
–بصره في اثر القوم: نگاہوں سے پیچھا کرنا۔
– المولودُ اخاهُ: بچہ کا اپنے بھائی کے بعد پیدا ہونا۔
– القومَ ونحوهم: لوگوں پر حملہ کرنا اور گزر جانا۔
–الصيدَ طَرْدًا: شکار کو پکڑنے کی کوشش کرنا۔
أَطْرَدَهُ: آوارہ گشت بنانا۔
– فلانًا عن البلد ونحوه او منه: ملک چھوڑنے اور دور جانے کا حکم دینا۔
– صاحبَه: کسی کے ساتھ دوڑ یا جوئے یا کشتی کی شرط لگانا۔
طَارَدَهُ مُطَارَدَةً وطِرَادًا: حملہ آور ہونا۔ مدافعت کرنا' مقابلہ میں سبقت لے جانا۔
طَرَّدَهُ: درطَرَدَهُ مبالغہ کرنا۔
– السَّوْطَ ونحوه: کوڑے کو مارنے کے لئے دراز کرنا۔
(اِطَّرَدَ): لگا تار ہونا (۲) پے درپے ہونا۔
وعلى هذا قولهم اِطَّرَدَ الكلامُ او الحديثُ: بات کا ایک ہی طرز پر جاری رہنا۔
–النَّهرُ: دریا کے پانی کا مسلسل بہتے رہنا۔
– القياسُ: قیاس کے حکم کا وجود اور عدم کے وصف کے ساتھ قائم رہنا۔
تَطَارَدَ الأَقران وغيرُهم في الحرب ونحوه: جنگ میں ہم پلہ افراد کا باہم مقابلہ کرنا۔
–الشيءُ: کسی چیز کا مسلسل ہونا۔
اِسْتَطْرَدَ له في الحرب وغيرها: دھوکے سے بھاگنا' پھر حملہ کرنا۔
– في الكلام او الحديث: ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی طرف منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے کہ اسے سب سے پہلے بحتری نے استعمال کیا۔
(الطِّرَادُ):

فُرْسَان الطِّرَاد: وہ لوگ جو جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ آور ہوتے ہیں۔
يقال: مَشٰى طِرَادًا: سیدھا چلنا۔
(الطَّرْدُ): وہ سامان وغیرہ جو بذریعہ ڈاک ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے یہ اصل میں مصدر ہے اس کا اطلاق مَطْرُوْد پر کیا گیا ہے (مو)
(۲) (علم طب میں) کسی چیز کا قسری اخراج (ج) طُرُوْدٌ۔
الطَّرَّادُ من السُّطُوح: ہموار سطح۔
(۲) ایک آلہ جو بل میں لگایا جاتا ہے تاکہ لائن چوڑی ہو (محدثۃ)
(الطَّرِيْدُ): بمعنی المطرُودُ (۲) وہ بچہ جو اپنے بھائی کے بعد پیدا ہو۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا طرید ہے۔
(الطَّرِيْدَةُ): بمعنی اَلْمَطْرُوْدَةُ۔
(۲) شکار وغیرہ جس کا تعاقب کیا جائے۔
(۳) کندھے اور کولہے کے درمیان کی لکیر۔
(۴) زمین یا گھاس میں سے پگڈنڈی راستہ۔
(۵) کپڑے کا ٹکڑا جسے طولاً پھاڑا گیا ہو۔
(۶) ایک کپڑا جسے تر کیا جاتا ہے اور اس سے تنور صاف کیا جاتا ہے۔
(۷) ایک سرکنڈا جس میں شگاف ہوتا ہے جسے سوت کے چرخے یا ہنڈیا پر رکھا جاتا ہے اور اس کے ذریعے چھیلا اور تراشا جاتا ہے۔
(اَلْمَطْرَدَةُ): تعاقب کی جگہ۔
(۲) سیدھا راستہ (ج) مَطَارِدُ۔
(اَلْمُطَّرَدُ): نامانوس پڑا ہوا بچہ۔
(طَرَّ) (ن) ۔طَرًّا و طُرُوْرًا: كَانَ طَرِيْرًا ذَارُوَاءٍ وجَمَالٍ: رونق والا ہونا۔
– الشَّعْرُ: بال اُگنا۔
يقال للشاب: طَرَّ شاربُه: اس کی مونچھیں نکل آئیں۔
– النبتُ: نمودار ہونا' ظاہر ہونا۔

– النجومُ: چمکنا روشن ہونا۔
– اليَدُ: کٹ کر گر جانا۔
والشَّعْرَ: کاٹنا۔ كان عليه السلام يَطُرُّ شارِبَه۔
– الثَّوْبَ وغيرَهُ: کپڑا کاٹنا۔
يقال: طَرَّهُم بالسَّيفِ: تلوار سے کاٹ ڈالا۔
– البناءَ ونحوه: عمارت پر رنگ کرنا اور مزین کرنا۔
– المالَ ونحوه: اچک لینا' چھین لینا۔
(أَطَرَّ): ناز کرنا اور محبت میں آگے بڑھنا۔
(۲) وادی کے اطراف میں چلنا۔
اور کہاوت ہے: (أَطِرّي فانك ناعلة) یعنی مشکل کام کو کرو تم اس کے کرنے پر قادر ہو۔
– الشيءَ: کاٹنا یا گرانا۔
(طَرَّرَ): بال سنوارنا (پیشانی کے) زلفیں بنانا۔
يقال: طَرَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے پر گوٹ لگانا۔
وَطَرَّرَتِ الجارِيَةُ: لڑکی کا بال سنوارنا۔
(الطَّرُّ): گدھے وغیرہ کی گردن کے نرم بال اور دیگر بالوں کا گرنے کے بعد نکلنا۔
(الطُّرُّ): کنارہ (۲) گوشت' پہلو۔
(۳) حاشیہ' گوٹ (۴) جماعت (ج) أَطْرَارٌ۔
(الطُّرَّةُ): کٹی ہوئی چیز (۲) ہر چیز کا کنارہ (۳) وادی وغیرہ کا دہانہ (۴) کپڑے وغیرہ کا گوٹ (۵) عورت کی پیشانی پر بڑھے ہوئے بال جنہیں وہ سنوارے اور وہ بالوں کا گچھا یا لٹ ہوتی ہے (۶) طغرا (ج) طُرَرٌ وطِرَارٌ۔
يقال: بَدَتْ مَخَايِلُ الْأَمْرِ وطُرَرَهُ: بات کی علامات ظاہر ہونے لگیں۔
(الطَّرَّارُ): جیب کترا' آدمی کے کپڑے پھاڑ کر اس میں موجود چیزوں کو نکال لینے والا۔
(الطُّرُوْرُ): لڑکی وغیرہ کے پیشانی کے بال (ج) طُرُرٌ وطِرَارٌ۔
(الطَّرِيْرُ): بمعنی اَلْمَطْرُوْرُ۔
(۲) بارونق' خوش منظر' بھلی صورت (۳) وہ شخص

جس کی مونچھیں نکل آئی ہوں۔
طَرَزَهٗ (ن) ۔طَرْزًا: سینہ پر مکا مار کر پیچھے دھکیلنا۔
طَرِزَ(س) طَرَزًا: بدخلق کے بعد اچھے اخلاق والا ہونا (۲) خوش نما لباس اور خوراک والا ہونا۔
فهو طَرِزٌ۔
طَرَّزَ الثوبَ وغيرَه: کپڑے کو خوش نما بنانا۔ (۲) بیل بوٹے بنانا' کڑھائی کرنا۔
تَطَرَّزَ: في الملبس ونحوه: بمعنی طرز۔
(الطِّرَازُ): نمونہ' صورت (۲) عمدہ چیز۔
يقال: لَيْسَ هٰذَا طِرَازَكَ: یہ آپ کی شان نہیں (۳) کپڑے وغیرہ کی دھاریاں (۴) بادشاہ کے لئے بنایا جانے والا کپڑا (۵) وہ جگہ جہاں عمدہ کپڑا تیار کیا جاتا ہو۔ (ج) **طُرُزٌ' وأَطْرِزَةٌ۔**
(الطِّرَازَةُ): کڑھائی کا کام۔ **طَرَّاز یا مُطَرِّزٌ** کا پیشہ۔
(الطَّرَّازُ): کشیدہ کاری کرنے والا یا وہ شخص کہ جو کپڑے پر ریشم کے دھاگوں یا سونے اور چاندی کے دھاگے کے ساتھ کشیدہ کاری کرتا ہو۔
(الطِّرْزُ): شکل' نمونہ (۲) عمدہ چیز۔
(الطَّرْزِيُّ): بمعنی **الطَّرَّازُ۔**
(الْمُطَرِّزُ): بمعنی **الطَّرَّازُ۔**
طَرَسَ (ض) الكتابَ ۔طَرْسًا: لکھنا (۲) مٹانا۔
طَرَّسَه: بمعنی **طَرَسَ** تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
(۲) مٹے ہوئے پر دوبارہ کتابت کرنا۔
تَطَرَّسَ في مَطْعِمِهٖ أو مَلْبَسِهٖ او نحوهما کھانے اور لباس کو خوش نما اور بہت کرنا۔
عن الشيءِ: اجتناب کرنا اور پرہیز کرنا۔
الطِّرْسُ: صحیفہ (۲) وہ کتاب جس پر سے مٹا کر لکھا گیا ہو (ج) **طُرُوسٌ واَطْرَاسٌ**
طَرِشَ (س) ۔طَرَشًا وطُرْشَةً: شنوائی کا کمزور ہونا (۲) سننے کی قوت کا معطل ہونا۔
تَطَارَشَ: بظاہر بہرا بننا اور اونچا سننا۔

(اَلْاَطْرَشُ): بہرا ۔**وهي طَرْشَاءُ** (مؤنث) (ج) **طُرْشٌ۔**
اَلْاَطْرُوشُ: بمعنی **اَلْاَطْرَشُ۔**
اَلطَّرَشُ: بہرا پن۔
(طَرْطَرَ): بے جا فخر کرنا (۲) **بِضَأْنِهٖ ونحوها:** بکری وغیرہ کو دودھ دوہنے کے لئے بلانا۔
—الطَّرْطَرُ: خالص شراب کی تلچھٹ۔
(الطُّرْطُورُ): پتلا لمبا (۲) سر کی پتلی لمبی نوک دار ٹوپی (۳) کمزور (ج) **طَرَاطِيرُ۔**
(الطِّرْطِيرُ): شراب کی تلچھٹ' یہ یونانی لفظ (ترتیر) سے معرب ہے۔ یہ اس کی اصل ہے پھر ہر درد میں استعمال کیا جانے لگا (۴)۔ (علم کیمیا میں) **حمض الدردی (حمض الطرطريك)** عضوی ترشی جس کی متعدد اقسام ہیں۔ ایک عام قسم وہ ہے جس کے بلور شفاف ہوتے ہیں اور وہ پانی اور الکحل میں پگھل جاتی ہے۔ عام طور پر یہ جز ترکاری اور پھلوں کے انسجہ پر پایا جاتا ہے۔ (مج)
طَرَفَ (ض) البصرُ ۔ طَرْفًا: پلکوں کو حرکت دینا۔
قالوا: ما بقِيَتْ منهم عينٌ يَطْرِفُ: اس کی آنکھ کھلی رہ گئی سو جھپکتی نہیں۔
—اليه: دیکھنا۔
عينَيه وبهما: پلک جھپکنا۔
—الشيءَ: دیکھنا۔
—عينَهٗ: آنکھ مارنا۔
يقال: طَرَفَ عينَهُ الحزنُ: اس آنکھ میں غم کی جھلک ہے۔
طرفَ عينَه المالُ: مال نے اس کی آنکھیں حق سے اندھی کر دیں۔
—فلانًا عن الشيءِ: پھیرنا۔
طَرُفَ (ك) ۔طَرَافَةً: انوکھا ہونا۔
(أَطْرَفَ): انوکھی بات کہنا۔
الرَّجُلَ: انوکھی چیز دینا۔
يقال: أَطْرَفَه بِكَذَا: تحفہ میں کوئی چیز دینا۔

—الثَّوبَ: کپڑے کی دھاری دار چادر بنانا۔
(۲) اس کے اطراف میں دھاریاں بنانا۔
طَرَّفَ الجندِيُّ: کناروں پر لڑنا۔
— الشَّيءَ: کنارے پر کرنا (۲) کنارہ بنانا (۳) کنارہ تیز کرنا اور باریک کرنا۔
—المرأةُ اناملها واَظفارها: عورت کا اپنے ناخنوں پر خضاب لگانا یا مزین کرنا۔
الشيءَ: انوکھا شمار کرنا' نئی چیز سمجھنا۔
اِطَّرَفَ الشيءَ انوکھا سمجھنا (۲) نئی چیز خیال کرنا۔
(تَطَرَّفَ): کنارہ آنا۔
يقال: تَطَرَّفَتِ الشمسُ: غروب کے قریب ہو گیا۔
—منه: ہٹنا۔
— في كذا: حد اعتدال سے آگے بڑھ جانا اور درمیان میں نہ رہنا۔
—الشيءَ: کناروں سے لینا (۲) انوکھا سمجھنا۔
(۳) نئی چیز کا استعمال کرنا۔
(اِسْتَطْرَفَهٗ): انوکھا خیال کرنا۔
(۲) نئی چیز کو استعمال کرنا۔
اَلْاُطْرُوفَةُ: نئی اور انوکھی چیز' تحفہ۔
(۲) نئی اور عمدہ چیز (ج) **اَطَارِيفُ۔**
(اَلتَّطْرِيفُ): ناخن تراشی اور ہاتھ کی تزیین کاری (مج)
الطَّارِفُ: بمعنی **المستطرَفُ۔**
(۲) نیا حاصل کیا ہوا مال وغیرہ۔ تالد کی ضد۔
الطَّارِفَةُ: آنکھ۔
— من الخِبَاءِ: وہ خیمہ جس کے اطراف باہر کا نظارہ کرنے کے لئے اٹھا دیئے گئے ہوں۔
(۲) ایک حلقہ جس میں رسیوں کو میخوں کے ساتھ باندھا گیا ہو (ج) **طَوَارِفُ۔**
(الطِّرَافُ): اشاروں اور کنایوں میں گفتگو تا کہ ہلکی ہو (۲) چمڑے کا گھر' دیہاتی لوگوں کا گھر ایسا ہوتا ہے (۳) کھیتی کے اطراف میں سے کاٹی ہوئی فصل (ج) **طُرُفٌ وأَطْرِفَةٌ۔**

ط

(الطَّرْفُ): پلک جھپکنا (۲) آنکھ۔ واحد وغیرہ پر بولا جاتا ہے۔ تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے۔ جنت کی حور کے تذکرے میں قرآن مجید میں ہے: {قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ} (۳) نظر۔ سلیمان علیہ السلام کے قصہ میں قرآن مجید میں ہے: {قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِّنَ الكتابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ} (۴) ہر چیز کا انتہا (لغة فی الطَّرَفِ) (ج) أطْرَافٌ۔

(الطِّرْفُ): شریف النسل آدمی یا اصیل گھوڑا۔ (۲) بمعنی الطَّارِفُ (۳) کونپل جو ابھی غلاف سے باہر نہ آئی ہو (۴) جو ایک چراگاہ سے دوسری میں چلا جائے ایک پر ثابت قدم نہ رہے (۶) ایسا لالچی جو کسی چیز کو بھی دیکھ کر خواہش کرے کہ یہ اس کی ہو جائے۔ (۷) نئی نئی عزت والا (ج) طُرُوفٌ و أطْرَافٌ۔

(الطَّرَفُ): من كل شيء: ہر چیز کی انتہا۔ (۲) کنارہ یا جانب - وفی التنزيل العزيز وأَقِمِ الصلاةَ طَرَفَيِ النَّهارِ (۳) کسی چیز کا ٹکڑا (۴) کسی معاملہ کی ایک فریق (مو) (ج) أطْرَافٌ۔

(الطَّرْفَاءُ): پودوں کی ایک قسم جس میں درخت بھی ہیں اور گھاس وغیرہ بھی۔ جو کہ فیصلہ طرفاویہ میں سے ہے۔ اسی کی ایک قسم ہے جھاؤ کا درخت۔

(الطَّرْفَةُ): خون کا سرخ نقطہ جو آنکھ میں ضرب وغیرہ لگنے سے پیدا ہوتا ہے۔

(الطُّرْفَةُ): ہر نئی عجیب چیز (ج) طُرَفٌ۔

(الطِّرْفَةُ): الطِّرْف کا مونث (ج) طِرَفٌ۔

- الطَّرِيفُ: عمدہ اور نادر۔ (۲) نیا اور پسندیدہ (۳) نیا نیا حاصل شدہ مال اس کی ضد تلید یا تالد ہے (ج) طُرُفٌ و طِرَافٌ۔

اَلْمُطْرَفُ: ریشمی دھاری دار چادر یا چوکور کپڑا۔ (ج) مَطَارِفُ۔

اَلْمُطَرَّفُ مِنَ الخيلِ: وہ گھوڑا جس کا سر یا دم سفید اور باقی سارا جسم اس کے الٹ ہو یا سر اور دم سیاہ ہوں اور باقی جسم اس کے الٹ۔

(اَلْمُطَرَّفَةُ): وہ بکری جس کے دونوں کانوں کے کنارے سفید ہوں اور باقی جسم سیاہ ہو یا دونوں کانوں کے کنارے سیاہ ہوں اور باقی جسم سفید ہو۔

(اَلْمَطْرُوفُ): يقال فلانٌ مَطْرُوفٌ بِفُلَانٍ: جب وہ صرف اسی کی طرف دیکھتا ہو۔

اَلْمَطْرُوفَةُ مِنَ النِّساءِ: نشیلی آنکھوں والی۔

طَرَقَ (ن) النَّجمُ - طُرُوقًا: رات کو طلوع ہونا۔ وهو النجمُ الطارق۔

- المَعدِنَ طَرْقًا: لوہے وغیرہ کو پیٹنا اور لمبا کرنا۔

- الصُّوفَ ونحوه: اون وغیرہ کو دھنکنا۔

- البابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔

- القومَ طَرْقًا وطُرُوقًا: قوم کے پاس رات کے وقت آنا۔

- الطريقَ: راستہ پر چلنا۔

- الكلامَ: کلام پیش کرنا بات پر طبع آزمائی کرنا۔

طُرِقَ طَرْقًا: عقل کمزور ہونا۔

أَطْرَقَ: اپنے سر کو سینے کی طرف جھکانا اور خاموش رہنا، بات نہ کرنا۔ (۲) حیرانی یا خوف کی وجہ سے خاموش ہونا۔

يقال: أَطْرَقَ بصرَه: نگاہ نیچی رکھنا۔

- جناحَ الطَّائِرِ: پروں کا ایک دوسرے پر چڑھنا۔

- الشيءَ: ایک چیز کے حصوں کو ملانا۔

- الشيءَ بالجلد ونحوه: کسی چیز پر چمڑا وغیرہ چڑھانا۔

- فلانًا فَحْلًا: کسی کو عاریۃً جفتی کے لئے اونٹ دینا۔

- الصَّيدَ ونحوه: شکار کے لئے جال لگانا۔

طَارَقَ الشيءَ: ایک حصے کو دوسرے پر رکھ کر برابر کرنا۔ والشيئين وبينهما: كذلك۔

- النَّعْلَ ونحوهما: جوتے وغیرہ کو ایک دوسرے سے ملا کر اوپر نیچے رکھنا۔

- طَرَّقَتِ الحاملُ: حاملہ کے پیٹ میں بچہ کا اٹکنا یا بچہ کا کچھ حصہ نکلنا اور باقی اٹک جانا۔

يقال: طَرَّقَتْ بِوَلَدِها: اس کے پیٹ میں بچہ اٹکا رہ گیا۔

- الدَّجاجةُ ونحوُها: مرغی وغیرہ کے انڈے کا نکلنا دشوار ہونا۔

- الشيءَ: اچھی طرح کوٹنا۔

- المَوضِعَ: جگہ کو راستہ اور گزرگاہ بنانا۔

- طَرِيقًا: آسان کرنا حتیٰ کہ گزرنے والا اس پر سے گزر سکے۔

- لَهُ: کسی کے لئے راستہ بنانا۔

اِنْطَرَقَ: لازم طَرَّقَه۔

تَطَارَقَ: پے در پے ہونا۔

تَطَرَّقَ إِلَيْهِ: کسی کام کی راہ تلاش کرنا۔ (۲) پہنچ جانا۔

يقال: تَطَرَّقَ إِلى ذِهْنِهِ كذا: ذہن میں کوئی بات آنا۔

تَطَرَّقَ الى المَوضوعِ وما أَشْبَهَ: کسی موضوع پر بحث چھیڑنا یا کسی موضوع پر پہنچ جانا۔

اِسْتَطْرَقَ: إِلَى البابِ ونحوه: دروازے کو جانے والے راستے پر چلنا۔

- فلانًا: کسی سے اس کی حدود میں سے راستہ مانگنا۔

- فُلانًا فَحْلًا: اونٹنی کو گابھن کرانے کے لئے کسی سے اونٹ مانگنا۔

الطَّارِقُ: رات کے وقت آنے والا۔ (۲) نجم ثاقب (۳) پیش آمدہ واقعہ یا رات کو پیش آنے والا واقعہ۔

(ج) طُرَّاق (عقلاء میں) طَوارِق (غیر عقلاء میں)

الطَّارِقَةُ: آدمی کا خاندان (۲) چھوٹا تخت (۳) منتر کی کنکریاں پھینکنے والی (ج) طَوارِقُ۔

ط

الطِّرَاقُ: چمڑے کا ٹکڑا جو دوسرے پر رکھا ہوا ہو۔ ہر تہہ طِرَاقُ ہے اور تمام تہیں طِرَاق ہیں (۲) اونٹ کی جفتی۔

الطَّرْقُ: کنکری مارنا اور یہ منتر کی ایک قسم ہے (۲) پھندا یا جال (ج) طُرُوقٌ۔

الطِّرْقُ: پھندا (۲) چربی (۳) طاقت (ج): اَطْرَاقٌ۔

الطَّرْقَةُ: ایک دفعہ کی کتائی۔

يقال: انا آتيه فى اليوم طرقتين و طرقة واحدة میں اس کے پاس دن میں دو دفعہ آتا ہوں یا ایک دفعہ۔

الطُّرْقَةُ: راستہ (۲) مذہب۔

(۳) عادت (۴) ایک دوسرے پر رکھی ہوئی چیزوں کے درمیان راستہ۔

(ج) طُرُقٌ والطُّرُقُ: اوپر تلے رکھے ہوئے پتھر۔

الطَّرِيْقُ: بمعنی اَلْمُطْرُوْقُ: (۲) وسیع طویل سڑک (۳) اہل تصوف کے ایک گروہ کا مسلک (ج) طُرُقٌ۔

طُرُقُ الطَّعْنِ: (قانون مرافعات میں) وہ عدالتی ذرائع و وسائل جن کو مدعا علیہ اپنے خلاف صادر شدہ فیصلے کو منسوخ کرانے یا اس میں تبدیل کرانے کے لئے استعمال کرتا ہے (مج)

الطَّرِيْقَةُ: بمعنی الطَّرِيْقِ (۲) چلنا۔

(۳) مذہب' قرآن مجید میں فرعون کے قصہ میں ہے: {وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى}

(۴) تہہ (ج) طَرَائِقُ۔

والطَّرَائِقُ: ایک دوسرے پر رکھی ہوئی چیزیں۔

(۲) مختلف خواہشات کے گروہ۔

يقال: هُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّهْوِ: اسے کھیل کود سے دلچسپی نہیں۔
— فلانٌ عَزْفًا و عَزِيْفًا: باجے سے کھیلنا، گانا۔
يقال: عَزَفَ على العود۔
—الشيءُ: کسی چیز سے آواز نکلنا۔
يقال: عَزَفَت الرِّيحُ: عَزَفت القوسُ هو عازِفٌ وعزّافٌ۔
اَعْزَفَ: ہوا سے ریت اڑنے کی آواز سننا۔
عَزَّفَ: آواز نکلنا۔
تَعَازَفُوا: مل کر اشعار پڑھنا۔
(۲) باہم فخر کرنا۔
العَزَّافُ: سحابٌ عَزَّافٌ: گرج دار بادل
(۲) جس کا پیشہ گانا بجانا ہو۔
العَزُوْفُ من النَّاس: جو کسی کے ساتھ دوستی برقرار نہ رکھ سکتا ہو۔
العَزِيْفُ: ہوا سے ریت کے اڑنے کی آواز
(۲) ریت کی آواز جس کی سمت متعین نہ ہو۔
المِعْزَفُ: گانے بجانے کا آلہ سارنگی وغیرہ کی طرح کا (ج) مَعَازِفُ۔
المِعْزَفَةُ۔ بمعنی المِعْزَفُ۔
المَعْزُوْفَةُ: موسیقی کا ایک قطعہ (محدثہ)
عَزَقَ (ض) الارضَ۔ عَزْقًا: زمین پھاڑنا۔
— الحقلَ: کھیت کی مٹی کو کھودنا ہوا لگانے اور نقصان دہ بوٹیوں کو ختم کرنے کے لئے (مو)
—فلانًا ضَرْبًا: کسی کو خوب مارنا۔
عَزِقَ (س) خُلُقُه۔ عَزَقًا: بدمزاج، بدخلق ہونا۔
—بِه الشيءُ: چپکنا۔ هو عَزِقٌ هي عَزِقَةٌ۔
اَعْزَقَ فلانٌ: بیلچہ یا کدال چلانا۔
اَلعَزِيْقُ: پست زمین۔
المِعْزَقُ: زمین کھودنے کے اوزار جیسے کلہاڑی وغیرہ۔
المِعْزَقَةُ۔ بمعنی المِعْزَقُ۔
عَزَلَه (ض)۔ عَزْلاً: کسی کو کام سے الگ کرنا، دور کرنا۔
يقال: عَزَلَهُ من مَنصبه: عہدے سے ہٹانا۔
(۲) ایک شیٔ کو دوسری سے الگ کرنا۔
يقال: عَزَلَ الزُّوَانَ عن القمح: گیہوں سے گوٹے وغیرہ نکالنا۔
يقال: عَزَلَ المرضٰى عن الأصحاء: بیماروں کو تندرستوں سے الگ رکھنا، چھوت کی بیماری سے بچاؤ کے لئے۔
اِعْتَزَلَ الشيءَ وعنه: الگ ہونا، دور ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَإِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ}
اِنْعَزَلَ عنه: دور ہونا، الگ ہونا۔
تَعَازَلَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَعَزَّلَ الشيءَ وعنه۔ بمعنی اِعْتَزَلَه۔
اَلْاَعْزَلُ من الرَّمْلِ: ریت کا الگ تھلگ ڈھیر۔
—من النَّاس: غیر مسلح۔
—من السحاب: نہ برسنے والا بادل۔
(ج) عُزْلٌ وعُزَّلٌ۔
السِّمَاكُ الاَعْزَلُ۔ (دیکھئے: سمك)
العَازِلُ الكهربائي۔ (سائنس میں) بجلی کے تاروں کے درمیان کرنٹ روکنے والا فاصل (مج)
العُزُلُ۔ بمعنی الاَعْزَلُ (ج) اَعْزَالٌ۔
اَلْعَزْلاءُ: مشکیزہ وغیرہ سے پانی گرنے کی جگہ۔
(ج) عَزَالی وعَزَالِي۔
يقال: اَرْسَلَتِ السماءُ عَزَالِيَهَا: آسمان نے پانی برسایا۔
اَرْخَتِ الدنيا عَزَالِيَهَا: دنیا کی نعمتوں کا بکثرت ہونا۔
العُزْلَةُ: کنارہ کشی۔
اَلْمُعْتَزِلَةُ: متکلمین اسلام کا ایک فرقہ جو بعض عقائد میں اہل السنت والجماعت سے اختلاف کرتا تھا اس فرقہ کا سردار واصل بن عطاء تھا جو اپنے ساتھیوں کو لے کر حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے حلقہ سے خارج ہو گیا تھا۔
واحد: مُعْتَزِلِيٌّ۔
المِعْزَالُ: نہتا، غیر مسلح۔
(۲) اکیلا چرنے والا جانور یا چرواہا۔
(۳) رفقائے سفر سے الگ ہو کر تنہا قیام کرنے والا (ج) مَعَازِيْلُ۔
المَعْزِلُ: يقال: هو بِمَعْزِلٍ عن كذا: جدا

ہے (۲) وہ جگہ جہاں بیماروں کو چھوت کی بیماری کے ڈر سے تندرست لوگوں سے الگ رکھا جاتا ہے۔(محدثۃ)
عَزَمَ فلانٌ. عَزْمًا وعَزِيْمًا وعَزِيْمَةً عَزْمَةً ومَعزِمًا: کوشش کرنا (۲) صبر کرنا۔
یقال: مالی عنك عزمٌ: مجھے تمہاری جدائی برداشت نہیں۔
۔الامرُ: ضروری اور لازم ہو جانا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ}
— اللّٰهُ لِيْ: اللہ کا قوت اور برداشت عطا کرنا۔
— علی فلانٍ: سختی کے ساتھ حکم دینا، تاکید کرنا۔ (۲) قسم دینا۔
یقال: عَزَّمَ الرَّاقِي: عامل کا تعویذ کرنا، جھاڑ پھونک کرنا۔
— الأَمْرَ وعليه: کسی کام کا تہیہ کر لینا۔
عَزَّمَ الرَّاقِي ۔بمعنی عَزَمَ۔
فلانٌ الطریقَ: راستہ طے کرنا مڑے بغیر۔
تَعَزَّمَ الْأَمْرَ ۔بمعنی عَزَمَه۔
العَزَّامُ: پختہ ارادے والا (۲) پختہ ارادہ (۳) شیر۔
العَزْمُ: صبر، کوشش۔
أُولُو العَزْمِ من الرُّسُلِ: وہ انبیاء جنہوں نے دعوت الی اللہ کے کام میں صبر و تحمل سے کام لیا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ}
اَلْعَزْمَةُ: یقال: هٰذا عَزْمَةٌ مِّنْ عَزَمَاتِ اللّٰهِ ۔یہ حقوق اللہ میں سے ہے۔
اَلْعُزْمَةُ: عُزْمَةُ الرَّجُلِ: قبیلہ، خاندان۔
(ج) عُزُمٌ۔
اَلْعَزْمِيُّ: عہد کا پکا، باوفا۔
اَلْعَزِيْمَةُ: پختہ ارادہ (۲) تعویذ عَزَائِمُ۔
عَزَائِمُ الله: اللہ کے مقرر کردہ فرائض۔
— حدیث میں ہے: (إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتٰى رُخَصه كما يُحِبُّ أَنْ تُؤْتٰى عزائمه)

عَزَا (ن ض) فلانًا الی فلانٍ عَزْوًا، وعَزْيًا: منسوب کرنا۔
یقال: عَزَا الْخَبَرَ الی صاحِبِهٖ: خبر دینے والے کے حوالے سے خبر دینا۔
یقال: عَزَا فلانٌ الی فلانٍ ولفلانٍ: غلط یا صحیح طور پر کسی کی طرف منسوب ہونا۔
عَزِيَ (س)۔عَزَاءً: مصیبت پر صبر کرنا۔
هو عَزٍ، وعَزِيٌّ۔
عَزَّاهُ: تسلی دینا، صبر دلانا۔
إِعْتَزَىٰ الی فلانٍ: کسی کی طرف غلط یا صحیح طور پر منسوب ہونا۔
تَعَازَى القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
تَعَزَّى فلانٌ تَعَزِّيًا: صبر سے کام لینا۔
— الی فلانٍ: منسوب ہونا۔
— العربيُّ: کسی عرب کا اپنے قبیلے کو مدد کے لئے پکارنا۔مثلاً "یا تمیم" کہہ کر آواز لگانا۔
اِلْعُزَةُ: لوگوں کا گروہ (ج) عِزِيٌّ و عُزُوْن:
قرآن مجید میں ہے: {عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ}
العِزْوَةُ: منسوب ہونا (۲) مدد کے لئے پکارنا۔
العِزْيَةُ ۔بمعنی العِزْوَةُ۔
المَعْزٰى: تعزیت کی جگہ (محدثۃ)

ع.....س

عَسَبَهٗ (ض)۔عَسْبًا: جفتی کرانے کے لئے سانڈ کرائے پر دینا۔
أَعْسَبَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا دوڑ کر بھاگ جانا۔
۔فلانٌ فلانًا جَمَلَهٗ: کسی کو جفتی کے لئے اونٹ عاریۃً دینا۔
إِسْتَعْلَبَ منه: نفرت کرنا۔
— الفرسُ: گھوڑی کا گھوڑے سے جفتی چاہنا۔
— من الشيءِ: نفرت کرنا۔
— جملَه: کسی سے اس کا اونٹ عاریۃً لینا۔
العَسْبُ: سانڈ کا مادہ منویہ (۲) نسل، اولاد۔
یقال: قطع الله عُسْبَهٗ: اللہ اس کی نسل کو ختم کردے۔
العَسِبُ: رَأْسٌ عَسِبٌ: جس میں کنگھا وغیرہ عرصے سے نہ کیا گیا ہو۔
اَلْعَسْبَةُ: پہاڑ میں شگاف۔
اَلْعَسِيْبُ: عَسِيْبُ الذَّنَبِ: دم کی ہڈی یا دم پر بال اگنے کی جگہ۔
— من القَدَمِ والرِّيْشِ: پیر یا پر کا لمبائی والا حصہ (۲) پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ جس سے خوشہ اتار دیا گیا ہو (۳) خوشہ اگنے سے پہلے جس پر ابھی خوشہ نہ اگا ہو (۴) پہاڑ میں شگاف۔
(ج) أَعْسِبَةٌ وعُسُبٌ وعُسْبَانٌ۔
عَسِيْبَةُ الذَّنَبِ ۔بمعنی عَسِيْبُهٗ۔
اليَعْسُوْبُ: شہد کی ملکہ مکھی اور یہ مؤنث ہوتی ہے۔عرب اسے اس کی ضخامت کی وجہ سے مذکر سمجھتے تھے۔
یقال: هو يَعْسُوْب قومه: قوم کا سردار، بڑا
(ج) يَعَاسِيْبُ۔
اَلْعَوْسَجُ: فصيلة باذنجانيه۔کا ایک کانٹے دار پودا۔جس کا پھل عقیق کے موتی کی مانند گول ہوتا ہے۔
واحدته: **عَوْسَجَةٌ۔**
العَسْجَدُ: سونا۔
عَسَرَ (ن) الزَّمانُ. عَسْرًا: زمانہ کا سخت ہونا۔
— المرأةُ: دشوار ولادت والی ہونا۔
المدينَ: قرض دار سے اس کی تنگدستی میں قرض مانگنا۔
— فلانًا: کسی کی بائیں جانب سے آنا۔
عَسِرَ (س) الأَمْرُ والزَّمانُ. عَسَرًا: مشکل اور سخت ہونا، **هُوَ عَسِرٌ۔**
قرآن مجید میں ہے:
{مُّهْطِعِيْنَ إِلَى الدَّاعِ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ}
— فلانٌ: معاملات میں تنگ دل اور سخت ہونا۔
— عليه الأَمْرُ: الجھن کا باعث ہونا۔

—فلانٌ: بائیں ہاتھ سے ہر کام کرنا۔
هُوَ أَعْسَرُ هِيَ عَسْرَاءُ (ج) عُسْرٌ وعُسْرَانٌ۔
عَسُرَ (ك) الامرُ۔ عُسْرًا وعَسَارَةً۔
یقال: عَسُرَ الزمانُ هو عَسِيْرٌ۔ قرآن مجید میں ہے: {وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا}
عَسَرَ عَلَيْهِ فلانٌ: مخالف ہونا۔
أَعْسَرَ فلانٌ: تنگدست ہونا۔
—المرأةُ: ولادت میں دشواری ہونا۔
—المدینَ۔ بمعنی عَسَرَهُ۔
عَاسَرَهُ: کسی کے ساتھ سختی سے برتاؤ کرنا۔
عَسَّرَ علیه: تنگی پیدا کرنا۔
—علی فلان: کسی کی مخالفت کرنا۔
—الامرَ: مشکل بنانا۔
—فلانًا: کسی کی بائیں جانب سے آنا۔
إِعْتَسَرَهُ: مجبور کرنا' زبردستی کرنا۔
یقال: إِعْتَسَرَ الدَّابَّةَ: جانور پر بغیر سدھائے سوار ہونا۔
یقال: إِعْتَسَرَ مِنْ مَّالِهِ: زبردستی کسی کا مال لینا۔
—الکلامَ: بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
تَعَاسَرَ الأمْرُ: سخت' دشوار ہونا۔
—البیّعان والزَّوْجان: بائع و مشتری یا خاوند اور بیوی کا باہم متفق نہ ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرٰى}
تَعَسَّرَ الأمْرُ۔ بمعنی عَسُرَ۔
الأَعْسَرُ: یقال: هُوَ أَعْسَرُ يَسَرٌ: دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا۔ هِيَ عَسْرَاءُ يَسَرَةٌ۔
حمامٌ أَعْسَرُ: کبوتر جس کے بائیں پر میں سفیدی ہو۔
یومٌ أعسرُ: سخت دن۔
العَسْرَاءُ: أعسر۔ کی مؤنث۔
—من الریش: اگلا سفید پر۔
العُسْرَةُ: تنگدستی (۲) قرض سے بے بسی۔
قرآن مجید میں ہے: {وَإِنْ كَانَ ذُوْعُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلٰى مَيْسَرَةٍ}
جَيْشُ الْعُسْرَةِ: غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا لشکر۔
سَاعَةُ الْعُسْرَةِ: سخت گھڑی۔
قرآن مجید میں ہے: {وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ}
العُسْرٰی: سخت دشوار کام۔
قرآن مجید میں ہے: {وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى}۔ اس خصلت کی وجہ سے جو عذاب اور دشواری کی طرف لے جائے۔
المِعْسَرُ: جو اپنے قرض دار پر تنگی پیدا کرے۔
المَعْسُرَةُ: فقر' تنگدستی۔
المَعْسُورُ۔ بمعنی العُسْرُ۔
عَسَّ (ن) فلانٌ۔ عَسًّا: رات کو چکر لگانا مشتبہ لوگوں کا سراغ لگانے کے لئے۔ هُوَ عَاسٌّ۔
—خَبَرُهُ عن فلان: کسی کی خبر دیر سے ملنا۔
—صَاحِبَهُ: ساتھی کی جستجو کرنا۔
إِعْتَسَّ۔ بمعنی عَسَّ۔
—الشئَ: رات کے وقت قصد کرنا یا جستجو کرنا (۲) پتہ لگانا۔
یقال: إِعْتَسَّ الاثرَ: نشان پر چلنا۔
اَلْعَاسُّ: جو رات کو چکر لگائے پہرہ دینے اور مشتبہ لوگوں کا سراغ لگانے کے لئے۔
(ج) عَسَسٌ' وعُسَّاسٌ' وعَسَسَةٌ۔
اَلْعَسُّ: یقال: جاءَ بِالشئِ من عَسِّهِ و بَسِّهِ: وہ فلاں شے جہاں تھی اور جہاں نہ تھی وہاں سے نکال لایا۔
العُسُّ: بڑا پیالہ۔
(ج) عِسَاسٌ وأَعْسَاسٌ وعِسَسَةٌ۔
العَسَّاسُ: مبالغہ عَسَّ۔
العَسُوْسُ: شکار کا طالب (۲) وہ عورت جسے مردوں کے قریب ہونے کی پرواہ نہ ہو۔
العَسِيْسُ: بھیڑیا۔
المَعَسُّ: جائے تلاش۔
یقال: هو قریبُ المَعَسِّ: اسے تلاش کرنا آسان ہے۔
عَسْعَسَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
—الذِّئْبُ: رات کو چکر لگانا۔
—السحابُ: بادل کا رات کے وقت زمین کے قریب ہونا۔
—الأمْرَ: پیچیدہ اور معما بنانا۔
—الشئَ: حرکت دینا۔
تَعَسْعَسَ الذِّئْبُ ونحوه: رات کے وقت شکار تلاش کرنا۔
اَلْعَسْعَاسُ: ہلکی پھلکی چیز۔
عَسَفَ (ض) علی فلانٍ ولفلانٍ۔ عَسْفًا: کسی کے لئے کام کرنا۔
یقال: هُوَ يَعْسِفُ ضَيْعَتَهُمْ: وہ اس کی زمین کی رکھوالی کرتا ہے۔
—الطریقَ: بغیر رہنمائی کے چلنا۔
یقال: عَسَفَ عنه: راستہ سے ہٹنا۔
عَسَفَ فی الامرِ: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
—فلانًا: سختی سے پیش آنا' ظلم کرنا۔
یقال: عَسَفَ المرأةَ: عورت پر زبردستی کرنا۔ عزت لوٹنا۔
عَسَفَ الدَّمْعُ الجُفُوْنَ: آنسوؤں کا بہتات میں اِدھر اُدھر بہنا۔
عَسَفَ فلانًا: خدمت لینا۔
هو عاسِفٌ وعَسَّافٌ وعَسُوْفٌ۔
أَعْسَفَ فلانٌ: رات کے وقت بغیر رہنمائی کے چلنا۔
(۲) اپنے خدمت گار سے سخت کام لینا۔
عَسَّفَهُ: ف۔ تھکا دینا۔
إِعْتَسَفَ الطَّریقَ و عن الطریقِ۔ بمعنی عَسَفَ۔
—فلانًا: ظلم کرنا (۲) خدمت لینا۔
إِنْعَسَفَ: مڑنا۔

ع

تَعَسَّفَ فی الکلام : کلام میں تکلف سے کام لینا۔

— الطریقَ وعن الطریق ۔بمعنی عَسَفَ۔

— فلانًا : ظلم کرنا۔

التَّعَاسِیْفُ: یقال: ھو یَرکَبُ

التَّعَاسِیْفَ : غلط راہ پر چلنا' سیدھی راہ پر نہ چلنا۔

العَسِیْفُ : خدمت گار جس سے حقارت کے ساتھ کام لیا جائے (ج) **عُسَفَاءُ وعَسِفَةٌ**۔

عَسِقَ (س) بِہٖ۔عَسَقًا : لازم پکڑنا' چمٹنا۔

(۲) دل دادہ ہونا۔

— علیہ : کسی سے فرمائش میں اصرار کرنا۔

تَعَسَّقَ بِہٖ وعلیہ ۔بمعنی **عَسِقَ**۔

العَسَقُ : پیچیدگی (۲) بدمزاجی' تنگ ظرفی (۳) اول رات کی تاریکی۔

العُسُقُ : قرض داروں پر سختی سے تقاضا کرنے والے۔

اَلْعَسِیْقَةُ : بہت پانی ملی گھٹیا شراب۔

اَلْعُسْقُوْلُ : سفید رنگ کی سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔

(ج) **عَسَاقِلُ وعَسَاقِیْلُ**۔

— (۲) (علم زراعت میں) پودے کی جڑ یا پودے کے تنے کا حصہ جو سخت خشک اور موٹا ہوتا ہے اور اس میں کافی غذائی مواد ہوتا ہے جیسے: بطاطس۔(مج)

عَسْکَرَ القومُ بالمکانِ : جمع ہونا۔

یقال: عَسْکَرَ اللَّیْلُ : رات کا انتہائی تاریک ہونا۔

— الشیئَ : جمع کرنا۔

اَلْعَسْکَرُ : لشکر (۲) جم گھٹا (۳) ہر چیز کی کثیر تعداد۔

تقال: عَسْکَرٌ من رجال،عَسْکَرٌ من خیل عَسْکَرُ اللیل : رات کی تاریکی۔

انجلتْ عنہ عسا کرُ الھموم : غموں کے بادل چھٹ جانا۔

شَهِدْتُ العسکَرَیْنِ : میں منیٰ اور عرفات میں حاضر ہوا (ج) **عَسَاکِرُ**۔

اَلْعَسْکَرَةُ : سختی۔

یقال: وَقَعُوْا فی عَسْکَرَةٍ۔

العَسْکَرِیُّ : فوجی (مو)

المُعَسْکَرُ : فوجی بیرک' کیمپ۔

عسل (ض) الماءُ۔ عَسْلاً و عُسُوْلاً و عَسَلَانًا : حرکت کرنا' تھرتھرانا۔

یقال عَسَلَ الذِّئبُ والفرس : جھومتے ہوئے دوڑنا۔

عَسَلَ الرُّمْحُ : لچک کی وجہ سے نیزے کا لہرانا۔

ھو عاسِلٌ وعَسُوْلٌ وعَسَّالٌ۔

— الطعامَ عَسْلاً : شہد ملانا یا شہد سے تیار کرنا۔

— فلانًا : کسی کے لئے بطور سالن شہد پیش کرنا۔

(۲) اچھی تعریف کرنا۔

— اللہُ فلانًا : لوگوں کے ہاں محبوب بنانا۔

حدیث میں ہے: (**اِذَا اَرَادَ اللہُ بِعَبْدٍ خَیْرًا عَسَلَہٗ فی النَّاسِ**)

عَسَّلَتِ النَّحلُ : شہد کی مکھی کا شہد نکالنا۔

— النائمُ : ہلکی نیند سونا (محدثۃ)

— الطعامَ : شہد میں ملانا۔

— القومَ : شہد زادراہ میں دینا یا شہد کھلانا۔

— اللہُ فلانًا : اللہ کا کسی کو لوگوں میں نیک شہرت عطا کرنا۔

اِسْتَعْسَلَ : شہد کی فرمائش کرنا۔

اَلْعَاسِلُ : چھتے سے شہد نکالنے والا (۲) بھیڑیا (ج) **عُسَّلٌ وعَوَاسِلُ وعُسْلَانٌ**۔

مکان عاسِلٌ : جس جگہ شہد ہو۔

اَلْعَاسِلَةُ: خَلِیَّةٌ عَاسِلَةٌ : شہد بھرا چھتا۔

العَسَّالُ : چھتے سے شہد نکالنے والا۔

(۲) شہد بیچنے والا۔

العَسَّالَةُ : شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

(۲) شہد کی مکھی۔

العَسَلُ : وہ صاف خالص مادہ جسے شہد کی مکھیاں اپنے پیٹ سے نکالتی ہیں۔ شہد (مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے) اس کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے جو کھجور یا گنے سے بنایا جاتا ہے۔

(ج) **اَعْسَالٌ وعُسْلَانٌ وعُسُوْلٌ**۔

یقال: فلانٌ علی اَعْسَالِ اِبِیْہِ : فلاں کے اخلاق اپنے والد جیسے ہیں۔

العَسَلُ الاسود : قند جو گنے کے رس سے بنائی جاتی ہے۔

العِسْلُ: یقال: ھُوَ عِسْلُ مَالٍ : وہ مال کے تصرف میں مدبر و منتظم ہے۔

العَسَلَةُ : شہد کا ایک ٹکڑا۔

یقال: ما اَعرِفُ لہ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ : مجھے اس کا نسب معلوم نہیں۔

ما ترك لہ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ : اس کی اتنی برائی کی کہ اس کے حسب نسب کا ہی ملیامیٹ کر دیا۔

العَسَلِیُّ : شہد کے رنگ کا۔

العَسِیْلُ : عطار کی صافی جس سے وہ عطر سے آلودہ جگہ کو صاف کرتا ہے (ج) **عُسُلٌ**۔

المَعْسَلَةُ : شہد کی مکھیوں کا چھتا (ج) **مَعَاسِلُ**۔

المعسُولُ : شہد ملا ہوا۔

یقال: ھُوَ مَعْسُوْلُ الکلامِ : شیریں گفتار۔

ھِیَ مَعْسُوْلَةُ الکلام : شریں گفتار نغمہ خیز خاتون۔

ھو مَعْسُوْلُ المواعید : وعدے کا پکا۔

عَسْلَجَتِ الشجرةُ : درخت کا نرم و سبز شاخیں نکالنا۔

العِسْلَاجُ : درخت کی ابتدائی یا انگور کی بیل کی نرم و سبز شاخیں (ج) **عَسَالِیْجُ**۔

العُسْلُوْجُ ۔بمعنی **العِسْلَاجُ** (ج) **عَسَالِیْجُ**۔

عَسَمَ (ض) فلانٌ۔ عَسْمًا : لالچ کرنا۔

یقال: ھٰذا اَمْرٌ لا یُعسَمُ فیہ : ایسی بات یا معاملہ جس کے لئے طمع' لالچ نہ کی جائے۔

فلانٌ عَسْمًا وعُسُوْمًا : روزی کمانا۔

— فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔

عینُہ : آنسو بہنا۔

ع

فلانٌ بنفسه وسط القوم: لڑائی یا غیر لڑائی میں لوگوں میں بے پرواہ ہو کر رل جانا۔

عَسِمَتِ (س) القَدَمُ والكَفُّ. عَسَمًا: ہاتھ یا پاؤں کے جوڑ کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہو جانا۔

الرَّجُلُ اَعْسَمُ والمرأةُ عَسْمَاءُ۔

(ج) عُسْمٌ۔

اَعْسَمَتْ عَيْنُه۔ بمعنی عسمت۔

— يَدَه: ہاتھ کو خشک کر دینا۔

— فلانًا: عطا کرنا۔

اِعْتَسَمَ: روزی کمانا۔

العَسْمُ: سوکھی روٹی (ج) عُسُوْمٌ۔

العَسْمَةُ: لقمۂ نوالہ۔

يقال: ما ذُقْتُ الاَعْسَمَةَ۔

العَسِيْمُ: بال بچوں کے لئے روزی کمانے والا۔

المَعْسَمُ: يقال: ما في هذا الامرِ معسمٌ: اس کام سے کوئی دلچسپی نہیں۔

عَسَتْ (ن) يَدُهُ. عُسُوٌّ: کام کاج کی وجہ سے ہاتھوں کا سخت ہو جانا۔

— فلانٌ عَسْوًا و عُسُوًّا و عَسَاءً و عُسِيًّا: عمر رسیدہ ہونا۔

— النباتُ وغيره عَسَاءً و عُسُوًّا: سخت ہونا، خشک ہونا۔

— اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔

عَسَى (ض) النباتُ. عَسْيًا و عُسِيًّا و عَسَاءً۔ بمعنی عَسَا۔

عَسَى: رجاء: امید کے معنی میں فعل۔

— قرآن مجید میں ہے: {عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ}

عَسِيَ (س) فلانٌ والنَّبَاتُ. عَسًى۔ بمعنی عَسَا۔

اَعْسٰى: يقال: مَا اَعْسَاهُ بِكَذَا: وہ اہل و لائق ہے۔

وَاَعْسِ بِهٖ: وہ کتنا اہل و لائق ہے!

العَسِيُّ: يقال: هُوَ عَسِيٌّ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

ع.........ش

عَشِبَ (س) المكانُ. عَشَبًا و عَشَابَةً: گھاس اگنا۔

— الخُبْزُ وغيره: سوکھ جانا۔ هُوَ عَشِبٌ۔

عَشُبَ (ك) المكانُ. عَشَابَةً: گھاس اگنا۔

هو عَاشِبٌ وعَشِيْبٌ الارضُ عَاشِبَةٌ و عَشِيْبَةٌ۔

اَعْشَبَ المكانُ۔ بمعنی عَشِبَ۔

— القومُ: ہری گھاس پر پہنچنا۔

— الابلُ: اونٹوں کا ہری گھاس چرنا۔

عَشَّبَ المكانُ۔ بمعنی عَشِبَ۔

اِعْتَشَبَتِ الابلُ: ہری گھاس چرنا۔

تَعَشَّبَتِ الابلُ۔ بمعنی اِعْتَشَبَتْ۔

اَعْشَوْشَبَ المكانُ والقومُ۔ بمعنی اَعْشَبَ

التَّعَاشِيْبُ: گھاس کے منتشر ٹکڑے (اس کا کوئی واحد نہیں)

يقال: ارضٌ تعاشيب: رنگ برنگی گھاس والی زمین۔

العَاشِبُ: مكانٌ عَاشِبٌ: ہری ہری گھاس والی جگہ۔

يقال: ارضٌ عاشبةٌ۔

بعيرٌ عاشِبٌ: ہری گھاس چرنے والا۔

حيوان عاشِبٌ: ہری گھاس پر رہنے والا۔

العُشْبُ: ہری گھاس، زرد ہونے کے بعد حشیش کہا جاتا ہے (۲) (علم نباتات میں) ایک ایسا پودا جس کے لکڑی نہیں ہوتی اس کا سبز تنا بہت کم بوجھ برداشت کرتا ہے۔

(ج) اَعْشَابٌ۔

واحدته: عُشْبَةٌ۔

المِعْشَابُ: اَرْضٌ مِعْشَابٌ: بہت ہریالی والی زمین (ج) مَعَاشِيْبُ۔

عَشَرَ (ن ض) فلانٌ. عَشْرًا: دسواں حصہ لینا۔

(۲) نو پر ایک کا اضافہ کر کے دس کرنا۔

— القومَ: جماعت کا دسواں فرد ہونا۔

— القومَ. عَشْرًا، وعُشُوْرًا: مال کا دسواں حصہ لینا۔

يقال: عَشَّرَ المالَ: مال کا دسواں حصہ بطور ٹیکس لینا، هو عاشِرٌ۔

عَشَّرَ الشيءَ: تعداد بیس کرنا۔

اَعْشَرَتِ الناقةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کا دس ماہ کی حاملہ ہونا۔

— القومُ: دس کی تعداد میں ہونا۔

عَاشَرَه: مل جل کر رہنا، ساتھ زندگی گزارنا۔

عَشَّرَ الحمارُ: ایک ہی دفعہ بار بار رینگنا۔

— الغُرابُ: کائیں کائیں کرنا (کوے کا)

— الناقةُ: دس ماہ کی حاملہ ہونا۔

— العَدَدَ: نو پر ایک کا اضافہ کر کے دس کرنا۔

يقال: اللّٰهُمَّ عَشِّرْ خُطَايَ: میرے ہر قدم کے بدلے دس نیکیاں عطا فرما۔

— القومَ: مال کا دسواں حصہ لینا۔

يقال: عَشَّرَ المالَ: مال کے عشر لینا۔

— الشيءَ: کسی چیز کے دس حصے کرنا۔

يقال: عَشَّرَ القَدَحَ۔

اِعْتَشَرَ القومُ: باہم خلط ملط ہونا، ساتھ ساتھ زندگی گزارنا۔

تَعَاشَرُوْا۔ بمعنی اِعْتَشَرُوْا۔

اَلْعَاشُوْرُ: محرم کا دسواں دن۔

عَاشُوْرَاءُ۔ بمعنی العاشور۔

العاشوراء: ایک قسم کی مٹھائی یا حلوا جو گیہوں کی گری سے بنایا جاتا ہے اور کبھی اس کے ساتھ دودھ، کشمش اور میوہ جات بھی ملائے جاتے ہیں (مو)

عُشَارُ: يقال: جاءَ القومُ عُشَارَ: لوگ دس دس کر کے آئے۔

العُشَارَةُ: ہر چیز کا ٹکڑا (ج) عُشَارات

يقال: جاءَ القومُ عُشَارات: لوگ منتشر ہو کر آئے۔

العُشَارِيُّ: ثوبٌ عُشَارِيٌّ: کپڑا جس کی

لمبائی دس ہاتھ ہو۔
غلام عُشَارِيٌّ: دس سال کا لڑکا۔
العِشْرُ۔ بمعنی العُشَارَةُ (ج) أَعْشَارٌ۔
العَشْرُ: مفرد ہونے کی صورت میں عَشَرَةٌ۔ کی تانیث۔
يقال عَشْرُ نسوةٍ: عَشَرَةُ رجالٍ۔
العُشْرُ: دسواں حصہ (۲) اس زمین کو زکوۃ جس کے مالکان نے عشر کی ادائیگی کی شرط پر اسلام قبول کرلیا ہو اور ان زمینوں کو مسلمانوں نے آباد کیا ہو (ج) عُشُورٌ، وأَعْشَارٌ۔
قِدْرٌ أَعْشَارٌ: ٹوٹ کر دس ٹکڑے ہو جانے والی ہنڈیا۔
العُشَرَاءُ من النُّوقِ و نحوها: دس ماہ کی حاملہ اونٹنی (ج) عِشَارٌ۔
— قرآن مجید میں ہے: {وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ}
اَلْعَشَرَةُ: پہلی دہائی۔
يقال: عَشَرَةُ رجالٍ وعَشْرُ نسوةٍ
— ترکیب (مرکب) کی صورت میں: ثلاثة عَشَر رجلاً۔
ثلاثَ عَشْرَةَ امرأةً۔ الخ۔
العِشْرَةُ: صحبت اختلاط۔
العَشَّارُ: سامان کا ٹیکس وصول کرنے والا۔
عَشُورَاءُ۔ بمعنی عاشوراء۔
العَشِيرُ۔ بمعنی العُشْرُ (ج) أَعْشِرَاءُ
— (۲) شوہر (۳) بیوی (۴) معاشر (۵) دوست (۶) رشتہ دار (ج) عُشَرَاءُ۔
العَشِيرَةُ: عَشِيرَةُ الرَّجُلِ: باپ کی طرف سے قریبی رشتہ دار اور قبیلہ۔
قرآن مجید میں ہے: {وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ} (ج) عَشَائِرُ
المِعْشَارُ: دسواں حصہ۔
قرآن مجید میں ہے: {وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنَاهُمْ} (ج) مَعَاشِيرُ۔
المَعْشَرُ: ایک طرز کے لوگ، جن کے معاملات ایک جیسے ہوں۔
قرآن مجید میں ہے: {يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ}
— (۲) اہل وعیال، رشتہ دار (ج) مَعَاشِرُ۔
يقال: جاء القومُ مَعْشَرَ: او: مَعْشَرَ مَعْشَرَ: لوگ دس دس کر کے آئے۔
عَشَّ (ن) الطائرُ۔ عَشًّا: پرندے کا اپنے گھونسلے میں رہنا۔
— الشيءَ: تلاش کرنا (۲) جمع کرنا۔
— القميصَ: کم کرنا۔
— المعروفَ: کم کرنا۔
عَشَّ (س) بَدَنُهُ۔ عَشَشًا و عَشَاشَةً و عُشُوشَةً: بدن کا ہلکا اور دبلا ہونا۔
أَعَشَّ اللهُ بَدَنَه: ہلکا دبلا کرنا۔
— فلانًا عن حاجتِه: کسی کو اس کے کام پر اکسانا۔
— الظبيَ وغيره: ہرن کو پریشان کرنا۔
عَشَّشَ الطائرُ: گھونسلہ بنانا۔
— الارضُ والكلأُ: زمین اور گھاس کا خشک ہونا (دونوں کا)
— الخُبْزُ: خراب ہونا، پھپھوندی لگنا۔
— فلانٌ الخُبْزَ: روٹی کو خراب ہونے دینا۔
إِعْتَشَّ الطائرُ۔ بمعنی عَشَّشَ۔
إِنْعَشَّ القميصُ: پیوند لگنا۔
العُشُّ: پرندہ کا اپنا گھر بنانے کے لئے لکڑیوں وغیرہ کو اکٹھا کر کے درخت میں رکھنا۔
اگر پہاڑ میں ہو تو اسے وَكْرٌ اور وَكْنٌ۔ کہتے ہیں (ج) أَعْشَاشٌ، و عِشَاشٌ و عُشُوشٌ و عِشَشَةٌ۔
اَلْعَشُّ۔ بمعنی العُشُّ (ج) عِشَاشٌ، وأَعْشَاشٌ۔
— من الرِّجَالِ: بازو، ہاتھ اور پیر کی پتلی ہڈیوں والا۔
المَعَشُّ: مطلب، مقصد (ج) مَعَاشٌّ
اَلْمَعَشَّةُ: سخت زمین (ج) مَعَاشُّ۔
اَلْعَشْعَشُ: تہ بہ تہ بنا ہوا گھونسلا۔ (ج) عَشَاعِشُ۔
العُشْعُشُ۔ بمعنی العَشْعَشُ۔
عَشِقَه (س)۔ عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا: انتہائی محبت کرنا۔ هو عَاشِقٌ هی عَاشِقٌ و عَاشِقَةٌ۔
— بالشيءِ: چپٹے رہنا۔
عَشَّقَ الشيءَ بآخر: ایک شی کو دوسری میں داخل کرنا (محدثہ)
تَعَشَّقَ: جو خوشبودار پودوں کی ٹہنیوں کو برابر کرتے ہوں اور ان کی دیکھ بھال کرتے ہوں۔
العَشَقَةُ: پیلو کا درخت (ج) عَشَقٌ۔
العَشِيقُ: عاشق (۲) معشوق۔
عَشِمَ (س) فلانٌ۔ عَشَمًا و عَشَمَةً: لالچ کرنا۔
— الشيءَ عَشَمًا وعُشُومًا: خشک ہونا، سوکھ جانا۔
تَعَشَّمَ الشيءُ: سوکھ جانا۔
اَلْأَعْشَمُ: جس میں دو ملے ہوئے رنگ ہوں۔
(۲) وہ درخت جو غبار کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔
هِيَ عشماءُ۔ يقال: شجرةٌ عَشْماءُ: جس کا اکثر حصہ خشک ہو گیا ہو۔
العَشَمَةُ: لالچ (۲) دبلا سوکھا ہوا۔
عَشَا (ن)۔ عَشْوًا: رات کو نظر نہ آنا۔
يقال: ذهبت إحدى عينيه وهو يعشو بالأخرى: ایک آنکھ کی بینائی چلی گئی اور دوسری سے بہت کم نظر آتا ہے۔
۔عن الشيءِ: نظر کی کمزوری کی بناء پر کسی چیز کو دیکھ نہ سکنا (۲) صرف نظر کرنا اور گزر جانا، اعراض کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ}
— فلانًا: کسی کا مقصد کرنا۔
— النارَ والیها عَشْوًا وعُشُوًّا: رات کو آگ دیکھ کر اس کی روشنی میں اس کا قصد کرنا۔

ع

—فلانًا: کسی کورات کا کھانا کھلانا۔
عَشِيَ (س) ۔عَشًا، وعَشَاوَةً۔ بمعنی عَشَا ھی
عَشْوَاءُ (ج) عُشْوٌ۔
—فلانٌ: رات کا کھانا کھانا۔
—علیه: ظلم کرنا۔
أَعْشٰی فلانًا: رات کا کھانا کھلانا۔
(۲) رتوندے میں مبتلا کرنا۔
—فلانًا الشيءَ: کوئی چیز دینا۔
عَشَّاهُ: رات کا کھانا کھلانا۔
—عن فلانٍ: مہربانی کرنا۔
إعْتَشٰی فلانٌ: اوّل شب میں چلنا۔
—النارَ و بها۔ بمعنی عَشَاها۔
تَعَاشٰی: خود کو رتوندے والا بنانا حالانکہ ایسا نہ ہو۔
یقال: تعاشٰی عنه: تغافل برتنا، چشم پوشی کرنا۔
تَعَشّٰی: رات کا کھانا کھانا۔
یقال: تَغَدَّبه قبل أن یتعشّٰی بك: تم اسے دوپہر کا کھانا کھلاؤ قبل اس کے کہ وہ تمہیں رات کا کھانا کھلائے۔
إسْتَعْشَاهُ: پریشان پانا۔
—النارَ: آگ سے رہنمائی حاصل کرنا۔
العَشَاءُ: رات کا کھانا، غدا۔ کی ضد۔
العِشَاءُ: رات کی ابتدائی تاریکی (۲) مغرب سے لے کر مکمل تاریکی کے وقت تک۔
العشاءان: مغرب اور عشاء۔
العَشْوَاءُ: الأعشٰی۔ کی تانیث۔
یقال: هو یخبط خَبْطَ عَشْوَاءَ: غلطی کرتا ہے پھر درستگی کرتا ہے۔ اس اونٹنی کی طرح ہے جس کی بصارت صحیح نہ ہو اور اپنا پاؤں زور سے زمین پر مارے۔ (۲) تاریکی۔ هُم فی عشواء من امرهم: وہ اپنے معاملے میں بھٹکے ہوئے ہیں، براہنمائی نہیں۔
رَکِبَ العَشواءَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
العَشْوَةُ: ابتدائی رات سے چوتھائی رات تک کا وقت (۲) تاریکی۔
العُشْوَةُ: تاریکی (۲) آگ کا شعلہ۔
العَشْوَةُ: بے سوچے سمجھے اقدام۔
العَشِيُّ: زوال آفتاب سے لے کر مغرب تک کا وقت یا مغرب کی نماز سے لے کر مکمل تاریکی تک کا وقت۔
صلاتا العَشِيِّ: ظہر اور عصر کی نماز۔
العَشِيَّةُ۔ بمعنی العَشِيُّ (ج) عَشَایَا۔

ع.....ص

عَصَبَتِ (ض) الأَسْنَانُ۔ عَصْبًا و عُصُوْبًا۔ دانتوں کا غبار یا دھویں وغیرہ سے میلا ہونا۔
—علی الشيءِ عَصْبًا و عِصَابًا: پکڑنا۔
—به: گھیرنا۔
یقال عَصَبَ القومُ به: لوگ اس کے اردگرد جمع ہو گئے۔
—الرِّیْقُ بِفِیْهِ: تھوک کا منہ میں خشک ہونا۔
یقال: عَصَبَ الرِّیْقُ فَاهُ۔
—الشيءَ عَصْبًا: طے کرنا۔
(۲) باندھنا۔
یقال: عَصَبَ رَأْسَه بالعِصَابَةِ: سر پر پٹی باندھنا۔
—الشجرةَ: درخت کی بکھری ہوئی ٹہنیوں کو رسّی سے باندھنا پھر پتے جھٹکنا۔
یقال: عَصَبَهُمُ الأمرُ: معاملہ کی سنگینی کی بناء پر لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
—القُطنَ الصُّوفَ: روئی اور اون کا تنا۔
—الغبارُ رأسَه: سر پر گرد چمٹنا۔
—الشيءَ: لگے رہنا۔
عَصِبَ (س) اللَّحْمُ۔ عَصَبًا: گوشت کا زیادہ ریشوں والا ہونا هو عَصِیبٌ۔
—القومُ به عَصَبًا: کسی کے اردگرد لوگوں کا جمع ہونا۔
عَصَّبه: پٹی باندھنا۔
—القومُ فلانًا: سردار بنانا۔
—فلانًا: بھوکا رکھنا (۲) ہلاک کرنا۔
یقال: عَصَّبَتْهُ السِّنُوْنُ: زمانے نے اس کا مال تباہ کر دیا۔
عَصَّبَهُ بالسَّیْفِ: پگڑی باندھنے کی جگہ تلوار مارنا۔
إعْتَصَبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
یقال: إعْتَصَبَ بالتَّاجِ: تاج پہننا۔
إعْتَصَبَ بالعمامة: پگڑی باندھنا۔
—القومُ: لوگوں کا گروہ بن جانا۔
إنْعَصَبَ: سخت ہونا۔
تَعَصَّبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
—القومُ علیهم: کسی کے مقابلہ میں اکٹھا ہونا۔
—فلانٌ: متعصب ہونا۔
یقال: تَعَصَّبَ له و تَعَصَّبَ منه: مدد کرنا۔
إعْصَوْصَبَ القَوْمُ: گروہ بننا۔
—الشَّرُّ والامْرُ: سخت ہونا۔
العِصَابُ: رومال یا کپڑے کا ٹکڑا جو باندھا جائے۔ پٹی۔
العُصَابُ: ذہنی اور دماغی اضطراب (مج)
العِصَابَةُ: پٹی (۲) پگڑی (۳) تاج۔
(۴) لوگوں، گھوڑوں یا پرندوں کا گروہ (ج) عَصَائِبُ۔
العَصْبُ: (علم عروض میں) عروض وافر میں: مفاعلتن۔ کے لام کو ساکن کر کے مفاعیلن بنا دینا۔
العَصَبُ: پٹھا، جو جوڑوں کو باندھتا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتا ہے (۲) سفید ریشہ جس کے ذریعہ دماغ سے بدن تک حس و حرکت پیدا ہوتی ہے۔
العَصَبَةُ: پیلو کا درخت (ج) عَصَبٌ۔
اَلْعُصْبَةُ: انسانوں، گھوڑوں یا پرندوں کا گروہ۔
— قرآن مجید میں ہے: {وَآتَیْنَاهُ مِنَ الْکُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ

أُولِي الْقُوَّةِ}

(ج) عُصَبٌ۔(۲) پیلو کا درخت (ج) عُصْبٌ۔

اَلْعَصَبَةُ۔بمعنی اَلْعُصْبَةُ (۲) عَصَب۔کا واحد۔

عَصَبَةُ الرجلِ: اولاد اور باپ کی طرف سے رشتہ دار یا اس کے حامی و ہمدرد لوگ۔

(واحد اور جمع دونوں کے لئے)

(۳) (علم فرائض میں) وہ ہے جس کا میراث میں حصہ مقرر نہ ہوا سے ذوی الفروض کے ترکہ میں سے بقیہ حصہ ملتا ہے۔

العَصَبِيُّ: ظلم کے خلاف اپنی جماعت کا مددگار یا وہ شخص جو اپنے لوگوں کی حمایت کرتا ہو اور ان کی حمایت میں بگڑ جاتا ہو۔

یقال: رجلٌ عصبيٌّ: منفعل المزاج شخص (محدثہ)

العَصَبِيَّةُ: اپنے لوگوں یا ہم مذہب لوگوں کی حمایت و مدد کا جذبہ، تعصب۔

العَصِيبُ: يومٌ عَصِيبٌ: انتہائی گرم یا ہولناک دن۔قرآن مجید میں ہے: {وَقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ}

المُعَصَّبُ: سردار (۲) فقیر۔

المَعْصُوبُ: بہت زیادہ بھوکا۔

(۲) سبک تلوار۔

هو مَعْصُوبُ الخَلْقِ: اچھی کاٹھی والا جس کی ہڈیاں لطیف و مضبوط ہوں۔

المَعْصُوبَةُ من النساء: گٹھے ہوئے جسم والی۔

— **عَصَدَ (ن ض) السَّهْمُ۔ عُصُودًا**: تیر کا مڑ جانا اور نشانہ کی طرف نہ جانا۔

— **العَصِيدَةَ۔ عَصْدًا**: آٹے گھی کا حلوا بنانا۔

— **الشيءَ**: موڑنا۔هو معصودٌ و عَصِيدٌ۔

— **فلانًا على الامرِ**: مجبور کرنا۔

اَعْصَدَ العصيدةَ: آٹے کو گھی کے ساتھ ملا کر پکایا جاتا ہے (ج) عَصَائِدُ۔

المِعْصَدُ: پکاتے ہوئے عصیدہ حلوے کو جس کے ساتھ ہلایا جائے۔(ج) مَعَاصِدُ۔

عَصَرَ (ض) الشيءَ۔عَصْرًا: کسی چیز میں موجود تیل یا پانی وغیرہ نکالنا۔

یقال: عَصَرَ الثَّوبَ: کپڑے کو نچوڑنا۔

عَصَرَ الدُّمَّلَ: پھوڑے کو دبا کر مواد نکالنا۔

عَصَرَ الرَّكْضُ الفرسَ: دوڑ کا گھوڑے کو پسینہ لانا۔

عَصَرَ الحَرُّ العُودَ: گرمی کا شاخ کو سکھا دینا۔

اَعْصَرَ: عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

— **الفتاةُ**: لڑکی کا سن بلوغت کو پہنچنا۔

اُعْصِرَ القومُ: لوگوں پر بارش کا ہونا۔

عَاصَرَ فلانًا: کسی کی پناہ لینا (۲) کسی کے ساتھ ایک زمانے میں رہنا۔

عَصَّرَ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشے نکلنا۔

— **الفتاةُ**: لڑکی کا بالغ ہونا۔

— **الشيءَ**: بار بار نچوڑنا۔

اِعْتَصَرَ بالماءِ: گلے میں اٹکے ہوئے لقمہ وغیرہ کو اتارنے کے لئے تھوڑا تھوڑا پانی پینا۔

— **من الشيءِ**: کوئی چیز لینا۔

— **بہ**: التجا کرنا، پناہ لینا۔

— **الشيءَ**: نچوڑنا۔

— **العصيرَ**: رس نکالنا۔

اِنْعَصَرَ: نچوڑنا۔

تَعَصَّرَ: نچوڑنا (۲) فلانٌ: رونا۔

الإعْصَارُ: انتہائی تیز ہوا جو گرد اڑاتی ہوئی عمود کی طرح آسمان کی طرف اٹھتی ہے۔

(۲) (علم جغرافیا میں) فضائی دباؤ والا علاقہ جو ان ہواؤں کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتا ہے جو کہ نصف کرہ شمالی اور نصف کرہ جنوبی میں عقارب ساعۃ کے الٹ سمت ہوں۔عروض وسطی میں ان علاقوں کو منفضات جویہ کہتے ہیں۔

(ج) اَعَاصِيرُ۔ضرب المثل ہے۔

ان كنتَ ريحًا فقد لاقيتَ اعصارًا

— زیادہ طاقتور شخص اپنے سے کم کو بطور تذلیل کہتا ہے کہ اگر تم خود کو طاقتور سمجھتے ہو تو میرے مقابلہ میں تم کچھ بھی نہیں اس لئے کہ اگر تم آندھی ہو تو میں طوفان ہوں۔

العِصَارُ: وقت۔

یقال: جاءَ عَلَى عِصَارٍ من الدَّهْرِ: وہ کسی لمحہ آیا (۲) سخت غبار۔

العُصَارُ: نچوڑ کر نکالا ہوا رس یا عرق۔

العُصَارَةُ۔بمعنی العُصَارُ۔

یقال: اِشْتَفَّ فلانٌ عُصَارَةَ اَرْضِي: اس نے میری زمین کا غلہ لے لیا۔

هو كريمُ العُصَارَةِ: وہ سخی و کریم ہے۔

(۲) عرق نکالنے کے بعد بچا ہوا پھوک۔

اَلْعَصْرُ: دن کے آخری حصے سے لے کر سورج کے سرخ ہونے تک کا وقت (۲) عصر کی نماز (نماز کے ساتھ مؤنث آتا ہے اور اس کے علاوہ کے ساتھ مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے)

اَلْعَصْرَانِ: صبح و شام، دن اور رات۔

(۲) زمانہ (۳) وہ زمانہ جو کسی بادشاہ یا حکومت یا مختلف قسم کے فطری یا معاشرتی انقلابات کی طرف منسوب ہو۔

یقال: عصرُ الدولة العباسية عصرُ هارون الرشيد: العصرُ الحجريُّ۔

عصر البخار و الكهرباء: بجلی کا دور۔

عصر الذَّرَّةِ: ایٹمی دور۔

یقال (فی التاریخ) العصر القديم: العصر المتوسط۔اور **العصر الحديث**۔ (موجودہ زمانہ)

(۵) (علم طبقات الارض میں) وہ طویل عرصہ جس کی مقدار کروڑوں سال ہوتی ہے اور اس میں زمین کے بعض طبقات پیدا ہوتے ہیں۔جیسے **العصر الفحمی (الكربوني) العصر الطباشيري**۔

العُصْرُ: پناہ گاہ، نجات کی جگہ۔

یقال: جاءَ ولكن لم يَجِئْ لِعُصْرٍ: وہ آیا لیکن صحیح وقت پر نہیں آیا۔

نام و ما نامَ لعُصرٍ: او ما نامَ العُصْرَ: اسے بالکل نیند نہیں آئی۔

العَصَرُ: پناہ گاہ (۲) غبار۔

العَصَرَةُ: سخت غبار۔

مَرَّتْ متطيّبةً ولذيلها عَصَرةٌ: زمین پر دامن گھسٹنے کی وجہ سے غبار لگنا۔ او فَوْحٌ من كثرة الطِّيب: اس کے ساتھ تشبیہ دینا جو ہواؤں کو اڑائے۔

العُصْرَةُ: پناہ گاہ۔

يقال: بَلَّ المَطَرُ ثِيَابَهُ حتّٰى صَارَتْ عُصَرَةً: بارش نے اس کے کپڑے اتنے بھگوئے کہ وہ نچوڑ کے قابل ہو گئے۔

العَصَّارَةُ: مشین جس کے ذریعے پھلوں اور گنے کا رس نکالا جاتا ہے (مج)

العَصِيْرُ: شیٔ یا نچوڑ کا خلاصہ۔ جیسے: عصيرُ البرتقال: سنگترہ کا رس۔

المِعْصَارُ: عرق یا رس نکالنے کی مشین (ج): مَعَاصِيْرُ۔

المَعْصَرُ: يقال: هو كريمُ المعصر: وہ سخی و کریم ہے۔

المِعْصَر: ایک آلہ جس کے ذریعے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے (مج) (ج) مَعَاصِرُ۔

المُعصِرُ: بالغ ہو جانے والی لڑکیاں۔

المِعْصَرَةُ: وہ جگہ جہاں تلوں وغیرہ کا تیل نکالا جاتا ہے۔

المُعْصِرَاتُ: بارش برسانے والے بادل۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاۤءً ثَجَّاجًا}۔ یہ مُعْصِرَةٌ کی جمع ہے۔

العُصْعُص: دم کی جڑ۔ (۲) (علم طب میں) انسان اور بڑے بندروں کی ریڑھ کی ہڈی کے آخر میں چھوٹی ہڈی، جو کہ تین یا چار مہروں کے ملنے سے بنتی ہے (مج)

العَصْعَصَةُ: (طب میں) پٹھوں کا درد یا جوڑوں کا درد ریڑھ کی ہڈی یا دم میں (مج) العُصْعُوْص۔

بمعنی العُصْعُص (ج) عَصَاصِيْص۔

عَصَفَتِ (ض) الرِّيْحُ۔ عَصْفًا عُصُوْفًا: ہوا کا تیز چلنا۔ هِيَ عَاصِفٌ و عَاصِفَةٌ۔

— قرآن مجید میں ہے: {جَاۤءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ} (ج) عَوَاصِفُ هِيَ عَصُوْفٌ

يقال: عَصَفَتْ بِهِمِ الحرب: جنگ نے انہیں مار ڈالا۔ اسی طرح: عَصَفَ بِهِمِ الدَّهْرُ۔

— السائر: چلنے والے تیز رفتار ہو جانا۔

— الشيءُ۔ مائل ہونا، جھکنا۔

— الزَّرْعَ عَصْفًا: کھیتی کاٹنا۔

اَعْصَفَتِ الرِّيْحُ۔ بمعنی عَصَفَتْ، هي مُعْصِفٌ و مُعْصِفَةٌ۔

— الزَّرْعُ: کھیتی کا خوشہ دار ہونا۔ (۲) کھیتی کاٹنے کا وقت آ جانا۔

— المكانُ: زیادہ کھیتی والا ہونا۔

اَلْعَاصِفُ: يقال: يَوْمٌ عَاصِفٌ وليلةٌ عَاصِفَةٌ: آندھی والا دن، آندھی والی رات۔

سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ہٹنے والا تیر۔

اَلْعُصَافَةُ: بھوسا، تنکوں کا چورا۔

العَصْفُ۔ بمعنی العُصَافَةُ۔

— قرآن مجید میں ہے: {وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ}

وفيه: {فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ}۔

— (۲) کھیتی کے پتے (۳) پھل کے اوپر سے ہٹنے والے پتے۔

العَصْفَةُ۔ بمعنی العُصَافَةُ: (۲) شراب کی بو۔

العَصِيْفَةُ۔ بمعنی العُصَافَةُ۔ (۲) پتوں کا مجموعہ جن میں خوشہ ہوتا ہے (۲) پھل کے اوپر سے ہٹنے والے پتے۔

عَصْفَرَ الثَّوْبَ وغيرَه: عصفر سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ: عصفر سے رنگا ہوا۔

العُصْفُرُ: فصيله مركبه۔ سے ایک گرمی کا پودا جس کا پھول نالی نما ہوتا ہے جو کہ بطور مسالہ استعمال ہوتا ہے اور اس میں سے ایک زرد رنگ نکالا جاتا ہے جس سے ریشم کے کپڑے وغیرہ کو رنگا جاتا ہے (مع)

العُصْفُوْرُ: پرندوں کی ایک قسم جن کی جسامت مخروطی ہوتی ہے اور چونچ بھی ہوتی ہے، چڑیا۔ (۲) گھوڑے کی پیشانی میں ابھری ہوئی ہڈی۔ یہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں (۳) کشتی کا کیل/کنڈا (ج) عَصَافِيْرُ۔

يقال: نَقَّتْ عَصَافِيْرُ بَطْنِهِ: بھوک لگنا۔

طَارَتْ عَصَافِيْرُ رأسه: تکبر کرنا۔

العُصْفُوْرَةُ: عُصفور۔ کی تانیث۔ (۲) عصفور کی طرح کی لکڑی جس کے ذریعے دروازہ بند کیا جاتا ہے (محدثۃ)

عُصفورة الجمل: وہ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں (محدثۃ)

العُصفورِيُّ من المجالِ: دو کوہانوں والے اونٹ۔

العُصفوريَّة: فصيله جُرسيَّات۔ سے ایک قسم کا پھول جس کی کلی ہوتی ہے جو چھوٹی چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے۔

عَصَلَ (ن) العُودَ ونحوَهُ۔ عَصْلاً: لکڑی کو موڑنا۔

عَصِلَ (س) الشيءُ۔ عَصَلاً: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔

يقال: عَصِلَتْ سَاقُه: اس کی ٹانگ ٹیڑھی ہو گئی۔

عَصِلَ ذَنَبُ الفرس: گھوڑے کی دم ٹیڑھی ہو گئی۔

عَصِلَ النابُ: سامنے کا دانت مڑ گیا۔

هو اَعْصَلُ: هي عَصْلاءُ (ج) عُصْلٌ۔

عَصَّلَ فلانٌ: دیر کرنا۔

— العودَ ونحوه: ٹیڑھا کرنا (لکڑی وغیرہ کو)

العَصَلُ: آنت (ج) اَعْصَالٌ۔

العِصْلُ۔ بمعنی العَصَلُ۔

العَصْلاءُ من النِّساء: سوکھی ہوئی دبلی عورت جس کے گوشت نہ ہو۔

ع

المِعْصَالُ: مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا جس کے ذریعے درخت کی شاخوں کو پکڑا جاتا ہے۔
(۲) ہاکی کا بلا (ج) **مَعَاصِيْلُ**۔
المِعْصَلُ: قرض دار سے سخت تقاضا کرنے والا۔
عَصْلَبَ الرَّجُلُ: سخت پٹھوں والا ہونا۔
العَصْلَبُ: مضبوط کاٹھی والا آدمی۔
العَصْلَبِيُّ۔ بمعنی **العَصْلَبُ**۔
عَصْلَجَ الشئُ: سخت ہونا' دشوار ہونا (محدثہ)
اَلْعَصْلَّجُ: ٹیڑھی پنڈلی والا۔
عَصَمَ (ض) إلَيْهِ۔ عَصْمًا: کسی کی پناہ لینا۔
۔القِرْبَةَ: مشک کو اٹھانے کے لئے رسّی کا پھندا لگانا۔
— اللّٰهُ فلانًا من الشرّ أو الخَطَإ عِصْمَةً: فتنہ یا خطا سے بچانا' محفوظ رکھنا۔
يقال: عصم الشئَ: روکنا۔
عَصِمَ (س) الحيوانُ۔ عَصَمًا' و عُصْمَةً۔ ایک ہاتھ یا دونوں ہاتھوں میں سفیدی کا ہونا اور باقی سارا جسم سیاہ یا سرخ ہونا۔ **هو اَعْصَمُ هي عَصْماءُ**۔
(ج) **عُصْمٌ۔ يقال: ظبيٌ اعْصَمُ۔ فرسٌ اعْصَمُ**۔
غراب اعصم: سرخ چونچ اور پاؤں والا کوا۔
اَعْصَمَ به: پکڑنا۔
يقال: اَعْصَمَ بالفرس: سر کے بال پکڑنا۔
— بفلان: پناہ حاصل کرنا۔
— القربَة۔ بمعنی **عَصَمَهَا**۔
إعْتَصَمَ به: پناہ لینا۔
ومنه: اعتصام الطَّلبة ونحوهم بمعهدهم: طلبہ کا دھرنا دینا نہ کام کریں نہ نکلیں اپنے مطالبے کے پورے ہونے تک۔
اِنْعَصَمَ: لازم **عَصَّمَهُ**۔
إسْتَعْصَمَ: حفاظت چاہنا۔
— به۔ بمعنی **إعْتَصَمَ**۔

اَلْعَاصِمَةُ: شهر: اس کا اطلاق مرکز یا صوبہ کے پایۂ تخت پر ہوتا ہے (ج) **عَوَاصِمُ**۔
العِصَامُ: وہ رسّی جس کے ساتھ مشکیزہ اٹھانے کے لئے باندھا جاتا ہے (۲) برتن کو پکڑ کر اٹھانے کا حلقہ' دستہ (ج) **عُصُمٌ و اَعْصِمَةٌ**۔
— ضرب المثل ہے: **ما وراءَكَ يا عِصَامُ**۔ کسی چیز کی کھوج اور تحقیق کے بارے میں بولا جاتا ہے۔ اس کا اصل مخاطب نعمان کا دربان عصام تھا۔
العِصَامِيُّ: جو ذاتی شرافت والا ہو' اس کا مقابل **العظامی** ہے جو کہ آبائی شرافت والے کو کہا جاتا ہے۔ یہ منسوب ہے نعمان کے دربان عصام کی طرف جس کے بارے میں نابغہ نے کہا تھا
— **نفسُ عِصَامٍ سَوَّدَتْ عِصَامًا**۔
العِصْمَةُ: قدرتی ملکہ جو گناہ کے کام سے اور اس کی طرف میلان سے روکتا ہے' باوجود قدرت کے۔
(۲) وہ عہد و پیمان یا ازدواجی رشتہ جسے خاوند جب چاہے ختم کر دے اور عورت نے اگر اس کی شرط کی ہو تو اسے بھی ختم کرنے کا اختیار ہو قرآن مجید میں ہے: {**وَلاَ تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ**} تم کافروں کے نکاح کے عہد و پیمان باقی نہ رکھو۔
(۳) ہاتھ کا کنگن۔
المِعْصَمُ: ہاتھ میں کنگن پہننے کی جگہ۔
(۲) ہاتھ (ج) **مَعَاصِمُ**۔
عَصَاهُ (ن) عَصْوًا: ڈنڈے سے مارنا۔
— فلانًا: لاٹھی کے ساتھ مارنے میں کسی پر غالب آنا۔
يقال: عَاصَاهُ فَعَصَاهُ۔
— القومَ: لوگوں کو اچھے یا برے کام کے لئے اکٹھا کرنا۔
عَصِيَ (س) بالعَصَا۔ عَصًا: ڈنڈے کے ساتھ کھیلنا جیسے تلوار سے کھیلتے ہیں۔
اَعْصَى الكَرْمُ: انگور کی بیل پر شاخیں نکلنا مگر پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ: کسی کے ساتھ لاٹھی چلانے میں مقابلہ کرنا۔

إعْتَصَى على العَصَا: لاٹھی کا سہارا لینا۔
— الشئَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔
العَصَا: لکڑی وغیرہ جس کو سہارے یا مارنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
(مؤنث) اس کا تثنیہ: **عَصَوان**۔
(ج) **عِصِيٌّ**۔ اس کا اطلاق پنڈلی کی ہڈی اور زبان پر بھی ہوتا ہے۔
يقال: هو لَيِّنُ العصا و ضعيف العصا: نرم طبیعت اور حسن سیاست والا۔
هو صُلب العصا و شديدُ العصا: متشدد۔
يقال: شَقَّ العَصَا: مخالفت کرنا' جماعت سے بغاوت کرنا' شیرازہ بکھیرنا۔
إنْشَقَّتِ العَصَا: جماعت کا شیرازہ بکھرنا۔
رَفع عَصَاهُ: چلنا۔
اَلْقَى عَصَاهُ: سفر ترک کر کے قیام کرنا۔
قَرَعَ لَهُ العَصَا: متنبہ کرنا' ہوشیار کرنا۔
— ضرب المثل ہے: **إنَّ العَصَا قُرِعَتْ لِذِي الحِلم**: آدمی کو چوکنا کر دیا گیا۔
رأسُ العصا: چھوٹا سر۔
هم عَبِيْدُ العَصَا: ذلیل لوگ۔
العِصِيُّ: بڑے پروں والا۔
العِصِيّ المَمْلُوْصَةُ: چھوٹی لاٹھیوں کی شکل کی روئی کی ایک قسم (محدثہ)
العُصَيَّةُ: العَصَا۔ کی تصغیر۔
ضرب المثل ہے: **إنَّ العَصَا من العُصَيَّةِ** — سنگین بات چھوٹی بات سے پیدا ہوتی ہے۔
عَصَاهُ (ض)۔ مَعْصِيَةً' وعِصْيَانًا: اطاعت سے نکلنا۔ حکم کی مخالفت کرنا۔ **هو عَاصٍ و عَصَّاءٌ و عَصِيٌّ**۔
عَاصَاهُ۔ بمعنی **عَصَاهُ**۔
إعْتَصَتِ النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہو جانا۔
تَعَصَّى عليه۔ بمعنی **تعصى**۔
العِصْيَانُ: فرمانبرداری سے رکنا' نافرمانی۔
ع .... ض

عَضَبَ (ض) عن الامرِ۔ عَضْبًا : الگ ہونا۔
— الشیءَ : کاٹنا۔
یقال فی الدُّعاء علیه: ماله عضبه اللّٰهُ؟ : اسے کیا ہو گیا خدا اس کا ناس کرے (بطور بددعا)
ضرب المثل ہے: إنَّ الحاجةَ يَعْضِبُهَا طَلَبُهَا قبلَ وقتِهَا : قبل از وقت کسی چیز کی طلب محرومی کا باعث ہوتی ہے۔
— الناقةَ ونحوها : اونٹنی وغیرہ کے کان چیرنا۔
— فلانًا عن حاجته : کسی کو اس کے کام سے روکنا۔
— فلانًا بلسانه : گالی دینا۔
— المرضُ فلانًا : بیماری کا کسی کو طویل عرصہ لاحق رہ کر بے حرکت کر دینا۔
— فلانًا بالرُّمح : کسی کو نیزہ مارنا۔
— بالعَصا : لاٹھی مارنا۔
عَضِبَ (س) ذو الْاُذُن۔ عَضَبًا : کان والے کا کٹے ہوئے کان والا ہونا۔
— ذوالقرن : کٹے ہوئے سینگ والا ہونا (سینگ والے کا) هو اَعْضَبُ هي عَضْبَاءُ (ج) عُضْبٌ۔
— حدیث میں ہے: نَهٰى اَنْ يُضَحّٰى بِالْاَعْضَبِ الْقَرْنِ۔
عَضُبَ (ك) السَّيْفُ۔ عُضُوْبًا وعُضُوْبَةً۔ تلوار کا تیز ہونا، کاٹنے والی ہونا۔
یقال: عَضُبَ اللِّسانُ : زبان کا تیز ہونا۔ هو عَضْبٌ۔
اَعْضَبَ النَّاقةَ ونحوها۔ بمعنی عَضَبَهَا۔
عَاضَبَه : روکتے رہنا۔
اِنْعَضَبَ القرنُ : سینگ کا ٹوٹ جانا۔
اَلْاَعْضَبُ : چھوٹے ہاتھ والا۔
— (۲) بے یار و مددگار (۳) اکلوتا جس کا بھائی نہ ہو (ج) عُضْبٌ۔
العَضَّابُ : بہت گالی گلوچ کرنے والا۔
عَضْبَرَ الكلبُ : کتے کا شیر جیسا ہونا۔

العَضْبَارَةُ : بڑا سخت پتھر جس پر دھونے کے لئے کپڑا کوٹا جاتا ہے۔
عَضَدَهٗ (ن ض) عَضْدًا : بازو پر مارنا (۲) مدد کرنا۔
— الشجرةَ ونحوها۔ عَضْدًا : درانتی سے کاٹنا۔ تحریم مدینہ طیبہ والی حدیث میں ہے: "نُہِیَ اَنْ يُعْضَدَ شجرها"۔ (۲) درخت پر چوٹ مار کر پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س)۔ عَضَدًا : بازو میں تکلیف ہونا۔
عُضِدَ : بازو میں درد ہونا۔
عَاضَدَهٗ : مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَ به : تقویت حاصل کرنا۔
— الشیءَ : گود میں لینا، بغل میں دبانا۔
تَعَاضَدَ القومُ : باہم مدد کرنا۔
تَعَضَّدَه : گود یا بغل میں لینا۔
اِسْتَعْضَدَ الثمرةَ : پھل توڑنا۔
— الشجرةَ : کاٹنا۔
الأَعْضَدُ : پتلے بازو والا (۲) جس کا ایک ہاتھ چھوٹا ہو۔
العَضَادُ : موٹے بازو والا (۲) پستہ قد مرد و عورت۔
العِضَادُ : بازو پر باندھا جانے والا زیور وغیرہ (۲) لوہا جس کے ذریعے درختوں کی شاخوں کو جھکایا جاتا ہے اور توڑا جاتا ہے، درانتی۔
العِضَادَةُ : راستہ کا کنارہ۔
(۳) (مسافت میں) پیائش کے لئے استعمال ہونے والے آلات کی متحرک کہنی (ج)
عِضَادَتَا النِّيرِ : جانوروں کے جوتے کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔
عِضَادَتَا البابِ : دروازے کے اردگرد کی دو کھڑی لکڑیاں جو دیوار میں نصب ہوتی ہیں، چوکھٹ کے بازو۔
عِضَادَتَا الرَّجُلِ : آدمی کے دو رفیق اور معاون۔
اَلْعَضَدُ : درخت کے تنے یا بڑی بڑی شاخوں پر اگے چھوٹے تنوں کو کاٹنا۔ مثلاً : پست زمین میں سفید لکڑی کے درخت کے تنوں کو کاٹنا۔ اسے آج کل تقلیم کہتے ہیں (قلم)
العَضُدُ : کندھے اور کہنی کے درمیان کا حصہ۔
(ج) اَعْضَادٌ : اس کے علاوہ اس کی جمع مکسر نہیں آتی۔
اَعْضَادُ الْمَزَارِعِ : کھیتوں کی حدود۔
(۲) مددگار۔ قرآن مجید میں ہے: {وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا} (۳) کنارہ۔
یقال: فتَّ فی عَضُدِه : قوت کمزور پڑ جانا، مددگاروں کا جدا ہو جانا۔
شَدَّ عَضُدَاهُ : مدد کرنا، تقویت دینا۔
قرآن مجید میں ہے: {سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ}۔ (۴) انگور کی بیل کی شہ جس پر لوہے کی سلاخیں پھیلی ہوتی ہیں۔
العَضَدُ : اونٹ کے بازوؤں کی بیماری (۲) درخت کے گرے ہوئے پتے (۳) درخت کی کٹی ہوئی شاخیں۔
(ج) اَعْضَادٌ، وعُضُودٌ۔
المِعْضَادُ : درانتی، بازو بند۔
المِعْضَدُ : درانتی، بازو بند (ج) مَعَاضِدُ۔
اَلْيَعْضِيْدُ : کاسنی کے پودے کی مانند ایک سنہری سبزی جو ریتلے اور عام علاقے میں اگتی ہے۔ اسے "جُعْضِيض"۔ کہتے ہیں۔
اَلْعَضْرَسُ : سردی (۲) اولا (۳) برف۔
زمینی خطمی۔ معتدل آب و ہوا اور یورپ کی ریتلی زمینوں میں پیدا ہونے والی ایک بوٹی۔ (ج) عَضَارِسُ۔
عَضَّهٗ (س) و به وعليه۔ عَضًّا وعَضِيْضًا : دانتوں سے پکڑنا (۲) مضبوطی سے تھامنا۔
حدیث میں ہے: عليكم بِسُنَّتِي و سنة الخلفاء الراشدين من بعدي عَضُّوا عليها بالنَّواجذ۔
— فلانًا بلسانه : برائی کے ساتھ تذکرہ کرنا۔
— الزَّمانُ الرَّجُلَ : زمانہ کا سخت ہونا۔

يقال: عَضَّ على يدہ حنقًا: کسی کے ساتھ سخت دشمنی کرنا۔
عَضَّ على يدہ: نادم ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ}
اَعَضّتِ الأرضُ: زمین کا بہت کانٹوں والی ہونا۔
—فلانٌ فلانًا الشيءَ: کسی سے کسی کو کٹوانا۔
عَضَّضَ الشيءَ: بہت زیادہ کاٹنا۔
اَلْعَاضُّ بعيرٌ عاضٌّ: کانٹے کھانے والا اونٹ۔
العَضَاضُ: دانتوں سے کاٹ کر کھائی جانے والی چیز۔
(۲) بھاری درخت (ج) عُضُضٌ۔
العِضَاضُ: سختی کا عادی۔
العُضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت وغیرہ۔
العَضُوْضُ۔ بمعنی العاضُّ۔ (۲) کاٹ کر کھائی جانے والی چیز۔
مُلْكٌ عَضُوْضٌ: جس ملک میں ظلم و زیادتی ہو۔
حدیث میں ہے: الخلافة بعدی ثلاثون سنةً ثم يكون مُلكٌ عَضوض۔
(۲) سخت فتنہ انگیز زمانہ (ج) عُضُضٌ و عِضَاضٌ۔
عَضَلَ (ن) به الأمرُ۔ عَضْلاً: معاملہ کا سنگین ہونا، الجھا ہوا ہونا۔
— عليه: کسی کو پریشانی میں ڈالنا، کسی کے مقصد کے حصول میں رکاوٹ ڈالنا۔
— المرأةَ: عورت کو ظلماً شادی سے روکنا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ}
— فلانًا: کسی کے پٹھے پر مارنا۔
عَضِلَ (س)۔ عَضَلاً: بڑے پٹھوں والا ہونا۔
هو عَضِلٌ۔
اَعْضَلَتِ الوالدَةُ: ولادت کا دشوار ہونا۔

— الامرُ: معاملہ کا سنگین اور الجھا ہوا ہونا۔
— الشيءُ: کسی چیز کا بہت خراب ہونا۔
— الدّاءُ الاَطِبّاءُ: بیماری کا معالجین کو علاج سے عاجز کر دینا۔
يقال: اَعْضَلَه فلان و اَعْضَلَ بِه: پریشان یا عاجز کر دینا۔
— حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے: اَعْضَلَ بِي اَهْلُ الْكُوْفَةِ مَا يَرْضَوْنَ بِاَمِيْرٍ ولا يَرْضَاهُمْ اَمِيْرٌ۔ اہل کوفہ نے مجھے پریشانی میں ڈال رکھا ہے۔ نہ تو وہ کسی امیر سے راضی ہیں اور نہ ہی کوئی امیر ان سے راضی ہے۔
عَضَّلَتِ الوالِدةُ بولدها۔ بمعنی اَعْضَلَتْ۔
— النَاقةُ: اونٹنی کا چلنے، سواری اور ہر کام سے عاجز آ جانا۔
— الارضُ بأهلها: زمین کا اہل زمین کی کثرت کی بنا پر تنگ ہو جانا۔
— فلانًا وعليه: کسی کو پریشان کرنا، کسی کے حصول مقصد میں رکاوٹ بننا۔
— المراةَ۔ بمعنی عَضَلَها۔
اِسْتَعْضَلَ الشيءُ: سخت دشوار ہونا۔
العُضَالُ: ناقابل حل، انتہائی دشوار۔
يقال: داءٌ عُضَالٌ: لاعلاج مرض۔
العَضَلَةُ: گوشت کا ایک عضو جس کے ریشوں کے سکڑنے سے جسم میں حرکت پیدا ہوتی ہے۔
المعضِلَةُ: تنگ راستہ (۲) نہ حل ہونے والا مشکل مسئلہ۔
العَضْمُ: لوہے یا لکڑی کا گیہوں صاف کرنے کا شاخدار چابی آلہ (ج) عِضَامٌ واَعْضِمَةٌ وعُضُمٌ۔
عَضَهَتِ (ف) الابلُ۔ عَضْهًا: اونٹوں کا بول کھانا۔
— الرَّجلَ: تہمت لگانا، گالی دینا۔
— العِضَاهَ: بول کاٹنا۔
اَعْضَهَ القومُ: لوگوں کے اونٹوں کا بول کھانا۔
— الارضُ: بول کے درختوں کی بہتات ہونا۔

الرجُلَ۔ بمعنی عَضَهَ۔
عَضَّهَ العِضَاهَ۔ بمعنی عَضَهَها۔
العَاضِهُ: سانپ جس کا کاٹا فوراً مر جائے۔
(۲) بول کھانے والی اونٹنی۔
العَاضِهَةُ۔ بمعنی العَاضِهُ۔
العِضَاهُ: چھوٹا یا بڑا ہر خاردار درخت۔
الواحد: عِضَاهَةٌ۔
اَلْعَضِيهَةُ: بہت بول والی زمین۔
(۲) جھوٹی تہمت (۳) افتراء پردازی۔
عَضَا (ن) الشيءَ۔ عَضْوًا: حصے کرنا، اجزاء کرنا۔
عَضَّى الشيءَ۔ بمعنی عَضَاهُ۔
يقال: عَضَّى القومَ: لوگوں کو منتشر کرنا۔
العِضَةُ: گروہ (۲) ٹکڑا (۳) جھوٹ (ج) عِضُوْن۔ قرآن مجید میں ہے: {كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ}
العُضْوُ: جسم کا ایک حصہ۔ جیسے ہاتھ، پاؤں کان (۲) کسی جماعت وغیرہ کا ممبر۔
هي عُضْوٌ وعُضْوَةٌ۔ (مج) (ج) اَعْضَاءٌ۔
العُضْوِيَّةُ: کسی جماعت کا ممبری (مج)

ع .... ط

عَطَبَ (ن)۔ عَطْبًا وعُطُوْبًا: نرم ہونا۔
عَطِبَ (س)۔ عَطَبًا: ہلاک ہونا (۲) خراب ہونا۔
— البعيرُ والفرسُ: تھکنا۔
— على فلانٍ: کسی سے سخت ناراض ہونا۔
اَعْطَبَه: ہلاک کرنا۔
عَطَّبَ الكرمُ: انگور کی بیل پر گرہیں ظاہر ہونا۔
— الشرابَ: شراب میں خوشبو پیدا کرنے کی تدبیر کرنا۔
اِعْتَطَبَ فلانٌ: ہلاک ہونا۔
— النارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔
العُطْبُ: روئی۔ الواحدة: عُطْبَةٌ۔
العُطْبَةُ: چیتھڑا جس سے آگ اٹھائی جائے۔

الْمَعْطَبُ : بگاڑ اور ہلاک کی جگہ (ج) مَعَاطِبُ.

الْعُطْبُلُ : جوان گٹھے جسم کی خوبصورت عورت۔ (۲) لمبی گردن والی ہرنی (ج) عَطَابِلُ.

الْعُطْبُوْلُ۔بمعنی الْعُطْبُل۔ (۲) دراز گردن، طویل القامت شخص (ج) عَطَابِيْلُ.

عَطِرَ (س)۔ عَطَرًا : خوشبودار ہونا۔

عَطَّرَهٗ : خوشبو لگانا۔

تَعَطَّرَ : خوشبودار ہونا۔

إِسْتَعْطَرَ : خوشبودار ہونا۔

اَلْعَاطِرُ : خوشبو پسند (ج) عُطُرٌ.

الْعِطَارَةُ : عطر سازی، عطر فروشی۔

الْعِطْرُ : وہ ہر چیز جو اپنی خوشبو کی وجہ سے اشیاء کو معطر کر دے۔

(ج) عُطُوْرٌ و اَعْطَارٌ.

— (۲) وہ خوشبو والی بوٹیاں جن سے خوشبو نکالی جائے۔

الْعَطِرُ : خوشبودار اگرچہ خوشبو نہ لگائی ہو۔

الْعَطَّارُ : خوشبو بیچنے والا۔خوشبودار مسالے بیچنے والے کو بھی کہتے ہیں۔

الْمِعْطَارُ من الرِّجَالِ والنساءِ : اکثر خوشبو لگانے والا مرد یا عورت (ج) مَعَاطِيْرُ.

الْمِعْطِيْرُ۔بمعنی الْمِعطَارُ.

عَطْرَدَهٗ : سامان فراہم کرنا۔

عُطَارِدُ : نو سیاروں میں سے ایک جو کہ سورج کے سب سے زیادہ قریب ہے۔کہانیوں میں ''ابن المشتری'' بڑا خدا، فصاحت اور تجارت کا رب (تنوین اور بغیر تنوین کے دونوں طرح آتا ہے)

الْعُطْرُوْدُ : سامان ضرورت، یا کسی خاص مقصد کے لئے تیار کیا گیا سامان۔

عَطَسَ (ض) الرَّجُلُ۔ عَطْسًا و عُطَاسًا : چھینک آنا۔

چھینک کی آواز آنا (۲) ہلاک ہونا۔

— الصُّبْحُ : صبح کا نمودار ہونا۔

عَطَّسَه : چھینک دلانا۔

الْعَاطِسُ من الظِّبَاءِ : سامنے سے آنے والا ہرن (۲) صبح۔

اَلْعَاطُوْسُ : ناس، ہلاس۔

الْعَطَسَةُ : يقال: فلانٌ عَطَسَةُ فلانٍ : فلاں تو ہو بہو فلاں ہے (پیدائش میں بھی اور اخلاق میں بھی)

الْعَطُوْسُ من الرجال : جیسے لڑائی جھگڑے کے وقت آگے رکھا جاتا ہو۔

الْمَعْطِسُ : ناک (ج) مَعَاطِيْسُ.

الْمُعَطَّسُ : مقہور و مغلوب۔

عَطِشَ (س)۔ عَطَشًا : پیاس لگنا۔

— اليه : مشتاق ہونا هو عَاطِشٌ، و عَطِشٌ و عَطْشَانُ، وعَطْشَانٌ هي عَاطِشَةٌ، عَطِشَةٌ و عَطْشَى وعَطْشَانَةٌ

أَعْطَشَ الرَّجُلُ : مویشیوں کا پیاسا ہونا۔

— فلانًا : پیاسا کرنا۔

عَطَّشَهٗ بمعنی اَعْطَشَه.

تَعَطَّشَ : پیاسا بننا۔

الْعُطَاشُ : انسانوں اور جانوروں کو لگنے والی پیاس کی بیماری جس میں وہ پانی پیتے ہیں لیکن سیراب نہیں ہوتے۔

الْمَعْطَشَةُ : بے آب زمین (ج) مَعَاطِشُ.

عَطَّ (ن) الثَّوْبَ۔ عَطًّا : کپڑے کو لمبائی یا چوڑائی میں پھاڑنا۔

۔فلانًا الى الأرض : زمین پر پٹخنا اور غالب آجانا۔

عَطَّ الثوبَ۔بمعنی عَطَّهٗ.

إِعْتَطَّ الشيءَ : پھاڑنا۔

إِنْعَطَّ الثَّوْبُ : پھٹنا۔

۔العودُ : بغیر توڑے مڑ جانا۔

تَعَطَّطَ الثوبُ۔بمعنی انْعَطَّ.

عَطْعَطَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے پر غالب ہوتے وقت ''عِيطِ عِيطِ'' ۔کہنا۔

— الكلامَ : بات کو خلط ملط کرنا۔

— الذِّئْبُ : بھیڑیے کو ''عاطِ عاطِ'' ۔کہنا۔

الْعَطْعَطَةُ : لڑائی کے وقت آوازوں کا باہمی اختلاط، شور غل۔

عَطَفَ (ض) عَطْفًا، و عُطُوْفًا : مائل ہونا، جھکنا۔

يقال: عَطَفَتِ الظَّبْيَةُ : ہرنی کا گردن جھکا کر موڑنا۔

— الى ناحيه كذا : کسی پہلو کی طرف پھر جانا۔

يقال: عَطَفَ فلانٌ عن كذا : پھرنا، اعراض کرنا۔

— النَاقَةُ على ولدِهَا : اونٹنی کا اپنی بچہ پر مہربان اور دودھ بڑھ جانا۔

— عليه : کسی پر مہربان اور مشفق ہونا۔

(۲) حملہ کرنا، لوٹ کر حملہ کرنا۔

— الشيءَ عَطْفًا : جھکانا، موڑنا۔

— اللَّفْظَ على سابقه : کسی حرف کے ذریعے لفظ کو پہلے کے تابع کرنا۔

— اللهُ قَلْبَ السُّلْطَانِ و بِقَلْبِهِ على رعِيَّتِهِ۔ اللہ کا بادشاہ کو رعایا پر مہربان کرنا۔

عَطَّفَ الشيءَ : جھکانا، موڑنا۔

— فلانًا العِطَافَ او المِعْطَفَ وبه : کوٹ پہنانا۔

— النَاقَةَ على ولدِهَا : اونٹنی کو اس کے بچہ پر مہربان بنانا۔

اعْتَطَفَ العِطَافَ وبه : کوٹ پہننا۔

— السَّيْفَ والقوسَ : تلوار یا کمان اٹھانا۔

إِنْعَطَفَ : جھکنا، مڑنا۔

تَعَاطَفَ القومُ : باہم محبت و الفت کرنا۔

— فلانٌ في مشيته : اترا کر چلنا۔

تَعَطَّفَ۔بمعنی عَطَفَ.

— عليه : کسی پر احسان کرنا۔

(۲) مہربان ہونا۔

— العِطَافَ وبه : کوٹ پہننا۔

إِسْتَعْطَفَهٗ : رحم کی درخواست کرنا۔

اَلْعَاطِفَةُ : قرابت (۲) قرابت کے ذرائع۔

ع

(۳) ولاء کے طور پر تعلق (۴) شفقت۔
(۵) (نفسیات میں) ایک ذہنی اور نفسیاتی صلاحیت جس میں انسان پر خاص قسم کی کیفیات طاری ہوں اور وہ کسی خیال یا شے کے بارے میں مخصوص طرز عمل اختیار کرے (ج)

اَلْعَاطُوْفُ: شکار کا پھندا جس میں خمیدہ سر والی ایک لکڑی لگی ہوتی ہے۔

العِطَافُ: چادر (۲) اون وغیرہ کی بنی ہوئی موٹی چادر جسے سردی سے بچنے کے لئے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں (کوٹ) (مو) (ج) **عُطُفٌ و اَعْطِفَةٌ**۔

العَطَّافُ: خوش اخلاق لوگوں پر مہربان۔
(۲) پست حوصلہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنے والا۔

العَطَفُ: فصيله عليقية۔ کی ایک بیل جس کے نہ تو پتے ہوتے ہیں اور نہ ہی سیدھی شاخیں۔ ریشم اور سن کے درخت پر لپٹتی ہے اور چھوٹی ہی رہتی ہے۔

العَطْفُ۔ (نحاۃ کے ہاں) عطف بیان: یہ وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کی وضاحت اور غیر مستقل ہونے میں صفت کے مشابہ ہوتا ہے۔

عَطْفُ نَسَق: یہ وہ تابع ہے کہ اس کے اور اس کے متبوع کے درمیان کوئی حرف عطف ہو۔

العِطْفُ: عِطْفُ كل شيءٍ: ہر چیز کی طرف اور انسان میں سر سے لے کر کولہے تک کا حصہ۔
(۲) راستہ کا وسطی بالائی حصہ۔
(ج) **اَعْطَافٌ وعِطَافٌ وعُطُوْفٌ**۔

يقال: ثَنى عِطْفَه: اعراض کرنا۔

مَرَّ يَنْظُرُ فِيْ عِطْفِهِ: وہ خود پسندی کا اظہار کرتے ہوئے گزرا۔

اَلْعَطُوْفُ من الرِّجالِ: پس ماندہ لوگوں کا حامی۔

— من النساءِ: اپنے شوہر سے محبت کرنے والی عورت۔
(۲) اپنے بچہ یا بھس بھرے بچہ پر مہربان اونٹنی:

العَطِيْفُ من النساءِ: نرم مزاج اور مطیع عورت۔

المِعْطَفُ: کوٹ (ج) **مَعَاطِفُ**۔

الْمُنْعَطَفُ: مُنْعَطَفُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا موڑ۔

عَطِلَ (س). عَطَلاً وعُطْلاً وعُطُوْلاً: خالی ہونا۔

يقال: عَطِلَتِ المرأةُ: عورت بے زیور ہو گئی۔

هِيَ عَاطِلٌ (ج) عَوَاطِلُ وعُطَّلٌ۔

عَطِلَ الرَّجُلِ: کام کی طاقت کے باوجود بے کار رہنا۔

عَطِلَتِ الابلُ ونحوها: بغیر چرواہے کے ہونا اور چرنا۔

— قران مجید میں ہے: **{وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ}**

— البِئْرَ: کنویں پر جانا چھوڑنا (پانی کے لئے جانا)
قرآن مجید میں ہے: **{وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّ قَصْرٍ مَّشِيْدٍ}**

— المرأةَ: عورت کا اپنے زیورات اتارنا۔

— الشيءَ: چھوڑنا۔

يقال: عَطَّلَ الدَّارَ: گھر کو بے کار کر ڈالنا۔
(۲) ضائع کرنا۔

يقال: عَطَّلَ الشَّرِيْعَةَ: شریعت پر عمل نہ کرنا اور کوتاہی کرنا۔

عَطَّلَ الثُّغُوْرَ: سرحدوں کی حفاظت چھوڑنا اور سرحدوں پر فوج کھڑی نہ کرنا۔

تَعَطَّلَ: بے کار رہنا۔

— للمرأةِ: زیورات کا مفقود ہونا۔

اَلْعَطَلُ: گردن (ج) **اَعْطَالٌ**۔ (۲) قدو قامت۔

يقال: مَا اَحْسَنَ عَطَلَه۔

العُطُلُ: بے زیور عورت (۲) ادب اور مال سے خالی۔ (ج) **اَعْطَالٌ**۔

العُطْلَةُ: کاریگر کا بے کار رہنا۔

يقال: فلانٌ يشكو الْعُطْلَةَ۔
— (۲) ایک یا ایک سے زائد دن جس میں مدارس میں چھٹی ہو (محدثۃ)

العَيْطَلُ: لمبی گردن والا۔

يقال وامرأةٌ عَيْطَلَةٌ: دراز گردن موٹی اور خوبصورت عورت۔

المِعْطَالُ من النِّسَاءِ: عورت کا کامل الخلقت ہونے کی وجہ سے عادۃً بے زیور رہنا۔

عَطَنَتِ (ض) الابلُ. عُطُوْنًا: پانی پینے کے بعد پانی کے پاس بیٹھنا۔

— الجلدَ عَطْنًا: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔

هُوَ مَعْطُوْنٌ عطينٌ۔

يقال: عَطَنَ التِّيْلَ ونحوه: سن وغیرہ کو نرم کرنے کے لئے پانی میں ڈالنا۔ اس کے ریشوں کا باریک ہونا (مو)

عَطِنَ (س) الجلدُ. عَطَنًا: نمک یا گوبر میں ڈالنے کے بعد سڑنا۔ **هو عَطِنٌ هي عَطِنَةٌ**

اَعْطَنَ الابلَ: اونٹوں کو پانی پلا کر پانی کے پاس بٹھانا۔

عَطَّنَ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔

— الابلُ۔ بمعنی **عَطَنَتْ**۔

الجلدَ۔ بمعنی **عَطَنَهُ**۔

— الابلَ۔ بمعنی **اَعْطَنَها**۔

اِنْعَطَنَ الجلدُ۔ بمعنی **عَطِنَ**۔

تَعَطَّنَتِ الإبلُ۔ بمعنی **عَطَنَتْ**۔

اَلْعِطَانُ: گوبر یا نمک جسے کھال وغیرہ میں سڑنے سے بچانے کے لئے رکھا جائے۔

اَلْعَطَنُ: پانی کے قریب اونٹوں اور بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ (ج) **اَعْطَانٌ**۔

يقال: ضَرَبَتِ الإبلُ بَعَطَنٍ: اونٹ کا پانی پی کر بیٹھ جانا۔

ضَرَبَ فلانٌ بِعَطَنٍ: اونٹوں کو سیراب کر کے پانی کے پاس ٹھہر جانا۔

فلانٌ واسِعُ العَطَنِ: فلاں صبر و تدبیر سے مصائب کا سامنا کر لیتا ہے، سخی ہے، دولت مند

ہے۔
اس کی ضد: ضَيِّقُ العُطَنِ۔
المَعْطِنُ۔ بمعنی العَطَنُ۔ (۲) سن وغیرہ کے پانی میں بھگونے کی جگہ (ج) مَعَاطِنُ۔
عَطَا (ن) الشيءَ واليه۔ عَطْوًا: لینا۔
يقال: عَطَا عِرضَ اَخِيه: آبروریزی کرنا۔
حدیث میں ہے: (اَرْبَى الرِّبَا عَطْوُ الرَّجُلِ عِرْضَ اَخِيهِ بِغَيْرِ حَقٍّ)
— اليه يَدَه: کسی کی طرف ہاتھ اٹھانا۔
— فلانًا: کسی شے کے حصول میں دوسرے پر غالب آنا۔
اَعْطَى البعيرُ: تابعدار ہونا، سرکش نہ ہونا۔
يقال: اَعْطَى فلانٌ بِيَدِهِ: کسی کا فرماں بردار ہونا۔
۔فلانًا الشيءَ: دینا۔
عَاطَاهُ الشيءَ مُعَاطَاةً وعِطَاءً: دینا۔
عَطَّاهُ: کسی سے جلدی کروانا۔
تَعَاطَى الرَّجُلُ: کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پاؤں کی انگلیوں پر کھڑے ہو کر ہاتھ بڑھانا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَتَعَاطَى فَعَقَرَ}
— القومُ: لینے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا۔
الشيءَ: لینا۔
— الامرَ: کسی کام میں منہمک ہونا۔
تَعَطَّى: عطیہ طلب کرنا۔
(۲) جلدی کرنا۔
— الامرَ: کسی کام میں مشغول ہونا۔
اِسْتَعْطَى: عطیہ طلب کرنا۔
العَطَاءُ: بخشش (ج) اَعْطِيَةٌ۔ (جج) اَعْطِيَاتٌ
اَعْطِيَاتُ المُلُوكِ: شاہی عطیات۔
اَعْطِيَاتُ الجُندِ: سپاہیوں کا روزینہ۔
العَطِيَّةُ: بخشش (ج) عَطَايَا۔
المِعْطَاءُ: بہت زیادہ بخشش کرنے والا (اس میں مذکر و مؤنث برابر ہیں) (ج) مَعَاطٍ و مَعَاطِيّ۔
المُعْطَيَاتُ: (فلسفہ اور منطق میں) وہ مسلّم قضایا جن کے ذریعے مجہول قضایا کا علم ہو۔

ع..........ظ

عَظَرَ (ض) السِّقَاءَ ونحوَه۔ عَظْرًا: مشکیزہ کو بھرنا۔
— الشيءَ: ناپسند کرنا۔
اَعْظَرَهُ الشَّرابُ: شراب کا معدہ کو اتنا بھر دینا کہ سانس نہ آئے۔
العِظَارُ: شراب سے پرشکمی۔
العِظَارَةُ۔ بمعنی العِظَارُ۔
العَظَارِيُّ: نڈیاں۔
العَظُورُ: شراب سے پرشکم (ج) عُظُرٌ۔
عَظَّه (ن) بالارضِ۔ عَظًّا: زمین سے چمٹا دینا۔
— الحربُ والزمانُ فلانًا: جنگ یا زمانے کا کسی کو مبتلائے مصیبت کرنا۔
عَاظَّ القومُ مُعَاظَّةً وعِظَاظًا: جنگ میں ایک دوسرے کے ساتھ شدت اختیار کرنا۔
— فلانًا: کسی کے ساتھ لڑنا اور لڑائی میں خودسر ہونا۔
عَظَلَتِ (ن) السِّبَاعُ والكلابُ والجرادُ ونحوها۔ عَظْلًا: درندوں اور نڈیوں وغیرہ کا ایک دوسرے پر جفتی کے لئے چڑھنا۔
عَاظَلَتِ السِّبَاعُ والكلابُ ونحوها مُعَاظَلَةً وعِظَالاً۔ بمعنی عَظَلَتْ۔
— بالكلامِ: مشکل اور پیچیدہ بنانا۔
— الشَّاعِرُ فی شعرِه: نظم کے بعض اشعار کو وضاحت مفہوم کے لئے دوسرے کا محتاج بنانا۔
عَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔
— السِّباعُ ونحوها۔ بمعنی عَظَلَتْ۔
اِعْتَظَلَتِ السِّباعُ ونحوُها۔ بمعنی عَظَلَتْ
— القومُ علی الماءِ: اکٹھا ہونا، ازدحام کرنا۔
تَعَاظَلَتِ السِّباعُ ونحوها۔ بمعنی عَظَلَتْ۔
تَعَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔

— فلانٌ: کھوئی ہوئی چیز کی تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
تَعَظْلَمَ اللَّيلُ: تاریک ہونا، تاریکی کا بڑھنا۔
العِظْلِمُ: ایک بوٹی جس سے نیل رنگ نکالا جاتا ہے۔ جونیل کے نام سے مشہور ہے۔
(۲) سخت تاریک رات۔
العَظْلَمَةُ: سخت تاریکی۔
عَظَمَهُ (ن) عَظْمًا، و عَظْمَةً: کسی کی ہڈیوں پر خوب لگانا۔
— الكلبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا۔
عَظُمَ (ك) الشيءُ عِظَمًا، وعَظَامَةً: بڑا ہونا۔
— الرجلُ: شاندار ہونا هو عَظِيمٌ۔
(ج) عِظَامٌ و عُظَمَاءُ هو عُظَامٌ و عُظَّامٌ۔
اَعْظَمَ الامرُ: اہم ہونا۔
— القولُ او الامرُ الرجلَ: کسی بات کا کسی کو ڈرانا۔
— الشيءَ: بڑا بنانا، شاندار بنانا (۲) بڑا سمجھنا۔
— الكلبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا۔
عَظَّمَه: بڑا اور شاندار بنانا۔
— الامرُ فلانًا: کسی کام کا کسی کے لئے سنگین ہونا۔
تَعَظَّمَ: تکبر کرنا۔
اِسْتَعْظَمَ فلانٌ۔ بمعنی تَعَظَّمَ۔
— الأمرَ: بڑا سمجھنا (۲) نامانوس بنانا۔
— الشيءَ: اکثر حصہ لے لینا۔
العِظَامَةُ: عورت کے سرین موٹا کرنے کی گدی۔
العِظَامِيُّ: آباؤاجداد پر فخر کرنے والا۔
العِصَامِيُّ۔ کی ضد۔
العُظَّامَةُ۔ بمعنی العِظَامَةُ۔
العَظْمُ: ہڈی (جس پر گوشت ہو) (ج) اَعْظُمٌ وعِظَامٌ۔
عَظْمُ الشيءِ: کسی چیز کا بڑا حصہ۔
عَظْمُ الفَدَّانِ: چوڑی لوح جس کے سرے

میں لوہا ہو۔

العَظْمُ السَّبْعَانِيُّ۔(علم احیاء میں): () کی شکل کی ایک چھوٹی ہڈی جو زیادہ تر ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں دم کی ہڈیوں کے نیچے پائی جاتی ہے(مج)

العَظْمُ الزّاوِيُّ: (علم احیاء میں): اکثر ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں نیچے کے آخری کھلاؤ کے قریب ہڈی (مج)

عُظْمُ الشيءِ: اکثر حصہ۔

عَظْمُ الطّرِيْقِ: سیدھا، درمیانی راستہ۔

العَظَمَةُ من الذّراعِ واللّسان: زبان یا بازو کا موٹا حصہ (۲) بڑائی (۳) نخوت (۴) اتراہٹ۔

العَظَمُوْتُ: نخوت (۲) تکبر (۳) اتراہٹ۔

العَظْمِيُّ: سفیدی مائل رنگ کا کبوتر۔

العَظِيْمَةُ: سخت مصیبت (ج) عَظَائِمُ

المعظَمُ: مُعْظَمُ الشيءِ: اکثر اور بڑا حصہ۔ (ج) مَعَاظِمُ۔

المَعَاظِمُ: حرمات، حقوق۔

المَعْظُوْمُ: وہ بچہ جس کی زبان کی ہڈی ٹوٹ گئی ہو اور دودھ نہ پی سکتا ہو۔ جس پر اس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔

عَظَاهُ (ن) **عَظْوًا**: اچانک پکڑ کر زہریلی چیز پلانا۔

یقال: لقّاهُ اللهُ ما عظاه: غم پہنچانا (۲) خیر سے روکنا۔

العَظَاءَةُ: چار پاؤں والے رینگنے والے جانوروں میں سے ایک جانور۔ جسے مصر میں **سِحْلِيّة** اور شام کے ساحلی علاقوں میں **عَقّايَة**۔ کہا جاتا ہے۔ اس کی اقسام میں گوہ اور چھپکلی ہے۔

عَظِيَ (ض) **الجملُ**۔ **عَظًى**۔ کھانے سے پیٹ پھولنا۔

العُنْظُوَان (دیکھئے: عنظوان)

ع .... ف

عَفَتَهُ (ض) **عَفْتًا**: موڑنا (۲) ٹکڑے الگ کئے بغیر توڑنا۔

یقال: عفت يَدَهُ وعُنُقَهُ۔

عَفَتَ كلامَه وفي كلامَه: بات کا طرز بگاڑنا یا لکنت کی وجہ سے توڑ توڑ کر بات کرنا۔ ھو **عَفّاتٌ**۔

یقال: عَفَتَهُ عن حاجَتِه: کام سے روکنا۔

عَفِتَ (س) **عَفَتًا**: بیوقوف ہونا (۲) بیٹھتے وقت اکثر ستر کھولنے والا (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ھو **اَعْفَتُ** ھِيَ **عفتاءُ** (ج) **عُفْتٌ**

العِفِتَّانُ: رجلٌ عِفِتَّانٌ: اکھڑ مضبوط آدمی۔

العَفِيْتَةُ: دلیہ (ج) **عَفَائِتُ**۔

المِعْفَتُ: ہر شی کو موڑنے اور توڑنے والا۔

عَفَجَهُ (ض) **بالعصا عَفْجًا**: کمر یا سر میں لاٹھی مارنا۔

عَفِجَ (س) **عَفَجًا**: موٹی آنتوں والا ہونا۔

هُوَ عَفِجٌ واَعْفَجُ ھی **عَفِجَةٌ وعَفْجَاءُ**۔

تَعَفَّجَ في مشيه: آنتوں کی طرح ٹیڑھا ہو کر چلنا۔

العِفْجُ: آنت (ج) **اَعْفَاجٌ وعِفَجَةٌ**۔

المِعْفَاجُ: لاٹھی (۲) دھوتے ہوئے کپڑے کو کوٹنے کا ڈنڈا۔

المِعْفَجُ: بیوقوف، جس کے قول وفعل میں بے تکا پن ہو۔

المِعْفَجَةُ۔ بمعنی **المِعْفَاجُ**۔

عَفَدَ (ض) **عَفْدًا**، **عَفَدَانًا**: دونوں پیر ملا کر بغیر دوڑے کودنا۔

اِعْتَفَدَ: بھوکا مرنے اور نہ مانگنے کے تصور سے خود پر دروازہ بند کر لینا۔

عَفَرَهُ (ض) **عَفْرًا**: مٹی میں ڈالنا یا مٹی میں لت پت کرنا (۲) زمین پر پٹخنا۔

— **الزَّرْعَ**: پہلی بار سیراب کرنا۔

عَفِرَ (س) **عَفَرًا**: مٹیالے رنگ کا ہونا۔

— **الرَّجُلُ**: آدمی کے پیروں کا چلنے سے جواب دے دینا۔

— **الظّبيُ**: ہرن کی سفیدی کا سرخی سے خلط ملط ہو کر مٹیالے رنگ کا ہو جانا۔

هُوَ اَعْفَرُ ھِيَ **عَفْرَاءُ** (ج) **عُفْرٌ**۔

عَفَّرَ الرَّجُلُ: کالی بکریوں اور کالے اونٹوں کو سفید کے ساتھ ملانا۔

حدیث میں ہے: "**فقال: مالونها؟ فقالت سُودٌ فقال: عَفِّرِي**.

— **المرأةُ في الفِطَامِ**: بچے کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی ملنا۔

— **الشيءَ**: خاک آلودہ کرنا۔

— **اللَّحْمَ**: دھوپ میں ریت پر گوشت کو خشک کرنا۔

— **النَّخْلَ**: کھجور پر گھابھا لگا کر فارغ ہونا۔

— **الزَّرْعَ**: کیڑے مار ادویات چھڑکنا (محدثہ)

عَافَرَهُ: زمین پر گرانے کے لئے کشتی کرنا۔

یقال: عَافَرَ في الشيءِ: کسی چیز کو مقصد برآری کا ذریعہ بنانا (مو)

اِعْتَفَرَ الشيءُ: خاک آلودہ ہونا۔

— **الشيءَ**: خاک آلود کرنا۔

اِنْعَفَرَ: مٹی میں لوٹنا۔

— **الشيءُ**: خاک آلود ہونا۔

تَعَفَّرَ۔ بمعنی **اِنْعَفَرَ**۔

اَلاَعْفَرُ: وہ ہرن جس کے سفید رنگ پر سرخی ہو۔

— ضرب المثل ہے: **بَاتَ عَلَى قَرْنِ اَعْفَرَ**۔

— اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جس نے کرب و بے چینی میں رات گزاری ہو۔

اَلْعَفَارُ: کھجور کی قلم کاری اور اصلاح۔

(۲) **فصيلة اَريكيّه**۔ کا ایک چھوٹا سا درخت جس کا گری کی مانند پھل ہوتا ہے اور اس سے چقماق بنایا جاتا ہے۔

ضرب المثل ہے: **في كل شجر نارٌ، واسْتَمْجَدَ المَرْخُ والعَفَارُ**۔

العُفَارِيَةُ: برا، بدباطن۔

العَفَرُ: روئے زمین (۲) مٹی۔

(ج) **اَعْفَارٌ**۔ (۲) کھیتی کی پہلی سیرابی۔

اَلْعَفْرُ: روئے زمین (۲) مٹی۔

(ج) **اَعْفَارٌ**۔

يقال: كلامٌ لا عَفَرَ فيه: آسان کلام۔
اَلْعَفَرُ۔ بمعنی العُفَارِيَةُ۔ (۲) زخنزیر۔
العَفْرُ: بہادر (۲) بہت سخت۔
(ج) اَعْفَارٌ، وعِفَارٌ۔
(۳) دوری، درازی زمانہ (۴) قلت ملاقات۔
يقال: ماتأتينا الاعن عُفْرٍ: آپ تو ہمارے پاس بہت کم آتے ہیں۔
(۵) مندا بازار۔
۔۔ من ليالي الشهر: مہینہ کی ساتویں، آٹھویں نویں شب۔
العُفُرُ: دوری، درازی زمانہ۔
العَفْرَاءُ: سفید زمین جس پر چلا نہ گیا ہو۔
۔۔ من ليالي الشَّهْرِ: مہینہ کی تیرہویں شب۔
العَفْرَاةُ: انسان کے سر کے درمیان اگے ہوئے بال (۲) شیر اور مرغ کی گدی کے بال۔
العُفْرَةُ: سفیدی جس میں سرخی کا اختلاط ہونے کی وجہ سے خاکی رنگ ہو جائے۔
(۲) شیر اور مرغ کی گدی کے بال۔
العَفَرَةُ۔ بمعنی العِفْرَاةُ:
العِفْرُ: برا، بدباطن۔
اَسَدٌ عِفِرٌّ: قوی ہیکل شیر۔
العِفِرِّيُّ۔ بمعنی العِفِرُّ۔
العُفُرَّةُ: مخلوط قسم کے لوگ۔
العِفِرِّيْنُ: چالاکی کے ساتھ کام کرنے والا۔
لَيثٌ عِفِرِّيْنٌ: شیر اور کامل قوی شخص۔
العِفْرِيَةُ: سخت طاقتور (۲) بدباطن۔
من الدِّيك: مرغ کی گردن کے بال۔
۔۔ من الإنسان والدَّابَّةِ: گدی یا پیشانی کے بال۔
يقال: جاءَ فلانٌ نَافِشًا عِفْرِيَتَهُ: غصے میں آیا۔
العَفَّارُ: کھجور کو قلم لگانے والا۔
العَفِيْرُ: ہدیۃً کوئی چیز نہ دینے والا (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے) (۲) دھوپ میں ریت پر خشک کیا ہوا گوشت۔
۔زَرْعُ العَفِيْرِ: سیرابی سے پہلے زمین میں ڈالے ہوئے بیج (مو)

اَلْمُعَافِرُ: ساتھیوں کی بچی ہوئی چیز حاصل کرنے کے لئے ان کے ساتھ چلنے والا۔
المَعْفُوْرَةُ: وہ مندا بازار جس کا سامان گرد آلود ہو گیا ہو (۲) وہ زمین جس کی پیداوار کھالی گئی ہو اور اس پر مٹی ظاہر ہو گئی ہو۔
اَلْيَعْفُوْرُ: مٹیالے رنگ کا ہرن۔
(۲) گاؤ خر کا بچہ (۳) رات کا ایک حصہ۔
(ج) يَعَافِيْرُ۔
تَعَفْرَتَ: مکار خبیث ہونا۔
العِفْرِيْتُ: بدباطن، برا (۲) چالاک۔
(ج) عَفَارِيْتُ۔
اَلْعَفَازُ: کھایا جانے والا اخروٹ۔
الواحدةُ: عَفَازَةٌ۔
العُفَازَةُ: روئی کا ڈوڈا۔
عَفَسَهُ (ض) عَفْسًا: زمین پر ڈال کر زور سے دبانا (۲) سرین پر مارنا۔
۔۔ عن حاجته: کسی کو اس کے کام سے روکنا (۲) قید کرنا۔
۔۔ الشيءَ: حقیر و بے وقعت کرنا۔
عَافَسَ الأمورَ مُعَافَسَةً و عِفَاسًا: کاموں میں لگنا، نمٹانا۔
إعْتَفَسَ القومُ: باہم کشتی کرنا۔
إنْعَفَسَ في الماءِ: غوطہ لگانا۔
۔۔ في التُّراب: مٹی میں لوٹنا۔
تَعَافَسُوْا: باہم کشتی لڑنا۔
عَفَشَ (ض) الشيءَ۔ عَفْشًا: اکٹھا کرنا۔
اَلاَعْفَشُ: کمزور نگاہ والا۔
اَلْعُفَاشَةُ من النَّاسِ: بے فیض لوگ۔
عَفَصَ (ض) الشيءَ عَفْصًا: موڑنا۔
يقال: عَفَصَ يَدَهُ: موڑنا (۲) اکھاڑنا۔
۔۔ القارورة: شیشی کے سر پر ڈاٹ لگانا۔
عَفِصَ (س) الطَّعَامُ عَفَصًا وعُفُوْصَةً: کھانے کی چیز کا تلخ اور بستہ ہو جانا۔
اَعْفَصَ القارورةَ۔ بمعنی عَفَصَها۔
۔۔ الحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
العِفَاصُ: غلاف جس کے ذریعے شیشی کے سر کو ڈھانپا جاتا ہے، ڈاٹ۔
۔۔ (۲) چرواہے کا چمڑے یا کپڑے وغیرہ کا تھیلا۔
العَفْصُ: شاہ بلوط کا درخت (مازو) (۲) شاہ بلوط کا پھل، ایک قسم کی دوا جو کسی سیال شے کو خشک اور گاڑھا کر دیتی ہے اس کی روشنائی اور گوند بھی بنایا جاتا ہے۔
العَفَصُ: ناک کا ٹیڑھا پن۔
عَفَطَتِ (ض) العنزُ أو الضأنُ عَفَطَانًا: بھیڑ بکری کا گدھے کی طرح چھینکنا۔
يقال: هو لا يساوي عَفْطَةَ عنزٍ: وہ بہت معمولی ہے۔
۔۔ الرّاعي بِغَنَمِهٖ عَفْطًا: چرواہے کا بھیڑ کی چھینک جیسی آواز سے ڈانٹنا اور بلانا۔
۔۔ فلانٌ بشفتِه: ہونٹوں سے گوز جیسی آواز نکالنا۔
۔۔ في كلامه: عربی فصیح طور پر بولنا۔
هو عَافِطٌ، وعفّاطٌ۔
عَفَّ (ض) عِفَّةً و عَفَافًا: ناجائز یا ناپسندیدہ قول و فعل سے بچنا۔ هو عَفٌّ وعَفِيْفٌ۔
(ج) اَعِفَّةٌ واَعِفَّاءُ۔
يقال: هُمْ اَعِفَّةُ الفقرِ: جو غربت کے باوجود سوال نہ کرتے ہوں۔
هِيَ عَفَّةٌ و عَفِيْفَةٌ۔
۔۔ اللَّبَنُ عَفًّا: تھن میں دودھ اکٹھا ہونا۔
اَعَفَّهُ اللهُ: پاک دامن بنانا۔
۔۔ الشاةَ: بکری کا تھن میں تھوڑا دودھ اکٹھا رکھنا۔
عَفَّفَهُ: تھن کا بچا ہوا دودھ پلانا۔
اِعْتَفَّ۔ بمعنی عَفَّ۔
تَعَفَّفَ۔ بمعنی عَفَّ۔ (۲) پاک دامن بننا۔
(۳) تھن کا بقیہ دودھ پینا۔
اِسْتَعَفَّ۔ بمعنی عَفَّ۔
العُفَافَةُ: دودھ دوہنے کے بعد یا کثرت سے پہلے تھن میں تھوڑا سا دودھ۔
العُفَّةُ: چھوٹی سفید صاف کھال والی مچھلی، پکی ہوئی کا ذائقہ چاولوں کی مانند ہوتا ہے۔

ع

العِفَّةُ: ہر شے سے خواہشات کا ترک۔ اکثر استعمال شرمگاہ کی غیر حلال سے حفاظت میں ہوتا ہے۔
العَفِيْفَةُ: پاکدامن (۲) نیک خاتون۔
(ج) عَفَائِفُ۔
عَفَقَ (ض) فلانٌ عَفْقًا: بلاضرورت بکثرت آنا جانا۔
(۲) تھوڑا سو کر بیدار ہونا پھر سو جانا۔
— فلانًا بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔
— الشيءَ: اکٹھا کرنا۔
— العملَ: کام کو ٹھیک طور پر نہ کرنا۔
— العازِفُ الوترَ: سارنگی بجانے والے کا سارنگی کے تاروں کو انگلیوں سے زور سے دبانا۔
أَعْفَقَ: بلاضرورت کثرت سے آنا جانا۔
عَافَقَه مُعَافَقَةً و عِفَاقًا: کسی سے واسطہ رکھنا اور دھوکہ دینا۔
— الذِئبُ الغنمَ: بھیڑیے کا بکریوں میں آ جا کر تباہی مچانا۔
عَفَّقَ الغنمَ بعضَها علی بعضٍ: بکریوں کو سامنے کی طرف سے ہانکنا۔
إعْتَفَقَ الشيءُ: سیدھا ہونے کے بعد مڑنا۔
— القومُ: تلواروں کے ساتھ آپس میں لڑنا۔
— الأسدُ فريستَه: شیر کا شکار پر جھپٹ کر پھاڑ ڈالنا۔
اِنْعَفَقَ فی حاجته: اپنے کام کو جلدی کرنا۔
تَعَفَّقَ به: کسی کی پناہ لینا۔
الْمِعْفَاقُ: رجلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بار بار آنے جانے والا۔
عَفِكَ (س) عَفَكًا و عُفْكًا: انتہائی بیوقوف ہونا۔
هو عَفِكٌ وعَفِيْكٌ وأَعْفَكُ۔
عَفَلَ (ن) الكبشَ عَفْلًا: دنبے کے دبلے پن اور موٹاپے کو دیکھنے کے لئے خاص جگہ ہاتھ لگانا۔
عَفِلَتِ (س) المرأةُ والناقةُ عَفَلًا: عورت یا اونٹنی کی فرج سے مرد کے خصیے کی طرح گول غدود کا نکلنا' یہ باکرہ عورت میں نہیں ہوتا ایسا صرف ولادت کے بعد ہوتا ہے۔
— الرجلُ: آدمی کی دبر سے انڈے کی مانند گول چیز کا نکلنا۔ **هو أَعْفَلُ هِيَ عفلاءُ۔**
(ج) عُفْلٌ۔
عَفَّلَ: غدود نکلنے کی بیماری کا داغ لگا کر علاج کرنا۔
اَلْعَافِلُ: وہ شخص جو لمبے کپڑوں پر چھوٹے کپڑے پہنے۔
اَلْعَفْلُ: دنبے کے خصیتین اور اردگرد کی چربی۔
(۲) وہ جگہ جہاں دنبے کے دبلا پن اور موٹاپے کو دیکھنے کے لئے ٹٹولا جاتا ہے۔
(۳) دبر اور عضو تناسل کے درمیان کا خط۔
العَفَلُ: مرد کے خصیے کی طرح گول چیز جو عورت کے رحم اور اونٹنی کی فرج سے نکلتی ہے۔
۔فی الرجل: انڈے کی مانند گول چیز جو دبر میں سے نکلتی ہے۔
العَفْلَاءُ: تنگ فرج والی عورت اس ورم کی وجہ سے جو اس کی دبر اور قبل کے درمیان ہو۔
العَفَلَةُ: عورت کی اندام نہانی کا ابھار۔
(۲) عورت کے رحم' اونٹنی کی فرج' آدمی کی دبر سے نکلنے والی گول چیز۔
عَفَنَ (ض) الشيءُ عَفْنًا: خرابی کے اسباب لاحق کرنا حتیٰ کہ گل سڑ جائے۔
عَفِنَ (س) الشيءُ عَفَنًا و عُفُوْنَةً: خراب ہونا۔
هو عَفِنٌ وعَفِيْنٌ۔
أَعْفَنَ فلانٌ: کھال میں سوراخ ہونا۔
— الشيءَ: خراب اور سڑا ہوا پانا۔
عَفَّنَ الشيءَ۔ بمعنی **عفنه۔**
تَعَفَّنَ الشيءُ۔ بمعنی **عَفِنَ۔**
العَفَنُ: بے پھول بوٹی جو گل سڑ کر زندگی گزارتی ہے اور بدبو کا باعث ہوتی ہے (ج): **أَعْفَانٌ۔**
عَفَا (ن) الأثرُ عَفْوًا وعُفُوًّا و عَفَاءً: زائل ہونا' نشان مٹنا۔ **يقال عَفَا اثرُ فلانٍ۔**
— الشيءُ: پوشیدہ ہونا۔
— الارضُ: پودوں کی کثرت کا زمین کو ڈھانپ دینا۔
— الماءُ: گدلا کرنے والی چیز کا پانی میں نہ ملنا۔
— الرِّيحُ الاثرَ: ہوا کا پاؤں کے نشانات کو مٹانا۔
— الشيءَ: لمبا اور زیادہ کرنا۔
— فلانًا: کسی کے پاس طالب کرم ہو کر آنا۔
— له بماله: کسی کو اپنے خرچ میں سے بچے ہوئے مال میں سے دینا۔
— عن ذَنْبه، عنه ذنبَه وله ذنبَه عَفْوًا: درگزر کرنا' گناہ معاف کرنا۔
أَعْفَى فلانٌ: بیمار کا تندرست ہونا۔
— فلانًا من الأمرِ: سبکدوش کرنا' بریُ الذمہ کرنا۔
— اللهُ فلانًا: امراض و آفات سے محفوظ رکھنا۔
— الرجلَ: عطا کرنا' دینا۔
— الشَّعْرَ ونحوه: بال وغیرہ کو باقی رکھنا۔
— حدیث میں ہے: **(قُصُّوا الشوارب و اعفوا اللِّحى)**
عَافَاهُ اللهُ مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً: امراض و آفات سے محفوظ رکھنا۔
— الدَّولَةُ فلانًا من الجندية معافاةً: کسی وجہ سے فوجی بھرتی نہ کرنا (محدثہ)
عَفَّى فلانٌ علی ما کان منه: کسی کا بگاڑ کے بعد سدھر جانا۔
— الحیوانُ: بالوں کا بہت اور لمبا ہونا۔
— الريحُ الأثرَ۔ بمعنی **أَعْفَاه۔**
إعْتَفَاه: طالب کرم ہو کر آنا۔
— الإبلُ اليَبِيْسَ: سوکھی گھاس کو مٹی جھاڑ کر کھانا۔
تَعَافَى فلانٌ: صحت یاب ہونا۔
— الشيءَ: چھوڑنا۔
تَعَفَّى الشيءُ: مٹنا۔
إسْتَعْفَى مُكَلِّفَه: پابند کرنے والے سے سبکدوشی چاہنا۔
— الإبلُ اليَبِيْسَ: سوکھی گھاس کو مٹی جھٹک کر کھانا۔
اَلْعَافِي: قائد (۲) پانی کے گھاٹ پر آنے والا۔
(۳) مہمان (۴) ہر طالب کرم۔
اَلْعَافِيَةُ: کامل صحت یابی (۲) مہمان (جمع)

(۳) طالبِ کرم (۴) رزق مانگنے والے لوگ‘ پرندے اور چوپائے۔

الواحد: عَافٍ۔

العَفَا: آزاد و خودمختار ملک۔

العَفَاءُ: ہلاکت‘ زوال۔

یقال: علی الدنیا العفاء (۲) مٹی (۳) بارش (۴) آنکھ کے اندر پیدا ہونے والی سفیدی۔

العِفَاءُ: زیادہ لمبے بال و پر۔

العِفَاءَةُ: شتر مرغ کے گھنے بال۔

العُفَاوَةُ من کلِّ شیئٍ: ہر شے کا عمدہ و بہتر حصہ۔ (۲) ہنڈیا کی جھاگ یا ہنڈیا میں باقی بچا ہوا شوربہ۔

العَفْوُ من المال: خرچ سے زائد مال۔ قرآن مجید میں ہے: {وَ يَسْأَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ}

— من الماء: وہ پانی جو پینے والوں کی ضرورت سے زائد ہو اور سہل الحصول ہو (۲) ہر چیز کا عمدہ بہتر حصہ۔ (۳) بھلائی‘ احسان (۴) وہ زمین جسے استعمال نہ کیا گیا ہو اور اس میں کوئی نشان نہ ہو (ج) عِفَاءٌ، وأعْفَاءٌ۔

العَفُوُّ: بہت معاف کرنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا}

ع..........ق

عَقَبَتِ (ن) الإبلُ عُقُوْبًا: ایک چراگاہ سے دوسری میں جانا۔

— فلان علی فلانةٍ: کسی عورت سے اس کے پہلے شوہر کے بعد شادی کرنا۔

— فلانًا عَقْبًا: جانشین ہونا‘ کسی کے پیچھے آنا۔ (۲) ایڑی پر مارنا۔

— الشیئَ: تانت سے باندھنا۔

عَقِبَ (س) النَّبْتُ عَقَبًا: پودے کی شاخ کا باریک اور پتوں کا زرد ہونا۔

عَقِبَ فلانٌ: ایڑی کے درد میں مبتلا ہونا۔

أَعْقَبَ الرَّجُلُ: اپنے بعد اولاد چھوڑنا۔

— الإبلُ۔ بمعنی عَقَبَتْ۔

— الأمرُ: کسی کام کا انجام اچھا ہونا۔

— بین الشیئین: ایک کو دوسری کے بعد لانا۔

— عن الشیئ: کنارہ کشی کرنا۔

— فلانًا فی الراحلة والعمل وغیرهما: سواری یا کام وغیرہ میں کسی کی جانشینی کرنا۔

— فلانًا باحسانه: اچھا بدلہ دینا۔

— الطائفُ فلانًا: کسی پر بار بار دیوانگی طاری ہونا۔

عَاقَبَ بین الشیئین: ایک چیز کو دوسری کے بعد لانا۔

فلانًا: کسی کے بعد آنا۔

— فلانًا فی الراحلة والعمل۔ بمعنی أعْقَبَه۔

فلانًا بذنبه مُعَاقَبَةً وعِقَابًا: کئے پر سزا دینا۔

عَقَّبَ فلانٌ: اپنا حق لینے کے لئے پیچھا کرنا۔

— فلانٌ فی الصلوة: نماز کے بعد دوسری نماز یا دعا کے لئے بیٹھنا۔

— فی الأمرِ: کسی کام کی جستجو میں کوشاں ہونا۔

— علی فلانٍ: کسی کی گرفت کرنا‘ عیوب و نقائص بیان کرنا۔

— علیه: کسی کے پاس واپس آنا‘ لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ}

— القاضی علی حکم سلفه: قاضی کا اپنے پیش رو قاضی کے فیصلہ کے خلاف فیصلہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ}

— فلانًا حقَّه: کسی کے حق میں ٹال مٹول کرنا۔

— الشیئَ: تانت سے باندھنا (۲) ایک کے بعد دوسری شے لانا۔

— الجیشَ: فوج کے ایک حصے کو واپس کر کے دوسرے کو روکنا۔

إعْتَقَبَ القومُ علیه: تعاون کرنا۔

— من کذا ندامةً: کسی چیز کے نتیجہ میں پشیمان ہونا۔

— الرجلَ: قید کرنا۔

— البائعُ السلعةَ: قیمت وصول ہونے تک خریدار کو سامان نہ دینا۔

— فلانًا: جانشین ہونا۔

— القومُ الشیئَ: باری باری لینا‘ باہم استعمال کرنا۔

— فلانًا خیرًا أو شرًّا بما فعل: کسی کو اس کے فعل کا اچھا یا برا بدلہ دینا۔

تَعَاقَبَ الشیئان: یکے بعد دیگرے ہونا۔ حدیث میں ہے: (اِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ)

— القومُ فی الشیئ او الأمرِ: کسی کام میں باری باری مقرر کرنا۔

— علی الشیئ: تعاون کرنا۔

تَعَقَّبَ فلانٌ بخیرٍ: کسی کا بار بار احسان کرنا۔

— من امره: نادم ہونا۔

— فلانًا: کسی کی ٹوہ میں لگنا۔

یقال: تعقَّبَ عورةَ فلان او عثرته: عورت تلاش کرنا۔

— فلانًا: کسی کی گرفت کرنا۔

إسْتَعْقَبَ منه خیرًا او شرًّا: کسی سے اچھا یا برا بدلہ لینا۔

— فلانًا: کسی کا عیب یا غلطی تلاش کرنا۔

الأَعْقَابُ: کنویں کے اندر اینٹوں کے ردوں کے درمیان کا بھراؤ تاکہ وہ مضبوط ہو جائے (اس کا کوئی واحد نہیں) آج کل اسے معماروں کی اصطلاح میں حشو کہتے ہیں۔

التَّعَاقُبُ: التعاقب القِمّی۔ (علم الاحیاء میں) اعضائے نباتاتی کا اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر مسلسل نشوونما پانا (ج)

اَلْعَاقِبُ: کسی چیز کا آخر‘ خاتمہ (۲) جانشین یا قائم مقام شے جو کسی چیز کے بعد میں آئے (۳) قائم مقام افسر (۴) اچھا بدلہ۔

اَلْعَاقِبَةُ: اولاد‘ نسل (۲) اچھا بدلہ (۳) ہر چیز کا خاتمہ‘ انتہا۔

العُقَابُ: مضبوط پنجوں والا ایک شکاری پرندہ۔ جس کے پاؤں پر بال ہوتے ہیں اور چھوٹی سی مڑی ہوئی چونچ ہوتی ہے۔ تیز نگاہ والا ہوتا ہے۔

ضرب المثل ہے۔
أَبْصَرُ مِنْ عُقَابٍ: (اس کا لفظ مونث ہے مذکر اور مونث دونوں کے لئے آتا ہے)
(ج) أَعْقُبٌ، عِقْبَانٌ.
العُقْبُ: ہر چیز کی انتہا، خاتمہ۔قرآن مجید میں ہے: {هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا}
يقال: جِئْتُ فِي عُقْبِ الشَّهْرِ: مہینے کے آخر میں آنا۔ (ج) أَعْقَابٌ.
عُقْبُ الجَمَالِ: حسن و جمال کی نشانی، ہیئت۔
اَلْعَقَبُ: وہ پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے۔ (ج) أَعْقَابٌ.
اَلْعَقِبُ: پاؤں کے آخر کی ہڈی (ایڑی) اور یہ پاؤں کی سب سے بڑی ہڈی ہوتی ہے (ج) (۲) ہر چیز کا آخر (۳) اولاد۔ (۴) وہ اولاد جو پیچھے رہ جائے (ج) أَعْقَابٌ.
جَاءَ عَقِبَه وبِعَقِبِه: وہ اس کے پیچھے آیا۔
رَجَعَ على عَقِبِه: جس راستے سے آیا تھا اسی سے جلدی واپس پلٹ گیا۔
وَطِئُوا عَقِبَ فلانٍ: فلاں قوموں کے نشانات پر چلے۔
فلانٌ مُوَطَّأُ العَقِبِ: فلاں کے پیروکار بہت ہیں۔
العُقْبَى: آخرت، رجوع الی اللہ (۲) ہر چیز کا خاتمہ (۳) بدلہ (۴) بدل۔
العُقْبَةُ: ہر چیز کا آخر (۲) باری (۳) بدل۔ (۴) کھانے کے بعد کھایا جانے والا حلوہ (میٹھی چیز) (۵) وہ شوربا جو مستعار ہانڈی میں بوقت واپسی چھوڑا جائے (۶) دن اور رات۔
—من الجَمَالِ: حسن و جمال کے نشانات (ج) عُقَبٌ.
فلانٌ يَسْتَقِي على عُقْبَةِ آلِ فلانٍ: فلاں فلاں کے بعد پانی حاصل کرتا ہے۔
ما يفعل ذٰلك الا عُقْبَةَ القمرِ: وہ فلاں کام مہینہ میں ایک بار کرتا ہے۔
العَقَبَةُ: دشوار گزار پہاڑی راستہ۔ (ج) عِقَابٌ.
العَقُوبُ: بھلائی میں کسی کا جانشین۔

العُقُوبَةُ: سزا۔منه قانون العقوبات۔
— قانون تعزیرات۔
العَقِيبُ: ہر بعد میں آنے والی چیز۔اگلی۔
المُعَاقِبُ: سزا دینے والا (۲) انتقام حاصل کرنے والا۔
المِعْقَابُ: وہ عورت جس کی عادت نر کے بعد مادہ جننے کی ہو۔
المُعَقِّبُ: يقال: جاء فلانٌ مُعَقِّبًا: دن کے آخر میں آیا۔
المُعَقِّبَاتُ: دن اور رات کے فرشتے۔قرآن مجید میں ہے: {مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ}۔ (۲) باری باری پڑھی جانے والی تسبیحات۔
اَلْيَعَاقِبَةُ: یعقوب براذعی جو شام میں چھٹی صدی عیسوی میں گزرا ہے اس کے پیروکاروں کا ایک عیسائی فرقہ۔جو کہ لاہوت اور ناسوت کے اتحاد کے قائل ہیں۔
اليَعْقُوبِيَّةُ۔ بمعنی اليعاقبة۔ (۲) یعاقبہ فرقہ کا مسلک۔
تَعَقْبَلَهٗ: کسی کی گرفت کرنا، ٹوہ میں لگنا۔
العُقْبُولُ: سخت کام (۲) باقی ماندہ بیماری یا عداوت یا عشق (۳) بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر جمنے والی پپڑی۔ (ج) عَقَابِيلُ.
اَلْعَقَابِيلُ: آفات و مصائب۔
عَقَدَ (ض) السَّائلُ عَقْدًا: سیال چیز کا ٹھنڈا کرنے یا گرم کرنے سے گاڑھا ہوجانا، جم جانا۔ (ج)
— الزَّهْرُ: پھول کا سٹ کر پھل بن جانا۔
— لِفُلانٍ على البلادِ: کسی کو شہر کا حاکم مقرر کرنا۔
— الحَبْلَ ونحوه: گرہ لگانا۔
يقال: عَقَدَ ناصيتَه: غصہ میں آ کر شر پر آمادہ ہونا۔
— طَرَفَي الحَبْلِ ونحوه: رسی وغیرہ کے دوسروں کو ملانے کے لئے گرہ لگانا۔
— البناءَ: عمارت کے پتھروں کو باہم ملانے کے لئے مسالہ لگانا (۲) عمارت میں محراب بنانا۔
— التَّاجَ فوقَ رأسِه: سر پر تاج جمانا۔

— البيعَ واليمينَ والعَهْدَ: پختہ کرنا۔
— قلبَه على الشيءِ: پابند ہونا، لازم ہونا۔
عَقِدَ (س) الشيءُ عَقَدًا: الجھا ہوا ہونا۔
— الرَّجُلُ: گرہ دار زبان والا ہونا، لکنت ہونا۔
— اللِّسَانُ: زبان کا بند ہونا، رکنا۔
هو أَعْقَدُ، وعَقِدٌ هي عَقِدَةٌ وعَقْدَاءُ.
أَعْقَدَ السائلَ: سیال چیز کو گرم کر کے یا ٹھنڈا کر کے گاڑھا کرنا اور جمانا۔
عَاقَدَه: معاہدہ کرنا۔
عَقَّدَه۔ بمعنی عَقَدَه.
يقال: عَقَّدَ البيعَ و عَقَّدَ اليمينَ.
— قرآن مجید میں ہے: {وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ}
— العَسَلَ ونحوه: گاڑھا کرنا۔
— الكلامَ: مغلق اور ناقابل فہم بنانا۔
إِعْتَقَدَ الشيءُ: سخت اور ٹھوس ہونا۔
يقال: إِعْتَقَدَ الإِخاءُ بينهما: بھائی چارگی کا مضبوط ہونا۔
— الحَبْلَ ونحوه: گرہ لگانا۔
— التَّاجَ فوقَ رأسِه: سر پر تاج جمانا۔
— الدُّرَّ ونحوه: موتیوں وغیرہ کا ہار بنانا۔
— فلانٌ الامرَ: دل اور ضمیر کو اس پر پختہ کرنا، تصدیق کرنا۔
— ضَيْعَةً وعَقَارًا و مَتَاعًا: حاصل کرنا، مالک ہونا۔
إِنْعَقَدَ: لازم عَقَدَه.
يقال: إِنْعَقَدَ الحَبْلُ أو البناءُ أو اليمينُ.
تَعَاقَدَ القومُ: باہم معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ الخَيْطُ ونحوه۔ بمعنی انعقد.
— السائلُ۔ بمعنی عَقَدَ.
— الرَّمْلُ: ریت کا جم جانا، تہہ بہ تہہ ہونا۔
— السَّحابُ وقوسُ قُزَحَ في السماءِ: آسمان میں بادل یا قوس قزح کا کمان کی طرح ہو جانا۔

ع

—الثَّرَى: ترمٹی کا نالیوں کی طرح دھاری دار ہونا۔

—الإِخَاءُ: بھائی چارگی مستحکم ہونا۔

—الکلامُ: معنی کی پوشیدگی یا غلط ترکیب کی وجہ سے نا قابل فہم ہونا۔

التَّعْقِيْدُ: (اہل بیان کے نزدیک) کلام کو ایسے طور پر تالیف کرنا کہ پیچیدہ ترتیب کی وجہ سے اس کا سمجھنا دشوار ہو' یہ تعقید لفظی ہے۔

یا ایسے مجاز کا استعمال کرنا جس کا حقیقت سے بہت دور کا تعلق ہو یا ایسے کنایہ کا جو بعیدۃ اللزوم ہو اور یہ تعقید معنوی ہے۔

العَقْدُ: عمارت کی محراب (۲) عہد۔

—(۳) طرفین کے درمیان ایسا اتفاق کہ ان میں سے ہر ایک اس کی شرائط کا پابند ہو۔ جیسے عقد بیع اور شادی کا عقد۔

عَقْدُ العمل: (اقتصاد سیاسی میں) ایسا معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص مقررہ اجرت پر کسی شخص کی خدمت کا پابند ہو (مج)

—من الأَعداد: دہائیاں' جیسے دس' بیس اسی طرح نوے تک (ج) عُقُوْدٌ۔

صِيَغُ العقود: وہ الفاظ اور جملے جن کے ذریعے معاملات قیام پذیر ہوتے ہیں۔ جیسے: زَوَّجْتُكَ، وبِعْتُكَ۔

العِقْدُ: گردن میں ڈالا جانے والا دھاگہ جس میں موتی وغیرہ پروئے ہوتے ہیں (ج) عُقُوْدٌ

العُقْدَةُ: جائے عقد۔ جہاں گرہ لگائی جائے۔

(۲) (نباتات میں) پودے کی ساق پر پتا نمودار ہونے کی جگہ (۳) (نفسیات میں) کسی دباؤ کے تحت پیدا ہونے والی کیفیت جو مستقل ذہنی گرہ بن جاتی ہے۔

(۴) (علم جغرافیہ میں) سمندر مسافت کی ایک مقدار جس کی لمبائی ۱۸۵۲ میٹر ہوتی ہے جسے میل بحری کہا جاتا ہے۔

(۵) کسی چیز کا سہارا' مضبوطی کا ذریعہ۔

(۶) جماعت' حضرت علیؓ کے اپنے ساتھیوں کو خطاب میں ہے: هذا جزاءُ من ترك العُقْدَةَ۔ (۷) شہر کی حکمرانی۔

منه: هَلَكَ أَهْلُ العُقْدَةِ وَرَبِّ الكَعْبَةِ

—من اللِّسان: زبان کی گرہ' بندش جو خلقتاً پیدا ہوتی ہے۔ قرآن مجید میں ہے: {وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي}

—(۸) ہر وہ چیز جس کا انسان مالک ہو' زمین جائیداد' مال اور اسباب میں سے

(۹) بہت زیادہ درختوں اور گھاس والی زمین۔

منه قولهم: عَشِّ إِبِلَكَ بِتِلْكَ العُقْدَةِ۔

—من كل شيءٍ: ہر چیز کی مضبوطی اور استحکام۔

قرآن مجید میں ہے: {وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ}

—في الكلام: ابہام' اغلاط۔

(۱) ہاتھ کی شکستگی کا وہ ابھار جس پر ہاتھ جوڑنے کے لئے پلاسٹر وغیرہ چڑھا دیا گیا ہو۔

تقول: جَبَرَتْ يَدُهُ عَلَى عُقْدَةٍ (ج) عُقَدٌ۔

يقال: تَحَلَّلَتْ عُقَدُهُ: اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔

العُقْدَةُ النَّفْسِيَّةُ: ذہنی کشمکش جو کسی کو زندگی میں پیش آمدہ خاص مسئلہ سے پیدا ہوتی ہے۔

عُقْدَة اوديب: جنسی شذوذ جس کا مظہر ماں کا عشق ہوتا ہے (مج)

العَقَدَةُ: زبان کی جڑ کا موٹا حصہ۔

العَقَّادُ: مبالغہ در عاقد۔

—(۲) دھاگے یا گھنڈی وغیرہ بنانے یا بیچنے والا

(مو) **العَقِيْدُ من السوائل:** گاڑھا سیال۔

(۳) ایک فوجی عہدہ جو میجر سے اوپر اور بریگیڈیر سے کم ہوتا ہے۔ لیفٹیننٹ کرنل (محدثہ)

يقال: فلانٌ عَقِيْدُ كَرَمٍ وعقيدُ لُؤْمٍ: فطرتاً سخی یا کمینہ ہے۔

العَقِيْدَةُ: ایسا نظریہ جس کے ماننے والوں کے لئے اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو۔

(۲) (دین میں) وہ پختہ عقیدہ جو اعتقادی ہو نہ کہ عملی جیسے وجود باری تعالیٰ اور بعثت رسل کا عقیدہ (ج) عَقَائِد۔

العُنْقُوْدُ من العِنَبِ ونحوه: ایک ہی خوشہ میں تہہ بہ تہہ پھلوں کا ہونا۔

المُعْتَقَدُ۔ بمعنی العَقِيْدَةُ۔

المَعْقِدُ: گرہ لگانے کی جگہ۔

جیسے: معقد الازار: پاجامہ پہننے کی جگہ۔

يقال هو مِنِّي مَقْعِدُ الإزار: وہ مجھ سے قریبی تعلق رکھتا ہے۔ (ج) مَعَاقِدُ۔

المُعَقَّدُ: وہ رسّی جس میں بہت زیادہ گرہیں ہوں۔ اسی طرح وہ کلام جس میں بہت زیادہ پیچیدگیاں ہوں۔

المُعَقِّدُ: گرہوں پر پھونکنے والا جادوگر۔

عَقَرَتِ (ض) المرأةُ والرَّجُلُ عَقْرًا' عُقْرًا: اولاد کے قابل نہ ہونا۔ هو وهي عَاقِرٌ، هم عُقَّرٌ هُنَّ عُقَّرٌ و عَوَاقِرُ۔

—النَّخْلَ عَقْرًا: کھجور کے درخت کو اوپر کے سرے سے کاٹنا۔

—البَعِيْرَ: اونٹ کو ذبح کرتے وقت قابو کرنے کے لئے ایک ٹانگ کاٹنا تاکہ وہ گر جائے۔

—الحيوانَ: ذبح کرنا۔

السَّرْجُ والرَّحْلُ الظَّهْرَ: زین اور کجاوہ کا کمر کو زخمی کرنا۔

—الكَلْبُ الوَلَدَ: کتے کا کاٹنا۔

—الرَّجُلَ عن حاجته: کام سے روکنا۔

عَقِرَ (س) الرَّجُلُ عَقَرًا: حیران و ششدر اپنی جگہ رہنا نہ آگے بڑھنا نہ پیچھے ہٹنا' جیسے اس کے پاؤں کٹے ہوئے ہوں۔

—المرأةُ عَقَارًا: بانجھ ہونا۔

يقال: عَقُرَ الرَّجُلُ۔

—الامرُ: کوئی نتیجہ نہ نکلنا۔

أَعْقَرَ فلانٌ: بہت جائیداد والا ہونا۔

—الرَّحْلُ والسَّرْجُ الظَّهْرَ۔ بمعنی عَقَرَہ۔

—اللهُ رَحِمَ المرأةِ: رحم میں ایسی بیماری لگنا کہ وہ حاملہ نہ ہو سکے۔

عَاقَرَ الخمرَ: شراب پینے کا عادی ہونا۔

—فلانًا: سخاوت و فیاضی کا مظاہرہ کے طور پر اونٹوں

کوذبح کرنے میں کسی سے مقابلہ کرنا اور اس وقت تک سلسلہ ذبح جاری رکھنا جب تک کہ ایک دوسرے کو عاجز کردے' ایسا جاہلیت میں ہوتا تھا' اسلام نے اس سے منع کردیا۔
اِنْعَقَرَ ظَهْرُ الدَّابَّةِ: زخمی ہونا۔
— البعيرُ والفرسُ: تلوار سے کونچیں کاٹی جانا۔
تَعَاقَرَ الرَّجلان: اونٹ ذبح کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَعَقَّرَ فلانٌ۔ بمعنی أَعْقَرَ۔
—ظَهْرُ الدَّابَّةِ: زخمی ہونا۔
—شَحْمُ النَّاقَةِ: اونٹنی کی چربی کا گٹھا ہوا ہونا۔
—الغيثُ: بارش کا جاری رہنا۔
—النَّبْتُ: پودے کا لمبا ہونا۔
اَلْعَاقِرُ من الطيور: جس کے پر کسی بیماری کی وجہ سے نہ اگتے ہوں۔
اَلْعَاقِرُ قَرْحًا: افریقہ میں بہت زیادہ پائی جانے والی فصیلہ مرکبہ۔ کی ایک بوٹی جس کی جڑیں طب میں استعمال ہوتی ہیں (مع)
اَلْعَقَارُ: غیر منقولہ جائیداد' ہر اصل ثابت شدہ ملکیت جیسے زمین' گھر (ج) عَقَارَاتٌ۔
اَلْعَقَارُ الْحُرُّ: فردی جائیداد جس سے سالانہ منافع حاصل ہوتا ہو اور وہ کسی کی خاص ملکیت ہو (مج)
—مِنْ كُلِّ شيءٍ: ہر عمدہ چیز۔
اَلْعُقَارُ: شراب۔
—من كُلِّ شيءٍ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔
اَلْعَقْرُ: شگاف کی مانند چوپاؤں کی ٹانگوں میں نشان (۲) ہر چیز کی اصل (۳) محلہ' قبیلہ۔
يقال: جَدْعًا له وعَقْرًا: (بددعا) وہ برباد ہو۔
اَلْعُقْرُ: ہر چیز کی اصل۔
—من الدَّارِ: درمیان۔
(۲) محلہ (۳) بہترین گھاس۔
(۴) اس عورت کا مہر جس سے وطی بالشبهة کرلی گئی ہو (۵) قصیدہ کے عمدہ اشعار (ج) أَعْقَارٌ۔
بَيْضَةُ العُقْرِ: مرغی کا پہلا انڈا۔
اَلْعُقْرُ: وہ اصل آگ جس سے مزید آگ پیدا ہو (۲) مانع حمل دوا (ج) أَعْقَارٌ۔
العُقْرَةُ: بانجھ پن۔
العُقَرَةُ: ایک مٹکا جسے عورت حاملہ نہ ہونے کی غرض سے اٹھاتی ہے۔
ومنه قولهم: عُقَرَةُ العِلمِ النِّسيَانُ۔
اِمْرَأَةٌ عُقَرَةٌ: وہ عورت جس کے رحم میں کوئی بیماری ہو جس سے وہ حاملہ نہ ہوتی ہو۔
العَقَّارُ: مبالغہ در عاقر۔ (۲) اصل دوا (دوا کی بنیاد جیسے جڑی بوٹی) (ج) عَقَاقِيْرُ۔
اَلْعَقُوْرُ: مبالغہ عَاقِرُ۔
يقال: كَلْبٌ عَقُوْرٌ (ج) عُقُرٌ۔
اَلْعَقِيْرُ: زخمی' کونچیں کاٹا ہوا جانور (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)۔
—من الرِّجَالِ: جس کی اولاد نہ ہوتی ہو۔
العَقِيْرَةُ: زخمی کیا ہوا شکار۔
(۲) کٹی ہوئی پنڈلی (۳) آواز (ج) عَقَائِرُ۔
عَقْرَبَ المكانُ والارضُ: جگہ کا بہت بچھوؤں والی ہونا۔
العَقْرَبُ: عنكبيات۔ میں سے ایک جانور جو زہریلا ڈنک مارنے والا ہوتا ہے (عام طور پر مؤنث استعمال ہوتا ہے)
عَقْرَبُ الْبَحْرِ: بحار استوائیہ۔ کی ایک مچھلی جس کا سر بڑا ہوتا ہے جس کی کمر پر ایک بڑا پنکھ ہوتا ہے اس کی بعض اقسام زہریلی ہیں۔
(۲) آسمان کا ایک برج۔
(۳) جوتے کا تسمہ۔
— من الشِّتَاءِ: سردی کی شدت' زور (ج) عَقَارِبُ۔
العَقَارِبُ: چغل خوریاں' سختیاں۔
عَقْرِبا الساعَةِ: گھڑی کی دوسوئیاں۔ چھوٹی گھنٹوں اور بڑی منٹوں کی بابت بتلاتی ہے (محدثہ)
العَقْرَبَاءُ: بچھو کی مادہ۔
العَقْرَبَةُ۔ بمعنی العَقْرَبَاءُ۔
— (۲) کاٹھی کی کنڈی جو زین اور کجاوہ میں لٹکائی جاتی ہے۔
العُقْرُبَانُ: نربچھو۔
الْمُعَقْرَبُ: ٹیڑھا' مڑا ہوا۔
—من النَّاسِ: گٹھے ہوئے مضبوط جسم والا۔
عَقَصَتِ (ض) المرأَةُ شَعْرَها عَقْصًا: بالوں کا ہر گچھا لے کر اسے لپیٹنا' پھر انہیں گرہ لگانا۔ یہاں تک کہ ایک گھماؤ باقی رہ جائے اور اسے چھوڑ دیا جائے۔
(۲) بالوں کو لپیٹنا اور اطراف کو جڑوں میں داخل کر کے گدی پر یا سر پر انار کی مانند چھوڑ دینا۔
—امرَہ: پیچیدہ بنانا' الجھانا۔
عَقِصَ (س) التَّيْسُ و نحوُہٗ عَقَصًا: مینڈھے کا کانوں تک مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔
۔اَسْنَانُ الرَّجُلِ: آدمی کا مڑے ہوئے اور منہ کی طرف داخل ہوتے ہوئے دانتوں والا ہونا۔
—اَصَابِعہ: انگلیوں کا ایک دوسرے پر چڑھنا۔
يقال: عَقِصَ الرَّجُلُ: بخیل اور بدخلق ہونا۔
—الدَّابَّةُ على صاحِبها: چوپائے کا ہٹ کرنا۔
هو أَعْقَصُ، هِيَ عَقْصَاءُ (ج) عُقْصٌ۔
عَقَّصَ اَمْرَہ: معاملہ کو الجھانا۔
العِقَاصُ: بالوں کو باندھنے کا دھاگہ۔
(ج) عُقُصٌ۔
العَقِصُ: اوجھ کی گردن (۲) جما ہوا ریت جس میں راستہ نہ ہو۔
العِقْصَةُ: بندھے ہوئے بالوں کا مجموعہ (ج): عِقَصٌ و عِقَاصٌ۔
العُقْصَةُ من القرن: سینگ کی گرہ (ج) عُقَصٌ۔
العَقِصَةُ: ریت کا جما ہوا ٹیلہ جس میں کوئی راستہ نہ ہو۔
العِقِّيْصُ: بخیل' اکھڑا (۲) تندخو' بدخلق۔

العُقَيْصَاءُ: بڑی اوجھ کے ساتھ ملی ہوئی چھوٹی اوجھ۔

اَلْعُقَيْصَةُ۔ بمعنی **اَلْعِقْصَةُ (ج) عَقَائِصُ، وعِقَاصٌ۔**

المِعْقَاصُ: مڑے ہوئے سینگوں والی بکری۔

المِعْقَصُ: ٹیڑھا تیر (۲) بال سنوارنے کا آلہ (محدثہ) (ج) **مَعَاقِصُ۔**

عَقْعَقَ العَقْعَقُ: کوے نما پرندے کا بولنا۔

العَقْعَقُ: جوائم کے رتبہ کا کوے کی قسم کا ایک پرندہ جو بہت شور وغل کرتا ہے۔ اس کی لمبی دم اور لمبی چونچ ہوتی ہے عرب اسے نحوست کی علامت سمجھتے ہیں۔

العَقْعَقَةُ: عقعق کی آواز اور وہ عین اور قاف کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے۔

(۲) نئے کپڑے اور کاغذ کی حرکت کی آواز۔

عَقَفَ (ض) الشيءَ عَقْفًا: موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔

عُقِفَتِ الشَّاةُ: پیر ٹیڑھے ہونے کا مرض لگنا۔

عَقَّفَهُ۔ بمعنی **عَقَفَه۔**

اِنْعَقَفَ الشيءُ: مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔

تَعَقَّفَ الشيءُ۔ بمعنی **اِنْعَقَفَ۔**

اَلْاَعْقَفُ: مڑا ہوا، ٹیڑھا۔

يقال: عُودٌ اَعْقَفُ و ظَبْيٌ اَعْقَفُ القرون (ج) عُقُفٌ۔

العُقَافُ: بکریوں کے پاؤں ٹیڑھا کرنے والی بیماری۔

العُقْفَاءُ: لوہا جس کا ایک سرا مڑا ہوا ہوتا ہے، اس کے ذریعہ اشیاء کو کھینچا جاتا ہے۔

العُقَّافَةُ: لکڑی جس کا ایک سرا مڑا ہوا ہوتا ہے، اس کے ذریعے چیزوں کو کھینچا جاتا ہے۔

المَعْقُوفُ: الصَّلِيبُ المعقوف: ایک صلیب جس کے ہر قائمہ میں ایک علامت ہوتی ہے جس سے ایک قائمہ زاویہ تشکیل پاتا ہے اور یہ نازیوں کا شعار تھی۔

القوسان المعقوفان۔ (طباعت کی اصطلاح میں) دو قوسیں جو اصلی نص سے بڑھنے تک کا احاطہ کرتی ہیں (محدثہ)

عَقَّتْ (ن ض) انثى الحيوان عَقَقًا وعَقَاقًا: حاملہ ہونا۔

—البرقُ (ن) عَقًّا: بجلی کا پھٹنا۔

فلانٌ: عقیقہ کرنا (نومولود بچے کے پیدائشی بال کاٹنا)۔

— القومُ بسهمٍ: خون کے بدلہ دیت قبول کرنے کی علامت کے طور پر تیر کو آسمان کی طرف پھینکنا۔

—عن ولده: بچہ سات روز کا ہو جانے پر اس کی طرف سے قربانی کرنا۔

—ثوبه: پھاڑنا۔

— الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے پانی لینا گویا کہ اسے پھاڑ دیا ہو۔

— اباهُ عَقًّا، وَعُقُوقًا، و مَعَقَّةً: ۔واجب خدمت انجام نہ دینا، نافرمانی کرنا، بدسلوکی کرنا۔

هُوَ عَاقٌّ وعَقٌّ وعُقُوقٌ۔

—رَحِمَهُ: قطع تعلق کرنا۔

اَعَقَّتِ النَّخْلَةُ اَوِ الْكَرْمَةُ: جڑوں سے شاخیں نکلنا۔

—فلانٌ: نافرمانی وسرکشی کرنا۔

— المرأةُ: عورت کے پیٹ میں بچہ کے سر پر بال اُگنا۔

— الماءَ: پانی کو کڑوا کر دینا۔

عَاقَّهُ: مخالفت کرنا۔

—اِعْتَقَّ السَّحَابُ: بادلوں کا پھٹنا۔

— المُعْتَذِرُ: بہت زیادہ معذرت کرنا۔

—فلانٌ السَّيفَ: تلوار سونتنا۔

اِنْعَقَّ من الماءِ: سخت کڑوا پانی۔

العَقُّ: نافرمان (۲) ریت وغیرہ کی پھٹن۔ (۳) زمین میں لمبا گڑھا (۴) کھارا پانی۔

العُقَقُ: بادلوں کے درمیان سونتی ہوئی تلوار کی مانند بجلی (۲) نافرمان اولاد۔

الْعِقَّانُ: عِقَّانُ الكَرْمِ والنَّخِيلِ: کھجور کے درختوں اور انگور کی بیلوں کی جڑوں سے نکلنے والی شاخیں۔

العَقَّةُ: زمین میں گہرا گڑھا۔

(۲) آسمان میں مستطیل بجلی۔

العَقُوقُ من البَهَائِمِ: حاملہ۔

الاَبْلَقُ العُقُوقُ: ان ہونی بات۔

کیونکہ 'ابلق' نر گھوڑے کو کہتے ہیں اور وہ حاملہ نہیں ہوسکتا۔

تقول: كلَّفتني بيض الانوق، والابلقَ العقوق: تو نے مجھ سے اونٹنیوں کے انڈے اور حاملہ گھوڑا طلب کیا ہے (ج) **عُقُقٌ وعِقَاقٌ۔**

العُقُقُ: دشمنوں سے دور رہنے والے لوگ۔

الْعُقُقُ: قطع تعلقی کرنے والے۔

العَقِيقُ: سرخ رنگ کا قیمتی پتھر جس کے نگینے بنائے جاتے ہیں جو کہ یمن اور بحر متوسط کے ساحلوں میں پایا جاتا ہے۔ واحد: **عقيقةٌ۔**

—(۲) وہ وادی جسے قدیم زمانے میں سیلاب نے چیر دیا ہو اور اس سے نہر بن گئی ہو (ج) **اَعِقَّةٌ۔**

—(۳) انسانوں اور جانوروں کے بچے کے اگنے والے بال جبکہ وہ ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔

العَقِيقَةُ: انسانوں اور جانوروں کے بچے کے اگنے والے بال جبکہ وہ ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔

(۲) بچے کے ساتویں روز اس کے بال کاٹنے کے وقت اس کی طرف سے ذبح کیا جانے والا جانور۔

—من البرقِ: بادلوں میں رہ جانے والی بجلی کی شعاعیں (۳) زمین میں لمبا گڑھا۔

(ج) عَقَائِقُ والعَقَائِقُ: بجلی کی طرح چمکنے والی تلواریں۔

يقال: سَلُّوا عَقَائِقَ كالعقائقِ: انہوں نے چمکدار تلواریں سونت لیں۔

عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً: اشیاء کی حقیقتوں کا ادراک کرنا، سمجھنا۔

—الْغلامُ: سمجھدار ہونا۔

يقال: ما فعلتُ هذا مُذْعَقَلْتُ: جب

سے میں سمجھدار ہوا میں نے یہ کام نہیں کیا۔
—الیہ: عَقْلاً: سایہ کا دوپہر کے وقت سمٹنا۔
—الشئَ: کسی شے کی حقیقت جاننا۔
—البعیرَ: اونٹ کی کلائی کوران کے ساتھ ملا کر رسّی سے باندھنا تاکہ وہ بیٹھا رہے۔
—الرّجُلَ: کسی کی ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر زمین پر گرادینا۔
—فلاناً عن حاجته: کسی کو اس کے کام سے روکنا۔
—القتیلَ: قاتل کا مقتول کے ورثاء کو خون بہا ادا کرنا۔ جاہلیت میں یہ اونٹوں سے ادا کی جاتی تھی۔
—الدَّوَاءُ الْبَطْنَ: اسہال کے بعد دوا کا قبض کرنا۔
—فلانٌ فلاناً(ن) عَقْلاً: عقل وفہم میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
عَقِلَ (س) البعیرُ ونحوهٗ عَقَلاً: اونٹ کی اگلی ٹانگوں کا ٹکرانا (۲) ٹانگوں کا ٹیڑھا ہونا۔
هُوَ اَعْقَلُ وهی عَقْلاءُ (ج) عُقْلٌ۔
عَاقَلَهٗ: عقل وخرد میں مقابلہ کرنا۔
عَقَّلَ الْکَرْمُ: انگور کی بیل پر خوشے نکلنا۔
—فلاناً عن حاجتِهٖ: ذاتی کام سے روکنا۔
—فلاناً: عقل مند بنانا۔
اِعْتَقَلَ بَطْنُهٗ: قبض ہونا۔
—لسانُهٗ: زبان بند ہونا۔
یقال: اُعْتُقِلَ لِسَانُهٗ۔
—من دَمِ فلانٍ: کسی کا دیت لینا۔
—فلاناً عن حاجته: ذاتی کام سے روکنا۔
—الشُّرطَةُ الْمُتَّهَمَ: پولیس کا ملزم کو مقدمہ چلانے کے لئے حراست میں لینا (محدثہ)
—الدواءُ بطنَه: قبض کرنا۔
—فلاناً: کسی کی ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر اسے زمین پر گرادینا۔
—الرّجُلَ: ٹانگ موڑ کر کولہے پر رکھنا۔
—فلانٌ رُمْحَهٗ: اپنے نیزے کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا۔
تَعَاقَلَ الرَّجُلُ: بتکلف عقل مند بننا۔
—القومُ دمَ القتیل: مقتول کی دیت باہم مل کر دینا۔
تَعَقَّلَه عن حاجته: کسی کو ذاتی کام سے روکنا۔
—البعیرَ۔ بمعنی عَقَلَه۔
—الدَّواءُ بَطْنَهٗ: قبض کردینا۔
—الرَّجُلَ: ٹانگ موڑ کر کولہے پر رکھنا۔
اَلْعَاقِلُ: سمجھدار (ج) عُقَّالٌ وعُقَلاءُ۔
هِیَ عَاقِلَةٌ وعاقِلٌ وهُنَّ عواقل۔
—(۲) دیت دینے والا (ج) عَاقِلَةٌ۔
عَاقِلَةُ الرجُلِ: عصبه۔ یعنی باپ کی طرف سے وہ رشتہ دار جو دیت دینے میں شریک ہوتے ہیں۔
اَلْعَاقُوْلُ: فصیله قرنیه کا کانٹے اور چھوٹے درختوں سے نیچے ایک پودا جس کی شاخیں تیز کانٹوں میں بدل جاتی ہیں اور یہ فراشی ہے۔ اس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے جو کہ ربیع میں کھلتا ہے اور نوک دار ہوتا ہے اور بیج سخت ہوتا ہے صحرائی وادیوں اور بے کار زمینوں میں بکثرت پایا جاتا ہے اونٹ کے لئے بہترین چارہ ہے۔
(۲) کثیر موڑ والی زمین جس میں راہ پانی دشوار ہو۔
(۳) مبہم، پیچیدہ معاملہ (ج) عَوَاقِیْلُ۔
اَلْعِقَالُ: رسّی جس کے ذریعے اونٹ کو باندھا جاتا ہے۔
(۲) جھکے ہوئے جسم کی نوجوان اونٹنی۔
عِقَالُ المِئِینَ عند العرب: وہ شریف و معزز شخص کہ اگر اسے بند کر لیا جائے تو اس کے فدیہ میں سینکڑوں اونٹ دیئے جائیں۔
(۳) اون یا ریشم کی بنی ہوئی رسّی جسے سر پر رکھے جانے والے رومال پر لپیٹا جاتا ہے۔ یہ رومال اور ڈوری دونوں سر کے ڈھانپنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں (مج) (ج) عُقُلٌ۔
اَلْعُقَّالُ: پٹھوں میں اینٹھن کی ایک بیماری جو وقتی طور پر حرکت کو تکلیف دہ بنا دیتی ہے (مج)
یقال: داءٌ ذو عُقَّالٍ: لاعلاج بیماری۔
العُقَّیلی: ردی چیز، ناپختہ پھل۔
اَلْعَقْلُ: اس فطرت کے مقابل جو غیر اختیاری ہوتی ہے۔
منه۔ الإنسانُ حیوانٌ عاقل۔
—(۲) جس کے ذریعے تفکر، استدلال اور تصورات اور تصدیقات کو جوڑا جاتا ہے۔
(۳) جس کے ذریعے اچھے کو برے سے، خیر کو شر سے، اور حق کو باطل سے جدا کیا جاتا ہے۔
(۴) دل (۵) دیت (۶) قلعہ (۷) جائے پناہ (ج) عُقُوْلٌ۔
العُقْلَةُ: بند یا تسمہ جس کے ذریعے باندھا جائے (۲) (جسمانی ورزش میں) لکڑی یا دھات کا ڈنڈا جسے دو طرف سے رسّی باندھ کر چھت وغیرہ میں لٹکا دیا جاتا ہے۔
(۳) گنے کی دو گانٹھوں کے درمیان کی پوری (مو)
(۴) (باغبانی میں) شاخ یا شاخ کا جز جسے پودے سے علیحدہ کر کے لگایا جائے جیسے انگور اور انجیر وغیرہ کی شاخ (مو)
اَلْعَقُوْلُ: عاقِلٌ۔ کا مبالغہ (۲) قبض کی دوا۔
(۳) (علم طب میں) بدن کی انسجه۔ کو منقبض کرنے یا مادہ کے اخراج یا خون کے بہاؤ کو روکنے کا سبب (مج)
العَقِیْلَةُ: پردہ نشین خاتون (۲) شریف بیوی۔
(۳) قوم کا سردار (ج) عَقَائِلُ۔
اَلْمُعْتَقَلُ: قید خانہ۔
المَعْقِلُ: پناہ گاہ، قلعہ (ج) مَعَاقِلُ۔
عَقِمَتِ (ن) المرأةُ والرَّجُلُ عَقْمًا وعُقْمًا: عورت یا مرد کا بڑھاپے یا کسی بیماری کی وجہ سے اولاد کے قابل نہ ہونا۔
یقال: عَقَمَ اللهُ المرأةَ او الرجلَ: بانجھ کر دیا۔
قرآن مجید میں ہے: {و یَجْعَلُ مَنْ یَّشَاءُ عَقِیْمًا}

ع

عَقِمَ (س) عَقَمًا۔ بمعنی عَقَمَ۔
عَقُمَتِ (ك) المرأةُ والرَّجُلُ عُقْمًا: بانجھ ہونا۔
هو عَقِيمٌ (ج) عُقَمَاءُ وعِقَامٌ هيَ عَقِيمٌ (ج) عَقَائمُ وعُقُمٌ۔
يقال: ريحٌ عقيم: بے بارش ہوا۔
يومٌ عقيمٌ: بغیر ہوا کے دن۔
عقلٌ عقيمٌ: نہ اس میں کوئی بھلائی ہو نہ اس سے کوئی فائدہ ہو۔
عاقَمَه: کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔
عَقَّمَ الشيءَ: کسی چیز میں موجود نقصان دہ جراثیم کو ختم کرنا تا کہ وہ مزید نہ بڑھ سکیں۔
يقال: ماءٌ مُعَقَّمٌ: جراثیم سے پاک کیا ہوا پانی (مو)
التَّعْقِيمُ: ابال کر یا کسی اور طریقے سے جاندار اشیاء سے بیکٹیر یا زکو ہلاک کرنے کا عمل تا کہ معدات جراحیہ یا بیکٹیر یالوجی نظام کو تباہ کیا جا سکے (مج)
العُقَامُ: يقال: يومٌ عُقَامٌ: سخت دن۔
حَرْبٌ عُقَامٌ: گھمسان کی جنگ جس میں کوئی کسی کا خیال نہ کرے۔
داءٌ عقامٌ: لاعلاج مرض۔
العَقَامُ۔ بمعنی العُقَامُ: يقال: رَجُلٌ عَقَامٌ: بے اولاد شخص۔
العُقْمُ: مرد یا عورت کے اندر کوئی خرابی جس سے اولاد نہ ہوتی ہو (مج)
اَلْعَقَنْقَلُ: وسیع وعریض وادی (۲) تہہ بہ تہہ ریت کا ٹیلہ۔
عَقَا (ن) الرَّجُلُ عَقْوًا: کنواں کھود کر ایک طرف سے پانی جاری کرنا جب کہ اس کی تہہ سے پانی جاری کرنا دشوار ہو جائے۔
—فلانٌ الأمرَ: ناپسند کرنا۔
عَقَى (ض) المولودُ عَقْيًا: نوزائیدہ بچے کا پاخانہ کرنا۔

—فلانٌ الامرَ: ناپسند کرنا۔
اَعْقَى الشيءُ: کڑوا ہونا۔
—فلانٌ الشيءَ: کڑواہٹ کی وجہ سے منہ سے نکالنا۔
عَقَّى الطَّائرُ: بلند پرواز کرنا۔
—المولودَ: ایسی دوا پلانا جو اس کا پاخانہ نکال دے۔
اِعْتَقَى الرَّجُلُ: کنواں کھود کر ایک طرف سے پانی جاری کرنا جب کہ اس کی تہہ سے پانی جاری کرنا دشوار ہو۔
—فلانٌ: بات سے بات نکالنا۔
العَقَاةُ: گھر یا محلہ کے سامنے کا وسیع میدان (ج) عَقًا۔
العَقْوَةُ۔ بمعنی العَقَاةُ (ج) عِقَاءٌ۔
العِقْيُ: نوزائیدہ کے پیٹ سے وقت ولادت نکلنے والی چیز (ج) أَعْقَاءٌ۔
العِقْيَانُ: کان میں بھرا ہوا سونا جو ریت اور پتھروں کے اختلاط سے پاک ہو۔

ع........ک

عَكَبَ (ن) عُكُوبًا: ازدحام ہونا۔
يقال: عَكَبَ النَّاسُ والطَّيرُ و عَكَبت الجماعة۔
—القِدْرُ: ہانڈی کی بھاپ اٹھنا۔
عَكِبَ (س) فلانٌ عَكَبًا: بڑے ڈیل ڈول کا ہونا، بدن کا سخت ہونا (۲) پاؤں کا انگلیوں کے ایک دوسرے کے قریب والا ہونا۔
هو اَعْكَبُ هِيَ عَكْبَاءُ (ج) عُكْبٌ۔
عَكَّبَتِ النارُ: آگ کا دھواں دینا۔
اِعْتَكَبَ الغُبَارُ: گرد اڑنا۔
تَعَكَّبَتْهُ الهمومُ: مصائب کا کسی پر سوار ہونا۔
الْعُكَابُ: غبار، گرد (۲) دھواں (۳) ہنڈیا کی بھاپ (۴) ہنڈیا کا جوش۔
العَكُّوبُ: گرد (۲) فصيله مركبه۔ کی ایک سبزی جس کی تلاش میں دمشق میں موسم ربیع میں لوگ نکلتے ہیں اور اسے پکاتے ہیں۔

عَكَدَ (ض) اليهِ عَكْدًا: کسی کی پناہ لینا۔
— الامْرُ فلانًا: کسی کے لئے کوئی کام ممکن ہونا۔
عَكِدَ (س) البعيرُ والضَّبُّ عَكَدًا: اونٹ اور گوہ کا موٹا اور سخت گوشت والا ہونا۔
—به: چمٹنا۔ هو عَكِدٌ هي عَكِدَةٌ۔
اَعْكَدَ اليه: کسی کی پناہ لینا۔
اِعْتَكَدَهُ: کسی کے ساتھ لگنا۔
اِسْتَعْكَدَ البعيرُ والضَّبُّ۔ بمعنی عَكَدَ۔
— الطَّائرُ والضَّبُّ: شکاری پرندوں کے ڈر سے پرندے یا گوہ کا کسی چیز کی آڑ میں ہو جانا۔
—الماءُ: پانی اکٹھا ہو جانا۔
اَلْعُكْدَةُ: زبان اور دم کی جڑ۔
(۲) قوت (۳) گوہ کا بل (ج) عُكَدٌ۔
اَلْعَكَدَةُ: زبان اور دم کی جڑ (ج) عَكَدٌ۔
—(۲) دونوں پھیپھڑوں کے درمیان قلب کی جڑ۔
(۳) روٹی کو نقطوں کی شکل میں گودنے والا پر۔
اَلْمَعْكُوْدُ: ٹھہرا ہوا، قیام پذیر (۴) ممکن۔
—من الطَّعَامِ: دیرپا کھانا۔
عَكَرَ (ن) عَكْرًا، وعُكُوْرًا: مائل ہونا، لوٹنا۔
يقال: عَكَرَ على الشيءِ وعكرَ عليه الزَّمانُ بِخَيْرٍ: زمانے کا کسی پر مہربان ہونا۔
—به بعيرُه: اونٹ کا کسی کو اس کے اہل وعیال کے پاس واپس لانا اور اس پر غالب رہنا۔
هو عَاكِرٌ، وعَكَّارٌ۔
عَكِرَ (س) الماءُ ونحوُه عَكَرًا: پانی کا گدلا ہونا۔
هُوَ عَكِرٌ هِيَ عَكِرَةٌ۔
يقال: فلانٌ يَصْطَادُ في الماءِ العَكِرِ: یعنی معاملات کی گڑبڑ سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ (محدثة)
— المِسْرَجَةُ: چراغ میں تیل یا میل کی گار کا جمنا۔
اَعْكَرَ الرَّجُلُ: اونٹوں کے گلہ والا ہونا۔
—السَّنَامُ: کوہان کا چربی دار ہونا۔

—اللَّيْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا اور ملتبس ہوجانا۔
—الشيءَ: گدلا کرنا۔
عَكَّرَ الشيءَ۔ بمعنی اَعْكَرَه.
اَعْتَكَرَ فلانٌ: آنا اور لوٹنا۔
على الشيءِ: مائل ومتوجہ ہونا۔
— القومُ في الحرب: جنگ میں باہم گتھم گتھا ہونا۔
—الشيءُ: کثیر ہونا' ڈھیر لگنا۔
—اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔
—الريحُ: ہوا کا گرد اڑانا۔
—الشَّبَابُ: جوانی کا برقرار رہنا۔
تَعَاكَرَ القومُ: جنگ میں باہم گتھم گتھا ہونا۔
اَلْعَكَرُ: اونٹوں کا بڑا گروہ۔
اَلْعِكْرُ: جڑ (۲) عادت' خصلت۔
اَلْعَكَرُ: مٹی (۲) ہر چیز کا گار۔
(۳) تلوار وغیرہ کا زنگ۔
اَلْعَكَرَةُ: اونٹوں کا گلہ (۲) زبان کی جڑ (ج): عَكَرٌ۔
العِكْرِشُ: فصیلہ نجیلیہ سے ایک لمبی پھیلی ہوئی گھاس۔ پانی پھوٹنے والی جگہ میں اگتی ہے اس سے کھوکھلے تنے نکلتے ہیں اور اس کے پتے نیزہ نما ہوتے ہیں اور پھول خوشہ نما۔
عِكْرِمُ اللَّيلِ: رات کی تاریکی۔
اَلْعِكْرِمَةُ: مادہ کبوتری۔
عَكَزَ (ن) بالشيءِ عَكْزًا: کسی چیز سے رہنمائی حاصل کرنا۔
—على عُكَّازَتِه: لاٹھی وغیرہ کا سہارا لینا۔
—الرُّمْحَ: نیزے کو زمین میں گاڑنا۔
تَعَكَّزَ على عُكَّازَتِه: سہارا لینا۔
—قَوْسَه: کمان کو لاٹھی بنالینا۔
اَلْعُكَّازُ: لاٹھی جس پر سہارا لیا جائے۔
(ج) عَكَاكِيزُ۔
العُكَّازَةُ۔ بمعنی العُكَّازُ۔
عَكَسَ (ض) الشيءَ عَكْسًا: الٹا کرنا۔
(۲) آخری کو شروع میں لانا۔
يقال: عكس الكلامَ: بات کو پلٹنا۔
عَكَسَ الدَّابَّةَ: چوپائے کے سر کو پیچھے کی طرف باندھنا۔
عَكَسَ الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ: سواری کو پیچھے لوٹانے کے لئے سوار کا اس کے سر کو اپنی طرف کھینچنا۔
عَكَسَ على فلانٍ امره: کسی کا معاملہ اس کی طرف لوٹا دینا۔
—الشيءَ: زور سے دبا کر زمین کی طرف کھینچنا۔
— الدَّابَّةَ عَكْسًا وعِكَاسًا: چوپائے کو قابو میں کرنے کے لئے ناک میں سے رسّی نکال کر اگلی ٹانگ سے باندھنا۔
— القضيّةَ۔ (منطق کی اصطلاح کے مطابق) قضیہ میں عکس جاری کرنا۔
عَاكَسَه: کسی کے خلاف کام کرنا' ستانا۔
(۲) ایک دوسرے کی پیشانی پکڑنا۔
اِنْعَكَسَ الشيءُ: آخر کا اوّل ہوجانا۔
(۲) پلٹنا' منعکس ہونا۔
اَلْعَاكِسُ: عَاكِس التَّيار۔ (طبیعیات میں) ایک آلہ جو پلٹنے والی لہروں (برقی رو) کو سیدھا پھیر دے۔
المِفْتَاحُ الْعَاكِسُ: ایک آلہ جس کے ذریعے برقی رو کے گزران کو برقی زون کی طرف پھیر دیا جاتا ہے (مج)
العِكَاسُ: وہ رسّی جس کے ذریعے چوپائے کو قابو کرنے کے لئے اس کی نکیل کو ٹانگ سے باندھا جاتا ہے۔
اَلْعَكْسُ: الٹ (۲) چوپائے کو بھوکا رکھنا۔
(۳) (منطق میں) قضیہ کے اطراف کو ایک دوسرا قضیہ بنانے کے لئے تبدیل کرنا جو کہ صدق میں پہلے کے مساوی ہو۔
(۴) (علم بدیع میں) کلام کے ایک جزء کو دوسرے پر مقدم کر دینا۔ یقول عاداتُ السادات ساداتُ العادات۔
(۵) (علم ہندسہ اور ریاضی میں) دو نظریوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ان میں پہلے ہر ایک دوسرے کا الٹ ہے' جبکہ ان دونوں میں سے ہر ایک کا نتیجہ دوسرے کے لئے مقدمہ بن جائے۔
اَلْعَكِيْسُ: دودھ جس میں شوربا وغیرہ ڈال کر پیا جاتا ہے۔
— (۲) درخت کی شاخ جو زمین میں دوسری جگہ دبادی جاتی ہے۔
عَكَشَتِ (ض) العنكبوتُ عَكْشًا: مکڑی کا جالا بننا۔
—على الشيءِ: مائل ہونا۔
—الشيءَ: اکٹھا کرنا۔
عَكِشَ (س) الشعرُ والنباتُ عَكَشًا: بالوں اور پودوں وغیرہ کا گنجان ہونا' گھنا ہونا اور مڑا ہوا ہونا۔
—الرَّجُلُ: بھلائی کا کم ہونا۔
هو عَكِشٌ هي عَكِشَةٌ۔
عَكَّشَ الخُبْزُ: روٹی کا سوکھ جانا اور پھپھوندی لگ کر خراب ہوجانا۔
تَعَكَّشَ الشَّعرُ والنَّباتُ۔ بمعنی عَكِشَ۔
—الشيءُ: سکڑنا' سمٹنا۔
—الامرُ: معاملہ کا مشکل ہونا۔
— العنكبوت: مکڑی کا جالا بننے کے لئے اپنے پاؤں سمیٹنا۔
العُكَاشَة والعُكَّاشَةُ: مکڑی۔
عَكِصَ (ض) عَكَصًا: بدخلق ہونا۔
—الدَّابَّةُ: چوپائے کا سرکش ہونا۔
—الرَّملة: ریت کا دشوار گزار ہونا۔
هو عَكِصٌ۔
تَعَكَّصَ به: کسی چیز میں بخل کرنا۔
عَكَظَ (ض) الشيءَ عَكْظًا: رگڑنا۔
يقال: عَكَظَ الاَدِيمَ بالدِّبَاغ: چمڑے کو دباغت کے مسالے سے رگڑنا۔
— خصمه بالحُجَجِ: مد مقابل پر دلائل سے غالب آنا۔

یقال: عَكَظَه فی المُفَاخَرَةِ: فخر یہ مقابلہ میں غالب آنا۔
—الدَّابَّةَ: چوپائے کو بند کرنا۔
عَاكَظَه: کسی کو اس کی مراد سے روکنا اور ٹالنا۔
عَكَّظَه عن حاجَتِه: مراد سے روکنا۔
—عَلیه حَاجَتَه: ضرورت میں کمی کر دینا۔
تَعَاكَظُوْا: باہم اشعار کہنے میں مقابلہ کرنا' باہم فخر یہ مقابلہ کرنا' باہم جھگڑا کرنا' باہم خرید و فروخت کرنا۔
تَعَكَّظَ امرُه وعليه امرُه: معاملہ کا دشوار و مشکل ہو جانا۔
—القومُ فی مكان كذا: اکٹھا ہونا اور بھیڑ لگانا اپنے معاملات میں غور کرنے کے لئے۔
عُكَاظ: عربوں کے ایک بازار کا نام جس میں وہ جمع ہو کر باہم شعر گوئی اور فخر یہ مقابلہ کیا کرتے تھے اور یہ مقام نخلہ اور طائف کے درمیان واقع ہوا کرتا تھا۔ یہ بازار یکم ذی قعدہ سے شروع ہو کر ۲۰ ذیقعدہ تک جاری رہتا تھا۔
عَكَفَ (ن) فی المكانِ عَكْفًا، وعُكُوْفًا۔ کسی جگہ قیام کرنا' ٹھہرنا۔
یقال: عَكَفَ فی المسجد: عبادت کی نیت سے مسجد میں قیام کرنا۔
—علی الشیءِ: مائل ہونا' پابند ہونا' اس سے نہ پھرنا۔
—القومُ حولَه: کسی کے گرد چکر لگانا۔
یقال: عكف الطّیرُ حولَ القتیل: پرندے کا مقتول کے گرد گھومنا۔
—فلانًا علی كذا عَكْفًا: کسی کو کسی کام پر لگائے رکھنا۔
—فلانًا عن حاجته: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَالْهَدْیَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ}
عَكَّفَ الشیءَ: موڑنا۔
—الشَّعْرَ: بالوں کو گھونگھریالا بنانا۔

—القومَ عن كذا: روکنا۔
اِعْتَكَفَ فی المكان۔ بمعنی عكف فيه۔
—علی الشیءِ: متوجہ ہونا' لگے رہنا۔
تَعَكَّفَ فی المكان۔ بمعنی اعتكف فيه۔
الاِعتِكَافُ: عبادت کی نیت سے مسجد میں ٹھہرنا۔
اَلْعَكِفُ: گھونگھریالے بال۔
عَكَّ (ن ض) الْحَرُّ عَكًّا: ہوا بند ہونے کے ساتھ گرمی کا سخت ہونا۔
یقال: عَكَّ الیَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
—الرَّجُلُ: کسی جگہ ٹھہرنا اور بند ہونا۔
—بالأَمرِ: کسی کام کو بار بار کر کے تنگ ہونا۔
— فلانًا بالقولِ (ن) عَكًّا: کسی کو بار بار تکلیف دینا (۲) کسی کے حق میں ٹال مٹول کرنا (۳) بند کرنا۔
یقال: عَكَّهٗ عَنْ حَاجَتِه: ضرورت سے روکنا۔
—فلانًا بالحُجَّةِ: دلیل سے مغلوب کرنا۔
—الحُمّٰی فلانًا: کسی کو مسلسل بخار کا دبلا اور لاغر کر دینا۔
—الكلامَ: وضاحت کرنا۔
— الحدیثَ من غیرِه: کسی سے کوئی بات دہرانے کے لئے کہنا۔
عُكَّ فلانٌ: بخار ہونا (۲) سخت گرمی کی لپیٹ میں آنا۔
العِكَاكُ: ہوا کے بند ہونے کے ساتھ گرمی کا سخت ہونا۔
یقال: یوم عِكَاكٌ ومكان عِكَاكٌ: حبس والا دن' حبس والی گرم جگہ۔
العَكَكُ۔ بمعنی العِكَاكُ۔
العَكُّ۔ بمعنی العِكَاكُ۔
العَكَّةُ: ہوا کے بند ہونے کے ساتھ گرمی کا سخت ہونا۔
(۲) سورج سے تپتی ہوئی ریت۔
(۳) بخار کی سردی (۳) ابتدائی کپکپی میں بخار کا

چھونا۔
العُكَّةُ۔ بمعنی العَكَّةُ۔
(۲) گھی کا چھوٹا سا مشکیزہ۔
(ج) عُكَكٌ، وعِكَاكٌ۔
عَكَلَ (ن) علیه الامرُ عَكْلاً: معاملہ مبہم اور مشتبہ ہونا۔
— فلانٌ فی الامر: کسی کا معاملہ میں رائے دینا۔
—الشیءَ: بکھری ہوئی شی کو اکٹھا کرنا۔
—الدَّابَّةَ: چوپائے کے اگلے پیر کو بازو کے ساتھ ملا کر باندھنا عِكَال۔ کے ساتھ جو کہ عَقَل میں ایک لغت ہے۔
—المَتاعَ (س) المِسْرَجَةُ ونحوها عَكَلاً: چراغ کی تہہ میں گار جمنا۔
اَعْكَلَ علیه الامرُ: معاملہ کا مبہم اور مشتبہ ہونا۔
اِعْتَكَلَ الرَّجُلُ: الگ ہونا (۲) ٹکرا کر بچھڑ جانا۔
یقال: اِعْتَكَلَ الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے مڑنا۔
—علیه الامرُ۔ بمعنی عَكَلَ عَلَيْهِ۔
اَلْعِكَالُ: وہ رسّی جس کے ذریعے چوپائے کے بازو کو کلائی کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔
العُكُلُ: کمینہ (ج) اَعْكَالٌ۔
اَلْعَوْكَلُ: ریت کے ٹیلہ کا بالائی حصہ (۲) پست قد آدمی جس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان فاصلہ ہو۔
(۳) بیوقوف عورت۔
اَلْعَوْكَلَةُ۔ بمعنی عَكْمًا: ۔موٹا ہونا۔
—فلانٌ: انتظار کرنا۔
—المتاعَ: سامان کو رسّی سے باندھنا۔
(۲) کپڑا بچھا کر اس پر سامان رکھنا پھر وہ کپڑا اس سامان پر باندھ دینا (گٹھڑی باندھنا)
(۳) گون میں سامان رکھنا۔
—الدَّابَّةَ: چوپائے پر دونوں گونیں باندھنا۔

(گون ایک طرف لٹکے ہوئے تھیلوں کو کہتے ہیں)
(۴) چوپائے کا منہ باندھنا۔
أَعْكَمَ فلانًا: سامان باندھنے میں کسی کی مدد کرنا۔
عَكَّمَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا موٹا ہونا۔
إِعْتَكَمَ القَوْمُ: چوپایوں پر گون باندھنے کے لئے تیار کرنا۔
—الشيءُ: ڈھیر لگ جانا۔
اَلْعِكَامُ: وہ دھاگا یا رسّی جس کے ساتھ باندھا جائے (ج) عُكُمٌ۔
اَلْعِكْمُ: وہ کپڑا یا گون جس میں سامان ہو (۲) کنویں کی چرخی (ج) أَعْكَامٌ۔
العَكَّامُ: چوپاؤں پر گون لادنے والا۔
عَكَّنَتِ الجَارِيَةُ: پیٹ کا سلوٹوں والا ہونا۔
تَعَكَّنَ البطن: پیٹ کا سلوٹوں والا ہونا۔
—الشيءُ: کسی چیز کا اکٹھا ہو کر سلوٹیں پڑنا۔
اَلْعَكْنَاءُ من الجواری: موٹے سلوٹ دار پیٹ والی لڑکی۔
اَلْعُكْنَةُ: موٹاپے کی وجہ سے پیٹ کی سلوٹ۔
عَكَتِ(ن) الدَّابَّةُ عَكْوًا: چوپائے کا موسم بہار میں موٹا ہونا۔
—الدُّخَانُ: دھواں آسمان کی طرف اٹھنا۔
—فلانٌ بإزاره: ازار باندھنے کی جگہ کو مضبوط اور سخت کرنا تاکہ پیٹ نہ لٹکے۔
—الضَّبُّ ونحوہ ذَنَبَه وبذنبه: گوہ وغیرہ کا اپنی دم کو جڑ کی طرف موڑنا۔
يقال: عَكَا الرجلُ ذَنَبَ الدَّابَّةِ: چوپائے کی دم کو اوپر اٹھا کر باندھ دینا۔
—الشيءَ: کسی چیز کو باندھنا۔
يقال: عَكَا فلانًا في الحديد: جکڑ دینا، قید کرنا۔
—المرأةُ شعرَها: بالوں کو نہ لٹکانا۔
عَكَى (ض) فلان بإزارِهِ عَكْيًا۔ بمعنی عَكَا بِهِ۔
—فلانٌ: مرجانا۔

أَعْكَى فلانٌ۔ بمعنی عَكَى۔
عَكَّى فلان۔ بمعنی عَكَى۔
—على السيفِ وَالرُّمْحِ: تلوار یا نیزے پر تر تانت باندھنا۔
—الدُّخَانُ: دھواں اٹھنا۔
الأَعْكَى: دم کی سخت جڑ والا (۲) بھرے ہوئے پہلوؤں والا۔
اَلْعَاكِيُ: سوت بیچنے والا۔
(۲) خالص دودھ پینے کا شوقین۔
اَلْعَكْوَةُ: دم کی جڑ جو بالوں سے پاک ہو۔
(۲) زبان کی جڑ (۳) سفید تانت جسے چیر کر بل دیا ہوا ہو جیسے ان ٹاکیوں کو بنا جاتا ہے جس کے ذریعے بچے کھیل میں ایک دوسرے کو مارتے ہیں (۴) چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کی درز (ج) عُكًا۔
اَلْعُكْوَةُ۔ بمعنی العَكْوَةُ: (۲) ہر چیز کا بڑا حصہ اور موٹا حصہ (۳) موٹی گدی (۴) پٹی (اس کے موٹاپن کی وجہ سے کہا جاتا ہے) (۵) گولا بنانے سے پہلے تکلے سے نکلا ہوا دھاگہ (ج) عُكًا و عِكَاءٌ۔
اَلْعَكِيُّ: خالص دودھ (۲) دودھ کا برتن۔

ع .... ل

عَلَبَ(ن) الشيءُ عَلْبًا: خشک اور سخت ہونا۔
يقال: عَلَبَ اللَّحْمُ۔
—اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
—الشيءَ عَلْبًا وعُلُوبًا: نشان لگانا، خراش لگانا یا دبا کر گڑھا ڈالنا۔
— السيفَ ونحوه: تلوار وغیرہ کے دستے کو اونٹ کی گردن کے پٹھے سے باندھنا۔
عَلِبَ(س) الشيءُ عَلَبًا۔ بمعنی عَلَبَ۔
—يَدُهُ: ہاتھ موٹا ہو جانا۔
—الحيوانُ: گلے کے ورم آلود پٹھے والا ہونا۔
—بیماری کی وجہ سے گردن کا ٹیڑھا ہو جانا۔
—السيفُ: تلوار کا کند ہو جانا۔
عَلْبِيَ الرجلُ: بڑھاپے کی وجہ سے گلے کے ابھرے ہوئے پٹھوں والا ہونا۔

عَلَّبَ الرجُلُ: ڈول استعمال کرنا۔
(۲) ڈول بنانا۔
—السيفَ ونحوه۔ بمعنی عَلَبَه۔
—الشيءَ: دبا کر نشان ڈالنا۔
— الفاكهةَ واللحمَ والخضرَ ونحوها: پھل، گوشت اور سبزیوں وغیرہ کو پکا کر ڈبے میں رکھنا خاص طریقے سے محفوظ رکھنے کے لئے (مج)
إِسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ والجلدُ: گوشت کا اور کھال کا سخت اور موٹا ہونا، لیکن خستہ نہ ہونا۔
—اللحمُ: بدبودار ہونا۔
—البَقْلَ: سبزی کو خشک اور سخت پانا۔
—المَاشِيَةُ البَقْلَ: مویشی کا سبزی کو برا پانا اور سخت پانا۔
إِعْلَنْبَى الدِّيكُ والكلبُ ونحوهما: مرغ اور کتے کا لڑنے کے لئے تیار ہونا۔
اَلْعَلْبُ: سخت چیز (۲) گڑھا یا نشان۔
(۳) بنجر زمین (ج) عُلُوبٌ۔
العِلْبُ من الأرضِ۔ بمعنی العَلْبُ۔
— (۲) روکھا اور سخت مزاج آدمی (۳) بیر کے درختوں کے اگنے کی جگہ (ج) عُلُوبٌ۔
اَلْعَلِبُ: بوڑھا، بھاری بھرکم سخت پہاڑی بکرا یا گوہ وغیرہ (۲) بنجر زمین (۳) روکھا اور سخت مزاج آدمی۔
العِلْبَاءُ: گردن میں لٹکا ہوا پٹھہ (مذکر)
هما عِلْبَاوَانِ وعِلْبَاءَانِ۔
يقال: تَشَنَّجَ عِلْبَاءُ الرَّجُلِ: عمر رسیدہ ہونا۔
(ج) اَلْعَلَابِيُّ۔
اَلْعُلْبَةُ: لکڑی یا اونٹ کی کھال کا بنا ہوا سخت برتن، جس میں دودھ دوہا جاتا ہے۔ بسا اوقات اس میں لکڑی کا حلقہ بھی ہوتا ہے۔
(۲) لکڑی یا دھات وغیرہ کی چادر کا بنا ہوا برتن (ج) عُلَبٌ وعِلَابٌ۔
المَعْلُوبُ: ہموار راستہ۔
عَلْبَى: (دیکھئے: علب)

ع

عَلَثَ (ض) الزَّنْدُ عَلْثًا: چقماق کا آگ نہ دینا۔
—الشیءَ: اکٹھا کرنا (۲) ملانا۔
عَلِثَ (س) القومُ عَلَثًا: لوگوں کا باہم لڑنا۔
—بہ: لگنا، چمٹنا۔
یقال: عَلِثَ الذِّئبُ بالْغَنَمِ۔
عَالَثَه: کسی سے لڑتے رہنا۔
عَلَّثَتِ النفسُ: ملنا۔
—الشیءَ: ملانا۔
اِعْتَلَثَ فلانٌ: اپنے باپ کے علاوہ کی طرف منسوب ہونا۔
—الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
یقال: فلان غیر مُعْتَلِث الزِّنادِ: بیوی کو منتخب کر کے لانے والا۔
—الشیءَ: کسی شے کے انتخاب میں فن کاری نہ دکھانا۔
یقال: اِعْتَلَثَ زَنْدًا: ایسے درخت سے چقماق لینا جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ وہ آگ دے گی یا نہیں۔
—الشیءَ: ملانا۔
اَلْعُلاثَةُ: مخلوط کی ہوئی چیزیں۔
(۲) ادھر ادھر سے چیزیں اکٹھی کرنے والا۔
اَلْعَلَثُ: گیہوں وغیرہ میں نکال کر پھینکی جانے والی چیزیں جو ملی ہوئی ہوں۔
(۲) گیہوں اور جو ملا کھانا۔
اَلْعَلِثُ: اپنے باپ کے علاوہ کی طرف منسوب۔
اَلْعُلْثَةُ: وہ روزی یا خوراک جس سے انسان سہارا لے۔
اَلْعَلْثی: یقال: قتل النَّسْرَ بالعَلْثی: گدھ کے کھانے میں کوئی ایسی چیز ملا دینا جو اس کے لئے قاتل ہو۔
العَلِیْثُ: گیہوں اور جو کی روٹی۔
العَلِیْثَةُ۔ بمعنی العَلِیْثُ۔
عَلَجَ (ن) الغُلامُ وغیرہُ عَلْجًا وعُلُوْجًا: لڑکے کا موٹا اور مضبوط ہونا۔
—البعیرُ: اونٹ کا بول کھانا۔
—الناقةُ عَلَجانًا: اونٹنی کا مضطرب ہونا۔
—فلانًا عَلْجًا: غالب ہونا۔
عَلِجَ (س) عَلَجًا: سخت ہونا۔
عَالَجَ الشیءَ مُعَالَجَةً و عِلاَجًا: کسی چیز کو کرتے رہنا اور اس کی مشق کرنا۔
—المریضَ: علاج کرنا۔
—فلانًا: مقابلہ میں غالب آنا۔
—عنه: دفاع کرنا۔
عَلَّجَ الابلَ: اونٹ کو بول کھلانا۔
اِعْتَلَجَ القَوْمُ: باہم لڑنا اور پچھڑنا۔
—الارضُ: زمین کی گھاس کا لمبا اور زیادہ ہونا۔
—الموجُ: موج کا ٹکرانا۔
یقال: اعتلج الهمُّ فی صدرہ: غم کا لہریں مارنا۔
—الرملُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔
تَعَلَّجَ الرَّملُ: بمعنی اِعْتَلَجَ۔
—الجلدُ: موٹا اور سخت ہونا۔
—فلانٌ: موٹا اور سخت جسم والا ہونا۔
اَلْعَالِجُ: جما ہوا ریت کا ڈھیر (ج) عَوَالِجُ۔
— حدیث دعا میں ہے: (وما تحویه عوالج الرِّمال)۔ اور وہ جگہ جسے ریت کے ڈھیر گھیرے ہوئے ہوں۔
العِلاَجُ: علاج، دوا۔
العِلْجُ: سخت اور روکھا آدمی۔
(۲) گدھا (۳) موٹا اور طاقتور جنگلی گدھا۔
(ج) عُلُوْجٌ، واَعْلاَجٌ۔
العَلِجُ من الرجال: مضبوط اور ہم سروں کو پچھاڑنے والا، معاملات کو سلجھانے والا۔
العُلَجُ من الرِّجال۔ بمعنی العَلِجُ۔
العَلَجُ۔ بمعنی العَلَجَانُ۔ (۲) چھوٹی چیونٹیاں۔
اَلْعَلْجَانُ: جھاؤ کے درختوں کا جھنڈ۔
العَلَجَانُ: صحراؤں کا ایک درخت جس کی ٹہنیاں سرسبز اور پتے چوڑے جبکہ اس کا پھول زرد اور اس کا پھل آنسیون بوٹی کی مانند ہوتا ہے جب کہ اس کی خوشبو بہت اچھی ہوتی ہے۔
العَلْجَمُ: پانی کی بہتات والا تالاب۔
(۲) لمبا اونٹ یا گدھا (ج) عَلاَجِمُ۔
العُلْجُمُ: سخت سیاہ۔
العُلْجُوْمُ۔ بمعنی العُلْجُم۔ (۲) پر گوشت گدھی۔
(۳) بے انتہا پانی (۴) زمینڈک اور بطخ۔
(ج) عَلاَجِیْمُ۔
عَلِدَ (س) الشیءُ عَلَدًا: سخت ہونا۔
العَلْدُ: گردن کا پٹھا (۲) ہر سخت چیز۔
(۳) ایک چھوٹا سا درخت جسے حیوانات چرتے ہیں اور وہ صحراؤں میں پایا جاتا ہے خاص کر صحرائے سیناء میں۔ اس کی جڑیں برہنہ ہوتی ہیں اور پتوں کے چھوٹے ہونے کی بناء پر یوں لگتا ہے جیسے پتے ہیں ہی نہیں (ج): اَعْلاَدٌ۔
عَلِزَ (س) عَلَزًا و عَلَزَانًا: گھبرانا، ڈرنا۔
—الی الشیءِ: مائل ہونا (۲) مشتاق ہونا۔
اَعْلَزَہُ الوَجَعُ: درد کا بے چین کر دینا۔
—الشیءُ: عاجز کر دینا۔
العِلَّوْزُ: پیٹ کا درد (۲) جلدی آنے والی موت (۳) دیوانگی۔
عَلَسَ (ض) عَلْسًا: کھانا اور پینا۔
—الرَّجُلُ: شور مچانا۔
—الإبِلُ: اونٹوں کو کھانے کی چیز ملنا۔
(عموماً اس کا استعمال منفی کے طریقے پر کیا جاتا ہے یقال: ما علس الرجل، ما علستِ الابلُ)
عَلَّسَ الداءُ: بیماری کا بڑھنا۔
—فلانٌ: شور مچانا۔
یقال: مَا عَلَّسُوْا ضِیفَهم: انہوں نے اپنے مہمان کو کچھ نہ کھلایا۔
العُلاَسُ: کھانا۔
یقال: ما اَکلتُ الیوم عُلاَسًا۔
العَلُسُ: کھانے پینے کی چیز۔
العَلَسُ: گھی میں بھونا ہوا گوشت۔
(۲) گیہوں کی ایک قسم جس کی ایک پھلی میں دو یا تین دانے ہوتے ہیں اور یہ اہل صنعاء کی غذا ہے۔

العَلَسِيُّ: سخت آدمی۔
العَلُوْس: کھانا۔
یقال: ماذقت الیوم عَلُوْسًا۔
العَلِیْس: گھی میں بھونا ہوا (۲) بھونے ہوئے گوشت کے پارچے (۳) کھال سمیت بھونا ہوا گوشت۔
عَلَّصَتِ التُّخَمَةُ فِی بَطْنِہٖ: پیٹ میں درد ہونا۔
العِلَّوْص: بدہضمی اور درد شکم (۲) بھیڑیا۔
عَلَضَه (ض) عَلْضًا: علیحدہ کرنے کے لئے ہلانا۔
یقال: عَلَضَ الوتدَ ونحوہ: میخ وغیرہ کو اکھاڑنے کے لئے ہلانا۔
عَلَطَ (ن) البعیرُ عَلْطًا: اونٹ کی گردن پر داغ لگا کر کوئی علامت بنانا۔ هو مَعْلُوْطٌ۔
— الرّجلَ بقبیح: کسی کی برائی کرنا۔
عَلَّطَ البعیرَ۔ بمعنی عَلَطَه۔
— (۲) اونٹ کی گردن سے پٹہ نکالنا۔ هو مُعَلَّطٌ۔
اِعْتَلَطَه وبه: جھگڑنا' لڑنا۔
تَعَلَّطَ القَوْسَ: کمان گلے میں ڈالنا۔
اِعْلَوَّطَ الشیءَ: کسی چیز سے چمٹ کر اسے اپنی طرف کرنا۔
یقال: اِعْلَوَّطَ البعیرَ: اونٹ کی گردن پکڑ کر اس پر سوار ہونا۔
— فلانًا: کسی کو پکڑنا (۲) بند کرنا' قید کرنا۔
— فلانٌ الامرَ: بے سوچے سمجھے کوئی کام کرنا۔
لِاَعْلِیْطُ: گردن کے کسی جانب نشان جو خط کی مانند ہو یا چوڑائی میں ہو۔
(۲) ہر وہ ٹہنی جس کے پتے بکھرے ہوئے ہوں۔
(۳) جھاؤ کے پھل کا خول۔
اَلْعَالِطُ: شاعِرٌ عَالِطٌ: فصیح اور مزین کلام والا شاعر۔
العِلاَطُ: گردن کی جانب' هما عِلاَطَان۔
— (۲) گردن کی کسی جانب نشان جو خط کی مانند ہو یا چوڑائی میں ہو (۳) گردن کے گرد رسی۔

العَلْطُ: گردن کی جانب میں نشان۔
(۲) سیاہ لکیر جو خوبصورتی کے لئے عورت اپنے چہرے پر بناتی ہے (ج) اَعْلاَطٌ۔
الاَعْلاَط من الکواکِب: بے نام ستارے۔
اَلْعُلْطَةُ: سیاہ لکیر جو خوبصورتی کے لئے عورت اپنے چہرے پر بناتی ہے (۲) لونگ وغیرہ کا گلے کا پٹہ۔ (ج) عُلَطٌ۔
اَلْعَلْطَتَان: پرندوں کی گردن کے گرد نشان۔
اَلْعُلْطَتَانِ: دو گھونگھے جو بچے کی گردن میں ڈالے جائیں۔
عَلْ عَلْ: بکریوں کو ڈانٹنے کا لفظ۔
تَعَلْعَلَ: مضطرب اور ڈھیلا ہونا۔
العَلْعَالُ: نر چنڈول۔
العُلْعُلُ۔ بمعنی العَلْعَالُ۔
— (۲) معدے کی طرف کی پسلی کا سرا۔
العُلْعُولُ: برائی (۲) بے چینی (۳) لڑائی۔
عَلَفَ (ض) الرَّجُلُ عَلْفًا: بہت زیادہ پینا۔
— الحیوانَ: چارہ کھلانا۔
هو مَعْلُوْفٌ' هی مَعْلُوْفَةٌ و عَلِیْفٌ۔
عَلَّفَ الطَّلْحُ: ببول کے درخت کے پھول جھڑ کر پھل بننے کا آغاز ہونا۔
— الحَیَوانَ ونحوہ: جانور وغیرہ کو گھاس دانہ ڈالنے کی دیکھ بھال کرنا۔ هو مُعَلِّفٌ۔
اِعْتَلَفَ الدَّابَّةُ وغیرُھا: چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ وغیرُھا: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
اَلْعُلَفُ: انگور کے پتوں کی طرح کا ایک یمنی درخت جسے گوند کر سکھا کر سر کے کی جگہ گوشت میں پکایا جاتا ہے۔
العِلَفُ۔ بمعنی العُلَفُ۔ (۲) بسیار خور۔
العَلَفُ: جانور کا کھانا (ج) عُلُوْفَةٌ۔ واَعْلاَفٌ و عِلاَفٌ۔
العُلْفی: کھیتی کاٹتے وقت چوکیدار یا اپنے دوست کے لئے چھپر بنانا۔
العَلاَّفُ: چارہ بیچنے والا۔

العُلَّفُ: ببول کا پھل' جو نرم لوبیے کی طرح ہوتا ہے اور اونٹ اسے کھاتے ہیں۔
واحدته: عُلَّفَةٌ۔
العُلَّفَةُ: (علم نباتات میں) فصیله قرنیه کا پھل جیسے لوبیا' مسور اور سیم۔
العَلُوْفَةُ: چارہ (ج) عُلُفٌ۔
— (۲) وہ چوپایہ جو موٹا ہونے کے لئے چارہ کھائے اور چراگاہ کی طرف نہ جائے۔
العَلِیْفُ: وہ جانور جسے موٹا کرنے کے لئے چارہ کھلایا جائے اور چراگاہ کی طرف نہ چھوڑا جائے۔
(ج) عَلائِفُ هی عَلِیْفَةٌ (ج) عَلاَئِفُ۔
المَعْلَفُ: چارہ کی جگہ۔
اَلْعُلْفُوْفُ: سخت' عمر رسیدہ' پر گوشت۔
(۲) بوڑھا شخص بھاری بھرکم اور لمبے بالوں والا۔
عَلَقَ (ن) الضّبیُّ عُلُوْقًا: انگلیاں چوسنا۔
— البَھِیْمَةُ الشجرَ عَلْقًا: چوپائے کا درخت کے پتے کھانا۔
— فلانٌ فلانًا: باہمی فخر کے مقابلہ میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
— فلانٌ فلانًا: گالی دینا۔
یقال: عَلَقَه بلسانہٖ: بدگوئی کر کے تکلیف دینا۔
عَلِقَتِ (س) البَھِیْمَةُ۔ عَلَقًا و عَلاَقَةً و عُلُوْقًا: جانور کے پانی پینے کے دوران پانی میں موجود جونک کا حلق میں چمٹ جانا اور مضبوطی سے پکڑ لینا۔
— الشیءُ الشیءَ وبه: ایک چیز کا دوسری کے ساتھ چمٹنا اور لگنا۔
یقال: عَلِقَ الشَّوْكُ الثوبَ وبه: کانٹے کا کپڑے کے ساتھ لگ جانا۔
عَلِقَ الظبیُ بالحِبَالَةِ: ہرن کا جال میں پھنسنا۔
عَلِقَ الاُنْثٰی بالجنِیْنِ: مادہ کا حاملہ ہونا۔
یقال: عَلِقَ فلانٌ فلانًا وبه: کسی کے دل میں کسی کی محبت پیدا ہونا۔
— اَمْرَہ: اپنے معاملہ کو جاننا۔

ع

عَلِقَ يفعل كذا: وہ ایسا کرنے لگا۔

عُلِقَ الانسانُ وغيرُه: پانی پیتے ہوئے گلے میں جونک چمٹنا۔ **هو مَعْلُوْقٌ۔**

اَعْلَقَ الصَّائدُ: شکاری کے جال میں شکار پھنسنا۔

— الرَّجُلُ: جونک کو ایسی جگہ لگانا جہاں سے وہ خون چوس سکے۔

— فلانٌ: اچانک عمدہ مال پانا۔

— ظُفْرَه بالشيءِ: کسی چیز میں ناخن گاڑنا۔

— الشيءَ بالشيءِ: لٹکانا۔

— السيفَ وغيرَه: تلوار وغیرہ کو لٹکانے کے لئے دستہ لگانا۔

عَالَقَه: عمدہ اشیاء میں باہم فخریہ مقابلہ کرنا۔

عَلَّقَ الرَّجُلُ: سواری کے جانور کی لگام سواری کے گلے میں ڈال کر اتر جانا۔

— الشيءَ بالشيءِ وعليه: ایک چیز کو دوسری پر رکھنا، لٹکانا۔

يقال: عَلَّقَ الثَّوبَ عَلَى الْمشجبِ: کپڑا کھونٹی پر لٹکانا۔

— بابًا على داره: گھر پر دروازہ لگانا۔

— اَمْرَه: اپنے کام کو نہ تو کرنا اور نہ ہی چھوڑنا۔

يقال: عَلَّقَ القاضى الحُكْمَ: قاضی کا قطعی فیصلہ نہ کرنا۔

— على البَهِيْمَةِ: چوپائے کو جو کھلانا (مو)

تَعَلَّقَ الشَّوكُ بالثَّوبِ۔ بمعنی **عَلِقَ۔**

— الوحش أو الظبيُ بالحِبَالَةِ: وحشی جانور یا ہرن کا جال میں پھنسا رہنا۔

— الابِلُ: اونٹ کا **عَلْقى**۔ کھانا۔

— الشيءَ: لٹکانا۔

— فلانًا وبه: محبت کرنا۔

ضرب المثل ہے: **لَيْسَ الْمُتَعَلِّقُ كَالْمُتَأَنِّقِ** تھوڑے پر قناعت کرنے والا اس شخص کی مانند نہیں جو حسب منشا کھاتا ہو۔

الأَعَالِيْقُ: لٹکائی ہوئی چیزیں (اس کا واحد کوئی نہیں)

التَّعْلِيْقَةُ: کتاب کے حاشیہ میں کتاب کے بعض حصہ کی شرح وغیرہ (ج) **تَعَالِيْقُ**۔ (مو)

عَلاقِ: اسم فعل امر بمعنی **تَعَلَّقْ۔**

العَلاَقُ: جانوروں کی خوراک بننے والے درخت کے پتے (۲) کھانے سے پہلے کھائی جانے والی چیز۔ عموما اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔

يقال: مَا ذُقْنَا عَلاَقًا و مَا فى الارضِ عَلاَقٌ۔

العَلاَقَةُ: دوستی (۲) دلی محبت (۳) جانوروں کی خوراک جو درختوں سے حاصل ہو۔

(۴) بقدر کفایت معاش۔

(۵) انسان سے متعلق پیشہ وغیرہ۔

(۶) (علم بیان میں) مجاز اور کنایہ میں معنی اصلی اور معنی مراد کے درمیان مناسبت۔

(ج) عَلاَئِقُ۔

العِلاَقَةُ: جس کے ذریعے تلوار کو لٹکایا جائے۔

العَلْقُ: دباغت میں کام آنے والا پودا۔

العِلْقُ: ہر عمدہ چیز جو دل کو لگے (ج) **اَعْلاَقٌ و عُلُوْقٌ۔**

يقال: هو عِلْقُ عِلْمٍ: یعنی وہ علم سے محبت رکھتا ہے اور اس کی طرف مائل ہے۔

هُوَ عِلْقُ شَرٍّ: برائی کا دوست ہے۔

اَلْعَلَقُ: ہر لٹکائی ہوئی چیز (۲) ہاتھ کو لگنے والی گیلی مٹی (۳) وہ درخت جو مویشی کی خوراک بنے (۴) کسی چیز کے لگنے کی وجہ سے کپڑے میں پیدا ہو جانے والی پھٹن۔

(۵) کپڑے کے ساتھ لگ جانے والی چیز۔

(۶) تسمہ جس سے مشکیزہ وغیرہ کو باندھا جاتا ہے۔

(۷) راستہ کا بڑا حصہ۔

(۸) گدلے پانی میں پائے جانے والی خون چوسنے والی جونک، جب جانور اس پانی کو پیتے ہیں تو ان کے حلق میں چمٹ جاتی ہے۔

واحدته: عَلَقَةٌ۔

— (۹) گاڑھا یا جامد خون۔

قرآن مجید میں ہے: **{خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ}**۔ اس کے ایک ٹکڑے کو **عَلَقَةٌ**۔ کہتے ہیں اور **عَلَقَةٌ**۔ وہ خون کا ٹکڑا ہے جس سے رحم مادر میں جنین بنتا ہے۔

قرآن مجید میں ہے: **{هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ}**

العَلْقى: ایک درخت جو سخت تپش میں بھی سرسبز رہتا ہے۔ اس کے پتے نازک اور ٹہنیاں لمبی ہوتی ہیں اور یہ **فصیلہ صندلیہ** سے ہے۔

العِلْقَةُ: عمدہ کپڑا (۲) پیدائش کے بعد بچے کا پہلا کپڑا (۳) بغیر آستین اور جیب کے قمیص۔

(۴) وہ پودا جس سے دباغت دی جاتی ہے۔

العُلْقَةُ: درخت کے پتے جو جانوروں کی خوراک بنیں (۲) بقدر کفایت معاش۔

(۳) کھانے سے قبل کھائی جانے والی چیز۔

يقال: له فى هذا المال عُلْقَةٌ: اس کا اس مال میں کچھ حصہ ہے۔ **ولم يبق عنده عُلْقَةٌ:** اس کے پاس کچھ باقی نہ رہا۔

(۴) وہ درخت جو سردیوں میں باقی رہ جاتا ہے اونٹ اسی سے چرتے ہیں یہاں تک کہ بہار آ جاتی ہے۔

(۵) تعلق۔ **يقال: له بفلان عُلْقَ** فلاں سے تعلق ہے۔

(۶) وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے (ج) **عُلَقٌ**۔

العُلَّيْقُ: درخت پر لپٹنے والی ایک بیل۔

العُلَّيْقى۔ بمعنی **العُلَّيْق۔**

العَلُوْقُ: نر اونٹ کا مادہ منویہ۔

(۲) وہ چیز جو انسان سے چمٹ جائے۔

(۳) جانوروں کا چارہ۔

(۴) وہ عورت جو اپنے خاوند کے علاوہ کسی سے محبت نہ کرتی ہو۔

يقال: ما بالنَّاقةِ عَلُوْقٌ: اونٹنی کے دودھ نہیں۔

العَلِيْقُ: جو وغیرہ جسے جانور کھائیں۔

العَوَالِقُ: سمندری حیوانات اور نباتات جو عموما باریک آبی اوالی اور مفصلیات، اور کائی وغیرہ یعنی

ع

معمولی حقیر کائنات سے وجود میں آئیں۔

المِعْلاَقُ: فصیح زبان (۲) لٹکانے کی چیز۔

(۳) لٹکا ہوا گوشت یا انگور وغیرہ۔

(۴) **من الرجال:** بہت جھگڑالو' کٹ حجت

(۵) (علم نباتات میں): نباتات کا جزء' تنا' پتا یا جڑ۔ جو حساس جسم میں بدل جائے اور اس کے تنے سے پودا سہارا لے کر روشنی یا ہوا حاصل کرے۔

المَعْلَقَةُ: رجلٌ ذومَعْلَقَةٍ: ہر حاصل ہونے والی چیز سے محبت کرنے والا شخص۔

المُعَلَّقَةُ: وہ عورت جس سے اس کا شوہر نہ تعلق رکھتا ہو اور نہ طلاق دیتا ہو۔

قرآن مجید میں ہے: {فَلاَ تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ}

—(۲) معلقات کا واحد اور وہ جاہلیت کے مشہور شعراء کے سات قصائد ہیں۔

المَعْلُوقُ: جس پر کوئی چیز لٹکائی جائے۔

(۲) لٹکا ہوا گوشت یا انگور وغیرہ۔

عَلْقَمَ الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ملانا۔

العَلْقَمُ: ہر کڑوی چیز (۲) حنظل/اندرائن۔

العَلْقَمَةُ: کڑوی چیز کا ٹکڑا یا اندرائن کا ٹکڑا (۲) کڑواہٹ۔

عَلَكَ(ن) العِلْكَ وغيره عَلْكًا: گوند وغیرہ کو منہ میں چبانا اور گھمانا۔

—الدابةُ اللِّجَامَ: چوپائے کا لگام کو منہ میں چبانا اور گھمانا۔

—نابيه: ایک دانت کو دوسرے سے ٹکرا کر آواز پیدا کرنا۔

عَلَّكَ مالَه: مال کی اچھی تدبیر کرنا۔

—يديه على ماله: بخل کی وجہ سے ہاتھ کھینچنا۔

—العَجِينَ: آٹے کو اچھی طرح گوندھنا۔

العَالِكُ: طَعَامٌ عَالِكٌ: سختی سے چبایا جانے والا کھانا۔

العَلاَكُ: چبانے کی چیز۔ **يقال: ما ذُقْتُ عَلاَكًا۔**

العُلاَكُ ۔بمعنی **العَلاَكِ**۔

العِلْكُ: درخت وغیرہ کا گوند جو چبانے سے نہ گھلے۔ جیسے لوبان (ج) **عُلُوكٌ وأَعْلاَكٌ**

واحدته: عِلْكَةٌ۔

العَلِكُ: لیس دار۔ **يقال: طَعَامٌ عَلِكٌ:** چبانے میں سخت۔

العَلِكَةُ: وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔

(۲) اونٹ کے بولنے کی آواز۔

العَلاَّكُ: گوند بیچنے والا۔

عَلَّ (ض ن) عَلًّا وعَلَلًا: دوسری دفعہ یا لگا تار پینا۔

—فلان عَلًّا: بیمار ہونا۔ **هو عَلِيلٌ۔**

(ج) **أَعِلاَّءُ۔**

—فلانًا (ن) عَلًّا: دوسری دفعہ یا لگا تار پلانا۔

—فلانًا ضربًا: مسلسل مارنا۔

ایک تابعی سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے کسی کو مار مار کر ہلاک کر دیا ہو۔ تو انہوں نے کہا۔

إِذَا عَلَّه ضربًا ففيه القود: اگر مسلسل مارا ہے تو اس کی سزا قصاص ہے۔

—الله فلانًا: بیمار کر دینا۔

عُلَّ الانسانُ عِلَّةً: بیمار ہونا۔ **هو مَعْلُولٌ۔**

أَعَلَّ القومُ: قوم کے اونٹوں کا دوبارہ پانی پینا۔

—الرجلَ ونحوه: دوسری دفعہ یا بار بار پلانا۔

—الشيءَ: عیب دار کرنا۔

—الإبلَ: اونٹوں کو سیراب ہونے سے پہلے واپس لے جانا۔

—الله فلانًا: بیمار کر دینا۔ **هو مُعَلٌّ وعَلِيلٌ۔**

يقال: أَعَلَّهُ اللهُ فهو مَعْلُولٌ ۔(یہ نادر الوقوع ہے)

عَلَّلَ فلانٌ: دوسری دفعہ پلانا۔

(۲) دوسری دفعہ پھل توڑنا۔

—فلانًا بطعامٍ أو غيره: کھانے وغیرہ میں مشغول کر دینا' بہلانا۔

—الشيءَ: کسی چیز کی علت بیان کرنا' دلیل سے ثابت کرنا۔

—الكلمةَ: (علماء صرف کی اصطلاح میں): کلمہ میں تعلیل کی وجہ بیان کرنا (۲) لفظ میں تعلیل کرنا۔

— فلانًا: کسی کی بیماری کا علاج کرنا۔ **هو مُعَلِّلٌ۔**

اِعْتَلَّ: دوسری بار پینا۔

—الرجلُ ونحوه: بیمار ہونا۔

—فلانٌ: دلیل پکڑنا' عذر بتانا۔

—بالأمر: کسی کام میں مشغول ہونا' بہلنا۔

—الكلمة ۔(علماء صرف کی اصطلاح میں): کلمہ میں حرف علت کا ہونا۔ **هي مُعْتَلَّةٌ۔**

— الجزءُ: (علم عروض میں) جزء کو علت لاحق ہونا۔

—فلانًا وعليه بِعِلَّةٍ: کسی کام سے روکنا (۲) الزام لگانا۔

تَعَالَّتِ المرأةُ من نِفاسها: عورت کا نفاس سے نکلنا اور پاک ہونا۔

—الصبيُّ ثَدْيَ أُمِّه: بچہ کا اپنی ماں کے پستان میں موجود دودھ چوس جانا۔

—فلانًا: کام سے روکنا۔

تَعَلَّلَتِ المرأةُ من نفاسها: نفاس سے نکل کر پاک ہونا۔

—الرجلُ: دلیل و حجت بیان کرنا۔

—بالأمر: کسی کام میں دل بہلا کر اسی پر اکتفا کرنا۔

التَّعِلَّةُ: جس کے ذریعے بہلایا جائے۔

التَّعْلِيلُ ۔(اہل مناظرہ کے ہاں) شی کی علت کو بیان کرنا (۲) وہ علت جس کے ذریعے معلوم پر استدلال کیا جائے۔ اسے برہان لمّی۔ کہتے ہیں۔

اَلْعُلاَلَةُ: وہ چیز جس کے ذریعے دل بہلایا جائے۔

(۲) ہر چیز کا باقی ماندہ۔

(۳) صبح و شام کی گھڑدوڑ کے وسط والی دوڑ۔

(کبھی ان سب کو عُلالة۔ کہتے ہیں)

ع

(۲) دوڑ کے بعد دوڑ۔
اَلْعَلُّ: بیماری کی وجہ سے سکڑی ہوئی کھال والا۔
(۲) عورتوں سے بکثرت ملنے والا۔
(۳) ہر بڑی عمر والی چیز (۴) کمزور پتلے جسم والا۔
(۵) کمزور چچڑی (ج) عِلاَلٌ۔
العَلَلُ: دوسری دفعہ پینا۔
یقال: شَرِبَ عَلَلاً بعد نَهَلٍ۔
العَلَّةُ: وہ چیز جس کے ذریعے دل بہلایا جائے۔
(۲) سوکن (ج) عَلاَّت۔
بنو العَلاَّت: ایک باپ اور متعدد ماؤں کی اولاد۔ حدیث میں ہے: (الانبیاءُ اولاد عَلاَّتٍ) یعنی ان کا ایمان ایک اور شریعتیں مختلف ہیں۔
اس کا مدمقابل بنو الأخیاف۔ ہے جو ایک ماں اور مختلف باپ کی اولاد ہوں۔
اَلْعِلَّةُ: باعث تشویش مرض۔
(۲) (فلاسفہ کے ہاں) ہر وہ امر جس سے کوئی دوسرا امر صادر ہو جائے مستقل طور پر یا کسی دوسری چیز کو اس کے ساتھ ملانے کے ساتھ ہو۔ وہ چیز اس امر کی علت ہوگی اور وہ امر معلول ہوگا اور یہ علت فاعلیہ ہوگی یا مادیہ یا صوریہ یا غائیہ۔
(۳) ۔من کل شیءٍ: ہر چیز کا سبب۔
(۴) (اہل عروض کے ہاں): وہ تغیر جو اسباب و اوتاد کو عروض اور خصوصاً ضرب کو لازماً لاحق ہوتا ہے۔
حروف علت: واؤ، الف اور یاء ہیں۔
(ج) عِلاَّت، وعِلَلٌ۔
یقال: جرٰی هذا الامر علی عِلاَّتِهٖ: وہ کام ہر حال میں جاری رہا۔
العَلُولُ: مریض کو دی جانے والی ہلکی غذا۔
(ج) عُلُلٌ۔
عَلَمَه (ن ض) عَلْمًا: شناخت کے لئے نشان لگانا۔
(۲) علم میں کسی پر غالب آنا۔
—شَفَتَهٗ (ض) عَلْمًا: ہونٹ چیرنا۔

عَلِمَ (س) فلانٌ عَلَمًا: اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہونا۔
هو اَعْلَمُ هي عَلْمَاءُ (ج) عُلْمٌ۔
—الشيءَ عِلْمًا: پہچاننا، جاننا۔
قرآن مجید میں ہے: {لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ}
—الشيءَ وبه: خوب جاننا، محسوس کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَلِيْ رَبِّيْ}
—الشيءَ حَاصِلاً: یقین کرنا، تصدیق کرنا۔
تقول: علمت العلمَ نافعا۔
— قرآن مجید میں ہے: {فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ} هو عَالِمٌ (ج) علماء۔
اَعْلَمَ نفسَه وفرسه: جنگ میں خود پر یا اپنے گھوڑے پر علامت لگانا۔
—الثَّوبَ: کپڑے پر دھاریاں وغیرہ بنانا۔
—فلانًا الخبرَ وبه: کوئی بات بتانا۔
—علی کذا من کتاب وغیرہ: کتاب کے کسی حصہ پر نشان لگانا۔
الفاعلُ معلم، والمفعُوْلُ مُعْلَمٌ۔
فلانًا الأمرَ حاصلاً: کسی کو کسی معاملے سے واقف کرانا۔
عَالَمَهٗ: کسی سے علم میں مقابلہ کرکے غالب آنا۔
عَلَّمَ نَفْسَه: خود پر علامت جنگ لگانا۔
—له علامة: کسی کی پہچان کے لئے کوئی نشان مقرر کرنا۔
الفاعل مُعَلِّمٌ، والمفْعُوْلُ مُعَلَّمٌ۔
—فلانًا الشيءَ تعلیمًا: تعلیم دینا، سکھانا۔
اِعْتَلَمَ البرقُ: پہاڑ پر بجلی چمکنا۔
—الشيءَ: جاننا۔
تَعَالَمَ فلانٌ: اظہار علم کرنا۔
—الجمیعُ الشيءَ: سب کا مل کر کسی چیز کو جاننا۔
تَعَلَّمَ الأمرَ: اچھی طرح جاننا، سیکھنا۔
تَعَلَّمْ ۔(صیغہ امر کے ساتھ): بمعنی اِعْلَمْ۔
— یہ متعدی بہ دو مفعول ہے اور عموماً اس کا وقوع

اَنَّ۔ اور اس کے مابعد پر ہوتا ہے۔ جیسے: فقلتُ تَعَلَّمْ اَنَّ لِلصَّيْدِ غِرَّةً۔
اِسْتَعْلَمَهُ الخبرَ: کسی سے کوئی بات معلوم کرنا۔
الأُعْلُوْمَةُ: علامت امتیاز (ج) أَعَالِيْمُ
العَالَمُ: تمام مخلوق۔
قیل: آسمان تلے ہر چیز۔
—(۲) مخلوق کی تمام اقسام میں سے ہر قسم۔ جیسے عالم الحیوان، عالم النبات۔
(ج) عَوَالِمُ، وعَالَمُوْنَ۔
العَلاَمَةُ: علامت امتیاز (۲) راہنمائی کے لئے راستہ میں جسے نصب کیا جائے (۳) دو زمینوں کے درمیان حد فاصل (ج) عَلاَمٌ۔
—(۴) (علم طب میں) ماہر طبیب مرض کی جس علامت کا کھوج لگائے (مج)
العُلاَمِيُّ: زیرک و ہوشیار شخص۔
العَلاَّمُ: بڑا عالم (۲) ماہر انساب۔
(تاء کی زیادتی مبالغہ کے لئے ہے۔ تقول: فلان عَلاَّمَةٌ)
العُلاَّمُ: بڑا عالم (۲) باز (۳) مہندی۔
العُلاَّمَةُ: سنگ میل۔
العَلَمُ: بمعنی العالَمُ۔
العِلْمُ: شیٔ کی حقیقت کا ادراک (۲) یقین (۳) خدائی نور جسے اللہ اپنے محبوب بندے کے دل میں ڈال دیتا ہے (۴) معرفت۔
بعض علماء کا کہنا ہے: علم کا اطلاق ادراک کلی اور مرکب پر جبکہ معرفت کا اطلاق ادراک جزئی اور بسیط پر ہوتا ہے اسی وجہ سے کہا جاتا ہے: عرفتُ اللہ۔ نہ کہ علمتُه۔ علم ایسے اصول کلیہ اور مجموعہ مسائل کو بھی کہا جاتا ہے۔ جو کسی خاص جہت سے تعلق رکھتے ہوں۔ جیسے علم الکلام، علم النحو، علم الارض، علم الکونیات اور علم الآثار (ج) علوم۔
علوم العربیة: وہ علوم جو لغت عربیہ سے متعلق ہیں۔
جیسے: نحو، صرف، معانی، بیان، بدیع، شعر اور خطابت

ع

اورانہیں علم ادب بھی کہا جاتا ہے۔
آج کل علم کا اطلاق ایسے علوم طبیعہ پر بھی ہوتا ہے جو تجربہ اور مشاہدہ کے محتاج ہوتے ہیں۔خواہ وہ بنیادی ہوں جیسے کیمیا' طبیعات' فلکیات' ریاضی' نباتات' حیوانات' جیولوجیا یا علوم تطبیقیہ ہوں جیسے طب' ہندسہ' زراعت اور علم بیطرہ (جانوروں کے علاج کا پیشہ) وغیرہ۔
اَلعَلَمُ: نشان (۲) دو زمینوں کے درمیان حد فاصل۔
— (۳) سنگ میل (۴) کپڑے کی دھاریاں' نقوش (۵) قوم کا لیڈر (۶) پہاڑ (۷) جھنڈا۔
(ج) **أعْلَامٌ**۔
اَلْعَلْمَانِيُّ: عَلْم۔بمعنی عَالَم۔کی طرف منسوب یعنی لادینی' غیر مذہبی' یا کاہن۔
اَلْعُلْمَةُ: انسان کے اوپر کے ہونٹ کی پھٹن جو خرگوش کے ہونٹ کے مشابہ ہوتی ہے۔
اَلْعَلِيْمُ: وسیع علم والا (ج) **علماء**۔
اَلْعَيْلَامُ: زبجو (ج) **عَيَالِيمُ**۔
اَلْعَيْلَمُ: زبجو (۲) بہت پانی والا کنواں (ج): **عَيَالِمُ**۔
اَلْمَعْلَمُ: نشان راہ۔
— **من كُلِّ شيءٍ**: جائے گمان و جودشیٔ (ج) **مَعَالِمُ**۔
يقال: خَفِيَت معالم الطريق: راستے کے نشانات مٹ گئے۔
اَلْمُعَلِّمُ: پیشہ تعلیم سے وابستہ۔
(۲) جس میں کسی کام کو پیشہ بنانے کی صلاحیت ہو۔ یہ لقب کسی پیشے مثلاً لوہار یا بڑھئی کے اعلیٰ درجات پر فائز شخص کو حاصل ہوتا ہے (مو)
اَلْمُعَلَّمُ: خداداد صلاحیت وخیر کا مالک۔
اَلعِلْمَادُ: سوت لپیٹنے کی چرخی۔(ج) **علامدةٌ علاميدُ**۔
عَلَنَ (ض) الامرُ عُلُوْنًا: پھیلنا' ظاہر ہونا۔
(۲) خفی کے الٹ۔
عَلِنَ (س) الامرُ عَلَنًا و علانيةً۔بمعنی **عَلَنَ هو عَلِنٌ و عَلِيْنٌ**۔
أَعْلَنَهُ وبه: ظاہر کرنا۔
— **المحكمةُ او النِّيَابة فلانًا**: عدالت یا انتظامیہ کا کسی کو حاضر ہونے کا پابند کرنا یا اس کے خلاف فیصلہ سنانا (محدثہ)
عَالَنَه وبه مُعَالَنَةً وعِلاَنًا: ظاہر کرنا۔ کسی بات کو واضح طور پر کرنا۔
عَلَّنَه۔بمعنی **أَعْلَنَهُ**۔
إِعْتَلَنَ الامرُ۔بمعنی **عَلَنَ**۔
إِسْتَعْلَنَ الأمرُ: بمعنی **إعْتَلَنَ**۔
—(۲) ظاہر ہونے کی صورت اختیار کرنا۔
الإعْلاَنُ: اخبارات میں شائع کر کے کسی چیز کو ظاہر کرنا (محدثہ)
اَلْعَلاَنِيَةُ: ظاہر' خلاف سر۔
يقال: رجلٌ علانيةٌ: یعنی اس شخص کا معاملہ ظاہر ہے (ج) **عَلاَنُوْنَ**۔
العُلَنَةُ: بکثرت راز افشاء کرنے والا شخص۔
إِعْلَنْبَى: (دیکھئے: علب)
عَلِهَ (س) عَلَهًا: حیران ہونا' ششدر رہ جانا۔
(۲) گھبرا کر چلے جانا۔
(۳) بدفطرت اور کمزوردل ہونا۔
(۴) غمگین ہونا (۵) شرمندہ ہونا۔
هو عَلِهٌ وعَلْهَانُ هي عَلْهَى۔
(ج) **عِلاَهٌ وعَلاَهَى**۔
اَلْعَلْهَاءُ: وہ کپڑے جن میں اونٹ کی اون کو دھنا گیا ہوتا ہے اور انہیں نیزہ بازی سے بچنے کے لئے زرہ کے نیچے پہنا جاتا ہے۔
اَلْعَالِهُ: امرأةٌ عَالِهٌ: نا عاقبت اندیش عورت۔
العَلَهُ: غم (۲) حرص وطمع۔
عَلاَ (ن) الشيءُ عُلُوًّا: بلند ہونا۔
هو عَالٍ وعَلِيٌّ۔
يقال: عَلاَ النهارُ: دن چڑھنا۔
يقال: علا فلان فى الارض: غرور وتکبر کرنا۔
— قرآن مجید میں ہے: {**إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلاَ فِي الْأَرْضِ**}
—**فلانٌ بالأمرِ**: کسی کام کو خود سنبھالنا۔
—**بالشيءِ**: بلند کرنا۔
—**الشيءَ وعليه وفيه**: اوپر چڑھنا۔
—**الرجلَ**: غالب آنا۔
—**بالسَّيف**: تلوار مارنا۔
—**فلانٌ حاجتَه**: ضرورت سے آگاہ ہونا۔
عَلِيَ (س) فى الشرف عَلاَءً: بلند ہونا۔
هو عَلِيٌّ۔
أَعْلَى عن الشيءِ: اترنا۔
يقال: أَعْلَى عن الدَّابَّةِ: سواری سے اترتے وقت کہا جاتا ہے۔
—**الشيءَ**: بلند کرنا' اٹھانا۔
—**الشيءَ**: چڑھنا۔
—**عَالَى الشيءَ**: بلند کرنا۔
—**الشيءَ وبه**: اوپر چڑھنا۔
يقال: عَالِ عَنَّا: ہم سے دور ہو جا۔
عَلَّى الشيءَ: بلند کرنا۔
يقال: عَلاَّه على ظهر الدَّابَّة: سواری پر بٹھانا۔
— **المتاعَ عن الدَّابَّةِ**: سواری سے سامان اتارنا۔
إِعْتَلَى الشيءُ: بلند ہونا۔
يقال: إِعْتَلَى النهارُ: دن چڑھنا۔
—**الشيءَ**: اوپر چڑھنا۔
—**فلانًا**: غالب آنا۔
تَعَالَى فلانٌ: بلند ہونا (۲) بڑا بننا۔
—**المرأةُ من نفاسها أو مرضها**: نفاس یا بیماری سے پاک ہونا۔
تَعَالَ ياهذا: آاے فلاں۔
يقال: تَعَالَيْ ياهذهِ وتَعَالَيَا وتَعَالَوْا۔
قرآن مجید میں ہے: {**قُلْ يَآ أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ**}
تَعَالَيْنَ: قرآن مجید میں ہے: {**فَتَعَالَيْنَ**

ع

أُمّتِعُكُنّ}

تَعَلّى الشئُ: بلند ہونا۔

—المرأةُ من نفاسها أو مرضها: عورت کا نفاس سے پاک ہونا یا بیماری سے صحت یاب ہونا۔

—الرَّجُلُ: تدریجا اوپر چڑھنا۔

—عنه: کسی کے سامنے بڑائی جتانا۔

إسْتَعْلَى النهارُ: دن چڑھنا۔

—فلانٌ: تدریجا اوپر چڑھنا' بلند ہونا۔

—الكلمةُ لسانَه: کسی لفظ کا زبان زد عام ہونا۔

—الشئَ: اوپر چڑھنا۔

—فلانًا و عليه: غالب آنا۔

—حاجتَه: ضرورت سے آگاہ ہونا۔

إعْلَوْلَى الشئَ: اوپر چڑھنا۔

العَالِيْ: يقال: فلان عالِي الكَعْب: فلاں شریف ہے۔

أتيتُه من عالٍ: میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العَالِيَةُ من كلّ شيءٍ: ہر بلند چیز۔

(۲) نیزے کی انی کا متصل نصف حصہ۔

(۳) تہامہ اور مکہ معظمہ کے پیچھے تک کا بالائی نجدی علاقہ۔

—من الوادي: وادی کا بالائی حصہ جہاں سے پانی اترتا ہے (ج) عَوَالٍ۔

عَلُ بمعنی فوق: يقال: أتيته من عَلُ ومن عَلٍ: میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العُلاَ: شرافت و بلندی۔

(۲) عُلْيَا کی جمع۔

العَلاَءُ: رفعت و عظمت۔

العِلاَوَةُ: من كل شيءٍ: ہر چیز پر اضافہ۔

(۲) اونٹ پر سامان رکھنے کے بعد رکھا جانے والا زائد سامان جیسے مشکیزہ وغیرہ (ج) عَلاَوٰی۔

عَلاَوَة الذَّهب: (اقتصادیات میں) قانونی قیمت پر اضافہ (مح)

—للعامل و المستخدم: وہ الاؤنس جو زائد کارکردگی کے عوض مدت متعینہ میں دیا جائے (اسے علاوة الدّوريّة کہتے ہیں) یا گریڈ کی ترقی کے لئے تنخواہ پر کیا جانے والا اضافہ (اسے علاوةُ الترقية۔ کہتے ہیں) (محدثہ)

العُلِّيَّةُ: دوسری منزل یا اس سے اوپر کمرہ (ج) عَلاَلِيُّ۔

العِلِّيُّ: بلند جگہ یا بلند درجہ (۲) بلند جگہ کا رہنے والا (۳) بلند تر جگہ والا (ج) عِلِّيُّوْنَ۔

العُلْوُ من كل شيء: ہر بلند چیز' ہر چیز کا بلند حصہ۔

يقال: قَعَدْتُ عِلْوَه و فِي عُلوِه۔

العِلْوَةُ۔ بمعنی العُلْو۔

العُلُوُّ: شان و شوکت۔

قرآن مجید میں ہے: {تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا}

العُلْيَا: أَعْلَى۔ کی مؤنث۔

حدیث میں ہے: (اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيدِ السُّفْلى) (ج) عُلًى۔

العَلْيَاءُ: ہر بلند چیز جیسے پہاڑ کی چوٹی' بلند جگہ اور آسمان۔

(۲) بلندی' مرتبہ' مقام۔

العَلِيُّ: بلند (۲) بہت زیادہ سخت مضبوط۔

(۳) بلند مرتبت (ج) عِلْيَةٌ۔

يقال: هم عِلْيَةُ القومِ: سرداران قوم۔

المَعْلاَةُ: رفعت و عظمت (ج) اَلْمَعَالِيْ۔

المُعَلَّى: جوئے کا ساتواں تیر' کامیابی پر اس کے سات حصے ہوتے ہیں اور بازی ہارنے پر سات حصے لازم ہو جاتے ہیں۔

المُعَلِّي: بھرا ہوا ڈول اوپر لانے والا جس کے ذریعے وہ پانی پینے والے کی مدد کرتا ہے۔

عَلْوَنَ الكِتَابَ عَلْوَنَة و عِلْوَانًا: کتاب پر عنوان لگانا۔

العِلْوَانُ: عِلوان الكتاب: کتاب کا نام۔

عَلَى (ض) الشئَ وعليه وفيه عَلْيًا وعُلِيًّا: اوپر چڑھنا۔ هو عَالٍ، عَلِيٌّ۔

—عَلَّى الكتابَ: کتاب پر عنوان لگانا۔

على: حرف جر بمعنی پر۔ کسی چیز کے اوپر جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: {وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ}

—(۲) یا قریب کی جگہ کے اوپر۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى}۔ یعنی یا آگ کے ہر قریب کی جگہ پر میں رہنمائی پاؤں۔

(۳) کبھی فوقیت معنوی ہوتی ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: {وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ}

(۴) کبھی مَعَ کے معنی میں۔ جیسے قرآن میں ہے۔ وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ۔

(۵) عن کے معنی میں: جیسے قُحَيف۔ کا قول۔

إِذَا رَضِيَتْ عَلَيَّ بَنُو قُشَيْرٍ
لعمرُ الله أعْجَبَنِيْ رضاها

—(۶) بمعنی لام تعلیل جیسے قرآن مجید میں ہے: {وَلِتُكَبِّرُوا اللهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ} اى لِهدايته اياكم}

—(۷) بمعنی فِيْ۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلَى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا}

(۸) بمعنی مِنْ۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: {اَلَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ}

(۹) بمعنی باء جیسے: إركب على إسم الله۔

(۱۰) استدراک کے لئے۔ جیسے: فلانٌ على أنه لا ييأس من رحمة الله۔

ع............م

عَمَتَ (ض) فلانٌ عَمْتًا: اندھا دھند لاٹھی مارنا۔

—الصُّوْفَ ونحوه: اون کو لمبا اور گول لپیٹنا تاکہ ہاتھ میں رکھ کر کاتا جا سکے۔

—حَبْلَ القَتِّ: گھاس کی رسی کو بل دینا' پیٹنا۔

وَمَعْمُوْتٌ وعَمِيْتٌ۔

—فلانًا: غالب آنا۔
عَمَّتَ: مبالغہ در عَمَتَ۔
العَمِيْتُ: دلیر، ہوشیار (۲) زیرک، قوی الحافظ، ذہین (ج) أَعْمِتَةٌ۔
العَمِيْتَةُ: گول یا لمبی اون کی پونی (ج) عُمُتٌ أَعْمِتَةٌ۔
عَمَجَ (ض) عَمْجًا: تیز چلنا۔
—الرجُلُ: پانی میں تیرنا۔
تَعَمَّجَ: پیچ و تاب کھانا، بل کھانا۔
یقال: تَعَمَّجَتِ الحَيَّةُ و تَعَمَّجَ السيلُ فی الوادی۔
عَمَدَ (ض) الشئَ عَمْدًا: سہارا دینا، مضبوط کرنا۔
—فلانًا: موٹے بانس سے مارنا۔
یقال: ما عَمَدَكَ۔ یعنی تم کیوں غمگین ہو؟
—الشئَ وللشئِ وإلَيْهِ: قصد کرنا۔
—المرضُ فلانًا: مرض کا لاغر کر دینا۔
عَمِدَ (س) البَعِيْرُ عَمَدًا: کجاوہ کی وجہ سے اونٹ کی کوہان کا ورم والا ہونا۔
(۲) کوہان کا باطنی طور پر کھوکھلا ہونا اور ظاہرا صحیح ہونا۔ هُوَ عَمِدٌ۔
یقال: عَمِدَتْ أَلْيَتَاهُ من الرُّكُوْبِ: اس کے کولہے سواری کی وجہ سے متورم ہو گئے۔
—الثَّرىٰ: تر مٹی کا بارش سے تہہ بہ تہہ ہو کر سکڑ جانا۔
—الإنسانُ: مرض سے کمزور ہو جانا۔
—الخُرَاجُ: پھوڑے کا پکنے سے پہلے دبانے کی وجہ سے پھوٹ جانا اور کیل وغیرہ نکلنا۔
أَعْمَدَ البناءَ ونحوه: عمارت کے لئے ستون بنانا جس پر وہ کھڑی ہو۔
عَمَّدَ الخَيْمَةَ: ستونوں پر خیمہ کھڑا کرنا۔
—القومُ فلانًا: کسی کو سردار بنانا (محدثۃ)
—السيلَ: سیلاب کے جریان کو مٹی وغیرہ سے روکنا تاکہ وہ اسی جگہ ٹھہر جائے۔
—الشَّوْقُ فلانًا: شوق کا کسی کو دبلا کر دینا۔

—الطِّفْلَ۔ (عیسائیوں کے ہاں) مقدس پانی (عمودیہ) کا غسل دینا۔ هو مُعَمَّدٌ۔
إعْتَمَدَ الشئَ وعليه: سہارا لینا۔
یقال: اعتمد فلانًا وعليه: بھروسہ کرنا۔
—الشئَ: قصد و ارادہ کرنا (۲) جاری کرنا۔
یقال: اعتمد الرئيسُ الأمْرَ: افسر کا رقم کسی کام کے لئے منظور کرنا اور اس کے نفاذ کا حکم کرنا (محدثۃ)
إنْعَمَدَ: لازم عَمَدَہ۔
—(۲) ستون یا سہارے پر کھڑا ہونا۔
تَعَمَّدَ الشئَ وله: قصد کرنا۔
العِمَادُ: وہ لکڑی جس پر خیمہ کھڑا ہوتا ہے۔
(۲) ہر وہ چیز جو کسی کو بلند کر کے تھام لے۔
یقال: فلان رفيع العِمادِ: فلاں شریف ہے۔
(۳) لشکر کا سردار (ج) عُمُدٌ۔
—(۴) عیسائی بچہ کو عمودیہ (مقدس پانی) سے غسل دینا۔
العِمَادَةُ: بلند عمارتیں (مذکر و مؤنث) (ج): عِمَادٌ۔
اهل العماد: بلند عمارتوں والے (۲) پرنسپل شپ (محدثۃ)
العَمْدُ: یقال: فعله عَمْدًا وعَن عَمْدٍ: قصداً کرنا۔
یقال: فعله عمدًا على عينٍ وعَمْدَ عَيْنٍ: کسی کام کو محنت و یقین سے کرنا۔
القتلُ العمد (شریعت میں): قاتل قصداً اسلحہ یا قائم مقام اسلحہ سے قتل کرے۔
القتلُ شِبْهُ العمد: ایسے آلہ سے قتل کرے جس سے عموماً قتل نہیں کیا جاتا۔
العُمْدَةُ: جس پر اعتماد کیا جائے یا سہارا لیا جائے۔
(۲) لشکر کا سردار یا ناظم شہر (محدثۃ) (ج) عُمَدٌ۔
—(۳) (نحویوں کی اصطلاح میں): خلاف فضلہ (زائد) جس کا کلام سے حذف کرنا صحیح نہ ہو۔

العَمُوْدُ: وہ سردار جس کا معاملات میں سہارا لیا جائے۔ یا بھروسہ کیا جائے، جو قابل اعتماد ہو۔
(۲) من العصار: آسمان میں چمکنے والا گولہ۔
(۳) من الصبح: صبح کی کرن۔
عمد البطن: کمر۔
یقال: ضربه على عمود بطنه: کمر پر مارنا۔
عمود الأمر: معاملہ کی اصل جس کے ساتھ ہی معاملہ مستقیم ہو۔
یقال: استقاموا على عمود أيهم: وہ اپنی ٹھوس اور مضبوط رائے پر جمے رہے۔
—(علم ہندسہ میں): ہر وہ قطعہ جس کا طول اس کے چھوٹے قطر کے طول سے دس گنا زیادہ ہو اور دباؤ کا متحمل ہو سکتا ہو (مج)
—(مکینیکل میں) عمود الادارة: وہ گول لاٹھی جو اسے میکانکی طاقت بہم پہنچا کر گول چلاتی ہے (مج)
—العمود (فی المنشآت): ادارہ/ بلند کشتی میں۔
العمود: اوپر کا ستون۔
عمود الإشارة: ایک ستون جس کے اوپر ایک پٹی ہوتی ہے جو راستہ کے کھلے ہونے کے بارے میں بتلاتی ہے (محدثۃ)
عمود الشعر: شعر کے وزن، قافیہ اور اسلوب کا عرب سے منقول طریقہ۔
عمود الطعام: کھانے کے برتنوں کے ایک دوسرے کے اوپر عمودار رکھنے کی گڈی، لاٹ (مج)
عمود الميزان وعُمُدٌ وعَمَدٌ۔
العَمِيْدُ: سردار، منتظم، افسر (۲) فیکلٹی ڈین (محدثۃ)
(۳) وہ مریض جو پہلوؤں میں تکیے رکھ کر ان پر ٹیک لگائے بغیر نہ بیٹھ سکتا ہو۔
(۴) فوجی رتبہ جو عقید سے اوپر اور لواء سے کم ہوتا ہے (۵) بیمار عشق (ج) عُمَدَاءُ۔
المَعْمُوْدِيَّةُ: (عیسائیوں کے ہاں) پانی پر انجیل

کے کچھ فقرے دم کر کے عیسائی بچہ پر عیسائی عالم اس پانی کے چھینٹے مارتا ہے' جو کہ ان کے ہاں عیسائی ہونے کی نشانی ہے۔

عَمَرَ (ن) الرجلُ عَمْرًا: لمبی عمر پانا۔

—المالُ: مال کی بہتات وکثرت ہونا۔

—المنزلُ بأهله: مکان آباد ہونا۔ **هو عامِرٌ**۔

—اللهُ فلانًا: اللہ کا کسی کی عمر دراز کرنا۔

—فلانٌ الدارَ: گھر تعمیر کرنا' **هي معمورةٌ**۔

—القومُ المكانَ: لوگوں کا کسی جگہ کو مسکن بنانا' **هو معمورٌ**۔

يقال: عَمَرَ اللهُ بك منزلك۔

— المالَ عُمورًا' وعُمْرانًا: مال کا اچھا انتظام کرنا۔ **هو عامِرٌ**۔

عَمُرَ (ك) المالُ عَمارةً۔ بمعنی **عَمَرَ هو عَمِيْرٌ**

أعْمَرَ فلانٌ الارضَ: آباد پانا۔

—فلانًا: کسی کی عمرہ کی ادائیگی میں مدد کرنا۔

—فلانًا دارًا: کسی کو عمر بھر کے لئے مکان دینا۔

—فلانًا المكانَ: کسی کو آباد کرنا۔

عَمَّرَ اللهُ فلانًا: عمر دراز کرنا **هو مُعَمَّرٌ**۔

—المنزلَ: گھر آباد کرنا۔

يقال: عَمَّرَ اللهُ بك منزلك۔

—الأرضَ: زمین کا آباد کرنا۔

—نَفْسَه: اپنے لئے خاص اندازہ مقرر کرنا۔

—فلانًا دارًا: کسی کو گھر میں بسانا۔

يقال: أُعَمِّرُكَ اللهَ أن تفعل كذا: میں تم کو خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ ایسا کرو۔

إعْتَمَرَ: پگڑی باندھنا (۲) عمرہ ادا کرنا۔

—الأمْرَ: قصد کرنا۔

تَعَمَّرَ: عمرہ ادا کرنا۔

إسْتَعْمَرَهُ في المكان: کسی کو کسی جگہ بسانا۔

— قرآن مجید میں ہے : **﴿هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِّنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا﴾**

— الأرضَ: زمین کے لئے ضروری افرادی طاقت بہم پہنچانا۔

— دولةٌ دَوْلَةً اخرى: ایک ملک کا دوسرے ملک پر اقتدار جما کر اسے اپنی نو آبادی بنانا (محدثہ)

عَوْمَرَ القومُ: خلط ملط کرنا' شور وغل کرنا' چیخنا۔

—النَّاسَ: لوگوں کو اکٹھا کر کے قید کرنا۔

العَمارُ: گل ریحان جس کے ذریعے بادشاہ کو: **عَمَّرَكَ اللهُ**۔ کہہ کر سلامی دی جاتی تھی۔

(۲) وہ پھول جن سے شراب کی محفل مزین کی جاتی تھی۔ جب کوئی آتا تو اسے اپنے ہاتھوں میں بلند کر کے مرحبا کہتے تھے۔

(۳) خیمہ کی چھت کا خوبصورت کپڑا۔

(۴) سر کے اوپر کی ہر چیز جیسے پگڑی' ٹوپی وغیرہ۔

العَمَارةُ: سر کے اوپر کی ہر چیز جیسے پگڑی' ٹوپی وغیرہ۔

(۲) خیمہ کی چھت کے اوپر کا خوبصورت کپڑا (ج) **عَمائِرُ وعَمارٌ**۔

العُمارةُ: مزدور کی اجرت۔

العِمارةُ: آبادی (۲) عمارت۔

(۳) وہ باڑ جس کے ذریعے جگہ کی حفاظت کی جائے (۴) قبیلہ کی ایک شاخ۔

(۵) بڑی بلڈنگ جس میں بہت سے مکانات اور منزلیں ہوں (مج) (ج) **عنایر**۔

فَنُّ العِمارةِ: عمارتوں کو مضبوط کرنے اور خوبصورت بنانے کا فن' متعین قواعد وضوابط کے مطابق۔

العَمْرُ: مدت زندگی (ج) **أعْمارٌ**۔

— (۲) دین (۳) مسوڑھے کا گوشت (ج) **عُمُورٌ**۔

— (۴) لمبا درخت (۵) عمدہ کھجور **واحدته: عَمْرَةٌ**۔

— (۶) کان کے بالائی حصے میں لٹکایا جانے والا زیور وغیرہ۔

يقال في القسم: عَمْرَكَ اللهُ افْعَلْ كذا او إلّا فعلتَ كذا وإلاّ ما فعلتَ كذا: قسم ہے تجھے' ایسا کر۔

ويقال ايضًا: لَعَمْرُكَ: ابتداء کی وجہ سے رفع دیتے ہیں اور خبر کو حذف کر دیتے ہیں۔

تقدیر یوں ہے: **لعمرك قسمي**۔

العُمْرُ: مدت زندگی (ج) **أعْمارٌ**۔

— (۲) مسوڑھے کا گوشت (ج) **عُمُورٌ**۔

عُمْرُ النِّصْفِ: (ایٹمی سائنس میں) اتنا وقت جو تابکاری عنصر کے آدھے ذرات تحلیل ہونے میں صرف ہوتا ہے اور اس میں اس عنصر کے ذرات کی تعداد نصف تک کم ہوتی ہے۔

العَمْرُ: آزاد عورت کے سر ڈھانپنے کا کپڑا (۲) دین۔

العُمَرانِ: ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما۔

العُمُرُ: زندگی کی مدت (ج) **أعْمارٌ**۔

العُمْرانُ: عمارت (۲) جس کے ذریعے شہر کو تعمیر اور مزین کیا جائے' کھیتی باڑی' صناعت' تجارت آبادکاری کی کثرت' تہذیب وتمدن۔

يقال: استبحر العمرانُ' والعدلُ اساس العمران' علم العُمران۔ (ابن خلدون کے نزدیک) علم معاشرت۔

العَمْرَةُ: سر کے اوپر کی ہر چیز' ٹوپی' پگڑی وغیرہ۔

(۲) ہار کے موتیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

العُمْرَةُ: حج کی مانند کی ایک عبادت' جس کا نہ تو معین وقت ہوتا ہے اور نہ ہی اس میں وقوف عرفہ ہوتا ہے (ج) **عُمَرٌ**۔

(۲) مرد کا سسرال میں اپنی بیوی کے پاس جانا۔

العَمْرَتانِ: زبان کے نیچے دو چھوٹی ہڈیاں۔

(۲) دو ابھرے ہوئے بڑے سینگ۔

العُمْرى: (عقود تملیک۔ میں) مثلاً کوئی شخص یوں کہے: یہ گھر عمر بھر کے لئے تیرا ہے۔ جب تو مر جائے گا تو یہ پھر پلٹ کر میری طرف واپس ہو جائے گا۔ یا یہ گھر میری عمر بھر کے لئے تیرا ہے جب میں مر جاؤں گا تو یہ پلٹ کر میرے ورثاء کا ہو جائے گا۔

العُمْرِيُّ: من الشَّجرِ: پرانا درخت۔

(۲) نہر وغیرہ پر بیری کا پرانا درخت۔
العَمَّارُ: کثرت سے صوم وصلاۃ کرنے والا۔
العَمَّار: گھروں میں رہنے والے جن۔
واحدهم: عامر۔
المُسْتَعْمَرَةُ: وہ ملکی علاقہ جس پر غیر ملکی حکمرانی کریں یا اس پر اپنے سیاسی یا اقتصادی اثر ورسوخ کی وجہ سے منافع حاصل کریں (مج)
المستعمرة: ۔(خورد بینی جانداروں کے علم میں) خلیوں کا مجموعہ جو مادہ مخاطیہ میں اکٹھے گڑے ہوئے رہتے ہیں۔
مستعمرة الاستيطان: نئی بستی جہاں حکمران ملک کے لوگوں کو لا کر آباد کیا جائے جب وہاں رہنے والوں کے لئے جگہ کم پڑ جائے (محدثہ)
المِعْمَارِيُّ: فن تعمیر کا ماہر (محدثہ)
المَعْمَرُ: وہ جگہ جس میں پانی، گھاس اور لوگوں کی کثرت ہو۔
يقال: نزل فلان فی مَعْمَرِ صدقٍ: فلان آباد اور پسندیدہ جگہ میں مقیم ہوا۔
المَعْمُوْرَةُ: بنا ہوا مکان (۲) آباد گھر۔
اس کا اطلاق آباد جگہ پر ہوتا ہے۔
العَمَرَّدُ: ہر لمبی چیز۔
(۲) بدمزاج وطاقتور (۳) مکار و بدباطن۔
العُمْرُوْدُ: ہر لمبی چیز۔
العَمَرَّسُ: سخت طاقتور شخص۔
(۲) تیز رفتار (۳) سخت دن (۴) بد مزاج و طاقتور۔
العُمْرُوْسُ: مضبوط وموٹا لڑکا (۲) دنبہ (ج): **عَمَارِيْسُ۔**
عَمْرَطَ الشيءَ: لینا۔
العُمْرُوْطُ: وہ چور جو ہر چیز چھین لے۔
عَمَسَ (ن) الكتابُ۔ عَمْسًا: لکھا ہوا مٹ جانا۔
—فلانٌ الشيءَ: چھپانا۔
يقال: عَمَسَ عليهم الخبر ونحوه
—عليه الأمْرَ: معاملہ کو خلط ملط کر دینا، واضح نہ کرنا۔
عَمِسَ (س) الكتابُ عَمَسًا: لکھا ہوا مٹ جانا۔
—اليومُ: سخت اور تاریک ہونا۔
عَمُسَ (ك) اليومُ عَمَاسَةً و عُمُوْسَةً۔ بمعنی **عَمَسه۔**
تَعَامَسَ عن الشيء: جاننے کے باوجود غفلت کرنا۔
—عَلَيَّ: اندھا ہونے کا بہانہ کر کے مجھے معاملہ میں شبہ میں ڈال دیا۔
العَمَاسُ: سخت معاملہ جس کا پتا نہ لگتا ہو کہ کیسے کیا جائے۔
(۲) سخت لڑائی (ج) **عُمُسٌ۔**
العَمُوْسُ: جاہل کی مانند بے سوچے سمجھے کام کرنے والا (۲) سخت شدید معاملہ جو قابو میں نہ آتا ہو۔ (ج) **عُمُسٌ۔**
العَمِيْسُ: سخت لڑائی (۲) سخت معاملہ۔ (ج) **عُمُسٌ۔**
عَمَشَ (ض) فلانًا عَمْشًا: بغیر قصد کے لاٹھی مارنا۔
عَمِشَ (س) فلانٌ عَمَشًا: آنکھوں سے اکثر اوقات پانی نکلنے کے ساتھ بینائی کا کمزور ہونا۔
هو أَعْمَشُ هي عَمْشَاءُ (ج) عُمْشٌ۔
— جسمُ المريض: مریض کے جسم کا مرض سے قبل والی صحت کی حالت میں دوبارہ آنا۔
—فيه الكلامُ: کسی پر بات کا اثر انداز ہونا۔
يقال: فلانٌ تَعْمَشُ فيه الموعِظَةُ: نصیحت آدمی پر اثر انداز ہوتی ہے۔
عَمَّشَ عن الشيءِ: غفلت برتنا۔
—فلانًا: چندھیاپن ختم کرنا۔
— اللهُ المريضَ: مریض کو دوبارہ صحت یاب کرنا۔
اِسْتَعْمَشَهُ: بےوقوف سمجھنا۔
العَمْشُ: وہ چیز جو بدن کے لئے بہتر ہو۔
(۲) موافق چیز۔
يقال: هذا الطعام عَمْشٌ لك۔
عَمُقَتِ (ك) البئرُ عُمْقًا و عُمُقًا و عَمَاقَةً: کنویں کا گہرا ہونا۔
يقال: عَمُقَتِ الفكرةُ: فکر کا معاملہ کی گہرائی اور حقیقت تک پہنچانا۔
—المكانُ ونحوه: دور یا لمبا ہونا۔
هو عميقٌ هي عَمِيْقَةٌ (ج) عُمُقٌ۔
عَمَّقَ الشيءَ: گہرا بنانا۔
يقال: عَمَّقَ البئرَ و عَمَّقَ الرأيَ: گہری سوچ سوچنا، خوب غور کرنا۔
تَعَمَّقَ فی الامرِ: معاملہ کی گہرائی میں جانا، باریکی سے پرکھنا۔
يقال: تَعَمَّقَ فی البحث او الرأي۔
—فی كلامه: چرب زبانی کرنا۔
العُمْقُ: گہرائی (۲) وادی۔
(۳) جنگل کے دور دراز کنارے (ج) **أَعْمَاقٌ۔**
أَعْمَاقُ الأَرْضِ: زمین کے اطراف۔
(علم ہندسہ میں) کسی مستوی کے نیچے کا بعد راسی کہ جسے پیمائش کے لئے مبدأ بنایا جائے (مج)
العُمْقِيُّ: رجلٌ عُمْقِيُّ الكلامِ: جس کے کلام میں گہرائی ہو۔
عَمِلَ (س) عَمَلًا: قصدًا کوئی کام کرنا۔
(۲) پیشہ کرنا، بنانا۔
—فلان على الصدقة: صدقہ وصول کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: **{إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا}**
—لِلسُّلطان على بلدٍ: بادشاہ کی طرف سے علاقہ کا گورنر بننا۔ **هو عَامِلٌ۔**
أَعْمَلَه: گورنر بنانا۔
—فلانًا: کسی کو اجرت دینا۔
—آلته أَوْ رأيَه: مشین سے کام لینا، رائے پر عمل کرنا۔
—ذِهنَه فی كذا: ذہن کو کسی چیز میں مشغول کرنا۔ کسی چیز کے بارے میں تفکر کرنا۔

عَامَلَهٗ: کسی کے ساتھ بیع وغیرہ کا معاملہ کرنا۔
عَمَّلَهٗ: کسی کو اجرت دینا۔
—علی البلد: شہر کا حاکم بنانا۔
—علی القوم: قوم کا سردار بننا۔
إِعْتَمَلَ فلانٌ: اپنے لئے کام کرنا۔
(۲) اپنی مرضی سے کام کرنا۔
تَعَامَلَا: باہم معاملہ کرنا۔
تَعَمَّلَ فلان لکذا: بتکلف کوئی کام کرنا۔
—من أجل فلان وله وفی حاجاته: کسی کے لئے کوشش ومحنت کرنا۔
إِسْتَعْمَلَهٗ: حاکم بنانا۔
—فلانًا: کسی سے اپنا کام کروانا۔
—الثَّوْبَ ونحوه: جس لئے تیار کیا ہو اس کام میں لانا۔
—آلته: مشین سے کام لینا۔
—رأیه: رائے پر عمل کرنا۔
العَامِلُ: کسی صنعت یا پیشہ کا کام کرنے والا۔
(۲) وہ شخص جو کسی کے مالی امور کا متولی ہو۔
(۳) محصل زکوٰۃ، زکوٰۃ وصول کرنے والا (ج) عُمَّالٌ، وعَمَلَةٌ۔
—من الرمح: نیزے کا پھل سے قریب اوپر کا حصہ۔
(علم النحو میں): جو الفاظ کے اعراب پر اثر انداز ہو۔ایک ان میں معنوی ہے۔ جیسے ابتداء عامل معنوی ہے۔
(۴) کسی چیز میں موثر۔
یقال: کثرة الإنتاج من عوامل الرخاء: (علم الحساب میں) وہ صحیح عدد جو دوسرے عدد کو اس طرح تقسیم کرے کہ کچھ باقی نہ رہے (ج): عوامل۔
اَلْعَامِلَةُ: کھیتی باڑی اور پانی لگانے میں کام آنے والے جانور جیسے اونٹ اور زنبیل وغیرہ۔
(۲) چوپائے کی ٹانگ۔
—من الرمح: نیزے کا پھل سے قریب اوپر والا حصہ (ج) عَوَامِلُ۔

العُمَالَةُ۔ بمعنی العِمَالَةُ۔
العَمَلُ: پیشہ، کام (ج) أَعْمَالٌ۔
اعمال المرکز ونحوه۔(تقسیم اداری میں) مرکز کے ماتحت اور اس سے متعلق۔
یقال: قریة فلان من اعمال مرکز کذا: فلاں قصبہ فلاں مرکز کی زیر نگرانی ہے۔
(اقتصادیات میں) نفع کے حصول کے لئے انسانی کوشش۔
العَمْلَةُ: غلط کام جیسے چوری، خیانت۔
العُمْلَةُ: کام کی اجرت (۲) نقد (مو)
العَمَّالُ: بہت مصروف یا ہمیشہ مصروف رہنے والا۔
العُمُوْلَةُ: دلال کی اجرت۔(مج)
العَمِیْلُ: ایجنٹ، کسی کے لئے کام کرنے والا (ج) عُمَلَاء۔
اَلْعَمَلِیَّةُ: تمام وہ کام جو خاص اثر رکھتے ہوں۔
یقال: عملیّةٌ جراحیّة، او حربیّة او مالیة۔(محدثۃ)
المُسْتَعْمَلُ من الثیاب ونحوها: کام کاج کے کپڑے، استعمال شدہ۔
المُعَامَلَاتُ: وہ شرعی احکام جن کا تعلق دنیاوی امور سے ہو۔جیسے بیع شراء، اجارہ۔
المَعْمَلُ: وہ جگہ جہاں کاریگر اپنے اوزار سمیت اکٹھے ہوتے ہوں۔فیکٹری وغیرہ۔
(۲) ٹیسٹ اور جانچ پڑتال کی جگہ (محدثۃ)
(ج) مَعَامِلُ۔
المَعْمُوْلُ من الشراب: وہ شربت جس میں دودھ، شہد اور برف ہو۔
عَمْلَسَ فی سیره: تیز چلنا۔
العَمَلَّسُ: تیز چلنے کی طاقت رکھنے والا۔
(۲) خبیث کتا یا بھیڑیا۔
عَمْلَقَ الماءُ: کم ہونا۔
—الماءُ فی الحوض: تالاب میں پانی کا گدلا اور گاڑھا ہو جانا۔
(۲) گہرائی والا کلام کرنا۔

العِمْلَاقُ من الإنسان والشجر: وہ درخت یا انسان جو لمبائی اور جسامت میں اپنے ہم جنسوں سے بڑھ کر ہو۔
یقال: فلانٌ عِمْلَاقٌ فی الادب او السیاسة: ادب اور سیاست میں فائق و ماہر (محدثۃ)
(ج) عَمَالِیْقُ، وعَمَالقة وعمالق۔
العمالقة: عملیق یا عملاق بن لاوذ بن ارم بن سام بن نوح کی اولاد۔
عَمَّ (ن) الشیءُ عُمُوْمًا: شامل ہونا، عام ہونا۔
—النباتُ: لمبا ہونا۔
—الرجلُ عُمُوْمَةً: چچا بن جانا۔
—القومَ بالعطیةِ عُمومًا: سب لوگوں کو عطیہ دینا۔
یقال: عَمَّ المطرُ الأرضَ: تمام زمین پر بارش ہوئی۔
—رأسه عَمًّا: پگڑی باندھنا۔
أَعَمَّ الرَّجُلُ: شریف اور بہت سے چچاؤں والا ہونا۔
(۲) سب لوگوں کے لئے صاحب خیر و بھلائی ہونا۔هُوَ مُعِمٌّ۔
عَمَّمَ القومُ فلانًا امرَهم: لوگوں کا اپنے معاملات کسی کے سپرد کرنا تا کہ وہ ملجأ عام بن جائے۔
—الشیءَ: عام کرنا، پھیلانا (۲) خَصَّصَه۔کی ضد (خاص کرنے کی ضد)
—زیدًا: کسی کو پگڑی پہنانا۔
إِعْتَمَّ الرَّجُلُ: سر پر پگڑی لپیٹنا۔
—الشابُّ: نوجوان کا لمبا اور کامل ہونا۔
—النبتُ: پودے کا مکمل لمبا ہو کر اس کی کلی کھلنا۔
تَعَمَّمَ الرَّجُلُ: سر پر پگڑی لپیٹنا۔
—الآکامُ بالنبت: ٹیلوں پر نباتات کا عمامہ کی طرح پھیلنا۔
—فلانًا: کسی کو چچا بنا لینا۔

ع

إِسْتَعَمَّ الرَّجُلُ: عمامہ باندھنا۔
—**فلانًا:** چچا بنانا۔
الأَعَمُّ: لوگوں کی بہت بڑی جماعت۔
(۲) اخص کی ضد۔
العَامُّ: شامل، عام (۲) خاص کی ضد۔
العَامَّةُ من النَّاس: خاص کے برعکس (ج) **عَوَامُّ**۔
یقال: جاء القومُ عامَّةً: سب کے سب لوگ آئے۔
العَامِّيُّ: عامّة۔ کی طرف منسوب، عوامی۔
—**من الكلامِ:** وہ کلام جو لوگ عربی کلام کی طرز سے ہٹ کر کرتے ہیں۔
العَامِّيَّةُ: عوامی زبان (**فُصحی**۔ کے برعکس)
العِمَامَةُ: پگڑی (ج) **عَمَائِمُ**۔
یقال: أَرْخى فلان عِمَامته: فلاں پر امن اور خوشحال ہوگیا۔
العَمُّ: چچا (ج) **أَعْمام و عُمومة**۔
—(۲) لوگوں کی بڑی جماعت۔
(۳) پوری گھاس (۴) کھجور کا لمبا درخت۔
العَمَمُ: اجتماع اور کثرت۔
(۵) ہر مکمل اور عام چیز۔
—**من الرجال:** جس کا فیض عام و کافی ہو۔
یقال: فلان عَمَمُ خیر: فلاں بڑا فیاض ہے۔
العُمُمُ: جسم، جوانی اور مال کی تکمیل۔
یقال: استوى الشباب على عُمُمِه: مکمل جوانی آ گئی۔
العَمَّةُ: پھوپھی (ج) **عَمَّات**۔
العِمَّةُ: پگڑی۔
(۲) عمامہ باندھنے کی ہیئت۔
یقال: فلان حسن العِمَّة: فلاں اچھی پگڑی باندھتا ہے۔
العُمُومَةُ: مصدر۔
یقال: بيني و بين فلان عُمُومَةٌ: میرے اور فلاں کے درمیان چچا کا رشتہ ہے۔
جیسے کہا جاتا ہے: **أُبُوَّةٌ و خُؤُولَةٌ**۔

العَمِيمُ: ہر اکٹھی اور کثیر چیز۔
—(۲) ہر لمبی اور کامل چیز (ج) **عُمٌّ** ھی **عَمِيمَةٌ** (ج) **عَمَائِمُ**۔
عَمَنَ (ض) بالمكان عَمْنًا: ٹھہرنا۔
هو عَامِنٌ و عَمُونٌ (ج) عُمُنٌ۔
عُمان: خلیج عرب اور بحر ہند پر واقع جنوب مشرق میں ایک عرب علاقہ (منصرف وغیر منصرف)
عَمَّانُ: شامی علاقہ جو کہ اب اردن کا دار الحکومت ہے (منصرف وغیر منصرف)
عَمَهَ (ف) عَمْهًا و عَمَهَانًا و عُموهًا: راستے میں حیران و پریشان ہو جانا پتہ نہ لگے کہ کہاں جائے۔
هو أَعْمَهُ عَمِهٌ ھی عَمْهَاءُ و عَمِهَةٌ۔
—**في الأمرِ:** صحیح صورت معلوم نہ ہونا۔
هو عَامِهٌ (ج) عُمَّهٌ۔
عَمِهَ (س) عَمَهًا، و عَمَهَانًا، و عُمُوهَةً: راستہ میں پریشان و بھٹکا ہوا ہو پتہ نہ لگے کہ کہاں جائے۔
—**في الامرِ:** معاملہ کی صحیح صورت معلوم نہ ہو۔
هو أَعْمَهُ، و عَمِهٌ ھی عَمِهَةٌ و عَمْهَاءُ (ج) عُمْهٌ۔
—**الارضُ:** بے نشان ہونا۔
عَمَّهَ في ظُلْمِه: بغیر واضح جنایت کے ظلم کرنا۔
العَمَهُ: حیرانی و تردد ایسا کہ سمت راہ کا پتہ نہ لگے۔ وہ بصیرت میں نابینا کی مانند ہے۔
(علم طب میں) ادراک بالحس کے ملکہ کا مفقود ہو جانا، جیسے مختلف اشیاء کی اشکال میں تمیز اور اشخاص میں تمیز سے عاجز آ جانا (مج)
عَمَى (ض) العَمَاءُ و الماءُ وغیرہ عَمْيًا: بہنا۔
—**المَوْجُ:** موج کا جھاگ و گھاس پھونس پھینکنا۔
—**البعيرُ بلُغَابِه:** رال ٹپکانا۔
—**الى كذا:** بغیر غلطی کئے کسی جانب جانا۔
عَمِيَ (س) فلانٌ عَمًى: دونوں آنکھوں سے بینائی کا مکمل طور پر ختم ہونا۔

هُوَ أَعْمَى (ج) عُمْيٌ و عُمْيَانٌ ھی عَمْيَاءُ (ج) عُمْيٌ۔
—**القلبُ أو الرجل:** بصیرت کا مفقود ہو جانا بھلائی کی راہ سے بھٹکنا۔ **هو أَعْمَى ھی عَمْيَاءُ (ج) عُمْيٌ**۔
هو عَمٍ ھی عَمِيَةٌ، من قَوْمٍ عَمِينَ۔
—**الاخبارُ والأُمُورُ منه، وعليه:** معاملات اور باتوں کا ملتبس اور پوشیدہ ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {**فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنبَاءُ يَوْمَئِذٍ**}
یقال: عَمِيَ عليه طَرِيقُه: راہ یاب نہ ہونا۔
—**فلانٌ عَمَايَةً:** باطل میں حد سے بڑھنا۔
أَعْمَاهُ: اندھا کر دینا۔
—**عليه الشيءَ:** کسی چیز کو کسی پر مخفی و پوشیدہ کر دینا۔
یقال: عَمَّى مَعْنَى البَيْتِ والكلامِ: شعر یا کلام کا مبہم کر دینا۔
—**العَمَاءُ الهِلالَ:** بادل کا ابتدائی چاند کو چھپا لینا اور چاند دکھائی نہ دینا۔ **هو مُعَمًّى**۔
تَعَامَى: جان بوجھ کر اندھا بننا (خواہ بصیرت سے ہو یا بصارت سے)
تَعَمَّى: اندھا ہو جانا۔
الأَعْمَيَانِ: سیلاب اور آگ۔
یقال: اعوذ بالله من الأَعْمَيَيْنِ۔
العَامِي: وہ شخص جسے اپنا راستہ معلوم نہ ہو۔
(۲) لمبا شخص (ج) **أَعْمَاءُ**۔
الأَعْمَاءُ: غیر آباد مقامات جہاں آبادی کا نام و نشان نہ ہو۔
العَمَاءُ: بادل۔
العَمَايَةُ: باطل میں حد سے بڑھنا، گمراہی۔
المُعَمَّى: معمہ (۲) پہیلی (مو) (ج) **مُعَمَّيَات**۔

ع............ن

عَنَّبَ الكَرْمُ: انگور کی بیل کا انگوروں والا ہونا۔
العَانِبُ: انگور بردار کی صفت۔

الْعُنَابُ: تروتازہ انگور (ج) **اَعْنَابٌ**۔

عِنَبُ الذِّئب: روئی کے پودے کے ساتھ اُگنے والا پودا جس کا پھل چھوٹا سیاہ رنگ کا انگور کی طرح اور بے مزہ ہوتا ہے۔

العَنْبَا: آم' جو کہ پھل دار پودوں کی ایک قسم ہے۔**فصیله بطمیه** سے ہے اس کا پھل گٹھلی والا اور لذیذ ہوتا ہے۔ جو کہ کھایا جاتا ہے اور اس کا جوس بنایا جاتا ہے۔ یہ گرم علاقوں کا پودا ہے اس کی زراعت مصر میں عام ہے اور یہ **منجو**۔یا **منجة**۔ جو کہ ہندی لفظ ہے کے نام سے معروف ہے۔

العُنَّاب: فصیله سدریه کا ایک کانٹے دار پودا جس کی بلندی چھ میٹر ہوتی ہے۔

عُنّاب۔ اس کے پھل کو بھی کہتے ہیں جو کہ سرخ رنگ کا میٹھا اور خوشنما ذائقہ والا ہوتا ہے بیر کی طرح۔

العَنْبَرُ: ایک ٹھوس مادہ جو باریک پینے اور جلانے کے بعد مہکتا اور خوشبو دیتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سمندری جانور کی لید ہے۔

(۲) **فصیله قیطسیّة** کا ایک جانور جو کہ مچھلی نما ہوتا ہے اور مادہ عنبر خارج کرتا ہے۔

(۳) وسیع جگہ جو کام یا مال جمع کرنے کے لئے بنائی جائے (گودام اور کارخانہ) جو فوجیوں یا بیماروں کا ٹھکانہ ہو۔

(معرب انبر) (ج) **عَنَابِرُ**۔

عَنِتَ (س) الشیءِ عَنَتًا: خراب ہونا۔

—**فلانٌ:** مصیبت ومشقت میں پڑنا۔

قرآن مجید میں ہے: **{لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ}**

—(۲) گناہ کرنا۔

—**العَظْمُ:** ہڈی کا جڑوانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جانا۔

هو عَنِتٌ۔

أَعْنَتَه: مصیبت ومشقت میں ڈالنا۔

قرآن میں ہے: **{وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ}**

—**المَرِيْضَ:** بیمار کو نقصان پہنچانا۔

عَنَّتَهُ: تکلیف دینا' کوئی ایسا کام کسی پر لازم کر دینا جس کی ادائیگی اس کے لئے مشکل ہو۔

تَعَنَّتَه: تکلیف دینا' مشقت میں ڈالنا۔

(۲) مشقت ولغزش کا خواہاں ہونا۔

یقال: جاءَنِي فلان مُتَعَنِّتًا۔

—**الرجلَ وعليه:** مشکل بات پوچھ کر مشقت اور تردد میں ڈالنا۔

العَنَتُ: غلطی اور زنا۔

— قرآن مجید میں ہے: **{ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنكُمْ}**۔(۲) معاندانہ ہٹ دھرمی۔

عَنْتَرَ الذُّبَابُ الأزرقُ: نیلی مکھی کا بھنبھنانا۔

—**فلانٌ:** لڑائی میں بہادر ہونا۔

(۲) مشکل راہ اختیار کرنا۔

—**فلانًا بالرمح:** نیزہ مارنا۔

العَنْتَرُ: نیلی مکھی **واحدته: عَنْتَرَةٌ**۔

عَنَجَ (ن) الشيءَ عَنْجًا: کھینچنا۔

یقال: عَنَجَ رأسَ البَعِيْرِ: اونٹ کا سر اپنی طرف کھینچنا۔

—**البعيرَ:** اونٹ کی نکیل کو اپنی کہنی میں باندھ کر چھوٹا کر دینا۔

.**الدَّلْوَ:** رسّی سے باندھنا۔

أَعْنَجَ فلانٌ: پیٹھ اور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہونا (۲) اپنے معاملات میں پختگی چاہنا۔

—**البعيرَ**۔ بمعنی **عَنَجه**۔

العِنَاجُ: اونٹ کی نکیل۔

(۲) رسی جو ڈول کے نیچے باندھی جاتی ہے اور اس کے کنارے ڈول کے اوپر جا ملتے ہیں جب ڈول کے سرے ٹوٹ جائیں تو وہ اسے کنویں میں گرنے سے روکے رکھتی ہے۔

(۳) آدمی کی پیٹھ اور جوڑ۔

—**من الأمرِ:** معاملہ کی اصل (ج) **أَعْنِجَةٌ و عُنُجٌ**۔

یقال: هذا قولٌ لا عِنَاجَ له: یہ بات بغیر سوچے سمجھے کہی گئی ہے۔

عَنْجَدَ العنبُ: انگور کا خراب منقی بننا۔

العَنْجَدُ: خراب منقی۔

العُنْجُهُ: بڑا سیہی۔

العُنْجُهِيُّ: متکبر۔

العُنْجُهِيَّةُ: کبر' بڑائی' جفا۔

(۲) بڑا اور موٹا کھانا پینا وغیرہ۔

عَنَدَ (ض) عنه عَنْدًا وعُنُودًا: ہٹنا' دور ہونا۔

—**الناقةُ:** اونٹنی کا اونٹ سے دور ہو کر تنہا چرنا۔

—**العِرْقُ أو الجُرْحُ:** زخم وغیرہ سے خون کا بہتے رہنا خشک نہ ہونا۔

—**فلانٌ:** متکبر بننا اور گناہ میں حد سے بڑھنا۔

(۲) جاننے کے باوجود حق کی مخالفت کرنا۔**هُوَ عَانِدٌ**۔

(ج) **عُنَّدٌ وعَنَدَةٌ هو عَنُودٌ وعَنِيدٌ**۔

(ج) **عُنُدٌ. هي عَنُودٌ** (ج) **عُنُدٌ**۔

هي عَانِدٌ وعَانِدَةٌ (ج) **عَوَانِدُ**۔

أَعْنَدَ العِرْقُ والجرحُ۔ بمعنی **عَنَدَ**۔

یقال: أَعْنَدَ أنفُه: ناک سے بہت زیادہ خون بہنا۔

—**فلانٌ القَيْءَ وفيه:** بار بار قے کرنا۔

عَانَدَ فلانٌ مُعَانَدَةً وعنادًا: جاننے کے باوجود حق کی مخالفت کرنا۔

تَعَانَدَ الخصمان: دو فریقوں کا باہم جھگڑنا۔

إِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ والبَعِيْرُ: رسی وغیرہ سے اپنے آپ کو چھڑا کر بے قابو ہو جانا۔

—**فلانًا من بين القومِ:** لوگوں میں سے کسی فرد کا قصد کرنا۔

—**السقاءَ:** مشک کو جھکا کر اس کے منہ سے پانی پینا۔

—**القيءُ أو الدمُ فلانًا:** کسی پر خون اور قے کا غالب آنا اور کثرت سے آنا۔

—**عصاه:** لوگوں میں لاٹھی گھمانا۔

العِنَادِيَّةُ: سوفسطائیہ کا ایک فرقہ جو حقائق اشیاء کا منکر ہے اور ان کا کہنا ہے کہ یہ سب وہم اور خیال

باطل ہے۔
عِنْدَ: موجود چیز کے لئے ظرف مکان۔
يقول: عندی مصحف۔ جبکہ وہ اس گھر میں ہو کہ جس میں آپ ہیں۔
اور قریب چیز کے لئے آپ کہتے ہیں ۔**عندی مصحف**۔ جب آپ اپنے کام کی جگہ ہوں اور قرآن آپ کے گھر میں ہو اور یہ دونوں جگہیں قریب قریب اور متجاوز ہوں۔
غائب چیز کے لئے آپ کہتے ہیں ۔**عندی مصحف**۔ جبکہ قرآن آپ کی ملکیت میں ہو اور آپ سے غائب مثلاً کسی کو عاریۃً دیا ہو۔
عند۔ معنوی چیزوں میں بھی استعمال ہوتا ہے کہا جاتا ہے: **عندہ اخبارٌ وعندہ خیرٌ او شرٌّ**۔
عند۔ کی اضافت جب زمانہ کی طرف کی جائے تو وہ ظرف زماں ہو گا۔ جیسے : **نهضت عند الفجر**۔ اور جب آپ کہیں کہ **هذا عندی افضل من هذا** ۔ تو اس وقت **عند**۔ بمعنی ۔حکم یا ظن ہو گا یعنی **فی حکمی وظنّی**۔
— یہ معرب اور منصوب علی الظرفیہ ہے کبھی **من**۔ جارہ کی وجہ سے اس پر جر بھی آتی ہے۔
جیسے: **ساخرج من عِندِك ظهرًا**۔
— یوں نہیں کہا جاتا : **ذهبت الی عنده ولا لعنده**۔
العِنْدِيَّةُ: سوفسطائیہ کا ایک فرقہ جو حقائق اشیاء کو اعتقاد کے تابع کرتا ہے حتی کہ اس کے نزدیک یہ اعتقاد رکھنا کہ انسان جماد ہے درست ہے۔
العَنُوْدُ: سخت عناد و دشمنی رکھنے والا۔
يقال: عقبةٌ عَنُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔
سَحَابَةٌ عَنُوْدٌ: بہت بارش والا قریب ہو کہ اکھاڑ پھینکے۔
القِدْح العنود (فی المیسر): جوئے کا وہ تیر جو دیگر تیروں کے برعکس کامیابی کے رخ چلے۔ (ج) **عُنُدٌ**۔
عَنْدَلَ العَنْدَلِيْبُ: عندلیب (بلبل) کا چہچہانا۔

العَنْدَلِيْبُ: (بلبل) چھوٹے جسم والا پرندہ، پھرتیلا اور مختلف آوازوں والا، باغوں میں رہتا ہے اور فصل بہار میں نکلتا ہے (ج) **عَنَادِلُ**۔
عَنَزَ (ن) عنهُ عَنْزًا و عُنُوْزًا: ہٹنا، دور ہونا۔
—**فلانًا عَنْزًا**: نیزہ مارنا۔
اَعْنَزَهُ: جھکانا اور ہٹانا۔
اَعْتَنَزَ: دور ہونا۔
يقال: اعتنز عن الشي۔
تَعَنَّزَ ۔ بمعنی **اعتنزَ**۔
العَنْزُ: بکری، ہرنی (ج) **اَعْنُزٌ و عُنُوْزٌ**۔
— (۲) پانی میں چٹان (ج) **عُنُوْزٌ**۔
— (۳) ریتلی اور اور پتھریلی زمین۔
العَنَزَةُ: ڈنڈے سے لمبا اور نیزے سے چھوٹا جس کے نیچے نیزے کے پھل کی طرح پھل ہوتا ہے بوڑھے اس کا سہارا لیتے ہیں۔
من الفأْسِ: کلہاڑی کی دھار (ج) **عَنَزٌ، عَنَزَاتٌ**۔
العَنَزِيُّ: بنوعنزہ کا فرد، جو شجر سلم کا پھل لانے گیا تھا واپس نہ پلٹا۔
اسی سے ضرب المثل ہے : **لا افعل كذا حتی يؤوب القارظ العنزی**: یعنی میں ایسا کبھی نہ کروں گا۔
المُعَنَّزُ: چھوٹے سر والا۔
(۳) وہ شخص جس کی داڑھی بکرے کی داڑھی کی طرح ہو۔
عَنَسَتِ (ن ض) البنتُ البكرُ. عَنْسًا وعُنُوْسًا و عِنَاسًا: کنواری لڑکی کا بلوغت کے بعد لمبے عرصے تک بغیر شادی کے گھر بیٹھے رہنا۔ **هی عانِسٌ**۔
(ج) عُنُسٌ وعُنَّسٌ وعَوَانِسُ۔
—**الرَّجُلُ**: بن شادی بوڑھا ہو جانا۔
هو ايضًا عانِسٌ : اس کا عموماً استعمال عورتوں میں ہوتا ہے۔
عَنِسَ (س) عَنَسًا: ہر وقت آئینے میں دیکھتے رہنا۔

اَعْنَسَ: آئینوں کی تجارت کرنا۔
—**الشيءَ**: بدل ڈالنا۔
يقال: اَعْنَسَتِ السنُّ وجه فلان: عمر نے فلاں کا چہرہ بدل ڈالا۔
—**الشَّيْبُ رأسَه**: سر میں سفید بال آجانا۔
عَنَّسَتِ البنتُ البِكْر ۔ بمعنی **عَنَسَتْ**۔
— **البنتَ الكبرَ اهلُها**: نوجوان لڑکی کو گھر والوں کا شادی سے روکے رکھنا حتی کہ اس کی شادی کی عمر ختم ہو جائے۔
العِنَاسُ: آئینہ (ج) **عُنُسٌ**۔
العَنْسُ: پانی میں چٹان، عنز میں ایک لغت۔
(۲) عقاب (۳) مضبوط اونٹنی، مضبوطی اور قوی ہونے کی وجہ سے چٹان سے تشبیہ دی گئی ہے (ج) **عِنَاسٌ، عُنُوْسٌ**۔
اَعْنَصَ الرَّجُلُ: سر میں متفرق طور پر بچے ہوئے بالوں والا ہونا۔
العُنْصُرُ: اصل اور حسب۔
يقال: فلان كريمُ العنصر۔
— (۲) جنس۔ **يقال: فلان من العنصر الآري او السامي**۔ (علم کیمیا میں) ابتدائی مادہ جس کی کیمیائی تحلیل اس سے چھوٹے مادہ میں ممکن نہ ہو۔
(۲) وہ مادہ جو کسی جسم کی تکوین میں داخل ہو جیسے ہائیڈروجن، آکسیجن پانی کی تکوین میں داخل ہیں۔
العَنَاصِرُ (عند القدماء)۔ چار ہیں، آگ، ہوا، پانی اور مٹی۔
العُنْصرِيَّةُ: قومی یا نسلی تعصب (محدثہ)
العُنْصُلُ: (فصیلہ زنبقیہ کا طویل العمر پودا جس کے پتے کراث پودے کی طرح ہوتے ہیں۔ اس کے پھول پتوں سے پہلے موسم سرما کے بعد نکلتے ہیں۔ یہ نرم و نازک ہوتا ہے اونچائی ایک میٹر ہوتی ہے۔ اس کے پھول سفید اور اس کا طب میں بہت استعمال ہے۔
العِنْصَاةُ: تھوڑی متفرق چیز جیسے گھاس اور بال

ع

وغیرہ (ج) عناصِ۔
—(۲) ہر چیز کا بڑا حصہ ختم ہو جانے کے بعد بچا کھچا۔
(۳) اونٹ یا بکریوں کا چھوٹا گلہ۔
العُنْصُوَۃُ۔ بمعنی العِنْصَاۃُ (ج) عَنَاصِ۔
العِنْظَابُ: زرد رنگ کی موٹی ٹڈی۔
(ج) عَنَاظِبُ۔
عَنْظٰی بِہٖ: مذاق اڑانا' برا بھلا کہنا اور گالی دینا۔
العُنْظُوَان: ترش گھاس جسے اگر اونٹ زیادہ کھا لے تو اس کے پیٹ میں درد ہو جاتا ہے۔
(۲) ٹڈی (۳) شریر اور فحش گو' بدزبان۔
عَنْعَنَ فلانٌ عَنْعَنَۃً: ہمزہ کا عین کی طرح کلام میں تلفظ کرنا اور یہ بنو تمیم کی لغت ہے۔
—الرّاوی: راوی کا اپنی روایت میں یوں کہنا۔
روی فلانٌ عن فلانٍ عن فلانٍ۔
عَنُفَ (ك) بِہٖ و علیہ عُنْفًا' و عَنَافَۃً: کسی کے ساتھ سختی کرنا (۲) ملامت کرنا' عار دلانا۔
هو عَنِیْفٌ (ج) عُنُفٌ۔
أَعْنَفَهُ۔ بمعنی عَنُفَ بِہٖ و علیہ۔
عَنَّفَهُ۔ بمعنی أَعْنَفَهُ۔
إِعْتَنَفَ الامرَ: سختی سے نمٹنا۔
(۲) کچھ جانے بغیر کام لینا۔
—الشیءَ: ناپسند کرنا۔
یقال: إِعْتَنَفَ الطَّعَامَ۔
—فلانٌ المجلِسَ: مجلس سے الگ ہونا۔
العَنَفَۃُ: آلہ جو پانی کی زوردار ٹکر سے گھومے اور مشین چلائے (۲) کھیت کی دو لائنوں کے درمیان کی جگہ۔
عُنْفُوَانُ الشیءِ: چیز کی ابتداء۔
یقال: هو عُنْفُوَانِ شبابِہٖ: آغاز جوانی یا بھرپور جوانی۔
العَنْفَقُ: چیز کی کمی اور ہلکا پن۔
العَنْفَقَۃُ: نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان کے بال۔ (بالوں کی خفت کی وجہ سے کہا جاتا ہے)
(ج) عَنَافِقُ۔

عَنَقَهُ (ن) عَنْقًا: گردن پر مارنا۔
—الکلبَ: کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا۔
عَنِقَ (س) عَنَقًا: لمبی اور سخت گردن والا ہونا۔
هو أَعْنَقُ، هي عَنْقَاءُ (ج) عُنْقٌ۔
یقال: هَضْبَۃٌ عنقاءُ: لمبا اور بلند پہاڑ۔
—الکلبُ: گلے میں سفیدی ہونا۔
أَعْنَقَ الرجلُ: لمبی گردن والا ہونا۔
—الزرعُ: کھیتی کا لمبا ہونا اور خوشہ نکلنا۔
—الهَضْبَۃُ: پہاڑ کا لمبا اور بلند ہونا۔
هو مُعْنِقٌ، هي معنقۃٌ۔
—الدَّابَّۃُ: چوپائے کا تیز چلنا۔ هو و هي معنق و هي معنقۃ ایضًا۔
—الثُّرَیّا: ثریا ستارے کا غائب ہونا۔
—النجومُ: غروب کے قریب ہونا۔
—الکلبَ۔ بمعنی عَنَقَهُ۔
—فلانٌ فلانًا شیئًا: کسی کے گلے میں کسی کی کوئی چیز ڈالنا۔
عَانَقَهُ معانقۃً و عِنَاقًا: اپنی گردن کو کسی کی گردن کے قریب کر کے سینے کے ساتھ ملانا معانقہ کرنا (ایسا محبت میں ہوتا ہے)۔
عَنَّقَ طَلْعُ النَّخْلِ: کھجور کے شگوفے کا لمبا ہونا۔
—البُسْرَۃُ: کچی کھجور کا اکثر حصہ رطب (پختہ) ہو جانا۔
—فلانًا: گردن پکڑ کر مروڑنا۔
إِعْتَنَقَ الرجلانِ: لڑائی میں ایک دوسرے کی گردن پر ہاتھ ڈالنا۔
—الأَمْرَ: کسی کام میں لگنا۔
یقال: إِعْتَنَقَ دِیْنًا أَوْ نِحْلَۃً: مذہب اختیار کرنا (مو)۔
(۲) محنت سے کام کرنا۔
تَعَانَقَا: محبت سے باہم گلے ملنا۔
تَعَنَّقَ الیربوعُ أَوِ الأَرْنَبُ: جنگلی چوہے یا خرگوش کا اپنے بل میں گھسنا۔
العَانِقَاءُ: جنگلی چوہے اور خرگوش کا گڑھا جو نرم

مٹی سے بھرا ہوتا ہے۔ خطرے کے وقت اس میں اپنی گردن داخل کرتے ہیں۔
العَنَاقُ: ولادت کے وقت سے سال پورا ہونے تک کا بھیڑ بکری کا مؤنث بچہ۔
(ج) أَعْنُقٌ و عُنُقٌ و عُنوقٌ۔
(۲) لواحم۔ کے مرتبہ اور فصیلہ سنانیر۔ کا ایک جانور جو کہ بلی سے قدرے بڑا اور سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کے کانوں کے اوپر والے حصے میں چھوٹے چھوٹے سیاہ بال ہوتے ہیں جو تُفَۃ۔ کے نام سے مشہور ہے (دیکھئے: التُّفَّۃُ)
العُنُقُ: گردن' سر اور جسم کے درمیان کا جوڑ۔ (مذکر ہے اور کبھی کبھی مؤنث آتا ہے)
—من کل شیءٍ: ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔
یقال: وُلِدَ فی عنقِ الصَّیفِ: گرمیوں کی ابتداء میں پیدا ہوا۔
اخذ بعُنقِ السِّتّینَ: وہ ساٹھ سال کی ابتداء میں ہے (۲) لوگوں کی جماعت۔
یقال: کان ذلك علی عُنقِ الدَّهرِ: فلاں بات ابتدائی زمانے میں تھی۔
لفلانٍ عُنُقٌ فی الخیرِ: فلاں پہلے سے بھلائی کرتا ہے (ج) أَعْنَاقٌ۔
الأَعْنَاقُ: رؤساء۔
حدیث میں ہے: (لایزال النَّاسُ مختلفۃً أَعْنَاقُهُم فی طلب الدنیا)
العَنَقُ: اونٹوں اور گھوڑوں کی تیز و کشادہ چال۔
العَنْقَاءُ: ایک خیالی پرندہ جس کا کوئی وجود نہیں۔
العَنِیْقُ: بغل گیر۔
یقال: بات خیالُ طیفِكَ لی عَنِیْقًا: رات بھر تمہاری تصویر مجھ سے ہم کنار رہی۔
المُعَانَقَۃُ: (علم نباتات میں) وہ پتا جو تنے کا جزئی احاطہ کرے۔ جیسے خشخاش کے پتے (مج)
المِعْنَاقُ: عمدہ رفتار والا گھوڑا (ج) مَعَانِیْقُ۔
المُعْنِقُ: زمین کا سخت اور بلند حصہ جس کے ارد گرد نشیب ہو (ج) مَعَانِیْقُ۔
المِعْنَقَۃُ: قلادہ (پٹا) (ج) مَعَانِقُ۔

ع

(۲) رَحل کے درمیان چھوٹی رسی۔
(ج) مَعَانِیقُ۔ (غیر قیاسی طور پر)
العَنْقَلُ: بے دانتوں کی چمکدار مچھلی۔
العُنْقُودُ: (دیکھئے: عقد)
العُنْقُرُ: بانس اور سبزی کی جڑ جب تک سفید اور اکٹھی ہوا اور اس کا رنگ نہ بدلا ہوا اور نہ پھیلی ہو۔
(۲) خرما کا بیچ والا حصہ اس کی سفیدی کی بنا پر ایسا کہا جاتا ہے۔
عَنْقَشَ فلان: کسی چیز سے چمٹنا۔
تَعَنْقَشَ: ۔سخت ہونا اور بل کھانا۔
العِنْقَاشُ: کمینہ (۲) وہ شخص جو بستیوں میں پھر کر اشیاء بیچتا ہو۔
عَنَكَ (ن) الرملُ عَنْكًا و عُنُوكًا: ریت کا ڈھیر ہو کر بیٹھ جانا اور اس میں راستہ نہ رہنا۔
هو عانِكٌ (ج) عُنُكٌ ۔ هی عانِكٌ ایضًا (ج) عَوانِكُ۔
—الفرسُ: گھوڑے کا حملہ کر کے دوبارہ حملہ کرنا۔
—اللّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا' چھٹنا۔
— المرأةُ علی زوجها: عورت کا خاوند کی نافرمانی کرنا۔
—علی ابیها: باپ کی اطاعت نہ کرنا۔
—أَعْنَكَ: بیٹھی ہوئی ریت کے ڈھیر میں چلنا اور قریب ہو کہ اس سے چھٹکارا نہ پا سکے' اس میں راہ نہ پائے۔
یقال: أَعْنَكَ الرجلُ و أَعْنَكَ البَعِیرُ۔
عَنَّكَهُ: تنگی و مشقت میں ڈالنا' سختی کرنا۔
اعْتَنَكَ ۔بمعنی أَعْنَكَ۔
العِنْكُ من کل شیء: ہر چیز کا بڑا حصہ۔
(۲) ریت کا ایک حصہ (ج) أَعناك۔
العَنِیكُ: ریت کا ٹیلہ (ج) عُنُكٌ۔
العَنْكَبُ: نر مکڑی یا جنس مکڑی (ج) عَنَاكِبُ
العَنْكَبَةُ: مادہ مکڑی۔
العَنْكَبُوتُ: عنکبیات۔ کے مرتبہ سے ایک حشرات جس کی ٹانگوں کے چار جوڑے ہوتے ہیں جو کہ باریک جالا بنتی ہے جس کے ذریعے اپنا کھانا شکار کرتی ہے (مؤنث ہے کبھی مذکر آتا ہے)
(ج) عَنْكَبُوتَات و عَنَاكِبُ و عَنَاكِیبُ
عَنْكَشَ العشبُ: گھاس کا گھنا' گنجان اور خشک ہونا۔
یقال: عنكش الشَّعرُ: بالوں کا گھنا ہونا۔
تَعَنْكَشَ ۔بمعنی عَكَشَ۔
اَلْعَنْكَشُ: جو بناؤ سنگھار کی پرواہ نہ کرتا ہو۔
عَنَّمَ البنانَ: انگلیوں کے پوروں کو عنم سے رنگنا۔
العَنَمُ: سرسبز لیس دار پودا۔ جس کی ٹہنیاں ستون کی شکل میں زیتون کے پتوں کی مانند پتے اٹھائے ہوئے ہوتی ہیں۔ مگر زیادہ چھوٹی اور زیادہ سرسبز ہوتی ہیں۔ اس کے پھولوں سے خضاب بنایا جاتا ہے۔ اس کا پھول اندر سے مخاطی ہوتا ہے۔ بیری وغیرہ کے درخت پر نصف سہارا لئے ہوتا ہے (مج)
(۲) وہ دھاگے وغیرہ جن کے ذریعے انگور کی بیل ٹہنیوں پر چڑھائی جاتی ہے۔
العَنَمَةُ: انسان کے ہونٹ کی پھٹن۔ واحدته عَنَمَةٌ۔
عَنَّ (ن ض) لَه الشیءُ عَنًّا و عُنونًا: کسی کے سامنے کوئی چیز آنا' پیش آنا۔
یقال: لا أَفْعَلُهُ ما عَنَّ نجمٌ فی السماءِ: جب تک آسمان میں کوئی ستارہ نظر نہ آئے گا میں ایسا نہیں کروں گا۔
یقال: عَنَّ لیَ الأمرُ أَو عَنَّ بفکری الامر: ذہن میں کوئی بات آنا۔
—عنِ الشیءِ: اعراض کرنا' پھرنا۔
—الفرسَ او اللّجامَ (ن) عنًّا: گھوڑے کو لگام دینا۔
—الکتابَ: کتاب کا عنوان لگانا۔
عُنَّ الرجلُ عُنَّةً: بیماری کی وجہ سے جماع سے عاجز آنا۔ هو مَعْنُونٌ و عَنِینٌ و عِنِّینٌ۔
یقال: امرأةٌ عِنِّینَةٌ: وہ عورت جو مردوں کی خواہش مند نہ ہو۔
أَعَنَّتِ السماءُ: آسمان ابر آلود ہونا۔
—الفرسَ أو اللّجامَ: گھوڑے کو لگام دینا۔
—الکتابَ لکذا: کتاب کو کسی کے آگے لانا یا اس کی طرف پھیرنا۔
أُعِنَّ الرجلُ ۔بمعنی عُنَّ۔
عانَّهُ مُعانَّةً و عِنانًا: مخالفت کرنا۔
عَنَّنَ الکتابَ: کتاب کا عنوان دینا۔
—المرأةُ شعرَها: بالوں کو ایک دوسرے سے ملا کر شکل دینا۔
—الفرسَ او اللّجامَ: ہر ایک کو لگام دینا۔
اِعْتَنَّ له الشیءُ ۔بمعنی عَنَّ۔
—له ما عندَ القومِ: قوم کی خبر ملنا۔
تَعَنَّنَ الرجلُ: نامردی کے بغیر عورتوں کو چھوڑ دینا۔
الأَعْنَانُ: کنارے (۲) درخت کے کنارے
العَنَانُ: آسمان کا وہ حصہ جو نظر اٹھانے سے نظر آئے۔ (۳) بادل۔
—من کل شیءٍ: ہر چیز کا کنارہ۔
العِنَانُ: لگام کی ڈوری جس کے ذریعے جانور کو پکڑا جاتا ہے اور وہ دو برابر کے طاق ہوتے ہیں (ج) أَعِنَّةٌ۔
یقال: فلانٌ طویلُ العِنَانِ: شریف اور بااثر آدمی۔
فلانٌ قصیرُ العِنَانِ: کم فیض شخص۔
أَبِیُّ العِنَانِ: خوددار۔
یقال: ذَلَّ عِنَانُه: قابو میں ہونا۔
هما یَجریانِ فی عِنانٍ: وہ علم و فضل وغیرہ میں برابر ہیں۔
أَرْخَی من عِنَانِه: پریشانی دور کرنا۔
بینهما شرکةُ عِنَانٍ: ان دونوں کے درمیان برابر کی شراکت ہے اس لئے کہ لگام کے دونوں طاق برابر ہوتے ہیں۔
العَنُّ: کنارا (ج) أَعْنَانٌ۔
العَنَنُ ۔بمعنی العَنُّ (ج) أَعْنَانٌ۔

العَنَّانُ: بہت نمایاں اور ظاہر (۲) دوڑ میں بہت آگے نکلنے والا۔

یقال: فلانٌ عَنَّانٌ علی آنُفِ القومِ: فلاں اپنے لوگوں میں بہت پیش پیش رہنے والا ہے۔

ویقال: هو عَنَّانٌ عن الخَیرِ: بھلائی میں سستی کرنے والا ہے۔

العُنَّةُ: بیماری جس کی وجہ سے انسان جماع پر قادر نہیں رہتا۔

(۲) خواہ مخواہ سامنے آنے والی چیز۔

(۳) درخت کی شاخوں سے بنایا ہوا خیمہ۔

(ج) **عُنَنٌ و عِنَانٌ**۔

یقال: لَقِیتُهُ عَیْنَ عُنَّةٍ: وہ اس لمحہ مجھے مل گیا جب میں اسے تلاش نہ کر رہا تھا۔

أعْطَیتُه ذلك عَیْنَ عُنَّةٍ: میں نے اسے وہ چیز اس کے ساتھیوں میں سے اسے خاص کر کے دی۔

المِعَنُّ: ہر چیز اور لایعنی چیزوں میں دخل اندازی کرنے والا (۲) بڑا بولنے والا خطیب بلیغ مقرر۔

عَنْوَن الکتابَ عَنْوَنَةً وعِنْوَانًا: کتاب کو عنوان دینا' عنوان لکھنا۔

العُنْوَانُ: جس کے ذریعے کسی دوسرے کا پتہ لگے۔ومنه عِنُوان الکتاب۔

عَنَا (ن) عُنُوًّا: ذلت سے جھکنا' تابعدار رہنا۔

یقال: عَنَا فلانٌ للحقّ: حق کو تسلیم کرنا۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا﴾

—(۲) قیدی ہو جانا۔

—**الدَّمُ او الماءُ:** پانی یا خون کا بہنا۔

—**الأمْرُ به:** کسی پر کوئی بات آ پڑنا۔

—**علیه الامرُ:** کام دشوار ہونا۔

—**الامْرُ فلانًا:** کوئی بات کسی سے متعلق ہونا۔

—**الشیئَ عَنْوَةً:** بزور کوئی چیز لینا۔

هو عَانٍ (ج) عُنَاة هی عَانِیَةٌ (ج) عَوَانٍ۔

عَنَی (ض) به الأمْرُ عَنْیًا: معاملہ کسی پر آ پڑنا۔

—**الشیئَ:** ظاہر و نمایاں کرنا۔

—**بالقول کذا عَنْیًا وعِنَایَةً:** کسی بات سے کسی چیز کا قصد و ارادہ کرنا۔

—**الأمرُ فلانًا عُنِیًّا عِنَایَةً:** کسی بات کا کسی سے متعلق ہونا۔

حدیث میں ہے: (مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْ کُهُ مَالَا یَعْنِیْهِ)

یقال: عَنَی بأَمْرِ فلانٍ وعَنَاهُ امرُه: کسی کا کسی کے معاملے کو اہمیت دینا۔

عَنِیَ (س) عَنًا و عَنَاءً: تھکنا' تکلیف و مشقت اٹھانا۔

—**الرجلُ:** قید ہونا هو عَانٍ (ج) عُنَاة۔

—**فلانٌ بالأمرِ:** کسی کام میں مشغول ہونا۔

هو عَنٍ به۔

عُنِیَ بالأمرِ عَنْیًا و عِنَایَةً: کسی کام میں مشغول ہونا۔ **هو مَعْنِیٌّ بِهِ**۔

أَعْنَتِ الارضُ النباتَ: زمین کا گھاس نکالنا۔

یقال: أَعْنَی الغَیْثُ النباتَ: بارش کا گھاس نکالنا۔

مَا أَعْنَتِ الارضُ شَیْئًا: زمین نے کچھ نہیں اگایا۔

—**الرجلُ:** تابع کرنا' قید کرنا۔

—**الامرُ فلانًا:** تھکا دینا۔

(۲) متعلق ہونا' اہم ہونا۔

عَانَاهُ: سختی جھیلنا' تکلیف اٹھانا۔

—**فلانًا:** جھگڑا کرنا (۲) دل داری کرنا۔

—**المالَ:** مال کا بہتر بندوبست کرنا۔

یقال: هم یعانون مالَهم۔

—**الهمومُ فلانًا:** غموں کا کسی پر آ پڑنا۔

عَنَّاهُ: ایسی چیز کا کسی کو مکلف کرنا جو اس کے لئے مشکل ہو۔

—**الکتابَ:** کتاب کا نام رکھنا (عَنَّنَ۔ میں ایک لغت)

اِعْتَنَی الأمْرُ: معاملہ آ پڑنا۔

—**فلانٌ بالامر:** اہمیت دینا۔

تَعَنَّی الرجلُ: تھکنا (۲) اونٹ کو بول و براز لگنا (مو)

—**فی الامر:** میانہ روی اختیار کرنا۔

—**الامرَ:** مشقت کے باوجود کام اٹھانا۔

—**الحُمّی فلانًا:** کسی کو بار بار بخار آنا۔

التَّعْنِیَةُ: اونٹوں کے پیشاب اور مینگنیوں کا وہ آمیزہ جو خارش زدہ اونٹوں کو ملا جاتا ہے۔

(۲) (علم طب میں): قضائے حاجت کے وقت تکلیف دہ قبض کی کیفیت اور درد کا احساس پیدا کرنے والی ایک بیماری (مج)

العَانِی: ذلیل (۲) قیدی۔

حدیث میں ہے: (اتقوا الله فی النساء فإنهن عندکم عوانٍ)۔یعنی قیدی ہیں یا مثل قیدی ہیں۔

العِنَا: کنارہ۔

منه: اعناءُ السماء

—(۲) مختلف قسم کے لوگ (ج) أعْنَاءٌ۔

یقال: جاء نا اعناء من النَّاس: ہمارے پاس مختلف لوگ آئے۔

العِنَایَةُ: العِنَایَةُ الإلهِیَّةُ: اللہ کی تکوینی تدبیر (مج)

العِنو بمعنی **العِنا**۔

المَعْنَی: وہ جس پر لفظ دلالت کرے۔(ج): **مَعَانٍ**۔

المَعَانِی: انسان کی صفات محمودہ۔

یقال: فلان حسن المعانی۔

علم المعانی: علوم بلاغت میں سے وہ علم جس کے ذریعے لفظ عربی کے ان احوال کو جانا جاتا ہے جن سے لفظ مقتضی حال کے مطابق ہوجاتا ہے۔

مَعْنَاةُ الکلامِ بمعنی **مَعْنَاہ**۔

المَعْنَوِیُّ: مادی کے برعکس (۲) ذاتی کے برعکس (محدثان)

ع .... ھ

عَهِدَ (س) فلان الى فلان عَهْدًا: ذمہ داری دینا اور اس کی حفاظت کی وصیت کرنا۔
یقال: عَهِدَ اليه بالامر وفيه: وصیت کرنا۔
—الشئ: واقف ہونا۔
یقال: الامر كَمَا عَهِدتَ: بات وہی ہے جس سے تم آشنا ہو۔
—فلانًا: واقفیت رکھنے اور دیکھ بھال کے لئے کسی کے پاس بار بار آنا۔
—فلانًا بمكان كذا: کسی سے کسی جگہ میں ملاقات کرنا۔ هو عَهِدٌ۔
عُهِدَ المكانُ: موسم کی ابتدائی بارش ہونا۔
هو مَعْهُودٌ۔
أَعْهَدَهُ: ضمان دینا۔
عَاهَدَهُ۔ بمعنی أَعْهَدَهُ۔
یقال: عَاهَدَ الذِّمِّيَّ: عہد و پیمان کرنا۔ هُوَ مُعَاهِدٌ و مُعَاهَدٌ۔
إِعْتَهَدَهُ: نگرانی کرنا' بار بار تجدید عہد کے لئے آنا۔
تَعَاهَدَا: باہم قسم کھانا' معاہدہ کرنا۔
—الشئ۔ بمعنی اعتهد۔
تَعَهَّدَ بالشئِ: پابند ہونا۔
—الشئ بمعنی اعتهده۔
إِسْتَعْهَدَ من صاحبه: کسی سے وعدہ لینا' شرط کرنا' کسی پر ذمہ لکھنا۔
العِهَادُ: موسم کی ابتدائی بارش۔
مُفْرَدُه: عَهْدَةٌ۔ (۲) اس بارش کی جگہ۔
العِهَادَةُ۔ بمعنی العِهَادُ۔
العَهْدُ: علم' واقفیت۔
یقال: هو قريب العهد بكذا: نیا نیا واقف ہوا ہے۔
عهدى بك مساعدًا للضعفاء: میں اسے جانتا ہوں۔
(۲) وصیت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَبِعَهْدِ اللهِ أَوْفُوا﴾۔ یعنی اللہ کی وصایا اور فرائض کو پورا کرو۔

(۳) وہ عہد جو گورنروں کے لئے لکھا جائے۔
(۴) وہ قسم جس کے ذریعے وثیقہ طلب کیا جائے معاہدے۔
(۵) زمانہ۔ یقال: كان ذلك على عهد فلان (ج) عُهُودٌ و عِهَادٌ۔
العهد القديم: عیسائیوں کے ہاں کتاب مقدس کے وہ صحیفے جو قبل مسیح لکھے گئے ہیں۔
العهد الجديد: وہ صحیفے جو بعد المسیح لکھے گئے ہیں۔
وَلِيُّ العهد: جو بادشاہ ملک کا وارث بنا دیا گیا ہو۔
العَهِدُ: امور کی نگرانی کرنے والا۔
(۲) مناصب و اقتدار کا محب۔
العَهْدَةُ: بارش کے بعد بارش (ج) عِهَاد۔
العُهْدَةُ: باہم معاملہ کا معاہدہ۔
(۲) ذمہ داری یقال: على فلانٍ في هذا عُهْدَةٌ لا خلاص منها: اس سلسلہ میں فلاں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے وہ اس سے بری نہیں۔
—في البيع: بیع کی صحت اور مبیع کی سلامتی کی ضمانت۔
(۳) خبر کے صحیح ہونے کے ضمان۔
یقال: عُهدة الخبَر على روايه: خبر کے صحیح ہونے کی ذمہ داری اس کے بیان کرنے والے پر ہے۔
(۴) دیانت دار آدمی کی حفاظت میں دی گئی اشیاء۔
(۴) امین (محدثہ)
یقال: فيه عُهدة لمْ تُحْكَمْ: اس میں عیب ہے جسے ٹھیک نہیں کیا گیا۔
العَهِيدُ: عہد کرنے والا۔
(۲) جس سے عہد کیا گیا ہو۔
(۳) قدیم جس پر طویل عرصہ گزر چکا ہو۔
مونثه: عَهِيدَةٌ۔
یقال: قرية عهيدة: پرانا قصبہ جس پر طویل زمانہ گزر چکا ہو۔

اَلْمُتَعَهِّدُ: عہد جو دو افراد یا دو جماعتوں کے درمیان ہو (۲) (في القانون الدولي): دو یا زائد حکومتوں کے درمیان تعلقات کو منظم کرنے کا معاہدہ (مج)
المَعْهَدُ: لوگوں کی مجلس۔
(۲) تعلیم و تحقیق کے لئے قائم کیا گیا ادارہ۔ جیسے معهد الدراسات العليا۔ معهد البحوث (محدثة) (ج) مَعَاهِدُ۔
عَهَرَ (ف) عُهُورًا: بدکار ہونا۔
—المرأةَ و اليها عُهُورًا و عَهَارَةً: زنا کرنا۔
هو عَاهِرٌ (ج) عُهّار هی عاهر و عاهرةٌ (ج) عَاهِرَاتٌ و عَوَاهِرُ۔
عَاهَرَهَا۔ بمعنی عَهَرَهَا۔
العَهْرُ: بدکاری۔
العِهْرُ۔ بمعنی العَهْرُ۔
اَلْعَاهِلُ: ملک اعظم جو بہت سی اقوام پر حکمران ہو۔ جیسے خلیفہ اور شہنشاہ (ج): عَوَاهِلُ۔
العَاهليَّةُ: ملک اعظم کی مملکت۔ جیسے شہنشاہت (محدثہ)
عَهَنَ (ن ض) الشئُ عَهْنًا: قائم رہنا۔
یقال: مالٌ عَاهِنٌ: دیر پا مال۔
(۲) موجود ہونا۔
یقال: طعام و شراب عاهِنٌ۔
—في العمل: محنت کرنا۔
—بالمكان عُهُونًا: قیام کرنا۔
—النخلة: کھجور کے پتوں کا سوکھنا۔
—له مراده: کسی کی مراد جلد پوری کرنا۔
—القضيبُ (ض) عَهْنًا و عُهُونًا: شاخ یا لکڑی کا مڑ جانا' ٹوٹ کر جڑی رہنا۔
العاهِنُ: موجود و حاضر (ج) عَوَاهِنُ۔
یقال ألقى الكلامَ على عَوَاهِنِهِ: بغیر سوچے سمجھے کلام کرنا۔ گویا کہ اس نے اکتفا کر لیا اس پر جو حاضر تھا بغیر سوچے اور خوشی اسلوبی کے۔
العِهْنُ: مختلف رنگوں سے رنگا ہوا اون اور اس کا

ع

ایک ٹکڑا۔ عِهْنَةٌ۔
— قرآن مجید میں ہے: {وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ} (ج) عُهُوْنٌ۔
يقال: فلان عِهْنُ مالٍ: فلاں مال کا اچھا منتظم ہے۔

ع .... و

عَاثَه (ن) عن الأمرِ عَوْثًا: کسی کام سے ہٹا کر حیران کر دینا۔
عَوَّثَه عن الأمرِ ۔بمعنی عاثَه عنه۔
—(۲) روکنا' ہٹانا' رکاوٹ ڈال دینا۔
تَعَوَّثَ: حیران ہونا۔
المَعَاثُ: مذہب و مسلک ۔(۲) کشادگی۔
يقال: انَّ لی عن هذا الامر لمَعَاثًا: میرے لیے اس بات سے ہٹ کر گنجائش ہے' چارہ کار ہے۔
عاجَ عَوْجاً: پلٹنا۔
—عن الامر: پھرنا۔
يقال: ماعاجَ بكلامِ فلانٍ: اس نے فلاں کے کام کی پرواہ نہیں کی۔
فلان ما يعوج عن الشيءِ: فلاں باز نہیں آتا۔
—بالمكان وفيه: ٹھہرنا۔
—على المكان: مڑنا۔
—الشيءَ عوجًا وعِياجًا: موڑنا' جھکانا۔
يقال: عَاجَ رأسَ البعير بالزمام: لگام سے اونٹ کا سر جھکانا۔
عَوِجَ (س) العودُ ونحوه عَوَجًا: جھکنا' ٹیڑھا ہونا۔
—الارضُ: ناہموار ہونا۔
—الطريقُ: ٹیڑھا میڑھا ہونا۔
—الإنسانُ عِوَجًا: بدخلق ہونا۔
(۲) غلط عقیدے والا ہونا۔
يقال: قول به عِوَجٌ: مقصد سے ہٹی ہوئی بات۔
قولٌ غيرُ ذي عِوَجٍ: بے عیب بات۔

قرآن مجید میں ہے: {قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ} هو أَعْوَجُ هي عَوْجَاءُ (ج) عُوْجٌ۔
عَوَّجَ العودَ ونحوه: ٹیڑھا کرنا۔
— العصا ونحوها: چھڑی پر ہاتھی کا دانت جڑنا۔
—فلانا عن الشيءِ: روکنا' ہٹانا۔
إنْعَاجَ الشيءُ: ٹیڑھا ہونا۔
يقال: إنْعَاجَ عليه: کسی کی طرف جھکنا۔
تَعَوَّجَ العودُ ونحوه: ٹیڑھا ہونا۔
—بالمكان وعليه: مڑنا۔
إعْوَجَّ الشيءُ: ٹیڑھا ہونا هو مُعْوَجٌّ۔
الأَعْوَجِيَّاتُ: عمدہ گھوڑوں کی ایک قسم جو کہ اعوج کی طرف منسوب ہے۔ أَعْوَجُ۔ جو کہ بنو ہلال کا گھوڑا تھا۔
العَاجُ: ہاتھی دانت' کسی دوسرے کے دانت کو عاج نہیں کہا جاتا۔
العَوَّاجُ: ہاتھی دانت بیچنے والا (۲) اور بنانے والا۔
المَعَاجُ: وہ جگہ جہاں قیام کیا جائے اور جس کا رخ کیا جائے۔
عَادَ (ن) اليه، وله، وعليه عَوْدًا، وعَوْدَةً: لوٹنا' واپس ہونا۔
۔الرجلُ او البعيرُ: بوڑھا ہو جانا جبکہ زندگی کی کچھ رمق ہو۔
—الأمر كذا: تبدیل ہوجانا۔
يقال: عادفلان شيخا۔
—الشيءَ: بار بار کرنا۔
—الشيءَ فلانًا: بار بار لاحق ہونا۔
يقال: عادَهُ الشوقُ اوالحنينُ۔
—العليلَ عَوْدًا وعِيادَةً: مریض کی عیادت کرنا۔
۔الطبيبُ المريضَ: علاج کی غرض سے مریض کا معائنہ کرنا (مو) هو عَائِدٌ۔ (ج) عُوَّادٌ وعُوَّدٌ ۔ هُنَّ عُوَّدٌ و عَوَائِدُ والمفعول مَعُوْدٌ

أَعَادَه: لوٹانا۔
—الشيءَ الى مكانه: کسی چیز کو اسی کی جگہ کی طرف لوٹانا (۲) کسی چیز کو بار بار برداشت کرنا۔
يقال: فلان ما يُعيد وما يبدئُ: نہ اس میں برداشت کی طاقت ہے اور نہ وہ اظہار کرتا ہے۔
رأيت فلانًا ما يبدیٔ وما يُعيدُ: میں نے فلاں کو دیکھا وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا۔
عَاوَدَه مُعَاوَدَةً وعِوَادًا: کسی چیز سے پھرنے کے بعد اس کی طرف پلٹنا۔
يقال: عَاود ما كان فيه: اس کی جو بات تھی وہ لوٹ آئی۔
عَاوَدَتْهُ الحُمّٰى: اسے بخار لوٹ آیا۔
يقال: عَاوده بالمسألة: اس نے بار بار پوچھا۔
—الشيءَ: کسی چیز کا عادی ہونا۔
عَوَّدَ الرجلَ أو الحيوانَ الشيءَ: کسی چیز کو عادت بنانا حتی کہ وہ عادت بن جائے۔
عَيَّدَ: عید میں ہونا' عید منانا۔
إعْتَادَه: عادت بنانا۔
—الشيءُ فلانًا: کسی کے عوض کوئی چیز بار بار آنا۔
تَعَوَّدَ الشيءَ: عادت بنانا۔
إسْتَعَادَه: واپس بلانا۔
— فلانًا الشيءَ: کسی سے دوبارہ کام کرنے کا مطالبہ کرنا۔
الأَعْوَدُ: زیادہ نفع بخش۔
يقال: هذا أَعْوَدُ عليك۔
العَائِدُ: وہ نفع جو اخراجات کے بعد کاروبار میں کسی شریک کے حصے میں آتا ہے (مو) (ج) عَوَائِدُ۔
العَوَائِدُ: سالانہ ٹیکس جو میونسپل کمیٹیوں کی طرف سے لگایا جاتا ہے (مو)
اَلعَائِدَةُ: بھلائی وہمدردی۔
يقال: ما أكثر عائدةَ فلان على قومه:

فلاں شخص کو اپنی قوم کے ساتھ بہت ہمدردی و بھلائی ہے (ج) عَوَائِدُ۔

العَادَةُ: ہر وہ چیز جسے اپنایا جائے حتیٰ کہ وہ بغیر کوشش کے ہونے لگے (عادت)

(۲) وہ حالت جو بار بار ایک ہی طرح ہو۔

(معمول) جیسے عورت کی حیض کی عادت۔

(ج) عَادٌ، وعادات وعوائد۔

العَادِيُّ: قدیم۔

یقال: مجدٌ عادیٌّ: خاندانی عظمت۔

بِئرٌ عادِيَّةٌ: پرانا کنواں (گویا کہ ہود علیہ السلام کی قوم عاد کی طرف منسوب ہے)

(۲) وہ معاملہ جو معمول کے مطابق ہو۔ (ج): **عادِيَّات۔**

عَوَادِ: اسم فعل بمعنی عُدْ۔ (بطور مبالغہ)

العَوَادُ: لطف وکرم۔

یقال: عُدْ فإنَّ لك عندنا عَوَدًا حسنًا: تم لوٹ کر آؤ تمہارے لئے ہمارے ہاں بڑا لطف و کرم ہوگا۔

العَوْدُ یقال: رجع عَوْدًا علی بدءٍ و رجع عَوْدُه علی بَدْئِه: وہ ابھی گیا ہی نہ تھا کہ پلٹ آیا۔

یقال: لك العَوْدُ: آپ کو فلاں معاملہ میں لوٹنے کا حق ہے۔

ضرب المثل ہے ۔ **العَوْدُ أَحْمَدُ:** واپسی قابل ستائش ہے۔

(۲) انتہائی بوڑھا اونٹ یا بکری جس میں زندگی کی کچھ رمق ہو۔

(۲) پرانا عام راستہ۔

العُودُ: ہر لکڑی، موٹی ہو یا پتلی، خشک ہو یا تر۔

یقال: رَكِبَ و اللهِ عُودٌ عُودًا: فساد پھیل گیا۔

(۲) خوشبودار لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہے۔

(۳) تانت والا آلہ موسیقی جس پر پر وغیرہ مارا جاتا ہے (سارنگی) (ج) **أَعْوَادٌ وعِيدَانٌ۔**

العَوَّادُ: سارنگی بنانے والا۔

(۲) سارنگی بجانے والا۔

العِيَادَةُ: مریضوں کو چیک کرنے کی ڈاکٹری جگہ (محدثہ) کلینک۔

العِيدُ: لوٹ کر آنے والی بیماری یا غم یا شوق وغیرہ۔

(۲) ہر وہ دن جس میں کوئی بڑی یاد یا خوشی منائی جائے (ج) **أَعْيَادٌ۔**

المَعَادُ: اخروی زندگی۔

(۲) انجام۔

المَعَادَةُ: نوحہ خوانی کی جگہ (ج) **مَعاوِدُ**

یقولون خرجوا الی المَعاود: وہ نوحہ گاہوں میں گئے اس لئے کہ وہ بار بار اس کی طرف پلٹتے ہیں۔

المُعَاوَدَةُ: عوارض مرض کا ختم ہونے کے بعد دوبارہ ظاہر ہونا۔

المُعِيدُ: ماہر (۲) امور سے واقف تجربہ کار۔

(۳) جو سبق کی ان چیزوں کی تشریح پر مامور ہو جو استاد کی تشریح کے بعد مزید وضاحت چاہتی ہوں (مو)

(۴) جو مدرس کے منصب پر فائز ہونے سے پہلے تعلیمی منصب پر فائز ہو۔ (محدثہ)

عَاذَ (ن) به عَوْذًا، وعِيَاذًا: کسی سے بچ کر کسی کی حفاظت میں آنا۔

تقول: اعوذ بالله من الشيطن الرجيم: یعنی میں شیطان سے بچ کر اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں۔

—به: ساتھ رہنا، لگے رہنا۔

—الناقةُ ونحوها عُوُوذًا، وعِيَاذًا: نئی بچے والی ہونا۔ **ھی عَائِذٌ (ج) عُوذٌ وعُوذَانٌ۔**

أَعَاذَه بالله: اللہ کی پناہ میں رہنا، اسماء باری تعالیٰ کے ذریعے حفاظت کرنا۔

عَوَّذَه۔ بمعنی **أَعَاذَه۔**

—(۲) تعویذ باندھنا۔

تَعَاوَذَ القومُ في الحرب: جنگ میں ایک دوسرے کی پناہ لینا۔

تَعَوَّذَبه: پناہ میں آنا، پناہ لینا۔

یقال: تَعَوَّذَ بالله۔

إِسْتَعَاذَبه۔ بمعنی: **تَعَوَّذَ۔**

یقال: إِسْتَعَاذَ بالله۔

العَوَائِذُ: چار ستارے جن میں ربع نامی ستارہ بھی ہوتا ہے۔

العَوْذُ: پناہ گاہ۔

یقال: فلانٌ عَوْذٌ لبني فلان۔

یقال: عَوْذٌ بالله منك۔ یعنی **أَعُوذُ بالله**

العُوذَةُ: تعویذ۔

(۲) تعویذ یا جھاڑ پھونک جس کے ذریعے انسان کا ڈر، خوف یا جنون وغیرہ سے علاج کیا جاتا ہے (ج) **عُوَذٌ۔**

العُوَّذُ: درخت یا کانٹوں کی جڑ میں یا سایہ فگن درخت کے نیچے اگنے والی گھاس۔

المَعَاذُ: پناہ گاہ۔

یقال: العِيَاذُ بالله منه: یعنی **أَعُوذُ**

المَعَاذُ: یقال: مَعَاذَ اللهِ ومَعَاذَ وجه الله ای اعوذ بالله وبوجه الله۔ (۲) پناہ گاہ (ج) **مَعَاوِذُ۔**

المَعَاذَةُ۔ بمعنی **العُوذَةُ۔**

یقال: مَعَاذَةَ الله، ومَعَاذَة وجه الله۔ یعنی **أَعُوذُ۔**

المُعَوِّذَتَانِ: قرآن پاک کی سورہ فلق اور سورہ ناس۔

عَارَ (ن) الانسانَ وغيرَهٗ عَوْرًا: کانا بنا دینا۔

—الشیءَ: ضائع کر دینا۔

عَوِرَتْ (س) عَيْنُه عَوَرًا: بینائی کا ختم ہونا۔

یقال ایضًا: عَارتْ تَعَارُ۔

یقال: عَوِرَ الرجُلُ: کانا ہو جانا (ایک آنکھ کی بینائی ختم ہو جانا) **ھی أَعْوَرُ ھی عَوْرَاءُ (ج) عُورٌ۔**

أَعْوَرَ الشیءُ: ظاہر ہونا، ممکن ہونا۔

یقال: أَعْوَرَلك الصَّيْدُ۔

—الرجلُ والمرأةُ: مرد یا عورت کا ستر کھلنا۔
مَنزِلُ فُلان: کسی کے مکان میں ایسا رخنہ پڑنا۔ جس سے دشمن کے اندر آنے کا ڈر ہو۔
—الفارس: گھڑسوار کی کسی جگہ کا نیزے بازی اور شمشیر کے لئے ظاہر ہو جانا۔
—فلاناً: کانا کر دینا۔
أَعَارَهُ الشيءَ إعَارَةً وعَارَةً: عاریۃً کسی کو کوئی چیز دینا۔
عَاوَرَهُ الشيءَ: عاریۃً کسی کو کوئی چیز دینا۔
— فلاناً الشيءَ: کسی چیز کے ساتھ وہی رویہ اختیار کرنا جو اس کے ساتھ اس کے مالک نے کیا ہو۔
—الشَّمسَ: سورج کو دیکھتے رہنا۔
عَوَّرَه: کانا بنا دینا۔
—فلاناً عن الأمرِ: روکنا، باز رکھنا۔
—عليه امرَه: کسی کے معاملہ کی مذمت کرنا۔
إعْتَوَرُوا الشيءَ: کسی چیز کو باری باری لینا یا ہم لینا دینا۔
تَعَاوَرُوا الشيءَ۔ بمعنی اعتوروہ۔
يقال: تَعَاوَرَتِ الرِّيَاحُ رسمَ الدَّارِ: ہواؤں نے چہار اطراف سے گھر کے نشانات کو آلیا۔ کبھی جنوب سے، کبھی شمال سے کبھی آگے سے اور کبھی پیچھے سے۔
تَعَوَّرَ الكتابُ: کتاب کے حروف مٹ جانا۔
—القومُ الشيءَ۔ بمعنی اعتوروہُ۔
— فلانٌ العارِيَةَ: عاریۃً لی ہوئی چیز واپس مانگنا۔
يقال: إسْتَعَارَه اياه۔
الاستعارةُ: (علم بیان میں) ایک کلمہ کو دوسرے کی جگہ علاقہ تشبیہ کی وجہ سے استعمال کرنا اور اس کے اس استعمال پر کوئی قرینہ بھی دال ہو۔ جیسے لفظ اسد کا استعمال شجاع میں۔
(۲) وہ کلمہ جسے سابقہ تعریف کے مطابق استعمال کیا جائے۔
(۳) وہ چِٹ جس کے ذریعے قاری لائبریری سے کتاب حاصل کرتا ہے جس پر اس کے دستخط موجود ہوتے ہیں تا کہ وہ اس پر سند رہے (محدثہ)
ألأَعْوَرُ: کانا۔
(۲) ہرگھٹیا چیز۔
(۳) غلط رہنما (۴) وہ جس کا کوئی بھائی اس کے والدین سے نہ ہو۔
(۵) وہ کتاب جس کے نقوش مٹ گئے ہوں۔
(ج) عُورٌ۔
— (۶) کوا (۷) موٹی آنت کا ابتدائی حصہ۔ وہ تھیلی جس میں کوئی سوراخ نہ ہو جو کہ آنتوں کے بل کے نیچے ہوتی ہے۔
العَائِرُ: آنکھ کو تکلیف دینے والی ہر چیز۔
—من السِّهامِ ونحوها: وہ تیر جس کے پھینکنے والا نا معلوم ہو۔
يقال: اصابَهُ سهمٌ او مقذوفٌ عَائِرٌ
العَائِرَةُ: کثرت۔
يقال: له من المال عَائِرةُ عَيْنَيْنِ: اس کے پاس مال کی بہت کثرت ہے گویا اگر آنکھ بھر کر دیکھ لے تو قریب ہے کہ وہ کانا ہو جائے۔
— من العيونِ: کنکری والی آنکھ۔ (ج) عوائرُ۔
العَوَائِرُ من الجَرادِ: ٹڈیوں کی بکھری ہوئی جماعتیں۔
العَارُ: (دیکھئے: عير)
العَارَةُ: کسی دوسرے کو دی ہوئی چیز اس شرط پر کہ وہ آپ کو واپس کرے۔
يقال: كُلُّ عَارَةٍ مُسْتَرَدَّةٌ۔
العَارِيَةُ۔ بمعنی العارَةُ (ج) عَوَارٍ۔
العَارِيَّةُ۔ بمعنی العارَةُ (ج) عَوَارِيّ۔
العُوَارُ: عیب (۲) کپڑے کی پھٹن۔
العَوَرُ: عیب، بھدا پن۔
العِوَرُ: بدکردار۔
—من الأشياء: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
العَوْرَاءُ: کانی (۲) برا کلمہ یا برا کام۔
وقد قيل: عَجِبْتُ ممن يُؤْثر العوراءَ على العيناءِ: مجھے اس پر تعجب ہوا جس نے دیکھتی آنکھ پر کانی کو ترجیح دی۔
العَوْرَةُ: کسی چیز میں عیب۔
(۲) ہر وہ گھر یا جگہ جس میں رخنہ کی وجہ سے دشمن کے داخل ہونے کا خوف ہو۔
قرآن مجید میں ہے: {يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا}
—(۳) ہر وہ حصہ جسم جسے انسان کراہت یا شرم کی وجہ سے چھپاتا ہے۔
العُوَّارُ: آنکھ کی کنکری۔
(۲) تکلیف دینے والی آنکھ میں پڑی ہوئی چیز
(۳) کمزور بزدل، جلد بھاگنے والا۔
(۴) راستے سے ناواقف (ج) عَوَاوِيرُ۔
المُعَارُ: چھریرا گھوڑا۔
المُعْوِرُ من الأَمكِنَةِ: ذرا اونی جگہ۔
—من الرجال: بدکردار۔
—من الاشياء: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
(۲) وہ گھوڑا جس کی دم کے بال چونٹ دیئے گئے ہوں۔
عَازَه (ن) الشيءُ عَوْزًا: ضرورت کی چیز نہ پانا۔
عَوِزَ (س) الشيءُ عَوَزًا: ضرورت کے باوجود کسی چیز کا کمیاب ہونا۔
—الرجلُ: ضرورت مند اور بدحال ہونا۔
هو أَعْوَزُ هي عَوْزَاءُ (ج) عُوْزٌ۔
—الامرُ: معاملہ کا دشوار و مشکل ہونا۔
أَعْوَزَ الشيءَ: ناپید ہونے کی بناء پر نہ ملنا۔
—الرجلُ: فقیر ہونا۔
—الشيءُ فلاناً: ضرورت کی چیز کا کم ہونا۔
—الدَّهرُ فلاناً: ضرورت کی چیز کا کم ہونا۔
— المطلوبُ فلاناً: مطلوب کا کسی کو عاجز کر دینا۔
إعْوَزَّ فلانٌ۔ بمعنی عَوِزَ
العَوْزُ: دانۂ انگور۔

الْعَوْزُ: ضرورت منداور بدحالی۔
ضرب المثل ہے: سِدَادٌ من عوز۔ضرورت کو پورا کرنے والی تھوڑی چیز کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
المِعْوَزُ: بوسیدہ کپڑا۔
(۲) بچہ کو لپیٹنے کا کپڑا (ج) مَعَاوِزُ۔
المِعْوَزَةُ۔ بمعنی المِعْوَزُ۔(۲) ہر وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کی حفاظت کرے۔
(ج) مَعَاوِزُ ومَعَاوِزَةٌ۔
عَاسَ (ن) عَوْسًا و عَوَسَانًا: رات کو گشت کرنا۔ هو عَائِسٌ وعَوَّاسٌ۔
—علی عیاله عَوْسًا: اہل وعیال کے لئے محنت کر کے کمانا۔
—ماله عَوْسًا و عِيَاسَةً: مال کا اچھا انتظام کرنا۔ هو عَائِسٌ۔
عَوِسَ (س) عَوَسًا: ہنستے وقت دونوں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ هو اَعْوَسُ هِيَ عَوْسَاءُ (ج) عُوس۔
العُوَاسَةُ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔
العَوْسَجُ: (دیکھئے: عسج)
عَاصَ (ف) الامرُ عَوْصًا: معاملہ کا دشوار و پیچیدہ ہونا۔
—الكلامُ: معنی کا پوشیدہ ہونا اور سمجھنا دشوار ہونا۔ هو عَوِيصٌ۔
عَوِصَ (س) الامْرُ و الكلامُ عَوَصًا بمعنی: عَاصَ هو اَعْوَصُ هي عَوْصَاءُ۔(ج) عُوْصٌ۔
اَعْوَصَ بخَصْمِهٖ وعليه: مقابل کو مشکل میں ڈالنا۔
—فلانٌ فی الكلام: پیچیدہ بات کرنا۔
عَوَّصَ فلانٌ: کسی قول وعمل پر قائم نہ رہنا۔
—فلانٌ: پیچیدہ بات کہنا۔
اعتَاصَ عليه الأمرُ۔ بمعنی عَاصَ۔
—فی الكلام۔ بمعنی اَعْوَصَ۔
العَوْصَاءُ: شدت ضرورت سختی۔

يقال: اصابَتْهُمْ عَوْصَاءُ۔
—من الكلِم: اجنبی کلمات۔
عَاضَه (ن) بكذا وعنه ومنه عَوْضًا: اس سے کھو جانے والی چیز کا اسے بدل دینا۔
هو عَائِضٌ۔
اَعَاضَه منه۔ بمعنی عَاضَه منه۔
عَاوَضَه۔ بمعنی اَعَاضَه۔
يقال: عَاوَضَ فلانًا بِعِوَضٍ فی البيع والأخذ والاعطاء۔
عَوَّضَه منه: بدلہ دینا۔
فلانًا: بدلہ مانگنا۔
تَعَاوَضَ القومُ: بدحالی کے بعد خوشحال ہونا۔
تَعَوَّضَ منه: بدلہ مانگنا۔
استَعَاضَه ومنه: بدلہ مانگنا۔
عَوْضُ: استغراق مستقبل کے لئے ابدا کی طرح کا ظرف مگر یہ نفی کے ساتھ خاص ہے۔ اضافت کی صورت میں معرب ہوتا ہے۔
كَقَوْلِهِمْ: لا اَفْعَلُه عَوْضَ العَائِضِيْنَ: بغیر اضافت کے ہو تو مبنی علی الضم ہے۔
قبلُ۔ کی طرح یا مبنی علی الکسر اَمْسِ کی طرح یا مبنی علی الفتح اَيْنَ کی طرح اور کبھی قَطُّ۔ کی طرح استغراق ماضی کے لئے آتا ہے۔
تقول: ما رأيت مِثْلَهٗ عَوْضَ۔
العِوَضُ: بدلہ (ج) اَعْوَاضٌ۔
المَعُوْضَةُ: العِوَض
عَاطَتِ (ن) العُنُقُ عَوْطًا: گردن کا مناسب طور پر لمبا ہونا۔
يقال: عَاطَتِ المَرْأَةُ۔
—المرأةُ والنَّاقَةُ: بانجھ نہ ہونے کے باوجود کئی سال تک حاملہ نہ ہونا۔
عَافَ (ن) الطَّائِرُ عَوْفًا: پرندے کا کسی چیز پر بیٹھنے کے لئے منڈلانا۔
يقال: عَافَ الذُّبَابُ على القَذَرِ هُوَ عَائِفٌ۔
العُوَافُ: رات کے وقت انسان یا جانور کے ہاتھ آنے والا شکار وغیرہ۔
الْعُوَافَةُ۔ بمعنی الْعُوَافُ۔
الْعَوْفُ: حال اور شان۔
يقال: نَعِمَ عَوْفُه۔
عَاقَه (ن) عن الشئ عَوْقًا: روکنا باز رکھنا۔
هو عَائِقٌ (ج) عُوَّق للعاقل ولغيره عَوَائِق هي عَائِقَةٌ (ج) عوائِق۔
عوائِقُ الدَّهْرِ: واقعات وحوادثات زمانہ۔
عَوَّقه عن كذا۔ بمعنی عاقه۔
اِعْتَاقَه۔ بمعنی عاقه
تَعَوَّقَ: رکنا التوا میں پڑنا۔
—فلانًا: روکنا۔
عَاقِ عَاقِ: کوے کی آواز۔
العَائِقُ: حیوانی یا طبعی رکاوٹ جو جڑوں پھلوں اور نباتات کو بڑھنے اور پھیلنے سے روکے (مج)
(۲) فصيله شقيقيه۔ کا ایک پودا جس کے پھول مختلف رنگوں والے خوبصورت ہوتے ہیں سفید سرخ اور نیلے۔
العُوَاقُ: چلتے ہوئے جانور کے پیٹ سے نکلنے والی آواز۔
العَوْقُ: توجہ ہٹانے والی چیز۔
(۲) بھلائی سے کورا آدمی۔
(۳) وادی کا کونہ (ج) اَعْوَاق۔
العَوِقُ۔ بمعنی العَائِقُ (ج) اَعْوَاقٌ۔
العُوَقُ۔ بمعنی العَائِقُ۔(۲) بزدل (۳) جس کے کام میں ہمیشہ رکاوٹ درپیش رہے۔
العِوَقُ۔ بمعنی العوق۔
العَوَقَةُ: جو لوگوں کو بھلائی سے روکے۔
العُوَقَةُ: بڑی رکاوٹ بہت زیادہ رکاوٹ ڈالنے والا۔
العَيُّوقُ: سرخ چمکدار ستارہ (دائیں کہکشاں) کے کنارے میں جو ثریا کے پیچھے نکلتا ہے اور جوزاء سے پہلے طلوع ہوتا ہے۔
يَعُوْقُ: زمانہ جاہلیت میں ایک بت کا نام۔
عَالَ (ن) الميزانُ عَوْلاً: ترازو کے دونوں

ع

پلڑوں کا برابر نہ ہونا' ایک جھکا ہوا ہو اور دوسرا بلند۔
—فلانٌ في الميزان: خیانت کرنا۔
— السَّهْمُ: نشانہ سے پھر جائے 'نشانہ پر نہ لگے۔
—الحُكْمُ: حق سے ہٹ کر ظلم کرنا۔
—امْرُ القومِ: (میراث کی تقسیم میں) حصوں میں عَوْل۔کا داخل ہونا۔
— الرجلُ عيالَه: اہل وعیال کی ضرورت کی چیزیں مثلاً کھانا' لباس وغیرہ کا انتظام کرنا۔
هو عَائِلٌ۔
— حدیث میں ہے: وابدأ بِمَنْ تعول۔
—الامرُ فلانًا: کسی کے لئے کوئی کام سخت اور بھاری ہونا۔
عِيلَ صبرُه: صبر کا پیمانہ لبریز ہونا۔
هو مَعُوْلٌ۔
اَعَالَ الرَّجُلُ: اہل وعیال کی کثرت کی وجہ سے ان کا بوجھ ہونا۔
(۲) اونچی آواز سے اور بلند چیخنا۔
عَوَّلَ الرجُلُ: بارش سے بچاؤ کے لئے چھتری بنانا۔
(۲) اونچی آواز سے رونا اور چیخنا۔
—عليه: بھروسہ کرنا' اعتماد کرنا۔
(۲) کسی سے مدد چاہنا۔
يقال: عَوَّلْنا على فلان في حاجتنا فوجدناه نِعم المُعَوَّل: ہم نے فلاں سے ضرورت کے وقت مدد چاہی تو اسے بہترین مددگار پایا۔
—على السفر: سفر کے لئے کمر بند ہونا۔
العَائِلُ: وہ پودا جس پر کوئی دوسرا طفیلی پودا بھروسہ کرتا ہو اور اس سے اپنی غذا حاصل کرتا ہو۔ جیسے لوبیا کہ سنکھیا اس کی جڑوں پر گزارہ کرتا ہے (مج)
العَائِلَةُ: وہ افراد جو ایک گھر میں اکٹھے رہتے ہوں۔جیسے باپ' بیٹے اور اقرباء (مو) اور یہ فاعل

بمعنی مفعول ہے۔
العَالَةُ: خیمہ کے مشابہ (چھتری) جو درخت وغیرہ سے بنائی جاتی ہے بارش سے بچنے کے لئے۔
العَوْلُ: جس سے مدد حاصل کی جائے۔
(۲) بال بچوں کی غذا (۳) اونچی آواز سے رونا اور چیخنا (۴) (علم الفرائض میں): فریضہ پر حصوں کی زیادتی جس سے اس کی قیمت بقدر حصص کم ہو جائے۔
العِوَلُ: بھروسہ' استعانت (۲) معتمد علیہ۔
يقال: فلان عِوَلي من النّاس: فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے۔
العَوْلَةُ: اونچی آواز سے رونا اور چیخنا۔
(۲) غم ومحبت کی حرارت جو بغیر آواز اور رونے کے ہو (ج) عِوَلٌ۔
العَوِيْلُ۔بمعنی العَوْلَةُ۔
العَيِّلُ: آدمی کے اہل خانہ جن پر وہ خرچ کرتا ہو (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)
(ج) عِيَالٌ وَعَيَائِلُ وَعَالَةٌ۔
— (کبھی عَيِّل۔سے جمع اور عيال۔سے مفرد مراد لیا جاتا ہے)
يقال: هو عِيَالٌ على غيره: وہ دوسرے پر بوجھ ہے خود کفیل نہیں۔
المِعْوَلُ: کدال' لوہے کا ایک اوزار جس سے چٹان کو کھودا جاتا ہے (ج) مَعَاوِلُ۔
عَامَ (ن) في الماءِ عَوْمًا: پانی میں تیرنا۔
هو عَائِمٌ وعَوَّامٌ۔(مبالغہ کے لئے)
يقال: عَامتِ السفينةُ في البحر: کشتی کا سمندر میں چلنا۔
عَامتِ الابِلُ في البيداء: اونٹ کا صحراء میں چلنا۔
عامت النجومُ: آسمان پر ستاروں کی گردش۔
— الفرسُ: گھوڑے کا سبک رفتاری سے چلنا گویا وہ تیر رہا ہے۔
اَعْوَمَ: ایک سال کسی چیز پر گزرنا۔
(۲) ابتداء سال میں ہونا۔

عَاوَمتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما پر ایک سال پھل آنا اور دوسرے سال نہ آنا۔
— فلانًا مُعَاوَمَةً و عِوَامًا: کسی سے ایک سال کا معاملہ کرنا۔
عَوَّمَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل پر ایک سال زیادہ پھل آنا اور دوسرے سال کم۔
—فلانٌ: کٹی کھیتی کو پولے بنا کر رکھنا۔
—النخلة۔بمعنی عاومت۔
—السَّفِينةُ: پانی میں کشتی تیرنا۔
العَامُ: سال (ج) اَعْوَامٌ۔
العَامَةُ:۔کٹی ہوئی کھیتی کا گٹھر۔
(۲) نہروں میں چلنے والی چھوٹی کشتی (ج) عَامٌ وعُوَمٌ۔
الْعُوْمَةُ: پانی میں تیرنے والا چھوٹا کیڑا۔
العَوَّامُ: ماہر تیراک۔
(۲) تیز رفتار گویا ہوا میں اڑنے والا گھوڑا۔
العَوَّامَةُ: پانی کی سطح پر بنایا ہوا لکڑی وغیرہ کا گھر (مج) (۲) دھاتی گولا جو سطح پانی پر تیرتا ہے (مج)
عَوْمَرَ القومُ: (دیکھئے: عمر)
عَانَتِ (ن) المرأةُ عَوْنًا: درمیانہ عمر کی ہونا۔
—البقرةُ عُوُونًا: درمیانہ عمر کی ہونا۔
اَعَانَهُ على الشيء: مدد کرنا۔
عَاوَنَه مُعاونةً وعِوانًا۔بمعنی اَعَانَهُ۔
عَوَّنَتِ المَرْأَةُ والبقرةُ: درمیانہ عمر کی ہونا۔
—فلانًا: مدد کرنا۔
تَعَاوَنَ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
اِسْتَعَانَ فلانٌ فلانًا و به: کسی سے مدد طلب کرنا۔
الإِعَانَةُ: (اقتصادیات میں): وہ رقم جو حکومت کسی صنعتی یا زرعی ادارے کو بغرض ترقی یا بیرونی مقابلہ کے لئے دیتی ہے (مج)
التَّعَاوُنُ: (اقتصادیات میں): ایک اقتصادی گروہ جس کا شعار ہے فرد جماعت کے لئے اور جماعت فرد کے لئے۔
جس کا مطلب ہے: مشترک عمل کے لئے ایسی

جماعتوں کا قیام جن میں افراد کا فائدہ ہو اور واسطہ نہ ہو (مج)
العَانَةُ: گورخر کا ریوڑ۔
(۲) شرمگاہ کے اردگرد پیٹ کے نیچے اگنے والے بال (ج) **عُونٌ**۔
العَوَانُ: درمیانہ عمر عورتوں اور چوپاؤں میں سے۔
یقال: حَربٌ عَوَانٌ: وہ جنگ جس میں بار بار لڑائی ہوتی ہو (وقفہ وقفہ سے) (ج) **عُونٌ**۔
العَوْنُ: ہر معاون چیز (مفرد وغیرہ کے لئے خواہ مذکر ہو یا مؤنث) (ج) **أعوان**۔
المُتَعَاوِنَةُ من النِّسَاء: فربہ اور عمر رسیدہ عورت۔
المَعَانَةُ۔ بمعنی **العَوْنُ**۔
المُعَاوِنُ: مدد گار (۲) اسسٹنٹ آفیسر جیسے: **مُعاون الادارة، معاون النیابة**۔
—(محدثہ)
المِعْوَانُ: لوگوں کا بہت زیادہ مدد گار (ج) **مَعَاوِیْنُ**۔
المَعُوْنُ۔ بمعنی **العَوْنُ**۔
المَعُوْنَةُ۔ بمعنی **العَوْن**۔ (۲) مدد۔
یقال: لاتبخلوا بمعونتکم (ج) مَعَاوُنُ۔
عَاهَ (ن) الزرعُ والماشیةُ عَوْهًا: کھیتی یا مویشی پر آفت آنا۔ **ھو عَائِهٌ**۔
أعَاهَ الزرعُ والماشیةُ۔ بمعنی **عَاهَ**۔
—الرجلُ: کسی شخص کی کھیتی یا مویشی میں آفت آنا۔
عَوَّهَ الزرعُ او الماشیة۔ بمعنی **أعَاهَ**۔
العَاهَةُ: وہ مرض یا آفت جو کھیتی یا مویشیوں پر آئے۔ حدیث میں ہے: **(لا یُورِدَنَّ ذو عاهة علی مُصِحّ)**
عَوَی (ض) الکلبُ والذئبُ وابن آوی عُوَاءً: کتے وغیرہ کا تھوتھنی اٹھا کر مسلسل چیخنا۔
ھو عَاوٍ وعَوَّاءٌ۔
—القومَ: لوگوں کو فساد کی طرف بلانا۔

—الشیئَ: مروڑنا، خم دینا۔
یقال: عوی الحبلَ والشعرَ والقوسَ۔
—عن فلانٍ: کسی کی طرف سے جواب دینا اور اس کی غیبت کرنے والے کو جھٹلانا۔
عَاوَاھُمْ: ایک دوسرے کو پکارنا۔
عَوَّی عن الرجل: کسی کی غیبت کرنے والے کا رد کرنا اور جھٹلانا۔
—الشیئَ تَعْوِیَةً: موڑنا، بل دینا۔
إعْتَوَی الکلبُ ونحوہ۔ بمعنی **عَوَی**۔
—الشیئَ: موڑنا، بل دینا۔
إنْعَوَی الشیئُ: مڑنا، جھکنا۔
تَعَاوَتِ الکلابُ: کتوں کا مل کر بھونکنا۔
—بنو فلان علی فلانٍ: کسی کی مخالفت میں اکٹھا ہونا۔
إسْتَعْوَاھُم: مدد طلب کرنا۔
(۲) فتنہ پر آمادہ کرنا۔
—الکلبَ ونحوہ: کتے وغیرہ کو بھونکانا۔
—فلانًا: کسی سے رسی یا بالوں کو بل ڈلوانا۔
العَوَّاءُ: چاند کی ایک منزل۔
العَوِیُّ: بھیڑیا۔
العَوَّةُ: شور وغل (۲) وہ پتھر جو راہگیروں کی رہنمائی کے لئے ناہموار زمین پر نصب کیا جاتا ہے (۲) سرین
المُعَاوِیَةُ: کتے کی خواہش مند کتیا۔
(۲) لومڑی اور کتے کا پلا۔

ع .... ی

عَابَ (ض) الشیئُ عَیْبًا و عَابًا: عیب دار ہونا۔
—الشیئَ: عیب دار بنانا۔ **ھو عَائِبٌ**۔
والمفعول مَعِیْبٌ ومَعْیُوْبٌ۔
—فلانًا: برائی یا عیب بیان کرنا۔
عَیَّبَہٗ: عیب دار بنانا، عیب بیان کرنا۔
—العَیْبَةَ: ٹوکری یا زنبیل بنانا۔
تَعَیَّبَہ۔ بمعنی **عَیَّبَہٗ**۔
العَابُ: عیب، برائی (ج) **أعْیَابٌ و عُیُوْبٌ**۔

العِیَابُ: روئی دھنکنے کا آلہ۔
العَیْبُ: عیب، برائی (ج) **عُیُوبٌ**۔
العَیْبَةُ: عیب (۲) پتوں وغیرہ کی ٹوکری جس میں کٹی ہوئی کھیتی کو کھلیان کی طرف منتقل کیا جاتا ہے۔
(۲) سامان رکھنے کی چمڑے وغیرہ کی ٹوکری۔
(ج) **عِیَبٌ وعِیَابٌ**۔
عِیَابُ الوُدِّ: دل اور سینہ۔
یقال: کَادَتْ عِیَابُ الوُدِّ تَصْفَرُ: محبت بھرے دل خالی ہونے لگے۔
—من الرَّجُلِ: آدمی کے بھید کی جگہ۔
یقال: فلان عَیْبَةُ فلانٍ: فلاں فلاں کا راز دار ہے۔
حدیث میں ہے: **(الأنصار کَرِشی وعیبتی)**
العُیَبَةُ: بڑا عیب جو۔
العَیَّابُ۔ بمعنی **العُیَبَةُ**۔
العَیَّابَةُ۔ بمعنی **العَیَّابُ**۔
المَعَابُ: عیب (۲) جائے عیب (ج) **مَعَایِبُ**
المَعَابَةُ: عیب (ج) **مَعَایِبُ**۔
المَعِیبُ: جائے عیب (۲) زمانہ عیب۔
عَاثَ (ض) عَیْثًا وعُیُوْثًا وعَیَثَانًا: فساد کرنا۔
یقال: عَاثَ فی مالہ: مال کو فضول خرچی میں ضائع کرنا۔
عَاثَ الذئبُ فی الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں چیر پھاڑ اور قتل وغارت کر کے تباہی مچانا۔
ھو عَیْثَانٌ ھی عَیْثَی (ج) عَیَاثَی۔
عَیَّثَ فی الوعَاءِ وغیرہ: برتن وغیرہ میں بغیر دیکھے کوئی چیز نکالنے کے لئے ہاتھ گھمانا۔
تَعَیَّثَتِ الابلُ: سیرابی سے کم پانی پینا۔
العَیْثَمُ: (دیکھئے: عثم)
العَیْثُوْمُ: (دیکھئے: عثم)
العَیُوْثُ: بڑا فسادی۔
العَیَّاثُ۔ بمعنی **العَیُوْثُ**۔

عَاجَ (ض) بِه عَيْجًا: اعتماد کرنا۔
(۲) پرواہ کرنا۔ اکثر منفی استعمال ہوتا ہے۔
یقال: مَا عَاجَ بقوله: اس کے کہنے کی پرواہ نہ کی۔
ما عَاجَ بالشيءِ: پسند نہ کرنا۔
شرب الدَّوَاءَ فما عاجَ به: دوا تو پی لی مگر فائدہ نہ ہوا۔
العِيَادَةُ: (دیکھئے: عود)
العِيْدُ: (دیکھئے: عود)
عَيْدَنَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا معمول سے لمبا ہونا۔
العَيْدَانَةُ: درخت خرما جو کہ معمول سے لمبا ہو۔
(ج) عَيْدَانٌ۔
العَيْدَهُ: جو حق بات کو قبول نہ کرے اور اترائے۔
(۲) خشک طبع خوددار آدمی۔
العَيْدَاهُ۔ بمعنی العَيْدَهُ۔
عَارَ (ض) عَيْرًا وعَيَرَانًا: متردد ہو کر آنا جانا۔
یقال: عار الرجلُ فی الارض: زمین میں حیران وسرگرداں پھرنا۔
— القصيدةُ: نظم وقصیدہ کا لوگوں میں مشہور ہونا۔
— فی القومِ: لوگوں میں فساد کرانے کی کوشش کرنا۔
— فلانًا: عیب لگانا۔ هو عَائِرٌ وعَيَّارٌ۔
— الشيءَ: ضائع کرنا۔
أَعَارَهُ: عار دلانا (۲) موٹا کرنا۔
هو مُعَارٌ۔
أَعْيَرَ النَّصْلَ: پھلکے میں لمبی لکیر ڈالنا۔
عَايَرَ بين المكيالين مُعَايَرَةً وعِيَارًا: دو پیمانوں کو برابری کے لئے جانچنا۔
— المكيالَ والميزانَ: پیمانہ یا ترازو کو دوسرے سے ملا کر جانچنا۔
عَيَّرَه: کسی کو عار کی طرف منسوب کر کے اس کے سامنے اس کے فعل کی مذمت کرنا۔

یقال: عَيَّرَه الجهلَ وبالجهل۔
تَعَايَرُوا: باہم عیب جوئی کرنا۔
(۲) ایک دوسرے کو عار دلانا، طعنہ دینا۔
العَائِرَةُ: العائِر۔ کی مؤنث۔
شاةٌ عَائِرَةٌ: پریشان بکری جو دو ریوڑوں کے درمیان کسی ایک کے ساتھ شامل ہونے میں متردد ہو۔
العَارُ: ہر باعث شرم، باعث عیب بات (ج): أَعْيَارٌ۔
العِيَارُ: ہر وہ چیز جس کے ذریعہ اشیاء کا وزن یا پیمائش کی جائے۔
(۲) جسے مقارنت کے لئے اساس بنایا جائے (مج)
عِيَارُ النُّقُودِ: سکہ میں وہ خاص معدنی مقدار جسے ان کے وزن کے لئے بنیاد بنایا جاتا ہے (مج)
العيار النارِيّ: ریوالور وغیرہ کی گولی جو خاص وزن کی ہوتی ہے (محدثہ) (ج) عيارات۔
العَيْرُ: گدھا۔
ضرب المثل ہے: إنْ ذهب عَيْرٌ فعيرٌ فی الرِّبَاطِ: اگر گدھا چلا گیا تو کوئی بات نہیں کیونکہ اصطبل میں گدھا موجود ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کھوئی جانے والی چیز کی پرواہ چھوڑ دے اور حاضر پر راضی ہو جائے۔
(۲) دونوں پلکوں کے ملنے کی جگہ ناک کے کنارے سے اور کنپٹی کے کنارے سے۔
— من النَّصْلِ: پلکوں کے درمیان واضح لمبی لکیر۔
— من ورقة الشجر: پتے کے درمیان واضح لمبا خط (ج) اعيار۔
الاعيار: سہیل ستارے کے نیچے کے راستے میں تابناک ستارے۔
العِيْرُ: اونٹوں، خچروں اور گدھوں کا قافلہ جس پر غلہ لایا جائے۔
ضرب المثل ہے: فلان لا فِي العير ولا فی النَّفِيْرِ: فلاں کسی شمار میں نہیں۔

انتہائی گھٹیا شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
العَيَّارُ: زمین میں بہت آنے جانے والا۔
— من الرجال: جو اپنے نفس اور خواہش کو آزاد چھوڑ دے نہ روکے اور نہ ڈانٹے۔ بے شرم آدمی۔
المُعَارُ من الخيلِ: وہ گھوڑا جو سوار کو لے کر راستے سے ہٹ جائے۔
المَعَايِرُ: عیوب۔
المُعَايَرَةُ: ناپ تول کی جانچ پڑتال (مج)
المِعْيَارُ: وزن، پیمانہ۔
— (فلسفہ میں): ایک ایسا واقعی یا تصوراتی نمونہ جس پر کسی چیز کو ہونا چاہئے۔
منه العلوم المعيارية: اور وہ ہیں علم منطق، علم اخلاقیات، علم جمالیات وغیرہ (مج)
(ج) مَعَايِيرُ۔
أَعْيَسَ الزَّرْعُ: کھیتی کا خشک ہونا۔
تَعَيَّسَتِ الابِلُ: سفیدی مائل بھورے رنگ کا ہو جانا۔
الأَعْيَسُ مِن الإبلِ: سفیدی مائل بھورے رنگ کا اونٹ (۲) عمدہ نسل کا اونٹ (ج) عِيْسٌ۔
العَيْسَاءُ: الأَعْيَسُ۔ کی مؤنث (ج) عِيْسٌ
عَاشَ (ض) عَيْشًا و عِيْشَةً ومَعَاشًا: زندگی گزارنا، زندہ رہنا۔ هو عَائِشٌ۔
أَعَاشَهُ: زندگی گزروانا۔
یقال: اعاشهُ اللهُ عِيشةً راضِيَةً۔
عَايَشَه: کسی کے ساتھ زندگی گزارنا۔
عَيَّشَه۔ بمعنی أَعَاشَه۔
تَعَايَشُوا: مل جل کر باہم الفت ومحبت کے ساتھ رہنا۔
منه التَّعَايُشُ السِّلْمِيّ: پر امن بقاء باہمی۔
تَعَيَّشَ: اسباب زندگی کے حصول کی کوشش کرنا۔
العَائِشُ: خوش حال۔
العَائِشَةُ: العائش۔ کی مؤنث۔
العَيْشُ: زندگی۔
(۲) گزر بسر کا سامان جیسے کھانا، پینا آمدنی وغیرہ

ع

(۳) روٹی۔
یقال: عَیْشُ بنی فلان اللَّبَنُ: فلاں قبیلہ کی گزر اوقات دودھ پر ہے۔
العِیْشَةُ: زندگی میں انسانی حالت۔
یقال: عَاشَ فلانٌ عِیْشَةَ صِدقٍ وعِیْشَةَ سَوْءٍ: اس نے سچائی یا برائی کی زندگی گزاری۔
اَلْعَیَّاشُ: مبالغہ العائش۔
—(۲) روٹی پکانے یا بیچنے والا۔
اَلْمُتَعَیِّشُ: سامان گزر بسر رکھنے والا۔
المَعَاشُ: اسباب زندگی۔ جیسے کھانا پینا وغیرہ۔
(۲) زمانہ تلاش روزی یا مکان تلاش روزی۔
(۳) سرکاری ملازم کو مدت متعینہ گزرنے پر خدمت سے سبکدوش کر کے دیا جانے والا ماہانہ وظیفہ۔ (مج)
المَعِیْشَةُ: اسباب زندگی، جیسے کھانا، پینا و آمدنی وغیرہ (ج) قیاسی طور پر مَعَایِشُ۔ اور غیر قیاسی طور پر مَعَائِشُ۔
— قرآن مجید میں دونوں طرح پڑھا گیا ہے:
{وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ}
العِیْصُ: اچھے درخت اگنے کی جگہ۔
(۲) گنجان گھنے درخت (۳) اصل، نسل۔
یقال: فلان من عِیْصِ بنی هاشم: وہ فلاں قبیلہ کی نسل سے ہے۔
ضرب المثل ہے: عِیْصُكَ مِنْكَ وإِنْ كَانَ أَشِبًا: تمہاری اصل تمہاری ہی ہے اگرچہ وہ خاردار ہو (ج) أَعْیَاصٌ وعِیَاصٌ۔
المِعْیَاصُ: ہر مشکل الحصول چیز۔
المَعِیْصُ: اگنے کی جگہ۔
عَاطَتِ (ض) العُنُقُ عَیْطًا: گردن مناسب طور پر لمبی ہونا۔
— المرأةُ والناقةُ عَیْطًا وعِیَاطًا: عورت اور اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ کے حاملہ نہ ہونا۔
(۲) اونٹنی پر بوجھ لادا جائے مگر وہ نہ اٹھائے۔
هی عائطٌ (ج) عِیْطٌ وعُیَّطٌ۔

عَیِطَ (س) عَیَطًا: گردن لمبی ہونا۔ هو أَعْیَطُ هی عَیْطَاءُ (ج) عُیْطٌ۔
عَیَّطَ: ایک دفعہ چیخنا (۲) رونا (مو)
تَعَیَّطَتِ العُنُقُ۔ بمعنی عَاطَتْ۔
— المرأةُ۔ بمعنی عَاطَتْ۔
— العُوْدُ: لکڑی سے پانی جیسی چیز نکل کر بہہ جانا یا گوند بن جانا۔
— الرجُلُ: غصہ ہونا۔
— القومُ: چیخنا چلانا شور و غل کرنا۔
العَائِطُ: چیخنے والا (ج) عِیطٌ وعُیَّطٌ
یقال: عائِطٌ عِیطٍ۔ (بطور مبالغہ)
العِیَاطُ: شور و غل، چیخنا چلانا (۲) رونا (مو)
عِیطِ (بالكسر مبنية): شریر بچوں کا شور۔
العِیْطُ: عمدہ اور جوان اونٹ۔
العَیَّاطُ: بہت چیخنے چلانے والا۔
العَیْطَلُ: (دیکھئے: عطل)
عَافَتِ (ف ض) الطَّیْرُ عَیْفًا و عَیْفَةً: کسی چیز پر اترنے کے لئے منڈلانا۔
— الطیرَ عِیَافَةً: نیک یا بد فال لینے کے لئے پرندے کو آواز دے کر اڑانا۔ هو عَائِفٌ۔
— الطَّعَامَ او الشَّرابَ عَیْفًا وعِیَافًا: ناپسندیدگی کی بنا پر چھوڑ دینا۔
أَعَافَ القَوْمُ: قوم کے اونٹوں کا پانی کو ناپسند کر کے پانی نہ پینا۔
إِعْتَافَ: زادراہ لینا (۲) فال لینے کے لئے پرندوں کو اڑانے کا پیشہ اختیار کرنا۔
(۲) اس پیشے پر محنت کرنا۔
— الشيءَ: ناپسندیدگی کی بناء پر چھوڑ دینا۔
تَعَیَّفَ: پرندہ اڑا کر فال نکالنے کا پیشہ کرنا۔
(۲) پیش گوئی کرنا۔
العِیَافَةُ: پرندے کو اڑا کر، اکسا کر ان کے ناموں، آوازوں اور گزرگاہوں سے فال نکالنا۔
(۲) گمان، اندازہ۔
العَیْفَةُ: بہترین مال۔
العَیُوفُ: مبالغہ العائف۔

— من الابل: وہ اونٹ جو پیاسا ہونے کے باوجود پانی کو سونگھ کر چھوڑ دے۔
عَاقَهُ (ض) عَیْقًا: روکنا، باز رکھنا۔
عَیَّقَ فی صَوْتِهِ: آواز نکالنا۔
العَیْقُ: پانی کا حصہ۔
العَیْقَةُ: کھلی زمین (۲) سمندر کا ساحل، کنارہ۔ (ج) عَیْقَاتٌ۔
العَیُّوقُ: (دیکھئے: عوق)
عَالَ (ض) عَیْلاً وعَیْلَةً: مفلس ہونا۔
(۲) کثیر العیال ہونا۔ هو عَائِلٌ۔
(ج) عَالَةٌ وعُیَّلٌ هو عَیِّلٌ ایضًا۔
— فی الارض عَیْلاً وعُیُوْلاً: گھومنا، پھرنا۔
— فی مشیه: جھوم جھوم کر اور اترا کر چلنا۔
هو عائلٌ وعَیَّالٌ۔
— المِیْزَانُ: ترازو کا کم یا زیادہ ہونا۔
— فلانٌ: ظلم و زیادتی کرنا۔
— الشيءُ فلانًا عَیْلاً: محتاج و بے بس کر دینا۔
— الضَّالَّةَ عَیْلاً و عَیَلانًا: گم شدہ چیز کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ کہاں تلاش کرے اور کہاں پائے۔
— کلامَه: اپنا کلام ایسے شخص کے سامنے پیش کرنا جس کی نہ اسے خواہش ہو اور نہ سروکار۔
أَعَالَ الرجلُ: کثیر العیال ہونا۔
— الشيءَ: تلاش کرنا۔
یقال: أَعَالَ الذِّئبُ والأسَدُ والنمر والصائِدُ: شکار تلاش کرنا۔ هو مُعِیْلٌ۔
أَعْیَلَ: کثیر العیال ہونا۔ هو مُعْیِلٌ۔
عَیَّلَ: کثیر العیال ہونا۔
— عیالَه: بال بچوں کی پرورش و کفالت کرنا۔
— القومَ: بے یار و مددگار چھوڑ دینا۔
تَعَیَّلَ فی مَشْیِهِ: جھوم کر اور اترا کر چلنا۔
العَائِلَةُ: (دیکھئے: عول)
العَالَةُ: فقر و محتاجی۔
یقال: طَالَتْ عَیْلَتِي إِيَّاكَ۔
العَیِّلُ: عیّل الرجل: آدمی کے اہل خانہ جن

ع

کی وہ کفالت کرتا ہے (ج) عِیَال۔
یقال: عنده کذا و کذا عَیِّلاً: اس کے پاس اتنے افراد خانہ ہیں۔
(۲) فقیر (دیکھئے: العیّل: عول۔ میں) چھوڑا ہوا جہاں چاہے جائے۔
یقال: خلیعٌ مُعَیَّلٌ۔
المُعَیَّل: رجلٌ مُعَیَّلٌ: اہل وعیال والا۔
عَامَ (ض) الرجلُ عَیْمًا و عَیْمَةً وعِیَامًا۔ دودھ کی خواہش ہونا (۲) دودھ کم ہونا۔
(۳) پیاسا ہونا۔ ھو عَیْمَانٌ ھی عَیْمٰی۔
(ج) عِیَام و عَیَامٰی۔
أَعَامَ القومُ: اونٹوں کے ہلاک ہو جانے کی وجہ سے دودھ میسر نہ آنا۔
—اللّٰہُ فلانًا: اللہ کا کسی کے اونٹ کو ہلاک کر کے دودھ سے محروم کر دینا۔
إِعْتَامَ الرجلُ: عمدہ چیز لینا۔
—الشیءَ: قصد وارادہ کرنا۔
العَیَامُ: دن۔
یقال: سرتُ العَیَامَ کُلَّه۔
العَیْمَةُ: دودھ کی شدید خواہش۔
(۲) شدید پیاس۔
العِیْمَةُ: من کل شیءٍ: ہر عمدہ چیز (ج) عِیَمٌ۔
عَانَ (ض) الحَفَّارُ عَیْنًا: کنواں کھودنے والے کا پانی کے چشموں پر پہنچنا۔
یقال: حَفَرْتُ حتّٰی عِنْتُ۔
یقال: مَاءٌ مَعِیْنٌ: آب جاری۔
—الماءُ او الدمعُ: پانی یا آنسو بہنا۔
—البئرُ: کنویں کا پانی کثیر ہونا۔
—علی القومِ: لوگوں کی جاسوسی کرنا۔
—فلانًا: آنکھ پر مارنا۔
—الحاسدُ فلانًا: حاسد کا نظر لگانا (نظر لگانے والا)
فالمُصِیْبُ عَائِنٌ، وھو مِعْیَانٌ وعَیونٌ: (بطور مبالغہ) المُصَابُ۔ (جسے نظر لگ)

مَعِیْنٌ ومَعْیُونٌ۔
— القومَ ولھم عِیَانَةً: لوگوں کا جاسوس بننا۔
—علیھم: لوگوں کے خلاف جاسوسی کرنا۔
عَیِنَ (س) عَیَنًا وعِیْنَةً: کشادہ اور خوبصورت آنکھ والا ہونا۔
ھو أَعْیَنُ ھی عَیْنَاءُ (ج) عِیْنٌ۔
أَعَانَ الحَفَّارُ: کنواں کھودنے والے کا پانی کے چشموں تک پہنچنا۔
عَایَنَہ مُعَایَنَةً وعِیَانًا: آنکھوں سے مشاہدہ کرنا۔
لقیتُه عِیَانًا ومعایَنَةً: میں نے اسے بالیقین دیکھا۔
ضرب المثل ہے: لیس الخبرُ کالعِیَانِ
عَیَّنَ الرجلُ: ادھار لینا یا دینا۔
—التاجرُ: تاجر کا اپنے سامان متعین قیمت کے ساتھ مقررہ مدت کے وعدہ پر فروخت کرنا پھر اسی مجلس میں سود سے بچنے کے لئے نقد کم قیمت پر خرید لینا۔
—الشجرُ: سرسبز ہونا، کلی نکلنا۔
—القِرْبَةَ: مشکیزہ کی سلائی کے سوراخ بند کرنے کے لئے اس میں پانی ڈالنا جبکہ وہ نیا ہو۔
—الثَّوْبَ: گائے کی آنکھ کے مشابہ نشان بنانا۔
—اللؤلؤةَ: موتی میں سوراخ کرنا۔
—الحَرْبَ بینھم: لڑائی کرانا۔
—الشیءَ: متعین کرنا، خاص کرنا۔
—المالَ لفلان: کسی کے لئے بعینہ کوئی مال خاص کرنا۔
—فلانًا: کسی کے سامنے اس کے عیوب بتانا۔
یقال: عَیَّنَ علیه: بادشاہ کے سامنے کسی کے عیوب اس کی موجودگی یا غیر موجودگی میں بیان کرنا۔
یقال: اتیتُ فلانًا فما عیَّن لی بشیءٍ وما عَیَّنَنِی شَیْئًا: میں اس کے پاس آیا لیکن اس نے مجھے کچھ نہ دیا۔

—فلانًا فی وظیفته: کسی کا کسی اسامی پر تقرر کرنا (مو)
إِعْتَانَ القومَ ولھم: خبر لے کر آنا۔
یقال: اعتان لھم منزلاً خِصْبًا: سرسبز جگہ تلاش کرنا۔
اعتان لھم: پیش رو ورہنما بننا۔
—الشیءَ: عمدہ چیز لینا (۲) ثمن مؤجل کے ساتھ خریدنا (ادھار خریدنا)
تَعَیَّنَ الرجلُ: قرض لینا۔
(۲) کسی چیز کو نظر لگانے کے لئے آنکھ اٹھا کر ٹھہراؤ کے ساتھ دیکھنا۔
—السِّقَاءُ: مشک کا بوسیدہ ہو کر آنکھ جیسے سوراخ ہو جانا۔
—علیه الشیءُ: کسی چیز کا بعینہ لازم ہونا۔
—الشیءَ: آنکھوں سے دیکھنا۔
—القومُ عَیْنًا: اپنا جاسوس بنانا۔
العَائِنُ: یقال ما بالدار عَائِنٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
شَرِبَ من ماءٍ عائِنٍ: جاری پانی سے پیا۔
العَائِنَةُ: مؤنث العائِنُ۔
عائِنَةُ بنی فلانٍ: فلاں قبیلہ کا مال۔
یقال: رأیتُه اول عائنةٍ أَدْنٰی عَائِنَةٍ: میں نے اسے ہر چیز سے پہلے دیکھا۔
وما بالدار عائنةٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
العَیْنُ: انسان اور دوسرے حیوانات کا عضو بصارت (۲) زمین سے جاری ہونے والا پانی کا چشمہ۔ قرآن مجید میں ہے: {فِیْهِمَا عَیْنَانِ تَجْرِیَانِ} (ج) أَعْیُنٌ وعُیُوْنٌ۔
—(۳) اہل شہر (۴) اہل خانہ (۵) جاسوس (۶) لشکر کا سردار (۷) لشکر کا رہنما۔
(۸) قوم کا سردار ومعزز شخص۔
(۹) نفس شی وذات شی۔
یقال: ھُوَ ھُوَ عَیْنًا اَوْ بِعَیْنِهٖ جَاءَ مُحَمَّد عینُه: وہ بالکل وہی ہے، وہ وہی ہے۔ محمد بذات خود آیا۔

ع

(۱۰) ڈھلا ہوا سکہ (دنانیر وغیرہ میں سے)
یقال: اشتریتُ بالعَیْنِ لابالدَّیْنِ: میں نے نقد خریدا نہ کہ ادھار (ج) اَعْیَانٌ۔
(۱۱) ہر موجود چیز۔
یقال: بِعْتُه عَیْنًا بِعَیْنٍ: میں نے موجود چیز کو نقد بیچا۔
ضرب المثل ہے: **لاَ تَطْلُبْ اَثَرًا بعْدَ عَیْنٍ:** نظر آنے والی شئ کو چھوڑ کر اس کے فوت ہو جانے کے بعد اس کے نشانات کو تلاش کرنے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(۱۲) ہر عمدہ چیز۔
یقال: هٰذِهِ القَصِیْدَةُ مِنْ عُیُونِ الشِّعرِ۔
(۱۳) اعیان کا واحد جو کہ بڑے ساتھیوں کے لئے بولا جاتا ہے۔
یقال: هو عَبْدُ عَیْنٍ وصدیق عینٍ: وہ خدمت کرے گا، دوستی کرے گا جب تک آپ کی نظروں کے سامنے ہوگا۔ بعد میں نہیں **فعله علی عینٍ وعلی عَیْنَیْنِ و علی عمد عَیْنٍ وعلی عَمْدِ عَیْنَیْنِ:** یقین وسنجیدگی سے کیا۔
یقال: نَعِمَ اللّٰه بِكَ عَیْنًا: اللہ تم سے تمہارے دوست کی آنکھ کو ٹھنڈا رکھے یا تمہاری آنکھ کو تمہارے دوست سے ٹھنڈا رکھے۔
لقیته اَوَّلَ عینٍ: میں اسے سب سے پہلے ملا۔
انت علی عَیْنِی: میری نگاہ میں آپ کی عزت ہے یا آپ میری حفاظت ونگرانی میں ہیں۔ قرآن میں ہے: {**وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ**}۔ تاکہ آپ کی پرورش وتربیت میری حفاظت ونگرانی میں ہو۔
لَقِیتُه عَیْنَ عُنَّةٍ: میں اس سے اس طرح ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا۔
عَینُ الجمل: اخروٹ (بطور تشبیہ) (مو)
عینُ السمکة۔ (جلدی امراض میں): گانٹھ یا کسی اور وجہ سے جلد میں پیدا ہونے والا گول ابھار جیسا کہ جوتے کے دباؤ کی وجہ سے پاؤں کی انگلیوں میں ہوتا ہے۔

العِیْنَةُ: عمدہ چیز (۲) قرض۔
(۳) جنگی سامان۔
یقال: ثوبُ عِیْنَةٍ: خوش نما کپڑا۔
العَیُوْنُ: سخت نظر لگانے والا۔
(ج) عِیْنٌ وعُیُنٌ۔
العَیِّنُ من الرجال: جلد رو پڑنے والا۔
—**من الاسْقِیَةِ:** وہ مشک جس کا پانی بہہ گیا ہو۔
العَیِّنَةُ: مادہ کا جزء جو اس میں بطور نمونہ بقیہ کے لئے لیا جائے (مج)
المَعَانُ: منزل، مقام۔
یقال: هم منكَ بمعانٍ: وہ ایسی جگہ ہیں کہ آپ انہیں دیکھ سکتے ہیں۔
المِعْیَانُ۔ بمعنی **العَیُوْنُ (ج) مَعَایِینُ۔**
المَعْیُوْنُ من الماءِ: زمین پر نظر آنے والا جاری پانی۔
المَعِیْنُ من الماء۔ بمعنی **المعیون۔** (دیکھئے: **معن**)
المُعَیَّنُ من البقر: وہ گائے جس کی دونوں آنکھوں کے درمیان سیاہی ہو۔
— **من الاَثواب:** وہ کپڑا جس پر وحشی جانور کی آنکھوں جیسے چھوٹے دائرے بنے ہوئے ہوں۔
(۲) (علم ہندسہ میں) ایسی مسطح شکل جس کے چاروں اضلاع سیدھے اور مساوی ہوں اور ان کا محیط غیر قائمۃ الزاویہ ہو۔
عَاهَ (ض) المالُ والزَّرْعُ عَیْهًا: مال یا کھیتی پر آفت آنا۔
عِیْهَ المالُ والزرعُ۔ بمعنی **عَاهَ: هو مَعِیْهٌ و مَعْیُوْهٌ۔**
اَعْیَهَ القومُ: لوگوں کی کھیتیوں یا مویشیوں پر آفت آنا۔
عَیَّهَ بالرجل: زور سے پکارنا۔
العَاهَةُ: چیخ وپکار۔
العَاهَةُ: (دیکھئے: **عوه**)
عَیَّ (ف) فی منطقه عِیًّا و عَیَاءً: کلام سے

عاجز ہونا مراد واضح نہ کر سکنا۔
یقال: عَیَّ بِاَمْرِهِ وعَیَّ عن حجته۔ اپنے کام یا اپنی دلیل سے عاجز آ رہنا۔
۔الاَمْرَ و بالاَمرِ: ناواقف ہونا۔ **هُوَ عَیٌّ (ج) اَعْیَاءٌ هو عَیٌّ (ج) اَعْیِیَاءُ، هو عَیَّان هی عَیَّا (ج) عَیَایَا۔**
عَیِیَ (س) عَیًّا۔ بمعنی **عَیَّ**
اَعْیَا الرَّجُلُ او البعیرُ فی سَیْرِهِ: آدمی یا اونٹ کا چلتے ہوئے سخت تھک جانا۔
یقال: اَعْیَا السیرُ: تھکا دینا۔
—**علیه الاَمرُ:** معاملہ کا کسی کو عاجز کر دینا۔
یقال: اَعْیَا الداءُ الطبیبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا۔
عَایَا فلانٌ: ایسا کام یا کلام کرنا جس کا کوئی مطلب نہ سمجھا جا سکے۔
—**صَاحِبَه:** ایسا کلام کرنا جسے وہ سمجھ نہ سکے۔
عَیَّا الرَّجُلُ۔ بمعنی **عَایَا۔**
—**صاحِبَه۔** بمعنی **عَایَاهُ۔**
تَعَایَا الرَّجُلُ: خود کو کلام سے عاجز ظاہر کرنا حالانکہ ایسا نہ ہو۔
بالاَمرِ: کام کو پختہ نہ کر سکنا۔
—**علیه الاَمْرُ:** معاملہ کا عاجز کر دینا کسی طرح سمجھ نہ آئے۔
یقال: تَعَایَاهُ الاَمْرُ۔
تَعَیَّا بالاَمْرِ و علیه الامر۔ بمعنی **تَعَایَا به وعلیه**
اِسْتَعْیَا بالاَمرِ۔ بمعنی **عَیَّ به۔**
الاُعْیِیَّةُ: پیچیدہ کلام جس کے ذریعے کسی کو عاجز کیا جائے۔
العَیَاءُ (الداءُ العیاءُ): ایسی سخت بیماری جس کا کوئی علاج نہ ہو۔
العِیُّ: معنی مقصود کیلئے مفید تعبیر لفظی سے عاجزی۔
(۲) مراد تک رہنمائی نہ ہو۔
(۳) اداء مراد سے عاجزی۔

ع

(۱۰۰۰)

غ

الغَيْنُ: حروف ہجاء کا انیسواں حرف۔ اس کا مخرج ادنیٰ حلق اور منہ کے درمیان لہاۃ کے قریب ہے اور یہ حروف مجہورہ اور رخوہ میں سے ہے۔

الغازُ: مادہ کی تین حالتوں میں سے ایک حالت جس میں عموماً وہ شفاف ہوتا ہے۔ وہ جس جگہ رکھ دیا جائے اسی میں سما کر اس کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ جیسے ہوا اور آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ حرارت اور دباؤ کے درجات میں (مج)

غاز الفحم: چولہوں یا روشنی کے لئے استعمال ہونے والی مختلف گیسوں کا مجموعہ۔

غاز الاستصباح: روشنی کے لئے استعمال میں آنے والی ہر گیس۔

غاز الخردل: جنگ وغیرہ میں استعمال ہونے والی زہریلی گیس (مج)

الغَازُوزَةُ: خوشبودار تیل کی ملی ہوئی تھوڑی مقدار والا ایک شیریں مشروب جس میں کاربن ڈائی آکسائیڈ ملی ہوتی ہے۔ کبھی اسکے ساتھ کوئی دوسرا مواد بھی رنگ یا خاص ذائقہ کیلئے ملایا جاتا ہے (مج)

غ .... ب

غَبَّتِ (ض) الماشيةُ في الوِرْدِ غَبًّا: ایک دن پینا اور ایک دن نہ پینا۔

—الحمّٰى على المحموم: ایک دن بخار چڑھنا اور دوسرے دن نہ چڑھنا۔

—الرَّجلُ في الزيارة: کبھی کبھی ملاقات کرنا۔

منه قولهم: زُرْغِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: کبھی کبھی ملا کرو اس سے محبت بڑھے گی۔

—الامرُ: آخری مرحلہ میں ہونا۔

—الطَّعامُ غِبًّا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَةً: خراب و بدبودار ہونا۔

یقال: صُمْنَا للغَمَّاءِ: یعنی چاند والی رات میں چاند کے نظر نہ آنے کی وجہ سے ہم نے روزہ رکھا۔
الغُمَّةُ: غم۔(۲) گھی کے برتن کی تلی۔
یقال: اَمرٌ غُمَّةٌ: مبہم، مشکل معاملہ۔
انه لفی غُمّة من امره: وہ اپنے معاملہ میں اس طرح الجھا ہوا ہے کہ راہ نہیں پا رہا۔
ساروا فی اَرضٍ غُمّةٍ: وہ تنگ جگہ میں چلے۔
صُمْنَا لِلْغُمة: چاند نہ دیکھنے پر ہم نے روزہ رکھا (ج) غُمَمٌ۔
الغُمّی: لڑائی میں لوگوں کو پریشان کرنے والی سخت صورت حال۔(۲) گرد۔(۳) تاریکی۔
یقال: لیلةٌ غُمّی: وہ رات جس میں چاند کو تلاش کیا جائے لیکن اس کے اور لوگوں کے درمیان بادل یا کہر حائل ہو جائے۔
الغُمّی: مصائب زمانہ میں سے سختی۔
یقال: إنّهم لفی غُمّی من اَمرهم: وہ مشکل معاملے میں الجھے ہوئے ہیں۔
المُغَیّمُ من الغیوم والبحار: بہت پانی والا سمندر یا بادل۔
المَغْمُومُ: رُطَبٌ مغموم: تر و تازہ رکھنے کے لئے پتھریلی زمین میں بند کی ہوئی پختہ کھجور۔
غَمَنَ (ن) الجلدَ غَمْنًا: چمڑے کو اون اتارنے کے لئے ریت میں دبانا۔
—البُسرَ: گدر کھجور کو پکانے کے لئے ڈھانکنا۔
—فلانًا: پسینہ لانے کے لئے کپڑا اوڑھانا۔
غُمِنَ فی الارض: زمین میں داخل کیا جانا۔
اِنْغَمَنَ فی الارض: زمین میں داخل ہونا۔
الغُمْنَةُ: خوبصورتی کے لیے کوئی چیز جسے عورت اپنے چہرے پر ملے۔
غَمَا (ن ض) البیتَ غَمْوًا و غَمْیًا: گھر کی چھت ڈالنا۔
غُمِیَ علیه غَمْیٌ: بے ہوشی طاری ہونا جس سے حس و حرکت مفقود ہو جائے هو مَغْمِیٌّ علیه۔
— الیومُ واللیل: رات یا دن بھر بادل چھائے رہنا جس سے نہ سورج دکھائی دے اور نہ ہی چاند۔
اُغْمِیَ علیه: بے ہوشی طاری ہونا هو مُغْمًی علیه۔
یقال: اُغْمِیَ علینا الهلالُ هو مُغْمًی: بادل یا کہر کی وجہ سے چاند دکھائی نہ دینا۔
—علیه الخبرُ: پوشیدہ ہو جانا۔
غَمّی البیتَ: چھت ڈالنا۔
—الشیءَ: چھپانا۔
الإغْمَاءُ: بے ہوشی، کسی عارض کی وجہ سے حس و حرکت کھو جانا۔
الغِمَاءُ: گھر کی چھت (ج) اَغْمِیَةٌ۔
الغَمْی: گھر کی چھت۔
—من كل شیءٍ: ہر بلند چیز۔
(۲) پسینہ لانے کے لئے جس سے گھوڑے کو ڈھانکا جائے۔
(۳) رہٹ یا چکی میں چلنے والے جانور کے چہرے پر باندھی جانے والی پٹی تاکہ وہ چکر آنے سے بچ جائے (محدثہ)
یقال: كان علی السماء غَمًّی: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغَمْیُ: یُقالُ كان علی السماء غَمْیٌ: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغُمْیَةُ: چاند کی رات جس میں بادل یا کہر کی وجہ سے چاند نہ دیکھا جا سکے۔

غ............ن

الغُنْبُ: بہت سا مال غنیمت۔
الغُنْبَةُ: جاذب شکل لڑکے کی باچھ یا ٹھوڑی پر دائرہ نما لکیر۔(ج) غُنَبٌ۔
غَنِجَتِ (س) المراَةُ غَنَجًا: شوہر کو نخرہ دکھانا، گویا وہ اس کے مخالف اور اس کا شوہر نہیں۔
هی غَنِجَة و مِغْنَاج۔
تَغَنَّجَتِ المراَةُ بمعنی غَنِجَتْ۔
الاُغْنُوجَةُ: وہ باتیں یا حرکات جن سے عورت نازنخرہ کرے (ج) اَغَانِیجُ۔
الغُنَاجُ: نازنخرہ۔
الغُنْجُ: نازنخرہ۔
(۲) آنکھ کا سرگیں پن۔
الغُنْدُبَةُ: مخاطی پردے کی ایک تہہ جنہیں لوزتین (حلق میں گوشت کا ٹکڑا) باہم ملاتے ہیں، آگے اور پیچھے سے۔ هما غُنْدُبتان (مج)
الغُنْدُرُ: گدار جسم خوبصورت نوجوان۔
الغُنْدُورُ بمعنی الغُنْدَرُ۔
الغُنُوصِیّةُ: دین اور فلسفہ کے امتزاج پر مبنی ایک نزاعی فکر۔ اس کا اطلاق مفکرین کی ایسی خاص جماعت پر ہوتا ہے جو پہلی اور دوسری صدی میں گزرے ہیں (مج)
غَنَظَ (ض) غَنْظًا: ہلاکت کے قریب ہو کر بچ نکلنا۔
—الامرُ فلانًا: سخت پریشانی والا معاملہ، معاملہ کا مشکل ہو جانا۔
الغِنَاظُ: سخت پریشانی و مشقت۔
غَنِمَ (س) الشیءَ غُنْمًا: حاصل کرنا، پالینا۔
— الغازی فی الحرب: غازی کا مال غنیمت حاصل کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا}
اَغْنَمَهُ الشیءَ: کوئی چیز کسی کے لئے مال غنیمت بنا دینا۔
غَنَّمَهُ: مال غنیمت یا ہبہ کر دینا۔
اِغْتَنَمَ الشیءَ: غنیمت جاننا۔
(۲) فائدہ اٹھانا۔
تَغَنَّمَ الشیءَ بمعنی اغتنمه۔
یقال: فلان یَتَغَنَّمُ الامرَ: وہ معاملہ کا اس طرح حریص ہے جس طرح مال غنیمت کا حریص ہوا جاتا ہے۔

غ

الغُنْمُ: بغیر مشقت کسی چیز کا حصول۔
(۲) مالِ غنیمت۔
یقال: الغُنْمُ بالغُرْمِ: نفع کے مقابل نقصان بھی ہے یعنی جو شخص کسی چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے اسے ہی اس کا نقصان بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔(ج) غُنُوْمٌ۔
الغَنَمُ: بھیڑ بکریوں کا ریوڑ (اس لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں) (ج) اَغْنَامٌ و غُنُوْمٌ۔
الغَنَّامُ: بکریوں والا۔
(۲) چرواہا یا بھیڑ بکریوں کا نگراں۔
الغَنِيْمَةُ: جنگ میں بزور حاصل کیا ہوا مقابل جنگجوؤں کا مالِ غنیمت۔(ج) غَنَائِمُ۔
المَغْنَمُ بمعنی الغَنِيْمَةُ (ج) مَغَانِمُ۔
غَنَّ (س) غَنًّا وغُنَّةً: گنگنانا۔
یقال غَنَّ الرجل، وغَنَّ الظبی و نحو ذلك۔
— الرَّوضَةُ اَو الوادی: باغ یا وادی میں درختوں کی کثرت کی وجہ سے مکھیوں کا زیادہ ہونا جس سے ان کی بھنبھناہٹ کی آواز آئے۔
هو اَغَنُّ هی غَنَّاءُ (ج) غُنٌّ۔
اَغَنَّتِ الروضَةُ اَو الوادی بمعنی غَنَّ۔
یقال: اَغَنَّ الذبابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
هو مُغِنٌّ هی مُغِنَّةٌ۔
— الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
غَنَّنَهٗ: گھنا اور گنجان بنانا۔
الغُنَّةُ: خیشوم (ناک کے بانسے) سے نکلنے والی آواز۔
غَنِيَ (س) فلانٌ غِنًى و غَنَاءً: مال دار ہونا۔
هو غَانٍ و غَنِيٌّ۔
— عن الشیءِ: بے نیاز ہونا۔
— المكانَ: آباد ہونا۔
— بالمكانِ: قیام آنا۔
— القومُ فی دیارِهم: اپنے ملک میں لمبا قیام ہونا۔
یقال: غَنِيتُ لك مِنّی بالمودّة والبِرّ: میں نے تم سے تعلق اور ہمدردی قائم رکھی۔
— المرأة بزوجها غِنًى وغُنیانًا: بیوی کا اپنے شوہر سے آسودہ ہونا۔
اَغْنَى الشيءُ: کافی ہونا۔
— الرجلُ عنك: کسی شخص کا کسی کیلئے کافی ہونا۔
یقال: ما یُغْنِی عنك هذا: یہ چیز تمہارے لئے نفع بخش نہ ہوگی۔
— اللهُ فلانًا: مالدار کرنا۔
یقال: اَغْنَى عنه غَنَاءَ فلان، مَغْنَاه و مَغْنَاتَهٗ: وہ اس کے قائم مقام ہوگیا۔
غَنّٰى: ترنم سے موزوں کلام (شعر) پڑھنا۔
یقال: غَنَّى الحمامُ: کبوتر کا بولنا۔
— فلانٌ بفلان: مدح سرائی کرنا یا ہجو کرنا۔
— بالمرأةِ: عشق بازی کرنا۔
— اللهُ فلانًا: مال دار بنانا۔
— فلانُ الرَّكبَ لفلان: قافلہ والوں سے اشعار میں کسی کا تذکرہ کرنا۔
— فلانًا الشِّعْرَ وبالشعر: کسی کو ترنم سے شعر سنانا۔
اِغْتَنٰى: مال دار ہونا۔
تَغَانٰى بمعنی اغتنی۔
— القومُ: ایک دوسرے سے بے نیاز ہونا۔
تَغَنّٰى بمعنی اغتنی۔
— الحمامُ بمعنی غَنّٰى۔
— بالشعرِ: ترنم سے شعر پڑھنا۔
اِسْتَغْنٰى بمعنی اغتنی۔
— به: اکتفا کرنا۔
— اللهَ: اللہ سے مال دار بنا دینے کی دعا کرنا۔
الاُغْنِيَةُ: موزون کلام جو ترنم سے پڑھا جائے۔ گانا، سُر، رُگ۔(ج) اَغَانٍ۔
الاُغْنِيَّةُ بمعنی الاُغْنِيَةُ (ج) اَغَانِيُّ۔
الغَانِي: مال دار۔
یقال: رجلٌ غانٍ عن كذا: فلاں سے مستغنی (بے نیاز) شخص۔
الغَانِيَةُ: اپنے حسن و جمال کی وجہ سے زیب و زینت سے بے نیاز عورت۔(۲) نفع، کفایت۔
یقال: هذا الشيءُ لاغَنَاءَ فيه۔
الغِنَاءُ: موزوں کلام کو طرب اور ترنم سے پڑھنا، خواہ موسیقی کے ساتھ ہو یا بغیر موسیقی کے۔
الغِنَائِيَّةُ: مکالماتی شعری ڈرامہ جو موسیقی کی تھاپ اور سروں پر کھیلا جائے۔ (محدثۃ)
الغِنٰى یقال: ماله عنه غِنًى: ضروری خبر جس کے بغیر چارہ کار نہ ہو۔
الغُنْیَانُ: یقال: ماله عنه غُنْیَان: اس کے لئے اس کے سوا چارہ کار نہیں۔
الغَنِيُّ: باری تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام: وہ ذات جو کسی بھی چیز میں اپنے غیر کی محتاج نہیں اور ہر ایک اس کا محتاج ہے۔
المَغْنٰى: وہ جگہ یا گھر جو اپنے اہل کے لئے کافی ہو۔(ج) مَغَانٍ۔
یقال: ماله عنه مَغْنًى: اس کے لئے اس کے سوا چارہ کار نہیں۔
المُغْنِي: باری تعالیٰ کا اسماء میں سے ایک نام یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں میں سے جسے چاہے غنی اور دوسروں سے بے نیاز کردے۔
المغَنِّي: گانے کا پیشہ کرنے والا۔

غ.........ھ

غَهِبَ (س) عنه غَهَبًا: غفلت کرنا، فراموش کر دینا۔
اَغْهَبَ عنه بمعنی غَهِبَ عنه۔
اِغْتَهَبَ: اندھیرے میں چلنا۔
الغَهَبُ: بلا قصد و ارادہ کوئی چیز پالینا۔
یقال: اَصَابَ صَيْدًا غَهَبًا: بلا قصد و ارادہ شکار پالینا۔
الغَيْهَبُ: تاریکی۔
— من اللیل: سخت تاریک رات۔
— من الخیل و نحوها: سخت سیاہ گھوڑا وغیرہ۔
یقال: اَسْوَدُ غَيْهَبٌ۔
— من الرِّجال: موٹی عقل والا۔ بدھو۔

(۲)غافل وکمزور(ج)غیاھب۔
الغَیْھَبَۃُ: لڑائی کا شور وغل۔

غ .... و

غَاثَہٗ (ن) اللہ غَوْثًا: مدد ونصرت کرنا۔
اَغَاثَہٗ بمعنی غاثہٗ۔
یقال: آغاثھم اللہ برحمتہ: اللہ ان کی سختی و پریشانی دور فرمائے۔
اغاثھم بالمطر: ان پر بارش برسائے۔
غَوَّث الرجلُ: واغوثاہ (ہائے مدد) پکارنا۔
یقال: ضُرِب فلان فَغَوَّث۔
اِسْتَغَاثَ الرجلُ بمعنی غَوَّث۔
—فلانًا وبہ: مدد طلب کرنا۔
الإِسْتِغَاثَۃُ: طلب مدد واعانت۔
(۲) (نحویوں کے ہاں) اس شخص کو پکارنا جو کسی مصیبت سے چھٹکارا دلائے یا دفع مصائب پر معاونت کرے۔ مستغاث بہ (جس سے مدد طلب کی جائے) کے ساتھ لام مفتوحہ اور مستغاث لہ کے ساتھ لام مکسور لگایا جاتا ہے۔
یقال: یاللہ لِلمُسلِمین اور اگر مستغاث بہ کے خلاف مدد طلب کی جائے تو اس پر من جارہ بھی داخل ہوتا ہے۔
کقولہ:
یاللرجال ذوی الألباب من نفر
لایبرحُ السَّفَہُ المُردِی لھم دِینًا
الغَوْثُ: مدد ونصرت۔
بوقت مصیبت طلب مدد کے لئے کہا جاتا ہے۔
واغوثاہ۔
الغُوَیْثُ: مدد، خوراک وغیرہ جو آفت رسیدہ کو بہم پہنچائی جائے۔
الغِیَاثُ: سامان مدد۔
المُغَاثُ: موصل اور فارس کے پہاڑوں پر اگنے والی ایک بوٹی جس کی سخت جڑوں کو کوٹ کر پانی اور گھی شکر ملا کر اکثر زچہ اور اس کے پاس آنے والی زائرات کو پلائی جاتی ہے (د)
المَغُوثَۃُ: مدد، امداد (ج) مغاوث۔

غَاجَ (ن) فی مشیتہ غَوْجًا: لنگڑا کر چلنا' جھک کر چلنا۔
تَغَوَّجَ فی مشیتہ بمعنی غاجَ۔
الغَوْجُ من الرِّجال: نیند کی وجہ سے ست و ڈھیلا (ج) غُوج۔
— من الأفراس: جھک کر آنے جانے والے۔
یقال: فرس غَوْج اللَّبان: چوڑے سینہ والا۔
غَارَ (ن) الماءُ غَوْرًا وغُؤُورًا: پانی کا زمین میں اترنا' گہرائی میں پہنچنا۔
—عینُہ: آنکھ کا سر میں دھنس جانا۔
—الشیئُ فی الشیئِ: داخل ہوجانا' گھس جانا۔
یقال: غُرتَ فی غَیْرِ مَغَارٍ: تم نے غلط راہ اختیار کی۔
—الشمسُ ونحوُھا: غائب ہوجانا۔
—فی الأمر: غور کرنا۔
—اللہُ القومَ بخیر غِیَارًا: اللہ کا بارش' شادابی اور نفع دینا۔
یقال: اللھم غُرْنَا منك بغیث أو بخیر: اے اللہ بارش اور شادابی سے ہماری مدد فرما!
أَغَارَ فلانٌ: نشیبی زمین میں آنا۔
(۲) چلنے میں جلدی کرنا۔
(۳) طاقت کے ساتھ تیز دوڑنا۔
—فی الارض: جانا۔
—القومَ وبھم والیھم: مدد کرنے کے لئے لوگوں کے پاس آنا۔
— علیھم: گھوڑوں سے چڑھائی کرنا' دھاوا بولنا۔
—الحَبْلَ: رسی کو خوب بٹنا۔
ھو مُغِیْرٌ والمفعول مُغَار۔
غَاوَرَ القومُ مُغَاوَرَۃً وغِوارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
غَوَّرَ الماءُ: زمین کی گہرائی میں چلے جانا۔
—فلانٌ: نشیبی علاقے میں آنا۔

—عینُہ: آنکھ دھنسنا۔
—الشمسُ ونحوھما: غروب ہونا۔
—النھارُ: دن ڈھلنا' سورج ڈھلنا۔
تَغَاوَرَ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَغَارَ فلانٌ: موٹا ہونا' چربی چڑھنا۔
—القَرْحَۃُ: زخم پر ورم ہونا۔
—علیھم: حملہ کرنا۔
الغَائِرَۃُ: نصف النہار۔
الغَارُ: ہر نشیبی جگہ۔
(۲) پہاڑوں میں تراش کر بنایا ہوا گھر۔
(۳) دونوں جبڑوں کے درمیان گڑھا۔
(۴) لشکر یا لوگوں کا بڑا مجمع۔
یقال: التقی الغاران: دونوں لشکر باہم ٹکرا گئے۔
(۷) شام کے ساحل کے نشیبی علاقوں اور ساحلی پہاڑوں میں اگنے والا پودا جو ہمیشہ سرسبز رہنے کی وجہ سے تزیین کے لئے لگایا جاتا ہے اہل روم اس کا تاج بنا کر فاتح قائدین اور بلیغ خوش نما شعراء کے سروں پر بطور عزت افزائی لگایا کرتے تھے (ج) غیران۔
الغارانِ: خانہ چشم کی دو ہڈیاں جن میں آنکھیں لگی ہوتی ہیں۔
الغاران: شکم وفرج۔
یقال: المرء یسعی لغارَیہ: آدمی دو چیزوں پیٹ اور فرج کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے۔
الغَارَۃُ: دشمن پر حملہ۔
(۲) حملہ آور گھوڑے۔
الغَورُ: پست جگہ۔
—من کل شیئٍ: گہرائی۔
یقال: سَبرَ غَورَہ: حقیقت و اصلیت سے واقف ہونا۔
(۲) پہاڑ میں تراشا ہوا چھوٹا سا گھر۔
(ج) غِیْران' وآغوار۔
یقال: فلانٌ بعیدُ الغور: چالاک وہوشیار۔
ماءٌ غور: گہرا پانی۔

غ

قرآن مجید میں ہے: {قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَاۗؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَاۗءٍ مَّعِیْنٍ}

المَغَارُ: پہاڑی غار۔

المُغَارُ: حملہ کی جگہ۔

المَغَارَةُ بمعنی **المَغَارُ**۔

المِغْوَارُ: من الرِّجال: بڑا جنگجو جو دشمن پر خوب حملے کرتا ہو۔

المُغِيْرِيَّةُ: ایک سبائی فرقہ جو مغیرہ بن سعید العجلی کی طرف منسوب ہے۔

غَازَهُ(ن) **غَوْزًا**: ارادہ کرنا۔

غَوْز المَادَّة: (کیمیائی طور پر): مادہ کو گیس میں تبدیل کرنا (مج)

الاَغْوَزُ: اہل خانہ اور اہل قرابت پر مہربان۔

الغَازُ: (دیکھئے: غاز)

الغَازُوْزَةُ: (دیکھئے: غازوزة)

غَاصَ (ن) **فی الماءِ غَوْصًا**: پانی میں اترنا نیچے کو۔

— **فی البحر علی اللؤلؤ**: موتی نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ لگانا۔

— **یقال: ما غاص غَوْصَةً الا اخرج دُرَّةً**

غَاصَ علی المعانی: معانی کی گہرائی تک پہنچ کر حقیقت جاننا۔

فلانٌ یَغُوْص علی حقائق العلم وما اَحْسَنَ غَوْصَه عَلَیْهَا: فلاں حقائق کی تہہ تک پہنچتا ہے اور وہ ان تک پہنچنے کا بڑا ماہر ہے۔ **هو غَائِصٌ** (ج) **غُوَّاص وغَاصة**۔

هی غَائِصَةٌ هو غَوَّاص ایضًا۔

غَوَّصَه فی الماء: ڈبونا۔

الغَوَّاص: مبالغہ در غائص۔ (۲) غوطہ خور۔

(۳) تدبیر معاش میں مہارت والا۔

الغَوَّاصَةُ: جنگی کشتی جو سمندر میں غوطہ خوری کے لئے تیار کی جاتی ہے اور اس کے اندر ٹھہرنے کے لئے اور اس کا کام تارپیڈ کے ذریعے دشمن کی کشتیاں بم سے اڑانا ہوتا ہے (محدثہ)

الغِیَاصَةُ: غوطہ خوری کا پیشہ۔

المُتَغَوِّصَةُ من النساء: وہ عورت جو حائضہ نہ ہو لیکن جماع سے بچنے کے لئے اپنے خاوند سے جھوٹ بولے کہ وہ حائضہ ہے۔

المَغَاصُ: غوطہ لگانے کی جگہ۔

منه مَغَاص اللُّؤْلُؤ: موتی نکالنے کی جگہ۔

المُغَوِّصَةُ من النساء بمعنی **المتغوصة**۔

غَاطَ (ن) **فی الشیئِ غَوْطًا**: داخل ہو کر چھپ جانا۔

یقال: غاط فی الوادی غاط فی الماء۔

یقال: هذا رملٌ تَغُوط فیه الاقدام: اس ریت میں پاؤں دھنس جاتے ہیں۔

— **الشیئ**: زمین میں اترنا۔

اَغَاطَ بِئْرَه: کنویں کو گہرا کرنا۔

غَوَّطَ البِئْرَ: کنواں کھود کر گہرا کرنا۔

تَغَاوَطَا فی الماء: باہم غوطہ لگانا۔

تَغَوَّطَ: پاخانہ کرنا۔

الغَائِطُ: کشادہ نشیبی زمین۔

یقال: ذهب الی الغائط وجاءَ منه: پاخانہ سے کنایہ کرتے ہوئے کہا جاتا ہے۔

قرآن مجید میں ہے: {اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗئِطِ} پاخانہ سے کنایہ کرتے ہوئے۔

(۲) پاخانہ (ج) **غُوطٌ وغِیاط**۔

الغَاطُ: جماعت۔

یقال: ما فی الغاط مثله۔

(۲) نشیبی کشادہ زمین (ج) **اَغْوَاط وغِیطان**۔

الغَوْطُ: نشیبی کشادہ جگہ اور یہ غائط کے مقابلہ میں زیادہ نشیبی جگہ کو کہتے ہیں۔

(ج) **اَغْواطٌ وغِیَاطٌ وغِیطان**۔

الغَوْطَةُ: نشیبی جگہ۔

الغُوْطَةُ: پانی اور نباتات سے بھری پڑی۔

منه: غُوْطَةُ دمشق۔

الغَوِیْطُ من الاشیاء: گہری **هی غَوِیْطَةٌ**۔

یقال: بِئرٌ غویطةٌ اِناءٌ غَوِیْطٌ۔

الغَیْطُ: کشادہ ہموار زمین۔

قرآن مجید میں یوں بھی پڑھا گیا ہے: {اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗیِطِ} اہل مصر اسے کھیت کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ (ج) **غِیطان**۔

اَلْغَاغَةُ: دیر پا خوبصورت خوشبودار پودا، جو آدھ میٹر بلند ہوتا ہے اور بحر متوسط کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ حوضوں اور نہروں کے کناروں پر۔ لوگ اسے **فُلَیَّة** (بوٹی کا نام) کا تیل نکالنے کے لئے استعمال کرتے ہیں (مج)

الغَوْغَاءُ: شور وغل۔

(۲) نچلے درجے کے لوگ (ان کے شور وغل اور چیخنے کی کثرت کی وجہ سے)

(۳) کسی کو بے خبری میں ہلاک کر دینا۔

یقال: غالته الخمرُ: جب شراب کے پینے کی وجہ سے عقل یا بدن کی صحت ختم ہو جائے۔

غالته الارض: زمین کا کسی کو ہلاک کر دینا۔

غالته الغُولُ: بے راہ ہو جانا۔

غَاوَلَ: چال وغیرہ میں جلدی کرنا۔

— **الاعداء**: دشمن کی طرف حملہ کرنے میں پہل کرنا۔

اِغْتَالَهُ: بے خبری میں پکڑ کر ہلاک کر ڈالنا۔

— **الخمر فلانًا** بمعنی **غَالَتْه**۔

تَغَوَّلَ الامرُ: معاملہ کا مشکل اور مشتبہ ہو جانا۔

— **المرأةُ**: عورت کا مختلف شکلیں اختیار کرنے میں جن بھوت کی طرح ہو جانا۔

— **الارضُ بفلان**: کسی کا زمین میں بھٹک کر ہلاک ہو جانا۔

— **الغِیْلانُ القَوْمَ**: جن بھوت کا لوگوں کو بھٹکا دینا۔

الغَائِلُ: غائلُ الحوض: حوض کا سوراخ جس سے پانی بہہ کر نکل جائے۔

الغَائِلَةُ: شر و فساد۔

(۲) مصیبت (ج) **غوائل**۔

الغَوْلُ: شراب سے پیدا ہونے والا سر درد یا نشہ۔

قرآن مجید میں ہے: {لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ

عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ}
(۲) بیابان کی دوری۔اس لئے کہ اس سے گزرنے والا بے خبری میں ہلاک ہوجاتا ہے۔
یقال: مَفَازَة ذات غُوْلٍ: دور افتادہ بیابان اگرچہ دیکھنے میں قریب ہو۔
(۳) مشقت۔
یقال: هَوَّنَ الله عليك غَوْلَ هٰذا الطَّريق: اللہ تمہارے لئے اس راہ کی مشقت کو آسان کردے۔
(۴) بہت زیادہ مٹی۔
الغُولُ: ہر وہ چیز جو انسان کو بے خبری میں آکر ہلاک کردے (ج) أَغْوَالٌ و غِيلَانٌ۔
(۲) غیلان کا مفرد: عربوں کے خیال کے مطابق یہ شیاطین کی ایک قسم ہیں۔ جو بیابانوں میں لوگوں کے سامنے مختلف شکلوں میں ظاہر ہوکر انہیں ہلاک کرڈالتے ہیں یا بے راہ کرچھوڑتے ہیں۔
(۳) ہر وہ چیز جو عقل کو ختم کردے۔
(۴) موت۔
(۵) مصیبت۔
یقال: غالَتْ فلانًا غُوْلٌ: فلاں کو ناگہانی مصیبت نے ہلاک کردیا۔
الغِيْلَةُ: قتل ناگہانی۔
یقال قَتَلَهٗ غِيْلَةً: اسے بے خبری میں مارڈالا۔
المَغَالَةُ: چھپا ہوا بغض، کینہ۔
(۲) بدی، شر۔
یقال: فلانٌ قليلُ المَغَالَةِ۔
المِغْوَلُ: کواڑ یا عصا جس کے اندر باریک نیزہ ہوتا ہے (ج) مَغَاوِلُ۔
غَوٰى (ض) غَيًّا وغَوَايَةً: سخت گمراہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى} هو غَاوٍ و غَوِيٌّ وغَيّان (ج) غُوَاةٌ و غاوون هي غَاوِيَةٌ (ج) غاويات۔
الرضيعُ: شیرخوار بچے کا زیادہ دودھ پینے سے پیٹ خراب ہوجانا۔
— الشيطانُ فلانًا: گمراہ کرنا۔ نامراد کرنا۔

أَغْوَاهُ: گمراہ کرنا، ورغلانا۔
قرآن مجید میں ہے: {رَبَّنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا}
غَوَّاهُ بمعنی أَغْوَاهُ۔
— اللَّبَنَ: دودھ کو جمانا، دہی بنانا۔
تَغَاوَى القومُ: برائی پر اکٹھا ہونا اور باہم تعاون کرنا۔
— على فلانٍ: کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرنا خواہ اسے ہلاک کریں یا نہ کریں۔
— الطَّيرُ على الشيءِ: پرندہ کا کسی چیز پر منڈلانا۔
إِسْتَغْوَاهُ بالأَمَانِيِّ الكاذبة: جھوٹی امیدیں دلا کر گمراہ کرنا۔
الأَغْوَاءُ: أغواء الظلام: تاریکی کا پردہ جو انسان کو چھپالے۔
الأُغْوِيَّةُ: بھیڑیے وغیرہ کے لئے کھودا جانے والا گڑھا جس میں بکری کا بچہ رکھا جاتا ہے، جب بھیڑیا اسے دیکھتا ہے تو اسے پکڑنے کی خاطر اس میں جاگرتا ہے جس پر اسے شکار کرلیا جاتا ہے (ج) أَغَاوِيُّ۔
الغَيَّةُ: یقال هو ولدُ غِيَّةٍ: ولد الزنا۔
كَمَا يقال: في نقيضه هو ولدُ رَشْدَةٍ: ثابت النسب لڑکا۔
المَغْوَاةُ من الارضِ: گمراہی کا مقام۔
(ج) مَغَاوٍ۔
المُغَوَّاةُ من الارض بمعنی المَغْوَاة۔
(۲) بمعنی الأُغْوِيَّةُ۔

غ............ی

غَابَ (ض) غَيْبًا وغَيْبَةً وغَيْبُوبَةً وغِيَابًا: پوشیدہ ہونا، غائب ہونا (خلاف شَهِدَ و حَضَرَ)
یقال: غَابَ فلان: دور ہونا۔
غاب فلانٌ عن بلاده: مسافر ہونا۔
غابت الشمسُ وغيرها: ڈوبنا، نظروں سے چھپنا۔

— الشيءُ في الشيءِ: کسی چیز میں چھپ جانا۔
یقال: غابَ عنه الأمرُ: معاملہ کا مخفی ہوجانا۔
— وَعْيُ فلانٍ أو حِسُّه غَيْبُوبَةً: بے ہوش ہونا۔
— فلانًا غِيْبَةً: کسی کے پیچھے اس کے ان عیوب کا ذکر کرنا جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کا تذکرہ ناپسند خیال کرتا ہو۔ هو غائبٌ (ج) غُيَّب غُيَّاب۔
أَغَابَ القومُ: غروب ہونے کی جگہ یا وقت میں داخل ہونا۔
— المرأةُ: عورت کے خاوند کا غائب ہونا۔
هي مُغِيْب ومُغِيْبَة۔
أَغْيَبَتِ المرأةُ: عورت کے خاوند کا اس سے غائب ہوجانا هي مُغْيِبٌ۔
غَايَبَه مُغَايَبَةً وغِيَابًا: کسی کی عدم موجودگی میں اس کے متعلق بات کہنا (خلاف: خاطب)
یقال أنا معكم لا اغايبكم۔
غَيَّبَه وعنه: دور کرنا، چھپانا۔
یقال: غَيَّبَه غَيَابُهٗ: قبر میں دفن کیا جانا۔
إِغْتَابَه: کسی کے پیچھے اس کے ان عیوب کو ذکر کرنا جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کے تذکرے کو ناپسند خیال کرتا ہو۔
تَغَيَّبَ: غائب ہونا۔
یقال: تغيب فلان: مسافر ہونا۔
(۲) دور ہونا، چھپنا۔
— عنه الامرُ: معاملہ کا مخفی ہونا۔
الغَابَةُ: گھنے اور کثیر درختوں والا جنگل (ج) غابٌ و غابات۔
الغابات الغارقة: (علمائے طبقات الارض کے ہاں) قدیم زمانے کے جنگلات جنہیں زمینی کٹاؤ کی بنا پر پانی نے ڈھانک لیا۔
الغَيَابُ: قبر۔
غَيَابُ الشجر: درخت کی جڑیں۔
الغَيَابَةُ: غَيَابَةُ كل شيءٍ: ہر چیز کی تہہ۔

كقعر الجُبّ: کنویں کی تہہ۔
قرآن میں ہے: {وَأَلْقُوهُ فِي غَيَابَةِ الْجُبِّ}
غَيَابَةُ الشجرِ: درخت کی جڑیں۔
(۲) ہر وہ چیز جو کسی دوسری چیز کو چھپا دے۔
يقال: وقعوا فی غيابة عن الارض: یعنی زمین کے زیریں حصہ میں۔
الغَيْبُ: غائب (خلاف: الشهادة)
(۲) ہر وہ چیز جو انسان سے پوشیدہ ہو خواہ دل میں موجود ہو یا نہ ہو۔
يقال: تَكَلَّمَ عن ظهر الغيب و سمعتُ صوتًا من وراءِ الغيب: یعنی ایسی جگہ سے جسے میں نہ دیکھ رہا تھا (ج) غُيُوبٌ۔
الغِيْبَةُ: اپنے بھائی کے ان عیوب کا تذکرہ کرنا اس کی غیر موجودگی میں جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کے ذکر کو ناپسندیدہ خیال کرتا ہو۔
الغَيَّبان: وہ نباتات جنہیں دھوپ نہ لگتی ہو۔
المَغِيْبُ: جائے غیب، زمانہ غیب۔ کمغیب الشمس: سورج کے ڈوبنے کا وقت یا جگہ۔
غَاثَ (ض) اللهُ البلادَ غَيْثًا وغِيَاثًا: بارش برسانا۔
أغاثَ اللهُ عبادَه: دعا قبول کرنا۔
— الداعيَ: پکارنے والے کی بات سننا۔
الغِيَاثُ (دیکھئے: غوث)
الغَيْثُ: بارش یا رحمت کی بارش مجازاً آسمان بادل اور گھاس پر بھی بولا جاتا ہے۔
(ج) غُيُوثٌ، وأغياث۔
الغَيْثَرَةُ: (دیکھئے: غیثر)
غَيِدَ (س) غَيَدًا: نرمی کی بناء پر ٹیڑھا ہونا اور جھکنا۔ هو أَغْيَدُ هي غَيْداءُ (ج) غِيْدٌ۔
تَغَايَدَ بمعنی غَيِدَ۔
الأَغْيَدُ من النبات: نرم و نازک اور لچکدار پودا۔
— من الناس: نیند کے زیر اثر خمیدہ گردن والا۔
(۲) اٹھلانے والا۔

الغَادَةُ: من الفتيات: نرم و نازک لڑکی۔
— من الأشجار: تروتازہ درخت۔
الغَيْدانُ من الشباب: آغاز جوانی۔
غَيْدَق: (دیکھئے: غدق)
الغَيْداقُ: (دیکھئے: غدق)
الغَيْدَقُ: (دیکھئے: غدق)
غَارَه (ض) غَيْرًا وغِيَارًا: نفع پہنچانا۔
يقال: غار الله القومَ بالخيرِ والرّزق و غارهم بالمطر۔
— الرجلُ اهلَه: بال بچوں کے لئے کھانے کا سامان لے جانا۔
غَارَ (س) الرجلُ على المرأة وهي عليه غَيْرَةً: آدمی کا مشتعل ہونا اس کے بیوی کا اپنے محاسن اور زینت کو غیر کے سامنے ظاہر کرنے کی وجہ سے یا اس کے کسی اور مرد کی طرف انصراف کی وجہ سے۔ اسی طرح عورت کا اپنے خاوند پر مشتعل ہونا
هُوَ غَيْرَان، هي غَيْرَى (ج) غُيَارَى۔
هُوَ وهي غَيُور (ج) غُيُر. هو غَيّار هي غَيّارة هو وهي مِغيار (ج) مغايير۔
أَغَارَ الرجُلُ زوجَه: دوسری شادی وغیرہ کر کے عورت کو غیرت دلانا۔
غَايَرَه مغايرةً وغيارًا: تبادلہ کرنا۔
يقال: غَايَرَه بالسِّلْعَةِ: سامان کا تبادلہ کرنا۔
(۲) مخالفت کرنا۔ (۳) برعکس ہونا (مو)
غَيَّرَ فلانٌ عن بعيره: اپنے اونٹ کا کجاوہ اتار کر درست کرنا۔
يقال: نَزِلَ القومُ يُغَيِّرون۔
— الشيءَ: کسی چیز کو بدلنا۔
يقال: غَيَّرتُ دابَّتي وغَيَّرتُ ثيابي
(۲) وصف وغیرہ بدلنا۔
يقول: غيّرت داري: جب آپ اپنے گھر کی بناء پہلے سے بدل ڈالیں۔
اغْتَارَ: فائدہ اٹھانا۔
(۲) کھانے کا سامان لانا يقال: خرج فلان يغتارُ لأهله۔

تَغَايَرَتِ الأشياءُ: مختلف ہونا۔
تَغَيَّرَ الشيءُ: لازم غیّره۔
الغِيَارُ: تبادلہ ہر چیز کا بدل۔
(۲) باہر سے لایا ہوا کھانے کا سامان۔
(۳) ذمیوں کا نشان، جیسے زنار، مجوسیوں کے لئے جسے وہ پیٹ اور کمر پر باندھتے ہیں۔
غَيْر: اسم بمعنی إلاّ۔
تقول: جاء القومُ غيرَ محمد: سوائے محمد کے سب آئے۔
اس صورت میں اس کا اعراب الا کے بعد والے اسم کا ہوگا۔ یہاں یہ منصوب بوجہ استثناء ہے اور یہ اسم ہوتا ہے بمعنی سوی۔
نحو: مررت بغيرك: میں تمہارے علاوہ کسی دوسرے کے پاس سے گزرا۔
هذا غيرُك: یہ تمہارے علاوہ ہے اور بمعنی لَيْسَ بھی ہوتا ہے۔
نحو: كلامُك غيرُ مفهوم: آپ کی بات ناقابل فہم ہے۔
یہاں عامل کے مطابق اس پر اعراب آئے گا اور یہ اسم ہوتا ہے بمعنی لا۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: {فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ}
گویا فرمان باری تعالیٰ ہے
فَمَنِ اضْطُرَّ جَائِعًا لَا بَاغِيًا وَلَا عَادِيًا نحو: (غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ) و (غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ)
ان سب میں حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔
بطور صفت، جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: {غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ}
یہاں موصوف کا اعراب ہے اور اس آیت میں (موصوف) مجرور ہے کیونکہ وہ الذین کی صفت ہے اور یہ لفظ لازم الا ضافة ہے اور کبھی بغیر اضافت کے بھی آتا ہے جبکہ اس کا معنی سمجھ میں آ رہا ہو اور اس سے پہلے "لَيس" یا لا ہو۔
جیسے قبضت عشرةً ليس غيرُ أو لا غير۔
يقال: جاء ببناتِ غيرٍ: اس نے جھوٹی

باتیں کیں۔
فعله غَيْرَ مَرَّةٍ: کئی مرتبہ یہ کام کیا۔
عندی غیرُ کتاب: میرے پاس ایک سے زائد کتابیں ہیں۔
الغَيْرُ: تبدیلی۔
(۲) (قانون میں) مقدمہ کا تیسرا فریق۔
الغِيَرُ: غِيَرُ الدهر: زمانے کے بدلتے احوال و حوادث۔
یقال: لا أرانی الله بك غِيَرًا: بعض حضرات کے نزدیک اس کا مفرد "غِيرة" ہے اور بعض کے نزدیک یہ خود مفرد ہے۔ (ج) أغيار۔
الغَيْرِيَّةُ: ہر چیز کا دوسری سے مختلف ہونا (مج)
(۲) اجنبیت (خلاف: الانانية) (مج)
المُتَغَايِرُ من المواد: وہ چیز جس کے اجزاء باہم مختلف ہوں (مج)
غَيِسَ (س) غَيَسًا: نرم ونازک ہونا۔
یقال: غَيِسَتِ المرأةُ وغَيِسَ الشَّعرُ هو أغْيَسُ هي غيساء (ج) غِيْسٌ۔
یقال: لِمَّةٌ غيساء: گھنی زلف۔
الغَيْسَانُ: جوانی کا جوبن، آغاز۔
یقال: فلانٌ يَتَقَلَّبُ فی غَيْسَان شبابه۔
الغَيْسَانِيُّ: خوبصورت گویا وہ حسن قامت اور اعتدال میں مثل نہیں ہے۔
غَاضَ (ض) الماءُ غَيْضًا ومَغَاضًا و مَغِيْضًا: پانی کا زمین میں اتر کر جذب ہوجانا۔
— الدِّرَّةُ: دودھ رک جانا اور کم ہوجانا۔
— ثمنُ السِّلعَةِ: سامان کی قیمت کم ہوجانا۔
— الكرامُ: شریف لوگوں کا چلے جانا، کم ہو جانا۔
یقال: غاضَ الكرامُ غَيْضًا وفاض اللِّئامُ فَيْضًا: شرفاء کا فقدان ہوگیا جبکہ رذیلوں کی بہتات ہوگئی۔
— اللهُ الثمنَ والماءَ: اللہ کا پانی یا قیمت کو کم کر دینا۔
یقال: غِيْضَ الماءُ: پانی زمین میں جذب ہو گیا۔ هو مَغِيْض۔
أغَاضَ الماءَ والثمنَ بمعنی غَاضَهُما۔
— دمعَه: آنسو روکنا اور کم کرنا۔
إنْغَاضَ الماءُ بمعنی غاض۔
الغَيْضُ: اسقاط شدہ نامکمل بچہ۔
(۲) جھاؤ وغیرہ کے گھنے درخت۔ (۳) کم۔
یقال: أعطاهُ غَيْضًا من فيض: اسے بہت میں سے تھوڑا دیا۔
الغِيْضُ: شگوفہ۔
الغَيْضَةُ: جھاڑی۔
(۲) گھنے اور بکثرت درختوں والی جگہ۔
(ج) غِيَاض، وأغْيَاض۔
المَغِيْضُ: پانی اترنے کی جگہ۔
غَاطَ (ض) فی الوادی غَيْطًا: وادی میں داخل ہونا۔
— فی الارض: چھپ جانا، غائب ہونا۔
غَايَطَ: یقال: بينهما مُغَايَطَةٌ: ان دونوں کا کلام مختلف ہے۔
الغَيْطُ: (دیکھئے: غوط)
غَاظَهُ (ض) غَيْظًا: بہت زیادہ غصہ دلانا۔
أغَاظَهُ بمعنی غَاظَهُ۔
غَايَظَه بمعنی غَاظَهُ۔
— صَاحِبَهُ فی العمل: شریک کار سے کام میں مقابلہ کرنا اور اس جیسا کام کرنا۔
غَيَّظَهُ بمعنی غَاظَهُ۔
إغْتَاظَ لازم غَاظَهُ۔
یقال: إغْتَاظَ علی صاحبه، واغتاظ من كذا و اغتاظ من لا شيء: اسے اپنے ساتھی پر غصہ آیا، فلاں بات پر غصہ آیا، خواہ مخواہ غصہ کیا۔
تَغَيَّظَ: لازم غَيَّظَهُ۔
یقال: غَيَّظَهُ فَتَغَيَّظَ۔
(۲) غصہ کا اظہار کرنا۔
— النارُ: آگ بھڑکنے کی آواز آنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿إِذَا رَأَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا﴾
— الهاجرة: دوپہر کا سخت گرم ہونا۔
الغَيْظُ: کسی ناپسندیدہ چیز سے انسان کو لاحق ہونے والی تبدیلی، غصہ وغیرہ۔
غَافَتِ (ض) الشجرةُ غَيَفَانًا: دائیں بائیں شاخوں کا جھومنا۔
غَيِفَ (س) الشجرُ غَيَفًا بمعنی غَافَ۔
— الانسانُ: ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑنا اور بغیر اونگھ کے گردن جھک جانا هو أغيفُ، هي غيفاء (ج) غِيْفٌ۔
أغَافَ الشجرةَ: جھکانا۔
غَيَّفَ: بزدلی سے بھاگنا۔
یقال حمل فلان فی الحرب فَغَيَّفَ۔
— عن الامر: رک جانا، پیچھے ہٹ جانا۔
تَغَيَّفَ الشجرُ بمعنی غَافَ۔
یقال: تَغَيَّفَ الرجلُ، و تَغَيَّفَ الفرسُ۔
— عن الامر: رک جانا، پیچھے ہٹ جانا۔
الغَافُ: فصیلہ قرنیہ کا ایک درخت جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے، بلاد عرب، افغانستان، ایران اور ہندوستان میں پایا جاتا ہے (مج)
غَيَّقَ فلانٌ فی رأيه: فیصلہ پر قائم نہ رہنا۔
۔ مالَه: خراب کرنا۔
— الشيءُ بصرَه: نگاہ کو پھیر دینا۔
تَغَيَّقَ بصرُه: نگاہ پر تاریکی چھا کر اندھیرا کر دینا۔ مصر اور سوڈان میں اسے عَفَق کہتے ہیں۔
یقال: تَغَيَّقَتْ عَيْنُه۔
غَاقِ: کوے کی آواز۔
الغَاقُ: سیاہ آبی پرندہ، مچھلی کا شکار کر کے اسے مردہ کھاتا ہے۔
الغَاقَةُ بمعنی الغاق۔
غَالَتِ (ض) المرأةُ ولدَها غَيْلاً: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
— الشيءَ غِيَالًا وغِيَالَةً وغُؤولاً: چرانا۔
— فلانًا كذا و كذا: کسی کو کسی چیز کی وجہ سے آفت آنا۔
أغَالَتِ المرأةُ ولدَها: زمانہ حمل میں دودھ

پلانا۔ھی مُغِیْلٌ ھو مُغَالٌ۔
—الغنمُ: ایک سال میں دومرتبہ بچے جننا۔
—الشجرُ: درخت کا بڑا ہوکر گھنا ہونا اور سایہ دار ہونا۔
— الرَّجُلُ: اپنی عورت سے جماع کرنا جبکہ وہ اپنے بچہ کودودھ پلا رہی ہو۔
اَغْیَلَتِ المرأۃُ ولدَھا بمعنی غالتہ۔ ھی مُغْیِلٌ،ھو مُغْیَلٌ۔
غَیَّلَ: وادی میں داخل ہونا۔
اغتالَ الغُلامُ: موٹا تازہ ہونا۔
یقال: اغتال الساعدُ: بازو کا موٹا ہونا۔
— الرجلُ ولدَہ: بچہ کی شیرخواری کے دوران اس کی ماں سے جماع کرنا۔
تَغَیَّلَ القومُ: دولت مند ہونا۔
(۲) کثیر تعداد والا ہونا۔
—الشجرُ: گھنا اور وسیع سایہ دار ہونا۔
—الأسدُ الشجرَ: درختوں میں گھس کر اپنا گھر بنالینا ھو مُتَغَیِّلٌ۔
الأغْیَلُ: شاندار اور بھرے ہوئے جسم والا۔
الغَیْلُ: زمانہ حمل میں بچہ کو پلایا جانے والا ماں کا دودھ۔
(۲) سطح زمین پر جاری پانی۔
—من الغِلمان: شاندار اور موٹا تازہ لڑکا۔
— من الارضِ: قریب دکھائی دینے والی دور زمین۔
(۳) گھنا اور گنجان درخت (ج) اَغْیَالٌ وغُیُولٌ۔
الغِیْلُ: وہ وادی جس میں پانی ہو۔
(۲) شیر کا مسکن۔ (۳) گھنے اور گنجان درخت جن میں چھپا جاسکے (ج) غُیُوْلٌ واَغْیَالٌ۔
غَیْلَانُ: امّ غیلان: کیکر کا درخت اور یہ فصیلہ قرنیہ سے ببول کے درخت کی ایک قسم ہے۔اسے طَلْح بھی کہتے ہیں۔
الغَیْلَۃُ: شاندار اور موٹی تازی عورت۔
الغِیلَۃُ: یقال: اَضَرَّتِ الغِیْلَۃُ بولدِ

فلان: دوران حمل دودھ پلانے کا عمل یا دودھ پلانے کے دوران بچہ جننا۔
(۲) دھوکہ (دیکھئے غول)
الغَیْلَمُ: (دیکھئے: غلم)
غَامَتِ (ض) السماءُ غَیْمًا: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
یقال: غَامَ الیومُ۔
— فلانٌ الی الماءِ غَیْمًا و غَیَمَانًا: سخت پیاس لگنا ھو غَیْمَانُ ھی غَیْمٰی۔
اَغَامَتِ السماءُ بمعنی غامت۔
—القومُ: بادل میں ہونا۔
اَغْیَمَتِ السماءُ بمعنی غامت۔
—القومُ: سخت پیاس لگنا۔
(۲) بادل میں ہونا۔
غَیَّمَتِ السماءُ بمعنی غامت۔
تَغَیَّمَتِ السماءُ بمعنی غامت۔
الغَیْمُ: بادل (ج) غُیومٌ وغیامٌ۔
یقال: شجرٌ غَیِّمٌ: گھنے درخت جن میں چلنے کا راستہ نہ ہو۔
الغَیْمَۃُ: بادلوں کا ایک ٹکڑا۔
(۲) سخت پیاس۔
الغَیُوْمُ۔ یقال: یومٌ غَیُوْمٌ: ابر والا دن۔
المَغْیُوْمُ۔ یقال: یومٌ مَغْیُوْمٌ: بہت ابر والا دن۔
غَانَتِ (ض) السماءُ غَیْنًا: ابر آلود ہونا۔
(۲) بارش برسانا۔
—النفسُ: جی متلانا۔
غِیْنَ علی الرجلِ: بھول اور غفلت طاری ہونا۔
—بفلان: بے ہوشی طاری ہونا۔
—بہ: قرض کا کسی کو گھیر لینا۔
—علی قلبہ: خواہش نفس کا سوار ہونا۔
غَیِنَتِ (س) الشجرۃُ غَیَنًا: درخت کا گھنی شاخوں اور نرم پتوں والا ہونا۔
الوادی اَغْیَنُ والشجرۃُ غَیْنَاءُ (ج) غِیْنٌ۔

اُغْیِنَ علی قلبہ بمعنی غِیْنَ علی قلبہ۔
—بالرّجلِ: بے ہوشی طاری ہونا۔
—بہ: قرض کا کسی کو گھیر لینا۔
الغَانَۃُ: تانت کے سرے کا حلقہ۔
الغَیْنُ: بادل (لغۃ فی الغیم)
(۲) گھنا اور گنجان درخت۔
الغَیْنَۃُ: پہاڑ یا ہموار زمین میں لگے ہوئے درخت جن کے پاس پانی نہ ہو۔
الغَیْہَبُ: (دیکھئے غھب)
اَغْیَا الرجلُ: انتہائی شریف و باعزت ہونا۔
یقال: اَغْیَا الامرُ: تکمیل کو پہنچنا۔
اَغْیَا الفرسُ فی سباقہ: دوڑ کی حد کو پہنچنا۔
—علیہ السحابُ: بادل کا کسی پر سایہ کرنا۔
—الغَایَۃَ: حد کا نشان مقرر کرنا۔
غَایَا فلانٌ فلانًا: کسی مقصد میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔
غَیَّا الغَایَۃَ: حد کا نشان مقرر کرنا۔
—فلانًا: کسی کے لئے مقصد متعین کرنا۔
—الشیءَ: کسی چیز کی انتہا مقرر کرنا۔ھو مُغَیًّا۔
تَغَایَا: یقال: تَغَایَوْا علیہ حتی قتلوہ: وہ اس کے خلاف اسے قتل کرنے تک باہم تعاون کرتے اور اکٹھے رہے۔
الغَایَۃُ: انتہا۔
غایۃ کل شیءٍ: ہر چیز کی انتہا، حد۔
(۲) جھنڈا۔ (ج) غایٌ وغایاتٌ۔
یقال: غایتك ان تفعل کذا: تمہارے اندر صرف اتنا ہی کرنے کی طاقت ہے۔
غایۃ الامر: کسی کام سے مقصود فائدہ۔
یقال: فلان بعید الغایۃ: پختہ رائے رکھنے والا۔
الغَیَایَۃُ: ہر وہ چیز جو انسان کے سر کے اوپر سایہ فگن ہو۔ جیسے بادل گرد یا درخت وغیرہ کا سایہ۔
(الغِیَّۃُ): (دیکھئے: غوی)

(۸۰)

ف

الفاءُ: حروف ہجائیہ کا بیسواں حرف جو کہ مہموسہ اور رخوہ میں سے ہے اور اس کا مخرج ثنایا علیا کے اطراف اور اوپر کے ہونٹ کے مابین ہے۔

فاء حرف مہمل ہے اس کا کوئی عمل نہیں۔ مختلف طریقوں سے یہ آتا ہے۔

عاطفه اور یہ تین چیزوں کا فائدہ دیتا ہے۔

(۱) **الترتیب:** پھر ترتیب کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) ترتیب فی المعنیٰ بایں طور کہ معطوف کا معطوف علیہ کے ساتھ بغیر کسی وقفہ کے متصلاً لاحق ہونا جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

{خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ}

(۲) ترتیب فی الذکر یعنی مفصل کا عطف مجمل پر۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ:

{وَنَادٰى نُوحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِىْ مِنْ اَهْلِىْ} الآية.

(۳) **التعقيب:** اور یہ ہر چیز میں اس کی مناسبت سے ہوتی ہے۔ جیسے: تَزَوَّجَ زيد فَوُلِدَ له. اور بمعنی ثُمَّ بھی ہوتا ہے۔

جیسے ارشاد باری تعالیٰ:

{ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا}

بمعنی واؤ جیسے امرئ القیس کا قول:

بِسِقْطِ اللِّوٰى بين الدَّخول فَحَوْمَلِ (ج)

السببية اور یہ عام طور پر عاطفہ میں ہوتا ہے خواہ بطور جملہ ہو یا بطور صفت۔

اوّل کی مثال (جملہ عاطفہ) جیسے:

{فَوَكَزَهٗ مُوسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ}

اور اس کے بعد فعل مضارع منصوب ہوتا ہے جب نفی محض یا طلب محض کے بعد واقع ہو۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

{لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا}

دوسرے کی مثال (عطف صفت) جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: {ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ}۔

(۲) فاء جملہ شرط میں بھی واقع ہوتی ہے۔ جب شرط اور جواب شرط ادات شرط کی بنا پر مستقبل کے معنی میں ہوں جب جواب شرط واقع پر دلالت کرتا ہو تو فاء کا لانا ضروری ہے۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:-

{وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ}

اور اسی طرح جب حرف شرط کی تاثیر کے بغیر اس کی دلالت مستقبل پر ہو۔

جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

{وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ}

اور ارشاد باری تعالیٰ:

{مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ}

اور ارشاد عزوجل ہے:

{وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ}

ارشاد خداوندی ہے:

{اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ}

۳: فازائدہ جو اور کلام میں تاکید پر دلالت کرتی ہو۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

{قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ}

قولك: كل رجل يدخل الدّار أو في الدار فله درهم.

قرآن مجید میں ہے: {وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ}

فنحو وأنت فرعاك الله.

اَلْفَالُوْذُ: (دیکھئے: فلذ)

ف .... آ

اِفْتَأَتَ بِرَأْيِهِ و بِاَمْرِهِ اِفْتِئَاتًا: اپنی ہی رائے پر چلنا، منفرد ہونا۔

يقال: افْتَأَتَ عليهم برأيه.

— عليه القول: کسی کے خلاف بات گھڑنا، تخفیف ہمزہ کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے۔

افتات افتياتا.

فَأَدَهٗ (ف) فَأْدًا: دل پر چوٹ لگنا۔

يقال: فادہ الداءُ، وفأده الخوف.

— الخُبْزَ أو اللَّحْمَ: گرم راکھ میں پکانا۔

فَئِدَ (س) فَأَدًا: دل کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

فُئِدَ: دل کا مریض ہونا، دل پر چوٹ لگنا۔

هو مَفْئُوْدٌ.

اِفْتَأَدَ القومُ: گوشت بھوننے کے لئے آگ جلانا۔

— الخُبْزَ واللحمَ بمعنی فَأَدَهُمَا۔

تَفَأَّدَتِ النارُ: آگ جلنا، بھڑکنا۔

الفُؤَادُ: دل۔

قرآن مجید میں ہے:

{مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى}

يقال: هو فارِغُ الفُؤَادِ: بے غم وحزن وملال یا بدحال۔

بعض مفسرین نے اس آیت میں یہی معنی لئے ہیں۔ وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَىٰ فَارِغًا (ج) أَفْئِدَةٌ۔

الفَئِيْدُ: آگ پر بھنا اور پکایا ہوا۔

(۲) آگ (۳) بزدل۔

المِفْأَدُ والمِفْأَدُ والمِفْأَدَةُ: آگ پر بھوننے کی سیخ۔

(۲) تنور میں آگ کریدنے کی چھڑی۔

(ج) مَفَائِيد ومفائد۔

فَأَرَ (ف) فلانٌ فَأْرًا: چوہے کی طرح مٹی کھودنا۔

ـــ الشيءَ: دفن کرنا، چھپانا۔

فَئِرَ (س) المكانُ فَأَرًا: بہت چوہے ہونا۔

ـــ الطعامُ أو الشرابُ: کھانے یا پینے کی چیز میں چوہا گر جانا۔ ھو فَئِرٌ۔

اَلْفَأْرُ: (چوہا) فصیله فأرية کی طرف منسوب ایک کاٹنے والا جانور۔ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے: فار۔

(ج) فِئْرَان وفیران وفِئَرَةٌ۔

فأرُ الظهر: کمر کا گوشت۔

گھر میں چوہوں کی قلت کو فقر سے کنایہ کیا جاتا ہے۔

اَلْفَأْرَةُ: ایک چوہا۔

قيل: الفأر: مذکر اور الفأرة مؤنث پر بولا جاتا ہے۔

فأرُ المِسْكِ: مشک کا نافہ۔

(۲) بڑھئی کا لکڑی چھیلنے کا اوزار (محدثہ)

الفُؤَارَةُ: میٹھی اور کھجور کا پکا ہوا مشروب جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔

المَفْأَرُ من الأَمْكِنَةِ: بہت چوہوں والی جگہ۔

فَأَسَ (ف) الخشبةَ فَأْسًا: کلہاڑی سے لکڑی چیرنا۔

يقال: فَأَسَ فلانًا: کلہاڑی مارنا۔

(۲) سر کے پچھلے حصے پر چوٹ مارنا۔

الفَأْسُ: ایک آلہ جس کا لکڑی کا دستہ ہوتا ہے اور اس کا پھل چوڑے لوہے کا ہوتا ہے اس سے چیرا جاتا ہے۔ (کدال، بیلچہ، کلہاڑی) (مؤنث)

فَأْسُ اللِّجَامِ: گھوڑے کے منہ میں لگام کا لوہا۔

فأس الفم: منہ کا وہ کنارہ جس میں دانت ہوتے ہیں۔

فأس الرأس: گدی کے اوپر سر کا پچھلا اوپر کا حصہ۔ (ج) أَفْؤُسٌ، فُؤُوس۔

فَأْفَأَ: کلام میں حرف فاء کو زیادہ بولنا ھو فَأْفَأٌ وفَأْفَاءٌ۔

فَاقَ (ف) فُؤَاقًا: ہچکی آنا۔

فَئِقَ (س) فَأَقًا: ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ میں درد ہونا۔ ھو فَئِقٌ۔

تَفَأَّقَ الشيءُ: فراخ وکشادہ ہونا۔

الفَائِقُ: ریڑھ کی ہڈی کے پہلے مہرے کو پچھلی ہڈی سے ملانے والا حصہ۔

اَلْفَأَقُ: ریڑھ کی ہدی کے جوڑ میں ہونے والی درد۔

الفُؤَاقُ ہچکی لغت فی الفواق (دیکھئے: فوق)

فَاءَلَه: کسی کے ساتھ فال نکالنے کا کھیل کرنا۔

فَأَّلَه بالشيء: کسی چیز سے نیک شگون لینے کو کہنا۔

إِفْتَأَلَ بالشيء: پرامید ہونا۔

تَفَاءَلَ به بمعنی إِفْتَأَلَ۔

تَفَأَّلَ به: لازم فَأَّلَه۔

اَلْفَأْلُ: قول یا فعل جس سے اچھے نتیجے کی امید ہو۔ ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے: الفال۔

کبھی ناپسندیدہ چیز میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

يقال: لَا فَأْلَ عليك: تجھے کوئی نقصان نہ پہنچے (ج) أَفْؤُلٌ وفُؤُولٌ۔

الفِئَالُ: بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک فریق مٹی میں کوئی چیز چھپا کر مٹی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے دوسرے فریق سے پوچھتا ہے کہ وہ چیز کس ڈھیری میں ہے۔

المُفَائِلُ: فِئَال کھیلنے والا۔

فَأَمَ (ف) من الماء فَأْمًا: سیراب ہونا۔

ـــ فی الماء: پانی کی جگہ منہ لگا کر پینا۔

ـــ الحيوانُ: گھاس سے منہ بھرنا۔

أَفْأَمَ السَّرْجَ أو الدَّلْوَ نحوهما: پھیلانا، بڑھانا، بڑا کرنا۔

فَأَّمَ الرَّجْلَ: پالان کو بڑھانا۔

ـــ السَّرْجَ أو الدَّلْوَ ونحوهما بمعنی افأمه۔

الفِئَامُ: ہودج میں بچھایا جانے والا کپڑا۔

(۲) لوگوں کی جماعت (ج) فُؤُم۔

الفُؤْمة: ٹکڑا (ج) فُؤَم۔

يقال: قَطَّعُوهُ فُؤَمًا: اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

فَأَى (ف) رأسه فَأْوًا وفَأْيًا: سر پھاڑنا۔

إِنْفَأَءَ الشيءُ: پھٹنا، دراڑ پڑنا۔

الفَأْوُ: دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔

الفِئَةُ: گروہ۔

قرآن مجید میں ہے:

{كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ} (ج) فِئَاتٌ وفِئُونَ۔

فَتِئَ (س) فَتْأً: يقال: مَا فَتِئَ يَفْعَلُ كذا: وہ مسلسل یوں کرتا رہا۔

قرآن مجید میں ہے:

{قَالُوا تَاللَّهِ تَفْتَؤُ تَذْكُرُ يُوسُفَ}

یعنی برابر ان کا ذکر کرتے رہو گے۔

اس آیت میں قسم کے بعد اور فعل مضارع سے پہلے نفی اگرچہ مذکور نہیں لیکن ملحوظ ضرور ہے۔

ف .... ت

فَتَّهُ (ن) فَتًّا: توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا۔

ھو فَاتٌّ والمفعول: مَفْتُوتٌ وفَتِيتٌ و فَتُوتٌ۔

يقال: فَتَّ فی عَضُدِهِ: طاقت ختم کرنا کمزور کرنا۔

فَتَّتَ الشيءَ: مبالغہ در فَتَّ۔

اِنْفَتَّ: لازم فَتَّه۔

تَفَتَّتَ الشيءُ: ٹوٹنا، ٹکڑے ہونا۔

الفُتَاتُ من الشيءِ: چورا، ریزہ، برادہ۔

الفَتُّ: چٹان کا شگاف۔

(۲) شوربے وغیرہ میں خوب ڈوبا ہوا روٹی کا ٹکڑا (مو) جسے ثرید کہتے ہیں۔ (ج) فتوت۔

الفَتَّةُ والفِتَّةُ: کھجوروں کا ڈھیر۔

(۲) ثرید (مو)
اَلْفَتُوت بمعنی المفتوت۔
الفَتِيْتُ بمعنی الفَتُوتُ (۲) گر کر ریزہ ریزہ ہو جانے والی چیز۔
الفَتِيْتَةُ: ریزہ، روٹی وغیرہ کا ٹکڑا۔ (ج) فَتَائِتُ۔
فَتَحَ (ف) بين الخَصْمَيْنِ فَتْحًا: فریقین کا فیصلہ کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ}
ـــ عليه: رہنمائی کرنا، راہ دکھلانا۔
یقال: فَتَحَ على القارئ: بھولی ہوئی چیز کو پڑھ کر بتلانا۔
(۲) کسی کے لئے خیر کی راہیں ہموار کرنا۔
ـــ المُغْلَقَ: بند چیز کو کھولنا۔
یقال: فَتَحَ البابَ والصندوقَ والقُفْلَ۔
یقال: فتح الكتابَ: کتاب کے موڑ یا سلوٹ کو کھولنا۔
فتح الطريقَ: راستہ بنانا اور گزرنے کی اجازت دینا۔
فتح الجلسة: میٹنگ کا آغاز کرنا۔
فتح في الميزانية اعتمادًا: بجٹ میں کسی کام پر خرچ کرنے کے لئے رقم مقرر کرنا (یہ تینوں معنی مولد ہیں)
فَتَحَ لفلان قلبه: کسی پر اعتماد کرنا، راز دار بنانا۔
ـــ البلدَ: قبضہ کرنا۔
ـــ الله قلبه للأمرِ: کسی کام کے لئے شرح صدر کرنا۔
فَاتَحَه في الأمرِ: کسی معاملہ میں کسی بات کا آغاز کرنا۔ (۲) کسی کے پاس مقدمہ لے جانا۔
ـــ فلانًا: کسی سے بھاؤ کر کے کچھ نہ دینا۔
فَتَّحَ الأبوابَ: دروازے بالکل کھول دینا۔ مبالغہ در فتح۔
اِفْتَتَحَ البابَ ونحوه: کھولنا۔
ـــ العَمَلَ: کام کا آغاز کرنا۔

ـــ منه قولهم: افتتح دورة المجمع أو المجلس: مجلس یا علمی ادارے کے اجلاس کا افتتاح کرنا۔
یقال: اِفْتَتَحَ الكلامَ باسمِ الله: اللہ کے نام سے شروع کرنا۔
اِنْفَتَحَ البابُ: لازم فَتَحَهُ: کھلنا۔
ـــ الشيءُ عن الشيءِ: ہٹنا، زائل ہونا۔
تَفَاتَحَا كلامًا بينهما: آپس میں دو آدمیوں کے چپکے چپکے بات کرنا۔
تَفَتَّحَ: لازم فَتَّحَ۔
ـــ الأَكْمَامُ عن النَّوْرِ: کلیوں کا کھلنا۔
ـــ اللَّوْزَةُ عن القطنِ: روئی سے شگوفہ کا نمودار ہونا۔
ـــ في الكلامِ: بات کو پھیلانا۔
(۲) شیخی بھگارنا، فخر کرنا۔
اِسْتَفْتَحَ البابَ بمعنی فَتَحَهُ۔ (۲) کھلوانا۔
ـــ فلانًا: مدد مانگنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ}
یقال: اِسْتَفْتَحَ فلانٌ عليَّ بفلانٍ: فلاں نے میرے خلاف فلاں سے مدد طلب کی۔
الفاتحة من الكتاب الكريم: سورت الحمد۔
فاتحةُ كل شيءٍ: ابتداء، آغاز (ج) فَوَاتِحُ۔
الفِتَاحُ: مقدمات کا فیصلہ۔
الفُتَاحَةُ: مدد۔
الفَتَّاحُ: باری تعالیٰ کا نام۔ اس لئے کہ باری تعالیٰ رزق اور رحمت کے دروازے اپنے بندوں کے لئے کھول دیتے ہیں اور لوگوں کے درمیان فیصلہ کرتے ہیں۔
(۲) سیاہ پرندہ جو اپنی دم کو بہت حرکت دیتا ہے۔ اس کی دم کے نیچے والا حصہ سفید ہوتا ہے (ج) فَتَاتِيحُ۔
الفَتَّاحَةُ: ڈبے وغیرہ کھولنے کا آلہ۔ (مج)
الفَتْحُ: عند اهل العربية: ایسی حرکت جس سے منہ کھل جاتا ہے۔ حرکات کا ایک نام ہے۔
الفُتُحُ: کشادہ، کھلا ہوا۔

یقال: بابٌ فُتُحٌ: بند نہ ہونے والا دروازہ۔
قارورةٌ فُتُحٌ: بغیر ڈاٹ کے بڑے منہ والی بوتل۔
الفَتْحَةُ في الاعراب: نصب کی اصل علامت (زبر)
الفُتْحَةُ: ادب یا مال جس پر فکر کیا جائے۔ (۲) کشادگی (ج) فُتَحٌ۔
المِفْتَاحُ: (چابی کھولنے کا آلہ) (ج) مَفَاتِيحُ ومَفَاتِحُ۔
قرآن مجید میں ہے:
{وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ}
المِفْتَحُ بمعنی المِفْتَاحُ۔
(۲) پانی کی نالی یا چھوٹی نہر (ج) مَفَاتِحُ۔
فَتَخَهُ (ف) فَتْخًا: نرم کر کے موڑنا۔
یقال: فَتَخَ أصابعَ رجلِه في جلوسه: انگلیوں کو پیر کے اوپر کے حصے کی طرف موڑنا۔
حدیث میں ہے: (انَّهُ ﷺ كَانَ اِذَا سَجَدَ جافى عضدَيه عن جنبيه و فَتَخَ أصابعَ رِجْلَيه)
فَتِخَ (س) فَتَخًا: ڈھیلا ہونا، مڑنا۔
ـــ الكفُّ والقدمُ: ہتھیلی اور پیر کا نرم ہو کر پھیلنا، دراز ہونا۔
یقال: فَتِخَ الرجلُ: ہاتھ پیر کا پھیلا ہوا ہونا۔
ـــ الرِّجْلَانِ: ٹانگوں کا کم گوشت اور لمبی ہڈیوں والی ہونا۔
یقال: فتِخ الرَّجُلُ وفَتِخَ الاسدُ و نحوه، هو أَفْتَخُ هي فَتْخَاءُ (ج) فُتْخٌ۔
یقال: هو أَفْتَخُ الطَّرْفِ: خمار آلود چشم۔
اَفْتَخَ: سست و ڈھیلا ہونا، سانس پھولنا۔
فَتَّخَ أصابعهُ بمعنی فَتَخَهَا۔
تَفَتَّخَ: انگلی میں چھلا پہننا۔
اَلْفَتَخُ: ہاتھ اور شانہ کے درمیان کا اندرونی حصہ۔
(۲) نہ بجنے والا پاؤں کا زیور (پازیب وغیرہ) (ج) فُتُوخٌ۔
الفَتْخَاءُ: اونٹنی جس کی پشت پیٹ کی جانب اٹھی ہوئی ہو۔

(۲) نرم بازوؤں والا عقاب۔
(۳) نرم لکڑی جس پر بیٹھا جاتا ہے عموماً اس کا استعمال شہد نکالنے کے لئے ہوتا ہے۔
الفَتَخَةُ: سونے یا چاندی کا چھلا جس کا نگینہ نہیں ہوتا ہے جو کہ بِنْصَر (چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی) میں پہنا جاتا ہے۔ انگوٹھی کی مانند (ج) **فَتَخٌ وَفُتُوخٌ**۔
فَتَرَ (ن) فُتُوْرًا: سختی کے بعد نرم ہو جانا یا چستی کے بعد سست پڑ جانا۔
قرآن مجید میں ہے: {**يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ**}
یقال: فترت المفاصل: جوڑوں کا ڈھیلا ہونا۔
فتر الماءُ الساخنُ: گرم پانی کا ٹھنڈا ہونا۔
فَتَرَ البردُ: سردی کا کم ہو جانا۔
فَتَرَ الطَّرْفُ: نگاہ کا سست پڑ جانا۔
فَتَرَ عن عملِهِ: کام میں کوتاہی کرنا۔
— إلى الشيءِ: کسی چیز سے مطمئن ہونا۔
حدیث میں ہے: (**مَنْ فَتَرَ إِلَىٰ سُنَّتِي فَقَدْ نَجَا**)
— الشيءَ فَتْرًا: اپنے فتر سے ناپنا۔
أَفْتَرَ: پلکوں کے کمزور ہونے کی وجہ سے شکستہ نگاہ والا ہونا۔
— الداءُ ونحوه وفلانًا: کمزور کرنا۔
فَتَّرَ بمعنی **فَتَرَ**۔
السحابُ: بادل کا ٹھہر کر برسنے کے لئے تیار ہونا۔
— الشيءَ الحارَّ أو المؤلم: گرم شے کو ہلکا کرنا یا تکلیف دہ چیز کی تکلیف کم کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {**إِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ**}
— العاملَ: کارکن سے کوتاہی کروانا۔
— الشرابُ الجسمَ: شراب کا جسم کو سست و ڈھیلا کر دینا۔
الفَاتِرُ: نیم گرم۔
یقال: طرف فاتر: خمار آلود نگاہ (مستحسن صفت)

الفُتَارُ: نشہ کی ابتدائی حالت۔
الفَتْرُ: کمزوری۔
الفِتْرُ: انگوٹھے اور انگشت شہادت کے سروں کو کھولنے کے وقت درمیان کا فاصلہ (ج) **أَفْتَارٌ**۔
الفُتْرُ: کھجور کے پتوں کی چٹائی جس ... جائے۔
الفَتْرَةُ: کمزوری، ڈھیلا پن۔
(۲) دو زمانوں یا دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ۔
قرآن مجید میں ہے: {**يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ**}
فترةُ الحُمّٰى: بخار کی دو باریوں کے درمیانی وقفہ۔
فترة الرَّخاءِ: اقتصادی خوشحالی کا دور جس میں صنعت کو فروغ ہو اور اجرتوں اور نرخوں میں تیزی ہو (مج)
فَتَشَ (ض) عن الشيءِ فَتْشًا: پوچھنا، تفتیش کرنا، ڈھونڈنا۔
یقال: فَتَشَ الشيءَ۔
فَتَّشَ الشيءَ وعنه بمعنی **فَتَشَه**۔
— الأمورَ والأعمالَ: جانچ پڑتال کرنا، کام کی کامیابی کے لئے اختیار کی گئی باریک بینی واہتمام کا جائزہ لینا۔
الفَتَّاشُ: بہت تفتیش کرنے والا لوگوں کے امور کی کھود کرید کرنے والا۔
المُفَتِّشُ: حکومتی وغیر حکومتی کاموں کا معائنہ کرنے والا افسر (محدثہ)
فَتَقَ (ن) الشيءَ فَتْقًا: چیرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {**أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا**}
یقال: فَتَقَ الثَّوْبَ: ادھیڑنا، دھاگے الگ الگ کرنا۔
— المِسْكَ: مشک کی خوشبو تیز کرنے والی چیز اس میں ملانا۔
— القُطْنَ ونحوه: روئی دھننا۔
— الكلامَ: بات کو پختہ اور واضح کرنا۔

فَتِقَ (س) فَتَقًا: موٹاپے سے بدن کا پھیلا ہوا ہونا۔ **هو فَتِقٌ**۔
(۲) شگاف پڑنا، پھٹن والا ہونا **هو أَفْتَقُ، هي فَتْقَاءُ**۔
أَفْتَقَ السَّحَابُ: بادل چھٹ جانا۔
— الشمسُ: آفتاب کا دو بادلوں میں سے ظاہر ہونا۔
— فلانٌ: ایسی خشک جگہ پہنچنا جس کے ارد گرد بارش ہوتی ہو۔
(۲) آفت و مصیبت کا مارا ہوا ہو یعنی فقر، بھوک، مرض اور قرض کی آفات کا۔
فَتَّقَ: مبالغہ در فتق۔
انْفَتَقَ: پھٹنا۔
تَفَتَّقَ: جگہ جگہ سے پھٹنا۔
— الماشِيَةُ: موٹا ہونا۔
— بالكلامِ: گفتگو میں زبان کا رواں ہونا۔
الفِتَاقُ: کھجور کی چھال کی سفید جڑ، چہرے کو اس سے صفائی کی وجہ سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
(۲) گندھے ہوئے آٹے میں ملایا جانے والا خمیر کا پیڑا۔
(۳) بادلوں کے درمیان سے نکلنے والی سورج کی روشنی۔
الفَتْقُ: پھٹن۔
(۲) جماعت کی پھوٹ، اختلاف۔
(۳) وہ جگہ جس کے ارد گرد بارش ہوئی ہو۔
(۴) صبح (۵) زندگی میں پڑنے والا رخنہ۔
(۶) پیٹ کے پردے میں شگاف کی وجہ سے آنتوں کا ظاہر ہونے والا حصہ (ج) **فُتُوْقٌ**۔
الفَتَقَةُ: وہ جگہ جس کے ارد گرد بارش ہوئی ہو اور اس پر نہ ہوئی ہو۔
الفَتِيقُ: چرب زبان۔ فصیح۔ (۲) روشن صبح۔
المَفْتَقُ: پھٹن کی جگہ۔
المُفَتَّقَةُ: مسالوں اور تیل و شہد کا معجون جو موٹا ہونے کے لئے کھایا جائے (محدثہ)
فَتَكَ (ض) فَتْكًا: جو دل چاہے بے دھڑک کرنا۔
— به: حملہ کرنا، دھوکہ میں۔

(۲) علی الاعلان مار ڈالنا۔
—فی الخُبثِ: بدی میں آگے بڑھنا۔
—فی سلوکه: طرزِ عمل میں بے حیا ہونا۔
اَفتَكَ به بمعنی فَتَكَ۔
فَاتَكَ فلانًا: کسی سے مقابلہ کرنا۔
(۲) مہارت فن میں مقابلہ کرنا۔
—الاَمْرَ: کسی کام پر سختی سے لگنا۔
فَتَّكَ القُطنَ: روئی دھنا۔
تَفَتَّكَ بِاَمرِه: کسی سے مشورہ کئے بغیر کام کرتے رہنا۔
الفَتَّاكُ: بڑا مہلک۔
فَتَلَ (ض) الحبلَ وغیرہِ. فتلًا: رسّی کو بل دینا۔ ہو مَفتُولٌ وفَتِیلٌ۔
یقال: فَتَلَ فلانًا عن رأیِهٖ: کسی کو اس کی رائے سے ہٹا دینا۔
فَتَلَ وجهه عنهم: منہ پھیرنا۔
فَتِلَ (س) فَتَلاً: گٹھا ہوا اور طاقتور ہونا۔
یقال: فتِلَتْ ذراعه: مضبوط پٹھوں والا ہونا: ھو اَفْتَلُ. فَتْلاءُ (ج) فُتْلٌ۔
اَفْتَلَ السَّلَمُ والسَّمُرُ: ببول اور بیری پر پھل آنا۔
فَتَّلَ الشيءَ بمعنی فَتَلَه۔
اِنْفَتَلَ: بل پڑنا (۲) پھر جانا۔
یقال: اِنْفَتَلَ عن رأیه و حاجته، وانفتل وجهه عنهم۔
تَفَتَّلَ: لازم فَتَّلَه۔
اَلْفَتْلُ: درخت کے سکڑے ہوئے پتے۔
اَلْفَتْلَةُ: بیری اور ببول کے پھل کا غلاف خاص طور پر جو اس کی ابتدائی طلوع میں ہوتا ہے۔
(۲) درخت کا سکڑا ہوا پتا، جیسے جھاؤ وغیرہ کے پتے۔ (۳) روئی یا ریشم کا ایک دھاگہ (محدثہ)
(۴) ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔
(۵) کیکر کے درخت کا پھل (ج) فَتْلٌ۔
(۶) کھجور کی گٹھلی کے بیج کی جھلی۔
یقال: ما اَغْنٰی عَنْهُ فَتْلَةً: اس نے کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔
الفَتِیلُ: بٹا ہوا۔
(۲) انگلیوں سے بٹی ہوئی چیز جیسے دھاگہ یا میل۔
(۳) کھجور کی گٹھلی کے درمیان کا ریشہ۔
یقال: ما اَغْنٰی عنه فَتِیلًا: اس نے کچھ فائدہ نہیں پہنچایا۔
قرآن مجید میں ہے: {بَلِ اللّٰهُ یُزَکِّیْ مَنْ یَّشَآءُ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا}
(۴) بم یا پٹاخے کی بتی جس کو جلانے سے وہ پھٹ جاتا ہے (محدثہ)
الفَتِیلَةُ: چراغ کی بتی (ج) فَتَائِلُ۔
فَتَنَ (ض) المَعْدِنَ فَتْنًا وفُتُوْنًا: جانچنے کے لئے آگ میں پگھلانا۔
یقال: فتنته النارُ: آگ نے اسے پگھلا دیا۔
— فلانًا: مذہب یا رائے سے ہٹانے کے لئے تکلیف دینا۔
قرآن مجید میں ہے: {اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ}
(۲) آزمائش کے لئے سختی میں ڈالنا۔
قرآن مجید میں ہے: {اَوَلَا یَرَوْنَ اَنَّهُمْ یُفْتَنُوْنَ فِیْ کُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ}
یقال: فتنه به وفیه۔
الشيءُ فلانًا: گرویدہ بنانا، فریفتہ کرنا۔
یقال: فتنه المالُ۔
فتنته المرأةُ: عورت نے فریفتہ کر لیا۔
—فلانًا عن الشيءِ: ہٹانا، باز رکھنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَاحْذَرْهُمْ اَنْ یَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَیْكَ}
ھو فَاتِنٌ و فَتَّانٌ و المفعولُ مفْتُوْنٌ، وفَتِیْنٌ۔
فَتَّنَهُ: مبالغہ در فتنہ۔
اِفْتَتَنَ بالاَمْرِ: کسی کام کا دل دادہ ہونا، پسند کرنا۔
—بالمرأةِ: عورت کی محبت کا دیوانہ ہونا۔
—فلانًا: آزمائش میں ڈالنا۔
تَفَاتَنَ الرجالُ: باہم جنگ کرنا اور مصیبت میں پڑنا۔
الفَتَّانُ: شیطان (۲) سفر کے ساتھیوں کو نشانہ بنانے والا چور۔
حدیث میں ہے: (المسلمُ اَخو المسلمِ یسعهما الماءُ والشجرُ ویتعاونان علی الفتّان)
(۲) زیور بنانے والا۔
الفَتَّانَانِ: درہم و دینار۔
فَتَّانا القبرِ: منکر نکیر۔
—الفِتْنَةُ: آگ میں پگھلا کر جانچنا۔
(۲) آزمائش۔
قرآن مجید میں ہے: {وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَةً}
(۳) فریفتگی، پسندیدگی۔
(۴) دیوانگی۔
(۵) بے اطمینانی و پریشان خیالی۔
قرآن مجید میں ہے: {فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ}
(۶) عذاب۔
قرآن مجید میں ہے: {ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ هٰذَا الَّذِیْ کُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ}
(۷) گمراہی۔
قرآن مجید میں ہے: {وَمَنْ یُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا}
فِتْنَةُ الصَّدْرِ: وسوسے۔
الفُتْنَةُ: ببول کے درخت کی ایک قسم جس کے پھول زرد ہوتے ہیں (مو)
الفَتِیْنُ: سیاہ گرم زمین، گویا اس کے پتھر جلائے گئے ہیں۔
(۲) فتنہ، فساد، یہ مصدر ہے جو کہ مفعول کے وزن پر آتا ہے۔
قرآن مجید میں ہے: {بِاَیِّکُمُ الْمَفْتُوْنُ}
فَتَاهُ (ن) فَتْوًا: جواں مردی میں کسی پر غالب آنا۔

ف

فَتُوَ (ك) فَتَاءً وفُتُوًّا وفُتُوَّةً: جواں ہونا۔
فَتِيَ (س) فَتًى وفَتَاءً: جواں ہونا۔
اَفْتَى فِي المَسْأَلَةِ: شرعی حکم بیان کرنا۔
فَاتَاهُ: جواں مردی میں مقابلہ کرنا۔
(۲) شرعی حکم معلوم کرنا، فیصلہ جانچنا۔
فُتِّيَتِ البِنْتُ: بچپن کے مرحلے سے گزرنے کے بعد لڑکی پر بلوغت کا حکم لگانا۔
تَفَاتَى المرءُ: جوانوں کا طرز عمل اختیار کرنا۔
ـــ القومُ الى المُفْتِي: مفتی کے پاس شرعی فیصلہ کے لئے جانا۔
تَفَتَّى: جوان ہوجانا۔
(۲) جوانوں کا طرز عمل اختیار کرنا۔
ـــ البنتُ: جواں ہونا۔
ـــ الصغيرةُ اَو ذاتُ السنِّ: بچی یا بوڑھی عورت کا جوان لڑکیوں کے طرز کو اختیار کرنا۔
اِسْتَفْتَاهُ: کسی مسئلے میں حکم معلوم کرنا۔
الفَتَى: مراہقت اور رجولت کے درمیان کا نوجوان۔
قرآن مجید میں ہے:
{قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ اِبْرَاهِيمُ}
(۲) سخی۔ (۳) بہادر۔ (۴) خادم۔
قرآن مجید میں ہے: {قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا}
تثنيه: فَتَيَان، فتيةٌ، و فُتُوٌّ، وفُتِيٌّ (ج) فِتيانٌ، فتيةٌ، و فُتُوٌّ، وفُتِيٌّ هي فتاةٌ (ج) فتياتٌ۔
الفُتُوَّةُ: مراہقت اور رجولیت کے درمیان کی عمر، جوانی۔ (۲) بہادری۔
(۳) نوجوان میں اوصاف جواں مردی اور شجاعت پیدا کرنے کا نظام۔
الفَتْوٰى: قانونی یا شرعی سوال کا جواب۔
(ج) فَتَاوٍ وفَتَاوٰى۔
دار الفتوى: مفتی کی جگہ۔
الفُتْيَا بمعنی الفَتْوٰى۔
الفَتِيُّ: انسان یا جانور جو جوان ہو۔ (ج) فِتَاءٌ واَفْتَاءٌ۔

المُفْتِي: جو لوگوں کو فتوی دے۔
(۲) فقیہ جسے سرکار کی جانب سے لوگوں کے شرعی مسائل کے حل کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔
(ج) مُفْتُوْنَ۔

ف ...... ث

فَثَأَ (ف) اللَّبَنَ فَثْئًا وفُثُوْءًا: دودھ کھولنا
(۲) دودھ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
ـــ الحَارَّ: گرم چیز کو ٹھنڈا کرنا۔
ـــ القِدْرَ: پانی وغیرہ کے ذریعہ ہنڈیا کے ابال یا جوش کو ختم یا کم کرنا۔
ـــ غَضَبَه: غصہ ٹھنڈا کرنا۔
ـــ البارِدَ: گرم کرنے کے ذریعے ٹھنڈک ختم کرنا۔
يقال: فَثَأَ فلانًا عن رأيه: کسی کو اس کی رائے سے پھیر دینا۔
فَثِئَ الغَضَبُ فُثُوْءًا: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
اَفْثَأَ الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔
ـــ الرجلُ: تھک کر چور ہونا۔
ـــ السماءُ: آسمان صاف ہونا۔
ـــ بالمكان: قیام کرنا۔
ـــ القومُ للمريض: بیمار کو پسینہ لانے کے لئے پتھر آگ میں تپا کر اس پر پانی ڈالنا۔
فَثَّ (ن) الحَارَّ بالبارِدِ فَثًّا: گرمائش کم کرنا۔
ـــ وعاءَ التمرِ: کھجوروں کی ٹوکری سے نکال کر بکھیرنا۔
اِفْتَثَّهُ: مغلوب وذلیل کرنا۔
اِنْفَثَّ: لازم فَثَّه
يقال: اِنْفَثَّ الرجلُ من هَمٍّ اَصَابَه: غم سے چھٹکارا پانا۔
الفَثُّ: اندرائن کا درخت واحدته: فَثَّةٌ۔
فَثَجَ (ن) الشيءَ فَثْجًا: کم کرنا۔
ـــ البئرَ ونحوها: کنویں کا پانی نکالنا۔
يقال: فلان بحر لا يُفْثَجُ: فلاں بے پایاں سمندر ہے۔
ماءٌ لا يُفْثَجُ: جس کی گہرائی نامعلوم ہو۔
ـــ الحارَّ بالبارِدِ: حرارت کم کرنا۔

اَفْثَجَ الرجلُ: تھک کر چور ہونا، تھکان کی وجہ سے ہانپنا۔
فَثَّدَ دِرْعَهُ: زرہ میں ریشم وغیرہ کا استر لگانا۔
الفَثَاثِيْدُ: کپڑوں وغیرہ کے استر۔
(۲) تہہ بہ تہہ بادل۔
اَلْفَاثُوْرُ: جاسوس (۲) طشت۔
(۲) بڑا پیالہ (۳) سنگ مرمر کی کھانے وغیرہ کی میز۔
فَثَغَ (ف) رأسَهُ فَثْغًا: سر پھاڑنا۔

ف ...... ج

فَجَأَهُ (ف) الاَمْرُ فَجْئًا، فَجْأَةً وفُجَاءَةً اچانک اور غیر متوقع طور پر پیش آنا۔
فَاجَأَهُ مُفَاجَأَةً وفِجَاءً بمعنی فَجَأَهُ۔
اَلْفَجْأَةُ: اچانک پیش آنے والی چیز۔
الفُجَاءَةُ بمعنی الفَجْأَةُ۔
موت الفجأةِ والفُجَاءَةِ: انسان پر اچانک طاری ہونے والا سکتہ، اچانک موت۔
فَجَّ (ن) فَجًّا: دونوں ٹانگوں کے درمیان فاصلہ کرنا۔
ـــ القوسَ: کمان کے وتر اور پیٹ کے درمیان فاصلہ کرنا (کمان کھینچنا)
ـــ الارضَ: زمین کو اچھی طرح پھاڑنا۔
فَجَّ (س) الرجلُ والدَّابَّةُ (كَمَلَّ) فَجَجًا و فَجِيْجًا: دونوں ٹانگوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔
ـــ القوسُ: کمان کے وتر کا پیٹ سے دور ہونا۔
هُوَ اَفَجُّ هِيَ فَجَّاءُ (ج) فُجٌّ۔
اَفَجَّ: کشادہ راستے پر چلنا۔ و
(۲) تیز چلنا۔
(۳) دونوں ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔
ـــ حافرُ الفرسِ ونحوه: گھوڑے وغیرہ کا سم پھیلنا۔
هو مُفِجٌّ: یہ گھوڑے کی اچھی صفت ہے۔
يقال: اَفَجَّ مَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ: دونوں ٹانگوں کے درمیان فاصلہ کرنا۔
ـــ الارضَ بالمحراثِ: ہل کے ذریعے زمین کو خوب پھاڑنا۔
فَاجَّ مُفَاجَّةً وفِجَاجًا: دونوں ٹانگوں کے

درمیان فاصلہ کرنا۔

یقال: فَاجَّ رِجلَیهِ وما بَینَ رِجلَیه بمعنی **فَجَّ**۔

اِفتَجَّ: کشادہ راستے میں چلنا۔

اِنفَجَّتِ القوسُ: کمان کے وتر کا اس کے پیٹ سے دور ہو کر کھنچ جانا۔

تَفَاجَّ: ٹانگوں کو خوب چوڑا کرنا۔

یقال: تَفَاجَّتِ الناقةُ لِلحَلَب: اونٹنی کا دودھ نکالتے وقت ٹانگیں چوڑی کر لینا۔

الاِفجِیجُ: کشادہ وادی۔

الفُجَاجُ: کشادہ راستہ۔

الفَجَاجَةُ: فَجَاجَةُ کلِّ شیءٍ: کچاپن۔

(۲) کچا پھل۔

الفَجُّ: طویل کشادہ راستہ۔ (ج) **فِجَاجٌ و اَفِجَّةٌ**۔

الفِجُّ من کل شیءٍ: ناپختہ۔

الفُجَّةُ: دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ، درہ۔

فَجَرَ (ن) فَجرًا و فُجُورًا: بے پرواہی کے ساتھ گناہوں میں مبتلا رہنا۔

—**أمرُ القومِ:** معاملہ بگڑنا۔

—**فی یمینه:** جھوٹی قسم کھانا۔

—**الراکبُ عن سَرجِه:** زین سے سوار کا ایک طرف کو جھکنا۔

—**فلانٌ عن الحقّ:** حق سے پھرنا۔

—**من مرضه:** بیماری سے شفا پانا۔

—**القَنَاةَ:** نہر نکالنا۔

یقال: فَجَرَ الماءَ: پانی کا راستہ بنانا۔

قرآن مجید میں ہے:

قرآن مجید میں ہے: {وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ}
ـــ فلانًا: کسی کے مقابلے میں زیادہ ڈرپوک ہونا۔
ـــ الصبيّ: بچہ کو ڈرانا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا: گھبرانا، بہت ڈرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ}
يقال: فَرِقَ منه۔
ـــ عليه: مہربان ہونا۔ هو فَرِقٌ۔
ـــ فلان: سمندر کی موج میں گھسنا۔
(۲) داڑھی یا پیشانی کے بالوں کا بیچ سے ایک ہونا۔
(۳) دانتوں کے درمیان قدرتی فاصلے والا ہونا۔
يقال: فَرِقَتِ الأسْنَانُ۔
ـــ الدَّابَّةُ: چوپائے کے سرین کا ایک حصہ اونچا اور ایک نیچا ہونا۔
ـــ البعيرُ: اونٹ کا پھیلے ہوئے کھروں والا ہونا۔
ـــ التيسُ: چوڑی پیشانی والا ہونا یا دونوں خصیتین کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا ایک خصیہ والا ہونا۔

ـــ الدِّيكُ: مرغ کا دو کلغیوں والا ہونا' ان کے درمیان کشادگی کی وجہ سے۔

يقال: فَرَقَ عُرْفُ الدِّيكِ: پیدائشی طور پر کلغی کا بیچ سے چرا ہوا ہونا هو أَفْرَقُ، هي فَرْقَاءُ (ج) فُرْقٌ.

أَفْرَقَ العَلِيلُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔

ـــ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جدا ہونا۔

(۲) دو یا تین سال گزرنے کے باوجود گابھن نہ ہونا۔

ـــ فلانًا: گھبرانا' ڈرانا۔

ـــ الرجلُ غَنَمَهُ: کسی کی بکریوں کا گم یا ضائع ہوجانا۔

ـــ إبلَه العامَ: اونٹوں کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا' ان کی نہ جفتی کرانا اور نہ بچے جنوانا۔

ـــ النُّفَسَاءَ: زچہ کو یخنی پلانا۔

فَارَقَه مفارقةً وفِرَاقًا: علیحدگی اختیار کرنا۔

يقال: فَارَقَ فلانًا من حسابه على كذا و كذا: کسی بات پر اتفاق ہوجانے کے باعث معاملہ ختم کردینا اور علیحدگی اختیار کرلینا۔

فَرَّقَ بين القومِ: تفریق کرڈالنا۔

ـــ بين المتشابهين: ایک دوسرے سے جدا کرنا' واضح کرنا۔

يقال: فَرَّقَ القاضي بين الزوجين: زوجین کے درمیان تفریق کا فیصلہ کرنا۔

ـــ الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کردینا۔

ـــ اللهُ القرآنَ: اللہ کا قرآن کریم آہستہ آہستہ حصوں کی شکل میں نازل کرنا۔

ـــ الأشياءَ: تقسیم کرنا۔

ـــ الصبيَّ: ڈرانا۔

إفْتَرَقَ القَوْمُ: باہم الگ الگ ہوجانا۔

إنْفَرَقَ الشيءُ: الگ ہونا۔

(۲) پھٹنا۔

يقال: إنْفَرَقَ الصُّبْحُ: صبح کی روشنی کا نمودار ہونا۔

تَفَارَقَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

تَفَرَّقَ الشيءُ تَفَرُّقًا و تِفِرَّاقًا: بکھر جانا۔

ـــ الرجلان: ہر ایک کا اپنی راہ لینا۔

إفْرِيقِيَّةُ: (دیکھئے: افريقية)

التَّفَارِيقُ: تَفَارِيقُ الشيءِ: چیز کے متفرق اجزاء۔

يقال: أخَذَ حقَّه بالتفاريق: اس نے اپنا حصہ قسطوں میں لیا۔ ضَمَّ تَفَارِيقَ مَتَاعِه۔

الفَارِقُ: دوسرے سے ممتاز کرنے والی چیز۔ (ج) فَوَارِقُ.

الفَارُوقُ: باطل سے حق کو ممتاز کرنے والا۔

(۲) امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا لقب۔

(۳) بہت ڈرپوک۔

الفَارُوقَةُ: بہت ڈرپوک۔

الفِرَاقُ: جدائی' اجسام کی جدائی کے لئے زیادہ تر استعمال ہوتا ہے۔

الفَرْقُ بين الأمْرَيْنِ: دوسرے سے ممتاز کرنے والا۔

ـــ من الرأس: بالوں کی مانگ (ج) فُرُوقٌ.

الفِرْقُ: پھٹنے والی چیز کا ایک حصہ

قرآن مجید میں ہے: {أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ}

(۲) پہاڑی' اونچا ٹیلہ۔

(۳) سمندر کی بڑی موج۔

ـــ من كلّ شيءٍ: ہر چیز سے الگ ہونے والا ٹکڑا۔

الفَرِقُ والفَرُقُ من الرِّجال: پیدائشی طور پر بہت ڈرپوک۔

الفُرْقَانُ: القرآن۔

قرآن مجید میں ہے: {تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا}

(۲) دلیل' حجت۔

(۳) حق اور باطل کو جدا کرنے والی ہر چیز۔

الفِرْقَةُ: لوگوں کا ایک گروہ۔

يقال: فِرْقَةُ التَّمْثِيلِ: ڈرامہ گروپ۔

فِرْقَةُ المَطَافِئ: فائر بریگیڈ کا عملہ۔

ـــ في المدرسة: تعلیم کے ایک درجہ میں ایک کلاس' سیکشن۔

ـــ من الجيش: فوج کا ایک ڈویژن (محدثتان)

الفُرْقَةُ: جدائی۔

الفَرُوقُ: بہت ڈرپوک۔

الفَرِيقُ: لوگوں کا ایک گروہ جو **فرقة** سے بڑا ہوتا ہے۔

(۲) جدائی اختیار کرنے والا۔

ـــ من الخَيْلِ: آگے بڑھ جانے والا گھوڑا۔

يقال: نِيَّةٌ فَرِيقٌ: علیحدگی کردینے والی

(۳) اعلیٰ فوجی مرتبہ (محدثة)

(ج) فُرَقَاءُ وأفْرِقَةٌ.

المَفْرِقُ من الرَّأْسِ: سر کی مانگ۔

ـــ من الطَّرِيقِ: وہ جگہ جہاں سے دوسرا راستہ نکلتا ہو (ج) مَفَارِقُ.

يقال: وَقَفْتُهُ على مَفَارِقِ الحديث: میں نے اسے گفتگو کے واضح پہلوؤں سے واقف کیا۔

الفَرْقَدُ: قطب شمالی کے قریب ایک ستارہ جو اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔ اسی وجہ سے لوگ اس سے راہ پاتے ہیں۔ اسے **النجم القطبي** بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے قریب اس جیسا ایک اور ستارہ ہوتا ہے جو کہ اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔

هما فرقدان.

(۲) گائے کا بچہ (ج) فَرَاقِدُ.

الفُرْقُودُ بمعنی الفرقد (ج) فَرَاقِيدُ.

فَرْقَعَ الشيءُ: چٹخنے کی آواز سنائی دینا۔

ـــ الشيءَ: پھوڑنا جس سے آواز آئے۔

يقال: فرقع أصابعه: انگلیاں چٹخنا جس سے آواز پیدا ہو۔

ـــ فلانًا: گردن اس طرح موڑنا کہ اس سے آواز پیدا ہو۔

إفْرَنْقَعَ: پیٹھ پھیر کر تیز دوڑنا۔

ـــ الأصابعُ: انگلیاں چٹخنا جس سے آواز سنائی دے۔

يقال: افرنقع القومُ عن الشيء: الگ ہونا' کنارہ کشی اختیار کرنا۔

تَفَرْقَعَتِ الأَصَابِعُ: انگلیوں کے چٹخانے سے آواز کا پیدا ہونا۔
الفَرْقَعَةُ: دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔
(۲) چٹخنے کی آواز۔گرج دار آواز۔
المُفَرْقَعَاتُ: دھما کہ خیز چیزیں۔
آتش گیر دھماکہ خیز مادہ جو جنگ' تباہی اور بعض صناعات میں استعمال ہوتا ہے (محدثہ)
فَرَكَ (ن) الشئَ فَرْكًا: رگڑنا' کھرچنا۔
یقال: فَرَكَ الحِمَّصَ وفَرَكَ الجَوْزَ: چنے اور اخروٹ کو انگلیوں سے کھرچ کر باریک چھلکا اتارنا۔
یقال فَرَكَ الثوبَ ونحوَه: کپڑے وغیرہ کو لگی ہوئی چیز اتارنے کے لئے رگڑنا۔
هو فَارِكٌ والثوبُ ونحوه مَفْرُوكٌ و فَرِيْكٌ۔
فَرِكَ (س) فَرَكًا: ناراض ہونا' بغض رکھنا۔ اکثر اس کا استعمال خاوند اور بیوی کے بغض میں ہوتا ہے
-هو وهي فارِكٌ۔
أَفْرَكَ السُّنْبُلُ: خوشے کا پکنے کے قریب ہو جانا۔
إِنْفَرَكَ الشئ: ملنے سے کسی چیز کا چھلکا یا لگی ہوئی چیز الگ ہو جانا۔
—المَنْكِبُ: مونڈھا ڈھیلا پڑنا' اترنا۔
تَفَرَّكَ المُخَنَّثُ في كلامِهِ و مَشْيَتِهِ: ہیجڑے کا بولتے ہوئے اور چلتے ہوئے مٹکنا۔
إِسْتَفْرَكَ الحبُّ في السُّنْبُلَةِ: خوشے میں دانوں کا سخت اور موٹا ہو جانا اور پکنے کے قریب ہو جانا۔
الفَرِكُ من الأشيَاءِ: چھلکا اتاری ہوئی چیز یا دانے۔
الفَرِيْكُ بمعنی المفروكُ۔
(۲) کھانے کے قابل اور تازہ پکا ہوا گیہوں یا مکئی۔
(۳) گیہوں جسے بھون کی سکھا کر پکایا جائے (محدثہ)
(۴) زبان کی جڑ کی ہڈی' هما فَرِيكان۔
الفَرِيْكَةُ: زبان کی جڑ کی ہڈی هما فَرِيْكَتَانِ
المَفْرُوكَةُ: مصر میں دیہاتی کھانا جو دودھ اور مکھن' مکئی میں ملا کر بنایا جاتا ہے (مو)
فَرَمَ (ن) اللَّحْمَ فَرْمًا: قیمہ کرنا (محدثہ)
أَفْرَمَ الإِنَاءَ: قیمہ کرنے کی مشین۔
المِفْرَمَةُ بمعنی الفَرَّامَة۔
الفَرَّانُ: نان بائی۔
الفُرْنُ: روٹی پکانے کا تنور (ج) فُرُنٌ۔
الفِرِنْدُ: تلوار۔
(۲) آب شمشیر۔
(۳) انار کا دانہ۔
(۴) سرخ گلاب۔
الفُرَانِقُ: شیر۔
(۲) لشکر یا ڈاک کے آگے کا رہبر۔
فَرِهَ (س) فَرَهًا: اکڑباز یا زندہ دل ہونا۔
هو فَرِهٌ۔
فَرُهَ (ك) فَرَاهَةً و فُرُوهَةً: حسین وجمیل ہونا۔
(۲) پھرتیلا اور چست ہونا۔
(۳) ہوشیار و ماہر ہونا۔هو فَارِهٌ۔
قرآن مجید میں ہے: {وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ}
الفَارِهُ کی جمع فُرَّهٌ اور فرِهَةٌ آتی ہے۔
أَفْرَهَ: خوبصورت یا پھرتیلا جننا۔
(۲) عمدہ چیز اپنا لینا۔
یقال: أَفْرَهَتِ المرأةُ: عورت کا حسین بچے جننا۔
فَرَّهَ بمعنی أَفْرَهَ۔
إِسْتَفْرَهَ: عمدہ چیز لینا۔
أَفْرَهُ: یقال: فُلَانٌ أَفْرَهُ من فُلَانٍ: فلاں فلاں سے زیادہ حسین و روشن رو ہے۔
فَرْهَدَ الغُلَامُ: لڑکے کا اچھے جسم والا اور بھرپور جسم ہونا۔
(۲) اتنا دوڑنا کہ سانس چڑھ جائے۔
—نفسُه: دل گرفتہ ہونا' دل تنگ پڑنا۔
تَفَرْهَدَ الغُلَامُ: موٹا اور خوبصورت ہونا۔
الفُرْهُدُ من الغلمان: گٹھے ہوئے اچھے بدن والا لڑکا۔
(۲) شیر کا بچہ۔
الفُرْهُوْدُ بمعنی الفُرْهُدُ (ج) فَرَاهِيْدُ
فَرَّى الثياب: کپڑوں پر پوستین لگانا۔
هي مُفَرَّاةٌ۔
إِفْتَرَى فَرْوًا: پوستین پہننا۔
الفَرا: جنگلی گدھا (دیکھئے: فرأ)
الفَرَّاءُ: پوستین ساز۔
(۲) پوستین فروش۔
الفَرْوُ: ریچھ یا لومڑی وغیرہ جانوروں کی کھال جنہیں دباغت دے کر ان سے گرم اور زینت کے لئے کپڑے بنائے جاتے ہیں (ج) فِرَاءٌ۔
الفَرْوَةُ: بال دار چمڑا۔
یقال: فَرْوَةُ الرأس فَرْوَةُ الذِّئبِ فَرْوَةُ الأَرْنَبِ والثَّعْلَبِ (ج) فِرَاءٌ۔
أَبُوفَرْوَةَ: قسطل یا شاہ بلوط (مصرية)
فَرَى (ض) الشئَ فَرْيًا: پھاڑنا۔
(۲) چورہ کرنا' ریزہ ریزہ کرنا۔
القِرْبَةَ: توشہ دان بنانا۔
—الكَذِبَ: جھوٹ گھڑنا۔
—الارضَ: زمین پر چلنا' گزرنا۔
فَرِيَ (س) فَرًى: ششدر رہ جانا' حیران رہ جانا۔
أَفْرَى الشئَ: پھاڑنا۔
—فلانًا: بہت زیادہ ملامت کرنا۔
—الأوداجَ: گردن کی رگوں کو کاٹ کر خون نکالنا۔
فَرَّاهُ: مبالغہ در فَرَاهُ۔
إِفْتَرَى القولَ: بات گھڑنا۔
إِنْفَرَى الشئُ: پھٹنا' الگ ہونا۔
تَفَرَّى الشئُ: پھٹنا۔
یقال: تَفَرَّى عنه ثوبُه: کپڑا پھٹ کر بدن نظر آنا۔
تَفَرَّى الليلُ عن صبحه: رات ختم ہو کر صبح نمودار ہونا۔
—العينُ: چشمہ پھوٹ کر اس سے پانی جاری ہونا۔
یقال: تَفَرَّتِ الارضُ بالعَيْنِ: زمین پھٹ کر چشمہ جاری ہونا۔

ف

الفِرْيَةُ: جھوٹ (ج) فِرًى۔
الفَرِيُّ من الأُمُوْرِ: گھڑی ہوئی بات۔
(۲) عجیب بات۔
قرآن مجید میں ہے: {قَالُوْا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا}
يقال: فلانٌ يَفْرِي الْفَرِيَّ: فلاں عجیب اور عمدہ کام کرتا ہے۔
—من الرِّجال: بات گھڑنے والا۔

ف ..... ز

فَزَرَ (ض) الثَّوْبَ ونحوه فَزْرًا: پھاڑنا
(۲) بوسیدہ کردینا۔
—الشيءَ: شگاف ڈالنا' علیحدہ علیحدہ کردینا۔
الشيءَ من الشيءِ: جدا کرنا۔
فَزِرَ (س) فَزَرًا: پیٹھ یا سینہ پر گانٹھ پیدا ہوجانا۔
هو أَفْزَرُ هي فَزْرَاءُ (ج) فُزْرٌ۔
أَفْزَرَ الشيءَ بمعنی فَزَرَه۔
فَزَّرَ الشيءَ بمعنی فَزَرَه۔
اِنْفَزَرَ الثَّوْبُ: پھٹنا۔
(۲) بوسیدہ ہونا۔
تَفَزَّرَ: پھٹنا' پارہ پارہ ہونا۔
الفَازِرَةُ: ریگستان میں برابر ہموار لمبا' صاف قدرتی راستہ' جیسے وہ زمین میں شگاف ہو۔
الفَزَارَةُ: چیتے کی مادہ۔
الفِزْرُ: چیتے کا بچہ۔
(۲) شیر ببر کا بچہ۔
(۳) بکری کا بچہ۔
الفَزْرَاءُ: چربی اور گوشت سے پر لڑکی۔
(۲) قریب البلوغ لڑکی۔
الفُزْرَةُ: سینہ یا کمر میں بڑا ابھار (ج) فُزَر
الفِزْرَةُ: الفزر کی مؤنث۔
(۲) پھٹن (ج) فِزَر وفُزور۔
فَزَّ (ض ن) فَزًّا: گھبرانا۔
—عن الأمرِ: کنارہ کشی اختیار کرنا۔
—الرجلُ فَزَازَةً و فُزُوزَةً: پھرتیلا اور چالاک ہونا۔
—الجُرْحُ فَزًّا، فَزِيزًا: زخم سے مواد بہنا۔

—فلانًا فَزًّا: پریشان کردینا' ڈرا دینا۔
أَفَزَّه بمعنی فَزَّه۔
تَفَازًّا: باہم مقابلہ کرنا' ایک دوسرے پر غالب آنے کا مقابلہ کرنا۔
اِسْتَفَزَّهُ الخوفُ: خوف طاری ہوجانا۔
—فلانًا: جوش دلانا' پریشان کردینا۔
الفَزُّ من الرِّجال: ہلکا' پھرتیلا' حقیر۔
(۲) جنگلی گائے کا بچہ (ج) أَفْزَازٌ۔
الفَزَّةُ: اضطرابی حالت کی چھلانگ۔
فَزَعَ (ف) فلانٌ فَزْعًا: خوفزدہ ہونا' خوفناک چیز سے ڈرکر بھاگنا۔ هو فَازِعٌ۔ (ج) فَزَعَة۔
—القومَ: مدد کرنا' فریاد رسی کرنا۔
فَزِعَ (س) فَزَعًا: ڈرنا' سہمنا هو فَزِعٌ۔
—اليه: پناہ لینا' مدد مانگنا۔
—من نَوْمِهِ: بیدار ہونا۔
—القَوْمَ: مدد کرنا' فریاد رسی کرنا۔
أَفْزَعَه: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔
(۲) مدد کرنا' فریاد رسی کرنا۔
قالوا: افزعه لَمَّا فَزِعَ: جب اس نے مدد مانگی تو اس کی مدد کی۔
—من نومه: جگانا' بیدار کرنا۔
فَزَّعَه بمعنی أَفْزَعَه۔
فُزِّعَ عنه: خوف اور گھبراہٹ دور ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ}
الفَزَّاعَةُ: بہت ڈرپوک
(۲) پناہ گیری۔ (۳) فریاد رسی۔
حدیث میں ہے انصار کی شان میں: (انكم لتكثرون عند الفَزَع و تقِلّون عند الطَّمَع) مدد طلبی کے وقت تمہاری تعداد بہت ہوتی ہے اور حصول منفعت کے لئے تمہاری تعداد کم ہوتی ہے (ج) أَفْزَاعٌ۔
الفَزِعُ: مددگار۔
(۲) طالب مدد۔
الفُزَعَةُ من الرجال: جس سے لوگ بہت ڈرتے ہوں۔
الفُزْعَةُ من الرِّجال: جو لوگوں سے بہت ڈرتا ہو۔

المُفَازِعُ من الرِّجال: مددگار (۲) طالب مدد۔
المُفَزَّعُ: جس کا خوف دور کردیا گیا ہو۔
(۲) بزدل۔
المَفْزَعُ: مصیبت کے وقت جس کی پناہ لی جائے۔ (واحد' جمع' مذکر اور مؤنث سب کے لئے)
—المَفْزَعَةُ بمعنی المَفْزَع۔
(۲) جس سے ڈرا جائے۔
فَزْفَزَه: ڈرانا' دھتکارنا۔

ف ..... س

فَسَأَ (ف) الثَّوْبَ فَسْئًا: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔
—فلانًا عن الأمرِ: روکنا۔
فَسِئَ (س) فَسَئًا: ابھرے ہوئے سینے اور دبی ہوئی کمر والا ہونا هو أَفْسَأُ، هي فَسْأَءُ (ج) فُسْءٌ (ج) فسء۔
فَسَّأَ الثَّوْبَ تَفْسِئَةً و تَفْسِيئًا: مبالغہ در فَسَأَهُ۔
تَفَسَّأَ الثَّوْبُ: پھٹنا اور بوسیدہ ہونا۔
المَفْسُوءُ: سرین پیچھے کو نکال کر چلنے والا۔
الفُسْتَانُ: مختلف رنگوں اور شکلوں والا عورتوں کا لباس (ج) فَسَاتِيْنُ (مع)
الفُسْتُقُ: فصيله بطميه کا پھل دار درخت جوزات الفلتقین میں سے ہے۔ اس کے پھل کی گری سبزی مائل ہوتی ہے۔ خوش ذائقہ یہ پودا حلب میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔
الفُسْتُقِيُّ: لونٌ فُسْتُقِيٌّ: سرسبز پستہ کے رنگ جیسا رنگ۔
فَسَحَ (ف) لَه في المجلس فَسْحًا: کسی کے بیٹھنے کے لئے کشادگی کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {إِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ}
—له الأميرُ في السَّفَرِ: سفر کی اجازت دینا۔
—الخُرْزَتَيْنِ ونحوهما: سوراخوں کے درمیان سلائی میں فاصلہ کرنا۔

— الشيءَ: پھیلانا۔
قالوا: جمل مَفْسُوحُ الضُّلوعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ۔
فَسُحَ (ك) المكانُ فَسَاحَةً: کشادہ ہونا۔ هو فَسِيحٌ۔
أَفْسَحَ المكانَ: کشادہ کرنا۔
فَسَّحَ المكانَ: کشادہ کرنا۔
يقال: فَسَّحْتُ لفلان أن يفعل كذا: کسی کے لئے کسی کام کی گنجائش پیدا کرنا۔
اِنْفَسَحَ المكانُ: کشادہ ہونا۔
— صَدْرُهُ: شرح صدر ہونا۔
— طَرْفُهُ: نگاہ دور تک لے جانا' دوڑانا۔
تَفَاسَحَ القومُ: باہم کشادگی پیدا کرنا۔
تَفَسَّحَ المكانُ: کشادہ ہونا۔
— فلانٌ: جگہ میں گنجائش چاہنا۔
(۲) آرام کے لئے کام سے چھٹی چاہنا۔
— له في المجلس: کسی کے لئے کشادگی کرنا
قرآن مجید میں ہے: {إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا}
الفَسْحُ: سفر کی اجازت' پاسپورٹ۔
الفُسُحُ: يقال: مَنْزِلٌ فُسُحٌ: کشادہ۔
رجلٌ فُسُحٌ: وسیع الصدر آدمی۔
الفُسْحَةُ: کشادگی (ج) فُسَحٌ۔
يقال: في هٰذا الأمرِ فُسْحَةٌ: اس میں گنجائش ہے۔
(۲) دو کاموں کے درمیان راحت و آرام کے لئے وقفہ (محد ثتان)
الفُسْحَتَانِ: نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان والے بالوں کے دائیں بائیں بالوں سے خالی جگہ۔
فَسَخَ (ف) الرّجلُ فَسْخًا: کمزور و جاہل ہونا۔
— الرَّأيَ: بے اثر اور غیر مفید کر دینا۔
— الأشياءَ: الگ الگ کرنا۔
— الشيءَ: توڑنا' ختم کرنا۔
يقال: فَسَخَ البيعَ أو العَقْدَ۔
— المَفْصِلَ: جوڑ کو توڑے بغیر اپنی جگہ سے ہٹا دینا۔

— الثَّوبَ عن نَفْسه: اپنے کپڑے اتارنا۔
فَسِخَ (س) الرَّأيُ ونحوُه فَسَخًا: فاسد غیر مفید ہونا۔ هو فَسِيخٌ۔
أَفْسَخَ القُرآنَ: قرآن کو بھلا دینا۔
فَاسَخَهُ البَيْعَ: کسی سے بیع فسخ کرنے کا مطالبہ کرنا' یا کسی سے بیع فسخ کرنے کے معاملہ پر متفق ہونا۔
اِنْفَسَخَ الشيءُ: ختم ہونا' ٹوٹ جانا' زائل ہو جانا۔
تَفَاسَخَ البَيِّعَانِ البَيْعَ ونَحْوَه: بائع اور مشتری کا بیع فسخ کرنے پر متفق ہونا۔
— الأقاويلُ: اقوال کا متضاد ہونا۔
تَفَسَّخَ الشيءُ: ختم ہونا' ٹوٹ جانا۔
— المادةُ العُضوِيَّةُ: جراثیم کی وجہ سے جسمانی جوڑ کا گل جانا۔
— الشَّعرُ عن الجلد: بال اڑ جانا۔
يقال: تَفَسَّخَ اللَّحمُ عن العَظمِ: ہڈی کے اوپر سے گوشت اتر جانا۔
— الفَارَةُ في الماءِ: چوہیا کا پانی میں گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ یہ چار خاص ہیں مردار کے ساتھ۔
— الفَصِيلُ تحت الحِمْلِ الثَّقِيلِ: اونٹ کے بچہ کا وزن نہ اٹھا سکنا۔
الفَسْخُ: کمزور و پست ہمت جو مشکلات کا مقابلہ نہ کر سکے یا اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔
الفَسِيخُ بمعنی المَفْسُوخُ۔
(۲) نمک لگائی ہوئی ایک قسم کی مچھلی جسے گلنے کے لئے کچھ عرصہ رکھ دیا جاتا ہے (مو)
فَسَدَ (ن) اللَّحمُ أو اللَّبَنُ أو نحوُهما فَسَادًا: بدبودار ہونا' گلنا' خراب ہونا۔
— العَقْدُ ونحوُهُ: باطل ہو جانا۔
— الرجلُ: حدودِ عقل و حکمت سے تجاوز کرنا۔
— الأمورُ: معاملات بگڑ جانا' خلل پڑنا۔
قرآن مجید میں ہے: {لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا} هو فَاسِدٌ ۔ وفَسِيدٌ (ج) فَسْدَى۔
أَفْسَدَ الرجلُ بمعنی فَسَدَ۔

— الشيءَ: بگاڑنا' خراب کرنا۔
فَاسَدَ الرجلُ رَهْطَه: اپنے لوگوں سے بدسلوکی کرنا اور فساد کرنا۔
فَسَّدَهُ: مبالغہ در فَسَدَهُ۔
تَفَاسَدَ القومُ: باہم قطع تعلق کرنا۔
اِسْتَفْسَدَ الشيءَ: بگاڑنے کی کوشش کرنا۔
يقال: استفسد الزرعَ۔
— الأمرَ: خراب پانا یا خراب سمجھنا۔
— الرجلُ رَهْطَه بمعنی فَاسَدَهُ۔
الفَسَادُ: بگاڑ' خرابی' تعفن۔
(۲) ابتری' گڑبڑ' خلل۔
(۳) قحط و خشک سالی۔
قرآن مجید میں ہے: {ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ}
(۴) ضرر رسانی۔
قرآن مجید میں ہے: {وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا}
المَفْسَدَةُ: ضرر۔
يقال: هٰذا الأمرُ مَفْسَدَةٌ لكذا: یہ چیز فلاں بات کے لئے نقصان دہ ہے۔
(۲) لہو و لعب جو فساد کی طرف لے جائے۔
ابو العتاہیہ کہتا ہے۔
إنَّ الشَّبَابَ والفَرَاغَ والجِدَةَ
مَفْسَدَةٌ للمرءِ أيُّ مَفْسَدَةٍ
(ج) مَفَاسِدُ۔
فَسَرَ (ن) الشيءَ فَسْرًا: واضح کرنا۔
(۲) طبیب کا مریض کے پیشاب کو دیکھ کر مرض کا پتہ لگانا (مو)
فَسَّرَ الشيءَ: واضح کرنا۔
— آياتِ القرآنِ الكريمِ: وضاحت کرنا اور ان میں پوشیدہ معانی' اسرار اور احکام کو واضح کرنا۔
اِسْتَفْسَرَهُ عن كذا: کسی سے کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔
يقال: استفسره كذا۔
التَّفْسِرَةُ: شرح و وضاحت۔
(۲) مریض کے پیشاب کی مقدار جسے دیکھ کر طبیب مرض کا پتا لگائے (مو)

التَّفْسِيْرُ: شرح وبیان۔
تفسير القرآن من العلوم الاسلامية۔ جس سے مقصد قرآن کریم کے معانی کی توضیح اور اس کی آیات جن عقائد' اسرار وحکم اور احکام پر مشتمل ہیں ان کی وضاحت ہو۔
الفُسْطَاطُ: اون کا بنایا ہوا خیمہ۔
(۲) مصر قدیم کا شہر جسے حضرت عمرو بن العاصؓ نے اپنے خیمہ کی جگہ تعمیر کرایا تھا۔
(۳) لوگوں کا گروہ' جماعت (ج) **فَسَاطِيْطُ**۔
الفَسِيْطُ: ناخن کا تراشہ۔
(۲) کھجور کی پینِدی میں چپکی ہوئی چیز۔
فَسْفَسَ فلانٌ: بہت بے وقوف ہونا۔
فَسَافِسُ: بدبو دار خطرناک کیڑا جسے بقة کہتے ہیں (د)
الفَسْفَاسُ: بے وقوف۔
(۲) کند تلوار۔
(۳) بدبو دار گھاس جس کا سفید پھول ہوتا ہے اور نالیوں میں اگتی ہے۔
الفِسَيْفِسُ: رنگ برنگ پتھر کے نقش ونگار والا گھر (مع)
الفُسَيْفِسَاءُ: رنگ برنگ سنگ مرمر یا پتھر وغیرہ جنہیں باہم جوڑ کر مختلف شکلیں بنائی جاتی ہیں جن سے گھر کی زمین یا دیواروں کو مزین کیا جاتا ہے (مع)
فَسَقَ (ن) كلُّ ذي قِشْرٍ۔ فِسْقًا۔ فُسُوْقًا: چھلکے سے باہر آنا۔
يقال: فَسَقَتِ الرُّطَبَةُ عن قِشْرِها: پکی ہوئی کھجور کا چھلکے سے نکلنا۔
فَسَقَتِ الفَارَةُ عَنْ جُحرِها: چوہیا کا اپنے بل سے باہر ہونا۔
—**فلانٌ:** نافرمانی کرنا' شریعت کی حدود سے تجاوز کرنا۔
يقال: فَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ: اطاعت سے نکلنا۔
قرآن مجید میں ہے: {**فَسَجَدُوْا اِلاَّ اِبْلِيْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ**} هو **فَاسِقٌ (ج) فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْنَ**

هي فَاسِقَةٌ (ج) فَاسِقَاتٌ، فَوَاسِقُ۔
فَسَّقَهٗ: فاسق قرار دینا۔
اِنْفَسَقَتِ الرُّطَبَةُ بمعنی **فَسَقَتْ**۔
فَسَاقِ: يقال لِلْمَرْأَةِ: يا فَسَاقِ: یعنی اے فاسقہ (صرف بطور نداء ہی مستعمل ہے)
الفِسِّيْقُ: بڑا فاسق۔
الفِسْقُ: نافرمانی۔
الفُسَّقُ بمعنی **الفِسِّيْقُ**۔
الفُسُوْقُ بمعنی **الفِسْقُ**۔
الفَسْقِيَّةُ: مستدیر سنگ مرمر کا حوض جس میں فوارے سے پانی اٹھتا ہے جو کہ محلوں' یا باغیچوں میں ہوتا ہے (ج) **فَسَاقِيٌّ** (د)
فَسْكَلَ الفَرَسُ: دوڑ میں گھوڑے کا پیچھے رہنا۔
—**الرجُلُ:** اخیر میں تابع بن کر آنا۔
الفُسْكُوْلُ: گھڑ دوڑ کے میدان میں پیچھے رہ جانے والا گھوڑا۔
—**من الرِّجال:** تابع اور پیچھے رہ جانے والا (ج) **فَسَاكِيْلُ**۔
فَسَلَ (ن) الفَسِيْلَ۔ فَسْلاً: پودا لگانا۔
فَسُلَ (ك) الرَّجُلُ فَسَالَةً وفُسُوْلَةً: بزدل اور حقیر ہونا۔
اَفْسَلَ الفَسِيْلَةَ: پودے کو جڑ سے اکھاڑنا یا ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔
فَسَّلَ الشيءَ: گھٹیا' کھوٹا بنانا۔
—**الرَّجُلَ:** سست بنانا' چستی ختم کرنا۔
اِفْتَسَلَ النباتَ بمعنی **اَفْسَلَه**۔
الفَسَالَةُ: کمزوری' رائے کی خرابی۔
(۲) انگور کی بیل کو مرجھا دینے والی بیماری۔
الفُسَالَةُ من الحديد ونحوه: لوہے کا برادہ جو کوٹنے پیٹنے وقت گرتا ہے۔
الفَسْلُ: انگور کی شاخیں جن کو دوسری جگہ لگانے کے لئے اکھاڑا جائے۔
—**من كل شيءٍ:** ردی اور گھٹیا چیز (ج) **اَفْسُلٌ، وفُسُوْلٌ**۔
يقال: رجلٌ فَسْلٌ: بے مروت آدمی۔
درهم فَسْلٌ: کھوٹا درہم۔

الفُسُوْلَةُ: بے مروتی' ضعف رائے۔
(۲) بری غذا کی وجہ سے لگنے والی بیماری جو نشوونما روکتی ہے۔
الفَسِيْلَةُ: چھوٹا کھجور کا پودا جو جڑ سے کاٹ کر یا زمین سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔
(۳) پودے کا وہ حصہ جو پودے سے الگ کر کے لگایا جائے (ج) **فَسِيْلٌ، وسائلُ**۔
فَسَا (ن) فَسْوًا و فَسَاءً: بلا آواز ریح خارج کرنا۔
المَفْسَى: حیوان کے ریح نکلنے کی جگہ۔
الفَاسِيَاءُ: گوریلا' بدبو کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔

ف .... ش

فَشَجَ (ض) فَشْجًا: پیشاب وغیرہ کرنے کے لئے دونوں ٹانگیں چوڑی کرنا۔
فَشَّجَ: مبالغہ در **فَشَجَ**۔
تَفَشَّجَ بمعنی **فَشَجَ**۔
فَشَخَ (ف) فلانًا فَشْخًا: طمانچہ مارنا۔
—**الصِّبيَانُ في لعبهم:** بچوں کا کھیل میں جھوٹ بولنا اور باہم مار دھاڑ کرنا۔
فَشَّخَ الرجلُ: جوڑوں کو ڈھیلا چھوڑنا۔
(۲) تھک کر چور ہونا۔
تَفَشَّخَ: جوڑ ڈھیلے ہونا۔
فَشَّ (ن)۔ فَشًّا: آہستہ پھونک مارنا۔
(۲) جی متلانا۔
—**الوَرَمُ:** سوجن کم ہونا' اترنا۔
—**القِرْبَةَ ونحوها:** مشکیزے وغیرہ میں سے ہوا یا پانی کو نکالنا۔
يقال للغضبان: لَاَفُشَّنَّكَ فَشَّ الوَطْبِ: میں تمہارا غصہ تمہارے سر سے نکال دوں گا۔
فَشَّ غَلِيلَه: غصہ کم کرنا۔
—**الضَّرْعَ:** تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
—**القُفْلَ:** تالا بغیر چابی کھولنا۔
اَفَشَّ القومُ: تیزی سے نکلنا۔
اِنْفَشَّتِ القربةُ ونحوها: مشکیزے میں سے ہوا نکل جانا۔
—**اللَّبَنُ:** دودھ کا برتن سے بہنا۔

ف

—الرِّيحُ: مشکیزے وغیرہ میں سے ہوا کا نکلنا۔
—الجرحُ: زخم کے ورم کا اترنا۔
یقال: اِنْفَشَّتْ عِلَّةُ فلانٍ: فلاں کی بیماری دور ہوگئی۔
—فلانٌ عن الأمرِ: کام میں کوتاہی وسستی کرنا۔
— الأنفُ: ناک کے بانسے کا نیچا اور کنارے کا اٹھا ہوا ہونا۔
الفَشُّ: بے وقوف۔
(۲) معمولی بناوٹ کا لباس یا چادر۔
(۳) پانی کا مجمع' جوہڑ (ج) فِشَاش۔
الفَشَّاشُ: بغیر چابی کے تالوں کو کھولنے کا ماہر۔
الفِشَّةُ: پھیپھڑا' جو اپنے اندر سے ہوا کو نکال دیتا ہے (محدثہ)
الفَشُوشُ من الأشياءِ: بے کار چیز۔
— من النُّوقِ: وہ اونٹنی جس کا دودھ بغیر دوہے نکلتا رہتا ہو۔
— من الأوطابِ: وہ دودھ کا مشکیزہ جس سے دودھ بہتا ہو۔
الفَشِيشُ: مشکیزے وغیرہ سے ہوا کے نکلنے کی آواز۔
فشيش الأفعي: خشک زمین پر چلتے وقت سانپ کی کھال کی آواز۔
فَشَغَ (ف) الشيءُ فَشْغًا: پھیلنا۔
—غيرَه: اوپر ہونا' ڈھانکنا۔
—بالسوطِ: کسی کو کوڑا مارنا۔
فَشِغَتِ (س) الثَّنِيَّةُ فَشَغًا: آگے کے دانتوں کا دانتوں کی ترتیب سے آگے ہونا' ابھرا ہوا ہونا۔
—الرَّجُلُ: آگے کے الگ الگ دانتوں والا ہونا۔
هو أفْشَغُ هي فَشْغَاءُ۔
فَاشَغَ فلانًا بالأمرِ: کسی سے بوقت ملاقات کسی کام میں جلدی کروانا۔
فَشَّغَهُ: مبالغہ در فَشَغَه۔
—النومُ فلانًا: نیند کا کسی کو مغلوب کرنا۔
إنْفَشَغَ الشيءُ: بہت ہونا اور پھیلنا۔
تَفَشَّغَ: پھیلنا۔
یقال: تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کے سفید بالوں کا پھیل کر آنکھوں کو ڈھانپ لینا۔
تَفَشَّغَ الشيبُ فلانًا وتَفَشَّغَ الشيبُ فيه: بڑھنا یا پھیلنا' ظاہر ہونا۔
—الولَدُ: اولاد زیادہ ہونا' پھیلنا۔
— فلانٌ بيوتَ الحي: محلہ کے گھروں کے درمیان داخل ہو کر اس طرح غائب ہونا کہ دکھائی نہ دے۔
—الدَّيْنُ فلانًا: کسی پر قرض کا بوجھ ہونا۔
الأفْشَغُ: دائیں بائیں مڑے ہوئے سینگوں والا مینڈھا۔
الفُشَاغُ: چمڑے کا ٹکڑا جس سے مشک جوڑی جائے۔
(۲) فصیلہ زنبقیہ کا ایک پودا جس کی اونچائی سات میٹر سے زیادہ نہیں ہوتی۔ درختوں سے چمٹ جاتا ہے اور انہیں خراب کرتا ہے۔
الفِشَاغُ: دو شخصوں کا باہم اس بات پر متفق ہونا کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کی بیٹی یا بہن سے نکاح کرے گا اور یہ ان دونوں کی بیویوں کے حق مہر کے بدلے میں ہوگا۔ ایسا جاہلیت میں ہوتا تھا۔
(۲) سستی۔
الفُشَّاغُ: چوب چینی ۔ الفشاغ بمعنی الشجرة۔
الفَشْغَةُ: نرکل کا گودا جو روئی جیسا ہوتا ہے اور بعض درختوں کے تنے کے اندر ہوتا ہے۔
فَشْفَشَ: کمزور رائے والا ہونا۔
—في قوله: حد سے زیادہ جھوٹ بولنا اور غیر کے قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
—الماءَ وبه: پانی چھڑکانا۔
الفَشْفَاشُ: باریک دھاگے والا معمولی کپڑا۔
یقال: سيف فَشْفَاشٌ: کمزور بنی ہوئی تلوار۔
(۲) بے جا فخر کرنے والا۔
(۳) ایک قسم کی گھاس۔
فَشَقَ (ن) الشيءَ فَشْقًا: توڑنا۔
فَشِقَ (س) فَشَقًا: دوڑنا۔
(۲) دو پسندیدہ چیزوں میں سے ایک کے انتخاب میں پس وپیش سے دونوں کا کھو دینا۔
هو فَشِقٌ۔
— الظَّبْيُ ونحوه: ہرن وغیرہ کے دونوں سینگوں کے درمیان فاصلہ ہونا هو أفْشَقُ، هي فَشْقَاءُ (ج) فُشْقٌ۔
فَاشَقَهُ: کسی کے پاس اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ الرَّجُلُ: اپنے کپڑے کو دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔
فَشَلَ (ك) لحيته فَشْلاً: ڈاڑھی کو ہاتھ سے بکھیرنا۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا: ڈھیلا پڑنا' بزدل ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ﴾
یقال: دُعِيَ الى القتال فَفَشِلَ۔
—عن الأمرِ: کسی کام کا ارادہ کر کے پیچھے ہٹ جانا۔
— في عمله: ناکام ہونا (ج) هو فَشِلٌ و فَشْلٌ (ج) أفْشَالٌ۔
تَفَشَّلَ الماءُ: پالکی کا پردہ۔
(۲) پالکی میں بیٹھنے کے لئے بچھا ہوا کپڑا (ج) فُشُولٌ۔
الفَيْشَلَةُ: حشفہ (عضو تناسل کا اگلا حصہ)
(۲) ہر گول اور چکنی چیز کا سرا (ج) فَيَاشِيلُ۔
فَشَا (ن) فَشْوًا و فُشُوًّا: ظاہر ہونا' پھیلنا۔
— عليه أمُورُه: معاملات کا یوں بکھرنا کہ سمجھ میں نہ آئے کہ کیسے کیا جائے۔
—أنْعَامُهُمْ: جانوروں کی کثرت ہونا۔
أفْشَاهُ: پھیلانا' شائع کرنا۔
یقال: أفْشَى سِرَّهُ وخيرَه ومعروفَه۔
—اللهُ رزقَ فلانٍ: رزق کا اس قدر کثیر ہونا کہ آخرت سے غافل ہو جائے۔
تَفَشَّى الشيءُ: پھیلنا' وسیع ہونا۔
یقال: تَفَشَّتِ القَرْحَةُ: السر کا پھیل جانا۔
تَفَشَّى الخبرُ: خبر پھیلنا۔
—المَرَضُ القَوْمَ وبهم: بیماری پھیلنا۔
التَفَشِّي: (علم القراءت میں) حرف کی ادائیگی کے وقت منہ میں ہوا کا پھیلنا اس صفت کا ایک ہی حرف ہے اور وہ شین ہے اور یہ زبان اور گلے کے

اوپر کے حصے کے درمیان توسیع کی وجہ سے ہے۔
الفَاشِيَّةُ: سیاسی اور اقتصادی مذہب۔ جو انیسویں صدی میں اٹلی میں پیدا ہوا۔ جنہوں نے ایسوسی ایشنز قائم کیں اور نشاطِ اقتصادی کے تمام مظاہر میں مملکت کو دخل اندازی دی۔
الفَشَاءُ: مال میں اضافہ اور کثرت۔
(۲) مال۔
الفَشْوَةُ: عورت کا عطر دان۔

ف.........ص

فَصَحَهُ (ف) الصُّبْحُ فَصْحًا: صبح کی روشنی کا غالب آنا۔
فَصُحَ (ك) اللَّبَنُ فَصْحًا و فَصَاحَةً: دودھ کا خالص ہونا' اس سے جھاگ نکال کر باقی خالص دودھ رہ جانا۔
—**الرجلُ:** آدمی کی زبان کا صحیح اور واضح کلام ادا کرنا۔
یقال: فَصُحَ الأعْجَمِيُّ: غیر عرب کی زبان کا عمدہ ہونا' غلطی نہ کرنا۔ **هو فَصُحٌ.**
(ج) **فِصَاحٌ هو فَصِيحٌ** (ج) **فُصَحَاءُ هي فَصِيحَةٌ** (ج) **فَصَائِحُ.**
أَفْصَحَ الصُّبْحُ: صبح کی روشنی کا ظاہر ہونا۔
یقال: أَفْصَحَ الامر: واضح ہونا۔
—**النهارُ:** دن کا بادل اور ٹھنڈ سے خالی ہونا۔
—**عن مرادہ:** مقصد واضح کرنا۔
—**النصاریٰ:** نصرانیوں کی عید فصح آجانا۔
فَصَّحَ مبالغہ در **فَصَحَ.**
تَفَاصَحَ فی کلامه: فصیح بننا۔
تَفَصَّحَ الرجلُ: فصاحت بڑھ جانا۔
—**فی کلامه** بمعنی **تَفَاصَحَ.**
الفَصَاحَةُ: بیان
(۲) الفاظ کا ابہام اور خرابی ترکیب سے محفوظ ہونا۔
الفِصْحُ من الأيّام: وہ دن جس میں نہ بادل ہو اور نہ سردی۔
(۲) (عند الیهود) یہود کے مصر سے نکلنے کی یاد میں عہد
(۳) (عند المسیحیین): عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق مسیح علیہ السلام کے موت سے اٹھنے کی یادگار کا دن جو عید کبیر کے نام سے مشہور ہے (مع) ایسٹر۔
اس کی اصل عبرانی زبان میں **پِسَيَّح** ہے' گزر را اور آگے بڑھ گیا۔
أَلْفَصِيحُ: یقال: رجُلٌ فَصِيحٌ: جو عمدہ کلام کرتا ہو اور عمدہ کلام کو گھٹیا سے جدا کر سکے۔
کلامٌ فَصِيحٌ: سالم اور واضح کلام جو کانوں کو بھلا لگے اور عقل اس کی باریکی جانچے۔
لِسَانٌ فَصِيحٌ: شیریں اور عمدہ زبان جو اپنے صاحب کی عمدہ تعبیر میں معاون ہو۔
فَصَدَ (ض) العِرْقَ فَصْدًا وفِصَادًا: رگ کھولنا۔
یقال: فصد المریض: علاج کے مقصد سے رگ کا خون نکالنا۔
فَصَدَ الناقَةَ: اونٹنی کی رگیں کھولنا تاکہ اس سے خون نکلے جسے پیا جا سکے ایسا قحط کے زمانے میں ہوا کرتا تھا۔
اسی سے ضرب المثل ہے:
لَمْ يُحْرَمِ القِرَى مَن فُصِدَ له: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنی بعض حاجت پوری کرلے۔
فَصَدَ له عطاءً: درخت میں کونپلیں نکلنا (پتوں کے سروں کا کھلنا اور اطراف کا بڑھنے لگنا)۔
فَصَّدَ: مبالغہ در **فَصَدَ.**
یقال: فَصَّدَ السيلُ الارضَ: سیلاب کا زمین میں گڑھے اور شگاف ڈالنا۔
۔**الشيءَ:** تھوڑے پانی سے تر کرنا۔
إفْتَصَدَ بمعنی **فَصَدَ.**
إنْفَصَدَ الدمُ و نحوه: خون وغیرہ بہنا۔
تَفَصَّدَ الدمُ: بہنا۔
الفَاصِدَان: چہرے پر آنسو بہنے کی جگہ۔
أبُو فَصَادَةَ: فصیله فُتّاحیه کا ایک پرندہ جو عصفوریات کے مرتبے میں سے ہے اور کیڑے وغیرہ کھاتا ہے (مولا)
المِفْصَدُ: فصد لگانے کا آلہ' نشتر۔
فَصَّ (ض) الجرحُ فَصِيصًا: زخم کا کچھ مواد نکلنا۔
—**العَرَقُ:** پسینہ ٹپکنا۔
—**الجُنْدَبُ فَصًّا و فَصِيصًا:** ٹڈی کا آواز نکالنا۔
—**الشيءَ:** الگ کرنا' دوسری چیز میں سے نکالنا۔
أَفَصَّ اليه من حقِّه شيئًا: کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا۔
فَصَّصَه: مبالغہ در **فَصَّهُ.**
—**الخاتَمَ:** انگوٹھی میں نگینہ لگانا۔
إفْتَصَّ الشيءَ: علیحدہ کرنا' کسی دوسری چیز میں سے نکالنا۔
إنْفَصَّ منه: الگ ہونا۔
إسْتَفَصَّ: یقال: ما اسْتَفَصَّ مِنْهُ شيئًا: وہ اس سے کچھ حاصل نہ کر سکا۔
الفُصُّ: ہر دو ہڈیوں کا جوڑ۔
(۲) انگوٹھی میں لگا یا جانے والا قیمتی پتھر وغیرہ
(۳) ۔**من الليمون ونحوه أو الثُّومِ و نحوه:** لیموں کی قاش یا لہسن کی گانٹھ کا جوا۔
—**من العین:** آنکھ کی پتلی۔
—**من الأمر:** معاملہ کی اصل اور حقیقت۔
—**من الشيءِ:** جوڑ۔
— **من السائل:** سیال چیز کا بلبلہ (ج) **فُصوص وأَفُصٌّ.**
یقال: فلان حَزَّازُ الفصوص: فلاں شخص صائب الرائے اور صاحب بصیرت ہے۔
الفَصَّاص: نگینہ ساز۔
الفَصِيصُ: چکنی' ملائم گٹھلی جیسے اسے تیل میں ڈبویا گیا ہو یا تیل لگایا گیا ہو۔
فَصَعَ (ف) الرُّطَبَةَ ونحوها فَصْعًا: تر کھجور کو دو انگلیوں سے ملا کر چھلکا اتارنا۔
—**الصبيُّ قُلْفَتَه:** بچہ کا حشوہ سے کھال ہٹانا۔
—**العمامةَ عن رأسه:** پگڑی اتارنا۔
—**الشيءَ عن الشيءِ:** نکالنا۔
فَصَّعَ الرجُلُ: آدمی کا بودار ہونا۔
—**له بمالٍ:** مال دینا۔
—**الشيءَ من غیره:** نکالنا۔
إفْتَصَعَ الغُلامَ: لڑکے کا عضو تناسل کی کھال

ہٹا کر حشفہ کھولنا۔
— حَقَّه: بزور اپنا سارا حق وصول کرنا۔
إِنْفَصَعَ الشئُ: ہٹنا۔
— من غيره: نکلنا۔
تَفَصَّعَ: لازم فَصَّعَ
الأَفْصَعُ: وہ لڑکا جس کے حشفہ سے کھال ہٹی ہو اور حشفہ ظاہر ہو۔
الفَصْعَانُ: گرمی کی وجہ سے سر کھولنے والا۔
الفُعْصَةُ: ختنہ سے پہلے بچہ کے حشفہ کی نرم کھال جو اوپر چڑھی ہوئی ہو۔
فَصْفَصَ فلانٌ: چوپائے کو فِصْفِصَة نام کی گھاس کھلانا۔
تَفَصْفَصُوا عنه: لوگوں کا جدا ہونا' ہٹ جانا۔
الفُصَافِصُ: طاقتور سخت آدمی۔
الفِصْفِصُ: (مصر میں) الفِصَّةُ (شام میں) فصيله قرنيه کی ایک طویل العمر گھاس جسے برسیم حجازی کہتے ہیں۔
الفِصْفِصَةُ بمعنی الفِصْفِصُ
(ج) فَصَافِصُ۔
فَصَلَ (ن ض) الكرمُ فُصُولاً: انگور کی بیل کا چھوٹا سا دانہ نکلنا۔
— القومُ عن البلد: نکلنا قرآن مجید میں ہے: {فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ}
— بَيْنَ الشيئين (ض) فَصْلاً و فُصُولاً: دو چیزوں کو الگ کرنا۔
— الحاكمُ بين الخَصْمَيْنِ: فیصلہ کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ}
— الشئَ عن غيره فَصْلاً: جدا کرنا' الگ کرنا۔
— الشئَ: کاٹنا۔
— الخطيبُ و نحوُه القولَ: دوٹوک بات بیان کرنا۔
— المولودَ عن الرضاع فصلاً: دودھ چھڑانا۔
يقال: فصل الفصيلَ عن أُمِّه: دودھ چھڑاتے ہوئے بچہ کو ماں سے دور کرنا۔

فَاصَلَ شريكَه: اپنے شریک سے شراکت ختم کر لینا۔
فَصَّلَ الشئَ: مستقل الگ الگ حصے کرنا۔
— الامرَ: واضح کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ}
— القَصَّابُ الشاةَ: قصاب کا بکری کے ٹکڑے کرنا' اس کے اعضاء الگ الگ کرنا۔
يقال: فَصَّلَ الخيَّاط الثوبَ: درزی کا کپڑے کو بدن کے مطابق کاٹنا۔
— العِقْدَ: ہار کے موتیوں کے درمیان فرق کے لئے دوسرا موتی پرونا ہو مُفَصَّلٌ۔
إِفْتَصَلَتِ المرأةُ رضيعَها: شیر خوار بچے کا دودھ چھڑانا۔
— النَّخْلَةَ عن موضعها: کھجور کے پودے کو اس کی جگہ سے منتقل کرنا۔
إِنْفَصَلَ الشئُ: الگ ہونا۔
— القومُ عن مكان كذا: کسی جگہ سے چلے جانا۔
الفَاصِلُ: يقال: حُكْمٌ فَاصِلٌ و قَضَاءٌ فاصلٌ: قطعی فیصلہ۔
الفَاصِلَةُ: ہار کے دو مہروں کے درمیان فرق کرنے والا خاص مہرہ۔
(۲) کسر اعشاریہ کے حساب میں کسر اور عدد کے درمیان لکھی جانے والی علامت۔
الفاصلة (علم عروض میں) تین متحرک حروف جن کے ساتھ حرف ساکن ہو۔ جیسے: كَتَبَتْ اور یہ صغریٰ ہے۔
اور چار متحرک حروف جن کے ساتھ پانچواں حرف ساکن ہو جیسے سَمِعَهُمْ اور یہ کبری ہے (ج) فَوَاصِلُ۔
الفَاصُولِيَةُ والفَاصُولياءُ: فصيله قرنيه کی یک سالہ زرعی ترکاری جسے حصول پھل اور جڑوں کے لئے کاشت کیا جاتا ہے اور خشک اور تر دونوں طرح کھایا جاتا ہے اس کی متعدد اقسام ہیں (مع)
الفِصَالُ: بچہ کا دودھ چھڑانا۔

قرآن مجید میں ہے: {وَحَمْلُهُ وَ فِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا}
الفَصْلُ: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ۔
(۲) جسم کی ہر دو ہڈیوں کے درمیان جوڑ۔
(۳) دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ' آڑ
(۴) شاخ۔
يقال: للنَّسب اصولٌ وفصولٌ۔
(۵) شمسی سال کا چار موسموں میں سے ایک موسم جو کہ یہ ہیں: بہار' گرما' سرما' خریف۔
(۶) کتاب کے باب کے تحت مندرج ایک حصہ۔
(۷) ڈرامہ کی ایک قسم' پارٹ۔
يقال: تمثيلية ذات أربعة فصول
(۸) اسکول کی کلاس اسے الصف بھی کہتے ہیں (محدثہ)
— من القول: صحیح اور قطعی بات۔
يوم الفصل: قیامت کا دن۔
فصل الخطاب: فیصلہ کن بات۔
الفَصْلَةُ: کھجور کا پودا جو اپنی جگہ سے منتقل کیا گیا ہو۔
(۲) کسی رسالہ وغیرہ سے لی ہوئی بحث یا مضمون' مقالہ (محدثہ)
(۳) ترقیم کی ایک علامت جو یوں (') دو عاطفہ جملوں کے درمیان لگائی جاتی ہے اور مختلف انواع و اقسام کے درمیان اور لفظ منادی کے بعد ایک مقام پر (') کے نیچے نقطے بھی ہے ایسا دو جگہوں میں ہوتا ہے۔
(ا) طویل جملوں کے درمیان جیسے: ان الناس لا ينظرون الى الزمان الذى عمل فيه العمل؛ و انما ينظرون الى مقدار جودته.
(ب) ایسے دو جملوں کے درمیان کہ جن میں سے دوسرا پہلے کے لئے سبب ہو۔
جیسے: سهرت الليل كلّه؛ لأُنجز بعض الأعمال۔
الفَصِيلُ: گائے یا اونٹنی کا بچہ دودھ چھڑانے اور اپنی ماں سے الگ کئے جانے کے بعد۔
(۲) قلعہ سے چھوٹی دیوار (ج) فُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ و فِصَالٌ۔

ف

الفَصِيلَةُ: جسم کے اعضاء کا ایک ٹکڑا۔
(۲) ران کے گوشت کا ٹکڑا۔
(۳) آدمی کا کنبہ جو قریبی رشتہ داروں پر مشتمل ہو قرآن مجید میں ہے: ﴿يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَ أَخِيهِ وَ فَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ﴾
(۴) (نبات اور حیوان میں) تمام ایسی اجناس جن میں مشترک صفات ہوں۔
(۵) فوج کی کمپنی۔
الفَيْصَلُ: حاکم یا قاضی۔
(۲) حق اور باطل میں قطعی فیصلہ کرنے والا۔
(۳) **یقال: حکومةٌ فَيْصَلٌ و قَضَاءٌ فَيْصَلٌ و قَوْلٌ فيصلٌ و طعنةٌ فيصلٌ** (ج) **فَيَاصِلُ**۔
المُفَصَّلُ: قرآن مجید کا آخری ساتواں حصہ کیونکہ اس میں سورتوں کے درمیان فصل بہت ہے۔
المُفَصِّلَةُ: دو پرت والا لوہے وغیرہ کا آلہ، ایک کو دروازے کی چوکھٹ کے بازو میں اور دوسرے کو کواڑ میں لگایا جاتا ہے (محدثہ) (ج) **مفصّلات**۔
المَفْصِلُ: جسم کی ہر دو ہڈیوں کے درمیان جوڑ
(۲) ڈھیر لگے ہوئے سخت پتھروں کی جگہ۔
(۳) دو پہاڑوں کے درمیان ریت اور کنکریاں جن پر پانی صاف و شفاف رہتا ہے (ج) **مَفَاصِلُ**۔
داءُ المَفَاصِلِ: گٹھیا۔
المَفْصِلِيَّاتُ: جوڑ دار ٹانگوں والے حیوانات کی فیملی، جیسے حشرات، بچھو اور مکڑی وغیرہ (ج)
المِفْصَلُ: زبان۔
فَصَمَ (ض) الشيءَ فَصْمًا: پھاڑنا۔
(۲) علیحدگی کے بغیر توڑنا۔
— **العُقْدَةَ**: گرہ کھولنا۔
— **الشيءَ**: موڑنا، کمان نما بنانا۔
أَفْصَمَ الشيءُ: زائل ہونا، ختم ہونا۔
یقال: أَفْصَمَ الحَرُّ و أَفْصَمَ المطرُ و أَفْصَمَتْ عنه الحُمّى۔
فَصَّمَهُ: زور سے پھاڑنا، توڑنا۔
إِنْفَصَمَ الشيءُ: الگ ہوئے بغیر ٹوٹنا۔
— **العُقْدَةُ**: گرہ کھلنا۔
— **العُروة**: کڑا ٹوٹنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى لَا انْفِصَامَ لَهَا﴾
— **ظَهْرُه**: کمر ٹوٹنا۔
— **الدُّرَّةُ**: موتی کا کنارہ ٹوٹنا۔
— **المطرُ**: بارش تھمنا، بند ہونا۔
تَفَصَّمَ الشيءُ: علیحدہ ہوئے بغیر ٹوٹنا۔
الفَصْمَةُ: دراڑ، شگاف۔
الفِصْمَةُ: مسواک یا کنگھے وغیرہ کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
الفَصِيمُ: یقال: **فَأْسٌ فَصِيمٌ**: بڑی کلہاڑی۔
فَصَى (ض) الشيءَ من الشيءِ و عنه فَصْيًا: علیحدہ کرنا، زائل کرنا۔
یقال: فَصَى اللَّحمَ عن العَظْمِ ونحوُ ذلك
أَفْصَى من الأمرِ: معاملہ کا خیر یا شر سے الگ ہونا، خلاصی پانا۔
المطرُ: بارش بند ہوجانا۔
— **عنه البَرْدُ أو الحَرُّ**: سردی یا گرمی کا دور ہو جانا۔
— **الصَّائِدُ**: شکاری کے جال میں شکار نہ پھنسنا۔
فَصَّاهُ منه وعنه: الگ کرنا، رہائی دلانا۔
یقال: فَصَّى اللحمُ عن العَظمِ
إِنْفَصَى اللَّاصِقُ من غيره: لگی ہوئی چیز کا الگ ہونا۔
یقال: إِنْفَصَى اللحمُ عن العظمِ۔
تَفَصَّى من الشيءِ وعنه: چھٹکارا پانا، الگ ہونا۔
یقال: تَفَصَّى من الدُّيُونِ و تَفَصَّى اللَّحمِ عن العَظْمِ
یقال: ما كدتُ أتَفَصَّى منه: یعنی رہائی اور خلاصی کے قریب تھا۔
والشيءَ: چھان بین کرنا، کھوج لگانا

ف .... ض

تَفَضَّخَ الجِسمُ: بدن کا گوشت موٹا ہو کر سلوٹیں پڑنا۔
— **الشيءَ**: کشادہ ہونا۔
— **الرأسُ عَرَقًا**: سر سے پسینہ بہنا۔
فَضَحَهُ (ف) فَضْحًا: عیب کشائی کرنا۔
هو فَاضِحٌ، هي فَاضِحَةٌ
(۲) کھولنا، ظاہر کرنا۔
یقال: فَضَحَهُ النَّهار
فَضَحَ القَمَرُ النُّجُومَ: چاند کا ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا۔
إفْتَضَحَ الرَّجُلُ: کسی کے عیب کھلنا۔
تَفَاضَحَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کی عیب کشائی کرنا۔
الفَاضِحُ: **الفعل الفاضح** (قانون کی رو سے) شرمناک فعل۔
الفَضِيحَةُ: بدنامی، رسوائی۔ (۲) عیب (ج) **فَضَائِحُ**۔
فَضَخَ (ف) الشيءَ الأجْوَفَ فَضْخًا: سر پا مارا اور اسے پھاڑ دیا۔
ضَرَبَ البِطِّيخَةَ فَفَضَخَهَا: تربوز یا خربوزہ توڑنا۔
— **العَيْنَ**: آنکھ پھوڑنا۔
— **البُسْرَ**: کچی کھجور کی شراب بنانا۔
أَفْضَخَ العُنْقُودُ: نچوڑے جانے کا وقت آ جانا۔
إفْتَضَخَ الشيءَ الأجْوَفَ: کھوکھلی چیز توڑنا۔
— **البُسْرَ**: کچی کھجور کی شراب بنانا۔
یقال: لا تَفْتَضِخْ لا تَفْتَضِحْ۔
إِنْفَضَخَ: لازم **فَضَخَ**۔
— **الشيءُ**: کھلا اور کشادہ اور چوڑا ہونا۔
— **السِّقاءُ و هو ملآنُ**: بھرے ہوئے مشکیزے کا پھٹ کر پانی وغیرہ بہہ جانا۔
— **فلانٌ**: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
— **القَارُورَةُ**: بوتل کا ٹوٹ کر خالی ہو جانا۔
الفَضُوخُ: نشہ آور شراب۔
الفَضِيخُ: انگور کا رس۔
(۲) کچی کھجور کی شراب جسے آگ پر نہ پکایا گیا ہو۔

(٣) پانی ملا دودھ جس پر پانی غالب ہو۔
المِفْضَخَةُ: شراب بنانے کا برتن۔
— من الدِّلاء: بڑا ڈول (ج) مَفَاضِخُ۔
فَضَّ (ن) الشيءَ فَضًّا: علیحدہ کرنا۔
يقال: فَضَّ القومَ: منتشر کرنا۔
فَضَّ المالَ على القوم: تقسیم کرنا۔
— خاتمَ الكتاب: خط وغیرہ کی مہر توڑنا۔
يقال: فَضَّ الكِتَابَ وفَضَّ الخاتَمَ عن الكتاب۔
— الماءَ: پانی بہانا۔
— اللُّؤْلُؤَةَ ونحوَها: سوراخ کرنا۔
يقال: فَضَّ عُذرةَ المرأةِ: بکارت زائل کرنا۔
— ما بينهما: باہمی تعلق توڑنا۔
يقال: فَضَّ الأمرَ: معاملہ ختم کرنا۔
يقال: فَضَّ الله فاه: خدا اس کے دانت گرائے (بطور بددعا)
اور بطور دعا: لا يَفْضُضِ الله فاه۔
فَضَّضَ الشيءَ: چاندی کا ملمع کرنا یا چاندی سے آراستہ کرنا۔
اِفْتَضَّ بمعنی فَضَّ۔
اِنْفَضَّ الشيءُ: ٹوٹنا۔
— الجمعُ: مجمع منتشر ہونا
قرآن مجید میں ہے: {وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ}
الفُضَاضُ: ٹوٹے ہوئے ٹکڑے۔
يقال: طارت عظامه فُضَاضًا: اس کی ہڈیوں کے ٹکڑے اڑ گئے۔
الفُضَاضَةُ بمعنی الفُضَاض۔
الفَضُّ من الناس: منتشر مجمع۔
يقال: خَرَزٌ فَضٌّ: بکھرے ہوئے مہرے۔
الفَضَضُ من الشيءِ: کسی چیز کے ٹکڑے۔
يقال: أصابه فَضَضٌ من الماء: پانی کے چھینٹے۔
الفَضَّةُ: اوپر تلے بکھری ہوئی چٹان۔
(٢) کالے پتھروں والی اونچی زمین (ج) فِضَاضٌ۔

الفِضَّةُ: (چاندی) پیسے جانے، کوٹے جانے اور صیقل کے قابل ایک سفید عنصر، حرارت اور بجلی کو بہت زیادہ منتقل کرنے والا۔ جو کہ قیمتی جواہرات میں سے ہے۔ اس کے بنانے اور تصویر سازی میں اس کی پلیٹس استعمال ہوتی ہیں (ج) فِضَضٌ، فِضَاضٌ۔
الفَضِيضُ: ادھر ادھر بکھرا ہوا پانی یا بکھرے ہوئے اولے وغیرہ۔
(٢) چشمہ سے نکلنے والا پانی یا آسمان سے اترنے والا پانی۔
(٣)۔ من الأمكنة: بہت پانی والی جگہ۔
— من النَّوى: منہ سے نکال کر پھینکی جانے والی گٹھلی۔
المِفَضَاضُ: ڈھیلے وغیرہ توڑنے کی موگری۔
المِفَضُّ والمِفَضَّةُ بمعنی المِفَضَاض۔
فَضْفَضَ الشيءُ: کشادہ ہونا۔
يقال: فَضْفَضَ الثَّوبُ والدِّرعُ والعَيْشُ۔ الثَّوبَ: کشادہ کرنا، هو فَضْفَاضٌ۔
تَفَضْفَضَ بَوْلُ الناقة: اونٹنی کے پیشاب کا اس کی رانوں پر بہنا۔
الفُضَافِضَةُ مِنَ الدُّروع و من الثياب: کشادہ اور ڈھیلی زرہ یا کپڑا۔
الفَضْفَاضُ من المياه: بہت پانی۔
— من الرِّجال: بہت عطا کرنے والا سخی۔
— من الثياب: کھلا اور کشادہ کپڑا۔
يقال: عيشٌ فَضْفَاضٌ: آسودہ زندگی۔
— من الارض: کثرت باراں کے باعث پانی سے ڈھکی ہوئی زمین۔
الفَضْفَاضَةُ: سحابة فَضْفَاضَةٌ: بہت پانی والا بادل۔
فَضَلَ (ن) الشيءُ فَضْلاً: ضرورت سے زائد ہونا۔
يقال: أنْفِقْ من مالك ما فَضَلَ: (٢) باقی بچنا۔
يقال: خُذْ هذا الذی فضل مما أنفقتَ۔
— فلانٌ على غيره: احسان وکرم وفضیلت میں فوقیت لے جانا۔

يقال: فَاضَلَ غيرَه فَفَضَلَه هو فاضِلٌ (ج) فُضَلاءُ۔
فَضُلَ (ك) الشيءُ فُضُولاً: اعلیٰ درجہ کا ہونا۔
أفْضَلَ عليه: احسان کرنا۔
— من الشيءِ: بچانا، باقی رکھنا۔
— عليه فی الحسب والشَّرَفِ: خاندانی عزت وبلندی میں فوقیت لے جانا۔
فَاضَلَه مُفَاضَلَةً و فِضَالاً: فضل وکمال میں مقابلہ کرنا۔
— بين الشيئين: ترجیح کے لئے دو چیزوں میں موازنہ کرنا۔
فَضَّلَه على غيره: دوسرے پر کسی کو ترجیح دینا یا فائق خیال کرنا۔
تَفَاضَلَ القَوْمُ: فضل وکمال میں باہم مقابلہ کرنا۔
(٢) ایک دوسرے پر اپنی برتری وفضیلت کا دعویٰ کرنا۔
تَفَضَّلَ: کام کاج کا معمولی کپڑا پہننا۔
— عليه: احسان کرنا۔
(٢) کسی پر فضیلت کا دعویٰ کرنا
قرآن مجید میں ہے: {مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ}
— على غيره: قدر ومنزلت میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
اِسْتَفْضَلَ من الشيءِ: بچانا، باقی رکھنا۔
— الشيءَ: حق سے زائد لینا۔
يقال: أخَذَ حقَّه واسْتَفْضَلَ ألفًا۔
الفَاضِلُ: ضرورت سے زائد باقی۔
— من الرِّجال: اعلیٰ درجہ اور فضیلت والا
الفَاضِلَةُ: عظیم نعمت (ج) فَوَاضِلُ۔
فَوَاضِلُ المال: زمین کا غلہ، مویشیوں کا دودھ اور اون، منافع تجارت۔
الفِضَالُ: ایک سادہ کپڑا جسے آدمی یا عورت گھر میں کام کاج یا سونے کے لئے پہنتے ہیں۔
الفُضَالَةُ: چیز کا بقیہ حصہ۔
الفَضْلُ: احسان جو ابتداءً بلا علت ہو۔
(٢) اقتصاد سے زائد۔ (٣) شے کا بقیہ۔

فضل الزّمام: لگام کا کنارہ۔ (ج) فضول۔
يقال: فلان لا يملك درهمًا فضلاً عن دينار: نہ اس کے پاس درہم ہے اور نہ دینار گویا یوں کہا گیا کہ وہ تو درہم کا ہی مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہوسکتا ہے۔
الفُضُلُ: عورت جب اس نے کام کاج کے کپڑے پہن رکھے ہوں اور وہ ایک کپڑے میں ہو۔ والرَّجلُ فُضُلٌ ايضًا۔
يقال امرأةٌ فُضُلٌ: دامن لٹکا کر اترا کر چلنے والی عورت۔
الفَضْلَةُ: کسی چیز کا بقیہ۔
(۲) جسم سے نکلنے والا پیشاب وغیرہ (ج) فَضَلاتٌ و فِضَال۔
الفُضُولُ: بے فائدہ۔
يقال: هذا من فُضُولِ القول: بے فائدہ بات۔
(۲) غیر متعلق بات میں مداخلت یا مشغولیت
(۳) (اطباء کے ہاں): بغیر علاج کے جو بدن سے نکلے۔
حِلْفُ الفُضُولِ: قریش کے قبائل کے درمیان ایک معاہدہ اس بات پر کہ مکہ میں اس کے باشندوں اور اس میں باہر سے آنے والوں میں کوئی اگر مظلوم ہوگا تو وہ اس کی حمایت کریں گے اور ظالم کی مخالفت' تاوقتیکہ اس کا حق واپس لے لیا جائے۔ اس میں نبی کریم ﷺ بھی اسلام سے قبل عبداللہ بن جدعان کے گھر میں شریک ہوئے تھے نبوت ملنے کے بعد آپ فرماتے تھے۔
ما اُحبُّ اَنَّ لِی به حُمْرَ النَّعَم۔
الفُضُولِیُّ من الرِّجال: بے کار باتوں میں مشغول رہنے والا۔
(۲) (شریعت میں): جو نہ تو ولی ہو نہ وصی نہ اصل اور نہ وکیل۔
الفَضِيلَةُ: حسنِ اخلاق میں اعلیٰ درجہ۔
فضيلةُ الشيءِ: کسی چیز کا مطلوبہ فعل و کارکردگی۔
يقال: فضيلةُ السَّيْفِ اِحكامُ القطع: تلوار کا کام اچھی طرح کاٹنا ہے۔
فضيلة العَقْل اِحكام الفكر: عقل کا کام صحیح طور پر سوچنا ہے (ج) فضائل۔
اُمَّهاتُ الفضائل: حکمت' پاکدامنی' شجاعت اور اعتدال۔
فَضَا (ن) المكانُ فَضَاءً وفُضُوًّا: کشادہ ہونا (۲) خالی ہونا۔
— الشجرُ بالمكان فُضُوًّا: بہت ہونا۔
— فلانٌ دراهمه: درہموں کو تھیلی میں نہ رکھنا۔
اَفْضَى المكانُ بمعنی فَضَا۔
— فلانٌ: کھلی جگہ میں جانا۔
— الى فلانٍ: پہنچنا۔
— الامرُ به الى كذا: نتیجہ پر پہنچانا۔
يقال: هٰذا الكلامُ يُفضي الى كذا من النتائج۔
— السَّاجدُ بيده الى الأرض: سجدہ میں سجدہ کرنے والے کا اپنی دونوں ہتھیلیوں کو زمین پر رکھنا۔
— الى فلان بالسِّرِّ: راز بتانا۔
— اِلى المراةِ: عورت کے ساتھ خلوت اختیار کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَ كَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ}
— المكانَ: کشادہ کرنا' خالی کرنا۔
الفَضَا: تنہا' اکیلا' خشک انگور کا دانہ۔
يقال: سَهمٌ فَضًا: اکیلا تیر۔
بقيتُ فَضًا: میں اکیلا رہ گیا۔
تركتُ الأمْرَ فَضًا: میں نے کام کو ناپختہ چھوڑ دیا۔
اَمرهم فضًا بينهم: ان کا معاملہ برابری کا ہے ان میں کوئی بڑا نہیں۔
الفَضَاءُ: کشادہ اور کھلی جگہ۔ (۲) خالی جگہ۔
— من الدار: گھر کے سامنے کھلی جگہ۔
(۴) ستاروں کے درمیان کی مسافت جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا (محدثہ) (ج) اَفْضِيَةٌ۔

ف .... ط

فَطَأَ (ف) عن رأيه فَطْئًا: رائے سے ہٹانا۔
— الشيءَ: توڑنا' چپٹانا۔
— الرَّجلَ: کمر پر کھلا ہاتھ مارنا۔
— به الأرضَ: زمین پر پٹخنا۔
— القومُ: خلاف منشا بوجھ لادنا۔
— ظَهْرَ بعيرٍ أو نحوه: بھاری بوجھ لاد کر اونٹ وغیرہ کی کمر جھکا دینا۔
فَطِئَ (س) الرَّجُلُ فَطَأً: کمر اندر کو دھنسی ہوئی اور سینہ باہر کو نکلا ہوا ہونا۔
(۲) چپٹی ناک والا ہونا۔
— البعيرُ: کمر جھکنا۔
هو اَفْطَأُ هي فَطْأءُ (ج) فُطْءٌ
اَفْطَأَ الرَّجُلُ: مالدار ہونا۔
(۲) خوش اخلاقی کے بعد بد خلق ہو جانا۔
— فلانًا: کوئی چیز یا کھانا کھلانا۔
تَفَاطَأَ: کمر کا زیادہ اندر ہونا اور سینہ کا زیادہ باہر ہونا۔
— عنه: پیچھے ہٹنا' سستی برتنا۔
— عنِ القوم: حملہ کرنے کے بعد لوٹ آنا۔
فاطَأَ به الأرضَ بمعنی فَطَأَ۔
الفُطْأَةُ: پیٹھ کا دھنساؤ اور سینہ کا ابھار۔
فَطَحَتِ (ف) المرأةُ بالولدِ فَطْحًا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔
— الشيءَ: چوڑا کرنا۔
يقال: فَطَحَ القلَمَ: قلم تراشنا' آگے سے چوڑا کرنا۔
— فلانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
يقال: فَطَحَ ظَهْرَه۔
فَطِحَ (س) فَطَحًا: چوڑا ہونا۔
يقال: فَطِحَ الرأسُ هو اَفْطَحُ۔
فَطِحَتِ القدمُ والأرْنبةُ: پیر یا ناک کے بانسے کا چپٹا ہونا هي فَطْحَاءُ۔
— النَّخْلُ: درخت خرما کا قلم لگنا۔
فَطَّحَ: مبالغہ در فَطَحَ۔
يقال: فَطَّحَ الحَدِيْدَ: لوہے کو چوڑا اور ہموار کرنا۔
الاَفْطَحُ: چوڑا' چپٹا۔
(۲) ٹیڑھے ہاتھ یا پاؤں والا۔
الفِطَحْلُ: زبردست سیلاب۔
(۲) بھاری بھر کم پر گوشت۔ (۳) بڑا عالم۔

مولدین کا کبار علماء کو فطاحل کہنا تشبیہ کی بنا پر ہے(مو)
(۴) عہد انسانی سے پہلے کا زمانہ۔
قال ابو عبیدۃ: اعراب کا خیال ہے کہ فِطَحْل وہ زمانہ ہے جس وقت پتھر نرم ہوا کرتے تھے (ج) فَطَاحِل۔
فَطَرَ (ن) نَابُ البعیر ونحوہ فَطْرًا: اونٹ وغیرہ کا گوشت پھٹ کر دانت نکلنا۔
— النباتُ: زمین پھٹ کر گھاس نکلنا۔
— الشیئَ: پھاڑنا۔
— الأمْرَ: ایجاد کرنا، آغاز کرنا۔
— اللّٰہُ العَالَمَ: اللہ کا دنیا کو ابتداء وجود میں لانا قرآن مجید میں بزبان سیدنا ابراہیم علیہ السلام مذکور ہے: {اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا}
— العجینَ: تازہ گندھے ہوئے آٹے کی روٹی پکانا، خمیر نہ اٹھنے دینا۔
یقال: فَطَرَ الأجیرُ الطِّینَ: کاریگر کا لیس پیدا کئے بغیر گارہ ملنا۔
— النَّاقَةَ ونحوَهما: اونٹنی وغیرہ کا انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دودھ دوہنا۔
اَفْطَرَ الصَّائِمُ: روزہ ختم کرنے والی چیز سے روزہ ختم کرنا۔
— فلانٌ: افطار کے وقت میں داخل ہونا۔
— فلانٌ: صبح کا ناشتہ کرنا (مج)
— علی الرُّطب ونحوہ: تازہ کھجور وغیرہ کا ناشتہ کرنا۔
— الشَّیْءُ الصَّوْمَ: کسی چیز کا روزے کو توڑ دینا۔
یقال: ھذا العملُ یُفْطِرُ الصائمَ۔
فَطَّرَ الشیئَ: مبالغہ در فَطَر۔
— الصَّائِمَ: روزہ دار کو روزہ افطار کرانا۔
— الرجلَ: کسی کو افطاری کا سامان دینا۔
اِفْتَطَرَ الأَمْرَ بمعنی فَطَرہ۔
اِنْفَطَر الشیئُ: پھٹنا۔
قرآن مجید میں ہے: {اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ}
یقال: اِنْفَطَرَ الْغُصْنُ: شاخ کے پتے نکلنا۔

تَفَطَّرَ الشیئُ: پھٹنا، پارہ پارہ ہو جانا۔
قرآن مجید میں ہے: {تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ}
یقال: تَفَطَّرَتِ الیَدُ أو القَدَمُ: ہاتھ پاؤں پھٹنا۔
حدیث میں ہے: (أنه ﷺ قَامَ حَتّٰی تَفَطَّرَتْ قَدَمَاهُ)
یقال: تَفَطَّرَ الثوبُ و تَفَطَّرَتِ الأَرْضُ بالنبات۔
التَّفَاطِیْرُ: فصل ربیع کی پہلی بارش کے بعد اگنے والا پودا۔ (۲) صبح کی سپیدی
(۳) نوجوان لڑکے اور لڑکی کے منہ پر نکلنے والی پھنسیاں۔
الفُطَارُ: یقال: سَیْفٌ فُطَارٌ: تازہ بنی ہوئی تلوار غیر صیقل شدہ جو کاٹ نہ سکے۔
الفُطَارِیُّ من الرِّجال: نکما بے فیض آدمی جس سے نہ نفع ہو نہ نقصان۔
الفَطْرُ: پھٹن، شگاف۔
قرآن مجید میں ہے: {فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ}
الفِطْرُ: روزہ کشائی، افطار۔
(۲) انگور کے دانے جو ابھی نمودار ہی ہوئی ہوں۔
یقال: رجلٌ فِطْرٌ و قومٌ فِطْرٌ: بے روزہ۔
عِیْدُ الفِطْرِ: رمضان کے روزوں کے بعد آنے والی عید۔
زکاۃُ الفِطْرِ: واجب صدقہ جو مسلمان عید الفطر کی مناسبت سے محتاجوں کو دیتے ہیں۔
الفُطْرُ: انگور کے ابتدائی دانے۔
(۲) زمین سے اگنے والی مختلف اقسام کے پودے جن پر پھول نہیں آتے۔ انہیں فُطْرِیّات بھی کہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ کھائے جاتے ہیں اور بعض زہریلے ہوتے ہیں اور کچھ دوسروں پودوں پر سہارا کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کھمبی بھی ہے۔
واحدتہ: فُطْرَۃٌ (ج) اَفْطَارٌ، فُطورٌ۔
(۳) انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دوہتے وقت کا تھوڑا سا دودھ۔

الفِطْرَۃُ: صدقہ فطر۔
(۲) وہ پیدائشی حالت یا کیفیت جس پر موجود کا وجود ابتداء سے ہوتا ہے۔ فطرت۔
(۳) فطرت سلیمہ جس میں کوئی عیب داخل نہ ہو۔ قرآن مجید میں ہے:
{فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ}
الفطرۃ السلیمۃ (فلاسفہ کی اصطلاح میں) ایسی استعداد جس کے ذریعے اصابت حکم اور حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کیا جا سکے (مج)
(ج) فِطَرٌ۔
الفِطْرِیَّۃُ: یہ نظریہ کہ افکار و اصول انسان کی جبلت میں تجربہ اور تلقین سے پہلے ہی موجود ہیں (مو)
الفَطُوْرُ: غروب شمس کے بعد روزے دار کا کھانا تناول کرنا۔ صبح کے وقت ناشتہ کرنا (مج)
الفُطُوْرُ: افطاری جس سے روزہ دار روزہ کھولے۔ (۲) صبح کا ناشتہ (مج)
الفَطِیْرُ: ہر ناپختہ چیز جو جلدی میں لی جائے۔
خُبْزٌ فَطِیْرٌ: خمیر اٹھنے سے قبل پکائی جانے والی روٹی۔
یقال: رأیٌ فَطِیْرٌ: خام رائے جو سوچے بغیر دل میں آتے ہی ظاہر کر دی جائے۔
الفَطِیْرَۃُ: روٹی جسے مکھن، کریم وغیرہ لگا کر پکایا جائے۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں (پیسٹری، کیک، پراٹھا وغیرہ) (مو) (ج) فَطَائِرُ۔
فَطَسَ (ض) فَطْسًا و فُطُوْسًا: کسی ظاہری سبب کے بغیر مر جانا۔
— الحدیدَ فَطْسًا: لوہے کو کوٹ پیٹ کر چپٹا کرنا۔
— فلانًا بالکلمۃِ: کسی کے منہ پر کوئی بات کہنا۔
فَطِسَ (س) فَطَسًا: چپٹی ناک والا ہونا۔
ھو اَفْطَسُ ھی فَطْسَاءُ (ج) فُطْسٌ۔
فَطَّسَ: مبالغہ در فَطَسَ۔
الفَطْسَۃُ: مہندی کا ایک بیج۔
الفَطْسَۃُ: ناک کا چپٹا پن اور ناک کے بانسے کا

ٹیڑھاپن۔(۲) خنزیر کی تھوتھنی۔
الفِطِّيسُ: لوہار کا بڑا ہتھوڑا۔
(۲) پتھر توڑنے کی ہتھوڑی
الفِطِّيسَةُ من الخنزير: خنزیر کی تھوتھنی۔
فَطَمَ (ض) العُودَ أو الحَبْلَ فَطْمًا: لکڑی یا رسی کاٹنا۔
يقال: فَطَمَ فلانًا عن عادتِهِ: عادت چھڑانا۔
— المُرْضِعُ الرَّضِيعَ: دودھ پلانے والی کا بچے کا دودھ چھڑانا هي فَاطِمٌ و فَاطِمَةٌ۔
اَفْطَمَ الرَّضِيعُ: بچہ کے دودھ چھڑانے کا وقت آجانا۔
إِنْفَطَمَ: دودھ چھوٹ جانا۔
— عن الشيءِ: پھرنا۔
الفَاطِمِيَّةُ: الدَّولَةُ الْفَاطِمِيَّةُ: مملکت جس کے خلفاء حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ کی طرف منسوب ہیں، مراکش میں قائم ہوئی اور مصر میں ۳۵۹ء سے ۵۶۷ھ تک قائم رہی۔
الفِطَامُ: بچہ کا دودھ چھڑانا۔
الفَطِيمُ: دودھ چھڑایا ہوا خواہ لڑکا ہو یا لڑکی (ج) فُطُمٌ۔
الفَوَاطِمُ: دولت فاطمیہ کے خلفاء۔
فطن (ض) الامر فطنةً: چاہنا۔ کسی کے لئے معاملے کا واضح ہونا۔
فَطِنَ (س) فطنا فطنةً فطانةً: زیرک ہونا، سمجھدار ہونا۔
— لِلأمرِ وبه واليه: اچھی طرح جان جانا۔
هو فَاطِنٌ و فَطِنٌ و فَطِينٌ۔
فَاطَنَه في الكلامِ: کلام میں مراجعت کرنا۔
قال الراعي.
إذا فاطَنَتْنَا في الحديث تهزهزت
اليها قلوبٌ دونهنّ الجوانحُ
فَطَّنَه: سمجھدار اور زیرک بنانا۔
— لِلأمرِ وبه: واقف کرانا، باخبر کرنا۔
تَفَطَّنَ بمعنی فَطِنَ۔
الفَطَانَةُ: ذہن میں آنے والی بات کا ادراک کر لینے کی ذہنی استعداد۔
الفِطْنَةُ بمعنی الفَطَانَةُ (۲) مہارت (ج) فِطَنٌ۔

ف .... ظ

فَظَّ (س) فَظَظًا و فَظَاظَةً: بدخلق اور سخت مزاج ہونا۔ هو فَظٌّ۔
إِفْتَظَّ البعيرَ: اونٹ کی اوجھ کو چاک کر کے اس کا پانی نچوڑنا، عرب مسافر صحراء میں اونٹوں کو پانی پلا کر ان کے منہ باندھ دیتے تھے تا کہ وہ جگالی نہ کر سکیں اور جب پیاس لگے تو یہ مسافر اوجھ کا پانی پی سکیں۔
الفَظُّ: سخت مزاج بدخلق (ج) اَفْظَاظٌ۔
(۲) اوجھ کا پانی جو بیابان میں پانی نہ ملنے کے وقت پیا جاتا تھا (ج) فُظُوظٌ۔
فَظِعَ (س) بالأمرِ فَظَعًا و فَظَاعَةً: کسی کام کو بڑا اور بھیانک سمجھنا۔
يقال: فَظِعَ منه.
فَظُعَ الامرُ (ك) فَظَاعَةً: بہت بڑا ہونا۔
اَفْظَعَ الأمرُ: بمعنی فَظُعَ هو مُفْظِعٌ۔
فلانًا: برے کام میں ڈالنا۔
— الأمرَ: برا اور قابل نفرت پانا۔
— الأمرُ فلانًا: مشکل میں ڈالنا خوفزدہ کرنا۔
فَظَّعَ الأمرَ: بھیانک، بہت برا بنا دینا۔
إِسْتَفْظَعَ الأمرَ: بہت برا یا بھیانک سمجھنا۔

ف .... ع

فَعْفَعَ في امره: جلدی کرنا۔
الفَعْفَاعُ: بزدل۔
فَعَلَ (ف) الشيءَ فِعْلاً و فَعَالًا: کرنا۔
إِفْتَعَلَ الشيءَ: گھڑنا، جعلی بنانا۔
يقال: افتعل الحديث و افتعل عليه الكذب.
إِنْفَعَلَ: لازم فَعَلَه هو مُنْفَعِلٌ۔
— بكذا: متاثر ہونا۔
تَفَاعَلاَ: ایک دوسرے پر اثر ڈالنا۔
الأُفْعُولَةُ: ناگوار عجیب بات (ج) اَفَاعِيلُ۔
التَّفَاعُلُ: التَّفَاعُلُ الكيمياوى (دیکھئے: کیمیاء)
التَّفَاعِيلُ: (علم عروض میں) شعر کا وزن نکالنے کے لئے وضع کردہ کلمات۔ جیسے فعولن، مفاعلتن مستفعلن۔
الفاعِلُ: کرنے والا۔ (۲) قادر (۳) بڑھئی۔
(۴) تعمیر اور کھدائی کا کام مزدوری پر کرنے والا۔
(۵) (نحویوں کی اصطلاح میں) وہ اسم جس کی طرف ماقبل میں واقع صیغہ والے فعل یا شبہ فعل کی اسناد کی گئی ہو۔
الفَاعِلِيَّةُ: فاعل ہونے کی صلاحیت و صفت (مج)
الفَعَالُ: ایک آدمی کا ایک اچھا یا برا کام۔
(۲) قابل تعریف کام۔ (۳) کرم۔
الفِعَالُ: دو آدمیوں کا کام۔
(۲)۔ من الفأْس والقدوم والمطرقة: کلہاڑی ہتھوڑے اور بسولہ کا دستہ (ج) فُعُلٌ۔
الفِعْلُ: کام۔
(۲) (نحو میں) وہ کلمہ جو حدوث مع زمانہ پر دلالت کرے (ج) فِعَالٌ و اَفْعَالٌ۔
(۳) الفِعْلُ المنعكسُ: وہ حرکت جو کسی حرکاتی یا غدودی عضو میں کسی مقام کی حساسیت بڑھانے اور حرکت دینے کے نتیجے میں پیدا ہو۔
الفَعْلَةُ: ایک دفعہ کا کام اس سے اشارہ ناپسندیدہ عمل کی طرف ہوتا ہے۔
قرآن مجید میں موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں ہے:
{وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ}
الفِعْلِيُّ: موجود (مقابل: ممکن)
المُفَاعِلُ الذَّرِيّ: ایک ایسا سسٹم جس میں یورینیم کے جوہری ذرات کو مسلسل و خود خیز انتشار کے ذریعہ مادہ کو ایک توانائی میں تبدیل کیا جاتا ہے جبکہ اس انتشار کو روکنے اور قابو میں کرنے کے وسائل موجود ہوتے ہیں (مج)
المُفْتَعَلُ: ہر وہ چیز جو پہلے نمونہ کے مطابق نہ ہو۔
يقال: جاءَ بالمُفْتَعَلِ: اس نے بڑا کام کیا۔
(۲) جعلی، گھڑا ہوا۔
المَفْعُولِيَّةُ: مفعول ہونے کی صلاحیت و صفت۔

ف

فَعَمَ (ف) **الإناءَ۔ فَعْمًا**: لبالب بھرنا۔
فَعِمَهٗ (س) **الطِّيبُ فَعَمًا**: خوشبو کا ناک کو بھر دینا' خوشبو کا مہک جانا۔
فَعُمَ (ك) **الإناءُ فَعَامَةً و فُعُومَةً**: بھر جانا۔
— **السَّاعِدُ و نحوُه**: بازو کا گوشت سے پر ہونا۔ **هو فَعْمٌ**۔
يقال: **فَعُمَتِ المرأةُ**: اچھی ساخت والی ہونا۔ **هي فَعْمَةٌ**۔
أَفْعَمَ الإناءَ: پورا بھرنا۔
يقال: **أَفْعَمَهُ الخَبَرُ مَسَرَّةً أو سَاءَةً**۔ خبر کا خوشی یا غم میں ڈو با دینا۔
— **المِسْكُ البَيْتَ**: مشک کی خوشبو کا گھر کو بھر دینا **هو مُفْعَمٌ**۔
فَعَّمَ الإناءَ بمعنی **فَعَمَه**۔
الأَفْعَمُ: لبالب بھرا ہوا۔
الفَعْمُ: يقال: **وجهٌ فَعْمٌ**: بھرا ہوا چہرہ۔
جَارِيَةٌ فَعْمَةٌ: گٹھے ہوئے بدن والی عورت۔
هو فَعْمُ الأَوْصَالِ: پر گوشت اعضاء والا۔
مُخَلْخَلٌ فَعْمٌ: پر گوشت پنڈلی۔
حَيٌّ فَعْمٌ: لوگوں سے بھرا ہوا محلہ۔
أَفْعَى فلانٌ: اچھائی کے بعد برا ہو جانا۔
فَعَّى الشيءَ: کسی چیز پر سانپ کی شکل بنانا اور یہ اونٹ کی نشانی ہوتی تھی۔
تَفَعَّى فلانٌ: بدی پر آمادہ ہونا۔
الأَفْعَى: خطرناک زہریلا سانپ جو چتکبرا ہوتا ہے۔ اس کی گردن پتلی اور سر چوڑا ہوتا ہے (ج) **أَفَاعٍ**۔
الأَفَاعِيْ: بن ران کی رگ سے پھیلنے والی رگیں۔
الأُفْعُوَانُ: نر **أَفْعَى** (ج) **أَفَاعٍ**۔
المَفْعَاةُ: **أَرْضٌ مَفْعَاةٌ**: وہ جگہ جہاں **أَفْعَى** سانپ بکثرت ہوں۔
المُفَعَّاةُ: اونٹ پر سانپ کی شکل بنانے کا چھاپہ۔
(۲) برائے امتیاز جس اونٹ پر سانپ کی شکل بنائی گئی ہو۔

ف .... غ

فَغَرَ (ف) **فَمَهٗ فَغْرًا**: منہ کھولنا۔
أَفْغَرَ فاهُ بمعنی **فَغَرَه**۔
اِنْفَغَرَ الفَمُ: کھلنا (لازم: **فَغَرَه**)
— **النَّوْرُ**: کلی کھلنا۔
الفَاغِرَةُ: ایک قسم کی خوشبو یا کبابہ یا بیخ نیلوفر۔
فَغَارِ: (جیسے: **قَطَامِ**) يقال: **طَعْنَةٌ فَغَارِ**: نیزے کی آر پار ضرب۔
الفُغْرَةُ: وادی کا دہانہ (ج) **فُغَرٌ**۔
اَلْمَفْغَرَةُ: کشادہ زمین۔
(۲) پہاڑ کی کھوہ **كَهْف** سے چھوٹا
فَغَمَ النَّوْرُ (ف) **فَغْمًا و فُغُومًا**: کلی کھلنا۔
— **الرَّائحةُ أَنْفَهٗ**: بو کا ناک میں بھر جانا۔
— **الرائحةُ زُكَامَ المَزْكُوْمِ**: زکام والے کے زکام کو کھول دینا۔
فَغِمَ (س) **بالشيءِ فَغَمًا**: مشتاق و حریص ہونا۔
— **بالمكانِ**: قیام کرنا' برقرار رہنا **هو فَغِمٌ**۔
أَفْغَمَ البَيْتَ: خوشبو سے بھر دینا۔
— **فلانًا**: شوق دلانا۔
يقال: **هو مُفْغَمٌ بِهٖ**: اس کا دلدادہ ہے حریص ہے۔
فَغَّمَهٗ: مسالوں سے خوشبودار بنانا۔
اِفْتَغَمَ الزُّكَامُ: کھلنا۔
اِنْفَغَمَ الزُّكَامُ: کھلنا۔
تَفَغَّمَ النَّوْرُ: کلی کھلنا۔
الفَغْمُ: دانتوں سے لگ جانے والا کھانا۔
الفُغْمُ: ٹھوڑی دائیں بائیں کناروں سمیت (۲) منہ۔
الفَغَمُ: ناک کیونکہ بو اسے بھر دیتی ہے اور کھول دیتی ہے۔
الفَغْمَةُ من الطِّيْبِ: خوشبو کی مہک۔
المَفْغُوْمُ: مسالوں سے خوشبودار کیا ہوا، (۲) زکام میں مبتلا شخص۔
فَغَا (ن) **الشَّجَرُ فَغْوًا**: درخت کی کلی کھلنا۔
— **الشيءُ**: خوشبو نکلنا' پھیلنا۔
— **جِسْمَه**: حنا سے معطر کرنا۔

فَغِيَ (س) **التَّمْرُ فَغًى**: کسی آفت کی وجہ سے کھجور کی چھلی کا موٹا ہو جانا **هو فَغٍ**۔
أَفْغَى الشَّجَرُ بمعنی **فَغَا**۔
— **التَّمْرُ أو البُسْرُ** بمعنی **فَغِيَ**۔
يقال: **أَفْغَتِ النَّخْلَةُ**: کھجور کی چھلی کا موٹا ہو جانا۔
— **فلانٌ**: خوب روئی کے بعد بدصورت ہو جانا۔
(۲) اطاعت کے بعد نافرمان ہو جانا۔
(۳) مالداری کے بعد فقیر و نادار ہو جانا۔
— **الطَّعَامَ**: کھانے کو ملاوٹ سے صاف کرنا۔
الفَاغِيَةُ: خاص طور پر حنا کی کلی' عام طور پر حنا کے پھل کو کہتے ہیں۔
(۲) ہر خوشبودار پودے کی کلی۔ (۳) خوشبو۔
الفَغَى: خراب کچی کھجور۔ (۲) ہر گھٹیا چیز۔
الفَغْوُ بمعنی **الفَاغِيَةُ**۔
الفَغْوَةُ: پھول (۲) خوشبو۔
المَفْغُوُّ من الأشياءِ: حنا خوشبو لگائی ہوئی چیز۔

ف .... ق

فَقَأَ (ف) **العَيْنَ أو البَثْرَةَ ونحوَها فَقْأً**: پھنسی کو پھ[illegible] [illegible]النا۔
— **حَبَّ الرمانِ ونحوَه**: انگور وغیرہ کے دانوں کو دبا کر نچوڑنا۔
أَفْقَأَ فلانٌ: بیماری کے باعث سینہ اندر گھسنا۔
فَقَّأَ: مبالغہ در **فَقَأَ**۔
اِنْفَقَأَ: پھٹنا۔
تَفَقَّأَ: لازم **فَقَأَ**۔
— **النباتُ**: پودے پر کلیاں یا پھل نکلنا۔
— **السَّحابَةُ عن مائِها**: بادل کا پانی کو چھوڑ دینا۔
— **فلانٌ شَحْمًا**: اتنی چربی چڑھنا کہ جلد پھٹنے لگے۔
الفَاقِيَاءُ: ولادت کے وقت بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی۔
(۲) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ نکلتا ہے۔
الفَقْءُ: پتھر وغیرہ میں پڑا ہوا چھوٹا گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو جائے (ج) **فُقُوْءٌ**

الفَقَّاقَةُ: بغیر کڑک اور بجلی کے بادل برسنے کے قریب ہو۔
المُفَقِّقَةُ: زمین کو پھاڑنے والی وادیاں۔
فَقَحَ (ف) النَّبَاتُ فَقْحًا: کلی آنا' پھول کھلنا۔
— الجِرْوُ ونَحْوُہ: پلے وغیرہ کا پہلے پہل آنکھیں کھولنا۔
فَقَّحَ: مبالغہ در فَقَحَ۔
یقال: فَقَّحْنَا و صَأْصَأْتُمْ: ہم نے حق دیکھ لیا مگر تم نہ دیکھ سکے۔
تَفَاقَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا۔
تَفَقَّحَ الشيُ: کھلنا۔
یقال: تَفَقَّحَ الوردُ' تَفَقَّحَ النَّوْرُ۔
الفُقَّاحَةُ: شگوفہ کھلتے وقت خواہ کسی بھی رنگ کا ہو (ج) فُقَّاحٌ۔
الفُقَّاحِيَّةُ: یقال: حُلَّةٌ فُقَّاحِيَّةٌ: کھلتے ہوئے گلابی رنگ کا سوٹ۔ پوشاک۔
فَقَدَ (ض) الشيَ فَقْدًا' وفُقْدَانًا: کوئی چیز ضائع ہوجانا۔ یقال: فَقَدَ الکتابَ۔
— المالَ ونحوَہ: مال میں نقصان ہونا اور کھو بیٹھنا۔
یقال: فَقَدَ الصَّدِيقَ' فَقَدَتِ المرأةُ زَوْجَهَا: دوست یا خاوند سے محروم ہوجانا۔
هو فَاقِدٌ والمفعول مَفْقُودٌ وفَقِيدٌ۔
أَفْقَدَهُ الشيَ: کوئی چیز ضائع یا گم کرا دینا۔
اِفْتَقَدَ الشيَ بمعنی فَقَدَہ
(۲) گم ہونے پر تلاش کرنا۔
ابوخراش شاعر کہتا ہے۔
وفی اللیلة الظَّلْمَاءِ یُفْتَقَدُ البدرُ۔
تَفَاقَدَ القومُ: ایک دوسرے کو کھونا۔
تَفَقَّدَ الشيَ: گم شدہ کو تلاش کرنا
قرآن مجید میں ہے: {وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ}
— أحوالَ القومِ: قوم کے احوال کی اچھی طرح جانچ پڑتال کے لئے خوب جائزہ لینا۔
الفَاقِدُ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جس کا خاوند یا بیٹا یا قریبی رشتہ دار فوت ہوگیا ہو۔
یقال ظَبْيَةٌ فَاقِدٌ أو بَقَرَةٌ فَاقِدٌ: جس کا بچہ درندہ کھا گیا ہو۔
الفَقِيدُ بمعنی المَفْقُودُ۔
یقال: مَاتَ فلانٌ غيرَ فَقِيدٍ: وہ اس طور مرا کہ اس کے مرنے کی پرواہ نہیں کی گئی۔
فَقَرَ (ن) الأرضَ فَقْرًا: کھودنا۔
یقال: فَقَرَ البِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا۔
فَقَرَ الخَرَزَ: مہروں پر پرونے کے لئے سوراخ کرنا۔
— الشيَ: توڑنا۔
— الرَّجُلَ ونحوَہ: ریڑھ کی ہڈی کے مہرے توڑنا۔
یقال: فَقَرَتْهُ الدَّاهِيَةُ: سخت مصیبت آ پڑنا۔
فَقِرَ (س) فَقَرًا: بیماری یا شکستگی کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی میں درد ہونا۔
هو فَقِرٌ و فَقِيرٌ۔
أَفْقَرَ الظَّهْرُ: ریڑھ کی ہڈی کا مضبوط ہونا۔
— الصَّيْدُ فلانًا: شکار کا قریب ہونا اور شکار کا موقع دینا۔
— فلانًا دابَّتَه: اپنا جانور کسی کو عاریۃً دینا۔
یقال: أَفْقَرَہ أرضًا: کسی کو زراعت کے لئے زمین عاریۃً دینا۔
— اللهُ فلانًا: کسی کو غریب بنانا۔
فَقَّرَ الشيَ: مبالغہ در فَقَر۔
— للفسيلة: کھجور کے پودے کو گاڑھنے کے لئے گڑھا کھودنا۔
اِفْتَقَرَ: غریب ہونا۔
— الی الأمرِ: محتاج ہونا۔
تَفَاقَرَ: غربت کا اظہار کرنا۔
تَفَقَّرَتِ الأرضُ: زمین بہت گڑھوں والی ہونا۔
الفَاقِرَةُ: مصیبت (ج) فَوَاقِرُ۔
الفَقَارَةُ: ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ' سر سے لے کر عظمی زنجیر کا ایک حلقہ۔ ان حلقوں کی تعداد انسان میں تینتیس ۳۳ ہوتی ہے۔ سات گردن میں' بارہ کمر میں پسلیوں کے درمیان' پانچ پیٹ میں' پانچ سرین میں اور چار سرین کی جڑ میں۔
(ج) فَقَارٌ۔
الفَقْرُ: غربت' افلاس (ج) مَفَاقِرُ (غیر قیاسی طور پر)
(۲) شگاف' سوراخ۔ (۳) غم' مرض (ج) فُقُورٌ۔
فقر الدم: خون کی کمی اور اس کی وجہ سے نظام میں گڑبڑی' قلت خون' انیمیا (مو)
الفَقْرَةُ بمعنی الفَقَارَةُ (ج) فَقَرَاتٌ۔
الفِقْرَةُ بمعنی الفَقَارَةُ
(۲) پہاڑ یا کسی ٹھکانے پر لگا ہوا جھنڈا
(۳) کلام کا ایک جملہ یا موضوع کا ایک حصہ یا شعر کا ایک بیت۔
یقال: زِدْتُ فی کلامه أو شِعْرِہ فِقْرَةً
مَا أَحْسَنَ فِقَرَ کلامه: اس کے کلام کے نکتے کس قدر عمدہ ہیں۔
(۲) قانون کی دفعہ کا ایک مستقل مضمون۔
(محدثہ) (ج) فِقَرٌ و فِقْرَاتٌ۔
الفُقْرَةُ: وہ گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔
فُقْرَةُ القمیص: کرتے کا گریبان (ج) فُقَرٌ
الفَقِيرُ: ٹوٹی ہوئی ریڑھ کی ہڈی والا
(۲) نہر سے پانی نکلنے کا راستہ۔
— من الناس: معمولی روزی کا مالک۔
(۲) ایک درویش (مو) (ج) فقراء' وفُقُرٌ
المَفَاقِرُ: اسبابِ غربت۔
یقال: سَدَّ اللهُ مفاقِرَہ: اللہ اس کو مالدار کرے۔
فَقَسَ (ض) فُقُوسًا: اچانک مرجانا۔
(۲) اچھلنا' کودنا۔
— فلانًا عن الأمرِ فَقْسًا: بری طرح ہٹانا' روکنا۔
— الطائرُ بیضتَه: چوزہ نکالنے کے لئے پرندہ کا انڈہ توڑنا۔
— الحیوانَ: قتل کرنا۔
— الشيَ: کسی چیز کو چھین کر یا غصہ سے لینا۔
— الفَخُّ الطَّيْرَ: پھندا لگ جانا۔

إِنْفَقَسَ الشيُ: پلٹنا۔
تَفَاقَسَا: ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا۔
الفَقُّوسُ: شام میں ایک قسم کا تربوز' مصر میں ایک قسم کی لکڑی۔
المِفْقَاسُ: جال کی لکڑی جو پرندے پر الٹ پڑتی ہے۔
فَقَسَ (ض) البيضَةَ ونحوَها فَقْسًا: انڈے کو زردی وغیرہ نکالنے کے لئے توڑنا۔
فَقَصَ بمعنی فَقَسَ۔
الفَقُّوصُ: بری ککڑی' کچا خربوزہ۔
فَقَّطَ الحِسَابَ: حساب ختم کرنا اور لفظ فقط لکھ کر اس سے آگے نہ بڑھانا (مو)
فَقَطْ: بس بمعنی فَحَسْبُ۔
اسے عدد کے ساتھ ذکر کرتے ہیں پھر اس پر اضافہ نہیں کیا جاتا ہے گویا مراد ہوتا ہے اس کے علاوہ نہیں (دیکھئے: قَطّ)
فَقَعَ (ف) اللَّوْنُ فَقْعًا وفُقُوْعًا: رنگ کا صاف ہونا' اس کا کثیر استعمال زرد رنگ کے لئے ہوتا ہے۔
— الشيَ: پھاڑنا۔
يقال: فَقَعَتْهُ الفَوَاقِعُ: دردناک مصیبتوں کا آپڑنا اور ہلاک کر دینا۔
فَقَّعَ فلانٌ: بے معنی کلام کرنا۔
۔الأَدِيمَ: صاف (فاقع) رنگ سے چمڑے کو رنگنا۔
— الخُفَّ: جوتے میں چونچ لگانا۔
— المَفَاصِلَ: جوڑوں کی ہڈیوں کو دبا کر چٹخانا۔
— ورقَةَ الورد: گلاب کے پتے کو ہاتھ مار کر توڑنا کہ آواز پیدا ہو۔
— الشيَ المنفوخ: پھونک بھری ہوئی چیز پر ہاتھ مارنا تا کہ وہ پھٹ جائے اور آواز پیدا ہو۔
إِنْفَقَعَ الشيُ: پھٹنا۔
تَفَاقَعَتْ عَيْنُه: آنکھوں میں سفید میل آنا اور سفید ہو جانا۔
تَفَقَّعَتِ الورقَةُ: ہاتھ پڑنے سے پتے کا آواز کے ساتھ پھٹ جانا۔
— الأَصَابِعُ: انگلیاں دباتے وقت آواز آنا۔

— النباتُ: خشک ہو کر سخت ہو جانا هو مُتَفَقِّعٌ۔
الأَفْقَعُ بمعنی الفَاقِعُ۔
الفَاقِعُ: صاف چمکدار رنگ' زرد رنگ میں غالب مستعمل ہے (ج) فَوَاقِعُ۔
الفَاقِعَةُ: دردناک مصیبت (ج) فَوَاقِعُ۔
الفَقْعُ: من الكَمْأَةِ: سانپ کی چھتری کی خراب قسم۔
ضرب المثل ہے: فَقْعَةٌ بِقَرْقَرٍ: ذلیل شخص کو کہا جاتا ہے۔ (ج) أَفْقُعٌ وفُقُوعٌ۔
الفَقَّاعُ: سخت بد باطن۔
الفُقَّاعُ: جو سے بنائی جانے والی شراب جس کے خمیر سے بلبلے اٹھنے لگیں۔
الفُقَّاعَةُ: پانی کی سطح کے بلبلے۔
جیسی قواریر: جو جلدی پھٹ جاتے ہیں۔
(ج) فَقَاقِيعُ۔
فَقْفَقَ الماءُ: ٹپکتے وقت یا گرتے وقت پانی کی آواز آنا۔
— فلانٌ فی كلامه: بے تکی باتیں کرنا۔
الفَقْفَاقُ من الرِّجال: بے فائدہ بولنے والا۔
فَقَّ (ض ن) الشيُ فَقًّا: کشادہ ہونا۔
— الشيَ (ض) فَقًّا: کھولنا۔
يقال: فَقَّ البابَ ونحوَه
— النَّخْلَةَ: کھجور کی شاخوں کو ہٹا کر خوشہ تک پہنچنے کا راستہ بنانا تا کہ پیوند لگائے۔
إِنْفَقَّ الشيُ: کشادہ ہونا۔
الفَقْفَاقُ: بے فائدہ اور بسیار گو۔
فَقَمَ (ن) فلانًا فَقْمًا: کسی کے دونوں جبڑے پکڑنا۔
فَقِمَ (س) الرَّجُلُ فَقَمًا' وفُقْمًا: ایک جبڑا لمبا ہونا اور دوسرا چھوٹا ہونا۔ جب منہ بند کرے تو دونوں برابر نہ ہوں هو أَفْقَمُ هي فَقْمَاءُ (ج) فُقْمٌ۔
— الإناءُ وغيره: بھر جانا۔
يقال: أَصَابَ من الطَّعَام حتى فَقِمَ: اتنا کھایا کہ بدہضمی ہو گئی۔

— الأَمْرُ: معاملہ سنگین ہو جانا' مستوی نہ رہنا۔
فَقُمَ (ك) الأَمْرُ فَقَامَةً و فُقُومًا: سنگین اور خطرناک ہو جانا۔
تَفَاقَمَ الأَمْرُ: سنگین اور خطرناک ہو جانا۔
الأَفْقَمُ من الأُمُورِ: ٹیڑھا اور خلاف مفاد۔
الفُقْمُ: جبڑا۔ هما فُقْمَان۔
(۲) کتے وغیرہ کی تھوتھنی کا کنارہ۔
الفُقْمَةُ: سمندری مچھلی جو دودھ پلانے والے اور پھیپھڑوں والے جانوروں میں سے ہے۔
فَقِهَ (س) الأَمْرَ فَقَهًا و فِقْهًا: اچھی طرح جاننا۔
يقال: فَقِهَ عنه الكلامَ ونحوَه: سمجھ جانا۔ هو فَقِهٌ۔
فَقُهَ (ك) فَقَاهَةً: فقیہ ہونا۔
أَفْقَهَهُ الأَمْرَ: کسی کو سمجھانا۔
فَاقَهَهُ: علم اور فقہ میں کسی سے بڑھنا۔
فَقَّهَهُ: فقیہ بنانا۔
— الأمرَ: کسی بات سے باخبر کرنا۔
تَفَقَّهَ: فقیہ ہونا۔
— الأَمْرَ: سمجھ جانا۔
يقال: تَفَقَّهَ فيه۔
الفَقَاهَةُ: سمجھ بوجھ (۲) علم۔
زیادہ استعمال علم شریعت اور علم اصول الدین میں ہوتا ہے۔
الفَقِيهُ: عالم' سمجھدار۔
(۲) اصول شریعت اور احکام سے واقف۔ اس کا استعمال ان لوگوں کے لئے بھی ہوتا ہے جو قرآن پڑھیں اور پڑھائیں (ج) فُقَهَاءُ۔

ف ...... ک

فَكَرَ (ض) فی الأَمْرِ فَكْرًا: عقل استعمال کرنا اور بعض امور معلومہ کو ترتیب دینا تا کہ مجہول تک پہنچ سکے۔
أَفْكَرَ فی الأَمرِ بمعنی فَكَرَ فيه' هو مُفْكِرٌ۔
فَكَّرَ فی الأَمر: مبالغہ در فَكَرَ۔
فَكَرَ سے اس کا استعمال زیادہ ہے۔
— فی الأَمرِ: غور کرنا' عقل استعمال کرنا۔
تَفَكَّرَ فی الأَمر بمعنی إِفْتَكَرَ۔

التَّفْكِيْرُ: مشکل مسئلہ کو حل کرنے کے لئے غور و فکر کرنا۔
الفِكْرُ: معلوم چیز میں غور وفکر کرنا تا کہ مجہول تک پہنچ سکے۔
يقال: لِيَ الأمرِ فِكْرٌ: اس معاملہ میں میرا ایک نظریہ ہے۔
ما لِي في الأمْرِ فِكْرٌ: اس معاملہ سے مجھے کوئی سروکار نہیں (ج) أفْكَارٌ۔
الفَكْرُ: يقال: لَيْسَ لِي في هٰذا الامرِ فَكْرٌ: مجھے اس کی نہ تو ضرورت ہے اور نہ پرواہ۔
الفِكْرَةُ بمعنی الفِكْرُ (ج) فِكَرٌ۔
الفِكْرَى بمعنی الفِكْرُ (ج) فِكْرَيَاتٌ۔
الفِكِّيْرُ: بہت زیادہ غور فکر کرنے والا۔
المُفَكِّرَةُ: چھوٹی سی نوٹ بک جس میں یاد رکھنے کی باتیں لکھی جاتی ہیں (محدثۃ)
فَكَّ (ن) الشيَ فَكًّا: اجزاء الگ کرنا۔
يقال: فَكَّ الآلَةَ ونحوَها۔
فَكَّ النُّقُوْدَ: بڑے سکے کو چھوٹے سکوں سے تبدیل کرنا (مو)
(۲) غیر سے علیحدہ کرنا۔
يقال: فَكَّ العُقْدَةَ والغُلَّ والقَيْدَ: گرہ بیڑی ہتھکڑی کھولنا۔
يقال: فَكَّ الأسِيْرَ: رہا کرنا۔
فَكَّ رَقَبَتَهٗ: آزاد کرنا۔
فَكَّ الرَّهْنَ: گروی رکھی ہوئی چیز چھڑانا۔
— الصبِيّ: بچہ کا جبڑا کھول کر دوا ڈالنا۔
— إدغامَ الحرفين: دو حرفوں کا ادغام ختم کرنا۔
فَكَّ (س) المَفْصِلُ فَكَكًا: جوڑ ڈھیلا اور کمزور ہو جانا۔
— الفَكُّ: جبڑا ٹوٹ کر سرک جانا۔
— الرَّجُلُ فَكَّةً: ڈھیلا پڑنا، شخصیت کمزور پڑ جانا۔ هو أفَكُّ هي فَكَّاءُ۔
أفَكَّ الظَّبْيُ من الحِبَالَةِ: ہرن کا جال میں پھنس کر نکل جانا۔
فَكَّكَ: مبالغہ در فَكَّ۔
إفْتَكَّ الرَّهْنَ بمعنی فَكَّه۔

إنْفَكَّ الشيءُ: الگ ہونا۔
— العُقْدَةُ ونحوُها: گرہ وغیرہ کھلنا۔
— عَظْمُ المفصل: جوڑ کی ہڈی کا سرک جانا۔
يقال: ما انفكَّ يفعل كذا: وہ مسلسل ایسا کرتا رہا۔
تَفَكَّكَ بمعنی إنْفَكَّ۔
يقال: تَفَكَّكَتْ شَخْصِيَّةُ فلانٍ: شخصیت کمزور پڑ جانا۔
فلانٌ يَتَفَكَّكُ في مشيه و كلامه: چلنے یا بولنے میں ڈانواں ڈول ہونا۔
إسْتَفَكَّ العُقْدَةَ او المُشْكِلَةَ: گرہ یا مسئلہ سلجھانے کی کوشش کرنا۔
الأفَكُّ: ٹوٹے ہوئے جبڑے والا هي فَكَّاءُ (ج) فُكٌّ۔
الفَاكُّ من الرِّجَالِ: بہت بے وقوف (۲) بوڑھا (ج) فَكَكَةٌ۔
الفِكَاكُ: فِكَاكُ الرهن والأسير: وہ رقم جس کے ذریعے رہن یا قیدی چھڑایا جائے۔
الفَكُّ: جبڑا (۲) دانتوں کے نکلنے کی جگہ۔
هما فَكَّان: اوپر والا اور نیچے والا (ج) فُكُوكٌ۔
قيل: مَقْتَلُ الرَّجل بَيْنَ فَكَّيْهِ: اس سے مراد زبان اور اس سے نکلی ہوئی بات ہے۔
المِفَكُّ: پیچ کھولنے اور کسنے کا آلہ۔
(ج) مَفَاكُّ (محدثۃ)
الأفْكَلُ: کپکپی، لرزہ۔
يقال: أخَذَه أفْكَلُ: خوف یا سردی کی وجہ سے لرزہ طاری ہونا۔
فَكِنَ (ن) في الأمرِ فَكْنًا: کام میں لگے رہنا۔
تَفَكَّنَ: تعجب کرنا۔
— على الشيءِ: کسی چیز کے ضائع ہو جانے پر افسوس کرنا۔
— في الأمرِ: غور کرنا۔
الفُكْنَةُ: فوت شدہ پر ندامت۔
فَكِهَ (س) فَكَهًا وفَكَاهَةً: خوش طبع ہونا، مذاق ہونا۔
— منه: تعجب کرنا هو فَكِهٌ وفَاكِهٌ۔

أفْكَهَتِ النَّاقَةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کا بچہ دینے سے پہلے فصل ربیع کا چارہ کھا کر دودھ زیادہ دینا هي مُفْكِهٌ ومُفْكِهَةٌ۔
فَاكَهَه: ہنسی مذاق کرنا۔
فَكَّهَ القَوْمَ: پھل لا کر دینا۔ (۲) چٹکلے سنانا۔
تَفَاكَهَ القَوْمُ: آپس میں ہنسی مذاق کرنا۔
تَفَكَّهَ: پھل کھانا، میوہ کھانا۔
— الرجلُ: نادم ہونا۔
اسی معنی کے ساتھ اس آیت قرآن کی تفسیر کی گئی ہے: {فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ}
— منه: تعجب کرنا۔
— بالشيءِ: لطف اندوز ہونا، لذت حاصل کرنا۔
يقال: تركت القومَ يتفكَّهُوْنَ بفلان: یعنی اس کی غیبت کر رہے تھے اور اس پر کیچڑ اچھال رہے تھے۔
الأُفْكُوْهَةُ: عجوبہ، حیرت انگیز چیز۔
(ج) أفَاكِيهُ۔
الفَاكِهُ من الرِّجال: آسودہ حال۔
قرآن مجید میں ہے: {وَنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فَاكِهِيْنَ}
الفَاكِهَانِيُّ: میوہ فروش۔
الفَاكِهَةُ: مزیدار پھل۔
(۲) مٹھائی (ج) فَوَاكِهُ۔
الفَاكِهِيُّ: میوہ فروش۔
الفُكَاهَةُ: خوش طبعی (۲) چٹکلے ایسی باتیں جن سے لطف اندوزی ہو۔
الفَكِهُ: عیش اڑانے والا آسودہ حال۔
(۲) خوش طبع جو اکثر خوش طبعی کرے۔
يقال: فلانٌ فَكِهٌ بأعراض الناس: لوگوں کی غیبت سے لطف اندوز ہونے والا۔
الفَكِيْهَةُ بمعنی الفُكَاهَةُ۔
الفَيْكَهَانُ: بہت مسخرہ، بہت ہنس مکھ۔

ف .... ل

فَلَتَ (ض) الشيءُ فَلْتًا: چھٹکارا پانا هو فَالِتٌ۔
أفْلَتَ منه: نجات اور چھٹکارا پانا۔
— الشيءَ: چھوڑ دینا۔

ف

يقال: افلتني الشئ: ایک دم چھوٹ جانا۔
فَالَتَه مُفَالَتَةً وفِلاَتًا: اچانک آنا۔
فَلَّتَه بمعنی **اَفْلَتَه**۔
اِفْتَلَتَ الامرَ: کام کوجلدی سے ہاتھ میں لینا۔
یقال: **اِفْتَلَتَ الكلامَ:** برجستہ بولنا۔
— **الشئَ:** جلدی سے لے لینا۔
— **الامرُ فلانًا:** اچانک درپیش ہونا۔
یقال: افتلته الموتُ: اچانک موت آ گئی۔
اِنْفَلَتَ: چھٹکارا پانا (۲) جلدی سے نجات حاصل کرنا۔
تَفَلَّتَ: اچانک چھوٹ جانا۔
یقال: **تفلّت منه**۔
— **عليه:** حملہ کرنا۔
اِسْتَفْلَتَ الشئَ من يده: کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز چھین لینا۔
الفُلْتُ من الخيل: تیز رفتار شیر دل گھوڑا۔
الفَلَتَانُ من الخيل بمعنی **الفُلْتُ**۔
— **من الرِّجال:** تیز دل، مضبوط آدمی، مؤنث کے لئے "**فَلَتَانَةٌ**" آتا ہے۔
(۲) گٹھے ہوئے بدن کا موٹا تازہ آدمی (ج): **فِلْتَانٌ**۔
الفَلْتَةُ: بے سوچے سمجھے عجلت میں ہونے والی بات۔
یقال: **حدث هذا فلتةً**۔ (۲) لغزش
یقال: **هذا من فلتاتِ اللسان**۔
الفَلُوتُ من الثياب أو الأكسية: وہ چادر جس کے اطراف کو چھوٹے ہونے کی وجہ سے ملانا مشکل ہو یا نرم پن کی وجہ سے بدن پر نہ ٹھہر سکے۔
فَلَجَ (ن) فَلْجًا: کامیاب ہونا۔
یقال: **فَلَجَ بحاجتِه**۔
— **بحُجَّتِه:** اپنی دلیل اچھے انداز میں دینا اور مد مقابل کو مغلوب کر دینا۔
یقال: **فَلَجَتْ حُجَّتُه**۔
— **الشئَ:** دو ٹکڑے کر دینا۔
یقال: **فَلَجَ الحَرَّاثُ الأرضَ للزراعة:** ہل چلانے والے کا زمین کو چیرنا، الٹ پلٹ کرنا۔
— **الطعامَ ونحوَه بينهم:** تقسیم کرنا۔
— **الوالي الجزيةَ على القوم:** حاکم کا لوگوں پر جزیہ عائد کرنا۔
فَلِجَ (س) الرَّجُلُ ونحوُه فَلَجًا، وفلجةً: ٹانگوں، ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان پیدائشی طور پر فاصلہ ہونا۔
یقال: **فَلِجَ ثَغْرُه وفَلِجَتْ اَسْنَانُه، هو اَفْلَجُ هي فَلْجَاءُ (ج) فُلْجٌ**۔
فُلِجَ الرجلُ: کسی پر فالج گرنا هو **مَفْلُوجٌ**۔
اَفْلَجَ فلانًا على خَصْمِه: کسی کو مقابل پر غالب کرنا، فوقیت دینا۔
— **الله حُجَّتَه:** اللہ کا کسی کی دلیل کو ثابت و قائم کر دینا۔
فَالَجَهُ: حصول مقصد میں کسی سے آگے بڑھنا، مقابلہ کرنا۔
فَلَّجَ الطعامَ ونحوَه بينهم: مبالغہ در **فَلَجَهُ**۔ **الامرَ:** غور و فکر کرنا۔
— **المرأةُ أسنانها:** بطور زینت دانتوں کو الگ الگ کرنا۔
تَفَلَّجَ: پھٹنا۔
— **الأسنانُ ونحوُها** بمعنی **فَلِجَتْ**۔
الفَالِجُ: ایک بیماری جو جسم کے آدھے حصے کو طولاً بے حس و حرکت کر دیتی ہے۔
(۲) دو کوہان والا بڑا اونٹ (ج) **فَوَالِجُ**۔
الفَلَجُ: چھوٹی نہر (ج) **فُلُوجٌ**۔
الفِلْجُ من كلِّ شيءٍ: ہر چیز کا نصف۔
— **من النَّاس:** لوگوں کی ایک صنف۔
(ج) **فُلُوجٌ**۔
الفُلُجُ: تمام باغ کو سیراب کرنے والی نہر (ج) **فَلْجَانٌ**۔
الفَلَجَاتُ: کھیت (جمع)
الفُلْجَةُ: مقصد میں کامیابی۔
الفَلُّوجَةُ: کاشت کے قابل زمین (ج) **فَلاَلِيجُ**۔
المُفَلَّجُ: یقال: **رجلٌ مُفَلَّجُ الثَّنَايَا:** سامنے کے علیحدہ علیحدہ دانتوں والا۔
اُمُورٌ مُفَلَّجَةٌ: غیر منظم بے ترتیب کام۔
فَلَحَ (ف) فَلاَحًا: مقصد میں کامیاب ہونا۔
— **بالقومِ فَلاَحَةً:** لوگوں میں خرید و فروخت کو بائع اور مشتری دونوں کے لئے مزین کرنا۔
— **في البيع:** مشتری کو دھوکہ دینے کے لئے سامان کی قیمت بڑھانا۔
— **الشئَ فَلْحًا:** پھاڑنا۔
یقال: **فَلَحَ الارضَ للزراعة**۔
فَلِحَ (س) فَلَحًا: پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔
یقال: **فَلِحَتْ شَفَتُه هو اَفْلَحُ هي فَلْحَاءُ (ج) فُلْحٌ**۔
قد یقال: **رجلٌ فَلْحَاءُ**۔
عنترة العبسي کا لقب الفلحاء تھا۔
قال: **وعَنترة الفلحاءُ فاء مُلاَّمًا**
اَفْلَحَ: مقصد میں کامیاب ہونا۔
(۲) آخرت کی نعمت حاصل کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {**قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ**}
اِنْفَلَحَتِ الشَّفَةُ أو اليَدُ: ہاتھ یا ہونٹ کا پھٹنا۔
فَلَّحَ بِه: مذاق اڑانا، مکر کرنا، فریب دینا۔
تَفَلَّحَ بمعنی **اِنْفَلَحَ**۔
یقال: **تَفَلَّحَتِ اليَدُ وتَفَلَّحَتِ الشفة:** سردی سے ہاتھ یا ہونٹ کا پھٹنا۔
اِسْتَفْلَحَ بِاَمْرِه: کامیاب ہونا۔
(۲) اپنے کام کی کامیابی چاہنا۔
اَلاَفْلاَحُ: یقال: **قومٌ اَفْلاَحٌ:** کامیاب لوگ (اس کا واحد نہیں)
الفَلاَحُ: کامیابی۔
یقال: **لَا اَفْعَلُ ذلك فَلاَحَ الدَّهر:** زمانہ کی بقا تک میں یہ کام نہیں کروں گا۔
الفِلاَحَةُ: زرعی زمین کے امور مثلاً کھیتی باڑی، پانی دینا، ہل چلانا۔
الفَلْحُ: پھٹن (ج) **فُلُوحٌ**
الفَلاَّحُ: کاشت کار۔
(۲) کشتی کا ملاح (ج) **فَلاَّحُوْنَ**۔
الفَلْحَةُ: نچلے ہونٹ کا پھٹن۔
تَفَلْحَسَ الرَّجُلُ: طفیلی بننا، بن بلایا مہمان

بننا۔
(۲) اصرار کرنا، ضد کرنا۔
الفِلْحَاسُ من الرِّجال: قبیح، بدشکل۔
الفَلْحَسُ: لالچی، حریص۔
(۲) سوال میں ہٹ دھرم۔
فَلْحَسٌ: بنوشیبان کا ایک فرد جس کے بارے میں اصرار کرنے کے اندر ضرب المثل مشہور ہے۔
یقال: فلانٌ اَسْأَلُ من فَلْحَسٍ۔
فَلَذَ(ض) الشيءَ۔ فَلْذًا: کاٹنا۔
یقال: فَلَذَ له من ماله: اپنے مال کا کچھ حصہ دینا۔
فَالَذَه: تبادلہ خیال کرنا۔
فَلَّذَ الشيءَ: مبالغہ در فَلَذَ۔
اِفْتَلَذَ الشيءَ: کاٹنا۔
یقال: افتلذت منه حقّي: حق چھینا
افتلذت له قطعة من مالي: مال کا ایک حصہ اسے دیا۔
اِفْتَلَذَ فلانًا ما لَه: کسی کے مال کا کچھ حصہ لینا۔
الفَالُوذُ والفَالُوذَجُ: فالودہ جو آٹے، پانی اور شہد سے بنایا جاتا ہے جبکہ اب نشاستہ، پانی اور چینی سے بنایا جاتا ہے۔
الفِلْذُ: اونٹ کا جگر (ج) اَفْلَاذٌ۔
الفِلْذَةُ: جگر، گوشت، سونے اور چاندی کا ٹکڑا۔
(ج) فِلَذٌ واَفْلَاذٌ۔
اَفْلَاذُ الاَكْبَادِ: اولاد۔
اَفْلَاذُ الاَرضِ: زمین کے خزانے۔
الفُولَاذُ: فولاد مضبوط لوہا جو پگھلا کر معدنیات کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے (مج)
المُفَلْوَذُ: سیف مُفَلْوَذٌ: فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔
الفِلِزُّ: ایک کیمیاوی عنصر جس میں معدنیاتی چمک اور حرارت وبجلی کو منقطع کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔
— من الرِّجال: بھاری اور سخت مضبوط آدمی: فِلِز سے مشابہت کے طور پر۔
(۲) سخت بخیل۔ اس کے خشک پن اور اپنے طالبوں سے دوری کی وجہ سے مشابہت دی گئی

ہے۔
(۲) آہنی ٹکڑا جس پر تلواروں کی پختگی کو آزمایا جاتا ہے۔
فَلِسَ (س) من الشيءِ۔ فَلَسًا: الگ ہونا، علیحدہ ہونا۔
هو فَلِسٌ یقال: هو فَلِسٌ من الخَيْرِ: وہ بے فیض ہے۔
اَفْلَسَ فلانٌ: مال ختم ہونا، خوشحالی و مالداری کے بعد تنگدست ہونا **هو مُفْلِسٌ** (ج) **مُفْلِسُونَ ومَفَالِيسُ۔**
۔فلانًا: کسی کی تلاش میں ناکام رہنا۔
فَلَّسَ القاضي فلانًا: قاضی کا کسی کے مفلس ہونے کا فیصلہ سنانا۔
الإفْلَاسُ: تاجر کی وہ حالت جو قرضوں کی ادائیگی نہ کرنے کے باعث پیدا ہوتی ہے (مج)۔
الفَلْسُ: مچھلی کی کمر پر گول چھلکا۔
(۲) ایک کرنسی سکہ جو سونے اور چاندی کے علاوہ کسی اور دھات کا ڈھلا ہوا اور درہم کا چھٹا حصہ ہوا کرتا تھا۔ جبکہ آج عراق وغیرہ میں دینار کے ہزارویں حصہ کے برابر ہے (ج) **فُلُوسٌ**
(۳) گردن میں لگی ہوئی جزیہ کی مہر
الفَلَسُ: ناکامی۔
المُفَلَّسُ: یقال: شيءٌ مُفَلَّسُ اللون: مچھلی کے کھرنڈ جیسے نشان والی چیز۔
فُلَيْسَةٌ: چھوٹا حرشفی پتہ جو کہ نجیلتات (ترن گھاس) کے پھول کے باہر ہوتا ہے اور پھول کے مڑے ہوئے کٹے ہوئے غلاف کی مانند ہوتا ہے۔
فَلْسَفَ الشيءَ: عقلی طور پر وضاحت کرنا (مو)
تَفَلْسَفَ: بحث میں عقلی طرز اپنانا۔
(۲) بتکلف فلسفی طرز اپنانا جبکہ ٹھیک طرح نہ ہو (مو)
الفَلْسَفَةُ: اشیاء کے بنیادی اصول وعلل سے واقفیت اور معرفت کی عقلی شرح اور یہ تمام علوم پر مشتمل ہے۔ جبکہ آن منطق، علم اخلاق علم الجمال ماوراء طبیعات پر اس کا اطلاق ہوتا ہے (مع)
الفَيْلَسُوفُ: فلسفہ کی فروع سے بحث کرنے والا عالم (مع)

اَفْلَصَ الحبلُ من یده: ہاتھ سے رسی چھوٹ جانا۔
فَلَّصَه من یده: جھٹکا دینا ہاتھ سے چھوڑ دینا۔
تَفَلَّصَ الحبلُ من یده: ہاتھ سے رسی چھوٹ جانا۔
فَلْطَحَ الشيءَ: کشادہ کرنا، پھیلانا۔
یقال: فَلْطَحَ الخُبزَ والقُرصَ۔
هو مُفَلْطَحٌ۔
الفِلْطَاحُ بمعنی **المُفَلْطَحُ۔**
فَلَعَ (ف) الشيءَ۔ فَلْعًا: پھاڑنا۔
یقال: فَلَعَ رَأسَه بالسَّيفِ۔
فَلَّعَهُ بمعنی **فَلَعَهُ۔**
اِنْفَلَعَ الشيءُ: پھٹنا۔
یقال: انفلعت البيضة عن الفرخ
تَفَلَّعَ الشيءُ: جگہ جگہ سے پھٹنا۔
یقال: تَفَلَّعَتِ القَدَمُ
فَلَغَ (ف) رأسَهُ۔ فَلْغًا: سر توڑنا، کچلنا۔
تَفَلَّغَ الشيءُ: ریزہ ریزہ ہوجانا۔
فَلْغَمُونَ: زیر جلد نسیجوں کی سوزش، کبھی یہ پھوڑے نکلنے کا سبب ہوتی ہے۔
فَلْفَلَ الطعامَ: مرچ ڈالنا۔
— فاه: مسواک سے منہ صاف کرنا۔
— الأرزَ: چاولوں کو پھر پراپکانا۔ (محدثہ)
تَفَلْفَلَ الشَّعرُ: بالوں کا بہت گھونگھریالا ہونا۔
حَلَمَاتُ الضَّرعِ: پستان کی گھنڈیوں کا کالا ہونا۔
— في سيره: اتراتے ہوئے چلنا۔
الفُلْفُلُ: (مرچ) فصیلہ فلفلیہ کا ایک پودا جو کہ گرم علاقوں میں ہوتا ہے۔ اس کا پھل کھانے میں بطور مسالہ استعمال ہوتا ہے۔
المُفَلْفَلُ: مرچوں والا۔
— من الشَّعرِ: بہت گھونگھریالے بال۔
من الأديم ونحوه: مرچ جیسے دھبوں والی کھال۔
الفُلَيْفِلَةُ: فلفل کی قسم کا ایک پودا جس کا پھل مرچ کی طرح کا ہوتا ہے۔ اس کی ایک قسم کے

پھل میں تیزی نہیں ہوتی یہ فصیلہ بازنجانیہ سے تعلق رکھتا ہے۔
فَلَقَتِ(ض) النَّخْلَةُ۔فَلْقًا: کھجور کے شگوفے کا پھٹنا اور اس میں سے دانے نکلنا۔
—الشيءَ: پھاڑنا۔
يقال: فلق الله الحبّ عن النبات۔
فَلَقَ اللهُ الصُّبحَ: صبح واضح کرنا' ظاہر کرنا۔
أَفْلَقَ الشَّاعِرُ: شعر میں ندرت پیدا کرنا
هو مُفْلِقٌ۔
—فِي الْأَمرِ: کام میں مہارت دکھانا۔
فَلَّقَ الشيءَ: مبالغہ در فَلَقَ۔
إِفْتَلَقَ الجسمُ: موٹا اور بڑا ہونا۔
—في عَدْوِهِ: خلاف معمول تیز دوڑنا۔
إِنْفَلَقَ الشيءُ: پھٹنا۔
تَفَلَّقَ: بہت پھٹنا۔
—الجِسْمُ: موٹا اور بڑا ہونا۔
—في عَدْوِهِ: خلاف معمول تیز دوڑنا۔
— اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹاس سے پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔
تَفَيْلَقَ الغُلَامُ: موٹا اور بڑا ہونا۔
(۲) دوڑنے میں زور لگانا۔
الفَالِقُ: دوٹیلوں کے درمیان نشیبی راستہ۔
— الله{فَالِقُ الحَبِّ والنَّوى} پھاڑ کر پودا نکالنے والا۔
اسی طرح: **(فَالِقُ الْإِصْبَاحِ):** رات میں سے صبح کو نکالنے والا۔
الفِلَاقُ من اللَّبنِ: ترش ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانے والا دودھ۔
الفُلَاقَةُ: ٹکڑا (ج) **فُلَاقٌ۔**
الفَلَقُ: پھٹن
(۲) دوحصوں میں بٹا ہوا کھجور کا تنا' ہر حصہ کو **فِلْقٌ** کہتے ہیں۔
(۳) سر کے بالوں کی مانگ (ج) **فُلُوقٌ**
الفِلْقُ: عجیب وغریب بات۔
(۲) دوحصوں میں بٹا ہوا کھجور کا تنا ہر حصہ کو فلق کہتے ہیں
الفَلَقُ: رات کی تاریکی کو پھاڑ کو نکلنے والا صبح کا اجالا۔
(۲) دوٹیلوں کے درمیان ہموار راستہ۔
(۳) لکڑی جس میں پنڈلی کے بقدر سوراخ ہوتے ہیں اس میں چور کو قید کیا جاتا ہے۔
الفُلْقَانُ: کھلا جھوٹ۔واضح جھوٹ۔
الفِلْقَةُ: ٹکڑا۔
—من الجَفْنَةِ: پیالہ کا آدھا ٹوٹا ہوا حصہ۔
(ج) فِلَقٌ۔
الفَلَقَةُ: لکڑی۔
(۲) لکڑی جس کے ساتھ دو رسیاں لگی ہوتی ہیں اس کے ذریعے کوڑے مارنے کے لئے پاؤں باندھے جاتے ہیں (مو)۔
الفَلَقِي: عجیب وغریب بات۔
الفُلَّيْقُ: من الخوخ والمشمش ونحوه: خوبانی وغیرہ کا پھل جو پھٹ کر گٹھلی سے الگ ہو گیا ہو۔
الفَلِيقُ: عجیب وغریب بات
(۲) گردن کی ابھری ہوئی رگ۔
(۳) اونٹ کے گلے کے قریب گردن کا دبا ہوا حصہ۔
الفَلِيقَةُ: عجیب وغریب بات۔
الفَيْلَقُ: لشکر کا بڑا دستہ۔
(۳) عجیب وغریب بات
المِفْلَاقُ: برائیوں کا خوگر شخص (ج) **مَفَالِيقُ۔**
المُفَلَّقُ: خوبانی وغیرہ جو گٹھلی نکال کر سکھائی گئی ہو۔
فَلَكَ (ن) ثديُ الفتاةِ۔ فَلْكًا: نوجوان لڑکی کے پستان کا گول ابھرا ہوا ہونا۔
يقال: فلكت الفتاةُ هي فالِكٌ (ج) فَوَالِكُ
فَلِكَ(س)۔ فَلَكًا: جوڑوں کا سوکھ جانا۔
(۲) کولہے کا بڑا ہونا۔ **فَلِكٌ**
أَفْلَكَ الرَّجُلُ في الامر: کسی کام کے پیچھے پڑا رہنا۔
— الفَتَاةُ: لڑکی کے پستان کا گول ابھرا ہوا ہونا۔
هي مُفْلِكٌ۔
فَلَّكَ ثديُ الفتاةِ: مبالغہ در فَلَكَ۔
—فلانٌ في الامرِ بمعنی **أَفْلَكَ۔**
— الفَصِيلَ: اونٹنی کے بچہ کو دودھ سے روکنے کے لئے زبان کو بالوں کے گچھے سے باندھنا۔
تَفَلَّكَ ثديُ الفتاةِ بمعنی **فَلَكَ**
إِسْتَفْلَكَ ثديُ الفتاةِ بمعنی **فَلَكَ۔**
الفَلَاكَةُ: تنگدستی (مو)
الفُلْكُ: کشتی (مذکر' مؤنث' واحد اور جمع سب کے لئے)
الفَلَكُ: چاروں طرف سے کھلا ہوا ریت کا ٹکڑا۔
—من البحرِ: سمندر کی گول اور تیز موج
(۲) اجرام سماوی کے گھومنے کا مدار (ج) **أَفْلَاكٌ۔**
علم الفلك: وہ علم جس میں اجرام سماوی کے احوال سے بحث کی جاتی ہے۔
الفَلْكَةُ: زمین کا گول ٹکڑا جو اردگرد جگہ سے بلند ہو۔
(۲) کمر کی دو ہڈیوں کا جوڑ۔
—من الزَّورِ: مونڈھے کی طرف ابھرا ہوا گول حصہ۔
(۳) اونٹ کے بچہ کو دودھ پینے سے روکنے کے لئے اس کی زبان پر باندھا جانے والا بالوں کا گچھا۔
—من المِغْزَلِ: چرخے کی گول لکڑی جو چرخے کے اوپر رکھی جاتی ہے۔چرخے کے تکلے کے سرے کو اس کے اوپر اور چرخہ اس کے نیچے ہوتا ہے۔
الفَلَكِيُّ: علم فلک سے بحث کرنے والا۔
الفُلَيْكَةُ: چھوٹی کشتی۔
المَفْلُوكُ: تنگدست (مو) (ج) **مَفَالِيكُ۔**
فلكلور: لوک کہاوتیں یا قومی ورثہ (ج)
فَلَّ (ض ن) عن عقلِه۔ فَلًّا: عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا۔
— السَّيفَ۔فَلًّا: تلوار میں دندانے پڑ جانا۔
:هو أَفَلُّ۔
أَفَلَّتِ الأرضُ: زمین کا بنجر ہونا۔
—القومُ: بنجر زمین پر آنا۔

— فلانٌ: کسی کا مال ضائع ہوجانا۔
فَلَّلَ السَّيفَ: مبالغہ در فَلَّه۔
— الثَّغْرَ: دانتوں کو تیز اور صاف کرنا۔
اِفْتَلَّ السَّيفُ: دھار ٹوٹ جانا۔
اِنْفَلَّ السيفُ: دھار خراب ہونا۔
— للقومُ: لوگوں کا شکست کھانا۔
تَفَلَّلَ السيفُ اِفْتَلَّ: لازم فَلَّه
يقال: تَفَلَّلَتْ مضارِبُهُ: تلوار کی دھار خراب ہونا۔
— القومُ: شکست خوردہ ہونا۔
اِسْتَفَلَّ السيْفَ بمعنی فَلَّه۔
— الشئَ الصلبَ: سخت چیز کا تھوڑا سا حصہ لینا جیسے دسواں حصہ۔
الفَلُّ: تلوار کی دھار میں دندانہ
(۲) کسی چیز کے بکھرنے والے ریزے۔ جیسے سونے کا برادہ لوہے کا برادہ۔
آگ کی چنگاریاں (ج) فُلُولٌ۔
(۳) شکست خوردہ (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
(۴) بنجر زمین جس پر بارش نہ ہو۔
يقال: فلانٌ فَلٌّ من الخير: بھلائی سے خالی۔ (ج) فُلُولٌ۔
الفِلُّ: وہ زمین جس میں نبات نہ ہو۔
(۲) باریک بال، اس کا واحد "فلة" آتا ہے۔
الفِلَّةُ: شیشی کی ڈاٹ (د)
الفُلُّ: آج کل اس لفظ کا اطلاق زنبقی چنبیلی کے پھول پر ہوتا ہے جو کہ چنبیلی کی ایک قسم فصیلہ زیتونیہ میں سے ہے۔
الفُلِّيْ: شکست خوردہ فوجی دستہ۔
الفَلِيَّةُ: وہ زمین جہاں ایک سال چھوڑ کر ایک سال بارش ہوتی ہو۔ (ج) فَلَالِيُّ۔
اِفْتَلَمَ انفه: ناک کاٹنا۔
تَفَيْلَمَ الغلامُ: موٹا ہونا۔
الفَيْلَمُ: من الرِّجال: بڑا بھاری بھرکم۔
— من الأمُورِ: بڑا کام۔
(۳) بہت تلچھٹ (۴) بڑی زلف۔
(۵) بڑا کنگھا (۶) چوڑے منہ والا کنواں۔
(ج) فَيَالِمُ۔

الفِيلْمُ: ویڈیو یا آڈیو کی فلم ریل (مج) (ج): أفْلَام۔
الفِلِّيْنُ: نرم لچکدار مادہ جو بدبودار نہیں ہوتا اور شاہ بلوط کی ایک قسم کے چھال میں سے نکالا جاتا ہے اور بوتلوں کے ڈاٹ بنانے کے کام آتا ہے۔
فلانٌ: عاقل مذکر کے نام کا کنایہ۔
اس کا مؤنث فُلانةُ غیر منصرف۔ کبھی مذکر کے لئے کہا جاتا ہے۔ فُلُ اور مؤنث کے لئے: فلاةُ وفُلَة۔
ایسا نداء میں بکثرت ہوتا ہے۔ کبھی اس پر الف لام کا اضافہ کر کے یوں کنایہ کیا جاتا ہے الفُلان والفُلانة غیر انسانوں کے لئے۔
تقول العرب: ركبت الفلان۔
حلبت الفُلانة: گھوڑے اور اونٹنی سے کنایہ کر کے۔
الفُلْهَدُ: جوان ہونے کے قریب موٹا لڑکا
الفُلْهُودُ بمعنی الفُلْهَدُ
فَلاهُ (ن) بالسَّيْفِ. فَلْوًا، وفِلاءً: سر پر تلوار مارنا۔
— راسه: سر میں جوئیں تلاش کرنا۔
— الصبيَّ: تربیت کرنا، پرورش کرنا۔
— الرَّضيعَ: شیر خوار بچے کا دودھ چھڑانا۔
فَلَى (ض) راسه. فَلْيًا: سر میں جوئیں تلاش کرنا، (۲) چوٹ لگانا، کاٹنا۔
— القومَ: لوگوں کو غور سے دیکھنا۔
— الأمْرَ: غور و فکر کرنا۔
يقال: فَلَى الخَبَرَ: جانچ پڑتال کرنا۔
فَلَى الرجلَ فی ذكائه: ہوشیاری میں امتحان لینا۔
فَلَى الشِّعْرَ: شعر کے مطالب اخذ کرنا۔
فَلَى القضيةَ: کسی معاملہ پر خوب غور و فکر کرنا۔
فَلِيَ (س). فَلًا: کٹ جانا۔
أفْلَى القَوْمُ: جنگل کی طرف جانا۔
— الفرسُ أو الأتانُ: گھوڑی یا گدھی کا بچہ والی ہونا۔
(۲) ان کے بچہ کا دودھ چھڑانے کے قابل ہونا: هی مُفْلٍ، ومُفْلِيَةٌ۔

— الصبيّ والرَّضِيعَ بمعنی فلاهُ۔
— القومَ: لوگوں کے درمیان میں آنا۔
فَلَّى الشَّعرَ أو الثوب ونحوهما: بالوں یا کپڑوں کو جوؤں کے خیال سے ٹٹولنا۔
اِفْتَلَى القومَ: لوگوں کے درمیان میں آنا۔
— الصبيَّ أو الرَّضِيعَ بمعنی فلاهُ۔
— المكانَ: چرنا یا چراگاہ بنانا۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا بچہ جننا۔
تَفَالَى النِّسَاءُ: عورتوں کا ایک دوسرے کی جوئیں تلاش کرنا۔
— فلانٌ: جوئیں تلاش کرانے کی خواہش کرنا۔
يقال: تَفَالَى راسُه ایضًا۔
تَفَلَّى فلانٌ: بالوں وغیرہ کو جوؤں سے صاف کرنا۔
اِسْتَفْلَى فلانٌ بمعنی تَفَالَى۔
الفَلاةُ: بیابان، جس میں پانی اور سبزہ نہ ہو (ج) فَلاً، فَلَوَات۔
الفَلاَّيَةُ: بالوں کی گھنے دندانے کی کنگھی (مو)
الفِلْوُ، والفُلُوُّ: گدھے کا بچہ یا گھوڑے کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو یا ایک سال کا ہو گیا ہو (ج) أفْلاءٌ۔
الفُلَيَّةُ: فصيله شفويه کی ایک بوٹی جو خشک جگہ اگتی ہے اس کا خوشبودار پکی خوشبو والا پھل ہوتا ہے جس کا عرق بطور دوا استعمال ہوتا ہے (مصرية)

ف ...... م

الفَمُ من الإنسان (منه) چہرے میں ظاہرا ایک شگاف جس کے پیچھے ایک جوف ہوتا ہے اور یہ چبانے اور بولنے کے سسٹم پر مشتمل ہوتا ہے۔ کبھی میم کو مشدد اور کبھی فاء کو مضموم پڑھا جاتا ہے (دیکھئے: فوه) (ج) أفْمَامٌ۔
مجازاً اس کا اطلاق غیر انسان کے لئے بھی ہوتا ہے۔ فيقال: فم القرية، فم التُّرعة: پانی کے مدخل کے لئے۔
فم الوادی: وادی کا دہانہ

ف ...... ن

فَنْجَلَ: بوڑھوں کی طرح ڈھیلا ہو کر چلنا۔

ف

(۲) ٹانگیں چوڑی کر کے چلنا۔
الفِنْجَالُ: ٹھیکری کی چھوٹی پیالی جس میں قہوہ وغیرہ پیا جاتا ہے (مع) (ج) فَنَاجِيْلُ۔
الفِنْجَانُ بمعنی الفنجال (ج) فَنَاجِيْنُ۔
الفِنْجَانَةُ بمعنی الفنجان۔
فَنَخَ (ف) العَظْمَ۔ فَنْخًا: واضح پھٹن کے بغیر ہڈی کو توڑنا، چورہ چورہ کرنا۔
يقال: فَنَخَ رأسه۔
— فلانًا: مغلوب وتابع کرنا۔
— العقدَ والعزمَ: معاہدہ یا ارادہ پورا نہ کرنا
فَنَّخَهُ: مبالغہ در فَنِيْخٌ۔
الفَنِيْخُ من الرِّجال: کمزور ڈھیلا آدمی۔
يقال: شيخٌ فَنِيْخٌ۔
المِفْنَخُ من الرِّجال: دشمنوں کو زیر کرنے کا ماہر۔
فَنِدَ (س) فَنَدًا: بڑھاپے کی وجہ سے کمزور رائے والا ہونا۔
(۲) جھوٹ بولنا (۳) لغو و باطل بات کہنا۔
نابغہ کہتا ہے
إلَّا سليمانَ إذْ قال الالهُ لَه
قُمْ في البرية فاحدُدْها عن الفَنَدِ
أَفْنَدَ بمعنی فَنِدَ
— فلانًا: کسی کی رائے کو غلط قرار دینا۔
يقال: أَفْنَدَه الكِبَرُ: بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔
— فلانًا: جھٹلانا، تکذیب کرنا۔
فَنَّدَ في الشَّراب: شراب میں مست رہنا۔
— فلانًا بمعنی أَفْنَدَه
قرآن مجید میں یعقوب علیہ السلام کے قصہ میں ہے: {لَوْلَا أَنْ تُفَنِّدُوْنِ}
يقال: فَنَّدَ رأيَ فلانٍ: کمزور اور باطل قرار دینا۔
— الفَرَسَ: دبلا کر دینا۔
إِفْتَنَدَ: بڑھاپے سے فنا ہو جانا۔
تَفَنَّدَ فلانٌ: اپنی رائے کی غلطی پر نادم ہونا۔
أَفَنْدِي: (دیکھئے باب الهمزة میں)
الفِنْدُ: پہاڑ پر ابھرا ہوا بھاری پتھر۔

بھاری بھرکم آدمی کو کہا جاتا ہے: كَأَنَّه فِنْدٌ۔
(۲) زمین جس پر بارش نہ ہوتی ہو۔
(۳) درخت کی ٹہنی (ج) أَفْنَادٌ۔
الفِنْدَةُ: وہ لکڑی جس کی کمان بنائی جاتی ہے۔
المُفَنَّدُ: کمزور رائے والا۔
الفُنْدُقُ: مسافروں کی کرایہ پر اقامت کے لئے تیار کیا گیا مہمان خانہ، سرائے، ہوٹل (ج): فَنَادِقُ۔
الفَنَارُ: تیز روشنی والا چراغ جو بلند ستون یا بلند پل نما پر سمندر میں کشتیوں کی منزل کی طرف رہنمائی یا خطرات کی جگہ سے آگاہ کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے (منار کا محرّف)
فَنَسَ (ض)۔ فَنْسًا: چغلی کھانا۔
الفَانُوْسُ: چغل خور۔
(۲) مستقل قندیل جس کے کنارے شیشے کے ہوتے ہیں اور اس میں چراغ رکھا جاتا ہے تا کہ ہوا اور لوٹنے سے بچ سکے لالٹین (مع)
(ج) فَوَانِيْسُ۔
الفَنَسُ: غربت، تنگدستی۔
فَنَّشَ في الأمرِ: سستی کرنا۔
— عنه: چھوڑنا، پیچھے ہٹنا۔
الفِنْطَاسُ: میٹھے پانی کی ٹینکی جو کشتی یا جہاز میں پانی کے نظام کو محفوظ رکھنے کے لئے رکھی جاتی ہے۔
(۲) سیال چیزوں کو محفوظ رکھنے کے لئے بڑا عمودی برتن (محدثہ) (ج) فَنَاطِيْسُ۔
فَنِعَ (س) الرَّجلُ۔ فَنَعًا: مالدار ہونا۔
(۲) فیاض و سخی ہونا ھو فَنِعٌ و فَنِيْعٌ۔
— المسكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا۔
— الرَّجلُ: اچھی شہرت والا ہونا۔
الفُونُغرافُ: ایک آلہ جو خاص اسطوانات پر ریکارڈ آوازیں نکالتا ہے۔ ایک سوئی اور سماعة کے ذریعے۔ کبھی اسکا ہارن بھی ہوتا ہے۔ گراموفون۔
فَنَقَ (ض) فَنْقًا: آسودہ خوشحال ہونا۔
أَفْنَقَ فلانٌ: تنگدستی کے بعد خوشحال ہونا۔
فَنَّقَه: عیش کرانا۔
تَفَنَّقَ بمعنی فَنَقَ۔

— في أمرِ كذا: مبالغہ کرنا، خوش نمائی کرنا۔
الفَنِيْقُ من الإبلِ: نر اونٹ، سانڈ۔
(ج) فُنُقٌ۔
الفَنِيْقَةُ من النساء: ناز و نعمت کی پروردہ
(۲) بوری (ج) فَنَائِقُ۔
فَنَكَ (ن) في الأمرِ۔ فُنُوْكًا: کسی کام میں لگے رہنا۔
— بالمكان: قیام کرنا۔
أَفْنَكَ في الأمرِ بمعنی فَنَكَ۔
فَنَّكَ: مبالغہ در فَنَكَ۔
الفَنَكُ: لومڑی کی ایک قسم جس کی اون عمدہ ہوتی ہے۔ اس کی اون کو بھی فنک کہتے ہیں۔
الفَنِيْكُ من الانسان: ٹھوڑی کے بیچ میں دونوں طرف کی ڈاڑھی ملنے کی جگہ۔
(۲) کولہوں کے ملنے کی جگہ۔
(۳) دم اگنے کی جگہ، دم کی جڑ۔
(۴) ایک زہریلا صاف کرنے والا محلول (د):
فَنَّ (ض ف) فلانٌ۔ فَنًّا: فنکار اور کاریگر ہونا۔
هو مِفَنٌّ، فَنَّانٌ۔
— الرجلَ۔ فَنًّا: تھکانا
(۲) ٹال مٹول کرنا۔
— فلانًا في البيع: دھوکہ دینا۔
— الشيءَ: مزین کرنا۔
أَفْنَتِ الشجرةُ: درخت کا شاخوں دار ہونا۔
فَنَّنَ الثوبُ: کپڑے کا ایک باریک اور ایک موٹے دھاگے سے بنا ہوا ہونا۔
(۲) پرانا ہونے سے کوئی دھاگہ باریک اور کوئی موٹا ہونا۔
— الشيءَ: کسی چیز کی قسمیں کرنا۔
يقال: فَنَّنَ الكلامَ: کلام میں تنوع کرنا۔
— الرأْيَ: رائے کو بدلتے رہنا قائم نہ رہنا۔
إِفْتَنَّ في القول: مختلف ڈھنگوں سے کلام کرنا۔
— في الخُصومة: جھگڑے کو بڑھانا، مختلف شقیں نکالنا۔
— الحمارُ الوحشيُّ بأُتنِه: جنگلی گدھے کا گدھیوں کو مختلف جہتوں سے تیزی سے دوڑانا۔

تَفَنَّنَ الشیءُ: متنوع ہونا۔
—فی القول بمعنی اِفْتَنَّ فیه۔
—فی الأمرِ: ماہر ہونا۔
— فی السیر: جھومتے ہوئے ڈولتے ہوئے چلنا۔
اِسْتَفَنَّ فرسَه: گھوڑے کو مختلف حالیں چلانا۔
الأُفْنُونُ: گنجان شاخ۔
(۲) فن کی خاص نوع (ج) أَفَانِیْنُ۔
أَفَانِیْنُ الکلامِ: کلام کے مختلف انداز۔
الفَنُّ: ضروری وسائل کے ذریعہ علمی نظریات کی عملی تطبیق جو مشق اور تعلیم سے حاصل ہوتی ہے۔
(۲) کسی صنعت یا پیشہ کے مخصوص قواعد وضوابط کا مجموعہ۔
(۳) جذبات واحساسات کو ابھارنے والے وسائل خصوصا جمالیاتی حسن کو ابھارنے والے وسائل جیسے تصویر کشی، موسیقی اور شعر۔
(۴) خاص مہارت جو ذوق یا فطری صلاحیت سے حاصل ہوتی ہے (ج) فنون۔
الفِنُّ: یقال: فلانٌ فِنُّ عُلُومٍ: ماہر علوم۔
الفَنَنُ: درخت کی سیدھی شاخ (ج) أَفْنَانٌ۔
قرآن مجید میں ہے: {ذَوَاتَآ أَفْنَانٍ}
الفَنَّاءُ: شجرةٌ فَنَّاءُ: شاخوں دار درخت۔
الفَنَّانُ: فنی صلاحیت کا مالک جیسے شاعر، انشاء پرداز، موسیقار، مصور ایکٹر (وهو مبالغة من فنّ)
(۲) وحشی گدھا (بھاگنے میں تفنن کی وجہ سے)
الفَنِّيُّ: ماہر فن۔
الفَیْنَانُ: شاخوں والا۔
یقال: شجرٌ فینانٌ وشعرٌ فینانٌ: خوبصورت لمبے بال۔
المَفَنُّ: فن کار کی عملی تجربہ گاہ۔
المِفَنُّ بمعنی الفنانُ۔
فَنِیَ (س) الشیءُ۔ فَنَاءً: معدوم ہو جانا، فنا ہو جانا۔
— فلانٌ: بوڑھا ہو کر مرنے کے قریب ہونا۔
— فی الشیءِ: حد سے زیادہ منہمک ہونا، بہت زیادہ محنت کرنا۔
یقال: فلانٌ یَفنی فی عمله هو فانٍ۔
أَفْنَی الشیءَ: ختم کرنا۔
فَانَاهُ: دل جوئی کرنا۔
تَفَانَی القومُ: لڑائی میں ایک دوسرے کو ہلاک کرنا۔
— فی العمل: اس قدر منہمک ہونا کہ مرنے کے قریب ہو جائے (محدثہ)
الأَفْنَی: یقال: شعرٌ أَفْنَی: گھنے اور بہت زیادہ خوبصورت۔
رجلٌ أَفْنَی: لمبے گھنے بالوں والا۔
هی فَنْوَاءُ۔
الأَفْنَاءُ من الناسِ: خلط ملط لوگ معلوم نہ ہو کہ کس قبیلے سے ہیں۔
الفِنَاءُ: گھر کا اندرونی صحن یا ملحقہ صحن (ج) أَفْنِیَةٌ۔
الفَنَاةُ: دانہ مکو (ج) فناً۔

ف ــــــ ھ

فَهَدَ (ف) لفلانٍ۔ فَهْدًا: پس پشت کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔
فَهِدَ (س) الرَّجُلُ۔ فَهَدًا: تیندوے کی طرح زیادہ سونا۔
(۲) اپنی ذمہ داری کو پورا کرنے میں سستی کرنا۔
— عن الامرِ: غفلت برتا هو فَهِدٌ۔
الأُفْهُودُ: بھرپور جسم کا موٹا قریب البلوغ جوان لڑکا۔
الفَهْدُ: فصیله سنوریه کا ایک درندہ جو کتے اور چیتے کے درمیان لیکن چیتے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ بہت غصیلا ہوتا ہے۔ زیادہ سونے میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔
یقال: هو أَنْوَمُ من فَهْدٍ (ج) أَفْهُدٌ، فُهُودٌ
الفَهْدَةُ: فهد کی مؤنث۔
(۲) گھوڑے کے سینے پر دائیں بائیں ابھرا ہوا گوشت۔
(۳) اونٹ کے کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی، هما فهدتان۔
الفَهَّادُ: تیندووں کو پالنے والا۔
(۲) تیندوے کو شکار کرنا سکھانے والا۔
الفَوْهَدُ بمعنی الأُفْهُودُ۔
أَفْهَرَ فلانٌ: گوشت کا اکٹھا ہو کر جگہ جگہ سے ابھرا ہوا ہونا اور یہ موٹاپے میں بہت برا ہے۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کا سست اور لنگ دار ہونا۔
فَهَّرَتِ الدَّابَّةُ بمعنی أَفْهَرَتْ۔
تَفَهَّرَ فی الکلامِ: واضح اور کھل کر بات کرنا۔
یقال: تَفَهَّرَ فی المالِ: مال دار ہونا۔
الفِهْرُ: پتھر (مذکر اور مؤنث دونوں طرح)
(۲) ملائم سخت پتھر جس سے دوا ساز دوائیں پیستا ہے (ج) أَفْهَار وفُهُورٌ۔
الفُهْرُ: آذار (مارچ) یہودیوں کے عبرانی مہینے کی چودھویں اور پندرہویں تاریخ کو منایا جانے والا یہودیوں کا تہوار۔ (مع)
الفِهْرَةُ: پتھر کا ٹکڑا۔
المَفَاهِرُ: سینے کا گوشت۔
فَهْرَسَ کتابَه: فہرست بنانا۔
الفِهْرِسُ: کتاب جس میں کتابوں کے نام ترتیب سے لکھے جاتے ہیں۔
(۲) کتاب کے شروع یا آخر میں لگائی جانے والی لسٹ جس میں کتاب کے مندرجات یا کتاب میں مذکور اعلام، فصلیں، ابواب ترتیب کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔
(معرب فهرست الفارسية)
الفِهْرِسْت بمعنی الفهرس (د)
فَهْفَهَ الرَّجُلُ فَهْفَهَةً: زبان بند ہونا۔
(۲) الفاظ کے حروف کو بار بار دہرانا
(۳) بلند رتبہ سے نیچے رتبہ پر آنا۔
الفَهْفَهُ: بولنے سے عجز کا عیب جس میں ہو۔
فَهِقَ (س) الإناءُ والحوضُ۔ فَهَقًا وفُهُقًا: اتنا بھرنا کہ بہہ پڑے۔
أَفْهَقَ الإناءَ وغیرَه: بھرنا۔
تَفَهَّقَ الشیءُ: کھلا ہونا، کشادہ ہونا۔
— فلانٌ فی الکلامِ: کھل کر اچھا کلام کرنا۔
تَفَیْهَقَ فی کلامه: بڑھا چڑھا کر بات کرنا۔
حدیث میں ہے: (إِنَّ أَبْغَضَكُم إِلَی

التَّرْثَارُون الْمُتَفَيْهِقُوْنَ)
—فی مشیه: اترا کر چلنا۔
یقال: هو يَتَفَيْهَقُ علينا بمالِ غيره: ہمارے سامنے کسی کے مال پر فخر کرتا ہے۔
هو مُتَفَيْهِقٌ۔
الفَهْقَةُ: گردن کی ہڈی کا سر سے ملا ہوا مہرہ (ج) فِهَاقٌ۔
الفَيْهَقُ من كل شيئ: کشادہ۔
یقال: مَفَازَةٌ فَيْهَقٌ: لق ودق صحراء۔
فَهِمَهُ (س). فَهْمًا: صحیح تصور کرنا۔
(۲) استنباط کی صلاحیت کا عمدہ ہونا۔
یقال: فهمت عن فلان، و فهمت منه: کوئی بات کسی سے اخذ کرنا۔
هو فَاهِمٌ. فَهِمٌ فَهِيْمٌ (ج) فِهَامٌ۔
اَفْهَمَهُ الامرَ: اچھی طرح سمجھانا۔ کہا جاتا ہے: قَلَّ من اُوْتِی ان یَّفْهَمَ ویُفْهِمَ۔
فَهَّمَهُ الاَمْرَ: سمجھانے کی کوشش کرنا۔
تَفَاهَمَ: بتدریج سمجھنا۔
—القومُ: ایک دوسرے کو سمجھانا۔
تَفَهَّمَ الکلامَ: بتدریج سمجھنا۔
اِسْتَفْهَمَه: کسی سے سمجھانے کی درخواست کرنا۔
یقال: استفهم من فلان عن الامر: کوئی بات دریافت کرنے کا مطالبہ کرنا۔
الفَهْمُ: اچھی سمجھ بوجھ
(۲) استنباط کی عمدہ ذہنی صلاحیت (ج) اَفْهَامٌ، فُهُوْمٌ۔
الفَهَامَةُ بمعنی الفَهْمُ۔
الفَهَّامَةُ: مبالغہ در الفاهم۔
المَفْهُوْمُ: کسی کلی معنی کی وضاحت کرنے والی خصوصیات وصفات (ج)
فَهَّ (ف). فَهًّا و فَهَاهَةً: بول نہ سکنا۔
(۲) زبان کا لغزش کھانا۔
—الشیئ وعنه فَهًّا: بھول جانا۔
هو فَهٌّ و فَهِهٌ فَهِيْهٌ۔
اَفَهَّهُ اللهُ: کلام سے عاجز بنانا۔
— فلانٌ فلانًا عن حاجته: کسی کو اس کا کام بھلا دینا، غافل کر دینا۔
فَهَّهَهُ اللهُ بمعنی اَفَهَّهُ۔
الفَهَاهَةُ: ناقادر الکلامی۔
(۲) لغزش زبان۔
الفَهَّةُ بمعنی الفَهَاهَةُ۔
فَهَا (ن) فلانٌ. فَهْوًا: زبان کی کمزوری کے بعد صاف زبان والا ہونا۔
— فؤادُ فلانٍ: دل دھڑکنا اور کسی چیز کے پیچھے تیزی سے جانا۔
—عن الشیئ: بھولنا۔
اَفْهٰی فلانٌ: کمزور رائے والا ہونا۔
(۲) اپنی رائے ظاہر ہونا۔
الاَفْهَاءُ: بیوقوف لوگ۔

ف ....و

فَاتَ (ن) الامرُ. فَوْتًا و فَوَاتًا: کسی کام کا وقت گزر جانا اور اسے نہ کیا جانا۔
—فلانٌ: گزر جانا۔
—الامرُ فلانًا: کسی کا نا کام رہ جانا۔
—فلانًا فی کذا وبکذا: کسی چیز میں کسی سے آگے بڑھنا۔
اَفَاتَهُ الأمر: کسی کا کام چھڑوانا۔
فَوَّتَه بمعنی اَفَاتَه۔
اِفْتَاتَ فی الاَمْرِ: خود رائے ہونا، ذی رائے سے مشورہ نہ لینا۔
یقال: افتات علیه فیه: کسی پر اپنے رائے تھوپنا۔
فلانٌ لا یُفتاتُ علیه: فلاں کے مشورے کے بغیر کام نہیں کیا جا سکتا۔
—الکلامَ: بات گھڑنا۔
یقال: افتات علیه القولَ: کسی کے خلاف جھوٹ گھڑنا۔
تَفَاوَتَ الشیئان: دو چیزوں میں مقدار کے لحاظ سے فرق ہونا۔
یقال: تفاوت الرجلان: کردار وعمل میں باہم مختلف ہونا۔
— الخَلْقُ: مخلوق کا مختلف ہونا یا باہم یکساں نہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: {مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ}
تَفَوَّتَ الشیئُ: مختلف اور گڈمڈ ہونا۔
—علیه فی الرأی بمعنی افتات۔
یقال: تفوّت علیه فی ماله: مال میں کسی کی مرضی کے خلاف تصرف کرنا۔
الفَوَاتُ: مَوْتُ الفَوَاتِ: اچانک موت۔
الفَوْتُ: دو انگلیوں کے درمیان کشادگی (ج) اَفْوَاتٌ۔
یقال: جَعَلَ اللهُ رِزْقَهُ فَوْتَ فَمِهٖ وفَوْتَ یَدِهٖ: بایں طور کہ وہ اسے دیکھ سکے لیکن حاصل نہ کر سکے۔
هو مِنِّی فَوْتَ الرُّمْحِ: وہ مجھ سے اتنی دور ہے کہ جہاں نیزہ نہیں پہنچ سکتا۔
اَفَاجَ القومُ: لوگوں کا گروہ درگروہ ہو کر گزرنا۔
—القومَ: گروہ در گروہ بھیجنا۔
الفَائِجُ: گروہ۔
الفَائِجَةُ: ریت کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادہ جگہ (۲) گروہ (ج) فَوَائِجُ۔
الفَوْجُ: لوگوں کی جماعت، گروہ۔
(۲) تیزی سے گزرنے والی جماعت
(ج) فُؤُوج وافواج (جج) اَفَاوِجُ۔
فَاحَ (ن) الشیئُ. فَوْحًا و فَوَحَانًا: اچھی یا بری بو پھیلنا۔
یقال: فاحت رائحةُ الامر: کسی بات کی بری شہرت ہونا۔
—الشَّجَّةُ: سر کے زخم سے خون بہنا۔
اَفَاحَ الدمَ: خون بہانا۔
تَفَاوَحَ الزَّهرُ: پھول کی خوشبو مہکنا۔
الفَوْحُ: بو پھیلنا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاخَتْ (ن) رِیحُ المِسْكِ. فَوْخًا وفَوَخَانًا: مشک کی خوشبو کا اتنا پھیلنا کہ سانس متاثر ہونے لگے۔
—الرِّیحُ: ہوا کا آواز کے ساتھ تیز چلنا۔
فَادَ (ن) المالُ. فَوْدًا: مال کا صاحب مال کے پاس برقرار رہنا۔
اَفَادَ فلانٌ المالَ: مال حاصل کرنا۔

—فلانًا المالَ: عطا کرنا۔
تَفَوَّدَ الوَعْلُ فَوقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکرے کا پہاڑ کی بلندی پر ہونا۔
إسْتَفَادَ المالَ وغيرَه: حاصل کرنا۔
(۲) نفع حاصل رکھنا۔
الفَائِدَةُ: پائدار مال۔
(۲) حاصل شدہ مال، علم یا عمل وغیرہ
(۳) مقررہ مدت میں متعین نرخ پر مال کا منافع (مج)(ج) فَوَائِدُ.
الفَوْدُ: کان سے متصل سر کا کنارہ، کنپٹی
(۲) اس کے اوپر اگے ہوئے بال هما فَوْدَان.
لفلان فودَان: اس کی دو چوٹیاں ہیں (ج): أَفْوَادٌ.
(۲) کنارہ۔
يقال: نزلوا بين فَوْدَي الوادي: وہ وادی کے دو جانبوں میں اترے۔
الْقَتِ العقابُ فَوْدَيْهَا على الهيثم: عقاب نے اپنے دونوں بازو اپنے چوزے پر پھیلا دیے۔
(۲) بڑا تھیلا (گون)
يقال: قَعَدَ بين الفَوْدَيْنِ: وہ دونوں گونوں کے درمیان بیٹھا۔
يقال: جَعَلَ الصحيفةَ فَوْدَيْنِ: اخبار کے اوپر والے پرت کو نیچے والے پر رکھ کر تہ کیا۔
المِفْوَادُ: بہت مال اکٹھا کرنے والا۔
يقال: فلانٌ مِتْلاَفٌ مِفوادٌ.
فَارَ (ن) الماءُ۔فَوْرًا، وفَوَرَانًا: زمین سے پانی کا زور کے ساتھ نکلنا ھو فَوَّارٌ۔
— القِدْرُ: ہنڈیا کا جوش مارنا، اس کے اندر موجود چیز کا ابلنا۔
— النَّارُ: آگ کے شعلے بھڑکنا۔
يقال: فار الغَضَبُ.
— العِرْقُ: رگ کا پھول جانا۔
— المِسْكُ فُوَارًا وفَوَرَانًا: مشک کی خوشبو پھیلنا۔

أَفَارَ القِدْرَ وغيرَها: ہنڈیا وغیرہ کو جوش دینا۔
فَوَّرَ بمعنی أَفَارَ۔
الفُوَارَةُ: ابلنے والی چیز۔
الفَارُ: انسان کا پٹھا، چوہا۔
الفَارَةُ: فارة المسك: مشک کی خوشبو
(۲) مشک دان۔
الفورُ: ابتدائی وقت۔
يقال: أتيتُ من فوري: میں ابھی آیا۔
فعلت ذلك من فَوْرِي و فَوْرًا وَفور وُصولي: یعنی میں نے آنے کی حرارت اور سکون کی برودت سے قبل یہ کام کیا۔
—من الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
— من الشَّفَقِ: مغربی افق میں سورج کی بقیہ سرخی۔
الفُورُ: ہرن (اس لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں)
ضرب المثل ہے: لا افعلُ ذلك ماَلألأتِ الفُور: جب تک ہرنوں کی دمیں ہلتی رہیں گی میں یہ کام نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَةُ من الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
—من الناس: لوگوں کا مجمع جس وقت وہ اپنے بازاروں میں نکلیں۔
—من النهار: دن کا ابتدائی حصہ۔
يقال: اتيتهم في فورة النهار
—من الجبل: پہاڑ کی چوٹی، بالائی حصہ
الفَوَّارُ: بہت ابلنے والا۔
الفَوَّارَةُ من الماءِ: پانی کا چشمہ
(۲) دیگچی وغیرہ کا جھاگ۔
—من الورِكِ: سرین کا سوراخ۔
الفِيَارُ: ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں کانٹے کے ہر طرف کا لوہا۔
الفِيْرَةُ: زچہ کے لئے پکایا جانے والا کھجور اور میتھی کا کھانا۔
الفَيُّورُ من الرِّجال: تیز طرار اور بہت جلد غصے میں آنے والا شخص۔
فَازَ (ن) فلانٌ بالخير۔فَوْزًا ومَفَازًا و

مَفَازَةٌ: کامیاب ہونا۔
—من الشَّرِّ: نجات پانا۔
—قِدْحُ المَيْسِرِ: جوئے کے تیر کا کامیاب ہونا۔
أَفَازَهُ اللّٰهُ بكذا: اللہ کا کسی کو کسی شے میں کامیاب کرانا۔
فَوَّزَ الرَّجُلُ: جنگل میں داخل ہونا۔
(۲) سفر کے لئے روانہ ہونا۔ (۳) ہلاک ہونا۔
تَفَوَّزَ: سفر کے لئے روانہ ہونا۔
الفَائِزَةُ: يقال: فَازَ بِفَائِزَةٍ: اسے وہ چیز مل گئی جو اسے پسند ہو اور جس سے یہ کامیاب ہو۔
الفَازَةُ: دو ستونوں یا ایک ستون والا شامیانہ (ج) فَازٌ۔
المَفَازُ: بے آب وگیاہ صحرا۔
المَفَازَةُ: کامیابی (۲) نجات۔
(۳) صحرا (۴) ہلاکت گاہ (ج) مَفَاوِزُ۔
فَاوَضَهُ في الأمر مفاوضة: صلح صفائی اور اتفاق کی غرض سے تبادلہ خیال کرنا۔
—في الحديث: تبادلہ گفتگو کرنا۔
—في المال: سرمایہ کاری میں شریک ہونا۔
فَوَّضَ الأمرَ اليه: کسی معاملے میں تصرف کا اختیار دینا۔
—المرأةُ زواجها: بغیر مہر کے نکاح کرنا۔
تَفَاوَضَا: باہم کسی مسئلے پر گفتگو کرنا۔
الفَوْضى: قومٌ فَوْضى: بغیر سربراہ کے لوگ۔
افوہ اودی کہتا ہے:
لا يَصلُحُ النَّاسُ فوضى لا سَرَاةَ لهم
ولا سَرَاةَ إذا جُهَّالُهم سادُوا
يقال: مالُهم ومتاعُهم فَوضى بينهم: جبکہ سارے شریک ہوں ان میں سے ہر ایک بغیر روک ٹوک سارے مال میں تصرف کرسکتا ہو۔
الفَوْضَةُ: سیاسی نظریہ جو حکومت سے آزاد ہو کر آزادانہ انفرادی بنیادوں پر تعلقات و معاملات استوار کرنے کا قائل ہے۔
المُفَاوَضَةُ: تصفیہ طلب مسئلے سے متعلق بات

ف

چیت جس میں کسی نتیجہ اور اتفاق تک پہنچنے کی کوشش کی جائے۔
شركة المُفَاوَضةِ: (فقہ میں): ایسی شرکت جس میں اطراف مال اور تصرف کے اعتبار سے برابر ہوں۔
المُفَوَّضُ: الوزيرُ المُفَوَّضُ: غیر ملک میں اپنے ملک کی نمائندگی کرنے والا سیاسی افسر۔ جس کا رتبہ سفیر سے کم اور ناظم الامور سے زیادہ ہوتا ہے۔
المُفَوَّضِيَّةُ: وزیر مفوض کا لیگیشن۔
فَوَّطَهُ: کام کے وقت کا حفاظتی کپڑا پہنانا۔
الفُوْطَةُ: کام کرتے وقت باندھی جانے والی چھوٹی لنگی۔
(۲) روئی وغیرہ کا کپڑا (تولیہ) جس سے ہاتھ یا منہ سکھایا جائے۔ یا کپڑوں کی حفاظت کے لئے کھانا کھاتے ہوئے سینے پر یا ٹانگوں پر رکھا جائے (ج) **فُوَطٌ**۔
الفُوْطِيُّ من الألْوَان: دھندلا نیلا رنگ۔
الفُوْطِيّ: تولیہ یا لنگی بانی سے متعلق۔
الفواطُ: تولیے یا لنگیاں بنانے یا فروخت کرنے والا۔
فَاظَتْ (ن) الطِّيبُ. فَوْغًا: خوشبو پھیلنا۔
الفَوْعَةُ: فَوْعَةُ الطِّيبِ: خوشبو۔
—من السُّمِّ: زہر کی تیزی۔
فوعةُ الشَّبَاب أو النَّهار أو اللَّيْل: آغاز۔
فَافَ (ن) به. فَوْفًا: انگوٹھے کے ناخن کے اندرونی حصے کو شہادت کی انگلی کے اندرونی حصے سے لگا کر **ولا هذا** کہنا۔ یہ مراد لینا کہ میں ذرا سا بھی نہیں دوں گا۔
الفُوْفُ: گٹھلی کے اندر کا سفید دانہ جس سے کھجور کا پودا نکلتا ہے۔
(۲) گٹھلی کے اوپر کا باریک چھلکا۔
(۳) دھاری دار منقش باریک کپڑا۔

(۴) روئی کے پھوئے۔ (ٹکڑے)
واحدته: فُوفَةٌ۔
المُفَوَّفُ: بُرُدٌ مُفَوَّفٌ: دھاری دار باریک چادریں۔
فَاقَ (ن) فلانٌ. فُوَاقًا: لمبا سانس لینا، زور سے ہچکی لینا۔
— النَاقَةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کا دودھ دوہنے کے بعد تھن میں بقیہ دودھ کا اکٹھا ہونا۔
—فلانٌ بنفسه عند الموت: مرجانا۔
— الشيءَ فَوْقًا وفَوَاقًا: اوپر ہونا۔
يقال: فَاقَ أصْحَابَه: فضل میں ساتھیوں کے لئے تانت میں لگانا۔
(۲) تیر کا پھل توڑنا۔
فَوِقَ (س) السَّهْمُ. فَوَقًا: تیر کے پھل کی ایک جانب کا ٹوٹا ہوا ہونا یا ٹیڑھا ہونا **هو أفْوَقُ هي فَوْقَاءُ** (ج) **فُوْقٌ**۔
أفَاقَ فلانٌ: طاری ہونے والی غشی سے اصل حالت کی طرف لوٹ آنا۔
يقال: أفاقَ السكرانُ من سُكره، والمجنون من جنونه، والنائم من نومه، والغافل من غفلته۔
— الزمانُ: قحط کے بعد آسودگی ہونا۔
—عن فلان النُّعَاسُ: نیند غائب ہونا۔
— السَّهْمَ بمعنی **فَاقَه**۔
يقال: أفَاقَ بالسَّهْمِ۔
فَوَّقَ السَّهْمَ: تیر میں سوفار لگانا۔
— الرضيعَ: شیر خوار بچے کو تھوڑا تھوڑا دودھ پلانا۔
—فلانًا على غيره: فوقیت دینا۔
إفْتَاقَ الرَّجُلُ: غریب و مفلس ہونا۔
إنْفَاقَ السَّهْمُ: تیر کا سوفار ٹوٹ جانا۔
— الدَّابةُ: دبلا ہو جانا۔
(۲) ہلاک ہو جانا۔
تَفَوَّقَ على قومه: قوم پر فوقیت لے جانا۔
(۲) بڑائی جتانا۔

— شرابَه: ٹھہر ٹھہر کر پینا۔
الأمْرَ: مختلف اوقات میں تھوڑا تھوڑا کرنا۔
إسْتَفَاقَ: أفَاقَ۔
الفَائِقُ: ہر عمدہ چیز (۲) ریڑھ کی ہڈی کے بالائی مہرے کے سر (کھوپڑی کے سوراخ ہڈی سے ملنے کی جگہ۔
(۳) دوسرے لوگوں سے ممتاز (ج) **فَوَقَةٌ**۔
الفَاقَةُ: تنگدستی، ضرورت مندی۔
(۲) دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔
(۳) دوہنے والے کا تھن کو دو دفعہ پکڑنے کے درمیان کا وقت۔
(۴) دوہنے یا بچہ کے پینے سے ختم ہو کر تھن میں دوبارہ اکٹھا ہو جانے والا دودھ۔
(۵) راحت اور سکون۔
قرآن مجید میں ہے: **{وَمَا يَنْظُرُ هٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ}**
الفُوَاقُ بمعنی **الفَوَاقُ**
(۲) بیماری یا نشہ سے افاقہ
(۳) جان کنی کے وقت کی ہچکی اور حالت۔
(۴) حلق میں سانس گھٹنے کے وقت نکلنے والی ہوا۔
فَوْقَ: بلندی اور ارتفاع کے بیان کے لئے ظرف مکان۔ اضافت کے وقت منصوب ہوگا۔
يقال: السَّمَآءُ فوقَ الأرض۔
العشرة فوقَ التِّسْعَةِ: دس نو سے زیادہ ہے۔
قرآن مجید میں ہے: **{فَإِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ}**
رأيُ فلان فَوْقَ رأيِ فلان: فلاں کی رائے فلاں سے افضل ہے۔
جب اسے صرف لفظاً اضافت سے منقطع کر دیا جائے نہ کہ معنی تو اس وقت منبی **على الضمّ** ہو گا: جیسے **السماءُ من فوقُ**۔
الفُوْقُ: چکر۔
(۲) کلام کا خاص ڈھنگ۔
(۳) منہ کھلنے کی جگہ اور جوفِ دہن۔
—من السَّهمِ: تیر کا سوفار جہاں کمان کا تانت

ٹھہرتا ہے۔ هُما فُوقان۔
(ج) فُوَقٌ وأفْواقٌ۔
(۴) قسمت، نصیب۔
یقال: فلانٌ اعلاهم فُوقًا: وہ قسمت میں ان سے تیز ہے۔
الفُوقَةُ: فُوقَةُ السَّهمِ: تیر کا سوفار (ج) فُوَقٌ۔
الفِيقَةُ: دو دفعہ دوہنے کے درمیان تھن میں اکٹھا ہو جانے والا دودھ۔
(ج) فِيَقٌ وَفِيقٌ وأفْواقٌ وأفاوِيقُ۔
یقال: أتيتُه فِيقَةَ الضُّحى: چاشت کے اوّل وقت میں اس کے پاس آیا۔
الأفاوِيقُ: بادل جو اکٹھے ہو کر وقفے وقفے سے برسیں۔
الافاوِيقُ من اللّيلِ: رات کا اکثر حصہ۔
یقال: خَرجُوا بعد أفاوِيقَ من الليل: وہ رات کا اکثر حصہ گزر جانے کے بعد نکلے۔
المُفَوَّقُ: تھوڑا لیا جانے والا کھانا یا مشروب۔
الفُولُ: (لوبیا) فصیلہ قرینہ (فراشیہ) کا ایک پودا جس کے سفید پھول ہوتے ہیں۔ فصل خریف میں کاشت کیا جاتا ہے اور فصل ربیع میں پکتا ہے۔ بطور غذا انسان اور حیوان استعمال کرتے ہیں۔
الفَوّال: لوبیا بیچنے والا۔
الفُومَةُ: خوشہ۔
(۲) ہر ایسے غلہ کا دانہ جس سے روٹی پکائی جاتی ہے۔
(۳) لہسن کی ایک پوتھی۔
(۴) وہ تھوڑی چیز جو دو انگلیوں سے اٹھائی جائی
(ج) فُومٌ وفُوَمٌ۔
فَاهَ (ن) بالقَوْلِ۔ فَوْهًا: بولنا۔
یقال: هذا أمْرٌ مافُهتُ به وما فُهتُ عنه: یہ بات میں نے نہیں کی۔
فَوِهَ (س) فَوَهًا: منہ چوڑا ہونا۔
(۲) ہونٹوں سے نکلتے ہوئے دانتوں والا ہونا۔
هو أفْوَهُ هي فَوْهاءُ (ج) فُوهٌ
فَاهَاهُ: ہم کلام ہونا، کسی کے سامنے فخر کرنا۔
فَوَّهَ الطعامَ أو الشرابَ: مسالا ڈال کر خوشبودار کرنا۔
— الثوبَ: فَوَّهَ بوئی سے رنگنا۔
— الشيءَ: منہ کھلا کرنا۔
تَفَاوَهَ القومُ: باہم باتیں کرنا۔
تَفَوَّهَ بالكلامِ: بولنا۔
تقول: ماتفوَّهتُ بهذا الأمرِ: میں نے ایک لفظ بھی نہیں بولا۔
— المكان: جگہ کے دہانے میں داخل ہونا۔
الفَاهُ: رجلٌ فاهٌ: دل کی ہر بات ظاہر کرنے والا۔
الفُوهُ: منہ (ج) أفْواهٌ (۲) خوشبو۔
(۳) کھانے میں ڈالنے کا مسالہ (ج) أفَاوِيهُ
الفَوْهاءُ: چوڑے منہ والی۔
یقال: فرسٌ فَوْهاءُ بئرٌ فوهاءُ۔
طعنةٌ فَوْهاءُ: سیپ جس کا دائرہ چوڑا ہو اور آسنان لمبے ہوں۔
الفُوَّة: بحر متوسط کے کنارے اگنے والی طویل العمر بوٹی۔ جس کی ساق سرخ ہوتی ہے اور اس کی جڑ سرخ ہوتی ہے۔ اس میں سے ایک مادہ نکلتا ہے جو ریشم اور اون کے رنگنے میں استعمال ہوتا ہے۔
الفُوْهَةُ من كل شيءٍ: منہ، دہانہ (ج) فُوَهاتٌ۔
یقال: قعد على فُوَهة الطريقِ والنَّهرِ والوادي والبُركان۔ (۲) چغلی۔
یقال: هو يخاف فُوَهة الناس
انه لذوفوهة: چغل خور ہے۔
المُفَوَّهُ: بہت بولنے والا۔

ف .... ی

فَاءَ (ض) فَيْئًا: پلٹنا۔
یقال: فَاءَ عن غضبه فاءَ الى حلمه
— الظِّلُّ: سایہ کا مغرب کی جانب سے مشرق کی جانب آنا۔
— الشجرةُ: درخت کا سایہ پھیلنا۔
— على ذي الرَّحِمِ: رشتہ دار پر مہربان ہونا۔
— الرَّجلُ الى امرأته: کفارہ قسم دے کر رجوع کرنا۔
أفَاءَ الظِّلُّ: پھیلنا، ایسا زوال کے بعد ہوتا ہے۔
— الامرَ: لوٹانا۔
— عليه الخيرَ: کسی کو فائدہ پہنچانا۔
— عليه المالَ: کسی کے لئے مال کو مال غنیمت قرار دینا۔
— فلانًا على الأمرِ: کسی کام کا ارادہ کرنا پھر اس کام سے کسی دوسرے کام کی طرف پھیر دینا۔
فَيَّأتِ الشجرةُ: درخت کا سایہ پھیلنا۔
— الرِّياحُ الزرعَ ونحوَها: ہواؤں کا کھیتی وغیرہ کو ہلانا۔
یقال: فَيَّأَتِ المرأةُ شَعرَهَا: عورت کا اتراہٹ سے بالوں کو ہلانا۔
تَفَيَّأَتِ الشجرةُ: درخت کا سایہ پھیلنا۔
— فلانٌ على الشجرةِ وبالشجرةِ ونحوها: درخت کا سایہ لینا۔
— الظِّلالُ: سایہ کا ادھر ادھر ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: { يَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ }
— الظِّلُّ: نصف النہار کے بعد سایہ کا مشرق کی طرف لوٹنا۔
— المرأةُ لزَوجها: عورت کا ناز میں خاوند کے سامنے اٹھلانا، دہرا ہونا۔
— فلانٌ الاخبارَ: خبروں کی تلاش میں رہنا۔
إسْتَفَاءَ: پلٹنا، لوٹنا۔
— المالَ: مال غنیمت لینا۔
— الأخبارَ: خبروں کی تلاش میں رہنا۔
الفَيْءُ: زوال کے بعد کا سایہ جو شرقاً پھیلتا ہے۔
(۲) خراج (۳) مال غنیمت جو قتال کے بعد حاصل ہو (ج) أفْيَاءٌ وفُيوءٌ۔
الفَيْئَةُ: رجوع۔

ف

یقال: فَاءَ الی اللہِ فَیْئَۃً حسنۃً: اچھی طرح توبہ کی۔
(۲) وقت، دیر یقال: جاءَ بعد فَیْئَۃٍ۔
(۳) پرندہ جو نقل مکانی کر جائے پھر اپنے موسم میں پلٹ آئے۔
المُفَاءُ: بطور غنیمت لیا جانے والا مال۔
المُفِيءُ: غنیمت لینے والا۔
الفِیْتَامِین: متنوع عضوی مادہ جو کھانے کی چیزوں میں تھوڑی مقدار میں پایا جاتا ہے اور یہ مقوی اور حیات بخش ہوتا ہے۔ وٹامن
(ج) فیتامینات۔ (د)
الفِیْتُو: حق تنسیخ، دور حاضر میں اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق کسی تجویز کو رد کرنے کا حق پانچ بڑے ملکوں کو دیا گیا ہے جو سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ہیں (مج)
فَاجَ (ض)۔ فَیْجًا: پھیلنا۔
— الدَّابَّۃُ برِجلیہا: چوپائے کا اپنی دونوں ٹانگیں پیچھے والے آدمی کو مارنا۔ ھی فَیَّاجَۃٌ۔
الفَائِجُ والفائجۃُ: دو ٹیلوں کے درمیان ہموار زمین (ج) فوائِجُ۔
الفَیْجُ: لوگوں کی جماعت۔
(۲) بادل (مع) (ج) فُیُوْجٌ۔
فَاحَ (ض) المِسْكُ۔ فَیْحًا وفَیَحَانًا: مشک کا مہکنا۔
یقال: فاحتْ رائحۃُ المسك۔
— الشَّجَّۃُ: زخم سے خون نکلنا۔
یقال: فاحتْ بہ۔
— الحَرُّ: گرمی تیز و سخت ہونا۔
— القِدْرُ: ہنڈیا کا ابلنا۔
— الرَّبیعُ: موسم ربیع کا سرسبز و شاداب ہونا۔
یقال: فاحتِ البلَادُ: ملک کا آسودہ ہونا۔
فَاحَ (س) فَیَحًا: کشادہ ہونا۔
(قیاس سے فَیِحَ یَفْیَحُ۔ ہونا چاہئے تھا)
یقال: فَاحَ المکانُ فَاحَ البِئْرُ۔ فاحتِ المَفَازَۃُ۔ فاحتِ الدَّارُ۔ فَاحتِ الرَّوْضَۃُ

ھو أَفْیَحُ۔ ھی فَیْحَاءُ (ج) فِیْحٌ۔
أَفَاحَ الدَّمَ: خون بہانا۔
— القِدْرُ: ہنڈیا کو جوش آنے دینا۔
— فلانٌ: ٹھنڈا ہونا۔
یقال: أَفِحْ عنك من حَرِّ الظَّھِیْرَۃِ: تم دوپہر کی گرمی کم ہونے تک آرام کرو۔
فَیَّحَ الشيءَ: خوب بکھیرنا۔
الفَیْحَاءُ: مسالے دار سوپ۔
(۲) بصرہ، دمشق، طرابلس شام کا لقب۔
الفَیَّاحُ: یقال: رَجُلٌ فَیَّاحٌ: بہت سخی
الفَیَّاحَۃُ: یقال: نَاقَۃٌ فَیَّاحَۃٌ: بڑے تھنوں اور بہت دودھ دینے والی۔
فَادَتْ (ض) لفلانٍ فائِدَۃٌ۔ فَیْدًا: نفع حاصل ہونا۔
— المالُ لفلانٍ: کسی کا مال قائم رہنا۔
— فلانٌ: اترا کے چلنا۔
— فلانٌ الشيءَ: بچتے ہوئے الگ ہونا۔
— المرأۃُ الطِّیبَ: خوشبو کو پانی میں ڈال کر گھلانے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔
— الزَّعْفَرَانَ: زعفران کو کوٹ کر پانی ملانا۔
أَفَادَ فلانٌ عِلْمًا أو مَالًا: علم یا مال حاصل کرنا۔
یقال: أَفَادَ منہ مالًا أو عِلْمًا۔
— فلانًا عِلْمًا أو مَالًا: کسی کو علم و مال سے مستفید کرنا۔
— المَلَّۃَ عن الخُبزِ: روٹی کی راکھ وغیرہ صاف کرنا۔
تَفَایَدَا بالمال أو العِلْمِ: ایک دوسرے کو علم یا مال کا فائدہ پہنچانا۔
تَفَیَّدَ: اتراتے ہوئے چلنا۔
(۲) بچتے ہوئے کسی چیز سے الگ ہونا۔
إِسْتَفَادَ مالًا: (دیکھئے: فود) (ج)
(ج) فَوَائِدُ۔
الفَیْدُ: زعفران کا پتا۔
(۲) زعفران کا محلول۔

(۳) گھوڑے کے ہونٹ کے بال۔
الفَیَّادُ: اترا کر چلنے والا۔
(۲) جو چیز جس قدر لپیٹی جا سکے لے لینے والا۔
الفَیْرُوْزَجُ: غیر شفاف نیلے رنگ کا قیمتی پتھر، آسمانی رنگ کا یا سبز مائل رنگ۔ اس کا زیور بنایا جاتا ہے۔ (مع)
یقال: لَوْنٌ فَیْرُوزِيٌّ: فیروزی رنگ (سبزی مائل نیلا رنگ)
الفَیْرُوس: دقیق ترین کائنات جو عام خوردبین سے نظر نہیں آتی۔ بیکٹیریائی حشرات سے نفوذ کر جاتی ہے اور بعض امراض پیدا کرتی ہے (وائرس) (د)
فَاشَ (ض) الرجلُ۔ فَیْشًا: فخر، تکبر کرنا جبکہ پاس کچھ نہ ہو۔
— فلانٌ فَیْشُوْشَۃً: اعضاء کا ڈھیلا اور کمزور پڑنا۔
فَایَشَ فلانٌ: لڑائی میں بہت زیادہ دھمکیاں دینا اور سچ نہ کر دکھانا۔ ڈینگیں مارنا۔
— فلانًا: بلا وجہ کسی کے سامنے فخر کرنا۔
فَیَّشَ عن الأمرِ: ڈر کر پیچھے ہٹنا۔
تَفَایَشَ القومُ: باہم فخر کرنا، بڑائی جتانا۔ بہت زیادہ باہم دعوے کرنا۔
تَفَیَّشَ عنہ: کمزوری اور عجز کی بناء پر پلٹ جانا۔
— الشيءَ: بلا وجہ اور بے فائدہ دعویٰ کرنا۔
الفَیْشَۃُ: سر کا بالائی حصہ (ج) فَیْشٌ۔
الفَیُوْشُ من الرِّجال: جھوٹا دعویٰ کرنے والا۔
الفَیَّاشُ: بے بنیاد فخر کرنے والا۔
یقال: رجلٌ فَیَّاشٌ: بے جا تکبر کرنے والا۔
فَاصَ (ض) من الأمرِ۔ فَیْصًا: ہٹنا۔
یقال: ما استطعتُ أن أَفِیصَ منہ۔
أَفَاصَ الصیدُ من یدہ: شکار ہاتھ سے نکل جانا۔
المَفِیْصُ: یقال: مالہ منہ مَفِیْصٌ: اسے اس بات سے چھٹکارا نہیں۔

فَاضَ (ض) الماءُ. فَيْضًا و فُيُوْضًا وفَيَضَانًا: بہت زیادہ کر بہنا۔
هو فَائِضٌ وفَيَّاضٌ۔
يقال: فَاضَ النهرُ فَاضَ السَّيْلُ۔
—الإناءُ: ۔برتن کا بھر کر چھلکنا۔
—عينُه: آنسو بہنا۔
—الشيُّ: بہت ہونا۔
يقال: فَاضَ الخيرُ۔
—الخَبَرُ: پھیلنا۔
—صدرُه بالسِّرِّ فَيْضًا: دل میں راز نہ رکھ سکنا' ظاہر کرنا۔
—عليه الدِّرْعُ: کسی پر زرہ ڈھیلی ہونا۔
اَفَاضَ الحُجَّاجُ من عَرَفَاتٍ الى مِنًى: حجاج کا وقوف عرفہ کے بعد منٰی کی طرف پلٹنا۔
—القومُ فی الحديث: بات چیت کو لمبا کرنا۔
—بالشيءِ: پھینکنا۔
— أصحابُ الميسر القِدَاحَ: جواریوں کا تیروں کو پھینکنا۔
يقال: اَفَاضُوا بها وعَلَيْهَا۔
—اللهُ الخَيْرَ: خیر و برکت عام کرنا۔
—الإناءَ: برتن کو بھر کر چھلکانا۔
—الماءَ على جسده: جسم پر پانی بہانا۔
—دَمْعَهُ: آنسو بہانا۔
يقال: اَفَاضَتِ العينُ الدَّمْعَ۔
اِسْتَفَاضَ الخَبَرُ: پھیلنا۔
—القومُ فی الحديث: مفصل اور لمبی گفتگو کرنا۔
—الوادی شجرًا: وادی کا درختوں سے بھرنا۔
الإفَاضَةُ: حاجیوں کا وقوف عرفہ کے بعد پلٹنا۔
طوافُ الإفَاضَةِ: یوم نحر کا طواف جب حاجی منٰی سے مکہ کی طرف پلٹتے ہیں اور طواف کرتے ہیں اور پھر منٰی واپس چلے جاتے ہیں۔
الفَائِضُ: وہ فائدہ جو سرمایہ کار کو اس کے اصل مال سے حاصل ہو (محدثہ)
الفَيْضُ: بہت زیادہ۔
يقال: اَعْطَانَا غَيْضًا من فَيْضٍ: اس نے ہمیں بہت زیادہ میں سے تھوڑا دیا۔
رجلٌ فَيْضٌ: نفع رساں آدمی۔
فَرَسٌ فَيْضٌ: تیز رفتار گھوڑا
(ج) فُيُوْضٌ۔
الفَيَضَانُ: بہت زیادہ بارشوں اور سیلاب سے آنے والی دریا کی طغیانی۔
الفَيُوضُ: کشادہ۔
يقال: دِرْعٌ فَيُوْضٌ: ڈھیلی زرہ۔
الفَيَّاضُ: فائض۔ کا مبالغہ۔
يقال: نهرٌ فَيَّاضٌ: بہت پانی والا دریا۔
رجلٌ فيّاضٌ: بہت عطا کرنے والا۔
المُفَاضُ: يقال: حديثٌ مُفَاضٌ ومُفَاضٌ فيه: شائع اور عام بات۔
دِرْعٌ مُفَاضَةٌ: کشادہ اور ڈھیلی زرہ۔
فَاظَ (ض) فلانٌ. فَيْظًا. فُيُوْظًا: مرجانا۔
يقال: فَاظَتْ نفسه وروحُه۔
اَفَاظَهُ اللهُ: کسی کو موت دینا۔
الفَيْظُ: موت۔
يقال: حان فَيْظُه۔
الفَيْفُ: وسیع و عریض' کھلا صحراء
(۲) دو پہاڑوں کے درمیان راستہ۔
(۳) مختلف جہتوں سے چلنے والی ہواؤں والی جگہ
(ج) اَفْيَافٌ. وفُيُوْفٌ۔
الفَيْفَاءُ. بمعنی الفَيْفُ (ج) الفَيَافِيُ۔
فَاقَ (ض). فَيْقًا: جان جانِ آفریں کے سپرد کرنا۔
اَفْيَقَ الشاعرُ: شاعر کا کمال دکھانا۔
فَالَ (ض) رأيُه. فَيْلًا وفُيُوْلًا: رائے کا کمزور اور غلط ہونا۔
يقال: فَالَ الرَّائُ. فَالَ الرَّجُلُ فی رأْيِهِ۔
فَايَلَه مُفَايَلَةً وفِيالًا: فیال کھیل کھیلنا۔
هو مُفَايِل۔ طرفہ کہتا ہے۔
كَمَا قسمَ الترب المفايِلُ باليَدِ
فَيَّلَ رأيَه: کمزور اور غلط قرار دینا۔
(۲) ہاتھی کی طرح موٹا ہو جانا۔
—النباتُ: نبات کا اپنی حد تک طویل ہو جانا۔
اِسْتَفْيَلَ الجَمَلُ: اونٹ کا ہاتھی جیسا ہونا۔
الفائِلُ: سرین کی ہڈی کا گوشت۔
(۲) ران کی ایک رگ۔
مكنونُ فائِلِه: اس میں پوشیدہ خون۔
الفَائِلَتَانِ: خون کے دو لوتھڑے پشت کے قریب' صَلَوَين۔ کے مقام پر ان میں سے نیچے والا ہوتا ہے۔ عُصعُص۔ کے پہلو میں ان کی جانب جھکے ہوتے ہیں۔
الفَالُ: (دیکھئے: الفَأْلُ)
الفِيَالُ: (دیکھئے: الفأل)
الفِيْلُ: ہاتھی 'بڑے جسم والا ایک جانور عواشب ثديية۔ میں سے۔ لمبی سونڈ والا جس سے اشیاء کو ہاتھ کی طرح پکڑتا ہے۔ اس کے دو بڑے بڑے دانت ہوتے ہیں جن سے اشیاء بنائی جاتی ہیں (ج) اَفْيَالٌ و فِيَلَةٌ هی فِيلَةٌ۔ داءُ الفيل: ایک بیماری جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
اصحابُ الفيل: ابرہہ حبشی کا لشکر جنہوں نے اسلام سے قبل مکہ پر حملہ کیا۔ معجزۃً اسکا لشکر ہلاک ہو گیا۔
الفَيَّالُ: ہاتھی بان (ج) فَيَّالَةٌ۔
تَفَيْلَقَ: (دیکھئے: فلق)
الفَيْلَقُ: (دیکھئے: فلق)
الفَيْلَمُ: (دیکھئے: فلم)
فَانَ (ض) الرَّجُلُ. فَيْنًا: آنا۔
الفَيْنَةُ: وقت۔
يقال: اَزُورُهُ الفَيْنَةَ بعدَ الفَيْنَةِ و فَيْنَةً بعدَ فَيْنَةٍ: میں اسے وقتاً فوقتاً ملتا ہوں۔
الفَيْنَانُ: لمبے اور خوبصورت بالوں والا۔
هی فَيْنَانَةٌ۔
يقال: شَعْرٌ فَيْنَانٌ: لمبے بال۔
تَفَيْهَقَ: (دیکھئے: فہق)
الفَيْهَقُ: (دیکھئے: فہق)

ف

(۱۰۰)

ق

حروفِ ہجائیہ کا اکیسواں حرف اصل میں یہ مجہورہ ہے لیکن اب یہ بھی اکثر اہلِ زبان کی ادائیگی میں مہموسہ ہے اور بہت موٹا ہوتا ہے اس کا مخرج گلے کے کوے اور اوپر کے تالو سے ہے۔ عامی لہجے میں قاف بہت بدل گیا ہے۔ کہیں ہمزہ اور بعض قراءت اور یمن اور مصر کے بالائی علاقوں اور بہت سے بدوی قبائل میں فارسی (گاف) کی طرح اس کا تلفظ کیا جاتا ہے۔

قَأَبَ (ف) الطَّعَامَ: أو الشَّرابَ۔ قَأْبًا: برتن میں موجود سارا کھانا یا مشروب تناول کرلینا۔

قَئِبَ (س) من الشرابِ۔ قَأَبًا: شراب سے سیراب ہونا۔

القَؤُوبُ: بہت پینے والا۔

المِقْأَبُ۔ بمعنی القَؤُوبُ۔

القِئْقِئُ: انڈے کی سفیدی کے ساتھ ملی باریک جھلی۔

ق .... ب

قَبَّ (ض ن) النَّباتُ أو اللَّحمُ أو نحوُهما۔ قَبًّا: خشک ہوجانا، سوکھ جانا۔

يقال: قَبَّ الجُرحُ قَبَّ الظَّهرُ: ضرب کے آثار کا مندمل ہوجانا، زخم خشک ہوجانا۔

ـــ فلانٌ: گنبد بنانا۔

ـــ القومُ: لوگوں کا جھگڑے میں شوروغل کرنا۔

ـــ ذوالنّابِ: دانت والے کے دانتوں کی آواز سنائی دینا۔

يقال: قَبَّ نابُهٗ وقَبَّ جَوفُ الفرسِ۔

ـــ القُبَّةَ۔ قَبًّا: گنبد بنانا۔

ـــ الشيءَ: کاٹنا۔

(۲) اطراف سے اکٹھا کرکے گنبد نما بنانا۔

ـــ بطنَه: پیٹ کو زور سے دبا کر گول کردینا۔

قَبَّ (س)۔ قَبَبًا: کمر کا پتلا اور پیٹ کا کم گوشت ہونا۔

هو أقَبُّ، هي قَبّاءُ (ج) قُبٌّ۔

يقال: قَبِبَ: اظہار تضعیف کے لئے بھی کہا جاتا ہے۔

أقَبَّ السَّفَرُ الفرسَ: سفر کا گھوڑے کو لاغر کردینا۔

قَبَّبَ: مبالغہ در قَبَّ۔

يقال: قَبَّبَ البيتَ: گھر پر گنبد بنانا۔

ـــ الشيءَ: گنبد نما بنانا۔

تَقَبَّبَ القُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔

القَابَّةُ: بارش کا قطرہ۔

القُبابُ: تیز کاٹنے والی تلوار۔

ـــ من الأنُوفِ: موٹی اور بڑی ناک۔

القَبُّ: سانڈ اونٹ، قوی الباہ آدمی۔

(۲) لوگوں کا سردار۔

(۳) چرخے کا سوراخ جس میں لکڑی کے دندانے ہوتے ہیں۔

(۴) قمیص کے گریبان کے نیچے کا کپڑا۔

ـ من اللُّجُمِ: بڑی اور سخت لگام (ج) أقْبٌ۔

القِبُّ: کولہوں کے درمیان کمر کی ابھری ہوئی ہڈی۔

القَبَّةُ: کرتے وغیرہ کا گریبان، کالر (محدثہ)

القُبَّةُ: (گنبد) گول عمارت جو کمان نما اور جوف دار ہو اور پختہ اینٹوں سے تعمیر کی جائے۔

(۲) چھوٹا خیمہ جو اوپر سے گول ہو۔

(ج) قِبابٌ، وقُبَبٌ۔

القِبَّةُ من الشاةِ: بکری کی مینگنی کی تھیلی۔

(ج) قِبابٌ۔

القِبِّيُّ: پیٹ پتلا کرنے کے لئے مسلسل روزے رکھنے والا۔

القِبَةُ من الشاةِ۔ بمعنی القِبَّةُ (ج) قِبابٌ۔

القَبِيبُ: سوکھا پودا۔

(۲) گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔

(۳) سانڈ کے دانت پیسنے کی آواز۔

ـــ من الأقِطِ: خشک اور تر ملا ہوا پنیر، خشک نباتات۔

المُقَبَّبُ: گنبد نما۔

يقال: حافِرٌ مُقَبَّبٌ: کھوکھلا کھر۔

المُقَبَّبَةُ: يقال: سُرَّةٌ مُقَبَّبَةٌ: پتلی ناف۔

المَقْبُوبَةُ۔ بمعنی المُقَبَّبَةُ۔

القَبَجُ: چکور کے مشابہ ایک پرندہ جس کا شکار کیا جاتا ہے جو کہ فصیلہ طیہوجیات میں سے ہے۔

قَبَحَ (ف) الله فلانًا۔ قَبْحًا، وقُبُوحًا: ہر بھلائی سے دور کرنا۔ **هو مَقْبُوحٌ۔**

ـــ قرآن مجید میں ہے: **{وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوحِينَ}**

ـــ له وجهَهٗ: کسی کو قَبَّحَهُ الله۔ کہنا۔

ـــ الشيءَ قَبْحًا: کسی شے کے اندر کی چیز نکالنے کے لئے توڑنا۔

يقال: قبح البَثْرةَ قبح البيضةَ۔

قَبُحَ (ك) الشيءُ۔ قُبْحًا وقَباحةً: برا ہونا، بد صورت ہونا (ضد: حُسُن)

أقْبَحَ فلانٌ: برا کام کرنا۔

قَابَحَهٗ: گالی دینا۔

قَبَّحَهٗ: بھلائی سے دور کرنا۔ (۲) برا بنانا۔

ـــ وجهَهٗ: کسی کو برا کہنا۔

ـــ له وجهَهٗ: کسی کے کام کو ناپسند کرنا۔

ـــ عليه فعلَه: کسی کے کام کی مذمت کرنا۔

ـــ البَثْرةَ: پھنسی کو پکنے سے پہلے دبانا۔

إسْتَقْبَحَهٗ: برا سمجھنا۔

القُبَاحُ: کہنی سے ملا ہوا بازو کی ہڈی کا کنارہ
(۲) ران اور پنڈلی کے ملنے کی جگہ۔
القُبْحُ: (ضد: الحُسن)
فعل ہو قول ہو یا صورت۔
(۲) ذوق سلیم پر بھاری چیز' گراں۔
(ج) مَقَابِحُ۔ (غیر قیاسی طور پر)
یقال: بطور بددعاء: قُبْحًا لَه: بھلائی سے دور ہو' اس کا برا ہو۔
القَبِيحُ: حسن کی ضد' جسے ذوق سلیم ناپسند کرے۔
(۲) شرعاً ناپسندیدہ (۳) عرفاً ناپسندیدہ۔
(ج) قِباحٌ وقَبَاحَى وقَبْحَى۔
القَبِيحَةُ: برائی' عیب' خرابی (ج) قِبَاحٌ و قَبَائِحُ۔
المقَابِحُ: برے اخلاق' اخلاق کی برائیاں۔
قُبح۔ کی جمع (غیر قیاسی طور پر)
قَبر (ن) المَيِّتَ۔ قَبْرًا: دفن کرنا۔
أَقْبَرَ فلانًا: قبر بنانا۔
قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ أَمَاتَه فَأَقْبَرَه}
—القومَ: لوگوں کو انکا مقتول دفنانے کیلئے دینا۔
یقال: أَقْبَرَهُمْ قَتِيلَهُم۔
القُبَّارُ: شکاری کا رات کا چراغ۔
(۲) جال میں پھنسے ہوئے شکار کو کھینچنے کے لئے جمع ہونے والا مجمع۔
القُبَّرُ: فصیلہ قبریات سے (چنڈول) پرندوں کی ایک قسم' جو مخروطی چونچ والے ہوتے ہیں۔ اوپر سے سانولا اور نیچے سے سفید مائل ہوتا ہے۔ سینے پر سیاہ دھبہ ہوتا ہے۔ واحدته قُبَّرَةٌ۔
القَبْرُ: میت کو دفن کرنے کی جگہ (ج) قُبُورٌ و أَقْبُرٌ۔
القُبَرُ: سفید لمبا انگور جس کا منقی عمدہ ہوتا ہے۔
(۲) بمعنی القُبَّرُ۔
القَبُورُ: جلد بار آور ہونے والا درخت خرما۔
(۲) جس کی بار آوری سوکھے پتے میں ہو۔
المَقْبُرَةُ: قبرستان (۲) قبر (محدثہ) (ج) مَقَابِرُ۔
قَبَسَ (ض) النَّارَ۔ قَبْسًا: آگ جلانا (۲) آگ تلاش کرنا۔
—النارَ أو الكهرباءَ: آگ یا بجلی کا شعلہ لینا۔
—العِلْمَ: علم حاصل کرنا۔
—الرجلَ علمًا أو نورًا: کسی کو علم یا روشنی کا فائدہ پہنچانا هو قابِسٌ (ج) أَقْبَاسٌ۔
أَقْبَسَه: کسی کو آگ یا بجلی کا شعلہ دینا' علمی فائدہ دینا۔
إِقْتَبَسَ نارًا۔ بمعنی قَبَسَها۔
—فلانًا: کسی سے علم حاصل کرنا۔
یقال: إِقْتَبَسَ منه نارًا۔
منه عِلْمًا: کسی سے علم حاصل کرنا۔
یقال: جئتُ لأَقتبس من أنوارك: میں آپ کے انوار علمی سے استفادہ کرنے آیا ہوں۔
قرآن مجید میں ہے: {انْظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُورِكُمْ}
القَابِسُ: دو شاخوں یا زائد والا آلہ جو مَقْبِس میں لگایا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعے بجلی کا کرنٹ منتقل کیا جائے (مج)
القَابُوسُ: خوبصورت رنگ اور چہرے والا شخص۔
القَبَسُ: آگ' یا آگ کا شعلہ۔
قرآن میں ہے: {لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا بِقَبَسٍ}
یقال: هذه حُمّى قَبَسٍ لا حُمّى عَرَضٍ}۔ جو بلا تعدی کسی کو لاحق ہو۔
القَبَسَةُ: شعلہ جو آگ میں سے لیا جائے۔
یقال: ما زُرْتُكَ إِلَّا كَقَبَسَةِ العَجْلَانِ: میں نے آپ سے سرسری ملاقات کی۔
القَوَابِسُ: لوگوں کو علم سکھانے والے لوگ۔
المِقْبَاسُ: لکڑی وغیرہ جس سے آگ جلائی جائے (۲) جلد حاملہ ہونے والی مادہ۔
المَقْبِسُ: پلگ ہولڈر' وہ جگہ جہاں قابس لگایا جائے تاکہ بجلی کا کرنٹ منتقل کیا جا سکے (ج) مَقَابِسُ۔
المِقْبَسُ: جس سے آگ اٹھائی یا جلائی جائے۔
المُقْتَبَسُ: آگ کا شعلہ' انگارہ۔
قَبَصَ (ض)۔ قَبْصًا: تیز دوڑنا۔
—الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
—الشيءَ: انگلیوں کے کنارے سے کوئی چیز پکڑنا۔
—الرجُلُ وغيرَه: کسی کو کوئی فعل پورا کرنے سے قبل روک دینا۔
یقال: قبص الشاربَ: پینے سے سیرابی سے پہلے روک دینا۔
قَبِصَ (س)۔ قَبَصًا: چست اور پھرتیلا ہونا۔
(۲) درد جگر میں مبتلا ہونا۔ هو قَبِصٌ۔
—الرَّجُلُ: بڑے سر والا ہونا۔
هو أَقْبَصُ' هي قَبْصَاءُ۔
یقال: هو أَقْبَصُ الرَّأْسِ: بڑے سر والا۔
هامَةٌ قَبْصَاءُ: اونچی بڑی کھوپڑی۔
(ج) قُبْصٌ۔
قَبَّصَ الشيءَ: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اِقْتَبَصَ من أثرِه قَبْصَةً: چٹکی بھر لینا۔
(ج) مَقَابِصُ۔
اِنْقَبَصَ: سکڑنا' سمٹنا۔
تَقَبَّصَ الجرادُ على الشجرِ: ٹڈیوں کا درخت پر جمع ہونا۔
الحبلُ: رسی کا نہ پھیلنا۔
القَابِصَةُ: جماعت' گروہ (ج) قوابص۔
القَبَصُ: درد جگر۔
القِبْصُ: لوگوں کی بڑی تعداد۔
یقال: هم في قِبْصِ الحَصَى: وہ لاتعداد ہیں۔
(۲) ریت کا بڑا ڈھیر۔
(۳) چیونٹیوں کا بڑا گروہ۔
(۴) اصل۔ یقال: فلان كريمُ القِبص۔
القَبِصُ: یقال: حَبْلٌ قَبِصٌ: سکڑی ہوئی رسی۔
القَبَصُ۔ بمعنی القبص۔
القَبْصَةُ: چٹکی بھر چیز۔ انگلیوں سے پکڑی ہوئی چیز۔
—من الطعامِ والحبِّ: مٹھی بھر غلہ' دانے۔
(۲) بڑی ٹڈی۔

الْقَبِيْصُ: مٹی کا ڈھیر۔

—من الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا جس کا صرف کھر کا کنارہ وہ زمین سے ٹکراتا ہو۔

الْمِقْبَصُ: گھوڑوں کو لائن میں کھڑا کرنے کے لئے گھڑ دوڑ کے میدان میں باندھی جانے والی رسی۔ (ج) مَقَابِصُ۔

قَبَضَ (ض) الشئَ وعليه۔ قَبْضًا: قبضہ میں لینا۔

—اللِّصَّ: چور کو پکڑنا۔

يقال: قبض على اللص۔

قبضَ عليه الرزقَ: کسی پر روزی تنگ کر دینا۔

—المالَ: مال وصول کرنا۔

يقال: قبض العاملُ أجرتَه۔

قبض الله فلانًا وقبض روحهٗ: موت دینا۔

—يدهٗ عن الشئِ: دست کش ہونا، ہٹانا۔

يقال: قبض يده عن النفقة وعن المعروف: بھلائی سے رکنا یا خرچ دینے سے رکنا۔

قرآن مجید میں ہے: {وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ}

—الشئَ: لپیٹنا۔

—الظِّلَّ: سایہ ہٹانا، مٹانا۔

قرآن مجید میں ہے: {ثُمَّ قَبَضْنَاهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا}

— الطائرُ جناحيه: پرندے کا اڑنے کے لئے باز و سمیٹنا۔

قرآن مجید میں ہے: {اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ}

قُبِضَ فلانٌ: مرنا یا مرنے کے قریب ہونا۔

هو مَقْبُوْضٌ۔

اَقْبَضَ السَّيْفَ ونحوَه: تلوار وغیرہ میں دستہ لگانا۔

—فلانًا المتاعَ: کسی کو سامان پر قابض کرنا۔

قَابَضَهٗ: ہر ایک کا دوسرے سے اپنا حق وصول کرنا۔

قَبَّضَ الشئَ: اپنے قبضہ میں لینا۔

(۲) جمع کرنا، لپیٹنا، اکٹھا کرنا۔

يقال: قَبَّضَ وجهه وقَبَّضَ ما بين عَيْنَيْهِ: چہرہ پر شکن ڈالنا بھنویں سکیڑنا۔

—فلانًا المالَ: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔

(۲) کسی کے حوالے کرنا، سپرد کرنا۔

اِقْتَبَضَ الشئَ: بمعنی قبضه۔

—المتاعَ لنفسه: اپنا سامان لینا۔

اِنْقَبَضَ الشئُ: سکڑنا، اکٹھا ہونا۔

—المالُ: وصول شدہ ہونا۔

— الرَّجُلُ على نفسه: کسی کی زندگی تنگ ہونا، تنگ ہو کر گوشہ نشین ہونا۔

—عن الشئِ: ناک بھویں چڑھانا۔

—عن القومِ: قطع تعلق کرنا۔

—في حاجته: اپنے کام کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔

تَقَابَضَ المُتَبَايِعانِ: بائع کا ثمن پر اور مشتری کا سامان پر قبضہ کرنا۔

تَقَبَّضَ الشئُ: سکڑنا۔

— الاَسَدُ: جست لگانے کے لئے شیر کا سمٹ کر تیار ہونا۔

—الجلدُ: کھال کا سکڑنا اور کھردرا ہونا۔

—فلانًا على الامرِ: کسی کام پر لگائے رکھنا۔

—عنه: کسی چیز سے منقبض ہونا، متنفر ہونا۔

القابِضُ: الله کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔

هو القابض الباسط۔

—من الأدوية: قبض کرنے والی دوا۔

القَبْضُ: يقال: صار الشئُ في قبضه: چیز اس کی ملکیت میں آ گئی۔

القَبْضَةُ من الشئِ: مٹھی بھر چیز۔

يقال: اعطاهُ قَبْضَةً مِنْ تمر أو سويق: مٹھی بھر کھجور یا ستو دینا۔

قرآن مجید میں سامری کے بارے میں ہے: {فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ}

—من السيف: تلوار کا دستہ۔

يقال: صَارَ الشئُ قَبْضَتَه وفي قَبْضَتِه: چیز اس کی ملکیت میں آ گئی۔

قرآن مجید میں ہے: {وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ}

— ان دونوں آیتوں میں صاد کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔

القُبْضَةُ: مقبوضہ چیز۔ مٹھی بھر چیز۔

القُبَضَةُ: سختی کے ساتھ تھامنے والا۔

يقال: رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ: جلد اپنانے اور جلد چھوڑنے والا۔

(۲) اونٹوں کو قابو میں کر کے حسب منشا چرانے والا چرواہا۔

(۳) بکریوں کو قریب قریب کر کے چرانے والا چرواہا۔

يقال: راعٍ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ: مویشیوں کا بہتر منتظم چرواہا جو انہیں سمیٹ کر رکھے اور چراگاہ ملنے پر پھیلا دے۔

القَبِيْضُ من الدَّوابِّ: جلد پاؤں اٹھانے والا تیز رفتار چوپایہ۔

يقال: فَرَسٌ قَبِيْضُ الشَّدِّ۔

—من الرجال: اپنے فن میں لگا رہنے والا ماہر ہنر مند۔

المَقْبِضُ: وصول یابی کی جگہ۔

— من السَّيفِ والسِّكين ونحوهما: دستہ جسے ہتھیلی میں لے کر کوئی چیز پکڑی جائے (ج) مَقَابِضُ۔

المِقْبَضُ والمِقْبَضَةُ: من السَّيْفِ السِّكين ونحوهما: دستہ۔

المُنْقَبِضُ: تنگ دل جو کشادگی کی طرف میلان نہ رکھتا ہو۔

(۲) یکسو اور خاموش طبیعت آدمی جو ہلکے پھلکے کاموں کا عادی اور زیادہ نقل و حرکت سے گریز کرتا ہو۔

قَبَطَ (ض) الشئَ۔ قَبْطًا: ہاتھ سے اکٹھا کرنا۔

—الشئَ بغيره: ملانا۔

القِبْطُ: یونانی لفظ بمعنی مصر کا باشندہ آج کل اس سے مصر کے عیسائی مراد لئے جاتے ہیں (ج) اَقْبَاطٌ۔

ق

القُبطِيَّةُ: مصر کی بنی ہوئی عمدہ پاپلین جو کہ غیر قیاسی طور پر قبط کی طرف منسوب ہے۔
(ج) **قَبَاطِيُّ و قُبَاطِيُّ۔**
قَبَعَ (ف) القُنفُذُ۔ قُبُوعًا: سیہی کا اپنی کھال میں اپنا سر چھپانا۔
یقال: قَبَعَ الرَّجلُ: اپنے کپڑوں میں سر دینا۔
قَبَعَ النجمُ: ظاہر ہونا پھر چھپ جانا۔
ـــ **الرَّاكِعُ:** رکوع میں بہت زیادہ جھکنا۔
ـــ **فلانٌ:** تھکان سے سانس چڑھنا۔
ـــ **في الشيءِ:** داخل ہونا۔
یقال: قَبَعَ في الأرضِ: زمین میں جانا' سفر کرنا۔
ـــ **عن أَصْحَابِهِ:** ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا۔
ـــ **الجُوَالِقَ:** گون یا بورے کے کنارے کو اندر یا باہر کی طرف موڑنا تاکہ اس کے اندر کی چیز آسانی سے لی جاسکے۔
إِقْتَبَعَ السِّقَاءَ: مشکیزہ کے منہ میں سر داخل کر کے پینا۔
إِنْقَبَعَ فلانٌ: اپنے کرتے میں سر داخل کرنا۔
ـــ **الطائرُ في وكره:** پرندہ کا گھونسلہ میں جانا۔
القَابِعَةُ: من خيول السبق: دوڑ کے وہ گھوڑے جو آگے نکل جانے والوں کے پیچھے ہوں۔ (ج) **قَوَابِعُ۔**
القُبَاعُ: سیہی۔
ـــ **من المكاييل:** بڑا پیمانہ۔
القُبَّعَةُ: بچوں کی ایک ٹوپی جو بارش اور دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہوتی ہے۔
القِبِّيْعَةُ: خنزیر کی ناک۔
القُبَعُ: سیہی۔
القُبَعَةُ: یقال: امرأةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ: کبھی چھپنے اور کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
القَبِيْعَةُ من السَّيفِ ونحوه: تلوار وغیرہ کے دستہ کے کنارے پر چڑھا ہوا لوہا یا چاندی۔
القَوبَعُ: تلوار کا دستہ۔
ایک سرخ رنگ کے پاؤں والا پرندہ۔
قَبقَبَ الفَحْلُ أَو الأسدُ ونحوهما قَبْقَبَةً و قَبْقَابًا: نر اونٹ یا شیر وغیرہ کا غرانا۔
(۲) دانت پیسنا جس سے آواز پیدا ہو۔
ـــ **الرَّجلُ:** الٹی سیدھی اور فضول باتیں کرنا۔
هو قَبْقَابٌ۔
تَقَبْقَبَ الفحلُ أَو الأسدُ ونحوهما: بمعنی **قَبْقَبَ۔**
القُبَاقِبُ: بلا سوچے سمجھے بہت بولنے والا (خواہ صحیح ہو یا غلط)
القَبْقَابُ: لکڑی کا جوتا جس کے تسمے چمڑے وغیرہ کے ہوتے ہیں (ج) **قَبَاقِيبُ۔**
قَبَلَ (ن)۔ قَبْلًا: آنا۔
یقال: قَبَلَ الليلُ أو الشهرُ أو العام۔
ـــ **الرِّيحُ:** ہوا چلنا۔
ـــ **العملَ:** کام میں جلدی کرنا۔
ـــ **المكانَ:** جگہ کے سامنے ہونا۔
یقال: قَبَلْتُ الجبل مرة و دبرته مرة۔ (۲) آنا۔
یقال: قَبَلَتِ الماشيةُ الوادِيَ: وادی کا رخ کرنا۔
ـــ **النَّعْلَ:** جوتے میں تسمہ لگانا۔
یقال: قَبَلَ الثوبَ: پیوند لگانا۔
قَبِلَ (س) بفلان۔ قَبَالَةً: کسی کی کفالت کرنا' ضامن ہونا۔
ـــ **القابلةُ الوَلَدَ:** دایہ کا بچہ جنانا۔
ـــ **الشيءَ قَبُولاً:** خوش دلی سے لینا۔
یقال: قبل الهدية ونحوها۔
یقال: قبل الله دعاءَ فلان: دعا قبول کرنا۔
ـــ کام کو پسند کرنا۔
یقال: قَبِلَ الخبرَ: خبر کی تصدیق کرنا۔
ـــ **فلانٌ قَبَلًا:** بھینگی نظر والا ہونا **هو أَقْبَلُ۔**
یقال: قبلت عينُه۔ هي قَبْلاءُ۔
قَبُلَ (ك) الرجلُ۔ قَبَالَةً: ضامن ہونا۔
أَقْبَلَ: آنا۔
یقال: أَقْبَلَ الرَّكبُ۔ أَقبَلَ العامُ۔
ـــ **بالشيءِ:** دل کھول کر دینا۔
یقال: أَقْبَلَتِ الارض بالنبات: زمین کا سرسبز ہونا۔
یقال: أَقْبَلَ بفلان و أَدْبَرَبه: آزمانے کے لئے کبھی آگے لانا کبھی پیچھے کرنا۔
ـــ **على العمل ونحوه:** کسی کام پر لگ جانا۔
یقال: أَقْبَلَتِ الدُّنيا عليه: دنیا اسے اپنی بھلائی کے ساتھ مل گئی۔
ـــ **عينَ فلانٍ:** بھینگا کر دینا۔
ـــ **فلانًا الشيءَ:** کوئی چیز کسی کے سامنے کر دینا۔
یقال: أَقْبَلْتُ الماشيةَ الوادِيَ: مویشیوں کو وادی کی طرف کرنا۔
أَقْبَلْنَا الرِّماحَ نحوَ القوم: ہم نے نیزے قوم کی طرف کر دیئے۔
یقال: أَقْبَلْتُ فلانًا الطريقَ: کسی کو راستہ دکھانا۔
قَابَلَه: آمنے سامنے ہونا۔
ـــ **الشيءَ بالشيءِ:** مقابلہ کرنا' ایک شی کو دوسری شے سے ملانا۔
یقال: قَابَلَ الكتابَ بالكتاب۔
قَبَّلَه: چومنا' بوسہ دینا۔
ـــ **العامِلَ العَمَلَ:** کارکن کو معاہدے کے تحت کام پر لگانا۔
إِقْتَبَلَ الرجلُ: بے وقوفی کے بعد عقلمند ہونا۔
ـــ **امرَهُ:** از سرنو کرنا۔
ـــ **الخُطْبَةَ:** برجستہ تقریر کرنا۔
تَقَابَلَا: ایک دوسرے کو بالمقابل ملنا۔
تَقَبَّلَ بِهِ: کسی کا تکفل کرنا' ضامن ہونا۔
ـــ **الشيءَ:** خوش دلی سے لینا۔
یقال: تَقَبَّلَ الله الأعمالَ: اعمال کو قبول کرنا اور ان پر ثواب دینا۔
قرآن مجید میں ہے: { **أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا** }
تَقَبَّلَ الله الدُّعاءَ: دعا قبول کرنا۔
تقبل الله فلانًا: کسی سے خوش ہونا۔
کسی کا متکفل ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: { **فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ** }

إِسْتَقْبَلَهٗ: کسی کے سامنے ہونا۔
(۲) استقبال کرنا' خوش آمدید کہنا۔
ـــ الامر: از سرِ نو کرنا۔
الإِسْتَقْبَالُ حجرة الاستقبال: بیٹھک' گھر کا ایک کمرہ جو ملاقاتیوں کے لئے مختص ہو۔
یَوْمُ الاستقبال: وہ دن جسے کسی خاندان نے ملاقاتیوں کے استقبال کے لئے خاص کیا ہو۔
حفلة الاستقبال: ملاقاتی یا اس کے نائب یا سفر سے آنے والے کی تکریم کے لئے خاص یا عام جلسہ یا تقریب۔
جهاز الاستقبال: وہ حروف جو فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں اور وہ حالت اثبات میں سین۔ اور سوف ہیں اور حالت نفی میں حرف لَنْ۔ ہے۔
القَابِلَةُ: دایہ' وہ عورت جو حاملہ کی خدمت کرتی ہے اور اس سے بچہ بوقت ولادت وصول کرتی ہے (ج) قَوَابِلُ۔
قَوَابِلُ الامر: آغاز' ابتدا۔
یقال: اَخَذْتُ الاَمْرَ بِقَوَابِلِهٖ: میں نے معاملہ کو ابتدائی حالت میں ہی لے لیا۔
القَابِلِیَّةُ: قبول کرنے کی صلاحیت (یہ مصدر صناعی ہے)
القَابُوْلُ: دو مکان یا دو دیواروں کے درمیان چھپا ہوا راستہ (ج) قَوَابِیْلُ۔
القِبَالُ: پیروں کے پنجوں کے قریب اور ایڑیوں کے دور ہونے کی حالت۔
ـــ من النَّعْلِ: تسمہ جو درمیان والی انگلی اور ساتھ والی انگلی کے درمیان ہوتا ہے۔
یقال: رجلٌ منقطع القِبالِ: بری رائے رکھنے والا۔
ما هو لهم فی قِبَالٍ ولا دِبَارٍ: وہ لوگ اس کی پرواہ نہیں کرتے۔
القُبَالُ من كلِّ شیءٍ: ہر شے کا اول اور سامنے آنے والا حصہ۔
یقال: قُبَالُ الدَّابة: چوپائے کی پیشانی اس لئے کہ دیکھنے والے کے آگے وہی ہوتی ہے۔

القَبَالَةُ: ضمانت نامہ جسے انسان عمل کی ادائیگی یا قرض وغیرہ کی ادائیگی کے لئے استعمال کرتا ہے۔
یقال: نحن فی قَبَالة فلان: ہم فلاں کے زیر ضمانت ہیں اور یہ ریاسة کے مقابلہ میں کم درجہ کا ہوتا ہے۔
القِبَالَةُ: کفالت۔ (۲) دایہ کا پیشہ۔
(۳) ذمہ لیا ہوا کام۔
القُبَالَةُ من الطریق: راستے کا سامنے والا حصہ۔
یقال: جلس فلانٌ قُبَالَةَ فلانٍ: فلاں فلاں کے سامنے بیٹھا۔
قَبْلُ: ظرف زمان گزشتہ یا ظرف مکان گزشتہ (ضدہ: بعد) یہ مبہم ہے اس کا معنی اضافت کے بغیر سمجھ میں نہیں آتا' لفظاً ہو جیسے جاءَ فلان قَبْلَ فلان۔
داری قبل داره: یا تقدیراً جیسے قرآن مجید میں ہے: {لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ}
القُبُلُ: قصد۔
یقال: اِذَا اَقْبَلَ قُبُلَكَ: یعنی میں تمہاری طرف متوجہ ہوا ہوں۔
القُبُلُ من كل شیء: ہر چیز کا اگلا حصہ۔ قرآن مجید میں حضرت یوسف علیہ السلام کے گواہ کے قصہ میں ہے: {اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ}
ـــ من الجبل: پہاڑ کا دامن۔
ـــ من الزمان: وقت کا ابتدائی حصہ۔
یقال: کان ذلك فی قُبُل الصَّيف اَو فی قُبُل الشتاء۔
ـــ من الرجل والمرأة: عورت اور مرد کی شرمگاہ کا سامنے والا حصہ۔
یقال: رأیته قُبُلاً: میں نے اسے صاف دیکھا۔
القِبَلُ: طاقت۔
یقال: مَالِیْ بِهٖ قِبَلٌ: مجھ میں اس کی طاقت نہیں۔
قرآن مجید میں بزبان سلیمان علیہ السلام مذکور ہے: {ارْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا}
(۲) جہت' کنارہ۔
یقال: لی قِبَلَ فلان دینٌ: فلاں کے پاس میرا قرض ہے۔
لی فی قِبَلِه کذا: اس کی طرف میری فلاں چیز ہے۔
اَصَابَه هذا الامر من قِبَلِه: یہ بات اس پر اس کی طرف سے آئی ہے۔
من ذی قِبَلٍ: آئندہ۔
یقال: اَفْعَلُ ذلك مِنْ ذِیْ قِبَلٍ: میں ایسا آئندہ کروں گا۔
یقال: لا اکلمك الی عشر من ذی قِبَلٍ: میں آئندہ دس دن تک تم سے نہیں بولوں گا۔
القُبَلُ: یقال: رایته قُبَلاً: میں نے اسے بالمقابل دیکھا۔
القَبَلُ فی العین: آنکھ کی سیاہی کا ناک یا ابرو کی جانب ہونا۔
(۲) کھلا واضح رستہ۔
(۳) بالمقابل ہونے والا زمین کا بلند حصہ پہاڑ یا ٹیلہ وغیرہ۔
یقال: انزل بِقَبَل هذا الجبل: اس پہاڑ کے دامن میں اترو۔
(۵) ہر وہ چیز جو سب سے پہلے نظر آئے۔
(۶) زمین کے مختلف حصوں پر اگی ہوئی گھاس۔
(۷) ہاتھی دانت کا گول ٹکڑا جو عورت یا گھوڑے کے سینے پر چمکتا ہے (ج) اَقْبَالٌ۔
القُبْلَةُ: بوسہ۔
(۲) بکری کے کان اور آنکھ کے درمیان نشان:
قُبلة الحُمّٰی: بخار والے کے منہ پر نکلنے والی پھنسی (مو) (ج) قُبَلٌ۔
القِبْلَةُ: جہت' سمت۔
یقال: مالکلامه قِبْلَةٌ: اس کے کلام کا کوئی رخ نہیں۔
اَیْنَ قِبْلَتُكَ: آپ کی سمت کیا ہے؟
(۲) کعبہ کیونکہ مسلمان اس کی طرف نماز میں منہ کرتے ہیں۔

یقال: اجعلوا بیوتکم قبلة: اپنے گھروں کو مسجد بناؤ۔
ماله قِبْلَةٌ ولا دِبرَةٌ: اس کے کام کا کوئی رخ متعین نہیں۔
القَبَلَةُ: تعویذ وغیرہ جسے لوگ نظر سے بچنے یا محبت کے لئے پہنتے ہیں۔
(۲) ہاتھی دانت کا چمکدار ٹکڑا جو عورت کے سینہ پر یا گھوڑے وغیرہ کے سینے پر لٹکایا جاتا ہے۔
القَبُوْلُ: کسی چیز کو قبول کرنا نفس کا کسی چیز کی طرف میلان۔
(۲) حسن وخوبی (۳) بادِصبا قبائل۔
القَبِیْلُ: پہاڑ (۲) جماعت۔
(۳) پیروکار۔
قرآن مجید میں ہے: { اِنَّهٗ یَرٰىكُمْ هُوَ وَ قَبِیْلُهٗ مِنْ حَیْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ }
(۴) مماثل قسم۔
تقول: خذ هذا وما کان من قبیله۔
(۷) ضامن یا کفیل اس معنی کے ساتھ تفسیر کی گئی ہے جو قرآن مجید میں آیا ہے:
{اَوْ تَاْتِیَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِیْلًا}
(۸) سردار قوم، سید سے چھوٹا (مذکر اور مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے) (ج) قُبُلٌ۔
القَبِیْلَةُ: ایک باپ یا دادا کی طرف منسوب لوگوں کی جماعت۔
ـــ من حیوان والنبات: ایک قسم۔
(۲) قمیص کے استر کا ٹکڑا۔
(۳) لگام کا تسمہ۔
(۴) باہم ملی ہوئی سر کی ایک ہڈی۔
(ج) قَبَائِلُ۔
قبائل الرَّحلِ: پالان کی ایک دوسرے میں پھنسی ہوئی لکڑیاں۔
قبائل الشجرة: درخت کی ٹہنیاں۔
یقال: ثوبٌ قبائلُ: بوسیدہ کپڑے۔
المُقَابَلُ من الرجال: والدین کی طرف سے شریف النسب، نجیب الطرفین۔
المُقَابَلَةُ من الشَّاءِ والنُّوْقِ: وہ بکری یا اونٹنی جس کے کان کاٹ کر الگ کئے بغیر آگے کی طرف لٹکے ہوئے چھوڑ دیئے گئے ہوں۔
(۲) (علم بدیع میں) دو یا زیادہ معانی کے برعکس الفاظ ترتیب وار لانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے:
{فَلْیَضْحَكُوْا قَلِیْلًا وَّلْیَبْكُوْا كَثِیْرًا}
المُقْبَلَةُ: ارضٌ مُقْبَلَةٌ: وہ زمین جہاں کہیں کہیں بارش ہوئی ہو ہر جگہ نہ ہوئی ہو۔
قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا: نفع بخش کام کے لئے زمین میں کہیں جانا۔
اَقْبَنَ فلانٌ: شکست کھانا۔
(۲) بے خطر ہو کر دوڑنا۔
قَبَّنَ الشيءَ: کانٹے سے تولنا (محدثہ)
القِبَانَةُ: کانٹے سے تولنے کا پیشہ۔
القَبَّانُ: بھاری اشیاء تولنے کا ایک ترازو جس کا باز و لمبا اور مختلف اقسام میں منقسم ہوتا ہے۔ اس پر ایک بھاری جسم کو وزن کی تعیین کے لئے منتقل کیا جاتا ہے جسے الرُّمَّانَة۔ کہتے ہیں۔
(۲) محافظ، نگران۔
یقال: فلانٌ قبانٌ علی فلان: فلاں فلاں کا محافظ نگہبان ہے اس کا محاسبہ کرتا ہے اور اس کے کام کی نگرانی کرتا ہے۔
القَبَّانِیُّ: کانٹے سے تولنے والا۔
القَبِیْنُ: دوسرے سے الگ تھلگ اپنے ہی معاملات سے سروکار رکھنے والا۔
قَبَاهُ (ن) قَبْوًا: انگلیوں سے سمیٹنا۔
یقال: قَبا الزّعفرانَ ونحوهُ: زعفران چننا، پودوں سے توڑنا۔
ـــ الشيءَ: کمان کی طرح کرنا، موڑنا۔
ـــ البناءَ: عمارت بلند کرنا۔
قَبَّیَ الثوبَ: کپڑے کی قبا بنانا۔
ـــ المتاعَ: سامان اکٹھا کرنا اور اس کو اس کی متعلقہ جگہوں پر رکھنا۔
اِنْقَبَی: پوشیدہ ہونا۔
تَقَبَّی الشيءُ: گنبد کی طرح ہونا۔
ـــ فلانٌ: قبا پہننا۔
یقال: تَقَبَّی قباءَهُ۔
القَابِیَاءُ: کمینہ۔
بَنُو قَابِیَاءَ: شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے لوگ۔
القَابِیَةُ: زعفران جمع کرنے والی عورت۔
القِبَا: قبا القوس: کمان کا آدھا حصہ۔
یقال: بینهما قِبَاقَوْسَیْنِ: ان کے درمیان ایک کمان کا فاصلہ ہے۔
القَبَاءُ: ڈھیلا لمبا لباس جو کپڑوں یا قمیص کے اوپر پہنا جاتا ہے۔
القِبَةُ من الشاة: بکری کے پہلو میں اوجھ کے نچلے حصہ کا مینگنیوں کے مخرج کے علاوہ تہہ دار مخصوص مقام۔
القَبْوُ: کمان دار طاقچہ (پنیر، مکھن، پھل)
(۲) تہ خانہ جس میں گرمی کے موسم میں اشیاء کو گرمی سے محفوظ رکھنے کے لئے رکھا جاتا ہے۔
(ج) اَقْبَاءٌ۔
القَبْوَةُ: چھوٹا لمبا تہ خانہ۔ اسی سے ہے قَبْوَةٌ
التَّنُّور: تنور کا گڑھا۔

ق............ت

قَتَبه (ن)۔ قَتْبًا: بھنی ہوئی آنتیں کھلانا۔
اَقْتَبَ البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا۔
ـــ الیَمِیْنَ: قسم کو پختہ کرنا۔
یقال: اَقْتَبَ فلانًا یمینًا: کسی کو سخت قسم دینا۔
یقال: ارفُقْ به ولا تُقْتِبْ علیه فی الیمین: اس پر رحم کرو اسے سخت قسم نہ کھلاؤ۔
ـــ الدَّیْنِ فلانًا: قرض کا کسی کو بوجھل کر دینا۔
قَتَّبه تَقْتِیْبًا: جھکانا۔
یقال: فی کاهِلِ الفرس تَقْتِیْبٌ: گھوڑے کے کندھے میں جھکاؤ ہے هو مُقَتَّبٌ۔
یقال: رجلٌ مُقَتَّبُ الکاهل: جھکے ہوئے کاندھے والا۔
القَتَبُ: اونٹ کے کوہان کے بقدر چھوٹا کجاوہ (ج) اَقْتَابٌ۔
القَتِبُ من الرِّجال: تنگ دل، مستقل مزاج شخص۔

ق

القِتْبُ ۔بمعنی القَتَبُ۔
۔۔ (۲) آنت (مذکر ہے کبھی مؤنث بھی ہوتا ہے)
(۳) رہٹ وغیرہ سے متعلق تمام سامان اس کی رسی وغیرہ۔
(۴) پیٹ کے اندر کی چیزیں (ج) اَقْتَابٌ۔
القِتْبَةُ: آنت (ج) قِتَب۔
القَتُوبَةُ من الابِلِ: وہ اونٹ جن کی پیٹھ پر پالان رکھے جاتے ہیں۔
حدیث میں ہے: (لاَ صَدقَةَ فی الابلِ القَتُوبَةِ) مراد اس سے کام کاج کرنے والے ہیں۔
قَتَّ (ن) فلان۔ قَتًّا: جھوٹ بولنا۔
۔۔ بینَ الناسِ: لوگوں میں گھس کی ان کی لاعلمی میں باتیں سننا۔ خواہ چغلی کھائے یا نہ کھائے۔
۔۔ فلانًا: خفیہ طور پر کسی کا مقصد معلوم کرنے کے لئے پیچھا کرنا۔
۔۔ الحدیثَ: فساد کی غرض سے باتیں پہنچانا۔
یقال: هو یَقُتُّ الحدیثَ: بات بڑھا چڑھا کر مزین کر کے بیان کرنا۔
۔۔ اَثَرَ الشیءِ: کسی چیز کے نشان پر چلنا۔
۔۔ الشیءَ: مہیا کرنا' تیار کرنا (۲) کم کرنا۔
(۳) تھوڑا تھوڑا اکٹھا کرنا هو قَتَّاتٌ وقَتُوتٌ۔
قَتَّتَ الاَحادیثَ: فساد کی غرض سے باتیں پہنچانا۔
۔۔ الاَفاویهَ: ہانڈی میں مسالے وغیرہ ڈال کر پکانا۔
۔۔ الزَّیْتَ: خوشبودار پودے کو زیتون میں پکانا یا خوشبودار تیل میں زیتون کے تیل کو ملانا۔
هو مُقَتِّتٌ۔
القَتُّ: گھڑا ہوا جھوٹ۔ (۲) خشک اسپت۔
واحدتها: قَتَّةٌ۔
۔۔ (۳) ایک جنگلی دانہ' جس کی متعدد اقسام میں کچھ کاشت کی جاتی ہیں اور کچھ جنگل میں میدانوں یا چراگاہوں میں اگتی ہیں۔
القَتَّاتُ: چوری سے لوگوں کی لاعلمی میں ان کی باتیں سننے والا چاہے چغلی کھائے یا نہ کھائے۔

قَتِدَتِ (س) الابِلُ۔ قَتَدًا: قتاد درخت کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔ هی قَتِدَةٌ۔
قَتَّدَ القَتَادَ: قتاد درخت کاٹ کر اس کے کانٹے جلا کر اونٹوں کو کھلانا۔
القَتَادُ: فصیله قرنیه۔ کا ایک سخت پودا جس کے سوئی نما کانٹے ہوتے ہیں۔ سوڈان میں اسے الخشاب۔ کہتے ہیں۔ اس سے بہت عمدہ گوند نکلتا ہے۔
ضرب المثل ہے: مِن دونه خَرْطُ القتَادِ: ایسی چیز کے بارے میں کہا جاتا ہے جو مشقت کے بعد حاصل ہو۔
القَتَدُ: کجاوہ کی لکڑی (ج) اَقْتَادٌ وقُتُودٌ۔
قَتَرَ (ن) فلانٌ۔ قَتْرًا: تنگ حال ہونا۔
۔۔ علی عیاله: اولاد پر خرچ کرنے میں تنگی کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَالَّذِیْنَ اِذَا اَنْفَقُوْا لَمْ یُسْرِفُوْا وَلَمْ یَقْتُرُوْا}
۔۔ اللَّحْمُ: گوشت پکنے کی خوشبو پھیلنا۔
۔۔ لِلاَسَدِ: شیر کے لئے شکار کے گڑھے میں گوشت رکھنا جس کی بو سونگھ کر وہ آئے۔
۔۔ الشیءَ والاَمرَ: کام میں لگے رہنا۔
۔۔ الشیءَ: کسی شے کو اس کی ایک جانب رکھنا۔
(۲) اجزاء کو باہم ملانا۔
۔۔ الدِرْعَ: زرہ میں کیلیں لگانا۔
قَتِرَ (س) البُخُورُ واللَّحْمُ وغیرُهٗ۔ قَتَرًا: گوشت یا دھونی والی چیزوں کی خوشبو پھیلنا۔
اَقْتَرَ الرَّجُلُ: تنگ حال ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَعَلَی الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ}
۔۔ المراَةُ: عورت کا عود کو جلا کر اس کی دھونی لینا۔
۔۔ الصائدُ اَو الصَّیْدُ: شکار یا شکاری کا ٹٹی کی آڑ میں ہونا' گھات میں ہونا۔
۔۔ اللّٰه رِزقَ فلان: رزق میں کمی کرنا۔
۔۔ النَّارَ: آگ سے دھواں اٹھانا۔
قَتَّرَ علی عیاله: بخیل ہونا ان پر خرچ کرنے میں تنگی کرنا۔
۔۔ الشِّواءُ: گوشت بھوننے کے خوشبو پھیلنا۔

یقال: قَتَّرَ الرَّجُلُ الشِّوَاءَ: بھنے ہوئے گوشت کی خوشبو مہکانا۔
۔۔ الصَّیَّادُ لِلاَسَدِ۔ بمعنی قَتَرَ۔
۔۔ الاَشیاءَ وبَیْنَها: چیزوں کو یکجا کرنا اور استعمال کے لئے تیار کرنا۔
حضرت انسؓ سے روایت ہے: اَنَّ اَبا طلحة کان یرمی والنبی ﷺ یقتّرُ بین یدیه: یعنی آپ ﷺ ان کے سامنے تیروں کو اکٹھا اور نیزوں کو سیدھا کر رہے تھے۔
۔۔ فلانًا: کسی کو پہلو کے بل گرانا۔
اَقْتَرَ الصائدُ فی قُتْرَتِه: ٹٹی کی آڑ میں چھپنا۔
تَقَاتَرَ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
تَقَتَّرَ فلانٌ: غضبناک ہو کر لڑنے کے لئے تیار ہونا۔
۔۔ لِلصَّیدِ: ٹٹی کی آڑ میں چھپنا تا کہ دھوکہ دے کر شکار کرے۔
۔۔ عنه: علیحدہ ہونا' ہٹ جانا۔
۔۔ فلانًا: غافل پا کر دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔
القَاتِرُ: کمزور۔
القُتَارُ: پکنے یا بھننے کی خاص خوشبو یا جلتی ہوئی ہڈی اور دھونی دینے والی چیزوں کی خوشبو۔
القُتْرُ: کنارہ (ج) اَقْتَارٌ۔
القِتْرَةُ: نشانہ پر پھینکا جانے والا ارسل۔ (ج): قِتَرٌ۔
ابنُ قِتْرَة: ایک موذی سانپ جس کا کاٹا بچتا نہیں۔
القُتْرَةُ: تنگدستی۔
(۲) باغ میں پانی آنے کا تنگ راستہ یا سوراخ۔
(۳) دروازے کا سوراخ جس میں کھٹکا داخل ہو کر دروازہ بند ہو جاتا ہے۔
(۴) زرہ کا حلقہ۔
(۵) تنور کا حلقہ۔
(۶) آر پار کا طاقچہ۔
حدیث میں ہے: (من اطّلع من قُتْرَة فَفُقِئَتْ عینُه فهی هَدَرٌ)
۔۔ (۷) درخت یا بانس وغیرہ کا گھر جس میں شکاری شکار کے وقت چھپتا ہے (ج) قُتَرٌ۔

القَتَرَةُ: دھویں جیسا غبار جو خوف کے وقت چہرے کوڈھانپ لیتا ہے۔
قرآن مجید میں ہے: {وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ}
القَتُورُ من الرِّجال: بخیل، کنجوس۔
القَتِيرُ: زرہ کے حلقوں میں لگے ہوئے کیلوں کے سرے۔
(۲) بڑھاپے کی ابتدا۔
قَتَعَ (ف)۔ قُتُوعًا: ذلیل وتابع ہونا۔
قَاتَعَه: لڑائی کرنا، جنگ کرنا۔
القِتْعُ: کم گہرے غار میں مکھیوں کا چھتہ۔
القَتَعُ: کیڑے (مطلقًا)
(۲) لکڑی کھانے والے سرخ کیڑے۔
واحدته: قَتَعَةٌ۔
القَتَعَةُ: ذلیل، حقیر، تابع۔
قَتَلَهُ (ن)۔ قَتْلاً: مارنا۔
يقال: قَتَلَ الله فلانًا: کسی کے سر کو رفع کرنا۔
قَتَلَ جوعَه أو عَطَشَه: بھوک یا پیاس کی اذیت کو کھانے یا پانی کے ذریعہ ختم کرنا۔
قَتَلَ غَلِيلَه: پیاس بجھانا۔
قَتَلَ الخَمرَ: شراب کی تیزی کم کرنے کے لئے پانی ملانا۔
ـــ فلانًا: ذلیل کرنا۔
ـــ الشيءَ عِلْمًا: خوب تحقیق کر کے مکمل علم حاصل کرنا۔
أقْتَلَه: قتل کے لئے پیش کرنا۔
قَاتَلَهُ مُقَاتَلَةً وقِتَالاً: جنگ کرنا۔
(۲) مزاحمت کرنا۔
نمازی کے سامنے سے گزرنے والی حدیث میں ہے: (قَاتِلْهُ فَإِنَّه شَيْطَانٌ)
ـــ الله فلانًا: لعنت بھیجنا۔
قرآن مجید میں ہے: {قَاتَلَهُمُ اللهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ}
يقال: قَاتَلَهُ اللهُ مَا أَفْصَحَهُ: خدا اسے برکت دے وہ کتنا خوش بیان ہے (دعاء اور مدح کے لئے)

قَتَّلَ فلانًا: قتل کر کے مثلہ بنانا (مبالغہ در قَتَلَ)، (۲) ذلیل کرنا۔
يقال: قَلْبٌ مُقَتَّلٌ: عشق سے پارہ پارہ ہو جانے والا دل۔
ـــ القومَ: بہت سے لوگوں کو قتل کر دینا، قتل عام کر دینا۔
إقْتَتَلَ القومُ: باہم مار دھاڑ کرنا۔
ـــ النِّسَاءُ فلانًا: دام عشق میں پھنسا کر ہلاک کر دینا۔ اہل عرب کہا کرتے تھے۔
إقْتُتِلَتْه الجِنُّ: جن نے اسے دیوانہ بن دیا۔
اقْتُتِلَ الرَّجُلُ: عشق میں پھنس کر پارہ پارہ ہو جانا اور عقل کھو بیٹھنا۔
تَقَاتَلَ القومُ۔ بمعنی إقْتَتَلُوا۔
ـــ الرَّجُلُ لِحَاجَتِهِ: اپنے کام میں وقت لگانا اور کوشش کرنا۔
ـــ لِلْمَرْأَةِ: عورت کا تابع ہونا۔
ـــ المرأةُ في مِشْيَتِهَا: عورت کا مٹک کر چلنا۔
ـــ للرجل: عورت کا مرد کے سامنے مزین ہو کر آنا اور ادائیں دکھانا تا کہ وہ عاشق ہو جائے۔
اسْتَقْتَلَ: قتل کئے جانے کیلئے خود کو سپرد کرنا۔
ـــ في الأمرِ: کوشش کرنا۔
القَتَالُ: جان یا جان کا بقایا۔
يقال: أصَابَ قَتَالَه: اس کی جان کو تکلیف پہنچی۔
(۲) گوشت، چربی۔
يقال: دابةٌ ذاتُ قَتَالٍ: موٹا تازہ جانور۔
بقي منه قَتَالٌ: کمزوری کے بعد ہڈیوں کا نکل آنا۔
القِتْلُ: ہم پلہ، ہمسر لڑائی وغیرہ میں۔
يقال: هما قِتْلاَنِ۔
ـــ (۲) واقف کار، ماہر۔
يقال: إنَّه لَقِتْلُ شرٍّ: وہ لڑائی سے خوب واقف ہے (ج) أقْتَالٌ۔
القَتُولُ: بہت قتل کرنے والا (ج) قُتُلٌ و قُتْلٌ۔
المُقَاتِلُ: جنگ کی صلاحیت رکھنے والا جنگجو، لڑاکا

(ج) مُقَاتِلَةٌ۔
المُقَتَّلُ: کام سے تھکا ماندہ۔
يقال: جَمَلٌ مُقَتَّلٌ۔
ـــ من الرجال: ماہر، تجربہ کار۔
المُقْتَتَلُ: میدان جنگ۔
المُقْتَلُ: میدان جنگ۔
المَقْتَلُ: میدان جنگ یا زمانہ جنگ۔
(۲) وہ جگہ جہاں جب انسان یا حیوان کو تکلیف پہنچے تو بچ نہ سکے۔
يقال: مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَيْنَ فَكَّيْهِ: یعنی آدمی کی ہلاکت کا سبب زبان اور اس کی گفتگو ہے
(ج) مَقَاتِلُ۔
يقال: وَلِّنِي مَقَاتِلَكَ: اپنا چہرہ میری طرف کرو۔
المَقْتَلَةُ: معرکہ کارزار۔
يقال: كَانَتْ بالرُّومِ مَقْتَلَةٌ عَظِيمَةٌ۔
قَتَمَ (ن)۔ قُتُومًا: سیاہی یا سرخی مائل غبار کے رنگ کا ہونا۔
يقال: قَتَمَ الغُبَارُ، قَتَمَ الوَجْهُ: غبار کا سیاہی مائل ہونا، چہرے کا بھورا ہونا۔
ـــ النَّهَارُ: دن کا بہت غبار والا ہونا۔
قَتِمَ (س)۔ قَتَمًا وقُتُومًا۔ بمعنی قَتَمَ۔
هو أقْتَمُ، هي قَتْمَاءُ۔
أقْتَمَ الشيءُ۔ بمعنی قَتَمَ۔
يقال: أقْتَمَ اليومُ: دن کا بہت غبار والا ہونا۔
الأقْتَمُ: سیاہی یا سرخی مائل غبار کے رنگ والا۔
هي قَتْمَاءُ (ج) قُتْمٌ۔
القَاتِمُ بمعنی الأقْتَمِ۔
يقال: أسْوَدُ قَاتِمٌ: بہت سیاہ۔
أحمرُ قَاتِمٌ: بہت سرخ۔ (ج) قَوَاتِمُ۔
القَتَامُ: سیاہ غبار۔
يقال: ارتفعَ القتامُ حتى خفيت الأعلامُ۔ سیاہ گرد اس قدر پھیلا کہ عمارتوں کے نشانات چھپ گئے۔
القَتَمُ: غبار (۲) غبار والی ناگوار ہوا۔

ق

القُتْمَةُ: سرخی مائل اور گرد آلود رنگ یا ہلکی سیاہی۔
قَتَنَ(ن) المِسكُ أوِ الدمُ۔ قُتُونًا: مشک یا خون کا خشک ہوجانا ارتازگی ختم ہوکر سیاہ ہوجانا۔
قَتُنَ(ك) الرجلُ وغيرُه۔ قَتَانَةً: خوراک کم ہوکر کمزور ہوجاناهو وهي قَتِينٌ۔
أقْتَنَ۔ بمعنی قَتُنَ۔
القَتِينُ: چھری۔
(۲) دبلا پتلا۔
—من الأسِنَّةِ: پتلا نیزے کا پھل۔
قَتَا(ن) فلانًا۔ قَتْوًا: خدمت کرنا۔
يقال: فلانٌ يَقْتُو الملوكَ۔
إقْتَوَى فلانٌ: خادم بن جانا۔
المَقْتَوِيُّ: خادم (ج) مَقَاتِيَةٌ ومَقْتَوُون۔
المَقْتَوِينُ من النَّاس: کھانے کے بدلے لوگوں کی خدمت کرنے والا (اس میں مذکر، مؤنث، واحد، تثنیہ اور جمع سب برابر ہیں)
يقال: رجُلٌ مقتوين، امرأةٌ مقتوين، رجلان مَقْتوين، امرأتان مقتوين، رجال مقتوين، نساء مقتوين۔

ق.........ث

أقْثَأَ المكانُ: جگہ کا بہت کھیروں والی ہونا۔
يقال: أقْثَأَ القومُ۔
القِثَّاءُ: تربوز کی ایک قسم، خیار۔ کے قریب قریب لیکن اس سے لمبا۔ اس کی واحد قِثَّاءَةٌ ہے
(۲) اس سبزی کا اسم جنس جیسے مصر میں الخيار، العَجُور، اور القَقُوس۔ کہتے ہیں۔
المَقْثَأَةُ: کھیرے کے کاشت کرنے اور اگنے کی جگہ۔
(۲) وہ جگہ جہاں کھیرے بہت زیادہ ہوں۔
قَثَّ(ن) الشيءَ۔ قَثًّا: بکثرت جمع کرنا۔
يقال: قَثَّ فلانٌ مالًا۔
جاءَ يَقُثُّ معه دنيا عريضةً: وہ اپنے ساتھ لمبی چوڑی دنیا یعنی بہت مال متاع لایا۔
(۲) ہٹانا، سرکانا۔
يقال: قَثَّ السَّيْلُ هشيمَ النبات: سیلاب گھاس پھونس اٹھالایا۔
إقْتَثَّ الشيءَ: کسی شے کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا۔
يقال: إقْتَثَّ الحجرَ: إقْتَثَّ القومَ عن أصلهم۔
القُثَاثُ: سامان۔
يقال: جاء القوم بقُثَاثِهِمْ۔
القَثَاثَةُ: لوگوں کی جماعت۔
القَثِيثُ: انگور یا کھجور کے درختوں کی ادھر ادھر پھیلی ہوئی جڑیں۔
(۲) کھجور کے درخت کی پود۔
القَثِيثَةُ۔ بمعنی القَثَاثَةُ۔
المِقَثَّةُ: چھوٹی لکڑی جس کے ساتھ بچے کھیلتے ہیں۔ کوئی چیز گاڑتے ہیں پھر اسے اس کی جگہ سے اس لکڑی کے ذریعے اکھاڑتے ہیں۔
قَثَمَ (ن) فلان في مشيه۔ قَثْمًا: سست رفتاری سے چلنا۔
—لفلان من ماله: عطا کرنا۔
—الشيءَ: کوئی چیز سب یا اکثر لے لینا۔
إقْتَثَمَ الشيءَ۔ بمعنی قَثَمَه۔
(۲) بالکل جڑ سے اکھاڑ دینا۔
قَثَامِ: اسم فعل امر بمعنی إقْثِمْ: آہستہ چل
(۲) بجو کی مادہ کیونکہ وہ آہستہ چلتی ہے۔
القُثُمُ: بہت سخی۔
(۲) گٹھے ہوئے بدن والا۔
(۳) نر بجو کیونکہ وہ آہستہ چلتا ہے۔
القَثُومُ: نیکیوں کو جمع کرنے والا (ج) قُثُمٌ۔
قَثَا(ن) فلانٌ۔ قَثْوًا: ایسی چیز کھانا جس کے ڈاڑھوں میں دبنے سے آواز پیدا ہو۔ جیسے لکڑی، کھیرا۔
—المالَ وغيرَه: جمع کرنا۔
إقْتَثَى المالَ وغيرَه: جمع کرنا۔

ق.........ح

قَحَبَ (ن) الجملُ أوِ الفرسُ۔ قَحْبًا وقُحَابًا: کھانسنا۔ کہا جاتا ہے۔
قَحَبَ الرجُلُ: خبث وشرارت سے کھانسنا۔
قَاحَبَتِ المرأةُ: بدکار رہنا۔
قَحَّبَ: مبالغہ در قَحَبَ۔
تَقَحَّبَتِ المرأةُ۔ بمعنی قَاحَبَتْ۔
القُحَابُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ کی خرابی۔
القَحْبُ: بوڑھا جو کھانستا رہتا ہو (ج) قِحَابٌ۔
القَحْبَةُ: بڑھیا جسے کھانسی رہتی ہو۔
(۲) پیٹ کی مریضہ۔
(۳) زانیہ کیونکہ زمانہ جاہلیت میں وہ اپنے طلبگاروں کو کھانس کر بلاتی تھی۔ (ج) قِحَابٌ۔
قَحَّ(ن) قُحُوحَةً وقَحَاحَةً: خالص ہونا۔
القُحَاحُ: خالص جس میں غیر جنس کی آمیزش نہ ہو۔
يقال: أعْرَابِيٌّ قُحَاحٌ: خالص دیہاتی جو شہروں میں داخل نہ ہوا ہو اور نہ ہی ان سے اختلاط کیا ہو۔
يقال: صار إلَى قُحَاحِ الامر: وہ معاملہ کی اصل تک پہنچ گیا۔
القُحُّ۔ بمعنی القُحَاحُ۔
يقال: كريمٌ قُحٌّ لئيمٌ قُحٌّ عبدٌ قُحٌّ: جو خالص کمینہ، کریم یا غلام ہو (ج) أقْحَاحٌ۔
قَحَرَ (ف) الرَّجُلُ أوِ البعيرُ۔ قُحُورًا: ایسا بوڑھا ہونا کہ جوانی اور کچھ طاقت باقی ہو۔
القُحَارِيَةُ من الجِمالِ والرِّجال: مضبوط کاٹھی کا آدمی۔
القَحْرُ: بوڑھا جس میں کچھ جوانی اور طاقت باقی ہو (ج) أقْحُرٌ وقُحُورٌ۔
قَحَزَ(ف) الرَّجُلُ۔ قَحْزًا: ڈر کر اچھلنا۔
—عن دابَّتِه: گر پڑنا۔
—به: پچھاڑنا۔
يقال: ضربه فقحزه۔
—السَّهمُ: تیر کا تیرانداز کے آگے گرجانا۔
يقال: قَحَزَ الرّامي السَّهمَ: تیر کو ٹھیک طرح سے نہ پھینکنے کی وجہ سے تیر کا تیرانداز کے سامنے ہی گرجانا۔
—فلانًا وغيرَه عن الماءِ: پانی کے پاس سے ہٹانا۔ هو قَاحِزٌ۔
قَحَّزَهُ: اچھالنا، کدوانا۔

القُحازُ: بکریوں کو لگنے والی ایک بیماری،
(۲) اونٹ کی کھانسی۔
القُحّازَۃُ: پرندوں کے شکار کا ایک آلہ۔
قَحَطَ (ف) المَطَرُ۔ قَحْطًا: بارش نہ ہونا۔
یقال: قَحَطَ العامُ: وہ سال جس میں بارش نہ ہو اور زمین خشک ہو جائے۔
ــــ البلدُ: قحط زدہ ہونا۔
اَقْحَطَ: قحط پڑنا۔
یقال: اَقْحَطَ القومُ۔ اَقْحَطَ البلدُ۔
ــــ اللہ الارضَ: قحط ڈالنا۔
القَحْطُ: بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہو جانا۔
(۲) چیز کی بھلائی کا نقدان۔
القَحِطُ: قحط زدہ۔
المِقْحَطُ من الافراس: دوڑ سے نہ تھکنے والا گھوڑا۔
المَقْحَطَۃُ: قحط۔
یقال: ھم فی مَقْحَطَۃٍ۔
قَحَفَ (ف) المَطَرُ۔ قَحْفًا: بارش کا اچانک تیز ہو کر ہر چیز کو بہا لے جانا۔
ــــ الانسانَ: کھوپڑی پر مارنا۔
ــــ الإناءَ: برتن میں موجود سب کچھ کھا پی جانا۔
یقال: قَحَفَ ما فی الاناء۔
ــــ الرمّانَۃَ: انار کو چھیلنا۔
قَاحَفَہ: کسی کے ساتھ پیالہ میں شراب پینا۔
(۲) دشمن سے انتقام میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا اور دل کو تسلی دینا۔ زمانہ جاہلیت میں جب کوئی انتقاماً قتل کرتا تھا تو دل کی تشفی کے لئے مقتول کی کھوپڑی میں شراب پیتا تھا۔
اِقْتَحَفَ ما فی الإناءِ۔ بمعنی قَحَفَہ۔
ــــ السَّیلُ النباتَ: سیلاب کا نباتات کو اکھاڑ کر بہا لے جانا۔
ــــ قِحْفًا من رأس فلانٍ: کھوپڑی کا کوئی حصہ توڑنا۔
القُحافُ: یقال: سیلٌ قُحافٌ: تیز رو سیلاب جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے۔
القُحافَۃُ: برتن سے کھرچ کر نکالا جانے والا ثرید وغیرہ۔
القِحْفُ: کھوپڑی کے آٹھ حصوں میں سے ایک جس سے پیالہ نما کھوپڑی بنتی ہے اور اس میں دماغ ہوتا ہے۔
(۲) کھوپڑی سے الگ ہونے والا ٹکڑا۔
(۳) بڑے پیالہ کا ایک ٹکڑا۔
(۴) کھوپڑی نما لکڑی کا برتن۔
ــــ من الرُّمانۃ: انار کا چھلکا (ج) اَقْحافٌ۔
القَحْفاءُ: یقال: عَجاجَۃٌ قَحْفاءُ: سب کچھ لے جانے والی آندھی یا غبار۔
القُحُوفُ: برتن سے کھانا نکالنے کے چمچے۔
المِقْحَفَۃُ: وہ لکڑی جس سے غلہ کا بھوسا الگ کیا جائے (ج) مَقاحِفُ۔
قَحِلَ (س) الشیءُ۔ قَحَلًا۔ قُحُلًا: خشک ہونا۔
یقال: قَحِلَ العودُ۔ قَحِلَ الجلدُ۔
یقال: قَحِلَ الشَّیخُ: بوڑھے آدمی کی جلد سوکھ جانا۔
قَحِلَتِ الارضُ: زمین کا خشک ہو کر بنجر ہونا۔
ھو قَحْلٌ۔ قَحِلٌ۔
اَقْحَلَ الشیءَ: خشک کرنا۔
یقال: اَقْحَلَہُ الصومُ: کمزور کر دینا۔
اَقْحَلَ القحطُ الماشیۃَ: لاغر کر دینا۔
قَاحَلَہ: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔
تَقَحَّلَ۔ بمعنی قَحِلَ۔
ــــ فلانٌ: لباس وغیرہ میں سادگی برتنا۔
القَاحِلُ: خشک۔
یقال: عُودٌ قاحِلٌ۔ جِلدٌ قاحِلٌ
مکانٌ قاحِلٌ: بنجر اور خشک جگہ۔
القُحالُ: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال سوکھ کر وہ مر جاتی ہیں۔
قَحَمَ (ن ف)۔ قُحُومًا: اپنے کو مشکل میں ڈالنا۔
یقال: قحم فی الامر و قحم علیہ۔
ھو قاحِمٌ۔
ــــ الیہ۔ قَحْمًا: قریب ہونا۔
ــــ المنازِلَ والمفاوِزَ: منزلوں اور جنگلوں کو طے کرتے جانا، قیام نہ کرنا۔
اَقْحَمَ اھلُ البادیۃ: جنگل میں رہنے والوں کا قحط سے بھاگ کر دوسری جگہ چلے جانا۔
ــــ فلانًا فی الأمرِ: بغیر سوچے سمجھے کسی کو کام میں لگا دینا۔
ــــ فلانًا المکانَ: کسی کو جگہ میں داخل کرنا۔
اُقْحِمَ البعیرُ: اونٹ کو اتنی عمر کا ظاہر کرنا جتنی اس کی نہ ہو۔ جیسے چار دانت کا معلوم ہو جبکہ ہو وہ دو دانت۔ تو اسے چار دانت کا کہا جائے جسم کا بڑا ہونے کی وجہ سے۔
قَحَّمَہ فی الامر۔ بمعنی اَقْحَمَہ۔
یقال: قَحَّمَ نفسہ فی الشیءِ۔
ــــ الفَرَسُ فارِسَہٗ: گھوڑے کا سوار کو خطرناک جگہ لے جانا۔
اِقْتَحَمَ النَّجْمُ
ـمُ: ستارہ غائب ہونا، گرنا۔
ــــ المکانَ: زبردستی گھسنا۔
ــــ الاَمرَ العظیمَ: بغیر سوچے سمجھے کسی بڑے کام میں لگنا۔
یقال: اقتحم فلانٌ عَقَبَۃً اَو وَھْدَۃً: کسی گھاٹی یا گڑھے کو پار کرنے کا خطرہ مول لینا۔
قرآن مجید میں ہے: {فَلَا اقْتَحَمَ العَقَبَۃَ}
ــــ الشیءَ: حقیر سمجھنا۔
اِنْقَحَمَ فی الاَمرِ۔ بمعنی قَحَمَ۔
تَقَحَّمَتِ الدَّابۃُ براکبھا: جانور کا سوار کو لئے ہوئے ادھر ادھر بھاگنا اور بسا اوقات گڑھے میں گرا دینا۔
ــــ الاَمرَ العظیمَ۔ بمعنی اِقْتَحَمَہ۔
القَحامَۃُ: ارذل عمر کو پہنچنا، انتہائی بڑھاپا۔
القَحْمُ: بڑی عمر کا آدمی یا جانور۔
(۲) بوڑھا دبلا گھوڑا (ج) قِحامٌ
القَحْمَۃُ من النَّخلِ: کھجور کا بڑا درخت جو نیچے سے پتلا اور کم شاخوں والا ہو (ج) قِحامٌ۔
القُحْمَۃُ: دشوار اور بڑا کام جس کو کرنے کی کوئی ہمت نہ کرتا ہو۔
ــــ (۲) قحط (۳) گناہ گاری (ج) قُحَمٌ۔
قُحَمُ الطَّرِیقِ: راستہ کا وہ حصہ جو چلنے والے پر

دشوار ہو۔
القُحَمُ من الشَّهرِ: آخری تین راتیں۔
القُحُومُ۔بمعنی **القُحَمُ**۔
المُقْحَمَةُ: زائد لفظ جو سیاق کلام کے خلاف ہو (ج) **مُقْحَمَاتٌ**۔
قَحَا(ن) المالَ۔ قَحْوًا: سارا مال لے لینا۔
—**الدَّواءَ**: دواء میں گل بابونہ ملانا۔
هو مَقْحُوٌّ۔
أَقْحَتِ الأرضُ: زمین کا گل بابونہ اگانا۔
إِقْتَحَى المالَ۔بمعنی **قَحَاهُ**۔
الأُقْحُوان: (گل بابونہ) پودوں کی ایک قسم کا نام اس میں سے ایک سفید بابونہ ہے اور ایک وہ ہے جسے عام مصری اراولة اور دمشق والے : **الغريب** کہتے ہیں۔
(ج) **أَقَاحِيُّ وأَقَاحٍ**۔
يقال: رَأَيْتُ أَقَاحِيَّ الامرِ: میں نے معاملہ کی شروعات دیکھیں۔
(دیکھئے: **الأقحوان: باب الهمزة** میں)
القُحْوانُ: الأُقحوان۔میں ایک لغت۔
المِقْحَاةُ: کدال، بیلچہ۔

ق ....د

قَدَحَ(ف) الدُّودُ في الشجرِ أو الأسنانِ۔
قَدْحًا: درخت یا دانتوں کو کیڑا لگنا۔
—**بالزَّنْدِ**: پتھر کو پتھر پر مار کر آگ نکالنا۔
يقال: قَدَحَ النارَ من الزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔
قَدَحَ الزَّنْدَ: چقماق کے پتھر کو دوسرے پر مارنا تا کہ آگ نکلے۔
—**الشيءُ في صدرہ**: کسی چیز کا دل میں اثر کرنا۔
—**في عرضِ اخيه**: ہتک عزت کرنا۔
—**في القِدْحِ**: پھلکا لگانے کے لئے تیر کو چیرنا۔
— **الطَّبيبُ العينَ**: آنکھ کا مضر سفید پانی نکالنا۔
—**القِدْرَ**: ہنڈیا کی چیز کو چمچہ سے نکالنا۔
—**خِتَامَ الإِنَاءِ**: برتن کی بندش کو توڑنا۔
قَادَحَه: مناظرہ کرنا، ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔
قَدَّحَ الفرسَ: گھوڑے کو چھریرا، دبلا کرنا۔
إِقْتَدَحَ بالزَّنْدِ۔بمعنی **قَدَحَ به**۔
—**الأمرَ**: غور و فکر کرنا۔
تَقَادَحَا: باہم مناظرہ کرنا۔
إِسْتَقْدَحَ زَنْدَه: چقماق سے آگ نکالنا۔
القَادِحُ: لکڑی میں دڑار۔
(۲) دانتوں کی سیاہی۔
(۳) درخت، لکڑی اور دانتوں میں لگنے والا کیڑا
(۴) بدبو، سڑاند۔
القَادِحَةُ: لکڑی، درخت اور دانتوں کا گھن (ج) **قَوَادِحُ**۔
القِدَاحَةُ: چقماق یا پیالے بنانے کا پیشہ۔
القِدْحُ: لکڑی کا ٹکڑا جو تھوڑا چوڑا اور ہموار ہوتا ہے۔ جو ایک **فتر**۔لمبا یا اس سے کم ہوتا ہے اس میں نشان لگائے جاتے ہیں اور ہر ایک نشانوں کی تعداد سے پہچانا جاتا ہے اور یہ جوئے میں استعمال ہوتے ہیں اور ان پر **لا**۔یا **نعم**۔لکھا جاتا ہے یا خالی چھوڑ دیا جاتا ہے تا کہ قرعہ ڈالا جائے اور حصے تقسیم کئے جائیں۔ (دیکھئے: **قسم**)
يقال: أَبْصِرْ وَسْمَ قِدْحِكَ: خود کو پہچان۔
صَدَقَهُم وَسْمَ قِدْحِه: اس نے حق بات کہی۔
له القِدْحُ المُعَلَّى: اس کا بڑا حصہ ہے۔
القَدَحُ: پانی یا نبیذ پینے کا پیالہ۔
(۲) غلہ کا ایک پیمانہ (مو) (ج) **أَقْدَاحٌ**۔
القَدَّاحُ: پیالہ ساز۔
(۲) لوہا جس سے چقماق کو رگڑ کر آگ نکالی جاتی ہے۔
(۳) چقماق کا وہ پتھر جس سے آگ نکالی جاتی ہے۔
(۴) کلی (کھلنے سے قبل)
(۵) وہ طبیب جو آنکھ کا سفید مضر پانی نکالتا ہے۔
القَدَّاحَةُ: چقماق کا لوہا جس کو رگڑ کر آگ نکالی جاتی ہے۔
(۲) چقماق کا پتھر جس سے آگ نکالی جاتی ہے۔
(۳) معدن کا آلہ جو پتھر اور چقماق والا ہوتا ہے۔ پٹرول وغیرہ کے ذریعے اسے آگ لگائی جاتی ہے۔لائٹر (مج)
القَدُوحُ: مکھی (۲) وہ کنواں جس میں ہاتھ ڈال کر پانی نکالا جائے۔
يقال: بئرٌ قَدُوحٌ: وہ کنواں جس سے تھوڑا تھوڑا ہاتھ سے پانی نکالا جائے۔
القُدُوحُ: قُدُوحُ الرَّحْلِ: پالان کی لکڑیاں (اس کا واحد کوئی نہیں)
القَدِيحُ: ہانڈی کی تلی میں لگا ہوا بچا ہوا سالن وغیرہ جو مشکل سے نکالا جائے۔
يقال: في أسفل القدر قديحٌ: دیگچی میں بچا ہوا شوربہ ہے۔
المُتَقَادِحُ: شجر مُتَقَادِحٌ: نرم شاخوں والا درخت جن کے ٹکرانے سے آگ نکلتی ہے۔
يقال: زَنْدُكَ للمتقادح: طعنہ زن کے لئے تم پر طعنہ زنی کی گنجائش ہے۔
المِقْدَاحُ: چقماق کا لوہا جس سے آگ نکالی جائے۔
المَقْدَحُ: تیر کا وہ شگاف جہاں پھل کو جڑ فٹ کی جائے۔
المِقْدَحُ والمِقْدَحَةُ۔بمعنی **المِقْدَاحُ**۔
(۲) چمچہ۔
قَدَّ(ن) القلمَ أو الثوبَ ونحوهما۔قَدًّا: لمبائی میں پھاڑنا۔قرآن مجید میں ہے: **{وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِن دُبُرٍ}**
قُدَّ فلانٌ: پیٹ کی درد میں مبتلا ہونا۔
قَدَّدَ الشيءَ: مبالغہ در **قَدَّه**۔
—**اللَّحمَ**: لمبا لمبا کاٹ کر نمک لگا کر دھوپ اور ہوا میں خشک کرنا۔
إِنْقَدَّ الثوبُ أو الجلدُ أو نحوهما: پھٹنا۔
تَقَدَّدَ الشيءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
(۲) خشک ہو جانا، سوکھ جانا۔
—**القومُ**: لوگوں کا گروہ در گروہ ہو کر منتشر ہونا۔
القَدَادُ: سیہی (۲) جنگلی چوہا۔
القُدَادُ: پیٹ کا درد۔
قَدْ: حرف تاکید جو فعل ماضی پر داخل ہو مفید للتاکید ہوتا ہے۔

یقال: قد حضر صاحبي۔

ــــ فعل مضارع پر داخل ہو کر شک اور احتمالِ وقوع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے: **قد یحضر اخي۔** یا تقلیل کا جیسے: **قد یجود الکریم۔**۔ اور اسم فعل بمعنی **یکفي۔** (کافی ہونا) بھی ہوتا ہے۔

تقول: قدني درهم: میرے لئے ایک درہم کافی ہے۔

القَدُّ: مقدار۔

یقال: هذا علی قَدِّ ذلك: یہ اسکے برابر ہے۔

(۲) قدو قامت، مناسب لمبائی۔

(۳) چمڑے کا برتن۔

(۴) بکری کے بچے کی بوقت ولادت کھال۔

(ج) اَقُدٌّ و قِدَادٌ و اَقِدَّةٌ۔

القِدُّ: لمبائی میں پھاڑی ہوئی چیز۔

(۲) چمڑے کا تسمہ جس کے ذریعے جوتے کی سلائی کی جاتی ہے۔

(۳) چمڑے کا بنا ہوا برتن (۴) کوڑا۔ (ج) **اَقُدٌّ۔**

القُدُّ: فصیله حوت۔ سے ایک سمندری بڑی مچھلی جس کا گوشت پکایا جاتا ہے اور اس کے جگر سے نکلنے والے تیل کو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔

القِدَّةُ: لمبائی میں پھاڑی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔

(۲) لوگوں کا گروہ جس کے افراد کی آراء مختلف ہوں۔

قرآن مجید میں ہے: **{كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا}**

ــــ (۳) لکڑی کا بڑا پیمانہ جس سے چنائی یا پلاسٹر کو برابر کیا جاتا ہے (مج) (ج) **قِدَد۔**

القَدِيْدُ من اللحم: جو لمبا لمبا کاٹ کر نمک لگا کر ہوا اور دھوپ میں خشک کیا گیا ہو۔

(۲) بالوں کا بنا ہوا کپڑا یا چادر۔ (۳) بوسیدہ کپڑا۔

المَقَدُّ: ہموار جگہ (۲) راستہ، طریقہ۔

یقال: هو مستقیم المَقَدِّ

المِقَدُّ و المِقَدَّةُ: کاٹنے کی چھری۔

المَقْدُوْدَةُ: جاریةٌ مَقْدُوْدَةٌ: خوش قامت لڑکی۔

قَدَرَ (ض) علیه قَدَارَةً: قادر ہونا۔

ــــ **الشيءَ قَدْرًا:** مقدار مقرر کرنا۔

یقال: قَدَرَ الأمرَ: کسی معاملہ کو نمٹانے کی تدبیر و غور کرنا۔

ــــ **الشيءَ بالشيء:** ایک شے کا دوسری سے ملا کر اندازہ کرنا اور مقدار متعین کرنا۔

ــــ **الله الامرَ علی فلان:** اللہ کا کسی معاملے کو کسی کے لئے مقرر کرنا۔ اس کے حق میں فیصلہ کرنا۔

ــــ **الرِّزقَ علیه:** رزق تنگ کرنا۔

قرآن مجید میں ہے: **{وَاَمَّا اِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ}**

ــــ **اللَّحمَ:** ہنڈیا میں پکانا۔

قَدِرَ (س) الشيءُ قَدَرًا: لمبائی میں چھوٹا ہونا۔

یقال: قَدِرَ الرَّجلُ: قَدِرَ العُنُقُ۔

ــــ **الفرسُ:** گھوڑے کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ پڑنا۔

هو اَقْدَرُ، هي قَدْرَاءُ (ج) قُدْرٌ۔

اَقْدَرَهُ اللهُ علی الأمر: قادر بنانا۔

قَادَرَه: کسی کے برابر کام کرنے کی کوشش کرنا۔

یقال: فلانٌ یقادِرُني: فلاں قدرت و طاقت میں میری برابری چاہتا ہے۔

قَدَّرَ فلانٌ: کام کی انجام دہی یا تیاری میں غور و فکر کرنا۔

قرآن مجید میں ہے: **{وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ}**

ــــ **الشيءَ:** اندازہ لگانا۔

ــــ **الشيءَ:** ایک چیز کو دوسری پر قیاس کرنا اور دوسری شے کے ذریعے کسی شے کی مقدار متعین کرنا۔

ــــ **اللهُ الامرَ علیه وله:** اللہ کا کسی کے لئے کوئی کام مقرر کرنا اور اس کے لئے فیصلہ کرنا۔

ــــ **فلانًا علی الشيء:** قادر بنانا۔

ــــ **اَمرَ کذا و کذا:** کسی بات کا پختہ ارادہ کرنا۔

اِقْتَدَرَ علی الشيء۔ بمعنی **قَدَرَ۔**

ــــ **القومُ:** لوگوں کا ہنڈیا میں گوشت پکانا۔

اِنْقَدَرَ: مقدار کے مطابق ہونا۔

یقال: قَدَرتُ الثوبَ فانقدر۔

تقادَرَ الرَّجلان: ایک دوسرے کے برابر ہونے کی کوشش کرنا۔

تَقَدَّرَ علیه الأمرُ: کوئی کام کسی کے مقدر میں ہونا۔ اس کی قسمت میں لکھا جانا۔

ــــ **علیه الثوبُ:** کسی پر کپڑا مقدار کے مطابق آنا۔

ــــ **له الامرُ:** آسان و سہل ہونا۔

اِسْتَقْدَرَ اللهَ خیرًا: اللہ سے کسی چیز پر قادر بنانے کی استدعا کرنا۔

القَادِرُ: اللہ کا نام یا صفت۔

القَادِرَةُ: یقال: بَیْنَنَا لیلةٌ قادِرَةٌ: ہماری رات بے مشقت اور سہولت والی ہے۔

القَدْرُ: مقدار۔

یقال: هم قَدْرُ مائة۔

یقال: جاءَ الشيءُ علی قَدْرِ الشيء: وہ چیز فلاں چیز کے مطابق اور برابر آئی۔

(۲) مساوی، بغیر کمی بیشی کے۔

یقال: هذا اقدر هذا۔

ــــ (۳) حرمت، وقار، درجہ۔

یقال: له عندي قَدْرٌ (ج) اَقْدَارٌ۔

سُوْرَةُ القَدْرِ: قرآن کی ایک سورت۔

لَیْلَةُ القدر: ماہ رمضان کی ایک مبارک رات جس میں قرآن کریم نازل ہوا۔

القِدْرُ: پکانے کا برتن، ہنڈیا (مؤنث اور کبھی مذکر آتا ہے)

القِدْرُ الکاتمة: پکانے کا برتن جس کا ڈھکن مضبوط بند ہوتا ہے۔ اس میں بھاپ کے جمع ہو جانے کی وجہ سے کھانا تھوڑی دیر میں پک جاتا ہے (مج) (ج) **قُدُوْرٌ۔**

القَدَرُ: شی کی تعداد اور اس کے مقرر حالات۔

قرآن میں ہے: **{اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ}**

(۳) کسی شے کا وقت یا مقرر جگہ۔

(۴) فیصلہ خداوندی جو بندوں کے لئے کر دیا گیا ہو (ج) **اَقْدَارٌ۔**

القَدْرَاءُ: کان جو نہ چھوٹا ہو اور نہ بڑا۔

القُدْرَةُ: طاقت (۲) کسی چیز پر قدرت و قابو (۳) مالداری۔

یقال: رجلٌ ذو قدرة: مالدار شخص۔

ق

القَدَرَةُ: دو درخت خرما یا درختوں کے درمیان متعین مقدار۔
یقال: غرس علی القَدَرَةِ۔
القَدَرِيَّةُ: تقدیر خداوندی کا منکر، ایک فرقہ جس کا کہنا ہے کہ ہر انسان اپنے افعال کا خالق ہے (مو)
القَدِيْرُ: صاحب قدرت۔
القَرْقُسُ: صاف سخت میدان جہاں نبات نہ ہو اور اکثر اس میں آگ کی طرح جلا دینے والے پانی کے منبع ہوں۔

قَرْقَفَ المبرودُ: سردی زدہ کا لرزنا۔

يقال: قرقفت ثناياه: دانت بجنا۔

ـــ الفحلُ والحمامُ فی الهدير: کبوتر اور نر اونٹ کا زور سے آواز نکالنا۔

يقال: قرقف الرجل فی الضَّحك: زور سے ہنسنا۔

ـــ البردُ فلاناً: سردی کا کسی کو لرزا دینا۔

تَقَرْقَفَ: سردی لگنے سے تکلیف ہونا اور دانت بجنا۔
القَرْقَفُ: شراب (۲) صاف ٹھنڈا پانی۔
القِرِلّی: ایک چھوٹا پرندہ جو تیز نگاہ والا' جلد جھپٹنے والا' بہت بچنے والا' چوکنا ہوتا ہے۔ هو "ملاعبُ ظِلِّه"
قَرَمَ (ن ض) الصغيرُ قَرْمًا' قُرُوْمًا' قَرَمَانًا: تھوڑا تھوڑا کھانا' جب اس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اور کھانا سیکھ رہا ہو۔
— الطعامَ قَرْمًا: کھانا کھانا۔
— الشيءَ: چھیلنا۔
— فلانًا: برا بھلا کہنا' گالی دینا۔
قَرِمَ (س) الفحلُ قَرَمًا: نر اونٹ کا آزاد سانڈ ہوجانا۔
— اللحمَ واليه: گوشت کی خواہش بڑھنا۔ هو قَرِمٌ۔
أَقْرَمَ الفحلَ: نر اونٹ کو آزاد کرکے پالنا۔
قَرَّمَه: دودھ چھڑانے کے وقت کھانا سکھانا۔
— القِدْحَ: جوئے کے تیر کو آزمانا۔
تَقَرَّمَ الصغيرُ۔ بمعنی قَرَمَ۔
إِسْتَقْرَمَ الفحلُ: نر اونٹ کا آزاد ہوجانا۔
القِرَامُ: منقش پردہ (۲) موٹا اونی کپڑا جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے اس سے پردے یا ہودج کا بستر (فراش) بنایا جاتا ہے (ج) قُرُمٌ۔
القُرَامَةُ من الخبز: تنور میں لگا رہ جانے والا روٹی کا پاپڑ یا روٹی کے اوپر سے اتارا ہوا پاپڑ۔
القَرْمُ من الفحول: وہ نر اونٹ جسے سواری یا بار برداری سے فارغ کرکے جفتی کے لئے خاص کر دیا جائے۔
— من الرجال: بڑا سردار (ج) قُرُومٌ۔
القُرْمُ: سمندر کے پانی کے بیچ میں اگنے والا درخت' چھلکے کی سفیدی اور تنے کی سختی میں چنار کے درخت کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کا پتا بادام کے پتے کی طرح ہوتا ہے۔ اس کا پھل صَوْمَر۔ کے پھل کے مشابہ ہوتا ہے۔ اسے الشوري۔ بھی کہتے ہیں اور یہ فصیلہ قربینیہ سے تعلق رکھتا ہے۔

القُرْمُ: چھوٹے اونٹ۔
(۲) چھوٹے بکری کے بچے۔
القُرْمَةُ: جوئے کے تیروں کا نشان۔
المِقْرَمُ: منقش پردہ۔
المِقْرَمَةُ۔ بمعنی المِقْرَمُ۔
قَرْمَدَ الشيءَ: پالش یا رنگ کرنا۔
يقال: قَرْمَدَ الحائطَ بالجِصِّ: چونہ کرنا۔
قَرْمَدَ الثوبَ بالزعفران أو الطِّيب: کپڑے پر زعفران یا خوشبو ملنا۔
— البناءَ: عمارت کو پختہ اینٹ یا پتھر سے بنانا۔
— الشيءَ: اوپر اٹھانا۔
(۲) تنگ کرنا۔
القَرْمَدُ: ہر وہ چیز جسے بطور زینت لگایا جائے۔ ملا جائے' جیسے زعفران' چونہ۔
(۲) بنا ہوا پتھر جسے آگ میں پکایا جاتا ہے۔ جس سے عمارت تعمیر کی جاتی ہے یا عمارت کا پردہ (پلستر) کیا جاتا ہے۔
القُرْمُوْدُ: پہاڑی بکرے کا بچہ (ج) قَرَامِيْدُ۔
القِرْمِيْدُ۔ بمعنی القَرْمَدُ۔
— (۲) مکان کی منزل (ج) قَرَامِيْدُ۔
القِرْمِزُ: گہرے سرخ رنگ کا مادہ' رنگائی والا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ چٹانی کیڑوں کا عرق ہوتا ہے۔
يقال: لون قِرْمِزِيّ۔
قَرْمَشَ الشيءَ: اکٹھا کرنا۔ (۲) خراب کرنا۔
القِرْمَشُ: طرح طرح کے لوگ۔
قَرْمَصَ القِرمَاصَ: سردی سے بچاؤ کے لئے تنگ منہ کا گڑھا بنانا۔
(۲) اس میں داخل ہونا اور سکڑ کر بیٹھنا۔
تَقَرْمَصَ: اس گڑھے میں داخل ہونا۔
القِرْمَاصُ: کھلے پیٹ اور تنگ منہ والا گڑھا جس میں سردی سے بچا جاتا ہے۔
(۲) کبوتر کا گھونسلا۔
(۳) بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔
(ج) قَرَامِيْصُ۔
قَرَامِيْصُ ضَرْعِ الناقة: اونٹنی کی رانوں کے اندرونی حصے۔

القِرْمِصُ بمعنی القِرْمَاص (ج) قَرَامِيْصُ۔
القُرْمُوْصُ۔ بمعنی القِرْمِصُ۔
— (۲) شکاری کا گڑھا (ج) قَرَامِيْصُ۔
يقال: قرمطت الدَّابَّةُ: جانور کا چھوٹے قدم رکھنا۔
— الكاتبُ في الكتابة: باریک اور حرفوں اور سطروں کو ملا کر لکھنا۔
تَقَرْمَطَ: فرقہ قرامطہ کا مذہب اختیار کرنا۔
القُرْمُوْطُ: جھاؤ کا سرخ درخت جیسے انار' پستان کو اس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
(۲) سخت کھال والی اور اندر سے سرخ مچھلی جو پسند نہیں کی جاتی (مو)
القَرَامِطَةُ: شیعوں کا ایک غالی فرقہ' جس کا عراق میں ظہور ہوا اور حجاز میں اس کا اقتدار پھیلا اس کا سب سے اہم مقصد طلب مساواۃ تھا۔ اس کا واحد قرمطي۔ ہے۔
قَرْمَلَه: پچھاڑنا۔
القِرْمِلُ: چھوٹا اونٹ۔
(۲) دو کوہانوں والا اونٹ۔
(۳) بالوں وغیرہ کی ڈوری جس سے عورت اپنے بالوں کو گوندھتی ہے۔
القَرْمَلَةُ: چھوٹے تنے والا ایک سالہ پودا' جس کا چھوٹا سا زرد پھول ہوتا ہے اور یہ فصیلہ رطریطیہ سے تعلق رکھتا ہے (ج) قَرْمَلٌ۔
— من امثالهم: ذليلٌ عاذَ بقرمَلَةٍ: ذلیل آدمی جو اپنے سے کمتر سے مدد مانگے۔
قَرَنَ (ن ض) الفرسُ قَرْنًا: گھوڑے کا پچھلے قدموں کو اگلے قدموں کی جگہ رکھنا هو قَرُوْنٌ۔
— البُسْرُ: کھجور کا نیم پختہ ہونا۔
— الشيءَ بالشيءِ' وقَرَن بينهما قَرْنًا و قِرانًا: ملانا۔
يقال: قرن الحجَّ بالعمرة: حج کو عمرہ سے ملانا۔ حج قران کرنا۔
قرن بين الحجِّ والعمرة: حج اور عمرہ کو ایک احرام میں ملانا۔

ق

قالوا: قرن بين ثورين: ایک جوئے میں دو بیلوں کو جوڑنا۔
~ بين عملين: دو کام ایک ساتھ کرنا۔
~ الشيءَ الى الشيءِ: ایک شے کو دوسری سے ملانا' مربوط کرنا۔
~ فلانًا: کسی کے سر کے کناروں پر مارنا۔
قَرِنَ (س) فلانٌ قَرَنًا: ملی ہوئی بھنوؤں والا ہونا۔
هو أقْرَنُ: هي قَرْنِ: سینگ والے جانور کا لمبے سینگوں والا ہونا **هو أقْرَنُ، هي قَرْناء (ج) قُرْنٌ.**
أقْرَنَ فلانٌ: دو کاموں یا دو چیزوں کو اکٹھا کرنا' جیسے دو دفعہ دودھ دوہنے کو ایک دفعہ کرنا' یا دو تیر ایک ساتھ پھینکنا یا دو قیدیوں کو ایک ساتھ لانا۔
(۲) نیزہ کی نوک کو اوپر کر لینا تا کہ وہ سامنے والے شخص کو نہ لگے۔
~ أفَاطِيرُ وجه الغلام: لڑکے کے چہرے پر داڑھی کی جگہ پھنسیاں نکل آنا۔
~ الثُّرَيَّا: ثریا ستارے کا آسمان کے وسط میں بلند ہونا۔
~ الدَّمُ فى العرق: رگ میں خون زیادہ ہونا۔
~ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا نرم ہونا اور پھٹنے کے قریب ہونا۔
~ للشيءِ: کسی چیز کی طاقت رکھنا' قابو پانا۔
~ على غَرِيمِهِ: قرض دار کو تنگ کرنا۔
~ بين الحجّ والعمرة۔ بمعنی: قَرن.
~ فلانًا: کسی کا ہم پلہ ہونا۔
~ القِرن: ہم پلہ پر غالب آنا۔
قَارَنَه مُقَارَنَةً وقِرَانًا: کسی کے ساتھ ہونا' کسی کے ساتھ ملنا۔
~ بين القوم: لوگوں میں برابری کرنا۔
~ بين الزوجين قِرانًا: دو بیویوں کو ایک ساتھ رکھنا (مو)
~ الشيءَ بالشيءِ: موازنہ کرنا (محدثہ)
~ بين الشيئين أو الأشياء: موازنہ کرنا' ملا کر وزن جانچنا' **هو مقارن.**

يقال: الأدب المقارن أو التشريع المقارن. (محدثہ)
قَرَّنَ الأسارى: قیدیوں کو رسیوں سے باندھنا۔
قرآن کی اس آیت کے یہی معنی لئے گئے ہیں۔
:{وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ}
يقال: قَرَّنَ المُجْرِمِيْنَ فى القِرانِ: مجرموں کو ایک رسی میں اکٹھا کرنا۔
إقْتَرَنَ الشيءُ بغيره: مل جانا' ساتھ ہو جانا۔
يقال: إقترنا: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔
تقارن الشيئان: ایک دوسرے کے ساتھ ہونا۔
إسْتَقْرَنَ للأمرِ: کسی کام پر قادر ہونا' قابو پانا۔
~ فلانٌ لفلان: کسی کے نزدیک کسی کا ہم پلہ ہونا۔
~ الدَّمُ فى العرق: رگ میں خون کا بہت ہونا۔
~ الدُّمَّلُ: پھوڑے یا پھنسی کا پک کر نرم ہونا غصہ ہونے والے کو کہا جاتا ہے: **قَدِ اسْتَقْرَنْتَ وأردت ان تَنْفَقِئَ عَلَيَّ:** تم غضبناک ہو کر مجھ پر برس پڑے۔
القِرَانُ: ایک احرام میں حج اور عمرہ کو جمع کرنا۔
(۲) ایک عقد میں دو بیویوں کو جمع کرنا (مو)
(۳) جانور کو کھینچنے کی رسی (ج) **قُرُنٌ.**
القَرَانِيا: ایک پودا جو حصول پھل اور تزئین کیلئے اُگایا جاتا ہے۔ فصیلہ قرانیہ سے تعلق رکھتا ہے۔
القَرْنُ: سینگ' گائے بکری وغیرہ کے سر میں کانوں کے پاس ابھرا ہوا سخت مادہ۔ عام طور پر ہر سر میں دو سینگ ہوتے ہیں۔
~ من رأس الإنسان والشيطان: سر کا کنارہ اور سینگ کی جگہ۔
~ من القوم: سردار۔
~ من السيف والنصل: تلوار یا نیزے کی دھار۔
~ من الشمس: سورج کی بوقت طلوع پہلی کرن۔
~ من الأكمة والجبل: پہاڑ یا ٹیلے کی چوٹی۔
~ من الجرادة: ٹڈی کے سر کا بال اور وہ دو ہوتے ہیں۔
~ من الباقلّى واللوبياء ونحوهما: لوبیے مٹر وغیرہ کا غلاف جس میں دانے ہوتے ہیں (مو)
(۲) صاف پتھر جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
(۳) دوڑ کا ایک چکر۔
يقال: عَدَا الفَرَس قَرْنًا أو قَرنين فَعَرِق.
~ من الزمان: سو سال۔
يقال: امرأةٌ قِرْنٌ: بہادری میں مثل اور ٹکر کی عورت (ج) **قُرُونٌ.**
صيدُ القَرن: گینڈا کیونکہ اس کے سر کے آگے ایک ہی سینگ ہوتا ہے۔
القِرْنُ لِلإنسان: انسان کا بہادری' قوت' علم اور قتال میں ہم پلہ۔
يقال: هي قِرْنٌ ايضًا (ج) أقْرانٌ
القَرَنُ: وہ رسی جس میں دو اونٹوں کو اکٹھے باندھا جاتا ہے (ج) **أقْرَانٌ.**
(۴) وہ اونٹ جو دوسرے سے بندھا ہوا ہو۔
القَرْناءُ من الحيّات: وہ سانپ جس کے سر میں دو سینگ نما ابھار ہوتے ہیں۔ اکثر ایسا افعی سانپ میں ہوتا ہے۔
القَرْنَانُ: بری صفت ایسے شخص کی جو اپنے اہل کے معاملے میں بے غیرت ہو۔
القَرْنُوَةُ: سرخی مائل پتوں کی ہری بوٹی جس کا پتا سرخ مائل ہوتا ہے اس کا پھل بالی کی طرح ہوتا ہے اور یہ کڑوی ہوتی ہے اس سے اساقی کو رنگا جاتا ہے۔
(۲) سینگ کی شکل کی ایک ترکاری جس کا دانہ چنے سے بڑا ہوتا ہے۔ پکا کر پیلا ہو جاتا ہے۔ ہریسہ کی طرح پکا کر اسے کھایا جاتا ہے۔
القَرْنِيَّةُ: آنکھ کا سامنے والا شفاف حصہ (مج)
القُرُوْنُ: نفس۔
يقال: أسْمَحَتْ قُرُوْنُه: اس کا نفس اس کے

ق

تابع ہو گیا اور کام میں اس کا ساتھ دیا۔

— من الدّوابّ: وہ چوپایہ جسے دوڑتے وقت جلد پسینہ آجائے۔

— من الخیل والابل: وہ گھوڑا یا اونٹ جو دوڑتے ہوئے اپنے پچھلے دونوں پاؤں اگلے پاؤں کی جگہ رکھے۔

— من الابل: وہ اونٹ جو ایک دفعہ دوہنے میں دو برتن بھر دے۔

(۲) حاجت، ضرورت۔

یقال: اَخذتُ قَرونِی من الامر: میں نے فلاں معاملے سے اپنی ضرورت کو پورا کرلیا۔

القَرُونَةُ: نفس۔

یقال: اَسْمَحَت قَرُونَتُه: اس کا نفس تابع ہو گیا اور کام میں اس نے اس کا ساتھ دیا۔

القرونة: لوبیا کی مانند ایک بوٹی جو سیاہی مائل چنے سے بڑے دانے رکھتی ہے۔ جب پک جائے تو ورس کی مانند زرد ہو جاتی ہے۔ یہ اہل دیہات کے لئے مکئی ہے۔

القَرِیْنُ: مصاحب، ساتھی۔

(۲) خاوند۔

(۳) قیدی (ج) قُرَناءُ۔

القُرَیْناءُ: لوبیا۔

القَرِیْنَةُ: نفس (۲) بیوی کیونکہ وہ بھی خاوند کی مصاحب اور ساتھی ہوتی ہے۔

المِقْرَنُ: جوا، لکڑی جو ہل میں دو بیلوں کے سروں پر باندھی جاتی ہے۔ مصر کے کسان اسے النّاف کہتے ہیں۔

المَقْرُونَةُ: ایک قسم کا کھانا جو آٹے، گھی اور بادام سے بنتا ہے (مو)

قَرْنَسَ الدِّیکُ: مرغ کے مقابل کا مرغ سے ڈر کر بھاگ جانا۔

— السَّقْفَ والبیتَ: چھت اور مکان میں خوبصورتی کے لئے سیڑھیوں کی سی شکل بنانا۔

ھو مُقَرْنَسٌ۔

القِرْنَاسُ: ناک کی طرح پہاڑ کا اگلا حصہ۔

(ج) قَرانِیسُ۔

القَرَانِیسُ: سیلاب کا ابتدائی کوڑا کرکٹ۔

القَرَنفُل: مشہور پھولوں کی قسم جنہیں مشتری کہا جاتا ہے اور یہ فصیلہ قرنفلیہ سے تعلق رکھتی ہے۔ فصیلہ آسیہ کا اطلاق بھی اس پر ہوتا ہے۔ گرم علاقوں میں اس کے خشک پھولوں کو بطور مسالہ استعمال کرنے کے لئے اگایا جاتا ہے۔

قَرِهَ (س) الجلدُ قَرَهًا: مار کی کثرت سے سیاہ ہونا (۲) کھال کا چھلنا۔

(۳) اگیزیما کی کثرت سے اکھڑنا۔

ھو اَقْرَہُ ھی قَرْھاءُ (ج) قُرْہٌ۔

القَارِہُ: خشک جلد۔

قَرَہ جوز: گتے یا باریک لکڑی کی چھوٹی سی گڑیا جسے پوشیدہ انسان حرکت دیتا ہے اور خود بول کر یہ ظاہر کرتا ہے جیسے وہ بول رہی ہے اور ہل رہی ہے (مع)

قَرَا (ن) فلانًا قَرْوًا: قصد کرنا۔

(۲) کسی پر نگاہ رکھنا، اس کے کاموں کی نگرانی کرنا۔

— الاَمْرَ: نگاہ رکھنا، نگرانی کرنا۔

یقال: قَرَا البلادَ: ملک کے علاقوں میں گھوم کر حالات اور معاملات کا جائزہ لینا۔

قَرَا الارضَ: زمین میں گھوم کر یکے بعد دیگرے لوگوں کا جائزہ لینا۔

قَرَا بنی فلان: کسی قبیلے کے ایک ایک آدمی کے پاس جانا ھو قَارٍ ھی قَارِیَةٌ (ج) قَوَارٍ۔

قَرِیَ (ض) فلانٌ قَرْیًا قَرِیٌ: دانتوں کے درد کی وجہ سے کسی کی باچھوں کا ورم آلود ہونا۔

کُلُّ مُجْتَرٍّ قَرْیًا: جگالی والے جانور کا کھانے کو منہ کے گوشے میں اکٹھا کرنا۔

یقال: قَرَی فلانٌ فی شِدْقِه جوزۃً: منہ کے کنارے میں کوئی چیز چھپانا۔

— الشیءَ: اکٹھا کرنا۔

یقال: قری الماءَ فی الحوض: اکٹھا کرنا۔

— الضَّیْفَ قِرًی وقراءً: اکرام کرنا، ضیافت کرنا۔

قَرِیَتِ (س) النَّاقَةُ قَرًا: اونٹنی کی کمر کا سخت اور کوہان کا لمبا ہونا۔ ھی قَرْواءُ۔

یقال: جَمَلٌ اَقْرَی۔

اُقْرِیَ فلانٌ: کمر کے درد میں مبتلا ہونا۔

(۲) کسی چیز پر قائم رہنا، لگے رہنا۔

(۳) قریہ نشین ہونا (۴) ضیافت چاہنا۔

— النّاقةُ: اونٹنی کے رحم میں پانی جمع ہو کر ٹھہر جانا۔ ھی مُقْرٍ۔

اِقْتَرَی فلانٌ: ضیافت کا خواہش مند ہونا۔

— الامرَ: کام کی نگرانی کرنا۔

— البلادَ۔ بمعنی قَرَاھَا۔

یقال: اقتری بنی فلان: کسی قبیلے کے ہر ہر فرد کے پاس جانا۔

— الضیفَ: مہمان کی ضیافت کرنا۔

— فلانًا: کسی سے ضیافت چاہنا۔

تَقَرّی البلادَ۔ بمعنی قراھا۔

— المیاہَ: پانیوں کی تلاش میں ہونا۔

اِسْتَقْرَی الدُّمَّلُ: پھوڑے میں پیپ پڑنا۔

— فلانٌ: ضیافت چاہنا۔

— فلانًا: کسی سے مہمان بنانے کی درخواست کرنا۔

— الاشیاءَ: اشیاء کے خواص معلوم کرنے کے لئے ان کا جائزہ لینا۔

— البلادَ۔ بمعنی قراھا۔

یقال: استقری بنی فلان: کسی قبیلے کے ہر ہر فرد کے پاس جانا۔

اِقْرَوْرَی فلانٌ: کسی کی لمبی کمر ہونا۔

القَارِی: گاؤں کا باشندہ۔

القَارَاۃُ: مرکزی شہر۔

القَارِیَۃُ۔ بمعنی القاراۃ۔

— من السَّنامِ: کوہان کا اوپر والا یا نیچے والا حصہ۔

— من السِّنانِ وما اَشْبَهَ: نیزے وغیرہ کی نوک۔

(۲) چھوٹے پاؤں، لمبی چونچ اور سبز کمر والا ایک پرندہ۔ عرب کے بادیہ نشین اسے پسند کرتے اور تبرک سمجھتے ہیں اور اس سے سخی آدمی

کوتشبیہ دیتے ہیں۔
(۳) سنگین معاملہ (ج) قَوَار۔
القَرَا: کمر (۲) کمر کا وسط۔
۔۔ من الاکمه: ٹیلہ کی پشت۔
(ج) قِروانٌ واَقْرَاءٌ۔
القَرْوُ: چوپاؤں کو پانی پلانے کے لئے چھوٹا لمبا حوض جو بڑے حوض کے پہلو میں ہوتا ہے۔
(۲) لکڑی کا بڑا پیالہ۔
(۳) مختلف ضروریات میں کام آنے والا برتن۔
(۴) بیماری کی وجہ سے آدمی کے خصیہ کی کھال کی پھیلاوٹ۔
(۵) ہر وہ چیز جو ایک طریقہ پر قائم رہے۔
یقال: رایت القوم علی قَرْوٍ واحدٍ:
مازال علی قَرْوٍ واحد: ایک ہی طریقہ پر قائم
(ج) اَقْرَاءٌ واَقْرٍ۔
اَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے مختلف ڈھنگ اور قسمیں۔
یقال: اصْبَحَتِ الارض قَرْوًا واحدًا:
۔زمین اور پانی کی سطح ایک ہوگئی۔
ترکتُ الارضَ قَرْوًا واحدًا: میں نے زمین کو چھوڑا جبکہ اس پر ہر طرف پانی برس رہا تھا۔
(۲) بہت مضبوط لکڑی جو چھوٹے ریشے والی ہوتی ہے۔ فرنیچر وغیرہ بنانے میں اس کا استعمال زیادہ ہوتا ہے (مج) (دیکھئے: بلوط اور سندیان)
القَرْوَى: عادت، طبیعت۔
(۲) پہلا طریقہ، پہلی حالت۔
یقال: عادفلانٌ الی قَرْوَاهُ: اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔
القَرْوَانِيُّ من الرجال: وہ آدمی جس کے خصیہ کی تھیلی بیماری کی وجہ سے موٹی ہوگئی ہو۔
القَرَوِيُّ: قریہ کی طرف منسوب (خلاف قیاس)
القِرَى: مہمان کی ضیافت۔
(۲) حوض میں اکٹھا ہوا پانی۔
القِرِيُّ: ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم رہے:
(ج) اَقْرَاءٌ۔
القَرَاءُ: ضیافت۔
القَرْيَةُ: بڑی بستی۔

(۲) ہر وہ جگہ جہاں عمارتیں باہم مل جائیں اور یہ شہروں میں ہوتی ہیں۔
قَرْيَةُ النمل: چیونٹیوں کا مسکن۔
(ج) قُرًى۔ (خلاف قیاس)
القَرْيَتَانِ: مکہ اور طائف۔
قرآن مجید میں ہے: {وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْآنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ}
القَرِيُّ: مہمان نواز۔ هِيَ قَرِيَّةٌ یقال: انه لقرِيٌ وانها لَقرِيَّةٌ۔
۔۔ (۲) بلندی سے باغ میں آنے والی پانی کی نالی۔ (ج) اَقْرَاءٌ قُرْيَانٌ۔
(۳) ہر وہ چیز جو ایک طریقہ پر قائم ہو۔
یقال: مازال علی قَرِيّ واحد (ج) اَقْرَاء
القَرِيَّةُ: لاٹھی (۲) چیونٹیوں کا مسکن۔
(۳) عرضاً رکھی جانے والی بادبان کی لکڑی۔
(۴) وہ سوراخ دار لکڑی جس میں گھر کے ستون کا سرا داخل کیا جاتا ہے۔
(۵) ہودج کے اوپر لگی ہوئی لکڑی۔
(ج) قَرَايَا۔
المَقْرَى: وہ حوض جس میں پانی اکٹھا ہو۔
(۲) ٹیلے کی چوٹی (ج) المَقَارِي۔
المِقْرَى: مہمان نواز۔
یقال: اِنّ فلانًا لَمِقْرَى لِلضَّيْفِ۔
۔۔ (۲) ضیافت کا برتن (۳) وہ جگہ جہاں ہر طرف سے بارش کا پانی جمع ہوجائے (ج) مَقَارٍ۔
المِقْرَاءُ: بڑا مہمان نواز (مبالغہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)

ق.........ز

قَزَحَ (ف) قَزْحًا: بلند ہونا۔
یقال: قزحت الاسعارُ: بھاؤ بڑھنا۔
۔۔ نُقَاخَاتُ الماء: پانی میں بلبلے اٹھنا۔
۔۔ القِدرُ قَزْحًا وقزحانًا: ہانڈی کے جھاگ کا باہر نکلنے کے قریب ہونا۔
۔۔ القِدرُ قَزْحًا: ہانڈی میں مسالے ڈالنا۔
قَزَّحَتِ الشجرةُ: درخت کی بہت شاخیں ہونا۔

۔۔ القِدرَ۔ بمعنی قَزَحَهَا۔
۔۔ الحديثَ: جھوٹ کے بغیر بات کو بنا سنوار کر پیش کرنا۔
تَقَزَّحَ النَّبَاتُ: نباتات کے کناروں کی بہت سی شاخیں نکلنا۔
(۲) نباتات کے اطراف کتے کے پنجوں کی طرح نکلنا۔
التَّقَازِيْحُ: مسالے مسالوں کے اجزاء (اس کا واحد نہیں)
التَّقْزِيْحُ: کتے کے پنجے کی مانند کوئی چیز۔
القَازِحَةُ: پانی کا بلبلہ (ج) قَوَازِحُ۔
قُزَحَ: قوس قزح۔ (دیکھئے: قوس)
القِزْحُ: ہنڈیا میں ڈالا جانے والا مسالہ جیسے دھنیا اور زیرہ وغیرہ (ج) اَقْزَاحٌ۔
القُزَحِيَّةُ: رنگ دار گول پردہ جو آنکھ کے سفید شفاف مادہ کے پیچھے ہوتا ہے اور اس کے درمیان میں سوراخ ہوتا ہے جسے انسان العین یا ہؤبؤ کہتے ہیں (مج)
المِقْزَحَةُ: وہ برتن جس میں مسالے رکھے جائیں۔ جیسے نمک دان۔
قَزَّ (ن) الرجلُ قَزًّا: کھڑے ہونے کی ہیئت پر بیٹھنا پھر کود جانا۔
۔۔ نفسُه الشئَ وعنه قَزَازَةً: گھن کرنا، نفرت کرنا۔
تَقَزَّزَ: گناہوں اور عیوب کی وجہ سے دور ہونا نہ کہ تکبر کی وجہ سے۔
۔من الشئِ: گھن کرنا، نفرت کرنا۔
یقال: تَقَزَّزَ من اکل الضَّبِّ ونحوه۔
القَازُوْزَةُ: چھوٹی شیشی کی شکل کی پیالی۔
(۲) گلاس مشروبات پینے کا (۳) طشت۔
(۴) سوڈا واٹر اور شکر سے تیار کیا ہوا مشروب (سب: مع) (دیکھئے: الغازوزۃ)
القِزُّ من الرجال: گناہوں اور عیوب سے بچنے والا (۲) کھانے سے نفرت کرنے والا۔
القَزُّ: خام ریشم جو ابھی ریشم کے کیڑے کے خول سے نکلا ہو۔

دود القزّ: ریشم کا کیڑا۔
القزّازُ: ریشم بیچنے اور بننے والا۔
القُزّازُ من الرجال: پاکبازی کی بناء پر ہر گناہ سے بچنے والا۔
القزّيّةُ: کیڑوں کی اقسام جن میں سے کچھ قسمیں ریشم کا خول وغیرہ بنتے ہیں یہ انہی میں سے ہے۔
قزّيّةُ التُّوت: جسے دودة القزّ بھی کہتے ہیں جوشہتوت کے پتوں پر پرورش پاتا ہے اور قزيّة البلوط۔ کوشاہ بلوط کے پتوں سے غذا مہیا کرتا ہے اور ہند میں عمدہ ریشم تیار کی جاتی ہے۔ اس کی متعدد اقسام مختلف درختوں کے لئے نقصان دہ ہیں۔
القوازيزُ: بوتلیں۔
قَزَعَ (ن) الفرسُ والبعيرُ والظّبيُ قَزْعًا قُزُوعًا: بہت تیز دوڑنا۔
قَزِعَ (س) الكبشُ ونحوه قَزَعًا: مینڈھے کے کچھ بال گر جانا اور کچھ ادھر ادھر باقی رہ جانا۔
— الصبيَّ: بچہ کے بال مونڈھ کر کچھ بال ادھر ادھر چھوڑ دینا' هو أقزعُ هي قزعاءُ۔
أقزعَ له في المنطق: بدکلامی کرنا' کسی کو سخت سست کہنا۔
— الرجلَ وغيره: کسی کو کسی کام کے لئے خاص کر دینا کوئی دوسرا کام نہ لینا۔
قزّعَ: مبالغہ در قزعَ۔
تقزّعَ الفرسُ: دوڑنے کے لئے تیار ہونا۔
— القومُ: منتشر ہو جانا۔
— السحابُ: بادل کا چھٹ جانا۔
— الرجلُ: آدمی کے سر پر کہیں کہیں تھوڑے بال ہونا۔
قوزعَ الدِّيكُ: مرغے کی گردن کے بال گر جانا۔
القُزَعَةُ: بچہ کے سر پر ادھر ادھر چھوڑی ہوئی بالوں کی لٹ (۲) سر کے بیچ میں خصوصاً چھوڑے ہوئے تھوڑے سے بال۔
القَزَعُ: ہر وہ چیز جو ٹکڑوں میں بکھری ہوئی ہو۔ جیسے آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔ سر میں منتشر بال۔
— من الصُّوف: فصل ربیع میں جانور کی گرنے والی اون۔
— من السّهم: پتلے پر والا تیر (۲) سب سے چھوٹا پر (۳) ایک قسم کا اونچا بادل جو آسمان میں اڑتا پھرتا ہے۔ (مج) واحدته قزعةٌ۔
القُزعةُ۔ بمعنی القُزعَةُ۔
قَزَلَ (ض) قَزْلًا قَزَلَانًا: کودنا (۲) ٹانگ کٹے ہوئے آدمی کی طرح چلنا۔
قَزِلَ (س) قَزَلًا: بری طرح لنگڑا ہونا۔ (۲) بے گوشت پتلی پنڈلی والا ہونا۔ هو أقزلُ هي قزلاءُ (ج) قُزْلٌ۔
الأقزلُ: بھیڑیا۔ الأقزلانِ: عقاب کی دم کے بیچ میں دو بال۔ (ج) اقازلُ۔
قَزَمَهُ (ن) قَزْمًا: عیب لگانا۔
قَزِمَ (س) قَزَمًا: کمینہ اور گھٹیا ہونا۔ هو قزِمٌ قُزُمٌ۔
تقزّمَ: کسی کام میں سرگرم ہونا۔
الأقزامُ: نحیف اور چھوٹے قد کی ایک انسانی نسل جو وسطی افریقہ کے جنگلات اور ایشیا کے جنوبی اطراف میں رہتی ہے۔ (مج)
القِزامُ: کمینہ یقال: قومٌ قِزامٌ۔
القَزْمُ: يقال: رجلٌ قَزْمٌ: بونا' ٹھگنا' کمینہ' گھٹیا۔
القَزَمُ: کمزور جسم اور کوتاہ قد۔ (واحد' غیر واحد کے لئے خواہ مذکر ہو یا مؤنث' بسا اوقات مؤنث تثنیہ اور جمع بھی آتا ہے) (ج) أقزامٌ۔
القزِمُ۔ بمعنی القَزَمُ۔ (۲) بے نفع کمینہ آدمی (ج) أقزامٌ۔
القَزَمَةُ: پستہ قد مرد و عورت۔ (۲) من الشّياه: چھوٹی خراب بکری۔
القِزانُ: تانبے کی بڑی دیگ هو المِرْجَلُ: (ترکی لفظ)
قَزَا (ن) قَزْوًا: عیب و گناہ سے بچنا۔
— بعصاهُ الارضَ: چھڑی کو زمین پر مارنا۔
أقزى: عیب دار ہو جانا۔
القَزْوُ: سنجیدہ آدمی۔
القُزَةُ: دم کٹا سانپ (ج) قُزَاتٌ۔

ق .... س

قَسَبَ (ض) الماءُ قَسْبًا: پانی کا آواز کے ساتھ زور سے چلنا۔
قَسُبَ (ك) قُسُوبًا: سخت اور ٹھوس ہونا۔ هو قَسْبٌ قَسِيبٌ۔
القَيْسَبَةُ: ایک ہی جڑ سے اگنے والا ایک گز بلند چھوٹا سا درخت' جس کا پھل بنفشہ کی طرح ہوتا ہے' اس کے تیل سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ (ج) قَيْسَبٌ۔
قَسَرَ (ض) فلانًا قَسْرًا: مغلوب کرنا۔
— على الامر: کسی کام پر مجبور کرنا۔
اِقْتَسَرَهُ: غالب ہونا۔ مغلوب کرنا۔
— على الأمر۔ بمعنی قَسَرَهُ۔
قَسْوَرَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
— النَّبْتُ: گھنا اور بہت ہونا۔
القَسْوَرُ: شیر۔ من الغِلْمان: طاقتور نوجوان لڑکا (۲) تیرانداز۔ (ج) قَسَاوِرَةُ۔
قَسَّ (ن) فلانٌ قُسُوسَةً: پادری بن جانا۔
— قَسًّا: چغل خوری کرنا۔
يقال: قَسَّ الحديثَ: بات بطور چغلی کرنا اور پھیلانا۔
— القومَ: بات سے تکلیف پہنچانا۔
— الشيءَ: تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔
— الرجلُ ما على العظم من اللّحم: ہڈی سے گوشت الگ کرنا اور اس کا گودا نکالنا۔
— الابلَ: اچھی طرح چرانا۔
تَقَسَّسَ الشيءَ: تلاش کرنا۔
— النّاسَ بالليل: چپکے سے رات کو لوگوں کی باتیں سننا۔
القَسُّ: عیسائیوں کا مذہبی راہنما۔ آج کل شماس اور اسقف کے درمیان ایک مرتبہ کا نام ہے۔ (۲) ماہر يقال فلانٌ قَسُّ إبلٍ: اونٹوں کا ماہر۔ (ج) قُسوسٌ: فلوسٌ۔ کے وزن پر۔

الْقَسَّاسُ: چغل خور۔
الْقَسِّيُّ: مصر اور شام میں بنایا جانے والا ریشم اور کتان کا کپڑا۔ جن پر ترنج کی شکلیں بنی ہوتی ہیں۔
الْقِسِّيسُ۔بمعنی الْقَسُّ (مع) (ج) قَسَاوِسَةٌ قَسَاقِسَةٌ قِسِّيسُونَ۔
قَسَطَ (ض) فلانٌ قِسْطًا: انصاف کرنا۔
— قَسْطًا، قُسوطًا: ظلم اور ناانصافی کرنا۔
(ضد) هو قَاسِطٌ (ج) قُسَّاطٌ قَاسِطُونَ۔
قَسِطَتِ (س) العنقُ قَسَطًا قُسُوطًا: سوکھ جانا۔
— العظامُ: لاغری سے خشک ہوجانا
— الرُّكبةُ: سختی کی وجہ سے مڑنے کے قابل نہ رہنا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی ران کا چھوٹا اور پنڈلیوں کا ابھرا ہونا۔ هو أَقْسَطُ، هي قَسْطَاءُ۔ (ج) قُسْطٌ۔
أَقْسَطَ: انصاف کرنا۔ يقال: أَقْسَطَ فى حُكمه، أَقْسَطَ بينهم و اليهم: تقسیم اور فیصلہ میں انصاف کرنا۔ هو مُقْسِطٌ۔
قَسَّطَ الشئَ: ٹکڑے اور حصے کرنا۔
— الدَّيْنَ: قرض کی قسطیں کرنا۔ متعینہ مدت میں وقفہ سے ادائیگی کے لئے ٹکڑے کرنا۔
النَّفَقَةَ على عياله: اہل وعیال کے خرچ میں تنگی کرنا۔
اقْتَسَطوا المالَ بينهم: باہم تقسیم کرنا۔
تَقَسَّطُوا الشئَ بينهم: آپس میں کسی چیز کو برابر تقسیم کرنا۔
الْقِسْطُ: انصاف۔ (مصدر موصوف بها)۔ برائے واحد اور جمع بھی مستعمل ہے۔
يقال: ميزانٌ قِسْطٌ، ميزانان قِسْطٌ، موازينُ قِسْطٌ۔
— قرآن مجید میں ہے: {وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ}
— (۲) پانی وغیرہ کی مقدار (۳) ترازو۔
(۴) حصہ يقال: وَفَّاهُ قِسْطَه (ج) أَقْسَاطٌ۔
الْقُسْطُ: ہندوستان میں پیدا ہونے والی لکڑی جو دوا اور بخارات میں استعمال کی جاتی ہے۔
الْقَسْطَاءُ: رِجْلٌ قَسْطَاءُ: ایسی ٹانگ جو چلتے وقت دوسری ٹانگ سے مل جائے اور پاؤں الگ الگ ہوجائیں۔
الْمُقْسِطُ: اللہ کے ناموں میں سے ایک نام۔
الْقِسْطَاسُ: بالکل صحیح ترازو۔ قرآن مجید میں ہے: {وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ}
قَسْطَرَ الدَّراهمَ: پرکھنا۔
الْقَسْطَارُ: درہم پرکھنے والا۔
الْقَسْطَرَةُ: مثانہ سے پیشاب نکالنے کا ٹیوب کیتھیر (مع)
الْقَسْطَرِيُّ: بھاری بھرکم (ج) قَسَاطِرَةٌ۔
الْقَسْطَلُ: لڑائی کے میدان کا غبار (۲) فصیلہ بلوطیہ کا درخت جس کا پھل بھون کر کھایا جاتا ہے۔ مصر میں اسے ابو فروة کہتے ہیں۔
قَسْقَسَ فى السير: چلتے ہوئے تھک جانا۔
قَسْقَسَ ليلَةً اجمعَ: رات بھر نہ سونا۔
— عن أمرِ الناسِ: لوگوں کا حال معلوم کرنا۔ هو قَسْقَاسٌ۔
— الشئَ: ہلانا، حرکت دینا۔ يقال: قَسْقَسَ العَصَا۔
— مَا على المائدةِ: کھاجانا۔
تَقَسْقَسَ اصواتَهم بالليل: چوری سے رات کو آوازیں سننا۔
الْقَسْقَاسُ: يقال: وِردٌ قَسْقَاسٌ: تیز، بے فتور۔ کیونکہ وہ مشکل اور دور ہوتا ہے۔ (۲) ہوشیار و مستعد راہنما (۳) سخت بھوک (۴) الكرفس کی مانند ایک سبزی۔ (۵) بدبودار بوٹی جو پانی کی نالی میں اگتی ہے اور اس کا سفید پھول ہوتا ہے۔
قَسَمَ (ض) الشئَ قَسْمًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ (۲) دو حصے کرنا۔
— بين القومِ: ہر ایک کو اس کا حصہ دینا۔
يقال: قسم اللهُ الرِّزقَ: هو القَسَّامُ۔
يقال: قَسَمَ القومُ الشئَ بينهم: ہر ایک کا اپنا حصہ لے لینا۔
— الدَّهرُ القومَ قَسْمًا: متفرق کردینا۔
قَسُمَ (ك) الوجهُ قَسَامَةً و قَسَامًا: خوش رو ہونا۔
يقال: قَسُمَ الرَّجُلُ هو قَسِيمٌ، قسيمُ الوجه (ج) قُسُمٌ۔
أَقْسَمَ إِقْسَامًا، مُقْسَمًا: قسم کھانا۔ يقال: أَقْسَمَ بالله: اللہ کے نام کی قسم اٹھائی۔ هو مُقْسِمٌ۔
قَاسَمَ فلانٌ فلانًا: اپنا اپنا حصہ لینا۔ يقال: قَاسَمَهُ المالَ: هو قَسِيمُهُ فيه۔
— فلانًا: کسی کے لئے قسم کھانا۔
قَسَّمَ الشئَ: ٹکڑے ٹکڑے کردینا۔ يقال: قَسِّمُوا المالَ بينهم۔
— القومَ: منتشر کردینا۔ قَسَّمهم الدَّهرُ۔
الهُمومُ فلانًا: غموں کا کسی کو پراگندہ خاطر کردینا۔
— الشئَ: خوبصورت بنانا۔ هو مُقَسَّمٌ۔ يقال شَئٌ مُقَسَّمٌ۔
— الثَّوبَ: کپڑے کی بدن کے مطابق کٹائی کرنا۔ العامةُ تقول كَسَّمَ۔
اِقْتَسَمَ فلانٌ: دو باتوں میں غور کرکے ایک کو ترجیح دینا۔
يقال: تركتُ فلانًا يَقْتَسِمُ۔
— القومُ: قسم اٹھانا۔ ایک دوسرے کو قسم دینا۔
— الشئَ بينهم: اپنا اپنا حصہ لے لینا۔
اِنْقَسَمَ الشئُ: تقسیم ہوجانا۔ حصوں میں بٹ جانا۔
تَقَاسَمَ القومُ: باہم قسم اٹھانا۔ يقال: تَقَاسَمُوا بالله۔
— الشئَ بينهم۔ بمعنی اِقْتَسَمُوهُ۔
تَقَسَّمَ القومُ: متفرق ہونا۔
— الشئَ بينهم۔ بمعنی اقتسموه۔
— الدَّهرُ القومَ: متفرق کردینا۔
— الهمومُ فلانًا: پراگندہ خاطر کردینا۔

إِسْتَقْسَمَ فلانٌ: اپنا حصہ مانگنا (۲) جوئے کے تیروں کے ذریعے تقسیم چاہنا۔
—فلانًا باللّٰه: کسی سے اللہ کی قسم کھانے کو کہنا۔
الاسْتِقْسَامُ: تیروں کے ذریعے قسمت شناسی۔ زمانہ جاہلیت میں تیروں پر لا تفعل۔ اور افعل۔ لکھتے اور کچھ کو خالی چھوڑ دیتے۔ جب کسی کام کا ارادہ کرتے تو ان کے ذریعے قرعہ نکالتے جو قرعہ نکلتا اس کے مطابق عمل کرتے۔
الأُقْسُومَةُ: حصہ نصیب (ج) أَقَاسِيمُ۔
القَسَامُ: حسن و جمال (۲) صلح (۳) قسم کھا کر اپنا حصہ ثابت کرنے والے لوگ۔ (۴) قسم۔ مقتول کے وارثین اگر کسی قبیلہ میں اپنا آدمی مقتول پائیں اور قاتل نامعلوم ہو تو اس کے خون کا وارث ثابت کرنے کے لئے پچاس آدمی قسم کھاتے ہیں اگر پچاس نہ ہوں تو جتنے موجود ہوں وہ پچاس قسمیں کھائیں گے جبکہ ان میں بچے، عورتیں، مجنون اور غلام نہ ہوں۔ یا وہ قبیلے والے کہ جن پر قتل کا الزام ہوتا ہے وہ قسمیں کھالیں۔ اگر مدعوین قسمیں کھالیں تو دیت لازم اور متہمین قسمیں کھالیں تو دیت لازم نہ ہوگی۔ یقال: حكم القاضى بالقسامة: حلف برداری کا فیصلہ کرنا۔
القُسَامَةُ: مُقسِم۔ کا حصہ جو وہ رأس المال سے اپنے عمل تقسیم کی اجرت کے طور پر الگ کرے۔
القِسَامَةُ: تقسیم کرنے کا کام۔
القَسَامِيُّ: کپڑے کو ابتداء تہہ کرنے والا تا کہ آئندہ اسی تہہ پر تہہ کیا جائے۔ (۲) خوبصورت۔
القَسْمُ: (مصدر) يقال: هذا ينقسمُ قَسْمَين: (مصدر مراد ہے) قِسْمَين۔ (حصہ یا جزء مقسوم مراد ہے) (۲) عطا، بخشش۔ يقال عِنْدَهٗ قَسْمٌ يَقْسِمه: (جمع نہیں آتی) (۳) رائے۔ يقال: فلانٌ جيّدُ القَسْم (۴) شک (۵) بارش (۶) پانی۔ (۷) اخلاق۔ (۸) عادت (۹) حقیقت بن جانے والا خیال، گمان۔
حصاةُ القسم: برتن میں ڈالی جانے والی کنکریاں کہ جن پر اتنی مقدار پانی کی ڈالی جائے کہ جو کنکریوں کو ڈبو دے۔ پھر ایک ایک اس پانی کو پیتا ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب وہ سفر میں ہوتے ہیں اور بہت تھوڑا پانی ہو تو پھر یوں تقسیم کرتے۔
القِسْمُ: حصہ (ج) أَقْسَامٌ۔
القَسَمُ: قسم۔ حلف (ج) أَقْسَامٌ۔
القِسْمَةُ: تقسیم (۲) حصہ (ج) قِسَمٌ: (۳) (حساب میں) عدد ثانی کے مطابق عدد اول کے اجزاء بنانا پہلے عدد کو مقسوم اور دوسرے کو مقسوم علیہ کہتے ہیں۔ نتیجہ کو حاصل قسمت کہتے ہیں۔ (مو)
القَسْمَةُ: عطر فروش کی صندوقچی۔
القَسِمَةُ: حسن و جمال (۲) چہرہ (۳) چہرے کے خد و خال (۴) عطر فروش کی منقش صندوقچی (ج) قَسَمَاتٌ۔
القَسُومُ: يقال: نوى قَسُومٌ: سب کو جدا کردینے والی جدائی یا سفر۔
القَسِيمُ: حصہ لینے والا (۲) حصہ۔
قسيمه الشئ: جزء شے۔ (ج) أَقْسِمَاءُ۔
القَسِيمَةُ: رسید وغیرہ کی ایک سے زائد نقل۔ کاپی۔ (محدثۃ)
المُقَسَّمُ: موزوں اور حسین۔ يقال: فلانٌ مقسّم الوجه: خوبصورت۔
المَقْسَمُ: حصہ۔
المَقْسِمُ: جائے تقسیم۔ (۲) بمعنی القِسْمَةُ (ج) مَقَاسِمُ۔
المُقْسَمُ: حلف، قسم۔ (۲) حلف برداری کی جگہ۔
أَقْسَنَ الرَّجلُ: کام کی وجہ سے ہاتھ سخت ہو جانا۔ يقال أَقْسَنَتْ يدُهٗ۔
قَسَا (ن) الجِسْمُ قَسْوًا قَسَاوَةً: سخت ہونا۔
—قلبُه: دل سخت ہو جانا، رحمت، نرمی سے خالی ہو جانا۔ هو قَاسٍ قَسِيٌّ هي قَاسِيَةٌ قَسِيَّةٌ۔
—الارضَ: کچھ نہ اگانا۔
—اليومُ أو العامُ: سخت حوادث والا ہونا۔
أَقْسَى قلبَه: دل کو سخت کرنا۔ يقال: أَقست السَّيِّئاتُ قلبه۔
قَاسَى الأمرَ الشديدَ: سخت بات جھیلنا اور ازالہ کی تدبیر کرنا۔
الأَقْسَى: يقال: هو أَقْسَى من الصَّخر: سخت۔
القَسْوَةُ: ہر شے کی سختی۔ (۲) بے رحمی، دل کی سختی۔
القَسِيُّ: سخت۔ يقال: قَرب قَسِيٌّ: سخت۔ سَارَ القومُ سيرًا قَسِيًّا: تکلیف دہ سفر کیا۔
—من الأشياء: حقیر چیز۔
المَقْسَاةُ: يقال: الذَّنبُ مَقْسَاةٌ للقلب: گناہ دل کی سختی کا سبب ہے۔
قَسْوَرَ: (دیکھئے قسر)
القَسْوَرُ و القَسْوَرَةُ۔ (دیکھئے قسر)

ق......ش

قَشَبَ (ض) الشئَ بالشئِ قَشْبًا: کوئی چیز ملا کر خراب کرنا۔
—الطعامَ: زہر ملانا۔
—فلانًا: زہر پلانا۔
— فلانًا بعيب نفسه: دوسرے کو اپنا عیب لگانا۔
بسوءٍ: برائی میں ملوث کرنا۔
— فلانًا ريح كذا: کسی چیز کی بو کا تکلیف پہنچانا۔
—السيفَ: صیقل کرنا۔ هو قَشِيبٌ۔
قَشُبَ (ك) الثوبُ ونحوُه قَشَابَةً: صاف ستھرا اور عمدہ ہونا۔
—السيفُ: تازہ صیقل شدہ ہونا۔ هو قَشِيبٌ (ج) قُشُبٌ قُشْبَانٌ۔
أَقْشَبَ: تعریف یا مذمت کا مستحق ہونا، (۲) کمائی میں گڑبڑ کرنا۔
قَشَّبَ الشئَ: کسی چیز میں ایسی چیز بندش کرنا جو اسے خراب کردے۔
يقال: قَشَّبَ الطعامَ: زہر ملانا۔ هو مُقَشَّبٌ۔
—بسوءٍ: برائی میں ملوث کرنا۔

ـــ فلانًا ريحُ الشيءِ: بوکا تکلیف پہنچانا۔
القِشْبُ: زنگ۔(۲)۔من الطعام: کھانے کا ردی حصہ۔(۳) نفس جان۔(۴) زہر، بعض بیکٹیریا زاور مائیکروز سے نکلنے والا زہریلا مادہ۔ (ج) أَقْشَابٌ۔
القَشِبُ: نیا۔
القَشَبُ: زہر۔(ج) أَقْشَابٌ۔
القَشِيْبُ: نیا یا صاف ستھرا۔ یقال: ثوبٌ قَشِيْبٌ وريطةٌ قشيب۔
سيف قَشِيبٌ: تازہ صیقل شدہ تلوار۔ ہرنئی چیز قَشِيبٌ ہے۔(ج) قُشُبٌ۔
قَشَدَهُ (ض) قَشْدًا: کھلنا، پرت ہٹانا۔
إِقْتَشَدَ السمنَ: گھی جمع کرنا۔
القُشَادَةُ: گھی نکالتے وقت مکھن کی تلچھٹ۔
القِشْدَةُ: بالائی، کریم (۲) بہت دودھ والی گھاس۔
قَشَرَ (ن) الشيءَ قَشْرًا: چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔
قَشِرَ (س) الرجلُ قَشَرًا: آدمی کا چھلی ہوئی کھال کی طرح سرخ ہونا۔ ھو أَقْشَرُ ھي قَشْرَاءُ۔(۲) گرمی کی شدت سے چھلی ہوئی ناک والا ہونا۔
ـــ التمرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔ ھو قَشِيرٌ۔
قَشَّرَ الشيءَ: چھیلنا۔
إِقْتَشَرَ الرجلُ: برہنہ ہونا۔
إِنْقَشَرَ الشيءُ: چھلنا، چھلکا اترنا۔
تَقَشَّرَ الشيءُ۔ بمعنی إِنْقَشَرَ۔
القُشَارُ: سانپ کی کھال جو اتار لی گئی ہو۔
القُشَارَةُ: چھیلتے وقت گرنے والے چھلکے۔
القِشْرُ من کل شيءٍ: چھلکا، حقیقی یا غیر حقیقی ... جیسے زخم یا کینو کا چھلکا۔(۲) ہر بدن پوش کپڑا۔(ج) قُشُورٌ۔
قِشْرُ البياض: دریائے نیل کی ایک چوڑی مچھلی جو ایک بالشت سے بڑی ہوتی ہے اس کا گوشت عمدہ ترین ہوتا ہے۔
القَشِرُ: بہت چھلکوں والا۔
القَشْرَاءُ: وہ سانپ جس نے اپنی کھال اتار دی ہو۔
القُشْرَةُ: القِشْرُ۔ کا واحد (۲) جسم کو ڈھانپنے والا باریک کپڑا۔
القُشْرَةُ: سطح ارض کو چھیل دینے والی سخت بارش۔
القَشُوْرُ: رنگت کی صفائی کے لئے چہرے کی دوا۔
القَشُوْرُ من النساءِ: وہ عورت جسے حیض نہ آتا ہو۔
القَشِيْرُ: بہت چھلکوں والا۔
المِقْشَرَةُ: پھل سے چھلکا اتارنے کا آلہ۔ جیسے ٹماٹر اور کھیرے۔(محدثة)
المَقْشُوْرَةُ من النساءِ: وہ عورت جس کے چہرے کی رنگت کی صفائی کے لئے اس کا علاج کیا جائے۔
قَشَّ (ن) النباتُ قَشًّا: سوکھ جانا۔
ـــ الإنسانُ: ادھر ادھر سے اکٹھا کرنا۔ (۲) خوان پر موجود حسب طاقت ہڑپ کرجانا۔ (۳) لوگوں کی پھینکی ہوئی چیز کھالینا۔
ـــ الحيوانُ: دبلے پن کے بعد توانا ہوجانا۔
ـــ القومُ: لوگوں کے مویشیوں کا ٹھیک ہوجانا۔
ـــ الرجلُ من مرضه: بیماری سے شفایاب ہونا۔
ـــ الشيءَ: ادھر ادھر سے سمیٹنا۔(۲) ہاتھ سے اتنا رگڑنا کہ وہ چیز پھٹ جائے۔
ـــ المكانَ: کسی جگہ سے گھاس پھونس اور مٹی صاف کرنا۔
أَقَشَّتِ البلادُ: سبزوں میں خشکی زیادہ ہونا۔
قَشَّشَ: ادھر ادھر سے کھانا تلاش کرنا۔ (۲) دسترخوان سے جتنا ممکن ہوسکے کھانا سمیٹنا۔
تَقَشَّشَ۔ بمعنی قَشَّشَ۔
ـــ الرجلُ من مرضه: شفایاب ہونا۔
ـــ الجرحُ: زخم کا بھرنے کے قریب ہونا۔
القُشَاشُ: گری پڑی چیزیں اٹھا کر کھانے والا۔ (۲) گری پڑی چیزیں اکٹھی کرنے والا۔
القَشُّ: گھٹیا کھجور (۲) جھاڑو کا کوڑا کرکٹ، (۳) گیہوں اور چاول کا بھوسا (ج) قُشُوشٌ۔
القَشَّةُ: القَشُّ۔ کا واحد۔
المِقَشَّةُ: جھاڑو۔
قَشَطَ (ض) الشيءَ عن الشيءِ قَشْطًا: اتارنا۔ کھینچنا۔ یقال قشط الخشبة: لکڑی کی سطح سے کھردار حصہ صاف کرنا۔
فلانًا بالعصاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
قَشَّطَهُ: کسی کو لوٹ لینا۔
إِنْقَشَطَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا صاف ہوجانا۔
تَقَشَّطَتِ السَّمَاءُ بمعنی إِنْقَشَطَتْ۔
القُشَاطُ: زرد کے کھیل کا سیاہ یا سفید پتھر۔ (محدثة)(ج) أَقْشِطَةٌ۔
المِقْشَطُ: چھیلنے کا اوزار۔(ج) مَقَاشِطُ۔
قَشَعَتِ (ف) الريحُ الغيمَ قَشْعًا: ہوا کا بادلوں کو اڑا لے جانا۔
ـــ النورُ الظلامَ: روشنی کا تاریکی کو دور کرنا۔
ـــ القومَ: منتشر کردینا۔
أَقْشَعَ السحابُ: بادل چھٹنا۔
ـــ القومُ: بکھر جانا۔
ـــ عن الماءِ: پانی کے پاس سے چلے جانا۔
ـــ الريحُ الغيمَ: ہوا کا ابر کو ختم کردینا۔
إِنْقَشَعَ عنه الشيءُ: کسی چیز کا طاری ہونے کے بعد ہٹ جانا۔ یقال: إِنْقَشَعَ الظلامُ عن الصبحِ إِنْقَشَعَ عن القلبِ إِنْقَشَعَ السحابُ عن الجوِّ۔
ـــ عن الماءِ: پانی کے پاس سے چلے جانا۔
ـــ الليلُ: چلے جانا۔ یقال: انقشع البلادُ عن البلادِ: ملک سے بلا اور مصیبت ٹل جانا۔
تَقَشَّعَ عنه الشيءُ۔ بمعنی إِنْقَشَعَ۔
القَشْعُ: کسی چیز پر جمی ہوئی پانی کی باریک تہہ (۲) حمام کا کوڑا۔
القِشْعُ: آنے والا چھٹا ہوا بادل۔(۲) حمام کا کوڑا۔
القَشِعُ من الرِّجالِ: غیر مستقل مزاج آدمی۔ (۲) سوکھا ہوا خشک۔
القَشْعَةُ: چمڑے کا گھر (۲) پرانا خشک چمڑے

ق

کاٹکڑا۔(ج)قِشَاعٌ۔
— (۳) خشک مٹی کا ٹکڑا (۴) سطح زمین سے اکھڑ کر ہاتھ میں آ جانے والی مٹی جو پھینک دی جائے۔ (ج) قِشَعٌ۔(۵) خشک کھال (۶) خشک کھال کا ٹکڑا۔(۷) بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا جو گھٹا ختم ہونے کے بعد افق میں دکھائی دے۔ (ج) قِشَاعٌ۔(۸) شمالی ہوا کیونکہ وہ بادلوں کو بکھیر دیتی ہے۔(۹) وہ بڑھیا جس کا گوشت بڑھاپے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔
اِقْشَعَرَّ جلدُہ: کپکپی طاری ہونا۔
— جلدُہ من الجَرَب: خشک ہو جانا۔
ھو مُقْشَعِرٌّ۔
— الارضُ: بارش نہ ہونا۔
— النباتُ: تری نہ پہنچنا۔
— السَّنَۃُ: قحط کا سال ہونا۔
تَقَشْعَرَ الرَّجلُ: کپکپی طاری ہونا۔
القَشَاعِرُ: مُقْشَعِرٌّ۔ کی جمع۔
القُشَاعِرُ: کھردرا۔
القُشَعْرِیرَۃُ: کپکپاہٹ۔لرزہ۔
القِشْعَامُ من الرجال والنّسور والرخم: عمر رسیدہ۔(۲) بہت بڑا ازگدھ۔
القِشْعَامَۃُ: پھندا۔
القَشْعَمُ۔ بمعنی **القِشْعَامُ، ھی قَشْعَمٌ ایضًا۔**
— من کل شیئ: ہر بڑی موٹی عمر رسیدہ چیز۔
یقال: اُمُّ قَشْعَم: موت، جنگ، مصیبت، بجو، لکڑی، ذلت، چیونٹیوں کا گھر۔
القِشْعَمُ۔ بمعنی **القَشْعَمُ۔**
قَشِفَ (س) فلانٌ قَشَفًا: پراگندہ حال ہونا۔
(۲) تنگ دست ہونا۔(۳) دھوپ سے جھلسنے کا نشان ہونا۔(۴) صفائی نہ کرنے سے کھال کا گندا ہونا۔ **ھو قَشِفٌ۔**
قَشُفَ (ك) قَشَافَۃً۔ بمعنی **قَشِفَ۔ ھو قَشْفٌ۔ قَشِفٌ۔**
قَشَّفَ اللّٰہُ عیشَہٗ: زندگی تنگ دشوار کرنا۔

تَقَشَّفَ فلانٌ: راحت ولذت ترک کرنا۔
الاَقْشَفُ: عامٌ اَقْشَفُ: سخت سال۔
القَشَفُ: موسم سرما میں جلد کا کھردرا پن اور جمنے والی میل۔
قَشْقَشَ اللَّحمُ علی المقلیٰ اَوْ فی القِدر: گوشت پکنے کی آواز آنا۔
— القَطِرَانُ الجَرَبَ: تارکول کا خارش کو ختم کرنا۔
تَقَشْقَشَ: اچھا ہونے کے قریب ہونا۔یقال: **تَقَشْقَشَ الجرحُ:** اچھا ہو جانا۔
قَشَمَ (ض) فلانٌ قَشْمًا: بہت کھانا۔
— الطعامَ: اچھا حصہ کھا لینا اور خراب چھوڑ دینا۔
— الخُوصَ: کھجور کی شاخ کو بُننے کیلئے چیرنا۔
اِقْتَشَمَہٗ: ادھر ادھر سے کھانا۔
القَشَامُ: اون کی چچڑی۔
القُشَامُ: کھانے کا بیکار حصہ جو چھوڑ دیا گیا ہو۔
القُشَامَۃُ۔ بمعنی **القُشَامُ۔**
القَشَمُ: خام کھجور جو پکنے سے پہلے کھائی جائے اور وہ میٹھی ہوتی ہے۔
(۲) زیادہ بھنائی سے سرخ ہو جانے والا گوشت۔
القَشِیمُ: خشک ترکاری۔(ج) **قُشُمٌ۔**
قَشَا (ن) العُودَ وغیرَہٗ قَشْوًا: چھیلنا۔
— الحَبَّۃَ: دانے کو غلاف سے نکالنا۔
اَقْشٰی فلانٌ: مالداری کے بعد غریب ہو جانا۔
قَشَّی العُودَ وغیرَہٗ۔ بمعنی **قَشَاہُ۔ ھو مُقَشٍّ۔ العُودُ مُقَشًّی۔**
— الحَبَّۃَ: دانے کا چھلکا اتارنا۔
— فلانًا عن حاجتہ: روکنا۔
تَقَشَّی الشیئُ: چھل جانا۔
القُشَاءُ: تھوک۔
القُشَاوَۃُ: لمبا راستہ۔
القَشْوَانُ من الرّجال: کمزور، کم گوشت آدمی۔
القَشْوَۃُ: کھجور کے پتوں کی ٹوکری جس میں عورتیں اپنا سامان سنگار رکھتی ہیں۔
(ج) **قَشَوَاتٌ۔ قِشَاءٌ** (۲) زچہ کا کھانا۔

ق......ص

قَصَبَ (ض) الشیئَ قَصْبًا: کاٹنا۔
— الجَزَّارُ الشاۃَ: قصاب کا ہڈی کو کاٹ کر اس کے بڑے بڑے ٹکڑے کرنا، جوڑ جوڑ الگ کرنا۔ **ھو قاصبٌ قَصَّاب۔**
— فلانًا: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔
اَقْصَبَ الزَّرْعُ: فصل میں ڈنٹھل اور نرسل اگنا۔
— المکانُ: سرکنڈوں والی ہونا۔
— فلانًا عِرْضَہٗ: کسی کو اپنی بے عزتی کا موقع دینا۔
قَصَّبَ۔ بمعنی **اَقْصَبَہٗ۔**
— شَعْرَہٗ: بالوں کو بل دینا۔ گھنگریالے بنانا۔
— الثوبَ: لپیٹنا۔ تہہ کرنا۔(۲) سونے، چاندی کے نگینوں سے مزین کرنا۔
— فلانًا: کسی کے ہاتھ گردن سے باندھنا۔
یقال: اَخَذَ الرَّجُلَ فَقَصَّبَہٗ۔
اِقْتَصَبَ الزَّرْعُ: ڈنٹھل اور نرسل نکل آنا۔
— الشیئَ: کاٹنا۔
التَّقْصِیبَۃُ: بالوں کی خمیدہ زلف۔
(ج) **تَقَاصِیبُ۔**
القَاصِبُ: بانسری بجانے والا۔
(ج) **قُصَّابٌ۔**(۲) زوردار گرج۔
القِصَابَۃُ: قصاب کا پیشہ (۲) وادی کے بیچ میں سیلاب کا پانی نکلنے کا راستہ۔
القُصْبُ: پیٹھ (۲) آنت (۳) کمر (۴) آنت کی تانت (ج) **اَقْصَابٌ۔**
القُصُبُ: آنت۔
القَصَبُ: ہر وہ نبات جس کا تنا کھوکھلا پتلا اور گانٹھ دار ہو۔ اسی سے ہی **قَصَبُ السُّکَّر**۔ گنا
(۲) فصیلہ نجیلیہ کے لمبے تنے والا آبی پودا جو دریاؤں کے گرد اُگتا ہے۔ مصر میں اسے **الغاب البلدی** اور **قصب النیل**۔ کہتے ہیں۔
(۴) آنکھ سے آنسو بہنے کا راستہ۔
یقال للسابق: احرزقصب السبق: اصل میں اہل عرب دوڑ کے میدان میں ایک بانس

گاڑ دیتے تھے پھر جو آگے نکل جاتا وہ اسے بطور علامت اکھاڑ لیتا تھا۔

(۴) ہاتھوں اور پیروں کی ہڈیاں۔(۵) یاقوت جڑا ہوا تازہ موتی۔(۶) سونے چاندی کی نلکی۔(۷) پھیپھڑے کی نالیاں (ان سب میں واحد قَصَبَةٌ۔ ہے)

(۸) بانسہ یا کتان کے ریشوں سے بنا ہوا باریک ملائم کپڑا۔(واحد قَصَبَةٌ)

(۹) سونے چاندی کے پتے جو خوبصورتی کے لئے کپڑوں پر لگائے جاتے ہیں۔(مو)

القَصْبَاءُ: بانس کا جھنڈ۔(۲) بانس اگنے کی جگہ۔

القَصْبَةُ: خمیدہ زلف۔(ج) قَصَبَاتٌ۔

القَصَبَةُ: درخت کی پوری جس کے دونوں طرف گرہ ہو۔(۲) ہر گودے دار کھوکھلی گول ہڈی۔

—من الاصبع: انگلی کی ہڈیاں۔ **من الأنف:** ناک کی ہڈی۔(۳) سونے چاندی کا بنا ہوا عورت کی ناک کا زیور(مو)(۴) **من البلاد:** مرکزی شہر۔(۵) محل۔(۶) قلعہ کا درمیانی حصہ، صحن۔(۷) زمین کی پیائش کا ایک پیمانہ مصر میں اس کی لمبائی تین میٹر اور ایک سو کاس میں سے پچپن میٹر ہوتی ہے۔(ج) قَصَبٌ، قَصَبَاتٌ۔

القَصَّابُ: قصاب۔(۲) بانس کی بانسری بجانے والا۔

القَصَّابَةُ: ایک آلہ جسے مویشی یا مشین کھینچتی ہے اور اس سے زمین کو برابر کیا جاتا ہے یا کاٹا جاتا ہے۔(مو)

القُصَّابَةُ: خمیدہ زلف (۲) نلی (۳) بانسری (۴) آنت کی بنی ہوئی سیدھی تانت۔(ج): قُصَّابٌ۔

القَصِيبَةُ: خمیدہ زلف (۲) نلی (ج) قَصَائِبُ۔

المَقْصَبَةُ: سرکنڈے اگنے کی جگہ۔ یقال: **أرضٌ مَقْصَبَةٌ:** بہت سرکنڈوں والی جگہ۔

المُقْصِبُ: کامیابیاں حاصل کرنے والا۔ دوڑ میں آگے رہنے والا۔(۲) جھاگ دار دودھ۔

قَصَدَ(ض) الطریقُ قَصْدًا: راستہ کا سیدھا ہونا۔

—الشاعرُ: نظمیں تیار کرنا۔

—له وَإليه: کسی کے پاس ارادہ سے جانا۔ یقال: قَصَدَهُ۔

—في الأمر: کسی کام میں میانہ روی اختیار کرنا۔

— في الحكم: غیر جانب دارانہ منصفانہ فیصلہ کرنا۔

—في النفقة: خرچ میں اعتدال سے کام لینا۔

—في مشيه: اعتدال سے چلنا۔

—الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

أَقْصَدَ السهمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔

—الشاعرُ: شاعر کا مسلسل قصیدے یا نظمیں کہنا۔

—فلانًا: کسی کا صحیح نشانوں پر نیزے مارنا۔ یقال: عَضَّتْه الحيّة فأقصدته۔

قَصَّدَ الشاعرُ الشعر: شاعر کا شعر کو درست کرنا۔

—العُودَ: لکڑی کے دو ٹکڑے کرنا۔

إِقْتَصَدَ في أمره: کسی کام میں میانہ روی اختیار کرنا۔ یقال: **اقتصد في النفقة:** خرچ میں کفایت شعاری کرنا۔

—فلان: نہ بھاری بھرکم نہ دبلا پتلا ہونا۔

— الشاعِرُ: قصیدے بناتے رہنا۔ هو مُقْتَصِدٌ۔

إِنْقَصَدَ العُودُ: ٹوٹ جانا۔

تَقَصَّدَ العودُ: ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ یقال: **تَقَصَّدت الرماحُ:** نیزوں کا ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

الإِقْتِصَادُ: وہ علم جس میں پیداوار اور اس کی تقسیم سے متعلق احوال سے بحث کی جاتی ہے۔

القَاصِدُ من الأسفار: آسان بے مشقت سفر۔ یقال: **بيننا وبين الماء ليلة قاصدة:** ایک رات کا آسان اور سیدھا سادا سفر ہے۔

— من السهام: ٹھیک نشانہ پر لگنے والا تیر۔(ج) قواصد۔

القَصْدُ: یقال: **هو على القَصْدِ وعلى قصد السبيل:** ہدایت یافتہ ہے۔

(۲) راستہ کی سیدھ۔ یقال: **طریق قَصْدٌ:** سیدھا راستہ۔

(۳) متوسط جسامت کا نہ موٹا نہ زیادہ پتلا۔

(۴) سامنے۔ یقال: **هو قصدك:** وہ آپ کے سامنے ہے۔(۵) تھوڑا۔ یقال: **اعطاه قَصْدًا:** تھوڑا دیا۔(۶) خشک گوشت۔

القَصِدُ من الرماح ونحوه: ٹوٹا ہوا نیزہ۔

القِصْدَةُ: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔(۲) آدھا ٹوٹا ہوا حصہ۔(ج) قِصَدٌ۔

القَصِيدُ والقَصِيدَةُ: من الشعر العربي: سات یا زیادہ اشعار۔(ج) قَصَائِدُ۔

—(۲) گودے دار ہڈی۔ **من الرماح:** ٹوٹا ہوا نیزہ۔

المَقْصِدُ: جائے قصد و ارادہ۔

المَقْصَدُ: یقال اليه مَقْصَدِي: اس کی طرف میری توجہ ہے۔

المُقْصَدُ: بیمار ہوتے ہی مر جانے والا۔

المُقَصَّدُ: نہ زیادہ موٹا نہ زیادہ پتلا۔

القَصْدِيرُ: چاندی رنگ کا ایک عنصر، بہت زیادہ پھیل سکتا ہے اور اسے کوٹ کر باریک اوراق بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ غذائی مواد کی غلاف بندی کے کام آتا ہے۔ تانبے کے ساتھ پگھلایا جاتا ہے۔ ٹھیکری کی صنعت کی ایجاد سے قبل اس کے برتن بنائے جاتے تھے۔ آج کل لوہے اور پیتل کے برتنوں کی حفاظت کے لئے اس کی قلعی کی جاتی ہے۔

قَصَرَ (ن ض) عن الأمرِ قُصُورًا: عاجز آنا۔ رکنا۔

—السهمُ عن الهدف: تیر نشانہ تک نہ پہنچنا۔

—الطعامُ: کم پڑ جانا۔(۲) گراں ہو جانا۔

—النفقةُ بالقوم: خرچ کا لوگوں کی منزل تک پہنچانے کے لئے کافی نہ ہونا۔

—الشيءَ قَصْرًا: لمبائی میں چھوٹا کرنا۔

—القيدَ: جانور کے پیر کی رسی کو تنگ کرنا۔

—الصلاةَ ومنها: شرعی رخصت کی بنا پر چار رکعت والی نماز کو دو رکعت پڑھنا۔

—الشَّعْرَ: بالوں کو تھوڑا کاٹنا۔ جڑ سے نہ کاٹنا۔

ـــ الشيءَ على الأمر: کسی شے کو کسی معاملے پر منحصر کرنا۔ يقال: قصر الشيءَ على كذا: کسی شے کو کسی چیز تک محدود کرنا۔ قَصَرَ در ناقته على فرسه: اونٹنی کا دودھ اپنے گھوڑے کے لئے خاص کرنا۔ قَصَرَ غَلَّةَ كذا على عياله: کسی زمین کا غلہ اپنے اہل وعیال کے لئے خاص کرنا۔

قصرها على نفسه: کسی چیز کو اپنے تک محدود کرنا۔

ـــ الشيءَ: روکنا۔

يقال: قصر نفسه على كذا: خود کو کسی چیز کا پابند کرنا۔

ـــ الدارَ: گھر کی دیواروں میں محفوظ کرنا۔

ـــ الثوبَ: قَصْرًا، قصارةً: کپڑے کو دھو کوٹ کر سفید کرنا۔

اللونَ: رنگ کو ہلکا کرنا یا اڑانا۔ (محدثہ)

قَصِرَ (س) قَصَرًا: گردن کے درد میں مبتلا ہونا اور ٹیڑھی گردن والا ہونا۔

هو قَصِرٌ، أَقْصَرُ، هي قَصِرَةٌ، قَصْرَاءُ۔

قَصُرَ (ك) الشيءُ قَصْرًا، قِصَرًا، قَصَارَةً: چھوٹا ہونا لمبائی میں۔ هو قَصِيْرٌ۔ (ج) قِصَارٌ، قُصَرَاءُ، هي قصيرةٌ (ج) قِصَارٌ، قَصَارَةٌ۔

أَقْصَرَ عن الشيءِ: باز رہنا۔ قدرت کے باوجود نہ کرنا۔

ـــ الشيءَ: لمبائی میں چھوٹا کرنا۔

قَصَّرَ فلانٌ عن الأمر: کسی کام سے عاجز و بے بس ہونا۔

ـــ في الأمر: سستی برتنا۔

ـــ في العطية: عطیہ کم کر دینا۔ هو مُقَصِّرٌ۔

ـــ الشيءَ: لمبائی میں چھوٹا کرنا۔

ـــ الصلاةَ: بمعنی قَصَرَهَا۔

ـــ شعرَه من شعرِه: بالوں کو تھوڑا سا کاٹنا، جڑ سے نہ کاٹنا۔

ـــ الثوبَ: کوٹ کر، دھو کر سفید کرنا۔ هو مُقَصِّرٌ۔

اِقْتَصَرَ على الشيءِ: اکتفا کرنا۔ اس سے آگے نہ بڑھنا۔

ـــ الشيءَ: لمبائی میں چھوٹا کرنا۔

ـــ اثرَ الشيءِ: نشانات کی ٹوہ لگانا۔

تَقَاصَرَ عن الأمر: رکنا، عاجز ہونا۔ (۲) اظہار عجز و بے بسی کرنا۔

ـــ نفسُ فلان: طبیعت کا کمزور ہونا۔

ـــ الظلُّ: سایہ کا سمٹنا۔

تَقَوْصَرَ الرجُلُ: آدمی کا جسم گٹھا ہوا ہونا۔

اِسْتَقْصَرَهُ: چھوٹا سمجھنا۔ (۲) کوتاہ کار خیال کرنا۔

القَاصِرُ من الورثة: نابالغ، کم عمر۔ (مو)

القَاصِرَةُ: يقال: امرأةٌ قاصرة الطرف: نیچی نگاہ رکھنے والی شرمیلی عورت جو اپنے خاوند کے علاوہ کسی مرد کی طرف نگاہ نہ اٹھائے۔ قرآن مجید میں ہے: {وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ}

ـــ (۲) نابالغ لڑکی۔ (مو)

القُصَارُ: آخری حد، درجہ۔ يقال: قصارك ان نفعل كذا: تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔

القُصَارَى: يقال قصاراك أن تفعل كذا: تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔

القِصَارَة: کپڑوں کی سفید کاری کا پیشہ۔

القُصَارَةُ: چھلنی میں بچا ہوا بھوسہ۔ (۲) غلہ گاہنے کے بعد خوشوں میں رہ جانے والے دانے (۳) دانے کے اوپر کا چھلکا۔ من الدار: گھر کا مخصوص چھوٹا کمرہ جس میں صاحب دار کے علاوہ کوئی داخل نہ ہوتا ہو۔

القَصْرُ: مد کی ضد۔ (۲) تقصیر۔ کوتاہی۔ (۳) غالب۔ آخری حد۔

يقال: قَصْرُك ان تفعل كذا: تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔

(۴) بلند شان والی عمارت۔ محل۔ (ج) قُصُورٌ۔

(۵) شام۔ يقال: اتيته قَصْرًا: شام کے وقت آیا۔

جئت قصرًا: عصر سے قبل شام کے ابتدائی وقت میں آیا۔

القَصْرُ: بنائی کے ریشوں کا رنگ اڑانا یا ہلکا کرنا۔

مسحوقُ القَصْرِ: رنگ اڑانے یا ہلکا کرنے کا سفید کیمیائی پاؤڈر۔ (مج)

القَصَرَةُ: يقال: ابلغ هذا الكلامَ بني فلان قصرةً: یہ بات صرف فلاں قبیلے تک پہنچائی، لوگوں تک نہیں۔ هو ابن عَمِّي قَصَرَةً: یہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

القَصَرَةُ: درخت کی جڑ (۲) گردن کی جڑ جو موٹی ہوتی ہے۔ (ج) قَصَرٌ، أَقْصَارٌ۔ (۳) پرندے کی دم کی جڑ۔

ـــ من النَّخْلَة: کھجور کے پتے کا نچلا موٹا حصہ۔

(۴) لکڑی کا ٹکڑا (۵) لوہے کا ٹکڑا (۶) چھلنی میں باقی رہ جانے والا چوکر (۷) گیہوں کے دانہ کا خشک چھلکا۔ (۸) بیج کا چھلکا (۹) سستی، کاہلی۔

القَصَّارُ: کپڑے کی سفیدی کاری کرنے والا۔

القُصُورُ الذَّاتِيُّ: جسم کا منظم رفتار کے ساتھ اپنی حالت کو بدلنے سے قاصر رہنا۔ (مج)

القَصِيْرُ من السيول: وہ سیلاب جو کسی خاص وادی سے نہ پھیلے۔ وادی کی شانوں اور پہاڑ کی گھاٹیوں سے ہے۔ يقال: فلانٌ قصير النسب: باپ اتنا مشہور ہو کہ بیٹے کو اپنے خاندانی تعارف کیلئے دادے تک نہ جانا پڑے۔

يقال: فرسٌ قصيرٌ: وہ گھوڑا جو نفاست کی وجہ سے کم فاصلہ پر رکھا جاتا ہو۔

القَصِيْرَةُ: گھر میں حفاظت کے لئے مقید کی جانے والی عورت۔ (ج) قَصِيْرَاتٌ۔ قصائر۔

يقال: هو ابن عَمِّي قصيرةً: میرا قریب النسب چچازاد بھائی ہے۔

القُصَيْرَى: گردن کی جڑ (۲) پسلیوں کے اوپر نیچے کے سرے۔ هما قُصَيْرَيَان۔

يقال: قُصَيْرَاك أن تفعل كذا: تم اتنا ہی کر سکتے ہو۔

القَوْصَرَّةُ: بانس کی بنی ہوئی کھجور کی ٹوکری۔

المَقْصَرَةُ من الظَّلامِ: رات سے ملا ہوا شام کا وقت (۲) رات کا ابتدائی وقت۔ (ج) مَقَاصِرُ۔ (۳) راستہ کا گوشہ۔ (ج) مَقَاصِيْرُ: (غیر قیاسی)

المِقْصَرَةُ: دھوبی کی موگری جس سے وہ کپڑے کو کوٹتا ہے۔
المَقْصُوْرَةُ من النساء: گھر میں رہنے والی خوشحال عورت جسے کام کے لئے باہر نکلنے کی ضرورت نہ ہو۔(ج) **مَقْصُوراتٌ**۔(۲) پردہ نشین یا کدامن عورت۔
قرآن مجید میں ہے: {حُوْرٌ مَّقْصُوْرَاتٌ فِي الْخِيَامِ}۔
— **من الدار والمسرح**: گھر یا تھیٹر میں گراؤنڈ فلور کے اوپر چھوٹا کمرہ۔کیبن (مج)
— **من الشِّعر**: شعر جس کا قافیہ الف مقصورہ پر ختم ہو۔
(۳) حجلہ عروسی (۴) وسیع و بلند مکان کے اطراف میں بنے ہوئے گوشے۔
(ج) **مَقَاصِيْرُ، مَقَاصِرُ**۔(۵) امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
يقال: أبلغ هذا الكلامَ بني فلان مقصورةً: یہ بات صرف فلاں قبیلے تک پہنچائی۔**هو ابن عمّي مقصورة**: میرا قریبی چچا زاد بھائی ہے۔
قَصَّتِ (ن) الفرسُ قَصًّا: گھوڑوں کا حمل ظاہر ہونا۔
— **الثوبَ وغيرَه**: قینچی سے کاٹنا۔**يقال: قَصَّ ما بينهما**: باہمی تعلق ختم کرنا۔
— **الشيءَ**: کسی چیز کے نشانات پر چلنا۔پیروی کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيْهِ}
يقال: قَصَّ اَثَرَه قَصًّا، قَصَصًا، خَرَجَ فلانٌ قَصًّا، قَصَصًا في اثر فلان۔
— **القِصَّةَ**: قصہ بیان کرنا۔**يقال: قَصَّ عليه الرُّؤيَا**: خواب بتلانا۔
قَصَّ عليه خبرَه: کسی کو صحیح خبر دینا۔
أَقَصَّ فلانٌ من نفسه: طالب قصاص کا اپنے سے بدلہ لینے کا موقع دینا۔
— **من غَرِيمِه**: کسی سے قصاص لینے کے موقع پلا لینا۔

— **الفَرَسُ**: گھوڑی کا حمل ظاہر ہونا۔
— **فلانًا**: کسی کو قصاص کا موقع دینا۔کسی کا کسی سے بدلہ لینا۔
قَاصَّه مُقَاصَّةً: کسی کے ذمہ قرض کو اپنے ذمہ واجب قرض کا بدل قرار دے کر حساب چکانا۔
قَصَّصَ الشَّعرَ والصوتَ والظُّفرَ: کاٹنا۔
—**دَارَه**: پلاسٹر کرنا۔چونہ کرنا۔
إقْتَصَّ فلانٌ: قصاص لینا۔(۲) پیروی کرنا۔پیچھا کرنا۔
—**الخبرَ عليه**: خبر کا جوں کا توں بیان کرنا۔
تَقَاصَّ القومُ: ایک دوسرے سے قصاص لینا۔
تَقَصَّصَ اثرَه: پیروی کرنا۔**يقال تَقَصَّصَ اثر القوم**۔**تَقَصَّصَ الخبر**: پیروی کرنا۔ٹوہ لگانا۔
—**الكلامَ**: یاد کرنا۔
إسْتَقَصَّه: کسی سے قصاص دلوانے کو کہنا۔
الأُقْصُوْصَةُ: مختصر واقعہ (ج) **أَقَاصِيْصُ**۔ (مو)
التَّقَاصُّ في الجراحات: جراحت بالمثل۔
القَاصُّ: اصل کے مطابق کہانی بیان کرنے والا (۲) افسانہ نویس۔(۳) اپنے وعظ میں قصے بیان کرنے والا خطیب۔(ج) **قُصَّاصٌ**۔
القُصَاصُ من الوركين: سرین کا پچھلا حصہ جہاں دونوں کولہے ملتے ہیں۔
القِصَاصُ: مجرم سے برابر کا بدلہ۔نفس نفس کے بدلے، زخم زخم کے بدلے۔
القُصَاصَةُ: کترن کپڑے، کاغذ وغیرہ کی۔ (ج) **قُصَاصَاتٌ**۔
القَصُّ: سینہ کی وہ ہڈی جس میں دونوں طرف پسلیوں کے سرے گڑے ہوئے ہوتے ہیں۔
(۲) کتری ہوئی اون وغیرہ (۳) چونہ، پلاسٹر۔
القَصَصُ: بیان واقعہ (۲) بیان کردہ بات۔ (۳) نشان۔
القَصَّاصُ۔بمعنی **القَاصُّ**۔
القَصَّاصَةُ: کاغذ وغیرہ کاٹنے کی مشین۔
القِصَّةُ: لکھی جانے والی بات (۲) کلام کا جملہ (۳) بات (۴) معاملہ (۵) خبر (۶) حال (۷) خیالی یا واقعی یا ملی جلی حکایت، داستان جو طویل ہوتی ہے اور اس میں فن کتابت کے متعین قواعد وضوابط کا خیال رکھا جاتا ہے۔(محدثہ)(ج) **قِصَصٌ**۔

القُصَّةُ: بالوں کی لٹ (ج) پیشانی کے بال (ج) **قُصَصٌ، قِصَاصٌ**۔
القَصِيْصُ: کاٹا ہوا۔
القَصِيْصَةُ۔بمعنی **القِصَّة** (ج) **قَصَائِصُ**۔
المِقَصُّ: قینچی کا ایک پھل۔**هما مِقَصَّان** (ج) **مَقَاصُّ**۔
المَقْصُوصَةُ: سوراخ دار کفگیر جس سے گوشت کے ذرات دیگ سے نکالے جاتے ہوں۔(مج)
القَصْطَلُ: (دیکھئے **القَسْطَلُ**)
قَصَعَ (ف) الرجلُ قَصْعًا: پانی کے گھونٹ بھرنا۔
—**الدَّابَّةُ المُجْتَرَّةُ**: جگالی والے جانور کا چارہ کو چبانے کے لئے منہ میں واپس لے جانا۔
—**فلانًا**: کسی کے سر پر مارنا۔(۲) تذلیل وتحقیر کرنا۔
—**الغلامَ**: سر پر تھپڑ مارنا۔
—**اللّٰهُ شبابَه**: اللہ کا کسی کی جوانی کو روک لینا۔مکمل نہ ہونے دینا۔
—**الرَّحى الحَبَّ**: چکی کا غلہ کو ریزہ ریزہ کرنا۔
—**القَمْلَةَ**: ناخن سے مارنا۔
— **اليربوعُ جُحرَه**: جنگلی چوہے کا بل میں چھپنا۔
— **الرَّجُلُ بيتَه**: گھر سے باہر نہ نکلنا۔چپٹے رہنا۔
القَاصِعَاءُ: جنگلی چوہے کا بل۔جس میں داخل ہوکر وہ اس کا منہ بند کر دیتا ہے تاکہ سانپ یا جانور داخل نہ ہوسکے۔(ج) **قَوَاصِعُ**۔
القَصْعُ: ناخن کی رگڑ۔(۲) دو چیزوں کے ملنے کی داب۔
القَصْعَةُ: لکڑی سے بنا پیالہ جس میں کھایا جاتا اور ثرید بنائی جاتی ہے۔
(ج) **قِصَاعٌ، قِصَعٌ، قَصَعَاتٌ**۔
قَصَفَ (ض) الرَّعْدُ قَصْفًا، قَصِيْفًا: زور دار گرج ہونا۔

ق

— الرجلُ: کھانے پینے اور تفریح میں مشغول ہونا۔ یقال: قَصَفَ باللّهو واللعب۔
— العودَ ونحوہ قَصْفًا: توڑنا۔
قَصِفَ (س) العودُ قَصَفًا: لکڑی کا نرم و کمزور پڑنا۔ هو قَصِيفٌ، أقْصَفُ۔
— النبتُ: لمبا ہوکر ٹیڑھا ہوجانا۔
أقْصَفَ الشجرُ: درخت کا پتلا ہونا۔
اِنْقَصَفَ الشيءُ: ٹوٹ کر الگ ہوجانا۔
— القومُ عن الشيءِ: عاجز ہوکر چھوڑ دینا۔
— القومُ: ہجوم لگانا۔ یقال انقصفوا على الشيءِ: یکے بعد دیگرے آنا۔
تَقَاصَفَ القومُ على الشيءِ: ٹوٹ پڑنا، بھیڑ لگانا۔
تَقَصَّفَ الشيءُ: ٹوٹ جانا۔ القومُ على الشيءِ: ٹوٹ پڑنا۔ بھیڑ لگانا۔
— القومُ: زور زور سے جھگڑنا۔ دھمکیاں دینا۔
— فلانٌ على الطعامِ: کھانے کے دوران موج مستی کرنا۔
القَصْفُ: کھانے پینے کے دوران موج مستی (۲) کھیل کا اعلان اور شور۔
القَصِفُ: ٹوٹنے کے قابل (۲) جلد ٹوٹنے والا۔
رجل قَصِيفٌ: کم ہمت۔ غیر مستقل مزاج۔
القَصْفَةُ: لوگوں کی بھیڑ ازدحام۔ (۲) مقابلہ کے وقت گھوڑوں کی رو۔
القَصِيفُ: درخت کی ٹوٹی ہوئی لکڑیاں۔
المَقْصِفُ: (بکسر الصاد) کھانے کے کمروں میں برتنوں کی حفاظت کے لئے استعمال ہونے والا دسترخوان جس پر کھانا رکھا جاتا ہے۔ (محدثہ) (۲) کھیل کود اور کھانے پینے کی تفریح گاہ (ج) مَقَاصِفُ۔
قَصْقَصَ الشيءَ: توڑنا (۲) کترنا۔
القُصَاقِصُ: طاقتور بھاری بھرکم شیر (۲) ٹھگنا موٹا طاقتور آدمی۔
قُصَاقِصُ الوَرِكَيْنِ: کولہوں کے بالائی حصے (ج) قَصَاقِصُ۔
القَصْقَصُ: سینہ پر بال اگنے کی جگہ۔
قَصَلَ (ض) الشيءَ قَصْلًا: زور سے کاٹنا۔ هو مَقْصُولٌ، قَصِيلٌ۔
— الحنطَةَ: گیہوں کاٹنا۔
الدّابّةَ: ہرا چارہ کھلانا۔
أقْصَلَ الزرعُ: کاٹنے کا وقت آجانا۔
اِقْتَصَلَ الشيءُ: کٹنا۔
— الشيءَ: کاٹنا۔
اِنْقَصَلَ: کٹنا۔
تَقَصَّلَ: ٹکڑے ہونا۔
القُصَالَةُ: گیہوں کے دانے نکالنے کے بعد کا بھوسا۔ یقال: ما هو إلّا قُصالةٌ، حُثَالَةٌ
القِصْلُ۔ بمعنی القُصَالَةُ۔ (۲) بے مروت اور کم ہمت آدمی۔
القَصْلَةُ۔ بمعنی القُصَالَةُ۔
— من الشجرِ: نرم و نازک درخت (ج) قَصْلٌ۔
القَصِيلُ: کھیت میں کٹا ہوا ہرا چارہ۔
المِقْصَلُ من السُّيوفِ: تیز تلوار۔ من الالسنة: تیز طرار زبان۔
المِقْصَلَةُ: قصل۔ سے اسم آلہ اور (۲) آلہ جس میں سزائے قتل کے مجرم کی گردن کاٹی جاتی تھی اس کا استعمال فرانسیسی استعمار میں ۱۷۸۹ء میں زیادہ ہوا۔ (ج) مَقَاصِلُ۔
قَصَمَ (ض) فلانٌ قَصْمًا: مقصد پورا کئے بغیر جہاں سے آیا وہیں واپس ہوجانا۔
— الشيءَ: توڑنا۔ توڑ کر الگ کرنا۔ (۲) ہلاک کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: {وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً}
یقال قَصَمَ الله عمرَ الظالم، قصمَ الله ظهر الظالم: خدا ظالم پر آفت نازل کرے۔
قَصِمَتْ (س) ثنيّتُهُ قَصَمًا: کسی کا سامنے کا آدھا دانت ٹوٹ جانا۔ هو أقْصَمُ، هي قَصْمَاءُ۔
— الرجلُ: کمزور و ڈرپوک ہونا۔
— الرُّمحُ: ٹوٹ جانا۔ هو قَصِيمٌ۔
اِنْقَصَمَ: ٹوٹنا۔
تَقَصَّمَ: ٹکڑے ہوجانا۔
القَاصِمَةُ: یقال: نزلت بهم قاصِمَةُ الظهر: سخت مصیبت آئی۔
القُصَمُ: جو چیز سامنے آئے اسے توڑ دینے والا۔
القَصْمَاءُ من المَعْزِ: وہ بکری جس کے دونوں سینگوں کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں۔ (ج) قُصْمٌ۔
القَصْمَةُ: زینہ۔ یقال: هذه الدَّرَجَة فيها ثلاثون قَصْمَةً: اسکے تیس زینے ہیں۔
(۲) مسواک کا ریزہ جو دانتوں میں پھنسا رہ جائے۔
القَيْصُومُ: ارطماسیا پودوں کی ایک قسم، جو کہ فصیلہ مرکبہ سے ہے۔ جنگلات میں کثیر ہوتی ہے یقال: فلان يَمْضَغُ الشِّيحَ والقيصومَ: فلاں خالص بدو ہے۔
قَصْمَلَ الرجلُ: قدم ملا کر چلنا۔ الطعامَ: سارا کھا جانا۔
— الشيءَ: توڑ دینا۔ فلانًا: پچھاڑ دینا۔
(۲) دانتوں سے زور سے کاٹنا۔
القَصْمَلَةُ: دانتوں اور داڑھوں کی بیماری جوان کو کھا جائے۔
قَصَا (ن) عنهُ قَصْوًا، قُصُوًّا: دور ہونا۔ هو قَاصٍ (ج) أقْصَاءُ۔
قَصِيَ (س) عنهُ قَصًا، قَصاءً: دور ہونا۔ هُوَ قَصِيٌّ (ج) أقْصَاءٌ۔
أقْصَى الشيءَ: ۔ دور کرنا۔ (۲) انتہا کو پہنچنا۔
یقال: نزلنا منزلاً لا تقصيه الابلُ: ہم نے ایسے دور دراز مقام پر قیام کیا جہاں اونٹ نہیں پہنچتے۔
قَاصَاهُ مُقَاصَاةً: کسی سے دوری اختیار کرنا۔
تَقَصَّى المكانَ: کسی جگہ کے اخیر تک پہنچنا۔
— الامرَ: کسی معاملے کی تہہ تک پہنچنا۔
— المسألةَ: مسئلہ کی تحقیق کرنا۔
— الاميرُ الجنودَ: امیر کا فوجوں کو ایک ایک کر کے دور دراز علاقوں سے بلانا۔
استَقْصَى الأمرَ: کسی معاملے کی تحقیق میں آخری حد تک پہنچنا۔
الأقْصَى: دور دراز (ج) أقَاصٍ۔
یقال: فلان بالمكان الأقْصَى۔

ق

ــــ من الابل والشاء: جس کا تھوڑا سا کان کٹا ہوا ہو۔
القاصِي من الناس والمواضع: دور، ایک طرف پڑا ہوا۔
القاصِيَةُ من الناس والبقاع: دور افتادہ آدمی یا جگہ۔
ــــ من الشَّاءِ: ریوڑ سے دور الگ تھلگ بکری۔
القَصا: گھر کا صحن۔ یقال: حُظِني القصا: میرے پاس سے دور ہو۔
القَصاءُ۔ بمعنی القَصا۔
القَصْوَاءُ: مؤنث الأقصى: اونٹ یا بکری۔
القُصْوى: الأقصى۔ کا مؤنث یقال: فلان فى الناحية القصوى: دور دراز گوشہ میں ہے۔ قرآن مجید میں ہے: {إِذْ أَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوَى}
(۲) وادی کا کنارہ۔ گوشہ (۳) بعید مقصود۔
القَصِيُّ: دور۔ یقال: رَمَيتَ المَرْمَى
القَصِيَّ: تو گمان اور بات کی تاویل میں حد سے زیادہ بڑھ گیا۔ (ج) أَقْصَاءٌ۔

ق .... ض

قَضِيَ (س) السِّقَاءُ قَضاً: مشکیزہ کا سڑنا، بدبودار ہونا جب اسے پینے کیلئے لپیٹ دیا جائے۔
ــــ العينُ: آنکھ کا سرخ ہو کر گوشے ڈھیلے پڑ جانا۔
القُضَأَةُ: شرم و غیرت (۲) عیب، بگاڑ۔
قَضَبَهُ (ض) قَضْبًا: کاٹنا۔
ــــ الدَّابَّةَ: سدھانے سے پہلے سواری کرنا۔
ــــ فلانًا: کسی کے چھڑی مارنا۔
أَقْضَبَتِ الارضُ: زمین کا بکثرت درخت قضب اگانا۔
قَضَّبَتِ الشمسُ: سورج کی شاخوں کی طرح پھیلنا۔
ــــ الشئَ: کاٹنا۔ الكَرْمَ: فصل ربیع میں انگور کی بیل کی شاخیں کاٹنا۔
اِقْتَضَبَ الشئَ: کاٹنا۔ یقال: كان يُحدِّثنا فجاءَ فلانٌ فاقتضب حديثه۔
ــــ الكلامَ: فی البدیہہ بولنا۔ الدَّابَّةَ: سدھانے سے پہلے سواری کرنا۔
ــــ فلانًا: کسی سے ایسا کام کرانا جس سے وہ پوری واقفیت نہ رکھتا ہو۔
اِنْقَضَبَ: کٹنا۔ یقال: انقضب الكوكبُ من مكانه: ہٹنا۔ الگ ہونا۔ هو مُنْقَضِبٌ۔
تَقَضَّبَ الشئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
كَثَأَ (ف) اللبنُ كَثْئًا: دودھ کا پانی کے اوپر آ جانا اور پانی کا نیچے صاف رہ جانا۔

— القِدْرُ: ہنڈیا کا جھاگ دینا جوش کی وجہ سے۔

يقال: كَثَأَ القِدْرَ: ہنڈیا کا جھاگ اتارنا۔

الكُثْأَةُ من اللبن: دودھ کی بالائی جو جوش دینے کے بعد اوپر جم جاتی ہے۔

— من الماءِ: سطح آب پر آنے والی کائی یا جھاگ۔

كَثَبَ (ن) الشئُ كَثْبًا: جمع ہونا۔

يقال: كثب القومُ: اکٹھا ہونا۔

(۲) کم ہونا۔

يقال: كثب اللبنُ.

— فى المكان: داخل ہونا۔

— الشئَ: قریب سے جمع کرنا۔

— فلانٌ فلانًا: کسی کے پیچھے ہونا۔

— الصَّيْدُ فلانًا: شکار کا کسی کے نزدیک ہونا۔

أَكْثَبَ الشئُ: قریب ہونا۔

منه: أَكْثَبَتْ أطماعُهم: ان کی خواہشات

سامنے آ گئیں۔
—لك الصيدُ: شکار کا قریب ہونا۔
كَاثَبَ القومَ: لوگوں کے قریب آنا۔
كَثَّبَ الشيءَ: کم ہونا۔
يقال: كَثَّبَ اللبنُ.
اِنْكَثَبَ الشيءُ: اکٹھا ہونا۔
(۲) گرنا (سیال چیز کا)
الكَثَبُ: يقال: رَماه من كَثَبٍ: قریب سے مارنا۔
هو كَثَبَكَ: وہ تمہارے قریب ہے (صرف بطور ظرف استعمال ہوتا ہے)
الكُثْبَةُ: تھوڑی مقدار میں جمع شدہ کھانا یا دودھ وغیرہ۔
(۲) پہاڑوں کے درمیان نشیبی زمین (ج) كُثَبٌ.
الكَثِيبُ: ریت کا لمبا ڈھیر۔
(ج) اَكْثِبَةٌ، كُثُبٌ، كُثْبانٌ.
كَثَّ (ض) الشعرُ كُثُوثَةً، كَثَاثَةً: بالوں کا گھنا اور گھونگھریالا ہونا هو كَثٌّ هي كَثَّةٌ.
يقال: رَجُلٌ كَثُّ اللِّحْيَةِ و كثيثُها.
(ج) كِثَاثٌ.
كَثَّ (س) الشَّعْرُ كَثَثًا: بالوں کا گھنا اور گتھا ہوا ہونا۔ هو اَكَثُّ، هي كَثَّاءُ (ج) كُثٌّ.
يقال: رَجُلٌ اَكَثُّ و لِحْيَةٌ كَثَّاءُ.
اَكَثَّ الشيءُ بمعنی كَثَّ.
الكاثُّ: کٹی ہوئی کھیتی کے بکھرے ہوئے دانے جو اگلے سال اگ آتے ہیں۔
كَثَرَه (ن) كَثْرًا: تعداد میں غالب آنا۔
هو كاثرٌ.
يقال: كَاثَرُوهم فكَثَرُوهم.
كَثُرَ (ك) الشيءُ كَثْرًا، كَثْرَةً: بہت ہونا۔
(قل کی ضد) هو كَثْرٌ، كثيرٌ، كُثَارٌ
اَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مال والا ہونا۔
(۲) بہت پھلانا۔
—الشيءَ: تعداد بڑھانا۔

يقال: اَكْثَرَ من الشيءِ: کسی چیز کی زیادتی کا خواہش مند ہونا۔
اَكْثَرَ اللهُ فينا مثلكَ: اللہ تعالی ہم میں تم جیسے بہت پیدا کرے۔
كَاثَرَهُ: کثرت و تعداد میں مقابلہ کرنا۔
يقال: كَاثَرُوهم فكَثَرُوهم.
كَثَّرَ الشيءَ: زیادہ کرنا۔
تَكَاثَرَتْ اموالُه بمعنی كَثُرَتْ.
—القومُ: زیادتی تعداد پر فخر کرنا۔
—الشيءَ: بہت سمجھنا۔
تَكَثَّرَ بشيءٍ غيرِه: دوسرے کی چیز پر فخر کرنا۔
— من الشيءِ: کسی چیز کو زیادہ لینے کی خواہش کرنا۔
يقال: تَقَلَّلْ من العلم لتحفظ وتكَثَّرْ منه لتفهم.
تَكَوْثَرَ الشيءُ: بہت زیادہ تعداد میں ہونا۔
اِسْتَكْثَرَ الشيءَ: زیادہ سمجھنا۔
—من الشيءِ: کسی چیز کی زیادتی کا خواہش مند ہونا۔
(۲) کسی کام کو زیادہ کرنا۔
الأَكْثَرُ: نصف سے زائد۔
الأَكْثَرِيَّةُ: اکثریت الأغلبية (دیکھئے: غلب)
الكُثَارُ بمعنی الكثير.
يقال: فی الدار كُثَارٌ: گھر میں بہت گروہ ہیں۔
الكَثَرُ: کھجور کا شگوفہ۔
الكُثْرُ: کسی چیز کا بڑا اور اکثر حصہ۔
—من المال: مال کثیر۔
يقال: ماله قلٌّ ولا كُثْرٌ
الكَثْرَةُ: بہتات، زیادتی۔
کبھی زیادتی فضل و کرم میں استعمال ہوتا ہے۔
الكَثِيرُ: قلیل کی ضد۔
يقال: رجالٌ كثيرٌ و كثيرةٌ و كثيرون، نساء كثير و كثيرة و كثيرات.

برائے تکثیر فعل جیسے كثيرًا ما افعل.
يقال: كثيرًا ما زرتك ولا تزورني.
الكثيراءُ: فصیلہ قرنیہ میں اسطر غالُس کی جنس سے پودوں کی ایک قسم۔
الكَوْثَرُ: بڑی تعداد۔
(۲) خیر کثیر (۳) سخی و فیاض آدمی۔
المِكْثَارُ: باتونی، بسیار گو۔
يقال: رجلٌ وامرأة مكثار: واؤ اور نون کے ساتھ اس کی جمع نہیں آتی۔
المُكْثِرُ: بہت مالدار۔
المَكْثُورُ: رجلٌ مكثورٌ: کثرت میں مقابلۃً مغلوب۔
مكثور عليه: وہ شخص جس سے بہت لوگ طالب کرم ہوں۔
(۲) وہ شخص کے پاس کچھ نہ ہو اور اس پر حقوق بہت ہوں۔
المِكْثِيرُ بمعنی المِكْثَارُ.
كَثَعَ (ف) اللَّبنُ كَثْعًا: دودھ کا گاڑھا ہو کر بالائی اوپر آ جانا اور نیچے صاف پانی رہ جانا۔
—الشَّفة كثعًا، كُثُوعًا: ہونٹ کا سرخ ہو جانا۔
كَثِعَتِ (س) الشَّفَةُ كَثَعًا: ہونٹ سرخ ہو جانا۔
يقال: رجل اكثع
كَثَّعَ اللبنُ بمعنی كَثَعَ.
—الارضُ: زمین پر روئیدگی ظاہر ہونا۔
—القِدرُ: ہنڈیا میں ابال آ جانا۔
—الجرحُ: زخم کا اوپر سے مندمل ہو جانا۔
الكَثْعَةُ: مٹی۔
الكُثْعَةُ: دودھ پر آئی ہوئی بالائی یا گاڑھا پن
(۲) ہنڈیا کا جھاگ۔
(۳) اوپر کے ہونٹ کے بیچ کی پھنس۔
كَثُفَ (ك) الشيءُ كَثَافَةً: سخت اور گاڑھا ہونا۔
(۴) هو كثيفٌ، كُثَافٌ. باہمی اتصال اور

اختلاط سے کثیر ہونا۔

کَثَّفَ الشيءَ: زیادہ کرنا۔

(۲) سخت کرنا' موٹا کرنا۔

تَکَاثَفَ الشيءُ بمعنی **کَثُفَ**۔

یقال: تکاثف السَّحابُ۔

اِسْتَکْثَفَ الشيءُ بعد رِقَّةٍ: نرمی کے بعد گاڑھا یا سخت ہوجانا۔

— الشيءَ: گاڑھا پانا۔

(۲) گاڑھا سمجھنا۔

التَّکَثُّفُ: بجلی کے سوئچ پر برقی قوت کا زور (مج)

الکَثْفُ: جماعت' گروہ۔

یقال: جاء في کثف من الجیش

المِکْثَافُ: مکثاف السوائل ایک آلہ جس کو سیال چیزوں میں ڈال کر ان کی کثافت متعین کی جاتی ہے (مج)

المُکَثِّفُ: ایک آلہ عموماً یہ ایک نالی سے مرکب ہوتا ہے جس کے اندر سے سیال مادے بخارات گزرتے ہیں اور متعدد وسائل کے ذریعے اس نالی کی بیرونی سطح کو ٹھنڈا رکھا جاتا ہے۔ اسی کے ذریعے وہ بخارات منکشف ہوتے ہیں اور گیس سے سیال مادہ بن جاتے ہیں۔ (مج)

الکِثْکِثُ: باریک مٹی اور پتھر کے ریزے یا عام مٹی۔

بطور بددعا کہا جاتا ہے: **بِفِیه الکِثْکِثُ**۔ خاک بدہن۔

الکَوْثَلُ' الکَوْثَلُّ: کشتی کا پچھلا حصہ جہاں ملاح اور اس کا سامان ہوتا ہے۔

الکَاثُولِیكُ: رومن چرچ کے ذمہ دار اعلیٰ (پوپ) کے متبعین (دیکھئے: **جاثلیق**)

کَثَمَ (ض) الشيءَ کَثْمًا: اکٹھا کرنا۔

— فلانًا عن الامر: روکنا۔

— القِثَّاءَ ونحوَه: ککڑی وغیرہ منہ میں دے کر توڑنا۔

— الأَثَرَ: پیروی کرنا۔

کَثِمَ (س) الرجلُ کَثَمًا: شکم سیر ہونا۔

(۲) پیٹ بڑا ہونا **هو اَکْثَمُ**۔

اَکْثَمَ في منزله: اپنے گھر میں چھپنا۔

— القِربَةَ: بھرنا۔

اِنْکَثَمَ: غمگین ہونا۔

— عن وجه کذا: پھر جانا۔

تَکَثَّمَ: توقف کرنا' رکنا۔

(۲) حیران ہونا (۳) دوہرا ہونا۔

— في منزله: اپنے گھر میں چھپنا۔

الأَکْثَمُ: کشادہ راستہ۔

الکُثْنَةُ: ترٹہنیاں اور تنے جن پر بہت سے پتے ہوں اور ان پر پھول بکھرے ہوئے ہوں پھر ان کو لپیٹ کر باندھا جائے بایں طور کہ پھولوں کی کلیاں ان کے درمیان میں ہوں (گلدستہ)

ک............ج

کَجَّ (ن) الصَّبِيُّ کُجَّةً: بچہ کا کجہ کھیلنا۔

الکُجَّةُ: بچوں کا ایک کھیل جس میں کپڑے کی دھجی کو گیند کی شکل دے کر اس سے بازی لگا کر کھیلتے ہیں۔

ک............ح

کَحَّ (ن) کَحًّا: کھانسنا (اح سے محرف)

الکُحُّ: ہر خالص چیز (جیسے **القُحُّ**)

یقال: عربي کُحٌّ' عَرَبِیَّةٌ کُحَّةٌ (ج) اَکحاح۔

الکُحُحُ: بہت عورتیں۔

الکُحَّةُ: کھانسی (محدثہ)

الکُحْکُحُ: بوڑھی عورت۔

کَحَصَ (ن) الأَثَرُ کُحُوصًا: نشان مٹنا۔

— فلانٌ: پیٹھ پھیر کر جانا۔

— الظَّلِیمُ: شتر مرغ کا زمین میں چھپ کر جانا۔

— برجله کَحْصًا: پاؤں سے کوئی چیز جانچنا۔

— الارضَ: زمین کریدنا' گرد اڑانا۔

— الشيءَ: کوٹنا۔

— البِلَی الأَثَرَ: پرانا پن کے نشان کو مٹانا' گمنام کرنا۔

الکَاحِصُ: پاؤں سے مارنے والا۔

(۲) مٹا ہوا نشان۔

کَحَلَ (ف) العینَ کَحْلًا: آنکھوں میں سرمہ لگانا **هي مَکْحُولَةٌ' کَحِیلٌ' کَحِیلَةٌ**۔

کَحِیل کی جمع **کَحْلَیٰ' کَحِیلَةٌ** کی جمع **کَحَائِلُ**۔

یقال: کَحَلَ الرجُلَ: کسی کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ **هو کَاحِلٌ**۔

کَحَلَ السُّهادُ عینیه: نیند اڑنا۔

کَحِلَتِ (س) العینُ کَحَلًا: پیدائشی طور پر آنکھ سرگیں ہونا۔

یقال: کَحِلَ الرَّجُلُ: هو اَکْحَلُ هي کَحْلاءُ۔

کَحَّلَ العینَ بمعنی **کَحَلَهَا**۔ **یقال: کَحَّلَ الرَّجُلَ۔**

اِکْتَحَلَتِ المرأةُ: سرمہ لگانا۔

یقال: ما اکتحلت عیني بك: میں نے آپ کو نہیں دیکھا۔

ما اکتحلت عیني بِغُمْضٍ: میں سویا نہیں۔

تَکَحَّلَتِ المرأةُ بمعنی **اکْتَحَلَتْ**

الأَکْحَلُ: بازو کی ایک رگ جس کی فصد کی جاتی ہے۔

الکَحَّالُ: سرمہ سے آنکھ کا علاج کرنے والا۔

الکُحْلُ: آنکھ میں بطور دوا ڈالی جانے والی ہر خشک دوا۔ جیسے إِثْمِد وغیرہ۔

الکَحْلاءُ: بہت سیاہ آنکھوں والی یا وہ جس کی آنکھیں سرگیں لگتی ہوں۔

— من النعاج: سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والی مینڈھی۔

(۲) بیل کی زبان۔

(۳) زمین پر پھیلنے والی بوٹی جو کہ **فصیله بوراچینیه** سے ہے اور کانٹے دار جبکہ یہ یورپ اور بحر متوسط کے علاقوں میں اگتی ہے۔ اس کا پتہ لمبا اور پھول نیلا جبکہ پھل بندق کی مانند ہوتا ہے۔ اس کے سرخ بیج ہوتے ہیں جن سے رنگدار مادہ نکلتا ہے۔ یہ بوغلص کی ایک قسم ہے (مج)

(۴) فصیله أسبوریة کی ایک مچھلی (محدثہ)

الکُحلَةُ: یک سالہ یا طویل العمر بوٹی جو معتدل آب و ہوا والی جگہوں میں اگتی ہے۔ اس کا پھول برتقالی رنگ کا ہوتا ہے (ج) اَکاحِلُ (مع)

الکُحلِیُّ: سرمہ بنانے والا۔

—من الألوان: سیاہی مائل نیلا رنگ (مو)

الکُحُولُ: بے رنگ سیال مادہ جس کی خاص بو ہوتی ہے جو گلوکوز کے خمیرہ سے بنایا جاتا ہے اور یہ شراب کی اصل ہے (ج) کُحولاَت (مع)

مقیاس الکحول: پانی میں الکوحل کی مقدار معلوم کرنے والا آلہ۔

الکُحولِیُّ: الکوحل ملا ہوا۔

الکُحَیْلُ: پتلے، کالے تیل کی ایک قسم جو اونٹوں کو ملا جاتا ہے۔

المِکْحَالاَنِ: کہنی کے نچلے حصے میں ابھری ہوئی دو ہڈیاں۔

المِکْحَالُ: سرمہ کی سلائی۔

المُکْحُلَةُ: سرمہ دانی (ج) مَکَاحِلُ

کَحْلَلَ المرکَّبَ کَحْلَلَةً: کسی مرکب کو پانی کی بجائے الکوحل سے تحلیل کرنا (مج)

ک.........خ

کَخَّ (ض) الرَّجُلُ کَخًّا، کَخِیْخًا: خراٹے لینا۔

کِخْ کِخْ: بچہ کو ڈانٹنا کسی ایسی چیز کے لئے جس کا لینا اس کے لئے مناسب نہ ہو۔

الکِخْیَا: سیکرٹری۔

ک.........د

کَدَأَ (ف) النَّبْتُ کَدْءًا، کُدُوءًا: نباتات کا سردی سے مرجھا کر زمین کی مٹی سے آلودہ ہونا۔

(۲) پانی نہ ملنے کی وجہ سے نشوونما نہ ہونا۔

یقال: کَدَأَ البردُ الزرعَ: سردی کی وجہ سے نشوونما رک جائے یا دیر سے ہو۔

کَدَّأَ البردُ الزرعَ تکدِیئَةً بمعنی کَدَأَہ۔

الکَادِئَةُ: یقال: اَرْضٌ کادئةٌ: وہ زمین جس میں نباتات سستی سے بڑھیں۔

الکَدَبُ: نوعمروں کے ناخنوں کی سفیدی۔

الواحدة: کَدَبَةٌ۔

الکَدِبُ بمعنی الکَدَبُ۔

دمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔

ایک قراءت کے مطابق: {وَجَاءُوا عَلٰی قَمِیْصِهٖ بِدَمٍ کَدِبٍ}

المَکْدُوبَةُ من النساء: گوری صاف ستھری عورت۔

کَدَحَ (ف) فی العمل کَدْحًا: محنت اور جانفشانی سے کام کرنا۔

لِنَفْسِه: اپنے لئے اچھا یا برا کام کرنا۔

قرآن مجید میں ہے: {یٰاَیُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ کَادِحٌ اِلٰی رَبِّكَ کَدْحًا فَمُلٰقِیْهِ}

—لعیاله: مشقت سے کمانا۔

—الریحُ: ہوا کا کنکریاں اڑانا۔

—بأسنانه: دانتوں سے کاٹنا۔

— وجهَ فلان: کسی کا منہ نوچنا یا بدنما داغ لگانا۔

—وجهَ الأمر: کام بگاڑ دینا۔

— رأسَه بالمشط: کنگھی سے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا۔

—الجلدَ: کھال چھیلنا۔

اکْتَدَحَ لعیاله بمعنی کَدَحَ۔

تکَدَّحَ الجِلْدُ: کھال کو خراش لگنا۔

الکَدْحُ: خراش یا دانت لگنے کا نشان۔ (ج) کُدُوحٌ۔

کَدَّ (ن) فلان. کَدًّا: کام میں مضبوط ہونا۔

(۲) کسی چیز کی کوشش جاری رکھنا۔

(۳) روزی تلاش کرنا۔

— فلانًا: کسی کو کام لینے میں درازنفسی سے تھکا دینا۔

یقال: کَدَّ لسانه بالکلام وقلبه بالفکر۔

—رأسَه: کنگھی کرنا۔

— رأسَه وجلدَه بالأظفار: ناخنوں سے سر اور جلد کو بری طرح کھجانا۔

—فلانًا: کسی کو بری طرح نکال باہر کرنا۔

—الشیءَ: ہاتھ سے کھینچنا سیال چیز ہو یا جامد۔

اَکَدَّ: ہاتھ کھینچنا، بخل کرنا۔

کَادَّہ: کسی سے مقابلہ کرنا۔

اِکْتَدَّ: ہاتھ کھینچنا اور بخل کرنا۔

—فلانًا: کسی سے محنت کرانا۔

—الشیءَ سائلاً أو جامدًا: ہاتھ سے کھینچنا۔

اِسْتَکَدَّہ: محنت پر اکسانا۔

اَکْدَادٌ واَکَادِیْدُ: یقال: رأیت القومَ اَکْدَادًا واَکَادِیْدَ: لوگوں کو گروہوں اور جماعتوں کی شکل میں دیکھا (اس کا واحد نہیں)

قومٌ اَکْدَادٌ: تیز رفتار لوگ۔

الکُدَادَةُ: ہنڈیا میں لگا رہنے والا کھانا، کھرچن۔

(۲) گھی کی تلچھٹ (ج) اَکِدَّةٌ۔

الکَدُوْدُ: وہ کنجوس آدمی جس سے کوئی فیض بمشکل حاصل ہو۔

الکَدِیْدُ: سخت زمین۔

(۲) کھروں کے نشان والی زمین۔

(۳) نرم مٹی جو پیر رکھتے ہی اڑنے لگے۔

(۴) موٹا پسا ہوا نمک۔

(۵) وادی یا زمین کا درمیانی کشادہ حصہ۔

المِکَدُّ: کنگھا۔

المَکْدُوْدُ: مغلوب۔

کَدَرَ (ن) الماءَ ونحوه کَدْرًا: پانی گرانا، انڈیلنا۔

کَدِرَ (س) الماءُ کَدَرًا: گدلا ہونا۔

(صفا کی ضد) هو کَدِرٌ

یقال: کَدِرَ عَیْشُه. کَدِرت نَفسُه

—اللونُ: سیاہی مائل ہونا۔

هو اَکْدَرُ. هی کَدْرَاءُ (ج) کُدْرٌ

کَدُرَ (ك) الماءُ کَدارة. کُدُورَةً بمعنی کدر. هو کَدِیْرٌ۔

یقال: کَدُرَ عیشه. کَدُرَت نفسُه

كَدَّرَ الماءَ: پانی گدلا کرنا یقال: كَدَّرَ عيشَه
—فلانًا: پریشان کرنا۔
اِنْكَدَرَ فی سیره: تیزی کے ساتھ جھپٹنے کے انداز میں چلنا۔
—علیه القومُ: کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
—النجومُ: ستاروں کا بکھرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ﴾
تَكَادَرَتِ العینُ فی الشیءِ: کسی چیز پر نگاہ جم جانا۔
تَكَدَّرَ الماءُ بمعنی كَدُرَ یقال: تَكَدَّرَتْ معیشةُ فلان
اِكْدَرَّ اللَّوْنُ بمعنی كَدِرَ
الأَكْدَرُ: سطح زمین کو چھیل ڈالنے والا سیلاب۔
بَنَاتُ أَكْدَرَ الكدر: جنگلی گدھے۔
الكُدَارَةُ: ہنڈیا کی تلچھٹ۔
الكُدْرَةُ: سیاہی مائل رنگ۔
الكُدَرَةُ من الحوض: حوض کا کیچڑ یا اوپر آئی ہوئی کائی
(۲) گھوڑوں کے ٹاپوں سے اڑنے والی گرد (ج) الكُدَرُ۔
الكُدْرِیُّ: نیلا بادل۔
(۲) چنڈول کی ایک قسم جو مٹیالے رنگ، حسین کمر اور زرد حلقوں والا ہوتا ہے۔
كَدَسَ (ض) الحصیدَ والتمرَ والدراهمَ كَدْسًا: ڈھیر لگانا۔
— الخیلُ: گھوڑوں کا بھیڑ کی وجہ سے ایک دوسرے کو کھینچتے ہوئے جانا۔
— الدابةُ وغیرها، كَدْسًا، كُدَاسًا: جانور کا چھینکنا۔
— به الارضَ، كَدْسًا: پٹخنی دے کر زمین سے لگا دینا۔
تَكَادَسَ الشجرُ: درختوں کا گنجان اور گھنا ہونا۔
تَكَدَّسَتِ الخیلُ: گھوڑوں کا چلتے ہوئے ایک دوسرے کو کھینچنا۔
— فلانٌ: مونڈھے ہلاتے ہوئے خود سری کے ساتھ چلنا جیسے اپنے اوپر سوار ہو رہا ہو۔
(۲) پیچھے سے دھکا لگ کر گر پڑنا۔
— الفرسُ: بوجھل چال چلنا۔
الكُدَاسُ: غلہ کا ڈھیر جو کاٹنے کے بعد لگایا جائے۔
(۲) اکٹھا کیا ہوا برف۔
(۳) جانوروں کی چھینک (کبھی انسانوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے)
الكُدْسُ: ہر چیز کا ڈھیر، جیسے کٹی ہوئی کھیتی کے غلے کا ڈھیر، کھجور، دراہم اور جمی ہوئی ریت کا ڈھیر (ج) أَكْدَاس۔
كَدَشَ (ض) لعیاله كَدْشًا: روزی کمانے کی ترکیب کرنا۔
—من فلان شیئًا: کسی سے کوئی چیز پانا۔
—الشیءَ: دانتوں سے کاٹنا۔
—فلانًا: خراش لگانا۔
—الابلَ: سختی سے ہانکنا۔
(۲) بھگانا۔
أَكْدَشَ بخیر: تھوڑی خبر بتلانا۔
—من فلان شیئا: کسی سے کچھ پانا۔
اِكْتَدَشَ من فلان شیئًا بمعنی أَكْدَشَ۔
تَكَدَّشَ فلان: پیچھے سے دھکا لگنے سے گر جانا۔
الكُدْشُ: زخم، خراش۔
الكَدَّاشُ: بھکاری۔
یقال: رجلٌ كَدَّاشٌ: بہت کمائی کرنے والا۔
الكَدْشَةُ: یقال: مابه كَدْشَةٌ: اسے کوئی بیماری نہیں۔
الكُدَیْشُ: غیر اصیل گھوڑا (محدثۃ)
أَكْدَفَتِ الدَّابَّةُ: جانوروں کے سموں کی آواز سنائی دینا۔
الكَدْفَةُ: پاؤں کے پڑنے کی آواز یا نا قابل التفات آواز۔
كَدَمَ (ن ض) فلانًا كَدْمًا: منہ سے کاٹنے وغیرہ کا نشان ڈالنا۔ هو كَدَّامٌ، كَدُومٌ۔
—الصیدَ: شکار کو بھگا کر قابو میں کرنا۔
ضرب المثل ہے: كَدَمَ فی غیر مَكْدَمٍ: نا قابل حصول شے کی جستجو کرنا۔
أُكْدِمَ الأَسِیرُ: قیدی کو مضبوطی سے باندھنا۔
تَكَادَمَ الفَرَسَان: ایک گھوڑے کا دوسرے کو کاٹنا۔
الكُدَامُ: بوڑھا آدمی (۲) چراگاہ میں پڑی ہوئی جڑیں جو بارش پڑنے سے اگ آتی ہیں۔
(۲) بدن کے کسی حصے کا ورم جو کپڑا گرم کر کے اس جگہ پر رکھتے ہیں۔
الكُدَامَةُ: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ حصہ۔
یقال: بَقِیَ من مرعانا كُدَامَةٌ۔
ہماری چراگاہ میں کچھ بچی ہوئی گھاس ہے جسے مویشی کھا کر شکم سیر نہیں ہوتے۔
الكَدْمُ: دانتوں سے کاٹنے کا نشان۔
(۲) چوٹ وغیرہ کی وجہ سے کھال میں منجمد ہونے والا خون (مج) (ج) كُدُومٌ۔
الكَدَمُ بمعنی الكَدْمُ۔
الكَدْمَةُ: نشان، داغ۔
یقال: ما بالبعیر كَدْمَةٌ۔
المُكْدَمُ من الحبال والأكسیة: مضبوط بٹی ہوئی رسی یا مضبوط بنا ہوا کمبل۔
—من الأقداح: موٹے کانچ کا پیالہ۔
الكَدْمِیُوم: فلزی عنصر جو سفید چمکدار ہوتا ہے اس میں کوٹے جانے کی بہت صلاحیت ہوتی ہے طبعی خواص میں قصدیر (قلعی) کے مشابہ اور کیمیائی خواص میں خارصین (جست) کی مانند ہے۔ اشابات کی تحفیر میں کام آتا ہے۔
كَدَنَ (ن) بثوبه كَدْنًا: کپڑے کا پٹکا باندھنا۔
كَدِنَ (س) كَدَنًا: گوشت اور چربی والا ہونا اور قوی ہونا۔
(۲) سخت اور مضبوط ہونا هو كَدِنٌ۔
— النباتُ: نباتات کی شاخیں چرائے جانے کے بعد سخت جڑیں باقی رہ جانا۔

كَوْدَنَ فی مشیه كَوْدَنَةً: بھاری قدموں سے آہستہ چلنا۔
الكِدَانُ: ڈول کے درمیان میں باندھی جانے والی رسی تاکہ وہ کنویں کے اطراف میں ڈولنے نہ پائے۔
الكَدَانَةُ: عیب' خرابی۔
يقال: ما أبْيَنَ الكدانة فيه۔
الكُدْنُ: وہ کپڑا جو پردہ نشین پر یا پردہ کی جگہ ڈالا جائے۔
(۲) کجاوہ (۳) عورتوں کی پالکی (ج) كُدُون
الكَدِنُ: كَدِنُ النباتِ: موٹی اور سخت جڑوں والی۔
الكِدْنَةُ: کثرتِ گوشت و چربی۔
رَجُلٌ ذو كُدْنَةٍ: موٹا اور مضبوط آدمی۔
الكَوْدَنُ: دوغلی نسل کا گھوڑا۔
(۲) خچر (۳) دوغلی نسل کا غیر عربی گھوڑا یا خچر۔
كَدَهَ (ف) الشيءَ كَدْهًا: توڑنا۔هو كَادِهٌ۔ (ج) كُدَّهٌ۔
— الحجرُ ونحوه فلانًا: پتھر وغیرہ کا کسی کے زور سے لگ کر نشان ڈال دینا۔
أكْدَهَهُ العملُ: کام کا کسی کو تھکا دینا۔
كَدَّهَه بمعنی كَدَهَه۔
تَكَدَّهَ الشيءُ: ٹوٹنا۔
كَدَتِ (ن) الارضُ كَدْوًا، كُدُوًّا: زمین کا دیر سے اگانے والی ہونا ھی كَادِيَةٌ (ج) كَوَادٍ۔
— الزرعُ وغيرُه: کھیتی وغیرہ کی روئیدگی کا خراب ہو جانا۔
يقال: كَدَا البردُ الزرعَ: سردی کا کھیتی کو زمین سے اوپر نکلنے نہ دینا (دیکھئے: كدأ)
— الشيءَ كِدَاءً: روکنا' کاٹنا۔
— وجهه كَدْوًا: منہ کھسوٹنا۔
كَدِيَ (س) بالعظم كَدًا: ہڈی گلے میں اٹکنا۔
— الفصيلُ: دودھ چھڑاتے ہوئے بچہ کا دودھ پینے سے پیٹ خراب ہو جانا۔
— الكلبُ: کتے کے گلے میں ہڈی پھنس جانا۔

الكَادِي: سست رفتار پانی۔فصیلہ بندانیہ کا ایک درخت جو بظاہر کھجور کی مانند ہوتا ہے۔مگر اس قدر لمبا نہیں ہوتا۔اس کا تنا کم شاخوں والا ہوتا ہے اس کی جڑوں نے اسے سہارا دے کر رکھا ہوتا ہے۔تنگ لمبے پتے جو کہ تلوار کی مانند ہوتے ہیں یمن 'جنوبی ایشیا' ہند اور آسٹریلیا میں اگتا ہے۔جبکہ اس کی کاشت دیگر علاقوں میں بھی ہوتی ہے۔
(دیکھئے: الكاذيّ)
كَدَى (ض) الرجلُ كَدْيًا: بخل کرنا یا کم دینا۔
كَدِيَ (س) المِسْكُ كَدًى: مشک کی خوشبو ختم ہو جانا هو كَدٍ و كَدِيّ۔
— اصابِعَه: کھدائی کی وجہ سے انگلیاں شل ہو جانا۔
— المعدنُ: کان میں جوہر نہ پیدا ہونا۔
أكْدَى الحافر: کھدائی کرنے والے کا ایسی زمین تک پہنچ جانا جسے کھودنا ممکن نہ ہو۔
— فلانٌ: جنگل میں پہنچ جانا۔
(۲) اصرار کے ساتھ مانگنا۔ (۳) بخل کرنا۔
قرآن میں ہے: {وَأَعْطَى قَلِيلًا وَّأَكْدَى}
(۴) مالداری کے بعد فقیر ہونا۔
(۵) ناکام رہنا (۶) حقیر خلقت والا ہونا۔مغلوب ہونے والے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے: اكدت اظفارُك تیرے ناخن کند رہے' تو کچھ نہ کر سکا۔
— المطرُ: بارش کم ہونا۔
— المعدِنِ بمعنی كَدِيَ۔
— العامُ: قحط سالی ہونا۔
— فلانًا عن الشيء: باز رکھنا۔
الكَادِيَةُ: زمانہ کی سختی۔
(۲) سردی کی شدت۔
الكُدْى: جنگل۔
الكَدَاةُ: مٹی وغیرہ کا ڈھیر۔
(ج) الكَدَى
الكُدَايَةُ بمعنی الكَدَاةُ۔

الكُدْيَةُ: سخت یا سنگلاخ زمین جس پر پھاوڑا اثر نہ کرے (ج) كُدًى۔
(۲) گداگری۔
يقال: بلغ الناس كُدْيَةَ فلان: لوگ بخشش میں فلاں کی آخری حد کو پہنچ گئے یعنی اب وہ دینے سے رک گیا۔

ک............ذ

كَذَبَ (ض) كَذِبًا، كِذْبًا، كِذَابًا: کسی چیز کے بارے میں ایسی خبر دینا جو حقیقت کے خلاف ہو (جھوٹ بولنا)
— عليه: کسی کے خلاف غلط بات کہنا۔
(۲) غلط ہو جانا۔
يقال كذب الظنُّ والسمعُ والعينُ والرأي۔
— الشيءُ: کسی چیز کی توقع غلط ہو جانا یا اس کے بارے میں دی گئی خبر کا غلط ہو جانا۔
يقال: كَذَبَ البرقُ والطَّمَعُ: بجلی کا نہ چمکنا اور خواہش کا نہ ہونا۔
— فلانًا: کسی سے جھوٹ بولنا۔
يقال: كذبه الحديثَ۔
يقال: كَذَبتْ فلانًا نفسُه: دل میں بڑی بڑی آرزوئیں پیدا ہونا۔
يقال: كَذَبَ نفسَهٗ كذبته عينُه: ایسا دیکھنا یا خیال کرنا جس کی کوئی حقیقت نہ ہو هو كَاذِبٌ (ج) كُذَّبٌ هي كاذبةٌ (ج) كَوَاذِبُ۔
أكْذَبَه: جھوٹا پانا۔
(۲) کسی کا جھوٹ ظاہر کرنا۔
(۳) جھوٹ پر اکسانا۔
كَاذَبْتُ فلانًا مُكَاذَبَةً وكِذَابًا: ایک دوسرے کو جھٹلانا یا جھوٹا کہنا۔
كَذَّبَ بالأمرِ تَكْذِيبًا و كِذَابًا: انکار کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: {وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ} وفيه {وَكَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا}
— عن امرٍ أراد: اپنی بات سے پیچھے ہٹنا۔

يقال: حمل عليه فما كَذَّبَ: اس نے اس پر حملہ کیا اور ڈٹا رہا۔

يقال: كَذَّبَ السِّلاحُ: گولا نہ چھوٹنا۔

يقال: ما كَذَّبَ ان فعل كذا: اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

— فلانًا: جھٹلانا' یا یہ کہنا کہ اس نے جھوٹ بولا ہے۔

تَكَاذَبُوْا: ایک دوسرے کے خلاف جھوٹ بولنا۔

تَكَذَّبَ: جھوٹ بولنے کی کوشش کرنا۔

—فلانًا وعليه: کسی کو جھوٹا کہنا۔

اَلْاُكْذُوْبَةُ: جھوٹی خبر (ج) اكاذِيْبُ۔

التَّكَاذِيْبُ: تَكَاذِيْبُ العَرَبِ: عربوں کی من گھڑت باتیں' افسانے' لغویات۔

الكاذِبَةُ: اسم قائم مقام مصدر۔ جیسے عاقبة' عاقبہ اور باقیہ (۲) نفس۔ (ج) كواذبُ۔

الكَذِبُ: جھوٹ (صدق کی ضد)

الكَذْبَةُ: ایک مرتبہ جھوٹ بولنا' ایک جھوٹ۔

كذبة إبريل: اپریل۔ قول' جھوٹ جو بعض لوگ ہر سال اس ماہ کی پہلی تاریخ کو بولتے ہیں۔ (محدثہ) (اپریل فول) (مترجم)

يقال: لها: سمكة ابريل۔

الكَذَّابُ: بہت جھوٹ بولنے والا۔

جوهرٌ كَذّاب: کھوٹا جوہر۔

الكَذُوب بمعنی الكذّاب۔

ضرب المثل ہے: اِنْ كنتَ كَذُوبًا فَكُنْ ذَكُوْرًا۔ (ج) كُذُبٌ۔

كَذَّ (ن) الشيءُ كَذًّا: کھردرا اور سخت ہونا۔

اَكَذَّ القومُ: نرم پتھروں والی جگہ پر مقیم ہونا۔

الكَذّانُ: نرم پتھر۔ بسا اوقات جو پرانا اور چرا ہوا ہو۔

اَكْذَى الشيءُ: سرخ ہونا۔

يقال: اَكْذَى الرَّجُلُ: شرمندگی یا ڈر کی وجہ سے رنگ سرخ ہوجانا۔

الكاذِي: سرخ۔

(۲) کاذی کے پھول سے نکالا جانے والا خوشبودار تیل۔

(۳) فصيله کاذیه کا بہت بڑا درخت جس کا پھول خوشبودار اور خوبصورت ہوتا ہے (دیکھئے: الكاذي)

كَذَا: ایسے دو کلموں سے مرکب ہے جو اپنی اصل پر باقی ہیں اور وہ ہیں کاف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ جیسے علمت عليًّا فاضلاً و علمت آخاه كذا: یعنی اس کے مثل۔ کبھی اس پر ہائے تنبیہ بھی داخل ہوتی ہے۔ جیسے: {اَهٰكَذَا عَرْشُكِ} کبھی یہ مرکب واحد لفظ بن جاتا ہے اور اس کے ذریعے نامعلوم شے اور غیر واضح کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ جیسے فعلت كذا وقلت كذا اور کبھی مقدار یا تعداد کا کنایہ کیا جاتا ہے جیسے: اشتريت كذا كتابًا كذا و كذا قلمًا كتبت كذا و كذا صحيفة اس صورت میں اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے اور اس پر ال داخل نہیں ہوتا۔

کــــ.........ر

كَرَبَ (ن ض) فلانٌ كَرْبًا: بے آب و گیاہ زمین میں کاشت کرنا۔

(۲) درخت خرما کے تنے سے شاخ کی خشک شدہ چوڑی جڑیں لینا۔

(۳) کھجور کے تنے کے قریب سے چمٹی ہوئی کھجوریں اٹھا کر کھانا۔

— الشيءُ كروبًا: نزدیک آنا۔

— الشمس للمغيب: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

يقال: كَرَبَ يفعل كذا و كذا و كرب ان يفعلَه: کرنے کے قریب ہونا' یہ افعال مقاربہ میں سے ہے۔

—فلانًا الامرُ والغمُّ والعبءُ: کسی معاملے یا غم یا بوجھ کا پریشان اور تکلیف میں مبتلا کرنا۔

هو مَكْرُوبٌ۔

كَرَبَ (ن) الحَبلَ وغيره كَرْبًا: بٹنا۔

— الارضَ كربًا و كِرَابًا: کاشت کے لئے زمین کو جوتنا۔

— الدَّلْوَ: ڈول کے دستے میں رسی باندھنا۔

اَكْرَبَ الرَّجلُ: دوڑنا۔

— الدَّلْوَ بمعنی كَرَبَهَا۔

اِكْتَرَبَ لكذا: بے چین ہونا۔

الكِرَابُ: وادی میں پانی کے نالے۔

واحدتها: كَرْبَةٌ۔

الكُرَابَةُ: کھجور کی شاخوں کی جڑوں سے اٹھائی ہوئی کھجوریں (ج) اَكْرِبَةٌ۔

اَلْكَرَبُ: کھجور کی خشک شدہ شاخ کی چوڑی جڑ۔

(۲) ڈول کے دستے کے بیچ میں مضبوطی کے لئے باندھی جانے والی چھوٹی رسی۔

(ج) اَكْرَابٌ۔

اَلْكَرْبُ: غم' رنج' بے چینی (ج) كُرُوبٌ۔

الكُرْبَةُ بمعنی: الكَرْبُ (ج) كُرَبٌ۔

الكربَةُ: گول سوراخ جس میں شامیانے کے بانس کا سرا ہوتا ہے۔ (ج) كَرَبٌ۔

الكَرُوبِيُّونَ: اللہ کے مقرب ملائکہ۔ ان ہی میں سے جبرئیل' میکائیل' اسرافیل ہیں بعض مفسرین کی رائے کے مطابق۔

الكَرِيبُ بمعنی المكروب۔

(۲) بانس کی گرہ۔

(۳) نان بائی کا بیلن جس سے وہ روٹی گول کرتا ہے۔

—من الأرض: بے آب و گیاہ زمین۔

المِكْرَبُ: زمین جوتنے کا آلہ۔

المُكْرَبُ من المفاصل: پٹھوں سے بھرپور بدن کا جوڑ۔

(۲) مضبوط رسی یا عمارت یا گھوڑا یا جوڑ۔

الكُرْبَاجُ: کوڑا (د)

كَرْبَسَ الرجلُ: بیڑی پہنے ہوئے آدمی کی چال چلنا۔

تَكَرْبَسَ من ظهر فرسه: گھوڑے کی پیٹھ سے گرنا۔

الكِرْبَاسُ: موٹا سوتی کپڑا (مع)

(۲) شراب چھاننے کا موٹا کپڑا۔
(ج) کَرَابِيسُ۔
الكِرْبَاسَةُ بمعنى الكرباس
كَرْبَشَ الرجلُ: بیڑی پہنے ہوئے آدمی کی چال چلنا۔
(۲) چھلانگ لگانے کے لئے پاؤں ملانا۔
—الشيءَ: کوئی شے لے کر باندھنا۔
تَكَرْبَشَ الجلدُ: کھال سکڑنا۔
كَرْبَلَ الشيءَ: ملانا، مخلوط کرنا۔
—فلانٌ: کیچڑ یا دلدل میں چلنا۔
يقال: جاءَ يمشي مُكَرْبِلًا: وہ اس طرح آیا جیسے کیچڑ میں چل رہا ہو۔
(۲) پانی میں گھسنا۔
الكِرْبَالُ: روئی دھننے کی کمان (ج) كرابيل۔
الكَرْبَلَةُ: پاؤں کی نرمی، گداز پن۔
(۲) (علم نباتات میں) پھول میں موجود عضو تانیث (مع)
الكَرْبُونُ: کاربن، غیر فلزی عنصر جس کی مختلف اشکال ہیں۔ کچھ غیر متبلور ہیں جیسے کوئلہ اور سناج اور یہ دو صاف شکلیں ہیں اور کچھ متبلور ہیں جیسے ماس اور جرافیت (مج)
الكَرِيتُ: سنة حولٌ كريتٌ: پوری تعداد والا سال، اسی طرح دن اور مہینہ۔
كَرَثَهُ (ن) الامرُ وغيرُه كَرْثًا: کسی بات کا مشقت میں ڈالنا، گراں ہونا هو كَارِثٌ۔
أَكْرَثَه الأمر وغيره بمعنى كرثه۔
إِكْتَرَثَ له: کسی بات پر رنجیدہ ہونا۔
يقال: ما أَكْتَرِثُ له: مجھے اس کی پرواہ نہیں۔
واراك لا تكترث بذلك: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم اس کی وجہ سے فکرمند نہیں۔
اس معنی میں نفی کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے۔
الكَارِثَةُ: سخت مصیبت (ج) كَوَارِثُ۔
يقال: كَرَثَتْهُ الكوارث: حوادث نے اسے سخت پریشانی میں ڈال دیا۔

الكُرَّاثُ: طویل العمر درخت جس کے پتے چھوٹے اور پھل خوشہ نما ہوتا ہے۔ اس کے پھول میں نر اور مادہ کی آمیزش ہوتی ہے معتدل علاقوں اور بحر متوسط کے اردگرد اور جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا میں اگتا ہے۔
الكُرَّاثُ: فصیلہ زنبقیہ کی معمر بوٹی جس کا بلب زمین میں ہوتا ہے۔ جس کے پتے چپٹے اور کھوکھلے نہیں ہوتے۔ جس کے درمیان میں بڑی شاخ ہوتی ہے جو پھولوں سے لدی ہوتی ہے۔ اس کی بو بکی ہوتی ہے۔ اسی سے ہے الكُرَّاثُ المصري یہی كراث المائدة ہے اور الكراث الشامي اور یہ ابو شوشة ہے۔
كَرِجَ (س) الشيءُ كَرَجًا: خراب ہو جانا۔ پھوئی لگ جانا۔
يقال: كَرِجَ الخُبْزُ
الكُرَّجُ: لکڑی کا گھوڑا جس سے بچے کھیلتے ہیں (مع)
كَرَدَه (ن) كَرْدًا: دھتکارنا۔
(۲) روکنا۔
الكَرْدُ: گردن کی جڑ۔
الكُرْدُ: وسطی ایشیا میں رہنے والی قوم جو ترکی، ایران اور عراق اور کچھ دیگر ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔
الكِرْدِيْنُ: تھیلے کی دونوں جانب بچی ہوئی کھجوریں (ج) كَرَادِيْنُ۔
الكِرْدِيدَةُ: کھجوروں کا ایک بڑا ٹوکرا۔
(۲) کھجور کا تھیلا۔
كَرْدَسَ القائدُ الخيلَ أو الجيشَ: گھوڑوں یا فوج کو مختلف دستوں میں تقسیم کرنا۔
تَكَرْدَسَ الرجلُ: سمٹنا، سکڑنا۔
الكُرْدُوسُ: ہر بڑی اور مکمل ہڈی۔
(۲) مغز والی ہڈی کا سرا۔
(۳) ایک جوڑ پر ملی ہوئی ہر دو ہڈیاں۔ جیسے کندھے اور گھٹنے اور کولہے کی ہڈیاں (ج) كَرَادِيسُ۔
الكُرْدُوسَةُ: گھوڑوں یا لشکر کا ایک بڑا گروہ (ج) كَرَادِيسُ۔

الكِرْدَانُ: ہار، پٹا (د)
(۲) (موسیقی میں): آٹھواں سُر جو کہ رست کا جواب ہوتا ہے (د)
الكَرْدِينَالُ: ایک عیسائی عالم جو کہ پوپ کے ساتھیوں اور مشیروں میں سے ہوتا ہے کہ جنہیں اسے اپنے درمیان میں سے منتخب کرنے کا حق ہوتا ہے (ج) كرادلة (د)
كَرَّ (ن ض) الرجلُ أو الفرسُ كَرِيرًا: منہ سے ایسی آواز نکلنا جیسے گلا گھٹے ہوئے کی ہوتی ہے۔
—فلانٌ (ن) كُرُورًا: لوٹنا۔
يقال: كَرَّ الفارسُ هو كَرَّارٌ مِكَرٌّ۔
—الشيءَ كَرًّا: لوٹانا۔
كَرَّ الليلُ والنهارُ: دن رات کا بار بار آنا۔
—على العدوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
—عنه: پلٹنا۔
—عليه الحديثَ: کسی کے سامنے بات دہرانا۔
كَرَّرَ الشيءَ تكريرًا وتَكْرَارًا: بار بار دہرانا۔
تَكَرَّرَ عليه كذا: کسی کے سامنے کوئی چیز بار بار آنا۔
الكَرُّ: حملہ، الفَرُّ کی ضد۔
(۲) کھجور کے درخت پر چڑھنے کی کھجور کے پتوں کی رسی (۳) کشتی کے بادبان کی رسی۔
(ج) كُرُورٌ۔
الكُرُّ: اہل عراق کا ایک پیمانہ یا ساٹھ قفیز یا چالیس اردب۔
الكَرَّةُ: واپسی۔
(۲) لڑائی کا حملہ (۳) صبح و شام۔
هما كَرَّتَان۔
(۴) فنا کے بعد دوبارہ پیدائش۔
الكَرِيْرُ: گرد کی وجہ سے آواز کا بیٹھنا۔
المَكَرُّ: میدان کارزار۔
المِكَرُّ: يقال: فرس مِكَرٌّ مِفَرٌّ: فطری صلاحیت والا گھوڑا جو حملہ کرنے میں آگے پیچھے ہونے کی مہارت رکھتا ہو۔
كَرَزَ (ض) كُرُوزًا: داخل ہونا۔

(۲) غار وغیرہ میں چھپنا۔
— الیه: کسی کی طرف مائل ہونا' پناہ لینا۔
هو کارِزٌ۔
کَارَزَہ: کسی کے پاس سے بھاگ جانا۔
یقال: کَارَزَ عن فلان: کسی کے پاس سے بھاگ جانا۔
— الی المکان: کسی جگہ جلدی سے جا کر روپوش ہو جانا۔
یقال: کارز فی المکان: روپوش ہونا۔
— الی ثقةٍ من اخوان ومالٍ وغنًی: مائل ہونا۔
کَرَّزَ الصَّقْرَ: باز کو سدھانے کے لئے اس کی آنکھیں سینا اور کھلانا۔
الکُرَازُ: شیشی (ج) کِرْزان۔
الکَرَزُ: شفتالو کی طرح کا پھل رکھنے والا پودا لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔اسے کریز بھی کہتے ہیں (د)
الکُرْزُ: چرواہے کا تھیلا۔
(۲) بوری' غلہ کی بوری (ج) اکراز' کِرَزَةٌ
کَرْزَمَ الرجلُ: دوپہر کے وقت کھانا۔
الکَرْزَمَةُ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔
کَرِسَ (س) الرجلُ کَرَسًا: سینہ علم سے مالا مال ہونا۔هو کَرِسٌ۔
کَرَّسَ الشیءَ: کسی چیز کے اجزاء کو باہم ملانا۔
— البناءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
اِنْکَرَسَ علیه: کسی پر اوندھا ہو جانا۔
یقال: انکرس فی الشیءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
تَکَارَسَ الشیءُ: تہہ بہ تہہ ہونا۔
تَکَرَّسَ الشیءُ بمعنی تکارس۔
— اُسُّ البناءِ: عمارت کی بنیاد سخت اور مضبوط ہونا۔
الکُرَّاسَةُ: کتاب کا حصہ۔
یقال: هذه الکراسة عشر ورقات۔
هذا الکتاب عدة کراریس۔
قرأت کَرَّاسةً من کتاب کذا۔

(۲) ملے ہوئے چند اوراق جنہیں لکھائی کے لئے تیار کیا جائے۔کاپی۔
(ج) کُرَّاسٌ' کراریس' کُرَّاسات۔
الکِرْسُ: گھر میں جمع شدہ اونٹوں بکریوں کا بول وبراز اور ان سے آلودہ مٹی (ج) اَکْرَاسٌ۔
الکِرْسَاءُ: زمین کا ایسا ٹکڑا جس کے درختوں کی جڑیں قریب ہوں اور شاخیں باہم ملی ہوئی ہوں۔گنجان جگہ۔
الکُرْسِيُّ: تخت (۲) چارپائی۔(۳) لکڑی وغیرہ کی ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ (مو)
(۴) یونیورسٹی میں پروفیسر کی پوسٹ۔
(محدثة) (ج) کراسِيّ۔
المُکَرَّسَةُ من القلائد: کئی لڑیوں کا ہار جس کے بیچ میں جگہ جگہ بڑے مہروں سے ہر لڑی گزاری گئی ہو۔
کَرْسَعَ فلانًا: کرسوع پر تلوار مارنا۔
الکُرْسُوعُ: کلائی کی ابھری ہوئی ہڈی کے اندر کا کنارہ جو چھنگلیا سے ملا ہوتا ہے۔
— من الشاة: بکری کے اگلے کھر کے قریب چھوٹی سی ہڈی۔
کُرسوع القدم: پیر اور پنڈلی کا جوڑ (مذکر)
(ج) کَرَاسیع:
اَلمکرسعُ کلائی کی چھنگلیا کی طرف ابھری ہوئی ہڈی۔جو کہ مرد اور عورت میں عیب ہے۔
الکُرْسُفُ: روئی۔
الکُرْسُفِيُّ: روئی کی طرح سفید شہد۔
الکِرْسِنَّةُ: فصیله قرنیه کی یک ساله گھاس جسے اس کے دانے کے حصول کے لئے اگایا جاتا ہے اور اسے گائے کھاتی ہے۔
کَرِشَ (س) الرَّجُلُ کَرَشًا: عرصہ کے بعد اہل وعیال کی تعداد بڑھنا۔
— الجلدُ: کھال کا آگ سے جھلس کر سکڑنا۔
کَرَّشَ فلانٌ: چہرے پر شکن پڑنا۔
عَمَلَ المُکَرَّشَةَ (گوشت اور چربی سے ملا کر بنایا ہوا کھانا) بنانا۔

یقال: کَرَّشَ اللحمَ: گوشت کو اوجھ میں پکانا۔
تَکَرَّشَ وجهه: چہرے کی کھال سکڑنا۔
— الناسُ: اکٹھا ہونا۔
اِسْتَکْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچے کا پیٹ بڑا ہونا اور اس کا کھانے لگنا۔
— الوجهُ: چہرے پر بل پڑنا۔
— اِنفحةُ الجدی: بکری کے بچے کا آنت کا اوجھ بن جانا' یہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ گھاس چرنا شروع کر دیتا ہے۔
الاَکْرَشُ: بڑے پیٹ والا۔هي کَرْشَاءُ۔
الکِرْشُ: جگالی کرنے والے ہر جانور کی اوجھ بمنزلہ انسان کے معدے کے (مؤنث لفظ) (۲) فصیلہ سعدیہ کی ایک چکنی بوٹی اس کی جڑ موٹی اور تنے کھڑے ہوتے ہیں۔نچلے حصے میں تنے کی لمبائی کے پتے ہوتے ہیں۔بھورے سیاہ رنگ کے دانوں والا اس کا پھل ہوتا ہے۔اس کی چٹائیاں بنائی جاتی ہیں۔مصر اور شام میں پائی جاتی ہے۔ اسے السمار بھی کہتے ہیں (ج) اَکْرَاشٌ' کُرُوشٌ۔
الکَرِشُ بمعنی الکِرْش۔
کَرِشُ الرجل: ساتھی اور مصاحب۔
حدیث رسول ﷺ میں ہے: (الاَنصار کَرِشي وعَیْبَتي) (ج) اکراشٌ' کُرُوشٌ۔
الکَرْشاءُ: گوشت سے بھرا ہوا پیر جس کا تلوا ہموار اور انگلیاں چھوٹی ہوں۔
الکُرَیْشُ: سیاہ یا تیز سرخ رنگ کا ریشم کا کپڑا جس کی قمیص اور عورتوں کا برقع بنایا جاتا ہے (مو)
الکُرَیْشَةُ: اوجھ کی طرح سکڑا ہوا سوتی کپڑا (مو)
المُکَرَّشَةُ: اونٹ کی اوجھ میں رکھ کر پکایا ہوا گوشت اور چربی والا کھانا۔
کَرَعَ (ف) فی الماءِ اَوالاِناءِ کَرْعًا' کُرُوعًا: ہتھیلی اور برتن کے بغیر منہ ڈال کر پانی پینا۔
— النخلةُ وغیرُها: کھجور وغیرہ کے درخت کی جڑ سے پانی ختم نہ ہونا ھی کارعةٌ۔

ک

—الوحشَ وغیرَہ کَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔
کَرِعَتِ(س) الساقُ کَرَعًا: پنڈلی کا پتلا ہونا یا اس کا اگلا حصہ باریک ہونا۔
—فلانٌ: پنڈلی میں درد ہونا۔
(۲) پتلی پنڈلیوں والا ہونا۔ھو اَکْرَعُ۔
اَکْرَعَ القومُ: لوگوں کو بارش کا پانی ملنا۔
(۲) بارش کے پانی پر اپنے اونٹوں کو لانا۔
تَکَرَّعَ: نماز کے لئے اپنے اکارع پر پانی بہانا۔
الکُراعُ من الانسان: آدمی کے گھٹنے سے نیچے ٹخنے پنڈلی کا حصہ۔
—من البقر والغنم: کم گوشت پنڈلی کا حصہ۔
(مذکر اور مؤنث) (ج) اَکْرُعٌ اَکارِعُ۔
ضرب المثل ہے: لا تُطعِم العبدَ الکُراعَ فَیطمعَ فی الذراعِ۔
(۲) گھوڑوں اور ہتھیاروں کے مجموعے کا نام۔
(۳) بارش کا اتنا پانی جس میں منہ ڈال کر پیا جا سکے۔
الکُراعِیُّ: پائے بیچنے والا۔
الکَرَعُ: بارش کا پانی جس میں منہ ڈال کر پیا جائے۔یقال: شربنا الکرعَ۔
(۲) چوپایوں کے پائے۔
کَرَفَ(ن) الشیءَ کَرْفًا کِرافًا: سونگھنا۔
— الحمارُ: گدھی کا پیشاب سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹ پلٹنا۔
الکَرّافُ: عورتوں کو دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنے والا۔
کَرْفَأَتِ القِدرُ: ہنڈیا میں ابال آنا۔
—القومُ: لوگوں کا مخلوط ہونا۔
—الشَّعرُ وغیرہ: بالوں کا گھنا ہونا۔
تَکَرْفَأَ السَّحابُ: بادل کا تہہ بہ تہہ ہونا۔
—الشعرُ وغیرہ بمعنی کَرْفَأَ۔
والقومُ بمعنی کَرْفَئُوا۔
الکَرَفْسُ: نصف سالہ فصیلہ خیمیہ کی بوٹی جس کی جڑیں بٹی ہوتی ہیں اور کھوکھلا سیدھا تنا ہوتا ہے ۔اس کی افزائش کی ابتداء میں اس کی جڑ کے پتوں جو کہ گردن والے ہوتے ہیں کا ایک بنڈل ہوتا ہے جو کھایا جاتا ہے۔اس کا پھل خشک اور دو چھوٹے چھوٹے پھلوں میں منقسم ہوتا ہے۔
کَرَّکَتِ الدجاجۃُ: انڈے دینے سے رکنا۔
الکَرّاکۃُ: نہروں اور دریاؤں میں آنے والی ریت اور مٹی وغیرہ کو صاف کرنے کی مشین (د)
الکُرْکُ: پوستین کا لباس اکثر سمور کے کوٹ کو کہا جاتا ہے (ترکیہ)
الکُرْکِیّ: مٹیالے رنگ کا بڑا پرندہ جو لمبی گردن اور لمبی ٹانگوں والا اور کٹی دم والا ہوتا ہے۔کم گوشت یہ پرندہ کبھی کبھی پانی پر ٹھکانا پکڑتا ہے (ج) کَراکِیّ۔
الکُرَیْکُ: نانبائی کی لکڑی جس سے روٹی لگاتا اور نکالتا ہے (ترکیہ)
(۲) لکڑی کے لمبے دستے والا آلہ جس کے آخر میں چپٹا چوڑا لوہا لگا ہوتا ہے جس سے کم کھدائی کا کام کیا جاتا ہے اور مٹی کو ادھر ادھر منتقل کیا جاتا ہے۔(مع)
(۳) موٹر کا پہیہ اوپر اٹھانے کا آلہ جیک (محدثۃ)
الکَرْکَدَّن: کھروں والا سبزی خور عظیم الجثہ ایک جانور بڑے پیٹ چھوٹی ٹانگوں سخت کھال اور ناک کے اوپر ایک سینگ والا۔اسی بناء پر اسے وَحِیدُ القَرْنِ کہا جاتا ہے۔اس کی بعض اقسام کے دو سینگ ہیں ایک دوسرے کے اوپر اور یہ ہندی ہوتا ہے اور افریقی بھی۔
الکَرْکَدِیۃُ: فصیلہ خبازیہ کا پودا جسے حَمّاض اَحمر بھی کہتے ہیں اس کا اصل وطن سینی گال اور گنی ہے اور سوڈان میں بھی اس کی کاشت ہوتی ہے۔اس کے سرخ پھولوں سے خوش ذائقہ مشروب بنایا جاتا ہے۔
کَرْکَرَ: قہقہہ کے مثل ہنسنا۔
یقال: کَرْکَرَ فی الضحکِ: بہت ہنسنا۔
کرکرت النارجیلۃ: ناریل کا پانی بولنا۔
—بالدجاجۃ: مرغی کو بلند آواز سے بلانا۔
—فلانًا عن الشیءِ: روکنا۔
—الشیءَ: بار بار دہرانا (۲) اکٹھا کرنا۔
یقال: کرکرت الریحُ السحابَ: ہوا نے بادلوں کو یکجا کر دیا۔
—الرحی: چکی چلانا۔
—الحبَّ: غلہ پیسنا۔
تَکَرْکَرَ: ہوا کے دوش پر گھومنا۔
—الماءُ: پانی کا نالی میں لوٹنا۔
—فی اَمرِہ: متردد ہونا۔
الکَرْکَرۃُ: پیٹ میں گونجنے والی آواز۔
(۲) زور کی ہنسی۔
الکِرْکِرَۃُ: سم والے جانور کا سینہ۔
یقال: بَرَكَ علی کِرکرتہ۔
(۲) لوگوں کا گروہ (ج) کَراکِرُ۔
کَرْکَسَ فلان: تردد کرنا۔
(۲) بیڑی پہنے ہوئے کی چال چلنا۔
(۳) اوپر سے نیچے کی طرف لڑھکنا۔
—الشیءَ: بار بار لوٹانا دہرانا۔
—الدابۃَ وغیرھا: جانور کے پیر باندھنا۔
تَکَرْکَسَ: لڑھکنا۔
المُکَرْکَسُ: کنیز زادہ۔
الکُرْکُمُ: عسقولی ہندی طبی پودا جو کہ فصیلہ زنجباریہ سے ہے۔اس کی جڑوں کا سخت زرد پاؤڈر بطور مسالہ اور رنگ کے استعمال ہوتا ہے۔
الکُرْکُمانُ: فصیلہ شفویہ کا یک سالہ نیلے اور سفید پھولوں والا پودا۔اس کا پھل چھوٹا سینگ نما اور اس کی چونچ بھی ہوتی ہے۔میتھی کے دانوں کی طرح مگر ان سے چھوٹے اس کے بیج ہوتے ہیں جسے جانور کھاتے ہیں۔
المُکَرْکَمُ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
کَرَمَہ(ن) کَرْمًا: فیاضی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
یقال: کارمہ فکرمہ: اس نے اس سے فیاضی میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آ گیا۔
کَرُمَ (ك) فلانٌ کَرَمًا کَرامۃً: سخی اور کشادہ دل ہونا۔ھو کریمٌ۔(ج) کِرامٌ کُرَماءُ ھی کریمۃٌ (ج) کرائم۔

(۲) لُؤم (کمینہ ہونا) کی ضد۔
—الشیءُ: نفیس وعمدہ ہونا۔
—السحابُ: بادل کا خوب برسنا۔
—الارضُ: زمین کی روئیدگی کا خوب ابھرنا۔
اَکْرَمَ الرجلُ: شریف اولا دوالا ہونا۔
—فلانًا: عزت کرنا، تعظیم کرنا، بے گناہ قرار دینا۔
— نفسَه عن الشائنات: خود کو عیوب سے پاک وصاف رکھنا۔
کَارَمَهٗ: کسی کے سامنے کرم وسخاوت پر فخر کرنا۔
—الرجلَ: کسی کو ایسی چیز کا بدلہ دینا، جس پر وہ انعام دے۔
کَرَّمَ السحابُ: بادل کا خوب برسنا۔
یقال: کَرَّمَ المطرُ: خوب برسنا۔
—فلانًا بمعنی اَکْرَمَهٗ۔
—فلانًا: فضیلت وفوقیت دینا۔
تَکَارَمَ عن الشیءِ: بچنا۔
تَکَرَّمَ عن الشیءِ بمعنی تَکَارَمَ۔
(۲) فراخ دل بننا، سخی بننا۔
اِسْتَکْرَمَ الشیءَ: کسی چیز کی عمدگی چاہنا۔
(۲) عمدہ اور بیش قیمت پانا۔
—العَقَائِلَ: شریف زادیوں سے شادی کرنا۔
الإِکْرَامِیَّةُ: عطیہ (مو)
الأُکْرُوْمَةُ: شریفانہ عمل، باوقار کردار۔
التکْرِمَةُ: آدمی کے بیٹھنے کے لئے اس کے اکرام کی غرض سے تیار کی گئی خصوصی نشست بستر یا تخت وغیرہ۔
الکُرَامُ بمعنی الکَرِیْمُ۔
الکَرَامَةُ: وہ خلاف عادت فعل جس میں نہ تحدی ہو اور نہ دعوائے نبوت جس کو اللہ اپنے نیک بندوں کے ہاتھوں ظاہر کرائے (مو)
(۲) گھڑے یا ہنڈیا کا ڈھکن۔
یقال: لفلان عَلَیّ کرامة: میرے دل میں فلاں کی عزت ہے۔
یقال: افعل ذلك و کرامةً لك نعم و حُبًّا و کرامة: میں آپ کی عزت کرتا ہوں۔

الکَرَّامُ: صاحب کرم، فیاض۔
(۲) شرافت پسند۔
الکَرَمُ: یقال: رجلٌ کرمٌ: سخی آدمی۔
(اس میں مفرد، جمع اور مؤنث سب برابر ہیں کیونکہ یہ مصدر بمعنی وصف ہے)
ارضٌ کَرَمٌ: عمدہ اور زرخیز زمین۔
(۲) عفو ودرگزر۔
الکَرْمُ: انگور۔
ابنة الکرم: شراب (ج) کُرُوْمٌ۔
الکُرْمُ: یقال: اَفعلُ ذلك و کُرْمًا لك۔
نعم وحُبًّا و کُرْمًا: میں آپ کی عزت کرتا ہوں اور یہ کام میں آپ کی خاطر کر رہا ہوں۔
الکَرِیْمُ: اللہ تعالیٰ کی صفت اور نام۔
یعنی وہ ذات جو بہت سخاوت کرنے والی اور عطا کرنے والی ہے کہ اس کی بخشش کی انتہا نہیں۔
(۲) درگزر کرنے والا۔
(۳) ہر اس چیز کی صفت جو اپنی ذات میں عمدہ ہو۔
منه وجهٌ کریمٌ، کتاب کریمٌ۔
الکَرِیْمَةُ: الکَرِیْمُ کا مؤنث۔
(۲) خاندانی آدمی۔
یقال: اذا اتاکم کریمةُ قومٍ فأکرموه۔
کریمة الرجل: بیٹی (ج) کرائم۔
کریمتك: ناک۔
ہر معزز عضو جیسے کان، ہاتھ اور داڑھی۔
الکریمتان: دونوں آنکھیں۔
المُکْرَمُ: ہر کسی کے نزدیک قابل عزت۔
المَکْرُمَةُ: قابل قدر کام (ج) مَکَارِمُ۔
حدیث میں ہے: (بعثت لأُتَمِّمَ مکارمَ الأَخلاقِ)
ارضٌ مکرُمَةٌ: زرخیز اور عمدہ نباتات والی زمین۔
المَکْرَمَةُ: ارضٌ مَکْرَمَةٌ: زرخیز اور عمدہ نباتات والی زمین۔
الکُرُنْبُ: نصف سالہ فصیلہ صلیبیہ کا پودا جس کا تخت چھوٹا سا تنا ہوتا ہے اور سرے پر ایک کلی ہوتی ہے اس کے پتے لپٹے ہوئے ہوتے

ہیں۔ معتدل علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ شام میں اسے المَکْفُوفُ کہتے ہیں (مع)
کَرْنَفَ النَّخْلَةَ: کھجور کے تنے پر باقی ماندہ شاخوں کی جڑوں کا کاٹنا۔
—فلانًا بالعصا: کسی کو لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔
—الشیءَ بالسیف: تلوار سے کاٹنا۔
الکِرْنَافُ: کھجور کی ٹہنیوں کو کاٹنے کے بعد تنے پر باقی رہ جانے والے حصے۔
الواحدةُ: کُرْنافة (ج) کَرَانِیْفُ۔
الکُرْنَافَةُ: بندوق کا پچھلا حصہ (مو)
کَرِهَ (س) الشیءَ کُرْهًا، کَرَاهَةً، کَرَاهِیة: ناپسند کرنا (احبّه کی ضد) هو کریهٌ، ومکروه۔
الامرُ والمنظر (ن) کَرَاهَةً، و کَرَاهِیة: برا اور بدنما ہونا۔
اَکْرَهَه علی الامر: کسی کام پر مجبور کرنا۔
کَرَّهَ الیه الامْرَ: کسی کے دل میں کسی کام کی نفرت بٹھانا۔
تَکَارَهَ الشیءَ بمعنی کَرِهَه۔
یقال: فعل کذا متکارها: اس نے یہ کام بادل ناخواستہ کیا۔
تَکَرَّهَ الشیءَ بمعنی کَرِهَه۔
اِسْتَکْرَهَ الشیءَ بمعنی کَرِهَه۔
—فلانةً: عورت کو بدکاری پر مجبور کرنا۔
الکَرْهاءُ: گدی کا بالائی گڑھا۔
الکَرْهُ: ناگواری، ناپسندیدگی۔
(۲) مشقت (۳) جو کام کسی سے زبردستی لیا جائے۔
(۴) ناپسندیدہ۔ یقال: شیءٌ کَرْهٌ۔
الکُرْهُ بمعنی الکَرْهُ۔
الکَرِیْهَةُ: جنگ یا جنگ کی شدت۔
یقال: شهدتُ الکریهة
(۲) مصیبت (ج) کَرَائِهُ۔
یقال: لقیتُ دونه کرائه الدهر: میں نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے زمانے کی مصیبتیں جھیلیں۔
المَکْرُوْهَةُ: یقال: رجل ذومَکْرُوهَةٍ:

ک

سخت وتشدد آدمی۔

كَرَا (ن) الغلامُ: كَرْوًا: گیند سے کھیلنا۔

يقال: كَرَا الكرةَ وبها: گیند سے کھیلنا، گیند کو اچھالنے کے لئے مارنا۔

— الارضَ: کھودنا۔

— البئرَ: کنویں کا من درختوں سے بنانا اور لکڑی سے چھت ڈالنا۔

كَرَى (ض) النهرَ كَرْيًا: نہر میں نیا گڑھا کھودنا۔

— الارضَ: کھودنا۔

كَرِيَ (س) الرجلُ كَرًى: سونا۔

هو كَرٍ، كَرِيٌّ، كَرْيَانُ۔

يقال: اصبح فلان كَرْيان الغداةِ هي كَرِيَةٌ۔

اَكْرَى: کم ہونا۔

يقال: اَكْرَى الرجلُ: کسی کا مال یا توشہ کم ہونا۔

— الدارَ او الدابةَ: گھر یا چوپایہ کرایہ پر دینا۔

كَارَاهُ مُكَارَاةً، كِرَاءً: کرایہ پر دینا۔

هو مُكَارٍ۔

اِكْتَرَى الدارَ وغيرها: کرایہ پر لینا۔

تكارى الدارَ وغيرها بمعنی اكتراها۔

اِسْتَكْرَى الدارَ وغيرها بمعنی اِكْتَرَاهَا۔

الكَرَى: اونگھ (۲) نیند (ج) اكراء

الكُرَى: قبریں (كُرْوَةٌ یا كُرْيَة کی جمع)

الكِرَاءُ: کرایہ، اجرت۔

الكُرَةُ: ہر گول جسم منه: الكرة الارضية۔

(۲) چمڑے کا گول جسم جس سے کھیلا جاتا ہے۔ اس کی متعدد اقسام ہیں۔

كرة الصَّولجان ہاکی کا گیند۔

كرة القدم: فٹ بال۔

كرة اليد: گیند۔

كرة التنس: ٹینس۔

كرة السَّلَّة، كرة الماء: باسکٹ بال۔

(۲) (علم ہندسہ میں): دہری سطح جسے دائرہ میں موجود مستوی قطع کرے (ج) كُرات (مج)

الكَرَوانُ: ٹیالے رنگ کا لمبی ٹانگوں والا پرندہ جو کبوتری کی طرح ہوتا ہے اور اس کی آواز خوشنما ہوتی ہے (ج) كِرْوانٌ، كراوينُ۔

الكِرْوَةُ بمعنی الكِرَاءُ۔

الكَرَوِيَا: (ممدودہ بھی ہوتا ہے) نصف سالہ فصيله خيميه کی بوٹی جس کی جڑ وتدی اور تنا متفرق شاخوں والا ہوتا ہے۔ اس کے پتے بہت جدا جدا اور اس کا پھل بطور مسالہ اور خوشبو استعمال ہوتا ہے۔ جو کہ بذر الكرويا کے نام سے مشہور ہے اس کی شراب بھی بنائی جاتی ہے (مج)

الكُرَوِيُّ: گیندنما۔

الكَرِيُّ: مزدور (۲) کرایہ پر سواری کا جانور دینے والا (فصیل بمعنی مُفعِل) (ج) اَكْرِيَاءُ

المُكَارِي: کرایہ پر چوپائے دینے والا۔ عموماً اس کا استعمال گدھوں اور خچروں پر ہوتا ہے (ج) مُكَارُونَ۔

الكُرُومُ: سفیدی مائل بھورا فلزی عنصر، بعض معدنیات کی تصفیح میں بذریعہ بجلی کی تحلیل کے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ اس کے بعض مرکبات رنگائی وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں (مج)

الكُرُوميتُ: کرومؔ آکسیجن اور لوہے وغیرہ سے مرکب ڈھیر کی صورت میں پایا جاتا ہے اسے الكُرُومُ کا خام سمجھا جاتا ہے (مج)

الكُرَيَّاتُ: (الكريات الاحمر) سرخ خون کے کریات جو کہ سرخ گودے کے اندر تشکیل پاتے ہیں۔

الكريات البيض: خون کے بے رنگ کرّے۔

ک .... ز

كَزِبَ (س) مُشْطُ الرِّجلَ كَزَبًا: پاؤں کی ہڈیوں کا چھوٹا اور سکڑا ہوا ہونا اور یہ عیب ہے۔

الكُزْبُ: الكُسب میں ایک لغت۔

الكَوْزَبُ: کنجوس، تنگ دل۔

المَكْزُوبَةُ من الألوان: سیاہ وسفید رنگ۔

الكُزْبَرَةُ: فصيله خيميه کی یک سالہ زرعی سبزی، بعض کھانوں میں اس کے پتے ملائے جاتے ہیں اس کی جڑیں کھانے اور ادویات میں استعمال ہوتی ہیں۔

كَزَّ (ن) الشيءُ كَزًّا: تنگ کرنا۔

كَزَّ (س) الشيءُ كَزَازَةً، كُزُوزَةً: سردی سے مرجھا جانا، سکڑ جانا۔

— الوجهُ: شکل خراب ہونا۔

— فلان كَزَازًا، كَزَازَةً: بے فیض وبے نفع ہونا هو كَزٌّ۔ (ج) كُزٌّ۔

رجلٌ كَزُّ اليدين: کنجوس آدمی۔

كُزَّ فلان: لرزہ طاری ہونا هو مَكْزُوزٌ۔

اَكَزَّهُ اللهُ: لرزہ میں مبتلا کرنا۔ هو مكزوز۔

اِكْتَزَّ الرجلُ: سکڑنا۔

التَّكَزُّزُ: چبانے والے عضلات کے سکڑنے سے جبڑوں کا بند ہونا جس سے منہ نہ کھلے (مج)

الكَازُوزَةُ: (دیکھئے: القازوزة) (د)

الكزازُ: خشکی، سکڑن۔

(۲) بخل۔

الكُزَازُ: لرزہ، کپکپی جو زیادہ ٹھنڈک یا خون نکلنے کی وجہ سے طاری ہوتی ہے۔

(۲) ایک مہلک بیماری جو مجروح کے زخموں کو ایسی مٹی لگنے سے ہوتی ہے جو ٹیٹانوس کے باسیل پر مشتمل ہو۔ (مج)

كَزَمَ (ن ض) فلانٌ كَزْمًا: منہ بند کر کے خاموش ہو جانا۔

— الشيءَ الصُّلبَ (ن) كَزْمًا: زور سے کاٹنا۔

(۲) اگلے دانتوں سے توڑ کر اس میں سے کھانے کے لئے نکالنا۔

كَزِمَ (س) فلان كَزَمًا: کسی چیز پر سبقت سے ڈرنا هو كَزِمٌ۔

(۲) بری طرح کھانا۔

(۳) چھوٹی ناک اور چھوٹی انگلیوں والا ہونا۔

(۴) ٹھوڑی اور نچلے ہونٹ کا آگے بڑھا ہوا ہونا اور اوپر کے ہونٹ کا اندر کو دبا ہوا ہونا۔

يقال: انف اَكْزَمَ، يد كَزْماء۔

اَكْزَمَ فلان: سکڑنا۔

كَزَّمَ: سردی یا بیماری کا انگلیوں کو اینٹھ دینا۔

— العملُ ونحوه بنانَه: کام وغیرہ کا انگلیوں کو سکیڑ دینا' خشک کر دینا۔

المُنْكَزِمُ: چھوٹی ہتھیلی والا۔

كَزِيَ (ض) الرَّجلُ كَزْيًا: طالب بخشش کے ساتھ مہربانی کرنا۔

ک .... س

كَسَبَ (ض) لأَهله كَسْبًا: عیال کے لئے کمائی کرنا' رزق تلاش کرنا۔

— الشيءَ: اکٹھا کرنا۔

— المالَ كَسْبًا' كِسْبًا: دولت کمانا۔ **هو كَاسِبٌ (ج) كَسَبَةٌ۔ هو كَسَّابٌ' كَسُوبٌ۔**

— الإِثْمَ: گناہ کا بوجھ اٹھانا۔

قرآن مجید میں ہے: **{وَمَن يَكْسِبْ خَطِيئَةً أَوْ إِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا}**

— فلانًا مالًا وعلمًا أو غير ذلك: کسی کو مال یا علم وغیرہ دینا۔

أَكْسَبَ فلانًا مالًا أو علمًا: کسی کو تحصیل علم یا حصول زر میں مدد دینا یا مال یا علم حاصل کرانا۔

اكْتَسَبَ: تصرف کرنا' کوشش کرنا۔

— المالَ: مال کمانا۔

— الإِثْمَ: گناہ کا بوجھ اٹھانا۔

قرآن مجید میں ہے: **{لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ}**

تَكَسَّبَ: کوشش سے کمانا۔

المالَ: مال کمانا۔

يقال: هو يتكسّبُ من الشِّعر۔

الكَسْبُ: کمائی۔

يقال: فلان طيّب الكسب۔

الكُسْبُ: تیل کی تلچھٹ۔

(۲) روئی' کتان اور تلوں کے بیجوں سے تیل نکالنے کے بعد بچ جانے والا پھوک۔

الكَوَاسِبُ: انسان یا پرندوں کے اعضاء

مفرد: **كَاسِبَةٌ۔**

المَكْسَبُ: کمائی (ج) **مَكَاسِبُ۔**

الكُسْتِبَان: (دیکھئے: **الكشتبان**)

كَوْسَجَ فلان: کوسج ہونا۔

تَكَوْسَجَ: يقال: من طالت لحيتُه تكوسج عقلُه: جس کی داڑھی لمبی ہوتی ہے اس کی عقل ناقص ہوتی ہے۔

الكَوْسَجُ: وہ شخص جس کے رخساروں پر بال نہ ہوں (۲) جس کے دانت کم ہوں (۳) ست رفتار چوپایہ (۴) بہت بڑی سمندری مچھلی' اس کا اگلا سرا چپٹا نیزے کی مانند ہوتا ہے۔ دونوں جانب آرے کے دندانوں کی طرح دانت ہوتے ہیں۔ گرم علاقوں کے پانیوں میں یہ مچھلی بکثرت پائی جاتی ہے اور یہ چیر پھاڑ کرنے والی مچھلی ہے۔ (ج) **كَوَاسِجُ۔**

كَسَحَ (ف) البيتَ كَسْحًا: جھاڑو دینا۔

— الريحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی مٹی کو اڑا لے جانا۔

— البئرَ أو النهرَ: صاف کرنا۔

يقال: أتينا بني فلان فكسحْناهم: ہم نے انکا صفایا کر دیا۔

كَسَحَ فلان من مالي ماشآء: اس نے میرے مال میں سے جتنا چاہا لیا۔

كَسِحَ (س) كَسَحًا' كُسَاحًا' كُسَاحَةً: بے حس پاؤں یا بے حس ہاتھ والا ہونا۔ (عموماً استعمال پاؤں میں ہوتا ہے) **هو أَكْسَحُ هي كَسْحَاءُ (ج) كُسْحٌ' كُسْحَانٌ هو كَسْحَانُ' كَسِيحٌ' مُكَسَّحٌ۔**

إِكْتَسَحَ الشيءَ: لے جانا۔

يقال: اغاروا عليهم فاكتسحوهم: ان کا سارا مال لے گئے۔

الكُسَاحُ: اونٹ کے پاؤں کا لنگ۔

(۲) بچوں کی ہڈیوں کی بیماری (مج)

الكُسَاحَةُ: جھاڑو کے بعد اکٹھا ہونے والا کوڑا۔

الكَسِيحُ: وہ شخص جس سے تو مدد طلب کرے لیکن وہ عجز کی بناء پر مدد نہ کر سکے۔

المِكْسَحُ: جھاڑو۔

المِكْسَحَةُ: جھاڑو۔

المُكَسَّحُ: پاؤں میں لنگ کا مریض۔

(۲) ہموار تراشیدہ لکڑی۔

كَسَدَ (ن) الشيءُ كَسَادًا' كُسُودًا: قلت رغبت کی وجہ سے گاہک نہ ہونا کم ہونا' نہ چلنا' **هو كاسدٌ' كَسِيدٌ۔**

يقال: كَسَدَتِ السُّوقُ: بازار مندا ہونا۔

هي كاسدٌ' كاسدةٌ۔

يقال: سلْعة كاسدة

كَسُدَ (ك) الشيءُ كَسَادًا' كُسُودًا: بمعنی **كَسَدَ هو كَسِيدٌ۔**

أَكْسَدَ القومُ: مندے بازار والا ہونا۔

— الشيءَ: مندا کرنا' کسی چیز کی مانگ کم کر دینا۔

كَسَرَ (ض) فلانٌ من طرفه وعلى طرفه كَسْرًا: نگاہ قدرے نیچی کرنا۔

— الشيءَ: سخت چیز توڑنا' ریزہ ریزہ کرنا۔

هو كاسِرٌ (ج) كُسَّرٌ۔

هي كاسرة (ج) كَوَاسِرُ۔

الشيءُ مكسورٌ' وكسيرٌ' كسيرٌ کی جمع **كَسْرَى كَسَارَى** آتی ہے۔

يقال: كَسَرَ من ثورته' كسر حُمَيَّا الخمر بالمِزاج' كسر من برد الماء وحرّه۔

— الكتابَ على عشرة فصول مثلًا: مرتب کرنا۔

— متاعَهُ: سامان کا ایک ایک حصہ کر کے بیچنا۔

— الوَسادَ: تکیہ کو موڑ کر اس پر ٹیک لگانا۔

— الطائرُ جناحيه: پرندے کا اترنے کے لئے دونوں بازو سمیٹنا۔

جب جناحین کا تذکرہ نہ ہو تو پھر **قد كَسَرَ كُسُورًا۔**

يقال: بازٍ كاسرٌ: عُقَابٌ كَاسِرٌ۔

— الرجلَ عن مراده: کسی کو اسکے مقصد سے ہٹانا۔

— القومَ: شکست دینا۔

ک

—الشِّعر: شعر کا وزن درست نہ کرنا۔
—الحرفَ: حرف کو زیر دینا (مو)
کَسَّرَ الشيءَ: بالکل توڑنا۔
—الکلمةَ: جمع تکسیر بنانا (مو)
إِنْكَسَرَ الشيءُ: لازم کَسَرَہ۔
—الشَّيءُ: زور کم پڑنا۔
یقال: انکسر الحرُّو برد الماء
—العسکرُ: لشکر کا شکست کھا کر منتشر ہونا۔
ھو مکسور' لا یقال: منکسر۔
—الشِّعرُ: شعر کا وزن ٹھیک نہ رہنا۔
—العجینُ: آٹے کا نرم ہو کر خمیر اٹھنا۔
تَکَسَّرَ الشيءُ: لازم کَسَّرَہ
یقال: فلان فیه تَخَنُّثٌ وتَکَسُّرٌ: ڈھیلا ہونا۔
رأیته مُتَکَسِّرًا: سست' ڈھیلا۔
الإِکسِیر: (دیکھئے: اکسیر باب الهمزه میں)
الکُسَارُ: ٹوٹی ہوئی چیز کے ریزے۔
جیسے: کسار الزجاج' کسارُ العودو الخبز۔
الکُسَارَةُ۔ بمعنی الکُسَارُ۔
الکِسْرُ: گھر کا گوشہ۔
(۲) ہر چیز کا کونہ (ج) أَکسار' کسور
الکَسْرُ۔ بمعنی الکِسْرُ۔ (۲) تھوڑی چیز۔
(۳) (حساب میں) ایک عدد کا نا تمام جیسے نصف' خمس' تُسع۔ اور عُشر (ج) کُسُور۔
یقال: ضربَ الحُسَّابُ الکُسُورَ بعضَها فی بعض: حساب دانوں نے کسر کو کسر سے ضرب دی۔
الکَسْرَةُ: شکست۔
یقال: وقعتْ علی القومِ الکَسْرَةُ: لوگ ہار گئے۔ شکست کھا گئے۔
فلان بعینه کَسْرَةٌ من السهر: فلاں کی آنکھ میں نیند بھری ہوئی ہے۔
رجل ذو کَسَرَاتٍ: ہر چیز میں دھوکہ کھانے والا شخص۔
الکِسْرَةُ: کسی چیز کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

منه: الکِسْرةُ من الخبز (ج) کِسَرٌ۔
الکَسَّارَةُ: اخروٹ وغیرہ توڑنے کا آلہ (مج)
الکُسُورُ من الجلد والثوب: کھال یا کپڑے کی سلوٹ۔
ارض ذات کُسور: اونچی نیچی زمین۔
— من الأَودیة والجبال: وادیوں اور پہاڑوں کے موڑ اور گھاٹیاں (اس معنی میں اس کا کوئی واحد نہیں)
المُکَاسِرُ من الجیران: آپ کا پڑوسی جس کا گھر آپ کے گھر سے ملا ہوا ہو۔
یقال: فلان مُکَاسِرِی: فلاں میرا پڑوسی ہے۔
المَکْسِرُ: ٹوٹنے کی جگہ۔
یقال: عود صلب المکسر: توڑنے سے عمدہ ثابت ہونے والی لکڑی۔
فلان طیّب المکسر: تجربہ سے قابل تعریف ثابت ہونے والا شخص۔
المُکَسَّرَاتُ: اخروٹ' بادام اور بندق وغیرہ (محدثہ)
کَسَّ (ن) الشيءَ کَسًّا: خوب کوٹنا۔
کَسَّ (س) الرجلُ کَسَسًا: کسی کے نچلے جبڑے اور دانتوں کا باہر نکلا ہوا ہونا اور اوپر کے جبڑے اور دانتوں کا پیچھے کو کرنا۔ ھو أَکَسُّ' ھی کَسَّاءُ (ج) کُسٌّ۔
تَکَسَّسَ: جان بوجھ کر کَسَسَ۔ کرنا جبکہ پیدائشی طور پر نہ ہو۔
الکَسِیْسُ: پتھروں پر خشک کر کے ستو کی طرح چورہ کیا ہوا گوشت جو سفر میں بطور توشہ کام آتا ہے۔
(۲) جوار مکی سے بنی ہوئی شراب۔
کَسَعَ (ف) فلانًا کَسْعًا: کسی کی سرین پر ہاتھ یا لات مارنا۔
یقال: کَسَعَ القومَ بالسیف: لوگوں کا پیچھا کر کے تلوار مارنا۔
—الشيءَ بکذا و کذا: تابع کرنا۔
یقال: وردت الخیلُ یَکْسَعُ بعضُها

بعضًا
۔فلانًا بما ساءَهُ: کسی کو تکلیف دہ بات کہنا
(۲) دھتکارنا۔
إِکْتَسَعَتِ الخیلُ بأَذنابها: گھوڑوں کا اپنی دموں کو ٹانگوں میں دبا لینا۔
یقال: إِکْتَسَعَ الکلبُ۔
—الفحلُ: سانڈ کا اپنی دم کو اپنی رانوں پر مارنا۔
تَکَسَّعَ فی ضلاله: گمراہی میں بڑھتے رہنا۔
الأَکْسَعُ: یقال: حمامٌ أَکْسَعُ: وہ کبوتر جس کی دم کے نیچے سفید پر ہوں۔
الکُسْعَةُ: ہر شے کی پیشانی پر سفید دھبا۔
(۲) پرندے کی دم کے نیچے سفید بالوں کا گچھا۔
(۳) روٹی کا ٹکڑا (ج) کُسَعٌ۔
کَسَفَتِ (ن ض) الشَّمسُ۔ کُسُوفًا: سورج کا چھپ جانا اور روشنی ختم ہو جانا۔
—الوجهُ: چہرہ زرد پڑنا' بدل جانا۔
—الرجلُ: نگاہ نیچی ہو جانا۔
یقال: کَسَفَ بصَرَہ: نگاہ نیچی کرنا۔
—بصَرَہ: آنکھ دکھنے کی بنا پر نہ کھلنا۔
—باله: بدحال ہونا۔
—أَمَلَهُ: ناامید ہونا۔
—الشيءَ کَسْفًا: ڈھانکنا۔
—الشمسُ النجومَ: سورج کی روشنی کا ستاروں کو چھپا لینا۔
—الشيءَ: منقطع کرنا۔
أَکْسَفَ القمرُ الشمسَ: چاند کا سورج کی روشنی کو چھپا لینا۔
—الحزنُ فلانًا: غم کا کسی کو بدل ڈالنا۔
کَسَّفَ الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکاسِفُ: یقال: یومٌ کاسِفٌ: بہت بڑا اور سخت مصیبت کا دن۔
الکِسْفَةُ: کسی چیز کا ٹکڑا (ج) کِسْفٌ' کِسَفٌ۔
—قرآن مجید میں ہے: {أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ کَمَا زَعَمْتَ عَلَیْنَا کِسَفًا}
ایک روایت میں کِسْفًا۔ ہے

الکُسُوفُ: زمین اور سورج کے درمیان چاند کے آجانے کی وجہ سے سورج کی روشنی کا چھپ جانا یا کم ہوجانا۔ یہ سورج کے لئے ایسا ہی ہے جیسے چاند کے لئے خسوف۔

الکَسِیْفَةُ۔ بمعنی الکِسْفَةُ۔

کَسْکَسَ الشیءَ: خوب کوٹنا۔

اَلْکَسْکَسَةُ: مؤنث کی ضمیر کاف کے ساتھ وقف کی صورت میں سین لگانا۔

یقولون: اَعْطَیْتُکِسْ ومِنْکِسْ: کہتے ہیں اعطیتكِ اور مِنْكِ۔ کو اور یہ ہوازن کی لغت ہے۔

الکُسْکُسِیُّ: اہل مراکش کا کھانا جو دلے ہوئے گیہوں سے بنایا اور بھاپ پر پکایا جاتا ہے (مو)

کَسِلَ (س) عن الشیءِ کَسَلاً: ایسے کام میں سستی کرنا جس میں سستی کرنا ٹھیک نہ ہو۔

ھو کَسِلٌ، کَسْلَانُ (ج) کُسَالیٰ، کَسْلیٰ ھی کَسِلَةٌ، کَسْلیٰ، کَسْلَانَةٌ۔

اَکْسَلَ الامرُ الرَّجلَ: سست کردینا۔

کَسَّلَه۔ بمعنی اَکْسَلَه۔

تَکَاسَلَ: جان بوجھ کر سستی کرنا۔

اِسْتَکْسَلَ المُتَکَاسِلُ: سستی کرنے والے کا سستی کی وجوہ بیان کرنا۔

المَکْسَلَةُ: سستی کا سبب۔

یقال: الفراغ مَکْسَلَةٌ۔

فلان لا تُکْسِلُه المکاسِلُ: فلاں شخص کو اسباب کسل سست نہیں بناتے۔

کَسَمَ (ض) کَسْمًا: معاش کیلئے محنت کرنا۔

—الحربَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔

—الشیءَ الیابِسَ: سوکھی چیز کو ہاتھ سے چورنا۔

الأَسْکُومُ من الرِّیاض: گھنے نباتات کا باغ (ج) اَکَاسِیمُ اَکَاسِیْمُ۔

الکُسْمُ: ہاتھوں کا لگا رہ جانے والا خشک چیز کا چورا۔

الکَسُوْمُ: محنتی اور کاموں میں مستعد۔

کَسَا (ن) فلانًا ثَوْبًا کَسْوًا: کسی کو کپڑا دینا۔ (۲) کپڑا پہنانا۔

کَسِيَ (س) کَسًا: کپڑا پہننا ھو کاسٍ۔

اِکْتَسیٰ: کپڑا پہننا۔

الارضُ بالنبات: زمین کا نباتات سے ڈھک جانا۔

تَکَسّٰی بالکساء: کپڑا اوڑھنا، پہننا۔

اِسْتَکْسَاهُ: کسی سے کپڑا مانگنا۔

الکِسَاءُ: لباس (ج) اَکْسِیَةٌ۔

الکُسْوَةُ: بدن ڈھانپنے یا زیبائش کا کپڑا (ج) کُسًا۔

ک ...... ش

کَشَأَ (ف) اللحمَ کَشْأً: گوشت کو بھون کر خشک کرنا۔ ھو کشیءٌ۔

—الطعامَ: کھانے کی چیز کو لکڑی وغیرہ کی طرح دانتوں سے کاٹ کر کھانا۔

—الشیءَ: چھیلنا۔

کَشِئَ (س) من الطعامِ کَشَأً، کَشَاءً: شکم سیر ہونا ھو کَشِئٌ، کشیءٌ۔

—یدُہ: ہاتھ کی کھال کا موٹا ہونا۔

—السِّقاءُ: مشک کا چمڑا اچھل جانا۔

—الشَّأَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

تَکَشَّأَ الأدیمُ: کھال چھل جانا۔

—الرجلُ من الطعامِ: کھانے سے سیر ہونا۔

—اللَّحمَ: سوکھا ہوا گوشت کھانا۔

الکَشِیءُ: بھنا ہوا پختہ گوشت۔

الکُشْتُبَانُ: قیف نما خول جو درزی انگلی کے سرے پر چڑھاتا ہے تاکہ سوئی سے بچ سکے (فارسی الاصل): مصر میں شین کی جگہ سین بولا جاتا ہے (۲) (موسیقی میں): دھات وغیرہ کا خول جس کے دونوں سرے کھلے ہوتے ہیں انگلی پر چڑھا کر طبلہ بجایا جاتا ہے۔

کَشَحَ (ف) القومُ عن الماءِ کَشْحًا: پانی کے پاس سے چلے جانا، ہٹ جانا۔

—الطائرُ: پرندے کا پانی سے تیزی کے ساتھ واپس ہوجانا۔

—لفلان بالعداوۃِ: کسی کے ساتھ دشمنی رکھنا۔

—الدَّابَّةُ: چوپائے کا دم کو ٹانگوں میں دبانا۔

—القومَ: دھتکارنا۔

—البعیرَ: اونٹ کے پہلو پر آگ کا داغ لگانا۔

—فلانًا: کوکھ کے قریب نیزہ مارنا۔

—العودَ: لکڑی کو چھیلنا۔

کَشِحَ (س) کَشَحًا: پہلو میں درد ہونا۔

کَاشَحَه: دشمنی رکھنا۔

کَشَّحَ العُودَ: لکڑی کو چھیلنا۔

اِنْکَشَحُوا عن الماءِ ونحوہ: لوگوں کا چھٹ جانا، منتشر ہوجانا۔

الکَاشِحُ: شدید دشمن۔

الکِشَاحُ: پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَةُ: بائیکاٹ۔

الکَشْحُ: پہلو، کوکھ اور پسلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) موتیوں وغیرہ کا ہار (ج) کُشُوحٌ۔

یقال: طَوىٰ کَشْحَه علی الامرِ: کسی بات کو چھپانا۔

طوىٰ عنه کَشْحَه: چھوڑنا، پہلو تہی کرنا۔

الکَشَحُ، الکُشَاحُ: پہلو کی بیماری یا ذات الجنب۔

المِکْشَاحُ: کلہاڑی (۲) تلوار کی دھار۔

کَشَدَ (ض) الشیءَ کَشْدًا: دانتوں سے کاٹنا۔

—الناقةَ: اونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

الکَاشِدُ: اہل و عیال کے لئے محنت سے روزی کمانے والا (۲) صلہ رحمی کرنے والا۔

الکُشُودُ۔ بمعنی الکَاشِدُ۔

کَشَرَ (ض) عن اَسنانه کَشْرًا: دانت ظاہر کرنا، ہنستے وقت دانت نکالنا۔

—فلانٌ لصاحبه: اپنے ساتھی کو دیکھ کر مسکرانا۔

—السَّبُعُ عن نابه: درندے کا مقابلہ کے لئے دانت نکالنا۔

—العَدُوُّ عن انیابه: دشمن کا دانت پیسنا۔

درندے کی طرح کاٹ کر کھانے کے لئے دوڑنا۔
کَاشَرَہ: کسی کے سامنے ہنسنا' بے تکلفی سے پیش آنا۔
کَشَّرَ: مبالغہ در کَشَرَ۔
الکُشَرُ: خوشہ جس کا پھل کھالیا گیا ہو۔
الکُشَرِیُّ: چاول اور دال چھلی ہوئی یا بغیر چھلی ہوئی سے بنایا ہوا کھانا (محدثۃ)
کَشَّتِ (ض) الاَفْعٰی کَشِیْشًا: سانپ کی جلد کی باہمی رگڑ سے آواز نکلنا۔
(۲) سانپ کا پھنکارنا۔
—الجملُ: اونٹ کا بلبلانا۔
—القِدرُ: ہنڈیا میں جوش آنا۔
اب کَشَّ۔سکڑنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔**یقولون: کَشَّ الثوبُ بعد الغسل:** کپڑے کا دھلنے کے بعد سکڑنا۔
—فلانٌ من کذا: کسی چیز سے ڈرنا۔
کَشَطَہ (ض) عنہ کَشْطًا: الگ کرنا۔
یقال: کَشَطَ الجلدَ عن الذَّبیحۃ۔
کَشَطَ الجُلَّ عن الفرس۔
فلانٌ لِزَازُ مالٍ: مال کا منتظم اور اسے ٹھیک رکھنے والا۔**جعلت فلانًا لزازًا لفلان:** میں نے فلاں کو فلاں کے لئے مخالفت ختم کرانے کا وکیل ونمائندہ بنایا ہے۔

اللَّزُّ: دروازہ کا کنڈا۔

يقال: فلان كَزٌّ لَزٌّ: فلاں بخیل ہے۔(اتباع)

اللِّزُّ: کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔

يقال: هو لِزُّ شَرٍّ: بخیل ہے۔

اللَّزَزُ: دروازہ کی چٹخنی۔

المِلَزُّ: سخت جھگڑالو، مطالبہ پر اڑا رہنے والا۔

يقال: رجلٌ مِلَزٌّ، امرأةٌ مِلَزٌّ۔

لَزِقَ (س) الشيئُ بالشيئ لُزُوْقًا: چپکنا، جمنا،

چپکنے والے مسالے سے جڑنا۔(۲)مل جانا' درمیان میں خلا رہنا۔

یقال: لَزِقت الرِّئَةُ بالجنب: پیاس یا بیماری سے پھیپھڑے کا پہلو سے لگ جانا۔ **هو لازِقٌ هی لازِقَةٌ۔**

أَلْزَقَهُ بالشئ: چپکانا۔

لازَقَهُ مُلازَقَةً، لِزَاقًا: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔

یقال: هو جاری ومُلازِقِی۔

لَزَّقَ الشئَ: چپکانا۔(۲) کام کو نا پختہ طور پر کرنا۔

إِلْتَزَقَ الشئُ بالشئ: چپکنا۔لگنا۔

تَلازَقَ الشیئانِ: ایک دوسرے سے چپکنا۔

اللَّازُوقُ: مرہم کا پھایہ جو زخم ٹھیک کر کے ہی اترتا ہے۔(۲)دوا کا پلاسٹر جو زخم کو بچانے کے لئے رکھا جاتا ہے۔(مو)

اللِّزَاقُ: جوڑنے یا چپکانے کی چیز۔**لِزاق الذهب، لزاق الحجر، لزاق الرخام:** خاص ادویات جو پتھروں سے حاصل کی جاتی ہیں۔

اللَّزَّاق الورق اللِّزاق: ایک کاغذ جس پر چپکانے کا مادہ لگا ہوتا ہے۔(مو)

اللِّزْقُ: بمعنی **اللَّازِقُ۔**

یقال: هذا لِزْقُ هذا وبلزقه: یہ اس کے برابر ہے' پہلو میں ہے۔

اللَّزْقاءُ أُذُنٌ لَزْقاء: کان جس کے کنارہ سر سے چپکا ہوا ہو۔

اللَّزْقَةُ: دوا کا پلاسٹر جو درد کی جگہ درد ختم ہونے تک چپکایا جاتا ہے۔(مو)

اللَّزَیْقِی: بارش سے دو رات بعد پتھروں کی جڑوں کی مٹی میں اگنے والی روئیدگی۔

اللَّزُوق: بمعنی **اللَّازوق۔یقال: هو لَزِیقُ هذا**

لَزِمَ(س) الشئ لُزُومًا: برقرار رہنا' لازم ہوجانا۔

— كذا من كذا: کسی چیز سے کوئی چیز پیدا ہونا۔ لازم آنا۔(مو)

— الشئُ فلانًا: کسی پر کوئی چیز واجب ولازم ہونا۔

یقال لَزِمه الغُرم، لَزِمَهُ الطلاقُ۔

— العَمَلَ: کام پر لگے رہنا۔

— المریضُ السریرَ: بیمار کا صاحب فراش ہی رہنا۔

— الغریمَ وبه: قرض دار کے پیچھے پڑنا۔

أَلْزَمَ الشئَ: ثابت کرنا۔ ہمیشہ کے لئے کرنا۔

— فلانًا الشئَ: کسی پر کوئی چیز لازم کرنا۔

یقال: أَلْزَمَهُ المالَ والعَمَلَ والحُجَّةَ وغیر ذلك۔

یقال أَلْزَمَهُ به، أَلْزَمْتُ خَصْمِی: مقابل پر دلیل میں غالب آنا۔

لازَمَهُ مُلازَمَةً، لِزَامًا: وابستہ رہنا' ساتھ لگے رہنا۔

— یقال: لازَمَ الغَرِیمَ: قرض دار کے سر پر سوار رہنا' پیچھا نہ چھوڑنا۔

— فلانًا: کسی سے گلے ملنا۔

اِلْتَزَمَ الشئَ أو الأَمْرَ: کسی چیز یا کسی معاملہ کا ذمہ لینا۔خود پر لازم کرنا۔

— فلانٌ للدَّولة: حکومت کو لگان ادا کرنے کا ذمہ لینا یعنی اپنی زمین کے بدلے کچھ مال دینے کا وعدہ کرنا۔ **هو مُلْتَزِمٌ۔**(مو)

اِسْتَلْزَمَ الشئَ: لازم اور ضرور سمجھنا۔(۲) مقتضی ہونا۔درکار ہونا۔(مو)

اللَّازِمَةُ: (ریاضی اور ہندسہ میں) کسی پر دلیل قائم کئے ہوئے نظریہ سے نکلنے والا لازمی نتیجہ۔(ج)(۲)انسان کی قولی یا فعلی عادت جو غیر ارادی اور غیر شعوری طور پر اسکی خصوصیت بن جائے۔(مو)

اللِّزَامُ: بہت چمٹا رہنے والا۔

قرآن حکیم میں ہے: **فَسَوْفَ یَکُونُ لِزَامًا۔**

اللُّزَمَةُ: رجلٌ لُزَمَةٌ: کسی چیز سے ہر وقت چمٹا رہنے والا۔

المُلازِمُ: ایک فوجی اور پولیس عہدہ۔جو ساعد سے اوپر ملازم اول سے کم ہوتا ہے۔

الملازم الأول: ایک فوجی عہدہ جو ملازم سے اوپر اور نقیب سے کم ہوتا ہے۔(محدثہ)

المُلْتَزِمُ: زمین کا خرچ دینے کا پابند(مو)

(۲) **المِلْزَمُ:** دو لکڑیوں یا لوہوں سے مرکب ایک آلہ جو درمیان سے لکڑی یا لوہے سے پیوست ہوتا ہے۔اس کے ذریعے اشیاء کو پکڑا جاتا ہے۔(ج)**ملازم۔**

المَلْزَمَةُ: کتاب وغیرہ کا ایک جز جو ۸ یا ۱۶ یا ۳۲ صفحات کا ہوتا ہے۔(مو)

لَزَنَ(ن) القومُ لَزْنًا: لوگوں کی بھیڑ لگنا۔

یقال: لَزَنَ القومُ علی البئر: پانی پینے کیلئے بھیڑ لگنا۔

تَلازَنَ القومُ: بمعنی **لَزَنُوا۔**

الأَلْزَنُ من الزمان: سخت زمانہ۔

اللَّزْنُ: سختی' تنگی۔

یقال: اصابهم لَزْنٌ من العیش۔

ماءٌ لَزْنٌ: تھوڑا پانی۔

مَنْهَلٌ لَزْنٌ: بھیڑ والا چشمہ۔

اللِّزْنَةُ: بمعنی **اللَّزْنُ**۔(۲) تنگی اور سختی کا سال۔(ج) **لِزَنٌ۔**

اللَّزْنَةُ: بمعنی **اللَّزْنَةُ (ج) لِزَنٌ۔**

ل.........س

لَسَبَتْهُ(ض) العقربُ ونحوها لَسْبًا: بچھو کا ڈسنا۔

یقال: بات البعوضُ یلسبنا۔

— فلانًا سوطًا وبه: کسی کو کوڑا مارنا۔

لَسَبَهُ بلسانه: گالی دینا۔ **هو لاسِبٌ: لَسَّابَةٌ۔**

لَسِبَ(س) به لَسَبًا: چپکنا۔

— العَسَلَ ونحوه: چاٹنا۔

أَلْسَبَه عقربًا ونحوها: بچھو وغیرہ کو کاٹنے کیلئے کسی پر چھوڑنا۔

اللَّسُوبُ: یقال ما ترک لَسُوبًا: اس نے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَسَدَ (ض) الفصيلُ ونحوه أمَّهُ لَسْدًا: ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
ـــ الشیٔ: چاٹنا۔
یقال: لَسَدَ العسلَ،لَسَدَتِ الوحشيّةُ ولدَها۔
المِلْسَدُ: اونٹنیوں کے بچوں سے بہت رضاعت کرنے والا۔
لَسَّ (ن) الشیٔ لَسًّا: کھانا۔(۲) چاٹنا۔
یقال: لَسَّتِ الدابّةُ الحشيشَ: چوپاؤں کا گھاس ہونٹوں سے کھانا۔
یقال: فلان يَلُسُّ لِیَ الأذی: مجھے تکلیف دینے کی چال چل رہا ہے۔
اَلَسَّتِ الارضُ: زمین کی پہلی روئیدگی نمودار ہونا۔
ـــ النباتُ: گھاس کا پکڑنے اور نوچنے کے قابل ہونا۔
اللُّسَاسُ: ابتدائی روئیدگی جو چری نہ جا سکے۔
اللُّسُّ: پہلی دفعہ کی چرائی۔
اللُّسُسُ: ہوشیار شتربان۔
لَسَعَتْهُ (ف) العقربُ لَسْعًا: ڈنک مارنا۔
یقال: اَتَتْنِی منه اللَّواسِعُ: بڑی تکلیف دہ باتیں سننا پڑیں۔هو مَلْسُوعٌ. هی مَلسُوعةٌ۔ هو وهی لَسِيْعٌ۔(ج)لَسْعَی،لُسَعَاءُ۔
ـــ فلانًا بلسانه: کسی کو برا کہنا۔تکلیف دینا۔
اَلْسَعَهُ عَقْرَبًا ونحوها: بچھو کو کسی پر ڈسنے کے لئے چھوڑنا۔
ـــ بین الناس: لوگوں میں لڑائی کرانا۔
اللَّسَّاعُ: بدزبان۔طعنہ زن۔
اللُّسَعَةُ: بمعنی اللَّسَّاعُ۔
اللَّسُوعُ: شوہر کو تکلیف پہنچانے والی زبان دراز عورت۔
المِلْسَعُ: ماہر و ہوشیار راہبر۔
لَسِقَ: (دیکھئے لزق، لصق)
اللَّسُوقُ: زخم کی جگہ لگایا جانے والا پھایہ جو تندرستی تک چپکا رہے۔(مج)

لَسَنَ (ن) فلانًا لَسْنًا: کسی کو بدگوئی کرنا۔ برائی کرنا۔
ـــ فلانًا: زبان آوری میں کسی پر غالب آنا اپنی عمدگی لسان کی بناء پر۔
یقال: لاسَنَهُ فَلَسَنَهُ۔
ـــ اللِّيفَ: کھجور کے پتوں کے ریشے نکال کر بٹنے کے لئے لچھیاں بنانا۔
لَسِنَ (س) فلانٌ لَسَنًا: فصیح و بلیغ ہونا۔
هو لسِنٌ. هی لَسِنَةٌ. هو اَلْسَنُ. هی لَسْنَاءُ۔ (ج) لُسْنٌ۔
اَلْسَنَ فلانٌ: فصیح اللسان ہونا۔(۲) کثیر الکلام ہونا۔
ـــ فلانًا قولَه اَو رسالتَه: کسی تک اپنی بات یا پیغام پہنچانا۔
یقال: اَلْسِنِّی فلانًا واَلْسِنْ لِی فلانًا كذا و كذا: میرا پیغام پہنچاؤ۔
اَلْسَنَ عنه: کسی کا پیغام پہنچانا۔
لاَسَنَهُ: کسی سے بات چیت میں مقابلہ کرنا۔
یقال: كان بينهما مُلاسَنَةٌ۔
لَسَّنَ فلانٌ: حیرت یا سوچ کی بنا پر دانتوں میں زبان دبانا۔
ـــ الشیٔ: کسی چیز کی زبان کی طرح نوک بنانا۔
یقال: لَسَّنَ الحِذَاءَ: جوتے کو اوپر کی طرف سے نوک بنانا زبان کی نوک طرح۔هو مُلَسَّنٌ۔
قَدَمٌ مُلَسَّنَةٌ: لطیف و قدرے لمبا پیر۔
ـــ اللِّيفَ: بمعنی لَسَنَهُ۔
تَلَسَّنَ الجَمْرُ: زبان کی طرح انگاروں سے شعلہ یا لپٹ اٹھنا۔
ـــ علیّ: کسی پر الزام لگانا۔
اللِّسَانُ: متحرک لمبا گوشت کا ٹکڑا جو کہ منہ میں ہوتا ہے چکھنے نگلنے اور بولنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ (مذکر ہے کبھی مؤنث آتا ہے)۔(ج) اَلْسِنَةٌ، لُسُنٌ: (۲) زبان، بولی۔
قرآن حکیم میں ہے
فَاِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ۔

(۳) سمندر کی خشک لمبی پٹی۔(مج)
(۴) خبر، پیغام۔
یقال: اتانی اَو اتتنی منه لِسانٌ۔
(۵) دلیل و حجت۔
یقال: فلان ينطق بلسان الله: اللہ کی عطا کردہ حجت سے بولتا ہے۔
(۷) تعریف۔تبصرہ۔تذکرہ۔
یقال: لسان الناس عليه حَسَنَةٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ: میرا حقیقی اور ذکر خیر جاری فرما۔
لسان القوم: قوم کا ترجمان، نمائندہ۔
لسان الحال: ایسی صورت حال جس سے کسی بات کا پتہ لگ سکے۔(مو)
ذو اللسانین: منافق۔
یقال: ذو وجهين وذو لسانين۔
لسانُ الحذاء: جوتے کی اوپر کی چونچ۔جو کہ اس کے منہ سے نیچے اور قدم کی پشت کے اندر ہوتی ہے۔
لسانُ الميزان: ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں لگا ہوا لوہا جو تولتے وقت دائیں بائیں جھکتا اور وزن بتاتا ہے۔(مج)
لسانُ النار: آگ کا شعلہ جو زبان کی شکل میں اٹھتا ہے۔
یقال: طفئ لسانُ النار۔
لسان المزمار: (علم تشریح میں) زمین کی شکل کا ایک چپٹا ٹکڑا جو زبان کی جڑ میں ہوتا ہے۔جو ایک پردہ سے ڈھکا ہوتا ہے۔گلے کے ڈھکن کو بند کرنے کیلئے نیچے کو ہو جاتا ہے کیونکہ نگلنے کے عمل کے دوران وہ بند ہوتا ہے۔(مج)
لِسانُ الثور: ایک خوشبودار پودا اس کے پتے بیل کی زبان کے مشابہ ہوتے ہیں کچھ تو فصلوں میں اُگائے جاتے ہیں اور کچھ پھولوں کی غرض سے اگائے جاتے ہیں۔
لسان الحَمَل: ایک خوشبودار بڑی بوٹی جو کہ فصیلہ حملیہ سے تعلق رکھتی ہے۔

ل

لسانُ العَصَافير: ایک زرد پھولوں والا درخت جو خوبصورتی کیلئے راستہ کے اطراف میں لگایا جاتا ہے۔
لسانُ العصفور: مکروتہ کی ایک قسم جو کہ زبان کی صورت میں چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ (محدثہ)
اللِّسْنُ: کلام (۲) لغت، بول، زبان۔
یقال: لکل قومٍ لِسْنٌ (۳) زبان۔
اللِّسَنُ: زبان کی طرح نوک دار۔
(۲) المَلْسُوْنُ: رجلٌ مَلْسُونٌ: میٹھی باتیں بنانے والا اور کام نہ کرنے والا۔

ل............ش

لَشْلَشَ فلانٌ: خوف کے وقت بہت بیقرار ہونا۔
اللَّشْلَشُ: بزدل اور بے قرار اور پریشان۔
فلانٌ جبان لَشْلاشٌ: بےچین و پریشان۔
لَشَا (ن) فلانٌ لَشْوًا: خسیس و کم ظرف ہونا، علوشان کے بعد۔
لاَ شاهُ اللهُ: فنا کرنا، معدوم کرنا۔ لاش کی مانند کر دینا۔ امام جاحظ کی البیان والتبیین میں ہے: لاشاهم فتلاشَوْا۔
تلاشَى: معدوم ہونا۔ لاشاهٗ۔
لَصِبَ (س) الجلدُ باللَّحمِ لَصَبًا: دبلے پن سے کھال کا گوشت سے چمٹ جانا۔
ــــ الخاتَمُ فی الاصبع: انگلی میں انگوٹھی کا پھنس جانا۔
ــــ السیفُ فی الغِمْدِ: تلوار کا میان میں پھنس کر نہ نکلنا۔ ھو مِلْصَابٌ۔
اِلتَصَبَ الشیءُ: تنگ ہونا۔
اللاَّصِبَةُ: تنگ اور گہرا کنواں۔ (ج) لَوَاصِبُ۔
اللِّصْبُ: وادی یا پہاڑ کا تنگ راستہ۔
(ج) لُصُوبٌ لِصَابٌ۔
اللَّصِبُ: کنجوس و بداخلاق۔
لَصَّ (ن) الشیءَ لَصًّا: چرانا۔
(۲) چوری چھپے کچھ کرنا۔
ــــ البابَ: دروازہ بالکل بند کرنا ھو مَلْصُوصٌ۔
لَصَّ (س) فلانٌ لَصَصًا، لُصُوصِيَّةً: کسی کی داڑھوں یا مونڈھوں کا قریب قریب ہونا۔
ــــ المرأةُ: عورت کی رانوں کا ملا ہوا ہونا۔
ــــ الجبهةُ: تنگ ہونا۔
ــــ الفرسُ: گھوڑے کی کہنیوں کا ملا ہوا ہونا۔
ــــ الشاةُ: بکری کا ایک سینگ آگے اور ایک پیچھے ہونا۔ ھو اَلَصُّ، ھی لَصَّاءُ۔ (ج) لُصٌّ۔
تَلَصَّصَ فلانٌ: بار بار چوری کرنا۔
(۲) چور بننا۔ (۳) تجسس کرنا۔
اللِّصُّ: چور (ج) لُصُوصٌ۔ لَصِصَةٌ۔
اللَّصُّ بمعنی اللِّصُّ (ج) لُصُوصٌ۔ ھی لَصَّةٌ۔ (ج) لَصَّاتٌ۔ لَصَائِصُ۔
المَلَصَّةُ: اَرضٌ مَلَصَّةٌ: بہت چوروں والی زمین۔
لَصَغَ (ف) الجلدُ لَصْغًا، لُصُوغًا: دبلے پن سے گوشت کا ہڈی سے چپک جانا۔
لَصَفَ (ن) لَوْنُهٗ لُصوفًا، لَصِيفًا: رنگ چمکنا۔
ــــ البعیرُ لَصَفًا: کانٹوں والا درخت (لصف) کھانا۔
اللاَّصِفُ: آنکھ میں لگایا ہوا سرمہ۔
اللَّصَفُ: بحر متوسط کے علاقوں میں پیدا ہونے والا کانٹے دار پودا جو فصیلہ لصفیہ سے ہے اور سفید پھولوں والا ہوتا ہے۔
لَصِقَ (س) الشیءُ بغیرہ لَصَقًا، لُصُوقًا: چپکنا، چمٹنا۔ ھو لاصِقٌ، لَصَاقٌ۔
اَلْصَقَ الشیءَ بالشیءِ: چپکانا، جوڑنا۔
لاَصَقَهٗ: کسی سے چمٹے رہنا۔
اِلتَصَقَ بہ: چپکنا، وابستہ ہونا۔
تَلاَصَقَا: باہم ملنا، جڑنا۔
الاِلْصَاقُ: حرف الصاق مثلاً باء جیسے مَرَرْتُ بزیدٍ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ
الالتصاق: (ہندسہ میں) سخت جسم کا دوسرے جسم سے ملنا۔ (مج)
اِلالتصاقِيَّةُ: اللغة الالتصاقية: اصل زبان سے زائد وسیلوں کے ذریعے خالص روابط قائم کرنے کی زبان۔ جیسا کہ نئی زبانوں میں الأجرية، البولونيه اور التركية۔
اللاَّصُوقُ: زخم پر لگائی جانے والی دوا۔
(۲) زخم پر باندھی جانے والی دوا کی پٹی یا پلاسٹر۔
اللِّصْقُ: یقال: ھو لِصقی، بِلِصْقِی: وہ میرے برابر میں ہے۔
ھو بِلِصقِ الحائط: دیوار سے ملا ہوا۔
اللَّصُوقُ: بمعنی اللاَّصوقُ۔
اللَّصِيقُ: منہ بولا بیٹا۔
ھو لصيقی: وہ میرے برابر میں ہے۔
جارٌ لصيقٌ: قریبی پڑوسی۔
المُلْصَقُ: منہ بولا بیٹا۔
لَصْلَصَ الشیءَ: کسی چیز کو نکالنے یا اکھاڑنے کے لئے ہلانا۔ یقال لَصْلَصَ الضِّرْسَ من الفم۔
لصلص الوَتِدَ۔

ل............ض

لَضْلَضَ: بار بار ادھر ادھر دیکھنا۔
اللَّضْلاَضُ: دلیل۔ لَضْلاَضٌ: ماہر رہبر۔
لَضَمَهٗ (ض) لَضْمًا: کسی پر سختی اور تشدد کرنا۔

ل............ط

لَطَأَ (ف) بالشیءِ لَطْئًا: چمٹنا، چپکنا۔
یقال لَطَأَ بالأرض: زمین سے لگ جانا۔
ــــ فلانًا بالعصا: لاٹھی مارنا۔
لَطِئَ (س) بالأرض لُطُوءًا: زمین سے چمٹنا۔
ــــ لسانُهٗ: زبان خشک ہونا۔
اللاَّطِئَةُ: دماغ تک پہنچنے والا زخم یعنی سِمْحاق تک اور سر کی ہڈی کے اوپر باریک سی جھلی۔
(۲) اچھا نہ ہونے والا پھوڑا۔
(۳) سر پر چپک جانے والی چھوٹی ٹوپی۔ جسے الطاقیہ کہتے ہیں۔
لَطَثَ (ن) الشیءُ لَطْثًا: خراب ہونا۔

— فلانًا أو الشيءَ: تھپڑ مارنا' یا چوڑی چپٹی چیز مارنا۔
— فلانًا بحجر: پتھر مارنا۔
— الأمرُ فلانًا: کسی کے کوئی کام مشکل ہونا۔
یقال: لَطَسَهُ الحِمْلُ: نا قابل برداشت ہونا۔
تَلَاطَسَ القومُ: ہاتھا پائی کرنا یا شمشیر زنی کرنا۔
— الموجُ: موج کا اٹھنا۔
المَلَاطِسُ: بدن کے وہ حصے جو وزن یا چوٹ سے دکھ رہے ہوں۔
لَطَخَهُ (ف) بِكَذا لَطْخًا: لتھیڑنا یا لت پت کرنا۔
یقال: لَطَخَ ثوبه بالمِدَاد وغیرہ۔
یقال: لَطَخَ فلانًا بسُوءٍ: بدنام کرنا۔
لَطَخَتْ فلانًا بأمر قبيح۔
لَطَّخَهُ: مبالغہ در لَطَخَهُ۔
تَلَطَّخَ الشيءُ بكذا: آلودہ ہونا۔
— فلان بأمر قبيح: برے کام میں ملوث ہونا۔
اللَّطْخُ: ہر تھوڑی چیز۔
یقال: في السماء لطخٌ من السَّحَاب۔
سمعت لَطْخًا من خبر: تھوڑی سی خبر سنی۔
(۲) بیوقوف۔ (مو)
اللَّطِخُ: گندی چیز کھانے والا۔
(۲) ہر وہ چیز جو دوسرے رنگ میں بھدے طور پر رنگ دی گئی ہو۔
اللُّطَخَةُ: رجلٌ لُطَخَةٌ: بیوقوف و بے نفع آدمی۔
اللَّطِيخُ: بیوقوف۔
اللَّطُوخُ: وہ چیز جو کسی چیز میں یا اس کے رنگ میں آلودہ کی جائے۔
(لَطَسَهُ) (ن) لَطْسًا: کسی چوڑی چیز سے مارنا۔ (۲) تھپڑ رسید کرنا۔
— فلانًا بالحجر ونحوہ: کسی کو پتھر مارنا۔
— الحجرَ بالحجر: ایک پتھر کو توڑنے کیلئے دوسرے پتھر سے مارنا۔

— الشيءَ: کسی چیز کو خوب اچھی طرح کوٹنا۔
(۲) کسی چیز کو خوب روندنا۔ ھو لطّاسٌ۔
(لَاطَسَهُ): کسی چیز سے آلودہ اور پراگندہ ہونا۔
(تَلَاطَسَتِ) الأمواجُ: موجوں کا تلاطم خیز ہونا' باہم ٹکرانا۔
(الملطاس): پتھر توڑنے کا بڑا ہتھوڑا (۲) ایسا بڑا پتھر جس سے گٹھلیوں کو توڑا جائے۔ (ج) ملاطيس۔
(المِلْطَسُ) بمعنی الملطاس (ج) ملاطِس۔
(لَطَّ) (ن) الأمرَ وغیرہ لَطًّا: کس کام کا پابند ہونا۔ لازم پکڑنا۔
— بفلان: کسی کے ساتھ ساتھ رہنا اور جدا نہ ہونا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو چھپانا اور پوشیدہ رکھنا۔
— عليه: پردہ ڈالنا۔
— الحقَّ بالباطل: حق کو باطل کے پردہ میں چھپانا۔
— عنه الخبرَ وعليه: ایک بات کو کسی سے چھپانا اور غلط خبر دینا۔
— السِتْرَ أو الحجاب: پردہ لٹکانا۔
— حقَّهُ وعن حَقِّهِ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
— البابَ: دروازہ بند کرنا۔
— الشيءَ وبه: کسی چیز کو چپکانا۔ یا کسی سے چپکانا۔
— فلانًا بالعصا: کسی لاٹھی مارنا۔
(لَطَّ) (ض) فلانٌ لَطَطًا: کسی کے دانت ٹوٹ جانا یا دانتوں میں کیڑا لگ جانا اور صرف جڑیں باقی رہ جانا۔ ھو أَلَطّ۔
(أَلَطَّ) الرجلُ: کسی معاملہ یا لڑائی میں سختی اور شدت اختیار کرنا۔
— الأمرَ عليه: کسی معاملہ کو چھپانا۔
— حَقَّهُ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
— الحقَّ بالباطلِ: حق کو باطل کے پردہ میں چھپانا۔
— الحجابَ: پردہ لٹکانا۔

— القبرَ: قبر کو زمین کے برابر کرنا۔
— فلانًا: کسی کی مدد کرنا۔
(التَطَّتِ) المرأةُ: پردہ نشین ہونا۔ پردہ کرنا۔
— بالمسكِ: مشک خوشبو لگانا۔
— الشيءَ: چھپانا۔
(تَلَطَّطَ) حَقَّهُ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔ (کبھی تَلَطَّى بھی کہتے ہیں تاکہ ایک حرف کا تین مرتبہ مسلسل ادا کرنا لازم نہ آئے)
(اللَاطُّ): خبیث' بدباطن۔
(المِلْطَاطُ): پہاڑ کی چوٹی کا کنارہ۔ (۲) پہاڑ کا دامن۔ (۳) چکی کا دستہ (۴) وادی کا کنارہ۔ (۵) سمندر کا ساحل۔ (۶) ساحل کا راستہ۔ (۷) انتہائی آمدورفت والا راستہ۔ (۸) گھر کا صحن۔ (۹) معمار کی کرنی (جس سے مسالا لگاتا اور پلاسٹر کرتا ہے) (۱۰) سر کا ایسا زخم جو دماغ تک سرایت کر جائے۔
(لَطَعَ) (ف) الشيءَ لَطْعًا: کسی چیز کو چاٹنا۔ ھو لاطعٌ ولطّاعٌ۔
— الكلبُ والذِّئبُ الماءَ: کتے یا بھیڑیئے کا پانی پینا۔
— فلانًا: کسی کے پچھلے حصہ پر ٹانگ مارنا۔
— فلانًا بالعصا: کسی کو لاٹھی مارنا۔
— عينَهُ: آنکھ پر تھپڑ مارنا۔
(لَطِعَتِ) الأسنانُ لَطَعًا: دانتوں کا گھس جانا اور ان کی جڑوں کا باقی رہنا۔
— شَفَةُ الزِّنجيّ: حبشی (سیاہ فام) کے ہونٹ کا اندر سے سفید ہونا۔ ھُوَ أَلْطَعُ وھی لَطْعَاء (ج) لُطْعٌ۔
— الشيءُ: کمزور ہو جانا۔
— الشيءَ لَطَعًا: چاٹنا۔
— فلانًا: کسی کے پچھلے حصہ پر ٹانگ مارنا۔
(اِلْتَطَعَ) الشيءَ: چاٹنا۔ جیسے اِلْتَطَعَ ما في الإناء أو الحوض۔
(اللُّطْعُ): تالو۔ (ج) أَلْطَاع۔
(اللُّطَعُ): رجلٌ لُطَعٌ: کمینہ اور گھٹیا آدمی۔

(اللُّطَعَةُ): روئی کے کیڑے کے انڈے جنہیں وہ پتوں پر نکالتا ہے۔ (ج) لُطَعٌ (محدثة)

(لَطَفَ) (ن) بِهٖ ولَهٗ لُطْفًا ولَطَفًا: کسی کے ساتھ نرمی اور ہمدردی کا معاملہ کرنا۔ هو لطيفٌ قرآن مجید میں ہے (اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ)۔

هو لطيفٌ بهٰذا الأمرِ: وہ اس معاملہ میں دلچسپی رکھتا ہے۔

(لَطُفَ)(ك) الشيءُ لُطْفًا ولَطَافَةً: ہلکا اور نازک ہونا۔ (ضِدُّ كَثُفَ): جیسے: الهواء جسمٌ لطيفٌ: (۲) باریک اور نرم ہونا۔ (ضد خشن) جیسے فتاةٌ: ذات خلق لطيف (۳) چھوٹا اور پتلا ہونا جیسے: عودٌ لطيفٌ۔

— عنه: کسی سے چھوٹا ہونا۔ هو لطيفٌ (ج) لِطافٌ ولُطَفَاء وهی لطيفةٌ (ج) لِطَافٌ ولَطَائف۔

(أَلْطَفَ) له فی القول وفی المسألة: کسی سے انتہائی دقیق اور پیچیدہ سوال پوچھنا۔

— فلانًا بكذا: کسی کو تحفہ دینا' کسی کے ساتھ نیکی اور لطف وکرم کا برتاؤ کرنا۔ کہتے ہیں: كم أتحف وألطف: (اس نے بہت تحفہ دیا اور بہت مہربانی کی)۔

— الشيءَ بجنبه: پہلو سے لگانا۔

(لاَطَفَهٗ): کسی سے نیکی اور لطف وکرم کا برتاؤ کرنا۔ (۲) کسی سے نرم گفتگو کرنا۔

(لَطَّفَ) الكتابَ وغيرَهٗ: کتاب کو دقیق اور پیچیدہ بنانا۔

(تَلاَطَفَ) القومُ: باہم مہربانی وہمدردی کرنا۔

— فی الأمرِ: کسی معاملہ میں باہم تعاون اور اچھا برتاؤ کرنا۔

(تَلَطَّفَ) لِلأمرِ وفيه وبه: کسی معاملہ میں نرمی برتنا۔

— بفلان: کسی کے ساتھ نرمی برت کر حیلہ کرکے اس کے راز معلوم کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَلْيَتَلَطَّفْ وَلاَ يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا)

— فلانٌ: عاجزی اور مہربانی کا مظاہرہ کرنا۔

(اِسْتَلْطَفَ) الشيءَ: کسی چیز کو قریب کرنا اور پہلو سے لگانا۔ (۲) کسی چیز کو لطیف پانا یا سمجھنا۔ (مو)

(اللُّطْفُ): نرمی' مہربانی' شفقت (۲) تحفہ' ہدیہ جیسے: أهدٰى اليه لَطَفًا اور مَا اكثر تحفه وألطافه (۳) تھوڑا سا کھانا وغیرہ (ج) ألطاف۔

هؤلاء لَطَفُ فلان: یہ فلاں کے ہمدرد اور ساتھی ہیں جو اسے تحفے تحائف دیتے ہیں۔

(اللُّطْفُ) من قبل الله تعالىٰ: اللہ کی طرف سے عطا کردہ توفیق وحفاظت (۲) کام میں آسانی اور لچک (ج) أُلطاف۔

(اللَّطَفَةُ): ہدیہ' تحفہ۔

(اللَّطِيْفُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے۔ (۲) معاملات کے اسرار اور پوشیدگیوں کو جاننے والا (۳) مشکل اور دقیق معنی والا کلام۔ (۴) نازک اور اچھی چیز۔

الجنس اللطيف: عورت' صنف نازک (محدثة)

(اللطيفة): مؤنث اللطيف: (۲) دقیق کلام۔

جارية لطيفة الخصر: پتلے پیٹ والی لڑکی (ج) لطائف۔

(اللَّوَاطِفُ) من الأضلاع: سینہ سے قریب کی پسلیاں۔

(لَطَمَهٗ)(ض) لَطْمًا: طمانچہ رسید کرنا' تھپڑ مارنا۔ کہتے ہیں: لطمت المرأةُ وجهها۔

— الشيءَ بالشيءِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔ (۲) ایک کو دوسری میں خلط ملط کرنا۔

— لَطَمَتْنِی منه رائحةٌ: مجھے اس کی بو لگ گئی۔

(لاَطَمَهٗ) مُلاَطَمَةً ولِطَامًا: ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

(لَطَّمَهٗ): کسی کو خوب تھپڑ مارنا۔ هو مُلَطَّمٌ۔

— الكتابَ: خط پر مہر لگانا۔

(التَطَمَتِ) الامواجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔ تلاطم خیز ہونا۔

— القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

(تلاطمتِ) الامواجُ: موجوں کا تلاطم خیز ہونا۔ باہم ٹکرانا۔

— القومُ: ایک دوسرے کو تھپڑ رسید کرنا۔

(تَلَطَّمَ) وجهُهٗ: چہرہ کا گرد آلود ہونا۔

(اللَّطِيْمُ): تھپڑ زدہ شخص' طمانچہ رسیدہ۔ (۲) وہ شخص جس کے ماں باپ بچپن میں فوت ہوگئے ہوں۔ (۳) گھڑ دوڑ میں نویں نمبر پر آنے والا گھوڑا (ج) لُطُمٌ۔

(اللَّطِيْمَةُ): مشک دان۔ جیسے: فاحت اللطيمةُ، مشک دان سے خوشبو مہکنا اور كأنّ فاها لطيمةُ تاجرٍ (۲) مشک وریشم وغیرہ پر مشتمل تجارتی قافلہ (ج) لَطَائِمُ۔

(المُلَطَّمُ): کمینہ' گھٹیا اور اچھے اخلاق سے عاری شخص۔

(المَلْطَمُ): رخسار' گال۔

— مَلْطَمُ البحرِ: سمندر میں موجیں ٹکرانے کا مقام (ج) مَلاَطِمُ۔

(لَطَا)(ن) لَطْوًا: کسی چٹان یا غار میں پناہ پکڑنا۔

(لَطِی)(ض) لَطْيًا: زمین سے چمٹے رہنا۔ الگ نہ ہونا۔

(تَلَطّٰی) عَلَى الْعَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا منتظر رہنا۔ (۲) کسی مطالبہ کی بنا پر دشمن کے مال کا کچھ حصہ لے کر آگے چل پڑنا۔

(اللَّطَاةُ): زمین (۲) جگہ' مقام (۳) پیشانی یا اس کا درمیان۔ جیسے: بَيَّضَ اللهُ لَطَاتَكَ: اللہ تمہاری پیشانی روشن کرے (۴) چور (جو آپ کے قریب ہوں) اس لفظ کا واحد نہیں ہے (۵) بوجھ جیسے: القى عليه لطاته۔

القى لطاته وبلطاته: کسی جگہ جم کر رہنا۔

— فلانٌ لا يعرف قطاته من لطاته: بیوقوف جسے اگلے پچھلے کی تمیز نہ ہو۔ (ج) اللَّطٰى۔

(اللُّطَاةُ): چور (۲) وہ چور جو آپ کے قریب ہوں۔

(المِلْطٰى والمِلْطَاءُ والمِلْطَاةُ): سر کی ہڈی

اوراس کے گوشت کے درمیان کی جھلی۔

ل.........ظ

(لَظَّ)(ن) **بہ لَظًّا**: کسی چیز کولازم پکڑنا اور اس سے جدانہ ہونا۔

ـــ **علیه**: اصرار کرنا۔

ـــ **فلانًا**: دھتکارنا۔دھکا دینا۔**هو لاظٌّ مِلظاظٌ**

(ألَظَّ)بہ: بمعنی **لَظَّ**: حدیث میں ہے **(أَلِظُّوا بیاذا الجلال والاکرام)**: یعنی اس دعا کو لازم پکڑو۔

ـــ **بالمکان**: کسی جگہ ٹھہرے رہنا۔

ـــ **بفلانٍ**: کسی کے ساتھ رہنا۔

ـــ **علیه**: لازم پکڑنا۔جدانہ ہونا۔

ـــ **المطرُ**: مسلسل بارش ہونا۔

(لَاظَّ)فی الحرب مُلاظَّةً ولِظَاظًا: مسلسل لڑائی کرتے رہنا۔

(تَلَاظُّوا) فی الحرب ملاظّة ولظاظًا: بمعنی **لاظُّوا**۔

ـــ **الفُرسان**: گھڑسواروں کا ایک دوسرے کو دھکیلنا، پیچھے چھوڑنا۔

(تَلَظَّظتِ) الحیّة: سانپ کا غصہ کی وجہ سے زور سے سر جھٹکنا۔

(اللَّظُّ): سخت مزاج اور متشدد آدمی۔

(المِلْظَاظُ): ضدی۔ہٹ دھرم۔

رجلٌ مِلظاظٌ: تنگ کیا ہوا آدمی۔

(المِلَظُّ): ضدی، سخت اصرار کرنے والا۔

(المُلِظَّةُ): اصرار آمیز خط یا پیغام۔

(لَظْلَظَتِ)الحیّة راسها: سانپ کا غصہ کی وجہ سے سر ہلانا۔

(تَلَظْلَظَتِ) الحیّة: بمعنی **لظلظت**۔

(اللَّظلاظُ): سخت اور متشدد آدمی۔(۲) فصیح اور خوش گفتار آدمی۔

ـــ **یومٌ لظلاظٌ**: سخت گرم دن۔

(لَظِیَت) (س) **النارُ لظًی**: آگ بھڑکنا۔

(لَظَّی)النارَ: آگ بھڑکانا۔

(التَظَتِ)النارُ: آگ بھڑکنا۔

ـــ **فلانٌ**: غصہ سے آگ بگولا ہونا۔

(تَلَظَّتِ)النارُ: آگ بھڑکنا۔

ـــ **الحرُّ**: گرمی کی شدت اختیار کرنا۔

ـــ **المفازةُ**: صحرا میں گرمی کی انتہائی شدت ہونا۔

ـــ **فلانٌ علی فلان**: کسی پر غصہ بھڑکنا۔

(اللَّظی): آگ کا شعلہ۔لپٹ (جس میں دھواں نہ ہو)۔

(لَظی): جہنم کا ایک نام (یہ اسم علم ہے اس پر تنوین نہیں آتی)۔

ل.........ع

(لَعَبَ)(ف) **الصّبی لَعْبًا**: بچہ کے منہ سے رال ٹپکنا۔

(لَعِبَ)(س) **لَعِبًا ولِعْبًا**: کھیلنا۔قرآن مجید میں ہے: **(أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ)**

ـــ **بالشیءِ**: کسی چیز کا کھلونا بنانا۔

ـــ **فی الدین**: دین کا مذاق اڑانا۔قرآن مجید میں ہے **(وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا)**

لَعِبَت بهم الهمومُ: لوگوں کا پریشانیوں کی زد میں آنا۔

ـــ **الریحُ بالمنزلِ**: ہوا کا مکان کے نشانات مٹا دینا۔**(ألْعَبَ) الصبیَّ**: بچہ کے ساتھ کھیلنا۔(۲) بچہ کو کھلونا دینا۔

(لَاعَبَه)مُلاعَبَةً ولِعَابًا: کسی کے ساتھ مذاق اور دل لگی کرنا۔

(لَعَّبَ)الرجلُ: بمعنی **لَعِبَ**۔

ـــ **القردَ ونحوهُ**: بندر وغیرہ کا تماشا دکھانا۔(مو)

(تَلَاعَبَ): بمعنی **لَعِبَ**۔

ـــ **الریحُ بالمنزلِ**: ہوا کا گھر کے نشانات مٹا دینا۔

(تَلَعَّبَ): بار بار کھیلنا۔

ـــ **تَلَعّبت بهم الهموم**: پریشانیوں کا شکار ہونا۔

(الأُلْعُبَانُ): کھلاڑی، بہت کھیلنے والا۔(۲) مکر اور داؤ کھیلنے والا (مو)

(الأُلْعُوبَةُ): کھلونا۔کھیل کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے **بینهم ألعوبة**: اور **هذه ألعوبة حسنةٌ** (ج) **ألاعیب**۔

(التَّلْعَابُ): کھیل۔

(التِّلْعَابُ): کھلاڑی۔

(التِّلْعَابَةُ): کھلاڑی۔

(اللُّعَابُ): تھوک۔

لعابُ النحل: شہد۔

ـــ **لعابُ الحیّة ونحوها**: زہر۔

ـــ **لعابُ الشمس**: سخت گرمی میں مکڑی کے جالے جیسے: اوپر سے آتی ہوئی چیز، تمازت آفتاب۔

سال لعابُ الشمس: گرمی میں شدت ہونا۔

(اللُّعْبَةُ): کھلونا۔(۲) گڑیا (۳) مسخرہ اور ہنسی مذاق کا نشانہ جس سے دل لگی کی جائے۔جیسے **رجلٌ لعبةٌ** (۴) کھیل کی باری جیسے **لمن اللعبة**: اور **فَرَغَ من لعبته** (ج) **لُعَبٌ**۔

(اللُّعَبَةُ): کھلاڑی۔

(اللَّعّابُ): کھلاڑی، بہت کھیلنے والا (۲) کھیل تماشا کا پیشہ کرنے والا جیسے مداری اور سپیرا وغیرہ۔

(اللَّعُوبُ): **امرأةٌ لعوبٌ**: ناز و انداز والی عورت (۲) بہت دل لگی اور ادائیں دکھانے والی عورت۔(ج) **لعائبُ**۔

(المُلَاعِبُ): **مُلاعِبُ ظلّه**: ایک جنگلی پرندے کا لقب (دیکھئے: **القِرِلّی**)

(المَلْعَبُ): میدان۔اسٹیڈیم۔کھیلنے کی جگہ (ج) **مَلاعِبُ**۔

ـــ **مَلاعِبُ الریاح**: ہوا کے راستے۔

ـــ **ترکته فی ملاعبِ الجنّ**: میں نے اسے نامعلوم جگہ پر چھوڑا۔

(المِلْعَبَةُ): بچوں کے کھیل کا بے آستین کرتا۔

(لَعْثَمَ) فی الأمرِ: توقف کرنا، ہچکچانا۔تامل کرنا، جھجکنا۔

(تَلَعْثَمَ): بمعنی **لَعْثَمَ**۔

(لَعَجَ)(ف)**الضربُ فلانًا لَعْجًا**: مار کا

تکلیف دینا اور جلد میں سوزش پیدا کر دینا۔

~ الحبُّ والشوقُ فؤادہ: محبت و چاہت کا دل کو ٹیس اور سوزش پہنچانا۔

~ الهمُّ فی الصدر: سینہ میں غم کی ہوک اٹھنا۔

(اَلْعَجَ) النارَ فی الحطب: لکڑیوں میں آگ جلانا۔

(لاعَجَهُ) الأمرُ: کسی معاملہ کا سخت اور افسوس ناک ہونا۔

(اِلْتَعَجَ) الرجلُ: غم سے بیمار پڑ جانا۔

(اللاعِجُ): سوزش محبت۔ ھَمٌّ لاعِجٌ: دل سوز غم۔ جذبہ محبت، سوزش عشق۔

~ بہ لاعِجُ الشوق ولواعجہ: وہ جذبات محبت اور سوزش عشق میں جل رہا ہے۔

(لَعَسَهُ) (ف) لَعْسًا: منہ سے کاٹنا۔

(لَعِسَتِ) (س) الشفةُ لَعَسًا: ہونٹ کے اندرونی حصہ کا کالا ہونا۔ (عربوں کے نزدیک یہ ایک عمدہ وصف تھا) ھی لعساء۔ (ج) لُعْسٌ۔

~ النباتُ: پودوں یا گھاس کا اتنا گھنا اور زیادہ ہونا کہ سیاہ معلوم ہو۔

(تَلَعَّسَ) فلانٌ: بے صبری کے ساتھ کھانا۔

(اللَّعَسُ): ہونٹ کے اندرونی حصہ کی عمدہ سیاہی۔

(اللُّعْسَةُ): ہونٹوں کی اندرونی سیاہی کا رنگ جیسے: فی شفتیها لعسةٌ۔

(اللَّعُوْسُ) ما ذقت لَعُوْسًا: میں نے کوئی چیز نہیں چکھی۔

(اللَّعْوَسُ): حریص، پیٹو (۲) بھیڑیا (ج) لعاوس۔

(المَلْعُوْسُ): لحمٌ ملعوسٌ: ناپختہ سرخ گوشت۔

(لَعِصَ) (س) علینا لَعَصًا: مشکل اور سخت ہونا۔ (۲) کھانے پینے کا لالچی اور حریص ہونا۔ ھو لَعِصٌ۔

(تَلَعَّصَ): بمعنی لَعِصَ۔

(لَعَطَهُ) (ف) بالنارِ لَعْطًا: گردن پر آگ کا داغ لگانا۔ لَعَطَ الشاةَ: بھی کہتے ہیں۔

~ فلانًا بابیاتٍ: اشعار میں کسی کی مذمت بیان کرنا۔

~ فلانًا بحقہ: کسی کے حق میں ٹال مٹول اور تاخیر کرنا۔

~ مَرَّ لاعِطًا: دیوار یا پہاڑ کے پاس سے گزرنا۔

(اَلْعَطَ) فلانٌ: پہاڑ کی جڑ میں چلنا۔

(اللُّعُطُ): العاط کا واحد (العاط: ان لکیروں اور نقوش کو کہتے ہیں جو حبشی لوگ اپنے چہروں پر بناتے ہیں) کہتے ہیں حَبْشِیٌّ ملعوطٌ: وہ حبشی جس کے چہرہ پر لکیریں ہوں۔

(اللُّعْطُ): پہاڑی یا دیوار کی جڑ مین جگہ جیسے مشی فی لُعْطِ الجَبَلِ (ج) أَلْعَاطٌ۔

(اللَّعْطَاءُ): وہ بکری جس کی گردن کی چوڑائی میں سیاہی ہو اور باقی حصہ سفید ہو۔

(اللُّعْطَةُ): سیاہی مائل سرخی جیسے بوجھہ لُعطةٌ۔ اور کہتے ہیں رأیت بہ لعطةً کلعطة الصقرِ: میں نے اس پر شکرے جیسے: سرخی دیکھی۔ (۲) وہ زرد یا سرخ رنگ کا خط جسے عورتیں زینت کے لئے اپنے چہروں پر کھینچتی ہیں۔ (۳) ہار۔

(لَعٍ): لغزش کھانے والے کو کہا جاتا ہے یعنی اللہ تیری غلطی ولغزش سے درگزر فرمائے۔

(أَلْعَتِ) الارضُ: زمین کا ابتدائی روئیدگی والا ہونا۔

(تَلَعّی) العسلُ: شہد کا لیس دار ہونا۔ تاریں اٹھنا۔

اللُّعَاعُ: کاسنی، ابتدائی روئیدگی کھانا۔

اللُّعَاعُ: کاسنی، ابتدائی روئیدگی (دیکھئے: الھندبا)

(اللُّعَاعَةُ): واحد اللُّعاع: اسی سے ہے (انما الدنیا ساعة و متاعها لعاعة): یعنی دنیا اور اس کا مال ودولت عارضی اور بے ثبات ہے۔

(۲) ہر چیز کا معمولی باقی ماندہ حصہ: کہتے ہیں بقی فی الاناء لعاعة: اور یہ بھی مقولہ ہے: ما بقی فی الدنیا الا لُعاعةٌ: (۳) شراب کا گھونٹ۔ (۴) شادابی۔ (۵) دنیا۔

لُعاعة الاناء: برتن کی چیز کا جوہر۔

(اللَّعّاعَةُ): بے تکی موسیقی گھڑنے والے، فضول قسم کے راگ الاپنے والا۔

مطربٌ لعّاعةٌ: فضول قسم کا گلوکار۔

(اللَّعَّةُ): پاکدامن اور خوشنما عورت۔ (۲) تیز اور شوخ عورت جو آپ سے اظہار تعلق کرے لیکن دور دور رہے۔

(لَعِقَ) (س) العسلَ ونحوہ لَعْقًا: انگلی یا زبان سے شہد چاٹنا۔ ھو لاعقٌ۔ (ج) لَعَقَةٌ۔

~ لَعَقَةُ الدمِ: عرب قبائل اور وہ یہ ہیں۔ عبدالدار، مخزوم، عدی، سهم، جمح: ان سب نے باہم عہد و پیمان کر کے اونٹ ذبح کیا اور اس کا خون چاٹا یا اس میں اپنی انگلیاں ڈبوئیں تھیں۔

لَعِقَ فلانٌ اصبعہٗ: مرجانا۔

(لَعْوَقَ) فی عملہ: تیزی اور پھرتی سے کام کرنا۔

(أَلْعَقَهُ) العسلَ وغیرہٗ: کسی کو شہد وغیرہ چٹوانا۔

~ النسّاجُ الثوبَ: کپڑے بننے والے کا پھرتی سے بننا۔

(لَعَّقَهُ) العسلَ وغیرہٗ: شہد وغیرہ چٹوانا۔

(اِلتَعِقَ) لونُهٗ: رنگ تبدیل ہوجانا۔

(اللُّعَاقُ): چاٹنے والی چیز جو منہ میں لگی رہ جائے۔ کہتے ہیں: ما فی فِیَّ لعاقٌ من طعامك ومن فضلك: میرے منہ میں تمہارے کھانے یا تمہارے کرم کا کوئی حصہ باقی نہیں۔

(اللُّعْقَةُ) فی الأرض لعقةٌ من ربیعٍ: زمین میں تھوڑا سا سبزہ ہے۔

رجلٌ وعقةٌ لعقةٌ: بداخلاق گھٹیا اور کمینہ آدمی۔

(اللُّعْقَةُ): انگلی بھر یا چمچہ بھر چیز۔

(اللَّعْوَقُ): تھوڑی عقل والا۔

(اللَّعُوْقُ): چاٹنے کی چیز جیسے دوا اور شہد وغیرہ (۲) تھوڑا توشہ مامعنا الالعوقٌ: ہمارے

پاس تھوڑی سی چیز ہے۔
(المِلْعَقَةُ): چمچہ، کف گیر(ج) **ملاعق۔**
(لَعَلَّ): حروف نواسخ ابتداء میں سے ہے۔ اس میں مختلف لغات ہیں جن میں سب سے مشہور ''عل'' (پہلے لام کے حذف کے ساتھ) ہے۔ کبھی اس کے ساتھ نون وقایہ مل جاتا ہے تو اسی **لعلّی، لعلّنی، علّی:** اور **علّنی** پڑھتے ہیں، اس کے کئی معانی ہیں جن میں سے مشہور درج ذیل ہیں:
(۱) **ترجّی:** ایسی چیز کی توقع جس کے حصول کا یقین نہ ہو اور اس کے حصول کی خواہش ہو جیسے **لعلّ الجوّ معتدلٌ غدًا:** اور **لعلّ الحبیب قادم۔**
الاشفاق: کسی ناگوار بات کا خوف جیسے: **لعل الجواد یکبو ولعلّ المریض یقضی۔**
ترجی اور **تمنی** میں فرق یہ ہے کہ **تمنا** کسی شے کے حصول کی پسندیدگی کا نام ہے خواہ آپ کو اس کے حصول کی توقع ہو یا نہ ہو اور اس کا تعلق ممکن چیز کے ساتھ ہوتا ہے جیسے: **لیت المسافرَ قادمٌ** اور محال چیز سے بھی ہوتا ہے جیسے: **لیت الشباب یعودُ:** بخلاف ترجی کی کہ اس معاملہ مذکورہ دونوں چیزوں میں مختلف ہے۔
لعل میں **ترجی** کا معنی ایسا یقینی معنی ہے کہ اس پر تمام نحویوں کا اتفاق ہے۔
(۲) **لعل** کبھی تعلیل کے لئے بھی آتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: **فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾**
(۳) کبھی استفہام کے لئے بھی آتا ہے جیسے **لَعَلَّ زیدًا قادمٌ:** یعنی کیا زید آنے والا ہے؟ اسی وجہ سے اس کے ساتھ فعل کو معلق کر دیا جاتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: (**لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا**)
لعل جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اس کی خبر اگر فعلی ہو تو اکثر **اَنْ:** کے ساتھ آتی ہے **لعلّ:** کو **عسٰی:** کے معنی پر محمول کرتے ہوئے جیسے

"لعلّك يومًا ان تلم ملمةٌ"
حرف تنفیس (فعل مضارع پر داخل ہونے والا سین) کے ساتھ مل کر کم آتی ہے۔ جیسے:
فقولا لها قولاً رفیقا لعلّها
سترحمنی من زفرةٍ وعویل
اس کے ساتھ کبھی **ما** حرفی آتا ہے تو اسے عمل سے روک دیتا ہے کیونکہ اس صورت میں جملہ اسمیہ سے اس کا اختصاص منقطع ہو جاتا ہے اس کی دلیل یہ شعر ہے۔
اعِدْ نظرًا یا عَبْدَ قیسٍ لعلّما
أضاءت لك النار الحِمارَ المقیّدا
(لَعْلَعَ)السراب: سراب کا چمکنا۔
— **الرعدُ:** گرج ہونا۔
— **فُلان من کل شیءٍ:** ہر چیز سے تنگ ہونا۔
— **بالعاثرِ:** ٹھوکر کھانے والے کو لع لع: کہنا۔
— **العظمَ ونحوَهٗ:** ہڈی وغیرہ کو توڑنا۔
(تَلَعْلَعَ) من الجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے تڑپنا اور بلبلانا۔ **تَلَعْلَعَ من العطش** بھی کہتے ہیں۔
— **فلانٌ:** بیماری یا تھکاوٹ کی وجہ سے کمزور پڑ جانا۔
— **الابلُ فی کلاءٍ ضعیفٍ:** اونٹوں کا ہلکی گھاس کو تلاش کر کے کھانا۔
— **السرابُ:** سراب چمکنا۔
— **الکلبُ:** کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا۔
— **بفلانٍ:** کسی کو **لَعْ** یا **لَعْ لَعْ** کہنا۔
— **العسلُ:** شہد میں لیس پیدا ہونا۔
(اللَّعْلاعُ): بزدل۔
(اللَّعْلَعُ): سراب (۲) بھیڑیا (۳) ایک حجازی درخت۔
(لَعْ لَعْ): ٹھوکر کھانے والے کو ٹھیک رہنے کی دعا یا لغزش پر ڈانٹنے کا کلمہ۔
(اللَّعْلَعَةُ): سراب کی چمک۔
(لَعَمَظَ) اللحمَ لعمظةً ولِعْمَاظًا: منہ سے ہڈی کا گوشت اتارنا۔

— **فلانٌ:** کھانے کا حریص ہونا اور بن بلائے مہمان بننا۔
(اللِّعْمَاظُ): بے بنیاد اور غلط باتیں بنانے والا۔
(اللُّعْمُظُ): کھانے کا حریص ولالچی۔ (ج) **لَعَامِظ۔**
(اللُّعْمُوْظُ واللُّعْمُوْظَةُ): کھانے کا حریص و لالچی (۲) بن بلایا مہمان، طفیلی (۳) صرف کھانے کے بدلے خدمت کرنے والا (ج) **لَعَامِیْظ۔**
(لَعَنَهٗ)(ف) اللهُ لَعْنًا: لعنت کرنا، دھتکارنا، خیر سے دور کرنا۔ **هو ملعونٌ (ج) مَلَاعِیْنُ۔ رجلٌ لعینٌ وامرأةٌ لعینةٌ:** اگر موصوف مؤنث مذکور نہ ہو تو **لعینةٌ** کہا جائے گا۔
— **الکلبَ أو الذئبَ:** دھتکارنا، ہٹانا۔
— **فلانٌ غیرَهٗ:** کسی پر لعنت کرنا۔ کسی کو **علیك لعنة الله:** کہنا۔
— **نفسهٗ:** خود کو ملعون ٹھہرانا۔
— **فلانًا:** گالی دینا۔ رسوا کرنا۔ **هو لاعِنٌ ولَعَّانٌ۔**
(لَاعَنَ) الرجلُ زوجتَهٗ مُلَاعَنةً ولِعَانًا: مرد کا بیوی سے لعان کرنا (دیکھئے: **اللعان**)
الحاکمُ بینهما: قاضی کا فریقین کے درمیان ملاعنت کا فیصلہ کرنا (دیکھئے: انلعان)
(لَعَّنَهٗ): کسی پر خوب لعنت کرنا۔
(اِلْتَعَنَ) القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
فلانٌ: اپنے آپ پر لعنت کرنا۔
(تَلَاعَنَا): ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
— **تلاعن القومُ:** لوگوں کا ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
الزوجان: زوجین، میں سے ہر ایک کا بذریعہ لعان اپنے دعویٰ کو سچا ثابت کرنا۔
— **فلانٌ یتلاعنُ علینا:** فلاں ہنسی مذاق کر کے ہمیں تکلیف پہنچاتا ہے۔
(تَلَعَّنَ) القومُ: باہم لعنت بازی کرنا۔

ل

(اللاّعِنُ) أَمْرٌ لاَعِنٌ: ایسا معاملہ جو موجب لعنت ہو۔ حدیث میں ہے (اتّقوا اللاعِنَیْنِ) دو قابل لعنت امور سے بچو یعنی لوگوں کے راستہ اور سایہ میں پیشاب نہ کرو۔

(اللِّعَانُ): شریعت میں لعان یہ ہے کہ خاوند چار دفعہ یہ قسم کھائے کہ میں اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگانے میں سچا ہوں اور پانچویں دفعہ یہ کہ اگر وہ اس دعویٰ میں جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت ہو پھر بیوی چار دفعہ قسم کھائے کہ خاوند جھوٹا ہے اور پانچویں دفعہ یہ کہے کہ اگر ویسا ہو تو مجھ پر خدا کا غضب ہو۔ یہ کہنے پر وہ حد زنا سے بری ہوجائے گی۔

(اللَّعْنُ) ابیت اللعنَ: زمانہ جاہلیت میں عرب اپنے بادشاہوں کے لئے بطور سلام واکرام یہ لفظ کہتے تھے یعنی تو قابل لعنت کام سے بری ومحفوظ ہے۔

(اللَّعْنَةُ): عذاب۔ جیسے: أَصابتهُ لعنةٌ من السماء (ج) لِعَانٌ ولعناتٌ۔

(اللُّعْنَةُ): اپنی برائی کی بنا پر لوگوں کی ملامت کا نشانہ بننے والا۔ جیسے: لا تکنْ لعنةً علی اهل بیتك: اپنے گھر والوں کے لئے لعنت کا سبب نہ بن۔ (ج) لُعَنٌ۔

(اللُّعَنَةُ): لوگوں کو بہت لعنت کرنے والا (ج) لُعَنٌ۔

(اللَّعِیْنُ): شیطان (۲) کھیتوں میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا ہوا مصنوعی آدمی۔ اسے فزاعہ بھی کہتے ہیں۔ (۳) بھیڑیا۔

(المَلْعَنَةُ): قابل لعنت فعل (ج) ملاعن حدیث میں ہے (اتقوا الملاعن الثلاث) یعنی قابل لعنت افعال سے بچو یعنی راستہ، سایہ اور دریا کے کنارے پاخانہ کرنے سے۔

(أَلْعَی) ثدیُ الانثی: حمل کی وجہ سے عورت کے پستان کی ساخت بدلنا۔

(الأَلْعَاءُ): انگلیوں کی ہڈیاں۔

(اللاَّعِیْ): معمولی سی چیز سے ڈرنے والا، انتہائی ڈرپوک۔

(اللاَّعِیَةُ): زرد پھول والا دامن کوہ کا پودا۔

(اللَّعَا): حریص، لالچی وبدنیت۔

(لَعًا): ٹھوکر کھانے والے کے لئے دعا۔

ــ لَعًا لفلانٍ: خدا فلاں کو محفوظ رکھے۔

ــ لا لَعًا لكَ: (بددعا) خدا تیرا ناس کرے۔

(اللَّعْوُ): بداخلاق (۲) گھٹیا، بے فیض اور فضول آدمی۔ (۳) بدنیت وحریص (ج) لِعَاءٌ۔

(اللَّعْوَةُ): کتیا۔ امرأةٌ لَعْوَةٌ وکلبةٌ وذئبةٌ لعوةٌ: کھانے کی حریص جو کھانے کی چیز پر لڑائی کرے۔ (ج) لِعاءٌ (۲): پستان کے سرے کے اردگرد سیاہی۔

ــ لعوةُ الجوعِ: بھوک کی تیزی۔

(لَعْوَقٌ): دیکھئے (لعق)

(اللَّعْوَقُ): دیکھئے (لعق)

ل......غ

(لَغَبَ) (ف) فلانٌ لَغْبًا و لُغُوْبًا: تھک جانا۔ هو لاَغِبٌ۔

ــ علی القومِ: لوگوں کے خلاف فساد برپا کرنا۔

ــ القومَ: جھوٹی بات بتانا۔

(لَغِبَ) (س) لَغَبًا: تھک جانا۔

(أَلْغَبَهُ): تھکا دینا۔ جیسے: ألغب الدابةَ والغبهُ السیرُ۔

(لَغَّبَهُ) السیرُ: تھکا دینا۔

ــ الدابّةَ: جانور پر زیادہ بوجھ لاد کر اسے تھکا دینا۔

(تَلَغَّبَهُ): تھکا دینا۔

تلغّبت بهم القفارُ وتلغبتهم الاسفارُ: جنگل بیابانوں اور سفروں نے ان کو تھکا دیا۔

ــ سَیْرَ القومِ: لوگوں کو اتنا چلانا کہ وہ تھک جائیں۔

ــ الدَّابَّةَ: جانور کو تھکا ماندہ پانا۔

ــ الحیوانَ: جانور کو بھگا بھگا کر تھکا دینا۔

ــ الأَمْرَ: کسی کام کو قابو میں لے آنا۔

ــ (اللَّغْبُ): خراب بات۔ اکفف عنا لغبك اپنی بکواس بند کرو۔ (۲) بے وقوف وکمزور (۳) سامنے کے دو دانتوں کے درمیان کا گوشت۔

(اللَّغُوْبُ): بے وقوف وکمزور۔

(لَغَدَهُ) (ف) لَغْدًا: کسی کے تالو سے متصل گوشت پر چوٹ لگانا۔

فلانًا عَنْ حاجته: کسی کو اس کے کام سے روکنا۔

ــ أذنَهُ: سیدھا کرنے کے لئے کان کھینچنا۔

(لاَغَدَهُ): کسی کا ہاتھ پکڑ کر کسی کام سے روکنا۔

(اِلْتَغَدَهُ): بمعنی لاَغَدَهُ۔

(تَلَغَّدَ) فلانٌ: غیظ وغضب سے پھرنا۔

(اللُّغْدُ): تالو پر گردن کی اندرونی دیوار کے درمیان کا گوشت (۲) حلق کا کوّا۔ (ج) ألغاد: کہتے ہیں هوَ من الاوغاد: وہ بڑے حلق یا موٹی گردن والے اوغاد میں سے ہے۔

(اللُّغْدُوْدُ): بمعنی اللُّغْدُ (ج) لَغَادِیْدُ۔

ــ عِلْجٌ ضخمُ اللغادیدِ: وہ جنگلی گدھا جس کے حلق کا گوشت پھولا ہوا ہو۔

(اللِّغْدِیْدُ): بمعنی اللُّغْدُوْدُ (ج) لَغَادِیْدُ۔

(لَغَزَ) (ن) الیربوعُ أَجْحَارَهُ لَغْزًا: جنگلی چوہے کا اپنے بلوں کو پیچ دار کھودنا۔

ــ الشیءَ: کسی چیز کو اس کی اصل شکل سے ہٹانا۔

ــ فی کلامه: گھما پھرا کر مشکل انداز میں بات کرنا۔

(أَلْغَزَ) الیربوعُ: جنگلی چوہے کا بلوں کو پیچ دار کھودنا۔

ــ کلامَهُ: کلام کو پیچ دار اور معمہ بنانا۔ پہیلی نما کلام کرنا۔

ــ فی یمینه: قسم میں مغالطہ اور فریب دینا۔

(لاَغَزَهُ): کسی سے گھما پھرا کر بات کرنا۔ کلام کو معما اور چیستان بنانا۔

(لَغَّزَ) کلامه وفیه: کلام کو پیچیدہ اور معما بنانا۔

ــ فی یمینه: قسم میں فریب دینا۔

(الأُلْغُوْزَةُ): معما، پہیلی، چیستان وہ کلام جس سے

مغالطہ دیا جائے۔ (ج) الاغیزُ۔
(اللُّغْزُ): گوہ' چوہے اور جنگلی چوہے کا بل (۲) پیچیدہ بات' پہیلی' معما (ج) ألغازٌ۔
(اللَّغَّازُ): لوگوں کی غیبت کرنے والا۔
(لَغْوَسَ): تیزی سے کھانا۔
ــــ الطعامَ: کھانے کا اچھی طرح نہ پکنا۔
(اللُّغْوُسُ): تیزی سے کھانے والا (۲) عیش وعشرت میں مست (۳) وہ نرم وتر گھاس جو تیزی سے کھائی جائے۔
(لَغَطَ) (ف) القومُ لَغْطًا ولُغَاطًا: لوگوں کا شور کرنا۔ طرح طرح کی نا قابل فہم ملی جلی آوازیں نکالنا۔
ــــ القطا أو الحمامُ لغيطًا: طائر اور کبوتروں کا آواز نکالنا' غٹرغوں کرنا۔
اتيتُهٗ قبل لغيط القطا وقبل القطا اللّاغِطِ: میں اس کے پاس صبح سویرے آیا۔
(أَلْغَطَ) القومُ: لوگوں کا شور مچانا۔
ــــ القطا والحمامُ: آواز نکالنا' غٹرغوں کرنا۔
(لَغَّطَ) القومُ: شور مچانا۔
(اللَّغَطُ): شورشرابہ' نا قابل فہم ملی جلی آوازیں۔ (ج) أَلْغَاطٌ۔
(لَغَفَ) (ف) فلانٌ لَغْفًا: ظلم کرنا۔ (۲) تیز نظر سے دیکھنا۔ جیسے: لَغَفَ الاسدُ۔
ــــ الاناءَ: برتن چاٹنا۔
(لَغِفَ) (س) مَا فِي الإناءِ لَغْفًا: برتن کی چیز کو چاٹنا۔
ــــ الطعامَ: تیزی سے کھانا۔
(أَلْغَفَ) فلانٌ: بمعنی لَغَفَ: (۲) چوروں کا ساتھی بننا۔
ــــ في السَّيرِ: تیز چلنا۔
ــــ بعينه: کن اکھیوں سے دیکھنا۔
ــــ على الرَّجلِ: کسی کے ساتھ بہت بدکلامی کرنا۔
ــــ الصّبيَّ لُقمةً: بچہ کو لقمہ کھلانا۔
(لَاغَفَهٗ): کسی سے دوستی رکھنا۔

ــــ المرأةَ: عورت کا بوسہ لینا۔
(تَلَغَّفَ) الطعامَ: مٹھی بھر کر تیزی سے کھانا کھانا۔
(اللُّغْفَةُ): لقمہ جیسے أَلْغَفَنِي لُغْفَةً۔
(اللَّغِيفُ): مصاحبین ومخلصین (۲) چوروں کے معاون ساتھی جو چوری تو نہ کریں لیکن ان کے سامان کی حفاظت کریں۔ (۳) دوسروں کی کتابوں سے مواد چوری کر کے اپنی طرف منسوب کرنے والا۔ (ج) لُغَفَاء۔
(اللَّغِيفَةُ): حریرہ، دلیا۔
(المُلْغِفَةُ): بے غیرت چوروں کا گروہ۔
(لَغْلَغَ) طعامهٗ: کھانے میں گھی یا چربی ملانا۔
ــــ ثَرِيدَهٗ: ثرید میں خوب گھی یا چربی ڈالنا۔
(اللَّغْلَغَةُ): لکنت کلام۔ في كلامه لغلغةٌ۔
(لَغَمَ) (ف) فلانٌ لَغْمًا: اپنے ساتھی کو غیر یقینی چیز کی خبر دینا۔ (۲) مخفی اور پوشیدہ کلام کرنا۔
المرأةَ: عورت کا ناک چومنا۔
الجملُ لُغَامَهٗ: اونٹوں کا جھاگ نکالنا۔
لَغِمَ فلانٌ: لَغْمًا و لَغَمًا: غیر یقینی چیز کی خبر دینا۔ (۲) غیر یقینی خبر معلوم کرنا۔
(لُغِمَ) بالطِّيبِ: کسی کی ناک یا منہ وغیرہ میں خوشبو لگایا جانا۔ هو ملغومٌ۔
(أَلْغَمَ) الذهبَ وَمَا شَابَهَهٗ: سونے وغیرہ میں پارہ ملانا۔
(لَغَّمَهٗ) بالطِّيبِ: کسی کے ناک منہ پر خوشبو ملنا۔
ــــ المكانَ: کسی جگہ بارودی سرنگ بچھانا۔ (محدثۃ)
(الْتَغَمَ) الذهبُ ونحوهٗ: سونے وغیرہ میں پارہ ملا ہوا ہونا۔
(تَلَغَّمَ) بالطيبِ: ناک منہ وغیرہ پر خوشبو لگانا۔
ــــ القومُ بالكلامِ: لوگوں کا گفتگو کے دوران ناک منہ کو حرکت دینا۔
(اللُّغَامُ): اونٹوں کے منہ کا جھاگ۔
(اللَّغَمُ): تھوڑی سی خوشبو۔ (۲) زبان کی رگیں (۳) گرم افواہ جس سے اضطراب پیدا ہو۔

(۴) بارودی سرنگ۔ بکس نما ایک خول جس میں دھماکہ خیز آتش گیر مادہ بھر کر زمین یا راستہ میں چھپا دیا جاتا ہے جب اس پر پاؤں رکھا جاتا ہے یا کوئی زد پڑتی ہے تو پھٹ جاتا ہے اور تباہی مچاتا ہے۔ (مج) (ج) ألغامٌ۔
اللَّغِيمُ: راز۔
(المَلْغَمُ): ناک اور منہ کے اردگرد کا حصہ (ج) مَلَاغِمُ۔
(الغانّ) النبتُ: پودے وغیرہ کا لمبا ہوکر مڑ جانا۔
ــــ الارضُ: زمین کا بہت گھاس والی ہونا۔
(اللُّغْنُ): جوانی کا جوش۔
(اللُّغْنُ): حلق کے کوے کا کنارہ (ج) ألغانٌ۔
(اللُّغْنُونُ): بمعنی اللُّغْنُ: (۲) خیشوم، ناک کا بانسہ (ج) لَغَانِينُ۔
(لَغَا) (ن) في القولِ لغوًا: غلطی کرنا اور غلط بات کہنا۔
فلانٌ لغوًا: فضول گفتگو کرنا۔
ــــ بكذا: زبان سے کوئی بات کرنا۔
ــــ عن الصواب وعن الطريق: درستگی اور راستہ سے ہٹنا۔
ــــ الشيءُ: بیکار اور فضول ہونا۔
(لَغِيَ) (س) في القولِ لَغًا: بمعنی لَغَا۔
ــــ بالأمرِ: کسی کام کا مشتاق اور دلدادہ ہونا۔
ــــ بالشيءِ: کسی چیز کو لازم پکڑنا اور اس سے جدا نہ ہونا۔
ــــ بالماءِ والشراب: پانی وغیرہ کثرت سے پینے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔
ــــ الطائرُ بصوته: پرندہ کا سریلی آواز میں گانا۔
(أَلْغَى): کسی چیز کو باطل قرار دینا۔ کینسل کرنا۔ کالعدم کرنا۔
ــــ القانونَ: قانون منسوخ کرنا۔ حدیث میں ہے (كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُلْغِي طَلَاقَ الْمُكْرَهِ)

ـــ من العدد كذا: کچھ تعداد کم کرنا۔

(لَاغَاهُ): کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا۔

ان فرسك لَمُلَاغي الجري: تمہارا گھوڑا دوڑ سے مذاق کر رہا ہے یعنی ٹھیک طرح نہیں دوڑ رہا۔

(استلغاهُ): بولنے کو کہنا۔ کلام کروانا۔ کہتے ہیں: إذا اردتَ أن تسمع الأعراب فستلغهِمْ۔

ـــ فلانًا: کسی سے فضول باتیں کروانا۔

(الإلْغَاءُ): (علم نحو کی اصطلاح میں) ان افعال قلوب میں جو متعدی بہ دو مفعول ہوتے ہیں عامل کے عمل کو لفظاً اور عملاً ختم کر دیا جائے۔ جیسے العلم نافعٌ علمتُ والعلم علمتُ نافعٌ: یہ جائز ہے نہ کہ واجب۔

(اللَّاغِيَةُ): فضول، لغوبات، بکواس۔

ـــ كلمةٌ لاغيةٌ: بیہودہ بات۔ قرآن مجید میں ہے: (لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً) (ج) اللواغي

(اللَّغَا): غلط و بیہودہ بات۔ تكلَّمَ باللَّغَا: اس نے فضول بات کی (۲) بیع اور دیت میں تعداد کا وہ حصہ جو شمار میں نہ آئے اور شامل حساب نہ ہو۔ (۳) معمولی، گرا پڑا سامان۔ (۴) آواز۔

(اللُّغَةُ): زبان، لغت (وہ آوازیں جن کے ذریعہ لوگ مافی الضمیر کو بیان کرتے ہیں) (ج) لُغًى ولُغَاتٌ۔

ـــ سمعتُ لُغَاتِهِم: میں نے ان کے اختلاف کو سنا۔

(اللَّغْوُ): لغویات ـ بے فائدہ اور غلط بات۔ (۲) بغیر سوچے سمجھے زبان سے نکلی ہوئی بات۔ (۳) بیع یا دیت میں مال کی وہ قلیل مقدار جو کسی شمار میں نہ آ سکے۔ (۴) معمولی سامان۔

(لَغْوَس): (دیکھئے: لغس)

ل.........ف

(لَفَأَ) (ف) العُوْدَ لَفْئًا ولَفَئًا: لکڑی کو چھیلنا۔

ـــ العَظْمَ: ہڈی سے کچھ گوشت اتارنا۔

ـــ اللَّحْمَ عن العظم: ہڈی سے کچھ گوشت اُتارنا۔

ـــ الرِّيحُ السَّحابَ عن وَجهِ السماءِ: ہوا کا بادلوں کو اڑا کر آسمان صاف کر دینا۔

ـــ الرِّيحُ التراب عن وجه الأرض: ہوا کا سطح زمین سے مٹی کو بکھیر دینا۔

ـــ فلانًا: غیبت کرنا۔ (۲) کسی کو اس کے ارادہ سے روکنا۔

ـــ لَفَأْتُ الإبلَ: میں نے اونٹوں کا رخ بدل دیا۔

ـــ فلانًا حَقَّهُ: کسی کو اس کا پورا حق دینا۔ (۲) کسی کو اس کے حق سے کم دینا۔ (اضداد)

ـــ فلانًا بالعصا: لاٹھی مارنا۔

(لَفِئَ) (س) الشيءُ لَفَأً: باقی بچنا۔

(أَلْفَأَ) الشيءَ: باقی چھوڑنا۔

(الْتَفَأَ) العودَ: لکڑی کا چھیلنا۔

(اللَّفَاءُ): تھوڑی سی چیز (۲) حق سے کم مقدار۔ جیسے: فلان لا يرطى من الوفاء باللفاء: (۳) مٹی۔

(اللَّفْأَةُ): گوشت کا ٹکڑا، اس کا اسم جمع لَفِيءٌ ہے۔

(اللَّفِيئَةُ): گوشت کا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو (ج) لَفَايَا۔

(لَفَتَ) (ض) الشيءَ لَفْتًا: کسی چیز کو دائیں بائیں موڑنا۔ جیسے کہتے ہیں: أخَذَ بعنقه فَلَفَتَهُ: اس نے اس کی گردن کو پکڑ کر ادھر ادھر موڑا۔

ـــ فلانًا عن الشيء: کسی چیز سے روکنا۔

ـــ رداءَهُ على عنقه: چادر کو گردن پر ڈال کر موڑنا۔

ـــ الكلامَ: کلام میں لکنت پیدا کرنا۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز کا حلوہ بنانا یا دلیے کی طرح گھی ڈال کر کھانا بنانا۔ لَفَتَ الدقيقَ بالسمن بھی کہتے ہیں۔

ـــ الراعي الماشيةَ: چرواہے کا جانوروں کو اندھا دھند مارنا۔

ـــ الريشَ على السَّهمِ: تیر پر جیسے بھی ہو پر لگانا (ترتیب کا خیال نہ رکھنا)۔

ـــ الكلامَ: بے سوچے سمجھے، اوٹ پٹانگ باتیں کرنا۔

ـــ اللِّحاءَ عن العُوْدِ: لکڑی سے چھال اتارنا۔

ـــ الشيءَ: کسی چیز کو اپنے برابر میں ڈالنا۔

ـــ فلانًا بالشيءِ: کسی کو کوئی چیز دینا۔

(لَفِتَ) (س) الرجلُ لَفَتًا: بے وقوف ہونا۔ (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ (۳) مضبوط ہاتھوں والا ہونا کہ ہر چیز کو موڑ دے۔

ـــ التيسُ: بکرے کا ٹیڑھے سینگوں والا ہونا۔ هو أَلْفَتُ وهي لَفْتَاءُ (ج) لُفْتٌ۔

(لَفَّتَ) الشيءَ: موڑنا۔

(الْتَفَتَ) إلى الشيءِ: چہرہ کسی چیز کی طرف پھیرنا۔

ـــ بوجههِ عنه وَيَسْرَةً: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔

ـــ عنهُ: اعراض کرنا۔

(تَلَفَّتَ) الى الشيءِ: بمعنی إلْتَفَتَ۔

(اللَّافِتَةُ): سائن بورڈ (دوکان یا سڑک وغیرہ پر کسی کے نام کی یا علامتی بڑی تختی) (ج) لوافت (محدثة)

(اللَّفَاتُ): بے وقوف، خشک مزاج آدمی۔

(اللِّفْتُ): شلغم (۲) پہلو، جانب۔ لِفْتُهُ معك: اس کا رجحان تمہاری طرف ہے۔

لا تَلْتفتْ لِفْتَ فلانٍ: اس کی طرف مت دیکھو۔ (۲) بے وقوف عورت۔ (۳) گائے۔

(اللَّفُوتُ) من النساء: بہت اِدھر اُدھر دیکھنے والی عورت۔ (۲) وہ عورت جو اپنے خاوند کے بجائے پہلے خاوند کی اولاد میں زیادہ مشغول ہو (۳) وہ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ قائم نہ رہے اور اس کا ارادہ کسی غیر مرد سے تعلق بنانے کا ہو۔ (۴) چغلخور عورت (۵) وہ اونٹنی جو دودھ دوھنے والے کو تنگ کرتی اور کاٹتی ہو۔

(اللَّفِيتَةُ): گاڑھے آٹے اور گھی کا حریرہ یا دلیا۔

(المُتَلَفِّتَةُ): سر سے متصل کندھے کی ہڈی کا بالائی حصہ۔

(أَلْفَجَ) فلانٌ: ضرورت یا کسی پریشانی کی بنا پر زمین پر پڑے رہنا۔ (۲) مفلس و نادار ہونا اور مال ضائع ہوجانا۔

— فلانًا: کسی ایسے شخص سے سوال کرنے پر مجبور کرنا جو اس کا اہل نہ ہو۔ أَلْفَجَنِي الی ذلك الاضطرار: مجبوری نے مجھے فلاں بات کی طرف مجبور کیا۔

(اِسْتَلْفَجَ) فلانٌ: بمعنی أَلْفَجَ: (۲) خوف کی وجہ سے پراگندہ دل ہونا۔

(اللَّفَجُ): ذلت۔

(اللُّفُجُ): پانی بہنے کی جگہ۔

(لَفَحَتْهُ) (ف) النارُ أو السمومُ لَفْحًا و لَفَحَانًا: آگ یا لوکا چہرہ کو جھلسا دینا۔ ھی لافحةٌ (ج) لافحٌ۔ ھی لافحٌ ولفوحٌ۔

— فلانًا بالسیفِ لَفْحًا: کسی کو ہلکی سی تلوار مارنا۔

(اللَّفْحُ): گرمی' آنچ۔

(اللُّفّاحُ): ایک لمبا پودا جو فصیلہ باذنجانیہ سے ہے۔ اسے بیروح بھی کہتے ہیں اور یہ ملک شام کے بعد علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔

(لَفَخَهُ) (ف) علی راسهٖ لَفْخًا: کسی کے سر پر لاٹھی مارنا۔ لَفَخَهُ فی راسه: بھی کہتے ہیں۔ (۲) تھپڑ مارنا۔

— البعیرَ: اونٹ کو پیچھے سے لات مارنا۔

(لَفَظَ) (ض) بالکلامِ لفظًا: بات کرنا' لفظ بالشیئِ: بھی کہتے ہیں۔

— الرجلُ: مرجانا۔

— نَفْسَهٗ: مرجانا۔

— الشیئَ من فیه وبه: منہ سے کوئی چیز پھینکنا۔ نکالنا۔ ھو لافظٌ وھی لافظةٌ (ج) لوافظ۔ المفعول لفیظٌ وملفوظٌ۔

لفظت البلادُ اھلَھا: شہر کا اپنے باشندوں کو نکال دینا۔

— الحیّةُ سُمَّھا: سانپ کا زہر نکالنا۔

— لَفَظَ البحرُ الشیئَ: سمندر کا کسی چیز کو ساحل پر ڈال دینا۔

(تَلَفَّظَ) بالکلامِ: بات کرنا۔

(التَّلَفُّظُ): تلفظ (نرخرے سے نکلنے والی ہوائی موجوں کا مجموعہ جسے آواز والے اعضاء تشکیل دیتے ہیں) (ج)

(اللافِظةُ): سمندر (۲) چوزوں کو دانہ کھلانے والا پرندہ (۳) چکی (۴) مرغا۔ کہاوت ہے۔

(أَسْمَحُ من لافظةٍ): وہ مرغے سے زیادہ سخی ہے۔ (۵) دینا۔

(اللُّفَاظُ): پھینکی ہوئی' ہٹائی ہوئی چیز۔

(اللُّفَاظَةُ): پھینکی ہوئی چیز۔ (۲) باقی ماندہ چیز۔ جیسے: مابقی للُّفَاظةٌ۔

(اللَّفْظُ): پھینکی ہوئی چیز۔ (۲) الفاظ' کلامُ (اللہ کی طرف لفظ کی نسبت نہیں کی جاتی بلکہ کلمۃ اللہ کہا جاتا ہے) (ج) الفاظ۔

(اللَّفِیظُ): پھینکی ہوئی چیز۔

(المَلْفَظُ): زبان سے نکلنے والے الفاظ کا مجموعہ۔ (ج) مَلافِظُ۔

(لَفَعَ) (ف) الشیبُ رأسَهٗ لَفْعًا: پورے سر پر بالوں کی سفیدی پھیل جانا۔

— الشیبُ لحیتَهٗ: داڑھی پر بالوں کی سفیدی پھیل جانا۔

— النارُ فلانًا: کسی کو آگ کا گھیر لینا اور اس کی لپٹیں لگنا۔

(لَفَّعَ) الشیبُ راسَهٗ: سر پر بڑھاپے کی سفیدی پھیل جانا۔

— رَأْسَهٗ: سرڈھانکنا۔

— المرأةَ: عورت کو پوری طرح اپنے ساتھ چمٹا لینا۔

(اِلْتَفَعَ) بالثَّوبِ: کپڑے سے ڈھک جانا۔

— الأَرْضُ: زمین کی ہریالی اور پودوں وغیرہ کا برابر اور ہموار ہو جانا۔ التفعتِ الارضُ بالنبات بھی کہتے ہیں۔

(تَلَفَّعَ) فلانٌ: بڑھاپا چھا جانا۔

— بالثوبِ: کپڑے سے ڈھک جانا۔

— الشَّجَرُ بالورقِ: درخت کا پتوں سے ڈھک جانا۔

— الحربُ بالشرِّ: لڑائی کا سب کو لپیٹ میں لے لینا۔

— المرأةُ بِمِرْطِھا: عورت کا پوری طرح چادر اوڑھنا۔

— النارُ: آگ بھڑکنا۔

— تَلَفَّعْنَا علی جیشِ العدوّ: ہم نے دشمن کے لشکر کو چاروں طرف سے گھیرے میں لے لیا۔

(اللِّفَاعُ): پورے بدن کو ڈھانکنے والا کپڑا جیسے چادر یا کمبل (۲) مفلر۔

(اللِّفَاعَةُ): کرتے کا پیوند۔

(اللِّفِیعةُ): پیوند۔

(المِلْفَعَةُ): پورے بدن کو ڈھانکنے والا کپڑا جیسے چادر وغیرہ۔

(لَفَّتِ) (ن) الاشجارُ لَفًّا: درختوں کا گھنا اور گنجان ہونا۔

— فی الأَکْلِ: کھانے کی زیادہ سے زیادہ قسمیں جمع کرنا۔

الشیئَ بالشیئِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔ (۲) جمع کرنا۔ لپیٹنا۔

— المیّتَ فی أَکفانِهٖ: مردے کو اسکے کفن میں لپیٹنا۔

الکتیبتین ولَفَّ الکَتِیْبَةَ بِالْأُخْرٰی لشکر کے دو دستوں کو لڑائی میں یکجا کرنا۔

— فلانٌ حَقَّهٗ: کسی کو اس کے حق سے محروم کرنا۔

(لَفَّ) (س) فلانٌ لَفَفًا: بھاری اور سست ہونا۔ (۲) لکنت والا ہونا۔ (۳) ابروؤں کا ملا ہوا ہونا۔ (۴) بازو کی رگ کا بڑا ہونے کی وجہ سے کام نہ کرسکنا۔

— فی الأَکْلِ: زیادہ اور طرح طرح کے کھانے کھانا۔

لَفًّا ولَفَفًا: موٹاپے کی وجہ سے دونوں رانوں کا ملا ہوا ہونا (عربوں کے ہاں یہ مرد کے لئے عیب اور عورتوں کے لئے خوبی تھی) ھو الَفُّ وھی

لَفَّاء (ج) لُفٌّ۔
الشَّجَرُ لَفًّا: درخت کا گھنا اور گنجان ہونا۔
(أَلَفَّ) فلانٌ رَأْسَهُ: سر کو اپنے کپڑے کے نیچے کرلینا، چھپالینا۔
— الطائرُ رَاسَهُ: پرندہ کا اپنا سر پروں میں چھپالینا۔
(لَافَّ) القومُ القومَ: ایک قوم کا دوسری کے ساتھ مل جانا۔
— الصَّقْرُ الصيدَ: شکرے کا شکار پر جھپٹ کر اسے پنجوں میں دبالینا۔
— ألطيّارُ طائرةَ عدوّه: پائلٹ کا دشمن کے ہوائی جہاز پر بمباری کرنے کے لئے جھپٹ کر اپنے جہاز کے نیچے لے آنا۔ (محدثہ)
(لَفَّفَهُ) بمعنی لَفَّهُ۔
(اِلْتَفَّ) الشیئُ: گہرا اور گھنا سمٹا ہوا ہونا۔
— الشجرُ بالمكان: درختوں کے گھنا ہونے کی وجہ سے جگہ تنگ پڑ جانا۔
— بثوبه: اپنے کپڑے میں لپٹنا۔
— عليهِ القومُ: کسی کے پاس لوگوں کا جمع ہونا۔
— الغلامُ: لڑکے کا داڑھی والا ہونا۔
(تَلَافُّوا): باہم ملنا۔ کہتے ہیں ما تصافّوا حتّٰی تلافُّوا۔
(تَلَفَّفَ) فی ثوبه: کپڑے میں لپٹنا۔
— القومُ عليه: لوگوں کا کسی کے پاس جمع ہونا۔
— لهُ عَلٰی حنَقٍ: کسی کے خلاف دل میں غیظ وغضب رکھنا۔
(الالْتِفَافُ): الالتفاف الزَّهرِيُّ: (علم الاحیاء کے مطابق) پھل دار پتوں کی ایک خاص حالت (مج) (۲) اتصال، گھناپن، باہم اختلاط۔
(الأَلَفُّ): کلائی کی ایک رگ (۲) وہ جگہ جہاں بکثرت لوگ آباد ہوں۔
(التَّلَافِيفُ): فی أرضهمْ تلافيفُ من عشب: ان کی زمین گنجان اور گھنے پودے یا گھاس والی ہے۔
— فی الأرض تلافيف من النبات: زمین میں کہیں کہیں نبات ہے (اس لفظ کا واحد نہیں ہے)
(اللِّفَافَةُ): پاؤں وغیرہ پر لپیٹنے کی چیز۔ (ج) لفائف۔ طَارَتْ لفائفُ النباتِ: پودوں کے اوپر کا چھلکا اتر گیا۔
هَمٌّ يذيب لفائف القلوب: ایسا غم جس نے دل کی چربی کو بھی پگھلا دیا۔ (۲) سگریٹ (محدثہ) (۳) خصیتین اور حبل منوی کو ڈھانکنے والا پردہ۔
(اللَّفُّ) حديقةٌ لَفٌّ: گھنا باغیچہ۔
جاءُوا بِلَفِّهِمْ: وہ سب مل جل کر آئے۔
وجَاءُوا وَمَنْ لَفَّ لَفَّهُمْ: وہ اپنے سب متعلقین کے ساتھ آئے۔
جَاءُوا فِی لَفٍّ: وہ مل جل کر آئے۔
(اللِّفُّ): لوگوں کی صنف وقسم۔ عندهُ الفافٌ من الناس: اس کے پاس مختلف قسم کے لوگ ہیں۔ (۲) جمع شدہ لوگ۔ كُنَّا لِفًّا: ہم ایک جگہ میں جمع تھے۔ (۳) گروہ، پارٹی۔ فی لفِّ مَنْ كُنْتَ: تم کس گروہ سے تعلق رکھتے ہو؟ (۴) اِدھر اُدھر سے جمع کیا سامان یا لوگ جیسے جھوٹے گواہ۔ (۵) گھنے پودوں والا باغیچہ۔ (۶) گھنے درختوں والا باغ۔ حديقةٌ لِفٌّ: گنجان باغیچہ (ج) الفافٌ ولُفُوفٌ۔ جاءُوا من لَفَّ لَفَّهُمْ: وہ اپنے متعلقین کے ساتھ آئے۔
(اللَّفَّاءُ): رانوں کے زیادہ گوشت والی عورت۔ (۲) گھنا باغیچہ۔
(اللِّفَّةُ) حديقةٌ لِفَّةٌ: گھنا باغیچہ۔
— جَاءَ القومُ بِلِفَّتِهِمْ: لوگ اپنے میل جول والوں کے ساتھ آئے۔
(اللَّفِيفُ): مختلف قبیلوں کے مجتمع لوگ۔ ملے جلے ہر قسم کے لوگ (جس میں اعلیٰ وادنیٰ، فرماں بردار و نافرمان، طاقتور و کمزور ہر طرح کے لوگ ہوں) قرآن مجید میں ہے (جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا) جَاءُوا بِلَفِيفِهِمْ: وہ سارے کے سارے آئے۔ جَاءُوا فِی لفيفٍ: وہ اکٹھے ہو کر آئے۔ (۲) بہت سے درخت۔
طعامٌ لفيفٌ: دو یا دو سے زیادہ ڈشوں پر مشتمل کھانا۔ (ج) أُلْفافٌ۔
(اللَّفِيفُ): (علم الصرف کی اصطلاح کے مطابق) وہ فعل جس کے ثلاثی میں دو حرف علت ہوں۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مقرون جس کے دونوں حرف علت ملے ہوئے ہوں۔ جیسے: طَوٰی ونوٰی (۲) مقرون۔ جس کے دونوں حرف علت کے درمیان کوئی حرف ہو جیسے: وعٰی ووقٰی۔
(اللَّفِيفَةُ): اونٹ کی کمر کا گوشت (ج) لَفَائِفُ۔
(المِلْفَافُ): (مکینیکل انجینئرنگ کے مطابق) پہیا اور دھرا، ڈھینکلی، وزن اٹھانے کی مشین (جس میں تاروں کی دوسیاں ہوتی ہیں اور وزن اٹھانے کیلئے لپٹتی اور کھلتی ہیں) (مج)
الملفاف الفَرْقِيُّ: بھاری وزن اٹھانے کا ایک آلہ۔
(المِلَفُّ): اوڑھنے کا لحاف، رضائی، کمبل وغیرہ۔ (۲) فائل، ریکارڈ، (ترتیب دیا ہوا کاغذوں کا مجموعہ) (محدثہ)
المِلَفُّ اللولبيُّ: علم فزکس کی ایک اصطلاح۔
(المَلْفُوفُ): انگور وغیرہ کا پتہ جس میں چاول اور گوشت وغیرہ بھر کر پکایا جاتا ہے۔ (محدثہ)
(لَفَقَ) (ض) الثَّوْبَ لَفْقًا: دو کپڑوں کو ملا کر سینا۔ لَفَقَ بين ثوبين: بھی کہتے ہیں۔
كلامٌ ملفوقٌ: گھڑی ہوئی بات۔
— الأَمْرَ: کسی بات کو طلب کرنا لیکن نہ پاسکنا۔
— فلانٌ: کسی بات کی چاہت کرنا۔ لیکن حاصل نہ کرسکنا۔
(لَفِقَ) (س) الشیئَ لَفْقًا: کسی چیز کو پا کر حاصل کرلینا۔
لَفِقَ يفعل كذا: کسی کام کو شروع کرنا۔
(لَفَّقَ) فلانٌ: کسی بات کا متلاشی ہونا لیکن نہ پا

سکنا۔

ـــ الشِقّتین: دوٹکڑوں کوملا کر سینا۔ اسی مناسبت سے فقہ میں "التلفیقُ فی المسائل" : کی اصطلاح مستعمل ہے۔

ـــ بَیْنَ الثَّوبَین: دو کپڑوں کو ٹانکے لگا کر جوڑنا۔

ـــ الحدیثَ: بات کو باطل سے مزین کرنا۔ ھو مُلَفِّقٌ۔

(تَلَافَقَ) القومُ: لوگوں کے معاملات اور حالات کا درست ہونا۔

(تَلَفَّقَ) ما بینهما: باہم ایک دوسرے سے تعلق اور ربط ہونا۔

ـــ بہ: کسی کے ساتھ ملنا۔

(التِلْفَاقُ): دو کپڑے جو باہم ملا کر سیے جائیں۔

(اللِفَاقُ): بمعنی التِلفاق۔

(اللَّفَّاقُ): وہ شخص جو مطلوبہ چیز کو نہ پاسکے۔

(اللِفْقُ): چادر کا ایک پاٹ (۲) چادر۔ (۳) استر لگا ہوا لباس (کوٹ وغیرہ) دونوں جڑے ہوئے کپڑوں میں سے ہر ایک کو لفق کہا جاتا ہے جب تک کہ وہ باہم جڑے ہوئے ہوں۔ ٹانکے ادھیڑ دینے کے بعد "لفق" نہیں کہا جائے گا۔ (ج) لفاقٌ۔

اللِفْقَانِ: یکساں احوال والے دو آدمی۔ کہتے ہیں ھذا لفق فلان۔

(لَفْلَفَ) فی ثوبہ: کپڑے میں لپٹنا۔

ـــ فلانٌ: بولنے میں عاجزی کی وجہ سے بولتے وقت زبان کا پورے منہ میں پھیل جانا۔ کہتے ہیں بلسانہ لفلفةٌ: (۲) خوب سیر ہو کر کھانا (۳) رگ کے جڑا ہونے کی وجہ سے کلائی میں اضطراب پیدا ہوجانا۔

(تَلَفْلَفَ) بثوبہ: کپڑا اپنے اوپر ڈال لینا۔

(اللَّفْلَافُ): رَجُلٌ لفلافٌ: کمزور آدمی۔

(اللَّفْلَفُ): بمعنی اللَّفْلَافُ۔

(لَفَاهُ) (ن) حقَّهُ لَفْوًا: حق میں کمی کرنا۔

ـــ اللحمَ عن العظمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔

(أَلْفَاهُ): پانا۔ (۲) اچانک ملاقات ہونا۔

(تَلَافَى) الشیئَ: تدارک کرنا۔ سابقہ نقصان کی تلافی کرنا۔ کہتے ہیں: ھذا امرٌ لا یتلافی اور جاءَ بالعمل المتنافی ثمّ لم یتعقّبهُ بالتّلافِي۔

(التّلافِي): خون کا بدلہ۔ قصاص لینا۔

(اللَّفَى): پھینکی ہوئی چیز۔ (ج) ألفاءٌ۔

(اللَّفَاءُ): ہر حقیر و معمولی چیز۔ رَضِيَ فلانٌ مِن الوفاءِ باللفاءِ: فلاں پورے حق کو چھوڑ کر قلیل پر راضی ہوگیا۔ (۲) مٹی (۳) زمین پر پڑے ہوئے ذرات۔

ل.........ق

(لَقَّبَهُ) بکذا: کسی کو کوئی لقب دینا۔

(تَلَاقَبَ) القومُ: ایک دوسر کو برے القابات سے بلانا۔

(تَلَقَّبَ) بکذا: کسی کا کوئی لقب پڑ جانا۔

(اللَّقَبُ): اصل نام کے علاوہ تعارف، تعظیم یا تحقیر کے لئے دوسرا نام، تحقیر کا نام شرعاً ممنوع ہے۔ قرآن مجید میں ہے: (وَلاَ تَلْمِزُوْا أَنْفُسَكُمْ وَلاَ تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ): کبھی برا لقب کسی کا علم بنا دیا جاتا ہے جیسے اخفش اور جاحظ وغیرہ۔ (ج) أَلقابٌ: کہاوت ہے۔ (الجارُ احقُّ بِصَقَبِهِ والمرءُ احقُّ بلقبهِ): پڑوسی اپنے قرب کا حق دار ہے اور آدمی اپنے لقب کا۔

(لَقِحَتِ) (س) الناقةُ ونحوها لَقَحًا ولَقَاحًا: اونٹنی وغیرہ کو حمل ٹھہر جانا۔ ھی لاقِحٌ (ج) لُقَّحٌ ولَوَاقِحُ وھی لَقُوحٌ (ج) لُقُحٌ۔

ـــ الزَّرعُ: کھیتی میں دانہ پڑ جانا۔

ـــ النخلةُ: کھجور کے درخت کا پھل آور ہونا۔

ـــ الحربُ أو العداوةُ: لڑائی یا دشمنی کا بھڑکنے کے بعد پُرسکون ہوجانا۔ ھی لاقِحٌ: جیسے حارث بن عباد کا شعر ہے:

قَرِّبا مَرْبِطَ النعامةِ مِنّي
لَقِحَتْ حربُ وائلٍ عن حِيالِ

(أَلْقَحَتِ) الشجرةُ: درخت کی شاخیں نکلنا۔

ـــ الفحلُ النّاقةَ: اونٹ کا اونٹنی کو گابھن کرنا۔

ـــ النخلةَ: کھجور کے درخت میں قلم لگانا۔

ـــ ألقحت الرّیحُ السّحابةَ: ہوا کا بادل سے ٹکرا کر اسے برسانا۔ ھی ملقحةٌ ولاقِحٌ: قرآن مجید میں ہے (وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ)۔

القحت الریحُ الشجرَ والنباتَ: ہوا کا درختوں اور نباتات میں عضو تذکیر سے عضو تانیث میں زردانے منتقل کرنا۔

ـــ بینهم شرًّا: لوگوں میں فساد برپا کرنا۔

(لَقَّحَ) النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت میں پیوند لگانا۔

ـــ جسمَ الانسانِ أو الحیوانِ: انسان یا جانور کی تلقیح کرنا یعنی نر کا مادہ منویہ مادہ کے رحم میں داخل کرنا۔ (۲) انجکشن لگانا۔ (مو)

جرّب الأمورَ فَلَقَّحَتْ عقلهُ: اس نے معاملات کا تجربہ کیا تو اس تجربہ نے اس کی عقل کو تیز کردیا۔

فلانٌ مُلَقَّحٌ مُنَقَّحٌ: فلاں تہذیب یافتہ اور تجربہ کار ہے۔

(تَلَقَّحَ) فلانٌ علی فلانٍ: کسی پر الزام لگانا۔ یعنی کسی ایسے کام کا مجرم قرار دینا جو اس نے نہ کیا ہو یا ایسی بات کا قائل قرار دینا جو اس نے نہ کہی ہو۔

(اِسْتَلْقَحَتِ) النَّخلةُ ونحوُها: پیوند کاری یا قلم کاری کا وقت ہوجانا۔

(اللَّقَاحُ): نر کا مادہ منویہ (۲) نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ میں ڈالا جائے۔ (۳) انجکشن (۴) قلم۔ پیوند جو نر درخت کا مادہ کے ساتھ لگایا جائے۔

لقاحُ الجدریّ: چیچک کا ٹیکا۔

لقاحُ التیفوس: ٹائیفائیڈ کا ٹیکا۔ (مو)

قومٌ لَقَاحٌ وحَيٌّ لَقَاحٌ: وہ قبیلہ یا قوم جو زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کے تابع تھیں اور نہ انہیں مملوک بنایا جاسکا اور نہ ہی قیدی۔

(اللِّقَاحُ): نر اونٹ یا گھوڑے وغیرہ کا مادہ

منویہ۔

(اللَّقَاحِيَّةُ): (علم طب کی اصطلاح میں) بدن میں مختلف پودوں کے نر دانہ سے ہوجانے والی حساسیت۔ الرجی۔ (مج)

(اللَّقَحُ): حمل۔ امرأةٌ سريعة اللَّقَح: وہ عورت جسے جلدی حمل ٹھہر جائے۔ (۲) اللَّقَاحُ۔

(اللَّقْحَةُ): بہت دودھ دینے والی اونٹنی (ج) لِقَاحٌ۔

(اللِّقْحَةُ): بمعنی اللَّقْحَةُ: (۲) طبیعت۔ کہتے ہیں: ان لی لِقْحَةً تخبرني عن لقاح الناس: (۳) دودھ پلانے والی عورت۔ (ج) لِقَحٌ ولِقَاحٌ۔

(المُلْقِحُ) من الرجال: وہ آدمی جس میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ہو۔ بخلاف العقیم: (بانجھ)

(لَقَسَهُ) (ن) لَقْسًا: کسی کی برائی بیان کرنا۔ عیب نکالنا۔ هو لاَقِسٌ ولَقَّاسٌ۔

(لَقِسَتْ) (س) نَفْسُهُ إلى الشيءِ لَقَسًا: کسی چیز کی خواہش ہونا۔

— نَفْسُهُ مِنَ الشيءِ: کسی چیز سے جی متلانا۔ (۲) طبیعت میں سستی پیدا ہونا۔ هي لَقِسَةٌ۔

— بِهِ: تاڑ لینا' سمجھ جانا۔

(لاَقَسَهُ): عیب نکالنا۔ برے القابات سے ملقب کرنا۔

(تَلاَقَسَ) القومُ: باہم سب وشتم کرنا۔

(تَلَقَّسَتْ) نَفْسُهُ عن الشيءِ: دل کا کسی چیز سے تنگ ہونا۔ کسی چیز میں کنجوسی کرنا۔

(اللاَّقِسُ): خارش۔

(اللَّقَسُ): خارش۔

(اللَّقِسُ): جو لوگوں کو عیب کا نشانہ بنائے' انہیں برے القاب دے۔ ان کا مذاق اڑائے اور ان کے درمیان فساد پیدا کرے۔ (۲) متلون مزاج جو ایک حالت پر قائم نہ رہے۔

(لَقَصَ) (ن) الشئي جِلْدَهُ لَقْصًا: کسی چیز کا جلد میں سوزش پیدا کرنا۔

فلانٌ لَقَصًا: تنگ ہونا۔

(الْتَقَصَ فلانٌ): گھٹیا کاموں میں لگے رہنا۔

— الشيءَ: لینا۔

(اللَّقِصُ): بدی کی طرف تیزی سے لپکنے والا۔ (۲) بہت باتیں کرنے والا۔

(لَقَطَ) (ن) الشيءَ لَقْطًا: زمین سے کوئی چیز اٹھانا۔ هو لاقِطٌ ولَقَّاطٌ ولَقَّاطَةٌ والمفعول لقوطٌ ولقيطٌ۔

— الطائرُ الحبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانے چگنا۔

— العِلمَ من الكتبِ: مختلف کتابوں سے علم حاصل کرنا۔

— اصولَ الشَّعْرِ: چمٹی سے بال اکھاڑنا۔

— المنظرَ اَوِ الصُّوْرَةَ: کیمرے سے تصویر کھینچنا۔ (محدثہ)

(لاَقَطَهُ) مُلاَقَطَةً ولِقَاطًا: کسی کے مقابلہ میں ہونا۔

(الْتَقَطَ) الشيءَ: بمعنی لَقَطَهُ: (۲) بغیر تلاش وطلب اچانک کوئی چیز پالینا۔ قرآن مجید میں ہے (فَالْتَقَطَهُ اٰلُ فِرْعَوْنَ) لَقِيْتُهُ التقاطًا: میں نے اُسے بغیر امید کے پایا (۳) اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔ جیسے فلانٌ يلتقط كلامَ النَّاسِ: یہ چغل خور کے بارے میں کہتے ہیں' یعنی وہ لوگوں کی باتیں اِدھر اُدھر سے جمع کرتا ہے۔ عرب لوگ مجلس میں چغل خور کی موجودگی کی طرف اشارہ کرنے کے لئے کہتے ہیں: اِنَّ عندك ديكاً يلتقط الحصى: تیرے پاس ایک مرغا ہے جو کنکریاں چگتا ہے۔

(تَلَقَّطَ) الشيءَ: اِدھر اُدھر سے چننا۔

(الأَلْقَاطُ): اوباش لوگ۔ جائنا اسقاطٌ من الناس والقاطٌ۔

قومٌ القاطٌ: متفرق بکھرے ہوئے لوگ۔

(اللاَّقِطُ): کھیتی کے گرے ہوئے خوشے اور درخت کے گرے ہوئے پھل چننے والا (۲) گری پڑی چیزیں اٹھانے والا۔

(اللاَّقِطَةُ) لكلِّ ساقِطةٍ لاقطةٌ: ہر گری ہوئی چیز کا اٹھانے والا ہے۔ یعنی زبان سے نکلی ہوئی ہر بات کا کوئی سننے والا اور پھیلانے والا ہے۔ یا ہر غیر مرغوب چیز کا کوئی نہ کوئی خواہش مند ہے۔

(اللُّقَاطُ): درانتی سے بچ کر نیچے گر جانے والا خوشہ جسے لوگ اٹھا لیتے ہیں۔

(اللَّقَّاطُ): زمین سے خوشے اٹھانے والے۔

(اللُّقَّاطُ): زمین سے اٹھائے ہوئے خوشے۔

(اللُّقَاطَةُ): زمین سے اٹھائی جانے والی چیز۔ (۲) بیکار پڑی ہوئی چیز جسے کوئی نہ اٹھائے (ج) لُقَاطٌ۔

(اللَّقَطُ): زمین پر بکھرے ہوئے پھل یا خوشے (۲) کان میں پائے جانے والے سونے یا چاندی کے ٹکڑے۔ کہتے ہیں وَجَدْتُ فی المعدن لَقَطًا (ج) أَلْقَاطٌ۔

(اللَّقْطَةُ): فلم وغیرہ کے کسی منظر کا فوٹو۔ کسی خاص جگہ یا منظر کی تصویر۔ (محدثہ)

(اللَّقْطَةُ) لَقْطٌ: کا واحد۔

(اللُّقْطَةُ): زمین پر پڑی ہوئی اٹھائی جانے والی چیز۔ (۲) علم طبقات الارض کی اصطلاح میں سونے کی ایک ہتھیلی کے برابر یا اس سے بڑا کان میں پایا جانے والا ٹکڑا۔ (مج)

(اللَّقِيْطُ): راستہ سے اٹھایا جانے والا بچہ جس کے والدین کا علم نہ ہو۔

(اللَّقِيْطَةُ): گھٹیا اور کمینہ مرد یا عورت۔ (ج) لَقَائِطُ۔

(المِلْقَاطُ): چمٹی۔ جس سے چھوٹی چیزوں کو پکڑ کر اٹھایا جائے۔ (ج) مَلاَقِيْطُ۔

(المِلْقَطُ): بمعنی المِلْقَاطُ (ج) مَلاَقِطُ۔

(المَلْقَطُ): کان' معدن (۲) مطلب' مطلوبہ چیز (ج) مَلاَقِطُ۔ کہتے ہیں أَصْبَحَتْ مَرَاعِيْنَا مَلاَقِطَ مِنَ الجَدْبِ: ہماری چراگاہیں سوکھ چکی ہیں۔ ان میں بالکل ہریالی نہیں۔

(الملقوطُ): بمعنی اللقيطُ (ج) مَلاَقِيْطُ۔

(لَقَعَ) (ف) الشيءَ لَقْعًا: پھینکنا۔

ــ فلانًا بعینہٖ: کسی کو نظر لگانا۔
ــ بالکلامِ: کلام میں کسی پر غالب آنا۔
ــ فلانًا: عیب دار کرنا۔
(التِّلِقّاعُ): بہت برائی بیان کرنے والا۔ بڑا عیب گو۔ھی تلقاعۃٌ۔
(اللُّقَعَۃُ): باتیں بنانے والا، فضول گو۔
(اللُّقّاعُ): سبز مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔واحد لُقّاعَۃٌ۔
(اللُّقّاعَۃُ): بیوقوف (۲) لوگوں کو برے القاب دینے والا۔
(المِلْقاعُ): بڑی فحش گو عورت۔
(لَقِفَ)(س) الشیءَ لَقْفًا ولَقَفانًا: کوئی چیز جلدی سے لے لینا۔(۲) منہ سے پکڑ کر نگل جانا۔قرآن مجید میں ہے (وَأَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا)
(لَقَّفَ) الفرسُ فِیْ عَدْوِہٖ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو تیزی سے اٹھا کر دوڑنا۔
ــ فلانًا الشیءَ: کسی کے سامنے کوئی چیز اس لئے ڈالنا کہ وہ اسے اچک لے۔
ــ الطَّعامَ: کھانا نگلنا۔
ــ فلانًا الطعامَ: کسی کو کھانا نگلوانا۔
(اِلْتَقَفَ) الشیءَ: جلدی سے لے لینا۔
(تَلَقَّفَ) الشیءَ: بمعنی اِلْتَقَفَہٗ۔
ــ الکلامَ مِنْ فِیہِ: کسی کی زبان سے بات سن کر جلدی سے یاد کر لینا۔
ــ الطعامَ: نگلنا۔
(اللَّقْفُ): رجلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ: وہ شخص جو اپنی طرف پھینکی جانے والی ہر چیز کو اچک لے۔(۲) وہ شخص جو ہر کہی جانے والی بات کو فوراً سمجھ جائے۔(۳) ماہر و ذہین۔کبھی صرف رجلٌ لقفٌ: مذکورہ معانی کے لئے بولا جاتا ہے۔
(اللَّقِفُ): رجلٌ ثَقِفٌ لَقِفٌ: بمعنی ثَقْفٌ لَقْفٌ۔
(اللَّقِیْفُ) ھو ثَقِیْفٌ لَقِیْفٌ بمعنی ثَقْفٌ لَقْفٌ۔

(لَقَّ)(ن) عینَہٗ لَقًّا: کسی کی آنکھ پر ہاتھ مارنا۔ھو لاقٌّ (ج) لَقَقَۃٌ۔
(اللَّقُّ): زمین کا شگاف، پھٹن (۲) بہت باتیں کرنے والا آدمی۔
(اللَّقّاقُ): رجلٌ لَقّاقٌ بقّاقٌ: بہت باتیں کرنے والا آدمی۔
(لَقْلَقَ) اللَّقْلاقُ: سارس پرندہ کا آواز نکالنا۔
ــ الحیّۃُ: سانپ کا منہ ہلاتے رہنا اور زبان نکالنا۔
ــ لسانَ فلانٍ: زبان کا تیز چلنا اور اس میں ٹھہراؤ نہ ہونا۔
ــ نظرَہٗ: جلدی جلدی نگاہ پھرانا۔
ــ الشیءَ: حرکت دینا۔
(تَلَقْلَقَ) الشیءُ: حرکت کرنا۔
(اللَّقْلاقُ): سارس (لمبی چونچ اور ٹانگوں والا ایک پرندہ)
(اللَّقْلَقُ): سارس (۲) زبان۔کہتے ہیں: حرّك لَقْلَقَہٗ: اس نے زبان ہلائی۔(ج) لَقالِقُ۔
(اللَّقْلَقَۃُ): زمین کا عجز، ہلکاہٹ۔(۲) غیر متوازن آواز۔جیسے نوحہ کرنے والیوں کی آواز۔کہتے ہیں: للنوائحِ لَقْلَقَۃٌ (ج) لَقالِقُ۔
(لَقَمَ) (ن) الطَّرِیْقَ وغیرَہٗ لَقْمًا: راستہ وغیرہ بند کر کے دینا، ناکہ بندی کرنا۔
لَقِمَ (س) الشیءَ: تیزی سے کھانا۔
ــ اللُّقْمَۃَ: منہ میں لقمہ لینا (۲) آہستہ سے لقمہ نگلنا۔
(أَلْقَمَہٗ) الطَّعامَ: کسی کو کھانے کے لقمے دینا۔
أَلْقَمتہ أُذنی فصبّ فیہا کلامًا: میں نے اپنا کان اس کے قریب کیا تو اس نے بات کہی۔
ــ أَلْقَمَہُ الحَجَرَ: جھگڑے کے وقت کسی کو چپ کرا دینا۔
(لَقَّمَہُ) الطعامَ: بمعنی أَلْقَمَہٗ۔
ــ البعیرَ: اونٹ کو ہاتھ سے چارہ کھلانا اگر وہ اس طریقہ کا عادی ہو۔
(اِلْتَقَمَ) الشیءَ: نگلنا۔قرآن مجید میں ہے:
(فَالْتَقَمَہُ الْحُوْتُ وَھُوَ مُلِیْمٌ)
ــ اُذنَہٗ: کسی سے سرگوشی کرنا۔
(تَلَقَّمَ) الشیءَ: بمعنی لَقِمَہٗ۔
(التِّلِقّامُ) و(التِّلِقّامَۃُ): بہت زیادہ یا بڑے بڑے لقمے بنانے والا۔
(اللَّقَمُ): واضح راستہ، کہتے ہیں خُذْ ھذا اللَّقَمَ۔
(اللَّقِمُ): رجلٌ لَھِمٌ لَقِمٌ: اپنے مخالفین پر غالب آنے والا۔
(اللُّقْمَۃُ): نوالہ، لقمہ (ج) لُقَمٌ۔
(اللَّقْمَۃُ): نوالہ، لقمہ (۲) ایک دفعہ کھائی جانے والی مقدار۔
(اللَّقِیْمُ): ایک لقمہ میں کھائی جانے والی چیز۔

(لَقِنَ) (س) فلانٌ لَقَنًا ولَقانَۃً: سمجھدار اور ذہین ہونا۔
ــ المعنٰی: معنی کو سمجھ لینا۔ھو لَقِنٌ۔
(لَقَّنَہُ) الکلامَ: کسی کو یاد کرانے کے لئے بات کرنا۔ذہن نشین کرانا۔
ــ المُمَثِّلَ علی المَسْرَحِ: اداکار کو سٹیج پر آہستہ سے بتانا کہ وہ کیا کہے۔(محدثہ)
ــ المحتضرَ: قریب المرگ کو شہادتین کی تلقین کرنا یعنی اس کے قریب بیٹھ کر آہستہ سے پڑھنا تا کہ وہ بھی پڑھے۔حدیث میں ہے: (لَقِّنُوْا مَوْتَاکُمْ شَھَادَۃَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ)
ــ المَیِّتَ: مردہ کو دفن کرنے کے بعد وہ بات بلند آواز سے کہنا جو مردہ منکر نکیر کے جواب میں کہے۔
(تَلَقَّنَ) الشیءَ والکلامَ: سمجھنا۔اچھی طرح ذہن نشین کر لینا۔
(اللَّقَنُ): تانبے یا پیتل کی سلفچی یا اس جیسا کوئی برتن جو نیچے سے تنگ اور اوپر سے کشادہ ہوتا ہے۔(مج)
(اللَّقِنُ): ھو ثَقِفٌ لَقِنٌ: سمجھدار اور سنی ہوئی بات کو خوب سمجھ لینے والا۔
(المُلَقِّنُ): تلقین کرنے والا، میت کو یاد دہانی

کروانے والا(۲)اداکار کو سٹیج پر آہستہ سے بات بتانے والا۔(محدثہ)
(لَقَاهُ) (ن) اللهُ لَقْوًا: کسی کو لقوہ میں مبتلا کرنا۔
(لُقِيَ) لَقْوَةً: کسی کو لقوہ ہوجانا۔ ھو مَلْقُوٌّ۔
(اللَّقْوَةُ): لقوہ ایک بیماری جس میں منہ ٹیڑھا ہوجاتا ہے(۲) ہوشیار اور پھرتیلا عقاب (ج) لِقَاءٌ وأَلْقَاءٌ۔
(لَقِيَهُ) (س) لِقَاءً وتِلْقَاءً ولُقِيًّا ولُقْيَانًا ولُقْيَةً: کسی سے ملاقات کرنا، اتفاقاً مل جانا۔
— فلانٌ ربَّهُ: مرجانا۔
(أَلْقَى) الشيئَ: ڈالنا۔ پھینکنا۔ أَلْقِهِ من يدك: تو اسے ہاتھ سے چھوڑ دے۔ ایسی ألق به من يدك۔
— المودَّةَ وبالمودَّةِ: کسی سے تعلق ومحبت قائم کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ)
۔اللهُ الشيئَ فِي القلوب: اللہ کا دلوں میں کوئی بات ڈالنا۔
— القرآنَ: قرآن نازل کرنا۔
— المتاعَ علي الدابّةِ: جانور پر سامان لادنا۔
— عليه القولَ: کسی کو کوئی بات لکھوانا۔
— اليه القولَ وبالقولِ: کسی کو کوئی بات پہنچانا۔
— اليه بالاً: کسی کو توجہ سے سننا۔ اس کو اہمیت دینا۔
— فلانٌ السمعَ والي فلان السَّمعَ: کسی کی بات توجہ سے سننا۔
— اليه السلامَ: کسی کو سلام کرنا۔
— اليه خيرًا: کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔
(لاَقَاهُ) مُلاَقَاةً ولِقَاءً: کسی سے ملاقات کرنا۔ اچانک مل جانا۔
— اللهَ: اللہ کے حساب اور پکڑ میں آنا۔ قرآن مجید میں ہے (اَلَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُلاَقُوْا رَبِّهِمْ)
— بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: دو آدمیوں میں قطع تعلقی کے بعد ملاپ کروا دینا۔ لاقي بين فلانٍ وفلان: بھی کہتے ہیں۔
— بَيْنَ طرفي القضيب: دو ٹہنیوں کو موڑ کر ملانا۔ ھو مُلاَقٍ۔
— هو جَارِي مُلاَقِيَّ: وہ میرا بالمقابل پڑوسی ہے۔
(لَقَّاهُ) الشيئَ: کوئی چیز کسی کے سامنے ڈالنا تاکہ وہ لے لے۔ قرآن مجید میں ہے (وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا)۔
(التَقَيَا): ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہونا۔ جیسے التقى الجمعان والتقى الجيشان والتقى الرجلان۔
— الشيئان: باہم جمع ہونا (۲) آمنے سامنے ہونا۔ ساتھ ساتھ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لاَّ يَبْغِيَانِ)
— الشيئَ: حاصل کرنا۔
(تَلاَقَيَا): باہم ملاقات کرنا۔ آمنے سامنے ہونا۔
(تَلَقَّتِ) المَرْأَةُ: حاملہ ہونا۔ ھي مُتَلَقٍّ۔
— الشيئَ: حاصل کرنا۔
— فلاَنًا: ملاقات کرنا۔
— الشيئَ عنهُ: ایک چیز کسی سے لینا۔ جیسے تَلَقَّى العلمَ عن فلانٍ۔
(اِسْتَلْقَى) علي ظهرهِ: چت لیٹنا۔
(الأُلْقِيَّةُ): پیش کی ہوئی پہیلی۔ أُلْقِيَتْ عليه واليه الأُلْقِيَةُ: فلاں کو پہیلی پیش کی گئی۔ (۲) آفت زمانہ (ج) الأَلاَقِيُّ۔
(التَّلاَقِي): يَوْمُ التلاقي: قیامت کا دن۔
(التِّلْقَاءُ): ملاقات، سامنا۔ کہتے ہیں: يَسُرُّنِي تِلْقَاءُكَ۔
— تِلْقَاءَ: مصدر کو توسعاً ظرفیت کے معنی دے کر نصب دیا گیا ہے۔ بمعنی مقابل، طرف۔ جیسے تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ فلانٍ اور قرآن مجید میں ہے (وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ)
— فعل ذلك تلقائيًا: اس نے یہ کام اپنی طرف سے کیا۔ (مو)
(اللَّقَى): پھینکی ہوئی بیکار چیز (۲) گری پڑی چیز۔ (۳) اٹھائی ہوئی چیز۔ (ج) ألقاء۔
(اللَّقَاةُ) من الطَّرِيْقِ: کشادہ راستہ۔
(اللَّقِيُّ): دو آدمیوں کے ملنے کی جگہ، موضع اجتماع۔ هما لقيّان۔
— هو شقيٌّ لَقِيٌّ: اسے ہمیشہ برائی سے ہی واسطہ پڑتا ہے۔
(المَلْقَى): پہاڑ پر شکاری کے بیٹھنے کی جگہ۔ (۲) پہاڑ کی چوٹی (ج) الملاقي۔
الملاقي: فرج کی تنگ جگہ۔
— امرأةٌ ضيّقة الملاقي: وہ عورت جس کی فرج تنگ ہو۔
(المُلْقَى): پھینکنے کی جگہ۔
مُلْقَى الكُنَاسَاتِ: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔
فِنَاءُهُ مُلْقَى الرِّحَالِ: وہ بڑا مہمان نواز ہے۔
(المُلَقَّى) رجلٌ مُلَقًّى: آزمائشوں میں پڑا رہنے والا جسے کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہو۔ کہتے ہیں: الشّجَاعُ مُوَقًّى والجبان مُلَقًّى: بہادر مصائب سے محفوظ رہتا ہے اور بزدل مصائب سے ہمکنار رہتا ہے۔

ل..........ک

(لَكَأَهُ) (ف) بِالسَّوْطِ لَكْئًا: کوڑا مارنا۔
— فلاَنًا: کسی کو اس کا حق پورا پورا دینا۔ کہتے ہیں: لَعَنَ اللهُ أُمًّا لَكَأَتْ بِهِ: خدا اس ماں پر لعنت کرے جس نے اسے جنا۔
(لَكِئَ) (س) بالمكانِ لَكَأً: کسی جگہ ٹھہرنا۔
(تَلَكَّأَ) عليه: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا۔
— عنهُ: کسی چیز میں توقف کرنا۔ پس وپیش کرنا۔
(لَكَثَهُ) (ن) لَكْثًا ولِكَاثًا: کسی کو ہاتھ یا پاؤں سے مارنا۔
(لَكِثَ) (س) الوَسَخُ عليه وبه لَكَثًا: میل جم جانا۔
(اللُّكَاثُ): چونے کا چمکدار چکنا پتھر۔
(اللُّكَاثِيُّ): انتہائی گورا آدمی۔

(اللَّكَثُ): برتن کے کنارے پر جمنے والا دودھ کا میل۔

(لَكِدَ) (س) عليه الوسخ وبه لَكَدًا: میل جم جانا۔

ـــ الشيئُ بفيه: کسی کے منہ کو کوئی چیز کھاتے ہوئے لگی رہ جانا۔

ـــ شَعْرُهُ من الوسخ: بالوں کا میل کی وجہ سے پراگندہ ہونا۔

ـــ فلانٌ: بخیل و کنجوس ہونا۔ هو لَكِدٌ۔

(لَاكَدَ) الغُلَّ: بیڑی کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا۔

ـــ قَيْدَهُ: اپنی بیڑی کو ساتھ لیتے ہوئے چلنا اور اس کا بار بار ٹکرانا۔

ـــ فلانٌ فلانًا: کسی کے ساتھ ساتھ رہنا۔

(التَكَدَهُ): کسی کو لازم پکڑنا اس سے جدا نہ ہونا۔ التكدبه بھی کہتے ہیں۔

(تَلَكَّدَ) الشيئُ: کسی چیز کے اجزاء کا باہم پیوست اور جما ہوا ہونا۔

ـــ به الوسخُ: میل کا جم جانا۔

ـــ فلانٌ: پُر گوشت اور ٹھکے ہوئے بدن والا ہونا۔

(الأَلْكَدُ): غیر قوم کا کمینہ آدمی جوان کے ساتھ لگا رہے۔

(المِلْكَدُ): کوٹنے کی چیز۔

(لَكَزَهُ) (ن) لَكْزًا: کسی کے سینہ پر مکا مارنا۔

(لَاكَزَهُ): ایک دوسرے کو مکہ مارنا۔

(تَلَاكَزَا): ایک دوسرے کو مکہ مارنا۔

(اللِّكَازُ): دھرے میں سوراخ چھوٹا کرنے کے لئے لگایا جانے والا ٹکڑا۔

(المُلَكَّزُ): در بدر پھرنے والا ذلیل آدمی۔

(لَكَشَهُ) (ن) لَكْشًا: مکہ مارنا۔

(لَكَعَ) (ف) فلانٌ لَكْعًا: کھانا پینا۔

ـــ الصبيُّ: بچہ کا دودھ پیتے وقت ماں کے پستان پر ٹکر مارنا۔

ـــ الرجلُ الشاةَ: دودھ اتارنے کے لئے بکری کے تھن پر ہاتھ مارنا۔

ـــ العقربُ فلانًا: بچھو کا کسی کو ڈنک مارنا۔

ـــ الرجلَ: کسی کو برا بھلا کہنا۔

(لَكِعَ) (س) لَكَعًا ولَكَاعَةً: کمینہ ہونا۔
(۲) بیوقوف ہونا۔ هو أَلْكَعُ وهي لكعاءُ۔

ـــ عليه الوسخُ لَكَعًا: میل جم جانا۔

(لَكُعَ) (ك) لَكَعًا ولَكَاعَةً: کمینہ ہونا۔
(۲) بیوقوف ہونا۔ هو لَكِيعٌ۔

(لَكَاعِ): عورت کو بیوقوف قرار دینے کے لئے کہا جاتا ہے۔ يَالَكَاعِ۔

(اللُّكَعُ): کمینہ۔ پکارنے کے وقت یا لُكَعُ کہتے ہیں، دو کے لئے ياذوي لُكَعٍ کہتے ہیں، اگر کسی کا نام رکھا جائے تو اس پر تنوین نہیں آتی، کیونکہ اس صورت میں ألكع سے معدول ہوگا۔
(۲) بیوقوف (۳) بولنے سے عاجز (۴) چھوٹا بچہ۔ حدیث میں ہے (ان النبيّ صلى الله عليه وسلم دخل على فاطمة فقال اثَمَّ لُكَعُ): یعنی کیا کوئی بچہ ہے (حسنؓ و حسینؓ میں سے)

(اللُّكَعَةُ): کمینی اور گھٹیا عورت۔

(المَلْكَعَانُ): کمینہ۔ آدمی کو گالی دینے کیلئے یا مَلْكعانُ اور عورت کو یا مَلْكعانة: کہتے ہیں۔

(لَكَّهُ) (ن) لَكًّا: کسی کی گدی پر مکہ مارنا۔

ـــ الشيئَ: خلط ملط کرنا۔ (۲) دبانا۔

ـــ اللحمَ: ہڈی سے گوشت الگ کرنا۔

(التَكَّ): ملنا۔ باہم پیوست ہونا۔

ـــ العسكرُ: لشکر کا کثرت کی بنا پر باہم ملا ہوا ہونا۔

ـــ الوُرَّادُ على المَنْهَلِ: پانی کے گھاٹ پر دھکم پیل ہونا۔

ـــ في حُجَّتِهِ: دلیل میں غلطی کرنا۔

ـــ في كلامِهِ: کلام میں غلطی کرنا۔

(اللِّكَاكُ): رش۔ ہجوم۔

(اللَّكُّ): ٹھوس اور گٹھا ہوا گوشت۔ (۲) ایک پودے کا سرخ گوند جس میں الکوحل ملا کر لکڑی کو رنگا جاتا ہے۔ (مج) (۳) موجودہ اصطلاح میں دس ملین (ایک کروڑ) (۴) اہل ایران، ہندوستان اور یمن کے نزدیک سو ہزار یعنی ایک لاکھ۔

(اللَّكِيكُ): پُر گوشت ٹھکے ہوئے بدن والا۔

فرسٌ لكيك اللَّحْمِ: (۲) باہم ملا ہوا، جیسے عسكرٌ لكيكٌ: (۳) تارکول (ج) لِكَاكٌ۔

(لَكَمَهُ) (ن) لَكْمًا: مکہ مارنا (۲) دھکا دینا۔

ـــ السيلُ عُرْضَ الجبلِ: سیلاب کا دامن کوہ سے ٹکرانا۔

(لَاكَمَهُ) مُلَاكَمَةً: باہم مکہ بازی کرنا۔ باکسنگ کرنا۔

(تَلَاكَمَ): طمانچہ مارنا۔

(المِلْكَمُ) رجلٌ مِلْكَمٌ: باکسر، بڑا مکے باز۔

(المُلَاكَمَةُ): باکسنگ، مکہ بازی۔

(المُلَاكِمُ): باکسر، مکہ باز (محدثہ)

(لَكِنَ) (س) فلانٌ لَكَنًا ولُكْنَةً: صحیح طرح نہ بولنا، اٹک اٹک کر بولنا (۲) زبان کی خرابی کی وجہ سے فصیح عربی نہ بول سکنا۔ هو ألكن وهي لكناءُ (ج) لُكْنٌ۔

(تَلَاكَنَ) في كلامِهِ: ہنسانے کیلئے لکنت کے ساتھ بولنا۔

(لكِنْ): اس کی اصل لا كِنْ ہے۔ الف کو کتابت میں حذف کرتے ہیں لیکن تلفظ میں باقی رکھتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) یہ کہ مخففه من المثقلة ہو، اس صورت میں یہ حرف ابتداء ہوگا اور کوئی عمل نہ کرے گا۔ بخلاف امام اخفش کے کیونکہ یہ مخففہ ہونے کے بعد جملہ اسمیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے۔

(۲) یہ کہ اصل وضع کے اعتبار سے خفیفہ ہو اگر اس کے بعد جملہ ہو تو یہ حرف ابتداء ہے اور صرف استدراک کا فائدہ دیتا ہے (عاطفہ بھی نہیں ہوتا) اور اس کا استعمال واؤ کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے (وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ): اور بغیر واؤ کے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے زہیر کا شعر ہے:

إنّ ابنَ ورقاءَ لا تُخشى بوادره
لكن وقائعه في الحرب تنتظر

اگر اس کے بعد مفرد ہو تو یہ دو شرطوں کے ساتھ عاطفہ ہوگا۔

(۱) ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو جیسے **ما قامَ زیدٌ لکن عمرٌو** اور **لا یقم زیدٌ لکن عمرٌو** اگر **قامَ زیدٌ** کہا جائے پھر اس کے بعد لکن لایا جائے تو یہ حرف ابتداء ہوگا اور اس کے بعد جملہ لایا جائے گا اور کہا جائے گا **لکن عمرٌو لم یقُمْ**۔ کوفیین نے **لکن عمرو**: کو بنا بر عطف جائز قرار دیا ہے حالانکہ یہ مسموع نہیں ہے۔

(۲) دوسری شرط یہ ہے کہ واؤ کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو یہی اکثر نحویوں کا قول ہے لیکن بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ مفرد میں واؤ کے ساتھ ہی مستعمل ہوگا۔

(لکن): حرف مشبہ بالفعل جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ یہ استدراک کا معنی دیتا ہے۔ یعنی اپنے ماقبل کے حکم کے خلاف ثابت کرتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ اس سے پہلے ایسا کلام ہو جو اس کے مابعد کے مخالف ہو جیسے: **ما هٰذا شاعرًا لکنّهٗ کاتبٌ**: یا اس کی ضد ہو جیسے **ماهٰذا أبیض لکنّهٗ أسوَدُ**: کبھی استدراک کیلئے بھی آتا ہے جیسے **ما زیدٌ شجاعًا لکنّهٗ کریمٌ**: شجاعت اور کرم میں اکثر اتصال ہوتا ہے اس لئے شجاعت کی نفی سے کرم کی نفی کا وہم ہوتا تھا اس لئے **لکنه کریم**: کہہ کر اس کا ازالہ کر دیا گیا۔

یہ تاکید کیلئے بھی آتا ہے جیسے: **لو جاءنی لاکرمتُهٗ لکنّه لم یجیٔ**۔

ایک قول یہ بھی کہ یہ **إنّ** کی طرح تاکید کے لئے ہے اور تاکید اور استدراک کا معنی جمع ہو سکتا ہے۔

اس لفظ کے بارے میں بعض نے کہا ہے کہ یہ بسیط ہے۔ جبکہ امام فراء فرماتے ہیں کہ **لکن**: اور **أن**: سے مرکب ہے' **أن**: کا ہمزہ برائے تخفیف حذف کر دیا گیا۔

کبھی کبھی **لکنّ** کے اسم کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ جیسے متنبی کا قول:

وما كنت ممن يدخل الشق قلبَهٗ
ولكن من يبصر جفونك يَعْشَق

(لَكِيَ) (س) **بہ لكیً**: فریفتہ اور عاشق ہونا۔

— **بالمكانِ**: کسی جگہ قیام پذیر ہونا۔

(اللاَّکِیُ) اللاَّئك (**اللائك**: سے مقلوب ہے)۔

ل............م

(لَمْ): حرف جزم جو فعل مضارع کو منفی ماضی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اس کی نفی کبھی حالت نطق کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے جیسے (**لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ**): اور کبھی منقطع ہوتی ہے (**لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا**) کبھی اس پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے تو اس وقت نفی ایجاب میں تبدیل ہو جاتی ہے اور اس کے معنی میں تاکید و توبیخ پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ جزم کا عمل برقرار رہتا ہے: جیسے: **اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ؟** کبھی کبھی ہمزہ اور **لَمْ** کے درمیان فا یا واء کے ذریعہ فصل کیا جاتا ہے جیسے: **اَفَلَمْ اَقل لك؟ واَوَلَمْ أُوَدِّبْكَ**.

(لَمَأَہٗ) (ف) **لَمْأً**: سارے کا سارا لے لینا۔ مقولہ ہے: **مَا یَلْمَأُ فَمُهٗ بكلمةٍ**: وہ کسی بات کو برائی نہیں سمجھتا۔

(اَلْمَأَ) علیه: مشتمل ہونا۔

— **اللِّصُّ علی الشيءِ**: چور کا کوئی چیز چھپا کر لے جانا۔ کہتے ہیں: **ذَهَبَ ثَوْبِي فَمَا ادرِيْ مَنْ أَلْمَأَبِهٖ**: میرا کپڑا گم ہو گیا ہے نہ جانے کون اسے لے گیا۔

— **علیه حَقَّهٗ**: کسی کے حق کا انکار کرنا۔

— **بما فی الجفنةِ**: پیالہ کے سارے کھانے کو کھا لینا اور کسی دوسرے کو نہ دینا۔

— **الدوابُّ المكانَ**: جانوروں کا کسی جگہ کو چٹیل میدان بنا دینا۔ کہتے ہیں **لاَ أَدرِيْ أَيْنَ أَلْمَأَ مِنْ بِلادِ اللهِ**: پتہ نہیں وہ کہاں چلا گیا ہے؟

(اِلْتَمَأَ) بِمَا فِي الجفنة: پیالہ کا کھانا اپنے لئے خاص کر لینا کسی دوسرے کو نہ دینا۔

(اُلْمِيَ) لونُهٗ: رنگ بدل جانا۔

(تَلَمَّأَتِ) الارضُ بہ وعلیه: زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔

— **بما فی الجفنةِ**: پیالہ کا سب کچھ اپنے لئے خاص کر لینا۔

(المَلْمُوْئَةُ): وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔ (۲) شکاری کا پھندا یا جال۔

(لَمَجَ) (ن) **الشيءَ لَمْجًا**: کھانا۔

— **الصبيُّ أُمَّهٗ**: بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔

(لَمَّجَ) فلانًا: کھانے سے پہلے کوئی ہلکی غذا کھانا۔ کہتے ہیں **مَا لمّجوا ضیفهم بشيءٍ**.

(تَلَمَّجَ) فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور وقت گزاری کچھ کھانا۔ (۲) کھانے یا پینے کا مزہ لینا۔ **مَا تَلَمَّجَ عندنَا بِلَمَاجٍ**: اس نے ہمارے پاس کچھ نہیں کھایا۔

— **بالطعامِ**: کھانے کا مزا لینا۔

(اللَّمَاجُ): کھانے کی معمولی یا تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: **ماذُقت شَمَاجًا وَلاَلَمَاجًا**: میں نے کوئی چیز نہ چکھی۔

(اللَّمِجُ) رجلٌ لَمِجٌ: کھانے پینے کا شوقین آدمی۔ کہتے ہیں: **سَمِجٌ لَمِجٌ**: بدشکل اور بھدا آدمی۔

(اللُّمْجَةُ): کھانے سے پہلے تکریماً اور وقت گزاری کیلئے کھائی جانے والی چیز۔ (ج) **لُمَجٌ**۔

(اللَّمُوْجُ): بمعنی **اللَّمَاج**۔

(اللَّمِیْجُ): کھانے کا بڑا شوقین۔ (۲) بہت کھانے والا۔

— **سمیجٌ لمیجٌ**: بدشکل' بھدا آدمی۔

(لَمَحَ) (ف) **البصرُ لَمْحًا تَلْمَاحًا**: نگاہ اٹھنا۔

— **لَمَحَهٗ ببصرہ**: کسی چیز پر نگاہ ڈالنا۔

— **الیهِ**: سرسری نگاہ ڈالنا۔ (۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ **هو لامحٌ** (ج) **لُمَّاحٌ**۔

— **اللُّمَّاحُ**: تیز نگاہ والے شکرے۔ **وهو لَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ**.

(أَلْمَحَ)الشيءَ واليهِ: سرسری نگاہ ڈالنا۔
(۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔
ـــ المرأةُ من وجهها: عورت کا اپنے چہرہ کی جھلک دکھانا۔
(لَاْمَحَهُ)مُلَامَحَةً: چوری سے دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(التَمَحَهُ): سرسری طور پر دیکھنا۔
أُلْتُمِحَ بَصَرُهُ: نظر ختم ہوجانا۔
(الأَلْمَحِيُّ): ہر چیز پر بکثرت نگاہ اٹھانے والا۔
(اللَّامِحُ)فلانٌ لامِحُ عِطْفَيْهِ: فلاں خود پسند ہے۔
(اللَّمْحُ): لأُرِيَنَّكَ لَمْحًا باصرًا: میں تمہیں اچھی طرح بتادوں گا (دھمکی کیلئے استعمال ہوتا ہے)
(اللَّمْحَةُ): سرسری اور اچٹتی نگاہ۔
رأيتُهُ لَمْحَةَ البرقِ: میں نے اس کی ذرا سی جھلک دیکھی۔ في فلانٍ لمحةٌ من أبيه: فلاں اپنے باپ کی طرح ہے۔
(اللَّمَّاحُ): بہت چمکدار۔
ـــ هو أبيضُ لَمَّاحٌ: بہت چمکدار۔
(المَلَامِحُ): چہرے کے اچھے یا برے نقوش و خدوخال (۲) کسی چیز کے مشابہ۔ واحد لمحةٌ (خلاف قیاس)
(لَمَزَهُ) (ن ض) لِمزا: مارنا (۲) دھکا دینا۔ (۳) عیب نکالنا۔ (۴) آنکھ سر یا ہونٹوں سے اشارے کے ساتھ پوشیدہ کلام کرنا۔
ـــ الشيبُ فلانًا: کسی میں بڑھاپے کا ظاہر ہونا۔
(لَامَزَهُ): کسی کے ساتھ پہیلیوں کے انداز میں بات چیت کرنا۔
(اللُّمَزَةُ): عیب جو لوگوں کی برائیاں بیان کرنے والا۔ (لوگوں کے منہ پر ان کی برائی کرنے والا۔ (مذکر و مؤنث)
(اللَّمَّازُ): عیب گو۔ هي لَمَّازَةٌ۔
(لَمَسَهُ)(ن ض) لَمْسًا: ہاتھ سے چھونا۔ هو لَامِسٌ۔
ـــ المرأةَ: عورت سے جماع کرنا۔
ـــ لكذا شُعَاعٌ يكادُ يَلْمِسُ البَصَرَ: فلاں چیز میں اتنی چمک ہے جو نگاہ کو خیرہ کئے دیتی ہے۔ ابن احمر کہتے ہیں۔

فإنّ قصر كما من ذاك أن تريا
وجهًا يكاد سناه يلمس البصرا

(لَامَسَهُ) مُلَامَسَةً ولِمَاسًا: کسی کے ہاتھ پر ہاتھ پھیرنا۔
ـــ المرأةَ: جماع کرنا۔
(اِلْتَمَسَ)الشيءَ: کسی چیز کو تلاش کرنا۔
(تَلَمَّسَ) الشيءَ: کسی چیز کو بار بار تلاش کرنا۔
(الِالْتِمَاسُ): درخواست، التماس، فرمائش۔
(۲) مقدمہ کی اپیل۔ فیصلہ پر نظر ثانی کی اپیل دائر کرنا۔
ـــ التماس اعادة النظرِ: نظر ثانی کی اپیل۔
(اللَّامِسُ)امرأةٌ لا تردُّ يَدَ لَامِسٍ: بدکار اور فاحشہ عورت۔
ـــ فلانٌ لا يردُّ يَدَ لَامِسٍ: غیر محفوظ آدمی جو اپنا بچاؤ نہ کر سکے۔
(اللَّمَاسَةُ): شدید حاجت۔
(اللُّمَاسَةُ): بمعنی اللَّمَاسَةُ۔
(اللَّمْسُ): حواس خمسہ ظاہرہ میں سے ایک حاسہ، چھونے کی قوت، یعنی اعصاب کی ایک ادراک کرنے والی قوت جو چھونے سے حرارت و برودت رطوبت و یبوست وغیرہ کیفیات معلوم کرتی ہے۔
(اللَّمْسَةُ): ایک مرتبہ کا چھونا۔
ـــ اللمسة الاخيرة: فائنل ٹچ۔ آخری مرتبہ کا چھونا۔
(اللُّمُوسُ): منہ بولا بیٹا۔ لے پالک، متبنیٰ۔
(اللَّمِيسُ): نرم و نازک اور ملائم جسم کی عورت۔
(المُلْتَمِسُ): اپیل کنندہ، درخواست کنندہ، مدعی (ج)
(المُلْتَمَسُ): مدعیٰ علیہ، جس کے خلاف درخواست دائر کی جائے۔ (ج)

(لَمَصَ)(ن) العسلَ وشبهَهُ لَمْصًا: شہد وغیرہ انگلی سے چاٹنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو چٹکی بھرنا۔ (۲) کسی کی نقل اتارنا، منہ چڑانا، عیب نکالنا۔
(أَلْمَصَ) الشجرُ: درخت کا ہاتھ کی پہنچ کے اندر ہونا۔
ـــ الكرمُ: بیل کے انگور پک جانا۔
(اللَّامِصُ): انگور کی بیلوں کا محافظ۔
(اللَّمَصُ، اللَّمْصُ): فالودہ۔
(اللَّمُوصُ): دھوکہ باز، جھوٹا (۲) غیبت کرنے والا۔
(لَمَظَ) (ن) فلانٌ لَمْظًا: کوئی چیز کھا کر اس کا ذائقہ لینا۔
ـــ الماءَ: پانی کو زبان کے کناروں سے چکھنا۔
(أَلْمَظَهُ): ہونٹوں پر پانی لگانا۔
ـــ فلانًا على فلانٍ: کسی کو کسی کے خلاف بھڑکانا۔
(لَمَّظَهُ) كذا: کسی کو چیز چکھانا۔
ـــ فلانًا مِن حَقِّهِ: کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا۔
(اِلْتَمَظَ) بشفتيه: دونوں ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ ان سے آواز پیدا ہو۔
ـــ بالشيءِ: کسی چیز میں لپٹنا۔
ـــ الشيءَ: کھانا (۲) جلدی سے منہ میں ڈالنا۔
(تَلَمَّظَ) فلانٌ: بمعنی لَمَظَ: کہتے ہیں۔ مَا تَلَمَّظْتُ اليومَ بشيءٍ: میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔
ـــ بِذکرہ: عیب نکالنا۔
ـــ الحيّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
(اللِّمَاظُ) مَالَهُ لِمَاظٌ: اس کے پاس کھانے کیلئے کچھ نہیں۔ کہتے ہیں: مَا ذُقْتُ اليومَ لماظًا۔
شَرِبَ الماءَ لِمَاظًا: اس نے نوک زبان سے پانی پیا۔
(اللُّمَاظَةُ): منہ میں بچا ہوا کھانا۔ کہتے ہیں: أَتْي

لُمَاظَةٌ من فيهِ:اس نے اپنے منہ کا کھانا نکال ڈالا۔(۲)تھوڑی چیز کا بقیہ۔کہتے ہیں: ما الدنیا الالُمَاظَةُ أيام۔

(اللُّمْظَةُ):انگلی کے برابر اٹھایا ہوا تھوڑا سا گھی وغیرہ۔

(المُتَلَمَّظُ):مسکراہٹ۔اِنَّهُ لَحَسَنُ المُتَلَمَّظِ: وہ خوبصورت مسکراہٹ والا ہے۔

(لَمَعَ)(ف)البرقُ والصبحُ وغيرهما لَمْعًا ولَمَعَانًا:روشن ہونا۔چمکنا۔هو لامعٌ (ج)لُمَّعٌ وهو لَمَّاعٌ وهي لامعةٌ (ج) لَوَامِعُ۔

ـــ بالشيءِ لَمْعًا:کسی چیز کو لے جانا۔

ـــ بثوبهٖ ويدهٖ وسيفهٖ:کپڑے، ہاتھ یا تلوار سے اشارہ کرنا۔

ـــ الطائِرُ بجناحيه:پرندہ کا اڑتے ہوئے بازوؤں کو حرکت دینا۔

ـــ فلانٌ البابَ:دروازے سے ظاہر ہونا۔

ـــ الشيءَ:ڈالنا، پھینکنا۔

(أَلْمَعَ)بثوبهٖ ويدهٖ وسيفهٖ:ہاتھ، کپڑے یا تلوار سے اشارہ کرنا۔

ـــ بالشيءِ وعليهِ:چپکے سے غائب کر دینا۔(۲)چرالینا۔

ـــ بما في الاناءِ: من الطعامِ والشرابِ: برتن کا سب کچھ کھانا یا سب پانی لے جانا۔

ـــ الطائرُ بجناحيه:بازو پھڑ پھڑانا۔

ـــ النَّاقَةُ بذنبها:اونٹنی کا اپنی دم کو اٹھانا تا کہ یہ معلوم ہو کہ وہ گابھن ہو چکی ہے۔هي ملمعة وملمع۔

ـــ المعتِ الناقةُ:اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔

ـــ الأُنْثٰى:بچہ کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔

ـــ الارضُ:زمین میں سفید گھاس کے ٹکڑے ظاہر ہونا۔(۲)زمین میں زیادہ گھاس ہونا۔

(لَمَّعَ)النسيجَ أو الحَجَرَ:کپڑے یا پتھر کو مختلف رنگوں سے رنگنا۔

ـــ الشيءَ:چمکانا۔پالش کرنا۔(محدثہ)

(اِلْتَمَعَ)البرقُ وغيرُهٗ:چمکنا۔روشن ہونا۔

ـــ الشيءَ:چپکے سے اٹھالینا۔

(اُلْتُمِعَ)لونُهٗ:رنگ بدل جانا۔جب کوئی غصہ، غم یا کسی اور وجہ سے گھبرا جائے اور اس کا رنگ بدل جائے تو اسے اُلْتُمِعَ لونُهٗ: کہا جاتا ہے۔

(تَلَمَّعَ)البرقُ وغيرُهٗ:بجلی چمکنا۔

ـــ الشيءَ:اچک لینا۔

(الأَلْمَعُ):صاحب فراست، انتہائی ذہین اور تیز فہم آدمی۔

(الأَلْمَعِيُّ):بمعنی الأَلْمَعُ:(۲)خوش طبع اور صاحب ظرافت آدمی۔

(التَّلْمِيعُ):گھوڑوں کے بدن پر ایسے رنگ کے داغ جو اصل رنگ کے برخلاف ہوں(۲)ہر وہ رنگ جو دوسرے رنگ کے برخلاف ہو۔(ج)تَلَامِيعُ۔فيهِ تلميعٌ وتلاميعُ: وہ رنگ برنگ ہے۔

(اللَّامِعُ):چمکدار، روشن۔

ـــ مَا بالدَّارِ لَامِعٌ:گھر میں کوئی نہیں۔

(اللَّامِعَةُ):بچہ کے سر کا نرم تالو(ج)لوامعُ۔

(اللِّمَاعُ):ذهبتْ نَفْسُهُ لِمَاعًا:اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

(اللُّمْعَةُ):لوگوں کی جماعت(۲)جسم کی خوبصورتی اور چمک(۳)پستان کی نوک کے گرد قدرتی سیاہ حلقہ(۴)سیاہ دھبہ(۵)ہر وہ دھبہ جو اصل رنگ کے خلاف ہو۔(۶)وضو یا غسل میں خشک رہ جانے والی جگہ۔کہتے ہیں بهٖ لمعةٌ لَمْ يُصِبْهَا الوُضوءُ:(۷)گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونا شروع ہو گیا ہو(ج)لُمَعٌ ولِمَاعٌ۔

(اللَّمَّاعَةُ):سراب، چمکتا ہوا ریگستان(۲)بچہ کے سر کا نرم تالو۔

(اللَّمُوعُ):روشن، چمکدار(۲)تیز جھپٹا مارنے والا عقاب۔

(المُلْمَعُ):خَدٌّ مُلْمَعٌ:چمکدار رخسار۔

(المِلْمَعُ)مِلْمَعَا الطائرِ:پرندے کے پر۔

خَفَقَ الطائرُ بِمِلْمَعَيْهِ:پرندے نے اپنے بازو پھڑ پھڑائے۔

(المُلْمِعَةُ):أَرْضٌ مُلْمِعَةٌ:چمکتی ہوئی سراب والی زمین۔

(المُلَمَّعُ)فرسٌ مُلَمَّعٌ:وہ گھوڑا جس کے جسم پر اصل رنگ کے مخالف دھبے ہوں۔(۲)برص کا مریض۔

(المُلَمِّعَةُ)ارضٌ مُلَمَّعَةٌ:بمعنی مُلْمِعَةٌ۔

(المُلَمَّعَةُ)ارضٌ مُلَمِّعَةٌ:بمعنی مُلْمِعَةٌ۔

(اليَلْمَعُ):بے بارش بجلی، کہتے ہیں:فلانٌ اخدع من يَلْمَعٍ:(۲)سراب کہتے ہیں هو اكذبُ من يَلْمَعٍ(۳)بطور تشبیہ کذاب جیسے انما هو يَلْمَعٌ(۴)بہت ذہین و صاحب فراست(۵)چمکنے والا ہتھیار جیسے زرہ اور خود وغیرہ(ج)يَلَامِعُ۔

(اليَلْمَعِيُّ):ذہین و ذکی، صاحب فراست آدمی۔

(لَمَقَ)(ن)لَمْقًا:دیکھنا۔

ـــ فلانًا ببصرهٖ:گھور کر دیکھنا۔

ـــ فلانًا:تھپڑ مارنا۔

ـــ عينَهٗ:آنکھ پر ہاتھ مارنا۔

ـــ الشيءَ:مٹانا۔(۲)لکھنا(ضد)

(تَلَمَّقَ):دوپہر کے کھانے سے پہلے بطور تلذذ کے کوئی چیز کھانا۔

(اللَّمَاقُ):تھوڑی سی کھانے پینے کی چیز۔

ـــ مَا ذقتُ لَمَاقًا:میں نے کچھ نہیں کھایا۔

ـــ مَا بالأرضِ لَمَاقٌ:زمین میں کہیں چراگاہ نہیں۔

(لَمَقُ)الطَّرِيقِ:واضح اور سیدھا راستہ۔

(اليَلْمَقُ):بھراؤ دار چوغہ(فارسی لفظ یلمہ کا معرب)

(لَمَكَ)(ن)العجينَ لَمْكًا:آٹے کو اچھی طرح گوندنا۔

(تَلَمَّكَ)فلانٌ:کھاتے یا بولتے وقت باچھوں کو حرکت دینا۔(۲)ذائقہ لینا۔

ـــ البعيرُ:اونٹ کا دونوں جبڑے ہلا کر کھانا۔

(اللُّمَاكُ):آنکھ کا سرمہ۔

(اللَّمَاكُ): ما تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ: اس نے کچھ نہیں چکھا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں: ما ذاقَ لَمَاكًا وَلَا لَمَاجًا: (یہ صرف نفی میں مستعمل ہے)
(اللَّمْكُ): بمعنی اللُّمَاكُ۔
(اللَّمِيْكُ): سرمہ لگی ہوئی آنکھوں والا۔
(لَمْلَمَ) الشيئَ: جمع کرنا۔
ـــ الحَجَرَ: پتھر کو گول کرنا۔
(تَلَمْلَمَ): جمع ہونا۔
(اللَّمْلَمُ): بہت بڑا لشکر۔
ـــ حَيٌّ لَمْلَمٌ: بہت بڑا قبیلہ۔
(اللُّمْلُوْمُ): جماعت، پارٹی، گروہ۔
(المُلَمْلَمُ): رجلٌ ململمٌ وجَمَلٌ مُلَمْلَمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی یا اونٹ۔ شَعْرٌ ململمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔
(المُلَمْلَمَةُ) كتيبةٌ مُلَمْلَمَةٌ: بھاری تعداد والا لشکر۔
ـــ ناقةٌ ململمةٌ: پُر گوشت اور خوبصورت اونٹنی۔
ـــ صخرةٌ مُلَمْلَمَةٌ: گول اور سخت چٹان۔
(لَمَّ) (ن) الشيئَ لَمًّا: اچھی طرح سمیٹنا، اکٹھا کرنا۔
ـــ اللهُ شَعَثَهٗ: اللہ تعالیٰ کا کسی کی بگڑی کو بنا دینا۔
ـــ بفلانٍ: کسی کے پاس آنا اور اس کے پاس ٹھہرنا۔
(لُمَّ) فلانٌ: مجنون ہونا۔ هو ملمومٌ۔
(أَلَمَّ) الشيئَ: قریب ہونا۔
ـــ بالقومِ وعليهم: کسی کے پاس مختصر قیام کرنا۔
ـــ بالمعنٰى: مطلب سمجھنا۔
ـــ بالطعام: مختصر اور مناسب مقدار میں کھانا کھانا۔
ـــ بالأمرِ: کسی معاملہ میں گہرا غور وفکر کرنا۔
ـــ فلانٌ: چھوٹے گناہ کرنا، یا ان کے قریب ہونا۔

ـــ الغلامُ: لڑکے کا قریب البلوغ ہونا۔ کہتے ہیں هذهِ الناقة قد الَمّت لِلْكِبَرِ: یہ اونٹنی بوڑھا ہونے کے قریب ہے۔
ـــ النَّخْلَةُ: کھجور کا پکنے کے قریب ہونا۔
ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا کان کی لو سے آگے نکل جانا۔ هي ملمٌّ ومُلِمَّةٌ۔
أَلَمَّ "كَادَ" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: مافعل وما أَلَمَّ: اس نے یہ کام نہ کیا اور نہ ہی کرنے کا ارادہ کیا۔
(لَمَّمَ) الشَّعْرَ: بالوں کو تیل لگانا۔ هو مُلَمَّمٌ۔
(إلتَمَّ) بالقومِ: لوگوں کے پاس آنا اور انہیں کے پاس قیام کرنا۔
(اللَّامَّةُ): ہر ڈراؤنی اور خوفناک چیز۔ (۲) نظر بد۔
(اللِّمَامُ): مختصر ملاقات۔
هو يزورنا لمامًا: وہ ہم سے بہت کم ملتا ہے۔ (یہ لَمَّةٌ کی جمع ہے)
(اللَّمَمُ): صغیرہ گناہ جیسے بوسہ، بدنظری وغیرہ (۲) گناہوں کے قریب جانا۔ قرآن مجید میں ہے: (اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ): (۳) جنون، دیوانگی (۴) تقریباً جیسے كان ذلك منذ شهرٍ أو لممه: یہ معاملہ ایک ماہ یا اس کے قریب قریب سے ہے۔
(اللَّمَّةُ): سختی (۲) زمانہ۔ کہتے ہیں: أُعيذهٗ من حادثات اللَّمَّةِ: میں حوادثات زمانہ سے اسے خدا کی پناہ میں دیتا ہوں (۲) جناتی اثر۔ کہتے ہیں: اصابتهُ من الجن لَمَّةٌ: اسے جناتی اثر ہوگیا ہے۔ کہتے ہیں: للشيطان لَمَّةٌ شیطان دل میں وسوسہ اور منکرات ڈالتا ہے۔ (۴) جمع شدہ لوگ (۵) جمع شدہ چیز (۶) تھوڑی دیر کی ملاقات۔ (ج) لِمَامٌ۔
(اللُّمَّةُ): سفر کے ساتھی۔ کہتے ہیں: لَاتُسَافِرُوْا حَتّٰى تُصِيْبُوْا لُمَّةً (واحد کے لئے)
(اللِّمَّةُ): کانوں سے بڑھی ہوئی بالوں کی

زلف۔ (ج) لِمَمٌ ولِمَامٌ۔
(المِلَمُّ): ہر سخت چیز۔
ـــ رجلٌ مِلَمٌّ: اہل خاندان کو اکٹھا رکھنے والا۔
ـــ رجلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ: لوگوں کے معاملات کو درست کرنے والا اور اپنی خیر خواہی کی وجہ سے لوگوں کا خیال کرنے والا۔
(المُلِمَّةُ): سخت آفت ومصیبت۔
(المَلْمُوْمُ): گول اور جمع شدہ (۲) مجنون۔
ـــ رجلٌ ملمومٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
(لَمَّا): بمعنی جب۔ لَمَّا: کی تین صورتیں ہیں۔
(۱) وجہ اول: یہ کہ مضارع کے ساتھ خاص ہوا سے جزم دے اور لم کی طرح ماضی کے معنی میں کر دے۔ لیکن یہ لَمْ: حرف شرف کے ساتھ مقترن ہوتا ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ)
(۲) یہ کہ اس کے ذریعہ نفی زمانہ حال تک لگاتار ہوگی جیسے فرق عبدی کا شعر۔
فان كنت ماكولا فكن خير آكل　والا فأدركني ولما امزق
بخلاف لَمْ کہ اس کے ذریعہ کی گئی نفی متصل بھی ہوتی ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا) اور منقطع بھی، جیسے (لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُوْرًا): اس وجہ سے لَمْ يَكُنْ ثُمَّ كَانَ ٹھیک ہے لیکن لَمَّا يكن ثم كَانَ کہنا ٹھیک نہیں بلکہ لَمَّا يَكُنْ وقد يكون: کہنا ہوگا۔
(۳) لَمَّا: کی منفی حال کے قریب ہوتی ہے جبکہ لَمْ: کی منفی میں یہ قید نہیں۔ آپ کہیں گے: لَمْ يكن ذلك الرجل في العام الماضي مقيمًا: لیکن یہاں لما يَكُنْ: نہیں کہہ سکتے۔
(۴) لَمَّا کی منفی کا ثبوت متوقع ہوتا ہے بخلاف لَمْ کی منفی کے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ (بَلْ لَمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ): کا معنی ہے کہ انہوں نے ابھی تک عذاب نہیں چکھا بلکہ ان کا عذاب کو چکھنا متوقع ہے۔
(۵) لَمَّا: کی منفی کو حذف کرنا جائز ہے اور اس کی

ل

نجثت قبورهم بَدْءًا الَمَّا
اى ولمّا اکن بدءً ا قبل ذلك اى سَيِّدًا
بخلاف لَمْ کے کہ آپ اس میں ''وصلت الی بغداد ولَمْ'' نہیں کہہ سکتے۔
(۲) وجہ ثانی: لَمَّا: ماضی کے ساتھ خاص ہو اس صورت میں یہ دو جملوں کو چاہے گا جن میں سے دوسرے کا وجود پہلے کے وجود کی وجہ سے ہو۔ جیسے :لَمَّا جَاءَنِي اَكْرَمْتُهُ: بعض اہل لغت نے اسے اس صورت میں حرف وجود لوجود اور بعض نے حرف وجوب لوجوب اور بعض نے ظرف بمعنی حین کہا ہے۔
(۳) وجہ ثالث: حرف استثناء بمعنی الا: اس صورت میں یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوگا۔ قرآن مجید میں ہے:(اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ): یہ فعل ماضی پر لفظاً داخل ہوتا ہے نہ کہ معنی جیسے أنشدك الله لَمَّا فَعَلْتَ یعنی یہاں بظاہر فعلت فعل ماضی ہے۔ لیکن حقیقت میں یہ معنی مراد نہیں بلکہ مصدر فعل مراد ہے۔
(لَمَا)(ن) لَمْوًا: مَا يَلْمُو فَمُ فلانٍ بكلمةٍ: فلاں اپنے منہ سے نکلی ہوئی بری بات کو برا نہیں سمجھتا۔
—الشَّيْءَ: سب لے جانا۔
(أَلْمَى) على الشيئِ: لے جانا۔
(اللُّمَةُ): تین سے دس تک مردوں یا عورتوں کی جماعت' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے(أَنَّهَا خَرَجَتْ فِى لمةٍ من نسائها تتوطا ذيلها حتى دخلت على ابى بكر الصديق)(۲) ساتھی' ہم عمر' ہم جولی۔ (۳) مثل' مانند۔ مقولہ ہے: ليتزوج كل انسان لُمَتَهُ (۴) نمونہ' قابل تقلید کردار۔ لك فيه لمةٌ: تمہارے لئے اس میں اچھا نمونہ ہے۔ (ج) لُمَاتٌ۔
(لَمِى)(ض) الغُلَامُ لُمِيًّا: لڑکے کا سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ ایسے ہی لَمِيَتِ المَرْأَةُ۔

(لَمِي) لَمِيَ: بمعنی لَمِيَ: هوأَلْمَى۔ وهى لمياء (ج) لُمْيٌ۔
—الشَّفَةُ: ہونٹ کا سیاہی مائل ہونا۔
—الشَّجَرُ: درخت کا سایہ گہرا ہونا۔
(تَلَمَّتِ) الأَرْضُ به وعليه: زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپالینا۔
(الأَلْمَى) ظِلٌّ أَلْمَى: گھنا سایہ۔ (۲) ٹھنڈا سایہ۔
—رمحٌ أَلْمَى: گندمی رنگ کا تیز اور سخت نیزہ۔
(اللَّمَى): ہونٹوں کا خوبصورت گندمی رنگ۔
(اللَّمْيَاءُ) شفةٌ اولثةٌ لَمْيَاءُ: کم گوشت یا کم خون والا ہونٹ یا مسوڑھا۔

ل۔۔۔۔۔۔۔۔۔ن

(لَنْ): بمعنی ہرگز نہیں۔ حرف نفی' جو فعل مضارع کو نصب دے کر مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے: لَنْ أَعْمَلَ هٰذا أَبَدًا: اور کبھی لا کی طرح یہ بھی دعا کے لئے آتا ہے جیسے اعشیٰ کا قول ہے:
لَنْ يزالوا كذلكم ثم لازِلْ
لهم خالدًا خلودَ الجبال۔

ل۔۔۔۔۔۔۔۔۔ھ

(لَهِبَ)(س) الرجلُ لَهَبًا: پیاسا ہونا۔ هو لَهْبَانُ، وهى لَهْبَى۔
(أَلْهَبَ) البَرْقُ: بجلی کا مسلسل چمکنا۔
— الفرسُ: گھوڑے کا خوب تیز دوڑنا اور گرد اڑانا۔
—فى الكلامِ: تیز بولنا۔
—فلانا للأمرِ: کسی کام کی ترغیب دینا۔
—النارَ: آگ بھڑکانا۔
(لَهَّبَ) النارَ: آگ کو اتنا بھڑکانا کہ اس سے شعلے اٹھنے لگیں۔
(اِلْتَهَبَتِ) النارُ: آگ جلنا۔
—على فلانٍ: غضبناک ہونا۔
—جوعًا: بھوک سے تڑپنا۔
(تَلَهَّبَتِ) النارُ: آگ جلنا۔
—جُوعًا: بھوک سے بلبلانا۔

(اللَّأْلُهُوبُ): گرد اڑانے والی گھوڑے کی سخت دوڑ۔
(اللُّهَابُ): پیاس۔
(اللِّهَابَةُ): وہ چادر وغیرہ جس میں پتھر رکھ کر کجاوہ یا سواری کے وزن کو برابر کیا جائے۔
(اللِّهْبُ): دو پہاڑوں کے درمیان کا حصہ۔ (۲) پہاڑ کی صاف دیوار نما چٹان جس پر چڑھا نہ جا سکے۔ (۳) زمین کی سرنگ۔ (ج) أَلْهَابٌ۔
(اللَّهَبُ): شعلہ' لپٹ (۲) دھوئیں کی طرح چمکتا ہوا گرد وغبار (۳) علم کیمیا کی ایک اصطلاح۔
(اللَّهَبَانُ): گرمی کی شدت (۲) پیاس۔
—يومٌ لَهَبَانٌ: سخت گرم دن۔
(اللُّهْبَةُ): پیاس (۲) بدن کے رنگ کا چمکنا۔
(اللَّهِيبُ): آگ کا شعلہ' لپٹ۔
(المِلْهَبُ): انتہائی حسین (۲) زیادہ اور گھنے بالوں والا مرد۔
(المُلَهَّبُ): کم سرخی والا کپڑا۔
(اللَّاهُوتُ): الوہیت۔ ضد۔ الناسوت۔
عِلْمُ الاهوت: خدا سے متعلق عقائد کا علم۔ علم الالٰہیات۔
(اللاهوتِيُّ): اللہ تعالیٰ سے متعلق عقائد کا عالم۔
(لَهَثَ)(ف) الكَلْبُ لَهْثًا ولُهَاثًا: کتے کا گرمی یا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے(فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ)
—الرجلُ: تھک جانا۔
(لَهِثَ)(س) الكلبُ وغيرُهُ لَهَثًا ولُهَاثًا ولَهَثَانًا بمعنی لَهَثَ۔
—الرَّجُلُ: تھک جانا۔ هو لهثانُ وهى لهثى
(اِلْتَهَثَ) الكلبُ وغيرُهُ: بمعنی لَهَثَ۔
(اللُّهَاثُ): پیٹ میں پیاس کی سوزش۔
هو يُقَاسِي لُهَاثَ الموتِ: پیٹ کی سختیوں سے دوچار ہے۔
(اللُّهَاثِيُّ): چہرہ پر بہت سے سرخ تل والا۔
(اللُّهْثَةُ): پیاس (۲) تھکاوٹ۔

ل

(لَهِجَ)(س)بالأَمْرِ لَهَجًا: کسی بات کا انتہائی خواہشمند اور مشتاق ہونا۔ هو لهِجٌ ولاهِجٌ۔
ـــ الفصيلُ بضَرعِ أُمِّهِ: جانور کے بچے کا اپنی ماں کے تھن سے چمٹے رہنا' هو لاهِجٌ۔
ـــ الفيصلُ أُمّهُ: جانور کے بچہ کا ماں کا تھن چوسنا هو لهوجٌ (ج) لُهُجٌ۔
(أَلْهَجَ)بالأَمْرِ: کسی کام کا خواہشمند ہونا۔
ـــ فلانٌ: کسی جانور کے بچوں کا ماں کے تھن چوسنے کا عادی ہونا۔
ـــ فلانًا: کسی چیز کا خواہشمند بنانا۔
ـــ الفصيلَ: جانور کے بچہ کے منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ وہ اپنی ماں کا دودھ نہ پی سکے۔
(لَهَّجَ): کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھلانا۔
(لَهْوَجَ) الشيئَ: مضبوط نہ کرنا۔
ـــ الطعامَ: کھانے کو پوری طرح نہ کھانا۔
حديثٌ مُلَهْوَجٌ: نامکمل بات۔
رَائٌ مُلَهْوَجٌ: ناقص رائے۔
(تَلَهْوَجَ) الشيئَ: کسی چیز کو جلدی سے لینا۔
(الْهَاجَّ): باہم مخلوط ہونے کے باوجود یک جسم نہ ہونا۔
ـــ عينُهُ: آنکھوں میں نیند کا بھرنا۔
(اللَّهْجَةُ): زبان' زبان کا کنارہ۔(۲) مادری و پیدائشی زبان جس سے بات چیت کی جائے۔ جیسے : فلانٌ فصيح اللهجه وصادق اللهجة (۳) بات کو ادا کرنے کا مخصوص انداز' لہجہ (۴) لب ولہجہ۔
(اللُّهْجَةُ): کھانے سے پہلے بطور تلذذ وقت گزاری کے کھائی جانے والی چیز۔(جیسے اللّمْجة)
(المُلَهَّجُ): زیادہ نیند کی وجہ سے کام سے غافل رہنے والا آدمی۔
(لَهَدَهُ)(ف) الحِمْلُ لَهْدًا: سامان کا کسی کو بوجھل کرنا۔ هو ملهودٌ ولهيدٌ۔
ـــ دَابَّتَهُ: جانور کو تھکا ڈالنا اور کمزور کر دینا۔ هي لهيدٌ۔
ـــ فلانًا: کسی کو ذلیل سمجھتے ہوئے سینے پر مار کر دھکا دینا۔ هو ملهودٌ۔
ـــ مَا فِي الاناءِ: برتن کے اندر موجود سارے کا سارا کھانا چاٹ لینا۔
(أَلْهَدَ) الرَّجُلُ: ظلم وزیادتی کرنا۔
ـــ إِلى الأَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا۔
ـــ بِهِ: حقیر سمجھنا' عیب لگانا۔
ـــ بفلانٍ: کسی کو پکڑ کر اس پر کسی کو لڑائی کیلئے مسلط کرنا۔(۲) کسی کو اس کی دلیل سمجھانا۔
(اللَّهْدُ): بھاری اور ذلیل آدمی (۲) ٹانگوں یا رانوں کی ایک بیماری۔
(المُلَهَّدُ) رجلٌ مُلَهَّدٌ: ذلیل وکمزور آدمی جسے دروازوں سے دھکے پڑتے ہوں۔
(لَهْذَمَ) الشيئَ: کاٹنا۔
(تَلَهْذَمَ) الشيئَ: کاٹنا (۲) کھالینا۔
(اللَّهْذَمُ): ہر کاٹنے والی چیز جیسے چھری' تلوار' دانت وغیرہ۔
ـــ سيفٌ لهذمٌ: تیز تلوار' اسی طرح سنانٌ أو نابٌ لهذمٌ۔
(لَهَزَ)(ف) الشيبُ فلاناً لَهْزًا: کسی میں بڑھاپا ظاہر ہونا۔
ـــ فلانًا الشيبُ: کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔ هو ملهوزٌ۔
ـــ القومَ: لوگوں کے ساتھ رہنا۔ ان میں گھل مل جانا۔
ـــ فلانًا بالرمح: کسی کے سینہ پر نیزہ مارنا۔ (۲) کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکہ مارنا۔
ـــ البعيرَ: اونٹ کے کان کے نیچے داغ لگانا۔
ـــ الفصيلُ أُمَّهُ: اونٹ وغیرہ کے بچہ کا دودھ پیتے وقت ماں کے تھن کو ٹکر مارنا۔
(لَهَّزَ) فلانًا: کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکا مارنا۔
(اللَّاهِزُ): راستہ میں رکاوٹ بننے والا اور تنگی پیدا کرنے والا ٹیلہ یا پہاڑی۔
(اللِّهَازُ): دھرے کے سوراخ کو تنگ کرنے کا ٹکڑا۔ کہتے ہیں ضَيَّقَ البَكَرَةَ باللهاز: چرخی کے سوراخ کو چیتھڑا لگا کر تنگ کر دیا۔
(اللِّهْزُ): سخت۔
(اللَّهْزَةُ): جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
(المِلْهَزُ): گردن یا کان کے نیچے کی ہڈی پر مکا مارنے والا۔
(المَلْهُوزُ): گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
(لَهْزَمَ) فلانًا: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی پر مارنا۔
ـــ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ ولَهْزَمَهُ الشيبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
(اللِّهْزِمَةُ): جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی' یہ دو ہوتی ہیں۔(ج) لَهَازِمُ۔
(لَهَسَ)(ف) على الطَّعَامِ لَهْسًا: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔(۲) کھانے کو چاٹنا۔
ـــ الصبيُّ ثدى أُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان پر ہاتھ مارنا اور چوسنا۔
(لَاهَسَ) عَلَى الشيئِ: لالچ کی وجہ سے کسی چیز پر ٹوٹ پڑنا۔ جیسے: لَاهَسَ على الطعامِ۔
ـــ فلانٌ يُلَاهِسُ بني فلانٍ: فلاں اس قبیلہ کے کھانے کی لالچ میں لگا رہتا ہے۔
(اللُّهَاسُ): تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهَاسَةُ): تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهْسَةُ): چاٹنے کی تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں : مالك عندى لهسةٌ: تیرے لئے میرے پاس کچھ نہیں۔
(لَهْسَمَ) مَا على المائدة: دسترخوان پر موجود سارے کا سارا کھالینا۔
(اللُّهْسُمُ): وادی کا تنگ راستہ۔(ج) لهاسِمُ۔
(لَهَطَتِ)(ف) الأُمُّ به لَهْطًا: بچہ جننا۔ بطور بددعا کے کہتے ہیں: لعن الله امًّا لهطت به۔
ـــ فلانٌ: ہاتھ اور کوڑے سے مارنا۔

—فلاناً: طمانچہ رسید کرنا۔
—الشیئَ بالماءِ: پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔
—بِهِ الأرضَ: زمین پر پچھاڑنا۔
—فلاناً بسهمٍ: تیر مارنا۔
—الثوبَ: کپڑا سینا۔
(اللاّهِطُ): گھر کے دروازہ پر چھڑکاؤ کر کے صفائی کرنے والا۔
(لَهِعَ) (س) فلانٌ لَهَعًا ولَهَاعَةً: ہر ایک کی طرف مائل ہونا۔ هو لَهِعٌ ولَهِيعٌ۔
—فی الکلامِ: بولتے وقت باچھیں کھولنا۔
(تَلَهَّعَ) فی کلامِهِ: بہت زیادہ بولنا۔
(اللَّهَاعَةُ): غفلت، رجلٌ فیه لَهَاعَةٌ۔
(اللَّهِيعَةُ): بمعنی اللَّهَاعَةُ: (۲) سستی و کاہلی۔
—فی فلانٍ لَهِيعَةٌ: کسی کے خرید و فروخت کے معاملہ میں ایسی سستی ہونا جس سے دھوکہ کھا جائے۔
(لَهِفَ) (س) علی الفائتِ لَهَفًا: ضائع شدہ چیز پر غم و افسوس کرنا۔ هو لَهِفٌ ولهيفٌ ولاهفٌ ولهفانُ حدیث میں ہے (اتقوا دعوة اللَّهفان) هی لاهفٌ ولاهفةٌ و لَهفَی (ج) لَهَافَی ولُهُفٌ ولَهَافٌ۔
—هو لاهِفُ القَلْبِ: وہ دل جلا ہے۔
(لُهِفَ) لَهْفًا: مظلوم و تکلیف زدہ ہونا۔ هو ملهوفٌ۔
(أَلْهَفَ): حریص اور لالچی ہونا۔
(لَهَّفَ): مدد طلب کرنا۔
— فلانٌ نَفْسَهُ وأُمَّهُ: وانفساه وأُمَّاه وأُمَّيَاه والهفاه: کہنا۔
— أُمَّهُ وأُمَّيهِ: اپنی ماں یا والدین کو رنج و حسرت میں مبتلا کرنا (أُمَّيهِ: میں انثی کو اولاد پر زیادہ نرم دلی کی وجہ سے مذکر پر غالب کر دیا گیا)
(تَلَهَّفَ) علی الفائتِ: ضائع شدہ چیز پر غم و افسوس کرنا۔
(اللَّهْفُ): غم و افسوس۔ کہتے ہیں: يَالَهْفَ فلان: ہائے مجھے فلاں پر بڑا افسوس ہے۔ ایسے ہی يالهفی علیه ويالَهْفَ ويالَهْفَاءُ يالهف ارضی وسمائی علیه ويالهفاه۔
(اللَّهْفَانُ): حسرت زدہ (۲) تکلیف زدہ۔
(اللَّهْفَةُ): افسوس۔ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرتے ہوئے کہا جاتا ہے: يالهفتاه ويالهفتياه۔
(اللَّهِيفُ): افسوس کرنے والا مدد کا طالب مظلوم اور لاچار شخص۔
— رجلٌ لهيف القلب: دل جلا آدمی۔
(المَلْهُوفُ): ستم رسیدہ، مظلوم۔
(لَهَقَ) (ف) الشیئُ لَهَقًا: سفید ہونا۔
(لَهِقَ) (س) الشیئُ لَهَقًا: سفید ہونا هو لَهِقٌ ولَهَقٌ۔
(لَهْوَقَ) فلانٌ: ایسی عادات و اخلاق کا مظاہرہ کرنا جو اس کی طبیعت میں نہ ہو۔
— العملَ أوِ الکلامَ: کام یا کلام کو ادھورا چھوڑنا۔
(تَلَهَّقَ) الشیئُ: سفید ہونا۔
— الرجل: زیادہ باتیں کرنا اور بتکلف حلق سے آواز نکالنا۔
(تَلَهْوَقَ): بمعنی لَهْوَقَ: (۲) بناوٹی باتیں کرنا۔ چاپلوسی اور خوشامد کرنا۔ حدیث میں ہے: (کان خُلُقُهُ سجِيَّةً ولم يکن تَلَهْوُقًا)
(اللِّهَاقُ): سفید بیل (۲) ہر سفید چیز۔
— أبيضُ لِهَاقٌ: تیز سفید۔
(المُلَهَّقُ): شیئٌ مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ کی چیز۔
(لَهِمَ) (س) الشیئَ لَهَمًا ولَهَمًا: ایک مرتبہ نگلنا۔
— الماءَ لَهَمًا: گھونٹ بھرنا۔
(أَلْهَمَهُ) الله خَيْرًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کے دل میں خیر اور بھلائی کا القاء کرنا۔
(الْتَهَمَ) الشیئَ: ایک ہی مرتبہ نگل جانا۔
— الفصيلُ مَا فی الضَّرْعِ: تھن چوسنا یا تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
(الْتُهِمَ) لونُهُ: رنگ بدل جانا۔
(اِسْتَلْهَمَ) الله خَيْرًا: اللہ تعالیٰ سے خیر کا القاء کرنے کی دعا کرنا۔
(الاِلْهَامُ): الہام دل میں ایسی چیز کا آنا جو دل کی تسکین کا باعث ہو اللہ تعالیٰ الہام کے ساتھ اپنے برگزیدہ بندوں کو خاص فرماتا ہے۔ (۲) دل میں آنے والے فکر اور خیالات۔
(اللُّهَامُ): جَيْشٌ لُهَامٌ: بڑا لشکر۔
(اللِّهْمُ): ہر عمر رسیدہ چیز (ج) لُهُومٌ۔
(اللِّهْمُ، اللُّهَمُ): بہت کھانے والا، بسیار خور۔
(اللُّهْمَةُ) من السويق: ستو کی ایک پھنکی۔
(اللَّهَمُ): سخی و فیض رساں آدمی۔ (۲) بہت عطا کرنے والا فیاض (۳) بہترین اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان جیسے رجلٌ لِهَمٌ صائب الرائے اور بڑا صاحب کفایت (یہ وصف عورتوں کے لئے نہیں ہے) (۴) بہت بڑا سمندر۔
(اللَّهُومُ): بہت کھانے والا، بسیار خور۔
(اللَّهِيمُ): أُمُّ اللَّهِيمِ: مصیبت۔ (۲) بخار (۳) موت۔
(المَلْهَمُ) من الرجال: بہت کھانے والا۔
(المِلْهَمُ): بمعنی المَلْهَمُ۔
(اللِّهْمِمُ): عمدہ اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان۔
(اللُّهْمُومُ): بمعنی اللِّهْمِمُ: (۲) فیاض و سخی (۳) بڑا مفکر (۴) زیادہ دودھ والی اونٹنی (۵) بہت بارش والا بادل (۶) بڑی تعداد (ج) لَهَامِيمُ۔
(اللِّهْمِيمُ): بمعنی اللِّهْمِمُ۔
— جَمَلٌ لِهْمِيمٌ: بڑے پیٹ والا اونٹ۔
(أَلْهَنَهُ): کسی کو سفر سے واپسی پر کھانے کی چیز ہدیہ کرنا۔
(لَهَّنَهُ): "اللُّهنة" کھلانا (دیکھئے اللهنة)
(تَلَهَّنَ) فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھانا۔
(اللُّهْنَةُ): سفر سے واپسی پر کسی کو دیا جانے والا تحفہ۔ (۲) مسافر کا وہ تحفہ جو وہ سفر سے واپسی پر لائے (۳) ناشتہ سے پہلے بطور وقت گزاری کے

لئے کوئی کھائی جانے والی چیز (۴) کھانے کی تھوڑی کی مقدار ہے۔ جیسے مَا وَجَدَتِ الماشیۃُ اِلاَّ لُھْنَۃً: مویشی کو تھوڑا سا چارہ بھی میسر نہ ہوا۔

(لَھَا)(ن) بالشیئِ لَھْوًا: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا' (۲) کسی چیز کا مشتاق ہونا۔

ــــ المرأۃُ اِلی حدیث صاحبِھا لَھْوًا ولُھُوًّا: عورت کا اپنے خاوند کی بات میں دلچسپی لینا اور اسے پسند کرنا۔

ــــ عَنِ الشئ لُھِیًّا ولِھْیَانًا: کسی چیز پر صبر کر کے اسے فراموش کر دینا۔

(لَھِیَ)(س) بہ لَھًا: کسی چیز سے محبت کرنا۔

ــــ عن الشئ ومنہ لُھِیًّا ولِھْیَانًا: کسی چیز کو فراموش کر دینا' حدیث میں ہے (اذا اسْتَأثَرَ اللّٰہُ بشیئٍ فَالْہَ عنہ)

ــــ عنہ وبہ: ناپسند کرنا۔

(اَلْھٰی) فلانٌ: خوب عطیے دینا۔

ــــ اللَّعِبُ عَنْ کَذَا: کھیل کا کسی چیز سے غافل کرنا اور اسے بھلا دینا۔

ــــ الرَّحٰی وفیھا ولھا: چکی کے منہ میں پینے کے لئے غلہ کی مٹھی بھر کر ڈالنا۔ اَلْھَیْتُ لفلانٍ لُھْوَۃً مِنَ المَالِ: میں نے فلاں کے مال کا ایک حصہ الگ کر دیا۔

(لَاھٰی) الشئ: قریب ہونا' ملا ہوا ہونا۔

ــــ الغلامُ الفطامَ: بچہ کا دودھ چھوڑنے کے وقت کے قریب ہونا۔

ــــ فلانًا: کسی سے جھگڑا کرنا (۲) کسی کی اچھائی کے بدلہ میں اس کے ساتھ اچھائی کرنا۔

(لَھَّاہُ) بکذا: کسی چیز سے دل بہلانا۔

(التھٰی) بالشیئ: کھیلنا۔

ــــ عنہُ بغیرہٖ: ایک چیز سے ہٹ کر دوسرے میں مشغول ہونا۔

(تلاھٰی) بالملاھی: کھیل وتفریحات میں مشغول ہونا۔

ــــ القومُ: باہم کھیلنا' کھیل وتفریح میں مشغول ہونا۔

(تَلَھّٰی) بالشیئِ: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا۔ (۲) کسی چیز کو تفریحی مشغلہ بنانا۔

ــــ الابلُ بالمَرْعٰی: اونٹوں کا چراگاہوں میں مزے سے چرتے رہنا۔

ــــ عنہُ: کسی چیز کو چھوڑ کر راحت پانا۔

(استلھٰی) صاحبَہ: اپنے ساتھی کو روکنا' ٹھہرانا۔ (۲) اپنے ساتھی کا انتظار کرنا۔

ــــ الشیئَ: کسی چیز کو زیادہ مقدار میں چاہنا۔

(الأُلْھُوَّۃُ): کھلونا' کھیل وتفریح کی چیز۔

بینھم اُلْھُوَّۃٌ یَتَلَاھَوْنَ بھا: ان کے پاس ایک کھیل ہے جسے وہ باہم کھیلتے ہیں۔

(الأُلْھِیَّۃُ): بمعنی الأُلْھُوَّۃُ۔

(التَّلْھِیَۃُ): بمعنی الأُلْھُوَّۃُ: (۲) تفریح طبع کی بات۔

(اللُّھَاءُ): مقدار' اندازہ (زھاء کی طرح) جیسے ھم لُھَاءُ مائۃٍ: وہ تقریباً سو ہیں۔

(اللَّھَاۃُ): حلق کے اندر ابھرا ہوا باریک گوشت (ج) لھواتٌ ولَھَیَاتٌ ولُھِیٌّ ولَھًا ولِھَاءٌ کہتے ہیں فلانٌ تُسَدُّ بہ لھوات الثغورِ: فلاں شخص اتنا بہادر ہے کہ اس کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت کی جاتی ہے۔

(اللَّھْوُ): سامان تفریح' کھیل کود (۲) محبوبہ' وہ عورت جو سامان تفریح ہو (۳) ڈھول وغیرہ۔

(اللُّھْوَۃُ): عطیہ' بخشش۔ کہتے ہیں: اشتراہُ بِلُھْوَۃٍ مِن مَالٍ: اسے تھوڑے مال کے بدلے خریدا (۲) ایک ہزار دینار یا درہم (درہم و دینار کے علاوہ کے لئے مستعمل نہیں) (۳) چکی کے منہ میں ڈالا جانے والا مٹھی بھر غلہ (ج) لُھًا۔

(اللَّھْوَۃُ): بمعنی اللُّھْوَۃُ: (۲) محبوبہ' وہ عورت جو سامان تفریح ہو۔ (ج) لُھًا۔

(اللُّھْوُ): فلانٌ لُھْوٌ مِنَ الخیرِ: فلاں بھلائی سے بہت دور یا بہت غافل ہے۔ (۲) کھیل کود کی جگہ' میدان۔

(المَلْھٰی): میدان' کھیلنے کی جگہ۔

ــــ ھٰذا ملھی القوم: یہ لوگوں کے ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ (ج) المَلَاھِی۔

(المَلَاھِی): سامان تفریح' گانے بجانے کے آلات (غالباً اس کی مفرد ملھاۃٌ) ہے۔

(المَلْھَاۃُ): کامیڈی' ایسا ڈرامہ جس میں لوگوں کے عیوب ونقائص مزاحیہ انداز میں بیان کئے جائیں (محدثہ) (ج) الملاھی۔

(لَھْوَجَ): (دیکھئے لھج)

(تَلَھْوَجَ): (دیکھئے لھج)

(لَھْوَقَ): (دیکھئے لھق)

تَلَھْوَقَ): (دیکھئے لھق)

ل..........و

(لَوْ): بمعنی اگر۔ حرف تقدیر۔ یہ حرف اگر دو مثبت فعلوں پر داخل ہوگا تو وہ منفی ہو جائیں گے' جیسے لو جاءنی لأکرمتُہٗ: (زید میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا) لیکن وہ میرے پاس نہیں آیا لہٰذا اس کا اکرام بھی نہیں ہوا اور اگر یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو ان کو مثبت بنا دے گا جیسے لَوْلَمْ یَسْتَدِنْ لم یُطَالَب: اگر وہ قرضہ نہ مانگتا تو اس سے مطالبہ نہ ہوتا لیکن اس نے قرضہ مانگا ہے لہٰذا اس سے مطالبہ بھی ہوا ہے اور اگر یہ ایک مثبت اور ایک منفی پر داخل ہو تو مثبت کو منفی اور منفی کو مثبت بنا دیتا ہے۔ جیسے لَوْ لَمْ یومن اریق دمُہٗ: اگر وہ ایمان نہ لایا تو اس کا خون بہایا جائے گا اور اگر ایمان لایا تو خون نہیں بہایا جائے گا۔ لو: کی چھ قسمیں ہیں۔

(۱) لو جاءنی لأکرمتُہٗ: جیسے: مثالوں میں استعمال ہوا اور یہ لو: تین امور کا فائدہ دیتا ہے۔

ــــ شرطیت مع علاقہ سببیت۔ یعنی اپنے بعد والے دو جملوں کے درمیان سببیت اور مسببیت کا تعلق قائم کرے۔

ــــ اس کی شرطیت زمانہ ماضی کے ساتھ مقید ہے' اس وجہ سے یہ اِنْ: سے جدا ہو جائے گا کیونکہ ان میں سببیت اور مسببیت کا عقد مستقبل میں ہوتا ہے اس لئے علماء فرماتے ہیں: ان: کی شرط' لو کی شرط

سے پہلے ہوتی ہے' کیونکہ مستقبل کا زمانہ ماضی کے زمانہ سے سابق ہوتا ہے۔کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ آج آپ کہیں گے :ان جئتنی غدًا اکرمتُك:لیکن جب کل گزر جائے گی تو آپ کہیں گے:لَوْ جِئْتَنِي أَمْسِ لأَكْرَمْتُكَ:۔
ہ۔ امتناع۔شرط کے ممتنع ہونے پر جواب کے ممتنع ہونے کا فائدہ دیتا ہے۔اس لئے اسے حرف امتناع الامتناع کہتے ہیں۔
(۲) مستقبل میں حرف شرط ہو لیکن یہ جزم نہ دے گا۔جیسے:

ولو تلتقی اصداؤنا بعد موتنا
ومن دون رمیسنا من الارض سَبسَبُ
لظلّ صدی صوتی وان کنت رِّمةً
لصوتِ صدی لیلی یُهَشُّ ویطرَبُ

لو کی اس قسم اور ماقبل میں فرق یہ ہے کہ شرط اگر مستقبل ہوگی تو لَوْ :ان کے معنی میں ہوگا اور اگر شرط ماضی ہوگی تو لو حرف امتناع ہوگا۔جب اس کے بعد فعل مضارع آئے گا۔تو یہ اس کو ماضی کے معنی کی طرف پھیر دے گا۔جیسے لو تقوم اقوم۔ای لو قمتَ قمتُ۔
(۳) حرف مصدر بمنزلہ أَن لیکن یہ اس صورت میں نصب نہ دے گا۔
اس لو: کا اکثر استعمال وَدَّ یَوَدُّ: کے بعد ہوتا ہے جیسے (وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ) اور (يَوَدُّ احدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ)
کبھی اس کے علاوہ بھی استعمال ہوتا ہے جیسے قتیلہ بنت نضر کا شعر ہے:

ما کان ضرّک لو مننت وربّما
منّ الفتی وهو المغیظ المحنق

جب اس کے ساتھ ماضی ہوگا تو وہ اپنے معنی پر باقی رہے گا لیکن جب اس کے ساتھ مضارع ہوگا تو مستقبل کے لئے خاص ہو جائے گا۔
(۴) تمنی۔اس کا جواب منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا۔جیسے:لَوْ تَاْتِیْنِیْ فَتحدّثَنِیْ۔
(۵) عرض کیلئے جیسے ألاَّ اس کا جواب بھی منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا۔جیسے لو تنزل عندنا فتصیب خیرًا۔
(۶) تقلیل کے لئے جیسے : تَصَدَّقُوْا ولو بظلفٍ مُحْرَقٍ۔
(لَابَ)(ن) الرجلُ أو البعیرُ لُوْبًا و لُوَابًا ولَوَبَانًا: پیاسا ہونا (۲) پیاسے کا پانی کے اردگرد گھومنا لیکن اس تک نہ پہنچنا۔ هو لائبٌ (ج) لُوُوْبٌ ولَوَائِبُ۔ اِبِلٌ لُوْبٌ ولوائبُ وهي لائبةٌ (ج) لوائب۔
(أَلَابَ) فلانٌ: کسی کے اونٹوں کا پیاس کی وجہ سے پانی کے پاس آنا۔
(لَوَّبَ) الشیئَ: کسی چیز میں زعفران وغیرہ کی خوشبو ملانا۔
(اللَّابَةُ): جمع شدہ سیاہ رنگ کے اونٹ (۲) سیاہ پتھروں والی زمین۔(ج) لاباتٌ ولابٌ۔
(اللُّوْبُ): شہد کی مکھیاں (۲) گوشت کا ٹکڑا جو ہانڈی میں گھومتا ہو۔
(اللُّوْبَةُ): وہ لوگ جو اپنے ہی لوگوں سے الگ تھلگ رہتے اور ان سے صلاح مشورہ نہ کرتے ہوں (۲) سیاہ پتھروں والی زمین (ج) لُوْبٌ۔
ہ۔ اسودُ لوبیٌّ: سیاہ پتھروں والی زمین کا باشندہ۔
(اللُّوْبِیَا): لوبیا' ایک سبزی جو فصیلہ قرنیہ سے ہے اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔
(المَلَابُ): ایک قسم کی زعفران جیسی خوشبو۔
(المُلَوَّبُ): مڑا ہوا لوہا۔
(لَاتَ)(ن) لُوْتًا: سوال کے علاوہ کا جواب میں کوئی اور بات کہنا۔
ہ۔ فلانًا: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
(اللَّاتُ): طائف کا ایک بت' بنو ثقیف زمانہ جاہلیت میں اس کی عبادت کرتے تھے۔
(لَاتَ): کلمہ نفی بمعنی لَيْسَ: سیبویہ کے نزدیک یہ لفظ حین سے پہلے آنے کیلئے خاص ہے اور اسے نصب دیتا ہے اور یہ عمل میں لیس کی طرح ہے لیکن اس کے بعد صرف ایک معمول مذکور ہوتا ہے اور غالب گمان یہ ہے اس کا معمول محذوف ہی مرفوع ہوگا' جیسے (وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ) اس کی تقدیری عبارت یہ ہے: ولات الحینُ حِیْنَ مناص۔
(لَاثَ)(ن) الشجرُ والنباتُ لَوْثًا : درختوں اور پودوں کا گھنا اور ایک دوسرے سے لپٹا ہوا ہونا' هو لائثٌ ولاثٌ ولاثٌ۔
ہ۔ فلانٌ فی الأمْرِ: سستی و تاخیر کرنا۔
ہ۔ عن الحاجة: ضرورت سے تاخیر کرنا۔کہتے ہیں: ماَ لاثَ فلانٌ اَنْ غَلَبَ فلانٌ: فلاں فلاں پر دیر کے لئے بغیر ہی غالب آ گیا۔
ہ۔ العمامةَ: سر پر پگڑی باندھنا۔
ہ۔ الشیئَ: دو مرتبہ گھمانا' جیسے عمامہ کو گھمایا جاتا ہے (۲) کسی چیز کو حل کرنے کیلئے پانی میں ڈال کر ملنا۔
ہ۔ الشیئَ بالشیئِ: ایک کو دوسری میں ملانا۔
ہ۔ الشیئَ فی التراب: کسی چیز کو مٹی میں لت پت کرنا۔
ہ۔ الشیئَ فی الفمِ: چبانا۔
ہ۔ لوثًا من کلامِهِ: شرم کی وجہ سے گما پھرا کر بات کرنا۔
(لَوِثَ)(س) فی الأمْرِ لَوَثًا: کسی معاملہ میں تاخیر اور سستی کرنا۔
ہ۔ فلانٌ: زبان کا رواں اور مسلسل نہ ہونا۔(۲) کمزور اور ڈھیلا ہونا (۳) بیوقوف ہونا (۴) مجنون ہونا۔هو ألوثُ وهي لوثاءُ (ج) لُوْثٌ۔
(أَلَاثَ): الثتُ بهِ مَالِي: کسی کے پاس امانت رکھوانا۔
(أَلْوَثَتِ) الأرْضُ: زمین کا خشک گھاس میں تر گھاس اگانا۔
ہ۔ النباتُ والشجرُ: پودوں اور درختوں کا ایک دوسرے پر لپٹا ہوا اور گھنا ہونا۔
ہ۔ الشیئَ: ٹھہرانا اور باقی رکھنا۔
ہ۔ المطرُ النباتَ: بارش کا پودوں کو ایک دوسرے کے اوپر لپیٹ دینا۔

ل

(لَوَّثَ)الشیئَ بالشیئِ:ایک چیز کو دوسری میں ملانا،لتھیڑنا۔
— الشیئَ فی التراب:مٹی میں لتھیڑنا۔لت پت کرنا۔
— الشیئَ:کسی چیز کو پانی میں ڈال کر حل کرنے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔
— فلانًا عن کذا:کسی کام سے روکنا۔
— الماءَ:پانی کو گندا کرنا۔
(اِلْتَاثَ)بردائہ:چادر اوڑھنا۔
— النباتُ:پودوں کا گھنا اور گنجان ہونا۔
— براس القلمِ شعرۃ:قلم کی نب میں بال پھنس جانا۔
— الشیئُ بالشیئِ:ایک چیز کا دوسری میں مل جانا۔
— التاثتِ الخطوبُ:مصیبتیں آنا۔
— بالدّمِ:خون میں لت پت ہونا۔
— علیه الأمْرُ:کسی پر کام مشتبہ اور غیر واضح ہونا۔
— فی العملِ:کسی کام میں تاخیر کرنا۔
— فی کلامہ:اپنی بات کی دلیل پیش کرنے سے عاجز ہوجانا۔
(تَلَوَّثَ)ثَوْبُهٗ بالطین:کپڑے کو مٹی میں لتھڑنا۔
— الماءُ اوالھواءِ ونَحْوُہٗ:پانی یا ہوا میں ضرر رساں ذرات کے مل جانے سے ان کا آلودہ ہوجانا۔
(اللُّوَاثُ):خشکا' پلیتھن۔(وہ خشک آٹا جو گندھے ہوئے آٹے کو برتن کی سطح سے الگ رکھنے کے لئے پھیلایا جائے۔
(اللُّوَاثَةُ):بمعنی اللُّوَاثُ:(۲)ہر چیز میں لتھڑ جانے والا اور آلودہ ہوجانے والا۔(۳)مختلف قبائل کی ایک جماعت۔
(اللَّوْثُ):طاقت۔(۲)برائی(۳)کسی بات کا غیر واضح ثبوت۔کہتے ہیں:لَمْ یَقُمْ علی اتِّھَامِ فلانٍ بالجنایة اِلاّ لَوثٌ:اس پر جرم میں ملوث ہونے کا غیر واضح اور معمولی ثبوت ہے(۴)زخم(۵)وہ مطالبات جو کینہ کی وجہ سے ہوں۔
(اللُّوْثَةُ):بیوقوفی(۲)دیوانگی۔
(اللُّوْثَةُ):ڈھیلا پن۔(۲)تاخیر۔(۳)سستی(۴)بیوقوفی(۵)زبان کی بندش(۶)جنون۔ دیوانگی کی کیفیت جیسے: بفلان لوثۃٌ:(۷)کپڑے کا ٹکڑا جس سے گولا بنا کر کھیلا جائے۔
— رجلٌ ذولوثةٍ:سست' ضعیف اور ڈھیلا آدمی۔
(اللُّوَیْثَةُ):مختلف قبیلوں کی ایک جماعت۔
(اللَّیِّثُ):نباتٌ لَیِّثٌ: گھنے اور گنجان پودے۔
(المُلَیَّثُ):موٹا اور سست آدمی۔
(لاَجَ)(ن) الشیئَ لَوْجًا:کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔
(اللَّوْجَاءُ):ضرورت' حاجت' کہتے ہیں: مَا ترکتُ فی صدرہٖ حوجاءَ ولا لوجاءَ اِلاَّ قضیتُھا:میں نے اس کی ہر خواہش پوری کی۔
(لاَحَ)(ن)الشیئُ لَوْحًا:ظاہر ہونا۔
— الشیبُ فی راسہٖ:سر میں سفید بالوں کا ظاہر ہونا۔
— الرجُل:ظاہر ہونا۔سامنے آنا۔
— له الامرُ:کسی بات کا واضح ہونا۔
— النجمُ:ستارے کا ظاہر وروشن ہونا' چمکنا۔
— فلانٌ لَوْحًا ولُوْحًا ولَوَحَانًا:پیاسا ہونا۔
— الی الشیئِ لَوْحًا:کسی چیز کو دور سے دیکھنا۔
— العطشُ اوالسفرُ اوالحزنُ فلانًا:پیاس' سفر یا غم کا کسی کے رنگ کو بدل دینا اور اسے کمزور کردینا۔
— البَرْقُ لَوْحًا ولُوُوْحًا ولَوَحَانًا:بجلی چمکنا۔
— فلانًا ببصرہٖ:کوئی چیز نظر آنا پھر چھپ جانا۔
— بہ:ظاہر کرنا۔چمکانا۔
(أَلاَحَ)الشیئُ:واضح اور ظاہر ہونا۔جیسے أَلاَحَ الرجلُ والنجمُ والبرقُ۔
— بسیفہٖ:تلوار کو چمکانا اور حرکت دینا۔
— بثوبہٖ:اپنے کپڑے ہلا کر دور کھڑے شخص کو اشارہ کرنا۔
— بحقّہٖ:کسی کا حق ضائع کر دینا۔
— مِنْ فلانٍ:کسی سے بچنا' ڈرنا' شرمانا۔
— علی الشیئِ:کسی چیز پر اعتماد کرنا۔
— فلانًا:ہلاک کرنا۔
(لَوَّحَ)بالشیئِ:ظاہر کرنا' چمکانا جیسے : لَوَّحَ بسیفہٖ۔
— بثوبہٖ:بمعنی أَلاَحَ بِہٖ۔
— لِلْکَلْبِ برغیفٍ:کتے کو روٹی دکھانا جس کی وجہ سے پیچھے پیچھے آئے۔
— فلانًا بالعصا أو السیفِ اوالسوطِ أو النَّعْلِ:کسی کو لاٹھی' تلوار' کوڑا یا جوتا اٹھا کر مارنا۔
— البردُ أو السقمُ أو الحزنُ فلانًا:سردی' بیماری یا غم کا کسی کے رنگ کو بدلنا اور اس کو کمزور کر دینا۔
— فلانًا الشمسُ:دھوپ کا کسی کے چہرے کو جھلس دینا۔
— الشیبُ فلانًا:بڑھاپے کا کسی سفید کر دینا۔
— الصبیَّ:بچہ کو قابل ہضم غذا دینا۔
— الشیئَ بالنارِ:آگ میں تپانا۔
(اِلْتَاحَ):پیاسا ہونا۔(۲)رنگ بدل جانا۔
(تَلَوَّحَ)الأَمْرُ:ظاہر اور واضح ہونا۔
(اِسْتَلاَحَ):کسی معاملہ میں غور وفکر کرنا۔
(اللاَّئِحَةُ):ظاہر ہونے والی صورت(ج) لَوَائِحُ۔نَظَرْتُ الی لوائحِہٖ:میں نے اس کے خدوخال دیکھے(۲)ضابطہ' قانون(کسی ادارے یا محکمہ کا ضابطہ عمل)(مج)(ج)لوائحُ۔
(اللَّوْحُ):تختی' پلیٹ۔ہر چوڑی چیز۔(۲)لکھنے کی لکڑی کی تختی۔قرآن مجید میں ہے:(وَکَتَبْنَا لَهٗ فِی الْأَلْوَاحِ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِیْلاً لِّکُلِّ شَیْئٍ)
— لَوحُ الاِرْدِوَاز:سلیٹ(خاص کالے پتھر کی پلیٹ جس پر کھریا سے لکھا جاتا ہے)

لَوحُ الجَسَدِ: بدن کی ہر چوڑی ہڈی جیسے کندھا۔
ـــ فلانٌ تامُّ الألواحِ: فلاں مضبوط جسم والا ہے۔
ـــ لَمْ يَبْقَ مِنهُ الاَّ الألواحِ: اس کی صرف ہڈیاں باقی رہ گئی ہیں۔
ـــ لَوحُ الألوانِ: کلرشیٹ، رنگوں کی تختی جس پر مختلف رنگوں کے نمونے ہوں۔(مع)(ج) الواح۔
ـــ الألواحُ: ظاہری خدوخال۔
ـــ الواحُ السلاحِ: چمکدار پتھر جیسے تلوار وغیرہ۔
(اللَّوحَةُ): ایک نظر (۲) چارٹ (۳) پینٹنگ موٹے کاغذ یا کپڑے پر بنی ہوئی سینری۔ (محدثہ)
(اللُّوحُ): پیاس (۲) آسمان وزمین کے درمیان کا خلا۔
(اللِّيَاحُ): ہر سفید چیز۔ (۲) صبح۔
أَبيضُ لِيَاحٌ: انتہائی سفید۔
ـــ لقيتُهُ بلياحٍ: میں نے اس سے عصر کے وقت دھوپ کی سفیدی کی حالت میں ملاقات کی۔
(المِلْواحُ): چھوٹی اور بڑی ہڈیوں والا جیسے رجلٌ ملواحٌ وبعيرٌ ملواحٌ: (۲) کمزور (۳) پیاسا (۴) تیزی سے کمزور ہونے والی عورت (۵) لمبا (۶) جلد پیاسا ہوجانے والا جانور (۷) وہ الوجس کا پیر شکرے کو پکڑنے کیلئے باندھا جائے (ج) مَلاوِيحُ۔
(المِلْوَحُ): جلدی پیاسا ہونے والا۔
(المِلْيَاحُ): بمعنی المِلوَحُ۔
(لاَخَهُ)(ن) لَوخًا: ملانا۔
(اِلْتَاخَ) الشَّيئُ: ملنا۔ خلط ملط ہونا۔
ـــ العجينُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔
(اللِّوَاخَةُ): دودھ میں گھل جانے والا جھاگ۔
(لَوِدَ)(س) لَوَدًا: نافرمان ہونا (۲) حق و انصاف سے دور رہنا (۳) کسی معاملہ کی جانچ پڑتال نہ کرنا۔ هُوَ أَلْوَدُ (ج) أَلْوَادٌ (یہ جمع بہت کم آتی ہے)

(الأَلْوَدُ): عُنُقٌ: موٹی گردن (ج) الواذٌ۔
(لاَذَ)(ن) بِالشَّيئِ لَوذًا ولِيَاذًا: کسی چیز کی پناہ لینا، آڑ لینا۔
ـــ اليه: کسی سے مدد طلب کرنا۔ کسی کی پناہ میں آنا۔
ـــ الطَّرِيقُ بالدّارِ: راستہ کا گھر سے ملا ہوا ہونا۔
(أَلاذَ) بالشيئِ: کسی چیز کو آڑ بنانا۔
ـــ الطريقُ بالدّارِ: راستہ کا گھر کے چاروں طرف ہونا۔
(لاوَذَ) بالشيئِ لِوَاذًا ومُلاَوَذَةً: بمعنی لاذَ۔
ـــ القومُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔
ـــ فلانٌ: بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو دھوکہ کے ذریعہ گھیرنا۔
ـــ خيرُ بني فلانٍ ملاوذٌ: فلاں وقت گزرنے کے بعد آتا ہے۔
(التَّلَوَاذُ) لِلقومِ تَلَوَاذٌ: ایک دوسرے کی پناہ لئے ہوئے لوگ۔
(لِوَاذُ) الشيئِ: قریب قریب، تقریباً۔ جیسے لَهُ من الدرهم مائةٌ اولواذها: اس کے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
(اللاّذُ): چین کا بنا ہوا ریشمی کپڑا (واحد لاذةٌ)
(اللَّوْذُ): پہاڑ کا کنارہ۔ کہتے ہیں: إِعْتَصَمَ بلَوْذِ الجَبَلِ أَوْ اذِهِ: اس نے پہاڑ کے کنارے میں پناہ لی۔ (۲) وادی کا موڑ (۳) کنارہ، گوشہ۔ کہتے ہیں هو بلوذ كذا: وہ فلاں کونے میں ہے۔ هُوَ لَوْذُهُ: وہ اس کے قریب ہے۔ (ج) الواذٌ۔
(لَوْذَانُ) الشيئِ: کونہ۔ گوشہ۔
ـــ هو بلَوذانِ كذا: وہ فلاں کنارہ میں ہے۔
(المَلاَذُ): ٹھکانا۔ (۲) قلعہ۔
(المَلاَوِذُ): تہبند۔
(المِلْوَذُ): ٹھکانا، پناہ (۲) قلعہ۔
(لاَزَ)(ن) اليه لَوْزًا: ٹھکانا پکڑنا۔

ـــ الشيئَ: کھانا۔
ـــ منه: بری الذمہ ہونا۔
(لَوَّزَ) القطنُ: روئی کے پودے پر ابتدائی پھل آنا، ڈوڈے کھلنا۔ (محدثہ)
ـــ التمرَ ونحوَهُ: کھجور وغیرہ میں بادام بھرنا۔
(اللَّوْزُ): بادام (۲) بادام کا درخت۔
ـــ اللوزُ المُرُّ: کڑوا بادام۔
ـــ اللوزُ الحُلو: میٹھا بادام۔
(اللَّوْزُ) اِنَّهُ لَعَوزٌ لَوزٌ: وہ محتاج وضرورت مند ہے۔
(اللَّوْزَةُ): گلے کے غدود جو کوے کے پاس ہوتے ہیں۔ ٹانسل۔
ـــ هو يشكو لوزتَيهِ: اس کے حلق کے غدود میں تکلیف ہے۔
ـــ طعنهُ فی لوزتَيهِ: گلہ پر نیزہ مارنا۔
ـــ لوزةُ القطنِ: روئی کا ڈوڈا (محدثہ)
(اللَّوْزِيْنُ): کڑوے بادام اور خوبانی یا آڑو کے بیج سے نکالا جانے والا ایک سفید مادہ جسے پانی میں حل کرکے تیزاب کی کچھ قسمیں بنائی جاتی ہیں (مع)
(اللَّوْزِيْنَجُ) من الحَلْوَى: روغن بادام سے بنی ہوئی ایک مٹھائی۔ لوزینہ: (مع)
(اللَّوَّازُ): بادام بیچنے والا۔
(المَلاَزُ): ٹھکانا، پناہ گاہ۔
(المَلاَزَةُ): ارضٌ ملازةٌ: وہ سرزمین جہاں بادام کے درخت کثرت سے پائے جائیں۔
(المُلَوَّزُ) من الوجوهِ: خوبصورت اور حسین چہرہ۔
ـــ رجلٌ ملوَّزٌ: بھولی بھالی صورت کا آدمی۔
(لاَسَ)(ن) الشيئَ لَوْسًا: چکھنا۔
ـــ الحلاواتِ: مٹھائیوں میں سے کوئی مٹھائی پسند کرکے کھانا۔ هو لائسٌ (ج) لُوَّسٌ۔ لُوُوسٌ ولُوَّاسٌ وأَلْوَسُ۔
ـــ الشيئَ فی فمِهِ: زبان کے ذریعہ منہ میں کوئی چیز گھمانا۔
ـــ هو لا يلوسُ كذا: اسے فلاں چیز نہیں ملتی۔

(اللَّوَاسُ): ماذقتُ لواسًا: میں نے کوئی چیز نہیں چکھی۔
(اللُّوَاسَةُ): لقمہ یا اس سے کم مقدار کا کھانا۔
(اللَّوْسُ): ماذقتُ عندهٗ لَوْسًا: میں نے اس کے پاس کوئی چیز نہیں چکھی۔
(لَاصَ) (ن) الشیئَ بعینہٖ لَوْصًا: دروازے کے شگاف یا پردے کی آڑ سے کوئی چیز دیکھنا۔
ـــ عن الأمرِ: پہلوتہی کرنا' الگ ہونا۔
ـــ بالشیئِ لیاصًا: کسی چیز کو گھمانا۔
ألاصَهٗ علی الشیٔ: کسی چیز پر گھمانا۔
ـــ الشیئَ: کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ جیسے أَلَصْتُ ان آخذ منهُ شَیْئًا۔
(لَاوَصَهٗ) بعینہٖ: بمعنی لاصہ۔
ـــ الیہِ: فریب آمیز نگاہوں سے دیکھنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو دھوکہ دینا' کسی کے ساتھ فریب کرنا۔
ـــ الشجرةَ: درخت کو دائیں بائیں سے دیکھنا کہ اس کو کیسے کاٹا یا اکھاڑا جائے۔
(لَوَّصَ): خالص شہد کھانا (۲) فالودہ کھانا۔
(تَلَاوَصَ): فریب دینا (۲) خوشامد کرنا۔
(تَلَوَّصَ): تڑپنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
(اللَّوَاصُ): خالص شہد (۲) فالودہ۔
(اللَّوْصُ): سینہ یا کان کا درد۔
(اللَّوْصَةُ): کمر کا ریاحی درد۔
(المُلَوَّصُ): فالودہ۔
(لَاطَ) (ن) الشیئُ بالشیئِ لَوْطًا: ایک چیز کا دوسری کے ساتھ چمٹ جانا۔
ـــ الشیئُ بقلبہٖ: کسی چیز کا دل کو فریفتہ اور عاشق کر دینا۔ هو ألوطُ بقلبی۔
ـــ فلانٌ لِوَاطًا: قوم لوط کا عمل بد کرنا۔
ـــ بحقہٖ: کسی کے حق کو ضائع کر دینا۔
ـــ القاضی فلانًا بفلانٍ: قاضی کا کسی کو کسی سے نسباً وابستہ کر دینا۔
ـــ الحوضَ بالطّینِ: حوض پر گارے سے پلاسٹر کرنا۔ جیسے: لَاطَ فلانٌ بالحوضِ۔
ـــ فلانًا بسهمٍ وعینٍ: کسی کو تیر مارنا (۲) نظر لگانا۔
ـــ الشیئَ: چھپانا۔
(لَاوَطَ): قوم لوط کا عمل کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ بدکاری کرنا۔
(لَوَّطَهٗ) بالطیب: خوشبو لگانا۔
(اِلْتَاطَ) بہ: چمٹ جانا۔
ـــ الولدَ: کسی کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
(اِسْتَلَاطَ) وَلَدًا لیس منهٗ: غیر کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا (اولاد کو مستلاط کہیں گے)
(اللَّوْطُ): چپکنے والی چیز (مصدر بمعنی صفت)
(۲) دل گیر محبت۔ جیسے: انی لأجد فی قلبی لَوْطًا: میں اپنے دل میں شدید محبت محسوس کر رہا ہوں (۳) پھرتیلا اور چوکنا آدمی (۴) چادر۔
(اللُّوطِیُّ): لوطی' قوم لوط کی طرح بدکاری کرنے والا۔
(اللُّوطِیَّةُ): لواطت' قوم لوط کی طرح کی بدکاری (لَاطَ یَلُوطُ: سے مصدر صناعی ہے)
(اللُّوَیْطَةُ): ملا جلا کھانا۔
(لَاظَهٗ) (ن) لَوْظًا: کسی کو نزدیک آتے ہوئے دھتکارنا (۲) مقابلہ میں آنا' مخالفت کرنا۔
(اِلْتَاظَتْ) علیہ الحاجةُ: کسی کے لئے کام دشوار ہو جانا۔
(لَاعَتِ) (ن) الشمسُ فلانًا لَوْعًا: دھوپ کا کسی کے رنگ کے بدل دینا۔
ـــ الحُبُّ فلانًا: مریض عشق بنا دینا۔ الحُبُّ لائعٌ۔
ـــ فلانًا الهمُّ والحزنُ والشوقُ: دل کا جلنا۔
(أَلَاعَ) الثدیُ: پستان کا سیاہ ہونا' اس کا رنگ بدل جانا۔
ـــ الشمسُ الشیئَ: دھوپ کا کسی چیز کے رنگ کو بدل دینا۔
(لَوَّعَهٗ) الشوقُ: چاہت کا کسی کے دل کو جلا دینا۔ سوزش عشق کا شکار کرنا۔
(اِلْتَاعَ) فؤادهٗ: شوق یا غم کی وجہ سے دل کا جلنا۔
(اللَّاعَةُ): دل کی سوزش جو غایت محبت کی وجہ سے محسوس کی جاتی ہے۔ حدیث ابن سعد میں ہے (إنی لاجدُ لهٗ من اللّاعة ما أجدُ لولدی):
(۲) تیز خاطر اور مضبوط دل کی عورت۔
(۳) ادائیں دکھانے والی صاف ذہن حسین عورت جو اپنی شیریں گفتاری سے دل موہ لے۔
(اللَّوْعَةُ): دل کی سوزش یا جلن' جو انسان غم یا محبت کی وجہ سے محسوس کرتا ہے (۲) پستان کے گرد کا سیاہ حلقہ۔
(لَافَ) (ن) الطعامَ لَوْفًا: کھانا' چبانا۔
ـــ أَصْبَحَ فلانٌ یلوفُ الطعامَ لَوْفًا حتّٰی اعتدَلَ واستقامَ شِبَعًا: فلاں نے صبح کے وقت خوب کھانا کھایا یہاں تک کہ وہ شکم سیر ہو کر سیدھا ہو گیا۔
ـــ الدّابّةُ الکلأ: جانور کا خشک گھاس کھانا۔
(اللُّوفُ): فصیلہ قرعیہ کی ایک گھاس
(۲) فصیلہ قلقاسیہ کی ایک گھاس۔
(اللَّوْفَةُ) من الکلأِ والطّعامِ: غیر مرغوب کھانا یا گھاس۔
(اللَّوَّافُ): شطرنجیاں بنانے والا۔
(اللَّیِّفُ): خشک گھاس۔
(المَلُوفُ) کلأٌ مَلُوفٌ: بارش سے دھلی ہوئی گھاس۔
(لَاقَ) (ن) الشیئَ لَوْقًا: نرم کرنا۔ کہتے ہیں: هُوَ لَا یَلُوقُ عِنْدَكَ: وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرے گا۔
(لَوِقَ) (س) لَوَقًا: بے وقوف ہونا۔ هو أَلْوَقُ: بے وقوف اور بدزبان شخص کو "أَلْوَقُ" کہا جاتا ہے۔
(لَوَّقَ) الشیئَ: نرم کرنا۔
ـــ الطَّعَامَ: مکھن سے کھانا تیار کرنا۔ کہتے ہیں: لا اکلُ إلّا مَا لُوِّقَ لِیْ: میں وہی کھانا کھاؤں گا

جس کو میرے لئے مکھن ڈال کر تیار کیا گیا ہوگا۔

(اللَّوَاقُ): ماذاق لَوَاقًا: اس نے زبان پر کچھ نہیں رکھا۔

(اللُّوقُ): ہر نرم کھانا یا کوئی اور چیز۔

(اللَّوقَةُ): وقت۔

(اللُّوقَةُ): مکھن یا تر کھجور پر لگا ہوا مکھن۔

(لاکَهُ(ن) لَوْكًا: کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔

واللقمة: لقمہ کو آہستہ آہستہ گھمانا۔

— الفرسُ اللّجامَ: گھوڑے کا لگام کو کاٹنا۔

فلانٌ یلوك أعْرَاضَ الناسِ: فلاں لوگوں کی عزتوں سے کھیلتا ہے۔

(اللَّوَاكُ): ماذاق لَوَاكًا: اس نے کوئی چیز نہیں چکھی۔

(لَوْلاَ): حرف امتناع۔یعنی ایک چیز کے وجود کی وجہ سے دوسری چیز کے وجود کے ممتنع ہونے پر دلالت کرنے والا حرف۔

اس کی تین صورتیں ہیں:

(۱) یہ دو جملوں پر داخل ہو،اسمیہ اور فعلیہ۔ اور پہلے جملہ کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو مربوط بنائے جیسے: لَوْلاَ العِلاَجُ لَهَلَكَ اگر علاج نہ ہوتا تو وہ ہلاک ہو جاتا۔

اگر لولا کے بعد ضمیر ہو تو اغلب یہ ہے کہ وہ مرفوع ہو جیسے (لَوْلاَ أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ)

(۲) تحضیض اور عرض کے لئے،تو اس صورت میں مضارع حقیقی یا مضارع موؤل کے ساتھ خاص ہوگا۔جیسے (لَوْلاَ تَسْتَغْفِرُوْنَ اللهَ) اور (لَوْلاَ اَخَّرْتَنِيْ إِلَى أَجَلٍ قَرِيْبٍ)

(۳) توبیخ وتندیم کے لئے۔اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہوگا۔جیسے (لَوْلاَ جَاءُوْا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ)

لَوْلاَ: کی اصل ''لَوْ'' ہے پھر اس کے ساتھ لا کو جوڑ دیا گیا۔اس کے لئے جواب مذکور کا ہونا ضروری ہے اگر جواب مقدر ہو تو اس پر دلالت کرنے والی دلیل کا ہونا ضروری ہے جیسے (وَلَوْلاَ فَضْلُ اللهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ): اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے۔مگر یہ کہ وہ جواب لم: کے ساتھ منفی ہو تو لام داخل نہ ہوگا،البتہ اگر ما کے ساتھ منفی ہو تو داخل ہو جاتا ہے لیکن بہت کم۔

(اللَّوْلاَءُ): نقصان، سختی، جیسے وَقَعُوْا فِيْ اللَّوْلاَءِ۔

(اللَّوْلَبُ): شدت سے نکلنے والی پانی کی تیز گول دھار (۲) ایسا سپرنگ جس کے ایک طرف اٹکانے کا گول حلقہ ہو اور دوسری طرف کھینچنے کا مڑا ہوا سرا۔ (۳) میکانیک کے مطابق وزن اٹھانے کا ایک آلہ۔ (۴) موسیقی کا ایک آلہ (ج) (ج) لوالبُ۔

(اللَّوْلَبِيُّ): اسپرنگ دار،پیچ دار۔

سُلَّمٌ لولبيٌّ: پیچ دار سیڑھی۔

الحركةُ اللَّوْلبيةُ: جسم کی وہ دائرہ نما حرکت جو مقررہ محور کے گرد ہو اور اس سے اسی رخ پر دوسری حرکت پیدا ہو۔(مج)

(المُلَوْلَبُ): پھرکی،لٹو وغیرہ۔

(لاَمَهُ)(ن) عَلَى كذا لَوْمًا: ملامت کرنا۔

هولائِمٌ(ج) لُوَّمٌ وهو لَوَّامٌ ولَوَّامَةٌ ولُوَمَةٌ وذاك ملومٌ ومليمٌ۔انت ألوَمُ من فلانٍ: توں تو فلاں سے بھی زیادہ قابل ملامت ہے۔

— فلانًا: کسی کو اپنی بات بتانا۔

(لِيْمَ) بالرجلِ: کسی کی منزل اور اسباب میں رکاوٹ پڑنا۔جیسے سواری کا گم ہو جانا وغیرہ۔

(أَلاَمَ) فلانٌ: ایسی حرکت کرنا جو ملامت کا باعث ہو (۲) قابل ملامت ہونا۔هو مليمٌ: کہاوت ہے (رُبَّ لائمٍ مليمٌ): قرآن مجید میں ہے: (فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ)

— فلانًا: ملامت کرنا۔

(لاَوَمَهُ) مُلاَوَمَةً ولِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(لَوَّمَهُ): خوب ملامت کرنا۔

— لاَمًا: لام لکھنا۔

(اِلْتَامَ): ملامت قبول کرنا۔

(تَلاَوَمُوْا): ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(تَلَوَّمَ) عَلَى الأَمْرِ: کسی بات پر ڈٹے رہنا۔

— فِي الأَمْرِ: توقف کرنا،ٹھہرنا۔

(اِسْتَلاَمَ): ملامت کا مستحق ہونا۔ هو مُستليمٌ۔

— اليهم: لوگوں سے قابل مذمت برتاؤ کرنا (۲) لوگوں کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جس سے وہ اس پر ملامت کریں۔

— إلى ضيفه: مہمان سے اچھا سلوک نہ کرنا۔

(اللاَّئِمَةُ): ملامت۔استحقَّ اللاَّئمةَ: ملامت کے قابل ہونا۔انحى عليه باللاَّئمةِ واللَّوائمِ: کسی کے پاس ملامت کرتے ہوئے آنا (ج) لوائمُ۔

(اللاَّمُ): حرف تہجی کا ایک حرف ''لام'' کبھی اصل کبھی بدل اور کبھی زائد ہوتا ہے (ج) لاماتٌ (۲) ہر سخت چیز (۳) دہشت، خوف (۴) وجودِ انسانی۔

(اللاَّمَةُ): خوف (۲) باعثِ ملامت کام۔

(اللَّوَامَةُ): حاجت، ضرورت، جیسے قَضَى القومُ لُوَامَاتٍ لَهُمْ: لوگوں نے اپنی ضروریات پوری کیں۔قَدْ تَلَوَّمَ عَلَى لُوَامَتِه: وہ اپنی ضرورت کے حصول کی خاطر ڈٹا رہا۔

(اللَّوْمُ): خوف۔

(اللَّوْمَى) و(اللَّوْمَاءُ): ملامت۔

(اللَّوْمَةُ): جَاءَ بِلَوْمَةٍ: اس نے باعث ملامت عمل کیا۔

(اللُّوْمَةُ): رجلٌ لُوْمَةٌ: لوگوں کی ملامت کا شکار۔

— لِيْ فيه لُوْمَةٌ: مجھے اس بات میں توقف ہے۔

(المُتَلَوِّمُ): بداخلاقی اور بری حرکت پر ملامت کا نشانہ بننے والا (۲) اپنی ضرورت کے پورے ہونے کا انتظار کرنے والا۔

(لَوْمَا): کلمہ بمنزلہ لولا۔یہ بھی دو جملوں پر داخل

ہوتا ہے۔ پہلا اسمیہ دوسرا فعلیہ اور پہلے کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو ثابت کرتا ہے۔ جیسے یہ شعر:

لو ما الاصاخة للوشاة لکان لی
من بعد سخطک فی رضاک رجاءُ

یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو تو تحضیض اور ترغیب کا فائدہ دیتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: (لَوْ مَا تَاْتِیْنَا بِالْمَلٰئِکَةِ)

(لَوَّنَ): رنگ ظاہر ہونا۔
— البُسْرُ: کھجور میں پکنے کا رنگ آنا۔
— الشَّیْبُ فیه: کسی پر بڑھاپے کی سفیدی ظاہر ہونا۔
— الشیئَ: رنگین بنانا۔
(تَلَوَّنَ) الشیئُ: رنگین ہونا۔
— فلانٌ: غیر مستقل المزاج ہونا۔ متلون مزاج ہونا۔
(اِلْوَنَّ): بمعنی تَلَوَّنَ۔
(التَّلْوِیْنُ): تلذذ کے لئے انواع و اقسام کے کھانے پیش کرنا (۲) کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے کی طرف منتقل (مو)
(اللَّوْنُ): رنگ (۲) نوع، قسم (ج) الوانٌ۔ کہتے ہیں: اُتیَ بألوانٍ من الحدیث والطعامِ: اس نے طرح طرح کے کھانے پیش کئے یا مختلف قسم کے اسلوب کلام کو پیش کرنا۔
— تناول کذا و کذا لونا من الطعام: طرح طرح کے کھانے کھانا۔
(المُلَوَّنُوْنَ) من الناس: رنگ والے لوگ (گوروں کے علاوہ) (محدثة)
(لَاهَ) (ن) السرابُ لَوْهًا ولَوَهَانًا: سراب کا چمکنا۔
(تَلَوَّهَ) السَّرابُ: سراب کا چمکنا۔
(اللَّاهَةُ): سانپ۔
(لَوْهُ) السَّرابِ ولَوْهَتُهُ: سراب کی چمک۔ کہتے ہیں: رَأَیْتُ لَوْهَ السَّرابِ ولَوْهَتَهُ۔
(اَلْوٰی) فلانٌ: کسی کا بار بار حرف لَوْ کہہ کر خواہش کا اظہار کرنا۔
(الأَلُوَّةُ): ایک قسم کی گھاس جو گرم علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ (مع)
(الأَلُوَّةُ): ایک خوشبودار لکڑی جو جلائی جاتی ہے اسے "عود ہندی" یا "ند" کہتے ہیں۔
(اللَّوُّ): پوشیدہ کلام (۲) باطل، غیر حقیقی بات۔ کہتے ہیں: هُوَ لاَ یَعْرِفُ الحَوَّ من اللَّوِّ: وہ حق و باطل میں تمیز نہیں کر سکتا۔ مقولہ ہے (اِیَّاكَ واللَّوَّفان اللَّوَّ من الشیطان): یہ کہنے سے بچو کہ اگر یوں ہوتا تو یوں ہوتا اور یوں نہ ہوتا تو ایسا نہ ہوتا۔ کیونکہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔
(اللَّوَّةُ): لَوَّةً لفلانٍ بِمَا صَنَعَ: فلاں کا ناس ہو کہ اس نے ایسا کیا۔
(اللُّوَّةُ): عود وہ لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہے۔
(لَوٰی) (ض) علیه لَیًّا ولَوِیًّا: کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ راغب ہونا۔ مَرَّ لاَ یَلْوِیْ عَلٰی أَحَدٍ: وہ کسی کی طرف متوجہ ہوئے بغیر گزر گیا۔
— عَنِ الأَمْرِ: کسی کام میں سستی برتنا۔
— الشیئَ: مروڑنا، توڑنا، بٹ دینا۔ جیسے: لوی الحبلَ۔
— یَدَهٗ و اِصْبَعَهٗ: ہاتھ یا انگلی موڑنا۔
— الثوبَ: کپڑے کا اتنا نچوڑنا کہ اس کا سارا پانی نکل جائے۔
— رأسَهٗ وبرأسه: کسی سے اعراض کرتے ہوئے سر جھکانا۔
— الحزنُ قلبه: غم کا دل کو بلا کر رکھ دینا۔
— فلانًا دینه وبدینه لَیًّا ولِیًّا ولِیَّانًا: ادائیگی قرض میں ٹال مٹول سے کام لینا۔
فلانًا حقّهٗ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
أَمْرَهٗ عنه لَیًّا ولَیَّانًا: اپنے معاملہ کو کسی سے مخفی رکھنا، چھپانا۔ لَوٰی عنه الخبرَ بھی کہتے ہیں۔
— سِرَّهٗ: راز کی حفاظت کرنا۔
— فلانًا عَلٰی فلانٍ لَیًّا: ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا۔
— لَوَتِ اللیالی کفّهٗ علی العصا: بوڑھا ہو جانا۔
— مَا یلوی ظهرَهٗ: وہ انتہائی بہادر آدمی ہے اسے کوئی شکست نہیں دے سکتا۔
(لَوِیَ) (س) الرَّمْلُ وغیرُهٗ لَوًی: ٹیڑھا اور غیر مستقیم ہونا۔
— الفرسُ: گھوڑے کی پشت کا مڑا ہوا ہونا۔ هو لَوٍ۔ لَوِیَ القَرْنُ: بھی کہتے ہیں: هو أَلْوٰی (ج) لُیٌّ۔
— فلانٌ: کسی کے معدہ یا پیٹ میں درد ہونا۔ هو لَوٍ وهو لَوِیَةٌ۔ لویت المعدۃُ بھی کہتے ہیں۔
(۲) سخت جھگڑالو اور لڑاکا ہونا۔ کہاوت ہے (لتجدنَّهٗ أَلْوٰی بعیدَ المستمرّ) (۳) تنہائی پسند اور لوگوں سے الگ تھلگ ہونا۔ هو الوٰی وهی لَیّاءُ۔
— الطریقُ: راستہ کا لمبا اور نامعلوم ہونا۔ هُوَ أَلْوٰی۔
— الکَلأُ: گھاس کا خشک ہونا۔ یا خشکی ہریالی کی درمیانی کیفیت میں ہونا۔
(أَلْوٰی) برأسه: سر جھکانا۔
— الانسانُ: ریت کے کنارے پر ہونا۔
(۲) بہت امیدیں رکھنا۔
— فلانٌ: کسی کی کھیتی کا خشک ہونا (۲) اپنے لئے یا مہمان کے لئے رکھی ہوئی چیز کھانا۔
— البَقْلُ: سبزی کا خشک ہونا اور مرجھا جانا۔
— بالشیئِ: کسی چیز کو لے جانا۔
— بیدہٖ أو بثوبه: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا۔
— بحقه: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
— بما فی الاناء: برتن میں موجود چیز کو اپنے لئے خاص کر لینا، کسی دوسرے کو حصہ نہ دینا۔
— بهم الدَّهرُ: زمانہ کا کسی کو ہلاک کر دینا۔
— بکلامه: اپنی بات کو غلط رخ دینا۔
— العقابُ بالشیئِ: عقاب کا کوئی چیز لے کر

اڑ جانا۔

ــــ اللِّوَاءَ: جھنڈا بنانا یا اٹھانا۔

(لَاوَتِ) الحَيَّةُ مُلَاوَاةً ولِوَاءً: ایک سانپ کا دوسرے پر لپٹنا۔

ــــ فلانٌ: لا (نہیں) کہنا۔

ــــ فلانًا: کسی کی مخالفت کرنا۔

(لَوّٰی) علیه الأَمْرَ: کسی کیلئے اس کے کام کو مشکل اور دشوار بنا دینا۔

ــــ أَعْنَاقَ الرِّجَالِ فی الجدالِ: جنگ میں لوگوں پر غالب آنا۔

ــــ (التوٰی) الشیئُ: کسی چیز کا مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہونا، بل کھانا۔ التوی الرملُ بھی کہتے ہیں۔

ــــ الأمْرُ: کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔ التوت عَلَیَّ حاجتی: بھی کہتے ہیں۔

ــــ عن الأمرِ: کسی کام میں سستی برتنا۔

ــــ لویّةً: اپنے لئے یا مہمان کیلئے کھانا چھپا کر رکھنا۔

(تَلَاوَوْا) علیه: کسی کے پاس جمع ہونا۔

(تَلَوّٰی) الشیئُ: بمعنی التوٰی۔

ــــ الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

ــــ البرقُ فی السحابِ: بادل کا بجلی میں چمکنا۔

(اِسْتَلْوٰی) بھم الدَّھرُ: زمانہ کا لوگوں کا ہلاک کر دینا۔

(الالتواءُ): جسم کے ایک طرفہ گھومنے کی حالت (یعنی ایک سرا کسی جگہ جما دیا جائے اور دوسرے سرے کو گھمایا جائے) (مج)

(الألْوَاءُ): وادی کے گوشے (۲) اطراف ملک۔ (اس کا مفرد لوی ہے)

(الألْوَّةُ): (دیکھئے لوو)

(اللَّاوِیاءُ): داغ دینے کا آلہ۔

(اللّٰوی): بمعنی اللاَّتی جمع التی: کہتے ہیں: هُنَّ اللّٰوی فعلن: (۲) معدہ کا درد۔

(اللِّوٰی): ریگستان کا مڑا ہوا یا بل کھاتا ہوا کنارہ (ج) ألواء۔

(اللِّوَاءُ): جھنڈا (رایۃٌ سے چھوٹا) (ج) أَلْوِیَۃٌ وأَلْوِیاتٌ: کہتے ہیں: بَعَثُوْا بالسّواء والِلّواءِ: انہوں نے مدد طلب کرنے کا پیغام بھیجا (۲) چند فوجی دستوں کا مجموعہ (۳) جنرل، میجر جنرل، ایک فوجی عہدہ جو عقید اور فریق کے درمیان ہوتا ہے۔ (محدثہ)

(اللَّوّاءُ): فصیلہ نقاریات کا ایک پرندہ جو اپنی گردن پیچھے کی جانب موڑ لیتا ہے اور سانپ کی طرح بل کھاتا ہے۔ شام میں اسے "ابولُوی" کہتے ہیں۔

(اللَّوِیُّ): خشک یا درمیانی گھاس۔

(اللَّوِیَّةُ): وہ کھانا جو دوسروں سے چھپا کر رکھا گیا ہو، اپنے مہمان کیلئے محفوظ کیا گیا ہو۔ (ج) لَوَایَا۔

(اللَّیَّةُ): ایک مرتبہ کا موڑ، پیچ (ج) لِوًی۔

(اللَّیَّاءُ): (دیکھئے لی)

(اللَّیّان): قید، حبس۔

(اللِّیَّةُ): قریبی رشتہ داریاں (۲) عود وہ لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہو۔

(المَلَاوِی): پیچیدہ راستہ۔ واحد مَلْوٰی: (۲) موسیقی میں تانت باندھنے کے لکڑی کے ٹکڑے واحد مِلْوٰی: (مج)

(مُلْتَوٰی) الوادِیْ: وادی کا موڑ۔

ل .... ی

(لَاتَهُ) (ض) عَنِ الأمرِ لَیْتًا: کسی کام سے روکنا۔

ــــ فلانًا حَقَّهُ: کسی کے حق میں کمی کرنا۔ قرآن مجید میں ہے۔ (لَا یَلِتْکُمْ مِنْ أَعْمَالِکُمْ شَیْئًا)

ــــ فلانًا: کسی کو غلط خبر دینا۔

(أَلَاتَهُ) عن کذا: کسی کام سے روکنا۔

مَا أَلَاتَهُ من أَجرِهِ شَیْئًا: کسی کے بدلہ میں بالکل کمی نہ کرنا۔

(اللِّیْتُ): گردن کا کنارہ۔ تثنیہ لِیْتَانِ: اور جمع أَلیاتٌ ہے۔

لِیْتُ الرَّمْلِ: ریت کا پتلا اور لمبا سلسلہ۔

(لَیْتَ): کاش، حرف تمنی۔ اکثر ناممکن اشیاء کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ جیسے:

ألا لیت الشبابَ یعودُ یومًا
فأخبرهُ بما فعلَ المشیبُ

کبھی ممکن کے بھی متعلق ہوتا ہے۔ جیسے: لَیْتَ المسافِرَ حاضرٌ: یہ اس کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ لیت: کے ساتھ ما بڑھا کر "لیتما" کہا جاتا ہے۔ لیکن اس کی اسماء پر داخل ہونے کی خصوصیت برقرار رہتی ہے۔ کبھی اسے وجدتُ کے معنی میں لایا جاتا ہے جیسے: لَیْتَ زَیْدًا شاخِصًا: جب اس کے آخر میں یاء متکلم کا اضافہ کیا جائے تو لیتنی: اور لیتی: کہا جائے گا۔ جبکہ لیتی کہنا شاذ ہے۔

(لَایَثَهُ) مُلَایَثَةً ولِیَاثًا: کسی کے ساتھ کودنے میں مقابلہ (۲) شیر کی طرح کسی سے مقابلہ کرنا۔

(لَیِّثَ) فلانٌ: شیر جیسا ہونا (۲) بنولیث قبیلہ سے تعلق رکھنا (۳) بنولیث جیسے جذبات رکھنا۔

(تَلَیَّثَ) فلانٌ: بمعنی لَیِّثَ۔

(استلیثَ) فلانٌ: شیر جیسا ہونا۔

(الأَلْیَثُ): بہادر، کہتے ہیں: هو أَلْیَثُ أَصْحابِهِ: وہ اپنے ساتھیوں میں سب سے سخت اور بہادر آدمی ہے (ج) لِیْثٌ۔

(اللَّائِثُ): شیر۔

(اللَّیْثُ): شدت وقوت۔ (۲) شیر (۳) بہادر (۴) جھگڑالو اور باتونی آدمی (۵) مکھیاں کھانے والی ایک مکڑی (ج) لُیُوثٌ۔

لَیْثُ عفرّین: نیولے جیسا ایک جانور جو راہ گیروں کو تنگ کرتا ہے۔

(اللَّیْثَةُ): شیرنی (ج) لَیْثَاتٌ (۲) مضبوط اور سخت اونٹ۔

(المِلْیَثُ): مضبوط اور طاقتور (۲) حجت باز اور لسان۔

(المُلَیَّثُ): حقیر اور موٹا۔ فَحْلٌ مُلَیَّثٌ: شیر جیسا بہادر سانڈ۔

(لَیِسَ) (س) فلانٌ لَیَسًا: بہادر ہونا (۲) گھر میں ٹھہرے رہنا اور اس سے نہ نکلنا۔

ـــ عنه: کسی چیز سے غافل ہونا۔ ھو أَلْيَسُ (ج) لِيْسٌ۔
(تَلَايَسَ) فلانٌ: خوش مزاج اور حسن اخلاق والا ہونا۔
ـــ عن كذا: چشم پوشی کرنا۔
(تَلَيَّسَ) فلانٌ: سخت ہونا۔
(الأَلْيَسُ): گھر سے نہ نکلنے والا (۲) بے غیرت اور خبیث آدمی جس سے سب مذاق کرتے ہوں، (۳) شیر (۴) بھاری سے بھاری بوجھ اٹھانے والا اونٹ (ج) لِيْسٌ۔
(المُلَايِسُ): سست۔
(لَيْسَ): وہ کلمہ جو حال کی نفی پر دلالت کرتا ہے اور غیر حال کی نفی کسی قرینہ کی وجہ سے کرتا ہے۔ جیسے: لَيْسَ خَلْقَ اللهِ مِثْلَه یہ فعل غیر متصرف ہے۔ اس کا وزن فَعِلَ تھا پھر عین کلمہ کو تخفیف کیلئے لزوما ساکن کرلیا گیا۔ ایک قول کے مطابق اس کی اصل "لا أيس" ہے۔ ہمزہ کو ساقط کرکے لَيْسَ کردیا گیا۔ اس کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ جیسے لَيْسَ زيدٌ قائمًا اس کے نظائر میں تو خبر کو اسم پر مقدم کرنا جائز ہے۔ لیکن لیس: میں ایسا نہیں کرسکتے۔ کبھی یہ استثناء کیلئے بھی آتا ہے، جیسے أتاني القومُ لَيْسَ زيدًا: اس وقت اس کا اسم اس میں مضمر ہوتا ہے اور اس کی خبر منصوب ہی ہوتی ہے، یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ لیس برائے استثناء مفرد ہی استعمال ہوتا ہے، جیسے جاءُوا لَيْسَ المتخلِّفين۔ کبھی اس کا اسم ثانی الا کے ساتھ مل کر آتا ہے۔ جیسے لَيْسَ الطِّيبُ إِلَّا المِسْكَ۔ قبیلہ بنو تمیم کے لوگ المسك: کو رفع اور اہل حجاز اس کو نصب دیتے ہیں۔ لیس جملہ فعلیہ یا مبتداء یا خبر مرفوع پر داخل ہوتا ہے تو اس کا اسم ضمیر شان ہوتی ہے۔ اور بعد کا جملہ محل نصب میں ہوکر اس کی خبر بنتا ہے جملہ فعلیہ کی مثال: لیس یقوم زیدٌ: مبتدا خبر کی مثال: لیس زیدٌ قادمٌ۔ اس کی خبر پر تاکید نفی کے لئے باء بھی داخل ہوتی ہے اور وہ مدخول علیہ کو مجرور کردیتی ہے۔ لیکن محلًا وہ منصوب ہوتی ہے، جیسے: لَيْسَ اللهُ بظالِمٍ۔
(لَاصَ) (ض) عنه لَيْصًا: ایک طرف کو ہونا۔
ـــ فلانًا عَنْ كذا: دھوکا دینا، کسی بات کیلئے پھسلانا۔
(لَاطَ) (ض) بالشيءِ - □لَيْطًا: کسی چیز کے ساتھ چمٹ جانا۔
ـــ فلانٌ ما يليطُ بهِ النعيمُ: فلاں آدمی نعمت کے لائق نہیں۔
ـــ الشيءُ بقلبه: دل میں کسی چیز کی محبت کا گھر کرجانا۔
ـــ القاضي فلانًا بفلانٍ: قاضی کا کسی کو کسی کے ساتھ نسبتاً جوڑنا۔
ـــ اللهُ فلانًا: خدا تعالی کا کسی کو رحمت سے دور کرنا۔ لعنت کرنا۔
ـــ شيطانٌ ليطانٌ: ملعون شیطان۔
(أَلَاطَه): چمٹانا۔
(لَيَّطَه): چمٹانا۔
ـــ الولدَ بأبيه: لڑکے کو اس کے باپ کے ساتھ وابستہ کرنا۔
(اللِّيَاطُ): رنگ (۲) چونا، گچ۔
(اللِّيْطُ): ہر چیز کا چھلکا (۲) کھال (ج) أَلْيَاطٌ (۳) رنگ۔ کہتے ہیں أَتَيْتُهُ ولِيْطُ الشمسِ لَمْ يُقْشَرْ: میں اس کے پاس اس وقت آیا جب سورج کا رنگ نہیں بدلا تھا، یعنی علی الصبح آیا۔ (۴) عادت و خصلت۔
ـــ فلانٌ لَيِّنُ اللِّيْطِ: فلاں نرم مزاج ہے۔
(اللِّيْطَةُ): ہر مضبوط اور سخت چیز کا چھلکا جیسے: بانس وغیرہ (ج) لِيْطٌ ولِيَاطٌ وأَلْيَاطٌ۔
(لَاعَ) (ض) لَيَعَانًا: گھبرانا (۲) دل تنگ ہونا، اکتانا، بور ہونا (۳) غمگین ہونا۔
ـــ الجُوعُ فلانًا لَيْعَةً: بھوک کا کسی کو جلا کر رکھ دینا۔
(لَاعَ) لَيْعَةً: دل تنگ ہونا۔ ھو لائعٌ ولاعٌ وھی لائعةٌ ولاعةٌ۔
(أَلَاعَ): دل تنگ ہونا۔
(اللِّيَاعُ) ريحٌ لِيَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔
(لَيْعَةُ) الجُوعِ: بھوک کی بے قراری، سوزش۔
(المِلْيَاعُ): جلد پیاسے ہونے والے ہونٹ، یا وہ اونٹ جو آگے بڑھ کر پھر پیچھے لوٹ کر دوسرے اونٹوں سے مل جاتے ہوں۔
(لَاغَه) (ض) الشيءَ لَيْغًا: کسی کو کسی چیز سے ہٹانے کے لئے پھسلانا۔
(تَلَيَّغَ): بے وقوف بننا۔
(الأَلْيَغُ): صاف نہ بول سکنے والا، جس کی زبان سے یاء زیادہ نکلتی ہو۔
ـــ فلانٌ أَلْثَغُ وأَلْيَغُ: فلاں توتلا اور ہکلا ہے۔
(اللَّائِغُ) طعامٌ سائغٌ لائغٌ: حلق میں آسانی سے اتر جانے والا کھانا۔
(اللَّيَاغَةُ): بیوقوف۔
(اللَّيِّغُ): طعامٌ سَيِّغٌ لَيِّغٌ: خوش گوار کھانا۔
(لَافَ) (ض) الطعامَ لَيْفًا: کھانا کھانا۔
(لَيَّفَتِ) الفَسِيلَةُ: کھجور کے درخت کا موٹی چھال والا ہونا۔
ـــ الشيءَ: کسی چیز کو تر کھجور کی چھال سے دھونا۔ (مو)
ـــ اللِّيْفَ: چھال تیار کرنا۔
(اللِّيْفُ): کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِيفَةٌ۔
(اللِّيْفَانِيُّ): گھنی داڑھی والا۔ لحيةٌ ليفانيَّةٌ: گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی والا۔
(لَاقَتِ) (ض) الدَّوَاةُ لَيْقًا: دوات میں صوف سے سیاہی لگنا۔ ھی لائِقٌ۔
ـــ الدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈال کر سیاہی ٹھیک کرنا، فالدَّواةُ مليقةٌ۔
ـــ الشيءُ به لَيْقًا ولَيَاقًا ولَيَقَانًا: چمٹنا، چپکنا۔
ـــ الشيءُ بقلبه: کسی چیز کا دل کو بھانا۔
ـــ هذا أمرٌ لايليق بك: یہ چیز آپ کیلئے

مناسب نہیں۔ فلانٌ لا یلیق ببلدٍ اسے کوئی شہر راس نہیں آتا۔ ایسی لا یلیق بہ بلدٌ۔
ما لِقْتُ بعدك بأرْضٍ: میں نے تمہارے بعد کسی زمین میں قرار نہیں پکڑا۔
— فلانٌ لا یلیق بکفّہٖ درھمٌ: فلاں کے ہاتھ میں پیسہ نہیں ٹھہرتا۔
— بہ الثوبُ: کپڑا کسی کو فٹ آنا۔
(أَلَاقَ) الدَّوَاۃَ: دوات کو ٹھیک کرنا۔
— فلانًا بنفسہٖ: کسی کو اپنے ساتھ چمٹانا۔
ما أَلاقتنِي ارضٌ: مجھے کوئی جگہ پسند نہ آئی۔
فلانٌ مایلیقہٗ بلدٌ: فلاں کو کوئی شہر راس نہیں آتا۔ فلانٌ لا تلیق کفُّہٗ دِرھماً: فلاں کے ہاتھ میں کوئی پیسہ نہیں ٹھہرتا۔
ھذا سیفٌ لا یلیقُ شَیْئًا: یہ تلوار کسی چیز کو کاٹے بغیر نہیں چھوڑتی۔
(لَیَّقَ) الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا۔
— الثریدَ بالسمنِ: ثرید میں خوب گھی ڈالنا۔
(اِلْتَاقَ) لَہٗ: کسی کو لازم پکڑنا، اس کے ساتھ ساتھ رہنا۔
— فلانٌ بفلانٍ: کسی سے دوستی کر کے اس کے ساتھ گھل مل جانا۔
— القلبُ بفُلانٍ: کسی سے دل ملنا۔
— بالشيءِ: کسی چیز کی وجہ سے مستغنی ہونا۔
(اِسْتَلَاقَہٗ) بہٖ: کسی کو کسی کے ساتھ وابستہ کرنا۔ چمٹانا۔
(اللَّیَاقُ): چراگاہ، کہتے ہیں: مَا فِي الأَرْضِ لَیَاقٌ (۲) کسی معاملہ میں ثبات و پختگی۔ کہتے ہیں: لیس لفلانٍ لَیَاقٌ۔
(اللِّیَاقُ): آگ کی لپٹ، شعلہ۔
(اللِّیَاقَۃُ): حسنِ ذوق، لیاقت، مہذب طرزِ عمل (مو)
(اللِّیْقُ): سرمہ میں ڈالا جانے والا کاجل وغیرہ۔
(اللِّیْقُ): بکھرے ہوئے بادل کے ٹکڑے۔
(اللِّیْقَۃُ): دوات میں ڈالنے کا کپڑا، (۲) لیس دار گارا جو لپائی کیلئے ہاتھ سے اٹھا کر دیوار پر پھینکا جائے۔
(المُلْتَاقُ): وَجْہٌ ملتاقٌ: جاذبِ نظر خوشگوار چہرہ۔
(أَلَالَ) القومُ وأَلْیَلُوا: رات میں داخل ہونا۔ کسی جگہ رات ہو جانا۔
(لَایَلَہٗ) مُلَایَلَۃً ولیالاً: کوئی چیز ایک رات کیلئے کرایہ پر لینا۔ (۲) کسی سے ایک رات کا معاملہ طے کرنا۔
(الأَلْیَلُ): لیلٌ أَلْیَلُ: انتہائی تاریک رات۔
(اللائِلُ) لیلٌ لائِلٌ: انتہائی تاریک رات۔
(اللَّیْلُ): رات (۲) مغرب سے لے کر طلوع فجر تک کا وقت (شرعاً)
(اللَّیْلَۃُ): ایک رات (ج) لیالٍ ولیائِلُ۔
— فَعَلْتُ اللَّیْلَۃَ کذا: میں نے رات کو ایسا کیا (یہ جملہ صبح سے نصف نہار تک کہہ سکتے ہیں اور جب نصف نہار ہو جائے تو پھر یہ کہیں گے) فَعَلْتُ البارِحَۃَ۔
(لَیْلَی) الخَمْرِ: شراب کا نشہ۔
— أُمُّ لَیْلَی: شراب۔
— لیلۃٌ لَیْلَی: لمبی اور کٹھن رات (۲) مہینہ کی تاریک ترین رات۔
(اللَّیْلاءُ): لیلۃٌ لیلاءُ: تاریک رات (۲) مہینہ کی تیسویں شب۔
(المُلَیَّلُ): لَیْلٌ مُلَیَّلٌ: تاریک رات۔
(اللَّیْمُ): مشابہ (دیکھئے لأم)
(اللَّیْمُوْنُ): لیموں (یہ فصیلہ سذابیہ سے ہے) مصر میں اسے موالح اور شام میں حوامض کہتے ہیں۔
(لَانَ) (ض) الشيءُ لِیْنًا ولَیَانًا: نرم ہونا (۲) نرم خو ہونا (۳) تابع ہونا۔ ھو لَیْنٌ ولَیِّنٌ (ج) أَلْیِنَاء۔
— لقومہٖ: اپنے لوگوں سے نرم برتاؤ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ)
رجلٌ لَیِّنُ الجانبِ: خوش اخلاق آدمی۔
(أَلَانَ) الشيءَ وأَلْیَنَہٗ: نرم کرنا۔
— للقومِ جناحَہٗ: لوگوں سے نرمی کرنا۔
(لَایَنَہٗ) مُلَایَنَۃً ولِیَانًا: کسی کے ساتھ سمجھداری و ہمدردی کا معاملہ کرنا۔ (۲) دل داری کرنا۔
(لَیَّنَ) الشيءَ: نرم کرنا۔
(تَلَیَّنَ) الشيءُ: نرم کرنا۔
— لِفُلانٍ: کسی کی خوشامد کرنا۔
(اِسْتَلَانَ) العَیْشَ: زندگی کو نرم و خوشگوار سمجھنا یا پانا۔
(الأَلْیَنُ): بہت نرم چیز۔ (ج) أَلَایِنُ۔
(اللَّیَانُ): نرم۔ کہتے ہیں نَزَلُوا بلیانِ الأَرْضِ: وہ نرم و خوشگوار جگہ اترے۔ (۲) زندگی کی آسودگی و خوشحالی۔ جیسے: ھو فی لیانٍ من العیش۔
(اللِّیْنُ): نَزَلُوا بِلِیْنِ الأَرْضِ: وہ نرم و خوشگوار جگہ میں اترے۔
— حروفُ اللِّیْنِ: حروف لین، الف، واؤ، یاء (۲) عجوہ کے علاوہ کھجور کی کوئی قسم، واحد: لِیْنَۃٌ: قرآن مجید میں ہے: (مَا قَطَعْتُم مِّن لِّينَةٍ)
(اللِّیْنَۃُ): تکیہ۔
(اللَّیَّانُ): (دیکھئے لوی)
(المَلْیَنَۃُ): إِنَّہٗ لذو مَلْیَنَۃٍ: وہ نرم مزاج اور اچھے اخلاق والا ہے۔
(المُلَیِّنُ): ملینہ دوا جو آنتوں کو فضلات سے صاف کرتی ہے۔ (ج) مُلَیِّنَات (مو)
(اللِّیَاءُ): چنے جیسے انتہائی سفید ایک چیز جو حجاز میں کھائی جاتی ہے۔ بعض نے اس کو لوبیا کہا ہے عورت کو سفیدی میں اس سے تشبیہ دی جاتی ہے (۲) مچھلی کی ایک قسم۔
(اللَّیَّاءُ): پانی سے خالی اور دور زمین۔

(۴۰) م

(المِیْمُ): چوبیسواں حرفِ تہجی۔ اس میں صفت جہر اور توسط پائی جاتی ہے' اس کا مخرج دونوں ہونٹ ہیں۔

م..........اَ

(مَا) مَا: حسب ذیل طریقہ پر استعمال ہوتا ہے۔

(۱) نافیہ۔ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے' جیسے: (وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ) اور (مَا يَكُوْنُ لِيْ أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِيْ) اور جملہ اسمیہ پر بھی داخل ہوتا ہے۔ جیسے: (وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُّعَمَّرَ) اور کبھی اس کے بعد خبر منصوب ہوتی ہے جیسے: (مَا هٰذَا بَشَرًا)

(۲) اپنے بعد والے جملہ کے ساتھ محل مصدر میں ہوتا ہے اور اسے مصدریہ کہتے ہیں' جیسے اللہ تعالیٰ کا قول: (وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الارضُ بِمَا رَحُبَتْ) ای برحبھا۔: اور (عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ) ای عنتکم اور کبھی مصدریہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس میں وقت بھی ملحوظ ہوتا ہے' تو اسے مصدریہ ظرفیہ کہتے ہیں۔ جیسے: (وَأَوْصَانِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَيًّا)

(۳) استفہامیہ' اس سے غیر ذوی العقول چیزوں کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے' جیسے: (وَمَاتِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يَا مُوْسٰى) اگر اس کے ساتھ حرف جر ملا ہوا ہو اور اس کے الف کو حذف کر دیا جاتا ہے: اور فتحہ کو باقی رکھا جاتا ہے۔ (فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ) اور (فِيْمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرٰلها) اور (لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لاَ تَفْعَلُوْنَ) اور کبھی اس کے میم کو ساکن بھی کر دیا جاتا ہے لیکن شعر کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے:

یا اَبَا الأَسْوَدِ لِمْ خلفتنِی
لِھُمُوْمٍ طارقاتٍ وذِکَرْ

اور اگر اس کے ساتھ "ذا" لگایا جائے تو الف کو حذف نہ کیا جائے گا جیسے: لِمَاذَا جِئْتَ؟

(۴) شرطیہ برائے جزاء۔ جیسے (وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ)

(۵) تعجب کیلئے۔ جیسے: مَا أَحْسَنَ هٰذَا: قرآن مجید میں ہے: (قُتِلَ الانْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ)

(۶) بمعنی الذی' غیر ذوالعقول کیلئے جیسے قرآن مجید میں ہے (مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ) اور کبھی مَا "مَنْ" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: (وَلاَ تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ)

(۷) ابہام کیلئے۔ جیسے اِعْطِنِیْ کتابًا مَّا: اس نے مجھے کوئی سی کتاب دی اور جاءَ لِأَمْرٍ مَّا: اس نے کوئی کام کیا۔ قرآن مجید میں ہے (اِنَّ اللّٰهَ لاَ يَسْتَحْيِيْ أَنْ يَضْرِبَ مَثَلاً مَّا)

(۸) مَا کے ان معانی کے علاوہ اور بھی استعمالات ہیں:

(ا) تین افعال ماضیہ طَالَ، قَلَّ، کثر، کے بعد آتا ہے' اور اس صورت میں یہ افعال فاعل کے محتاج نہیں ہوتے اور مَا: کے بعد فعل آتا ہے۔ جیسے: طَالَمَا انتظرتُك ایک شاعر کہتا ہے:

صَدَدْتِ فَأَطْوَلْتِ الصُّدُوْدَ وَقَلَّمَا
وِصَالٌ عَلٰى طُوْلِ الصُّدُوْدِ يَدُوْمُ

(ب) ایسے ہی ربّ کے بعد بھی مَا آتا ہے' اور اس کے ساتھ فعل ملا ہوا ہوتا ہے۔ جیسے امیہ بن ابی صلت کا شعر ہے:

رُبَّمَا تکرہ النفوس من الأمر
لہ فرجۃ کحل العقال

(ج) جار مجرور کے درمیان اس کو بڑھایا جاتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: (فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ) اور (مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ أُغْرِقُوْا)

(مَأَجَ) (ف) مَأْجًا: لڑائی کرنا۔

(مَوَّجَ) (ك) مُؤُوْجَةً: مضطرب ہونا۔ تھرتھرانا' لہلہانا۔

— الماءُ: پانی کا کھارا اور نمکین ہونا۔ ھو مَأْجٌ۔

(اَلْمَأْجُ): بیوقوف ومضطرب (۲) کھارا اور نمکین پانی۔

(مَأَدَ) (ف) النباتُ والشَّجَرُ مَأْدًا: پودوں اور درختوں کا لہلہانا' سرسبز وشاداب ہونا (۲) خوشگوار اور نرم وملائم ہونا۔

(أَمْأَدَ) الرَّيُّ أو الرَّبِيْعُ النَّبَاتَ: آبپاشی یا بہار کا نباتات کو تر وتازہ رکھنا۔

(امْتَأَدَ) خَيْرًا: بھلائی حاصل کرنا۔

(المَأْدُ): ہر نرم وملائم چیز جیسی غُصْنٌ مَأْدٌ (۲) زمین سے رستا ہوا پانی۔

— فَتيً مَأْدٌ: خوبصورت نوجوان۔

— مأد الشباب: جوانی کا جوبن۔

(المَيْئِدُ): نرم شاخ۔

(مَأَرَ) بين القومِ مَأْرًا: لوگوں کے درمیان پھوٹ ڈالنا۔

(مَئِرَ) (س) الجُرْحُ مَأَرًا: زخم کا دوبارہ خراب ہونا۔

— علي فلانٍ: کسی سے دشمنی رکھنا۔

(أَمْأَرَ) مَالَهُ: کسی کے مال کو خراب کرنا۔

(مَائر) بين القَومِ مُمَاءَرَةً ومِئارًا: لوگوں میں اختلاف پیدا کرنا، پھوٹ ڈالنا۔
(المَئِرُ): فساد انگیز۔
أَمرٌ مَئِرٌ: سخت معاملہ۔
(المِئرَةُ): بدلہ، انتقام (۲) دشمنی (۳) چغل خوری (ج) مِئَرٌ۔
(مَأَسَ) (ف) الجُرحُ مَأْسًا: زخم کا کشادہ ہونا۔
— علی فلانٍ: کسی پر غصہ ہونا۔
— بین القومِ: لوگوں میں چغل خوری کے ذریعہ فساد پھیلانا۔
— الدَّبَاغُ الجلدَ: دباغت دینے والے کا چمڑے کو رگڑنا اور ملنا۔
(مَئِسَ) (س) الجُرحُ مَأْسًا: زخم کا پھیلنا۔
(المَأسُ): چغل خور۔
(مَأَشَ) (ف) المطرُ الأرضَ مَأْشًا: بارش کا زمین کو چھیل دینا۔
(المَئِطُ): مزید زیادتی جیسے امتَلأَ فلانٌ فَمَا يَجِدُ مَئِطًا۔
(مَئِقَ) (س) الصَّبِيُّ مَأَقًا: بچہ کا سسکی لینا۔ هو مَئِقٌ۔
— الرَّجُلُ: غصہ کی زیادتی کی وجہ سے رونے لگنا۔
(أَمْأَقَ) فلانٌ: غضبناک ہونا (۲) سسکی لینا۔
(اِمْتَأَقَ) الصبيُّ: بچہ کا سسکی لینا۔
— غضبُ فلانٍ: انتہائی غضبناک ہونا۔
— إليّ بالبكاء: مجھے دیکھ کر اسے رونا آ گیا۔
— قدم علینا فلانٌ فَامْتَأَقْنَا الیه: وہ ہمارے پاس آیا تو اسے دیکھ کر خود بخود ہماری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔
(المُؤْقُ والمَأقُ): ناک سے ملا ہوا گوشۂ چشم (ج) آماقٌ وأَمْآقٌ۔
(المُؤْقُ والمُوقُ): ناک سے ملا ہوا گوشۂ چشم (۲) زمین کے گہرے نشیبی کنارے (ج) آماقٌ وامواقٌ۔

(المَأْقَةُ): سسکی (۲) غصہ کی زیادتی۔
(مَأْمَأَتِ) الشَّاةُ أو الظَّبيةُ: بکری یا ہرن کا مے مے کرنا۔ لگا تار بولنا۔
(مَأَنَ) (ف) القومَ مَأْنًا: لوگوں کے نان نفقہ کا خرچ برداشت کرنا۔
— الرجُلَ: کسی سے ڈرنا، بچنا اور محتاط رہنا۔ (۲) ناف پر مارنا۔
(مَأَّنَ) فِي الأَمرِ تَمْئِنَةً: غور وفکر کرنا۔
— فلانًا: باخبر کرنا۔
— الشیءَ: تیار کرنا۔
(المَأْنُ): جگر کا پتلا حصہ (۲) لکڑی جس میں زمین توڑنے کا لوہا لگا ہوا ہو۔
(المَأْنَةُ): ناف اور اس کے اردگرد کا حصہ (ج) مَأَناتٌ ومُؤُونٌ۔
(المَئِنَّةُ): نشانی، علامت۔ کہتے ہیں: إنّ قِصَرَ الخطبة مَئِنَّةٌ من فقهِ الرَّجُلِ: خطبہ کا اختصار خطیب کی فقہ دانی کی علامت ہے۔
(المُؤْنَةُ): ضرورت کے بقدر سامان (ج) مُؤَنٌ۔
(المَؤُونَةُ): سامان رسد، ضرورت کے بقدر سامان۔
(المَمْأَنَةُ): لائق ومناسب جیسے هُوَ مَمْأَنَةٌ كذا۔
(مَأَى) (ف) الشَّجرُ مَأْيًا: درخت پر شگوفے نکلنا۔ (۲) پتے نکلنا۔
— فی الشیءِ: کسی چیز میں مبالغہ کرنا، گہرائی میں جانا۔
— السقاءَ: مشکیزہ کو اتنا کھینچنا کہ پھٹنے کے قریب ہو جائے۔
— بین القومِ: لوگوں میں فساد مچانا، چغل خوری کرنا۔
— القومَ: لوگوں میں شامل ہو کر ان کی تعداد سو کرنا۔ هم مُمْئِيُونَ۔
(أَمْأَى) القومُ: سو ہونا۔ جیسے أَمْأَتِ الدراهمُ اور أَمْأَيْتُهَا انا۔

— فلانٌ القومَ: کسی کا لوگوں کو سو کر دینا (اپنے علاوہ کسی اور کو ملانا۔)
(مَاءَى) شارطهُ مُمَاءَاةً: کسی سے سو کی شرط لگانا۔ اسی طرح شارطهُ مؤالفةً: ہزار کی شرط لگائی۔
(تَمَاءَى) الجلدُ: کھال کا لمبا ہونا، پھیلنا۔
(المِائَةُ): سو۔ ۱۰۰۔ یہ اسم ہے لیکن کبھی صفت بھی بنتا ہے جیسی مررت برجلٍ مائةٍ اہلهُ (ج) مِئاتٌ ومئون۔: اس کی طرف نسبت مِئَوِيٌّ ہے۔
النسبة المِئَوِيَّةُ: فیصدی تناسب۔

م .... ت

(مَتَّ) (ن) الیهِ بقرابة ونحوها مَتًّا: کسی سے تعلق وقرابت پیدا کرنا۔
— الحَبلَ: بطور چرخی کے کنویں سے رسی کھینچنا۔
(مَاتَّهُ): کسی سے رشتہ داری جتانا۔
(تَمَتَّى) فی الحبلِ: رسی کو توڑنے کیلئے زور لگانا۔
(المَاتَّةُ): تعلق، رشتہ داری (ج) مواتٌ۔
(المَتَاتُ): رشتہ داری، تعلق، قرابت۔
(مَتَحَ) (ف) النهارُ مَتْحًا: دن کا لمبا ہونا۔
— الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دم کو زمین میں داخل کرنا۔
— الشیءَ: اکھیڑنا۔
— فلانًا: پچھاڑنا۔
— الدَّلوَ وبها: ڈول کی رسی کھینچنا۔
— الماءَ: پانی نکالنا۔
(أَمتَحَ) النهارُ والجرادُ: بمعنی مَتَحَ۔
(امْتَتَحَ) الشیءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔
(تَمَتَّحَتِ) المطیّةُ بایدیها فی السیر: اونٹوں کا ڈول کھینچنے والے کی طرح ہاتھوں کو ہلانا۔
(المَتُوحُ): ڈول کھینچنے کا ماہر (ج) مُتُحٌ۔
(مَتَخَ) (ف) الشیءَ مَتْخًا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے اکھیڑنا۔
— فلانًا: کسی کو مارنا۔

(مَتَرَ) (ن) الشیءَ مَتْرًا: کاٹنا۔
ـــ الحبلَ ونحوہٗ: رسّی وغیرہ کو کھینچنا۔
ـــ الشیءَ: کسی چیز کو میٹر سے ماپنا۔ (مو)
(تَمَاتَرتِ) النَّارُ فی الزَّنْدِ: چقماق سے آتشیں چنگاریوں کا گرنا۔
ـــ القومُ الشیءَ: لوگوں کا کسی چیز کو ایک دوسرے سے کھینچنا۔
(اِمْتَرَ) الحَبْلُ اِمْتِرَارًا: رسّی کا لمبا ہونا۔
(المِتْرُ): میٹر' ایک پیمانہ جو سو سینٹی میٹر کے مساوی ہوتا ہے۔ یہ اصل میں تو فرانسیسی پیمانہ ہے لیکن اب اکثر ممالک میں رائج ہے۔
(مَتَشَ) (ض) الشیءَ مَتْشًا: جمع کرنا (۲) انگلیوں سے بکھیرنا۔
(مَتِشَتْ) (س) عینُہٗ مَتَشًا: نظر کمزور ہونا۔
الرجلُ أمتشُ وھی مَتْشَاءُ (ج) مُتْشٌ۔
(اَلْمُتُشُ): نوعمروں کے ناخنوں کا سفید داغ۔
مَتَعَ (ف) الشیءُ مُتُوْعًا: کسی چیز کا عمدگی میں اعلیٰ درجہ کا ہونا۔ (۲) لمبا ہونا۔
ھو ماتعٌ۔ ھی ماتعۃٌ۔
یقال: مَتَعَ النھارُ والضُّحٰی: خوب بلند ہو جانا اور ایسا زوال سے قبل ہوتا ہے۔
ـــ السرابُ: دن کے شروع میں سراب کا بلند ہونا۔
ـــ فلانٌ: بھلا' خوش طبع ہونا' اچھائیوں میں فرد کامل ہونا۔
ـــ الحَبْلُ: رسّی کا مضبوط ہونا۔ یعنی جب عمدہ بنی گئی ہو۔
ـــ النبیذُ: نبیذ کا بہت سرخ ہونا۔ ھو ماتعٌ۔
بالشیءِ مَتْعًا، مُتْعَۃً: لے جانا۔
ـــ اللہُ فلانًا بکذا: اللہ کا کسی کو کسی چیز سے مالا مال کرنا۔ اس سے دیر تک فائدہ پہنچاتے رہنا۔
مَتُعَ (ك) الشیءُ مَتَاعَۃً: عمدہ ہونا۔
ـــ اَمْتَعَ بالشیءِ: کسی چیز سے مستفید ہوتے رہنا۔

ـــ اللہُ فلانًا: اللہ کا کسی کی عمر دراز کرنا۔ یقال:
اَمْتَعَہُ اللہُ بکذا: کسی چیز سے لطف اندوز رکھنا۔ اَمْتَعَ بمالہ: اپنے مال سے فائدہ اٹھانا۔
اَمْتَعَنِی بِفِراقہ: کسی کو اپنی جدائی کا داغ دینا۔
ـــ عن کذا: بے نیاز ہونا۔
مَتَّعَ الشیءَ: لمبا کرنا۔
ـــ اللہُ فلانًا: کسی کی عمر دراز کرنا۔ یقال:
مَتَّعَہ اللہ بکذا: بمعنی اَمْتَعَہٗ۔
ـــ الرجل مُطَلَّقَتَہٗ: مطلقہ عورت کو کچھ مال وغیرہ دے کر رخصت کرنا۔
تَمَتَّعَ بکذا: لطف اندوز ہوتے رہنا۔
ـــ بالعمرۃ الی الحج: عمرہ کر کے حرم میں رہنا اور حج کرنا۔ یعنی عمرہ کو حج کے ساتھ ملا دینا۔
اِسْتَمْتَعَ بکذا: بمعنی تَمَتَّعَ بہ۔
المَاتِعُ: بہت عمدہ ترین چیز۔
المَتَاعُ: لطف اندوزی۔ (۲) ہر قابل استفادہ چیز۔ جیسے کھانا' گھر کا سامان' سامان تفریح' سامان تجارت مال وغیرہ۔
(۳) (علم نباتات میں) کلی میں تانیث کا عنصر (ج) اَمْتِعَۃٌ۔
المُتْعَۃُ: کسی چیز سے لطف اندوز ہونا۔ جیسے شکار اور کھانا۔
(۳) عمرہ کو حج سے ملانا۔
زواج المتعۃ: وقتی طور پر کسی عورت سے لطف اندوزی کا عارضی ازدواجی تعلق۔
مُتْعَۃُ المرأۃ: طلاق کے بعد عورت کو دیے جانے والی ضرورت کی چیزیں۔ جیسے مال یا خادم (ج) مُتَعٌ۔
مَتَكَ (ن) الشیءَ مَتْكًا: کاٹنا۔
مَاتَکَہٗ فی البیع: فروختگی کے فن میں کسی سے بڑھ جانا۔
تَمَتَّكَ الشرابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
المُتْكُ: مکھی کی ناک (۲) لیموں۔ (۳) (علم نباتات میں) عضو تذکیر کے کنارے میں پھولا ہوا جسم جس میں تھیلیاں ہوتی ہیں جو کہ مادہ منویہ پر مشتمل ہوتی ہیں۔

مَتَلَ (ن) الشیءَ مَتْلًا: ہلانا' جھنجھوڑنا۔
مَتَنَ (ن) بالمکان مَتْنًا: قیام کرنا۔
فلانٌ: حلف اٹھانا۔
ـــ بفلان: کسی کے ساتھ پورے دن چلنا۔
ـــ الشیءَ: لمبا کرنا۔
ـــ فلانًا: کسی کی پیٹھ پر مارنا۔
ـــ الکَبْشَ: مینڈھے کے بیضے رگوں سمیت نکالنا (پیٹ پھاڑ کر)
مَتُنَ (ك) الشیءُ مَتَانَۃً: سخت و مضبوط ہونا۔
ھُوَ مَتْنٌ مَتِیْنٌ۔
یقال حبلٌ متینٌ رأیٌ متینٌ۔ (ج) مِتَانٌ۔
المَتِیْنُ: باری تعالیٰ کا نام۔ طاقت اقتدار والا۔
اَمْتَنَ فلانًا: کسی کی پیٹھ پر مارنا۔
مَاتَنَہٗ: کسی سے مقابلہ میں حد مقررہ سے دور نکل جانا۔ (۲) بحث و مباحثہ یا جھگڑے میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
یقال مَاتَنَہٗ فی الشِّعْرِ: شعر میں مقابلہ کرنا اور غالب آجانا۔
بینھما مُمَاتَنَۃٌ: ان میں مقابلہ ہے۔
یقال سار سیرًا کثیرًا مُمَاتِنًا: وہ سخت رفتار سے چلا۔
مَتَّنَ الشیءَ: مضبوط کرنا۔
یقال: مَتَّنَ القَوْسَ۔
مَتَّنَ البناءَ: عمارت اور کمان کو بالکل سیدھا رکھنا۔
تَمَاتَنَ الشاعران فی الشِّعْرِ: دو شاعروں کا شعر میں مقابلہ کرنا۔
التِّمْتَانُ: خیموں کے شامیانوں کا رسہ۔ (ج) تَمَاتِیْنُ۔
المَاتِنُ: (مؤلفین کی اصطلاح میں) اصل کتاب کا مصنف۔ شارح کے خلاف۔ (مو)
المَتْنُ: کمر۔ پیٹھ (مذکر اور مؤنث دونوں)

مَتْنُ الأَرضِ: زمین کا اُبھرا ہوا سخت حصہ۔
مَتْنُ الکِتابِ: کتاب کی اصل جس پر حواشی چڑھائے جائیں اور شرح کا اضافہ کیا جائے۔
یقال سَارَ مَتْنَ النَّهارِ: سارا دن چلا (۲) دو ستونوں کے درمیان کا حصہ (ج) مِتانٌ ، مُتونٌ۔
المَتْنانِ: کمر کے دونوں طرف سے گھیرے ہوئے پٹھے اور گوشت۔
المَتْنَةُ: زمین کا اُبھرا ہوا سخت حصہ۔
(۲) متنتین کا واحد۔ کمر کے دونوں طرف سے گھرے ہوئے پٹھے اور گوشت۔
مَتِهَ (س) فلانٌ مَتَهًا: گمراہ ہونا۔
تَماتَهَ عَنْهُ: غفلت برتنا۔
۔القومُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَمَتَّهَ: حیران ہونا۔ (۲) احمق و متکبر ہونا۔ (۳) دور ہو جانا۔
فی الشئِ: مبالغہ کرنا۔
مَتا (ن) الحَبْلَ وغیرَهُ مَتْوًا: لمبا کرنا کھینچ کر۔
فلانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
فی الأَرضِ: تیز چلنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔
أَمْتٰی: عمر دراز ہونا۔
(۲) کثیر و کشادہ رزق والا ہونا۔
تَمَتّٰی: انگڑائی لینا۔
مَتٰی: ظرف جو کہ زمانے سے استفہام کیلئے آتا ہے۔ یہ شرط ہوتا ہے اور تکرار کا مقتضی نہیں ہوتا۔ علماء نے اسکے اور کُلَّما کے درمیان فرق کیا ہے۔ فرماتے ہیں کُلَّما فعل کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ اور فعل کا تکرار درست ہے اور متی کا تعلق زمانے کے ساتھ ہوتا ہے اور زمانہ تکرار کا مقتضی نہیں ہوتا۔

م.........ث

مَثَّ (ن) الرجلُ مَثًّا: پسینہ آنا۔
(۲) کھال پر چکناہٹ ظاہر ہونا۔
۔۔ السِّقاءُ: مشکیزہ کا ٹپکنا۔
۔۔ العظمُ: ہڈی کا گودا بہنا۔
۔۔ یدَہ و اصابعَهُ بالمنادیل ونحوہ: ہاتھ یا انگلیوں کو رومال وغیرہ سے صاف کرنا۔
۔۔ شاربَهُ: مونچھوں کی چکناہٹ ہاتھ سے پونچھنا اور اس کا اثر باقی رہ جانا جو دکھائی دے۔
۔۔ الجُرحَ: زخم کی پیپ وغیرہ صاف کرنا۔
المَثّاثُ: نبتٌ مَثّاثٌ: تر پودا۔
مَثَجَ (ن) الشئَ مَثْجًا: ملانا۔
۔۔ فلانًا: کھلانا۔
مَثَدَ (ن) بین الحجارة مَثْدًا: پتھروں میں چھپ کر دشمن کی گھات میں بیٹھنا اور اپنے لوگوں کی راہنمائی کرنا۔
۔فلانًا: کسی کو دیدبان مقرر کرنا۔ گھات میں بٹھانا۔
۔۔ المائِدُ: دیدبان۔ اپنی قوم کیلئے دشمن کی گھات میں بیٹھنے والا۔
مَثَلَ (ن) الرجلُ بین یدَیْ فلان مُثولاً: کسی کے ساتھ سیدھا کھڑا ہونا۔ (۲) اپنی جگہ سے ہٹنا۔
۔۔ فلان فلانًا: کسی کا کسی سے مشابہ ہونا۔
یقال: مَثَلَ فلانًا فلانًا، وبه: کسی کو کسی سے تشبیہ دینا۔
۔۔ التماثیلَ: تصویریں تراشنا۔ مجسمے بنانا۔
۔۔ بفلان مَثْلاً، مُثْلَةً: کسی کی آنکھ یا ناک کان وغیرہ کاٹ کر صورت بگاڑنا۔
یقال: مَثَلَ بالحیوان۔
مَثُلَ (ك) فلان بین یدی الوالی مُثولاً: حاکم کے سامنے آداب بجالانا۔
۔۔ الرجلُ مَثالَةً: افضل ہونا۔ هو مثیلٌ (ج) مُثَلاءُ۔
أَمْثَلَ فلانًا: کسی کا مثلہ بنانا۔ (۲) کسی کو قصاص میں قتل کرنا۔
یقول الرجلُ للحاکم: امثِلْنی من فلان: مجھے فلاں سے قصاص دلوائیے۔ قد أَمْثَلَه الحاکمُ منه: تو حاکم نے اسے فلاں سے قصاص دلوا دیا۔
مَاثَلَ الشئَ: مشابہ ہونا۔
یقال: مَاثَلَ فلانًا بفلان: کسی کو کسی کے مشابہ کرنا۔ مماثلة دو متفق چیزوں میں ہی ہوسکتی ہے۔
تقول: نحوُہ کنحوہ وفقهُه کفقهه لونُه کلونه: بخلاف مساوات کے کیونکہ وہ جنس میں متفق چیزوں کے درمیان بھی ہوسکتی ہے اور مختلف کے اندر بھی۔
کیونکہ تساوی کا مطلب مقدار میں برابری ہے نہ کہ کمی یا بیشی میں۔
مَثَّلَ بفلان: بمعنی مَثَلَ: (تشدید برائے مبالغہ ہے)
۔۔ الشئَ بالشئِ تمثیلاً، تَمْثالاً: مشابہ کرنا۔ ہم شکل، ہم صفت کرنا۔
۔۔ الشئَ لفلانٍ: کسی کیلئے کسی چیز کی تصویر کھینچنا۔ کتابت وغیرہ میں یعنی اس طرح وضاحت کرنا جیسے وہ اسے دیکھ رہا ہو۔
۔۔ قومه فی دولة أو مؤتمر: اپنی قوم کی کسی ملک یا کسی کانفرنس میں نمائندگی کرنا۔ (جج)
۔۔ المسرحیةَ: وعظ و عبرت کیلئے کسی واقعہ کو اسٹیج پر پیش کرنا۔ (جج)
۔۔ التماثیلَ: مجسمے بنانا۔
اِمْتَثَلَ امرَہ: اطاعت کرنا۔ حکم بجالانا۔
یقال: امتثل طریقته: کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
یقال: امتثلوہ غَرَضًا: کسی چیز کو اپنی ملامت اور باتوں کا ہدف بنانا۔ یہ مثلہ سے ہے۔
۔۔ المَثَلَ: نمونہ بنانا۔
۔۔ من فلان: قصاص لینا۔
یقال: امتثل عندهم مثلاً حَسَنًا: لوگوں سے یکے بعد دیگرے شعر کہنا۔
هذا البیت مَثَلٌ تَمَثِّلُه وتَمْتَثِلُ به: یہ نمونہ کا شعر ہے جسے تم مثال میں پیش کر سکتے ہو۔
تَماثَلَ الشیئانِ: دو چیزوں کا مشابہ ہونا۔
۔۔ العلیلُ من عِلَّتِه: بیمار کا روبہ صحت ہونا۔

تندرست جیسا ہونا۔ جیسے وہ اُٹھنے کا ارادہ کرے اور کھڑے ہونے کا۔

تَمَثَّلَ الشیئَ: تصور کرنا۔

یقال: تَمَثَّلَ الشیئُ له: قرآن حکیم میں ہے۔ **(فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا)**۔

— بين يديه: بمعنی مَثَلَ۔

— بالشیئ: کسی چیز کو بطور مثال پیش کرنا۔

یقال: هذا البیت مَثَلٌ نتمثّله ونتمثّل به۔

— منه: قصاص لینا۔

الأَمْثَلُ: افضل۔ بہتر۔

یقال: فلان أَمْثَلُ بنی فلان: فلاں فلاں قبیلے کا بہترین آدمی ہے۔

هؤلاء أَمَاثِلُ القوم: یہ قوم کے ممتاز لوگ ہیں۔

یقال: المریضُ الیومَ أَمْثَلُ: آج بیمار کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔

الأُمْثُولَةُ: نمونہ کا شعر وغیرہ (ج) أَمَاثِيلُ۔

التِّمْثَالُ: پتھر کا تراشا ہوا یا تانبے پیتل وغیرہ کا ڈھالا ہوا مجسمہ جو کسی انسان یا حیوان وغیرہ کی عکاسی کرتا ہو۔ (۲) تصویر جو کپڑے وغیرہ میں بنی ہوئی ہو۔

یقال: فی ثوبه تماثیلُ: اس کے کپڑوں پر حیوانات کی تصاویر ہیں۔ (ج) تَمَاثِيلُ۔

التَّمْثِيلُ: (علم نباتات میں)

التمثیلُ: (علم نباتات میں) نباتات کی نشوونما سے متعلق عمل کاری جس سے وہ روشنی، پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اجزاء سے اپنی غذا حاصل کرتے اور نشوونما پاتے ہیں۔ حیوانات میں یہ الایض البنائی کا مترادف ہے۔ (مج)

التَّمْثِيلِيَّةُ: فنی منظوم یا منثور عمل۔ جسے خاص قواعد کی روشنی میں لکھا جاتا ہے اور عبرت کی غرض سے حقیقی حادثہ یا اس سے مختلف صورت میں پیش کیا جاتا ہے۔ (ڈرامہ) (مو)

المِثَالُ: سانچہ جس کے مطابق کوئی چیز بنائی جائے۔ (۲) مقدار۔ (۳) شے کی صورت جو صفات میں اسکے مثل ہو۔ (ج) أَمْثِلَةٌ مُثُلٌ۔

المِثَالِيُّ: نمونہ کا اعلیٰ درجہ۔ فاضل و اکامل جیسے الخلق المثالیّ اللوحه المثالیه (مج)

المَثَّالُ: مجسمہ ساز۔ (مج)

المِثْلُ: مانند، مثل، مشابہ، نظیر۔

المَثَلُ: بمعنی المِثْلُ۔ (۲) بامعنی جملہ جو کسی مفہوم یا شخص کے بارے میں کہا گیا ہو پھر اسی جیسے شخص یا مفہوم کے بارے میں استعمال کیا جانے لگا ہو۔ جیسے الصَّیْفَ ضَیَّعْتِ اللَّبَنَ اور الرائد لا یکذب أهله۔

(۳) حیوان یا جمادات کی زبانی کوئی کہانی۔ جیسے امثال کلیلة ودمنة (ج) أَمْثَالٌ۔

المَثُلَةُ: عبرتناک سزا (ج) مَثُلَاتٌ۔

المُثْلَةُ: بمعنی المَثُلَةُ (ج) مُثُلَاتٌ۔

المَثِيلُ: بمعنی المِثْلُ (ج) أَمْثَالٌ (۲) فاضل۔

یقال: مَنْ أَمْثَلُكُمْ؟

فتقول: كُلُّنَا مَثِيلٌ (ج) مُثَلَاءُ۔

المُمَثِّلُ: اسٹیج پر کوئی ڈرامائی رول کرنے والا (مج)

— مَثْمَثَ زِقُّ السَّمْنِ ونحوُه: گھی وغیرہ کے مشکیزہ کا ٹپکنا۔

— فلانٌ الشیئَ: پانی میں ڈبونا۔

— الفَتِيلَةَ: بتی کو تیل میں خوب تر کرنا۔

— الشیئَ: ہلانا۔

یقال أخذه فَمَثْمَثَه: پکڑ کر زور سے ہلانا، آگے پیچھے کرنا۔

مَثَنَه (ن) مَثْنًا: مثانہ پر مارنا۔

مَثِنَ (س) مَثَنًا: پیشاب کا مثانہ میں نہ ٹھہرنا۔ (۲) مثانہ کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔

هو مَثِنٌ۔ أَمْثَنُ هی مَثْنَاءُ۔

المَثَانَةُ: گردوں سے نکل کر پیشاب کے جمع ہونے کی تھیلی۔

مَجَّ (ن) الماءَ أو الشراب من فيه: مَجَّ به مَجًّا: منہ سے پانی وغیرہ نکال کر پھینکنا۔

یقال: کلام تَمُجُّه الأسماعُ: مَجَّتِ النَّحْلُ العَسَلَ، مَجَّتِ الشَّمْسُ رِيقَهَا، والنبات يَمُجُّ النَّدَى: ناگوار بات، مکھی کا منہ سے شہد نکالنا، آفتاب کا شعاعیں پھیلانا۔ نباتات کا تر ہو کر پانی کے قطرے ٹپکانا۔

مَجَّ شِدْقَا الهَرِمِ مَجَجًا: بوڑھے کی باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔

مَجْمَجَ العنبُ: انگور کا عمدہ اور میٹھا ہونا۔

إِنْمَجَّتْ نقطةٌ من القلم: قلم سے سیاہی کی بوند ٹپکنا۔

المَجَاجُ: منہ سے نکالا ہوا پانی وغیرہ۔

مُجَاجُ الفم: تھوک۔

مُجَاجُ النَّحل: شہد۔

مُجَاجُ العنب: انگور کا بہنے والا رس۔

مُجَاجُ المُزْنِ: بارش۔

المُجَاجَةُ: تھوک۔

مُجَاجَةُ الشیئَ: نچوڑ۔ خلاصہ۔

المَجَّاجُ: منہ سے بکثرت پانی یا تھوک نکالنے والا۔

مَجَدَ (ن) فلانٌ مَجْدًا: بلند کردار و برتر ہونا۔ **هو مَاجِدٌ۔**

— فلانًا: کسی سے عزت، شرافت میں بڑھ جانا۔

یقال: مَاجَدَه فَمَجَدَه۔

مَجُدَ (ك) فلانٌ مَجَادَةً: شریف ہونا۔ **هو مَجِيدٌ (ج) أَمْجَادٌ۔**

أَمْجَدَه: کسی کی تعظیم و توقیر کرنا۔

یقال أَمْجَدَ الله فلانًا: اللہ کا کسی کے اعمال کو سند کرنا۔

— العَطَاءَ: خوب دینا۔

یقال: أَمْجَدَ لفلان من كذا: کسی کو کوئی چیز بہت دینا۔

یقال: أَمْجَدْنَا فلانٌ قِرًى: کسی کی خوب

أَمْرَنَ الرَّجُلَ بالقول: کسی کو اپنی بات سے نرم کرنا۔
مَارنتِ الناقةُ مُمَارَنَةً، مِرَانًا: اونٹنی کا دودھ دینا بند کر دینا۔ هي مُمَارِنٌ۔
مَرَّنَ الشيءَ: نرم کرنا۔
— فلانًا على الأمر: کسی کو کسی کام کی مشق کرانا تاکہ ماہر ہو جائے۔
يقال: مُرِّنَ وجهُهُ على الخِصام والسؤال.
انه لَمُمَرَّنُ الوجه: سپاٹ چہرے والا۔
— به الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
تَمَرَّنَ الشيءُ: نرم ہو جانا۔
— فلانٌ: زیرک و دانا ہونا۔

— على الشيء: عادی ہونا، ماہر ہونا، مشاق ہونا۔
المَارِنُ من الانف: ناک کا نرم حصہ۔
رُمْحٌ مارنٌ: ٹھوس اور لچکدار نیزہ (ج) مَوارِنُ۔
المُتَمَرِّنُ: عادی ماہر و تربیت یافتہ (۲) کسی کام کی کچھ عرصہ مشق کئے ہوئے تاکہ ماہر ہو جائے (مو)
المُرَّانُ: سخت لچکدار نیزے۔
يقال تطاعنوا بالمُرَّانِ واحدته: مُرَّانَةٌ.
المَرَنُ: نرم کیا ہوا چمڑا۔ (۲) پوستین۔
(۳) جانب، کنارہ۔
مَرَنَا الأنف: ناک کے دو کنارے۔
(ج) **أَمْرَان**۔
المَرَنُ: اونٹ کے ہاتھ کے اندرونی پٹھے (ج) امران۔
أَمْرَانُ الذِّراع: ہاتھ کے اندرونی پٹھے۔
المَرِنُ: عادت، مزاج۔ (۲) حالت۔
يقال: مازال ذلك مَرِني.
مَرِهَتْ(س) عينُهُ مَرَهًا: آنکھ کا سرمہ سے خالی ہونا۔ (۲) آنکھ میں اولے پڑنا۔
الأَمْرَهُ: سراب أَمْرَهُ: بالکل سفید سراب جس میں قطعاً سیاہی نہ ہو۔ جیسے کسی کا قول ہے۔ **عليه رَقْراقُ السَّرابِ ألأمْرَهِ.**
المَرَهُ: آنکھوں کی بیماری جس سے زخم ہو جاتے ہیں۔
المَرِهُ: رجلٌ مَرِهُ الفؤاد: دل کا مریض۔
المَرْهَاءُ من النِّعاج: بے داغ سفید دنبی۔
(۲) کم درختوں والی زمین۔ سخت ہو یا نرم۔
(۳) بارش کا پانی جمع ہونے والا چھوٹا سا گڑھا۔
مَرْهَمَ الجُرحَ: زخم پر مرہم لگانا۔
المَرْهَمُ: مختلف اقسام کی تیل وغیرہ سے مرکب دوا علاج وغیرہ کے لئے اسے زخم پر لگایا جاتا ہے۔

یا جسم پر ملا جاتا ہے یا آنکھ میں بطور سرمہ لگایا جاتا ہے۔ (ج) **مَرَاهِمُ**۔
المَرْوُ: خوشبودار فصیلہ شفویہ کا ایک پودا جسے الخرنباش اور حبق الشيوخ بھی کہتے ہیں۔
(۲) صفوان پتھر کی ایک قسم جو مختلف شکلوں میں زمین پر پایا جاتا ہے سب سے اہم الرمال ہے۔
(۳) سفید چمکدار باریک پتھر جس سے آگ نکالی جاتی ہے۔
المَرْوَةُ: مکہ کی ایک پہاڑی۔
مَرَىَ (ض) الفرسُ مَرْيًا: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔ اور لنگ یا ٹوٹنے کی وجہ سے اسے گھسیٹنا۔
— يقال: مَرى الفرسُ بيديه: گھوڑے کا اگلے پیروں کو کھیلنے والے کی طرح حرکت دینا۔
— الشيءَ: باہر نکالنا۔
— الفرسَ: گھوڑے کو چابک مار کر اپنی چال دکھانے پر اکسانا۔
يقال: مَرَيتُه فما درَّ: میں نے اسے مطمئن کرنے کی کوشش کی مگر وہ مطمئن نہیں ہوا۔
— الرِّيحُ السحابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا۔
— فلانًا حقَّهُ: کسی کے حق میں انکار کرنا۔
— فلانًا مائةَ سوطٍ: کسی کو سو کوڑے مارنا۔
أَمْرَتِ النَّاقَةُ ونحوُها: اونٹنی وغیرہ کا دودھ بڑھنا۔
— الدَّمَ: خون نکالنا۔
مَاراهُ مِراءً، مُماراةً: مناظرہ کرنا۔ جھگڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا.
— فلانًا: کسی کی مخالفت کرنا۔ کسی کو اپنی لپیٹ میں لے لینا۔
إِمْتَرَى في الشيءِ: شک کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: **فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ.**
— الشيءَ: باہر نکالنا۔

— الرِّيحُ السحابَ: بمعنی مَرَتْهُ۔
— الناقةَ: اونٹنی کا دودھ دوہنا۔
تَمَارَی القومُ: باہم جھگڑنا۔
— فی الشیٔ: شک کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ۔
تَمَرَّیٰ بالشیٔ: کسی چیز سے آراستہ ہونا۔
المَارِيَةُ: سفید وچکنے بچھڑے والی گائے۔
مَارِيَةُ بنت ارقم: ایک عورت کا نام۔ اس کے نام سے ایک ضرب المثل ہے۔
خذہ ولو بقُرْطَیْ ماریة: ایسی چیز کے لینے کے موقع پر کہا جاتا ہے جسے کسی قیمت پر نہ چھوڑا جائے۔
المَارِيُّ: گائے کا سفید وچکنا بچھڑا۔ (۲) دھاری داراُون کی چادر جسے ساقی پہنا کرتا تھا۔
(۳) قطا پرندے کا شکاری۔
المَارِيَّةُ: نرم پروں والی قطا پرندہ۔
(۲) گوری اور چمک دمک والی عورت۔
المُرْيَةُ: جھگڑا۔ یقال: ما فیه مُرْيَةٌ۔
(۲) شک۔ یقال فِرْيَة بِلامِرْيَة: ناقابل شک جھوٹ۔
قرآن حکیم میں ہے: فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ: ایک قرآت میں مُرْیة ہے۔
المَرِيُّ: بہت دودھ والی اونٹنی (۲) دودھ سے بھر کر اسے نکالنے والی رگ۔ (ج) مَرَايَا۔
المُمْرِي: امْرٌ مُمْرٍ: صاف ستھرا معاملہ۔

م.........ز

مَزَجَ (ن) الشرابَ ونحوَهُ مَزْجًا: کوئی چیز ملانا۔
— فلانا علی صاحبه: کسی اپنے ساتھی کے خلاف اکسانا۔
مَازَجَهُ: کسی سے میل جول رکھنا۔
(۲) کسی کے مقابلہ پر کسی بات میں فخر کرنا۔
مَزَّجَ السُّنْبُلَ: گیہوں کے سبز خوشہ کا زرد ہوجانا۔
تَمَازَجَ التُّرَابُ والماءُ: مل جانا، مل کر ایک ہوجانا۔
یقال: تَمَازَجَ الزّوجان تمازُجَ الماء والصَّهْبَاءِ۔
المِزَاجُ: ملانے کی چیز۔
ہر دو چیزیں جو ملیں ان میں سے ایک مزاج ہے۔ قرآن حکیم میں ہے: (كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا)۔
(۲) ایک مخصوص عقلی اور جسمانی استعداد جو قدیم حکماء کے قول کے مطابق جسم کے اندرونی عناصر اربعہ میں سے کسی ایک کے غلبہ کی بناء پر پیدا ہوتی ہے۔
وہ عناصر یہ ہیں: الدم، الصفراء، السوداء، البلغم: اسی مناسبت سے وہ چار قسم کے مزاج مانتے تھے۔
الدموی، الصفراوی، السوداوی، البلغمی۔
موجودہ دور کے حکماء قدماء سے اس بات میں متفق ہیں کہ مزاج جسمانی اثرات کی بناء پر بنتے ہیں لیکن ان کی تعداد اور ناموں میں اختلاف کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک مزاجوں کی ساخت میں ان مختلف قسم کے افرازات کو دخل ہے جو مخصوص غدودوں سے جاری ہوتے ہیں۔ (ج) أَمْزِجَةٌ۔
المَزْجُ: شرابٌ مَزْجٌ: ملی جلی ہوئی شراب۔
المِزْجُ: شہد یا بغیر نچوڑا اچھتہ کا شہد۔
(۲) شراب میں ملایا جانے والا پانی۔
(۳) کڑوا بادام۔
المَزَّاجُ: رجل مَزَّاجٌ: جھوٹا، ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔
المَزِيجُ: کڑوا بادام۔
(۲) مشروب وغیرہ جو مختلف چیزوں کو ملا کر تیار کیا جائے۔ (مو)
مَزَحَ (ف) مَزْحًا، مَزَاحًا: مذاق کرنا، دل لگی کرنا۔ بے تکلفی یا تعلق کی بناء پر۔
أَمْزَحَ الكَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
مَازَحَهُ، مِزَاحًا، مُمَازَحَةً: کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا۔
مَزَّحَ السُّنْبُلُ والعِنَبُ: خوشہ گندم یا انگور کا رنگ پکڑنا۔
— الكَرْمُ: بیل پر انگور آنا۔
تَمَازَحَا: باہم دل لگی کرنا۔
المَزْحُ: گیہوں کا خوشہ۔
المَزْدَةُ: ٹھنڈ۔
یقال: ما وجدنا لها العام مزدة أي لم نجدها بردًا: (دیکھئے مصدر)
مَزَرَ (ن) اللَّبَنَ ونحوَهُ مَزْرًا: تھوڑا تھوڑا دودھ پینا۔
— المَرَقَ ونحوَه: شوربا وغیرہ چکھنے کیلئے پینا۔
— فلانًا: ناراض کرنا۔
(۲) آہستہ سے بدن پر چٹکی بھرنا۔
— القربةَ: مشکیزہ کو پورا بھرنا۔
مَزُرَ (ك) الرَّجُلُ مزارةً: مضبوط دل والا ہونا۔
(۲) خوش مزاج ہونا۔
التَّمْرُ: کھجوروں کا مضبوط ہونا۔ هو مَزِيْرٌ۔
الأَمْزَرُ: مضبوط دل والا آدمی۔ (ج) أَمَازِرُ۔
المِزْرُ: مکئی کی شراب (خاص)
(۲) بیوقوف۔ (۳) اصل۔
یقال: هو كريمُ المِزْرِ۔
المَزْرَةُ: ایک چسکی۔
المَازَرِيُّون: (دیکھئے: الماذريون)
مَزَّ (ن) الشرابَ مَزًّا: مشروب کی چسکیاں لینا۔
مَزَّ (س) الشیٔ أو الرجلُ: (جیسے فَرِحَ)
مَزَازَةً: کسی شخص یا چیز کا اپنے سوا سے بڑھ جانا۔ هو مَزِيْزٌ۔
— الشرابُ مَزَازَةً، مُزُوزَةً: بہت ترش ہونا۔ هو مُزٌّ۔
مَزَّزَهُ: کسی کی قدر کرنا۔
فلانًا بذلك الأمر: کسی کو کسی کام میں ترجیح

دینا۔
تَمَزَّزَ: کھٹی چیز کھانا یا پینا۔
— الشراب: مشروب کی چسکیاں لینا۔
المَازَّةُ: حِنطةٌ مَازَّةٌ: وہ گیہوں جس کے آٹے کا گوندھنا مشکل ہو۔
المُزُّ: کھٹا میٹھا یا پھیکا۔
المِزُّ: فضیلت یا فاضل، برتر۔
یقال: ولهذا علی ذلك مِزٌّ. هذا شیءٌ مِزٌّ.
المَزَزُ: مہلت۔
یقال: افعلهُ علی مَزَزٍ.
المُزَّاءُ: خوش ذائقہ شراب۔
المَزَّةُ: بمعنی المَزَّاءُ۔
(۲) ایک چسکی۔
یقال: ما بقي في الإناء إلاَّ مَزَّةٌ: برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
(۳) مشروب کے بعد کھائی جانے والی چٹنی و اچار وغیرہ۔ (محدثۃ)
المُزَّةُ: بے نفع ترشی والی شراب۔
المَزِیزُ: صاحب کمال جس کی کوئی ہمسری نہ کر سکے۔
مَزَعَ (ف) الفرسُ ونحوه فی عدوه مَزْعًا: گھوڑے وغیرہ کا تیز یا آہستہ دوڑنا۔
— القطنَ: روئی کو انگلیوں سے دھنکنا۔
مَزَّعَ الشیءَ: بکھیرنا۔
یقال: مَزَّعَ اللحمَ والثوبَ.
تَمَزَّعَ الشیءُ: بکھرنا پھیلنا۔
یقال: فلان یَتَمَزَّعُ غیظًا.
— القومُ الشیءَ بینهم: لوگوں کا باہم کسی چیز کو بانٹ لینا۔
المُزَاعَةُ: کسی چیز کا گرا ہوا حصہ۔
المَزَاعُ: یہی۔
المُزْعَةُ: چکنائی کا باقی ماندہ۔ (۲) پانی کا گھونٹ۔
یقال: ما فی الاناء مُزْعة من الماء۔ (ج) مُزَعٌ۔

المِزْعَةُ: روئی کا گالا، گوشت کی بوٹی پروں کا گچھا (ج) مِزَعٌ۔
المِزْعِیُّ: چغل خور۔
(۲) رات کو چلنے کا عادی۔
مَزَقَ (ض) الطَّائِرُ بِسَلْحِهِ مَزْقًا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
— الثوبَ ونحوه: کپڑے کو پھاڑنا۔
— عِرْضَ أخیه: اپنے بھائی کی بے آبروئی کرنا۔
مَازَقَهُ: کسی سے دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
مَزَّقَ الثوبَ ونحوه تَمْزِیقًا، مُمَزَّقًا: مبالغہ در مزقہ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ: ہم نے ان کو مختلف مقامات پر بکھیر دیا۔
تَمَزَّقَ: پھٹنا، دھجیاں اڑنا۔
— القومُ: لوگوں کا شیرازہ بکھرنا۔
یقال تَمَزَّقَ جَمْعُهُمْ.
المِزَاقُ: انتہائی تیز رفتاری جس کی جلد سرعت کے باعث پھٹنے کے قریب ہو جائے۔
المَزِقُ: ثوبٌ مَزِقٌ: پھٹا ہوا۔
المِزْقَةُ: گوشت، روئی یا بالوں کا ٹکڑا۔ (ج) مِزَقٌ۔
یقال: صار الثوب مِزَقًا۔
ثوبٌ مِزَقٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔
المَزِیْقُ: بمعنی المَزِق۔
مَزْمَزَهُ: ہلا کر آگے پیچھے کرنا۔
تَمَزْمَزَ: ہلنا۔
— للقیام: کھڑا ہونے کیلئے اٹھنا۔
مَزَنَ (ن) مُزُونًا: اپنی ضرورت کیلئے تیزی سے چلنا۔
یقال: مَزَنَ من العدو ونحوه: دشمن وغیرہ سے بھاگنا۔
فلانٌ: کسی کے چہرے کا چمکنا۔
— فلانًا: ترجیح دینا۔

(۳) صاحب اقتدار کے سامنے کسی کی پیٹھ پیچھے تعریف کرنا۔
— القِرْبَةَ مَزْنًا: مشکیزہ بھرنا۔
مَزَّنَهُ: مبالغہ در مَزَنَ۔
تَمَزَّنَ: تیزی سے اپنی راہ لینا۔
— علی اصحابه: اپنے ساتھیوں پر اپنی غیر واقعی برتری ظاہر کرنا۔
المَازِنُ: چیونٹیوں کے انڈے۔
المُزْنُ: پانی سے بھرے ہوئے بادل۔
قرآن حکیم میں ہے: (أَأَنْتُمْ أَنْزَلْتُمُوهُ مِنَ الْمُزْنِ)۔
الواحدة: مُزْنَةٌ۔
حَبُّ المُزْنِ: اولے۔
المُزْنَةُ: ایک دفعہ کی بارش۔
ابنُ مُزْنَةَ: بادلوں کے اندر سے نکلنے والا ابتدائی چاند۔
یقال: طلع ابنُ مُزْنَةَ۔
مَزَا (ن ض) مَزْوًا، مَزْيًا: تکبر کرنا۔
أَمْزَاهُ علیه: کسی پر ترجیح دینا۔
مَزَّاهُ: تعریف کرنا، برتر قرار دینا۔
یقال: مَزَّیت متاعه حتی نَفَّقْتُهُ له۔
تَمَازَی القومُ: ایک دوسرے پر برتری و فوقیت حاصل کرنا۔
تَمَزَّی علیهم: لوگوں کے مقابلہ میں خود کو برتر سمجھنا۔
المَازِی: طاقتور، زبردست۔ (ج) مُزَاةٌ۔
یقال: قعد عَنِّی مازِیًا: وہ مجھ سے دور اور مخالف ہو کر بیٹھ گیا۔
المَازِیَةُ: فضیلت، برتری۔
(۲) کرم و مہربانی۔ یقال له علیه مازِیَةٌ۔
المُتَمَازِی: یقال: قعد عنی مُتَمَازِیًا: وہ مجھ سے الگ تھلگ اور مخالف ہو گیا۔
المَزْوُ: المَزِیُ فی کل شیئ: ہر چیز کی تمامیت۔
المزِیُّ فی کل شیئ: بمعنی المَزْوُ۔

(۲) زیرک وخوش طبع۔

المزِیَّةُ فی کل شئ: بمعنی المزو۔

(۲) امتیازی وصف جو دوسرے سے ممتاز کرے۔

(۳) کسی شخص کیلئے مخصوص کیا ہوا کھانا۔

(ج) مَزَایَا۔

م..........س

مَسَأَ (ف) فلانٌ مَسْئًا، مُسوءً ا: شوخ ہونا۔ ھو ماسِئٌ۔

— علی الشئ: کسی چیز کا عادی ہونا۔

— الرَّجُلَ: دھوکہ دینا۔

یقال: مَسَأَہ بالقول: نرم کرنا۔

— القِدْرَ: جوش کو ٹھنڈا کرنا۔

— حَقَّہٗ: کسی کے حق کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

— الطریقَ: راستہ کے بیچ میں چلنا۔

اَمْسَأَ بین القوم: لوگوں میں لڑائی کرانا۔ فساد پھیلانا۔

المَسْئُ: راستہ کا بیچ۔

مَسَحَ (ف) فی الارضِ مُسوحًا: جانا۔

— الشئَ المُتَلَطِّخَ اَو المُبْتَلَّ مَسْحًا: کسی آلودہ یا بھیگی ہوئی چیز کو پونچھنا، ہاتھ پھیر کر پانی وغیرہ صاف کرنا۔

۔علی الشئ بالماء اَو الدُّھْنِ: کسی چیز پر پانی یا تیل کا ہاتھ پھیرنا۔ یقال: مَسَحَ بالشئ۔

قرآن حکیم میں ہے: (وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ اِلَی الْکَعْبَیْنِ۔)

مَسَحَ یَدَہٗ علی رأس الیتیم: یتیم پر شفقت ومہربانی کرنا۔

— اللہ العلۃَ عن العلیلِ: اللہ کا بیمار کو شفا دینا۔

— فلانًا بالقول: کسی کو دھوکا دینے کیلئے بات بنانا، دل کش بات کہنا۔

— القومَ: لوگوں کے پاس سے قیام کئے بغیر گزر جانا۔

— الحَجَرَ الاسودَ: حجر اسود کو تبرکاً یا ہاتھ سے چھونا یا اس کی طرف ہاتھ کرنا۔

— شَعْرَہٗ: بالوں میں کنگھی کرنا۔

— فلانًا بالسیف: کسی کو تلوار سے کاٹنا۔

ھو ماسِحٌ۔ المفعول: مَمْسُوحٌ، مَسِیْحٌ۔

یقال: مَسَحَ القومَ قَتْلاً: لوگوں میں قتل و غارت گری کرنا۔

مَسَحَ ساقَہٗ اَو عُنُقَہٗ وبِھا: پنڈلی یا گردن کاٹنا۔

قرآن پاک کی آیت فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ میں مسح بہ: کی بعض مفسرین نے یہی تفسیر کی ہے۔

— الابلَ: اونٹوں کو تھکانا اور دبلا کرنا۔

یقال: مَسَحَتِ الابلُ الارضَ یومَھا دأبًا: اونٹ مسلسل تیز رفتاری کے ساتھ چلے۔

— المَسَّاحُ الارضَ مَسْحًا، مِسَاحَۃً: پیمائش کنندہ کا زمین کی پیمائش کرنا۔

مَسِحَ (س) فلانٌ مَسَحًا: کھردرے کپڑے سے گھٹنے کے چھلے ہوئے اندرونی حصوں والا ہونا۔

(۲) ران کی رگڑ سے ران میں پھٹن والا ہونا۔

— المرأۃُ: عورت کا کم گوشت سرین والا ہونا۔

(۲) بے ابھار پستان والی ہونا۔

(۳) ہموار تلووں والی ہونا۔ ھی مَسْحَاءُ، ھو اَمْسَحُ۔

مَاسَحَہٗ مُمَاسَحَۃً: کسی کو فریب دہی کیلئے دلاسا دینا۔

یقال: غَضِبَ فلان فمَاسَحَہٗ حتّٰی لان۔

(۲) مصافحہ کرنا (۳) معاہدہ کرنا۔

مَسَّحَ الشئَ: مبالغہ در مَسَحَ۔

— فلانًا: کسی کو اچھی بات کہہ کر دھوکہ دینا۔

— الابلَ: بمعنی مَسَحَھَا۔

اِمْتَسَحَ السَّیْفَ من غِمْدِہٖ: تلوار سونتنا۔

اِنْمَسَحَ، اِمَّسَحَ الشئُ: صاف ہو جانا، لگی ہوئی چیز زائل ہونا۔

تَمَاسَحَ الرَّجلانِ: سودا کرتے وقت ایک کا دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

یقال: التَقَوْا فتماسحوا: ان کی باہم ملاقات ہوئی تو ایک دوسرے سے ہاتھ ملائے۔

تَمَسَّحَ بالماء ومنہ: غسل کرنا۔

— للصَّلاۃِ: نماز کیلئے وضو کرنا۔

— بالأرضِ: تیمم کرنا۔

حدیث میں ہے: (تَمَسَّحُوا بالأرضِ فَاِنَّھَا بکم بَرَّۃٌ۔)

یقال: فلانٌ یَتَمَسَّحُ بہ لفَضْلِہ و عبادتہ: کسی کی بزرگی اور عبادت گزاری کی بناء پر برکت حاصل کرنا۔ اسے خدا سے قرب کا ذریعہ بنانا۔

یقال: فلان یتمسَّح: فلاں خالی ہاتھ ہے۔ گویا اپنے ہاتھ پونچھ رہا ہے۔

الاَمْسَحُ: اپنے صحن خانہ میں خوب چلنے والا۔

(۲) کانا (۳) کم گوشت اور رانوں والا بھیڑیا۔

— من الارض: ہموار زمین۔ (ج) اَمَاسِحُ۔

ھی مَسْحَاءُ (ج) مَسَاحِی، مَسَاحٍ۔

الأُمْسُوحُ: کشتی میں ہر لمبی لکڑی (ج) اَمَاسِیْحُ۔

التِمْسَاحُ: بڑے بے ڈیل ڈول کا چھیڑ چھاڑ کرنے والا جانور جس کی لمبائی تقریباً پانچ ذراع ہوتی ہے۔ دریائی جانور ہے نیل مصر اور بعض سندھ کے دریاؤں میں ہوتا ہے۔ مگرمچھ۔

— من الرّجال: خبیث وسرکش آدمی۔ (ج) تَمَاسِحُ، تَمَاسِیْحُ۔

دموع التماسیح: مگرمچھ کے آنسو، نفاق فریب کی طرف اشارہ کیونکہ مگرمچھ جب اپنے شکار پر دوڑتا ہے تو پہلے آنسو بہاتا ہے۔ (محدثہ)

التِمْسَحُ: بمعنی التِمْسَاحُ۔ (ج) تَمَاسِحُ، تَمَاسِیْحُ۔

(۲) بناوٹی باتوں سے خوش کر دینے والا جبکہ مقصد فریب ہو۔

(۳) باریک کنکریوں والی بے گیاہ ہموار زمین۔

المِسَاحَۃُ: علم المساحۃ: وہ علم جس کے ذریعے اجسام اور سطح زمین اور خطوط کی معلومات

حاصل کی جاتی ہیں۔
المِسْحُ: بالوں کا بنا ہوا کمبل۔
(۲) راہب کا کرتا (مو)
(۳) زمین کا سیدھا راستہ (ج) اَمْسَاحٌ ، مُسُوحٌ۔
المَسْحَاءُ: چھوٹی کنکریوں والی ہموار زمین۔
(۲) وہ عورت جس کے پیر کا تلوا دکھائی نہ دے۔ یا جس کے پستانوں کا حجم نہ ہو۔
(ج) مِسَاحٌ، مَسَاحَی، مَسَاحٍ۔
المَسْحَةُ: يقال: عليه اَو به مَسْحَةٌ من جمال اَو هُزَال: اس پر کچھ حسن یا دبلا پن ظاہر ہو رہا ہے۔
يقال: مَنَّ اللّٰهُ عليك بِالْمَسْحَةِ، وَاَذَاقَكَ حَلاَوَةَ الصِّحَّةِ۔
المَسَّاحُ: پیمائش کنندہ۔
المَسَّاحَةُ: لکھائی مٹانے کا ربڑ۔ (ج)
المِسِّيْحُ: بڑا سیاح۔
المَسِيْحُ: عیسیٰ بن مریم علیہ السلام۔
(۲) وہ شخص جس پر تیل یا برکت کا ہاتھ پھیرا گیا ہوتا کہ وہ فرشتہ یا نبی ہو جائے۔ یہ یہود و نصاریٰ کا طریقہ ہے۔
(۲) کانا۔
رَجُلٌ مَسِيْحُ الوجه: وہ شخص جس کے چہرے کے ایک طرف آنکھ اور ابرو نہ ہو۔
(ج) مُسَحَاءُ، مَسْحٰی۔
(۴) چہرے سے پونچھا ہوا پسینہ۔
(۵) صاف کرنے کا کھردرا رومال۔
المَسِيْحَةُ: گیسو یا بغیر سنوارے لٹکے ہوئے بال۔
من رأس الانسان: انسان کے سر کا وہ حصہ جو کان اور ابرو کے درمیان اوپر کی طرف اٹھتا ہے۔
(۲) چاندی کا ٹکڑا۔
(۳) پرانا درہم۔
(۴) عمدہ کمان۔ (ج) مَسَائِحُ۔
المَسِيْحِيُّ: مسیح علیہ السلام کے دین کی طرف

منسوب۔
المِمْسَحُ: بے گیاہ چھوٹی کنکریوں والی ہموار زمین۔
المِمْسَحَةُ: صافی جس سے کوئی چیز پونچھی جائے یا تختہ سیاہ وغیرہ کو صاف کیا جائے۔ (محدثہ)
المَمْسُوحُ: رجلٌ مَمْسُوحُ الوجه: وہ شخص جس کے نہ آنکھ ہو اور نہ ابرو۔
رجل مَمْسُوح الأَلْيَتَيْنِ: جس کے کولہے ہڈیوں سے لگے ہوئے ہوں۔
عَضُدٌ مَمْسُوحَةٌ: کم گوشت بازو والا آدمی۔
مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا: پہلی صورت سے بدل کر بدشکل صورت میں کر دینا۔
يقال: مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا هو مِسْخٌ (ج) مُسُوْخٌ، هو مَسِيْخٌ ايضاً۔
طعم كذا: ذائقہ بدل دینا۔
— الناقةَ: تھکا دینا اور لاغر کر دینا۔
مَسُخَ (ك) الطَّعامُ، نحوهُ مَسَاخَةً: کھانے کا پھیکا ہونا۔ یا بے ذائقہ ہونا۔
يقال: مَسُخَتِ الفَاكِهةُ وَمَسُخَ اللَّحْمُ۔
اَمْسَخَ الوَرَمُ: ورم اتر جانا۔
اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
اِمَّسَخَتِ العَضُدُ: بازو کا گوشت کم ہونا۔
المَسِيْخُ: کمزور، بے وقوف۔
(۲) پیدائشی طور پر بدشکل۔
(۳) بے مزہ۔
يقال: رجلٌ مَسِيْخٌ: غیر جاذب صورت آدمی۔
— من الطعام: بے مزہ اور بے رنگ کھانا۔
— من اللَّحم: بے مزہ گوشت۔
المَمْسُوخُ: فَرَسٌ مَمْسُوخٌ: کم گوشت کے سرین والا گھوڑا۔
مَسَدَ (ن) في السَّيرِ مَسْدًا: چلنے میں مستعد اور عادی ہونا۔
— الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
— البَقْلُ الحيوانَ: سبزی کا جانور کو چھریرا کر

دینا۔
يقال: مَسَدَهُ المضمارُ: میدان نے جانور کو گٹھیلا اور مضبوط کر دیا۔
مُسِدَ البطنُ: پیٹ کا نرم اور ہر طرح سے ٹھیک ہونا۔ هو مَمْسُودٌ۔
المِسَادُ: شہد کا مشکیزہ۔
يقال: هوَ اَحْسَنُ مِسَادَ شِعرٍ منه: فلاں سے اس کا شعر مضمون کے لحاظ سے زیادہ بہتر ہے۔
المَسَدُ: کھجور کے پتے، چھال۔
قرآن حکیم میں ہے: (فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ)
(۲) مضبوط بٹی ہوئی کھجور کی چھال کی رسی۔
(۳) چرخی کا محور۔ دُھرا (ج) مِسَادٌ، اَمْسَادٌ۔
المَسْدَاءُ: ساقٌ مَسْدَاءُ: موزوں اور خوبصورت پنڈلی۔
المَمْسُودُ: يقال: رَجُلٌ مَمْسُودٌ: مضبوط کاٹھی والا۔
امرأَةٌ مَمْسُودَةٌ: خوش قامت، ہلکے بدن والی عورت۔
مِسْرَى: بارہوں قبطی مہینہ۔
مَسَّ (س) الشيءَ مَسًّا: ہاتھ لگانا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فِيْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ۔
يقال مَسِسْتُ الشيءَ۔
کبھی کہا جاتا ہے: مِسْتُهُ، مَسْتُه۔
— الماءُ الجَسَدَ: بدن پر پانی پہنچنا۔
يقال: مَسَّهُ بِالسَّوْطِ، مَسَّهُ الكِبَرُ وَالمَرَضُ۔
مَسَّ المرأةَ: مباشرت کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ۔
مسّه العذاب، مسّتهم البأساء والضَّرّاء، مَسَّتْ فلانًا مَوَاسُّ الخير

والشرّ: پیش آنا' ظاہر ہونا۔

مَسَّهُ الشیطانُ: دیوانگی ہونا۔

مَسَّتْ به رحِمُ فلانٍ: کسی سے کسی کی رشتہ داری ہونا۔

— الحاجةُ الی کَذَا: کسی چیز کی ضرورت ہونا۔

اَمَسَّ الفرسُ: گھوڑے کا ہاتھ پیروں میں سفیدی والا ہونا۔ (تحجیل کو نہ پہنچے)

— فلانًا الشئَ: کسی سے کسی چیز کو ہاتھ لگوانا۔

— فلانا شَکْوٰی: کسی سے شکایت کرنا۔

مَاسَّهٗ مُمَاسَّةً مِسَاسًا: کسی کو چھونا قرآن حکیم میں ہے:

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ۔

یقال: مَاسَّ الشئُ الشئَ: کسی چیز کا کسی چیز سے لگنا۔ براہِ راست مل جانا۔

تَمَاسَّ الجِرْمانِ: دو جسموں کا باہم ملنا۔

الزّوجان: باہم صحبت کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا۔

المَاسُّ: چھونے والا' لاحق' متعلق ھی مَاسَّةٌ۔

یقال: بینهما رَحِمٌ مَاسَّةٌ: ان کے مابین قریبی رشتہ داری ہے۔

حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: سخت ضرورت۔

مَسَاسِ: چھونے کا حکم دینا۔

یقال فی النّهی: لَا مَسَاسِ: نہ چھوؤ۔

المَسُّ: دیوانگی۔

(۲) کھال پر آتشیں یا تیزابی مادہ کا داغ یا داب' کا دیہ کے ذریعے (محدثہ)

یقال: رأیت له مَسًّا فی ماله: میں نے اس کے مال میں اس کا اچھا اثر پایا۔

المَسُوسُ من الماء: وہ پانی جس تک ہاتھ پہنچ جائے جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔

(۲) پیاس بجھانے والا پانی۔

(۳) وہ پانی جو نہ کھاری ہو اور نہ میٹھا۔

(۴) تریاق۔

کُثَیِّر کا قول ہے:

فَقَدْ اَصبحَ الراضون اِذْ اَنْتُمْ بها
مَسُوسُ البلاد یشتکون وَبَالَها کلاًّ

مَسُوسٌ: چرنے والے جانوروں کے لئے مفید گھاس۔

مَسِیْسُ الحَاجَةِ: شدت ضرورت۔

مَسَطَ (ن) السِّقَاءَ مَسْطًا: دودھ کے مشکیزہ کو انگلی ڈال کر صاف کرنا۔ جما ہوا دودھ نکالنا۔

یقال: مَسَطَ المِعَی: آنت کو انگلی سے صاف کرنا۔

— الثوبَ: کپڑے بھگو کر سکھانے کیلئے جھٹکنا۔

— فلانًا: کسی کو کوڑے لگانا۔

المَاسِطُ: پیٹ صاف کرنے والا کھاری پانی۔

(۲) ایک پودا جو موسم گرما میں ہوتا ہے اور اونٹوں کے پیٹ صاف کر دیتا ہے۔

المَسِیْطُ: گارا' تر مٹی۔

(۲) حوض وغیرہ میں بچا ہوا گدلا پانی۔

المَسِیْطَةُ: گدلا پانی۔

(۲) میٹھے پانی کا کنواں جس کو خراب پانی والے کنویں کا پانی مل کر خراب کر دے۔

(۳) حوض اور کنویں کے درمیان' بہنے والا پانی جس میں بدبو پیدا ہو جائے۔

(۴) وہ وادی جس میں پانی کم بہتا ہو۔

المُسَطِرین: (دیکھئے: سطر)

المِسْعُ: شمالی ہوا۔

المَسْعِیُّ من الرِّجال: سیر و سیاحت میں پختہ سیاح۔

مَسَكَ (ض) بالشئ مَسْكًا: پکڑنا' تھامنا۔

بالنارِ: زمین کے گڑھے میں آگ کو دبانا۔ پھر راکھ سے ڈھانپنا۔

— الثوبَ: کپڑے کو مشک کی خوشبو لگانا۔

مَسُكَ (ن) السِّقَاءُ مَسَاكَةً: مشکیزہ کا پانی کو پورے طور پر روکے رکھنا۔

اَمْسَكَ بالشئِ: بمعنی مَسَكَ۔

— عن الطّعام ونحوه: کھانے وغیرہ سے رکنا۔

عن الإنفاق: خرچ میں بخل کرنا۔

— الشئَ بیده: کوئی چیز ہاتھ سے پکڑنا۔

— الشئَ علی نفسه: کسی چیز کو اپنے پاس روکے رکھنا۔

— اللّٰهُ الغیثَ: خدا کا بارش نہ برسانا۔

مَسَّكَ بالشئِ: بمعنی مَسَكَ۔

ایک قراءت میں آیت قرآنی ہے: وَلَا تُمَسِّكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ۔

— الثوبَ: بمعنی مَسَكَهٗ۔

— فلانًا: کسی کو بیعانہ دینا۔

— بالنار: بمعنی مَسَكَ۔

اِمْتَسَكَ بالشئ: بمعنی مَسَكَ۔

یقال: مَسَكَ فلان بالبلد: شہر یا ملک میں قیام کرنا۔

تَمَاسَكَ بالشئِ: بمعنی مَسَكَ۔

یقال: مَا تماسك ان قال کذا: وہ بے قابو ہو کر بول پڑا۔

یقال: غشینی اَمْرٌ مُقْلِقٌ فتماسَكْتُ: مجھے ایک پریشان کن معاملہ نے گھیر لیا تو میں نے ضبط سے کام لیا۔

مابه تماسُكٌ: اس میں کوئی ضد نہیں ہے۔

تَمَسَّكَ بالشئِ: بمعنی مَسَكَ۔

— بالطِّیبِ: خوشبو لگانا۔

اِسْتَمْسَكَ البولُ: پیشاب رک جانا۔

بالشئِ: مضبوطی سے تھامنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى۔

— عن الامر: رکنا' باز رہنا۔

— الرّجلُ علی الرّاحلة: سواری پر چڑھنے کے لائق ہونا۔

الاِمْسَاكُ: بخل۔ یقال: بفلان إمْسَاكٌ۔
— فی الصوم: طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک کھانے پینے وغیرہ سے رکے رہنا۔
(۳) آنتوں میں فضلات کی رکاوٹ ضد۔ الاستطلاق(مو)
التَّمَاسُكُ: حسی ومعنوی طور پر کسی چیز کے اجزاء کا باہمی ارتباط۔
منه: التماسك الاجتماعی: معاشرتی یکجہتی۔(مج)
المَاسِكَةُ: انسان یا جانور کے نومولود بچے پر چڑھی ہوئی تھیلی۔
یقال بیننا مَاسِكَةُ رَحِم: ہمارے درمیان نسبی قریبی رشتہ ہے۔
المَسَاكُ: پانی روکنے کی جگہ۔
المِسَاكُ: نیزے وغیرہ کا دستہ۔
یقال: ما فیه مِسَاكٌ: اس سے کسی بھلائی کی توقع نہیں۔
المَسَاكَةُ: بخل۔
المَسِیْكُ: کمینہ کنجوس۔
سِقَاءٌ مَسِیْكٌ: وہ مشک جو پانی کو خوب روکنے والی ہو۔
المَسْكُ: کھال۔(ج) مُسُكٌ، مُسُوكٌ۔
القطعة منه: مَسْكَةٌ۔
یَکَادُ یخرج من مَسْكه: وہ تیز ہے۔
یقال هم فی مُسُوك الثَّعَالِب: وہ سہے ہوئے ہیں۔
شاعر کہتا ہے:
فیومًا ترانا فی مُسوک جیادنا
ویومًا ترانا فی مُسوکِ الثَّعالب
المَسَكُ: زمین کے پرت، طبقات۔
(۲) سینگ یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے کنگن یا پازیب۔
المُسْكُ: عقل کامل۔
(۲) کھانے پینے کی اتنی مقدار جس سے زندگی باقی رکھی جاسکے۔

المِسْكُ: ہرن کے نافہ سے نکلنے والا خوشبودار مادہ۔(مع)
القِطْعَةُ منه: مِسْكَةٌ۔(ج) مِسَكٌ: یہ مذکر ہے۔ کبھی کبھی مونث آتا ہے کی جمع مِسَكَةٌ لانے کے ساتھ۔ جران العود کا قول ہے۔
لقد عاجلتنی بالسباب وثوبها
جدید ومن اَردانها المسک تنفخ
مَسْكُ البَرّ: خزائی سے زیادہ خوشبودار بوٹی۔
المُسْكَانُ بیعانہ (ج) مَسَاكِیْنُ۔
المُسْكَةُ: سہارا لینے کی چیز۔
یقال: لِی فیه مُسْكَةٌ۔
(۲) بقاء حیات کیلئے کھانے پینے کی ضروری مقدار۔
(۳) کامل عقل اور کامل رائے۔
یقال: رجل ذو مُسْكةٍ: ذی عقل اور ذی رائے۔
لامُسْكة له: اسے عقل نہیں ہے۔
من الآبار: سخت زمین میں کھودا ہوا کنواں جسے چاروں طرف سے پختہ کرنے کی ضرورت نہ ہو۔
(۲) اثر۔ نشان باقی رہ جانے والا۔
یقال: فیه مُسْكَةٌ من خیر: اس میں بھلائی باقی ہے۔
لیس لامره مُسْكة: اس معاملہ کی کوئی بنیاد نہیں۔
مَافی سِقائه مُسكة من ماء: اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا پانی بھی نہیں۔
المَسَكَةُ: تقول العرب: فلان حَسَكَةٌ۔
مَسَكَةٌ: فلاں بہادر ہے۔
المُسَكَةُ: کنجوس۔
(۲) سخت گرفت والا۔(۳) وہ شخص جس سے کوئی مقابل نہ بچ سکے۔(ج) مُسَكٌ۔
المِسِّیْكُ: کنجوس۔
سِقَاءٌ مِسِّیْكٌ: پانی کو پورے طور پر روکے رکھنے والا مشکیزہ۔
المَسِیْكُ: سِقَاءٌ مَسِیْكٌ: وہ مشکیزہ جس سے پانی نہ ٹپکتا ہو۔

ما فیه مسیكٌ: اس سے کسی بھلائی کی توقع نہیں۔
المَسِیْكَةُ: اَرْضٌ مَسِیْكَةٌ: وہ سخت زمین جو پانی جذب نہ کرتی ہو۔
مَسَلَ (ن) الماءُ مَسْلاً: بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّیْفَ: سونتنا۔
المَسَالَةُ: چہرہ کی خوشنما لمبائی۔
المَسِیْلُ: پانی کی گزرگاہ۔(ج) اَمْسِلَةٌ، مُسُلٌ۔
(۲) کھجور کی تروتازہ ٹہنی (ج) مُسُلٌ۔
مَسَنَ (ن) فلانٌ مَسْنًا: شوخ و بے باک ہونا۔
— فلانًا: مارتے مارتے گرادینا۔
— الشئَ من الشئِ: ایک چیز کو دوسری میں سے کھینچ کر نکالنا۔
المَیْسُوْن: خوب رو اور خوش قامت لڑکا۔
مَسَا (ن) فلان مَسْوًا: وعدہ کرکے ٹالنا۔
— الحمارُ: گدھا کا چلانے کے وقت نہ چلنا اور پیچھے ہٹنا۔
— الناقةَ ونحوَها: اونٹنی وغیرہ کے پیٹ سے مردہ بچہ نکالنا۔
اَمْسَی القومُ: شام کے وقت داخل ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَسُبْحَانَ اللهِ حِیْنَ تُمْسُونَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ۔
— فلان: بمعنی مَسَا۔
— فلانًا: کسی کی کچھ مدد کرنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً: کسی کا مذاق اڑانا۔
مَسَّی فلانٌ: بمعنی مَسَا۔
— فلانًا: کسی سے کیف اَمْسَیت؟ یا مَسَّاكَ اللهُ بالخیر کہنا۔
اِمْتَسَی ما عند فلان: کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔
الاُمْسِیَّةُ: شام خلاف الاُصبوحة: کبھی اس

کا اطلاق نصف شب تک ہوتا ہے۔
یقال: اتیتُه امسیّةَ اَمسِ: میں اس کے پاس کل شام آیا۔ (ج) اَمَاسِیُّ۔
المَسَاءُ: صبح کا مقابل، شام۔
(۲) ظہر سے مغرب یا نصف شب تک کا وقت۔ (ج) اَمْسِیَةٌ۔
یقال: اَتیتُه مَسَاءَ امس: میں اس کے پاس کل شام کے وقت آیا۔
کسی انسان کے بدفال ہونے پر کہا جاتا ہے **مَسَاءُ الله لا مساؤكَ:** (چاہے تو نصب دیں) تیری شام اچھی نہیں۔
یقال: رکب فلان مَسَاءَ الطّریق: فلاں راستہ کے درمیان میں چلا۔
مَسٰی (ض) فلان مَسْیًا: اچھے اخلاق کے بعد بداخلاق ہوجانا۔
(۲) ہٹ دھرم اور خودرائے ہوجانا، کسی کی رائے اور بات نہ ماننا۔
— الشیئَ: ہاتھ پھیرنا۔
یقال: مَسٰی الضَّرْعَ: دودھ اتارنے کیلئے تھن پر ہاتھ پھیرنا۔
— السَّیْرَ: رفتار کو ہلکا کرنا۔
— الحَرُّ المَاشِیَةَ: گرمی کا مویشیوں کو دبلا کر دینا۔
— السَّیفَ وغیرَه: سونتنا۔
امتَسٰی: پیاسا ہونا۔
تَمَاسٰی الشیئُ: ٹکڑے ہوجانا۔
تَمَسّٰی: بمعنی **تَمَاسٰی**۔
التَّمَاسِي: مصائب (اس کا واحد نہیں)
المَاسِي: کسی کی نصیحت اور بات نہ ماننے والا، ہٹ دھرم۔

م......ش

مَشَجَ (ن) الشیئَ مَشْجًا: ملانا۔
یقال: مَشَجَ بینهما: خلط ملط کرنا۔
المشج المَشِیْجُ: دو ملی ہوئی چیزیں یا دو ملے ہوئے رنگ۔ (ج) اَمْشَاجٌ۔
قرآن حکیم میں ہے:
اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ۔
الاَمْشَاجُ: ناف میں جمع شدہ میل۔
(۲) (علم الاحیاء میں) حیاتیات میں اس کا اطلاق مردانہ خلیوں جیسے جرثومہ منی اور نسوانی خلیوں جیسے بیضہ پر بارآوری کیلئے ان کے باہم اختلاط سے قبل ہوتا ہے۔
اَمْشَحَتِ السماءُ: کھلنا، بادل نہ آنا۔ آسمان صاف ہونا۔
— السَّنَةُ: سال کا خشک ہونا اور دشوار گزار ہونا۔
مَشَرَ (ن) الشیئَ مَشْرًا: ظاہر کرنا۔
— فلانًا: دینا۔
مَشِرَ (س) فلان مَشَرًا: اترانا۔
— الشَّجَرُ: درخت پر کونپلیں نکلنا۔
اَمْشَرَ فلان: خوب دوڑنا۔ (۲) پھولنا۔
— الشجرُ: بمعنی **مَشِرَ**۔
— الارضُ: زمین کا روئیدگی والی ہونا۔
مَشَّرَ الشَّجَرُ: بمعنی **مَشِرَ**۔
— فلانًا: بمعنی **مَشَرَهُ**۔
— الشَّیئَ: بکھیرنا، تقسیم کرنا۔
اِمْتَشَرَ الرَّاعی بِمِحْجَنِهٖ مَن ورق الشَّجر: چرواہے کا خم دار ڈنڈے سے مویشیوں کیلئے درختوں کے پتے توڑنا۔ یا جانوروں کی طرف جھکانا۔
تَمَشَّرَ فلانٌ: دولت مند ہونا، یا اس پر دولت کے آثار نمایاں ہونا۔
— الأهله: اہل خانہ کیلئے کمائی کرنا۔
(۲) ان کیلئے کپڑا خریدنا۔
— الشجرُ: پتوں کا ہرا ہونا۔
— القومُ: برہنگی کے بعد کپڑے پہننا۔
الاَمْشَرُ: چست، پھرتیلا۔
المَاشِرَةُ: ارضٌ مَاشِرَةٌ: بارش سے سیراب ہونے والی زمین۔
المِشْرُ من الرّجال: انتہائی سرخ اور سخت آدمی۔
المَشْرُ: یقال: اَذْهَبَه مَشْرًا: کسی کی ہجو کرنا، برا بھلا کہنا۔
المَشْرَةُ: زمین کی ابتدائی روئیدگی۔
(۲) (نباتاتی اصطلاح میں) ہر وہ نباتاتی جسم جس میں مرکزی محور نہ ہو۔ یا اس کا محور پتوں اور تنوں میں منقسم نہ ہو۔ اسی کو عربی میں **الثَّالوس** کہتے ہیں۔
(۳) چرواہے کے اپنے ڈنڈے سے جھکائی ہوئی ٹہنی کے پتے۔
— من العُشْبِ: چھوٹی گھاس۔
(۴) لباس۔
امرأة مَشْرَةُ الأعضاء: گداز جوڑوں والی عورت۔
اُذُن حَشْرَةٌ مَشْرَةٌ: نازک وخوشنما کان۔
یقال: علیه مَشْرَة الغِنٰی: اس پر مالداری کی رونق اور اثرات ہیں۔
المَشْرَةُ مَشَرَةُ الأرضِ: زمین کی ابتدائی روئیدگی۔
مَشَّ (ن) العظمَ مَشًّا: ہڈی کو چبا کر چوسنا۔
— النَّاقةَ ونحوَها: اونٹنی وغیرہ کا سارا دودھ دوہنا۔
— مالَ فلان: کسی کا سارا سامان تھوڑا تھوڑا کر کے لینا۔
— الشیئَ فی الماءِ: کسی چیز کو پانی میں بھگو کر گھلا دینا۔
— فلانًا: کسی کے ساتھ جھگڑنا، دشمنی کرنا۔
یَدَهٗ: چکناہٹ صاف کرنے کیلئے ہاتھ پر کھردری چیز پھیرنا۔
مَشِشَت (س) الدَّابَّةُ مَشَشًا: چوپائے کے کھر کا ہڈی نما گانٹھ والا ہونا۔ لیکن ہڈی جیسی سختی نہ ہو۔
النَّاقَةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کی آنکھ میں سفیدی آجانا۔
هی مَشَّاءُ، هو اَمَشُّ (ج) مُشٌّ۔

م

أَمَشَّ العظمُ: ہڈی کا گودے دار ہونا۔
مَشَّشَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
إِمْتَشَّ فلان: استنجا کرنا۔
— العظمَ: ہڈی کو چوسنا۔
— مافی الضَّرْع: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
— من مال فلان: کسی کا کچھ مال لینا۔
— المرأةُ حُلِيَّهَا: عورت کا اپنی گردن سے ہار وغیرہ اتار دینا۔
المُشَاشُ: نرم زمین۔
(۲) اصل۔
(۳) نفس۔ (۴) طبیعت۔
یقال: فلان طیّب المُشَاش: فلاں وسیع الظرف یا فراخ دل ہے۔
(۵) زیرک وہوشیار۔
(۶) بغیر گودے والی ہڈی۔
(۷) سفر وحضر کے خدام۔
(۸) (علم الاحیاء میں) اسفنجی ہڈی جو ہڈی کے متعدد خانوں سے مرکب ہوتی ہے۔ جنہیں نقی احمر کی لکیریں جدا کرتی ہیں۔
المُشَاشَةُ: چبانے کے قابل نرم ہڈی کا سرا۔
(۲) مونڈھے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
(۳) پختہ زمین جس میں کنوئیں بنائے جائیں اور وہ ان کا پانی جذب کرلے۔
(۴) مٹی اور نرم سنگریزوں سے بنا ہوا راستہ۔
(ج) مُشَاشٌ۔
المَشَشُ: اونٹ کی آنکھ میں نکلنے والی سفیدی۔
(۲) چوپائے کے کھر میں ہڈی جیسی نرم گانٹھ۔
المِشُّ: ایک مصری سالن جو پنیر کو دودھ اور نمک ڈال کر ایک گھڑے میں کچھ عرصہ چھوڑنے سے کھانے کے قابل بنتا ہے۔ (مصرية)
المَشُوشُ: ہاتھ پونچھنے کا تولیہ وغیرہ۔
مَشَطَ (ن) الشَّعْرَ مَشْطًا: کنگھا کرنا۔
یقال: مَشَطَتِ المَاشِطَةُ المرأةَ: کنگھی کرنے والی عورت کے بالوں کو کنگھی سے سنوارنا۔
— الشیءَ: ملانا۔

یقال: مَشَطَ بین الماءِ واللبن۔
— الارضَ: زمین پر پھیلے ہوئے غلہ کو چوڑی لکڑی سے ڈھانکنا۔
— الدَّابَّةَ: کنگھی نما آلے سے داغنا۔
مَشِطَتْ (س) يَدُ فلان مَشَطًا: کام کاج سے ہاتھ کا کھردار ہونا، یا کانٹا چبھنا۔
— النَّاقةُ: اونٹنی کا چربی چڑھنے سے کنگھی جیسے بازوؤں والی ہونا۔
إِمْتَشَطَتِ المرأةُ: عورت کا اپنے بالوں میں کنگھا کرنا۔
المَاشِطَةُ: کنگھی سے بال سنوارنے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ (ج) مَوَاشِطُ۔
المِشَاطَةُ: کنگھی کرنے سے گرے ہوئے بال۔
المَشَّاطُ: کنگھی ساز یا کنگھی فروش۔
المَشَّاطَةُ: بمعنی المَاشِطَةُ۔
المِشْطُ: کنگھی۔ (ج) أَمْشَاطٌ، مِشَاطٌ حدیث میں ہے: الناس سواسية كأسنان المشط۔
المُشْطُ: کنگھی۔
(۲) جولاہے کی کنگھی جو بنائی کے تانے بانے پر صاف کرنے کیلئے پھیری جاتی ہے۔
یقال: جرب الناسج بمشطه۔
(۳) اونٹ وغیرہ پر کنگھی نما نشان۔ کھریرا۔
(۴) پیر کے اوپر کا انگلیوں سے متصل حصہ۔
یقال: انکسرَ مُشْطُ قدمِهٖ وقاموا علی أَمْشَاطِ أَرْجُلِهِم۔
— من الكتف: کندھے کی چوڑی ہڈی یا اس کے اوپر کا گوشت۔
(۵) چوڑی لکڑی جس سے زمین پر پھیلا ہوا غلہ ڈھانپا جائے۔
(۶) دریائی مچھلی جسے البُلْطِيُّ بھی کہتے ہیں۔
المِشْطَةُ: بالوں میں کنگھی کا طرز۔
یقال: فلان حَسَنُ المِشْطَةِ: فلاں کے بال خوشنما بنے ہوئے ہیں۔ (دیکھئے: سرح)

المَشِيطُ: بمعنی المَمْشُوطُ۔
المِمْشَطُ: بمعنی المِشْطُ (ج) مَمَاشِطُ۔
المَمْشُوطُ: رجلٌ مَمْشُوطٌ: نازک اور لمبا آدمی۔
بعيرٌ مَمْشُوطٌ: کنگھی کا داغ دیا ہوا اونٹ۔
مَشِظَ (س) الرَّجُلُ مَشَظًا: آدمی کا ران سے ران ٹکرانے والا ہونا۔
(۲) کانٹے وغیرہ کا چھونے سے ہاتھ میں لگ جانا۔
یقال: مَشِظَتْ يَدُهٗ: ہاتھ میں کانٹا پھنس جانا۔
— الدَّابَّةُ: چوپائے کے پٹھوں کا نمایاں اور ابھرا ہوا ہونا۔
المَشْظُ: ہاتھ میں چبھنے والا کانٹا وغیرہ۔
(۲) لکڑی کا چھوٹا سا میخ نما ٹکڑا جو کلہاڑی کے دستہ کے سوراخ میں لگایا جاتا ہے۔
المِشْظَةُ: کانٹے یا پھانس کی نوک۔
المَشِظَةُ: قناة مَشِظَةٌ: نیزے کا سخت بانس جس کی پھانس ہاتھ میں چبھ جائے۔
مَشَعَ (ف) فلانٌ مَشْعًا، مُشوعًا: کمانا اور جمع کرنا۔
— مَشْعًا: ہلکی چال چلنا۔ (۲) اچکنا۔
— القِثَّاءَ ونحوَه: ککڑی وغیرہ چبانے کی آواز نکالنا۔
— القَصْعَةَ: بادیہ کا سب کچھ کھالینا۔
— فلانًا بالحبل وغیره: کسی کو رسّی سے مارنا۔
— القُطنَ ونحوَه: ہاتھ سے روئی دھننا۔
إِمْتَشَعَ الرَّجُلُ: اپنی تکلیف دور کرنا۔
— مافی الضَّرْع: تھن کا سارا دودھ لے لینا۔
یقال: امتشع مافی ید فلان۔
— ثوبَ صاحبه: کپڑا کھینچ لینا۔
— السَّيْفَ من غِمْدِه: تلوار سونتنا۔
تَمَشَّعَ الرَّجُلُ: بمعنی إِمْتَشَعَ۔
— المِشْعَةُ: دھنی ہوئی روئی کا گولہ۔

الْمَشُوْعُ: رَجُلٌ مَشُوْعٌ: بہت کمانے والا۔
ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بڑا اچکا بھیڑیا۔
الْمَشِيْعَةُ: بمعنی الْمَشْعَةُ۔
مَشَغَ (ف) فلان مَشْغًا: ککڑی وغیرہ کی طرح ہلکے ہلکے کھانا۔
— فلانًا سوطًا: کسی کو کوڑا مارنا۔
— عِرض فلان: کسی کی عزت داغ دار کرنا۔
مَشَّغَ الثوبَ: سرخ مٹی سے رنگنا۔
— عِرضَ فلان: کسی کی عزت کو داغ دار کرنا۔
الْمِشْغُ: سرخ مٹی جو رنگائی کے کام آتی ہے۔
مَشَقَ (ن) فی الكتابةِ مَشْقًا: لمبے لمبے حروف لکھنا۔
(۲) تیز لکھنا۔
یقال: مَشَقُوا رحيلَهم: انہوں نے اپنا سفر تیزی سے کیا۔
— الابلُ فی سیرها: تیز چلنا۔
— فی الكلإ: گھاس کا عمدہ حصہ کھانا۔
— فلانًا: نیزہ یا کوڑا مارنا۔
— الأكلَ: تیز تیز کھانا۔
— الثوبُ الخشِنُ السَّاقَ: کھردرے کپڑے کا پنڈلی کو چھیل دینا، ملے ہوئے جیسا کر دینا۔
— الشیءَ: لمبا کرنے کیلئے کھینچنا۔
— الوترَ وغیرهُ: تانت کو پتلا کرنا۔
— الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔
— الكتّانَ ونحوه بالمِمْشَقَةِ: کنگھی نما آلے سے کتان وغیرہ کو صاف کرنا۔
مُشِقَتِ الجاریةُ مَشْقًا: لڑکی کا کم گوشت اور پتلے اعضاء والی ہونا۔
مَشِقَ (س) فلانٌ مَشَقًا: کسی کا گھٹنوں یا رانوں کی باہمی رگڑ سے خراش والا ہونا۔
هو مَشِقٌ، اَمْشَقُ، هی مَشْقَاءُ (ج) مُشْقٌ۔
اَمْشَقَهٗ: کوڑے سے مارنا۔

— الثَّوْبَ: سرخ مٹی سے رنگنا۔
مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً: کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
(۲) کھینچا تانی کرنا۔
اِمْتَشَقَ الشیءَ من يدِ غيرِه: ہاتھ سے چھین لینا۔
— مَا فی الضَّرْعِ: تھن کا پورا دودھ نکال لینا۔
— مَا فی يدِه: ہاتھ کی چیز لے لینا۔
— السَّيْفَ: سونتنا۔
تَمَاشَقُوا الشیءَ: کسی چیز کو باہم کھینچنا اور اس میں جھگڑنا۔
تَمَشَّقَ عن فلان ثوبُه: کسی کا کپڑا پھٹ جانا۔
— الغُصْنُ: شاخ کا چھل جانا۔ پتوں سے خالی ہو جانا۔
— الصُّبْحُ اَو اللَّيْلُ: صبح یا رات کا گزر جانا۔
یقال: تَمَشَّقَ ثوبُ الليل: صبح کے آثار نمایاں ہونا۔
الاَمْشَقُ: پھٹی ہوئی کھال۔ (ج) مُشْقٌ۔
الْمُشَاقَةُ: کنگھا یا برش پھیرنے سے گرنے والے بال یا کتان۔
الْمَشَّاقُ: قلمٌ مَشَّاقٌ: کاغذ پر تیز چلنے والا قلم۔
الْمَشْقُ: سرخ مٹی۔
یقال: فی قدِّه مَشْقٌ: اس کے قد میں خوشنما لمبائی ہے۔
(۲) نمونہ خط جس کی نقل کر کے خط سیکھنے والا مشق کرتا ہے۔ (مو)
الْمِشْقُ: سرخ مٹی۔
(۲) ہلکے بدن کا آدمی۔
الْمِشْقَةُ: بمعنی الْمُشَاقَةُ۔
(۳) روئی وغیرہ کا گالا۔
(۴) بوسیدہ پرانا کپڑا۔ (ج) مِشَقٌ۔
الْمَشْقَةُ: چوپائے کے پیر پر رسّی کا نشان۔
الْمَشِيْقُ: ہلکے بدن کا آدمی۔
— من الخیل: چھریرے بدن کا گھوڑا۔

— من الثیاب: زیادہ پہن کر پرانا کیا ہوا کپڑا۔
الْمَمْشُوْقُ من الرجال اَو الخیل: بمعنی الْمَشِيْقُ۔
— من القُضْبَان: لمبی اور پتلی ٹہنی وغیرہ۔
یقال: قَدٌّ مَمْشُوْقٌ: نازک ولمبا قد۔
جاریة مَمْشُوْقَةٌ: نازک اندام خوش قامت لڑکی۔
مَشَلَ (ن) لحمُهٗ مُشُوْلاً: کم ہونا۔
یقال: لحمُهٗ ماشلةٌ وممشولة۔
— السيفَ مَشْلاً: سونتنا۔
مَشَّلَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھوڑا دودھ اترنا۔
— الحالبُ: آہستہ دودھ نکالنا اور تھن میں کچھ چھوڑ دینا۔
اِمْتَشَلَ السيفَ: سونتنا۔
الْمَشَلُ: تھوڑا دوہا ہوا دودھ۔
الْمِشْمِشُ: (دونوں میموں پر تینوں اعراب) فصیلہ وردیہ کا پھل دار درخت جس کا پھل تر و تازہ اور سکھا کر دونوں طرح کھایا جاتا ہے۔ یا پارچوں کی شکل میں جنہیں قمر الدین کہتے ہیں۔
الْمَشِيْمَةُ: (دیکھئے شیم)
مَشَنَهٗ (ن) بالسَّوْطِ مَشْنًا: کوڑے سے مارنا۔
سوط مَاشِنٌ۔ (ج) مُشَّنٌ۔
یقال: مشَّنَهٗ بالسَّيف: تلوار کا کھال چھین دینا اور خون نہ نکلنا۔
— الشیءُ فلانًا: کسی کو کسی چیز سے خراش لگنا۔
— يَدَهٗ: ہاتھ پر کھردری چیز پھیرنا۔
— ما فی ضَرْعِ الناقةِ: اونٹنی کے تھن کا دودھ نکال لینا۔
یقال: امتَشِنْ منه ما مَشَنَ لكَ: جو تمہیں ملے وہ لے لو۔
مَشَّنَتِ النَّاقَةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کا ناخوش ہو کر دودھ دینا۔
اِمْتَشَنَ الشیءَ: چھین لینا، اچک لینا۔

م

— ثوبه: کپڑا اتارنا۔
— السَّیفَ: سونتنا۔
— النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
تَمَاشَنَا الشیئَ: کسی چیز کو لینے میں جھگڑنا۔
یقال تَمَاشَنَا جِلْدَ الظِّربانِ: ایک دوسرے کو بدترین گالیاں دینا۔
المِشَانُ: زبان دراز تیز وطرار عورت۔
(۲) بھیڑیئے کی مادہ۔
المَشْنَةُ: زخم جو چوڑا ہو گہرا نہ ہو۔
المِشْنی: یہودی فقہ کی عبرانی زبان میں لکھی ہوئی کتاب۔(مع)
أَمْشَی الدَّواءُ فلانًا: دواسے کسی کو دست آنا۔
إِسْتَمْشَی فلان مُسْهِل: (دست آور) دوا پینا۔
یقال: استَمْشَی بالدّواء۔
المَشَا: گاجر یا اس جیسی سبزی۔واحدته: مَشَاةٌ۔
المَشَاءُ المَشُوُ المَشُوٌّ: دست آور دوا۔
مَشٰی (ض) مَشْیًا: ارادہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
یقال: مَشٰی بالنَّمیمة: چغلی کھانا۔
— مَشَاءً: بہت مویشی والا ہونا۔
یقال: مَشَتْ اِبِلُه: اس کے اونٹ بہت ہو گئے۔
— المرأةُ أو الماشیةُ: عورت یا مویشی کا بہت بچوں والا ہونا۔
أَمْشٰی فلانٌ: بہت مویشی والا ہونا۔
الرَّجلَ: چلانا۔
مَشّٰی: مبالغہ در مَشٰی۔
— الرجلَ: بمعنی أَمْشَاهُ۔
مَاشَاهُ مُمَاشَاةً: کسی کے ساتھ چلنا۔
إِمْتَشَی القومُ: قوم کے مویشیوں کا بہت بچوں والا ہونا۔
تَمَاشَی القومُ: ساتھ ساتھ چلنا۔
تَمَشّٰی: بمعنی مَشٰی۔

یقال: تَمَشَّتْ فِیهِ حُمَیَّا الکأس: جام شراب کی تیزی اس میں سرایت کرگئی۔
المَاشِیَةُ: اونٹ، گائے اور بکری۔ عمومی استعمال بکریوں میں ہوتا ہے۔(ج) مَوَاشٍ۔
مؤنث: مَاشیةٌ: بہت بچوں والی۔
المُشَاةُ: پیدل، پیادہ، خلاف۔ الرُّکبان۔
— من الجیش: پیدل فوجی دستہ۔
(۲) چغل خور (جمع) واحد ہے ماشٍ۔
المَشَّاءُ: بہت چلنے والا۔(۲) چغل خور۔

م............ص

مَصَحَ (ف) الشیئُ مَصْحًا مُصُوحًا: زائل ہونا یا زائل ہونے کے قریب ہونا۔
یقال: مصحت الدارُ مصح الکِتَابُ۔ مصح لبنُ الناقة۔ یقال: مَصَحَ الضَّرْعُ۔
— الثوبُ: پرانا ہونا۔
— النباتُ: نباتات کے پھولوں کا رنگ اڑ جانا۔
— الظِّلُّ: سایہ زائل ہونا یا سمٹنا۔
— الشیئُ فی الارض: زمین میں دھنس جانا۔
— بالشیئ: لے جانا، زائل کر دینا۔
أَمْصَحَ اللّٰهُ ما بك: اللہ کا کسی کی تکلیف وغیرہ کو ختم کر دینا۔
مَصَّحَهُ اللّٰه مَرضَه: بیماری کو دور کرنا۔
المُصَاحَةُ: اونٹنی کے بچہ کی بھس بھری کھال جسے وہ اپنا بچہ سمجھتی ہے۔
مَصَخَ (ف) الشیئَ مَصْخًا: کسی چیز کو دوسری چیز کے اندر سے نکالنا۔(۲) کھینچنا۔
إِمْتَصَخَ الشیئُ عن الشیءِ: الگ ہونا۔
— الشیئَ: کھینچنا۔
اِمَّصَخَ الولدُ: بچے کا ماں کے پیٹ سے الگ ہونا۔
مَصَدَ (ن) الشیئَ مَصْدًا: چوسنا۔
— الحیوانَ: سدھانا۔

المَصَادُ: بلند پہاڑ یا پہاڑی سلسلہ۔(ج) أَمْصِدَةٌ مُصْدَانٌ۔
یقال هو لقومه مَعْقِلٌ وَمَصَادٌ: وہ اپنی قوم کا ملجا و ماوی ہے۔
المَصْدُ: بمعنی المَصَادُ (۲) بارش (۳) سردی۔
المَصْدَةُ: ایک مرتبہ کی بارش۔
یقال: مَا أَصَابَتنا مصدةٌ۔
مَصَرَتِ (ن) الحَلُوبُ مُصُورًا: دودھ والی اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
— الناقةَ او الشاةَ مَصْرًا: اونٹنی وغیرہ کو پوروں سے دوہنا۔
— العطاءَ: عطیہ کم کرنا۔
— الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کی ترغیب دینا۔
أَمْصَرَتِ الحَلُوبُ: بمعنی مَصَرَتْ۔
مَصَّرَ علیه عطائَه: کسی کو عطیہ تھوڑا تھوڑا دینا۔
— القومُ المکانَ: کسی جگہ کو شہر بنانا۔
یقال: مَصَّرَ الأَمْصَارَ: شہر تعمیر کرنا۔
— الدولةُ الشرکةَ ونحوَها: حکومت کا کمپنی وغیرہ کو غیر ملکی اثر و اقتدار سے نکال کر ملکی یا شہری انتظام میں لینا۔(محدثة)
— الثوبَ: کپڑے کو سرخ مٹی یا ہلکے سرخ رنگ میں رنگنا۔
تَمَصَّرَ المکانُ: کسی جگہ کا شہر بن جانا۔
— الشیئُ: کم ہونا۔
— القومُ: شہروں میں پھیل جانا۔
— الشخصُ أو الشیئُ: کسی شخص یا چیز کا معمولی ہو جانا۔(محدثة)
— الشیئَ: تلاش کرنا۔
امْتَصَرَ الناقةَ أو الشاةَ: بمعنی مَصَرَهَا۔
— المَاصِرُ: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔
نَاقَةٌ أو شَاةٌ مَاصِرٌ: کم مقدار، یا ہلکی رفتار سے دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔

المُصَارَةُ: گھوڑوں کی دوڑ کی تربیت گاہ۔

المِصْرُ: دو چیزوں یا دو زمینوں کے درمیان رکاوٹ' آڑ۔ (ج) مُصُورٌ۔

يقال: اشترى الدار بمصورها۔: گھر کو اس کے اندرونی حصوں سمیت خریدا۔

(۲) برتن (۳) بڑا شہر جس میں مکانات' بازار اور مدارس ودیگر لوازمات زندگی موجود ہوں۔

(۴) رنگائی کے کام آنے والا سرخ مادہ۔

المَصُورُ من الابل أو الشاة: بمعنی الماصِرُ (ج) مِصارٌ۔ مَصَايِرُ۔

المَصِيْرُ: آنت (ج) مُصْرَان' مَصَارِيْنُ۔

المُمَصَّرُ: ثوبٌ مُمَصَّرٌ: ہلکے سرخ رنگ میں رنگا ہوا کپڑا۔

المُمَصَّرَةُ: کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصَّ (ن) القَصَبَ ونحوَهُ مَصًّا: گنا وغیرہ چوسنا۔

يقال: مَصَّ من الدُّنيا: دنیا کو کچھ حصہ پانا۔

اَمَصَّهُ الشيءَ: چوسانا۔

— فلانًا: کسی کو یامَصَّانُ کہنا۔

اِمْتَصَّ الشيءَ: آہستہ آہستہ چوسانا۔

تَمَصَّصَ الشيءَ: بمعنی اِمْتَصَّهُ۔

المَاصَّةُ: بچوں کی ایک بیماری جس میں گدی پر کچھ ایسے بال اُگ آتے ہیں کہ جن کو نہ چونٹا جائے تو بچہ کا کھانا پینا بند رہتا ہے۔

(۲) پانی کھینچنے کی مشین۔ (محدثہ)

المُصَاصُ: چوس جانے والی چیز' گودا' عرق اور رس وغیرہ۔

(۳) ہر خالص چیز۔

يقال: فلان مُصَاصُ قومه: وہ اپنے قبیلے میں اعلیٰ نسب والا ہے (اس میں واحد' تثنیہ' جمع' مذکر اور مؤنث سب برابر ہیں)۔

رجلٌ مُصَاصٌ: مضبوط کاٹھی کا غیر جری آدمی۔

المُصَاصَةُ: عرق' رس' گودا وغیرہ۔

يقال: طابت مُصَاصَتُهُ في فمي۔

مُصَاصَةُ الشيءِ: خالص۔ جوہر۔

يقال: فلانٌ مُصَاصَةُ قومه: بمعنی مُصَاصُهُم۔

(۳) چوسنے کے بعد بچنے والا (محدثہ)

المَصَّانُ: وہ شخص جو بکری کے تھن کو کمینگی کی وجہ منہ لگا کر دودھ پیتا ہو۔

يقال: (بطور گالی) یا مَصَّانُ: عورت کو یا مَصَّانَةُ۔ (۲) پچھنے لگانے والا۔

المُصَّانُ: گنا۔ فصیلہ نجیلیہ کا پودا جس کے رس میں شکر بنتی ہے۔

مَصِيصُ الثَّرَى: تر اور مرطوب ریت یا مٹی۔

المَصِيصَةُ: پیالہ۔

— المَمْصُوصَ وَظِيفٌ مَمْصُوصٌ: پتلا کھر۔

المَمْصُوصَةُ: بیماری سے دبلی عورت۔

مَصْطَكَ الدواءُ: دوا میں مصطگی ملانا۔

المُصْطَكَا وَ المُصْطَكَاءُ: فصیلہ بطمیات کا ایک درخت جو شام کے ساحلوں اور بعض نشیبی پہاڑی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس سے مشہور گوند نکلتا ہے۔ (د)

مَصَعَ (ف) الشيءُ مَصْعًا: چلا جانا' ختم ہوجانا' پھر جانا' ھو مَاصِعٌ۔

يقال: مَصَعَ البردُ' مَصَعَ لَبَنُ الناقة ونحوها۔

— ماءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم یا ختم ہوجانا۔

مصع فؤادُهُ: ڈر یا عجلت کی بناء پر دل نکالا جانا۔

— الفرسُ: گھوڑے کا ہلکی رفتار سے چلنا۔

— في الأرض: جانا۔ سفر کرنا۔

— بالشيءِ: پھینکنا۔

— الدَّابَّةُ بذنبها: چوپائے کا بغیر دوڑے دم ہلانا۔

— البرقُ: بجلی چمکنا۔

— فلانًا: کسی کو تلوار یا کوڑا مارنا۔

— الفتنةُ القومَ: فتنوں اور آزمائشوں کا لوگوں کو تجربہ کار بنا دینا۔

اَمْصَعَ العوسجُ: عوسج درخت پر پھل آنا۔

— القومُ: قوم کے اونٹوں کا دودھ ختم ہوجانا۔

لفلان بحقه: کسی کے حق کا اقرار کرنا۔

— المرأةُ ولدَها: عورت کا بچہ کو تھوڑا دودھ پلانا۔

مَاصَعَ قِرْنَهُ: اپنے مقابل سے تلوار وغیرہ سے نبرد آزما ہونا۔

مَصَّعَ العودَ أو الغُصْنَ: سوکھنے کیلئے ٹہنی یا چھڑی پر چھلکا چھوڑنا۔

اِنْمَصَعَ الحمارُ: گدھے کا سننے کے لئے اپنے کان کھڑے کرنا۔

تَمَاصَعُوا في الحرب: جنگ میں باہم نبرد آزما ہونا۔

المَاصِعُ: کھاری پانی۔ (۲) تھوڑا گدلا پانی۔

المَصِعُ: کپڑے کا گولا بنا کر کھیلنے والا لڑکا۔

رَجُلٌ مَصِعٌ: بہادر آدمی جو تلوار وغیرہ سے نبرد آزمائی کرسکے۔

المُصْعَةُ: عوسج: درخت کا پھل۔ (ج) مُصَعٌ

المَصُوعُ: ڈرپوک' بزدل آدمی۔

مَصَلَ (ن) الشيءُ مَصْلاً' مُصُولاً: قطرے ٹپکنا۔

— الجُرْحُ: زخم کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔

— اللَّبَنَ مَصْلاً: پانی ٹپکانے کے لئے دودھ کو کپڑے یا کھجور کے پتوں کی ٹوکری میں ڈال کر لٹکانا۔

— مَالَهُ: مال تباہ کرنا۔ غلط طریقوں سے خرچ کر کے ضائع کرنا۔

اَمْصَلَتِ المرأةُ: عورت کا اسقاط ہونا' حمل کو گوشت کے لوتھڑے کی شکل میں گرانا۔

— الراعي الغنمَ: چرواہے کا بکریوں کے دودھ کو پورے طور پر دوھ لینا۔

— مَالَهُ: بمعنی مَصَلَهُ۔

المَاصِلُ: لبنٌ مَاصِلٌ: تھوڑا دودھ۔

يقال: اَعْطَى عَطاءً مَاصِلاً: تھوڑا عطیہ دینا۔

المُصَالَةُ: پنیر کو پکا کر نچوڑا ہوا پانی۔

(۲) مٹکے وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی۔

المَصْلُ: مصل الدم: ایک زرد رنگ کا رقیق سیال مادہ جو خون کے گاڑھے ہونے کے وقت اس سے الگ ہوجاتا ہے۔

(۲) کسی ایسے جانور کا خون جو چیچک وغیرہ جیسے امراض سے پاک ہو اور کسی دوسرے جانور کے جسم میں اس مرض کی روک تھام کیلئے بذریعہ سوئی وغیرہ داخل کیا جائے (مج)

مرض المصل: دوبارہ ٹیکا لگانے سے پیدا ہونے والی تکلیف۔ (مج) (ج) مُصُولٌ۔

المِمْصَلُ: لغویات میں مال ضائع کرنے والا۔ (۲) مصل کا مخصوص برتن۔

(۳) رنگ ریز کا کپڑے پکانے کا برتن۔

مَصْمَصَ فَاهُ: منہ سے کلی کرنا یا زبان کے ایک طرف سے پانی نکالنا۔

— الاناءَ: دھونے کیلئے برتن کو پانی ڈال کر ہلانا۔

المُصَامِصُ: ہر شے کا خالص حصہ۔

یقال: اِنَّه لَمُصَامِصٌ فی قومه: وہ اپنے قبیلے میں خالص الاصل اور اعلیٰ نسب ہے۔

فَرَسٌ مصامِصٌ: مضبوط ہڈیوں اور جوڑوں والا گھوڑا۔

م............ض

مَضَحَتِ (ف) الدَّوابُّ مَضْحًا: چوپایوں کا منتشر ہونا۔

— الشَّمْسُ: دھوپ پھیلنا۔

— المَزَادَةُ: توشہ دان کا رسنا۔

— عَنْهُ: مٹانا، دفاع کرنا۔

— عِرْضَ فلان: عزت کو داغدار کرنا۔

مَضَرَ (ن) النَّبيذُ أو اللَّبَنُ مَضْرًا۔ مُضُورًا: نبیذ یا دودھ کا ترش اور مفید ہونا۔ هو مَاضِرٌ۔

مَضَّرَهُ: قبیلہ مضر کی طرف کسی کی نسبت کرنا۔

یقال: مَضَّرَ اللهُ لكَ الثَّنَاءَ: خدا تعالیٰ تمہاری تعریف کروائے۔

تَمَضَّرَ: قبیلہ مضر کی طرف منسوب ہونا۔ یا ان کا سخت حامی ہونا یا ان جیسا بننا۔

— المَاشِيَةُ: چوپائے کا موٹا ہونا۔

المُضَارَةُ مِن اللبن: ترش اور سفید دودھ کا بہنے والا پانی۔

المَضِرُ: ترش۔

یقال: ذَهَبَ دَمُهُ خَضِرًا مَضِرًا، خِضْرًا مِضْرًا: اس کا تر و تازہ خون بہا۔

المَضِيرَةُ: خالص ترش دودھ میں پکا ہوا گوشت۔

مَضَّهُ (ن) مَضًّا مَضِيضًا: تکلیف دینا۔

یقال: مَضَّهُ الجُرْحُ مَضَّ الكُحْلُ العينَ، مَضَّ الخَلُّ فَمَه۔

— الشيءُ فلانٌ: رنج وغم یا کسی بات سے دل کو تکلیف پہنچنا۔

یقال: مضَّهُ الهَمُّ والحُزنُ والقولُ: تکلیف پہنچانا۔

— الشيءَ مَضًّا: چوسنا۔

مَضَّ (س) فلانٌ مَضَضًا، مَضَاضَةً، مَضِيضًا: مصیبت کی تکلیف محسوس کرنا۔

— من الشيءِ، وله: کسی چیز کی تکلیف پہنچنا۔

اَمَضَّهُ الشيءُ: بمعنی مَضَّهُ۔

یقال: اَمَضَّهُ جلدُهُ فَدَلَكَهُ۔

مَاضَّهُ مضاضًا: کسی سے جھگڑنا، کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔

مَضَّضَ فلانٌ: خالص چیز لینا۔

تَمَاضَّ القومُ: باہم جھگڑنا۔

المُضَاضُ: خالص۔

یقال فلانٌ مِن مُضَاضِ القومِ۔

(۴) ناقابل برداشت کھاری پانی۔

(۲) انسان کی آنکھ وغیرہ کی جلن درد یا سوزش۔

المَضُّ: تکلیف دہ تیز۔

المِضُّ: مِضٌّ، مِضَّ، مِضِّ: (مبنی)

مِضٍّ: (منون): کلمہ بمعنی لا ایسے انکار کے لئے جس کے ساتھ قبول کا بھی احساس ہو۔

المَضَضُ: ترش دودھ۔ (۲) تکلیف، درد۔

یقال: فعلتُ هذا علی مَضَضٍ: میں نے ایسا ناگواری اور دکھ کے ساتھ کیا۔

المَضَّةُ: اَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

امرأةٌ مَضَّةٌ: وہ عورت جو خلاف مزاج کوئی بات برداشت نہ کر سکے۔

مَضَغَ (ف ن) الطَّعامَ وغيرَهُ مَضْغًا: دانتوں سے چبانا۔

یقال: هو يمضغ الشِّيحَ والقيصومَ: یہ اس کے بارے میں کہتے ہیں جو کہ دیہاتی ہو۔

ومن المجاز: هو يمضغ لحمَ أخيه: اپنے بھائی کو تکلیف پہنچانے والا۔

رجلٌ مَضَّاغةٌ للحومِ الناسِ۔

اَمْضَغَ التَّمْرُ: کھجور کا چبانے کے قابل ہونا۔

— اللحمُ: گوشت کا پک کر عمدہ ہوجانا۔

۔فلانًا الشيءَ: کسی کو کوئی چیز چبوانا۔

مَاضَغَهُ فی القتالِ: جنگ میں کسی کے سامنے آنا۔

یقال ما ضغه القتالَ الخصومةَ: مقابلہ کرنا۔

مَضَّغَهُ الشيءَ: بمعنی اَمْضَغَهُ۔

المَاضِغُ: داڑھوں کے قریب کا حصہ جبڑا۔

هما ماضغان۔

المَاضِغَةُ: بمعنی الماضغُ۔

هما ماضغتان۔ (ج) مَوَاضِغُ۔

المَوَاضِغُ: داڑھیں۔

المَضَاغُ: چبائی جانے والی چیز۔

یقال: مَا ذقتُ مَضَاغًا۔

(۲) چبانا۔ یقال: لقمةٌ ليّنةُ المَضاغِ۔

المُضَاغَةُ: چبائی ہوئی چیز۔

(۳) چبانے کے بعد منہ میں لگی رہ جانے والی چیز۔

المُضَّاغَةُ: بیوقوف۔

المَضِغُ یقال: كَلَأٌ مَضِغٌ: چوپایوں کے چبانے کے قابل گھاس۔

المُضْغَةُ: گوشت کا ٹکڑا جو گوشت وغیرہ سے کاٹ کر چبایا جائے۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا۔
(۲) وہ زخم جس میں دیت واجب نہ ہو۔ (ج)
مُضَغٌ۔
مَضَغُ الأمور: معمولی کام۔
المَضِيغَةُ: جبڑے میں داڑھ کی جڑ۔
(۲) ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔
(۳) پٹھوں کا مجموعہ۔
(۴) جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
(ج) مَضِيغٌ، مَضَائغ۔
مَضْمَضَ النعاسُ فی عینه: آنکھوں میں نیند کا غلبہ ہونا۔
— فلانٌ: دیر تک سونا۔
یقال: ما مَضْمَضْتُ عینی بنوم: مجھے بالکل نیند نہیں آتی۔
— الماءَ فی فمه: منہ میں پانی ڈال کر گھمانا۔
الاناءَ وغیرَهُ: دھونا۔
تَمَضْمَضَ بالماء فی فیه: بمعنی مَضْمَضَهُ
والنعاسُ فی عینه: بمعنی مَضْمَضَ۔
یقال: تَمَضْمَضَتِ العینُ بالنُّعَاسِ۔
— الکلبُ فی أثَرِهِ: کتے کا کسی کا پیچھا کر کے بھونکنا۔
المِضْمَاضُ: ہلکا پھرتیلا آدمی۔ (۲) نیند (۳) سوزش، جلن۔
مَضَى (ض) الشیءُ مُضِيًّا: گزر جانا۔ چلے جانا۔
قرآن حکیم میں ہے: وَمَضَى مَثَلُ الْأَوَّلِينَ۔ وَامْضُوا حَيْثُ تُؤْمَرُونَ۔
— علی الامرِ وفیه: کسی کام کو جاری رکھنا۔ ھو ماضٍ۔
الأمرُ مَمْضِيٌّ علیه، وفیه۔
— فلانٌ سبیلَهُ وبسبیله: مرنا۔
— السیفُ مَضَاءً: تیز ہونا۔ تیر کاٹنے والی ہونا۔ یقال: ھَوَ أمْضَى من السیف۔
— علی البیع: بیع کا نافذ کرنا۔

أمْضَى الحُکْمَ والأمْرَ: حکم جاری کرنا۔
حدیث میں ہے لیس لَکَ فی مالك إلاَّ ما تَصَدَّقتَ فَأمضیتَ۔
— البیعَ ونحوهُ: نافذ کرنا۔
مَضَّى الأمْرَ: بمعنی أمْضَاهُ۔
تَمَضَّى الرجلُ: آگے بڑھنا۔
— الأمْرُ: نافذ ہونا۔ جاری ہونا۔
المَاضِي: زمانہ گزشتہ۔
یقال: کان ذلك فی الزمان الماضی۔
(۲) تیز تلوار (ج) مَوَاضٍ۔
المُضَوَاءُ: پیش رفت۔
یقال مَضَى علی مُضَوَائه۔

م .... ط

مَطَحَهُ (ف) مَطْحًا: ہاتھ سے مارنا۔
اِمْتَطَحَ الوادی: وادی کا پانی سے لبریز ہونا۔
تَمَطَّحَ الوادی: بمعنی امتطح۔
مَطَخَ (ن) فلانٌ مَطْخًا: بہت کھانا۔
— الشیءَ: چاٹنا۔
یقال: مَطَخَ العسَلَ۔
— الرجلُ بیده: ہاتھ سے مارنا۔
— عِرْضَهُ: عزت کو بٹا لگانا۔
— بِالدَّلْوِ: ڈول کھینچنا۔
المَاطِخُ: سبک اور تیز رفتار گھوڑا۔
المَطَّاخُ: بیوقوف۔ (۲) متکبر۔ (۳) بدزبان وفحش گو۔
مَطَرَتِ (ن) السماءُ مَطْرًا، مَطَرًا: بارش نازل ہونا۔ ھی ماطِرَةٌ۔
یقال: مَطَرَتِ السماءُ القومَ: آسمان کا کسی قوم پر بارش برسانا۔
یقال: لاَ أدری مَن مَطَرَ به: نہ معلوم اسے کون لے گیا۔
مطرنی بخیر: اس سے مجھے بھلائی ملی۔
ما مُطِرَ منه خیرًا، ما مُطِرَ منه بخیر: اس سے اسے کوئی بھلائی نہیں ملی۔
— فلانٌ فی الارض مُطورًا: زمین پر کسی جگہ چلا جانا۔
— العبدُ: غلام کا بھاگ جانا۔
— الطیرُ: پرندوں کا تیزی سے نیچے آنا۔
— الفرسُ مَطْرًا، مُطُورًا: گھوڑے کا تیز دوڑنا یا گزرنا۔ ھو مَطَّارٌ۔
— القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
أمْطَرَتِ السماءُ: آسمان سے پانی برسنا۔
یقال: أمْطَرَتِ السحبُ أو السماءُ القومَ: کسی قبیلہ میں بارش ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا۔
یقال: أمْطَرَ اللهُ علیهم الحجارةَ (مجازا):
قرآن حکیم میں ہے: وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً۔
— لانٌ: کسی کا بارش میں ہونا۔
(۲) کسی کی پیشانی پر پسینہ آنا۔
— المکانَ: کسی جگہ پر پانی برسا ہوا پانا۔
تَمَاطَرَ السَّحابُ: بادل کا رک رک کر برسنا۔
— فلانٌ: پیشانی پر پسینہ آنا۔
تَمَطَّرَ الطیرُ: بمعنی مَطَرَ۔
— فلانٌ فی الأرض: کسی جگہ جانا۔
— به فرسُه: کسی کے گھوڑے کا رسہ لے کر تیز دوڑنا۔ (۲) کسی کا بارش اور اس کی ٹھنڈک کی زد میں آنا۔ (۳) بارش کے بعد اس کا لطف لینا۔
(۴) بارش کا طالب ہونا۔
یقال: خَرَجوا یَتَمَطَّرُونَ اللهَ۔
— الخیلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے سے آگے بڑھتے ہوئے آنا جانا۔
استَمْطَرَ المکانُ أو الزرعُ: جگہ یا کھیتی کو بارش کی ضرورت ہونا۔
— فلانٌ: بارش کا طالب ہونا۔
یقال: خَرَجُوا یَسْتَمْطِرُونَ اللهَ۔
(۲) بارش سے بچنے کیلئے کہیں چھپنا۔
(۳) خاموش ہونا۔

يقال: مالك مستمطرًا۔
— للسِّياط: کوڑوں کی مار سہنا۔
— الثوب: بارش میں برساتی یا کپڑا اوڑھنا۔
— فلانًا: کسی سے طالب بخشش ہونا۔
— فلانٌ الخيلَ: گھوڑوں کے سامنے آنا۔
المَاطِرُ يومٌ ماطِرٌ: بارش والا دن۔
المُسْتَمْطَرُ: کھلی ہوئی' صاف جگہ۔
يقال: نَزَلَ فلان بالمُسْتَمْطَر۔
المَطَارُ من الآبار: چوڑے منہ کا کنواں۔
المُطَارَةُ من الآبار: بمعنی المَطَارُ۔
المَطَرُ: بادلوں سے اترنے والا پانی۔ بارش (ج) أَمْطَارٌ۔
المَطِرُ: يَوْمٌ مَطِرٌ: بارش والا دن۔
المُطْرُ: عادت۔ (۲) مَکی' خوشہ' اسے عام زبان میں الکوز کہتے ہیں۔
المَطْرَانُ: نصاریٰ کا مذہبی پیشوا۔ جو اسقف سے بڑا اور بطریرك سے چھوٹا ہوتا ہے۔
المَطْرَةُ: ایک دفعہ کی بارش۔ (۲) عادت۔
يقال إنّ تلك من فلان مَطْرَةٌ۔
المَطِرَةُ: عادت۔
امرأةٌ مَطِرَةٌ: مسواک یا غسل وصفائی کی عادی عورت۔
المَطْرَةُ: مشکیزہ' چمڑے وغیرہ کے برتن میں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) حوض کا بیچ۔
المَطَرِيَّةُ: بارش کا بچاؤ کا کپڑا یا چھتری (ج)
المَطِيرُ: بارش والا۔
يومٌ مطيرٌ: بارش والا دن۔
(۲) بارش میں بھیگی ہوئی چیز۔
يقال: وادمطر۔
المِمْطَارُ: سَمَاءٌ مِمْطَارٌ: بہت برسنے والا بادل۔
المِمْطَرُ: بارش سے بچاؤ کا دبیز کپڑا۔ جس سے پانی ٹپکتا نہیں (ج)
المِمْطَرَةُ: بمعنی المِمْطَرُ۔
المَمْطُورُ: رَجُلٌ مَمْطُورٌ: بکثرت مسواک کرنے والا صاف دہن آدمی۔
مَطَّ (ن) الشيءَ مَطًّا: پھیلانا۔ کھینچنا۔
يقال: مَطَّ خَطَّهُ أو خطوةً۔ مَطَّ الحَرْفَ۔ مَطَّ بهم في السير، تكلّم فَمَطَّ صاحبه وَخَدَّهُ تكبُّرًا۔
مَطَّ أصابعَهُ: مخاطب کرتے وقت انگلیاں پھیلانا۔
تَمَطَّطَ الشيءُ: پھیلنا۔ لمبا ہونا۔
— في الكلام: بڑھ چڑھ کر بولنا۔ باتیں بنانا۔
المَطَاطُ: اونٹ کا ترش اور گاڑھا دودھ۔
المَطَّاطُ: ایک لچک دار کھینچنے والا مادہ جو سیفونیہ یا ھافاریہ درخت سے نچوڑ کر نکالا جاتا ہے۔ اور خاص طریقہ پر پکا کر اس سے گاڑیوں کے ٹائر بنائے جاتے ہیں۔ (مج)
شجر المَطَّاط: وہ درخت جس سے ربڑ بنائی جاتی ہے اور یہ ممالک شرقیہ بطور خاص مشرقی جزائر ہند میں پائے جاتے ہیں۔
المُطَيطاءُ: اتراہٹ۔ اکڑ۔ (۲) چلتے وقت ہاتھوں کو پھیلانا۔
حدیث میں ہے إذا مَشَتْ امتي المُطَيطاءَ۔
المُطَيطِيُّ: بمعنی المُطَيطاءُ۔
المَطِيطَةُ: حوض وغیرہ کے پیندے میں پڑا ہوا گدلا اور گاڑھا پانی جو لیس دار ہوتا ہے۔
(ج) مَطَائِطُ۔
مَطَعَ (ف) في الارض مَطْعًا، مُطُوعًا: کسی جگہ جا کر گم ہو جانا۔
— الشيءَ: دانتوں کے کنارے سے کوئی چیز کھانا۔
تَمَطَّقَ فلانٌ: ہونٹ سے ہونٹ اور زبان کو تالو سے ملا کر ایسی آواز نکالنا جس سے کھانے کی چیز کا خوش ذائقہ ہونا معلوم ہو۔
— القوسُ: کمان کا پھٹ جانا۔
— الطعامَ: چکھنا۔
المَطْقَةُ يقال: تَمْرٌ له مَطْقَةٌ: بڑے مزے کی کھجور۔
مَطَلَ (ن) الحبلَ ونحوه مَطْلاً: لمبا کرنا۔
— الحديدَ: لوہے کو کوٹ پیٹ کر لمبا کرنا۔
— فلانًا حقَّه وبحقّه: کسی کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا۔ هو مَطُول مَطَّال۔
مَاطَلَهُ بحقِّهِ مِطَالاً و مُمَاطَلَةً: بمعنی مَطَلَهُ
إِمْتَطَلَ النباتُ: نباتات کا گھنا اور گنجان ہونا۔
— فلانًا حقَّه: بمعنی مَطَلَه۔
المِطَالَةُ: آہن گری کا پیشہ۔
المَطَّالُ: لوہا پگھلا کر کوٹ پیٹ کر تلواریں وغیرہ بنانے والا۔
المِمْطَلُ: چور۔
مَطْمَطَ: بولنے یا لکھنے میں سستی کرنا۔
يقال: مَطْمَطَ في كلامه: بات کو لمبا کرنا۔
مَطَا (ن) مَطْوًا: تیزی سے چلنا۔
يقال: مَطَا بالقوم: لوگوں کو دور لے جانا۔
(۲) سفر میں دوست کے ساتھ رہنا۔
(۳) دونوں آنکھیں کھولنا۔
أَمْطَى الدَّابَّةَ: جانوروں کو سواری بنا کر سوار ہونا۔ أَمْطَى الدَّابَّةَ: بمعنی أَمْطَاهَا۔
تَمَطَّى النَّهَارُ وغيرهُ: دن کا لمبا ہونا
يقال تَمَطَّى بهم السفر: تمطّى بك العهدَ كذلك۔
— في مشيته: اتراتے ہوئے' ہاتھ پھیلاتے ہوئے چلنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
ثُمَّ ذَهَبَ إِلَىٰ أَهْلِهِ يَتَمَطَّىٰ۔
الأَمْطِيُّ: دراز قد موزوں آدمی۔ (۲) کھانے کا گوند۔
المَطَا: پیٹھ۔
(ج) أَمْطَاءٌ (۲): اتراہٹ۔ انگڑائی۔
المَطْوُ: کھجور کا خوشہ۔
(۲) وہ ٹہنی جسے چیر کر گھاس یا کٹی ہوئی فصل باندھی جاتی ہے۔ (ج) مِطَاءٌ، أَمْطَاءٌ۔
المِطْوُ: بمعنی المَطْوُ۔
(۲) نظیر' مثل۔ (۳) مکئی کی بالی۔ (ج) أَمْطَاءٌ۔

الْمُطْوَاءُ: لمبائی، درازیٔ قد۔
(۲) بخار کے وقت انگڑائی۔
المَطْوَةُ: يقال مَضَتْ مَطْوَةٌ من الليل: رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔
المَطِيَّةُ من الدَّوابِّ: جس پر سواری کی جائے۔ (مذکر اور مؤنث دونوں)
البعير مطية ، النّاقة مطية (ج) مَطَايَا، مَطِيٌّ۔

م..........ظ

مَظَّهُ (ن) مَظًّا: ملامت کرنا۔
اَمَظَّهُ: گالی دینا۔
مَاظَّهُ: جھگڑنا۔ گالم گلوچ کرنا۔
— الخَصْمَ: پیچھے پڑنا۔
تَمَاظُّوا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
المَظَاظَةُ: بدمزاجی، گالی گلوچ۔
مَظَعَ (ف) الوترَ وغيرَهٗ مظْعًا: تانت کو چکنا اور خشک کرنا۔
مَظَّعَ الوتر وغيرَه: بمعنی مَظَعَهٗ۔
— الخشبيةَ: لکڑی کو تازہ کاٹ کر اس کی چھال سمیت دھوپ میں رکھنا تا کہ پھٹنے سے محفوظ رہے۔
— الإهابَ: چمڑے کو تیل پلانا اتنا کہ اس میں رچ بس جائے۔
تَمَظَّعَ فی الرَّعی: چرانے میں دیر کرنا۔
— ما عندنا: سب چاٹ جانا۔
— الظِّلُّ: سایہ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پیچھا کرنا۔
المُظْعَةُ: بقیہ گھاس۔

م..........ع

مَعْ: لفظ برائے مفید مصاحبت واجتماع۔
یہ مختار مذہب کے مطابق اسم ہے۔ اس کے عین کو ساکن کرنا یہ بنو ربیعہ اور تمیم کی لغت ہے۔ اس کے دو استعمال ہیں۔
(ا) یہ کہ مضاف ہو تو دو حرفی ظرف ہوگا اور تین معانی میں سے کسی ایک پر دلالت کرے گا۔
ا۔ مقام اجتماع پر اور اس کے ذریعے ذوات کی خبر دی جائے گی۔ جیسے واللّٰهُ مَعَكُمْ (آیت قرآنی)
۲۔ زمان اجتماع پر۔ جیسے جئتك مع العصر۔
۳۔ عِنْدَ کا مترادف ہونے پر۔
جیسی جئت من مَعِهِم: ای من عندهم۔
(ب) یہ کہ مضاف نہ ہو اس صورت میں اسم مقصور منصوب منون ہوگا فتیً کی طرح۔ اور اس کا نصب ظرفیت کی بناء پر ہوگا۔
جیسے خرجنا معًا فی زمان واحد۔
کنا مَعًا فی مکان واحد۔
دونوں مذکورہ مثالوں میں کبھی اس کے معنی اس طرح ہونگے۔ جیسی خرجنا جمیعا و کنا جمیعًا۔
اس صورت میں اس کا نصب حال ہونے کی بنا پر ہوگا۔
فعلنا معاً: اور فعلنا جمیعًا: کے درمیان فرق یہ ہے کہ معًا فعل کی حالت میں اجتماع کا فائدہ دیگا اور جمیعًا کُلّنا کے معنی کا فائدہ دے گا۔ جس میں اجتماع وافتراق دونوں درست ہیں۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا: تیز رفتار ہونا۔ جلدی کرنا۔
یقال: مَعج السیلُ۔
— الفرسُ ونحوه فِی سَیْرِهٖ: زیادہ تیز دوڑنے سے گھوڑے کا دائیں بائیں ہونا۔
یقال: الریحُ تَمعج فی النبات: ہوا کا نباتات کو دائیں بائیں ہلانا۔
— بالقلم فی الدّواة: روشنائی لگانے کیلئے قلم کو دواۃ میں ہلانا۔
— الفصیلُ ضرعَ اُمِّهٖ: اونٹنی کے بچہ کے دودھ پینے کیلئے ماں کے تھن کو ہلانا۔
تَمَعَّجَ السَّیْلُ فی جِرْیته: سیلاب کا بل کھاتے ہوئے آنا۔
یقال تَمَعَّجتِ الحیّةُ فی انسیابها۔
المَعْجَةُ: جوانی کا جوش۔ عروج۔
المِمْعَج: فرسٌ مِمْعَجٌ: سبک اور تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ (ف) الشیءُ مَعْدًا: خراب ہونا۔
— فی الارض مَعْدًا، مُعُودًا: گھومنا، پھرنا۔
— فلانٌ مَعْدًا: معدہ پر مارنا۔
— الشیءَ: چھین کے بھاگنا۔
(۲) جلدی اور تیزی سے کھینچنا۔
یقال مَعَدَ الرّمحَ: نیزے کو اس کے لگنے کی جگہ سے کھینچ کر نکالنا۔
مَعَدَ الدَّلْوَ بها: کنوئیں سے ڈول کھینچنا۔
— لحمه: گوشت کو منہ کے اگلے حصے سے نکالنا۔
مُعِدَ فلانٌ: کسی کا معدہ خراب ہونا۔ کھانا ہضم نہ ہونا۔ هو مَمْعُودٌ۔
اِمْتَعَدَ الشیءَ: بمعنی مَعَدَهٗ۔
یقال: امتَعَدَ الرُّمحَ وامتعَدَ الدَّلْوَ۔
امتعد سیفه من غمده: تلوار سونتنا۔
المُتَمَعِّدَةُ من الرُّطَب: پختہ تازہ کھجور۔
المَعْدُ: تازہ پھل اور تازہ ترکاریاں۔
المَعِدَةُ: غذا کی نالی سے نکل جانے کے بعد آنتوں میں جانے سے پہلے پانی اور کھانے وغیرہ کا ٹھکانا۔ (ج) مِعِدٌ۔
المِعْدَةُ: بمعنی المَعِدَةُ (ج) مِعَدٌ۔
المَعَدُّ: پیٹ۔
(۲) انسان وغیرہ کا پہلو۔ هما المَعَدَّان۔
(۳) گھوڑے کے سوار کے پیر رکھنے کی جگہ۔
مَعَدٌّ: عرب کا ایک قبیلہ۔
تَمَعْدَدَ المهزولُ: دبلے پر گوشت چڑھنا۔
— الصبیُّ: بچہ کے جسم کی نرمی ونزاکت ختم ہو کر مضبوطی پیدا ہونا۔
— فلانٌ: قبیلہ معد کی طرف منسوب ہونا۔
— القومُ: کسی قبیلہ کا سختی میں قبیلہ معد کے مشابہ ہونا۔ اکھڑ اور موٹے رہن سہن کا ہونا۔
— المریضُ: بیمار کا اچھا ہو جانا۔
مَعِرَ (س) الشَّعرُ والرّیش ونحوهما مَعَرًا: بالوں اور پروں کا کم ہونا۔ هو اَمْعَر، مَعِرٌ۔ یقال: مَعِرَ الرأسُ۔ هو اَمْعَر۔
مَعِرَت الناصیة: پیشانی پر بالکل بال نہ ہونا۔

هی مَعِزَةٌ۔مَعْزَاءُ۔
— الظُّفُرُ: چوٹ وغیرہ سے ناخن اتر جانا۔ هو مَعِرٌ۔
— فلانٌ: کسی کا توشہ ختم ہو جانا۔
یقال: مَعِرَ من ماله: مفلس ہو جانا۔
اَمْعَرَ الشَّعْرُ أو الرِّيشُ: کم ہونا۔
یقال: اَمْعَرَ الحيوانُ: جانور کے مال یا اون جھڑنا۔
— الارضُ: قحط زدہ ہونا۔
یقال: اَمْعَرَ القومُ: لوگوں کا قحط میں مبتلا ہونا۔
اَمْعَرَ فلان: غریب و مفلس بنا دینا۔ کسی کا مال لوٹ لینا۔
— المواشي الأرضَ: مویشی کا سب چارہ کھانا، چراگاہ کو خالی کر دینا۔
مَعَّرَ فلانٌ: بمعنی اَمْعَرَ۔
— وَجْهَهُ: غصہ سے چہرہ لال پیلا کرنا۔
تَمَعَّرَ شعرُهُ: بال گرنا۔
یقال: تَمَعَّرَ رأسُه۔
— لونُه أو وجهُه: رنگ یا چیز کا بدل جانا۔
المَعِرُ: بے نفع اور کنجوس آدمی۔
مَعَزَ (ف) الرَّاعِي المَعْزَ مَعْزًا: بکریوں کو بھیڑوں سے الگ کرنا۔
مَعِزَ (س) فلانٌ مَعَزًا: بہت بھیڑوں والا ہونا۔
— المكانُ: جگہ کا سخت ہونا۔
هو اَمْعَزُ۔ هي مَعْزَاءُ۔
اَمْعَزَ القومُ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔
(۲) سخت جگہ پر ہونا۔
اِسْتَمْعَزَ فِي امره أو رأيه: اپنے معاملہ یا رائے میں سخت ہونا۔
الاَمْعَزُ: پتھریلی سخت زمین۔
الأُمْعُوزُ: بمعنی المَعْزِ۔
(۲) تیس سے چالیس ہرنوں کا غول یا پہاڑی بکروں کا ریوڑ۔

المَاعِزُ مَعْز کا واحد (مذکر مؤنث دونوں کیلئے) یا مؤنث کا ماعِزَةٌ۔ (ج) مواعز، معازٌ۔
(۲) اپنے کام میں پختہ اور مستعد۔
(۳) بھیڑ کی کھال۔
المَعْزُ: بالوں والی بکری۔ خلاف ضأن: یہ اسم جنس ہے۔
اس کا واحد "ماعز" ہے۔ (ج) اَمْعُز، مَعِيْزٌ۔
المِعْزَى: اور ممدودہ بھی ہوتا ہے۔
المَعْزُ: الواحدة معزاةٌ۔
المَعْزِيُّ وَ المعزيُّ: مال جمع کرنے اور خرچ نہ کرنے والا کنجوس آدمی۔
المَعَّازُ: بھیڑوں والا۔
مَعَسَ (ف) الشيءَ مَعْسًا: زور سے رگڑنا۔
یقال: مَعَسَ الادِيمَ: چمڑے کو صاف کرتے وقت رگڑنا۔
— في الحرب: جنگ میں حملہ آور ہونا۔ هو مَعَّاسٌ۔
— فلانًا: نیزہ مارنا۔ (۳) توہین کرنا۔
تَمَعَّسَ: لڑائی میں پیش رفت کرنا۔
مَعِصَ (س) فلانٌ مَعَصًا: پاؤں یا ہاتھ وغیرہ میں موچ آنا۔
(۲) زیادہ چلنے سے لنگڑانا۔
(۳) ایک پیر اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔
یقال: معصت قَدَمُهُ، هو اَمْعَصُ، هي مَعْصَاءُ (ج) مُعْصٌ۔
المَعْصُ: زیادہ چلنے سے پٹھوں کا درد۔
مَعِضَ (س) من الامر مَعْضًا: کسی بات پر ناراض ہونا۔ هو مَاعِضٌ۔
اَمْعَضَهُ الأمرُ: کسی بات کا کسی کو ناراض کرنا۔
— فلانٌ الشيءَ: جلانا۔
مَعَّضَهُ الأمرُ: بمعنی اَمْعَضَهُ۔
اِمْتَعَضَ من الامر: بمعنی مَعِضَ۔
مَعَطَ (ف) فِي القوس مَعْطًا: کمان کو دونوں ہاتھوں سے کھینچنا۔
— المرأةُ بولدها: بچہ کو پھینک دینا۔

— الشيءَ: بڑھانا۔ پھیلانا۔
— فلانًا بحقِّه: کسی کے حق کو ٹالنا۔
— السَّيفَ: تلوار سونتنا۔
— الشَّعْرَ والصُّوفَ: بال یا اون چونٹنا۔
مَعِطَ (س) مَعَطًا: بالوں سے صاف بدن والا ہونا۔
— اللِّصُّ: چور کا خالی ہاتھ ہونا۔
هو اَمْعَطُ، هي مَعْطَاءُ۔ (ج) مُعْطٌ۔
اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری وغیرہ سے بالوں کا گرنا۔
— النهارُ: دن چڑھنا۔
— رُمحهُ أو سيفَه: نیزہ یا تلوار کو کھینچ کر نکالنا۔
— معَطَ الشَّعْرُ: بمعنی امتعَطَ۔
— الحبلُ وغيره: رسی کا صاف اور لمبا ہونا۔
تَمَعَّطَ الشَّعْرُ بمعنی امتعَطَ
— الحبلُ وغيره: صاف اور لمبا ہونا۔
— الفرسُ في عدْوِه: گھوڑے کا دوڑتے وقت اپنی اگلی ٹانگوں کو انتہائی حد تک پھیلانا اور پچھلی ٹانگوں کو زیادہ سے زیادہ سکیڑنا۔
— فلانٌ: ناراض وغضبناک ہونا۔
— الاَمْعَطُ: وہ ریت جہاں سبزہ نہ ہو۔
المُمَعَّطُ: حد سے زیادہ لمبا۔
مَعَّ (ن) الشحمُ ونحوه مَعًّا: چربی پگھلنا۔
مَعِقَ (ف) فلانٌ مُعْقًا: بدخلق ہونا۔
— الشرابَ: کوئی چیز تیزی سے پینا۔
— السَّيْلُ الأرضَ: سیلاب کا زمین کی سطح کو چھیلنا۔
مَعُقَ (ك) النهرُ مَعْقًا: عُمُقَ: سے مقلوب گہرا ہونا۔
هو مَعِيقٌ، هي مَعِيقَةٌ: (لغة بنو تميم) کبھی کبھی کہا جاتا ہے۔ معيق۔
جبکہ مشہور عميق ہے (جو کہ حجاز کی لغت ہے)
مُعِقَ: کسی کا معدہ خراب ہونا۔ هو مَمعوقٌ۔
اَمْعَقَ البئرَ: گہرا ہونا۔
تَمَعَّقَتِ البئرُ: گہرا ہونا۔
— علينا: کسی کے ساتھ بداخلاقی سے پیش

آنا۔

المَعْقُ: بے سبزہ زمین۔

مَعَكَ (ف) الأديمَ ونحوه في التراب مَعْكًا: زور سے رگڑنا۔

— فلانًا بالحرب والقتال والخصومة: کسی کو لڑائی جھگڑے میں پھنسا کر یا زیر کر کے ذلیل کرنا۔

— فلانًا دَيْنَهُ وبِدَيْنِهِ: کسی کے قرض کو ٹالنا یا ادائیگی نہ کرنا۔ هو مَعِكٌ۔

مَعُكَ (ك) مَعَاكَةً: بیوقوف ہونا۔ هو مَعِكٌ۔

مَاعَكَهُ بدينه: کسی کا قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کرنا۔

مَعَّكَ الدَّابَّةَ: چوپائے کو کسی میں لوٹ لگوانا۔

تَمَعَّكَ: کسی میں لوٹ پوٹ ہونا۔

المَعِكُ: بہت جھگڑالو۔

المَعْكُوكَاءُ: يقال: وقعوا في مَعْكُوكَاءَ: وہ گردوغبار اور ہنگامہ فساد میں پڑ گئے۔

المِمْعَكُ: قرض ٹالنے والا۔

مَعَلَ (ف) الرَّجلُ مَعْلًا: تیز چلنا۔

— فلانًا عن حاجته: کسی کو گھبرا کر اس کے کام سے بعجلت ہٹا دینا۔

— امرَه: کسی کام کو اپنے ساتھیوں سے پہلے پورا کرنے کی عجلت کی بناء پر خراب کر دینا۔

— الشيءَ: اُچکنا، چھیننا۔

— الخشبةَ: لکڑی کو چیرنا۔

الحمارَ وغيرَه: گدھے وغیرہ کو خصی کرنا۔

أَمْعَلَهُ عن حاجته: کسی کو تشویش زدہ کر کے اس کے کام میں جلدی کرانا۔

اِمْتَعَلَ فلانٌ: چھینتے چھینتے تیزی کے ساتھ پے در پے نیزہ چلانا۔

المَعْلُ: يقال مالك منه مَعْلٌ: تمہارے لئے اس کے سوا چارہ نہیں ہے۔

المَعِلُ: جلد باز۔

غلامٌ مَعِلٌ: پھرتیلا لڑکا۔

مَعْمَعَ فلانٌ: غیر مستقل مزاج ہونا۔ ہر ایک کو یقین دلانا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔

(۲) بار بار لفظ مَعْ استعمال کرنا۔ لفظ "مع" بکثرت استعمال کرنے والے سے کہا جاتا ہے۔ الی کَمْ تُمَعْمِعُ؟

(۲) جلدی میں کام کرنا۔

— القومُ: سخت لڑائی کرنا۔

(۳) سخت گرمی میں چلنا۔

— السماءُ المطرَ على الارض: بہت زور سے زمین پر پانی برسنا جو زمین کی سطح چھیل ڈالے۔

المَعَامِعُ: فتنہ اور جنگیں۔ (۲) زبردست گروہی یا تعصبی اختلافات۔

المَعْمَعُ: امرأةٌ مَعْمَعٌ: بخیل عورت جو کسی کو اپنا مال نہ دے۔ (۲) ذہین وطباع عورت یا ذہین وطباع مرد۔

يقال: هو ذومَعْمَعٍ: کام کا دھنی اور مستقل مزاج۔

المَعْمَعَانُ: گرمی کی شدت۔

يقال: يَوْمٌ مَعْمَانٌ يومٌ مَعْمَعانِيٌّ۔

يقال: جاء في مَعْمَانِ الصَّيف: شدید گرمی کے موسم میں آیا۔

المَعْمَعَةُ: بانس وغیرہ کے جلنے کی چرچراہٹ یا آگ لگنے کی آواز۔

يقال: سمعتُ مَعْمَعَةَ الحريق: میں نے آگ لگنے کی آواز سنی۔ (۲) جنگ میں جانبازوں کا شور۔ (۳) گرمی کی شدت۔

المَعْمَعِيُّ: چڑھتے سورج کا پجاری۔ غالب کے ساتھ ہونے والا۔

(۲) ہر ایک کو اپنے ساتھ ہونے کا یقین دلانے والا غیر مستقل مزاج آدمی۔

مَعَنَ (ف) بالحقّ مَعْنًا: حق کو تسلیم کرنا۔

— الفرسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا۔

— الماءُ: پانی کا بہنا۔ سبک رفتار ہونا۔ هو معينٌ۔ (ج) مُعُنٌ۔

قرآن حکیم میں ہے: **فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ**۔

— الوادي: وادی کا پانی سے بھر جانا۔

— المَطرُ الارضَ: مسلسل بارش کا زمین کو سیراب کرنا۔ هي مَمْعونةٌ۔

مَعِنَ (س) الموضعُ أو النبتُ مَعَنًا: سیراب ہونا۔

أَمْعَنَ فلانٌ: دور ہو جانا۔ (۲) مال دار ہونا۔

— الأرضُ: زمین کا سیراب ہونا۔

— في بلدِ العدوّ وفي الطلب: دشمن کے ملک یا کسی شے کی جستجو میں بڑھتے چلے جانا۔

يقال: أَمْعَنَ فِي الأمرِ أَمْعَنَ فِي النَّظرِ: غور و فکر کرنا۔ گہرائی کے ساتھ سوچنا۔

(۲) ماننا، تسلیم کرنا۔

— الماءُ: بمعنی مَعَنَ۔

يقال: أَمْعَنَ الماءَ: پانی جاری کرنا۔ بہانا۔

تَمَعَّنَ: چھوٹا بننا، فرماں برداری کے باعث عاجزی ظاہر کرنا۔

المَاعُونُ: گھریلو سامان اور ضرورت کی چیزیں جیسے ہنڈیا، چمچہ، پیالہ، کلہاڑی وغیرہ جو عام طور پر عاریتاً لی جاتی ہیں۔

قرآن حکیم میں ہے: **الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ**۔

(۲) اطاعت و فرماں بردار۔ (۳) پانی (۴) نیکی، بھلائی۔ (۵) زکوٰۃ۔

المَعْنُ: ہر نفع کی چیز۔ کم ہو یا زیادہ۔

رجل مَعْنِيٌّ: وہ شخص جس کی ہر چیز سے نفع اٹھایا جا سکے۔

(۲) کھلا یا بہتا ہوا میٹھا پانی۔ (۳) بھلائی، نیکی (۴) کھال۔ (۵) سرخ چمڑا۔ جو سنگاردان پر چڑھایا جاتا ہے۔ (۶) ذلت۔

المَعْنَةُ: تھوڑی اور معمولی چیز۔

يقال: (مفلس آدمی سے): **ماله سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ:** نہ تھوڑا نہ زیادہ مال۔

في هذا الأمر مَعْنَةٌ: اس کام میں اصطلاح کی

ضرورت ہے۔
مَعَا(ن)السِّنَّوْرُ مُعَاءً: بلی کا بولنا۔
اَمْعَتِ النخلۃُ: درخت خرما کا پختہ کھجوروں والا ہونا۔
— البُسرُ: کچی کھجوروں کا پک جانا۔
تَمَعَّی السِّقَاءُ: مشکیزہ کا کشادہ ہوجانا۔
— الشرُّ فیما بینھم: فتنہ پھیل جانا۔
المَعْوُ: پختہ تازہ کھجور، یا وہ کھجور جس کا اکثر حصہ پک گیا ہو۔
(۲) اونٹ کے نیچے کے ہونٹ کی پھٹن۔
المَاعِی: نرم کھانا۔
المِعٰی: آنت: (مذکر اور کبھی مؤنث) (ج) اَمْعَاء۔
یقال: ھم فی مثل المِعٰی والکَرِش: وہ خوش حال اور فارغ البال ہیں۔
(۲) دو سخت زمینوں کے درمیان نرم و نشیبی زمین یا پانی کی نالی۔ (ج) اَمْعَاء۔
المِعَاءُ: بمعنی المِعٰی۔ (ج) اَمْعِیَۃٌ۔

م..........غ

مَغَثَ (ف) الرجلَ مَغْثًا: کسی کو ہلکی چوٹ لگانا۔
— الحمّی فلانًا: کسی کو بخار آنا۔ ھو مَمْغُوْثٌ۔
— فلانًا فی الماء: کسی کو ڈبو دینا۔
— عِرضَ فلان: بے آبروئی کرنا۔
(۲) خوب ملنا، رگڑنا۔
— المطرُ الکلاءَ: بارش کا گھاس کو رنگ و ذائقہ میں بدل کر خراب کر دینا۔
ھو ممغوث مغیث۔
مَاغَثَہٗ مِغَاثًا و مُمَاغَثَۃً: کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔
یقال: بینھما مِغَاثٌ: ان دونوں میں دشمنی ہے۔
المُغَاثُ: (دیکھئے: غوث)
المَغْثُ: زور آور پہلوان (۲) شر، فتنہ و فساد۔
المَغِثُ: رجلٌ مَغِثٌ: شریر یا طاقتور پہلوان۔
المَغِیْثُ: بمعنی المَغِثُ۔
مَغَدَ (ف) الرجلُ فی ناعم العیش مَغْدًا: عیش کرنا۔ آسودہ ہونا۔
— فلانٌ: بھرپور جوان ہونا۔
یقال: مَغَدَ الجسمُ: بدن کا بھرا ہوا اور موٹا ہونا۔
— النباتُ وغیرُہ: لمبا ہونا۔
— الرجل ناعمَ العیش: خوشحالی کا کسی کو مگن کرنا۔
— الرجلُ شَعْرَہٗ: اپنے بال چونٹنا۔
— الشیءَ: چوسنا۔
— الفصیلُ اُمَّہٗ: اونٹنی کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اَمْغَدَ فلانٌ: خوب پینا، یا دیر تک پینا۔
— المرأۃُ الصبیَّ: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
یقال اَمْغَدتِ الناقۃُ الفصیلَ۔
المَغْدُ: آسودہ۔ یقال: عیشٌ مَغْدٌ۔
(۲) بڑا ڈول۔ (۳) کیکر یا بیری کے درخت کا گوند۔ (۴) بینگن۔
مَغَرَ (ف) فی البلاد مَغْرًا: تیزی سے گھومنا۔ جلدی کرنا۔
یقال: مغر بہ فرسُہ: گھوڑے کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔
اَمْغَرَتِ الشاۃُ او الناقۃُ: اونٹنی یا بکری کے دودھ میں بیماری کا خون مل جانا۔
— فلانًا بالسھم: کسی کو چھید کر تیر نکالنا۔ تیر آر پار کر دینا۔
مَغَّرَ الثوبَ: کپڑے کو سرخ مٹی سے رنگنا۔
الاَمْغَرُ: سرخ جلد اور بالوں والا۔
(۲) سرخ و سفید چہرے والا۔
المَغَرُ: بھورا رنگ۔
المَغْرَۃُ: سرخ مٹی جس سے رنگائی کی جاتی ہے۔ (۲) ہلکی بارش۔
مَغْرَۃُ الصَّیف: شدید گرمی۔
المَغَرَۃُ: سرخ مٹی جس سے رنگائی کی جاتی ہے۔
المُغْرَۃُ: بمعنی المَغَرُ۔
(۲) آئرن آکسائیڈ پاؤڈر جو زرد یا براؤن رنگ کا ہوتا ہے اور پینٹ کے کام میں استعمال ہوتا ہے۔ (ج)
المَغِیْرُ: لبنٌ مَغِیْرٌ: خون ملا یا سرخی مائل دودھ۔
المِمْغَارُ: نَخْلَۃٌ مِمْغَارٌ: سرخ کھجوروں والا درخت (۲) وہ اونٹنی جس کے دودھ کے ساتھ ہمیشہ خون نکلتا ہو۔
المَمْغَرَۃُ: وہ زمین جہاں سے سرخ مٹی نکلتی ہو۔
مَغَسَہٗ (ف) بالرمح مَغْسًا: کسی کو نیزہ مارنا۔
— الطبیبُ فلانًا: نبض دیکھنا۔
— فلانًا بطنُہ: کسی کے پیٹ میں مروڑ ہونا۔
یقال: بطنٌ مَمْغُوسٌ۔
— اِمَّغَسَ رأسُہ بنصفین بیاض و سواد: کسی کے سر کا آدھا سیاہ اور آدھا سفید ہونا۔
المَغْسُ: مروڑ۔ (لغۃ فی المَغْص)
مَغِصَ (س) مَغَصًا: مروڑ ہونا۔ ھو مَغِصٌ۔
— بطنُہٗ: پیٹ میں مروڑ ہونا۔
قَدْ مُغِصَ۔ ھو مَمْغُوصٌ۔
تَمَغَّصَ بطنُہ: پیٹ میں مروڑ ہونا۔
— الشیءُ فلانًا ومنہ: کسی چیز کا کسی کو تکلیف دینا۔
المَغْصُ والمَعَصُ: دانتوں کا درد اور ان کا پیچ و تاب۔ مروڑ۔ (ج) اَمْغَاصٌ۔
مَغَطَ (ف) الشیءَ مَغْطًا: لمبا کرنے کیلئے کھینچنا۔
یقال: مَغَطَ الرجلُ القوسَ اِذَا مدَّھا بالوَتَر۔
قیل: یہ نرم چیز کو کھینچ کر لمبا کرنے کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے آنتیں۔
اِمْتَغَطَ الشیءُ: کھینچ کر لمبا ہونا۔
یقال: امتغط النھارُ۔

— السیف: سونتنا۔
امّغط الشئُ: بمعنی امتغط۔
تمغّط الشئُ: بمعنی إمّغط۔
— فلانٌ: غصہ ہونا۔
— الفرسُ: آخری رفتار سے دوڑنا۔ انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ دوڑنا یا پاؤں دراز کر کے تیز دوڑانا۔
المُمَّغِط: حد سے زیادہ لمبا۔
مَغْطَسَ الحَجرَ ونحوَہ: پتھر وغیرہ میں مقناطیسی قوت پیدا کرنا۔ ھو مُمَغْطِسٌ الحجر ونحوہ مُمَغْطَسٌ (مج) (دیکھئے المغناطیس)
مَغَلَ(ف) بالرّجل مَغْلاً مَغَالَۃً: کسی کی چغلی کھانا۔
— فلانٌ مَغَالَۃً: چوکا دینا۔ بددیانتی کرنا۔
— الدابۃُ مَغْلاً: چوپائے کے پیٹ میں مٹی ملا گھاس کھانے سے درد ہونا۔
مَغِلَتِ(س) الحاملُ بولدھا مَغَلاً: حاملہ عورت کا حالت حمل کا دودھ پلانا۔
— عینُہ: آنکھ خراب ہونا۔
— الدَّابَّۃُ: بمعنی مَغَلَتْ۔
اَمْغَلَتِ المرأۃ: ہر سال بچہ جننا اور دودھ چھڑانے سے پہلے حاملہ ہونا۔
— النَّعجۃُ: بکری کا سال میں دو مرتبہ بچے جننا۔
— الحامِلُ ولدَھا: حالت حمل میں بچے کو دودھ پلانا۔
— القومُ: ایسے اونٹوں اور بکریوں والا ہونا جن کے پیٹ میں مٹی گھاس کھانے سے درد ہو گیا ہو۔
— بہ عند السُّلطان: حاکم وقت سے کسی کی شکایت کرنا۔ چغلی کھانا۔
المَغْل: وہ دودھ جو حاملہ عورت اپنے بچے کو حالت حمل میں پلائے۔
المَغَلُ: بمعنی المَغْلُ۔ (۲) آنکھ کی کیچ۔ آنکھ کا میل (ج) اَمْغَال۔
المغلۃُ: پیٹ کی خرابی۔

(۲) سال میں دو مرتبہ بچے دینے والی بکری یا دُنبی۔ (ج) مِغَالٌ۔
المُمْغِلُ: بہت نباتات والی زمین۔
مَغْمَغَ الأمْرُ: گڑبڑ اور گڈمڈ ہو جانا۔
— لکلبُ فی الاناء: کتے کا برتن میں منہ مارنا۔
— اللَّحمَ: گوشت کو تھوڑا چبانا۔
— العملَ: کام کو ناپختہ اور کمزور کرنا۔
— الکلامَ: غیر واضح بات کرنا۔
— الثریدَ: ثرید کو مرغن بنانا۔
تَمَغْمَغَ الحیوانُ: جانور کو تھوڑی گھاس ملنا۔ (۲) جانور پر موٹاپا آنا۔
المَغْنَاطِیْسُ وَ المُغْنَطِیْسُ: ایک پتھر جس کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ سوئی وغیرہ چھوٹی چھوٹی چیزوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ (مع)
اَلْمَغْنَاطِیْسِیَّۃُ: مقناطیس میں قوت جاذبیت (مج) (دیکھئے مَغْطَسَ)
مَغَا(ن) السِّنَّوْرُ مَغْوًا، مُغُوًّا، مَغَاءً: بلی کا چیخنا۔ آواز نکالنا۔
مَغِي (ض) فیہ مَغْیًا: کسی کے بارے میں سنجیدگی یا مذاق میں بے بنیاد بات کہنا۔
— الولدُ: بچہ کا قابل فہم بات کہنا۔
— الأدیمُ: چمڑے کا ڈھیلا ہونا۔
تَمَغَّی الأدیمُ: بمعنی مَغِیَ۔

م..........ق

مَقَتَ(ن) فلانًا مَقْتًا: کسی سے سخت بغض و عناد رکھنا۔
یقال: ما اَمْقَتَہٗ عندی: وہ میرے نزدیک بڑا ہی قابل نفرت ہے۔
ما اَمْقَتَنِی لہ: کسی کو بتلانا کہ آپ اس کے نزدیک قابل نفرت ہیں۔
قرآن حکیم میں ہے:
لَمَقْتُ اللّٰہِ اَکْبَرُ مِنْ مَّقْتِکُمْ اَنْفُسَکُمْ
مقُتَ(ك) الی الناس مَقَاتَۃً: لوگوں میں مبغوض و قابل نفرت ہونا۔
مَاقَتَ فلانًا: بغض و عناد میں کسی کا ساتھ دینا۔

مَقَّتَہٗ: مبالغہ در مَقَتَہ۔
یقال مَقَّتَہ إلَیَّ: کسی کو قابل نفرت بنانا۔
تَمَاقَتُوا: باہم نفرت کرنا۔
تَمَقَّتَ إلَیَّ: کسی کے نزدیک مبغوض و قابل نفرت ہونا۔
المَقْتُ: (زواج المقت) آدمی کا اپنے باپ کی بیوی سے شادی کرنا ایسا جاہلیت میں تھا اسلام نے اسے ممنوع قرار دیا۔
المَقْتِیُّ: باپ کی بیوی سے شادی کرنے والا یا اس کا بچہ جو باپ کی بیوہ سے پیدا ہوا ہو۔
المَقْدُونِسُ: فصیلہ خیمیہ کی سبزی اس کے پتوں کی خوشبو کیلئے اگائی جاتی ہے۔ مشہور سبزیوں میں سے ہے۔ (د)
مَقَر (ن) عُنُقَہٗ مَقْرًا: ڈنڈے سے مار کر ہڈی توڑ دینا جبکہ کھال صحیح سالم رہے۔
السمکۃ المالحۃ: نمک لگی مچھلی کو سرکہ میں تر کرنا۔
مَقِرَ (س) الشئُ مَقَرًا: تلخ یا ترش ہونا۔ ھو مَقِرٌ۔
اَمْقَرَ الشئُ: کڑوا ہونا۔
یقال: اَمْقَرَ اللبنُ: دودھ کا بے مزہ اور کھٹا ہونا۔
اَمْقَرَ لفلان شرابًا: کسی کیلئے مشروب کو کڑوا کرنا۔
— السمکۃَ المَالِحَۃَ: نمک لگی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
المَقِرُ: فصیلہ زنبقیہ کے پودوں کی ایک قسم جو گرم علاقوں میں پائی جاتی ہے اس کی کچھ اقسام بطور آرائش باغیچوں میں اُگائی جاتی ہے اور کچھ اقسام کے پتوں سے ایک کڑوا مادہ نکالا جاتا ہے جسے اطباء اسہال کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اسے الظبر اور الصبار بھی کہتے ہیں۔ (مج)۔
الیَمْقُوْرُ: کڑوا۔
مَقَسَ(ن) فی الارض مَقْسًا: کسی جگہ جانا۔ ھو مَقَّاسٌ۔

— الماءُ: پانی کا بہنا۔

— الشیءَ فی الماءِ: پانی میں ڈبونا۔

— الشیءَ: توڑنا یا پھاڑنا۔

— القِرْبَۃَ: بھرنا۔

مَقِسَتْ (س) نفسُهٗ مَقَسًا: جی متلانا۔ کسی چیز سے نفرت ہونا۔ ھی مَاقِسَۃٌ۔

مَاقَسَهٗ: کسی کے ساتھ پانی میں غوطہ لگانا یا غوطہ خوری میں مقابلہ کرنا۔

یقال: ھو یُمَاقِسُ حُوْتًا: وہ اپنے سے زیادہ طاقتور کا مقابلہ کرتا ہے۔

مَقَّسَ الماءَ: پانی بہت ڈالنا۔

تَمَاقَسَ الرجلان فی البحر: غوطہ خوری میں باہم مقابلہ کرنا۔

تَمَقَّسَتْ نفسُه: بمعنی مَقِسَتْ۔

مَقَطَ (ن) البعیرُ مُقُوْطًا: بہت دبلا اور کمزور ہونا۔

— الکرۃَ مَقْطًا: گیند کو زمین پر مار کر اٹھا لینا۔

— الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

— القِرْنَ وبه: جوڑی دار کو پچھاڑنا۔

— عُنُقَهٗ: گردن توڑنا۔

— فلانًا: کسی کو غصہ دلانا۔

— الفرسَ: گھوڑے کو لگام باندھنا۔

— فلانًا بالایمان: کسی کو قسمیں دلانا۔

— فلانًا الشیءَ: کسی کو گھونٹ پلانا۔

مَقَّطَ: مبالغہ در مَقَطَ۔

اِمْتَقَطَ الشیءَ: باہر نکالنا۔

تَمَقَّطَ فلانٌ: غضبناک ہونا۔

المَاقِطُ: کرایہ پر لیا ہوا ایک کے بعد دوسرا مکان (۲) کنکریوں سے شگون لینے والا۔

المِقَاطُ: رسّی (۲) گھوڑے کا لگام (۳) ڈول کی رسّی (ج) مُقُطٌ۔

المُقَاطُ: کرایہ پر لیا ہوا ایک کے بعد دوسرا مکان۔

المُقُطُ: پرندوں کے شکار کی ڈوری (ج) اَمْقَاطٌ۔

المَقْطُ: سختی۔

المَقْطُ: چھ یا سات ماہ میں پیدا ہونے والا بچہ۔

مَقَعَ (ف) مَقْعًا: حریص ہو کر پینا۔

یقال: مَقَعَ الفَصِیْلُ اُمَّهٗ: بیتابی سے ماں کا دودھ پینا۔

— فلانًا بالشّرِّ: کسی کو آفت میں مبتلا [illegible] تہمت لگانا۔

اِمْتَقَعَ الفَصِیْلُ ما فی ضرع امّه: ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

اُمْتُقِعَ لَوْنُهٗ: (مجہول کے صیغے کے ساتھ) رنج، خوف یا بیماری کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔

المَیْقَعُ: اونٹ کے بچہ کو لگنے والی ایک بیماری جس سے وہ گر کر اٹھنے کے قابل نہیں رہتا۔

مَقَّ الشیءَ مقًّا: کھولنا۔

یقال: مَقَّ الطَّلْعَۃَ: کھجور یا شگوفہ کو گابھ لگانے کے لئے چیرنا۔

— اللّٰہُ عینَه: اللہ عزوجل کا کسی کی آنکھ نکالنا۔

مَقَّ (س) الرجلُ اَو الفرسُ مَقَقًا: پتلا اور نامناسب طور پر بہت لمبا ہونا۔ ھو اَمَقُّ ھی مَقَّاءُ۔

— ما بین الشیئین: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

بلدٌ اَمَقُّ: دور دراز یا زیادہ وسیع ملک یا شہر۔

ارضٌ مَقَّاءُ: وسیع و عریض زمین۔

مَقَّقَ علیه عیالَه: غربت یا بخل کی بناء پر اہل وعیال کے خرچ میں تنگی کرنا۔

— الطائرُ فَرْخَهٗ: پرندے کا اپنے چوزے کو دانہ کھلانا۔

اِمتَقَّ الفَصِیْلُ ما فی الضَّرْعِ: بچہ کا تھن کا سارا دودھ پی جانا۔

تَمَقَّقَ الشیءُ: لمبا ہونا۔ (۲) دور ہونا۔

— الفصیلُ ما فی الضَّرْعِ: بمعنی امتقّه۔

یقال تمقق ما فی العظم: ہڈی کا گودا نکالنا۔

— الشرابَ: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔

یقال: اَصَابَ فلانًا جرحٌ فما تَمَقَّقَهٗ: فلاں کو زخم ہوا لیکن اس سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

الأَمَقُّ: وجهٌ اَمَقُّ: ٹڈی کی طرح لمبا منہ۔

حِصْنٌ اَمَقُّ: کشادہ قلعہ۔

المَقَّاءُ: مَقّ سے صیغہ صفت برائے مؤنث۔

فَخِذٌ مَقَّاءُ: گوشت سے خالی ران۔

المَقَقَۃُ: ان پڑھ لوگ۔ (۲) نبیذ وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینے والے لوگ۔

(۳) بکری کے شیر خوار بچے۔

مَقَلَهٗ (ن) مَقْلًا: دیکھنا۔

— الشیءَ فی الماءِ وغیرہ: پانی میں کسی چیز کو ڈبونا۔

یقال: مَقَلَ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔

المَقْلَۃُ: برتن میں پتھر رکھ کر پانی ڈالا جاتا ہے۔ جتنے پانی میں وہ ڈوب جائے وہ ایک مقدار متعین ہو گئی۔

— فلانٌ الفصیلَ: ہاتھ میں دودھ لے کر اونٹ کے بچہ کو تھوڑا تھوڑا پلانا یا اس کے حلق میں تھوڑا تھوڑا ڈالنا۔ جب وہ خود نہ پی سکتا ہو۔

مَاقَلَهٗ: غوطہ زنی میں مقابلہ کرنا۔

اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔

تَمَاقَلَا: باہم مل کر غوطہ لگانا۔

المَقْلُ: کنویں کی تہ۔

یقال: انغمس فی الماء حتی جاء بالمَقْلِ: اس نے پانی میں غوطہ لگایا اور تہ تک پہنچ کر مٹی اور کنکریاں نکال لایا۔

(۲) دریا میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

(۳) بچہ کے دودھ پینے کی ایک قسم۔

المُقْلُ: جنگلی کھجور کا پھل۔ (۲) ایک قسم کا گوند جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

المَقْلَۃُ: کنویں کی تہ۔ (۲) پانی کی تقسیم کے لئے برتن کی تہ میں ڈالا جانے والا پتھر یا کنکری عرب پانی کی قلت کے باعث سفر میں پانی کی تقسیم اس طرح کرتے تھے کہ برتن میں کنکری ڈال کر یہ پانی چھوڑتے تھے جب پانی اس کنکر کے اوپر آ جاتا تو وہ مقدار ایک آدمی کا حصہ قرار پاتی تھی۔

المُقْلَةُ: پوری آنکھ (ج) مُقَلٌ۔

مَقْمَقَ الشيءُ: نرم وچکنا ہونا۔

— الحُوَارُ خِلْفَ اُمِّہٖ: اونٹ کے چھوٹے بچہ کا ماں کے تھن کو خوب چوسنا۔

— الشيءَ: قابو میں کرنا۔

المُقَامِقُ: حلق سے آواز نکال کر بولنا۔

مَقِهَ (س) مَقَهًا: بھووں کے کم ہونے کی بناء پر سرخ پلکوں والا ہونا۔

(۲) سفیدی مائل نیل گوں آنکھوں والا ہونا۔

هو اَمْقَهُ، هي مَقْهَاءُ۔ (ج) مُقْهٌ۔

الأَمْقَهُ من الناس: حیراں سرگشتہ جسے اپنی راہ نہ معلوم ہو۔ (۲) بنجر جگہ۔

مَقَا (ن) السيفَ مَقْوًا: تلوار کو صاف چمکانا۔

يقال: مَقَا المرآةَ والطَّستَ وَمَقَا اَسْنَانَهُ۔

— الفصيلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچہ کا ماں کا دودھ زور لگا کر پینا۔

م.........ک

مَكَثَ (ن) بالمكانِ مُكْثًا، مَكْثًا، مُكُوْثًا: ٹھہرنا، انتظار کرنا۔ هو مَاكِثٌ۔

قرآن حکیم میں ہے۔ (فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ۔)

اَمْكَثَهُ: کسی کو ٹھہرانا۔

مَكَّثَهُ: بمعنی اَمْكَثَهُ۔

تَمَكَّثَ: کسی کام کو سوچ کر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔

يقال: تَمَكَّثَ بالمكان: تمكّث في الأمر: ٹھہر کر کرنا، جلدی نہ کرنا۔

المَكِيْثُ: سنجیدہ۔ بردبار۔ (ج) مُكَثَاءُ۔

المَكِيثَى والمَكِّيْثَاءُ: سنجیدگی بردباری۔

مَكَدَ (ن) الماءُ ونحوهُ مُكُوْدًا: کسی جگہ پانی کا ہمیشہ رہنا، هو مَاكِدٌ۔ يقال: حَبٌّ مَاكِدٌ۔

— فلانٌ بالمكان: قیام کرنا۔

— الناقةُ والشاةُ: اونٹنی یا بکری کے دودھ کا ہمیشہ رہنا اور زیادہ ہونا۔

يقال: شاةٌ ماكِدَةٌ ومَكُوْدٌ: بہت دودھ دینے والی بکری۔

بئرٌ ماكِدَةٌ ومَكُوْدٌ: بہت پانی والا کنواں۔

مَكَرَهٗ (ن) وبه مَكْرًا: دھوکہ دینا۔ هو ماكِرٌ، مَكَّارٌ، مَكُورٌ۔

— اللهُ العاصي، وبه: اللہ کا گنہگار کو گناہ کا بدلہ دینا۔ یا دنیا میں ڈھیل دینا۔

قرآن حکیم میں ہے: وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ۔

— الثوبَ: سرخ مٹی سے رنگنا۔ هو مَمْكُوْرٌ۔

— الارضَ: زمین کو سیراب کرنا۔

يقال: مررت بزرعٍ مَمْكُورٍ۔

مَكِرَ (س) مَكَرًا: سرخ ہونا۔

مَاكَرَهٗ: دھوکہ دینا۔ دھوکے کی چال چلنا۔

مَكَّرَ: گھروں میں غلہ جمع کرنا۔

اِمْتَكَرَ الشيءُ: سرخ مٹی میں رنگا جانا۔

— الزارعُ الحَبَّ: غلہ اسٹاک کرنا۔

تَمَاكَرُوْا: ایک دوسرے کے خلاف چال چلنا۔

المَكْرُ: دھوکہ، ایسی خفیہ چال جس سے دوسرے کو اپنے کام سے روک دیا جائے۔ (۲) سرخ مٹی گیرو (۳) شیر کی پھنکار۔

المَكْرَةُ: جنگی چال۔ تدبیر۔ (۲) خوبصورت گول موٹی پنڈلی۔ (۳) پکی ہوئی خراب کھجور۔ (ج) مَكْرٌ، مُكُوْرٌ۔

المَمْكُوْرَةُ: خوبصورت گول موٹی پنڈلی والی عورت۔

مَكَسَ (ض) الشيءُ مَكْسًا: کم ہونا۔

— في البيعِ: قیمت کم کرنا۔

— الضَّرِيْبَةَ: ٹیکس مقرر کر کے وصول کرنا۔

مَاكَسَهٗ في البيعِ مُمَاكَسَةً: کسی سے چیز کی قیمت کم کرانا۔ (۲) کسی سے جھگڑنا۔

المَاكِسُ: ٹیکس وصول کنندہ۔ محصول وصول کرنے والا۔ (ج) مَكَّاسٌ۔

تَمَاكَسَ البَيِّعَانِ: خرید وفروخت میں بائع اور مشتری کا جھگڑنا۔

المَكْسُ: ٹیکس جو شہر میں داخلہ کے وقت تاجروں سے لیا جاتا ہے۔ (ج) مُكُوْسٌ۔

مَكَّ (ن) العَظْمَ مَكًّا: ہڈی کا سارا گودا چوس لینا۔

— غريمَه: قرض دار پر تقاضا کرنا۔

— الشيءَ: کم کرنا یا ضائع کر دینا۔

مَكَّكَ على غريمه: بمعنی مَكَّهٗ۔

امتكَّ العظمَ: بمعنی مَكَّهٗ۔

— الفصيلُ ما في ضرعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچہ کا تھن کو خوب چوسنا۔ پورا دودھ پی لینا۔

تَمَكَّكَ بمعنی امتكَّ: خوب چوس لینا۔

— غريمَه: بمعنی مَكَّهٗ۔

يقال: تمكّك على غريمه۔

المُكَاكُ: چوسا ہوا گودا یا چوسا ہوا دودھ۔

المَكَاكَةُ: بمعنی المُكَاكُ۔

المَكُّوْكُ: پینے کی صراحی جس کا منہ تنگ اور نیچے کشادہ ہوتی ہے۔

(۲) قدیم پیمانہ جس کی مقدار میں مختلف لوگوں کی اصطلاح کے اعتبار سے اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ڈیڑھ صاع کی مقدار۔

(۳) پارچہ جات کی نلی جس میں دھاگے کی نلی ہوتی ہے اور وہ بنتے وقت دائیں سے بائیں نکالی جاتی ہے اور وہ تانے میں بانا ڈالتی ہے۔ یا سلائی مشین کا شٹل جس پر دھاگا لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ (مج)

فصیح عربی میں اسے الوشيعة کہتے ہیں۔ (ج) مكاكيك۔

مَكْمَكَ الرجلُ: لڑھکتے ہوئے چلنا۔

— العَظْمَ: ہڈی کا سارا گودا چوس لینا۔

تَمَكْمَكَ العَظْمَ: بمعنی مَكْمَكَهٗ۔

مَكِنَتِ (س) الجرادةُ ونحوها مَكْنًا: ٹڈی کا انڈے دینا یا اپنے پیٹ میں انڈے جمع رکھنا۔

هي مَكُوْنٌ۔ (ج) مِكَانٌ۔

مَكُنَ (ك) فلانٌ عند الناس مَكَانَةً: کسی کا لوگوں میں باحیثیت ہونا۔ هو مَكِيْنٌ۔ (ج) مُكَنَاءُ۔

قرآن حکیم میں ہے: (قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا

مَكِيْنٌ أَمِيْنٌ.)
أَمْكَنَهُ: کسی چیز پر کسی کو قادر بنانا۔ اسے کرنے کا موقع دینا۔
الأمرُ فلاناً: کوئی کام کسی کیلئے آسان بنانا۔
يقال: فلان لا يُمكنه النُّهوض: اس کیلئے اٹھنا ممکن نہیں۔
مَكَّنَ له في الشيَ: کسی چیز پر قادر بنانا۔
قرآن حکیم میں ہے:
إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ۔
— الثَّوْبَ: کپڑے کو سلائی مشین سے سینا۔ (مج)
— فلاناً من الشيَ: کسی چیز پر قادر بنانا۔
تَمَكَّنَ عند الناس: بلند رتبہ ہونا۔
— المكانَ وبه: کسی جگہ مستقل قیام کرنا۔
— من الشيءِ: کسی چیز پر قادر ہونا۔ قابو پانا یا حاصل کرلینا۔
استَمْكَنَ: من الشيَ: بمعنی تَمَكَّنَ۔
المُتَمَكِّنُ: (علم النحو میں) وہ اسم جو تینوں حرکتوں یعنی رفع، نصب اور جر کو قبول کرے یعنی مبنی نہ ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں:
متمكِّن أَمْكَنَ: یعنی منصرف اور متمكِّن غير امكن: یعنی غیر منصرف۔
غير المتمكن: وہ ہے جو مبنی ہونے میں حرف کے مشابہ ہو۔ جیسی كيف اين۔
المَكَانُ: (دیکھئے: كون)
المَكَانَةُ: مرتبہ، بلند مرتبہ، درجہ (۲) سنجیدگی وقار۔
يقال: مَرَّ على مكانته: وہ وقار کے ساتھ گزرا۔
امشِ على مكانتك: تم باوقار چلو۔ (ج) مكانات۔
قرآن حکیم میں ہے:
قُلْ يَاقَوْمِ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ۔
ایک قراءت میں مَكَانَاتِكُمْ ہے۔
المَكَّانُ: مشین مین۔ (۲) مشین فروش (مج)

المَكْنُ: گوہ یا ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔
واحدته مَكْنَةٌ۔
المَكِنُ: بمعنی المَكْنُ۔ اس کا واحد مَكِنَةٌ ہے: (ج) مَكِنَات۔
حدیث میں ہے:
أَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلَى مَكِنَاتِهَا۔
پرندوں کو ان کے انڈوں پر بیٹھا رہنے دو اور انہیں جھڑک کر نہ اڑاؤ۔
المَكَنِيُّ: مشین ٹھیک کرنے والا۔
(۲) بے سوچے اور بے توقف مشین کی طرح کام کرنے والا۔
(۳) نظم وضبط کے ساتھ کام انجام دینے والا۔ (مج)
المُكْنَةُ: طاقت واقتدار واختیار۔ قوت وزور۔
المَكِنَةُ: حیثیت۔ پوزیشن۔
تقول العرب: إِنَّ ابنَ فلانٍ لَذُو مَكِنَةٍ من الناس: لوگوں میں باحیثیت ہے۔
لفلان مَكِنَةٌ: فلاں میں قدرت وصلاحیت ہے۔
(۲) لوہے وغیرہ کی مشین جو ہاتھ سے چلائی جاتی ہے۔ یا ہاتھ سے یا اسٹیم یا بجلی سے۔ جو مختلف اجزاء سے مرکب ہوتی ہے۔ ہر جزء کا خاص کام ہوتا ہے۔ اور تمام اجزاء ایک دوسرے کے معاون ہوتے ہیں۔ مخصوص عمل کی ادائیگی میں۔
اس کا مضاف الیہ بدلنے سے اس کی نوعیت بدلتی رہتی ہے۔
جیسی مكنة خياطة: سلائی مشین۔
مكنة طحن: آٹا پیسنے کی چکی۔
مكنة طباعة: پریس مشین۔
(ج) مَكِنَات، مِكَان (مج)
مَكَا (ن) مُكَاءً، مَكْوًا: منہ سے سیٹی بجانا۔ یا دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی جالی بنا کر منہ سے ملا کر سیٹی بجانا۔ يقال: مكا الطائرُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً

وَّتَصْدِيَةً۔
مَكِيَتْ (س) يَدُهُ مَكًّا: کام کاج سے ہاتھ میں آبلے پڑنا۔
تَمَكَّى الغلامُ: نماز کیلئے طہارت حاصل کرنا۔
— الفرسُ: پسینہ سے شرابور ہونا۔
(۲) گھوڑے کا اپنے گھٹنے سے آنکھ میں کھجانا۔
المَكَا: لومڑی اور خرگوش وغیرہ کا بل (ج) أَمْكَاء۔
المُكَّاءُ: اپنے ہاتھوں کو ملا کر پرکشش سیٹی بجانے والا چھوٹا سا پرندہ (ج) مَكَاكِيّ۔

م..........ل

مَلَأَ (ف) في القوس مَلْئًا: کمان کی تانت زور سے کھینچنا۔
— الشيَ: پانی بھرنا، پر کرنا۔
يقال: مَلَأَهُ على الأمر: کسی کو کسی کام میں مدد دینا۔
ملأتُ منه عيني: کسی کو کسی کا پسند کرنا۔
هو يملأ العينَ حُسْنًا: وہ دیکھنے والی آنکھ کو بھاتا ہے۔
ملأ فُروجَ فرسِه: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔
مَلِئَ (س) مَلْئًا: بھر جانا۔ پر ہو جانا۔
مَلُؤَ (ك) فلان مَلاءً، ملاءَةً: بہت مال والا ہونا۔
— بكذا: کسی چیز سے غنی ہونا۔ اٹھانے کے قابل ہونا۔ هو مليءٌ (ج) مُلَاءُ۔
مُلِئَ فلان: کسی کو زکام ہونا۔
أَمْلَأَهُ: کسی کو زکام میں مبتلا کرنا۔
— فلانٌ في قوسه: کمان کو بہت زور سے کھینچنا۔
يقال: أَمْلَأَ النزعَ في قوسه: زور سے کھینچنا۔
مَالَأَهُ على الأمر مُمَالَأَةً و مِلاءً: مدد کرنا۔ تعاون کرنا۔
مَلَّأَ الإناءَ: مبالغہ در مَلَأَهُ۔
— في قوسه: بمعنی أَمْلَأَ۔

م

اِمْتَلَأَ الشيْءُ: بھرنا۔ پر ہونا۔
یقال: امتلأ فلانٌ غیظًا۔
تَمَالأَ القومُ علی کذا: کسی کام میں لوگوں کا باہم تعاون کرنا۔
تَمَلَّأَ الشيْءُ: بمعنی امتلأ۔
یقال تَمَلَّأ من الطّعام والشراب، تَمَلَّأ شِبَعًا، تَمَلَّأ غیظًا۔
— المرأۃُ: عورت کا دوہری چادر اوڑھنا۔
اِسْتَمْلَأَہٗ فی دَینہ: کسی کو قرض کے بارے میں دیانت دار اور قابل اعتماد لوگوں میں شامل کرنا۔
اَلْاَمْلَاءُ: یقال: فلان املأُ: یعنی من فلان: میری نظر میں فلاں فلاں سے زیادہ خوب رو ہے۔
ھٰذا الأمرُ اَمْلأُ بِكَ: یہ کام تمہارے قابو کا ہے۔
اَلْمَالِئُ یقال: رجلٌ مالیٌٔ: باوقار آدمی۔ نگاہوں میں جچنے والا۔
اَلْمَلأُ: جماعت۔ (۲) سرداران قوم، سربرآوردہ لوگ۔ (ج) اَمْلَاءٌ۔
یقال: ما کان ھذا الأمر عن ملاٍ مِنَّا: یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں ہوا۔
(۲) عادت۔ مزاج۔
یقال: مَا أحسن مَلأَ فلان: وہ بڑا ہی خوش مزاج ہے۔
اَلْمِلْئُ: کسی چیز کو بھر دینے والی مقدار۔
قرآن حکیم میں ہے: مِلْءُ الْاَرْضِ ذَھَبًا۔
یقال اعطِه مِلأَہٗ ومِلَایه۔
ثَلاثۃ اَمْلَائِه۔
یقال: ھذا حَجَرٌ مِلْءُ الکف: مٹھی بھر۔
(۲) بسیار خوری۔ شکم پری۔
اَلْمُلَاءُ: معدہ پُر ہونے کی بنا پر ہونے والا زکام۔
اَلْمُلَاءَۃُ: عورتوں کے اوڑھنے کی چادر۔
(۲) بیڈ شیٹ (مج) (ج) مُلَاءٌ۔
اَلْمَلْآنُ: بھرا ہوا۔ (۲) زکام میں مبتلا۔

ھی مَلْأَی و مَلْآنَۃٌ۔
یقال: مَلَانٌ و مَلَانَۃٌ: (تخفیف کے ساتھ) (ج) مِلَاءٌ۔
اَلْمَلْأَۃُ: بمعنی المُلَاءُ۔
(۲) معدہ کے پر ہونے کی وجہ سے زکام سے سر کی گرانی۔
اَلْمِلْأَۃُ: شکم پری۔ (۲) بھرنے یا بھرا ہونے کی نوعیت۔
یقال: ھذا الاناءُ اَشَدُّ مَلأَۃً من ذلك۔
اَلْمُمْلِئُ: پر شکم بکری وغیرہ جو بظاہر حاملہ معلوم ہو۔
مَلَثَ (ن) الفرسُ مَلْثًا: گھوڑے کا دوڑ نہ سکنا۔
— الشيءَ: ملانا۔
— فلانًا: کسی سے جھوٹا وعدہ کرنا۔
یقال: مَلَثَہ بکلام: اس کا باتوں سے پیٹ بھر دیا۔ وعدہ پورا کرنے کا ارادہ نہیں۔
(۲) ہلکے سے مارنا۔
مالَثَہ مِلَاثًا، مُمَالَثَۃً: کسی کو خوش کرنے کیلئے باتیں بنانا۔ خوشامد کرنا۔
(۲) کسی کے ساتھ کھیل کود تفریح کرنا۔
اَلْمَلْثُ: بوقت مغرب رات کی ابتدائی سیاہی جو زیادہ سخت نہ ہو۔
اَلْمُلْثَۃُ: بمعنی المَلْث۔
مَلَجَ (ن) الصبيُّ أُمَّہ مَلْجًا: بچہ کا ماں کے پستانوں کو ہونٹوں سے دبا کر دودھ پینا۔
مَلِجَ (س) الصبيُّ مَلْجًا: بچہ کا املوج نامی درخت کی گٹھلی کو منہ میں ڈال کر چبانا۔
— النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دودھ ختم ہو جانا اور نمکین پن باقی رہ جانا۔
اَمْلَجَتِ الأُمُّ ولدَھا: بچہ کو دودھ پلانا۔
اِمْتَلَجَ الفصیلُ ما فی الضَّرْع: اونٹنی سے بچہ کا تھن کا سب دودھ پی لینا۔
اِمْلَاَجَّ الصبيُّ: بچہ کا شکم مادر سے نمودار ہونا۔
الاَمْلَجُ: بھورا۔
(۲) ایک زرد رنگ کی بوٹی۔ اس کے ایسے رنگ کی وجہ سے اسے یہ نام دیا گیا۔
(۳) چٹیل زمین جہاں کوئی نباتات وغیرہ نہ ہو۔ (ج) مُلْجٌ۔
اَلْاُمْلُوْجُ: سرو کی مانند ایک جنگلی درخت۔ مقل کی گٹھلی (ج) اَمَالِیْجُ۔
اَلْمَالَجُ: معمار کی کرنی جس سے چنائی کی جاتی ہے۔ (فارسی معرب)
اسے المسطرین کہتے ہیں (دیکھئے سطر)
اَلْمُلُجُ: بمعنی الأُملوج (ج) اَمْلَاج۔
اَلْمَلِیْجُ: باوقار آدمی۔
(۲) شیرخوار بچہ (ج) مُلُجٌ۔
مَلَحَ (ف) الطائرُ مَلْحًا: پرندے کی پھڑ پھڑاہٹ کا زیادہ ہونا۔
— فلانۃُ لفلان: کسی عورت کا کسی کے بچہ کو دودھ پلانا۔
— القِدْرَ: ہنڈیا میں اندازے سے نمک ڈالنا۔
یقال: مَلَحَ الطعامَ واللَّحمَ والجلدَ۔
— الماشیۃَ: مویشی کو نمک ملا کر کچا گھی کھلانا۔
— الشاۃَ: بکری پر گرم پانی ڈال کر اون اتارنا۔
مَلِحَ (س) الشيءُ مَلَحًا: انتہائی تیز نیلے رنگ کا ہونا۔ جو مائل بہ سفیدی ہو۔
— الحیوانُ: جانور کے پاؤں میں کوئی بیماری یا عیب ہونا۔
— الکَبْشُ: مینڈھے کی سفیدی کے ساتھ سیاہی کی آمیزش ہونا۔
ھو اَمْلَحُ، ھی ملحاءُ۔
مَلُحَ (ك) الماءُ مُلُوحَۃً، ومَلَاحَۃً: نمکین ہونا۔
ھو ملیحٌ، مَالِحٌ۔
— الشيءُ مَلَاحَۃً: خوش نما، جاذب نظر ہونا۔
ھو مَلِیْحٌ (ج) مِلَاحٌ۔ ھو ایضا مُلَاحٌ، مُلَّاحٌ۔
اَمْلَحَ الماءُ: نمکین ہونا۔
— فلانٌ: نمکین پانی پر آنا۔
یقال: اَمْلَحت الابلُ۔

— الراعي الابلَ: اونٹوں کو کھاری پانی پلانا۔
— المکَلَّمَ: چٹکلے بیان کرنا۔
— البعیرُ: اونٹ کا چربی دار ہونا۔
یقال: اَمْلِحْنِی بنفسك: تم مجھے زینت بخشو اور میری تعریف کرو۔
— **الشیئُ:** کسی چیز کا اتنا نیلا ہونا کہ وہ سفیدی مائل ہو جائے۔
— **القِدْرَ:** ہنڈیا وغیرہ میں خاص انداز سے نمک ڈالنا۔ یا زیادہ نمک ڈال کر بدمزہ کر دینا۔
(۲) قدرے چربی یا چکنائی ڈالنا۔
مَالَحَهٗ مِلاَحًا، مُمَالَحَةً: کسی کے ساتھ کھانا۔
یقال: هو یحفظ حرمةَ المِلحِ والممالحة
ومن قولهم بینهما حُرْمَةُ الملح والممالَحة: ان دونوں کے درمیان رشتہ مراضعت ہے۔
مَلَّحَتِ الابلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا۔
— **الشاعِرُ:** دل چسپ شعر کہنا۔
— **القِدْرَ:** مبالغہ در مَلَحَ۔
یقال: مَلَّحَ الطعامَ۔
— **الدابةَ:** جانور کے جبڑے پر نمک ملنا۔
امتلَحَ: سچ میں جھوٹ ملانا۔
تَمَلَّحَ فلان: راستہ کیلئے نمک ساتھ رکھنا۔
(۲) نمک کی تجارت کرنا۔ (۳) خوش طبع بننا۔
یقال: فلان یَتَطَرَّف ویَتَمَلَّحُ۔
اَمْلَحَ الشیئُ: بمعنی مَلِحَ۔
— **الکبشُ:** بمعنی مَلِحَ۔
املاَحَّ النخلُ: درخت کا سرخ وسفید زرد کھجوروں والا ہونا۔
استَمْلَحَ الشیئَ: عمدہ اور پُرکشش پانا یا سمجھنا۔
الاَمْلَحُ: رات کی شبنم جو سبزیوں پر پڑتی ہے۔
المِلاَحُ: شمالی ہوا کے بعد چلنے والی جنوبی ہوا۔
(۲) کشتی چلانے والی ہوا۔ (۳) نیزہ کا پھل یا نیزہ۔ (۴) بارش کے وقت کی ٹھنڈک۔
المِلاَحَةُ: ملاح گیری۔
المُلاَّحِیُّ: لمبا سفید انگور۔ (۲) چھوٹا اور میٹھا انجیر۔
— **من الاراك:** سفید وسرخ رنگ کا درخت۔ پیلو۔
المِلحُ: ایک مادہ جس کی وجہ سے سمندری پانی کا خاص ذائقہ ہوتا ہے۔ اسے نمکیاتی زمین کے طبقات اور سمندری ملاحات جو کہ آبی بخارات کے بعد بنتی ہیں سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ خاص مقدار اور کیفیت میں اسے کھانے کی عمدگی اور حفاظت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
(۲) (علم کیمیاء میں) وہ مرکب جو کسی تیزابی مادے میں ہائیڈروجن کے بجائے کسی دھات کے حل کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ (ج)
اور یہ لفظ مؤنث ہے کبھی مذکر آتا ہے۔ (ج) اَمْلاَح۔
یقال: ماءٌ مِلْحٌ: کھارا پانی (خلاف العذب)
بئرٌ مِلْحَةٌ: کھاری پانی کا کنواں۔
یقال: فلانٌ مِلْحُهٗ علی رکبیه: فلاں بے وفا ہے یا ذراسی بات پر غصہ کرنے والا بدخلق ہے۔
سَمَكٌ مِلْحٌ: نمک لگا کر سکھائی ہوئی مچھلی۔
(۲) حسن وخوبی (من الملاحة) (۳) تعلق و پاس داری۔
یقال: بینهما مِلْحٌ او مِلْحة۔
المُلَحُ: دل چسپ خبریں اور واقعات۔
المَلْحَاءُ: مونڈھے اور سرین کے درمیان کمر کے بیچ، اونٹ کے کوہان کے نیچے کا حصہ۔
(۲) پتوں سے خالی ہری ٹہنیوں والا درخت (ج) مَلْحَاوات۔
المَلْحَةُ: سمندر کا بڑا حصہ۔
المُلْحَةُ: تیز نیلگونی۔
(۲) برکت (۳) دلچسپ وعمدہ بات، چٹکلا۔ (ج) مُلَحٌ۔
یقال: حَدَّثتُه بالمُلَحِ۔
یقال: أصبنا مُلْحَةً من الربیع: ہمیں موسم ربیع کا کچھ حصہ ملا۔
المُلْحَةُ: لطیفہ: چٹکلا۔
المَلاَّحُ: نمک فروش یا نمک کا مالک۔
(۲) ملاح، کشتی بان۔ کشتی چلانے والا یا اس میں کام کرنے والا۔
المَلاَّحَةُ: نمک بنانے یا فروخت کرنے کی جگہ۔
المُلاَّحِیُّ: سفید ولمبے انگور کی ایک قسم۔ ابوقیس بن الاَصلت کا قول ہے۔
وقد لاحَ فی الصُّبح الثُّریا کما تری
کعنقود مُلاَّحیّةٍ حین نوّرا۔
المَمْلَحَةُ: نمک دان۔
مَلَخَ (ف) فلانٌ مَلْخًا: بہت تیز چلنا۔
یقال: مَلَخَ فی الارض: کسی جگہ جانا۔
— **فی الباطل:** لغویات میں پڑنا۔ غلط کام کرتے چلے جانا۔
— **الفرسُ:** گھوڑے کا کھیل کرنا۔ اچھلنا کودنا۔
— **الطعامُ:** کھانے کا خراب ہو جانا۔
— **فلانٌ:** کسی کا دوہرا ہونا۔ اعضاء شکنی میں مبتلا ہونا۔
— **الشیئَ:** کسی چیز کو پکڑ کر یا دانتوں سے دبا کر کھینچنا۔
مَلُخَ (ك) الشیئُ مَلاَخَةً: بے مزہ ہونا۔
مَالَخَهٗ مِلاَخًا، ومُمَالَخَةً: کسی کے ساتھ کھیل کود کرنا۔ کسی کی خوشامد کرنا۔
اِمْتَلَخَ الشیئَ: پکڑ کر یا دبا کر کھینچنا۔ دانتوں سے پکڑ کر کھینچنا۔
یقال: امتلَخَ اللجامَ من رأس الدابة۔
امتلخ اللحمة عن عظمها۔
امتلَخَ عینَه: آنکھ باہر نکالنا۔
مرَّ برمحه مرکوزًا فامتلَخَهٗ امتلخ القلاَّعُ فرسَه۔
اُمتُلِخَ طفل فلان: عقل جاتی رہنا۔
تَمَلَّخَ الشیئُ: خراب وکمزور ہو جانا۔
یقال: رجلٌ مُتَمَلِّخُ الصُّلبِ: کمزور پیٹھ والا۔
— **العُقَابُ عینَه:** عقاب کا آنکھ نکال لینا۔

المَلاَّخ: بہت خوشامدی۔(۲) جھگوڑا۔
المُلُوخِيَّة: فصیلہ زیزفونیہ کا ایک یک سالہ کاشت آور پودا جس کے پتے پکائے جاتے ہیں۔
المَلِيخ: کمزور آدمی۔(۲) خراب کھانا وغیرہ۔(۳) بےمزہ اور بےذائقہ چیز۔(ج) ملُخٌ۔
مَلَدَ(ن) الشئَ مَلْدًا: بڑھانا۔ پھیلانا۔
مَلِدَ(س) الغُصْنُ مَلَدًا: شاخ کا نرم ہونا اور جھومنا　ھو اَمْلَدُ۔
مَلَّدَ الادِيمَ: نرم کرنا۔
الأَمْلَدُ: نرم ونازک آدمی یا ٹہنی۔
رجلٌ اَمْلَدُ: بےریش آدمی۔
الأُمْلُودُ: بمعنی الأَمْلَدُ. (ج) اَمَالِيدُ۔
امرأةٌ اُملود، اُملودةٌ۔
المَلَدُ: نرم ونازک آدمی یا شاخ۔(۲) بھوت۔
المَلْدَاءُ: الأملد کا مؤنث۔(ج) مُلْدٌ۔
اِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ: نازک اور موزوں قدوقامت والی عورت۔
المَلَدَانُ: ٹہنی کی لچک، نرمی (۲) جوانی۔
مَلَذَ(ن) الفرسُ مَلْذًا: گھوڑے کا دونوں ...ز ملا کر تیز دوڑنا۔
— فلان: جھوٹ بولنا۔
— فلانًا بالرمح: کسی کو نیزہ مارنا۔
— فلانًا مَلْذًا، ملاذةً: کسی کو صرف باتوں سے خوش اور مطمئن کرنا۔
مَلِذَ(س) فلانٌ مَلَذًا: نفاق برتنا ظاہری طور پر تعلق جتانا۔ھو اَمْلَذُ، مَلاَّذٌ، مِلْوَذٌ۔
اِمْتَلَذْتُ منه كذا: کسی سے بطور عطیہ کوئی چیز لینا۔
مَلَزَ(ن) عنه مَلْزًا: کسی کے پاس سے ہٹ جانا۔
— بالشئ: کوئی چیز لے جانا۔
اَمْلَزَهُ: لے جانا۔
مَلَّزَ الشئَ: کوئی چیز چھڑانا۔
امتلزَ الشئَ بمعنی اَمْلَزَهُ۔
(۲) چھیننا، اچکنا۔

مَلَسَ(ن) فلان مَلْسًا: تیز جانا یا آہستہ رفتار سے جانا۔
— بالابل ونحوها: اونٹوں وغیرہ کو زور سے ہانکنا۔(۲) پوشیدہ طور پر ہنکانا۔
— فلانًا بلسانه: کسی کی ہاں میں ہاں ملانا۔ خوشامد کرنا۔
مَلِسَ(س) مَلَسًا: نرم وچکنا ہونا۔ جس پر پکڑنے کی کوئی چیز نہ ہو۔
اَمْلَسُ، ھی مَلْسَاءُ (ج) مُلْسٌ۔
مَلُسَ(ك) مَلاَسَةً، مُلوسةً اَمْلَسَ، ھو مَلِيْسٌ۔
اَمْلَسَتِ الشاةُ: بکری کی اون کا جھڑ جانا۔
مَلَّسَ الشئَ: چکنا کرنا۔ پھسلواں بنانا۔
يقال: ملّسَ الأرضَ بالمَلاَّسة: زمین کو پٹرے سے برابر اور ہموار کرنا
— الشئُ: چھڑانا۔
اِنْمَلَسَ وَ امَّلَسَ الشئَ: سکڑنا۔
— من الأمر: کسی معاملے سے بچ نکلنا۔
يقال: انملس فلانٌ من يدى۔
— الشئُ: سکڑنا۔
تَمَلَّسَ الشئُ: بمعنی مَلِسَ۔
— من الشراب: شراب کے نشہ سے چھٹکارا پانا۔
— من الأمر: چھٹکارا پانا۔ بچ نکلنا۔
يقال: تَمَلَّسَ من بين القوم: تملس من يدى۔
املاسَّ الشئُ: بمعنی مَلِسَ۔
— من الأمر: بمعنی تَمَلَّسَ۔
الأُمْلُسُ: يقال: جِلْدُ فلان اَمْلَسُ: فلاں بےعیب اور بےداغ ہے۔
الامْلِيسُ: بےآب وگیاہ بیابان۔
الرُّمَّانُ الامْلِيسُ وَ الامْلِيسِيُّ: عمدہ اور شیریں انار جس کے دانوں میں بیج نہ ہو۔
(ج) اَمَالِيسُ۔
الإمْلِيسَةُ: بمعنی　الامليس　(ج)

اَمَالِيسُ۔
المَلَسُ: گھاس سے خالی ہموار زمین (ج) مُلُوسٌ۔اَمْلاَسٌ۔
يقال: اتيتهُ مَلَسَ الظَّلاَمِ: میں اس کے پاس اول شب میں آیا۔یعنی مغرب سے کچھ پہلے یا کچھ بعد۔جب رات آرہی ہو اور اندھیرے روشنی کا اختلاط ہو رہا ہو۔
(۲) مصر کے دیہات کی عورتوں کا سیاہ ریشمیں ڈھیلا کرتا۔(مع)
المَلَسى: رجلٌ مَلَسى: ناقابل اعتماد آدمی۔
يقال: أبيعكَ المَلَسى: میں تم کو فلاں چیز کوئی ذمہ داری لئے بغیر فروخت کرتا ہوں۔
ناقةٌ ملَسى: انتہائی تیز رفتار اونٹنی۔
اَرضٌ مَلَسى: بنجر زمین۔
المَلْسَاءُ: مؤنث الاَمْلَسُ (ج) مُلْسٌ۔
خمرةٌ مَلْسَاءُ: آسانی سے حلق میں اترنے والی شراب۔
سَنَةٌ مَلْسَاءُ: خشک سال۔
اَرضٌ مَلْسَاءُ: قحط زدہ زمین۔
قوسٌ مَلْسَاءُ: کمان جس میں پھٹن نہ ہو۔
(ج) اَمَالِسُ، اَمَالِيسُ: (غیر قیاسی طور پر)
المَلاَّسَةُ: زمین کو ہموار اور برابر کرنے کی لکڑی۔
مصر کے کسانوں کی زبان میں اسے الزَّحَّافة کہتے ہیں۔
المِمْلَسَةُ: بمعنی المَلاَّسَةُ (ج) مَمَالِسُ۔
المُلَيْسَاءُ: مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت۔(۲) سفری کھانے کے ختم ہوجانے کا مہینہ۔
قيل: هو صَفَرٌ۔
مَلَشَ(ن) الشئَ مَلْشًا: ہاتھ سے ٹٹول کر تلاش کرنا۔
مَلَصَ(ن) بسهمه مَلْصًا: تیر پھینکنا۔
مَلِصَ(س) الشئُ من يدى مَلَصًا: ہاتھ سے پھسل کر چھوٹ کر گر جانا۔

يقال: مَلِصَتِ السمكةُ ونحوها۔
— الرجلُ: آدمی کا بھاگنا۔
هو مَلِصٌ وَهي مَلِصَةٌ۔
اَمْلَصَتِ المرأةُ: حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جانا۔ هي مُمْلِصٌ۔ (ج) مَمَالِيْصُ۔
— الرجلُ: غریب ومفلس ہوجانا۔
— الشيئَ: پھسلواں کرنا۔ پھسلانا۔
اِنْمَلَصَ الشيئُ من يدي اَو امَّلَصَ: ہاتھ سے پھسل کر چھوٹ جانا۔
يقال: انملصت السمكةُ من يدي
تَمَلَّصَ من كذا: بمعنی انْمَلَصَ۔
يقال: تَمَلَّصَ الرِّشَاءُ من يدي۔
تَمَلَّصْتُ من فلان: چھٹکارا پانا۔
الأَمْلَصُ: رجلٌ اَمْلَصُ الرأس: بے بال سروالا۔ (۲) نرم پختہ کھجور۔
الإمْلِيْصُ: سير اِمْلِيْصٌ: تیز رفتار۔
اَلْمَلَصُ: چکناہٹ۔ پھسلاہٹ۔
اَلمَلْصُ: برہنہ۔
اَلمَلِيْصُ: حاملہ عورت کا ساقط شدہ بچہ۔
اَلمِلاَصُ: اسقاط حمل کی عادی عورت۔ جسے بار بار اسقاط ہوتا ہو۔
مَلَطَ (ن) الغُلامُ مُلُوْطًا: خبیث ہونا جو ہر چیز کو ہتھیا لے۔ (۲) مخلوط النسل ہونا۔
— البَنَّاءُ الحائطَ مَلْطًا: معمار کا دیوار پر پلاسٹر کرنا۔
— شعرَه: بال کاٹنا۔
— الأمُّ ولدَها: ناتمام بچہ جننا۔
مَلِطَ (س) فلانٌ مَلَطًا مُلْطَةً: بے بال کے بدن والا ہونا۔ هو اَمْلَطُ۔
يقال: سهمٌ املطُ: بے پر کا تیر۔
اَمْلَطَتِ المرأةُ: عورت کا ناتمام بچہ جننا۔ حمل ساقط ہونا۔
— الشاعرُ: ساتھی سے شعر کا پہلا مصرعہ سن کر دوسرا مصرعہ کہنا۔
— الناقةُ جنينَها: اونٹنی کا بے بال بچہ گرانا۔
هي مُمْلِطٌ۔ مُمْلِطَةٌ (ج) ممالیط۔
مَالَطَه مُمَالَطَةً: شاعر کا کسی آدھا شعر (ایک مصرعہ) سنانا اور دوسرے کا اسے پورا کرنا۔
يقال: بَيْنَهما مُمَالَطَةٌ۔
(۲) کسی کے ساتھ میل جول رکھنا۔
مَلَّطَ الشاعِرُ: بمعنی اَمْلَطَ۔ يقال: مَلَّطَ له۔
— الحائطَ: بمعنی مَلَطَه۔
تَمَلَّطَ الشيئ: چکنا اور ہموار ہونا۔
— بالسَّهم: تیر کا پار اتر جانا۔
امتلطَ الشيئ: اچک لینا' چھیننا۔
المِلاَطُ: دیوار بنانے کا گارا۔
(۲) چنائی میں دو اینٹوں یا دو پتھروں کے درمیان کا گارا یا مصالحہ۔
(۳) کہنی (۴) جانب۔ پہلو۔ یا کوہان کی ایک جانب۔ (ج) مُلُطٌ۔
ابن مِلاطٍ: مہینہ کا پہلا چاند۔
ابنا مِلاطٍ: اونٹ کے دونوں مونڈھے یا بازو۔
المِلْطُ: شریر وخبیث جو موقع پاکر ہر چیز چرانے یا ہتھیا لینے کا عادی ہو۔ (۲) نامعلوم النسب۔
يقال: غلامٌ مِلْطٌ خِلْطٌ: مخلوط النسب جس کا باپ نہ ہو۔ (ج) اَمْلاطٌ۔ مُلوطٌ۔
المَلَطَى: دوڑ کی ایک قسم۔
يقال: بِعْتُه المَلَطَى: میں نے کوئی ذمہ داری لئے بغیر بیچا۔
يقال: مسافر یا غائب شخص کے لئے بددعاء کے طور پر جلعه الله مَلَطَى: خدا کرے اس کو واپسی نصیب نہ ہو۔
المَلِيْطُ: بے بال بدن والا۔
(۲) جنین جس پر رؤاں نہ نکلا ہو۔
سَهمٌ مَلِيْطٌ: بے پر کا تیر۔
(۳) دنبی یا بھیڑ کا پہلا بچہ۔
المِلاَطُ من الاَناثی: اسقاط کی عادی مادہ۔
مَلَعَتِ (ف) الدَّابَّةُ ونحوها مَلْعًا، مَلَعَانًا: تیز وسبک رفتار ہونا۔
— الشَّاةَ: گردن کی طرف سے بکری کی کھال اتارنا۔
— الفصيلُ اُمَّه: بچہ کا اونٹنی کا دودھ پینا۔
اَمْلَعَتِ الناقةُ ونحوها: تیز چلنا۔
امْتَلَعَتِ النَّاقةُ ونحوها: بمعنی اَمْلَعَتْ۔
— الشاةَ: بمعنی مَلَعَهَا۔
— الشيئَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
اِنْمَلَعَتِ الناقةُ: بمعنی مَلَعَتْ۔
المِلاَعُ: چٹیل میدان۔
عُقَابٌ مِلاَعٌ: (اتباع اور اضافت کے ساتھ دونوں طرح) پھرتی سے شکار پکڑنے والا العقاب۔
المَلْعُ يقال: هم على فلان مَلْعٌ وَاحِدٌ: اس کے خلاف دشمنی میں وہ سب ایک ہیں۔
المَلِيْعُ: تیز رفتار چوپایہ۔ (۲) کشادہ زمین۔ (۳) بنجر زمین۔ (۴) ہموار دور دراز زمین۔ (ج) مُلُعٌ۔
المَلُوْعُ: تیز رفتار۔ هي مَلُوعٌ ايضاً۔
المَيْلَعُ: لمبا اور ہلکا۔
(۲) تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔
(ولا يقال جَمَلٌ مَيْلَعٌ) (۳) اِدھر اُدھر حرکت کرنے والا۔
(۴) جنگل بیابان۔
مُلِغَ في كلامه: بیوقوفی کی بات کرنا۔
مَالَغَه بالكلام: کسی سے فحش مذاق کرنا۔
تَمَالَغَ به: کسی کا مذاق اڑانا۔
تَمَلَّغَ في كلامه: بیوقوفی کی بات کرنا۔
الأَمْلَغُ: كلامٌ اَمْلَغُ: بے فائدہ کلام۔
المَالِغُ: رجلٌ مالغٌ: بد باطن۔ فاسق۔ (ج) مُلاَّغٌ۔
المِلْغُ: چاپلوس۔ (۲) فحش گو۔ بے عقل۔ (۳) مرفوع القلم۔ جو جی میں آئے کہے کسی کہی ہوئی کی پرواہ نہ کرے۔ (ج) اَمْلاَغٌ۔
كلامٌ مِلْغٌ: بے فائدہ گفتگو۔
مَلَقَتِ (ن) الدوابُّ وغيرها مَلْقًا: چوپایوں وغیرہ کا عمدہ اور تیز چال چلنا۔

م

اچھل اچھل کر چلنا۔
یقال: مَلَقَ الرجلُ: تیز چلنا۔
— الشيءَ: دھونا۔(۲) مٹانا (۳) ہاتھ سے چھوڑ دینا' نہ روکنا۔
— الحمارُ الأرضَ بحوافره: گدھے کا زمین پر پیر مارنا۔
— فلانًا بالعصا: کسی کو لاٹھی مارنا۔
— الصغيرُ امَّهُ: بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔
یقال: مَلَقَ عينَه: آنکھ پر مارنا۔
مَلِقَ (س) الفرسُ مَلَقًا: گھوڑے کا تیز اور عمدہ چال چلنا۔ هو مَلِقٌ۔
— الخاتمُ من الإصبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔
— فلانًا وله: کسی کی زیادہ چاپلوسی اور ضرورت سے زیادہ اظہارِ تعلق کرنا۔
اَمْلَقَتِ المرأةُ: اسقاط ہونا۔
— فلانٌ: غریب ومحتاج ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ۔
یقال: اَمْلَقَ مَا مَعَهُ: اپنے پاس جو کچھ ہوا سے باہر نکالنا روکے نہ رکھنا۔
املقته الخطوبُ: آفات کا کسی کو مفلس کر دینا۔
— الأديمَ: چمڑے کو مل کر زم کر دینا۔
مَلَّقَ الشيءَ: چکنا اور ہموار کرنا۔
یقال: مَلَّقَ الأرضَ او الجدارَ: جوتی ہوئی زمین کو لکڑی کے پٹرے سے ہموار کرنا۔
اِمْتَلَقَ الشيءَ: باہر نکالنا' روکے نہ رکھنا۔
اِنْمَلَقَ الشيءُ و امَّلَقَ: چکنا ہونا۔(۲) زم ہونا۔
— منه: چھوٹ کر نکل جانا۔
تَمَلَّقَ الرجلَ وله تَمَلُّقًا، تِمِلاَّقًا: بمعنی مَلِقَه۔
المالَقُ: جوتی ہوئی زمین ہموار کرنے کا پیڑا جسے دو بیل کھینچتے ہیں۔ مصر کے ملاحوں کی زبان میں اسے القَصَّابية کہتے ہیں۔(۲) معمار کی کرنی یا لکڑی جس سے پلاسٹر کو ہموار وچکنا کیا جاتا ہے۔ (دیکھئے: ملج)
المَلَقُ: دعا' اظہارِ عجز۔(۲) ہموار زمین۔
یقال: سر ذاني المَلَق والمَلَقات: ہم چکنے اور سخت میدانوں میں چلے۔
(۳) جانور یا پتھر یا کلام کی نرمی۔
المَلِقُ: کمزور۔
فرسٌ مَلِقٌ: نہ دوڑنے والا اور زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔(۲) وعدہ خلاف' وعدہ فراموش آدمی۔
المَلَقَةُ: چکنی چٹان۔
المَلاَّقُ: بڑا خوشامدی۔ محض تعلق جتانے والا۔
المَلِيْقُ: وہ شخص جس کے بدن پر بال نہ ہوں۔
المِمْلَقُ: بمعنی المَالَقُ۔
المِمْلَقَةُ: بمعنی المِمْلَقُ۔
المَيْلَقُ: تیز رفتار۔
مَلَكَ (ض) الشيءَ مَلْكًا: مالک ہونا۔ قبضہ کے ساتھ حسب منشا تصرف کرنا۔
هو مالكٌ (ج) مُلَّكٌ، مُلاَّكٌ۔
— الخِشْفُ اُمَّهُ: ہرن کے بچہ کا اپنی ماں کے پیچھے چلنے کے قابل ہونا۔
— العجينَ: گندھے ہوئے آٹے کو زم کرنا۔
— الوليُّ المرأةَ: ولی کا عورت کو شادی کرنے سے روکنا۔
— فلان امرأةً: عورت سے شادی کرنا۔
اَمْلَكَهُ الشيءَ: مالک بنانا۔
یقال: املك فلانًا امرَه: کسی کو اپنا معاملہ سپرد کرنا۔ اس میں تصرف کا اختیار دینا۔
اُمْلِكَتْ فلانةٌ امرَها: فلاں عورت کو طلاق ہوگئی یا طلاق کا معاملہ اس کے ہاتھ دے دیا گیا۔
املك فلانًا المرأةَ: کسی کی کسی عورت سے شادی کرانا۔
— القومُ فلانًا عليهم: لوگوں کا کسی کو اپنا حاکم وبادشاہ بنانا۔
مَلَّكَ النَّبْعَةَ: تیر یا کمان بنانے کے لئے استعمال میں آنے والے میٹر کو دھوپ میں سکھا کر سخت کرنا۔
— فلانًا الشيءَ: مالک بنانا۔
— اِمْتَلَكَ الشيءَ: بمعنی مَلَكَهُ۔
تَمَالَكَ عن الشيءِ: قابو میں رہ کر کسی چیز کو چھوڑ دینا۔ کسی چیز کو لینے سے احتراز کرنا۔
یقال: مَا تمالكَ اَن فَعَلَ كَذَا: وہ بےصبری سے یا بےقابو ہوکر اسے کر گزرا۔
هذا حائط لا يتمالك: یہ دیوار سنبھلنے والی نہیں گرنے کے قریب ہے۔
تَمَلَّكَ الشيءَ: بمعنی امتلکه (۲) زبردستی مالک بن بیٹھنا۔
المَالِكُ: ابو مالك: بڑھاپا۔ عمر رسیدگی۔
یقال: علاه ابو مالك: بھوک۔
مالكُ الحزين: ایک آبی پرندے کا نام اسے یہ نام اس وجہ سے دیا گیا کہ ان کے زعم کے مطابق یہ چشموں اور پانیوں کے قریب بیٹھتا ہے جب وہ سوکھ جاتے ہیں تو اداس ہوجاتا ہے۔ مصر میں اسے البَكِشُون کہتے ہیں۔
المَلاَكُ: فرشتہ۔ نورانی لطیف جسم۔ جو مختلف شکلیں اختیار کرسکتا ہے۔ (مو)
مَلاَكُ الأمرِ: کسی معاملہ کی اصل' روح' جوہر' خلاصہ۔
یقال: القلبُ مَلاكُ الجسد۔
المِلاكُ: مِلاكُ الأمرِ مَلاكُه۔
یقال: ركب مِلاَكَ الطريقِ: وہ راستہ کے درمیان میں چلا۔
المُلْكُ: بادشاہ (ج) مُلُوكٌ۔(۲) مملوکہ اشیاء مال وغیرہ۔(۳) ارادہ وقدرت۔ اختیار۔
قرآن حکیم میں ہے:
قَالُوْا مَا اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا۔
المِلْكُ: قابل تصرف مملوکہ چیز (مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے) (ج) اَمْلاكٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ۔ (۲) عطائے سلطنت۔

قرآن حکیم میں ہے: اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ۔

اَلْمَلَكُ: فرشتہ۔ (واحد)

(۲) ملائکہ۔ فرشتے۔

اَلْمَلِيْكُ: اللہ تعالیٰ۔ مالک مطلق۔

مالك الملوك: مالك يوم الدين۔

(۲) اقتدار والا

(۳) کسی قوم یا قبیلہ یا ملک کا بااختیار مالک۔

(ج) اَملاكٌ، ملوكٌ۔

اَلمَلَكَةُ: انسان میں کوئی راسخ صفت اور عقلی استعداد جس کے ذریعہ مہارت اور سلیقہ سے متعینہ کام انجام دیتا ہے۔ جیسے

اَلمَلَكة العددية، الملكَةُ اللُّغَوِيَّة۔

(۲) بادشاہت۔ اقتدار۔

يقال: هو مَلَكَة يميني: وہ میرا خاص ہنر ہے۔ فلانٌ حَسَنُ المَلَكَةِ: اس کا اپنی رعایا اور خدام کے ساتھ اچھا سلوک ہے۔

اَلمَلَكُوْتُ: عالم غیب جس کا تعلق ارواح ونفوس اور عجائبات سے ہے۔

قرآن حکیم میں ہے:

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ۔

(۲) عزت واقتدار۔

مَلَكُوتُ اللهِ: بادشاہت اور عظمت خداوندی۔

(۳) خاص اللہ کی سلطنت۔

قرآن حکیم میں ہے:

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ۔

اَلمَلَكِيَّةُ: المَلِكُ کی طرف منسوب۔

الحكومة المَلَكِيَّةُ: شاہی حکومت جو اکثر وراثۃً قائم ہوتی ہے۔

المِلْكِيَّةُ: ملک، تملیک۔

يقال: بيدى عقد ملكية هذه الأرض۔

قانون تحديد المِلْكِيَّة الزراعية: زرعی زمین میں فردِ واحد کی ملکیت کی حد بندی کا قانون۔

الملكيةُ الخاصّة: شخصی جائیداد۔

الملكية العامّة: پبلک پراپرٹی۔

المَلِيْك: صاحب سلطنت۔ (ج) مُلَكَاءُ۔

مَلِيْكُ الخلق: مخلوق کا مالک وپروردگار۔

مليك النَّحْل: شہد کی مکھیوں کی ملکہ (یعسوب)

المَلِيْكَةُ: صحیفہ۔

المَمْلَكَةُ: رعایا پر حکمرانی واقتدار۔

يقال: طالت مملكتُهُ، ساءت مملكته۔ حسنت مملكته۔

(۲) شاہی حکومت۔

مملكة الطريق: راستہ کا بیچ یا اکثر حصہ۔

المَمْلُوك: غلام (ج) مماليك۔

مَلَّ (ن) فلانٌ مَلًّا: بے چین ہونا۔

(۲) غم یا مرض کی وجہ سے بے تاب ہونا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔ جیسے انگاروں پر ہو۔

— على فلان السَّفَر: کسی کا سفر لمبا ہو جانا۔

— في المَشْي: تیز چلنا۔

— الشيءَ: الٹ پلٹ کرنا۔

— الشيءَ في الجمر: کوئی چیز انگاروں وغیرہ پر رکھنا۔

يقال: مَلَّ الخبزَ او اللحم في النار۔

هو مملولٌ، مَليلٌ۔

مَلَّ القوسَ اوالسهم في النار: کمان یا تیر کو سیدھا کرنے کے لئے یا موڑنے کے لئے آنچ لگانا۔

— الثوبَ: کچی سلائی کرنا، کپڑے کو کچا کرنا۔

هو مَمْلولٌ۔

مَلَّ (س) فلانُ الشيءَ، وعن الشيءِ: (جیسے فَرِحَ يَفْرَحُ) مَلَلًا، مَلالًا، مَلالَةً: کسی چیز سے اکتا جانا۔ تنگ آ جانا۔ هو مَلٌّ، مَلُوْلٌ۔

اَمَلَّهُ، اَمَلَّ عليه: کسی بات کی طلب میں شدت سے کسی کو گراں بار کر دینا۔

يقال: اَمَلَّ الشيءُ فلانًا: دل کو اچاٹ کر دینا۔

— عليه السفرُ: بمعنی مَلَّ۔

اَمَلَّ عليه المَلَوان: (دن اور رات) کسی پر دن اور رات کی تبدیلی کا دراز ہونا۔

— الخُبْزَةَ في المَلَّةِ: روٹی کو انگاروں پر پکانے کے لئے رکھنا۔

— الشيءَ: املاء کرانا۔ کسی کے سامنے بولنا اور اس سے لکھوانا۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ۔

مَلَّلَ فلان الشيءَ: الٹ پلٹ کر دینا۔

امتَلَّ مِلَّةَ الاسلام: دین اسلام میں داخل ہونا۔

تَمَلَّلَ: بیماری وغیرہ کی وجہ سے کروٹیں بدلنا۔

— في المشي: تیز چلنا۔

— اللحمُ على النار: آگ پر گوشت کا جوش مارنا۔

— مِلَّةُ الاسلام: دین اسلام میں داخل ہونا۔

استَمَلَّهُ: اکتانا۔ يقال، استمَلَّ به۔

الأُمْلُوْلَة: بمعنی المَلَل (ج) اَمَالِيل۔

المَالُولَةُ: اکتا جانے والا۔

المَلَالُ: کسی شے کی کثرت مزاولت سے پیش آنے والی کیفیت۔ جو امراض اور بے چینی کا باعث ہو۔

المُلَالُ: غم یا بیماری کی وجہ سے بے چینی۔

يقال: اخذ فلانًا المُلالُ۔

(۲) کمر کا درد (۳) بخار کا پسینہ۔

(۴) بخار کی شدت سے ہڈیوں میں جلن۔

(۵) تلوار کے دستے کی لکڑی۔

المَلَلُ: کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی کی پھنسی کا نشان۔

المُلِّيُ: پکی ہوئی روٹی۔

المَلَالَةُ: بے قرار بے چین۔

المَلَّةُ: انگارے، بھوبھل، گرم راکھ یا گرم مٹی۔ جس پر روٹی پکائی جائے یا کوئی چیز پکائی جائے۔ (۲) بخار کا پسینہ۔

يقال: لفلان مَلَّةٌ: اندرونی بخار ہے۔
(۳) ساتھیوں میں جلد اکتا جانے والا۔
يقال: رجلٌ ذو مَلَّةٍ: کان کے پیچھے سیاہ داغ والا۔
خُبْزُ المَلَّةِ: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔
المِلَّةُ: شریعت یا دین۔
جیسی ملة الاسلام، ملة النصرانية: ان احکام وقوانین کے مجموعہ کا نام جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں کے ذریعہ دین و دنیا کی سعادت کے لئے اپنے بندوں کو عطا کئے۔
(۲) دیت (خون بہا) (ج) مِلَلٌ۔
المُلَّةُ: بخیے سے پہلے کی کچی سلائی۔
(۲) بیڑ پر گدے کے نیچے لگی ہوئی لکڑی یا لوہے وغیرہ کی شیٹ (مج)
المَلُولُ: جلد اکتا جانے والا۔
المَلُولَةُ: بمعنی الملول (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)
المَلِيْلُ: بھوبھل میں رکھی ہوئی روٹی یا گوشت۔
يقال: اطعَمَنا خبزًا مَليلاً۔
رجلٌ مليلٌ: دھوپ سے جھلسا ہوا آدمی۔
طريق مليل: ہموار و واضح راستہ۔
المَلِيْلَةُ: بخاری کی وجہ سے ہڈی میں گرمی و سوزش۔
يقال: بفلان مَليلةٌ: فلاں کو اندرونی بخار ہے۔
المُمَلُّ: حيوان مُمَلٌّ: کثرت سواری سے تھکا ہوا جانور۔
النَّفِیضَةُ: بمعنی النَّفَضَةُ۔
(۲) راستہ طے کرنے والے اونٹ۔
(۲) دبلے اونٹ (ج) نَفائِضُ۔
نَفَطَتِ (ض) القِدرُ نَفْطًا، نَفِیطًا: ہانڈی سے بھاپ کی تیر نما دھاریں نکلنا۔

— فلانٌ: غصہ ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
— العَنْزُ: بکری کا چھینکنا۔
— الظَّبْيُ: ہرن کا بولنا۔
یقال: نَفَطَ فلان: مبہم بات کرنا۔
نَفِطَ (س) الصَّبِيُّ نَفَطًا: بچے کے چیچک نکلنا۔
یدُہ من العمل نَفَطًا، نَفِیطًا، نَفْطًا: سخت کام کرنے سے آبلے پڑنا۔
أنْفَطَ العملُ یَدَہُ: کام کا ہاتھ میں آبلے ڈال دینا۔
تَنَفَّطَتِ القِدْرُ: بمعنی نَفَطَتْ۔
یقال: تَنَفَّطَ فلان: غصہ سے آگ بگولا ہونا۔
— یدُہ من العمل: بمعنی نَفِطَتْ۔
النّافِطَةُ: کام کی وجہ سے ہاتھ میں پڑنے والا آبلہ۔
(۲) چیچک۔
یقال: یدُہ نافِطَةٌ: آبلہ پڑا ہوا ہاتھ۔
رِغْوَةٌ نافِطَةٌ: بلبلوں والا جھاگ۔
یقال: ماله عافِطَةٌ ولا نافِطَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ (ج) نَوافِطُ۔
النِّفاطَةُ: تیل نکالنے کا پیشہ۔
النَّفّاطُ: تیل کے کنویں سے تیل نکالنے والا۔
(۲) پٹرول کا تاجر۔
(۳) پٹرول چھینکنے والا۔ (ج) نَفّاطَةُ، نَفّاطون۔
النَّفّاطَةُ: آبلہ۔
(۲) تیل نکلنے کی جگہ۔
(۳) پٹرول پھینکنے کا آلہ۔
النِّفْطُ: ہائیڈروکاربنیٹس سے مرکب خام پٹرولیم کی تقطیر سے حاصل ہوتا ہے۔ یا پتھری کوئلہ کی تقطیر سے۔ سریع الاشتعال ہوتا ہے۔ عموماً آگ جلانے میں استعمال ہوتا ہے۔ (مع) آج کل یہ "مٹی کے تیل" کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔
النَّفْطُ: النّافِطَةُ: یعنی آبلہ اور چیچک۔
واحدته نَفْطَةٌ۔
النَّفَطانُ: غصہ سے نکلنے والی کھانسی نما آواز۔
النُّفَطَةُ: مشتعل مزاج۔ جلد غصے میں آجانے والا۔
النَّفِیطُ: ہاتھ کے آبلے والا۔

نَفَعَهُ (ف) نَفْعًا: فائدہ دینا۔ نفع پہنچانا۔
هو نافِعٌ، نَفّاعٌ۔
أنْفَعَ: منافعوں کی تجارت کرنا۔
نَفَّعَهُ مبالغه در نَفَعَهُ۔
اِنْتَفَعَ بِهِ: فائدہ اٹھانا۔
اِسْتَنْفَعَ فلانًا: فائدہ حاصل کرنا۔
المَنْفَعَةُ: فائدہ، نفع۔ (ج) مَنافِعُ۔
مذهب المنفعة: اخلاقی مذہب جو فردی یا معاشرتی نفع کے لئے ایک مقیاس مقرر کرتا ہے۔ اسکے مشہور ممثل بنتام اور سپورٹ سیل ہیں۔
مَنافِعُ الدّار: ضروریات خانہ۔
المَنافع العامّةُ: وہ اشیا جن کے فوائد لوگوں کے مابین مشترک ہوں۔ (محدثتان)
النّافِعُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔
النّافِعَةُ: بمعنی المَنْفَعَةُ۔
یقال: ما نَفَعَنِی فلانٌ بنافِعَةٍ۔
النَّفاعُ: فائدہ، نفع۔
النَّفْعُ: نفع، ذریعہ کامیابی۔
النُّفْعَةُ: لاٹھی (ج) نُفَعاتٌ۔
نَفَّ (ن ض) الأرض نَفًّا: زمین میں بیج ڈالنا۔
— السویقَ ونحوَه نَفًّا: ستو وغیرہ پھانکنا۔
نَفَّ (ض) نَفًّا: ناک کی ریزش نکالنا۔ (محدثہ)
النَّفِیُّ: ستو چھاننے کا کپڑا وغیرہ۔
(ج) نَفافِيُّ۔
النَّفِیفُ: ستو وغیرہ کی پھنکی۔
نَفَقَ (ن) الشيءُ نَفَقًا: ختم ہوجانا۔
یقال: نَفَقَ الزّادُ۔ نفقت الدراهم۔
— الیَرْبُوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ سے نکلنا۔
— الدّابّةُ نُفوقًا: مرنا۔
— الجُرحُ: زخم کا چھل جانا۔

— البِضَاعَةُ نَفَاقًا: سامان کا ریٹ بڑھ کر مانگ ہونا۔
یقال نفقت المرأةُ: عورت سے منگنی کے طلبگار بہت ہونا۔
اَنْفَقَ فلانٌ: غریب ومفلس ہونا۔
— التاجرُ: تاجر کا کاروبار بڑھنا۔
— الإبلُ: موٹاپے سے اونٹوں کی اون چھپل جانا۔
— المالَ ونحوَه: خرچ کرنا۔ ختم کردینا۔
نَافَقَ اليَربوعُ نِفَاقًا، مُنَافَقَةً: اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔
— فلانٌ: باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔
نَفَّقَ السِّلْعَةَ: سامان کو فروغ دینا۔
اِسْتَنْفَقَ الشيءَ: بمعنی اَنْفَقَهٗ۔
یقال استنفق المالَ علی عِيَاله۔
الاِنْفَاقُ: خیر کے کام میں مال وغیرہ خرچ کرنا۔
(۲) فقر وفاقہ وافلاس۔
قرآن حکیم میں ہے:
قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ۔
المُنَافِقُ: جو کفر کو چھپائے اور ایمان ظاہر کرے۔
(۲) جو دشمنی چھپائے اور دوستی ظاہر کرے۔
(۳) باطن کے خلاف ظاہر کرنے والا۔
المِنْفَاقُ من السَّراويل: پاجامہ کا نیفہ۔
المَنْفَقَةُ: سبب نفاق۔
یقال: حُسنِ الاعلان مَنْفَقَةٌ للسِّلْعَةِ
النَّافِقَاءُ: جنگلی چوہے کے سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔ ایک کو چھپاتا اور دوسرے کو ظاہر کرتا ہے۔ یہی نفاق کی اصل ہے۔ (ج) نَوَافِقُ۔
النَّفَقُ: زمین یا پہاڑ کی سرنگ۔ جس میں داخل ہونے اور نکلنے کا راستہ بھی ہو۔ (ج) اَنْفَاقٌ۔
النَّفِقُ: جلد ختم اور منقطع ہونے والا۔
یقال: طعام نَفِقٌ، فَرَسٌ نَفِقُ الجری۔
النُّفُقُ من النِّساء: خاوندوں میں مقبول و پسندیدہ عورتیں۔
النَّفَقَةُ: خرچ۔
(۲) خرچ کئے جانے والے دراہم وغیرہ۔
(۳) زادِ راہ۔
(۴) خاوند پر عورت کا واجب الادا خرچ جیسے کھانا، کپڑا، رہائش اور بچوں کی پرورش۔ وغیرہ
(ج) نَفَقَاتٌ، نِفَاقٌ۔
النَّيفَقُ من السَّراويل: بمعنی المُنْفَقُ۔
(۲) پاجامہ کا کھلا اور کشادہ حصہ۔
نَفَلَ (ن) الرَّجلُ نَفْلاً: قسم کھانا۔
— فلانًا: کسی کو حق یا حصہ سے زائد حصہ دینا۔
یقال: نفل القائدُ الجُنْدَ: کمانڈر کا فوجیوں کو مال غنیمت دینا۔
اَنْفَلَ فلانٌ: اونٹوں کے لئے ببول کا درخت کاٹنا کلہاڑی سے۔
— له: کسی کے لئے قسم کھانا۔
— فلانًا: بمعنی نَفَلَهٗ۔
نَفَّلَ عن صاحبه: حمایت کرنا۔ دفاع کرنا۔
— فلانًا: مبالغہ در نَفَلَهٗ۔
(۲) واجب حصے سے زیادہ دینا۔
یقال نَفِّلُوْا کبیرَکم۔
(۲) قسم کھلانا۔
اِنْتَفَلَ من الأمر: بری الذمہ ہونا۔
یقال: انتفل مِمَّا قِيْلَ۔
أعشی کا قول ہے۔
لا تُلفنا مِن دِماء القوم نَنْتَفِلُ۔
یقال: انتفل من القوم: مدد سے کنارہ کش ہوجانا۔
— الشيءَ منه: طلب کرنا۔
تَنَفَّلَ المُصَلِّی: نوافل پڑھنا۔
— علی اصحابه: حق سے زائد حصہ لینے میں اپنے ساتھیوں سے بڑھ جانا۔
النَّافِلَةُ: حق فرض یا حصہ سے زائد۔
یقال: هو یُصَلِّی النَّافِلَةَ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ۔
(۲) مال غنیمت۔
(۳) ہبہ (۴) پوتا۔
ایک قول کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اس قول:
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً میں نافلة: سے مراد پوتا ہی ہے۔ (ج) نَوَافِلُ۔
النَّفْلُ: شرعاً فرض وواجب کے علاوہ عمل۔
(۲) ٹھنڈک۔
النَّفَلُ: مال غنیمت۔
(۲) ہبہ۔ عطیہ (ج) اَنْفَالٌ۔
(۳) فصیلہ قرنیہ فراشیہ کی ایک معمر یا یک سالہ بوٹی۔ جسے الطِّرِيْفُلْن (تریفل کا معرب) کہتے ہیں۔ اس کی کچھ اقسام بری اور کچھ اقسام کی بطور چارہ کاشت ہوتی ہیں۔ ان میں سے ایک النَّفَلُ الاسکندری یعنی برسیم ہے۔
النُّفَلُ: قمری مہینے کی چوتھی پانچویں اور چھٹی رات۔
النَّوْفَلُ: سمندر۔
یقال رجلٌ نَوْفَلٌ: سخی آدمی۔
(۲) خوبصورت جوان۔
النَّفْنَافُ: دو پہاڑوں کے درمیان کا کھڈ۔
(۲) دور۔
النَّفْنَفُ: ہوا (۲) جنگل وبیابان۔
یقال: قطعت نَفْنَفًا من الأرض۔
(۳) زمین اور بلند جگہ کے درمیان کی گہرائی۔
یقال: بئرٌ بعیدةُ النَّفْنفِ: کنواں جس کے من اور تلی میں کافی فاصلہ ہو۔
(ج) نَفَانِفُ۔
نَفَانِفُ الدار: اطراف خانہ۔
نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا: بزدل اور کمزور دل ہونا۔
هو نَافِهٌ۔ (ج) نُفَّهٌ۔
هو مَنْفُوْهٌ (ج) منفوهون۔
— الحیوانُ: سرکشی کے بعد مطیع ہوجانا۔
نَفِهَتْ (س) نفسُ فلانٍ نَفَهًا: تھکا ماندہ ہونا۔ سست ہونا۔ هو نَافِهٌ۔ (ج) نُفَّهٌ۔

أَنْفَهُ لفلان من ماله: کسی کو اپنے مال میں سے تھوڑا سا دینا۔
— الدَّابَّةَ: تھکا دینا۔
نَفَّهَ الدابةَ: بمعنی أَنْفَهَهَا۔
اِسْتَنْفَهُ فُلَانٌ: آرام کرنا۔
نَفَا (ن) نُفُوًّا: برطرف کرنا۔ دور کرنا۔
النُّفَايَةُ من الشيئ: ردی اور باقی بچی ہوئی چیز۔
نَفَى (ض) الشيئَ نَفْيًا: ہٹانا۔ دور کرنا۔
یقال: نَفَى الحَاكِمُ فلانًا: جلاوطن کرنا۔
نَفيت الحصى عن الطريق۔
نفي السَّيْلُ الْغُثَاءَ۔
یقال: نفت السحابة مَاءَ هَا: بادل کا پانی برسانا۔
(۲) انکار کرنا۔ برأت ظاہر کرنا۔
(۳) قلم نہ کرنا۔
— الرِّيحُ التّراب نَفْيًا، نَفَيَانًا: ہوا کا مٹی اڑانا۔
تَنَافَاهُ: کسی بات کے منافی ہونا۔ برخلاف ہو جانا۔
یقال: هذه القضيةُ تُنَافِي تلك۔
إِنْتَفَى: دور ہونا۔
یقال: نفاه فانْتَفَى۔
انتفى الرَّجُلُ: جلاوطن کر دیا جانا۔
یقال: انتفى شَعْرُهُ: بال گرنا۔
انتفى الشجر من الوادي: وادی کے درخت کٹ جانا یا ختم ہو جانا۔
— من الشيئ: بچ نکلنا' بری الذمہ ہونا۔
تَنَافَتِ الاحكامُ او الآراءُ: احکام و آراء میں اختلاف و تعارض ہونا۔
المَنْفَى: جلاوطنی کا مقام۔ (ج) مَنَافٍ۔
النُّفَايَةُ: پھینکنے کے قابل خراب چیز۔
(۲) باقی ماندہ چیز۔
نُفَايَةُ المطر: بارش کی بوچھاڑ۔
یقال: هو من نُفَيات القوم: معمولی اور گھٹیا لوگ۔

النَّفْيُ: ایجاب و اثبات کی ضد۔
أَدَوَاتُ النَّفْي: (علم النحو میں) وہ کلمات جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر واقع نہیں۔ جیسے لا' ما' لم' ان' لیس اور غیر۔
عقوبة النَّفْي: ملک کی حدود سے باہر نکالنے کی سزا جو خواہ محدود خواہ غیر محدود مدت کے لئے ہو۔ سابق مصری جرائم کے قانون میں یہ سزا تھی ۱۹۰۴ء کے بعد ختم کر دی گئی۔ جدید دساتیر نے وطن بدری یا سرزمین کی طرف لوٹنے کو ممنوع قرار دیا ہے۔
النَّفَيَانُ: بادل کا برسایا ہوا پانی۔
(۲) سیلاب کا پھیلا ہوا پانی۔
النَّفْيَةُ: کھجور کے پتوں کا دسترخوان۔ جس پر گوشت، یا پنیر وغیرہ دھوپ میں خشک کرنے کے لئے رکھتے جاتے ہیں۔
النُّفْيَةُ: باقی ماندہ چیز۔
(۲) ردی چیز جو پھینک دی جائے۔ (ج) نُفَى۔
النَّفِيُّ: بمعنی النُّفَايَةُ۔
(۲) المَنْفِيُّ۔
یقال هذا نَفِيُّ الرِّيحِ: دیواروں کی جڑوں میں ہوا سے اڑ کر جمع ہونے والی مٹی۔
نَفِيُّ المطر: بارش کی بوچھاڑ۔
نَفِيُّ الرَّحى: چکی کا باہر پھینکا ہوا آٹا۔
نَفِيُّ القِدْرِ: ہانڈی کے نکلے ہوئے جھاگ۔
نَفِيُّ الجيش: لشکر سے ایک طرف ہو جانے والے کچھ لوگ۔
فلان نَفِيٌّ: نامعلوم النسب۔
أَتَانِي نَفِيُّكُمْ: تمہاری دھمکی مجھے پہنچی۔

ن............ق

نَقَبَ (ن) فلانٌ في الأرضِ نَقْبًا: زمین میں کسی جگہ جانا۔
— عن الشيئ: کھوج لگانا۔
— الجلدَ والجدارَ أو نحوها: سوراخ کرنا۔
یقال: نَقَبَتِ النَّكْبَةُ فلانًا: فلاں پر زبردست مصیبت آ گئی۔

— الثوبَ: کپڑے کا بغیر پائنچوں کے ڈھیلا پاجامہ بنانا۔
نَقِبَ (س) الشيئُ نَقَبًا: پھٹنا۔
— البعيرُ: اونٹ کا پتلے کھروں والا ہونا۔
نَقُبَ (ك) على القومِ نَقَابَةً: قوم کی نگرانی کرنا۔
نَاقَبَ فلانًا، نِقَابًا، مُنَاقَبَةً: کسی کے آمنے سامنے ہونا' یا اچانک بلاتعین وقت ملاقات ہو جانا۔ یقال: لقيتُه نِقَابًا۔
یقال: نَاقَبَ الرَّجُلَ فَنَقَبَهُ: اس سے خوبیوں میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آ گیا۔
نَقَّبَ: مبالغہ در نَقَبَ۔
یقال: نَقَّبَ في البلاد۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيصٍ۔
— عن الشيئ: خوب تحقیق و چھان بین کرنا۔
تَنَقَّبَتِ المرأةُ: عورت کا نقاب اوڑھنا۔
(۲) تلاش و کرید کی جگہ۔
المُنْقَبُ: تنگ پہاڑی راستہ۔
(۲) وہ جگہ جہاں نقب لگائی جائے۔
المِنْقَبُ: جس سے کھودا یا کریدا جاتا ہے۔
رجلٌ مِنْقَبٌ: کھود کرید کا عادی۔
المَنْقَبَةُ: دو گھروں کا درمیان نا قابل گزر و تنگ راستہ۔
(۲) شریفانہ فعل۔ (ج) مَنَاقِبُ۔
المِنْقَبَةُ: بمعنی المِنْقَبُ۔
النَّاقِبَةُ: پہلو میں نکلنے والا پھوڑا جس کا حملہ پیٹ پر ہوتا ہے اس کا سرا اندر کی طرف ہوتا ہے۔
النِّقَابُ: ذہین محقق عالم۔ اوس کا قول ہے:
نِقَابٌ يحدِّث بالغائب۔
(۲) عورت کا نقاب جو چہرہ ڈھانپنے کے لئے ناک کی پھنگی پر رہتا ہے۔ (ج) نُقُبٌ۔
(۳) پیٹ۔
یقال: هُما فَرخانِ في نقابٍ: ایک شکل کے دو جوڑے ہیں۔

ن

النِّقَابَةُ: نقیب کا عوام کے نمائندہ کا اس کے امور میں قائم مقام ہونا۔

(۲) کسی طائفہ کے امور کی رعایت کے لئے منتخب جماعت جن میں سے نقیب، وکیل وغیرہ ہوتے ہیں۔ جیسی نِقَابَةُ المهندسين، نقابةُ الأطباء، نقابةُ المهن التعليمية۔ (مج)

النَّقَّابُ: بڑا کھوجی۔ محقق۔

النَّقْبُ: کھال یا دیوار وغیرہ کا سوراخ۔ (ج) أَنْقَابٌ۔ نِقَابٌ۔

النُّقْبَةُ: بغیر پائنچوں کا پاجامہ۔

(۲) خارش یا ابتدائی خارش۔ (ج) نُقَبٌ۔

يقال هو يضع الهناءَ مواضعَ النُّقَبِ: وہ ماہر اور تجربہ کار ہے۔

(۲) زنگ وغیرہ کا اثر۔

يقال: جَلَوْتُ سَيْفِي من نُقْبَتِه: میں نے تلوار سے زنگ صاف کیا۔

إنَّ عليه نُقْبَةٌ من سوادٍ: اس پر سیاہی کا نشان ہے۔

يقال: فلانٌ حسن النُّقْبَةِ: خوش رنگ یا خوش رو ہے۔

النِّقْبَةُ: نقب کی ہیئت۔ (ج) نِقَبٌ۔

النَّقِيبُ: بانسری۔

(۲) ترازو کی زبان۔

(۳) صدر یونین (مو)

(۴) فوج یا پولیس کا عہدہ جو ملازم اول سے اوپر اور رائل سے کم ہوتا ہے۔ (مج)

(۵) قوم کا ذمہ دار، سردار۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا۔ (ج) نُقَبَاءُ۔

النَّقِيبَةُ: نَقِيبَةُ الرَّجلِ: فطرت، طبعیت۔

(۲) مشورہ۔

يقال: هو ميمون النقيبة۔

يقال: ماله نقيبةٌ: اس میں قوت رائے نہیں ہے۔

نَقَثَ (ن) فلانٌ في السير او الأمرِ نَقْثًا: تیز چلنا یا تیز کام کرنا۔

— عن الشئِ: کوئی چیز کھود کر نکالنا۔

— الأرضَ: زمین کو کدال وغیرہ سے کریدنا۔

— العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔

نَقَّثَ فلانٌ في السير او الأمر: جلدی کرنا۔

— الشئَ: منتقل کرنا۔

إنْتَقَثَ: بمعنی نَقَثَ۔

يقال: إنْتَقَثَ فلان في السير، انتقث العظمَ، انتقث الشئَ۔

المدفون: کھود کر نکالنا۔

إنْتَقَثَ فلانًا بالكلامِ۔

تَنَقَّثَ فلان في الأمر او السير: بمعنی نَقَثَ۔

— فلانًا: اپنی طرف مائل کرنا۔ ہمدرد بنانا۔ رحم و شفقت چاہنا۔

— ضَيْعَتَهُ: جائیداد کی نگرانی کرنا۔

نَقَاثِ: بجو کا نام۔

النَّقْثُ: چغل خوری۔

نَقَحَ (ف) الشئَ نَقْحًا: خراب چیز کو عمدہ چیزوں سے الگ کرنا۔

— العظمَ: گودہ نکالنا۔

— العودَ: چھیلنا۔

— الجِذْعَ: تنے کو گانٹھیں نکال کر صاف و ہموار کرنا۔

يقال: نَقَحَ الكلامَ او الكتابَ: کلام، کتاب کو درست کرنا۔

نَاقَحَهُ: مقابلہ کرنا۔

نَقَّحَ: مبالغہ در نَقَحَ۔

الكلامَ او الكتابَ: درست کرنا۔

يقال: نَقَّحَتْهُ السِّنون: مرور زمانہ کا کسی کو کمزور کر دینا۔

انْتَقَحَ العظمَ: بمعنی نَقَحَهُ۔

تَنَقَّحَ شحمُ الناقةِ: کم ہونا۔

المُنَقَّحُ: يقال: رجلٌ مُنَقَّحٌ: تجربہ کار آدمی۔

طبعة من الكتاب مُنَقَّحةٌ: کتاب کا تصحیح شدہ ایڈیشن۔

النُّقَّخُ: موسم گرما کا سفید بادل۔

النِّقَّخُ: تجربہ کار عالم۔

يقال: انه لَنِقَّخٌ۔

النَّقَخُ: خالص اور صاف رہنا۔

نَقَخَ (ف) رأسَهُ بالعصا نَقْخًا: سر پر لاٹھی مارنا۔

— المُخَّ من العظمِ: ہڈی کا گودا نکالنا۔

— الماءُ العَطَشَ: پانی کا پیاس کو ختم کر دینا۔

إنْتَقَخَ المُخَّ من العظمِ: گودا نکالنا۔

الأَنْقَخُ: کمزور دماغ۔

يقا: ظليمٌ أَنْقَخُ۔

النُّقَاخُ: ہر خالص چیز۔

يقال: هذه نُقَاخُ العربيّةِ۔

(۲) صاف، شفاف ٹھنڈا پانی۔

(۳) ایسی جگہ سے نکالا ہوا بہت پانی جہاں پانی کا وجود نہ ہو۔

(۴) سکون و اطمینان کی نیند۔

النَّقْخَةُ: موٹاپے سے بھاری قدم اٹھا کر چلنے والی عورت۔

النُّقَّاخُ: کان اور اس کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی سے گدی کا اگلا حصہ۔

نَقَدَ (ن) الشئَ نَقْدًا: کسی چیز کو پرکھنا یا کھرا کھوٹا جانچنا۔

يقال: نَقَدَ الطائرُ الفخَّ، نَقَدتُ رأسَهُ باصبعي۔

نقد الدراهم والدنانير وغيرَهما نقدًا، تَنْقَادًا: کھرا کھوٹا الگ الگ کرنا۔

يقال: نقد النثرَ، نقد الشعرَ: عیب یا حسن کو ظاہر کرنا۔

فلانٌ ينقُدُ الناسَ: لوگوں کی عیب جوئی اور غیبت کرنا۔

— الحيّةُ فلانًا: سانپ کا ڈسنا۔

ن

— الشيَ اليه ببصره نُقُودًا: کسی چیز کو چوری سے دیکھنا کہ کسی کو علم نہ ہو۔

— فلانًا الدراهم نَقْدًا تَنْقَادًا: درہم یا کوئی سکہ دینا۔

— فلانًا الثمنَ، وله الثمنَ: نقد فوری قیمت دینا۔

نَقِدَ (س) الشيَ نَقَدًا: خراب ہوجانا۔

يقال: نَقِدَ الضِّرْسُ او القرنُ: داڑھ یا سینگ کا ٹوٹ جانا۔ کھایا جانا۔

نَقِدَ الحافِرُ: کھر کا چھل جانا۔

نَقِدَ الجِذْعُ: درخت کے تنے کو دیمک لگ جانا۔

هو نَقِدٌ. نَقِدٌ.

أَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت پر پتے نکلنا۔

نَاقَدَہ: بحث کرنا۔

اِنْتَقَدَ الولَدُ: جوان ہونا۔

— الدراهمَ: وصول کرنا۔

(۲) پرکھ کر کھوٹے سکے نکال دینا۔

يقال: انتقد الشعر على قائله: شاعر کے شعر کے عیب نکالنا۔

— الأرضُ الجِذْعَ: درخت کے تنے کو دیمک کا کھوکھلا کردینا۔

تَنَاقَدَ تَنَقَّدَ الدراهمَ وغيرَهَا: بمعنی نَقَدَهَا۔

الأَنْقَدُ: کچھوا۔

(۲) سیہی۔ ضرب المثل ہے: هو من الأنقد: جس کے دانت میں درد ہو۔

أَسْرى من أَنْقَدَ: کیونکہ میں رات بھر نہیں سویا۔ اس سے عربوں کا قول ہے: بَاتَ بِلَيْلِ أَنْقَدَ: وہ بالکل نہیں سویا۔

الإِنْقِدَانُ: کچھوا۔

المِنْقَادُ: چونچ۔

المِنْقَدَةُ: اخروٹ توڑنے کا آلہ۔

(۲) اخروٹ توڑ کر ڈالنے کی ٹھلیا۔ (ج) مَنَاقِدُ۔

النَّاقِدُ الفَنِّيُّ: فنی کام کی پرکھ کرنے والا کاتب یعنی عمدہ کو ردی اور صحیح کو کج سے الگ کرنے والا۔

(ج) نُقَّادٌ. نَقَدَةٌ.

النَّقْدُ: (بیع میں) ادھار کے الٹ۔

يقال: درهم نقدٌ: کھرا درہم۔ (ج) نُقُودٌ۔

(۲) سونے یا چاندی وغیرہ کا سکہ۔

(۳) عمدہ کلام کو ردی یا صحیح کو غلط سے تمیز دینے کا فن۔

النِّقْدُ: کم گوشت جسم کا دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَدُ: ایک جنگلی درخت جس پر زرد پھول آتے ہیں۔

(۲) چھوٹی بھیڑ بکریاں۔ چھوٹی ٹانگوں اور بدنما شکل والی بھیڑوں کی قسم جو بحرین میں پائی جاتی ہے۔ واحدته نَقَدَة. (ج) نِقَادٌ. نِقَادَةٌ۔

(۳) گھٹیا لوگ۔

النِّقْدَةُ: (دیکھئے الكَرَوْيَا)

النَّقَّادُ: دراہم وغیرہ پرکھنے والا۔

(۲) بھیڑ بکریوں کا چرواہا یا مالک۔

نَقِذَ (س) نَقَذًا: چھٹکارا پانا۔

يقال: أَنْقَذْتُه فنَقِذَ.

أَنْقَذَہ: نجات دلانا۔ چھٹکارا دلانا۔

يقال: انقذت الشيَ منه، أَنْقَذْته من الشرِّ.

نَقَّذَہ: بمعنی أَنْقَذَہ۔

تَنَقَّذَہ: بمعنی أَنْقَذَہ۔

يقال: تَنَقَّذْتُ منه الحديث: حدیث معلوم کرنا، استخراج کرنا۔

اِسْتَنْقَذَہ: بمعنی أَنْقَذَہ۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ.

الأَنْقَذُ: سیہی۔

النَّقَذُ: سلامتی۔ نجات۔

يقال: نَقَذًا لك: تم سلامت رہو۔

النَّقَذُ: چھڑائی ہوئی چیز۔ قبضہ سے نکالی ہوئی چیز۔ يقال: فَرَسٌ نَقَذٌ.

يقال: مالَه شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

النَّقِيذُ: دشمن کے قبضے سے چھڑایا ہوا مال۔ (ج) نَقَائِذُ۔

النَّقِيذَةُ: بمعنی النَّقِيذُ۔

يقال: هو نقيذةُ بُؤْسٍ: اسے پریشانی سے بچایا گیا ہے۔

(۲) زرہ۔ کیونکہ اپنے صاحب کو نیزہ بازی سے بچاتی ہے۔ (ج) نَقَائِذُ۔

نَقَرَ (ن) عن الأمر نَقْرًا: تحقیق کرنا۔

— في الحجر: پتھر پر لکھنا۔

— في صلاته: نماز میں جلدی کرنا۔

حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے

— نَهَى عن نَقْرَةِ الغُراب: یعنی جلدی جلدی سجدے کرنے سے منع فرمایا ہے۔

بلسانه: آواز نکالنا۔

— بالدَّابَّةِ: چوپائے کو چلانے کے لئے آواز نکالنا۔

يقال: نَقَرَ بفلان: لوگوں کے درمیان سے آواز دے کر کسی کو بلانا۔

— في الصُّور: بگل بجانا۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ.

— الشيَ بالشيَ: ایک شے کو دوسری پر مارنا۔

يقال: نَقَرَ رأسَهٗ باصْبعِهٖ. نَقَرَ الدُّفَّ والعود. السَّهْمُ الهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگ کر آر پار نہ ہونا۔

— الطائرُ الحَبَّ: دانہ چگنا۔

يقال: نَقَرَ شيئًا من الطَّعَام: انگلی سے کھانے کی چیز اٹھانا۔

— الشيَ: کدال وغیرہ سے کھودنا۔

يقال: نَقَرَ النَّقَّارُ الخَشَبَةَ.

— الخيلُ الأرضَ: گھوڑوں کا زمین پر ٹاپ مارنا۔

يقال: نَقَرَ فلانًا: عیب جوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔

نَقِرَ (س) فلانٌ نَقْرًا: غریب ہوجانا۔

— الشاةُ: بکری کے پیر میں بیماری ہونا۔
— علیه: غصہ ہونا۔
هو نَقِرٌ، هی نَقِرَةٌ۔
اَنْقَرَ عنه: رک جانا۔
یقال: ضربه فما اَنْقَرَ عنه حتی قتله: اس نے اس کی پٹائی کی اور مرنے تک اسے نہ چھوڑا۔
نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً، نِقَارًا: کسی سے جھگڑنا اور بار بار بات اٹھانا۔
نَقَّرَ الطائر فی الموضع: پرندہ کا کسی جگہ کو انڈے دینے کے لئے نرم بنانا۔
— باسمِ فلان: لوگوں میں سے کسی خاص آدمی کا نام لے کر پکارنا۔
— الشیءَ وعنه: کسی چیز کی تلاش و چھان بین کرنا۔
اِنْتَقَرَ الشیءَ: حقیر سمجھنا۔
یقال: جَرَتِ السُّیول فانتقرت نَقَرًا احتَبَسَ فیها الماء۔
— الشیءَ وعنه: بمعنی نَقَّرَ۔
— الشیءَ: چننا۔ پسند کرنا۔
— فی الدّعوة إلی الولیمة: دعوت ولیمہ میں مخصوص لوگوں کو بلانا۔
یقال: انتقر الرجلُ او بالرجل: دعوت میں قوم کے کسی خاص فرد کو بلانا۔
تَنَقَّرَ الشیءَ: چھان بین کرنا۔ تحقیق کرنا۔
— علی الأهل والمال: مال یا اہل خانہ کے لئے بددعا کرنا۔
الأُنْقُورُ: گٹھلی کا گڑھا۔
المِنْقَارُ: پرندے کی چونچ۔
(ج) مَنَاقِیْرُ: کلہاڑی کی مانند لوہے کا آلہ جو گول ہوتا ہے اس کی چونچ سے پتھر کاٹے جاتے ہیں۔
(۳) لکڑی کھودنے کا آلہ۔ (مو)
المِنْقَرُ: کدال (ج) مَنَاقِرُ۔
المُنْقُرُ: شراب رکھنے کا لکڑی کا کھودا ہوا آلہ۔
(۲) سخت زمین میں کھودا ہوا چھوٹا یا تنگ منہ کنواں۔ (ج) مَنَاقِیْرُ (غیر قیاسی)
النَّاقِرُ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔
یقال: اَخْطَأَتْ نَوَاقِرُهُ: اس کے تیر نشانہ خطا کر گئے۔ (ج) نَوَاقِرُ۔
النَّاقِرَةُ: صحیح دلیل۔ (ج) نَوَاقِرُ۔
یقال: اتتنی عنه نواقِرُ: اس کی طرف سے مجھے بری باتیں سننے کو ملیں۔
اَخْطَأَتْ نواقِرُ فلان: فلاں بدلہ لینے میں ناکام رہا۔
النَّاقُورُ: صور جس میں پھونک مار کر آواز نکالی جاتی ہے۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ (ج) نَوَاقِیْرُ۔
النُّقَارَةُ: چونچ بھر دانہ۔
(۲) پتھر یا لکڑی تراشتے وقت گرنے والے ریزے۔
یقال: ما ترك عندی نُقَارَةً الا انتقرها: اس نے میرے پاس جو بھی عمدہ چیز دیکھی اسے لئے بغیر نہ رہا۔
النِّقَارَةُ: سنگ زانی۔ چوب تراشی۔ نقاشی۔
النَّقْرُ: زوردار چوٹ جو کبھی سوراخ بھی کر ڈالتی ہے۔
(۲) چٹکی بجانے کی آواز۔
النَّقِرُ: بمعنی الأُنقورُ۔
النَّقِر: غریب و فقیر۔
یقال: ماله بموضع کذا نَقِرٌ: فلاں کے پاس نہ کنواں ہے نہ پانی۔
النَّقَرُ: یقال اعوذ بالله من العَقَرِ والنَّقَرِ: میں کہنہ بیماری اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔
النُّقَرَیٰ: عیب۔ مذمت۔
(۲) خصوصی دعوت۔
یقال: اِنّ المُولم مِنّا لا یدعو النَّقَرَیٰ۔
النِّقْرَةُ: جھڑپ۔ تکرار۔ جھگڑا۔
یقال: بینهما نِقْرَةٌ۔
النُّقْرَةُ: زمین وغیرہ میں گول چھوٹا سا گڑھا جس میں سیلاب کا پانی باقی رہ جائے۔
نُقْرَةُ القفا: دماغ کا آخری گڑھا۔
(۲) آنکھ کا گڑھا۔
(۳) پرندوں کے انڈے دینے کی جگہ۔
(ج) نُقَرٌ، نِقَارٌ۔
(۴) سونے چاندی کا پگھلا ہوا ٹکڑا۔
(ج) نِقَارٌ۔
النُّقَرَةُ: چوپائے کے پاؤں کی بیماری۔
النَّقَّارُ: بہت چونچ مارنے والا۔
یقال: رجلٌ نَقَّارٌ: خبروں کی ٹوہ میں لگا رہنے والا۔ کھوجی۔
(۲) پتھر اور لکڑی تراشنے والا۔
(۳) نگاموں اور کاموں کا نقاش۔
النَّقِیْرُ: تراشا ہوا پتھر یا لکڑی۔
(۲) کھجور کا تنہ جس میں سیڑھیاں تراش کر زینہ کا کام لیتے ہیں۔
(۳) پیالہ نما گڑھی ہوئی لکڑی جس میں شراب بنائی جاتی ہے۔
(۴) الأنقورُ: کمزور چیز کے بارے میں یہ ضرب المثل ہے:
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا
(۴) فقیر۔ مسکین۔
(۵) بیج کے غلاف میں باریک سوراخ جو کہ عام طور پر بَذْرَة کے سامنے والے حصے میں ہوتا ہے۔
(ج) اَنْقِرَةٌ۔
یقال: فَقِیْرٌ نقیرٌ: (اتباع)
النَّقِیْرَةُ: چھوٹی کشتی۔
نَقَرَدَ فی المکان: لمبا قیام کرنا۔
المُنْقَرِدُ: یقال مالَكَ مُنْقَرِدًا: کیا بات ہے تم نے قیام کیوں کر رکھا ہے۔
النِّقْرِسُ: پیروں کے جوڑوں کی بیماری جو اکثر انگوٹھے میں ہوتی ہے اسی کو داءُ الملوك کہا جاتا ہے۔

(۲) ہلاکت۔ (۳) بڑی مصیبت۔

(ج) نَقَارِسُ۔

النِّقْرِیْسُ: ماہر راہبر۔

(۲) ہوشیار و ماہر طبیب۔

(۳) عورتوں کے سر میں لگانے کی پھول نما چیز۔ (ج) نَقَارِیْسُ۔

نَقْرَشَ الشيءَ: فرش لگانا۔

(۲) مزین کرنا۔ سجانا۔

(۳) ہلانا۔ (۴) چھان بین کرنا۔

النَّقْرَاشَةُ: احساس خفی۔

(۲) سجاوٹ۔ تزئین۔

نَقَزَ (ن) الظَّبيُ وغیرہ فی عَدْوِہٖ۔ نَقْزًا، نَقَزَانًا: ہرن کا اچھل کر چھلانگ لگانا۔

— الشيءُ عنه: دور کرنا۔ بتانا۔

اَنْقَزَ فلانٌ: خراب چیز چھانٹ کر لینا۔

(۲) صاف و شیریں پانی پینے کا عادی ہونا۔

(۳) نقاز کے بیمار مویشیوں والا ہونا۔

۔عن الشيءِ: رکنا، چھوڑنا۔ عدوَّہٗ: تیزی سے مار ڈالنا۔

نَقَّزَہٗ: اچھالنا، کدانا، نچانا۔

یقال: نَقَّزَتِ المرأۃُ صَبِیَّهَا۔

اِنْتَقَزَتِ الماشیةُ: نقاز کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

— لفلان مالَه: کسی کو مال چھانٹ کر دینا۔

المَنْقُوزُ: نقاز کا مریض۔

النَّاقِزُ: یقال: عطاء ناقِزٌ، ذو ناقِزٍ: گھٹیا۔

النَّاقِزَۃُ: چوپائے کی ایک ٹانگ (ج) نَوَاقِزُ۔

النُّقَازُ: طاعون کی طرح کی جانوروں کو لگنے والی مہلک بیماری۔

النَّقَزُ: گھٹیا لوگ یا مال۔

یقال: اعطاہ من نَقَزِ المَالِ۔

(۲) لقب۔

النَّقِزُ: میٹھا شفاف پانی۔

النِّقْزُ: میٹھا شفاف پانی۔

(۲) کنواں۔

النُّقْزُ: کنواں۔

النُّقَّازُ: چڑیا۔ یا چھوٹی چڑیا۔ (ج) نَقَاقِیْزُ۔

نَقَسَ (ن) النَّاقُوسَ نَقْسًا: ناقوس کا بجنا۔

— فلانٌ: ناقوس بجانا۔

یقال: نَقَسَ بالناقوس۔

— الشرابُ: مشروب کا کھٹا ہونا۔

بین القومِ: لوگوں میں فساد کرانا۔

— فلانًا: عیب جوئی کرنا۔ مذمت کرنا۔

ناقَسَهٗ: کسی کی عیب گیری کرنا۔

یقال: بینهما مُنَافَسَةٌ ومُنَاقَسَةٌ۔

نَقَّسَ فلانًا: مبالغہ در نَقَسَهٗ۔

— القومَ بنا قوسه: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔

الدَّوَاۃَ: دوات میں سیاہی ڈالنا۔

النَّاقُوسُ: نصاریٰ کا گھنٹہ جسے وہ اپنی نماز کے وقت بجاتے ہیں۔ (ج) نَوَاقِیْسُ۔

النِّقَاسَةُ: عیب، تمسخر۔

النِّقْسُ: ایک قسم کا ناقوس۔ (ج) نُقُسٌ۔

(۲) خارش۔

النَّقْسُ: لکھنے کی روشنائی (ج) اَنْقَاسٌ، اَنْقُسٌ۔

النَّقِسُ: یقال: رجلٌ نَقِسٌ: لوگوں میں عیب نکالنے والا۔

نَقَشَ (ن) الشيءَ نَقْشًا: کسی چیز کو ڈھونڈ کر نکالنا۔

یقال: نَقَشَ الشوکةَ بالمِنْقَاشِ، نقشَ الحقَّ من فلان۔

— الشَّعْرَ: بال چوننا۔

— مریضَ الغنمِ: بکریوں کے بالوں کو کنکریاں وغیرہ نکال کر صاف کرنا۔

حدیث میں ہے:

(اِسْتَوْصُوْا بِالْمِعْزٰی خیرًا فَاِنَّهٗ مالٌ رقیقٌ، وانقُشُوا له عطنَه)۔

— الشيءَ: رنگوں سے سجانا۔

— الرَّحٰی: چکی کے پتھر کو کھردرا کرنا۔

— العِذْقَ: کھجور کے خوشوں کو رطیب بنانے کے لئے کانٹے سے چوکے لگانا۔

نُقِشَ العَذْقُ: کھجور کے خوشوں میں رطب کے آغاز والے نکات پیدا ہونا۔ هو مَنْقُوشٌ۔

اَنْقَشَ: پختہ کھجور کھانے کا عادی ہونا۔

(۲) مقروض پر سخت تقاضا کرنا۔

نَاقَشَهٗ مُنَاقَشَةً نِقَاشًا: کسی کے ساتھ حساب کتاب میں بحث کرنا، تفصیلی حساب لینا۔

یقال: ناقشه الحسابَ، ناقشه فی الحساب۔

— المسألةَ: کسی مسئلے پر بحث کرنا۔ (مو)

نَقَّشَهٗ: رنگوں سے آراستہ کرنا۔

اِنْتَقَشَ فلانٌ: نقش سے نگینہ پر نقش بنوانا۔

— الشيءَ: نکالنا۔ (۲) پسند کرنا۔

— منه جمیع حقِّه: پورا حق لینا۔

المِنْقَاشُ: آلہ نقاشی۔ (ج) مَنَاقِیْشُ۔

یقال: استخرجت منه حقِّي بالمناقیش: میں نے بڑی مشکل سے اپنا حق وصول کیا۔

المَنْقُوشَةُ: وہ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔

النِّقَاشَةُ: نقاشی کا پیشہ۔

النَّقْشُ: اثر، نشان۔

یقال: ذَهَبَ الرَّمادُ حتّٰی مانری له نَقْشًا۔ (۲) پانی کا چھینٹا دے کر تھیلے میں رکھی ہوئی تازہ کھجور۔ (ج) نُقُوش۔

النَّقَّاشُ: نقش و نگاری کرنے والا۔

النَّقِیْشُ: مثل، مشابہ۔

یقال: هذا نَقِیْشُ هذا۔

ماله ضِدٌّ ولا نَقِیْشٌ۔

نَقَصَ (ن) الشيءُ نَقْصًا، نُقْصَانًا: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔

یقال: نَقَصَ عقلُه او دِینُه: کمزور ہونا۔

— الشيءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔

قرآن حکیم میں ہے:

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا۔

— فلانًا حقَّه: حق میں کمی کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے:
ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا۔
— فلانًا نَقِيْصَةً: عیب نکالنا۔
— الشيءُ فلانًا: کسی کے پاس کوئی چیز نہ ہونا۔ (مج)
أَنْقَصَ الشيءَ: بمعنی نَقَصَهُ۔
نَقَّصَ الشيءَ: مبالغہ در نَقَصَهُ۔
إِنْتَقَصَ الشيءُ: بمعنی نَقَصَ۔
— الشيءَ: بمعنی نَقَصَهُ۔
— الحقَّ: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
— الثمنَ: قیمت کم کرانا۔
— فلانًا: عیب نکالنا۔
تَنَاقَصَ الشيءُ: بتدریج کم ہونا۔
تَنَقَّصَ الشيءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
— فلانًا: کسی میں عیب نکالنا۔
استَنْقَصَ الشيءَ: ناقص سمجھنا' یا ناقص قرار دینا۔
— الثمنَ: قیمت کم کرانا۔
المَنْقَصَةُ: نقص۔ کمی (ج) مَنَاقِص۔
النَّقْصُ: کمزوری۔
یقال: اصابه نَقْصٌ فی عقله او دینه۔
(۲) (علمائے عروض کے ہاں) بحر وافر میں مُفَاعَلَتُنْ کے ساتویں حرف کو حذف کر کے پانچویں کو ساکن کرنا۔ تو ہو جائے مفاعَلْتُ۔ پھر اسے مفاعیلُ کی طرف منتقل کر دیا جائے گا اور ایسا صرف حشو میں ہوتا ہے۔
النُّقْصَانُ: کسی چیز میں کم ہونے والی مقدار۔
النَّقِيْصَةُ: بمعنی النَّقْص۔
(۲) لوگوں پر طعن و تشنیع۔
(۳) بری خصلت۔ (ج) نَقَائِص۔
نَقَضَ (ن) الشيءَ نَقْضًا: بنا کر توڑنا۔
یقال: نقض البناءَ: منہدم کرنا۔
نَقَضَ الحبلَ او الغَزْلَ: بل کھول دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا
نَقَضَ اليمينَ او العهدَ: قسم یا وعدہ توڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا۔ اور الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ۔
نَقَضَ مَا أَبْرَمَهُ فلانٌ: کسی کا فلاں کے فیصلے کو کالعدم کرنا۔
— وِتْرَهُ: اپنا انتقام لینا۔
الكمأةُ وجهَ الأرض: کھمبی کا زمین کی سطح کو پھاڑ دینا۔
أَنْقَضَ النباتُ: زمین پھٹ کر پودا اگنا۔
یقال: أَنْقَضَتِ الأرضُ: زمین پر روئیدگی ظاہر ہونا۔
— الإصْبَعُ ونحوها: انگلی وغیرہ کا چٹخنا۔
یقال: أَنْقَضَتِ الدَّجاجةُ عند البيض۔
عن الكمأة ونحوها: کھمبی زمین سے نکالنا۔
— العَنْزَ: بلانا۔
الشيءَ: کسی چیز میں سے آواز نکالنا۔
یقال: أَنْقَضَ أَصَابِعَهُ۔
— الحِمْلُ الظَّهْرَ: کمر کو بوجھل کر دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ۔
نَاقَضَ فی قولهِ مُنَاقَضَةً ' نِقَاضًا: متضاد بات کرنا۔ مفہوم کے برخلاف بولنا۔
— غيرَهُ: مخالفت کرنا' اعتراض کرنا۔
— الشَّاعِرُ الشاعرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر پر تنقید اپنے اشعار میں کرنا۔
نَقَّضَ النباتُ: بمعنی أَنْقَضَ۔
النباتُ الأرضَ: روئیدگی کا زمین کو پھاڑنا۔
إِنْتَقَضَ الشيءُ: پختہ ہو کر ٹوٹنا۔ خراب ہونا۔
یقال: إِنْتَقَضَ البناءُ۔ انتقض الحَبْلُ۔
إِنْتَقَضَ الوضوءُ او الطَّهارةُ۔
یقال: انتقض القوم على السلطان: لوگوں کا سلطان کے خلاف بغاوت کرنا۔
تَنَاقَضَ الشيءُ: بمعنی إِنْتَقَضَ۔
— القولان: دو باتوں کا متضاد ہونا۔
— الشَّاعِران: دو شاعروں کا اشعار میں ایک دوسرے کے اشعار پر تنقید کرنا۔
تَنَقَّضَ الحَبْلُ: رسی کے بل کھلنا۔
— الأَرْضُ من النبات: زمین پھٹ کر روئیدگی ظاہر ہونا۔
— الشيءُ: آواز نکالنا۔
یقال: تَنَقَّضَتْ عظامه۔
التَّنَاقُضُ: یقال فی کلامه تَنَاقُضٌ: اس کا کلام متضاد ہے۔ کلام کے اجزاء باہم ابطال کے مقتضی ہیں۔
(۲) منطق میں متناقضین کے درمیان نسبت کا نام۔
المُتَنَاقِضَان: (علم منطق میں)
دو ایسی چیزیں جن کا کسی ایک جگہ ایک حالت میں نہ اجتماع ممکن ہو نہ ارتفاع۔ جیسے أبيض اور لا ابيض۔
— من الكلام: دو ایسے قول جن میں سے ایک دوسرے کے ساتھ ایک حال اور ایک شے پر ہو نہ صحیح نہ ہو۔
جیسے هو كذا اوليس بكذا۔
النُّقَاضَةُ: کھوئی ہوئی چیز۔
النِّقَاضَةُ: ترائی کا پیشہ۔
النَّقْضُ: نقض الحكم: جب قانون کی تطبیق یا تاویل میں حکم کا صدور مخصوص مقاصد پر مبنی ہو تو اس کا ابطال نقض حکم کہلاتا ہے۔ یا جو مصری مقاصد کے ساتھ مخلوط ہو یا حکم کے بطلان کے ساتھ۔ کبھی نقض حکم مدنی اور حکم جناتی کو برابر کے ساتھ لاحق ہوتا ہے۔ جب ان میں سے کوئی ایک محاکم ابتدائیہ یا استیناف فیہ سے فیصلہ کن طور پر صادر ہوا ہو۔ (مج)
محكمة النَّقْضِ: ملک کی اعلیٰ عدالت' اس کے فیصلے دوسری عدالتوں پر لازم ہوتے ہیں۔ (مج)
النِّقْضُ: ٹوٹی ہوئی چیز۔

يقال: اصلح نِقض بنائك.
(۲) چلنے سے دبلا ہونے والا جانور۔
يقال: حصان نِقضٌ.
(۳) خراب شدہ شہد جسے مکھیوں کے چھتے میں لگا دیا جاتا ہے اور مکھیاں اس میں آ کر شہد تیار کرتی ہیں۔ (ج) اَنْقَاضٌ، نُقُوضٌ.
النَّقْضُ: ادھیڑ کر دوبارہ بنا ہوا سوت۔
النَّقِيضُ: مخالف۔
يقال: فلان نقيضُك. هذا القوم نَقِيضُ ذاك.
نقيض الدعوى: (فلسفہ میں) وہ قضیہ جو متعین دعوے کے خلاف ہو۔ (مقابل دعویٰ) (۲) آواز۔
يقال: نَقِيْضُ الفَرَادِيجِ، نقيض المفاصل، نقيض الأصابع.
النَّقِيْضَانِ: (منطق میں) اَلْمُتَنَاقِضَانِ.
النَّقِيْضَةُ: (فلسفہ میں) تطبیق کے وقت قوانین واصول میں تناقض۔ فلاسفہ اسے "کانت" سے ظاہر کرتے ہیں کہ خالص عقلی قوانین کا تنازع اور تناقض۔ (مج)
(۲) پہاڑی راستہ (۳) من الشِّعْرِ: وہ قصیدہ جس سے شاعر دوسرے شاعر کے اشعار پر تنقید کرے۔ جیسی نقائض جرير اور فرزدق.
(ج) نَقَائِضُ.
نَقَطَ (ن) الحَرْفَ وعليه نَقْطًا: ایک یا زائد نقطہ لگا کر ممتاز کرنا۔
— الكتابَ: اعراب لگانا۔
نَقَّطَ الحروفَ: مبالغہ در نقطها.
— الشيءَ بالمداد ونحوه: روشنائی سے نشانات ڈالنا۔
يقال: نَقَّطَتِ المرأةُ خَدَّهَا: عورت کا خوبصورتی کے لئے رخسار پر نقطہ لگانا۔
نَقَّطَ فلانًا بكلام: کسی کو تحریری طور پر گالیاں دینا۔ تکلیف دینا۔
— العَرُوسَ ونحوَها: بوقت رخصتی دولہن کو تحفہ یا مال دینا۔ (مو)

تَنَقَّطَتِ الارض: زمین پر جگہ جگہ گھاس کے ٹکڑے اگنا۔
يقال: تَنَقَّطَ الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا معلوم کرنا۔
النُّقْطَةُ: سطح ستون پر انتہائی چھوٹی گول علامت۔ (۲) خط عربی میں انتہائی چھوٹی گول علامت جو حرف کے اوپر یا نیچے بطور امتیاز لگائی جاتی ہے۔ قدیم لکھائی تشکیل کے لئے بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ بعض سامی لغات میں نقطوں کو تشکیل حروف کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
يقال: وضع النُّقَط على الحروف: کسی معاملے کی وضاحت کرنا۔
— من الشيءِ: تھوڑا سا حصہ۔ چھوٹا سا جزئی۔
يقال: أعطاه نُقْطَةً عن عسل: اسے ذرا سا شہد دیا۔
له نقطة من نخلٍ: اس کے پاس کھجور کے کچھ درخت ہیں۔
(۲) دولہن یا دولہا کو دیا جانے والا تحفہ۔ (مو)
(۳) معاملہ۔ قضیہ۔
يقال: لم يختلف الخطيبان في نُقْطَةٍ: دو منگیتروں میں مکمل اتفاق ہے۔
(۴) (علم ہندسہ میں) وہ جسم جس کا نہ طول ہو اور نہ عرض۔ (مج) (ج) نُقَطٌ، نِقَاطٌ.
اَلتَّنْقِيطِيَّةُ (البَرْقَشِيَّةُ): فن تصویر کشی کا ایک نظریہ جو سفید سطح پر مخصوص نقطوں کے ذریعے شکل کے اظہار پر قائم ہے۔ (مج)
نَقَعَ (ف) فلانٌ نُقُوعًا: ضیافت وغیرہ کا کھانا تیار کرنا۔ دودھ کی لسی تیار کرنا۔
— السَّقْفُ ونحوه نقعًا، نُقُوعًا: چھت سے پانی ٹپکنا۔ (مو)
— المائعُ في مستقرِّه: مائع چیز کا ٹھہرا رہنا۔
يقال: نقع الماءُ في الغدير.
نقعَ السُّمُّ في أنْيَابِ الحَيَّةِ.
الظمآن من الماء وبالماء: پیاسے کا پانی سے سیراب ہونا۔
يقال: شرب حتى نَقَعَ.

ضرب المثل ہے حتّامَ تكرعُ ولا تنقعُ.
يقال: نَقَعَتْ بذلك نفسي: طبیعت کا کسی چیز سے سیر ہونا۔ مطمئن ہونا۔
مَانَقَعَتْ بخبرِ فلان: کسی کی خبر سے پوری طرح مطمئن نہ ہونا۔ توجہ نہ دینا۔ تصدیق نہ کرنا۔
— الشيءَ نَقْعًا: پانی وغیرہ میں بھگو کر تر کرنا۔
يقال: نَقَعَ الدّواءَ، تقع التمر، نَقَعَ الثوب.
يقال: نَقَعَ له الشَّرَّ: کسی کے خلاف دل میں ہمیشہ شر رکھنا۔
— الجَيْبَ: گریبان چاک کرنا۔
الماءُ العَطَشَ نَقْعًا، نُقُوعًا، مَنْقَعًا: پانی کا پیاس کو بجھا دینا۔
اَنْقَعَ الشيءَ في الماء ونحوه: بمعنی نَقَعَهُ.
— اللَّبنَ: ٹھنڈا کرنا۔
— السُّمَّ: زہر کو رکھ کر پرانا کرنا۔
— الشرابُ فلانًا: مشروب کا کسی کو سیر کرنا۔
الجزورَ: اونٹنی کو ذبح کرنا۔
الصارخُ صوتَه: چیخنے والے کا زور زور سے چلاتے رہنا۔
انتَقَعَ الشيءُ: پانی وغیرہ میں زیادہ دیر پڑے رہنے سے حل ہو جانا۔
— النَّقِيعَةَ: ضیافت کا جانور ذبح کرنا۔
إستَنْقَعَ الماءُ: پانی کا کسی جگہ زیادہ عرصہ اکٹھا رہنے سے بدل جانا۔ زرد ہو جانا۔
— فلانٌ في النَّهْرِ: ٹھنڈا ہونے کے لئے دریا میں ٹھہرے رہنا۔
الأُنْقُوعَةُ: وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ بہہ کر آتا ہو۔ جیسی أنقوعة الميزاب، أنقوعة الثَّرِيدِ: ثرید کا پیالہ۔
المُسْتَنْقَعُ: وہ تالاب جس میں پانی اکثر جمع رہتا ہو۔ (۲) تالاب کا وہ حصہ جو ٹھنڈا رہتا ہو۔
المَنْقَعُ: بمعنی المُسْتَنْقَعُ: (۲) سمندر۔ (۳) سیرابی۔ (ج) مَنَاقِعُ.
المُنْقُعُ: چھوٹی ہانڈی جس میں بچے کے لئے دودھ

اور کھجور ملا کر رکھی جائے۔ (ج) مَنَاقِعُ۔

المِنْقَعَةُ: بھگونے کا برتن۔

النَّاقِعُ: یقال: ماء ناقعٌ: پیاس بجھانے والا مفید پانی۔

سُمٌّ ناقعٌ: انتہائی مہلک زہر۔

دمٌ ناقعٌ: تازہ خون۔ موتٌ ناقعٌ: مسلسل موت۔

النُّقَاعُ: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقَاعَةُ: بھیگے ہوئے انگور وغیرہ۔

(۲) پانی وغیرہ میں کوئی چیز بھگونے کا برتن۔

النَّقْعَاءُ: نرم و ہموار زمین۔

(۲) سنگستانی زمین جہاں پانی رک جاتا ہے۔

النَّقْعُ: تالاب میں جمع شدہ پانی۔

نَقْعَ البئر: سیرابی سے پہلے کنویں میں اکٹھا ہونے والا پانی یا بچا ہوا پانی۔

(۲) النَّقْعَاءُ۔ (ج) نِقَاعٌ۔ اَنْقُعٌ۔

یقال: فلان شَرَّابٌ بِأَنْقُعٍ: فلاں شخص بڑا جہاں دیدہ اور آزمودہ کار ہے۔

(۳) چھکتا ہوا غبار۔ (ج) نِقَاعٌ۔ نُقُوعٌ۔

النَّقَّاعُ: شیخی باز۔ بے جا فخر کرنے والا۔ جیسے اپنے آپ کو بہادر کہنے والا جبکہ بہادر نہ ہو۔

النَّقُوعُ: خوشبو ملا یا ہوا رنگ۔

یقال: صَبَغَ ثوبَهُ بنَقُوعٍ (۲) پانی میں بھگوئی جانے والی چیز جیسے خشک انگور۔

یقال: رَجُلٌ نَقُوعُ اُذُنٍ: ہر سنی بات کا یقین کرنے والا۔

النَّقِيعُ: ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ۔

(۲) پانی میں بھگوئے ہوئے خشک انگور کی شراب۔

(۳) بہت پانی والا کنواں۔

یقال: ماءٌ نَقِيعٌ۔ سُمٌّ نقيعٌ: بمعنی ناقعٌ۔

(ج) اَنْقِعَةٌ۔

النَّقِيعَةُ: ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ۔

(۲) ضیافت کے لئے ذبح کیا جانے والا جانور۔

(۳) سفر سے آنے والے مہمان کے لئے تیار کیا جانے والا کھانا۔

(۴) شادی کی رات کا کھانا۔ اور تقسیم سے پہلے لوٹ کے مال میں سے ذبح کیا جانے والا جانور (ج) نَقَائِعُ۔

یقال: الناس نَقَائِعُ الموت: یعنی موت انہیں اس طرح ذبح کر کے چھوڑے گی جس طرح قصائی ضیافت کے جانور کو ذبح کرتا ہے۔

نَقَفَ (ن) رأسَهُ نَقْفًا: سر پر ایسی چوٹ لگانا کہ دماغ باہر نکل آئے۔

— الرُّمَّانَةَ: انار کو دانے کھانے کے لئے چھیلنا۔

— الفَرْخُ البيضَةَ: چوزے کا باہر نکلنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔

— البيضَةَ: انڈے کی اندرونی چیز نکالنا۔

— الشراب: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا۔

(۲) صاف کرنا۔

— عن الشئ: تلاش و جستجو کرنا۔

اَنْقَفَ الجَرادُ: ٹڈی کا انڈے ڈالنا۔

— الجَرادُ الوادِيَ: ٹڈیوں کا وادی میں بکثرت انڈے دینا۔

— فلانًا العظمَ: کسی سے ہڈی کا گودا نکلوانا۔

نَاقَفَهُ مُنَاقَفَةً نِقَافًا: ایک دوسرے کے سر پر تلوار مارنا۔

اِنْتَقَفَ الشئَ: نکالنا۔

الأُنْقُوفَةُ: سوت کا زائد حصہ جسے کاتنے والا نکال دیتا ہے۔

المِنْقَافُ: پرندے کی چونچ۔

(۲) ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے۔ (ج) مَنَاقِيفُ۔ مَنَاقِفُ۔

المَنْقَفُ: کسی چیز کا ناہموار قابل درستگی حصہ۔

یقال: نحت النَّجَّارُ العُودَ وتَرَكَ فيه مَنْقَفًا: بڑھئی نے لکڑی کو چھیلا اور اس میں کچھ جگہ صحیح نہیں چھیلی۔

المُنْقَفُ: یقال رجلٌ مُنْقَفُ العظام: وہ شخص جس کی ہڈیاں دکھائی دیتی ہوں۔

المَنْقُوفُ: یقال: جِذْعٌ منقوفٌ: دیمک کھایا ہوا درخت۔

رجلٌ مَنْقُوفٌ: کم گوشت آدمی۔ یا دبلے اور زرد چہرے والا آدمی۔

یقال: عَيْنَانِ مَنْقُوفَانِ: سرخ آنکھیں۔

النِّقَافُ: یقال: جاء في نقاف واحد: دونوں برابری کے ساتھ آئے۔

النِّقْفُ: انڈے سے نکلتا ہوا چوزہ۔

النَّقْفَةُ: پہاڑ کی چوٹی پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقَّافُ: چوب تراش۔

(۲) چور جو ہاتھ لگے نکال لے۔

(۳) بھیک مانگنے کا عادی۔

یقال: رجلٌ نَقَّافٌ: مدبر اور دور اندیش آدمی۔

النَّقِيفُ: بمعنی المَنْقُوفُ۔

یقال: جذع نقيف: دیمک خوردہ تنا۔

(ج) نُقُفٌ۔

نَقَّتِ (ض) الدّجاجةُ او نحوها نَقِيقًا: مرغی کا آواز نکالنا۔

یقال: نَقَّتْ ضفادِعُ بَطْنِهِ: بھوکا ہونا۔

اَنَقَّ: مینڈک کی آواز والا ہونا۔

(۲) مینڈک کا آواز نکالنا۔

النَّقَّاقُ: مبالغہ من نَقَّ۔

(۲) مینڈک (یہ صفت غالبہ ہے)

هي نَقَّاقَةٌ۔

النَّقُوقُ: چیخنے چلانے والا۔

یقال: ضِفدعٌ نَقُوقٌ۔ (ج) نُقُقٌ۔

النَّقِيقُ: مینڈک کی آواز۔

نَقَلَ (ن) الشئَ نَقْلاً: ایک جگہ سے دوسری جگہ پھیرنا۔

— الكتابَ: نقل کرنا' کاپی کرنا۔

— الخَبَرَ اَوِ الكلامَ: کسی کی خبر یا بات دوسرے کو پہنچانا۔

— الدّوابَّ: چوپاؤں کو پہلا اور دوسرا پانی پلانا۔

— الكتابَ الى لغةٍ كذا: کتاب وغیرہ کا کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔

— الشئَ الخَلَقَ: پرانی چیز کی مرمت کرنا۔ پیوند لگانا۔
یقال: نقل الثوبَ، نقل النَّعلَ۔
نَقِلَ (س) المكانُ نَقَلاً: کسی جگہ کا بہت ملبے والی ہونا۔
— البعيرُ: اونٹ کے کھر کا بیماری سے پھٹ جانا۔ هو نَقِلٌ، هي نَقِلَةٌ۔
أنْقَل الشئَ الخَلَقَ: بمعنی نَقَلَه۔
نَاقَلَ الفرسُ: گھوڑے کا تیزی سے پاؤں اٹھانا۔ (۲) پچھلی دونوں ٹانگیں اگلے پیروں کی جگہ رکھنا۔ (۳) دوڑتے ہوئے رکاوٹوں کو پار کر جانا۔
— ندیمه القَدَحَ: ہم نشین کو جام دینا اور لینا۔
— فلاناً الحديثَ: ہر ایک کا دوسرے سے اپنی بات یا حدیث بیان کرنا۔
نَقَّلَه: مبالغہ در نَقَلَه۔
اِنْتَقَلَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تَنَاقَلَ القومُ الحديثَ بينهم: باہم حدیث بیان کرنا۔
تَنَقَّلَ من مكان الى آخر: منتقل ہونا۔
— فلان: خشک میوہ کھانا۔
المَنْقَلُ: پرانا موزہ یا جوتا۔
(۲) مختصر راستہ۔
المِنْقَلُ: چوزہ۔
یقال: فرس مِنْقَلٌ: تیز رو گھوڑا۔
المَنْقَلَةُ: سفر کی منزل۔
یقال: أرضٌ مَنْقَلَةٌ: پتھریلی زمین۔
(ج) مَنَاقِلُ۔
المِنْقَلَةُ: ذریعہ نقل مکانی۔
(۲) (علم ہندسہ میں) نقشہ کے زاویوں کی پیائش کا آلہ (ج) مَنَاقِلُ۔ (مج)
المُنَقِّلَةُ: سر کا وہ زخم جس سے ہڈیوں کے ریزے برآمد ہوں۔
(۲) شطرنج کی طرح کی تختی جس کے خانوں میں کنکریاں ڈال کر کھیلتے ہیں۔ (مو)

المَنْقُولُ: سماع یا روایت سے حاصل شدہ علم۔ جیسے علم الفقہ یا علم الحدیث وغیرہ۔ یہ معقول کا مقابل ہے۔
النَّاقِلَةُ من الناس: خانہ بدوش لوگ۔ خلاف القُطّان۔
(۲) دوسرے قبیلے کی طرف منسوب اور منتقل ہونے والا قبیلہ۔
(۳) آفت زمانہ۔
(۴) ایک بستی سے دوسری بستی میں منتقل ہونے والا اخراج۔ (ج) نَوَاقِلُ۔
النِّقَالُ: نیزوں کے چوڑے اور چھوٹے پھل۔ واحدتها نَقَلَةٌ۔
النَّقَّالَةُ: بیمار اور زخمیوں کے اٹھانے والی چار پائی۔ (مو)
النَّقْلُ: مختصر راستہ۔
(۲) موزہ یا جوتا۔ (ج) أنْقَالٌ۔ نُقُولٌ۔
همزة النَّقل: (علم النحو میں) وہ ہمزہ جو غیر متعدی فعل کو متعدی اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو مفعول اور متعدی بہ دو مفعول کو متعدی بہ سہ مفعول بنا دیتا ہے۔
تشديد النَّقل: وہ تشدید جو غیر متعدی فعل کو متعدی اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو یا زائد بنا دیتی ہے۔
النُّقْلُ: شراب کے ساتھ لیا جانے والا پھل، چٹنی وغیرہ۔
(۲) کھانے سے پہلے یا بعد میں بطور تفکہ کھائے جانے والے خشک میوے جیسے اخروٹ، بادام، پستہ وغیرہ۔ عموماً رمضان کی راتوں میں انہیں لیا جاتا ہے۔ (مو)
النَّقَلُ: مکان یا قلعے کے انہدام کے وقت گرے ہوئے پتھر۔
(۲) ایک تیر سے نکال کر دوسرے تیر میں لگایا جانے والا پر۔
(۳) شور وشغب کے ساتھ زبانی جھگڑا۔
(۴) اونٹ کے کھر کی بیماری جس سے وہ پھٹ جاتا ہے۔

النَّقِلُ: یقال: مكان نَقِلٌ: سخت وکھردری جگہ۔
رجلٌ نَقِلٌ: تیز گفتار وحاضر جواب آدمی۔
النِّقْلَةُ: یقال: امرأةٌ نِقْلَةٌ: وہ عورت جس کی زیادہ عمر ہوجانے کی وجہ سے پیغام نکاح نہ آتا ہو۔ (ج) نِقَلٌ۔
النُّقْلَةُ: چغلی۔ (ج) نِقَلٌ۔
النَّقْلَةُ: یقال: سمعت نَقْلَة الوادي: میں نے وادی کے سیلاب کی آواز سنی۔
النَّقِيلُ: چلتے ہوئے جانوروں کی ٹھوکر سے اڑنے والے پتھر۔
(۲) بارش کے علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے والا سیلاب۔
(۳) پردیس میں رہنے والے مرد وعورت۔
یقال: امرأةٌ نقيلةٌ۔
(۴) تیزی سے قدم اٹھانے والا جانور۔
النَّقِيلَةُ: موزے یا جوتے میں لگایا جانے والا پیوند۔ (۲) انسان کی کھال کا ٹکڑا جو ایک جگہ سے کاٹ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ (مج)
(ج) نَقَائِلُ، نَقِيلٌ۔

نَقَمَ (ض) منه۔ نَقْمًا، نُقومًا: کسی کو سزا دینا۔
۔ الشئَ: ناپسند کرنا۔ عیب نکالنا۔
یقال: نقمت عليه الأمرَ، نقمت منه
کذا: قرآن حکیم میں ہے:
وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ اِلاَّ اَنْ يُّؤْمِنُوا بِاللهِ۔ اور هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّا اِلاَّ اَنْ آمَنَّا۔
یقال: ما تَنْقِمُ مِنَّا: تم ہماری کس چیز کو ہدف ملامت بناتے ہو؟
نَقِمَ (س) الشئَ نَقْمًا: جلدی سے کھالینا۔
نَقَّمَ الشئَ: بہت برا سمجھنا، بہت عیب نکالنا۔
اِنْتَقَمَ منه: بدلہ لینا۔ سزا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا۔

النَّقِمُ: یقال: ضربهٗ ضَرْبَةً نَقِمٍ: دشمن کی طرح مارا۔
(۲) راستہ کا بیچ۔
النِّقْمَةُ: سزا۔ (ج) نِقَمٌ۔
نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ ونحوه: مینڈک کا بولنا۔
— عینُه: آنکھ کا اندر دھنس جانا۔
النِّقْنِقُ: نرشترمرغ۔ (ج) نَقَانِقُ۔
اَلنِّقْنِيقُ: پھانسی کا تختہ۔ (ج) نَقَانِيقُ۔
نَقِهَ (س) من مرضه نَقَهًا، نُقُوْهًا: صحت یابی کے باوجود کمزور رہنا۔
یقال: نَقِهْتُ من الحديث: بات سے مطمئن ہونا۔
— الكلامَ والحديثَ: بات سمجھنا۔
هو نَقِهٌ، ناقهٌ، هي نقهةٌ، ناقِهَةٌ۔ (ج) نُقَّهٌ۔
اَنْقَهَهُ اللّٰهُ: شفا عطا کرنا۔
(۲) سمجھانا۔
یقال: اَنْقِهِ لی سَمْعَكَ: میری طرف متوجہ ہو اور میری بات سنو۔
اِنْتَقَهَ من المرض: بمعنی نَقِهَ۔
یقال: اِنْتَقَهْتُ من الحديث: میں بات سے مطمئن ہوگیا۔
اِسْتَنْقَهَ: دریافت کرنا۔
نَقَا (ن ض) المُخَّ نَقْوًا: نکالنا۔
— العَظْمَ ۔ نَقْیًا: گودا نکالنا۔
نَقِيَ (س) الشيءُ نَقَاوَةً، نَقَاءً: صاف ہونا۔
هو نَقِيٌّ (ج) نِقَاءٌ، نُقَوَاءُ۔ هي نقيةٌ (ج) نِقَاءٌ۔
— الرجلُ نقِيَ: گوشت نہ رہنا۔
اَنْقَی العظمُ: ہڈی میں گودا آجانا۔
— البُرُّ: گیہوں کا دانہ موٹا ہو کر نفردار ہو جانا۔
— العُودُ: ٹہنی میں نرمی آجانا۔
— الشيءُ: گودے دار ہونا۔
— الشيءَ: صاف کرنا، پسند کرنا۔
نَقَّاهُ: بمعنی اَنْقَاهُ۔
اِنْتَقَی المُخَّ من العظمِ: بمعنی نَقَّاهُ۔
— الشيءَ: پسند کرنا۔
تَنَقَّی الشيءَ: بمعنی اِنْتَقَاهُ۔
الاَنْقَی: یقال: رجلٌ اَنْقَی: پتلی لمبی ہڈیوں والا۔ هي نَقْوَاءُ۔
المُنَقَّی: آلائشوں سے پاک۔
(۲) راستہ۔
المُنَقِّي: غلہ صاف کرنے والا۔
المُنْقِيَةُ من النُّوقِ: چربی چڑھی ہوئی اونٹنی۔ (ج) مَنَاقٍ۔
النَّقَا: گودے دار ہڈی۔
(۲) بازو کی ہڈی۔
(۳) ریت کا ٹیلہ۔
(ج) اَنْقاءٌ، نُقِيٌّ۔
النُّقَاوَاةُ: ترش پودا جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ (ج) نُقَاوَی۔
النُّقَاوَةُ من الشيءِ: عمدہ اور خلاصہ اور جوہر (ج) نَقَايَا، نُقَاءٌ۔
النُّقَايَةُ من الشيءِ: پھینکنے کے قابل ردی چیز۔ نُقَا نُقَاء۔
النِّقْوُ: ہر گودے دار ہڈی۔
(۲) بازو کی ہڈی (ج) اَنْقَاءٌ۔
النَّقْوَةُ من الشيءِ: عمدہ اور چھانٹی ہوئی چیز۔
النِّقْيُ: ہڈی کا گودا (ج) اَنْقَاءٌ۔
النَّقِيَّةُ: یقال: ما تفوّه بنَقِيَّةٍ: اس نے ایک حرف زبان سے نہیں نکالا۔
النَّقِيُّ: خالص (۲) میدہ۔

ن .... ک

نَكَأَ (ف) القَرْحَةَ نَكْئًا: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل دینا۔
— العدوَّ: دشمن کو زخمی کر کے مار ڈالنا۔
— فلانًا حقَّهٗ: کسی کا حق دے دینا۔
اِنْتَكَأَ الحقَّ: حق وصول کر لینا۔
نَكَبَتِ (ن) الرِّيحُ نكوبًا: ہوا کا بے رخ چلنا۔
— عنه نكْبًا: ہٹنا۔ الگ ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے:
عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ۔
— به: پھینکنا۔
— الإناءَ: برتن کی چیز کو بہا دینا۔
الجَعْبَةَ: ترکش کے تیر نکال کر بکھیر دینا۔
— الحجارةُ رجلَه: پیر کو پتھروں کا زخمی کر دینا۔
— الدَّهرُ فلانًا: زمانہ کا کسی مصیبت لانا۔
نَكُبَ (ك) نَكَابَةً: قوم کا محافظ، ذمہ دار ہونا۔
یقال: ما كان مَنْكِبًا، لقد نكُبَ۔
نَكِبَ (س) البعيرُ ونحوه نَكَبًا: اونٹ کا پیدائشی طور پر ترچھا چلنا۔
(۲) اونٹ کے کندھے میں بیماری کی وجہ سے ٹیڑھا ہونا۔
هوَ اَنْكَبُ، هي نَكْبَاءُ (ج) نُكْبٌ۔
نَكَّبَ عنه: الگ ہونا۔ ہٹنا۔
— الشيءَ: ہٹانا۔
یقال: نَكَّبَهُ الطَّرِيقَ، نَكَّبَ به الطريقَ
نَكَّبَ به عن الطريقِ: راستہ سے ہٹانا۔
انتكبَ الشيءَ: کندھے پر ڈالنا۔
تَنَكَّبَ: ایک طرف ہو کر چلنا۔
— على الشيءِ: سہارا لینا۔
— عنه: بمعنی نَكَّبَ۔
— الطريقَ المعوجَّ: ٹیڑھے راستے سے بچنا۔
یقال: تَنَكَّبَ فلانًا: کسی کی طرف مونڈھا کر کے دوسری طرف متوجہ ہونا، منہ پھیرنا۔
تَنَكَّبْ عَنِّيْ: میرے پاس سے ہٹ اور دُور ہوجا۔
— الشيءَ: کوئی چیز مونڈھے پر ڈالنا۔
یقال: تنكّبَ قوسَه۔
الانكبُ: جھکے ہوئے کندھے والا۔ (۲) بے کمان آدمی۔ (ج) نُكْبٌ۔
المَنْكِبُ: کندھے اور شانے کا جوڑ، مونڈھا (مذکر)
یقال: هَزَّ منكبه لكذا: خوش ہونا۔
(۲) ہر چیز کا کنارہ، گوشہ۔
(۳) زمین کا بلند حصہ۔

(۴) سردارِ قوم۔

یقال: هوَ منكِبُ العُرَفاء: سردار (ج) **مَناكِبُ**۔

قرآن حکیم میں ہے:

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلاً فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا: اس کے اطراف میں چلو۔

النَّكْباءُ: بے رخ ہوا جو شمال و مشرق کے درمیان چلے۔ (ج) **نُكُبٌ**۔

المَناكِبُ: پرندے کے بڑے پروں کے بعد چار پر۔

یقال: راش سهمَه بمناكب النَّسر:

(اس کا کوئی واحد نہیں)

النَّكْبُ: مصیبت (ج) **نُكُوبٌ**۔

النَّكَبُ: کسی چیز کی معمولی کجی۔

(۲) اونٹ وغیرہ کے مونڈھوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے وہ ٹیڑھا ہو کر چلتا ہے۔

النَّكْبَةُ: مصیبت (ج) **نَكَبات**۔

النُّكْبَةُ: کھانے کی چیزوں کا ڈھیر۔ (ج) **نُكَبٌ**۔

النَّكِيبُ: بمعنی **المَنْكُوبُ**۔

(۲) کھر یا موزہ کا دائرہ۔

اليَنْكُوبُ من الطريق: ٹیڑھا راستہ۔

نَكَتَ (ن) الارضَ، وفيها نَكْتًا: نکڑی وغیرہ سے زمین کو کریدنا۔

یقال: اتيتُه وهو ينكتُ: میں اس کے پاس آیا تو وہ اس طرح سوچ میں تھا جیسے اپنے دل سے باتیں کر رہا ہو۔

مَرَّ الفرس وهو ينكتُ: گھوڑا اچھلتا کودتا گزرا۔

— الشيءَ: زمین پر پھینکنا۔

یقال: نَكَتَ فلانًا: پیر کے بل گرانا۔

والشيءَ: کسی چیز کو خالی کر دینا اندرونی چیز باہر نکال کر بکھیر دینا۔

یقال: نَكَتَ كِنانَتَه: ترکش کے تیر بکھیرنا۔

نكت العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔

نَكَّتَ الرُّطَبُ: کھجور کا پکنا شروع ہونا۔

— في قوله: اپنی بات میں نکتے پیدا کرنا، چٹکلے چھوڑنا۔

اِنْتَكَتَ فلانٌ: سر کے بل گرنا۔

یقال: نَكَتَه فَانْتَكَتَ۔

النَّكَّاتُ: خوش گفتار چٹکلے چھوڑنے والا۔

(۲) نکتہ چین۔ طعنہ زن۔

یقال: فلان نَكّات في الأرض: طعنہ زن۔

النُّكْتَةُ: زمین کریدنے کا نشان۔

(۲) دھبہ۔ کسی چیز میں نقطہ جو اس کے رنگ سے مختلف ہو۔

(۳) مخفی علامت۔

(۴) مؤثر اور فکر انگیز خیال۔

(۵) دقیق مسئلہ جو بڑے غور و فکر کا موجب ہو۔

(۶) آئینہ یا تلوار کا ہلکا دھبہ۔

(۷) آنکھ کے ڈھیلے میں ہلکا سا گڑھا۔ جسے عام لوگ نقطہ کہتے ہیں۔ (ج) **نُكَتٌ. نِكاتٌ**۔

النَّكِيتُ: مطعون۔ نکتہ چینی کیا جانے والا۔

نَكَثَ (ن) الحبلَ ونحوَهُ نَكْثًا: رسی کے بل کھولنا۔

— العهدَ او اليمينَ او البَيْعَةَ: توڑنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ۔

— السواكَ: مسواک کا سرا نرم کرنا۔ اس کے ریشے پھیلانا۔

— الأثرَ: نشان مٹانا۔

نَاكَثَهُ العَهْدَ: کسی کے ساتھ عہد شکنی کرنا۔

اِنْتَكَثَ الحبلُ ونحوُه: بل کھل جانا۔

— السِّواكُ: مسواک کے ریشے پھیل جانا۔

یقال: انتكث ما كان بينهم: تعلق منقطع ہو جانا۔

طلب فلانٌ حاجةً ثم انتكثَ الأُخرى: ایک کام کو چھوڑ کر دوسرے پر لگ جانا۔

— البعيرُ وغيرُه: موٹے اونٹ وغیرہ کا دبلا ہو جانا۔

— تَنَاكَثَ القومُ عهودَهم: باہم عہد و پیمان چھوڑنا۔

النُّكَاثُ: اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔

(۲) تھوڑی کے غدود کا ورم (ج)

النُّكاثَةُ: ٹوٹی ہوئی چیز۔

یقال: نُكاثةُ الحَبْلِ، نُكاثةُ السِّواكِ: مسواک کے منہ میں پھیلے ہوئے ریشے۔

النِّكْثُ: دوبارہ بٹے جانے والے پرانے دھاگے، روئی یا اون کے۔

(۲) وہ پرانے خیمے یا کمبل وغیرہ جن کو ادھیڑ کر دوبارہ کتائی کی جائے۔ (ج) **اَنْكاثٌ**۔

یقال: حَبْلٌ نِكْثٌ، اَنْكاثٌ: کھولی ہوئی رسّی۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا۔

النَّكّاثُ: پرانے خیموں کو ادھیڑنے والا۔

النَّكِيثُ: بمعنی **المَنْكُوثُ**۔

یقال: حبلٌ نَكِيثٌ۔

النَّكِيثَةُ: اہم معاملہ۔

(۲) مشکل منصوبہ جس کی تنفیذ قوم کے لئے دشوار ہو اور وہ مصیبت میں پھنس جائیں۔

یقال: وقعوا في نكيثةٍ۔

یقال: قولٌ لا نكيثةَ فيه: ایسی بات جس میں نہ وعدہ خلافی ہو نہ عہد شکنی۔

(۳) طبیعت۔ مزاج۔

یقال: هو ذو نكيثة حَسَنَةٍ۔

(۴) پوری کوشش۔

یقال: بذَلَ فيه نكيثَتَه۔

بلغ من دابَّته النكيثةَ: اس نے اپنے چوپائے کی آخری رفتار کر دی۔

نَكَحَتِ (ض) المرأةُ۔ نِكاحًا: شادی کرنا۔

هي ناكِحٌ، ناكِحَةٌ۔

— المرأةَ: عورت سے شادی کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے:
فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ۔
— المرأةَ: عورت سے مباشرت کرنا۔
یقال: نَكَحَ المطرُ الأرضَ: بارش کا مٹی میں جذب ہو جانا۔
(۲) عورت پر اعتماد کرنا۔
— الدّواءُ فلانًا: کسی پر دوا کا اثر کرنا۔
یقال: نَكَحَ النُّعَاسُ عينيه: نیند کا غلبہ ہونا۔
أَنْكَحَ المرأةَ: عورت کی شادی کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ۔
— فلانًا المرأةَ: کسی عورت سے شادی کرانا۔
تَنَاكَحَ القومُ: باہم شادی کرنا۔
— الأشجارُ: درختوں کا آپس میں گتھم گتھا ہو جانا۔
استَنْكَحَ المرأةَ: عورت کو نکاح کا پیغام دینا۔ شادی کی خواہش کرنا۔
— في بني فلان: کسی قبیلے میں شادی کرنا۔
یقال: استنكح النُّعَاسُ عينه: نیند کا غلبہ ہونا۔
النَّاكِحُ: شادی شدہ مرد۔
(۲) شادی شدہ عورت۔
یقال: هي نَاكِحٌ في بني فُلَانٍ۔
النِّكْحُ: خاوند یا بیوی۔
یقال: هو نِكْحُهَا، هي نِكْحَتُهُ۔
النُّكَحُ: بہت شادی کرنے والا۔
(۲) بہت نکاح کرنے والا۔
النُّكَحَةُ: بمعنی النُّكَحِ۔
یقال: هو نُكَحَةٌ من قومٍ نُكَحَاتٍ۔
نَكَدَ (ن) حاجةَ فلانٍ نَكْدًا: کسی کی ضرورت کو پورا نہ کرنا۔
— العطاءَ: تھوڑا عطیہ دینا۔
— الشيءَ: ختم کر ڈالنا۔
یقال: نَكَدُوا ماءَ البئر۔
یقال: نَكَدَ الناسُ فلانًا: لوگوں کا مانگ مانگ کر کسی کا سارا مال ختم کر ڈالنا۔
نَكِدَ (س) نَكَدًا، نَكَادًا: منحوس ہونا۔
— الأمرُ: کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔
— عيشُه: زندگی اجیرن ہونا۔
— الشيءُ: تھوڑا اور معمولی ہونا۔
یقال نَكِدَ ماءُ البئر۔
یقال: نَكِدَ فلان: عطیہ کم ہونا۔ فیض کم ہونا یا بالکل بند ہو جانا۔
نَكِدَ بحاجتنا: ضرورت کو پورا نہ کرنا۔
هو نَكِدٌ نَكْدٌ. (ج) أَنْكَادٌ۔
هو أَنْكَدُ، هي نَكْدَاء (ج) نُكْدٌ۔
أَنْكَدَ فلانٌ فيما طلب: مقصد میں ناکام رہنا۔
— فلانًا: کسی کو کم فیض پانا۔
یقال: سأله فأنكده۔
نَاكَدَهُ: تنگ کرنے میں کسی پر غالب آنا۔
نَكَّدَهُ: بخیل بنانا۔
یقال: نَكَّدَ عطاءَه بالمَنّ۔
تَنَاكَدَ القومُ: ایک دوسرے کو تنگی و پریشانی میں ڈالنا۔
تَنَكَّدَ الغرابُ: کوے کا پوری طاقت سے کائیں کائیں کرنا۔
— عيشه: زندگی مکدر ہونا۔
المُنْكِدُ: یقال: جاء فلان مُنْكِدًا: فلاں کا آنا مبارک نہیں ہوا۔
المَنْكُودُ: یقال: عطاءٌ مَنْكُودٌ: بخیلانہ بخشش۔
رجلٌ منكودٌ: بخیل آدمی جس سے مانگنے میں بہت اصرار کیا جائے۔
الحظُّ المنكودُ: برا نصیب۔
النَّاكِدُ: وہ عورت جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ (۲) کم دودھ دینے والے جانور۔
النَّكَدُ: نحوست۔
یقال: رجلٌ نَكَدٌ: بدبخت و پریشان آدمی۔
ارض نَكِدٌ: بیکار زمین۔ (ج) نِكَادٌ۔
النَّكِدُ: بخیل۔
(۲) بے فیض۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا۔
النُّكْدُ: قلت بخشش۔
یقال: ماءٌ نُكْدٌ: تھوڑا پانی۔
نَكِرَ (س) فلانٌ نَكَرًا، نُكُرًا، نَكَارَةً: سمجھدار اور ذی رائے ہونا۔
هو وهي نَكِرٌ (ج) أَنْكَارٌ۔
— على فلان: کسی کو ڈرانے والا کام کرنا۔
هو نَاكِرٌ۔
— الشيءَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَمَّا رَأٰى أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ۔
نَكُرَ (ك) الأمرُ نَكَارَةً: سخت دشوار ہونا۔
(۲) اوپرا اور اجنبی ہونا۔
أَنْكَرَ الشيءَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنْكِرُوْنَ۔
— حقَّه: حق کا انکار کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا۔
— على فلان فِعْلَه: کسی کے فعل کو ناپسند کرکے اس سے روکنا۔
یقال: ما كان أَنْكَرَهُ: وہ بڑا ہی چالاک تھا۔
نَاكَرَهُ: کسی کے ساتھ چالاکی کرنا، دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔
(۲) جنگ کرنا۔ قتل و غارت گری کرنا۔
نَكَّرَ الشيءَ: بدل کرنا قابل شناخت بنا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا۔
— الاسمَ: (نحویوں کے ہاں) نکرہ بنا دینا۔
تَنَاكَرَ فلانٌ: انجان و اجنبی بننا۔
— القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو نہ پہچاننا۔

—الأمرَ: کسی بات کو نہ جاننے کا دعویٰ کرنا۔

تَنَكَّرَ: ایک حال سے دوسرے حال میں یا ایک ہیئت سے دوسری ہیئت میں بدل جانا۔

یقال: تَنَكَّرَ لی فلان: وہ میرے ساتھ بری طرح پیش آیا۔ اس نے میرے ساتھ سابق کے برعکس بدسلوکی کی۔

اِسْتَنْكَرَ الأمْرَ: ناپسند کرنا۔ مذمت کرنا۔

الإنْكَارُ: انکار الذات: اپنی ذات پر غیر کو ترجیح دینے اور اتباع کرنے کا جذبہ یہ عموماً اخلاقین اورزہاد کے ہاں استعمال ہوتا ہے۔ (محدثہ)

الأنْكَرُ: یقال: صوته أنْكَرُ الاصوات: بہت ناگوار۔

المُنْكَرُ: عقل سلیم کے نزدیک ہر بری اور ناگوار بات۔ یا ہر وہ بات جو شریعت کی رُو سے ناپسندیدہ یا حرام ہو۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ۔

المُنَكَّرُ: (نحویوں کے ہاں) غیر معروف۔ نکرہ۔

المَنْكُورُ: نامعلوم۔ (ج) مَنَاكِيرُ۔

النكرُ: ذہانت۔ چالاکی۔

یقال رجلٌ نُكُرٌ: چالاک۔ ذہین۔

(۲) ناپسندیدہ کام۔

(۳) سخت۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلٰى شَيْءٍ نُكُرٍ۔ (ج) أنْكَارٌ۔

النَّكْرَاءُ: ذہانت وچالاکی۔

یقال: امرأةٌ نَكْرَاءُ: چالاک اور دانش مند عورت۔

(۲) برائی (۳) سختی۔

یقال: أصَابَتْهُمْ من الدَّهر نَكْرَاءُ۔

النُّكْرَانُ: انکار کرنا۔

النَّكِرَةُ: انکار۔ ناواقفیت۔

(۲)(نحویوں کے ہاں) ہر وہ اسم جو کسی عام مسمیٰ پر دلالت کرنے۔ وہ موجود ہو یا مقدر جیسے رجلٌ، یہ ہر بالغ مذکر حیوان ناطق پر بولا جائے گا۔ اور جیسے شمس ہر اس ستارہ پر بولا جاتا ہے جو دن میں طلوع ہو کر رات کے وجود کو مٹا دیتا ہے۔

(۳) پھوڑے وغیرہ سے نکلنے والا مواد خون، پیپ وغیرہ۔

النَّكَرَةُ: انکار۔ اجنبیت۔

یقال: كان لی أشَدَّ نَكَرَةً۔

النَّكِيرُ: انکار۔

یقال: شُتِمَ فَمَا أبْدٰى نكيرًا۔

(۲) عبرتناک سزا۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ۔

یقال: امرٌ نكيرٌ: مشکل، سخت معاملہ۔

حِصْنٌ نَكِيرٌ: مضبوط قلعہ۔

نَكَزَ (ن) الدَّابَّةُ نَكْزًا: جانور کو نوک دار چیز چبھا کر دوڑانا۔

الدَّابَّةُ الشئَ: جانور کا کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا۔

نَكِزَتِ (س) البئرُ نَكَزًا: کنویں کا پانی کم ہونا۔

هی ناكِزٌ، نَكُوزٌ۔

أنْكَزَ البئرَ: کنویں کا پانی ختم کر دینا۔

نَكَزَ البئرَ: بمعنی أنْكَزَها۔

المَنْكَزَةُ: یقال: فلانٌ بِمَنْكَزَةٍ من العيش: فلاں تنگی کی زندگی گزار رہا ہے۔

النِّكْزُ: گھٹیا مال، لوگ۔

(۲) ہڈی میں بچا ہوا گودا۔

نَكَسَ (ن) الشئَ نَكْسًا: الٹنا پلٹنا۔ اوپر کا نیچے اور نیچے کا اوپر اور سامنے کا حصہ پیچھے اور پیچھے کا حصہ سامنے کرنا۔

— **رأسَه:** ذلت وشرمندگی سے سر جھکانا۔

— **الطعامُ وغيرُهُ داءَ المريض:** کھانے وغیرہ کا بیماری کو لوٹا دینا۔

یقال: نَكَسَه فی ذلك الأمر: اس معاملہ میں اسے دوبارہ پھنسا دیا۔

نُكِسَ الولدُ: پیدائش کے وقت بچہ کے پیر سر سے پہلے نکلنا۔

— **المريضُ:** دوبارہ بیمار ہو جانا۔

— **فلانٌ:** کمزور ومعذور ہو جانا۔

— **عنْ نُظَرَائه:** اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا۔

یقال: نُكِسَ الفرس: دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں کے پیچھے رہ جانا۔

یقال: نُكِسَ علی رأسه: کسی بات کو جان لینے کے بعد اس سے لوٹ جانا۔

قرآن حکیم میں ہے:

ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ۔

نَكَّسَ الفرسُ: بمعنی نُكِسَ۔

— **فلانٌ:** منہ بگاڑنا۔ تیوری چڑھانا۔

— **اللهُ فلانًا فی العمر:** اللہ کا کسی کی عمر کو ضعف کے آخری درجہ پر لے جا کر طفولیت جیسے حال میں لوٹا دینا۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ۔

— **الشئَ:** بمعنی نَكَسَهُ۔

إنْتَكَسَ الشئُ: پلٹ جانا۔

یقال: نَكَسَه فانْتَكَسَ۔

— **المريضُ:** بیمار کا مرض لوٹ آنا۔

تَنَكَّسَ الشئُ: بمعنی انتكس۔

یقال: نكسه فتَنَكَّسَ۔

المُنَكِّسُ من الخيل: وہ گھوڑا جو کمزوری کے باعث دوڑتے وقت سر اور گردن اوپر نہ کر سکے۔

(۲) سست رفتار جو ساتھیوں کو نہ پکڑ سکے۔

المَنْكُوسُ: مقلوب، الٹا پلٹا ہوا۔

ولدٌ منكوسٌ: وہ بچہ جس کے پیدائش کے وقت پاؤں سر سے پہلے نکلے ہوں۔

یقال ولادةٌ مَنْكُوسَةٌ۔

فلان يقرأ القرآن مَنْكُوسًا: آخر سے اول کی طرف پڑھتا ہے یا آخری سورت سے پہلی سورت کی طرف پڑھتا ہے۔

النَّاكِسُ: شرمندگی کی وجہ سے سر جھکانے والا۔ (ج) نَاكِسُونَ، نَوَاكِسُ.
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ.
(۲) بڑھاپے کی آخری منزل کو پہنچنے والا۔
(ج) نُكُسٌ.
النُّكْسُ: بیماری کی واپسی۔
النِّكْسُ: ٹوٹے ہوئے سرے والا تیر جس کے بالائی حصہ کو نیچے کر دیا جائے۔
(۲) پست قد (۳) کمزور۔
(۴) کرم ومدد سے عاری رذیل شخص۔ (ج) أَنْكَاسٌ.
نَكَشَ (ن) الشيءَ نَكْشًا: کسی چیز کو خالی کرنا۔
يقال: هذه بئر لا تُنكَشُ: اس کنویں کو خالی نہیں کیا جا سکتا۔
فلانٌ بحرٌ لا ينكش: فلاں کا فیض ہمیشہ جاری رہتا ہے۔
— الأمرَ: تحقیق کرنا۔ کھود کرید کرنا۔
— الطعامَ ونحوَه: کھانا وغیرہ ختم کر ڈالنا۔
— العمَلَ ومنه: کام سے فارغ ہو جانا۔
اِنْتَكَشَ الشيءَ: بمعنی نَكَشَهُ.
المِنْكَاشُ: نکالنے کا آلہ۔
(۲) آلہ نقاشی (ج) مَنَاكِيشُ.
المِنْكَشُ: معاملات کی تحقیق کرنے والا۔
المَنْكُوشُ: يقال سَفَطٌ مَنْكُوشٌ: خالی عطر دان۔ (ج) مَنَاكِيشُ.
النَّكَّاشُ: بمعنی المِنْكَشُ.
نَكَصَ (ن ض) نَكْصًا، نُكُوصًا: پیچھے ہٹنا۔
— عن الأمرِ: کام سے باز رہنا۔
يقال: نكص على عقبَيْهِ: الٹے پاؤں پھرنا۔ کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد اسے چھوڑ کر دوسری طرف جانا۔
المَنْكَصُ: لوٹنے کی جگہ۔
(۲) الگ ہٹنے کی جگہ۔

نَكِظَ (س) الشيءُ نَكَظًا: بھونڈا ہونا۔
— فلانٌ نَكَظًا: تھکنا۔ (۲) جلدی کرنا۔
يقال: نَكِظَ فلانٌ للخروج.
(۲) سخت بھوک لگنا۔
أَنْكَظَهُ عن الأمر: کسی سے کسی کام میں جلدی کرانا۔ یا کسی کام سے روکنا۔
نَكَّظَ: بمعنی أَنْكَظَ.
— حاجةَ غيره: دوسرے کے کام کو دشوار بنا دینا۔
تَنَكَّظَ الأمرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
— فلانًا: سفر میں کسی کی حالت خراب ہونا۔
(۲) بخل کرنا۔
المَنْكَظَةُ: سفر کی مشقت وصعوبت۔
نَكَعَ (ف) فلانٌ عن الأمر نَكْعًا: کسی کام سے ہٹنا، باز رہنا، سستی کرنا۔
— فلانًا بظَهْرِ قدمِه: کسی کو پاؤں کی پشت مارنا۔
— الماشيةَ: مویشی کو دوہتے ہوئے تھکا دینا۔
— فلانًا حقَّه: کسی کو اس کے حق سے محروم کرنا۔
— عن الشيءِ: روک دینا۔ باز رکھنا۔ کسی سے جلدی کرانا۔
نَكِعَ (س) نَكَعًا، نُكْعَةً: سرخ اور چھلا ہوا ہونا۔
هو نَكِعٌ، نَاكِعٌ، هو ايضا أَنْكَعُ، هي نَكْعَاءُ (ج) نُكْعٌ.
أَنْكَعَ فلانٌ: تھکا ماندہ ہونا۔
— الشيءَ: پیچھے لوٹانا۔
— فلانًا عن الأمر: کسی سے کسی کام میں جلدی کرانا۔
— الأمرُ صاحبَه: معاملہ صاحب معاملہ کے ہاتھ سے نکل جانا۔
نَكَّعَهُ: جلدی مچا کر کسی کی زندگی دوبھر کر دینا۔
— عن حاجته: کسی کو اس کے مقصد سے روکنا۔
المُنْكَعُ: يقال: انفٌ مُنْكَعٌ: چپٹی ناک۔
النَّكِيعُ: يقال: احمرُ نَكِيعٌ: تیز سرخ۔

النُّكَعُ: سیاہی مائل سرخ آدمی۔
النُّكَعَةُ: طرثوث پودے کی نوک۔ عموماً کھمبی کے اوپر والے حصے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
من الأنف: ناک کا کنارہ۔
النُّكَعَةُ: چھلا ہوا سرخ۔
(۲) بے وقوف۔
(۳) کاہل آدمی جہاں بیٹھ جائے وہاں سے اٹھنے کا نام نہ لے۔
النَّكُوعُ: پست قد عورت (ج) نُكُعٌ.
نَكَفَ (ن) عن الشيء نَكْفًا: کسی چیز سے ناک چڑھانا۔
— الدَّمعَ: انگلی رخسار پر پھیر کر آنسو پونچھنا۔
— البئرَ: کنواں خالی کرنا۔
يقال: جيشٌ لا يُنكَفُ: لاتعداد لشکر جس کی انتہا تک نہ پہنچا جا سکے۔
عنده سجاعةٌ لا تُنكَفُ: اس میں زبردست بہادری ہے۔
نَكِفَ (س) الحيوانُ نَكَفًا: جانور کے جبڑے کے قریب غدود میں بیماری ہونا۔
— اليدُ: ہاتھ میں درد ہونا۔
نُكِفَ نُكَافًا: بیمار ہونا۔ هو منكُوفٌ.
أَنْكَفَهُ: قابل نفرت چیز سے پاک رکھنا۔
نَاكَفَهُ الكلامَ: کسی کو سختی سے ہر بات کا جواب دینا۔
نَكَّفَ: جبڑے کے غدود، پھول کر بخار ہو جانا۔
اِنْتَكَفَ: ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں جانا۔ یا ایک کام سے ہٹ کر دوسرے کام میں لگنا۔
— له: کسی پر زیادتی کرنا۔
(۲) جھکنا۔
يقال: ضربه فانتَكَفَ.
— العَرَقَ من جَبِينِه: پیشانی کا پسینہ صاف کرنا۔
— الأمرَ: نشان مٹانا۔
تَنَاكَفَ الرّجلان الكلامَ: باہم گفتگو کرنا۔ بحث ومباحثہ کرنا۔

استنكف من الشئ وعنه: ناک چڑھانا۔ برائی کی وجہ سے کسی چیز کو چھوڑنا۔

يقال: استنكف عن العمل: تکبر کی وجہ سے کام چھوڑنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ ۔ اسی طرح

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ

المَنْكُوْف: غدود پھولنے کا مریض۔

النُّكَاف او الحُمّى النَّكفيَّة: (کان پیڑے) وائرس کی وجہ سے نکفیہ غدود میں حد سے زیادہ ورم اور جلن کی بناء پر ہونے والا بخار۔ جو بسا اوقات مِنکرِیاس اور خصیتین وغیرہ تک بھی جا پہنچتا ہے۔ (مج)

النَّكَف: ہاتھ میں ایک قسم کا درد۔

النُّكْف: قابل نفرت یا قابل عار چیز۔

يقال: رجلٌ نِكْفٌ۔

النَّكَفَة: کان کی لو اور جبڑے کی ہڈی کے درمیان چھوٹے غدودوں میں سے ایک۔ اسے **الغُدد النَّكفيَّة** کہتے ہیں۔

نَكَلَ (ن) عن الأمر نُكُولاً: بزدلی سے پیچھے ہٹنا۔

يقال: نَكَلَ عن العدوّ، نكل عن اليمين۔

— فلانًا عن الشئ: روکنا۔

— بفلان نُكْلَةً قبيحةً: کسی پر آفت لانا۔

يقال: رماهُ بِنُكْلَةٍ۔

نَكِلَ (س) عن الأمر نَكَلاً: بمعنی **نَكَلَ**۔

اَنْكَلَهُ عن الشئ او الأمر: روکنا۔ باز رکھنا۔

يقال: أنْكَلَ فلانًا عن عَزْمه۔

نَكَّلَ به: عبرتناک سزا دینا کہ جسے دیکھ کر دوسرے ایسے برے کام سے رک جائیں۔

— الشئ: مقید کرنا۔

— فلانًا عن الشئ: باز رکھنا۔

اَلْمُنَكَّل: عبرتناک سزا کا ذریعہ۔

(۲) چٹان۔

النَّاكِل: کمزور بزدل۔

يقال: هو ناكِلٌ عن الأمور۔

النَّكَال: سزا یا مصیبت۔

قرآن حکیم میں ہے:

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا ۔ اسی طرح

وَجَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالاً مِّنَ اللّٰهِ۔

النَّكَل: بڑے ڈول کے نیچے باندھنے کی رسی۔

(۲) بہادر و تجربہ کار۔

رجلٌ نَكَلٌ، فرسٌ نكلٌ: مضبوط۔

حدیث شریف میں ہے:

إنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ النَّكَلَ على النَّكَلِ: اللہ کو مضبوط گھوڑے پر بہادر سوار پسند ہے۔

النِّكْل: بیڑی۔

(۲) ایک قسم کی لگام۔

(۳) لگام کا لوہا یا مہار۔

يقال: رجلٌ نِكْلٌ: ہمسروں پر غالب۔

هو نِكْلُ شرٍّ: شر پر قابو پانے والا۔

(ج) أنْكَال، نُكُول۔

قرآن حکیم میں ہے:

إنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالاً: ہمارے پاس بیڑیاں ہیں۔

النِّكْلَة: دو ملیمین کے مساوی ایک مصری سکہ۔ (د)

النِّيْكَل: کوٹے پیٹے جانے کے قابل ایک عنصر، جس کا رنگ سفید چاندی نما ہوتا ہے۔ بہت زیادہ چمکایا جا سکتا ہے۔ آکسائیڈز کے ساتھ کمبائنگ کرتا ہے اور مقناطیس کی طرف کھنچ جاتا ہے۔ اس کے ساتھ متعدد معدنیات قدرتی طور پر پائی جاتی ہیں۔ دھاتوں کے ڈھالنے وغیرہ اور بجلی کے ذریعے پانی چڑھانے وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ بعض کیمیائی تفاعلات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (د)

نَكَهَتِ (ف) الشَّمْسُ نَكْهًا: دھوپ سخت ہونا۔

— فلانٌ: کسی کے ناک کے پاس اپنا سانس چھوڑنا۔

يقال: نكه على فلان ولفلانٍ وفي وجه فلان۔

— فلانًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔

نَكِهَ (س) نَكْهًا: دوسری کی ناک پر اپنی سانس چھوڑنا۔

— فلانًا: بمعنی **نَكَهَهُ**۔

نُكِهَ فلانٌ: پیٹ میں خرابی سے منہ کی بو بدل جانا۔

النَّكْهَة: منہ کی بو۔

يقال: هو طَيِّبُ النَّكْهَةِ۔

نَكَى (ض) العَدُوَّ وفيه نِكَايَةً: دشمن کو زیر کرنا۔

(۲) شکست دینا۔ غلبہ پانا۔

نَكِيَ (س) العَدُوُّ نَكًى: شکست کھانا، مغلوب ہونا۔

ن .... ل

النُّلْنُل: کمزور بوڑھا۔

ن .... م

نَمَرَ (ن) في الجبل والشَّجرُ نَمْرًا: چڑھنا۔

نَمِرَ (س) نَمَرًا، نُمْرَةً: چیتے جیسا ہونا، سفید اور دوسرے رنگ کے دھبوں والا ہونا۔

يقال: نَمِرَ السحابُ۔ هو نَمِرٌ۔ هي نَمِرَةٌ۔ ضرب المثل ہے۔

أرِنيها فها نَمِرَةً أُرِكَها مَطِرَةً۔

هو أنْمَرُ، هي نَمْرَاءُ۔ (ج) نُمْرٌ۔

— فلانٌ: غصہ ہونا، بدمزاج ہونا، چیتے جیسا ہونا کیونکہ وہ ہمیشہ غصے میں ہوتا ہے۔ **هو نَمِرٌ۔**

أنْمَرَ فلانٌ: صاف ستھرا پانی پانا۔

نَمَّرَ فلانٌ: غصہ ہونا۔ بدمزاج ہونا۔

— وجهَه: منہ بنانا۔ تیور چڑھانا۔

— الشئ: چیتے جیسے رنگ کا بنانا۔

يقال: بُرْدَةٌ مُنَمَّرَةٌ۔

اقبلت نُمَيْرٌ وما نَمَّروا: یعنی قبیلے والوں نے

اپنے لوگوں کو اکٹھا نہیں کیا۔
درید کا قول ہے:
فأبلغ سُليمًا والفافها
وابلغ نُميرًا وما تمّروا
تَنَمَّرَ: رنگ یا طبیعت میں چیتے جیسا ہونا۔
یقال: تَنَمَّر لفلانٍ: کسی کے ساتھ بد خلقی سے پیش آنا، دھمکی دینا۔
(۲) دھمکی دیتے وقت آواز لمبی کرنا۔
الأَنْمَرُ: ہر وہ چیز جس میں ایک داغ سفید اور دوسرا کسی اور رنگ کا ہو۔
یقال: فرسٌ أَنْمَرُ، ثوب أَنْمَرُ، هي نَمْرَاء۔ (ج) نُمْرٌ۔
المُنَمَّرُ: کالے اور سیاہ دھبوں والا۔
یقال: طَيْرٌ منمّرات، بُرْدٌ منَمّرَةٌ۔
التَّامِرَةُ: بھیڑیے وغیرہ کو شکار کرنے کا لوہے کا کانٹا۔
التَّامُورُ: خون۔
النَّمِرُ: فصیلہ ستوریہ سے رتبۃ اللواحم کا ایک چیر پھاڑ کرنے والا چتکبرا جانور۔ (چیتا)
النِّمْر: بمعنی النَّمِرُ:
النَّمِرَةُ: نمر کا مؤنث۔
(۲) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے جڑے ہوئے بادل کا ایک ٹکڑا (ج) نَمِرٌ۔
(۳) سفید وسیاہ دودھاریوں کا کمبل یا چادر (ج) نِمارٌ۔ اَلتَّامِرَةُ۔
النُّمْرَةُ: کسی بھی رنگ کا دھبہ۔
(۲) سفیدی وسیاہی (ج) نُمَرٌ۔
النَّمِيْرُ: من الماء: صاف وشفاف پانی جو آب پاشی کے لئے مفید ہو۔
یقال: له حَسَبٌ نَمِيرٌ: خالص وبے داغ نسب۔
النُّمْرُقُ: چھوٹا تکیہ۔ (ج) نَمارِقُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ۔
(۲) ایک قسم کی شطرنجی دری۔

النُّمْرُقَةُ: بمعنی النُّمْرُقُ۔
النِّمْرِقَةُ: بمعنی النُّمْرُقُ۔
النِّمْرِقَةُ: بمعنی النُّمْرُقُ۔
— من السَّحاب: جگہ جگہ سے پھٹا ہوا بادل۔
نَمَسَ (ض) السِّرَّ ۔ نَمْسًا: راز چھپانا۔
— فلانًا: چپکے چپکے باتیں کرنا۔
نَمِسَ (س) السَّمْنُ والطِّيبُ ونحوهما — نَمَسًا: خراب ہو جانا۔
— بفلان: کسی کی چغلی کھانا۔ هو نَمِسٌ۔
أَنْمَسَ بين القوم: لوگوں کے درمیان فساد انگیزی ولڑائی ڈالنا۔
نَامَسَ الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا۔
نَمَّسَ الشَّعْرُ: بالوں کا چکنائی لگنے سے میلا ہو جانا۔
— السَّمْنُ والجُبْنُ ونحوُهما: پنیر یا گھی وغیرہ کا خراب ہونا شروع ہونا۔ هو مُنَمِّسٌ۔
— عليه الأمرَ: کسی معاملے کو کسی کے لئے مشتبہ کرنا۔ مغالطہ دینا۔
— العَرَقُ الجَسَدَ: پسینہ کا بدن کو تر کر دینا۔
اِنَّمَسَ فلانٌ اِنِّمَاسًا: چھپنا۔
وفي الشيءِ: داخل ہونا۔
تَنَمَّسَ الصائِدُ: شکار کے لئے گھات بنانا۔
— الأمرُ: خلط ملط ہونا، مشتبہ ہونا۔
الأَنْمَسُ: مٹیالا۔
هي نَمْسَاءُ۔ (ج) نُمْسٌ۔
النَّامُوسُ: رازداں، جس سے اپنے دل کی بات کہی جائے۔
(۲) جبریل۔ (۳) چھوٹے بچوں کا محافظ۔
(۴) قانون یا شریعت۔ (مو)
(۵) ماہر، ہوشیار۔
(۶) شکاری کا گھات۔
(۷) راہب کی قیام گاہ۔
(۸) شیر کا مسکن (ج) نَوَامِيسُ۔
النَّامُوسَةُ: شیر کی جھاڑی۔
(۲) چھوٹا مچھر (ج) نَامُوسٌ۔

النَّامُوسِيَّةُ: چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا باریک کپڑا جو مچھروں سے بچنے کے لئے اوڑھا جاتا ہے۔ (مج)
النِّمْسُ: ایک قسم کا جانور اس کی متعدد اقسام ہیں۔ جیسے مصری، ہندی اور اشعل وغیرہ۔ (ج) نُمُوسٌ، أَنْماسٌ۔
النَّمَسُ: دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّمَسَةُ: بدبو، سڑانڈ۔
گلی سڑی بدبودار چیز کو کہا جاتا ہے:
فيه نَمَسَةٌ۔
نَمَشَ (ن) الشيءَ نَمْشًا: کسی چیز کو بطور کھیل اٹھا لینا۔
— الجرادُ الأرضَ: ٹڈیوں کا زمین کے کچھ گھاس کو کھا جانا اور کچھ چھوڑ دینا۔
— فلانًا: کسی سے چپکے چپکے باتیں کرنا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو مزین کرنا، نقش ونگار بنانا۔
— الكلامَ: جھوٹی باتیں کرنا۔
نَمِشَ (س) نَمَشًا: داغدار کھال والا ہونا۔ هو نَمِشٌ، أَنْمَشُ۔ هي نَمْشَاءُ۔ (ج) نُمْشٌ۔
أَنْمَشَ بين القومِ: چغلی کرنا۔ فساد ڈالنا۔
نَمَّشَ الشيءَ: مزین کرنا۔ مبالغہ في نَمَشَ۔
— الحديثَ: بات کو راز میں رکھنا۔
النَّمْشُ: چغلی۔
(۲) آراستہ کیا ہوا جھوٹا کلام۔
النَّمَشُ: اثر۔ نشان جو غیر میں ہو۔
حدیث شریف میں ہے:
فَعرَفْنَا نَمَشَ أيدِيهم في العَذوق۔
(۲) کھال پر گودنے کے نشانات، نقوش۔
(۳) چہرے کی کھال پر مخالف رنگ کے دھبے۔ عموماً ایسا بھورے پن میں ہوتا ہے۔
(۴) ناخنوں کی جڑ میں آنے جانے والی سفیدی۔
النَّمِشُ: یقال: سيفٌ نَمِشٌ: دھاریاں پڑی ہوئی تلوار۔
نَمَصَ (ن) الشَّعْرَ أو النبتُ نَمْصًا: بالوں یا کونپلوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔

ن

— الشَّعْرَ: بال چونٹنا۔

نَمِصَ (س) الشَّعْرُ نَمَصًا: بالوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔

أَنْمَصَ النبتُ او الشَّعْرُ: چونٹنے کے بعد اُگ آنا۔

— النباتُ او الشَّعْرُ او نحوهُمَا: کاٹنے کا وقت آجانا۔

نَمَّصَ الشَّعرَ او النَّبتَ: چونٹنا۔

اِنْتَمَصَتِ المرأةُ: سنگار کرنے والی سے کسی عورت کا اپنے چہرے کے بال دھاگے کے ساتھ اکھڑوانا۔

(۲) اپنے چہرے کے بال چونٹنا۔

تَنَمَّصَتِ المرأةُ: دھاگہ سے اپنی پیشانی کے بال اکھاڑنا۔

حدیث میں ہے:

لُعنت النامصة والمُتَنَمِّصَةُ۔

— الماشيةُ: مویشی کا ابتدائی اگی ہوئی گھاس کھانا۔

الأَنْمَصُ: يقال: هو أَنْمَصُ الحاجِبَيْنِ: باریک بھوؤں والا۔ هي نَمْصَاءُ۔

(ج) نُمْصٌ۔

المِنْمَاصُ: کانٹا نکالنے کا اوزار۔

النَّامِصَة: بال صاف کر کے تزئین و آرائش کا پیشہ کرنے والی عورت۔

النِّمَاصُ: سوئی کا دھاگہ۔

النَّمَصُ: چھوٹے پر۔

(۲) ابتدائی روئیدگی۔

(۳) فصیلہ اسلیہ کی ایک بوٹی جو تر جگہوں اور سیرابی علاقوں میں اگتی ہے۔ اس کے لمبے لمبے پتے بطور رسی استعمال ہوتے ہیں اور چٹائیاں وغیرہ بننے کے کام آتے ہیں۔

النَّمِيصُ: کاٹنے یا چونٹنے کے بعد نکلنے والی نباتات یا بال۔

أَنْمَطَ له العطاءَ: تھوڑا عطیہ دینا۔

نَمَّطَهُ على الشيءِ: کسی کو کوئی چیز بتانا۔

يقال: نَمَّطَ له على الشيءِ۔

الأَنْمَطُ: طریقے۔ ڈھنگ۔

النَّمَطُ: بستر کے اوپر والا کپڑا۔

(۲) فرش کی ایک قسم۔

(۳) ہودہ پر ڈالا جانے والا جھالردار رنگین اونی کپڑا۔

(۴) طریقہ، اسلوب۔

(۵) ایک رنگ ڈھنگ کے لوگ۔

(۶) کسی چیز کی ایک قسم یا نوع۔

يقال: عندي متاع من هذا النَّمَطِ۔

نَمَّغَ الشيءَ: سیاہ سرخ اور سفید مخلوط رنگوں میں رنگنا۔

المُنَمَّغُ: مخلوط رنگوں سے رنگا ہوا۔

يقال: رجل مُنَمَّغٌ: مختلف رنگوں والا۔

النَّمَغَةُ: نومولود بچہ کا حرکت کرتا ہوا تالو جو ابھی نرم ہو۔

(۲) پہاڑ وغیرہ کی چوٹی۔

(۳) قبیلہ کے منتخب لوگ۔

(۴) مال یا لوگوں کی کثرت۔ (ج) نَمَغٌ۔

نَمَقَ (ن) الكتابَ نَمْقًا: خوبصورت لکھنا۔

أَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما پر بے گٹھلی کے رطب کھجور آنا۔

نَمَّقَ الثوبَ او الجلدَ ونحوهما: نقش و نگار سے مزین کرنا۔

— الكتابَ: عمدہ کتابت کرنا۔ مبالغہ في نَمَقَ۔

يقال نَمْقٌ: تحریر کی کتاب۔

(۲) من الطريق: راستہ کا درمیان۔

النَّمَقَةُ: بدبو۔ تعفن۔

النَّمِيقُ: منقوش۔

يقال: ثوب نميقٌ۔

نَمَلَ (ف) فلانٌ نَمْلاً نُمُولاً: چغلی کھانا۔

— نَمَلاَنًا: بلند ہونا۔

— في الشجرة نُمُولاً: درخت پر چڑھنا۔

نَمِلَ (س) المكانُ نَمَلاً: بہت چیونٹیوں والا ہونا۔

يَدُ فلانٍ: ہاتھ سن ہو کر ڈھیلا ہو جانا۔

— يَدُه في العملِ: کام میں پھرتیلا ہونا۔

— المرأةُ او الفرسُ: عورت یا گھوڑے کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔

يقال: نَمِلَتْ يدُ الصبي: بچہ کا کھیل سے باز نہ آنا۔ ہاتھ نہ روکنا۔ هو نَمِلٌ هي نَمِلَةٌ۔

يقال: امرأة نَمِلى: ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی عورت۔

نُمِلَ الطعامُ: کھانے میں چیونٹیاں گھسنا۔ هو مَنْمُولٌ۔

نَمَّلَ الكتابَ: کتاب کا خط ملا ملا کر لکھنا۔

— ثوبَه: کپڑے میں رفو کرنا۔

تَنَمَّلَ القومُ: لوگوں کا متحرک ہو کر باہم مخلوط ہو جانا۔

(۲) چیونٹیوں کی طرح بکھر کر بھاگ دوڑ کرنا۔

الأُنْمُلَةُ: انگلی کی گرہ۔ جوڑ۔

(۲) ناخن سے ملا ہوا انگلی کا جوڑ۔ (ج) أَنَامِلُ۔

قرآن حکیم میں ہے:

وَإِذَا خَلَوْا عَضُّوا عَلَيْكُمُ الْأَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ۔

المُؤَنْمِلُ: يقال: رجلٌ مُؤَنْمِلُ الاصابع: وہ شخص جس کی انگلیوں کے کنارے چھوٹے اور موٹے ہوں۔

المُنَمَّلُ: يقال: لقد طالبت غير مُنَمَّلٍ: میں نے مطالبہ کرنے میں نہ پریشان کیا نہ جلدی مچائی۔

المُنَمِّلَةُ: ایک جگہ قرار نہ پانے والی۔

النَّامِلَةُ: راستوں پر چلتے ہوئے لوگوں کے گروہ۔

النَّمِلُ: ماہر۔ حاذق۔

النَّمْلَةُ: ایک کمزور جسم چھوٹا سا کیڑا جو زیر زمین اپنے گھر بناتا ہے اور گروہ در گروہ ہو کر رہتے ہیں۔

(ج) نَمْلٌ، نِمَالٌ۔ چیونٹی۔

(۲) چغلی۔

النَّمْلِيَّةُ: حشرات اور چیونٹیوں سے محفوظ ایک

کھانے کے برتنوں کی الماری جو کہ لکڑی یا دیگر دھاتوں کی بنی ہوئی ہوتی ہے اور تنگ سوراخوں والے سنک کے اس کے دروازے ہوتے ہیں۔ (ج)

النُّمْلَةُ: حوض میں باقی ماندہ پانی۔

یقال: فرس ذو نُمْلَةٍ: بہت متحرک گھوڑا۔

النَّمَّال: چغل خور۔

النَّمِيْلَةُ: چغلی

نَمَّ (ض) **الحديثَ۔ نَمًّا:** ظاہر ہونا۔

— **الشيئُ:** خوشبو پھیلنا۔

— **بين القوم:** لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا چغلخوری کرنا۔

— **الحديثَ:** بطور چغلی بات نقل کرنا۔

هو نامٌّ، نَمٌّ، بطور مبالغہ **مِنَمٌّ** اور **نَمَّامٌ**۔

— **الكلامَ:** کلام کو جھوٹ سے مزین کرنا۔

النَّامَّةُ: حس وحرکت۔ **یقال: سمعت نَامَّتَهٗ۔**

یقال: اسكت الله نَامَّتَهٗ: خدا اس کی حرکت بند کرے۔

النَّمَمُ: چغلی۔

النَّمَّامُ: ایک خوشبودار نباتات اور ایک قسم کا پودینہ جسے **نَعْنَعُ الماء** اور **حَبَقُ الماء** کہتے ہیں۔

واحدته نَمَّامَةٌ۔

النَّمَّةُ: سیاہی میں سفید دھبہ یا سفیدی میں سیاہ دھبہ۔

النِّمِّيُّ: خیانت (۲) عیب (۳) دشمنی۔
(۴) طبیعت اور انسان کی فطرت وجوہر۔

یقال: ما بالدّار نُمِّيٌّ: گھر میں کوئی نہیں۔
(۴) رانگ یا تانبے کا چھوٹا سکہ۔

واحدتها: نُمِّيَّةٌ (ج) نَمَامِيٌّ۔

النَّمِيْمُ: قدموں کی آہٹ، کسی چیز کے ہلنے کی ہلکی سی آواز۔
(۲) چغل خوری۔ (ج) **نَمَائِمُ**۔

النَّمِيْمَةُ: چغلی۔ (۲) کتابت، لکھائی۔
(۳) لکھائی کی آواز۔ (ج) **نَمَائِمُ**۔

نَمْنَمَتِ الرِّيحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی اڑا کر لکھائی کی سی لکیریں ڈالنا۔

— **الشيئَ:** مزین کرنا، نقش کرنا۔

یقال: نَمْنَمَ كتابَه۔

اَلْمُنَمْنَمُ: نقش ونگار والا۔ مزین۔

یقال: ثوب مُنَمْنَمٌ، كتاب مُنَمْنَمٌ۔

یقال: نباتٌ مُنَمْنَمٌ: گھنی گھاس۔

النِّمْنِمُ: مٹی پر ہوا کا چھوڑا ہوا نشان۔
(۲) جوانوں کے ناخنوں میں نظر آنے والی سفیدی۔ **واحدته: نِمْنِمَةٌ۔**

النُّمْنُمَةُ: چھوٹی اور قریب قریب لکیریں۔

النُّمْنُمُ: چھوٹی جونک۔

نَمَا (ن) **الشيئُ نَمَاءً نُمُوًّا:** بڑھنا۔ کثیر ہونا۔

یقال: نَمَا الزَّرعُ، نما الولدُ، نما المالُ۔

یقال هو ينمو الى الحَسَبِ۔

نما الخضابُ في اليد او الشَّعر: ہاتھ یا بالوں میں خضاب کا رنگ زیادہ سرخ وسیاہ ہونا۔

— **الحديثَ:** حدیث کی سند بیان کرنا۔ اور درست طریقہ پر اسے نقل کرنا۔

نَمَى (ض) **الحديثُ۔ نَمَاءً، نُمِيًّا:** پھیلنا، عام ہونا۔

— **الماءُ:** پانی کا چڑھنا۔

— **الحيوانُ:** موٹا ہونا۔

— **الدَّوابُّ:** چوپاؤں کا گھاس کی تلاش میں دور نکل جانا۔

— **الصيدُ:** شکار کا تیر لگے شکاری کے پاس سے غائب ہو جانا۔

— **الشيئَ:** بلند کرنا، حیثیت بڑھانا

یقال: فلان ينميه حَسَبُه۔

— **الحديثَ الى قائله:** کلام کے سلسلہ سند کو اس کے ناقل تک پہنچانا۔

— **فلانًا الى فلان:** کسی کو کسی طرف منسوب کرنا۔

— **المالَ ونحوَه:** مال وغیرہ کو بڑھانا۔

اَنْمَى الكرمُ اِنماءً: انگور کی بیل پر خوشہ دار شاخیں نکلنا۔

— **الشيئَ:** بڑھانا۔ ترقی دینا۔

— **الحديثَ:** چغل خوری کے طور پر بات پھیلانا۔

— **الرَّاعي دوابَّهٗ:** چرواہے کا جانوروں کو گھاس کی تلاش میں اِدھر اُدھر بھیجنا۔

— **الصَّيْدَ:** شکار کو ایسا تیر مارنا کہ وہ دور جا کر مر جائے۔

نَمَّى الشيئَ او الحديثَ تنمية: بمعنی **اَنْمَاهُ**۔

— **النَّارَ:** آگ میں خوب ایندھن ڈال کر بھڑکانا۔

اِنْتَمَى الطائرُ ونحوه: پرندہ وغیرہ کا ایک جگہ سے اڑ کر دوسری جگہ جانا۔

— **الى الجبل:** پہاڑ پر چڑھنا۔

۔**الى كذا:** کسی چیز کی طرف منسوب ہونا۔

تَنَمَّى: بمعنی **اِنْتَمَى**۔

الاُنْمِيُّ: پھونس بھرا ہوا گدھا۔

النَّامِي: بڑھنے والی چیز جیسے نباتات اور حیوان

النَّامِيَةُ: مخلوق۔

— **من الكرم:** انگور کی بیل کی خوشہ دار شاخ۔ (ج) **نَوَامٍ**۔

النَّمَاةُ: چھوٹی چیونٹی (ج) **نَمًى**۔

النُّمُوَّةُ: اضافہ، زیادتی۔

الاُنْمُوذَجُ: نمونہ۔

النَّمُوذَجُ: نمونہ (معرب **نموذة** فارسی میں) (ج) **نَمُوذَجات، نَمَاذِج**۔

النَّنُّ: کمزور بال۔

ن ……… ھ

نَهَا (ف) **نَهْئًا:** بھرنا۔

یقال: نهأ الاناءُ، شرب فلانٌ حتى نَهَأَ۔

— **اللحمُ نُهوءًا:** گوشت کا کچا رکھنا۔

نَهِئَ (س) **اللحمُ نَهْئًا، نهاءةً نُهوءةً:** گوشت کا کچا رہنا۔

اَنْهَأَ اللَّحمَ: گوشت کا کچا رکھنا۔

— **الاَمْرَ:** معاملہ کو پختہ نہ کرنا۔

النَّاهِئُ: شکم سیر (۲) سیراب۔

النَّهِيءُ: کچا گوشت۔ کم گلا ہوا۔

نَهَبَ (ف) الشئَ نَهْبًا: زبردستی لینا۔

یقال: إنّه لینهب الارض: تیز چلنا۔

إنّه لینهب الغایَةَ: سب سے آگے رہنا۔

— الکلبُ فلانًا: کتے کا کسی کی ایڑی کو پکڑنا۔

— فلانًا: برا بھلا یا سخت سست کہنا۔

هو ناهِبٌ۔ المفعول مَنهوب ونَهیبٌ۔

أَنْهَبَ الشئَ: لوٹ کا مال بنا دینا۔ لوٹا دینا۔

— الشئَ فلانًا: کسی کو کسی چیز کا نشانہ بنانا۔

نَاهَبَ المتسابقُ مُسَابِقَهٗ: دوڑ میں مسابقت کرنے والے کا اپنے مقابل سے مقابلہ کرنا۔

إنْتَهَبَ الشئَ: لینا۔

— الفرسُ الشَّوْطَ: گھوڑے کا بازی لے جانا۔

تَنَاهَبَ الْمُتَسَابِقَانِ: دوڑ میں مسابقت کرنے والوں کا باہم مقابلہ کرنا۔

— الدوابُّ الارضَ: چوپاؤں کا زمین پر بار بار پیر مارنا۔

المِنْهَبُ: دوڑ میں بازی لے جانے والا۔

یقال: فَرَسٌ مِنْهَبٌ۔

المَنْهُوبُ: لوٹا ہوا مال۔

(۲) فوری مطلوبہ شے۔

النَّهْبُ: لوٹ مار۔

(۲) نشانہ۔

یقال: اصبح فلانٌ نَهْبًا للسّبّ او الطّعْنِ او المرض۔

(۲) مال غنیمت۔ (۳) منهوب۔ لوٹی ہوئی چیز۔

(ج) نِهَابٌ، نُهُوبٌ۔

(۲) ایڑ لگانے کی ایک قسم۔

النُّهْبَةُ: لوٹ۔ یورش۔

(۲) لوٹی ہوئی چیز۔

النُّهْبَی: بمعنی النَّهْبُ: (۲) لوٹی ہوئی چیز۔

النَّهَّابُ: لٹیرا۔ لوٹ کھسوٹ کا عادی۔

النَّهْبَرَةُ من النساء: لمبی دبلی عورت۔

(۲) قریب الہلاکت عورت۔ (ج) نَهَابِرُ۔

النُّهْبُرَةُ: اونچی زمین۔

(۲) ریت کا لمبا سلسلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔

(۳) ٹیلوں کے درمیان کا گڑھا۔

(ج) نَهَابِرُ، نَهَابِیرُ۔

النُّهْبُورُ: بمعنی النُّهْبُرَة (ج) نَهَابِیرُ۔

نَهْبَلَ: لنگڑے کی طرح چلنا۔

— فلانٌ: عمر رسیدہ ہونا۔

النَّهْبَلُ: بوڑھا۔

یقال: شیخٌ نَهْبَلٌ۔

النَّهْبَلَةُ: بوجھل چال۔

(۲) النهبل کا مؤنث۔

یقال: عجوز نَهْبَلَةٌ۔

(۳) بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی۔

نَهَتَ (ف) القِردُ ونحوُه نَهِیتًا و نُهَاتًا: بندر کا چیخنا۔

یقال: نَهَتَ الأسدُ: شیر کا دھاڑنے سے کم آواز نکالنا۔

— فلانٌ: کسی کا رونا۔

المِنْهَتُ والمُنْهِتُ: شیر۔

النَّاهِتُ: حلق۔

النُّهَاتُ: مشقت کے کام کے وقت سینے سے نکلنے والی آواز۔

نَهْتَرَ علی فلان: کسی کے خلاف جھوٹ بولنا۔

— فلانٌ فی کلامه: بے ڈھنگی بات کرنا۔

نَهَجَ (ف) الطریقُ نَهْجًا، نُهُوجًا: راستہ کا نمایاں ہونا۔ واضح اور کھلا ہوا ہونا۔

یقال نَهَجَ امرُهٗ۔

— الدابّةُ او الانسانُ نَهْجًا، نَهِیجًا: انسان یا جانور کو تھکان سے سانس چڑھنا۔

— الثوبُ نَهْجًا: کپڑا بوسیدہ ہونا۔

یقال: نَهَجَ الطریقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔

(۲) راستہ پر چلنا۔

نَهِجَ (س) نَهَجًا، نَهَجَةً: تھکن یا مشقت یا کثرت حرکت کی وجہ سے سانس چڑھنا۔

— الثوبُ وغیرُہ نَهَجًا: بوسیدہ اور پرانا ہونا۔

هو نَهِجٌ۔

أَنْهَجَ الطریقُ: راستہ ظاہر و نمایاں ہونا۔

— الدّابّةَ: جانور سے زیادہ کام لینے یا سواری کرنے سے تھکا کر سانس پھلا دینا۔

— العملُ ونحوُه فلانًا: کام وغیرہ کا کسی کو تھکا کر سانس چڑھا دینا۔

والثوبَ: پرانا کرنا۔

إنْتَهَجَ الطریقَ: راستہ کا پتا چلا کر اس پر چلنا۔

استَنْهَجَ الطریقُ: راستہ صاف ہونا۔

— سَبیلَ فلان: کسی کے طریقہ پر چلنا۔

المِنْهَاجُ: واضح راستہ۔

قرآن حکیم میں ہے:

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا۔

(۲) طریقہ کار۔ (محدثہ)

(۳) منه: منهاج الدراسة، منهاج التعلیم ونحوهما۔ (ج) مَنَاهِجُ۔

المَنْهَجُ: بمعنی المِنْهَاجُ (ج) مَنَاهِجُ۔

النَّاهِجُ: یقال طریق ناهجٌ: واضح راستہ۔

طریقةٌ ناهجةٌ: واضح طریقہ۔

النَّهْجُ: واضح۔ ظاہر۔

یقال: طریق نَهْجٌ۔ امرٌ نهجٌ۔

(۲) واضح سیدھا راستہ۔

یقال: هذا نَهْجِی لا أحید عنه۔

(ج) نَهَجَاتٌ، نُهُجٌ، نُهُوجٌ۔

النَّهَجُ: ہلکے (۲) سانس کی تیز حرکت۔

النَّهِیجُ: بمعنی النَّهَجُ۔

نَهَدَ (ف) الثدیُ نُهُودًا: پستان ابھرنا، نمایاں ہونا۔

یقال: نَهَدَتِ المرأةُ: عورت کا ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ هی ناهدٌ، ناهدةٌ۔

(ج) نَوَاهِدُ۔

— الاناءُ: بھرنے کے قریب ہونا۔

— فلانٌ: کسی کا اٹھ کر چلے جانا۔

— لِعَدُوِّهٖ او الی عَدُوِّهٖ نَهْدًا، نَهَدًا: دشمن کے سامنے ڈٹ جانا اور لڑائی شروع کرنا۔

نَهَدَ(ك) نُهُودَةً: مضبوط ہونا۔ بلند ہونا۔
أَنْهَدَ الاناءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ بہنے لگے یا بہنے کے قریب ہوجائے۔
— الهديّةَ: ہدیہ کو بڑھانا۔
— فلانًا: خوف زدہ کرنا۔
نَاهَدَ فلانًا: لڑائی جھگڑا کرنا۔
— عدوَّہ: دشمن سے لڑائی میں مقابلہ کرنا۔
تَنَاهَدَ القومُ: سفر یا دشمنی سے مقابل کے اخراجات میں برابر کا حصہ لینا۔ اپنا اپنا مقرر حصہ نکالنا۔
— فی الحربِ: جنگ میں دشمن کا متحد ہوکر مقابلہ کرنا۔
— القومُ الشیءَ: کوئی چیز آپس میں تقسیم کرلینا۔
تَنَهَّدَ: لمبا لمبا سانس لینا۔
النَّاهِدُ: ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔ (ج) نَوَاهِدُ۔
یقال غلامٌ ناھدٌ: نوخیز قریب البلوغ لڑکا۔
النُّهَادُ: بمعنی الزُّهاء۔ مقدار۔
یقال: هؤلاء نهادُ مائةٍ۔
النَّهْدَاءُ: ریت کا بلند ٹیلہ جس پر عمدہ سبزیاں اُگتی ہوں۔
النَّهْدَانُ: یقال: حوض نَهْدانٌ قدح نَهْدانٌ: لبالب بھرا ہوا جو ابھی چھلکا ہوا نہ ہو، یا دو ثلث بھرا ہوا۔
النَّهْدُ: بلند چیز (۲) پستان۔ (ج) نُهُودٌ۔
(۳) نشان دار مکھن۔
(۴) مضبوط، ڈیل ڈول والا۔
یقال: شابٌّ نَهْدٌ، فرس نَهْدٌ۔
(۵) شریف الطبع آدمی جو بلند کاموں کی طرف متوجہ ہو۔
النِّهْدُ: سفر یا لڑائی کے خرچ کا مساوی حصہ جو جماعت کا ہر فرد دیتا ہے۔
یقال: طرحَ نِهْدَهُ مع القومِ: ان کی مدد کی۔
النَّهِيدُ: پتلا مکھن۔

النَّهِيدَةُ: شاندار مکھن۔
(۲) حنظل کا گودا جو آٹے میں ملا کر کھایا جاتا ہے۔
نَهَرَ (ف) نَهْرًا: زور سے بہنا۔
— الماءُ: پانی کا زمین پر بہہ کر اپنا راستہ بنالینا۔
— الحفّارُ: کھودنے والے کا کھدائی کرتے کرتے پانی تک جا پہنچنا۔
یقال: حفر بئرًا حتی نَهَرَ۔
— الأرضَ: زمین کو پھاڑنا۔
— فلانًا: جھڑکنا، ڈانٹنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا۔ اسی طرح وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔
— النَّهْرَ: نہر کھودنا اور جاری کرنا۔
نَهِرَ (س) الشیءُ نَهَرًا: بہت ہونا، بکثرت ہونا۔ هو نَهِيرٌ۔
أَنْهَرَ: دن میں داخل ہونا۔ یا دن میں کوئی کام کرنا۔
— السائلُ: زور سے بہنا۔
یقال: أَنْهَرَ البطنُ: دست لگنا۔
انهرَ العِرْقَ: رگ سے مسلسل خون بہنا۔
— المرأةُ: عورت کا موٹا ہونا۔
— فی العَدْوِ: آہستہ دوڑنا۔
— الدَّمَ: خون بہانا۔
— الفَتْقَ: شگاف کو چوڑا کرنا۔
یقال: حفر بئرًا فأَنْهَرَ: اسے کچھ نفع حاصل نہیں ہوا۔
إِنْتَهَرَ النَّهْرُ: نہر جاری ہونا۔
— بطنُه: دست لگنا۔
— العرقُ: رگ کا خون بند نہ ہونا۔
— فلانًا: کسی کو خوب جھڑکنا۔
استَنْهَرَ السائلُ: زور سے بہنا۔
— النهرُ: دریا کا وسیع جگہ گھیرنا۔
— الأمرُ: معاملہ کا سنگین ہونا۔
المَنْهَرُ: دریا ندی وغیرہ کے بہنے کی جگہ۔
(۲) قلعہ کا پانی بہنے کی بڑی نالی۔

(ج) مَنَاهِرُ، مَنَاهِيرُ۔
المَنْهَرَةُ: مکانات کے درمیان کوڑا کرکٹ کے راستے کی جگہ۔
النَّاهِرُ: سفید انگور۔
النَّاهُورُ: بادل۔
النَّهَارُ: طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک کی سفیدی۔ روشنی۔ (ج) أَنْهُرٌ، نُهُرٌ۔
النَّهَارِیُّ: صبح کا ایک قسم کا ناشتہ۔
النَّهْرُ: جاری کثیر آب شیریں۔
(۲) آب شیریں کی بڑی مقدار۔
(ج) أَنْهَارٌ، نُهُرٌ، نُهْرٌ۔
النَّهَرُ: وسعت، کشادگی۔
(۲) روشنی (۳) نہر۔ دریا۔
قرآن حکیم میں ہے:
إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ۔
النُّهُرُ: سفید انگور۔
یقال: نَهْرٌ نَهِرٌ: کشادہ دریا۔
نَهارٌ نَهِرٌ: روشن دن۔
رجل نَهِرٌ: دن میں کام کرنے والا آدمی۔
لستُ بلیلیٍّ ولکنّی نَهِرٌ
النَّهِرَةُ: یقال ناقةٌ او شاةٌ نهرةٌ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔
نَهَزَ (ف) فلانٌ نَهْزًا: کوئی چیز لینے کے لئے اٹھنا۔
یقال: نَهَزَت الدابّةُ بصدرِها: چلنے کے لئے سینہ اٹھانا۔
(۲) قے کرنے کے لئے گردن لمبی کر کے سینہ آگے کو نکالنا۔
— الدابّةُ برأسها: جانور کا اپنے سر سے اپنا بچاؤ کرنا۔
— بالدَّلْوِ فی البئرِ: ڈول کو پانی بھرنے کے لئے کنویں میں ڈال کر ہلانا۔
— الدَّلْوَ من البئرِ: کنویں سے ڈول نکالنا۔
— الشیءَ: دھکیلنا۔
یقال: نَهَزَ راحلتَه: سواری کے جانور کو

دوڑانا۔

يقال: نهزتني اليك حاجةٌ: ضرورت کا کسی کو کسی کے پاس لے جانا۔

— فلانًا في صدره: کسی کے سینے پر مکا مارنا۔

— رأسه: سر ہلانا۔

أَنْهَزَهٗ ماء: اٹھانا۔

نَاهَزَ الأمرَ: قریب ہونا۔

يقال: نَاهَزَ الصَّبِيُّ الْبُلُوْغَ۔

يقال: نَاهَزَ الرّضيع للفطام۔

— فلانًا: کسی سے مقابلہ کرنا۔

— کو آلینا۔

— الفُرصةَ: موقع پانا۔ موقع کو غنیمت جانا۔

— الفُرْصَةُ فلانًا: کسی کو موقع ملنا۔

إِنْتَهَزَ فِی الضِّحْكِ: بھونڈے طریقے پر خوب ہنسنا۔

— الشيءَ: قبول کر کے جلدی سے لے لینا۔

يقال: انتهز الفرصةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔

تَنَاهَزَ القومُ الشيءَ: کوئی چیز لینے کے لئے لوگوں کا جھپٹنا۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔

المُنَاهَزَةُ: مقابلہ۔

النَّاهِزُ: قوم کا سردار و منتظم۔

النُّهازُ: مقدار، اندازہ۔

يقال: عُمُرُهٗ نِهازُ عشرين سنةً۔

النَّهْزُ: ہاتھ سے لینا۔

النُّهْزَةُ: موقع۔ (ج) نُهَزٌ۔

يقال: هو نُهْزَةُ المختلس: وہ ہر کسی کے قبضے میں آجاتا ہے۔

النَّهَّازُ: اٹھ کر لینے کا عادی۔

(۲) چلنے کے لئے سینہ نکالنے والا گدھا وغیرہ۔

النَّهُوزُ: تیز رفتار۔

(۳) وہ اونٹنی جس کا بچہ مرجائے اور وہ تھن پر ہاتھ وغیرہ مارے بغیر دودھ نہ دے۔

نَهَسَ (ف) اللَّحْمَ نَهْسًا: کھانے کے لئے گوشت کو دانتوں سے نوچنا۔

— فلانًا الكلبُ و كلُّ ذي ناب: کتے وغیرہ کا کسی کو کاٹنا۔

يقال: نَهَسَتْهُ الحَيَّةُ:

إِنْتَهَسَ: زور سے کاٹنا۔

المَنْهَسُ: دانتوں سے کاٹنے کی جگہ۔

(ج) مَنَاهِسُ۔

يقال: ارضٌ كثيرة المناهسِ والمعالق: کثیر آب و دانہ کی جگہ۔ سرسبز و شاداب جگہ۔

المِنْهَسُ: بہت نوچنے والا۔

يقال: أَسَدٌ أو نَسْرٌ مِنْهَسٌ۔

المَنْهُوْسُ: کم گوشت آدمی۔

يقال: رجلٌ مَنْهُوسُ القدمين: پتلے پیروں والا آدمی۔

النُّهَسُ: ایک قسم کا پرندہ۔ جس کا رنگ کتائی اور چڑیا سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔ بڑے سر اور چونچ والا ہوتا ہے۔ چڑیوں اور چھوٹے حیوانات کا شکار کرتا ہے۔ ہمیشہ دم ہلاتا رہتا ہے۔ یورپ اس کا وطن ہے جبکہ خزاں اور بہار میں مصر کی طرف ہجرت کر جاتا ہے۔

النَّهَّاسُ: بمعنی المِنْهَسُ۔

النَّهُوْسُ: خونخوار کٹ کھنا۔

النَّهِيْسُ: بمعنی المَنْهُوْسُ۔

نَهْسَرَ اللحمَ: گوشت کاٹنا۔

(۲) منہ سے پکڑ کر کھینچنا۔

— الطعامَ: حریص ہو کر کھانا۔

النَّهْسَرُ: بھیڑیا۔

(۲) تیز و پھرتیلا آدمی۔

(۳) حریص و گوشت خور (ج) نَهَاسِرُ۔

نَهَشَ (ف) الشيءَ نَهْشًا: دانتوں سے کاٹنے کے لئے کوئی چیز منہ سے پکڑنا۔

الحَيَّةُ فلانًا: سانپ کا کسی کو ڈسنا۔

— المرأةُ وجهها: عورت کا مصیبت میں اپنا منہ نوچنا۔

— الكلبُ فلانًا: کاٹنا۔ کھال چھیلنا۔

يقال: نَهَشَهُ الدّهر: زمانہ کا کسی کو مفلس و مصیبت زدہ بنانا۔

نَهَشَ فلانًا او عِرْضَهُ: غیبت کرنا، بے آبروئی کرنا۔

نُهِشَتْ عضدُهٗ: بازو کا پتلا ہونا، کم گوشت ہونا۔

إِنْتَهَشَتْ عضدُهٗ: بازو کا پتلا ہونا۔

— الشيءَ: خوب نوچنا۔

المُنْتَهِشَةُ: مصیبت میں اپنا منہ نوچنے والی عورت۔

المَنْهُوشُ: کم گوشت۔ ہلکا پھلکا۔

(۲) دبلا پتلا۔

يقال: هو منهوش القدمين: پتلے پاؤں والا۔

التَّهَاوِشُ: مظالم اور لوگوں کی حق تلفیاں۔

النَّهَشُ: رانوں کے گوشت کی کمی۔

يقال: فلان نَهْشُ اليدين: پتلے اور پھرتیلے ہاتھوں والا۔

رجلٌ نَهْشٌ: کم گوشت۔ پھرتیلا۔

نَهْشَلَ فلانٌ نَهْشَلَةً: عمر رسیدہ ہونا۔ بڑھاپے سے لڑکھڑانا۔ هو نَهْشَلٌ۔

(۲) کسی سے مانگی ہوئی سواری پر بیٹھنا۔

— الشيءَ: کوئی چیز بھوکے کی طرح کھانا۔

— فلانًا: دانتوں سے کاٹنا۔

النَّهْشَلُ: بھیڑیا (۲) شکرا۔

النَّهْشَلَةُ: بڑھاپا۔ لڑکھڑاہٹ۔

نَهَضَ (ف) نَهْضًا، نُهُوْضًا: مستعدی کے ساتھ اٹھنا۔

يقال نَهَضَ من مكان إلى كذا۔

له: اٹھ کر کسی کے پاس تیزی سے جانا۔

نَهَضَ الى العَدُوِّ: دشمن سے مقابلہ کے لئے دوڑنا۔

— النَّبْتُ: پودے کا سیدھا کھڑا ہونا۔

— الطائرُ: اڑنے کیلئے پرندے کا بازو پھیلانا۔

— الشَّيْبُ فی الشباب: جوانوں پر جلد بڑھاپا آنا۔

فرزدق کا قول ہے:

وَالشَّيْبُ ينهض فى الشباب كأنه.
ليل يصيح بجانبيه نهارُ۔
— فلانًا نَهْضًا: ظلم کرنا۔
أَنْهَضَ الحيوانَ: جانور کو کھڑا کرنا۔ کھڑا کرنے کے لئے بلانا۔
— فلانًا للأمر: کسی کو کسی کام کے لئے کھڑا کرنا۔ انجام دہی کا ذمہ دار بنانا۔
— فلانًا بالشئ: کسی کو کسی چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا اس چیز سے کسی کو کام میں تقویت پہنچانا۔
— الرِّيحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اِدھر اُدھر لے جانا۔
— القربةُ: مشکیزہ کو منہ تک بھرنا کہ وہ بہہ پڑے یا بہنے کے قریب ہوجائے۔
نَاهَضَ فلانًا: کسی کا مقابلہ کرنا۔
تَنَاهَضَ القومُ: لڑائی میں ہر فریق کا اپنے مقابل سے مقابلہ کے لئے کھڑا ہونا۔
يقال: تَنَاهَضَ القومُ فى الحرب.
استَنْهَضَ فلانًا للأمر: کسی کام کو جلد انجام دینے کے لئے ابھارنا۔
النَّاهِضُ: اڑنے کے قابل چوزہ۔
(۲) شانہ کے بالائی حصہ سے ملا ہوا گوشت۔ (ج) نَوَاهِضُ۔
يقال: عامِلٌ نَاهِضٌ: مخلص ومحنتی کارکن۔
شباب ناهضٌ: فرض شناس، بیدار مغز نوجوان۔
النَّاهِضَةُ: ناهضَةُ الرجل: آدمی کے حمایتی مددگار بھائی و نوکر چاکر وغیرہ۔
(۲) بھائی جو اس کے غضب کی خاطر غضب میں آجائیں۔ (ج) نَوَاهِضُ۔
النِّهَاضُ: دشوار گزار سخت زمین۔ (ج) نِهَاضٌ۔
يقال: سلكوا نهاض الطُّرق.
النَّهْضَةُ: طاقت وقوت۔
(۲) زندگی کے کسی میدان میں ترقی۔
يقال: كان من فلان نهضةٌ الى كذا: فلاں کام میں فلاں فعال تھا۔
هو كثير النهضات (محدثة)
النَّهَّاضُ: ترقی پسند، ترقی کی راہوں پر گامزن۔
(۲) بہت مستعد، متحرک۔
يقال: مكان نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
نَهَطَهُ (ف) بالرُّمحِ نَهْطًا: نیزہ مارنا۔
نَهَفَ (ف) نَهْفًا: حیران ہونا۔
نَهَقَ (ف) الحمارُ نَهْقًا، نَهِيقًا: گدھے کا رینگنا۔
— تَنَاهَقَتِ الحُمُرُ: باہم مل کر آواز نکالنا۔ یا یکے بعد دیگرے رینگنا۔
النَّاهِقُ: کھردار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ان ہڈیوں میں سے ایک جن پر آنسو بہتے ہیں۔
(۲) گھوڑے اور گدھے کے حلق میں سے آواز نکلنے کا مخرج۔ (ج) نَوَاهِقُ۔
النَّاهِقَةُ: جانور کے نتھنے کی ایک رگ جس سے رینگنے کی آواز نکلتی ہے۔ (ج) نَوَاهِقُ۔
النَّهَقُ: ایک لمبی بوٹی جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں اور پھول بن گوبھی کی طرح ہوتا ہے۔ اس کا پھل رائی نما ہوتا ہے جس کے اوپر ایک باریک چھلی ہوتی ہے اور بند گوبھی کی طرح کے مگر اس سے چھوٹے بیج اس میں ہوتے ہیں۔ یہ ترش نبات ہے اسے الجرجير البرى اور الأيهقان بھی کہتے ہیں۔ (ع)
نَهَكَ (ف) الأمرُ فلانًا نَهْكًا، نَهَاكَةً: کام کا کسی کو تھکا دینا۔ لاغر، کمزور کردینا۔
يقال: نَهَكَهُ العمل. نَهَكَهُ الشراب. نهكته الحُمّى۔
— الشئَ: کسی چیز میں حد سے بڑھنا۔
يقال: نَهَكَ الطَّعامَ او الشرابَ: حد سے زیادہ کھانا یا پینا۔
يقال: نَهَكَ من الطعام وفيه.
نَهَكَ الضَّرعَ: تھن کو خالی کردینا۔
نَهَكَهُ عُقوبةً: سخت سزا دینا۔
يقال: نَهَكَ عِرضَ فلان: بے عزتی کرنا۔
نَهَكَ الثوبَ: پہن کر بوسیدہ کردینا۔
نَهُكَ (ك) نَهَاكَةً: دلیر و طاقتور ہونا۔
نُهِكَ فلانٌ: لاغر و کمزور ہونا۔
(۲) بیماری کا کسی کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دینا۔
— بيتُ الشعر من بحر الرّجز: بحر رجز میں شعر کے دو ثلث کو حذف کردینا۔
هو مَنْهُوكٌ.
أَنْهَكَهُ السلطانُ عقوبةً: سخت سزا دینا۔
إِنْتَهَكَ: بمعنی نَهَكَ۔
يقال: إِنْتَهَكَ الحُمّى
إِنْتَهَكَ عِرضَ فلانٍ: خوب بے عزتی کرنا۔
— الشئَ: کسی چیز کی بے حرمتی کرنا۔
الحُرُماتِ او المُحَرَّماتِ: تقاضۂ حرمت کی خلاف ورزی کرنا۔
يقال: إِنْتَهَكَ حُرمَةَ الله: خدا سے عہد شکنی کرنا۔ اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کرنا۔
المَنْهَكَةُ: پامالی یا خلاف ورزی کا ذریعہ۔
يقال: هذا مَنْهَكَةٌ للأعراض.
النَّاهِكُ: ہر چیز میں غلو اور مبالغہ سے کام لینے والا۔
النَّهْكُ: غلو پسندی۔
(۲) بے عزتی۔ عیب گیری۔
(۳) بحر رجز کے شعر کا دو ثلث کا حذف۔
النَّهْكَةُ: يقال بدت فيه نَهْكَةُ المرضِ: اس پر بیماری کی لاغری واثر نمایاں ہے۔
النَّهُوكُ: بہادر، دلیر۔
النَّهِيكُ: ہر چیز میں مبالغہ آرائی کرنے والا۔
(۲) دلیر و بہادر انسان یا حیوان۔
(۳) تیز تلوار۔
يقال: سيف نَهِيكٌ.
(۴) خوش اخلاق۔
نَهِلَ (س) نَهَلًا، مَنْهلًا: پہلی بار ہونا۔

— الشارب: سیر ہو کر پینا۔ ھو ناھِلٌ (ج) نُھَّالٌ نَواھِلُ۔

اَنْھَلَ فلانٌ: کسی کے جانور کا پہلی بار پانی پینا۔

— دابته: پہلی بار پلانا۔

یقال: اَنْھَلَ زرعه: پہلی بار کھیتی کو پانی دینا۔

— العطشانَ: پیاسے کو سیر کرنا۔

— فلانًا: ناراض کرنا۔ غصہ دلانا۔

یقال: اَنْھَلُوا القَنَا من عدوّھم: اپنے نیزوں کو دشمن کے خون سے سیراب کرنا۔

المِنْھَالُ: اپنے جانوروں کو بکثرت پہلی بار کا پانی پلانے والا۔

(۲) انتہائی سخی وفیاض آدمی۔

(۳) قبر (ج) مَنَاھِیلُ۔

المَنْھَلُ: پانی کا گھاٹ۔ پانی پینے کی جگہ۔

(۲) جنگل میں مسافروں کی منزل۔ کیونکہ وہاں پانی ہوتا ہے۔ (ج) مَنَاھِلُ۔

النَّاھِلَةُ: چشموں پر آنے جانے والا۔

(ج) نَواھِلُ۔

یقال: ابلٌ نواھِل: بھوکے اونٹ۔

النَّھَلُ: پہلی بار کا پینا۔

(۲) کھانے کی کھائی ہوئی مقدار۔

النَّھْلانُ: بمعنی النَاھِلُ (ج) نِھَالٌ۔

النَّھْلَةُ: یقال: ما سُقِی اِلاَّ نَھْلَةً: اسے صرف ایک بار پانی پلایا گیا۔

نَھَمَ (ض ف) الأسَدُ والفیلُ۔ نَھِیْمًا: آواز نکالنا۔

یقال: نَھَمَتِ القِدْرُ: ہانڈی کے جوش کی آواز نکلنا۔

فلانًا: ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔

— الدَّابَةَ۔ نَھْمًا نَھِیْمًا: جانور کو تیز چلانے کے لئے ڈانٹنا۔

نَھِمَ (س) فی الشیٔ نَھْمًا نَھَامَةً: کسی چیز میں حد سے زیادہ حرص وخواہش رکھنا۔

یقال: نَھِمَ فی الطعام۔ نَھِمَ فی العلم۔

ھو نَھِمٌ۔ نَھِیْمٌ۔

نُھِمَ بالشیٔ: کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔ ھو مَنْھُومٌ۔

المِنھامُ: ڈانٹنے پر ٹھیک چلنے والا جانور۔

(ج) مَنَاھِیْمُ۔

المَنْھَمَةُ: عیسائی راہبوں کی مجلس۔

المَنْھُوْمُ: کسی چیز کا حریص۔ شیدائی۔

(۲) کھانے کا حریص جس کا پیٹ بھر جائے مگر خواہش پوری نہ ہو۔

النَّھَامُ: لوہار (۲) بڑھئی۔

(۳) الو (۴) گرجا کا راہب۔ (ج) نُھُمٌ۔

النُّھَامِیُّ: گرجا کا محافظ۔

النَّھْمَةُ: ضرورت۔

(۲) خواہش، کسی چیز کی۔

یقال: له فی الأمر نَھمةٌ: قَطَی منه نَھْمَتَه۔

النُّھَّامُ: ہموار راستہ۔

نَھْنَهَ فلانًا عن الشیٔ: روکنا۔ ڈانٹنا۔

— الدَّابةَ: روکنے کے لئے آواز نکالنا۔

— الثوبَ: کپڑے کی باریک بنائی کرنا۔

النَّھْنَةُ: باریک بنا ہوا کپڑا۔

یقال: حُلَّةٌ نَھْنَةٌ۔

نَھُوَ (ك) الرجلُ نَھاوَةً: انتہائی دانش مند ہونا۔

ھو نَھِیٌّ (ج) اَنْھِیَاءُ۔

ھو نَهٍ (ج) نَھونَ۔

نَھَی (ف) الشیُٔ الیه نَھْیًا: پہنچنا۔

یقال: نھی الیه المثلُ۔

— عن الشیٔ: ڈانٹنا۔

یقال: نَھَی اللهُ عن کذا: حرام کرنا، کسی چیز سے منع کرنا۔

ھو رجل نَھاكَ من رَجُلٍ: وہ ایسا مفید شخص ہے کہ اس کی موجودگی میں تمہیں کسی دوسرے کی ضرورت نہیں۔

ھی امرأة نَھَتْكَ من امرأة۔

نَھِیَ (س) من الشیٔ نَھْیًا: کسی چیز کا کوئی حصہ لے کر ضرورت پوری کرنا۔ اسی پر اکتفاء کرنا۔

یقال: نَھِیَ فلانٌ من اللّحم: تھوڑا گوشت لے کر اس پر اکتفاء کرنا۔

یقال: طلب الحاجةَ حتی نَھِیَ عنها: کسی چیز کی تلاش کرتے کرتے تلاش ختم کر دینا۔ کامیاب ہو یا نہ ہو۔

اَنْھَی: تالاب پر آنا۔

— من الشیٔ: بمعنی نَھِیَ۔

یقال: اَنْھَی فلان من اللّحم۔ طَلَبَ مِنه: حتّی اَنْھَی۔

— عن الشیٔ: رکنا۔

— الشیٔ: پہنچانا۔

یقال: انھیت الیه الخبرَ۔

انھیت الیه الکتابَ والرّسالة والسّھم۔

نَھَّی الشیٔ: پایۂ تکمیل کو پہنچانا۔

فُلانًا عن الشیٔ: روکنا۔

اِنْتَھَی الشیٔ: انتہا کو پہنچنا۔

— الشیُٔ الیه: کسی کے پاس پہنچنا۔

یقال: اِنْتَھَی الیه الخبرُ۔ اِنْتَھَی الیه المثلُ۔ اِنْتَھَی بنا المسیرُ الی موضع کذا۔

— عن الشیٔ: رکنا۔

یقال: اِنْتَھَی العاصی: نافرمانی ترک کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

قُلْ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِنْ یَّنْتَھُوْا یُغْفَرْلَھُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ۔

تَنَاھَی الشیٔ: مکمل ہونا۔

یقال: تَنَاھَی الخَطبُ۔

— الماءُ: تالاب وغیرہ میں پانی رک جانا۔

عن الشیٔ: رکنا۔ باز آنا۔

— القومُ عن المنکر: گناہ سے ایک دوسرے کو روکنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

کَانُوْا لاَ یَتَنَاھَوْنَ عَنْ مُّنْکَرٍ فَعَلُوْهُ۔

اِسْتَنْهى فلانًا: کسی سے رکنے کا کہنا۔
— فلانًا من فلانٌ: کسی سے یہ کہنا کہ فلاں کو میرے سے باز رکھو۔
التَّنْهَاءُ: وادی کے پانی کا آخری کنارہ۔ (ج)
التِّنْهَاةُ: سیلاب کا رخ بدلنے کا ذریعہ۔ جو مٹی وغیرہ کا ہو۔ (ج) تَنَاهٍ
التِّنْهِيَةُ: بمعنی التَّنْهاءُ۔
المَنْهَى: امر ممنوعہ (ج) مَنَاهٍ۔
يقال: هذا من مَنَاهي الشَّرع. هو يركب المناهي۔
المَنْهَاةُ: انتہا، غایت۔
يقال: الموت منهاة الناس۔
(۲) عقل۔ يقال رجل مَنْهَاة: ذی رائے۔ عقل مند آدمی۔
المُنْتَهى: آخری حد۔ غایت انتہا۔
يقال: هو بعيد المنتهى۔
قرآن حکیم میں ہے:
عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى۔
النَّاهِي: شکم سیر۔ (ج) نُهَاةٌ۔
يقال رجلٌ ناهيك من رجل: تمہارے لئے کافی اور دوسروں سے بے نیاز کرنے والا۔
النَّاهِيَةُ: يقال امرأةٌ ناهيتُك من امرأة: تمہاری مطلوبہ عورت۔ (ج) نَوَاهٍ۔
النِّهَاءُ: آخری حد۔ انتہا۔
يقال: بلغَ الخَطب نهاءَه۔
من النهار والماء: پانی کا چڑھاؤ، بلندی
(۲) مقدار۔
يقال: هم نِهاءُ مائة۔
(۳) بارش کا پانی رکنے کی بہت چھوٹی جگہ۔
النُّهَاءُ: نرم وخستہ سفید پتھر جیسے تختہ سیاہ پر لکھنے کا چاک۔ (مج)
النَّهَاةُ: مہر (ج) نَهًى۔
يقال: نفس نُهَاةٌ عن الشئ: کسی چیز سے رکنے والی طبیعت۔

النِّهَايَةُ: کسی چیز کا آخر۔
— من الدّار: گھر کی حد۔
(۲) عقل (۳) سامان لادنے کا تخت۔
النَّهْوُ: الامور کی ضد۔
يقال: هو نَهُوٌّ عن المنكرِ، اَمُورٌ بالمعروف: برائی سے روکنے اور بھلائی کا حکم دینے والا۔
النُّهَي: النُّهْيَةُ کی جمع۔
(۲) عقل۔
النَّهْيُ: روک۔ ممانعت۔
(۲) (نحویوں کے ہاں) لا نافیہ اور مضارع مجزوم کے ذریعہ کسی فعل کے ترک کا حکم۔
النَّهْيُ: پانی رکنے کی جگہ۔
(۲) تالاب۔ (ج) اَنْهَاءٌ۔ نِهَاءٌ۔
يقال: له دِرعٌ كالنَّهْيِ. درعٌ كالنِّهاء۔
النَّهِي: انتہائی عقلمند آدمی۔ (ج) نَهُونَ۔
النُّهْيَةُ: کسی چیز کی آخری حد۔
(۲) میخ کا موٹا سرا جو رسی کو نکلنے سے روکتا ہے۔
(۳) عقل۔ (ج) نُهًى۔
النَّهِيُّ: انتہائی موٹا۔
يقال: رجل نَهِيٌّ. امرأةٌ نَهِيَّةٌ۔
يقال: فلان نَهِيُّ فلان: فلاں فلاں کو روکنے والا ہے۔ رجلٌ نَهِيٌّ: عقل مند آدمی۔

ن .... و

نَاءَ (ن) النجمُ نَوْءًا. تَنوءًا: مشرق میں ستارہ طلوع ہوتے ہی مغرب میں مقابل ستارہ کا غائب ہو جانا۔
- بحِمْلِه: اپنے بوجھ کو مشکل سے لے کر اٹھنا۔
(۲) بوجھ نہ سنبھال سکنے سے گر جانا۔
- به الحمل: بوجھ کا کسی کو جھکا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ۔
يقال: نَاءَ الحِمْلُ حامِلَه۔
اَنَاءَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔

— فلانًا: اٹھانا۔
— الحِمْلُ حامِلَه: سامان کا اٹھانے والے کو جھکا دینا۔
اَنْوَأَتِ السماءُ: بمعنی اَنَاءَتْ۔
نَاوأَهُ: کسی کے سامنے فخر کرنا۔ (۲) دشمنی کرنا۔
اِسْتَنْاءَ النجمُ: بمعنی ناءَ۔
- فلانًا: کسی سے عطیہ کا طالب ہونا۔
الاَنْوَأُ: علم نجوم کا بڑا ماہر۔ یہ اسم تفضیل ہے اس کا فعل نہیں آتا۔
يقال: ما بيننا انوأ منه۔
النَّوْءُ: يقال فلان نوأهُ مُتَخاذِلٌ: فلاں کا اٹھان کمزور ہے۔
(۲) ڈوبنے کے قریب ستارہ۔
(۳) سخت بارش۔ (۴) عطیہ بخشش۔
(ج) اَنْواءٌ نُوآن۔
نَابَ (ن) الشئُ نَوْبًا: قریب ہونا۔
— الى الشئ: کسی شے کی طرف رجوع کر کے اس کا عادی ہونا۔
يقال: ناب النَّحْلُ الى الخلايا. يقال إلى الله: اللہ کی طرف رجوع کر کے اس پر قائم رہنا، اطاعت کرتے رہنا۔
— عنه نِيَابَةً: کسی کا قائم مقام ہونا۔
هو نائبٌ. (ج) نُوَّابٌ۔
اَنَابَ فلانٌ الى الشئ: کسی چیز کی طرف بار بار لوٹنا۔
— الى الله: تائب ہو کر اللہ کی طرف رجوع کرنا۔
قرآنِ حکیم میں ہے:
فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ:
يقال: اتانی فلان فما اَنبت اليه: فلاں میرے پاس آیا تو میں اس کی طرف متوجہ ہوا۔
— فلانًا عنه فی كذا: کسی معاملے میں کسی کو اپنا قائم مقام بنانا۔
نَاوَبَهُ فی الشئ والامر: کسی کے ساتھ باری باری کام کرنا۔ یا کسی چیز میں حصہ لینا۔

نَوَّبَه: کسی کی باری مقرر کرنا۔
هو منَوِّبٌ۔
اِنْتَابَه اَمْرٌ: کسی کو کوئی بات پیش آنا۔
— صَدِيقَه: اپنے دوست کے پاس بار بار آنا۔
يقال: فلان يَنْتَابُنَا۔ السِّباعُ تنتاب المنهَل۔
تَنَاوَبَ الأمرَ: کوئی کام بار بار کرنا۔
— القومُ الشيءَ عليه: آپس میں کوئی چیز باری باری لینا۔ باہم تقسیم کرنا۔
يقال: تناوبوا الماءَ۔ تناوبوا العَمل۔
— فلانًا: کسی کو پے در پے صدمے پہنچنا۔
استنابَه: بمعنی اَنَابَه۔
المَنَابُ: پانی پر پہنچنے کا راستہ۔
اَلْمُنْتَابُ: ملاقاتی۔
(۲) باری کے ذریعے حاصل کردہ جائز کام۔
المُنِيبُ: زبردست بارش۔
النَّائِبُ: کسی کا قائم مقام کسی معاملے یا کام میں
يقال نائب الرئيس۔ نائب القاضي۔ نائب الشَّعب۔ النائبُ العمومي۔
يقال: خَيْرٌ نائب: بار بار حاصل ہونے والا نفع۔ (ج) نُوَّابٌ۔
النَّائِبَةُ: آفت، مصیبت، حادثہ۔ (ج) نَوَائِبُ۔
يقال: حُمّى نَائِبَة: ہر روز آنے والا بخار۔
النَّوبَةُ: نمبر۔ باری۔
يقال جاءَتْ نوبتُه:
(۲) بیماری کا حملہ۔
يقال اعترته نوبة عصبيّة۔ او نوبةُ جُنون۔
يقال: اَصْبَحَ لا نوبةَ له: اس کے ہاتھ سے موقع نکل گیا۔
(۲) لوگوں کا گروہ (ج) نُوَبٌ۔
النُّوبَةُ: آفت، مصیبت (ج) نُوَبٌ۔
(۲) لوگوں کی ایک نسل۔
الواحد: نُوبِيٌّ۔

بلاد النُّوبة: مصر کے جنوبی حصہ میں واقع نوبی قوم کا وطن۔
النِّيَابَةُ: تہمت زدہ وغیرہ پر دعویٰ قائم کر کے مدعی کی طرف سے نائب بننے کا قانونی مرتبہ خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی۔ (محدثہ)
نَاتَ(ن) نُوتًا: کمزوری یا نیند سے جھومنا۔
النُّوتَةُ: چھوٹی سی نوٹ بک جس پر ضروری باتیں وغیرہ لکھی جاتی ہیں۔ (د)
النُّوتِيُّ: سمندر میں کشتی چلانے والا جہاز ران۔ (ج) نَوَاتِيُّ۔
نَاجَ(ن) نَوْجًا: ریاکاری کرنا۔
النَّوجةُ: بگولا۔ آندھی، طوفان۔
نَاحَتِ الحمامَةُ(ن) نَوْحًا، نُوَاحًا: کبوتری کا بولنا۔
هي نَائِحَةٌ نَوَّاحَةٌ۔
— المرأةُ على الميّت: عورت کا مردے پر واویلا کرنا، نوحہ کرنا۔
يقال: نَاحَتْهُ۔
نَاوَحَهُ: مقابل ہونا۔
يقال: دارُهُ تناوِحُ داري۔
تَنَاوَحَ الشيئانِ: آمنے سامنے ہونا۔
يقال: هما جيلان يتناوحان، شجرتان تناوحان۔
— الرياحُ: ہواؤں کا تیز ہونا۔
(۲) ہواؤں کا مختلف سمتوں سے ملنا۔ کبھی دائیں سے کبھی بائیں سے کبھی آگے سے کبھی پیچھے سے۔
تَنَوَّحَ الشيءُ: جھومنا، جھولنا۔
اِسْتَنَاحَ فلانٌ: روتے روتے دوسروں کو رلا دینا۔
— الذِّئبُ: بھیڑیے کا چلانا۔
— فلانًا: رلانا۔
المَنَاحَةُ: نوحہ۔
(۲) نوحہ خوانی کی جگہ۔
يقال: كُنّا في مناحة فلان۔
(۳) سوگ منانے والی عورتیں۔

(ج) مَنَاحَات، مَنَاوِح۔
النَّوَّاحُ: حد سے زیادہ واویلا کرنے والا۔
هي نَوَّاحَةٌ۔
اَنَاخَ بالمكان: قیام کرنا۔
يقال: اناخَ به البلاءُ والذُّلُّ: کسی کو بلا یا ذلت لاحق ہونا۔
— الجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا۔
يقال: اَنَاخَ بفلان حاجَتَه: اپنی ضرورت کسی کے سامنے رکھنا۔ اس سے شکایت کرنا۔
نَوَّخَ البعيرَ: بمعنی اَنَاخَه۔
يقال: نَوَّخَ اللهُ الأرضَ طَرُوقَةً للماء: خدا تعالیٰ کا زمین کو پانی اٹھانے کے قابل بنانا۔
تَنَوَّخَ الجَمَلُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
يقال: نَوَّخَه فتَنَوَّخَ۔
— الجملُ النَّاقةَ: اونٹ کا اونٹنی کو جفتی کے لئے بٹھانا۔
اِسْتَنَاخَ: بیٹھنا۔
يقال: اَنَاخَهُ فاسْتَنَاخَ۔
المُنَاخُ: اونٹوں کے لئے بیٹھنے کی جگہ۔
(۲) جائے اقامت، پڑاؤ کی جگہ۔
يقال: هذا مُنَاخُ سوءٍ: ناپسندیدہ جگہ۔
مُنَاخُ البلاد: ملک کی آب و ہوا۔
يقال مناخ هذه البلاد حارٌّ رطب (مْ)
النَّائِخَةُ: دور جگہ۔
النَّوخَةُ: قیام۔
نَادَ(ن) نَوْدًا، نُوَدًا، نَوَدَانًا: نیند سے جھومنا۔
— فلانٌ: سر اور مونڈھے ہلانا۔
تَنَوَّدَ الغُصنُ: ہلنا۔
نَوْدًا: (دیکھئے: ندا)
نَوْدَلَ: دیکھئے: ندل)
نَارَ(ن) نَوْرًا: روشن ہونا۔
(۲) چمکنا۔ خوش رنگ ہونا۔
— الفِتْنَةُ: فتنہ پیدا ہو کر پھیلنا۔
— فلانًا: شکست کھانا۔
— من الشيء: نفرت کرنا۔ فرار اختیار کرنا۔

يقال: نار الظبي من صائده.
— المرأة تنوّر من الشيب.
— فلانٌ: شکست کھانا۔
— الشيءَ: کسی چیز پر شناخت کا نشان لگانا۔
يقال: نارَ السِّلعةَ نارَ الثوبَ.
— النّارَ من بعيد: دور سے آگ دیکھنا۔
— فلانًا و غيرَه: ڈرانا' بھگانا۔
أنارَ: روشن کرنا۔
يقال: أنارَ الشجرُ: کلیاں کھلنا۔
يقال: انار النّباتُ: سبزہ کا نمودار اور خوشنما ہونا۔
انار فلانٌ: کسی کا خوبرو اور خوش رنگ ہونا۔
— المكانَ: روشن کرنا۔
— الأمرَ: بات واضح کرنا۔کھولنا۔
— الظّبيَ وغيرَه: بھگانا۔
نَاوَرَ فلانًا: کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
نَوّرَ: روشن کرنا۔
يقال: نَوّرَ المكانُ
— الصُّبحُ: صبح روشن ہونا۔
— الشّجرُ: کلیاں نکلنا۔
— النباتُ: سبزہ کا نمودار و خوشنما ہونا۔ پک جانا۔
— الثمرُ: پھلوں میں گٹھلی پڑ جانا۔
— على فلانٍ: کسی کی رہنمائی کرنا۔کسی بات کی اس سے وضاحت کرنا۔
(۲) کسی پر اس کے معاملے کو مشتبہ کر دینا۔ جادوگرنی جیسا عمل کرنا۔
— المكانَ: أنارَه.
— المصباحَ: چراغ روشن کرنا۔
— الأمرَ: واضح کرنا۔
يقال: نَوّرَ اللهُ قلبه: اللہ کا کسی کے دل کو روشن کرنا۔حق اور خیر کی راہ دکھانا۔
— الجلدَ: کھال پر بال صفا پاؤڈر ملنا۔
تَنَوّرَ: بال صفا پاؤڈر استعمال کرنا۔
— النّارَ: دور سے آگ کو غور سے دیکھنا۔

(۲) آگ کے پاس جانا۔
— الرّجُلَ: کسی کو آگ کے پاس اس طرح دیکھنا کہ وہ نہ دیکھ سکے۔
إسْتَنَارَ: روشن کرنا۔
يقال إسْتَنَارَ الشَّعْبُ: نگران اور قابل اعتماد ہونا۔
— به: کسی سے روشنی حاصل کرنا۔
— وعليه: کسی پر غالب آنا۔قابو پانا۔
الأنْوَرُ: نور سے اسم تفضیل۔
يقال: هذا أنْوَرُ من ذاكَ: یہ اس سے زیادہ واضح اور ظاہر ہے۔
(۲) حسین وخوش رنگ۔
التَّنْوِيْرُ: صبح نمودار ہونے کا وقت۔
يقال: صلّى الفجرَ في التَّنْوِيْرِ.
المَنَارُ: روشنی کی جگہ۔
(۲) زمین کی حد بندی کے لئے دو زمینوں کے درمیان لگایا جانے والا نشان۔
(۳) راستہ کا سنگ میل۔
(۴) راستہ کا راہنما نشان وغیرہ۔
المُنَاوَرَةُ: (دیکھئے منارة: حرف میم میں)
المَنَارَةُ: شمعدان۔
(۲) مسجد کا مینار۔اذان دینے کی جگہ۔
(۳) سمندری جہازوں کی رہنمائی کرنے والا روشنی کا مینار (مو)
(ج) مَنَاوِرُ: (قیاسی)
مَنَائِرُ: (غیر قیاسی)
المَنْوَرُ: روشندان جس سے روشنی داخل ہو۔
(۲) عمارت کے درمیان ہوا اور روشنی کے لئے چھوڑی ہوئی کھلی جگہ۔(مو)
المُنِيْرُ: ضوفشاں۔
(۲) روشن واضح۔
النَّائِرُ: بمعنى المُنِيْرُ.
النَّائِرَةُ: المُنِيْرَةُ.
(۲) بغض وعداوت۔
يقال: أطفأَ نائِرَةَ الحرب: اس نے جنگ کی

آگ بجھادی۔اس کی شدت کو کم کر دیا۔
النارُ: طبعی شعلہ دار عنصر' جس سے روشنی اور جلد ڈالنے والی حرارت نکلتی ہے۔اس کا اطلاق جیسے جلا ڈالنے والی حرارت پر ہوتا ہے اسی طرح حواس انسانی سے نمایاں ہونے والی گرمی پر بھی ہوتا ہے۔(مؔ)
(ج) نِيْرَانٌ' أنْوُرٌ.
يقال استضاء بناره: اس سے مشورہ کیا۔اس سے رائے لی۔
أوْقدَ نارَ الحرب: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
النَّوارُ: شک وشبہ سے دور رہنے والی عورت۔
يقال: بَقَرَةٌ نَوَارٌ: سانڈ سے بچنے والی گائے۔
(ج) نُور۔
النُورانِيّةُ: نُور' روشنی' نورانیت۔
النَّورُ: سفید پھول۔
واحدته: نَوْرَةٌ (ج) أنْوَارٌ.
النُّور: روشنی' اجالا۔
(۲) نور باطن جو اشیاء کی حقیقت واضح کرتا ہے۔(ج) أنْوارٌ.
(۳) نباتات کا حسن وطول۔(ج) نِوَرَةٌ.
النّوْرُ: الغجر (دیکھئے غَجَر) (د)
النّورَةُ: علامت۔نشان۔
(۲) چونے کا پتھر۔
(۳) کیلشیم اور باریون کی املاح کا آمیزہ جو بال صفا پاؤڈر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (مؔ)
النُّوّارُ: پھول۔
واحدته نُوّارٌ (ج) نَوَاوِيْر.
النُّوُورُ من النِّساء: شک وشبہ سے بچنے والی عورت۔
(۲) نیل (۳) چربی کا دھواں۔
النَّيِّرُ: روشن۔
(۲) چمکدار اور خوبصورت۔
نَوْرَجَ: کبھی آگے آنا کبھی پیچھے آنا۔
يقال: نَوْرَجَ في الكلام: چغلی کھانا۔

النَّوْرَجُ: غلہ۔ ہل کا لوہا۔
(۲) بیل آلہ جسے بیل وغیرہ کھینچتے ہیں۔ کٹی ہوئی گندم کو اس کے ذریعے روندا جاتا ہے تاکہ دانے چھلیوں سے الگ ہوجائیں۔ (ج)
نوارِجُ۔
نَوْرَزَ: نئے دن میں داخل ہونا۔
(۲) عید نوروز منانا۔
شاعر کہتا ہے:
نَوْرَزَ النّاسُ و نُوْرِزت ولکن بدموعی
— فلانًا: نوروز کا تحفہ دینا۔
النَّوْروز' النَّيْرُوزُ: (فارسی) نیا دن۔
ایرانی شمسی سال کا پہلا دن' جو کہ عیسوی سن کے مطابق مارچ کا ۲۱ واں دن ہے۔
عيد النيروز او النَّوْرُوزُ: اہل فارس کا سب سے بڑا تہوار۔
نَاسَ الشئُ نَوْسًا' نَوَسَانًا: لٹک کھانا۔ ہلنا۔
يقال: ناست الذُّوَابَة ناس الغُصْنُ الدَّقيقُ والقُرطُ ينُوسُ في الأُذن۔
ناس لُعَابُهٗ: رال ٹپکنا۔ بہنا۔
— الابلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
أَنَاسَهٗ: ہلانا۔
نَوَّسَ التَّمْرُ: کھجور کے کنارہ کا سیاہ ہوجانا۔
هو مُنَوِّسٌ۔
— بالمكان: قیام کرنا۔
تَنَوَّسَ الشئُ: ناس ہونا۔
يقال: تَنَوَّسَ الغُصْنُ الدَّقيق۔
النَّاسُ: اسم جمع برائے انسان۔ بنو آدم کا واحد انسان غیر لفظ سے۔ کبھی اس سے صرف عقلمند اور فاضل لوگ مراد لئے جاتے ہیں۔ انسانیت کے معنی کی رعایت کرتے ہو۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ۔
النَّاوُوس: لکڑی وغیرہ کا صندوق اس میں عیسائی میت کا جسم رکھتے ہیں۔
(۲) نصاریٰ کا مقبرہ (ج) نَوَاوِيْس۔

النَّوَّاسُ: چھت میں لٹکے ہوئے جالے وغیرہ۔
يقال: أَزِلْ نُوَاسَ الدُّخَان۔
نُواس العنكبوت: مکڑی کا جالا۔
النَّواسَةُ: ہلتی ہوئی زلف۔
النَّواسِيُّ: گول دانے والا سفید انگور جو رس دار اور عمدہ ہو۔
النَّوَّاسُ: ڈھیلا اور ہلتا ہوا۔
يقال: رَجُلٌ نَوَّاسٌ۔
نَاشَ فَلانٌ۔ نَوْشًا: چلنا۔
(۲) تیزی سے اٹھ کھڑا ہونا۔
— بالشئ: کسی چیز میں لٹکنا۔
— الشئَ: طلب کرنا۔
(۲) لینا۔ پکڑنا۔
يقال: ناشه بيده۔
— فلانًا: کسی کا سر اور داڑھی پکڑنا۔
— فلانًا بالشيء: کسی کو کوئی چیز دینا' یا ضرب لگانا۔
يقال: نَاشَهٗ بِالرُّمح' نَاشَه بخير۔
— فلانًا خيرًا: کسی کو فائدہ پہنچانا۔
نَاوَشَ الشئَ: کسی چیز کے ساتھ گھل مل جانا۔
— فلانًا: کسی کے ساتھ لڑائی سے پہلے اس کی طاقت آزمانا۔
يقال: نَاوَشَتِ العَدُوَّ مقدّمةُ الجيش۔
إِنْتَاشَ الشئَ بمعنىٰ نَاشَهٗ۔
(۲) نکالنا۔
يقال: انتاشني فلان من الهلكة: فلاں نے مجھے ہلاکت سے بچایا۔
تَنَاوَشَ القومُ في القتال: لڑائی میں ایک دوسرے پر نیزوں سے حملہ کرنا اور بالکل قریب نہ ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَأَنَّىٰ لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ۔
تَنَوَّشَ يَدَه بالمنديل: رومال سے ہاتھ پونچھ کر چکنا ہٹ دور کرنا۔
النَّوُوشُ: مضبوط۔ طاقتور۔

نَاصَ نَوْصًا' نَوَصَانًا: حرکت میں آنا اور بھاگنا۔
يقال: ناص الفرسُ: گھوڑے کا بھاگنے کے لئے سر اٹھانا۔
يقال فلان ما يقدر على ان ينوص: فلاں کسی کام کی طاقت نہیں رکھتا۔
— عن الأمر او عن زميله: پیچھے ہونا۔
— للحركة: حرکت کے لیے تیار ہونا۔
— اليه: کسی کے پاس اٹھ کر جانا۔
(۲) کسی کی پناہ لینا۔
— الشئَ: کھینچنا۔ (۲) مانگنا' طلب کرنا۔
— فلانًا: کسی سے آگے بڑھنا۔
أَنَاصَ الشئَ: چاہنا' طلب کرنا۔
(۲) گھمانا۔
— الوتد و نحوه عن موضعه: میخ کو اکھاڑنے کیلئے ہلانا۔
نَاوَصَهٗ: کسی کے ساتھ کھینچا تانی کرنا۔ کسی کام پر لگنا۔
إِنْتَاصَتِ الشَّمْسُ: سورج ڈوبنا۔
اِسْتَنَاصَ الفرسُ: جرأت کرنا۔
— فلانٌ: کسی کا سر کو اونچا کرنا۔
— عنه: پیچھے ہونا۔
— الشئَ: ہلانا۔
يقال: استناص فلانًا: کسی کام کے لئے کسی کو اٹھانا۔
المَنَاصُ: پناہ گاہ' جائے فرار۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَنَادَوا وَّلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ۔
النَّوْصُ: گورخر' کیونکہ وہ ہر وقت سر اٹھائے رکھتا ہے۔
النَّوِيْصُ: حرکت کرنے کی طاقت۔
يقال: مابه نويصٌ۔
نَاضَ الشئ نَوْضًا: ہلنا' تھرکنا۔
— البرقُ: بجلی چمکنا۔
— فلانٌ: ملک میں گھومنا۔

(۲) الٹا ہونا، پیچھے ہونا۔

— الشیئَ: اکھاڑنے کی کوشش کرنا۔

أَنَاضَ النَّخلُ إِنَاضَةً، إِناضًا: کھجور کے درخت کا پکنا۔

یقال: اناضَ حملُ النخلِ۔

— فلانٌ: کسی کی آنکھوں سے غضب وجہالت ٹپکنا۔

نَوَّضَ الثوبَ بالصِّبغ: کپڑا رنگنا۔

النَّوْضُ: اونچی جگہ۔

(۲) پانی کے زور سے آنے کی جگہ۔ یا نکلنے کی جگہ۔

(۳) وادی۔ (ج) أَنْوَاضٌ۔

نَاطَ الشیئَ بغیرہ وعلیہ نَوْطًا: لٹکانا۔

یقال: ناط القِربةَ بنیاطها۔

ناطَ الأمرَ بفلان: معاملہ کسی کے سپرد کرنا۔

نِیطَ علیہ الشیءُ: کوئی چیز کسی کے سپرد کئے جانا۔

نیط الحیوانُ: جانور کے سینے یا گلے میں ورم ہونا۔

— الدابَّةَ ونحوها : سختی سے ہانکنا۔ کہتے ہیں هجمنا الخيلَ عَلَى القومِ وهجمنا بها : کسی قبیلہ پر گھوڑوں سے چڑھائی کرنا۔

الريحُ تهجُمُ التراب على الدَّارِ : ہوا کا مکان پر مٹی اڑا کر ڈالنا۔

— العَدُوَّ : دشمن کو بھگا دینا

— الناقَةَ : اونٹنی کا دودھ دوھنا

— الحَرُّ الدابَّةَ و غيرها : گرمی کا جانور کو

پسینہ میں شرابور کرنا۔
— البیتَ: گھر منہدم کرنا۔
(أَهْجَمَ) علیہ الشیءَ: کسی کے پاس اچانک کوئی چیز لانا۔
— الناقةَ: اونٹنی کا دودھ نکالنا۔
— مافی الضرعِ ونحوِہٖ: تھن سے سارا دودھ نکال لینا۔
— الدابّةَ: جانور کو آرام دینا۔
— المرضَ عَنْ فلانٍ: مرض زائل کرنا۔
(هَاجَمَهٗ): کسی کے پاس اچانک آنا یا اچانک حملہ کرنا (مو)
(اهتجمَ) الشیءَ: کسی چیز پر اچانک آنا۔
مَافِی الضَّرْعِ ونحوِہٖ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
— المرضُ ونحوُہٗ فلانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کرنا۔
(انهجَمَ) البیتُ: مکان گر جانا
— عینہ: آنکھ دھنس جانا (۲) آنسو بہانا۔
— العَرَقُ: پسینہ بہنا۔
(تَهَاجَمَا): ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ (مو)
(تَهَجَّمَ) عَلٰی غیرِہٖ: سخت حملہ کرنا (۲) حملہ کرنے کی کوشش کرنا (مو)
(الاهْتِجَامُ): رات کا آخری حصہ۔
(الهَجَّامُ): بہت حملے کرنے والا بہادر (۲) شیر۔
(الهَجْمُ): بڑا پیالہ جس میں دودھ نکالا جائے (۲) پسینہ (ج) أَهْجَامٌ۔
(الهَجْمَةُ) مِنَ اللیلِ: رات کی ابتدائی تاریکی (۲) بوڑھی بکری۔
— من الشتاءِ: سردی کی تیزی۔
— من الصیفِ: گرمی کی شدت۔
— من الابلِ: اونٹوں کی سو سے کم کوئی بڑی تعداد۔
(الهُجُوْمُ): تیزی سے حملہ کرنے والا۔
(۲) ہر چیز کو اکھاڑ پھینکنے والی۔ تیز ہوا (۳) پسینہ لانے والی چیز۔ کہتے ہیں تحمَّمْ فان الحمآم هجومٌ: حمام میں غسل کرو کیونکہ وہ پسینہ نکالتا ہے۔
(الهَجِیْمَةُ): دھتکاری ہوئی آوارہ اونٹنی (۲) مشکیزہ کا دودھ جو ابھی تک جما نہ ہو (ج) هَجَائِمُ۔
(الهَیْجَمَانَةُ): موتی (۲) زرکڑی۔
(هَجَنَتِ) الصَّبِیَّةُ (ن) هَجْنًا وهُجُوْنًا: بلاغت سے پہلے بچی کی شادی ہو جانا۔
— النَّاقةُ: اونٹنی کا قبل از وقت حاملہ ہونا۔
— النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
— الزَّنْدُ: چقماق کا ایک رگڑ سے شعلہ نہ دینا ھو وھی ھاجنٌ وھی ھاجنةٌ (ج) ھواجنُ۔
(هَجُنَ) (ن) هُجْنَةً وهُجُوْنَةً وهَجَانَةً: کمینہ اور گھٹیا نسل کا ہونا۔
— الکلامُ وغیرُہٗ: کلام وغیرہ کا معیوب اور ناشائستہ ہونا۔
(أَهْجَنَ): اعلیٰ نسل کے زیادہ اونٹوں والا ہونا
— الفَتَاةَ: لڑکی کی چھوٹی عمر میں شادی کرانا۔
— الفحلُ الناقةَ: سانڈ کا اونٹنی کو دو سال پورے ہونے پر حاملہ کرنا اور اونٹنی کا چوتھے سال کے شروع میں بچہ کو جن دینا۔
(هَجَّنَ) الشیءَ: بے حیثیت اور حقیر بنانا۔
— الامرَ: عیب دار کرنا۔ بدنما کرنا۔
(اهتَجَنَتِ) الصَّبِیَّةُ: لڑکی کا بلوغت سے پہلے شادی شدہ ہونا۔
— النخلةُ: کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
— الفَتَاةَ: لڑکی کو بلوغت سے پہلے ثیبہ کرنا۔
(اهتُجِنَتِ) الشاةُ: بکری کے حمل کا ظاہر ہونا۔
(تَهَجَّنَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے چھوٹے درخت پر پھل نمودار ہونا۔
(اسْتَهْجَنَهٗ): قبیح خیال کرنا۔ برا سمجھنا۔ کہتے ہیں هذا مما یستهجن قوله او فعلُه او التفکیرُ فیہ: یہ ایسی چیز ہے جس کو کرنا۔ بولنا اور اس کے بارے میں سوچنا ناپسندیدہ ہے۔
(الأُهَیْجِنَةُ) من الغلمان: وہ کم عمر لڑکے جن کی شادی کم عمر لڑکیوں سے کر دی گئی ہو۔
(المُهَجَّنَةُ) من النوقِ: عمدہ نسل کی اونٹنیوں جن کو ان کے شہر کے سانڈوں سے جفتی کرائی گئی ہو (۲) پہلی بار گابھا لگایا ہوا کھجور کا درخت (۳) پہلی بار حاملہ ہونے والی اونٹنی۔
(المَهْجَنَةُ): بے فیض و نفع لوگ۔
(الهِجَانُ): وہ چیزیں جو اصل کے اعتبار سے عمدہ اور اعلیٰ ہوں (۲) اعلیٰ نسل کے سفید اونٹ (اس میں مذکر و مؤنث اور جمع وغیرہ برابر ہیں)
رَجُلٌ هجانٌ: شریف النسب آدمی۔ امرأةٌ هجانٌ: خاندان کی معزز خاتون۔ ارضٌ هجانٌ: عمدہ زمین (ج) هِجانٌ وهُجُنٌ وهَجَائِنُ۔
(الهِجَانَةُ): نسب کی شرافت (۲) سفیدی۔
(الهَجَّانُ): تیز رفتار اعلیٰ اونٹنی کا سوار۔
(الهُجْنَةُ): گھوڑوں کی مضبوط ساخت (۲) عیب، نقص، خرابی۔ جیسے فِی کلامِہٖ هجنةٌ۔
(الهَجِیْنُ): وہ دودھ جو نہ بالکل خالص ہو نہ بالکل کھیس ہو۔ رجلٌ هَجِیْنٌ: کمینہ آدمی (۲) دوغلی نسل کا گھوڑا (جس کا باپ عربی اور ماں غیر عربی ہو) (۳) دوغلی نسل کا آدمی جس کی ماں غیر عربی اور باپ عربی ہو (۴) ہلکے بدن کی تیز رفتار اونٹنی (۵) علم الاحیاء میں وہ نباتات یا جانور جو دو مختلف انواع کے امتزاج سے پیدا ہو (مج)
(ج) هُجُنٌ وهجانٌ هجائنُ وهی هجینٌ۔
(الهَجَنَّفُ): لمبا چوڑا (ج) هَجَانِیْفُ۔
(هَجْهَجَ) الفَحْلُ: اونٹ کا زور زور سے بلبلانا۔
— الجملَ او بہٖ: اونٹ کو ہیج ہیج کہہ کر ڈانٹنا۔
— فلانًا عَنْ مقصدہٖ: کسی کو اس کے مقصد سے باز رکھنا۔
(الهُجَاهِجُ): موٹا، فربہ، بھاری بھر کم (۲) بہت آواز نکالنے والا ظلیمٌ هجاهجٌ: شور مچانے

والاشتر مرغ۔

(الهَجْهَاجُ): بہت بلبلانے والا۔ جیسے **بعیرٌ هجهاجٌ وظلیمٌ هجهاجٌ**۔

یومٌ هجهاجٌ: سخت ہواؤں والا دن (۲) بہت بھاگنے یا بدکنے والا (۳) مصیبت (۴) بے وقوف۔ بدمزاج۔ (۵) کم عقل (۶) فتنہ پھیلانے والا (۷) لمبا تڑنگا آدمی یا اونٹ (۸) عمر رسیدہ۔

(الهَجْهَجُ): خشک اور ٹھوس زمین۔ (ج) **هجاهجُ**۔

(الهُجَهِجُ): مینڈھا (۲) غیر شیریں پانی۔

(الهَجْهَجَةُ): شتربان کی اونٹ کو ڈانٹنے کی آواز۔

(هَجَا) الکتابَ (ن) هَجْوًا وهِجَاءً: کتاب پڑھنا سیکھنا۔ (۲) مطالعہ کرنا۔

— **فلانًا هجوًا وهجاءً**: مذمت کرنا۔ کسی کے عیوب بیان کرنا۔ **المراۃُ تهجو صحبةَ زوجها**

(هَجُوَ) الیَوْمُ (ك) هَجَاوَةً: دن کا انتہائی گرم ہونا۔

(أَهْجَی) القَوْلَ او الشِّعْرَ: قول یا شعر کو ہجو والا پانا۔

(هَاجَاهُ) مُهَاجَاةً وهجاءً: ایک دوسرے کی مذمت اور ہجو بیان کرنا۔

(هَجَّی) الصبیَّ الکتابَ: بچے کو کتاب سکھانا۔

(اهتجی) فلانًا: کسی کی ہجو بیان کرنا۔

(تَهَاجَیَا): ایک دوسرے کی ہجو بیان کرنا۔

(تَهَجَّی) الحروفَ الابجدیةَ: حرف کے ہجے کرنا (حروف کے نام لے کر تلفظ کرنا۔

— **القرآنَ**: قرآن مجید کی تلاوت کرنا یا تلاوت سیکھنا۔

(الأُهْجُوَّةُ): وہ نظم یا اشعار جن میں کسی کی ہجو بیان کی جائے (ج) **اهاجیُّ**۔

(التَّهَجِّی) حروفُ التهجی: حروف تہجی وہ حروف جن سے الفاظ بنتے ہیں۔

(الهِجَاءُ): ہجو، عیب گیری، مذمت (جو عام طور اشعار میں کی جاتی ہے) (۲) ہجے یعنی لفظ کے حرفوں کو ان کی حرکات کے ساتھ الگ الگ زبان سے ادا کرنا۔ **هذا علی هجاءِ فلانٍ**: یہ فلاں کے طرز پر ہے۔ **فلانٌ علی هجاءِ فلانٍ**: فلاں قد و قامت اور شکل و صورت میں فلاں جیسا ہے۔

حروفُ الهجاءِ: الف سے یا تک وہ حروف جن سے الفاظ ترکیب پاتے ہیں۔

(الهَجَّاءُ): بڑا عیب گیر۔ بہت مذمت کرنے والا۔ **رَجُلٌ هجّاءٌ**۔

(هَجِیَ) البَیْتُ (س) هَجْیًا: گھر کا کھلا ہوا ہونا۔

— **العینُ**: آنکھ کا دھنسا ہوا ہونا۔

— **الرَّجُلُ هَجِیَ**: سخت بھوکا ہونا۔

ه ...... د

(هَدَأَ) (ف) هَدْءًا و هُدُوْءًا: تھمنا، ٹھہرنا پرسکون ہونا۔ **هَدَأَ الألَمُ عَنْهُ**: اس کا درد ختم ہوگیا یا کم ہوگیا۔ **جَاءَ حینَ هَدَأَتِ العینُ والرِّجْلُ**: وہ اس وقت آیا جب لوگ سو چکے تھے۔

— **بالمکانِ وفیه**: قیام کرنا۔

(هَدِئَ) (س) هَدَأً: کمر جھک جانا۔ (۲) مونڈھوں کا سینہ کی طرف جھک جانا۔

— **البعیرُ**: اونٹ کا چھوٹے کوہان والا ہونا۔ **هو اهدأُ وهی هَدْآءُ (ج) هُدْءٌ**۔

(أَهْدَأَ) الشیئَ: ٹھہرانا، پرسکون کرنا۔ **لاَ أَهْدَأَهُ اللهُ**: خدا اس کی تکلیف دور نہ کرے۔

— **الصَّبِیَّ**: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔

— **الکِبَرُ ونحوُهُ فلانًا**: بڑھاپے کا کسی کی کمر جھکا دینا۔

— **کثرةُ الحَمْلِ السَّنَامَ**: بوجھ کی زیادتی کا کوہان کو دبا کر چھوٹا کر دینا۔

(هَدَّأَهُ): پرسکون کرنا، ٹھہرانا۔

(الأَهْدَأُ): سینہ کی طرف جھکا ہوا مونڈھا۔

(المَهْدَأَةُ): سکون کا ذریعہ۔

(المُهیدِئَةُ) ترکتُهُ علی مهیدئته: میں نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔

(الهُدْءُ) و (الهُدُوءُ): شروع سے تہائی رات تک کا وقت۔

(الهَدْأَةُ): سکون، ٹھہراؤ (۲) رات کا اول سے تہائی تک کا حصہ۔

(الهِدْأَةُ): سکون۔ **مَالَهُ هدأةُ لیلةٍ**: اس کو رات بھر پرسکون رکھنے والی کوئی چیز میسر نہیں ہوئی۔

(هَدَبَ) الشیئَ (ض) هَدْبًا: کاٹنا۔

— **الهَدَبَ**: ٹہنیاں کاٹنا۔

— **الثمرةَ**: پھل چننا۔

— **الناقةَ**: انگلیوں کے پوروں سے اونٹنی کا دودھ نکالنا۔

(هَدِبَ) (س) هَدَبًا: اونٹ کا لمبے ہونٹوں والا ہونا۔

— **العینُ**: آنکھ کا لمبی پلکوں والا ہونا۔

— **الشَّجَرَةُ**: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

— **هُوَ اهدبُ العینِ**: لمبی پلکوں والا۔ **هی هُدْبَاءُ (ج) هُدْبٌ**۔

(هَدَّبَ) الثمرةَ: پھل چننا۔

— **الثوبَ**: کپڑے میں جھالر لگانا۔

(اهْتَدَبَ) الثمرةَ: پھل چننا۔

(تَهَدَّبَ): پلکوں والا ہونا (۲) جھالردار ہونا۔

— **السحابُ**: بادل کا جھالر نما لٹکا ہوا ہونا۔

— **الاغْصَانُ**: ٹہنیوں کا لٹکا ہوا ہونا۔

(الأَهْدَبُ): لمبی پلکوں والا (۲) لمبے پروں والا پرندہ (ج) **هُدْبٌ**۔

(الهَدْبَاءُ) أُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکا ہوا ڈھیلا کان۔

لِحْیَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی داڑھی۔ (ج) **هُدْبٌ**۔

(الهَدْبُ): انگلیوں کے پوروں سے دودھ دوھنا۔

(الهُدْبُ): پلک (۲) جھالر، پلہ۔ دامن واحد **هدبةٌ (ج) اهداب**۔

(الهَدَبُ): ٹہنیاں واحد **هَدَبَةٌ**: (۲) ہر وہ پتا جس میں چوڑائی نہ ہو جیسے سرو کا پتا (۳) وہ پودا جس کے صرف ریشے ہوں پتے نہ ہوں (ج)

اهدابٌ وهِدابٌ۔

(الهَدَبُ) عُثْنُونٌ هَدِبٌ: ٹھوڑی کے لمبے بال۔ فرسٌ هَدِبٌ: گھوڑے کی پیشانی کے لمبے بال۔

(الهُدْبُ): سست اور کند ذہن آدمی۔

(الهَدَّابُ): سست اور کند ذہن آدمی

(۲) الهَدَبُ: (۳) جھالر، دامن، پلہ (۴) کھجور کی شاخ۔

(الهَيْدَبُ): کپڑے کا جھالر (۲) آنسوؤں کی جھڑی (۳) زمین کے نزدیک برسنے والا جھالر نما بادل (۴) عورت کا ڈھیلا پستان۔

رَجُلٌ هَيْدَبٌ: بہت بالوں والا موٹا اور سست آدمی۔

(الهَيْدَبِى): گھوڑے کی ایک چال۔

(الهَيْدَبِيُّ) رجلٌ هيدبيُّ الكلامِ: بہت بولنے والا آدمی۔

(الهِدَبْلُ): زیادہ بالوں والا یا ایسے پراگندہ بالوں والا جو بالوں کو کبھی صاف اور آراستہ نہ کرتا ہو (۲) سست اور کند ذہن۔

(هَدَجَ) الظليمُ هَدَجَانًا: شترمرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

— فلانٌ: کمزوری کی وجہ سے بوجھل قدموں سے چلنا۔

— الدَّابَّةُ هَدْجًا: جانور کا اپنے بچہ سے محبت کرنا۔

— الرِّيحُ: ہوا کا آواز نکالنا۔

— القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

(هَدَّجَ) البعيرُ: اونٹ کا ہودج نما کوہان والا ہونا۔

(تَهَدَّجَ) الصوتُ: آواز کا کپکپانا، لرزنا۔

— القومُ علَى فلانٍ: کسی کے محاسن اور الطاف کو بیان کرنا۔

(استَهْدَجَ): جلدی کرنا (۲) کانپتے ہوئے چلنا۔

(المُستَهْدَجُ): جلد بازی، جلدی، عجلت

(المِهْدَاجُ): ناقةٌ مِهْدَاجٌ: اپنے بچہ سے محبت کرنے والی اونٹنی۔

رِيحٌ مِهْدَاجٌ: تیز آواز والی ہوا۔

(الهَدَجَةُ): جانور کا اپنے بچہ سے لگاؤ اور محبت۔

(الهَدَّاجُ): بہت لرزتے ہوئے چلنے والا۔ (مبالغہ) کہتے ہیں ظليمٌ هَدَّاجٌ۔

(الهَدُوجُ) ناقةٌ هَدُوجٌ: اپنے بچہ سے محبت کرنے والی اونٹنی۔ قِدرٌ هدوجٌ: جلدی یا شدت سے جوش مارنے والی ہانڈی۔

(الهَوْدَجُ): کجاوہ، محمل (ج) هَوَادِجُ۔

(الهَدَجْدَجُ): شترمرغ (۲) لرزتے ہوئے چلنے والا۔

(هَدَّ) الحائطُ (ض) هَدًّا: دیوار گرجانا۔

— هَدًّا وهَدِيدًا: گرنے کی آواز ہونا۔

— الفحلُ: سانڈ کا بلبلانا۔

— فلانٌ هَدًّا: کمزور اور بوڑھا ہونا۔

— البناءَ (ن) هَدًّا و هُدُودًا: عمارت کو دھڑام سے گرانا۔

— الشيءَ: سختی سے توڑنا۔ هَدَّتْهُ الفجيعةُ: مصیبت نے اسے ہلا کر رکھ دیا۔

— الارضَ برجلِهِ: زمین پر سختی سے پاؤں مارنا۔ هُوَ رجلٌ هَدَّكَ مِنْ رَجلٍ: وہ ایسا شخص ہے جس کے اوصاف ومحاسن کا بیان تم سے نہیں ہوسکتا۔ (واحد، جمع، مذکر ومؤنث)

هَدَّتَكَ وهَدَّاكَ وهَدُّوكَ: معنی مذکور میں ہیں اِنَّهُ لَهَدُّ الرَّجُلِ: وہ بہترین آدمی ہے یعنی مضبوط اور بہادر ہے۔ تعجب کے طور پر کہا جاتا ہے: لَهَدَّ مَا سَحَرَكُمْ صَاحِبُكُمْ: تمہارے ساتھ نے تم پر زبردست جادو کیا ہے۔

(هَدَّ) الصوتُ هَدَدًا: آواز کا بھاری ہونا۔

(هَدَّدَهُ): ڈرانا، دھمکی دینا۔

(تَهَادَّ) القومُ فِي السَّيرِ: ایک دوسرے کے پیچھے جانا۔ ایک دوسرے کو دھکیلتے ہوئے چلنا۔

هم يتهادّون: وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں۔

(تَهْدَادَهُ): بہت زیادہ ڈرانا۔ زبردست دھمکی دینا۔ (مبالغہ هَدَّدَهُ)

(اسْتَهَدَّهُ): کمزور سمجھنا یا پانا۔

(الأَهَدُّ): بزدل۔

(التَّهْدَادُ): ڈراوا، دھمکی، سزا۔

(الهَادُّ): گرنے کی آواز (۲) سمندر کا شور (۳) زمین کے اندر کی گڑگڑاہٹ۔

(الهَادَّةُ): رعد، کڑک۔

الهَدَادُ: مہربانی، نرمی، رفق۔

هَدَادَيكَ: ذرا مہلت دو۔ قومٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔

(الهَدَادَةُ): بزدل۔ جیسے رجلٌ هدادةٌ۔

(الهَدُّ): بھاری اور موٹی آواز (۲) بزدل اور کمزور آدمی (۳) سخی اور شریف آدمی۔

(الهِدُّ): ٹوٹا ہوا، شکستہ (۲) کمزور اور بزدل آدمی۔ انّي لغيرُ هِدٍّ: میں بزدل نہیں ہوں۔

(الهِدَّانُ): بے وقوف اور اکھڑ آدمی۔

(الهَدَّةُ): بوجھل چیز کے گرنے کی آواز۔

(الهَدُودُ): ہموار زمین (۲) دشوار گزار گھاٹی۔

اكمةٌ هَدُودٌ: کھڑا ٹیلہ جس کا ڈھلوان دشوار گزار ہو (۳) ڈھلوان جگہ۔

(الهَدِيدُ): آواز کی گونج (۲) لمبا آدمی۔

(هَدَرَ): هَدْرًا وهَدَرًا: بے فائدہ اور رائیگاں ہونا۔

— الشيءَ: ضائع اور بیکار کرنا۔

— البعيرُ والحمامُ (ض) هَدْرًا وهَدِيرًا: اونٹ کا بلبلانا، کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔

— الغلامُ: بچہ کا چھوٹی عمر میں بولنے کی کوشش کرنا۔

— الشرابُ: شراب میں جوش آنا۔

— اللبنُ: دودھ کا اوپر سے گاڑھا ہونا۔

— الجوفُ: پیٹ پھول جانا۔ هو هادرٌ وهَدَّارٌ۔

— الشيءُ هُدُورًا: گرنا۔

— العُشبُ: گھاس کا گھنا لمبا اور پورا ہوجانا۔

(أَهْدَرَ) الشيءَ: ضائع اور رائیگاں کرنا۔
— دَمَہٗ: کسی کے خون کو مباح کرنا اس پر قصاص اور دیت کو ساقط کرنا۔
— کرامۃ فلانٍ: کسی کی توہین کرنا۔ (محدثۃ)
(هَدَّرَ): بہت زیادہ بلبلانا یا آواز نکالنا (مبالغۃ) کہاوت ہے (کَالْمُهَدِّرِ فِي الْعُنَّةِ): نامردی کے باوجود شور مچانے والا۔ اس آدمی کے بارے میں جو صرف شور مچاتا ہو کام نہ کرتا ہو۔
(تَهَادَرَ) القومُ: باہم خون مباح کرنا اور رائیگاں جانے دینا۔
(اِهْدَوْدَرَ) المطرُ: زوردار بارش برسنا۔
(الْمَهْدَرَةُ): آگے کے چھوٹے دانت۔
(الْهَادِرُ): اوپر کی سطح سے گاڑھا اور نیچے سے پتلا دہی بننے والا دودھ۔
(الْهَادِرَةُ) ارضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین (ج) هَوَادِر۔
(الْهَدَرُ): باطل و رائیگاں کہتے ہیں۔ ذَهَبَ دَمُهٗ هَدَرًا: اور اس کا خون بے کار گیا۔ ذَهَبَ سعیُهٗ هَدَرًا: اس کی کوشش ضائع ہوگئی۔
(الْهَدَرُ) الْهَدَرُ: (۲) بے فیض گھٹیا لوگ۔
(الْهِدْرُ): بوجھل اور بے فیض آدمی۔
(هَدَغَهٗ) هَدْغًا: کھوکھلی چیز کا ٹوٹنا۔ کہتے ہیں۔ انهدغت الرُّطَبَةُ: (۲) سوکھ کر نرم ہوجانا۔
(الْمُنْهَدِغُ): آسانی سے نگلی جانے والی نرم غذا، سوپ۔
(هَدَفَ) الیه (ن) هَدْفًا: داخل ہونا۔
— فلانٌ للخمسین: پچاس سال کے قریب پہنچنا۔
— الرجُلُ (ض) هَدْفًا: کمزور اور سست ہونا۔
— اِلَی الشیءِ: کسی چیز کا ارادہ کرنا اور اس کی طرف جلدی کرنا۔
— اِلَی الأَمْرِ: مقصد و نشانہ بنانا۔
(أَهْدَفَ): قریب ہونا۔ أَهدفَ منهُ: بھی کہتے ہیں۔

— فلانٌ عَلَی التَّلِّ: ٹیلہ پر نیچے کی طرف دیکھنا۔
— الیهِ: ٹھکانہ پکڑنا۔
— لهٗ: کھڑا ہونا، استقبال کرنا۔
— فلان للخمسین: پچاس سال کے قریب ہونا۔
(اِسْتَهْدَفَ) الشيءُ: بلند ہونا۔
— الرَّجلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
— للأمرِ: کسی بات کا نشانہ بننا۔ مقولہ ہے (مَن اَلَّفَ فقد استهدف): جو تالیف کرتا ہے تنقید کا نشانہ بنتا ہے۔
— لك الشيءُ: کوئی چیز سامنے اور نزدیک ہونا۔ هو استهدفَ:
— الشیءَ: نشانہ اور مقصد بنانا (مج)
(الْمُهْدِفَةُ): پر گوشت عورت۔
(الْهَادِفُ): اجنبی، پردیسی، جیسے هَلْ هَدَفَ الیكم هادفٌ: کیا تمہارے پاس کوئی مسافر آیا ہے۔ (۲) بامقصد جیسے ادبٌ هادفٌ و فنٌّ هادفٌ۔ (محدثة)
(الهادِفةُ): جماعت جیسے جاءَتْ هادفةٌ من الناس۔
(الهَدَّافُ): نشانہ پر گیند مارنے کا ماہر کھلاڑی (محدثۃ)
(الْهَدَفُ): ہر بلند چیز (۲) وہ نشانہ جس پر تیر پھینکے جائیں (۳) فٹ بال کا گول (محدثۃ) (۴) گول (یعنی ایک بار کی جیت) (محدثۃ) (۵) بلند جگہ جہاں پناہ لی جائے۔ (۶) نکما سست کاہل اور کند ذہن آدمی (ج) اهدافٌ۔
(الهِدْفُ): لمبی گردن اور بھاری جسم والا۔
(هَدَكَ) البناءَ (ض) هَدْكًا: عمارت گرانا۔
(تَهَدَّكَ) فلانٌ: بے وقوف بننا۔
— عَلَی فلانٍ بِالْكلامِ: کسی کو سخت سست کہنا۔ دھمکی دینا۔
(هَدَلَ) الحمامُ او الغلامُ (ض) هَدِیْلًا: آواز نکالنا۔

— الشیءَ هَدْلًا: ڈھیلا کر کے نیچے لٹکانا۔
(هَدِلَ) البعیرُ (س) هَدَلًا: اونٹ کے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔ هَدِلَ مشفرُ البعیر: بھی کہتے ہیں۔
— الرَّجُلُ: آدمی کے نچلے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔
— السَّحابُ: بادل کا جھالر کی طرح ہونا۔ اور نیچے ہو کر برسنا۔ هو هادلٌ هَدِلٌ وهو اهدلُ وهی هدلاءُ (ج) هُدْلٌ۔
(تَهَدَّلَ) الشیءُ: لٹکا ہوا اور ڈھیلا ہونا۔
— الشفةُ: ہونٹ لٹکنا۔
— الحصیةُ: خصیہ کا ڈھیلا ہو کر لٹکنا۔
— الثمرُ او الغُصنُ: پھل یا ٹہنی کا نیچے کو لٹکا یا جھکا ہوا ہونا۔
(الهَدَالُ): ایک قسم کی گھاس (۲) لٹکی ہوئی ٹہنیاں۔
(الهَدَالَةُ): جماعت (۲) واحد الهدال (ج) هَدَالٌ۔
(الهِدْلُ): کھٹا گاڑھا دودھ۔
(الهَدِیْلُ): کبوتر کی آواز (۲) نر فاختہ (۳) زیادہ بالوں والا آدمی۔ (۴) سست و بھاری آدمی۔
(الهَیْدَلَةُ): حدی (اونٹوں کو ہانکنا کا گانا)
(هَدَمَ) البناءَ (ض) هَدْمًا: عمارت گرانا۔ توڑنا۔
هو هَدَمٌ (فَعَلٌ: بمعنی مفعول)
— القتیلَ: مقتول کے خون کا رائیگاں کرنا۔
— الثوبَ او نحوهُ: کپڑے کو پرانا کر کے پیوند لگانا۔
— فلانًا: کسی کو مار مار کر اس کی کمر توڑ دینا۔
فلانٌ ما أبرمهٗ من الامرِ: معاہدہ توڑ دینا۔
(هَدِمَتِ) لبئرُ (س) هَدَمًا: کنوئیں کے کچھ کنارے گر جانا۔
(أَهْدَمَ) اللبنَ: دودھ کا ترشی پر دوھنے سے گاڑھا ہو جانا۔
(هَدَّمَ): مکمل طور پر منہدم کر دینا۔ (مبالغة فی هَدَمَ)

(تَهَدَّمَ) البِناءُ: آہستہ آہستہ گرانا۔
— فلانٌ عَلیٰ فلانٍ غَضَبًا ومن الغضب: دھمکی دینا۔
— النَاقَةُ: اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش کی بنا پر سانڈ کو موقع دینا۔ ھو یتھدّم بالمعروفِ: وہ بآسانی بخشش کرتا ہے۔
— العجوزُ والنّابُ: بڑھیا یا بوڑھی عورت کا فنا ہوجانا۔
(المَهْدُومُ): کھٹا دودھ۔
(المَهْدُومَةُ) اَرْضٌ مَهْدُومَةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
(الهَدّامُ): سمندر میں آنے والا چکر۔
(الهَدَمُ) دَمٌ هَدَمٌ: رائیگاں خون۔
(الهِدْمُ): بہت بوڑھا (۲) پرانا موزہ (۳) پیوند لگا ہوا پرانا کپڑا۔ (۴) پرانا کمبل یا چادر جس کو پیوند لگا ہو (ج) أهدامٌ وهِدَامٌ۔
(الهِدْمَةُ): مال کی ایک مرتبہ دی ہوئی مقدار (۲) ہلکی بارش۔
(الهِدْمَةُ): پرانا کپڑا (ج) هُدُومٌ۔
(الهَدَمُ): رائیگاں خون (۲) ہر گر کر ٹوٹنے والی چیز۔ فلانٌ شهیدُ الهَدَمِ: فلاں ایسا شہید ہے جس کا خون ضائع گیا (۳) گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(الهَيِمُ): بے وقوف (۲) ہیجڑا۔
(الهَدِيمُ): گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(هَدْمَلَ) الرَّجلُ: اپنے کپڑوں کو خود پھاڑنا۔
(الهِدْمِلُ): پرانا اور قدیم (۲) پھٹا ہوا کپڑا (۳) پراگندہ اور گھنے بالوں والا۔
(الهِدَمْلُ): سست اور بوجھل (۳) مضبوط کناروں والا اونچا ٹیلہ۔
(الهِدَمْلَةُ): لوگوں کی جماعت (۲) بہت درختوں والی ریتلی اور بلند زمین (۳) زمانہ قدیم۔
(هَدَنَ) فلانٌ (ض) هُدُونًا: پرسکون ہونا۔ (۲) بے وقوف ہونا۔ هُوَ هَادِنٌ۔
— فلانًا: قتل کرنا۔ (۲) تسلی کے لئے جھوٹا وعدہ کر کے دھوکا دینا۔
— الصبیَّ: بچہ کو دلا سادے کر بہلانا۔
— عَدُوَّهُ: دشمن کے مقابلہ میں مکمل یا عارضی طور پر پر رک جانا۔
— الشیءَ: دفن کر دینا۔
— الخَبَرُ فلانًا: کسی خبر یا واقع کا کسی کو اس کے ارادہ سے روک دینا۔
(هُدِنَ) فلانٌ عَنْ فُلَانٍ: کسی کا کسی سے تھوڑی سی چیز لے کر خوش ہوجانا۔
(أَهْدَنَ) الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے سے جی چرانا هو مُهْدِنٌ۔
— الخیلَ: گھوڑوں کو کمزور کر دینا۔
(هَدَّنَ) فلانًا: پرسکون کرنا (۲) تسلی دینا۔
— : بچّے کو بہلانا۔ کہتے ہیں: هدّنت المرأةُ طِفْلَها۔
(هَادَنَ) فلانًا: عارضی صلح کرنا۔
(انْهَدَنَ) فلانٌ عَنْ عَزْمِهِ: اپنے ارادہ کو ملتوی کرنا۔
(تَهَادَنَ) القومُ: باہم صلح کرنا۔ (۲) عارضی طور پر لڑائی بند کرنا۔
— الامورُ: معاملات ٹھیک ہوجانا۔
(تَهَدَّنَ) الرَّجُلُ: آدمی کے بے وقوف اور لڑائی میں سست و نکما ہونا۔
(المَهْدُونُ) الهِدَانُ: (۲) وہ شخص جس سے صلح کی چاہت کی جائے۔
(الهِدَانُ): بد اخلاق، بے وقوف اور لڑائی میں سست (۲) مست، نکما ہر وقت سویا پڑا رہنے والا (ج) هُدُونٌ۔
(الهِدِنُ): سست وڈھیلا۔
(الهُدْنَةُ): جنگ کے بعد صلح یا وقفۂ جنگ بندی جس میں فریقین تیاری کرتے ہیں۔ (اس کی خاص شرائط ہوتی ہیں) (ج) هُدَنٌ: (۲) سکون و آرام (۳) کسی آنے والی خبر کے باعث ارادہ ملتوی کرنا۔
(الهَيْدَانُ): بے وقوف لالچی (۲) بزدل۔
(هَدْهَدَ) الطائرُ: پرندہ کا کٹکری کرنا۔
— الشیءَ: حرکت دینا۔ هَدْهَدَتِ الأُمُّ صبیّها: ماں کا بچہ کو سونے کے لئے بلانا۔
— فلانٌ الشیءَ: اوپر سے کوئی چیز نیچے لڑھکانا
— يُهَدْهِدُ اِلَیَّ کذا: میرے دل میں یہ بات آتی ہے یا کھٹکتی ہے۔
(الهُدَاهِدُ) الهُدْهُدُ (ج) هَدَاهِدُ و هَدَاهِيدَ (۲) مہربانی کہتے ہیں مَا فِی وَدِّهِ هُدَاهِدٌ: اس کے تعلق میں کوئی ہمدردی نہیں۔
— فَحْلٌ هُدَاهِدٌ: بہت بڑبڑانے والا سانڈ۔
(الهُدْهُدُ): ہدہد (ایک پرندہ) (۲) کوکو کی آواز نکالنے والا ہر پرندہ (۳) بہت بولنے والا کبوتر (ج) هَدَاهِدُ وهَدَاهِيدُ
(الهَدْهَدَةُ): ہدہد کی آواز (۲) کبوتر کی آواز (ج) هَدَاهِدُ۔
(هَدَی) فُلَانٌ (ض) هُدًی وهَدْيًا و هِدَايَةً: ہدایت پانا، صحیح راستہ پر چلنا۔
— فُلَانٌ هَدْیَ فُلَانٍ: کسی کے راستہ پر چلنا۔
فُلَانًا: کسی کی راہ نمائی کرنا، راستہ بتانا۔ قرآن مجید میں ہے (وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰی): راستہ دکھانا۔
— فلانًا الطریقَ ولهُ والیهِ: راستہ دکھانا، راستہ خوب واضح کرنا۔
قرآن مجید میں ہے (وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ): اور (اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ)
(أَهْدَی) الهَدْیَ او الهدیّ الی الحَرَمِ: (قربانی کا جانور) حرم کی طرف بھیجنا۔
— الهَدِيَّةَ اِلٰی فلانٍ وَلَهُ: کسی کو اعزاز اُہدیہ یا تحفہ دینا۔
— العروسَ اِلٰی بعلها: دولہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
— (هَادَی) فلانٌ فلانًا: ایک کا دوسرے کو ہدیہ بھیجنا۔
فُلَانَةُ فُلَانَةَ: دونوں کا اپنا اپنا کھانا لا کر ایک جگہ مل کر کھانا۔

فلانٌ فلانًا: کسی سے عارضی صلح کرنا۔ (۲) کسی کو لڑکھڑاتے ہوئے چلانا۔

— فلانٌ فلانًا الشِّعْرَ: شعر میں ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

(هَدّٰی) العروسَ إلٰی بعلها: دولہن کو اس کے شوہر کے پاس بھیجنا۔

— الهديةَ إلٰی فلانٍ وَلَهُ: تحفہ دینا۔

فلانٌ يُهدّي للناسِ: وہ لوگوں کو بہت ہدایا دیتا ہے۔

(اهْتَدٰی) يهتدِي ويهِدّي ويَهَدّي: ہدایت یافتہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: (أَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَنْ يُّتَّبَعَ أَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ إِلَّآ أَنْ يُّهْدٰى): ۲ہدایت طلب کرنا، ہدایت چاہنا یا ہدایت پر قائم رہنا۔

فلانٌ امراتَهُ: عورت کا اپنی طرف مائل کرنا۔

الفرسُ الخيلَ: گھوڑی کا اگلے گھوڑوں کے ساتھ ہونا۔

(تَهَادٰی) فلانٌ بَيْنَ رَجُلَيْنِ: کمزوری کی وجہ سے دو آدمیوں کا سہارا لینا۔ کہتے ہیں۔ جاء فلانٌ يتهادٰی بين اثنين۔

— القومُ: ایک دوسرے کو ہدیہ دینا۔

— المراۃُ: ورت کا جھومتے ہوئے تنہا چلنا۔

(تَهَدّٰی) فلانٌ: ہدایت یافتہ ہونا۔

— فُلانًا: ہدیہ طلب کرنا۔

(المِهْدَاءُ): بہت ہدایا دینے والا۔

(المِهْدٰی): وہ برتن جس میں تحفہ دیا جائے۔

(المُهَيْدِيَةُ): فلانٌ علٰی مُهَيْدِيَتِهٖ: فلاں اپنے حال پر ہے۔

(الهَادِي): اسماء الحسنیٰ میں سے ایک (۲) دلیل (ج) هُدَاةٌ: (۳) گردن (۴) شیر (۵) تیر کا پھل (ج) هوادٍ

(الهَادِيَةُ) ہر آگے رہنے والی چیز۔ (۲) لاٹھی (۳) پانی میں ابھری ہوئی چٹان۔ هَوَادٍ۔ هاديات الخيل وهواديها: آگے رہنے والے گھوڑے۔ هوادي الليل: رات کا ابتدائی حصہ۔ هوادي الابل: اونٹوں کی سب سے پہلی ظاہر ہونے والی کھیپ۔

(الهِدَاءُ) من الرِّجَالِ: کمزور اور بیوقوف۔ (۲) کاہل و بوجھل۔

(الهَدَاةُ): آلہ، ذریعہ۔

(الهُدٰی): دن (۲) راستہ (۳) رہنمائی، ہدایت قرآن مجید میں ہے (هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ): (۴) مقصود تک پہنچانے والی ہمدردانہ رہنمائی قرآن مجید میں ہے (إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى): (۵) اطاعت۔ قرآن مجید میں ہے: (أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ)

(الهَدْيُ): هدی وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھیجا جائے۔ قرآن مجید میں ہے (حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ): (۲) محترم آدمی۔ جیسے فلانٌ هدیُ بنی فلان: (۳) سیرت وعادت (۴) حالت وہیئت جیسے فلانٌ حسنُ الهَدْيِ۔

(الهَدْيَةُ): طریقہ وعادت (۲) وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھجوایا جائے۔

— هديةُ الأمرِ: کسی معاملہ کی جہت، طریقہ۔

(الهِدْيَةُ) الهَدْيَةُ: (۲) قصد، بہت جیسے استمرّ فِي هِدْيَتِك: اپنے کام میں لگے رہو ضَلَّ فلانٌ هِدْيَتَهُ: کسی کا اپنی صحیح راہ کو چھوڑنا۔

(الهُدْيَةُ): بہت، رخ۔ جیسے ضَلَّ فلانٌ هُدْيَتَه: (۲) چکی یا رہٹ میں لگی ہوئی لمبی کڑی جسے بیل کھینچتے ہیں اور اس سے چکی یا رہٹ گھومتا ہے۔

(الهَدِيُّ): محترم آدمی (۲) دولہن (۳) قربانی کیلئے حرم بھیجا جانے جانور (۴) قیدی۔

(الهُدَيَّا): هُدَيَّا الشيءِ: مثل، نظیر۔ لك عندي هُدَيَّاهُ: میرے پاس تیرے لئے ویسی ہی چیز ہے۔

(الهَدِيَّةُ): دولہن (۲) تحفہ، ہدیہ۔ (ج) هدايا۔

ھ......ذ

(هَذَأَتِ) الخَيْلُ ونحوُها۔ هَذْءًا: گھوڑوں کا تھکاوٹ کی وجہ سے گر جانا۔

— الشيءَ: تیزی سے کاٹنا۔

— الكلامَ: جلدی جلدی غلط باتیں کرنا۔

— فلانٌ العَدُوَّ: دشمن کو ہلاک کرنا۔

— فلانًا بلسانِهٖ: کسی سے ناگوار بات کہنا۔

(هَذِئَ) مِن البردِ هَذَأً: سردی کی وجہ سے ہلاک ہونا۔

(تَهَذَّأَتِ) القَرْحَةُ: زخم کا بگڑ کر پھٹ جانا۔

(الهَذَّاءُ): سَيْفٌ هَذَّاءٌ: تیزی سے کاٹنے والی تلوار۔

(الهَذْأَةُ): کدال، پھاوڑا۔

(هَذَبَ) القومُ (ض) هَذْبًا: لوگوں کا بہت شور کرنا۔

— الماءُ ونحوُهُ: پانی بہنا۔

— الشيءَ: کاٹنا (۲) صاف کرنا (۳) درست کرنا۔

— النَّخْلَةَ: کھجور کی شاخوں کو کاٹ کر درست کرنا۔

(أَهْذَبَ): جلدی کرنا جیسے أَهْذَبَ الانسانُ في مشيه والفرسُ في عدوِهٖ والطائرُ في طيرانه۔

— السَّحَابَةُ مَاءَهَا: بادل کا تیز برسنا۔

(هَذَّبَ) النَّخْلَةَ: کھجور کے درختوں کی شاخوں کو خوب درست کرنا۔

— الكلامَ: کلام کو مہذب اور شائستہ بنانا۔

— الكتابَ: کتاب کو مہذب اور ملخص بنانا۔ زوائد اور نقائص کو دور کرنا۔

— الصبيَّ: بچہ کی عمدہ تربیت کرنا۔

(تَهَذَّبَ) الشيءُ: صاف، درست اور مہذب ہونا۔

(الهَذَبُ): صفائی، درستگی، خلوص جیسے ما في مودّتِهٖ هَذَبٌ۔

(الهَذِبُ) فَرَسٌ هَذِبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

(هَذَّ) الشيءَ هَذًّا وهَذَذًا: تیزی سے کاٹنا۔

القرآنَ: قرآن کو تیزی سے پڑھنا (یہ غیر

ھ

محمود ہے)

— الحدیث: جلدی سے پوری بات کہنا۔

(اهتنَّ) الشیئ: تیزی سے کاٹنا۔

(هَذَا ذَیْكَ): کسی کام سے تاکید اُرو کنے کے لئے۔ بمعنی رک جاؤ۔

(الهَذُّ) و (الهِذُّ): انتہائی تیز دھار والا۔ جیسے ازمیلٌ هِذًّا: چمڑے کاٹنے کی تیز چھنی۔

(الهُذَاذُ) نَابٌ هُذَاذٌ: تیز دانت۔

(الهَذَّاذُ): بہت تیزی سے کاٹنے والا۔

— جَمَلٌ هَذَّاذٌ: تیز رفتار اور آگے رہنے والا اونٹ۔

(الهَذُوذُ) سکین هذوذ: تیز چھری۔

(هَذَرَ) الرَّجُلُ فی منطقهٖ۔ هَذْرًا وَ هَذَرًا: غیر مناسب اور بے ہودہ باتیں کرنا۔

— الیومُ هَذْرًا: سخت گرم ہونا جیسے یومٌ هاذِرٌ۔

(هَذِرَ) کلامُهٗ (س) هَذَرًا: گفتگو میں غلطیوں اور جھوٹ کی کثرت ہونا۔ هو هَذِرٌ۔

(اَهْذَرَ) فی کلامِهٖ: بہت لغو اور فضول باتیں کرنا۔ مقولہ ہے (مَنْ اَکْثَرَ اَهْذَرَ)

(المِهْذَارُ): بے ہودہ گو، بکواسی۔ (المکثار) مهذار (ج) مهاذیر

(الهَذَرُ): لانَزْرٌ ولاهَذَرٌ: نہ تھوڑا نہ بہت۔

(الهَذَرُ): فضول کلام، بکواس۔

(الهَذَّارُ): فضول گو، بے ہودہ گو۔

(الهَذِرُ): المِهْذَارُ۔

(الهُذَرَةُ) و (الهُذُرَّةُ) بمعنی الهَذِرُ۔

(الهِذْرِیَانُ): رجلٌ هِذْرِیَانٌ: جس کے کلام میں کھوٹ پایا جائے۔

(الهَیْذَرُ) بمعنی الهَذِرُ۔

(هَذْرَمَ) فلانٌ: تیز چلنا۔ (۲) تیز بولنا (۳) تیز پڑھنا۔

— القرآن: قرآن کے معنی پر تدبر کئے بغیر تیز پڑھنا (یہ غیر محمود ہے)

— فی کَلَامِهٖ: کلام میں گڑبڑ کرنا۔

— السَّیْفُ: کاٹنا۔

(الهُذَارِمُ والهُذَارِمَةُ والهِذْرَامُ): بہت بولنے والا۔

(الهَذْرَمِیُّ) هی هذرمی الصَّخَبِ: وہ بہت شور وغل اور آفت والی ہے۔

(هَذَفَ) هُذُوفًا: تیزی کرنا هُوَ هَاذِفٌ۔

(الهَاذِلُ): رات کا درمیان۔

(الهَذْلُوْلُ): پھرتیلا آدمی۔ (۲) لمبا سخت جان پھرتیلا گھوڑا۔ (۳) صحراء کی وہ نشیبی زمین جس کا پتہ وہاں پہنچ کر ہی ہو۔ (۴) ہلکا تیر۔ (۵) چھوٹا ٹیلہ۔ (۶) دور سے دکھائی دینے والی بارش (۷) پانی کی چھوٹی نالی (۸) ہلکا بادل (۹) رات کا ابتدائی یا آخری حصہ (۱۰) هذالیل۔

ذَهَبَ ثوبُهٗ هَذَالِیْلَ: اس کا کپڑا ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔

(هَذْلَمَ): چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔

(هَذَمَ) الشیئ (ض) هَذْمًا: تیزی سے کاٹنا۔

— الطَّعامَ: جلدی سے کھالینا۔

(المِهْذَمُ): تیز تلوار۔

(الهُذَامُ): تیز تلوار (۲) بہادر۔

سِنَانٌ هُذَامٌ: تیز دانت۔

شَفْرَةٌ هُذَامٌ: تیز چھلکا، بلیڈ وغیرہ۔

(الهُذَامَةُ) و (الهُذَمَةُ)، شَفْرَةٌ هُذَامَةٌ وَهُذَمَةٌ: تیز دھار چھلکا یا بلیڈ وغیرہ۔

(الهَذُوْمُ): سکینٌ هَذُوْمٌ: تیز چھری۔

(الهَیْذَامُ): بہادر (۲) بہت کھانے والا۔

(الهَیْذَمُ) نیزہ۔

(الهَذَاهِنُ): وہ لوگ جو ہر کسی کو دیکھ کر یہ کہیں یہ فلان کا لڑکا ہے یا فلاں کا خادم ہے۔

(الهُذَاهِنُ): سیفٌ هُذَاهِنٌ: تیز تلوار۔

(الهَذْهَاذُ): الهُذَاهِنُ۔

(هَذَاهُ) بالسیفِ (ن) هَذْوًا: تلوار سے کاٹنا۔

(هَذَی) فلانٌ (ض) هَذْیًا وهَذَیَانًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کرنا۔ هو هاذٍ وهَذَّاءٌ۔

— فلانٌ بالشیئ: ہذیانی حالت میں کوئی بات کرنا۔

(هَاذَاهُ): کسی کے ساتھ فضول اور لغو گفتگو کرنا۔

(تَهَاذَی) القومُ: باہم لغو گفتگو کرنا۔

(الهُذَاءُ): لغو گفتگو، فضول باتیں جس کا مطلب واضح نہ ہو۔

(الهَذَیَانُ): بہکی بہکی باتیں۔ فضول گفتگو۔ لغو کلام جو بیماری وغیرہ کی وجہ سے عقلی توازن برقرار نہ رہنے کی صورت میں کیا جائے۔ ہذیان۔ (مج)

ه......ر

(هَرَأَ) فلانٌ فی منطقهٖ (ف) هَرْءًا: کلام میں غلطیوں اور بے ہودگیوں کی بہتات ہونا۔

— الرِّیحُ: ہوا کا بہت ٹھنڈا ہونا۔

— البردُ فلانًا هَرْءًا وهَرَاءَةً: سردی کی شدت کا کسی کو ہلاک کر دینا یا ہلاکت کے قریب پہنچا دینا۔ کہتے ہیں هَرَأَ البردُ الماشیةَ۔

— فلانٌ اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔

(هَرِئَ) اللحمُ (س) هَرْءًا وهُرْءًا: گوشت کا اچھی طرح پکنا۔

(هُرِئَ) المالُ والقومُ: گرمی یا سردی کی وجہ سے لوگوں اور مویشیوں کا ہلاک ہو جانا۔ هم مهروءون۔

(أَهْرَأَ) القومُ فی الرَّوَاحِ: مال یا لوگوں کا سخت سردی یا سخت گرمی کی وجہ سے ہلاک ہو جانا۔

— فلانًا: مار ڈالنا۔

— البردُ فلانًا: سخت سردی کا کسی کو مار ڈالنا یا ہلاکت کے قریب کر دینا۔

— الکلامَ وفیه: زیادہ بولنا اور غلطیاں کرنا۔

— اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔

(هَرَّأَ اللحمَ): گوشت کو اچھی طرح پکانا۔

(تَهَرَّأَ) اللحمُ: گوشت کا اتنا پکنا کہ ہڈیوں سے علیحدہ ہو جائے۔

— الماشیةُ: سردی کی وجہ سے جانور کا ٹھٹھر جانا۔

(الهُرَاءُ): زیادہ اور فضول بے ڈھنگا کلام۔

(رَجُلٌ هُرَاءٌ): فضول اور ناشائستہ کلام کرنے والا۔

(الهِرَاءُ): کھجور کا چھوٹا پودا۔

(الهُرَاءُ): فضول اور بے ڈھنگا کلام کرنے والا۔

(الهُرَاءَةُ) امرأةٌ هراءةٌ: تیز طرار اور فضول گو عورت۔

(الهَرِيءُ): وہ گوشت جو بہت زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہوجائے۔

(الهَرِيئَةُ): سخت سردی کا موسم یا وقت جس میں حیوان یا انسان متاثر ہوں۔ قِرَّةٌ لَهَا هَرِيئَةٌ: ہلاک کردینے والی سردی۔

(هَرَبَ)(ن)هَرَبًا وهُرُوبًا وهَرَبَانًا: بھاگنا۔

— دَمُهُ: خوف بڑھ جانا۔

— نصفُ الوَتِدِ فِي الارضِ: آدھی میخ کا زمین کے اندر چلے جانا۔

(هَرِبَ)فلانٌ(س)هَرَبًا: بمعنی هَرِمَ: (بہت بوڑھا ہوجانا)۔

(أَهْرَبَ)فلانٌ: ڈر کر تیزی سے بھاگنا (۲) جلدی کرنا۔

— فِي الأَرضِ: دور نکل جانا۔

— في الرأي: رائے پر قائم رہنا۔ کہتے ہیں جَاءَ فلانٌ مُهرِبًا: وہ فلاں معاملہ میں سنجیدہ ہوکر آیا۔

— الرِّيحُ مَا عَلَى وَجهِ الارضِ من التراب وغيرِهِ: ہوا کا سطح زمین کی مٹی وغیرہ ہر چیز کو اڑا ڈالنا۔

— فلانًا: کسی کو بھاگنے پر مجبور کرنا۔

(هَرَّبَ)فلانًا: کسی کو بھگانا۔

— البضاعَةَ الممنوعة: اسمگلنگ کرنا یعنی خفیہ طور پر ممنوعہ اشیاء ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جانا۔ (محدثة)

(المِهْرَبُ): جتی ہوئی زمین کو ہموار کرنے کا ایک آلہ۔

(المَهْرَبُ): جائے فرار (۲) چھٹکارا (۳) دادرس جس کی پناہ لی جائے جیسے فلانٌ مَهْرَبٌ لنا۔

(المُهَرِّبُ): خلاف قانون ممنوعہ اشیاء لانے اور لے جانے والا، اسمگلر۔ (محدثة)

(هَرْبَجَ)العملَ: کام کو پختگی سے نہ کرنا۔

(هَرْبَذَ): آہستہ چلنا۔

(الهِرْبِذُ): مجوسی کاہن (آگ پرستوں کی آگ کا محافظ) (۲) مجوسی حاکم (یہ فارسی لفظ هِرْبَدْ کا معرب ہے) (ج) هرابذةٌ۔

(الهِرْبِذَى): غرور اور تکبر کی چال (۲) ایک جانب جھک کر چلنے والے اونٹ کی چال۔

(الهُرْبُعُ): پھرتیلا بھیڑ (۲) پھرتیلا چور (ج) هَرَابِعُ۔

(هَرَتَ)الشيءَ(ن)هَرْتًا: وسیع کرنے کے لئے پھاڑنا جیسے هَرَتَ ثوبَهُ۔

— شِدْقَهُ: اپنی باچھ کو کان کی طرف کھینچنا۔

— فلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔

— عرضَهُ: آبروریزی کرنا۔

— اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔ هو هريتٌ۔

(هَرِتَ)الرَّجُلُ وغيرُهُ(س)هَرَتًا: چوڑے منہ اور کشادہ باچھوں والا ہونا۔ هو اهرت الشِّدْقِ وهَرِيتُهُ۔

(أَهْرَتَ)اللحمَ: گوشت کو خوب پکانا۔

(هَرَّتَ)شدقَهُ: باچھوں کو چوڑا کرنا۔

(تَهَارَتَ): کثرت سے بولنا۔

(الهَرِيتُ)، ثوبٌ هَرِيتٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔ عرضٌ هَرِيتٌ: پامال شدہ آبرو۔ رَجُلٌ هَرِيتٌ: راز نہ چھپانے والا اور قبیح گفتگو کرنے والا۔

(الهَرْثَمَةُ): شیر (۲) ناک کا بانسہ (۳) کتے کے دونتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔

(هَرَجَ)في الحديث(ض)هَرْجًا: بات کو لمبا کرکے خلط ملط کردینا۔

— القومُ: لوگوں کا فتنہ وفساد اور قتل وغارت میں مبتلا ہوجانا۔

— الفرسُ: تیز دوڑنا۔ هو هَرَّاجٌ ومِهْرَاجٌ ومِهْرَجٌ۔

— الرَّجُلُ فِي الأَمرِ: کسی معاملہ میں متردد ہونا، یقین نہ ہونا۔

— البابَ: دروازہ کھلا چھوڑنا۔

— النومَ: بہت سونا۔

(هَرِجَ)البعيرُ ونحوُهُ(س)هَرَجًا: گرمی کی شدت اور بوجھ کی زیادتی سے اونٹ وغیرہ کی آنکھیں پھر جانا۔

— فلانٌ: گرمی یا زیادہ چلنے کی وجہ سے سانس چڑھ جانا۔

(أَهْرَجَ)الرَّجُلُ: گرمی اور بوجھ سے پریشان اونٹوں والا ہونا۔

— البعيرَ ونحوَهُ: گرمی کی دوپہر میں اونٹ بوجھ لاد کر پریشان کردینا۔

(هَرَّجَ): افواہوں اور جھوٹی باتوں سے افراتفری اور انتشار پیدا کرنا۔

— بالاسدِ ونحوِهِ: شیر وغیرہ کو ترازو لگا کر وزن کرنا۔

— البعيرَ: بمعنی اهرَجَهُ۔

— الخمرُ فلانًا: شراب کا کسی کو نشہ چڑھانا۔

— فلانٌ: ہنسی مذاق اور شور وغل کرنا۔

(انْهَرَجَ)فلانٌ مِنَ الخَمرِ: شراب سے مست ہوجانا۔

(اسْتَهْرَجَ)الرَّائُ لفلانٍ: کسی کی رائے میں پختگی اور وسعت ہونا۔

(المُهَرِّجُ): جھوٹی افواہیں اڑا کر افراتفری اور ہنگامہ برپا کرنے والا۔ (۲) مسخرا، جوکر، مضحکہ خیز حرکتوں سے لوگوں کو ہنسانے والا (مو)

الهَرْجُ: کسی چیز کی زیادتی (۲) ہنگامہ، افراتفری۔ اصبح القومُ فِي هَرْجٍ ومَرْجٍ: لوگوں میں افراتفری مچ گئی۔ (۳) قتال کی شدت اور کثرت۔ (۴) سوتے ہوئے نظر آنے والی غیر واقعی چیز۔

(الهِرْجُ): بے وقوف۔ (۲) ہر کام میں کمزور

(الهِرْجَةُ): لچکدار کمان (۲) هرج۔

(الهَرَّاجَةُ): فضول گوئی کرنے والی جماعت۔

(هَرْجَلَ) فلانٌ هَرْجَلَةً وهِرْجَالًا : لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
—فِي اعمالِهِ: کاموں میں کسی اصول کی رعایت نہ کرنا۔ (الحدثة)
(الهُرْجُلُ) : بڑے قدم اٹھانے والا (ج) (هَرَاجِلُ)
(الهُرْجُوْلُ) : لمبا آدمی (۲) مضبوط اونٹ۔ (ج) هَرَاجِيلُ۔
(هَرَدَ) النَّاسُ هَرْدًا : لوگوں کا باہم الجھنا۔
— الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا اور دھجیاں کرنا۔
— الثوبُ هَرِيْدٌ : (۲) کپڑے کو ورس نامی زرد گھاس سے رنگنا هو مهرُوْد۔
— اللحمَ ونَحْوَهُ: گوشت یا اس جیسی چیز خوب پکانا۔
— العِرْضَ: عزت کو داغدار کرنا۔
(هَرِدَ) اللحمُ هَرَدًا : گوشت کا زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہونا۔
— شِدْقُهُ : باچھ کا وسیع ہونا هو اهرَدُ۔
(هَرَّدَ) فلانٌ: ورس میں رنگا ہوا کپڑا پہننا۔
— اللحمَ : گوشت کو بہت زیادہ گلانا۔
— الثوبَ: مبالغہ هَرَدَهُ۔
(الهِرْدُ) : شترمرغ۔ (۲) گھٹیا اور لوفر آدمی۔
(الهُرْدُ) : ہلدی (۲) سرخ مٹی۔
(الهُرْدِيُّ) : ہلدی کے رنگ میں رنگا ہوا
(هَرْدَبَ) : بوجھل قدموں سے دوڑنا۔
(الهِرْدَبُ) : کم عقل موٹا بزدل۔ (۲) دراز قد چوڑا آدمی (۳) بڑھیا۔
(هَرَّ) هَرًّا : خوشے کے بکھرے ہوئے انگور کھانا۔
— الشَّوْكُ : کانٹے کا سوکھ کر جانوروں کے کھانے کے قابل نہ رہنا۔
— سلحُهُ: دست آنے سے مرجانا۔
هَرَّهُ هو: دست لگا دینا۔
— الدَّواء سلحَهُ : دوا کا فضلات کو خارج کر دینا۔

— القوسُ هَرِيْرًا : کمان کا آواز نکالنا۔
فلانٌ في وجهِ السائلِ : مانگنے والے سے ترش روئی اختیار کرنا۔
— الكلبُ: کھوتے کا دانت نکال کر بھونکنا۔
— اليه الكلبُ: کسی کو دیکھ کر کتے کا ہلکی سے آواز نکالنا۔
— الشيءَ : ناپسند کرنا۔
— الناسُ فلانًا: کسی سے اجتناب کرنا۔
البردُ الكلبَ: سردی سے کتے کا آواز نکالنا۔
— الكلبُ فلانًا : کتے کا کسی کو دیکھ کر آواز نکالنا۔
(هَرَّ) فلانٌ هَرًّا : بداخلاق ہونا۔
(هُرَّتِ) الأبلُ هَرًّا او هُرَارًا : اونٹوں کا مرض هرار میں مبتلا ہونا۔ (دیکھئے: الهُرَارُ) هي مهرورةٌ۔
(أَهَرَّ) فلانٌ بالغَنَمِ : بکریوں کو پانی پلانے کے لئے لانا۔
— البَرْدُ الكلبَ: سردی کا کتے کی آواز نکلوانا۔
کہاوت ہے (شَرٌّ أَهَرَّ ذَانَابٍ) : ایسا فتنہ ہے جس نے کتے کو بھی بھونکا دیا ہے۔ سخت فتنے کے آثار دکھائی دینے کے وقت بولا جاتا ہے۔
(هَارَّهُ) : کسی کو دیکھ کر کتے کی طرح لال پیلا ہو جانا۔
(الهُرَارُ) : اونٹ کے بدن میں کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہونے والی ایک بیماری (۲) دست ہونے کی ایک بیماری۔
(الهِرُّ) : بلا۔ (ج) هِرَرَةٌ مادة هِرَّةٌ (ج)
هِرَرٌ : (۲) بکریوں کو ہانکنا۔
(الهُرُّ) : وہ شیر جس کے دھاڑنے کی آواز سنائی دے (۲) بہت پانی یا دودھ۔
(الهَرَّارُ) : دانت نکالنے والا کتا۔ (۲) ناسمجھ کم عقل۔ هلك من لاهَرَّارَ لَهُ : جس کے پاس دشمن کو بھگانے والا اکھڑ اور بے عقل آدمی نہ ہو وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔
— الهَرَّارانِ: دو ستارے جو نسر واقع اور قلب

عقرب میں ہیں جن کے طلوع ہونے پر سردی سخت ہو جاتی ہے۔
(الهَرُوْرُ) : خوشے کے بکھرے ہوئے انگور۔
(الهَرِيْرَةُ) : کراہت۔ ناگواری۔ اجدُ في وجههِ هريرةً۔
(هَرَوَزَ) الحيوانُ: جانور کا مرجانا۔
(تَهَرْوَزَ) من الجُوْعِ: بھوک کی وجہ سے مرجانا۔
هَرَسَ الشيءَ هَرْسًا : کوٹنا۔ (۲) کسی چپٹی چیز سے کوٹنا۔ (۳) کوٹ کر باریک کر دینا۔
— الطعامَ: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
(هَرِسَ) الرَّجلُ هَرَسًا : کھانے کی انتہائی چاہت رکھنا۔ (۲) چھپ کر کھانا۔
(المِهْرَاسُ) : چارے پر ٹوٹ پڑنے والا اونٹ۔ (۲) بھاری بھرکم اونٹ (۳) بے خوف 'بہادر آدمی (۴) اوکھلی' ہاون دستہ۔ (۵) کھل (۶) کوٹنے کی موسلی۔ (۷) پتھر میں کھودا ہوا وضو کرنے کا گڑھا۔ (۸) غلہ کوٹنے کا لکڑی کا موسل۔ (ج) مَهَارِيسُ۔
(الهَرَاسُ) : ایک خاردار درخت جو مصر اور حبشہ میں پیدا ہوتا ہے اس پر نارنگی جیسا پھل آتا ہے۔ اس کی چھال سفید یا خاکی رنگ کی ہوتی ہے۔ سوڈان میں خزامیٰ کے نام سے معروف ہے۔ (ج)
(الهُرَاسَةُ) : رعب و دبدبہ جیسے لِبَنِي فلانٍ هُرَاسَةٌ۔
(الهَرَّاسُ) : ہریسہ بنانے یا بیچنے والا (۲) بہت کھانے والا۔
(الهَرْسُ) : بلا۔
(الهِرْسُ) : بلا (۲) پرانا کپڑا۔
(الهَرِيْسُ) : باریک کٹا ہو گندم وغیرہ' بے پکا دلیا۔
(الهَرِيْسَةُ) : پکا ہوا دلیا (۲) آٹے کا حلوہ جو گھی اور شکر ملا کر بنایا جاتا ہے۔ اَرْضٌ هَرِيْسَةٌ : وہ زمین جہاں ہراس نامی درخت پیدا ہوتا ہو۔
(هَرَشَ) الدَّهْرُ (ن) هَرْشًا : زمانہ کا سخت

ھ

ہونا۔

(هَرِشَ)فلانٌ(س)هَرَشًا : بداخلاق ہونا۔

(هَارَشَ)الكلبُ الكلبَ ونحوه : کتے کا کتے یا اپنے جیسے جانور سے لڑنا۔

— الرّجلُ بعضَ الكلاب على بعض او بينهما : کتوں کا باہم ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔

(اهْتَرَشَتِ)الكلبُ او الدِّيكَةُ اونحوها : باہم لڑنا۔

(تَهَارَشَت)الكلابُ : کتوں کا باہم لڑنا (۲) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

— القومُ : لوگوں کا باہم لڑنا۔

(تَهَرَّشَ)الغيمُ : بادلوں کا چھٹ جانا۔

(مُهَارِشٌ)فرسٌ مُهَارِشُ العنانِ : پھرتیلا چست گھوڑا۔

(الهَرِشُ) : بداخلاق بیوقوف آدمی۔

(هَرْشَفَ)الشئُ : خشک ہونا۔

(تَهَرْشَفَ) : تھوڑا تھوڑا پینا۔ چسکیاں لینا۔

(الهِرْشَفَّةُ) : پانی خشک کرنے کا چیتھڑا (۲) خشک ہوجانے والی دوات کی روئی۔

(الهِرْشَمُّ) : نرم پتھر (۲) نرم و کھوکھلا پہاڑ (۳) پتلا اور بہت پانی والا پہاڑ۔

(الهِرْشِنُ) : چوڑی باچھوں والا

(هَرِصَ)(س)هَرَصًا : خشک خارش میں مبتلا ہونا

(هَرَّصَ) : کھجلی سے بدن میں سوزش ہونا۔

(الهَرَصُ) : بدن کی سوکھی خارش۔

(الهرِيْصَةُ) : پانی کا جوہڑ۔

(هَرَضَ)الثوبَ(ن)هَرْضًا : کپڑا پھاڑنا۔

(هَرَطَ)فی الكلامِ(ض)هَرْطًا : غیر مرتب اور بے سوچے سمجھے بات کرنا۔

— الشئَ : پھاڑنا، چیتھڑے کرنا۔

— عرضَ اخيه او فيهِ : عزت کو خراب کرنا، بدنام کرنا۔

(هَرِطَ)الرَّجُلُ(س)هَرَطًا : مضبوطی کے بعد گوشت کا ڈھیلا پڑ جانا (بیماری یا خوف کی وجہ سے)۔

(تَهَارَطَ)الخصمان : باہم گالی گلوچ کرنا۔

(الهَرْطُ) : پتلا بہتا ہوا گوشت (۲) پکانے سے چورہ ہوجانے والا گوشت۔

(الهَرْطُ) : بہتا ہوا پتلا گوشت (۲) عمر رسیدہ جانور (۳) مالدار آدمی (ج) أهراطٌ وهروطٌ۔

(الهِرْطَةُ) : بے وقوف بزدل اور کمزور آدمی (ج) هِرَطٌ۔

(الهَيْرَطُ) : نرمی۔

(الهِرْطَالُ) : لمبا چوڑا مضبوط آدمی۔

(الهُرْطُمَانُ) : ایک قسم کی اناج (دیکھئے الشوفان)

(هَرِعَ)الدّمُ(س)هَرَعًا : خون بہنا۔

— فلانٌ : تیز چلنے کا عادہ ہونا۔

— الصبیُّ : بچہ کا جلدی رو پڑنے کا عادی ہونا۔

هو هَرِعٌ وهی هَرِعَةٌ۔

(هُرِعَ)الرَّجُلُ : بے چینی اور بے قراری کے ساتھ چلنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَجَاءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ)

(أَهْرَعَ)الرّجلُ : تیز دوڑنا۔

— القومُ الرِّمَاحَ : نیزے سیدھے کرکے چلتا ہوا آنا۔

(أُهْرِعَ)الرجلُ : بمعنی هُرِعَ : (۲) غصہ، کمزری، خوف یا بخار کی وجہ سے کانپنا (۳) کم عقل ہونا

هو مُهْرَعٌ۔

(هَرَّعَ) القومُ الارماحَهُمْ وبها : نیزے سیدھے کرنا۔

(اهترَعَ)العودَ : ٹہنی توڑنا۔

(تَهَرَّعَ)اليهِ : جلدی کرنا۔

— الرِّمَاحُ : نیزوں کا نشانہ پر لگنے کے لئے سیدھا ہوجانا۔

(المُهْرَعُ) : لالچی۔

(المَهْرُوعُ) : مشقت کی زیادتی کی وجہ سے گر جانے والا۔

(الهُرَاعُ) : اضطراب اور بے چینی کی تیز چال (۲) ہانکنے کی شدت (۳) تیز دوڑ۔

(الهَرَعُ)الهُرَاعُ۔

(الهِرْيَاعُ) : ہوا سے اڑنے والے پتے۔

(الهَرِيْعَةُ) : پتلی شاخوں والا پودا۔

(الهَيْرَعُ) : نکما، بزدل، کمزور آدمی۔ (۲) گرد اڑانے والی آندھی (۳) پھرتیلی ناسمجھ عورت۔

(الهَيْرَعَةُ) : چرواہے کی بانسری (۲) بھوت۔

(هَرَفَ) الرَّجُلُ (ض) هَرْفًا : فضول اور ناشائستہ باتیں کرنا۔ جیسے فلانٌ يهرف بما لا يَعْرِف۔

— بفلانٍ : کسی کی تعریف میں حد سے تجاوز کرنا۔

— السبُعُ : درندہ کا لگاتار آواز نکالنا۔

— الرّيحُ فلانًا : ہوا کا کسی کو اڑائے لئے چلنا۔

(اَهْرَفَ)الرَّجُلُ : آدمی کا مالدار ہونا۔

— النَّخلةُ : کھجور کے درخت پر جلد پھل آنا۔

(هَرَّفَ) القومُ اِلَى الصلوة : نماز کو جلدی سے ادا کرنا۔

— النخلةُ : کھجور کے درخت پر جلد پھل آنا۔

(الهُرْفُ) : جلد ظاہر ہونے والا پھل وغیرہ۔

(هَرَقَ) الماءَ ونحوَهٗ(ف)هَرْقًا : پانی بہانا، اوپر سے ڈالنا۔

(اَهْرَقَ)الماءَ : هَرَقَهٗ۔

(هَرَاقَ)الماءَ يُهَرِيْقُهٗ هِرَاقَةً : پانی بہانا۔ کہتے ہیں هراقتِ السماءُ ماءَها۔

— الدَّمَ : خون بہانا۔

— دَمَ عدوّهِ : دشمن کو قتل کرنا۔

(هَرِّقْ)هَرِّقْ علٰی جَمْرِكَ : اپنا غصہ ٹھنڈا کرو۔

(تَهَارَقَ)القومُ : ایک دوسرے پر پانی ڈالنا (۲) آپس میں خون ریز جنگ کرنا۔

(اهْرَوْرَقَ)الماءُ او الدَّمُ : پانی یا خون بہنا۔

(المُهْرَقُ) : لکھنے کا سفید کاغذ (۲) لکھنے کے لئے سفید ریشم کا قطع کیا ہو کپڑا (۳) کپڑوں پر کی جانے والی کانچ وغیرہ کی پالش (۴)

آرٹ پیپر جس پر فوٹو آفسٹ کی کتاب کی جاتی ہے (مج) (۵) چٹیل میدان۔
(المَهْرَقَانُ) : وہ سمندر جو حالت طغیانی میں پانی ساحل پر پھینکتا ہے (۲) سمندر کا پانی بہہ کر آنے کی جگہ۔
(المُهْرُقَانُ) المَهْرقانُ۔
(الهِرْقُ) : پرانا کپڑا۔
(الهِرْقِلُ) : چھلنی۔ ثِيَابٌ هِرْقِلِيَّةٌ : پرانے بوسیدہ کپڑے۔
(هِرَقْلُ وهِرْقِلُ) : روم کے بادشاہ کا لقب۔
(هَرْكَلَ) الرّجلُ : ناز وانداز سے آہستہ آہستہ چلنا۔
(الهُرَاكِلُ) : موٹا دراز قد آدمی یا جانور۔
(الهُرَاكِلَةُ) : سمندری موجوں کا جم گھٹ (۲) سمندری کتے (۳) بڑی بڑی مچھلیاں (۴) بڑے سرین والی آبی جانور۔
(الهِرْكَلَةُ و الهِرْكَوْلَةُ) : حسین ناز وانداز والی عورت
(الهِرْكَوْلَةُ) : موٹے کولہوں والی عورت (۲) حسین نازک اندام اور خوش مزاج عورت۔
(هَرْوَلَ) : لپکنا (عام چال اور دوڑنے کے درمیان کی چال)
— السرابُ : سراب چمکنا۔
(الهَرَلُ) : بیوی کا پہلے شہر سے پیدا شدہ لڑکا (ربیب)
(هَرَمَتِ) الابِلُ (ض) هَرْمًا : اونٹوں کا ہرم گھاس کھانا۔ کہتے ہیں بعيرٌ هارِمٌ وابلٌ هوارِمُ۔
(هَرِمَ) الرّجُلُ (س) هَرَمًا وَمَهْرَمًا وَمَهْرَمَةً : بڑھاپے کی انتہا کو پہنچنا (۲) بوڑھا اور کمزور ہونا۔ هو هَرِمٌ (ج) هَرْمَى و هَرِمُونَ وهي هَرِمَةٌ (ج) هَرْمَى و هَرِمات۔
(أَهْرَمَ) الدَّهْرُ فلانًا : زمانہ کا کسی کو بوڑھا کر دینا۔
— فلانٌ اللحمَ : گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔
- الأمرَ : کسی بات کو اہمیت دینا اور حیثیت سے زیادہ بڑھانا۔
— البناءَ : عمارت کو ہرم کی طرح بنانا (مخروطی شکل کا بنانا) (مو)
(تَهَارَمَ) فلانٌ : خود کو بوڑھا ظاہر کرنا۔
(الهَرْمُ) : نمکین وترش گھاس واحد هَرْمَةٌ۔
(الهَرَمُ) : فرعون مصر کی تعمیر کردہ اپنی قبر کی پتھروں سے بنائی ہوئی بلند وبالا عمارت جس کی کرسی کشادہ و چہار گوشہ اور دیواریں مثلث نما ہیں جو اوپر جا کر نوک دار چوٹی کی شکل اختیار کر لیتی ہے (ج) اهرامٌ۔
الهَرَمُ المُدَرَّجُ : گول سیڑھی دار چار دیواروں اور ایک چوٹی والی پتھروں کی بنائی ہوئی تارخ کی سب سے قدیم عمارت۔
(الهَرَمُ) : مخروطی شکل۔
(الهِرْمُ) : عمر کی انتہا کو پہنچا ہوا بوڑھا (۲) عقل (۳) طبیعت، نفس، دل۔ جیسے لاأَدْرِي بِمَ يُوْلَعُ هِرْمُكَ : میں نہیں جانتا تمہارا دل کس چیز کا دلدادہ ہو گیا ہے۔ (۴) پختہ رائے (۵) دندانے پڑا ہوا تیر۔
(الهَرْمَى) : خشک لکڑیاں۔
(الهُرْمَانُ) : عقل (۲) عمدہ اور پختہ رائے۔
(الهِرْمَةُ) : ابن هِرْمَةٍ : بوڑھے میاں بیوی کی آخری اولاد۔
وُلِدَ لِهِرْمَةٍ : بوڑھی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔
(الهَرِمَةُ) : شیرنی۔
(الهَرْوَمُ) : بدباطن اکھڑ مزاج عورت۔
(هَرْمَزَ) الرّجلُ : ساتھ سے چھپا کر بات کرنا۔ (۲) کمینہ ہونا۔
— النارُ : آگ بجھانا۔
— الرّجلُ اللقمةَ : لقمہ کو چبا کر منہ میں گھمانا اور حلق میں نہ اتارنا۔
(هُرْمُزُ) : معبود (فارسی کلمہ) (۲) مشتری سیارہ (۳) قدیم ایرانی بادشاہ (۲۷۲ء) عربوں نے هرمز هَارَمُوز : اور هُرْمُزَان : کا اطلاق بڑے شاہان عجم پر کیا ہے۔
(هَرْمَسَ) الرّجلُ : تیوری چڑھانا۔
— النّاسُ : شور وغل مچانا۔
(الهِرَامِسُ) : زبردست آدم خور شیر۔
(الهِرْمَاسُ) : زبردست آدم خور شیر۔ (۲) چیتے کا بچہ۔
(الهِرْمَوْسُ) : تجربہ کار پختہ رائے شخص۔
(الهِرْمِيسُ) : زبردست آدم خور شیر (۲) گینڈا۔
(الهِرْمِيسَةُ) : تیتر کی مادہ۔
(هَرْمَطَ) الرجلُ عِرْضَ فُلانٍ : کسی کی آبرو ریزی کرنا۔
(اهْرَمَّعَ) الرجلُ : تیز چلنا (۲) جلدی سے رہ پڑنا۔
— منطقهِ وحديثهِ : اپنی بات میں انتہائی منہمک ہونا اور زیادہ بولنا۔
— اليهِ : کسی کے سامنے رونے کی صورت بنانا۔
(هَرْمَلَتِ) العجوزُ : بڑھیا کا بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیا جانا۔
— الوبَرَ : اونٹ کے بال گرنا۔
— الرّجلُ الشعرَ : بال چونٹنا، کاٹنا۔
— الرّجلَ : آدمی کے بال اکھیڑنا، چونٹنا۔
— عَمَلَهُ : عمل بگاڑ دینا۔
(الهِرْمِلُ) : بہت بوڑھی اونٹنی (۲) ڈھیلی اور نادان عورت۔
(الهُرْمُوْلُ) : سر میں ادھر ادھر رہ جانے والے بال۔ (ج) هَرَامِيلُ
(الهُرْمُوْنُ) : ہارمون جیسے غدود کی ریزش جو دوران خون میں جسم کے سیال مادوں میں تحلیل ہو کر افعال اعضاء کا باعث بنتی ہے۔
(هَرْنَفَ) الرّجُلُ : ہلکا سا مسکرانا۔
— المراةُ : رونا اور کمزور آواز سے بولنا۔
(هَرْهَرَ) الشيُّ : آواز نکالنا جیسے هرهرت الريحُ وهرهرت الضّأنُ۔
— الاسدُ : شیر کا دھاڑنا۔

— الرجلُ: بلاوجہ ہنسنا یا کسی حق بات پر ہنسنا۔
— بالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر لے جانے کے لئے بلانا۔
— اللبنُ: دوہتے وقت (دودھ کا آواز نکالنا۔
— الشئَ: حرکت دینا۔
(تَهَزْهَرَتِ) الرِّيحُ: ہوا کا آواز نکالنا۔
(الهُزَاهِرُ): بہت دھاڑنے والا شیر (۲) بہت زیادہ پانی یا دودھ۔
(الهُزْهَارُ): بلاوجہ ہنسنے والا یا حق بات کا مذاق اڑانے والا (۲) پتلا گوشت (۳) شیر۔
(الهُزْهُورُ): انگور کی بیل کی جڑ میں بکھرے ہوئے انگور (۲) کشتی کی ایک قسم۔
(هَرَاهُ)(ن) هَرْوًا: چھڑی مارنا۔
(هَرّى) ثوبَهٗ: کپڑے پر زرد رنگائی کرنا۔
(تَهَرّاهُ) بمعنی هَرَاهُ
(الهُرَاءُ): لغو فضول کلام۔
(الهِرَاءُ): کھجور کا چھوٹا پودا۔
(الهِرَاوَةُ): لاٹھی (ج) هراوٰی وهُرِيٌّ۔
(الهُرْيُ): شاہی توشہ خانہ۔ (۲) بادشاہ کے سامان خورد ونوش کا بڑا گودام (۳) چھوٹی خلیج جس سے بآسانی پانی نکالا جا سکتا ہے (مو) (ج) أهراءٌ۔
(هَرْوَلَ): (دیکھئے هرل):

ھ......ز

(هَزَأَ) به ومنهُ (ف) هَزْءًا وهُزُوءًا: مذاق اڑانا۔
— الشئَ هَزْءًا: توڑنا۔
— ابلَهٗ: اونٹوں کو سردی میں چھوڑ کر مرنے دینا۔
— راحلتَهٗ: اپنی اونٹنی کو ہانکنا۔
(هَزِئَ)(س) هَزْأً: مرنا۔
— بالشئِ ومنهُ هَزْءًا وهُزُوءًا هُزُءًا: مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔
(أَهْزَأَ): سخت سردی کی زد میں آنا۔
— الدابّةُ بالرجلِ: جانور کا سوار کو لے کر تیز چلنا۔
— الرجلُ ابلَهٗ: آدمی کا اونٹوں کو سردی میں چھوڑ کر مرنے دینا۔
(تَهَزَّأَ) بالشئَ: مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔
(استهزأ) بغيرِهٖ: کسی کے ساتھ مذاق کرنا۔
(الهَازِئَةُ) مفازةٌ هَازِئَةٌ بالرَّكْبِ: بھٹکانے والا بیابان جس میں چمکنے والا سراب ہو۔
غداةٌ هازِئَةٌ: یخ بستہ صبح جو کپکپی طاری کردے۔
(الهُزْأَةُ): وہ آدمی جس سے مذاق اور ٹھٹھا کیا جائے۔
(الهُزَأَةُ): لوگوں کا مذاق اڑانے والا۔
(هَزْبَرَةٌ): کاٹنا۔
(الهِزْبَرُ): ببر شیر (۲) موٹا اور طاقتور (ج) هزابِرُ۔
(هَزِجَ)(س) هَزَجًا: ترنم سے پڑھنا جیسے هَزِجَ القَارِئُ فی قراء ته۔ هو هَزِجٌ وهی هَزِجَةٌ۔
(أَهْزَجَ) الشاعِرُ: بحر ہزج میں اشعار کہنا۔
(هَزَّجَ) الرجلُ: هَزِجَ۔
— صوتَهٗ: آواز میں سر اور ترنم پیدا کرنا۔
(تَهَزَّجَ) الرجلُ: هزِجَ
— القوسُ: کمان کا تانت کھینچتے وقت آواز نکالنا۔
— الرعدُ: کڑک کی آواز پیدا ہونا۔
(الهَزَجُ): خفیف ترنم خیز آواز (۲) گاڑھی ہوئی آواز (۳) بادل کی گرج کی آواز (۴) مکھی کی بھنبھناہٹ (۵) نشاط، وجد، مستی (۶) عربی اور فارسی کی ایک بحر۔ اسکی وزن مفاعلین ست مرات ہے اور اس میں مجزوواجب ہے۔ (ج) اهزاجٌ۔
(هَزَرَ) الرَّجُلُ (ض) هَزْرًا: ہنسنا۔
— البائعُ: تاجر کا قیمت بڑھانا۔
— لَهٗ فِی البیعِ: کسی کو کوئی چیز زیادہ قیمت پر دینا۔
— فلانٌ: ضرورت کے لئے جلدی کرنا۔
— لفلانٍ: کسی کو بھرپور بخشش دینا۔
— فلانًا بالعصا: کسی کی پیٹھ اور پہلو پر زور سے لاٹھی مارنا۔ (۲) زور سے چٹکی بھرنا۔
— الارضَ بهٖ: پچھاڑنا (۲) جلاوطن کردینا۔
هو مهزورٌ وهَزِيرٌ۔
(المِهْزَرُ): ہر معاملہ میں دھوکہ کھانے والا رَجُلٌ مِهْزَرٌ۔
(الهَزَارُ): ایک خوش الحان پرندہ فارسی میں اسے "ہزارداستان" کہتے ہیں۔
(الهِزْرُ): فریب خوردہ، بے وقوف۔
(الهَزْرَةُ): تم زمین (۲) کاہلی اور سستی کہتے ہیں۔ رَجُلٌ فيه هزارت: انتہائی سست آدمی رَجُلٌ ذُوهزراتٍ: بہت دھوکہ کھانے والا آدمی۔
(الهَزَوَّرُ): کمزور۔
(هَزْرَفَ) فِی عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔
(الهُزَارِفُ والهِزْرَافُ): تیز رفتار پھرتیلا شترمرغ (نر) (۲) تیز رفتار (۳) بڑی جسامت والا۔
(هَزْرَقَ): جلدی کرنا۔
(الهُزَارِقُ): تیز رفتار پھرتیلا شترمرغ۔
(هَزَّ) الرجُلُ (ض) هِزَّةً: نشاط وفرحت محسوس کرنا۔
— القِدْرُ: ہانڈی کے جوش کی آواز پیدا ہونا۔
— الشهابُ هزيزًا: شہاب ثاقب کا ٹوٹنا۔ هو هازٌّ۔
— الرِّيحُ: ہوا کے درختوں کے ہلانے سے آواز نکلنا۔
— الرَّعْدُ: بادل گرجنے کی آواز گونجنا۔
— الشئَ وبهٖ (ن) هَزًّا: کسی چیز کو قدرے زور سے ہلانا۔ قرآن مجید میں ہے (وَهُزِّيْ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ)۔
— الهواءُ والماءُ النباتَ: ہوا اور پانی کا نباتات کو بڑھانا اور لمبا کرنا۔
— الحادي الابلَ: حدی خوان کا حدی کے ذریعہ اونٹوں کو نشاط وفرحت بخشنا۔
(هَزَّزَ) الشَّجَرَةَ: درخت کو زور سے ہلانا۔
(اهتزّ) الشئُ: کسی چیز کا حرکت کرنا۔

— النباتُ: نبات کا لمبا ہونا اور بڑھنا۔
— الارضُ: زمین کا سرسبز وشاداب ہونا۔
قرآن مجید میں ہے (وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ)
— الابلُ: اونٹوں کا حدی خواں کی حدی کی وجہ سے چست اور تیز رفتار ہونا۔
— الرجلُ: نشاط وفرحت محسوس کرنا۔
— الشّهابُ في انقضاضه: شہاب ثاقب کا تیزی سے ٹوٹ کر گرنا۔
— لکذا: کسی چیز سے خوش ہونا۔
(تَهَزَّزَ) الشيءُ: حرکت کرنا۔
(الاهتزاز): اضطرابی حرکت، کپکپاہٹ، جنبش (Vibration)۔(ج)
(الهَزَائِزُ): سختیاں (اس کا واحد نہیں)
(الهَزَّةُ) مرأةٌ هَزَّةٌ: شرپسند عورت (ج) هَزَّاتٌ۔
(هَزَعَ)(ف)هَزْعًا: جلدی کرنا۔
— الدَّابَّةُ في الحشيش: گھاس چرنا۔
— الظَّبيُ: ہرن کا زور لگا کر دوڑنا۔
— الشيءَ: توڑنا۔
— مَرَّ فلانٌ يَهْزَعُ: فلاں بہت تیز دوڑتا ہوا گزرا۔
(هَزَّعَ) الشيءَ: توڑنا۔
— فلانًا: کسی کی گردن توڑنا۔
— الاشياءَ: چیزوں کو بکھیرنا۔
(اهْتَزَعَ): جلدی کرنا (۲) بے چین اور بے تاب ہونا۔
— السيفُ ونحوُه: تلوار وغیرہ کا لچک کھانا۔
(انْهَزَعَ): ٹوٹنا۔
(تَهَزَّعَ): اهْتَزَعَ: کہتے ہیں تَهَزَّعَتِ المرأةُ في مشيتها: عورت کا چلتے ہوئے جھومنا۔
— فلانٌ: تیوری چڑھانا۔
— لفلانٍ: کسی کے لئے اجنبی بن جانا۔
(الأهزعُ) من القذائفِ و السِّهامِ: ترکش میں بچے ہوئے تیر۔ مَا في الدّارِ اهزعُ: گھر میں کوئی نہیں۔
(المِهْزَعُ): ہر ایک درخت کو توڑ دینے والا۔ (۲) موگری، موسلی، کوٹنے کا آلہ۔
(الهِزَاعُ): ترکش کا آخری تیر۔
(الهَزَعُ): بے چینی و بے تابی۔
(الهَزِيعُ) مِنَ اللّيلِ: رات کا چوتھائی یا تہائی اول حصہ (۲) بے وقوف (ج) هُزُعٌ۔
(الهَيْزَعَةُ): جنگ کا خوف وشور۔
(هَزَفَتِ) الرِّيحُ الشيءَ(ض)هَزْفًا: ہوا کا کسی چیز کو اڑا کر لے جانا۔
(الهِزَفُّ): بدکنے والا شترمرغ (۲) جلد باز، تیز رفتار۔ (۳) لمبے پروں والا۔
(هَزِقَ)(س)هَزَقًا: چست اور پھرتیلا ہونا۔
— في الضّحكِ: زیادہ ہنسنا۔
(اهْزَقَ) في الضّحكِ: زیادہ ہنسنا۔
(المِهْزَاقُ) مِنَ النّاسِ: مسخرہ اور غیر سنجیدہ آدمی۔ امراةٌ مِهْزَاقٌ: بھی کہتے ہیں (۲) بہت بدکنے والا جانور۔
(الهَزَقُ): ہلکا پن، چستی (۲) گرج کی سخت آواز۔
(الهَزِقُ) المهزاقُ: (۲) گرج کی زوردار کڑک۔
(هَزَلَ)(ن)هَزْلًا: لاغر اور کمزور ہوجانا هو هازلٌ وهزولٌ (ج)هَزْلَى۔
— القومُ: قبیلہ کا دبلے مویشی والا ہونا۔
— فلانٌ في كلامِهِ (ض)هَزْلًا: مذاق کرنا۔ هو هازلٌ وهَزَّالٌ۔
— في الأمرِ: کسی معاملہ میں غیر سنجیدہ ہونا۔
— الرَّجُلُ: جانوروں کے مرنے سے کسی کا مفلس ہوجانا۔
— الدَّابَّةَ هُزَالًا: دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے جانور کو کمزور کر دینا۔
(هَزِلَ) فلانٌ (س) هَزَلًا: مذاق کرنا۔
(هُزِلَ) هُزَالًا: کمزور دبلا ہوجانا۔
هُزِلَتْ حَالُ فلانٍ: کسی کا بدحال ہوجانا۔
(اَهْزَلَ) الرجلُ: کسی کے جانوروں کا کمزور ہوجانا۔
— القومُ: قبیلہ کے جانوروں کا قحط زدہ اور چارہ سے محروم ہونا۔ (۲) تنگی اور سختی کے باعث اپنا مال روکے رکھنا۔
— الشيءَ: کمزور کرنا۔
— فُلانًا: کسی کو کھلاڑی پانا۔
— الدَّابَّةَ: جانور کو کمزور کرنا۔
(هَازَلَ) فلانٌ فلانًا: کسی سے ہنسی مذاق اور چھیڑ خانی کرنا۔
(هَزَّلَ) الدابَّةَ: جانور کو کمزور کرنا۔
(المَهْزَلَةُ): دبلاپن (۲) خشک سالی، قحط (۲) بے ہودہ کام، مسخرہ پن (۳) مزاحیہ ڈرامہ (محدثہ)
(المَهْزُولُ) من الشِّعْرِ: غیر متوازن شعر (ج) مهازِيلُ۔
(الهُزَالُ): لاغری، دبلاپن، کمزوری۔
(الهُزَالَةُ): لطیفہ، ہنسانے والا چٹکلہ، ہنسی کی بات۔
(الهِزِّيلُ): بہت مذاق کرنے والا، انتہائی غیر سنجیدہ۔
(الهَزْلُ): لغو اور بے ہودہ بات (۲) غیر سنجیدہ بات۔
(الهَزْلَى): بہت سے سانپ (اس کا واحد نہیں ہے)
(الهَزِيلُ): دبلا کمزور اور لاغر۔ (ج) هَزْلَى
(الهُزْبُلُ): جادو نما کھیل کی نمائش۔ (۲) شعبدہ بازی، پرفریب چابک دستی۔
(هَزَجَ): جلدی کرنا۔
— الالفاظُ: الفاظ کا گڈمڈ ہونا۔
(الهِزْلَاجُ): تیز (چال)
(هَزَمَ) الشيءُ(ض)هَزْمًا وهزيمًا: آواز نکالنا۔ جیسے هَزَمَ الرَّعْدُ وهَزَمَتِ الرِّيحُ
— فلانٌ علَى فلانٍ: مہربانی کرنا۔

— الشیَٔ : لپیٹنا' تہہ کرنا (۲) کسی چیز کو ہاتھ سے دبا کر اس میں گڑھا کر دینا۔
— العدوَّ ھَزِیْمَۃً : دشمن کو شکست دینا۔
— الارضَ : زمین کے کسی چشمہ سے مٹی ہٹا کر پانی جاری کر دینا۔
— لَہٗ حَقَّہٗ : کسی کا حق مار لینا۔
(ھَزَّمَ) الشیَٔ : توڑ کر ریزہ ریزہ کر دینا۔
— العَدُوَّ : دشمن کو شکست دینا۔
(اھْتَزَمَ) الفرسُ : گھوڑے کے دوڑنے کی آواز سنائی دینا۔
— السَّحابۃُ بالماء : بادل کا شور کے ساتھ برسنا۔
— الأمرَ : کسی کام کا پختہ ارارادہ کر کے اس پر تیزی سے لگنا۔
— الشاۃَ : بکری کا ذبح کرنا۔ موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے کہاوت ہے (اھتزموا ذبیحتکم مادام بھا طرقٌ) : جانور جب تک موٹا ہے کمزور ہونے سے پہلے اس سے فائدہ اٹھالو۔
(تَھَزَّمَ) الشیُٔ : کسی چیز سے آواز نکلنا۔
— الفرسُ : گھوڑے کے چلنے کی آواز آنا۔
— السحابۃُ بالماء : بادل کے برسنے کی آواز سنائی دینا۔
— العَصَا : لاٹھی کا آواز کے ساتھ ٹوٹ جانا۔
— الرَّعْدُ : گرج کا آواز نکالنا۔
— البناءُ : عمارت کا گر جانا۔
(اِسْتَھْزَمَ) العدوَّ : دشمن کو شکست دینا۔
(الِمھْزَامُ) : ڈنڈا' لاٹھی (۲) آگ کریدنے کی لکڑی (۳) بچوں کے کھیلنے کی مشعل (۴) بچوں کا ایک کھیل جس میں کسی بچہ کے سر کو ڈھانک کر طمانچہ لگایا جاتا ہے پھر پوچھتے ہیں طمانچہ کس نے مارا؟ (ج) مھازیمُ۔
(الھازِمَۃُ) : مصیبت (ج) ھَوَازِمُ۔
(الھَزْمُ) : ہموار زمین (۲) معدہ اور آنتیں (۳) پانی سے خالی پتلا بادل (۴) مشکیزہ کی پھٹن (ج) ھزومٌ۔

(الھَزَمُ) : آواز (۲) کمان کی چرچراہٹ۔
(الھَزِمُ) : فرمانبردار گھوڑا (۲) مسلسل بارش۔
فَرَسٌ ھَزِمُ الصَّوْتِ : گرجتی ہوئی آواز والا گھوڑا۔
(الھَزْمَۃُ) : پست زمین (۲) آواز۔
ھَزْمَۃُ السَّنّورِ : بلا کی آواز (۳) چٹان وغیرہ کا گڑھا (ج) ھَزْمٌ وھزومٌ۔
الھَزَمَۃُ) : عمر رسیدہ دنبی (ج) ھَزَمٌ۔
(الھَزِمَۃُ) : زور شور سے کھولنے والی ہانڈی۔
(الھِزْمَۃُ) : دبلا جانور (ج) ھِزَمٌ۔
(الھَزِیْمُ) : گرج کی آواز (۲) گھوڑے کے دوڑنے کی آواز (۳) سخت آواز والا گھوڑا (۴) پانی سے خالی پتلا بادل (۵) شکست خوردہ دشمن۔
(الھَزِیْمَۃُ) : شکست (۲) زیادہ پانی والا کنواں (۳) دبلا جانور (۴) گھوڑے وغیرہ کے دوڑنے سے نکلنے والا پسینہ (ج) ھَزَائِمُ۔
(الھِزِّیْمٰی) : شرمناک شکست۔
(الھَیْزَمُ) : شیر (۲) سخت مضبوط۔
(الھَزْمَجَۃُ) : تیز اور لگا تار گفتگو۔ (۲) آواز کا اختلاط۔
(ھَزْھَزَ) الشیُٔ : بار بار ہلنا (۲) قابو میں کرنا۔
(تَھَزْھَزَ) الشیُٔ : حرکت کرنا۔
— الیہِ القَلْبُ : کسی شخص یا کسی چیز سے اطمینان ہونا۔
(الھُزَاھِزُ) : لہراتا ہوا چمکتا ہوا پانی (۲) عمدہ لوہے کی صاف تلوار۔
(الھَزْھَازُ) بمعنی الھُزَاھِزُ۔
(الھَزْھَزُ) : بہت گہرا کنواں۔
(الھَزْھَزَۃُ) : زبردست ہنگامہ وفساد جس سے لوگوں میں ہلچل مچ جائے۔ (ج) ھَزَاھِزُ۔
(ھَزَا) (ن) ھَزْوًا : چلنا' سفر کرنا۔

ھ......س

(ھُسْ) : بکریوں کو جھڑکنے کی آواز (۲) خاموش رہنے کا حکم (مو)
(ھَسَّ) فلانٌ (ض) ھَسًّا : دل میں بات کرنا۔
— الشیَٔ : کوٹنا' توڑنا۔
— الکلامَ ھسیسًا : بات چھپانا۔
— الطفلَ : بچہ کو خاموش کرنے کے لئے ڈانٹنا
(الھَسِیْسُ) : ہر باریک کوئی ہوئی چیز۔
(ھَسْھَسَ) الرَّجُلُ : رات میں چلنا۔ جیسے ھسھس لَیْلَتَہٗ کلّھا۔ : (۳) ہلکی سی آواز نکالنا جیسے : ھسھس الخلخال وھسھست الدرعُ۔
— الماءُ : پانی کا صاف وشفاف ہو کر مسلسل بہنا۔
— الحدیثَ : بات کو چھپانا۔
(تَھَسْھَسَ) بمعنی ھَسْھَسَ۔
— الخلخالُ : پازیب کا چھن چھن کرنا۔
— الرَّجُلُ : آدمی کا آہستہ اور غیر واضح بولنا۔
(الھَسَاھِسُ) : رات کی چال (۲) اونٹوں کے پاؤں کی آواز (۳) پوشیدہ کلام۔
(الھُسَاھِسُ) : غیر واضح پوشیدہ کلام۔ (۲) جو شخص سوتا نہ ہو اور پوری رات کام کرتا رہے (۳) قصاب (۴) تیز چال۔
(الَاھساءُ) : حیرت زدہ لوگ۔

ھ......ش

(ھَشَرَ) النَّاقَۃَ (ن) ھَشْرًا : اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
(ھُشِرَ) البعیرُ : اونٹ کے پھیپھڑے میں سوزش ہونا۔ ھو مَھْشُوْرٌ۔
(الھَشْرُ) : کسی چیز کا ہلکا پن' پتلا پن۔
(الھَشْرَۃُ) : غرور۔
(الھَیْشَرَۃُ) : وہ درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔
(الھَشُوْرُ) بمعنی الھَیْشَرَۃُ۔
(الھَیْشَرُ) : دراز قد نازک آدمی (۲) ایک پودا جو مصر اور بحر متوسط کے ممالک میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کی لمبائی تیس سے سو سینٹی میٹر تک ہوتی ہے اس پر بہت سے نیلگوں رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔ (مج)

(هَشَّ) الرَّجُلُ (ن) هَشًّا: لاٹھی چلانا۔

— الشَّجَرَةَ: پتے گرانے کے لئے درخت پر لاٹھی مارنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے (وَ أَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي)

— اليه ولَهُ (ض) هَشًّا وهَشَاشَةً و هَشَاشًا: کسی چیز سے راحت وسکون حاصل ہونا۔

— الخُبزُ و نحوهُ (ض) هَشًّا وهُشُوشَةً: روٹی کا خستہ اور کرارا ہونا۔

— العودُ هُشُوشًا: لکڑی کا ٹوٹ جانا۔

— الشئُ هُشُوشَةً: ڈھیلا اور کمزور ہونا۔

(هَشَّشَ) فُلَانًا: کسی کو نشاط اور فرحت بخشنا۔ (۲) کمزور اور ضعیف کرنا۔

(اهْتَشَّ) فلانٌ للأمرِ و بهِ: کسی بات سے بہت خوش ہونا اور اس کی طرف راغب ہونا۔

(استَهَشَّ) الشئَ: ہلکا سمجھنا یا پانا۔

(الهَشُّ): کرارا۔ خستہ جیسے خبزٌ هَشٌّ (۲) ہر نرم اور لچکدار چیز (۳) خوش وخرم آدمی (۴) بہت پسینہ نکالنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ هَشُّ العِنَانِ: فرمان بردار گھوڑا۔

(الهَشَاشُ): خُبْزٌ هَشَاشٌ: خستہ روٹی۔

(الهَشَاشَةُ) هشاشةُ العِظَامِ: ہڈیوں کے ڈھانچے میں پیدا ہونے والی ایک پیدائشی بیماری۔ (مج)

(الهَشَّاشَةُ): پتلے پن سے ٹپکنے والا مشکیزہ۔

(الهَشُوشُ): بہت دودھ والی بکری۔

(الهُشُوشَةُ): علم کیمیاء کی اصطلاح میں مادہ کو بسہولت قابل شکستگی بنانے کی خاصیت کا نام۔ (مج)

(الهشيشُ): سوال کئے جانے سے خوش ہونے ولا آدمی (۲) نرم وخستہ چیز (۳) سوکھی گھاس (۴) لاغر بدن۔ هي هشيشة

(هَشَّلَتِ) الناقةُ ونحوُها: اونٹنی یا دوسرے جانور کو تھوڑا دودھ اترنا۔

(اهْتَشَلَ) الدابَّةَ ونحوَها: مالک کی اجازت کے بغیر اس کے جانور کو استعمال کرنا۔

(الهَشِيلَةُ): مالک کی اجازت کے بغیر استعمال کیا جانے والا جانور وغیرہ (۲) غصب کیا ہوا جانور وغیرہ۔

(هَشَمَ) الشئَ الاجوفَ او اليابسَ (ض) هشما: توڑنا۔

— الثَّرِيدَ: ثرید کے لئے روٹی کے ٹکڑے توڑنا۔

— النَّاقَةَ: اونٹنی کا دودھ دوہنا۔ ایسے ہی هَشَمَ ضَرْعَهَا۔

(هَشَّمَ) الشئَ: کھوکھلی یا سوکھی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

(انْهَشَمَ) الشئُ: ٹوٹ جانا۔ ریزہ ریزہ ہو جانا۔

— الابِلُ: اونٹوں کا سست وکمزور ہوجانا۔

(اهْتَشَمَ) نَفْسَهُ لَهُ: کسی کے سامنے تواضعاً چھوٹا بن جانا۔

(تَهَشَّمَ) الشئُ: ٹوٹ کر ٹکڑے ہوجانا۔

— الارْضُ: زمین پر طویل عرصہ تک بارش نہ ہونا۔

— الشَّجَرُ: درخت کا سوکھ کر ٹوٹ جانا۔

— الرِّيحُ الشَّجَرَةَ: ہوا کا درخت کو توڑ دینا۔

— عَلٰى فلانٍ: کسی پر شفقت ومہربانی کرنا۔

— فلانًا: کسی کی مہربانی وہمدردی کا طالب ہونا۔ کسی کی رضا کو طلب کرنا (۲) اکرام وتعظیم کرنا۔

— فلانًا للمعروفِ: کسی سے بھلائی اور بخشش چاہنا۔

(المِهْشَامُ) من النّوقِ ونحوها: جلد دبلی ہوجانے والی اونٹنی وغیرہ۔

(الهَاشِمُ): نرم پہاڑ (۲) ماہر دودھ دوہنے والا۔ (ج) هُشَّمٌ۔

(الهَاشِمَةُ): ہڈی توڑ زخم۔

(الهِشَامُ): سخاوت۔

(الهَشْمُ): قحط زدہ علاقہ (۲) پست زمین (ج) هُشُومٌ۔

(الهَشِمُ): فیاض سخی۔

(الهَشَمَةُ): پہاڑی بکری۔

(الهَشُومُ): تنگ اور گہری کھودی ہوئی زمین۔

(الهَشِيمُ): ٹوٹی ہوئی چیز۔ (۲) سوکھی گھاس۔ قرآن مجید میں ہے (فَأَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ): (۳) پرانا درخت جسے ایندھن جمع کرنے والا اپنی غرض سے استعمال کرتا ہے۔ (۴) پہلے سال کی بچی کچی گھاس پھونس یا پودے وغیرہ (۵) ہر سوکھی چیز (۶) کمزور جسم والا۔

(الهَشِيمَةُ): وہ زمین جس پر کھڑے ہوئے درخت سوکھ کر سیاہ ہوگئے ہوں۔ مَا فلانٌ الا هشيمةُ كَرَمٍ: فلاں سخی وفیاض ہے۔ (۲) پرانا سوکھا درخت (ج) هشيمٌ۔

(الهَيْشُومُ): سوکھی یا نرم گھاس۔

(الهَشْنَقُ): کپڑے کی بنائی کا تانا بانا باندھنے کی لکڑی۔

(هَشْهَشَ) الشئَ: حرکت کرنا۔

(تَهَشْهَشَتِ) المرأةُ: عورت کا بخوشی خاوند سے اظہار محبت کرنا۔

(الهَشْهَاشُ): خوش اخلاق سخی وفیاض آدمی۔

(هَاشَاهُ): دل لگی اور مذاق کرنا۔

ھ......ص

(هَصَرَ) فلانٌ الشئَ (ض) هَصْرًا: توڑنا۔

— الغُصْنَ ونحوهُ وبهِ: ٹہنی وغیرہ کو موڑ کر توڑنا اور جدا نہ کرنا۔ (۲) کھینچ کر جھکانا۔

— قِرْنَهُ: مقابل کو زور سے ہاتھوں سے دبانا۔

— الحيوانُ رأسَ الفريسةِ وبرأسِها: جانور کا اپنے شکار کے سر کو ادھیڑ ڈالنا۔

— (هَصِرَ) الشئُ (س) هَصَرًا: جھکنا۔

— (اهْتَصَرَ) الغصنُ: ٹہنی کا زمین پر گر جانا۔

— الشئَ: الگ کئے بغیر توڑنا۔

— النَّخْلَةَ: کھجور کے خوشوں کو تراش کے لئے درست کرنا۔

(المُهْتَصِرُ): شیر۔

(الهَصِرُ): شیر (۲) زور سے دبانے والا۔

ھ

(الهَصُرُ): زور سے دبانے والا (۲) شیر۔

(الهَصَرَةُ): وہ مہرہ جس کے ذریعہ مردوں پر جادو کیا جاتا تھا۔

(الهَصُوْرُ): شیر۔

(هَصَّتِ النارُ ونحوها(ض)هَصِيْصًا: آگ کا بھڑکنا۔ شعلے مارنا۔

— فلانٌ الشيءَ(ن)هَصًّا: کسی چیز کو پیروں سے کچل ڈالنا (۲) انگلیوں سے زور سے پکڑنا هو مهصوصٌ وهَصِيْصٌ۔

(هَصَّصَ) الرَّجُلُ: آنکھیں چمکانا۔

(الهَاصَّةُ): ہاتھی کی آنکھ۔ مقولہ ہے ان قيل لك : ما لهاصّة؟ فقل : عين الفيل خاصّةً)

(الهَصُّ): ہر ٹھوس چیز۔

(هَصَمَ) الشيءَ(ض)هَصْمًا: توڑنا۔

— قِرْنَهُ: مقابل کو شکست دینا۔

(الهِهْصَمُ): شیر۔

(الهَيْصَمُ): طاقتور اور مضبوط آدمی۔ (۲) ایک چکنا پتھر جس کے برتن بنائے جاتے ہیں۔

نَابٌ هَيْصَمٌ: مضبوط دانت۔

(الهُصَاهِصُ) طاقتور آدمی یا شیر۔

(الهَصْهَاصُ): آنکھیں چمکانے والا۔

(هَصَا)(ن)هَصْوًا: عمر رسیدہ اور بوڑھا ہونا۔

ھ......ض

(هَضَبَ) الرَّجُلُ(ض)هَضْبًا: سست جانور کی طرح بے ڈھنگا چلنا۔

— السماءُ: مسلسل کئی دن تک بارش برسنا۔

— الشاعِرُ بالشِّعر وفيه: شاعر کا لگاتار اشعار سنانا۔

— السماءُ القومَ: بارش کا لوگوں کو خوب بھگو دینا۔

(اهْضَبَ) فِي الحديث: بات کرتے وقت آواز بلند ہوجانا۔ (۲) لمبے پہاڑی سلسلہ پر قیام کرنا۔

(اهْتَضَبَ) فِي الحديث: بمعنی أهْضَبَ۔

(الأُهْضُوْبَةُ): ٹیلہ (۲) موسلا دھار بارش (ج) اهاضيبُ۔

(الهَضْبَةُ) الأُهضوبةُ (۲) زمین پر پھیلا ہوا پہاڑی سلسلہ (ج) هَضْبٌ و هِضَبٌ و هِضَابٌ۔

رجلٌ هَضْبَةٌ: : بہت بولنے والا آدمی۔

(الهِضَبُّ): سخت اور مضبوط (۲) بہت پسینہ نکالنے والا گھوڑا۔

(الهَضِيْبُ) غَنَمٌ هَضِيْبٌ: کم دودھ دینے والی بکری۔

(هَضَّجَ) الرجلُ مَوَاشِيَهُ: مویشیوں کو اچھی طرح چارہ نہ کھلانا۔

(الهَضِيْجُ) صبيانٌ هضيجٌ: چھوٹے بچے جو کوئی کام صحیح طور پر نہ کر سکتے ہوں۔

(هَضَّتِ) الأَبِلُ (ن)هَضًّا: اونٹوں کا تیز چلنا۔

هَضَّتِ الابِلُ السَّيْرَ: بھی کہتے ہیں۔

— فلانٌ المشيَ: عمدہ قدم اٹھا کر متوازن چال چلنا۔

— الشيءَ: توڑنا، کوٹنا۔ هو مهضوضٌ وهضيضٌ۔

(هَضَّضَ) الرَّجُلُ: آدمی کو زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔

(اهتضّ) الشيءَ: کوٹ کر باریک کر دینا۔

— نَفْسَهُ لفلانٍ: وہ بغیر انصاف کے فلاں کے سامنے تابعدار یا راضی ہو گیا۔

(الهَضَّاءُ): جماعت (۲) لشکر، فوجی دستہ۔

(الهَضَّاضُ): اونٹ اور آدمی کو گرا کر اپنے سینہ سے کچلنے والا سانڈ۔

(الهَضَضُ): شکستگی، ٹوٹنا۔

(هَضَلَ) الرَّجُلُ بالكلامِ(ض)هَضْلًا: گفتگو یا کلام جاری رکھنا یا شروع کرنا۔

(اهْضَلَتِ) السماءُ: بارش برسانا۔

— الدَّلْوُ: ڈول کا کنویں کے کنارے سے ٹکرا کر پانی گرانا۔

(الهَضَّالُ): گانے گاتے ہوئے اونٹوں کو ہنکانے والا۔

(الهَضْلُ): کثیر، بہت۔

(الهَضْلَاءُ): لمبے پستان والی عورت۔ (۲) حیض کے ایام چڑھی ہوئی عورت۔

(الهَيْضَلُ): بڑا لشکر (۲) مسلح اور متحدہ جماعت (۳) لمبا چوڑا بھاری بھرکم۔ هي هيضلةٌ۔

(الهَيْضَلَةُ): درمیانی عمر کی عورت (۲) بہت دودھ والی اونٹنی (۳) لوگوں کی مختلف آوازیں۔

(هَضَمَ) عليه(ض)هَضْمًا: حملہ کرنا (۲) کسی کے پاس اچانک پہنچنا۔ ما هَضَمَ عليه: وہ اس کے پاس نزدیک نہیں آیا۔

— لهُ مِنْ حقّهِ: اپنی خوشی سے اپنا حق کسی کو دینا۔

— الشيءَ: توڑنا۔

— فلانًا: ظلم کرنا، غصہ ہونا۔

— حقَّهُ: حق میں کمی کرنا۔

— نفسَهُ: تواضعاً خود کو بے حیثیت کر لینا۔

— الطَّعامَ: کھانا ہضم کرنا۔ جیسے هَضَمَتِ المعدةُ الطعامَ وهَضَمَ الدواءُ الطعامَ۔

— الهَوَاضِيْمُ الطَّعَامَ: ہاضمہ دار چیزوں کا کھانے کو جسم میں تحلیل ہوجانے کے لائق بنانا۔

(هَضِمَ)(س)هَضَمًا: پتلی کمر اور نازک کوکھ والا ہونا۔

— الفَرَسُ: گھوڑے کا کھلی ہوئی پسلیوں والا ہونا۔ هو أهْضَمُ وهي هَضْمَاءُ وهضيمٌ۔

(اهْتَضَمَ) فلانًا: کسی کے ساتھ انتہائی ظلم اور ناانصافی کرنا۔

(انْهَضَمَتِ) الثمرةُ: پھل کا پھٹنا۔

(تَهَضَّمَتِ) الثمرةُ: میل کا چھٹنا۔

— نَفْسَهُ لَهُ: بغیر انصاف کے کچھ لینے پر آمادہ ہوجانا۔

— فلانًا: کسی کے ساتھ ناانصافی کرنا۔

(الأَهْضَمُ): رَجُلٌ اهضمُ الكشحينِ:

پتلی کمر والا (۲) بڑے دانتوں والا۔
(المُهَضَّمَةُ) : قَصَبَةٌ مُهَضَّمَةٌ : کھوکھلا بانس جس میں سوراخ کئے گئے ہوں، بانسری۔
(المَهْضُوْمَةُ) قَصَبَةٌ مهضومةٌ : بانسری (۲) مشک ملی ہوئی خوشبو۔
(الهَاضِمُ) : نرم ولچکدار۔
((الهَاضُوْمُ) : ہاضمہ دار دوا (۲) ہر وہ چیز جو کھانے کو ہضم کرنے میں ممد ومعاون ہو جیسے لعاب اور صفراء اور دوسرے مائع مادے۔
(ج) هواضيم : (۳) اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔
(الهَضَّامُ) : بمعنی الهَاضُوْمُ)
(الهَضْمُ) : ہاضمہ، ہضم کرنے کا عمل۔ کھانے کی اشیاء کو مخصوص سیال مادوں کے ذریعہ ایسے غذائی مادہ میں تبدیل کرنا جو جسم میں جذب ہو کر اپنا وظیفہ انجام دے۔ (مج)
الجهازُ الهضمِيُّ : چند اعضاء کا ایسا مجموعہ جو کھانا ہضم کرنے میں باہم تعاون کرتے ہیں جیسے غدود ہضمیہ، معدہ، آنتیں۔
القناةُ الهضمِيَّةُ : جسم کے اندر وہ نالی جس سے نظام ہضم ہونے والے اعضاء مربوط ہوتے ہیں یہ منہ سے شروع ہو کر قولون نازل تک پہنچتی ہے۔
(الهِضْمُ) : پست زمین (۲) وادی کا نچلہ حصہ (۲) دھونی دینے کی دوا یا خوشبو (ج) أهضامٌ وهُضُوْمٌ : کہاوت ہے (لَا تَمْشِ فِي اللَّيْلِ وأهضامِ الوادِيْ) : رات کو وادی کے زیریں حصوں میں نہ چلو تکالیف سے محفوظ رہو گے۔
(الهَضُوْمُ) : ہاضم دار چیز۔
يَدٌ هضومٌ : سخاوت کا ہاتھ جو سب کچھ خرچ کر ڈالے (ج) هُضُمٌ۔
(الهَضِيْمُ) : ہضم شدہ (۲) غصب شدہ (۳) مظلوم (۴) نازک کمر والی عورت (۵) پکا ہوا (۶) گتھا ہوا۔ قرآن مجید میں ہے (وَ نَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ)

قصبةٌ هضيمٌ : سوراخ والا بانس، بانسری۔
(الهَضِيمَةُ) : ظلم وغصب (۲) میت کا کھانا (ج) هَضَائِمُ۔
(هَاضَاهُ) : بیوقوف وحقیر سمجھنا۔
(الهِضَاةُ) : گیسو، پیشانی کے بال (۲) گدھی۔

هـ......ط

(هَطَرَ) الهقيرُ للغني (ض) هطرةً : غریب کا امیر سے مانگتے وقت ذلیل بن جانا۔
-فلانٌ الكلبَ ونحوَهُ هَطْرًا : کتے وغیرہ کو لکڑی کی ضرب سے مار ڈالنا۔
(تَهَطَّرتِ) البِئْرُ : کنویں کی دیواروں اور منڈیر پر گر جانا۔
(تَهَطْرَسَ) الرَّجلُ : اتراتے ہوئے جھوم کر چلنا۔
(الهُطُطُ) : انسانی مردے۔
(هَطَعَ) (ف) هَطْعًا وهُطُوْعًا : ڈر کر تیزی سے آگے آنا (۲) گردن لمبی کر کے سر کو سیدھا کر لینا (۳) کسی چیز کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
(أَهْطَعَ) فلانٌ : ذلت اور انکساری سے دیکھنا۔
— في سيرِهِ : تیز چلنا۔
(المُهْطِعُ) : ذلت اور انکساری سے دیکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے (مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُؤُوْسِهِمْ) : ۲۰ خوف اور تابعداری کی وجہ سے خاموش ہو کر بلانے والے کی طرف آنے والا۔ قرآن مجید میں ہے (مُهْطِعِيْنَ إِلَى الدَّاعِ)
(الهَيْطَعُ) : کشادہ راستہ۔
(هَطَفَ) الرَّاعِي (ض) هَطْفًا : چرواہے کا دودھ دوھنا۔
— السماءُ : بارش برسانا۔
— اللبنُ : دودھ دوہتے وقت آواز نکلنا۔
(الهَطْفُ) : دودھ نکالنے کی آواز۔
(الهطِفُ) : موسلا دھار بارش۔
(هَطَلَ) المَطَرُ (ض) هَطْلًا وهطلانًا : بڑی بوندوں والی موسلا دھار بارش ہونا۔
— الدمعُ : آنسو بہنا۔

— العينُ بِالدَّمعِ : آنکھ کا آنسو بہانا۔
— الرَّجُلُ هَطَلَانًا : آدمی کا پیدل اپنی منزل کی طرف تیزی سے بڑھتے چلا جانا۔
— الجَرْيُ الفَرَسَ هَطْلًا : دوڑ کا گھوڑے کو پسینہ لے آنا۔
(تَهَاطَلَ) القومُ ونحوُهُمْ : لوگوں کے یکے بعد دیگرے آنا۔
(تَهَطَّلَ) المطرُ والسحابُ : بمعنی هَطَلَ۔
(الهَاطِلُ) : گھنی کھیتی۔
(الهَطَّالُ) : بہت برسنے والا۔
(الهَطْلُ) : موسلا دھار بارش (۲) حد سے زیادہ تھکن۔
(الهِطْلُ) : تھکا دینے والا (۲) بے وقوف (۳) چور (۴) بھیڑیا۔
(الهُطْلُ) : ديمةٌ هُطْلٌ : موٹی بوندوں والی لگاتار بارش۔
(الهَطْلَى) : آزاد اونٹ جن کے ساتھ ہنکانے والا نہ ہو۔
(الهَطْلَاءُ) ديمةٌ هَطْلَاءُ : موٹی بوندوں والی لگاتار بارش۔
(الهَيَاطِلَةُ) : ترکوں اور سندھیوں کی ایک نسل۔
(الهَيْطَلُ) : لڑنے والوں کی ٹولی (۲) لومڑی
(الهَيْطَلَةُ) : پیتل کا برتن جس میں پکایا جاتا ہے۔
(الهَيْطَلِيَّةُ) : دودھ کی فیرنی یا نشاستہ دودھ اور شکر کا میٹھا حلوہ (مو)
(هَطْلَسَ) : لپکنا۔
— مَا وَجَدَهُ : جو ملے سب لے لینا۔
(تَهَطْلَسَ) الرجُلُ : لپک کر تدبیر سے چور کو پکڑنا۔
— اللصّ : چور کا مکر دے کر چوری کرنا۔
— المريضُ مِنْ مَرَضِهِ : شفایاب ہونا۔
(الهَطَلَّسُ) : وہ چور جو ہر ہاتھ لگی چیز کو اٹھا لے جائے (۲) بھیڑیا (۳) لشکر جرار۔
(الهَطَلَّعُ) : کثیر (۲) لوگوں کی جرات

(۳) انتہائی لمبا جو ڈولتا ہوا چلے۔
(اهْطَهْطَ) في المشي: تیز چلنا۔
(الهُطَاهِطُ): گھوڑا۔
(هَطَا) الشيءَ (ن) هَطْوًا: پھینکنا۔
(الهُطَى): سخت چوٹ (۲) دنگل، کشتی۔

ھ......ع

(هَيْعَرَ): کم عقل ہونا۔
— المرأةُ: عورت کا فافرہ اور آوارہ ہونا۔
(تَهَيْعَرَتِ) المرأةُ: هَيْعَرَت
(الهَيْعَرَةُ): بدکارہ اور آوارہ عورت (۲) جھوٹ۔

ھ......ف

(هَفَتَ) الشيءُ (ض) هَفْتًا وهُفَاتًا: کسی چیز کا ہلکے پن کی وجہ سے اڑنا۔
— الشيءُ او الأمرُ: باریک و نازک ہونا۔
— الرَّجُلُ: بغیر سوچے سمجھے بولنے والا۔
(هُفِتَ) الرَّجُلُ: حیران و سرگردان ہونا۔ **هو مهفوتٌ۔**
(انْهَفَتَ) الشيءُ: معمولی اور کم حیثیت ہونا۔ گھٹیا ہونا۔
(تَهَافَتَ) الجدارُ او الثوبُ ونحوُهما: تھوڑا تھوڑا ٹوٹ کر یا بوسیدہ ہو کر گرنا۔
— الفَراشُ على النُّورِ: پروانوں کا روشنی پر ٹوٹ پڑنا۔
— القَوْمُ: لوگوں کا دم توڑ توڑ کر گرنا۔
— الآراءُ: آراء کا باہم متناقض ہونا۔
— النَّاسُ عَلَى الماءِ: پانی پر لوگوں کا سلسلہ وار آنا۔
(الهَفَاتُ): بے وقوف۔
(الهَفْتُ): پست زمین (۲) تیز بارش (۳) انتہائی بے وقوفی۔
(الهَفْتَقُ): ہفتہ (مع)
(هَفَّ) الشيءُ (ض) هَفِيفًا: ہلکا ہونا۔
— السائرُ: تیز چلنا۔
— الريحُ هَفًّا وهفيفًا: ہوا کے چلنے کی آواز سنائی دینا۔
— الزَّرْعُ: کاٹنے میں تاخیر سے کھیتی کے دانوں کا بکھر جانا۔
(اهتَفَّ) الصوتُ: آواز گونجنا۔
— السَّرَابُ: ریت کا چمکنا۔
(المُهَفَّفُ): پتلی کمر اور دبے ہوئے پیٹ والا۔ **هي مُهَفَّفَةٌ۔**
(الهِفُّ): ہلکا آدمی (۲) وہ کھیتی جس کے دانے کاٹنے میں تاخیر سے بکھر گئے ہوں (۲) تھوڑے شہد والا ہلکا اور باریک چھتا (۳) پانی سے خالی پتلا بادل (۴) ہر ہلکی اور کھوکھلی چیز۔
(الهَفَّافُ): سست اور مست گدھا (۲) اڑنے میں تیز اور ہلکا پر (۲) باریک شفاف کپڑا (۴) ٹھنڈا سایہ (۵) چمکدار سراب۔
(الهِفَّانُ): جاء على هفانه: وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔
(اليَهْفُوفُ): امیر آدمی (۲) بے وقوف۔ (۳) بزدل (۴) بنجر زمین۔
(هَفَكَ) الشيءَ (ض) هَفْكًا: ڈالنا۔
(تَهَفَّكَ): ڈولتے ہوئے ڈھیلے قدموں سے چلنا۔ (۲) بہت غلطیاں کرنا۔
(المُهَفَّكُ): بہت غلطیاں اور گڑبڑ کرنے والا آدمی۔
(الهَيْفَكُ): بے وقوف عورت۔
(هَفْهَفَ): پتلی شاخ کی طرح پتلے جسم والا ہونا۔
— الشيءَ: حرکت دینا۔
(المُهَفْهَفُ): پتلے پیٹ اور باریک کمر والا۔ **هي مُهَفْهَفَةٌ۔**
(الهَفْهَافُ): پتلے پیٹ اور باریک کمر والا (۲) پیاسا (۳) اڑنے میں ہلکا پر (۴) باریک وشفاف کپڑا۔
(هَفَا) فِي المشي (ن) هَفْوًا وهَفَوانًا: تیز اور سبک رفتار ہونا۔
— الظبيُ: ہرن کا سبک رفتاری سے تیز دوڑنا۔
— الطائرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر اڑنا۔
— فلانٌ: گرنا (۲) جھونکا کھانا (۳) غلطی کرنا (۴) بھوکا ہونا۔
— الرِّيحُ: ہوا کا چلنا۔
— الرِّيحُ بالشيءِ: ہوا کا کسی چیز کو لے کر اڑانا
— الرِّيحُ بالمَطَرِ: ہوا کا بارش کو لے کر اڑنا۔
— النفسُ إلَى الشيءِ: دل کا کسی چیز کی طرف مائل ہونا۔ (۲) کسی چیز کو دیکھ کر دل خوش ہو جانا۔
— القلبُ: دل دھڑکنا۔
— الشيءُ في الهواءِ هفوًا وهُفُوًّا: ہوا میں اڑ جانا۔
(هَافَاهُ): کسی کو اپنی خواہش میں شریک کرنا۔
(الهافِيَةُ): بھٹکا ہوا اونٹ (ج) **هواف۔**
(الهَفَا): رک رک کر ہونے والی بارش۔
(الهَفَاءُ): غلطی، لغزش۔
(الهَفَاةُ): بے وقوف۔
(الهَفْوَةُ): ٹھوکر، لغزش، غلطی۔

ھ......ق

(الهَقْبُ): کشادگی، وسعت۔
(الهِقَبُّ): بڑے حلق والا جو ہر چیز کو نگل ڈالے (۲) لمبا چوڑا۔ **نعامٌ۔ هِقَبٌّ:** بھاری بھرکم شتر مرغ۔
(هَقَعَ) الفرسَ بين أُذُنَيهِ (ف) هَقْعًا: گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان داغ دینا۔
(هُقِعَ) الفَرَسُ: داغ لگایا جانا۔ **هو مهقوعٌ:** کہتے ہیں: **ان المَهْقُوعَ لاَ يَسْبِقُ أبَدًا:** داغ لگایا ہوا گھوڑا کبھی آگے نہیں بڑھتا۔
— (اهْتَقَعَ) فلانًا: منع کرنا، روکنا۔
— الحُمّٰى فُلانًا: بخار کا ایک دن چھوڑ کر شدت سے ہونا۔
— فلانًا عرقُ سوءٍ: خاندانی گراوٹ کا کسی کو شرافت اور بھلائی کے حصول سے محروم رکھنا۔
(اهْتُقِعَ) لونُ فلانٍ: خوف یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔
(انْهَقَعَ) فلانٌ: بہت بھوکا ہونا۔
(تَهَقَّعَ) الرَّجُلُ: قابل مذمت حرکت کرنا۔

— عليهم: بڑا بننا، تکبر کرنا۔
— القومُ وِردًا: گھاٹ پر اکٹھا ہو کر آنا۔
(الهُقَاعُ): غم یا بیماری سے ہونے والی غفلت
(الهَقِعُ): حریص، لالچی (۲) داغ لگا گھوڑا۔
(الهَقْعَةُ): گھوڑے کے سینہ کے بیچ میں سفید دائرہ جو ناپسندیدگی اور بدفالی کا باعث ہوتا ہے۔ (۲) گھوڑے کے بائیں پہلو میں سفید دھبا (۳) ستارہ جبار کے سرے پر تین ستاروں کا مجموعہ جو چاند کی ایک منزل ہے۔
(الهُقَعَةُ): مجلس میں سب سے زیادہ لیٹنے اور تکیہ لگانے والا آدمی۔
(الهَيْقَعَةُ): لڑائی میں تلواروں کی جھنکار کی آواز (۲) لوہے وغیرہ کو لوہے یا سوکھی چیز کو سوکھی چیز پر مارنے کی آواز (۳) کسی بھی چیز کے ٹکرانے یا گرنا کی آواز۔
(هَقِفَ)(س)هَقَفًا: کھانے کی چاہت کا کم ہونا
(الهَقَفُ): کھانے کی چاہت کی کمی۔
(هَقَّ)(ن)هَقًّا: ڈر کر بھاگنا۔ جیسے هَقَت الكلابُ مِنَّا۔
(تَهَقَّلَ): سست رفتاری سے چلنا۔
(الهَاقِلُ): چوہا (نر)۔
(الهَقِلُ): بھوکا۔
(الهِقْلُ): لمبا بے وقوف (۲) شتر مرغ (۳) جوان شتر مرغ۔ هِيَ هِقْلَةٌ۔
(الهِقْلِسُ): بداخلاق، بدمزاج (۲) لومڑی (ج) هَقَالِسُ۔
(هَقِمَ)(س)هَقَمًا: کسی کا بہت بھوک لگنے والا اور بہت کھانے والا ہونا۔ هو هَقِمٌ۔
(تَهَقَّمَ) العَدُوَّ: دشمن کو مغلوب کرنا۔
— الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے جلدی جلدی نگلنا۔
(الهِقَمُّ): بہت کھانے والا (۲) وسیع اور گہرا سمندر۔
(الهَيْقَمُ): گہرا و سفید سمندر (۲) سمندر کا شور

(۳) لقمے نگلنے کی آواز۔
(الهَيْقَمَانِيُّ): ہر لمبی چیز۔
(هَقَى) فلانٌ (ض) هَقْيًا: فضول باتیں کرنا۔
— فؤادُهُ: دل دھڑکنا۔
— فُلانًا: کسی کے سامنے بری طرح پیش آنا۔
(اهْقَى): بگاڑنا، خراب کرنا۔

ھ......ک

(هَكَبَ) فُلانًا وبِهِ ومِنْهُ (ن) هَكْبًا وهَكَبًا: مذاق کرنا۔
(هَكَّدَ): مقروض پر دباؤ ڈالنا۔ هكد على غريمه: بھی کہتے ہیں۔
(هَكِرَ) هَكْرًا وهَكَرًا: سخت حیران اور متعجب ہونا (۲) نیند کے غلبہ سے بدن کا سست وڈھیلا ہونا۔
— الرجلُ: گہری نیند میں مدہوش ہوجانا۔ هو هَكِرٌ وهَكُرٌ۔
(تَهَكَّرَ): حیران ومتعجب ہونا۔
(هَكَعَ)(ف) هُكُوعًا: مطمئن اور پرسکون ہونا، قیام کرنا۔
— البَقَرُ ونحوهُ تحت الشجر: شدید گرمی میں گائے کا درخت کے سایہ میں پناہ لینا۔
— فلانٌ إلى القومِ: شام ہوجانے کے بعد اپنے قبیلہ میں قیام کرنا۔
— إلى الأرضِ: زمین کی طرف جھکنا۔
— العَظْمُ: ہڈی جڑنے کے بعد ٹوٹ جانا۔
— الليلُ: رات کی تاریکی پھیل جانا۔
— فلانٌ هَكْعًا: بیٹھ کر سونا۔
(هَكِعَ) الرَّجلُ (س) هَكَعًا: خشوع وخضوع اور عاجزی کا اظہار کرنا۔ (۲) غم یا غصہ کی وجہ سے سر جھکانا۔
(اهتكَعَ) الرجلُ: گھبرانا، عاجزی کرنا۔
— الحُمّى او غيرُهَا فلانًا: بخار کا کسی پر لوٹ لوٹ کر آنا۔
(الهُكَاعُ): کھانسی (۲) تھکاوٹ کے بعد کی نیند۔

(الهَكْعَةُ) و (الهُكَعَةُ): بے وقوف۔
(هَكَّتِ) البِئرُ (ن) هَكًّا: کنویں کے کناروں کا گر جانا۔
— فُلانًا: تھکانا، کمزور کردینا۔
— فُلانًا بِالسيفِ او الرُّمحِ: زور سے تلوار یا نیزہ مارنا۔
— اللبَنَ: دودھ کو پوری طرح نکالنا۔
— الشئَ: گرانا (۲) سفوف بنانا۔ پینا هو مهكوكٌ وهكيكٌ۔
— النبيذُ فلانًا: نبیذ کا کسی کو نشہ چڑھا دینا۔
— النجّارُ الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو بڑا کرنا۔
(انهَكَّتِ) المرأةِ: عورت کی ولادت کا دشوار ہونا۔
— صَلاَ المَرْأَةِ: ولادت کے وقت عورت کی فرج کا بیرونی حصہ کشادہ ہوجانا۔
— البعيرُ: اونٹ کا بیٹھتے وقت زمین سے لگ جانا۔
(تَهَكَّكَ): بے چین اور مضطرب ہوجانا۔
— الأنثى: مادہ کے دونوں پہلوؤں کا ڈھیلا ہو کر تھن کا موٹا ہوجانا اور پیدائش کا وقت نزدیک آجانا۔
(المهكوكُ): شوخ ومسخرہ۔
(الهَكُّ): خراب عقل والا (۲) سخت بارش (ج) اهكاكٌ وهَكَكَةٌ۔
(الهَكَّاكُ): متکلم کا اپنی غلط بات کو صحیح بات کرنے کا دعویٰ کرنا۔
(الهَكُوكُ): شوخ، مسخرا (۲) کمزور، بدطنیت (۳) سفر سے تھکا ہوا جانور۔
(الهَكَوَّكُ): موٹا (۲) سخت ٹھوس جگہ۔
(الهكيكُ): ہیجڑا، مخنث۔
(هَكَلَتِ) المرأةُ والحصانُ: عورت یا گھوڑے کا ناز وانداز سے چلنا۔
(تَهَاكَلَ) القومُ: کسی کام میں باہم لڑائی کرنا
(هَيْكَلَ) الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔
(الهَيْكَلُ): ہر موٹی اور ضخیم چیز۔ جیسے فَرَسٌ

هَيْكَلٌ: (۲) لمبا چوڑا درخت یا پودا (۳) بلند عمارت (۴) بت خانہ (۵) یہودیوں کا مقدس بڑا عبادت خانہ (۶) گرجا کے سامنے بنی ہوئی قربان گاہ (۷) قدیم مصریوں کا بڑا بھاری اور آراستہ عبادت خانہ (۸) مجسمہ (۹) انجن کا ڈھانچہ (۱۰) موٹر وغیرہ کی باڈی (۱۱) انسان یا حیوان کی ہڈیوں کا ڈھانچہ۔

(الهَيْكَلَةُ): بڑی عورت (۲) بڑا پودا یا درخت۔

(هَكَّمَ) فلانًا: کسی کو گانا سنانا۔

(تَهَكَّمَ) فلانٌ: گانا گانا (۲) دل میں کہنا (۳) تکبر کرنا (۴) اکڑ کر چلنا۔

— لفلانٍ: گانا سنانا۔

— عَلىٰ غيرِهِ: کسی پر انتہائی غصہ ہونا (۲) کسی کا مذاق اڑانا' بے عزتی کرنا۔

— عَلىٰ مَا فَرَطَ مِنْهُ: اپنے سے سرزد ہونے والی غلطی پر نادم ہونا۔

— السماءُ: آسمان کا زبردست طوفانی بارش برسانا۔

— فلانًا وبِهِ: کسی کا مذاق اڑانا' تحقیر کرنا۔

— فلانًا: زور سے تلوار مارنا۔

(اِسْتَهْكَمَ): تکبر کرنا۔

(الأُهْكُومَةُ): مذاق' ٹھٹھا۔

(الهَكِمُ): غیر متعلق امور میں دخل اندازی کرنے والا۔

(تَهَكَّنَ): نادم ہونا۔ پچھتانا جیسی تَهَكَّنَ على الأمر الفائت۔

(هَاكَاهُ): کسی کی عقل کو حیران کرنا۔

ھ......ل

(هَلَبَ) الفرسَ (ض) هَلْبًا: گھوڑے کے بال اکھیڑنا۔ هو هالبٌ والفرس مهلوبٌ۔

— فلانًا بلسانِهِ: کسی کو لعن طعن کرنا' برا بھلا کہنا هو هَلّابٌ۔

(هَلِبَ) (س) هَلَبًا: گھنے اور زیادہ بالوں والا ہونا۔

— العَامُ: کسی سال میں بہت بارشیں ہونا۔ هو اهلبُ وهي هلباءُ (ج) هُلْبٌ۔

(أَهْلَبَتِ) السماءُ القومَ: آسمان کا لوگوں کو بارش یا شبنم سے تر کر دینا۔

— الفَرَسُ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔

(هَلَّبَ): کسی پر بہت لعن طعن کرنا۔ (مبالغة في هَلَبَ)

(اهْتَلَبَ) السَّيفَ من غمدِهِ: تلوار سونتنا۔

(الهَالِبُ): بارش کا دن۔ ایسے ہی لیلةٌ هالبةٌ (ج) هَوالِبُ۔

(الهُلابَةُ): نومولود بچہ کی جھلی کا پانی۔

(الهُلْبُ): موٹے اور سخت بال (۲) دم کے بال (۳) پلکوں کے اوپر اگے ہوئے بال۔

(الهُلْبَةُ): دم یا چوٹی کے بال (۲) زیر ناف بال (۳) خنزیر کے بال جن سے سلائی کی جاتی ہے۔

هُلْبَةُ الشهرِ: مہینہ کا آخر۔

— هُلْبَةُ الشتاءِ: سردی کی شدت۔

هُلْبَةُ الزَّمانِ: زمانہ کی شدت (ج) هلب۔

(الهَلّابُ): طوفانی بارش والا دن یا سال (۲) ٹھنڈی اور بارش والی ہوا۔

(الهَلّابَةُ): سرد ہوا۔

(الهَلُوبُ): وہ عورت جو خاوند سے قرب رکھے اور غیر سے دور رہنے والی ہو (ج) هُلُبٌ (۲) قابل تعریف صفت

(الهُلابِجُ): انتہاء سے زیادہ بے وقوف (۲) نکما اور سست کھانے پینے کا عادی (۳) بوجھل آدمی (۴) ہر شر و برائی کا پیکر۔

(هَلَتَ) الشيءَ (ض) هَلْتًا: چھیلنا۔

— الجِلْدَ: کھال چھیلنا۔

(انْهَلَتَ) يعدُو: چپکے سے نکل کر بھاگنا۔

(الهَلْتَاتُ): ایسے خانہ بدوش لوگ جو کبھی سفر کرتے ہوں کبھی قیام۔

(الهُلاثُ): بدن کا ڈھیلا پن اور سستی۔

(الهَلائِثُ): گھٹیا لوگ۔

(الهَلْثَى): شور و غل مچانے والے لوگ۔

(هَلَجَ) (ض) هَلْجًا: ایسی بات کی اطلاع دینا جس کا خود کو یقین نہ ہو (۲) کثرت سے خواب دیکھنا۔

(أَهْلَجَ) الشيءَ: چھپانا۔

— الخَبَرَ ونحوَهُ: خبر یا کوئی بات واضح نہ کرنا۔ مبہم بیان کرنا۔

(الاهْليلجُ): ہلیلہ کا درخت (دیکھئے اهليلج في باب الهمزة)

(الهَالِجُ): مختلف قسم کے خواب کثرت سے دیکھنے والا۔

(الهَلْجُ): اونگھ' نیند کی جھپک (۲) غیر یقینی بات (۳) ناقابل یقین موہوم پراگندہ خواب۔

(هَلَدَ) المرضُ الناسَ (ف) هَلْدًا: لوگوں میں بیماری کا پھیلنا۔

(هَلَسَهُ) الداءُ او الحزنُ (ض) هَلْسًا وهُلاسًا: بیماری یا غم کا کسی کو لاغر اور نحیف کر دینا (۲) حواس باختہ کر کے ہذیان میں مبتلا کر دینا۔

(هُلِسَ) هُلاسًا: سل کی بیماری میں مبتلا ہونا (۲) کھانا لیکن اس کا اثر جسم پر نہ دکھائی دینا (۳) عقل زائل ہونا۔ هو مهلوسٌ۔

(أَهْلَسَ): معمولی۔

— الشيءَ: چھپانا۔

— الحديثَ وفيه: کسی بات کو چھپانا۔

— الحديثَ اليهِ: سرگوشی کرنا۔

— الظلامُ: تاریکی کا چھٹ جانا۔

(هَالَسَه): سرگوشی کرنا۔

(هَلَّسَ) مبالغة في هَلَسَ: حد سے زیادہ کمزور اور حواس باختہ کر دینا۔

(اهْتَلَسَ) المرضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کر دینا۔ هو مهتلَسٌ۔

— عقلُ فلانٍ: عقل زائل ہو جانا۔

(الهَالِسُ): لاغر جسم والا (ج) هوالِسُ۔

(الهُلاسُ): تپ دق (۲) کمزوری کی وجہ سے تپ دق کی شدت۔ اَخَذَهُ الهُلاسُ: اسے تپ دق لاحق ہو گیا۔

(الهَلْسُ) الهُلاسُ: جسم کی لاغری و پتلا پن

(۲) ہذیان، بوکھلاہٹ، غم یا بیماری کی وجہ سے پیدا ہونے والی بحرانی کیفیت۔

(الهَالِطُ): ڈھیلے اور لٹکے ہوئے پیٹ والا۔

(هَلِعَ)(س) هَلَعًا: انتہائی حواس باختہ اور بیقرار ہوجانا۔ هو هَلِعٌ وهي هَلِعَةٌ وهو وهي هالعٌ وهلوعٌ وهلواعٌ: قرآن مجید میں ہے (اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا)۔

— البخيلُ: مال پر بخل کرنا۔

— الرجلُ: بھوکا ہونا۔

(الهَالِعُ): تیز رفتار بدکنے والا شتر مرغ۔

(الهُلاَّعُ): دشمن کے مقابلہ کے وقت کی بزدلی۔

(الهُلَعُ): شدید لالچ (۲) سخت گھبراہٹ۔

(الهُلَعَةُ): بمعنی الهُلَعُ۔

(الهِلْوَاعُ) ناقةٌ هلواعٌ: تیز رفتار اونٹنی، سدھی ہوئی یا تیز رفتار بدکنے والی اونٹنی۔

(الهَوْلَعُ): بے قرار، حواس باختہ بے صبرا۔ (۲) تیز رفتار۔

(الهَوَلَّعُ): انتہائی تیز رفتار۔

(الهِلَّوْفُ): بد اخلاق اور سست ونکما آدمی (۲) بکھرے بالوں والی بڑی داڑھی (۳) بہت جھوٹا (۴) بوجھل سست اور بے فیض آدمی (۵) بوڑھا آدمی (۶) ابر آلود دن (۷) بوڑھا اونٹ (۸) بہت بالوں والا اونٹ۔

(الهِلَّوْفَةُ): بڑھیا (۲) بڑی داڑھی۔

(هَلْقَمَ) الشيءَ: نگل لینا۔

(الهِلْقَامُ): کشادہ باچھوں والا (۲) بہت کھانے والا (۳) موٹا (۴) لمبا (۵) قوم کا منتظم سردار جو اس کی طرف سے دیت اور تاوان وغیرہ ادا کرتا ہو۔

(هَلَكَ) فلانٌ (ض) هَلاَكًا وهُلُوْكًا ومهلَكًا وتهلُكَةً: ہلاک ہونا، مرجانا۔ هو هالكٌ (ج) هلكى وهُلَّكٌ وهَوَالك: قرآن مجید میں ہے: (لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ): اور (مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ) اور (وَلاَ تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ)

(أَهْلَكَه): ہلاک کرنا، مار ڈالنا۔

— مَالَهُ: مال وجائداد فروخت کر ڈالنا۔

(هَلَّكَه): ہلاک کر ڈالنا۔ جیسے هَلَّكَ فلان فلانًا۔

(اهْتَلَكَ) فلانٌ: خود کو ہلاکت میں ڈالنا۔

— الطائرُ: پرندہ کا زور لگا کر اڑنا۔

— المُنْتَجِعُ: چراگاہ تلاش کرنے والے کا راستہ بھٹک جانا۔

(تَهَالَكَ) على الشيءِ: کسی چیز پر حریص ہوکر ٹوٹ پڑنا۔

— فلانٌ عَلَى الفراشِ: نڈھال ہوکر بستر پر گر پڑنا۔

— المرأةُ في مشيها: عورت کا جھوم کر چلنا۔

— في الأمر: کسی کام میں محنت کرکے جلدی پورا کرنے کی کوشش کرنا۔

(تَهَلَّكَت) في مشيها: جھومر اور مٹک مٹک کر چلنا۔

— فِي المكانِ: کسی جگہ حیران وسرگردان ہوکر گھومنا۔

— فِي الأمرِ: کسی معاملہ میں پریشان ہونا۔

(اسْتَهْلَكَ) في كذا: کسی کام میں سردھڑ کی بازی لگا دینا، پوری کوشش کرنا۔

— المالَ ونحوَهُ: مال وغیرہ کو خرچ کرنا یا ضائع کرنا۔ جیسے استهلكَ مَا عندَهُ من طعامٍ أوْمَتاعٍ۔

(المَهْلَكَةُ): بے آب وگیاہ جنگل، بیابان۔ (ج) مَهَالِكُ۔

الحروبُ مَهَالِكُ: جنگیں ہلاکت کا سبب ہیں۔

(الهَالِكَةُ): حریص اور خبیث آدمی (۲) ایک دفعہ برس کر رک جانے والا بادل (ج) هَوَالِكُ۔

(الهَالِكِيُّ): لوہار (۲) پالش کرنے والا، قلعی گر، صیقل کنندہ۔

(الهَالُوكُ): سنکھیا۔

(الهُلاَّكُ): لوگوں کے پاس عطیہ کی طلب کے لئے بار بار آنے والے فقرائی۔ (۲) غذا اور چارہ کی تلاش میں بھٹکنے والے۔

(الهَلَكُ): مردہ کے باقی ماندہ اجزاء (۲) پہاڑ اور اسکے دامن کے درمیان کی فضا (۳) دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ یا خلا (۴) اوپر سے نیچے گرنے والی چیز۔

(الهَلَكَةُ): قحط کا سال۔ (ج) هَلَكٌ و هَلَكَاتٌ۔

(الهِلْكَةُ): گھٹیا اور کمینہ آدمی (ج) هِلَكٌ: کہتے ہیں فلانٌ هِلْكَةٌ من الهِلْكِ۔

(الهَلَكُونُ): بنجر اور قحط زدہ زمین اگرچہ اس میں پانی موجود ہو۔ کہتے ہیں ارضٌ هلكونٌ وأرضونَ هَلَكُوْنٌ۔

(الهَلُوْكُ) مِنَ النِّسَاءِ: کمینی اور گھٹیا عورت۔

(الهَيْلَكُوْنُ): بغیر دندانوں کی درانتی۔

(الهِلَّكْسُ): بداخلاق اور کمینہ آدمی۔

(هَلَّ) الهِلالُ (ن) هَلًّا: چاند نکلنا۔

— فلانٌ: خوش ہونا۔

— الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند نظر آنا۔

— المَطَرُ: زوردار بارش ہونا۔

— السَّحَابُ: بادل کا آواز کے ساتھ برسانا۔

(أَهَلَّ) الرجلُ: چاند کی طرف نگاہ ڈالنا۔ کہتے ہیں: أَهْلَلْنَا عَنْ ليلَةِ كذا: ہم نے فلاں رات کا چاند دیکھا ہے۔

— الشهرُ: مہینہ کا چاند نکلنا۔

— فلانٌ: چیخیں مارنا۔ آواز نکالنا جیسے اهل الصبيّ۔

— المُلبّي بِالتَّلْبِيَةِ: تلبیہ کہنے والے کا زور سے تلبیہ کہنا۔

— الرجلُ بِذِكرِ اللهِ: بلند آواز سے اللہ کی ذکر کرنا۔

— السيفُ بفلانٍ: تلوار لگنا۔

— الكلبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار کو پکڑتے وقت خواہش وخوشی کی شدت سے رونے کی سی آواز نکالنا۔

— الذابحُ بِالضَّحِيَّةِ: ذبح کرتے وقت اس کا

نام لینا جس کے نام کی قربانی کی جارہی ہے۔

قرآن مجید میں ہے (اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللهِ)

— فلانٌ الهِلاَلَ: چاند دیکھ کر آواز بلند کرنا۔

— الشهرَ: چاند دیکھنا۔

— اللهُ السَّحابَ: بادل سے پانی برسانا۔

— اللهُ المَطر: بارش برسانا۔

(هَالَّ) الأجير هِلاَلًا ومُهَالَّةً: مزدور سے قمری مہینہ کے حساب سے مہینہ تنخواہ پر کام لینا۔

(هَلَّلَ) الرجلُ: لا الٰہ الا اللہ کہنا۔(۲) مقابل پر حملہ کرنا اور ڈر کر بھاگ جانا۔

— عنهُ: کسی سے ڈر کر بھاگنا۔

— عَنِ الأمْرِ: چھوڑنا' پیچھے ہٹنا۔

— الفرسُ ونحوهُ: کمزوری کی وجہ سے گھوڑے کی کمر کا چاند کی طرح ہوجانا۔

(اهتلَّ) السحابُ والوجهُ: چمکنا۔

— المَطَرُ ونحوُهُ: زور سے بارش کا برسنا۔ یا کسی چیز کا زور سے بہنا۔

— الرَّجلُ: غصہ سے دانت پیسنا۔

(انْهَلَّ) المطرُ: موسلادھار بارش ہونا۔

— الدّمعُ: آنسو بہنا۔

— السماءُ: بارش برسانا۔

— العينُ: آنسو بہانا۔

(تَهَلَّلَ) السحابُ والوجهُ: چمکنا۔

— الوجهُ فرحًا: خوشی سے چہرہ چمکنا۔

— السحابُ بالبَرقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔

— العينُ: آنکھوں کا آنسو بہانا۔

— الدمعُ: آنسو بہنا۔

(استهلَّ) الصبيُّ: بچہ کا ولادت کے وقت رونا اور آواز نکالنا۔

— الشهرُ: مہینہ کا چاند نکلنا۔ کہتے ہیں: استهللنا الشهرَ: ہم نے مہینہ کا آغاز کیا یا مہینہ کا چاند دیکھا۔

— المطرُ: بارش کا زور سے برسنا۔

— العَيْنُ: آنسو بہانا۔

— الوجهُ: چہرہ کا چمکنا۔

— فلانٌ الهِلاَلَ: چاند دیکھنا۔

— السيفَ: تلوار سونتنا۔

(أُسْتُهِلَّ) الهِلاَلُ: چاند نظر آنا۔

(الاِسْتِهْلاَلُ): براعةُ الاستهلالِ: مصنف کا اپنی کتاب کے مقدمہ اور شاعر کا اپنی نظم کے آغاز میں ایسے الفاظ وعبارت استعمال کرنا جس سے کتاب اور نظم کے موضوع کی طرف لطیف اشارہ ہوجائے (مو)

(الأَهَالِيْلُ): بارشیں۔(بعض کے نزدیک أهلول: اس کا واحد ہے)۔

(المُهَلَّلُ): حاجبٌ مُهَلَّلٌ: ہلال کی طرح مڑی ہوئی ابرو۔

نَاقةٌ مهلَّلٌ: کمزور اونٹنی۔

(الهَلاَلُ): پہلی بارش۔

(الهِلاَلُ): پہلی بارش (۲) مہینہ کی پہلی سات راتوں کا چاند (۳) چھبیسویں رات سے آخر تک کا چاند (۴) کنویں میں بچا ہوا تھوڑا سا پانی (۵) ایک دفعہ کی بارش (۶) غبار (۷) کمزور اور لاغر اونٹ (۸) سانپ یا نر سانپ (۹) سانپ کی کینچلی (۱۰) چاند کی طرح چمکتی دمکتی چیز جیسے خوبصورت لڑکا چاند سا مکھڑا (۱۱) چکی کے پتھر کا ٹوٹا ہوا کنارہ (۱۲) چکی کے دو پاٹ ملانے والا پتھر یا لکڑی (۱۳) جنگلی جانور کو شکار کرنے کا دو دھارا نیزہ (۱۴) ہلالی شکل کا جانوروں پر لگا ہو نشان (۱۵) خربوزہ یا روٹی وغیرہ کی ہلال نما قاش (۱۶) بعض اسلامی ممالک کا سرکاری نشان جو بنو عثمان کے دور حکومت سے اب تک استعمال ہوتا آ رہا ہے یہ عیسائیوں کے صلیبی نشان کے مقابل ہے۔ (ج) أَهِلَّةٌ۔

(الهَلُّ): باریک کپڑا (۲) باریک بال۔

(الهِلُّ): آغاز۔ أَتَيْتُهُ فِي هِلِّ الشَّهْرِ: میں اس کے پاس مہینہ کے شروع میں آیا۔

امرأةٌ هِلٌّ: گھریلو استعمال کے ایک کرتہ میں ملبوس عورت۔

(الهَلَلُ): پہلی بارش (۲) بارشیں۔ واحد هَلَّةٌ (۳) مکڑی کا جالا (۴) خوف وگھبراہٹ۔

(هَلَّا): کیوں نہیں۔ یہ کلمہ تحضیض ہے اور باقی ادوات تحضیض کی طرح جملہ فعلیہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے۔

(الهُلُّ): تنگی کے بعد کی کشادگی۔

(الهَلَّةُ): چراغ دان۔

هَلَّةُ الشَّهْرِ: مہینہ کا آغاز۔ کہتے ہیں۔ اتيتُهُ في هَلَّةِ الشهر: میں اسے مہینہ کے شروع میں ملا۔ ما أصاب هَلَّةً: اسے کچھ نہیں ملا۔

(الهِلَّةُ): بارش (ج) هِلَلٌ۔

أَتَيْتُهُ فِي هِلَّةِ الشهرِ: میں مہینہ کے شروع میں اس سے ملا۔

(الهَلِيْلَةُ): بارش سے سیراب زمین جس کا گردوپیش خشک ہو (ج) هلائلُ۔

(هَلِمَ) بغيرهِ (س) هَلَمًا: چپک جانا۔ هو هليمٌ۔

(اهْتَلَمَ) بهِ: لے جانا۔

(الهُلاَمُ): سکباج (گوشت اور سرکہ ملا ہوا گوشت) (۲) بچھڑے کے گوشت پوست سے تیار کیا ہوا کھانا (۳) جیلی' جیلاٹین (مو)

(هَلُمَّ): بلانے کا کلمہ' بمعنی آؤ۔ یہ اسماء افعال میں سے ہے۔ اہل حجاز کے نزدیک تمام حالات میں ایک شکل (لفظ واحد) پر قائم رہتا ہے۔ واحد' تثنیہ' جمع' مذکر ومؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔ اہل نجد کے نزدیک یہ فعل امر ہے اس کے ساتھ مرفوع ضمائر خطاب ملحق ہوتی ہیں۔ هَلُمَّ هَلُمَّا وهَلُمِّي: کہا جائے گا۔

(الهِلِمَّانُ): ہر چیز کی کثرت۔

(الهَيْلَمَانُ): ہر چیز کی کثرت۔ کہتے ہیں۔ جَاءَنَا بِالهَيْلِ وَالهَيْلَمَانِ: وہ ہمارے پاس بہت سامال لے کر آیا۔

(هَلْهَلَ) بفرسهِ: گھوڑے کو "ہلا" کہہ کر ڈانٹنا۔

—فِي الأمرِ: ٹھہرنا، انتظار کرنا۔
—عنِ الشيءِ: رجوع کرنا، ہٹنا۔
—النّسّاجُ الثّوبَ: کپڑے کی باریک بنائی کرنا۔
—الطّحينَ: ہلکے بنے ہوئے کپڑے میں آٹا چھاننا۔
—الشّعرَ: شعر کو عمدہ بنانا (۲) بلا تنقیح جیسا دل میں آئے ویسا شعر کہہ دینا۔
—الصّوتَ: آواز کو گھمانا۔
—الثوبَ: کپڑے کی زیادہ استعمال کرنے کی وجہ سے بوسیدہ کردینا۔
هَلْهَلَ يُدْرِكُهُ: وہ اسے پانے کے قریب تھا۔
(تَهَلْهَلَ) الثّوبُ: کپڑے کا گھس کر بوسیدگی کے قریب ہوجانا۔
—القومُ: لوگوں کا تانتا بندھ جانا۔
(الهُلاهِلُ): صاف اور کثیر پانی۔
(الهَلْهَالُ): کمزور و پتلا۔جیسے ثوبٌ هَلهالٌ وشِعرٌ هلهالٌ۔
(الهَلْهَلُ): بمعنی الهلهالُ (۲) زہر قاتل (۳) کمزور بنا ہوا کپڑا (۴) مکڑی کا جالا۔
(الهُلْهُلُ): برف۔
(المُهَلْهَلُ) بمعنی الهَلْهَالُ۔
(المُهَلْهَلَةُ): انتہائی خراب زرہ (۲) بڑے حلقوں والی زرہ۔
(الهِلْيُومُ): فضا کی ایک نادر الوجود گیس۔
(الهِلْيَوْنُ): ایک گھاس جو برائے زینت اور بطور ترکاری استعمال ہوتی ہے۔

ھ......م

(هَمَأَ) الثوبَ (ف) هَمْئًا: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑ دینا۔
(أَهْمَأَ) الثوبَ: بوسیدہ کردینا۔
(تَهَمَّأَ) الثوبُ: بوسیدہ ہونے کی وجہ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔
(انْهَمَأَ): بمعنی تَهَمَّأَ۔
(الهِمْءُ): پرانا کپڑا (ج) أَهْمَاءٌ۔
(هَمَتَ) الثريدُ (ن) هَمْتًا: ثرید میں روغن کا غالب ہونا۔
(اهْمَتَ) الكلامَ والضّحكَ: بات یا ہنسی کو چھپانا۔
(هَمَجَتِ) الابلُ مِنَ الماءِ (ن) هَمْجًا: اونٹوں کا ایک بار پانی کو پی کر سیراب ہوجانا۔
—فلانٌ هَجَمًا: بھوکا ہونا۔
(أَهْمَجَ) الفرسُ: بہت تیز دوڑنا۔
—الشيءَ: چھپانا۔
(اهْتَمَجَ): گرمی وغیرہ کی وجہ سے کمزور ہونا۔
—وَجهُهُ: چہرہ مرجھا جانا۔
(الهَامِجُ): بے ترتیب پڑی ہوئی چیز۔
(الهَمَجُ): بکریوں اور گدھوں کے منہ پر بیٹھنے والی مچھر جیسی چھوٹی مکھیاں۔ واحد هَمَجَةٌ: (۲) بے وقوف لوگ۔ (۳) بے ڈھنگ اور وحشی لوگ (ج) أهماجٌ: (۴) بھوک (۵) معاشی بے انتظامی۔
(الهَمِيجُ): خالی پیٹ والا (۲) وہ ہرن جس کا چہرہ بیماری سے مرجھا گیا ہو۔
(هَمَدَ) الشيءُ (ن) هَمْدًا وهُمُودًا: کمزوراسر مرجھایا ہوا ہونا۔
—النّارُ: آگ بجھنا یا دھیما ہوجانا۔
—الرجلُ: مرجانا۔
—صوتُهُ: آواز دھیمی ہوجانا۔
—الأرضُ: خشکی کی وجہ سے زمین میں روئیدگی بند ہوجانا۔
—الزّرعُ: کھیتی کا خراب اور پرانا ہوجانا۔
—الثّوبُ: کپڑے کا لپٹے لپٹے بوسیدہ ہوجانا۔ تہوں کے نشانات خستہ ہوجانا کہ بظاہر ثابت معلوم ہوں لیکن ہاتھ لگانے سے ریزہ ریزہ ہوجائیں۔
(هَمِدَ) الثوبُ (س) هَمَدًا: بمعنی هَمَدَ۔
(أَهْمَدَ): خاموش ہونا (۲) پرسکون ہونا۔
—فلانٌ: ناگوار بات پر خاموشی اختیار کرنا۔
—الرّيحُ: ہورک جانا۔
—الصوتُ: آواز دھیمی ہوجانا۔
—في المكانِ: قیام پذیر ہونا۔
—في الطعامِ: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔
—في السّيرِ: تیز چلنا۔
—النارَ: آگ بجھانا۔
—قِرْنَهُ: مقابل کو مار کر قتل کر ڈالنا۔
(هَمَّدَهُ): بمعنی أَهْمَدَهُ۔
(الهَامِدُ): علم کیمیا کی اصطلاح میں وہ جسم جس میں کیمیائی حرکت ختم ہوگئی ہو (ج)
نباتٌ هَامِدٌ: خشک نبات۔
(الهَامِدَةُ): ثمرةٌ هَامِدَةٌ: بدبودار سیاہ پھل۔
أرضٌ هَامِدَةٌ: بنجر اور قحط زدہ زمین۔قرآن مجید میں ہے (وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ)
(الهَمِيدُ): بمعنی الهَامِدُ: (۲) وہ مال جس کا کسی کے پاس ہونے کا گمان ہو جبکہ وہ ضائع اور خراب ہوگیا ہو۔
(هَمَذَ)(ن) هَمَذَانًا: عمدہ چال چلنا۔
(الهَمَاذِيُّ): تیز رفتاری (۲) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی (۳) گرمی کی تیزی (۴) بارش کی تیزی۔
(الهَمَذَانُ): چال کی خوبصورتی۔
(الهَمَذَانِيُّ): المنسوب الی ہمذان۔ہمذان کا رہنے والا۔
رَجُلٌ هَمَذَانِيٌّ: اتار چڑھاؤ کے ساتھ بولنے والا۔
مَشيٌ هَمَذَانِيٌّ: مخلوط قسم کی چال۔
(هَمَرَ) الماءُ والدّمعُ والمطرُ (ن) هَمْرًا: پانی یا آنسو بہنا۔
—فلانٌ: غضبناک ہونا۔
—لَهُ من مالِهِ: مال دینا۔
—الماءُ في الضّرعِ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
—الكلامَ وفي الكلامِ: زیادہ بولنا۔
—البناءَ: عمارت منہدم کرنا۔
—الفرسُ الأرضَ: گھوڑے کا زمین پر زور زور سے پاؤں مارنا۔

ھ

(هَامَرَ) الشيئَ : صفایا کردینا' بہالے جانا۔

(اِنْهَمَرَ) الماءُ : زور سے پانی گرنا۔ هو مُنهمِرٌ: قرآن مجید میں ہے (فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ)۔

— بالكلامِ : خوب بولنا۔

— البناءُ : عمارت گرنا۔

— الشجرةُ : درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

(اِهْتَمَرَ) الفَرَسُ : دوڑنا۔

— الفرسُ الأرضَ : گھوڑے کا زمین پر زور زور سے پاؤں مارنا۔

(المِهْمَارُ) : فضول گو' لغویات بکنے والا جیسے هو مهمارٌ في الكلامِ۔

مهمارٌ لاضيافِهِ : مہمان نواز۔ (ج) مَهَامِيْرُ۔

(المِهْمَرُ) : بمعنى المِهْمَارُ (ج) مَهَامِرُ۔

(الهَامِرُ) : برسنے والا بادل۔

(الهَمِرُ) : سست اور موٹا آدمی (۲) بہت زیادہ ریت۔

(الهَمَرَى) : بہت باتونی اور چیخنے والی عورت۔

(الهَمَرَةُ) : جادو کا مہرہ (۲) ایک دفعہ کی بارش۔

(الهَمَّارُ) : بہت برسنے والا بادل۔

رجلٌ هَمَّارٌ : لغیات اور بکواس بکنے والا آدمی۔

(الهَمِيْرُ) : قریب المرگ بوڑھی (۲) خوبصورت ہرن۔

(هَمْرَجَ) هَمْرَجَةً : الٹا سیدھا بولنا۔

— عليه الخَبَرَ : بات کو گول مول کر کے بتانا۔

(الهَمْرَجُ) : گول مول بات' ابہام۔

(الهُمْرُجَانُ) : شوروغل۔

(الهَمَرَّجُ) : دھن کا پکا۔

(هَمْرَشَ) : حرکت کرنا۔

(تَهَمْرَشَ) القومُ : لوگوں کا حرکت کرنا۔

(الهَمْرَشَةُ) : حرکت۔

(الهَمَّرِشُ) : بے ڈول بڑھیا (۲) بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

(هَمَزَهُ) (ض) هَمْزًا : کوئی چیز چبھانا۔ گدگدی کرنا (۲) غیبت کرنا' عیب نکالنا (۳) گھوڑے کو مہمیز کرنا۔ (۴) دھکا دینا' دھتکارنا (۵) مارنا۔

— الشيطانُ الانسانَ : شیطان کا انسان کے دل میں وسوسہ پیدا کرنا۔

— الحرفَ : حرف کو ہمزہ بولنا یا اس پر ہمزہ کا نشان بنانا۔

— الشيئَ : توڑنا۔

— بهِ الأرضَ : زمین پر پچھاڑنا۔ هو هامِزٌ وهمّازٌ وهي هَامِزَةٌ وهَمَّازَةٌ وهو وهي هُمَزَةٌ۔

(المِهْمَازُ) : مہمیز' نوک دار ڈنڈا جو جانور کو تیز دوڑانے کے لئے اس کی پشت پر چبھویا جاتا ہے۔ (۲) جوتے کی ایڑی جس سے گھڑسوار یا سائس ایڑ لگاتا ہے۔

(المِهْمَزُ) : بمعنى المِهْمَازُ۔

(المِهْمَزَةُ) : مہمیز کرنے کا نوکدار ڈنڈا (۲) چابک۔

(الهَامِزُ) : چبھونے والا (۲) عیب جوئی اور غیبت کرنے والا۔ (ج) هُمَّازٌ۔

(الهَمْزُ) هَمْزُ الشيطانِ : جنون۔

(الهَمَزَى) : رِيحٌ هَمَزَى : طوفانی ہوا جس کی آواز سدید ہو۔

قَوْسٌ هَمَزَى : تیر کو قوت کے ساتھ پھینکنے والی کمان۔

(الهَمْزَةُ) : زمین میں چھوٹا گڑھا (۲) حرف ہمزہ۔

هَمَزَاتُ الشيطانِ : وسوسے۔ قرآن مجید میں ہے (وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ)

(الهُمَزَةُ) : زبردست عیب جو۔ (مذکر و مونث)

رجلٌ هُمزةٌ وامرأةٌ همزةٌ۔ : قرآن مجید میں ہے (وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ)

(الهَمَّازُ) : بمعنى الهُمَزَةُ : قرآن مجید میں ہے (وَلاَ تُطِعْ كُلَّ حَلاَّفٍ مَّهِيْنٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ)

(الهَمِيْزُ) رجلٌ هميزُ الفؤادِ : تیز فہم آدمی۔

(هَمَسَ) (ض) هَمْسًا وهُمُوْسًا : سستی کے بغیر رات کو چلنا۔ (۲) دبے پاؤں چلنا۔

— فلانٌ إلى فلانٍ هَمْسًا : کسی کے کان میں اتنی آہستہ بات کرنا جو بمشکل سمجھی جائے۔

— الشيطانُ : شیطان کا وسوسہ ڈالنا۔

— الكلامَ : آہستہ بات کرنا۔

— الشيئَ : توڑنا۔

— الطَّعامَ : منہ بند کئے بغیر چبانا۔

— العِنبَ : انگور کو نچوڑنا۔

(هَامَسَ) فلانٌ فلانًا : سرگوشی کرنا۔

(تَهَامَسَ) القومُ : آپس میں سرگوشی کرنا۔

(الإهْمَاسُ) : بلند آواز والے حروف کو دبی آواز والے حروف سے بدل کر پڑھنا جیسے دال کو تاء پڑھنا۔

(المَهْمُوْسُ) : غیر واضح کلام (۲) غیر مجہور لفظ جو تلفظ کرتے وقت اپنے مخرج سے قریب ہی رہتا ہے اور سانس بھی جاری رہتا ہے' حروف مہموسہ اس میں جن کا مجموعہ حثه شخص فَسَكَتَ : ہے۔

(الهَامِسُ) : سخت قسم کا بھیڑیا۔

(الهَمْسُ) : پوشیدہ کلام' ہلکی آواز۔ قرآن مجید میں ہے (وَخَشَعَتِ الأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلاَّ هَمْسًا : (۲) قدموں کی معمولی آہٹ۔

(الهَمَّاسُ) : شکار پر جھپٹنے والا شیر۔

(المَهْمُوْسُ) : دبے پاؤں چلنے والا شیر۔ (۲) رات کا مسافر۔

(الهَمِيْسُ) : اونٹوں کے پیر اٹھانے کی آواز۔

(هَمَشَ) الرَّجلُ هَمْشًا : زیادہ اور غلط بولنا۔

— القومُ : حرکت میں آنا۔

— الجرادُ : ٹڈی کا دھاوا بولنے کے لئے حرکت میں آنا۔

— الشيئُ (ض) هَمْشًا : جمع کرنا۔

(هَمَّشَ) الكتابَ : کتاب پر حاشیہ لکھنا۔

(مو)

(اِهْتَمَشَ) القومُ : لوگوں کا ایک جگہ اکٹھا رہنا اور باہم میل جول اور آمد و رفت رکھنا۔

— الدَّابَّةُ: جانور کا آہستہ چلنا۔

(تَهَامَشَ) القومُ : لوگوں کا مخلوط ہو کر متحرک ہونا۔

(تَهَمَّشَ) الشیئُ: کسی چیز کا بوسیدہ ہو کر جھڑنے لگنا۔

(الهَامِشُ): کتاب کا حاشیہ۔

فلانٌ یعیشُ عَلَى الهَامِشِ : وہ لوگوں سے الگ تھلگ زندگی گزارتا ہے۔ محدثة)

(الهَمِشُ): انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔

(الهَمْشَةُ): ہنگامہ، ہلچل (۲) شور و غل (۳) ٹڈیوں کے دل کی آواز۔

(الهَمَشَى): شور مچانے والی عورت۔

(الهَمِیْشَةُ): ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی۔

(هَمَطَ)(ض)هَمْطًا : معاملات کو نمٹانے میں جلدی کرنا۔ (۲) گول مول بات کرنا۔ اور الٹے سیدھے قصے بیان کرنا۔ کہانیاں گھڑنا (۳) اچھے برے کی تمیز کئے بغیر کھانا۔

— النَّاسَ: لوگوں پر ظلم کرنا اور ان کا حق غصب کرنا۔

— المالَ: زبردستی مال لے لینا۔

— الشیئَ: کسی چیز کو مقدار متعین کے بغیر اندازہ سے لینا۔

(اِهْتَمَطَ) المالَ او النَّاسَ : مبالغة فی هَمَطَ۔

— عرضَهٗ ومِنْ عرضِهٖ : کسی کی آبرو ریزی کرنا، گالی دینا۔

— الذِّئبُ الشاةَ: بھیڑیے کا بکری کو اچانک پکڑ لینا۔

(هَمَعَتِ) العینُ(ف)هَمْعًا وهُمُوْعًا: آنکھ کا آنسو بہانا۔

— الطَّلُّ عَلَى الشجرةِ: درخت پر شبنم کا گر گر بہنا۔

— رأسَهٗ: سر زخمی کرنا۔

(أَهْمَعَ) الدَّمعُ أو الماءُ ونحوهما : آنسو یا پانی بہنا۔

— الطَّلُّ: شبنم کا درخت پر گر گر بہنا۔

(اهتُمِعَ) اللونُ: رنگ اڑ جانا۔

(تَهَمَّعَ) فلانٌ : رونا (۲) رونے کی صورت بنانا۔

— الدّمعُ او الماءُ ونحوهما: بہنا۔

(الهَمِعُ) سحابٌ هَمِعٌ : برسنے والا بادل۔ ھی همِعَةٌ : کہتے ہیں عینٌ همعةٌ : مسلسل آنسو بہانے والی آنکھ۔

(الهَمُوْعُ) : مبالغةٌ فی الهامع : جیسے دَمَعٌ هَمُوْعٌ: بہت بہنے والے آنسو۔

(هَمَغَ) فلانٌ الشیئَ(ف)هَمْغًا : توڑنا۔

(انْهَمَغَ) الشیئُ: ٹوٹنا، زخمی ہونا۔

— القَرْحَةُ: زخم کا ہرا ہو جانا۔

(الهَمِیْغُ): جلد آنے والی موت۔

(هَمَّقَ) السَّوِیْقَ: ستو باریک کرنا۔

(الهَمِقُ) مِنَ النَّبْتِ: بہت زیادہ نباتات۔

— مِنَ الکلاءِ : سوکھی نرم گھاس (۲) خشک گھاس۔

(الهِمَّقُ): بے وقوف و مضطرب آدمی۔

(هَمَكَ) البطاطسَ ونحوَهٗ(ن)هَمْكًا : آلو وغیرہ کا بھرتا بنانا۔ هو مهموكٌ(مو)

— فلانًا فی الأَمرِ : کسی کو کام میں ہمہ تن مشغول کر دینا۔

(انْهَمَكَ) فلانٌ فی الأَمْرِ: کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہو جانا۔

(تَهَمَّكَ) بمعنی اِنْهَمَكَ۔

(هَمَلَتِ) العینُ(ن) هَمْلًا وهَمَلَانًا و هُمُوْلًا : آنکھ کا آنسو بہانا۔

— السماءُ هَمْلًا وهَمَلَانًا : ہلکی ہلکی بارش ہونا۔

— الابلُ هَمْلًا : چرواہے کے بغیر اونٹوں کا چرنا۔ فالبعیرُ هَامِلٌ(ج) هُمَّلٌ وهَمَلٌ وهُمَّالٌ والناقةُ هاملةٌ(ج)هَوَامِلُ۔

(أَهْمَلَ) الشیئَ : کسی چیز کو عمداً یا خطأً چھوڑ دینا، استعمال نہ کرنا۔

— امرهٗ: کام کو ٹھیک طور پر نہ کرنا۔

— اِبِلَهٗ: اونٹوں کو بلا چرواہے کے آزاد چھوڑ دینا (یہ بکریوں کو آزاد چھوڑنے کے لئے استعمال نہیں ہوتا)۔

— فلانًا: کسی کے معاملہ میں دخل اندازی نہ کرنا۔

— حروفَ التهجّی: حرفوں پر نقطے نہ لگانا۔

(انْهَمَلَتِ) العینُ او السماءُ : آنکھ کا آنسو بہانا اور آسمان کا بارش برسانا۔

(الهَمَالِیْلُ) : کمزور پرندے (۲) بچی کھچی گھاس پھونس (۳) پھٹے ہوئے کپڑے کہتے ہیں ثَوْبٌ هَمَالِیْلُ۔

(الهَمَلُ) : دن رات بلا محافظ چھوڑی ہوئی چیز (۲) بغیر رکاوٹ کے بہنے والا پانی (۳) کھجور کے درخت سے نکالی ہوئی چھال۔ واحد هَمَلَةٌ۔

(الهِمْلُ) : بالوں کا بنا ہوا پرانا گھر (۲) پیوند لگایا ہوا کپڑا (۳) سرخ اون کا دیہاتی کمبل۔

(الهِمِلُّ) : ہر نرم چیز (۲) لڑائیوں کی وجہ سے متروکہ زمین جہاں کوئی آباد نہ ہوتا ہو۔

(هَمْلَجَتِ) الدَّابَّةُ : تیز رفتاری اور عمدگی سے چلنا۔

— فلانٌ الأَمْرَ : کسی کام پر قابو پا کر آسانی سے سرانجام دینا۔

(المُهَمْلَجُ) : قابو میں رہنے والا سدھایا ہوا جانور (۲) آسان کام (۳) ہموار راستہ جس پر چلنا دشوار ہو۔

(الهِمْلَاجُ): قابو میں رہنے والا فرماں بردار ٹٹو (۲) مٹکتے ہوئے عمدہ اور تیز رفتار سے چلنے والا ٹٹو (مذکر و مونث) (ج) هَمَالِیْجُ۔

شاةٌ هِمْلاجٌ: وہ بکری جس میں کمزوری کی بناء پر مغز نہ ہو۔

(الهَمَلَّسُ): چلنے پر قادر مضبوط پنڈلیوں والا۔

ھ

(الھَلَّعُ): بے وفا (۲) دھوکہ باز خبیث، (۳) پھرتیلا و تیز رفتار۔ جیسے ذِئْبٌ ھِلَّعٌ وسِیْرٌ ھِلَّعٌ۔

(ھَمَّ) ھَمًّا بِالْأَمْرِ (ن): کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا۔

— لنفسِهِ: اپنے لئے حیلہ اور جستجو کرنا۔

— الأمرُ فلانًا: مغموم اور فکر مند کرنا۔

— الشيئَ: پگھلانا۔ جیسے ھَمَّ الشَّحْمَ وَھَمَّتِ الشَّمْسُ الثَّلْجَ۔

— السُّقْمُ جِسْمَهُ: اندرونی بیماری یا غم کا کسی کو کمزور کر کے ہڈیاں نکال دینا۔

— الغُزْرُ النَّاقَةَ: دودھ کی زیادتی کا اونٹ کو پریشان کر دینا۔

— اللبنَ: دودھ دوہنا۔

— الحَيَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا آدمی کو ڈسنا۔

— السُّوْسَةُ الحَبَّ ونحوَهُ: غلہ کو کیڑا لگ جانا۔

— خَشَاشُ الأرضِ (ض) ھَمًّا: زمینی کیڑوں کا رینگنا۔

(ھَمَّ) (س) ھُمُوْمَةً وھَمَامَةً: قریب المرگ بوڑھا ہو جانا۔

(أَھَمَّ) الشيخُ: بوڑھے کا قریب المرگ ہو جانا۔

— الأمرُ فُلانًا: کسی بات کا کسی کو مغموم اور پریشان کر دینا۔

(ھَمَّتِ) الدابةُ الأرضَ بفيها: جانور کا زمین کو چاٹ کر صاف کر دینا۔

— المرأةُ رأسَ الصبيِّ: عورت کا بچہ کے سر سے جوئیں نکالنا۔

— المرأةُ الصبيَّ: بچہ کو لوری دے کر سلانا۔

(اھْتَمَّ) الرجُلُ: مغموم و فکر مند ہونا۔

— بالأمرِ: کسی بات پر توجہ دینا۔

(انْھَمَّ) الشيخُ: بوڑھے کا قریب المرگ ہونا۔

— العَرَقُ في جبينه: پیشانی پر پسینہ بہنا۔

— الشَّحْمُ ونحوُه: چربی وغیرہ کا پگھل جانا

— البُقُوْلُ: ترکاریوں کا ہانڈیوں میں پکنا۔

(تَھَمَّمَ) الشيئَ: ہاتھ میں ٹٹولنا۔

— رأسَهُ: سر کو جوؤں سے صاف کرنا۔

(اسْتَھَمَّ) فلانٌ: اپنی قوم کے معاملات پر توجہ دینا۔

(التَّھْمِيْمُ): ہلکی بارش۔

(المُھِمُّ): سخت اور باعث خوف امر (۲) قابل توجہ اور اہم مسئلہ (ج) مَھَامُّ۔

(الھَامَّةُ): جانور، چوپایہ (۲) مہلک زہریلا جانور (ج) ھوامّ۔

(الھَامُوْمُ): کوہان کی پگھلائی ہوئی چربی، (۲) بھنائی کے دوران بہنے والی چربی (۳) چربی جس میں زیادہ روغن ہو۔

(الھُمَامُ): سخی اور بہادر سردار (۲) شیر، (۳) کوہان کا پگھلا ہوا حصہ (۴) پگھل کر بہنے والی برف (ج) ھمامٌ۔

(الھَمُّ): غم (۲) دل کا ارادہ (۳) فابتدائی عزم (ج) ھمومٌ۔

ھٰذا رجلٌ ھَمُّكَ مِن رجلٍ: تمہارے لئے کافی آدمی۔

(الھِمُّ): قریب المرگ بوڑھا، شیخ فانی۔

قدحٌ ھِمٌّ: ٹوٹا ہوا پرانا پیالہ (ج) أَھْمَامٌ۔

(الھِمَّةُ): کسی کام کا ارادہ (۲) خواہش، (۳) پختہ عزم (ج) ھِمَمٌ۔ رَجُلٌ ھِمَّتُكَ مِنْ رجلٍ: تیرے لئے کافی آدمی (۴) شیخ فانی (۵) انتہائی عمر رسیدہ بڑھیا (ج) ھِمَّاتٌ وھَمَائِمُ۔

(الھَمُوْمُ) مِنَ النُّوْقِ: منہ کے ذریعہ معمولی سے معمولی چیز اٹھا کر کھا جانے والی اونٹنی (۲) خوبصورت چال کی حامل اونٹنی (۳) زیادہ پانی والا کنواں (۴) بہت برسنے والا بادل۔

قَصَبٌ ھمومٌ: ہوا کے ہلانے سے آواز نکالنے والا بانس۔

(الھَمِيْمُ): سرایت کرنے کا اثر جیسے: للشراب ھميمٌ في العظامِ: لبید کا شعر ہے

أمليتُ عليه قرقفٌ بابليةٌ
لها بعد كأسٍ في العظامِ هميمُ

(۲) ہلکی بارش (۳) وہ دودھ جو مشکیزہ میں رکھ کر بغیر ابالے پیا جائے۔

(ھَمْھَمَ) الرجلُ: ایسا غیر واضح کلام کرنا جو سنا تو جائے لیکن سمجھا نہ جا سکے (۲) رنج یا غم کے سینہ میں آواز گونجنا۔

— الأسدُ: شیر کا دھاڑنا۔

— الرَّعْدُ: بجلی کڑکنے کی آواز پیدا ہونا۔

(الھَمَاھِمُ): رنج و غم۔

— ھَمَاھِمُ النّفوسِ: دل کے وسوسے خیالات و افکار (۲) کڑک اور گرج (ھَمْھَامِ): اسم فعل بمعنی کوئی چیز نہیں بچی۔ اگر کہا جائے أَبَقِيَ عِنْدَكُمْ شيئٌ؟: تو جواب میں کہا جائے گا ھَمْھَامُ وھَمْھَامِ۔

(الھَمْھَامُ): بہادر و سخی سردار (۲) شیر (۳) جنگلی گائے۔

(الھَمْھَامَةُ): اونٹوں کی بڑی تعداد۔

(الھَمْھَمَةُ): بڑبڑاہٹ۔ گلے میں پھنس کر نکلنے والی آواز، جیسے گائے، ہاتھی وغیرہ کی جو آوازوں جیسی آوازیں۔

(الھُمْھُوْمُ) قَصَبٌ ھُمْھُوْمٌ: ہوا سے ہلنے کے وقت آواز نکالنے والا بانس۔

قطيعٌ ھُمْھُوْمٌ: بہت آواز نکالنے والا ریوڑ۔

(الھُمْھُوْمَةُ): اونٹوں کی بڑی تعداد۔

(الھِمْھِيْمُ) من الحُمُرِ ونحوِھا: سینے میں آواز گھمانے والا گدھا۔

(ھَمَتِ) العينُ (ض) ھَمْيًا وھُمِيًّا وھَمَيَانًا: آنسو بہانا۔

— الدَّمعُ والماءُ ونحوُھما: بہنا۔

— فلانٌ علی وجهه: آوارہ بھٹکتے پھرنا۔

— الماشيةُ: مویشی کا چرتے ہوئے بھٹک جانا۔ (۲) منتشر ہو جانا۔

— الشيئُ ھَمْيًا: گرنا (۲) ضائع ہو جانا۔

(الأَھْمَاءُ): بہنے والا پانی۔

(الهُمَاءُ): عقاب۔
(الهُمَائِيُّ): عقاب (۲) آگے بڑھنے والا پرندہ۔
(الهِمْيَانُ): پٹکا، کمر کو باندھنے کا کپڑا (۲) پائجامہ کا کمر بند (۳) کمر سے باندھی جانے والی روپے پیسے کی تھیلی یا پٹی (ج) هَمَايِين وهَمَايِنُ۔
(الهُمَايُوْنُ): بادشاہ، شہنشاہ (فارسی)
(الهَمَيْسَعُ): ناقابل شکست بہادر (۲) لمبا۔

هـ......ن

(هَنَأَ) فلانًا (ف) هَنْئًا: کسی کو کھانا وغیرہ دینا۔
— القومَ: لوگوں کی پرورش اور دیکھ بھال کرنا۔
— الطعامَ: کھانے کو مزیدار بنانا۔
— الطعامُ الرَّجلَ: کھانے کا کسی کو مرغوب اور پسندیدہ ہونا۔
— الرَّجلُ غيرَهُ: مدد کرنا (۲) مبارکباد دینا۔ جیسے ليهنئك الوَلَدُ: بچہ تمہیں مبارک ہو۔
— بِالْأَمْرِ: کسی بات پر مبارکباد دینا اور ليهنئك هذا الامر: کہنا یعنی تمہیں یہ کام مبارک ہو۔
— الإبلَ: اونٹوں کو تارکول ملنا۔
(هَنِئَ) لَهُ الطعامُ (س) هَنأً وهَنَاءَةً: کھانے کا کسی کے لئے مزیدار اور مرغوب ہونا۔
— من الطعامِ: کھانے سے سیر ہونا۔ کہتے ہیں اكلنا من هذا الطعام حتّٰى هنئنا
— بالشيءِ: خوش ہونا۔
— الماشيةُ: موشی کا تھوڑا چارہ پانا اور شکم سیر نہ ہونا۔ هي هَنأَى۔
(هَنُؤَ) الشيءُ (ك) هَنَاءَةً: کوئی چیز بغیر مشقت کے ملنا۔
(هَنَّأَ) فلانًا بِالأمرِ تهنئةً: مبارکباد دینا، اس توقع کا اظہار یا یہ دعا کرنا کہ یہ باعث خیر و مسرت رہے۔ ليهنئكَ هذا الأمْرُ۔
(أَهْنَأَهُ): کھانا وغیرہ دینا۔

(اِهْتَنَأَ) فلانٌ مَالَهُ: مال کی حفاظت اور نگرانی کرنا۔
(تَهَنَّأَ) فلانٌ: کثیر بخشش والا ہونا۔
— الشيءَ وَبِهِ: کسی چیز سے لذت حاصل کرنا۔ جیسے تَهَنَّأْتُ الطَّعَامَ۔
(اِسْتَهْنَأَ) فُلانًا: عطیہ طلب کرنا (۲) مدد طلب کرنا۔
— الطعامَ ونحوَهُ: کھانے وغیرہ سے مزہ لینا۔
(المَهْنَأُ): خوشگوار و من پسند چیز (ج) مهانئُ
(الهَنَاءُ) مبارکباد۔
(الهَانِئُ): خادم۔
(الهِنْءُ): تارکول کی پالش (۲) بخشش، عطیہ (۳) رات کا ایک حصہ۔
(الهِنَاءُ): تارکول (۲) کھجوروں کا گچھا۔
(الهَنِيءُ): مرغوب، پسندیدہ چیز (۲) بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔ طَعَامٌ هَنِيءٌ: مرغوب اور جلد ہضم ہونے والا کھانا۔
(هَنِبَ) (س) هَنَبًا: بے وقوف ہونا هو أَهْنَبُ وهي هَنْبَاءُ وهَنْبَى۔
(الهِهْنَبُ): انتہائی بے وقوف۔
(الهُنَّبَاءُ): بے وقوف، بخیل (۲) پگلی عورت
(الهُنَّبى): بمعنى الهُنَّبَاءُ۔
(الهَنْبَثَةُ): مصیبت، تکلیف دہ سنگین معاملہ (۲) الجھی ہوئی غیر واضح بات (ج) هَنَابِثُ
(الهِنَّبْرُ): ناکارہ چمڑہ۔ (۲) ناکارہ کناروں والا چمڑہ۔
(تَهَنْبَسَ): خبروں کی ٹوہ لگانے والا۔
(هَنْبَصَ) الرجلُ: ہنسی چھپانا۔
(الهِنْبَصُ): ناکارہ گھٹیا کمزور۔
(الهُنْبُصُ): بڑے پیٹ والا۔
(هَنْبَعَ) فلانٌ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
(الهُنْبُعُ): کنیزوں کا رومال جو آگے سے سلا ہوا ہوتا ہے۔
(هَنْبَغَ): بھوکا ہونا۔

— العَجَاجُ: گرد و غبار کا کثرت سے اڑنا۔
(الهَنْبَاغُ): سخت بھوک۔ بطور وصف کہتے ہیں جُوْعٌ هِنْبَاغٌ: سخت بھوک۔
(الهُنْبُغُ): بے وقوف یا بدکار عورت۔ (۲) چھوٹی جوں (۳) باریک غبار (۴) چپکنے والا۔
(هَنْبَلَ) الرَّجُلُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
(تَهَنَّجَ) الجنينُ: رحم میں بچہ کا حرکت کرنا اور اس میں جان پڑنا۔
(هَنَدَ) (ن) هُنَادًا: اُلو کی طرح چیخنا۔
(هَنَّدَ) الرجلُ: بمعنى هَنَدَ: (۲) کام میں کوتاہی کرنا (۳) قبیح گالی دینا (۴) کسی کی گالی سن کر برداشت کرنا اور جواب نہ دینا۔
— المرأةُ بقلبه: عورت کا کسی کے دل کو دیوانہ بنا دینا۔
— فلانًا: عورت کا کسی کو معشوقانہ انداز میں فریفتہ کر لینا۔
— الرجلُ فلانًا: کسی کے ساتھ حسنِ سلوک اور رواداری کا معاملہ کرنا۔
— السَّيْفَ: تلوار کو تیز کرنا۔
(المُهَنَّدُ): ہندوستانی لوہے کی بنی ہوئی تلوار (یہ سب سے بہترین لوہا ہے)
(الهِنْدُ): اونٹوں کی جماعت جو سو سے دو سو تک اونٹوں پر مشتمل ہو۔
(الهِنْدُ): جنوبی ایشیاء کا برصغیر جو پاکستان، بنگلہ دیش اور بھارت پر مشتمل ہے۔
(الهِنْدُوانِيُّ): بمعنى المُهَنَّدُ۔
(هُنَيْدَةُ): ہند کی تصغیر (۲) سو اونٹوں کا گلہ (یہ معروفہ غیر منصرف ہے) اس پر نہ الف لام آتا ہے نہ اس کی جمع ہے نہ واحد۔
(الهُنَيْدَةُ): سو سال، ایک صدی، مسلمہ بن حرشب کا شعر ہے

ونصر بن دهمان الهنيدة عاشها
ولتسعين عامًا ثم قُوِّم فانصاتا

(الهِنْدِبا) و(الهِنْدِباءُ): کاسنی کا پودا۔
(هَنْدَزَ) الرجلُ القَنِيَّ والابنية

والالاتِ ونحوَها : مخصوص فنی طرز پر عمارات اور آلات تعمیر کرنا۔

(الهِنْدَازُ) : حد و حساب۔ جیسے اعطاهُ بلا حسابٍ ولاهِنْدَازٍ۔

(الهِنْدَازَةُ) : لمبائی ناپنے کا پیمانہ (۲) ۷۶ سینٹی میٹر کا گز جو عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (مو)

(الهِنْدَوْزُ) : تجربہ کار گہری نظر والا آدمی (ج) هَنَادِزَةٌ۔

هُمْ هَنَادِزَةُ هٰذَا الأمْرِ : وہ اس کام کے ماہر ہیں۔

(هَنْدَسَ) الرَّجُلُ القُنِي والآلاتِ ونحوها : هَنْدَزَها۔

(المُهَنْدِسُ) : انجینئر۔

(الهِنْدِسُ) : تجربہ کار گہری نظر کا آدمی (۲) بہادر شیر۔

(الهَنْدَسَةُ) : فن تعمیر، علم ہندسہ، اقلیدس، انجینئرنگ۔ وہ علم ریاضی جس میں خطوط وابعاد سطوح وزوایا اور کمیات وتصاویر مادیہ سے باعتبار خواص وقیاس اور ان کے باہمی تعلق کے تناسب سے بحث کی جاتی ہے۔

الهَنْدَسَةُ النَّظَرِيَّةُ : مادہ کے خواص فطری توانائیوں کے سرچشموں اور ان کے استعمال کی طریقوں سے متعلق وہ سائینٹیفک اصول جس سے مادی مقاصد کا حصول ہوتا ہے۔

الهَنْدَسَةُ التطبيقية أو العمليّةُ : اشیاء کی تیاری اور ان کی ترتیب وتناسب کاری میں سائنٹفک اصول وضوابط سے استفادہ کا فن۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں۔

الهَنْدَسَةُ الآليةُ والميكانيكيةُ : میکانیکل انجینئرنگ۔

الهندسَةُ الحَرْبِيَّةُ : فن سپہ گری۔

الهَنْدَسَةُ الكهربيّةُ : الیکٹریکل انجینئرنگ۔

— الهَنْدَسَةُ المَدَنِيَّةُ : سول انجینئرنگ (شہری انجینئری)

هَنْدَسَةُ الطُّرُقِ والجُسُورِ : سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کا فن۔

الهندسة والصحية : علم حفظان صحت۔

الهندسة الزراعيّةُ : فن زراعت۔

(الهَنْدَسِيُّ) : علم ہندسہ سے متعلق (۲) علم ہندسہ کا عالم۔ انجینئر (محدثہ)

(الهِنْدَوْسُ) : تجربہ کار اور صاحب نظر آدمی۔

(الهُنْدُوْسُ) : ماہر اور جاننے والا۔ جیسے هو هُنْدُوْسُ هٰذَا الأمْرِ (ج) هَنَادِسَةٌ۔

(هَنْدَمَ) الرجلُ الأشياءَ هَنْدَمَةً : خاص ترتیب اور مقدار سے اشیاء تیار کرنا۔

(الهِنْدَامُ) : لباس وقامت کا عمدہ امتزاج۔

(هَنَعَ)(ف) هَنْعًا : تابع ہونا۔ هو هَانِعٌ (ج) هُنَّعٌ۔

— الشيءَ : تہہ کرنا۔

(هَنِعَ) فلانٌ (س) هَنَعًا : جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ هو أهْنَعُ وهي هَنْعَاءُ (ج) هُنْعٌ۔

(الأهْنَعُ) : عرب عورت اور عجمی باپ سے پیدا شدہ بچہ هي هنعاءُ (ج) هُنْعٌ۔

(الهُنَاعُ) : انسان کی گردن کی ایک بیماری

(الهَنْعَاءُ) أكمةٌ هنعاءُ : چھوٹا ٹیلہ۔

(الهَنْعَةُ) : برج جوزا کے دو ستارے جو چاند کی چھٹی منزل ہے۔

(هَنَغَ) الرجلُ والمرأةُ (ف) هَنْغًا : چپکے چپکے عشقیہ باتیں کرنا۔

— المرأةُ : بدکاری کرنا۔

(هَانَغَ) المرأةَ : عورت سے چپکے چپکے عشقیہ باتیں کرنا۔ (۲) عورت ومرد کا خفیہ طور پر عشقیہ باتیں کرنا۔

(الهَيْنَغُ) : بدکار عورت (۲) ہر ایک پر راز افشاں کرنے والی (۲) ہنس مکھ عشق باز عورت

(أهْنَفَ) : جلدی کرنا۔

— الصَّبِيُّ : رونے کے قریب ہونا۔

— المرأةُ : عورت کا ٹھٹھے کے انداز میں ہنسنا۔

(هَانَفَ) فلانٌ غيرَهُ : دل لگی کرنا، چھیڑنا۔

(هَنَّفَ) فلانٌ : بہت جلدی کرنا۔

(تَهَانَفَ) بفلانٍ : کسی پر ہنسنا، تعجب کرنا۔

(تَهَنَّفَ) فلانٌ : رونا۔

(الهِنَافُ) : ہلکی ہنسی، مسکراہٹ۔

(الهُنُوْفُ) : الهِنَافُ۔

(هَنِقَ)(س) هَنَقًا : تنگ دل اور بے چین ہونا۔

(أهْنَقَ) فلانًا : کسی کو پریشانی اور گھٹن میں مبتلا کرنا۔

(هَانَمَ) فلانًا بحديثٍ : سرگوشی کرنا۔

(هَيْنَمَ) فلانٌ : اللہ سے دعا کرنا (۲) پوشیدہ کلام کرنا۔

(المُهَيْنِمُ) : چغل خور۔

(الهَانِمُ) : معزز خاتون (ج) هوانمُ (مع)

(الهَنَمُ) : کھجور کی ایک قسم۔

(الهِنَّمَةُ) : پست قد وبدشکل آدمی (۲) کمزور آدمی ۰ (۳) مبہم آواز (۴) وہ مہرہ جس کے ذریعہ عورتیں اپنے شوہروں کو مسحور کیا کرتی تھیں۔

(الهَيْنَامُ) : غیر واضح کلام (۲) پوشیدہ کلام۔

(الهَيْنَمُ) بمعنی الهَيْنَامُ : (۲) روئی۔

(الهَيْنَمَانُ) و(الهَيْنُوْمُ) : بمعنی الهَيْنَمُ۔

(هَنَّ)(ض) هَنًّا وهَنِيْنًا : غمزدہ کی طرح رونا (۲) ماتم کرنا، کسی کی یاد میں رونا (۳) درد بھری آواز میں رونا۔

(أهَنَّهُ) اللهُ : اللہ تعالیٰ کا کسی کو دماغ وقوت عطا کرنا۔

(الهَانَّةُ) : آنکھ کا ڈھیلا (۲) بھیجے کا بقایا (۳) اونٹ کے کوہان کی چربی۔ مَا بِهِ هَانَّةٌ : اس میں کوئی فائدہ اور خیر نہیں۔

(هَنَّا) : اسم اشارہ بعید کے لئے اس پر ہائے تنبیہ کا اضافہ کرکے کہتے ہیں۔ هَاهَنَّا : اور کاف خطاب کے ساتھ کہتے ہیں۔ هِنَّاكَ : اور کبھی کاف خطاب کی معیت میں ہاء تنبیہ لگاتے ہیں جیسے هَاهِنَّاكَ : اور قابل نفرت آدمی کو کہا جاتا ہے۔

هَاهَنَّا : درست ہو۔ پیچھے رہ۔

(الهِنَّةُ) : سیہی کی ایک قسم۔

(الهَنُ) : چیز (۲) گندی چیز سے کنایہ جس کا ذکر قبیح ہو (۳) آدمی سے کنایہ۔ يَاهَنُ أقبل : اے فلاں سامنے آ (یہ صرف ندا میں استعمال ہوتا ہے)۔

(الهَنَاةُ) : مصیبت (ج) هنواتٌ۔ (۲) آدمی سے کنایہ جیسے یاهُنَاةُ أقبل ویاهَنَاه أقبل : (یہ صرف ندا میں استعمال ہوتا ہے) امرؤ القيس کا شعر ہے۔

وقـــد رابــــنی قولهـــا یاهنـــا
هُوَيْحــــكَ الحــــق شرًا بشــــرّ

(هُنَا) : اسم اشارہ قریب اس کے ساتھ ہا تنبیہ مل جاتی ہے جیسے هاهُنَا اوهُنا : قریب آؤ ادھا آؤ (۲) کھیل کود لہو ولعب (یہ معرفہ ہے)۔ جیسے "وحديث الرّكب يومَ هُنَا"۔

(الهَنَةُ) هَنٌ : کی تانیث (ج) هَنَاتٌ وهَنَوَاتٌ : حدیث میں ہے (ستکون هَنَاتٌ وهَنَاتٌ : کچھ فتنے اور ہنگامے ہوں گے۔

(الهِنُو) : وقت جیسے مَطَى هِنْوٌ مِنَ اللَّيْلِ۔

(هُنَيْهَةٌ وهُنَيَّةٌ) : تھوڑی دیر، تھوڑا سا وقت۔ حدیث میں ہے (أنَّهُ اقام هُنَيَّةً)۔

هُنَيَّةٌ : هَنَةٌ کی تصغیر قیاس کے مطابق ہے۔ لیکن هُنَيْهَةٌ : میں هنيةٌ : کی یاء کو ہاء سے بدل دیا گیا ہے۔

(هَهْ) : یاددہانی اور دھمکی کا اسم صوت۔

(هَاهْ) : روک ٹوک اور دھمکی کا لفظ (۲) ہنسنے والے کی ہنسی کی آواز۔

ھ......و

(الهُوَ) : (تصوف کی اصطلاح میں)

هو : سے مراد حق تعالٰی کی ذات ہے بلا اعتبار صفات وظہور جس کا شہود وظہور غیر کے لئے ہو ہی نہیں سکتا یہ امور باطنیہ میں سب سے زیادہ مخفی اور پوشیدہ ہے۔

(الهُوِيَّةُ) : کسی شے کی حقیقت، یا شخصیت جو غیر سے ممتاز کرنے والی ہو (۲) شناختی کارڈ (محدثہ)

(هَاءَ) بفلانٍ (ن) هَوْءًا : خوش ہونا۔

— بنفسه إلَى المَعَالِي : ترقی کی راہ پر گامزن ہونا۔

— بفلانٍ عَنْ كَذَا : کسی بات سے بلند اور بری الذمہ ہونا۔

— بفلان خيرًا او شرًّا اوفلانًا بخيرٍ أوْ شرٍّ : کسی کے بارے میں اچھا یا برا گمان رکھنا۔

(هَوِئَ) إليه (س) هَوَأً : دل میں ارادہ اور عزم کرنا۔ هو هَوِئٌ۔

(هَاوَأَ) فلانًا : کسی پر فخر کرنا۔

(هَاءَ) : کلمہ تلبیہ میں حاضر ہوا (یہ مبنی برفتحہ ہوتا ہے) اور نداء کے جواب میں بولا جاتا ہے۔

(الهَوْءُ) : ارادہ، ہمت (۲) درست اور پختہ رائے جیسے إنَّهُ لذو هَوْءٍ : (۳) گمان کہتے ہیں وقع في هوئي كذا

(الهَوْبُ) : بے وقوف فضول گو (ج) اهواب : (۲) آگ (۳) سورج کی تپش (۴) دوری، بعد، فاصلہ۔

(هَوْبَرٌ) : (دیکھئے هبر)

(الهُوْبَرُ) : (دیکھئے هبر)

(هَوَّتَ) بِه : کسی کو دیکھ کر چیخنا۔

(الهُوتَةُ) : پست زمین (۲) پانی کی طرف ڈھلوان راستہ (ج) هُوَتٌ وهُوَتٌ۔

(هَوِجَ) (س) هَوَجًا : بے وقوف ہونا (۲) حماقت اور نادانی کے ساتھ لمبا ہونا۔ هو أهوج وهي هوجاءُ (ج) هُوجٌ۔

(أُهْوِجَهُ) : بے وقوف پانا (۲) لمبا اور بے وقوف پانا (۳) جنگجو اور بہادر پانا۔

(تَهَوَّجَ) مبالغةٌ في هَوِجَ۔

(الأهْوَجُ) : جنگجو اور بہادر۔

(الهَوْجَاءُ) : انتہائی تیز رفتار اونٹنی (۲) زبردست آندھی طوفان (ج) هُوجٌ۔

ضَرْبَةٌ هَوْجَاءُ : ایسی ضرب جو اندر تک سرایت کر جائے۔

(هَادَ) (ن) هَوْدًا : توبہ کرنا اور حق کی طرف لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے (إنَّا هُدْنَا إلَيْكَ) هو هَائِدٌ (ج) هُودٌ۔

— فلانٌ : یہودی ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ)

— في المنطق : آہستگی اور نرمی سے بولنا۔

(هَاوَدَ) فلانًا : کسی سے میل جول رکھنا، صلح کرنا، ساتھ دینا، مخالفت نہ کرنا۔

(هَوَّدَ) : آہستگی سے چلنا۔

— فلانٌ : ہلکی آواز نکالنا۔

— بالصَّوتِ : نرمی اور آہستگی سے آواز گھمانا (۲) گانا گانا (۳) پرسکون (۴) سونا (۵) کوہان کی جڑ کھانا۔

— فلانًا : یہودی بنانا (۲) مست کرنا، لہو ولعب میں لگانا۔

— الشَّرَابُ فلانًا : شراب کا کسی کو مدہوش کر دینا اور سلا دینا۔

(تَهَوَّدَ) فلانٌ : حق کی طرف لوٹنا اور نیک عمل کرنا۔ (۲) کسی قانونی یا شرعی بندھن میں بندھنا (۴) یہودی بن جانا۔

— في مشيه : آہستہ چلنا۔

(التَّهْوِيدُ) : ریت پر ہوا کی ہلکی سرسراہٹ۔

(الهَوَادَةُ) : نرمی وسہولت (۲) سکون (۳) رخصت، تخفیف (۴) باہمی تعلق ومحبت (۵) وہ چیزیں جن سے لوگوں میں بھلائی کی امید کی جائے (۶) عہد وپیمان، رشتہ وتعلق

(الهُودُ) هَائِدٌ کی جمع (۲) یہودی قوم۔ قرآن مجید میں ہے : (وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَى تَهْتَدُوا)

(الهَوْدَةُ) : کوہان کی جڑ (ج) هَوْدٌ۔

(اليَهُودُ) : سامی الاصل قوم یہود ان کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ ان کا نام یہودا بن یعقوب کے نام پر رکھا گیا ہے۔

(اليَهُودِيُّ) : ایک یہودی (۲) یہودیوں کی طرف منسوب۔

(اليَهُودِيَّةُ) : یہودیت۔

(الهَوْدَكُ) : موٹا۔

(الهَوْذَةُ): طائر بھٹ تیتر کی مادہ۔ (ج) هُوَذٌ۔
(هَوْذَةُ): پرندہ کی ایک قسم (غیر منصرف)
(اليَهُوْذِيُّ): یہودی۔
(هَارَ) البِنَاءُ ونَحْوُهُ (ن) هَوْرًا وهُؤُورًا: عمارت کا گرنا (۲) عمارت میں شگاف اور دراڑیں پڑ جانا۔
— فلانًا بالأمْرِ هَوْرًا: کسی پر کسی بات کا الزام لگانا یا گمان کرنا۔
— عَلَى الشيءِ: کسی چیز پر آمادہ کرنا۔
— عنهُ: روکنا، پھیرنا، ہٹانا۔
— فلانًا: پچھاڑنا (۲) دھوکہ دینا۔
— القَوْمَ: لوگوں کو قتل کر کے لاشوں کے ڈھیر لگا دینا۔
— الشيءَ: اندازہ لگانا۔
— البناءَ: عمارت کو گرانا۔
(هَوَّرَ) البناءَ: عمارت کو گرانا۔
— غَيْرَهُ: پچھاڑنا۔
(اهْتَوَرَ): ہلاک ہونا۔
(انْهَارَ) البِنَاءُ: عمارت کا گرنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ)
(تَهَوَّرَ) البناءُ ونحوهُ: عمارت کا گر جانا۔
— فلانٌ: لاپرواہی کی وجہ سے کسی معاملہ میں پڑ جانا۔
— عَلَى غَيْرِهِ: بے وقوفی اور انجام سے غفلت کی بنا پر کسی پر حملہ کر دینا۔
— الشِّتَاءُ: سردی کے موسم کا اختتام کے قریب ہونا اور سردی میں کمی آ جانا۔
— الليلُ: رات کے اکثر حصہ کا گزر جانا اور اندھیرے میں کمی آ جانا۔
— الوَعْكُ النَّاسَ: کسی بیماری یا بخار کا لوگوں میں پھیل جانا۔
(التَّيْهُوْرُ): تودے سے گری ہوئی ریت۔
(الهَائِرُ): کمزور اور لاچار کمزور بوڑھا۔
(الهَارُ): بمعنى الهائر: (۲) (تودہ) کی گری ہوئی ریت۔

(الهَارِئُ): بمعنى الهائر۔
(الهَوَارَةُ): ہلاکت ونقصان جیسے لا هَوَارَةَ عليه: وہ تباہ نہ ہو۔
(الهَوْرُ): بکریوں کا ریوڑ (۲) پانی کی جھیل جس میں بلندیوں سے پانی گر کے اسے وسیع کر دیتا ہو۔ (ج) أَهْوَارٌ۔
(الهَوْرَةُ): ہلاکت خیز جگہ یا سبب ہلاکت (ج) هَوَرَاتٌ۔
(الهُوْرَةُ): الزام وتہمت، بدگمانی۔
(الهَيِّرُ): اشیاء میں لاپروائی اور غفلت برتنے والا۔
(الهَوْرَعُ): بے وقوف عورت۔
(هَوَّزَ) الرجلُ: مرجانا۔
(الهُوْزُ): مخلوق (۲) لوگ۔ مَا فِي الهُوْزِ مثلك: لوگوں میں آپ جیسا کوئی نہیں۔ ما أدري أَيُّ الهوز هو؟: نہ جانے وہ کس قسم کا آدمی ہے۔
(هَوَّزُ): حساب جمل کا دوسرا مجموعہ، هوز۔ اسکے حروف میں سے ہر ایک کوئی نہ کوئی عددی قیمت ہے۔
(الهَوْزَبُ): گدھ (۲) طاقتور اور مضبوط اونٹ۔
(الهَوْزَنُ): غبار۔
(هَاسَ) (ن) هَوْسًا وهَوَسَانًا: زمین پر مکمل ٹیک لگاتے ہوئے چلنا (۲) گھومنا (۳) رات کو بلاخوف وخطر گھومنا۔
— الإبلُ: اونٹوں کا چرنا اور چلنا۔
— الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑ بکریوں میں بھیڑیے کا گھس کر تباہی مچانا۔
— فلانٌ هَوْسًا: جلدی سے کھانا۔
— الشيءَ: کوٹنا، باریک کرنا (۲) خراب کرنا
— الإبلَ: نرمی سے ہانکنا۔ هو هَائِسٌ وهي هَائِسَةٌ۔
(هَوِسَتِ) النَّاقَةُ (س) هَوَسًا: اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش والا ہونا۔ هي هَوِسَةٌ۔
— القَوْمُ: لوگوں کا جھگڑے اور فساد میں مبتلا ہونا۔

— الرَّجُلُ: نیم پاگل ہونا۔
(هَوَّسَ) الشيءَ: کوٹنا۔
— اللهُ فلانًا: خدا تعالیٰ کا کسی کو نیم پاگل کر دینا۔
(تَهَوَّسَ) فلانٌ: نرم زمین پر بھاری قدموں سے چلنا۔
(الهَوَسُ): نیم پاگل پن۔ خبط۔ سنک۔
(الهَوَّاسُ): مبالغہ کا صیغہ، بڑا خبطی (۲) تجربہ کار اور بہادر آدمی (۳) خونخوار شیر۔
(الهَوَّاسَةُ): بمعنى الهوّاس۔
(الهَوِيْسُ): دل کی بات (۲) غور وفکر (۳) نہر وغیرہ پر بنا ہوا پل جو مشینی طریقہ پر اونچے پانی کو نچلے پانی سے کشتیوں کی منتقلی کے لئے روکتا ہے۔ (د)
(المُهَوِّسُ): دل ہی دل میں بات کرنے والا۔
(هَاشَ) القومُ (ن) هَوْشًا: لوگوں میں ہل چل اور اضطراب پیدا ہونا (۲) فساد برپا ہونا۔
— الإبلُ ونحوها: اونٹوں وغیرہ کا لڑائی میں بدک کر بھاگنا اور منتشر ہونا۔
— الى فلانٍ: کسی کی طرف لپکنا۔ هو هَائِشٌ وهي هائشةٌ۔
(هَوِشَ) فلانٌ (س) هَوَشًا: کمزوری کی وجہ سے پیٹ کا چھوٹا ہونا۔
(هَاوَشَ) فلانٌ القومَ: لوگوں سے میل جول اور اختلاط رکھنا۔
(هَوَّشَ) القومُ: باہم میل جول رکھنا۔
— فلانٌ بينَ القَوْمِ: لوگوں میں بگاڑ اور فساد پیدا کرنا۔
— الرِّيحُ بالتُّرَابِ: ہوا کا طرح طرح کی مٹ اڑا کر لانا۔
— فلانٌ الشيءَ: ادھر ادھر سے سمیٹ کر لانا۔
(تَهَاوَشَ) القومُ: آپس میں مل جل جانا۔
(تَهَوَّشَ) القومُ: باہم مل جل جانا۔
— عَلَى فلانٍ: کسی کے پاس جمع ہو جانا۔
(الهَائِشَةُ): دن یا رات میں پیش آنے والا دردناک یا خوفناک واقعہ (۲) ایک دریائی خیالی جانور

جو مسافر کو ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک لے جاتا ہے۔

(الهُوَاشُ): حلال وحرام جمع کیا ہوا مال۔

(الهُوَاشَةُ): جمع کیا ہوا حلال وحرام مال (۲) مخلوط گروہ۔

(الهَوْشُ): جنگ میں شریک لوگوں کی بڑی تعداد (۲) معدہ کا خالی ہونا۔

(الهَوَّاشَةُ): إِبِلٌ هَوَّاشَةٌ: بدکے ہوئے اونٹ جو اِدھر اُدھر سے اکٹھے کئے جائیں۔

(الهَوِيشَةُ): مخلوط گروہ۔

(هَاعَ) فلانٌ (ن) هَوْعًا: گھبرانا اور بے چین ہونا (۲) انتہائی حریص اور لالچی ہونا۔

— فِي الحَرْبِ: جنگ میں شور مچانا۔

— مِنْ فلانٍ: کسی سے تنگ آنا۔

— القَوْمُ بعضهم إلى بعضٍ: لوگوں کا ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا۔

— فلانٌ هَوْعًا وهُوَاعًا: قے ہونا۔ هو هَائِعٌ وهي هَائِعَةٌ۔

(هَوَّعَ) فلانًا: قے کروانا' کہتے ہیں هَوَّعَهٗ مَا أَكَلَ۔

(تَهَوَّعَ): قے ہونا۔

— القَيْءَ: تکلف سے قے کرنا۔ تَهَوَّعَ نَفْسَهٗ: بھی کہتے ہیں۔

(الهَاعُ) رَجُلٌ هَاعٌ: حریص آدمی۔ رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ: بزدل اور ڈرپوک آدمی۔ ایسے ہی امرأةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ۔

(الهُوَاعُ): ماہ ذیقعد کا نام (ج) هواعات وأَهْوِعَةٌ۔

(الهُوَاعَةُ): قے میں پیٹ سے نکلنے والی چیز۔

(الهُوعُ): دشمنی (۲) سخت حرص۔

(الهَوْفُ): گرم ہوا (۲) تیز ٹھنڈی ہوا۔

(الهُوفُ): تیز ہوا گرم ہو یا سرد (۲) نکما بزدل (۳) بے وقوف۔

(الهَوْفَةُ): وہ گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو کر کیچڑ ہو جاتا ہے اور پرندے اسے پسند کرتے ہیں (ج) هُوَقٌ۔

(هَوِكَ) الرَّجُلُ (س) هَوَكًا: کم عقل و بے وقوف ہونا۔ هو أَهْوَكُ وهَوِكٌ وهُوْكٌ۔

(هَوَّكَ) فُلانٌ: گڑھا کھودنا۔

— فلانًا: بے وقوف ٹھہرانا (۲) حیران و پریشان کرنا۔

(انهاكَ) فلانٌ: حیران ہونا (۲) حماقت اور غفلت کی وجہ سے کسی مشکل میں پھنسنا۔

(تَهَوَّكَ) فلانٌ: بمعنی إِنْهَاكَ: (۲) ہلاکت کے گڑھے میں گرنا۔ (۳) بولنے میں مضطرب ہونا۔

(الهُوْكَةُ): گڑھا۔

(الهَوِكَةُ) أَرْضٌ هَوِكَةٌ: شور زمین۔

(الهَوِكُ): بڑا بے وقوف۔

(الهَوَّاكُ): حیران و پریشان۔

(الهَوَّاكَةُ): حیران و پریشان عورت (۲) شور زمین۔

(هَالَ) (ن) هَوْلًا: خوفزدہ اور مرعوب ہونا۔

— المرأةُ النَّاظِرَ بحسنها: عورت کا دیکھنے والے کو اپنے حسن سے مبہوت کر دینا۔

— الأَمْرُ فلانًا: خوفزدہ اور پریشان کر دینا۔ هو هَائِلٌ وهي هَائِلَةٌ۔

(هِيلَ) السّكرانُ: نشہ آور کا ڈراؤنے خیالات سے گھبرانا۔

(هَاوَلَ) الشيءُ فلانًا: خوف زدہ کرنا۔

(هَوَّلَ) عَلَى فلانٍ: کسی کو ڈرانا (۲) حملہ کرنا۔

— المراةُ: عورت کا لباس اور زیور سے آراستہ ہونا۔

— فلانًا: انتہائی دہشت زدہ کرنا' خوب ڈرانا۔

— الأَمْرَ: کسی معاملہ کو ڈراؤنا اور خوفناک بنا دینا۔

(اهْتَالَ) فلانٌ: ڈرنا۔

(تَهَوَّلَ) للنَّاقَةِ وتَهَوَّلَهَا: اونٹنی کو قابو میں کرنے کے لئے خوفناک درندہ کی شکل بنانا۔

— لِمَالِ فلانٍ ومَالَ فُلانٍ: کسی کے مال کو نظر لگانا۔

(اسْتَهَالَ) الأَمْرَ: کسی معاملہ کو سنگین اور ہولناک پانا۔

(التَّهَاوِيلُ): ڈراؤنی چیز (۲) جس سے ڈرایا جائے (۳) کجاووں پر سرخ سبز اور زرد رنگ کی اون (۴) تصاویر' نقش ونگار ہتھیاروں کپڑوں اور زیورات کی سجاوٹ۔ واحد تهويلٌ: (۵) باغیچوں میں کھلے ہوئے پھولوں کے رنگ (۶) مختلف ملے جلے رنگ واحد تَهْوَالٌ۔

(الهَالُ): آل (خاندان)

حَبُّ الهَالِ: الائچی۔ اسے حبہان بھی کہتے ہیں۔

(الهَالَةُ): چاند کا گھیرا یا کسی بھی آسمانی جسم کو محیط روشنی کا گھیرا (ج) هَالَاتٌ۔ (۲) خوفزدہ' گھبراہٹ کا شکار (۳) سنگین اور مشکل معاملہ (ج) أَهْوَالٌ وهُوُولٌ۔

ابو الهَوْلِ: مصر میں فرعون کے زمانہ کا ایک زبردست قدیم مجسمہ جس کا جسم شیر جیسا اور سر انسان جیسا ہے جس سے قوت وطاقت کی طرف اشارہ ہے اس کی لمبائی 20 میٹر اور چوڑائی 4 میٹر ہے۔

(الهُوْلَةُ): تعجب (۲) ڈراؤنی چیز (۳) وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے (۴) وہ حسین وجمیل عورت جسے دیکھنے والا دنگ رہ جائے۔

(الهِيلَةُ): بمعنی الهَوْلُ۔

(الهَوْلَعُ والهَوَلَّعُ): (دیکھئے هلع)

(هَوَّمَ): اونگنا (۲) نیند سے جھومنا۔

(تَهَوَّمَ): بمعنی هَوَّمَ۔

(الأَهْوَمُ): بڑے سر والا۔

(التَّهْوِيمُ): سونے کی ضرورت کا احساس (ج)

(الهَامَةُ): سر (۲) سر کا بالائی یا درمیانی حصہ' کھوپڑی (۳) لوگوں کی جماعت (۴) ایک چھوٹا سا پرندہ جو رات میں اکثر قبرستانوں میں رہتا ہے (۵) اُلو (۶) زمانہ جاہلیت میں عربوں کے اعتقاد کے مطابق مقتول کے سر سے ایک پرندہ نکل کر اسقونی اسقونی کہتا ہے حتیٰ کہ مقتول کا بدلہ لے لیا جائے اسے "الصّدٰی": بھی کہتے ہیں (ج)

ھَامٌ۔
بناتُ الھامِ: دماغ کا مغز۔
ھَامَۃُ القومِ: قوم کا سردار۔
(الھُوَامُ): جنونِ عشق (۲) سخت ترین پیاس۔
(الھَوْمُ): اونگھ (۲) نشیبی زمین۔
ھَوْمُ المَجُوْسِ: چنبیلی کی طرح کا ایک پودا جسے مجوسی عبادت کے وقت استعمال کرتے تھے۔ اس پودے سے گردے کی پتھری کی دوائی تیار کی جاتی ہے۔ فارسی میں اسے مُرَّانیه: کہتے ہیں۔
(الھَوْمَاۃُ والھَوْمَۃُ): جنگل بیابان، چٹیل میدان۔
(ھَانَ) فلانٌ ھُوْنًا وھَوَانًا ومَھَانَۃً: ذلیل ورسوا ہونا۔ کہاوت ہے (اذا عَزَّ اخوكَ فَھُنْ): اگر تمہارا بھائی تمہارے ساتھ سختی برتے تو تم نرمی سے پیش آؤ۔
— الشیئُ علیه ھَوْنًا: آسان ہونا (۲) ہلکا اور خفیف ہونا ھو ھَیِّنٌ وھَیْنٌ (ج) اھْوِنَاءُ
— ھُنْ عِنْدِی الیَوْمَ: آج تم میرے پاس قیام کرو۔
(أھَانَ) فلانٌ الأمْرَ أو الشَّخْصَ: کسی کام یا شخص کو معمولی وحقیر سمجھنا۔
(ھَاوَنَ) فلانٌ نَفْسَهٗ: اپنے اوپر رحم کرنا۔
(ھَوَّنَ) الأمْرَ علیه: کسی معاملہ کو کسی کے لئے آسان وہلکا رکھنا۔
(تَھَاوَنَ) بالأمْرِ: کسی بات کو حقیر ومعمولی سمجھنا۔
(اِسْتَھَانَ) بالأمْرِ: حقیر ومعمولی سمجھنا۔
(الأھْوَنُ): معمولی، آسان (۲) زیادہ آسان۔ کہاوت ہے (أھْوَنُ من قعیس عَلٰی أُمِّهٖ): قعیس اپنی ماں کا جتنا تابعدار تھا اس سے بھی زیادہ تابعدار (۲) زمانہ جاہلیت میں پیر کا دن۔
(الھَاوُنُ): پتھر یا لوہے یا پیتل کی بنی ہوئی اوکھلی (۳) کھرل (ج)
(الھَاوُوْنُ) بمعنی الھَاوُنُ (ج) ھَوَاوِیْنُ۔
(الھَوْنُ): الھَاوُنُ: حقیر وگھٹیا (۳) سدھا ہوا تابعدار گھوڑا (۴) عاجزی وقار۔ قرآن مجید میں ہے: (وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْأَرْضِ ھَوْنًا): (۵) نرمی (۶) سنجیدگی و متانت۔
— عَلٰی ھَوْنِكَ: آہستہ یا سنبھل کر۔
(الھُوْنُ): ساری مخلوق۔ کہتے ہیں ما ادری ای الھُوْنِ ھو: میں نہیں جانتا وہ کس قسم کا (۲) سخت (۳) رسوائی۔ قرآن مجید میں ہے (أَیُمْسِكُهٗ عَلٰی ھُوْنٍ)
(الھُوْنَۃُ): سنجیدہ عورت (۲) مطیع اور فرماں بردار عورت (۳) کمزور اور مردانہ خصائل کی مالک عورت (۴) امن وسلامتی، صلح وصفائی (ج) ھون۔
(الھُوْنٰی): ذلت ورسوائی (۲) وقار وسنجیدگی، تواضع، عاجزی۔
(الھُوَیْنٰی): باوقار چال جیسے ھی تمشی الھُوَیْنٰی: (۲) راحت وآرام آسودگی۔
(الھِیْنَۃُ): امش عَلٰی ھِیْنَتِكَ: آرام سے چلو۔
(الھَیِّنُ): حقیر وذلیل (۲) باوقار سنجیدہ (۳) آسان اور ہلکا قرآن مجید میں ہے (وَتَحْسَبُوْنَهٗ ھَیِّنًا وَّھُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمٌ): اور (ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ): اسم تفضیل اس کا اھون: ہے جیسے (ھُوَ الَّذِیْ یَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَھُوَ أَھْوَنُ عَلَیْهِ)
(تَھَوَّهَ) فلانٌ: آہ وبکا کرنا، کراہنا۔
(الھَاھَۃُ): خسرہ، چھوٹ چیچک۔
(الھَوَاھِیُ): فضول اور بے ہودہ باتیں۔ جیسے جَاءَ فلانٌ بالھواھِیُ: فلان فضول باتیں کرتا ہے (۲) چال کی ایک قسم۔
(الھَوَاھِیَۃُ): بزدل۔
(الھَوْھَاءُ): کمزور بزدل آدمی (۲) وہ کنواں جس میں اترنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔
(الھَوْھَاۃُ): کمزور دل بزدل آدمی (۲) بیوقوف (۳) وسیع وعریض بیابان (ج) الھیاھی: (۴) ھواھی کا واحد بمعنی چال کی ایک قسم۔
(الھُوْھُ): بزدل اور ڈرپوک آدمی۔
(الھُوْھَۃُ): بزدل آدمی۔
(الھُوُّ): زمین کا کنارہ (۲) روشن دان، طاق۔
(الھُوَّاءَۃُ): گہرا گڑھا، کھائی، غار۔
(الھَوَّۃُ): روشندان (ج) ھِوَاءٌ وھُوًی۔
(الھُوَّۃُ): انتہائی گہرا گڑھا (۲) کنواں وقع فلانٌ فی ھُوَّۃٍ: فلاں بند کنویں میں گر گیا۔
فلانٌ ھُوَّۃٌ: بے وقوف آدمی جس کے پیٹ میں کوئی بات نہ ٹھہرتی ہو۔ (ج) ھُوًی وھُوٌّ وھُوِیٌّ۔
(ھَوٰی) الشیئُ (ض) ھُوِیًّا وھَوَیَانًا: بلندی سے پستی کی طرف گرنا۔
— العقابُ علی صیدٍ: عقاب کا شکار پر جھپٹنا۔
— فلانٌ فی السَّیْرِ: آگے بڑھنا۔ (۲) تیز چلنا۔
— یَدُهٗ لِلشیئِ: کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھنا۔
— الرجلُ ھَوَّۃً: چڑھنا۔
— ھُوِیًّا وھَوَاءً: ہلاک ہونا۔
— المرأۃُ: عورت کا بچہ سے محروم ہوجانا، قرآن مجید میں ہے (فَأُمُّهٗ ھَاوِیَۃٌ)
— صدرہٗ ھَوَاءً: سینہ کا خالی اور صاف ہونا۔
— الطعنَۃُ ھُوِیًّا: بیزہ کی ضرب کا خون کا فوارہ جاری کردینا۔
— الرِّیحُ ھَوِیًّا: ہوچلنا۔
— الأذُنُ: کان بجنا۔
(ھَوِیَ) فلانٌ فلانًا (س) ھَوًی: محبت کرنا۔ ھُوَ ھَوٍ وھِیَ ھَوِیَۃٌ۔
(أھْوٰی) الشیئُ: گرنا
— فلانٌ بالشیئِ: اشارہ کرنا۔
— فلانٌ بیدہٖ للشیئِ: ہاتھ بڑھانا۔
— یَدُهٗ للشیئِ: کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
— العقابُ للصَّیْدِ: عقاب کا شکار پر جھپٹنا۔
— الشیئَ: اوپر سے ڈالنا۔
— فلانًا: کسی کو ہاتھ مار کر پکڑ لینا۔

(ھَاوَى): تیز چلنا۔
ـــ فلانًا: کسی کے ساتھ جھگڑنا۔(۲)ہمدردی کرنا' کسی کی مرضی پر چلنا۔ ھَاوَاہُ: بھی کہتے ہیں۔
(ھَوّٰی) المکانَ: کسی جگہ صاف ستھری ہوا داخل کرنا۔
ـــ الکیمیاوِیُّ الغازَ: سیال چیز میں گیس کو تحلیل کرنا(مج)
(اِھْتَوٰی) إلی فلانٍ بشیئٍ: کسی چیز کے ذریعہ کسی کی طرف اشارہ کرنا۔
ـــ فلانًا: کسی کو ہاتھ مار کر پکڑنا۔
(اِنْھَوٰی) الشیئُ: نیچے گرنا۔
(تَھَاوٰی) فلانًا: تیز چلنا۔
ـــ القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے پر گرنا۔
(اِسْتَھْوٰی) الشیئُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کو بھا جانا' پسند آجانا' دل موہ لینا۔
ـــ فلانًا: کسی کو اتنا متاثر اور گرویدہ کرنا کہ بے چوں وچرا ہر بات کو تسلیم کرے۔ جال میں پھنسانا۔ قرآن مجید میں ہے (کَالَّذِی اسْتَھْوَتْهُ الشَّیَاطِیْنُ)
(التَّھْوَاءُ): رات کی کوئی گھڑی۔
(الھَاوِی): ٹڈی (۲) حرف الف (۳) کسی ورزش اور کھیل وغیرہ کا شوقین وگرویدہ (مج) (ج) ھواۃٌ۔
(الھَاوِیَۃُ): مونث الھاوی: (۲) فضا' موسم (۳) جہنم (بغیر الف لام کے غیر منصرف ہے)
(الھَوٰی): میلان' محبت (۲) عشق (خیروشر دونوں میں) (۳) نفس کی خواہش (۴) شہوت پرست نفس۔ قرآن مجید میں ہے (أَفَرَأَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰھَهٗ ھَوَاهُ): (۵) محبوب وپسندیدہ چیز۔ (ج) اھواءٌ: قرآن مجید میں ہے (وَلَا تَتَّبِعُوْا اَھْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا)
(الھَوَاءُ): ہوا' وہ گیس جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے (۲) موسم' فضا (ج) أھوِیَۃٌ: (۳) وہ چیزوں کے درمیان کا خلا (۳) ناہموار تلی چیز جس میں کوئی چیز نہ ٹھہرتی ہو۔ (۴) ہر خالی چیز (۵) بزدل' ڈرپوک۔
قلبٌ ھَوَاءٌ: خالی دل (واحد وجمع دونوں کے لئے) قرآن مجید میں ہے (وَأَفْئِدَتُھُمْ ھَوَاءٌ)
(الھَوَائِیُّ): ایریل' انٹینا۔ وہ تار جو ریڈیو یا ٹیلی ویژن کی آواز وتصویر طاقتور اور صاف کرنے کے لئے کسی چھڑی یا ستون سے اونچی جگہ باندھ کر ریڈیو یا ٹیلی ویژن سے جوڑ دیتے ہیں۔ (مج)
(الھِوَایَۃُ): پسندیدہ مشغلہ (Hobby) (جس کو پیشہ بنائے بغیر انسان اپنی دلچسپی کا ذریعہ بنائے (مج)
(الھُوِیُّ): خواہش کی چیز (۲) کان کی سنسناہٹ (۳) رات کا ایک حصہ۔
(الھَوِیَّۃُ): انتہائی گہرا کنواں۔

ھ......ی

(ھَاءَ) فلانٌ (ف) (یَھَاءُ ھَیْئَۃً): خوش منظر اور اچھی شکل وصورت کا ہونا۔
ـــ لِلْأمْرِ: کسی کام کے لئے تیاری کرنا۔
ـــ إِلَیْهِ ھَیْئَۃً: کسی کا مشتاق ہونا۔
(ھَایَأَهٗ) فِي الْأمْرِ وعلیه: کسی بات میں کسی سے موافقت کرنا۔
(ھَیَّأَ) فلانٌ الأمْرَ تھیئۃً وتھییئًا: ٹھیک کرنا (۲) آسان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: (وَّھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۝)
ـــ الشیئَ: کسی خاص مقصد کے لئے تیار کرنا۔ جیسے ھَیَّأَ المَصْنَعَ وھَیَّأَ الطَّعَامَ۔
(تَھَایَأَ): باہم موافق اور مماثل ہونا۔
(تَھَیَّأَ) لِلْأمْرِ: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا' تیاری کرنا۔
(المُھَایَأَۃُ): موافقت شدہ ومتفق علیہ معاملات۔
(الھَیْئُ): کھانے پینے کے لئے بلانے کی آواز۔
(الھَیْئَۃُ): شکل وصورت' حالت' ہیئت' ہر چیز کی وہ حالت جس پر وہ قائم ہو معقول ہو یا محسوس۔ قرآن مجید میں ہے (وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّیْنِ کَھَیْئَۃِ الطَّیْرِ بِاِذْنِیْ): (۲) کیفیت' خاص علامت (۳) ایسی جماعت جسے کوئی خاص کام سونپا گیا ہو۔
ھیئۃُ الأمم المتحدۃ: اقوام متحدہ۔
ھیئۃُ مجلس الادارۃ: مجلس انتظامی۔ (ج) ھیئات (مو)
عِلْمُ الھَیْئَۃِ: علم فلکیات' وہ علم جس میں اجرام سماویہ کے احوال' ان کے باہمی تعلق اور زمین پر ان کے اثرات سے بحث کی جائے۔
(الھَیِّئُ): خوبصورت ہیئت والا۔
(الھَیِّیءُ): خوش منظر۔
(ھَابَهٗ) (س) ھَیْبًا ومَھَابَۃً: کسی کی تعظیم وتکریم کرنا (۲) کسی سے ڈرنا اور بچنا۔ ھُوَ ھَائِبٌ: برائے مبالغہ ھَیَّابٌ وھیبان وھیّب وھیبان وھُیُوْبَۃٌ: اسم مفعول مھوب مَھِیْبٌ (ھَابَهٗ) (ض) ھَیْبَۃً: ھَابَهٗ۔
(أَھَابَ) بِهٖ: کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی دعوت دینا' اپیل کرنا۔ ترغیب دینا جیسے اھبتُ بصاحبی الی الخیر: میں نے اپنے ساتھ کو بھلائی کی ترغیب دی۔
ـــ بالخیل ونحوھا والرّاعی بغنمه: ھَابِ ھَابِ کہہ کر روکنے یا واپس آنے کے لئے گھوڑوں یا بکریوں کو بلانا۔
(ھَیَّبَ) الشیئَ إلی فلانٍ: کوئی چیز کسی کے لئے خوفناک بنانا۔
(اِھْتَابَ) الشیئَ: کسی چیز سے مرعوب و خوفزدہ ہونا۔
ـــ الشیئُ فلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔ کہتے ہیں تھیّبنی الشیئ: میں اس چیز سے ڈر گیا۔ ابن عقیل کا شعر ہے۔

وما تھیّبنی المومــــاۃ أرکبھا
اذا تجاوبت الأصداء بالسحر

(المُتَھَیِّبُ): شیر۔
(الھَیَّبَانُ): خوفزدہ ومرعوب آدمی (۲) بزدل (۳) چرواہا (۴) بکرا (۵) مٹی۔
(ھَیْتَ): کلمۂ تعجب۔ جیسے ھَیْتَ لِلْحِلْمِ: کیا خوب بردباری ہے۔

ھ

هَیتِ لَكَ : آجا۔ چلا آ۔ (واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کے لئے) لیکن بعد والے لفظ میں مخاطب کالحاظ کر کے کہاجائے گا۔
هَیتَ لَکُمَا ولکم ولکنّ۔
(الهِیتُ) : زمین کا گہرا گڑھا۔
(هَیتَاهُ) و(هَیتَاهُ) : کتے کو شکار پر چھوڑنے کے لئے بولا جاتا ہے۔
(هَاثَ) الشیءُ(ض)هَیثًا وهَیثَانًا : حرکت کرنا۔
— **القَومُ** : لڑائی میں لوگوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔
— **فلانٌ فی الشیءِ** : کسی چیز بے دردی سے لینااورخراب رنا۔
— **من المَالِ** : اپنی ضرورت کے بقدر مال لینا۔
— **فی کیلهٖ** : ناپ تول میں کمی کرنا۔
— **لفلانٍ** : کسی کوتھوڑی چیز دینا۔
— **برجلِهِ التّرابَ** : پاؤں سے مٹی کریدنا۔
(هَایَثَ) فلانًا : مال وغیرہ کی کثرت میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(تَهَایَثَ القومُ) : لوگوں کا لڑائی میں باہم گتھم گتھا ہونا۔
(تَهَیَّثَ) لفلانٍ شَیْئًا : کسی کو کچھ دینا۔
(اِسْتَهَاثَ) الشیءَ : کسی چیز کو زیادہ سمجھنا۔ یا زیادہ طلب کرنا۔
— **المالَ وفیه** : مال تباہ کرنا۔
(المُهَایِثُ) : پورے کا پورا لینے والا یاہاتھ بھر کر لینے والا۔
(الهَایِثَةُ) : **هَایِثَة القوم** : لوگوں کا شوروشغب۔
(الهَیثَةُ) : لوگوں گروہ۔
(هَاجَ) النَّبتُ(ض)هَیجًا : نبات کا زرد ہونا۔ سوکھنا۔ قرآن مجید میں ہے (ثُمَّ یَهِیجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا)
— **الأرض هیجًا وهَیَجَانًا** : زمین کے پودوں کا سوکھ جانا۔ هی هَائِجَةٌ۔

— **القومُ هَیجًا وهِیَاجًا وهَیَجَانًا** : لوگوں کا مشتعل ہونا۔ جوش میں آنا۔
— **الشَّرُّ** : فتنہ کا زور پکڑنا۔
— **الحَربُ بَینَهم** : لوگوں میں جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
— **الابلُ** : اونٹوں کا پیاسا ہونا۔
— **السماءُ** : تیز ہوا کے ساتھ آسمان پر گھٹا چھا جانا۔
— **الشیءَ او فلانًا** : حرکت دینا، جوش دلانا مشتعل کرنا۔
— **الابِلَ** : اونٹوں کو حوض یا چراگاہ لے جانے کے لئے رات کو حرکت میں لانا۔
(أهَاجَ) : **أهَاجَتِ الرِّیحُ النبتَ** : ہوا کا پودوں کو خشک کر دینا۔
(أهْیَجَ) الأَرْضَ : زمین کو خشک گھاس والی پانا۔
(هَایَجَ) فلان فلانًا : مشتعل کرنا۔ جوش دلانا۔ (۲) لڑنا، جنگ کرنا۔
(هَیَّجَهُ) : جوش دلانا۔ مشتعل کرنا۔
(اهْتَاجَ) : مشتعل ہونا۔ برانگیختہ ہونا۔
(تَهَایَجَ) القومُ : لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
(تَهَیَّجَ) الشیءُ : جوش مارنا، بھڑکنا۔
(المِهْیَاجُ) : وطن کی محبت و چاہت (۲) اونٹوں میں سب سے پہلے پیاسا ہونے والا اونٹ۔
(الهَائِجُ) : مشتعل و برانگیختہ **هاج هائجة** : وہ مشتعل ہوگیا۔
(الهَاجَةُ) : مادہ مینڈک (۲) شتر مرغ (۳) وہ بکری جس میں جفتی کیا خواہش نہ ہو۔
(الهَیْجُ) : لڑائی (۲) تیز ہوا (۳) فتنہ۔
(الهَیْجَاءُ) : جنگ، لڑائی۔
(الهِیَاجُ) : جنگ، لڑائی۔
(هَیَّخَ) الهَرِیسَةَ : میٹھے دلیے یا آٹے کے حلوہ میں گھی زیادہ کرنا۔
— **الفحلُ** : اونٹ کو اونٹنی یا نر کو مادہ سے جفتی کے لئے اکسانا۔
(الهَیِّخُ) : وہ اونٹ جو "هیخ" : سن کر بلبلانا شروع کردے۔
(هَادَهُ)(ض)هَیدًا وهَادًا : حرکت دینا، ہلانا (۲) ڈانٹنا۔ خوفزدہ کرنا، بے چین کرنا۔ (۳) درست کرنا (۴) باز رکھنا۔ ہٹانا۔
(هَیَّدَ) السَّائِرُ : تیز چلنا۔
— **الأمرُ فلانًا** : کسی معاملہ کا کسی کو تکلیف اور اضطراب میں مبتلا کرنا۔
(الهَیُدُ) : بڑا (۲) بے چین و مضطرب۔
(الهَیْدَانُ) : ست و بزدل آدمی۔
(الهَیدَبُ) : (دیکھئے هدب)
(الهَیدَبِی) : (دیکھئے هدب)
(الهَیدَبیُّ) : (دیکھئے هدب)
(الهَیدَكُورُ) : موٹی جوان اور جوانی کی ادائیں دکھانے والی عورت (۲) گاڑھا دودھ۔
(الهَیدَكُورَةُ) : بمعنی الهیدكور۔
(الهَیدَلَةُ) : (دیکھئے هدل)
(الهَیذَامُ والهَیذَمُ) : دیکھئے هذم)
(هَیَّرَ) فلان البناءَ : عمارت گرانا۔
(تَهَیَّرَ) البناءُ : عمارت کا گرنا۔
(الهَیَارُ) : گرنے والی یا گرنے کے قریب چیز
رجلٌ هَیَارٌ : کمزور آدمی جو گرنے کے قریب ہو۔
الهَیَارُ الثَّلْجِیُّ : پہاڑوں سے گرنے والی برف (ج)
(الهَیْرُ) : شمالی ہوا، بادصبا۔
(الهِیَرُ) : آدھی رات سے کم حصہ۔
(الهَیرَةُ) : ہموار زمین۔
(الهَیَّارُ) : کمزور آدمی۔
(هِیرَ اطِیقِی) : ایک قسم کا تیز لکھا جانے والا ہیر وکلفی، شکست خط جس میں ہیروکلفی اشارات ورموز استعمال کئے جاتے ہیں۔ (ج)
(الهَیرَعُ والهَیرَعَةُ) : دیکھئے هرع)
(الهِیرُودِینُ) : ایک مادہ جو خون کو اس کی نالیوں میں منجمد ہونے سے روکتا ہے اور علق سے

نکالا جاتا ہے۔ (مج)

(ھیرُو غلیفی) : اہل یونان کے نزدیک نقش مقدس مغرب کے لوگ اسکا اطلاق ان قدیم مصری تحریروں پر کرتے ہیں۔ جو قدیم مصریوں کے مقبروں اور عبادت گاہوں میں کندہ ہے۔ (مج)

(الھِیْرُوِیْنُ) : ہیروئن۔ مارفین سے تیار کیا جانے والا نشہ آور مرکب۔ (مج)

(الھَیْزَبُ) : (دیکھئے ھزب)

(ھَاسَ) فلانٌ (ض) ھَیْسًا : کسی بھی طرح چلنا۔

— من الشیئِ : بکثرت کوئی چیز پانا۔

— الشیئَ : پاؤں سے کچلنا۔

— الارْضَ : زمین کو کوٹنا۔

(ھَاسٰی) فلانٌ فلانًا : مذاق اڑانا۔

(۲) ھَیْسِ ھَیْسِ : کہہ کر مذاق اڑانا۔

(الأَھْیَسُ) : بہادر و دلیر (۲) ہر شے کو توڑ دینے والا سخت و مضبوط۔

(ھَیْسِ ھَیْسِ) : کسی کام پر اکسانے کے لئے کسی کو یہ لفظ کہا جاتا ہے۔

(ھَاشَ) القومُ (ض) ھَیْشًا : جوش میں آنا۔

— بعضھم إلٰی بعضٍ : ایک دوسرے پر چڑھائی کرنا۔

— فلانٌ : بہت گالی گلوچ کرنا۔

— فلانٌ فی القَوْمِ : لوگوں میں فتنہ فساد برپا کرنا۔ (۲) خوش اور مست ہونا۔

— الشیئَ : خراب کرنا (۲) سمیٹنا، جمع کرنا۔

(تَھَیَّشَ) القومُ بعضھم إلٰی بعضٍ : ایک دوسرے پر چڑھائی کرنا۔

(الھَیْشَۃُ) : مخلوط جماعت (۲) فتنہ۔

(ھَاصَ) الطَّیْرُ (ض) ھَیْصًا : بیٹ کرنا۔

— فلانٌ بالشیئِ : کسی چیز کی سختی میں مبتلا ہونا۔

— عُنُقَہٗ : گردن توڑنا۔

(المَھَایِصُ) : پرندوں کے بیٹھنے اور بیٹ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَھْیَصٌ۔

(ھَاضَ) العَظْمَ (ض) ھَیْضًا : جڑنے کے قریب ہونے والی شکستہ ہڈی کو دوبارہ توڑنا۔

— فلانٌ الشیئَ : توڑنا (۲) نرم کرنا۔ حضرت عائشہؓ کا قول ہے (واللہ لو نزل بالجبال الراسیات ما نزل بأبی لھاضھا)

— الکَرٰی فلانًا : نیند کا کسی کے بدن کو توڑنا اور کمزور کر دینا۔

— الحُزْنُ قَلْبَہٗ : غم کا کسی کے دل کو بار بار لاحق ہونا۔

— المرضُ فلانًا : صحت یابی کے بعد بیماری کا دوبارہ لوٹ آنا۔

(ھَیَّضَ) فلانًا : جوش دلانا، برانگیختہ کرنا۔

(اھْتَاضَ) : لازم ھَاضَہٗ۔

(تَھَیَّضَ) العظمُ : بمعنی انھَاضَ۔

— الغرامُ فلانًا : کسی کو دوبارہ عشق لاحق ہونا۔

(المُسْتَھَاضُ) : بیمار یا شکستہ ہڈی والا جس کی بیماری لوٹ آئے یا ہڈی دوبارہ ٹوٹ جائے۔

(الھَیْضُ) : نرم۔

(الھیضاءُ) : جماعت۔

(الھَیْضَۃُ) : غم وحزن کا بار بار آنا (۲) بیماری کا لوٹنا (۳) ہیضہ (ایک بیمار جس میں سخت قے اور دست آتے ہیں)

(ھَاطَ) فلانٌ (ض) ھَیْطًا : شور وغل مچانا (۲) چلے جانا۔

(ھَایَطَ) : شور مچانا۔

— فلانًا : کمزور سمجھنا۔

(تَھَایَطَ) القومُ : لوگوں کا یکجا ہو کر اپنے معاملات درست کرنا۔

(الھِیَاطُ) ھم فی ھِیَاطٍ ومِیَاطٍ : ان میں شور وشر بابرپا ہے۔

(الھَیْطُ) مازال فی ھَیْطٍ وھَیْطٍ : اس نے شور برپا کر رکھا ہے۔

(ھَاعَ) الشیئُ (ض) ھَیْعًا وھَیَعَانًا : پھیلنا، بچھنا۔

— فلانٌ : کسی کو بھوک لگنا (۲) گھبرانا اور بزدلی دکھانا۔

— الشیئُ ھیاعًا : پھیلنا، وسیع ہونا۔

— الابلُ إلی الماءِ : اونٹوں کو پانی کی خواہش ہونا۔

— الماءُ ونحوُہٗ علٰی وجہِ الأرْضِ ھَیْعًا : پانی وغیرہ کا زمین پر بہنا۔

— الرَّصَاصُ ونحوُہٗ ھَیَعَانًا : سیسہ وغیرہ کا پگھلنا۔

— فلانٌ (ف) ھَاعًا : کمزوری کے ساتھ حرص وخواہش میں بڑھنا۔

— ھَیَعَانًا : اکتانا، تنگ ہونا۔

— من الحبِّ والحُزْنِ ھَیْعًا : محبت یا غم سے پریشان ہونا (۲) قے کرنا۔

(تَھَیَّعَ) الشیئُ : خوب پھیلنا۔

— السرابُ : سراب چمکنا۔

— فلانٌ : حیران ہونا (۲) ظلم کرنا۔

— إلَی الشَّرِّ : شر کی طرف لپکنا۔

(المَھْیَعُ) : واضح راستہ (ج) مَھَایِعُ۔

(الھَائِعُ) لَیْلٌ ھَائِعٌ : تاریک رات۔ رَجُلٌ ھَائِعٌ لائِعٌ : ڈرپوک بزدل اور کمزور آدمی۔

(الھَائِعَۃُ) : ڈراؤنی آواز۔

(الھَاعُ) : خوفزدہ، ڈرپوک۔

رجلٌ ھَاعٌ لَاعٌ وھَاعٍ لاعٍ : کمزور بزدل اور ڈرپوک آدمی۔

(الھِیَاعُ) : ریحٌ ھیاعٌ لیاعٌ : تیز ہوا۔

(الھَیْعَۃُ) : خوفناک آواز (۲) وہ افواہ یا آواز جو حواس باختہ کرے۔

أرْضٌ ھَیْعَۃٌ : کشادہ اور ہموار زمین۔

(الھَیِّعُ) : رجلٌ ھَیِّعٌ لَیِّعٌ : بزدل اور ناسمجھ آدمی۔

(ھَیْعَرَ) : دیکھئے ھعر)

(تَھَیْعَرَتِ) المرأۃُ : (دیکھئے ھعر)

(الھَیْعَرَۃُ والھَیْعَرُونُ) : دیکھئے ھعر)

(ھَیِغَ) العامُ (س) ھَیَغًا : سال کا پیداوار والا ہونا۔

(أَهْيَعَ) القَوْمُ: لوگوں کا خوشحال ہونا۔

(هَيَّعَ) فلانٌ الثَّرِيدَةَ: ثرید کو مرغن بنانا۔

— المطرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین کو خوب تر کر دینا۔

(الأَهْيَعُ): بہت پنی (۲) پیداوار والا سال (۳) زندگی کی فراخی وآسودگی۔

(الأَهْيَعَانِ): خوشحالی، زرخیزی (۲) کھانا پینا۔ خورد ونوش، طعام وشراب۔

(هَافَ) ورقُ الشَّجر (ض) هَيْفًا: درخت کے پتوں کا گرنا۔

-فلانٌ (ف) (يَهَافُ) هيَافًا: جلدی پیاسا ہونا (۲) پیاس لگانے والی گرم ہوا سے پیاسا ہونا۔

— العبدُ هَيْفًا: غلام کا بھاگ جانا۔

— الغُلامُ: لڑکے کا پتلی کمر اور نازک اندام والا ہونا۔

— الإبلُ هِيَافًا وهُيَافًا: پیاس کی شدت سے اونٹوں کا اپنے منہ کھول کر جنوب کی گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔

(هَيِفَ) الغلامُ (س) هَيَفًا: هَافَ هو أَهْيَفُ وهي هيفاءُ۔

(أَهَافَ) الرجلُ: آدمی کے اونٹوں کا پیاسا ہونا۔

(اهْتَافَ): پیاسا ہونا۔

(تَهَيَّفَ): خشکی لانے والی گرم ہوا میں کھڑا ہونا۔

(اسْتَهَافَ): خشکی لانے والی گرم ہوا سے پیاسا ہونا۔

(المِهْيَافُ): وہ آدمی جس کو جلدی پیاس لگتی ہو اور وہ اس کو برداشت نہ کر سکے (۲) جلدی پیاسا ہونے والا (۳) خوش رفتار اونٹ وغیرہ۔

(الهَافُ): من الرجال: المِهْيَافُ۔

(الهَافَةُ): جلد پیاسی ہونے والی اونٹنی۔

إبلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ

(الهَيْفُ): پانی کو خشک کرنے والی، نباتات کو سکھانے والی اور حیوانات کو پیاسا کرنے والی گرم ہوا۔

(الهَيْفَانُ): پیاسا (۲) جلدی اور زیادہ پیاسا ہونے والا۔

(الهَيُوفُ) من الرجال: بمعنی المِهْيَافُ۔

(أَهْيَقَ) الظليمُ: شتر مرغ کا بہت لمبا ہونا۔

(الأَهْيَقُ): لمبی گردن والا۔

(الهَيْقُ): پتلا اور بہت لمبا (۲) نر شتر مرغ (ج) **أهياقٌ وهُيُوقٌ۔**

(الهَيْقَعَةُ): (دیکھئے هقع)

(الهَيْقَمُ): (دیکھئے هقم)

(الهيقمانيّ): (دیکھئے هقم)

(هَيْكَلَ، الهَيْكَلُ، الهيكلةُ: (دیکھئے هكل)

(هَالَ) فلانٌ الرّملَ ونحوَهُ (ض) هَيْلًا: ریت وغیرہ ڈالنا (۲) نچلے حصہ کو ہلا کر گرا دینا۔

(أَهَالَهُ) فلانٌ الشيءَ: زور سے ڈالنا۔

(هَيَّلَ) فلانٌ الشيءَ: زور سے ڈالنا۔

(انْهَالَ) عليه: مٹ وغیرہ پر گرنا۔

— القومُ عليه: کسی پر گالیاں اور مار کٹائی کرتے ہوئے ٹوٹ پڑنا۔

(تَهَيَّلَ) الشيءُ: کسی چیز کا ٹوٹ کر گرنا۔

(الأَهْيَلُ): لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت۔

(المَهِيلُ): گرایا جانے والا ریت۔ قرآن مجید میں ہے **(وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا)**

(الهَالُ): لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت۔

(الهَالَةُ): (دیکھئے هول)

(الهَيَالُ): گری ہوئی ریت۔

(الهَيِّلُ): گری ہوئی ریت۔

(الهَيَلَانُ): ریت وغیرہ گرنے کا سلسلہ۔

(الهَيُولُ): باریک اڑتے ہوئے ذرات جو روشن دان سے سورج کی روشنی اندر داخل ہونے کے دوران دکھائی دیتے ہیں۔

(الهَيُولَى): ابتدائی یا خام مادہ یا کسی چیز کے اجزاء ترکیبیہ جن سے وہ تشکیل پاتی ہے جیسے کرسی کے لئے لکڑی۔ بینچ کے لئے لوہا، کپڑوں کی بنائی کے لئے روئی (۲) قدماء کے نزدیک وہ مادہ جس کی کوئی معینہ شکل وصورت نہ ہو اور اس میں مختلف اشکال وصورت قبول کرنے کی صلاحیت نہ ہو اور اسی سے خداتعالیٰ نے عالم کے اجزاء مادیہ کی تخلیق کی ہے (۳) کسی تصویر یا مجسمہ کا ابتدائی خاکہ (۴) روئی۔

(الهَيُولَانِيُّ) مشروعٌ هَيُولَانِيٌّ: ابتدائی منصوبہ۔ **رَسْمٌ هَيُولَانِيٌّ:** ابتدائی نقشہ جو ابھی بنیادی خطوط تک محدود ہو۔

(الهَيْلَكُونُ): دیکھئے هلك)

(هَيْلَلَ) الرجلُ: لا الہ الا اللہ کہنا۔

(هَامَ) فلانٌ (ض) هَيْمًا وهَيَمَانًا: آوارہ مارا مارا پھرنا۔ بے تعین، منزل بھٹکتے ہوئے پھرنا۔

— فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پریشان ومتردد ہونا۔ قرآن مجید میں ہے **(أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ)**

— فلانٌ هُيَامًا: کسی کو بہت پیاس لگنا۔

— بفلانة هُيَامًا وتَهْيَامًا: کسی کی عشق ومحبت میں دیوانہ ہوجانا۔ **هو هَائِمٌ (ج) هُيَّامٌ وهُيَّمٌ۔**

(هَيَّمَ) الحبُّ فلانًا: محبت کا کسی کو دیوانہ کر دینا۔

(اهْتَامَ) فلانٌ لنفسه: اپنے لئے تدبیر و اکساب کرنا۔

(تَهَيَّمَ) فلانٌ: عمدہ چال چلنا۔

— المرأةُ الرَّجُلَ: عورت کا کسی کو اپنے عشق میں پھنسانا۔

(استُهِيمَ) فؤادُ فلانٍ: کسی کے دل کا عشق ومحبت میں دیوانہ ہونا۔

(الأَهْيَمُ) من الرجال ومن الإبلِ: سخت پیاسا آدمی یا اونٹ۔ هي هيماء (ج) **هِيمٌ:** قرآن مجید میں ہے **فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ)**

لَيْلٌ أَهْيَمُ: تاریک رات۔

(الهَيَامُ) من الرَّمْلِ: بہت باریک ریت جو چٹکی میں نہ ٹھہرے۔

(الھَیْمُ) ھَیْمُ اللہ: اللہ کی قسم۔
(الھَیْمَانُ): انتہائی پیاسا (۲) دیوانہ عشق۔
(الھَیُوْمُ): حیران وسرگردان۔
(ھَیْمَنَ): آمین کہنا۔
ــــ عَلٰی کذا: کسی پر مسلط ہونا' چھا جانا۔ قابض ہونا۔
ــــ الطائِرُ وعلٰی فراخِہٖ: پرندہ کا چوزوں پر پر پھیلانا۔
(المُھَیْمِنُ): خدا تعالیٰ کا نام۔ (اسم صفت) یعنی وہ ذات جو ہر چیز پر حاوی اور قابض ہے اور ہر چیز کی حفاظت اور نگرانی کرنے والی ہے قرآن مجید میں ہے (مُصَدِّقًا لِمَا بَیْنَ یَدَیْہِ مِنَ الْکِتَابِ وَمُھَیْمِنًا عَلَیْہِ)۔
(الھِیمُجْلُوْبِیْنُ): خون کا ایک سرخ مادہ (ج)
(الھَیْنَغُ): دیکھئے ھنغ)
(ھَیْنَمَ): دیکھئے ھنم)
(المُھَیْنِمُ): (دیکھئے ھنم)

(الھَیْنَامُ): (دیکھئے ھنم)
(الھَیْنَمُ): (دیکھئے ھنم)
(الھَیْنَمَانُ): (دیکھئے ھنم)
(الھَیْنَوْمُ): (دیکھئے ھنم)
(ھَاھٰی) فلانٌ بالابِلِ: اونٹوں کو پکارنا' جھڑکنا (۲) اونٹوں کے ساتھ رہنا۔
ــــ الکلاب: کتوں کو ڈانٹنا۔
(ھَاہْ): ڈرانے کی آواز (۲) ہنسنے کی آواز (۳) نوحہ خواں کی آواز (۴) جمائی کی آواز۔ حدیث میں ہے: (فاذا تثاءب احدکم فلیردہ ما استطاع ولا یقولنّ ھاہ ھاہ)
(الھَیِّہُ): گندا آدمی جس کے کپڑوں کی گندگی کے باعث اسے دور رکھا جائے۔
(ھِیہِ ھِیہِ): کسی چیز سے تنفر اور اسے دور کرنے کیلئے کہا جاتا ہے (۲) مزید کی فرمائش کے لئے بولا جانے والا کلمہ۔
(ھَیْھَاتُ): اسم فعل بمعنی جلدی کرو۔ قرآن مجید میں ہے (ھَیْھَاتَ ھَیْھَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ)۔

(ھَیَا): حرف نداء ہے اس کی اصل ایا ہے۔
ھَیَا ھَیَا: اونٹوں کو ڈانٹنے کا لفظ۔
(ھَیّ): اسم فعل امر بمعنی جلدی کرو۔ اس کے ساتھ کاف خطاب لگتا ہے جیسے ھیاك یا رجل: جناب جلدی کیجئے۔
ھَیُّ بنُ بَیّ: نامعلوم شخص کے بارے میں جو خود بھی غیر معروف ہو اور اس کا باپ بھی مجہول ہو۔
(ھَیَّا ھَیَّا): سواری کے جانوروں کو تیز چلنے پر ابھارنے کے لئے بولا جانے والا کلمہ۔
(ھِیَّا): برائے نہی' لیکن اس کے ساتھ کاف خطاب ہوتا ہے۔ بمعنی الگ رہ جیسے: ھِیَّاكَ و زیدًا: زید سے الگ رہ۔
(ھَیَّانُ): مَا ھَیَّانُ ھٰذَا: اس شخص کا کیا معاملہ ہے۔
ھَیَّانُ بْنُ بَیَّانٍ: ایسے شخص کے بارے میں جو خود بھی مجہول ہو اور اس کا باپ بھی معلوم نہ ہو۔

(٦) و

(الوَاوُ) : حروفِ تہجی کا ستائیسواں حرف، اس میں صفت جہر پائی جاتی ہے اور یہ حروف متوسط کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی اصل **وَيْوٌ** : ہے اس کا الف یاء سے بدلا ہوا ہے، کہتے ہیں **بيت وَاوًا حَسَنَةً** میں خوبصورت واؤ لکھا ہے۔ یہ کلام میں کبھی اصل حرف ہوتا ہے جیسے **وَعَدَ**: اور کبھی زائد ہوتا ہے جیسے **منصورٌ**: اور کبھی دوسرے حرف سے بدلا ہوتا ہے جیسے **يُوْذَنُ**: واؤ مفردہ کا استعمال چند طریقوں پر ہے۔

۱۔ عاطفہ، یہ مطلق جمع کے لئے ہے۔ کبھی شے کا عطف اس کے ساتھ والی شے پر کیا جاتا ہے جیسے **(فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ)** : کبھی اس سے پہلے والی شے پر جیسے **(وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ)** : اور کبھی اشے کے لاحق پر جیسے **(كَذٰلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ)** : واؤ کے معطوف اور معطوف علیہ میں تقارب یا تراخی بھی جائز ہے۔ جیسے **(إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ)** :.

۲۔ واؤ استیناف یعنی واؤ کا مدخول علیہ ماسبق سے الگ اور مستقل کلام ہوتا ہے جیسے: **(لِنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ)**

۳۔ واؤ حالیہ، یہ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داکل ہوتا ہے اور اس کا مدخول علیہ ماسبق میں مذکور فاعل کے لئے حال ہوتا ہے جیسے: **جَاءَ فلانٌ والشمسُ طالعةٌ** یا **جاء فلانٌ وقد طلعت الشمس**۔

۴۔ واؤ مفعول معہ۔ یہ اپنے مدخول علیہ کو نصب دیتا ہے جیسے **سِرْتُ والنِّيْلَ**۔

۵۔ مضارع منصوب پر داخل ہونے والا واؤ جو اسم صریح پر عطف کے لئے آتا ہے جیسے **"وَلُبْسُ عباءَةٍ وتقرَّ عيني**۔

یا اسم مؤول پر عطف کے لئے جیسے : **لَاتَنْهَ عَنْ خلقٍ وتاتِيَ مِثْلَهُ**۔

اس میں واؤ سے پہلے نفی یا طلب کا ہونا ضروری ہے۔

۶۔ واؤ قسم، یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے اور یہ صرف محذوف فعل سے متعلق ہوتا ہے جیسے **والقُرْآنِ الْحَكِيمِ**"۔

۷۔ وہ واؤ جس کا دخول وخروج یکساں ہو (واؤ زائدہ) جیسے **(حَتّٰى إِذَا جَاؤُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا)** ۔ یہ واؤ الا کے بعد بھی آتا ہے اور اس حکم کی تاکید کتا ہے جس کا اثبات مطلوب ہو جیسے **"مَا مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ طَمَعٌ أَوْ حَسَدٌ**۔

۸۔ واؤ ثمانیہ: اسے بہت سے ادباء، نحوین اور مفسرین نے ذکر کیا ہے ان کے خیال کے مطابق عرب کہتے ہیں **سِتَّةٌ سَبْعَةٌ وثَمَانِيَةٌ**۔ ان کا یہ قول اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ سبعۃ عدد تام ہے اور اس کے بعد عدد مستانف ہے، ان کی دلیل یہ ہے **(سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ)** ۔ الی قولہ تعالیٰ **(سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ)** ۔

۹۔ وہ واؤ جو اس جملہ پر داخل ہوتا ہے جس سے ماقبل کی صفت بیان کی جاتی ہے اور اس کا مقصد موصوف کے ساتھ اس جملہ کے لصوق واتصال کی تاکید ہوتا ہے **(عَسٰى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ)** ۔ بعض نحویوں نے اس واؤ کو حالیہ کہا ہے۔

۱۰۔ واؤ ضمیر المذکور۔ جمع مذکر کے صیغہ میں آنے والی واؤ جیسے **الرِّجَالُ قَامُوْا**۔

۱۱۔ واؤ الفصل: یہ واؤ صرف لکھنے میں آتا ہے جیسے **عَمْرٌو**۔ کا واؤ حالت رفع اور جر میں صرف **عُمَر**۔ سے ممتاز کرنے کے لئے لکھا جاتا ہے ایسے ہی فارقہ جیسے **اولئِكَ**۔ اور **أُوْلِيْ**۔ میں حروف عاطفہ میں واؤ عاطفہ کو پندرہ احکام میں انفرادیت وامتیاز حاصل ہے۔

(۱) اس کے معطوف میں تین معانی کا احتمال ہے **عطف الشيئِ على المصاحبته، عطف الشيئِ عَلَى سابقه** اور **عطف الشيء على لاحقه**۔

(۲) اما۔ کے ساتھ اقتران جیسے **(إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا)**۔

۳۔ لا۔ کے ساتھ اقتران جب کہ اس سے پہلے نفی ہو اور اس واؤ سے معیت کا ارادہ نہ کیا جائے جیسے **مَا قَامَ زَيْدٌ وَلا عمرٌو**۔

۴۔ لٰكِنَّ۔ کے ساتھ اقتران جیسے **قَامَ زيدٌ وَلٰكِنَّ عمروا جالس**۔

۵۔ مفرد سببی کا عطف اجنبی پر ربط پیدا کرنے کی ضرورت کے لئے جیسی **مررتُ بِرَجُلٍ قَائِمٍ زَيْدٌ وَأَخُوْهُ**۔

۶۔ عقد (دہائی) پر عدد کسری کے عطف کے لئے جیسے **أَحَدٌ وعِشْرُوْنَ**۔

۷۔ صفات مفرقہ کا عطف ہر صفت کے منعوت کے اجتماع کے ساتھ جیسے شاعر کا قول

بکیت وما بکی رجل حزین
علی ربعین مسلوب وبال

۸۔ **عطف ماحقه التثنية والجمع**: یعنی ایسے دولفظوں کا باہم عطف جن کو در حقیقت تثنیہ

یا جمع ہونا چاہئے۔ جیسے فرزدق کا قول ۔

اِنَّ الرزیۃ لا رزیۃ مثلھا
فقدان مثل محمد و محمد

۹۔ ایسے لفظ کا عطف جس سے استغناء ممکن نہ ہو جیسے **جلستُ بَیْنَ زَیْدٍ وعمرٍو۔**

۱۰۔ عطف العام علی الخاص جیسے : **(اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا)**

۱۱۔ عطف الخاص علی العام جیسے **"وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ"**۔

۱۲۔ ایسے عامل کا عطف جو حذف کر دیا گیا ہو اور اس کا معمول باقی ہو دوسرے عامل پر جبکہ یہ دونوں ایک معنی میں ہوں جیسے **"زَجَّجْنَ الْحَوَاجِبَ وَالعُیُوْنَا۔** یعنی **كَحَّلْنَ العُیُوْنَ**

۱۳۔ عطف الشئ علی مرادفہ جیسے قرآن مجید میں ہے **(اِنَّمَا اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰهِ) (اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ)**

۱۴۔ مقدم کا کسی ضرورت کی وجہ سے عطف اس کے متبوع پر جیسے

الا یا نخلۃ من ذات عرق
علیک ورحمۃ اللہ السلام

۱۵۔ عطف المخصوص علی الجوار جیسے **(وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَی الْكَعْبَیْنِ)**۔

و......ا

(وا): یہ دو طرح مستعمل ہے

۱۔ حرف ندا' جو ندبہ (اظہار غم) کے اسلوب کے لئے خاص ہے جیسے **وازیداہ' واظھراہ**: بعض علماء کے نزدیک اس کو نداء حقیقی میں استعمال کرنا بھی جائز ہے۔

۲۔ **اَعْجَبُ**: کا اسم ہو جیسے

وَابِأَبِی انت وفوک الاشنب
کانما ذُرَّ علیہ الزرنب

(وَأَبَ) فلانٌ(ض) (یَئِبُ) وَأْبًا وَاِبَةً: سر جھکانا (۲) ناک چڑھانا۔

ـــ **من الامر**: کسی بات سے شرما کر سکڑنا۔

ـــ **الحافِرُ(ض) وَأْبًا وَاِبَةً**: کھر کے کناروں کا ملا ہوا ہونا۔

(وَئِبَ) فلانٌ(س) (یَوْأَبُ) وَأَبًا: غصہ ہونا۔

(أَوْأَبَ) فلانٌ فلانًا: کسی کے ساتھ ایسا کام کرنا جس سے اس کو شرم محسوس ہو (۲) غضبناک کرنا (۳) ذلت کے ساتھ نامراد لوٹانا۔

(اِتَّأَبَ) فلانٌ: شرمندہ ہونا۔

ـــ **فلانًا**: ذلت کے ساتھ ناکام لوٹانا۔

(الاِبَةُ): شمندگی' ندامت' عار' شرم' انقباض۔

(التُّؤَبَةُ): شرم' کھسیاہٹ' رسوائی (اس کی اصل **الوُؤْبَةُ**: ہے)۔

(التُّؤُبَةُ) التُّؤْبَةُ: (اس کی اصل بھی **الوُؤْبَةُ**: ہے)۔

(المَوْئِبَةُ): بمعنی **التُّؤَبَةُ**۔

(الوَأْبُ): وہ کھر جس کے کنارے ہلکے خوب ملے ہوئے ہوں (۲) بڑا کشادہ پیالہ (ج) **أَوْآبٌ**۔

(الوَأْبَةُ): پست قد کی موٹی عورت (۲) کشادہ اور گہرا کنواں (۳) چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔

قِدْرٌ وَأْبَةٌ: چوڑی ہنڈیا۔

(الوَئِیْبَةُ): قِدْرٌ وَئِیْبَةٌ: گہری ہنڈیا۔

(الوَأْجُ): بھوک۔

(وَأَدَ) الرَّجُلُ ابْنَتَهٗ(ض) (یَئِدُهَا) وَأْدًا: لڑکی کو زندہ دفن کرنا۔ **هُوَ وَائِدٌ وَهِیَ وَئِیْدٌ وَوَئِیْدَةٌ ومَوْءُودَةٌ**: قرآن مجید میں ہے **(وَاِذَا الْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ)**

(اِتَّأَدَ) فلانٌ: سنجیدہ ہونا (۲) توقف کرنا' آہستگی اختیار کرنا۔

ـــ **فِیْ مَشْیِهٖ**: متانت سنجیدگی اور وقار سے چلنا۔

ـــ **فِیْ اَمْرِهٖ**: پختہ اور ثابت قدم ہونا۔

(تَوَأَّدَ) فلانٌ: اِتَّأَدَ۔

ـــ **علیهِ الْاَرْضُ**: زمین کا کسی کو غائب کر دینا' دھنسا دینا۔

(التَّوَأُدُ): متانت وسنجیدگی (۲) توقف' سکون' آہستگی۔

(التُّؤَدَةُ) بمعنی **التَّوَأُدُ**: (اس کی اصل الوُؤَدۃ ہے)

(الوَأْدُ): لڑکی کو زندہ درگور کرنے کی ایک جاہلانہ رسم (۲) زبردست آہٹ (۳) اونٹ کی بلبلاہٹ۔

(الوَئِیْدُ) بمعنی **الوَأْدُ**: (۲) آہستگی جیسے **مَشٰی مَشْیًا وَئِیْدًا**: وہ آہستگی سے چلا۔

(وَأَرَ) النَّارَ ولِلنَّارِ(ض) (یَئِرُهَا) وَأْرًا وإِرَةً: آگ جلانے کے لئے چولہا بنانا۔

ـــ **فلانًا وَأْرًا**: ڈرانا' خوفزدہ کرنا' دھمکی دینا (۲) آفت میں مبتلا کرنا۔

(أَوْأَرَهٗ): باخبر کرنا' بتانا (۲) متنفر کرنا' بھگا دینا۔

(وَأَّرَهٗ): برائی میں مبتلا کرنا۔

(الإِرَةُ): آگ (۲) آگ میں بھٹی جو حمام وغیرہ کے نیچے ہوتی ہے (۳) آگ کی لپٹ شعلہ (۴) دشمنی (۵) اوجھ میں پکایا ہوا گوشت (۶) سکہ اور گوشت ابال کر بنایا ہوا کھانا (۷) کوہان کی چربی (ج) **اِرَاتٌ وارون**۔

(الوِئَارُ): لپائی کی چکنی مٹی نکالنے کی جگہیں یا گڑھے۔

(الوَئِیْرَةُ): انتہائی گرم زمین۔

(المُؤْرَةُ): چولہا' بھٹی (ج) **وَأَّءٌ وأَوْرٌ**۔

(وَأَلَ) فلانٌ(ض) (یَئِلُ) وَأْلًا ووُءُوْلًا: چھٹکارا پانے کے لئے پناہ گیر ہونا۔

ـــ **اِلَی اللّٰهِ**: اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا۔

ـــ **اِلَی المَكَانِ**: جلدی سے جانا۔

(أَوْأَلَتِ) الماشِیَةُ فِی الكَلَأِ: جانور کا گھاس پر پیشاب اور مینگنیوں وغیرہ کے گندے نشان ڈالنا۔

ـــ **المكانُ**: جگہ کا اونٹوں اور بکریوں کی مینگنیوں سے آلودہ ہونا۔

ـــ **الماشیةُ المكانَ**: مویشیوں کا گوبر وغیرہ سے جگہ کو گندہ کرنا۔

(وَاءَلَ) فلانٌ مُؤاوَلَةً ووِئَالًا: پناہ گیر ہونا' چھٹکارا چاہنا۔
— الطائِرُ: پرندہ کا شکرہ کے ڈر سے کسی چیز کی پناہ تلاش کرنا۔
—(الإِلَةُ) : إِلَةُ فلانٍ: قریبی رشتہ دار(اصل: وِئْلَةٌ)
(الأَوَّلُ) : پہلا' اول' ضد الأخر: (اصل أَوْأَل وَوَأَل) (ج) الاوَائل والأَوَالِي ولأَوَّلُون۔
(الأُولَى) : مؤنث الأَوَّلِ (ج) الأُوَل۔
(المَوْئِلُ) : سیلاب رکنے کی جگہ (۲) ٹھکانہ جائے پناہ (۳) مرکز' مستقر۔
(المَوْئِلَةُ) : ٹھکانہ' مستقر (۲) جائے نجات' چھٹکارا اور خلاصی پانے کی جگہ۔
(الوَأْلُ) : بمعنی المَوْئِل
(الوَأْلَةُ) : بکریوں اور اونٹوں کی مینگنیوں کی بنا ہوا ڈھیر۔ کہتے ہیں اِنَّ بَنِیْ فُلَان وَقُوْدُهُمُ الوَأْلَةُ: فلاں قبیلے کا ایندھن ان کی بکریوں اور اونٹوں کی سنی ہوئی مینگنیاں ہیں۔
(وَأَمَهُ) (ف) (يَوْأَمُهُ) وَأْمًا: موافق ہونا' جوڑ لگنا۔
(اَتْأَمَتِ) الأُنْثٰى: مادہ کے بطن سے بیک وقت دو بچے پیدا ہونا۔ ھی مُتْئِمٌ: (دیکھئے تَأَم)۔
(وَاءَمَهُ) مُواءَمَةً ووِئَامًا: موفق ہونا' جوڑ ملنا۔ مقولہ ہے (لولا الوئام لَهَلَكَ الانَامُ): اگر لوگوں کا باہمی میل جول نہ ہوتا تو وہ ہلاک ہوجاتے۔ کہتے ہیں: وَاءَمَتِ المرأةُ صواحباتِها: عورت نے اپنی سہیلیوں کی طرح بناؤ سنگھار کیا۔
(وَأَمَ) اللهُ فُلَانًا: اللہ تعالی کا کسی کو بدشکل اور قبیح بنانا۔
— رَاسَهُ: سر کا بہت بڑا بنانا۔
(تَوَاءَمَ) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا باہم یکساں ہونا۔
— الفَتَيَاتُ: لڑکیوں کا ہم آہنگ اور ہم ذوق ہونا۔
— الغِنَاءُ: گانے کے سروں کا یکساں ہونا۔
(التَّوْأَم) : جڑواں بچے' دو یا دو سے زائد بیک وقت پیدا ہونے والے ایک بطن انسان وحیوان سے تَوْأَمُ کہائیں گے۔ ہر ایک دوسرے کا تَوْأَمُ: ہوگا۔ دونوں نر ہو یا مادہ یا ایک نر ہو اور دوسرا مادہ۔ (۲) کبھی ہر چیز کے جوڑے کو بھی توام: کہاجاتا ہے کبھی تانیث کو تَوْأَمَةٌ: اور تثنیہ کو توام: کہاجاتا ہے (ج) التَّوَائِمُ والتُّؤَامِ:
(دیکھئے تأم)
(المُؤْأَمَةُ) : بے چوٹی کا خود۔
(الوَأْمُ) : گرم مکان۔
(الوَأْمَةُ) : رجل وامة: دوسروں کی دیکھا دیکھی کام کرنے والا' نقال۔
(التَّوْأَنُ) : بدن کی کمزوری (۲) رائے کی ناپختگی۔
(الوَأْنُ) : چوڑا چکلا بدن۔
(الوَأْنَةُ) بمعنی الوَأْنُ۔
امرأَةٌ وَأْنَةٌ: بے وقوف اور بداخلاق عورت۔
(وَأْوَأَ) الكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔
(الوَأْوَاءُ) : گیدڑ کی آواز۔
(وَأَى) فُلَانًا (ض) (يَئِيْهِ) وَأْيًا: وعدہ کرنا (۲) ضامن بننا۔
— لَهُ: وعدہ کرنا (۲) ضامن بننا۔
— لِفلانٍ كذا: کوئی بات ذمہ لینا۔
— عَلٰى نفسِهِ كذا: کوئی بات ذمہ لینا۔
حدیث قدسی میں ہے (انّي قد رَأَيْتُ على نفسي ان اذكرَمَنْ ذكرني)
(اتّأى) : وعدہ مان لینا۔
(تَوَاءَى) القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
(اسْتَوْأَى) فلانٌ: وعدہ لینا۔ (۲) وعدہ مان لینا۔
(الوَأْيُ) : دل میں کیا ہوا پختہ وعدہ۔ حدیث عمرؓ میں ہے (من وأى لامرى بوأْي فَلْيَفِ بِهِ): اور مقولہ ہے (لَا خيرَ في وأي انجازهُ بعد لأي) : (۲) لوگوں کی تعداد (۳) وہم وگمان۔
(الوَأْيُ) مِنَ الدَّوَابِّ: مضبوط وتیز رفتار جانور۔
(الوَأْيَةُ) : بڑی کشادہ ہانڈی (۲) پھیلا ہوا پیالہ۔
(الوَئِيَّةُ) بمعنی الوَأْيَةُ: (۲) باسلیقہ گھریلو عورت۔ (۳) بڑا تھیلا' بورا۔

و......ب

(وَبَأَ) اِلَى الشَّيْءِ (ف) (يَوْبَأُ) وَبْئًا: اشارہ کرنا۔
— المتَاعَ: سامان باندھنا (۲) تیار کرنا۔
(وَبِئَتِ) الارضُ (ن) (تَوْبَأُ) وَبَأً: کسی علاقہ میں وبا پھیلنا۔ ھی وَبِئَةٌ
(وَبُؤَتِ) الأَرْضُ (ك) تَوْبُؤُ وَبَاءً ووباءةً: وبا پھیلنا۔ ھی وَبِيْئَةٌ۔
(وُبِئَتِ) الأَرْضُ (تُوبَأُ) وَبْئًا ووَبَاءً: وبا پھیلنا۔
(اَوْبَأَتِ) الأَرْضُ: بمعنی وَبِئَتْ۔
— فلانٌ اِلَى الشيءِ: اشارہ کرنا۔
— رَكِيَّةٌ لا تُوْبِئُ: ایسا کنواں جس کا پانی جاری ہو۔
(وَبَّأَ) اِلَى الشيءِ: اشارہ کرنا۔
— الشيءَ: باندھنا' پیک کرنا۔
(تَوَبَّأَ) فلانٌ البَلَدَ اَوِ المَاءَ: کسی کا کسی شہر و ملک یا آب وہوا کو موافق نہ پانا۔
(اسْتَوْبَأَ) فلانٌ الأَرْضَ: کسی علاقہ کو ناموافق پانا (۲) وبازدہ پانا۔
(المُوْبِئُ) : تھوڑا سا پانی (۲) منقطع ہوجانے والا پانی۔
(الوَبَأُ) : طاعون (۲) پھیلنے والی بیماری' وبا (ج) اَوْبَاءٌ۔
(الوَبَاءُ) بمعنی الوَبَأُ (ج) أَوْبِيَةٌ وَأَوْبِئَةٌ۔

و

(وَبَّخَهُ): ملامت کرنا' اظہار ناگواری کرنا (۲) تنبیہ کرنا' ڈانٹنا (۳) جھڑکنا' دھمکانا۔
(وَبِدَ) فلانٌ (س) (يَوْبَدُ) وَبَدًا: اہل وعیال کی کثرت اور مال کی قلت کی وجہ سے بدحال اور تنگدست ہونا۔ وَبِدَتْ حَالَهُ: بھی کہتے ہیں (۲) عیب دار ہونا۔
— عليهِ: غضبناک ہونا۔
— الثوبُ: کپڑے کا پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
— اليَوْمُ: دن کا گرم اور بے ہوا ہونا۔ هُوَ وَبِدٌ
(أَوْبَدَ) الشَّيْءَ: الگ تھلگ کرنا۔
(تَوَبَّدَ) أَمْوَالَ النَّاسِ: لوگوں کے اموال کو نظر لگا کر ضائع کر دینا۔
(اسْتَوْبَدَ) فلانٌ: عیال کی کثرت اور مال کی قلت کی بنا پر بدحال اور پریشان ہونا۔
(الوَبْدُ): چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جائے۔ (۲) لوگوں کی طرف حاجت۔
(الوَبَدُ) رَجُلٌ وَبَدٌ: معاشی طور پر تنگدست (مصدر بطور صفت' واحد وجمع برابر ہیں) لیکن جملہ کبھی أَوْبَادٌ بھی لائی جاتی ہے۔ (۲) چٹان کا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔
(وَبِرَ) البعيرُ ونَحْوُهُ (س) (يَوْبَرُ) وَبَرًا: اونٹ وغیرہ کا بہت اون والا ہونا۔ هُوَ وَبِرٌ أَوْبَرُ وَهِيَ وَبِرَةٌ وَوَبْرَاءُ۔
(وَبَّرَ) فلانٌ: جنگلی جانور کی طرح آوارہ گرد ہونا (۲) کچھ عرصہ کیلئے گھر میں گوشہ نشین ہونا۔
— وَلَدُ النَّعَامِ: شترمرغ کے بچہ کا روئیں دار ہونا۔
— الأَرْنَبُ اوالثَّعْلَبُ اَوالأَيِّلُ: خرگوش' لومڑی اور پہاڑی بکرے کا نشان قدم چھپانے کے لئے سخت زمین پر چلنا۔
— فلانٌ آثَارَهُ: کسی کا اپنے قدموں کے نشانات کو مٹانا۔
— عَلٰى فلانٍ الأَمْرَ: کسی سے کوئی بات چھپانا۔
— النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت کی قلم لگانا۔

(الأَوْبَرُ) بَنَاتُ أَوْبَرَ: مٹیالے رنگ کی چھوٹی سانپ کی چھتریاں۔ واحد ابنُ أَوْبَرَ۔ لَقِيتُ مِنْهُ بَنَاتِ أَوْبَرَ: مجھے اس سے تکلیف کا سامنا کرنا پڑا۔
(الوَابِرُ) مَا بالدَّارِ وَابِرٌ: گھر میں کوئی نہیں (یہ صرف منفی ہی استعمال ہوتا ہے)
(الوَبْرُ): نیولے اور خرگوش سے ملتا ہوا جانور جو لبنان میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ مادہ وَبْرَةٌ (ج) وَبْرٌ وَوُبُورٌ وِبَارٌ: (۲) موسم سرما کے آخری سات دنوں میں سے ایک۔
(الوَبَرُ): اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے نرم بال اون واحد وَبَرَةٌ (ج) أَوْبَارٌ۔
أَهْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔
(وَبِشَ) الظُّفرُ وَجِلْدُ البَعِيرِ (س) (يَوْبَشُ) وَبَشًا: ناخن یا اونٹ وغیرہ کی کھال کا سفید داغوں والا ہونا۔ هو وَبِشٌ۔
(أَوْبَشَ) السَّائِرُ: تیز چلنا۔
— الرَّجُلُ: کانے پینے کے لئے دسترخوان کو آراستہ کرنا۔
— الأَرْضُ: زمین کا روئیدگی والا ہونا۔
(وَبَّشَ) فلانٌ لِلْحَرْبِ: لڑائی کیلئے مختلف قبیلوں کے لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
— القَوْمُ فِيْ أَمْرٍ: کسی معاملہ سے مختلف جگہوں کے لوگوں کا وابستہ ہوجانا۔
— الأَظْفَارُ: ناخن پر سفید داغ پڑ جانا۔
— الجَمْرُ: ہوا لگنے سے چنگاریوں کا سلگنا۔
(الوَبَشُ) (ج) أَوْبَاشٌ: آوارہ اور بدچلن لوگ (۲) مختلف قسم کے بکھرے ہوئے پودے وغیرہ (۳) ناخن کا سفید داغ (۴) اونٹ کی جلد کو خارش کی وجہ سے پیدا ہونے والے داغ۔
وَبَشُ الْكَلَامِ: گھٹیا اور ردی کلام۔
(وَبَصَ) البَرْقُ وَنَحْوُهُ (ض) (يَبِصُ) وَبْصًا وَوَبِيصًا وَبِصَةً: چمکنا' جگمگانا۔
— القَمَرُ: چاند کا روشن ہونا۔
— الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

— الأَرْضُ: زمین پر خوب سبزہ اگنا (۲) زمین پر پہلی روئیدگی نمودار ہونا۔
— النَّارُ وَبِيصًا: آگ روشن ہونا۔
(وَبِصَ) الفرسُ وغيرُهُ (س) (يَوْبَصُ) وَبَصًا: گھوڑے کا چشت ہونا۔ هُوَ وَبِصٌ وَهِيَ وَبِصَةٌ۔
(أَوْبَصَتِ) الأَرْضُ: بمعنی وَبَصَتْ۔
— النَّارُ: آگ کے شعلے اٹھنا۔
— فلانٌ نَارَهُ: آگ جلانا' دھکانا۔
(وَبَّصَ) فلانٌ لفلانٍ بشيءٍ: کسی کو کوئی چیز دینا۔
— الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔
(الوَابِصَةُ): آگ (۲) انگارہ (۳) بجلی کی چمک۔ فلانٌ وَابِصَةُ سَمْعٍ: (وہ ہر ایک کی بات پر اعتماد کر لیتا ہے)
(الوَبَّاصُ): مبالغہ کی صفت۔ یعنی بہت روشن' انتہائی چمکیلا۔ حدیث میں ہے: (لَاتلقى المُؤمِنَ الأَشَاحِبًا ولا تلقى المنافِقَ الَّا وَبَّاصًا): (۲) چاند (۳) تیز اور چمکیلے رنگ کا۔
(الوَبْصَةُ): انگارہ۔
(الوَبِيصَةُ): آگ۔
(وَبَطَ) فِيْ جِسْمِهِ وَفِيْ رَأْيِهِ (ض) (يَبِطُ) وَبْطًا وَوُبُوطًا: کمزور ہونا۔
— رَأْيُهُ فِيْ هٰذَا الأَمْرِ: اس معاملہ میں اس کی رائے کمزور ہے۔
— الرَّجُلُ: گھٹیا ہونا (۲) بزدل ہونا۔
— فُلَانًا وَبْطًا: کسی کی حیثیت گھٹانا۔ حدیث میں ہے: (اللّٰهُمَّ لَا تبطِنِيْ بَعْدَ إِذْ رَفَعْتَنِيْ)
— عَنْ حَاجَتِهِ: ضرورت کو پورا نہ ہونے دینا۔
— حَظَّهُ: کسی کو بدنصیب کرنا۔
— الجُرْحَ: زخم کو کھولنا۔
(وَبِطَ) فلانٌ (س) (يَوْبَطُ) وَبَطًا: کمزور ہونا (۲) گھٹیا ہونا (۳) بزدل ہونا۔
(وَبُطَ) فلانٌ (ك) (يَوْبُطُ) وَبَاطَةً وَبَطًا:

و

(۲) بوجھل ہونا۔

(الوَبَاطُ) : کمزوری۔ جیسے "ذوقوةٍ لیس بذِی وَباطٍ"۔

(الوَبَّاعَةُ) مِنَ الصَّبِيِّ: بچہ کا تالو (۲) سرین

(وَبَغَهُ) (ض) (يَبِغُهُ) وَبْغًا: عیب لگانا (۲) طعنہ دینا۔

(الوَبَغُ): ہر شے مجتمع، اکٹھی چیز (۲) سر کی بھوسی (۳) اونٹوں کی ایک بیماری جس سے ان بال خراب ہوجاتے ہیں۔

(الوَبِغُ): سر کی بھوسی والا۔

رَجُلٌ وَبِغٌ: لوگوں کے بیچ میں پڑنے والا۔

(الوَبَغَةُ) وَبَغَةُ الْقَوْمِ: لوگوں کا مجمع (۲) متوسط درجہ کے لوگ (۳) منتخب لوگ۔

(وَبَقَ) (ض) (يَبِقُ) وَبْقًا و وُبُوقًا: ہلاک ہونا۔

(وَبِقَ) (ح) (يَبِقُ) وَبَقًا: ہلاک ہونا۔

(وَبِقَ) (س) (يَوْبَقُ) وَبَقًا ومَوْبِقًا: ہلاک ہونا۔

— فلانٌ فِي دِينِهِ: قرض میں پھنسنا۔

— الأبِلُ فِي الطِّينِ: اونٹوں کا گارے میں پھنسنا۔

(أَوْبَقَهُ): ہلاک کرنا (۲) روکنا، قید کرنا (۳) ذلیل کرنا، تابع کرنا، قابو پانا۔

(اسْتَوْبَقَ): ہلاک ہونا۔

(المَوْبِقُ) : قید خانہ (۲) وعدہ کی جگہ (۳) رکاوٹ، آڑ۔ قرآن مجید میں ہے (وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَوْبِقًا)

(المُوبِقَاتُ): بڑے گناہ، کبائر، واحد مُوبِقَةٌ۔

(وَبَلَتِ) السَّماءُ (ض) (تَبِلُ) وَبْلًا ووُبُولًا: تیز بارش برسانا۔ وبَلَتِ السماءُ الارضَ: بھی کہتے ہیں۔

— الإنْسانَ وَغَيْرَهُ بالسَّوْطِ اَوْ بِالْعَصَا: مسلسل کوڑے یا ڈنڈے برسانا۔

— الصَّائِدُ الصَّيْدَ: شکار کو حاصل کرنے کی بھرپور جستجو کرنا۔

(وَبُلَ) المُرْتَعُ (ك) (يَوْبُلُ) وبالةً ووَبَالًا: چراگاہ کا ناموافق اور مضر صحت ہونا۔

— الشيئُ: سخت ہونا۔

— الأرْضُ عليهم وُبُولًا: زمین کا صحت کے لئے نقصان دہ ہونا۔ هو وَبِيلٌ وهي وَبِيلَةٌ (ج) وُبُلٌ۔

(وَابَلَ) الأمْرَ: کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔

(استَوْبَلَتْ) الغَنَمُ: چراگاہ کے ناموافق ہونے کی وجہ سے بکریوں کا بیمار پڑ جانا۔ (۲) جفتی نر کی خواہش کرنا۔

— فلانٌ الأرْضَ: کسی جگہ کی آب وہوا کا موافق نہ آنا۔ (خواہ دل سے اس کو پسند کرتا ہو

— الشيئَ: کسی چیز کو سخت محسوس کرنا۔

(المَوْبَلُ): لکڑیوں کا گٹھا (۲) موٹا اور بڑا ڈنڈا یا لاٹھی۔

(المَوْبَلَةُ): لکڑیوں کا گٹھا۔

(المِيْبَلُ) : موٹا اور بڑا ڈنڈا (۲) کوڑا، جو چمڑے کے تسموں کو گوندھ کر لکڑی سے جوڑا گیا ہو۔ (ج) المَوَابِلُ۔

(المِيْبَلَةُ): چمڑے کا کوڑا (۲) ڈنڈا۔

(الوَابِلُ) : موٹے قطروں والی موسلا دھار بارش۔

رَجُلٌ وابِلٌ: سخی اور فیاض آدمی۔

(الوَابِلَةُ): اونٹوں اور بکریوں کی نسل (۲) بازو یا ران کے اوپر کا سرا۔

(الوَبَالُ): فساد، خرابی (۲) سختی ومصیبت (۳) بوجھ (۴) آخرت کی خرابی، برا انجام۔ قرآن مجید میں ہے (فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا)

(الوَبْلُ): موسلا دھار موٹے قطروں والی بارش۔

(الوَبْلِي) : وہ اونٹنی جس کا دودھ تھن کو زور سے دبانے سے نکلتا ہو۔

(الوَبْلَةُ): نقصان ومضرت (۲) گناہ (۳) بوجھ، غذا یا چارے کا بوجھ۔

وَبْلَةُ الطَّعامِ: کھانے کی بدہضمی۔

وَبْلَةُ الشَّاةِ: بکری کو جفتی کی خواہش۔

(الوَبِلَةُ) اَرْضٌ وَبِلَةٌ: ناموافق سرزمین۔

(الوَبِيلُ) : سخت، قرآن میں ہے (فَأَخَذْنَاهُ اَخْذًا وَبِيلًا) (۲) نقصان دہ چراگاہ (۳) لکڑیوں کا گٹھا (۴) موٹا اور بڑا ڈنڈا (۵) لچکدار نرم شاخ (۶) ناقوس (عیسائیوں کی عبادت کے اعلان کی گھنٹی) (۷) دھوبی کا کپڑے کوٹنے کا ڈنڈا۔

(الوَبِيلَةُ): لکڑیوں کا گٹھا (۲) موٹا ڈنڈا (ج) وَبِلٌ۔

و۔۔۔۔۔ت

(الوُتُّ) و(الوُتَّةُ) : زرقری کی آواز (قمری فاختہ کی طرح کا ایک طوق دار پرندہ ہے)

(الوَتَاوِتُ): وسوسے۔

(وَتَحَ) عَطاءَهُ (ض) (يَتِحُهُ) وَتْحًا وَتِحَةً: عطیہ یا بخشش کو کم کرنا۔

(وَتُحَ) العطاءُ (ك) (يَوْتُحُ) وَتاحةً و وُتُوحَةً وَوَتَحَةً: عطیہ کا تھوڑا اور معمولی ہونا۔

— فلاناً: کسی کو مشقت میں ڈالنا، تکلیف دینا۔

— عَطاءَهُ: عطیہ میں کمی کرنا۔

(وَتَّحَ) عَطاءَهُ: عطیہ میں کمی کرنا۔

(تَوَتَّحَ) الشَّرابَ وَمِنْهُ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

(الوَتْحُ): تھوڑا، معمولی۔

رَجُلٌ وَتْحٌ: گھٹیا اور خسیس آدمی۔

طَعَامٌ وَتْحٌ: بے فائدہ کھانا۔

(الوَتِيحُ) الوَتْحُ۔

(وَتَدَ) الوَتَدُ (ض) (يَتِدُ) وَتْدًا وتِدَةً: کیل یا کھونٹی کا گڑ جانا۔

— فلانٌ الوَتَدَ: میخ یا کھونٹی گاڑنا۔

(أَوْتَدَ) فلانٌ فِي بَيْتِهِ: گھر میں ٹھہرنا اور قیام پذیر ہوجانا۔

— الزَّرْعُ: کھیتی میں ڈنٹھل نکل آنا اور طاقتور ہو جانا۔

— الوَتَدُ: میخ یا کھونٹی کا گڑ جانا۔

— فلانٌ الوَتَدَ: کیل کی کھونٹی گاڑ دینا۔
— رِجْلَهٗ فِي الأَرْضِ: زمین میں پاؤں جما دینا۔
(المِيْتَدُ): میخ یا کھونٹی گاڑنے کا آلہ۔
(المِيْتَدَةُ): بمعنی المِيْتَدُ۔
(الوَتِدُ): زمین یا دیوار میں گاڑی جانے والی کھونٹی، کیل وغیرہ۔کہاوت ہے (أَذَلُّ مِنْ وَتِدٍ): انتہائی کمینہ اور ذلیل آدمی جو چاہے ٹوکر مارے دے۔(۲) کان کے اگلے حصہ کا اٹھا ہوا حصہ(۳) اہل عروض کی اصطلاح میں تفاعیل کا وہ جز جو تین حرفوں پر مشتمل ہوتا ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں اگر تین حرفوں میں سے دو متحرک اور درمیان والا ساکن ہو تو وتد مفروق جیسے مفعولات کا لات اور اگر دو متحرک کے بعد والا ساکن ہو تو وتد مجموع جیسے فعولن:(ج) أَوْتَادٌ۔
أُوتاد الأَرْضِ: پہاڑ۔جیسے قرآن مجید میں ہے (أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهٰدًا وَّالْجِبَالَ أَوْتَادًا)
أَوْتَادُ البلادِ: ملک کے سردار اور سربرآوردہ لوگ۔
أوتادُ الفمِ: دانت۔
اوتاد الصُّوفِيَّةِ: وہ چار شخصیتیں جن کے مقامات عالم کے چار گوشوں پر ہیں، مشرقی مغربی، شمالی، جنوبی اور ہر جہت کا قیام اس جہت کی شخصیت سے متعلق ہے۔
(الوَتَدَةُ): کان کے اگلے حصہ کا ابھرا ہوا سرا۔
(وَتَرَ) فلانًا (يَتِرُهُ) وَتْرًا وتِرَةً: قریبی رشتہ دار یا دوست کو قتل کر ڈالنا(۲) ڈرنا، خوفزدہ کر ڈالنا۔(۲) تکلیف پہنچانا(۳) ڈرنا، خوفزدہ کرنا۔
— القومَ: لوگوں کی تعداد کو جفت سے طاق بنانا۔
— العددَ: عدد کو طاق بنانا۔
— الصلاةَ: نماز کو وتر یعنی طاق بنانا۔
— القوسَ: کمان کی تانت کو کھینچنا(۲) کمان کو تانت لگانا(۳) کمان پر تانت لٹکانا۔
— فلانًا حَقَّهٗ وَمَالَهٗ: کسی کے مال یا حق میں کمی کرنا۔قرآن مجید میں ہے (وَلَنْ يَّتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ)
(أَوْتَرَ) فلانٌ: وتر ادا کرنا۔
— فِي الصلاةِ: وتر ادا کرنا۔
— بَيْنَ اخبارِهٖ و كُتُبه: اپنی خبروں اور خطوط کو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے بھیجتے رہنا، ہر دو کے درمیان تھوڑا وقفہ کرنا۔
— العَدَدَ: عدد کو طاق کرنا۔
— القومَ: لوگوں کی تعداد کو جفت سے طاق پر لانا۔
— الصلاةَ: نماز کو وتر بنانا یعنی طاق کرنا۔
— القَوْسَ: کمان کی تانت کھینچنا(۲) کمان کو تانت لگانا۔
(وَاتَرَ) بَيْنَ أَخْبَارِهٖ وَكُتُبِهٖ مُوَاتَرَةً وَوِتَارًا: اپنی خبریں یا خطوط تھوڑے تھوڑے وقفہ سے برابر بھیجتے رہنا۔
— النَّاقَةُ: اونٹنی کا بیٹھتے وقت پہلے ایک گھٹنے کو ٹیکنا پھر دوسرا اس کے ساتھ نہ ٹیکنا جس سے سوار کو دقت ہو۔
— الشيءَ: کسی چیز کا سلسلہ جاری رکھنا (۲) تھوڑے تھوڑے وقفے سے کرتے رہنا۔
— الصَّوْمَ: ایک دن یا دو دن چھوڑ کر مسلسل روزے رکھنا(۲) ایک ایک کر کے روزے رکھنا۔
(وَتَّرَ) فلانٌ الصَّلَاةَ: وتر پڑھنا۔
— القَوْسَ: کمان کی تانت کھینچنا۔
(تَوَاتَرَتِ) الاشياءُ: چیزوں میں تسلسل ہونا۔(۲) تھوڑے تھوڑے وقفہ سے مسلسل ہونا (۳) بغیر انقطاع کے یکے بعد دیگرے آنا۔
(تَوَتَّرَ) العَصَبُ وَالعِرْقُ: پٹھے یا رگ کا کھنچ جانا، سخت ہونا۔
— العلاقات بَيْنَ الدَّوْلَتَيْنِ: دو ملکوں میں حالات بہتری کے بعد خراب ہو جانا۔(محدثۃ)
(تَتْرَى): جَاءُوْا تَتْرَى: وہ پے در پے آئے (اس کی اصل وَتْرَىٰ ہے)
(التَّوَتُّرُ): میکانیک کی اصطلاح میں دونوں طرف سے بندھے ہوئے جسم کی انفعالی کیفیت (مج)
(المُتَوَاتِرُ): علم عروض کی اصطلاح میں ہر وہ قافیہ جس میں دو ساکن حرفوں کے درمیان ایک حرف متحرک ہو جیسے مَفَاعِيلُنْ۔فَاعلاتُنْ، مفعولُنْ،فَعُلُنْ۔
— الخَبَرُ أوالحَدِيثُ المُتَوَاتِرُ: وہ حدیث یا خبر جس کے راوی اتنی تعداد میں ہوں جن کا کذب پر جمع ہونا ناممکن ہو۔(مج)
(الوَتْرُ): اکلا، یکتا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام(۲) فرد، واحد، مفرد(۳) طاق(۴) بدلہ، انتقام (۵) ظالمانہ بدلہ(۶) عرفہ کا دن۔
(الوَتَرُ) وَتَرَةٌ: کی جمع(۲) کمان کی تانت (ج) أَوْتَار ووِتَارٌ۔
الوَتَرُ لِلْمُثَلَّثِ: علم ہندسہ میں زاویہ قائمہ کے بالمقابل ضلع۔
(الوَتَرَانِ): ایڑی کے اوپر موٹے دو پٹھے جو گھٹنوں کے پچھلے حصہ تک ہوتے ہیں۔(مج)
(الوَتَرَةُ): ہر چیز کا گول کنارہ(۲) کمان سے تیر نکلنے کی جگہ(۳) کان کے اوپر کی ابھری ہوئی ہڈی (۴) دونوں انگلیوں کے درمیان کا خلا (۵) انگوٹھے اور شہادت کے انگلی کے درمیان کی کھال(۶) زبان کے نیچے کا پٹھا(۷) ناک کے بانسہ کے نیچے کی جگہ(۸) ناک کے نتھنوں کے درمیان کی دیوار(۹) خصیتین اور ان کے نیچے کا پٹھا(ج) وَتَرٌ و وَتَرَاتٌ۔
(الوَتَرَتَانِ): بمعنی الوَتَرَانِ: (۲) گھوڑے کے دونوں کانوں میں دو حلقے نم نشان۔
(الوَتَرِيَّةُ): تانت کی طرح سخت عورت۔
(الوَتِيْرَةُ): پہاڑ سے ملا ہوا راستہ(۲) زمین کا قابل استعمال لمبا سخت اور پتلا ٹکڑا(۳) سفید زمین (۴) کان کے اوپر کی نرم ہڈی(۵) انگوٹھے اور انگشت شہادت کے درمیان کی پتلی کھال(۶) دونوں نتھنوں کے درمیان کی کھال(۷) نیقہ زنی سیکھنے

کا حلقہ (۸) گھوڑے کی پیشانی کا سفید نشان (۹) گلاب کی کلی (۱۰) دس کی دہائی (۱۱) مروجہ طریقہ۔ جیسے **مَا زَالَ عَلٰی وتیرۃٍ واحدۃٍ**: وہ ایک طرز پر قائم رہا۔ (۱۲) کسی چیز کی پابندی اور باقاعدگی (۱۳) سستی، ڈھیلا پھن جیسے **ما فِی عملہٖ وتیرۃٌ**۔

(وَتِغَ) فلانٌ(س) (یَوْتَغُ) وتغًا: ہلاک ہونا (۲) گناہ کرنا (۳) خراب ہونا، (۴) بداخلاق ہونا (۵) بدزبان ہونا (۶) انتہائی نادان اور بے وقوف ہونا (۷) درد میں مبتلا ہونا۔

— فی حُجّتِہٖ: دلیل میں غلطی کرنا۔

(اَوْتَغَ) اللّٰہُ فلانًا: ہلاک کرنا۔

— فلانٌ فلانًا: گناہ کروانا، گناہ گار کرنا (۲) خراب کرنا۔ بگاڑنا (۳) مصیبت میں مبتلا کرنا (۴) تکلیف دینا، دل دکھانا۔

— فلانٌ القَوْلَ: ناسمجھی اور نادانی کی باتیں کرنا۔

— فلانًا عِنْدَ السُّلْطَانِ: بادشاہ کی موجودگی میں ایسی بات کہلوانا جو مفید نہ ہو۔

(المَوْتَغَۃُ): ہلاکت۔

(الوَتِیْغَۃُ): غلط دلیل، دلیل کی غلطی۔

(الاَوْتَلُ): شراب یا پینے کی چیز سے پیٹ بھرنے والا آدمی۔ (ج) **الوُتْلُ**۔

(وَتِمَ) بالمکانِ(س) (یَوْتَمُ) وُتُوْمًا: کسی جگہ قیام کرنا، جمے رہنا۔

(المُوْتَمَۃُ): ستون (ج) **مَوَاتِمُ**۔

(الوَتَمَۃُ): تیز رفتار۔

(وَتَنَ) بالمکانِ(ض) (یَتِنُ) وَتْنًا وَوُتُوْنًا وَتِنَۃً: کسی جگہ قیام پذیر ہونا، جمے رہنا۔

— الماءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا، ختم نہ ہونا۔

— فلانٌ فلانًا وَتْنًا: کسی کی شہ رگ پر چوٹ لگانا۔ **ھُوَ وَاتِنٌ والمفعول مَوْتُوْنٌ**۔

(وُتِنَ) فلانٌ: کسی کی شہ رگ میں تکلیف ہونا۔ **ھو مَوْتُوْنٌ**۔

(اَوْتَنَتِ) المَرْأَۃُ: عورت کا الٹا بچہ جننا (یعنی پہلے پاؤں پھر سر نکلنا)

(وَاتَنَ) فلانًا مُوَاتَنَۃً وَوِتَانًا: کسی کے ساتھ ایسا کرنا جیسا وہ کرے (۲) کسی کے ساتھ وابستہ رہنا۔

— القَوْمُ دَارَھُمْ: لوگوں کا اپنے گھروں میں لمبا عرصہ قیام کرنا۔

—(اِسْتَوْتَنَ) المالُ: مویشیوں کا بڑھنا یا موٹا ہونا۔

(المَوْتُوْنَۃُ): باادب خاتون، خواہ حسین ہو یا نہ ہو۔

(الوَاتِنُ): اپنی جگہ قائم رہنے والی چیز (۲) جاری پانی جو کبھی ختم ہونے والا نہ ہو (ج) **وُتَّنٌ**۔

(الوَتْنُ): بچہ کی الٹ پیدائش (یعنی پہلے پاؤں نکلنا اور پھر سر) (۲) الٹا پیدا ہونے والا بچہ۔

(الوَتْنَۃُ) مقروض سے سخت تقاضا۔ (۲) مخالفت، اختلاف جیسے **بینھما وَتْنَۃٌ**۔

(الوَتِیْنُ): شہ رگ جو جسم انسانی کو دل سے نکلنے والے صاف خون کی غذا بہم پہنچاتی ہے (مج) (ج) **وُتُنٌ و اَوْتِنَۃٌ**۔

(واتَاہٗ) عَلَی الأَمْرِ مُوَاتَاۃً وَوِتَاءً: کسی بات میں کسی کی موافقت کرنا۔

(الوُتِّی): تالاب (جمع)

و......ث

(وَثَأَ) فلانٌ یَدَ فلانٍ (ف) (یَثَؤُھَا) وَثْئًا: کسی کے ہاتھ پر مارنا۔ موچ لگانا۔

— اللَّحْمَ: گوشت کو اندرونی چوٹ لگانا۔

— الوَتِدَ: کھونٹی کے کناروں کو چوٹیں لگا لگا کر پھیلا دینا۔

(وَثِئَتْ) یَدُ الرَّجُلِ(س) (تَثَأُ) وَثَأً: ہاتھ پر چوٹ لگنا۔ **ھِیَ وَثِئَۃٌ**۔

(اَوْثَأَ) یَدَ فُلَانٍ: کسی کے ہاتھ پر چوٹ لگانا۔ موچ لگانا۔

(المِیْثَأَۃُ): کھونٹی ٹھونکنے کا آلہ۔

(الوَثْءُ): گوشت کی اندرونی چوٹ (۲) ہڈی کا بغیر ٹوٹے درد (۳) موچ۔

(الوَثَاءَۃُ): **الوَثْءُ**۔

(وَثَبَ) (ض) (یَثِبُ) وَثْبًا وَوَثَبَانًا وَوُثُوْبًا وَوِثَابًا وَثِبَۃً: اچھلنا، کودنا، چھلانگیں لگانا (۳) اٹھ کھڑا ہونا (۴) بیٹھنا (بنوحمیر کی لغت)

— الی المکانِ العالي: بلند جگہ پہنچنا۔

— اِلَی الشَّرَفِ والمَجْدِ: یکدم عزت وعظمت حاصل کرلینا۔

— المکانَ: کسی جگہ چھلانگ لگانا۔

— عَلٰی فلانٍ: کسی پر حملہ کرنا، غالب آنا۔

— فلانٌ عَلَی السَّرِیْرِ: تخت نشین ہونا **ھو واثِبٌ ووَثَّابٌ**۔

(اَوْثَبَ) الحَیَوَانَ: جانور سے چھلانگ لگوانا۔

— فلانًا المَوْضِعَ: کسی کو کسی جگہ سے چھلانگ لگوانا۔

(وَاثَبَہٗ) مُوَاثَبَۃً وَوِثَابًا: باہم چڑھ چڑھ کر آنا، ایک دوسرے پر جست لگانا۔

(وَثَّبَہٗ) بمعنی **اَوْثَبَہٗ**: (۲) گدے پر بٹھانا۔

— فلانًا وِثَابًا: کسی کے لئے بستر بچھانا۔ **وثبہ وِسَادَۃً**: کسی کو بٹھانے کے لئے گدا بچھانا۔

(تَوَاثَبَ) القومُ ونَحْوُھُمْ: ایک دوسرے پر کود کر جانا۔

(تَوَثَّبَ): بمعنی **وَثَبَ**۔

— عَلٰی اَخِیْہِ فِی اَرْضِہٖ: بھائی کی زمین پر ظلماً قبضہ کرلینا۔

— فِی مِلْكِ فُلَانٍ: کسی کی مملوکہ چیز پر ناحق قبضہ کرنا۔

(المَوْثَبَانُ): وہ بادشاہ جو سلطنت کے تخت پر بیٹھا رہے کسی پر حملہ آور نہ ہو (لغت قبیلہ بن حمیر)

— (المِیْثَبُ): کودنے اور چھلانگ لگانے والا (۲) بیٹھنے والا (۳) نرم زمین (۴) ٹیلہ، بلند زمین (۵) آب پاشی کا نہر

(الوِثَابُ): تخت (۲) بستر (قبیلہ بنوحمیر کی لغت)

(الوَثَبی): تیزی سے چھلانگ لگانے والا۔

فَرَسٌ وَثَبی: بہت کودنے والی گھوڑی۔

(وَثُجَ) الحَيَوانُ(ك) (يَوْثُجُ) وَثَاجَةً: موٹا تازہ ہونا۔ **هو وَثِيجٌ۔**

فَرَسٌ وَثِيجٌ: طاقتور گھوڑا۔

ثَوْبٌ وَثِيجٌ: ٹھکے ہوئے سوت کا دبیز کپڑا۔

— **الشيءُ:** گھنا اور زیادہ ہونا۔

— **النَّبْتُ:** لمبا اور گھنا ہونا۔

— **المكانُ:** کسی جگہ گھنے درخت اور لمبی گھاس ہونا۔ **هو وَثِيجٌ۔**

(أَوْثَجَ) الشَّيءُ: گھنا اور زیادہ ہونا۔

— **الأَرْضُ:** مین کا گھنی گھاس والا ہونا۔

(اسْتَوْثَجَ) الرِّجَالُ مِنَ الْمَالِ: مال کا زیادہ حصہ لینا۔

— **المرأةُ:** جسمانی طور پر مکمل اور موٹا ہونا۔

— **الشيءُ:** کثیر وگنجان ہونا۔

— **المالُ:** زیادہ ہونا۔

— **النَّبْتُ:** پودوں کا ایک دوسرے سے اٹک کر بڑا اور مکمل ہو جانا۔

(المُوْتَثِجَةُ): بہت گھاس والی زمین' گنجان سبزہ زار۔

(المُوَثَّخُ) رَجُلٌ مُوَثَّخُ الْخَلْقِ: کمزور آدمی۔

(المَوْثُوخُ) بمعنی **المُوَثَّخُ۔**

(الوَثَخَةُ): پانی کی رطوبت' تری۔

(الوَثِيخَةُ): چربی کے ساتھ ملی ہوئی باریک ہڈیاں (۲) گاڑھا دودھ (۳) موسم بہار کے تروتازہ ملے جلے گھاس کے پودے (۴) کیچڑ اور دلدل والی زمین۔

(وَثَرَ) الشيءَ (ض) (يَثِرُهُ) وَثْرًا وَثِرَةً: پیروں وغیرہ سے دبا کر نرم کرنا' روندنا۔

(وَثُرَ) الشيءُ(ك) (يَوْثُرُ) وَثَارَةً: نرم وہموار ہونا۔

— **المرأةُ:** موٹا ہونا۔ **هو وَثْرٌ۔ ووَثِرٌ ووَثِيرٌ** (ج) **وِثَارٌ وَهِيَ وَثِيرَةٌ** (ج) **وِثَارٌ وَوَثَائِرُ۔**

(وَثَّرَ) الشَّيْءَ: خوب نرم وہموار کرنا۔

(اسْتَوْثَرَ) مِنَ الشَّيءِ: زیادہ حصہ طلب کرنا۔

— **المَرْأَةَ:** عورت کو گداز بدن چاہنا۔

— **لِفِرَاشٍ:** بستر کو نرم وہموار پانا۔

(الأَوْثَرُ) فِرَاشِيْ أَوْثَرُ مِنْ فِرَاشِهِ: میرا بستر اس کے بستر سے زیادہ نرم وملائم ہے۔

(المِيْثَرَةُ): تمام کپڑوں کے اوپر کا لباس۔

(۲) درندہ کی کھال (۳) زمین کا کہنی نما ابھرا ہوا حصہ (۴) عجمیوں کی ریشم ودیباج سے آراستہ سواری' پالکی۔

مَيْثَرَةُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی گردن کے بال۔

مَيْثَرَةُ الأُرْجوان: اونٹ کے کجاوہ پر سوار کے بیٹھنے کی ارجوان گھاس بھری موٹی گدی۔ (ج) **مَوَاثِرُ وَمَيَاثِرُ۔**

(الوَاثِرُ): قائم' ٹھہرا ہوا۔

(الوِثَارُ): نرم وملائم بستر۔

(الوَثْرُ): وہ چمڑا جسے تسلوں کی طرح لمبائی میں کاٹا جائے' ہر ٹکڑے کی چوڑائی بقدر چار انگشت یا بقدر ایک بالشت ہو اس چمڑے کو عورتیں بالغ ہونے سے پہلے یا بالغ ہونے کے بعد حالت حیض میں پہنتی تھیں (۲) صدری نما ایک لباس (۳) بغیر پائچوں کا ایک لباس۔

(الوِثْرُ): نرم بستر (۲) کپڑا جو لباس کے اوپر پہنا جائے۔

(الوَثِيرُ) بمعنی **الوِثْرُ** (ج) **وِثَارٌ۔**

(الوَثِيرَةُ): نرم وگداز عورت۔ (ج) **وَثَائِرُ وَوِثَارٌ۔**

(وَثَغَ) رَأْسَهُ(ض) (يَثِغُهُ) وَثْغًا: سر توڑنا۔

— **الرَّجُلُ نَاقَتَهُ:** اونٹنی کی پیشاب گاہ کے لئے کپڑوں کی دھجی بنانا۔

— **فُلانٌ الثَّرِيدَةَ:** ثرید کو الٹ پلٹ کر خوب ہلانا۔ **هِيَ مَوْثُوغَةٌ وَوَثِيغَةٌ۔**

(الوَثِيغَةُ): موسم بہار کی تروتازہ گنجان گھاس۔

کپڑے کا ٹکڑا جو اونٹنی کی پیشاب گاہ پر رکھا جاتا ہے۔

(وَثَفَ) القِدْرَ (ض) (يَثِفُهَا) وَثْفًا: ہانڈی کے تین پتھروں کا چولہا بنانا۔

(أَوْثَفَ) القِدْرَ: وَثَفَ۔

(وَثَّفَ) القِدْرَ بمعنی **وَثَفَ۔**

(وَثِقَ) بفلانٍ(ض) (يَثِقُ) ثِقَةً ومَوْثِقًا ووُثُوقًا وَوَثَاقَةً: کسی پر اعتماد وبھروسہ کرنا۔ **هو واثِقٌ بِهِ وهي وَاثِقَةٌ والمفعولُ مَوْثُوقٌ بِهِ وهي موثوقٌ بها وهم موثوقٌ بهم۔**

(وَثُقَ) الشيءُ(ك) (يَوْثُقُ) وَثَاقَةً: کسی چیز کا پائدار اور مستحکم ہونا۔

— **فلانٌ:** کسی معاملہ میں پختہ اور پُر اعتماد ہونا۔ **هُوَ وَثِيقٌ وَهِيَ وَثِيقَةٌ** (ج) **وِثَاقٌ۔**

(أَوْثَقَ) فلانًا إِيْثَاقًا: کسی کو قابل اعتماد بنانا یا کسی پر اعتماد کرنا۔

— **الأَسِيرَ ونحوَهُ فِي الوِثَاقِ:** قیدی وغیرہ کو رسی کے ذریعہ مضبوطی سے باندھنا۔

— **العَهْدَ:** عہد وپیمان کو پختہ کرنا۔

(وَاثَقَ) فلانًا: وعدہ کرنا' قسم کھانا۔ جیسے **وَاثَقْتُهُ بِاللهِ لَافعلنَّ كَذَا۔**

(وَثَّقَ) فلانًا: کسی کو قابل اعتماد قرار دینا۔

— **الأَمْرَ:** مضبوط ومستحکم کرنا۔

— **العَقْدَ وَنَحْوَهُ:** کسی معاملہ وغیرہ کی سرکاری رجسٹری کروانا۔

(تَوَاثَقَ) القومُ عَلَى الأَمْرِ: کسی بات پر آپس میں عہد وپیمان کر لینا۔

(تَوَثَّقَ) فِي الأَمْرِ و مِنَ الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پختہ ہونا۔

— **العُقْدَةَ:** گرہ سخت ہو جانا۔

(اسْتَوْثَقَ) مِنْ فلانٍ: کسی سے ثبوت حاصل کرنا' تصدیق نامہ لینا۔

— **مِنَ الأَمْرِ:** کسی معاملہ میں پختگی اور اطمینان حاصل کرنا۔

(الثِّقَةُ): اعتماد' بھروسہ (۲) قابل اعتماد' معتبر (یہاں مصدر وصفی معنی میں ہے اس میں مفرد وتثنیہ وجمع ومذکر ومؤنث سب برابر ہیں) کہتے ہیں **هو وهي وهما وهم وهن ثِقَةٌ:** بھی مذکر ومؤنث کی جمع کے لئے **ثِقَاتٌ:** بھی کہا جاتا ہے۔

(اَلْمُوْثِقُ) : وہ درخت جس کو گھاس نہ ملنے کی صورت میں چارے کے لئے استعمال کیا جائے۔
کَلَأٌ مُوْثِقٌ: وہ بہت سی گھاس جس پر لوگ سال پر گزارہ کر سکیں۔
مَاءٌ مُوْثِقٌ: پانی سال بھر کی کفایت کرنے والی مقدار۔
(اَلْمُوَثِّقُ) : تصدیق کنندہ۔ وثیقہ نویس' رجسٹرار جو سرکاری طور پر معاہدات اور معاملات کی رجسٹری کرتا ہے۔ (مو)
(اَلْمِیْثَاقُ) : وعدہ' عہد (ج) مَوَاثِیْقُ۔ وَمَیَاثِیْقُ وَمَیَاثِقُ۔
(اَلْوَثَاقُ) : مضبوطی' استحکام (۲) باندھنے کی چیز رسی زنجیر وغیرہ۔
(اَلْوِثَاقُ) : باندھنے کی چیز' رسی' زنجیر وغیرہ (ج) وُثُقٌ۔
(اَلْوَثِیْقَةُ) : تانیث الوثیق: (۲) دستاویز' تحریر' اقرارنامہ (۳) سند استحقاق (۴) واؤچر (۵) سرکاری بانڈ (۶) قرض کا اقرارنامہ (۷) قرض کی ادائیگی کی رسید' کسی کام میں پختگی خود اعتمادی۔ جیسے اَخَذَهُ بِالْوَثِیْقَةِ فِیْ اَمْرِهِ: اس نے یہ کام خود اعتمادی سے کیا۔ اَرْضٌ وَثِیْقَةٌ: بہت گھاس والی سرزمین (۸) معتبر' قابل بھروسہ (ج) وَثَائِقُ۔
(وَثَلَهُ) (ض) (یَثِلُهُ) وَثْلًا: ملانا۔ هو مَوْثُوْلٌ۔
(وَثَّلَ) الشَّیْءَ: مضبوط کرنا' جمانا' ملانا۔
— الْمَالَ: جمع کرنا۔
(الْوَثْلُ): کھجور کے درخت کی چھال۔
(الْوَثَلُ): کھور کی چھال کی رسی (۲) چمڑے کا میل کچیل جو اس سے دور کیا جاتا ہے۔
(الْوَثِیْلُ) : کمزور (۲) کھجور کے درخت کی چھال (۲) کھجور کی چھال کی رسی (۴) کھجور کی چھال کی پرانی رسی یا پرانا درخت (۵) جوٹ (سن) کی رسی (ج) وَثَائِلُ۔

(وَثَمَ) الْحَیَوَانُ (ض) (یَثِمُ) وَثْمًا: دوڑنا۔
— الشَّیْءَ: توڑنا' کوٹنا' باریک کرنا۔
— فلانٌ الرَّجُلَ: مارنا۔
— الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین پر زور سے پڑنا۔
— فلانٌ الْحَشِیْشَ: گھاس جمع کرنا۔
— الْفَرَسُ الْاَرْضَ بِحَافِرِهِ وَثْمًا وَثِمَةً: گھوڑے کا زمین پر کھر مار مار کر ریزہ ریزہ کرنا یا کوٹنا۔
— الحجارةُ رِجْلَهُ وَثْمًا وَوِثَامًا وَوَثَامًا: پتھروں کا پاؤں کو خون آلود کرنا۔
(وَثِمَتِ) الْاَرْضُ (س) (تَوْثَمُ) وَثَمًا: زمین کا کم گھاس اور کم روئیدگی والی ہونا۔
(وَثُمَ) (ك) (یَوْثُمُ) وَثَامَةً: مضبوط اور توانا ہونا۔ گوشت سے پُر اور گٹھے ہوئے بدن والا ہونا۔ هُوَ وَثِیْمٌ۔
(وَاثَمَ) فِی الْعَدْوِ: جانور کا چاروں ہاتھ پاؤں سمیٹ کر کود کر دوڑنا۔
(الْمِیْثَمُ) : زمین پر سختی سے پڑنے والا کھر۔
(الْوَثِیْمَةُ) : پتھر (جمع) (۲) چقماق کا پتھر قسم کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ لَا وَالَّذِی اخرج النارَ مِنَ الوثیمةِ: (۳) غصہ یا گھاس کا ڈھیر یا مجموعہ۔
(وَثَنَ) الشیءُ بِالْمَكَانِ (ض) (یَثِنُ) وَثْنًا: ٹھہرنا' قیام پذیر ہونا' جمے رہنا۔ هُوَ وَاثِنٌ (ج) وُثَّنٌ۔
(وُثِنَتِ) الْاَرْضُ: بارش برسانا۔
(اَوْثَنَ) مِنَ الْمَالِ: مال میں سے زیادہ لینا۔
— فلانًا: کسی کو بڑا عطیہ دینا۔
(اِسْتَوْثَنَ) من المال: مال میں سے بہت حصہ طلب کرنا۔
— الْمَالُ: مال زیادہ ہونا (۲) مویشی کا موٹا ہونا۔
— النَّحْلُ: شہد کی مکھیوں کے چھوٹے اور بڑے دو جھنڈ ہو جانا۔
— الشَّیْءُ: باقی بچنا (۲) مضبوط ہونا۔

(الْمُوْثُوْنَةُ): حقیر عورت' ذلیل عورت۔
اِمْرَأَةٌ مُوْثُوْنَةٌ: مہذب عورت خواہ حسین نہ ہو۔
(اَلْوَثَنُ) : لکڑی یا پتھر یا تانبے یا پیتل یا چاندی وغیرہ کی مورتی' مجسمہ' بت (ج) اَوْثَانٌ وَوُثُنٌ۔
هِیَ وَثَنُ فُلَانٍ: بیوی۔
(الْوَثَنِیُّ) : بت پرست۔ جیسے: رَجُلٌ وَثَنِیٌّ وقَوْمٌ وَثَنِیٌّ وامرأةٌ وثَنِیَّه ونِسَاءٌ وَثَنِیَّاتٌ۔
(الْوَثَنِیَّةُ): بت پرستی (مج)

و......ج

(وَجَأَ) فلانًا (ف) (یَجَؤُهُ) وَجْئًا وِجَاءً: کسی کو گردن یا سینہ پر گھونسا مار کر دھکیلنا۔
— بِالْیَدِ وَالسِّكِّیْنِ: ہاتھ یا چھری مارنا۔
— التَّمْرَ: کھجور کو ہاتھ سے دبا کر یا کوٹ کر نرم کرنا۔
— الْفَحْلَ: سانڈ کے خصیوں کے دو ڈھیلوں کے درمیان کی رگوں کو چھتنا یا چھیت کر پھاڑ دینا جس سے وہ خصی ہو جائے۔ هو واجیٌ والمفعول مَوْجُوْءٌ وَوَجِیْءٌ۔
(اَوْجَأَ) فلانٌ: کسی ضرورت یا شکار کے لئے آ کر خالی ہاتھ واپس جانا۔
— الرَّكِیَّةُ: کنویں کا پانی ختم ہو جانا یا پانی سے خالی ہو جانا۔
— عَنْهُ: ہٹانا دور کرنا۔
— الشیءَ عَنْهُ: کسی چیز کو اپنے پاس سے ہٹانا۔
(اِتَّجَأَ) التَّمْرُ: کھجوروں کا گودے سے خوب بھر جانا (۲) کوٹنے سے نرم ہو جانا۔
(تَوَجَّأَهُ) بِالْیَدِ وَالسِّكِّیْنِ: چھری یا ہاتھ سے مارنا۔
(الْوَجْءُ) : مصدر وصف۔ جیسے مَاءٌ وَجْءٌ: خراب پانی۔
(الْوَجَأُ) مَاءٌ وَجَأٌ: بمعنی وَجْءٌ۔
(الْوَجِیْئَةُ) : گائے (۲) گٹھلی نکالی ہوئی

و

کھجوروں کا گھی یا دودھ ملا ہوا مالیدہ۔

(وَجَبَ) الشيئُ (ض) (يَجِبُ) وُجُوْبًا وَوَجْبًا وَوَجْبَةً وَجِبَةً: لازم ہونا۔ ثابت ہونا (۲) زمین پر گرنا' قرآن مجید میں ہے (فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ) وَجَبَتِ الأبِلُ: اونٹوں کا بیٹھنے کی جگہوں سے تھکاوٹ یا گرنے کے باعث اٹھنے میں تکلیف محسوس کرنا یا اٹھ نہ سکنا۔

ــ القَلْبُ وَجِيْبًا ووَجَبَانًا: دل لرزنا۔ دل دھڑکنا۔

ــ فلانٌ وَجْبَةً: دن میں ایک وقت کا کھانا کھانا۔

ــ فلانٌ وُجُوْبًا ومَوْجِبًا: مرجانا۔

ــ الشَّمْسُ وَجْبًا ووُجُوْبًا: سورج غروب ہوجانا۔

(وَجُبَ) الرَّجُلُ(ك) (يَوْجُبُ) وُجُوْبَةً: بزدل ہونا۔

(أَوْجَبَ) فلانٌ: دن رات میں ایک دفعہ کھانا کھانا۔

ــ فلانٌ: انعام یا سزا کے استحقاق کا کام کرنا۔ اچھے کام سے جنت اور برے کام سے دوزخ کا مستحق ہونا۔

ــ عَلَى فلانٍ: دوڑ کے مقابلہ میں کسی پر بازی لے جانا۔

ــ لَهُ البيعَ واوجَبَهُ البيعَ: کسی کو بیع کا پابند بنا دینا۔

ــ اللهُ قَلْبَهُ: دل کو کمزور کر دینا۔

(وَاجَبَ) فلانًا مُوَاجَبَةً ووِجَابًا: لازم کرنا۔ جیسے وَاجَبَهُ الْبَيْعَ۔

(وَجَّبَتِ) الإبِلُ: اونٹوں کا تھک کر چور ہو جانا۔

ــ فلانٌ فلانًا: کسی پر کچھ لازم کرنا۔

ــ بِهِ الأَرْضَ: زمین پر دے مارنا۔

ــ فلانٌ: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا کھانا۔

ــ عيالَهُ وفرسَهُ: اہل وعیال کا گھوڑے کو دن رات میں ایک مرتبہ کھانے کا عادی بنانا۔

ــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں ایک دفعہ دھونا۔

(تَوَاجَبَ) القومُ: لوگوں کا کام میں شرط لگانا۔

(تَوَجَّبَ) فلانٌ: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا کھانا۔

(اِسْتَوْجَبَ) الشيئَ: کسی چیز کا مستحق ہو جانا۔

(المُوْجِبُ) مُوْجِبٌ: زمانہ جاہلیت میں ماہ محرم کا نام تھا۔

(المُوْجِبَةُ): گناہ کبیرہ۔ جس کی وجہ سے جہنم کا مستحق ہو (۲) ایسی بڑی نیکی جس کے باعث جنت کا مستحق ہو (ج) مُوْجِبَاتٌ۔

(الوَاجِبُ): فقہاء کی اصطلاح میں وہ چیز جس کا وجوب ایسی دلیل سے ثابت ہو جس میں شبہ ہو جیسے خبر واحد۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا کرنے والا ثواب کا مستحق اور بلا عذر چھوڑنے والا عتاب کا مستحق ہوگا۔ اس کا منکر گمراہ ہوگا کافر نہ ہوگا۔

وَاجِبُ الوُجُوْدِ: قائم بالذات یعنی جو اپنی ذات کے اعتبار سے قائم ہو اور اپنے وجود میں کسی غیر کا محتاج نہ ہو۔

(الوَجْبُ): بزدل (۲) بے وقوف (۳) وہ اونٹنی جس کے تھن میں بچہ جننے کے بعد تین دن تک گاڑھا دودھ جم جاتا ہو (۴) بڑے بکرے کی کھال کا مشکیزہ (۵) پانی اکٹھا ہونے کی جگہ (ج) وِجَابٌ۔

(الوَجَبُ): دوڑ کے مقابلہ کی حد۔

(الوَجْبَةُ): گرنے والے کی آواز (۲) ایک خوراک' ایک وقت کا کھانا (۳) ایک دن میں ایک مرتبہ دوہا جانے والا دودھ (۴) دوا وغیرہ کی ایک خوراک (مو)

(الوُجُوْبُ): فقہاء کی اصطلاح میں کسی شخص پر کسی عمل کا لزوم و ذمہ داری (۲) لزوم' ثبوت۔

(الوَجِيْبَةُ): وظیفہ الاؤنس' مدت مقررہ کے لئے دی جانے والی اجرت یا راشن وغیرہ (۳) قسط وار حاصل کردہ مکمل مبیع' بیع واجب کر دینے کے بعد تھوڑا تھوڑا لے کر کھایا جاتا ہے قد استوفيت وَجِيْبَتَكَ۔

(وَجَّ) (ن) (يَوُجُّ) وَجًّا: تیز چلنا۔

(الوَجُّ): شتر مرغ (۲) قطا (تیتر جیسا ایک پرندہ) (۳) ایک خوشبودار پودا (۴) بل کی لکڑی۔

(الوُجُجُ): تیز رفتار شتر مرغ۔

(وَجَحَ) الشيئُ(ض) (يَجِحُ) وُجُوْحًا: ظاہر و واضح ہونا۔

ــ فلانٌ(س) (يَوْجَحُ) وَجَحًا: ٹھکانہ پکڑنا۔

(أَوْجَحَ) الشيئُ: ظاہر و واضح ہونا۔

ــ الحَافِرُ: کھدائی کرنے والے کا چٹان تک نہ پہنچنا۔

ــ غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کا نمایاں ہونا۔

ــ النَّارُ: آگ کو روشن ہونا۔

ــ فلانٌ الشيئَ: چھپانا۔

ــ فلانًا اليه: ٹھکانہ پکڑنا۔

ــ البَوْلُ فلانًا: پیشاب کا تنگ کرنا' کھل کر نہ آنا۔

(وَجَّحَ) الشَّيئَ: واضح اور ظاہر ہونا۔

(المُوَجَّحُ) طَرِيْقٌ مُوَجَّحٌ: کھلا اور صاف راستہ۔

(المُوَجَّحُ): چکنی جلد (۲) موٹا گف کپڑا (۳) مضبوط و تنگ کپڑا۔

(المَوْجُوْحُ) بَابٌ مَوْجُوْحٌ: بند دروازہ یا پردہ پڑا ہوا دروازہ۔

(الوَجَاحُ): چکنی چٹان۔ کہتے ہیں لقيتُهُ أَدْنَى وَجَاحٍ: میں نے اسے سب سے پہلے دیکھا (۲) وہ پانی جو حوض کی نچلی سطح کو ڈھانکنے والا ہو۔

(الوِجَاحُ): پردہ۔ کبھی واؤ کو ہمزہ سے بدل کر أَجَاحٌ بھی پڑھتے ہیں۔

(الوَجْحُ): چھوٹا غار (۲) ٹھکانہ' پناہ گاہ۔

(الوَجِيْحُ): ٹھکانہ' جائے پناہ (۲) تھکا ہوا دبیز کپڑا (۳) مضبوط و تنگ کپڑا۔

(وَجَدَ) فلانٌ(ض) (يَجِدُ) وَجْدًا: غمگین ہونا۔

— عليه مَوْجِدَةً: غصہ ہونا۔

— بہ وَجْدًا: محبت کرنا۔

— فلانٌ وَجْدًا وجِدَةً: مال دار ہونا۔

— مَطْلُوبَهٗ وَجْدًا ووُجْدًا وجِدَةً ووُجُودًا ووِجْدَانًا: پالینا۔ جیسے وَجَدَ الضَّالَّةَ: اسے گم شدہ چیز مل گئی۔

— الشَّيْءَ كَذَا: کسی چیز کو کچھ سمجھنا یا خاص صفت کا حامل خیال کرنا جیسے وَجَدْتُ الحِلْمَ نَافِعًا۔

(وُجِدَ) الشئُ مِنْ عدمٍ وُجُوْدًا: عدم سے وجود میں آنا۔ خلاف عدم۔ هُوَ موجودٌ (أَوْجَدَ) اللّٰهُ الشئَ: بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔

— فلانًا: مالدار کرنا۔ جیسے الحمد لله الذى اوجدنى بعد فقر۔

— فلانًا بَعْدَ ضُعْفٍ: کمزوری کے بعد قوی کرنا۔

— عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا۔

— الشئَ: حاصل کروا دینا۔

— مطلوبَهٗ: مطلوبہ چیز کے حصول میں کامیاب ہونا۔

(تَوَاجَدَ) فلانٌ: خود کو مغموم ظاہر کرنا۔

(تَوَجَّدَ) لِفلانٍ: کسی کی وجہ سے مغموم ہونا۔

— بفلانةٍ: کسی عورت سے محبت کرنا۔

— الأَمْرَ: کسی چیز کی شکایت کرنا جیسے تَوَجَّدَ السَّهَرَ: اسے بے خوابی کی شکایت ہے۔

(المَوْجُوْدُ): موجودہ وہ چیز جو پائی جائے خواہ ذہن میں ہو یا خارج میں (مج)

(الوَاجِدُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام (یعنی وہ غنی ذات جو کبھی محتاج نہ ہو) (۲) مالدار آدمی۔ حدیث میں ہے (لَيُّ الواجِدِ يُحِلُّ عقوبتَهٗ وعِرْضَهٗ)

(الوِجَادَةُ): اصطلاح محدثین میں اس علم کا نام ہے جو کسی سے سماع یا اجازت یا عطا بغیر کتاب کے حاصل کیا جائے۔ (مو)

(الوَجْدُ): پانی جمع ہونے کی جگہ، جوہڑ (ج) وِجَادٌ۔

(الوُجْدُ): مالداری، آسودگی، فراخی۔ قرآن مجید میں ہے (اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُّجْدِكُمْ)

(الوِجْدَانُ): شعور، جذبہ، فلسفہ کی اصطلاح میں کسی لذت یا کلفت کا اولین احساس یا ایک خاص ذہن اور نفسیاتی کیفیت کی قسم جو ادراک کی معرفت میں امتیازات رکھنے والے تمام احوال کے مقابلہ میں لذت والم سے جلد متاثر ہوتی ہے۔

(الوُجُوْدُ): وجود، ظہور، پیدائش ضد العدم۔ (مج)

(الوُجُوْدِيَّةُ) (بالمعنى الاعم): ایک فلسفہ جس کے مطابق وجود ماہیت پر سابق ہوتا ہے (بالمعنى الاخص): ایک خاص نظریہ جس کی بنیاد فرد انسانی کی کامل حریت پر قائم ہے یعنی فرد اپنے کامل وجود و بقاء کے لئے کسی ضابطہ حیات کا پابند ہوئے بغیر تمام اقدامات میں آزاد ہے۔

(الوَجِيْدُ): ہموار زمین (ج) وُجْدَانٌ۔

(أَوْجَذَهٗ) عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا۔

(وَاجَذَهٗ) إِلَيْهِ: کسی چیز کے لئے مجبور کرنا۔

— عَلَيْهِ: مجبور کرنا۔

(الوَجْذُ): پہاڑ میں پانی بھرا ہوا گڑھا (۲) حوض (ج) وِجْذَانٌ ووِجَاذٌ۔

(الوَجِذُ) مَكَانٌ وَجِذٌ: بہت گڑھوں یا حوضوں والی زمین۔

(وَجَرَ) العَلِيْلَ (ض) (يَجِرُهٗ) وَجْرًا: بیمار کے حلق میں دوا ڈالنا۔

— العَلِيْلَ الدَّوَاءَ: بیمار کے منہ میں دوا ڈالنا۔

— فلانًا: کسی کو ناگوار بات کہنا۔

— فُلَانًا الرُّمْحَ وبِهٖ: کسی کے منہ میں نیزہ مارنا۔

(وَجِرَ) مِنَ الأَمْرِ (س) (يَوْجَرُ) وَجَرًا: کسی بات سے ڈرنا۔ هُوَ وَجِرٌ و أَوْجَرُ وهى وَجِرَةٌ ووَجْرَاءُ۔

(أَوْجَرَ) العَلِيْلَ: بیمار کے حلق میں دوا ڈالنا۔

— العليلَ الدَّوَاءَ: بیمار کے منہ میں دوا ڈالنا۔

— فلانًا الرُّمْحَ أو بالرُّمْحِ: کسی کے منہ میں نیزہ مارنا۔

— فلانًا الغَيْظَ: غصہ دلانا۔

(اتَّجَرَ) العليلُ: بیمار کا اپنے حلق یا منہ میں دوا ڈالنا۔

(تَوَجَّرَ) العليلُ بالدّواءِ: بیمار کا دوا کو تھوڑا تھوڑا کر کے نگلنا۔

— فلانٌ الماءَ: مجبوراً پانی پینا۔

(المِيْجَارُ): ٹینس کا ریکٹ (۲) گیند کا بلا۔

(المِيْجَرُ) و (المِيْجَرَةُ): منہ میں دوا ڈالنے کا آلہ۔

(الوِجَارُ): بجو (۲) لومڑی وغیرہ کا بل۔ (۳) شیر بھیڑیے کا مسکن (۴) وادی میں سیلاب سے پیدا ہونے والا گڑھا (ج) أوجرةٌ ووُجُرٌ۔

(الوَجْرُ): پہاڑ کا غار۔

(الوَجْرَةُ): اوجار کا واحد۔ جنگلی جانوروں کا شکار کرنے کا گڑھا۔

(الوُجُوْرُ): حلق میں ڈالی جانے والی دوا۔

(وَجَزَ) فِى مَنْطِقِهٖ (ض) (يَجِزُ) وَجْزًا، وُجُوْزًا: کلام کو مختصر کرنا اور جلدی بولنا۔

— الكَلَامَ: مختصر کلام کرنا۔ هو وَاجِزٌ۔

(وَجُزَ) فِى منطقِهٖ (ك) (يَوْجُزُ) وَجْزًا و وَجَازَةً: مختصر بات کرنا۔

— الكلامُ: کلام کا بلیغ مختصر ہونا۔ هو وَجِيْزٌ ووَجْزٌ۔

(أَوْجَزَ) الكلامُ: بلیغ مختصر ہونا۔

— فِى الأَمْرِ: کوئی کام جلدی سے نمٹانا، لمبا نہ کرنا۔

— كلامَهٗ وفِى كَلَامِهٖ: مختصر کرنا۔

— العَطِيَّةَ: عطیہ میں کمی کرنا (۲) عطیہ دینے میں جلدی کرنا۔

(تَوَجَّزَ) الشَّيْءَ: کسی چیز کی تکمیل چاہنا۔

(اسْتَوْجَزَ) الكلامَ: کلام مختصر ہونا' زوائد سے پاک ہونا۔

(المِیْجَازُ): کلام یا جواب میں اختصار والا۔ مختصر کلام کرنے والا۔

— (الوَجْزُ): ہر کلام میں عجلت کرنے والا (۲) عطایا میں تیزی کرنے والا۔ (۳) تیز رفتار اونٹ (۴) عجلت' تیزی (۵) ہلکی پھلکی باتیں (۶) ہلکا پھلکا معاملہ۔ هی وَجْزَةٌ (ج) وِجَازٌ۔

(وَجَسَ) فلانٌ (ض) (یَجِسُ) وَجْسًا وَوَجَسَانًا: دل میں کوئی خیال آنے یا کان میں آواز پڑنے سے ڈر جانا۔

— فلانٌ وَجْسًا: دل دل میں ڈرنا۔

— الشیئُ: پوشیدہ ہونا' چھپ جانا۔

(أَوْجَسَ) فلانٌ: کسی کے دل میں خوف پیدا ہونا۔

— الأُذُنُ: کان کا آہٹ کو سننا۔

— فلانٌ الأَمْرَ: دل میں چھپانا۔

— القَلْبُ شَیْئًا: ڈر محسوس کرنا' کھٹکا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیفَةً)

۔ الأُذُنُ صوتاً: آواز سننا' آواز کان میں پڑنا۔

(تَوَجَّسَ) فلانٌ: ہلکی آواز کو کان لگا کر سننے کی کوشش کرنا۔

— بالشَّیئِ: کسی چیز کی آہٹ محسوس کر کے ادھر کان لگانا۔

— الأُذُنُ: کان کا آواز سننا۔

— فلانٌ الأَمْرَ: کسی بات کو دل میں چھپانا۔

— الصَّوْتَ: آواز کو کان لگا کر سننا (۲) ڈرتے ہوئے کوئی بات سننا۔

— الطَّعَامَ أَوِ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا کھانا یا پینا۔

(الأَوْجَسُ): تھوڑا سا کھانا یا پانی (یہ صرف نفی ہی استعمال ہوتا ہے) جیسے ما ذقتُ عندهٗ أَوْجَسَ: (۲) زمانہ طویل جیسے لَا أَفْعَلُهٗ سَجِیسَ الأَوْجَسِ: میں اسے کبھی نہیں کرنگا۔

(الأَوْجُسُ): زمانہ دراز۔ جیسے لَا أَفْعَلُ ذٰلِكَ سَجِیسَ الأَوْجُسِ: میں اسے کبھی نہیں کرونگا۔

(الوَاجِسُ): دل میں آنے والا خیال' کھٹکا۔

(الوَجْسُ): ہلکی آواز۔

(وَجِعَ) فلانٌ (س) (یَوْجَعُ) وَجَعًا: دکھی ہونا' تکلیف محسوس کرنا۔

— فلانٌ رَاسَهٗ وبَطْنَهٗ: سر اور پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔

هُوَ وَجِعٌ (ج) وَجِعُونَ وَوَجْعٰی وَوَجَاعٰی وَوِجَاعٌ وَهِیَ وَجِعَةٌ (ج) وَجِعَاتٌ وَوَجَاعٰی۔

(أَوْجَعَ) فلانٌ فِی العَدُوِّ: دشمن کے ساتھ خوب لڑنا اور نقصان پہنچانا۔

— المَرَضُ أَوِ الضَّرْبُ فُلَانًا: بیماری یا درد کا کسی کو درد و تکلیف میں مبتلا کرنا۔ هُوَ مُوْجِعٌ۔

(تَوَجَّعَ) فلانٌ: دل دکھنا (۲) درد محسوس کرنا' کراہنا۔

— لِفلانٍ مِمَّا نزلَ بِهٖ: کسی پر اس کی مصیبت کی وجہ سے ترس کھانا۔

(الوَجَعُ): ہر قسم کی تکلیف' درد (ج) أَوْجَاعٌ۔

(الوَجْعَاءُ): دبر (ج) وَجْعَاوَاتٌ۔

(الوَجِیعُ): دردناک۔ جیسے ضَرْبٌ وَجِیعٌ۔

(وَجَفَ) الشیئُ (ض) (یَجِفُ) وَجْفًا وَوَجِیفًا وَوُجُوفًا: تھرتھرانا' کانپنا۔

— البَعِیرُ أَوِ الفَرَسُ: تیز چلنا۔

— القَلْبُ: دل دھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (قُلُوبٌ یَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ)

— فلانٌ: خوف کی وجہ سے گر جانا۔ هو واجفٌ وهی وَاجِفَةٌ۔

(أَوْجَفَ) السَّائِرُ: تیز چلنا۔

— فلانٌ فلانًا: اکسانا' ابھارنا۔

— فلانٌ دابَّتَهٗ: جانور کو تیز دوڑانا۔

— الشیئَ: حرکت دینا۔

— البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

(اسْتَوْجَفَهٗ): لے جانا۔

— الحُبُّ فُؤَادَهٗ: محبت کا کسی کے دل کو چھین لینا۔

(المِیْجَافُ) دَابَّةٌ مِیْجَافٌ: تیز رفتار جانور۔

(وَجِلَهٗ) (س) (یَوْجَلُهٗ) وَجْلًا: ڈر یا خوف میں کسی سے بڑھ جانا۔

(وَجِلَ) (ك) (یَوْجَلُ) وَجَلًا وَمَوْجَلًا: ڈر جانا خوفزدہ ہونا۔ هو أَوْجَلُ وَوَجِلٌ (ج) وِجَالٌ وهی وَجِلَةٌ (وَجْلَاءُ: مستعمل نہیں ہے)

(وَجُلَ) (ك) (یَوْجُلُ) وَجْلًا وَوَجَالَةً: بوڑھا اور عمر رسیدہ ہونا۔

(أَوْجَلَهٗ): ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔

(وَاجَلَ) فلانًا: ڈر یا خوف میں مقابلہ کرنا۔

(المَوْجَلُ) مصدر وَجِلَ: ڈر خوف (۲) نرم چکنے پتھر۔

(المَوْجِلُ): ڈر کی جگہ' دہشت ناک مقام۔ (۲) جوہڑ تالاب وغیرہ۔

(الوُجُوْلُ): بوڑھے لوگ۔

(الوَجِیْلُ): جوہڑ' تالاب۔

(وَجَمَ) (ض) (یَجِمُ) وَجْمًا وَوُجُوْمًا: غصہ کی وجہ سے خاموش رہنا۔ (۲) شدتِ غم سے اداس و خاموش ہو کر سر جھکا لینا۔

— الشیئَ: کسی چیز کو ناپسند کرنا هو وَاجِمٌ وَوَجِمٌ۔

— عنهُ: ڈر کی وجہ سے خاموش رہنا هو واجِمٌ۔

— فلانًا وَجْمًا: مکا مارنا۔

(الوَجَمُ): جنگلوں میں راہ نما عمارتیں (۲) چٹان۔ رَجُلٌ وَجَمٌ: گھٹیا آدمی۔ وَجَمُ سَوْءٍ: برا آدمی۔ بَیْتٌ وَجَمٌ: شاندار مکان (ج) أَوْجَامٌ وَوُجُوْمٌ۔

(الوَجَمُ): بخیل' کنجوس (۲) گھٹیا اور ہلکے بدن کا آدمی (۳) ٹیلوں پر پتھروں کے ڈھیر (۴) جنگلوں کے راستوں کے نشانات (۵) أَوْجَامٌ وُجُوْمٌ۔

رَجُلٌ وَجَمٌ: فضول آدمی۔

(الوَجْمَةُ): گالی کہتے ہیں رَمَاهُ بِوَجْمَةٍ اس نے اسے گالی دی۔

(الوَجِيمُ)من الأيّام: انتہائی گرم ایام۔
(الوَجِيمَةُ) من الطّعامِ والعلفِ: کھانے یا چارے کی یک وقتہ خوراک۔
(وَجَنَ) بِالشَّيئِ(ض) (يَجِنُ) وَجْنًا: پھینکنا۔
— بِهِ الأرْضَ: زمین پر دے مارنا۔
— الوتدَ: میخ یا کھونٹی ٹھونکنا۔
— القَصّارُ الثيابَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹنا۔
(وَجَّنَ) الدَّبّاغُ الجلدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے کوٹنا۔
— القَصّارُ الثوبَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹنا۔
(تَوَجَّنَ) فلانٌ: تابع و فرمانبردار ہونا' عاجزی و انکساری کرنا۔
(الأوْجَنُ): ابھرے ہوئے رخساروں والا۔
(المُوَجَّنُ): ابھرے ہوئے رخساروں والا (۲) زیادہ گوشت والا' فربہ۔
(المَوْجُونَةُ)مِنَ النِّساءِ: شرمیلی عورت۔
(المِيجَنَةُ): دھوبی کی موگری جس سے وہ کپڑے کو کوٹتا ہے۔(ج)مَوَاجِنُ وَمَيَاجِنُ۔
(الوَاجِنُ): پتھروں والی سخت زمین۔
(الوَجْنُ) و(الوَجَنُ) بمعنی الوَاجِنُ۔
(الوَجْنَاءُ): بڑے رخساروں والی (۲) مضبوط اور سخت عورت۔
(الوَجْنَةُ): گال کا ابھرا ہوا حصہ' رخسار۔
(الوَجَنَةُ) بمعنی الوَجْنَةُ۔
(الوَجِينُ): سنگلاخ زمین (۲) بہت سے پتھر (۳) وادی کا کنارہ (ج) وُجُنٌ۔
(وَجَهَ) فلانٌ فلانًا عِندَ النّاسِ (ض) (يَجِهُهُ) وَجْهًا: کسی کو لوگوں کے نزدیک بلند مرتبہ کرنا۔
— فلانًا: کسی کو مار کر اس کا منہ پھیر دینا۔
(وَجُهَ) فلان (ك) (يَوْجُهُ) وَجَاهَةً: بلند مرتبہ ہونا صاحب وجاہت و شان و شوکت ہونا۔
هو وَجِيهٌ(ج) وُجَهاءُ ووِجَاهٌ وهي وَجِيهَةٌ (ج) وِجَاهٌ وهو وَجُهٌ وهي وَجُهَةٌ۔

(أوْجَهَتِ) المَرْأةُ: عورت کا بانجھ ہو جانا۔
— فلانٌ فلانًا: کسی کا کسی کو رتبہ دینا (۲) واپس کرنا (۳) باوجاہت اور بلند مرتبہ پانا۔
(وَاجَهَهُ) مُوَاجَهَةً ووِجَاهًا: آمنے سامنے اور بالمقابل ہونا (۲) کسی کا الفاظ یا چہرہ سے استقبال کرنا۔
(وَجَّهَ): فرماں بردار اور مطیع ہونا۔ قَادَ فلانٌ فلانًا فَوَجَّهَ: فلاں نے فلاں کی قیادت کی تو اس نے اس کی اطاعت کی۔
— المولودُ: رحم مادر سے بچہ کے دونوں ہاتھوں کا پہلے نکلنا۔
— إلَى الشيئِ: متوجہ ہونا' رخ کرنا۔ مقولہ ہے (اينما أُوجِّهُ أَلْقَ سعدًا)
— فلانًا في حَاجَةٍ: کسی کو کسی کام کے لئے کہیں بھیجنا۔
— فلانًا: عزت و اکرام کرنا (۲) کسی کا منہ قبلہ کی طرف کرنا۔
— الشيءَ: کسی چیز کو ایک رخ پر رکھنا۔
— النَّخْلَةَ: کھجور کا پودا لگا کر شمال کی طرف جھکا دینا اور شمالی ہوا کا اسے سیدھا کر دینا۔
— النَّاسُ الطَّرِيقَ: لوگوں کا راستہ پر چلتے ہوئے پیچھے آنے والے کے لئے نشان چھوڑنا۔
— المَطَرُ الأرْضَ: بارش کا سطح زمین کو چھیل دینا اور نشان ڈال دینا (۲) بارش کا زمین کو ہموار کر دینا۔
— الرِّيحُ الحصى: ہوا کا کنکریوں کو لے کر اڑنا۔
— فلانًا: کسی کو ایک رخ پر ڈالنا۔
(اتَّجَهَ) إلَيهِ: کسی کی طرف رخ کرنا۔
— لَهُ رائٌ: کسی کے ذہن میں کوئی بات آنا۔
(تَوَاجَهَا): آمنے سامنے ہونا۔
(تَوَجَّهَ): لازم وَجَّهَهُ۔
— الجَيْشُ: شکست کھانا۔
— الشَّيْخُ: انتہائی عمر رسیدہ ہونا۔
— إليهِ: کسی کے پاس جانا (۲) کسی کی طرف متوجہ ہونا۔

— جِهَةَ كَذَا: کسی سمت میں روانہ ہونا۔
(التِّجَاهُ): جہت' سمت' رخ' جیسے قَعَدْتُ تِجَاهَكَ: (اس کی اصل وِجاه: ہے)
(التَّوْجِيهُ): اصطلاح شعر میں روی مقید سے پہلے حرف کی حرکت کا اختلاف (۲) علم بلاغت میں ایسا کلام کرنا جو دو مختلف معنی کا احتمال رکھتا ہو۔
(الجِهَةُ): کونہ' گوشہ' طرف' کنارہ (۲) رخ' جس کا قصد کیا جائے' سمت (ج) جِهَاتٌ: (۳) خاص طریقہ یا رخ جیسے مَالَهُ جِهَةٌ فِي هٰذَا الأمْرِ: اس معاملہ میں اس کا کوئی خاص طریقہ نہیں۔
فعلتُ كذا على جِهَةِ كذا: میں نے فلاں کام اس طریقہ پر انجام دیا۔
(المُوَجَّهُ): صاحب وجاہت' صاحب شان و شوکت (۲) دو کوہان والا اونٹ یا کمر و سینہ کے دو ابھار والا آدمی (۳) اوڑھنے کی دوہری چادر۔
وَشيءٌ مُوَجَّهٌ: یک رخ نقش ونگار۔
(الوِجَاهُ): جانب' سمت' جیسے: داري وِجَاهُ دارِكَ: میرا گھر تمہارے گھر سامنے ہے (۲) تقریباً لگ بھگ جیسے هُمْ وِجَاهُ الفٍ: وہ تقریباً ایک ہزار ہیں۔
(الوَجَاهَةُ): عزت و رفعت' وجاہت' حیثیت
(الوَجْهُ): سردار قوم' شریف و معزز آدمی (ج) وُجُوهٌ: (۲) چہرہ (۳) ہر شے کا سامنے والا حصہ (۴) نفس' ذات شے قرآن مجید میں ہے (كُلُّ شَيئٍ هَالِكٌ إلّا وَجْهَهُ): (۵) دل۔ حدیث میں ہے (لتسوُّنَّ صفوفكم أو ليخالفنَّ اللهُ بَيْنَ وُجوهِكم): زمانہ کا ابتدائی حصہ (۷) دن کا اول حصہ (۸) صبح کی نماز (۹) ستارے کا دکھائی دینے والا حصہ (۱۰) کپڑے کا دکھائی دینے والا حصہ (۱۱) مسئلہ کا صاف سمجھ میں آنے والا مفہوم (۱۲) گھر کا دروازہ والا حصہ (۱۳) تھوڑا سا پانی (۱۴) مرتبہ' حیثیت (۱۵) قصد (۱۶) سمت' گوشہ' جانب (۱۷) راستہ' طریقہ' جیسی صَرفَ الشيءَ عَنْ

و

وَجْهِهٖ: شے کواس کے مقررہ راستہ سے ہٹا دیا۔
(۱۸) صحت' درستگی جیسے لیس لکلامِهٖ وَجْهٌ:
(۱۹) کلام کامقصود بالذات مفہوم ومطلب (۲۰)
صفت (۲۱) نوع' قسم (ج) اَوْجُهٌ ووُجُوْهٌ
واُجُوْهٌ: (۲۲) موسیقی کا ایک جز (ج) حُزٌ
الوَجْهِ: معزز آدمی۔
عبدالوجہ: گھٹیا آدمی۔ سهلُ الوجہِ: وہ چہرہ جس کے رخسار ابھرے ہوئے نہ ہوں۔
رَجُلٌ ذو وَجْهَيْنِ: منافق' دورخا۔
وجوهُ القرآن: قرآن کریم کے معانی۔
(الوُجْهَةُ): جانب' گوشہ (۲) سمت جس کا قصد کیا جائے (۳) ہر وہ جگہ جو تمہارے سامنے ہو (۴) قبلہ۔
وجهةُ الأَمْرِ: کام کا ڈھنگ۔
(الوَجِيْهُ): صاحب وجاہت وقدرومنزلت۔
(۲) سردار' لیڈر (ج) وُجَهَاءُ: (۳) وہ بچہ جس کے ہاتھ بوقت ولادت پہلے باہر آئیں۔ (۴) وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پاؤں پیدائش کے وقت ایک ساتھ باہر آئیں۔
(وَجَاهُ) (ض) (يَجِيْهِ) وَجْيًا: کسی کو ناکارہ پانا۔
(وَجِيَ) (س) (يَوْجٰى) وَجًى: زیادہ چلنے سے پاؤں کے کھروں کا گھس کر پتلا ہوجانا۔ هُوَ وَجٍ وَوَجِيٌّ (ج) أَوْجِيَاءُ۔ وَهِيَ وَجْيَاءُ: کہا جاتا ہے وَجِيَ الانسانُ والفرسُ والبعيرُ۔
(أَوْجٰى) عَنْ كَذَا: اعراض کرنا' ہٹنا۔
— الصَّائِدُ: شکاری کا شکار نہ کرسکنا۔
— حَافِرُ والبئرِ: کنوں کھودنے والے کا سخت تہ تک پہنچ جانا لیکن پانی نہ نکلنا۔
— علی فلانٍ: کنجوسی کرنا۔
— فلانًا: کسی کو ناکارہ پانا (۲) ضرورت پوری نہ کرنا۔
— عَنِ الأَمْرِ: ڈانٹ کر روکنا۔
— فلانٌ عَنْ فلانٍ الظُّلْمَ ونحوه: کسی پر کئے گئے ظلم وتکلیف کو ہٹانا۔

و

(تَوَجّٰى): وَجِيَ۔

و......ح

(وَحَدَ) (ض) (يَحِدُ) حِدَةً ووَحْدًا ووُحُوْدًا ووَحْدَةً: اکیلا ہونا' تنہا ہونا۔
— الشئَ وَحْدًا: اکیلا کرنا۔ تنہا کرنا۔
(وَحِدَ) (س) (يَوْحَدُ) وَحْدًا وَحْدَةً ووَحَادَةً وُحُوْدًا: اکیلا رہ جانا۔
(أَوْحَدَتِ) المرأةُ والشاةُ: ایک بچہ جننا۔ هی مُوْحِدٌ۔
— بِإِبْنِها: یکتا و بے مثال بچہ جننا۔
— اللہُ فُلَانًا: خدا کا کسی کو یکتائے روزگار اور بے مثال بنانا۔
— جَانِبَهٗ: تنہا ہونا۔
— الشئَ: اکیلا کرنا۔
— النَّاسُ فلانًا: لوگوں کا کسی کو تنہا چھوڑ دینا۔
(وَحَّدَ) اللہَ سبحانَهٗ: خدا کے ایک ہونے کا اقرار کرنا اور اس کی وحدانیت پر ایمان لانا۔
— الشئَ: ایک بنانا' متحد ومربوط کرنا۔
(تَوَحَّدَ) اللہُ بِرَبُوْبِيَّتِهٖ وَجَلَالِهٖ وَعَظْمَتِهٖ: اللہ تعالیٰ کا اپنی ربوبیت' جلالت اور عظمت میں یکتا اور بے مثال ہونا۔
— فلانٌ: تنہا رہ جانا۔
— برأيه: مشہور رائے رکھنا۔
— اللہُ تعالٰی فلانًا بِعِصْمَتِهٖ: خدا تعالیٰ کا کسی کو اپنی نگرانی میں رکھنا اور کسی غیر کے حوالہ نہ کرنا۔
(اِسْتَوْحَدَ): اکیلا اور تنہا ہونا۔
(الأَحَدُ): اس کی اصل وَاحِدٌ: ہے یہ مذکر و مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے اور دو جگہوں واحد کا مترادف ہوتا ہے' لیکن یہ سماعی طور پر ہے۔
(۱) اللہ تعالیٰ کے اسم کی صفت کے لئے' چنانچہ کہا جائیگا۔ هُوَ الواحِدُ وهو الأَحَدُ: یہ اَحَدِيَّت: کے ساتھ خاص ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی صفت نہ ہوگا۔ لہٰذا رَجُلٌ اَحَدٌ: اور دِرْهَمٌ اَحَدٌ: کہنا صحیح نہیں۔

(۲) اسماء عدد میں غلبہ اور کثرت استعمال کی بنا پر کہا جاتا ہے۔ اَحَدٌ وعِشْرُوْنَ بمعنٰی واحدٌ وعشرون: مذکورہ دونوں جگہوں پر ان دونوں کے استعمال میں یہ فرق ہے کہ اَحَدٌ تو اپنے ساتھ والے لفظ کی نفی عموم کے لئے آئے گا۔ جیسے مَا قَامَ اَحَدٌ: یا اضافت کے ساتھ آئے گا جیسے مَا قَامَ اَحَدُ الثَّلَاثَةِ: لیکن واحد کو مضاف وغیرہ مضاف دونوں طرح اثبات کے لئے استعمال کیا جائے گا جیسے جَاءَنِی واحِدٌ من القومِ:
اور کبھی احد شی: کے معنی میں ہوتا ہے اور اس صورت میں عموم کے لئے موضوع ہوگا۔ اس لئے غیر ذوی العقول کو بھی شامل ہوتا ہے جیسے کہا جائے مَا بِالدَّارِ مِنْ اَحَدٍ: گھر میں کوئی نہیں۔ (ج)
آحادٌ وأُحدانٌ: یا اس کی کوئی جمع ہے ہی نہیں۔
(دیکھئے احد)
(الأَحَدِيَّةُ): احد کا مصدر صناعی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے' حدت' یکتائی' وہ ذات جس میں مطلقاً کوئی ترکیب نہ ہو۔
(الأَوْحَدُ): یکتا' اکیلا۔ اللہُ الأَوْحَدُ: خدائے وحدہ لاشریک لہ۔ (۲) بے مثل وبے نظیر جیسے فلانٌ أَوْحَدُ زمانِهٖ: (۳) منفرد جیسے لست فی هٰذَا الأَمْرِ بأوحد: میں اس معاملہ میں کسی خصوصیت کا حامل نہیں۔
مؤنث کے لئے وَحْدَاء: نہیں کہا جاتا۔ اخیر کے دونوں معنی کی جمع أُحْدَان: آتی ہے۔
(التَّوْحِيْدُ): اللہ تعالیٰ کے وحدہ ولاشریک ہونے پر ایمان (۲) اہل حقیقت کی اصطلاح میں ذات الٰہی کے ذہن وخیال میں آنے والے ہر تصور سے تجرید وبرتری۔
مَذْهَبُ التَّوْحِيْدِ: فلسفہ کی اصطلاح میں نظریہ توحید' خدا کے ایک ہونے کا نظریہ۔ (مج)
توحدُ النَّمَطِ: اقتصادیات کی رو سے صنعتی اداروں کا تیار سامان کے ایک یا چند نمونوں پر اکتفا کرنا تاکہ اس کی مانگ میں اضافہ یا فروغ ہو۔ (مج)

عِلْمُ التَّوْحِيْد: علم الکلام (مو)

(الحِدَةُ) : تنہائی۔

عَلٰی حِدَةٍ: علیحدہ، تنہا، الگ۔ جیسے ھذا الشیء عَلٰی حِدَتِهٖ: یہ چیز سب سے الگ ہے۔ فَعَلَهٗ علی ذات حِدَتِهٖ وَمِنْ ذات حِدَتِهٖ وَمِنْ ذی حِدَتِهٖ: اس نے وہ کام اپنے طریقہ اور رائے سے کیا۔

(المُوَحَّدُ) : حروف تہجی کے وہ حروف جن کے اوپر یا نیچے ایک نقطہ ہو جیسے فاء۔ اسے موحدة فوقية: کہتے ہیں اور باء:۔ اسے موحدةٌ تحتيةٌ: کہتے ہیں۔

مُوَحَّدُ الخَوَاصّ: علم طبعیات (فزکس) کی رو سے اس جسم یا ماحول کو کہتے ہیں جس کے خواص ہر رخ پر یکساں ہو۔ (ج)

(مَوْحَدُ) دَخَلُوا مَوْحَدَ مَوْحَدَ: وہ ایک ایک ہو کر آئے۔

(المِيْحَادُ) مَوَاحِيْدُ کا واحد۔ الگ الگ کھڑے ہوئے ٹیلے (۲) دوسرے سے الگ چیزیں۔

(الوَاحِدُ) : اللہ تعالیٰ کی صفت یعنی تنہا ذات جس کا ذات وصفات میں کوئی شریک نہ ہو۔ (۲) (ایک حساب کا پہلا عدد) کبھی اس کا تثنیہ بھی آتا ہے جیسے شاعر کا قول۔

فلما التقينا واحدين علونه ... بذی الكف انی للكماة ضروب

اس کی جمع مذکر سالم بھی آتی ہے جیسے شاع کمیت کا قول ہے۔

"فقد رجعوا كحيٍّ واحدينا"

(۳) علم یا طاقت وغیرہ میں فوقیت اور برتری رکھنے والا۔ (۴) کسی چیز کا جز (ج) وُحْدَانٌ وأُحْدَانٌ۔ فلانٌ وَاحِدُ الأَحَدَيْنِ وواحِدُ الأحادِ وواحِدُ أُمِّهٖ وواحدُ دَهْرِهٖ ولا واحِدَ لَهٗ۔ وَاحِدٌ لَامِثْلَ لَهٗ ولا نظير: (سب میں انفرادیت کا معنی ہے)

(الوَاحِدِيَّةُ) : ایک فلسفیانی نظریہ جو تمام کائنات کی اصل ایک ہی مبدا کو قرار دیتا ہے جیسے روح محض یا فطرت محضہ۔ (ج)

(وُحَادَ) "دخلو وُحَادَ وُحَادًا: وہ ایک ایک کر کے داخل ہوئے۔

(اَلْوَحْدُ) : تنہا، اکیلا۔ (یہ مصدر ہے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا) کہتے ہیں رَأَيْتُهٗ وَحْدَهٗ ورأيتُهُمَا وَحْدَهُمَا: میں اس کو یا ان دونوں کو تنہا دیکھا۔ (۲) اسم ممکن، جیسے جَلَسَ وَحْدَهٗ وَعَلٰی وَحْدِهٖ وَعَلٰی وَحْدَيْهِمَا وجلسوا عَلٰی وَحْدِهِمْ: (۳) منفرد، یکتا (۴) نامعلوم النسب آدمی (۵) لاثانی بے مثال جیسے هو نَسِيْجُ وحدِهٖ: وہ بے مثال و یکتا ہے۔ قَرِيْعُ وَحْدِهٖ: خوبیوں اور صفات میں بے نظیر۔ هُوَ جُحَيْشُ وَحْدِهٖ وَعُيَيْرُ وَحْدِهٖ: برائے مذمت یعنی یہ دونوں ذلت و کمزوری کے باوجود خود رائے میں نہ کسی سے مشورہ کرتے ہیں اور نہ میل جول رکھتے ہیں۔

(الوَحَدُ) : اپنی ذات میں منفرد (۲) نامعلوم النسب آدمی۔ هِيَ وَحِدَةٌ

(الوَحْدَانِيُّ) : یہ نسبت ہے وَحْدَةٌ کی طرف لیکن الف و نون مبالغہ کی زیادتی کے ساتھ، بمعنی علیحدگی پسند، تنہا رہنے والا۔ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا۔ حدیث میں ہے (شَرُّ اُمَّتِي الوحدانی المعجبُ بدينه المرائی بِعَمَلِهٖ)

(الوَحْدَانِيَّةُ) : مصدر صناعی ہے وحدة سے۔ الف نون مبالغہ کی زیادتی کے ساتھ۔ (۲) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت۔ یعنی وہ ذات جس کی ماہیت اور صفات کمال میں یکتائی اور غیر کی شرکت کا امتناع بلاواسطہ اور بلاکوشش ہو اور ذات ایجاد و تدبیر عام میں منفرد ہے غیر کی مشارکت سے پاک ہے اور اس کے سوا کسی کا کسی چیز میں کوئی تاثر نہیں۔

(الوَحْدَةُ) : الوَحْدَةُ المربعَةُ: (علم ریاضی اور ہندسہ کی اصطلاح) ایسا مربع جس کے ایک ضلع کا طول پیائش طولی کی اکائیوں سے مل کر ایک اکائی بن جائے جیسے مربع کہنی یعنی ایسا مربع جس کے اضلاع میں سے ہر ضلع طولاً ایک کہنی کے برابر ہو۔ (مج) (۲) سیاسی نظام میں دو یا چند قوموں یا ملکوں کی سربراہی و سیاست اور فوج واقتصادیات میں ایسا اتحاد جو ایک متحدہ قوم بن جائے یا چند قوموں اور ملکوں کا جزوی اتحاد (مو)

وَحْدَةُ النَّقْدِ: سیاسی اقتصادیات میں وہ وزن جو لوہے وغیرہ کی خاص مقدار کے مطابق قانون سازوں کی تحدید و تعین کے ذریعہ قائم کی آجائے۔ (مج)

(الوَحِيْدُ) : اپنی ذات کے اعتبار سے منفرد، یکتا۔ اکیلا، بے مثال و نظیر۔ هِيَ وَحِيْدَةٌ۔

(وَحِرَ) (س) (يَوْحَرُ) وَحَرًا: ایسی چیز کھانا جیسے وَحَرَةٌ: (دیکھئے الوَحَرَةُ) : نے زہر آلود کر دیا ہو۔

— الطَّعَامُ: کھانے میں وَحَرَة: (دیکھئے الوَحَرَةُ: کا گر جانا۔

— صَدْرُ فُلانٍ عَلٰی فلانٍ: کسی کا کینہ دل میں رکھنا۔ هُوَ وَحِرٌ۔

(أَوْحَرَتِ) الوَحَرَةُ الطعامَ: وَحَرَ: (دیکھئے الوَحَرَةُ) : وحر کا کھانا پر گزر کر اسے زہر آلود کر دینا کہ کھانے والے کو قے اور دست ہونے لگے یا وہ مر جائے۔

— فلانًا: کسی کو غضبناک کرنے والی بات کرنا۔

(الوَحَرُ) : کینہ (۲) غصہ (۳) ملاوٹ کھوٹ (۴) انتہائی شدید غصہ (۵) دشمنی (۶) وسوسے پریشان کن خیالات۔

(الوَحْرُ) بمعنی الوَحَرُ۔

(الوَحَرَةُ) : چھپکلی نما ایک جانور جو صحراؤں میں پایا جاتا ہے اور کھانے کو زہریلا کر دیتا ہے۔ (۲) پست قد کے اونٹ (ج) وَحَرٌ۔

اِمْرَأَةٌ وَحَرَةٌ: کالی اور بدصورت عورت (۲) سرخ و کوتاہ قد عورت۔

(وَحَشَ) فلانٌ بثوبه وسلاحِهٖ نحوهما (ض) (يَحِشُ) وَحْشًا: اپنے کپڑے یا ہتھیار

اتار کر پھینک دیا۔

(وَحِشَ) فلانٌ لِلشَّيْءِ (س) (يَوْحَشُ) وَحْشَةً: کسی چیز سے وحشت وگھبراہٹ محسوس کرنا۔ (۲) بھوکا ہونا هو وَحِشٌ: کہتے ہیں

(الرِّيَةُ): ہر وہ چیز جس سے آگ سلگائی جائے۔ جیسے چیتھڑا، روئی، کاغذ وغیرہ۔

(الوَارِيْ): موٹی چربی (۲) ہر موٹی چیز (۳) آگ دینے والا چقماق۔

(الوَارِيَةُ): پھیپھڑوں کی بیماری جس سے کھانسی اٹھتی ہے۔

(الوَرْيُ): پیٹ کے اندر کی پیپ یا وہ زخم جس سے کھانسی کے وقت پیپ یا خون منہ سے نکلتا ہو۔ مبغوض آدمی کے کھانستے وقت عرب کہتے ہیں وَرْيًا وقُحَابًا۔

(الوَرَى): مخلوق۔

(الوَرْيَةُ): آگ سلگانے کی کوئی چیز۔

(الوَرِيُّ): موٹی چربی۔ لَحْمٌ وَرِيٌّ: موٹا گوشت (۲) مہمان (۳) پڑوسی، ہمسایہ۔

و......ز

(وَزَأَ) مِنَ الطَّعَامِ (ف) (يَزَأُ) وَزْءًا: سیر ہونا۔

ـــ اللَّحْمَ: گوشت کو بھون کر خشک کرنا۔

ـــ القومُ القَوْمَ: لڑائی وغیرہ میں دو گروہوں کا ایک دوسرے کو دھکے دینا۔

(وَزَّأَتِ) النَّاقَةُ أَوِ الفَرَسُ ونحوُهُمَا بِرَاكِبِهَا تَوْزِئَةً وتَوْزِيْئًا: گھوڑے وغیرہ کا سوار کو زمین پر گرا دینا۔

ـــ فُلانًا: کسی کو ہر طرح کی قسم دے کر پابند کرنا۔

ـــ الإناءَ: برتن کو بھرنا۔

(تَوَزَّأَ): پانی سے سیر ہونا۔

ـــ الإناءُ: برتن بھرنا۔

(الوَزَأُ): پست قد موٹا اور سخت جسم کا آدمی۔

(وَزَبَ) الماءُ والشيءُ (ض) (يَزِبُ) وُزُوْبًا: بہنا۔

(أَوْزَبَ) فِي الأَرْضِ: کسی جگہ جانا، سفر کرنا۔

(المِيْزَابُ): پرنالہ (دیکھئے أزب)

(الوَزَّابُ): ماہر چور

(وَزَرَ) (ض) (يَزِرُ) وَزْرًا وَزِرَةً: بھاری بوجھ اٹھانا (۲) گناہ گار ہونا۔ هو وَازِرٌ۔

ـــ لَهٗ وَزَارَةً: کسی کا وزیر و مشیر بن جانا۔

ـــ الشيءَ وَزْرًا: اٹھانا۔ هو وَازِرٌ۔

ـــ الرَّجُلَ وَزْرًا: کسی پر غالب آنا۔

ـــ الثُّلْمَةَ: شگاف بند کرنا۔

(وُزِرَ) (ض) (يُوْزَرُ) وَزْرًا: گناہ و جرم کا ارتکاب کرنا (۲) گناہ کی تہمت لگایا جانا هو مَوْزُوْرٌ۔

(أَوْزَرَهٗ): کسی کو سہارا دینا، پشت پناہی کرنا۔ (۳) چھپانا، پناہ دینا۔

ـــ الشيءَ: کوئی چیز حاصل کرنا، (۲) مضبوط و پختہ کرنا (۳) لے جانا۔

(وَازَرَهٗ) عَلَى الأَمْرِ: مدد کرنا، قوت پہنچانا (۳) کسی کا وزیر بننا۔

(اتَّزَرَ): گناہ کرنا (۲) چھوٹا کمبل اوڑھنا۔

(تَوَزَّرَ) لَهٗ: کسی کا وزیر بننا۔

(اسْتَوْزَرَهٗ): کسی کو اپنا وزیر بنالینا (۲) لے جانا۔

(الوِزَارَةُ): (بکسر الواو اعلیٰ ہے) وزارت، وزیر کا عہدہ، دفتر وزارت۔

(الوِزْرُ): بھاری بوجھ (۲) ہتھیار (۳) گناہ (ج) أَوْزَارٌ - أَعَدُّوا أَوْزَارَ الحَرْبِ: انہوں نے جنگ کے ہتھیار تیار کرلئے۔

وَضَعَتِ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا: جنگ ختم ہوگی۔

(الْوِزْرُ): محفوظ پہاڑ (۲) ٹھکانہ، پناہ گاہ۔

(الْوِزْرَةُ): چھوٹا کمبل (۲) وزارت۔

(الْوَزِيْرُ): پشت پناہی کرنے والا (۲) بادشاہ کا خاص آدمی جو اپنی رائے سے بادشاہ کی مدد کرے اور اس کا بوجھ ہلکا کرے (۳) وزیر۔ نظم حکومت میں کسی خاص شعبہ کا ذمہ دار صاحب منصب شخص (ج) وُزَرَاءُ و أَوْزَارٌ۔

(الْمَوَزَّةُ): بہت مرغابیوں والی زمین۔

(الْوَزُّ): مرغابی۔ واحد وَزَّةٌ۔

(وَزَعَ) الإِنْسَانُ وغيرُهُ (ف) (يَزَعُهُ) وَزْعًا: روکنا، منع کرنا، قید میں رکھنا (۲) ڈانٹنا، جھڑکنا۔

— الْجَيْشَ: لشکر کی صف بندی کرنا اور خاص ترتیب میں کھڑا کرنا۔

(أَوْزَعَ) بَيْنَهُمْ: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا (۲) صلح کروانا۔

— الشيءَ: تقسیم کرنا (۲) بکھیرنا، منتشر کرنا۔

— فُلَانًا بِالشَّيءِ: کسی کو کسی چیز سے ورغلانا۔

— (أُوْزِعَ) فلانٌ بِالشيءِ وَزُوْعًا: کسی کو ورغلا کر کسی چیز کا عادی بنا دینا۔

— فُلَانًا الشيءَ: کسی کو کسی چیز کا شوقین بنانا۔

(وَازَعَهُ): مانع ہونا، رکاوٹ بننا۔

(وَزَّعَهُ): تقسیم کرنا، بانٹنا۔

— الصَّحِيْفَةَ أَو المجلَّدَ أَو الكتابَ: اخبار، رسالہ یا کتاب خریداران کو فراہم کرنا۔

— البَرِيْدَ: ڈاک تقسیم کرنا۔

— المُوسِيْقَارُ اللَّحْنَ: موسیقار کا کسی نغمہ کو مختلف آلات پر تقسیم کرنا۔

(الثلاثة: محدثات)

(اِتَّزَعَ): رکنا، باز رہنا۔

(تَوَزَّعَ) الْقَوْمُ الشيءَ بينهم: لوگوں کا کوئی چیز باہم تقسیم کر لینا۔

(تَوَزَّعَتْهُ الأَفْكَارُ): سوچوں کا کسی کو پریشان کر دینا۔ هو متوزِّعُ القَلْبِ۔

تَوَزَّعُوْا ضُيُوْفَهُمْ: لوگوں کا مہمانوں کو مختلف ٹولیوں میں تقسیم کر کے اپنے گھروں میں لے جانا۔

(اِسْتَوْزَعَهُ) الأَمْرَ: کسی بات کے الہام کی استدعا کرنا۔ توفیق مانگنا جیسے اِسْتَوْزَعَ اللّٰهُ شُكْرَهُ۔

(الأَوْزَاعُ): جماعتیں، گروہ (۲) مختلف قسم کے لوگ (۳) لوگوں کے جتھے سے الگ تھلگ ہونے والے مکانات (اس کا واحد نہیں)

(التَّوْزِيْعُ): تقسیم، تفریق، فراہمی (۲) فن تصویر میں رنگوں کی مخصوص آمیزش۔ (مج)

(الْمُتَّزِعُ): سخت جان خوددار آدمی۔

(الْمُوَزِّعُ): اخبارات و رسائل فراہم کنندہ، ہاکر (۲) ڈاکیا۔ (مج)

(الْوَازِعُ) فِي الْحَرْبِ: لڑائی میں لشکر کی صف بندی کرنے والا کمانڈر (۲) محرمات شرعیہ سے روکنے والا مبلغ یا افسر (۳) کتاب۔ اسے ابن وازع بھی کہتے ہیں۔ (ج) وَزَعَةٌ و وُزَّاعٌ۔

(الْوَزُوْعُ): کسی چیز پر ابھارنا۔

(وَزَغَ) بِهِ (ض) (يَزِغُ) وَزْغًا: تھوڑا تھوڑا پھینکنا۔ جیسے وَزَغَتِ النَّاقَةُ بِبَوْلِهَا والطَّعنةُ بالدَّمِ۔

(أَوْزَغَ) بِهِ: بمعنی وَزَغَ۔

(وُزِّغَ) الجَنِيْنُ: پیٹ میں بچہ کا پورا ہو کر حرکت کرنا۔

(الْوَزْغُ): کمزور آدمی (۲) چھپکلی (ج) أَوْزَاغٌ۔

(الْوَزَغُ): تھرتھراہٹ، گرج۔

(الْوَزَغَةُ): چھپکلی (مذکر و مونث) مادہ کے لئے وَزَغَةٌ: اور نر کے لئے وزغ: بھی مستعمل ہے (ج) وَزَغٌ و أَوزاغٌ و وِزغانٌ و وِزاغٌ۔

(وَزَفَ) (ض) (يَزِفُ) وَزْفًا و وَزِيْفًا: تیز چلنا (۲) چھوٹے قدموں سے چلنا۔

— إِلَيهِ: قریب ہونا۔

— فلانًا وَزْفًا: جلدی کروانا۔

(أَوْزَفَ): تیز چلنا۔

(وَازَفَ) الْقَوْمُ: لوگوں کا مشترکہ اخراجات کے لئے اپنے اپنے حصہ کی برابر برابر رقم دینا۔

(وَزَّفَ): تیز چلنا۔

(تَوَازَفَ) الْقَوْمُ: مشترکہ خرچہ کے لئے ایک دوسرے کے برابر حصہ دینا (۲) باہم قریب ہونا جیسے تَوَازَفُوْا بَيْنَهُمْ۔

(أَوْزَكَتِ) الْمَرْأَةُ: تیز چلنا۔

— فِي مشيتِهَا: ٹھگنوں کی طرح بھدی چال چلنا۔

(وَزَمَ) (ض) (يَزِمُ) وَزْمًا: رات دن میں ایک بار کھانا کھانا (۲) تھوڑی چیز کے ساتھ اتنی ہی ملانا۔

— الشيءَ: دراڑ ڈالنا، شگاف ڈالنا۔

— فلانًا بفيهِ: کسی کو آہستہ سے منہ سے کاٹنا۔

— الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا۔

(وُزِمَ) فِي مَالِهِ وَزْمَةً: کسی کے مال میں کچھ کمی آجانا۔

(وَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن رات میں صرف ایک مرتبہ کھانا کھانے کا فیصلہ کرنا۔

(تَوَزَّمَ): کسی کا شدید روندنے اور دباؤ والا ہونا۔

(الْوِزَامُ): تیزی۔

(الْوَزَّامُ): پرگوشت اور بھرے ہوئے پٹھوں والا ہونا۔

(الْوَزْمُ): مقدار (۲) سبزیوں کا گٹھا (۳) عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت (۴) بروقت کیا جانے والا کام۔

(الْوَزْمَةُ): مقدار (۲) دن رات میں ایک مرتبہ کھایا جانے والا کھانا۔

(الْوَزِيْمُ): سبزیوں کا گٹھا (۲) عضلات پٹھے۔

رَجُلٌ وَزِيْمٌ: پرگشت ٹھکے ہوئے بدن کا آدمی (۳) بھنا ہوا گوشت (۴) کھایا ہوا گوشت (۵) ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔ (۶) ہانڈی وغیرہ میں بچا ہو شوربہ (۷) ہر بچی ہوئی چیز۔

(الْوَزِيْمَةُ): سبزیوں کا گٹھا (۲) کھجور کا شگوفہ جس میں شگاف دے کر قلم لگایا جائے (۳) کھجور کا وہ پتہ جس سے شگوفہ باندھا جائے (۴)

گوشت کا ٹکڑا (۵) دونوں رانوں کا ابھرا ہوا گوشت (۶) عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت (ج) وَزِيمٌ۔

(وَزَنَ) الشَّيْءُ (ض) (يَزِنُ) وَزْنًا وزِنَةً: وزن دار اور بھاری ہونا۔

— **الشيءَ:** تولنا (۲) ہاتھ میں کوئی چیز لے کر اس کا اندازہ لگانا (۳) اندازہ کرنا (۴) درخت کے پھل کا اندازہ کرنا۔

— **الكَلَامَ:** کلام کا معنوی وزن جانچنا۔

— **الدَّرَاهِمَ لَهُ:** کسی کو تول کر درہم دینا۔

— **الشيءُ دِرْهَمًا:** کسی چیز کا درہم کے بقدر ہو جانا۔

— **نَفْسَهُ عَلَى الأَمْرِ:** خود کو کسی کام کا عادی کرنا۔

— **الشِّعْرَ:** شعر تقطیع کرنا (۲) علم عروض کے قواعد کے مطابق بنانا۔

(وَزُنَ) (ك) (يَوْزُنُ) وَزَانَةً: وزن دار ہونا۔ بھاری بھر کم ہونا (۳) پختہ رائے والا ہونا۔ (۴) بوجھل ہونا **هُوَ وَزِينٌ**۔

(أَوْزَنَ) نَفْسَهُ عَلَى الأَمْرِ: خود کو کسی کام پر جمانا۔

(وَازَنَ) بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ مُوَازَنَةً ووِزَانًا: دو چیزوں کو برابر کرنا۔

— **الشَّيْءُ الشيءَ:** ایک چیز کا دوسری چیز کے ہم وزن ہونا (۲) برابر ہونا (۳) سامنے ہونا مقابل ہونا۔

— **فُلَانًا:** کسی کو اس کے کام کا بدلہ دینا۔

(اتَّزَنَ) العِدْلُ: گون کا دوسرے گون کے برابر ہونا۔

— **الشَّيْئَانِ:** دو چیزوں کا وزن میں برابر ہونا۔

— **فلانٌ الدَّرَاهِمَ:** دراہم کو وزن کے بعد لینا۔

(تَوَازَنَ) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا وزن میں برابر ہونا۔

(الأَوْزَنُ): زیادہ وزنی۔ جیسے **هٰذَا القول أَوْزَنُ مِنْ هٰذَا**۔

— **اوزن القومِ:** سردار اور منتخب لوگ۔

(الاِتِّزَانُ): (علم ریاضی اور علم ہندسہ) ایسا غیر مستقر توازن کہ اگر کسی جسم کو اس کی جگہ سے ہٹا کے دوبارہ وہاں رکھا جائے تو وہ اپنی سابقہ حالت پر برقرار نہ ہو اور توازن بگڑ جائے (مج)

(التَّوَازُنُ الاقْتِصَادِيُّ): اشیاء کی قیمتوں پر اثر انداز ہونے والے اسباب وعلل کو مختلف حالات میں متساوی سطح پر رکھنے کا ایک نظریہ جس سے مختلف ممالک کی مالی اور اقتصادی حالت میں کسی نہ کسی حد تک توازن برقرار رہتا ہے۔ (مج)

(الزِّنَةُ): پہاڑ کا بالمقابل حصہ (۲) وزن و مقدار۔ حدیث میں ہے (سبحان الله وبحمده عدد خلقه وزِنَةَ عَرْشِه)

(المُوَازَنَةُ): دو یا زیادہ چیزوں کی قدر و قیمت یا وزن میں مقابلہ (۲) بجٹ، گوشوارہ آمد وخرچ۔

(المَوَازِينُ): میزان کی جمع (۲) پاسنگ سمیت ایک ترازو۔

(المَوْزُونُ): تولی جانے والی چیز (۲) مقررہ مقدار و وزن والی چیز۔ قرآن مجید میں ہے (وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْزُونٍ)

(المَوْزُونَةُ): امرأةٌ مَوْزُونَةٌ کوتاہ قد سمجھدار عورت۔

(المِيزَانُ): ترازو، کانٹا (۲) لوہے یا پتھر کا باٹ (۲) درجہ، حیثیت، مقام، مقدار۔ جیسے **اَعْرِفُ لكل امرئٍ ميزانَهُ:** (۴) انصاف (۵) علم فلسفہ میں اشیاء اور معانی کو باعتبار معیار پرکھنے کا ظاہری و باطنی طریقہ۔ (مج)

المِيزانُ الحسابِيُّ: (اقتصادیات کے مطابق) کسی ملک کے قرضوں کی تفصیل۔

المِيزانُ التِّجارِيُّ: تجارتی توازن (مج)

— **الميزانُ النَّهارِ:** دوپہر جیسے **قامَ مِيزَانُ النَّهارِ واسْتَقَامَ:** دوپہر ہو گئی **هُوَ بِمِيزَانِ الجَبَلِ ومِيزَانَهُ:** وہ پہاڑ کے برابر ہے۔

(المِيزَانِيَّةُ): بجٹ، آمد وخرچ کا گوشوارہ جس میں دونوں کا توازن کیا جائے۔ (محدثہ)

(الوَازِنُ): دِرْهَمٌ وَازِنٌ: پورے وزن کا درہم۔

(الوِزَانُ) هُوَ بِوِزَانِهِ ووِزَانَهُ: وہ اس کے سامنے ہے (۲) تولنے کا پیشہ۔

(الوَزَّانُ): تولنے کا کام کرنے والا۔

(الوَزْنُ): ترازو کا باٹ (ج) أوزان: (۲) کھجوروں کا گٹھا جسے آدمی دونوں ہاتھوں میں نہ اٹھا سکے (ج) وُزُونٌ: (۳) اہل عروض کی اصطلاح میں وہ وزن جس پر اشعار تیار کئے جائیں (ج) أَوْزَانٌ۔: (۴) پہاڑ کا بالمقابل حصہ۔ **هُوَ وَزْنَهُ:** وہ اس کے سامنے ہے۔

دِرْهَمٌ وَزْنٌ ووَزْنًا: پورے وزن کا یا سرکاری وزن کا درہم۔ **فلانٌ راجِحُ الوزنِ:** ذی رائے ودانشمند آدمی (۵) حیثیت وقدر جیسے **ومالِفُلانٍ وَزْنٌ**۔

الوَزْنُ النَّوْعِيُّ: کسی جسم کا پانی کے مساوی حجم والے وزن کے ساتھ تناسب (مج)

(الوَزْنَةُ): پست قد عقلمند عورت (۲) رائج الوقت سکہ (۳) ایک دفعہ کا کھانا (۴) ایک دفعہ کا وزن۔

(الوِزْنَةُ): وزن کرنے کی حالت یا طریقہ۔

هُوَ حسنِ الوِزْنَةِ: وہ ٹھیک تولا ہوا ہے۔

(الوَزِينُ) هُوَ وَزِينُ الرَّأْيِ: سنجیدہ اور ذی رائے۔

(وَزْوَزَ): چھلانگیں لگا کر تیز چلنا (۲) پھرتی سے چلنا (۳) چھوٹے قدم رکھتے ہوئے بدن کو ہلا کر چلنا۔

(الوَزْوَزُ): موت (۲) وہ چوڑی لکڑی جس کے ذریعہ اونچی جگہ کی مٹی سمیٹ کر گڑھے میں ڈالی جائے۔

(وَزَى) الشيءُ (ض) (يَزِي) وَزْيًا: سمٹنا، سکڑ کر اکٹھا ہونا۔

— **الأمرُ فلانًا:** کسی بات کا کسی کو غصہ دلانا۔

(أَوْزَى) لِدارِهِ: گھر کے چاروں طرف مٹی کا پشتہ بنانا۔

— اليه: پناہ لینا۔

— اليه الشيءَ: سہارا دینا' پناہ میں دینا۔

— ظَهْرَهٗ: ٹیک لگانا۔ جیسے اَوْزَى ظَهْرَهٗ إِلَى الحائِطِ۔

— الشيءَ: نمایاں کرنا' نصب کرنا۔

(وَازَاهُ): کسی کے مقابل اور سامنے ہونا۔

(تَوَازَى) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا باہم برابر ہونا۔

(اِسْتَوْزَى): اپنی رائے پر جم جانا۔ (۲) دور نکل جانا جیسے اسْتوزَى العَيْرُ: گدھا دور نکل گیا۔

— فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

(المُتَوَازِي): مساوی (۲) مساوی سطحوں والا۔

متوازِي الأَضْلَاعِ: وہ شکل جس کے ہر دو ضلع برابر ہوں (مج)

(الوَزَى): موٹے اور جھکے ہوئے بدن کا پست قد آدمی۔

و......س

(وَسَبَتِ) الأَرْضُ (ض) (تَسِبُ) وَسْبًا: زمین کا بہت گھاس والی ہونا۔

(وَسِبَ) الثَّوْبُ وَغَيْرُهٗ (ض) يَوْسَبُ وَسَبًا: میلا ہونا هُوَ وَسِبٌ۔

(أَوْسَبَتِ) الأَرْضُ: بمعنی وَسَبَتْ (س)

الغَنَمُ: بھیڑ بکریوں کا بہت اون والا ہونا۔

(المِيْسَابُ): نیم پختہ کھجور۔

(الوَسْبُ): کنویں کی رہ میں مٹی رکھنے کی لکڑی (ج) وُسُوبٌ۔

(الوِسْبُ): پودے' نباتات (۲) گھاس (۳) سوکھی گھاس۔

(الوَسَبُ): میل کچیل۔

(وَسِخَ) الشيءُ (س) (يَوْسَخُ) وَسَخًا: میلا ہونا۔ هو وَسِخٌ۔

(أَوْسَخَ) الشيءَ: میلا کرنا۔

(وَسَّخَ) و (اِتَّسَخَ) و (تَوَسَّخَ) و (اِسْتَوْسَخَ) الشيءُ: میلا ہونا۔

(الوَسَخُ): میل کچیل' گندگی (ج) أَوْسَاخٌ۔

(أَوْسَدَ) فِي السَّيْرِ: تیز چلنا۔

(وَسَّدَ) فلانًا الشَّيْءَ: کسی کے سر کے نیچے کوئی چیز بطور تکیہ رکھنا۔

— الأَمْرَ إِلَيْهِ: کوئی کام کسی سے متعلق کرنا۔

(تَوَسَّدَ): تکیہ لگانا۔

— الشيءَ: سر کے نیچے کوئی چیز بطور تکیہ کے رکھنا۔

— وِسَادَةً: تکیہ پر سر رکھنا۔

— ذِرَاعَهٗ: سر کے نیچے بازو کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔

(الوِسَادُ): تکیہ یا بطور تکیہ سر کے نیچے رکھی جانے والی چیز (۲) بینچ وغیرہ کا گدا' غالیچہ (ج) وُسُدٌ۔

عريضُ الوِسَادِ: غبی' کند ذہن۔

(الوِسَادَةُ): الوِسَادُ (ج) وِسَادَاتٌ وَوَسَائِدُ۔

(وَسَطَ) الشيءَ (ض) (يَسِطُهٗ) وَسْطًا وَسِطَةً: درمیان میں ہونا۔ جیسے وَسَطَ القَوْمَ والمكَانَ۔ هُوَ وَاسِطٌ۔

— القَوْمَ وفيهِمْ وَسَاطَةً: ثالث بن کر لوگوں میں عدل وانصاف قائم کرنا۔

(وَسُطَ) الرَّجُلُ (ك) (يَوْسُطُ) وَسَاطَةً وَسِطَةً: خاندانی طور پر شریف اور عالی نسب ہونا۔ هو وَسِيْطٌ۔

(أَوْسَطَ) القَوْمَ: لوگوں کے درمیان میں ہونا۔

(وَسَّطَهٗ): درمیان میں کرنا یا رکھنا (۲) دو ٹکڑے کرنا (۳) ثالث بنانا (۴) درمیانہ کرنا

(تَوَسَّطَ) فلانٌ: درمیانہ درجہ کی چیز لینا جو نہ اچھی ہو نہ خراب۔

— بَيْنَهُمْ: حق وانصاف کے ساتھ ثالث بننا۔

— الشيءَ: کسی چیز کے درمیان میں ہونا۔ جیسے تَوَسَّطَ القَوْمَ۔

(الأَوْسَطُ): معتدل درمیانہ (ج) أَوَاسِطُ وهي وُسْطَى (ج) وُسَطٌ۔

أَوْسَطُ الشَّيْءِ: متوسط اور درمیانہ درجہ۔

أَوْسَطُ القَوْمِ: اپنی قوم میں ممتاز آدمی۔

(المُوْسَطُ): مُوْسَطُ البَيْتِ: گھر کا اندرونی یا درمیانی حصہ۔

(الوَاسِطُ): دروازہ (۲) پالان کا اگلا حصہ۔ (ج) أَوَاسِطُ۔

(الوَاسِطَةُ) وَاسِطَةُ الكُوْرِ: پالان کا اگلا حصہ۔

وَاسِطَةُ القِلَادَةِ: ہار کے درمیان کا اعلی جوہر (۲) کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ۔

(الوَسَاطَةُ): ثالثی دو یا چند متنازع فریقوں کے درمیان قائم کسی جھگڑے کا پُر امن تصفیہ کرانے کا کام (مج)

(الوَسْطُ): درمیان جیسے جَلَسَ وَسْطَ القَوْمِ۔

(الوَسَطُ): مرکز' درمیانہ حصہ (۲) معتدل و متوسط شے۔ جیسے شَيْءٌ وَسَطٌ: (۳) دو کناروں کے اندر کا حصہ خواہ بالکل درمیان نہ ہو (۴) عدل و انصاف (۵) بہترین۔ قرآن میں ہے (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا): (۶) مرکزی' درمیانی' بین بین۔

هُوَ مِنْ وَسَطِ قَوْمِهٖ: وہ اپنی قوم کا منتخب فرد ہے (۸) حلقہ' دائرہ' ماحول' میدان عمل۔

(الوُسْطَى): درمیانی انگلی۔

الصلوةُ الوُسْطَى: عصر کی نماز' یا خاص فضیلت والی نماز' بعض نے اس کی تفسیر جمع سے بھی کی ہے (ج) وُسَطٌ۔

(الوَسُوْطُ): متوسط' درمیانہ (۲) بالوں کا بنا ہوا بڑا یا چھوٹا خیمہ' شامیانہ (ج) وُسُطٌ۔

(الوُسُوْطُ) وُسُوْطُ الشَّمْسِ: سورج کا آسمان کے درمیان ہونا۔

(الوَسِيْطُ): ثالث' دو متخاصم فریقوں میں فیصلہ کروانے والا (۲) سفارشی (۳) دلال' معاملہ طے کروانے والا۔ (۴) معتدل ومتوسط شے۔ هي وَسِيْطَةٌ (مو) (ج) وُسَطَاءُ هُوَ وَسِيْطٌ

فِيهِمْ: وہ ان سب میں اعلیٰ نسب اور بلند رتبہ ہے۔

(وَسَعَ) اللّٰهُ وعَلَيْهِ رِزْقَهٗ وفِيْ رِزْقِهٖ(ف) (يَوْسَعُ) وَسْعًا: روزی ورزق میں وسعت پیدا کرنا' مالدار کرنا۔

(وَسِعَ) الشيئُ(س) (يَسَعُ) سِعَةً: کشادہ ہونا۔

— اللّٰهُ وعليه: خدا کا کسی کو خوشحال اور مالدار بنانا۔

— رَحْمَةُ اللّٰهِ كُلَّ شيئٍ ولِكُلِّ شيئٍ وعَلٰى كُلِّ شيئٍ: اللہ کی رحمت کا ہر چیز کو گھیر لینا۔

— المَالُ الدَّيْنَ: مال کا قرض کی ادائیگی کے بعد بچ جانا۔ هُوَ وَاسِعٌ۔

— لَا يَسَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا: تمہارے لئے ایسا کرنا جائز نہیں۔

— مَا أَوْسَعَ ذٰلِكَ الأَمْرِ: یہ معاملہ کتنا گنجائش دار ہے۔

— لَا يَسَعُنِيْ ذٰلِكَ الأَمْرُ: فلاں کام میرے بس کا نہیں۔

— هٰذَا الاناءُ يَسَعُ عِشْرِيْنَ كَيْلًا ويَسَعُهٗ عِشْرُوْنَ كَيْلًا: اس برتن میں بیس کلو آ سکتا ہے۔

(سَعْ): فعل امر' اونٹوں کو جھڑکنے کی آواز جس سے انہیں تیز چلنے پر ابھارا جاتا ہے۔ (۲) دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اَللّٰهُمَّ سَعْ عَلَيْنَا: اے اللہ ہم پر کشادگی فرما۔

(وَسُعَ) الشيئُ(ك) (يَوْسُعُ) وَسَاعَةً: وَسِعَ — هُوَ وَسِيْعٌ وأَسِيْعٌ۔

— الدَّابَّةُ وَسَاعَةً وَسَعَةً: جانور کا لمبے لمبے قدم اٹھا کر چلنا۔ هِيَ وَسَاعٌ ووَسِيْعَةٌ وهو وَسَاعٌ۔

(أَوْسَعَ) فلانٌ: مالدار اور غنی ہونا۔

— اللّٰهُ عَلَيْهِ وعَلَيْهِ رِزْقَهٗ وفِيْ رِزْقِهٖ: خدا کا کسی کے رزق میں کشادگی وفراخی کرنا۔ مالدار کرنا۔

— الشيئَ: کشادہ کرنا (۲) کشادہ پانا۔

— فلانًا الشيئَ: کسی چیز کو کسی کے لئے کشادہ کرنا' قادر کرنا۔ کہا جاتا ہے اللّٰهُمَّ اَوْسِعْنَا رَحْمَتَكَ۔

(وَسَّعَ) الشيئَ تَوْسِيْعًا وتوسِعَةً: کشادہ کرنا۔ پھیلانا۔

— اللّٰهُ عليه وعليه رِزْقَهٗ وفِيْ رِزْقِهٖ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو مالدار کرنا' رزق میں فراخی وکشادگی کرنا۔

(اِتَّسَعَ) الشيئُ: کشادہ ہونا (۲) پھیلنا۔ (۳) لمبا ہونا۔

(تَوَسَّعَ) الشيئُ: کشادہ ہونا' پھیلنا۔

— القَوْمُ فِي المَجْلِسِ: لوگوں کا مجلس میں کھل کر بیٹھنا۔

(اِسْتَوْسَعَ) الشيئُ: کشادہ اور لمبا ہونا۔

— الرَّجُلُ: خوشحال ہونا۔

— الشيئَ: کشادہ پانا (۲) کشادہ چاہنا۔

(السَّعَةُ): طاقت وقوت (۲) آسودگی' فراخی' خوشحالی۔ جیسے هُوَ فِيْ سَعَةٍ مِنَ العَيْشِ۔

(المُتَّسَعُ): گنجائش (۲) مفر۔ جیسی مَالِيْ عَنْ ذٰلِكَ مُتَّسَعٌ۔

(المَوْسُوْعَةُ): دائرۃ المعارف: انسائیکلوپیڈیا۔ ایسی جامع کتاب جس میں علم ومعرفت کے تمام یا چند یا ایک موضوع سے متعلق مکمل معلومات حروف تہجی پر ترتیب دی گئی ہوں۔ (محدثہ)

(المِيْسَاعُ): لمبے لمبے ڈگ بھرنے والی اونٹنی۔

(الوَاسِعُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام یعنی وہ ذات جو سب کو گھیرے ہوئے ہے۔ یا جس کا رزق تمام مخلوقات کے لئے عام ہے' یا جس کی رحمت ہر شے کو محیط ہے' یا جس کا فیض وبخشش ہر غریب وفقیر کے لئے ہے۔

(الوَسَاعُ): کام میں تیز اور پھرتیلا آدمی اور جانور (۲) کشادہ رفتار' لمبے ڈگ بھرنے والا۔

(الوُسْعُ): قوت وطاقت۔ جیسے قرآن مجید میں ہے (لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا): (۲) بجلی کی پاور۔

الوُسْعُ الحَيَوِيُّ: علم طب میں ایک دفعہ میں بھرپور سانس لینے کے بعد نکالی جانے والی ہوا کی ممکنہ مقدار (ج)

(الوَسِيْعُ): فراخ وکشادہ (۲) فراخ وکشادہ قدموں والا۔

(وَسَفَ) الشيئَ: چھیلنا۔

(تَوَسَّفَ) الشيئُ: چھلکا اترنا۔

— البَعِيْرُ: اونٹ کو مرض وسف لاحق ہونا۔ (دیکھئے: الوسف): (۲) موٹا تازہ ہونا۔ (۳) ابتدائی بال گر کر نئے بال نکلنا۔

— اوبَارُ الإبِلِ: اونٹوں کے جسموں کے بال اڑ جانا۔

(الوُسُفُ): وہ پھٹن جو اونٹ کے موٹاپے اور گھٹیلے پن کی بنا پر ران اور سرین کے اگلے حصہ میں ظاہر ہوتی ہے اور پھر سارے جسم پر پھیلنے سے کھال چھل جاتی ہے۔

(وَسَقَتِ) الدَّابَّةُ(ض) (تَسِقُ) وَسْقًا ووُسُوْقًا: جانور کا حاملہ ہو کر پانی کو رحم میں بند کر لینا هِيَ وَاسِقٌ (ج) وِسَاقٌ۔

— النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت پر پھل آنا۔

— الشيئَ: ملانا' جمع کرنا (۲) اٹھانا۔

— اللَّيْلُ الاشياءَ: رات کا چیزوں کو چھپا دینا۔

— العينُ الماءَ: آنکھ میں پانی بھر جانا۔

— الإنْسَانَ والحَيَوَانَ وسِيْقًا: انسان یا جانور کو دھتکارنا۔

— البَعِيْرَ: اونٹ پر بوجھ لادنا۔

(أَوْسَقَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا بہت پھل دار ہونا۔

— البَعِيْرَ: بوجھ لادنا۔

(وَاسَقَهٗ) مُوَاسَقَةً و وِسَاقًا: کسی سے مقابلہ کرنا' اس کے برابر رہنا۔ اس سے کم نہ ہونا (۲) لڑائی میں کسی کا مقابل ہونا (۳) مخالفت کرنا جیسے هُوَ لَا يُوَاسِقُ فلانًا۔

و

(وَسَّقَ) الحَبَّ: غلہ کو وسقوں میں بانٹنا (وسق ایک پیمانہ کا نام ہے۔

(اِتَّسَقَ) الشيئُ: مرتب ہونا' یکجا ہونا ایک ڈھنگ پر ہونا' منظم ہونا۔

— القَمَرُ: چاند کا پورا ہو جانا۔

(اِسْتَوْسَقَ) الشيئُ: اکٹھا' یکجا اور بالترتیب ہونا۔

— الإِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔

— الأَمْرُ: کسی کام کا سلیقہ اور ترتیب سے ہونا۔

(المِيْسَاقُ) : بازو پھڑ پھڑا کر اڑنے والا پرندہ (۲) بڑے بازوؤں والا کبوتر (ج) مَيَاسِيْقُ ومَآسِيْقُ۔

(الوَسْقُ) : ساٹھ صاع کا ایک پیمانہ (ایک صاع پانچ رطل ایک ثلث کا ہوتا ہے) (۲) اونٹ کی گاڑی یا جہاز و کشتی پر لادا جانے والا سامان (۳) کھجور کے درخت کا وزن (ج) أَوْسُقٌ أَوْسَاقٌ ووُسُوْقٌ۔

(الوِسْقُ) : بمعنی الوَسْقُ (ج) أَوْسُقٌ وأَوساقٌ ووُسُوْقٌ۔

(الوَسِيْقُ) : بارش۔

(الوَسِيْقَةُ) : اونٹوں وغیرہ کی ڈار جسے دشمن ہنکا کر لے جائے (۲) حاملہ اونٹنی وغیرہ۔

(وَسَلَ) فلانٌ إِلَى اللهِ بِالعَمَلِ (ض) (يَسِلُ) وَسْلًا: عمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا۔

(وَسَّلَ) فلانٌ إِلَى اللهِ تعالى: کوئی ایسا کام کرنا جس سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔

(تَوَسَّلَ) : بمعنی وَسَلَ۔

— إِلَى فلانٍ بكذا: کسی سے بذریعہ قرابت تعلق چاہنا۔

(التَّوَسُّلُ) : چوری جیسے أَخَذَ فلانٌ إِبِلِيْ تَوَسُّلًا۔

(الوَاسِلُ) : واجب' ضروری' لازمی۔

شيئٌ وَاسِلٌ: ضروری چیز۔

(الوَاسِلَةُ) : تانیث الواسل (۲) بادشاہ کے یہاں مقام و مرتبہ (۳) درجہ' مقام (۴) تقرب

(الوَسِيْلَةُ) : بمعنی الوَاسِلَةُ: (۲) مقام و مرتبہ (۳) قربت' تعلق (۴) نبی کریم ﷺ کا جنت میں درجہ (ج) وَسَائِلُ ووُسُلٌ۔

(وَسَمَ) الشَّيْءَ (ض) (يَسِمُهُ) وَسْمًا وَسِمَةً: داغ کر خاص نشان ڈالنا۔

— فُلَانًا بِالهجاءِ: کسی کو مذمت کا نشانہ بنانا۔

— فُلَانًا: خوبصورتی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔

— الوَسْمِيُّ الأَرْضَ: موسم بہار کی پہلی بارش کا زمین کو تر کرنا۔

— فلانًا بِوِسَامٍ: کسی کو تمغہ دینا۔

(وَسُمَ) (ك) (يَوْسُمُ) وَسَامَةً وسَامًا: خوبصورت ہونا۔ حسن و جمال کا پیکر ہونا۔

— وَجْهُهُ: چہرہ خوبصورت ہونا۔ هُوَ وَسِيْمٌ وَهِيَ وَسِيْمَةٌ (ج) وِسَامٌ۔ إِنَّهُ لوسِيْمٌ قَسِيْمٌ وانها لوسِيْمَةٌ قسيمَةٌ: وہ انتہائی خوب رو ہے۔

— (وَاسَمَهُ) : اجتماع' میلہ جشن یا عبادت میں شرکت کرنا۔

(وَسَّمَ) : میلہ میں جانا۔

— الحاجُّ: حاجی کا حج میں شریک ہونا۔

— الموسِمَ: میلہ میں حاضر ہونا۔

(اِتَّسَمَ) : لازم وَسَّمَهُ: (۲) اپنے لئے کوئی خاص امتیازی علامت یا نشان مقرر کرنا۔ (۳) اچھی یا بری صفت سے مشہور ہونا۔ جیسے هو متّسِمٌ بِالخَيْرِ وَالشَّرِّ۔

(تَوَسَّمَ) : موسم بہار کی گھاس تلاش کرنا (۲) نیل کے پتوں کا خضاب کرنا۔

— الشئَ فيه: کسی میں کوئی چیز اتارنا (۲) فراست سے پہچان لینا۔ جیسے تَوَسَّمَ فِيْهِ الخَيْرَ۔

(المَوْسِمُ) : لوگوں کا بڑا مجمع (۲) میلا (۳) تہوار' جشن (۴) کسی پھل کی فصل کا وقت (۵) کسی کام کا وقت یا زمانہ جیسے شکار یا صبح کا زمانہ۔

(المَوْسُوْمُ) : تمغہ یافتہ (مو)

(المَوْسُوْمَةُ) دِرْعٌ مَوْسُوْمَةٌ: وہ زرہ جس کو نشانات سے مزین کیا گیا ہو۔

(المِيْسَمُ) : علامت (۲) حسن و جمال کا اثر (۳) داغ لگانے کا آلہ (ج) مَوَاسِمُ ومَيَاسِمُ۔

(الوِسَامُ) : علامت (۲) تمغہ' جو کامیاب و فاتح کے سینہ پر لگایا جاتا ہے۔ (مو)

(الوَسَامَةُ) : حسن و جمال اور شرافت کا اثر۔

(الوَسْمُ) : علامت' نشان۔ کہاوت ہے (اَبْصِرْ وَسْمَ قِدْحِكَ) : اپنی حیثیت کو پہچانو (ج) وُسُوْمٌ۔

(الوَسِمَةُ) : نیل کا پودا جس کے پتوں سے خضاب کیا جاتا ہے۔

(الوَسْمِيُّ) : موسم بہار کی پہلی بارش۔

(وَسِنَ) (س) (يَوْسَنُ) وَسَنًا وسِنَةً ووَسْنَةً: اونگھنا۔ هُوَ وَسِنٌ وَسْنَانٌ ومِيْسَانٌ وهي وَسِنَةٌ ووَسْنَى ومِيْسَانٌ: (۲) کنویں میں پانی کی بدبو سے بے ہوش ہو جانا۔ هُوَ وَسِنٌ۔

(أَوْسَنَتْهُ) البِئْرُ: کنویں کا اپنے پانی سے کسی کو بے ہوش کر دینا۔

(تَوَسَّنَ) المَرْأَةَ: عورت کے پاس اس کے سوتے ہوئے آنا۔

(اِسْتَوْسَنَ) بمعنی وَسِنَ۔

(السِّنَةُ) : اونگھ (۲) غفلت۔ هُوَ فِي سِنَةٍ: وہ غفلت میں ہے۔

(المَوْسُوْنَةُ) اِمْرَأَةٌ مَوْسُوْنَةٌ: کاہل عورت۔

(المِيْسَانُ) امرأةٌ مِيْسَانٌ: انتہائی سنجیدہ عورت۔

مَيْسَانُ الضُحى: دن چڑھے تک سونے والی عورت۔

(الوَسَنُ) : ضرورت۔ مَا هُوَ مَنْ هَمِّيْ وَلَا مِنْ وَسَنِيْ: وہ نہ میرے مقصد کی چیز ہے اور نہ میری ضرورت (ج) أَوْسَانٌ۔

(الوَسْلٰی) امرأۃٌ وَسْلٰی: آسودگی سے سرشار اور نشیلی نگاہ والی عورت۔
(الوَسَلٰی): ہر وقت اونگھتے رہنے والی عورت۔
(الوَسْنَانَۃُ): امرأۃ وسنانۃٌ: نشیلی آنکھ والی عورت۔
(الوَسِنِیُّ): رَجُلٌ وَسِنِیٌّ: بہت اونگھنے والا آدمی۔
(وَسْوَسَ) الشَّیْطَانُ إلیہ ولہٗ وفِیْ صَدْرِہٖ وَسْوَسَۃً ووِسْوَاسًا: شیطان کا کسی کے دل میں برا اور غلط خیال پیدا کرنا۔ ایسی بات سمجھانا جو خیر کے بجائے شر کا باعث ہو۔ وَسْوَسَتِ النَّفْسُ: بھی کہتے ہیں (۲) غیر واضح اور بے تکی بات کرنا۔ دل میں وسوسہ آنا (۳) چپکے سے بات کرنا۔ جیسے وَسْوَسَ الصَّائِدُ: (۴) آہستہ سے آواز نکالنا۔ جیسے وسوستِ الرِّیْحُ ووسْوَسَ الحَلْیُ والقصبُ۔
۔۔ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی سے آہستہ بات کرنا۔
(وُسْوِسَ): ہوش اڑنا۔ حواس باختہ ہونا۔ حدیث عثمان میں ہے (لمّا قبض رسول اللّٰہ ﷺ وُسْوِسَ ناسٌ وکنتُ فیمن وسوس)
(الوَسْوَاسُ): شیطان (۲) وہم کی بیماری جو سوداء کے غلبہ سے پیدا ہوتی ہے۔
(وَسٰی) رَأْسَہٗ (ض) (یَسِیہ) وَسْیًا: سر مونڈنا۔
(أَوْسٰی) رَأْسَہٗ: سر مونڈنا۔
(المُوْسٰی): (دیکھئے: موس)

و......ش

(الوِشْبُ): اوشاب کا واحد۔ ایسے آوارہ اور مختلف قسم کے لوگ جنہیں اچھے برے کی تمیز نہ ہو۔
(الوَشْبَۃُ) تَمْرَۃٌ وَشْبَۃٌ: موٹے چھلکے والی کھجور۔
(وَشَجَ) الشیئُ (ض) (یَشِجُ) وَشْجًا وَشِیْجًا: ایک چیز کا دوسری میں پیوست ہو جانا۔ گتھ جانا۔ جیسے وَشَجَتِ العروقُ والأغصانُ: اور وَشجت فی قلبہٖ امورٌ وھمومٌ۔
۔۔ بِہٖ والیہِ قرابَۃُ فلانٍ: کسی سے رشتہ داری قائم ہونا۔
۔۔ مَحْمِلَہٗ: کجاوہ کو کسی چیز سے باندھ کر محفوظ کرنا۔
۔۔ قرابتَہٗ: رشتہ داری کو محفوظ رکھنا۔ ھُوَ وَاشِجٌ۔
(وَشَّجَ) بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں کو باہم ملانا۔ میل جول رکھنا۔
۔۔ قَرَابَتَہٗ: رشتہ داری قائم کرنا۔
۔۔ مَحْمِلَہٗ: بمعنی اوشَجَہٗ۔
(تَوَشَّجَ) وَشَجَ۔
(الأَوْشَاجُ) عَلَیْہِ أَوْشَاجُ غُزُوْلٍ: اس پر طرح طرح کے رنگوں کی آمیزش ہے۔
(الوَاشِجَۃُ): مربوط خاندانی رشتہ۔ سلسلۂ قرابت۔
(الوَشِیْجُ): باہم گتھے ہوئے اگنے والے بانس اور سرکنڈے۔ واحد وَشِیْجَۃٌ
(الوَشِیْجَۃُ): درخت کی رگ (۲) کان کی رگ (۳) مربوط اور مضبوط رشتہ داری (۴) کھجور کے ریشوں کی بٹی ہوئی رسی جس کا جال بنا کر کٹا ہوا گیہوں اس پر صاف کرتے ہیں۔ (ج) وَشَائِجُ۔
(وَشَّحَ) المَرْأَۃَ: عورت کو موتیوں اور جواہر سے آراستہ پٹی پہنانا۔
۔۔ فلانًا الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔
(اتَّشَحَتِ) المرأۃُ: عورت کا موتیوں اور جواہر سے آراستہ پٹی پہننا۔
۔۔ فلانٌ بِثوبِہٖ: کپڑے کو بائیں مونڈھے پر ڈال کر اس کا سرا دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر دونوں سروں کو سینہ پر لا کر باندھنا۔
۔۔ بِسَیْفِہٖ: تلوار کو گلے میں لٹکانا۔
(تَوَشَّحَتِ) المرأۃُ: بمعنی اِتَّشَحَتْ۔
۔۔ فلانٌ بِثَوْبِہٖ وبِسَیْفِہٖ: بمعنی اتَّشَحَ۔
۔۔ فُلَانًا: کسی سے معانقہ کرنا گلے ملنا۔
۔۔ الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
(التَّوْشِیْحُ): اشعار میں دوہری قافیہ بندی جو اہل اندلس کی ایجاد ہے۔ یہ عام طور پر سات شعروں پر مشتمل ہوتا ہے۔
(المُوَشَّحُ): بمعنی التَّوْشِیْحُ: (۲) وہ مرغ جس کی گردن پر دو لکیریں پڑی ہوئی ہوں۔
ثَوْبٌ مُوَشَّحٌ: پھول دار کپڑا۔
(المُوَشَّحَۃُ): ہرن یا بکری یا دہ پرندہ جس کے دونوں طرف بالوں کے گچھے لٹکے ہوئے ہوں۔ (۲) اندلسی طرز پر قافیہ کی پابندی کے مطابق سات شعروں پر تیار کیا ہوا قصیدہ۔
(الوِشَاحُ): دو موتی اور جوہر سے لیس دولڑیوں والا ہار (۲) جواہرات سے آراستہ وہ پٹی جسے عورت کمر سے گزار کر کندھے پر ڈالتی ہے (۳) وہ پٹی جسے عدالت میں جج وغیرہ کندھے پر ڈال کر بغل کے نیچے سے گزارتے ہیں (محدثہ) (۴) کمان (ج) وُشُحٌ وأَوْشِحَۃٌ ووَشائحُ۔ امْرَأَۃٌ غَرْثَی الوِشَاحِ: پتلی کمر اور پتلے پیٹ والی عورت۔
(الوَشْحَاءُ): سفید دھاریوں والی کالی بکری۔
(وَشَرَ) الخَشَبَۃَ (ض) (یَشِرُھَا) وَشْرًا: لکڑی کو چیرنا۔
۔۔ المَرْأَۃُ أَسْنَانَھَا: عورت کا اپنے دانتوں کو تیز اور باریک کرنا۔ ھُوَ وَاشِرٌ وھی وَاشِرَۃٌ۔
(اتَّشَرَتِ) المَرْأَۃُ: عورت کا اپنے دانت تیز اور باریک کروانا۔
(اسْتَوْشَرَتِ) المرأۃُ: بمعنی اِتَّشَرَتْ۔
(المِیْشَارُ): آری، لکڑی کاٹنے کا اوزار۔
(تَوَشَّزَ) لِلشَّرِّ: بدی کے لئے تیار ہونا۔
(الوَشَزُ): عجلت، جلدی (۲) زندگی کی سختی (۳) سہارا، پناہ گاہ جیسے لَجَأْتُ إِلٰی وشَزٍ: میں نے پناہ گاہ کا سہارا لیا۔ (ج) أَوْشَازٌ۔ لَقِیْتُہٗ عَلٰی أَوْشَازٍ: میں اس سے عجلت میں ملا۔
(الوَشِیْزَۃُ): موٹا تکیہ (ج) وشائز۔

(وَشَظَ) القَوْمُ اليناَ(ض) (يَشِظُوْنَ) وَشْظًا: تھوڑے لوگوں کا دوسروں کے ساتھ مل جانا اور انہی میں شامل ہوجانا۔

— فُلانٌ الفاسَ ونحوَهَا: کلہاڑی وغیرہ کے سوراخ کو لکڑی وغیرہ لگا کر تنگ کرنا۔

— العَظْمَ: لکڑی کا ٹکڑا توڑنا۔

(الوَشِيْظُ): تابع (ج) أَوْشَاظ: (۲) وَشَائظ: کا واحد گھٹیا گرے پڑے لوگ (۳) کسی قبیلہ کے ساتھ ملنے والے اجنبی لوگ (ج) وَشَائِظُ: (۴) خدام۔

(الوَشِيْظَةُ): کسی قوم کے ساتھ ملنے والے اجنبی لوگ۔ جیسے هُمْ وَشيظةٌ فِيْ قَوْمِهِمْ: (۲) لکڑی کا ٹکڑا جو سوراخ بند کرنے یا چھوٹا کرنے کے لئے کلہاڑی وغیرہ کے سوراخ میں لگایا جائے (۳) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑا جائے (ج) وَشَائِظ۔

(وَشَعَتِ) البَقْلَةُ (ف) (تَشَعُ) وَشْعًا ووُشُوْعًا: سبزی کی کلی کھل جانا۔

— الشئُ الشئَ: ایک چیز کا دوسری پر چڑھ جانا۔ چھا جانا۔ جیسے وَشَعَهُ الشَّيْبُ: اس پر بڑھاپا آ گیا۔

— الجَبَلَ وَفِيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

— فلانٌ الشئَ: ملانا' مخلوط کرنا۔

— القُطْنَ وغيرَهُ: روئی وغیرہ لپیٹنا۔

(أَوْشَعَ) الشَّجَرُ والبَقْلُ: پھول آنا۔

(وَشَّعَ) القَوْمُ عَلى كَرْمِهِمْ وبستانِهِمْ: انگور کی بیل یا باغ کی آڑ لگانا۔

— كرمَهُ: اس نے انگور کی بیل کی آڑ لگائی۔

— الشئُ فِي الشيئِ: ایک چیز کا دوسری میں داخل ہونا۔

— الشئَ: کسی چیز پر چڑھنا۔

— فلانًا الشَّيْبُ: کسی پر بڑھاپا آجانا۔

فلانٌ الشئَ: ملانا' مخلوط کرنا۔

— القُطْنَ وَغيرَهُ: روئی کا دھنے کے بعد لپیٹنا۔

— الغَزْلَ: سوت کو انگلی اور انگوٹھے پر گولا بنا کر بنائی کے لئے نلکی میں لگانا۔

— الثَّوْبَ: کپڑے پر دھاریاں اور نشان ڈالنا۔

(تَوَشَّعَ) الشيئُ: بکھرنا' منتشر ہونا۔

— فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

— الغَنَمُ فِي الجَبَلِ: بکریوں کا چرتے چرتے پہاڑ کے اوپر پہنچ جانا۔

— بالشيئِ: کسی چیز کی نشوونما اور بہتری ہونا۔

— بالكَذِبِ: بڑی خوبصورتی کے ساتھ جھوٹ بولنا۔

— الشئَ: اوپر چڑھنا۔ جیسے توشَّعَ الجَبَلَ وتوشَّعَ الشَّيْبُ رَاسَهُ۔

— القَوْمُ ضُيُوْفَهُمْ: لوگوں کا مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلینا۔

(المُوَشَّعُ): بیل بوٹے والا پھول دار۔

بَرْدٌ مُوَشَّعٌ: دھاری دار چادر۔

(الوَشْعُ): پہاڑ پر اگا ہوا معمولی سبزہ (۲) سبزیوں کے پھول (۳) بید کا درخت (۴) کھجور کے درخت کے تھوڑے شگوفے (ج) وُشُوْعٌ۔

(الوُشُعُ): لکڑی کا جالا۔

(الوَشُوْعُ): پہاڑ پر متفرق طور پر اگے ہوئے نباتات (۲) بچہ کے حلق میں ڈالی جانے والی دوا۔

(الوَشِيْعُ): کنویں کی من پر پڑی ہوئی چوڑی لکڑی جس پر پانی کھینچنے والا کھڑا ہوتا ہے (۲) بننے والی کی لکڑی جس پر کپڑا لپیٹتا ہے (۳) دھاگے کا نال (۴) چھت کی کڑیوں میں ڈالی جانے والی کھجور کے پتوں کی چٹائی (۵) گھر کی چھت (۶) ثمام گھاس کی بنی ہوئی چٹائی (۷) لکڑی کی بنی ہوئی جالی دار یا کانٹوں کی باڑ جو گھر کے صحن یا باغ کی حفاظت کے لئے لگائی جاتی ہے۔ (۸) فوج کے افسر کا بلند خیمہ جہاں سے وہ فوج کی کمان کرتا ہے۔ (۹) بانس اور گھاس پھوس کی جھونپڑی (۱۰) سوکھے ہوئے درخت۔ (۱۱) کپڑے کی دھاری (۱۲) مختلف رنگوں کے دھاگوں کے گولے۔ (۱۳) سرخ اور زرد دھاگوں کے دو گولے (ج) وَشَائِعُ۔

(الوَشِيْعَةُ): دھاگے لپیٹنے کی لکڑی (۲) سلائی مشین کا شٹل (۳) کپڑا بننے کے لئے بانا اٹکانے کا بانس (۴) لپٹی ہوئی روئی کا گولا یا بنڈل (۵) چادر کی دھاری (۶) گرد و غبار کی لکیر (ج) وَشِيْعٌ ووَشَائِعُ۔

(وَشَغَ) بِبَوْلِهِ(ض) (يَشِغُ) وَشْغًا: پیشاب بغیر دھار کے تھوڑا تھوڑا کرنا۔

(أَوْشَغَ) بِبَوْلِهِ: بمعنی وَشَغَ۔

— العَطِيَّةَ: عطیہ کو کم کرنا۔

— الصَّبِيَّ الدَّواءَ: بچہ کے منہ میں دوائی ڈالنا یا لگانا۔

(وَشَّغَ) الثَّوْبَ: کپڑے کو خون میں اتنا لتھیڑنا کہ اس پر دھاریاں پڑ جائیں۔

(تَوَشَّغَ) بِالسُّوْءِ: برائی میں ملوث ہونا۔

(الوَشْغُ): تھوڑا (ج) وُشُوْغٌ۔

(الوَشُوْغُ): بچہ کے منہ میں ڈالی جانے والی دوا۔

(الوَشِيْغُ) بمعنی الوَشْغُ۔

(وَشَقَ) (ض) (يَشِقُ) وَشْقًا: تیز چلنا۔

— اللحمَ: گوشت کے لمبے پارچے کرکے سکھانا۔

— فلانًا: نیزہ مارنا (۲) کھسوٹنا (۳) دانتوں سے کاٹنا۔

(وَشِقَ) المِفْتَاحُ فِي القُفْلِ(س) (يَوْشَقُ) وَشَقًا: تالے میں چابی پھنس جانا۔

(أَوْشَقَ) الشيئُ: کسی چیز کا اٹکنا' پھنسنا۔

— (وَشَّقَ) الشئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) بکھیرنا۔

— اللَّحْمَ: بمعنی وَشَقَهُ۔

(اتَّشَقَ) اللحمَ: بمعنی وَشَقَهُ۔

— وشِيْقَهُ: گوشت کا پارچہ بنا کر سکھانا۔

— القَوْمُ فُلَانًا بِأَسْيَافِهِمْ: کسی جماعت کا اپنی تلواروں سے کسی کے لمبے لمبے ٹکڑے

کردینا۔

(تَوَاشَقَ) القَوْمَ فُلَانًا: کسی کے تلواروں سے لمبے لمبے ٹکڑے کردینا۔

(المَوَاشِيْقُ) : چابی کے دندانے۔ واحد مِيْشَاقٌ۔

(الوَاشِقُ): تھوڑا دودھ۔

(الوُشَّقُ) : بطور دوا کام آنے والا گوند جو مختلف نباتات سے نکالا جاتا ہے۔(ج)

(الوَشْقُ) : ادھر اُدھر بکھری ہوئی چرنے کی گھاس۔

(الوَشَقُ) : بلی جیسا ایک جانور جس کی کھال کی پوستین بنائی جاتی ہے۔(ج)

(الوَشِيْقُ) سَيْرٌ وَشِيْقٌ: ہلکی رفتار۔

(الوَشِيْقَةُ) : لمبے ٹکڑوں میں کاٹ کر سکھایا ہوا گوشت یا پانی اور نمک میں جوش دے کر پارچے بنایا ہوا گوشت۔ یہ گوشت دیرپا اور سفر کے لئے اچھا توشہ ہوتا ہے(ج) وَشِيْقٌ ووَشَائِقُ۔

(وَشُكَ) (ك) (يَوْشُكُ) وَشْكًا ووَشَاكَةً ووُشْكَانًا: تیز ہونا(۲) قریب ہونا۔ هُوَ وَشِيْكٌ: (کبھی فعل مقارب أَوْشَكَ: کی طرح بھی مستعمل ہوتا ہے)

(أَوْشَكَ) : فعل مقارب یعنی کسی فعل پر داخل ہوکر اسکے قرب وقوع پر دلالت کرتا ہے اس کا مابعد اکثر أنْ کے ساتھ فعل ہوتا ہے کبھی اسکے بعد اسم بھی ہوتا ہے۔ اسم فاعل کے ساتھ اسکا استعمال بہت کم ہے جیسے ماضی کے مقابلہ میں مضارع کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے۔ جیسے يُوْشِكُ ان يكون الأمْرُ كَذَا ويُوْشِكُ الأمْرُ ان يكون كذا: معاملہ اس طرح ہونے کے قریب ہوگیا۔ (۲) تیز چلنا۔

(وَاشَكَ) مُوَاشَكَةً ووِشَاكًا: تیز چلنا۔

(وَشَّكَ) : تیز ہونا' تیز رفتار ہونا۔

(الوِشَاكُ): تیز رفتاری۔ تیزی۔

(الوُشْكَانُ) : تیزی' تیز رفتاری۔ جیسے عَجِبْتُ مِنْ وِشْكَانِ هٰذَا الأمْرِ: مجھے اس کام کی تیزی پر تعجب ہوتا۔ (۲) فعل ماضی کا اسم بمعنی سَرُعَ: جیسے وِشْكَانَ مَا يكون ذلك: وہ کام تیزی سے ہوگیا۔

(الوَشِيْكُ) خَرَجَ وَشِيْكًا: وہ تیزی سے نکل گیا۔

(وَشَلَ) الماءُ ونَحْوُهُ(ض) (يَشِلُ) وَشْلًا ووَشَلَانًا: بہنا (۲) کم ہوکر ٹپکنا۔

۔۔ فلانٌ وُشُوْلًا: کمزور ہونا (۲) غریب و محتاج ہونا۔

۔۔ اليهِ: عاجزی کرنا۔ هو واشِلٌ۔

(أَوْشَلَ) حَظَّهُ: کسی کے حصہ کو کم کرنا' گھٹیا کرنا۔

۔۔ الفَصِيْلَ: اونٹنی کے بچہ کو دودھ پینا سکھانے کے لئے اس کا تھن بچہ کے منہ میں دے دینا۔

۔۔ الماءَ: پانی کو رستا ہوا تھوڑا پانا۔

۔۔ البِئْرَ: کنوئیں کا پانی کم پانا۔

(الأَوْشَالُ) : پہاڑوں سے اتر کر اکٹھا ہونے والا پانی جس سے کھیتوں کو سیراب کیا جائے۔

جَاءُوْا أَوْشَالًا: وہ یکے بعد دیگرے آئے۔

هُوَ مِنْ أَوْشَالِ القَوْمِ: وہ عام آدمیوں میں سے ہے۔

(الوَاشِلُ) جَبَلٌ وَاشِلٌ: وہ پہاڑ جس سے ہر وقت پانی رستا رہے۔

وَاشِلُ الحَظِّ: کم حصہ والا۔

وَاشِلُ الرَّأيِ: کمزور رائے والا۔

رَأْيٌ وَاشِلٌ: کمزور رائے۔

(الوَشَلُ) : پہاڑ یا چٹان سے رک رک کر برسنے والا پانی۔ مَا اصَابَ إلَّا وَشَلًا مِنَ الدُّنْيَا: اسے دنیا کا تھوڑا سا حصہ ملا ہے۔ (۲) تھوڑے آنسو (ج) أَوْشَالٌ۔

(الوَشِلَةُ) من العُيُوْنِ: خشک آنکھ جس سے بہت کم آنسو نکلتے ہوں۔

(الوَشُوْلُ) : بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ زیادتی کی بنا پر ٹپکتا رہے۔

(وَشَمَ) الجلدَ(ض) (يَشِمُهُ) وَشْمًا: کھال کو سوئی سے گود کر نیل چھڑکنا۔ هُوَ وَاشِمٌ۔

(أَوْشَمَ) فلانٌ يَفْعَلُ كذا: کوئی کام کرنا شروع کرنا۔

۔۔ فِي الأمْرِ: کسی معاملہ میں غور وفکر کرنا۔

۔۔ فِي عَرْضِ فلانٍ: عیب لگانا (۲) گالی دینا۔

۔۔ الفَتَاةُ: لڑکی کے پستان کا ابھار شروع ہونا۔

۔۔ الإبِلُ: اونٹوں کو اتفاقاً چراگاہ مل جانا۔

۔۔ السَّمَاءُ: آسمان سے بجلی چمکنا۔

۔۔ البَرْقُ: بجلی کا معمولی سا چمکنا۔

۔۔ الأَرْضُ: زمین پر ابتدائی روئیدگی ظاہر ہونا۔

۔۔ الكَرْمُ: انگور کی بیل کا رنگ (۲) رنگ پک جانا (۳) نرم وذائقہ دار ہوجانا۔

۔۔ الشَّيْبُ فِي الرَّأْسِ: سر میں بڑھاپے کی سفیدی پھیل جانا۔

(وَشَّمَ) الغُصْنُ: ٹہنی پر پتے نمودار ہونا۔

۔۔ فلانٌ جِلْدَهُ: کھال گودنا۔

(اِتَّشَمَ) فلانٌ: کسی کی کھال پر گدائی کرنا۔

(اسْتَوْشَمَ): گدائی کا خواہشمند ہونا۔

۔۔ فلانًا: کسی سے گدائی کرانا۔

(الوَشْمُ) : سوئی سے گدائی اور اس میں نیلا اور ہرا رنگ بھرنے کا نشان (۲) گدائی (۳) نشانی (۴) ہرنی کے بازو کی دھاری (۵) پہلے پہل دکھائی دینے والی روئیدگی (ج) وُشُوْمٌ ووِشَامٌ۔

(الوَشْمَةُ) : مَا اَصَابَتْنَا وَشْمَةٌ: ہمیں بارش کا ایک قطرہ بھی نصیب نہ ہوا۔ مَا عَصَيْتُهُ وَشْمَةً: میں نے اس کی ذرا سی بھی نافرمانی نہیں کی۔

(الوَشِيْمَةُ) : دشمنی وشرارت۔

(تَوَشَّنَ) المَاءُ: پانی تھوڑا ہونا۔

(الأَوْشَنُ) : کسی کے پاس بن بلائے آکر اس کا کھانا کھانے والا آدمی۔

(الوُشْنَانُ) : (دیکھئے اشنان)

(وَشْوَشَ) الرَّجُلُ والنَّعَامُ والبعيرُ وَشْوَشَةً: پھرتیلا اور تیز رفتار ہونا۔ هو وَشْوَاشٌ

۔۔ الرَّجُلَ: پوشیدہ یا ناقابل فہم باتیں کرنا۔

و

—فلانًا: کسی سے خفیہ بات چیت کرنا۔ (مو)
—فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کوئی چیز تھوڑی دینا۔
(تَوَشْوَشَ) القَوْمُ: آپس میں سرگوشی کرنا۔ (۲) متحرک ہونا۔
(الوَشْوَاشَةُ): اثر، علامت فِيْ فلانٍ مِنْ ابيهِ وَشْوَاشَةٌ: اس میں اپنے والد کا اثر ہے۔
(الوَشْوُشُ): الوَشْوَاشُ.
(الوَشْوَشِيُّ): رَجُلٌ وَشْوَشِيُّ الذِّرَاعِ: ہاتھ کے کام میں پھرتیلا اور ماہر
(وَشَى) بِهٖ إِلَى السُّلْطَانِ (ض) (يَشِيْ) وَشْيًا وَوِشَايَةً: سلطان سے کسی کی شکایت کرنا۔
—بَنُوْ فلانٍ: کسی قبیلہ کے افراد کی کثرت ہونا۔
—المَاشِيَةُ: مویشی کی کثرت ہونا، پھیلنا۔
—فلانٌ الثوبَ وَشْيًا وَشِيَةً: کپڑے پر کڑھائی کرنا۔
—الكلامَ وفيه: جھوٹ بولنا۔
— الكذبَ: جھوٹ کو خوبصورت طریقہ سے بیان کرنا۔ هُوَ وَاشٍ(ج) وُشَاةٌ وهي وَاشِيَةٌ والمفعول مَوْشِيٌّ.
(أَوْشَى) الرَّجُلُ: خوب مالدار ہونا (۲) کسی کلام یا شعر کا مفہوم و مطلب اخذ کرنا۔
—فِي الدَّرَاهِمِ وَالجَوَالِقِ: درہموں یا غلوں کے بوروں سے کچھ نکال کر کمی کرنا۔
—المعدنُ: کان میں تھوڑا سونا ہونا۔
—فلانٌ الشيءَ: جاننا، معلوم کرنا (۲) نرمی سے باہر نکالنا۔
— فَرَسَهٗ: گھوڑے کو اس کی پوری رفتار سے دوڑانا (۲) گھوڑے کو مہمیز وغیرہ لگا کر پوری طاقت سے دوڑانا۔
— الدَّوَاءُ المَرِيْضَ: دوا کا بیمار کو شفایاب کر دینا۔
(وَشَّى) فلانٌ الثَّوْبَ: کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔
—فلانًا ثَوْبًا: کسی کو کپڑا پہنانا۔

(تَوَشَّى) فِيهِ الشَّيْبُ: کسی کے سر پر داغ کی طرح بڑھاپے کی سفیدی ظاہر ہونا۔
(اِسْتَوْشَى) المَعدِنُ: کان کا تھوڑا سونے والا ہونا۔
—فُلَانٌ فرسَهٗ: بمعنی اَوْشَاهُ.
—الشيءَ: کوئی چیز چھوڑنے کے لئے آواز لگا کر حرکت میں لانا۔
— الحَدِيْثَ: بات کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لئے تحقیق کرنا۔
(الشِّيَةُ): نشان، دھبا، علامت (۲) سیاہی آمیز سفیدی یا سفیدی مائل سیاہی (۳) پورے جسم کے برخلاف کوئی رنگ (۴) تمام جانوروں میں الگ رنگ کا کوئی جانور۔
شِيَةُ الفَرَسِ: گھوڑے کے رنگ (ج) شيات۔
(المُوَشَّى) ثَوْرٌ مُوَشَّى القَوَائِمِ: سفید و سرخی مائل سیاہ پیروں والا بیل۔
(الوَاشِي): بہت اولاد والا (۲) جولاہا، بننے والا (۳) سونا ڈھالنے والا (۴) چغل خور (ج) وُشَاةٌ.
(الوَشَاءُ): مال کی بہتات۔
(الوَشَّاءُ): بڑا چغلخور (۲) بڑا جھوٹا (۳) ریشمی کپڑوں کا تاجر۔
(الوَشْيُ): کپڑوں کے پھول، بیل بوٹے۔ (۲) پھولدار کپڑوں کی ایک قسم (۳) تلوار کی آب جو اس کی دھار کے علاوہ حصہ میں ہوتی ہے۔ (ج) وِشَاءٌ: (۴) چغلخوری۔
فِي النَّخْلَةِ وَشْيٌ مِنْ طَلْعٍ: کھجور کے درخت پر کچھ شگوفے ہیں۔ حَجَرٌ بِهٖ وَشْيٌ: سونے کی کان کا پتھر۔

و......ص

(وَصَبَ) الشَّيْءُ (ض) (يَصِبُ) وُصُوْبًا: قائم رہنا، جمنا۔
—شَحْمُ النَّاقَةِ وَلَبَنُهَا: اونٹنی کی چربی اور دودھ برقرار رہنا۔
—عَلَى الأَمْرِ: کسی کام کو پابندی سے کرنا۔

—عَلَى مَالِهٖ وَفِيْهِ: اپنے مال کا اچھا انتظام اور تحفظ کرنا۔
(وَصِبَ) (س) (يَوْصَبُ) وَصَبًا: بیمار ہونا اور درد محسوس کرنا۔ هُوَ وَصِبٌ(ج) وَصَابَى ووِصَابٌ.
(أَوْصَبَ) الشيءُ: قائم و برقرار رہنا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کی چربی اور دودھ باقی رہنا۔
—فلانٌ: بیمار ہونا (۲) بیمار اولاد والا ہونا۔
—القَوْمُ: لوگوں کی اولاد کو بیماریوں کا پریشان کر دینا۔
—عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کی پابندی کرنا۔
—فُلَانًا: بیمار کر دینا۔
(وَاصَبَ) الشَّيْءُ: قائم و برقرار رہنا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کی چربی اور دودھ برقرار رہنا۔
—فلانٌ عَلَى الأَمْرِ: پابندی کرنا۔
(وَصَّبَ): بمعنی وَصِبَ.
—فُلَانًا: کسی کو بیماری میں مبتلا کرنا۔
(المُوَصَّبُ): مسلسل بیماریوں کا شکار رہنے والا۔
(الوَاصِبَةُ) فلاةٌ وَاصِبَةٌ: بیابان جنگل، لق و دق صحرا۔
(الوَصْبُ): چھنگلی اور چوتھی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔
(الوَصَبُ): درد و تکلیف (۲) تھکان اور بدن کی گراوٹ (ج) أَوْصَابٌ.
(وَصَدَ) الشَّيْءُ (ض) (يَصِدُ): جمنا۔ ثابت رہنا
—النَّسَّاجُ: کپڑا بننا۔ هُوَ وَاصِدٌ.
(أَوْصَدَ): بکریوں کے لئے پتھروں کا باڑا بنانا۔
—عليه: کسی کو تنگ و پریشان کرنا۔
—القِدْرَ: ہنڈیا کو ڈھانکنا۔
— البَابَ: دروازہ بند کرنا (۲) راستہ روکنا۔ حدیث میں ہے: (فَوَقَعَ الجَبَلُ عَلَى بَابِ الكهف فَأَوْصَدَهٗ)
(وَصَّدَهٗ): ڈرانا، متنبہ کرنا (۲) کپڑا بننا۔
(اِسْتَوْصَدَ): بکریوں کے لئے پتھروں کا باڑہ

بنانا۔

(الْمُوَصَّدُ): پردہ۔

(الْوَصَّادُ): کپڑا بننے والا۔

(الْوَصِيْدُ): قریب قریب جڑوں والی نباتات (۲) پہاڑ میں بنا ہوا بکریوں کا باڑا (۳) گھر کا صحن (۵) دروازہ کی چوکھٹ۔ قرآن مجید میں ہے (وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ) (ج) وُصُدٌ و وَصَائِدُ۔

(الْوَصِيْدَةُ): پہاڑ میں بنا ہوا مویشی کا باڑہ (ج) وَصَائِدُ۔

(الْأَوْصَرُ): اونچی زمین۔

(الْوِصْرُ): عہد و پیمان (۲) دستاویز۔ سرکاری کاغذ اسٹامپ (ج) أَوْصَارٌ

(الْوَصَرَّةُ) بمعنی الْأَوْصَرُ۔

(الْوَصِيْرَةُ): سرکاری کاغذ جس پر معاہدات و معاملات کی رجسٹری کی جاتی ہے۔ (ج) وَصَائِرُ۔

(وَصَّ) الْعَمَلَ (ن) (يَوُصُّهُ) وَصًّا: پختہ اور مضبوط کام کرنا۔

(وَصَّصَتِ) الْمَرْأَةُ: عورت کا نقاب کو اتنا تنگ رکھنا کہ صرف آنکھیں نظر آئیں۔

(وَصَعَ) الْحَصَا (ف) (يَصَعُ). وَصْعًا: زمین میں چھپانا۔

(الْوَصْعُ): ممولا (ایک چھوٹا سا پرندہ) یہ یورپ کے ملکوں میں رہتا ہے اور موسم سرما میں اردن اور مصر کے علاقوں میں آجاتا ہے (مج) وِصْعَانٌ۔

(الْوَصِعُ) بمعنی الْوَصْعُ (ج) وِصْعَانٌ۔

(الْوَصِيْعُ): چڑیوں کی آواز (۲) چھوٹی سی چڑیا۔

(وَصَفَ) الْمُهْرُ وَالنَّاقَةُ وَنَحْوُهُمَا (يَصِفُ) وَصْفًا وَوُصُوْفًا: گھوڑے کے بچہ یا اونٹنی وغیرہ کا عمدہ چال چلنا۔

—الصَّغِيْرُ الْمَشْيَ وَصْفًا: چھوٹے بچہ کا چلنے کے قابل ہونا۔

—الشَّيْءَ وَصْفًا وَصِفَةً: کسی چیز کی کیفیت و حالت بیان کرنا۔

—الطَّبِيْبُ الدَّوَاءَ: معالج کا دوا کا نسخہ تیار کرنا۔

—الْخَبَرَ: خبر بیان کرنا۔

—الثَّوْبُ الْجِسْمَ: باریک کپڑے کے اندر سے جسم کی ساخت دکھائی دینا۔ باریک کپڑے کے بارے میں حضرت عمرؓ کی حدیث ہے (الا يشفّ فإنّه يَصِفُ) هُوَ وَاصِفٌ۔

(وَصُفَ) الْغُلَامُ والْفَتَاةُ (ك) (يَوْصُفُ) وَصَافَةً: لڑکے یا لڑکی کا نوکری کے قابل ہو جانا۔

(أَوْصَفَ) الْغُلَامُ أو الْفَتَاةُ: نوکری یا خدمت کی عمر کو پہنچنا۔ (۲) قد پورا ہو جانا۔

(وَاصَفْتُهُ) الشَّيْءَ: کسی ایسی چیز کی بیع کرنا جو اس کے پاس نہ ہو پھر معاملہ طے ہو جانے پر وہ چیز خرید کر کے دے دینا۔

(اِتَّصَفَ) الشَّيْءُ: لازم وَصَفَهُ: (۲) قابل صفت و تعریف ہونا (۳) عربوں میں قابل تعریف اور صاحب اوصاف ہونا۔

(تَوَاصَفُوْا) الشَّيْءَ: باہم مل کر کسی چیز کی صفت یا تعارف کرنا، روداد سنانا۔

(تَوَصَّفَ) فلانٌ وَصِيْفًا: کسی کو نوکر اور خادم بنانا۔

(اِسْتَوْصَفَ) فلانٌ الطَّبِيْبَ لِدَائِهِ: معالج سے اپنے مرض کی دوا یا نسخہ تجویز کرانا۔

فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی سے کسی چیز کی حالت بیان کرنے کی درخواست کرنا۔

(الصِّفَةُ): صفت کسی چیز کی وہ حالت و کیفیت جس پر وہ قائم ہو جیسے سیاہی و سفیدی، علم و جہالت۔ (۲) نحویوں کے نزدیک نعت یعنی صفت، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل۔

(الْمُسْتَوْصَفُ): ڈسپنسری، کلینک، مطب (محدثہ)

(الْمُوَاصَفَةُ): مطلوبہ چیز یا مطلوبہ کام کا تعارف۔

بَيْعُ الْمُوَاصَفَةِ: وہ سودا جو کسی چیز کی صفت بیان کر کے کیا جائے اور پھر وہ حاصل کر کے دی جائے۔

(الْوَصَّافُ): صیغہ مبالغہ۔ اوصاف بیان کرنے کا ماہر (۲) بہت خوبیاں بیان کرنے کا عادی۔

(الْوَصِيْفُ): خادم، نوکر (لڑکا یا لڑکی) (۲) نو عمر لڑکا (ج) وُصَفَاءُ۔

(الْوَصِيْفَةُ): خادمہ، نوکرانی (۲) نوعمر لڑکی (ج) وَصَائِفُ۔

(وَصَلَ) فلانٌ (ض) (يَصِلُ) وَصْلًا: زمانہ جاہلیت کی طرح کسی کو یا آل فلاں کہہ کر پکارنا۔

—الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ وَصْلًا وَصِلَةً: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا جوڑنا جیسے وَصَلَتِ الْمَرْأَةُ شَعْرَهَا بِشَعْرِ غَيْرِهَا: عورت کا اپنے بالوں میں دوسری عورت کے بال لگانا۔

— فلانًا وَصْلاً وَصِلَةً: کسی سے تعلق رکھنا (جائز ہو یا ناجائز) (۲) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا (۳) مال عطا کرنا۔

—حَبْلَهُ بفلانٍ: کسی سے تعلق قائم رکھنا۔

—رَحِمَهُ: صلہ رحمی کرنا۔

— المكانَ وإليهِ وُصُوْلاً وُصْلَةً ووَصِلَةً: کہیں پہنچنا۔

—إِلَى بَنِي فُلَانٍ: کسی قبیلہ میں رشتہ داری قائم کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (إِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ إِلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيْثَاقٌ)

(أَوْصَلَهُ) الشيءَ وإليهِ الشيءَ: کسی کے پاس کوئی چیز پہنچانا۔ ضَرَبَهُ ضَرْبَةً لَا تُوْصَلُ: اسے ناقابل علاج چوٹ پہنچائی۔

(وَاصَلَهُ) مُوَاصَلَةً ووِصَالاً: کسی کے ساتھ جائز یا ناجائز تعلق رکھنا۔

—الصِّيَامَ: مسلسل کچھ روزے رکھنا۔

—حَبْلَهُ: تعلق قائم رکھنا۔

(وَصَّلَ) الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک شے کو دوسری سے اچھی طرح ملانا۔

—الشيءَ إليهِ: پہنچانا۔

(اِتَّصَلَ) فلانٌ: زمانہ جاہلیت کی طرح کسی کو یا

لفلانٍ کہہ کر پکارنا۔

—إلی بنی فلانٍ: کسی قبیلہ سے مل جانا اور اس کی طرف اپنی نسبت کرنا۔

(تَوَاصَلاَ): باہم ملانا، جوڑ لگنا۔

(تَوَصَّلَ) إلیہِ: پہنچنا (۲) کسی کا تقرب حاصل کرنا (۳) کسی کو ذریعہ بنانا (۴) کسی رشتہ یا تعلق کی بنا پر کسی کا تقرب حاصل کرنا۔

(اسْتَوْصَلَتِ) المَرْأَۃُ: عورت کا اپنے بالوں میں دوسری عورت کے بال لگوانا۔

(الصِلَۃُ): عطیہ، بخشش (۲) انعام (۳) شعر کے قافیہ میں روی کے بعد آنے والا حرف اسے وصل بھی کہتے ہیں۔

(الصِّلَۃُ): زادِ راہ، توشہ۔

(الإیْصَالُ): رسید وصولیابی (مج)

(المُسْتَوْصِلَۃُ): مرد و عورت کے درمیان بدکاری کی دلالی کرنے والی (۲) اپنے بالوں میں دوسری عورت کے بال لگانے والی عورت۔

(المُوَصَّلُ) خَیْطٌ مُوَصَّلٌ: مضبوط بٹا ہوا دھاگا۔

(المُوَصِّلُ المَعْزُوْلُ): بجلی کا کنکشن جوڑنے کا ذریعہ۔ (مج)

(المَوْصِلُ): پہنچنے کی جگہ (۲) ملانے اور جوڑ لگانے کی جگہ (۳) بدن کا جوڑ (۴) اونٹ کی ران اور سرین کے درمیان کا حصہ (۵) رسی باندھنے کی جگہ (۶) رسی کا جوڑ (ج) مَوَاصِلُ۔

(المَوْصُوْلُ): وہ جانور جس کی ماں سے اس کے باپ کے علاوہ کسی جانور نے جفتی نہ کی ہو۔ (۲) آدمیوں کو کاٹنے والا کالا یا سرخ رنگ کا کیڑا۔

المَوْصُوْلُ الإسْمِیُّ: نحویوں کے نزدیک وہ اسم جسے اپنے بعد ایسا صلیہ درکار ہو جس میں اس کی طرف لوٹنے والی کوئی ضمیر ہو اس کو اسم موصول کہتے ہیں۔ اس کے مخصوص الفاظ یہ ہیں۔ الذی والتی واللذان واللتان واللذین واللتین، والذین واللاتی واللائی: وہ الفاظ جو مشترکہ معنی کے لئے آتے ہیں یعنی اسم موصول اور استفہام وغیرہ کے لئے، وہ یہ ہیں مَنْ ومَا وأَلْ وذو (بمعنی الذی) وذا وأی: اور ذَا جو مَا: استفہامیہ اور مَنْ: استفہامیہ کے بعد آتا ہے۔

—**المَوْصُوْلُ الحَرْفِیُّ**: ہر وہ حرف جسے اس کے مابعد کے ساتھ مصدر مؤول بنایا گیا ہو اور یہ کل چھ حروف ہیں۔ ان، انّ، ما، کی، لو، والذی: مثالیں بالترتیب یہ ہیں (وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ) و(اَلَمْ یَکْفِہِمْ اَنَّا اَنْزَلْنَا) و(بِمَا نَسُوْا یَوْمَ الْحِسَابِ) و(لِکَیْلاَ یَکُوْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ) و(یَوَدُّ اَحَدُہُمْ لَوْ یُعَمَّرُ) وَ(خُضْتُمْ کَالَّذِیْ خَاضُوْا)

(الوَاصِلَۃُ): بدکار عورت۔

(الوَصْلُ): عطیہ، ہبہ، جیسے أعْطَاہٗ وَصْلاً مِن ذَھَبٍ: (۲) مثل، مانند جیسے ھٰذَا وَصْلُ ھٰذَا: (۳) ہڈیوں کا جوڑ (۴) رسید وصولیابی (مج) (ج) أوْصَالٌ۔

حَرْفُ الوَصْلِ: شعر کے قافیہ میں روی کے بعد کا حرف۔

لَیْلَۃُ الوَصْلِ: مہینہ کی آخری رات۔

(الوَصْلَۃُ): علم کیمیاء میں ایک علامتی توانائی جو کسی مالیکیول میں دو ایٹموں کے ربط کا کام کرتی ہے۔ (مج)

—**الوَصْلَۃُ المُزْدَوِجَۃُ**: وہ ذریعہ جو دو برقی حلقوں کو جوڑتا ہے تاکہ برقی توانائی کی رو ایک حلقہ سے دوسرے میں منتقل ہو سکے۔ (مج)

(الوُصْلَۃُ): رابطہ، تعلق، کنکشن جیسے بَیْنَھُمَا وُصْلَۃٌ: (۲) ساتھی، ہمراہی (۳) توشہ، زادِ راہ (۴) دور افتادہ زمین (ج) وصل۔

(الوَصِیْلُ): ہر وقت ساتھ رہنے والا جبکہ کوئی شخص مرجائے تو دوسرے کو بطور دعا کے کہا جاتا ہے لاَ کُنْتَ لَہٗ بِوَصِیْلٍ: تو اسکا ساتھی نہ بنے (۳) مثل، مانند۔ جیسے ھٰذَا وَصِیْلُ ھٰذَا۔

(الوَصِیْلَۃُ): جوڑنے کی چیز (۲) ہمراہی، رفقائے سفر (۳) دور تک پھیلی ہوئی کشادہ زمین (۴) زمانہ جاہلیت کی وہ اونٹنی جو دس سال مسلسل بچے دیتی تھی (۵) وہ بکری جو سات سال مسلسل دو دو نر یا دو دو مادہ بچے دیتی تھی۔ (ج) وَصِیْلٌ ووَصَائِلُ۔

(وَصَمَہٗ) (ض) (یَصِمُہٗ) صِمَۃً ووَصْمًا: جلدی سے باندھنا (۲) عیب دار کرنا (۳) داغ لگانا۔

—**العُوْدَ ونَحْوَہٗ**: لکڑی وغیرہ میں شگاف ڈالنا۔

(وَصَّمَہٗ): سست و کاہل بنانا (۲) تکلیف پہنچانا جیسے وَصَّمَتْہُ الحُمّٰی۔

(تَوَصَّمَ): لازم وَصَّمَہٗ۔

(الوَصْمُ): عار، شرمناک بات (۲) عیب و نقص (۳) لکڑی کی گرہ (۴) شگاف جیسے قَنَاۃٌ فِیْہَا وَصْمٌ: شگاف دار نیزہ کا بانس۔ (ج) وُصُوْمٌ۔

(الوَصْمَۃُ): بدن کی سستی، ڈھیلا پن (۲) عیب (۳) عار، شرمناک بات (۴) گناہ پر اٹھائی گئی قسم۔

(وَصْوَصَ): پردہ میں بنے ہوئے سوراخ سے دیکھنا۔

— **المَرْأَۃُ**: عورت کا نقاب کو اتنا تنگ کرنا کہ صرف اس کی آنکھیں نظر آئیں۔

—**الجَرْوُ**: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

—**فلانٌ**: نگاہ جمانے کے لئے آنکھوں کو دبانا۔

(الوَصْوَاصُ): پردے کا سوراخ جو آنکھ کے برابر ہو اور اس سے دیکھا جائے (۲) نو عمر لڑکا کا چھوٹا برقع۔ بُرْقُعٌ وصواصٌ: تنگ اور چھوٹا برقع (۳) بلند زمین کا پتھر (ج) وَصَاوِصُ۔

(الوَصْوَصُ): پردہ کا سوراخ جو آنکھ کے برابر ہو اور اس سے دیکھا جائے (ج) وَصَاوِصُ

(وَصَی) فلانٌ (ض) (یَصِیْ) وَصْیًا: ترقی کے بعد تنزل کی طرف جانا (۳) ہلکا ہونے کے بعد باوزن ہوجانا۔

— **الشیئُ**: ملنا، جڑنا، قریب قریب ہونا جیسے وَصَی النَّبْتُ۔

ـــ الأرضُ وَصْيًا ووُصِيًّا: زمین کی نباتات کا قریب قریب اگا ہوا ہونا۔

ـــ الشیَٔ بالشیءِ وَصْيًا: ملانا، جوڑنا۔ هو وَاصٍ۔

(أَوْصی): گھنے پودوں یا گھنی گھاس وغیرہ میں داخل ہونا۔

ـــ فلانًا والیهِ: کسی کو اپنا جانشین بنانا جو اس کے مرنے کے بعد مال وجائداد اور اہل وعیال کے معاملات کا با اختیار منتظم ہو (۲) کسی کو ذمہ دار بنانا۔

ـــ الیهِ ولهُ بشیءٍ: کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا۔

ـــ بهِ فُلَانًا: کسی پر کسی کی شفقت کرانا۔

ـــ فُلَانًا بِالشَّیءِ: کسی کو کسی بات کا حکم دینا اور اس پر لازم کرنا۔

ـــ اللهُ النَّاسَ بِكَذَا أَوْ كَذَا: اللہ کا لوگوں کو کچھ باتوں کا حکم دینا۔

(تَوَاصَی) القَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

ـــ النَّبْتُ: پودوں کا گنجان ہونا۔

(اِسْتَوْصَی) بهِ: کسی کے بارے میں کسی کی وصیت قبول کرنا، حکم ماننا۔

ـــ بهِ خَیْرًا: کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرنا۔ حدیث میں ہے (استوصُوا بالنِّسَاءِ خَیْرًا)

(الوَاصِیَةُ) فَلَاةٌ وَاصِیَةٌ: انتہائی وسیع بیابان جو دوسرے بیابان سے جا ملے۔

(الوَصَاةُ): بمعنی الوَصِیَّةُ (ج) وَصًی: (۲) کھجور کی پتلی شاخ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔

(الوِصَایَةُ) بمعنی الوَصِیَّةُ (ج) وَصَایَا (۲) جانشینی۔

(الوَصِیُّ): جانشین (۲) بچوں کی نگرانی کرنے والا اور ان کے معاملات کا ناتنظام ہو (۳) جسے وصیت کی گئی، جس کو کسی بات کا مکلف بنایا گیا ہو (بعض عرب اس کا تثنیہ اور جمع نہیں لاتے مؤنث کے لئے بھی وَصِیٌّ: آتا ہے (ج) أَوْصِیَاءُ۔ (۴) گھنی نباتات۔

(اَلْوَصِیَّةُ): وصیت۔ نصیحت (ج) وصایا: (ج) گٹھا باندھنے کی کھجور کی پتلی ٹہنی (ج) وَصِیٌّ۔

و......ض

(وَضَأَهُ) (ف) (یَضَؤُهُ) وَضْئًا وَضَاءَةً: حسن وصفائی میں کسی سے بڑھ جانا۔ هو وَضِیءٌ (ج) أَوْضِیَاءُ ووِضَاءٌ۔

(وَاضَأَهُ): کسی سے حسن وصفائی میں مقابلہ کرنا۔ جیسے وَاضَأَهُ فَوَضَأَهُ۔

(وَضَّأَهُ): وضو کروانا۔

(تَوَضَّأَ): بعض اعضاء کو دھونا اور صاف کرنا۔

ـــ لِلْعِبَادَةِ: وضو کرنا۔

ـــ الغُلَامُ والجَارِیَةُ: لڑکے اور لڑکی کا حد بلوغ کو پہنچ جانا۔

(المُتَوَضَّأُ): وضو خانہ (۲) غسل خانہ۔

(المِیضَأَةُ): وضو کے پانی کے برتن، وضو خانہ۔

(الوَضُوءُ): وضو کرنا (۲) وضو کا پانی۔

(الوُضَّاءُ): روشن، چمکدار، صاف ستھرا۔ هُوَ وُضَّاءٌ وَضِیءٌ وهی وُضَّاءَةٌ (ج) وُضَّاءُونَ ووُضَّاءَاتٌ۔

(الوُضُوءُ): صفائی (۲) وضو، مخصوص اعضا کو دھونا اور سر کا مسح کرنا۔

(وَضَحَ) الأَمْرُ (ف) (یَضِحُ) ضِحَةً ووضوحًا: واضح اور ظاہر ہونا۔

ـــ الصُّبْحُ: صبح ہو جانا۔

ـــ الرَّاكِبُ: سوار کا سامنے سے نظر آنا۔ جیسے مِنْ أَیْنَ وَضَحَ الرَّاكِبُ؟

